فرہنگِ آصفیہ

معروف بہ

لُغاتِ اُردو

یہ بڑی۔ جامع۔ اور مکمل ہندوستانی اُردو لُغات یا خلاصہ ارمغانِ دہلی جس میں ہندوستانی مروجہ زبان کے تقریباً کُل الفاظ یعنی عربی۔ فارسی۔ تُرکی۔ ہندی سنسکرت۔ بلکہ لُغاتِ انگریزی مخلوط بہ اُردو۔ عدالتی اور بیگماتی محاورات اہلِ پیشہ و اہلِ حرفہ کی ضروری اصطلاحات خاص خاص اشارہ۔ کنایہ وغیرہ قلمبند ساٹھ ہزار درج ہیں۔ بندہ سید احمد دہلوی مصنفِ ارمغانِ دہلی مناظرہ تقدیر و تدبیر۔ طبعی تعلیم۔ وقایع دُرّ نہیہ انشاے ہادی النساء۔ تحریر النسا۔ فسانہ راحت وغیرہ وغیرہ نے اپنی بتیس اکیس برس کی شبانہ روز محنت اور ایک ذات کثیر اٹھ ہزار روپے کی لاگت سے قدردانِ علم و ہنر۔ جناب معلّٰے القاب۔ حضور انور۔ اعلٰے حضرت۔ والاشوکت آصف جاہ مظفر الممالک۔ نظامُ الملک۔ نظامُ الدّولہ۔ حاتم و نوشیروانِ ثانی سکندرِ زمان اعنی

حضرتِ میر محبوب علی خاں بہادر

فتح جنگ جی سی ایس آئی۔ آصف جاہ سادس خلد اللہ ملکہم و سلطنتہم فرماں فرمائے مملکت حیدرآباد دکن کی اسلامی و دائمی یادگار کیواسطے سالِ جلوس سے تالیف شروع کرکے پورے اکیس برس مین ختم اور تیمناً و تبرکاً حضورِ ممدوح کے نامِ نامی سے نامزد و شایع کی تاکہ اہلِ ہند کو عموماً و باشندگانِ دکن کو خصوصاً اسکا فایدہ ہمیشہ پہنچتا اور مؤلف و جنابِ اقدس کا نام دنیا پر مُدام چمکتا رہے

گر قبول افتد زہے عز و شرف

سنہ ۱۸۹۸ء

مطبوعہ مطبع گلزار شملہ

ا - اسم مذکر - (۱) عربی فارسی ہندی الف بے تے کا پہلا حرف - الف (۲) ابجد کے حساب میں اسکا ایک عدد فرض کیا گیا ہے (۳) ہندی نحو میں حرفِ اعرا کا پہلا اعراب حرفِ ندا - سؤر - (۱) ہندی کا حرفِ نفی جو - نہ - نہ - بے نہر کی بجاے کام دیتا ہے جیسے اٹل جو نہ ٹلے - اَدھر جو کسی چیز پر نہ دھرا ہو وغیرہ

ہ - حرف صوت (۱) مُسر حیانے یا بلانے کی آواز (۲) جاکا نقیض - آنا مصدر سے امر واحد حاضر کا صیغہ (۳) کبوتر وغیرہ بلانے کی آواز +

اب - ہ - تابع فعل اور ظرفِ زماں (۱) اِسوقت - اس گھڑی - اس دم - اِس سمیں پنجابی زبان میں ہُن (۲) اِن دِنوں میں اسوقت میں - درینولا - فی زمانا (۳) اِسی وقت - اِسی گھڑی - اِسی دم - تُرت - فوراً - پنجابی میں - ہُنے - (۴) آیندہ - آگے کو - پھر - پھر کبھی +

اب اب کر کے - ہ - تابع فعل - تھوڑے دنوں سے چند روز سے +

اب بھی - ہ - (۱) اِسوقت میں بھی - اِس حال یا اس صُورت میں بھی (۲) تسپر بھی - تو بھی - تاہم بھی پھر بھی +

اب تب ہونا - ہ - فعل لازم - پُوربی جاں بلب اور گھڑی ساعت یہ ہونیکے موقع پر بولتے ہیں +

اب تک - اب تلک - اب توڑی - ہ - تابع فعل - اس گھڑی تک اِسوقت تک - تا بہ اینِدم - ابھی تک

اب سے دُور - ہ - عو - جب کسی بیماری کا ذکر دوہرانا ہوتا ہے تو یہ کلمہ زبان سے کہکر اُسکا ذکر کرتی ہیں - آئی خدا اِسوقت سے دُور رکھے +

اب کے - ہ - تابع فعل (۱) اس دفعہ - (۲) پھر دوبارہ (۳) آیندہ - آگے کو - اگلی دفعہ +

آب - ف - اسم مذکر (۱) پانی - جل - نیر - (۲ - اسم مؤنث) صفائی - چمک - رونق - جلا - (۳) باڑھ ہتیار کی دھار +

آب آب ہونا - آ (۱) پانی پانی ہونا (۲) عرق عرق ہونا پسینے پسینے ہونا - (۳) شرمندہ ہونا - منفعل ہونا - نادم ہونا +

آبِ بقا - (ف + ع) اسم مذکر - وہ خیالی پانی جسکے پینے سے آدمی نہیں مرتا - آبِ حیات - امرت -

آب پاشی - ف - اسم مؤنث (۱) پانی چھڑکنا (۲) کھیتوں میں پانی دینا - کھیت سینچنا - پُوربی زبان میں پانی ٹپانا (۳) محکمۂ نہر +

آبِ حیات - (ف + ع) اسم مذکر - (۱) دیکھو (آبِ بقا (۲) بادشاہوں کے پینے کا پانی (۳) وہ چشمۂ حیواں جسے بحرِ ظلمات میں خیال کرتے ہیں

آب خورہ - ف - اسم مذکر - صحیح (آب خُوردہ) ایرانی کتابوں میں یہ لفظ نہیں پایا جاتا البتہ بعض لغات میں آبخور دیکھنے میں آیا ہے +

وہ چھوٹا سا برتن جس میں مٹکے سے پانی نکالکر پیتے ہیں - مٹکینا - کوزۂ آب - مشربہ - کُلھڑا - مجازاً گلاس +

آب دار - ف - اسم مذکر (۱) پانی رکھنے والا نوکر (۲) وہ نوکر جسے شراب کی خدمت سپرد ہو (۳ - صفت میں) چمکدار - چمکیلا - مجلّا - مُصفا - رُیدار وغیرہ (۴) باڑھ دار ہتیار - تیز ہتیار - خُوب کاٹ کرنے والا ہتیار +

آب دار خانہ - ف - اسم مذکر - پانی یا شراب رہنے کا مکان +

آب داری - ف - اسم مؤنث (۱) آبدار خانہ کی خدمت (۲) جلا - صیقل - چمک - باڑھ - دھار - (۳) رونق صفائی - آب و تاب +

آب دست کرنا یا لینا - ۱ - فعل لازم - استنجا کرنا طہارت کرنا - رفع حاجت کے بعد پانی لینا - ہندو ہاتھ دھونا کہتے ہیں +

آب دیدہ ہونا - ۱ - فعل لازم - (۱) آنکھوں میں آنسو بھر لانا - قریب بگریہ ہونا - آنکھیں ڈبڈبانا - چشم پُرآب ہونا - (۲) کھسیانا ہونا - غصہ یا شرم سے رو پڑنا - روانسا ہونا (۳) دلگیر ہونا - غمگین ہونا +

آبرو - ف - اسم مؤنث (۱) لغوی معنے منہ کا نور - چہرہ کی چمک - پیشانی کی دمک (۲) عزت حرمت پت - توقیر - (۳) قدر و منزلت (۴) لاج - حیا - شرم - عصمت (۵) ساکھ - اعتبار - (۶) شہرت - ناموری - نیک نامی +

آبرو اتارنا - آبروریزی کرنا - ۱ - فعل متعدی (۱) بے عزت کرنا - حرمت اتارنا - عزت لینا - (۲) ذلیل و خوار کرنا - گالی دینا +

آبرو بنانا - ۱ - فعل متعدی - (۱) عزت بنانا - ٹھاٹ بنانا - دولت جمع کرکے رسوخ پیدا کرنا (۲) ناموری اور شہرت حاصل کرنا - گھنا پاتا بنانا +

آبرو پر پانی پھیرنا - ۱ - فعل متعدی - کسیکی آبرو کھونا - کسیکی عزت برباد کرنا - رسوا اور بدنام کرنا +

آبرو کا لاگو ہونا - ۱ - فعل متعدی - کسیکی عزت کے پیچھے پڑنا - رسوا کرنے کے درپے ہونا +

آبرو لینا - ۱ - فعل متعدی - (۱) عزت اتارنا - (۲) زنا کرنا - حرام کرنا - خراب کرنا +

آبرو میں بٹا لگنا - ۱ - فعل لازم - عزت میں دھبا لگنا - حرمت میں فرق آنا - ساکھ جانا +

آب رواں - ف - اسم مذکر (۱) بہتا پانی (۲) ایک قسم کا نہایت باریک کپڑا +

آب زلال - (ف + ع) اسم مذکر - (۱) صاف اور شفاف پانی - نرمل جل - نتھرا ہوا پانی (۲) کسی بھیگی ہوئی دوائی کا نتھرا ہوا پانی - نسوت پانی +

آب شورہ - ف - اسم مذکر (۱) شورے کا پانی (۲) شورے سے ٹھنڈا کیا ہوا پانی مگر اندنوں میں افسردہ پر بھی اسکا اطلاق ہوتا ہے +

آب کار - ف - اسم مذکر - کلال - بادہ کار - مے فروش - شراب کھینچنے اور بیچنے والا +

آب کاری - ف - اسم مؤنث (۱) بادہ فروشی - شراب کی کشید اور بیع (۲) شراب کی دوکان (۳) محکمۂ شراب - شراب کا کارخانہ (۴) شراب کے کارخانوں کا محصول +

آبنائے - (ف + ع) اسم مؤنث - (۱) ناکا - (۲) وہ پانی جو دو بڑے پانی کے قطعوں کو سنسکرت میں سمدر اسنگٹ کہتے ہیں

آب نے - ف - اسم مؤنث - حقّہ کہ ایک رخ پانی میں اور ایک چلم کے رہتا ہے جسے اپنی اپنی موقع پر گڑگڑا لینے

ٹیروا کہتے ہیں۔ کبھی کلی کے نیچے کو بھی آب نے سُننے میں آیا ہے +

آب و تاب۔ آب تاب ۔ ف۔ اسم مؤنث (۱) چمک دمک۔ چٹک بھڑک۔ تیزی۔ روشنی۔ رونق جِلا۔ رُوپ۔ آب داری (۲) زیب و زینت زیبائش و آرائش +

آب و خور۔ آب و خورش ۔ ف۔ اسم مؤنث (۱) دانہ پانی۔ روزی۔ رزق۔ کھانا پینا۔ ان جل۔ خوراک +

آب و دانہ ۔ ف۔ اسم مذکر۔ (۱) دیکھو آب و خور (۲) قسمت۔ تقدیر۔ پرالبد۔ نصیب۔ تقدیر کا لکھا سرنوشت۔ (۳) سنجوگ۔ اِتفاق۔ بھاگ کرم +

آب و دانہ اُٹھنا ۔ ۲۔ فعل لازم۔ (۱) رزق اُٹھنا۔ دانہ پانی اُٹھنا۔ سفر ہونا۔ موقوف ہونا روزگار چھوٹنا (۲) کھانا پینا چھوٹنا (۳) موت آنا۔

آب و گل ۔ ف۔ اسم مؤنث۔ (۱) طینت۔ سرشت خمیر۔ (۲) اصل۔ جڑ۔ بنیاد۔ (۳) تن۔ بدن کایا۔ قالب بشری +

آب و نمک ۔ ف۔ اسم مذکر۔ (۱) نمک پانی (۲) نمک مرچ کا ٹھیک ہونا۔ مصالح کا اندازہ۔ ذائقہ۔ سُواد +

آب و ہوا ۔ ف۔ اسم مؤنث (۱) پون پانی۔ پانی اور ہوا کا وہ اثر جو انسان اور حیوان کی صحت و بیماری یا زمین کی پیداواری سے علاقہ رکھتا ہے (۲) موسم۔ رُت۔ پانی اور ہوا کی کیفیت

آب و ہوا راس آنا ۔ ۲۔ فعل لازم۔ صحیح (راست آنا) کسی مقام کے موسم یا پانی اور ہوا کا مزاج کے موافق آنا +

آبی ۔ ف۔ صفت (۱) پانی کا۔ مطلوب۔ پنیلا۔ (۲) نیلگون۔ ہلکا نیلا۔ آسمانی۔ (۳) ایک قسم کی تنور کی خمیری روٹی (۴) وہ زمین جس میں کسی ذریعہ سے آب پاشی ہوتی ہو۔ سینچی ہوئی زمین۔ مزروعہ زمین (نہولا۔ بھریا۔ پہیہ۔ پلیو ازکھیت کرم +

آبّا ۔ ۲۔ اسم مذکر۔ (۱) باپ۔ پتا۔ باوا۔ قبلہ گاہ۔ والد۔ پنجابی بیو۔ (۲) زبردست۔ زور آور +

ابابِیل ۔ ع۔ اسم مؤنث۔ ایک قسم کی چھوٹی سی چڑیا ہوتی ہے جسکی چونچ اور سارے پر سیاہ مگر سینہ سفید ہوتا ہے۔ ابابیل اکثر چھتوں میں مٹی کا گھونسلا بنا کر رہتی ہے اور ابر میں بڑی خوشی سے اپنے غول کے ساتھ اُڑتی اور چہچہاتی پھرتی ہے اسے پنجابی میں سلارا۔ بعض جگہ کنہیا اور دیہودی لالی فارسی میں پرستو کہتے ہیں +

آباد ۔ ف۔ صفت۔ (۱) ضد ویران۔ بسا ہوا۔ بھرا ہوا۔ آدمیوں سے مُزیّن اور معمور (اسکا استعمال اسکان اور مکین دونوں پر جائز ہے) (۲) جُتی دھرتی۔ باہن کھیت۔ جوتی بوئی زمین۔ زمین کاشت۔

آباد رہنا ۔ ۲۔ فعل لازم۔ بھرا پُرا رہنا۔ خوش و خرّم رہنا۔ بنا رہنا۔ سلامت رہنا +

آباد رہو ۔ ۲۔ دعا۔ خوش رہو۔ سلامت رہو۔ چین کرو۔ امن سے بیٹھے رہو +

آباد کرنا ۔ ۲۔ فعل متعدّی۔ (۱) بسانا۔ معمور کرنا۔ بھرنا۔ مکان میں رکھنا۔ کسی جگہ کو رہنے

کے قابل کرنا (۲) بونا - جوتنا - کاشت کرنا - زراعت
پڑھانا - جتوانا +

آباد ہونا - ۲ - فعل لازم - بسنا - رہنا +

آبادی - ف - اسم مؤنث (۱) معموری - (۲) بستی
پُری - (۳) گانو - قصبہ - کھیڑا - (۴) آدمیوں کا
شمار - باشندوں کی تعداد - (۵) رونقِ خانہ - گھر کی
رونق (۶) چہل پہل - گہما گہمی - دُھوم دھام (۷)
خوشی خرّمی +

اُبال - ۵ - اسم مذکر - جوش +

اُبالا - ۵ - صفت - (۱) جوش دیا ہوا (۲) بن گھی کا -

اُبالا سُبالا - ۵ - صفت - بن گھی اور نمک مرچ کا
بے مزہ - صرف اُبلا ہوا - غریبی یا فقیری کھانا +

اُبالنا - ۵ - فعل متعدی - جوش دینا - پکانا -
پُوربی اُسننا +

آباو اجداد - ع - اسم مذکر - (آبا جمع اب کی اجداد
جمع جد کی) (۱) باپ دادا - (۲) پُرکھا - بزرگ +

اِبتدا - ع - اسم مؤنث - انتہا کے خلاف - آد -
آرمبھ - شروع - آغاز - اوّل (۲) نکاس +

اَبتَر - ع - صفت - (۱) دُم کٹا - ٹنڈا - لنڈورا (۲) بدچلن
خراب خستہ - واہی - نامہذب - ناٹھا +

ابتر کرنا - ۱ - فعل متعدی - بگاڑنا - خراب کرنا -
واہی بنانا +

ابتر ہونا - ۱ - فعل لازم - بگڑنا - بدچلن ہونا -
آوارہ ہونا +

ابتری - ف - اسم مؤنث - خرابی - بربادی
بدتری +

اُبٹنا - ۵ - اسم مذکر - پوربی اُبٹن - پنجابی وٹنا -
جَو اور ہلدی بھاڑ میں بھنوا کر گرم گرم میں چھیل چھبیلا - ناگرموتھا
بال چھڑ وغیرہ خوشبو کی چیزیں دبا کر رکھ دیتے ہیں - اور پھر تھوڑی
دیر بعد سب کو چکی میں پیس لیتے ہیں - ملتے وقت خوشبو کا تیل
اور پانی ملا کر استعمال کرتے ہیں - اس سے جسم خوشبودار اور
ملایم ہوجاتا ہے بعض لوگ رنگترے کے چھلکوں کا بھی بناتے
ہیں - اُبٹنا بیاہ شادی میں اکثر دُولھا دُلھن کے ملا جاتا ہے
اور امیر لوگ یوں بھی بنا رکھتے ہیں +

اُبٹنا کھیلنا - ۵ - فعل لازم - جسطرح ہندؤں میں
ہولی کھیلتے ہیں اسی طرح مسلمانوں میں جب
کسی کی شادی ہوتی ہے تو مائیوں بیٹھنے کے
دن سے ساچق تک قریب کے رشتہ دار ایک
دُوسرے کے اُبٹنا ملتے ہیں +

اَبجَد - ع - اسم مذکر - الف بے تے - حروف تہجی +
ابجدیں دو ہیں ایک آدم علیہ السلام کی ترتیب دی ہوئی
دُوسری حضرتِ ادریس کی - چنانچہ آجکل ادریس ہی کی
ابجد جاری ہے انہوں نے اُسی ابجد کو ترتیب دیکر آٹھ بامعنی
کلمے بنائے اور ابجد ادریس اُسکا نام رکھا - اِس ابجد میں عربی
کے تمام حروف آ گئے ہیں اگر انہیں علحدہ کر کے ترتیب دیا جائے
تو پُوری الف بے تے بنجائے - اِن حرفوں کے اعداد بھی مقرر
کئے ہیں جنہیں حسابِ جُمّل کہتے ہیں اُن کی یادداشت عربی -
فارسی - اُردو کی تاریخوں اور معموں میں بڑی مدد دیتی ہے بعض
لوگ بچوں کے نام بھی اسی قاعدہ سے ایسے رکھتے ہیں کہ
جس سے اُن کی پیدایش کا برس یاد رہتا ہے ابجد ادریس
کے آٹھوں کلمے یہ ہیں - اَبجَد ہَوَز حُطّی
کَلِمَن سَعفَص قَرَشَت ثَخَذ ضَظَغ

شمار

اَبجَد سے حُطّی تک تو ایک ایک ہندسہ بڑھاتے جاؤ

جب ی تک دس ہو جائیں تو کلمن سے سعفص تک دس
دس بڑھاؤ جب ض تک نوبت ہو جائیں تو قرشت سے
ضظغ تک سو سو بڑھاؤ پس غ ۔ یعنی ہزار پر اُنکی گنتی پوری
ہوگئی +

اَبْجَدْخوان ۔ ف ۔ اسم مذکر ۔ الف بے تے پڑھنیوالا
مبتدی ۔ سیکھتڑ ۔ نوآموز +

اَبْخَرَہ ۔ ع ۔ اسم مذکر ۔ (بخار کی جمع) بخارات ۔
دھوئیں ۔ مگر اُردو میں ابخرہ کو مفرد تصور کر کے
جمع کے لئے ابخرے بولتے ہیں اور بعض مصنف
کو بہ فتح فصیح جانتے ہیں +

ابخرے اُٹھنا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ بھاپ اُٹھنا ۔ دھواں
نکلنا +

ابخرے چڑھنا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ بخارات کا صعود
کرنا ۔ بھاپ کا اوپر چڑھنا +

اَبَد ۔ ع ۔ اسم مذکر (۱) وہ زمانہ جسکی انتہا نہو (۲)
ہمیشگی +

اَبَدی ۔ ع ۔ صفت ۔ دائمی ۔ لاانتہا +

اَبدھوت ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ سِدھ ۔ جوگی ۔
ہندو فقیروں کا ایک گروہ ہے جو واجب الوجود کے سوا دوسرے
کو نہیں مانتا اور نہ کسی خاص قاعدہ پر خدا کی پرستش ہی کرتا ہے

اَبْر ۔ ف ۔ اسم مذکر ۔ (۱) گھٹا ۔ بادل ۔ میگھ مالا (۲)
جوہر شمشیر اور وہ نشان جو لوہے وغیرہ پر تیزاب
کے ذریعہ سے ڈالتے ہیں جیسے بندوقوں کی نالوں
یا اور آہنی ہتیاروں پر +

ابر اُٹھنا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ بادل آنا ۔ آسمان پر
بدلی کا نمایاں ہونا +

ابر چھانا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ بادل گھر آنا ۔ گھٹا چھانا

ابر کھلنا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ بادلوں کا ہٹ جانا ۔
مطلع صاف ہوجانا +

اَبْرِ مُردہ ۔ ف ۔ اسم مذکر ۔ اسفنج ۔ ایک پولا اور
سوراخ دار جسم کرم خوردہ نمدہ کی مانند ہوتا ہے
جو پانی کو جذب کر لیتا ہے ۔ اس زمانہ کے محققوں
نے اُسے سمندری حیوانات میں شمار کیا ہے +

اَبْرِ نیسان ۔ ف ۔ اسم مذکر ۔ وہ ابر جو موسم بہار
یعنی ستمبر میں برستا ہے ایشائی لوگ خیال کرتے
ہیں کہ سیپی میں موتی ۔ کیلے میں کافور ۔ کالے
سانپ میں زہر اسی سے پیدا ہوتا ہے ۔
نیسان رومیوں کا ساتواں مہینا ہے اندنوں میں آفتاب
بُرج حمل میں ہوتا ہے +

اَبْرَق ۔ ع ۔ **اَبْرَک** ۔ ف ۔ اسم مذکر ۔ ایک کانی
چمکدار جوہر ہے جو پیاز کیطرح پرت در پرت پہاڑوں کے نیچے
سے نکلا کرتا ہے جب اسے صاف کرتے ہیں تو اسکے بڑے
بڑے ورق بالکل آئینہ کے مانند ہوجاتے ہیں ۔ ابرق آگ
میں رکھنے سے نہیں جلتا البتہ برقی آگ اسکو جلا سکتی ہے
سنار لوگ چھوٹے چھوٹے زیور اسی پر رکھکر جھالتے ہیں ۔
ہندی میں اسے بھوڈل اور چلچل سنسکرت میں ابھرک فارسی
میں ستارۂ زمین و ابرک کہتے ہیں ۔ ابرک کے کنول اور جھاڑ
بھی بنائے جاتے ہیں +

اَبْرَہ ۔ ف ۔ اسم مذکر ۔ ضدِ آستر ۔ دوہرے کپڑے کے
اوپر کا کپڑا ۔ رو بخلاف پشت +

اَبْرِی ۔ ف ۔ اسم مؤنث ۔ ایک قسم کا رنگدار کاغذ ہوتا
ہے جسپر ابر کیسے نشان ہوتے ہیں اور اُسے کتابوں
کی جلدوں پر چمڑے کی بجائے لگایا کرتے ہیں اب
ماربل Marble. بھی کہنے لگے ہیں ۔ انگلش اور

چمڑے پر بھی ابری بناتے ہیں +

اُبسنا - ہ - فعل لازم - سڑنا - کھٹا ہو جانا - چل جانا اصلی ذائقہ میں فرق آنا +

اَبعادِ ثلاثہ - ع - اسم مذکر - (۱) عرض - طول - عمق یا ارتفاع - (۲) آکار ناپ +

اُبکائی - ہ - اسم مؤنث - دفع غذا و مواد کے واسطے جو فی کر بغیر معدہ کی حرکت ہوتی ہے اُسکا نام اُبکائی ہے اگر یہی حرکت بار بار ہو تو ڈاک اور جب اسکے ساتھ کچھ نکلے بھی تو اُسے تردیات کہتے ہیں - ہندو اسے اُکلائی بولتے ہیں +

اُبکائی لگنا - ہ - فعل لازم - بار بار اُبکائی آنا +

اَبلا - ہ - اسم مؤنث - کمزور عورت - نازک عورت مطلق عورت - تریا - ناری - استری - بیتر +

ابلا پری - (ہ + ف) اسم مؤنث - نازک اندام اور خوبصورت عورت +

اَبلق - معرب - صفت (۱) عموماً دو رنگا - سیاہ و سفید خصوصاً (۲) وہ گھوڑا جسکا رنگ کالا اور سفید ہو - بعض پوربی کہاوتوں میں کبڑ بڑے یا ابل جا لولی ہالو کے واسطے بھی اُبلک آتا ہے +

اَبلقا - ع - اسم مذکر - ایک تلیر کی برابر سیاہ پر اور سفید پوٹے کا پرند ہے جسے خوش آوازی کے باعث اکثر شوقین پالتے ہیں یہ مینا کی قسم میں شمار کیا جاتا ہے +

اُبلنا - ہ - فعل لازم (۱) جوش ہونا - جوش کھانا جوش مارنا - جوش آنا (۲) پکنا - گلنا - اُبل کر نرم ہو جانا - (۳) فوارہ کیطرح پانی یا کسی اور رقیق چیز کا نکلنا جوش [illegible] کر گرنا (۴) کسی چیز کا کثرت اور بہتات سے ہونا - اُبل پڑنا (۵) عو - دولت یا اولاد پر مغرور ہونا (۶) ٹپکنا - گرنا - بہ نکلنا - چھلک جانا - چھلک پڑنا - کناروں سے باہر نکل جانا - (۷) ظاہر ہونا عیاں ہونا +

آبلہ - ف - اسم مذکر - (۱) چھالہ - پھپولا - تبخالہ (۲) چیچک کا بڑا پھلکا +

آبلۂ فرنگ - ف - اسم مؤنث - ایک قسم کی آتشک ہے جس سے تمام جسم پھپولا تا ہے +

اِبلیس - ع - اسم مذکر (۱) مایوس - نا اُمید - رحمت سے نا اُمید (۲) شیطان - (۳) خبیث پاپی (۴) شریر - دنگئی - فسادی - جھگڑالو - شُعُوری - فتنہ انگیز +

اِبلیس کا پیشاب - ہ - اسم مذکر - ابلیس کا جنا - شیطان کا نطفہ - بدذات +

اِبن - ع - اسم مذکر - بیٹا - فرزند - پتر - پوت

اُبنا - ہ - فعل لازم - (عوام) اُگنا - پھوٹنا - زمین سے پیڑ اُبھرنا +

آبنوس - (ع ف) - اسم مذکر - ایک قسم کی سیاہ اور نہایت وزنی لکڑی ہے جو پانی میں ڈوب جاتی ہے +

آبنوس کا کندا - ہ - صفت - کالا بھجنگ آدمی نہایت کالا اور بدصورت آدمی - کالا کلوٹا +

اُبھار - ہ - صفت - (۱) اونچائی جو کسی چیز کے پھولنے یا اُبھرنے سے ظاہر ہو - اُٹھان - نمو - (۲) ظہور +

اُبھار لینا - ہ - فعل لازم - کسی بیماری کا جاکر پھر اُبھرنا - کسی مرض کا عود کرنا +

اُبھار لانا - ہ - فعل متعدی - (۱) نکال لانا - بھگا لانا - (۲) چُرا لانا - تیر کرنا - اُڑا لانا +

اُبھارنا - ہ - فعل متعدی - (۱) بوجھ کو سہارا لگانا - سہارا دینا - اُونچا اُٹھانا - اُونچی کرنا - اُکسانا - (۲) کسیکو بھگا لیجانا - (۳) بہکانا - ورغلانا - اغوا کرنا - (۴) تیرانا - ڈوبنے کو نکالنا یا سنبھالنا +

اُبھرنا - ہ - فعل لازم (۱) اُونچا ہونا - اُوپر آنا (۲) پھُوٹنا - پودا نکلنا - (۳) جوان ہونا - قد نکالنا - بڑھنا (۴) تیرنا - غوطہ کھا کر نکلنا (۵) چلتا بنا - رفوچکر ہونا - چلدینا - چمپت ہونا - چور کیطرح جانا - (۵) ظاہر ہونا - پرگٹ ہونا - کھلنا - (۶) الگ ہونا - جدا ہونا - جیسے اُبھرا اُبھرا پھرنا یعنی الگ الگ پھرنا +

ابھی - تابع فعل - (۱) اسی وقت (۲) اب تک - (۳) ایسی جلدی +

اَبے - ہ - حرف ندا - ارے - او - اے - اصل میں ایک حقارت کا لفظ ہے مگر بے تکلفی کے موقع پر برابر والے سے بھی کہا کرتے ہیں +

اَبے تبے کرنا - ہ - فعل متعدی - ارے تُرے کرنا - تُو تاں کرنا - لام کاف نکالنا - تُو تُو میں میں کرنا - بدتہذیبی سے پیش آنا +

اَبیر - ہ - اسم مذکر - ابرک کا برادہ جو ہولی کے دن ہندو آپس میں ایک دوسرے پر چھڑکتے ہیں +

آپ - ہ - ضمیر (۱) ذات - روح - آتما - قدرت - مایا (۲) خود - بذات خاص - اپنے دم سے - اپنی ذات سے (۳) کلمہ خطاب بجائے حضور - حضرت جناب - (۴) از خود - آپ سے آپ +

آپ آپ کو - ہ - ضمیر علیحدہ علیحدہ - اپنی اپنی ذات سے الگ الگ - جدا جدا +

آپ آپ میں - ہ - ضمیر - باہم - آپس میں - ایک دوسرے میں +

آپ بیتی - ہ - اسم مؤنث - سرگزشت - اپنے اُوپر گزری ہوئی - اپنا ماجرا +

آپ خورا دی آپ مُرادی - ۲ - محاورہ - جو تنہا خور - تن پرور - اپنے کھانے اور اپنی غرض سے کام رکھنے والا آدمی +

آپ سے آپ - ہ - تابع فعل - خود بخود - از خود - آپ ہی آپ +

آپ سے باہر ہو جانا - ہ - فعل لازم - غصے یا خوشی کے مارے بے قابو ہو جانا - اپنے اختیار میں نہ رہنا - بیتاب ہو جانا - بے حواس ہو جانا +

آپ کاج - ہ - اسم مذکر - اپنا کام - ذاتی کام - نج کا کام +

آپکو - ہ - ضمیر (۱) اپنے تئیں - اپنے کو - (۲) ہمیں - ہم کو - (۳) تمہیں - تم کو - (۴) الگ علیحدہ - جدا - نیارا +

آپکو آسمان پر کھینچنا - ہ - فعل متعدی - اپنکو بڑا جاننا - غرور کرنا - متکبر ہونا - دُون کی لینا +

آپکو گُدر جاننا - ہ - فعل لازم (۱) اپنے تئیں بڑا لایق اور عقلمند سمجھنا - اپنے کو نہایت خردمند تصور کرنا - اپنے تئیں دانشمندوں میں گننا - (۲) پہنچا ہوا سمجھنا - اپنے تئیں عارف کامل رلرنا -

سپیدہ تصور کرنا +

آپکو دور کھینچنا - ہ - فعل لازم - اوروں کو حقیر سمجھکر اُن سے دور رہنا - کشیدہ - متنفر اور کنارہ کش رہنا (۲) اپنے تئیں بڑی دور سمجھنا - لایق جاننا - اترانا تکبر کرنا +

آپ میں آنا - ہ - فعل لازم - ہوش و حواس ٹھکانے ہونا - ہوش میں آنا - ہوشیار ہونا - سنبھلنا - چیتنا +

آپ ہی آپ - ہ - ضمیر وصفی (۱) خود بخود - بذات خود - (۲) بے سبب - بیوجہ - بے لاگ (۳) خدا ہی خدا - اللہ ہی اللہ - وہی وہ - ذات ہی ذات +

آپ ہی آپ باتیں کرنا - ہ - فعل لازم - بڑ مارنا - بڑبڑانا - سودائیوں کیسی باتیں کرنا +

آپ ہیں - ہ - کلمۂ تعجب - کسی پرانے دوست کو دفعتہ دیکھنے یا شبہ پڑنے کے بعد پہچاننے کے موقع پر بولتے ہیں اور کبھی تجاہلِ عارفانہ کیواسطے بھی یہہ کلمہ آتا ہے +

آپ ہی ناک چوٹی گرفتار ہیں - محاورہ - عو (۱) اپنی اور اپنے باپ دادا کی عزت پر مرے بیٹھے ہیں - اپنی خیرت ہی فرصت نہیں دیتی - اپنی عزت کے مخمصہ میں گرفتار ہیں (۲) مغرور ہیں نازک مزاج ہیں دماغدار ہیں +

جب اپنی نسبت یہ کلمہ کہتے ہیں تو وہاں اپنی بدمزاجی اور نازک دماغی سے مراد ہوتی ہے +

(۳) کا - اسم مذکر (۱) اپنی ذات - اپنا وجود - خود - آپا جوشِ غضبِ بشری - (۲) ہوش - حواس -

شدھ +

آپا بسرانا - ہ - فعل لازم - اپنے تئیں بھلانا - مٹانا - اپنی خواہشوں کو مارنا - علایق دنیوی سے کنارہ کرنا +

آپا تجنا - ہ - فعل لازم (۱) اپنے تئیں نیست کرنا - نابود کرنا - مٹانا - خاک میں ملانا - مرنے سے پہلے مرنا - (۲) قطع تعلق کرنا - علایق دنیوی کو چھوڑنا (۳) مرنا چولا چھوڑنا - (۴) خودکشی کرنا - اپنے آپ کو مار ڈالنا +

آپا دھاپی - ہ - اسم مؤنث (۱) تنہا خوری - اپنا ہی پیٹ بھرنا - (۲) خودغرضی - خود مطلبی - اپنی ہی اپنی فکر - نفسا نفسی - اپنے ہی کام میں مصروف رہنا

آپا سنبھالنا - ہ - فعل متعدی - عو - (۱) اپنے تئیں درست کرنا - اپنے آپ کو بنانا - سنوارنا (۲) ہوشیار ہونا - چیتنا - خبردار ہونا - (۳) اپنے بدن کو قابو میں رکھنا +

آپے سے باہر ہو جانا - ہ - فعل لازم - اپنے قابو میں نہ رہنا - جامہ سے باہر ہو جانا - بچھرنا - غصے یا خوشی کے عالم میں مجنونانہ حرکتیں کرنا +

آپے میں آنا - ہ - فعل لازم - دیکھو - (آپ میں آنا) +

آپے میں نہ رہنا - ہ - فعل لازم - قابو میں نہ رہنا

آپا - ف - اسم مؤنث - صحیح - (آپہ) (۱) بڑی بہن ہمشیرۂ کلاں - جیجی (۲) صرف بہن - ماں جائی جسطرح مرد آپس میں ایک دوسرے کو بھائی کہکر بولتے ہیں اِسیطرح مسلمان عورتیں بھی آپس میں آپا کہکر مخاطب ہوتی ہیں +

اُپاڑ - ہ - اسم مذکر - کسی تیز دوائی سے جو بدن کی کھال اُڑنے لگتی ہے اُسے اُپاڑ کہتے ہیں +

اُپاڑنا - ہ - فعل متعدی (گنواری) اُکھاڑنا زمین سے کوئی درخت یا پودا جُدا کرنا - درختوں کو نوچنا کھسوٹنا +

اَپاہج - ہ - صفت (۱) وہ شخص جو چلنے پھرنے پر قادر نہو - لنگڑا - لُولا - لوتھ پوتھ (۲) نکما ناکارہ سُست - مجہول +

اُپج - ہ - اسم مؤنث - (۱) لغوی معنے اُگنا - اُپنا (۲) پیدائش - ظہور (۳) طبیعت سے نکالی ہوئی بات نئی بات - ایجاد - (۴) جو کچھ فی البدیہہ یا بیساختہ طبیعت سے نکلے + نئی تان +

اُپج لینا - ہ - فعل متعدی - نئی کریا کہنا گانے میں نئی انداز سے تان لینا - طبیعت کی جودت سے اُستاد کے مقررہ قاعدہ کے خلاف کوئی عمدہ گت لیجانا - جودت طبع دکھانا +

ستار باز اسی کو مضراب لینا کہتے ہیں +

اپریل - انگلش April اسم مذکر - انگریزی چوتھا مہینا +

اُپڑنا - ہ - فعل لازم (۱) اُکھڑنا (۲) نقش ہونا - ٹھپا بیٹھنا - نشان پڑنا - اُدھڑنا +

آپس - ہ - ضمیر (۱) باہم - ایک دوسرے کے ساتھ (۲) قرابت - اپنایت - یگانگت - رشتہ ناتا - سنگت - برادری (۳) ہم پیشہ - ہم روزگار ایک محکمے یا سررشتے کے نوکر +

آپس میں رہنا - ہ - فعل لازم (۱) باہم رہنا ملا جلا رہنا - اتفاق یا سلوک سے رہنا - ساتھ رہنا (۲) خاوند جورو کی طرح رہنا - کبھی آلودگی فسق سے بھی مُراد ہوتی ہے جیسے عورتوں کا آپس میں رہنا +

اُپلا - ہ - اسم مذکر - گوبر کا تھاپا ہوا ایندھن - کنڈا گوئٹھا - گوہا - پاتھی - دُشتی (پنجابی) تھاپی +

اَپنا - ہ - ضمیر (۱) میرا - ہمارا - پرائے کا نقیض (۲) ذاتی - نج کا - خاص (۳) تمہارا (۴) رشتہ کا کُنبہ کا - بھائی برادر - اولاد - خلاف غیر - یگانہ - (۵ - بحالت اسم) دردمند - ساتھی - ہمدرد - دوست (۶) مقبوضہ - مملوکہ - زرخرید +

اپنا اُلو سیدھا کرنا - ہ - فعل لازم - اپنا مطلب نکال لینا - اپنا کام بنانا - اپنے بنائے ہوئے بیوقوف سے کچھ حاصل کرنا - احمق بنا کر لینا +

اپنا اُلو کہیں نہیں گیا - ہ - محاورہ - اپنا مطلب موجود ہے - اپنا احمق قابو میں ہے - کوئی نقصان اُٹھائی یا فائدہ ہمارا مطلب نکل ہی آئیگا +

اپنا بیگانہ - ہ - اسم مذکر - اپنا پرایا - دوست دشمن - یگانہ و بیگانہ +

اپنا ٹھکانا کرنا - ہ - فعل لازم - اپنی گزارے کی تدبیر کرنا - اپنے لئے کوئی جگہ تلاش کرنا + نوکری یا مکان ڈھونڈنا - اپنے رہنے کی جگہ پیدا کرنا +

اپنا سا مُنہ لیکر رہجانا - ہ - فعل لازم - سوال پورا نہونے کی شرم سے چُپ ہوجانا - جس بات کا دعوی ہو اُس سے خجالت اُٹھانا - کسی بات کا جواب بن نہ پڑنا - شرمندہ ہونا - سرنگوں ہونا - کچھ نہ بن پڑنا +

اپنا سوچتا کرنا - ہ - فعل لازم - اپنا فکر کرنا - مآل سوچنا - عاقبت اندیشی کرنا +

اپنا کام کرو - ا - محاورہ - اپنے کام سے لگو - ہٹو - سرکو - پرے ہو +

اپنا کیا پانا - ہ - فعل لازم - اپنے فعل کی سزا بھگتنا - کیفر کردار کو پہنچنا +

اپنایت - ہ - اسم مؤنث - یگانگت - واحد معاملہ +

اپنی اپنی پڑنا - ہ - فعل لازم - نفسی نفسی ہونا - اپنا ہی اپنا خیال ہونا - آپا دھاپی ہونا - بے سدھ ہونا - اپنی اپنی مصیبت میں گرفتار ہونا - اپنی اپنی فکر اور اپنے اپنے کام میں مصروف ہونا +

اپنی ایڑی دیکھو - ہ - محاورہ زناں - نظر نہ لگاؤ - ٹوکو نہیں - ہو انسو مت +

عورتوں کا خیال ہے کہ اگر کوئی شخص کسی کی تعریف کرکے اپنی ایڑی دیکھ لے تو اسکی نظر بد اثر نہیں کرتی +

اپنی بات پر آنا - ہ - فعل لازم - اپنی ضد پر آنا - اپنے قول کی پچ کرنا - جو کچھ کہنا کر دکھانا +

اپنی بات کا ایک - ہ - اسم مذکر - بات کا پکا - راسخ القول - زبان کا پورا +

اپنے بھاویں - ہ - عو - اپنے نزدیک - اپنے حساب +

اپنے پاؤں میں آپ ہی کلہاڑی مارنا - ہ - فعل متعدی - اپنا آپ نقصان کرنا - اپنا آپ برا چاہنا

اپنے ٹکے لگانا - ہ - فعل لازم - اپنے ہی مطلب اور غرض کی کہنا + پرانا محاورہ ہے +

اپنے جامے سے باہر ہونا - ہ - فعل لازم - (۱) پھولا نہ سمانا - نہایت خوش ہونا (۲) غصہ میں قابو سے باہر ہونا - آپے میں نہ رہنا +

اپنی چھاتی پر ہاتھ دھرنا یا دھرکے دیکھنا - ہ - فعل لازم - عو - اپنا سا حال دوسرے کا جاننا - جب کوئی عورت کسی غیر کے بچے کو کوستی ہے تو اس سے کہتے ہیں کہ تو اپنی چھاتی پر ہاتھ دھرکے دیکھ اگر ہم کوسیں گے تو تیرے دل کو بھی برا لگیگا یا نہیں؟

اپنے حق میں کانٹے بونا یا زہر کرنا - ہ - فعل متعدی - اپنے لئے برائی کرنا - وہ کام کرنا جو اپنے کو نقصان پہنچائے - اپنے واسطے کنواں کھودنا - اپنا برا چاہنا +

اپنے دنوں کو رونا - ہ - فعل لازم - اپنی قسمت اور مصیبت پر افسوس کرنا - زمانہ موافق کے گزر جانے کا ماتم کرنا - اپنی بدنصیبی کا بیان کرنا +

اپنے ڈھائی چانول الگ گلانا - ہ - فعل لازم - سب کی رائے سے الگ رائے رکھنا - متفق الرائے نہ ہونا - دل میں آنا سو کرنا - اپنی کہے جانا اور دوسرے کی نہ سننا - کسیکے کہے پر عمل نہ کرنا +

اپنی سی بہت کرلی - ہ - محاورہ - تابمقدور خوب کوشش کرلی +

اپنی کھال میں مست ہونا - ہ - فعل لازم - اپنے حال میں خوش ہونا - غریبی میں مگن رہنا

اپنی گاتا - ہ - فعل لازم - صرف اپنی کہنا - اپنی ہی بات کا گیت گانا - رٹنا +

اپنی گرہ کا - ہ - تابع فعل - اپنی جیب کا اپنی ذات کا - اپنی جمع کا +

اپنے گریبان میں منہ ڈالنا - ا - فعل لازم - اپنا عیب دیکھکر شرمانا - قایل ہونا - اپنے کئے سے پچتا کر گردن نیچی کرنا +

اپنی گڑیا سنوار دینا - ہ - فعل متعدی - عو -

اسپنے مقدور کے موافق بیٹی کا بیاہ کر دینا +
یہ ایک انکسار کا کلمہ ہے +

اپنی گونکا یار - ہ - خود غرض دوست - مطلب کا یار +

اپنے مُنہ میاں مٹھو - ہ - اپنے مُنہ سے اپنی تعریف +

اپنے نام کا ایک - ا - صفت - ضدی - ہٹیلا اپنی بات کی پچ کرنیوالا - متعصب - ضد کا پورا +

اپنی نیند سونا اپنی بھوک کھانا - ہ - فعل متعدی - آزادی سے بسر کرنا - جب جی چاہے سو رہنا جب دلمیں آئے کھا لینا - چین سے عمر کاٹنا بے فکر اور بے غم رہنا +

اپنی نینڈ سونا اپنی نینڈ اُٹھنا - ہ - فعل لازم - چاہنا جب سونا چاہنا جب اُٹھنا - بے فکر و عیش اور آزادی سے بسر کرنا - بے فکر رہنا +

اپنی والیوں پر آنا یا اپنی والی پر آنا - ہ - فعل لازم - عو اپنی ضد اور اپنی ہٹ پر آنا - اپنے قول پر اڑنا - اپنی سی کرنا +

اپنے ہاتھوں - ہ - تابع فعل - از خود - آپ سے آپ از دست خود +

اپنے ہاتھوں قبر کھودنا - ا - فعل لازم - اپنی موت کا آپ سامان کرنا - اپنی بُرائی آپ چاہنا +

اپنی ہی گانا - ہ - فعل لازم - اپنی کہنا - اپنے ہی مطلب کی سُنانا +

اپھرنا - ہ - فعل لازم (۱) پھولنا - ہوا بھرنا - نفخ ہونا (۲) موٹا ہونا - تیار ہونا - فربہ ہونا - تناور ہونا - قوی جثہ ہونا (۳) مغرور ہونا - متکبر ہونا -

اِترانا - گھمنڈ کرنا - بڑھ چلنا - دولت پر نازاں ہونا

اپیل - انگلش Appeal اسم مذکر - مرافعہ - ایک حاکم کے ہاں انصاف نہ ہو تو اس سے اعلیٰ حاکم کے سامنے اپنا دعویٰ پیش کرنا +

اَت - س - اَث - ہ - تابع فعل - نہایت ازحد - ادھک - بے انتہا - حد سے زیادہ +

آتا - ہ - اسم مذکر - قرضہ اُدھار دیا ہوا روپیہ - تاوان

آتا جاتا - ہ - اسم مذکر - آیندہ روندہ - راہگیر - راہی

اُتار - ہ - صفت عو مخفف اوتار - طنزاً - بد اور ڈراک عورت +

اُتار - ہ - اسم مذکر (۱) چڑھاؤ کا نقیض - ڈھلان - نشیب - ضد فراز (۲) زوال - کمی - گھٹاؤ +

اُتارا - ہ - اسم مذکر - صدقہ - صدقہ سارا - وہ چیز جو سر کے اوپر سے رد بلا کے واسطے اتار کر للہ دیں یا چوراہے میں رکھیں (۲) پڑاؤ - سرا سے (پورب میں) (۳) گھاٹ - پایاب - گزرگاہ آب - (پورب میں)

اُتارا اُتارنا - ہ - فعل متعدی - صدقہ اتارنا +

اُتار چڑھاؤ - ہ - اسم مذکر - (۱) اونچ نیچ - نشیب و فراز + زمانے کی اونچ نیچ (۲) کمی بیشی - نرخ کا بڑھنا یا گھٹنا - دریا کا اترنا چڑھنا (۳) رستہ کی بلندی اور پستی (۴) اونچے اور نیچے سُر - (۵) دم - فریب - دھوکا +

اُتار چڑھاؤ بتانا - ہ - فعل متعدی - فریب دینا دھوکا دینا - دم دینا +

اُتارنا - ہ - فعل متعدی (۱) کسی چیز کو اُوپر سے نیچے لانا + سواری سے باہر لانا - نکالنا (۲) مرتبہ سے گرانا - کم کرنا - درجہ گھٹانا - تنزل کرنا (۳) دریا سے

پار کرنا - دریا لنگھانا (۴) کاٹنا - تراشنا جیسے ناک
یا سر اُتار دیا (۵) خراط چڑھانا - جیسے دستنہ یا کوئی
پُرزہ اُتارنا - (۶) پوشاک بدلنا (۷) سر کے گرد پھرانا
کسی چیز کو تصدق کرنا - وارنا - (۸) جُدا کرنا -
الگ کرنا - علیحدہ کرنا - جیسے سالن کے اُوپر سے
گھی یا تار اُتارنا (۹) ٹھیرانا - مکان میں جگہہ دینا -
(۱۰) لینا - چھیننا - اخذ کرنا (۱۱) کسی عضو کو جگہہ
سے بے جگہہ کرنا (۱۲) داخل کرنا - گھسانا جیسے
پیٹ میں قبض یا برچھی اُتارنا (۱۳) گرانا - ڈھانا -
(۱۴) پھاڑنا - قطع کرنا - بیونتنا (۱۵) نقل
کرنا - لکھنا - ایک کاغذ سے دُوسرے کاغذ پر
لکھنا + کھینچنا - عکس لینا جیسے تصویر یا نقشہ
اُتارنا - (۱۶) ایفا کرنا - بھگتانا - ادا کرنا (۱۷)
نشیب میں پہنچانا - گڑھے میں ڈالنا (۱۸) ہٹانا
دُور کرنا - بھوت پریت کو کسی کے اُوپر سے ہٹانا -
(۱۹) پینا - نوش کرنا - نگلنا + حلق کے اندر پہنچانا
(۲۰) پیدا کرنا - نازل کرنا - دُنیا میں لانا - (۲۱)
تلنا - تل کر نکالنا - پکانا +

اُتارے ہونا - ہ - صفت - سواروں کا
گھوڑوں سے اُتر کر تلواروں سے لڑنا - متوجہ و مستعد ہونا
لڑنے کو اُتر پڑنا (بُرا محاورہ ہے)

اَتالیق - ت - اسم مذکر - ادیب - ادب سکھانے والا
اُستاد - تربیت کرنے والا - سدھانے والا +

اِتحاد - ع - اسم مذکر - (۱) ایکا - دوستی (۲) محبت
اخلاص +

اُتر - س - اسم مذکر - (۱) جواب - مقابل - سمت
(۲) بحالت مؤنث) شمال - دکن کے مقابل کی سمت
قطب شمال کی سمت +

اِترانا - ہ - فعل لازم (۱) گھمنڈ کرنا - ناز کرنا - فخر کرنا
نخرہ کرنا - غرور کرنا - بڑھ کر چلنا - تھوڑی سی دولت
پر آپے سے باہر ہو جانا - (۲) خوشی منانا -
خود نمائی کرنا +

اُترائی - ہ - صفت (۱) اُتار - نشیب - چڑھائی
کے خلاف (۲) دریا سے پار ہونے کا محصول -
ناؤ کا کرایہ - پہاڑ سے نیچے جانے کا کرایہ (۳) پہاڑ سے
اُترنے کا موسم جیسے اکتوبر - نومبر کا مہینا +

اُترتا چاند - ہ - اسم مذکر - آخر ماہ - زوال ماہ
بدی - اندھیرا پاکھ +

اَترسوں - ہ - تابع فعل - پرسوں کے آگے کا دن
آج سے چوتھا دن +
آیندہ اور گزشتہ دونوں کے واسطے جایز ہے +

اُترن - ہ - اسم مؤنث (۱) اُترے ہوئے کپڑے
(۲) وہ پہنے ہوئے کپڑے جو کسی شخص کو دیدیں +

اُترن پُترن - ہ - اسم مؤنث - ازروی حقارت
اُترے اُترائے کپڑے - پہنے پہنائے کپڑے +

اُترنا - ہ - فعل لازم (۱) اُوپر سے نیچے آنا + نیچے
جانا - نشیب میں جانا (۲) نازل ہونا - (۳) فروکش
ہونا - کسی جگہہ ٹھیرنا - مقام کرنا (۴) گھٹنا - کم ہونا -
بھاؤ کم ہونا + ڈھلنا - گرنا - جیسے عمر سے اُترنا (۵)
پار ہونا - عبور کرنا - لنگھنا - (۶) سڑنا - بگڑنا -
اُبسنا - ذائقہ میں فرق آنا - مزے سے جاتا رہنا -
(۷) گھسنا - داخل ہونا (۸) ادا ہونا - چکنا - بیباق
ہونا (۹) کھنچنا - عکس ہونا (۱۰) کسی عضو یا کسی
جوڑ کا جگہہ سے بے جگہہ ہونا - ڈگنا - ٹلنا -

(۱۱) تنزّل ہونا - درجہ ٹوٹنا - (۱۲) بچّے کا مرنا (۱۳)
آنا - بھرنا جیسے دُودھ اُترنا (۱۴) نکلنا - جگہ سے ہٹنا
جیسے بیا اترنا (۱۵) بازاری لوگوں کی اصطلاح میں کسی
عورت سے جماع کرنا (۱۶) ہونا - جچنا - اندازہ ٹھیرنا +

اُتروانا - ہ - فعل متعدّی - اُتارنا اور اُتروانا میں
... اتنا فرق ہے کہ یہ متعدّی بدو مفعول ہے اور
... یہ یک مفعول +

آتش - ف - اسم مؤنث (۱) اگنی - آگ - آنچ - نار -
... آگ - اربعہ عناصر میں سے ایک عنصر کا نام ہے +
(۲) لو - شعلہ - زبانہ - آنچ - لوکا - (۳) جلن -
سوزش - حرارت - تپش +
بول چال میں آتش بکسر تا زیادہ بولتے ہیں +

آتشباز - ف - اسم مذکر - بارود کی گلکاری کھلانے
والا - آتشبازی بنانے والا +

آتشبازی - ف - اسم مؤنث - وہ کھلونے جو
بارود سے بنائے جاتے ہیں جیسے انار - پھلجھڑی
مہتابی - گولا - چھچھوندر - وغیرہ

آتشخانہ - ف - اسم مذکر - آگ کی جگہ - وہ طاق
جو کمرے کے اندر جاڑوں میں کمرہ گرم رہنے اور بیٹھکر
تاپنے کے لئے اسطرح سے بناتے ہیں کہ جسکا
دھواں اندر ہی اندر اوپر نکل جائے +

آتش زباں - ف - اسم مذکر - تیز زباں - سیف
زباں - طرّار - جلد جلد بولنے والا - گرم مضمون لکھنے والا
شاعر - پُرجوش اور پُراثر کلام والا شاعر +

آتش زنی - ف - اسم مؤنث - آگ لگانا -
آگ دینا +

آتش کا پرکالہ - ا - اسم مذکر (۱) لغوی معنے
آگ کی چنگاری - انگارا (۲) آفت کا ٹکڑا - فتنہ انگیز
فتنہ پرداز معشوق - (۳) غضبناک جھلّا - تندخو -
جلا تن - تیزمزاج (۴) چالاک - طرّار - چنچل - اچپل -
چُلبلا (۵) بھبھوکا - چاند کا ٹکڑا - نور کا بقعہ - خوبصورت
(۶) دانا - ہوشیار - خوش تقریر - عقل کا
پتلا +

آتش مزاج - ف - صفت - تندخو -
تیزمزاج - غصیل - غصّہ ور - (۲) محرورالمزاج
گرم مزاج +

آتشک - ف - اسم مؤنث - گرمی کی بیماری -
فرنگ باؤ - آبلۂ فرنگ - پنجابی باد - نار فارسی +

آتشکیا - ا - اسم مذکر - گرمی کی بیماری والا -
آتشک بھرا +

آتشی شیشہ - ف - اسم مذکر +
بولتے وقت تے ساکن کر دیتے ہیں +
ایک قسم کا مقعّر شیشہ ہوتا ہے جسے آفتاب کے مقابل
رکھنے سے سورج کی کرنیں جمع ہوکر آگ لگا دینے
کی طاقت اُس شیشہ میں پیدا کر دیتی ہیں چنانچہ
روئی - کپڑا وغیرہ بہت جلد اُس پر رکھنے سے آگ
پکڑ لیتا ہے +

اِتّصال - ع - اسم مذکر (۱) لغوی معنے پیوستہ ہونا
ملنا - (۲) لگاؤ - قرب - چسپیدگی (۳) لگاتار
متواتر - پے درپے - تابڑ توڑ (۴) جوڑ - وصل
(۵) منجموں کی اصطلاح میں ستاروں کا بُروج اور
درجات کے اعتبار سے باہم نظر کرنا - ایک دوسرے
کے مقابل ہونا +

اِتّصال حقیقی - ع - صفت - بالکل ایک جان ہو جانا

دونی ہٹنا - ٹوٹ کر ملنا +

اِتّفاق - ع - اسم مذکر (۱) باہم موافقت کرنا سازگاری میل - ملاپ (۲) تطابق - مطابقت (۳) دوستی - یکدلی - ایکا - (۴) سنجوگ - اچانچک - دفعۃً - ناگاہ بے ارادہ کچھ پیش آنا یا ہو جانا - بے سبب کوئی کام واقع ہونا (۵) سازش - ملی بھگت (۶) محبت - اخلاص (۷) موقع - حالت +

اِتّفاق پڑنا - ا - فعل لازم - موقع پڑنا - موقع ملنا +

اتّفاق حسنہ - ع - اسم مذکر - حسب دلخواہ موقع ملنا - عمدہ موقع ہاتھ آنا + اچھا موقع - مبارک اتّفاق

اِتّفاق رائے - ع - رائے کا متفق ہونا

اِتّفاق سے - ہ - تابع فعل (۱) گاہے - کبھی کسی موقع پر - کبھی کبھی (۲) بالاتفاق (۳) اچانچک حسب اتّفاق +

اِتّفاق کرنا - ا - فعل متعدی (۱) سازش کرنا مِلجانا (۲) ایکا کرنا - ایک ہو جانا - شریک رائے ہونا - متفق الرائے ہونا +

اِتّفاق ہونا - ا - فعل لازم (۱) ایکا ہونا - متفق الرائے ہونا (۲) موقع پڑنا - موقع ملنا +

اِتّفاقاً - ع - تابع فعل - ازروئے اتّفاق - حسب اتّفاق - اچانچک - سنجوگ سے +

اِتّفاقی - اتّفاقیہ - ع - صفت - وہ بات جو اتّفاق سے ہو جائے +

اِتّقا - ع - اسم مذکر - پرہیز کرنا - پرہیزگاری - گناہوں سے بچنا +

اَت کٹ - ہ - صفت - عو - ازحد - بے نہایت

اُتّم - ہ - صفت (۱) عمدہ - اوّل - بہتر - اعلیٰ درجہ کا (۲) شریف - خاندانی - نیک +

اُتّم گانا مدھم بجانا - ہ - محاورہ - خیر الامور اوسطہا - موافق کا کام اچھا ہوتا ہے +

آتما - س - اسم مؤنث (۱) روح - جان - جیو - پران - بولتا - آپا - نفس ناطقہ - انتاکرن - یونانی اطبا کے نزدیک وہ بخار لطیف جو دل میں پیدا ہو کر حیات اور حس و حرکت کا باعث ہوتا ہے (۲) دل - ہردہ - خاطر - من - (۳) کایا - جسم - بدن - پنڈا - (۴) بھوک - اشتہا - آتش معدہ - کھدیا (۵) شکم - پیٹ - اوذر - اوجھ +

آتما ٹھنڈی ہونا - ہ - فعل متعدی - (۱) جی خوش ہونا - روح تازہ ہونا (۲) پیٹ بھرنا - بھوک کی آگ بجھنا - صرف ہندو بولتے ہیں +

آتما ستانا یا کلپانا - ہ - عو - فعل متعدی - دل دکھانا - جان کو تکلیف پہنچانا - دل تو دل مسوسنا +

اِتنا - ہ - صفت - اسقدر - اِتّا +

یہ لفظ کسی صفت یا فعل کی مقدار ظاہر کرتا ہے مذکر کے واسطے الف کے ساتھ اور مؤنث کے لیئے یائے معروف کے ساتھ آتا ہے -

اِتنے میں - ہ - تابع فعل (۱) اِس مقدار میں (۲) اِسعرصہ میں

اُتنا - ہ - صفت - اُسقدر - اُتّا +

اُتو - ف - اسم مذکر - صحیح اُتو بغیر تشدید - لغوی معنے وہ آلہ جسے گرم کرکے کپڑے پر نقش کرتے ہیں (۱) نقوش جامہ شکن جامہ بیل بوٹا وغیرہ جو ریشمی یا سوتی کپڑے پر آہنی آلہ کے ذریعہ سے بناتے ہیں +

اُتّو اُتّو کرنا - ا - فعل متعدی - مارتے مارتے جسم ادھیڑ دینا - کھال اڑا ڈالنا - ٹکڑے ٹکڑے کرنا +

پرزے اڑانا - لہولہان کرنا + دھجیاں ڈالنا +

اُتو کرنا - ا - فعل متعدی (۱) کپڑے پر نقش ڈالنا
اتو کا کام کرنا - لکیریں کرنا - نشان ڈالنا (۲) کھال
اڑانا - قیمہ کرنا - بدن اُدھیڑ دینا - پرزے اڑانا - زخمی کرنا
(۳) نشہ میں غرقاب کرنا - نشہ کے مارے بےحواس
کرنا - مگر یہ تشبیہ ٹھیک نہیں ہے شاید اُلّو کی بجائے عوام
یہ کہنے لگے ہیں +

اُتوکش - ف - اسم مذکر - اتوگر - اتو کرنے والا

اُتو ہونا - ا - فعل لازم - (۱) کپڑے پر نقش ہونا
(۲) نشہ میں بےحواس ہونا - نشہ کے مارے ہوش نہ رہنا
بےخبر ہوجانا - بُت ہونا - شاید اُلّو ہونے کا اُتو ہونا کر لیا ہو +

اِتوار - ہ - اسم مذکر - سورج کا دن - یکشنبہ - ہفتہ
کے بعد کا دن +

اُتون - ت - اسم مؤنث (اردو میں نون نہیں بولا
جاتا) اُستانی - معلمہ - لکھنا پڑھنا سینا پرونا
سکھانے والی عورت +

اِتّہام - ع - اسم مذکر - تہمت - دوش - بہتان
شک و شبہ +

اتہام دینا - رکھنا - لگانا - ا - فعل متعدی - دوش
دینا - تہمت لگانا - عیب دھرنا - بہتان لینا +

اُتھلا - ہ - صفت - کم گہرا - برتن - اُبھرا ہوا - گہرا
ابھرواں +

اُتھل پتھل کرنا - ہ - فعل متعدی - عو - اوپر
نیچے کرنا - تہ و بالا کرنا - الٹ پلٹ کرنا - جگہ سے
بے جگہ کرنا - اُلٹا پلٹا کرنا - کسی چیز کو بے ترتیب
کرنا +

اُتھل پتھل ہونا - ہ - فعل لازم - عو - الٹ
پلٹ ہونا وغیرہ +

آتی پاتی - ہ - اسم مؤنث - پہاڑوا -
دیہات کے لڑکوں کا ایک کھیل ہے جسے دہلی میں پہاڑوا کہتے ہیں
اسمیں ایک لڑکا کسی خشک پاتی لینے جاتا ہے اور سب ادھر ادھر
چھپ جاتے ہیں جب وہ کیکا پاتا لگا کر چھو لیتا ہے تو جسے
چھو اتھا وہ چور کہلاتا ہے اور اب یہی چور پاتی لینے جاتا ہے +

آٹا - ہ - اسم مذکر (۱) چون - پسا ہوا اناج - آرد -
(پوربی) پسان (۲) برادہ - چورا - سفوف - (پوربی
بکنی (۳ - صفت میں) سائیدہ - باریک - میدا سا
(۴) بوسیدہ - فرسودہ - گلا ہوا +

آٹا آٹا کرنا - ہ - فعل متعدی - نہایت باریک کرنا
میدا بنا دینا - خوب پیسنا + ریزہ ریزہ کرنا - بور بور
کرنا +

آٹا آٹا ہونا - ہ - فعل لازم - نہایت باریک اور
بوسیدہ ہونا - گھس جانا - گل جانا - خاک ہوجانا

آٹا گیلا ہونا - ہ - فعل لازم - دقت پڑنا -
مصیبت میں آنا +

آٹے کی آپا - ہ - اسم مؤنث - عو - سب بے وقوف
اور بھولی عورت +

آٹے میں نمک - ا - محاورہ - قدر قلیل -
موافق سے - تھوڑا سا +

آٹاری - ہ - اسم مؤنث - کوٹھا - بالاخانہ -
چھت کے اوپر کا مکان +

آٹالا - ہ - اسم مذکر - عو (۱) اسباب خانہ -
اثاثہ - گھر کا اسباب (۲) انگڑ کھنگڑ - فضول
اسباب - نکما اور ناکارہ اسباب - کاٹھ کباڑ
(۳) اٹم - ڈھیر - تودہ +

اَٹ سَٹ - ہ - اسم مؤنث (۱) سازش - ملی بھگت - رازداری (۲) چالاکی - حساب کتاب میں دھوکا بازی - مکر فریب (۳) توڑ جوڑ (۴) آشنائی - عورت مرد کی دوستی - آلودگیٔ فسق (۵) کام کاج - بیفائدہ شغل +

اٹ سٹ لڑنا - اٹ سٹ ہونا - ہ - فعل لازم - سازش ہونا - آشنائی ہونا - رازداری ہونا +

اَٹک - ہ - اسم مؤنث (۱) روک - مزاحمت - اٹکاؤ - رکاؤ - (۲) جھجک - دھکڑ پکڑ (۳) پرہیز - بچاؤ +

اَٹکانا - ہ - فعل متعدی - (۱) روکنا - تھامنا - ٹھیرانا - ملتوی کرنا (۲) الجھانا - پھنسانا - جھلانا - کسی کام میں ڈال رکھنا - (۳ - عو) تھوڑی دیر کے لئے پہننا - ذرا کی ذرا گلے میں کوئی کپڑا ڈالنا - الجھانا - (۴) لگانا - مصروف کرنا - مشغول کرنا +

اَٹکاؤ - ہ - اسم مذکر - دیکھو (اٹک) دیر - التوا +

اَٹکل - ہ - اسم مؤنث (۱) انداز - قیاس - تخمینہ (۲) آنک - جانچ - کوت (۳) پرکھ - شناخت +

اٹکل باز - ہ - صفت - شناسا - جانچو - تاڑیا +

اٹکل پچو - ہ - اسم مذکر - محض قیاسی - بے تحقیق - اندازاً - اٹکل لیس +

اٹکل پچو غیر مقرر - مثل اوٹ پٹانگ - بے سوچی سمجھی بات - بادہوائی +

اٹکلنا - ہ - فعل لازم - عو - پہچاننا - انداز کرنا - شناخت کرنا - پرکھنا - آنکنا +

اَٹکنا - ہ - فعل لازم (۱) رکنا - ٹھیرنا - تھمنا - بند ہونا - (۲) اڑنا - (ہم ہونا (۳) پھنسنا - مبتلا ہونا - غیر مرد یا عورت سے الجھنا - عشق کرنا - محبت کرنا - ملوث ہونا - آلودہ ہونا (۴) لڑنا - جھگڑنا - خواہ مخواہ الجھنا (۵) رک رک کر پڑھنا +

اَٹکن بٹکن - ہ - اسم مذکر - ایک کھیل ہے جو چھوٹے چھوٹے بچے اسطرح کھیلتے ہیں کہ کئی بچے اپنے اپنے ہاتھ کی انگلیاں کھڑی کر کے زمین پر ٹکا دیتے ہیں اور اور ایک بچہ الفاظ ذیل کہتا جاتا ہے اور ہر ایک کے ہاتھ پر کلمے کی انگلی باری باری سے رکھتا جاتا ہے جس بچے کے ہاتھ پر وہ عبارت تمام ہوتی ہے اُس سے پوچھتا ہے کہ "کھنڈا (کھانڈا) ماروں یا چھری" - اگر اُسنے کھنڈا کہا تو یہ کہیگا "تیری ماں کا پیٹ ٹھنڈا" - اول تو چھری کوئی کہتا ہی نہیں اور جو کسی نے کہا تو یہ کہیگا "تیری ماں بری" - وہ عبارت یہ ہے +

(اٹکن بٹکن دہی چٹاکن - اگلا جھولے بگلا جھولے ساون ماس کریلا پھولے - پھول پھول کی بالیاں باوا گئے گنگا لائے سات پیالیاں - ایک پیالی پھوٹ گئی نیولے کی ٹانگ ٹوٹ گئی - کھنڈا ماروں کیا چھری؟)

جس جس کے ہاتھ پر یہ عبارت تمام ہوتی جاتی ہے اُسکے ہاتھ اُٹھا اُٹھا کر سینہ پر رکھتا جاتا ہے جب سبکے ہاتھ رکھوا دیتا ہے تو سب بار بار جھوٹ موٹ کی چکی پیستے ہیں اور پھر ہاتھوں کی چھلنی بنا کر چھانتے ہیں - بھونسی کا فرضی دودھ بدلواتے ہیں اور اُسکی کھیر پکا کر تقسیم کرتے ہیں یہ کھیر بھی فرضی ہوتی ہے +

اَٹکھیلی - ہ - اسم مؤنث - خرامناز - شوخی - طراری - اچپلاہٹ - چنچل پن +

اٹکھیلی چال - ہ - اسم مؤنث (۱) مستانہ چال معشوقانہ چال - خراماں خراماں چلنا (۲) شوخی بھری ہوئی چال

(۲) شوخی بھری ہوئی چال - خرام ناز

اٹھکھیلیاں - ہ - اٹھکھیلی کی جمع (۱) شوخیاں طراریاں - جولانیاں - (۲) کھلاڑیاں - کلیلیں +

اٹھکھیلیاں کرنا - ہ - فعل لازم - کھیلنا کودنا - ناز و نخرہ کرنا - الّڑھپنے کی حرکتیں کرنا +

اٹھکھیلیوں سے چلنا - ہ - فعل لازم - ناز سے چلنا - اترا کر چلنا - خراماں چلنا - مٹک مٹک کر چلنا

اٹل - ہ - صفت - (۱) اپنی جگہہ سے نہیں ٹلنے والا قایم - اچل - (۲) مضبوط - لازوال - (۳) مست بے پروا - شکم سیر +

اٹل ہونا - ہ - فعل لازم - چھکنا - سیر ہونا - پیٹ بھر جانا - نیت بھر جانا +

اٹم - ہ - اسم مذکر - تودہ - ڈھیر - انبار

اٹنا - ہ - فعل لازم - (۱) سمانا - آنا - در آنا (۲) بھرنا - رکنا - پُر ہونا - بند ہونا -

اٹنگا - ہ - صفت - ٹانگوں سے اونچا - بدقطع ٹخنوں سے اونچا - جیسے اٹنگا پجامہ یا اٹنگی ازار + اوچھا یا قد سے چھوٹا +

اٹواٹی کھٹواٹی - ہ - اسم مونث - (۱) کھاٹ کھٹولا (۲) استر بستر - اوڑھنا بچھونا - بدھنا بوریا - آسن پاٹی - شجرہ کُلہ (کُلاہ کا مخفف) +

اٹواٹی کھٹواٹی لیکر پڑنا - ہ - فعل لازم - سوگواروں کیطرح پڑنا - غصّے یا غم کے باعث الگ پٹی پڑ رہنا - کسی فکر کے سبب تنہائی اختیار کر لینا +

اٹھ - ہ - صفت - ہشت - چار کا دونا - سولہ کا آدھا - (اٹھ اسکا مخفف آتا ہے)

آٹھ آٹھ آنسو رلانا یا رلوانا - ہ - فعل متعدی - نہایت رلانا - از حد رلانا - بہت ستانا پٹوانا - پچھوانا +

آٹھ آٹھ آنسو رونا - ہ - فعل لازم - زار زار رونا - زار قطار رونا - دھاروں رونا - نہایت گریہ و زاری کرنا +

آٹھ پہر - ہ - ظرف زماں - (۱) رات دن - چونسٹھ گھڑی - شب و روز (۲) ہر وقت - ہر گھڑی - ہر لحظہ (۳) ہمیشہ - سدا - نت - مدام +

آٹھ پہر سولی ہے - ہ - محاورہ - عو - ہر وقت موت کا سا سنا ہے - ہر گھڑی ہلاکت سے مقابلہ ہے - نہایت تکلیف ہے - از حد دکھ ہے

اٹھا بیٹھی - ہ - اسم مونث - اٹھ بیٹھ - گھڑی اٹھنا گھڑی بیٹھنا - اضطراب - بے کلی - بے چینی +

اٹھا دینا - ہ - فعل متعدی (۱) دیدینا - اٹھا کر دینا - (۲) بوجھ سر یا کندھے پر رکھوا دینا (۳) مجلس یا محفل سے نکالدینا (۴) کاروبار بند کر دینا - کوئی کام چھوڑ بیٹھنا (۵) خرچ کر دینا - صرف میں لے آنا (۶) دیوار چن دینا (۷) پردہ اونچا کر دینا +

اٹھا رکھنا - ہ - فعل متعدی - (۱) سینت رکھنا - سنبھال رکھنا (۲) بچا رکھنا - باقی رکھنا - روک رکھنا (۳) موقوف رکھنا - ملتوی رکھنا - معاف رکھنا +

اُٹھارہ - ہ - صفت - دس اور آٹھ - ہیژدہ ۱۸

اُٹھارہ کنکرہ - ہ - اسم مذکر - ایک کھیل ہے جو لکیریں کھینچکر دو آدمی اٹھارہ اٹھارہ کنکروں سے کھیلتے ہیں +

اُٹھاسی - ہ - اسم مؤنث - اسّی اور آٹھ ہشتاد وہشت - ۸۸ +

اُٹھا لانا - ہ - فعل متعدی - (۱) لے آنا - بیٹھے کو لے آنا - بلا لانا +

اُٹھا لے جانا - ہ فعل متعدی - (۱) کسی چیز کو لے آنا - (۲) مُردہ کو لیجانا - لاش کو لیکر چلا جانا +

اُٹھا لینا - ہ فعل متعدی - (۱) اونچا کر لینا - بلند کر لینا - اُدھر کر لینا - (۲) چن لینا - تعمیر کر لینا - (۳) ہاتھ میں لے لینا - (۴) خرچ میں لے آنا - صرف کر ڈالنا - (۵) سہار لینا - سنبھال لینا - برداشت کر لینا (۶) جدا کر لینا - تعلّق علیحدہ کر لینا - الگ کر لینا - ہٹا لینا (۷) اوٹ لینا - ذمّہ وار ہوجانا - اپنے اوپر لے لینا (۸) دنیا سے اُٹھا لینا - جان لے لینا - مار ڈالنا -

اُٹھا مارنا - ہ فعل متعدی - دے مارنا - پٹخ دینا - زمین پر گرا دینا - پٹخنا سنانا - بھدکنا دینا - پچھاڑنا +

اُٹھان - ہ - اسم مؤنث - (۱) ابھار - بلندی - بالیدگی - قدآوری - (۲) انگلیٹ قوّت نموی - (۳) ابتدا و آغاز +

اُٹھانا - ہ - فعل متعدی - (۱) اونچا کرنا - بلند کرنا - کھڑا کرنا - ابھارنا - (۲) جگہہ سے الگ کرنا - بیٹھے کو کھڑا کرنا - (۳) بجا لانا - ہٹانا - دھتکارنا - دور کرنا (۴) سہارنا - برداشت کرنا - سہنا - جھیلنا - تحمّل کرنا (۵) حاصل کرنا - بہم پہنچانا - لینا - اخذ کرنا - (۶) برخاست کرنا - موقوف کرنا - چھوڑنا - بند کرنا (۷) خرچ کرنا - صرف مین لانا (۸) جگانا - بیدار کرنا (۹) تعمیر کرنا - چننا - مکان بنانا - (۱۰) چگنا - دانہ منہ میں پکڑنا - (۱۱) سدھانا - تعلیم و تربیت کرنا - (۱۲) حروف پڑھنا - لکھا ہوا پڑھنا - (۱۳) مار ڈالنا - جان لینا - (۱۴) اڑانا - پرواز میں لانا + کبوتر دن کو اڑانا - (۱۵) سنبھالنا قابو میں لانا - انتظام کرنا (۱۶) باندھنا - لپیٹنا - تہ کرنا - (۱۷) کسی پیر یا دیوی دیوتا کے نام کا کچھ نکالنا - نیاز و نذر کے واسطے رکھنا (۱۸) چھیڑنا - شروع کرنا - بیان کرنا (۱۹) لیجانا - نکالنا - جیسے برات - تعزیہ - سوانگ وغیرہ - (۲۰) اسباب لیجانا یا الگ کرنا (۲۱) برپا کرنا - ظاہر کرنا جیسے فساد و آفت وغیرہ - (۲۲) ماننا - تسلیم و قبول کرنا جیسے احسان اٹھانا - (۲۳) آسمانی کتاب ہاتھ میں لیکر قسم کھانا

اَٹھانوے - ہ - صفت - نوے اور آٹھ نود و ہشت ۹۸ +

اُٹھاؤ چولہا - ہ - صفت - (۱) وہ چولہا جسے ہر جگہہ لے جا سکیں - (۲) وہ آدمی جو ایک جگہہ جم کر نہ رہے - خانہ بدوش +

اَٹھاون - ہ - صفت - پچاس اور آٹھ

پنجاہ و ہشت - ۵۸ +

اُٹھاوَنی - ہ - اسم مؤنث - تیجا - سوم - پھول - ہنود کی ایک رسم ہے جو میّت سے تیسرے دن ہوتی ہے آج کے دن مُردے کی راکھ دریا میں بہاتے اور ہڈیاں اُٹھا کر گنگا جی میں ڈالنے کے واسطے بھیجتے ہیں اسی روز مرد سوگ اُٹھا کر اپنے کاروبار میں مصروف ہوجاتے ہیں صرف کریا کرم کرنے والا سوگی بنا رہتا ہے -

اَٹھائیس - ہ - صفت - بیس اور آٹھ - بست و ہشت - ۲۸ +

اُٹھائی گیرا - ہ - اسم مذکر - اُچکّا - جیب کترا - بدمعاش - وہ چور جو ہر ایک چیز بازار وغیرہ سے آنکھ بچا کر لیجائے +

اُٹھ بیٹھ - ہ - اسم مؤنث - (۱) دیکھو اُٹھا بیٹھی (۲) ایک قسم کی سزا جو مُلّا شاگردوں کو دیا کرتا ہے +

اُٹھ بیٹھنا - ہ - فعل لازم (۱) جاگ اُٹھنا - بیدار ہوجانا - (۲) تندرست ہوجانا - چنگا ہوجانا

اَٹھتّر - ہ - صفت - ستّر اور آٹھ - ہفتاد و ہشت

اُٹھتے بیٹھتے - ہ - تابع فعل - سہارا لیکر - دم لے لیکر - رفتہ رفتہ - ٹھیر ٹھیر کر +

اُٹھتی جوانی - ہ - اسم مؤنث - عالم شباب - آغاز جوانی - شباب - جوبن کا زمانہ +

اُٹھتی کونپل - ہ - اسم مؤنث - نوجوان - نوعمر - اٹھان - نوخیز - شروع شباب +

اُٹھ جانا - ہ - فعل لازم (۱) چلا جانا - رخصت ہوجانا (۲) مرجانا - فوت ہوجانا (۳) خرچ ہوجانا - صرف میں آجانا (۴) کسی رواج یا رسم کا موقوف ہوجانا - جاتا رہنا - عمل یا حکومت بدل جانا

اُٹھ کھڑا ہونا - ہ - فعل لازم - (۱) چلنے کو تیار ہونا - کھڑا ہوجانا (۲) چل پڑنا - چل نکلنا - روانہ ہوجانا (۳) قایم ہونا - برپا ہونا (۴) سرزد ہونا - ظاہر ہونا - نکلنا - پھوٹنا - اُبھرنا - دفعتہ کسی مرض کا پیدا ہونا - (۵) مستعد بجنگ ہونا - لڑنے کو تیار ہونا - سانوٹا ہونا +

اَٹھلانا - ہ - فعل لازم (۱) تکلّف سے چلنا - ناز و انداز سے چلنا - مٹک کر چلنا - (۲) اترانا - ناز و نخرہ کرنا - نخرہ جتانا (۳) مچلاپن کرنا - مگراپن کرنا - جانکر انجان بنا - اغماض کرنا

اُٹھنا - ہ - فعل لازم - (۱) کھڑا ہونا - ایستادہ ہونا (۲) اونچا ہونا - بلند ہونا - اُبھرنا - (۳) جاگنا - بیدار ہونا (۴) آمادہ ہونا - مستعد ہونا (۵) چلنا - نکلنا - روانہ ہونا - برپا ہونا - ظہور پکڑنا - صدور ہونا - (۷) دوکان یا مکان چھوڑنا - خالی کرنا - شروع ہونا - آغاز ہونا (۹) لگنا - نشو و نما پانا - پھبکنا - (۱۰) حاصل ہونا - ہاتھ (۱۱) اُڑنا - پرواز کرنا - (۱۲) گھوڑی وغیرہ کا مست ہونا - آنگ پر آنا (۱۳) خرچ ہونا - صرف ہونا (۱۴) موقوف ہونا - چھوٹنا (۱۵) پڑھنے میں آنا - پڑھا جانا - (۱۶) نقش ہونا - ٹھپّہ ہونا (۱۷) زمین کا اجارہ پر جانا - ٹھیکہ ہوجانا (۱۸) تربیت یافتہ ہونا - سدھنا - (۱۹) اچار کا ترشی پر آنا - کھٹّا ہونا - جب خمیر کے واسطے آتا ہے تو پھولنے اور خمیر اُٹھنے کے معنے ہوتے ہیں (۲۰)

تندرست ہونا - صحت پانا - (۲۱) مرنا - فوت ہونا (۲۲) سواری نکلنا - سوار ہونا - جیسے بادشاہ کا اُٹھنا - برات یا ٹیسو وغیرہ بھی اسی میں شامل ہے (۲۳) تمام ہونا - تیار ہونا - کام سمٹنا - (۲۴) ہونا جیسے درد وغیرہ اُٹھنا +

اَٹھنّی - ہ - اسم مؤنث - آٹھ آنہ کا سکہ - آدھا روپیہ +

اَٹھواڑا - ہ - اسم مذکر - (۱) آٹھ دن کا ایک اٹھواڑا ہوتا ہے - آٹھ دن کا زمانہ (۲) آٹھویں دن (۳) ہفتہ +

اَٹھواں - ہ - صفت - ہشتم - ہشتمیں - وہ عدد جو سات کو آٹھ بنا دے - آٹھ کے اندر - آٹھ کا شروع +

اُٹھوانا - ہ - فعل متعدی - (۱) کھڑا کروانا کسی جگہہ سے نکلوانا - کسیکو اُٹھانے کا حکم دینا - نکلوانا - (۲) تعمیر کروانا - چنوانا - بنوانا - (۳) خرچ کروانا - صرف کروانا +

اَٹھوانسا - ہ - اسم مذکر - صحیح (اٹھ ماسا) آٹھ مہینے کا بچہ - ہشت ماہہ +

آٹھوں - ہ - صفت - آٹھ تک سب ہشت ہر (۲) ہندی مہینے کی آٹھویں تاریخ خواہ زوال ماہ یعنی بدی کی ہو خواہ کمال ماہ یعنی سُدی کی

آٹھوں پہر - ہ - ظرف زماں - عو - دیکھو (آٹھ پہر)

آٹھوں کا میلہ - ہ - اسم مذکر - ایک میلہ ہے جو پورب میں سیتلا پوجنے کے واسطے جمع ہوتا ہے اب اسمیں تماشا دیکھنے کے لئے ہر قوم کے آدمی جانے لگے ہیں علی الخصوص لکھنؤ میں اسکی بڑی دھوم ہوتی ہے اور وہاں یہ میلہ ایک خاص مقام پر ہولی کے آٹھویں دن ہوتا ہے +

آٹھوں گانٹھ کُمَیت - ہ - صفت - آٹھوں جوڑوں سے مضبوط کمیت گھوڑا + چونکہ گھوڑے کی مضبوطی چاروں گھٹنوں اور چاروں ٹخنوں سے دیکھی جاتی ہے اور کمیت گھوڑا یوں بھی جاندار ہوتا ہے اسلئے نہایت مضبوط پر اطلاق ہونے لگا + (۲) خرانٹ - پختہ کار - گھاگ - سرد و گرم آزمودہ تجربہ کار - آزمودہ کار - سیانا - ہوشیار + سب گنوں پورا - تیز دست مستعد - پانچوں عیب شرعی - شوخ و شریر +

اَٹیرَن - ہ - اسم مذکر - سوت کی انٹی یا اٹی بنانے کا اوزار - اصل میں ایک لکڑی ہوتی ہے جسکے دونوں سروں پر دو لکڑیاں سوت لپیٹنے کے واسطے اور لگا دیتے ہیں اوپر کے سرے کی لکڑی خمدار ہوتی ہے اور نیچے کے سرے کی لکڑی میں صرف نوکیں نکلی ہوئی ہوتی ہیں

اٹیرن پھیرنا - ہ - فعل متعدی - گھوڑے کو کاوہ دینے کا ایک طریق ہے +

اٹیرن کر دینا - ہ - فعل متعدی - کشتی میں ایسے داؤ پیچ کرنا کہ آدمی بِکرا جائے - جکڑ لینا تار باندھ دینا - دم نہ لینے دینا - جب یہ کسی کے لفظ کے ساتھ اٹیرن ہونا کہینگے تو اُس سے ڈھانچ یا ٹھڈیاں ہی ہڈیاں رہ جانے سے مراد ہوگی جیسے ٹھٹھری اور پنجر وغیرہ +

اٹیرنا - ہ - فعل متعدی - سُوت لپیٹنا - اٹیرن کے ذریعہ سے سُوت کی انٹیاں بنانا +

اَثاثُ البَیت - ع - اسمِ مذکر گھر کا اسباب - اٹالا

اَثاثَہ - ع - اسمِ مذکر - اسبابِ خانہ - اٹالا +

آثار - ع - اسمِ مذکر - اثر کی جمع (۱) نشانیاں علامتیں - کھوج - پیتہ - (۲) طور - ڈھنگ اطوار - لچھن - افعال - (۳) دیوار کا عرض - چوڑائی (یہ معنے صرف ہندوستان میں ہو گئے ہیں) (۴) بُنیاد - نیو - جڑ (فارسی اشعار میں بھی ان معنوں کا پتا لگتا ہے) (۵) ایک سیر کا وزن - یہ بھی ہندوستانیوں کی گھڑت ہے (۶) بزرگوں کی نشانیاں - بزرگوں کا تبرک +

آثار شریف - ع - اسم مذکر - وہ مکان جس میں رسُولِ مقبول کا تبرُّکات مثلِ نعلین و موئے مُبارک وغیرہ زیارت کے لئے رکھا ہو +

اِثبات - ع - اسم مذکر (۱) ثابت کرنا - ثبُوت کو پہنچانا - (۲) دعوے جمانا - مضبُوط کرنا -

اَثَر - ع - اسمِ مُذکر - (۱) نشان - کھوج - علامت (۲) گُن - خاصیّت - طبیعت - تاثیر - مزاج (۳) حاصل - نتیجہ - ماحصل - (۴) سایہ - پرتو پرتا - پرچھاواں - رنگِ صُحبت (صرف اُردو میں)

اثر کرنا - ا - فعل متعدی (۱) گُن کرنا - خاصیت کا فعل صادر ہونا - تاثیر ہونا (۲) سرایت کرنا - پیٹھنا - (۳) سایہ ڈالنا - رنگ جمانا +

اثر ہونا - و - فعل لازم (۱) گُن ہونا - تاثیر ہونا رنگ جمنا - سایہ پڑنا - (۲) سمجھ میں آنا - ذہن نشین ہونا +

اَثناء - ع - اسم مذکر - (ثنیٰ کی جمع) درمیان - بیچ - درمیاں کا عرصہ - جیسے اثنائے راہ اثنائے گفتگو وغیرہ

اِثنا عشر - ع - صفت - بارہ یعنی بارہ امام -

اِثنا عشریہ - ع - صفت - بارہ اماموں کو ماننے والا فرقہ - امامیہ مذہب کے آدمی - شیعہ

آج - ہ - تابع فعل - یا ظرفِ زماں (۱) روزِ موجود امروز - اِس دن - (۲) اِسوقت - اِس گھڑی اب - (۳) ایّامِ حیات +

آج برسکے پھر نہ برسُوں - مثل - کثرتِ بارش کے حق میں کہتے ہیں یعنے منہ کہتا تھا کہ تمام سال کی کسر آج ہی نکال دُوں +

آجتک - ہ - ظرفِ زماں - ابتک - ابکے دم - اِسوقت تک +

آجتک پڑے ہینگ مگتے ہیں - مثل - ابتک حِرک دھانس چلی جاتی ہے - ابھی تک پتلا حال ہے +

آج کدھر چاند نکلا - ہ - محاورہ - جب کوئی دوست اتّفاق سے مُدت کے بعد آجاتا ہے تو کہتے ہیں یعنے خلافِ معمُول یہ بات کیونکر ہو گئی - کدھر بھُول پڑے +

آج کسکا مُنہ دیکھا ہے - ہ - یعنے آج کس منحُوس کا سامنا ہو گیا ہے - کونسے بخیل سے دو چار ہوئے ہیں کہ ابتک کچھ حاصل نہیں ہوا +

آجکل - ہ - تابع فعل (۱) آج میں اور کل میں - قریب کا گُزرا ہوا زمانہ - جلد آنے والا زمانہ (۲) اِن دنوں - فی زمانا - (۳) امروز و فردا - آرے بلے - لیت و لعل - ٹالم ٹول - ٹالا بالا وعدہ وعید - (۴) ایک دو دن میں - تھوڑے

دنوں میں - عنقریب - جلد +

آجکل کرنا - ہ - فعل لازم - جھوٹے وعدے کرنا - وعدہ وعید کرنا - ٹالا بالا بتانا - ٹالنا +

آجکو - ہ - تابع فعل - اب - اسوقت - آج کے دن - ایسے موقع پر - ایسے دنوںمیں +

اِجابت - ع - اسم مؤنث - لغوی معنے جواب دینا (۱) منظوری - قبولیت (۲) دفع براز - ٹٹی پھرنا - پاخانہ یا دست +

اِجارہ - ع - اسم مذکر - لغوی معنے اُجرت پر دینا (۱) کرایہ - ٹھیکہ - پورب میں مقرری (۲) دعوے حکومت - قبضہ - قابو - اختیار +

اِجارہ دار - ا - اسم مذکر - (۱) ٹھیکہ دار (۲) دعویدار - حاکم - مالک (گیتوں میں) +

اُجاڑ - ہ - صفت - ویران - غیر آباد جنگل +

اُجاڑنا - ہ - فعل متعدی (۱) غیر آباد کرنا - ویران کرنا (۲) مسمار کرنا - ڈھانا - اینٹ سے اینٹ بجانا (۳) پورب میں اُکھاڑنے کے معنے میں بھی بولتے ہیں (۴) برباد کرنا +

اُجاڑو - ہ - اسم مذکر - برباد کرنیوالا - کھاؤ - لٹاؤ +

اِجازت - ع - اسم مؤنث - حکم - ارشاد - پروانگی - منظوری +

اُجاگر - ہ - اسم مذکر (۱) روشن - تاباں - درخشاں (۲) ظاہر - پرگھٹ - عیاں +

اُجالا - ہ - اسم مذکر - نور - روشنی - چمک جانا

اُجالا ہونا - ہ - فعل لازم (۱) چاندنا ہونا - روشنی ہونا - دن نکلنا (۲) لٹ جانا - صفایا ہو جانا - کچھ باقی نہ رہنا

اُجالنا - ہ - فعل متعدی - چمکانا - جلا کرنا - صاف کرنا - نکھارنا - زیور کا میل نکالنا +

اِجتناب - ع - اسم مذکر - لغوی معنے پہلو - اصطلاحی بچاؤ - کنارہ - علیحدگی - پرہیز - گوشہ گیری +

اِجتہاد - ع - اسم مذکر - جہد - کوشش - سعی (۲) دل سے سوچکر کچھ بات نکالنا - نئی بات کے نکالنے میں کوشش کرنا - ایجاد +

اُجڈ - ہ - صفت (۱) بیوقوف - گنوار - نافہم (۲) جاہل مطلق - اجہل - ضدی +

اَجر - ع - اسم مذکر - (۱) بدلا - عوض - پاداش (۲) انعام - مزد - اُجرت (۳) ثواب - نیک عوض +

اِجرا - ع - اسم مذکر - لغوی معنی جاری کرنا - (۱) شروع - نکاس - بہاؤ - (۲) کام چلانا - کام نکالنا +

اُجرت - ع - اسم مؤنث - مزد - قیمت - کام کا عوض - مزدوری +

اُجڑا - ہ - صفت - (۱) ویران - برباد - خراب شدہ (۲) بے رونق - غیر آباد (۳) لٹا کھسا - تاراج شدہ - غارت شدہ (۴) بیگمات کی اصطلاح میں لفظ حقارت بمعنے خانہ خراب - نگھرا - موا - اجل رسیدہ وغیرہ +

اُجڑا اُجڑا - ہ - صفت - لٹا کھسا - برباد شدہ

اُجڑ جانا - ہ - فعل لازم - لٹ جانا - برباد ہو جانا - ویران ہو جانا +

اُجڑنا - ہ - فعل لازم - ویران ہونا - لٹنا - درخت اکھڑ جانا +

اُجڑوانا - ہ - فعل متعدی - لٹوانا - برباد کرانا - ویران کرانا +

اُجزا - ع - اسمِ مذکر - (جُز کی جمع) حصّے - ٹکڑے

اَجسام - ع - اسمِ مذکر - (جسم کی جمع) تن - بدن - انگ - دیہہ +

اَجگر - ھ - اسمِ مذکر - (۱) وہ سانپ جو بکری نگل جاتا ہے - اژدہا - اژدر - بہت بڑا سانپ (صفت میں) بھاری - نہایت وزنی +

اَجَل - ع - اسمِ مؤنث - لغوی معنے وقت - مہلت - عمر آخر ہونے کا زمانہ - موت - مرگ - قضا +

اجل رسیدہ - پاگرفتہ - (ع + ف) موت لیا وہ شخص جسکی موت آئی ہو - جانہار - موت کے پھندے میں پھنسا ہوا +

اُجَل - ھ - صفت - (۱) صاف - شفّاف نرمل (۲) سفید - براق - دھولا + ہندی دوہوں وغیرہ میں مستعمل ہے جیسے اجل بدھ یعنے اجلی سمجھ کا - اجل برن یعنے سفید پوش +

اُجلا - ھ - صفت (۱) صاف - بر خلاف میلا - سفید - دھولا - چٹا (۲) صاف - نرمل +

اُجلا مُنہ کرنا - ھ - فعلِ متعدی - عو - سرخرو بنا +

اُجلا مُنہ ہونا - ھ - فعلِ لازم - عو - سرخرو ہونا +

اِجلاس - ع - اسمِ مذکر - لغوی معنی بٹھانا اصطلاحی کچہری کرنے بیٹھنا + دربار - کچہری جلسہ +

اِجلاس کرنا - ا - فعلِ لازم - دربار کرنا - کچہری کرنا +

اَجلاف - ع - اسمِ مذکر - (جلف کی جمع) کمینے - سفلے - کمین - فرومایہ - کھٹیل - شُدر واحد اور جمع دونوں کے واسطے بولتے ہیں +

اُجلی - ھ - اسمِ مؤنث - عو - چونکہ مسلمان عورتیں رات کے وقت دھوبن کا نام لینا برا جانتی ہیں اسلئے شب کو اس نام سے اسکا ذکر کرتی ہیں - برہٹن - دھوبن +

اُجلی سمجھ - ھ - اسمِ مؤنث - فہم رسا - اجل بدھ - جلد بات کی تہ کو پہنچنے والی سمجھ - زیرک ذہن اور ذکی آدمی کے حق میں کہتے ہیں +

اُجلی طبیعت - ا - اسمِ مؤنث - طبع رسا - سلجھی ہوئی طبیعت - ایسی طبیعت جسکی ہر ایک بات صفائی اور دانائی کے ساتھ ہو +

اُجلی گزران - ا - اسمِ مؤنث - خوش گزران اچھی پوشاک اور اچھے لباس سے بسر کرنا - معقول گزارہ +

اَجناس - ع - اسمِ مؤنث (جنس کی جمع) چیزیں - اشیا +

اَجنبی - ع - اسمِ مذکر - (۱) پردیسی - غیر ملک کا - مسافر - (۲) ناآشنا - ناواقف - غیر - وہ شخص جس سے جان پہچان نہو - نیا انجان +

اَجنٹ - انگلش - اسمِ مذکر - صحیح (ایجنٹ Agent.) (۱) گماشتہ - وکیل منیم - وہ شخص جو کسی سرکار یا کسی سوداگر وغیرہ کی طرف سے کسی کام کے لئے مقرر ہو +

اجنٹی - انگلش - اسمِ مؤنث - صحیح ا

ایجنسی (۱) اجنٹ کا محکمہ ۔ Agency. اجنٹ کا دفتر ۔ اجنٹ کی کچہری ۔ اجنٹ کا تعلق

اَجْوَائِن ۔ ہ ۔ اسمِ مؤنث ۔ پوربی (اجواین) ایک مشہور بیج ہے جسکی مشابہت زیرہ سے ہو سکتی ہے فارسی میں اُسے نان خورہ کہتے ہیں اکثر زچہ عورتیں کھاتی ہیں +

اُجُورَہ ۔ ع ۔ اسمِ مذکر ۔ (۱) مزد ۔ مزدوری اُجرت ۔ حق السعی ۔ کرایہ ۔ بھاڑا +

اُجْھَر ۔ ہ ۔ اسمِ مذکر ۔ عو ۔ جھلیا ۔ جاہل ۔ سُطلی ۔ بات بات میں اُلجھنے والا + جھگڑالو

اُجھینا ۔ ہ ۔ اسمِ مذکر ۔ عو ۔ چولہے میں اُپلے جوڑنے کا ایک طریقہ جسے ہندو اُجھونا کہتے ہیں

اُجھینا لگانا ۔ ہ ۔ فعلِ متعدی ۔ عو ۔ اُوپر تلے اسطرح آڑے ترچھے چولہے میں اُپلے رکھنا کہ جس سے ہوا لگ کر آگ سُلگ جائے +

اَجی ۔ ہ ۔ حرفِ ندا ۔ (۱) ای جناب ۔ ای حضرت ۔ ای صاحب ۔ جنابِ من ۔ صاحبِ من ۔ جب تعظیم کے ساتھ کسیکی طرف مخاطب ہوتے ہیں تو خطاب یا ضمیر سے پہلے یہ لفظ کہتے ہیں +

(۲) ہندو عورتیں اپنی ساس کو بھی اجی کہتی ہیں اور وہاں بھی تعظیماً یہ معنے ہوگئے ہیں اسیطرح مُسلمان عورتیں اپنے خاوند کو بعض اوقات اِس لفظ سے خطاب کرتی ہیں ۔ چھوٹے بچے بھی ایک دوسرے کو خطاب کرتے وقت یہ لفظ کہتے ہیں جسکے معنی بھائی ۔ بھائی صاحب ہو سکتے ہیں +

اجیٹینٹ ۔ انگلش Adjutant. اسمِ مذکر ۔ فوج کا سردار ۔ افسرِ فوج +

اَجِیرَن ۔ ہ ۔ صفت (۱) ناگوار ۔ ان پچ ۔ غیر منہضم ۔ (پوربی) اَرگھانا ۔ وہ کھانا جو ہضم نہو ۔ (۲) خلافِ طبع ۔ نامرغوب ۔ ناپسند (۳) وہ بات جس سے طبیعت اُکتا جائے ۔ وہ کام جو مشکل سے تمام ہو (۴) جنجال ۔ باعثِ تکلیف وبالِ جان ۔ جیسے اتنی عقل بھی اجیرن ہوتی ہے ۔ (۵) بھاری ۔ مشکل ۔ سخت ۔ دوبھر ۔ دشوار ۔ پہاڑ +

اجیرن ہونا ۔ ہ ۔ فعلِ لازم ۔ ناگوار ہونا ۔ ناپسند ہونا ۔ سخت یا دشوار ہونا ۔ دوبھر ہونا +

اَچّا ۔ ت ۔ اسمِ مؤنث (بیگمات قلعہ بولتی ہیں) لغوی معنے باپ ۔ دادا ۔ نانا ۔ اصطلاحی بزرگ ملازم ۔ قابلِ عزت خادمہ ۔ بوڑھی پُرانی نوکر +

اُچاپت ۔ ہ ۔ اسمِ مؤنث ۔ لین دین ۔ کھانے پینے کی چیزوں کا حساب کتاب جو کسی بنیئے سے اُٹھایا جائے +

اُچاپت اُٹھانا ۔ ہ ۔ فعلِ متعدی ۔ قرض سودا لینا اور سودے کا لین دین کرنا ۔ دینا +

اُچاٹنا ۔ ہ ۔ فعلِ متعدی ۔ برداشتہ کرنا ۔ چھٹکانا ۔ اُڑانا +

اچار ۔ ف ۔ اسمِ مذکر ۔ (صحیح آچار) سرکہ یا لیمو وغیرہ میں گلایا ہوا پھل ۔ یا مربے کے خلاف وہ ترکاری جو رائی وغیرہ ڈالکر کھٹی کی ہو ۔ کچومر وغیرہ +

اچار ڈالنا ۔ ہ ۔ فعلِ متعدی ۔ اول معلوم

دوسرے گلا لگانا (ڈالنا) + ڈال رکھنا - پڑا رکھنا +

اچار کرنا یا نکالنا - و - فعل متعدّی پیٹنا گت بنانا - بھرکس نکالنا - کچومر کرنا +

اچاری - ف - اسم مؤنث - اچار رکھنے کی بوتل - برنام +

اچانچک - ہ - تابع فعل - عوام (اچانک - چانچک) (۱) یکا یک - ناگاہ - یک بیک - ناگہاں - دفعتہً - یکبارگی - اچکا اچکی - (۲) نامعلوم - بےخبر - بےخبری کے عالم میں - ان جتے میں +

اچپل - ہ - صفت - (۱) چنچل - بےچین - چلبلا - وہ شخص جو نچلا نہ رہے - مضطرب بیقرار شوخ - طرار (۲) تیز - چالاک - ترتریا +

اچپلاہٹ - ہ - اسم مؤنث - (۱) شوخی - طرّاری - چنچل پن - بیقراری - اضطراب

اچٹانا - ہ - فعل متعدّی - (۱) چٹخانا - اچھالنا ایک سخت جسم پر دوسرے جسم کو اسطرح مارنا کہ جس سے وہ اوپر اچھل جائے (۲) جدا کرنا - الگ کرنا - پھینکنا - برداشتہ کرنا - بیزار کرنا (۳) کسی کے ربط میں فرق ڈالنا - بہکانا - بہکا کر جدا کروا دینا - اکھیڑ دینا (۴) نشانے سے بچوا دینا نشانے پر نہ لگنے دینا (۵) بدکانا - بھڑکانا - چوکنّا کرنا - آتے ہوئے شکار کو ہوشیار کر دینا (۶) اڑانا - دور کرنا - جیسے نیند اچٹانا - (۷) بکھیرنا متفرق کرنا +

اچٹ جانا - ہ - فعل لازم - اپنے جگہہ سے ہٹ جانا - اچھل جانا - چٹخ جانا - بدک جانا - بہکی جانا +

اچٹنا - ہ - فعل لازم (۱) چٹکنا - چٹخنا - اچھلنا (۲) الگ ہونا - برداشتہ ہونا - جدا ہونا - متفرق ہونا - بکھرنا - (۳) اکھڑنا - بدکنا - بھڑکنا (۴) جانا - جاتا رہنا - اڑنا (۵) پورا ہاتھ نہ پڑنا - کاری زخم نہ آنا - پٹ پڑنا - ہاتھ بہکنا - (۶) نشانہ پر نہ لگنا - نشانہ پر نہ بیٹھنا - وار خالی جانا +

اچرج - ہ - اچمبا - تعجّب - حیرت +

اُچکّا - ہ - اسم مذکر - اٹھائی گیرا - جیب کترا چور - بدمعاش +

اُچکانا - ہ - فعل متعدّی - (۱) اٹھانا - اونچا اٹھانا - دفعتہً اٹھا لینا - ابھارنا - اٹھا لیجانا (۲) جھپٹنا - چرانا - چھپا کر لے آنا (۳) بھگانا - فرار کرنا - نکالنا +

اُچک لیجانا - ہ - فعل متعدّی - اڑا لیجانا - بھگا لیجانا - جھپٹ لانا - اٹھا لانا +

اُچکنا - ہ - فعل لازم (۱) اچھلنا - کودنا (۲) لپکنا - جھپٹنا (۳) لے اڑنا - لے بھاگنا - (۴) اوپر ہی اوپر لے لینا - اوپر سے اوپر چھین لینا - (۵) اڑنا - بلند ہونا - دوڑنا - بھاگنا +

اَچل - ہ - صفت - جو اپنی جگہہ سے چل نہ سکے +

اَچمبا - ہ - اسم مذکر - دیکھو (اچرج) +

اچمبا دانہ - ہ - انوکھا دانہ - ایک قسم کی مٹھائی ہے جو خشخاش کے دانوں کی مانند ہوتی ہے اور چورن والے بیچا کرتے ہیں +

اچمبا گزرنا - ہونا - آنا - ہ - فعل لازم - حیرت ہونا - تعجّب آنا +

اِچّھا - ہ - اسم مؤنث (۱) خواہش - چاہنا - مرضی - آرزو (۲) حُب - توفیق - خدا کی طرف سے جو دلمیں نیکی اُترے - (ہندو فقیر بولتے ہیں)

اَچّھا - ہ - صفت - (۱) بُرے کے خلاف بھلا - نیک - عمدہ - خوب - (۲) بہتر - خاصا (۳) تندرست - چنگا - نروگا (۴) کلمۂ ایجاب منظور ہے - قبول ہے - ہاں - بلے - آرے - ایجابی) اہو - (۵) کھرا - بے غش (۶) خوشگوار - خوش ذائقہ (۷) خلیق - خوش خلق (۸) مبارک - سُبھ (۹) موافق - سزاوار (۱۰) خیر - کیا مضائقہ ہے - سمجھونگا - دیکھ لونگا - بدلا لیکر چھوڑونگا (۱۱) طنزاً - بُرا - نامناسب (بہ تغیرِ لہجہ)

اچھا خاصا - ہ - صفت (۱) اچھا بھلا - صحیح سالم - بھلا چنگا - تندرست (۲) بہت ٹھیک درست - جیسا چاہیئے +

اچھا رہنا - ہ - فعل لازم - (۱) مرضی کے موافق کام بن پڑنا - بڑھکر رہنا - (۲) تندرست رہنا

اچھا کرنا - ہ - فعل متعدی - بھلا کرنا - تندرست کرنا - خوب کرنا - مناسب کرنا +

اچھا لگنا - ہ - فعل لازم - بھلا معلوم دینا - پسندِ خاطر ہونا +

اچھا ہونا - ہ - فعل لازم (۱) تندرست ہونا (۲) مرضی کے موافق ہونا - (۳) خلیق ہونا - خوش خلق ہونا +

اُچھالا - ہ - اسم مذکر - جوش - اُبال - قے - رد - (بدہضمی یا گرمی وغیرہ کے باعث جو متیان کی کیفیت پیدا ہوتی ہے اُسے اچھالا کرنا کہتے ہیں)

اُچھال چھکّا - ہ - اسم - افسانہ - فاحشہ - چھنال - بدکار عورت +

اُچھالنا - ہ - فعل متعدی - (۱) کسی چیز کو اوپر پھینکنا - اُچکانا - اُبھارنا - (۲) ظاہر کرنا - پرگھٹ کرنا - مشہور کرنا جیسے نام اُچھالنا وغیرہ +

اَچّھر - ہ - اسم مذکر - (اچھر) (۱) حرف آنک (۲) بول - لفظ - کلمہ +

اُچھل پڑنا - ہ - فعل لازم (۱) خوشی کے مارے بے اختیار اپنی جگہہ سے اُچھل جانا (۲) غصّہ میں آگ ہو جانا - ناچ اُٹھنا - مرچیں لگنا اگر زیادہ مبالغہ منظور ہوتا ہے تو اُچھل اُچھل پڑتے ہیں کہتے ہیں

اُچھل کود - ہ - اسم مؤنث - کھیل کود - کود پھاند +

اُچھلنا - ہ - فعل لازم (۱) اُچکنا - کودنا - پُھدکنا - (۲) خوش ہونا - خوشی کے مارے ناچنا کودنا - اترانا - (۳) دبے ہوئے مرض کا اُبھرنا - عود کرنا - پیدا ہونا جیسے سودا یا جنون اُچھلنا - (۴) غصّے یا خفگی کے باعث ناچنا - تربھر ہونا - غضب ہونا (۵) سوار ہونا - سواری کسنا یا لینا (لشکری اور بازاری آدمی اس معنے میں بولتے ہیں)

اَچھوانی - ہ - اسم مؤنث - اصل میں اجوانی تھا - ایک قسم کا شیرہ ہے جو زچہ کو دیا جاتا ہے اسکا یہ قاعدہ ہے کہ اجوان کے شیرہ کو کھانڈ ملا کر کڑکڑاتے گھی میں چھوڑ دیتے ہیں جب وہ پک جاتا ہے تو سونٹھ ڈالکر زچہ کو پلاتے ہیں مگر اب مسلمانوں میں اجوان کی بجائے عنّاب کا شیرہ پکا کر اچھوانی بنانے لگے ہیں +

اَچھوتا - ہ - صفت - (۱) بغیر چھوا -

بے ہاتھ لگایا (۲) محفوظ - مصون (۳) غیر
مستعمل - جوں کا توں - بغیر برتا ہوا - صرف
میں نہ آیا ہوا - کورا (۴) نیاز نذر کا - دیوی دیوتا
کے نام کا - پاک - ستھرا - بغیر جھٹالا ہوا - ناجوٹا

اچھوتی - ہ - صفت (۱) بغیر چھوئی ہوئی ہوئی
نیاز نذر کی (۲) وہ عورت جسے مرد نے ہاتھ نہ لگایا

اچھولی کوک - ہ - اسم مؤنث - عو -
وہ عورت جس کا کوئی بچہ نہ مرا ہو - وہ کوک جسے
اولاد کا صدمہ نہ پہنچا ہو +

اچھو ہونا - ہ - فعل لازم - جب سانس
لینے کی نلی میں پانی یا کسی اور چیز کے اٹک جانے
سے ایک کھانسی سی اٹھتی ہے تو اسے اچھو
ہونا یا گلے میں پھندا پڑنا کہتے ہیں فارسی آب
درگلو شکستن آیا ہے +

اچھی - ہ - کلمۂ ندا بحالت تانیث (۱) ایک
خوشامد اور پیار کا لفظ ہے جو اپنے بزرگوں
یا برابر والوں سے خطاب کرتے وقت زبان پر
لاتے ہیں - کبھی ناز اور لاڈ کے موقع پر بھی بولتی
ہیں (۲) پیاری - ناز بردار - مان رکھنے والی
(۳) (صفت میں) خوبصورت - خوش وضع -
عمدہ - خوب (۴) خلیق - خوش خلق - (۵) نیک
نیک بخت - مبارک +

اچھے - ہ - کلمۂ ندا بحالت تذکیر - دیکھو (اچھی)

اچھے یا اچھوں - اسم مذکر - (۱) پرکھا - بزرگ
- مربی - حامی (۲) شریف - بڑے آدمی -
خاندانی +

اچھے اچھوں - ہ - اسم مذکر - (۱) بڑے بڑوں
(۲) نامی گرامیوں (۳) بڑے امیروں یا وزیروں
(۴) وہ لوگ جو بہادران بہادر - اور دانا دانا کے
دانا خیال کیے جاتے ہیں +

احاد - ع - (واحد کی جمع) - اکائیاں - ایک
سے نو تک کی گنتی یا ہندسے +

احاطہ - ع - (۱) گھیرا - حلقہ - چکر - گرد -
(۲) چوک - چاردیواری - باکھل - منڈل -
کھڑک - (۳) ملکی تقسیم کی حد جہاں اعلیٰ حاکم
رہتا ہو - صوبہ - سرکل - عوام بفتح الف بولتے
ہیں اور کبھی الف کو حذف بھی کر دیتے ہیں +

احاطہ کرنا - ز - فعل لازم (۱) گھیرنا - حصار کرنا
(۲) حد باندھنا +

احتلام ہونا - ا - فعل لازم - لغوی معنے
خواب دیکھنا - اصطلاحی خواب میں جماع کرنا
نہانے کی حاجت ہونا - ناپاک ہونا +

احتمال - ع - اسم مذکر - شک - شبہ - بھرم - گمان

احتیاج - ع - اسم مؤنث - حاجت - ضرورت
خواہش - چاہنا +

احتیاط - ع - اسم مؤنث - لغوی معنے گرہ پکڑنا
مضبوط ہونا (۱) بچاؤ - پرہیز (۲) خبرداری - چوکسی
ہوشیاری (۳) دور اندیشی +

احتیاطاً - ع - تابع فعل - ازروئے احتیاط -
خبرداری سے - ہوشیاری سے - حفظ ماتقدم
کی نظر سے - ازروی پرہیز +

احد - ع - ایک - یک - اکائی +

احدی - ع - اسم مذکر - یکا - جلال الدین
اکبر نے ایک قسم کے تیر اندازوں کا نام احدی رکھا

تھا جو کسی فوج کے زمرہ میں تو نہیں ہوتے تھے
مگر علیحدہ گھر تھے کسی خاص وقت کے لئے تنخواہ میں
پاتے تھے یا سرکاری زمینداروں سے روپیہ وصول
کرنیکو بھیجے جاتے تھے یہ لوگ جہاں جاتے
تھے اُنکا ہی کا روپیہ لیکر اُٹھتے تھے حتیٰ کہ حاجات
ضروری کے لئے بھی دوسری جگہ نہیں جاتے
تھے چنانچہ ایسی ایسی باتوں سے وُہ سُست
ہوگئے تھے مگر اب یہ لفظ بہ سکون حاے حطی نہایت
سُست - کاہل - مجہول آدمی کے واسطے
مخصوص ہوگیا ہے +

اَحَدی پن - ا - صفت - ٹھس - مٹھا
سُستوں کا سُست - کاہلونکا کاہل - جم +

اِحرام باندھنا - ا - فعل لازم - حرم میں جانکی
شرطیں بجا لانا - بعض حلال و مباح چیزوں کو
مقامات معینہ پر پہنچکر خانہ کعبہ کی زیارت سے
چند روز پیشتر اپنے اُوپر حرام کر لینا - اسیطرح
کعبہ میں جا کر حج کے دنوں میں بعض چیزوں کو
ترک کر دینا - سلے ہوے کپڑے اُتار کر تہ بند اور چادر
سے ستر پوشی کرنا وغیرہ مجازاً نیّت باندھنا -
پکا ارادہ کرنا +

اِحْسَان - ع - اسم مذکر - (۱) کسی کے ساتھ نیکی
کرنا - سلوک - بھلائی - (۲) عنایت - نوازش
(۳) شکر - شکریہ +

اِحسان اُٹھانا - ا - فعل لازم - ممنون ہونا
احسان لینا - شکر گزار بننا +

اِحسان جتانا - ا - سلوک کا ذکر زبان پر
لانا - اپنا سلوک یاد دلانا +

اِحسان رکھنا - ا - فعل متعدی - ممنون بنانا +

اِحسان فراموش - (ع + ف) صفت -
احسان بھلا دینے والا - بے احسانا - بے وفا -
بے مروّت - نگُنا +

اِحسان کرنا - ا - فعل متعدی - سلوک کرنا
سلوک ہونا - کسی کے ساتھ بھلائی یا نیکی کرنا +

اِحسان لینا - ا - فعل لازم دیکھو (احسان
اُٹھانا)

اِحسان ماننا - ا - فعل لازم - گن ماننا -
ممنون ہونا - شکر گزار ہونا - شکریہ ادا کرنا +

احسان مند - (ع + ف) صفت - ممنون
شکر گزار +

احسان ہے - ا - ندا - شکر ہے + الحمد للہ - اے
خدا تیرا لاکھ لاکھ شکر ہے +

اَحکام - ع - اسم مذکر - (حکم کی جمع) - آگیا -
ہدایات +

اَحمق - ع - اسم مذکر - مورکھ - بیوقوف - نادان
انسمجھ - اُلّو - گدھا - جاہل +

احمق الذی - ا - اسم مذکر - یہ لفظ غلط العوام ہے
اگر غلط العام ہوتا تو بھی مضائقہ نہ تھا - اسم
موصول کے بعد صلہ ندارد ہے - لفظی معنے ایسا احمق
مگر عوام کالانعام اسکو جاہل مطلق - اُجڈ کے موقع
پر بولتے ہیں - تحریر میں لانا معیوب ہے +

احمق پن - احمقاپن - احمق پنا - اسم مذکر -
بیوقوفی - گدھاپن - جہالت +

اَحْوَال - ع - اسم مذکر - (حال کی جمع) بیان
کیفیتیں - حالات - اردو میں بجاے واحد استعمال کرتے ہیں

اُحْیَاناً - ع - تابع فعل - بہ مقتضای وقت (۲) اتفاقاً حسب اتفاق (۳) شاید - کبھی - بھول سے - کسی وقت +

اَخْبَار - ع - اسم مذکر - (خبر کی جمع) خبریں - (۲) خبر کا کاغذ - پرچہ +

اخبار نویس - (ع + ف) اسم مذکر (۱) خبریں لکھنے والا مُہتمم - اڈیٹر (۲) نامہ نگار - کارسپانڈنٹ +

اَخْتَر - ف - اسم مذکر - تارا - ستارا - ستیارہ +

اَخْتر شماری - ف اسم مؤنث - (اشعار میں) تارے گنا - شغل تنہائی - انتظار میں جاگنا - جاگ کر رات کاٹنا +

اِخْتِرَاع - ع - اسم مذکر - لغوی معنے چیرنا پھاڑنا - اصطلاحی نئی بات نکالنا - (۱) ایجاد - اُکت - اُپج (۲) کسی بات میں حاشیہ لگانا - جھوٹ ملانا - طُرّہ +

اَخْتَر بَخْتَر - ا - اسم مذکر - صحیح (استر بستر) اوڑھنا بچھونا - بدھنا بوریا - شجرہ کلہ - رخت و اسباب - برتن بھانڈا +

اِخْتِصَار - ع - اسم مذکر (۱) لغوی معنے چھوٹا کرنا - پاس کے رستہ سے جانا - اصطلاحی مختصر - خُلاصہ (۱) علم حساب میں کسر اور مخرج کو عاد اعظم پر تقسیم کرکے مختصر صورت میں لے آنا +

اِخْتِلَاط - ع - اسم مذکر - ملنا - ربط - ضبط میل - جول - پیار اخلاص - میل ملاپ +

اِخْتِلَاف - ع - اسم مذکر (۱) ناموافقت کرنا - خلاف ہونا (۲) فرق - تفاوت (۳) عداوت - بگاڑ - اَن بن - دُشمنی (۴) ضد - ہٹ - تعصّب (۵) برعکس - نقیض - (۶) انقلاب تغیر و تبدُّل - شاعروں نے اختلافات اس معنے میں باندھا ہے چنانچہ رند کا شعر ہے +

میرے تغییر حال پر مت جا
اختلافات ہیں زمانے کے

آخْتَہ - ف - صفت (۱) بول چال میں داختہ خصیے نکالا ہوا - نامرد کیا ہوا (۲) اسم مذکر - بدھیا خصی - نامرد +

آخ تھُو - ا - ندا - کراہیت - گھن اور نفرت ظاہر کرنے کے واسطے یہ لفظ زبان پر لاتے ہیں اصل میں کھنکھارنے کے ساتھ تھوکنے کی آواز ہے ان موقعوں پر استعمال ہوتا ہے - لعنت پھٹکار ہے - تُف ہے - اور کبھی لڑنے کا ارادہ ظاہر کرنے کے واسطے بھی اکثر شوہدہ پُشت یہ کلمہ مُنہ سے نکالتے ہیں +

اِخْتِیَار - ع - اسم مذکر - لغوی معنے چھانٹنا پسند کرنا - (۱) قبول - منظور - (۲) اجازت - روا - جایز (۳) قابو - قدرت - قبضہ - (۴) حکومت - مدا خلت +

اختیار کرنا - ا - فعل متعدی - منظور کرنا - پسند کرنا - ماننا +

اختیار لینا - ا - فعل متعدی (۱) اجازت لینا - منظوری لینا - (۲) حکومت لینا قبضہ لینا

اختیار ملنا - ا - فعل متعدی - اجازت ملنا - قبضہ ملنا - قانونی اجازت ہونا +

اختیار میں ہونا - ا - فعل متعدی - قابو

قابو میں ہونا - بس میں ہونا - حکومت میں ہونا +

اِختیاری - ع - اسم مؤنث - اپنے بس کی - اپنے قابو کی - وہ بات جسے کرنے نہ کرنیکے ہم مختار ہیں +

اَخذ - ع - اسم مذکر - لے لینا - پکڑنا - اختیار کرنا

اخذ کرنا - ا - فعل متعدی - لینا - چننا - اختیار کرنا - استنباط کرنا - پکڑنا - کوئی بات اُڑانا - بات میں سے بات نکالنا +

آخر - ع - صفت (۱) پچھلا - پچھینا - پیچھے کا - (۲) ضرور - مقرر (۳) (اسم مذکر میں) حد - انت - انتہا - انجام - بن - (۴) سرا - اوّل - آدھ شروع (۵) نتیجہ - ثمرہ - ۶ (تابع فعل میں) قصہ کوتاہ - قصہ مختصر - حاصل کلام - انجام کار - الحاصل غرض - (۷) تھک کر - ہار کر - مجبوراً - ناچار +

آخر الامر - ع - آخر کار - ف - آخر کو - ا - تابع فعل - دیکھو (آخر نمبر ۵ - ۶) +

آخر کرنا - ا - فعل متعدی (۱) تمام کرنا - انجام کو پہنچانا - نبیڑنا - پورا کرنا - صرف کر ڈالنا (۲) مار ڈالنا - کام تمام کر دینا - قصہ چکانا - جان سے کھونا +

آخر ہونا - ا - فعل لازم - (۱) تمام ہونا - پورا ہونا - ہو چکنا - انجام کو پہنچنا - نبڑنا - (۲) مرنا - جان سے گزرنا - دم نکلنا - ٹھنڈا ہونا - پیچھے ہونا - بسر کرنا +

اِخراج - ع - اسم مذکر - خلاف دخل - نکاس خرچ - صرف - اُٹھاؤ +

اخراجات - ع - (اخراج کی جمع) بہت سے خرچ +

آخرت - ع - اسم مؤنث - انجام - عاقبت - عقبیٰ دار البقا - دوسرا جہان - قیامت - پرلوک - مرگ +

آخرش - ف - تابع فعل - اس لفظ کی صحت میں تامل ہے - عوام اسے آخر کار کی جگہہ بولتے ہیں +

اخروٹ - ا - اسم مذکر - ایک قسم کا میوہ ہے جسمیں سے بادام کے مزے کی گری نکلتی ہے فارسی میں اسے چار مغز - گردگان - عربی میں جوز کہتے ہیں مزاجاً گرم وخشک +

آخری - ع - صفت (۱) پچھلا - اخیر کا - (۲) اس سرے یا اس سرے کا +

آخری بہار - ا - اسم مؤنث - (۱) اخیر موسم اخیر رُت (۲) ڈھلتی بہار - زوال حسن - جوانی کا انت - جوبن کا ڈھلتا زمانہ +

آخری چہار شنبہ - ف - اسم مذکر - اخیر بدھ صفر کے مہینے کا آخری بدھ - چونکہ آج کے دن رسول مقبول نے تپ سے تسکین پائی تھی اس سبب سے اہل اسلام اس بدھ کو مبارک جانتے اور اہل پیشہ اس تہوار کی بہت بڑی خوشی کرتے ہیں

آخری زمانہ - ف - اسم مذکر - (۱) اخیر وقت انت کال - کلجگ - زمانہ کا اخیر دورہ (۲) اُٹھتی دنیا - دنیا کے سمٹنے یا لٹے ہونیکا وقت - قرب قیامت (۳) بڑھاپا - پیری +

آخری وقت - ا - اسم مذکر - (۱) بڑھاپے کا زمانہ (۲) وقت مرگ - وہ وقت جبکہ موت بہت ہی قریب ہو +

آخریں دَم - ف - اسمِ مذکر (۱) وقتِ نزع - دمِ واپسیں (۲) دم نکلتے وقت +

اِخلاص - ع - اسمِ مذکر - لغوی معنے (۱) خلوص خالص - پاک صاف (۲) عبادت بے ریا طاعتِ خالص - (۳) دوستی - محبّت - پیار - سُہاگ (۴) میل ملاپ - ربط ضبط - ارتباط (۵) لاڈ - ناز +

اخلاص بڑھانا - ا - فعلِ متعدی - ربط زیادہ کرنا - محبّت بڑھانا +

اخلاص جوڑنا - ا - فعلِ متعدی - عو - دوستی کرنا - بہناپا کرنا - ربط پیدا کرنا - یاری بدنا

اخلاص کرنا - ا - فعلِ متعدی - دوستی کرنا محبّت کرنا - ربط حاصل کرنا +

اخلاص میں آنا - ا - فعلِ لازم (۱) ناز کرنا - لاڈ کرنا - نخرہ جتانا - نخرہ کرنا (۲) اترانا - کسیکے رتبے پر کودنا +

اخلاصمند - ا - اسمِ مذکر (۱) دوست - خیر خواہ دوست - یار صادق (اسمِ مؤنث عو) بہنیلی - سہیلی - گوئیاں +

اَخلاط - ع - اسمِ مذکر - (خلط کی جمع) چاروں خلط یعنے سودا - صفرا - بلغم - خون +

اخلاطِ فاسد - ع - اسمِ مذکر - بگڑے ہوے خلط +

اَخلاق - ع - اسمِ مذکر - (خلق کی جمع) (۱) عادتیں - خصلتیں - (۲) خوش خوئی - ملنساری کشادہ پیشانی سے ملنا - خاطر - مدارات - آؤبھگت (۳) وہ علم جسمیں معاد و معاش - تہذیبِ نفس - سیاستِ مُدن وغیرہ کی [illegible] ہو +

آخُور - ف - اسمِ مؤنث - (۱) کھور - بُوربی پکھور - چارپایوں کے گھانس کھانیکی جگہہ - وہ گھانس جو گھوڑے کے نیچے بچھائی جاتی ہے اور نیز وہ خراب گھانس جو گھوڑوں کے اگاڑی پچھاڑی میں جمع ہوجاتی ہے (۲) بچالی - بوال پس ماندہ گھانس - خراب گھانس (۳) اصطبل گھڑسال - طویلہ - چنانچہ میرآخور اور آخور سالار اسی وجہ سے داروغۂ اصطبل کو کہتے ہیں - (۴) صفت میں - کوڑا کرکٹ - الا بلا - دلدر - نکمّی - ناکارہ - بے مصرف +

آخور کی بھرتی - ا - اسمِ مؤنث - ہر ایک ناقص ناکارہ نکمّی اور بے مصرف چیز +

آخُون - ف - اسمِ مذکر - اخوند - اُستاد - گرو - معلّم - مدرّس - ادیب - پڑھانے والا - ادب سکھانے والا +

آخیر - ع - اسمِ مذکر - صرف اردو میں - دیکھو (آخر مع مشتقات)

آد - ہ - صفت - صحیح (آدِ) ا - اوّل - پہلے ازل (۲) سدا - ہمیشہ +

ادا - ع - اسمِ مؤنث - (۱) چکتا - چکوتا - پورا کرنا - چکانا - بیباق کرنا - (۲) حدتک پہنچانا + پہنچانا - (۳) ارتھ - ترتیل - بیان کرنا - پڑھنا - (۴) ف - آن - انداز - معشوقانہ حرکت - وضع - ناز و نخرہ - رمز و اشارہ +

ادا فہم - ف - صفت - اشارہ سمجھنے والا

عندیہ کو پہنچنے والا تیوری سے تاڑنے والا +

ادا کرنا - ف - (۱) چکانا - بے باق کرنا - قرض اُتارنا (۲) گزارنا - پورا کرنا (۳) پڑھنا - مخارج حروف کے موافق قرآن پڑھنا - قرأت سے پڑھنا (۴) بیان کرنا - کھولنا - بتانا - زینت کرنا - کھول کر بیان کرنا (۵) ف - نخرہ جتانا - نخرہ کرنا - انداز دکھانا +

ادا ہونا - ف - فعل لازم - قرض اُترنا - نوکری پوری ہونا - حرفوں کا پورا پورا مخارج سے نکلنا - بیان ہونا +

آداب - ع - اسم مذکر - (ادب کی جمع) اُردو والے بعض موقع پر جمع بعض پر مفرد استعمال کرتے ہیں (۱) قواعد - اطوار - دستور - آئین - کسی کام کے کرنیکے طریقے - (۲) حفظ مراتب - پاس مراتب - ہر چیز کی حد کو نگاہ رکھنا (۳) حجاب - لحاظ (صرف اشعار میں) (۴) سلیقہ - سنجیدگی - تمیز - اہلیت - لکھنے بولنے اور پڑھنے میں گفتگو کا طریقہ - تہذیب - حسن اخلاق - (۵) کورنش - تسلیم - بندگی - سلام و نیاز (۶) وہ سلام جو خطوں میں بہ لحاظ مراتب القاب کے بعد لکھتے ہیں (۷) بحالت ندا - شکریہ - شکرانہ جیسے انگریزی میں تھینکس - کسیکی مہربانی یا عنایت کا مقر ہو کر سلام کرنا +

آداب بجالانا یا بجانا - ف - فعل لازم (۱) تسلیم کرنا بندگی کرنا - ادب یا عقیدت ظاہر کرنا - کسی بزرگ کے درجہ کے موافق تعظیم و تکریم ادا کرنا - آتے یا جاتے وقت مؤدبانہ سلام کرنا + مغلیہ سلطنت کے زمانہ میں جب کوئی سردار بادشاہ کے دربار میں حاضر ہوتا تھا تو چوبدار بہ آواز بلند آگاہ کرتا تھا کہ آداب بجالاؤ + (۲) کسی بات کا طریقہ یا دستور پورا کرنا (۳) شکریہ ادا کرنا - گُن گانا - احسان ماننا (۴) رخصت کی اجازت چاہنا - رخصت ہونا (۵) قبول کرنا ماننا - قایل ہونا +

آداب سکھانا - ف - فعل متعدی - اخلاق کی تعلیم یا تہذیب سکھانے اور تربیت کرنے سے مراد ہے

آداب شاہی - ف - اسم مذکر بادشاہوں کے روبرو جانیکے طریقے - عرض معروض کے ڈھنگ +

آداب مجلس - ف - اسم مذکر - محفل کی نشست و برخاست کا طریقہ - مجلس میں بات چیت کرنیکا ڈھنگ +

آداب والقاب - ع - اسم مذکر (۱) خط و کتابت میں لقب اور خطاب کا لحاظ - مکتوب الیہ کا نام اور وصف (۲) سرنامہ - پتا +

اُداس - ہ - صفت (۱) مغموم - غمگین - رنجیدہ - سوگوار (۲) پراگندہ - پریشان - ویران (۳) بے رونق - بے روپ - بدرنگ - پھیکا پھیکا ماند - اُڑا ہوا رنگ +

اُداسا - ہ - اسم مذکر - آزاد اور بے نوا فقیر اپنے استر بستر اور اوڑھنے بچھونے کو کہتے ہیں +

اُداسا گنا - ہ - فعل لازم - رخت سفر باندھنا - بدھنا بوریا سنبھالکر چل دینا - سفر کرنا - اوڑھنا بچھونا کندھے پر لادکر چلتا بنا +

اُداس ہونا - ہ - فعل لازم - رنجیدہ غمگین اور پریشان ہونا - بے رونق ہونا +

اُداسی - ہ - اسم مونث - غمگینی - پریشانی

ویرانی - بے رونقی +
اُداسی برسنا - ہ - فعل لازم - غمگینی یا پریشانی
ظاہر ہونا - بے رونقی معلوم ہونا +
اُداسی چھانا - ہ - فعل لازم - دیکھو (اُداسی برسنا)
اُداہٹ - ہ - اسم مؤنث - اُداپن +
اَدَب - ع - اسم مذکر - لغوی معنی ہر چیز کی حد کو نگاہ
رکھنا (۱) طریقۂ پسندیدہ خُلق - اخلاق - تہذیب
(۲) طور - طریقہ - ڈھنگ - قاعدہ - اُصول (۳) علم
زبان (۴) حیا - شرم - لحاظ - لاج (۵) تعظیم تکریم
۶ (بحالت ندا) صرف اُردو میں کتّے کے دھتکارنے
کو بھی ادب کہتے ہیں یعنے دھوت دُور ہو - چلا جا -
پرے ہٹ (۷) عجز و نیاز - فروتنی و انکسار +
اِدبار - ع - اسم مؤنث - اقبال کے خلاف - لغوی
معنے پیٹھ دینا - اصطلاحی - دولت کا منہہ موڑنا
(۱) بدنصیبی - بداقبالی - کم قسمتی - شامت (۲)
نحوست - دلدّر (۳) ہزیمت شکست (۴) تنزّل
افلاس مفلسی +
اَدبدا کر - ہ - صفت - عو - (۱) اکثر - ضرور -
بالضرور - ازروئے تجربہ (۲) ضد سے - شرارت سے
آدر - ہ - اسم مؤنث (۱) ادب - عزت - قدر و منزلت
تعظیم و تکریم - (۲) آؤ بھگت - خاطر - مدارات -
خاطر تواضع +
اِدرار - ع - اسم مذکر - بہنا - جاری ہونا - بار بار
پیشاب آنا - روانی - بہاؤ - بارش - اخراج +
اِدراک - ع - اسم مذکر - لغوی معنی پانا - اصطلاحی دریافت
پہنچ - عقل - سمجھ - رسید - فہم +
اَدرک - ف - اسم مؤنث - ایک قسم کی جڑ ہے
جسے سکھا کر سونٹھ بناتے ہیں - پُورب میں اُسے
آدی - مارواڑ میں آد - پنجاب میں آدکر کہتے ہیں +
اَدرکی - ا - اسم مؤنث تازے گڑ میں سونٹھ
ملاکر اُسکی قاشیں یا ٹکیاں سی بنا لیتے ہیں لیکن اب
گڑ کی پتلی پتلی عام ٹکیوں کو بھی ادرکیاں کہہ کر
بیچتے ہیں +
اَدَق - ع - صفت - دقیق تر - نہایت مشکل - دُور از فہم
دقّت طلب + سخت +
اَدَقچہ - ت - اسم مذکر - ایک طرح کی آرایش
پلنگ ہے اسمیں اور پلنگ پوش میں صرف اتنا فرق
ہے کہ اُسے کسے کسائی پلنگ کے اُوپر ڈالتے ہیں
اور اسے نیچے بچھا کر اُسپر بچھونا کرتے ہیں - یہ ایک
بڑی چادر ہوتی ہے جسکا آدھ آدھ گز کے قریب
حاشیہ نیچے لٹکتا رہتا ہے اور یہ حاشیہ کارچوبی
یا کلابتّونی کام سے مُزیّن ہوتا ہے غرض ادقچہ
توشک اور چادر پلنگ سے نیچے بچھایا جاتا ہے +
اَدگدرا - ہ - صفت - نیم پختہ +
اَدلا بدلا - ہ - اسم مذکر - دیکھو (اَدَل بَدَل)
اَدَل بَدَل - ہ - اسم مذکر - عوض معاوضہ
اُلٹا پلٹا - مبادلہ +
اَدل پہچان - ہ - صفت وُہ چیز جسکی شناخت
میں کچھ دقت نہو - وُہ چیز جو الگ پہچانی جاے +
آدم - ع - اسم مذکر - لغوی معنے گندم گوں -
(۱) پہلا آدمی - ابوالبشر - وُہ شخص جو اوّل ہی
اوّل پیدا ہوا اور جس سے آدمی کی نسل چلی - باوا
آدم - مہادیوجی (۲) آدمی - آدم کی اولاد -
انسان - انس - منش (۳) باتمیز - عقلمند -

اشرف المخلوقات (اشعار میں) +

آدمِ ثانی - ع - اسم مذکر - حضرت نوح - چونکہ طوفان نوح کے بعد انہیں سے آدم کی نسل چلی اسلئے یہ لقب پڑ گیا +

آدم خوار - آدم خور - ف - صفت - وہ جنگلی اور وحشی آدمی جو انسان کا گوشت مباح جانتے ہیں +

آدم زاد - ف - اسم مذکر - (۱) اولادِ آدم - انسان (۲) آدمی کی قسم - آدمی کی صنف (۳) انسان کا بچّہ - عو - +

آدم گری - ف - اسم مؤنث - (۱) آدمیت انسانیت - تمیز - اہلیت (۲) مروّت - دردمندی ہمدردی (اشعار میں) +

اُدمات یا اُدمات - ہ - اسم مذکر - عو - (۱) مستی - خواہشِ نفسانی (۲) فاقہ مستی - شوخی شرارت +

اُدمات لگنا - ہ - فعل لازم - عو - مستا جانا - فاقہ مستی کرنا - شرارت سوجھنا +

اُدمائی - ہ - اسم مؤنث - عو - بیہودہ عورت - خیلا - خبطن +

آدمی - ف - اسم مذکر - (۱) آدم کی اولاد - آدم سے نسبت رکھنے والا - شخص - بشر - مانس - متنفس (۲) جوان - پورے قد کا - بالغ - بڑا (۳) تمیز دار - باسلیقہ - لایق - مہذب (۴) عاقل - ہوشیار (۵) نوکر - چاکر - ملازم - خدمتگار (۶) قاصد - پیغامبر - (۷) لشکریوں کی اصطلاح میں - آشنا مرد یا عورت - بشنی - یار - دوست + رنڈی (۸) خاوند - خصم - دھنی - اس معنی میں بھی لشکری اشخاص یا ہندو عورتیں بولتی ہیں - (۹) جب گھر کے آدمی کہتے ہیں تو بال بچوں اور جورو سے مراد ہوتی ہے (۱۰) باشندے - ساکنین - رہنے والے مگر اس صورت میں جمع کے ساتھ بولتے ہیں +

آدمی بنا - ا - فعل لازم - انسان بنا - تمیز دار ہونا - لایق بنا +

آدمی بنانا - ا - فعل متعدّی - تربیت دینا تربیت کرنا - تہذیب سکھانا - تمیز سکھانا +

آدمی پیچھے - ا - تابع فعل - فی کس - مانس گیل - ایک ایک کو +

آدمیت - ع - تابع فعل (۱) انسانیت - تمیز - خوش اخلاقی - تربیت - تعلیم - تہذیب - شرافت - اخلاق - مروّت - بلند حوصلگی - عالی ہمتی +

آدمیت اُٹھ جانا - ا - فعل لازم - تمیز نہ رہنا انسانی خصلت اور عقل و شعور کا جاتا رہنا - بدتہذیب ہو جانا +

آدمیت پکڑنا - ا - فعل لازم - شرافت اور اخلاق کا حاصل کرنا - عقل و تمیز سیکھنا - شائستہ ہونا - عقل و شعور پکڑنا +

آدمیت سکھانا یا سکھلانا - ا - فعل متعدی دیکھو (آدمی بنانا) +

آدمیت سیکھنا - ا - فعل لازم - شعور حاصل کرنا - تمیز سیکھنا +

اَدنیٰ - ع - صفت (۱) کمینہ - چھوٹے درجہ کا ناچیز - کم قدر - گھٹیل - نیچ (۲) چھوٹا - بہت چھوٹا

بے حقیقت - خفیف (۳) فقیر - کنگال - مُفلِس - بے دولت +

اَدْوان - ہ - اِسمِ مؤنث وُہ رسّی جو چارپائی کی پائینتی کی طرف اُسکے کسا رہنے کے واسطے ڈالتے ہیں - پُورب میں اِسے ادوائن کہتے ہیں +

اَدْوِیَہ - ع - اِسمِ مؤنث - دوائیں - اَوکھد دارُو +

اَدْھ - یا آدھ - ہ - صِفت - آدھے کا مُخفف - نِصف +

ادھ پا - آدھ پاؤ - ہ - صفت - پاو سیر کا نصف دو چھٹانک - سیر کا آٹھواں حصّہ +

ادھ سیرا - ہ - اِسمِ مذکر - نصف سیر کا وزن ۴۰ تولے کا بٹ +

ادھ کچرا - ہ - صفت - آدھا پکّا آدھا کچّا خواہ پھل ہو خواہ غلّہ وغیرہ - نیم پُختہ - نیم خام - تانیث کے لئے ادھ کچری +

ادھ کھلا - ہ - صفت - نیم شگفتہ -

ادھ گلا - ہ - صفت - دیکھو ادھ کچرا +

ادھ مَنا - ہ - صفت - عوا - (۱) چڑچڑا - ناتوان - وُہ شخص جو بیماری یا ناتوانی کے باعث بد مزاج ہو جائے - وُہ شخص جو ہمیشہ بیمار رہے - آدھے من کا - یہاں من دِل کے معنوں میں ہے (۲) بیس سیر وزن کا بٹ - آدھے من کا باٹ - دھون بھر کا بٹّا +

ادھ مُوا - ہ - اِسمِ مذکر - (۱) نیم جان - نیم مُردہ - وُہ شخص یا چیز جسکی آدھی جان نکل گئی ہو - نیم بسمل (۲) پژمُردہ - مُرجھایا ہوا +

اَدْھا - ہ - صِفت - (۱) نِصف (۲) شراب کی آدھی بوتل - آدھی بوتل (۳) ایک قسم کا کپڑا (۴) لڑکوں میں ایک قسم کی شرط بھی ہوتی ہے کہ جب دو کسی دوست کے پاس کھانے کی چیز دیکھ کر یہ لفظ کہدیں تو آدھی لیلیں +

آدْھا - ہ - صفت - نِصف - نیم - دو برابر کے حصّوں کا ایک حصّہ - دو مساوی ٹکڑوں کا ایک ٹکڑا +

آدھا تیتر آدھی بٹیر - ہ - مثل - بے جوڑ - بے میل - اِدھر نہ اُدھر + ناقص - بی مصرف +

آدھا ساجھا - ہ - اِسمِ مذکر - نصفی شرکت - برابر کی شرکت +

آدھا سیسی - ہ - اِسمِ مؤنث - آدھے سر کا درد - دردِ شقیقہ - پُوربی ادھ کپاری +

آدھا ہونا - یا ہو جانا - ہ - فعل لازم (۱) نِصف ہونا - (۲) دُبلا اور لاغر ہونا - اصل جسم سے کم رہجانا - رنج یا غم سے گھُل جانا +

اَدْھار - ہ - اِسمِ مذکر - صحیح (آدھار) فارسی میں آہار (۱) خوراک - طعام - کھانا - توشہ - غذا (۲) سہارا - آسرا - وسیلہ - یہ لفظ ہندی کہاوتوں اور دوہوں وغیرہ میں آتا ہے +

اُدْھار - ہ - اِسمِ مذکر - (۱) کسی میعاد کے وعدہ پر کُچھ لینا - قرض - وام - مُستعار - (ہندو دیا گنوار بولتے ہیں) +

اُدھار دینا - ہ - فعل لازم قرض دینا مانگے کو دینا - وعدہ پر دینا +

اُدھار کھانا - ہ - فعل لازم - (۱) قرض کھانا

قرض لینا - (۲) دشمن ہونا - کسیکی موت چاہنا - بُرا منانا - جانی دشمن ہونا +
چونکہ رجواڑوں میں جب کوئی راجہ مرتا ہے تو راج کے بڑے بامن کو اُسکی پوشاک اور استعمال کا اسباب مل جاتا ہے اس سبب سے وہ لوگ اس وعدے پر اُدھار کھایا کرتے ہیں کہ جب راجہ مر جائیگا تو ہم یہ قرضہ معہ سود کے ادا کر دینگے پس اسی وجہ سے یہ اصطلاح ہو گئی کہ فلاں شخص فلاں شخص پر اُدھار کھائے بیٹھا ہے یعنے اُسکا بدخواہ اور جانی دشمن ہے +
اُدھار لینا - ھ - فعل متعدی - قرض لینا +
اُدھار رہنا - ھ - فعل لازم - قرض ہونا قرض چڑھنا +
اَدَھر - ھ - صفت متعلق - وہ چیز جو کسی پر ٹکی ہوئی نہو - زمین سے الگ - بے سہارے - بے لاگ - (۲) ادھ بیچ - اس سرے نہ ہرے - ادھم +
اَدھر اُٹھا لینا - یا کر لینا - ھ - فعل متعدی الگ اٹھا لینا - بے لاگ اُٹھا لینا - زمین سے اُونچا کر لینا +
اَدھر چلنا - ھ - فعل لازم - اترا کر چلنا - زمین پر پانؤں نہ رکھنا - پنجوں کے بل چلنا
اَدھر میں چھوڑنا - ھ - فعل متعدی - ادھ بیچ میں چھوڑنا - ادھر کا رکھنا نہ اُدھر کا بے سہارے چھوڑ دینا + دغا دینا
اِدھر - ھ - تابع فعل - اس جانب - اسطرف یہاں - ورے +
اِدھر اُدھر - ھ - تابع فعل - جدھر تدھر - جہاں تہاں - ایسی ویسی جگہہ - یہاں وہاں قریب و بعید - آس پاس - ہر طرف +
اِدھر سے اُدھر کرنا - ھ - فعل متعدی کسی چیز کو غایب کر دینا - چرا لینا +
اِدھر سے اُدھر ہونا - ھ - فعل لازم - کسی چیز کا بے موقع یا بے ٹھکانے ہو جانا - اپنی جگہہ پر نہ رہنا - ترتیب سے نہ رہنا - سرک جانا (۲) تلپٹ ہو جانا - جاتا رہنا - چوری جانا - غایب ہو جانا +
اِدھر کاٹے اُدھر اُلٹ جائے - ھ - مثل آپ ہی ستائے اور آپ ہی مکر جائے - تکلیف پہنچائے اور کانوں پر ہاتھ رکھ جائے +
اِدھر کی دُنیا اُدھر ہونا - ھ - فعل لازم - عو - انقلاب عظیم ہونا - دنیا پلٹ جانا (جب کسی کام کے نکرنے کی ضد آن پڑتی ہے تو یہ محاورہ زبان پر لاتے ہیں)
اِدھر کے نہ اُدھر کے - ھ - محاورہ - دین کے نہ دُنیا کے - دوست کے نہ دشمن کے - مردود خلایق اور راندۂ درگاہ - زمین کے نہ آسمان کے +
اِدھر ہاتھ لانا - اِدھر ہاتھ دینا - ھ - محاورہ جب کسی دوست سے کسی امر کی داد لینی منظور ہوتی ہے تو خوشی کا مصافحہ کرنے کے واسطے یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں یعنے اسی بات پر ہاتھ ملاؤ دیکھو ہمنے کیا کام کیا ہے +
اس موقع پر لانا اور دینا مصدر نہیں ہیں یہ یا محاورہ میں کبھی زاید اور کبھی تعظیماً بطور جمع آتا ہے چنانچہ یہاں ہاتھ لاؤ یاد رکھنا چاہیئے +
اِدھر یا اُدھر ہونا - ھ - فعل لازم جانکنی سے

نجات پانا یا بچ جانا - مرجانا یا جی جانا +

اُدھر - ہ - تابع فعل - اُسطرف - اُس جانب - پرے - دُوسری طرف - اُس کنارے +

اُدھر سے - ہ - تابع فعل (۱) اُسطرف سے اُنکی جانب سے (۲) غیب سے - خُدا کی طرف سے

اُدھڑنا - ہ - فعل لازم (۱) کھُلنا - سیون یا سلائی کا ٹانکا ٹُوٹ جانا - پُوربی اُکھڑنا (۲) ٹُوٹنا - الگ ہونا - جیسے نکاح اُدھڑنا (۳) کھال اُڑنا - قمچیوں سے پٹنا - ایسا پٹنا کہ کھال اُڑ جائے (۴) خرچ کے مارے تباہ ہونا - برباد ہونا - دوالہ نکلنا (۵) چھت یا پوشش کھُلنا - ٹپا ٹوالگ ہونا +

اُدھلا پڑنا - ہ - فعل لازم - خواہش نفسانی یا مستی کے باعث آپے سے باہر ہوا جانا - فاحشہ یا بدکار ہونیکی علامتیں ظاہر ہونا - نکلا پڑنا - قابو سے باہر ہوا جانا +

اُدھل جانا - ہ - فعل لازم - لُغوی معنے ضبط نہوسکنا - فاحشہ ہوجانا - بدکار ہوکر نکل جانا - چھنال ہوجانا - بعض اوقات خراب مرد کے حق میں بھی عورتیں بول اُٹھتی ہیں +

اُدھلنا - ہ - فعل لازم - فاحشہ ہونا - بدکار ہونا - چھنال ہونا - خراب ہوکر گھر سے نکل جانا +

اَدھن - ہ - اسم مذکر (۱) اُبالنے کا پانی - پانی کی وُہ مقدار جو کھچڑی یا چاول اُبالنے کے واسطے دیگچی میں ڈالکر چولھے پر چڑھائیں (۲) (صفت میں) گرم - کھولتا ہوا - عو -

اَدھنا - ہ - صفت - (اصل آدھ آنا) دو پیسے کا پیسا - ٹکا - چھ پائی +

اَدھوارڑ - ہ - صفت - آدھا حصہ - نصف حصہ

اَدھورا - ہ - صفت - (۱) آدھا - ناتمام - نامکمل - جو پُورا نہو - (۲) کچا بچہ - اسقاط کا بچہ (۳) ناواقف - ناتجربہ کار +

لکھنؤ کے شاعروں نے باندھا ہے +

اَدھوڑی - ہ - اسم مؤنث - موٹا چمڑا - گائے بھینس کا چمڑا - نرمی کے خلاف +

چونکہ گائے بھینس کے چمڑے کو سر سے دُم تک برابر دو ٹکڑے کرکے رنگتے ہیں اس سبب سے ادھوڑی کہتے ہیں +

ادھوڑی استر - ہ - اسم مذکر - نرمی استر کے خلاف - وُہ جوتا جسکے استر میں ادھوڑی اور اُوپر نرمی لگی ہوئی ہو +

ادھوڑی تاننا - ہ - فعل متعدی - خُوب پیٹ بھرنا - خُوب دڑکنا - ڈٹ کے کھانا - اتنا کھانا کہ پیٹ تن جائے اور سانس مشکل سے نکلے (عوام اور گنوار بولتے ہیں)

ادھوڑی تننا - ہ - فعل لازم پیٹ بھر جانا - خوب چھک جانا (عوام)

اَدھون آدھ - ہ - صفت - ٹھیک آدھا - پُورا آدھا +

اَدھون اَودھ - ہ - صفت نصفا نصفی - نصف بنصف - آدھا آدھا +

اَدھی - ہ - اسم مؤنث - دمڑی کا نصف - پیسے کا آٹھواں حصہ - پُورب میں سولھواں حصہ +

آدھی - ہ - صفت - آدھے کی تانیث +

آدھی بات - ہ - تابع فعل - ادنیٰ بات

ذراسی بات - ایک حرف یا لفظ +

آدھی بات کہنا - ہ - فعل لازم (۱) کچھ لاسخن زبان سے نکالنا (۲) ذراسی بات کہنا + ہونٹھ ہلانا - زبان ہلانا - بولنا +

آدھی بات نہ پوچھنا - ہ - فعل متعدی خاطر میں نہ لانا - حقیر سمجھنا - ناچیز جاننا کچھ قدر نہ کرنا - متوجہ نہ ہونا +

آدھی بات نہ سُننا - ہ - فعل لازم - کچھ نہ سُننا - ذرا نہ سُننا +

آدھی رات اِدھر آدھی رات اُدھر - ہ - کہانیوں میں یہ فقرہ آتا ہے - ٹھیک آدھی رات - نکھنڈ آدھی رات +

اَدھیڑ - ہ - صفت - آدھی عمر کا - میانہ سال - کہل - جوان نہ بوڑھا - ۳۰ سے ۵۰ تک

اُدھیڑبُن - ہ - اسم مؤنث - لغوی معنے اُدھیڑنا اور بُننا - اصطلاحی معنے عالم تنہائی میں مختلف تخیلات کا خطور کرنا - ایک کام کا منصوبہ باندھنا اور پھر توڑنا - (۱) سوچ بچار - اندیشہ - فکر - سانسا + (۲) تدبیر +

اُدھیڑنا - ہ - فعل متعدی (۱) کھولنا - سلی یا بنی ہوئی چیز کو کھولنا - ٹانکے الگ کرنا - پٹی ہوئی چیز کی چھت اُکھاڑنا + ۲ (پورب میں) درخت اُکھاڑنا - کھسوٹنا - (۳) نوچنا - پرنوچنا - پرچنا - (۴) مارنا - پیٹنا - کھال لے ڈالنا - کھال اُتارنا - چمڑا الگ کرنا - کوٹ اُدھا کرنا - ۵ (بازاری) دڑکنا - چٹ کرنا - کھاتا - ڈکارنا - (۶) ظاہر کرنا - کھولنا - رازفاش کرنا (۷) کاٹ کاٹ کر دو ڑے ڈالنا - چیتھڑے ڈالنا - لال کر دینا - جیسے کھٹملوں نے پیٹھ اُدھیڑ دی - پسّوؤں یا مچھروں نے اُدھیڑ ڈالا +

اَدھیلا - ہ - اسم مذکر (پورب) آدھا پیسا - دہلی والے دھیلا کہتے ہیں +

اَدھیلی - ہ - اسم مؤنث - (پورب) آدھا روپیہ - دلّی میں الف نہیں بولا جاتا +

آدھین - ہ - اسم مذکر - (۱) مطیع - فرماں بردار (۲) نوکر - ملازم - (۳) فروتن - متواضع - غریب (۴) برتا - سہارا - آسرا - بھروسا +

اُدِے - ہ - اسم مذکر - صحیح (اُدَی) لغوی معنے بالا - اوپر (۱) طلوع - ہر ایک ستارہ کا ظہور - (۲) صبح - تڑکا - بھور +

ادیب - ع - اسم مذکر - (۱) ادب سکھانے والا - اتالیق - (۲) علم ادب کا ماہر +

آدیس - ہ - اسم مذکر - صحیح (آدیش) (۱) ارشاد - حکم - اجازت - اگیا (۲) بحالت ندا ہندو فقیروں یا جوگیوں کا سلام جیسے مسلمان فقیروں میں یاداللہ - عشق اللہ - یا علی مدد وغیرہ عقیدہ مندانہ سلام جو اُنکے ماننے والے کرتے ہیں (۳) سلام رخصت - چلنے کے وقت کا سلام - جیسے خدا حافظ - فی امان اللہ +

اَڈّا - ہ - اسم مذکر (۱) وہ بیٹھک جو ایک آڑی اور سیدھی لکڑی باندھکر دست آموز جانوروں کے واسطے بنا دیتے ہیں (۲) جالی کاڑھنے کا مربع اور کارچوبی کام کرنیکا مستطیل چوکھٹا

(۳) بُنے ہوئے کپڑے یا گوٹے وغیرہ کا تھان
جسکا کہیں چالیس گز اور کہیں اِس سے کم و
بیش انداز ہے (۴) چوکی - اِسٹیشن - کہاروں
کے جمع رہنے کی جگہہ - ڈولیوں یا گاڑیوں
کے اکٹھا رہنے کا مقام - اڈگڑا وغیرہ (۵) چکلہ
کسبیوں یا ٹکہائی عورتوں کے رہنے کا مقام
(۶) جُوتی کا وُہ ٹکڑا اور پچھلا حصّہ جسکے باہر کے
رُخ پان اور اندر کی طرف لنگوٹ ہوتا ہے - ایڑی

اُڈّو اُڈّو کرنا - ہ - فعل مُتعدّی - عو
نکّو بنانا - کسیکو قابل نفرت خیال کرنا - رُسوا کرنا
بدنام کرنا - عیب لگانا - صحبت کے قابل نہ سمجھنا -
نظروں سے گرانا +

اُڈّو اُڈّو ہونا - ہ - فعل لازم - عوا -
رُسوا ہونا - بدنام ہونا - انگشت نما ہونا - نکّو بنا
نظروں سے گرنا +

اَذان - ع - اسم مؤنث - لُغوی معنی کان میں خبر یا آواز
پہنچانا - بانگ نماز - نماز کے واسطے بُلانیکی صدا
جو مُسلمانوں نے عربی زبان میں بنا رکھی ہے +

اذان دینا - ا - فعل مُتعدّی - نماز کی خبر
سُنانا - بانگ دینا +
بچہ پیدا ہونے اور میّت کو قبر میں رکھنے کے بعد بھی اذان دینے کا
دستور ہے +

اُذبک - ت - اسم مذکر - عوام (اُجبک) اصل
میں تاتاری تُرکوں کے ایک قبیلہ کا نام ہے
مگر جب اوّل ہی اوّل تُرک ہندوستان میں آئے
اور یہاں کے لوگوں کی بولی اُنہوں نے اور
تُرکوں کی زبان ہندوستانیوں نے نہ سمجھی تو اہل ہند
ایسے لوگوں پر اِس لفظ کا اطلاق کرنے لگے جنکی
بولی سمجھ میں نہ آئے رفتہ رفتہ احمق اور بیوقوف
کے معنوں میں مُستعمل ہوگیا +

اِذن - ع - اسم مذکر - اکّیا - حکم - اجازت - پروانگی

اِذنِ عام - ع - اسم مذکر - (۱) اجازت عام -
(۲) وُہ اجازت جو میّت کا وارث جنازہ کی نماز
کے بعد دیتا ہے جیسے اذنِ عام سُنانا یا کہنا بولتے
ہیں +

اَذوقہ - ع - اسم مذکر - (۱) کھانا - طعام -
رزق - (۲) نان ونفقہ - روٹی کپڑا - (تحقیقات
ارمغان دہلی میں دیکھو)

اَذِیّت - ع - اسم مؤنث - ایذا - دُکھ - تکلیف - مُصیبت

آر - ہ - اسم مؤنث (۱) وُہ لوہے کی نوکدار کیل
جو گاڑی بانوں کے سانٹے میں لگی رہتی ہے -
انی - پینی - (۲) مُرغ کا خار (۳) گنّے کا رس نکالنے
کی بلی جو گُڑ کے کارخانوں میں ہوتی ہے چمڑے
میں چھید کرنے کا اوزار +

آر کرنا - مارنا - لگانا - ہ - فعل متعدی (۱)
کانٹا چُبھونا - آر چُبھونا - آنکس کرنا - ایڑ لگانا +
انگلانا +

آرا - ا - اسم مذکر - (فارسی ارہ سے آرا بنا لیا ہے
کروت - منشار - ایک لکڑی چیرنے کا اوزار جو
بڑھیئوں کے پاس ہوتا ہے +

آراکش - ا - اسم مذکر - صحیح ارہ کش اگرچہ یہ
آرے سے لکڑی چیرنے والا +

اِرادت - ع - اسم مؤنث - (۱) خواہش -
(۲) عقیدت - مُریدانہ اِطاعت +

اِرادَہ - ع - اِسمِ مذکّر (۱) چاہنا - خواہش - مرضی - منور تھ - اِچھا - قصد - (۲) منصوبہ - منشا

اِرادہ کرنا - ا - فعلِ لازم - ٹھانا - منصوبہ باندھنا - قصد کرنا +

اَراروٹ - انگلش Arrowroot - اِسمِ مذکّر - ساگو دانہ کی قسم کا ایک لطیف سُبک اور زُود ہضم اناج ہے جسکے آٹے کی بھری ہوئی ڈبیاں سوداگروں کی دوکانوں پر بکتی ہیں - بیماروں اور ننّھے بچّوں کو اکثر دُودھ یا پانی میں پکا کر کھلاتے ہیں +

آراستگی - ف - اِسمِ مؤنّث (۱) زیبایش سجاوٹ - تکلّف - زیب و زینت (۲) تیّاری آمادگی - دُرستی جیسے فوج کی آراستگی (۳) ترتیب موقع بموقع - باقرینہ جیسے کرسیوں کی آراستگی +

آراستہ - ف - صفت (۱) سجایا ہوا - سجا ہوا - مُزیّن - مُکلّف - سنوارا ہوا - سنگار کیا ہوا - فرش فروش اور جھاڑ فانوس سے درست (۲) تیار - آمادہ - کیل کانٹے سے درست - لیس (۳) مُرتّب - باقاعدہ - باقرینہ +

آراستہ پیراستہ - ف - صفت (۱) سجا سجایا بنا سنورا (۲) مُسلّح - ہتیار بند - لیس - درلیس +

آراستہ کرنا - ا - فعلِ مُتعدّی (۱) سجانا - بنانا سنوارنا - سنگار کرنا (۲) ترتیب کرنا - ٹھیک کرنا درست کرنا - موقع سے لگانا (۳) تیار کرنا - آمادہ کرنا + جمع کرنا - اکٹھا کرنا جیسے مُقابلہ کے واسطے فوج آراستہ کرنا +

اَراضی - ع - اسمِ مؤنّث (ارض کی جمع) (۱) زمین - دھرتی (۲) زمین کاشت کھیت +

آرام - ف - اسمِ مذکّر - (۱) قرار - تسکین ٹھیراؤ اطمینان (۲) چین - سُکھ - راحت - آسایش (۳) نیند - خواب - خوابِ راحت - سُکھ نیند (۴) صحت - شفا (۵) اِفاقہ - سُبیتا +

آرام پانا - ا - (۱) چین پانا - سُکھ پانا - راحت پانا (۲) تندرست ہونا - شفا پانا +

آرام پائی - ا - اسمِ مؤنّث - ایک قسم کی جُوتی اہلِ لکھنؤ کی ایجاد کی ہوئی +

آرام جاں - ف - اسمِ مذکّر (اشعار میں) معشوق محبُوب - دلارام +

آرام چاہنا - ا - فعلِ لازم - راحت ڈھونڈنا سُکھ چاہنا +

آرام دان - ا - چھوٹی سی پٹاری - ناسا یا ندان جسے حُسن دان بھی کہتے ہیں +

آرام دینا - پاپہنچانا - ا - فعلِ مُتعدّی (۱) آسایش پہنچانا - راحت رسانی کرنا - سُکھ دینا (۲) خدمت کرنا - خوش رکھنا (۳) شفا دینا - چنگا کرنا - تندرست کرنا - صحت بخشنا +

آرام سے - ا - تابع فعل (۱) چین سے سُکھ سے - بغیر تکلیف - راحت میں - فرصت میں - سُبیتے میں - سوفتہ میں - اطمینان سے +

آرام سے پانوں پھیلانا - ا - فعلِ لازم -

(۱) بےفکر ہونا - بےغم ہونا - آزادی سے بسر کرنا (۲) چین سے سونا - بےفکر ہوکر سونا - لمبی تان کر سونا - سکھ نیند سونا +

آرام سے سونا - ا - فعل لازم - فراغت سے سونا - پاؤں پھیلا کر سونا - بےفکری سے سونا +

آرام سے گزرنا - ا - فعل لازم - چین سے بسر ہونا - اچھی طرح زندگی بسر ہونا - فراغت سے گزرنا +

آرام طلب - ف - صفت - (۱) آرام خواہ آسایش ڈھونڈنے والا - آرام تکنے والا (۲) کاہل وجود - سست - احدی - مجہول - نٹھیا - کھسٹ +

آرام کرنا - ا - فعل لازم (۱) قرار پکڑنا - ٹھیرنا - (۲) دم لینا - سہارا لینا - ستانا - (۳) سونا - استراحت کرنا - لیٹنا - سکھ فرمانا - (۴) بےفکری سے بیٹھنا - چین سے بیٹھنا (۵) بحالت متعدی - اچھا کرنا - تندرست کرنا - صحت بخشنا - چنگا بنانا

آرام گاہ - ف - اسم مؤنث - رہنے کی جگہہ سونے کی جگہہ - خوابگاہ - مجازاً مقبرہ +
جب یہ لفظ جنت یا عرش یا فردوس کے ساتھ لگاتے ہیں تو وہاں متوفی یا مرحوم کے معنے ہوتے ہیں اصل میں یہ ایک خطاب ہے جو بادشاہوں کو مرنے کے بعد دیا جاتا ہے +

آرام لینا - ا - فعل لازم - دیکھو آرام کرنا - نمبر ایک سے چار تک +

آرام میں ہیں - محاورہ - سوتے ہیں - استراحت فرماتے ہیں - خواب میں ہیں +

آرام والی - ا - اسم مؤنث - آرام دینے والی گھروالی - جورو - بیوی +

آرام ہونا - ا - فعل لازم (۱) سکھ ہونا - چین ہونا - آسایش ملنا - (۲) صحت پانا - تندرست ہونا - شفا پانا - چنگا ہونا +

آرایش - ف - اسم مؤنث (۱) زیبایش - آراستگی - سجاوٹ - بناؤ - سنگار - (۲) فرش وفروش اور جھاڑ فانوس سے مکان کی آراستگی (۳) ابرک کی ٹٹیاں - پھول وغیرہ جو براتوں میں دولہا کے ساتھ لے جاتے ہیں - کاغذیں باغ فارسی والے اسیکو کہتے ہیں +

آرایش کرنا - ا - فعل متعدی - سجانا - آراستہ کرنا - خوشنما بنانا +

اَرَب - ہ - صفت - سو کروڑ کا ایک ارب ہوتا ہے

ارب کھرب - ہ - صفت - لاانتہا دولت ارب سے لیکر کھرب تک +

اَرباب - ع - اسم مذکر - (رب کی جمع) صاحب خداوند - مالک - والی +

ارباب دولت - ف - اسم مذکر - دولت والے - مالدار +

ارباب سخن - ف - اسم مذکر - شاعر - کبیشر - ناظم

ارباب عشرت - ف - اسم مذکر - محفل عشرت کے شریک - ناچ رنگ دیکھنے والے - شریک محفل نشاط - ہم جلسہ - جلیس - ہم صحبت +

ارباب نشاط - ف - اسم مذکر - ناچنے گانے والے

اَربَع - ع - صفت - چار - حساب کے ایک عمل کا نام بھی ہے جسمیں تین عدد معلوم کے وسیلہ سے چوتھا مجہول عدد دریافت کرتے ہیں +

اربع عناصر - ع - اسم مذکر - خاک - باد - آب

آتش - مٹی - ہوا - آگ - پانی +

آرپار - ہ - صفت - وار سے پار تک - اِس سرے سے اُس سرے تک جیسے سوراخ کا ادھر سے اُدھر تک ہونا + یا تیر کا ایک طرف لگ کر دوسری طرف نکل جانا +

آرتا - ہ - اسم مذکر (۱) لُغوی معنی ستائش۔ اصطلاحی وُہ روشنی جو دیوتا کے سامنے پھرائی جاوے (۲) ہندؤں کے ہاں ایک رسم ہے جو بیاہ میں دُولہا کے سامنے چوملک جلا کر راگ کے ساتھ ادا کی جاتی ہے +

اِرتباط - ع - اسم مذکر - ربط ضبط - میل ملاپ دوستی - راہ و رسم +

اِرتفاع - ع - اسم مذکر - اُنچان - بلندی - اُبھار +

اِرتکاب - ع - اسم مذکر - اختیار کرنا - عمل کرنا کسی فعل کا صُدور - تعمیل - گناہ یا جرم کرنا +

آرتھ - ہ - اسم مذکر - (۱) معنے - بیان - ترجمہ (۲) مقصود - نیت - مُراد - مطلب - ارادہ - منصوبہ یہ لفظ ہندؤں کی بول چال اور بالیوں میں اکثر آتا ہے +

ارتھی - ہ - اسم مؤنث - ہندؤں کا جنازہ +

ارتھی نکلے! - ہ - ہندو عورتوں کا کوسنا ہے یعنے مرجاے - جنازہ نکلے - لاش نکلے +

آرتی - ہ - اسم مؤنث - (۱) لُغوی معنی تعریف۔ اصطلاحی دیوتاؤں کی تعریف (۲) وُہ روشنی جو مندروں میں صبح شام دیوتاؤں کی مورتی کے سامنے پھرائی جاتی ہے - دیپ دان

آرٹکل - انگلش Article. - اسم مذکر (۱) مضمون - قول - سخن (۲) علمی مضمون وُہ تقریر و بحث جو اہل الرّائے اپنے تجربے اور واقفیت علمی سے لکھتے ہیں +

ارجاز - ہ - اسم مؤنث - آنا جانا - آمد و رفت - سیر - پھیری

اُردا بیگنی - ت - یہ لفظ ترکی سے بگڑا ہے (وُہ مردانہ لباس کی ہتیاربند عورت جو شاہی محلوں میں پہرا چوکی دیتی اور حُکم احکام پہنچاتی ہے - سپاہی عورت شاہی محلوں میں اہتمام کرنے والی ترکنی + جسطرح ترکنیں - قلماقنیاں - حبشنیں - تیموریہ خاندان میں اہل خدمت ہوتی تھیں اسیطرح اُردا بیگنیاں بھی تھیں ان عورتوں کے نام بھی مردوں کے سے ہوتے تھے +

اَرداس - ہ - اسم مؤنث (۱) آس - اُمید توقع - آسرا (۲) عرض معروض - عرضداشت - التماس - التجا (دہوں میں کام پڑتا ہے)

اُرداوہ - ف - اسم مذکر صحیح (اردابہ) جوار اور گیہوں کا موٹا پسا ہوا آٹا جو پانی میں گوندھ کر گھوڑے کو دیا جاتا ہے - اصل میں آردآبہ تھا +

اُردگرد - ف - تابع فعل - چاروں طرف - چوگرد گرداگرد - آس پاس +

اُردلی - انگلش Orderly. اسم مذکر (۱) بالترتیب - آراستہ - باقاعدہ (۲) سواری کے ساتھ چلنے والے سپاہی - حُکم احکام پہنچانے کے واسطے خدمت میں حاضر رہنے والا نوکر - خواص ماتحت (بحالت تانیث) سواری کے سپاہی - جلوس سواری - امیروں کی سواری +

اردلی اُتارنا - ف - فعل متعدی (لشکری آدمی بولتے ہیں) ایک عورت پر ایک جلسہ میں کئی مردوں کو اُتروانا - بہت سے آدمیوں کا کسی عورت کے ساتھ ملکر جماع کرنا +

اردلی اُترنا - ف - فعل لازم (لشکری) کسی عورت

پر کئی آدمیوں کا اترنا - ایک عورت کے ساتھ مختلف آدمیوں
کا جماع کرنا +

اُرْدُو - ت - اسم مونث - (۱) لشکر - فوج - کیمپ -
لشکرگاہ (۲) لشکری بولی اور ہندوستانی وہ زبان
جو عربی - فارسی - ہندی - ترکی - انگریزی وغیرہ سے
ملکر بنی ہے۔ جسے اُردوی معلےٰ بھی کہتے ہیں ٹھیک اور فصیح
اُردو اہل دہلی اور اہل لکھنؤ کی خیال کی جاتی ہے چونکہ
یہ زبان شاہجہان بادشاہ کے لشکر میں ایجاد ہوئی
تھی اسلئے یہی نام پڑگیا +

اُردو بازار - ٹ - اسم مذکر - صدر بازار - لشکر کا بازار
کیمپ کا بازار - چھاونی کا بازار +

اَرْزَاں - ف - سستا - کم قیمت +

اَرْزَانی - ف - اسم مونث - (۱) گرانی کے خلاف
سستاپن - (۲) کثرت - بہتات +

اَرْزَق - ع - صفت - نیلا - نیلگوں - آسمانی - کانچ کی
یہ لفظ عام میں غلط مشہور ہوگیا ہے صحیح ازرق زا معجمہ کے ساتھ ہے +

ارزق چشم - ع + ف - صفت عام - کرنجا - کرنجی
نیلی آنکھ کا آدمی (اہل قیافہ ایسے آدمی کو بےمروت
اور بے دید لکھتے ہیں) +

آرْزُو - ف - اسم مونث - (۱) آس - خواہش
تمنا - چاہ - اِچھا - مان (۲) مراد - مقصد - مطلب (۳)
عرض - التجا - دعا - التماس (۴) منت - منت سماجت
خوشامد - آمد - عاجزی - (۵) حرص - ہوس - لالچ
طمع - (۶) شوق - اشتیاق - اُمنگ - ابلا کھاؤ
ملاقات (۷) وصل (صرف اشعار میں) ۸ صوفیونکی اصطلاح
میں باوجود حصول مقاصد اپنی اصل کی طرف میل کرنا

آرزو کرنا - ا - فعل متعدی (۱) چاہنا - خواہش کرنا
مانگنا (۲) منت کرنا - التجا کرنا +

آرزو مند - ف - صفت - خواہشمند - متمنی - منت دار
ملتجی - بجد +

آرزو نکلنا - ا - فعل لازم - ارمان نکلنا -
مراد پوری ہونا - مقصد حاصل ہونا +

اِرْسَال - ع - اسم مذکر - بھیجنا - روانہ کرنا - روانگی
خط بھیجنا - روپیہ وصول کرکے بھیجنا +

آرسی - ہ - اسم مونث - (۱) منہ دیکھنے کا شیشہ
آئینہ - درپن - (۲) ایک قسم کی انگوٹھی کا بھی نام ہے
جسمیں چھوٹا سا گول آئینہ جڑا ہوا ہوتا ہے اور اسے
ہاتھ کے انگوٹھے میں عورتیں اس غرض سے پہنتی ہیں
تاکہ ہر وقت اپنا سنگار درست کرتی رہیں +

آرسی مصحف دکھانا - ا - فعل متعدی -
بیاہ میں دولہا دلہن کو آئینہ اور قرآن دکھانا - یہ ایک
رسم ہے جو مسلمانوں میں نکاح کے دن وداع سے پہلے برتی جاتی
ہے - جسکی وجہ تسمیہ اور مفصل کیفیت ارمغان دہلی
میں چھپ چکی ہے +

آرسی مصحف دیکھنا - ا - فعل لازم (۱) آرسی
مصحف کی رسم کو ادا کرنا (۲) شادی کی رسم کو ادا کرنا
بیاہ ہونا - مصنف رنگین نے شادی ہونے لئے ہیں +

اِرْشَاد - ع - اسم مذکر - لغوی معنے ہدایت -
اصطلاحی - حکم - آگیا +

ارشاد فرمانا - ارشاد کرنا - ا - فعل متعدی - حکم دینا
کہنا +

اَرْض - ع - اسم مونث - دھرتی - زمین +

اَرْغَنُوْن - یونانی - اسم مذکر - ارگن - ارغن -
ایک قسم کا باجہ ہے جو افلاطون نے ایجاد کیا تھا +

اَرغوانی - ف - صفت - کُسم کا رنگ - لال چہچہاتا
نہایت سُرخ - نارنجی رنگ کو بھی کہتے ہیں +

اِرقام - ع - اسم مذکر - اگرچہ اُردو میں لکھنے کے معنوں
میں مستعمل ہے مگر رقم سے باب اِفعال نہیں آیا اس سبب
سے صحت میں کلام ہے +

اَرکان - ع - اسم مذکر - رُکن کی جمع (۱) تھم -
ستون - کھم - (۲) وزیر - منتری - اہیر (۳)
جزِ اعظم - (۴) اربع عناصر +

ارکانِ دولت - ع - اسم مذکر - وُزرا - اُمرا -
رئیسِ قوم +

اَرگجا - ہ - اسم مذکر - خوشبو - ایک قسم کا مرکب عطر
غالیہ - اُس خوشبو کا نام بھی ارگجا ہے جو فاتحہ سوم کے
روز ایک پیالہ میں گلاب برادہ صندل - مشک -
کافور - عنبر وغیرہ سے بنا کر ہر ایک فاتحہ خواں کے سامنے
پھول ڈلوانے کو لے جاتے ہیں +

اَرگن - انگلش Organ اسم مذکر -
دیکھو (ارغنوں)

اَرمان - ت - اسم مذکر (۱) تمنا - آرزو - حسرت -
چاہ - خواہش (۲) شوق - اشتیاق (۳) افسوس
تاسف - دریغ - (اشعار میں) +

ارمان بھری - ا - اسم مؤنث - عو - پُرارمان
شوق میں چور - حسرتناک +

ارمان رہجانا یا رہنا - فعل لازم - حسرت رہجانا
جی کی جی میں رہنا +

ارمان نکالنا - فعل متعدی - حسرت نکالنا
شوق پورا کرنا +

اَرمُغان - ف - اسم مذکر - تحفہ - ہدیہ - سوغات - نذر -
پیشکش + نئی چیز - انوکھی چیز - نادر چیز +

اَرمنی - ف - صفت - ارمن کا باشندہ - ارمن
کا رہنے والا +

اَرنا - ہ - اسم مذکر - جنگل میں جو گائے بھینس کا
گوبر خود بخود اصلی حالت پر سوکھ جاتا ہے اُسے ارنا اُپلا
یا کنڈا کہتے ہیں - اپلا دشتی +

اَرنا بھینسا - ہ - اسم مذکر (۱) ایک قسم کا جنگلی
بھینسا ہوتا ہے جسے بن سونڈ کا ہاتھی کہتے ہیں -
پنجابی میں جھوٹا یا سنڈا سمجھنا چاہئے (۲) بہت موٹے
آدمی کو بھی اس سے تشبیہ دیتے ہیں +

اَرنڈ - ہ - اسم مذکر - ایک درخت کا نام ہے جسکے
چوڑے چوڑے پتے ہوتے ہیں اور اُسکے بیجوں کی
گری کا تیل نکالتے ہیں - پنجابی میں ہرنول فارسی
زبان میں اُسے بیدانجیر کہتے ہیں - اسکی جڑ نہایت
بودی ہوتی ہے اور ارنڈ کے بڑے بڑے پیڑ ایک
ذرا سے جھٹکے کے ساتھ جڑ سے اُکھڑ آتے ہیں - چنانچہ
اسی وجہ سے ناپائیدار چیز اور نوکری وغیرہ کو اس سے
تشبیہ دیتے ہیں +

ارنڈ کی جڑ - ہ - اسم مؤنث - اول بمعلوم دوم
صفت میں - نہایت بودی اور ناپائیدار چیز +

ارنڈ خربوزا - ا - اسم مذکر - ایک ارنڈ کی شکل کے
درخت کا پھل ہوتا ہے جسے پپیتا بھی کہتے ہیں - یہ
پھل گوشت گلانے اور اچار ڈالنے کے کام آتا ہے
اسکا اچار تلی کو بہت فائدہ مند خیال کیا جاتا ہے +

اَرنڈی - ہ - اسم مؤنث - تخم بیدانجیر - ارنڈ
کا بیج - پورب میں اسے رینڈی کہتے ہیں - اسکا
تیل جلاب اور جلانے کے کام آتا ہے

اَرواح - ع - اسمِ مؤنث (روح کی جمع) مگر اُردو میں عوام اور علی الخصوص مستورات مفرد استعمال کرتے ہیں - آتما - جان - بولتا - (۲) نیت - اندرونی خواہش - عو - +

ارواح اُدھر ہی ہے - محاورہ - عو - جب عورتیں کسی مرے ہوئے شخص کا ذکر کرتی ہیں تو پہلے یہ لفظ زبان پر لاتی ہیں تاکہ اُسکی روح ستائے نہ آئے +

ارواح بھٹکنا - ا - فعل لازم - عو (۱) روح کا ڈانواں ڈول پھرنا کسی چیز کی تلاش میں جان نکل رہنا - مُردہ کی روح کا اپنے عزیزوں کی یاد میں پھرنا

ارواح بھرنا - ا - فعل لازم - عو نیت بھرنا - سیر ہونا - جی بھرنا +

ارواح پھرنا - ا - فعل لازم - عو جی بیزار ہونا - رغبت نہ رہنا +

ارواح نہ شرمائے - محاورہ - عو - جب کسی مُردہ کی بُرائی بیان کرتی ہیں تو یہ کلمہ زبان پر لاتی ہیں

اَرْوِی - ہ - اسمِ مؤنث - ایک قسم کی لیسدار جڑ ہے جو زمین کے اندر ہی اندر آلو کی طرح بڑھتی اور پھیلتی ہے مگر درخت اوپر رہتا ہے اسکی ترکاری اکثر لوگ پسند کرتے ہیں پورب میں اسے گھوئیاں کہتے ہیں

اَرْہَر - ہ - اسمِ مؤنث - ایک قسم کا غلہ ہے جسکی دال نہایت سلونی ہوتی ہے پورب والے رہر بولتے ہیں +

آری - ہ - اسمِ مؤنث - چھوٹا آرا - دستره (۲) چماروں کا اوزار جسے ستاری بھی کہتے ہیں +

اَری - ہ - ف - حرفِ ندا - کم رتبہ عورت کو اس لفظ سے خطاب کرتے ہیں اور اسکا مخفف ری آتا ہے - ای - او - ہے +

اَرے - ہ - اپنے سے کم رتبہ مرد کو اس لفظ سے خطاب کرتے ہیں رے اسکا مخفف آتا ہے - ای - ابے - اجی

ارے ترے کرنا - ہ - فعل لازم - بے ادبی سے بولنا - ابے تبے کرنا - گستاخی سے پیش آنا +

ارے لوگو - ہ - ندا - عو - اے آدمیو - اے شخصو! +

آریا - س - اسمِ مذکر - (۱) وہ قوم جسکی بولی سنسکرت تھی (۲) آریا قوم کی زبان جس سے ژند - یونانی لاطینی انگریزی وغیرہ ایک ہی زبان ثابت ہوتی ہے +

آریا - ہ - اسمِ مذکر - ایک کھانے کی ترکاری ہے جو ککڑی اور کھیرے سے مشابہت رکھتی ہے اکثر لوگ اسے بخار کا گھر کہا کرتے ہیں بھادوں کے مہینے میں اسکی رُت آتی ہے +

آریاورت - س - اسمِ مذکر - ہندوستان - یہ خطاب آریا قوم کے آنے سے ہند کو ملا تھا +

اُریب - ف - صفت - آڑا - ترچھا - مُحرّف - کج +

اُریب کی باتیں - ا - اسمِ مؤنث - پیچیدہ باتیں - لپیٹواں باتیں - فریب کی باتیں - دھوکے کی گفتگو +

اُریب کی چال - ا - اسمِ مؤنث - دغا فریب کی بات +

آرے بلے کرنا - ا - فعل لازم - دیکھو - (آجکل کرنا)

اُریبوان - ا - صفت - آڑا - ترچھا - مُحرّف - کج

آرے چلنا - ا - فعل لازم (یہ لفظ سر یا گردن یا جان کے ساتھ آتا ہے) (۱) آروں سے چیرا جانا - چھری پھرنا - سر چرنا - ذبح ہونا + (۲) تکلیف گزرنا

جان پر بننا + رنج مصیبت - خواری اور محنت کا اٹھانا

اَڑے سے چیرنا - ۵ - فعل متعدی - اوّل معلوم
دوم نہایت سخت دینا +
اگلے بادشاہوں کے زمانے میں سُولی کی طرح یہ سزا بھی ملا کرتی تھی +

اَڑ - ۵ - اسم مؤنث - (۱) ضد - ہٹ - پیچ (۲) عو
تخمہ - خلل معدہ جو ثقالت غذا کے باعث بچہ کو ہو جائے +
قبض +

آڑ - ۵ - اسم مؤنث - (۱) اوٹ - روک - پردہ - ٹٹی
اولٹ - حجاب (۲) محافظت - بچاؤ - پناہ - (۳) لگنوار
معاون - مددگار - ضامن - (۴) اڑواڑ - ٹیکن
سہارا - کھم - ستون (۵) رولی یا کاجل کی ترچھی لکیر
جو ہندو عورتیں بندی کے نیچے اپنے ماتھے پر کھینچ دیتی ہیں یا

آڑبند - ۵ - اسم مذکر - فقیرونکا لنگوٹ - کاچھا -
وہ کپڑا جو دھوتی کی طرح آگا پیچھا ڈھنکنے کو باندھتے ہیں

آڑ پکڑنا - ۵ - فعل لازم (۱) اوٹ پکڑنا - سہارا پکڑنا
پناہ لینا (۲) بہانا لینا +

آڑا - ۵ - صفت (۱) ٹیڑھا - ترچھا - کج - منحرف -
(۲) ایک قسم کا ریشمی کپڑا جسے صرف ناسخ نے اپنے کلام
میں باندھا ہے +

آڑا چوتالا - ۵ - اسم مذکر - اصول موسیقی میں سے
ایک تال کا نام ہے +

آڑا ہونا - ۵ - فعل لازم (۱) ٹیڑھا ہونا - (۲) مطربوں
کی اصطلاح میں ٹھا پھیرنا - جوتر سامنے کرنا - اندھا
ہونا +

اَڑاڑا - ۵ - تابع فعل - (۱) اونچے مکان یا دیوار
کے گرنے کی آواز (۲) بحالت اسم - پورب میں دریا
کے کڑاڑے کو اڑاڑا کہتے ہیں +

اڑاڑا کر کے گرنا - ۵ - فعل لازم - دھماکے سے
گرنا - مکان کا بلند آواز سے گرنا +

اَڑائس - ۵ - اسم مؤنث - تنگ جگہ - وہ مقام
جہاں سے آدمی ذرا تنگی سے نکلے +

اُڑان - ۵ - اسم مؤنث - پرواز +

اُڑان گھائی بتانا - ۵ - فعل لازم (۱) الٹی مار بتانا
(۲) دغا دینا - فریب دینا - دھوکا دینا - بہکانا - یہ اصطلاح
جواریوں سے لگی ہے کیونکہ وہ انگلیوں کی گھائی میں
اکثر کوڑی اُڑا کر (چھپا کر) دھوکا دیتے ہیں +

اُڑانا - ۵ - فعل متعدی (۱) پرواز میں لانا - پرواز کرنا
پرندوں یا کسی اور چیز مثل پتنگ وغیرہ کو ہوا پر رواں
کرنا (۲) کاٹنا - تراشنا - کترنا + جدا کرنا - الگ کرنا -
(۳) طبیعت کے زور سے بغیر بتائے کوئی کام دیکھکر سیکھ لینا
ہو بہو نقل کرنا - کسی کی وضع اختیار کر لینا (۴) چرا کر
لانا - مفت حاصل کرنا + غایب کر لانا - چھپانا (۵)
اکھاڑنا - تخریب کرنا - جمنے نہ دینا + نکالنا - موقوف
کرنا - چھڑانا - (۶) ٹالنا - ان سنی کرنا - بھلا دینا -
جیسے وہ بات ہی اڑا دی (۷) دُور کرنا - پرے کرنا
کھونا - ہٹانا - ضایع کرنا (۸) فضول خرچی کرنا -
بیجا اٹھانا - روپیہ برباد کرنا - (۹) بیجا تعریف کرنا -
بنانا + ہنسی میں ڈالنا - مسخرا بنانا + رسوا و بدنام
کرنا (۱۰) کسی کو بھگانا - بھگا لیجانا - بہکا کر لیجانا +
چھپا دینا - غایب کر دینا (۱۱) بازاریوں کی اصطلاح
میں مجامعت کرنا - کام بنانا - کھیل بنانا - لگنا (۱۲)
رونق بڑھانا - زینت بخشنا - جان ڈالدینا - رُوبہ
کر دینا + خوش ذائقہ بنانا - مزہ دار بنانا (۱۳) ہنکانا
جھلنا - نکالنا جیسے - کہ تان اڑانا (۱۴) لپکانا -

بھگانا۔ دوڑانا جیسے گھوڑا اُڑانا۔ (۱۵) لگانا۔ کھڑا کرنا
جیسے باڑ اُڑانا۔ پال اُڑانا۔ (۱۶) برسانا۔ پھٹکنا۔ صاف
کرنا جیسے بھوسی اُڑانا۔ (۱۷) مشہور کرنا۔ شہرت دینا
چرچا پھیلانا (۱۸) پینا۔ نوش کرنا + مے نوشی کرنا۔
شراب پینا (۱۹) کھانا۔ چٹ کرنا۔ دھڑ میں ڈالنا
(۲۰) حاصل کرنا۔ اُٹھانا جیسے مزا اُڑانا۔ لطف اُڑانا
(۲۱) چھیلنا۔ کھرچنا۔ حک کرنا جیسے حروف اُڑانا۔
قلم پھیرنا۔ مٹانا۔ کاٹنا۔ خارج کرنا۔ نام و نشان
نہ رکھنا۔ اُجاڑنا۔ جیسے رجسٹر سے نام اُڑانا۔ (۲۲)
اُدھیڑنا۔ جیسے کھال یا چمڑی اُڑانا۔ (۲۳) توپ بارود
گولے سُرنگ وغیرہ سے گرانا۔ لڑھانا + اکھاڑ کر پھینکنا
کھود ڈالنا (۲۴) لگانا۔ مارنا۔ بکانا + سہی کرنا۔ جمانا
جیسے چپت اُڑانا۔ جوتا اُڑانا وغیرہ۔ (۲۵) گانا جیسے
کوئی ٹھمری اُڑانا۔ (۲۶) اُچٹانا۔ برداشتہ کرنا۔ پریشان
کرنا جیسے دل یا اوسان اُڑانا۔ (۲۷) پھینکنا۔ اُچھالنا
چھونا۔ جیسے چھینٹیں اُڑانا خاک اُڑانا

اَڑانا ۔ ہ۔ فعل متعدی (۱) اٹکانا۔ پھنسانا۔
اُلجھانا۔ اڑواڑ کی طرح لگانا (۲) روکنا۔ ٹھیرانا +
حایل کرنا (۳) شامل کرنا۔ ملانا۔ شریک کرنا جیسے
اپنا نام بھی اَڑا دیا۔ (۴) بازاری آدمیوں کی اِصطلاح
میں چھونا +

اَڑا کر لینا ۔ ہ۔ فعل متعدی۔ دھرنا دیکر لینا
بے وصول کئے نہ چھوڑنا۔ سب کام بند کروا کے
وصول کرنا + فوراً لینا۔ کھڑے کھڑے لینا +
پکڑ کر لینا۔ تھام کر لینا +

اَڑانا ۔ ہ۔ فعل لازم۔ دکھ یا بیماری کے باعث گائے
کی طرح چلانا۔ کراہنا +

اُڑاؤ ۔ اُڑ کھاؤ۔ ہ۔ صفت۔ خراج۔ فضول خرچ
روپیہ کھانے اور لٹانے والا۔ گھر لٹاؤ۔ اجاڑو۔
خانہ برانداز +

اَڑبنگا ۔ ہ۔ صفت (۱) لغوی معنے اَڑا اور بانکا
ٹیڑھا ترچھا (۲) روک۔ آڑ (۳) جھمیلا۔ بکھیڑا۔
رخنہ (۴) پورب والے ضدی آدمی کو بھی کہتے ہیں

آڑت ۔ ہ۔ اِسم مؤنث (۱) ٹھکانا۔ ٹھیرنے کی
جگہہ۔ ساہوکاروں کی معتمد علیہ کی جگہہ۔ بیوپاریوں کی
مال اُترنے اور بکنے کی جگہہ (۲) معرفت داری
گماشتہ گری (۳) مال بکوائی کا کمیشن۔ فیس
حق فروخت۔ دلالی۔ گماشتہ گری کا حق۔
حق السعی۔ محنتانہ۔ فیصدی منہائی +

اَڑتالیس ۔ ہ۔ صفت۔ اٹھتالیس آٹھ اور
آٹھ اُوپر چالیس۔ چہل و ہشت۔ ۴۸۔

اَڑتلا ۔ ہ۔ اِسم مذکر (آڑ + تلا) ۱۔ زیر سایہ بنا۔
سہارا + پشتی۔ آسرا۔ سہارا۔ (۲) حیلہ۔ بہانہ۔ عذر

اَڑتلا پکڑنا۔ لینا ۔ ہ۔ فعل متعدی (۱) پناہ
لینا۔ حمایت میں آنا۔ سہارا لینا۔ (۲) بہانہ کرنا۔
بہانہ ڈھونڈنا۔ سہارا تکنا +

آڑتیا ۔ آڑتی۔ ہ۔ اِسم مذکر۔ وہ شخص جسکے ہاں
بیوپاریوں کا مال آکر اُترے یا بکے۔ بیوپاریوں کا معتمد
علیہ۔ ایجنٹ۔ گماشتہ +

اُڑتی چڑیا کو پہچاننا ۔ ہ۔ فعل متعدی
کمال نظرباز ہونا۔ دل کی بات سمجھ جانا۔ مافی الضمیر
اور پوشیدہ ارادہ سے واقف ہو جانا۔ بھانپنا۔ تاڑنا
تیور پہچاننا۔ قیافہ شناس ہونا +
نہایت چالاک اور بڑے ہوشیار آدمی کے حق میں اور کبھی بچے

تجربہ کاری کی تعریف میں فخریہ کہتے ہیں +

اُڑتیس - ہ - صفت - اٹھتیس آٹھ اور تیس
سی وہشت ۳۸ +

اُڑتی سی خبر - ا - غیر معتبر خبر - بھنک - افواہ
بازاری اور بے تحقیق بات - وہ خبر جو ابھی تک بخوبی
پھیلی نہ ہو - اُڑتی پڑتی خبر - نامکمل اور ناتمام بات کیلئے

اُڑجانا - ہ - فعل لازم (۱) کسی پرند کا اُڑکر چلا جانا
پرواز کر جانا (۲) بھاگ جانا - چل دینا - کافور ہو جانا -
ہوا ہو جانا (۳) غایب ہو جانا - رُوپوش ہو جانا (۴)
لپک جانا - دوڑ جانا - (۵) کسی چیز کا رنگ جاتا رہنا
یا پھیکا پڑ جانا (۶) کٹ جانا - قلم ہو جانا - تزش جانا -
جُدا ہو جانا (۷) جاتا رہنا - کھویا جانا - (۸) عو - فنا
ہو جانا - مٹ جانا - خاک میں مل جانا - دُنیا سے
جاتا رہنا - غارت ہو جانا - عیاشوں کی اصطلاح
میں مجامعت کر لینا - کھیل بنا لینا - (۱۰) خرچ ہو جانا
صرف میں آجانا (۱۱) رونق ہونا دوبالا لذت میں اضاعف ہونا

نکتہ - جو مصدر جانا - ڈالنا - پڑنا - لینا -
کے ساتھ بنائے جاتے ہیں وہ تکمیل فعل پر دلالت
کرتے ہیں جیسے بیٹھنا - اور بیٹھ جانا - کھانا اور کھا ڈالنا
گرنا اور گر پڑنا وغیرہ +

اُڑجائے - ہ - دُعائے بد - عو - مٹ جائے -
غارت ہو +

اُڑچلنا - ہ - فعل لازم (۱) اترانا - بڑھ کر چلنا -
مغرور ہونا - شان و شوکت دکھانا - اپنی اوقات سے
باہر قدم رکھنا (۲) کسی چیز کا رونق یا لذت میں دوبالا
ہونا (۳) بدراہ بنا - بدچلنی اختیار کرنا +

اُڑد - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کا نہایت لپسدار غلہ جسے
جسے ماش کہتے ہیں +

اُڑد پر سفیدی - ہ - مقدار قلیل - اُڑد کے تل کے برابر

اُڑد کے آٹے کی طرح اینٹھنا - محاورہ (۱)
از حد اکڑنا - نہایت اینٹھنا - بگڑنا - خفا ہونا (۲) نہایت
غرور کرنا - دوسرے کو اپنی خاطر میں نہ لانا (۳) نہایت
پیچ و تاب کھانا +

اُڑسٹھ - ہ - صفت - اٹھ سٹھ - آٹھ اور ساٹھ
شصت دہشت ۶۸ +

اُڑسنا - ہ - فعل متعدی - (۱) اٹکانا - الجھانا
جیسے نیفے یا دھوتی یا کسی سوراخ میں کسی چیز کو پھنسا دینا
لونڈیوں کی اصطلاح میں دخل کرنا - گھسیڑنا +

اُڑ کر کہاں جاؤ گے - ہ - محاورہ کہاں
بھاگ کر جا سکتے ہو +

اُڑ کھڑا ہونا - ہ - فعل لازم - سدراہ ہونا -
راستہ روک کر کھڑا ہو جانا +

اَڑ کے بیٹھنا - ہ - فعل لازم - جم کر بیٹھنا - دھرنی
دینا - دھرنا دینا - ضد کر کے بیٹھنا - جم ہونا +

اَڑگڑا - ہ - اسم مذکر - گھوڑوں کے دوڑانے اور
سدھانے کی جگہ (۲) گاڑیوں کا اڈا +

اَڑ گوڑ - اڑا گوڑا - ہ - اسم مذکر - کوڑا کرکٹ - خس
و خاشاک - وہ چیز جو بیچ میں حایل ہو - شہر میں
گیڑی اور گلی ڈنڈا کھیلنے والے اس لفظ کو اکثر بولتے
ہیں) +

اُڑگیا - ہ - کلمہ تنفر - عو - اجڑا - خانہ خراب - غارت شدہ

اُڑنا - ہ - فعل لازم (۱) پرواز کرنا - ہوا سے کسی چیز
کا پریشان ہونا - (۲) رنگ کا جاتا رہنا یا پھیکا اور
مدھم پڑ جانا (۳) ناپید ہونا - فنا ہونا - جاتا رہنا -

غایب ہونا - کھویا جانا (۴) جلدی چلنا - تیز چلنا (۵) مٹنا
(۶) کٹنا - ترشنا - قلم ہونا (۷) بازاریوں کی اصطلاح میں مجامعت
کرنا (۸) خرچ ہونا - صرف ہونا - اٹھنا (۹) بھاگنا - تیز رفتار
ہونا - دوڑنا جیسے اڑنا (۱۰) پھلانگنا - اُچک جانا - جست کرنا
جیسے کھائی اُڑنا - (۱۱) بڑھکر چلنا - اترانا - غرور کرنا (۱۲) کھانے
پینے میں آنا جیسے مٹھائی یا شراب اُڑنا (۱۳) ہونا - کھیلنا جیسے
تاش یا شطرنج اُڑنا (۱۴) لگنا - پڑنا جیسے چانٹا اُڑنا - جوتا اڑنا
(۱۵) گھبرانا - پریشان ہونا مگر اس معنے میں دم - دل - دماغ
کے ساتھ اکثر آتا ہے (۱۶) ہیئت بگڑنا - عکس یا نشان نہ رہنا
جیسے حرف اُڑنا (۱۷) تیر یا بندوق وغیرہ کا نشانہ ہونا +

اَڑنا - ۵ - فعل لازم (۱) سدراہ ہونا - اٹکنا - رکنا - مزاحم
ہونا (۲) پھنسنا - ڈٹنا - جمنا (۳) جھگڑنا - الجھنا - گتھنا -
جھگڑنا - ضد کرنا - ہٹ کرنا - مچلنا (۵) داؤں پر لگانا یا رکھنا
(۶) دخل دینا - پڑنا (۷) آمادہ ہونا - مستعد ہونا جیسے ؎
دل لیے لیا اب جان کے لینے کو اڑے ہو (۸) جم ہو جانا - ٹس
سے مس نہ ہونا - نہ سرکنا - جنبش نہ کرنا - جیسے گھوڑے یا
گاڑی کا اڑنا +

اُڑن چھو ہونا - ۵ - فعل لازم - ایک چھو منتر کے ساتھ
کافور ہو جانا جس طرح لاحول سے شیطان بھاگتا ہے اسطرح
بھاگنا - ہوا ہونا - چل دینا - ناپدید ہونا - غایب غلہ ہونا -

اُڑن کھٹولا - ۵ - اسم مذکر - تخت رواں - ہوائی
تخت - پریوں کے سیر کرنیکا تخت - زمانہ حال کے موافق
غبارہ - بیلون +

اَڑنگا - ۵ - اسم مذکر - مرکب از (اڑ + انگ) کشتی کے ایک پیچ کا
نام ہے جس سے حریف کی ٹانگ میں اپنی آڑی ٹانگ آنٹی
کی طرح مار کر گرا دیتے ہیں - مجازاً - روک - آڑ - مزاحمت
دقت - رخنہ - حرج +

اڑنگا لگانا - ۵ - فعل متعدی (۱) کسی ہوتے ہوئے
کام کو روک دینا - رخنہ ڈالنا - حارج ہونا +

اڑنگا مارنا یا دینا - ۵ - فعل متعدی (۱) اڑنگے کا پیچ کرنا
(۲) حارج ہونا - سدراہ ہونا - رخنہ انداز ہونا

اڑنگ بڑنگ - ۵ - صفت - مہمل اور بے سروپا
باتیں - بادہوائی باتیں - بے تکی باتیں +

اڑنگے پر چڑھانا - ۵ - فعل متعدی داؤں پر چڑھانا -
فریب دیکر قابو میں لانا - پیچ پر چڑھانا +

اڑنگے پر مارنا - ۵ - فعل متعدی - حریف کو اڑنگے
کے پیچ کے ذریعہ سے پٹخنا - گرانا یا دے مارنا +

آڑو - ۵ - اسم مذکر - ایک قسم کا پھل ہے جسے فارسی میں شفتالو
عربی میں خوخ کہتے ہیں ایک چکنا ہوتا ہے اور ایک امرود سے
ملتا ہوا - چکنے آڑو کو فارسی والے سفترنگ - عربی والے زہلک
کہتے ہیں - مزا کھٹا سرد تر ہے +

اڑواڑ - ۵ - اسم مؤنث - ٹیکن - ٹیک - روک - تھونی
پشتی - ستون - کھم - کھمبا - وہ لکڑی جو چھت وغیرہ
کے نیچے گر پڑنے کے اندیشہ سے لگا دیتے ہیں +

اڑوس پڑوس - ۵ - اسم مذکر - پاس پڑوس
ہمسایہ - ہمسائگی - قرب و جوار - آس پاس +

اڑھائی - ۵ - صفت دو اور آدھا - ۲½ - ڈھائی
دونیم +

اڑھائی چلو لہو پینا - ۵ - فعل متعدی عو - مار ڈالنا - کلمہ
عورتیں نہایت غصہ کی حالت میں زبان پر لاتی ہیں شاید دل کا
لہو جو مقدار میں قلیل ہوتا ہے پی جانے سے غرض ہو +

اڑھائی دن کی بادشاہت - ۱ - محاورہ - ناپایدار
یا تھوڑے دنوں کی حکومت - یہ محاورہ نظام سقہ کی حکومت سے
لیا گیا ہے جسنے ہمایوں بادشاہ سے اسکی جان بچانے کے

مِلہ میں صرف ڈھائی دِن کی حکومت مانگی تھی +

اَڑھیّا - ہ - اسمِ مؤنّث - عوام - ڈھائی سیر (۲½) - دو سیر آٹھ چھٹانک کا بٹ +

اَڑی - ہ - اسمِ مؤنّث (۱) مُشکل - سختی مُصیبت تنگی (۲) ضرورت - حاجت (۳) قمار بازوں کی اِصطلاح میں چند مُشکل دانوں کو بھی کہتے ہیں +

آڑی - ہ - اسمِ مذکّر - یار - مددگار - شریک - وُہ لڑکی جو ایک ہُنر کے مُتعلّق ہوں +

آڑے آنا - ہ - فعلِ لازم (۱) روک ہونا - ٹٹّی بنّا - درمیان آنا بیچ میں پڑنا - سپر ہونا - ڈھال ہونا - پُشت پناہ ہونا (۲) بچانا - حمایت لینا - مددگار رہنا - فریاد کو پہنچنا - پناہ دینا - کام آنا +

اَڑی آڑی طاق پر بیٹھی - ا - مُحاورہ - رفتہ رفتہ مشہور ہوگئی +

اَڑیل - ہ - صفت (۱) اڑ جانے والا (۲) ضِدّی - ہٹیلا - خودسر - سرکش (۳) وُہ گھوڑا یا ٹٹّو جو ہر جگہ اڑے اور سرکشی کرے +

اَڑی مار - ہ - صفت - (۱) لُغوی معنے یار مار - (۲) فریبی - دغاباز +

اُڑیچ - ہ - اسمِ مؤنّث - عو - دُشمنی - عداوت - بُغض - بیر +

اَڑے ہاتھوں لینا یا ہاتھوں لینا - ہ - فعلِ لازم (۱) لُغوی معنے کھینچ بھرنا - اپنی طرف گھسیٹ کر بے قابو کر دینا (۲) نوچنا - کھسوٹنا - پھاڑنا - چیرنا - شاعر لوگ نے دامن کنگھی مژگان کے تلازمہ میں یہ معنے لئے ہیں (۳) لتاڑنا - کھڑکھڑانا - ملاڑانا - جھنجھوڑنا - درست بنانا - ٹھیک بنانا (۴) سرزنش کرنا - لعنت ملامت کرنا - جھڑکنا (۵) ڈرانا - دھمکانا - خفا ہوکر دھتکارنا - خبر لینا - عاجز کرنا (۶) قایل معقول کرنا - شرمندہ کرنا - شرم دلانا - ذلیل کرنا - بجانا +

اَز - ف - حرفِ ربط - سے - اُردو میں مُرکّبات کے ساتھ آتا ہے

ازبر - ف - تابعِ فعل - حفظ - برزبان - نوکِ زبان - یاد

ازبس - ف - صفت - بہت - نہایت +

ازحد - ف - صفت - نہایت - ات گت - بیحد - حد سے زیادہ

ازخود - ف - تابعِ فعل (۱) آپ سے - خودہی - اپنے آپ - خود بخود (۲) قصدًا - عمدًا +

ازخود رفتہ - ف - اسمِ مذکّر - آپے سے باہر - دیوانہ باؤلا - مجنون - بیخود - متوالا +

ازسرتاپا - ف - سر سے پانْوں تک - اوّل سے آخر تک - ایڑی سے چوٹی تک + بالکل - تمام +

ازسرِنو - ف - نئے سرے سے - بہ تجدید +

ازغیبی - ل - صفت عو (۱) پوشیدہ - نامعلوم گپت (۲) خُدا کی طرف سے - عالمِ غیب سے - غیب سے

ازغیبی دھکّا - گور - مار - عو - آسمانی بلا - آفتِ سماوی

ازغیبیا - ا - اسمِ مذکّر - عوام - ولدُالزّنا - حرامی +

از کی از - و - جوں کی توں - کم نہ زیادہ - ٹھیک ٹھیک - بجنسہٖ - بعینہٖ +

آزاد - ف - اسمِ مذکّر - (۱) بندہ کی ضِد - وُہ شخص جو کسی کا غلام نہو - نِسنکھ - کھُلا ہوا - وارستہ - بے روک - خود مُختار + وُہ آدمی جو کسی بات کا پابند نہو - ایک قسم کے فقیر جو ڈاڑھی مُونچھیں سب صفا چٹ رکھتے ہیں (۲) بے حیا - بے شرم +

آزاد رہنا - ا - فعلِ لازم - الگ رہنا - بے تعلّق رہنا

آزاد کا سونٹا - و - اسمِ مذکّر - فقیر کا سونٹا یا عصا

مُرادًا ہر جگہ اور ہر موقع پر کام دینے والا - بے روک ٹوک - وہ شخص جو کہیں نہ چوکے جیسے ننگی شمشیر - گنوار کا لٹھ - نہنگ آدمی وغیرہ

آزاد کرنا - ہ - فعل متعدی (۱) رہا کرنا - چھوڑنا مُطلق العنان کرنا - حدِ غلامی سے باہر کرنا (۲) عو - توڑنا جُدا کرنا جیسے چوڑی آزاد کردی +

آزاد مرد - ف - صفت - مذکر - بے خوف اور بے دھڑک آدمی - بے لوث اور بے لگاؤ آدمی - کھرا اور صاف گو آدمی - درویش باصفا اور بے تعلق +

آزاد منش ف صفت آزاد طبع - وارستہ مزاج - وہ شخص جو کسی بات کا پابند نہو + وہ شخص جو کسی سے لاگ لپیٹ نہ رکھے - صاف گو +

آزاد ہونا - ہ - فعل لازم (۱) چھوٹنا - رہا ہونا - (۲) ٹوٹنا - دو ٹکڑے ہونا - جدا ہونا - جیسے دوسرا پیالہ بھی آزاد ہو گیا +

آزادی - ف - اسم مؤنث (۱) رہائی - چھٹکارا - خلاصی (۲) بے پروائی + خود روی خود مختاری

آزادی کا خط - ہ - اسم مذکر - رہائی کا پروانہ پہلے زمانے میں جب کوئی شخص اپنے غلام کو حسن خدمات یا صدقِ جان وغیرہ کے باعث آزاد کرتا تھا تو وہ ایک خط آزادی سند باعث آزادی لکھ دیتا تھا تاکہ کوئی شخص مزاحم نہو - اب صرف اشعار میں آتا ہے +

آزار - ف - اسم مذکر (۱) روگ - درد - دکھ - مرض بیماری (۲) عذاب - تکلیف - مصیبت - سختی - کلفت - جنجال - بکھیڑا (۳) آسیب - اسرار - بھوت پریت کا اثر - سایہ جن و پری +

جب بڑا آزار کہتے ہیں تو دق یعنے تپ دق سے مراد ہوتی ہے

اِزار - ف - اسم مؤنث - عو - پیجامہ - سُتھن - سُتھنا شلوار - تنبان - تہ پوشی +

اِزار بند - ف - اسم مذکر - ناڑا - شلوار بند - بند تنبان کمر بند +

ازار بند کا رشتہ - ا - جورو کی طرف کا رشتہ +

ازار میں ڈال کر پہن لینا - ا - فعل متعدی عو - ڈر نہ ماننا - خیال میں نہ لانا +

اِزالہ - ع - اسم مذکر - دُور کرنا - الگ کرنا - صرف و نحو میں کسی حرف یا اعراب کو لفظ میں سے نکال ڈالنا +

ازالہ بکر کرنا - ا - فعل متعدی - کوارپن اتارنا - چیر توڑنا +

اِزالہ حیثیت عُرفی - ع - اسم مؤنث - عزت میں خلل ڈالنا - ہتک - آبرو ریزی - آبرو بگاڑنا +

اِزدحام - ع - اسم مذکر - انبوہ - جمگھٹا - ہنگامہ - بھیڑ - مجمع - چپقلش (ازدہام فارسی اور ہائے ہوز سے لکھنا غلط ہے)

آزُردگی - ف - اسم مؤنث خفگی - ناخوشی - ناراضگی رنجیدگی - رنجش - ملال - بگاڑ - افسردگی +

آزُردہ - ف - صفت (۱) ناخوش - ناراض - خفا رنجیدہ (۲) مایوس - ناامید - افسردہ - اُداس +

آزردہ خاطر یا دل - ف + ع - صفت (۱) اُداس غمگین - رنجیدہ خاطر - بددل (۲) مایوس - ناامید -

ازرق - ع - صفت - دیکھو (ارزق)

ازرق چشم - ع + ف - اسم مذکر - دیکھو ارزق چشم

ازل - ع - اسم مؤنث (۱) شروع - آغاز - مبدا - اوّل - آد - (۲) جسکی ابتدا نہو - اناد - (۳) ہمیشگی ضد ابد

ازلی - ع - صفت - ہمیشہ سے موجود +

آزمانا - ا - فعل متعدی (۱) جانچنا - امتحان کرنا -

کسنا - پڑتال کرنا - (۲) طاقت کا اندازہ کرنا - مردمی کا امتحان کرنا - مرد نامرد پہچاننا (بازاری) رجولیت معلوم کرنا

آزمایش - ف - اسم مؤنث - امتحان - جانچ - پڑتال تجربہ +

آزمودہ - ف - صفت جانچا ہوا - دیکھا بھالا - امتحان کیا ہوا - مجرب - آزمایا ہوا - عندیہ - منشا +

آزمودہ کار - ف - صفت - (۱) تجربہ کار - کارکردہ کارداں (۲) ہوشیار - عقلمند - چالاک +

آزمودہ لینا - فعل متعدی (۱) عندیہ یا منشا دریافت کرنا - ٹوہ لینا - بھید لینا +

اژدہا - ف - اسم مذکر - اجگر - وہ بڑا سانپ جو پہاڑوں پر رہتا ہے اور سانس کے ساتھ بکری وغیرہ کو گھسیٹکر نگل جاتا ہے

اژدھات - ف - اسم مؤنث - کانسی - فلزات - ہفت جوش - یہ لفظ اصل میں ہندی اشٹ دھات سے لیا گیا ہے یعنے وہ دھات جو سونا - چاندی - تانبا - پیتل - رانگ - جست - سیسہ - لوہا - ملاکر بنائی جائے +

اُس - ہ - اسم اشارہ بعید اور ضمیر غایب - وہ

اِس - ہ - اسم اشارہ قریب اور ضمیر حاضر - یہ

آس - ہ - اسم مؤنث (۱) چاہ - خواہش - آرزو (۲) توقع - امید - ترصد - آسرا - (۳) برتا - بھروسا اعتماد (۴) سرن - پناہ - حمایت (۵) لڑکا بالا پیدا ہونیکی امید - حمل - پیٹ - گربھ (۶) آل - اولاد - لڑکا بالا - بال بچہ (۷) ٹیک - ٹیکن - ٹکاؤ دکاریگر کو لیتے ہیں (۸) سہارا - گانے میں مدد دینا - ستار کو چھیڑنا

آس اولاد - ا - عو - اسم مؤنث - بال بچے بیٹا بیٹی +

آس باندھنا - ہ - فعل متعدی (۱) امید رکھنا - بھروسا کرنا - آسرا تکنا یا لگانا (۲) منتظر رہنا - انتظار کرنا راہ دیکھنا +

آس بندھنا - ہ - فعل لازم - امید بندھنا - توقع ہونا

آس تجنا - ہ - فعل متعدی - مایوس ہونا - ہاتھ دھونا - امید قطع کرنا +

آس تکنا - ہ - فعل لازم - راہ دیکھنا - انتظار کرنا - امیدوار ہونا +

آس توڑنا - ہ - فعل متعدی - ناامید کرنا کمر توڑنا

آس ٹوٹنا - ہ - فعل لازم - امید منقطع ہونا +

آس چھوٹنا - ہ - فعل لازم - ناامید ہونا - نراس ہونا -

آس چھوڑنا - ہ - فعل متعدی - مایوس ہونا - ہاتھ دھونا

آس دینا - ہ - فعل متعدی (۱) امید بندھانا ڈھارس بندھوانا (۲) گانے میں کسی باجہ یا آواز سے مدد دینا +

آس رکھنا - یا آس کرنا - ہ - فعل متعدی (۱) چاہنا خواہش کرنا - (۲) امیدوار رہنا - بھروسا رکھنا +

آس لگانا - ہ - فعل متعدی (۱) امید باندھنا (۲) سہارا لگانا +

آس مراد - ا - اسم مذکر - عو - آل اولاد + دھن دولت

آسا - ہ - اسم مؤنث (۱) امید - بھروسا (۲) انتظار - امیدواری +

اساتذہ - ع - جمع استاذ - معلم - گرو - استاد - آموزگار

اُسارا - ہ - اسم مذکر - چھپر - سائبان - برآمدہ - برانڈا +

اسارا - ہ - اسم مذکر - وہ ریشم جسپر کلابتو کا تار چڑھاتے ہیں - اسکی اصل اسار مشتق بمعنی بنیاد ہے +

اساڑھ - ہ - اسم مذکر - ہندی چوتھا مہینا - برسات کا پہلا مہینا - نصف جون سے نصف جولائی تک

اساڑھی - ہ - اسم مؤنث - ف - ربیع - وہ فصل

جو اساڑھ کے مینہ سے پیدا ہوتی ہے (۲) ہندوؤں کا ایک تہوار جو اساڑھ کے مہینے میں ہوتا ہے +

اَسامی - ع - اسم مؤنث (جمع الجمع اسم) مگر اردو میں مفرد مستعمل ہے (۱) نام - ناؤں - (۲) شخص - نفر - متنفس - آدمی (۳) وہ شخص جس سے لین دین ہو - سودا اٹھانیوالا + گاہک - خریدار (۴) چہرہ - نوکری - عہدہ - کام - خدمت (۵) وہ شخص جو کسی ٹھیکہ دار یا سرکار کا مالگزار ہو + رعیت - پرجا + اجارہ دار - کرایہ دار + کسان کشتکار مزارعہ - (۶) مدعا علیہ - قرضدار - دین دار + گواہ - شاہد (۷) آشنا - رنڈی - کسبی - معشوقہ + نوچی - (لشکری آدمی بولتے ہیں) (۸) بشنی - لگا بندھا آشنا - رنڈی کا یار (بازاری) ۹ مالدار - دولتمند - امیر - زردار موٹی چڑیا (۱۰) باشندہ دہ - گانو کا رہنے والا - اس معنی میں اسامیاں زیادہ بولتے ہیں (۱۱) مطلب کا بنایا ہوا احمق - اپنا الو - اپنا بیوقوف + (۱۲) وہ شخص جسکے ہاں جا کر ٹھیریں یا جس سے واقفیت ہو +

اسامی بنانا - ۱ - فعل متعدی - بیوقوف ساہوکار بنانا - یار بنانا - اپنے مطلب کا بنانا + احمق بنانا + ٹھگنا یار بنا کر گرہ کاٹنا - ملکر لوٹنا (جواری)

آسان - ف - صفت - دشوار کے خلاف - سہج - سہل بلا دقت - ہولا - سگم + ممکن الحصول +

آسان کردینا - ۱ - فعل متعدی - سہل کر دینا + سلجھا دینا حل کر دینا - دقت سے پاک کر دینا +

آسانی - ف - اسم مؤنث - سہولت - آرام - آسائش

آساوری - ہ - اسم مؤنث - ایک راگنی اور ایک قسم کے کپڑے کا نام ہے +

آسائش - ف - اسم مؤنث - راحت - آرام - سکھ چین

اَسباب - ع - اسم مذکر (جمع سبب) لغوی معنی رسی - پیوند - (۱) وسائل - بواعث - کسی چیز کے حاصل کرسکنے وسیلے (۲) چیز - بست - سامان - اشیا - زندگانی کی ضرورتیں +

اَسپ - ف - اسم مذکر (صحیح اسب) ۱ - گھوڑا (۲) شطرنج کا مہرہ +

اِسپات - ۷ - اسم مذکر - (اصل میں یہ لفظ پرتگیزوں سے لیا گیا ہے ہندی نہیں ہے کیونکہ پرتگالی زبان میں Espada ایک قسم کے سخت لوہے کو کہتے ہیں جو فولاد اور کھیڑی کے مانند ہوتا ہے +

آس پاس - ۷ - تابع فعل - ارد گرد - چاروں طرف چوطرفہ - گردا گرد - اورے دھورے - گرد و پیش - نزدیک - پاس پڑوس - قریب - قرب و جوار +

اَسپتال - انگلش - Hospital. اسم مؤنث دار الشفا - شفا خانہ - ہوسپٹل +

اِسپغول - ف - اسم مذکر - بزر قطونا - ایک قسم کا لعاب دار تخم ہے مزاجا سرد و تر در دوم +

اِسپند - ف - اسم مذکر - کالا دانہ - ایک قسم کا تخم ہے جو نظر بد دفع کرنیکی غرض سے جلاتے ہیں مزاجا گرم و خشک در سوم

اسپیچ - انگلش - Speech. اسم مؤنث - تقریر گفتگو - وہ تقریر جو بر سر مجلس بیان کی جائے +

اُستاد - ف - اسم مذکر (۱) آموزگار - سکھانے والا - معلم - ماسٹر (۲) کامل فن - ماہر ہنر (۳) چالاک - ہوشیار - مرشد - بیڈھب (۴) تجربہ کار - آزمودہ کار - مشاق (۵) برابر کے یار بھی آپس میں ایک دوسرے کو اس لفظ سے خطاب کرتے ہیں اس صورت میں یار دوست اُکا میاں کی بجائے خیال کرنا چاہیئے +

اُستادی - ف - اسمِ مؤنث - اُستاد ہونا + کمالِ ہُنر
فن (۲) چالاکی - ہوشیاری (۳) مشّاقی +
آستان - ف - اسمِ مذکر - (۱) دہلیز - چوکھٹ -
ڈیوڑھی - دروازہ - دہلی (۲) مسکن - مکان - گھر +
آستاں بوس - ف - اسمِ مذکر (۱) چوکھٹ چومنے والا
ماتھا ٹیک + سجدہ کرنے والا (۲) غلام - خادم - خدمتگار -
دربان (۳) معتقد - عقیدتمند +
آستاں بوسی - ف - اسمِ مؤنث (۱) ماتھا ٹیکنا - چوکھٹ
چومنا + سجدہ کرنا - غلامی - خدمتگاری - خادمی - دربانی
(۳) خوش اعتقادی - حُسنِ عقیدت (۴) کسی بزرگ سے
نیاز حاصل کرنا یا ملنا یا ملاقات کرنا +
آستانہ - ف - اسمِ مذکر (۱) چوکھٹ (۲) امیر یا بادشاہ
کا مکان - مسکن (۳) بزرگوں کا مزار - روضہ - اولیاء اللہ
کی قبریں - زیارتگاہ (۴) درویش کا مکان +
اُستانی - ہ - اسمِ مؤنث (۱) معلمہ - آتون - وہ عورت
جو لکھنا پڑھنا یا کوئی کام جیسے سینا - پرونا وغیرہ سکھائے
(۲) اُستاد کی بیوی (۳) چالاک - ہوشیار عورت +
اِستثناء - ع - اسمِ مذکر (۱) لغوی معنے باہر نکالنا - اور نحویوں
کی اصطلاح میں پہلے کلمہ میں سے کسی بات کو حرفِ استثنا لگا کر
نکالنا (۲) علیحدہ - جدا - الگ +
اِستحالہ - ع - اسمِ مذکر - تبدیلِ حالت - ایک حالت سے دوسری حالت میں ہونا
اِستحقاق - ع - اسمِ مذکر - حق طلب کرنا - اپنا حق چاہنا - کسی
بات کا سزاوار ہونا - دعویٰ - استدعا - طلب - قابلیت - حق
اِستحقاقِ نالش - ع + ف - اسمِ مذکر - قانوناً نالش کرنیکا مجاز ہونا
اِستحکام - ع - اسمِ مذکر (۱) مضبوطی - استواری -
پختگی (۲) استقلال - قیام +
اِستخارہ - ع - اسمِ مذکر - طلبِ خیر - فال - نیک شگون
- ون - کسی کام کے نیک انجام کے لئے فال دیکھنا - کسی
بات کے کرنے نہ کرنے میں ایک عمل کے ذریعے خدا تعالیٰ سے اشارہ
چاہنا +
استخارہ کا راہ دینا - ہ - فعل متعدی - فال کا حسبِ مراد
نکلنا - کسی کام کرنیکے واسطے خدا کی طرف سے قلب کا متوجہ ہو جانا
اِستخراج - ع - اسمِ مذکر - نکالنا - برآمد - نکاس
اُستخوان - ف - اسمِ مذکر (۱) ہاڑ - ہڈی - عظم
(۲) گٹھلی - نیٹرا +
اُستخواں فروشی - ف - اسمِ مؤنث - باپ دادا کی تعریف
اِستدعا - ع - اسمِ مؤنث - خواہش - درخواست
چاہنا - دعویٰ +
اَستر - ف - اسمِ مذکر - دوہرے کپڑے کی نیچے کی تہ
ابرہ کے خلاف - بطانہ - معلق تہ - جیسے چونہ وغیرہ کا
استرکاری - ف - اسمِ مؤنث - چونہ کی لپائی
ریختہ - گچ کاری +
اُسترہ - ف - اسمِ مذکر - بال مونڈنے کا اوزار -
ناچھنا - چھرا - (بضم تا صحیح بفتح مستعمل)
اُسترہ لینا - ہ - فعل متعدی - موئے زہار کا مونڈنا
کالے بالوں کو مونڈنا +
اِستری - ہ - اسمِ مؤنث (۱) ناری - نار - تریا -
عورت - لگائی (۲) جورو - بیوی - زوجہ
اِستری - ہ - اسمِ مؤنث - ی کی زیر سے وہ لوہے یا
پیتل کا بطخ کی شکل کا اوزار جسے گرم کرکے کپڑوں کی سلوٹیں
مٹاتے یا سیون بٹھاتے ہیں +
اِستسقا - ع - اسمِ مذکر (۱) لغوی معنے پانی مانگنا - تشنگی
(۲) ایک بیماری کا نام ہے جس سے پیٹ بڑھ جاتا ہے اور
پیاس بہت لگتی ہے - ہندی میں جلندر اور

جلودر کہتے ہیں +

اِستسقای زِقی - اسم مذکر - وہ استسقا جس سے معدے کے پردوں اور دل و جگر وغیرہ میں پانی جمع ہو جاتا ہے چونکہ زِق عربی میں پانی کی مشک کو کہتے ہیں اس سبب سے استسقائے آبی کو زق سے تعبیر کیا +

اِستسقائے طبلی - ع - اسم مذکر - وہ استسقا جس سے غلیظ ہوا اُن مقاموں میں جہاں جہاں استسقائے زقی کا پانی جمع ہوتا ہے بھر جائے چونکہ پیٹ بجانے سے ہوا کے باعث طبل کی سی آواز نکلتی ہے اسلیئے اس نام سے موسوم ہوا

اِستسقای لحمی - ع - اسم مذکر - وہ استسقا جس سے تمام اعضا میں ورم ہو جاے + چونکہ معدہ میں رطوبت بڑھ جانے سے کھانا ہضم ہو کر خون نہیں بنتا اور جسم زیادہ پھول جاتا ہے اسلیئے یہ نام رکھا +

اِستطاعت - ع - اسم مؤنث - قدرت - طاقت مقدور + بساط +

اِستعارہ - ع - اسم مذکر - لغوی معنے مانگ لینا - علم بیان کی اصطلاح میں مجاز کی ایک قسم ہے - یعنی جب مضاف الیہ کو مضاف سے کچھ تشبیہ کا لگاؤ ہو تو اس مضاف کو استعارہ کہتے ہیں جیسے لعل لب اور سرو قد یہاں لب کا لعل سے اور سرو کا قد سے استعارہ ہے - اگر مشبہ کو چھوڑ کر مشبہ بہ کا ذکر کرکے مشبہ سے مراد لیں تو لعل بمعنے لب اور سرو بمعنے قد ہوگا اس صورت میں استعارہ کی پوری پوری تعریف صادق آئیگی +

اِستعارہ بالتصریح - اگر مشبہ بہ کا ذکر کریں اور مشبہ کو چھوڑ دیں یا مضاف مشبہ بہ اور موجود ہو اور مضاف الیہ غیر موجود تو اس صورت میں استعارہ بالتصریح کہیں گے جیسے صنم بمعنے معشوق یہاں معشوق کو صنم کا مشابہت سے استعارہ کر لیا ہے +

اِستعارہ بالکنایہ - اگر مشبہ بہ کو چھوڑ کر مشبہ کا ذکر کریں تو اسکو استعارہ بالکنایہ کہتے ہیں کیونکہ تصریح نکرنے کا نام کنایہ ہے جیسے رُخ روشن یہاں مشبہ موجود اور آفتاب مشبہ بہ غیر موجود ہے +

اِستعانت - ع - اسم مؤنث - مدد - معاونت - طلب مدد +

اِستعداد - ع - اسم مؤنث - لیاقت - قابلیت سامان - مادہ طاقت علمی اُکت + مہارت (۲) سمائی گنجایش - وسعت +

اِستعفا - ع - اسم مذکر - لغوی معنے طلب عفو معافی - اصطلاحی نوکری کرنے سے معافی مانگنا - درخواست ترک عہدہ

اِستعفا دینا - ا - فعل متعدی - نوکری چھوڑ دینا - ترک ملازمت کرنا - نوکری چھوڑنیکی درخواست کرنا -

اِستعمال - ع - اسم مذکر - عمل میں لانا - برتاؤ

اِستعمال کرنا - ا - فعل متعدی - برتنا - کام میں لانا

اِستعمالی - ف - صفت (۱) برتا ہوا - کام میں آیا ہوا مستعمل - پرانا - (۲) کام میں لانیکی چیز - (۳) ایک قسم کا عمدہ اور باریک چاول +

اِستغاثہ - ع - اسم مذکر - (۱) داد - فریاد - انصاف چاہنا (۲) مرافعہ - اپیل - نالش - پکار +

اِستغفر اللہ - ع - ندا - (۱) خدا بچائے - خدا پناہ دے + توبہ (نفرت اور انکار کے موقع پر اسکا استعمال ہوتا ہے)

اِستغنا - ع - اسم مذکر - بے پروائی - لاابالی - غنی پن

اِستفتا - ع - اسم مذکر - عالم سے فتویٰ لینا - کوئی مسئلہ پوچھنا - فتوے +

اِستفراغ - ع - اسم مذکر (۱) قے - رد - اُلٹی - (۲) باصطلاح اطبا - فصد - تنقیہ - مسہل ا مجامعت +

اِسْتِفْسَار - ع - اِسمِ مذکر - تحقیقات کرنا - دریافت کرنا - پُوچھنا

اِسْتِفْہَام - ع - اِسمِ مذکر - سمجھنا - دریافت کرنا - سمجھنا چاہنا - نحویوں نے اِسکی تین قِسمیں قرار دی ہیں اوّل اِستخباری جس سے صرف پُوچھنا مقصود ہوتا ہے جیسے کیا کہتے ہو - دوم اقراری جس سے مضمون کا ثبوت پایا جاتا ہے جیسے کیوں نہیں کہتے سوم انکاری جس سے مضمون کی نفی ثابت ہوتی ہے جیسے ایسی بات کیوں کرتے ہو +

اِسْتِقْبَال - ع - اِسمِ مذکر - پیشوائی - اگوانی - تعظیماً کِسیکے لینے کو آگے بڑھنا - (نحو میں) زمانۂ آیندہ +

اِسْتِقْلَال - ع - اِسمِ مذکر - قیام - مضبوطی - قرار - اِستحکام + قایم مزاجی - صبر - ٹھیراؤ +

اِسْتِنْجَا - ع - اِسمِ مذکر - نجاست سے اپنے تئیں پاک کرنا طہارت - پاکی - آبدست کرنا - ڈھیلا لینا + بفتحِ مستعمل

اِسْتِنْجَا لڑنا - ا - فعل لازم - بازاری نہایت بے تکلفی کی دوستی ہو جانے کو کہتے ہیں +

اِسْتِنْجے کا ڈھیلا - ا - اِسمِ مذکر (۱) وہ ڈھیلا جس سے اِستنجا سُکھاتے ہیں - (۲) نکمّا - ناکارہ - کم قدر +

اُسْتُوَار - ع - صفت - مضبوط - مُحکم - پائیدار - مُستحکم -

اَسْتھاپَن کرنا - ہ - فعل مُتعدّی - مُورتی کو مندر میں بِٹھانا +

اَسْتھان - ہ - اِسمِ مذکر - جگہہ - مقام + مسکن - بزرگوں کے رہنے کا مقام - آستانہ +

آسْتِین - ف - اِسمِ مؤنث - انگرکھے یا کُرتے وغیرہ کا وُہ حِصّہ جو مونڈھے سے کلائی تک پہنا جاتا ہے - ہندی بانہہ

آستین چڑھانا یا آستینیں چڑھانا - ا - فعل متعدی - اوّل مُستعد ہونا - آمادہ ہونا - دوم ساٹو ٹا ہونا - سوم لڑنے کو کھڑا ہونا - سامنا کرنا +

آستین کا سانپ - ا - اسمِ مذکر - دُشمن دوست نما - بغلی دُشمن - بغلی گھونسا - خانگی دُشمن - وہ شخص جو ہمراز اور دمساز ہوکر دُشمنی کرے +

آستین میں سانپ پالنا - ا - فعل مُتعدّی - دُشمن کو پرورش کرنا - اپنے بدخواہ کو اپنے پاس رکھنا +

اِسْٹابری - اِنگلش - Straw-berry ایک قسم کا میوہ دار درخت اور اُسکا پھل جو بہدانہ سے مُشابہ ہے

اِسْٹامپ - اِنگلش - Stamp. اِسمِ مذکر (۱) چھاپ - مُہر (۲) وُہ سرکاری کاغذ جو رسُوم سرکار دیگر دستاویز وغیرہ کے واسطے لیا جاتا ہے - ٹکٹ - پکّا کاغذ - اِسٹیمپ

اِسْٹوڈنٹ - اِنگلش - Student. اِسمِ مذکر - طالبعلم

اِسْٹیشن - اِنگلش - Station. اِسمِ مذکر - مقام - قیامگاہ - ٹھیرنے کی جگہہ - ٹھکانا - چوکی +

اَسَد - ع - اِسمِ مذکر - شیر - سِنگھ - باگھ + ایک آسمانی بُرج کا نام +

آسْرا - ہ - اِسمِ مذکر (۱) پناہ - سرن + (۲) وسیلہ - برتا - بھروسا (۳) سہارا - مدد (۴) پُونجی - سرمایہ - مایہ - دھن - دَولت +

اَسْرار - ع - اِسمِ مذکر (۱) بھید - پوشیدہ بات (۲) آسیب - جن و پری کا سایہ - بھُوت - پریت +

اِسْراف - ع - اِسمِ مذکر - فضُول خرچی - خرچ بیجا +

اِسِسْٹنٹ - اِنگلش - Assistant. اِسمِ مذکر - عوام اِسٹنٹ بولتے ہیں - معاوِن - مددگار - نایب +

اِسْفَنْج - ع - اِسمِ مذکر - ابرِ مُردہ - اصل میں ایک قسم کا جانور ہے جو سمندر میں رہتا ہے جسکی کھال پانی کو جذب کر لیتی ہے

اِسْقاط - ع - اِسمِ مذکر - گِرنا + بالک گِرنا - توہنا - گر بھ پات

اِس کان سُنا اُس کان اُڑا دینا - ہ - محاورہ - سُنی اَن سُنی کرنا - کسی بات کو خیال میں نہ لانا - کسی بات پر عمل نکرنا - دِھیان دیکر نہ سُننا +

سکُول - انگلش School. اسمِ مذکر - مدرسہ - مکتب - پاٹ شالا - سال +

اِسلام - ع - اسمِ مذکر - (۱) سر جھکانا - صلح جو اور صلح خواہ ہونا - سلامتی میں رہنا (۲) محمدی مذہب مسلمانوں کا مذہب

اِسلام لانا یا قبول کرنا - ا - فعلِ لازم - مسلمان ہونا - دینِ محمدی میں آنا +

اَسلحہ - ع - اسمِ مذکر (جمع سلاح کی) لڑائی کے ہتیار

اِسم - ع - اسمِ مذکر - نام - نانو - لقب - عُرف - صرفیوں کی اصطلاح میں وُہ کلمہ جو اپنے معنی میں مستقل اور ازمنۂ ثلاثہ سے علیحدہ ہو یعنے کسی چیز یا شخص کا نام - علم +

اسمِ بامسمّیٰ - ع - جیسا نام ویسی گن - وُہ شخص جسکا نام اُس کے اوصاف کو ٹھیک ٹھیک ثابت کرے +

آسمان - ف - اسمِ مذکر (۱) چرخ - اکاس - فلک - امبر (۲) (صفت میں) بلند - اونچا +

آسمان پر اُڑنا - ا - فعلِ لازم - بڑھکر چلنا - اترانا +

آسمان پر تھوکنا - ا - فعلِ لازم - وُہ حرکت کرنی جس سے اُلٹی اپنی بیہودگی ظاہر ہو - اپنے آپ نادان بنانا +

آسمان پر چڑھانا - ا - فعلِ متعدی - (۱) سربلند کرنا - ممتاز کرنا - مرتبہ بخشنا - (۲) تعریف میں مبالغہ کرنا - خوشامد کرنا -

آسمان پر دماغ کھینچنا - ا - فعلِ لازم - مغرور ہونا - دماغدار ہونا - متکبر ہونا - اپنے کو بہت بڑا سمجھنا +

آسمان پر دماغ ہونا - ا - فعلِ لازم - متکبر ہونا بد دماغ ہونا +

آسمان پر قدم رکھنا - ا - فعلِ لازم - نخوت کرنا خود بین ہونا +

آسمان پر کھینچنا - ا - فعلِ لازم - اپنے کو کچھ سمجھنا +

آسمان ٹوٹ پڑنا - ا - فعلِ لازم (۱) آسمان گر پڑنا آسمان آن پڑنا (۲) سخت آفت آنا - بلائی ناگہانی یا آفت سماوی کا دفعتہً نازل ہونا - غضبِ الٰہی نازل ہونا - بپتا پڑنا - سخت مُصیبت پڑنا - نیز دُعائے بد +

آسمان ٹوٹنا - ا - فعلِ لازم - دیکھو آسمان ٹوٹ پڑنا)

آسمان جھانکنا یا تاکنا - ا - فعلِ لازم (۱) آسمان دیکھنا - اُڑنے کا ارادہ کرنا (۲) مُرغبازوں کی اصطلاح میں مُرغ کا مستانا - تیاری پر آنا - کُشتی چاہنا - جھڑپ چاہنا - لڑنے کے قابل ہو جانا +

آسمان زمین ایک ہونا - ا - فعلِ لازم - بڑا بھاری تغیّر و تبدّل ہونا - زمانہ اُلٹ پُلٹ ہو جانا - نہایت مُصیبت پڑنا - تفرقۂ عظیم برپا ہونا - ادھر کی دُنیا اُدھر ہونا +

آسمان زمین کا فرق - ا - (زیادہ تر زمین آسمان کا فرق بولتے ہیں) فرقِ عظیم - بہت بڑا فرق +

آسمان زمین کے قلابے ملانا - ا - فعلِ متعدی - (۱) عیّاری کرنا - چالاکی کرنا - جوڑ توڑ ملانا (۲) چرب زبانی کرنا - سخن سازی کرنا - نہایت جھوٹ بولنا +

آسمان سر پر اُٹھانا - ا - فعلِ متعدی - نہایت غل و شور مچانا - شور و شر کرنا - دُھوم مچانا - اُودھم ڈالنا - شور و شغب کرنا

آسمان سر پر ٹوٹ پڑنا یا ٹوٹنا - ا - فعلِ لازم - آفت ٹوٹنا - بلا آنا - غضب نازل ہونا - مُصیبت پڑنا +

آسمان سے باتیں کرنا - ا - فعلِ لازم (۱) آسمان کے قریب ہونا - بلندی میں آسمان کی ہمسری کا دعویٰ کرنا - آسمان سے چھونا - آسمان سے ٹکّر کھانا - نہایت بلند ہونا - (جب بلندی میں مبالغہ منظور ہوتا ہے تو یہ فقرہ کہتے ہیں) +

آسمان سے ٹکر کھانا - ا - فعل لازم - دیکھو آسمان سے باتیں کرنا +

آسمان سے گرنا - ا - فعل لازم (۱) آسمان سے نیچے پڑنا (۲) بے مشقت حاصل ہونا - بے محنت ہاتھ لگنا - پڑا پانا (۳) کم قدر ہونا - کم رتبہ ہونا +

آسمان قدر - ف + ع - صفت - نہایت بلند مرتبہ - عالیشان - عالیجاہ +

آسمان کھونچا - ا - اسم مذکر - ایک قسم کا بہت بڑا حقہ ہے جسکی نے کوٹھے تک پہنچتی ہے اور میلے تماشے میں گگڑ والے اُسے بازار میں کھڑے ہو کر کوٹھے پر بیٹھے ہوئے آدمیوں کو حقہ پلا دیتے ہیں

آسمان کے تارے توڑنا - ا - فعل متعدی - ناممکن اور دشوار کام کو کرنا - عیاری کرنا +

آسمان میں تھگلی لگانا - ا - فعل متعدی - عو - (۱) آسمان میں پیوند لگانا (۲) جہاں کوئی نہ پہنچ سکے وہاں پہنچنا - عیاری کرنا - چالاکی کرنا - کٹنا پا کرنے میں مشاق ہونا

آسمان میں چھید ہو جانا - ا - فعل لازم - لگاتار برسنا - اسطرح برسنا کہ کھلنے کا نام نہ لینا - کثرت بارش کا مبالغہ ہے -

آسمانی - ف - صفت (۱) آکاسی - امبر کا - سماوی - آسمان کا - (۲) نیلگوں - آبی - ہلکا نیلا (۳) اوپری - بالائی (۴) ناگہانی - از غیبی +

آسمانی آفت یا بلا - ا - اسم مؤنث - ناگہانی صدمہ غضب الٰہی - از غیبی دھکا +

آسمانی پلانا - ا - فعل متعدی (عوام) بھنگ یا تاڑی پلانا نشہ پلانا +

آسمانی تیر - ا - اسم مذکر (۱) وہ تیر جو آسمان کے رخ پر چھوڑیں - تیر ہوائی (۲) بلائے آسمانی (۳) بے فائدہ اور بے ٹھکانے کام +

آسمانی دھکا - ا - اسم مذکر - صدمۂ غیب - بلائے ناگہانی

آسمانی رنگ - ا - صفت - ہلکا نیلا - نیلا یا آبی رنگ +

آسمانی کتاب - ا - اسم مؤنث - کتاب الٰہی - وہ کتاب جو خدا کی طرف سے پیغمبروں پر نازل ہو +

آسمانی گولہ - ا - اسم مذکر - دیکھو آسمانی دھکا +

آسن - ہ - اسم مذکر (۱) بیٹھک - بیٹھنے کا طریقہ (۲) ران کے نیچے کا حصہ - جانگ - زانو (۳) جوگیوں کے بیٹھنے کا ڈھنگ (۴) وہ اونی کپڑا جس پر ہندو لوگ بیٹھکر پوجا کرتے ہیں جیسے جانماز (۵) مسند - گدی - (۶) جوگیوں کے رہنے کی جگہہ - مٹھ - منڈھی (۷) ہاتھی کی گردن جہاں فیلبان بیٹھتا ہے (۸) مباشرت کا طریقہ - وہ چھتیس ۳۶ طریقے جو کوک شاستر میں لکھے ہیں -

آسن اکھڑنا - ہ - فعل لازم - سوار کا اپنی بیٹھک سے ہٹ جانا - ران نہ جمنا - گھوڑے پر جما نرہنا +

آسن باندھنا - ہ - فعل متعدی - رانیں جکڑنا - رانوں میں کسنا - دونوں رانوں کے بیچ میں دبانا - رانوں میں بھینچنا +

آسن پاٹی - ہ - اسم مؤنث - بیٹھنے کا بچھونا - استر بستر + (ہندو)

آسن پاٹی لیکر پڑنا - ہ - فعل لازم - دیکھو (اٹوائی کھٹوائی لیکر پڑنا) (ہندو)

آسن تلے آنا - ہ - فعل لازم - (۱) ران تلے آنا سواری کے تلے آنا - سواری دینا (۲) بس میں آنا - قابو میں آنا +

آسن جمانا - ہ - فعل لازم (۱) ران جمانا - گھوڑے پر جم کر بیٹھنا - گھونٹا سا بیٹھنا - جمنا (۲) بہت دیر تک ہم بستر رہنا +

آسن جوڑنا یا آسن سے آسن جوڑنا - ہ - فعل متعدی

(۱) ران سے ران ملا کر بیٹھنا - جوگیوں کی بیٹھک بیٹھنا -
کبھی دوزانو اور کبھی چارزانو بیٹھنے کے موقع پر بھی بولتے
ہیں (یہ لفظ جوگیوں کے ہاں مستعمل ہے)

آسن ڈگانا - ہ - فعل متعدی - عبادت کی بیٹھک سے
اٹھا دینا - نیت میں فرق ڈلوا دینا - بدنیت کرنا +
جس موقع پر کسی خوبصورت کی تعریف میں مسلمان لوگ کہتے ہیں کہ
اسکے دیکھنے سے وضو ٹوٹتا ہے اسی موقع پر ہندو یہ کلمہ کہتے ہیں
یعنے پارسائی میں فرق لاتا ہے +

آسن لگانا - ہ - فعل متعدی (۱) جوگیوں کا اڑ کر بیٹھنا
ہٹ کرکے ایک جگہہ بیٹھ جانا (۲) بستر اجمانا - بستر لگانا +
بسیرا کرنا - بسرام کرنا - ٹھیرنا +

آسن لینا - ہ - فعل متعدی - ٹانگیں اٹھانا - جماع
کرنے پر مستعد ہونا - رانوں میں دبانا +

آسن مارنا - ہ - فعل لازم - عبادت کے واسطے جوگیوں
کا کسی جگہہ جمکر بیٹھنا - ایک بیٹھک سے بیٹھنا - چارزانو بیٹھنا
دوزانو بیٹھنا +

اَسناد - ع - اسم مونث - جمع سند - لغوی معنی تکیہ گاہ - اصطلاحی
دستاویز - لکھتم - وثیقہ - کارنامہ - سفارش نامہ - سرٹیفکیٹ
+ حکم - مثال +

اَسوج - ہ - اسم مذکر - ہندی ساتواں مہینا - جسے آسن
بھی کہتے ہیں نصف ستمبر سے نصف اکتوبر تک +

آسودگی - ف - اسم مونث (۱) آرام - چین - راحت
(۲) دولتمندی - مرفہ الحالی - فراغبالی +

آسودہ - ف - صفت (۱) چین کرنے والا - آرام کرنیوالا
خوشدل (۲) دولتمند - مالدار (۳) مطمئن - سیر (۴)
(تابع فعل میں) اچھی طرح - خوشحال ؟

آسودہ حال - ف + ع - صفت - مرفہ الحال -
فارغ البال - فرخندہ حال - خوش گزران - مالدار - امیر +

آسی - ہ - صفت - آٹھ دہائی - ہشتاد - ۸۰ +

اِسی - ہ - ضمیر - اس ہی کا مخفف ہے - کلمہ حصر و تاکید - یہی +

آسیب - ف - اسم مذکر - (۱) صدمہ - دھکا (۲) نقصان
ضرر (۳) خوف وخطر (۴) آفت - دکھ - آزار (۵) جن
بھوت - پریت - پری کا خلل +

آسیب اتارنا - ا - فعل متعدی - جن یا بھوت کو منتر
یا علم اور عمل کے زور سے دفع کرنا +

اَسیر - ع - اسم مذکر - قیدی - بندھوا +

اُسیر - ہ - اسم مونث - عو (صحیح اوسیر) یاد - ٹھرک +

اَسیرباد - ہ - اسم مونث - دعائے خیر صحیح (آشیرباد)

اَسیس - ہ - اسم مونث - دعائے خیر +

اَسیسر - انگلش اسم مذکر Assessor. (۱) ٹیکس تجویز
کرنیوالا - مشخص محصول (۲) مشیر - مددگار - منصف - پنچ -

اَسیسنا - ہ - فعل لازم (ہندو) دعا دینا +

آش - ف - اسم مونث (۱) وہ غذا جسے آسانی سے پی سکیں
جیسے شوربہ - حریرا - شلہ وغیرہ - اشیائے مشروبہ (۲) انکسارا
کھانے کی چیز - طعام جیسے آب و آش حاضر ہے +

آش پکانا - ا - فعل متعدی (۱) شوربہ وغیرہ تیار کرنا (۲) کسیکو زک
دینے کے واسطے مقدمہ بنانا - منصوبہ باندھنا - سازش
کرنا + ٹھیک بنانا - درست کرنا - پیٹنا - پلیتھن نکالنا
(برا محاورہ ہے) +

آش پلاؤ - ف - اسم مذکر - ایک قسم کا پلاؤ ہے جو مریض
کو دیا جاتا ہے +

آش جو - ف - اسم مذکر - جو کا جوش دیا ہوا پانی -
آب جو - مثل نخود آب +

اِشارہ - ع - اسم مذکر - (۱) رمز - سین - کنایہ - ایما -

(۲) علامت - پہچان - شناخت +

اِشارہ کرنا - ا - فعل مُتعدّی (۱) سین مارنا - ایما کرنا - آنکھ یا بھوں یا کسی اور عضو کے وسیلہ سے دِل کی بات ظاہر کرنا - بن بولے اپنا منشا ظاہر کرنا (۲) بہکانا - سنکارنا - بھڑکانا +

اَش اَش کرنا - ا - فعل متعدی (۱) نہایت خوش ہونا - واہ واہ کرنا - خوشی کے مارے وجد کرنا (۲) تحسین و آفرین کرنا - یہ لفظ عربی میں اشاش تھا جسکے معنے خوشی منانیکے آئے ہیں اُردو والوں نے اُسے بگاڑ کر اش اش کرلیا اور یہاں تک ہاتھ صاف کیا کہ عین سے عشعش لکھنے لگے اور اپنے ذہن میں خلاف قاعدہ عیش اِسکا ماخذ بھی قرار دے لیا حالانکہ اِس عشعش کے معنے گھونسلے کے آئے ہیں - اُنکو چاہیئے ذرا عربی کے بڑے بڑے لُغات کو بھی مُلاحظہ فرمائیں +

اِشتباہ - ع - اسم مذکّر - لُغوی معنے مُشابہ ہونا - اِصطلاحی گمان - شک - شُبہ +

اِشتعال - ع - اِسم مذکّر - شُعلہ اُٹھانا - آگ لہکانا - بھڑکانا - لو - لپٹ +

اِشتعال دینا - ا - فعل مُتعدّی - بتّی اُکسانا - لہکانا + بہکانا - بھڑکانا - بہکاکر لڑوا دینا +

اِشتعالک (ع + ف) اسم مُؤنّث - دیکھو اشتعال)

اِشتقاق - ع - اِسم مذکّر - کسی شئے کو پھاڑ کر کچھ نکالنا - صرفیوں کی اصطلاح میں مصدر سے اور صیغوں کا نکالنا +

اِشتہا - ع - اسم مُؤنّث - خواہش - بھوک - کھدیا +

اِشتہار - ع - اِسم مذکّر - مشہور کرنا - شُہرت دینا - نوٹس - اِطّلاع - اِعلان - مطبوعہ اعلام +

اِشتہاری - ا - اِسم مذکّر - وُہ مُجرم جسکے پکڑنیکے واسطے اشتہار دیا گیا ہو +

آشتی - ع - اِسم مُؤنّث - صُلح - دوستی - اتّفاق میل

اِشتیاق - ع - اِسم مذکّر - شوق - آرزو - تمنّا - ابلا کھا +

اَشٹمی - س - اِسم مُؤنّث - ہندی بدی اور سُدی کی آٹھویں تاریخ +

اَشَدّ - ع - صِفت - سخت تر - نہایت زیادہ +

اَشُدھ - س - صِفت (۱) ناپاک (۲) غلیظ +

اَشراف - ع - اِسم مذکّر - جمع شریف (اُردو میں مُفرد مُستعمل ہے) بھلامانس (۱) عالی خاندان - رئیس - عالی نسب - امیرزادہ - ذی رُتبہ - ذی عزّت - جنٹلمین (۲) سیدھا بے کپٹ - غریب - نیک (۳) مُہذّب - شائستہ +

اَشرافت - ع - اِسم مُؤنّث - بھلمنسائی - شائستگی +

اِشراق - ع - اِسم مذکّر (۱) وقت طُلوع آفتاب نکلنے کا وقت یا اُسوقت کی نماز (۲) حکمت - روشن ضمیری - تصفیہ باطنی

اَشرفُ المخلوقات - ع - اِسم مذکّر - سب خلقت سے بڑا - آدمی - اِنسان - بنی آدم - حیوانِ ناطق +

اَشرفی - ف - اِسم مُؤنّث (۱) مُہر - وُہ سونیکا سکّہ جسکی قیمت عموماً سولہ روپیہ ہوتی ہے (۲) ایک قسم کا گول زرد پھول + گول بُوٹی +

اَشغلا اُٹھانا یا چھوڑنا - ا - فعل مُتعدّی - عو - طُوفان اُٹھانا - بُہتان لگانا - فِتنہ برپا کرنا - شگوفہ چھوڑنا + انوکھی بات کرنا - چُٹکلا چھوڑنا + کوئی بات بناکر دو کو لڑوا دینا +

آشُفتگی - ف - اسم مُؤنّث - پریشانی + فریفتگی + دِیوانگی +

آشُفتہ - ف - صفت (۱) پریشان - آوارہ - خراب خستہ (۲) عاشق - والہ - فریفتہ (۳) دِیوانہ - باولا +

آشفتہ حال یا سر - ف - اسم مذکر - پریشان حال - پراگندہ خاطر -
اَشْک - ف - اسم مذکر - آنسو - ٹسوا +
اشکباری - ف - اسم مؤنث - گریہ وزاری - رونا +
اشکشوئی - ف - اسم مؤنث - تسلّی - دلاسا - آنسو پونچھنا
آشکار یا آشکارا - ف - صفت - ظاہر - کھلم کھلّا - علانیہ
عیاں - نمایاں - بدیہہ +
اُشْلُک لگانا - و - فعل متعدّی - عو - بلفظ ترکی میں
اُشْلُق تھا - تہمت لگانا - بہتان لگانا +
اَشْلوک - ہ - اسم مذکر - نظم - شعر - بیت - دوہا +
آشنا - ف - اسم مذکر - (۱) دوست - محب - یار - مبیت (۲) ملاقاتی
جان پہچان - ملاقاتی (۳) رنڈی یا رنڈی کا یار (۴) ناتہ دار - رشتہ دار
(اس معنی میں گنوار بولتے ہیں) (۵) صفت ہیں) واقف - روشناس
آشنائی - ف - اسم مؤنث (۱) دوستی - محبت - یاری - اختلاط
(۲) واقفیت - واقفکاری - ملاقات - صاحب سلامت (۳)
لاگ - لگاوٹ - عشق - دل لگی - نیہ - ناپاک دوستی (۴) علاقہ
تعلّق - رشتہ داری (گنوار بولتے ہیں)
آشنائی چھوٹنا - و - فعل لازم - ترک ملاقات ہونا -
دل لگی کا جاتا رہنا +
آشنائی کرنا - و - فعل متعدّی (۱) دوستی کرنا - آنکھ لگانا
(۲) ربط کرنا - رسائی کرنا - یارانہ گانٹھنا (شاعروں نے باندھا ہے)
آشوب - ف - اسم مذکر (۱) پریشانی (۲) شور - غوغا -
غل غپاڑا - (۳) بکھیڑا - طوفان - فتنہ وفساد - غدر - بلوا -
(۴) غبار - آنکھ کی سرخی اور گدلاپن +
آشوب چشم - ف - اسم مذکر - آنکھ کی سرخی - آنکھ دکھنا
آشیان یا آشیانہ - ف - اسم مذکر - پرندوں کا گھر - گھونسلا
نشیمن (۲) تحقیراً چھوٹا سا گھر - جھونپڑا - خانہ - مکان -
اَشیا - ع - اسم مؤنث - شے کی جمع - چیزیں +

اَصَالَت - ع - اسم مؤنث - اصلیت - اصل پن - ذاتی پن
پیدائشی خاصیت - جبلّی عادت - قومی اثر - نطفہ کا اثر -
اصالت پر آنا - ا - فعل لازم - قومی اثر پر آنا - بذاتی اور شرارت کرنا
اَصَالتاً - ع - تابع فعل - بذات خود - بلاوسیلہ - خود آپ -
بہ نفس نفیس +
اِصْرار - ع - اسم مذکر (۱) ہٹ - ضد - اڑ - ہٹیلاپن - تکرار (۲) تاکید
اِصْراف - ع - اسم مذکر - صرف - خرچ +
اِصْطِباغ - ع - اسم مذکر (۱) رنگ چڑھانا - رنگنا - مذہب میں
ملانا (۲) تبدیل مذہب کے وقت سر پر پانی چھڑکنا یا غوطہ دینا
بپتزم - غوطہ +
اِصطباغ دینا - ا - فعل متعدّی - رنگنا - عیسائی مذہب
میں لانا - بپتزما دینا +
اِصطباغ لینا - ا - فعل متعدّی - مذہب عیسوی
اختیار کرنا - بپتزما لینا +
اَصْطَبَل - یونانی و معرّب - اسم مذکر - گھڑسال - طویلہ -
اسکے تلفّظ میں اختلاف ہے روزمرۂ حال اور کشف اللّغات کے موافق فتح
اوّل ہی درست ہے مگر یونانی تلفّظ اور صراح منتخب مزیل الاغلاط و
غیاث میں بکسر اوّل و بائے موحّدہ موقوف پایا جاتا ہے لیکن شعرائے
ہند نے اس بے کو متحرّک و موقوف دونوں طرح سے باندھا ہے چنانچہ
ایک ایک مصرعہ لکھا جاتا ہے (سودا) ؎ بدمیں یہ کہ اصطبل اُدھر کرے ہزار
(میر انیس) ؎ خالی ہوا اصطبل چلے آتے ہیں گھوڑے +
اِصْطِلاح - ع - اسم مؤنث جب کوئی قوم یا فرقہ کسی لفظ کے
معنی موضوع کے علاوہ یا اُس سے ملتے جلتے کوئی اور معنے ٹھہرا لیتا ہے تو
اُسے اصطلاح یا محاورہ کہتے ہیں کیونکہ اصطلاح کے لغوی معنے باہم
مصلحت کر کے کچھ معنی مقرّر کر لینے کے ہیں - اسیطرح وہ الفاظ جنکے معنی بعض
علوم کے واسطے مختص کر لیے ہیں اصطلاح علوم میں داخل ہیں - خیال ہے کہ
اصطلاحی اور لغوی معنوں میں کچھ نہ کچھ نسبت بھی ضرور ہوتی ہے +

اَصْل - ع - اِسمِ مؤنّث - (۱) بیج - بُنیاد - جڑ - (۲) منبع سرچشمہ - نکاس + مادّہ - دھاتو (۳) تُخم - بیج (۴) تت - تتھا رتھ - ست - عِطر - جزو اصل - خلاصہ (۵) سرِشت وُجُود - ہستی - طینت - جبلّت (۶) حقیقت - ماہیت + بساط - کائنات (۷) نسب + نُطفہ کا اثر - خاندانی اثر (۸) سبب کارن - (۹) سرمایہ - پُونجی - مُول - خلاف سُود + مال (۱۰) ذات جیسے کم اصل بمعنے کم ذات اور کمینہ - (۱۱) شریف - خاندانی - جیسے اصل سے خطا نہیں کم اصل سے وفا نہیں (۱۲) کتاب کی عبارت - متن - کسی کتابِ مُقدّس کا مقُولہ - قول (۱۳) اوّل مُقدّم آد - (صفت میں) ۱ - ٹھیک - واقعی - ضدِ نقل - خالص نفس الامر + خاص + عُمدہ - تحفہ - چوکھا - بے غش - بے کھوٹ - بے مِلاوٹ - کھرا - بے آمیزش - بے غل وغش +

اَصْلاً یا **اَصْلاً** - ع - تابعِ فعل - مُطلقاً - ہرگز - کبھی - کسی حالت میں - بالکُل مُطلق - زِنہار - تاکیدی نفی -

اِصْلاح - ع - اِسمِ مؤنّث (۱) صحّت - درستی - مرمّت (۲) ترمیم - تصحیح - نظرِ ثانی - (۳) حجامت - خط + درستیِ خط (۴) باصطلاحِ طب ادویہ کو مُناسب مزاج پر لانا +

اِصلاح بنوانا - ا - فعلِ مُتعدّی - حجامت بنوانا - خط بنوانا +

اِصلاح دینا - ا - فعلِ مُتعدّی - درست کرنا - بنانا سنوارنا - غلطی نکالنا - صحیح کرنا +

اَصْل خیر سے - ا - تابعِ فعل - عو - خیریت سے - بخیر - سلامتی سے +

یہ مُسلمان عورتوں کا تکیہ کلام ہے جسے فال نیک سمجھ کر کسی ذِکر کے شُروع کرنے سے پہلے زبان پر لاتی ہیں +

اَصْلُوں - ا - تابعِ فعل - عو - اصلاً - بالکُل مُطلق +

اَصْلی - ع - صِفت (۱) حقیقی - ذاتی - خِلقی - جنمی - پیدائشی بے بناوٹ - جبلّی - فِطرتی + جگری - دِلی (۲) مُقدّم اوّل (۳) ٹھیک - سچ (۴) ضدِ نقلی (۵) خاص قدیم - جیسے اصلی باشندے +

اَصْلِیَّت - ع - اِسمِ مؤنّث - دیکھو (اصل) +

اُصُول - ع - اِسمِ مذکّر - جمعِ اصل (۱) جڑیں - قاعدہ بُنیاد - قانُون - عِلّت - جڑ - (اُردُو میں واحد بھی مُستعمل ہے)

اَصِیل - ع - صِفت (۱) اچھی نسل والا (۲) نیکذات غریب (۳) نجیب - شریف (۴) عُمدہ لوہے کی تلوار آبدار تلوار - تیغِ بُرّاں - (۵) وہ گھوڑا جو شریر نہو (۶) اِسم میں - ماما - خادمہ - روٹی پکانے والی عورت + لونڈی - باندی - (۷) ایک عُمدہ قسم کا مُرغ - ٹینی کے خِلاف +

اِضَافَت - ع - اِسمِ مؤنّث (۱) نِسبت - سمبندھ - لگاؤ - میل (۲) ایک کلمہ کو دُوسرے کلمہ کی طرف مُضاف کرنا - وہ زیر جو مُضاف اور مُضاف الیہ کے درمیان واقع ارباب تحقیق کے نزدیک صرف چار قسم کی اِضافتیں ہیں ایک تملیکی دُوسری تخصیصی تیسری بیانی چوتھی ظرفی - باقی سب تخصیصی میں داخل ہیں - مگر نحویوں نے بہ ترتیب ذیل شُمار قرار دی ہیں -

۱ تملیکی - ۲ تخصیصی - ۳ توضیحی - ۴ بیانی - ۵ تشبیہی - ۶ مجازی - ۷ ظرفی - ۸ اقترانی - ۹ ابنی - ۱۰ اِضافت بادنیٰ مُلابست +

اِضَافَہ - ع - اِسمِ مذکّر - (۱) بیشی - ترقی - زیادتیِ تنخواہ بڑھوتری (۲) بچت - فاضل (۳) شمُول - اِلحاق +

اِضْطِرَاب - ع - اِسمِ مذکّر (۱) بیقراری - بے چینی

بیتابی - گھبراہٹ (۲) جلدی - شتابی + عجلت +

اَضْلاع - ع - اسم مذکر - (جمع ضلع) (۱) لغوی معنے پسلیاں
پہلو - خطّہ - زمین - مراداً صوبہ - اور ملک کا وُہ حصّہ جو
ایک حاکم کے ماتحت ہو - لوکل - (۲) خطوط مثلث یا مربع
و مستطیل وغیرہ کی حدیں +

اِضْمِحلال - ع - اسم مذکر - پژمردگی + کسل - سستی - کاہلی

اِطاعت - ع - اسم مؤنث - تابعداری - بندگی - فرماں برداری
چاکری +

اَطِبّا - ع - اسم مذکر - (جمع طبیب) بید - علاج معالجہ کرنیوالا
حکیم - ڈاکٹر - دوا دارو کرنیوالا +

اَطراف - ع - اسم مؤنث (جمع طرف) سمت - اور -
کنارہ - جانب +

اِطریفل - ع - اسم مذکر - یہ لفظ ترپھلہ کا معرّب ہے ایک
قسم کی معجون ہے جسمیں ہلیلہ - بلیلہ - آملہ پڑتا ہے +

اَطفال - ع - اسم مذکر (جمع طفل) لڑکے بالے - بال
بچے +

اِطّلاع - ع - اسم مؤنث (۱) آگاہی - خبر - رپورٹ -
(۲) نوٹس - اعلان - اشتہار +

اِطلاق - ع - اسم مذکر - رواں کرنا - کہنا - جاری کرنا
+ بولا جانا - استعمال ہونا +

اَطلس - ع - اسم مؤنث - ایک قسم کا ریشمی کپڑا جیسے -
ساٹن وغیرہ +

اِطمینان - ع - اسم مذکر - (۱) دلجمعی - ڈھارس -
خاطر جمع - تسلی - دلاسا - صبر - طمانیت - سنتوکھ +

اَطوار - ع - اسم مذکر - (جمع طور) وضع - ڈھنگ -
طریقہ - چال چلن + بان - عادت +

اِظہار - ع - اسم مذکر - (۱) کھولنا - ظاہر کرنا - انکشاف
افشا (۲) بیان - کیفیت + حقیقت (۳) گواہی - شہادت
وُہ قلمبند کیفیت جسکو اہل مقدمہ عدالت میں لکھوائے +

اَظہر - ع - صفت - ظاہر تر - خوب ظاہر - صریح - بدیہہ +

اِعانت - ع - اسم مؤنث - مدد - سہارا - سہائتا +

اِعتبار - ع - اسم مذکر (۱) تکیہ - بھروسا - پرتیت - ساکھ -
اعتماد (۲) ایک کو دوسرے پر قیاس کرنا - خیال - لحاظ -
(۳) یقین (۴) اطلاق (۵) عبرت +

اِعتدال - ع - اسم مذکر (۱) برابر - کم نہ زیادہ - سمویا ہوا ٹھیک
برابر - یکساں (۲) تناسب اعضا - سڈول +

اِعتراض - ع - اسم مذکر - حایل ہونا - روک - عذر - انکار + شبہہ
نکتہ چینی - کوئی قباحت پیش کرنا - روگردانی - حجت - مخالفت

اِعتراض کرنا - ا - فعل متعدی - روکنا - ٹوکنا - گرفت
کرنا - نکتہ چینی کرنا +

اِعتراف - ع - اسم مذکر اقرار کرنا - تسلیم کرنا +

اِعتقاد - ع - اسم مذکر - گرویدہ ہونا - عقیدہ - اعتبار +
یقین - بھروسا + ایمان - دھرم +

اِعتکاف - ع - اسم مذکر - اپنے کو باز رکھنا - گوشہ نشینی - مسجد

اِعتماد - ع - اسم مذکر - دیکھو (اعتبار) +

اِعجاز - ع - اسم مذکر - عاجز کرنا - معجزہ - کرامات - کرشمہ - خرق عادت

اُعجوبہ - ع - صفت - عجیب تر - انوکھا - انوٹھا - طرفہ -
نادر - عجیب +

اَعدا - ع - اسم مذکر (جمع عدو) - دشمن - بیری - مخالف

اَعداد - ع - اسم مذکر (۱) گنتی (۲) ہندسہ - آنک - رقم

اِعراب - ع - اسم مذکر زیر - زبر - پیش وغیرہ - لگ ماتر
وُہ علامات جنسے حروف کے حرکات ظاہر ہوں +

اَعراف - ع - اسم مذکر (۱) دوزخ اور بہشت کے درمیان
کا مقام یا حدّ فاصل (۲) قرآن کی ایک سورت کا نام +

اِعزاز - ع - اسم مذکر - عزت - شہرت - ناموری + رتبہ درجہ +

اَعضا - ع - اسم مذکر - (جمع عضو) ہاتھ اور پاؤں کے جوڑ بند +

اعضا شکنی - ف - اسم مؤنث - ہڈ پھوٹن - جوڑوں میں درد ہونا

اِعلان - ع - اسم مذکر - ظاہر کرنا - اظہار - شہرت +

اَعلیٰ - ع - اسم مذکر - بہت بلند - بڑا - اونچا + بلند مرتبہ +

اعلیٰ علیّین - ع - اسم مذکر - بہشت بلند - پاک روحوں کو اونچے اونچے مکان

اَعمال - ع - اسم مذکر - (جمع عمل) کام - افعال - کرنی - کرتک

اعمالنامہ - ع + ف - اسم مذکر (۱) وہ رجسٹر جسمیں کراماً کاتبیں انسان کے برے بھلے کام روز قیامت کے دن پیش کرنیکے واسطے لکھتے جاتے ہیں (۲) یادداشت کی فرد - کاغذات کار متعلقہ +

آغا - ت - اسم مذکر (۱) صاحب - مالک - خداوند - (۲) برادر کلاں - آکا - (۳) کابلی مغلوں کا لقب +

آغاز - ف - اسم مذکر - (۱) شروع - ابتدا - آد - اوّل (۲) سرنامہ +

آغا مینا - ا - اسم مؤنث - عو - (۱) بنگالہ کی مینا جسے آغا آغا کہنا سکھاتے ہیں - (۲) وہ بچہ جو پیاری پیاری باتیں کرے - طفل خوش گفتار - مراداً طوطی خوش الحان

اِغلام - ع - اسم مذکر - لغوی معنے غلام کی سواری لینا - اصطلاحی لونڈوں کی سواری کسنا - لڑکوں کے ساتھ بدفعلی کرنا - لواطت لونڈے بازی جو ایک قسم کا جرم خلاف وضع فطرتی میں داخل ہے -

اغلامی - ف - اسم مذکر - لونڈے باز +

اَغلب - ع - اسم مذکر - غالب تر - گمان غالب - یقین کے قریب - ضرور - بیس بسوے +

اِغماز - ع - اسم مذکر - عو - غمزہ - نخرہ - غرور کرنا - اترانا -

اِغماض - ع - اسم مذکر - (۱) روگردانی - چشم پوشی - درگزر (۲) بے پروائی +

اِغوا کرنا - ا - فعل متعدی - بہکانا - ورغلانا +

آغوش - ف - اسم مذکر - بغل - کنار - گود - کولی +

اَغیار - ع - اسم مذکر - (جمع غیر) ا - اجنبی - جو رشتہ کا نہو باہر والا - (۲) عدو - دشمن - (۳) رقیب +
جب ایک معشوق کے کئی عاشق ہوتے ہیں تو وہ ایک دوسرے کو اغیار کہتے ہیں - اردو میں واحد مستعمل ہے +

اُف - ع - حرف صوت (۱) آہ - اوہ (۲) افسوس - چونکہ آتش دل بجھانے کے واسطے منہ سے یہ آواز نکلتی ہے اس لیئے یہ لفظ کبھی آہ سرد کبھی اظہار درد اور کبھی افسوس کے موقع پر بولتے ہیں +

اُف تیرا کاٹا نہ جیئے - محاورہ - زہر قاتل - سخت ظالم اور مردم آزار یا ایسے فریبی کے حق میں جسکے فریب سے کوئی نبچ سکے یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں +

اُف رے - ا - آہ رے - اوہ رے - جب کسی چیز کی افراط اور افزونی بیان کرنی منظور ہوتی ہے تو بطور مبالغہ یہ کلمہ کہتے ہیں جیسے اُف رے گرمی اُف رے بیتابی +

اُف کر دینا - ا - فعل متعدی - عو - جلا کر خاکستر کر دینا (۲) چرا کر صفایا کر دینا - تنکا تک نہ چھوڑنا +

اُف کرنا - ا - فعل متعدی (۱) منہ سے بھاپ نکالنا - آہ کرنا - (۲) شکایت زبان پر لانا +

اُف نکرنا - یا اُف نہ نکالنا - ا - فعل متعدی عو - (۱) سانس نہ نکالنا - باوجود صدمہ منہ سے بھاپ نکالنا - آہ نکرنا - صدمہ کو پی جانا (۲) شکایت زبان پر نہ لانا - کچھ نہ بولنا

اُف ہو جانا - ا - فعل متعدی - عو - خاک اڑ جانا - کچھ باقی نرہنا - بالکل صرف ہو جانا - صفایا ہو جانا - جلکر راکھ ہو جانا

مِٹ جانا - فنا ہوجانا +

آفاق - ع - اسمِ مذکر - (جمع اُفُق) ۱ - آسمان کے کنارے (۲) عالم - سنسار - جگ +

اِفاقہ - ع - اسمِ مذکر - لُغوی معنی ہوش میں آنا - اِصطلاحی آرام - کمیٔ مرض - صحّت - سُبیتا - سوفتہ + فرق - فائدہ +

آفت - ع - اسمِ مؤنّث (۱) بلا - دُکھ - مُصیبت - بپت - صدمہ - آسیب (۲) فِتنہ - قہر - ظُلم - ستم (۳) کلمۂ تعریف - مثلِ غضب - قیامت وغیرہ - بیڈھب (۴) طرّار - شریر - چالاک - شوخ چشم - عیّار وغیرہ (۵) جھگڑا - ٹنٹا + دِقّت - دُشواری (۶) وبا - مری (۷) عو - بے انصافی (۸) عتاب - غُصّہ (مُرکبات میں) ۹ - شور - غُل +

آفت اُٹھانا - ا - فعلِ لازم (۱) مُصیبت کا برداشت کرنا - دُکھ جھیلنا - تکلیف سہنا (۲) حشر برپا کرنا - فتنہ اُٹھانا - ستم ڈھانا (۳) غُل شور مچانا - غُل غپاڑا کرنا - غُل کرنا - شور مچانا +

آفت آنا - ا - فعلِ لازم (۱) مُصیبت یا بلا کا وارد ہونا - صدمہ پڑنا (۲) مری پڑنا - وبا آنا +

آفت پڑنا - ا - فعلِ لازم - عو - (۱) غضب ٹوٹنا - قہر نازل ہونا - بلا میں پھنسنا - ستیاناس ہونا (۲) مُصیبت پڑنا - عضبِ الٰہی سے کسی بلا مثل وبا وغیرہ میں گرفتار ہونا +

آفت توڑنا - ا - فعلِ متعدّی - عو - غُصّہ کرنا - خفا ہونا - شور کرنا + ستم توڑنا - حشر برپا کرنا - قیامت مچانا +

آفت ٹوٹنا - ا - فعلِ لازم - عو - (۱) دیکھو (آفت پڑنا) ۲ خفگی ہونا + جھگڑا ہونا +

آفتِ جاں - ع + ف - صفت (۱) جان کا روگ - بلائے جان + معشوق - دلبر +

آفت ڈالنا - ا - فعلِ متعدّی - بلا نازل کرنا - مُشکل - دِقّت اور تفرقہ ڈالنا +

آفت ڈھانا - ا - فعلِ متعدّی - عو - حشر برپا کرنا - ستم توڑنا - ہنگامہ برپا کرنا + خفا ہونا +

آفت رسیدہ - ف - صفت - دُکھیا - دُکھیارا - مُصیبت زدہ - ستم رسیدہ - سرگشتہ +

آفت زدہ - ف - صفت - مُصیبت کا مارا - ستم زدہ - مُبتلائے آفت یا بلا - شامت زدہ - سرگشتہ و تباہ + بدبخت - بدنصیب - مفلوک - فلک زدہ + ذلیل و خوار +

آفت سر پر لینا - ا - فعلِ لازم - بلا اختیار کرنا - کوئی مُصیبت اپنے ذِمّہ لینا - جھگڑا مول لینا - جھگڑے میں پڑنا +

آفت سہنا - ا - فعلِ لازم - مُصیبت سہارنا - صدمہ کو جھیلنا - رنج اور دُکھ کی برداشت کرنا +

آفت کا پرکالہ - ا - صفت - (۱) آفت کا ٹکڑا - آفت کا بنا ہوا - شوخ و شنگ (۲) ذہین - زکی (۳) غضب کا پُتلا - طرّار - شریر - فتنہ انگیز - فتنہ پرداز - عیّار - بدذات +

آفت کا ٹکڑا - ا - صفت دیکھو (آفت کا پرکالہ) +

آفت کا مارا - ا - صفت - دیکھو (آفت زدہ و رسیدہ) +

آفت مچانا - ا - فعلِ لازم - عو - (۱) شور مچانا - غُل مچانا - غضب ڈھانا - حشر توڑنا - ہنگامہ اُٹھانا - دھوم مچانا (۲) دنگا کرنا + فتنہ اُٹھانا +

آفت میں پڑنا یا پھنسنا - ا - فعلِ لازم - مصیبت یا بلا میں پڑنا - رنج و غم میں مبتلا ہونا - بلاؤں میں گھرنا عذاب میں پڑنا +

آفت ہے - ا - مبالغہ صفت - غضب ہے - قیامت ہے - استاد ہے + نہایت چالاک اور بڑا عیار ہے - اُجڈ شریر اور فتنہ انگیز ہے - بڑا ذہین ہے +

آفتاب - ف - اسمِ مذکر - (۱) لغوی معنی دھوپ تابش خورشید - اصطلاحی - سورج - مہر - شمس - (۲) عارفِ کامل - ولی اللہ (۳) گرم - تپاں - سوزاں (یہ معنی صرف بعض اشعار میں آئے ہیں) ۴ معشوق (صرف اشعار میں آیا ہے) (۵) شراب - مے - دارو - (صرف اشعار میں) (۶) مشہورِ خلق نامی - نامور، گنجیفہ کا پہلا پتا جس سے کھیل شروع ہوتا ہے

آفتابِ بام یا لبِ بام - ف - آفتاب سرِ کوہ - چراغ صبح - چراغ سحر - چند روزہ مہمانِ دنیا - بہت بوڑھا - وہ شخص جسکے موت کے دن قریب آگئے ہوں +

آفتابی - ف - اسمِ مؤنث (۱) سورج مکھی - ڈھال - ایک دائرہ سا ہوتا ہے جو شاہی جلوس میں شاہی مراتب کے ساتھ چلتا ہے اور بادشاہ کے سر پر اسکا سایہ مثل چتر پڑتا ہے کبھی پان کی شکل پر بنیئی بھی بناتے ہیں + (۲) ایک قسم کی آتشبازی - ۳ (صفت میں) گول - مدور - دائرہ کی شکل +

آفتابی گلقند - ف - اسمِ مذکر - وہ گلقند جو دھوپ میں رکھکر تیار کیا جاتا ہے +

آفتابہ - ف - اسمِ مذکر - استادہ - ایک قسم کا ٹونٹی دار تانبے کا لوٹا ہوتا ہے جسمیں اکثر گرم پانی رکھا کرتے ہیں - گنگا ساگر

آفتابہ لیکر کھڑا ہونا یا آفتابہ لیکر منہ دھلانا - ا - فعلِ لازم - خدمتگاری کرنا +

اُفتاد - ف - اسمِ مؤنث (۱) اصل افتادن (۲) اتفاق سنجوگ + (۳) بنیاد - ابتدا - آغاز - شروع + رودادِ حادثہ (۴) - طرز - ڈھنگ +

افتاد پڑنا - ا - فعلِ لازم - بنیاد پڑنا + اتفاق ہونا حادثہ پیش آنا +

اُفتادہ - ف - صفت - بے جوتی - ناکارہ - غیر زرخیز فضول اور بے غوری (زمین)

اِفتخار - ع - اسمِ مذکر - فخر - بزرگی - عزت - ناز - گھمنڈ +

اِفترا - ع - اسمِ مذکر - تہمت - بہتان - جھوٹا الزام +

اِفترا پرداز - ع + ف - اسمِ مذکر - بہتانی - طوفانی - تہمت لگانے والا +

اِفترا پردازی - ع + ف - اسمِ مؤنث - بہتان لگانا الزام لینا - تہمت رکھنا +

اِفراط - ع - اسمِ مؤنث - بہت زیادہ کرنا - زیادتی کثرت - بہتات - فراوانی - افزونی +

اَفروختہ - ف - صفت - جلتا ہوا + خفا - مغضوب غصہ میں بھرا ہوا - جلا بھنا - آگ بگولا +

افروختہ ہونا - ا - فعلِ لازم - خفا ہونا - غضب ہونا آگ بگولا بنا - جل جانا +

آفریں - ف - اسمِ مؤنث - شاباش - مرحبا - واہ (طنزاً بھی کہتے ہیں)

آفریں صد آفریں - ف - (مدح و ذم دونوں کے واسطے آتا ہے واہ وا پر واہ وا - صد رحمت +

آفریں کرنا - ا - فعلِ متعدی - سراہنا - تعریف کرنا شاباشی دینا - مرحبا کہنا - واہ وا کرنا +

آفریں ہے - ا - محاورہ - کیا کہنا ہے - کیا بات ہے کیا پوچھنا ہے - شاباش +

آفرینش - ف - اسم مؤنث - پیدائش - خلقت - جنم -
افزائش - ف - اسم مؤنث - بیشی - زیادتی - افزونی
بڑھوتری +
افزود - ف - اسم مذکر - ... زیادہ - فاضل - زائد +
افسانہ - ف - اسم مذکر (۱) حکایت بے اصل - قصّہ -
کہانی - گھڑا ہوا قصّہ - جھوٹی بات (۲) سرگزشت -
حال ماجرا - ذکر (۳) افسوس - حسرت - پچھتاوا - ملولا -
(صرف عورتیں بولتی ہیں) ۴ مشہور - شہرت یافتہ +
افسانہ آنا - ل - فعل لازم - عو - افسوس آنا -
حسرت آنا +
افسر - ع - اسم مذکر (۱) سردار - عہدہ دار - (۲)
تاج - مکٹ +
افسردہ - ف - صفت - ٹھٹھرا ہوا - مرجھایا ہوا -
پژمردہ - غمگین - اداس - رنجیدہ - دلگیر +
افسردہ خاطر یا دل - ف - دل آزردہ - رنجیدہ خاطر -
مردہ دل +
افسوس - ف - (۱) اسم مذکر - دریغ - پچھتاوا - ملولا - غم - رنج
قلق - صدمہ +
افسون - ف - اسم مذکر - (۱) جادو - کرتوت - سحر -
(۲) منتر - پڑھنت (۳) فریب +
افسوں کرنا یا پھونکنا - ل - جادو کرنا - منتر پھونکنا
بہکانا +
افشاں - ف - اسم مذکر - چھڑکاؤ - کسمبی رنگ یا کوئی
چمکدار چیز چھڑکی ہوئی - چاندی سونے کا برادہ جو آرائش
کے واسطے ماتھے وغیرہ پر چھڑکتے ہیں +
افشاں چننا - ل - فعل متعدی - ماتھے پر چمکتا ہوا پوڈر
(سفوف) ملنا - رنگ گونہ لگانا +

افشاں کرنا - ل - فعل متعدی - رنگ چھڑکنا +
افشائے راز کرنا - ل - فعل متعدی - بھید کھولنا
پردہ فاش کرنا - کسی چھپی ہوئی بات کو ظاہر کردینا +
افشردہ - ف - صفت - نچوڑا ہوا - وہ شربت
جس میں نیبو (لیمو) نچوڑ کر پیتے ہیں +
افضل - ع - صفت - سب سے بہتر - سب سے تحفہ -
نہایت عمدہ +
افطار - ع - اسم مذکر - روزہ کھولنا - صوم کی ضد +
افطاری - ل - اسم مؤنث - روزہ کشائی - وہ تھوڑی
سی چیز جس سے روزہ کھولیں - وہ کھانے پینے کی چیزیں جو
روزہ کھولنے کے واسطے سامنے رکھی جائیں +
افعال - ع - اسم مذکر (جمع فعل) ۱ - کام - کوتک
کرنی - (۲) صیغے +
افعی - ع - اسم مذکر - ایک قسم کا زہریلا سانپ جسے عوام جفی
کہتے ہیں +
افغان - ف - اسم مذکر - پٹھان + کابل کے پٹھان -
افق - ع - اسم مذکر - وہ جگہہ جہاں زمین و آسمان ملا ہوا
دکھائی دیتا ہے - آسمان کا کنارہ اور مطلق کنارہ +
افلاس - ع - اسم مذکر - مفلسی - تنگدستی - غریبی - ناداری
فلاکت +
افلاطون - یونانی - اسم مذکر (۱) لغوی معنی نہایت
چوڑے چکلے سینے والا - ایک بڑے مشہور یونانی حکیم کا
نام ہے جو حضرت عیسیٰ سے ۴۲۹ برس پہلے ایتھنس یعنے مدینۃ الحکما
میں پیدا ہوا اور ۳۴۷ برس پیشتر انتقال کر گیا - یہ حکیم بڑا شاعر
عالم اور علم الٰہیات کا بہت بڑا فاضل تھا چنانچہ اس علم میں اسکی
بہت سی تصانیف موجود ہے +
(۲) اردو میں زبردست اور زور آور کے موقع پر افلاطون

کہتے ہیں جیسے ایسے ہی افلاطون ہو جو لیکر ٹلادگے +

افلاطون کا سالا - ا - اسم مذکر - عوام - زبردست کا سالا - زور آور کا رشتہ دار +

اَفواہ - ع - اسم مذکر (جمع فُوہ) بہت سے منہ (۱) بازاری خبر - ادائی - غیر معتبر بات (۲) ہُشتبہ خبریں - شہرت - خبر +

افواہ اُڑنا - ا - فعل لازم - گپ اُڑنا - شہرت ہونا +

افواہ ہونا - ا - فعل لازم - شہرت ہونا - جھوٹی خبر اُڑنا +

اُفّ ہُ - ا - حرف صوت - اظہار تعجب و تاسف و کثرت کے لئے زبان سے نکالتے ہیں +

اَفیم - ا - اسم مؤنث - تریاک ایک قسم کا نشہ ہے جو درخت پوست کے دودھ سے بنایا جاتا ہے جسے عربی میں افیون کہتے ہیں جو چوتھے درجہ میں سرد اور تیسرے میں خشک ہے - اس نشہ والا اکثر اونگھا کرتا ہے

اَفیمن - ا - اسم مؤنث (۱) وہ عورت جو افیون کا نشہ کرے (۲) وہ عورت جو اونگھتی رہے +

اَفیمی - ا - اسم مذکر (۱) افیم کا نشہ کرنیوالا (۲) اونگھنے والا

اَفیون - ع - اسم مذکر - دیکھو (افیم) +

اَفیونی - ع - اسم مذکر - دیکھو (افیمی)

آقا - ع - اسم مذکر - صاحب - مالک - خداوند - سرکار - سوامی + امیر - سردار - افسر - ان داتا +

اَقارِب - ع - اسم مذکر - (جمع قریب) رشتہ دار - ناتہ دار

اِقامت - ع - اسم مؤنث (۱) قیام - قرار - سکون (۲) وطن - مسکن (۳) تکبیر نماز +

اِقبال - ع - اسم مذکر (۱) لغوی معنی پیش آنا قبول کرنا اصطلاحی خوش نصیبی - اچھا نصیبا - کامیابی - ادبار کے خلاف بڑھتی دولت - بامراد زمانہ (۲) اقرار - ہامی - اعتراف تسلیم

اقبال دعوی - ع - اسم مذکر - دعوی کا اقرار - قرضخواہ کے قرضہ کا تحریری اقرار حاکم کے روبرو پیش کرنا - راضی نامہ +

اقبال کرنا - ا - فعل لازم - قبول کرنا - اقرار کرنا - ہامی بھرنا - اعتراف کرنا - مقر ہونا +

اِقبالمند - ع + ف - صفت - صاحب نصیب - بامراد - بختاور - طالع ور - بھاگوان - بھاگ بھرا +

اِقبالمندی - ع + ف - اسم مؤنث - خوش نصیبی - طالع وری

اِقتدار - ع - اسم مذکر - لغوی معنی صاحب قدرت اور طاقتور ہونا (۱) زور - مقدرت - طاقت (۲) اختیار + حکومت - مرتبہ +

اِقدام - ع - اسم مذکر (۱) آگے جانا - پیش قدمی + ارادہ - توجہ - کوشش (۲) ارتکاب - دلیری +

اِقرار - ع - اسم مذکر - ہاں - ہامی - قبول - منظور + قول قرار - عہد و پیمان +

اِقرار کرنا - ا - فعل متعدی - قبول کرنا - ماننا - منظور کرنا ہامی بھرنا - عہد کرنا - وعدہ کرنا +

اِقرار نامہ - ع + ف - اسم مذکر - وہ دستاویز جسمیں کسی بات کا وعدہ لکھا ہو +

اَقرِبا - ع - اسم مذکر (جمع قریب) بھائی بند - رشتہ دار - ناتے دار +

اِقلیم - ع - اسم مؤنث - ولایت - ملک - دیس - اگلی تقسیم کے موافق آباد زمین کا ساتواں حصہ + حکمائے سابق نے کل زمین کو سات ستاروں کے موافق سات حصوں پر تقسیم کرکے ہر ایک حصہ کا نام اقلیم رکھا تھا - اصل میں یہ لفظ یونانی اکلیمین سے Klima سے عربی زبان میں لیا گیا ہے +

اَقوال - ع - اسم مذکر - (جمع قول) - باتیں - مقولے +

اَقوام - ع - اسم مذکر - (جمع قوم) فرقے - ذات - گروہ +

آک - ہ - اسم مذکر - اکون - مدار - اکراٹ - اکوا + ایک قسم کا درخت ہے جو کھر سا میں سر سبز رہتا ہے اور برسات میں

اکثر اُسکے پتّے گلجانے ہیں اِسکا دُودھ نری رنگنے اور دواؤں میں ڈالنے کے کام آتا ہے +

آک کی بُڑھیا یا بُڑیا - ہ - اسم مؤنث - آک کے پھل کی روئی جو نہایت مُلایم اور چمکدار ہوتی ہے اور گرمی کے موسم میں جا بجا ہوا میں اُڑا کرتی ہے ظرافتًا نہایت بُڑھیا عورت

اِگّا - ہ - اسم مذکر - لغوی معنی ایک سے نسبت رکھنے والا (۱) ایک گھوڑے کی گاڑی - یکّہ + ایک قسم کا زیور جسمیں ایک نگینہ جڑ کر بازو پر باندھتے ہیں + شمعدان جسمیں ایک بتّی لگائی جاتی ہے + ایک بھاری مُگدر جسے پہلوان اُٹھاتے ہیں + گنجفہ کا ورق یا تاش کا پتّہ جسمیں ایک نُقطہ یا نشان بنا ہوا ہوتا ہے + وہ ہندوستانی سپاہی جو اپنے پلٹن کے لوگوں کی افسر فوج کو روزانہ رپورٹ کرتا ہے + رجواڑوں میں وہ لوگ بھی اِگّے کہلاتے ہیں جنکی اعلیٰ خاندان ہونے کی وجہ سے مُفلسی کے زمانہ میں پرورش کیجاتی ہے + ایک قسم کے ہندوستانی سپاہی جنھیں احدی کہتے ہیں + بہادر آدمی - (۲) صفت میں - اکیلا - تنہا - یکتا + لاثانی + جوہر فرد - بے نظیر - کامل فن +

اِگّا دُگّا - ہ - اسم مذکر - ایک دو - بعض - کوئی کوئی ایک آدھ - بہت کم - چند - خال خال - یہ لفظ عدد قلیل کے واسطے آتا ہے +

آگا - ت - اسم مذکر - (۱) برادر - بھائی (۲) بڑا بھائی - برادر کلاں (۳) کلمہ خطاب مثل میاں صاحب - دوست

اگّا بھائی - ا - اسم مذکر - اگّا بڑے بھائی کو کہتے ہیں

اِکادشی - ہ - اسم مؤنث - قمری مہینے کی گیارہویں تاریخ جسکو اکثر ہندو برت بھی رکھتے ہیں +

آکار - ہ - اسم مذکر (۱) رُوپ - ڈول - سروپ صورت شکل ہیئت (۲) نمائش - ظہور (۳) چہن - نشان - آنک انک (۴) حرف - اکشر - اَچھر - اچھر - (گرامر میں ا

اَکارَت یا آکارتھ - ہ - صفت (۱) بیفائدہ - نِرپھل لاحاصل - بے سُود + بیکار - ناکارہ - نکمّا + ضایع + برباد

اکارت جانا - ہ - فعل لازم - ضایع ہونا - برباد جانا - بیفائدہ گزرنا جیسے عمر کا اکارت جانا +

آکاش - ہ - اسم مذکر - (۱) زمین سے آسمان تک کا عرصہ + ہوا سے باریک و ہلکا مادہ جو زمین اور آسمان کے درمیان بھرا ہوا ہے - ہوائی لطیف + ہوا - ہندوؤں کے نزدیک پانچواں عنصر - خلا - کرہ ہوا (۲) آسمان - امبر +

آکاس اگن گولا - ہ - اسم مذکر - شہاب ثاقب - وہ تارے جو ٹوٹتے ہیں +

آکاس بانی یا اکاس بانی - ہ - اسم مؤنث - ندای ہاتف - آوازِ غیب - خدا کے طرف کی آواز - الہام - مکاشفہ +

آکاس بیل - ہ - اسم مؤنث - امبر بیل - امر بیل افتیمون - ایک قسم کی زرد زرد سُوت کی مانند بیل ہوتی ہے جو اکثر درختوں پر پھیلی رہتی ہے اور اُسمیں کوئی پتّا نہیں ہوتا +

آکاس دیا - ہ - اسم مذکر - وہ چراغ جو ہندو کاتک کے مہینہ میں بانسوں پر باندھکر لٹکا دیتے ہیں تاکہ اُس جہان میں بھی روشنی ملے +

آکاس گنگا - ہ - اسم مؤنث - کہکشاں +

اَکال - ہ - اسم مذکر (۱) لغوی معنی بیوقت (۲) قحط سالی خشک سالی - گرانی (دہلی میں کال بولتے ہیں) (۳) توڑا - کمی +

اِکائی - ہ - اسم مؤنث - واحد - ایک - ریاضی میں ایک سے نو تک ہر ایک ہندسہ اکائی میں شمار کیا جاتا ہے

اِکُّرِیچا - ہ - اسم مؤنث - ایک قسم کی گاڑی +

اَکَت - ہ - اسم مؤنث (۱) ذہنی طاقت - اِدراک - ذہانت - ذہن - ذکا (۲) اختراع - ایجاد - اِحداث نئی بات +

اَکتارا - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کا باریک کپڑا - اور ایک قسم کا تنبورا جسے اکثر ہندو فقیر بھجن گاتے پھرا کرتے ہیں

اکتالہ - ہ - اسم مذکر - نغمہ کے ایک اصول کا نام ہے جسکی ضرب ایک متواتر اور مساوی الوزن تال ہے جو برابر فاصلہ سے پڑتی ہے +

اُکتانا - ہ - فعل لازم (۱) دل برداشتہ ہونا - اُچاٹ ہونا گھبرانا - دِق ہونا - تنگدل ہونا (۲) بھر جانا - بیزار ہونا + نفرت کرنا + تنگ آنا - تھکنا جیسے کھاتے کھاتے اُکتا گیا +

اِکتِفا کرنا - ا - فعل متعدی (۱) کافی ہونا - کفایت کرنا بس کرنا - قناعت کرنا - جیسے بس اسی پر اکتفا کرو + (۲) کم کھانا - قلیل کھانا +

اُکت لینا - ہ - فعل متعدی - ناشائستہ بے محل و بے موقع حرکت کرنا +

اکتوبر - انگلش - October. اسم مذکر - انگریزی اکتیس ۳۱ دِن کا دسواں مہینا +

اِکٹ - انگلش Act. صحیح ایکٹ - اسم مذکر - لغوی معنی کام - عمل - ہدایت - اصطلاحی قانون مجوزۂ گورنمنٹ - قواعد سیاست مدنی +

اَکثَر - ع - صفت (۱) بہت - بارہا + بیشتر - عموماً - اور بہ اکثر (۲) ہمیشہ +

اکثر اوقات - ع - تابع فعل (۱) بارہا - اکثر کرکے - بیشتر + ہمیشہ (۲) خاصکر - خصوصاً +

اِکچھت راج - ہ - اسم مذکر - صحیح ایک چھتر راج - ہفت اقلیم کی بادشاہت +

اکدرا - ا - اسم مذکر - ایک در کا دالان +

اکڈال - ہ - صفت (۱) ایکساں + یک لخت سر سے پاؤں تک - ایک ڈول (۲) وہ پیش قبض یا کٹار وغیرہ جسکا پھل اور دستہ ایک ہی لوہے کا ہو +

اکرا - ہ - صفت - ہندو بولتے ہیں - گراں مہنگا - تیز

اکرام - ع - اسم مذکر (۱) کرم کرنا بخشش - عطا - (۲) عزت تعظیم و تکریم +

اکراہ - ع - اسم مؤنث (۱) گھن - نفرت - کراہیت + نامرضی ناخوشی (۲) جبر - زبردستی +

اکروڑا - ہ - اسم مذکر - وہ کسیلی دوائیں مثل چھالیہ ککیکر کی پھلی وغیرہ جو زچہ کو اسقاط میں پلاتے یا جن سے آبدست کرواتے ہیں +

اکڑ - ہ - اسم مؤنث - (۱) مروڑ - اینٹھ - پیچ و خم - بل (۲) غرور - نخوت - کبر - گھمنڈ - شیخی (۳) سرکشی - خودسری ڈھٹائی + ضد - ہٹ - اڑ (۴) سختی - بدخوئی - خشونت درشتی - بدمزاجی +

اکڑباز - ا - اسم مذکر - خودنما - اینٹھو خاں - وہ شخص جو سینہ تانکر مغرورانہ چلتا ہے +

اکڑجانا - ہ - فعل لازم (۱) اینٹھ جانا - کڑا ہو جانا + سخت ہو جانا + ٹھٹھر جانا - سکڑ جانا (۲) کشیدہ خاطر ہونا - بگڑ بیٹھنا +

اکڑکے چلنا - ہ - فعل لازم - اینٹھ کر چلنا - اترا کر چلنا سینہ ابھار کر اور قد کو سیدھا کر کے چلنا +

اکڑنا - ہ - فعل لازم (۱) اینٹھنا - سخت ہونا (۲) غرور کرنا - اترانا - شیخی کرنا (۳) بل کرنا - زور دکھانا (۴) سرکشی کرنا - خودسر ہونا (۵) ٹھٹھرنا - سکڑنا (۶) ضد کرنا -

ڈھٹائی کرنا - اڑنا - ہٹ کرنا - سینہ اُبھارنا - تنا
(۸) کشیدہ خاطر ہونا - کھنچنا - خفا ہو جانا +

اُکڑُوڑا - ہ - اسمِ مذکر - دیکھو (اکروڑا)

اُکڑُوں بیٹھنا - ہ - فعل لازم - تلووں کے بل اسطرح
بیٹھنا کہ پیٹ دونوں زانووں سے اور چوتڑ دونوں
ایڑیوں سے لگجائیں اور پنڈلیاں کھڑی رہیں +

اکڑبیت - ہ - صفت (پدب میں) - اکڑباز - اینٹھو - ٹیڑھی خا

اکزیبیشن - انگلش Exhibition اسم مؤنث
نمائش - ہُنر - دستکاری اور کرتب وغیرہ کا تماشا +

اِکسار - ہ - صفت (۱) برابر - ہموار - یکساں - صاف
چٹیل (۲) ہموزن + ہمقد + مشابہ + ایک سانچہ کا ڈھلا

اُکسانا - ہ - فعل متعدی (۱) اُوپر اُٹھانا - چراغ کی بتی
کو آگے بڑھانا (۲) بہکانا - کسی بات پر آمادہ کرنا - ترغیب
دلانا - اُبھارنا - افروختہ کرنا - اشتعالک دینا - فساد پر
آمادہ کرنا - برانگیختہ کرنا +

اکسٹرا اسسٹنٹ کمشنر - انگلش - Ex. Asst. Commr. اسم مذکر - وُہ زائد نائب کمشنر (گماشتہ)
جو عدالت کی متفرقات کارروائی کیا کرتا ہے - کمشنر کا معاون

اُکسنا - ہ - فعل لازم - (۱) اُبھرنا - اُٹھنا - سر اُبھارنا
(۲) متحرک ہونا - ہلنا - جُنبش کرنا +

آکسیجن - انگلش - Oxygen. اسم مؤنث
ایک عنصر لطیف جو ہوا و پانی کی ترکیب میں ایک جزو
بسیط ہے + وُہ ہوا کا جز جس پر زندگی اور روشنی موقوف
ہے +

اَکسیر - ع - اسم مؤنث (۱) وُہ عرق یا بُکنی جو دھات
کو سونا یا چاندی بنادے - رسایَن - کیمیا + پارس
پتھر (۲) وُہ دوا جو ہر مرض کو مفید ہو - وُہ دوا جسکے

کھانے سے کبھی بیمار نہو (۳) صفت میں - نہایت مفید

اُکلانا - ہ - فعل لازم - (ہندو) (۱) اُکتانا - بیقرار ہونا -
مُضطر ہونا - گھبرانا - بے چین ہونا (۲) جی متلانا - غثیان
ہونا (۳) تھک جانا - تنگ آنا +

اُکل کھرا - ہ - صفت (۱) لُغوی معنی تنہا خور - اصطلاحی
خود غرض - غیر مانوس - خُشک - رُوکھا - وُہ شخص جو
ملنسار نہو - وُہ شخص جسکی صحبت سے کچھ فیض نہ پہنچے (۲)
بدمزاج - تُندخو - جلاتن - ناآشنا (۳) حاسد - حسد
رکھنے والا + رشک کرنے والا +

اِکلوتا - ہ - صفت - اکیلا - ایک ہی بیٹا - وُہ لڑکا جسکی
اور بھائی بہن نہو +

اَکل وشُرب - ع - اسم مذکر - کھانا پینا +

اِکناجمنٹ - انگلش Acknowledgment
اسم مؤنث - اقرار - رسید +

اِکنگ - ہ - اسم مؤنث (۱) ایک کھیل کا نام ہے جو پانگی
طرح سیسر کے بغیر صرف ایک لکڑی سے جسے ڈانڈ کہتے
ہیں کھیلا جاتا ہے - (۲) صفت میں - یکرنگ - یکجہت
یکدل - یکجان +

اِکوتا - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کی پھنسیاں ہیں جو اکثر گھٹنے کے
نیچے جھتا باندھ لیتی ہیں اور پھر بڑھتی چلی جاتی ہیں +

اِکونا - ہ - اسم مذکر - ایک ایک کرکے چُنا ہوا - صاف
اور چھنا ہوا اناج - پھٹکا پھٹکایا - چُنا چُنایا +

اکھاڑا - ہ - اسم مذکر (۱) پہلوانوں کے کشتی لڑنے کی
جگہہ - کشتی گاہ - دنگل (۲) مجلس - محفل + دربار جیسے
پریوں یا راجہ اندر کا اکھاڑا (۳) ٹیا یا رنڈی کا جتھا - گروہ -
جماعت (۴) ہندو سادھوؤں کا منتھ جیسے نرانی اکھاڑا

اکھاڑ پچھاڑ - ہ - اسم مؤنث (۱) تغیر و تبدل -

درہمی برہمی (۲) ردّ و قدح (۳) عو - لگائی لُتری - غیبت + بُرائی - بدی - افترا پردازی +

اُکھاڑنا - ۵ - فعل متعدی - (۱) جمانا کے خلاف - اُپاڑنا - جڑ سے کھودنا (۲) جُدا کرنا - الگ کرنا - جیسے نوکری سے اکھاڑنا (۳) کسی کا کسی چیز سے دل ہٹانا - دل برداشتہ کرنا جیسے کسی کام سے دل اکھاڑنا (۴) نکالنا - باہر لانا - کاڑھنا جیسے کیل یا کھونٹا اکھاڑنا - جگہہ سے بے جگہہ کرنا - جیسے بانھ یا ہاتھ اُکھاڑنا (۶) کھودنا - جیسے قبر یا مُردہ اکھاڑنا (۷) کسیکی صحبت سے خارج یا بیدخل کرنا (۸) نوچنا - کھسوٹنا

اِکھٹّا - ۵ - تابع فعل (۱) فراہم - جمع شدہ - ڈھیر کیا ہوا یکجا شدہ - باہم - بہم - ملا ہوا - (۲) سب - کُل - تمام - جیسے اکھٹّا سودا لے لو (۳) اِظہارِ کثرت کے واسطے جیسے اکھٹّے سب ہی بگڑ گئے +

اِکھٹّا کرنا - ۵ - فعل متعدّی (۱) جمع کرنا - ڈھیر لگانا فراہم کرنا + سمیٹنا + جوڑنا - ایک جگہہ کرنا جیسے کُل حساب اکھٹّا کرنا (۲) بُلانا - طلب کرنا +

اِکہرا - ۵ - صفت - دوہرا کے خلاف - ایک تہ کا +

اِکہرا بدن - ۵ - صفت - دُبلا - چھریرا - وُہ جسم جو کبھی موٹا نہو +

اَکھرنا - ۵ - فعل لازم - ناگوار گُزرنا - بُرا لگنا - گرانِ خاطر ہونا دُوبھر معلوم ہونا +

اَکھروٹ - ۵ - اسم مذکّر - دیکھو (اخروٹ)

اَکھڑ - ۵ - صفت - سخت آدمی - بدمزاج - بداخلاق جاہل - اجھل - انگھڑ - اجڈ - وُہ شخص جو بھلائی کی بات نہ سمجھے - غیر مہذب - ناشائستہ - کُندۂ ناتراش - ناہموار - بدتمیز - کج فہم + گھامڑ + جھگڑالو + سرکش +

اُکھڑنا - ۵ - فعل لازم - (۱) جڑ سے الگ ہونا - اُپڑنا - جمنا کے خلاف (۲) کُھدنا (۳) ٹوٹنا - جُدا ہونا - علیحدہ ہونا جیسے مخمل یا کنکوا اُکھڑنا - نگینہ اُکھڑنا (۴) اُچٹنا + گریز کرنا (۵) کسی عضو کا جگہہ سے بے جگہہ ہونا جیسے ہاتھ اُکھڑنا (۶) تسلسل میں فرق آنا جیسے دم اُکھڑنا - سانس اُکھڑنا (۷) بے قدم ہونا - رفتار میں فرق آنا (گھوڑے کے واسطے آتا ہے) (۸) بے تال اور بے سُر ہونا (۹) طبیعت نہ لگنا - دل نہ جمنا - ہمّت ٹوٹنا - (۱۰) بدکنا - بچلنا - پھرنا جیسے گاہک اُکھڑنا + (۱۱) منتشر ہونا - جماؤ نہ رہنا - جیسے میلا اُکھڑنا (۱۲) چلنا - جانا - ہٹنا - رستہ لینا - سٹکنا جیسے چلو اُکھڑو (۱۳) موقوف ہونا - برخاست ہونا +

اُکھڑی اُکھڑی باتیں کرنا - ۵ - فعل لازم - دل برداشتگی کے ساتھ گفتگو کرنا - اِسطرح بولنا جس سے رنجش ٹپکے +

اُکھومکھو کرنا - ۵ - عو - چراغ کی لو تک ہاتھ لیجا کر بچّہ کے مُنہ پر پھیرنا (عورتیں شب کے وقت بچّوں کو اسطرح بہلایا کرتی ہیں یہ رسم ہندوؤں سے لی گئی ہے) +

اُکھیڑنا - ۵ - فعل متعدی - کسی چیز کو جڑ سے الگ کردینا دیکھو (اُکھاڑنا)

اَکیلا - ۵ - صفت (۱) دُکیلا کا نقیض - تنہا - مجرّد (۲) جُدا - علیحدہ (۳) تابع فعل ہیں - جریدہ - بہ تنِ واحد (۴) سُونا - غیر آباد - خالی +

آگ - ۵ - اسم مؤنث - اربعہ عناصر میں سے ایک عُنصر کا نام ہے (۱) آنچ - اگن - آتش + شُعلہ - لو (۲) گرمی - تپش حدّت - تمازتِ آفتاب - حرارت + تیز دھوپ (۳) سوزش جلن (۴) چرپراہٹ - جھال - لہر - (۵) جھل - چُل - مستی - خواہش جماع (بازاری آدمی) ۶ مراداً آتشک - گرمی کی بیماری - بادِ فرنگ - گرمی (۷) دُوں تشنگی

پیاس - بھیتری آگ - آتش (۸) بھوک - کھدیا - اِشتہا
خواہشِ طعام (۹) محبت - ماتما + لگن - جوشِ خون
مادری اُلفت (۱۰) بلا - آفت مُصیبت (۱۱) تیہا غُصّہ
خفگی - جھونجل - خشم (۱۲) عو - رشک - حسد - جلن
تپن (۱۳) عو - لاگ - دُشمنی - بیر - لاگ ڈانٹ (۱۴)
لڑائی - جھگڑا - فتنہ - فساد (مرکبات میں)
صفت میں (۱) تتا - گرم - جلتا ہوا + مزاجاً گرم - گرم مزاج
آتشی (۲) لال - سُرخ مثل لالہ و گلاب وغیرہ +
دہکتا ہوا - انگارا - نہایت گرم (بحالت مُبالغہ) ۳ تیز مزاج
تُند مزاج - غضبناک - قہرناک خشم آلودہ - پُرغضب -
غُصیل - جلا تن - خشمناک - خشمگیں +
(۴) کلمۂ تعریف مثل غضب - آفت - قیامت - قہر وغیرہ
(۵) نہایت گراں - مہنگا - آگ کے مول - چڑھا ہوا +

آگ بُجھانا - ۸ - فعل مُتعدی (۱) آگ کو ٹھنڈا کرنا - آتش
فرو کرنا - آگ پر پانی ڈالنا (۲) جھگڑا مٹانا - فساد رفع
کرنا - غُصّہ یا تنازع کو فرو کرنا (۳) جہل مٹانا - ہوس
بُجھانا - خواہشِ نفسانی کا مٹانا (۴) حسد نکالنا - دُشمنی
کا بدلا لینا (۵) تشنگی رفع کرنا - بھوک کھونا - سیر کرنا
پیٹ بھرنا +

آگ بُجھنا - ۸ - فعل لازم (۱) آگ کا ٹھنڈا ہونا - کھلانا
(۲) جھگڑا مٹنا (۳) جہل مٹنا - دُشمنی نکلنا (۴) تشنگی
یا بھوک رفع ہونا +

آگ برسانا - ۸ - (۱) گرمی کی بارش کرنا - خدا تعالےٰ
کا دھوپ یا سورج کو تیز کرنا (۲) گولہ بارود یا گولیوں
کی بوچھاڑ کرنا - گولہ مارنا - آگ کا مینہ برسانا +

آگ برسنا - ۸ - فعل لازم (۱) گرمی پڑنا - دھوپ تیز
ہونا - شدت سے گرمی پڑنا - لو چلنا (۲) گولے یا
گولیوں کی بوچھاڑ پڑنا - گولہ اندازی ہونا - (۳) گراں ہو دا
بکنا - گرانی ہونا - مہنگا بکنا - آگ کے مول ہونا +

آگ بگولا یا آگ بُولا - ۸ - صفت - دہکتا ہوا - تُند مزاج
تیز مزاج - غضبناک - آفت - آتش کا پرکالہ + قہرناک
(اشعار میں آتا ہے)

آگ بگولا بنجانا - ۸ - فعل لازم - غُصّہ میں لال ہو جانا - غُصّہ
میں بھرآنا - افروختہ ہونا - غضب ہونا +

آگ بگولا بنا - ۸ - فعل لازم - غُصّہ میں بھرآنا - غُصّہ
کے مارے بیتاب ہونا - لال ہونا - لال پیلا ہونا - نہایت
غُصّہ ہونا +

آگ بگولا ہو جانا - ۸ - فعل لازم - دیکھو (آگ بگولا بنجانا)

آگ بگولا ہونا - ۸ - فعل لازم - تیز ہونا - جھلانا -
بھبکنا - دیکھو (آگ بگولا بنا)

آگ بنانا - ۸ - فعل مُتعدی (۱) آگ تیار کرنا - آگ جلانا
آگ سُلگانا (۲) غُصّہ دلانا - گرمانا - برانگیختہ کرنا - بھڑکانا

آگ بنجانا یا بنا - ۸ - فعل لازم - غُصّہ میں لال ہونا -
غُصّہ میں بھرآنا - جھلانا - افروختہ ہونا +

آگبوٹ - ا - اسم مذکر - دُودکش - دُھواں کش
دُخانی جہاز یا کشتی (بوٹ Boat انگریزی میں کشتی کو
کہتے ہیں) +

آگ بھبوکا بنا - یا ہونا - ۸ - فعل لازم (۱) آگ کی طرح
بھبکنا (۲) غیظ و غضب میں اکر لال ہونا - غُصّہ کے مارے
سُرخ ہو جانا - جھلانا +

آگ بھڑکانا - ۸ - فعل مُتعدی (۱) آگ کو ہوا دیکر شُعلہ
اٹھانا - دہکانا (۲) لڑائی بڑھانا - جھگڑے کو ترقی دینا
فتنہ و فساد اٹھانا (۳) غُصّہ دلانا - اکسانا - افروختہ کرنا
برانگیختہ کرنا (۴) ولولہ اُٹھانا - عشق بڑھانا - لو لگانا (شعر میں آتا ہے)

آگ بھڑکنا - ھ - فعل لازم (۱) شعلہ اُٹھنا - دہکنا - جلنا - (۲) شُعلہ زن ہونا - ولولۂ عشق اُٹھنا - جوش پیدا ہونا (۳) لڑائی پھیلنا - فساد بڑھنا +

آگ پانی میں لگانا - ھ - فعل متعدی (۱) جہاں لڑائی نہ ہوتی ہو وہاں لڑائی کروا دینا - متحمل مزاج کو افروختہ کر دینا (۲) ناممکن بات کرنا - اعجاز دکھانا - عیاری اور چالاکی کا کمال دکھانا + (پانی میں آگ لگانا زیادہ بولتے ہیں)

آگ پر لوٹنا - ھ - فعل لازم عو (۱) انگاروں پر لوٹنا جلنا کباب ہونا - سوختہ ہونا (۲) بےچین ہونا - مضطرب اور بیقرار رہنا - تڑپنا - بیتاب ہونا (۳) رشک اور حسد کرنا - ایرکھا میں مرے جانا + غصہ میں جلنا - غضب کی آگ میں گھنا - اپنے عزیز کی برائی سنکر فرطِ محبت کے باعث جلنا

آگ پڑنا - ھ - فعل لازم (۱) دیکھو (آگ برسنا نمبر ۱) (۲) عو - برا لگنا - ناگوار گزرنا + جلنا - آفت آنا - تنگی پڑنا - (۳) عو - گراں سودا بکنا - گرانی ہونا - مہنگا بکنا +

آگ پھانکنا - ھ - فعل متعدی (۱) لغوی معنی آگ پھانکنا اصطلاحی جھوٹ بولنا - بہت بڑھا کر باتیں کہنا - مبالغہ کرنا - ڈینگ مارنا - شیخی بگھارنا (۲) بات بنانا - بہتان لگانا - دل سے بات گھڑنا یا جوڑنا +

آگ پھکنا - ھ - فعل لازم (۱) آگ لگنا - آگ جلنا یا بھڑکنا (۲) سوزش پیدا ہونا - گرمی لگنا - معدہ میں سوزش ہونا (۳) غصہ آنا - برا معلوم ہونا - جھونجھل آنا - جھلانا (دہلی میں پھنکنا نون غنہ کے ساتھ بولتے ہیں)

آگ پھونک دینا - ھ - فعل متعدی (۱) آگ کو دامن یا پنکھے کی ہوا دیکر سلگانا - آگ جلا دینا (۲) جلا دینا - بھرتا کر دینا - جھلس دینا - بھون دینا (۳) جلن یا سوزش پیدا کر دینا - دون لگا دینا (۴) جوش اور ولولہ اُٹھا دینا - (اشعار میں آتا ہے)

آگ پھونکنا - ھ - فعل متعدی (۱) آگ کو ہوا دیکر بھڑکانا یا مشتعل کرنا (۲) جلانا - سوزش پیدا کرنا - جلن ڈالنا (۳) گرمانا - بھڑکانا - برانگیختہ کرنا - افروختہ کرنا - غصہ دلانا (۴) آتشِ عشق کا بھڑکانا (شعر میں آتا ہے) (۵) عو - لگانا - لگائی بجھائی کرنا +

آگ تلووں سے لگنا - ھ - فعل لازم - لغوی معنی تلووں سے جلن کا پیدا ہونا اصطلاحی نہایت غصہ ہونا - برافروختہ ہونا - غضبناک ہونا - (اس میں تلووں سے لگنا اور سر میں جاکر بجھنا تھا یعنے اول سے آخر تک جلنا)

آگ جاگنا - ھ - فعل لازم (۱) آگ جل اُٹھنا - مشتعل ہونا کجلائی ہوئی آگ کا دہک جانا (۲) اشعار میں - ولولہ اُٹھنا آتشِ شوق کا بھڑکنا - عشق تازہ ہونا +

آگ جوڑنا - ھ - فعل متعدی - اُپلوں کو ترتیب سے لگا کر آگ سلگانا - اُپلے لگانا - اُپلے جوڑنا - آگ جلانا - اُجھینا لگانا +

آگ رکھانا - ھ - فعل متعدی - آگ لگانا - بتی دینا - فلیتہ دینا - شتابہ لگانا - جلانا + آگ میں ڈالنا +

آگ دھونا - ھ - فعل متعدی - حقہ کے واسطے آگ صاف کرنا - راکھ جھاڑ کر انگارا صاف کرنا +

آگ دینا - ھ - فعل متعدی (۱) آگ لگانا - جلانا - (۲) چتا میں آگ لگانا - مردہ کو جلانا +

آگ سلگانا - ھ - فعل متعدی - آگ روشن کرنا - آگ جلانا - اُپلے یا لکڑیوں میں آگ دینا +

آگ سلگنا - ھ - فعل لازم - آگ جلنا - دھواں نکلنا

آگ سے پانی ہو جانا - ھ - فعل لازم - حالت غضب سے گزر کر دھیما پڑ جانا - تیز مزاجی سے نرم مزاجی اختیار کرنا

آگ کا پُتلا - ہ - صفت (۱) آگ کا بنا ہوا - آتش مزاج محرور المزاج - گرم مزاج (۲) بدمزاج تیز مزاج (۳) آتش کا پرکالہ +

آگ کا پرکالا - ا - صفت - دیکھو (آتش کا پرکالا) اگرچہ بعض شاعروں نے استعمال کیا ہے مگر اس طرح بولتے کم ہیں +

آگ کجلانا - ہ - فعل لازم - آگ کا ٹھنڈا ہو جانا - آگ کا ٹھنڈا ہو کر سیاہ ہو جانا +

آگ کرنا - ہ - فعل متعدی (ہندو) ۱ - آگ بنانا - تیار کرنا اور سُلگانا ۲ (مسلمان) بھڑکانا - غضبناک کرنا افروختہ کرنا (۳) نہایت گرم کرنا +

آگ کے مول - ہ - محاورہ عو - نہایت گراں +

آگ لگانا - ہ - فعل متعدی (۱) آگ دینا - جلانا بالنا (۲) سوزش پیدا کرنا - جلن ڈالنا (۳) ولولۂ عشق اُٹھانا - جوش پیدا کرنا (۴) غصہ دلانا - جھنجھل دلوانا (۵) ہندو عو - جُھلسنا - پھونکنا (۶) رشک دلانا (۷) لڑائی کروانا - دشمنی ڈالنا (۸) آفت برپا کرنا - فتنہ اُٹھانا (۹) عو - مہنگا سودا لانا - گراں خریدنا - (۱۰) عو - چھوڑنا - ترک کرنا (۱۱) عو - صرف کرنا - برباد کرنا - (۱۲) عو - کراہیت نفرت اور حقارت کے موقع پر بھی بولتی ہیں جیسے جب نتھ ہی نہیں تو موتیوں کو کیا آگ لگاؤں + (۱۳) عو - خراب کرنا - بگاڑنا (۱۴) بُرائی کرنا - چُغلی کھانا - غیبت کرنا - بگاڑنا + بھڑکانا (۱۵) لال لال پھولوں کا باغ کھلانا - لالہ زار بنانا

آگ لگاؤں! - ہ - عو - دعائے بد - چُولھے میں ڈالوں + کیا کروں کبھی نفرت ظاہر کرنے کے موقع پر عورتیں اس لفظ کو زبان پر لاتی ہیں اور کبھی تکیۂ کلام ہوتا ہے

آگ لگ جانا - ہ - فعل لازم (۱) آگ بھڑک اُٹھنا - آگ مشتعل ہو جانا - غارت ہو جانا - برباد ہو جانا - اُجڑ جانا - ستیاناس ہو جانا (۳) سوزش پیدا ہو جانا - جلن ہونے لگنا (۴) غُصہ آ جانا - غضب میں بھر جانا - غضبناک ہو جانا (۵) عشق تازہ ہو جانا (۶) عو - کھویا جانا - ناپید ہو جانا (۷) گراں اور مہنگا ہو جانا +

آگ لگ جائے / **آگ لگ جائیو** } دعائے بد اور نیز تکیۂ کلام - عو - جل جائے! مر جائے! غارت ہو!

آگ لگنا - ہ - فعل لازم (۱) جلنا - جل اُٹھنا - پھنکنا - مُشتعل ہونا - جل جانا - بھڑکنا - آگ کا کسی شے میں اثر کرنا (۲) جُھلسنا - لُو کا لگنا (۳) عو - اُجڑنا - غارت ہونا کھویا جانا - جاتا رہنا - ملیامیٹ ہونا - معدوم ہونا - اور نیز دعائے بد - مرنا - جہان سے گزرنا (۴) نہایت بھوک لگنا گُھدیا ہونا - حد سے زیادہ اشتہا ہونا - آتش معدہ کا بھڑکنا (۵) ولولہ اُٹھنا - عشق بھڑکنا - محبت کا جوش مارنا (۶) بیکل ہونا - بےچین ہونا - مُضطرب ہونا - بیقرار ہونا - تڑپنا - بیاکُل ہونا (۷) رشک ہونا - حسد ہونا - جلنا (۸) ناگوار گزرنا - بُرا لگنا - بُرا معلوم ہونا - خار گزرنا (۹) رنج ہونا رنجیدہ ہونا - خفا ہونا - آزردہ خاطر ہونا - غمگین ہونا - کُڑھنا (۱۰) غُصہ آنا - طیش آنا - دل جلنا - طبیعت میں جوش آنا - غُصہ بھڑکنا + غضبناک ہونا (۱۱) سوزش ہونا - جلن ہونا - مرچیں لگنا - تیزی معلوم ہونا - چرپراہٹ معلوم ہونا - جھلا جانا - جھال ہونا - لہر اُٹھنا (۱۲) سُرخ پھولوں کا کھلنا - کثرت سے لالہ یا گُلاب کا پھولنا - باغ میں رنگتروں کا پکنا - لال ہی لال دکھائی دینا (تشبیہ ہے) (۱۳) کثرت سے روشنی ہونا - بہت سے چراغ جلنا - دِوالی کا سماں بندھنا (۱۴) گراں ہونا - مہنگا ہونا - قحط پڑنا - قیمت کا بڑھ جانا + تھُڑنا - کمی ہونا (۱۵) افراط ہونا

شہرت اُڑنا - بدنامی کے ساتھ مشہور ہونا - بدنام ہونا - ہوا اُڑنا - شہرہ ہوجانا - الم نشرح ہونا (۱۲) عو - جانا رُخصت ہونا - باہر نکلنا - دفع ہونا - دُور ہونا +

آگ لگو - پلگے ! دُعائے بد - عو - (۱) غارت ہو - اُجڑ جائے جلجائے - ملیا میٹ ہو - مرجائے ! - از غیبی مار پڑے اُٹھ جائے ! ناپیدا ہو (۲) تکیہ کلام ہونے کے علاوہ کبھی ناز اور کبھی نفرت ظاہر کرنیکے واسطے بھی یہ لفظ آتا ہے +

آگ لہکنا - ۵ - فعل لازم - دہکنا مُشتعل ہونا -

آگ لینے آنا - ۵ - فعل لازم (۱) آگ مانگنے آنا (۲) جلدی سے آکر چلا جانا - کھڑے کھڑے آنا - بیگانہ وار آنا گھڑی سواری یا پا در رکاب آنا +

آگ میں پانی ڈالنا - ۵ - فعل مُتعدّی (۱) آگ بُجھانا (۲) لڑائی کو دبانا - جھگڑا مٹانا - غُصّہ کو فرو کرنا +

آگ میں پڑنا - ۵ - فعل لازم مُصیبت یا آفت میں گرنا - دُوسرے کی بلا اپنے سر لینا +

آگ میں جلنا - ۵ - فعل لازم (۱) کسیکی مُصیبت میں پڑنا - پرائی آفت اپنے اُوپر لینا (۲) کسی سے رشک یا حسد کرنا

آگ میں گرنا - ۵ - فعل لازم - آگ میں پڑنا - آگ میں کودنا - مُصیبت یا بلا میں پڑنا - آفت میں گرنا +

آگ میں لوٹنا - ۵ - فعل لازم (۱) آگ میں جلنا - دیکھو آگ پر لوٹنا نمبر ۱ - ۲ - ۳ - (۲) تڑپنا - بیقرار ہونا مُضطرب ہونا (۳) رشک کرنا - حسد کرنا +

آگ نکالنا - ۵ - فعل مُتعدّی - چقماق سے آگ جھاڑنا - آگ پیدا کرنا +

آگ ہوجانا - ۵ - فعل لازم (۱) گرم ہوجانا - بھبکنا جل اُٹھنا (۲) لال پیلا ہونا - جھلّا اُٹھنا - غضبناک ہونا برافروختہ ہوجانا +

آگ ہونا - ۵ - فعل لازم (۱) گرم ہونا - جلنا - لال ہونا (۲) غُصّہ ہونا - غضب ہونا - غُصّہ میں سُرخ ہوجانا - غُصّہ کے مارے بیتاب ہونا + غرضیکہ کرنا - گھنسانا غُرّانا +

۲ آگا - ۵ - اِسم مُذکّر (۱) سامنا - رُخ - چہرہ - اگواڑا مُہرا اگاڑی - پیش - سامنے کا حِصّہ (۲) جسم کا اگلا رُخ سینہ - چھاتی - نظیر ہجڑے نامہ سے ؎ آگا بھی اُنکا صاف ہے پیچھا بھی صاف ہے (۳) جائے مخصُوص - شرمگاہ جیسے آگا ڈھک (۴) انگرکھے یا کُرتے کے سامنے کا حِصّہ پیش + پگڑی کا چھجّا - مکان کا صحن - انگنائی - (ہندُو عو) ۵ ہراول - فوج کا مُہرہ - پیش خیمہ - آگے کا لشکر - مُقدّمۃ الجیش - اِستقبال - آیندہ + عاقبت آخرت - انجام +

آگا بھاری ہونا - ۵ - فعل لازم (بازاری) (۱) حمل ہونا ٹُنّی پھُولنا - پیٹ بھاری ہونا (۲) کہاروں کی اِصطلاح میں سڑک میں ٹھوکر یا ٹیلہ یا پتھر وغیرہ کا سامنے آنا (۳) آگے جانے میں خوف و خطر ہونا - آگے بڑھنے میں خطرہ کا اندیشہ ہونا +

آگا پیچھا - ۵ - اِسم مُذکّر - بدنکا اگلا پچھلا حِصّہ +

آگا پیچھا دیکھنا - ۵ - فعل مُتعدّی (۱) سامنے اور پیچھے دیکھنا - چاروں طرف دیکھنا (۲) پس و پیش دیکھنا عاقبت اندیشی کرنا + ہوشیار ہونا - خبردار ہونا

آگا پیچھا سوچنا - ۵ - فعل لازم - دُور اندیشی کرنا - دل سے رائے لینا - سوچ سمجھ کر کام کرنا - دل سے صلاح و مشورہ لینا - تامّل کرنا - فکر کرنا - اندیشہ کرنا - غور کرنا

آگا پیچھا کرنا - ۵ - فعل مُتعدّی (۱) پس و پیش کرنا (۲) ہچر مچر کرنا - دُبدا میں پڑنا - تذبذب میں ہونا - ہچکنا

ہچکچانا +

اگّا تاگا لینا - ہ - فعل متعدی (ہندو) خاطر و تواضع کرنا - آو بھگت کرنا - مدارات کرنا +

اگّا روکنا - ہ - فعل متعدی (۱) سامنا روکنا - چہرہ پر آنا - مُہرہ دبانا - آگے آنا - مُقابل ہونا - سدِّراہ ہونا - رستہ بند کرنا +

اگّا سنبھالنا - ہ - فعل متعدی (۱) سامنا لینا - آگے کا بند و بست کرنا - فوج یا لشکر کا سامنا روکنا - سامنے آنا - سامنے جانا - آگے بڑھکر روکنا (۲) آیندہ کا بندوبست کرنا - خرچ کا آیندہ کے واسطے تدارک کرنا +

اگّا لینا - ہ - فعل متعدی - دیکھو اگّا روکنا اور اگّا سنبھالنا +

اگّا مارنا - ہ - فعل متعدی (۱) بڑھکر مارنا - حملہ کرنا - چھاپہ مارنا شکست دینا (۲) آگے کی فوج پر حملہ کرنا - سامنے کی فوج پر دھاوا کرنا +

اگاڑی - ہ - اسم مؤنث (۱) آگے کا حصّہ یا دھڑ (۲) رُوبرُو - سامنے - موجودگی میں (ہندو عو) ۳ - گھوڑے کے اگلے پیروں میں باندھنے کی رسّی - (۴) حملۂ اوّل دھاوا - ہلّا - (لشکری) ۵ انگرکھے یا کُرتے کے سامنے کا حصّہ +

اُگال - ہ - اسم مذکر - فضلۂ دہن - پان کا تھوک یا تُفل جو پھینکا جائے +

اُگالدان - ہ - اسم مذکر - وُہ برتن جسمیں پان کا تُفل یا پیک تھوکتے ہیں - پیکدان +

آگاہ - ف - صفت (۱) خبردار - واقف - ماہر - مُطّلع جاننے والا (۲) عو - خبر - واقفیت - اطّلاع - آگاہی (گنوار اسکا تلفظ اگّا کرتی ہیں)

آگاہ کرنا - ہ - فعل متعدی (۱) واقف کرنا - خبردار کرنا ہوشیار کرنا - جتانا - مُتنبّہ کرنا (۲) ظاہر کرنا - اطلاع دینا - اظہار کرنا +

اُگاہنا - ہ - فعل متعدی - کرایہ اور چندہ وغیرہ وصول کرنا - پٹانا - اکھٹا کرنا +

اُگاہی - ہ - اسم مؤنث (۱) تحصیل - واصلات (۲) واجب الوصول بقایا +

آگاہی - ف - اسم مؤنث (۱) اطلاع - واقفیت - خبر (۲) علم - شناسائی - واقفکاری +

اُگٹا پیچھی - ہ - اسم مؤنث - ہندو عو - طعنہ مہنہ طعن تشنیع + بھلا سلوک یا احسان جتا کر چڑانا +

اُگٹنا یا **اُگلنا** - ہ - فعل متعدی - عو - (۱) لغوی معنی اُکھاڑنا - اُپاڑنا - اُجاڑنا (گنوار اب بھی کھیت وغیرہ کے لئے بولتے ہیں) ۲ اپنا بھلا احسان یا سلوک جتانا - کم ظرفی سے کسی بھلائی کو مُنہ پر رکھدینا (۳) بکھاننا - ٹینا + بیان کرنا برا بھلا کہنا - طعنہ مہنا دینا - جو بات ہنس کہنے کی ہے اُسے دوہرانا +

اُگٹوانا - ہ - فعل متعدی - سُنوانا - برا بھلا کہلوانا - بکھان کروانا - طعنہ مہنہ سُنوانا +

اگر - ہ - اسم مذکر - ایک خوشبودار درخت کا نام ہے جسکی لکڑی جلانے سے صندل کی مانند خوشبو دیتی ہے اور وُہ دکن کے پہاڑوں میں اکثر ہوتا ہے - عربی میں اسے عُود کہتے ہیں مزاج خُشک و گرم دوم درجہ میں +

اگردان یا **اگرسوز** - ف - اسم مذکر - وُہ ظرف جسمیں اگر کی بتیاں جلاتے ہیں - ہندی میں اگروٹا کہتے ہیں +

اگر کی بتّی - ہ - اسم مؤنث - وُہ بتّی جو بُرادۂ اگر و صندل وغیرہ خوشبودار چیزوں سے بناتے اور اُسے محفل ختم مجلس

وغیرہ میں خوشبو کے لیئے جلاتے ہیں +

اَگَر - ف - حرف شرط - جو - جب - بشرطیکہ - بالفرض -

اگرچہ - ف - حرف شرط - گوکہ - ہرچند - باوجودیکہ +

اَگَردَھوں دَھوں - ہ - اسم مذکر (۱) دھونسے کی سی آواز (۲) موٹا بھینس آدمی - بھاری بدنکا +

اَگَر مَگَر کَرنا - ا - فعل متعدی - حجت کرنا - حجت نکالنا منطقیوں کے سے قضیئے بنانا +

اگروالا - یا اگروال - ہ - اسم مذکر - بنیوں کے ایک فرقہ کا نام ہے جو مقام اگروہا سے منسوب ہے - یہ شہر دہلی سے مغرب کی طرف واقع ہے +

اگرئی - ہ - صفت - ایک قسم کا سیاہی مایل صندلی رنگ جو خوشبودار چیزیں چھیل چھبیلا ناگرموتھا وغیرہ ڈالکر رنگتے اور اگر کی دھونی میں بساتے ہیں -

بعض حال کے صاحبان لکھنؤ اس لفظ پر یہ اعتراض کرتے ہیں کہ اگرئی اعجمی کے وزن پر غلط ہے اور یہ دلیل لاتے ہیں کہ جس حالت میں کہ لفظ اگرہ نہیں ہے پھر ہمزہ کہاں سے آیا مگر ہمیں اس اعتراض سے اتفاق نہیں ہے کیونکہ اول تو شعرانے اسکو برابر اعجمی کے وزن پر باندھا ہے چنانچہ رند لکھنوی کا ہی شعر موجود ہے ؎ اگرئی کا ہے گماں شک ہے ملاگیری کا + رنگ لایا ہے دوپٹہ تیرا میلا ہوکر - دوسرے اردو زبان میں لفظ آہی برابر نسبت کے واسطے آتا ہے اور ہمزہ کے بغیر اسکا تلفظ ادا نہیں ہوسکتا +

اگست - انگلش August اسم مذکر - انگریزی آٹھواں مہینہ جو اکتیس دن کا ہوتا ہے

اگلا - ہ - صفت (۱) پچھلے کے خلاف - آگے کا - آیندہ آنے والا + اب سے دوسرا (۲) پہلا - مقدم - اول کا - گزشتہ - پہلے کا - اولیں - پیشینہ - پیشیں + پرانا - قدیم (۳) اسم مذکر میں (۱) پہلا آدمی (۲) دوسرا آدمی (۳) معاصر ہمعصر + موجودہ آدمی - جیسے اگلے پانی پچھلے کیچ (۴) بڑکھا - بزرگ (۵) عو - خاوند خصم - میاں (۶) ضمیر غائب وہ - جیسے اگلا آئے تو معلوم ہو - کبھی خدا کی طرف اور کبھی اپنے دل کی طرف بھی اشارہ ہوتا ہے (۷) حریف مقابل - فریق ثانی (۸) رمضان میں اول وقت کے طعام کو اگالا اور اخیر وقت کے کھانے کو سحری یا پچھلا کہتے ہیں +

اُگَل پڑنا - ہ - فعل لازم - میان سے تلوار کا باہر نکل پڑنا

اُگلنا - ہ - فعل متعدی (۱) کسی کھائی ہوئی چیز کا منہ سے باہر نکالنا + ڈالنا - قے کرنا - اوکنا (۲) نکل پڑنا - نکلنا جیسے تلوار کا میان سے نکل پڑنا (۳) مجبوراً کھایا پیا مال واپس کرنا (۴) شکوہ و شکایت کرنا (۵) ظاہر کرنا - کھولنا - بیان کرنا +

اگلے زمانے والے - ا - اسم مذکر - (۱) اگلے لوگ پہلے وقتوں کے آدمی - متقدمین - پرانے (۲) معصوم صفت - بھولے بھالے (۳) سادہ لوح - بیوقوف - (۴) پرانی چال کے آدمی +

اگم - ہ - اسم مذکر (۱) ہندو - علم غیب + ہونی - ہونے والی بات (۲) عاقبت - عقبیٰ +

اگم باندھنا - ہ - فعل لازم - آگے کا حال بتانا - پیشین گوئی کرنا +

اگن - ہ - اسم مؤنث (۱) دیکھو آگ نمبر ۱-۲-۵ - (۲) ایک چھوٹا سا مٹیالے رنگ کا پرند جو نہایت خوش آواز ہوتا ہے (اس معنی میں مذکر ہے)

اگنا - ہ - فعل لازم (۱) دیکھو - (اُ) نا) ۲ - طلوع ہونا ادے ہونا (ہندو بولتے ہیں)

اگن باؤ - ہ - اسم مذکر - گرمی کی بیماری - آتشک -

اگن بوٹ - ا - اسم مذکر - دیکھو (اگ بوٹ)

اگوا - ہ - اسم مذکر - رستہ بتانے والا - رہنما - ہادی + پیش رو +

اگواڑا - ہ - اسم مذکر - (۱) انگنائی - آنگن - صحن (۲) سامنے کا رُخ - آگے کا حصہ - سامنا +

اگوانی یا اگوائی - ہ - اسم مؤنث (۱) پیشوائی - برات کی پیشوائی - استقبال (۲) رہنمائی (۳) پیش خدمت اُوپر کا کام کاج کرنے والا - پیشکار +

اگھاڑنا - ہ - فعل متعدی (۱) پردہ اُٹھانا - ننگا کرنا + کھولنا - (۲) پردہ فاش کرنا - (صرف ہندو بولتے ہیں)

اگھانا - ہ - فعل لازم (۱) دھاپنا - سیر ہونا - چھکنا - اُبل ہونا (۲) بیزار ہونا - متنفر ہونا - اکتانا (۳) اینڈنا جیسے کھانا اور اگھانا (مثل)

اگھانا - ہ - فعل متعدی - دیکھو (اگاہنا) +

اگھن - ہ - اسم مذکر - قمری آٹھواں مہینا - نصف نومبر سے نصف دسمبر تک +

اگھوری - ہ - اسم مذکر (۱) ہندو فقیروں کے ایک فرقہ کا نام ہے جو صرف شیوجی کو مانتے اور ہر ایک چیز یعنی … تک کو کھاتے پیتے ہیں اُنکے نزدیک کوئی چیز ناپاک نہیں ہے (۲) صفت میں - غلیظ - پلید - ناپاک - گندہ نجس + میلا کچیلا - کثیف - میلا نوش - بلا جبر …

آگے - ہ - تابع فعل (۱) پیچھے کے برعکس - اگاڑی اگو - سامنے - رُوبرو - سنمکھ - موجودگی میں (۲) حین حیات میں - جیتے جی (۳) پہلے - پیشتر - سابق میں (۴) آئندہ - بعد ازیں - اسکے بعد - اب (۵) دُور - پرے - فاصلہ پر (۶) ہاتھ کے نیچے - پاس + پیشی میں - نیابت میں +

آگے آگے - ہ - تابع فعل (۱) پیچھے پیچھے کے خلاف جیسے آگے آگے چلو (۲) کل کو - آئندہ - زمانہ مستقبل میں جیسے آگے آگے دیکھئے ہوتا ہے کیا +

آگے آنا - ہ - فعل لازم (۱) سامنے آنا - رُوبرو آنا (۲) پاس آنا - قریب آنا - ورے آنا (۳) مقابل آنا - سنمکھ ہونا (۴) آڑے آنا - پشت پناہ ہونا - جیسا کرنا ویسا بھرنا - بھوگنا - بھگتنا - پاداش کو پہنچنا +

آگے آیت - ا - تابع فعل - ظرافتاً فقط اور بس (یعنی مطلب تمام ہونے کے موقع پر بولتے ہیں)

آگے بڑھنا - ہ - فعل لازم - پیچھے ہٹنے کا نقیض - (۱) پیش روی کرنا - آگے چلنا (۲) ترقی کرنا (۳) پیشقدمی کرنا - سبقت لیجانا (۴) افضل اور بہتر ہونا (۵) استقبال کرنا - پیشوائی کرنا (۶) کوچ کرنا - روانہ ہونا (۷) مقابل ہونا - لڑنے کے واسطے سامنے ہونا

آگے پیچھے - ہ - تابع فعل (۱) سامنے اور عقب میں مقابل میں اور غائب میں (۲) ایکے بعد دیگرے - ایک کے بعد ایک - متواتر - علی الاتصال - پے در پے (۳) پھر … کبھی - آئندہ کو - آگے کو - (۴) اور سویرے - کچھ پہلے پیچھے - بعد - جیسے آگے پیچھے سب چل بسینگے - (۵) بے ترتیب +

آگے خدا کا نام - ا - محاورہ یعنی آگے کچھ نہیں اب خاتمہ ہے - بس - فقط - (جب اولاد یا کسی چیز کا انحصار جتانا منظور ہوتا ہے تو یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں)

آگے دھر لینا یا رکھ لینا - ہ - فعل متعدی (۱) سامنے رکھ لینا - آگے کر لینا (۲) حراست میں کر لینا - گرفتار کر لینا - پکڑ کر لے چلنا (۳) مہرہ پر رکھ لینا - زد پر دھر لینا

آگے دھرنا - ہ - فعل متعدی (۱) سامنے رکھنا (۲)

بھینٹ دینا - نذر کرنا پیشکش کرنا + شاگرد ہونا - شیرینی رکھنا +

آگے دیکھ کے یا آگا دیکھ کے - ہ - تابع فعل (۱) سامنے دیکھ کے - آنکھیں کھول کے (۲) سنبھل کے - ہوشیاری سے - دیکھ بھال کے - سمجھ بوجھ کے - چوکس ہو کے حزم و احتیاط سے +

آگے دیکھنا - ہ - فعل لازم (۱) سامنے دیکھنا (۲) دوسری جگہ جانا جیسے سائیں آگے دیکھو - یعنے آگے جاؤ

آگے دے کے - ہ - تابع فعل (۱) سامنے کر کے پیش کر کے (۲) جان بوجھ کے - دیدہ و دانستہ (۳) دھکیل کے - زبردستی +

آگے ڈالنا - ہ - فعل متعدی (۱) سامنے رکھنا - روبرو ڈالنا (۲) بیوہ عورت کی مدد کرنا - اسکے گزارہ کے واسطے کچھ جمع کر کے دینا - (ہندوؤں میں ایک رسم ہے کہ اٹھاونی یا تیرھویں کے دن عموماً سب رشتہ دار بیوہ عورت کے آگے کچھ روپیہ حسب مقدور ڈالتے ہیں) +

آگے ڈوانا - ہ - فعل لازم - ہندو عو - (۱) سامنے پھیرنا (۲) سامنے کھیلنا - آگے کھیلنا - صاحب اولاد ہونا

آگے سے - ہ - تابع فعل (۱) سامنے سے (۲) پہلے سے - اول سے - ابتدا سے +

آگے سے ہوتی آئی ہے یا ہوتی آتی ہے - محاورہ اول سے یونہیں ہوتا چلا آیا ہے - اول سے چلی آتی ہے ہمیشہ سے یونہیں ہوتا رہا ہے - یہ سلسلہ پہلے ہی سے نکلا ہے +

آگے قدم رکھنا یا دھرنا - فعل متعدی (۱) پیشقدمی کرنا - آگے بڑھنا - چلنا - ترقی کرنا (۲) در آنا - داخل ہونا

آگے کا اٹھا - ہ - اسم مذکر - (۱) پس خوردہ - بچا کھچا جھوٹا کوٹا - اُلِش (۲) بازاری آدمی ظرافت کے موقع پر بھی بولتے ہیں +

آگے کا قدم پیچھے پڑنا - ہ - فعل لازم - (۱) رعب چھانا - دہشت میں آجانا - چل نہ سکنا (۲) ترقی معکوس کرنا

آگے نکالنا - ہ - فعل متعدی - مطالعہ کرنا - آگے دیکھنا

آگے ہونا - ہ - فعل لازم - دیکھو آگے بڑھنا نمبر ۱ و ۲ (۲) عورت کا اپنے رشتہ دار کے سامنے ہونا - پردہ نکرنا نہ چھپنا - روبرو ہونا (۳) مقابل ہونا - مقابلہ کرنا - روکش ہونا - لڑنے کو کھڑا ہونا +

آگیا یا آگیاں - س - اسم مؤنث (۱) حکم - فرمان - ارشاد پروانہ (۲) ہدایت - رہنمائی (۳) اجازت - رخصت چھٹی - رضا + پروانہ - سند (۴) قواعد میں - صیغۂ امر

اگیا کاری - س - اسم مذکر - حکم ماننے والا - فرمان بردار سیوک - آدھین +

اگیا بیتال - ہ - اسم مذکر (۱) آگ کا پریت - چھلاوا غول بیابانی - شیطانی آگ - شہاب +

اصل میں ایک دخانی مادہ ہے جو اکثر دلدل اور پرانے قبرستان میں سے شب کے وقت شعلہ کی طرح چمکتا ہوا نکلا کرتا ہے -

اگیاری - ہ - اسم مؤنث - وہ آگ جسے مورتی کے سامنے رکھکر اسپر گوگل وغیرہ خوشبو کی چیزیں دیوتا کے خوش ہونے کو جلاتے ہیں +

آل - ع - اسم مؤنث (۱) آبائی لقب - کنیت - (۲) کل - خاندان +

آل - ہ - حرف ربط (مخفف پنجابی نال) ساتھ - ہمراہ پاس - (ریختی میں آتا ہے)

آل - ہ - اسم مؤنث - (۱) پیاز کے ڈنٹھل جو پتوں کی بجائے اوپر نکلے ہوئے ہوتے ہیں (۲) کدو - لمبا گھیا

آل - ہ - اِسمِ مؤنث - ایک درخت کا نام ہے جسکی جڑ سے سُرخ رنگ نکلتا ہے +

آل - ہ - اِسمِ مؤنث - تری - سیل - سیلابی - نمی - سیلائی - رطوبت +

آل - ت - صفت - لال - سرخ +

آل - ع - اِسمِ مؤنث (۱) اولاد - بال بچے + نسل (۲) خاندان - کُنبہ جیسے آلِ داؤد - آلِ عمران (۳) بیٹی کی اولاد - نواسے نواسی - کنواسے کنواسی وغیرہ

آلا - ہ - صفت (۱) گیلا - تر - نم (۲) ہرا زخم - کچا زخم جیسے آلا زخم +

آلا - ہ - اِسمِ مذکر - طاق - طاقچہ +

آلا - ہ - اِسمِ مذکر (۱) آلا اودل کا قصہ - (۲) ساکھا - کڑکا - جنگنامہ (۳) بڑی داستان جیسے امیر حمزہ کا قصہ یا بستان خیال (۴) ہندوستانی ٹھگ آپس ایک دوسرے کو آلا کہتے ہیں اور گڑھوال کے پہاڑی بغیر مد اسی معنی میں بولتے ہیں +

الا بالا بتانا یا دینا - ہ - فعلِ متعدی (پورب میں) ٹالنا - ٹالا بالا دینا - بہانہ کرنا (شاید یہ لفظ آرے بلے سے بگڑا ہے)

الا بلا - ہ - اِسمِ مؤنث - خراب اور نکمی چیز کے واسطے بولتے ہیں +

الاپ - ہ - اِسمِ مؤنث (۱) لغوی معنی بول چال + آواز + نغمہ (۲) آواز کا اُتار چڑھاؤ - گانے میں سُر کا اُونچا کرنا + گیت کی اٹھان - گانے کا شروع - تان سُر - آوازہ +

الاپنا - ہ - فعلِ متعدی - اُونچے سُروں میں گانا - تان اُڑانا - آواز لگانا مطلق گانا - پکار کر گانا - سُر بھرنا

آلات - ع - اِسمِ مذکر - جمع آلت - اوزار - راچھ - ہتیار

اِلاچا - ہ - اِسمِ مذکر - ایک قسم کا ریشمی سُوتی کپڑا جو ملتان میں بُنا جاتا ہے اور اِسکی بناوٹ میں اِلاچی سے مشابہ نشان ہوتے ہیں +

الاراسی - ہ - صفت - بے پروا +

الاراسی کارخانہ - ا - بے پروائی کا کام - بے توجہی کا کارخانہ +

الاراسی مزاج - ا - لااُبالی مزاج +

اُلار - ہ - صفت - اُلٹ جانیکے قابل + جب گاڑی کے پچھلے حصہ پر زیادہ بوجھ ہوتا ہے تو کہتے ہیں گاڑی اُلار ہے +

اَلامان - ع - اِسمِ مؤنث - لغوی معنی امن چاہنا - پناہ مانگنا - اور رحم کا خواستگار رہنا - امن - پناہ - رحم - اِس جگہہ ال حرف تعریف ہے جو عربی میں نکرہ کو معرفہ بنانے کے واسطے کسی اسم کے شروع میں آیا کرتا ہے +

اُلانگنا - ہ - فعلِ متعدی (۱) پھلانگنا - کسی چیز کے اوپر سے اِسطرح جانا کہ اُسپر پاؤں نہ پڑے (۲) چابکسواروں کی اِصطلاح میں گھوڑے پر اوّل مرتبہ چڑھنا +

الاؤ - (ہ ف) آگ کا ڈھیر (بہت سا کوڑا کرکٹ اکٹھا کرکے جو جلاتے ہیں اُسے الاؤ لگانا یا جلانا کہتے ہیں - باہر گانو میں اکثر گنوار جاڑے کے دنوں میں اِسی طرح آگ جلا کر تاپا کرتے ہیں)

اُلاہنا - ہ - اِسمِ مذکر (۱) گلہ - شکوہ (۲) بدنامی - بُرائی - دوش +

اُلاہنا دینا - ہ - فعلِ متعدی - گلہ کرنا - شکوہ کرنا - اِلزام دینا - بُرائی دینا - دوش دینا +

اِلائچی یا اِلاچی - ف ہ - اِسمِ مؤنث (۱) ہیل قاقلہ - ایک پھل کا نام ہے جسکے دانے اکثر خوشبو کے لیے

کھاتے یا گرم مصالحہ اور پان وغیرہ میں ڈالتے ہیں۔ مزاجاً سوم
درجہ میں گرم و خشک۔ اسکی دو قسمیں ہیں ایک کو بڑی الائچی اور
دُوسری کو چھوٹی الائچی کہتے ہیں + (۲) عو۔ بہنیلی۔ سہیلی۔ بنائی
ہوئی ہوئی دوست۔ گوئیاں (اصل میں طبق زنوں کی اصطلاح ہے)
بیگمات قلعہ جب کسی عورت سے بہناپا کرکے الاچی کے دانے
باہم کھاتی تھیں تو اُسے الاچی کہا کرتی تھیں +

الائچی دانہ ۔ ا۔ اسم مذکر (۱) ایک قسم کی مٹھائی ہے
جسکے اندر الائچی کے دانے ڈالکر کھانڈ سے اُسے غلاف دیتے ہیں
(۲) بازاری آدمی کمسن معشوق کے حق میں بھی کہتے ہیں

آلائش ۔ ف۔ اسم مؤنث (۱) آلودگی + غلاظت۔
میل کچیل (۲) پیپ۔ راد۔ ریم۔ کچلہو + مواد۔ (۳)
ملنوبہ۔ اوجھ اور شکار کے پیٹ کے اندر کی انتڑیاں
وغیرہ +

البتہ ۔ ع ۔ تابع فعل (۱) لُغوی معنی یکبار کاٹنا + قطعی
ضرور۔ بیشک۔ بے شبہ۔ بالیقین (۲) ہاں۔ بہت
خُوب۔ بہت بہتر (۳) مگر۔ الّا۔ لیکن +

البیٹ ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ بل۔ مروڑ۔ لبیٹ۔ گرہ
پیچ +

البیلا ۔ ہ ۔ صفت (۱) جوان رعنا + چھیل چکنیا۔
چھبیلا۔ بانکا ترچھا + وضعدار۔ خوش وضع (۲) اُلھڑ
بے پرواہ (۳) خود رائے۔ من موجی۔ آزاد طبع (۴)
انوکھا۔ انوٹھا۔ اینلا (۵) بھولا بھالا۔ سیدھا
سادھا (دُولہا کی تعریف میں) + معصوم +

البیلی ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ وضعدار عورت + انوکھی
عورت۔ بے پروا اور آزاد طبع عورت۔ زندہ دل اور
خوش طبع عورت + بھولی بھالی عورت معصوم بچہ

البکا ۔ انگلش ۔ Alpaca اسم مذکر ایک قسم کا
اُونی کپڑا (اصل میں ایک ہرن سے مشابہ جانور ہے جسکی اُون
سے کپڑا بُنتے ہیں اور وُہ امریکہ کے جنگلوں میں پایا جاتا ہے)

الپین ۔ پرتگال۔ صحیح Alfinete گھنڈی دار
سُوئی جسے انگریزی میں Pin پن کہتے ہیں

آلت ۔ ع ۔ اسم مذکر (۱) اوزار۔ راچھ۔ ہتیار (۲)
عضو تناسل۔ ذکر +

التجا ۔ ع ۔ اسم مؤنث۔ لُغوی معنی۔ پناہ لیجانا۔ اصطلاحی
تمنا۔ آرزو (۲) منت سماجت۔ عاجزی (۳) عرض
عرض معروض۔ ارداس۔ عرضداشت۔ گزارش۔
استدعا +

التفات ۔ ع ۔ اسم مؤنث (۱) لُغوی معنی دُوسرے کی
طرف متوجہ ہونا + میل۔ توجہ۔ رغبت۔ نظر + خیال
دھیان (۲) مہربانی +

التماس ۔ ع ۔ اسم مذکر۔ لغوی معنی درخواست کرنا
عرض۔ گزارش۔ بنتی۔ التجا + (عربی میں مؤنث)

التمغا ۔ ت ۔ اسم مذکر (۱) سُرخ مُہر۔ مہر شاہی (۲) انعام
یا عطا شدہ جاگیر کی سند۔ سرٹیفکٹ + فرمان شاہی
معافی جاگیر +

آلتی پالتی ۔ ہ ۔ اسم مؤنث۔ ایک قسم کی بیٹھک جسے
چارزانو بیٹھنا کہتے ہیں +

آلتی پالتی مارنا ۔ ہ ۔ فعل متعدی۔ چارزانو بیٹھنا۔
پلتھی پُورنا۔ مربع بیٹھنا۔ پالتی مار کر بیٹھنا۔ اہیروں
کی بیٹھک بیٹھنا +

اُلٹ ۔ ہ ۔ اسم مذکر۔ نقیض۔ توڑ +

اُلٹا ۔ ہ ۔ صفت ۔ (۱) سیدھے کا نقیض۔ ٹیڑھا۔
خلاف۔ برعکس (۲) لوٹایا ہوا۔ مقلوب۔ باژگونہ۔
واژوں۔ اوندھا۔ سر کے بل (۳) کھرائے کج بحث

کج عقل (۴) مخالِف۔معکوس۔نقیض۔متضاد (۵) بیوقوف۔اُلٹی سمجھ کا +

اُلٹا پُلٹا ۔ ہ۔ صفت (۱) ٹیڑھا سیدھا۔اوندھا سیدھا + زیروزبر۔تلے اُوپر۔تہ وبالا۔درہم برہم + بے ترتیب۔بے ڈھنگا۔گڈمڈ۔گھال میل +

اُلٹا پھرنا ۔ ہ۔ فعل متعدی۔ واپس ہونا۔لوٹنا۔مُراجعت کرنا۔مُعاودت کرنا +

اُلٹا توا ۔ ہ۔ صفت۔نہایت کالا۔کالا کوئلہ۔حبشی۔کالا کلوٹا۔تمباکو کا بھنڈ +

اُلٹا دھڑا باندھنا ۔ ہ۔ فعل لازم۔ہندو۔برعکس کرنا خلاف کرنا۔جو شخص اپنے اُوپر تُہمت لگانیکا ارادہ کرے اُسی پر تھوپ دینا +

اُلٹا زمانہ ۔ ۔ ایسا وقت یا زمانہ جسمیں سیدھی بات ٹیڑھی اور بُری بات بھلی سمجھی جائے۔بُرا زمانہ۔کلجگ +

اُلٹا پلٹی ۔ ہ۔ اِسم مؤنث۔ادلا بدلی۔تغیر و تبدل۔ادل بدل +

اُلٹ پڑنا ۔ ہ۔ فعل لازم۔مُخالِف ہو جانا۔مخالفت اِختیار کرلینا۔بگڑ جانا +

اُلٹ پُلٹ ۔ ہ۔ صفت (دیکھو۔اُلٹا پُلٹا)

اُلٹ پُلٹ کرنا ۔ ہ۔ فعل متعدی۔ تلے اُوپر کرنا۔درہم برہم کرنا۔بے ترتیب کرنا۔گڈمڈ کرنا +

اُلٹ پُلٹ ہونا ۔ ہ۔ فعل لازم (۱) گھال میل ہونا بے ترتیب ہونا۔گڈمڈ ہونا۔رل مل جانا۔اُوپر تلے ہونا

اُلٹ جانا ۔ ہ۔ فعل لازم (۱) پلٹ جانا (۲) مدہوش ہو جانا۔سرشار ہو جانا (۳) موٹا ہو جانا (۴) اوندھا جانا لُڑھ جانا۔پیچھے کے رُخ جا پڑنا جیسے گاڑی اُلٹ جانا۔ مٹکا اُلٹ جانا + (۵) بازاری آدمی کسی عورت کے ساتھ فعل شنیع کرنیکو کہتے ہیں (۶) مُفلس ہو جانا جیسے کسی خرچ سے اُلٹ جانا + (۷) منحرف ہونا۔پھر جانا (۸) گر پڑنا آرہنا جیسے غلّہ لگتے ہی اُلٹ گیا (۹) بدل جانا۔خلاف ہونا۔مُنقلِب ہونا + (۱۰) مُکر جانا۔مُنکر ہو جانا جیسے وکالی ادر اُلٹی

اُلٹنا یا اُلٹ دینا ۔ ہ۔ فعل متعدی (۱) اوندھا کرنا۔اوندھانا (۲) برہم کرنا۔تہ وبالا کرنا۔زیروزبر کرنا (۳) اندرونی رُخ کو باہر کرنا۔رُوگرداں کرنا۔لوٹنا۔پلٹنا جیسے آنکھ اُلٹنا اور انگرکھا اُلٹنا (۴) گرا دینا۔پٹخ دینا۔پھینک دینا جیسے گھوڑے نے سوار کو اُلٹ دیا (۵) حریف کو گرانا۔دشمن کو دے مارنا (۶) نیچے کا رُخ اُوپر کرنا۔اُٹھانا۔اُونچا کرنا جیسے پردہ یا نقاب اُلٹنا (۷) بدل دینا۔خلاف کر دینا۔باطل کر دینا جیسے کسی لفظ کے معنی اُلٹ دینا (۸) بیہوش کرنا۔آپے میں نہ رکھنا۔مدہوش کرنا جیسے تیز شراب نے اُلٹ دیا (۹) تیاری آنا۔گوشت چڑھنا۔جیسے رانیں اُلٹ گئیں (پہلوان) ۱۰ کسی بات کو شکایتاً زبان پر لانا۔دوہرانا جیسے بڑوں کی بات نہ اُلٹو (۱۱) قَے کرنا۔رد کرنا۔اِستفراغ کرنا (۱۲) اُنڈیلنا ڈالنا (۱۳) گرانا۔پھینکنا جیسے چلم اُلٹنا۔ٹھلیا اُلٹنا (۱۴) رُخ بدلنا۔پھیرنا جیسے توے کی روٹی اُلٹنا (۱۵) حالت بدلنا۔اچھے حال سے بُری حال کر دینا (فقرہ) جیسے فلاں چیز کے خرچ نے اُلٹ دیا (۱۶) پھیرنا۔لوٹنا۔پلٹنا جیسے ورق اُلٹنا۔(۱۷) جُنبش کرنا۔گردش کرنا۔ہلنا۔متحرک ہونا جیسے اِس بچّہ کی زبان نہیں اُلٹتی (۱۸) پھرنا خِلاف ہونا۔اِنحراف کرنا۔برعکس ہونا۔مُخالِف ہونا جیسے زبان دیکر اُلٹنا یا زمانہ اُلٹنا (۱۹) جپنا۔رٹنا۔بار بار کہنا جیسے دِن بھر اُسی کا نام اُلٹتی رہتی ہے (عو)

اُلٹے پاؤں پھرنا - ہ - فعلِ لازم - جن قدموں جانا اُنھیں قدموں آنا - جلد لوٹنا - جلد واپس پھرنا - جھٹ پھیری کرنا - فوراً پھر آنا +

اُلٹی پٹی پڑھانا - ہ - فعلِ متعدی - غلط سبق پڑھانا - بہکانا - ورغلانا - افروختہ کرنا + دل پھیر دینا - برگشتہ کر دینا - دلوں میں فرق ڈلوانا - کسی بات کو برعکس ذہن نشین کرنا +

اُلٹی چین - ۔ - ایک قسم کی بخیہ کی بندش +

اُلٹی ریت - ہ - اسمِ مؤنث - رسم کے خلاف بات دستور کے خلاف بات - بے قاعدہ بات +

اُلٹے سانس لینا - ہ - فعلِ لازم - اوپر کے سانس لینا - دمِ واپسیں بھرنا - قریب بمرگ ہونا - نزع میں ہونا - جان کنی میں ہونا (نزع کی حالت میں جو آدمی کا دم اکھڑ جاتا ہے اور پیٹ میں سانس نہیں سماتا اُس سے مراد ہے)

اُلٹی سمجھ یا مت - ہ - اسمِ مؤنث - فہم ناقص - خیالِ باطل + غلط فہمی - بے عقلی +

اُلٹی سیدھی سنانا - ہ - فعلِ لازم - برا بھلا کہنا - گالی گلوج سے پیش آنا +

اُلٹی سیفی - ۔ - اسمِ مؤنث - لغوی معنی اُلٹی تلوار اصطلاحی دعائے بد - (اصل میں سیفی اسمِ جلالی ہے مراد ہے جسے دشمنوں کے دفع کرنے کے واسطے ننگی تلوار کی پشت پر بمقدارِ مقررہ کے موافق پڑھ پڑھ کر پھونکتے ہیں - اسکا پڑھنا دشمن کی تباہی اور بربادی کا باعث خیال کیا جاتا ہے اور اگر اتفاق سے پڑھنے والا ہی تباہ ہو جائے تو اُسے بھی اُلٹی سیفی ہو جانا کہتے ہیں +

اُلٹے کانٹے تولنا - ہ - فعلِ متعدی - کم تولنا - اُڑتا ہوا تولنا +

اُلٹی کرنا - ہ - فعلِ متعدی - ہندو عو - قے کرنا - رد کرنا - اوکنا - ڈالنا - زمین دیکھنا - استفراغ کرنا

اُلٹی کھوپڑی کا - ہ - صفت - کج فہم - کوڑھ مغز - اوندھی سمجھ کا +

اُلٹی گنگا بہنا - ہ - فعلِ لازم - خلافِ دستور کسی بات کا ہونا

اُلٹے ملک کا - ۔ - صفت - انوکھا - طرفہ معجون - عجیب - احمق - چوتیا - بیوقوف +

اُلٹے ہاتھ کا داؤں - ہ - اسمِ مذکر - ایک ادنیٰ چال - نہایت سہل کام + (یہ لفظ نہایت عیار اور چالاک کی تعریف میں بولتے ہیں اور اس سے غرض یہ ہوتی ہے کہ یہ تو اُسکے نزدیک ایک نہایت سہل کام ہے یہانتک کہ اُلٹے ہاتھ سے کر سکتا ہے)

اُلجھانا یا الجھانا - ہ - فعلِ متعدی (۱) سُلجھانے کا نقیض - گُلجھٹی ڈالنا - سوت یا بال وغیرہ کو درہم برہم کرنا - کانٹوں میں پھنسانا (۲) اٹکانا + پھنسانا - روکنا (۳) بکھیڑے میں ڈالنا - دقت میں ڈالنا - کسی بات کو جھگڑے میں ڈالنا (۴) گرہ در گرہ اور پیچ در پیچ کرنا (۵) روزگار سے لگانا - کام سے لگانا (۶) لڑوانا - گتھوانا (۷) ٹھکانا کرنا - شادی کرنا - گھر بار کا بنانا (ہندو) ۸ دام یا فریب میں لانا + لاشہ پر لگانا - یار بنانا (۹) باتوں میں لگانا - مشغول کرنا (۱۰) تھوڑی دیر کے واسطے کسی کپڑے کو پہننا - دفع الوقتی کے واسطے پھٹا پرانا کپڑا بدن پر اٹکا لینا (۱۱) کسی کام میں روپیہ لگانا (۱۲) مباحثہ کرانا - بحث کرانا (۱۳) لپٹنا - لپٹانا جیسے کنکوا الجھانا (۱۴) فیصلہ نکرنا - تصفیہ نکرنا - کسی معاملہ میں دیر لگانا - عرصہ لگانا - التوا میں ڈالنا - تعویق میں ڈالنا +

اُلجھاؤ - ہ - اسمِ مذکر - بکھیڑا - دقت - مشکل - جنجال - جھگڑا + فکر پیچ + گلجھٹی + انقباض - روک

اُلجھن - ہ - اسمِ مؤنث - عو - گھبراہٹ - کشمکش

بکھیڑا۔ پیچیدگی۔ انقباض۔ خفقان۔ بےچینی۔ تفکر۔ پریشانی

اُلجھنا یا اَلجھنا۔ ہ۔ فعل لازم (۱) سُلجھنے کا نقیض۔ گرہ در گرہ ہونا۔ گُل جھٹی پڑنا۔ کانٹے لپٹنا۔ بال یا سُوت اُلٹ پلٹ ہونا (۲) اٹکنا۔ پھنسنا + مُبتلا یا گرفتار ہونا۔ (۳) بکھیڑے میں پڑنا۔ جھگڑے میں پڑنا (۴) جھگڑنا۔ لپٹنا گتھنا (۵) کام سے لگنا۔ مشغول ہونا (۶) آشنائی کرنا۔ عشق کرنا (۷) بحث بیجا کرنا۔ مُباحثہ کرنا (۸) التوا ہونا۔ دیر ہونا۔ رُکنا (۹) دِقت میں پڑنا (۱۰) رُک رُک کر پڑھنا۔ اٹک اٹک کر پڑھنا (۱۱) روپیہ اٹکنا یا پھنسنا (۱۲) غلطاں پیچاں ہونا جیسے حساب میں اُلجھنا (۱۳) خواہ مخواہ چھیڑ نکالنا بگڑنا۔ جیسے تم بھی بات بات پر اُلجھتے ہو + (عو)

اُلجھیوڑا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ عو۔ جھگڑا۔ بکھیڑا۔ کش مکش فِتنہ و فساد + تکلیف و مُصیبت +

اَلحاصل۔ ع۔ تابع فعل۔ حاصل کلام۔ قصہ کوتاہ۔ القصہ۔ خلاصۂ کلام۔ آخر کلام +

اِلحاق۔ ع۔ اسم مذکر۔ شامل ہونا۔ ملنا + داخل ہونا۔ شریک ہونا

اَلحال۔ ع۔ تابع فعل۔ اب۔ بالفعل + ابھی۔ اسی وقت

اَلحان۔ ع۔ اسم مذکر۔ لحن کی جمع۔ آوازیں۔ سُر۔ آواز۔ بکسر اول خوشخوانی کرنا۔ خوش آواز ہونا +

اَلحفیظ۔ ع۔ ندا۔ الٰہی پناہ۔ خدا بچائے۔ خوف کی جگہ پر یہ لفظ زبان پر لاتے ہیں +

اَلحق۔ ع۔ تابع فعل (۱) فی الحقیقت۔ واقع میں (۲) بیشک۔ درست۔ بجا +

اَلحمد۔ ع۔ اسم مؤنث۔ قرآن کی پہلی سورۃ۔ سورۂ فاتحہ

اَلحمدُ للہ۔ ع۔ ندا۔ لغوی معنی۔ تمام تعریف خدا کے واسطے ثابت ہے۔ خدا کا شکر ہے۔ خدا کی عنایت ہے

اَلحاق۔ ت۔ اسم مؤنث۔ اصل میں وہ روئی دار قبا جس کا سینہ اور آستینوں کے چاک کھلے ہوئے ہوتے ہیں مگر اب کل روئی دار مخمل یا بانات وغیرہ کے انگرکھے وغیرہ پر بھی اسکا اطلاق ہونے لگا ہے +

اِلزام۔ ع۔ اسم مذکر (۱) کسی بات کو لگانا۔ اتہام۔ تہمت کلنک۔ بُہتان (۲) بدنامی (۳) جُرم۔ قصور +

اِلزام دینا۔ ا۔ فعل متعدی۔ بُرائی پلّے باندھنا۔ عیب لگانا۔ قصور وار ٹھیرانا۔ تہمت دھرنا۔ علت لگانا جُرم میں لپیٹنا +

اَلسی۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ تخم کتان۔ ایک درخت اور اُسکے بیج کا نام جسکا تیل نکلتا ہے (پوربی) تیسی +

اَلسیٹ۔ ہ۔ اسم مؤنث (۱) دھاندل۔ پاکھنڈ۔ چھل چھل چھٹا۔ فند فریب۔ دغا بازی (۲) بدمعاملگی حساب صاف نہ رکھنا۔ مغالطہ۔ حساب کا فرق۔ غبن (۳) نادہندگی

اَلسیٹیا۔ ہ۔ صفت (۱) فریبی۔ دغا باز۔ چھلیا (۲) بدمعاملہ (۳) نادہند +

اُلُش۔ ت۔ اسم مذکر۔ امیروں کا پس خوردہ۔ کسی بزرگ یا معزز آدمی کا کھانا +

اُلُش کرنا۔ ا۔ فعل لازم۔ جھٹالنا۔ کھانے کو ہاتھ لگا دینا یا ذرا سا کھا لینا۔ بزرگوں کی نسبت یہ لفظ بولا جاتا ہے کہ اگر آپ نہیں کھاتے تو اُلش کر دیں +

اَلعبد۔ ع۔ اسم مذکر (۱) بندہ۔ فدوی۔ جس طرح فارسی میں بندہ لکھکر اپنا نام لکھتے ہیں اسی طرح عربی میں یہ لفظ مگر اصطلاح میں دستخط کے معنی میں مستعمل ہے (۲) دستخط۔ نشانی +

اَلغاروں۔ ا۔ صفت۔ عو۔ بہت۔ بافراط۔ کثرت سے۔ اَت گت۔ از حد (یہ لفظ ترکی ہے الغار معنی ڈبل کوچ مُراد ار یل ہے) اردو میں عورتیں بہتایت کے معنی میں استعمال کرتی ہیں واو نون مجہول

اَلغرض۔ ع۔ تابع فعل۔ القصہ۔ تفصیلہ مختصر۔ الحاصل +

اَلغوزہ۔ ع۔ اسم مذکر۔ ایک قسم کی بانسری ہے جسکی جوڑی مُنہ میں رکھکر بجاتے ہیں اِسکا رواج اکثر چرواہوں میں ہے

اَلِف۔ ع۔ اسم مذکر۔ عربی کی ابجد کا پہلا حرف +

اَلِف اللہ۔ ع۔ (اُردو میں بفتح لام اوّل بولتے ہیں) صفت۔ لغوی معنی بے لاگ (۲) اصطلاحی معنی تنہا۔ اکیلا دم۔ دم نقد۔ ننگوڑا ناٹھا۔ وہ شخص جسکے آگے پیچھے کوئی نہو (۳) مُفلس۔ قلاش۔ بھوکا ننگا۔ نہایت غریب اور محتاج (۴) اسم میں بکسر لام اوّل۔ بے نوا فقیروں کا ٹیکا جو ناک کی نوک سے سر کے بالوں تک سیدھا کھینچ دیتے ہیں جسے الف اللہ کا خط بھی کہتے ہیں +

الف بے یا **الف بے تے**۔ ا۔ اسم مؤنث۔ حروف تہجی۔

الف کھینچنا۔ ا۔ فعل متعدی۔ فقیر بننا۔ فقیری لینا بے نوا فقیروں کا دستور ہے کہ وہ ایک سیدھا خط ناک سے سر کے بالوں تک کھینچا کرتے ہیں +

الف ہونا۔ ا۔ فعل لازم۔ بفتح لام (۱) چراغ پا ہونا۔ گھوڑے کا پچھلی ٹانگوں پر کھڑا ہو جانا (۲) بازاری لوگوں کی اصطلاح میں نعوظ ہونا +

اَلفا۔ ا۔ اسم مذکر۔ ایک قسم کا بے آستینوں کا جُبّہ ہوتا ہے جسے آزاد فقیر پہنا کرتے ہیں اور اُسے الفی بھی کہتے ہیں کفنی

اَلفاظ۔ ع۔ اسم مذکر۔ (جمع لفظ) شبد۔ کلمہ۔ بات سخن جو کچھ آدمی کی زبان سے نکلے لفظ میں داخل ہے +

اُلفت۔ ع۔ اسم مؤنث۔ محبّت۔ دوستی۔ پیار۔ اخلاص اُنس۔ شفقت + ارتباط۔ اختلاط +

اُلفت کا بندہ۔ ا۔ اسم مذکر۔ محبّت کا غلام۔ محبّت کا بھوکا +

اُلفتہ۔ ا۔ اسم مذکر۔ عو۔ اہل لکھنؤ بفتح اوّل صحیح (اَلفتہ) بمعنے خراباتی و مُفلس۔ اُردو میں) غیر۔ بیگانہ اجنبی + غیر مستحق +

اَلفی۔ ا۔ (۱) دیکھو الفا (۲) وہ چھوٹے چھوٹے سیدھے خطوط جو کپڑے یا چینی کی قاب اور ہاتھ کی لکڑی وغیرہ پر ہوتے ہیں + (۳) وہ گڈی یا کنکوا جسکے تمام ٹھڈے پر ایک سیدھی دوسرے رنگ کے کاغذ کی پٹی لگی ہوئی ہوتی ہے (۴) ایک قسم کا بینوا فقیروں کا پہناوا جسے کفنی کی طرح گلے میں ڈال لیتے ہیں +

اِلقا ہونا۔ ا۔ فعل لازم۔ لغوی معنی دل میں کوئی بات ڈالنا۔ اصطلاحاً کسی بات کا حال معلوم ہونا غیب سے کوئی بات دلمیں آنا +

اَلقاب۔ ع۔ اسم مذکر (جمع لقب) خطاب۔ وہ عزّت کا نام جو کسی بادشاہ یا رئیس کی طرف سے رکھا جائے + سرنامہ۔ عنوان۔ طرز خطاب + (اُن الفاظ جو آداب سے پیشتر خطوط وغیرہ میں درجہ کے موافق لکھتے ہیں)

اَلقصّہ۔ ع۔ تابع فعل۔ قصّہ کوتاہ۔ قصّہ مختصر۔ حاصل کلام غرضکہ۔ الحاصل (۲) خلاصہ۔ یعنی +

اَلقط کرنا۔ ا۔ فعل متعدی (۱) کاٹنا۔ قطع کرنا۔ دور کرنا توڑنا (۲) ترک کرنا۔ الگ کرنا۔ تیاگنا۔ چھوڑنا + کُٹّی کرنا دوستی چھوڑنا (۳) چھڑانا۔ موقوف کرنا۔ جواب دینا (۴) چکانا۔ بے باق کرنا۔ باقی چکانا +

آلکس۔ ہ۔ اسم مذکر۔ ہندو سستی۔ کاہلی۔ کسل +

آلکسانا۔ ہ۔ فعل لازم سستی کرنا۔ کاہلی کرنا +

آلکسی۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ دیکھو آلکس)

اَلکھ۔ ہ۔ اسم مذکر (۱) جو دیکھنے میں نہ آئے + نرنکار۔ پوشیدہ۔ الوپ۔ غائب (۲) جوگیوں کے سلام کرنے کا طریقہ +

الکھ جاگے۔ ہ۔ ندا۔ جوگیوں کی بھیک مانگنے کی صدا یعنے

خدا موجود ہے +

الکھ جگانا - ہ - فعل متعدی (۱) خدا کا نام لینا - خدا کے نام کی منادی کرنا - مناجات کرنا (۲) خدا کا نام لیکر مانگنا جوگی بنکر گھر گھر بھیک مانگنا - دریوزہ گری کرنا +

الکھ دھاری - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کے ہندو فقیر ہیں جو خالق کے سوا دوسرے کو نہیں مانتے - جیسی موحّد

اَلگ - ہ - صفت (۱) جدا - علیحدہ - نیارا - وکھرا (۲) پرے دور - (۳) بے سہارے - گراؤ - ادھر معلق - (۴) تنہا - اکیلا (۵) مستثنیٰ - خارج (۶) آزاد - بے تعلق (۷) اچھوتا غیر مستعمل (۸) محفوظ - مصئون - بچا ہوا - سودھ کا - (۹) صفائی کے ساتھ - صاف - بے لاگ - ۱۰ (ندا میں) پرے ہٹ - پرے سرک - چل - رستہ لے ۱۱ (تابع فعل میں) چپکے سے - بے آہٹ - کھٹکے سے بچا کر - آہستہ (میر حسن)

الگ کھول ہاتھوں سے واں کے کواڑ
چلا سایہ سا یہ درختوں کی آڑ

الگ الگ - ہ - تابع فعل - تاکید کے واسطے مکرّر بولتے ہیں (۱) جدا جدا + دور دور - پرے پرے + پراگندہ تتّر بتّر (حالت تنفّر میں بھی یہ لفظ زبان پر لاتے ہیں)

الگ تھلگ - ہ - تابع فعل (۱) آہستہ - سہج سے - ۲ - (صفت میں) کنارہ کش - جدا - علیحدہ - تنہا (۳) مصئون محفوظ - اچھوتا (۴) نازک - کانچو بھو جو +

الگ کرنا - ہ - فعل متعدی (۱) جدا کرنا - علیحدہ کرنا (۲) اتارنا - تراشنا - کاٹنا (۳) کھولنا - سلجھانا (۴) موقوف کرنا - نوکر کو چھڑانا (۵) چننا - بیننا + انتخاب کرنا (۶) نکالنا - باہر کرنا - خارج کرنا (۷) بیچڈالنا - فروخت کرنا (۸) نمٹانا - ختم کرنا - تمام کرنا جیسے کھائی کر الگ کرو (۹) توڑنا - جگہ سے بے جگہ کرنا (۱۰) چھپانا - غایب کرنا (۱۱) اڑا لینا - چرا لینا - تیہر کر لینا (۱۲) خیانت کرنا - غبن کرنا - مال مارنا (۱۳) ہٹانا - پرے کرنا - سرکانا - (۱۴) چھوڑنا - ترک کرنا - استعفا دینا (۱۵) موقوف کرنا - چھڑانا +

الگ ہونا - ہ - فعل لازم (۱) جدا ہونا (۲) ٹوٹنا (۳) ادھر ہونا (۴) موقوف ہونا (۵) ترکہ بٹنا - تقسیم ہونا (۶) ہٹنا پرے ہونا - سرکنا +

اَلگنی - ہ - اسم مؤنث - وہ رسی جو کپڑے لٹکانے کے واسطے مکان کے اندر باندھ لیتے ہیں جسے پنجابی میں ٹنگنا کہتے ہیں

اَلبَچھیرا - ہ - اسم مذکر - اصل میں الیل بچھیرا تھا (۱) گھوڑے کا جوان بچہ - ادنٹ - ناکند بچھیرا (۲) الھڑ آدمی بے فکر اشخص - بے پروا آدمی (۳) جوان ناتجربہ کار - بے خبر آدمی +

اَلٹپّو - ہ - تابع فعل - اٹکل پچو - خیالی - بے ٹھکانے بے نشانے - بادہوائی +

اَللہ - ع - اسم مذکر - (۱) خدا - پرمیشر - داتا - سائیں معبود - پیدا کرنیوالا (خدا تعالیٰ کے اور سب نام صفاتی ہیں مگر یہ عربی میں اسم ذات ہے) ۲ بحالت ندا - ای خدا - الٰہی - ای میرے پروردگار - (۳) کلمۂ تعجب وحیرت وافسوس - واہ - آہا اوہ - آہ +

اللہ اکبر - ع - ندا - (۱) لغوی معنی خدا نہایت بڑا ہے (۲) ایک کلمہ ہے جو اظہار تعجب - حیرت - عظمت اور غلو یا کثرت کے واسطے آتا ہے (مؤمن)

کیسے مجھے بگڑے تم اللہ اکبر رات کو
ذبح کرنے ہی جو ہوتا پاس خنجر رات کو

(ذوق)
سر بوقت ذبح اپنا اُسکے زیر پاے ہے
یہ نصیب اللہ اکبر لوٹنے کی جاے ہے

مسلمان کسی جانور کے ذبح کرتے وقت بسم اللہ اللہ اکبر اعد [illegible] پڑھتے وقت

اللہ اکبر کہکر چھری پھیرتے یا تلوار مارتے ہیں اور اسی کا نام تکبیر ہے نماز میں بھی نیت باندھتے وقت اور ہر ایک رکن مثل رکوع و سجود وغیرہ پہ اللہ اکبر کہتے ہیں +

اللہ اللہ ع - ندا - واہ واہ - محل استعجاب و تحسین و تحیر پر اسکا استعمال ہوتا ہے (جب کسی چیز کی حد سے زیادہ تعریف منظور ہوتی ہے تو ایسے کلمے جنسے خدا تعالیٰ کی عظمت و شان پائی جاے زبان پر لاتے ہیں اور ان سے ایک رمز خفی کی طرف اشارہ ہوتا ہے یعنی اس صفت میں موصوف سے بڑھکر کوئی چیز نہیں مگر خدا تعالیٰ یعنی وُہی وُہ) +

اللہ اللہ کرنا - ا- فعل لازم (۱) خدا کا نام لینا سمرن پھیرنا - مالا جپنا - تسبیح پڑھنا (۲) صبر و توکل کرنا

اللہ اللہ کرو -ا- محاورہ - (۱) خدا خدا کرو - خدا کا نام لو (۲) جھوٹ نہ بولو +

اللہ آمین -ا- ندا- (۱) خدا یونہی کرے - یا اللہ ایسا ہی ہو (۲) خدا حفاظت میں رکھے +

اللہ آمین سے پالنا -ا- فعل متعدی- عو- دعائیں مانگ مانگ کر پرورش کرنا - کمال محنت اور محبت اور شفقت سے پالنا - نازپروردہ کی نسبت مسلمان عورتیں بولتی ہیں

اللہ آمین کا -ا- صفت- عو- نازپروردہ - ناک رگڑیکا اللہ سے منائے کا - (بچہ) +

اللہ بیلی -ا- ندا- عو (۱) اللہ نگہبان - خدا حافظ پنجابی میں - داتا دلی (۲) مدد خدا +

اللہ توکلی -ا- تابع فعل- عوام (۱) توکل بخدا - خدا کے بھروسے پر (۲) اتفاق سے - اتفاقاً +

اللہ رکھے یا رکھے -ا- ندا- عو- سلامتی سے - بخیر - ماشاء اللہ چشم بد دور - نام خدا + (جب عورتیں اپنے کسی عزیز یا بچہ کا ذکر کرتی ہیں تو اسکے نام سے پہلے یہ لفظ کہہ لیتی ہیں تاکہ نظر بد نہ لگے +

اللہ رے -ا- ندا- کلمۂ تعجب - اوہو - آہا - بلے بلے - واہ رے

اللہ رے میں -ا- واہ رے میں - میرا کیا کہنا ہے - خودستائی کرنیکے موقع پر بولتے ہیں +

اللہ کا نام -ا- محاورہ - یعنی خدا کے نام کے سوا کچھ نہیں

اللہ کا نام لو -ا- محاورہ خدا خدا کرو + (۲) جھوٹ نہ بولو (۳) اب صبر کرو +

اللہ کا نور -ا- اسم مذکر (۱) خدا کی تجلی (۲) نہایت حسین خوبصورت (۳) متبرک شکل کا آدمی - فرشتہ صورت - وہ شخص جسکے چہرہ پر عبادت کرتے کرتے نور آجائے (۴) ڈاڑھی - ریش - (۵) طنزاً - نہایت بدشکل اور شریر -

اللہ کرے -ا- کلمۂ تمنا - کاشکے - کاش +

اللہ کی جان - اسم مؤنث - بندۂ خدا - مسکین - قابل رحم -

اللہ کے گھر سے پھرنا -ا- فعل لازم - مرمر کے بچنا - صدمہ اٹھاکر زندہ رہنا - پھر کے سے جنم لینا - نئے جنم سے پیدا ہونا

اللہ کے لوگ یا اللہ لوگ -ا- عو- اسم مذکر- وہ شخص جو دنیا و مافیہا سے بے خبر ہو - بھولا بھالا - فرشتہ سیرت سیدھا سادھا + سادہ لوح +

اللہ مارا -ا- اسم مذکر- عو (۱) خدائی خوار آدمی - بدبخت مصیبت زدہ - دے مارا - راندۂ درگاہ (۲) کلمۂ تنفر بجائے نگوڑا +

اللہ میاں -ا- اسم مذکر- عو- خدائے بزرگ - خدا تعالیٰ غایت محبت اور نہایت تعظیم سے خدا کی طرف خطاب کرتے ہیں تو اسطرح کہتے ہیں +

اللہ میاں کی بھینس -ا- ایک کیڑے کا نام ہے +

اللہ نگہبان -ا- دیکھو اللہ حافظ +

اللہ والا -ا- اسم مذکر- (۱) شہدوں کا لقب (۲) فقیر دریوزہ گر - منگتا +

اللہ ہی اللہ ہے - ا - مُحاورہ (۱) خُدا ہی خدا ہے - خُدا کی ذات کے سوا سب فانی ہے (ظفر)

یہ سب دھوکا ہے بس تیری قسم اللہ ہی اللہ ہے

(۲) نیز کلمۂ تعریف جو حسین کی نسبت آتا ہے اور مُسلمان فقیروں کے سوال کرنے کا جُملہ + (۳) سبحان اللہ - کیا کہنا ہے

اَلّذِی نہ اَلّذِی - ا - صفت - غلط العوام - مُذبذب اِدھر کا نہ اُدھر کا - سر دبے سر و پا - ڈانواں ڈول - ڈھلمل یقین - دُبدھا میں پڑا ہوا

اگر اسکی صحت کی طرف لحاظ کیا جاوے تو لا الی الذین و لا الی الذین (ادھر والوں سے نہ اُنھیں سے) ہو سکتا ہے - اصل میں یہ اُس آیت کی طرف تلمیح ہے جو مُنافقوں کی شان میں نازل ہوئی ہے (رضی) ؎

نہ تو عاشقوں ہی میں جا ملے نہ وُہ فاسقوں سے بنی رہی +

تیری وُہ مثل ہے اے رضی کہ الی الذی نہ الی الذی +

اِلّا اللہ ۵ - ع - ندا - جب کوئی مُشکل یا سخت کام کرتے ہیں تو یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں یعنے خُدا کی مدد سے ہم یہ کام شُروع کرتے ہیں (اصل میں یہ ایک جُملہ کا مخفف ہے جسکے معنی ہیں کوئی نہیں کر سکتا مگر اللہ)

اَللّے تَللّے کرنا - ہ - فعل مُتعدی - عو (۱) بخوبی خرچ کرکے مزا اُڑانا - خوب روپیہ اُٹھانا - بیدریغ صرف کرنا + عیش و عشرت میں گزارنا - چین کرنا - موجیں مارنا -

اَلماری - پُرتگال - اِسم مُؤنث. Almirah. لمبا درازدار صندوق جسمیں کتابیں وغیرہ رکھتے ہیں یا دیوار میں تختے جو بطور خانوں کے لگا دیتے ہیں +

اَلماس - ف - اِسم مذکر - ہیرا - ایک قیمتی پتھر +

اَلمست - ا - صفت - عو - مدہوش - بدمست - سرشار

اَلمُضاعَف - ع - صفت - دُگنا - دوچند - دونا +

اَلمُغَلّم - ا - اِسم مُذکر (۱) بُرا بھلا اسباب - نکمّی اور ناکارہ

۵ یہ لفظ صفحہ ۸۹ میں لفظ الامعی تقصہ الااودل کے بعد ہے

چیز - ردی - آخور - گھانس پھونس - اناپ شناپ -

(۲) لغو اور بیہودہ بات - یاوہ - مُہمل - ہرزہ - بے تُکی بات - بادہوائی بات - اٹ کی سٹ - بے ٹھکانے +

اَلم نَشرَح ہونا - ا - فعل لازم - ظاہر ہونا - صریح ہونا اظہر من الشمس ہونا - مشہور ہونا - مشتہر ہونا - اصل میں یہ محاورہ سُورہ انشراح کی پہلی آیت اَلَم نَشرَح لَکَ صَدرَکَ سے جو رسُول مقبُول کی شان میں نازل ہوئی تھی لیا گیا ہے اسکے معنی ہیں کیا ہم نے تیرے سینے کو تیرے واسطے نہیں کھول دیا؟ یعنی تیرے دل پر ساری باتیں روشن نہیں کر دیں +

اُلَن - ہ - اِسم مُؤنث - بیوقُوف اور جاہل عورت +

اَلنگ - ہ - اِسم مُؤنث - طرف - جانب - سمت - بائیں + پہلو + قطار

اَلنگ پر آنا یا ہونا - ہ - فعل لازم (۱) گھوڑی کا مستانا - مد میں بھرنا (۲) جوان ہونا +

آلو - ہ - اِسم مذکر - کند یا وُہ جڑیں جو زمین کے اندر ہوتی ہیں + ایک قسم کی ترکاری ہے جسکا مزاج سرد خشک ہے +

اُلّو - ہ - اِسم مذکر (۱) گُگھو - بُوم - چُغد (۲) احمق - بیوقُوف - چُونیا (۳) وُہ شخص جسے اسامی بنا کر فائدہ مطلب مُراد حاصل کریں جیسے اپنا اُلّو کہیں نہیں گیا (۴) ایک درخت کا نام +

اُلّو بنا - ہ - فعل لازم - احمق بنا + نشہ میں مدہوش اور بدحواس ہونا

اُلّو بنانا - ہ - فعل مُتعدی - احمق بنانا - اسامی بنانا

اُلّو بولنا - ہ - فعل لازم - ویرانہ ہونا - آبادی نہ رہنا - اُجڑنا جیسے کوئی دنیں یہاں بھی اُلّو بولیگا

چُونکہ اُلّو کو منحوس خیال کرتے ہیں اور یہ ویرانہ پسند ہے، اسلئے یہ محاورہ ہو گیا +

اُلّو کا گوشت کھلانا - ا - فعل مُتعدی (۱) احمق بنانا (۲) کسی کو مسخر کرنا (۲) لوگوں کا خیال ہے کہ اُلّو کا گوشت ... سحر (۳) تلف اولاد +

اِمتحان - ع - اِسم مذکر - جانچ - پڑتال - آزمائش - تجربہ

اِمتلا - ع - اِسم مذکر - پُری + بدہضمی - اجیرن +

اِمتیاز - ع - اِسم مذکر (۱) تمیز - فرق - شناخت - پہچان (۲) سمجھ - شعُور - بچار - گیان - (۳) ترجیح - فوق - تفوّق -

اُلُوالعَزْم - ع - صفت - صاحبِ عزم + دل چلا - عالی حوصلہ - جگرے کا - دل گردہ کا + بہادر +

اَلْوان - ع - اسم مذکر - لغوی معنی رنگین پشمینہ - اصطلاحی تمام پشمینہ - اُونی چادر جسکا دوشالہ بناتے ہیں +

آلُوبُخارا - ف - اسم مذکر - ایک قسم کا ولایتی پھل ہے جو مزہ میں ترش مزاجاً سرد تر اور صفراوی بخار کے حق میں مفید ہے

اَلُوپ - ھ - صفت (۱) پوشیدہ - ناپدید - خفا - اندرونی گپت - مخفی +

الوپ انجن - ھ - اسم مذکر - سرمۂ خفا - ایک قسم کا سرمہ ہے جسکے لگانے سے آدمی آپ تو سبکو دیکھ سکتا ہے مگر اسے کوئی نہیں دیکھ سکتا واللہ اعلم +

آلُوچہ - ف - صفت - ایک قسم کا تر آلوبخارا ہوتا ہے جو مزاجاً سرد تر ہے +

اَلْوَداع - ع - اسم مذکر - رمضان کے مہینے کا اخیر جمعہ + سلام رخصت + وداع - رخصت - بدا +

آلُودگی - ف - اسم مؤنث (۱) آلایش - گندگی - ناپاکی - نجاست (۲) گرفتاری - بکھیڑا (۳) گنہگاری - پاپ

آلُودہ - ف - صفت (۱) لتھڑا ہوا - بھرا ہوا - ملوث - ناپاک نجس - پلید (۲) مبتلا - پھنسا ہوا - گھرا ہوا - گرفتار (۳) گنہگار - پاپی +

آلودہ کرنا - ا - فعل متعدی - سانا - لپیٹنا - بھرنا - لتھیڑنا +

اَلُونا - ھ - صفت - بے نمک - پھیکا - بے مزہ +

اُلُوہِیَّت - ع - اسم مؤنث - الٰہی ہونا - خدائی - شانِ خداوندی - ربانیت +

آلہ - ع - اسم مذکر (۱) اوزار - ہتھیار - راچھ + (۲) گرامر میں اسم - وہ اسم جسمیں اوزار کے معنی پائے جائیں جیسے قینچی چاقو وغیرہ +

آلۂ تناسل - ع - اسم مذکر - نسل بڑھانے کا اوزار - ذکر - عضوِ تناسل +

اِلہام - ع - اسم مذکر - کسی بات کو خدا کا دلمیں ڈالنا - القا - وحی - آکاس بانی +

اَلْھَڑ - ھ - صفت (۱) نوعمر - کمسن - نوجوان - نوخیز - نادان - سادہ - اناڑی - (۲) بے پروا - وہ نوجوان جسکے مزاج میں لاابالی ہو (۳) بحالتِ اسم - بچھیرا - اکھنڈ (۴) جاہل ناخواندہ - بے ہنر (حالتِ تلفظ میں ہائے مخلوط کی آواز نکلتی ہے)

اِلٰہی - ع - اسم مذکر - (۱) میرا خدا - اے میرے خدا - خدا - ایشر - پرمیشر (۲) ایک علم جسمیں وجود اور ذات و صفات خدا تعالیٰ سے بحث کی جاتی ہے +

اگر اس یے کو یائے متکلم سمجھیں تو اسکے معنی میرا اللہ ہونگے اور جو یا نسبت خیال کریں تو منسوب بخدا - ربانی - خدائی جیسے حکم الٰہی یعنی امر ربانی - جو لوگ اس یائے تحتانی کو نفس کلمہ خیال کرتے ہیں وہ غلطی پر ہیں اگرچہ استعمال میں اسیطرح ہے - کبھی حالتِ ندا میں بھی الٰہی بجائے یا الٰہی آتا ہے جیسے الٰہی توبہ +

اِلٰہی خرچ - ا - اسم مذکر (۱) خرچ بے ترتیب یا غیر منتظم + خرچ کثیر - شاہی خرچ - عالمگیری اخراجات (۲) اسراف - فضول خرچ

اِلٰہی رات - ا - اسم مؤنث - عو - شب بیداری یعنی رتجگا جسمیں عورتیں کڑھائی تلکر نیاز دلواتی ہیں +

اِلٰہی کرے - ا - ندا - عو - خدا کرے (تمنا اور اجابت دعا کے واسطے یہ کلمہ آتا ہے)

اِلٰہی مہر - ا - اسم مؤنث - عو - لغوی معنی ودیعت خدا امانت - جوں کی توں صحیح سالم - مراداً فرض - واجب

آلی - ھ - اسم مؤنث (۱) گوئیاں - سکھی - سہیلی (ہندی گیتوں میں) (۲) گیلی چیز - تر چیز (اسکا مادہ جدا ہی ادا ہے جسکے معنی گیلا

۳) گنوار (صفت میں) کچی - خام (۴) برج میں بھونرا +

الیچنا - ہ - فعل لازم (ہندو) پانی پھینکنا - پانی سوتنا

الیل - ہ - صفت (۱) اونٹ بچھیرا - ناکند (۲) بے پروا

الھڑ - نوجوان (۳) ناتجربہ کار - دنیا کے کاروبار سے بیخبر +

آم - ہ - اسم مذکر - آنب - نغزک (ایک قسم کا ہندوستانی عمدہ میوہ ہے - لمبے اور پتلے کو آمن اور گول کو آم کہتے ہیں)

اما یا اماں - ا - اسم مؤنث (۱) ما - مادر - والدہ - ناتا مہتاری (۲) عورتوں کا تکیہ کلام بھی ہے جو خطاب کرتے وقت مخاطب سے کہتی ہیں جیسے "اماں اپنوں کا عیب بھی ہنر ہو جاتا ہے" - بڑی بوڑھی عورت کو بھی اماں کرکے بولتی ہیں (۳) اے میاں کا مخفف ہے (عوام)

آمادگی - ف - اسم مؤنث (۱) تیاری - مستعدی - موجودگی (۲) رضامندی - مرضی +

آمادہ - ف - صفت (۱) تیار - مہیا - مستعد - لیس - موجود (۲) رضامند - راضی +

امارت - ع - اسم مؤنث - امیری - امرائی - سرداری - صاحبی - حکومت + اوج - شرف - وقار +

امام - ع - اسم مذکر (۱) پیشوا - پروہت - آگے چلنے والا + مجتہد + رہنما - سردار (۲) تسبیح کا وہ منکا جو سب سے اوپر اور آگے ہوتا ہے اسے فارسی میں گل سُبحہ اور ہندی میں سومیر کہتے ہیں (۳) نماز پڑھانے والا +

امام باڑا - ا - اسم مذکر - وہ جگہ جہاں تعزیہ رکھتے اور امام حسین علیہ السلام کی مجلس عزا منعقد کرتے ہیں مُراداً خانقاہ +

امام ضامن - ع - اسم مذکر - عو - مسلمان عورتوں کا ایک فرضی ولی جو محافظ راہ خیال کیا جاتا ہے +

امام ضامن کا روپیا - ا - (امام ضامن کے نام کا روپیہ جو سفر کرنے والے کے ڈنڈ پر اسکے ثواب باندھ دیتے ہیں اور وہ منزل مقصود پر

پہنچکر کسی سید کو نذر دیدیا جاتا ہے)

امامیہ - ع - اسم مذکر - امام کا پیرو فرقہ - اہل تشیع - شیعہ - محب اہل بیت (اہل اسلام کے وہ لوگ جو رسول مقبول کے بعد حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو خلیفہ و امام بلافصل مانتے ہیں یا انکی اولاد میں سے جو بارہ امام ہوئے ہیں انہیں کی پیروی کرتے ہیں)

امان - ع - اسم مؤنث (۱) حفاظت - سرن - سہارا - بچاؤ - امن + (۲) عو - آسایش - آرام - تسکین +

امانا - ہ - فعل لازم - ہندو - سمانا - آجانا +

امانت - ع - اسم مؤنث (۱) ضد خیانت - ودیعت - تحویل - سپردگی - دھروڑ - کسیکی رکھوائی ہوئی چیز - ڈپوزٹ - سپرد کی ہوئی چیز (۲) صفت میں - جوں کی توں - بجنسہ

امانتدار - ع + ف - اسم مذکر - امین - معتمد - خیانت نہ کرنے والا - معتبر + دہ دار +

امانت خانی زردہ - ا - اسم مذکر - ایک قسم کا کھانیکا تمباکو (اسکا موجد کوئی امیر امانت خاں نامی ہے)

امانی - ع - اسم مؤنث - بخلاف اجارہ - بے ٹھیکے کا کام - وہ کام جو اپنے طور پر بنوایا جائے - وہ سرکاری کام جسکا ٹھیکہ نہ دیا جائے +

امبر - ہ - اسم مذکر - لغوی معنی چادر - اصطلاحی آسمان - آکاس + بادل + راجہ کی پوشاک +

امبیا - ہ - اسم مؤنث - کیری - کچا آم +

امت - ع - اسم مؤنث - وہ گروہ جو کسی پیغمبر کا پیرو ہو (۲) جماعت - فرقہ (۳) ظرافتاً اولاد +

امتحان - ع - اسم مذکر - جانچ - پڑتال - آزمایش - تجربہ

امتلا - ع - اسم مذکر - پُری + بدہضمی - اجیرن +

امتیاز - ع - اسم مذکر (۱) تمیز - فرق - شناخت - پہچان (۲) سمجھ - شعور - بچار - گیان - (۳) ترجیح - فوق - تفوّق

اَمِٹ - ہ - صفت - وُہ چیز جو نہ مٹے - غیر فانی - لازوال + پائدار - مستحکم - ثابت - پتھر کی لکیر - غیر منتقل اٹل - لاجنب +

اَم جانا - ہ - فعل لازم - (۱) ماؤف ہو جانا - دُکھ جانا یا پھوڑا ہو جانا (۲) تھک جانا - شل ہو جانا (۳) جم جانا قائم ہو جانا جیسے درد وغیرہ کا ام جانا

اَمچُور - ہ - اسم مذکر (۱) آم کا چورا - کھٹائی (۲) آم کی سوکھی پھانکیں (۳) صفت میں سوکھا ہوا - سوکھا ہوا لاغر - دُبلا - چیرمر + کمان کی شکل - کُبڑا - بوڑھا (۴) کھٹا - تُرش +

آمَد - ف - اسم مؤنث (۱) ماضی از آمدن (۲) اوائی آنے کی خبر (۳) آمدنی - یافت - پیدا - حاصل (۴) مال رسد یا پیداوار کا بازار میں آنا (۵) آغاز - شروع - آمد سرما (۶) صفت میں - ضد آورد - بیساختہ - بے بناوٹ - بلاتکلف - از خود - بدیہہ (۷) نکاس - اخراج + ایام حیض +

آمد آمد - ف - اسم مؤنث (۱) اوائی - آنے کی دھوم کسی امیر کی تشریف آوری کی خبر + انتظار +

آمد آمد ہے چمن میں کس سمن اندام کی
سبزۂ خوابیدہ سے مخمل بچھاتی ہے بہار (مومن)

(۲) شروع - اوّل - آغاز - ابتدا -

آمد آمد میں اسقدر شورش +
دیکھئے کیا کریں بہار میں ہم (شیفتہ)

آمد برآمد کے دن - ا - اسم مذکر - رُت پھرنے کے دن - موسم پلٹنے کا وقت - تبدیل موسم +

آمدِسخن - ف - تابع فعل - بر محل - تذکرہ - تذکرہ کے طور پر - مثالاً

آمد و رفت - ف - اسم مؤنث (۱) آرجار - آنا جانا - (۲) میل جول - ربط ضبط (۳) رستہ - گزرگاہ +

اِمداد - ع - اسم مؤنث - مدد - معاونت - اعانت - استعانت - کمک +

آمدنی - ف - اسم مؤنث - (۱) یافت - پیدا - بالائی یافت - درآمد + پیداواری + پیداوار کا موسم دساوری مال کے دن - فصل (۲) فائدہ - سود - منافع (۳) حیض کے دن

اَمَر - ہ - صفت - اَن مٹ - اَمِٹ - لازوال ابناشی +

امر بیل - ہ - اسم مؤنث - دیکھو - (اکاس بیل)
جو لوگ یہ خیال کرتے ہیں کہ یہ بن جڑ اور بن پانی ہمیشہ ہری رہتی ہے وُہ اسکا مادہ امر قرار دیتے ہیں اور جن لوگوں کا یہ خیال ہے کہ اسکی جڑ آسمان پر ہوتی ہے وُہ امر بیل کہتے ہیں +

امر لوک - ہ - اسم مذکر - (۱) عالم بقا - دیوتاؤں کے رہنے کا مقام - (۲) بہشت - فردوس - جنت +

امر ہونا - ہ - فعل لازم - غیر فانی ہونا - ہمیشہ زندہ رہنا - ابدالآباد رہنا +

اَمْر - ع - اسم مذکر (۱) حکم - اگیا - ارشاد (۲) اجازت (۳) فعل - کام - باب (۴) ماجرا - مطلب - مقصد (۵) معاملہ - معاملات - کاروبار - بات (۶) گرامر میں بجلی - ودھی کریا - विधि क्रिया وُہ افعال جنمیں کسی کام کے کرنے کی تاکید پائی جاوے +

اُمَرا - ع - اسم مذکر - (امیر کی جمع) ۱ حاکم - رئیس (۲) دولتمند (۲) رکن سلطنت - عمائد +

اَمراض - ع - اسم مذکر (مرض کی جمع) بیماریاں

اَمرِت یا اِمرت - ہیں - اسم مذکر - آب حیات تریاق - مقابل زہر + امرِت - شہد + نہایت میٹھا پانی شربت + راجہ لوگوں کے پینے کا پانی +

اَمْرَسْ - ہ - اسمِ مذکر - آم کا پکا یا ہوا رس - اماوٹ +

اَمْرُوْد - ف - اسمِ مذکر - ایک پھل کا نام ہے جسے صفری بھی کہتے ہیں +

اَمْرَیّاں - ہ - آموں کے درختوں کا جھنڈ - آم کے درخت - آم کا باغ +

اُمَسْ - ہ - اسمِ مؤنث - نہایت گرمی - حبس - اِحتباس - گھمس - گھٹاؤ - وہ گرمی جو زمین کے بخارات کے باعث بھادوں کے مہینے میں ہوتی ہے +

اِمْسَاکْ - ع - اسمِ مذکر (۱) رکاؤ - رکاوٹ (۲) کشش جیسے اِمساکِ بارش (۳) بخل - کنجوسی (۴) خشکسالی قحط - کال - کھینچ +

اِمْسَالْ - ف - اسمِ مذکر - پرسال کے خلاف - اِس سال - اسکے سال - اسکے برس +

اَمَکْ ڈھمَکْ - ہ - اسمِ مذکر - عو - (۱) یہ وہ - ایرا غیرا حقارت سے فلاں کی جگہہ بولتی ہیں (۲) ناچیز - نکمی شئے - ہیچ - بے قدر آدمی (۳) وغیرہ - علاوہ +

اَمَکّا ڈھمَکّا - ہ - اسمِ مذکر - دیکھو (امک ڈھمک)

اِمْکَانْ - ع - اسمِ مذکر - (۱) قدرت دینا - ممکن - مقدور - بس - قابو - طاقت - قدرت - مجال - مقدرت (۲) عارضی وجود - بخلاف وجوب +

اَمَلْ - ہ - اسمِ مذکر - شراب کے علاوہ ہر قسم کا نشہ + اسکا املا غلط مروج ہے میم سے ہونا چاہیے کیونکہ یہ لفظ ہندی میں کسی دعاؤں سے نہیں ثابت ہوتا اور عمل میں اسکا ثبوت صاف ظاہر ہے

اَمَلْ پانی کرنا - ہ - فعل متعدی - نشہ پانی کرنا نشہ پینا - بھنگ پینا (شراب کے علاوہ سب نشوں کی نسبت بولتے ہیں)

اِمْلَاءْ - ع - اسمِ مذکر - لغوی معنی یاد سے کچھ لکھنا - اصطلاحی رسمِ خط کے موافق صحت سے لکھنا یا بتائی ہوئی عبارت کو درست لکھنا +

اَمْلَاکْ - ع - اسمِ مؤنث - جمع ملک بمعنی ملکیت جائداد - مال و اسباب +

اَمَلْ بِیْد - ہ - اسمِ مذکر - ایک قسم کا ترش پھل جسکا کھٹا چورن بناتے ہیں +

اَمَلْ پتّی - ہ - اسمِ مؤنث - (۱) ایک خاص قسم کی چھوٹی سیبون جو املی کی پتی کے برابر چکلی ہوتی ہے +

اَمَلْتَاسْ - ہ - اسمِ مذکر - ایک درخت اور اسکے پھل کا نام ہے جسکا گودا مسہل میں دست لانیکے واسطے دیا جاتا ہے - مغز فلوس - مزاجاً معتدل الحرارت ہے +

اَمَلْنَا - ہ - فعل لازم - ہندو - عو - (۱) کند ہونا - ترش ہونا جیسے دانت امل گئے (۲) پیٹ کے پٹھوں کا کھنچنا - تشنج اعصاب ہونا +

آمْلَہ - ہ - اسمِ مذکر - ایک قسم کا کسیلا اور ترش پھل جس سے سر دھوتے ہیں - اسکا مربّیٰ مقوی دل و دماغ خیال کیا جاتا ہے اور درخت کا نام بھی یہی ہے +

اِمْلی - ہ - اسمِ مؤنث - تمر ہندی - ایک قسم کا ترش پھل اور اسکا درخت

آمَنْ - ہ - اسمِ مؤنث - آم کی تانیث +

اَمَنْ - ہ - اسمِ مؤنث - (۱) بچاؤ - حفاظت - پناہ - آرام - چین (۲) اطمینان - دلجمعی +

اَمَن چَیْن - ہ - اسمِ مذکر - عو - زلزلہ - بھونچال +

اَمْن وَ اَمَانْ - ع - اسمِ مذکر - حفاظت - پناہ - چین چان - حفظ امان

اَمْنَا سَامْنَا - ہ - اسمِ مذکر - مقابلہ - مٹ بھیڑ - مڈبھیڑ

اُمَنْڈْنَا یا اُمَڈْنَا - ہ - فعل لازم (۱) اُبلنا - ابھرنا (۲) بھر آنا - جوش مارنا - چھوٹ بہنا جیسے دل یا چھاتی امڈ آنا

اشک جو امڈے دم گریہ تو پھر دریا ہے خون
موج زن تھا دل سے لیکر چشم تک سا ایک (ظفر)

(۳) گھیرنا - احاطہ کرنا جیسے بادل اُمنڈنا (۴) ہجوم کرنا
جمع ہونا - انبوہ ہونا - ازدحام کرنا جیسے خلقت یا فوج
اُمنڈ آنا (۵) چڑھنا - طغیانی پر آنا جیسے دریا کا اُمنڈنا +

اُمنگ - ہ - اسم مؤنث (۱) ولولہ - جوش - لہر - موج
جوانی کی ترنگ - دل کی اُپج - جوش و خروش + دلی شوق
و نہایت خوشی + (ظفر)

پیری سے گو ہے کند طبیعت مری ظفر
لیکن شباب کی سی ہے جی میں اُمنگ تیز

آمنے سامنے - ہ - تابع فعل - رُوبرو - مقابل میں -
مُنہ درمُنہ - سنمکھ +

آموختہ - ف - اسم مذکر - سیکھا ہوا - پڑھا ہوا - پچھلا سبق
خواندگی +

آموختہ پھیرنا - ا - فعل لازم - دوہرانا - خواندگی پڑھنا

اُمور - ع - اسم مذکر - (امر کی جمع) بہت سے کام +

اُمّی - ع - صفت - لغوی معنی میں ماں کے پیٹ سے
نسبت رکھنے والا یعنے جو حالت جنم سے پہلے تھی اُسی
حالت میں رہنے والا - اصطلاحاً جاہل - گنوار - ناخواندہ
نادان - ان پڑھ +

اُمیٹھنا - ہ - فعل متعدی - اینٹھنا - مروڑنا - بل دینا

اُمّید - ف - اسم مؤنث (بیائے معروف مع واو التشدید و بلا تشدید ہر طرح درست) (۱) آس - بھروسا - آرزو - تمنا - خواہش (۲)
گربھ - حمل - پیٹ +

اُمید سے ہونا - ا - فعل لازم - پیٹ سے ہونا - حاملہ ہونا

اُمیدوار - ف - اسم مذکر - (۱) متوقع - آرزومند - ملتجی
(۲) بھروسا دیا گیا - مستحق - استحقاق رکھنے والا - آئندہ
کی اُمید پر کام کرنے والا +

امیر - ع - اسم مذکر - (۱) امر کرنے والا - حکم دینے والا -
سردار - بڑا آدمی - رئیس - ذی رتبہ (۲) دولتمند - مالدار
زردار (۳) فیاض - سخی +

امیر البحر - ع - اسم مذکر - میر بحر - بحری فوج کا افسر +

امیرزادہ - ف - سردار کا لڑکا - رئیس زادہ + خاندانی

امیری - ع - دولتمندی - سرداری - استغنا +

آمیزش - ف - اسم مؤنث - ملونی - ملاؤ - رلاؤ - میل

امین - ع - اسم مذکر (۱) دیکھو (امانت دار)
(۲) ثالث - سرپنچ - پنچ (۳) سپرنٹنڈنٹ - سربراہ کار
منتظم - ایک قسم کا عہدہ دار - محصّل +

آمین - ع - ندا - (ایک کلمہ ہے جو اجابت دعا کے واسطے استعمال
کیا جاتا ہے) ا - خدا یونہی کرے - ایسا ہی ہو - خدا وہ دن کرے
(۲) - چند دعائیہ اشعار کا نام بھی آمین ہے جو ختم قرآن کے بعد پڑھے جاتے ہیں

آمین اللہ - ع - ندا - عو - (۱) خدا یونہی کرے - خدا قبول کرے
(۲) خدا امن میں رکھے - خدا بچائے - خدا کی پناہ - دور پار
خدا نہ کرے - نوج - نعوذ باللہ - عیاذاً باللہ +

(ظفر)
کوسا اُس دشمن جاں نے جو مجھے
دوست کہنے لگے آمیں اللہ +

آمیں آمیں ہو جانا - ا - فعل لازم - عو - امن چین
ہو جانا - خوشیاں منانا - مراد بر آنا +

(فقرہ) مینہ برسے تو آمیں آمیں ہو جائے +

(ظفر)
آمیں آمیں ابھی ہو جائے وہ بار [illegible]
مہربانی کرے آمیں [illegible]

اِن - ہ - اسم اشارہ قریب (اس کی جمع [illegible]) [illegible]
واحد کے لئے بھی آتا ہے) +

ان دنوں - ہ - تابع فعل - آجکل [illegible]

اُن - ہ - اسم اشارہ بعید (اُس [illegible]
واحد کے لئے بھی آتا ہے) ۲ - عو - [illegible]

بیٹھنا - موزوں ہونا (۲) پکنا (۳) لینا
ہونا (۴) پڑنا (۵)
پھیرا لگانا +
مر ورکبھی بتغیر لہجہ یعنی جس وقت

آن - ہ - صفت - دُوسرا - غیر - اجنبی - پر جیسے گھر کا جوگی جوگنا آن گانو کا سدھ +

آن - ہ - اسمِ مذکر (۱) دانہ - اناج - غلہ - گیہوں - چنا وغیرہ (۲) غذا - خورش - آذوقہ - آدھار +

(دُکھن کی پہیلی) پُورب دیس سے آئی تریا
آن کھائے پانی کی کریا

ان جل - ہ - اسمِ مذکر (۱) دانہ پانی - کھانا پینا +

ان داتا - ہ - اسمِ مذکر - (۱) رازق - رزق دینے والا پالنے والا (۲) مالک - خداوندِ نعمت - سردار - آقا - سرکار

ان کا کیڑا - ہ - اسم مذکر - ان ادھاری - مُراداً انسان آدمی +

آن - ع - اسمِ مؤنث (۱) وقت - لمحہ - پل - چھین دم

آن کی آن میں - ا - تابع فعل - طرفۃ العین میں عرصۂ قلیل میں - پلک مارنے یا چُٹکی بجانے میں +

آن - ف - اسمِ مؤنث (۱) انداز - ادا معشوقانہ چھپ ایک کیفیتِ حُسن جو دل میں کُھب جاتی ہے (۲) طور - طرح - بد - ڈھب جیسے کسی آن کل نہیں (۳) عو نخوت - غرور - تمکنت - تبختر جیسے وُہ اپنی آن میں ہی مری جاتی ہے +

آن بان - ا - اسمِ مؤنث (۱) آن - انداز - شان شوکت - سج دھج - ٹھاٹ +

(بے ڈھب) کھڑے شاخِ شبو کے ہر جانشان
مدن بان کی اور ہی آن بان

آناً فاناً - ع - ایک - خود بینی +
ترت - بہت ملنا اکڑ اکڑ کر اور بونا بگڑ کر ++

آنا کانی - خُدا قیامت اس آن بان ہیں ہیں
تجاہل عارفانہ - اڑ - (انشاء اللہ خاں)
آنا کانی دکر

لے آہ اتو اپنی کہیں آن بان چھوڑ
جاویں کدھر ملا نگہ بہفت آسمان چھوڑ

(۴) عادت - خصلت - ڈھنگ - وضع - طریق +

(جان صاحب) خصم کسیکا نہیں کھبتا اپنی آنکھوں میں
ہمیں ہے مرد وے کی اپنے آن بان پسند

آن بان سے رہنا - ا - فعل لازم - ٹھاٹ سے رہنا - شان و شوکت سے بسر کرنا +

آن - ہ - اسمِ مؤنث (۱) عو - سوگند - قسم - عہد - پرتگیا (فقرہ) تمھیں کیا اُن کے گھر جانے کی آن ہے؟
(۲) مرجاد - بڑوں کی رسم - ان کے ہاں ہری چوڑیوں کی آن ہے
(۳) عادت - خصلت - بان (فقرہ) تم کچھ ہی کرو وُہ اپنی آن نہیں چھوڑیگا + (۴) ضد - ہٹ - اڑ - مڑک (۵) مان - مُراد - تمنا - (نظیر)

جو اور کسیکی آن رکھے تو اُسکی بھی حق آن رکھے

(۶) خاطر - پاس - منہ - مرضی - "تیری آن پا تیرے گُن گاتا"
(۷) لاج - شرم - حیا (پُوربی گیتوں میں یہ معنی آئے ہیں)
(۸) آبرو - عزت - مرتبہ - درجہ + (نظیر)

مُفلس کی کچھ نظر نہیں رہتی ہے آن پر
دیتا ہے اپنی جان وُہ ایک ایک نان پر

آن تان والی - ا - اسمِ مؤنث - عو - صاحبِ غیرت دماغدار +

آن ماننا - ا - فعل لازم - قایل ہونا - لوہا ماننا - کسیکے کمال کا معترف ہونا - ایمان لانا - اُستاد ماننا

(معروف) تری دولت جنوں میں بھی یہ صحرانوردی کی
کہ راہِ عشق میں مجنوں نے مانی آن مردی کی

ان - ہ - حرفِ نافیہ - نا - نہیں - جن - بے - مت - بن - نہ جیسے ان پڑھ - ان مول - انجان - ان بدعا وغیرہ

ان بن - ہ - اسمِ مؤنث (۱) ناموافقت - بگاڑ ناسازگاری - مخالفت + نااتفاقی - رنجیدگی - شکر رنجی (۲) دشمنی - عداوت + نارضامندی - لڑائی +

ان پڑھ - ہ - صفت - ناخواندہ - کپڑھ - اُمّی

ان دیکھا - ہ - صفت (۱) بن دیکھا - نادیدہ (۲) غائب مخفی +

ان سمجھ - ہ - صفت - نافہم - نادان + بچہ + بیوقوف بھولا بھالا +

ان گنا - ہ - صفت - عو (صحیح بکسر کاف فارسی مستعمل بفتح) ۱ - شمار سے باہر - شمار ناکردہ (۲) آٹھواں

ان گنا برس - ہ - اسمِ مذکر - عو - آٹھواں برس +
چونکہ عورتیں آٹھویں مہینے کو اس باعث سے منحوس خیال کرتی ہیں کہ اٹھوانسا بچہ نہیں جیتا اس سبب سے جب کسی بچہ کی عمر یا حمل کے مہینوں کو گنتی ہیں تو آٹھ کی بجائے انگنا (خالی از شمار) زبان پر لاتی ہیں +

ان گنا مہینا - ہ - اسمِ مذکر - آٹھ مہینے کا حمل +

ان گھڑ - ہ - صفت (۱) بن گھڑا - بیڈول - ناموزوں (۲) ناشائستہ - آدمیت سے خارج - بونگا - بیڈھنگا - بےسلیقہ جاہل - بیہودہ (۳) اناڑی - ناتجربہ کار - خام - (۴) بےتکا - اٹکل پچو +

ان گھڑت بات - ہ - اسمِ مؤنث - بےتکی بیڈھنگی بےمیل اور اوُل جلول بات +

ان مل - ہ - اسمِ مؤنث - وہ بےمیل اور بےجوڑ عبارت یا نظم کے ٹکڑے جو ظریف لوگوں نے ہنسانے کے واسطے گھڑ رکھے ہیں جیسے
صابن کے پیڑ تلے مرغی کا ذُسوت آئی بھینس ٹھہر گئی ہوا میں بھی کچھ جھوٹ

ان مول - ہ - صفت - بےبہا - بیش قیمت - قیمتی + نہایت عمدہ +

ان ہوا - ہ - صفت - عو - غیر شخص - اجنبی - ناواقف - غیر جیسے اس بچے پر ان ہوے کو محبت آتی ہے +

ان ہوت - ہ - اسمِ مؤنث - ناہوت - مفلسی - تنگدستی افلاس - فلاکت - ناداری +

ان ہونی - ہ - اسمِ مؤنث (۱) ناشدنی - وہ بات جسکا سان گمان بھی نہو - اتفاقی بات - ناگہانی بات (۲) محال - مشکل (۳) صفت میں - ناممکن - خلاف قیاس بعید الوقوع +

ان نیائی - ہ - صفت (۱) نامنصف - بےانصاف نیاؤ نکرنے والا (۲) کٹھور - بیدرد - سنگدل - کٹر - بےرحم (۳) ظالم - ستمگر - ظلمی (۴) بدکار - بداطوار (۵) بےایمان ادھرمی (۶) نہایت خراب - نہایت بد - درجن +

انا - ت - اسمِ مؤنث (اصل میں آنا بمعنی مادر تھا) دایہ - دودھ پلانے والی عورت - دھاے +

آنا - ہ - فعل لازم (۱) جانیکی ضد (۲) پہنچنا (۳) تشریف لانا (۴) حاضر ہونا (۵) حاصل ہونا (۶) نازل ہونا (۷) اُترنا (۸) فروکش ہونا (۹) جاننا (۱۰) یاد ہونا (۱۱) انزال ہونا (۱۲) برسنا (۱۳) نیچے اُترنا (۱۴) گرنا (۱۵) حلول کرنا (۱۶) لبالب ہونا (۱۷) چڑھنا (۱۸) جوش مارنا (۱۹) صحبت داری کرنا (۲۰) عکس ہونا (۲۱) اُبڑنا (۲۲) واپس ہونا (۲۳) داخل ہونا (۲۴) اُگنا (۲۵) پھلنا (۲۶) جنم لینا (۲۷) متوجہ ہونا (۲۸) بچنا (۲۹) سمانا (۳۰) ٹھننا (۳۱) کھچا جانا (۳۲) سرایت کرنا (۳۳) بیٹھنا (۳۴) ٹھیک پڑنا - نہایت (۳۵) اٹنا (۳۶) اکٹھا ہونا (۳۷) ہونا - گر پڑنا - ہوش (۳۹) شمار ہونا (۴۰) چھانا (۴۱) [illegible] ہونا ظاہر ہونا (۴۲) بکنے لگنا (۴۳) بیچ کی جگہ - بلیرڈ روم
یہی آنا کبھی امر کبھی استقبال کبھی اسم اور کبھی Enter فعل لازم
[illegible] ہ - امتحان داخلہ [illegible]

اِس لفظ پر زور ڈالیں تو دھمکی اور تہدید کے معنی پیدا کرتا ہے اور یہ
بات کُل فعلوں میں ہو سکتی ہے جیسے کل آ یعنی کل آؤ۔ میں نہیں
آتا یعنی میں نہیں آنیکا دہنیوں میں اسطرح بولتے ہیں) اِسم اور تہدید
کی مثال ہو تو آپ بتا دیتا ہے +

اَناپ شَناپ۔ ا۔ صفت (۱) بے اندازہ۔ بے معنی۔ بیہودہ
غیر متناسب۔ واہی تباہی۔ اوٹ پٹانگ۔ بے تمیزی
سے (۲) بے تامُّل۔ بے سوچے +

اَناج۔ ہ۔ اِسم مذکّر۔ غلّہ۔ دانہ۔ خوراک اِنسان

آنا جانا۔ ہ۔ اِسم مذکّر (۱) آرجار۔ آمد و رفت (۲) میل ملاپ
میل جول۔ ربط ضبط +

اَنادِ۔ ہ۔ صفت (۱) اُس زمانہ سے جسکی یاد نہیں۔ پراچین
ازلی (۲) قدیم۔ پُرانا +

اَنار۔ ف۔ اِسم مذکّر۔ ایک قسم کا میوہ ہے جسے ہندی میں
داڑم کہتے ہیں۔ اور ایک قسم کی آتشبازی بھی ہوتی ہے
انار دانہ۔ ف۔ اِسم مذکّر۔ اوّل معلوم۔ دُوم ایک قسم کا
چُورن (سفوف) جو انار کے دانے ڈالکر بنایا جاتا ہے
سُوم رخساروں کی سُرخی کو بھی اِس سے تشبیہ دیتے ہیں

اَناری۔ ا۔ صفت۔ سُرخ۔ آنکھ کا کبوتر جسے پُورب میں
انارا کہتے ہیں +

اَناڑی۔ ہ۔ صفت۔ ناواقف۔ نوآموز۔ سیکھتڑ۔ نودکھ
نادان۔ انجان۔ ناتجربہ کار۔ خام۔ کچّا۔ ادھورا۔

انجام۔ ۳۔ بے سلیقہ۔ بے ہُنر +
عاقبت۔ تابع فعل۔ آن کی آن میں۔ فوراً۔ جھٹ پٹ
انجام پر بہت جلد۔ دم بھر میں۔ پل بھر میں۔ چھن میں
انجام ف۔ ہ۔ اِسم مؤنّث (۱) ٹال مٹول۔ سُنی ان سُنی
انجام کرانہ (۲) چشم پوشی۔ اِغماض (۳)
بندوبست کرا۔ ہ۔ فعل لازم۔ طرح دینا۔ ٹالنا۔
سُنی ان سُنی کرنا۔ اِغماض کرنا۔ کان میں پھول مارنا
شُنیدہ ناشُنیدہ کرنا۔ درگزر کرنا +

اَنبار۔ ف۔ اِسم مذکّر (۱) ڈھیر۔ تودہ۔ اٹالہ (۲) ذخیرہ

اِنبساط۔ ع۔ اِسم مؤنّث۔ خوشی۔ خورّمی۔ آنند۔ شادمانی
بہجت +

اَنبوہ۔ ف۔ اِسم مذکّر۔ ہنگامہ۔ ہجوم۔ جمگھٹ۔ بھیڑ

اَنبیا۔ ع۔ جمع نبی۔ پیغمبر۔ فرستادۂ خدا۔ رسُول +

اَن پانی۔ ہ۔ اِسم مذکّر۔ ان جل۔ کھانا پینا۔ کھانا دانہ

آن پڑنا۔ ہ۔ فعل لازم (۱) آرہنا۔ یکایک آگرنا۔
گر پڑنا (۲) اتفاق پڑنا۔ سنجوگ ہونا (۳) آفت سر آجانا
(۴) پھنس جانا۔ گھر جانا + (۵) خیمہ لگانا۔ ڈیرہ جمانا +
(۵) وارد ہونا۔ صادر ہونا (۶) ذمّہ پڑنا۔ سر پڑنا

اَنت۔ ہ۔ صفت انجام۔ آخر۔ عاقبت۔ انتہا +
نتیجہ۔ پھل۔ حاصل +

آنت۔ ہ۔ اِسم مؤنّث (۱) رودہ۔ آنتڑا۔ جس عضو میں
غذا کا فضلہ رہتا ہے (۲) طول طویل اور نہایت لمبی چیز
آنت اُتر آنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ آنت کا خصیہ میں
اُتر آنا۔ فوطہ میں آنت آجانا۔ فتق کی بیماری ہونا +

اِنتخاب۔ ع۔ اِسم مذکّر۔ خلاصہ۔ لُبّ لُباب۔
چھانٹا ہوا۔ چیدہ۔ ست۔ نچوڑ۔ عطر +

اَنتر۔ ہ۔ اِسم مذکّر (۱) دل۔ پردہ۔ خاطر (۲) بھید
راز (۳) فرق۔ فاصلہ۔ تفاوت (مثل۔ آدمی آدمی انتر
کوئی ہیرا کوئی کنکر)
انتر بید۔ ہ۔ اِسم مذکّر۔ دوآبہ۔ وہ زمین جو دو دریاؤں
کے بیچ میں واقع ہو +
انتر جامی۔ ہ۔ صفت۔ دانا۔ [illegible] واقف حال
انتر دھیان۔ ہ۔ اِسم مذکّر۔ [illegible] +

انتر دھیان - ہ - اسم مذکر (۱) قیاس سے باہر - گمان اور وہم سے بری - الکھ (۲) فنا فی اللہ

اَنْتَرا - ہ - اسم مذکر - گیت کا بول - مصرع

اَنْتڑی - ہ - اسم مؤنث - آنت کی تصغیر - رودہ - ملا

اَنْتڑیاں جلنا - ہ - فعل لازم - کھدیا لگنا - دوَن لگنا - نہایت بھوک لگنا +

اِنْتِشار - ع - اسم مذکر - گھبراہٹ - پریشانی - فکر - تردد

اِنْتِظار - ع - اسم مذکر - راہ - رستہ - آس - آسرا - توقع - امید +

انتظار کرنا - ا - فعل لازم - راہ دیکھنا - آسرا تکنا +

اِنْتِظام - ع - اسم مذکر (۱) بندوبست - درستی - ٹھیک ٹھور ٹھیک ٹھاک - اہتمام - تدبیر (۲) ترتیب - آراستگی (۳) قاعدہ - ضابطہ +

اِنْتِقال - ع - اسم مذکر (۱) جگہ بدلنا - تبدیل - تغیر - نقل - رحلت (۲) مرگ - موت +

انتقال جائداد - ع - ف - نقل جائداد - جائداد کا ایک کے نام سے دوسرے کے نام پر ہونا - داخل خارج ہونا +

انتقال کرنا - ا - فعل لازم (۱) مرنا - فوت ہونا (۲) بحالت متعدی - رہن یا بیع یا پٹہ کردینا - اپنی چیز کا دوسرے کے نام پر کردینا +

اِنْتِقام - ع - اسم مذکر - بدلہ - پاداش +

اِنْتِہا - ع - اسم مؤنث - آخیر - حد - انجام - اختتام انت - نہایت +

انتہا کا - ا - صفت - پرلے درجہ کا - غایت درجہ کا سخت - نہایت - از حد جیسے انتہا کا بے حیا +

اَنْتی سار ہو کر نکلنا - ہ - فعل لازم - عو - دشمنوں کی راہ نکلنا - کٹ کٹ کر نکلنا (فقرہ) ہمارا کھلا انتی سار ہو کر نکلے +

آنْتیں - ہ - اسم مؤنث - آنت کی جمع +

آنتیں قل ہو اللہ پڑھنے لگیں - ا - محاورہ - بھوک کے مارے خاتمہ ہونے لگا - خاتمہ پڑھنے کی نوبت آگئی - بھوک کے مارے مرنے لگے +

آنتیں گلے میں آنا - پا پڑنا - ہ - فعل لازم کسی بلا میں مبتلا ہونا - دق ہونا - آفت میں پھنسنا - مصیبت میں آجانا +

آنتیں منہ کو آنا - ہ - فعل لازم (جس موقعہ پر کلیجہ منہ کو آنا بولتے ہیں اسی جگہ پر یہ بھی کہتے ہیں) ناک میں دم آنا تنگ ہونا - بیزار ہونا - گھبرا جانا +

آنْٹ - ہ - اسم مؤنث (۱) گرہ - گانٹھ (۲) البیٹ بل جیسے دھوتی کی آنٹ (۳) کینہ - بغض - کپٹ - حسد دشمنی - عداوت (۴) سونے یا چاندی میں گھسا لگا کر کھرا کھوٹا پن دیکھنے اور روپیہ کو ٹھنکی لگانے سے مراد ہے

آنٹ پڑنا - ہ - فعل لازم - گرہ پڑنا - دشمنی ہونا - فرق پڑنا - عداوت ہو جانا +

اَنْٹا - ہ - اسم مذکر (۱) بڑی گولی یا کوڑی (۲) افیون کی بڑی گولی (۳) ایک نشانہ بازی کا کھیل ہے جو انگریز لوگ ہاتھی دانت کی گولیوں سے میز پر کھیلا کرتے ہیں +

انٹا چت ہونا | انٹا غفیل ہونا | انٹا گڑگڑ ہونا - ہ - فعل لازم - نشہ میں سدھ نہ رہنا - مدہوش ہو جانا - بدمست - اکثر (۲) منتر - جادو نہ رہنا (یہ نشہ بازوں کی اصطلاح)

انٹا گھر - ہ - اسم مذکر - انٹا کھیلنے کا

اِنْٹرینس - انگلش - Entrance - داخل ہونا - شروع - ابتدا - درواز

کار - مخالفت - روگردانی - عدول حکمی - نافرمانی - انحراف شعاع +

وُہ ابتدائی اِمتحان جسکو پاس کرنیکے بعد طالب علم کالِج یا یُونی ورسٹی میں داخِل ہوسکتا ہے +

اَنٹی - ہ - اِسمِ مُؤنّث (۱) گھائی - اُنگلیوں کا درمیانی فرق (۲) پچھا - پھنیٹی - اٹّی - سُوت یا رِیشم کی اُلجھی (۳) جب بچّے دو بال کی انٹی کہتے ہیں تو وہاں بیچ کی اُنگلی کو کلمے کی اُنگلی پر چڑھا لینے سے غرض ہوتی ہے (۴) اٹیرن وہ اوزار جسپر سُوت لپیٹتے ہیں +

انٹی باز - ا - اِسمِ مُذکّر - وُہ شخص جو اُنگلیوں کی گھائی میں کوئی چیز چُھپالے - جُواریوں کی اِصطلاح میں - فریبی - دغاباز - دھوکے باز +

انٹی کرنا - ہ - فِعل مُتعدّی (۱) اٹیرنا - پچھیانا - (۲) کِسیکا مال فریب سے لے لینا +

انٹی مارنا - ہ - فِعل مُتعدّی (۱) جُوا کھیلتے وقت کوڑی کو گھائی میں چُھپالینا - تیر کرنا - چُرا لینا - اُڑا لینا - دھوکا دیکر یا فریب سے کُچھ لے لینا (بازاری آدمی بولتے ہیں)

آنٹی - ہ - اِسمِ مُؤنّث (۱) دھوتی کی لپیٹ یا گرہ جسمیں بنیئے اکثر روپیا پیسا اُڑس لیتے ہیں (۲) کُشتی میں ایک ٹانگ کا دائو ہے جس سے حرِیف کو اُلجھا کر گرا دیتے ہیں - اڑنگا +

آنٹی مارنا - ہ - فِعل مُتعدّی ٹانگ میں ٹانگ اِس طرح مارنا کہ جس سے دُوسرا شخص گر جائے +

اَندرجار - ف - اِسمِ مُذکّر (۱) آخر - اخیر - خاتمہ - اِنتہا - چھل - فند - فرہت (۲) نتیجہ - پھل - ثمرہ +

اِندرجو - ہ - اِسْ[illegible] جیسے فارسی میں [illegible] درجہ میں گرم اور [illegible]

- فِعل مُتعدّی - پُورا کرنا - ا - تمام کرنا + بجالانا - اِنصرام کرنا + کام کردینا + نبٹانا - نمٹانا

اِندر کا اکھاڑا [illegible] - اِہتمام کرنا +

انجام سوچنا - و - فِعل لازم - دُوراندیشی کرنا - عاقبت اندیشی کرنا - پِچھلی آنکھ کو سوچنا +

انجامِ کار - ف - تابع فعل - آخر کار - اخیر کو - القصّہ الغرض - ہار کر +

انجام ہونا - ا - فِعل لازم - پُورا ہونا - تمام ہونا - آخر ہونا - اِختتام کو پہُنچنا +

اَنجان - ہ - صِفت - ناواقف - اجنبی +

اَنجر پنجر - ہ - اِسمِ مُذکّر - ہڈّی پسلی - جوڑ جوڑ عضو عضو

انجر پنجر ڈھیلے ہو جانا - ہ - فِعل لازم - اعضا کا تھک جانا - مُضمحِل ہو جانا +

اَنجُم - ع - اِسمِ مُذکّر - سِتارے - تارے +

اِنجماد - ع - اِسمِ مُذکّر - بستگی - جمادٹ - غِلظت - جماؤ

اَنجُمن - ف - اِسمِ مُؤنّث - سبھا - مجلِس - سوسائٹی - مجمع - جلسۂ رفاہِ عام +

اَنجن - ہ - اِسمِ مُذکّر (۱) سُرمہ - تُوتیا - کحل (۲) کاجل

انجن سار - ہ - صِفت - سُرمگیں جیسے ایک تو نینا مدھ بھرے دُوجے انجن سار (یعنی اوّل چشم خُمار آلُودہ دوم سُرمگیں)

انجن سارنا - ہ - فِعل مُتعدّی - سُرمہ لگانا - سُرمہ گھلانا

اَنجن - اِنگلِش Engine اِسمِ مُذکّر - کل - آلہ - بھاپ کی کل - (انگریزی میں اِسکا تلفّظ اینجن ہے)

آنجنا - ہ - فِعل لازم - سُرمہ یا کاجل لگانا +

اَنجن ہاری - ہ - اِسمِ مُؤنّث (۱) گُہانجنی - گہائی - وُہ پُھنسی جو آنکھ کے کوے کے قریب ہو جاتی ہے (۲) ایک قِسم کی مکّھی کا نام ہے جو بھڑ کی مانند اور کُمہاری کے نام سے مشہور ہے + یہ مکّھی اکثر دیوار یا کھموں میں گیلی مٹّی سے گھر بنایا کرتی ہے +

اَنجیر - ف - اِسمِ مُذکّر - ایک پھل کا نام ہے جو گُولر سے

مشابہ مگر اُداہٹ لئے ہوتا ہے مزاجاً گرم اول درجہ میں تر دوم درجہ میں +

اِنجیل - یونانی - اِسم مؤنث - لغوی معنی مژدہ - خوشخبری وُہ آسمانی کتاب جو حضرت عیسیٰ پیغمبر پر نازل ہوئی +

اِنچ - انگلش Inch. اِسم مذکر - گز کا چھتیسواں حصہ یعنی جو طول لانبائی کی مقدار +

آنچ - ۸ - اِسم مؤنث (۱) شعلہ - لو - لپٹ - لہک - لوکا (۲) آگ - آتش - نار - اگن - (۳) تاؤ - جوش جیسے ایک آنچ کی کسر ہے (۴) گرمی - تپش - تیزی - بھبک - بھبکا (۵) مادری جوش - ماتا - محبت - جوش خون (۶) زخم - گھاؤ - جراحت جیسے تلوار کی آنچ (۷) آسیب صدمہ - ضرب جیسے ذرا آنچ نہ آئی (۸) نقصان - ضرر جیسے سانچ کو آنچ نہیں - (۹) کام دیو - شہوت - ولولہ جوش (۱۰) مصیبت - بلا - (۱۱) آتش معدہ - بھوک گھدیا (۱۲) لوبھ - لالچ - طمع جیسے پیسے کی آنچ بری ہے

آنچ آنا - ۸ - فعل لازم (۱) صدمہ پہنچنا - چوٹ لگنا + اثر پہنچنا - ندامت آنا +

میں جاکے جلی تو غم نہیں ہائے
(نسیم) ڈر ہے کہ نہ تجھ پہ آنچ آجائے

(۲) نقصان ہونا - ضرر پہنچنا (۳) مصیبت آنا - آفت آنا

آنچ دکھانا - ۸ - فعل متعدی - ہندو - آگ دکھانا گرم کرنا - جلانا +

آنچ کھانا - ۸ - فعل متعدی (۱) تاؤ کھانا - زیادہ پکنا (۲) گرم ہونا (۳) دھات کا پگلنا +

آنچ نہ آنا - ۸ - فعل لازم (۱) کچھ صدمہ نہ پہنچنا - ایذا نہ ہونا + اثر نہ پہنچنا (۲) کچھ نقصان نہ ہونا - جوکھوں نہ ہونا + دھبہ نہ لگنا - ندامت نہ آنا +

آنچ نہ آنے دینا - ۸ - فعل متعدی (۱) کوئی آسیب یا صدمہ نہ پہنچنے دینا (۲) کچھ نقصان یا ضرر نہ ہونے دینا

اُنچائی - ۸ - اِسم مؤنث - بلندی - ارتفاع +

آنچل - ۸ - اِسم مذکر - (۱) پلا - پلو - کور - کنارہ - کپڑے کا کنارہ - دوپٹہ کا کنارہ - شال یا اوڑھنی کا دامن (۲) ہندو عو - چھاتی - پستان - چوچی +

آنچل پڑنا - ۸ - فعل لازم - عو - (۱) آنچل چھوجانا کسی چیز سے آنچل لگ جانا - ایک قسم کا وہم ہے +

آنچل دبانا - ۸ - فعل لازم (ہندو عو) دودھ پینا - چھاتی مُنہ میں لینا +

آنچل دینا - ۸ - فعل متعدی (ہندو) بچہ کے مُنہ میں چھاتی یا چوچی دینا - بچہ کو دودھ پلانا +

آنچل ڈالنا - ۸ - فعل متعدی - مسلمان عورتوں میں ایک رسم ہوتی ہے کہ دولہا کے سر پر اسکی بہن آنچل ڈالکر اُسے دلہن کے گھر میں لیجاتی ہے +

آنچل لینا - ۸ - فعل لازم (ہندو عو) مہمان عورت کی آؤ بھگت کرنی - جو عورت مہمان آئے اُسکا استقبال کرنا اور اُسکے دوپٹہ کا کنارہ تعظیماً چھونا - قدم لینا - پانو پڑنا وغیرہ +

آنچل میں بات باندھنا - ۸ - فعل لازم (۱) بات پلے باندھنا (۲) کسیکی نصیحت یا قول پر عامل ہونا - کسیکی بات کو کان میں ڈال رکھنا - کسیکے قول کو تمسک گردانا +

اُنچھر - ۸ - اِسم مذکر - (۱) حرف - اکشر (۲) منتر - جادو کے بول +

اِنحراف - ع - اِسم مذکر - (۱) انکار - مخالفت - روگردانی تجاوز - خلاف ورزی - نافرمانی - عدول حکمی - نعاقت برگشتگی - (۲) انعکاس شعاع + انحراف شعاع +

اِنْحِصَار - ع - اِسمِ مُذکر (۱) حلقہ - گھیرا (۲) موقوف منحصر حصر +
اَنْدَارا - ہ - اِسمِ مذکر - بہت چوڑا اور عمیق کنواں جسمیں بے انتہا پانی ہو +
اَنْدَاز - ف - اِسمِ مذکر (۱) ڈھنگ - طور - طرز + ساخت (۲) آن - ادا - چھب (۳) اٹکل - قیاس - تخمینہ (۴) نمونہ - ڈول - پیمانہ (۵) تعداد - شمار +
انداز اُڑانا - ا - فعل متعدی - دوسرے کی وضع اختیار کرلینا - پوری پوری تقلید کرنا +
انداز پیٹی - ا - اِسمِ مؤنث عو - نخرہائی ناچو - اپنی ناز و انداز نخرہ کرنیوالی
اَنْدَازَہ - ف - اِسمِ مذکر (۱) تخمینہ - قیاس - اٹکل - تکدمہ - (۲) تعداد - شمار (۳) ڈول - نمونہ - بانگی (۴) ڈھنگ طور (۵) تول - جانچ - ماپ (۶) تال - سم +
اَنْدَام - ف - اِسمِ مذکر (۱) جسم - ڈول - بدن - تن انگ - دیہہ (۲) عضو - بدن کا کوئی حصہ +
اندامِ نہانی - ف - اِسمِ مؤنث - شرمگاہ +
اَنْدَر - ف - ظرفِ مکاں - خلافِ باہر - بیچ - بھیتر میں - درمیان +
اِنْدَر - ہ - اِسمِ مذکر (۱) لغوی معنی چترائی - چالاکی (۲) دیوتاؤں کا راجہ - بہشت کا راجہ (۳) مینہ برسانے والا دیوتا (۴) رعد - گرج +
اِندرجال - ہ - اِسمِ مذکر - عیاری کا جال - شعبدہ - چھل - فند - فریب +
اِندرجو - ہ - اِسمِ مذکر - ایک قسم کا تخم جو کی مانند ہے جسے فارسی میں زبان گنجشک کہتے ہیں مزاجاً دوم درجہ میں گرم اور اول میں تر +
اِندر کا اکھاڑا - ہ - اِسمِ مذکر (۱) راجہ اندر کی سبھا جسمیں حوریں ناچتی ہیں (۲) وہ محفل جہاں بہت سے اربابِ نشاط یا خوبصورت عورتیں جمع ہوں - پریوں کا جمگھٹا +
اِنْدْرَایَن - ہ - اِسمِ مذکر - (۱) ایک قسم کا درخت اور پھل جسے ہندی میں پھرپھیندوا عربی میں حنظل فارسی میں خربزۂ تلخ کہتے ہیں مزاجاً دوم درجہ میں گرم خشک
اِندراین کا پھل - ہ - اِسمِ مذکر - اول معلوم دوم دیکھنے میں خوبصورت اور کھانے میں بُرا - صورت حرام + تندمزاج
اَنْدَرْوَالا - ا - اِسمِ مذکر - عو - دل - جی - من +
اَنْدَرُوْن - ف - صفت - تابع فعل - اندر - بھیتر +
اندرون خانہ - ف - تابع فعل - گھر میں - خانگی طور پر باہم - آپسمیں +
اِنْدْرِی - ہ - اِسمِ مؤنث (۱) ادراک - حواسِ خمسہ (۲) عضوِ تناسل - قضیب - اندرونی عضو - اندامِ نہانی (۳) خواہش نفسانی - کام دیو جیسے اندری کے بس میں ہونا -
اندری بجری - ہ - اِسمِ مؤنث - ضبطِ انزال یعنی امساک کے ایک طریقہ کا نام ہے جسکی مشق کرنے سے آدمی کی منی دیر میں نکلتی ہے +
اَنْدَک - ف - صفت - ذرا - کم - تھوڑا - قلیل +
اَنْدُوہ - ف - اِسمِ مذکر - (۱) غم - الم - رنج (۲) فکر - تردد - تشویش (۳) مصیبت +
اَنْدَھا - ہ - صفت (۱) نابینا - بے بصر - کور - اعمیٰ - (۲) دھندلا - تاریک - مدھم - غیر شفاف (۳) غافل - بیخبر - ناواقف - نادان (۴) جاہل - بے پڑھا - ناخواندہ
اندھا آئینہ - ا - اِسمِ مذکر - وہ آئینہ جسمیں کچھ نہ دکھائی دے - غیر شفاف آئینہ +
اندھا بنانا - ہ - فعل متعدی (۱) نابینا کرنا (۲) فریب دینا

جُل دینا - آنکھوں میں خاک ڈالنا +

اندھا بھینسا - ہ - اِسم مُذکّر - لڑکوں کے ایک کھیل کا نام ہے جسمیں ہر ایک لڑکا دُوسرے لڑکے کی چڑھی پر چڑھکر اُسکی آنکھیں بند کر لیتا ہے اور باقی لڑکے باری باری سے اُسکے نیچے سے نکلتے ہیں سوار اپنے نیچے کے لڑکے سے جسے بھینسا کہتے ہیں ہر ایک نکلنے والیکا نام دریافت کرتا جاتا ہے جبکا وُہ نام بتا دیتا ہے پھر اُسکو بھینسا بناکر بتانیوالا سوار ہو جاتا ہے

اندھاپن - ہ - اِسم مُذکّر (۱) ضُعفِ بصارت (۲) جہالت ناواقفیت - بیوقُوفی - احمق پن +

اندھا کنواں - ہ - اِسم مُذکّر - سُوکھا کنواں - وہ کنواں جسمیں پانی نہو - چاہ تاریک

اندھا گھوڑا - ہ - اِسم مُذکّر - آزاد فقیروں کی اِصطلاح میں جُوتہ کو کہتے ہیں - پاپوش - جُفت - جوڑا

اندھا ہونا - ہ - فعل لازم (۱) نابینا ہونا (۲) گمراہ ہونا (۳) نشہ میں بیخبر اور بیحواس ہونا (۴) جوش جوانی یا جوش شہوت میں سرشار ہونا +

اندھا دُھند - ہ - صفت (۱) تاریک (۲) بے سوچ بچار - بے اندیشے - بیدھڑک - بے سمجھے - بے عقل و ہوش بے دیکھے بھالے (۳) بے حساب - بے ٹھکانے - بے انداز (۴) بے احتیاطی سے +

اندھکار - ہ - اِسم مُذکّر - ایسی آندھی جسمیں اندھیرا ہو جائے - طُوفان باد +

آندھی - ہ - اِسم مُؤنث (۱) طُوفان باد - گرد باد تند ہوا - جھکڑ (۲) صفت میں - بہت تیز - چالاک - دھُونتال

آندھی اُٹھنا - ہ - فعل لازم - طُوفان باد کا نمودار ہونا آسمان پر گرد و غبار کا دکھائی دینا +

آندھی کے آم - ہ - اِسم مُذکّر - آندھی کے گرے ہوئے آم

(۲) نہایت ارزاں چیز (۳) غیر مترقبہ چیز +

آندھی ہونا - ہ - فعل لازم - کسی کام میں نہایت شوق اور سرگرمی سے مصروف ہونا + بہت تیز اور چالاک ہونا نہایت فضول خرچ ہونا +

اندھیر - ہ - اِسم مُذکّر (۱) ظلم - ستم - غضب - بے انصافی دُند - سینہ زوری (۲) بیخبری - ناشنوائی - ناپرسان حالی (۳) بدعملی - بدانتظامی (۴) لُوٹ مار (۵) دغا - فریب بے ایمانی (۶) کار بیجا و نامُناسب +

اندھیر کھاتا - ہ - اِسم مُذکّر (۱) بدمعاملگی - بے انصافی ناحق شناسی +

اندھیر مچانا - ہ - فعل مُتعدّی (۱) ظلم و ستم کرنا - دُند مچانا (۲) لُوٹ مار کرنا - سینہ زوری کرنا +

اندھیرا - ہ - اِسم مُذکّر (۱) اُجالا کے خلاف - ظُلمت دُھند - دُھندلا - تاریکی - پنجابی انھیرا (۲) سایہ - پرچھائیں (۳) صفت میں - تیرہ و تاریک - گرد و غبار

اندھیرا کرنا - ہ - فعل مُتعدّی (۱) کسی چیز کو روشنی کے سامنے حائل کرکے تاریکی پیدا کرنا - روشنی روکنا (۲) روشنی دُور کرنا - چراغ بجھانا +

اندھیرا گُپ - ہ - صفت - نہایت تاریک - ایسا اندھیرا جسمیں ہاتھ کو ہاتھ نہ سُوجھے +

اندھیری - ہ - اندھیر کرنے والا - ظالم - بے رحم - [illegible] مُنصف دغاباز - بے ایمان - فریبی +

اندھیری - ہ - اِسم مُؤنث (۱) تاریکی - تیرگی - سیاہی (۲) شب دیجور - شب تار [illegible] - اندھیری رات (۳) وُہ پردہ جو شوخ گھوڑے کی آنکھوں پر ڈالتے ہیں +

اندھیری جھکنا / اندھیری چھانا - ہ - فعل لازم - تاریکی چھانا [illegible] کالی گھٹا کے سبب سے اندھیرا [illegible]

ہوجانا +

اندھیری دینا - ہ - فعلِ متعدی (۱) گھوڑے کی آنکھوں پر پردہ ڈالنا (۲) کسی شخص کی آنکھوں کو ڈھک کر اُسکی گت بنانا - کمل اُڑھانا بھی اسی کو کہتے ہیں (۳) آنکھوں میں خاک ڈالنا - دھوکا دینا - فریب دینا +

اندھیری ڈالنا - ہ - فعلِ متعدی (دیکھو - اندھیری دینا نمبر ۱)

اندھیری رات - ہ - اسمِ مؤنث - شبِ تار +

اندھیری کوٹھڑی - ہ - اسمِ مؤنث (۱) تاریک مکان (۲) اندرون شکم - بطنِ انسان +

اندھیرے اُجالے - ہ - تابع فعل - اوّل معلوم - (۲) اویر سویر - موقع بے موقع - وقت - بے وقت +

اندھیرے گھر کا اُجالا - ہ - صفت (۱) رونقِ خانہ - گھر کی آبادی (۲) نہایت حسین - خوبصورت (۳) اکلوتا بیٹا (۴) رونقِ خاندان - فخرِ خاندان +

اندھے کی لاٹھی یا لکڑی - ہ - صفت - اوّل معلوم (۲) وُہ ایک بچّا جو کئی میں بچا ہو (۳) سہارا - آسرا - وسیلہ

اَندیشہ - ف - اسمِ مذکر (۱) سوچ - فکر - چنتا - خیال (۲) کھٹکا - ڈُبکا - ڈر - خوف (۳) جوکھوں - خطرہ

اندیشہ کرنا - ف - فعل لازم (۱) فکر کرنا - سوچنا - خیال کرنا (۲) ڈرنا - خوف کرنا +

اندیشہ ناک - ف - صفت - خوفناک - دہشتناک - پُرازخطر +

آنڈ - ہ - اسمِ مذکر - خصیہ - خایہ - بیضہ - فوطہ +

آنڈو - ہ - اسمِ مذکر - بدھیا کے خلاف (۱) وُہ شخص جسکے بڑے بڑے خصیے ہوں (۲) بجار - سانڈ +

آنڈو بیل - ہ - اسمِ مذکر (۱) بجار - سانڈ (۲) سُست - کاہل

اَنڈا - ہ - اسمِ مذکر - بیضہ - تخمِ مرغ - خایۂ مرغ +

انڈا گھٹکنا - ہ - فعلِ لازم - انڈا ترقنا - پرند کے بچّہ کا بیضہ سے باہر نکلنا +

انڈا گندا ہونا - ہ - بیضۂ مرغ کا خراب و متعفن ہونا بیضہ کا بچّہ کے قابل نہ رہنا +

انڈے اُڑانا - ہ - فعلِ متعدی - پُورب والے بہت جھوٹ بولنے کو کہتے ہیں +

انڈے بچّے - ہ - اسمِ مذکر - اوّل معلوم (۲) وُہ سفیدی جو بچّوں کی سپاری یعنی حشفہ میں صاف نہ رکھنے کے باعث پیدا ہوجاتی ہے

انڈے رکھنا - ہ - فعلِ متعدی - کبوتر بازوں کی اصطلاح میں انڈے دینے کو کہتے ہیں +

انڈے سینا - ہ - فعلِ متعدی (۱) انڈوں پر بیٹھنا انڈوں کو گرمائی پہنچانا (۲) گھر میں بیٹھے رہنا - باہر نہ نکلنا - ہنسی سے خانہ نشین اور آسائش طلب آدمی کو کہتے ہیں

انڈے کا شہزادہ - ا - اسمِ مذکر (۱) وُہ شخص جو کبھی باہر نہ نکلا ہو - گھر کی چار دیواری میں رہنے والا (۲) ناتجربہ کار - ناواقف +

انڈے لڑانا - ہ - فعلِ متعدی - ایک قسم کی قِمار بازی ہے جو نوروز کے دن اکثر ہوا کرتی ہے جسکا انڈا دُوسرے انڈے کو توڑ دیتا ہے وُہی جیت جاتا ہے +

اَنڈیانا - ہ - فعلِ لازم (۱) انڈے دینے کے قریب ہونا (۲) بیل یا بھینسے کے خصیوں کو ملنا تاکہ وُہ جلدی چلے

آنڈے بانڈے کھانا - ہ - فعل لازم (۱) کھیل میں آنڈے بانڈے کہتے پھرنا (۲) اِدھر اُدھر پھرنا ہَوا کھانا +

اُنڈیلنا - ہ - فعلِ متعدی (۱) برتن اوندھا کرکے کسی چیز کو نکالنا - ایک برتن میں سے دُوسرے برتن میں ڈالنا

ڈھالنا۔ اُلٹنا +

اَنَرتھ ۔ س ۔ صفت (۱) بمعنی مُہمل۔ غیر واجب۔ بیجا۔ نامُناسب۔ خلافِ دستُور +

اِنزال ۔ ع ۔ اسم مذکر۔ لغوی معنی اُترنا۔ اُتارنا۔ بھیجنا۔ اصطلاحی منی نکلنا۔ جھڑنا +

اِنزال ہونا ۔ ا ۔ فعل لازم۔ جھڑنا۔ منی نکلنا +

اُنس ۔ ع ۔ اسم مذکر (۱) محبت۔ پیار۔ اُلفت (۲) رغبت۔ مَیل۔ میلانِ طبع +

اَنس ۔ ہ ۔ اسم مذکر (۱) دائرہ کا حصہ۔ کسر۔ ٹکڑا۔ درجہ۔ ڈگری (۲) عطر۔ مغز۔ ست۔ گُودا۔ جان (۳) طاقت۔ قُوت۔ کس۔ بل۔ (۴) نُطفہ۔ (۵) شُمارکُنندہ۔ توت

انس نکالنا ۔ ہ ۔ فعل مُتعدی (۱) ست نکالنا۔ جان نکالنا (۲) طاقت لینا۔ ناتواں کرنا +

اِنسان ۔ ع ۔ اسم مذکر۔ آدمی۔ منش۔ پُرش۔ ناس

اِنسانیت ۔ ع ۔ اسم مؤنث (۱) آدمیت۔ آدمی ہونا (۲) دانائی۔ شعور (۳) بھلمنسائی۔ مُروت + (۴) شائستگی۔ علمِ مجلس سے واقف ہونا +

اِنسپکٹر ۔ انگلش Inspector معائنہ کرنے والا نگراں۔ کوتوال۔ اہتمام کرنیوالا۔ دیکھنے والا +

اِنسٹیٹیوٹ ۔ انگلش Institute ترویج علوم و ترقی فنون کی انجمن +

اِنسداد ۔ ع ۔ اسم مذکر۔ روک۔ آڑ۔ مزاحمت۔ بندوبست۔ روک تھام +

آنسُو ۔ ہ ۔ اسم مذکر (۱) اشک۔ آنکھ کا پانی۔ قطرہ (۲) صفت میں۔ رقیق۔ پتلا +

آنسُو بہانا ۔ ہ ۔ فعل لازم۔ رونا۔ گریہ وزاری کرنا +

آنسُو بھر آنا ۔ ہ ۔ فعل لازم۔ آبدیدہ ہونا۔ آنکھیں ڈبڈبانا

آنسُو بھر لانا ۔ ہ ۔ فعل لازم۔ رونے کی شکل بنانا۔ قریب بگریہ ہونا۔ بِسُورنا +

آنسُو بہنا ۔ ہ ۔ فعل لازم۔ آنکھوں سے پانی جانا۔ ڈھلکا لگنا +

آنسُو پُچھنا ۔ ہ ۔ فعل لازم۔ کسیقدر تسلی و تشفی ہونا کچھ آس بندھنا۔ ڈھارس ہونا +

آنسُو پونچھنا ۔ ہ ۔ فعل مُتعدی۔ کسیقدر تسلی و تشفی دینا۔ کچھ آس بندھانا +

آنسُو پیجانا ۔ ہ ۔ فعل لازم۔ رونے کو روک لینا صدمہ جھیلنا۔ صدمہ سہارنا۔ غم کھانا +

آنسُو پینا ۔ ہ ۔ فعل لازم۔ چُپکے چُپکے رونا۔ رونے کو ظاہر نہ ہونے دینا +

آنسُو ٹپکانا ۔ ہ ۔ فعل مُتعدی۔ رونا۔ گریہ کرنا +

آنسُو ٹپک پڑنا ۔ ہ ۔ فعل لازم۔ آنسُو گر پڑنا۔ کسی صدمہ کے اثر سے رو پڑنا +

آنسُو ڈالنا ۔ ہ ۔ فعل لازم۔ عو۔ رونا۔ گریہ کرنا +

آنسُو ڈبڈبانا ۔ ہ ۔ فعل لازم۔ آنکھوں میں پانی بھر آنا۔ گریہ کا نمایاں ہونا +

آنسُو ڈھال ۔ ہ ۔ اسم مؤنث۔ گھوڑوں کی ایک بیماری کا نام ہے جسکے سبب سے ہر وقت آنکھوں سے پانی بہتا رہتا ہے جیسے ڈھلکا

آنسُو گرانا ۔ ہ ۔ فعل لازم۔ آنسُو ڈالنا۔ ماتم کرنا۔ پُرسہ دینا۔ تعزیت بجالانا +

آنسُو گرنا ۔ ہ ۔ فعل لازم (دیکھو آنسُو بہنا اور ٹپکنا)

آنسُو نکل آنا ۔ ہ ۔ فعل لازم۔ کسی صدمہ کے باعث آنکھوں سے آنسُو ٹپک پڑنا۔ غصہ یا درد یا خوشی و ترحم یا کسی تیز چیز کے کھانے سے آنکھوں میں پانی بھر آنا +

آنسو نکل پڑنا - ہ - فعل لازم - بے اختیار رونے لگنا
صدمہ یا رحم یا خوشی کے باعث آنکھوں سے اشک گرنا
آنسو نکلنا - ہ - فعل لازم (دیکھو - آنسو بہنا)
آنسوؤں سے مُنہ دھونا } ہ - فعل لازم - زار زار
آنسوؤں مُنہ دھونا } رونا - زار و قطار رونا
کثرت سے رونا +
آنسوؤں کا تار بندھنا - ہ - فعل لازم - زار و قطار
رونا - لگاتار آنسو گرنا +
اِنشا - ع - اِسم مؤنث (۱) لُغوی معنی کچھ بات دل سے
پیدا کرنا (۲) عبارت - تحریر - علم معانی و بیان -
صنایع بدایع - خوبی عبارت - طرزِ تحریر (۳) وُہ کتاب
جسمیں خط و کتابت سکھانے کے واسطے ہر قسم کے
خطوط موجود ہوں - لیٹر بُک - چٹھیوں کی کتاب
انشا پردازی - ع + ف - اسم مؤنث - طرزِ تحریر - عبارت آرائی
خط یا عبارت لکھنے کا ڈھنگ - عبارت کی خوبی +
اِنشاءاللہ تعالیٰ - ع - تابع فعل - اگر خدا نے چاہا
خدائے بزرگ کی مدد سے +
اِنصاف - ع - اسم مذکر - (۱) لُغوی معنی برابر کے دو ٹکڑے
کرنا اصطلاحی نیاؤ - عدل - داد - حق واجبی (۲)
مقدمہ کا سچا فیصلہ +
انصاف چاہنا - ا - فعل لازم - دادرسی چاہنا
فریاد کرنا - استغاثہ کرنا +
انصاف چکانا یا کرنا - ا - فعل لازم - نیاؤ کرنا - دادرسی
کرنا - فیصلہ کرنا - جھگڑا چکانا +
اِنصرام - ع - اسم مذکر - (۱) لُغوی معنی کٹنا اصطلاحی
بجا آوری - انجام کو پہنچانا (۲) بندوبست - انتظام
اِنضباط - ع - اسم مذکر - لُغوی معنی پیوستگی - مضبوطی
اصطلاحی ترتیب - حدود بندی - تعین - ضابطہ -
ڈھنگ +
اِنضباطِ اوقات - ع - اسم مذکر - وقت کی تقسیم -
دستور العمل - ٹائم ٹیبل - تقسیم اوقات +
اِنعام - ع - اسم مذکر - نعمت دینا - تحفہ دینا - عطیہ -
بخشش - خلعت - نیکنامی یا کارکردگی کا صلہ جو حکام
کی طرف سے مرحمت کیا جائے - بدلہ - اجر - عوضہ -
انعام اکرام - ع - اسم مذکر - عزت کے ساتھ کسی بات کا صلہ ملنا
خلعت و عزت +
اِنعکاس - ع - اسم مذکر - کسی چیز کی صورت کسی
شفاف جسم میں اُلٹ کر پڑنے کو انعکاس کہتے ہیں -
عکس - سایہ (۲) برخلاف - برعکس - اُلٹ - انحراف
اِنفارمیشن - انگلش Information - اطلاع +
اِنفصال - ع - اسم مذکر - جُدا کرنا - فیصلہ - نبیڑا - چکوتا
اِنفعال - ع - اسم مذکر - شرمندگی - حیا - لاج - شرم
ندامت - غیرت +
اِنقباض - ع - اسم مذکر - سُکیڑ - کھچاؤ - رُکاوٹ - بستگی
قبض +
اِنقضا - ع - اسم مذکر - گزرنا - پورا ہونا +
اِنقلاب - ع - اسم مذکر - (۱) تغیر و تبدل - اُلٹ پلٹ
اُلٹ پھیر (۲) دور - گردش +
آنک - ہ - اسم مؤنث (۱) چِن - نشان - علامت
(۲) اعراب - زیر زبر پیش - سوُر - لگمات (۳) عدد
ہندسہ - وُہ عدد جو سوداگر اپنی چیزوں پر اصل قیمت
سے دو چند سہ چند کرکے لکھ دیتے ہیں (۴) حروف -
سکہ - ضرب سکہ (۵) جانچ - اندازہ - کوُنت - اٹکل (۶)
سود لگانے کا قاعدہ (۷) اچھر - انچھر - اکشر +

اِنکار - ع - اسم مذکر - (۱) ضد اقرار - نہ ماننا - نفی - نا، نہیں
نامنظوری (۲) اختلاف - تناقص - تباین (۳) عذر
معذرت +

آنکڑا - ہ - اسم مذکر - کانٹا - بانک - ٹیک - لوہے کا کانٹا
یا آڑی لکڑی جو اس شکل کی ہوتی ہے +

اَنکس - ہ - اسم مذکر (۱) پینا - کجک - وہ لوہے کا آنکڑا
جس سے ہاتھی کو چلاتے اور مارتے ہیں (۲) ڈرانیوالا
دھمکانے والا (۳) کل - رکان - دبانے کی ترکیب

اِنکسار - ع - اسم مذکر - عجز - خاکساری - عاجزی -
فروتنی +

آنِکلنا - ہ - فعل لازم - اتفاق سے چلا آنا +

انکنا - ہ - فعل لازم - جچنا - قیمت یا وزن کا اندازہ ہونا
مشخص ہونا +

آنکنا - ہ - فعل متعدی - جانچنا - اندازہ کرنا قیمت
لگانا - تشخیص کرنا +

آنکو - ہ - اسم مذکر (۱) جانچو - مشخص - قیمت لگانے والا
(۲) محاسب - پیمائش کنندہ +

اَنکوٹ - ہ - اسم مذکر - ہندوں کے ایک تیوہار کا نام ہے
جو دوالی کے دوسرے روز ہوتا ہے اور اس دن انواع اقسام کے
کے کھانے پکا کر دیوتاؤں کو بھوگ لگاتے ہیں +

آنکھ - ہ - اسم مؤنث (۱) نین - نیتر - لوچن - دیدہ
چشم - بینائی کا آلہ (۲) نظر - درشٹ - نگاہ - تیور -
(۳) جوت - بینائی - بصارت - روشنی - نور (۴) اشارہ
ایما (۵) توجہ - التفات (۶) امتیاز - تمیز - شناخت -
پہچان (۷) مہارت - مشق - مداخلت - واقفیت - درک
(۸) اولاد - بیٹا - بیٹی جیسے سوکن مرگئی آنکھ چھوڑ گئی
(۹) جانچ تخمینہ - اندازہ - تکدمہ (۱۰) امید - توقع آسرا
(۱۱) چشم معرفت و حقیقت + بلوغ نظری + (ناسخ)

گر آنکھ ہے تو باطن انسان کی دید کر
کیا کیا طلسم دفن ہیں مشت غبار میں

(۱۲) گنّے اور اناس کی گرہ میں جو کونپل پھوٹتی ہے اُسے
اور گھٹنے کے ادھر ادھر کے گڑھے کو بھی آنکھ کہتے ہیں

آنکھ اٹکنا - یا اُلجھنا - ہ - فعل لازم (۱) عشق ہونا -
آشنائی ہوجانا +

آنکھ اُٹھا کر دیکھنا - ہ - فعل لازم (۱) اونچی نگاہ کرکے
دیکھنا - نظر سامنے کرکے دیکھنا (۲) بہ نظر التفات دیکھنا
توجہ کرنا - التفات سے دیکھنا +

آنکھ اُٹھا کر نہ دیکھنا - ہ - فعل لازم (۱) نظر ملا کر نہ دیکھنا
نہایت بےپروائی کرنا - خاطر میں نہ لانا (۳) غرور کرنا
غرور سے متوجہ نہ ہونا (۴) شرم کرنا - شرم سے آنکھ
سامنے نہ کرنا +

آنکھ اُلجھنا - ہ - فعل لازم (دیکھو - آنکھ اٹکنا)

آنکھ آنا - ہ - فعل لازم - آشوب چشم ہونا +

آنکھ اونچی نہ ہونا - ہ - فعل لازم - شرم سے آنکھ سامنے
نہ ہونا +

آنکھ بچا جانا - ہ - فعل لازم - آنکھ چرا لینا - نظر بچا کر
نکل جانا - اغماض کرنا +

آنکھ بچا کر کچھ کرنا - ہ - فعل لازم - نظر بچا کر کوئی کام
کرنا - چھپ کر کچھ کام کرنا +

آنکھ بچا کر آنا - ہ - فعل لازم - چھپ کر آنا - نظر چرا کر آنا

آنکھ بچنا - ہ - فعل لازم - نگاہ چوکنا - خیال بٹنا
جیسے آنکھ بچی مال دوستوں کا

آنکھ نیچے کا چانٹا - ہ - اسم مذکر - ایک شرط ہے جو لڑکے
باہم مدا کرتے ہیں اور آپس میں جس کی نگاہ چوکتی ہے وہ اسکے چانٹا جڑتے ہیں

آنکھ بدلنا یا بدل جانا - ا - فعلِ لازم (۱) رُخ بدلنا - پہلی سی نظر نہ رہنا - بے مُروّت ہوجانا - بے رُخ ہونا (۲) دفعتہً افروختہ ہوجانا +

آنکھ برابر نکر سکنا - ا - فعلِ لازم (۱) آنکھ نہ مِلا سکنا (۲) شرمانا - حیا کرنا +

آنکھ بِگڑنا - ۵ - فعلِ لازم - آنکھ میں پانی اُتر آنا - جالا پڑجانا - بینائی میں فرق آنا +

آنکھ بند کرکے کُچھ کرنا - ا - فعلِ لازم - اوّل معلوم (۲) بے پروائی سے کُچھ کام کرنا - اندھا دُھند کچھ کرنا بے دیکھے بھالے یا بے سوچے سمجھے کوئی کام کرنا

آنکھ بند کرلینا - ا - فعلِ لازم (۱) آنکھ مُونْد لینا - سوجانا (۲) بیخبر ہوجانا - خبر نہ ہونا (۳) مرجانا - دُنیا سے گزر جانا - (۴) عہدو پیمان سے پھر جانا - بے وفا ہوجانا +

آنکھ بند کرنا - ا - فعلِ لازم - اوّل معلوم (۲) اِنتقال کرنا (۳) ترک کرنا - تیاگنا +

آنکھ بند ہونا یا ہوجانا - ا - فعلِ لازم (۱) آنکھ جھپکنا یا مُندنا چکا چوند لگنا (۲) مرنا - دُنیا سے گزرنا +

آنکھ بنوانا - ۵ - فعلِ لازم (۱) کُحّال یا ستیے سے آنکھ کا درست کرانا - جالا کٹوانا - آنکھ کا پانی نکلوانا (۲) کسی چیز کی پہچان بہم پُہنچانا

آنکھ بھر کر دیکھنا - ۵ - فعلِ مُتعدّی (۱) نگاہ بھر کر دیکھنا نظرِ غور سے دیکھنا - گھورنا (۲) گہری نگاہ سے دیکھنا غائر نظر سے دیکھنا (۳) خفگی کی نظر سے دیکھنا - ٹیڑھی نگاہ سے دیکھنا +

آنکھ بھر کر نہ دیکھنا - ۵ - فعلِ مُتعدّی (۱) نگاہ بھر کر نہ دیکھنا - غور سے نہ دیکھنا + جی بھر کر نہ دیکھنا (۲) نظر اُٹھا کر نہ دیکھنا - خاطر میں نہ لانا - غرور کے مارے نہ دیکھنا +

آنکھ بھوں ٹیڑھی کرنا - یا چڑھانا - ۵ - فعلِ لازم (۱) چینِ ابرو ہونا - غُصّہ ہونا - بگڑنا - تیور بدلنا - بے رُخ ہونا (۲) ناچیز سمجھنا - حقیر جاننا - نفرت کرنا +

آنکھ بیٹھنا - یا بیٹھ جانا - ۵ - فعلِ لازم - کسی صدمہ کے باعث آنکھ کا اندر دھنس جانا - آنکھ کے ڈھیلے کا اندر گڑ جانا - دیدے پٹم ہوجانا +

آنکھ پتھرانا - ۵ - فعلِ لازم - (دیکھو - آنکھیں پتھرانا)

آنکھ پر پردہ پڑنا - ا - فعلِ لازم - غفلت ہونا - دھوکا کھانا - فریب میں آنا - مسلوب العقل ہونا +

آنکھ پڑنا - ۵ - فعل (۱) نظر پڑنا (۲) نگاہِ شوق سے دیکھنا (۳) طمع اور لالچ یا رغبت سے دیکھنا (۴) حسد کی نگاہ سے دیکھنا - حسد کرنا - رشک کرنا (غالب)

اِک خونچکاں کفن میں کروڑوں بناؤ ہیں
پڑتی ہے آنکھ تیرے شہیدوں پہ حُور کی

(۵) توجّہ کی نظر پڑنا (۶) اِتّفاقیہ نظر پڑنا -

ہوگیا بیہوش جس پر آنکھ تیری پڑگئی
(نسیم دہلوی) کسقدر لبریز مستی نرگسِ مخمور ہے

آنکھ پسیجنا - ۵ - فعلِ لازم (۱) چشم نم ہونا - آنسو بھر آنا (۲) عو - حیا کرنا - شرمانا - لجانا (۳) رحم آنا - درد آنا +

آنکھ پھرنا یا پھر جانا - ۵ - فعلِ لازم (۱) نظر کا ایک طرف سے دُوسری طرف ہونا - نظر پھر جانا - رُخ پھرنا (۲) بیرخ ہونا - بے مُروّت ہوجانا - بیزار ہونا - نگاہ ٹیڑھی ہونا +

آنکھ پھڑکنا - ۵ - فعلِ لازم (۱) آنکھ کا مُتحرّک ہونا - پلک یا چشم کا از خود مُتحرّک ہونا - اِختلاج ہونا
اگرچہ آنکھ کے پھڑکنے کا سبب یہی ہے مگر اہلِ ہند اسے دوست کے ملنے

اور رنج ہونیکا شگون خیال کرتے ہیں - اُنکے نزدیک مرد کی دائیں
اور عورت کی بائیں آنکھ پھڑکے تو بچھڑا ہوا دوست ملے اور جو مرد کی
بائیں اور عورت کی دائیں حرکت کرے تو کچھ رنج یا صدمہ پہنچے +

آنکھ پھوٹنا یا پھُوٹ جانا - ہ - فعل لازم - آنکھ کا کسی ضرب
یا صدمہ سے جاتا رہنا - اندھا یا نابینا ہونا + عو - بچہ مرنا

آنکھ پھوڑ ڈنڈا - ہ - اسم مذکر - صحیح آنکھ پھوڑ ٹڈا (۱)
ایک قسم کا پردار آنکھ کا کیڑا ہے جسکی دو بڑی بڑی مونچھیں
ہوتی ہیں جسکے سبب سے لوگ خیال کرتے ہیں یہ آنکھ پھوڑ
ڈالیگا (۲) محسن کُش - حاسد (۳) بیمروت - احسان فراموش

آنکھ پھوڑ لینا - ہ - فعل متعدی - اپنے تئیں اندھا بنا لینا

آنکھ پھوڑنا - ہ - فعل متعدی (جمع کے ساتھ زیادہ بولتے
ہیں) ۱ - اندھا کرنا - نابینا کرنا (بحالت لازم) ۲ بیفائدہ
انتظار کرنا - منتظر ہونا (۳) بہت رونا - زار زار رونا

آنکھ پھیر دینا - ہ - فعل لازم - (دیکھو آنکھیں پھیر دینا)

آنکھ پھیر لینا - ہ - فعل لازم (جمع کے ساتھ زیادہ بولتے
ہیں) بیرُخ اور بیمروت ہو جانا - رکھائی کرنا - یکایک
دُشمن ہو جانا +

آنکھ پھیرنا - ہ - فعل لازم (۱) بیرُخ ہونا - بیمروت
ہونا - یکایک دُشمن بننا (۲) مرنا - اِس دُنیا سے گزرنا +

آنکھ ٹوٹ آنا - ہ - فعل لازم - آنکھ کا دفعۃً سُرخ ہو جانا
آشوب چشم ظاہر ہونا +

آنکھ ٹھنڈی کرنا - ہ - فعل لازم (۱) ہندؤں کی
عورتوں میں رسم ہے کہ جب کسی کا کوئی رشتہ دار مر جاتا ہے
اور وہ بہت روتا ہے تو اُسکی آنکھوں کو پانی سے پونچھتے ہیں
(۲) تسلّی و تشفّی دینا (۳) دوستوں کے ملنے سے خوش
ہونا - دوستوں کو دیکھ کر خوش ہونا +

آنکھ ٹیڑھی کرنا - ہ - فعل لازم - آنکھ پھرنا -
بے رُخ ہونا - بیمروت بننا - بے وفائی کرنا - ترشروئی
سے پیش آنا +

آنکھ ٹیڑھی ہونا - ہ - فعل لازم - آنکھ پھرنا - رُخ
پھرنا - نظر ٹیڑھی ہونا +

آنکھ جا لڑنا - ہ - فعل لازم - نظر لڑنا - نظربازی ہونا
عشق ہونا +

آنکھ جمنا - ہ - فعل لازم - نظر ٹھیرنا - آنکھ ٹھیرنا +

آنکھ جھپکانا - ہ - فعل متعدی (۱) آنکھ کو متحرک
کرنا - آنکھ مارنا (۲) آنکھ نیچی کرنا - کنیانا - جھینپنا - لجانا
شرمانا (۳) تاب نہ لانا (۴) آنکھ مٹکانا اور اشارہ کرنا
(۵) ذرا کی ذرا سونا یا آنکھ بند کرنا +

آنکھ جھپکنا - ہ - فعل لازم (۱) آنکھ متحرک ہونا (۲)
روشنی کی تاب نہ لانا - مقابلہ نہ کر سکنا - خوف کے مارے
آنکھ سامنے نہ کر سکنا (۳) آنکھ بند ہونا + نیند آنا - غنودگی
آنا - اُونگھنا (۴) مُنہ پھرنا (۵) شرمانا - لجانا - کنیانا -
جھینپنا +

آنکھ جھکانا - ہ - فعل لازم - آنکھ نیچی کرنا - نظر نیچی کرنا
شرمانا +

آنکھ جھکنا - ہ - فعل لازم (۱) آنکھ نیچی ہونا - نظر
نیچی ہونا (۲) دیکھو - آنکھ جھپکنا نمبر ۵ (۳) پشیمان
ہونا - پچھتانا - افسوس کرنا +

چشم حسرت سے جو ہم دیکھیں گے
(صبا) آنکھ جھک جائیگی شرمائیگا

آنکھ جھینپنا - ہ - فعل لازم (۱) آنکھ جھکنا - نظر
نیچی ہونا - (۲) دیکھو - آنکھ [illegible]پکنا نمبر ۵

آنکھ چار نکرنا - ا - فعل متعدی - آنکھ سے آنکھ نہ ملانا
مقابل نہ ہونا + شرمندہ [illegible] - شرمانا +

آنکھ چار ہونا - ۸ - فعل لازم - آنکھ سے آنکھ ملنا - سنمکھ ہونا - مُنڈ بھیڑ ہونا - سامنا ہونا - مُقابلہ یا مُلاقات ہونا -

آنکھ چُرا جانا - ۸ - فعل لازم - آنکھ بچا جانا - نظر بچا لینا کنارہ کرنا - کترا جانا - چھپ جانا +

آنکھ چُرا کر دیکھنا - ۸ - فعل لازم - دُوسرے کی نگاہ بچا کر دیکھنا - چھپ کے دیکھنا - کن انکھیوں سے دیکھنا -

آنکھ چُرا کُچھ کرنا - ۸ - فعل لازم - نظر بچا کر کوئی کام کرنا - چوری چُھپی کچھ کرنا - چوری سے کوئی کام کرنا

آنکھ چُرانا - ۸ - فعل لازم (۱) آنکھ چُھپانا - کسی سے آنکھ بچانا - نظر بچانا + ٹالنا - اغماض کرنا - چشم پوشی کرنا + کترانا (۲) دیکھو - آنکھیں چُرانا نمبر ا سے ۳ - (۳) غرور یا شرم یا کراہت سے آنکھ پھیرنا + متوجہ نہ ہونا - بے پروائی کرنا - خاطر میں نہ لانا +

آنکھ چمکانا - ۸ - فعل لازم - دیدے مٹکانا +

آنکھ چُھپانا - یا چُھپا لینا - ۸ - فعل لازم (۱) آنکھ چُرانا نظر بچانا - سامنے نہ آنا - ٹالنا - رُخ پھیرنا + لاج کرنا شرمندہ و خجل ہونا (۲) مغرور ہونا - خود بیں ہونا - پُرانی واقفیت کو فراموش کرنا -

سرمہ لگا کے یار چُھپاتا ہے مُجھ سے آنکھ
(غافل) کُشتہ ہُوں اس بہانہ دُنبالہ دار کا

آنکھ چیر چیر کر دیکھنا - ۸ - فعل لازم - آنکھ پھاڑ پھاڑ کر دیکھنا - اپنا شُبہ مٹانے کو غور سے دیکھنا + خُوب گُھور کر یا دھیان لگا کر دیکھنا +

آنکھ داب کر - یا دبا کر دیکھنا - ۸ - فعل لازم - ایک آنکھ بند کر کے دیکھنا - بھینگے پن سے دیکھنا - آنکھ کو ذرا بھینچ کر دیکھنا +

آنکھ دکھانا - یا دکھلانا - ۸ - فعل لازم (۱) آنکھ نکال کر دیکھنا - گُھور کر دیکھنا - دیدہ نکالنا + کٹورنا (۲) خفگی کی نظر سے دیکھنا ڈانٹنا - چشم نُمائی کرنا - دھمکانا - ڈر دکھانا (۳) اشارہ اور کنایہ کرنا - رمز و کنایہ کرنا - آنکھوں ہی آنکھوں میں باتیں کرنا +

مُنہ پھیر کے اِک مُسکرائی
(گلزار نسیم) آنکھ ایک نے ایک کو دکھائی

(۴) بے مُروّتی کرنا - رُکھائی کرنا +

(جُرأت - رُباعی)
بہانے کرتے تھے دلرُبائی کیا کیا
دکھلاتے تھے ربطِ آشنائی کیا کیا
جب لے چُکے دل کو تم تو دکھلائی وہ آنکھ
جس آنکھ نے کیفیّت سُجھائی کیا کیا

آنکھ دیکھنا - ۸ - فعل لازم - صُحبت سے فیض اُٹھانا - تربیّت پانا - تعلیم پانا - صُحبت برتنا - شاگردی کرنا -
(آنکھیں دیکھنا زیادہ بولتے ہیں)

آنکھ ڈالنا - ۸ - فعل مُتعدّی (۱) نگاہ کرنا - نظر ڈالنا دیکھنا - سرسری دیکھنا (۲) میل کرنا - راغب ہونا - عشق کرنا - نیہ لگانا + توجّہ کرنا

پھیری ہر ایک نے عین مُلاقات میں نگاہ
(امانت) صدمے اُٹھائے آنکھ حسینوں پہ ڈال کے

اب تو اُس شوخ چشم قاتل پہ
(اسیر) آنکھ ڈالی ہے دیکھئے کیا ہو

(۳) ارادہ رکھنا - تاکنا - دانت رکھنا - نیّت رکھنا

تیغ میں جوہر نہ او قاتل سمجھنا اسکو تو
(رند) ڈالتی ہے باقی ماندوں پر تری تلوار آنکھ

(۴) عو - بد نگاہ دیکھنا - بُری نگاہ سے دیکھنا - ارادۂ بد کرنا - نیّتِ فاسد رکھنا +

آنکھ ڈبڈبانا - ۸ - فعل لازم - آبدیدہ ہونا - آنسو بھر آنا

آنکھ ڈھکنا - ۸ - فعل لازم - آنکھ بند کرنا - آنکھ میچنا
آنکھ مُونْدنا +

آنکھ رکھنا - ۸ - فعل لازم (۱) پیار کی نظر سے دیکھنا
محبّت رکھنا (۲) دیکھنا - تاکنا - نظرِ بد سے گھورنا (۳)
آس کرنا - اُمید رکھنا +

آنکھ روشن کرنا - ا - فعل لازم - مُلاقات کرنا - دیکھ کر
خوش ہونا - آنکھ کو تازگی پہنچانا (جمع کے ساتھ زیادہ بولتے ہیں)

آنکھ سامنے نکرنا - ۸ - فعل لازم - نظر نہ ملانا شرمانا -

آنکھ سامنے نہ ہونا - ۸ - فعل لازم (۱) آنکھ کا مُقابل نہ ہونا
نظر نہ ملنا (۲) تاب نہ لانا - کسی چیز کے دیکھنے کا متحمل
نہ ہونا (۳) لجانا - شرمندہ ہونا - شرم سے آنکھ نہ اُٹھانا

آنکھ سُرخ کرنا - ا - فعل لازم - آنکھ لال کرنا - غُصّہ
کرنا - خفا ہونا - لال پیلا ہونا +

آنکھ سے آنکھ مِلانا - ۸ - فعل لازم (۱) آنکھ مقابل کرنا
نظر لڑانا - آنکھ چار کرنا (۲) ہمچشم ہونا - ایکساں آنکھ ہونا
آنکھوں سے برابری کرنا +

آنکھ سے ٹپ ٹپ آنسو گرنا - ۸ - فعل لازم - آنکھ سے
مُتواتر آنسو گرنا - آنسو ٹپکنا - زار قطار رونا +

آنکھ سیدھی رکھنا یا ہونا - ۸ - فعل لازم - سیدھی نظر
رکھنا - بے رُخ نہ ہونا +

آنکھ سے دیکھ کے کچھ کرنا - ۸ - فعل مُتعدی - بہت
سوچ سمجھ کے کچھ کام کرنا - دیکھ بھال کے کچھ کرنا - جان
بُوجھ کر کچھ کرنا +

آنکھ سے دیکھنا - ۸ - فعل مُتعدی - بچشم خود دیکھنا
اپنی نظروں سے دیکھنا +

آنکھ سے گرنا - ۸ - فعل لازم (۱) نظر سے گرنا - سُبک
ہونا - خفیف ہونا - بیقدر و بے وقر ہونا - مہربانی کی نگاہ
نہ رہنا - اِلتفات کم ہونا +

آنکھ سے لہو ٹپکنا - ۸ - فعل لازم - آنکھ سے خون گرنا
ایشیائی شاعروں کا مُبالغہ ہے کہ جب روتے روتے آنکھ میں آنسو
نہیں رہتے تو دل کا خون آنکھ کے رستے سے نکلنے لگتا ہے چنانچہ
سخت جگر اسی وجہ سے آنسو کو باندھتے ہیں +

آنکھ سینکنا یا سیکنا - ۸ - فعل لازم - لُغوی معنی آنکھ
گرم کرنا - اِصطلاحی حسینوں کو گھورنا - دیدار بازی
کرنا - نظّارہ سے حسرت نکالنا - کسی کو دیکھ دیکھ کر اپنے
دل کو تسلّی دینا (جمع کے ساتھ زیادہ آتا ہے)

آنکھ سے نہ دیکھنا - ۸ - فعل لازم - نظر نہ کرنا - خاطر
میں نہ لانا - حقیر سمجھنا اور میل نکرنا +

آنکھ شرمانا - ا - فعل لازم - آنکھ لجانا - لاج کرنا +

آنکھ کا پانی ڈھلنا - ۸ - فعل لازم - عو - بے شرم
اور بیحیا ہونا - لاج نہ رہنا - نلجا ہونا +

آنکھ کا پانی مرنا - ۸ - فعل لازم - دیکھو آنکھ کا پانی ڈھلنا

آنکھ کا پردہ - ا - اسم مذکّر (۱) آنکھ کا خول - آنکھ کا
غلاف - آنکھ کی جھلّی (۲) آنکھ کا لحاظ - آنکھ کی شرم
+ لاج - حیا +

آنکھ کا تارا - ۸ - اسم مذکّر (۱) آنکھ کا تل - مردمک
چشم - آنکھ کی پُتلی (۲) آنکھ کی روشنی - جوت - تیور - نور
(۳) نہایت پیارا - عزیز - جان سے پیارا + اولاد - بیٹا -
قُرّۃ العین - راحتِ چشم - آنکھ کی ٹھنڈک +

آنکھ کا جالا - ۸ - اسم مذکّر - آنکھ کے اوپر کی جھلّی جو
آنکھ کی پُتلی پر آ جاتی ہے +

آنکھ کا ڈھیلا - ۸ - اسم مذکّر - آنکھ کا ڈھیلا - دیدہ
حدقہ اور آنکھ کا بٹا +

آنکھ کا کاجل چُرانا - [illegible] - فعل مُتعدی مُبالغہ دُزدی

چوری کے فن میں یکتا ہونا - کمال عیار ہونا - چاتر ہونا +

آنکھ کھٹکنا - ۵ - فعل لازم - آنکھ میں درد یا ٹیس ہونا - ٹیسیں یا چپک مارنا - آنکھ دُکھنا +

آنکھ کھلنا - ۵ - فعل لازم - چشم وا ہونا - جاگنا - بیدار ہونا + خبر پڑنا - ہوشیار ہونا - چونکنا (۲) پیدا ہونا جنم لینا - دُنیا میں آنا + ہوش سنبھالنا - ہوش پکڑنا (۳) واقف ہونا - آگاہ ہونا - جاننا - ہوش میں آنا - (۴) متحیر ہونا - بھونچکا ہونا (۵) بہار پر پہنچنا - جوبن پر آنا - دُنیا کی ہوا لگنا +

کم شرر سے نتھی مری ہستی
(اہید) آنکھ کھلتے ہی میں تمام ہوا

آنکھ کھولنا - ۵ - فعل متعدی (۱) چشم وا کرنا - جاگنا بیدار ہونا - چیتنا - خوابِ خرگوش سے بیدار ہونا (۲) ہوش سنبھالنا - ہوش پکڑنا - چونچال ہونا + پیدا ہونا - جنم لینا +

آنکھ کے آگے - ۵ - تابع فعل (۱) آنکھ کے سامنے - آنکھ کے رُوبرُو (۲) آنکھوں دیکھتے - رُوبرُو - آگے - موجودگی میں +

آنکھ کی پُتلی - ۵ - اسم مؤنث (۱) مردمکِ چشم - آنکھ کا تارا (۲) پیارا - عزیز - لاڈلا - نہایت پیارا - نہایت عزیز +

آنکھ کی پُتلی پھرنا - یا پھر جانا - فعل لازم - آنکھ کی پُتلی کا چڑھ جانا - مردمکِ چشم کا اپنی اصلی حالت پر نہ رہنا علامتِ مرگ کا ظاہر ہونا +

آنکھ کے سامنے - ۵ - تابع فعل - دیکھو (آنکھ کے آگے)

آنکھ گاڑنا یا گڑنا - ۵ - فعل لازم - گہری نگاہ سے دیکھنا - بغور دیکھنا - نظر جما کر دیکھنا - گھورنا +

آنکھ گرم کرنا - ا - فعل لازم - (دیکھو آنکھ سینکنا)

آنکھ گڑنا - ۵ - فعل لازم - آنکھ دھنسنا - آنکھ بیٹھنا - نظر جمنا - نظر گڑنا - بیحیا اور ڈھیٹ کی نسبت بولتے ہیں +

آنکھ لال کرنا - ۵ - فعل لازم (۱) آنکھ سُرخ کرنا (۲) غضب ہونا - خفا ہونا (جمع کے ساتھ زیادہ بولتے ہیں)

آنکھ لجانا - ۵ - فعل لازم - شرم اور حیا سے آنکھ نیچی کرنا - لحاظ کرنا - شرمانا + مروّت کرنا جیسے منہ کھائے آنکھ لجائے آنکھ لجای دھی پرائی (مثلیں)

آنکھ لڑانا - ۵ - فعل متعدی (۱) آنکھ ملانا - آنکھ سے آنکھ ملانا + نگاہ لڑانا - نظر لڑانا - ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا تاکنا - گھورنا + اشارہ کنایہ کرنا - اشاروں میں گفتگو کرنا + عشق کرنا - نیہا لگانا - تاک جھانک کرنا ایک کھیل بھی جسمیں بچے آپسمیں شرط لگا کر گھڑیوں آنکھ سے آنکھ لڑایا کرتے ہیں اور معشوق بھی اسکی اکثر مشق کرتے اور ایک دوسرے سے آنکھ لڑاتے ہیں +

آنکھ لڑ جانا - ۵ - فعل لازم - نگاہ لڑ جانا - دوچار ہو جانا اشارہ کنایہ ہو جانا + عشق ہو جانا +

آنکھ لڑنا - ۵ - فعل لازم - نظر لڑنا - نظر ملنا - دوچار ہونا - عشوہ سازی ہونا - اشارہ و کنایہ ہونا - نظربازی ہونا + تعشق ہونا +

آنکھ لگا مردُوا - ۱ - اسم مذکر - عو - وُہ مرد جس سے آشنائی کے بعد نکاح ہوا ہو یا وُہ شخص جسکے ساتھ آشنائی کرکے کوئی عورت آئی ہو - کیا ہوا مردوا - آشنائی کا خصم +

آنکھ لگانا - ۵ - فعل متعدی - آنکھ لڑانا - نیہا لگانا سنیہہ کرنا - لگن لگانا - پریت کرنا + عشق کرنا - دل لگانا

(۲) آنکھ سے لگانا۔ آنکھ پر رکھنا + تعظیم کرنا۔ عزت دینا

ایک نار دیکھن کو آوے
(پہیلی عینک کی)
جو دیکھے سو آنکھ لگا دے

آنکھ لگنا یا لگجانا۔ ٥۔ فعل لازم (۱) آنکھ جھپکنا۔ نیند آ جانا
سونا۔ آنکھ مُندنا (۲) عاشق ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ دل لگنا۔

آنکھ للچانا۔ ٥۔ فعل لازم۔ کسی چیز کی طرف آنکھ کا راغب
ہونا۔ کسی شئے کے دیکھنے پر میل کرنا۔ رغبت کی آنکھ پڑنا

آنکھ مارنا۔ ٥۔ فعل لازم (۱) سین مارنا۔ اشارہ کرنا۔
آنکھ سے کچھ کہنا۔ چشمک زنی کرنا۔ عاشقانہ یا معشوقانہ
طرز سے دیکھنا۔ آنکھ مٹکانا (۲) کسی کام کرنے کو آنکھ سے
منع کرنا۔ کسی کام کے نکرنیکا اشارہ کرنا (۳) سنکارنا
بہکانا۔ لگا دینا۔ اشتعالک دینا۔ سر کرا دینا۔ ہ (شعر میں)
طعنہ مارنا۔ ہنسی اُڑانا۔ حقارت کی نظر سے دیکھنا۔

حلقہ بگوش ابرو جب ہو ہلال اُسکا
(نصیر)
اختر پہ آنکھ مارے کیونکر نہ خال اُسکا

(۵) جتانا۔ آگاہ کرنا۔ دکھانا۔ (جرأت)

کیا غضب ہے کہ ذرا مجھکو نکالے تو وہیں
آنکھ ہر ایک سے محفل میں وہ پُرفن مارے

آنکھ میچ جانا۔ ٥۔ فعل لازم۔ ہندو۔ مرنا۔ مرجانا۔
جہان سے کوچ کرجانا +

آنکھ میچکانا۔ ٥۔ فعل لازم (عوام) بار بار آنکھ کھولنا
اور بند کرنا۔ آنکھ مٹکانا۔ اشارہ کرنا۔ پلکیں جھپکانا۔
کنایہ کرنا۔ ایما کرنا +

آنکھ میچولی یا مچولی۔ ٥۔ اسم مؤنث۔ بچوں کا ایک کھیل ہے
جسکی مفصل کیفیت ارمغان دہلی میں چھپ چکی ہے +

آنکھ ملانا۔ ٥۔ فعل لازم (۱) آنکھ سامنے کرنا۔ آنکھ لڑانا
نظر ملانا + ٹکٹکی باندھکر دیکھنا (۲) سنمکھ ہونا۔ مقابل ہونا
رُو برُو یا سامنے ہونا (۳) ملنا۔ ملاقات کرنا۔ دو چار ہونا

اُس سے پھر آنکھ ملانے کی رکھوں کیونکر چشم
(جرأت)
روزنِ در سے بھی جب آنکھ ملانا نہ رہا

(۴) اشارہ کرنا۔ ایما کرنا۔ رمز و کنایہ کرنا۔ (جرأت)

دیکھنا ہمکو تو پھر آنکھ ملانا سب سے
دھڑکے کیونکر نہ میرا ایسے اشارات سے دل

(۵) لڑنیکو ملانا۔ دعوتِ جنگ دینا۔ خم ٹھوکنا +

تیغ پکڑ ہاتھ میں سب سے ملاتا ہے کہ آنکھ
(ظفر)
آج کریگا یہاں پھر کہیں گھمسان تو

آنکھ ملنا۔ ٥۔ فعل لازم۔ آنکھ دو چار ہونا۔ باہم نظر لڑنا
نظر بازی ہونا +

آنکھ مَلنا۔ ٥۔ فعل لازم۔ حالت غنودگی میں ہونے
یا سوتے ہوئے اُٹھنے کے وقت آنکھ ہاتھوں سے رگڑنا۔

آنکھ مُندنا۔ ٥۔ فعل لازم (۱) آنکھ بند ہونا۔ آنکھ میچنا
(۲) سونا۔ آنکھ لگنا۔ نیند آ جانا (۳) مرنا۔ مرجانا + بیخبر ہونا
جہان سے گزرنا +

آنکھ موندنا۔ ٥۔ فعل متعدی۔ آنکھ بند کرنا۔ آنکھ میچنا
(بحالت لازم) آنکھ بند کر لینا۔ (۲) سونا۔ آرام کرنا۔ استراحت
کرنا (لازم) ۳۔ بیخبر ہونا۔ مرجانا۔ دُنیا سے گزر جانا (لازم)

آنکھ میلی کرنا۔ ٥۔ فعل لازم۔ بے رُخ و بیمروت ہونا
تیوری پر بل لانا +

آنکھ میلی نکرنا۔ ٥۔ فعل لازم۔ بے رُخ نہونا۔ مروت
نہ توڑنا۔ دلگیر کچھ خیال یا ملال نہ لانا۔ نظر ٹیڑھی نکرنا

آنکھ میں آنکھ ڈالنا ۔ یا ڈالکر دیکھنا۔ ٥۔ فعل لازم
(۱) آنکھ سے آنکھ ملانا۔ آنکھ سامنے کرنا۔ گھور کر دیکھنا۔ نظر سے
نظر لڑا کر دیکھنا (۲) بیحیائی اور بیباکی سے نظر ملانا۔ ڈھٹائی سے دیکھنا

آنکھ میں آنکھ ملانا۔ ٥۔ دیکھو آنکھ میں آنکھ ڈالنا

آنکھ میں بسنا - ٥ - فعل لازم - آنکھ میں کُھبنا - نظر میں سمانا - تصوّر میں جمنا - نظر پر چڑھنا +

آنکھ میں چُبھنا - ٥ - فعل لازم - آنکھ میں کُھبنا - آنکھ کو اچھا لگنا - بھانا - پسند آنا - نہایت شوخ رنگ کے حق میں بولتے ہیں

آنکھ میں چوب آنا - ٥ - فعل لازم - آنکھ میں چوٹ لگنا یا ضرب آنا - کسی چوٹ یا صدمہ سے آنکھ میں سُرخی آجانا

آنکھ میں خار ہونا - ٥ - فعل لازم - آنکھ میں کھٹکنا - ناگوار ہونا - گراں گزرنا - آنکھوں کو بُرا لگنا +

آنکھ میں خاک ڈالنا - ٥ - فعل متعدی (١) آنکھوں میں خاک جھونکنا (٢) دھوکا دینا - مُوسنا - دیکھو آنکھوں میں خاک ڈالنا)

آنکھ میں ذرا آنسو یا پانی - یا میل نہ ہونا - ٥ - فعل لازم (١) نہایت بیحیا اور کٹر ہونا - از حد سنگدل اور کٹھور ہونا (٢) بے مروّت اور بے دید ہونا +

آنکھ میں سمانا - ٥ - فعل لازم - آنکھ میں بسنا - نظر میں کُھبنا - آنکھ میں آنا یا بسنا +

آنکھ میں سیل نہ ہونا - ٥ - فعل لازم (١) بے شرم بیحیا اور نلجا ہونا + گستاخ اور شوخ چشم ہونا (٢) بے رحم - سخت دل اور کٹھور ہونا +

آنکھ میں کُھبنا - ٥ - فعل لازم - دیکھو آنکھوں میں کُھبنا اور کُھبنا +

آنکھ میں کھٹکنا - ٥ - فعل لازم (١) آنکھ میں رڑکنا - آنکھ میں چُبھنا (٢) آنکھ میں گڑنا (٢) نظروں میں بُرا لگنا - ناگوار گزرنا - گراں خاطر ہونا - آنکھ میں خار ہونا

آنکھ میں مُروّت نہ ہونا - ٥ - فعل لازم - آنکھ میں لحاظ اور شرم نہ ہونا - بے مروّت اور بے دید ہونا - طوطا چشم ہونا +

آنکھ میں نیل کی سلائی پھیرنا - ٥ - فعل متعدی - اندھا کرنا - آنکھ پھوڑنا - اگلی حکومتوں میں معتوب کی آنکھوں میں نیل کی سلائی گرم کرکے پھروا دیتے تھے جس سے وہ اندھا ہو جاتا تھا

آنکھ ناک سے ڈرنا - ٥ - فعل لازم - اس لحاظ سے خدا کا خوف کرنا کہ وہ کسی ایسے شریف عضو کو بیکار نہ کردے

آنکھ نکالنا - ٥ - فعل متعدی - دیکھو آنکھیں نکالنا)

آنکھ نہ پڑنا - ٥ - فعل لازم (١) نظر نہ پڑنا (٢) توجہ نہ کرنا - خیال نہ آنا - رغبت نہ کرنا (امیر)

اُٹھاتے ہیں جہاں میں رنج ایسے خوبرویوں سے
پڑے گی آنکھ جنت میں نہ اپنی حور و غلماں پر

آنکھ نہ پسیجنا - ٥ - فعل لازم (١) آنکھ نم نہ ہونا (٢) رحم نہ آنا - دل نہ کُڑھنا + کٹھور اور سنگدل ہونا - بیحیا اور بے شرم ہونا +

آنکھ نہ پھرنا - ٥ - فعل لازم - بے مروّت یا سُرخ نہ ہونا

آنکھ نہ ٹھیرنا - یا نہیں ٹھیرنا - ٥ - فعل متعدی (١) نظر نہ جمنا (٢) روشنی کی تاب نہ لانا - چمک یا براقیت کی برداشت نہ کرنا - چکا چوندی لگنا + (اگرچہ صحیح لفظ ٹھہرنا ہے اور اگلے شعراء نے بھی اسی طرح باندھا ہے مگر آجکل ٹھیرنا ہی بولتے اور لکھتے ہیں)

آنکھ نہ جمنا - ٥ - فعل لازم - نظر نہ ٹھیرنا - روشنی یا چمک کی تاب نہ لانا +

آنکھ نہ جھپکنا - یا نہیں جھپکنا - ٥ - فعل لازم (١) آنکھ بند نہ ہونا + پلک سے پلک نہ لگنا (٢) نیند نہ آنا - بیدار رہنا - جاگتا رہنا (٣) آنکھ نہ جھپنا - شرمندہ نہ ہونا + کسی کا احسان نہ ماننا (٤) آنکھ نیچی نہ ہونا + بیباک نڈر اور دلیر ہونا +

آنکھ نہ ڈالنا - ٥ - فعل متعدی (١) نظر نہ ڈالنا -

آنکھ بھر کر نہ دیکھنا (۲) عدم التفات اور کم توجّہی کرنا۔ خیال میں نہ لانا +

آنکھ نہ رکھنا - یا نہیں رکھنا - ہ - فعل متعدّی (۱) نظر نہ رکھنا - توجّہ نہ رکھنا (۲) کسی کام میں مداخلت نہ رکھنا واقفیت نہ رکھنا اور ناواقف محض ہونا +

آنکھ نہ کھولنا یا نہیں کھولنا - ہ - فعل لازم (۱) چشم وا نکرنا - آنکھ بند رکھنا (۲) بیہوش پڑا رہنا - ہوش نہ ہونا غفلت ہونا (جب مینہ کے ساتھ یہ لفظ کہتے ہیں تو اسکے معنی ہوتے ہیں کہ ذرا فرصت نہ دی یا ذرا نہ تھما یعنے برابر برستا رہا یا برس رہا ہے جیسے آج آٹھ آٹھ روز سے مینہ نے آنکھ نہیں کھولی

آنکھ نہ لگنا یا نہیں لگنا - ہ - فعل لازم (۱) نیند نہ آنا - نیند اچاٹ ہونا (۲) مضطرب اور بیقرار رہنا - تڑپا کرنا

آنکھ نہ لگنے دینا - ہ - فعل متعدّی (۱) سونے نہ دینا جگا دینا (۲) مضطرب و بیقرار رکھنا +

آنکھ نہ ملا سکنا - ہ - فعل متعدّی - آنکھ سامنے نہ کر سکنا نظر نہ ملا سکنا + تاب نہ لانا + ڈرنا - خوف کھانا

آنکھ نہ ملانا یا نہیں ملانا - ہ - فعل متعدّی (۱) آنکھ سامنے نہ کرنا - نظر نہ ملانا - چار آنکھیں نہ کرنا - مراداً بات نہ پوچھنا متوجّہ نہ ہونا - رُخ نہ ملانا - رُخ نکرنا - بے رُخ ہونا - دل دیکر نہ بولنا - خاطر نکرنا (۲) مقابلہ پر نہ آنا + کنارہ کرنا - شرمانا - جھینپنا +

آنکھ نہ ملنا - ہ - فعل لازم (۱) آنکھ سامنے نہ ہونا نظر نہ ملنا (۲) شرمندہ ہونا - منفعل ہونا - کنیانا (۳) حیا کرنا - لحاظ کرنا +

آنکھ نہ میلی کرنا - ہ - فعل لازم - دیکھو - (آنکھ میلی نہ کرنا)

آنکھ نیچی کرنا - ہ - فعل لازم - آنکھ جھپکانا - آنکھ سامنے نکرنا - شرمندہ اور منفعل ہونا - جھینپنا +

اَنکھڑی - ہ - اسم مؤنّث - آنکھ کی تصغیر - چھوٹی اور پیاری آنکھ (پیار سے بچّہ یا معشوق کی آنکھ کو انکھڑی کہتے ہیں اور اس قسم کے الفاظ گیتوں میں اکثر آتے ہیں)

اَنکھڑیاں - ہ - اسم مؤنّث - انکھڑی کی جمع -

آنکھ والا - ہ - اسم مذکّر (۱) سوانکھا - بصیر - بینا (۲) مبصّر ہنرشناس - جوہر بیں - تاڑیا - تاڑو (۳) صاحب بصیرت

آنکھوں - ہ - آنکھ کی جمع (جب اردو میں کسی اسم کے ساتھ فاعلی یا مفعولی علامت لگی ہوئی ہوتی ہے تو اسکی جمع و ن سے آتی ہے ورنہ ین سے - یا یوں کہو کہ جب کسی اسم کی جمع کے ساتھ حروف مغیّرہ یعنے (میں - سے - کو - تک - پر - کا - کے - کی - نے - والا) میں سے کوئی حرف آئیگا تو اسکی جمع واو نون سے ہوگی)

آنکھوں آنکھوں میں - ہ - تابع فعل - اشاروں ہی اشاروں میں - نظروں ہی نظروں میں - اشارے اور کنایے میں + چھپواں - چوری چوری چھپی چھپے +

آنکھوں پر آؤ یا آئیے - آنکھوں پر بیٹھو یا بیٹھئے - ہ - ندا جب کوئی دوست یا اپنا پیارا - بزرگ یا اپنا پیر تشریف لانیکا ارادہ ظاہر کرتا ہے تو فرط محبّت اور حسن عقیدت سے یہ کلمہ زبان پر لاتی ہیں تشریف لائیے - پدھاریے - جم جم آئیے اور نت نت آئیے

آنکھوں پر بٹھانا - ہ - فعل متعدّی - نہایت تعظیم اور تکریم سے پیش آنا - حد سے زیادہ قدر کرنا - آؤ بھگت کرنا - خاطر و مدارات کرنا +

آنکھوں پر پٹّی باندھنا - ہ - فعل لازم (۱) آنکھوں پر رومال یا کپڑا باندھنا [illegible] ایسا کیا کرتے ہیں ایک تو جب قاتل اپنے دشمن [illegible] کی چھاتی پر چڑھ بیٹھتا ہے تو اس لحاظ سے کہ بوجہ جنسیت کہیں [illegible] اسکی صورت دیکھکر رحم نہ آجائے اور میرا ہاتھ کا [illegible] اپنی آنکھوں پر پٹّی باندھ

لیتا ہے۔ دُوسرے اکثر جسے قتل کرنا منظور ہوتا ہے اُسکی آنکھوں پر بھی
کئی وجہ سے پٹی باندھتے ہیں چنانچہ ایک وجہ تو یہی ہے کہ وُہ تلوار کا
وار دیکھکر جھجکے نہیں جس سے ہاتھ خالی جانیکا احتمال ہے۔ اسکے علاوہ اُسکی
آنکھیں نکل پڑنے کا خوف ہوتا ہے جس سے اکثر آدمی کو ہیبت آجاتی
ہے اور کبھی اُسکی حسرتناک آنکھ اپنے اُوپر نہ پڑنے کے لئے بھی یہ بات کرتے
ہیں۔ پچھلی صورتوں میں فعل مُتعدی ہے)

(۲) اندھا بنّا۔ غافل اور بیخبر ہوجانا +

آنکھوں پر پردہ پڑجانا یا پڑنا۔ ا۔ فعل لازم۔ اندھا ہوجانا۔ بیخبر ہوجانا۔ غافل ہوجانا۔ غفلت چھانا۔ دھوکا کھانا۔ فریب میں آجانا + مسلوب العقل ہوجانا +

آنکھوں پر ٹھیکری رکھ لینا یا رکھنا۔ ہ۔ فعل مُتعدی۔ جان بُوجھکر اندھا بن جانا۔ بے مُروّت بنجانا۔ بے دید ہوجانا۔ آنکھیں بدل لینا + احسان بھلا دینا۔ گن نہ ماننا بے شرم ہوجانا۔ لاج اُٹھا دینا + بے انصاف ہونا۔ ناانصافی کرنا۔ بدلا احسان کا احسان سے نکرنا +

آنکھوں پر جگہہ دینا۔ ہ۔ فعل مُتعدی۔ آنکھوں پر بٹھانا تعظیم و تکریم سے پیش آنا۔ اعزاز و اکرام کرنا +

آنکھوں پر رکھنا۔ ہ۔ فعل مُتعدی۔ (۱) آنکھوں سے لگا کر رکھنا۔ تبرّک کرکے رکھنا۔ اعزاز و اکرام سے رکھنا۔ توقیر کرنا۔ پیارا سمجھنا + ادب کرنا۔ بزرگ جاننا (۲) محبت کرنا۔ پیار کرنا۔ التفات کرنا +

آنکھوں پر قدم لینا۔ ا۔ فعل مُتعدی۔ کسی بزرگ کے قدموں کو اپنی آنکھوں پر رکھنا۔ ہاتھوں ہاتھ لینا۔ کمال تعظیم و تکریم سے لاکر بٹھانا۔ خاطر کے مارے بچھے جانا۔ نہایت اعتقاد اور اعزاز سے پیشوائی کرنا +

آنکھوں پر ہاتھ رکھ لینا۔ ہ۔ فعل لازم۔ دیکھو (آنکھوں پر ٹھیکری رکھ لینا)

آنکھوں پر چربی چھانا۔ ا۔ فعل لازم۔ دیکھو (آنکھوں میں چربی چھانا)

آنکھوں تلے پھرنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ نظروں میں پھرنا۔ تصوّر میں رہنا۔ آنکھوں میں بسنا۔ بار بار خیال آنا +

آنکھوں تلے لہو اُترنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ غُصّہ کے مارے آنکھوں کا سُرخ ہوجانا۔ غیظ و غضب میں بھرنا۔ غُصّہ آنا +

آنکھوں دیکھا۔ ہ۔ تابع فعل۔ دیکھا بھالا۔ چشمدیدہ۔ اپنا دیکھا ہوا +

آنکھوں دیکھے یا آنکھوں کے دیکھتے۔ ہ۔ تابع فعل (۱) آنکھوں کے سامنے۔ دیکھ کر۔ رُوبرُو۔ جان بُوجھکر (۲) دیکھتے دیکھتے اپنے آگے۔ اپنے زمانے میں۔ اپنے سامنے +

آنکھوں سے۔ ہ۔ تابع فعل۔ بسر و چشم۔ بدل و جان خوشی سے۔ بطیب خاطر۔ رضا و رغبت سے +

آنکھوں سے اُترنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ آنکھوں سے گرنا۔ دل سے اُترنا۔ حقیر و ذلیل ہونا۔ نظروں میں سُبک ہونا۔ خفیف ہونا

(عشق) مانند نشہ چڑھ کے آخر
آنکھوں سے تیری اُتر گئے ہم

آنکھوں سے اُٹھانا۔ ہ۔ فعل لازم۔ کمال اعزاز و اکرام سے کسی چیز کو اُٹھانا۔ نہایت شوق سے اُٹھانا +

آنکھوں سے آنکھیں ملانا۔ ہ۔ فعل لازم۔ نظر سے نظر ملانا۔ آنکھیں لڑانا۔ دو چار ہونا +

آنکھوں سے پاؤں لگانا۔ ہ۔ فعل مُتعدی۔ آنکھوں سے پاؤں ملنا۔ حُسن عقیدت اور فرط محبت سے کسیکے پاؤں کو اپنی آنکھوں سے رگڑنا۔ نہایت اعزاز و اکرام کرنا +

آنکھوں سے پٹی باندھنا۔ ہ۔ فعل مُتعدی۔ دیکھو (آنکھوں پر پٹی باندھنا)

آنکھوں سے پٹی بندھنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ مُجرم کی

آنکھوں پر کوئی رومال یا کپڑا باندھنا (جرأت)

جب بندھی آنکھوں سے پٹی تب وہ آیا قتل کو
واے قسمت کیا نصیبا ہم گنہگاروں کا ہے

آنکھوں سے جان نکلنا - ا - فعل لازم (۱) آنکھوں کے رستے دم نکلنا (۲) انتظار میں مرجانا - راہ تکتے تکتے مرنا

آنکھوں سے کوئی کام کرنا یا بجالانا - ا - فعل متعدی - بطیب خاطر کوئی کام کرنا - عین اطاعت سے کوئی کام بجالانا - باعزاز و تکریم یا خوشی خوشی یا بکمال شوق و ارادت سے کوئی کام کرنا - بطوع و رغبت کوئی امر انجام دینا +

آنکھوں سے گرانا - ہ - فعل متعدی - نظروں سے گرانا - ذلیل و حقیر سمجھنا - مرتبہ گھٹانا - جی سے اتارنا - بے وقری کرنا - در کم کرنا +

آنکھوں سے گرجانا - ہ - فعل لازم - نظروں میں ذلیل و حقیر ہوجانا - طبیعت سے اتر جانا - بیقدر و بے وقار ہو جانا - رتبہ سے گر جانا - عزت نہ رہنا - در گھٹ جانا +

آنکھوں سے گرنا - ہ - فعل لازم (۱) آنکھوں سے ٹپکنا (۲) نگاہوں سے گرنا - نظروں سے اترنا + نظروں میں حقیر ہونا - جی سے اترنا - خفیف ہونا - سُبک ہونا +

آنکھوں سے لگا یا لگا کر رکھنا - ہ - فعل متعدی - بہت عزیز کر کے رکھنا - عزت کر کے رکھنا - تبرک سمجھ کر رکھنا - محبت سے رکھنا + سینت کر رکھنا - حفاظت سے رکھنا +

آنکھوں سے لگانا - ہ - (۱) آنکھوں سے چھوانا - آنکھوں سے ملنا + آنکھوں پر رکھنا (۲) کسی چیز کو نہایت تعظیم و ادب سے لینا - تعظیم دینا + عزیز رکھنا +

آنکھوں سے نور جاتا رہنا - ا - فعل لازم - بینائی چشم کا زائل ہو جانا - نور جل جانا - جوت نہ رہنا - اندھا ہو جانا

آنکھوں سے نیر ڈھلنا - ہ - فعل لازم - صحیح آنکھوں سے نیر ڈھلنا (۱) مرتے وقت آنکھوں سے پانی نکلنا (۲) جاں بلب ہونا - قریب مرگ ہونا - مرنے لگنا - مرنے کی علامت کا ظاہر ہونا - آنکھوں کا بے رونق ہو جانا +

آنکھوں سے نیند اڑنا - ہ - فعل لازم - آنکھوں سے نیند کا جاتا رہنا - نیند اچٹنا - بیقراری سے نیند نہ آنا +

آنکھوں کا پانی ڈھلنا - ہ - فعل لازم - بیحیا ہونا - ڈھیٹ - دلیل ہونا - بے شرم و بے لحاظ ہونا +

آنکھوں کا تارا - ہ - اسم مذکر (۱) آنکھوں کا تل - آنکھوں کی پتلی - مردمک چشم (۲) آنکھوں کی روشنی - جوت یا نور (۳) نہایت پیارا - نہایت عزیز - جان سے پیارا - آنکھوں کی ٹھنڈک - اولاد - بیٹا - قرۃ العین +

آنکھوں کا تیل نکالنا - ہ - فعل لازم - عو - دیدہ ریزی کرنا - باریک باریک کام کرنا - ایسے کام کرنا جن سے آنکھوں پر زور پڑے اور تیور چلے +

آنکھوں کا کاجل چرانا - یا آنکھوں میں سے کاجل چرانا - ہ - فعل متعدی - کمال عیاری و چالاکی کرنا - چوری میں استادِ کامل ہونا - بادی چور ہونا +

آنکھوں کو بدلکر دیکھنا - ا - فعل لازم - تیور یا نظر بدلکر دیکھنا - ناک بھوں چڑھانا - تیوری پر بل ڈالنا +

آنکھوں کو تلووں سے ملنا - ہ - فعل متعدی (تلووں سے آنکھیں ملنا زیادہ بولتے ہیں) (۱) کسی دشمن کی آنکھوں کو نکلوا کر تلووں سے ملنا - حسرت نکالنا (۲) حسن عقیدت یا کمال ارادت سے کسیکے تلووں سے آنکھیں رگڑنا +

(معروف)
یہ آبلے نہیں صحرا نوردگان [illegible] اگلے
ہمارے تلووں سے آنکھیں [illegible] ملتے ہیں

آنکھوں کو رو بیٹھنا - ہ - فعل لازم - آنکھوں کو صبر کر بیٹھنا - آنکھیں کھو بیٹھنا - اندھا ہو جانا - آنکھوں کی

روشنی سے ہاتھ دھو بیٹھنا - آنکھوں سے محتاج ہو جانا +

آنکھوں کو کھو بیٹھنا - ہ - فعل لازم - دیکھو آنکھوں کو رو بیٹھنا +

آنکھوں کے آگے - ہ - تابع فعل - آنکھوں کے سامنے - روبرو، آمنے سامنے نظر کے سامنے +

آنکھوں کے آگے آنا - ہ - فعل لازم - عو - آنکھوں کے سامنے آنا - آنکھوں کے آگے پانا - اندھا ہونا - دیدے پٹم ہونا (قسم اور بددعا کے موقع پر بولتے ہیں)

آنکھوں کے آگے اندھیرا آنا - ہ - فعل لازم (۱) کثرت ضعف یا رنج کے باعث آنکھوں میں تیرگی چھانا - غش آ

آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جانا - ہ - فعل لازم آنکھوں میں تاریکی چھانا - ضعف یا نقاہت سے خیرگی ہونا +

آنکھوں کے آگے پانا - ہ - فعل لازم - عو - آنکھوں پر صبر پڑنا - کسی جرم کی مکافات میں اندھا ہونا - آنکھوں سے محتاج ہو جانا +

آنکھوں کے آگے پلکوں کی برائی کرنا - ہ - فعل لازم ایک ہی کنبے رشتے کے آدمیوں کے سامنے اسی کنبہ کی برائی کرنا - دوست کی برائی دوست کے روبرو یا سسرال کی برائی سسرال کے لوگوں کے سامنے کرنی یا عزیز کے آگے عزیز کو برا کہنا

آنکھوں [illegible] - گھر [illegible] جانا - ہ - فعل لازم - کسی چیز کا ایسا

آنکھوں [illegible] ہو جانا + ... تصور بندھنا کہ وہ آنکھوں

آنکھوں میں [illegible] پھرنا - ... کے سامنے نظر آجائے

صحیح ... آنا) - نظر آجانا - دکھائی دے جانا - سامنے

پھر جانا - سماں بندھنا - یاد آنا +

آنکھوں کے آگے تارے چھوٹنا - ہ - فعل لازم - دیکھو (آنکھوں کے تارے چھٹنا)

آنکھوں کے آگے جہان یا عالم تاریک ہونا - ہ - فعل لازم از حد مغموم ہونا - غم کے مارے کچھ نہیں دکھائی دینا - نہایت اندوہ و نہایت حزن میں مبتلا ہونا +

آنکھوں کے آگے چاند تارا یا چاندنا ہو جانا - ہ - فعل لازم تیورا جانا - خیرگی چشم کا ہو جانا - آنکھوں کے سامنے صدمۂ دماغی سے تارے چھوٹنے لگنا - تارے نظر آجانا +

آنکھوں کے آگے یا سامنے رکھنا - ہ - فعل متعدی اپنے سامنے رکھنا - نظروں سے دور نہ ہونے دینا - آنکھوں میں رکھنا - حفاظت میں رکھنا +

آنکھوں کے آگے سے سرکنا - ہ - فعل لازم - عو - نظروں سے دور ہونا - پاس سے ہٹنا +

آنکھوں کے بل چلنا - ہ - فعل لازم - آنکھوں کے رخ چلنا - آنکھوں سے چلنا - نہایت تعظیم و ادب سے جانا +

آنکھوں کی پتلی - ہ - اسم مؤنث - عو - دیکھو (آنکھ یا آنکھوں کا تارا)

آنکھوں کے تارے - ہ - جمع مذکر (۱) آنکھوں کی پتلیاں یا تل (۲) آنکھوں کا نور - آنکھ کی روشنی (۳) عزیز - نہایت پیارے (۴) آنکھوں کے ترمرے یعنی وہ درخشاں ذرے جو صدمۂ دماغی یا ضعف سے آنکھوں کے آگے دفعتہً چمک جاتے ہیں +

آنکھوں کے تارے چھٹنا - ہ - فعل لازم - آنکھوں کے آگے ترمرے سے آجانا - صدمۂ دماغی یا ضعف سے آنکھوں کے آگے چاندنا ہو جانا +

آنکھوں کے ترمرے - ہ - اسم مذکر - کمزوری یا صدمۂ دماغی کے باعث جو آنکھوں کے آگے تارے سے نظر آتے ہیں

آنکھوں کے تلے تارے چھٹنا یا چھوٹنا - ہ - فعل لازم دیکھو (آنکھوں کے آگے چاندنا ہو جانا)

آنکھوں کے تلے لہو اُترنا - ھ - فعل لازم - غصّہ کے مارے آنکھوں کا سُرخ ہو جانا - غیظ و غضب میں بھر آنا - افروختہ ہونا

آنکھوں کی ٹھنڈک - ھ - اِسم مؤنث - آنکھوں کی خنکی + قُرّۃ العین (۲) راحتِ چشم (۳) روشنیِ چشم مُراد اولاد - نہایت عزیز اور پیارا +

آنکھوں کے ڈورے - ھ - جمع مذکر - آنکھوں کی لال لال باریک رگیں - وُہ سُرخی کی تحریر جو فورِ نشہ سے آنکھوں میں آجاتی ہے - وُہ نشے کی سُرخی جو آنکھوں کی رگوں میں دوڑ جاتی ہے +

آنکھوں کے سامنے اندھیرا آنا - ھ - فعل لازم - ضعف یا نقاہت سے آنکھوں میں تاریکی آجانا - تیرگی چھانا - خیرگیِ چشم ہونا - غشی آنا - (نہایت رنج والم میں بھی یہ کیفیت ہوتی ہے)

آنکھوں کے سامنے رہنا - ھ - فعل لازم - نظروں کے سامنے رہنا - رُوبرو رہنا - آنکھوں سے اوجھل نہ ہونا

آنکھوں کی سُوئیاں رہنا - ھ - فعل لازم - تھوڑی سی مُصیبت کا باقی رہنا (مُفصّل کیفیت ارمغانِ دہلی حصّہ اوّل میں دیکھو)

آنکھوں کے ناخون لو یا لواؤ - محاورہ - آنکھیں بنواؤ یا درست کرو - شناخت پیدا کرو +

آنکھوں میں - ھ - تابع فعل (۱) آنکھوں کے اندر (۲) نظروں میں - نگاہوں میں (۳) سامنے - رُوبرو (۴) اندازے میں - قیاس میں (۵) اِشاروں میں - کنایوں میں +

آنکھوں میں آنا - ھ - فعل لازم (۱) نشہ میں ہونا - سُرور گٹھنا - نشہ کی کیفیت کا ظاہر ہونا - مست و مخمور ہونا (۲) جچنا - سمانا - نظر پر چڑھنا + خیال میں آنا - دھیان میں آنا + (رسا)

نہیں آتے کسُو کی آنکھوں میں
ہو کے عاشق بہت حقیر ہوئے

آنکھوں میں اندھیر آنا - ھ - فعل لازم (۱) غم و اندوہ یا ضعف کے باعث تیرہ و تاریک دکھائی دینا + دھندلا نظر آنا + غش (۲) چکاچوند لگنا - خیرگی ہونا + (نکہت)

جب خیالِ رُخِ پُر نور کسی کا آیا +
دیکھو اندھیر کہ آنکھوں میں اندھیرا آیا

آنکھوں میں اندھیر رہنا - ھ - فعل لازم - غم و اند[illegible] مارے کچھ نہ دکھائی دینا - تیرہ و تاریک دکھائی دینا +

آنکھوں میں اندھیرا ہونا - ھ - فعل لازم - دیکھو - آنکھوں میں اندھیرا آنا)

آنکھوں میں آنسو بھر آنا - ھ - فعل لازم - آنکھیں بھر آنا - ڈبڈبا جانا - ڈر یا رحم کے باعث آنکھیں بھر لانا - رُنکھا رُوانسا ہو جانا + رونے کے قریب ہو جانا +

آنکھوں میں آنکھیں ڈالنا - ھ - فعل متعدی - نظر و[illegible] نظریں ملانا - آنکھیں سامنے کرنا - ڈھٹائی سے دیکھ[illegible] گھورنا + سامنے ہو جانا +

آنکھوں میں بسنا - ھ - فعل لازم - آنکھوں میں کھبنا[illegible] میں سمانا - تصوّر میں جمنا - دل میں پسند آنا - مرغوب[illegible]

آنکھوں میں بھنگ گھٹنا - (دشمن بزم دبازاری[illegible] ہیں) گہگڈ نشہ ہونا - گہرا (۲) حُسن عقیق یا لٹ نشہ (بھنگ کے نشہ کی بنسبت زیادہ[illegible] رگڑنا +

آنکھوں میں بیٹھنا - ھ - [illegible] آنکھوں میں کھبنا - نظروں میں بھلا لگنا [illegible] آنکھوں میں کھبنا - [illegible] بھانا - کسی رنگت کا [illegible] کسی کے باعث آنکھوں [illegible] شوخ رنگ ہونا +

آنکھوں میں پالنا - ۵ - فعلِ متعدی - نہایت پیار و محبت سے پرورش کرنا - کمال حفاظت اور نگہبانی سے پالنا

آنکھوں میں پٹی باندھنا - ۵ - فعلِ متعدی - دیکھو (آنکھوں سے پٹی باندھنا)

آنکھوں میں پھر جانا - ۵ - فعلِ لازم - کسی چیز کا سماں یاد آجانا - کسیکی صورت کا تصور بندھ جانا - صحیح تصور بندھ جانا یاد آجانا - نظر میں پھر جانا + صورتِ خیالی کا نظر میں پھر جانا

آنکھوں میں پھرنا - ۵ - فعلِ لازم - ہر وقت تصور اور ذہن میں رہنا - نظروں میں رہنا - صورتِ خیالی کا ہر وقت نظر آنا + دل میں پھرنا - خیال لگا رہنا - بار بار یاد آنا

آنکھوں میں پھیکا لگنا - ۵ - فعلِ لازم - نظروں میں اچھا نہ معلوم دینا - نگاہوں میں نہ جچنا - بھلا نہ لگنا +

آنکھوں میں تکلے چبونا یا کرنا - ۵ - فعلِ متعدی - عو (۱) آنکھوں میں تکلا گھسونا (۲) نہایت تکلیف دینا - از حد ایذا پہنچانا - اپنے دشمن سے بدلا لینا +

آنکھوں میں ٹھیرنا - ۵ - فعلِ لازم - نظروں میں جچنا اور قدر پانا +

آنکھوں میں ٹیسو پھولنا - ۵ - فعلِ لازم (بازاری) دیکھو (آنکھوں میں سرسوں پھولنا)

آنکھوں میں جان آنا - ۱ - فعلِ لازم (۱) سارے جسم سے روح کا کھچکر آنکھوں میں آجانا - لبوں پر دم ہونا - قریب بمرگ ہونا - گھڑی پل ... (۲) نہایت ضعیف ہونا - ناتوان ہوجانا +

آنکھوں میں جان ہونا - ۱ - فعلِ لازم ... - (آنکھوں میں جان آنا)

آنکھوں میں جچنا - ۵ - فعلِ لازم (۱) نظر پر چڑھنا - آنکھوں میں تلنا یا ٹھیرنا (۲) بھلا لگنا - منظورِ نظر ہونا - پسند آنا - بھانا (۳) قیاس میں آنا - سمجھ میں آجانا - اندازمیں ٹھیک اُترنا

آنکھوں میں جُھنتے پڑنا - ۱ - فعلِ لازم (عوام) نظروں میں فرق آنا - کچھ کا کچھ دکھائی دینا - بینائی میں فرق آنا

آنکھوں میں جگہہ دینا - ۵ - فعلِ متعدی - آنکھوں پر بٹھانا - آنکھوں پر رکھنا - نہایت اعزاز و اکرام کرنا - تعظیم دینا - معتبر سمجھنا - عزیز سمجھنا + قدر کرنا +

آنکھوں میں جہان اندھیر ہونا - ۱ - فعلِ لازم - غم یا رنج کے مارے کچھ نہ دکھائی دینا - غم کی گھٹا چھانا - حزن و ملال میں بسر ہونا + کچھ بھلا نہ لگنا +

آنکھوں میں جہان سیاہ ہونا - ۱ - فعلِ لازم - دیکھو (آنکھوں میں جہان اندھیر ہونا)

آنکھوں میں جی آنا - ۵ - فعلِ لازم - دیکھو (آنکھوں میں جان آنا)

آنکھوں میں چُبنا یا چُبھنا - ۵ - فعلِ لازم - آنکھوں میں بیٹھنا یا پیٹھنا - نہایت شوخ رنگ ہونا - نظروں کو کھلا معلوم ہونا +

آنکھوں میں چرانا - ۵ - فعلِ لازم - سب کے سامنے سے چُرا لینا - چوری میں کمال کرنا - عیاری و چالاکی کرنا +

آنکھوں میں چربی چھانا - ۱ - فعلِ لازم (۱) آنکھوں پر پردہ پڑنا + قصداً اور عمداً اندھا بنجانا - جان بوجھکر انجان ہونا + غرور کے مارے کسیکو نہ دیکھنا - مغرور ہونا - بے مروت دلے دِید ہونا - دوست کو نہ پہچاننا (۲) مستی میں اندھا ہوجانا - مدماتا ہونا (۳) موجودہ حالت کو نہ دیکھنا - افلاس میں توانگری کی باتیں کرنا - بمقدوری میں فراخ روی کرنا +

آنکھوں میں چڑھنا - ۵ - فعلِ لازم (۱) آنکھوں میں جچنا - نظر پر چڑھنا - قدر پانا - منظورِ نظر ہونا - بھانا - پسند آنا

آنکھوں میں چھانا - ۵ - فعلِ لازم - نظروں میں سمانا -

آنکھوں میں بسنا یا سماں بندھنا +

آنکھوں میں حلقے پڑ جانا - ا - فعل لازم - کسی صدمہ یا لاغری کے باعث آنکھوں میں گڑھے پڑ جانا - جسم میں اچھی طرح آنکھوں کا نہ معلوم ہونا - آنکھیں دھنسجانا یا اندر گڑ جانا

آنکھوں میں خار گزرنا - لگنا - یا ہونا - ا - فعل لازم - آنکھوں میں کھٹکنا - ناگوار گزرنا - طبیعت پر گراں معلوم ہونا - باعث تکلیف یا آزار ہونا - برا لگنا - خار کی مانند آنکھوں میں چبھنا

آنکھوں میں خاک - ہندا عورتیں جب کوئی شخص کسی کو دیکھتا ہے تو عورتیں اس خیال سے کہ نظر نہ لگ جائے یہ کلمہ زبان پر لاتی ہیں - اور نیز جب کسی پیارے کی تعریف کرنی منظور ہوتی ہے تو اس موقع پر بھی اس کلمہ کو کہہ لیتی ہیں - مراد چشم بد دور حفظ نظر - نام خدا (۲) کچھ نہیں - بالکل نہیں + اگر کسی مانگنے والے کو کوئی چیز دینی منظور نہیں ہوتی تو بے تکلفی یا ناراضی کی وجہ سے یہ کلمہ کہتی ہیں)

آنکھوں میں خاک بھی نہ دوں - آنکھوں میں خاک کی چٹکی بھی نہ ڈالوں - ا - محاورہ - کچھ نہ دوں - ہرگز نہ دوں یہ چیز تو کیا خاک بھی اسکی بجائے تمہاری آنکھوں میں نہ ڈالوں کسی چیز کے دینے پر نہایت بیزاری اور خفگی ظاہر کرنے کی جگہ یہ جملہ بولتی ہیں)

آنکھوں میں خاک جھونکنا - ا - فعل متعدی (۱) دیدوں میں خاک ڈالنا (۲) دھوکا دینا - فریب دینا - چھل کرنا

آنکھوں میں خاک یا دھول ڈالنا - ا - فعل متعدی (۱) آنکھوں میں خاک جھونکنا - آنکھوں میں مٹی ڈالنا (۲) دھوکا دینا - بتا دینا - اندھا بنا کر سستا سودا یا معاوضہ لے لینا موس لانا - چترائی کرنا + بری چیز کی توصیف کرکے خریدار کی نظر میں اچھا جچا دینا - (۳) کسی چیز کو ابھار دینا - الگ کر دینا غایب کر دینا - اڑا دینا - چرا لینا +

آنکھوں میں خون برسنا - ا - فعل لازم - خونخواری اور جلادپن ظاہر ہونا +

آنکھوں میں خون یا لہو اترنا یا اتر آنا - ا - فعل لازم - غصہ میں آنکھوں کا سرخ ہو جانا - غضب میں بھر آنا +

آنکھوں میں دم آنا یا ہونا - ا - فعل لازم - دیکھو - آنکھوں میں جان آنا)

آنکھوں میں رات کاٹنا - ا - فعل متعدی - جاگ کر رات بسر کرنا - بیٹھ کر رات گزارنا - آنکھ نہ جھپکانا + تڑپ کر رات کاٹنا - انتظار میں رات گزارنا +

آنکھوں میں رات کٹنا - ا - فعل لازم - حالت بیداری دکھ والی میں رات تمام ہونا - پلک سے پلک نہ لگنا - رات بھر جاگنا - رات بھر مضطرب یا بیقرار رہنا +

آنکھوں میں رکھنا - ا - فعل لازم (۱) نگاہوں میں رکھنا آنکھوں سے اوجھل نہ ہونے دینا - نگہبانی و حفاظت میں رکھنا

(صاحب)
ذرا آنکھوں میں رکھنا اسکو صاحب
کہیں یہ طفل اشک ابتر نہ ہووے

(۲) قدر و منزلت سے رکھنا - پیار سے رکھنا - ناز و لاڈ میں پالنا

(کاظم)
اے طفل اشک ہم تجھے آنکھوں میں یوں رکھیں
اور تو ہمارے راز کو یوں برملا کرے +

آنکھوں میں رہنا - ا - فعل لازم (۱) نظروں میں رہنا آنکھوں میں بسنا + آنکھوں میں پھرنا - تصور میں رہنا (۲) نہایت عزیز و پیارا ہونا

(ذکی)
اب سبب کیا ہے جو کانٹا سا کھٹکتا ہے زکی
یہ وہی دل ہے کہ رہتا تھا سدا آنکھوں میں

آنکھوں میں زمانہ یا عالم سیاہ ہونا - ا - فعل لازم - (شاعر) دیکھو - آنکھوں میں جہان اندھیر ہونا)

آنکھوں میں سبک ہونا - یا ہلکا ہونا - ا - فعل لازم نظروں میں حقیر ہونا - آنکھوں سے گرنا - بے قدر و بے وقعت

سُبک سر ہونا +

آنکھوں میں سرسوں پھولنا - ہ - فعل متعدی (۱) آنکھوں میں زردی کھنڈنا - زرد زرد دکھائی دینا (۲) جو چیز دل میں بسنا وُہی آنکھوں میں نظر آنا (۳) نشہ میں غرقاب ہونا - نشہ ہونا اور نیز نشۂ معرفت کا ہونا (بھنگ کے نشہ کی نسبت زیادہ بولتے ہیں) ۴ - نشہ میں خوش ہونا - نشہ میں مگن ہونا - شاد ہونا - خوش ہونا - باغ باغ ہونا +

آنکھوں میں سُرمہ دینا یا گھلانا - ا - فعل لازم - آنکھوں میں سُرمہ لگانا یا ڈالنا - انجن سارنا +

آنکھوں میں سُرمہ گھلنا - ا - فعل لازم آنکھوں میں سُرمہ لگنا +

آنکھوں میں سمانا - ہ - فعل لازم (۱) آنکھوں میں بسنا - آنکھوں میں بیٹھنا - آنکھوں میں گھر بنانا (۲) تصوّر میں جمنا - نظر میں آنا - نظروں میں چڑھنا - ٹوک میں آنا - آنکھوں میں کھٹکنا - (صرف آتش نے اس معنی میں باندھا ہے)

سایہ ساں لگ چلو آتش نہ بہت یار سے تم
(آتش) دشمنوں دوست کی آنکھوں میں سماتے ہو عبث

آنکھوں میں صُورت پھر جانا یا پھرنا - ا - فعل لازم - آنکھوں کے سامنے نقشہ پھر جانا - کسیکی صُورت کا یاد آجانا + تصوّر بندھا رہنا - ہر وقت نظروں کے سامنے رہنا

آنکھوں میں طراوت آنا - ا - فعل لازم - آنکھوں میں تازگی آنا - ٹھنڈک پہنچنا +

آنکھوں میں عالم اندھیر ہونا - ا - فعل لازم - دیکھو (آنکھوں میں جہان اندھیر ہونا)

آنکھوں میں کچھ کام کرنا - ا - فعل لازم - اشاروں میں کچھ کام کرنا +

آنکھوں میں کھبنا یا کُھبنا - ہ - فعل لازم - اپنی خوبی کے باعث کسی چیز کا آنکھوں میں بیٹھا جانا - نظروں میں بھلا لگنا - آنکھوں میں بسنا یا سمانا + پسند آنا + بھانا

آنکھوں میں کھٹکنا - ہ - فعل لازم - آنکھوں میں چُبھنا - کرکرا لگنا - نظروں کو بُرا معلوم دینا - دیکھو (آنکھوں میں خار گزرنا) +

آنکھوں میں کہنا - ہ - فعل متعدی - اشاروں میں کہنا - اشارہ سے بات کرنا +

آنکھوں میں گھر کرنا - ہ - فعل متعدی (۱) آنکھوں میں بسنا یا رہنا + (آصف)

ایسی برگشتہ ہیں کیوں مثلِ مقدر پلکیں
دلمیں آئیں میری آنکھوں میں کریں گھر پلکیں

(۲) نظروں میں چُرا لینا - عیاری چالاکی سے کسی چیز کو غایب کر دینا - آنکھوں میں سے لیجانا + فریب دینا - دھوکا دینا - چھل کرنا + (میر)

غمزہ نے اُسکے چوری میں دل کے ہنر کیا
اس خانماں خراب نے آنکھوں میں گھر کیا

(۳) اکڑنا - چیدنا - جھٹلانا + جانکر انجان بننا + ڈھٹائی کرنا - اصرار کرنا + سخن پروری کرنا (مغفور)

ہیں خمار آلودہ آنکھیں لیتے ہو انگڑائیاں
گھر رہے ہو غیر کے آنکھوں گھر کرتے ہو کیوں

آنکھوں میں گھر ہونا - ہ - فعل لازم - آنکھوں میں بسنا یا رہنا + عزت ہونا + عزیز و متبرک ہونا +

آنکھوں میں لیجانا - ہ - فعل متعدی - کسی چیز کو آنکھوں کے سامنے سے غایب کر دینا - نظروں میں سے چُرا لینا - باوجود ہوشیاری دھوکا دینا +

آنکھوں میں نون دینا یا ڈالنا - ہ - فعل متعدی - (۱) بنکھیں

پھوڑنا - اندھا کرنا +

آنکھوں میں نون رائی - ۵ - مذ - دعا - حرف نظر چشم بد دور +

آنکھوں میں نہ آنا - ۵ - فعل لازم - نظروں میں نہ جچنا - آنکھوں میں نہ ٹھہرنا یا نہ سمانا + کم قدر ہونا +

آنکھوں میں نہ ٹھہرنا - ۵ - فعل لازم - آنکھوں میں نہ جچنا - پسند نہ آنا + نظروں میں سُبک ہونا - نظروں سے گرنا +

آنکھوں میں نہ سمانا - ۵ - فعل لازم - نظروں میں نہ جچنا - نگاہ میں نہ ٹھہرنا +

آنکھوں میں نیند آجانا - ۵ - فعل لازم - آنکھیں کڑوانا - آنکھیں بند ہونے لگنا - اونگھنا - خمار بھر جانا +

آنکھوں ہی آنکھوں میں - ۵ - تابع فعل - اشاروں ہی اشاروں میں - رمز و کنایہ میں + چھپواں - چوری چوری - چھپے چھپے +

آنکھوں ہی آنکھوں میں چرا لینا - ۵ - فعل متعدی - نظروں میں چرا لینا - سب کے سامنے چرا لینا - دھوکا بازی کرنا +

آنکھ ہے - ۵ - جملہ - نظر ہے + دانت ہے - قصد ہے ارادہ ہے + (امانت)

ہر خوش نگہ کی آنکھ ہے گیسوئے یار پر
ملک ختن میں دوڑ رہے ہیں غزال کیا

آنکھیاں - ۵ - اسم مؤنث - آنکھ کی جمع - عورتیں پیار سے بھی کہتے ہیں + (یہ جمع بصورت تصغیر ہے)

آنکھیں - ۵ - آنکھ کی جمع - دیدے - انکھیاں - نین -

آنکھیں الٹ جانا - ۵ - فعل لازم (۱) آنکھیں سوج جانا - آنکھوں پر ورم ہو جانا + (۲) انتظار میں تھک جانا

آنکھیں آنا - ۵ - فعل لازم - آنکھیں دُکھنے آنا - آنکھوں آشوب ہونا +

آنکھیں اوپر نہ اٹھانا - ۵ - فعل لازم - خوف یا شرم سے آنکھیں اونچی نہ کرنا + حیامند ہونا +

آنکھیں بچھانا - ۵ - فعل متعدی (۱) آنکھوں کا فرش کرنا (۲) منتظر رہنا (۳) خاطر و مدارات کرنا - تعظیم و تکریم کرنا

آنکھیں بدلنا - ۱ - فعل لازم (۱) بے رُخ ہونا - بے مروّتی کرنا (۲) افروختہ ہونا - یکایک غصّہ میں آجانا +

آنکھیں بند کرکے کوئی کام کرنا - ۱ - فعل لازم - دیکھو آنکھ بند کرکے کچھ کرنا +

آنکھیں بند کرنا - ۱ - فعل لازم (۱) آنکھیں مُوندنا - کسی خوف یا صدمہ یا چمک سے آنکھیں میچنا + آنکھیں جھپکانا (۲) سونا - آرام کرنا (۳) مرنا - انتقال کرنا - علایق دنیوی سے بے خبر ہونا - قطع تعلق کرنا +

آنکھیں بند ہونا - ۱ - فعل لازم (۱) آنکھیں مچنا یا مُندنا (۲) نیند آنا - غنودگی ہونا (۳) مرنا - جان نکلنا - نہایت بچہ ہونا - تین چار روز کا بچہ ہونا - ناتجربہ کار ہونا +

چونکہ کتے - بلی - گلہری - کبوتر - چڑیا وغیرہ کے بچوں کی آنکھیں تین روز تک بند رہتی ہیں اور روز پیدایش سے چوتھے روز جاکر کھلتی ہیں اسلئے یہ محاورہ نہایت بچہ ہونے کے معنوں میں مستعمل ہوگیا

آنکھیں بنوانا - ۵ - فعل متعدی - آنکھیں درست کروانا - آنکھوں کا جالا کٹوانا - سلائی یا کحال سے آنکھوں کو درست کروانا +

آنکھیں بھر آنا - ۵ - فعل لازم - آبدیدہ ہو جانا - رو دینا - آنسو بھر لانا - آنسو نکلنے لگنا - بر ترحم یا جوش محبت یا کسی صدمہ کے باعث قریب بگریہ ہو جانا - کھسیانا ہو جانا - کوئی بات یاد کرکے دل بھر آنا +

آنکھیں بیٹھنا - ۸ - فعل لازم - آنکھوں کا دھنسنا - آنکھوں کا اندر کو گڑ جانا - دیکھو - (آنکھ بیٹھنا)

آنکھیں پتھرانا - ۸ - فعل لازم - آنکھوں کا بیحس و حرکت ہونا - آنکھوں کا بے جنبش ہو جانا + متحیر ہونا - خیرگیِ چشم ہونا + آنکھوں کا نور جاتا رہنا - چکا چوند آنا - حیرت میں ہونا +

آنکھیں ٹم ہونا - ۸ - فعل لازم - آنکھوں کا جاتا رہنا اندھا ہو جانا - آنکھوں میں روشنی نہ رہنا - بینائی کا جاتا رہنا +

آنکھیں پڑنا - ۸ - فعل لازم - دیکھو (آنکھ پڑنا)

آنکھیں پلٹ جانا یا پلٹنا - ۸ - فعل لازم - آنکھیں بدل جانا - بیرخ، بمروّت بید ید ہو جانا - تیور بدل لینا

آنکھیں پونچھ ڈالنا - ۸ - فعل لازم - آنسو پونچھ ڈالنا - رو دھو کر چپکا ہو رہنا +

آنکھیں پونچھنا - یا پوچھنا ۸ فعل متعدّی - کسیکے آنسو پوچھنا - تسلّی دینا - تشفّی دینا - ڈھارس بندھانا - دھیر بندھانا +

آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھنا - یا پھاڑکے دیکھنا - ۸ - فعل لازم (۱) آنکھیں کھول کھولکر دیکھنا - آنکھیں چیر چیر کر دیکھنا + شوق کی نظروں سے دیکھنا + انتظار کرنا (۲) بیقراری سے دیکھنا (۳) غور سے دیکھنا - گھور کر دیکھنا - نظر جما کر دیکھنا - ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا +

آنکھیں پھٹنا - ۸ - فعل لازم (۱) آنکھوں میں درد ہونا - کسی تکلیف کے باعث یہ معلوم ہونا کہ آنکھیں نکلی پڑتی ہیں (۲) حیرت میں ہونا - تعجّب میں ہونا ہکّا بکّا ہونا - بھَوچکا رہجانا (۳) ہونسنا - رشک کرنا حسد کرنا - جلنا

آنکھیں پھر جانا - ۸ - فعل لازم (۱) دیدے پھر جانا - آنکھوں کی پتلیوں کا اُوپر چڑھ جانا - علامتِ مرگ ظاہر ہونا (۲) بمروّت اور بید ید ہو جانا - مغرور ہو جانا - تیور بدل لینا - تیوری چڑھا لینا - بیرخ و مخالف ہو جانا +

آنکھیں پھڑکنا - ۸ - فعل لازم - دیکھو - (آنکھ پھڑکنا)

آنکھیں پھُڑوانا - ۸ - فعل متعدّی - آنکھیں نکلوانا اندھا کروانا - نابینا کروانا +

آنکھیں پھُوٹ جانا - ۸ - فعل لازم - اندھا ہو جانا - نابینا ہو جانا - آنکھیں ٹم ہو جانا - آنکھوں کا جاتا رہنا -

آنکھیں پھُوٹ جائیں - ۸ - جُملہ - اوّل دُعاے بد اور کوسنا ہے (۲) آنکھوں کی قسم ہے +

آنکھیں پھُوٹنا - ۸ - فعل لازم - دیکھو - (آنکھ پھُوٹنا)

آنکھیں پھُوٹیں - ۸ - جُملہ - اوّل آنکھوں کی قسم ہے یعنی اگر ایسا کیا ہو تو ہماری آنکھیں نہ رہیں - دُوسرے کوسنا ہے یعنی خدا کرے تیری آنکھیں ٹم ہوں -

آنکھیں پھوڑنا - ۸ - فعل متعدّی (۱) اندھا کرنا - نابینا کرنا (۲) بحالتِ لازم - اندھا ہونا - بے بصر ہونا (فقرہ) یہ تو آج رو رو کر اپنی آنکھیں پھوڑیگا + (۳) عو - رونا - گریہ کرنا - آنسو بہانا - زار قطار رونا (۴) ایکانے یا رینڈ بھنے کا کام کرنا (۵) دیدہ ریزی کا کام کرنا - کوئی باریک کام کرنا (۶) بیفائدہ انتظار کرنا - منتظر رہنا +

آنکھیں پھیر دینا - ۸ - فعل لازم - دیدے پھیر دینا - علامتِ مرگ ظاہر ہونا - مرجانا +

آنکھیں پھیر لینا یا پھیرنا ۸ فعل لازم (۱) نظر پھیر لینا رُخ پھیر لینا (۲) خفا و ناراض ہو جانا - بیرخ ہونا - بیزار ہونا + یکایک دُشمن ہو جانا

آنکھیں ترسنا - ۸ - فعلِ لازم - آنکھیں بھٹکنا - کسی چیز کے دیکھنے کو آنکھوں کا مشتاق ہونا - آنکھیں للچانا آرزومند ہونا - مشتاقِ دیدار ہونا +

آنکھیں تلووں سے ملنا - ۸ - فعلِ متعدی - دیکھو (آنکھوں کو تلووں سے ملنا)

آنکھیں ٹوٹ آنا - ۸ - فعلِ لازم - آنکھوں پر آشوب آجانا - آنکھیں آجانا - آنکھیں دکھنے آنا - آنکھیں جھمک آنا

آنکھیں ٹھنڈی کرنا - ۸ - فعلِ لازم - دیکھو (آنکھ ٹھنڈی کرنا) +

آنکھیں ٹھنڈی ہونا - ۸ - فعلِ لازم - عو - تسلی و تشفی ہونا - جی خوش ہونا - آنکھوں کو راحت پہنچنا +

آنکھیں جاتی رہنا - ۸ - فعلِ لازم - اندھا ہو جانا - آنکھیں پھوٹ جانا +

آنکھیں جلنا - ۸ - فعلِ لازم - آنکھوں میں سوزش ہونا - آنکھوں میں جلن ہونا +

آنکھیں جھپکنا - ۸ - فعلِ لازم (۱) آنکھیں بند ہونا - آنکھیں مندنا یا مچنا - نیند آنا + روشنی کی تاب لانا - آنکھیں بند کرنا - آنکھیں سامنے نہ ہو سکنا (۲) آنکھیں نیچی ہونا - آنکھیں جھکنا - شرمندہ ہونا - لجانا + (۳) مفصّل دیکھو (آنکھ جھپکنا) +

آنکھیں جھمک آنا - ۸ - فعلِ لازم - آنکھیں ٹوٹ آنا - آنکھوں پر آشوب آجانا - آنکھیں دکھنے آجانا +

آنکھیں جھکنا - ۸ - فعلِ لازم (۱) آنکھیں نیچی ہونا نظریں نیچی ہونا (۲) آنکھیں دکھنے آنا +

آنکھیں چار ہونا - ۱ - فعلِ لازم (۱) آنکھ سے آنکھ ہونا - سامنے ہونا - دوچار ہونا - آنکھوں سے آنکھیں ملنا (۲) علم حاصل ہونا - فراست اور دانائی زیادہ ہونا +

آنکھیں چرا کر دیکھنا - ۸ - فعلِ لازم - دیکھو (آنکھ چرا کر دیکھنا) +

آنکھیں چرانا - ۸ - فعلِ لازم (۱) آنکھیں چھپانا - نظریں بچانا - نگاہ بچانا + اغماض کرنا + تجاہلِ عارفانہ کرنا + چھپنا - کترانا - ٹالنا - پہلوتہی کرنا - (۲) آنکھ سامنے نہ کرنا - شرمانا - کنیانا - جھیپنا + حیا کرنا - لحاظ کرنا (۳) بےمروتی کرنا - بےمروت ہونا - ناآشنا بننا +

آنکھیں چرنے گئی ہیں - ۶ - ۸ - یہ ایک استفہامیہ جملہ ہے جب کوئی شخص اپنے روبرو کی چیز کو نہیں دیکھتا اور اِدھر اُدھر تلاش کرتا ہے تو اُسکی شان میں یہ جملہ کہتے ہیں یعنی کیا تیری آنکھیں غیر حاضر ہیں؟ +

آنکھیں چڑھانا - ۸ - فعلِ لازم - ناک بھوں چڑھانا - تیوری چڑھانا - تیوری پر بل ڈالنا (یہ پرانا محاورہ ہے انشاء اللہ خاں کے سوا اور کسیکے ہاں نہیں پایا جاتا)

آنکھیں چڑھنا - ۸ - فعلِ لازم - آنکھوں میں شراب یا نیند کا خمار ہونا +

آنکھیں چومنا - ۸ - فعلِ متعدی - آنکھوں کا بوسہ لینا - آنکھوں کو نہایت پیار کرنا +

آنکھیں چھت سے لگ جانا - ۸ - فعلِ لازم - مرنے کے قریب ہو جانا - آنکھیں اوپر چڑھ جانا - علامتِ مرگ کا ظاہر ہونا + نہایت متفکر یا منتظر ہو کر چھت سے آنکھیں لگانا

آنکھیں دکھانا - یا دکھلانا - ۸ - فعلِ متعدی (۱) غضب کی نگاہ سے دیکھنا - قہر کی [illegible] نظر سے دیکھنا - ڈرانا - تہدید و تخویف کرنا - چشم نمائی کرنا - مفصّل دیکھو آنکھ دکھانا (۲) سامنے ہونا - مقابل ہونا - [illegible] برابری کرنا +

چشمِ بد دور چشم [illegible] اے میر
آنکھیں طوفان [illegible] کو دکھاتی ہے (میر)

آنکھیں دُکھنا - ہ - فعلِ لازم - آنکھوں کا سُرخ ہو جانا - آنکھوں میں کھٹک ہونا - آنکھوں پر آشوب آنا +

آنکھیں دُکھنے آنا - ہ - فعلِ لازم - دیکھو - آنکھیں آنا اور دُکھنا +

آنکھیں دَوڑانا - ہ - فعلِ لازم - نظریں دوڑانا - چاروں طرف دیکھنا - اِدھر اُدھر نظر ڈالنا +

آنکھیں دیکھنا - ہ - فعلِ لازم - کسی کی صُحبت سے اِستفادہ کرنا - کسی سے تربیت پانا - صُحبت برتنا - صُحبت میں رہنا +

آنکھیں ڈبڈبانا - ہ - فعلِ لازم - آنکھوں میں پانی بھر آنا - آبدیدہ ہونا - کسی صدمہ یا رحم کے باعث آنسو بھر آنا +

آنکھیں ڈگر ڈگر کرنا - ہ - فعلِ لازم - عو - کمال ضُعف یا نقاہت سے آنکھوں کا ایک حالت پر قایم نہ ہونا - آنکھوں کا تیرا تیرا پھرنا - دُبلاپے کے مارے جسم میں آنکھیں ہی دکھائی دینا +

آنکھیں ڈھونڈتی ہیں - ہ - جُملہ - آنکھیں دیکھنا چاہتی ہیں - آنکھیں نہایت مُشتاق ہیں +

آنکھیں رکھنا - ہ - فعلِ لازم - تمیز رکھنا - کسی کام میں مداخلت رکھنا - صاحبِ درک ہونا +

آنکھیں روشن کرنا - ا - فعلِ مُتعدی - آنکھوں میں روشنی بخشنا - آنکھوں کو خوش کرنا +

آنکھیں روشن ہونا - ا - فعلِ لازم (۱) آنکھیں کُھلنا - آنکھوں میں روشنائی یا بینائی ہونا (۲) آنکھوں میں تازگی آنا یا طراوت آنا +

آنکھیں زمین سے لگ گئیں - ا - جُملہ - نہایت ندامت حاصل ہوئی - شرم کے مارے آنکھ نہ اُٹھا سکا

آنکھیں سامنے کرنا - ہ - فعلِ لازم - آنکھیں ملانا

آنکھیں چار کرنا - آنکھیں مُقابل کرنا - رُوبرُو ہونا + شرم و لحاظ نکرنا

آنکھیں سامنے نہ کرنا - ہ - فعلِ لازم - آنکھیں نہ ملانا - تاب نہ لانا - دیکھنے کا مُتحمل نہ ہونا + شرمانا - لحاظ کرنا +

آنکھیں سُرخ کرنا - ا - فعلِ لازم (ٹکسال باہر) - دیکھو - آنکھ سُرخ کرنا)

آنکھیں سفید کرنا - ا - فعلِ مُتعدی - اندھا کرنا - نابینا کرنا +

آنکھیں سفید ہونا - ا - فعلِ لازم - اندھا ہونا - آنکھیں پٹم ہونا - روشنیِ چشم نہ رہنا یعنی سیاہیِ چشم جو محلِ بینائی ہے اُسمیں پانی یا جالا آجانا +

آنکھیں سی کُھل گئیں - ہ - جُملہ - (۱) غُبار سا ہٹ گیا - دم سا آگیا - جان سی آگئی - روشنی سی آگئی - جان میں جان آگئی - آنکھوں میں طراوت یا تازگی سی آگئی (۲) حقیقت سی کُھل گئی - ہوش سا آگیا - غفلت کا پردہ سا اُٹھ گیا - حیرت سی ہوگئی - تعجب سا ہوگیا

آنکھیں سینکنا - ہ - فعلِ لازم - نظارہ کرنا - دیدار بازی کرنا - معشوقوں کو گھورنا - دیدار سے تشفی حاصل کرنا - دل خوش کرنا - زیارت کرنا +

آنکھیں کڑوانا - ہ - فعلِ لازم - آنکھوں میں نیند بھرنا - نیند کا خمار ہونا - آنکھیں کھٹکنا - نیند کے مارے آنکھیں کھچانا +

آنکھیں کھٹکنا - ہ - فعلِ لازم - دیکھو - (آنکھ کھٹکنا)

آنکھیں کُھل جانا - ہ - فعلِ لازم (۱) جاگ اُٹھنا - بیدار ہو جانا (۲) چیت جانا - ہوشیار ہو جانا (۳) حقیقت کُھلنا - غفلت دُور ہونا + عبرت پکڑنا - خبردار ہونا - (۴) مُتحیر ہونا - حیران ہونا - یک دھک رہجانا +

آنکھیں کُھلنا - ہ - فعلِ لازم - چشم وا ہونا - جاگنا

چیتنا - ہوشیار ہونا + ہوش سنبھالنا + متنبّہ ہونا - خبر پانا + پردہ اُٹھنا - غفلت سے چونکنا (۲) حیرت میں ہونا - متعجّب اور ہکّا بکّا ہونا (۳) حقیقت کھلنا - واقف ہونا (۴) جان میں جان آنا - سہارا ہونا - حواس ٹھکانے ہونا +

آنکھیں کُھلوانا - ۵ - فعل متعدّی - عو - ہندوستان کی مسلمان عورتوں میں ایک رسم ہے کہ آرسی مصحف کے وقت دولہا سے بجز سے کلمے کہوا کر دُلہن کی آنکھیں کُھلواتی ہیں مفصّل کیفیت ارمغان دہلی میں دیکھو +

آنکھیں کُھلی رہجانا - یا رہنا - ۵ - فعل لازم - آنکھوں کے رستے سے دم نکلجانا + انتظار ہی انتظار میں مرجانا - گھورتے گھورتے یا تکتے تکتے دم فنا ہوجانا - حسرت میں مرنا

آنکھیں کھولنا - ۵ - فعل لازم - چشم وا کرنا + جاگنا - چیتنا - ہوشیار ہونا + ہوش سنبھالنا - ہوش پکڑنا - ہوش میں آنا - متنبّہ ہونا اور عبرت پکڑنا +

آنکھیں کھونا - ۵ - فعل لازم - اندھا ہونا - بے بصر ہونا - نابینا ہونا +

آنکھیں گڑ جانا - ۵ - فعل لازم (۱) آنکھوں کا اندر دھسجانا - آنکھیں بیٹھنا (۲) کسی چیز پر نظر جم جانا - برابر تکی جانا - ندیدوں کی طرح دیکھنا +

آنکھیں گُلابی ہونا - ۱ - فعل لازم - آنکھیں سُرخ ہونا - آنکھوں میں سرور یا نشہ کا ظاہر ہونا +

آنکھیں لال ہو آنا - ۵ - فعل لازم - آنکھیں سُرخ ہوجانا یا دُکھنے آنا یا پُر آشوب ہونا - آشوب یا نشہ یا رونے کے باعث سے آنکھوں کا سُرخ ہوجانا +

آنکھیں لڑانا - ۵ - فعل لازم (۱) آنکھیں ملانا - نگاہ سے نگاہ لڑانا - ٹکٹکی باندھکر ایک دوسرے کو دیکھے جانا - گھورا گھاری کرنا - دیدہ بازی یا نظربازی کرنا - اشارہ وکنایہ کرنا - اشاروں میں گفتگو کرنا (۳) عشق کرنا - نینہ لگانا - محبّت کرنا (۴) تاک جھانک کرنا +

آنکھیں لگجانا - ۵ - فعل لازم - دیکھو (آنکھ لگجانا) +

آنکھیں لگنا - ۵ - فعل لازم (۱) ٹکٹکی بندھنا - آنکھیں گڑنا - انتظار ہونا - اندیشہ ناک ہوکر راہ تکنا - دھیان لگنا (۲) نیہا لگنا - پریت ہونا +

آنکھیں لگی رہنا - ۵ - فعل لازم (۱) آنکھیں لڑی رہنا - نظریں لڑی رہنا (۲) منتظر رہنا - دھیان لگا رہنا - اندیشہ ناک ہوکر راہ تکنا - مضطربانہ انتظار کرنا +

آنکھیں مٹکانا - ۵ - فعل لازم - آنکھیں گھمانا - آنکھیں چمکانا - آنکھیں نچانا +

آنکھیں ملا کر دیکھنا - ۵ - فعل لازم (۱) نظریں ملا کر دیکھنا - آنکھیں سامنے کرنا - چار آنکھیں کر کے دیکھنا - نظریں لڑا کر دیکھنا +

آنکھیں ملانا - ۵ - فعل لازم - آنکھیں سامنے کرنا - نظر ملانا - نگاہ ملانا - آنکھیں لڑانا + ٹکٹکی باندھکر دیکھنا + سنمکھ ہونا - مقابلہ کرنا - رُوبرُو ہونا - سامنے ہونا - رُخ ملانا - دوچار ہونا - سامنے آنا (۲) مخاطب ہونا - متوجّہ ہونا - سیدھی نظروں سے دیکھنا - (۳) دیکھو - آنکھ ملانا نمبر ۴

آنکھیں مِلنا - ۵ - فعل لازم - دیکھو آنکھ ملنا +

آنکھیں مَلنا - ۵ - فعل لازم (۱) آنکھیں رگڑنا - آنکھوں پر ہاتھ پھیر کر نیند کا غبار رفع کرنا (۲) خمار یا غفلت میں ہونا + (نصیر دہلوی)

رِیاض دہر میں غُنچوں نے تو رخت سفر باندھا
ہم ابتک اپنی آنکھیں نرگس مخمور ملتے ہیں

(۳) حسنِ عقیدت یا فرطِ محبت کے باعث کسی چیز سے آنکھیں گھسنا + (شہیل ی)

کبھی نزدیک جاکر آستانہ پر ملوں آنکھیں +
کبھی گر دور بیٹھوں میں کروں نظارہ گنبد کا

آنکھیں مُندنا - ف - فعل لازم (۱) آنکھیں بند ہونا یا مچنا (۲) سونا - نیند آنا (۳) مرجانا - انتقال کرنا (۴) اندھا ہونا - بے خبر ہونا +

آنکھیں مُوند لینا یا مُوندنا - ف - فعل لازم (۱) آنکھیں بند کر لینا (۲) مرنا + بے خبر ہو جانا +

آنکھیں نکالنا - ف - فعل لازم (۱) خفگی سے گھورنا - کٹورنا - تیوری چڑھانا - غصہ ہونا - ڈرانا - دھمکانا (۲) متعدی خنجر یا چھری کے ذریعہ سے آنکھیں نکالنا - اندھا کرنا

آنکھیں نہ اٹھانا - ف - فعل لازم - آنکھیں اونچی نہ کرنا شرمانا - حیا کرنا +

آنکھیں نہ کھولنا - ف - فعل لازم (۱) چشم وا نہ کرنا (۲) شرم یا نفرت کے باعث کسی چیز کو نہ دیکھنا (۳) ہوش میں نہ آنا - بیماری کی غفلت میں پڑا رہنا +

آنکھیں نہ ملانا - ف - فعل لازم - دیکھو - (آنکھ نہ ملانا)

آنکھیں نہ ملنا - ف - فعل لازم - دیکھو - (آنکھ نہ ملنا)

آنکھیں نیلی پیلی کرنا - ا - فعل لازم - نہایت غصہ ہونا - تیور بدلنا - غضبناک ہونا - چیں بہ جبیں ہونا

آنکھیں ہونا - ف - فعل لازم - حواس درست ہونا - سمجھ آنا - ہوش آنا - عقل پکڑنا + حقیقت کھلنا - متنبہ ہونا (فقرہ) اتنا کھو کر آنکھیں ہوئیں +

انگ - ف - اسمِ مذکر (۱) جسم - بدن - تن - اندام - سریر - دیہ - کایا + پنڈا (۲) بند - عضو - جوڑ +

انگ لگنا - ف - فعل متعدی (۱) بدن سے بدن ملنا - چھاتی سے لگنا (۲) بحالت لازم - کھانے کی چیزوں کا جزوِ بدن ہونا - ہضم ہونا - موٹا تازہ ہونا - کھایا پیا جی کو لگنا (۳) کام میں آنا - جگہ سے خرچ ہونا +

انگا - ف - اسمِ مذکر - ہندو - جامہ - پیراہن - چپکن - ایک قسم کی مردانہ پوشاک کا نام ہے جسے انگرکھا کہتے ہیں

انگارا - ف - اسمِ مذکر (۱) دہکتا ہوا اُپلا یا آتش پارہ کلاں انگر - کوئلہ (۲) لال کنکوا (۳) صفت میں - نہایت سُرخ + نہایت جلتا ہوا + چمکتا ہوا + دہکتا ہوا +

انگارا بنا - ف - فعل لازم (۱) سُرخ و سفید بنا - کھا پیکر چقندر بنا - لالوں لال ہونا (۲) نہایت غصہ میں بھرانا +

انگاروں پر لٹانا - ف - فعل متعدی - عو - جلانا - تڑپانا - رشک یا حسد میں مبتلا کرنا + ستانا - رنج دینا - مضطرب کرنا

انگاروں پر لوٹنا - ف - فعل لازم - عو - رشک اور حسد میں جلنا + جلنا (۲) بیتاب و بیقرار رہنا - تڑپنا +

انگارے برسنا - ف - فعل لازم - خدا کا غضب یا قہر نازل ہونا - بلائے آسمانی کا وارد ہونا + آگ کی بارش ہونا

انگرکھا - ف - اسمِ مذکر - دیکھو (انگا)

انگریز - انگلش Englishman - انگلستان کا رہنے والا - فرنگی - انگلشمین - انگلستانی +

انگریزی - ا - اسمِ مؤنث - انگریزوں کی بولی + انگریزوں کی حکومت +

انگڑائی - ف - اسمِ مؤنث - خمیازہ (انسان اور حیوانوں کے [illegible]) ایک طبعی حرکت ہے جو سستی دور کرنیکے واسطے ظاہر ہوتی ہے - اسکا یہ طریقہ ہے کہ آدمی ہاتھوں کو کھڑا کرکے سر کی طرف لیجاتا اور اپنے جسم کو تانتا ہے

انگڑائی توڑنا - ف - فعل لازم (۱) کسی شخص کے برابر کھڑے ہو کر انگڑائی لینا - مراد سستی اُتارنا (۲) بے شغلی اور بیکاری میں بسر کرنا - سست بنا پڑا رہنا +

انگڑائی لینا - ہ - فعل لازم - خمیازہ کشی کرنا + سستی اُتارنا +

اُنگشُت - ف - اسم مؤنث - اُنگلی + اُنگل +

انگشت بدنداں ہونا - ف - فعل لازم - متاسف ہونا افسوس کرنا - دانتوں میں اُنگلی دینا +

انگشت شہادت - ف ع - اسم مؤنث - کلمہ کی اُنگلی - انگوٹھے کے پاس کی اُنگلی - بت اُنگلی - سبابہ +

انگشت نما - ف - صفت - وُہ شخص جسکی طرف اُنگلی اُٹھے - مطعون + رسوائے خلایق - بدنام + مشہور +

انگشت نما ہونا - ف - فعل لازم (۱) رسوا ہونا مطعون ہونا (۲) مشہور ہونا +

اَنگشتانہ - ف - اسم مذکر (۱) ایک پیتل کی خاردار شہام نما ٹوپی سی ہوتی ہے جسے درزی سیتے وقت اُنگلی کے بچاؤ کے واسطے پہن لیتے ہیں + (۲) ایک آہنی حلقہ کا نام بھی ہے جسے تیر انداز تیر مارتے وقت اُنگلی میں پہن لیتے ہیں اور اُسی کو شست بھی کہتے ہیں

اَنگشتری - ف - اسم مؤنث - انگوٹھی - مُندری

اُنگل - ہ - اسم مذکر (۱) اُنگشت (۲) ایک اُنگلی کی چوڑائی (۳) پوروا +

اُنگلانا - ہ - فعل متعدی (۱) اُنگلی کرنا (۲) دِق کرنا ستانا + دم نہ لینے دینا - چھیڑے جانا (۳) اُکسانا - اُبھارنا +

اِنگلس - انگلش English اسم مؤنث (لشکری) پنشن - وظیفہ - وُہ تنخواہ جو ایام ملازمت کی کارگزاری کے صلہ میں گورنمنٹ سے اپاہج یا بُوڑھا ہو جانے پر ملتی ہے (چُونکہ یہ قاعدہ ہندوستان میں سرکار انگریزی کے وقت سے جاری ہوا اسلیئے یہی نام پڑ گیا) +

اُنگلی - ہ - ایک عضو کا نام ہے جسے انگشت کہتے ہیں +

اُنگلی پکڑ کے پہنچا پکڑنا - ہ - فعل متعدی (۱) لغوی معنی اُنگلی کا سہارا پاکر کلائی پکڑنا + (۲) اصطلاحی ذرا سا سہارا دیکھکر پُوری چیز کا دعویٰ کرنا +

اُنگلی رکھنا - ہ - فعل لازم - نکتہ چینی - حرفگیری یا عیب چینی کرنا + (۲) بتانا - جتانا +

اُنگلی کرنا - ہ - فعل متعدی - دیکھو اُنگلانا نمبر ۲

اُنگلی لگانا - ہ - فعل متعدی (۱) اُنگلی چھوانا - سہج سے مارنا +

اُنگلیاں - ہ - اسم مؤنث - اُنگلی کی جمع +

اُنگلیاں اُٹھنا - ہ - فعل لازم (۱) رسوا ہونا - بدنامی کے ساتھ مشہور ہونا - نکّو ہونا - مطعون ہونا +

اُنگلیاں چٹخانا - ہ - فعل متعدی - اُنگلیوں کو اسطرح کھینچنا یا دبانا کہ اُنکے جوڑوں میں سے چٹ چٹ آواز نکلے +

اُنگلیاں چمکانا - ہ - فعل لازم - عورتوں کا لڑتے وقت ہاتھ اُٹھا اُٹھا کر اُنگلیاں نچانا (برق)

مہر نیچہ کو دکھاتا ہے بہت نخوت سے
اُنگلیاں تو بھی تو اے مہر منور چمکا

اُنگلیاں کانوں میں دینا - ہ - فعل لازم (۱) کسی بات کے سُننے سے نفرت ظاہر کرنا - (کانوں میں اُنگلیاں دینا زیادہ بولتے ہیں) ۲ غُل یا شور کی آواز سے کانوں کو بچانا +

اُنگلیاں نچانا - ہ - فعل متعدی - اُنگلیوں کی حرکت سے کسیکو چڑانا +

اُنگلیوں پر نچانا - ہ - فعل لازم (۱) کھلّی اُڑانا ہنسی اُڑانا - ٹھٹھا کرنا - ذلیل و تنگ کرنا (۲) حیران کرنا ستانا - تنگ کرنا - دق کرنا - دم نہ لینے دینا - گھُر

پھرانا +

انگن - ہ - اسم مذکر - ہندو - صحن - انگنائی - چوک - (پنجابی) انگولائی +

انگنائی - ہ - اسم مؤنث - دیکھو آنگن ۱ +

انگنت - ہ - صفت - بےشمار - بےحساب - بےحد

انگوٹھا - ہ - اسم مذکر - وہ موٹی انگلی جسے عربی میں ابہام سنسکرت میں انگشٹ فارسی میں انگشت نر کہتے ہیں + ٹھوسا - ٹھینگا +

انگوٹھا چومنا - ہ - فعل متعدی - خوشامد کرنا - چاپلوسی کرنا +

انگوٹھا دکھانا - ہ - فعل متعدی (۱) ٹھینگا دکھانا - چڑانا - چھیڑنا (۲) حقارت سے انکار کرنا - خاطر میں نہ لانا +

انگوٹھا نچانا - ہ - فعل متعدی - انگشت نر کو دکھا کر چڑانا +

انگوٹھی - ہ - اسم مؤنث - دیکھو (انگشتری)

انگوچھا - ہ - اسم مذکر - (۱) نہا کر بدن پونچھنے کا کپڑا وغیرہ (۲) تہ بند - چھوٹی دھوتی +

انگور - ف - اسم مذکر - (۱) رز - داکھ - عنب - تاک ایک قسم کا تر میوہ ہے جسکی شراب بھی بناتے ہیں (۲) زخم کا بھراؤ - اندمال - التیام زخم +

انگور بندھنا - ہ - فعل لازم - زخم بھرنا - زخم کا اچھا ہونے پر آنا +

انگور پھٹ جانا - ہ - فعل لازم - زخم تڑخنا - بھرتے ہوئے زخم کا تڑق جانا +

انگور کی ٹٹیاں - ہ - اسم مؤنث - تاک - وہ ٹٹیاں یا ٹھاٹھر جنپر انگور کی بیلیں چڑھاتی ہیں

انگوری باغ - ف - اسم مذکر - وہ باغ جسمیں جھڑا انگور کے درخت ہوں - داکھ باڑی +

انگوری بیل - ف - اسم مؤنث - انگور کی خوشہ دار بیل جو لیس یا کپڑے وغیرہ میں بُنی خواہ کاڑھی جاتی ہے

انگیا - ہ - اسم مؤنث - انگی - محرم - چولی - عورتوں کا سینہ بند (پوربی) کانچلی +

انگیا کا بنگلا - ہ - اسم مذکر - عو - وہ خربوزی کی سی پھانکیں جو ملکٹوں پر گوکھرو سے بنا دیتے ہیں +

انگیا کا ٹھرا - ہ - اسم مذکر - عو - وہ بٹا ہوا سوت کا ڈورا جو انگیا کی کمر اور کٹوری میں گوٹ کے اندر رہتا ہے +

انگیا کا گھاٹ - ہ - اسم مذکر - عو - انگیا کا گریبان (لکھنؤ) +

انگیا کے پان - ہ - اسم مذکر - عو - کٹوریوں کے بیچ کے ملکٹ

انگیا کے ستھے - ہ - اسم مذکر - عو - انگیا کی چوڑی گوٹ

انگیا کی چڑیا - ہ - اسم مؤنث - عو - وہ سیون جس سے دونوں کٹوریاں ملی رہتی ہیں +

انگیا کی خواصی - ف - اسم مؤنث - بغل کے برابر ایک دھجی سی ہوتی ہے جسے گھاٹی بھی کہتے ہیں +

انگیا کی دیواریں - ف - اسم مؤنث - عو - کٹوریوں کے نیچے کے حصے +

انگیا کی ڈوری - ہ - اسم مؤنث - عو - وہ ڈور جو عورتیں انگیا کے گریبان کے گرد لگاتی ہیں +

انگیا کی کٹوریاں - ہ - اسم مؤنث - محرم - ملکٹ انگیا کا وہ حصہ جسمیں چھاتیاں رہتی ہیں + چھاتیوں کا غلاف یا گھر +

انگیٹھا - ہ - اسم مذکر - وہ آتشدان جسمیں سنار آگ رکھتے اور چاندی سونا تپاتے ہیں +

انگیٹھی - ہ - اسم مؤنث - وہ برتن جسمیں جاڑوں کے دنوں میں آگ رکھکر تاپتے ہیں (پوربی) بُرسی - دھولنڑا - (کشمیری) کانگڑی (مارواڑی) سگڑی (فارسی) آتشدان (عربی) مجمر +

انگیزنا - ہ - فعل لازم - عوام - اُٹھانا - برداشت کرنا سہارنا +

انمان - ہ - اسم مذکر (۱) اندازہ - تخمینہ - قیاس (۲) نتیجہ ماحصل +

انمنا - ہ - صفت - عو - ناساز - کسلمند - بیمار - علیل جیسے اُسکا جی انمنا ہے +

انناس - پُرتگالی - اسم مذکر - ایک قسم کا کھٹ میٹھا کھپرے دار اور نہایت میٹھی میٹھی خوشبو کا پھل ہے جسکے سر پر پتے ہوتے ہیں - مقدار میں خربزہ سے چھوٹا اور لمبوترا ہوتا ہے اور وہ درختوں کی جڑ کے قریب لگتا ہے اُسکے چاروں طرف گنّے کی سی آنکھیں ہوتی ہیں +

اننت - س - صفت (ان + انت) ۱ - بےانتہا بےحد - ۲ - (اسم میں) شیشناگ + وشنو کا نام (۳) وہ چودہ گرہ کا ڈورہ جسے بھادوں سُدی چودس کے دن ہندو پوجکر داہنے ہاتھ پر باندھتے ہیں +

اننت چودس - ہ - بھادوں سُدی کی چودھویں تاریخ جسمیں اننت باندھتے ہیں +

انند یا **آنند** - ہ - اسم مذکر - (۱) خرمی - شادمانی (۲) نہایت خوشی - فرحت + روحانی خوشی (۳) آرام - چین - سُکھ - راحت + (صفت) خوش - مگن

انند کے تار بجانا - ہ - فعل لازم - خوشی منانا - خوشی کے گیت گانا + عیش وعشرت میں بسر کرنا +

انند ہو ؟ ہندو - اچھے ہو ؟ - خوش ہو ؟ - خوش وخرم ہو ؟ - تندرست ہو ؟ مزاج اچھے ہیں ؟

انند ہونا - ہ - فعل لازم (۱) خوش ہونا (۲) تکمیل سیر ہونا - (عوام) - ۳ - منزل ہونا - جیسے لالہ جی دھوتی ہی میں انند ہو گئے (بازاری)

آنو - ہ - اسم مؤنث (۱) ایک طرح کا چیپ دار اور لزج مواد ہے جو پیٹ کے بگاڑ سے مروڑ ہو کر بشکل بلغم اخراج ہوتا ہے (۲) انتڑیوں کی رطوبت جو انتڑیوں میں پیچ ہونے کی وجہ سے نچڑتی ہے +

انوار - ع - اسم مذکر - جمع نور - روشنیاں - اُجالا +

انواع - ع - اسم مؤنث - جمع نوع (۱) اقسام - قسمیں (۲) صفت میں - مختلف - بھانت بھانت کی - طرح طرح کی

انوٹ - ہ - اسم مؤنث (۱) ایک ہندوانی گھنگرو دار زیور ہے جسے ہندنیاں پاؤں کے انگوٹھے میں پہنا کرتی ہیں (۲) آن کی تصغیر - چھب - انداز - ادا +

انوٹھا - ہ - صفت - عو - اعجوبہ - عجیب - انوکھا - نرالا طرفہ - نادر (۲) نئی بات کرنے والا - انہونی بات کرنے والا (۳) خلاف واقع +

انوٹھی بات - ہ - اسم مؤنث - عو - انوکھی بات - نئی بات - نادر بات +

انور - ع - صفت - بہت روشن - نہایت نورانی - خوب چمکتا ہوا +

انوکھا - ہ - صفت - دیکھو - (انوٹھا) +

آنول - ہ - اسم مذکر - [illegible] - وہ جھلی جسمیں بچہ لپٹا ہوا ہوتا ہے - بُرقع + وہ ٹکیا سی چیز جو گھنڈی یعنی نال کے اخیر میں لگی ہوئی ہوتی ہے + وہ فضول جو جھلی جو بچہ کے ہمراہ پیدایش کے وقت عورت کے پیٹ سے نکلتی ہیں

آنول نال - ہ - اسم مؤنث - وہ نال اور جھلی اور وہ گوشت کی نلی جو انتڑی کی مانند ناف سے لگی ہوئی ہوتی ہے جسے کاٹ کر زمین میں

دبا دیتے ہیں چنانچہ جب کہتے ہیں کہ فلاں شخص کا آنول نال وہاں گڑا ہے تو اُس سے یہی غرض ہوتی ہے کہ وُہ اُسکا مسقط الراس یعنی مقام پیدائش ہے + (مسلمان اِسکا مخفف کرکے نال زیادہ بولتے ہیں)

آنول نال گڑنا - ہ - فعل لازم - کسی قسم کی خصوصیت اور دعوے ہونا - کسی جگہ سے محبت ہونا جیسے تیرا آنول نال تو یہاں نہیں گڑا جو تُو بار بار آتا ہے +

آنولہ - ہ - اسم مذکر - دیکھو - (آملہ)

آنولہ سار گندک - ہ - اسم مؤنث - صاف کی ہوئی گندک +

آنہ - ہ - اسم مذکر (۱) روپیہ کا سولہواں حصّہ - گنڈا - چار پیسے (۲) مال یا کسی چیز کا سولہواں حصّہ +

اِنہدام - ع - اسم مذکر - ڈھا دینا - ڈھے جانا - پائمالی مسماری - بربادی +

اِنہیں - ہ - اسم اشارہ قریب - اِن کو - اِنکے تئیں

اُنہیں - ہ - اسم اشارہ بعید - اُن کو - اُنکے تئیں

انی - ہ - اسم مؤنث (۱) برچھی یا تیر وغیرہ کی نوک - بھال سناں (۲) جوتی کی نوک - (ناسخ نے شعر میں بھی باندھی ہے)

انیتی - ہ - اسم مؤنث (۱) شرارت - بُرائی - بدی (۲) بے انصافی - ظُلم (۳) بدعت (۴) غُل - شور +

آنی جانی - ہ - صفت - بے ثبات - ناپائدار + فانی

انیس - ع - اسم مذکر - اُنس رکھنے والا - مُحب - رفیق ساتھی - غمخوار - غمگسار +

اُنیس - ہ - صفت (۱) ایک کم بیس - دس اور نو - نوزدہ - ایک دہائی اور نو اکائی - ۱۹ (۲) ایک درجہ کم - ایک درجہ کا فرق خفیف سا فرق جیسے یہ اُنیس ہے اور وہ بیس +

اُنیس بیس - ہ - صفت - اوّل معلوم - (۲) ادنے فرق - یونہی سا تفاوت +

اُنیس بیس ہونا - ہ - فعل لازم - ہندو عو - حادثہ پیش آنا - ایسی ویسی ہونا +

انیک - ہ - صفت - ہندو (۱) لغوی معنی - نہیں ایک اصطلاحی چند - کئی (۲) طرح بطرح کا - مختلف - قسم قسم کا (۳) بے شمار - ان گنت - بہت +

انیلاپن - اسم مذکر عو (۱) سادہ پن - سادگی - بھولا پن (۲) البیلا پن - بانک پن (۳) ناتجربہ کاری - ناآزمودہ کاری +

اُو - ہ - حرف نِدا - ارے - ابے - اری - اپنے سے چھوٹے اور کم رتبہ شخص کی نسبت اِسطرح خطاب کرتے ہیں +

آوا - ہ - اسم مذکر - کمہاروں کی بھٹی - وُہ گڑھا جسمیں کمہار برتن پکاتے ہیں + پزاوہ - بھٹّا +

آوا بگڑنا - ہ - فعل لازم - تمام برتنوں کا بگڑ جانا + خاندان کا خاندان بگڑنا +

آوا جائی - ہ - اسم مؤنث - ہندو عو - آرجار - آمد و رفت +

آوادانی - ہ - اسم مؤنث - صحیح آبادانی - مزید علیہ آباد (۱) بستی - معموری (۲) رونق - گہما گہمی - چہل پہل (۳) بولی جوتی زمین +

آوآدر - ہ - اسم مؤنث - آوبھگت - آدرمان - خاطر تواضع +

آوارجہ - ف - اسم مذکر - روزنامچہ - جمع خرچ +

آوارگی - ف - اسم مؤنث - ابتری - پریشانی - پراگندگی سراسیمگی - بے سروسامانی - خرابی - ویرانی - ہرزہ گردی کوچہ گردی (مؤلف) آوارگی بغیب میں اپنے ہی نہ تھا بیٹھیں گے دِل لگا کے کہاں دلربا سے ہم +

(۲) کچپن - بدمعاشی - شہدپن - بدچلنی + گمراہی
آوارہ - ف - صفت (۱) سرگرداں - ابتر - خراب - پراگندہ
ہرزہ گرد - کوچہ گرد (۲) لُچّا - اوباش - بدمعاش - شہدہ
بدراہ - بدوضع - بدچلن + کنبہ سے بچھڑا ہوا - بھٹکا ہوا
آوارہ پھرنا - ا - فعل لازم (۱) خراب وخستہ پھرنا
واہی تباہی پھرنا (۲) قانون میں - چھپا چھپا پھرنا -
ایک جگہ نہ ٹھیرنا +
آواز - ف - اسم مؤنث - شبد - بول + بانگ + الاپ
+ بھنک - صدا - ٹیر - نوا - ندا + دُھن (۲) شور - غوغا
غُل - (۳) پکار کر بیچنے کا ڈھنگ + فقیر کی صدا (۴)
کھٹکا - آہٹ - تصادُم - دھمکا - دھماکا (۵) راگ -
نغمہ - آہنگ + لحن - لہجہ +
آواز بند یا بھاری ہونا - ا - فعل لازم - آواز پڑنا
گلا بیٹھنا +
آواز بھرّانا - ا - فعل لازم - آواز بھاری ہونا - آواز
پڑنا +
آواز بیٹھنا - ا - فعل لازم - آواز بند ہونا +
آواز پر کان رکھنا یا لگانا - یا دھرنا - ا - فعل لازم
کسی بات کے سننے پر دھیان لگانا - کان دیکر سننا -
غور سے سننا +
آواز پر لگنا - ا - فعل لازم - جانوروں کے واسطے زیادہ
بولتے ہیں) (۱) آواز پہچاننا - بولی سمجھنا -
[illegible] سمجھنا - (۲) آواز پر بولنا - آواز پر آنا
+ اشارہ پر لگنا + مانوس ہوجانا - ہل جانا +
آواز پڑنا - ا - فعل لازم - دیکھو آواز بیٹھنا)
آواز پھٹنا - ا - فعل لازم - آواز جھرجھری ہونا +
آواز دینا - ا - فعل لازم (۱) پکارنا - طلب کرنا - بلانا

(۲) بولنا - سنسنانا - بجنا +
آواز کھلنا - ا - فعل لازم - آواز منجھنا - آواز پڑنے کے
خلاف - آواز صاف ہونا +
آواز لگانا - ا - فعل لازم (۱) آواز دینا - پکارنا -
ٹیرنا + بانگ دینا - بولنا + (۲) پکار کے بیچنا - صدا لگانا
بھیک مانگنا (۳) گانا - الاپنا - تان لگانا +
آوازہ - ف - اسم مذکر (۱) غلغلہ - شہرہ - دھوم - (۲)
غل - شور - غوغا - خبر - افواہ - اڑائی - (۳) طعنہ -
بولی - ٹھولی (۴) کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز - صدا -
تڑاقا (۵) گوز - پاد - بھڑاکا +
آوازہ بلند ہونا - ا - فعل لازم - مشہور ہونا - دھوم
مچنا - بڑا نام ہونا - سرنام ہونا +
آوازہ پھینکنا - ا - فعل لازم - طعنہ مارنا - چھیڑخانی
کرنا - چھیڑنا - آواز پھینکنا +
آوازہ توازہ - ا - اسم مذکر - بولی ٹھولی - طعنہ مہنہ
آوازہ کرنا - ا - فعل لازم (۱) بندوق یا توپ چھوڑنا
+ داغنا (۲) برتن توڑنا - اوپر سے کسی برتن کو دے مارنا - تڑاقا کرنا
(۳) طعنہ مارنا - بولی ٹھولی پھینکنا +
آوازہ کسنا - ا - فعل لازم - طعنہ مارنا - رمُوز پھینکنا
چھیڑنا +
آوازہ مارنا - ا - فعل لازم - دیکھو - آوازہ کسنا +
آواگون - ہ - اسم مذکر (لغوی معنی آنا جانا) + مرکر پھر جنم
لینا - ایک جون سے دوسری جون میں آنا - تناسخ +
حلول + جیون مرن - بار بار جنم لینا - تجدد امثال +
اوائی - ہ - اسم مؤنث (۱) شہرت - افواہ - جھوٹی خبر
(۲) آمد آمد (۳) بے سروپا بات (اس معنی میں ہوائی صحیح ہے)
اوائی اڑنا - ہ - فعل لازم - جھوٹی خبر کا پھیلنا - چرچا ہونا

اَوائِل - ع - اسم مذکر - (جمع اوّل) پہلے دن شروع
ابتدا - آغاز - شروعات +

اوائل عمر - ع - صفت (۱) ابتدائے عمر - بچپن - چھوٹی
عمر - لڑکپن - بالپن (۲) کم سنی - صغر سنی +

اَوباش - ع - صفت (۱) کمینہ - ہر قسم کے آدمیوں میں
بیٹھنے والا (۲) لُچا - شہدا - بدمعاش - بدوضع - بدچلن
نہنگ - عیاش - آوارہ - بیباک - تماشبین - زناکار
یہ لفظ اصل میں وَبَش کی جمع ہے مگر بعض صاحبوں کی رائے ہے
کہ اوشاب یا ابواش کا مقلوب اور بوش کی بخلاف قیاس جمع ہے
لیکن اردو فارسی میں مفرد مستعمل ہے +

اَوباشی - ع - اسم مؤنث - بدوضعی - بدچلنی - عیاشی
زناکاری +

اَوبُھگَت - ہ - اسم مؤنث - دیکھو - (آؤ آدر)

اُوپ - ہ - اسم مؤنث - جلا - تاب - پرداز - صفائی
صیقل - آب +

اُوپچی - ہ - اسم مذکر - ہتیار بند - مسلح - پانچوں ہتیار
لگائے ہوئے سپاہی +

اُوپر - ہ - حرف ظرف (۱) اونچا - بالا - فوق -
بلند - نیچے کے خلاف (۲) باہر - بیرون +

اُوپر اُوپر - ہ - تابع فعل (۱) بالا بالا - الگ الگ (۲)
پوشیدہ - چپکے چپکے + بے اثر +

اُوپر اُوپر جانا - ہ - فعل لازم - بیکار اور بے اثر جانا

اُوپر تلے - ہ - تابع فعل - نیچے اُوپر - پے در پے
متواتر - لگاتار - ایک کے اوپر ایک +

اُوپر تلے کے - ہ - تابع فعل (۱) وہ دو بھائی یا دو
بہنیں جنکے بیچ میں کوئی اور بھائی یا بہن نہ پیدا ہوئی ہو
عورتوں کا خیال ہے کہ ایسے بچوں میں ہمیشہ کھٹاپٹی رہتی ہے
اور کبھی نہیں بنتی) (۲) (بازاری) فاعل ومفعول +

اُوپر ڈھڑے پکڑنا - ہ - فعل متعدی (۱) قرائن سے کسی
بات کو معلوم کرنا - قیاس سے دریافت کرنا - قیاس لگانا
(۲) تہمت دھرنا - بالابندی کرنا +

اُوپر سے - ہ - تابع فعل (۱) فوق سے + اونچے سے (۲)
علاوہ ازیں - ماسوا + معمولی تنخواہ کے علاوہ - رشوت
بالائی یافت (فقرے) ایک تو تنخواہ تھوڑی اُوپر سے [illegible]
اُوپر سے کیا پڑ رہتا ہے +

اُوپر کا دم بھرنا - ہ - فعل لازم - اُوپر کی سانس لینا
اُلٹی سانس لینا - قریب مرگ ہونا - اُکھڑے اُکھڑے سانس لینا

اُوپر والا - ہ - اسم مذکر - عو (۱) نیا چاند - ماہ نو (۲) خدا
(۳) نوکر چاکر - کارکن - پیشخدمت (۴) الفتہ - اجنبی
غیر +

اُوپر والیاں - ہ - اسم مؤنث - عو - (۱) پریاں
چڑیلیں (۲) چیلیں (۳) پیشخدمت عورتیں - ماما -
اصیلیں +

اُوپر ہی اُوپر - ہ - تابع فعل (۱) بالا بالا - الگ ہی الگ
پوشیدہ - چھپواں +

اُوپری - ہ - صفت (۱) ظاہری - خلاف اصل - علاوہ (۲) غیر -
اجنبی - پردیسی (۳) غیر موزوں - اوٹو (۴) بالائی

اُوت - ہ - اسم مذکر (۱) بن بیاہا - گنوارا - وہ مرد جو
بیاہ ہونے سے پہلے مر گیا ہو (۲) بیوقوف - احمق -
(۳) نامراد - لاولد - بے اولاد +

اُوت - ہ - اسم مؤنث - (۱) کسر کے خلاف -
فائدہ - بچت - جیت - بیشی - کفایت - توفیر -
(۲) افاقہ - امید صحت +

اُوتار - ہ - اسم مذکر (۱) نزول + دیہہ دھارن - دیوتا

وشن سروپ - پیغمبر - وخشور +
اہل ہند کا عقیدہ ہے کہ بعض اوقات خدا تعالیٰ انسان یا حیوان کی صورت
میں جنم لیتا ہے پس اس انسان یا حیوان کو اوتار کہتے ہیں۔ چنانچہ وہ
لوگ فرقۂ وشنو کے چوبیس اوتار مانتے ہیں جنہیں سے یہ دس نہایت
مشہور ہیں۔ مچھ کچھ باراہ نرسنگھ بونا یا بامن پرسرام رام
کرشن بدھ لنس کلنک - یہ اوتار کلجگ کے آخر میں ہوگا +
۲ (صفت میں) معصوم صفت - نیک - فرشتہ خو - مقدس (۳) بزرگ
ذات شریف - بڈھب - استاد - مرشد +

اوٹ - ہ - اسم مؤنث (۱) آڑ - اوجھل - پردہ - گھونگٹ
نقاب (۲) پناہ - سرن - سایہ (۳) عقب - پیچھے - پشت
غایب از نظر (۴) گھات - کمین گاہ (۵) گاڑی کے اونگنی
کی لکڑی +

اوٹ پٹانگ - ہ - صفت (۱) بیہودہ - واہیات
بے معنی - اول جلول - لغو - پوچ - فضول - بے میل -
بے جوڑ (۲) یادہ گو - بونگا - انگھڑ - واہی +
(اہل دہلی اوت پٹانگ بولتے ہیں)

اوٹنا - ہ - فعل متعدی (۱) روئی کو بنولوں سے جدا
کرنا - روئی نکالنا (۲) اناج وغیرہ بلا پھیلا کر لینا (۳)
ضامن ہونا - ذمہ لینا (۴) پردہ کرنا - آڑ کرنا +

اوٹنی - ہ - اسم مؤنث - وہ چرخی جس سے روئی کے
بنولے نکالتے ہیں +

اوج - ع - اسم مذکر (۱) بلندی - اونچائی - چوٹی (۲) مرتبۂ عالی
بڑائی - عظمت + (۳) آسودگی - بہبودی (۴) ترجیح - فوق

اوج موج - ا - اسم مؤنث - خوشحالی - فراغبالی -
بلند اقبالی +

اوجڑ - ہ - صفت - ویران - غیر آباد - تباہ - خراب +

اوجنا - ہ - فعل متعدی - انڈیلنا - ایک برتن سے
دوسرے برتن میں ڈالنا - الٹنا + (ہندو بولتے ہیں)

اوجھ - ہ - اسم مذکر (۱) چوپایوں کا معدہ (۲) پیٹ
شکم - بطن +

اوجھا - ہ - اسم مذکر (۱) لغوی معنی معلم (۲) نجومی - رمال
جوتشی - بھڈلی - شانہ بین (۳) جادوگر - ساحر (۴)
سیانہ - بھوپا +

اوجھڑ لگانا یا مارنا - ہ - فعل متعدی - حریف کی سپر
سپر مارنا - پھری پر پھری لگانا + دھکا دینا - ضرب لگانا
صدمہ دینا +

اوجھڑی - ہ - اسم مؤنث - جانوروں کا معدہ +

اوجھل - ہ - اسم مؤنث - دیکھو (اوٹ نمبر ا و ۳)

اوچھا - ہ - صفت (۱) کم ظرف - تنگ ظرف - کمینہ -
سبک - سبک وضع - خفیف - احسان جتانے والا (۲)
ہلکا - اچٹتا ہوا - پورے کے خلاف - خفیف و ناقص زخم جیسے
اوچھا ہاتھ پڑنا (۳) چھوٹا - کم - تنگ - کوتہ - جیسے اوچھا انگرکھا
اوچھی پونجی (۴) نازیبا - ناملایم - نامناسب جیسے
اوچھی بات +

اودا - ہ - صفت - ایک رنگ سیاہ مایل بہ سرخی - کبود +

اود بلاؤ - ہ - اسم مذکر (۱) ایک جنگلی جانور کا نام ہے جو
پانی کے کنارہ پر رہتا اور مچھلیوں وغیرہ کا شکار کرتا
ہے اسکی شکل بلی سے ملتی ہوئی ہے (۲) بیوقوف
آدمی +

اود بلاؤ کی ڈھیری - ہ - اسم مؤنث - وہ جھگڑا جو کبھی فیصل نہ ہو
اسکا قصہ یوں مشہور ہے کہ جب کئی اود بلاؤ ملکر مچھلیاں مارتے ہیں تو
وہ دریا کے کنارہ پر لاکر ڈھیر کرتے ہیں اور ہر ایک کا الگ الگ حصہ
لگاتے ہیں جب حصہ لگا چکتے ہیں تو ایک نہ ایک اود بلاؤ اپنے حصہ
کو کم سمجھکر سبکو گڈمڈ کردیتا ہے اور اسی طرح یہ جھگڑا ہوتا رہتا ہے

پس اسپیو جب سے جو بات کبھی فیصل نہ ہو اُسے اُود بلاؤ کی ڈھیری کہتے ہیں

اُودسا - ہ - اسم مؤنث (ہندو) بپتا - مصیبت - تکلیف
دُکھ - آفت +

اُودھم - ہ - اسم مذکر - شور و شر - شور و شغب - ہنگامہ
غلغلہ - فساد - جھگڑا - دنگا - اُدھم - دُھوم +

اُودھم اُٹھانا — جوتنا یا مچانا - ہ - فعل متعدی -
ہنگامہ و فساد برپا کرنا - جھگڑا اُٹھانا - نہایت غل و شور کرنا

اُودھمی - ہ - اسم مؤنث - جھگڑالو - فسادی - شریر
دنگئی +

اُور - ہ - اسم مؤنث (۱) کنارہ - چھور (۲) شروع -
ابتدا - آغاز (۳) طرف - جانب - سمت (۴) حمایت
جانب داری - پاسداری - طرفداری + سنڈلی -
فریق - تھوک (۵) حد - انتہا - تھاہ (ہندو) فقرہ
اسکا اور اُسکا اور نہیں پایا جاتا +

اور نبھانا - ہ - فعل لازم (۱) حمایت لینا - پاسداری
کرنا (۲) انجام کو پہنچانا - حد تک پہنچا دینا +

اور چھور - ہ - اسم مذکر (۱) ابتدا و انتہا - آغاز و انجام
(۲) کنارہ - حد +

اَور - ہ - حرف عطف (۱) دیگر - پھر - اسکے بعد جیسے مجھ
اور نہ تجھے ٹھور (مثل) (۲) صفت) دُوسرا + مختلف
(۳) صرف - فقط - (۴) یا - وگرنہ (۵) زیادہ جیسے اور دو
(۶) نیا - جدید (۷) علاوہ - ماسوا (۸) پر - بلکہ - سوا یعنی
ترقی کے لئے جیسے اچھے اور اچھی - اور بھی (۹) غیر -
الغتہ (۱۰) خلاف - برعکس (فقرہ) اُنکا ارادہ اور ہے
(۱۱) معلومہ - معہودہ وُہ

(لالہ ہری لال)
ہر چند ہوس نے تو کیا اور ارادہ
پر رہ گئی کچھ سوچ کے وہ مار حیا کے

(۱۲) ہاں - یونہی ہے (جواباً بدرازی الف - واو)

اور سنو - ہ - محاورہ - ندا (۱) ابھی ٹھیرو (۲) یہ تازہ بات
ہوئی - ایلو - دیکھو +

اور کیا - ہ - ندا (۱) کیا کہنا ہے! کیا خوب! یونہی چاہئے
یہی بات ہے (۲) تابع فعل - ٹھیک - فی الحقیقت - بیشک

اور ہی - ہ - تابع فعل (۱) تازہ - انوکھا - عجیب - طرفہ - خلاف واقع
(۲) خلاف - برعکس

اَوراق - ع - اسم مذکر - جمع ورق (۱) پتا - پرت (۲) برگ - پتا

آورد - ف - صفت - نقیض آمد - زبردستی طبیعت میں
کسی بات کا لانا - بناوٹ - گھڑت - تکلّف +

آوردہ - ف - اسم مذکر - ساتھ لایا ہوا آدمی - بلایا ہوا نوکر
اپنا آدمی +

آورڈر بُک - انگلش Order-book اسم مؤنث
کتاب احکامات - وہ کتاب جسمیں حکم لکھے جاتے ہیں +

اُورما - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کی سیون کا نام ہے +

اَورنگ زیبی - ا - اسم مذکر (۱) ایک سوداوی مادہ کا پھوڑا
ہے جو اکثر کئی برس تک ہرا رہتا ہے + (کہتے ہیں کہ جب
اورنگ زیب عالمگیر بادشاہ نے ابوالحسن تاناشاہ بادشاہ گولکنڈہ کے
ملک کا محاصرہ کیا اور مدت محاصرہ کی زیادہ ہوئی تو بسبب اجتماع لشکر
و اختلاف آب و ہوائے ملک لشکر والوں کے خون میں سودائے غیر طبعی کا
مادہ غالب ہو گیا اور یہ پھوڑا اکثر اہل لشکر کے نکل آیا جسکو اورنگ زیبی
کہنے لگے (۲) ایک کپڑے کا نام ہے +

اُوری اینٹل - انگلش Oriental مشرقی - پُوربی

اُورے دھورے - ہ - تابع فعل - آس پاس - ارد گرد
ادھر اُدھر +

اُوڑا پڑنا - ہ - فعل لازم - عو - ناپید ہونا - عادت ہونا
کھو یا جانا - مٹنا - کمی یا قحط پڑنا +

اوڑھنا - ہ - فعلِ متعدی (۱) سر پر کپڑا ڈالنا - بدن پر لپیٹنا (۲) بحالتِ اسم - دوپٹہ - چادرہ +

اوڑھنا اُتارنا - ہ - فعلِ متعدی (۱) بے عزت کرنا - ہتک کرنا جیسے مرد کے لئے - پگڑی اُتارنا اور ٹوپی اُتارنا (۲) بحالتِ لازم - سر برہنہ کرنا - بدن عُریاں کرنا +

اوڑھنا اُڑھانا - یا ڈالنا - ہ - فعلِ متعدی - رانڈیا بیوہ کے ساتھ شادی کرنا (باہر کے جاٹ اور گوجروں میں یہ دستور ہے)

اوڑھنا بچھونا - ہ - اسمِ مذکر - لحاف - توشک - استر بستر +

اوڑھنا گلے میں ڈالنا - ہ - فعلِ متعدی (گنوار) سر ہونا - گلوگیر ہونا - دامنگیر ہونا - پلّہ پکڑنا +
باہر کی عورتوں کا قاعدہ ہے کہ جب کوئی مرد خلاف مرضی اُنکے کسی قسم کی بات کرنی چاہتا ہے تو وہ اپنا دوپٹہ اُسکی گردن میں ڈالکر گنہگاروں کی طرح گھسیٹتی ہوئی اپنے ہاں کے چودھری کے پاس لیجاتی ہیں اِس سے گلوگیر ہونا مُراد ہے +

اُوڑھنی - ہ - اسمِ مؤنث - لڑکیوں کا دوپٹہ اور وہ کپڑا جو دُلہن کے اُوپر ڈالتے ہیں - چھوٹی چادر +

اوڑھنی اوڑھنا - ہ - فعلِ لازم (۱) معلوم (۲) زنانہ لباس پہننا - عورتوں کی مانند ہونا +

اوڑھنی بدلنا - ہ - فعلِ لازم - عو - بہنا یا کرنا - بہن بنانا - دوست بنانا جیسے یاری بدنا اور ٹوپی یا پگڑی بدلنا (مردوں میں)

اَوزار - ع - اسمِ مذکر - جمع وزر (بوجھ) ۱ - آلات - ہتیار ۲ - (بازاری) عضوِ تناسل +

اُوس - ہ - اسمِ مؤنث - شبنم (پنجابی) تریل +

اوس پڑنا - یا پڑجانا (۱) معلوم (۲) پژمردہ ہونا - کملانا - بے رونق ہونا + ٹھنڈا ہونا - سرد انا - بجھنا - ٹھٹھرنا جوش فرو ہونا (۳) شرمندہ ہونا - لاجوں مرنا - لجانا - (شعر و نیں یہ معنی آتے ہیں) ۴ - قیمت میں کم ہونا یا گھٹنا - گراں نہونا - مہنگا نہونا (۵) تروتازہ ہونا - رونق پر ہونا - شاداب ہونا - ۶ (ہندو عو) - اُداسی سنا ٹا - سنسان ہوجانا

اوس سی پڑنا - ہ - فعلِ لازم - بے رونقی چھانا - مدھم ہونا اُداسی برسنا +

اَوسان - ہ - اسمِ مذکر (۱) ہوش حواس + دھیان (۲) جرأت ہمت

اوسان اُڑجانا - خطا ہوجانا یا جاتے رہنا - ہ - فعلِ لازم ہوش و حواس بجا نرہنا - عقل کا چکرا جانا یا خبط ہوجانا - گھبرا جانا - سٹپٹانا +

اوسان گئی - ہ - اسمِ مؤنث - عو - (۱) حواس باختہ مدحواس (۲) مُضطرب - بے قرار +

اَوسانوں میں آنا - ہ - فعلِ لازم - عو - ہوش میں آنا ہوش و حواس دُرست ہونا - سان اور قابو میں آنا

اُوسر - ہ - اسمِ مؤنث - کلور - وہ جوان گائی جو بیاہی نہو

اُوسر - ہ - اسمِ مؤنث - شور یا کلر زمین - وہ دھرتی جسمیں ریہہ کے سوا کچھ نہو +

اَوسر - ہ - اسمِ مذکر (۱) وقت - کال - موقع - سما (۲) رُت موسم +

اُوسرا - ہ - اسمِ مذکر (۱) باری - ڈائیں - نوبت - دودھ دُہنے کا وقت - کھیتوں سے ترکاری توڑنے کا وار

اَوسط - ع - صفت - بیچ کا - میانی - بیچ کی راس مُعتدل + میانہ - اوبیچ + سٹپساں پڑت - برابر کی بانٹ

اَوصاف - ع - اسمِ مذکر - جمع وصف (۱) تعریفیں - خوبیاں (۲) ہُنر - جوہر - کمال - لیاقت (۳) خواص عادات (۴) گُن - اثر - ... طنز - عیب - اوگن -

(۶) حالات - کیفیت - اخلاق +

اُوفِس - انگلش Office. اسمِ مذکر - سررشتہ - محکمہ - کچہری - دفتر +

اَوقات - ع - اسمِ مذکر - جمع وقت (۱) کال - سما - ویلا (۲) (اسمِ مؤنث) حالت (۳) حقیقت - حیثیت - کائنات (۴) گزران - گزارے کی صورت (۵) انضباط +

اوقات بسری - ا - اسمِ مؤنث - گزران - گزر اوقات - گزارہ - رفع ضرورت - وجہ معیشت +

اُوک - ہ - اسمِ مؤنث - ایک یا دونوں ہاتھ مُنہ سے لگا کر پانی پینے کا ڈھنگ (پنجابی) اُبک

اُوکشن - انگلش Auction اسمِ مذکر - نیلام - بیع مزید

اُوکنا - ہ - فعل لازم - ڈالنا - قے کرنا - رد کرنا - استفراغ کرنا - اُلٹی کرنا - زمین دیکھنا - جی بُرا کرنا +

اُوکھا - ہ - صفت - کھوٹا غش - بفتح اونگا - بیڈھنگا +

اُوکھد - ہ - اسمِ مؤنث (۱) دوا - دارو - دوائی - (۲) علاج - معالجہ +

اُوکھلی - ہ - اسمِ مؤنث - پتھر یا کاٹھ کی کُھدی ہوئی کونڈی جسمیں غلہ وغیرہ مُوسل سے کُوٹتے ہیں + ہاون

اوکھلی میں سر دیکر رونا - ہ - فعل لازم - کوٹھڑی میں جاکر چھپکر رونا - جیسے چور کی ماں اوکھلی میں سر دیکر روتی ہے +

اوکھلی میں سر دینا - ہ - فعل لازم - ہلاکت کی جگہ میں پڑنا - خوف وخطر کے موقع میں قدم رکھنا - جان بوجھکر خطرہ میں پڑنا +

اُوکے چُوکے - ہ - تابع فعل (۱) بھُولے بھٹکے - بھولے بسرے - اتفاقیہ سے (۲) کبھی کبھی - گاہے گاہے - گاہے ماہے

اُوگرا - ہ - صفت (۱) اُبالا - بن گھی کا (۲) بدمزہ کھانا - اُبالی کھچڑی +

اَوگُن - ہ - اسمِ مذکر - ہندو (۱) عیب - نقص (۲) بے ہُنری - گُن کا نقیض (۳) بُرائی - بدی (۴) چھچھورپن - بدتہذیبی (۵) جُرم - خطا - گناہ - قصور (۶) دُکھ - بگاڑ - خلل (۷) نقصان - ضرر - تکلیف +

اوگن لگانا - ہ - فعل متعدی - تُہمت دھرنا - الزام دینا - عیب لگانا +

اَوگھٹ - ہ - صفت (۱) بینڈا - ٹیڑھا - ناہموار - اونڈھا (۲) کٹھن - دشوار - دُرلبھ + ناقابل گزر - آمدورفت کے ناقابل

اَوگی - ہ - اسمِ مؤنث - وہ رسی کا لمبا کوڑا جو سدھانے کے وقت گھوڑے کے پیچھے سے چٹکارتے ہیں (۲) کارچوبی جوتے کا پتا (۳) شیر - ہاتھی - اور بھیڑیے وغیرہ پکڑنیکا گڑھا جسے پھونس اور پتلی پتلی لکڑیوں سے پاٹکر مٹی سے چھپا دیتے ہیں (۴) گوٹے کی انٹی اور گوٹے کا تھان - اڈا +

اُول - ہ - اسمِ مذکر - ایک قسم کی ترکاری ہے جو زمین میں پیدا ہوتی ہے جسے زمین قند کہتے ہیں +

اُول - ہ - اسمِ مؤنث (۱) عوض - بدلا - معاوضہ (۲) یرغمال - ضمانت (۳) آڑ - طفیل - وسیلہ + جب کوئی مغلوب یا قرضدار اپنے سے غالب یا قرضخواہ کے پاس اپنے بیٹے یا کسی اقارب کو ایفاء عہد یا ادائے زر تک رہن کر دیتا ہے تو اُسے بھی اول کہتے ہیں +

اول میں دینا - ہ - فعل متعدی - اپنے بیٹے یا رشتہ دار کو بطور ضمانت سپرد کرنا - ضمانت میں دینا +

اَوّل - ع - صفت (۱) مقدم - پہلا - آد - ابتدا - شروع (۲) سب سے عمدہ - بہتر - چوٹی کا - اُتّم + اعلیٰ افضل

بحالت اسم - (۵) آغاز - شروع - عنوان +

اوّل دن سے - ہ - تابع فعل - روزِ پیدائش سے - آدے سے

اوّل منزل پہنچانا - ہ - فعل متعدی - دفن کرنا - قبر میں رکھنا - دفنانا - گاڑنا +

اُولا - ہ - اسم مذکر (۱) ژالہ - تگرگ - پتھر - بجری (۲) قند مصری یا کھانڈ کے لڈو (۳) بحالت صفت - نہایت سرد - یخ - برف - ٹھنڈا (۴) سفید - براق +

اُولا - ہ - اسم مذکر (ہندو عو) ۱ - پردہ (۲) راز بھید -

اَولاد - ع - اسم مؤنث - بال بچے - بیٹا بیٹی - آل عیال - لڑکے بالے + نسل - سنتان - بنس +

اُولتی - ہ - اسم مؤنث - کھپریل یا چھپر کے پانی کا رستہ جس سے بارش کا پانی زمین پر گرتا ہے + چھپر یا کھپریل کا نیچے کا کنارہ +

اَول جلول - ہ - صفت (۱) بے معنی - بیہودہ - لاطائل (۲) بیوقوف - احمق - بونگا - کوتاہ اندیش - اٹھکٹھ - گھامڑ (۳) بے سلیقہ - پھوہڑ +

اَول قول - ہ - اسم مذکر - سخن لغو بیہودہ - بے تکی بات - گالی - دشنام

اُولما - ت - اسم مذکر - ترکی نولمہ تھا - لغوی معنی پر دوست بھرا ہوا خواہ انسان کا ہو خواہ حیوان کا مگر گرم پانی سے بھرا ہوا - اصطلاحی معنی وہ قیمہ جو انتڑیوں میں بھر کر پکاتے ہیں

اولا کرنا - فعل متعدی - قیمہ قیمہ کرنا - ٹکڑے ٹکڑے کرنا

اَولو - ہ - صفت - اوپری - نیا - ناموزوں - انوکھا - غیر مستعاد +

اولو اولو - ہ - صفت - اوپری اوپری - نیا نیا - اکھڑا اکھڑا

اُولو العزم - ع - صفت (۱) صاحب عزم - بڑے ارادے کا شخص - عالی ہمت - عالی حوصلہ (۲) ثابت قدم - مستقل مزاج - صابر - متحمل +

اَولیٰ - ع - صفت اوّل کی - بہتر - بھلا - عمدہ - اعلیٰ - نہایت مناسب +

اَولیاء - ع - اسم مذکر - جمع ولی - لغوی معنی - مالک + رفیق دوست - اصطلاحی - اہل اللہ - مصاحب پیغمبر - دیوتا - خدا رسیدہ - بزرگان دین +

اولیائے دولت - ع - اسم مذکر - صاحبان حکومت - رئیس - امیر - وزیر - سردار - اولی الامر +

اُولے پڑنا - ہ - فعل لازم (۱) ژالہ باری ہونا (۲) صدمہ پہنچنا

اُون - ہ - اسم مؤنث - پشم - بھیڑ اور پہاڑی بکریوں وغیرہ کے بال +

اُونا ماسی - ہ - اسم مؤنث - یہ جملہ سنسکرت میں (ओं नमः सिद्धं اونگ نمہ سدھم) تھا جسکے معنی ہیں کہ میں اوم (گنیش) کے آگے جو سب کاموں کو سدھ کرنے یعنے بنانے والے ہیں ڈنڈوت کرتا ہوں - مراد گنیش کے نام سے شروع کرتا ہوں (جسطرح اہل اسلام میں مکتب نشینی کی تقریب میں بسم اللہ پڑھی جاتی ہے اسیطرح بنیوں میں اونا ماسی پڑھواتے ہیں اور ابجد خوانی سے بھی مراد ہوتی ہے)

اُونٹ - ہ - اسم مذکر (۱) ایک دراز گردن اور لمبی ٹانگوں کا چوپایہ جسے فارسی میں شتر - عربی میں جمل و ابل کہتے ہیں (۲) طویل القامت - دراز قد - بڑے قد کا بیوقوف (صفت)

اُونٹ کٹارا - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کی خاردار گھاس جسے اونٹ بہت کھاتے ہیں +

اَونٹانا - ہ - فعل متعدی (۱) جوش دینا - کھولانا (۲) غصہ میں جلانا +

اَونٹنا - ہ - فعل لازم (۱) کھولنا - جوش کھانا (۲) غصہ میں جلنا +

اُونٹنی - ہ - اسم مؤنث - مادہ شتر - سانڈنی - ناقہ - جمل -

اُونچا - ہ - صفت (۱) بلند - بالا - فراز - اُوپر + قدآور - دراز قد (۲) بڑا - امیر - دولتمند (۳) عالی مرتبہ - خاندانی (۵) کوتاہ چھوٹا - تنگ +

اُونچا سُننا یا سُنائی دینا - ہ - فعل لازم - بہرا ہونا - کم سُننا

اُونچا گھر - ہ - اسم مذکر - عو - امیر گھر - عمدہ خاندان +

اُونچ نیچ - ہ - اسم مؤنث (۱) نشیب و فراز (۲) نیک و بد - بُرائی بھلائی + نفع و نقصان (۳) اُتار چڑھاؤ

اُونچی - ہ - اسم مؤنث - بلند + اُتّم - اعلیٰ + راجح +

اُونچی ناک کرنا - ہ - فعل متعدی - آبرو بخشنا - عزت دینا

اُونچی ناک ہونا - ہ - فعل لازم - عو (۱) اقران و امثال میں عزت بڑھنا - ہمسروں میں آبرو پانا +

اَوندھا - ہ - صفت (۱) واژوں - منقلب - نگوں - اُلٹا سر کے بل - پٹ - چت کے خلاف ٹیڑھا (۲) بحالت اسم - اُلٹی سمجھ کا - بیوقوف - کوڑھ مغز (۳) لوطیوں کی اصطلاح میں مابون وُہ شخص جسے علت مشایخ ہو - ہتیلی ٹیک +

اوندھانا - ہ - فعل متعدی - اُلٹنا - برتن میں سے پانی گرانا - لنڈھانا - لڑھانا +

اوندھا ہو جانا - ہ - فعل لازم - نشہ میں لوٹ جانا بیہوش و بیخبر ہوجانا - اُلٹ جانا +

اَوندھی پیشانی - ہ - اسم مؤنث (۱) بیوقوف - کوڑھ مغز (۲) بدقسمت - بدنصیب +

اَوندھے مُنہ دُودھ پینا - ہ - فعل لازم - نہایت نادان اور ناسمجھ ہونا +

اَوندھے مُنہ شیطان کا دھکا - ف - دُعائے بد - سر کے بل گرے اور اُوپر سے شیطان کی مار پڑے +

اَوندھے مُنہ گرنا - ہ - فعل لازم (۱) مُنہ کے بل گرنا اُلٹا گرنا - پیٹ یا سر کے بل گرنا - آگے کو گرنا (۲) زک اُٹھانا ذلیل ہونا - مات کھانا - پچھڑنا +

اُونس - انگلش Ounce. پونڈ کا بارھواں حصّہ سوا دو ۲ تولہ +

اُونگھ - ہ - اسم مؤنث - غنودگی - نیند کی جھپکی - غفلت

اُونگھنا - ہ - فعل لازم - غنودہ ہونا - نیند کی جھپکی آنا + غافل ہونا - (۲) گاڑی کی دُھری میں چکنائی دینا - روغن ملنا +

اُونہہ - ہ - کلمۂ استکراہ و استغنا عو (۱) بلا سے - کیا پروا ہے (۲) تکلیف میں کراہنے کی آواز +

اُونی - ہ - صفت - اُون کا - پشمینہ کا +

اُونے پونے بیچ ڈالنا - ہ - فعل لازم - کم قیمت پر فروخت کر دینا - کم نفع پر بیچ ڈالنا - کم و بیش قیمت کا لحاظ نہ کرنا -

اُوورسیر - انگلش Overseer. اسم مذکر - گرد آور نگراں - ناظر - مہتمم +

اُوںہ - ہ - کلمۂ استغنا (۱) کیا پروا ہے - کیا مضائقہ ہے + بلا سے (۲) بیماری میں کراہنے کی آواز +

اُوہو - ہ - کلمۂ تعجب و انبساط - جیسے آہا و خوب -

دلا صد آفریں سر پر اُٹھایا بارِ غم تُو نے
کہ تُو یہ ناتواں ہے اور یہ بارِ گراں اوہو (ظفر)
میرا کہنا کہ کیا عالم ہے ٹھہر واہ وا صدقے
اور اُنکا ناز سے ہنس ہنس کے یہ کہنا کہ ہاں اوہو

اُوہوٹ - ہ - ندا - بازاری کسی جاتے ہوئے شخص کو اپنی طرف بُلانے کے واسطے یہ لفظ زبان پر لاتے ہیں مثلاً ارے میاں جانے والے - او جانے والے اِدھر آ +

اُوہی - اُوئی - وُوئی - ہ - ندا - عورتوں کا ایک تکیہ کلام ہے جو اکثر ناز - نخرہ - دہشت - تکلیف - اور تعجب کے وقت

زبان پر لاتی ہیں +

اَوِیر - ہ - تابع فعل - دیر - عرصہ +

اویر سویر - ہ - تابع فعل - وقت - بیوقت - آگے پیچھے +
یہ لفظ اصل میں ویلا بمعنے وقت تھا چنانچہ پنجابی زبان میں جسمیں اکثر ہندی الفاظ اپنی اصلی ہیئت میں موجود ہیں) ویلا بمعنی وقت موجود ہے اردو میں الف کی تخفیف کرکے ویل رکھا اور لام آخر کو رے سے بدلکر دیر کرلیا - اور الف اوّل جو اویر میں ہے نافیہ ہے جیسا کہ ہندی کا قاعدہ ہے الف نفی کے واسطے اور س شدت اور تاکید اثبات کے واسطے لاتے ہیں جیسے اَلونی یعنی بے نمک اور سلونی یعنی خوب نمک والی اسیطرح اویر یعنی بے وقت - اور سویر یعنی اچھے وقت ہے +

آویزاں کرنا - ا - فعل متعدی - چسپاں کرنا - لٹکانا - لگانا (اشتہار وغیرہ)

آویزہ - ف - اسم مذکر - ایک قسم کا زیور ہے جو کانوں میں پہنا جاتا ہے + لٹکن +

آہ - ف - کلمہ افسوس - (۱) ہا - ہائے - وائے - حیف افسوس - اُف + واویلا + نالہ (۲) دم - سانس +

آہ آہ کرنا - ا - فعل لازم - ہائے ہائے کرنا - کراہنا کانکھنا +

آہ بھر کر رہ جانا - ا - عو - فعل لازم - دل مسوس کر رہجانا - کلیجہ تھام کر رہجانا - صدمہ پر صبر کرکے چپ ہو رہنا

آہ بھرنا - ا - فعل لازم - کراہنا - ہائے ہائے کرنا - نالہ کرنا +

آہ پڑنا - ا - فعل لازم - سراپ پڑنا - صبر پڑنا - مار پڑنا - بددعا کا اثر ہونا - ظلم کا بدلا ملنا +

آہ سرد - ف - اسم مؤنث - دم سرد - ٹھنڈا سانس

آہ کا نعرہ مارنا - ا - فعل لازم - پکار کر آہ کرنا - زور سے آہ بھرنا +

آہ کرکے رہجانا - ا - فعل لازم - عو - دیکھو (آہ بھر کر رہ جانا +

آہ کرنا - ا - فعل لازم - ہائے کرنا - اُف کرنا - نالہ کرنا - دم مارنا ٹھنڈا سانس بھرنا +

آہ کھینچنا - ا - فعل لازم - دیکھو (آہ بھرنا)

آہ لینا - ا - فعل لازم - سراپ لینا - کسیکا صبر لینا - بددعا لینا

آہ مارنا - ا - فعل لازم - دیکھو (آہ کرنا)

آہ نکالنا - ا - فعل لازم - دیکھو (آہ کرنا)

آہ نہ آئے - ا - محاورہ - عو - درد نہ آئے - افسوس آئے رحم نہ آئے + پرواہ نہ ہو +

آہ وزاری کرنا - ا - فعل لازم (۱) واویلا کرنا - رونا دھونا - ہائے وائے کرنا - رونا پیٹنا (۲) بیقرار ہونا مضطرب ہونا +

آہا - ہ - کلمہ تعجب و انبساط (۱) ہیں ! - آیں ! (۲) کیا خوب - واہ وا - اوہو - سبحان اللہ - طنزاً - ہجو ملیح

آہار - ف س - اسم مذکر (۱) ادھار - کھانا - بھوجن (۲) نشاستہ - کلف - مادا جو کاغذ پر کتابوں کی مضبوطی کے لئے چڑھاتے ہیں +

آہالی مَوالی - ع - اسم مذکر - جمع اہل و مولیٰ اعیان وارکان مصاحبین - نوکر چاکر - عملہ و فعلہ +

اِہانت - ع - اسم مؤنث - حقارت - ہتک - خفت - ذلت - سبکی - بے عزتی +

آہا ہا ہا / آہا ہا ہا ہا - ہ - کلمہ تحسین و انبساط - واہ وا +

اِہتمام - ع - اسم مذکر (۱) لغوی معنی غمخواری و دردمندی (۲) انتظام - بندوبست - انصرام (۳) نگرانی +

آہٹ - ہ - اسم مؤنث - کھٹکا - کھڑکا - آواز - پاؤں کی

آواز۔ کھڑک (پنجابی) +

آہٹ لینا - ہ - فعلِ لازم - کھڑکا سُننا + خبر رکھنا

۱ اَہْرَن - ہ - اِسم مذکّر - سندان - نہائی جسپر لوہار لوہا کُوٹتے اور سُنار سونا چاندی رکھکر گھڑتے ہیں +

آہستگی - ف - اِسم مؤنث - دِھیماپن - دِھیرج + دِھیرے - سہج + دیری - دِرنگی - ڈِھیل + آسانی +

۲ آہِستَہْ - ف - تابع فعل (۱) دِھیرے - حرکتِ بطی - ہولے سے - دِھیمی سے - سہج - سہل سے + ٹھیرکر - سنبھلکر (۲) نرمی سے - مُلایمت سے (۳) چُھپکر - چُپکے سے (۴) دھیرے دھیرے - دِھیمے پن سے +

آہستہ آہستہ ف - تابع فعل - ہولے ہولے - دِھیمی دِھیمے - دِھیرے دِھیرے (۲) چُپکے چُپکے (۳) رفتہ رفتہ (۴) قدم قدم + درجہ بدرجہ +

۱ اَہْل ع - اِسم مذکّر (۱) لوگ + گھر کے لوگ - صاحب - مالک + کُنبہ + گھربار کا - گھرباری + بیوی - جورُو - زوجہ (۲) صفت میں - لایق - قابل - ہُنرمند - شریف سلیم الطبع + بامُروّت - سیر چشم +

اہلُ اللہ ع - اِسم مذکّر - ولی اللہ - بزرگانِ دین خُدا رسیدہ - عارف +

اہلِ بیت ع - اِسم مذکّر - لُغوی معنی کُنبہ کے لوگ + رسُول مقبول ص کے کُنبے کے لوگ +

اہلِ حرفہ ع - اِسم مذکّر - پیشہ ور + کاریگر +

اہلِ خانہ ع + ف - (۱) صاحبِ خانہ - گھر کا مالک + خاوند - شوہر (۲) گھر کے لوگ - بال بچے +

اہلِ دُوَل ع - اِسم مذکّر - دولتمند - دھنی +

اہلِ روزگار ف - اسم مذکّر - نوکری پیشہ +

اہلِ زبان صفت - اِسم مذکّر - زباں داں - اور وُہ آدمی جسکے ماں باپ کی بولی ہو - مادری زبان جاننے والا + شاعر + وُہ شخص جسکی زباندانی مُسلّمُ الثُّبوت ہو - زبان کا ماہر یا اُستاد

اہلِ سُنّت ع - اِسم مذکّر - رسُول کی راہ پہ چلنے والے - قرآن اور حدیث اور اجماعِ اُمّت کے پیرو - پیغمبر کے چار یار اور خُلفا، و رؤساے صحابہ کو ماننے والے - سُنّی چار یاری - اسلام کا سب سے اوّل اور سب سے بڑا فریق +

اہلِ شرع ع - اِسم مذکّر - قانون داں - مُتشرّع آدمی شرع (قانونِ اسلام) پر چلنے والے +

اہلِ صنعت ع - اِسم مذکّر - کاریگر - دستکار +

اہلِ غرض ع - اِسم مذکّر - غرضمند - مطلب کا یار +

اہلِ قلم ع - اِسم مذکّر - خواندہ - پڑھے لکھے - مُنشی مولوی - مُحرّر وغیرہ +

اہلِ کار ع + ف - اِسم مذکّر - کارندہ - عملہ - عامل - کچہری اور دربار کے مُنشی و مُتصدّی وغیرہ +

اہلِ کتاب ع - اِسم مذکّر - وُہ لوگ جنکے پیغمبروں پر آسمانی شریعت کی کتاب اُتری ہو جیسے داؤدؑ - موسیٰؑ عیسیٰؑ - اور محمّد پیغمبر کے ماننے والے +

اہلِ مد ع - اِسم مذکّر - سدر مُحرّر - عدالت یا محکمہ کا ہیڈ کلارک - عدالت کے کاغذات کا محافظ +

اہلِ نظر ع - اِسم مذکّر (۱) تاڑیا - پرکھیا - نقّاد - تجربہ کار نکتہ بیں - حقیقت بیں - ہوشیار - زیرک - زُود رس (۲) عاشق مزاج - اہلِ محبّت + (ظفر)

رہتے ہمیشہ مردُمکِ چشم کی طرح +
زندانِ رنج و درد میں اہلِ نظر ہیں بند

(۳) صاحبِ کرامات - صاحبِ اثر - عارفِ کامل

زاہد نگاہ بھر کے وُہ بیدید دیکھ لے
(مؤمن) اِتنا ہوا نہ خدمتِ اہلِ نظر سے فیض

اہل و عیال ع- اسم مذکر- جورو بچے- عیال و اطفال- گھر کے لوگ- لڑکے بالے- کُنبہ- قبیلہ- کُنبہ +

اہلِ ہُنر ع+ف- اسم مذکر- ہُنرمند- صاحبِ فن

اَہلیت ع- اسم مؤنث- قابلیت- شرافت- انسانیت- سلیم الطبعی- لیاقت + مُروّت +

اَہلیہ ع- اسم مؤنث- جورو- بیوی- استری- لُگائی- خاتونِ خانہ- قبیلہ +

اَلّے گہلّے ہ- صفت- خم و چم- تبختر- ناز و انداز کی چال- رفتارِ معشوقانہ +

الّے گہلّے پھرنا- ہ- فعل لازم- عو- اتراتے پھرنا- نازاں و خراماں چلنا- خوش خوش بکمالِ انبساط پھرنا

اَہَم ع- صفت- سخت تر- نہایت سخت- نہایت مشکل + ضروری +

آہن- ف- اسم مذکر- لوہا- حدید +

آہنگر- ف- اسم مذکر- لوہار- حدّاد +

آہنی- ف- صفت- لوہے کا بنا ہوا- لوہے کی چیز

آہو- ف- اسم مذکر (۱) ہرن- مرگ (۲) عیب- نقص

آہو چشم- ف- اسم مذکر- مرگ نینا- مرگ کی سی آنکھ والا- بڑا انکھا +

اُہو ہُو- ہ- کلمۂ تحسین و انبساط- دیکھو (آہا ہا)

اَہِیر- ہ- اسم مذکر- گوالا- گائے بھینس چرانے والا

اَے یا اِے- ف- کلمۂ خطاب- ندا- ہے- او- ہو- ارے +

آیا- ایا- ف- کلمۂ استفہام (۱) کیا- کیوں- یا (۲) شاید- مگر- استفسار اور تمنا کے واسطے بھی آتا ہے +

آیا- پرتگال- اسم مؤنث- مُلازمہ- خادمہ- بابا لوگوں کو رکھنے اور لیڈیوں کو پوشاک پہنانے والی عورت +

آیا گیا- ہ- اسم مذکر (۱) وارد صادر- مہمان (۲) صفت- میں برابر سرابر- تصفیہ ہونا +

اَیال- ع- اسم مؤنث- گھوڑے کی گردن کے بڑے بڑے بال-

اَیّام- ع- اسم مذکر- جمع یوم (۱) دن- روز + زمانہ (۲) حیض- آمد یا معمول کے دن +

ایام سے ہونا- ا- فعل لازم- میلے سر سے ہونا- حیض سے ہونا- کپڑوں سے ہونا (بازاری)

آیت- ع- اسم مؤنث (۱) علامت- نشانی- چنہ- فلسٹوپ- وہ علامت جو جملہ تمام ہونے کے بعد بالکل ٹھیرنے کے واسطے لکھی جاتی ہے + دفعہ (۲) آسمانی کتاب کا فقرہ- قرآن شریف کا جملہ +

اَیتر- ہ- اسم مذکر- اوچھا- کمظرف- خودنما- جیسے ایتر کے گھر تیتر باہر باندھوں کہ بھیتر (مثل)

ایجاب و قبول- ع- اسم مذکر- اقرار مدار- نکاح کے قول قرار + نکاح- عقد- دو بول پڑھانا +

ایجاد- ع- اسم مذکر- اختراع- نئی بات نکالنا + کارستانی

ایجوکیشنل ڈپارٹمنٹ- انگلش Ed. Dept. اسم مذکر- سر رشتہ تعلیم +

آئے دن- ہ- تابع فعل عو- ہمیشہ- ہر روز- نت- اکثر- بار بار

ایڈ ڈی کیمپ Aid-de-camp. اسم مذکر سپہ سالار کا مُصاحب- جنگی لاٹھ (لارڈ) کا مصاحب

ایڈرس- انگلش Address. اسم مذکر (۱) خطاب- القاب- سرنامہ- (۲) سپاسنامہ- تحریری شکریہ +

ایڈورٹائزر- انگلش Advertiser. اسم مذکر خبر دہندہ- اشتہار دہندہ- سوداگری اخبار +

ایڈیٹوریل- انگلش Editorial اسم مذکر ... صفت- مہتمم + ... متعلق- وہ مضمون جو مہتمم

اخبار خود لکھے +

ایذا ع - اسم مؤنث - دکھ - تکلیف - اذیت +

ایذا دہندہ - ف - صفت - تکلیف دہندہ - دکھ دینے والا - ستانے والا

ایرے غیرے - ا - اسم مذکر - بے واسطہ لوگ - اجنبی - نکمے - ناآشنا +

ایرانی - ف - صفت (۱) باشندۂ ایران (۲) شیعہ +

ایرکھا - ہ - اسم مؤنث - حسد - رشک - جلن - ڈاہ - دوسرے کی ترقی نہ دیکھ سکنا +

ایڑ - ہ - اسم مذکر - پاشنہ - مہمیز - ایڑی +

ایڑ کرنا - ہ - فعل لازم (۱) ایڑ لگانا (۲) رخصت ہونا چلنا - ٹہلنا - کوچ کرنا (ذوق)

عمر رواں کا توسن چالاک اسلئے
تجکو دیا کہ جلد کرے یاں سے ایڑ تو

ایڑ لگانا یا **مارنا** - ہ - فعل متعدی (۱) گھوڑے کو ایڑی کے اشارہ سے چلانا - پاشنہ کرنا - گھوڑے کو چلانا اور آگے بڑھانا (۲) ہوتے ہوتے کام کو روک دینا (۳) اکسانا - ابھارنا +

ایڑی - ہ - اسم مؤنث - پاشنہ - پانوں کا اخیر حصہ - بخلاف پنجہ - کھری +

ایڑیاں رگڑنا - ہ - فعل لازم (۱) ایڑیاں گھسیٹنا - پانوں پیٹنا - جاں کنی کی حالت میں ہونا (۲) بخوبی کوشش کرنا - پانوں توڑنا (۳) بیکار دوڑ دھوپ کرنا (۴) نہایت تکلیف سے اوقات بسر کرنا دیکھو - (ایڑیاں رگڑنا)

ایڑیاں گھسیٹنا - ہ - فیشکر - اردو دیکھو - (ایڑیاں رگڑنا) اصل میں ضد کرنیکی ایک مراد ادا ہٹ کرنا - مچلنا +

ایڑی چوٹی [illegible] صحیح (ایچی) **وارنا** - [illegible] متعدی کو کسی چیز کو سر بناز کرنا - قربان کرنا + پچھا سہر

اور پانوں کے اوپر سے اتارنا - نفرت اور حقارت کے موقع پر بھی عورتیں بولتی ہیں +

ایڑی دیکھ - ہ - محاورہ - حیف نظر چشم بد دور - تیرے منہ میں خاک - نام خدا +

ایڑی سے چوٹی تک - ہ - تابع فعل - اول سے آخر تک - آغاز سے انجام تک +

ایسا - ہ - صفت (۱) مانند - ہمشکل - مماثل (۲) مساوی - متوازی (۳) اس قسم کا - اسطرح کا - اس کھانت کا (۴) بحالت تابع فعل - اسقدر - اتنا (فقرہ) ایسا کھانا کھایا کہ بدہضمی ہو گئی +

ایسا تیسا - ہ - اسم مذکر - ایک حقارت کا کلمہ ہے جو غصہ اور آزردگی کے موقع پر کسی شخص کے حق میں بجائے دشنام استعمال کرتے ہیں + مراد ایسا ویسا - کھٹیل - سفلہ کمینہ - بجوڑا - پاجی وغیرہ +

ایسا ویسا - ہ - صفت (۱) برا بھلا (۲) ادنی - کمقدر کمینہ - کھٹیل - بے اعتبار - نکما - ناکارہ - ناچیز (۳) واہیات - بیہودہ +

ایسان - س - اسم مذکر - گوشہ شمال مشرق +

ایسی تیسی کرنا - ہ - فعل متعدی - برا بھلا کہنا - یوں توں کرنا - ایک کلمہ ہے جس سے گالی مفہوم ہوتی ہے +

ایسی ویسی بات کرنا - ہ - فعل متعدی - کوئی نازیبا بات کرنا - ناشائستہ حرکت کرنا +

ایشور - س - اسم مذکر (۱) احکم الحاکمین - خداوند پرمیشور (۲) مہادیو - شو +

ایشیا - انگلش Asia. پانچ بر اعظموں میں سے ایک بر اعظم کا نام ہے (ایشیا مشتق ہے جسکے معنی مشرقی ملک کے ہیں)

ایضا - ع - تابع فعل - ویسا ہی - اسیطرح کا - وہی

اُوکا اُوہ۔ بجنسہٖ +

ایفاءِ وعدہ ع۔ اسم مذکر۔ عہد اور قول و قرار کا پورا کرنا

ایک ہ۔ صفت (۱) واحد۔ ایک عدد۔ فرد۔ اکیلا۔ طاق (۲) صرف۔ فقط۔ تنہا (۳) تمام۔ کُل۔ سب۔ بالکل جیسے ایک عالم۔ ایک زمانہ (۴) کبھی تحسین کلام کے واسطے زائد بھی آتا ہے جیسے ایک غم لگا ہوا ہے (۵) مساوی برابر۔ یکساں۔ (فقرہ) چاند اور وہ ایک ہے (۶) یکتا بے نظیر۔ اِکّا۔ لاثانی۔ لاجواب۔ (فقرہ) وہ کنبہ میں ایک ہے (۷) پکّا۔ پورا۔ ثابت (فقرہ) وہ اپنی بات کا ایک ہے (۸) کوئی۔ کسی۔ جیسے ایک بھی اُسکا ساتھی نہ ہوا۔ (۹) قریب قریب۔ تقریباً جیسے سات ایک آدمی تھے (۱۰) مبالغہ و کثرت کے واسطے آتا ہے جیسے تو ایک مکار ہے (۱۱) دوسرا۔ دیگر۔ اور۔ جیسے ایک کو سائی ایک کو بدھائی۔ ایک ہاتھ لینا ایک ہاتھ دینا (۱۲) ادنیٰ آسان جیسے ایک کھیل ہے ایک بات ہے +

ایک آدھ ہ۔ صفت۔ اِکّا دُکّا۔ کوئی۔ کچھ۔ ذرا تھوڑا سا۔ کوئی کوئی۔ خال خال + چند +

ایک کلمہ ہے جو تعداد کی قلت اور کمی ظاہر کرنے کے واسطے آتا ہے +

ایک آنکھ سبکو دیکھنا ہ۔ فعل لازم۔ سب کو ایک نظر دیکھنا۔ سبکو مساوی سمجھنا۔ سب سے ایک ہی طرح پیش آنا اپنے بیگانے کو برابر سمجھنا +

ایک آنکھ نہ بھانا ہ۔ فعل لازم۔ ذرا پسند نہ آنا۔ بالکل نہ بھانا +

ایک ایک ہ۔ تابع فعل۔ یکے بعد دیگرے۔ باری باری (۲) ہر ایک (۳) جدا جدا۔ الگ الگ

ایک ایک کرکے ہ۔ تابع فعل۔ چن چن کر۔ چھانٹ چھانٹ کر + باری باری سے +

ایک ایک کے دو دو کرنا ا۔ فعل متعدی۔ کام بڑھانا۔ بیہودہ وقت کھونا +

ایک بات ہ۔ اسم مؤنث (۱) کار ادنیٰ و سہل۔

کرنے سے قتل میرے مت ڈر کہ اُن لبوں کو
(محوی) ایک کھیل ہے جلانا ایک بات خوں بہا ہے

(۲) معاملہ واحد جیسے ہماری اُنکی ایک بات ہے + (۳) ٹھیک قیمت + غیر مضطرب قول +

ایک بارگی ا۔ تابع فعل۔ دفعۃً۔ اچانچک۔ ایکدفعہ ہی + فوراً۔ ناگہاں +

ایک بازار بند ہونا۔ یا ایکطرف کا بازار بند ہونا۔ ا۔ فعل لازم یکچشم ہونا۔ کانڑا ہونا۔ اعور ہونا +

ایک پر ایک گرنا ہ۔ فعل لازم۔ اوپر تلے گرنا۔ کثرت سے متوجہ ہونا۔ ٹوٹ کر گرنا۔ ہاتھوں ہاتھ لینا۔ لوٹنا

ایک پیٹ کے ہ۔ صفت حقیقی بھائی بہن +

ایک تو ہ۔ تابع فعل۔ اوّل تو۔ پہلے تو +

ایک ٹانگ پھرنا۔ یا کھڑا رہنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ عو۔ برابر پھرنا۔ ایکدم پھیرے جانا۔ بیٹھکر دم نہ لینا +

ایک جان ا۔ اسم مذکر۔ ایک جسم۔ ایک جگر۔ ایکدل بخوبی ملا ہوا۔ کئی جزو ملکر ایک ہو جانا +

ایک جان کرنا ا۔ فعل متعدی۔ ملا کر ایک کرنا۔ ایک حال کرنا۔ اپنا سا جی کرنا + (عو)

ایکدم ا۔ تابع فعل۔ بلا توقف۔ یکساں۔ برابر جیسے ایکدم بھاگا چلا گیا [illegible] متصل

ایک ذات کا [illegible] ایک رقم کا۔ ایک جنس کا ایک سکہ کا + [illegible] + یک تخت۔ برابر [illegible]

ایک رنگ [illegible] (۲) ہم صحبت ہم [illegible] (۳) خالص و [illegible]

ایک رنگ آنا ایک رنگ جانا - ہ - فعل لازم - چہرے کے رنگ کا متغیر ہونا - خوف یا دہشت یا صدمہ سے چہرہ کا رنگ بدلنا - منہ پر ہوائی چھوٹنا +

ایک سے دن نہ رہنا - ہ - فعل لازم - ایک حالت پر نہ رہنا زمانہ کے انقلاب اور تغیر حالت سے مراد ہے - خواہ زوالِ جمعیت ہو اور خواہ تشتت +

ایک طرح کا - ا - صفت - بیڈھب - وہ ایک طرح کا آدمی ہے (فقرہ)

ایک عمر - ا - اسم مؤنث (۱) تمام عمر (۲) مدتِ مدید - عرصۂ دراز - قرن - جگ +

ایک قلم - ا - تابع فعل - ایک لخت - بالکل - یکدست برابر + ... یا ایک زبان

ایک منہ یا ایک زبان - ا - صفت - متفق اللفظ متفق الکلمہ ہمزبان - ہم آہنگ +

ایک نظر - ا - تابع فعل - ذرا کچھ - ٹک + سرسری

ایک ہو جانا - ہ - فعل لازم - متفق ہو جانا - اتفاق کر لینا - سازش کر لینا - ملجانا +

ایک ہے - ہ - ہندوعو - بجای حرف استثنا - مگر لیکن پر - مثل - ایک ہے تیرا کھائی تو میں نے دیکھا تھا (فقرۂ جواب)

ایکا - ہ - اسم مذکر - اتفاق - اتحاد - یکجہتی - یکدلی سازش - سازوباز +

ایکا ایکی - ہ - تابع فعل (۱) یکایک - ناگاہ - دفعۃً - یکبارگی (۲) اچانچک +

ایکلا - ہ - صفت - دیکھو (اکیلا)

ایکھ - ہ - اسم مؤنث - نیشکر - اوکھ - گنارہ - گنا +

ایلچی - ت - اسم مذکر - صحیح (ایلچی) ترکی زبان میں سفیر اور وکیل کو کہتے ہیں + پیغامبر - قاصد - دوت - نامہ بر

ایلچی گری - ہ - اسم مؤنث - سفارت - رسالت وکالت +

ایلو - ہ - کلمۂ ندا - یہ کلمہ شہادت طلبی اور آگاہی اور خطاب کے واسطے زبان پر آتا ہے - سنو - دیکھو +

ایما - ع - اسم مذکر (۱) لغوی معنی سر یا انگلیوں کا اشارہ اصطلاحی مطلق اشارہ - رمز - کنایہ - سین (۲) عندیہ منشا (۳) بجای حکم بھی اسکا استعمال ہوتا ہے +

ایما لینا - ا - فعل لازم - عندیہ یا منشا دریافت کرنا

ایمان - ع - اسم مذکر (۱) لغوی معنی بیخوف کرنا - امن دینا اصطلاحی - عقیدہ - دھرم - اعتقاد - دین (۲) اعتبار یقین (۳) سچ - حق + دیانت + منصفی (۴) نیت - ارادہ اسلامی شریعت میں خدا کی توحید کو زبان سے اقرار کرنا اور دل سے اُسے سچ جاننے کو ایمان کہتے ہیں +

ایمان بیچنا یا کھونا - ا - فعل لازم - دھرم کے خلاف کرنا - ہٹ دھرمی کرنا +

ایمان ٹھکانے نہ ہونا - ا - فعل لازم (۱) دھرم پر قایم نہ ہونا (۲) نیت ٹھیک نہ ہونا - نیت بگڑنا

ایماندار - ع + ف - صفت - (۱) دھرمی - دیندار - صاحب ایمان - دیانت دار - امین - راستباز + (۳) سچا - صادق - باوفا - منصف +

ایمانداری - ع + ف - اسم مؤنث - صداقت - راستبازی دیانت داری +

ایمان کا - ا - صفت - دھرم والا - ایماندار - دھرمی سچا - نیت کا پورا +

ایمان کانپنا - ا - فعل لازم - خوف خدا یا غیرت حمیت مذہبی سے لرزاں ہونا - خدا کا خوف آنا + عبرت پکڑنا + رونگٹے کھڑے ہونا +

ایمان کی کہنا - ا - فعل لازم - خدا لگتی کہنا - حق حق کہنا - سچی گواہی دینا +

ایمان لانا - ا - فعل لازم (۱) اسلام لانا - مذہب اختیار کرنا (۲) برحق جاننا - معتقد ہونا - اعتقاد لانا - ماننا تسلیم کرنا (۳) بھروسا کرنا - اعتبار کرنا - پتیانا +

ایمان میں فرق آنا - ا - فعل لازم (۱) بدعقیدت ہونا اعتقاد ڈگمگانا (۲) نیت بگڑنا - بدنیت ہونا + (۳) خاین وبددیانت ہونا +

ایمن - ہ - اسم مؤنث - ایک مشہور راگنی کا نام ہے +

ایں یا ہیں! - ہ - ایک کلمہ ہے جو استفہام استعجاب اور تہدید کے مقام پر بولا جاتا ہے - کیا - کیوں + اوہو - ارے + خبردار +

آئین - ف - اسم مذکر (۱) قانون - ضابطہ - دستور العمل - (۲) شاسنر - شرع - تورہ (۳) طرز - روش - قاعدہ - طریقہ - طور - ڈھنگ - (۴) رسم - رواج - ریت (۵) عمل - کام - فتوی - حکم - فرمان (۶) ترتیب - درستی

آئیں بائیں - ہ - اسم مؤنث (۱) بادہوائی بات - ژٹل ژٹل قافیہ - بے ٹھکانے اور بے پتے بات - لغو اور بیہودہ - انٹ کی سنٹ (۲) ٹالم ٹول - حیلہ حوالہ - بہانہ +

آئیں بائیں شائیں - ہ - اسم مؤنث - دیکھو (آئیں بائیں)

آئینتی پائینتی - ہ - اسم مؤنث (۱) سرہانا اور پینتانا - سرہانے اور پائینت (۲) ادھر ادھر - اردگرد

اینٹ - ہ - اسم مؤنث (۱) مٹی کی ایک مستطیل یا کعبی چیز جسے سانچے میں بنا کر پزاوہ میں پکا لیتے ہیں اور اس سے مکان چنے جاتے ہیں تشبیہ سونے کی مربع ڈلی کو بھی کہتے ہیں - خشت (۲) سخت (۳) بنیاد - بنیاد کا پتھر

اینٹ سے اینٹ بجانا - ہ - فعل متعدی - بالکل مسمار کر دینا - برباد کرنا - گدھے کے ہل چلا دینا - ویران کر دینا +

اینٹ سے اینٹ بج جانا - ہ - فعل لازم مسمار اور برباد ہو جانا +

اینٹ کا گھر مٹی کر دینا - ہ - فعل متعدی - دولت کو خاک میں ملا دینا - لاکھ کا گھر خاک کرنا - روپیہ برباد کرنا حیثیت بگاڑ لینا +

اینٹھ - ہ - اسم مؤنث - اکڑ - مروڑ - غرور - سرکشی

اینٹھ رکھنا - ہ - فعل لازم (۱) کینہ رکھنا - بل رکھنا (۲) دبا رکھنا - دبا لینا - ہتیا لینا +

اینٹھ کر چلنا - ہ - فعل لازم - اکڑ کر چلنا - غرور یا نخنر سے چلنا - اترا کر چلنا +

اینٹھن - ہ - اسم مؤنث (۱) تشنج - کھنچاؤ (۲) مروڑ باؤ سول +

اینٹھنا - ہ - فعل متعدی (۱) بل دینا + مروڑنا (۲) بحالت لازم - بل کرنا - اکڑنا - زور دکھانا (۳) غصہ ہونا - خفا ہونا - روٹھنا (۴) ٹھٹرنا - سکڑنا - اکڑنا - جکڑنا (۵) غصب کرنا - مار رکھنا - دبا لینا - ہتیا بیٹھنا - قبضہ کر لینا - خیانت کرنا (۶) دم دیکر لینا - فریب سے لینا

اینچا تانا - ہ - صفت - ایک طرح کا بھینگا +

اینچا تانی - ہ - اسم مؤنث (۱) کشاکش - کش مکش (۲) لڑائی جھگڑا - گھیسا گھسائی +

اینچنا - ہ - فعل متعدی (۱) کھینچنا - کشش کرنا - گھسیٹنا (۲) تاننا - کسنا (۳) اوٹنا - اپنے ذمہ لینا - ضامن ہونا

آیندہ - ف - صفت (۱) آنیوالا - مستقبل (۲)

دوبارہ۔ پھر۔ آگے کو۔ پھر کبھی۔ اب +

آئندہ و روندہ ۔ف۔ اسم مذکر (۱) آتا جاتا۔ آنے جانے والا

اینْدھن ۔ھ۔ اسم مذکر (۱) جلانے کی لکڑی اور اُپلہ وغیرہ (پورب میں) جلاون + (۲) بوسیدہ۔ جلانیکے قابل (۳) نہایت بوڑھا۔ پیر فرتوت + ستّرہ بہتّرہ +

اینْڈا ۔ھ۔ صفت (۱) نکمّا۔ بیکار۔ ناکارہ (۲) نامکمل ناتمام۔ ادھورا +

اینڈا کر دینا ۔ھ۔ فعل متعدی۔ نکمّا کر دینا۔ کام سے کھو دینا +

اینڈا ہو جانا ۔ھ۔ فعل لازم (۱) نکمّا ہو جانا۔ کام کا نہ رہنا (۲) ٹوٹ جانا۔ بگڑ جانا۔ کسی عضو یا پُرزے میں فرق آ جانا + (۳) پھنسجانا۔ رُک جانا جیسے کسی رقم کا اینڈا ہو جانا + (۴) نامکمل رہنا۔ ناتمام رہنا۔ انجام کو نہ پہنچنا +

اینْڈنا ۔ھ۔ فعل لازم (۱) اینٹھنا۔ بل مارنا (۲) کروٹیں بدلنا۔ پلنگ توڑنا۔ پڑا رہنا (۳) سُستی کرنا۔ کاہلی کرنا (۴) جھومنا +

جنوں تاک اینڈتے ہیں پڑے میکدے میں مست
(سودا) زاہد بھلا یہ عیش ہے باغ بہشت میں +

اینڈا اینڈا پھرنا ۔ھ۔ فعل لازم۔ اتراتا پھرنا۔ نازاں اور خراماں پھرنا۔ اینٹھا اینٹھا پھرنا +

اینْڈوا ۔ھ۔ اسم مذکر۔ کپڑے یا بان کا گردہ جو بوجھ اُٹھاتے وقت سر پر رکھتے ہیں۔ حقارتاً بگڑی +

اینْڈوی ۔ھ۔ اسم مونث۔ مونجھ کے بان کی بنی ہوئی اور گول حلقہ نما چیز۔ جو بوجھ اُٹھانے کے واسطے عورتیں سر پر رکھتی ہیں +

اینْڈی بینڈی ۔ھ۔ صفت (۱) ٹیڑھی ترچھی

(۲) سخت سُست۔ نازیبا۔ ناشائستہ +

آئینہ (بیائے معروف و مجہول) ف۔ اسم مذکر (۱) مُنہ دیکھنے کا شیشہ۔ درپن۔ آرسی۔ مرآت۔ اینہ + (۲) عکس نما۔ عکس فگن جیسے دل کا دل آئینہ ہے (۳ صفت میں) روشن۔ ظاہر۔ شفّاف۔ مُجلّا (۴) حیران و ششدر۔ پتّھر یا تصویر کی مانند بیحس و حرکت۔ نقش دیوار

آئینہ رُو ۔ف۔ اسم مذکر۔ ماہرو۔ معشوق +

آئینہ ساز ۔ف۔ اسم مذکر۔ شیشہ بنانیوالا۔ آئینہ گر +

آئینہ لیکے مُنہ تو دیکھو! ۔ا۔ ندا۔ محاورہ۔ قابلیت پیدا کرو۔ پہلے اس لایق ہو لو + بالطبع انکار کرنیکے واسطے بولتے ہیں

آئینہ ہونا ۔ا۔ فعل لازم۔ کسی بات کا ظاہر ہونا۔ روشن ہونا

اے ہے ۔ھ۔ کلمۂ تأسّف۔ افسوس۔ ہا

ب

ب ۔ع۔ اسم مونث (۱) عربی فارسی۔ اُردو الف بے کا دوسرا اور ہندی حروف صحیح کا تیئیسواں اور شفتی کا تیسرا حرف جسے بائے ابجد۔ بائے موحّدہ۔ بای تازی اور ہندی میں ब کہتے ہیں۔ عربی والے اسکا تلفّظ الف کے ساتھ ادا کرتے ہیں (۲) حساب جمل میں اسکے دو عدد فرض کئے گئے ہیں (۳) یہ حرف اُردو میں فارسی اور عربی کے الفاظ کے ساتھ کبھی معیّت۔ کبھی قسم کبھی صلہ و اتّصال۔ کبھی صاحب اور والا کے معنوں میں بالفتح آتا ہے لیکن جہاں والا کے معنی دیتا ہے وہاں الف کے ساتھ لکھتے ہیں۔ چنانچہ ترتیب وار مثالوں سے ثابت ہے +

بدل و جان + بخدا۔ باللہ باللہ + رنگ برنگ۔ دم بدم (اسی سرقع پر عوام نے ہندی الفاظ کے درمیان بھی اس بے کو برتا ہے جیسے گھر گھر۔ ہاتھ بہ ہاتھ وغیرہ) بارایان۔ بادفا۔

باتمیز - یعنی ایمان دار - وفادار - صاحب تمیز +

با - ف - حرف ربط - ساتھ - ہمراہ - مع + باوجود او باو وغیرہ +

بااثر ف+ع - صفت - مؤثر - تاثیر رکھنے والا - باتاثیر مجرب

باایمان ف+ع صفت - عقیدتمند - دیندار - وفادار صادق - سچا - دیانتدار +

باتدبیر ف+ع - صفت - مدبر - عاقل - دانا - ہوشیار سوچ بچار کا - دوراندیش منتظم +

باتمیز ف+ع - صفت - تمیزدار - شائستہ - خوش اطوار مؤدب - علم مجلس جاننے والا +

باحیا ف+ع - صفت - لاجونت - حیامند - شرم ولحاظ کا

باخبر ف+ع - صفت - معلومات رکھنے والا - واقف بھیدیا - ماہر - آگاہ + عارف کامل +

باشوق ف+ع - صفت - باخوشی - خوشی کے ساتھ شوق سے - برضا ورغبت +

باضابطہ ف+ع - تابع فعل - حسب دستور - حسب قاعدہ حسب معمول +

باقاعدہ ف+ع تابع فعل - حسب دستور - ترتیب وار - باقرینہ - باموقع - باترتیب

بامروت ف+ع - صفت (۱) مردانہ - بہادر - (۲) خاطرداری کرنیوالا - خوش اخلاق (۳) باوفا - ملاحظہ کا (۴) فیاض سخی - حیامند - باشرم +

بانوا - ف - اسم مذکر - اصل میں بے نوا یعنے بے سروسامان تھا مسلمان آزاد فقیروں کا ایک گروہ +

باوضع ف+ع - صفت (۱) وضعدار - سجیلا + تکلف کا (۲) باوقات - منضبط + (۳) خوش اخلاق - خوش اطوار خلیق - شائستہ + (۴) تمیزدار - مؤدب

باوفا ف+ع - صفت (۱) بات کا پورا - خیرخواہ (۲) نمک حلال - مروت والا - نباہنے والا +

باب - ع - اسم مذکر (۱) دروازہ - دوار - در (۲) مقدمہ - معاملہ (۳) کتاب کا حصہ - فصل - عنوان + دفعہ - ادھیا - حد - (۴) نوع - قسم (۶) بابت - حساب - مد سے (۷) مقصد - مطلب - غرض - مدعا - منشا - مراد (۸) مضمون بحث - تذکرہ (۹) دربار - درگاہ جیسے باب عالی +

بابا - ہ - فا - اسم مذکر (۱) باپ - پتا - پدر - والد (۲) دادا - جد (۳) درویش - فقیر - قلندر - مہنت - مہنتوں کا سردار (۴) طنزاً - حضرت - جناب جیسے بس بابا بس (فقرہ) بابا تم جیتے ہم ہارے (۵) فقیر ہر ایک دنیادار اور گرہستی کو بھی اس لفظ سے خطاب کرتے ہیں + جیسے بابا کی خیر (۶) بڑا بوڑھا - بڑی عمر کا - نہایت بڈھا +

بابا - انگلش Baby بے بی یا بیبی - اسم مذکر شیرخوار - بچہ - بالک - ننا - ننھا (انگریزوں کے شاگرد پیشہ صاحب لوگوں کے بچوں کو کہتے ہیں +)

بابت - ع - اسم مؤنث (۱) حساب - مد سے (۲) لئے واسطے (۳) مقدمہ - معاملہ (۴) کارن - سبب (۵) بے کی تقطیع جو خوشنویس اپنے شاگردوں کو مختلف طرح سے بے کا جوڑ ملانے کے واسطے لکھواتے ہیں (۶) نسبت

بابر - ہ - اسم مؤنث - ایک قسم کی گھانس ہے جسکا بان بٹا جاتا ہے +

بابل - ہ - اسم مذکر - باپ - پتا - پدر +

بابن - انگلش - Bobbin - اسم مؤنث - ایک بہت باریک رنگ برنگ کی بنی ہوئی ڈوری جو سپاہیوں کے کوٹوں میں لگائی جاتی ہے - باریک فیتہ - گوٹ +

بابن نٹ - انگلش - Babylonic net - اسم مؤنث

بوٹ جالی - ایک قسم کا نہایت باریک جالی کا کپڑا +

بابُو - ہ - اسم مذکر (۱) ایک تعظیمی خطاب جو بنگالیوں سے زیادہ مخصوص ہے - صاحب - جناب - حضرت - مسٹر (۲) شہزادہ - راج کنور - رئیس زادہ - رئیس - شریف - عزت دار آدمی (۳) انگریزی نویس - کلرک (۴) فقیر تعظیماً اپنی اصطلاح میں ہر ایک مرد کو بابُوا اور عورت کو مائی کہتے ہیں (۵) پُورب میں پیار سے بچوں کو بابُو کہتے ہیں (۶) زبردست - زور آور - عو - مائی مائی سب ملیں بابُو کوئی نہیں ملا (فقرہ) بعض لوگ اسکو بابا کا مُبدل خیال کرتے ہیں مگر اصل میں वप्र ویڑ سے بنا ہے +

بابُونَہ - ف - اسم مذکر - ایک قسم کی بوٹی نباتات میں سے ہے جسکے پھولوں کا پروردہ روغن اکثر درد وغیرہ کے کام میں آتا ہے +

باپ - ہ - اسم مذکر (۱) پتا - پدر - والد - باوا - آبا (۲) بزرگ - برتر - اعلیٰ - افضل - ولی خداوند - پُرکھا - گرو - اُستاد + جیسے یہ اسکا بھی باپ ہے +

باپ بنانا - ہ (۱) والد کے برابر سمجھنا اور اپنا بزرگ گردانا (۲) خوشامد کرنا - چاپلوسی کرنا - (مثل) وقت پر گدھے کو باپ بناتے ہیں +

باپ تک جانا یا پہنچنا - ہ - فعل متعدی - باپ کی گالی دینا - کسیکے باپ کو بُرا بھلا کہنا +

باپ دادا - ہ - اسم مذکر (۱) پُرکھا - مُربّی - بزرگ - بڑے بوڑھے (۲) پُشت - پیڑھی - کُل +

باپ ری باپ - ہ - ندا - پُورب میں تعجب حیرت اور خوف کے موقع پر بولتے ہیں - بل بے +

باپ کا - ہ - صفت - موروثی - ورثہ کا - ارث کا + ملکیت - مملوکہ - مقبوضہ +

باپ مارے کا بیر - ہ - محاورہ (۱) قدیمی عداوت (۲) نہایت دُشمنی - وہ عداوت جو بزرگوں سے چلی آئے +

بات - ہ - اسم مؤنث (۱) سخن - لفظ - بول - کلمہ (۲) گفتگو - بول چال - گفتار - مکالمہ - کلام - روزمرہ - محاورہ - بولی - زبان - بھاکا - قیل و قال (۳) کہن - مقولہ - کہنا - کہا - (معروف)

زُلف رُخ پر جو چھُٹی رات ہوئی یا نہ ہوئی
کیوں نہ کہتا تھا مری بات ہوئی یا نہ ہوئی

(۴) مثل - کہاوت - ضرب المثل - (مُصحفی)

جلنے سے شوق دل کے سب بچگیا نفیس
وہ بات ہے کہ سانچ کو ہرگز نہیں ہے آنچ

(۵) حال - احوال - ماجرا - سرگزشت -

چارہ گر جان نکلے ہو کہ نہ ہوگا اچھا
تجھے کیا پوچھتی ہو زخم کے انگور کی بات (ظفر)

(۶) قصہ - کہانی (۷) ذکر - تذکرہ + (نسیم)

نہ لے قیس آگے مرے نام وحشت
ابھی کل کی ہے بات پیدا ہوا ہے

(۸) چرچا - افواہ - اڑائی (۹) پیام - سندیسا - خبر - جیورہ (۱۰) بیاہ شادی - سگائی - منگنی - نسبت -

تجھ کی بات غیر سے لڑکی میں نہیں
سو باپ نے آپ سے انکار کر دیا + (میاں صاحب)

(۱۱) مضمون - عبارت (۱۲) طعنہ - طنز - مجھے کسیکی بات کی برداشت ہی نہیں + (فقرہ)
(۱۳) گلہ - شکوہ (فقرہ) وقت نکل جائیگا بات رہ جائیگی - (۱۴) الزام - حرف (امانت)

لائیگی ایک دن محبت میں
آبرو پر یہ اشکباری بات

(۱۵) ڈھکوسلا - چال - مکر - فریب - بناوٹ +
(ظہور) باتوں پہ تیری بھولے ہوئے تھے پر اب یہ لوگ
حالت کو میری دیکھ کے ہوشیار ہو گئے
(۱۶) بہانہ - حیلہ - عُذر (۱۷) نندا - بُرائی - غیبت
نانی کے آگے ننھیال کی باتیں (مثل)
(۱۸) ضد - اڑ - ہٹ - پچ (دل)
صبح ہوئی آتی ہے اور رات چلی جاتی ہے
تیری ابتک بھی وُہی بات چلی جاتی ہے
(۱۹) قصور - خطا - تقصیر + (۲۰) کارن - سبب - باعث
وجہ + (امانت)
آدھی رات اور ہم تیرے در پر +
دل لگانے کی ہے یہ ساری بات
(۲۱) قول - بچن - عہد و پیمان - وعدہ - وُہ اپنی بات کا
ایک ہے (فقرہ) (۲۲) ساکھ - پرتیت - اعتبار (۲۳)
عزت - حُرمت - پت (فقرہ) اپنی بات اپنے ہاتھ ہے
نکرنا تو اُس سے سوال و جواب
(برانل) تری بات بھی نامہ بر جائیگی
(۲۴) دعویٰ - چھوٹا مُنہ بڑی بات (مثل)
(۲۵) پند - نصیحت - اُپدیش - سیکھ +
بات سے شیریں ترا آخرش پائی +
(ظفر) جو پہلے تلخ سمجھتے تھے ہم ادیب کی بات
(۲۶) نکتہ - حکمت (غالب)
آخر لڑکے ہو بات کو نہ سمجھے
(۲۷) دانائی - دانشمندی - فراست - عقلمندی -
(مومن) بات جب ہے کہ بات ٹالو تم
(۲۸) چٹکلا - لطیفہ - بذلہ - (فقرہ) ظریف کی ہر ایک
بات میں بات نکلتی ہے +

(۲۹) کیفیت - لطف - (مختار)
گو کہ واعظ مدرسہ بھی ایک جائے قدس ہے
پر وہاں کوسوں نہیں حضرت وُہ میخانہ کی بات
(۳۰) وصف - خوبی - عُمدگی - تخفگی (جرأت)
ہزار گُل کی کلی میں اگرچہ ہے تنگی
ولے ہے بات کہاں آپکے دہن کی سی
(۳۱) ہُنر - کام - بدیا (۳۲) سوال - پرشن - مسئلہ +
(۳۳) عندیہ - منشا (دل کے ساتھ اس معنی میں آتا ہے)
(۳۴) مفہوم - مافی الضمیر - متضمن (ذوق)
ہونٹوں تک یہاں ہلنا واں بات کا پا جانا
(۳۵) لہر - موج - ترنگ - وُہ کیفیت جو دل پر وارد ہو +
(اکثر دل کے ساتھ یہ معنی آتے ہیں) (۳۶) مقصد - مطلب
غرض - مُراد - مُدعا (۳۷) خواہش - حاجت - ضرورت
(ظفر) پردہ جب اُٹھ گیا پھر کیا رہی تحریر کی بات
(۳۸) تمنا - آرزو - ارمان (مصرعہ)
یہ بات جی میں رہ گئی تم سے نہ مل سکے
(۳۹) اختلاط - اخلاص (محبت)
مانگا جو ہیں بوسہ تو لگا کہنے غضب ہے
سُنتا ہے محبت یہ رہے بات کہیں اور
(۴۰) تدبیر - علاج - اُپائو - (۴۱) تجویز - مشورہ - صلاح
(۴۲) باب - مُقدمہ - معاملہ (۴۳) کام - کاج - کاروبار
+ فعل - امر (۴۴) شغل - تعلق (۴۵) راز - بھید - اسرار
(۴۶) ڈھنگ - اطوار (۴۷) آن - انداز - ادا (۴۸)
رمز - اشارہ - کنایہ (۴۹) - عادت - سُبھاؤ - لچھن
(۵۰) موقعہ - محل - رات گئی بات گئی (مثل)
(۵۱) کارروائی - سہل (۵۲) مشکل - دُشوار -
(ہجر) اب بھی کچھ بات نہیں ہے ہو منا لو ہمکو

(۵۳) چیز۔ شَے ۔ کس بات کی کمی ہے (فقرہ)
(۵۴) حوصلہ۔ جگرا ۔ بڑوں کی بڑی بات (فقرہ)
(۵۵) آواز۔ صدا ۔ نوا ۔ کان پڑی بات نہیں سنائی دیتی ہے (مثل) ۵۶ ریت۔ رسم۔ طریقہ ۔ مرجاد جیسے بڑوں سے یہ بات چلی آتی ہے۔ (۵۷) مول قیمت
(۵۸) پھل۔ نتیجہ۔ ثمرہ جیسے اتنی کوشش سے کیا بات نکلی
(۵۹) رائے ۔ دانست ۔ سمجھ ۔ جتنے منہ اُتنی باتیں (مثل)
(۶۰) خیال ۔ دھیان (اس معنی میں ڈال کے ساتھ بولتے ہیں)
(۶۱) دلیل ۔ برہان ۔ وجہ ثبوت ۔ اب آگے کوئی بات ہی نہیں رہی (فقرہ)
(۶۲) لہو ولعب ۔ واہیات ۔ مزخرفات ۔ غپ شپ کیوں باتوں میں دن کھوتے ہو ۔
(۶۳) راڑ ۔ قضیہ ۔ قصہ ۔ جھگڑا ۔ فساد ۔ جیسے بات بڑھانے میں اسکے معنی نکلتے ہیں) +

بات اُٹھانا ۔ ہ ۔ فعل لازم (۱) سخت کلامی کا متحمل ہونا ناگوار یا تونکی برداشت کرنا (۲) مان رکھنا ۔ آرزو پوری کرنا ۔ حکم بجالانا (۳) سوال یا قول کو رد کرنا ۔ بات نہ ماننا

بات اُلٹنا ۔ ہ ۔ فعل لازم (۱) ردّ کلام کرنا (۲) اپنی پہلی کہنی کو بدلکر کہنا ۔ بات کو پلٹ دینا +

بات آنا ۔ ہ ۔ فعل لازم (۱) الزام آنا ۔ حرف آنا برائی آنا (۲) سگائی آنا ۔ نسبت آنا +

بات بات میں ۔ ہ ۔ تابع فعل (۱) ہر بات میں ہر ایک کلام اور ہر ایک کام میں ۔ ہر دفعہ ۔ ہر بار ۔ ہر طرح سے ادنے ادنے بات میں (۲) سرتا سر ۔ بالکل +

بات بات میں چھری کٹاری ۔ ہ ۔ (محاورہ عو) ہر بات میں کشت و خون کی تیاری ۔ ہر بات پر لڑائی کا سامان ہر وقت لڑائی اور طعنہ زنی رکھنا +

بات باندھنا ۔ ہ ۔ فعل لازم (پورب) جھوٹی دلیل کرنا ۔ راستی سے گزرنا ۔ خلاف بیانی کرنا ۔ مکرنا +

بات بدلنا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ زبان پھیرنا ۔ تبدیل سخن کرنا ۔ کہکر پلٹنا +

بات بڑھانا ۔ ہ ۔ فعل متعدی (۱) کلام کو طول دینا بحث بڑھانا ۔ طول کلامی کرنا (۲) فساد برپا کرنا ۔ راڑ بڑھانا ۔ قضیہ بڑھانا ۔ جھگڑا اور تکرار کرنا (۳) کسیکی بات کو ترجیح دینا ۔ فوق دینا ۔ تائید کلام کرنا ۔ تقویت دینا پشتی کرنا +

بات بڑھنا ۔ ہ ۔ فعل لازم (۱) طول کلام ہونا (۲) تکرار بڑھنا ۔ فساد زیادہ ہونا ۔ راڑ بڑھنا +

بات بڑی کرنا ۔ ہ ۔ فعل متعدی (۱) ادنے بات اونچی کرنا ۔ تائید کلام کرنا (۲) قطع کلام کرنا (گنوار)

بات بگاڑنا ۔ ہ ۔ فعل متعدی (۱) مطلب کھونا ۔ کھنڈت کرنا ۔ موقع کھونا ۔ کام بگاڑنا (۲) عزت میں فرق لانا ۔ ساکھ بگاڑنا ۔ پت کھونا +

بات بگڑنا ۔ ہ ۔ فعل لازم (۱) کام بگڑنا ۔ کھنڈت ہونا (۲) عزت اور ساکھ میں فرق آنا ۔ دوالہ نکلنا + برباد ہونا تباہ ہونا ۔ حیثیت بگڑنا +

بات بنا ۔ ہ ۔ فعل لازم (۱) گھڑت ہونا ۔ افترا ہونا ۔ (۲) کامیاب ہونا ۔ آبرو پیدا ہونا ۔ ساکھ بننا ۔ بول بالا ہونا (۳) موقع بننا ۔ ڈھب بننا +

بات بنانا ۔ ہ ۔ فعل متعدی (۱) بات گھڑنا ۔ سخن سازی کرنا ۔ گھڑت کرنا ۔ جھوٹ بولنا ۔ فریب بنانا ۔ بیجا عذر کرنا ۔ حیلہ بنانا (۲) عزت بنانا ۔ آبرو پیدا کرنا ۔ نام حاصل کرنا ۔ وقعت پانا +

بات پانا ۔ ہ ۔ فعل متعدی (۱) مطلب کو پہنچنا ۔ تہ کو پہنچنا

منشا اور عندیہ پایا (۲) عمدگی اور بھلائی دکھنا۔ اسمیں
کیا بات پائی جس سے لوٹ ہوگئے۔ (دفعہ ۵)

بات پر آنا ۔ ۵۔ فعل لازم۔ قول کی پچ کرنا۔ ضد پر
آنا۔ ہٹ پر اُترنا +

بات پر جانا ۔ ۵۔ فعل لازم (۱) کسیکی بات کا خیال کرنا
کسیکے کہنے پر بگڑنا (۲) کسیکے کہنے پر اعتماد کرنا +

بات پکڑنا ۔ ۵۔ فعل متعدی (۱) کسیکے قول کی گرفت
کرنا۔ نکتہ چینی کرنا۔ نقص نکالنا۔ حجت بیجا کرنا۔ کسی
شخصکو اُسکے قول سے قایل کرنا۔ کلام میں حجت نکالنا۔

بات پکی کرنا ۔ ۵۔ فعل متعدی۔ پختہ و پُر کرنا۔ اقرار و مدار
کو مضبوط کرنا +

بات پکی ہونا ۔ ۵۔ فعل لازم۔ عہد واثق ہونا +

بات پلٹنا ۔ ۵۔ فعل لازم۔ دیکھو (بات بدلنا)

بات پوچھنا ۔ ۵۔ فعل متعدی (۱) بات دریافت کرنا
(۲) خبر لینا۔ خبر گیراں ہونا (۳) خاطر و مدارات کرنا۔
عزت سے پیش آنا۔ کسیکی طرف متوجہ اور ملتفت ہونا +

بات پھوٹنا ۔ ۵۔ فعل لازم۔ بھید کھلنا۔ افشائے راز ہونا

بات پھیرنا ۔ ۵۔ فعل لازم۔ دیکھو (بات پلٹنا)

بات پھیلانا ۔ ۵۔ فعل متعدی۔ کسی امر کی شہرت
دینا۔ کسی بات کو شایع کرنا۔ چرچا ڈالنا۔ بات بڑھانا

بات پھیلنا ۔ ۵۔ فعل لازم۔ بات مشہور ہونا۔ طشت از
بام ہونا۔ مشتہر ہونا۔ بات کا طول پکڑنا اور بڑھنا +

بات پھینکنا ۔ ۵۔ فعل لازم۔ طعنہ مارنا۔ آوازہ کسنا
رموز پھینکنا۔ بولی ٹھولی مارنا +

بات سے بات یاد آنا ۔ ۵۔ فعل لازم۔ تذکرہ پر تذکرہ یاد آنا
مثل پر مثل یاد آنا۔ ایک موقع سے دوسرا موقع یاد آنا +

بات پچانا ۔ ۵۔ فعل متعدی۔ کسی بات سے درگزر کرجانا

بات پینا ۔ ۵۔ فعل متعدی۔ کسی بات کا متحمل ہونا۔ سخت بات
کی برداشت کرنا۔ کچھ سُنکر چُپ ہو رہنا۔ درگزر کرنا +

بات تو یہ ہے ۔ ۵۔ تابع فعل۔ مطلب تو یہ ہے۔ خلاصہ
تو یہ ہے۔ الغرض۔ القصہ +

بات ٹالنا ۔ ۵۔ فعل متعدی۔ سُنی ان سُنی کرنا۔ اصل
بات کا جواب نہ دینا۔ اور اور باتیں کرنا +

بات ٹھہرنا ۔ یا ٹھیرنا ۔ ۵۔ فعل متعدی (۱) تجویز قرار پانا
کسی امر کا تعین ہونا۔ (جرأت)

ٹھہری کیا بات کیا منع یہ کسنے جو آج +
کوئی شخص اُسنے نہ بھیجا مرے بُلوانے کو

(۲) نسبت یگانگی قرار پانا۔ عورت کا مرد کے ساتھ اور مرد
کا عورت کے ساتھ نامزد ہونا +

بات جانا ۔ ۵۔ فعل لازم۔ اعتبار جانا۔ ساکھ جانا۔ عزت
میں فرق آنا +

بات جمانا ۔ ۵۔ فعل متعدی۔ بات کرسی نشین کرنا۔
کسی بات کو دوسرے شخص کے ذہن نشین کردینا +

بات چبا جانا ۔ ۵۔ فعل متعدی۔ کچھ کہتے کہتے چپ ہو رہنا
یا اُس مُدعا کو جھٹ اور قالب میں بدل دینا +

بات چلانا ۔ ۵۔ فعل متعدی۔ ذکر چھیڑنا۔ ذکر شروع کرنا

بات چلنا ۔ ۵۔ فعل لازم۔ ذکر چھڑنا۔ ذکر شروع ہونا

بات چیت ۔ ۵۔ اسم مؤنث۔ بول چال۔ گفت و شنید
گفتگو +

بات دُہرانا ۔ ۵۔ فعل لازم۔ ایک بات کو دوبارہ کہنا
پھر کر کہنا۔ از سر نو کہنا +

بات دینی آنا ۔ ۵۔ فعل لازم۔ بازپرس کا مستوجب
ہونا۔ جوابدہی کا ذمہ دار ہونا +

بات ڈالنا ۔ ۵۔ فعل متعدی (۱) بات گرانا۔ کسی کی قول

یاسوال کو پیر انگرنا - کہانہ ماننا (۲) بات پیش کرنا جیسے
یہ بات پنچوں میں ڈالو +

بات رکھ لینا - ہ - فعل لازم (۱) کہا مان لینا قول
نہ ٹالنا (۲) عزت رکھ لینا - ساکھ نہ بگڑنے دینا (۳)
عیب چھپا دینا - پردہ رکھ لینا +

بات رکھنا - ہ - فعل لازم (۱) کہا ماننا (۲) عزت رکھنا
(۳) الزام اور چھیڑ دار رکھنا +

نہ تھی ٹھیر نیکی اگر دل میں اپنے
توکیوں بات رکھکر اُٹھے دوسرے پر

بات رہجانا - ہ - فعل لازم (۱) عزت رہجانا (۲)
الزام اور بُرائی رہجانا - بدی یا نیکی کا قایم رہنا (۳)
یادگاری کا باعث رہنا - بُرائی یا بھلائی رہنا +

بات رہنا - ہ - فعل لازم (۱) عزت وآبرو رہنا

بات کا بتنگڑ کرنا یا بنانا - ہ - فعل لازم - ذراسی
بات کو بڑھا کر بیان کرنا - پرکا کاگ بنانا - مُبالغہ کرنا
چھوٹی بات کو بہت بڑا خیال کرنا (عورتیں بتنگڑ بولتی ہیں)

بات کا بھید - ہ - اسم مذکر - مغز سخن - بات کی تہ
منشائے کلام +

بات کا پورا - ہ - صفت - راسخ القول - واثق القول
بات کا ایک - بات کا پکا - صادق القول - دعوے کا
سچا - باوفا +

بات کاٹنا - ہ - فعل لازم - قطع کلام کرنا - گفتگو
میں دخل دینا - دخل درمعقولات کرنا - دوسرے کی
بات مُنہ سے توڑ لینا +

بات کان پڑنا - ہ - فعل لازم - کسی بات کا گوش گزار ہونا

بات کا ہیٹا - ہ - صفت - قول کا کچا - وہ شخص
جسکی زبان کا کچھ ٹھیک نہو - نامعتبر - بے قرار - بات کا بودا +

بات کرسی نشین ہونا - ہ - فعل لازم - سخن کا
مقبول ہونا - کسی بات کا تسلیم کیا جانا - بول بالا ہونا

بات کرنا - ہ - فعل لازم (۱) بولنا - گفتگو کرنا (۲) مخاطب
ہونا - متوجہ ہونا - رُجوع کرنا +

بات کرتے میں - ہ - تابع فعل - دم کی دم میں
آناً فاناً میں - لحظہ میں - پل میں +

بات کو آنچل میں باندھنا - ہ - فعل لازم - کسیکا
قول یاد رکھنا - وصیت یا نصیحت پر عمل کرنا + (عو)

بات کھلنا - ہ - فعل لازم - افشائے راز ہونا - بھید
کھلنا - طشت از بام ہونا +

بات کہنے میں - ہ - تابع فعل - دیکھو - بات کرنے میں

بات کھونا - ہ - فعل لازم (۱) عزت میں فرق لانا
ساکھ بگاڑنا (۲) بھرم گنوانا - بات بھی کھوئی التجا کر کے

بات کی بات - ہ - تابع فعل - دم کے دم - ذراسی
دیر - لحظہ بھر - دم بھر +

بات کی بات کو - ہ - تابع فعل - دم کے دم کو - لحظہ کو
ذراسی دیر کے واسطے - دم بھر کے لئے +

بات کی بات میں - ہ - تابع فعل - دم بھر میں - لحظہ میں
آناً فاناً میں - طرفۃ العین میں - فوراً - جلد +

بات کی پیچ - ہ - اسم مؤنث - پاس سخن - سخن پروری
جو کچھ مُنہ سے نکلے اُسی کی پیروی کرنا +

بات کے پھول جھڑنا - ہ - فعل لازم - خوش کلام
اور خوش گفتار ہونا +

بات گرہ باندھنا یا گرہ میں باندھنا - ہ - فعل لازم
دیکھو - بات کو آنچل میں باندھنا +

بات گھڑنا - ہ - فعل لازم - بات بنانا - جھوٹی
بات بنا کر کھڑی کر دینا - سخن سازی کرنا [illegible]

بات لانا - ۸ - فعل لازم (۱) نسبت یا سگائی لانا پیغام لانا - سگائی ٹھیرانا (۲) حرف لانا - الزام لگانا عیب رکھنا - لم لگانا +

بات لگانا - ۸ - فعل لازم (۱) دیکھو - بات لانا نمبر ۲ (۲) لگائی بجھائی کرنا - کان بھرنا - غیبت کرنا - بدی کرنا - ننداکرنا - ناحق رسوا کرنا +

بات مارنا - ۸ - فعل متعدی - عود (۱) بات دبانا جھٹلانا - بطلان کرنا (۲) طعنہ مارنا +

بات ماننا - ۸ - فعل لازم - بات تسلیم کرنا - کہا ماننا راضی ہونا +

بات منہ پر رکھنا - یا لانا - ۸ - فعل متعدی - کسی بات کو جتانا - ذکر کرنا +

بات میں - ۸ - تابع فعل - دم بھر میں - لمحہ بھر میں طرفۃ العین میں +

بات میں سے بات نکالنا - ۸ - فعل متعدی (۱) ایجاد میں ایجاد کرنا (۲) دوسرے کے قول سے اپنا مدعا ثابت کرنا (۳) نکتہ چینی کرنا +

بات میں فی نکالنا - ۸ - فعل متعدی - کسی بات میں نقص - کسر یا عیب نکالنا - نکتہ چینی کرنا - حرف گیری کرنا

بات نہ پوچھنا - ۸ - فعل متعدی - خاطر میں نہ لانا توجہ نہ کرنا - متوجہ نہ ہونا +

بات نہ کرنا - ۸ - فعل لازم - مغرور رہنا - خاطر میں نہ لانا +

بات ہے ! - ۸ - (۱) سہل ہے - آسان ہے (۲) ڈھکوسلا ہے گھڑت ہے +

بات ہیٹی ہونا - ۸ - فعل لازم - ساکھ بگڑنا - سبکی ہونا قدر گھٹنا - بات کا پایہ سے گرنا +

باتُون - ۸ - اسم مذکر - بہت باتیں بنانے والا - بکوادی - بکواسی - فضول گو - ظرافتاً مغز چٹ +

باتوں - ۸ - اسم مونث (باتی کی جمع - حروف مغیرہ کے ساتھ وں سے جمع آتی ہے +

باتوں کا جھاڑ باندھنا - ۸ - فعل لازم - لگاتار بولے جانا - سخن کا تار باندھنا - برابر کہے جانا +

باتوں کا دھنی - ۸ - صفت - سخن سازی میں استاد - باتونی +

باتوں میں اڑانا - ۸ - فعل لازم - ہنسی میں اڑانا - ٹالنا - مغالطہ دینا - دھوکا دینا - فریب دینا - جھانسا دینا

باتوں میں آنا - ۸ - فعل لازم (۱) کہنے میں آنا (۲) دم یا فریب میں آنا +

باتوں میں بہلانا - ۸ - فعل متعدی - صرف باتوں سے خوش کرنا - باتوں میں لگاکر توجہ ٹانا +

باتوں میں پھسلانا - ۸ - فعل متعدی - باتوں میں بہکا لینا - چرب زبانی سے دم میں لانا +

باتوں میں دھر لینا - ۸ - فعل متعدی - لاجواب کرنا قایل کرنا - بند کرنا - باتوں میں دبا لینا - باتوں میں غالب آنا +

باتوں میں لگانا - ۸ - فعل متعدی - گفتگو میں مشغول کرنا

باتونی یا باتونیا - ۸ - اسم مذکر - بہت باتیں بنانے والا بکّی - بسیار گو - فضول گو - یاوہ گو + بھڑبھڑیا +

باتیں - ۸ - اسم مونث - بات کی جمع +

باتیں بگھارنا - ۸ - فعل لازم - باتیں بنانا - سخن سازی کرنا - چرب زبانی کرنا +

باتیں بنانا - ۸ - فعل لازم (۱) سخن سازی کرنا (۲) جھوٹ بولنا (۳) خوشامد کرنا - چاپلوسی کرنا (۴)

ڈینگ مارنا ۔ شیخی کرنا ۔ بڑھ بڑھ کے بولنا ۔ جھک لگانا ۔ (۴) الزام دھرنا ۔

باتیں چھانٹنا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ طنز آمیز باتیں کرنا طعنے مارنا +

باتیں سُننا ۔ ہ ۔ فعل لازم (۱) گفتگو پر دھیان کرنا ۔ کڑوی باتوں کو سہارنا ۔ بُرا بھلا سہنا ۔ طعنہ مہنا برداشت کرنا +

باتیں سُنانا ۔ ہ ۔ فعل مُتعدی (۱) طعنے دینا ۔ بُرا بھلا کہنا ۔ سخت سُست کہنا ۔ کڑوی باتیں سُنانا لعنت ملامت کرنا ۔ گالیاں دینا (۲) حال و سرگُزشت سُنانا ۔ حال بیان کرنا +

باتیں لگانا ۔ ہ ۔ فعل مُتعدی ۔ دیکھو بات لگانا نمبر ۲

باتیں مِلانا ۔ ہ ۔ فعل لازم (۱) ہاں میں ہاں مِلانا ہاں ہاں کرنا ۔ ست بچن کہنا (۲) باتیں بنانا ۔ سخن سازی کرنا +

باتیں ہیں! ۔ ہ ۔ مُحاورہ (۱) ڈھکوسلے ہیں ۔ ڈھکوسلے ہیں (۲) صرف دھمکیاں ہیں ۔ فقط ڈراوا ہے

باٹ ۔ ہ ۔ اسم مُذکر (گنوار) سنگِ ترازو ۔ وزن کرنیکے بٹ +

باٹ ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ رستہ ۔ سڑک ۔ مارگ ۔ پگڈنڈی لیکھ + (گنوار بولتے ہیں)

باٹ دیکھنا ۔ ہ ۔ فعل لازم (گنوار) اِنتظار کرنا ۔ راہ دیکھنا +

باٹ کا آٹا ۔ ہ ۔ اسم مُذکر ۔ وُہ باریک آٹا جو چکّی کے گرنڈ میں چاروں طرف پِسکر گرنے سے از خود جمع ہوتا جاتا ہے

باٹی ۔ ہ ۔ اسم مؤنث (ہندو) وُہ چھوٹی چھوٹی روٹی کی ٹکیاں جو اکثر مسافرت میں توے کے بغیر انگاروں پر پکھا کر سینک لیتے ہیں اور انہیں انگاکڑیاں بھی کہتے ہیں

باج ۔ ف ۔ اسم مُذکر ۔ خراج ۔ نعلبندی ۔ زمین کا محصول جو بادشاہ کو دیا جاتا ہے + کر

باجگزار ۔ ف ۔ اسم مُذکر ۔ خراج ادا کرنے والا ۔ رعیّت مُطیع ۔ محکوم +

باجا ۔ ہ ۔ اسم مُذکر ۔ بجنے کی چیز ۔ مزامیر ۔ بجانے کے ظرف ۔ جیسے طاسہ ۔ مرفہ وغیرہ +

باجا گاجا ۔ ہ ۔ اسم مُذکر ۔ مُختلف قسم کا باجا اور دھوم دھڑکا

باجرا ۔ ہ ۔ اسم مُذکر (۱) ایک قسم کا غلّہ ہے جو خریف میں پیدا ہوتا ہے ۔ مزاجا اوّل درجہ میں سرد دوم میں خشک (۲) ترشح ۔ پُھہار ۔ ننّی ننّی بُوندیں جیسے باجرا برس رہا ہے

باجنا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ مشہور ہونا ۔ موسُوم ہونا + (گنوار)

باجی ۔ ت ۔ اسم مؤنث (۱) بہن + بڑی بہن ۔ جی جی (۲) چھوٹی عُمر کی ماں + (عورتیں بولتی ہیں)

باچھ ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ (گنوار) (۱) پتّی ۔ چندہ ۔ بہری (۲) جمعبندی +

باچھ ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ گوشۂ لب ۔ کنجِ دہاں +

باچھیں آنا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ ہونٹوں کے کونوں کا پک جانا ۔ باچھیں پکنا یا پھٹنا +

باچھیں ٹھوڑی تک آنا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ نہایت ہنسنا اور خوش ہونا ۔ کھلنا ۔ مُنہ پاہنا +

باچھیں کِھلجانا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ ہنسی آجانا ۔ ہنس دینا ۔ خوش ہو جانا ۔ اِسقدر خوش ہونا کہ باچھیں بھی کُھل جائیں

باد ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ (ہندو) (۱) جھگڑا ۔ ٹنٹا (۲) ہیچ کردہ (۳) دستوری ۔ کمیشن (۴) خراج دیتے وقت جو کسیقدر معاف کرا لیتے ہیں اُسے بھی باد کہتے ہیں (۵) مُقدمہ ۔ نالش +

بَادْ - ف - اسم مؤنث (۱) پون - باؤ - ہوا - بیال - بائی +

بادِ تُند - ف - صفت - جھکڑ - آندھی - تیز ہوا +

بادرفتار - ف - صفت - نہایت چالاک اور تیز گھوڑا

بادِ صبا - ف + ع - اسم مؤنث صبح کے وقت کی گوشہ شمال ومشرق کی ہوا جس سے غنچے کھلتے ہیں ۔ بہشت کی ہوا +

بادِ مخالف - ف + ع - اسم مؤنث وہ ہوا جو کشتی یا جہاز کے خلاف ہو - بادِ مزاحم - طوفان - آندھی +

بادِ موافق ف + ع اسم مؤنث - باد - شرط - وہ ہوا جو جہاز اور کشتی کے موافق ہو - بادِ مراد +

بادنما - ف - اسم مذکر - ہوا دیکھنے کا نشان - وہ آلہ جس سے ہوا کا رخ معلوم ہو +

بَادَام - ف - اسم مذکر - ایک میوہ کا نام ہے جو کابل کی طرف سے آتا ہے +

بَادَامَہ - ف - اسم مذکر - ایک قسم کا ریشمی کپڑا +

بَادَامِی - ف - صفت (۱) بادام کے رنگ کا سرخی مائل زرد - ہلکا زرد (۲) وہ خواجہ سرا جس کا عضو تناسل نہایت چھوٹا ہو (۳) ایک قسم کی مخروطی ڈبیا جس میں زیور وغیرہ رکھتے ہیں +

بادامی آنکھ - ا - اسم مؤنث - چھوٹی بیضوی آنکھ

بَادْبَان - ف - اسم مذکر - پال - وہ پردہ جو ہوا بھرنے کے واسطے ناؤ یا جہاز پر لگاتے ہیں تاکہ جلدی چلے +

بَادْخَایَہ - ف - اسم مذکر - ایک بیماری ہے جس سے فوطے بڑھ جاتے ہیں - فتق - سنفاق گھوڑے کو فوطے بڑھنے کا مرض

بَادْخُور - ف - اسم مذکر - ایک بیماری ہے جس سے گھوڑے کے بال اڑ جاتے ہیں +

بَادْخُورَہ - ف - اسم مذکر - گنج - وہ بیماری جس سے سر کے بال اڑ جائیں +

بَادْرِیسَہ - ف - اسم مذکر - وہ گول سوراخدار لکڑی جو خیمہ کی چوب کے اوپر رکھتے ہیں (عام بادریشہ کہتے ہیں)

بَادْرِیَہ - ف - اسم مذکر - چھت کا روشندان +

بَادْشَاہ - ا - اسم مذکر - صحیح (پادشاہ) (۱) مالک تخت سلطان - شاہ - مالک ملک - راجہ - رائے (۲) مالک حاکم - مختار جیسے اپنے گھر کے سب بادشاہ ہیں (۳) سردار کامل استاد جیسے چھوٹوں کا بادشاہ - کسی فن کا بادشاہ (۴) آزاد - خودمختار جیسے طبیعت کا بادشاہ

بَادْشَاہَانَہ - ا - صفت - بادشاہوں کی مانند - شان وشوکت کا +

بادشاہت - ا - اسم مؤنث - عوام - راج - سلطنت بادشاہی - حکومت +

بَادْشَاہی - ا - صفت (۱) راج - سلطنت - حکومت (۲) بادشاہ کا - بادشاہ سے متعلق +

بَادْکَش - ف - اسم مذکر - پنکھا - بیجنا - بنیا - بادزن +

بَادَل - ہ - اسم مذکر - ابر - سحاب - میغ - میگھ - گھٹا - وہ زمین کے بخارات جن سے پانی برستا ہے +

بادل آنا - ہ - فعل لازم - ابر کا نمودار ہونا - آسمان پر گھٹا دکھائی دینا +

بادل پھٹنا - ہ - فعل لازم - ابر کھلنا - مطلع صاف ہونا

بادل چھانا - ہ - فعل لازم - گھٹا گھرنا - ابر پھیلنا -

بادل چڑھنا - ہ - فعل لازم - ابر کا بلند ہونا - افق سے گھٹا کا آگے بڑھنا +

بادل گرجنا - ہ - فعل لازم - کڑکنا - بادلوں کے ٹکرانے کی آواز کا نکلنا +

بَادْلَہ - ہ - اسم مذکر - سونے اور چاندی کے تار جو

گونبنے اور کلابتون بٹنے کے کام میں آتے ہیں (۲)
زری کا کپڑا جو ریشم اور چاندی کے تاروں سے بنا جاتا ہے
+ تامی - زری +
بَادَہ - ف - اسم مذکر - دارو - شراب +
بادہ کش و بادہ نوش - ف - اسم مذکر - شرابی - مے خوار
بَادْھا - ہ - اسم مذکر - بڑھوتری - زیادہ - بیشی
بادہوائی - ا - اسم مؤنث (۱) بیہودہ - لغو - بمعنی (۲)
بیکار - نکما (صفت میں) +
بادی - ہ - اسم مؤنث (۱) مدعی - نالشی - داد خواہ
(۲) شریر - بدذات +
بَادِی - ف - صفت (۱) نفاخ - بادانگیز - ریحی - (۲)
بارد - سرد +
بَادِی النَّظَر - ع - تابع فعل - ابتدائی نظر میں -
اول ہی دیکھنے میں - دیکھتے ہی +
بَادِیَان - ف - اسم مؤنث - سونف +
بادی چوز - ا - اسم مذکر - دزد کامل - چوروں کا
بادشاہ - کٹا چور +
بَادِیَہ - ف - اسم مذکر (۱) تانبے کا بڑا کٹورا یا پیالہ جو
ایک خاص کھڑت کا ہوتا ہے (۲) جنگل - بیابان - صحرا
بَار - ہ - اسم مذکر (۱) وقت - سال - موقع (۲) یوم -
دن - روز (۳) دیر - عرصہ (۴) مرتبہ - دفعہ - کرت
(۵) دوار - دروازہ (۶) سنیچر کا دن - ہفتہ کا روز +
بار بار - ہ - تابع فعل - گھڑی گھڑی - متواتر - کئی دفعہ
نوبت بنوبت +
بَار - ف - اسم مذکر - (۱) بوجھ - بھار + اسباب - بست (۲) رخصت
دخل - اجازت - لیسنس (۳) پھل - ثمر (۴) مرتبہ - کرت - نوبت (۵)
اندوہ - غم (۶) عدالت - مجلس - مسند عدالت (۷) صفت میں دشوار

اچیرن - ناگوار (۸) خدا - اللہ (۹) صفت میں تعالی - بزرگ (۱۰) بار دینے کا
امر (۱۱) حمل - گربھ (۱۲) مرادف کار +
باربردار - ف - اسم مذکر (۱) بوجھ اٹھانے والا - قلی
پلہ دار (۲) لدّو - حمال +
باربرداری - ف - اسم مؤنث (۱) اسباب لیجانے کا
سامان (۲) وہ چوپائے جو بوجھ کھینچتے ہیں (۳) گاڑی
چھکڑا (۴) گاڑی اور اونٹ وغیرہ کا کرایہ +
بارِ خاص - ف و ع - اسم مذکر (۱) خاص اجازت - خاص
پروانگی (۲) دربار خاص - پنج کا اجلاس +
بارِ خاطر - ف + ع - صفت - ناگوار - خلافِ طبع - تکلیف دہ
اندوہِ خاطر +
بارِ خدا - ع + ف - خدائے بزرگ - ایزد تعالی - بارِ الٰہ
باردار - ف - صفت (۱) پھلا ہوا - پھلدار (۲) حاملہ -
پیٹ والی +
باردانہ - ف - اسم مذکر - صحیح باردان (۱) کسی چیز کی کھنی کا برتن
خورجین - تھیلا (۲) اسباب کھنے اور باندھنے کا سامان (۳)
فوج وغیرہ کے کھانے پینے کا سامان (۴) انگڑ کھنگڑ -
دکان کے برتن بھانڈے - سوداگری اسباب - ٹینکے - بکس - بیٹھن
بوریے وغیرہ + باورچی خانہ کا اسباب +
بارِ عام - ف و ع - اسم مذکر - اجازت عام - دربار عام
بارا - ہ - اسم مذکر (۱) پانی کا چرس کھینچتے وقت کا راگ
یا گیت (۲) جنتری میں سے تار کھینچنے کو بھی بارا کہتے ہیں
(۳) گنوار لوگ کاج اور بوڑھے کی مرنے کی روٹی کو بھی
بارا کہا کرتے ہیں +
باراجوری - ہ - تابع فعل - زبردستی - دھینگا دھینگی
بَارَان - ف - اسم مذکر - مینہ - بارش - برکھا -
بَارَانی - ف - اسم مؤنث (۱) وہ زمین جسکا تردد بارش پر

منحصر ہو جاہی کے خلاف (۲) برساتی - وہ کپڑا جو برسات میں بارش کا بچاؤ کرے +

بارانہ - ہ - اسم مذکر (۱) سؤر - خنزیر - خوک (۲) وشن کا تیسرا اوتار جو سؤر کی روپ میں ہوا تھا (۳) گانؤ کے قریب کی زمین

بارتنگ - ف - اسم مذکر - ایک دوا کا نام ہے جسکا بیج بکری کے بچہ کی زبان سے مشابہ اور مزاجاً دوسرے درجہ میں سرد و خشک ہے +

بارِد - ع - صفت - ٹھنڈا - سرد - سیتل - خنک +

بارِش - ف - اسم مؤنث - مینہ - برکھا +

بارک اللہ - ع - دعا (۱) لغوی معنی خدا برکت دے (۲) آفرین شاباش - کیا کہنا ہے +

بارکش - ف - اسم مذکر (۱) بوجھ اٹھانے والا (۲) اسباب لادنے کی گاڑی اور چھکڑا وغیرہ +

بارک یا بارک - انگلش Barrack. بیرک فوج کے سپاہیوں کا مکان - وہ بنگلہ یا کوٹھیاں جنمیں سپاہی رہتے ہیں

بارک یا بارک ماسٹر - Barrackmaster. اسم مذکر - فوجی مکانات کا محافظ +

بارگاہ - ف - اسم مؤنث - اجلاس کی جگہ - دربار کی جگہ - کچہری +

بارگیر - ف - اسم مذکر (۱) وہ سوار جسکا ذاتی گھوڑا نہو (۲) بوجھ اٹھانے والا جانور - بارکش - لدو گھوڑا اور اونٹ وغیرہ +

بارنش - انگلش Varnish. اسم مؤنث وارنش - لک - وہ لاکھ یا گوند کا بنا ہوا روغن جو لکڑی وغیرہ پر کیا جاتا ہے +

بارود } ف - اسم مؤنث - گندک - شورے کوئلے کا
باروت } ت - مرکب جس سے توپ بندوق وغیرہ

چھوڑتے ہیں - دارو +

بارہ - ف - اسم مذکر (۱) باب - مدے - بابت - معاملہ مضمون - حق جیسے فلاں کے بارہ میں (۲) ایک دفعہ - ایک مرتبہ

بارہ - ہ - صفت دو اور دس - دوازدہ - ۱۲ +

بارہ باٹ - ہ - صفت (۱) لغوی معنی بارہ رستے (۲) متفرق - جدا جدا - الگ الگ (۳) تتر بتر - آوارہ منتشر (۴) حیران و پریشان - متفکر - متردد (۵) پورب میں - اکارت - ضایع - بیکار (۶) مختلف الرائے (۷) برباد - ویران - غارت شدہ +

بارہ باٹ کرنا - ہ - فعل لازم - تتر بتر کرنا - بکھیرنا

بارہ باٹ ہونا - ہ - فعل لازم - متفرق ہونا - تتر بتر ہونا - بکھرنا ستیاناس ہونا - اجڑنا - برباد ہونا - بگڑنا +

بارہ بانی } - ہ - صفت - ع - (۱) پورا - کامل - ماہر
بارہ بانی کا } - ہ - صحیح سلامت +

اس بن کو چین نہ آوے
وہ میری تس آن بجھاوے
ہے وہ سب گن بارہ بانی
اے سکھی ساجن نا سکھی پانی
(مکری)

(۲) بے نقص - بے عیب - کورا - زردگا - جسم کا تندرست ایسا زردگا جیسا ماں کے پیٹ سے پیدا ہوتا ہے (۳) عیار - خالص - کھرا - بے غش - جیسے اناڑی کا سونا بارہ بانی +

بارہ بچے والی - ہ - اسم مؤنث - اول معنی ظاہر (۲) سؤرنی (۳) کثیر الاولاد (حقارتاً)

بارہ پتھر - ہ - اسم مذکر (لشکری) وہ چھاونی کی حد جسے بارہ ستونوں سے گھیر دیتے ہیں +

بارہ پتھر باہر کرنا - ہ - فعل متعدی - چھاونی کی حد سے

نکالدینا - مُرادًا اِخراج بلد کرنا - شہر بدر کرنا +

بارہ پنی توپ - ا - اِسم مؤنث (۱) وُہ توپ جسمیں بارہ پونڈ یعنی چھ سیر کا گولہ آتا ہے (۲) صفت میں نہایت فربہ اور موٹا آدمی +

بارہ ٹوپی - ہ - اِسم مؤنث (۱) یُورپ کی بارہ قوموں اور اُنکی طاقت سے مُراد ہے شاید مختلف وضع کی ٹوپیاں دیکھکر یہ خیال جمایا ہے (۲) بارہ عقلمند اور چالاک آدمیوں کی کونسل +

بارہ دری - ا - اِسم مؤنث بارہ دروازوں کا ہوادار مکان جو اکثر باغ میں یا دریا کے کنارہ پر بنا لیتے ہیں مگر اب بارہ سے کم دروازہ والے مکان پر بھی اسکا اطلاق ہونے لگا ہے +

بارہ سنگا - ہ - اِسم مذکر - (صحیح بارہ سینگھا) ایک قسم کا پہاڑی ہرن جسکے سینگ شاخ در شاخ اور بہت لمبے ہوتے ہیں - گوزن - نخچیر +

بارہ کھڑی - ہ - اِسم مؤنث (۱) دیوناگری میں بیجنوں (حروف صحیح) کو بارہ سُوروں (اعراب) سے مِلا کر لکھنا یا پڑھنا جیسے اُردو کی تقطیعاں (۲) ایک قسم کی مرہٹی نظم جسکے ہر ایک مصرع کے شروع میں بالترتیب آخر تک - ہندی حروف تہجی کا ایک ایک حرف لا کر گویا الف بے تے کر دیتے ہیں +

بارہ گنہ لکھتی ہوں - ا - مُحاورہ عو - شرط باندھتی ہوں شرط لگاتی ہوں - بارہ گناہوں کی سزا سو میری سزا اسباب کے ہو جانے میں بارہ گناہونکا جُرم اپنے اُوپر لیتی ہوں + ایک ایک کے بارہ بارہ قبول کرتی ہوں (اُس جتنی گنتی خیال کرو)

بارہ ماسہ - ہ - اِسم مذکر - وُہ نظم جسمیں ہندی کے بارہ مہینوں کی تکلیف اور کیفیت فراق زدہ عورت کی طرف سے بیان کی جاتی ہے +

بارہ مہینے - ہ - تابع فعل (۱) دوازدہ ماہ - تمام سال (۲) ہمیشہ - نت - سدا +

بارہ وفات - ا - اِسم مذکر (۱) ربیع الاول کے وہ بارہ دن جنمیں رسُول مقبُول نے بیمار ہو کر وفات پائی (۲) مسلمان عورتوں کا تیسرا مہینا +

بارہا - ا - تابع فعل - کئی بار - اکثر - بہت دفعہ - بدفعات

باری - ع - اِسم مذکر - خاک سے پیدا کرنیوالا - خالق - برحق خدا تعالی - سائیں - داتا +

باری تعالی - ع - اِسم مذکر - خدائے بزرگ - خداوند برتر

بارے - ف - تابع فعل - آخرالامر - آخر کار - الغرض

باری - ا - اِسم مؤنث (۱) نمبروار - نوبت - دور - دفعہ (۲) موقع - وقت (۳) پہرہ - چوکی +

باری باری - ا - تابع فعل - دیکھو - (باربار)

باریاب - ف - صفت - اِجازت پانے والا - دربار اور کچہری میں آنے والا +

باری دار - ا - اِسم مذکر - پہرہ چوکی والے - محافظ

باری دارنی - ا - اِسم مؤنث - پاسبان - دربان چوکیدار +

باریک - ف - صفت (۱) پتلا - مہین - ہلکا (۲) نازک (۳) مشکل - دقیق جیسے بڑا باریک مسئلہ ہے (۴) خفیف - ادنیٰ جیسے باریک فرق (۵) نہایت چھوٹا +

باریک بیں - ف - صفت (۱) تیز فہم - رموز داں خردہ بیں - دقیقہ رس (۲) مبصر - واقفکار +

باریک کام - ف - اِسم مذکر - دقیق کام - نازک اور دیدہ ریزی کا کام - کتابت نقاشی مصوری اور گھڑی سازی وغیرہ +

باریکہ - و - اسم مذکر (۱) قلم مُو - وہ باریک بالوں کی قلم جس سے مصوّر باریک خط کھینچتے ہیں (۲) وہ خط جو جدول کے علاوہ صفحوں کے کناروں پر کھینچتے ہیں

باریکی - ف - اسم مؤنث (۱) پتلا پن - مہین پن (۲) نکتہ - دقیقہ (۳) نزاکت (۴) مُوشگافی +

باریکیاں نکالنا - ا - فعل متعدی - نکتہ چینی کرنا خردہ گیری کرنا +

باڈی گارڈ - انگلش - Bodyguard - اسم مذکر بوڈی گارڈ - محافظ تن - خواص - وہ سوار جو بادشاہ یا راجہ کی جان کی حفاظت کے واسطے ہمراہ رہتے ہیں

باڑ } - ہ - اسم مؤنث (۱) دھار - دم شمشیر (۲) حد - کنارہ - گور
باڑھ } - ہ - حاشیہ (۳) درختوں کی قطار یا سپاہیوں کی صف (۴) کانٹوں یا جھاڑ کی احاطہ بندی کنگھرا (۵) مہرہ - زد - سامنے - آگے جیسے تمنے ہم کو ہی باڑ پر رکھا (۶) کئی بندوقوں یا توپوں کا ایک فیر (۷) دریا کی طغیانی - دریا کا چڑھاؤ (۸) قد کی بڑھوتری - درازیِ قامت - نمو - بالیدگی +

باڑ اڑانا }
باڑ جھاڑنا } - ہ - فعل متعدی - ایک ساتھ بندوقیں یا توپیں داغنا - بندوقوں اور توپوں کا مسلسل چھوڑنا - قطار باندھکر فیر کرنا +
باڑ چھوڑنا }
باڑ مارنا }

باڑ باندھنا - ہ - فعل متعدی - کانٹوں یا جھاڑی سے احاطہ گھیرنا

باڑ پر چڑھانا - ہ - فعل متعدی (۱) دھار تیز کرنا (۲) دھونس پر چڑھانا - دم میں لانا - اُکسانا - آمادہ کرنا +

باڑ رکھنا - ہ - فعل متعدی - دھار رکھنا - تیز کرنا - سان چڑھانا - پتھر چٹانا +

باڑ کا ڈورا - ہ - اسم مذکر - خط شمشیر - وہ نشان جو تلوار کی دھار سے یونہی سا پڑ جائے +

باڑا - ہ - اسم مذکر (۱) احاطہ - چاردیواری - دائرہ (۲) کٹہرا - کٹھرا (۳) جنگل (۴) میدان (۵) گورستان - قبرستان - تکیہ (۶) بکھیر - دان - خیرات وغیرہ جو شادی میں ہندو لوگ فقیروں اور کمینوں وغیرہ کو دیتے ہیں +

باڑنا - ہ - فعل لازم (۱) دخول کرنا - گھسانا - داخل کرنا

باڑی - ہ - اسم مؤنث (۱) مسکن - جائے سکونت (۲) باغچہ - باغیچی - بُستانسرا - چھوٹا سا چمن جو مکان کے اندر لگا دیتے ہیں - پائیں باغ (۳) روئی کا کھیت

باز - ع - اسم مذکر - ایک شکاری پرند کا نام ہے جس کی پیٹھ سیاہ اور آنکھیں سُرخ ہوتی ہیں +

باز - ف - باختن کا امر (۱) جب یہ لفظ کسی اسم کے آخیر میں آتا ہے تو اُسے اسم فاعل ترکیبی بنا دیتا ہے جیسے کبوتر باز پتنگ باز وغیرہ (۲) پھر - بار دیگر + واپس - اعادہ +

باز آنا - ا - فعل لازم (۱) لغوی معنی لوٹنا - پلٹنا - واپس آنا (۲) ہاتھ اٹھانا - دست بردار یا دستکش ہونا - دھاکر پوجا + تجنا - تیاگنا - چھوڑنا - ترک کرنا + اجتناب کرنا پرہیز کرنا - کنارہ کرنا - توبہ کرنا (۳) انکار کرنا +

باز رکھنا - ا - فعل متعدی - روکنا - روک رکھنا - اٹکا رکھنا - سدّ راہ ہونا + منع کرنا - موقوف رکھنا +

بازار - ف - اسم مذکر - خرید و فروخت کی جگہ - ہاٹ - پینٹھ - چوہٹا - سُوق +

بازار بٹا - ا - اسم مذکر - کٹوتی - منہائی - ڈسکونٹ - بادھا +

بازار بند ہونا - ا - فعل لازم - ہڑتال ہونا - بازار کی دوکانوں کا بند ہو جانا +

بازار خرچ - ف - اسم مذکر - جیب خرچ - ذاتی مقدمہ کا خرچ +

بازار چودھری - ا - اسم مذکر - چھاونی کے بازار کی رپورٹ کرنے والا سرکاری ملازم +

بازار دکھانا - ا - فعل متعدی (بازاری) کسی چیز کو بیچنے کے واسطے بازار لے جانا +

بازار کا بھاؤ - ا - اسم مذکر (۱) بازاری نرخ - کھلا نرخ - عام نرخ (۲) واجبی قیمت - ٹھیک قیمت +

بازار کا چلن - ا - اسم مذکر - بازار کا رواج - بازار کا دستور یا برتاؤ +

بازار کھلنا - ا - فعل لازم - دوکانیں کھلنا +

بازار کے بھاؤ پٹنا - ا - فعل لازم - اسطرح پٹنا کہ سبکو خبر ہو جائے - خوب پٹنا - نہایت پٹنا +

بازار کی مٹھائی - ا - اسم مؤنث - وہ چیز جو ہر ایک شخص اپنے استعمال میں لا سکے - مراداً کسبی +

بازار گرم ہونا - ا - فعل لازم (۱) بازار چمکنا - بخوبی خرید و فروخت ہونا - بازار کا رونق پر ہونا (۲) کسی چیز کا زور ہونا - غلبہ ہونا جیسے بیماری کا بازار گرم ہے +

بازار لگانا - ا - فعل متعدی (۱) دوکانیں لگانا یا کھولنا (۲) چیزوں کو پھیلانا - بے ترتیب رکھنا (۳) بھیڑ کرنا - انبوہ کرنا +

بازار لگنا - ا - فعل لازم (۱) پینٹھ لگنا - دوکانیں کھلنا (۲) بھیڑ ہونا +

بازار مندا ہونا - ا - فعل لازم - خرید و فروخت کا کم ہونا - سرد بازاری ہونا +

بازار ناپنا - ا - فعل لازم - آوارہ پھرنا - ناحق بازار کے چکر لگانا - خالی خولی پھرنا +

بَازارُو - ا - صفت - (بازار کی بکری کی چیز - چلتاؤ چیز - مراداً ہلکی - بودی - کا جو بھو جو اور صرف دکھاوے کی چیز)

بَازاری - ف - صفت - (۱) بازار سے نسبت رکھنے والا + عام - معمولی - مروّج (۲) بازار کے بیٹھنے والے - اوباش - شہدے - بے اعتبار +

بازاری عورت - ا - اسم مؤنث - کسبی - بیسوا - پاتر

بازاری گپ - ا - اسم مؤنث - افواہ - اڑائی +

بَازپُرس - ف - اسم مؤنث (۱) پوچھ گچھ - محاسبہ - جوابدہی - مواخذہ - بازخواست - تحقیقات +

بازپرس کرنا - ا - فعل متعدی (۱) جواب طلب کرنا - استفسار کرنا - تحقیقات کرنا - محاسبہ لینا - مواخذہ کرنا

بَازخواہ - ف - اسم مذکر - جواب طلب کرنیوالا - تحقیقات کرنے والا +

بَازگشت - ف - اسم مؤنث - واپسی - مراجعت - اعادہ

بَازُو - ف - اسم مذکر (۱) ڈنڑ - بھجا - کہنی سے شانے تک کا حصہ - عضد (۲) جناح - پرندوں کے جسم کا وہ حصہ جسمیں شہپر ہوتے ہیں (۳) پہلو - اطراف (۴) دائیں بائیں کی فوج - میسرہ اور میمنہ (۵) ثانی - جواب - مقابل - دوسرا برابر کا (۶) سگا بھائی (۷) دوست (۸) معاون - مددگار - دستگیر (۹) مرثیہ خوانوں کا جوڑی دار جو جواب پڑھتا ہے - جوابی + ساتھی (۱۰) بازو بند +

بازوبند - ف - اسم مذکر - بھج بند - ایک زنانہ زیور ہے جو بانہ پر باندھتے ہیں +

بازو پھڑکنا - ا - فعل لازم - کسی دوست سے ملنے کا شگون

بَازی - ف - اسم مؤنث (۱) کھیل - تماشا - کرتب (۲) شرط - بدنی (۳) کابلی کبوتر کا پٹیاں کھانا - کلا کرنا - گرہ کرنا (۴) داؤ - بازی - دک (۵) زر شرط (۶) چال - فریب - دھوکا (۷) غلبہ - جیت +

بازی بدنا - ا - فعل لازم - شرط بدنا - داؤ لگانا

بازی جیتنا - ا - فعل لازم (۱) شرط جیتنا (۲) فتحیاب ہونا - کامیاب ہونا +

بازی دینا / بازی کرنا } ا - فعل لازم (۱) مات دینا - ہرانا (۲) کابلی کبوتروں کا گرہ کرنا - نٹوں کا کلا کرنا

بازی کھانا - ا - فعل لازم - (۱) مات کھانا - ہارنا (۲) کبوتر کا گرہ کرنا +

بازی لگانا - ا - فعل متعدی - شرط بدنا - ہوڑ لگانا +

بازی لے جانا - ا - فعل متعدی - جیتنا - غالب آنا -

بازی ہارنا - ا - فعل لازم - شرط ہارنا - مات کھانا مغلوب ہونا +

بازیچہ - ف - اسم مذکر - کھیل - تماشا + کھلونا

بازیگر - ف - اسم مذکر - تماشاگر - بھانمتی - شعبدہ باز مداری - حقہ باز - نٹ +

باس - ہ - اسم مؤنث (۱) بو - رائحہ - گند (۲) مہک سگند - خوشبو جیسے باسی پھولوں میں باس نہیں پردیسی ہم تری آس نہیں +

باسا کرنا - ہ - فعل لازم (ہندو فقیر) - بسرام کرنا - ٹھیرنا شب باش ہونا +

باسک - ہ - اسم مذکر (۱) وہ سانپ جسکے اوپر ہندو زمین کو قایم خیال کرتے ہیں (۲) سب سانپوں کا سردار - ناگوں کا بادشاہ +

باسلیق - (یونانی) اسم مؤنث - بازو کی اس رگ کا نام ہے جو دل اور جگر میں ہوکر آتی ہے +

باسمتی - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کا عمدہ اور خوشبودار چاول

باسن - ہ - اسم مذکر - برتن - بھانڈا - ظرف +

باسنا - ہ - فعل متعدی (۱) ہندو - معطر کرنا - خوشبو ناک کرنا خوشبو میں بسانا - رچانا ۲ - (بحالت اسم) خوشبو سگندھ باس

باسی - ہ - صفت (۱) رات کا بچا ہوا - رات گزرا ہوا - شبینہ (۲) مرجھایا ہوا - اترا ہوا (۳) ساکن - باشندہ +

باسی عید - ا - اسم مؤنث - عید کا دوسرا روز +

باسی منہ - ہ - اسم مذکر - بغیر منہ دھوئے - ترنے منہ نہار منہ

باشندہ - ف - اسم مذکر - ساکن - باشی - رہنے والا بسنے والا

باشہ - ف - اسم مذکر - ایک شکاری پرند کا نام ہے +

باطل - ع - صفت (۱) جھوٹا - کھوٹا (۲) دروغ - بے اصل ناحق - غلط - جھوٹ (۳) لغو - پوچ - بیہودہ - بیفائدہ - بادہوائی (۴) ضایع - بیکار - نکما +

باطل کرنا - ا - فعل متعدی - جھٹلانا - غلط ٹھیرانا - رد کرنا - منسوخ کرنا

باطن - ع - اسم مذکر - اندرونی حصہ - اندرون - انتر - دل - پوشیدہ - قلب

باعث - ع - اسم مذکر (۱) سبب - کارن - وجہ - علت (۲) موجد - مخترع (۳) اصل - حقیقت - بنیاد +

باغ - ف - اسم مذکر - پھلواری - باڑی - گلزار - چمن زار - وہ جگہ جہاں بہت سے درخت لگائے ہوں - درختوں کا جھنڈ + فردوس +

باغ باڑی - ا - اسم مؤنث - ہندو (۱) پھلواری (۲) بال بچے - اولاد +

باغ باغ ہونا - ا - فعل لازم - نہایت خوش ہونا - شگفتہ خاطر ہونا - پھولا نہ سمانا +

باغ سبز دکھانا - ا - فعل متعدی - دھوکا دینا - فریب دینا

باغبان - ف - اسم مذکر - مالی - باغ کا محافظ - چمن پیرا

باغچہ - ف - اسم مذکر - عوام باغیچہ - چھوٹا سا باغ - چمن

باغی - ع - صفت - سرکش - متمرد - بغاوت کرنیوالا - پھرا ہوا - حاکم سے پھرا ہوا

باغی - ف - صفت - جنگلی کے خلاف - باغ کا بویا ہوا - لگایا ہوا جیسے باغی بیر - باغی شلغم وغیرہ +

بافتہ - ف - اسم مذکر - ایک قسم کا ریشمی کپڑا +

باقرخانی - ت - اسم مؤنث - ایک قسم کی روغنی اور خستہ میدے کی روٹی جو شکر اور دودھ ملا کر تنور میں پکائی جاتی ہے +

باقلا - ع - اسم مذکر - مٹر اور لوبیہ کے قسم کا ایک غلہ ہے جسکی پھلیاں پکاتے ہیں اصل میں یہ مصر سے آیا ہے +

باقی - ع - اسم مؤنث - بچی ہوئی چیز - مابقی - بچت - بقایا - بقیہ (۲) صفت ہیں - پایندہ - قایم - دیرپا - غیرفانی - زندہ - موجود (۳) واجب الادا - واجب الوصول + دین +

باقی دار - ع + ف - اسم مذکر - وہ شخص جسکے ذمہ کچھ روپیہ باقی رہے - دیندار +

باقی ساقی - ل - اسم مؤنث - بچا کھچا - بچا بچایا - رہا سہا

باک - ف - اسم مذکر - خوف - اندیشہ - خطر - ڈر - دہشت

باکرہ - ع - اسم مؤنث - دوشیزہ - حیابند - کنواری - کنیا

باکلی - ہ - اسم مؤنث (گنوار) اُبلا ہوا اناج - گھنگنی - گڑ گلا

باکھ - ہ - اسم مذکر - گائے بھینس بکری وغیرہ کے تھنوں کا اوپر کا حصہ جسے کھیری کہتے ہیں - دودھ کا مخزن

باکھڑی یا باکھلی - ہ - اسم مؤنث - وہ گائے یا بھینس جو صرف پانچ مہینے دودھ دیکر رک جائے +

باکھل - ہ - اسم مؤنث - بگڑ - باڑا - احاطہ - چند گھروں کا محلہ

باگ - ہ - اسم مؤنث - عنان - راس - زمام - وہ تسمہ جسکا ایک سرا گھوڑے کے دہانہ میں اور دوسرا سوار کے ہاتھ میں رہتا ہے +

باگ اُٹھانا - ہ - فعل متعدی - گھوڑا دوڑانا - چلنا - روانہ ہونا

باگ ڈور - ہ - اسم مؤنث - پاہنگ - وہ رسی جو گھوڑے کی لگام میں باندھکر سائیس اپنے ہاتھ میں رکھتا ہے

باگ ڈھیلی کرنا - ہ - فعل لازم - باگ چھوڑنا تاکہ گھوڑا خوب دوڑے +

باگ روکنا } فعل لازم - گھوڑے کے ٹھیرانے کو
باگ کھینچنا } ہ لگام کھینچنا - گھوڑا ٹھیرانا +

باگ لینا ہ فعل لازم - دیکھو (باگ اُٹھانا) +

باگ مُڑنا - ہ - فعل لازم - سیتلا ڈھلنا - چیچک کے زور کا مرجھانا - سیتلا کا زمانہ انحطاط +

باگ موڑنا - ہ - فعل لازم (۱) لگام پھیرنا - گھوڑا پھیرنا - لوٹانا (۲) دیکھو (باگ مُڑنا) +

باگ ہاتھ سے چھوٹنا - ہ - فعل لازم - موقع جاتا رہنا - بے قابو ہونا - اختیار نہ رہنا +

باگ ہاتھ سے چھوڑنا - ہ - فعل متعدی (۱) لگام کو ڈھیلا چھوڑنا - گھوڑا دوڑانا (۲) تنبیہ نکرنا - خبر نہ لینا +

باگا - ہ - اسم مذکر (ہندو) خلعت نوشہ - دولہا کا جوڑا - پوشاک +

باگھ - ہ - اسم مذکر - شیر - سنگھ - اسد + غضنفر - قسورہ + چیتا - پلنگ +

باگھی - ہ - اسم مؤنث - پورب میں - بد - اُلبا - وہ گرہ جو کسی زخم یا سوزاک کی وجہ سے چڈوں میں پڑ جاتی ہے +

بال - ہ - اسم مؤنث - جوار باجرہ گیہوں وغیرہ کا خوشہ - سنبلہ - سٹہ +

بال - ہ - اسم مذکر - ہندو (۱) بالک - بچہ - سات آٹھ برس کا لڑکا یا لڑکی - نوعمر (۲) سولہ برس سے کم عمر لڑکی +

بال بچوں والی - ہ - اسم مؤنث (۱) کنبہ دار - اولاد والی (۲) سیتلا - ماتا - چیچک (ہندو عو)

بال بچے - ہ - اسم مذکر - اول معلوم (۲) جورو - بچے - کنبہ

بال بدھ - ہ - اسم مؤنث - لڑکپن کی عقل - ناتجربہ کاری کی سمجھ

بالپن - ہ - اسم مذکر - ہندو - لڑکپن - طفلی - طفولیت - خصوصاً کرشن جی کی بچپن کی لیلا +

بال رانڈ - ٥ - اسم مؤنث (ہندو) نوعمر بیوہ +

بال گوپال - ٥ - اسم مذکر (۱) لڑکے بالے - بال بچے (۲) چیلے چانٹے - مرید بچائی فرزند +

بال ہٹ - ٥ - اسم مؤنث - بچوں کی ضد - اڑ +

بال - ٥ - اسم مذکر (۱) مو - شعر - رواں - رونگٹا پشم کیس (۲) باریک دراڑ یا تڑکاف (۳) مصری کا تاگا (۴) وہ گولی جو گولیاں پھینکتے وقت سب گولیوں سے زیادہ فاصلہ پر ہو بال - اور جو اس سے کم فاصلہ پر ہو وہ چوٹوں کہلاتی ہے

بال اترنا - ٥ - فعل لازم (۱) بال گرنا - از خود بالوں کا جھڑ جانا (۲) مونڈن ہونا - موتراشی ہونا +

بال آنا - ٥ - فعل لازم (۱) بال نکلنا - بال پیدا ہونا (۲) دراڑ آنا - تڑکاف پڑنا +

بال بال - ٥ - تابع فعل - ہر ایک بال - ذرا ذرا - جزو کل - بالکل - سراپا - مو بمو +

بال بال بچنا - ٥ - فعل لازم - صاف بچنا - ذرا صدمہ نہ پہنچنا - بہت قریب سے بچنا - بالوں بچنا +

بال بال دشمن ہونا - ٥ - فعل لازم - تمام اپنے اور بیگانوں کا دشمنی اختیار کرلینا (مبالغۂ دشمنی)

بال بال گج موتی پرونا - ٥ - فعل لازم - خوب آراستہ و پیراستہ ہونا - ایڑی سے چوٹی تک سنگار کرنا

بال بال گنہگار رہے - ۱ - محاورہ - یعنی انسان سر تا پا گنہگار ہے (مبالغۂ گناہ)

بال باندھا - ٥ - صفت (۱) تابع مطیع + (۲) ٹھیک سچ - راست - تیر بہ ہدف - (۳) غلاموں کی مانند

بال باندھا چور - ٥ - محاورہ (۱) پورا چور - ذرد کامل (۲) عاشق کا دل جو معشوق کے ہر ایک بال سے وابستہ ہے

بال باندھا غلام - ۱ - محاورہ - نہایت تابع اور فرمانبردار غلام ملازم بے عذر - اشارہ پر کام کرنے والا +

بال باندھا نشانہ اڑانا - ۱ - فعل لازم - ٹھیک نشانہ لگانا - نشانہ کا خطا نہ کرنا - قادر انداز ہونا +

بال باندھی کوڑی اڑانا - ٥ - فعل لازم - نشانہ اڑانا قادر انداز ہونا - نشانہ خطا نہ کرنا - تیر بہدف لگانا - بے چوک اور ٹھیک نشانہ مارنا +

بال برابر - ۱ - اسم مذکر (۱) فرق ادنیٰ - نہایت باریک فرق (۲) ذرا - ذرا سا +

بال بکھرنا - ٥ - فعل لازم (۱) بالوں کا پریشان ہونا (۲) انسان کا پریشانی کی حالت میں ہونا +

بال بکھیرنا - ٥ - فعل متعدی - ماتم کے وقت بالوں کو پریشان کرنا +

بال بنانا - ٥ - فعل متعدی (۱) چوٹی گوندھنا (۲) سر کے بالوں کو خمدار اور پر پیچ کرنا (۳) حجامت بنانا - خط بنانا

بال بیکا نہ ہونا - ٥ - فعل لازم - صحیح (بال بانکا) ۱ - بال ٹیڑھا نہ ہونا - ذرا صدمہ و آسیب نہ پہنچنا - آنچ نہ آنا (۲) غایت احتیاط ہونا +

بال پکنا - ٥ - فعل لازم - (پورب میں) بال سفید ہونا +

بال توڑ - ٥ - اسم مذکر - وہ پھوڑا جو جسم کے بال ٹوٹنے سے ہو جاتا ہے +

بال جھڑنا - ٥ - فعل لازم - دماغ کی ناطاقتی یا کنگھی سے بالوں کا گرنا - صحت مرض کے بعد بالوں کا اتر جانا +

بال چننا - ٥ - فعل لازم - موچنے سے سفید بالوں کو علیحدہ کرنا

بال چھترنا - ٥ - فعل لازم - ہندو - بال بکھرنا +

بال چھتری - ٥ - اسم مؤنث - شاہجہانی [illegible]

بال خورا - ٥ - اسم مذکر - ایک مرض کا نام ہے جس سے مویشیوں وغیرہ کے بالکل بال گر جاتے ہیں +

بال دینا - ہ - فعل لازم - ہندو (۱) بعد مُنڈوانا کریا کرم کرنیکے واسطے بال مُنڈوانا (۲) پُورب کی مُسلمان عورتوں میں دستور ہے کہ وُہ محرم میں تعزیہ کے سامنے کھڑی ہوکر اپنے سرکو اسطرح ہلاتی ہیں کہ اُنکے بال کبھی چہرہ پر اور کبھی گُدّی پر آگرتے ہیں بلکہ اسکے ساتھ ماتم کے الفاظ کہتی اور چھاتی کو پیٹتی جاتی ہیں وُہ اِسبات کو بال دینا کہتی ہیں

بال رکھنا - ہ - فعل لازم (۱) بالونکو بڑھنے دینا (۲) بالوں کی منّت ماننا +

بال سفید ہونا - ا - فعل لازم بُڑھاپا آنا +

بال سُلجھانا - ہ - فعل لازم - بالوں میں کنگھی کرنا - اُلجھے ہوے بالوں کو کھولکر صاف کرنا +

بال سے باریک ہونا - ہ - فعل لازم - نہایت دُبلا پتلا ہونا

بال صفا - ا - اسم مذکر - نُورا - ہڑتال اور چونہ جس سے عورتیں مُوے زہار صاف کرتی ہیں +

بال کا کمّل بنانا - ہ - فعل لازم - چھوٹی بات کا بڑا کرکے دکھانا - بات کا بتنگڑ یا رائی کا پربت بنانا +

بال کمانی - ا - اسم مؤنث - گھڑی کے اندر کی وُہ کمانی جو نہایت باریک ہوتی ہے + ہیر اسپرنگ +

بال کھڑے ہونا - ہ - فعل لازم - خوف کے وقت یا جاڑے کا بخار چڑھنے سے پہلے جو انسان کے رُونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں اُس سے مُراد ہے +

بال کھولنا - ہ - فعل لازم - نوحہ یا ماتم یا فریاد کے واسطے عورتوں کا سر کے بالوں کو بکھیرنا +

بال کی بھیڑ بنانا - ہ - فعل لازم - بات بڑھانا - سُوئی کا پھاوڑا ظاہر کرنا - پر کا کاگ بنانا +

بال کی کھال کھینچنا - ہ - فعل لازم - مُوشگافی کرنا - نظر غائر سے دیکھنا - باریک باتیں نکالنا - دِقّت پسندی اور نہایت دقیق باتوں کے حل کرنے سے مُراد ہے +

بال لینا - ہ - فعل لازم - مُونڈنا - اُسترہ لینا - موئے زہار کا مُونڈنا +

بَال - ف - اسم مذکر (۱) پرندہ کی بازو کا پچھلا جوڑ جسکے زور سے پرواز کرتا ہے - بازو پر (۲) عربی میں دل - حال - بے پروائی - خوشدلی جیسے فارغ البال

بال و پر نکالنا - ہ - فعل لازم (۱) پرو پُرزے نکالنا - اُڑنے کے قابل ہونا - ہوش سنبھالنا - طاقت ور ہونا (۲) شریر ہونا - فتنہ انگیز ہونا (۳) نو دولت ہونا - نیا نیا مال ہاتھ لگنا +

بَالا - ہ - اسم مذکر - وُہ سونے یا چاندی کا مُڑا ہوا تار یا حلقہ جو عورتیں کانوں میں پہنتی ہیں +

بَالا - ہ - اسم مذکر (۱) چھوٹی عُمر کا بچّہ (۲) سولہ برس تک کا بالک - لڑکا ۳ (صفت) بچّوں کا سا جیسے سر کالا مُنہ بالا (جسوقت بالا جوبن کہتے ہیں تو وہاں اُٹھتی جوانی سے غرض ہوتی ہے) ۴ - ناسمجھ - بھولا - نادان (۵) جبتک گیہوں یا جَو کا پیڑ مُٹھی بھر کا رہتا ہے اُسے بھی بالا کہتے ہیں

بالا بھولا - ہ - صفت (۱) معصوم - وُہ لڑکا جو فن و فریب نجانے (۲) سیدھا سادھا - بے ریا - بے کپٹ +

بالا چاند - ہ - اسم مذکر - نیا چاند - ہلال - ماہِ نو +

بَالا - ف - صفت (۱) فوق - اُوپر - بخلاف زیر - پر (۲) مذکور - مذکورہ (۳) دراز - لمبا - اُونچا - بلند - چوٹی کا (۴) آگے سامنے (۵) اسم مذکر میں - فریب - حیلہ - بہانہ - (صرف اُردو میں) (۶) قد و قامت +

بالا بالا - ف - تابع فعل - اُوپر ہی اُوپر - الگ ہی الگ بے اطلاع - چُپکے ہی چُپکے - پرے ہی پرے +

بالا بتانا - ا - فعل متعدی (۱) ٹالنا - بہانہ کرنا (۲) فریب دینا - دھوکا دینا - بُتّا دینا - اُوپر ہی اُوپر ٹالنا +

بالابر - ا - اسم مذکر (۱) انگرکھے کا وہ حصہ جو بیش کی حد سے نکلا ہوا ہوتا ہے (۲) ایک قسم کا انگرکھا جس کا اگلا دامن آنگے تک بڑھا ہوا ہوتا ہے +

بالابند - ف - اسم مذکر - بتانہ - سرپیچ - وہ گوشوارہ جو پگڑی کے اوپر باندھتے ہیں +

بالاپوش - ف - اسم مذکر (۱) لحاف - سوڑ (۲) غلاف پلنگ پوش

بالاخانہ - ف - اسم مذکر - اوپر کا کمرہ - اٹاری - چوبارہ - کوٹھا

بالادست - ف - صفت (۱) اوپر کا - اعلیٰ - اعظم - بڑا - زبردست (۲) افسر - حاکم - بڑا عہدہ دار (۳) صدر مجلس (۴) غالب (۵) عمدہ - نہایت نفیس

بالا دینا - ا - فعل متعدی - دیکھو (بالا بتانا)

بالانشین - ف - اسم مذکر (۱) صدر نشین - صدر مجلس - میر مجلس - اونچا بیٹھنے والا - بڑے مرتبہ والا (۲) وہ امیرانہ چیز جو کم داموں میں ہاتھ آئے +

بالاتفاق - ع - تابع فعل (ال عربی میں الصاق کے واسطے لاتے ہیں) ۱ - اتفاق کے ساتھ - اتفاق کرکے - ایک زبان یا ایک منہ ہوکر - متفق الرائے ہوکر - رضامندی سے (۲) کے اتفاق سے - بلا انکار و بلا اختلاف +

بالاجمال - ع - تابع فعل (۱) اجمال کے ساتھ - مجملاً (۲) بہیئت مجموعی ملکر - بالاجماع - بالاشتراک +

بالارادہ - ع - تابع فعل - اپنے ارادہ سے - جان بوجھکر - عمداً - قصداً +

بالائی - ف - تابع فعل (۱) بلندی - اونچائی (۲) علاوہ - غیر معمولی - اوپری - اوپر کی (۳) سطح کی - اوپر کی (۴) دودھ کی ملائی

بالائی مزے - ا - اسم مذکر - چوری چھپے کے لطف - اوپری عیش + غیر مقرری آسایش +

بالائی یافت - ف - اسم مؤنث - غیر معمولی آمد - دستوری + تنخواہ کے علاوہ یافت + رشوت - گھوس

بالبر - انگلش - باربر Barber. اسم مذکر - حجام - نائی - باؤ - موتراش + خاص تراش - خلیفہ +

بالتخصیص - ع - تابع فعل - علی الخصوص - خصوصاً - خاصکر - بالاختصاص - بالخصوص - خاصتہً +

بالتصریح - ع - تابع فعل - مشرح - صراحتاً - کھولکر - صاف صاف - بلا ابہام +

بالتفصیل - ع - تابع فعل - تفصیل وار - الگ الگ - [illegible]

بالٹی - ا - اسم مؤنث - ڈولچی - ٹین کا ڈول - وہ ظرف جسمیں برقی قوت پیدا کرنیکے واسطے نیلے تھوتے کا پانی رکھتے ہیں (یہ لفظ انگریزی بیٹری Batter سے بگڑا ہے)

بالشت - ا - اسم مؤنث - بتیر - وجب - بلاند - انگوٹھے کی نوک سے چھنگلیا کی نوک تک کا فاصلہ - بارہ انگل کا پیمانہ (اہل فارس کے کلام میں یہ لفظ اس معنی میں نہیں پایا جاتا معلوم ہوتا ہے کہ سنسکرت वितस्ति وتست سے بگڑا ہے کیونکہ تے اور لام کا بدل تبدیل حروف سے بھی ثابت ہے)

بالشتیا - ا - اسم مذکر - بالشت کے برابر آدمی - بونا - نہایت پستہ قد آدمی +

بالضرور - بالضرورت - ع - تابع فعل - ضرور - بلاشک - البتہ - قطعی +

بالعکس - ع - تابع فعل - الٹا - برخلاف - برعکس +

بالغ - ع - صفت - رسا - پہنچنے والا (۲) جوان - سیانا - اٹھارہ برس سے زیادہ عمر کا - پورا مرد +

بالغ نظر - ع - صفت - غائر نظر - حقیقت بیں +

بالغہ - ع - اسم مؤنث - جوان عورت - پوری عورت

بالفرض - ع - تابع فعل - ازروئے فرض - مانا [illegible] مانا - تسلیم کیا +

بالفعل - ع - تابع فعل (۱) اسوقت - [illegible] - فی الحال (۲) باصطلاح اطبا - ظاہر میں - [illegible] ت میں جس میں

بِالقُوَّہ - ع - تابع فعل (۱) از رُوئے قُوت - قُوت میں (۲) (اطبّا) دراصل - حقیقت میں - باطن میں +

بالک - ہ - اسم مذکر - چھوٹی عمر کا بچہ - شیر خوارہ - بالا یانا

بالکا - ہ - اسم مذکر - بچہ - مُرید بجائے فرزند - جوگیوں یا سنیاسیوں کا چیلا - فقیروں کا مُرید (۲) شاگرد - چٹّا

بالکاپن - بالکپنا - ہ - اسم مذکر - دیکھو - (بالپن) +

بالکل - ع - تابع فعل - تمام - سراسر - تمام وکمال +

بالگیر - ا - اسم مذکر - دیکھو (بارگیر) +

بالم - ہ - اسم مذکر (۱) خاوند - شوہر - پتی - سوامی - پریتم (۲) عاشق +

بالمُشافہ - ع - تابع فعل - دُوبدو - رُوبرو - مُنہ درمُنہ - آمنے سامنے - سنمکھ +

بالمقطع - ع - صفت - چکتا - قطعی - کوتہ - کوتاہ - منقطع

بالم کھیرا - ہ - اسم مذکر - بڑا کھیرا جو اکثر برسات میں ہوتا ہے

بالمواجہ - ع - تابع فعل (۱) دیکھو - (بالمشافہ) ۲ - موجودگی میں - سامنے +

بالنا - ہ - فعل متعدی - ہندو (۱) روشن کرنا - جلانا - (۲) آگ لگانا +

بالو - ہ - اسم مذکر - ریت - ریگ - بھُوبڑ - بھاڑ کا ریتہ

بالوشاہی - ا - اسم مذکر - ایک قسم کی مٹھائی ہے جسے خرا بھی کہتے ہیں (خستگی کے باعث یہ نام رکھا گیا ہے)

بالی - ہ - اسم مؤنث - کانیں پہننے کا چھوٹا سا حلقہ +

بالی - ہ - اسم مؤنث - چھوٹی عمر کی لڑکی +

بالی عمر - ا - صفت - اوائل عمر - لڑکپن یا بچپن کی عمر - کمسنی +

بالیدگی - ف - اسم مؤنث - نمو - روئیدگی - بڑھاؤ - پیدائش

بالے میاں - ا - اسم مذکر - محمود غزنوی کے بھانجے مسعود غازی کا لقب ہے جو چودہ برس کی عمر میں جہاد پر کمر باندھ کر ہند کے کافروں کے ہاتھ سے شہید ہوئے اور قصبہ بہرائچ میں دفن کئے گئے - اِنکے نام کی چھڑیاں بھی کھڑی کی جاتی ہیں جنکو ہندو اور گنوار مسلمان زیادہ مانتے ہیں) +

بالین - ف - اسم مؤنث (۱) سرہانہ (۲) تکیہ - بالش +

بام - ف - اسم مذکر (۱) کوٹھا - چھت (۲) بالاخانہ - اٹاری

بامھ - ہ - اسم مؤنث - ایک قسم کی سانپ کی صورت مچھلی جسکو فارسی میں مارماہی کہتے ہیں +

بامن - ہ - اسم مذکر (۱) بونا (۲) وشنو کا پانچواں اوتار

بامن - ہ - اسم مذکر (۱) ہندوؤں کی نہایت افضل ذات برہما کے ویدوں کا عالم (صحیح برہمن ہے)

بامن کی بیٹی کلمہ بھرے یا پڑھے - ا - محاورہ عو - نہایت سلونی خوش ذائقہ چیز کی تعریف میں مسلمان بولتے ہیں یعنی مذہب کا پکا ہندو بھی یہ چیز کھائے تو مسلمان ہو جائے +

بامنی - ہ - اسم مؤنث (۱) بامن کی جورو (۲) چھپکلی کی مانند ایک کیڑا ہے جسکی دُم سُرخ اور جسم چکنا ہوتا ہے اسے اکثر لوگ سانپ کی خالا بھی کہتے ہیں (۳) آنکھ کے ایک مرض کا نام ہے جسکے سبب سے برنیاں سُرخ رہتی اور پلکیں گر جاتی ہیں - سبل (۴) کنول کے پھول کا زرد زیرا جیسے مسلمانوں کے بچے شہزادی اور ہندوؤں کے رانی یا بامنی کہتے ہیں +

بان - ف - ایک کلمہ ہے جو اسما کے آخر میں لگانے سے محافظ دارندہ اور مالک کے معنی دیتا ہے جیسے دربان فیلبان وغیرہ

بان - ہ - اسم مذکر - مونج وغیرہ کی دو باریک بٹی ہوئی رسّی جس سے چارپائی وغیرہ بنتے ہیں +

بان - ہ - اسم مؤنث (۱) عادت - خُو - سبھاؤ - خصلت - مزاج - خاصیت (۲) طور - ڈھنگ (۳) مائیاں

شادی سے چند روز پہلے جو دولہا اور دلہن کے ساتھ ایک رسم برتی جاتی ہے (۴) تیر۔ تُنکہ۔ سہم۔ خدنگ (۵) ایک قسم کی ہوائی جو اگلے زمانہ کی لڑائیوں میں دشمن پر چھوڑا کرتے تھے (۶) جزر و مد۔ جوار بھاٹا +

بان بیٹھنا -ھ- فعل لازم- بائیوں بیٹھنا- مانجھے بیٹھنا

بان پڑنا -ھ- فعل لازم- عادت پڑنا- عادی ہونا

بان ڈالنا -ھ- فعل متعدی- عادت ڈالنا- سدھانا- عادی کرنا- خوگر کرنا +

بانا -ھ- اسم مذکر (۱) لباس پوشاک (۲) وضع- وردی- روپ سروپ- بھیس (۳) عادت- سبھاؤ (۴) وہ تار جنسے کپڑا عرض میں بنتے ہیں- پود- بخلاف تانا- (۵) ایک ہتیار کا نام ہے جسے دونوں ہاتھوں سے پکڑ کر لڑائی میں پھرتے ہیں (۶) نقرئی یا طلائی یا ریشمی ڈور جو بہادر آدمی اپنے ایک پانوں میں دلاوری کی علامت ظاہر کرنیکے واسطے باندھتے ہیں-

ساتھ مرنے پر نہ چھوڑا قاتل سفاک کا
پانوں میں بانا پڑا ہے حلقۂ فتراک کا (برق)

(۷) حرفہ- پیشہ- کسب- ہنر +

بانا باندھنا -ھ- فعل لازم (۱) مسلح ہونا- لیس ہونا- طیار ہونا- کمر باندھنا (۲) پکا منصوبہ کرنا- ٹھاننا (۳) کسی کام میں لاجواب و لاثانی ہونیکا دعویٰ کرنا +

بانا بدلنا -ھ- فعل لازم- بھیس بدلنا- روپ بھرنا- تبدیل لباس کرنا +

بانات -ھ- اسم مؤنث- عوام بنات- ایک قسم کا اونی کپڑا جو نہایت دبیز اور گرم ہوتا ہے- سقرلاط +

بانات کی حالت -صفت- بانات کی مانند سرخ- بہت سرخ- خون کبوتر- لال انگارا- بیربہوٹی +

بانبی -ھ- اسم مؤنث- سانپ کا بل- سوراخ مار +

بانٹ -ھ- اسم مؤنث (۱) تقسیم- بٹوارہ- قسمت حصہ- بخرہ- بھاگ- باچھ (۲) خارج قسمت- حاصل قسمت (۳) تاش کی بازی- گنجیفہ کی بازی و تقسیم بازی (۴) دودھ دوہتے وقت جگالی یا بھینس کے آگے کچھ کھانے کو رکھدیتے ہیں اُسے بھی بانٹ کہتے ہیں (۵) بٹ تولنے کے باٹ +

بانٹ چونٹ کر -ھ- تابع فعل- بانٹ بونٹ کر- دے دلا کر- تقسیم کرکے +

بانٹا -ھ- اسم مذکر- پورب- حصہ- بٹوارہ- تقسیم +

بانٹنا -ھ- فعل متعدی- تقسیم کرنا- حصہ لگانا- بھاگ

بانٹیا -ھ- اسم مذکر (بقال لوگ) ۱- واسطہ- سروکار- مطلب- تعلق- علاقہ + (۲) سبب- حساب- وجہ- باعث- موقع +

بانجھ -ھ- صفت (۱) بنجر زمین جسمیں کچھ پیدا نہیں ہوتا- اوسر- شور (۲) وہ عورت جسکو حمل نہ رہے- عقیمہ- عاقر (۳) اسم مں- ایک پہاڑی درخت کا نام ہے جسکے پھل کی گٹھلیاں اکثر ہندو بچوں کے گلے میں بیماری سے محفوظ رہنے کے واسطے ڈالتے ہیں +

بانچنا -ھ- فعل متعدی (۱) پڑھنا- حرف اٹھانا (۲) بغور نگاہ غایر نظر کرنا- مطالعہ کرنا +

باندھنا -ھ- فعل متعدی (۱) کھولنے کے خلاف (۱) بندش کرنا + کسنا- جکڑنا (۲) گرہ لگانا- گانٹھ دینا (۳) لٹکانا- آویزاں کرنا (۴) لپیٹنا + تہ کرنا (۵) مقید کرنا- ضبط کرنا- ٹھہرانا- جیسے وقت باندھنا- شرط (۶) پانی روکنا- بند لگانا (۷) تھامنا- پکڑنا- گرفتار (۸) اثر روکنا- اثر کھونا + جادو کے زور سے دھا

کو بیکار کر دینا جیسے تلوار کی دھار یا چولہے کی آگ یا کڑھائی باندھنا (۹) تیز کرنا۔ باڑ بنانا جیسے اُسترہ کی دھار باندھنا (۱۰) عقد کرنا۔ نکاح کرنا۔ بیاہنا (۱۱) پابند کرنا۔ مُقیّد کرنا (۱۲) ہندوؤں۔ بال گوندھنا۔ سر گوندھنا (۱۳) لگانا تہمت ڈالنا جیسے بُہتان باندھنا (۱۴) جوڑنا۔ مِلانا۔ جیسے ہاتھ باندھکر عرض کرنا۔ صف باندھنا وغیرہ (۱۵) بنانا۔ صُورت بنانا جیسے لڈّو باندھنا (۱۶) لکھنا۔ بیان کرنا عبارت یا نظم میں لانا جیسے مضمون باندھنا اور شعر باندھنا (۱۷) جمانا۔ بٹھانا جیسے خیال باندھنا۔ سِیدھ باندھنا۔ نِشانہ باندھنا (۱۸) تجویز کرنا جیسے محصُول باندھنا قانُون باندھنا (۱۹) گھیرنا۔ اِحاطہ کرنا۔ حلقہ کرنا۔ (۲۰) تشبیہ دینا۔ نظیر دینا (اِنشا)

سب اُسکو سرو باندھے ہیں تو اُسکو تاڑ باندھ
بوسہ کی گر ہوس ہے تو گردِ اُسکے پاڑ باندھ

باندھنُوں - ہ - اِسم مذکر (۱) گلبندی - بند ہیچ - جیرا جو مختلف رنگوں کے واسطے ڈورے سے باندھا کرتے ہیں اور نیز وُہ بندِش جو رنگریز مُونجھ سے چُندریاں رنگنے کے واسطے باندھتے ہیں (۲) بندِش - سازِش (۳) عو - تُہمت - طُوفان - بُہتان - اِلزام (۴) ارادہ - قصد (۵) خیال - تصوُّر - خیالی افسانہ یا بیان (۶) منصُوبہ - تدبیر - تجوِیز + پیشبندی +

باندھنُو باندھنا - ہ - عو - فعل لازم (۱) تُہمت لگانا اِتہام دھرنا۔ جھُوٹ بات بناکر مشہور کرنا (۲) منصُوبہ باندھنا خیال پکانا +

باندی - ہ - اِسم مؤنث - لونڈی - چیری - کنیز - داسی چھوکری - اَمَت +

باندی کا بیٹا یا جنا - ہ - اِسم مذکر - مُطیع - نہایت فرمانبردار

باندا - ہ - صفت - دُم کٹا - دُم بُریدہ +
(سانپ بیل وغیرہ کے واسطے آتا ہے) +

بانڈی - ہ - اِسم مؤنث - وُہ بانس کی لکڑی جو ہاتھ میں رکھتے ہیں - چوبدستی - چھڑی +

بانڈی باز - ہ - اِسم مذکر - (۱) بانڈیوں سے لڑنے والا لٹھ باز (۲) شورہ پُشت - خانہ جنگ - فسادی +

بانڈی چلنا - ہ - فعل لازم - مارکٹائی ہونا - لڑائی ہونا لٹھ چلنا +

بانس - ہ - اِسم مذکر (۱) ایک قسم کی لکڑی جو اندر سے خالی ہوتی ہے - نَے - قصب بمبُو (۲) سوا تین گز ہاتھ کا

بانس پر چڑھانا - ہ - فعل لازم ۔ بدنام کرنا - رُسوا کرنا - فضیحت کرنا

بانس پر چڑھنا - ہ - فعل لازم - بدنام ہونا - رُسوا ہونا

بانس ٹُوٹنا - ہ - فعل لازم - بانس پڑنا - بانسوں سے پٹنا

بانسا - ہ - اِسم مذکر (۱) دونوں نتھنوں کے بیچ کی ہڈی ناک کی جڑ - دِیوارِ کہینی (۲) پیٹھ کی ہڈی - ریڑھ (۳) ایک قسم کا درخت جسکے پھُولوں میں اکثر مٹھاس نکلتی ہے اور اُسکی لکڑی کے کوئیلوں کی بارُود خوب بنتی ہے - پیا بانسا

بانسا پھر جانا - ہ - فعل لازم - اوّل معلُوم (۲) علامتِ مرگ کا ظاہر ہونا +

بانسری - ہ - اِسم مؤنث - نے - مُرلی - بانسلی - بنسی - مثل الغوزہ ایک باجہ ہے جسے مُنہ سے بجاتے ہیں

بانسوں اُچھلنا - ہ - فعل لازم (۱) خوشی میں کُودنا نہایت خوش ہونا (۲) دریا کے مینڈکوں کا نہایت بلند ہونا - گگن کھیلنا - جیسے پانی بانسوں اُچھل رہا ہے

بانسی - ہ - اِسم مؤنث - ایک قسم کا نرسل جو بانس کی مانند مضبُوط اور نیچوں کے کام کا ہوتا ہے (۲) ایک قسم کا پتھر جسکا رنگ زرد سفیدی مائل اور اُسکی بڑی بڑی سلیں آتی ہیں

بانک - ہ - اِسم مذکّر - لغوی معنی - کج (۱) فن سپہ گری میں سے ایک ورزش کا نام ہے جسے بکنیتی کہتے ہیں اور اسی کٹار نُما ٹیڑھی چُھریوں سے بیٹھکر یا لیٹ کر کھیلتے ہیں (۲) بانک کھیلنے کا ہتھیار - خنجر - کٹار (۳) ٹیڑھا - ترچھا - خمیدہ - کج (۴) کمان - دھنش - دھنک (۵) ایک نعل کی مانند [illegible] دار آوزار جس سے گہنے چھیلتے ہیں (۶) ایک قسم کا [illegible] جو [illegible] ہندنیاں پاؤں میں اور مسلمانیاں بازو [illegible] میں [illegible] ایک قسم کی چوڑی (۷) دریا کا موڑ [illegible] کا [illegible] کنارا جو حلقہ کی مانند گول ہو

بانکا - [illegible] ٹیڑھا - ترچھا - اکڑباز (۲) چھیلا - البیلا (۳) وہ شخص جو ٹوپی یا پگڑی ٹیڑھی کرکے سرپر رکھے (۴) وضعدار - [illegible] لُچّہ - لقندرا - لُنگارا - شُہدا - (۶) شوخ - [illegible] - شریر - سرکش (۷) دلیر - بہادر جیسے بانکا جوان ہے (۸) خود نما +

بانکا چور - ہ - اِسم مذکّر - طرّار اور چالاک چور - پُرفن چور

بانکپن - ہ - اِسم مذکّر (۱) ٹیڑھاپن - ترچھاپن (۲) چھیلاپن البیلاپن (۳) وضعداری جو خود نُمائی کے ساتھ ہو (۴) شرارت - سرکشی - شُہدپن - لُچ پن - کجروی

بانکیا - ہ - اِسم مذکّر - ایک تانبے پیتل کا ٹیڑھا بگل نما باجہ مہنت اور سادھوں کے آگے بجایا جاتا ہے اور اُسکی آواز بگل کی سی نکلتی ہے +

بانکی ادا - ا - اِسم مؤنّث - ادائے معشوقانہ +

بانگ - ف - اِسم مؤنّث (۱) آواز - صدا (۲) اذان - بانگ نماز (۳) مُرغ کی آواز - مُرغ کی اذان +

بانگ دینا - ا - فعل لازم (۱) آواز دینا - پکارنا (۲) اذان دینا

بانگڑو - ہ - صفت - بیوقوف - احمق - بے تمیز - بے سلیقہ

بانگی - ہ - اسم مؤنّث - نمونہ + چاشنی +

بانو - ف - اِسم مؤنّث - خاتونِ خانہ - بیوی - بیگم - گھر کی مالک + شہزادی - لیڈی +

بانہہ - ہ - اِسم مؤنّث (۱) بازو - بھجا (۲) وسیلہ - رفیق - مددگار - حامی (۳) آستین (۴) حقیقی بھائی - سگا بھائی (۵) مدد - معاونت - سہارا (۶) ضامن - کفیل (۷) طاقت زور - قُوّت - توانائی - بُوتا +

بانہہ بل - ہ - اِسم مذکّر (۱) بھجابل - زورِ بازو - قُوّتِ بازو (۲) مددگار - رفیق - دستگیر ؎ (درد مند)

کرے کیوں نہ مشکل کو عالم کی حل
کہ جسکا یدُاللہ ہو بانہہ بل + +

(۳) حقیقی برادر - سگا بھائی +

بانہہ بلند ہونا - ا - فعل لازم (۱) طاقتور ہونا (۲) بلند حوصلہ ہونا - عمیم الاحسان ہونا - دھرم آتما ہونا جیسے سخی کی بانہہ بلند ہے +

بانہہ پکڑنا - ہ - فعل مُتعدّی (۱) مدد کرنا - دستگیری کرنا پناہ دینا - سرن میں لینا - حمایت کرنا (۲) مُربّی بنا سرپرستی اختیار کرنا +

بانہہ ٹوٹنا - ہ - فعل لازم (۱) مُربّی یا پرورش کرنے والے کا مرجانا - سرپرست کا اُٹھ جانا (۲) حقیقی بھائی یا مددگار کا نہ رہنا +

بانہہ دینا - ہ - فعل مُتعدّی - کم بولا جاتا ہے - سہارا دینا مدد کرنا - خبرگیراں ہونا +

بانہہ گہے کی لاج - ہ - مُحاورہ - دستگیری کی شرم - پاس حمایت +

بانہیں چڑھانا - ہ - فعل مُتعدّی - دیکھو آستینیں چڑھانا

بانی - ہ - اِسم مؤنّث (۱) آواز - صدا - ندا (۲) گفتگو - بول چال - زبان جیسے کویل بولی امرت بانی (۳) وعظ

نصیحت۔ قول (۴) ستھرے شاہی فقیروں کے مقفٰی فقرے جو ڈنڈوں کے پھنے ہیں۔ فقیروں کی صدا (۵) اصول (۶) ہندی دوہرے یا گیت جو رباعی یا قطعہ کے طور پر ہوں جیسے کبیر کی بانیاں مشہور ہیں +

بانی ۔ ع۔ اسم مذکر (۱) بنیاد ڈالنے والا۔ بنانے والا۔ بنا کرنے والا (۲) شروع کرنے والا۔ ابتدا کرنے والا۔ آغاز کنندہ۔ موجد۔ مخترع (۳) سرچشمہ۔ مصدر۔ منبع۔ نکاس (۴) باعث۔ سبب +

بانی فساد۔ ف + ع۔ اسم مذکر۔ باعثِ فساد۔ فساد کی جڑ۔ مفسد۔ فتنہ انگیز۔ محرک۔ اشتعالک دہندہ۔ مغوی سرغنہ۔ سرمنشاء +

بانی کار۔ ع + ف۔ صفت (۱) موجدِ کار۔ واقفکار + ماہر (۲) بہت چالاک اور ہوشیار (۳) تجربہ کار۔ دقیقہ رس (۴) اسم میں۔ تیز آدمی۔ منتقی آدمی۔ انتہا کے درجہ کا لُچہ +

باؤ۔ ہ۔ اسم مؤنث (۱) اربعہ عناصر کا دوسرا عنصر۔ ہوا۔ باد۔ پون۔ بتاس۔ بیار۔ بیال (۲) کرۂ ہوائی (۳) پرچہ۔ بای۔ پاد۔ گوز (۴) غرور۔ خرد ماغی (۵) وجع مفاصل۔ گٹھیا ایک اور مرض بھی ہے جو بدکار عورتوں اور مردوں کو ہوجاتا ہے

باؤ باندھنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ پورب میں۔ خوشامد کرکے حریف پر غالب آنا۔ چاپلوسی سے کام نکالنا۔ ہیچ و پیچ سے مطلب نکالنا +

باؤبندی۔ ہ۔ اسم مؤنث (۱) خیالی اور بے اصل بات خیال باطل۔ گھڑت۔ مبالغہ۔ خیالی شگوفہ (۲) فریب دھوکا (۳) کج بحثی۔ دھوکا دینے کی دلیل +

باؤبندی کرنا۔ ہ۔ فعل لازم (۱) دھوکا دینا۔ فریب بنانا (۲) خیالی پلاؤ پکانا۔ منصوبہ باندھنا۔ کسی بے اصل بات کو لاف گزاف سے جلوہ دینا +

باؤ بھڑکنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ دیوانہ ہونا۔ باؤلا ہونا۔ سودا اچھلنا۔ خبط اچھلنا۔ پاگل ہونا + ہرزہ درائی کرنا۔ بکنا + اڑاک ہونا

باؤ بہنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ ہوا چلنا (اگرچہ میر نے اپنے اشعار میں یہ لفظ باندھا ہے مگر اب صرف پورب والے بولتے ہیں) +

باؤ پر آجانا۔ ہ۔ فعل لازم۔ مغرور اور متکبر ہوجانا۔ دماغ میں ہوا بھر جانا (ناسخ)

کیوں سلاطین زمانہ آگئے ہیں باؤ پر
تختۂ تابوت جب تختِ سلیماں ہوگیا

باؤ سرنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ گوز آنا۔ ریح آنا +

باؤ کا رخ بتانا۔ ہ۔ فعل متعدی۔ عوام۔ ٹالنا۔ فریب دینا (اندنوں میں ہوا کا رخ بتانا بولتے ہیں)

باؤ کے گھوڑے پر سوار ہونا۔ ہ۔ فعل لازم (۱) جلد باز ہونا۔ شتاب دگی کرنا (۲) مغرور ہونا۔ متکبر ہونا +

باوا۔ ہ۔ اسم مذکر (۱) باپ۔ پدر۔ بابا۔ پتا۔ (۲) ہندو درویش (۳) طنزاً۔ استاد۔ شہرہ۔ مرشد (۴) والی۔ ولی نعمت وارث۔ سردھرا +

باوا آدم۔ ہ + ع۔ اسم مذکر (۱) مہادیو۔ ابو البشر حضرت آدم جنکی اولاد میں تمام انسان ہیں (۲) ہادی۔ رہبر۔ رہنما۔ سردھرا۔ جیسے اس گھر کا باوا آدم ہی نرالا ہے

باوا کا۔ ہ۔ تابع فعل۔ موروثی۔ ورثہ کا۔ وہ چیز جس پر دعوے پہنچے + اپنا۔ ذاتی۔ ریخ کا +

باؤبتاس۔ ہ۔ اسم مؤنث (پورب میں) آسیب۔ سایہ۔ جن پری +

باؤبڑنگ۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ ایک قسم کا تخم ہے جو دفع ریح و بلغم کے واسطے مفید ہے۔ برنگ کابلی +

باؤٹا۔ ہ۔ اسم مذکر (۱) جھنڈا۔ نشان + پھریرا (۲) ایک قسم کا گہنا جو ہندنیاں بانہ میں پہنتی ہیں (۳) ریچ۔ بائی

تشنج - اینٹھن - جیسے پاؤں میں باؤٹا آنا +

باؤٹا اُڑانا - ہ - فعل لازم - جھنڈا گاڑنا - جھنڈا کھڑا کرنا
فتح پاکر قبضہ کرنا - اپنے مُلک کا نشان اُڑانا +

باؤجھک یا باؤبھک - ہ - اسم مؤنث (۱) بُلبلا -
حباب (۲) بیہودہ بکنا - بکواس - بکواد (پُورب میں)

باؤنڈی پھرنا - ہ - فعل لازم - ہندو عو - واہی
تباہی پھرنا - ڈانواں ڈول پھرنا - ہرزہ گرد ہونا - آوارہ گرد
ہونا - خالی خُولی اور نکما پھرنا +

باور - ف - اسم مذکر - یقین - بھروسا - اعتبار - اعتماد +

باورچی - ف - اسم مذکر (۱) لُغوی معنی اِعتبار دار + خانساماں
(۲) طبّاخ - رسوئیا - کھانا پکانے والا - کک - کُک باہی

باورچی خانہ - ف - اسم مذکر - کھانا پکانے کی جگہہ - رسوئی گھر
مطبخ +

باورچی گری - ف - اسم مؤنث - کھانا پکانے کا پیشہ
ماماگری +

باؤسُول - ہ - اسم مذکر - پیٹ کا ریحی درد - دردِ شکم - بائی گولہ

باؤگھنا - ہ - اسم مذکر - ایک دوا کا نام ہے +

باؤگولہ - ہ - اسم مذکر - وہ درد جو تلّی میں ہوا بھر جانے کے
باعث لاحق ہوتا ہے کہتے ہیں یہ بیماری نہایت کم کھانے
ہو جاتی ہے اِسکے سبب سے ناف میں مروڑ معدہ میں درد
اور نفخ بشدت رہتا ہے +

باؤلا - ہ - اسم مذکر (۱) وہ شخص جسکے دماغ میں ہوا بھر گئی ہو
پاگل - دیوانہ - سِڑی - سودائی - خبطی (۲) بیوقوف - احمق

باؤلی - ف - اسم مؤنث (۱) ایک لمبا اور چوڑا کنُواں جسمیں سیڑھیاں
بنی ہوئی ہوتی ہیں - بائیں (۲) تُرکی میں تیار کیا جانور
شکاری + وہ چیز جس سے پرندوں کو شکار پکڑنا سکھاتے ہیں
(۳) ہندی میں پاگل عورت (۴) فریب - چال - ہ -

باؤلی دینا - ا - فعل متعدی - بھڑی دینا - بھڑکی دینا -
شکاری پرندہ پر کسی دوسرے پرندہ کو چھوڑ کر تیز اور دلیر کرنا - جُھپّات دینا

باوَن - ہ - صفت (۱) پنجاہ و دو - پچاس اور دو - ۵۲

باون بیر - ہ - اسم مذکر (۱) باون جاؤ ور (۲) مفتنی فطرتی

باون گزکا - ہ - صفت (۱) طویل - دراز قامت (۲)
فسادی شریر - فطرتی - فتنہ انگیز جیسے نکلا میں جسے دیکھو باون گز کا

باہ - ع - اسم مؤنث (۱) جماع - مُباشرت (۲) شہوت - مردی
نعوظ + خواہش جماع +

باہا - ہ - اسم مذکر - ہندو عو - مُعاملہ - واسطہ +

باہر - ہ - تابع فعل (۱) اندر کے خلاف - خارج - بیرون -
نکلا ہوا (۲) علیحدہ - جُدا - خلاف جیسے ہم کیا تُمسے باہر ہیں
(۳) پردیس میں - مُسافرت میں (۴) بیرونجات - گانؤں
گُنوی - شہر کے علاوہ - قُرب جوار جیسے باہر کے لوگ - باہر دالان (۶)
بڑا میں نکل پر ہٹ - چل - دُور ہو (۵) علاوہ - بغیر +

باہر باہر - ہ - ندا - باہر کی تاکیدی صُورت - دُور دُور
ہٹ ہٹ +

باہر جانا - ہ - فعل لازم - گنوار - اوّل معلوم (۲) سفر کو جانا
(۳) پیخانہ جانا - جنگل جانا (۴) حد سے گزرنا - احاطہ سے
نکلجانا +

باہر کا - ہ - اسم مذکر (۱) اجنبی - غیر - اُوپری - غیر جگہ کا
(۲) گنوار - دیہقانی +

باہر کرنا - ہ - فعل متعدی (۱) نکالنا - دھتکارنا - [illegible]
(۲) چھوڑنا - طلاق دینا (۳) شراکت یا ورثہ سے علیحدہ
عاق کرنا +

باہر کی پھرنے والی - ہ - اسم مؤنث - ہو - بے پردہ - وہ
عورت جو چادر یا ڈولا کر بازار میں سودا سلف لینے کو نکلے

باہر والا - ہ - اسم مذکر - ہندو عو - خاکروب - مہتر -

بھنگی - حلال خور - چوہڑا +

باہَم - ف - تابع فعل (۱) مل جُلکر - آپسمیں - میل ملاپ سے ایک دُوسرے کے ساتھ - بالاشتراک - بالاتفاق - فیمابین (۲) درپردہ - اندرُون خانہ - پوشیدگی میں چُھپ چُھپاتے

باہَن - ہ - اسم مذکر - ہندُو (۱) دیوتاؤں کی سواری جیسے گھوڑا گاڑی وغیرہ (۲) جوتی ہوئی زمین - ہل کی لکیریں جسکو ہرائی کہتے ہیں (۳) پُورب میں - لیک - گاڑی کا نشان

باہنا - یا باانا - ہ - فعل متعدی - ہندُو (۱) پھیلانا - کھولنا پھاڑنا - دانت نکالنا جیسے مُنہ باہنا - دانت باہنا (۲) ہل چلانا - جوتنا (۳) محنت مشقت کرنا (۴) پیچھے پڑنا - درپے ہونا - سکئے جانا (۵) کنگھی کرنا جیسے بال باہنا (۶) گُھسانا - مارنا - داخل کرنا +

بائی - ہ - اسم مؤنث (۱) مہارانی - رانی - بیگم - لیڈی مرہٹوں میں ہر ایک ذی عزت عورت کو بائی کہتے ہیں (۲) بڑی گو یا عورت + نائکہ (۳) گوز - ریح + تشنج - اینٹھن - بائٹا یعنی وُہ حالت جس سے ہاتھ یا پاؤں تھوڑی دیر تک ریح کے باعث مُڑا کا مُڑا رہجائے اور درد کرنے لگے (۴) سرسام - ورم دماغ +

بایاں - ہ - صفت (۱) چپ - جانب چپ - لیسار دست چپ - اُلٹا ہاتھ (۲) طبلہ - ڈگی - بم (اصل میں وُہ طبلہ یا پکھاوج وغیرہ جو بائیں ہاتھ کی طرف رہتا ہے جیسے فارسی میں بم کہتے ہیں بخلاف زیر) ۳- دُوسرے درجہ کا مُصاحب

بایاں پاؤں پُوجنا - ہ - فعل متعدی (۱) کسیکی اُستادی یا کمال کا مُعتقد ہونا - کسیکی ہُنر کی تعظیم کرنا - کسیکی فیلسُوفی کا مُقر ہونا (۲) شرارت اور بدذاتی کا قایل ہونا (۳) باز آنا - ہار ماننا - ہاتھ اُٹھانا +

بایب - یا بائب - بس - اسم مذکر (۱) گوشۂ شمال مغرب اُتر پچھم کا کونہ (۲) نشانہ چُوکنا (۳) سرکنا - جُدا ہونا - ہٹنا علیحدہ ہونا (رشک) (لکھنؤ میں بولتے ہیں)

دِل سے ہمنے راہ پائی کعبۂ مقصُود کی
راستے اسکے سوا جتنے تھے بائب ہوگئے

(۴) دیگر - اور - ماسوا - علاوہ +

بایدوشاید - ف - تابع فعل - جیسا چاہئے جیسا لائق ہے

بائیسی - ہ - اسم مؤنث (۱) سلطنت مغلیہ کے وقت کا وُہ شاہی جلوس جسمیں بائیس اضلاع کی فوج ہمراہ رہتی تھی (۲) دو ہزار دوسو آدمیوں پر حکم رکھنے والا امیر یا سردار +

بائیسی ٹُوٹنا - ہ - فعل متعدی - تمام فوج سے حملہ کرنا اپنا تمام زور لگا دینا + درجہ ٹُوٹنا

بائع - ع - اسم مذکر - بیچا - بیچنے والا - فروشندہ - فروخت کنندہ

بائیں بائیں کرنا - ہ - فعل متعدی (۱) کائیں کائیں کرنا - ٹائیں ٹائیں کرنا - بیہودہ بکنا - بکواس کرنا - مغز کھانا بکنا (۲) غُل مچانا - شور مچانا - چلانا - بھوں بھوں کرنا

بِباد - ہ - اسم مؤنث (ہندُو) (۱) بحث - فساد - تنازع لفظی (۲) تکرار - جھگڑا (۳) مُقدمہ - نزاع عدالت +

بِباد اُٹھانا - ہ - فعل متعدی - ہندُو (۱) جھگڑا اُٹھانا - مُقدمہ اُٹھانا - مُقدمہ کھڑا کرنا (۲) مُعترض ہونا - اعتراض کرنا

بِبادی - ہ - صفت (۱) جھگڑالُو - فسادی - بکھیڑیا (۲) حُجتی - تکراری (۳) مُدعی + مُدعا علیہ +

ببر - ع - اسم مذکر - کہری - ایک قسم کا بڑا شیر جو افریقہ کے بنوں میں پایا جاتا ہے (بالفتح ہر دو بار غلط ہے)

ببرا - ا - صفت - نگسی - جس نیلے کبوتر کے بازوں پر کالی کالی پٹیاں ہوتی ہیں اُسے ببرا کہتے ہیں +

ببری - ا - اسم مؤنث - کاکل - وُہ پیشانی کے بال جو عورتیں

خوبصورتی کے واسطے چھوٹے کرکے ماتھے پر چھوڑتی ہیں اور نیز ایالِ اسپ کے تراشے ہوے بال) ۲- بندِ زُلف - طُرّہ - چھوٹی ہوئی لٹ (۳) وُہ نیلی کبوتری جسکے بازوؤں پر کالی کالی چِتّیاں ہوں

بَبرِیاں چھوڑنا - ہ - فِعل لازِم - زُلفیں چھوڑنا لٹیں چھوڑنا - چوٹی گوندھتے وقت جو دونوں طرف خوبصورتی کے واسطے کچھ بال چھوڑ دیتی ہیں اُنکو ببریاں چھوڑنا کہتے ہیں

بَبُول - ہ - اِسم مُذکّر - ایک خاردار درخت جسے ہندی میں کیکر - فارسی میں مُغیلاں کہتے ہیں اِسکی چھال سے چمڑا رنگتے اور شراب کا خمیر اُٹھاتے ہیں +

بَبُولا - ہ - اِسم مُذکّر - عوام - گرد باد - بگولا - (جب ہوا کہیں خلا پانے کی وجہ سے چکرا کر بلند ہوتی ہے تو اُسکو بگولا کہتے ہیں)

خاک آلودہ جو گردش کو سراپا اُٹھا
(برق)
دُور سے لوگ یہ سمجھے کہ بگولا اُٹھا

بَبّی - ہ - اِسم مؤنّث - بوسہ - چُوما - مِٹھو - پیار - مِچّھی

بَبئی - ہ - اِسم مؤنّث (۱) مینا کی قِسم کا ایک جانور ہے جو اکثر درختوں میں گھونسلا کر رہتا ہے (۲) ایک قِسم کی عُمدہ خوشبودار گھانس (جانور کے معنی میں اہلِ دہلی بیئی بیای فارسی بولتے ہیں)

بَبَیس - ہ - اِسم مؤنّث (۱) بواسیر - باسُور (۲) عِلّتِ اُبنا عِلّتِ مشائخ - (بویس زیادہ بولتے ہیں)

بَبیسیا - ہ - اِسم مذکّر (۱) وُہ شخص جسے بواسیر ہو (۲) مابون عِلّتِ اُبنا والا +

بِپت - ہ - اِسم مؤنّث (۱) دُکھ - مُصیبت - تکلیف (۲) آفت - بلا - ناگہانی آفت - صدمہ +

بِپتا - ہ - اِسم مؤنّث - دیکھو (بپت) +

بپتا پڑنا - ہ - فِعل لازِم - مُصیبت پڑنا - آفت آنا +

بپتا ڈالنا - ہ - فِعل مُتعدّی - مُصیبت ڈالنا - ستانا

بَپتِسما - اِنگلش - Baptism اِسم مذکّر - دیکھو (اِصطباغ)

بِپھرنا - ہ - فِعل لازِم (۱) بِکھرنا - پھیلنا - ضِد کرنا - مچلنا اڑنا - بگڑنا - فیل لانا (۲) خشمناک ہونا - جھلانا - غضبناک ہونا (۳) جوش میں بھرنا - قابو سے باہر ہونا - ستانا (۴) گھوڑے کا چمکنا - بدکنا (۵) بغاوت کرنا - سرکشی کرنا - باغی ہونا (۶) لڑنے پر آمادہ ہونا +

بِت - ہ - اِسم مؤنّث (۱) طاقت - بِساط - بل - قُدرت - قُوّت - حوصلہ (۲) دَولت - مال (۳) شان و شوکت (۴) سِن - عُمر (۵) قد +

بُت - ف - اِسم مُذکّر - (۱) مُورتی - مُورت - پُتلا - لعبت پرتما - صنم - وُہ صُورت جو پتھر اور پیتل وغیرہ کی بنا کر پوجیں (۲) معشوق - پریتم (۳) خاموش - گُنگ - صُم - گنگ

بُت بنایا یہ بتوں نے کہ قیامت میں بھی
داد مانگی نہ خُدا سے یونہیں خاموش رہے

(۴) احمق - مُورکھ - بیوقُوف (۵) مُکّا - گھونسا - ڈُکر (۶) پھڑ - وُہ آڑ تختہ یا پتھر جسپر جواری پانسہ یا کوڑیاں لُڑکاتے ہیں +

بُت بنا یا ہونا - ہ - فِعل لازِم - چُپ لگنا - گُنگ ہونا خاموش ہونا - صم و بکم ہونا +

بُت پرست - ف - اِسم مذکّر - مُورتی پُوجنے والا +

بُت پرستی - ف - اِسم مؤنّث - مُورتی پُوجن +

بُت تراش - ف - اِسم مذکّر - لعبت ساز - مُورتی بنانے والا

بُت خانہ یا **بُتکدہ** - ف - اِسم مذکّر - مندر - شوالہ - مُورت گھر

بُتّا - ہ - اِسم مُذکّر (۱) دم - فریب - دُھوکا - دھونس جھانسا - چھل - دغا (۲) حیلہ - بہانہ +

بُتّا دینا - ہ - فِعل مُتعدّی (۱) دھوکا دینا - جھانسا دینا دھونس دینا - دغا دینا - چھلنا (۲) بہانہ بتانا - ٹالنا

بِتّا - ہ - اِسم مذکّر (۱) گِتّا (۲) بالِشت +

بَتَاس - ہ - اسم مؤنث - پورب میں - ہوا - باؤ - باد +

بَتَاسا - یا بَتَاشا - ہ - اسم مذکر (۱) حباب - بلبلہ (۲) ایک قسم کی شیرینی جو بشکل حباب ہوا بھر کر بنائی جاتی ہے (۳) آتشبازی کا نہایت چھوٹا انار +

بَتَاسے کا قُفل - ا - اسم مذکر - چھوٹا سا گول قفل - گول تالا

بَتَاسے کی طرح بیٹھ جانا یا گھل جانا - ا - فعل لازم غم یا بیماری کی وجہ سے دفعۃً لاغر اور نقاہت ہو جانا +

بَتَانا - ہ - فعل متعدی (۱) جتلانا - واقف کرنا (۲) دکھلانا (۳) بھانڈا پھوڑنا - ظاہر کرنا - کھولنا - شرح کرنا (۴) اشارہ کرنا - کنایہ کرنا (۵) سمجھانا - ذہن نشین کرنا (۶) ٹھیک بنانا - درست کرنا - پیٹنا (۷) سکھانا - پڑھانا تعلیم (۸) زرت کرنا ناچنے میں ہاتھ پاؤں ابرو کے اشارہ سے بتا دینا - بھاؤ بتانا (۹) کہنا - بیان کرنا (۱۰) نام لینا - نام ظاہر کرنا (۱۱) کام دینا - کام سے لگانا +

بَتَانا - ہ - اسم مذکر (۱) چوڑی کا ڈول - چوڑی کا میانا وہ لوہے کا کڑا جو منہیاری کے پاس ہاتھ کا انداز دیکھنے اور اسکے حساب سے چوڑی چڑھانے کے واسطے رہتا ہے (۲) وہ سونے چاندی یا پیتل کی چوڑی جو عورتیں پہنتی ہیں (۳) ایک زیور کا نام ہے جو پورب میں پہنتے ہیں +

بَتَاؤں - ہ - اسم مذکر - پورب میں - بیگن - بھٹا - بادنجان

بَت بَنَا - ہ - اسم مذکر (۱) جھوٹی باتیں گھڑنے والا (۲) باتون باتونی - زیادہ گو - تقریریا - تقار (۳) سخن ساز - چرب زبان

بَتَر - ف - صفت (مخفف بدتر) ہندوستان میں بہ تشدید بولتے ہیں) ۱ - خراب تر - نہایت برا (۲) نکما - ناقص +

بُتَرا - ہ - صفت - پورب میں - کُند - کھنڈا - وہ ہتیار جسکی دھار جاتی رہے +

بُتَرانا - ہ - فعل متعدی - ہندو (۱) عیب نکالنا - نقص نکالنا

ناک مارنا (۲) الزام لگانا (۳) کھینا - کھنڈانا (۴) جھٹلانا چھوٹا بنانا +

بَتَنگَڑ - ہ - اسم مذکر - ذراسی بات کی بڑی بات بنا دینا - غلو مبالغہ +

بَتلانا - ہ - فعل متعدی (۱) دیکھو بتانا (۲) پورب میں باہم باتیں کرنا - بات چیت کرنا - گفتگو کرنا +

بَتَنگ - ہ - صفت - عوام - تنگ کی بجائے بولتے ہیں - عاجز

بَتَنگڑا - ہ - اسم مذکر - عو - دیکھو (بتنگڑ) +

بَتُول - ع - اسم مؤنث - لغوی معنی - کنواری - تارک - قاطع اصطلاحی حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا لقب - چونکہ وہ تارک الدنیا تھیں اور انہوں نے دنیوی تعلق کو چھوڑ دیا تھا اس سبب سے اس لقب کے ساتھ ملقب ہوئیں +

بَتُولا - ہ - اسم مذکر - دیکھو (بتا) +

بِتھا - ہ - اسم مؤنث (۱) مصیبت - دکھ - تکلیف - آفت (۲) بیان مصیبت - غم کا وقائع +

بَتھوا - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کا دست آور ساگ جو گیہوں میں ہوتا ہے اور بیمار کو اکثر کھلاتے ہیں - اوّل درجہ میں سرد و تر اور بعضوں کے نزدیک معتدل +

بَتّی - ہ - اسم مؤنث (۱) گنتی (۲) لڑکوں کا ایک کھیل ہے جسمیں ایک لڑکا پاؤں کے انگوٹھے کی گھائی میں گتا رکھکر پھینکتا ہے اور دوسرا یہ لفظ کہتا ہوا ایک سانس میں اسے لاتا ہے

بَتّی - ہ - اسم مؤنث - (۱) فتیلہ - روئی یا کپڑے کی بٹی ہوئی چیز جو چراغ میں ڈالکر جلاتے اور زخم میں رکھتے ہیں (۲) موم یا چربی کی شمع (۳) دوا وغیرہ کی شیاف - شافہ (۴) پگڑی کا باریک بٹا ہوا پیچ (۵) بانس یا سرکنڈے کی لدی جو کھپریل یا چھپر وغیرہ میں آڑی باندھتے ہیں (۶) لاکھ - اگر - صندل یا لوبان وغیرہ کا فتیلہ - شتابہ (۷) حیوانات کی ہڈی کے ادھر

کا گوشت (۸) بیس کی مروڑی +
بتی جلانا - ۵ - فعل متعدی - چراغ روشن کرنا +
بتی چڑھانا - ۵ - فعل متعدی (۱) فانوس یا کنول وغیرہ میں
چربی کی بتی رکھنا (۲) دوائی کی بتی بنا کر زخم میں داخل کرنا
بتی دکھانا - ۵ - فعل متعدی (۱) آگ دکھانا - آگ دینا
داغنا - توپ یا بندوق وغیرہ چھوڑنا +
بتی دینا - ۵ - فعل متعدی - آگ دینا - داغنا +
بتی لگانا - ۵ - فعل متعدی - دیکھو - (بتی دکھانا)
بتیا - ۵ - اسم مذکر (۱) ہرا اور کچا پھل (۲) ایک قسم کا لمبا بینگن
مارو کے خلاف - بھنٹا - بتاؤں +
بتیت ہونا - ۵ - فعل لازم (ہندو) گزرنا - بیتنا +
بتیس - ۵ - صفت - تیس اور دو - سی و دو - ۳۲
بتیس ابھرن - ۵ - اسم مذکر - بتیس زیور - بتیس گہنے
(زیور کی کثرت اور پورے پورے سنگار کے واسطے گیتوں میں آیا ہے)
بتیس دانت کی بھاکا - یا بھکیا - ۵ - اسم مونث -
عو - (۱) آدمی کے منہ کا کہا - آدمی کا کوسا +
بتیس دھار - ۵ - اسم مذکر - ہندو عو - ماں کا دودھ جو زہرہ
پیا جاتا ہے تو اس وجہ سے اُسے بتیس ۳۲ دھار کہتے ہیں +
بتیس دھار ہو کر نکلنا - ۵ - فعل لازم - عو - دعا بد -
بتیس زخموں کے راستہ سے نکلنا - پھوٹ پھوٹ کر نکلنا
بتیسا - ۵ - اسم مذکر - وہ حلوا جو عورتیں کمر کی مضبوطی کے
واسطے جننے کے بعد بتیس ۳۲ دوائیں ڈالکر بناتی ہیں اور نیز
وہ بتیس مصالح جو گھوڑی کو جننے کے بعد کھلاتے ہیں
بتیسی - ۵ - اسم مونث (۱) آدمی کے دانتوں کی دونوں
لڑیاں - سلکِ دندان - چوکا - کل دانت +
بتیسی بجنا - ۵ - فعل لازم - سردی کے باعث دانت
بجنا - کپکپانا - تھرانا +

بتیسی بند ہونا - ۵ - فعل لازم - حالت غشی میں دانت
جکڑ جانا - دانتی بند ہونا +
بتیسی دکھانا - ۵ - فعل لازم - دانت پھاڑنا - دانت
دکھانا - بیہودہ ہنسنا +
بٹ - ۵ - اسم مذکر (۱) حصہ - ٹکڑا - تقسیم شدہ (۲) وزنہ
تولنے کا وزن +
بٹا - ۵ - اسم مونث (۱) وہ شکن جو فربہی کے باعث پیٹ
یا گردن میں تہ بتہ پڑجاتی ہے (۲) لیک - راہ - پگ ڈنڈی
(۳) وہ سوجن جو ضرب کے صدمہ سے ہوجاتی ہے (۴)
اوجھڑی کا موٹا موٹا گوشت جسمیں خار نہیں ہوتے -
بٹا - ۵ - اسم مذکر (۱) وزنہ - تولنے کا وزن (۲) کٹوتی
کمی - گھاٹا - کسر - مبادلہ سکہ رایج (۳) تفاوت - فرق
(۴) نقص - کھوٹ (۵) داغ - دھبہ - عیب - کلنک
(۶) سنگ صلابہ - لوڑھی - مصالحہ پیسنے کا وہ گھڑا ہوا
پتھر جسکو سل پر رگڑتے ہیں (۷) زیور رکھنے کا ڈبا یا بکس
وغیرہ (۸) گول آئینہ (۹) مداریوں کے وہ گول گول ڈھکنے
جسمیں گولیاں رکھکر غایب کرتے ہیں اور نیز وہ گولہ جو
کمان کی ڈوری پر بازیگر دوڑاتے ہیں (۱۰) فصاد کا
کاٹھ کا چھوٹا سا گولہ جو فصد کھولنے کے وقت خون نکلنے
کی غرض سے ہاتھ میں پھرانے کے واسطے دیا جاتا ہے -
بیضۂ فصاد (۱۱) ارباب نشاط کا انعام +
بٹا باز - ۱ - اسم مذکر - حقہ باز - نظربند - بازیگر - مداری جو
شعبدہ باز بھان متی (اسکے ازبر زیادہ بولتے ہیں) ۲ - چھلیا
ٹھگ - عیار - پرفریب - مکار - پاکھنڈی +
بٹا بازی - ۱ - اسم مونث - شعبدہ بازی + عیاری
بٹا ڈھال - ۵ - صفت - ہموار سطح - برابر سپاٹ
چورس +

بٹا لگانا - ہ - فعل متعدی (۱) کٹوتی کاٹنا - کمی پوری کرنا (۲) عیب لگانا - کلنک لگانا + آلودہ کرنا +

بٹا لگنا - ہ - فعل لازم (۱) کٹوتی لگنا - کمی پڑنا (۲) عیب لگنا حرف آنا - ساکھ بگڑنا + آلودہ ہونا +

بٹانا - ہ - فعل متعدی (۱) تقسیم کرنا منقسم کرنا - اِدھر اُدھر کرنا جیسے طبیعت یا توجہ وخیال بٹانا +

بٹاؤ - ہ - اسم مذکر (۱) راہگیر - بٹوہی - مسافر (۲) اور غیر دوسرا - سیکھے کا ناؤ کاٹے کا بٹاؤ کا (فقرہ)

بٹائی - ہ - اسم مونث (۱) تقسیم - بٹوارا - پیداوار کی وہ تقسیم جو اجارہ دار اور مالک زمین میں قرار پاتی ہے (۲) کھیت اُٹھانے کا زمانہ - غلہ تیار ہو کر بٹنے کا موسم (۳) بٹنے کی اُجرت +

بٹلا منہ - ہ - اسم مذکر - عو - بٹا سا منہ - گول منہ +

بٹلوئی - ہ - اسم مونث (ہندو) دال وغیرہ پکانے کا پیتل کا برتن +

بٹمار - ہ - اسم مذکر - راہ مار - لٹیرا - راہزن - ڈکیت قزاق - قطاع الطریق +

بٹن - انگلش Button اسم مذکر - بوتام - سیپ یا سینگ وغیرہ کی چپٹی اور گول گھنڈیاں - تکمہ +

بٹنا - ہ - اسم مذکر - مخفف اُبٹنا کا - دیکھو (اُبٹنا)

بٹنا - ہ - فعل متعدی (۱) بل دینا - اینٹھنا - پیٹنا (۲) حاصل کرنا - وصول کرنا - کمانا - کھٹنا (۳) باہم تقسیم ہونا جیسے ہونا (۴) ہٹنا - اِدھر اُدھر ہونا - ٹلنا + خیال کا متفرق ہونا (میر حسن)

خواصیں جو تھیں روبرو ہٹ گئیں
بہانے سے ہر کام کے بٹ گئیں

بٹنی - ہ - اسم مونث - سر پستان - چھاتیوں کا منہ جس سے بچہ دودھ پیتا ہے +

بٹوا - ہ - اسم مذکر (۱) چھوٹی سی دو پڑی تھیلی جس میں پان الائچی اور نقدی وغیرہ رکھتے ہیں (۲) ایک لوٹے کی مانند دال ترکاری پکانے کا ہنڈوں کا برتن +

بٹوا سا قد - ہ - اسم مذکر - ٹھگنا سا قد - بونا سا قد چھوٹا اور گول قد جیسے بٹوا سا منہ کہہ دیجئے تو غنچہ دہن دم ادا ہو گی

بٹوار - ہ - اسم مذکر - حاصل وصول کرنے والا - اگاہی کرنے والا - چنگی لینے والا +

بٹوارا - ہ - اسم مذکر (۱) تقسیم - تقسیم زمین (۲) اپنا اپنا حصہ جدا کرنا (۳) تقسیم نامہ +

بٹوانا - ہ - فعل متعدی (۱) تقسیم کروانا (۲) متفرق کرانا

بٹورن - ہ - اسم مونث (۱) فراہمی پیداوار (۲) گرا پڑا بچا کچا (۳) کوڑا کرکٹ (ہندو عو) +

بٹورنا - ہ - فعل متعدی (۱) اکٹھا کرنا - سمیٹنا - چننا - بینا

بٹورا - ہ - اسم مذکر - سوکھے اپلوں کا منار نما اونچا ڈھیر جس میں اپلے بٹور کر رکھتے اور چاروں طرف سے گوبر لیپ دیتے ہیں +

بٹوہیا - ہ - اسم مذکر (۱) راہگیر - مسافر (۲) قاسم - تقسیم کنندہ +

بٹھانا یا بٹھلانا - ہ - فعل متعدی (۱) کھڑا کرنے کے خلاف - نشاندن - مجبوراً یا زبردستی بٹھانا (۲) جمانا - قائم کرنا - جڑنا جیسے نگینہ بٹھانا (۳) بلانا - جگہ سے لانا جیسے جوڑ بٹھانا (۴) کسی جانور سے انڈے سیوانا - انڈوں پر چھوڑنا (۵) گدی دینا - تخت نشین کرنا (۶) عو نیچے کو پہنچانا نہ ٹھہروانا - سسکارنا (۷) جواریوں کی اصطلاح میں کسی چیز کو گرو رکھنا یا داؤ پر لگانا (۸) ڈالنا - داخل کرنا جیسے کسی عورت کو گھر میں بٹھانا (۹) پہرہ لگانا

مضبوط ہوتا ہے کہ ہاتھی کے پاؤں کے نیچے بھی نہیں مرتا (۲)
چھوٹی چھوٹی آنکھوں کا آدمی - سکڑے منہ کا آدمی

بجوانا - ہ - بجانے کا متعدی المتعدی +

بجوڑنا - ہ - فعل متعدی - گذار (۱) خوب پیٹنا - دھننا -
(۲) مجامعت کرنا +

بجوگ - ہ - اسم مذکر (۱) قران النحسین - ستاروں کا منحوس قران + طالع نامسا عد (۲) جدائی - مفارقت (۳) مصیبت - آفت - بپتا - خواری (۴) حرج مرج (۵) سبب - باعث

ہے کچھ نہ کچھ تو جوگ ناحق نہیں یہ بروگ
(مصحفی) کیسا لگا جی کو روگ ہائے یہ کیا حال ہے

(۶) صدمہ - حادثہ (۷) بدبختی - بد نصیبی - بدحالی (۸) خلاف - برعکس

بجوگ پڑنا - ہ - فعل لازم (۱) جدائی یا مفارقت ہونا - بچھڑنا - بروگ ہونا (۲) مصیبت پڑنا - بپتا پڑنا +

بجھانا - ہ - فعل متعدی (۱) منطفی کرنا - آگ یا شعلہ کا فرو کرنا - آگ پر پانی ڈالنا - ٹھنڈا کرنا - تشنگی یا پیاس کم رفع کرنا (۲) آب دینا - آبداری چڑھانا - بجھا دینا (۳) چاندی یا لوہے یا اینٹ کو لال کر کے پانی میں اسکی خارجی رطوبت جلانے کے واسطے ڈالنا (۴) پژمردہ کرنا - افسردہ کرنا - حوصلہ توڑنا (۵) سرد کرنا - پانی ڈالکر ٹھنڈا کرنا جیسے چونہ بجھانا
(۶) دھیما کرنا - ملایم کرنا جیسے سمجھا بجھا کر راضی کر دیا (۷) گنجفہ یا تاش کے اوراق کا باہم ملانا خواہ ابتر کرنا +

بجھانا - ہ - فعل متعدی - پورب - پھنسانا - پھانسنا - دام میں لانا - جیسے مچھلی بجھانا +

بجھنا - ہ - فعل لازم (۱) فرو ہونا - آگ کا ٹھنڈا ہونا - پیاس کا رفع ہونا (۲) پژمردہ ہونا - ٹھٹھرنا - افسردہ ہونا - مغموم ہونا

شام سے کچھ بجھا سا رہتا ہے
(میر تقی) دل ہوا ہے چراغ مفلس کا

(۳) سرد ہونا - ٹھنڈا ہونا (۴) دھیما ہونا - نرم پڑنا (۵) مرغبانا - ہمت ٹوٹنا - حوصلہ نہ رہنا جیسے زیادہ لانیں کھا کر مرغ بجھ جاتا ہے (۶) پکوان کی چیزوں کا خوب پک جانا - اچھا پک جانا (۷) رطوبت جذب ہونا - پتخنا جیسے ساگ وغیرہ بجھنا (۸) آلودہ ہونا جیسے زہر کا بجھا ہوا +

بجھول - ہ - اسم مؤنث - پورب - پہلی - چیستان - پنجابی بجھارت +

بچیا - س - اسم مؤنث - بھنگ - بھانگ - سبزی +

بچ - ہ - اسم مؤنث - ایک مشہور اور مفید کڑوی جڑ کا نام جسے عربی میں وج - ترکی میں اگر فارسی میں برج کہتے ہیں - دوم درجہ میں گرم خشک ہے +

بچار - ہ - اسم مذکر (۱) سوچ - فکر - خیال - تامل - ادھیان - غور - دھیان (۲) سمجھ - دانست (۳) تمیز - تدبیر - تجویز - دور اندیشی (۴) قیاس - اٹکل (۵) ارادہ - قصد

بچارنا - ہ - فعل لازم (۱) سوچنا - غور کرنا - تصور کرنا - ادھیڑبن کرنا - قیاس کرنا - سمجھنا (۲) جانچنا - اٹکلنا (۳) دیکھنا - ستاروں کا حساب لگانا جیسے سگن بچارنا (۴) ارادہ کرنا - ٹھاننا +

بچاکھچا - یا **بچا کچا** - ہ - اسم مذکر - باقی - بقیہ - باقی ماندہ - بچا بچایا +

بچالی - ہ - اسم مؤنث - ایک قسم کی گھانس - پیال گھانس جو گھوڑے کے تھان پر بچھائی جاتی ہے +

بچانا - ہ - فعل متعدی (۱) حفاظت کرنا - آڑے آنا - پناہ دینا - حمایت کرنا (۲) ایک طرف کو کرنا - کنارے کرنا جیسے گھوڑا بچانا (۳) رکھنا - جمع کرنا - جوڑنا - روپیہ بچانا (۴) بری کرنا جیسے قید سے بچانا +

(۵) روکنا۔ تھامنا جیسے جان بچانا (۶) نجات دینا۔ چھڑانا (۷) اُڑانا۔ الگ کرنا۔ نکالنا جیسے سودے میں بچانا +

بَچاؤ۔ ہ۔ اِسمِ مذکر (۱) حفاظت۔ حفظ۔ محافظت (۲) بریت (۳) پناہ۔ امن (۴) نجات۔ رہائی۔ چھٹکارا (۵) عذر۔ معذرت (۶) بہانہ۔ حیلہ۔ پہلوتہی +

بچپن۔ ہ۔ اِسمِ مذکر (۱) لڑکپن۔ بالپن۔ کم سنی (۲) بال بُدھ

بچت۔ ہ۔ اِسمِ مؤنث۔ بقیہ۔ ابقی۔ باقی۔ صرف کرنے سے جو کچھ رہ گیا ہو۔ اوت۔ بقایا +

بچکانا۔ ہ۔ صفت (۱) بچوں کے لایق (۲) چھوٹا سا۔ کم عمر کا کم سن (۳) بچہ کا جوتا (۴) کتھک کا لڑکا۔ وُہ زنانہ لڑکا جیسے کسی دوسرے زنانہ نے پالا ہو + وُہ کم سن نوچی جو کسی نائکہ نے پالی ہو +

بچ کھیلنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ اپنے تئیں بچا کر کچھ کام کرنا اپنا بچاؤ کرنا +

بچ کے چلنا۔ ہ۔ فعل لازم (۱) ہٹ کے چلنا + سنبھل کے چلنا (۲) احتیاط کرنا +

بچلا۔ ہ۔ صفت۔ منجھلا۔ بیچ کا + متوسط +

بچلنا۔ ہ۔ فعل لازم ہندو (۱) پھسلنا۔ لغزش کرنا۔ (۲) بہکنا۔ چوکنا۔ خطا ہو جانا جیسے ہاتھ بچل گیا وغیرہ (۳) کھویا جانا۔ گم ہو جانا۔ جاتا رہنا جیسے لڑکا میلہ سے بچلگیا (۴) پھرنا۔ منکر ہونا۔ عہد شکنی کرنا۔ مکرنا جیسے کہکر بچلنا (۵) مچلنا۔ ہٹ کرنا۔ کھلونے دیکھکر بچہ بچلگیا (۶) بدکنا۔ بھڑکنا +

بچن۔ ہ۔ اِسمِ مذکر (۱) قول۔ بات۔ گفتگو (۲) اقرار۔ زبان عہد۔ پیمان۔ شرط (۳) شگون۔ سگن۔ فال +

نکلتے ہیں [illegible] خوشی کے بچن
نہو گر خوشی تو نہیں برہمن (میر حسن)

بچن دینا۔ ہ۔ فعل متعدی۔ قول کرنا۔ اقرار [illegible] عہد و پیمان کرنا۔ زبان دینا +

بچن ڈالنا۔ ہ۔ فعل لازم (۱) سوال کرنا۔ درخواست کرنا (۲) کہا نہ ماننا۔ انکار کرنا۔ پذیرا نکرنا +

بچن لینا۔ ہ۔ فعل لازم۔ اقرار لینا۔ عہد لینا +

بچن ماننا۔ ہ۔ فعل لازم۔ بات تسلیم کرنا۔ [illegible]

بچن نبھانا۔ ہ۔ فعل لازم۔ اپنی بات پر قائم رہنا۔ [illegible] اقرار کو پورا کرنا۔ بات کا پاس کرنا + ایفا کرنا +

بچن ہارنا۔ ہ۔ فعل متعدی۔ زبان دینا۔ اقرار کر لینا۔ قول دیدینا +

بچنا۔ ہ۔ فعل لازم (۱) الگ رہنا۔ محفوظ رہنا (۲) باقی رہنا۔ بچت میں پڑنا۔ توفیر میں پڑنا۔ بڑھنا (۳) زندہ رہنا۔ سلامت رہنا۔ جینا (۴) کنارے ہونا۔ ہٹنا (۵) شفا پانا صحت پانا۔ تندرست ہونا (۶) رکنا۔ پرہیز کرنا (۷) رہائی پانا۔ چھوٹنا +

بچوڑنا۔ ہ۔ فعل متعدی (۱) توڑنا۔ کھولنا۔ (۲) ملنا۔ ملکر ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ مالیدہ کرنا +

بچولیا۔ ہ۔ اِسمِ مذکر (۱) ثالث۔ پنچ (۲) وُہ شخص جو بیچ میں پڑکر شادی کرائے (۳) دلال (۴) کٹنا +

بچوں کا کھیل۔ ہ۔ اِسمِ مذکر۔ کام سہل۔ آسان [illegible]

بچہ یا **بچّہ**۔ ف۔ اِسمِ مذکر (۱) چھوٹی عمر کا بالک [illegible] چھوٹی عمر کا جانور (۲) لڑکا۔ چھوکرا۔ چھوکرا (۳) [illegible] بالا۔ نادان۔ ناسمجھ (۴) چوزہ (۵) نیا میں [illegible] دنیا داروں کے ساتھ خطاب (۶) حقارت سے [illegible] نابکار (۷) پودا +

بچہ دان۔ ف۔ اِسمِ مذکر۔ رحم۔ کوکھ۔ وُہ جگہ جہاں بچہ [illegible]

بچہ کش۔ ہ۔ صفت مؤنث۔ وُہ عورت جو [illegible]

رہنیجی سوڑ والی +

بِچھّا - ہ - اسم مذکر - فاصلہ - تفاوت - وقفہ - مہلت - فرق

بچھا جانا - ہ - فعل لازم - عجز و انکسار کے مارے جھکا جانا - (۲)
نہایت متواضع ہونا - از حد خاطر و مدارات کرنا - آدھینتا
سے پیش آنا (۳) خرچ یا صرف کے باعث تباہ اور برباد ہو جانا
خرچ میں اُدھڑا جانا +

بچھانا - ہ - فعل متعدی (۱) پھیلانا (۲) فرش کرنا بچھونا
کرنا (۳) کھنڈانا - پراگندہ کرنا (۴) زمین میں لٹانا - زمین
پر گرانا جیسے مار کر بچھا دیا +

بچھڑا - ہ - اسم مذکر (۱) گائے کا نر بچہ - گوسالہ (۲) عو-
رتیں پیار سے موٹے تازے بچے کو کہتی ہیں +

بچھڑا ہوا - ہ - اسم مذکر - دور افتادہ - فراق زدہ +

بچھڑ جانا - ہ - فعل متعدی - کسی سے جدا ہو جانا - کھویا جانا

بچھڑنا - ہ - فعل لازم (۱) کسی کا کسی سے جدا ہونا - الگ
ہونا - کسی کے ساتھ سے جدا ہونا (۲) گم ہونا - کھویا جانا -

بچھنا - ہ - فعل لازم (۱) فرش ہونا - عجز کرنا - انکسار کرنا

بچھناک - ہ - اسم مذکر - ایک زہریلی اور مہلک دوا +

بچھو - ہ - اسم مذکر (۱) ایک ٹیڑھی دم کا زہریلا جانور
ہے جسکی دم میں ڈنک ہوتا ہے - کژدم - عقرب - برچھیک
(۲) ایک قسم کا پہاڑی پودا جسکے پتوں کے چھوئے جانے سے
ایک آگ سی لگ جاتی ہے اور پانی ملنے سے فرو ہو جاتی
ہے (۳) صفت میں - نہایت چالاک اور مفتنی لڑکا +

بچھوا - ہ - اسم مذکر (۱) چھوٹی کٹار - خنجر - جمدھر - چھوٹا
چھرا - ایک ٹیڑھے ہتھیار کا نام ہے جو بچھو کی دم کی
مانند ہوتا ہے (۲) ایک پانوں کی انگلیوں کے زیور کا نام
ہے جو ہندنیاں پہنتی ہیں (۳) سن کی پھلی یا بوندی کی
جسمیں بیج رہتے ہیں اور بچے اسکی چھن چھن کی آواز کے
سبب اکثر پانوں میں لڑیاں بنا کر پہنتے ہیں (۴) ایک قسم کا
نہایت تیز اور چٹ پٹا اچار جو مرچوں کی زیادتی کے سبب
سے زبان کو جھلا دیتا ہے +

بچھونا - ہ - اسم مذکر - بساط - بستر - فرش - توشک - قالیچہ وغیرہ

بچھوہا - ہ - اسم مذکر - جدائی - مفارقت - ہجر - بجوگ - برہ

بچھیا - ہ - اسم مونث (۱) گائے کا مادہ بچہ - اوسر (۲) ہنود
کی ایک رسم میت کا نام بھی ہے جو مردے کی سترھویں
یا تیرھویں کو عمل میں آتی ہے +

بچھیا کا باوا - ہ - اسم مذکر - بیل - بیوقوف - احمق - چوتیا

بچھیرا - ہ - اسم مذکر - گھوڑی کا نر بچہ - کرہ +

بچھیرا پلٹن - ا - اسم مذکر - بچوں کی پلٹن - نوعمر لڑکوں
کی سپاہ +

بچھیری - ہ - اسم مونث - چھوٹی عمر کی گھوڑی - بچہ گھوڑی

بچی - ہ - اسم مونث (۱) چھوٹی لڑکی - دختر - دوشیزہ (۲)
ریش بچہ - ریشچہ - داڑھی کا نام - وہ چند بال جو نیچے
کے ہونٹھ اور ٹھوڑی کے بیچ میں ہوتے ہیں +

بچے بھرانا - ہ - فعل متعدی - جانوروں کا اپنے بچوں کو چونچ
سے دانہ کھلانا +

بچے کچے - ہ - اسم مذکر - چھوٹے بڑے بچے - بچہ وغیرہ

بچے نکلوانا - ہ - فعل متعدی (۱) انڈے بٹھانا - انڈے
دینے والے جانوروں سے بچے لینا (۲) عوام - اولاد جنوانا

بچے والی - ہ - اسم مونث (۱) بچہ دار - اولاد والی - زچہ
(۲) وہ مرغی جسکے آگے بچے ہوں +

بحال - (ف + ع) - صفت اپنی حالت پر قایم - برقرار - اگلے
دستور (۲) ٹھیرا ہوا - بحال - پہلی ہی حالت میں - تندرست
جیسے اب انکی طبیعت بحال ہے (۴) جیسے سرسبز - شاداب -
تروتازہ +

جیسے ہاتھ

بحال رکھنا - ا - فعل متعدی - قایم رکھنا - بدستور رکھنا

بحال کرنا - ا - فعل متعدی - دوبارہ اسی عہدے پر مقرر کرنا - بدستور اجازت دینا +

بحال ہونا - ا - فعل لازم - پھر مقرر ہونا - تندرست ہونا

بحالی - ا - اسم مؤنث (۱) برطرفی کے خلاف - از سر نو تقرری - بدستور مقرر کرنا (۲) بشاشت - خوشدلی فرحت - تازگی - افاقہ +

بحث - ع - اسم مؤنث (۱) لغوی معنی کھودنا - بات کی چھان بین - نزاع لفظی (۲) تکرار - مباحثہ - مکالمہ تقریر - حجت - دلیل (۳) جھگڑا - اختلاف - ردوبدل سوال وجواب (۴) واسطہ - تعلق - مطلب جیسے مجھے اس سے کیا بحث +

بحثا بحثی - ا - اسم مؤنث - باہمی تکرار - ضدم ضدا - حجت - مناظرہ +

بحثنا - ا - فعل لازم (۱) مباحثہ کرنا - حجت کرنا + ضد کرنا + جھگڑنا - تکرار کرنا +

بحر - ع - اسم مذکر (۱) بڑا دریا - سمندر - دریائے محیط (۲) وزن شعر - مجازاً نظم کے ۱۹ وزنوں میں سے ہر ایک وزن کو بحر کہتے ہیں +

بحرا کھلنا - ا - فعل لازم - دل کا پردہ اٹھنا - ہیا کھلنا - پردہ کھلنا - ذہن و حافظہ بڑھنا - تبحر ہونا +

بحران - ع - اسم مذکر - بیماری کے زور کا دن طبیعت اور مرض کا مقابلہ (صاحب منتخب نے اس لفظ کو یونانی قرار دیا ہے)

بحری - ع - صفت (۱) منسوب بہ بحر - دریائی - سمندری جیسے بحری فوج - بحری قانون وغیرہ +

بحیرہ - ع - اسم مذکر - تصغیر بحر - چھوٹا سمندر جو تقریباً چاروں طرف خشکی سے گھرا ہوتا ہے +

بخار - ع - اسم مذکر (۱) وہ حرارت جو کسی تر یا گرم چیز سے نکلے - وہ حرارت جو اخلاط میں بدبو وغیرہ پیدا ہو جانے سے آدمیوں کو عارض ہوتی ہے - تپ - حمّی (۲) بھاپ - دھواں - دخان (۳) جوش دل - غصہ کا غبار + ملال کدورت +

بخارات - ع - اسم مذکر - جمع بخار +

بخار آنا - ا - فعل لازم (۱) تپ آنا - بدن گرم ہونا -

بخار چڑھنا - ا - فعل لازم (۱) جسم گرم ہونا - تپ چڑھنا (۲) کسی سے ڈر لگنا - خوف کھانا - کانپنا جیسے اسکے نام سے بخار چڑھتا ہے +

بخار دل میں رکھنا - ا - فعل لازم - عداوت و کینہ و بغض رکھنا

بخار نکالنا - ا - فعل لازم (۱) دل کا جوش نکالنا کدورت نکالنا - غبار نکالنا - غصہ اتارنا - بیر نکالنا - رنج نکالنا - لڑائی کرنا (۲) ہوس نکالنا - حسرت نکالنا +

بخار نکلنا - ا - فعل لازم - غبار نکلنا - غصہ نکلنا - بیر نکلنا - حسرت نکلنا +

بخاری - ا - اسم مؤنث کوٹھی - باورچی خانہ یا دالان کے اندر کی وہ کوٹھڑی جو غلہ وغیرہ کے واسطے دیوار میں بناتے ہیں (اصل میں بخاری کے معنی آتشدان کے ہیں جو دالان یا کمرہ کی دیوار میں ایام سرما میں مکان گرم رکھنے کے واسطے بنا دیتے ہیں چونکہ عوام لوگ اسکی اصل سے واقف نہ تھے اس سبب سے وہ اس کوٹھی کو کہنے لگے جو دالان کے اندر دیوار میں کوٹھی کے بجائے غلہ رکھنے کے واسطے بنا دیتے ہیں) پس رفتہ رفتہ بخاری ایک عام لفظ ہو گیا اور سب اس معنی میں استعمال کرنے لگے

بخت - ف - اسم مذکر (۱) حصہ - بہرہ + نصیب - قسمت - پرالبد - بھاگ - تقدیر - طالع - اقبال +

بخت آزمائی - ا - اسم مؤنث - نصیب کی آزمائش - کوشش بہ توکل +

بختاور - ا - صفت (۲) صاحب نصیب - بھاگوان - خوش قسمت - نصیبہ ور - اقبالمند - طالعمند (۲) عو - بدنصیب - بدقسمت جیسے بُرا بختاور بچہ ہے اسے عید کو بھی چار پیسے نہیں جڑتے (چونکہ عورتیں بُرے الفاظ کو زبان پر لانا بھی بُرا خیال کرتی ہیں اس سبب سے وہ اکثر اچھے لفظوں سے اُسکے برعکس مُراد لیا کرتی ہیں)

بختاوری - ا - اسم مؤنث عو (۱) خوش قسمتی (۲) کمبختی - شامت - نکبت +

بختاوری آنا - ا - فعل لازم - عو - شامت آنا - کمبختی آنا

بخت جلی - ا - اسم مؤنث - عو (۱) بدنصیب - بدقسمت (۲) بے اولاد کی +

بختی - ا - اسم مذکر - دلے ہوئے بھُنے چنے جنپر چھلکا نہیں

بختی - ف - اسم مذکر - بڑا اونٹ - سانڈنیا شتر تیز رفتار

بختیار - ف - صفت - نصیب ور - دولتمند +

بخرا - ف - اسم مذکر - حصّہ - بانٹا - بھاگ - بھاجی +

بخش دینا - ا - فعل لازم - منت دینا - معاف کردینا -

بخشش - ف - اسم مؤنث (۱) انعام - عطیہ - دان (۲) معافی - عفو +

بخشنا - ا - فعل متعدی (۱) دینا - عطا کرنا - مرحمت کرنا (۲) عفو کرنا - معاف کرنا +

بخشوانا - ا - فعل متعدی - معاف کرانا - عفو کرانا +

بخشو جی ہی! - ا - ہمیں معاف رکھو ہم باز آئے - سلام ہے

بخشی - ف - اسم مذکر (۱) فوج کی تنخواہ تقسیم کرنے اور حساب کتاب لکھنے والا - تنخواہ بانٹنے والا - اب چوکیداروں کی تنخواہ بانٹنے والے کو کہتے ہیں (۲) جنرل یا کمانڈر انچیف - میر سپہ - میر لشکر - سپہ سالار - سپہدار +

بخشی خانہ - ف - اسم مذکر - فوج کی تنخواہ تقسیم ہونے کی جگہ

بخشی کا دفتر +

بخشی کا دھگڑ - ا - افسر سپاہ کا آشنا - زور آور کا دوست - رُستم کا سالا - کوتوال کا یار - زور آور +

بخشی گری - ف - اسم مؤنث (۱) عہدۂ مُصاحب فوج

بُخل - ع - اسم مذکر (۱) لالچ - طمع - حرص (۲) کنجوسی - خساست - تنگ چشمی - تنگدلی - جزرسی +

بخوبی - ف - تابع فعل (بہ + خوبی) ۱ - اچھی طرح سے (۲) بالتمام - بالکل (۳) ٹھیک ٹھیک - صاف صاف +

بخور - ع - اسم مذکر (۱) خوشبو - سگند (۲) دھونی کی چیزوں کی دھونی (۳) خوشبودار چیزیں جیسے اگر، عود، عنبر وغیرہ +

بخیر - ف + ع - تابع فعل (۱) خوش - اچھی طرح سے - سلامت جیسے مزاج بخیر (۲) نہیں - بالکل نہیں - بس +

دل دینگے مال دینگے مگر جان سو بخیر
بیہودہ ہے وہ شخص جو سرگرم لاف ہو (شیفتہ)

بخیل - ع - اسم مذکر - کنجوس - خسیس - مُمسک - شوم - تنگدل +

بخیلی - ا - اسم مؤنث - کنجوسی +

بخیہ - ف - اسم مذکر (۱) ایک قسم کی مضبوط اور پاس پاس سیون - دوہرا ٹانکا - پکا ٹانکا (۲) جمع - پونجی - سرمایہ - حوصلہ - بساط جیسے انکا اتنا بخیہ کہاں +

بخیہ اُدھیڑنا - ا - فعل لازم - حقیقت کھولنا - راز فاش کرنا - قلعی کھولنا + (ذوق)

ناخن نہ دے خدا تجھے اے ریخ پیچ جُو
دیگا تمام عقل کا بخیہ ادھیڑ تو +

بد - ہ - اسم مؤنث - دیکھو (بدگھی) وہ دُنبل جو جڑوں میں اٹھتا ہے +

بد - ف - صفت - بخلافِ نیک (۱) بُرا - خراب - زِشت - نکھد - (۲) ناقص - نکمّا (۳) شریر - ذِلیل - فسادی - مُفسِد

بداخلاق - ف+ع - صفت - کج خُلق - بداطوار - بدکردار - ناہموار - دُراچاری - دُشٹ - دُرجن - ناشائستہ +

بداسلوب - ف+ع - صفت (۱) بے ڈھنگا - بے ڈول - بَینڈا - بھونڈا - بُری شکل کا - بدنما (۲) بدراہ - چال چلن کا خراب +

بداصل - ف+ع - صفت - کمینہ - بُری نسل کا - پاجی کم

بداطوار - ف+ع - صفت - بدچلن - بُرے ڈھنگ کا

بدانتظامی - ف+ع - اسم مؤنث - بدعملی - بے بندوبستی - ظلم - اندھیر +

بداندیش - ف - صفت - بدخواہ - بُرا چاہنے والا - بَیری - مخالف +

بدباطن - ف+ع - صفت - کپٹی - کینہ ور +

بدبخت - ف - صفت (۱) نربھاگا - ابھاگ - بدنصیب - بدقسمت - بداقبال (۲) مُصیبت زدہ - دُکھیا - خراب خستہ - آوارہ +

بدبلا - ف+ع - صفت - عو - بڑی بھاری چڑیل - نہایت شریر - بلائے سخت +

بدبو - ف - اسم مؤنث - دُرگند - سڑاند - خراب بُو +

بدپرہیز - ف - صفت - بے احتیاط - بے اعتدال - وُہ شخص جو بیماری میں ہر ایک چیز کھائے پیئے - بلانوش - بلاچٹ +

بدپرہیزی - ف - اسم مؤنث (۱) بے احتیاطی - بے اعتدالی - بلانوشی (۲) عیاشی (۳) فضول خرچی +

بدتر - ف - صفت (۱) نہایت خراب (۲) ادنےٰ درجے کا

بدجانور - ۱ - اسم مذکر - عو - خوک - خنزیر - گراز - سُؤر

بدچلن - ا - صفت - بدراہ - بدرویہ - بداطوار - بدوضع

بدچلنی - ا - اسم مؤنث - بدوضعی - بدکرداری +

بدحال - ف+ع - صفت - خستہ حال - ردی حالت میں

بدحواس - ف+ع - صفت (۱) حواس باختہ - بیہوش - بے عقل (۲) مُضطرب - پریشان - سرگردان - مُتحیّر - حیران

بدخط - ف+ع - اسم مذکر - بدنویس - بُرے خط والا

بدخُلق - ف+ع - صفت - بدمزاج - اکھڑ - اکّل کُھرا

بدخُو - ف - صفت - بُری خصلت والا - بدسیرت - بداخلاق

بدخواب ہونا - ا - فعل لازم (۱) بُرا سپنا دیکھنا (۲) نہانے کی حاجت ہونا - احتلام ہونا +

بدخوابی - ف - اسم مؤنث (۱) بُرا سپنا - ڈراونا خواب (۲) احتلام - نہانے کی حاجت (۳) بے چینی +

بدخواہ - ف - صفت - بداندیش - بُرا چاہنے والا - دُشمن - بَیری +

بدخواہی - ف - اسم مؤنث - بَیر - دُشمنی +

بددعا - ف+ع - کوسنا - سراپ +

بددعا دینا - ا - فعل مُتعدّی - کوسنا - سراپ دینا +

بددل - ف - صفت (۱) ناخوش و ناراض (۲) بدظن - بدگمان +

بددماغ - ف+ع - صفت - وُہ شخص جو بات بات پر ناک چڑھائے - مغرور - گھمنڈی - نازک دماغ - ہند - نک چڑھا - چڑچڑا

بددماغی - ف+ع - اسم مؤنث - بدمزاجی - مغروری - نازک دماغی - خفگی - آزردگی - چڑچڑاہٹ - چڑچڑاپن

بددیانت - ف+ع - صفت - بددین - خائن - خیانت کرنے والا - فریبی - دغاباز +

بدڈول - ا - صفت - دیکھو (بداسلوب نمبرا)

بدذات - ف+ع - صفت (۱) خبیث - بدطینت

(۲) وہابی کے خلاف وہ گروہ جو بزرگوں کی تعظیم میں مبالغہ کرے
(۳) عوام۔ جھگڑالو۔ حجتی (۴) عوام۔ ظالم۔ تشدد کرنیوالا +

بِدکانا۔ ہ۔ فعل متعدی (۱) گھوڑے کو ڈرانا۔ چونکانا
بھڑکانا۔ چوکنا کر دینا (۲) اُچٹانا۔ اُکھیڑنا +

بِدکنا۔ ہ۔ فعل لازم (۱) بھڑکنا۔ چوکنا ہونا۔ گھوڑے کا ڈر کر
چونکنا (۲) اُچٹنا۔ اُکھڑنا +

بَدَل۔ ع۔ اسم مذکر۔ عوض۔ بدلہ۔ معاوضہ۔ پلٹا۔ مبادلہ
ایک چیز کے عوض دوسری چیز لینا۔ تبادلہ +

بدلائی۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ عوام۔ وہ نقدی جو چیز سے چیز بدلنے
کے عوض میں دیجائے + عوضہ۔ معاوضہ

بدلنا۔ ہ۔ فعل متعدی (۱) پلٹنا۔ مبادلہ کرنا۔ تبادلہ کرنا۔
ایک چیز کو دیکر دوسری چیز لینا (۲) ہیئت پلٹنا۔ انقلاب
ہونا (۳) رنگ کا متغیر ہونا +

بدل لینا۔ ہ۔ فعل لازم۔ پلٹ لینا۔ ایک چیز دیکر دوسری چیز
لے لینا +

بدلوانا۔ ہ۔ فعل متعدی۔ پلٹوانا۔ تبادلہ کروانا +

بدلوائی۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ دیکھو۔ (بدلائی) +

بدلہ۔ ع۔ اسم مذکر (۱) پلٹا۔ معاوضہ۔ عوض۔ عوضانہ (۲)
پاداش۔ اجر۔ مکافات۔ انتقام (۳) صلہ۔ بخشش۔ عطا۔
انعام (۴) اُجرت۔ محنتانہ (۵) ہرجہ۔ جبر نقصان۔ ڈنڈ
تاوان (۶) قصاص۔ جزا +

بدلہ لینا ہ۔ فعل متعدی۔ عوض لینا۔ بدی کی بجائے
بدی کرنا۔ قصاص لینا +

بدلی۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ تبدیلی۔ پلٹی +

بدلی۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ بادل کی تصغیر۔ بادل کا چھوٹا ٹکڑا
ابر۔ گھٹا +

بدن۔ ع۔ اسم مذکر (۱) جسم۔ تن۔ دیہ۔ ڈیل۔ پنڈا۔ کایا

(۲) عو۔ اندام نہانی۔ شرمگاہ +

بدن بگڑ جانا۔ ہ۔ فعل لازم۔ جذام یا کوڑھ ہو جانا +

بدن پھول جانا۔ ہ۔ فعل لازم۔ پھوڑے پھنسی یا گرمی دانوں
سے تمام جسم کا لدجانا +

بدن پھیکا ہونا۔ ہ۔ فعل لازم۔ عو۔ پنڈا گرم ہونا +

بدن ٹوٹنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ اعضا شکنی ہونا۔ جوڑوں
میں کسل معلوم ہونا۔ بےچین ہونا۔ ہڈ پھوٹن ہونا +

بدن چُرانا۔ ہ۔ فعل لازم۔ شرم سے سُکڑنا۔ بدن سمیٹنا
اپنے جسم کو چھپانا یا بچانا + (معروف)

متاعِ دل کو جو وہ سیمتن چُراتا ہے
ٹٹولتا ہوں تو کیا کیا بدن چُراتا ہے

بدن کے رونگٹے کھڑے ہونا۔ ہ۔ فعل لازم۔ خوف
یا سردی کے باعث جسم کے بالوں کی جڑوں کا کھڑا ہو جانا
خوف کھانا۔ ہیبت چھانا +

بدنا۔ ہ۔ فعل متعدی (۱) شرط لگانا۔ ہوڑ لگانا۔ شرط
اقرار کرنا۔ قول کرنا۔ تسلیم کرنا۔ عہد کرنا۔ ہاتھ لگانا جیسے
کتنے بدتے ہو (۲) جاننا۔ خیال میں لانا۔ خاطر میں لانا
سمجھنا۔ شمار کرنا (دوہا)

بانہہ چھڑائے جات ہے نبل جان کے موہے
ہردے میں سے جائیگا تو مرد بدوں گی توہے

(۳) قرار دینا۔ ٹھیرانا +

بدنی۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ وہ شرط جو کسی پیداوار کے خرید
کی بابت فصل سے پیشتر قرار پا جائے یا کٹنے سے پہلے غلہ کا
نرخ ٹھیرا لیا جائے (۲) سائی۔ دادنی +

بدنام کرنا۔ ہ۔ فعل متعدی۔ عو۔ بدنام کرنا۔ نکّو بنانا۔ رسوا کرنا

بدولت۔ ف + ع۔ تابع فعل (۱) بہ اقبال۔ آسرے سے
(۲) طفیل۔ باعث۔ سبب +

بدُون - ف + ع - حرفِ استثناء - بغیر - یا سوائے - آہا

بدُو ہو جانا - ل - فعل لازم - عو - نکّو ہو جانا - رسوا ہو جانا

انگشت نما ہو جانا +

بِدھ - ہ - اسم مؤنث (۱) خدا - پرمیشر - بدھنا (کبت تلسی)

ناک چپٹک بید پران جنتر دس کے گرہ جائے پڑے گو

اُدم کو چھوں چکر پھیرے کنچن کے گڈھ پانو چڑھے گو

ہو گی وُہی بدھنا کی رچی جا دیں تل ایک گھٹے نہ بڑھے گو

جو بدھ سے نہ بھیو تلسی تو کہا کو ہو کر من پھیر دھرے گو

(۲) چاند - قمر - ماہ + (دوہا)

بدھ داہنے دُکھ بنساوے وہی بائیں ہوئے دُکھ بڑھاوے

(۳) طرح - ڈھب - وضع - طور -

جا بدھ راکھے رام تاہی بدھ رہئے

(۴) نیک ستاروں کا قران - اچھے ستاروں کا ملنا (۵)

جوڑ - میزان +

بدھ لگنا - ہ - فعل لازم - (انتقال) ۱ - شرت پھیلنا

میزان بیٹھنا (۲) موافقت ہونا - اتفاق رائے ہونا -

بدھ ملانا - ہ - فعل متعدی (۱) زائچہ مطابق کرنا -

جنم پتری ملانا (۲) میزان کا مقابلہ کرنا - پڑتالنا (۳)

گٹھنا - موافقت پیدا کرنا (۴) شرت پھیلانا - قیمت لگانا

بدھ ملنا - ہ - فعل لازم (۱) مطابقت کھانا - میزان

کا درست آنا (۲) موافقت ہونا - سازگاری ہونا (۶)

بُدھ - س - اسم مذکر (۱) گیان - عقل - سمجھ [illegible] +

ہوش (۲) تیز فہمی - زیرکی - بُدھی - (۳) [illegible]

(۳) وشن کا نواں اوتار (۴) عطارد - ہنجس [illegible]

تیر (۵) چہار شنبہ - جمعرات سے پہلا دن

بدھاتا - س - اسم مذکر - کاتبِ تقدیر - خالق - خدا - برہما

بھگوان - پرمیشر (۲) نصیبا - پرالبدھ +

بدھاوا / بدھائی - ہ - اسم مذکر (۱) لغوی معنی بڑھوتری - بالیدگی

بدھائی - ہ - اسم مؤنث - اصطلاحی وہ انعام جو بچہ

پیدا ہونے پر دیا جائے۔ افزائشِ عمر کے صلہ میں دیا جائے

(۲) بچہ کے پیدا ہونے کی مبارکباد (۳) شادیانہ خوشی

کے گیت - منگل (۴) آنند - خوشی - جگر کار (۴) بیاہ

کا انعام +

بدھائی دینا - ہ - فعل متعدی - مبارکبادی کا گیت

گانا - ترانہ ہائے شادی سنانا - مبارکباد دینا +

بدھنا - ہ - اسم مذکر - وہ مٹی کا لوٹا جسمیں ٹونٹی بڑھی

ہوئی ہو - ٹونٹی دار مٹی کا کروا +

بدھنی - ہ - اسم مؤنث - مٹی کا ٹونٹی دار چھوٹا لوٹا

بُدھو - ہ - اسم مذکر - مودھو - بیوقوف - اُلو - گدھا

مورکھ (اصل میں اسکے معنی بدھ والا ہیں مگر طنزاً ابدھ ہو گئے)

بِدھوا - س - اسم مؤنث ہندو بیوہ - وہ عورت جسکا

خاوند مر گیا ہو - رانڈ - رنڈسی +

بُدھوان - یا بُدھمان - ہ - صفت (۱) تیز فہم - وہ شخص

جسکی قوتِ شامہ زیادہ ہو - زود فہم - زیرک - ذہین

(۲) سیانا - ہوشیار - ذی ہوش + سنجیدہ (۳) عالم

عاقل - فاضل (۴) دور اندیش - عاقبت اندیش (۵)

صاحب تمیز - تمیز دار +

بُدھی - ہ - اسم مؤنث - فہم - سمجھ - عقل + زیرکی -

دانائی - تیز فہمی +

بَدّھی - ہ - اسم مؤنث (۱) وہ پھولوں کا ہار جو بیاہ شادی

میں دولہا کے گلے اور بغلوں میں حمائل وار باہم متقاطع ڈالتے

ہیں اسکے علاوہ منت کی بدھی چمڑے اور ریشم وغیرہ کی بھی بچوں

کے گلے میں ڈالا کرتے ہیں چنانچہ اس رسم کو بدھی پہنانا کہتے ہیں

مگر یہ عوام اور جہلا میں رایج ہے (۲) تلوار کا آڑا زخم (۳) [illegible]

کیا بُرا لکھا ہے اپنا بھی کہ خطِ خاص میں
(معروف) جب نہ تب صرف عتاب آمیز لکھا آپ نے

بُرا لکھا کرنا - ہ - فعل متعدی - عو - دیکھو - (بُرا حال کرنا)

بُرا لگنا - ہ - فعل لازم (۱) ناگوار گزرنا - گراں معلوم ہونا (۲) زیب نہ دینا - ناموزوں ہونا -

بُرا ماننا - ہ - فعل لازم - ناخوش ہونا - ناراض ہونا - خفا ہونا - آزردہ خاطر ہونا - رنجیدہ دل ہونا +

بُرا ہو ! - ہ - ندا - عو - بجائے دُعائے بد - بُرا ہو - خانہ خراب ہو - مُصیبت پڑے - آفت آئے - ناس جائے وغیرہ

بُرا وقت - ا - اسم مذکر - طالع ناساعد - بُری گھڑی - زمانۂ مُصیبت - تنگی اور افلاس کے دن +

بُرا ہو ! - ہ - عو - کلمۂ نفریں و دُعائے بد - خانہ خراب ہو - ناس ہو - آگ لگے +

بَرَابَر - ف - صفت (۱) مساوی - کمتی نہ بڑھتی یکساں (۲) ہمسر - ہم رُتبہ - (۳) ہموار - یکساں - چورس - مُستوی - سپاٹ (۴) پُورا - ہموار - تول میں ٹھیک (۵) پیہم جیسے برابر چلے جاؤ (۶) پہلو بہ پہلو - ہم جنب (۷) ایک سانس ایک دم جیسے برابر روتا رہا (۸) بلا ناغہ - مُسلسل - ترتیب وار جیسے برابر کام کرتا رہا (۹) ایک ساتھ - بلا تامل جیسے برابر اُٹھ آیا (۱۰) نصفا نصفی - آدھوں آدھ (۱۱) سدا - ہمیشہ (۱۲) پاس - قریب جیسے ہمارے برابر رہتا ہے (۱۳) ہمسر - ہم قیمت

برابر برابر - ف - تابع فعل - پاس پاس - پہلو بہ پہلو - ایک قطار میں

برابر سرابر - صفت (سرابر تابع مہمل) ۱ - یکساں مساوی (۲) بے باق +

برابر کا - ا - تابع فعل (۱) جوان - ہمدوش - ہمقد ہمقامت جیسے برابر کا بیٹا - برابر کا بھائی (۲) جوڑ کا - جوڑ کا

ہمسر (۳) مساوی کا نصف کا +

برابر کرنا - ا - فعل متعدی (۱) یکساں کرنا (۲) مطابق کرنا (۳) ہموزن کرنا (۴) چورس کرنا (۵) بیباق کرنا - چکانا (۶) گنوانا - اُٹھا ڈالنا - صرف کر ڈالنا (۷) تباہ کر ڈالنا - غارت کر - توڑ کر خاک میں ملانا - نیست و نابود کرنا - کھوج مٹانا (۸) پُورا کرنا - لکھا جوکھا ایک کرنا (۹) انجام کو پہنچانا - تمام کرنا - خاتمہ کرنا (۱۰) متواتر کرنا - پے در پے کرنا +

برابر کی بانٹ - ا - اسم مؤنث - برابر کا بھائی - اپنے سے چھوٹا بھائی - برادر کوچک +

برابر کی ٹکر - ا - اسم مؤنث - ہم پلہ - ہم رُتبہ +

برابر والا - ا - اسم مذکر - ہمسر - جوڑ کا +

برابر ہونا - ا - فعل لازم (۱) یکساں ہونا - مطابق ہونا - مساوی ہونا (۲) ہموزن ہونا (۳) بیباق ہونا (۴) متفق ہونا (۵) صرف ہونا - خرچ میں آجانا (۶) چورس ہونا (۷) غارت ہونا - مٹنا (۸) پورا ہونا - انجام کو پہنچنا (۹) ساتھ ساتھ ہو جانا (۱۰) ہمسر ہونا

بَرَابَری - ف - اسم مؤنث (۱) مساوات - یکساں ہونا (۲) ہمسری - ہم منصبی - ہم چشمی - حریفی - رقابت - موافقت (۴) ہمواری - چورسائی (۵) مقابلہ - گستاخی - بے ادبی (۶) بحثا بحثی - ضدم ضدا - حرصا حرصی +

برابری کرنا - ا - فعل لازم (۱) مقابلہ کرنا - حجت کرنا (۳) نقل کرنا (۴) ہمسری کرنا - ہمتا ہونا (۷)

بَرَات - ہ - اسم مؤنث (۱) دولہا کی آرائش وغیرہ کے ساتھ (۲) ا (۳) گنجفہ کی ایک بازی کا نام +

برات چڑھنا - ہ - فعل لازم - د

کے ساتھ روانہ ہونا - داماد کا مع کثیر کے ساتھ نکاح کے واسطے سوار ہونا +

براتی - ہ - اسم مذکر - وہ آدمی جو دولہا کے ساتھ شادی کے دن جاتے ہیں - وہ لوگ جو ہنگامہ برات میں جمع ہوں

براجمان ہونا - ہ - فعل لازم - رونق افروز ہونا - زینت بخشنا - جلوس فرمانا - تشریف رکھنا +

براجنا - ہ - فعل لازم (۱) زیب دینا - سوہنا - سوہانا (ن) ہونا - سجنا جیسے سیس مکٹ براجے (۲) شان و شوکت سے بیٹھنا - صدر نشین ہونا - جلوس فرمانا - (۳) تشریف رکھنا - رونق افروز ہونا (۴) رہنا - بسنا جیسے نیل کنٹھ کیڑا بھکے کھیے براجے رام + کھوٹ کپٹ کیا دیکھیے درشن ہی سے کام (۵) مزے سے رہنا - فراغبالی سے بسر کرنا +

برادر - ف - اسم مذکر (۱) بھائی - بیرا - بیرن - بھیا (۲) رشتہ دار + ہمقوم (۳) ہم مذہب - ہم مشرب (۴) ہم پیشہ - پیشہ کے شریک +

برادر اخیافی - ف + ع - اسم مذکر - وہ بھائی جنکا باپ جدا جدا اور ماں ایک ہو (اخیافی گیڈ کے معنی میں آتا ہے)

برادر اعیانی - ف + ع - اسم مذکر - سگا بھائی - ایک ماں باپ کا بھائی +

برادر حقیقی - ف + ع - اسم مذکر - سگا بھائی

برادر رضاعی - ف + ع - دودھ شریک بھائی دھا بھائی + کوکہ - انا کا بیٹا +

برادر زادہ - ف - اسم مذکر - بھتیجا - بھائی کا بیٹا

... - ف + ع - اسم مذکر - سوتیلا بھائی ... ماں جدا جدا اور باپ ایک ہو - بے ماں

جاتے ہیں اکٹھے ہو

بشارت - ع

(۲) الہام غیبی

برادری - ف - اسم مؤنث (۱) قوم - ذات - گوت - گھرانا - خاندان (۲) رشتہ داری - ... (۳) رشتہ دار - یگانہ (۴) گروہ - جتھا - بھائی بندی - سنگت - طائفہ جیسے طاسے والوں کی برادری +

برادہ - ف - اسم مذکر - چورا - ریزہ - سفوف - بوڈر - لکڑی یا لوہے وغیرہ کا وہ چورا جو آری یا سوہن سے برآمد ہوتا ہے +

براز - ع - اسم مذکر - پیخانہ - غلاظت - چرک - گوہ - گندگی - فضلہ - نجاست +

براعظم - ع - اسم مذکر - وہ خشکی کا بہت بڑا قطعہ جسمیں بہت سے ملک شامل ہوں جیسے ایشیا - افریقہ وغیرہ مہادیپ +

براق - ع - اسم مذکر (۱) ایک مشہور بہشتی خچر سے چھوٹا گدھے سے بڑا چوپایہ جسپر شب معراج کو رسول مقبول صلعم سوار ہوے (۲) وہ تعزیہ جسکا دھڑ گھوڑے کا سا اور چہرہ آدمی کی مانند ہوتا ہے +

براق - ع - صفت (۱) چمکیلا - درخشاں - جھلملاتا ہوا (۲) بادرفتار - تیزگام - سبک رفتار - تیزرو - (۳) چالاک - ہوشیار (۴) مشتاق - بیدار ہوا (۵) تیز فہم زیرک - زیرکی (۶) نہایت سفید - نہایت اجلا - دھو بیا برف سا +

برآمد - ف - اسم مذکر (۱) نکاس - نکاسی - خرچ - آمدنی (۲) دیارا - وہ زمین جو دریا کے ہٹجانے سے نکلتی ہے (۳) روانگی +

برآمد ہونا - ہ - فعل لازم (۱) نکلنا - باہر آنا (۲) پایا جانا - بازیافت ہونا - ظاہر ہونا جیسے مال مسروقہ برآمد ہونا

برآمدہ - ف - اسم مذکر (۱) بارانڈا - بارجہ - سائبان

(۲) اُوپر کا باہر نکلا ہوا کمرہ - بالاخانہ - اٹاری (۳) غُلام گردش +

بَرآنا - ا - فعلِ لازم - حاصِل ہونا - کامیاب ہونا - ہاتھ آنا - کام نکلنا - کام بننا +

بَرانا - ہ - صفت (ہندی) پرایا - بیگانہ - غیر کا + غیر دوسرا

بَراَنداز - ف - صفت - برباد کرنے والا - لکھ لُٹ - کھاؤ لُٹاؤ +

بَرانڈا - انگلش Veranda ورانڈا - دیکھو (برآمدہ)

بَرانگیختہ کرنا - ا - فعل متعدی (۱) اُکسانا - بھڑکانا - اُبھارنا - تحریک کرنا - شہ دینا - اِغوا کرنا - بہکانا - لہکانا - آمادہ کرنا - تحریص کرنا +

بَرآوَرد - ف - اسم مؤنث - فردِ تخمینہ - فہرستِ حساب - تکدمہ - بجٹ - بل - تنخواہ کا کاغذ - گوشوارہ +

بَراہی - س - اسم مؤنث - پھپولے والی دیبی - کھُجلی کی ماتا +

بُرائی - ہ - اسم مؤنث (۱) بدی - زبُونی (۲) خرابی - نُقصان + قباحت (۳) نحوست - خباثت (۴) شرارت (۵) غیبت - پس گوئی (۶) عیب - نقص (۷) ہجو - بدگوئی (۸) اِلزام - تُہمت +

بَرائے - ف - تابعِ فعل - واسطے - لیے +

برائے خُدا - ف - تابع فعل - از بہرِ خُدا - خُدا کے واسطے - خُدا کو مان کر +

برائے نام - ف - تابع فعل - نام چار کو - گنتی گنانے کو + فرضی - خیالی - مجازی +

بَرباد - ف - صفت (۱) تباہ - ویران - اُجڑا - کھویا ہوا - خراب - غارت (۲) ضایع - تلف +

برباد کرنا - ا - فعل متعدی (۱) اُجاڑنا - تباہ کرنا - (۲) کھونا - اُڑانا - ضایع کرنا (۳) مُفلس بنانا - بگاڑنا - فقیر کرنا (۴) مٹانا - نیست و نابُود کرنا +

برباد ہونا - ا - فعل لازم (۱) تباہ ہونا - اُجڑنا (۲) غارت ہونا - لُٹنا (۳) نام و نشان نہ رہنا - نیست و نابُود ہونا (۴) قلاش ہونا - مُفلس ہونا - بگڑنا +

بَربادی - ف - اسم مؤنث - تباہی - خرابی - ناس -

بُربُرانا - ہ - فعل متعدی - بھڑکنا - بُڑکنا +

بَربَری - ا - اسم مؤنث - ایک قسم کی چِت کبری خُوبصُورت اور بڑی بکری (راست بداؤں میں مُلکِ بربر واقع افریقہ سے یہ بکری آئی ہو)

بربری خانہ - ف - اسم مذکر - وہ جگہ جہاں شاہی بکریاں رہتی ہیں + کٹھڑک - باڑا +

بَرپا - ف - صفت - قائم - ٹھیرا ہوا - برقرار +

برپا کرنا - ا - فعل متعدی - کھڑا کرنا - اُٹھانا - ظاہر کرنا

برپا ہونا - ا - فعل لازم - کھڑا ہونا - اُٹھنا - پیدا ہونا - بلند ہونا + مچنا +

بَرَت - س - اسم مذکر - روزہ - اُپاس - اَنہار - بھُوکا پیاسا رہنا +

بِرت - س - اسم مؤنث (۱) وجہِ معاش - معیشت - آجیوکا + علُوفہ (۲) آمدنی - آمد (۳) مال - جائداد - عطا شدہ جاگیر - معافی زمین (۴) حق - ورثہ - نیگ - اِنعام (۵) ججمان - سرکار - پرورش کنندہ +

بِرتا - ہ - اسم مذکر (۱) طاقت - بل - زور (۲) بھروسا - اُمید (۳) حوصلہ - ہمت - مقدور (۴) لیاقت - استعداد (۵) وسعت - گُنجایش - اِجازت +

بَرتانا - ہ - فعل متعدی (ہندی)

برتانت - س - اسم مونث (۱) خبر - اطلاع (۲) بیان حال + تذکرہ (۳) روایت - حکایت - کتھا - کہانی

برتاؤ - ہ - اسم مذکر (۱) عملدرآمد - راہ و رسم - ربط ضبط - میل جول - ضابطہ - چلن - رسم - سلوک (۲) استعمال - تصرف

برتر - ف - صفت - زیادہ بلند - نہایت عمدہ + بزرگتر

برتری - ف - اسم مونث عمدگی - فضیلت - بڑپن +

برتن - ہ - اسم مذکر - باسن - بھانڈا - ظرف +

برتنا - ہ - فعل متعدی (۱) کام میں لانا - استعمال کرنا جیسے دادا لے پوتا برتے + (۲) بھگتنا - نبھانا جیسے اُسنے ہر قسم کے حاکم کو برتا ہے (۳) صرف میں لانا - اُٹھانا - خرچ کرنا +

برتھا - س - صفت (ہندو) ضایع - اکارت +

برتی - ہ - اسم مذکر - روزہ دار - اُپاسک +

برج - ع - اسم مذکر (۱) گنبد - گمٹ - مٹھ (۲) گھوگس گرگج - گڑھ (۳) راس - منازل ستیارہ - ستیارہ کا گھر یا مقام - آسمانی دائرہ کا بارھواں حصہ + (۴) منارہ - بیکون +

برج - س - اسم مذکر - متھرا کا ضلع جسمیں گوکل - بندرابن وغیرہ شامل ہیں اور ایکسو اٹھ میل کے گھیرے میں ہے یہ جگہ کرشن جی کے وہاں پیدا ہونے اور لیلا کرنیکے سبب اور زبان کی فصاحت و سلاست کے باعث نہایت مشہور ہے +

برج بھاکا - ہ - اسم مونث - برج کی بولی متھرا گوکل اور بندرابن کی زبان +

جاتے ہیں اُسکے
صفت - بیساختہ - فی البدیہہ - برقت
بشارت - ع - ت پر - حسب موقع - بے سوچے -
(۲) نہایت فیض

برجنا - ہ - فعل متعدی - گیتوں میں (۱) منع کرنا - بازرکھنا - روکنا (۲) سمجھانا - فہمایش کرنا +

برجی - ا - اسم مونث (۱) برج کی تصغیر - چھوٹا برج - مینار (۲) گنبد کے اُوپر کا گول حصہ +

برچن - ہ - اسم مذکر - بیروں کا چورن

برچھ - ہ - اسم مذکر - درخت - پیڑ - روکھ +

برچھا - ہ - اسم مذکر - نیزہ دراز - بھالا - بلم - سانگ +

برچھک - ہ - اسم مذکر - برج عقرب - آسمان کا آٹھواں برج

برچھی - ہ - اسم مونث ایک چھوٹا بھالا جسکا پھل چوڑا ہوتا ہے +

برچھیت - ہ - اسم مذکر (۱) بھالا بردار (۲) خوب برچھا پھرانے والا + عمدہ نیزہ باز +

برحق - ف + ع - صفت (۱) سچ - درست - ٹھیک بجا +

برخاست کرنا - ا - فعل متعدی (۱) اٹھانا - علیحدہ کرنا (۲) دفتر یا مدرسہ وغیرہ بند کرنا - کام بڑھانا - کام اُٹھانا (۳) موقوف کرنا - چھڑانا - برطرف کرنا +

برخاستگی - ف - اسم مونث - موقوفی - برطرفی - رخصت

برخاست ہونا - ا - فعل لازم (۱) دفتر وغیرہ بند ہونا کچہری اُٹھنا (۲) موقوف ہونا - برطرف ہونا +

برخلاف - ف + ع - صفت اُلٹا - متضاد - برعکس نقیض - متباین + مختلف - مغایر - مخالف - غیر مطابق ناموافق +

برخوردار - ف - صفت (یہ لفظ تین کلموں سے مرکب ہے بر بمعنی پھل جا (نیکی) خور بمعنی کھا جا (بمعنی دنیا) دار بمعنی رکھ جا (میراث)) آسودہ - دولتمند - اقبالمند - بختاور (۲) زندگانی کا پھل اُٹھانیوالا (۳) اسم میں - بیٹا -

فرزند - قرۃ العین - نورِ چشم (۲) دعا میں - عمر دراز ہو
جیتے رہو - سلامت رہو +

برخورداری - ا - اسم مونث - کنیز الاولادی جیسے
بیتی میں برخورداری +

برد - ف - اسم مونث (۱) فتوح - بالائی یافت -
اوپری بندھیج - آمد - یافت - نفع (۲) شرط - ہوڑ
(۳) جب شطرنج میں کوئی مہرہ کسی بادشاہ کے ساتھ
نہیں رہتا اور صرف بادشاہ ہی رہجاتا ہے تو وہ بازی
برد کہلاتی ہے +

برد دینا - ا - فعل لازم (۱) ہارنا - کھونا (۲) آدھی مات
دینا +

برد مارنا - ا - فعل متعدی (۱) بازی لینا (۲) فتوح یا نا
فائدہ اٹھانا (۳) مال مارنا +

برداشت - ف - اسم مونث (۱) سہار - تحمل - بردباری
(۲) صبر - سنتوکھ (۳) اچاپت - قرض سودا اٹھانا

برداشت کرنا - ا - فعل لازم (۱) سہارنا - گوارا کرنا
جھیلنا (۲) تیمارداری - غمخواری + غور و پرداخت
جانوراں +

برداشتہ خاطر ہونا - ا - فعل لازم - دل اکھڑنا -
بیدل ہونا - دل اچاٹ ہونا - گھبرانا +

برد اطراف - ع - اسم مذکر - سیت - ہاتھ
پاؤں ٹھنڈے پڑجانا +

بردبار - ف - صفت - متحمل - بھاری بھرکم - گمبھیر
سہنے والا - برداشت کرنے والا - سلیم الطبع - اہل +
سہار +

بردباری - ف - اسم مونث - سہار - برداشت -
تحمل - صبر + اہلیت +

بردہ - ف - اسم مذکر (۱) وہ لڑکے اور لڑکیاں جو لڑائی
میں ہاتھ آئیں - اسیر - قیدی (۲) غلام - داس -
حلقہ بگوش +

بردہ فروشی - ف - اسم مونث - غلام فروشی - غلام
بیچنا - غلام کی تجارت +

برزخ - ع - اسم مذکر (۱) حایل - روک - مزاحمت (۲)
عرصہ - وقفہ (۳) مرنے سے قیامت تک کا زمانہ -
دار العمل اور دار الجزا کے درمیان کا عرصہ (۴) تصوری
شکل - خیالی صورت جیسے پیر کی برزخ (۵) وہ چیز
جو دو مخالف چیزوں کے بیچ میں حایل ہو اسمیں دونوں
مخالف چیزیں باہم مخالفت رکھتی ہوں یا نہیں جیسے اعراف
بہشت اور دوزخ میں - بندر انسان اور حیوان میں
مردم گیاہ نباتات اور حیوانات میں - مونگا نباتات
اور جمادات میں برزخ ہے (۶) ہیئت - شکل - دھج
چیشٹا +

برزن - ف - اسم مذکر - کوچہ - گلی + سڑک -

برس - ہ - اسم مذکر - سال - بارہ مہینے کا زمانہ - سنہ

برسابرس - ہ - تابع فعل (۱) تمام سال + ہر سال
برسویں دنکا تہوار + عید +

برس بدھاوا - ہ - اسم مذکر - ہندو - اہل ہند کی ایک
تقریب ہے جو بیاہ ہونیکے ایکسال بعد عمل میں آتی ہے
اسمیں جو کچھ ناریل چاول وغیرہ دولہا کے گھر سے آیا
تھا اب واپس جاتا ہے +

برس بیاوڑ - ہ - اسم مونث (۱) ہر برس بچہ د
گائے یا بھینس (۲) ظرافتاً
بچہ کش +

برس دن کا دن - ہ - اسم مذکر -

برس کا برس دن / برس کا دن - ہ - جیسے عید بقرعید - شب برات نوروز وغیرہ

برس گانٹھ - ہ - اسم مؤنث - سالگرہ +

برسات - ہ - اسم مؤنث - چوماسا - بارش کا موسم (ہندی چھ رتوں میں سے تیسری رت جو پندرھویں اساڑھ سے پندرھویں بھادوں تک رہتی ہے)

برساتی - ہ - اسم مؤنث (۱) دیکھو (بارانی نمبر ۲) (۲) گھوڑے یا اونٹ کی ایک بیماری کا نام ہے جو برسات میں ہو جاتی ہے اسمیں اور خارشت میں بڑا فرق ہے اگرچہ ہوتی یہ بھی پھنسیاں ہیں +

برساتی پھنسیاں - ہ - اسم مؤنث - وہ پھوڑے پھنسیاں جو برسات کے اثر سے ہو جاتی ہیں +

برسانا - ہ - فعل متعدی (۱) بارش کرنا (۲) اناج کو اوپر سے ہوا کے رخ پر کھڑے ہو کر گرانا تاکہ بھس علیحدہ ہو جائے +

برساؤ - ہ - صفت - برسن ہار - بارندہ - برسنے والا +

برس پڑنا - ہ - فعل لازم - برا بھلا کہنے پر اتر پڑنا - گالیوں کا تار باندھ دینا +

برسنا - ہ - فعل لازم (۱) بارش ہونا - مینہ یا پانی پڑنا - (۲) افراط سے آمد ہونا جیسے روپیہ برس رہا ہے (۳) غصہ اتارنا - غبار نکالنا - خفا ہونا - گرجنا (۴) پھوٹنا مواد نکلنا جیسے گانگن برسنا (۵) جھلکنا - نمایاں ہونا جیسے آنکھوں میں خون برسنا - شہدپن برسنا وغیرہ

برسوں جھولنا - ہ - فعل لازم - کسی امید میں اجاتے ہیں اکسے بچہ سار رہنا - مدتوں کوشش و جستجو کرنا

[illegible] - ہ - تابع فعل - سال میں ایکبار - ہر سال (۲) دیہات میں ... مؤنث - پورب دیکھو (انگیٹھی)

برسی - ہ - اسم مؤنث - مردے کی ایک رسم ہے جو برس دن بعد ادا کی جاتی ہے - برس پورا ہونیکی فاتحہ - مردہ کی سالانہ رسم +

برش - انگلش Brush کونچی - گچھے دار دم - بالوں کی قلم - موقلم +

برش - ف - اسم مذکر - ایک مرکب دوا کا نام ہے جسکا جزو اعظم افیون ہے +

برش - ف - اسم مؤنث - بالتشدید و بلا تشدید - کاٹ تیزی (چونکہ فارسی میں تشدید نہیں ہے اس سبب سے بعض محققین کو اسمیں کلام ہے مگر شعرائے ایران نے دونوں طرح جائز رکھا ہے) +

برشکال - س - اسم مذکر (برش + کال) برسنے کا زمانہ (وقت) برسات - جو لوگ اسے فارسی خیال کرتے ہیں انکو اس سبب سے دھوکا ہوا ہے کہ بعض شعرائے عجم نے قصداً اسے اپنے کلام میں باندھا اصل میں ہندی بلکہ سنسکرت ہے

برص - ع - اسم مؤنث - سفید کوڑھ - وہ سفید دھبے جو فساد خون سے جسم پر ہو جاتے ہیں +

برطرف - ف + ع - صفت - کنارہ پر - علیحدہ - جدا - موقوف +

برطرف کرنا - ا - فعل متعدی - موقوف کرنا - برخاست کرنا - جواب دینا - نوکری سے چھڑانا - نام کاٹنا +

برطرف ہونا - ا - فعل لازم - موقوف ہونا - برخاست ہونا

برطرفی - ف - اسم مؤنث - موقوفی - علیحدگی - معزولی - برخاستگی +

برعکس - ف + ع - صفت - خلاف - الٹا - متضاد

برف - ف - اسم مؤنث (۱) پالا - ہم - وہ کہر جو روئی کی شکل میں برستی ہے (۲) برف میں جما ہوا دودھ یا شربت

(۳) صفت میں سفید - اُجلی (۴) صفت میں نہایت
سرد - اولا +

برف پرورد - ف - صفت - برف میں لگایا ہوا

برف پڑنا - ا - فعل لازم (۱) پالا پڑنا (۲) نہایت سردی
پڑنا +

برف گلنا - ا - فعل لازم (۱) برف پگھلنا - (۲) نہایت
سردی پڑنا - پالا پڑنا +

برف میں لگانا - ا - فعل متعدی - برف میں ٹھنڈا
کرنا +

برف ہونا - ا - فعل لازم (۱) نہایت سرد اور خنک ہونا

توبہ ہے الٰہی کہ پڑی تا بہ کمر برف
سردی سے ہوا جاتا ہی دل برف جگر برف (مُخبِر)

برفانی پہاڑ - ا - اسم مذکر - وہ پہاڑ جس پر برف پڑتی
رہتی ہے - برف سے محجوب پہاڑ +

برفی - ف - اسم مؤنث - ایک قسم کی سفید اور میٹھی دودھ
کی مٹھائی +

برق - ع - اسم مؤنث (۱) بجلی - دامن (۲) صفت میں
مشاق - تیز - چالاک (۳) صفت میں مصقّل مجلّا

برق زدہ - ف - اسم مذکر - بجلی کا مارا ہوا - وہ شخص
جس پر بجلی پڑی ہو +

برقرار - ف ع - صفت (۱) قائم - ٹھہر - باقی (۲) موجود
حاضر (۳) بحال - مستقل +

برقع - ع - اسم مذکر (۱) روپوش - نقاب - وہ سلا ہوا
کپڑا جو عورتیں سر سے پانوں تک اوڑھکر باہر نکلتی
ہیں اور اسمیں آنکھوں کے موقع پر جالی لگی ہوتی ہے
(۲) لباس - پوشاک - جامہ جیسے فقیری شیر کا برقع ہے
(۳) وہ جھلی جسمیں بچہ لپٹا ہوا پیدا ہوتا ہے +

برقع ڈالنا - ا - فعل متعدی - ع و - برقع اوڑھنا +

برقنداز - ف - اسم مذکر (۱) توڑے دار بندوق
رکھنے والا سپاہی - بندوقچی (۲) عدالت یا پولس کا
سپاہی (۳) پاسبان - محافظ +

برک - ف - اسم مذکر - وہ اونی کپڑا جو اونٹ کی پشم سے
بنا جاتا ہے +

برکت - ع - اسم مؤنث (۱) شے - افزایش - افزونی
نعمت - بہتایت - زیادتی (۲) بالیدگی - درازی (۳)
ایک لفظ ہے جو بنئے پہلی تول پر ایک کی بجائے نیک شگون
کے خیال سے زبان پر لاتے ہیں (۴) نہیں اور ختم
ہو جانے کے موقع پر بھی یہ لفظ بولا جاتا ہے +

برکت اٹھنا یا جانا - ا - فعل لازم - شے
چیز میں افزایش نہ معلوم دینا +

برکت دینا - ا - فعل متعدی - درازی بخشنا
نصیب کرنا (جب عمر کے ساتھ کہینگے تو درازی کے معنی
اگر کسی چیز یا کام کی نسبت کہینگے تو افزایش اور بہتات سے مراد)

برکت ہونا - ا - فعل لازم (۱) افزایش ہونا - دراز ہونا
(۲) تمام ہونا - ہو چکنا - نہ ہونا +

برکلا - ہ - اسم مذکر - وہ گلڑ یا نکا ہار جو ہولی ماتا پر چلانے
کے واسطے چڑھاتے ہیں +

برکنا - ہ - فعل متعدی - چھڑکنا - چٹکی سے باریک او
سوکھی ہوئی چیز کو ڈالنا +

برکھ - س - اسم مذکر - ایک سیارہ کا نام ہے جسے
ثور کہتے ہیں اور وہ بیل کی شکل کا ہے +

برکھا - ہ - اسم مؤنث (۱) برشگال
بارش - مینہ +

برکی ڈالنا یا مارنا - ہ -

چھکّی پر جادو پڑھکر ڈالنا - جادو کرنا - جادو کی پُڑیا مارنا (۲) موہنا - فریفتہ کرنا +

بَرگ - ف - اسم مذکر (۱) پتّا - پات - ورق (۲) توشہ - سامان

بَرگا - ہ - اسم مؤنث - چھوٹی کڑی +

بَرگد - ہ - اسم مذکر (ہندو) بڑ کا درخت +

بَرگُزیدہ - ف - صفت - چھانٹا ہوا - پسندیدہ - منتخب - ہر دل عزیز +

بَرگشتہ - ف - صفت - سرکش - متمرّد - باغی - مخالف - پھرا ہوا +

برگشتہ بخت - ف - صفت - بدنصیب - ابھاگی - بدقسمت +

بِرلا - ہ - صفت (۱) کوئی کوئی - خال خال - ایک آدھ - شاذ و نادر (۲) انوکھا جیسے ہماری پہیلی کوئی برلا ہی بوجھے +

بَرلانا - ہ - فعل لازم - پورا کرنا - انجام کو پہنچانا +

بَرما - ہ - اسم مذکر - لکڑی میں چھید کرنیکا ایک اوزار جو بڑھئیوں کے پاس ہوتا ہے - سُنبہ +

برمانا - ہ - فعل متعدی - برمے سے چھید کرنا - سوراخ کرنا

برمحل - ف + ع - صفت - ٹھیک موقع پر - برجستہ - اچھے وقت پر +

برملا - ف - تابع فعل - برسر مجلس - علانیہ - کُھلے خزانے - کُھلم کُھلا - مُنہ در مُنہ +

بَرَن - س - اسم مذکر (۱) ذات - قوم - مذہب - فرقہ - پنتھ (۲) رنگ - تون - برنن (۳) بیان +
[illegible] - حمد و نعت - سراہ (۴) قسم - جنس (۵)
اجاتے ہیں اسلئے
بھیس - روپ - لباس (۷) سراپا
سے پاؤں تک تعریف +

بُشارت - ع - (۲) الہام غیبی

برن سنکر یا برن شنکر - ہ - اسم مذکر (۱) دوغلا آدمی وہ شخص جسکی ماں اور قوم کی ہو اور باپ اور قوم کا + (۲) لونڈی بچہ - پرستارزادہ (۳) وہ شخص جو ہر ایک مذہب والے کے ساتھ بیٹھکر کھالے - سربھنگی - آزاد -

برن مالا - ہ - اسم مؤنث - حروف تہجی - الف بے تے

بَرنا - ف - اسم مذکر (۱) جوان - نوعمر +

بَرنا - ہ - اسم مذکر - ایک درخت اور اُسکے پھل کا نام جو گولر سے مشابہ بدمزہ تلخ ہوتا ہے

بِرنج - ف - اسم مذکر (۱) چانول (۲) پیتل +

بِرنجی - ف - صفت (۱) پیتلی - پیتل کا (۲) اسم مذکر چھوٹی کھیل (لشکری آدمی بولتے ہیں) +

برنچ - انگلش Branch شاخ - ڈالی - شعبہ +

برنچ اسکول Branch School مدرسہ کی شاخ

بَرنن - ہ - اسم مذکر (۱) بیان - اظہار - بکھان - خوبی (۲) تفصیل - تشریح (۳) خاص ذکر +

بَرنی - ہ - اسم مؤنث - (پورب میں) - بھڑ +

بَرنی - ہ - اسم مؤنث - وہ جگہ جسمیں پلکیں اُگتی ہیں

بِروا - ہ - اسم مذکر (۱) پودا (۲) درخت - پیڑ (۳) (پورب میں) لڑکا - چھوکرا - معصوم +

بُرودت - ع - اسم مؤنث - سردی - ٹھنڈ - خنکی

بِرودھ - س - اسم مذکر (۱) جھگڑا - فساد (۲) عداوت - بَیر - دشمنی - کینہ +

بِرودھی - س - صفت (۱) جھگڑالو - فسادی (۲) دشمن - عدو - بَیری +

بروقت - ف + ع - تابع فعل - عین موقع پر - حسب موقع +

بِروگ - ہ - اسم مذکر - تفرقہ - فراق - ہجر - جدائی - بچھوہا - علیحدگی

بِروگن - ہ - اسم مؤنث - فراق زدہ عورت - برہ کی ماری

بِروگی - ہ - اسم مذکر - فراق زدہ - ہجر کا مارا +

بَرّہ - ف - اِسم مذکر - بکری یا بھیڑ وغیرہ کا چھوٹا بچہ - حلوان +

بِرہ - ہ - اِسم مذکر (۱) ہجر - جدائی - مفارقت - دوری (۲) مفارقت کا گیت +

بِرہسپت یا **برسپت** - ہ - اِسم مذکر (۱) ایک ستارہ کا نام ہے جسے عربی میں مشتری اور برجیس فارسی میں ہرمزد اور قاضی فلک کہتے ہیں (۲) پنجشنبہ - جمعرات یوم الخمیس (۳) عالم - فاضل +

بَرہم - ف - صفت - اُلٹ پلٹ + خفا - ناراض - رنجیدہ

برہم ہونا - ف - فعل لازم (۱) بگڑنا - خفا ہونا (۲) پریشان ہونا - [illegible] ہونا - تتر بتر ہونا + گڑبڑ ہونا -

بِرہم - س - اِسم مذکر (۱) ہر جگہ موجود - پرمیشر - پرم آتما بھگوان - خدا (۲) وید (۳) برہما - خالق (۴) برہمن (۵) روح +

برہم بھوج - س - اِسم مذکر - برہمنوں کی ضیافت

برہم چاری - س - اِسم مذکر (۱) وہ شخص جو علم وید حاصل کرنیکے واسطے سیاحی کرے (۲) ویدانتی وید کا عالم (۳) برہمن کی عمر کے چار حصّوں میں سے وہ پہلا حصّہ جسمیں وہ صرف وید پڑھتا ہے +

برہم ہتیا - ہ - اِسم مذکر - برہمن کُشی - برہمن کو مارنا

بِرہمن - ہ - اِسم مذکر (۱) وید جاننے والا - خداشناس (۲) ہندوؤں کا پجاری (۳) ایک ہندوؤں کی اُتم ذات کا نام

بُرہمی - ف - اِسم مؤنث - ابتری - گڑبڑی +

بِرہن - ہ - اِسم مؤنث - دیکھو - (برہگن)

بَرہنہ - ف - صفت - ننگا - عُریاں - کھلا +

بِراہی روٹی - ہ - اِسم مؤنث - دال بھری روٹی - وہ روٹی جسکے اندر دال یا قیمہ وغیرہ بھر کر پکائیں +

بَری - ہ - اِسم مؤنث - وہ میوہ مٹھائی اور سامان وغیرہ جو ساچق کے روز دولہا کی طرف سے دُلہن کے ہاں بھیجا جاتا ہے +

بَری - ع - صفت - آزاد - چھوٹا ہوا - باہر - مستثنیٰ خارج - محفوظ (۲) بے گناہ - بیجرم - بے قصور - پاک

بری الذمّہ - ع - صفت - جوابدہی اور مواخذہ سے مستثنیٰ - بے ذمّہ - ذمّہ وری سے محفوظ +

بِری - ہ - اِسم مؤنث - ایک کلمہ ہے جو فیلبان ہاتھی کے روکنے کے واسطے زبان پر لاتے ہیں +

بَرّی - ع - صفت - بحری کے خلاف خشکی کا - جنگلی بیابانی - صحرائی - دشتی +

بُری - ہ - صفت - بد - ناقص - خراب - نکمی

بُری لبست - ا - اِسم مؤنث - عو - حرام چیز - خوک خنزیر - سؤر +

بُری چیز - ہ - اِسم مؤنث - عو - دیکھو (بری لبست)

بُرے حالوں جینا - ہ - فعل لازم - خراب و خستہ حالت میں بسر کرنا + (عو)

بُری سُنانا - ہ - فعل متعدی (۱) کھوٹی بات کہنا یا نکمّی بات سُنانا (۲) بیڈھب سُنانا - خلافِ منشاء کرنا +

(ذوق)

آتے ہی گھر سے تُو نے پھر جانیکی سُنائی
ہو جاؤں سُن نہ کیونکر یہ تو بُری سُنائی

بِرْیاں - ف - صفت - بُھنا ہوا - کباب شدہ - جیسے پکا ہوا +

بِرْیاں - ہ - اِسم مؤنث (ہندو) بار - [illegible]

بِرْیانی - ف - اِسم مؤنث - ا[illegible] بھونکر ڈالا جاتا ہے +

بریّت - ع - اسم مؤنث (۱) سُبکباری - سُبکدوشی (۲) آزادی - مخلصی - رہائی - چھٹکارا - نجات - چھوٹ - معافی +

بریٹھا - ہ - اسم مذکر - پُورب میں، دھوبی - گازر +

برڑ - ہ - اسم مذکر - برگد - ایک قسم کا پیپل کی مانند بڑے سایہ اور پھیلاؤ کا درخت ہے جسمیں ڈاڑھی کی طرح جڑیں سی لٹکتی رہتی ہیں +

بڑ - ہ - اسم مؤنث - جھک - بکواس - زٹل - مجذوبانہ باتیں - ہذیان - مجنونانہ کلام +

بڑ - ہ - صفت (بڑا کا مخفف) ترکیب الفاظ میں آتا ہے

بڑبولا - ہ - اسم مذکر (۱) بڑا بول بولنے والا - شیخی مارنے والا - ڈینگیا - ڈینگ ہانکنے والا (۲) زیادہ گو

بڑبھاگی - ہ - صفت ہندو - بڑے نصیبے والا - اقبالمند

بڑپن / **بڑپنا** } ہ - اسم مذکر (۱) بڑاپا - بزرگی (۲) جاہ و مرتبہ (۳) شان و شوکت +

بڑپیٹیا - بڑپیٹو - ہ - صفت - (۱) بڑے پیٹ والا توندل (۲) بسیار خوار - اکّال - بہُت کھانے والا ملاچٹ (۳) حریص - لالچی +

بڑدنتا - ہ - صفت - بڑے بڑے دانت والا - دانتو دراز دنداں +

بڑکنا - ہ - صفت بڑے بڑے کان والا - دراز گوش

بڑگرو - ہ - صفت - بڑا استاد - گرو گھنٹال +

بڑمال - اسم مؤنث - عو - وہ عورت جو بڑی نہو اور اپنے کو بڑا جانے - بڑے لوگوں میں شریک ہونیوالی +

بڑمنہی - ہ - اسم مؤنث - عو - بڑی تھوتھنی والی عورت [illegible] جاتے ہیں اسے [illegible] خوک +

بُشارت - ع - ا - مونگ یا اُرد کی پیٹھی کی تلی ہوئی ٹکیاں (۲) الہام غیبی

بڑا - ہ - صفت (۱) کلاں - بزرگ - عظیم - کبیر - جلیل - اعلےٰ - برتر + نمایاں جیسے بڑا کام کیا (۲) لمبا - دراز - طویل (۳) بلند - اونچا (۴) موٹا - سطبر (۵) معزز - جلیل القدر - معظم (۶) امیر - دولتمند (۷) نہایت - ازحد - اشد جیسے بڑا جاڑا پڑا (۸) سخت - سنگین جیسے بڑا جرم (۹) ضروری - لابدی - تاکیدی جیسے مجھے ایک بڑا کام ہے جانے دو (۱۰) عمدہ - بڑھکا - قیمتی - بیش قیمت جیسے بڑا مال (۱۱) عمر میں زیادہ (۱۲) پُرکھا - آبا و اجداد (۱۳) مُربّی سرپرست جیسے اُسکے سر پر کوئی بڑا بھی ہے (۱۴) شتابی کا - جلدی کا جیسے بڑا کام ہے +

بڑا ابا - ہ - اسم مذکر (۱) بڑا چچا - تایا (۲) خسر - سسرا (۳) (بازاری) اُستاد - پیر - شریر +

بڑا آدمی - ا - اسم مذکر - دولتمند آدمی - ذی عزت اور جلیل القدر آدمی +

بڑا آزار - ا - اسم مذکر - عو - تپ دق + سِل +

بڑا بوڑھا - ہ - اسم مذکر - مُربّی - سرپرست - پُرکھا +

بڑا بول - ہ - اسم مذکر (۱) شیخی - غرور کا کلمہ (۲) غرور - نخوت - تکبّر

بڑا بول بولنا - ہ - فعل لازم - نخوت کا کلمہ مُنہ سے نکالنا - غرور کرنا +

بڑا جانور - ا - اسم مذکر (ہندو) گائے - بیل +

بڑا چلہ - ا - اسم مذکر - عو - زچہ کا چالیسویں دنکا نہان

بڑا دن - ہ - اسم مذکر (۱) دسمبر کی ۲۵ تاریخ - انگریزی حساب کے مُوافق رات کی درازی کی انتہا اور دن کے بڑھنے کا آغاز (۲) مسیح کی پیدائش کا دن - عیسائیوں کی خوشی کا دن - کرسمس ڈے - کِشمِشی دن +

بڑا دیدہ ہونا - ا - فعل لازم - عو - شوخ چشم اور نڈر ہونا - بیباک ہونا - دل چلا ہونا +

بڑا رستہ پکڑنا - ا - فعل لازم - عوام - دُور کا سفر اختیار کرنا - مرنا - اِنتقال کرنا +

بڑا روگ - ہ - اِسم مذکّر - تپ دق +

بڑا شخص - ا - صفت - نہایت تجربہ کار - عالی فہم - عالی دماغ - متبحّر +

بڑا صاحب - ا - اِسم مذکّر - حاکم اعلیٰ +

بڑا کرنا - ہ - فعل مُتعدّی (۱) بڑھانا - اُونچا کرنا - بلند کرنا (۲) جوان کرنا - پال پوس کر ہوشیار کرنا - پروان چڑھانا (۳) جب چراغ کے ساتھ آتا ہے تو اِسکے معنی چراغ گُل کرنے اور خاموش کرنیکے ہوتے ہیں +

بڑا کوئی - ہ - صفت - بے ڈھب - مُرشد - چالاک اُستاد جیسے تُو بھی بڑا کوئی ہے بیگانی چیز لیلی (برابر والے سے بولتے ہیں)

بڑا گھر - ہ - اسم مذکّر (۱) لمبا چوڑا مکان (۲) امیر گھر - اُونچا گھر جیسے بڑی گھر بڑی پتھر ڈھوڈھو مرے (۳ - بازاری) قیدخانہ - جیل - محبس +

بڑا گھرانا - ہ - اِسم مذکّر - اعلیٰ خاندان - امیر گھر +

بڑا نام کرنا - ا - فعل لازم - ناموری حاصل کرنا - شہرت پانا

بَڑَاپا - ہ - اِسم مذکّر بزرگی - بڑاپن - کلان سالی - عظمت

بَڑَادمَن - ہ - اِسم مؤنّث - عو - بڑی لونڈی + (متروک ہے)

بَڑَانا - ہ - فعل مُتعدّی - ا (گنوار) دخول کرنا - گھسانا - داخل کرنا (۲) دھکیلنا +

بَڑَانا - ہ - فعل لازم (۱) بڑ ہانکنا - بڑ مارنا - زٹل لگنا - ہذیان ہونا (۲) بکنا + بہکنا (۳) بڑبڑ کرنا - غُل مچانا - شور کرنا - بڑانا جیسے اُونٹ بڑاتا ہی لدتا ہے +

بِڑَانا - ہ - فعل لازم - عو - کسی چیز کی تنگی کے باعث گھبرا جانا - حواس باختہ ہو جانا - بولا جانا - بول جانا - چلّا اُٹھنا

جیسے کال کے مارے خلق بڑائی جاتی ہے +

بَڑَائی - ہ - اِسم مؤنّث (۱) عظمت - کلانی - بزرگی (۲) عمر میں بڑا ہونا - درازیٔ سن (۳) وسعت - کُشادگی (۴) موٹائی - سطبری - مُٹاپا - ضخامت - حجم - جسامت (۵) ستُودگی - ستائش - تعریف - مدح - ثنا (۶) درازی - لمبائی - طوالت (۷) فضیلت - برتری - خُوبی - بُہتان (۸) منصب - درجہ جیسے بڑے کی بڑائی نہ چھوٹے کی چھُٹائی (۹) عزّت - ادب جیسے اپنی بڑائی اپنے ہاتھ ہے (۱۰) شیخی - لاف زنی - ڈینگ +

بڑائی کرنا - ہ - فعل متعدّی (۱) تعریف کرنا - ستائش کرنا - سراہنا - توصیف کرنا (۲) بحالتِ لازم - شیخی مارنا - ڈینگ ہانکنا - خودستائی کرنا +

بڑائی مارنا - ہ - فعل لازم - خودستائی و خودآرائی کرنا - ڈینگ مارنا - بڑنگ ہانکنا +

بَڑبَڑ - ہ - اِسم مؤنّث - جھک جھک - بک بک - بکواس - ہرزہ

بُڑبُڑانا - ہ - فعل لازم (۱) لغوی معنی بُڑبُڑ ہونٹوں کی مانند مُنہ مُنہ میں بولنا - اِصطلاحی غلاموں کیطرح چُپکے چُپکے بُرا کہنا - بکنا (۲) تحقیراً - وظیفہ پڑھنا - تسبیح پھیرنا - مُنہ ہی مُنہ میں بڑبڑ کرنا +

بَڑبَڑیا - ہ - اِسم مذکّر - بکّی - بڑ ہانکنے والا - شیخی خورا - بہت شیخی میں آکر بہت سی باتیں کہنے والا +

بُڑبھَس - ہ - اِسم مؤنّث (۱) بوالہوسی - بڑھاپے میں جوانی کی باتیں کرنا - پیرانہ سالی میں نوجوانی کے جیسے نکالنا (۲) وُہ بدخوئی اور بدمزاجی جو بڑھاپے میں ہوتی ہے - خرافت - بڑھاپے میں عقل

بُڑبھس لگنا - ہ - فعل لازم - پیرانہ سالی میں جوانوں کی سی

بڑچود - ہ - اسم مذکر - ایک گالی ہے جسکے معنی ہیں بیٹی کے ساتھ فلان کرنے والا - زانی - زناکار +

جو لوگ اسکا مادہ بر بمعنی فرج خیال کرتے ہیں وہ غلطی پر ہیں کیونکہ اسمیں کوئی خصوصیت نہیں رہتی اصل میں یہ لفظ بیٹی سے اسطرح پر بڑبنا ہے کہ اول میں بٹ ہوا اور پھر چونکہ ٹ اور ڑ کا باہم بدل ہے بڑ ہو گیا آگے اپنی اپنی سمجھ +

بڑکا - ہ - اسم مذکر - پورب میں - بکٹا - دانت کی گرفت منہ سے کاٹنا +

بڑما - ہ - اسم مونث - عو - تحقیراً بڑی بوڑھی جیسے بڑی بڑما بنکر بیٹھی ہے +

بڑنا - ہ - فعل لازم - داخل ہونا - گھسنا - اندر جانا +

بڑنگا - ہ - اسم مذکر - کڑی - تیر سقف +

بڑھاپا - ہ - اسم مذکر - پیری - کہن سالی +

بڑھار - ہ - اسم مونث - بقال، ضیافت وداع جو دولہن والوں کی طرف سے دی جاتی ہے +

بڑھانا - ہ - فعل متعدی (۱) زیادہ کرنا - افزود کرنا - بڑا کرنا (۲) دراز کرنا - لمبا کرنا (۳) پھیلانا - جوڑنا (۴) کھینچنا - تار میں نکالنا جیسے تار بڑھانا (۵) بلند کرنا اونچا کرنا (۶) اضافہ کرنا - ترقی کرنا (۷) آگے لانا - پاس لانا + آگے کیطرف سرکانا (۸) تعریف میں مبالغہ کرنا - بنانا (۹) امیر کرنا - دولتمند بنانا (۱۰) اٹھانا - اتارنا - بند کرنا جیسے دسترخوان - پوشاک و دکان وغیرہ بڑھانا (۱۱) خاموش کرنا - بجھانا جیسے چراغ بڑھانا (۱۲) پتنگ یا کنکوا ہوا میں اڑانا یا اونچا کرنا +

بڑھاوا - ہ - اسم مذکر (۱) لغوی معنی زیادتی (۲) جھوٹی تعریف [illegible] جاتے ہیں اسلئے ترغیب - طمع (۴) خوشامد (۵) بہکاوا

بشارت - ع - [illegible] فعل متعدی - جھوٹی ہمت بندھانا (۲) الہام غیبی [illegible]

لالچ دینا - جھوٹی تعریف کرکے کسی کام پر آمادہ کرنا - پھلا سرا دینا

بڑھاوے میں آنا - ہ - فعل لازم - خوشامد میں آنا تعریف پر پھولنا - دھوکے میں آنا - لالچ میں آنا +

بڑھ بڑھ کے بولنا - ہ - فعل لازم - فخریہ کلام کرنا حد سے گزر کر بات کرنا - شیخی مارنا (شعر)

ناصح بجا ہے آپکا بڑھ بڑھ کے بولنا +
حضرت نے آجتک کوئی صدمہ سہا نہیں

بڑھتی - ہ - صفت - (۱) زیادہ - افزوں (۲) فاضل فالتو - زاید معمول سے زیادہ - اکثر (۳) زیادتی - افزونی - برکت +

بڑھتی دولت - ا - اسم مونث - دولت روز افزوں ترقی کرنے والی دولت + کامیابی - مرادمندی - ترقی بیشی وغیرہ +

بڑھجانا - ہ - فعل لازم (۱) اندازے سے زیادہ ہو جانا (۲) دولت عزت مرتبہ میں ترقی کر لینا (۳) آگے چلا جانا

بڑھ چلنا - ہ - فعل لازم - گستاخ اور مغرور ہونا - حد سے باہر پاؤں نکالنا - معمول سے زیادہ اختلاط کرنا +

بڑھکا - ہ - صفت - اول درجہ کا - عمدہ - بڑھیا - اعلیٰ قسم کا - بیش قیمت +

بڑھکر بولنا - ہ - فعل لازم - حد ادب سے گزر کر گفتگو کرنا + شیخی کرنا - بڑا بول زبان سے نکالنا - اپنے مرتبہ سے زیادہ بولنا +

بڑھل - ہ - اسم مذکر - ایک درخت اور اسکا کھٹ مٹھا زرد رنگ کا میوہ جو شریفہ کی وضع کا ہوتا ہے +

بڑھنا - ہ - فعل لازم (۱) بلند ہونا - اونچا ہونا - اگنا - نمو پانا بالیدگی پانا (۲) حجم اور جسامت میں زیادہ ہونا (۳) لمبا ہونا دراز ہونا (۴) حد سے گزرنا احاطے سے باہر نکلنا (۵) زیادہ

قابو میں آنا +

بس میں رہنا - ہ - فعل لازم - فرماں برداری اور اطاعت میں رہنا + اختیار اور قابو میں رہنا +

بس میں کرنا - یا لانا - ہ - فعل متعدی (۱) قابو میں لانا مغلوب کرنا - زیر کرنا - اطاعت میں لانا - داؤں میں لانا (۲) موہنا - فریفتہ کرنا +

بس میں ہونا - ہ - فعل لازم - دیکھو (بس میں پڑنا)

بِس - ہ - اسم مذکر - زہر - سم - ہلاہل - ہلاک کرنیوالی دوا (۲) کھوٹ - نقص - عیب (۳) فساد - جھگڑا (۴) فتنہ پرداز - شریر +

بِس اُگلنا - ہ - فعل لازم - ہندو عو (۱) زہر تھوکنا (۲) اہانت کرنا - برا کہنا - بدگوئی کرنا (۳) بدلہ لینا - دشمنی نکالنا +

بِس بونا - ہ - فعل لازم - فساد کی جڑ جمانا - اپنے یا کسیکے حق میں برائی کا تخم بونا - برائی کرنا +

بِس بھری - ہ - اسم مؤنث عو (۱) زہر آلودہ - زہریلی (۲) کینہ کش - کینہ توز - کینہ ور - کپٹی (۳) فسادی - فتنہ انگیز

بِس دینا - ہ - فعل لازم - زہر کھلانا - زہر سے مارنا + ہرکرنا

بِس کھانا - ہ - فعل لازم - زہر کھانا - زہر سے خودکشی

بِس کی گانٹھ - ہ - صفت (۱) زہر ہلاہل (۲) فتنہ انگیز - فسادی - شریر - متفنی - مفسد (۳) ستمگار - مردم آزار (۴) کینہ ور - کینہ توز - کپٹی +

بِس مِلانا - ہ - فعل لازم (۱) زہر ملانا (۲) کھوٹ کرنا نقص کرنا +

بِسات - ہ - اسم مؤنث - سنسکرت (विस्तृत وسترت) ۱ - پھیلا ہوا (۲) قابلیت (۳) طاقت قدرت (۴) حوصلہ - ہمت (۵) مقدور - وسعت سرمایہ (۶) حقیقت - اصلیت (یہ لفظ عربی بساط سے تلفظ اور معنی میں بہت قریب ہے)

بِساتی - ہ - اسم مذکر - خردہ فروش - کنگھی سوئی وغیرہ بیچنے والا +

بِسارنا - ہ - فعل متعدی - بھولنا - فراموش کرنا +

بِساط - ع - اسم مؤنث (۱) بستر - بچھونا - فرش (۲) شطرنج کا کپڑا - وہ چیز جسپر شطرنج کے مہرے رکھے جاتے ہیں (۳) اثاث البیت - متاع خانہ - رخت (۴) پونجی - سرمایہ - دستگاہ - (۵) حوصلہ - قدرت - فراخی - وسعت

بِساطی - ع - اسم مذکر - بازار میں سرراہ دکان لگا کر بیٹھنے والا - خردہ فروش - سوئی سرمہ بیچنے والا اس صورت میں اسکا مادہ بساط بمعنی فرش سمجھنا چاہیئے

بَسانا - ہ - فعل متعدی (۱) آباد کرنا - معمور کرنا (۲) معطر کرنا خوشبو میں رچانا +

پَسانا - ہ - فعل لازم (۱) خریدنا - مول لینا جیسے بیر بسانا (۲) ذمہ لینا - اوڑھنا جیسے پاپ بسانا (یہ لفظ ہمیشہ برائی کے ساتھ استعمال میں آتا ہے)

بِساند - ہ - اسم مؤنث (۱) مچھلی کی سی بو - گوشت کی سی بو - آبی پرند کی گوشت کی سی بو جو دماغ کو ذرا ناگوار گزرتی ہے (۲) اصلی مادہ کا اثر - اصلی عیب یا نقص یا نطفہ کا اثر (اس معنی میں ایسے موقع پر بولتے ہیں جب کوئی ادنٰی قوم کا آدمی اعلےٰ آدمیوں کی بلاسہ اور گنگھرو وغیرہ سے لگا کھانے لگے اور اپنی اصلیت کے اثر کے باعث باریک نکات کو نہ پہنچ کر غلطی کرجاے یا اپنی پہلی حالت کی لے جاے تو کہتے ہیں ابھی تک اسکی بساند نہیں گئی)

بِساندا - ہ - صفت (۱) بودار - ورگند (۲) بدمزہ - بدذائقہ (۳) ناسنجیدہ -

شخص جو تربیت یافتہ لوگوں کی مانند نہو اور شائستگی کا دم مارے +

بَسْت - ہ - اسم مؤنث (۱) اسباب - اثاثہ - اٹالا (۲) چیز - شے +

بُسْتان - ہ - اسم مذکر (۱) پھیلاؤ - وُسعت - فراخی کشادگی (۲) طُول کلامی - بات کو بڑھا کر بیان کرنا (۳) تفصیل تشریح (عورتیں بُستار بفتحِ با و موحدہ بولتی ہیں) +

بُستار کرنا - ہ - فعل لازم - عو - بات پھیلانا - طُول کلام کرنا - بات کو بڑھا کر کہنا +

بَسْتَر - ہ - اسم مذکر - لباس - پوشاک مطلق کپڑا +

بِسْتَر - ف - اسم مذکر (۱) بچھونا - فرش - غالیچہ - قالین (۲) فقیروں اور سپاہیوں کا بچھونا +

بِسْترا - ا - اسم مذکر (۱) دیکھو - (بستر) ۲ تکیہ - فقیروں کا مسکن - فرودگاہ درویشاں +

بستر لگانا یا جمانا - ا - فعل متعدی - کسی جگہہ رات بسر کرنیکے واسطے بچھونا کرنا - علی الخصوص رات کے سونیکا سامان کرنا (سپاہی اور فقیر اسطرح بولتے ہیں) .

بَسْتَنی - ف - اسم مؤنث - غلاف - نجرے یا ستار و غیرہ کی پوشش - بقچہ - مربع کپڑا جسمیں کوئی چیز لپیٹ کر رکھیں

بَسْتَہ - ف - اسم مذکر (۱) بندھا ہوا - منجمد - جما ہوا (۲) وہ کپڑا جسمیں کاغذات وغیرہ باندھکر رکھتے ہیں - جزدان - گٹھڑی - بقچہ +

بستی - ہ - اسم مؤنث (۱) گاؤں - قصبہ کھیڑا - معمورہ - آبا جگہہ (۲) رونق - چہل پہل جیسے اسکی دم کی بستی ہے (۳) ایک حرف [illegible] ری - ام جارٹ کے خلاف +

جسمیں [illegible] ربط (ہندو) بغیر - بن - بدون ہیں (۳) [illegible] فعل لازم (ہندو) آرام کرنا - ٹھیرنا -

استراحت فرمانا - شب باش ہونا +

بِسْرانا - ہ - فعل متعدی (گنتوں میں) یاد بھلانا - دل سے اُتارنا - ذہن سے اُتارنا - چیت سے بھلانا +

بِسْر جانا - ہ - فعل لازم - بھول جانا - چوک جانا - یاد نرہنا +

بَسَر کرنا - ا - فعل لازم (۱) گزارنا - بھوگنا - اوقات گزاری کرنا - بھرنا - (۲) پُورا کرنا - انجام کو پہنچانا - نباہنا - زندگی کو پُورا کرنا +

بِسْرنا - ہ - فعل لازم - بھولنا - فراموش ہوجانا چیت سے اُترنا

بسر و چشم - ف - تابع فعل - سر آنکھوں سے - بطیب خاطر خوشی سے - مرضی سے +

بَسَر ہونا - ا - فعل لازم - گزرنا - پُورا ہونا - انجام کو پہنچنا

بَسْط - ع - اسم مذکر - شرح - فراخی - کشادگی - تفصیل - وضاحت - تصریح - صراحت +

بس کھپرا - ہ - اسم مذکر - دوا کے ایک پودیکا نام ہے +

بِسْمِ اللہ - ع - اسم مؤنث (۱) مخفف ہے بِسْمِ اللہِ الرحمنِ الرّحیم کا جسکے معنی ہیں میں خدای مہربان اور بخشنے والے کے نام کے ساتھ (یہ کام) شروع کرتا ہوں (جب مسلمان کوئی کام شروع کرتے یا کچھ پڑھنے لکھتے ہیں تو یہ لفظ تبرکاً و تیمناً پہلے زبان سے کہہ لیتے ہیں تاکہ وہ کام بخیر و خوبی انجام کو پہنچے) ۲ - رسم بسم اللہ (۳) خدا کا نام لینا جیسے قدم قدم پر بسم اللہ کہتے تھے (۴) جب کسیکے ٹھوکر یا ٹکر وغیرہ لگتی ہے یا کسی صدمہ سے کوئی شخص گرنے لگتا ہے تو اُس وقت بھی یہ لفظ زبان پر لاتی ہیں اور اُس سے مُراد یہ ہوتی ہے کہ خدا بچائے یا محفوظ رکھے (۵) کلمۂ ایجاب - بہت بہتر یا بہت مناسب !

ہاں ! (مسلمانوں میں عورتوں کا نام بھی بسم اللہ بیگم، بسم اللہ خانم، بسم اللہ جان وغیرہ رکھتی ہیں) اور ایک تعظیمی کلمہ بھی ہے جو کسی بزرگ یا معزز کے بیٹھتے وقت زبان پر لاتے ہیں)

بسم اللہ کا گنبد - ۱ - اسم مذکر - جائے پناہ و امن مقام مصئون +

بسم اللہ کرنا - ۱ - فعل متعدی (۱) شروع کرنا - آغاز کرنا - بنیاد ڈالنا (۲) تناول فرمانا اور کھانا شروع کرنا بھی [illegible] کرنا (۳) مکتب نشینی کی تقریب کرنا (۴) حلال کرنا - ذبح کرنا +

بسم اللہ کے گنبد میں بیٹھنا - ۱ - فعل لازم - سلامتی کی جگہ میں بیٹھنا - امن و امان میں رہنا - پناہ میں رہنا محفوظ و مستحکم جگہ میں بیٹھنا - مصئون رہنا +

بسم اللہ ہی غلط - ۱ - محاورہ - پہلے ہی کام میں چوک - چھوٹتے ہی غلطی +

بسمل - ع - صفت (۱) قربان کیا ہوا جانور - وہ جانور جسے بسم اللہ اللہ اکبر کہہ کر ذبح کیا ہو (۲) گھایل - مجروح - زخمی (۳) عاشق - مفتون - مبتلا - مضطر - مشغوف محبت

بسنا - ہ - فعل لازم (۱) رہنا - آباد ہونا - گھر بنانا (۲) ٹکنا ٹھیرنا (۳) سمانا - جیسے من میں بسے سو سپنے دسے (مثل) (۴) رچنا - خوشبو میں معطر ہونا +

بُسنا - ہ - فعل لازم - دیکھو - اُبسنا +

بسنا - ہ - اسم مذکر (۱) بیٹھن - وہ کپڑا یا تھیلی جس میں کوئی چیز رکھیں جیسے صرافوں کا بسنا (۲) بنک - مہاجنی کوٹھی +

بسنت - ہ - اسم مؤنث (۱) ہندی چھ رتوں میں سے ایک رُت کا نام ہے جو چیت سے بیساکھ تک رہتی ہے - موسم بہار - وسط مارچ سے آخر مئی تک کا موسم (۲) سری راگ کی چوتھی راگنی (۳) سیتلا - چیچک (۴) سرسوں کے کھلے ہوئے زرد زرد پھول (۵) وہ میلا جو موسم بہار میں بزرگوں کے مزار اور دیبی دیوتاؤں کے استھانوں پر سرسوں کے پھول چڑھا کرتے ہیں (۶) وہ گیت جو بسنت کے میلے میں گاتے ہیں +

بسنت پنچمی - ہ - اسم مؤنث - ہندوؤں کے ایک تہوار کا نام ہے جو ماگھ سدی پنچمی کو ہوتا ہے +

بسنت پھولنا - ہ - فعل لازم (۱) سرسوں کے پھولوں کا کھلنا (۲) زردی چھانا +

بسنت کی خبر - ۱ - اسم مؤنث - زمانے کے انقلاب اور حال آئندہ کی واقفیت +

بسنتی - ہ - صفت (۱) زرد - پیلا (۲) بسنت کے میلے میں جانے والے (۳) چیچک - سیتلا + (۴) بحالت اسم مؤنث - زرد پوشاک - زرد رنگ +

بسنتی پوش - ہ ف - اسم مذکر - زرد لباس پہننے والا - زرد پوش +

بسندر - ہ - اسم مؤنث (۱) اگنی دیوتا - پوجا کی آگ (۲) پاک اور مقدس آگ +

بسوانسی - ہ - اسم مؤنث - بسوہ کا بیسواں حصہ - بیس کچوانسی کی مقدار +

بسورنا - ہ - فعل لازم - آہستہ آہستہ رونا - رونے کی شکل بنانا - منہ بنانا +

بسولا - ہ - اسم مذکر - ایک لکڑی چھیلنے کا اوزار جو بڑھئی کے پاس ہوتا ہے - تیشۂ نجار +

بسولی - ہ - اسم مؤنث - اینٹیں [illegible] معمار +

بِسوہ - ہ - اسم مذکر (۱) بیگھہ کا بیسو

اندازہ - زمین کا حصّہ +

بسوہ دار - ا - اسم مذکر - کاشتکاری کا حق رکھنے والا زمین کے کسی حصّہ کا مالک - شریک دِہ +

بسیٹھہ - ہ - اسم مذکر (ہندی شلوں میں آتا ہے) ۱ - قاصد - ایلچی - (۲) بچولیا - ثالث (۳) چغل خور - غیبت کنندہ (مثل) ساجن ساجن ملگئے جھوٹے پڑے بسیٹھہ +

بسیرا - ہ - اسم مذکر - شب باشی - پرندوں کا شب کے وقت آرام کرنا - شب نشینی + رات کو ٹھہرنے کی جگہ +

بسیرا لینا - ہ - فعل لازم - شب باش ہونا - رات کو آرام لینا - جانوروں کا درخت پر سونا +

بسیرے کا وقت - ا - اسم مذکر - پرندوں کے آرام کا وقت - گھونسلے میں جانیکا وقت + سرِ شام +

بسیط - ع - اسم مذکر (۱) بچھایا ہوا (۲) فراخ - کشادہ وسیع (۳) عروض کی تیسری بحر جسکے وزن میں مستفعلن فاعلن آٹھ بار کہتے ہیں (۴) اوپری - بالائی (۵) غیر مرکب شے - بے جزو - مفرد + وہ چیز جسکا جزو اپنی صفات میں کل کے مشابہ ہو جیسے پانی - مٹی وغیرہ

بسیکھہ - ہ - اسم مذکر (شلوں میں) خاصیت - سبھاؤ عادت - بان جیسے ان نینن کا یہی بسیکھہ + یہبی دیکھا وہ بھی دیکھہ +

بسیلا - ہ - صفت (۱) زہریلا - زہردار (۲) اسم میں - ایک قسم کی پھنسی کا نام ہے جو اکثر کلمہ کی انگلی میں ہو جاتی ہے جب تک جگہ سے کاٹیں نہیں آرام نہیں ہوتا اسکے زہر سے ہاتھ گلتا چلا [illegible] خیال کرتے ہیں کہ جس ہڈی پر سانپ کے جھاگ ایک حرف [illegible] میں لگنے سے یہ پھنسی ہو جاتی ہے +

جسمیں [illegible] اسم مؤنث (۱) نوید - خوشخبری - مژدہ ہیں (۳) [illegible] وحی - مکاشفہ + وہ خوشخبری جو کوئی ولی یا پیغمبر کسیکو خواب میں دیکھے یا منجانب اللہ کوئی امر رؤیا میں نظر آئے + بول چال میں بفتح موحدہ اور صحیح بضم باء کے

بشارت دینا - ہ - فعل متعدی (۱) مژدہ سنانا (۲) خواب میں جانا +

بشاش - ع - صفت - نہایت خوش - آنند مسرور

بشاشت - ع - اسم مؤنث (۱) کشادہ روئی سے مخاطب ہونا - خوش ہو کر بات کرنا + خوش اخلاقی - تازہ روئی (۲) خوشی - مسرت (۳) تازگی - فرحت +

بشر - ع - اسم مذکر (۱) لغوی معنی آدمی کی جلد اور کھال (۲) آدمی - انسان اسمیں مرد ہو یا عورت + آدم زاد منش +

بشرہ - ع - اسم مذکر (۱) لغوی معنی بیرونی جلد - چہرہ مکھڑا - مہرہ - پیشانی - ناصیہ (۲) حلیہ (۳) قیافہ +

بشریت - ع - اسم مؤنث - آدمیت - انسانیت +

بشن - ہ - اسم مذکر (۱) وشن - سب جگہ موجود - پروردگار دنیا کو پالنے والا - پرمیشر - بھگوان (۲) لکشمی کا پتی دولت کا خاوند +

بشن پد - ہ - اسم مذکر - حمد کا گیت - بشن کی تعریف کا گیت - ایک قسم کا ہندی راگ جیسے دھرپد +

بشن دیوا - ہ - اسم مذکر - ہندو فقیروں کا ایک فرقہ ہے جو بشن کے سوا کسی اور دیوتا کو نہیں مانتا یہ لوگ اکثر جاڑوں میں علی الصباح اس ہیئت سے مانگنے آتے ہیں کہ پنکھا انکے ہاتھ میں جامن کے پتّے انکی پگڑی میں اور اوپر کا جسم ننگا ہوتا ہے +

بشنی - ہ - اسم مذکر (۱) وشن کا ماننے والا - ہندوؤں کا ایک فرقہ جین مت کے خلاف میں +

بشنی - ہ - اسم مذکر - وشنی کرنے والا - کام دیو کا پابند

بُقچی - یا بُقچی - ہ - اسم مؤنث - کپڑوں کی گٹھڑی +

بقرعید - ع - اسم مذکر - عید قرباں - عید الضحیٰ مسلمانوں کا ایک تہوار ہے جو اس امر کی یادگار میں منایا جاتا ہے کہ حضرت ابراہیم نے اپنے بیٹے اسماعیل کی خدا تعالیٰ کے حکم سے قربانی منظور کی اور جب وہ اُنہیں اپنی آنکھیں بند کرکے ذبح کرنے بیٹھے تو جبرئیل فرشتہ نے اسماعیل کو نکالکر دُنبہ اُنکی بجائے ذبح کروا دیا چونکہ یہ معاملہ دسویں ذی الحجہ کو ہوا تھا اس باعث سے اہل اسلام اسی تاریخ کو قربانیاں کرتے ہیں +

بقول - ف + ع - تابع فعل - کہن کے موافق - کہاوت کے بموجب - موافق +

بقیّہ - ع - اسم مذکر - باقی - بچا ہوا + بچا کچا - بچا بچایا +

بُک - انگلش Buck. (۱) لغوی معنی کلپ اصطلاحی وہ کپڑا جسے کلپ میں ڈوب دیا ہو یہ کلف بجی کے پانی سے بناتے ہیں پس بُک جو ایک نہایت کلپدار اور باریک کپڑا ہے اسی وجہ سے اس نام کے ساتھ موسوم ہوا (۲) بہت باریک پیتل کے ورق جو نمائش کے واسطے کسی چیز میں لگاتے ہیں (اس معنی میں یہ لفظ انگریزی نہیں ہے)

بُک پوسٹ - انگلش Book post ڈاک بنگی +

بَک - ہ - اسم مؤنث - بکواس - بکواد - بڑ - بڑبڑاہٹ - زٹر - یاوہ گوئی - درازنفسی - بسیار گوئی +

بک لگنا - ہ - فعل لازم - بڑ چھوٹنا - زٹر لگنا کسی بات کے بار بار کہنا - یاوہ گوئی کرنا - ہرزہ درائی کرنا +

بُکّا - ہ - اسم مذکر (۱) مٹھی - مُشت (۲) مُشتِ خاک - مُشتِ غبار - نیز دھوئیں یا بھاپ وغیرہ کا اکٹھا ہو ہو کر نکلنا جیسے انجن کے چلتے وقت یا حقہ کا دم لگانے کے بعد مُنہ سے دھوئیں کا لُقّہ نکلتا ہے جب اُسکا بُکّا (بُقّا) کہتے ہیں تو وہاں شعلہ اور لپٹ کی کثرت سے مُراد ہوتی ہے)

بُکا - ع - اسم مذکر - گریہ + ماتم - رونا - پیٹنا +

بِگاڑ - ہ - اسم مذکر - ہندوی (۱) اصلی حالت سے بدلنا - تبدیل حالت (۲) خون کا بگاڑ - فسادِ خون (۳) روگ - بیماری - دُکھ

بکائن - یا بکائین - ہ - اسم مذکر - ایک درخت کا نام ہے جسکی پتی نیم کے مُشابہ ہوتی ہے اور اسمیں بکونوں کے گچھے کے گچھے لگتے ہیں +

بِکاؤ - ہ - صفت - بکری کے قابل - بکنے کے لئے - مول کو فروختنی + وُہ چیز جو ابھی تک بکی نہو +

بکاول - ف - باورچی - بھنڈاری +

بک بک - ہ - اسم مؤنث - بکواس - ہرزہ سرائی - زٹر - بڑبڑ - جھک - عربی میں بق بق فارسی میں کاؤ کاؤ

بک بک کرنا - ہ - فعل لازم - بیہودہ بکنا - ہرزہ سرائی کرنا - خواہ مخواہ بولنا - جھک جھک کرنا +

بک بک لگانا - ہ - فعل لازم - دیکھو - (بک بک کرنا)

بکتر - ف - اسم مذکر - حلتہ - ایک قسم کی زرہ جو لڑائی میں پہنتے ہیں - لوہے کی کڑیوں کا بنا ہوا جامہ +

بُکٹ - ہ - اسم مذکر - پنجہ - پورا چنگل +

بِکٹ - ہ - صفت (۱) سخت - مُشکل - کٹھن - دشوار - کربلا شاق (۲) خوفناک - خطرناک (۳) دُشوار گزار - ٹیڑھا -

پِکٹ - انگلش Picket اسم مذکر - طلایہ - وُہ چند فوجی آدمی جو لشکر کی محافظت کے واسطے کیمپ کے گرد چکر لگاتے پھرتے ہیں - گارڈ +

بکٹا بھرنا - ہ - فعل متعدی - چُٹکل مارنا - ناخن سے نوچنا - نہٹا مارنا +

بکٹ پہارا - ہ - اسم مذکر - کسرات میں کھیلنے کا اوزار ہے جیسے ڈھونچا سوایا پونا وغیرہ +

بِک جانا - ہ - فعل لازم (۱) فروخت ہونا (۲) غلام بننا - مطیع ہونا - ممنون ہو

بِکْر - ع - اِسم مؤنث (۱) دوشیزہ - کواری (۲) کوارپت - دوشیزگی +

بَکْرا - ہ - اسم مذکر - بوک - بُز نر - گوسفند +

بَکْری - ہ - اسم مؤنث (۱) گوسفند - بُز مادہ (۲) غریب مسکین

بِکْری - ہ - اسم مؤنث (۱) فروخت - فروختگی + حاصلِ فروخت

بَکْس - انگلش Box. اِسم مذکر (۱) صندوق پیٹی (۲) ڈبیا +

بکس والا - ا - اسم مذکر - پھیری والا - بساطی - وُہ چھوٹا سوداگر جو کوٹھیوں پر سودا لیکر جاتا ہے - خُردہ فروش

بِکسنا - ہ - فعل لازم (۱) کلی کھلنا (۲) مُسکرانا - تبسّم کرنا - مُتبسّم ہونا - خوش ہونا (۳) کُملانا - پژمُردہ ہونا + شکستہ خاطر ہونا +

بَکسُوا - ہ - اسم مذکر (ٹانکا + سُوا) وُہ لوہے کا کانٹا جسکے ساتھ کسی چیز کے اٹکانے یا باندھنے کیلئے حلقہ لگا رہتا ہے

بکسیلا - ہ - صفت (ہندو) کسیلا - کساؤ کی چیز +

بَکَل - ہ - اسم مذکر - چھال - چھلکا - پوستِ درخت -

بُکّل مارنا - ہ - فعل لازم - عو - رضائی یا دوپٹے وغیرہ کو اوڑھکر ایک خاص طریق سے کندھے پر اٹکا کر ڈال لینا - بُکّی مارنا +

بَکنا - ہ - فعل لازم - یاوہ گوئی کرنا - بیہودہ بولنا - بڑبڑانا

بِکنا - ہ - فعل لازم - فروخت ہونا +

بگلا کِکنی - ہ - اسم مؤنث - پُورب میں (۱) مُرادہ - سفوف - (ایک آبی) چورہ - آٹا - آرد (۲) بوسیدہ +

اور مچھلیاں پکڑ کر کھاتا - اسم مؤنث - بکواس +

نہایت چٹنا - نہایت - اسم مؤنث - بکبک - مزخرفات - بسیار گوئی

بگلا بھگت - ہ - بیہودہ گوئی - طُول کلام +

زاہدِ خشک + اسم مؤنث - بکبک کرنے والی عورت

بَکْواسی - ہ - اسم مذکر - بکّی - نہایت بکنے والا - زٹلی یاوہ گو - ہرزہ سرا +

بَکْوانا - ہ - فعل متعدی - زیادہ بلوانا - چھوانا +

بِکْوانا - ہ - فعل متعدی - فروخت کرانا +

بَکَھ - ہ - اسم مذکر (دوہوں وغیرہ میں) زہر - بِس - سم +

بَکھان کرنا - ہ - فعل لازم (۱) بیان کرنا (۲) تعریف کرنا - مدح پڑھنا (۳) وعظ بیان کرنا - وعظ کرنا (۴) خوشامد کرنا (۵) حقارتاً اپنا - اگلنا - پوشیدہ راز کو کھولنا (۶) گالی دینا - بُرا کہنا +

بکھاننا - ہ - فعل لازم - دیکھو - (بکھان کرنا) +

بِکھر جانا - ہ - فعل لازم (۱) کھنڈا جانا - گرا پڑنا - منتشر ہوجانا (۲) خستگی کے باعث نہ جُڑنا (۳) قابو سے باہر ہوجانا - ہاتھوں سے نکلا جانا (خواہ حالتِ غُصہ میں خواہ غلبۂ عشق میں)

بکھر پکانا - ہ - فعل متعدی - کھانڈ کا شیرہ یا قوام پکانا کچی شکر میں سے مَیل نکالنا +

بِکھرنا - ہ - فعل لازم (۱) کھنڈنا - تتربتر ہونا - پراگندہ ہونا - منتشر ہونا - الگ الگ ہونا (۲) خستہ ہونا - کھیل کھیل ہونا (۳) پھیلنا جیسے کسی کام میں روپیہ بکھرنا (۴) بال پریشان ہونا (۵) بپھرنا - مچلنا - غُصہ ہونا (۶) حال ابتر ہونا - بدحال ہونا - بے حال ہونا +

بَکھل - ہ - اسم مذکر (گنوار) - بگڑا - احاطہ - باکھل - کوچہ - محلہ

بَکھی - ہ - اسم مؤنث - پہلو کی ہڈی کے نیچے کی جگہ - بغل کے نیچے کا گوشت +

بکھیر - ہ - اسم مؤنث (ہندو) وُہ روپیہ یا پیسہ جو دُولہا دُلہن کے اُوپر سے وداع کے وقت نثار کیا جائے اور نیز کسی بوڑھے کے جنازہ کے اُوپر سے جو کچھ بکھیرا جائے وہ

بکھیرنا - ہ - فعل متعدی (۱) منتشر کرنا - پھیلانا - پراگندہ

کرنا - کھنڈا نا (۲) لٹانا +

بکھیڑا - ۵ - اسم مذکر (۱) الجھیڑا - پیچ - الجھاؤ + آل جنجال (۲) جھگڑا - ٹنٹا (۳) دنگا - فساد - غل غپاڑا (۴) حجت - تکرار (۵) ہنگامہ - خرخشہ - مخمصہ - اندیشہ (۶) پھیلاوا - انتشار - طوالت (۷) حرج - روک (۸) دقت دشواری + عذاب (۹) انگڑ کھنگڑ - مال اسباب (۱۰) گھوڑا کرکٹ (۱۱) کام دھندا +

بکھیڑا چکانا - ۵ - فعل متعدی - جھگڑا فیصل کرنا - معاملہ طے کرنا - مناقشہ رفع کرنا +

بکھیڑا ڈالنا - ۵ - فعل متعدی - جھگڑا ڈالنا - الجھاؤ ڈالنا - دقت پیش لانا - کام بڑھانا +

بکھیڑیا - ۵ - اسم مذکر (۱) جھگڑالو - فسادی (۲) کام بڑھانے والا - پھیلیا (۳) پاکھنڈی - مکار +

بکھیڑے میں ڈالنا - ۵ - فعل متعدی (۱) جھگڑے میں ڈالنا - دقت میں ڈالنا - کام بڑھانا - عذاب میں پھنسانا - مخمصہ میں ڈالنا - اندیشہ میں ڈالنا +

بکی - ۵ - اسم مذکر - بکواسی - بہت بک بک کرنے والا

بکیت - ۵ - اسم مذکر - بانک کے فن کو جاننے والا +

بگاڑ - ۵ - اسم مذکر - بگاڑنا کا حاصل مصدر (۱) سنوار کے خلاف - خرابی + بربادی (۲) آزردگی - رنجش خفگی - ان بن + بیر - دشمنی (۳) نقصان - ضرر (۴) کھوٹ - عیب - نقص - کلنک (۵) خطا قصور (۶) روگ - مرض - خلل - جیسے پیٹ کا بگاڑ (۷) نااتفاقی - ناموافقت - جیسے آپس کا بگاڑ (۸) فساد - سرکشی (۹) نفاق (۱۰) جھگڑا + ناچاقی

بگاڑ دینا - ۵ - فعل متعدی - خراب کر دینا + نکما کر دینا خفا کر دینا + ہیئت بدل دینا + ناپاک کر دینا + تباہ کر دینا فضول خرچی میں اٹھا دینا - ضایع کر دینا - دِوالہ نکلوا دینا

بگاڑنا - ۵ - فعل متعدی (۱) سنوارنا کے خلاف - خراب کرنا (۲) آزردہ کرنا - ناراض کرنا (۳) اصلی ہیئت کو بدل دینا (۴) مٹانا - بدصورت کر دینا (۵) ناپاک کرنا - عفت میں فرق لانا (۶) نکما کرنا - ناکارہ کرنا (۷) اسراف کرنا - بیجا خرچ کرنا (۸) نقصان پہنچانا - دِوالہ نکلوانا - ضرر پہنچانا (۹) تباہ کرنا - برباد کرنا جیسے گھر بگاڑنا (۱۰) ورغلانا - بہکانا (۱۱) بدمزاج اور بداطوار بنانا - عادت خراب کرنا (۱۲) ظرافتاً - کھانا - تناول کرنا جیسے لے کھانا بگاڑ + (عوام)

بگاڑو - ۵ - اسم مذکر - بگاڑنے والا - اڑاؤ لٹاؤ +

بگ ٹٹ - ۵ - تابع فعل - بگ چھٹ - سرپٹ - عنان گسستہ - بلا تحاشا گھوڑے کو دوڑانا (اس طرح گھوڑے کو دوڑانا کہ گویا بن لگام ہے) +

بگڑ - ۵ - اسم مذکر (۱) دیکھو - (بکھل) ۲ - پڑوس - ہمسایہ

بگڑ بیٹھنا - ۵ - فعل لازم (۱) ناراض ہو جانا - خفا ہو جانا برہم ہو جانا (۲) باغی ہو جانا - متمرد ہو جانا (۳) جھگڑے پر آمادہ ہونا (۴) اڑ بیٹھنا - گھوڑے ہاتھی وغیرہ کا سرکش ہو جانا

بگڑ جانا - ۵ - فعل لازم - دیکھو - (بگڑنا) ایسی جگہ جانا تکمیل فعل کے واسطے آتا ہے +

بگڑنا - ۵ - فعل لازم (۱) سنورنا کے خلاف - خراب ہونا - نکما ہونا (۲) عصمت کھونا - فاحشہ ہونا - (۳) ضایع ہونا اکارت جانا - بیجا خرچ ہونا (۴) بدمزہ ہونا - بُسنا - سڑنا جیسے اچار یا سالن بگڑنا (۵) باغی ہونا + پھرنا - برگشتہ ہونا جیسے فوج راج سے (۶) نقصان ہونا - ضرر ہونا ہونا - افروختہ ہونا - لال +

(مؤلف) جان جاتی ہے

جوں جوں بن بن کے وہ آتے ہیں

(۸) فرق آنا - تغیر ہونا جیسے ہاتھ بگڑنا - خط بگڑنا (۹) تان سے
بے تان ہونا - سُروں سے گرنا - بے سُرا ہونا جیسے گانے
میں بگڑنا (۱۰) تباہ ہونا - دِوالہ نکلنا + غریب ہونا - مُفلس
ہونا (۱۱) بدگُمان ہونا (۱۲) خراب حالت ہونا - حال ابتر ہونا
نزع کا عالم ہونا (۱۳) ہیئت بدلنا - بدہیئت ہونا (۱۴) مٹنا
مخدوش ہونا (۱۵) ٹوٹ پھوٹ جانا جیسے سڑک بگڑنا (۱۶)
بے ترتیب ہونا - بکھرنا جیسے بال بگڑنا (۱۷) ناپاک ہونا -
نجس ہونا (۱۸) سمیت ہونا - زہریلا ہونا جیسے ہوا بگڑنا -
(۱۹) خلل پڑنا جیسے کھیل یا معاملہ بگڑنا (۲۰) چوکنا - فیل ہونا
گرنا جیسے امتحان میں بگڑنا (۲۱) شریر ہونا - سرکش ہونا
جیسے گھوڑے یا ہاتھی کا بگڑنا (۲۲) عیاش ہونا - بدراہ
ہونا - بدچلن ہونا - آوارہ ہونا (۲۳) لڑائی ہونا - جھگڑا ہونا

سودا:
اے دل - کس سے بگڑی کہ آتی ہے فوج اشک
تخت جگر کی لاش کو آگے دھرے ہوئے

(۲۴) عداوت ہونا - دشمنی ہونا - دوستی میں فرق آنا

بگڑے دِل - ۱ - صفت (۱) دل چلا - دیوانہ - وہ شخص
جسکا دل قابو میں نہو (۲) بے باک - نڈر - آزاد - ہر بات پر
لڑنے مرنے کو مستعد - اکھڑ - ہر ایک سے اُلجھنے والا +

بگل - انگلش Bugle اسم مذکر - تُرئی - نرسنگا -
نفیری - تُرم +

بگلا - ۸ - اسم مذکر (۱) ہوشیار - غمخوار - ک - ماہی خور - کلنگ
(ایک آبی دراز گردن سفید پرند کا نام ہے جو اکثر پانی کے کنارہ پر رہتا
اور مچھلیاں پکڑ کر کھاتا ہے) ۲ صفت میں - نہایت سفید -
نہایت چٹا - نہایت اُجلا +

بگلا بھگت - ۸ - اسم مذکر - کپٹی - مکار - گربہ مسکین
زاہد خشک +

بگولا - ۸ - اسم مذکر - دیکھو (بھُولا) +

بگویا - ۸ - اسم مذکر - ہندو عو (۱) بدی - غیبت - بدگوئی (۲)
ہجو +

بگھار - ۸ - اسم مذکر - چھونک - بیسر داغ - روغن جوش
(جب کسی ترکاری یا دال وغیرہ میں گرم مصالح یا پیاز لہسن گھی میں
داغ کرکے ڈالتے ہیں تو اُسے بگھار کہتے ہیں)

بگھار لگانا - ۸ - فعل لازم - ہندو (۱) چھونکنا (۲) بازاری
لوگ - شراب پیکر حقہ پینا +

بگھارنا - ۸ - فعل لازم (۱) چھونکنا - داغ کرنا (۲) عوام
بولنا - جیسے فارسی بگھارنا - ترکی بگھارنا +

بگھن - ۸ - اسم مذکر - ہندو (۱) قتل عام - بزن (۲) سدراہ
روک - مزاحمت +

بگھی - ۸ - اسم مؤنث - ایک قسم کی بڑی مکھی جو گھوڑے
وغیرہ کو بہت ستاتی ہے +

بگھیلا - ۸ - اسم مذکر (۱) شیر کا بچہ (۲) راجپوتوں کی ایک قوم

بگی - انگلش - اسم مؤنث Buggy. دوپہیوں کی
انگریزی ٹپ دار گاڑی +

بگیلنا - ۸ - فعل لازم - گنوار - دھکیلنا - دھسانا +

بل - انگلش Bill اسم مذکر - فرد حساب -
دستاویز - ہنڈی - قبض الوصول +

بل پاس ہونا - ۱ - فعل لازم - فرد حساب کا منظور ہونا +

بِل - ۸ - اسم مذکر - سوراخ - عموماً حشرات الارض اور خصوصاً
چوہے کا سوراخ - بھٹا +

بل ڈھونڈنا - ۸ - فعل لازم - عوام - چھپتے پھرنا -
ڈر کے مارے دبکنا +

بُل - ۸ - اسم مؤنث - دیکھو (بُر) +

بَل - ۸ - اسم مذکر (۱) زور - طاقت - پیچ - تاب - مروڑ

البیٹ - اینٹھ (۳) خم - کجی - ٹیڑھ - خمیدگی - بانک +
خم وچم (۴) رُخ - سمت - پہلو جیسے ہاتھ کے بل سر کے بل
(۵) فرق - تفاوت جیسے ہزاران کا بل (۶) نخوت - غرور
گھمنڈ (۷) چین شکن - بٹ جیسے تیوری کا اور پیٹ کا بل
(۸) بُغض - کپٹ - کینہ - عداوت جیسے اُسکے دل میں بل ہے
(۹) برتا - پرچک - حمایت جیسے کسیکے بل پر کودنا (۱۰)
قُربانی - فدیہ - تصدّق اور وُہ قُربانی جو خاص دیوتاؤں
کے لیے کی جائے + دیوتا کا بھوگ + (۱۱) ایک مشہور
راجہ کا نام ہے جسے سری کرشن نے بونا اوتار لیکر پاتال
میں بھیجدیا +

بل بھرنا - ہ - فعل لازم (۱) طاقت جتانا - زور دکھانا
(۲) اینٹھنا - ناراض ہونا - کشیدہ خاطر ہونا +

بل پڑنا - ہ - فعل لازم (۱) شکن پڑنا (۲) فرق آنا (۳)
نفاق ہونا (۴) رُکاوٹ ہونا +

بل دینا - ہ - فعل مُتعدی (۱) بٹنا (۲) مروڑنا - خم دینا
(۳) قربانی کرنا - فدیہ دینا +

بل کرنا - ہ - فعل لازم (۱) اینٹھنا - اکڑنا - زور دکھانا
(۲) غرور کرنا - تکبّر کرنا (۳) کینہ رکھنا - بُغض رکھنا +

بل کھانا - ہ - فعل لازم (۱) پیچ و تاب کھانا - جزبز ہونا
(۲) زُلف و کمر کا کج و کج ہونا - خم کھانا +

بل کُھلنا - ہ - فعل لازم - پیچ دُور ہونا - سُلجھنا - خم نکلنا +

بل کھولنا - ہ - فعل مُتعدی - سُلجھانا - خم نکالنا - سیدھا
کرنا - پیچ دُور کرنا +

بل کی لینا - ہ - فعل لازم - اینٹھنا - زور دکھانا + تعلّی
کی لینا - اترانا - غرور کرنا +

بل نکالنا - ہ - فعل مُتعدی (۱) کجی دُور کرنا (۲) سیدھا
بنانا - درست کرنا - سزا دینا + شیخی کرکری کرنا - غرور ڈھانا

ہم نکا دینا ہے سُن اے موج ہوا بل تیرا
(مؤمن) اُسکے زُلفوں کے اگر بال پریشاں ہونگے

بل نکلنا - ہ - فعل لازم (۱) بل کُھلنا (۲) سیدھا ہونا -
کج نکلنا (۳) غرور دُور ہونا - گھمنڈ نکلنا +

بلّا - ہ - اسم مذکر - بل کی تصغیر - چھوٹا سوراخ - بھٹّا +

بَلّا - ہ - اسم مذکر - ڈنڈا - گیند لگانے کا سونٹا - گلی اُچھالنے
کا ڈنڈا +

بلّا - ہ - اسم مذکر - بلّی کا نر - گُربۂ نر +

بِلّا - اِ - اسم مذکر - انگلش .Badge کا بگڑا ہوا ہے
تمغہ - نشان - چپراس - وُہ علامت جو پولس کے سپاہیوں
کی وردی پر بنی ہوئی ہوتی ہے +

بلا - ع - تابع فعل - بغیر - سوا - بنا - بن (یہاں "با" کی مانند بمعنی
معیّت یا زائد ہے)

بلا تردّد - ع - تابع فعل - بے اندیشہ - بلا وسواس - بیفکری
سے - بے کشمش و پیچ - بغیر از پس و پیش - بے تامل +

بلا تشبیہ - ع - تابع فعل - بغیر نسبت دیے - بلا مناسبت +

بلا تصنّع - ع - تابع فعل - بلا تکلّف - بے بناوٹ - بے تغیّر
راست راست - ٹھیک ٹھیک +

بلا تکلّف - ع - تابع فعل (۱) دیکھو (بلا تصنّع) ۲
بیساختہ - فی البدیہہ (۳) بلا وسواس +

بلا توقّف - ع - تابع فعل - بے تامل - تُرت - جلد

بلا شرط - ع - تابع فعل - بے شرط کیے - عہد و پیمان
کے بغیر - یُونہیں +

بلا شک - ع - صفت - بے شک - البتہ - بے شُبہ +
باشوق +

بلا ناغہ - ع + ف - تابع فعل - بلا بریز - مُتواتر - روز مرہ
سلسلہ وار - بغیر از تعطیل - روز روز +

بلا واسطہ - ع - تابع فعل (۱) بے توسط - بے وسیلہ - براہِ راست (۲) بے وجہ - ناحق - بے سبب +

بلا وجہ - ع - تابع فعل (عوام) بے دلیل - بے سبب - ناحق - خواہ مخواہ - بے واسطہ +

بلا - ع - اسم مؤنث (۱) زحمت - سختی + بپت - مصیبت - دکھ - صدمہ - آفت + قہر - غضب (۲) عو - ڈاین - چڑیل - سایۂ پری و جن - آسیب - ڈنکنی - بھوتنی (۳) کلمۂ تعریف و تعجب - نہایت چست و چالاک آدمی - قیامت - غضب جیسے وہ اس کام میں بلا ہے (۴) عو - ناچیز - بے حقیقت - ہیچ - جیسے پاپوش - پیزار وغیرہ جیسے ہماری بلا جانے (۵) صفت میں - مہیب - ڈراؤنا - خوفناک - ہیبتناک (۶) صفت میں - ازحد - نہایت +

بلا بدتر - ع + ف - صفت عو - نکھد - نہایت خراب - ناکارہ - نکما +

بلا بوغما - ع + ف - صفت - عو (۱) نہایت خراب - بدتر - ناکارہ - بے مصرف (۲) موٹی - بدشکل - بدہئیت (۳) بیہودہ - نامہذب - خیلا - پھوڑ +

بلا پیچھے لگانا - ا - فعل متعدی - عذاب میں پھنسانا - آفت میں ڈالنا (عو) +

بلا جانے - ا - ندا - ایک بے پروائی کا کلمہ ہے - ہم نہیں جانتے - ہماری جوتی جانے +

بلا چٹ - ا - صفت (۱) اناپ شناپ کھانے والا وہ شخص جو کھانے میں اچھی بری چیز کا لحاظ نہ کرے (۲) صدقہ کا کھا جانے والا +

بلا سے - ا - تابع فعل (۱) کلمۂ استغنا - کچھ پروا نہیں - پیزار سے - جوتی سے +

بلا کا - ا - صفت - غضب کا بنا ہوا - آفت کا پرکالہ - آفت کا ٹکڑا +

بلا کش - ف - صفت - زحمت کش - آفت جھیلنے والا

بلا کی طرح پیچھے پڑنا - ا - فعل لازم - عو - جن ہو کر چمٹنا - پیچھا ہونا - پیچھا نہ چھوڑنا +

بلا گرداں - ف - اسم مذکر - وہ شخص جو دوسرے کی آفت اپنے اوپر لے لے - بلا دور کرنے والا - تصدق ہونے والا - قربان ہونے والا +

بلا لوں - ا - ندا - عو - قربان جاؤں - صدقہ ہو جاؤں - واری جاؤں (اصل میں یہ ایک خوشامد کا کلمہ ہے)

بلا لینا - ا - فعل لازم - عو - صدقہ جانا - تصدق ہونا - نثار ہونا (۲) نہایت پیار کرنا - بچوں کو گلے لگانا + عورتوں میں ایک طریقہ ہے کہ جب وہ بہت دنوں کے بعد اپنے کسی چھوٹے عزیز سے ملتی یا کسی بچے سے نہایت خوش ہوتی ہیں تو اسکے سر پر ہاتھ پھیر کر اور اپنی کنپٹیوں پر دونوں ہاتھ کی انگلیاں رکھ کر چٹخاتی ہیں جسے بلائیں لینا کہتے ہیں اور اس سے مراد ہوتی ہے کہ اسکے سر کی تمام بلائیں ہم نے اپنے سر لے لیں +

بلا نوش - ف - صفت (۱) دیکھو (بلا چٹ) (۲) بہت شراب پینے والا - سمندر سوکھ +

بلا بھیجنا - ہ - فعل متعدی - آدمی بھیج کر بلانا - بلوانا - طلب کرنا +

بلاپ - ہ - اسم مذکر - ہندو - (۱) مردہ کو رونا - بری آواز سے رونا (۲) آہ و زاری - کہرام - ماتم - سوگ - سنتاپ

بلاپ کرنا - / **بلاپ کرکے رونا** - ہ - فعل لازم - ہندو - مردہ کا بیان کرکے رونا - میت کی باتوں کو یاد کرکے رونا - پیٹنا +

بلار - ہ - اسم مذکر - بلا - گربہ نر (گنوار) +

بلاس - ہ - اسم مذکر - ہندو - خوشی + حظ - رنگ رس

بلاسنا - ہ - فعل لازم (پورب) عیش اڑانا - خوشیاں منانا +

بلاغت - ع - اسم مؤنث - علم بیان کی حد کو پہنچنا - خوش کلامی - خوش بیانی - فصاحت - حسب موقع گفتگو کرنا +

بلاق - ت - اسم مذکر - لٹکن - ایک زیور کا نام ہے جو دیوار بینی میں پہنتے ہیں - کانچ کا لمبوترا موتی جو بچوں کی ناک میں عورتیں اس غرض سے ڈالتی ہیں کہ ہمارے اور بچوں کی طرح یہ بھی نہ مرجائے +

بلاقی - ت - اسم مذکر - وہ شخص جسنے بچپن میں بلاق پہنا ہو اسیطرح جس عورت نے بلاق پہنا ہو اُسے بلاقن کہتے ہیں اور اکثر اس قسم کے نام بھی ہوتے ہیں +

بلالانا - ہ - فعل متعدی - بلوالانا - ساتھ لے آنا - ہمراہ لانا - پکار لانا +

بلانا - ہ - فعل متعدی (۱) طلب کرنا - پکارنا - حاضر کرنا (۲) آواز نکالنا جیسے حقہ بلانا +

بلانا - ہ - فعل لازم (پورب) بلبلانا - زار زار رونا - بلکنا (فسانہ عجائب میں آیا ہے)

بلانت - ہ - اسم مؤنث (ہندو) بالشت - وجب - بیشبر

بلاؤ - ہ - اسم مذکر - بلار - بلا - گربہ نر +

بلاوا - ہ - اسم مذکر - طلب - دعوت - نیوتا - بلاوا طلبی

بلاول - ہ - اسم مؤنث - ایک راگنی کا نام ہے +

بلاہر - ہ - اسم مذکر - گنوار (۱) شدر - ٹہلیا - خدمتی (۲) ہرکارہ (۳) رہنما - رہبر (۴) بیگاری (۵) پاسبان چوکیدار +

بلائیں لینا - ہ - فعل لازم دونوں ہاتھوں کو دوسرے شخص

کے سر تک لیجا کر اور پھر اپنی کنپٹیوں کے پاس لاکر انگلیاں چٹخانا - بلا گرداں ہونا - واری جانا - تصدق ہونا +

بلبل - ع ف - اسم مذکر و مؤنث ہر دو جائز - ہزار داستان - دستان سرا - مرغ چمن - عندلیب - گلدم (ایک خوش الحان پرند کا نام ہے جسکی دم کے نیچے ایک سرخ گل ہوتا ہے اور شاعر اُسے عاشق گل باندھتے ہیں) +

بلبل چشم - ف - اسم مذکر - ایک قسم کی بناوٹ کے کپڑے کا نام ہے جسمیں بلبل کی سی آنکھیں بنی ہوئی ہوتی ہیں

بلبلا - ہ - اسم مذکر (۱) غوزۂ آب - حباب (پانی میں ہوا بھر جانے یا کسی چیز کے گرکر اُلٹنے سے جو شکل بنتی ہے اسے بلبلا کہتے ہیں (۲) تشبیہاً - ناپائدار - فنا پذیر - جلد مٹنے والا - فانی

بلبلاتا - ہ - تابع فعل - مشتاقانہ - آرزومندانہ - نہایت ذوق شوق اور کمال گرمجوشی سے قربان ہوتا ہوا +

بلبلانا - ہ - فعل لازم (۱) اونٹ کا مست ہوکر بولنا - (۲) مستانا - مستی پر آنا (۳) غصہ میں لال پیلا ہونا - افروختہ ہونا (۴) پورب میں - مکدر بدمزہ ہونا - بھد بھدانا - جوش کھانا

بلبلانا - ہ - فعل لازم (۱) تڑپنا - چوٹ کے مارے بلکنا - بیقراری سے رونا - بچے کا مار کھاکر لوٹا لوٹا پھرنا (۲) مضطرب ہونا - بیکل ہونا - بیتاب ہونا جیسے ماں کا بچے کے لیے بلبلانا (۳) بھوک میں بے چین ہونا - بھوک کے مارے لوٹنا (۴) منت و زاری کرنا - گڑگڑانا - بکنے [illegible] لکھا ہے +

بلبل ٹین - انگلش Velveteen ویلوٹین - سوتی مخمل - نقلی مخمل +

بلبل جانا - ہ - واری واری جانا - تصدق اور نثار ہو ہو جانا - بلا گرداں ہونا +

بلبل کرتا - ہ - تابع فعل - عو[illegible] قربان ہوتا ہوا نہایت

ذوق شوق اور گرم جوشی سے - کمال سرگرمی سے جیسے وُہ تو بلبل کرتا لیگا +

بُل بھَکوا - ہ - صفت - بوالہوس - وُہ شخص جو بڑھاپے میں جوانوں کی حرکتیں کرے +

بَل بے - ا - کلمۂ استعجاب و تحسین (۱) لغوی معنی واہ رے طاقت - اصطلاحی اُف رے - واہ رے اللہ رے - اُفوہ رے + اہو - آہا (۲) واہ وا - کیا کہنا ہے - شاباش مرحبا - آفریں +

بُل تارڑ - ہ - اسم مذکر - وُہ نرناڑ جسمیں پھل کی بجائے بالیں نکلتی ہیں +

بَلتُورڑ - ہ - اسم مذکر - دیکھو (بالتوڑ) +

بِلٹی - انگلش Billet بلیٹ - تصغیر بل یا Bill of Lading بل اوف لیڈنگ - اگر بلیٹ سے خیال کریں تو پرچہ - پُرزہ - کاغذ کا ٹکڑا اسکے معنی ہیں اور بصورت دیگر فہرست اسباب - فردِ اشیا و کرایہ وغیرہ +

بَلَد - ہ - اسم مذکر - گنوار - دیکھو (بیل) +

بَلدار - ا - صفت - پیچیدہ - مُڑا ہوا +

بَلدان - ہ - اسم مذکر (۱) ایشر کے نام کی قُربانی + دیوتا کے سامنے بکرا وغیرہ ذبح کرنا (۲) دیوتا کا بھوگ - نذر + بھیٹ - چڑھاوا +

بَلدنا - ہ - فعل متعدی - گنوانا - گیابھن کرنا - گائے کو حمل رکھوانا +

بَلدَہ - ع - اسم مذکر - شہر - نگر - قصبہ - بستی (بفتح با بسر حدہ بھی جائز ہے)

بَل رانڈ - ع - اسم مؤنث - وُہ عورت جو حالتِ کم سنی میں بیوہ ہو جائے +

بِلسنا - ہ - فعل لازم - ہو - (۱) سُکھ دیکھنا - لُطف اُٹھانا - زندگی کا حظ اُٹھانا +

(۲) برتنا - استعمال میں لانا - نیگ لگانا +

بُلغَم - ع - اسم مذکر - کف - کھنکھار - اخلاطِ اربعہ میں سے ایک خلط کا نام ہے - جو غذا جگر میں اچھی طرح نہیں پکتی اُسکو بلغم کہتے ہیں +

بَلغَمی - ع - صفت (۱) بلغم پیدا کرنے والی + مرطوب (۲) وُہ شخص جسکے خلط میں بلغم بڑھ گیا ہو + موٹا + بھولی سمجھ والا (۳) کاہل - سُست +

بِلکانا - ہ - فعل متعدی - رُلانا - بھڑکانا (بچوں کے حق میں بولتے ہیں)

بُلک ٹرین - انگلش Bullock Train - بیلوں کی ڈاک گاڑی جو بیلوں کی ڈاک +

بِلکنا - ہ - فعل لازم (۱) بچوں کا بیقرار ہو کر رونا - چلا کر رونا بھڑکنا - بلبلانا - (۲) بے چین ہونا - مضطرب ہونا - بیقرار ہونا (۳) کسی چیز کی آرزو میں بیتاب ہونا +

بَلکِہ - ف - حرفِ ترقی و اضراب (۱) بلکہ - پھر بھی (۲) سوا - علاوہ +

بِلَلّا - ہ - صفت - اسم مذکر (۱) احمق - گاؤدی - بیوقوف اُول جلول + لغو - بیہودہ (۲) بے سلیقہ - پھوہڑ (۳) ناُستقل مزاج - بَولو - پادگھابرا +

بِلَلّی - ہ - اسم مؤنث و صفت - دیکھو (بلّلا)

بَلَم - ہ - اسم مذکر - بھالا - برچھا - نیزہ + عصا - وُہ سُنہری یا روپہلی عصا جو امیروں کی سواری کے آگے لیکر چلتے ہیں

بَلَم بردار - ا - اسم مذکر - وُہ شخص جو امیروں کی سواری کے ساتھ بلم لیکر چلے - نیزہ بردار - عصا بردار +

بَلما - یا - بَلَم - ہ - اسم مذکر (گیتوں میں) ۱ - خاوند - خصم (۲) عاشق - پیتم +

بِلمانا - ہ - فعل لازم (گیتوں میں) ۱ - ٹھہرنا - دیر لگانا - دیر کرنا + بیٹھ رہنا - جم جانا جیسے سوتن گھر بلما رہے

(۲) متعدی میں - روکنا - ٹھیرانا - پکڑ رکھنا جیسے کہ سوتن نے سیّاں بلمایا ؛

بَلَنٹِیَر - انگلش Volunteer. والنٹیر - اسم مذکر - وہ شخص جو اپنی مرضی سے فوج میں بھرتی ہو یا نوکری چاکری کرے - اپنی خوشی سے قومی و ملکی حفاظت کے واسطے سپاہی بنا +

بَلْنا - ہ - فعل لازم - ہندو (۱) سُلگنا - جلنا - پھُنکنا - (۲) بھڑکنا - روشن ہونا - شعلہ اُٹھنا - مشتعل ہونا

بُلْنا - ہ - فعل متعدی - گنوار (۱) بٹنا - بل دینا - (۲) کسی زیور میں ڈورہ ٹکڑ ڈالنا ؛

بُلَنْد - ف - صفت (۱) اونچا - عالی - رفیع - برتر - (۲) اسم میں - دراز قد - لم چھیڑ - لمبا +

بلند آواز - ف - صفت - بڑی آواز والا +

بلند پرواز - ف - صفت (۱) اونچی اُڑنے والا (۲) عالی دماغ - عالی خیال - عالی فکر +

بلند حوصلہ - ف + ع - صفت (۱) عالی ہمت ؛ دل چلا - جری - بہادر + فراخ حوصلہ - فراخ دل - سخی

بلند کرنا - ا - فعل متعدی - اونچی کرنا - اونچا اٹھانا

بلند نظر - ف + ع - صفت - عالی حوصلہ - عالی ہمت

بلند ہونا - ا - فعل لازم - اونچا ہونا - چڑھنا +

بُلَنْدی - ف - اسم مؤنث - اونچائی - اونچان - ارتفاع - رفعت - برتری (۲) درازی - لمبائی (۳) نخوت - غرور - خیال امارت جیسے بخت اُڑ گیا بلندی رہ گئی +

بِلَنگنی - ہ - اسم مؤنث - ہندو - دیکھو (الگنی)

بَلْوا - یا بَلْوہ - ف - اسم مذکر (۱) ہنگامہ - بکھیڑ + دنگا - فساد + غدر - بغاوت - سرکشی - بہت سے آدمیوں کا فساد اور فتنہ پر آمادہ ہونا + شور و شغب + عدول حکمی +

جان و دل پر لشکر آرائی تھی جوش یاس کی
مفت اس بلوے میں شب خون تمنا ہو گیا

(مؤمن) (۲) ہل چل - کھلابلی - درہمی برہمی - بدانتظامی (۳) بھیڑ - ہجوم

بلوۂ عام - ا - (قانون میں) بہت سے آدمیوں کی سرتابی +

بَلْوان - ہ - صفت (۱) زور آور - بلی - بل والا - طاقت ور - ٹھاڈا - زبردست (۲) مضبوط - مستحکم - ان مل جیسے ہونی بلوان ہے +

بُلْوانا - ہ - بلانے کا متعدی +

بِلَوٹا - ہ - اسم مذکر - بلّی کا بچہ (ہندو)

بِلَّوْر - ع - اسم مذکر - (بفتح بائے موحدہ اور واؤ معروف و بغیر تشدید بھی درست ہے) ایک چمکدار کانی جوہر کا نام ہے جو نہایت شفاف ہوتا ہے بعض لوگ اسے کچا ہیرا خیال کرتے ہیں سنسکرت میں اسکو پھٹک स्फटिक کہتے ہیں

بلور کی مانند - ا - صفت - بلور سا صاف و شفاف نہایت مجلا +

بِلَّوْرِیں - ف - صفت - بلور کا بنا ہوا + مثل بلور +

بَلُّوط - ع - اسم مذکر - سیتا برچھ (ایک درخت کا نام ہے جو ہمالیہ پہاڑوں میں اکثر پایا جاتا ہے جسے سیتا سپاری بھی کہتے ہیں)

بُلُوغ - یا - **بُلُوغَت** - ع - (اوّل اسم مذکر دوم مؤنث) جوانی مردی - شباب +

بِلُونا - ہ - فعل متعدی (۱) متھنا - رئی پھیرا کر دودھ سے گھی نکالنا - گھنگولنا جیسے دودھ یا تھوک بلونا +

پایا نہ دل بہا ہوا سیل اشک کا
میں پنجہ مژہ سے سمندر بلو چکا +

(میر تقی) (۲) [illegible]

بِلُون بِلُون - ہ - اسم مؤنث - (۱) [illegible] کسی چیز کی عسرت تنگی (۲) مانگ - ضرورت - [illegible] (۳) کمیابی - نایابی [illegible]

(۲) واے واے ۔ پکار +

بِلُوں بِلُوں پڑنا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ عو ۔ تنگی ہونا ۔ مانگ ہونا ۔ واے واے ہونا ۔ پکار پڑنا ۔ عسرت و تنگی ہوتا

بِلُوں بِلُوں کرنا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ واے واے کرنا ۔ پکار ڈالنا ۔ گھبرانا ۔ چلانا ۔ حواس ٹھکانے نہ رہنا +

بِلُوں بِلُوں ہونا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ دیکھو (بِلُوں بِلُوں پڑنا) +

بَلُونْت ۔ ہ ۔ صفت (۱) دیکھو (بلوان نمبر ۱) +

بَلُوَہ ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ دیکھو (بلوا) +

بَلِہار جانا ۔ ہ ۔ فعل لازم (گیتوں میں) قربان جانا ۔ فدا ہونا ۔ تصدق ہونا ۔ نثار ہونا +

بَلِہاری ۔ ہ ۔ اسم مؤنث (گیتوں میں) قربان ۔ تصدق ۔ صدقہ ۔ واری ۔ نثار +

بُلہَوَس ۔ ف ۔ صفت ۔ (بُل بہت + ہوس آرزو) اسکی تحقیق لفظ بوالہوس میں دیکھو +

بَلی ۔ س ۔ صفت ۔ دیکھو (بلوان نمبر ۱) +

بَلّی ۔ ہ ۔ اسم مؤنث (۱) سال کے درخت کی لمبی لمبی شاخیں جو بانس کی مانند موٹی اور لمبی ہوتی ہیں بلیاں کہلاتی ہیں (چونکہ بلی اکثر اڑواڑ اور ٹیکن لگانے کے کام میں آتی ہے سو بہ ہے اسکا مادہ بل خیال میں آتا ہے یعنی دوسری چیز کا زور سہارنے والی چنانچہ تھونی اور تھم اور ناؤ کھینے کے بانس کو بھی اسیو جہسے بلی کہتے ہیں) +

بِلّی ۔ ہ ۔ اسم مؤنث (۱) گربہ ۔ ایک چھوٹے سے جانور کا نام ہے جو شیر کے مشابہ ہے اور اکثر چوہوں وغیرہ کا شکار کرتا ہے (۲) وہ لکڑی جو کواڑوں کے اندر کنڈی کی بجاے لگاتے ہیں +

بِلّی اُلانگنا ۔ ہ ۔ فعل متعدی ۔ بلی کا راستہ کاٹنا آنا ۔ لڑنے جھگڑنے کو آنا + (چونکہ جہلا بلی کے رستہ کاٹ جانے یا بلی کے نکل جانے کے بعد اُس راستے سے آنے کو منحوس اور علامت فتنہ خیال کرتے ہیں ۔ اِس لحاظ سے جو شخص آتے ہی ٹیڑھی ترچھی باتیں کرنے لگتا ہے اسکی نسبت کہتے ہیں کہ تم بلی الانگ کر تو نہیں آئے ؟) +

بِلّی لوٹن ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ سنبل طیب ۔ بال چھڑ ۔ بادرنجبویہ (ایک قسم کی خوشبودار گھانس ہے جسپر بلی نہایت خوشی سے لوٹتی ہے ۔ دوم درجہ میں گرم خشک ہے)

بَلِیغ ۔ ع ۔ صفت (۱) رسا ۔ پہنچنے والا ۔ کامل ۔ پورا ۔ مکمل (۲) فصیح ۔ حسب موقع گفتگو کرنے والا ۔ خوش تقریر +

بَلِیلَہ ۔ ف ۔ اسم مذکر ۔ بہیڑا ۔ ایک دوا کا نام ہے جو بڑی ہڑ کی قسم میں سے ہے +

بَلِینڈا ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ چھپر کی مینڈ یا بیچ کا بڑا بانس ۔ چھت کی کڑی جیسے (کہاوت میں) اودھلی بہو بلینڈے سانپ دکھاے +

بَمْ ۔ انگلش ۔ Pump. پمپ ۔ ہوا اور پانی وغیرہ نکالنے یا بھرنے کی کل +

بَمْ ۔ ہ ۔ اسم مؤنث (۱) بگی کا بانس ۔ انگریزی گاڑی کے آگے کے ڈنڈے جنہیں گھوڑا جوتا جاتا ہے یہ انگریزی بمبو Bamboo کا بگاڑ معلوم ہوتا ہے (۲) ہندی ہیں چشمہ ۔ منبع ۔ پانی کا سوراخ ۔ ببا (۳) ہ ۔ غل ۔ شور (۴) ہ ۔ شیو کے پکارنے کی آواز ۔ وہ آواز جو شیو کی پوجا کے وقت گالوں کو پھلا کر نکالتے ہیں (۵) ہ ۔ نقارہ دھونسا ۔ دمامہ (۶) ف ۔ راگ ۔ یا باجہ کی اونچی آواز بخلاف زیر +

بم پھوٹنا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ کسی دیوار سے پانی کا چھید کرکے نکلنا +

بم چخ مچانا - ل - فعل لازم - غل شور کرنا - دہائی دینا +
بم مچانا - ل - فعل لازم - شور کرنا - فریاد کرنا - دُھائی دینا
بم مہادیو - ہ - ندا - (۱) مہادیو کی جے پہ مہادیو کا بول بالا
(۲) یا مہادیو مدد کر - مدد یا بابا واآدم +
بِمان یا بِوان - ہ - اسم مذکر - دیوتاؤں کا رتھ - تخت رواں
وُہ تخت جو نیک ہندوں کی سواری کے واسطے خدا کی
طرف سے آئے (۲) تابوت - وُہ آراستہ تابوت جو
بُوڑھے آدمیوں کے واسطے ہندوں میں بناتے ہیں +
بَنْبا - ل - اسم مذکر - صحیح بنبع چشمہ - وُہ جگہ جہاں سے
پانی نکلے +
بَمْبُو - انگلش Bamboo. (۱) بانس (۲) - ل -
چندو پینے کی وُہ نے جسپر چندو رکھکر لو اٹھاتے ہیں
بَمْ پُولِیس - ل - اسم مذکر (انگریزی آدمی بولتے ہیں) عام
جائے ضرور - پیخانہ عام +
بِمَنْزِلَہ - ف ع - تابع فعل - بجائے - بطور - بالعوض
بَمْنِیٹا - ہ - تصغیر بالتحقیر - بامن کا بیٹا - بامن والا +
بِمُوجِب - ف ع - تابع فعل - مُوافق - مُطابق +
بُن - ہ - اسم مذکر - قہوہ - کافی - ایک تخم کا نام ہے جسے
بھونکر کھاتے ہیں اور اکثر چائے کی طرح جوش کرکے پیتے ہیں
بَن - ہ - اسم مذکر (۱) جنگل - وُہ جگہ جہاں بہت سے خود رو
درخت کھڑے ہوں + مرغزار (۲) صحرا - بیابان -
میدان + ریگستان (۳) روئی کا کھیت - روئی کے
درخت +
بَن بلاؤ - ہ - اسم مذکر - جنگلی بلا - گربہ دشتی +
بَن کریلا - ہ - اسم مذکر - جنگلی کریلا جو چھوٹا اور ازحد
کڑوا ہوتا ہے +
بَن مانس - ہ - اسم مذکر - جنگلی آدمی - وحشی آدمی -

سناس +
بِن - ع - اسم مذکر - بیٹا - ولد +
بِن - ہ - تابع فعل - بغیر - سوائے - بجز - چھٹ - بدون
بن آئی - ہ - اسم مؤنث - عو - مرگ ناگہاں (اب فصحا
نے متروک کردیا ہے) +
بن آئی مرنا - ہ - فعل لازم (۱) بے موت مرنا - ناحق جان
دینا - پوری عمر کو نہ پہنچنا - بے وقت مرنا (۲) ناحق تباہ
ہونا - بے گناہ مارا جانا - مبتلائے آفت ہونا +
بن داموں کا غلام - ہ - تابع فعل - مُفت کا غلام -
وُہ شخص جو خود غلامی اختیار کرے +
بن ماری کی توبہ - ہ - تابع فعل - ناحق کی فریاد -
بیجا شکایت - قبل از مرگ واویلا +
بِنا - ہ - تابع فعل - دیکھو بِن +
بُنْنا - ہ - فعل متعدی - بافتن - کپڑا یا کوئی اور چیز تانا
بانا کرکے تیار کرنا +
بَنّا - ہ - اسم مذکر (عوام بالتشدید بولتے ہیں) ا - دُولہا -
نوشہ - بنڑا (۲) پیارا - لاڈلا +
بَنْنا یا بَنجانا - ہ - فعل لازم (۱) تیار ہونا - مکمل ہونا - درست
ہو جانا (۲) تصنیف و تالیف ہونا (۳) ایجاد ہونا - اختراع
ہونا (۴) ہو سکنا - ممکن ہونا جیسے جسطرح بنے آؤ
(۵) اتفاق ہونا - موقع پڑنا (۶) ہونا جیسے یار بنا - بیٹا
بنا (۷) قایم رہنا - سلامت رہنا - زندہ رہنا جیسے بنا
رہے - ۸ - (کوہب میں) موجود رہنا - حاضر رہنا
رہنا جیسے گھر میں بنے رہو (۹) [illegible] شک کا
ٹھیک ہونا - درست ہونا + جیسے [illegible] بن چکا +
بنانا (۱) تعمیر ہونا - چُنا جانا جیسے [illegible]
درست کرنا - ترکاری وغیرہ [illegible]
[illegible] کسی چیز کی عسرت [illegible] (۱۳) کمیابی - نایابی

ترکاری بنا (۱۲) ہندو - پکنا - جیسے ترکاری یا روٹی بنا (۱۳) امیر ہونا - دولتمند ہونا جیسے ہمارے دیکھتے دیکھتے بنگئے (۱۴) خوش ذائقہ ہونا جیسے نیبو پڑنے سے یہ چیز بنگئی (۱۵) موافقت ہونا - صلح رہنا جیسے انکی انکی نہیں بنتی (۱۶) بیتنا - گزرنا جیسے اُسپر بُری بن رہی ہے - (۱۷) آراستہ ہونا - سنگار کرنا - سنگرنا (۱۸) موزوں ہونا - وزن میں درست ہونا جیسے شعر نہیں بنتا - (۱۹) اصلاح ہونا (۲۰) کسی درجہ پر پہنچنا جیسے پیادہ سے فرزیں بنا (۲۱) حاصل ہونا - ہاتھ لگنا جیسے اتنے روپے بنگئے (جواری) -۲۲- باتوں میں آنا - احمق بنا - بیوقوف ٹھیرنا (۲۳) روپ بھرنا - بھیس بدلنا جیسے جوگی اور سوانگ بنا (۲۴) دور ذورا ہونا - بات چلنا جیسے انکی خوب بنی ہوئی ہے (۲۵) موقع ملنا - حسب مراد ہونا جیسے بدمعاش کی بنگئی (۲۶) وارد ہونا - پڑنا جیسے جان پر بنا (۲۷) صاف ہونا - ٹھکا جانا جیسے اناج بنا (۲۸) تصنع کرنا - تکلف کرنا جیسے غیر کو دیکھتے ہی جھٹ بنگئے

بِنا - ع - اسم مونث (۱) جڑ - بنیاد - نیو + اصل - اُفتاد - (۲) وجہ - باعث - سبب - کارن (۳) شروع - آغاز ابتدا +

بنا ڈالنا - و - فعل متعدی (۱) بنیاد رکھنا + آغاز کرنا ڈھنگ ڈالنا (۲) ڈھیر ڈالنا - خاکہ ڈالنا +

بنای دعویٰ - ع - تابع فعل - وجہ دعوے - استغاثہ کرنیکا باعث - دعوے جتانے کی دلیل +

[illegible] ہے جو شیر کے صفت - درست - ٹھیک - تیار - لیس - کرتا ہے (۲) وہ لکڑی فرش سے آراستہ + سجاے لگات [illegible] - آراستہ - بنا سنورا - سنگار کئے ہوئے

بنی اُلانگنا - [illegible] آراستہ +

بنا ٹھننا - ہ - فعل لازم - آراستہ و پیراستہ ہونا - بناؤ سنگار کرنا +

بناسپتی - ہ - اسم مونث - جنگل کی پتیاں - گھانس نباتات - ساگ پات - جنگلی پھل ۵

بنالا - ہ - اسم مذکر - گوٹہ کناری وغیرہ کا بانا ۰

بنانا - ہ - فعل متعدی (۱) درست کرنا - تیار کرنا - مرتب کرنا (۲) سنوارنا - سنگارنا - آراستہ کرنا (۳) تعمیر کرنا چُننا (۴) گھڑنا - زیور وغیرہ تیار کرنا (۵) تصنیف و تالیف کرنا (۶) تنکار کو صاف کرنا - گوشت کاٹنا - بوٹیاں کرنا (۷) ہنسی اُڑانا - احمق ٹھیرانا - خندہ زنی کرنا - پھبتی کہنا - تضحیک اور تمسخر کرنا - ہجو ملیح کرنا - (۸) تربیت کرنا - سُدھانا سنوارنا - تہذیب سکھانا (۹) اصلاح دینا - درست کرنا (۱۰) ایجاد کرنا (۱۱) دولتمند کرنا - امیر کر دینا (۱۲) حاصل کرنا - جیتنا (جواری بولتے ہیں) ۱۳ - چھٹکنا - صاف کرنا +

بن آنا - ہ - فعل لازم (۱) حسب مراد ہونا - بن پڑنا - قسمت کھلنا (مومن)

سنا ہے ہمنے کہ اُسنے زلف وا کی
اگر سچ ہے تو بن آئی صبا کی +

(۲) موقع ہاتھ لگنا - موقع ملنا (۳) ہو سکنا - ممکن ہونا کیا جانا جیسے بن آئے کی بات ہے +

بناؤ - ہ - اسم مذکر (۱) آراستگی - تکلف - ٹیپ ٹاپ - سجاوٹ - آرائش - زیبائش - سنگار (۲) سنوار بگاڑ کے خلاف + موافقت - دوستی (آتش)

مثل نسیم ہوں چمن روزگار میں
گل سے بناؤ ہے نہ مجھے خار سے بگاڑ

بناؤ سنگار - ہ - اسم مذکر - دیکھو (بناؤ نمبر ۱)

بناؤ کرنا - ہ - فعل متعدی (۱) بنگار کرنا - آراستہ کرنا - ٹیپ ٹاپ کرنا (۲) بحالتِ لازم - سنورنا - سنگرنا - آراستہ ہونا - کنگھی چوٹی سے درست ہونا - کپڑا لتّہ پہننا +

بناوٹ - ہ - اسم مؤنث (۱) ساختگی - ساخت - وضع (۲) تکلّف - تصنّع - ظاہر داری (۳) جھوٹی بندش - نمود - دکھاوٹ - دکھاوا - ظاہری نمائش (۴) سخن سازی وہ بے اصل بات جو مصلحت وقت کے موافق کی جائے (۵) جھوٹ - باطل - خلاف بیانی جھوٹا اظہار + مکروفریب

بُناوٹ - ہ - اسم مؤنث - بافتگی +

بن باس کرنا - ہ - فعل متعدی - بن میں جاکر رہنا جلاوطن ہونا (کتابوں میں آیا ہے) +

بن باسی - ہ - اسم مذکر (۱) جنگل میں رہنے والا (۲) جلاوطن + کنبہ سے جُدا +

بن بن کر بگڑنا - ہ - فعل لازم (۱) کسی کام کا مراد پر پہنچ پہنچ کر بگڑ جانا - کسی کام کا درست ہو ہو کر خراب ہو جانا

اے مصحفی میں عرض کیا کیا اگلی صحبتوں کو
بن بن کے کھیل ایسے لاکھوں بگڑ گئے ہیں (مصحفی)

(۲) جان جان کر خفا ہونا - سنبھل سنبھل کر بگڑنا -

جان جاتی ہے اور بھی اُن پر
جوں جوں بن بن کے وہ بگڑتے ہیں (مؤلف)

بن پڑنا - ہ - فعل لازم - دیکھو (بن آنا) +

بنت - ہ - اسم مؤنث - ایک طرح کی توئی کا نام ہے جس میں گوکھرو سلما ستارا لگا ہوا ہوتا ہے +

بِنت - ع - اسم مؤنث - لڑکی - دُختر +

بِنتی - ہ - اسم مؤنث (۱) ہر گیت ونیں - عذر خواہی - معذرت (۲) عرض - التجا - التماس - پرارتھنا (۳) منّت - سماجت

بنٹا - ہ - اسم مذکر - پیتل کا بڑا برتن جس میں ہندو پانی رکھتے ہیں - کلسا - کھانا پکانے کا بڑا برتن +

بنج - ہ - اسم مذکر (۱) بیوپار - خرید و فروخت - تجارت - سوداگری لین دین (۲) ع و - رشتہ ناتا - بیاہ شادی جیسے بٹیا بٹی کا بنج (۳) پیشہ - کار +

بنجارا - ہ - اسم مذکر - اناج کی سوداگری کرنے والا - ایک قوم کا نام بھی ہے جو غلّہ کی سوداگری کرتی ہے - سوداگر بیوپاری جیسے نیچے سو بنجارا رکھے سو ہتیارا +

بنجاری - ہ - اسم مؤنث (۱) بنجارے کی عورت (۲) بنجارن کا ڈیرہ (۳) صفت میں - مضبوط - پائیدار - گنواری جیسے بنجاری چھاج - بنجاری ٹاٹ - بنجاری لحاف +

بنجر - ہ - اسم مؤنث - وہ زمین جو مدت سے بوئی جوتی نہ گئی ہو - اُفتادہ - غیر مزروعہ - بلا تردد - وہ زمین جس میں کچھ بھی پیدا نہ ہو +

بنجن - س - اسم مذکر - حروف صحیح +

بنجنا - ہ - فعل لازم - پڑھا جانا - پڑھنے میں آنا +

بند - ف - اسم مذکر (۱) جوڑ - عضو - جوارح - (۲) گرہ - گانٹھ (۳) روک - پشتہ - مینڈ (۴) تنی - وہ ڈورا یا تیلا سلا ہوا فیتہ جس سے انگرکھا وغیرہ باندھتے ہیں (۵) بندھن - بندش - کپڑے کی پٹی (۶) قید - حبس (۷) داؤ - پیچ (۸) کاغذ کی دھجّی - کاغذ کی پٹی (ناظم)

یاں تک کہ اپنی چٹھی کے لکھنے کے واسطے
کاغذ کا مانگتے ہیں ہر ایک سے اُدھار بند

(۹) کڑا - وہ چند اشعار جن کے بعد ایک گرہ لگائی جیسے مخمس کا بند - مسدّس کا بند (۱۰) رکا ہوا جیسے روکا گیا (۱۱) مقفل - قفل لگا ہوا ٹھیرا ہوا - رکا ہوا پانی - آب (۱۲) افسردہ - پژمردہ (۱۳) گھٹا ہوا

جو دِکھتا نہو (۵) کھچی ہوئی ٹانگیں ۔ سکڑی ٹانگیں جیسے ٹٹو کی پچھلی ٹانگیں بند ہیں (جانگبولر بولتے ہیں)

بند باندھنا - ا - فعل مُتعدّی (۱) پُشتہ باندھنا (۲) گرہ لگانا (۳) اِنتظام کرنا - اِنسداد کرنا - بندوبست باندھنا - تدبیر کرنا + (اِنشا)

ای دُودِ آہ رات نہ بِنڑی وُہ بند باندھ
جاکر گلوئے مُرغِ سحر پر کمند باندھ

بند بند - ف - اِسم مذکر (۱) ہر ایک جوڑ - ہر عضو (۲) گرہ گرہ (۳) صِفت میں - رُکا رُکا - چُپ چُپ - مُنقبض - افسُردہ - پژمُردہ +

بند بند جُدا کرنا - ا - فعل مُتعدّی - جوڑ جوڑ کاٹ ڈالنا - ٹکڑے ٹکڑے کرنا - پُرزے اُڑانا +

بند بند جکڑ جانا - ا - فعل لازم - ہر ایک عضو کا اینٹھ جانا - جوڑ جوڑ میں درد ہو جانا - اَم جانا +

بند بند ڈھیلے کر دینا - ا - فعل مُتعدّی - جوڑ جوڑ ہلا ڈالنا - تھکا دینا - چُولیں ڈھیلی کر دینا +

بند چُھڑانا - ا - فعل مُتعدّی - مُشکل آسان کرنا مخلصی کرنا - آزادی بخشنا + فِکر سے چُھڑانا +

بند رہنا - ا - فعل لازم (۱) رُکا رہنا مُنقبض رہنا (۲) دبا رہنا - بھچا رہنا (۳) قید رہنا - محبُوس رہنا

بند کرنا - ا - فعل مُتعدّی (۱) روکنا (۲) مُوندنا - مُقفّل کرنا (۳) قید کرنا محبُوس کرنا (۴) پاٹنا - بھرنا (۵) بات نہ کرنے دینا - چُپ کرنا - ہرانا - مات دینا - [illegible]

میں بند کرتے ہیں ناصح تجھے تو لوگ
(مُوتف) [illegible]
سمجھا ہی کہ سُنتا ذرا نہیں

(۶) جادُو سے روکنا - آواز بند کرنا (۷) چال روکنا - (شطرنج میں) (۸) مَوقوف کرنا - باز رکھنا - جیسے مدد بند کرنا

(۹) باقی نکالنا جیسے حِساب بند کرنا +

بندیں گرہ دینا - یا لگانا - ا - فعل لازم - یاد داشت کے واسطے اکثر کمر کے بند میں گرہ لگانا تاکہ ہر وقت یاد رہے

بند میں اپنے گرہ دے کہ تجھے یاد رہے +
(میرسوز) میں یہ ڈرتا ہوں نہ ہو جاؤں فراموش کہیں

بند ہونا - ا - فعل لازم (۱) رُکنا - تھمنا (۲) مسدُود ہونا - اَٹنا (۳) مندا ہونا - کسی کام کی چلتی نہ ہونا (۴) ختم ہونا - تمام ہونا جیسے مہینا بند ہونا (۵) مُندنا - جاری نہ رہنا (۶) خاموش ہونا - چُپ ہونا - مات ہونا (۷) جکڑ جانا - اینٹھ جانا - جیسے کہتے ہیں گھوڑا نہ ٹہلاؤ گے تو بند ہو جائیگا (۸) زِچ ہونا - چال نہ چل سکنا شطرنج کے بادشاہ کو چلنے کے واسطے گھر نہ رہنا (۹) آمد و رفت نہ رہنا - آر جار موقوف ہونا (۱۰) کُند ہونا - موٹی دھار ہونا - جیسے اُسترے کی دھار بند ہونا +

بِنْد - ہ - اِسم مذکر (۱) بِندُو - صِفر - نُقطہ - بِندی (۲) بُوند - قطرہ + نُطفہ جیسے کِسکا بِند ہے +

بُندا - ہ - اِسم مذکر - آویزہ - گوشوارہ - ایک صُراحی دار نگینہ ہوتا ہے جسے عورتیں کان میں پہنا کرتی ہیں +

بُندا بڑھانا - ہ - فعل مُتعدّی (۱) بُندا کان میں سے اُتارنا - (۲) منّت بڑھانا +

جِن عورتوں کے بچے نہیں جیتے وُہ اکثر اپنے بچوں کے کان چھید کر بُندا پہناتی ہیں تاکہ یہ غُلام ہو کر جی جاے جب وُہ بچہ بڑا ہو جاتا ہے تو اُتار لیتی ہیں - چُنانچہ ایسے بچوں کا نام بھی بُندی رکھدیا کرتی ہیں +

مُبارک ہو صاحب کو بُندا بڑھانا
(مجبر) غُلاموں کو بالا تباہی سے حاصل

بِندا - ہ - اِسم مذکر - قشقہ - وُہ گول ٹیکا جو ہندو اشنان کے بعد ماتھے پر لگاتے ہیں +

بَنْدَر - ف - اِسم مذکر (۱) وُہ شہر جو سمندر کے کنارہ پر ہو اور جہاز وہاں آکر لنگر ڈالیں ✦ وُہ سمندر کے قریب کی منڈی جہاں تجارتی مال مختلف مُلکوں سے آکر اُترے

بَنْدَر - ہ - اِسم مذکر - بُوزنہ - میمُوں - بانر - ایک جانور کا نام ہے جو آدمی سے بہت مُشابہ ہے ✦

بندر کا گھاؤ - ہ - صِفت - وُہ زخم جو کبھی اچھا نہ ہو چُونکہ بندر اکثر اپنا زخم کُھجا کر بڑھا لیا کرتا ہے اِس وجہ سے یہ اِصطلاح ہو گئی ✦

بندر کی آشنائی - ہ - صِفت - بید بد کی دوستی - بےمُروّت کا یارانہ ✦

بندر کی طرح نچانا - ہ - فعل مُتعدّی - نہایت ستانا از حد دِق کرنا ✦

بَنْدَرگاہ - ف - اِسم مؤنث - تجارتگاہ - بیوپار کی منڈی جو سمندر کے کنارہ پر ہو ✦

بَنْدَریا - ہ - اِسم مُؤنث (۱) مادہ میمُوں (۲) کُتنا گھانس ✦

بَنْدِش - ف - اسم مُؤنث (۱) گانٹھ - گِرہ - بندھن (۲) گٹھت - شعر کے الفاظ کا حسبِ موقع اور باترکیب ہونا (۳) خیال (۴) سازِش (۵) تمہید - اُٹھان - (۶) داؤگھات (۷) تدبیر - پیش بندی - حفظِ ماتقدم (۸) بناوٹ - گھڑت - تکلّف (۹) ساخت (۱۰) تہمت الزام - بُہتان (۱۱) ترتیبِ عبارت ✦

بند کُشاد - ہ - اِسم مذکر - عضوِ تناسُل کے سُوراخ کا بڑھجانا

بَنْدَ و بُنْدھا - ہ - اِسم مذکر - عو - روک ٹوک - مُمانعت بندی - منائی ✦

بُنْدکی - ہ - اِسم مؤنث - بُوند کی تصغیر - چھوٹے چھوٹے نقطے جو اکثر چھینٹ وغیرہ پر ہوتے ہیں ✦

بَنْدگانِ عالی - ف - اِسم مذکر - مُلازمانِ حضُور - مُراد حضُور - خود بدولت ✦

بَنْدَگی - ف - اِسم مُؤنث (۱) غُلامی - داس پن (۲) عِبادت - پرستش - تپسیا ✦ ڈنڈوت (۳) آداب کورنش - تسلیم - پرنام (۴) عجز - اِنکسار - مِسکینی - غریبی (۵) ٹہل - خِدمت - نوکری - مُلازمت - تابعداری جیسے بندگی بیچارگی (۶) سلام رُخصت ✦ فی امان اللہ - خُدا حافِظ ✦

بندگی بجانا - ہ - فعل لازم - تابعداری کرنا - خِدمت کرنا

بَنْدُوبست - ف - اِسم مذکر (۱) نظم و نسق - انتظام (۲) انضباط - انقیاد (۳) اہتمام - انصرام (۴) ضابطہ قاعدہ (۵) سلیقہ - گھڑ (۶) زمین کی حد بندی اور انتظام محصلات زمین کے خراج کا انصرام (۷) ترتیب (۸) تدبیر - تجویز ✦

بَنْدُوڑی - ہ - اسم مُؤنث - (۱) باندی کی تصغیر - کنیزک چیری - پرستارزادی (۲) نہایت ذلیل اور کم رُتبہ لونڈی ✦ بدخو اور بدمزاج باندی (۳) حرم - سُرّیّت گھر میں ڈالی ہوئی لونڈی - وُہ لونڈی جسے بیوی بنالیں

بَنْدُوق - ع - اِسم مُؤنث (۱) لُغوی معنی گولی - اِصطلاحی وُہ لوہے کی نلی جسمیں بارُود بھر کر چھوڑیں - تفنگ تُفک (کہتے ہیں ۱۳۱۳ء میں مُلکِ فرانس میں اسکا ایجاد ہوا) (۲) قانون میں - آلۂ مُہلک ✦

بندُوق بھرنا - ہ - فعل مُتعدّی - بندُوق میں بارُود اور گولی ڈالنا ✦ چھوڑنے کے واسطے بندُوق تیار کرنا

بندوق چلانا - ہ - فعل مُتعدّی بندُوق چھوڑنا ✦

بندُوق چھتیانا - ہ - فعل پیدھ کر شست باندھنا - بندو

بندوق کا نشانہ باندھنا +

بندُوق لگانا - ہ - فعل متعدی (۱) بندوق چھوڑنا۔ بندوق سر کرنا - بندوق چلانا یا مارنا +

بندُوق مارنا - ہ - فعل متعدی - بندوق لگانا - گولی چلانا +

بندُوقچی (ہ + ت) - اسم مذکر بندوق رکھنے والا - قراوُل

بندہ - ف - اسم مذکر (۱) - غلام - داس + پابند (۲) نوکر - چاکر - ملازم - فرماں بردار (۳) جب ضمیر متکلم کی بجائے استعمال کریں تو وہاں عاجز - نیاز مند - خاکسار مراد ہوتی ہے (۴) انسان - بشر + آدمی متنفس - مخلوق جیسے آیا بندہ آئی روزی - گیا بندہ گئی روزی +

بندہ پرور - ف - اسم مذکر (۱) بندہ نواز - آقا - خداوند - سردار (۲) اگر کوئی اعلےٰ درجہ کا یا برابر کا مخاطب ہو تو اسکو بھی اس لفظ سے خطاب کرتے ہیں - جناب حضرت + میاں + (غالب)

بے نیازی حد سے گزری بندہ پرور کب تلک
ہم کہیں گے حالِ دل اور آپ فرماویں گے کیا

بندہ درگاہ - ف - اسم مذکر - ملازم بارگاہ - غلام + شاہی نوکر + نیاز مند +

بندہ زادہ - ف - اسم مذکر - غلام زادہ - بندہ کا بیٹا + میرا بیٹا - آپکا غلام +

بندہ عاجز ہے - محاورہ - خدا کے آگے نہیں چل سکتی

بندہ نواز - ف - اسم مذکر - تعظیمی خطاب - دیکھو (بندہ پرور)

[illegible] - ہ - اسم مذکر (۱) کڑی تختہ پتھر ڈھونے والا [illegible] فرقہ ہے جو جرّ ثقیل کا پیشہ کرتا ہے - مزدور [illegible]

[illegible] نیاز - غلامی +

[illegible] - اسم مؤنث (۱) بندش (۲) باندھنے کی [illegible] جادو سے [illegible] شطرنج میں [illegible]

اُجرت - بندھوائی (۳) منڈاون + روپیہ بندھانے کی کمیشن +

بندھک - ہ - اسم مذکر (۱) گرو - رہن - گروی - وہ چیز جو گرو رکھی جائے (۲) رہن نامہ - تمسک +

بندھن - ہ - اسم مذکر (۱) بندش - پٹی - بند (۲) روک مزاحمت - اٹکاؤ (۳) لگاؤ - لاگ - میل - سمبندھ (۴) انضباطِ اوقات - ورد - وظیفہ - دستور العمل (۵) چھپر کی بندش +

بَندھنا - ہ - فعل لازم (۱) بستہ ہونا - بندش میں آنا گرہ لگنا - وابستہ ہونا (۲) پابند ہونا (۳) گرفتار ہونا پھنسنا - مبتلا ہونا + (۴) مقرر ہونا - معمول ہونا - دستور پڑنا - ورد ہونا (۵) شعر کا مضمون گٹھنا + قافیہ درست بیٹھنا (۶) لپٹنا (۷) قید ہونا - پکڑا جانا (۸) اسم میں (ہندو) عورتوں کے دانی - وہ تھیلی جسمیں سینے پرونے کا سامان رکھیں - خریطی - بیٹھن +

بِندھنا - ہ - فعل لازم (۱) سوراخ ہونا - چھدنا - سلنا (۲) پرویا جانا جیسے تکلے میں بندھنا (۳) رگ رگ میں پیوستہ ہونا - پیٹھنا - گھسنا جیسے گوشت میں نمک مرچ کا بندھنا +

بندھنوار - ہ - اسم مذکر - اصل میں (بندھن بار) تھا وہ ہار جو ایسی خوشی کے موقع پر آم کے پتوں اور پھولوں کا بنا کر دروازے پر باندھ جاتے ہیں +

بندھو - ہ - اسم مذکر - رشتہ دار - بھائی بند - برادری نانہ دار - دوست + (ہندو)

بندھوا - ہ - اسم مذکر (۱) پابجولاں - پابزنجیر - بندھا ہوا + قیدی - بندی - اسیر - زندانی (۲) عو - پابند

بندھوانا - ہ - فعل متعدی (۱) قید کرانا (۲) پکڑوانا

(۳) جکڑوانا - کسوانا - گرہ دِلوانا (۴) باندھنے کا حکم دینا +

بَندھی بَات - ہ - اِسم مؤنث - معمولی بات - معمولی کارروائی + مُسلّم الثبوت +

بَندھیج - ہ - اِسم مذکر (۱) کفایت شعاری (۲) سلیقہ خانہ داری (۳) مضبوطی - اِستقلال (۴) ممانعت روک (۵) پرہیز + اِعتدال (۶) دستور - معمول - برتاؤ معمولی عادت (۷) قابضات - قبض کرنے والی دوائیں (۸) بستگی - اِنجماد (۹) صِفت میں - بستہ - بندھا ہوا +

بَندھی مُٹھی - ہ - صفت (۱) سربستہ - سربند - پوشیدہ + رازِ بستہ (۲) اسم میں - سلوک - اِتفاق - جتھا ایکا - کنبہ کا اِتفاق جیسے بندھی مٹھی لاکھ برابر (۳) بندھا - منضبط (۴) تابع فعل میں - یکمشت - اِکھٹا مجموع (۵) چپ چاپ - خاموش + بے اندیشہ - بے خوف - بے کھٹکے (اہل نقی)

زباں رکھ غنچہ ساں اپنے دہن میں
بندھی مٹھی چلا جا اِس چمن میں

بَندی - ا - اسم مؤنث - عو (۱) لونڈی - باندی - کنیز (۲) عاجزہ - خادمہ - فدویہ (۳) جسطرح مرد لفظ بندہ اور نیازمند انکسارًا اپنی نسبت کہتے ہیں اِسیطرح عورتیں ضمیر متکلم واحد مؤنث اور نیز بجائے نفر متنفس زبان پر لاتی ہیں +

بَندی - ف س - اسم مذکر (बन्दि) وندی، بندھوا - قیدی - اسیر +

بندیخانہ - ف - اسم مذکر - قیدخانہ - جیل - زنداں +

بَندی - ا - اسم مؤنث (۱) روک - ممانعت (۲) ایک زیور جسے ہندو عورتیں ماتھے پر سری کیطرح پہنتی ہیں (۳) بھاٹ +

بِندی - ہ - اسم مؤنث (۱) صفر - نقطہ (۲) نشان - چِہن - علامت (۳) گول چھوٹا سا ٹیکا - ٹکلیا (۴) وہ کانچ کا گول اور چھوٹا سا ٹکڑا جو ہندو عورتیں ماتھے پر لگاتی ہیں +

بِندیا - ہ - اِسم مؤنث - بندی کی تصغیر +

بَنڈی - ہ - اسم مؤنث - بن آستینوں کی کمری یا کوٹ جو نیچے پہنتے ہیں +

بَنڑا - ہ - اسم مذکر (۱) دولہا - نوشہ (۲) خاوند - پرش (۳) دولہا کا گیت +

بَنڑی - ہ - اِسم مؤنث - دلہن - عروس - بنی +

بَنش - س - اسم مذکر - اولاد + نسل + خاندان - گھرانا - کُل + بیٹے پوتے +

بَنسلوچن - ہ - اِسم مذکر - طباشیر - ایک سفید دوا کا نام ہے جو بانس کی گرہوں میں سے نکلتی ہے دوسرے درجہ میں سرد تیسرے میں خشک +

بَنسی - ہ - اِسم مؤنث (۱) بانسلی - مرلی - نے - الغوزہ (۲) مچھلی پکڑنے کی ڈور اور کانٹا +

بَنفشہ - ف - اسم مذکر - صحیح بالضم اوّل وبکسر اوّل (۱) ایک بوٹی کا نام ہے جو اکثر برفانی پہاڑوں پر یا لب دریا پیدا ہوتی ہے اِسکے مزاج میں اِختلاف ہے کوئی اوّل درجہ میں سرد و تر بیان کرتا ہے اور کوئی گرم (۲) نافرمان (۳) تشبیہ میں - موے سر - زلف +

بَنک - اِنگلش Bank اِسم مذکر (۱) وہ جگہ جہاں امانتًا روپیہ رکھا جاوے - ساہوکارے کی کوٹھی - بنک گھر (۲) روپیہ جمع رکھنے والی کمپنی،

بَنکارنا - ہ - فعل لازم للکارنا - پکرنا شور کرنا - پکار کر بولنا (ذوق)

بنکار و آج خوب چلو سیکڈ
چھوڑو کہیں وظیفہ بہت

(۲) کسی بھوت پریت کا سر آ کر بولنا۔ سر سے کھیلنا۔
(۳) ڈینگ ہانکنا + ڈینگ مارنا۔ تعلی کی لینا۔ ڈون کی لینا +
بنکر کھیل بگڑنا -ہ- فعل لازم۔ کسی کام کا سنور کے بگڑ جانا۔ کامیابی ہوتے ہوتے رہجانا۔ ناکامیاب ہونا
بنگ -ف- اسم مؤنث۔ ایک نشیلی بوٹی۔ بجیا۔ سبزی بھنگ۔ ورق النشاط۔ (باصطلاح نشہ بازاں) سبزہ گھوٹا
بنگا -ہ- اسم مذکر۔ بانس کا ٹوٹا۔ بیبو ہسونٹا۔ ڈنڈا +
بنگا ٹھوکنا -ہ- فعل متعدی (بازاری) میخ ٹھوکنا + زک دینا +
بنگالی -ہ- اسم مؤنث (۱) بنگلہ زبان۔ بنگالہ کی بولی (۲) اسم مذکر میں۔ بابو۔ بنگالہ کا باشندہ +
بنگڑی -ہ- اسم مؤنث۔ ایک قسم کی کانچ کی بلدار چوڑی
بنگلا -ہ- اسم مذکر (۱) ایک قسم کا کلکتی پان (۲) چھپّر کا چوٹی دار مکان جو انگریزی قطع پر مربع بنا ہوا ہوتا ہے جسے انگریزی میں Bungalow بنگلو کہتے ہیں +
(۳) اسم مؤنث میں۔ بنگالی زبان۔ بنگالی بھاکا +
بنگی -ہ- اسم مؤنث۔ ایک قسم کا آوازدار لٹو جس میں چھید ہوتا ہے +
بنّو -ا- اسم مؤنث۔ عو۔ بانو کا مخفف (۱) بیوی۔ بیگم۔ خانم (۲) جب چھوٹی لڑکیوں کو کہتے ہیں تو وہاں پیاری لاڈلی سے غرض ہوتی ہے (۳) لفظ خطاب جیسے بہن آپا۔ ججی۔ بیوی وغیرہ (۴) دلہن۔ عروس +
بنّا - اسم مذکر (گیتوں میں) لغوی معنی بن کا (مؤلف) ... کرشن اوتار کا لقب +
(۲) جادو سے ... متعدی المتعدی (۱) تیار کرانا۔ رسوئی کرانا (ہندو) (۲) شکار اور جانور ذبح کو صاف کرانا (شطرنج میں) ... کرانا۔ چھنوانا (۳) کھانا پکوانا۔
(باقی معانی بنانا میں دیکھو) +
بنوانا -ہ- بننے کا متعدی المتعدی (ہندو) بھنوانا۔ چکوانا + سمٹوانا۔ صاف کرانا +
بُنوانا -ہ- بُننے کا متعدی المتعدی۔ کپڑا وغیرہ تیار کرانا
بُنوائی -ہ- اسم مؤنث۔ بُنوانے کی اُجرت۔ بُننے کی مزدوری +
بَنوائی -ہ- اسم مؤنث۔ بنوانے کی اُجرت۔ کسی چیز کے تیار کرانیکا صلہ +
بِنوائی -ہ- اسم مؤنث۔ بیننے کی مزدوری +
بنوٹ -ہ- سپہ گری کے ایک فن کا نام ہے +
بنولا -ہ- اسم مذکر۔ روئی یا کپاس کا بیج۔ پنبہ دانہ
بنولی -ہ- اسم مؤنث۔ (گنوار) چھوٹے چھوٹے اولے جنہیں بجری بھی کہتے ہیں +
بَنی -ہ- اسم مؤنث (۱) دیکھو (بنڑی)

(میر حسن) نہا دھو کے اس دن وہ ایسی بنی
کہ دو دن کی سیج پھول ہو جیسے بنی

(۲) بگڑی کے خلاف۔ خوش اقبالی۔ دور دورا جیسے بنی کے سب ساتھی (۳) موافقت۔ سازگاری (۴) بنینی۔ بنیاپن۔ زن بقال +
بَنی -ہ- اسم مؤنث۔ چھوٹا بن۔ جھاڑی۔ بیلا۔ نیستاں
بَنی -ع- ابن کی جمع۔ بیٹے۔ اولاد۔ نسل جیسے بنی آدم بنی اسرائیل وغیرہ +
بنی جان -ع- اسم مؤنث۔ جنات کی اولاد۔ جن کی نسل و قوم + (میر حسن)

پری ہوں میں اور یہ پرستان ہے
یہاں رہتی قوم بنی جان ہے

بَنِیا - ہ - اِسم مذکر (۱) اناج کا بیچ کرنے والا بقال - مودھی + ایک قوم کا نام جو آٹا دال وغیرہ بیچنے کا پیشہ کرتی ہے (۲) بودا - بزدل - تھڑ دلا (۳) کنجوس - مُمسِک - بخیل (۴) سیدھا - بے فساد - راست طبع + (اخیر کے ۳ بطور صفت ہیں)

بُنیاد - ع - اِسم مؤنث (۱) جڑ - اصل - بیخ - نیو (۲) طاقت + مقدور - استطاعت + بساط - حوصلہ

کیونکہ پہنچی عرش تک حیرتیں ہوں
نالہ کیا اور نالہ کی بُنیاد کیا + +

بنیاد ڈالنا - ف - فعل متعدی (۱) نیو رکھنا (۲) کام شروع کرنا - پہل کرنا - ابتدا کرنا +

بنیان - انگلش - Banian بینیں
اسم مذکر (۱) گون - صبح کی پوشاک (۲) قمیص - ایک قسم کا بُنا ہوا کرتہ (یہ لفظ اصل میں سنسکرت سے انگریزی زبان میں لیا گیا ہے کیونکہ سنسکرت میں [illegible] بنیے کو کہتے ہیں اور یہ لوگ سوداگری کی حالت میں اکثر ایک لبادہ سا پہنا کرتے تھے +

بنیٹھی - ہ - اسم مؤنث (ایک ورزش کا نام ہے جسمیں بانس کی لکڑی کے دونوں سروں پر مشعلیں باندھکر اسطرح ہلاتے ہیں کہ شعلہ کا چکر بندھ جاتا ہے فارسی میں شعلۂ جوالہ اسی کو کہتے ہیں)

بنیٹھی پھینکنا یا ہلانا - ہ - فعل متعدی - بنیٹھی کی ورزش کرنا +

بنینی - ہ - اسم مؤنث - زن بقال - بنیے کی جورو

بو - ف - اسم مؤنث (۱) باس - گند - مہک - شمیم - (۲) دُرگند - بدبو - سڑاند +

بُو آنا - ف - بدبو معلوم ہونا - سڑاند آنا +

بو پھوٹنا - ف - فعل لازم بو پھیلنا + افشا سے راز ہونا - فشت از بام ہونا - بھید کھلنا +

بُو نکلنا - ہ - فعل لازم (۱) بُو زائل ہونا - خوشبو کا جاتا رہنا (۲) بُو آنا - بُو معلوم ہونا

اگر باور نہو پانی چھڑک کر امتحان کرلو
وُہ عاشق ہوں مری مٹی سے بھی بُوئے وفا نکلی

بُوا - ہ - اسم مؤنث - بہن - خواہر - بھینا - ہمشیرہ (۲) کلمۂ خطاب جو عورتیں آپسمیں مخاطب ہونے وقت زبان پر لاتی ہیں (۳ - ہندو) پُھپی - باپ کی بہن +

بُوار - ہ - اسم مؤنث (اُگنوا) بیج بونے کا وقت - بیج ڈالنے کی رُت + تخم پاشی - تخم ریزی +

بَواسیر - ع - اسم مؤنث (باسور کی جمع) ایک مرض کا نام ہے جس سے مقعد میں مسّے ہوجاتے ہیں اگر ان مسّوں سے چھلکر خون آتا ہے تو اُسے خونی بواسیر ورنہ بادی کے نام سے موسوم کرتے ہیں +

بُوالعجب - ع - صفت - مرکب (ابو + عجب) (۱) بازیگر شعبدہ باز (۲) انوکھا - وُہ شخص جسے دیکھکر تعجب آئے (۳) حیران - متحیر (۴) احمق - بیوقوف - طُرفہ معجون +

بُوالفضول - ع - صفت (ابو + فضول) زیادہ گو - بکواسی - یاوہ گو - سست - وُہ شخص جو بیٹھا باتیں بنا

بُوالہوس - ع - صفت (ابو + ہوس) لالچی - طامع - حریص + بہت ہوس رکھنے والا + ہوسناک + خواہش نفسانی کا پابند +

اس لفظ کی صحت میں لوگوں نے بڑے بڑے جھگڑے ڈالے ہیں کوئی تو کہتا ہے کہ لفظ ہوس فارسی ہے اسمیں تعریفی الف لام نہیں - اصل میں بل معنی بسیار اور ہوس ہے اس صورت میں یہ دونوں لفظ فارسی ہیں اور عبدالواسع ہانسوی نے اسی کے اعراب لکھے ہیں وہاں

کیا دونوں ہی لکھتے ہیں کہ ہای ہوز مضموم اور واو مجہول کے ساتھ ہوس کے
وزن پر ہوا و ہوس کے معنی میں یہ لفظ آیا ہے چنانچہ صاحب جہانگیری نے
ابن یمین کا ایک قطعہ بھی درج کیا ہے لیکن جب لغات عرب میں اسکا
پتہ لگایا جاتا ہے تو وہاں بہ فتحتین عشق مفرط کے معنی میں پایا جاتا ہے
جس سے شوق اور آرزو کے معنی خود ظاہر ہیں اسکے علاوہ شعرائے
فارس نے بھی اسیطرح باندھا ہے (سعدی) ؎ ہمہ با ہوا و ہوس
ساختی + پھر کیا ضرور ہے کہ اسے ہم فارسی قرار دیں اور عربی کے موافق
تلفظ ادا کریں اور عجب نہیں جو فارسی لفظ بھی عربی ہی سے متفرس
ہوگیا ہو بہر حال بوالہوس عربی قاعدہ کے موافق لکھنا درست ہے
ورنہ حالت تلفظ میں بھی بدلنا پڑیگا اور شعرا نے جو اسکو بالتحریک
باندھا ہے وہ بھی غلطی پر محمول ہونگے (ذوق) ؎ سینہ میں
بوالہوس کے بھی تھا آبلہ مگر + نشتر کا نام سنتے ہی منہ زرد ہوگیا +

بُوَانا - ہ - فعل متعدی - کاشت کروانا - تخم ریزی کروانا
بیج ڈلوانا +

بِوَائی - ہ - اسم مؤنث کفید کی شقوق - ایڑیوں میں
جو سردی کے باعث دراڑیں پڑجاتی ہیں انکو بوائی کہتے ہیں

بوائی پھٹنا - ہ - فعل لازم ایڑی میں زخم ہونا مرادًا
تکلیف اٹھانا - دکھ سہنا مصیبت پڑنا جیسے جسکی نہ پھٹی
ہو بوائی وہ کیا جانے پیر پرائی +

بُوبَا - ہ - اسم مذکر - عو - تحقیرًا پیٹ شکم - اوجھ جسے مارواڑی میں
پوٹا کہتے ہیں (مثال) اپنا ہی بوبا بھرنا چاہتا ہے

بُوبَاس - ف + ہ - اسم مؤنث (۱) جسم یا پھول کی خوشبو
مہک + جرأت
[illegible] اُسکی بوباس میں لوں اور وہ بدن سونگھے مرا
[illegible] لاؤں نہیں اور ناک میں دم لاؤں ترا
(۲) جادو سے [illegible] رنگ ڈھنگ [illegible] نشان (۳) انداز - طور - ڈھنگ
(شطرنج میں) [illegible] +

(انشا) بوباس نکلتی ہے کچھ شعر میں انشا کی
جامی کی نظامی کی سعدی کی سحابی کی
(۴) عادت - سبھاؤ (۵) رتی - کچھ کچھ مشابہت +

بُوبَک - ہ - اسم مذکر (۱) بوڑھا - بڈھا - احمق - بیوقوف
پیر نابالغ + گاودی - مودھو - بڑبک (۲) مسخرا - پاجی

بُوبَلا - ہ - اسم مذکر (۱) باجرے کی بالونکا بھس - بھوسی
(۲) ریتا - بالو - ریگ - بھوبڑ +

بُوبُو - ف - اسم مؤنث (۱) بہن - خواہر - بوا + وہ لفظ
جسکے ساتھ بہن سے مخاطب ہوکر بولیں (اہل قصبات ان
معانی میں مستعمل کرتے ہیں) ۲ - اہل قلعہ کے محاورے میں وہ
ذی عزت لونڈی جسکی گودی میں ماں نے پرورش پائی ہو
(۳) مدخولہ - حرم +

بُوتَا - ہ - اسم مذکر (۱) بل - طاقت - قوت - زور (۲) مقدور
لیاقت - قابو - بس - مقدرت +

بُوتَام - انگلش Button. بٹن - اسم مذکر چینی
سینگ لوہے وغیرہ کی گھنڈی یا تکمہ +

بُوتَل - انگلش Bottle. ایک قسم کا ولایتی کانچ کا
ظرف جسمیں شراب وغیرہ آتی ہے - شیشہ - قرابہ +

بوتل والی - اِ - عو - شراب - دارو - مے +

بُوتَہ - ف - اسم مذکر اونٹ کا بچہ - بچۂ شتر (بھدی اور بھونڈی
شکل کے آدمی پر بھی اسکی پھبتی کہتے ہیں)

بُوٹ - انگلش - Boot. وہ انگریزی جوتا جو پنڈلیوں
تک آتا ہے اور اسے موزا بھی کہتے ہیں مگر ہندوستانی
آدمی ہاف بوٹ یعنی اُس سے آدھے کو بھی بوٹ کہنے
لگے ہیں +

بُوٹ - انگلش Boat. اسم مؤنث (۱) کشتی - ناؤ
سفینہ (۲) ولایتی مٹی کا وہ بڑا برتن جسمیں عرق یا شراب

رکھتے ہیں - خم شراب - بوبام (۲) وُہ دبیز ملٹ جو چھاپہ کے پتھر کے نیچے رکھا جاتا ہے مگر اسکی اصل بورڈ ہے

بُوٹ - ۵ - اسم مذکر - (پُورب میں) گھانس کا انڈا +

بُوٹا - ۵ - اسم مذکر (۱) گوشت کی بڑی بوٹی یا مچھہ (۲) لکڑی کا پورا - شہتیر کا ٹکڑا +

بُوٹا - یا بُوٹنا - ۵ - اسم مذکر (۱) چھوٹا درخت - پودا (۲) پھول کا درخت - گلبن (۳) گلکاری - جھاڑ پھول پتّی وغیرہ جو کپڑے یا کاغذ یا دیوار وغیرہ پر بناتے ہیں

بُوٹا سا قد - ۱ - صفت - چھوٹا سا قد - ٹھگنا قد - پستہ قد سہانا قد - قدِ موزوں +

بُوٹی یا بُوٹیٰ - ۵ - اسم مؤنث (۱) جڑی - دوا کا پودا نباتات (۲) چھوٹا پھول - پھول پتّی (۳) بھنگ - بجیا سبزی (۴) دوا +

بُوٹی - ۵ - اسم مؤنث (۱) پارہ گوشت - گوشت کا چھوٹا ٹکڑا (۲) صفت میں - نہایت سُرخ - نہایت لال +

بوٹی اُتارنا - ۵ - فعل متعدی - بوٹی کاٹنا - بکٹا بھرنا دانتوں سے گوشت اُتار لینا +

بوٹی بوٹی پھڑکنا یا تھرکنا - ۵ - فعل لازم عو (۱) عضو عضو متحرک ہونا - نس نس پھڑکنا - تھم نہ رہنا (۲) نہایت چنچل ہونا - چلبلا ہونا - نچلا نہ بیٹھنا - اچپلاہٹ کرنا (نہایت شریر اور چلبلے کے حق میں بولتے ہیں)

بوٹی بوٹی میں درد ہونا - ۱ - فعل لازم - بند بند میں درد ہونا - تمام جسم دُکھنا +

بوٹی بھرنا - ۵ - فعل متعدی - دیکھو بوٹی اُتارنا

بوٹی توڑنا - ۵ - فعل متعدی عو - زور سے چٹکی لینا

بوٹی چڑھنا - ۵ - فعل لازم - جسم پنپنا - موٹا ہونا - فربہی آنا (عو) +

بُوٹیاں - ۵ - اسم مؤنث - بہ واوِ معروف بُوٹی کی جمع

بُوٹیاں - ۵ - اسم مؤنث - بہ واوِ مجہول گوشت کی بوٹی کی جمع +

بوٹیاں اُڑانا - ۵ - فعل متعدی عو (۱) قیمہ کرنا - پُرزے پرزے اُڑا مارنا (۲) ٹکڑے ٹکڑے کرنا - دھجی دھجی کرنا جیسے رضائی کی بوٹیاں اُڑا ڈالیں +

بوٹیاں توڑنا یا نوچنا - ۵ - فعل متعدی - عو (۱) جسمانی سزا دینا - چٹکیاں لینا (۲) گودنا - طعنہ مہنا دینا +

بوٹیاں کاٹنا - ۵ - فعل متعدی عو (۱) قیمہ کرنا (۲) جسمانی سخت سزا دینا - پُرزے پرزے اُڑانا (۳) نہایت غصہ ہونا - جھلانا - لال پیلا ہونا + (ان معنوں میں لفظ اپنے کے ساتھ اسکا استعمال ہوتا ہے) +

بوٹیاں کھانا - ۵ - فعل متعدی - عو - صدمہ دینا - فکر میں مبتلا کرنا - روحانی صدمہ پہنچانا + جیسے کواری کھائے روٹیاں بیاہی کھائے بوٹیاں +

بُوجھ - ۵ - اسم مؤنث (۱) فہم - فہمید - سمجھ - دانش - فراست (۲) گنجیفہ بازی میں اپنا پتا دیکھکر شگون لینا اور اُسکے موافق بانٹنے والے سے پتّے مانگنا (۳) پہیلی کا جواب (۴) بُوجھنے کا امر +

بُوجھ لینا - ۵ - فعل متعدی - گنجیفہ کے پتّوں کی پوری گنتی کا حساب لگانا +

بُوجھ - ۵ - اسم مذکر (۱) بار - وزن - بھار - حمل (۲) بوجھا گھانس وغیرہ کی گٹھڑی - ایک آدمی کے اُٹھانے [illegible] جہاز یا کشتی یا گاڑی کے وزن کا اندازہ [illegible] فکر - خیال (۴) وقت - مشکل [illegible] دین +

بوجھ اُتارنا - ۵ - فعل متعدی [illegible]

نیچے لانا (۲) سُبکدوش کرنا۔ چھٹکارا کرنا (۳) قرض ادا کرنا (۴)
فرض ادا کرنا (۵) تندہی سے کام نہ کرنا۔ بیگار ٹالنا +

بوجھ اٹھانا ۔ ہ۔ فعل لازم۔ بوجھا سر پر رکھنا (۲) خرچ برداشت کرنا۔ کسیکا خرچ اپنے ذمہ لینا (۳) کام سنبھالنا +

بوجھ بھار ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ (پرانا محاورہ ہے)۔ ابھاری بھرکم پن۔ استقلال۔ قایم مزاجی + ٹھسک۔ آدمیت

(انشا)
کیا خوش آیا یہ مقطع ہو کل انکا کہنا
آدمی کیا کہ جسے بوجھ نہو بھار نہو

(۲) نحوست۔ سختی۔ بلا۔ آفت + (سودا)

مرے یا آپ کوئی مار جاوے
جہاں کے سر سے بوجھ اور بھار جاوے

بوجھ پڑنا ۔ ہ۔ فعل لازم (۱) دباؤ پڑنا (۲) فکر ہونا۔ فکر معیشت ہونا (۳) خرچ ذمہ لگنا +

بوجھ پکڑنا ۔ ہ۔ فعل لازم۔ بھاری بھرکم بننا۔ منزلت ظاہر کرنا۔ تمکنت کی لینا۔ اترانا۔ پائنچہ بھاری کرنا گھر سے نہ نکلنا (پرانا محاورہ ہے) (شرف الدین)

مہ رُو نے بوجھ پکڑا مشکل ہوا ہے جینا
اللہ خیر رکھے بھاری ہے یہ مہینا

بوجھ سر پر ہونا ۔ ہ۔ فعل لازم۔ کسی کام کے پورا کرنیکا فکر دامنگیر ہونا۔ احسان اُتارنے یا قرض فرض ادا کرنیکا خیال سر پر چڑھا رہنا +

بارے سجدہ ادا کیا تہ تیغ
[illegible] ہے یہ بوجھ میرے سر پر تھا
(مؤلف)

بوجھوّل [illegible] ۔ اسم مؤنث۔ چیستاں۔ بازی۔ [illegible] بوجھے کا کھیل۔ بوجھ پہیلی +
(۲) جادو سے [illegible] (شطرنج میں) +

بوجھل ۔ ہ۔ صفت (۱) بھاری۔ وزنی۔ سنگین +

(۲) لدا ہوا۔ گرانبار (گلزار نسیم)

جب بڑھ کے ہوا نظر سے اوجھل
ہلکا ہوا پھینک پھانک بوجھل +

بوجھنا ۔ ہ۔ فعل متعدی۔ گنوار (۱) سمجھنا۔ خیال کرنا (۲) جاننا۔ واقف ہونا (۳) دریافت کرنا۔ پوچھنا (۴) گنجفہ بازی میں حساب لگانا۔ شمار کرنا +

بوچا ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ کس۔ کسّا (کیکر کی چھال کا وہ برادہ جو ادھوڑی رنگنے کے بعد رہجاتا ہے) +

بوچا ۔ ہ۔ صفت (۱) کن کٹا۔ گوش بریدہ + بن کانوں کا (۲) چھوٹے چھوٹے کانوں والا۔ ۳ (اسم میں) کن کٹا کُتّا یا آدمی جیسے آٹا نبڑا بوچا ٹھکا (۴) پورب میں۔ ہوادار۔ تام جان۔ ایک قسم کی ہیروں کی سواری جسے کہار اُٹھاتے ہیں +

بوچڑ ۔ انگلش (Butcher.) قصاب۔ گوشت بیچنے والا۔ قصائی۔ سکھّو۔ رتّڑ۔ کٹلّو +

بوچھاڑ ۔ ہ۔ اسم مؤنث (۱) جھڑاس۔ بچھاڑ۔ بسر سنگ باراں۔ وہ مینہ کی باڑ جو ہوا کے ساتھ ترچھی پڑتی ہے (۲) کسی چیز کی کثرت ظاہر کرنیکے واسطے بھی یہ لفظ آتا ہے

(مہاراج بلیس)
دم بھر میں صفیں صاف تھیں بیداد گرونکی
تھی مینہ کی طرح خاک پہ بوچھاڑ سروں کی

بوچھاڑ پڑنا ۔ ہ۔ فعل لازم۔ کسی باتکا لگاتار ہونا۔ کثرت سے گالیاں یا کوسنے پڑنا + چاروں طرف سے اعتراض پڑنا۔ تیر یا گولیوں وغیرہ کا کثرت سے برسنا +

بوچھاڑ کرنا ۔ ہ۔ فعل متعدی (۱) کثرت سے بخشش کرنا بیحساب روپیہ لٹانا۔ بکھیر کرنا (۲) باتوں کی جھڑ لگا دینا۔ باتوں کا تار باندھ دینا۔ اعتراضوں کا پل باندھ دینا +

بوچی ۔ ہ۔ صفت (۱) بن کانوں کی۔ کن کٹی (۲) کانوں کے

زیور سے ننگی (۳) ننھے ننھے کانوں والی (۴) اسم میں - کن کٹی کتیا یا بکری +

بُودا - ہ - صفت (۱) کمزور - نربل (۲) ضعیف - ناتوان (۳) لاغر - دُبلا - ماڑا (۴) تھُڑدلا - بُزدلا - کم ہمت - پست حوصلہ - ڈرپوک + نامرد (۵) پھُس پھُسا - پھوس سا اور بے مزہ تمباکو (۶) زرد - فرسودہ - گھسا ہوا گلا ہوا جیسے بودا کپڑا (۷) کچا - غیر مستقل (۹) کہنہ - پرانا جیسے بودا مکان +

بودا کرنا - ہ - فعل متعدی (۱) ضعیف و ناتواں کرنا - (۲) کچا کرنا - ہمت توڑ دینا +

بودا ہونا - ہ - فعل لازم (۱) ضعیف ناتوان ہونا (۲) کچا ہونا - ہمت ہارنا (۳) دُبلا ہونا (۴) نامرد ہونا (۵) پھُسپھُسا ہونا (۶) پرانا ہونا +

بُودار - ف - صفت (۱) متعطر - شگند - مگر صرف فارسی میں (۲) متعفن - بسائندا - بدبو کا (۳) اسم میں - شکار کی بو پانے والا کتا (۴) اسم میں - ادیم میں - وُہ خوشبودار [illegible] اٹنے میں + [illegible] [illegible] اور خوشبو ناک ہوجاتے چنانچہ ایسا ہی ہوتا ہے جس سے سینہ میں واقع محبت ہے [illegible] + جرم بودار کے اینے [illegible] میں خوشبو

بُود و باش - ف - اسم مؤنث - سکونت - قیام - مسکن - [illegible]

بُودھ - [illegible] [illegible] [illegible] پیدا ہوا تھا اسکے [illegible] اکثر [illegible] میں اور زوال یعنی فنا کی [illegible] موکرنے پر زور دیا گیا ہے +

بُودی بات - ہ - اسم مؤنث - اوچھی اور ہلکی بات - رتبہ سے گری ہوئی بات +

بُور - ہ - اسم مؤنث - سنسکرت میں ر [illegible] بھوریا تھا - لغوی معنی بافراط خیرات کرنا - اصطلاحی دچھنا - دکشنا یعنی نثار - وُہ پیسے جو دولہا کی طرف سے ہندو لوگ فقیروں کمینوں اور برہمنوں کو پھیرے ہو جانیکے بعد تقسیم کرتے ہیں ہماری رائے میں چونکہ یہ رسم دُولہا والوں کی طرف سے ادا ہوتی ہے اسلئے اسکا وُہ برقرار دینا چاہئے جیسے [illegible] کا نام برتے منسوب کرکے رکھا گیا ہے +

بُور - ہ - اسم مؤنث (ہندو) بھوسی - سبوس - چوکر - (۲) خرابی - نقص جیسے میں نے کیا اسمیں بور بالا ہی تھی +

بُورے لڈّو - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کے بھونگی بھوسی کے لڈو جو نہایت عمدہ کھانڈ سے غیفی ہوے ہوتے ہیں اور سستی ہونے کے باعث اکثر لوگ دھوکا کھا لیتے ہیں حالانکہ بیچنے والیکی صدا بھی یہی ہوتی ہے کہ "بورے کے لڈو کھاے تو پچتای اور نہ کھاے تو پچتاے" مگر لوگ اسپر کبھی [illegible] ہیں - پس اب دھوکے کی مٹھائی - ظاہری ٹیپ ٹاپ اور درباطن ہیچ کے موقع پر بولتے ہیں اور نیز وُہ کام جو دیکھنے میں بھلا اور حقیقت میں بُرا اور بیفائدہ ہو یا اسکے کرنے اور نکرنے دونو صورتوں میں پشیمانی اُٹھانی پڑے (برق)

لذت فراق و وصل کی دونوں ہیں دلکو زہر
بوسے دہان یار کے لڈو ہیں بُورے کے + (۲) بور

بُورا - ہ - اسم مؤنث (۱) صاف کی ہوئی کھانڈ (۲) اسم مذکر میں - برادہ - چُورن - [illegible]

بُورا - ہ - اسم مذکر - ٹاٹ یا [illegible] - گون - بلد +

بُورا - ہ - صفت (برج میں بہرا)

دیوانہ - باؤلا - مسلوب العقل +

بُورانی - ف - اسم مؤنث - ایک قسم کا کھانا ہے جو بیگنوں کے قتلے تل کر دہی میں ڈال دینے سے بن جاتا ہے (صاحب قاموس کی رائے ہے کہ یہ کھانا جسے بورانیہ بھی کہتے ہیں بوران بنت حسن بن سہیل زوجۂ خلیفۂ مامون رشید سے منسوب ہے)

بُور بُور کرنا - ہ - فعل متعدی - عو - ٹکڑے ٹکڑے کرنا - ریزہ ریزہ کرنا - پاش پاش کرنا - آٹا آٹا کرنا +

بُورڈ - انگلش Board اسم مذکر (۱) مجلس انجمن (۲) محکمہ ہال (۳) جہاز کی سطح (۴) تختہ (۵) اجلاس کی میز تنخواہ تقسیم کرنیکی میز - کھانیکی میز (۶) پبلک ورک کے منیجر (۷) ملٹ - موٹا کاغذ جو جلدوں میں لگایا جاتا ہے یا چھاپہ کے پتھر کے نیچے رکھا جاتا ہے +

بُور سہاگن - ہ - دعا - عو - صحیح (بوڑھ سہاگن) بڑھاپے تک سہاگن رہے - سائیں جیے (بڑی بوڑھی عورتیں اپنے سے چھوٹی عمر والیوں کو یہ دعا دیتی ہیں)

بُوڑنا - ہ - فعل متعدی (ہندو) ڈبونا - غوطہ دینا - بھگونا ڈوبا لینا - قلم میں سیاہی بھرنا + (پورب میں)

بُوری - ہ - اسم مؤنث (۱) بھنے اور صاف کیے ہوئے جو (۲) باؤلی - پگلی - سڑن - خبطن +

بوریا - ف - اسم مذکر - چٹائی - حصیر +

بُوڑھا - ہ - صفت - عمر رسیدہ - بڑی عمر کا - پیر - کہن سال بُڈھا - ڈوکرا +

[illegible] بالا برابر - ہ - مثل - (۱) بوڑھے اور بچے کی [illegible] ہے (۲) اول کو آخر کے ساتھ ایک نسبت ہے

[illegible] - اسم مذکر - پیر نابالغ - بیوقوف بڈھا

(۲) جادو سے [illegible] - اسم مذکر - بڑھاپے کا نخرا +

(شطرنج میں) [illegible] کے ساتھ - ہ - مثل مرنے کو

تو بیٹھی ہے اور پھر پیرانہ ناز کرتی ہے +

بُوڑھا چونڈا - ہ - اسم مذکر (۱) سفید سر (بال) - گالا سے بال (۲) بڑھاپا - پیری - پیرانہ سالی +

بُوڑھا چونڈا ہلانا - ہ - یا بوڑھا نخرا ہلانا - ہ - فعل لازم - عو بڑھاپے میں جوانوں کی طرح ناز کرنا سفید بال لیکر معشوقانہ انداز دکھانا یا نخرہ کرنا (طنزاً بولتے ہیں)

بُوڑھا خرانٹ - ہ - اسم مذکر - بہت بوڑھا - زمانہ دیدہ نہایت تجربہ کار بوڑھا + گرگ کہن +

بُوڑھا کھیاٹ - ہ - اسم مذکر - نہایت بڈھا - پیر فرتوت

بُوڑھا گھاگ - ہ - اسم مذکر - نہایت بوڑھا اور جہاندیدہ آدمی + گرگ کہن +

بُوڑھا ہونا - ہ - فعل لازم - عمر کو پہنچنا - بڑھاپا آنا +

بُوڑھی جُروا - ہ - اسم مؤنث - بڑی عمر کی عورت - عمر رسیدہ عورت - عو +

بُوڑھے مُنہ مُنہاسے - ہ - مثل - بڑھاپے میں وہ بات کرنی جو جوانوں کو زیبا ہے +

بُوزہ - ف - اسم مذکر - ایک قسم کی جو اور چانول وغیرہ کی شراب جسے بیر کہتے ہیں +

بُوس و کنار - ف - چوما چاٹی - بوسہ بازی - لپٹانا ہیلنا

بُوسہ - ف - اسم مذکر - چوما - بچی - مچھی - مٹھو +

بوسہ بازی - ف - اسم مؤنث - چوما چاٹی +

بوسہ دینا - ف - فعل لازم (۱) چومنا - تعظیماً کسی بزرگ کے مزار یا آسمانی کتاب وغیرہ کو چومنا (۲) متعدی - چوما دینا

بُوسیدگی - ف - اسم مؤنث - کہنگی - گلاپن +

بُوسیدہ - ف - صفت - گلا سڑا + کہنہ - پرانا - زدہ +

بُوغبند - ف - اسم مذکر - وہ دوہرا سیا ہوا کپڑا جس میں لحاف توشک یا گھوڑے کا زین باندھ کر رکھتے ہیں -

گٹھڑی کا کپڑا - بندھنا - گٹھڑی +

بُوغْوَا - ف - اسم مذکر - ایک قسم کا کھانا جسمیں آٹا اور اُبالا ہوا گوشت پڑتا ہے +

بوغرا نکالنا - ل - فعل متعدی - بھُرکس نکالنا - مارتے مارتے سُست کر دینا - پنیتھن نکالنا - مار کر کچلا کرنا (یُورب میں اوگرا نکالنا کہتے ہیں)

بُوغْمَا - ف - اسم مذکر (۱) گھوڑے کے ایک مرض کا نام ہے جسمیں اُسکے تمام جسم سے پسینہ ٹپکنے لگتا ہے اور اُسے بند ہیضہ بھی کہتے ہیں (توزک جہانگیری میں لکھا ہے کہ از جملہ وقائع کشمیر میں ایک بیماری پانی کے بگاڑ سے ہو جاتی ہے جس سے وہاں کے باشندوں کے گلے میں بوغا نکل آتا ہے اسی تاریخ کہ گھینگے کو بھی بوغا کہتے ہیں) ۲ - اسم مؤنث میں - عو - چیتھڑے - گدڑے گوڑا - کرکٹ - الابلا (۳) صفت میں - عو - چڑیل - بلا + بدشکل اور بھدّی عورت

(انشا)

ہے کمبوڈیسے کی بادہ کیا چیز کیتکی جو

اِس بُو کو تیری پہنچے وُہ بوغا چمن میں

بُوکَڈ - ہ - اسم مذکر (۱) مسن اور جوان بکرا (۲) بوڑھا بکرا - بکرا +

بُوکھلانا فعل لازم (عو) گھبرانا - مُضطرب ہونا - بیقرار ہونا + دیوانوں کی طرح پھرنا - دیوانہ یا باولا ہونا +

بَوْل ع - اسم مذکر - پیشاب - مُوت +

بُول ہ - اسم مذکر (۱) سخن - بات - قول - کلمہ - کلام - حکم (۲) گیت کا ٹکڑا - انترہ (۳) طعنہ - طنز (۴) نام - عزّت - پت

(دوہرا)

بچپن میں میری پت رہی اُو پکھین میں رہے بول

سائیں سے سانچی رہوں باج باج رہے ڈھول

(۵) ہندو عو) نمبر عدد جیسے سو بول آئے تھے چار روپیہ رکھے ہیں (یہ لفظ زنانہ ہے جو ایسے موقع پر جب کبھی پوریاں یا لڈو اور کھانے پینے کی چیز سمدھیانے سے آتی ہیں تو اُسکی تعداد ظاہر کرنیکے واسطے بولتے ہیں)

بول اُٹھنا - ہ - فعل لازم (۱) چُپ نہ رہنا (۲) صبر نکرسکنا + چِلّا اُٹھنا + جیسے بول جانا - ہار مان جانا +

بول جانا - ہ - فعل لازم (۱) ہو چُکنا - ختم ہونا - نبڑنا - ہو جانا - کمی پر آنا - تمام ہو جانا جیسے فلاں چیز بول گئی (۲) کسی کام سے عاجز ہو کر انکار کر دینا - جواب دیدینا - عاجز آ جانا - ہار مان جانا - چِلّا اُٹھنا - لوہا ماننا - ہار جانا -

بحث گریہ میں ابر بول گیا

(صبا)

دیدۂ اشکبار کیا کہنا +

(۳) سٹ پٹا جانا - بہک جانا - حواس باختہ ہو جانا

والا کہا نہ گیا کچھ بھی تیغ کے نیچے

(امیر)

زبان بول گئی وقت اِمتحان دیکھا

(۴) بوسیدہ ہو جانا - پُرانا ہو جانا - گھس جانا - دم نہ رہنا - عمر پوری ہو جانا (۵) دیوالہ نکلنا - گھاٹا آنا (۶ ہندو) بوڑھے آدمی کا انتقال کر جانا جیسے لالہ جی بول گئے (۷) خفگی کے کلمے سُنا جانا - خفا ہو جانا - باتیں سُنا جانا - جیسے گھر پر آ کر بول گئے

بول سُنانا - ہ - فعل متعدی - باتیں سُنانا - طعنے دینا - خفگی ظاہر کرنا - بھوگ سُنانا +

بول مارنا - ہ - فعل متعدی (گیتوں میں) ۱ - طعنہ دینا - بلا کو دن کرنا - سُنی ان سُنی کرنا +

بُولاچالی - ہ - اسم مؤنث (عوام) بات چیت

بُولانا - ہ - فعل لازم و متعدی - باولا بنانا - گھبرانا - بوکھلانا - کو بدحواس کرنا +

بُول بالا رہنا - ہ - فعل لازم - بنا رہنا - عزّت بلند ہونا +

سُنیگا نہ وُہ بُت رقیبوں کی باتیں

بُول بالا ہونا - ہ - فعل لازم

کا مقبولِ عام ہونا (۲) اقبال یاور ہونا۔ نصیبا سامنے ہونا
ترقیٔ دولت وجاہ ہونا + بھلا ہونا +

(انشا) مانگتا ہے یہ دعا آٹھوں پہر انشا سدا
یا الٰہی بول بالا ہو سرکے نواب کا

(۳) شہرت ہونا۔ نام ہونا۔ ناموری ہونا +

(ناسخ) آج موزوں ہمسے وصفِ قدِّ بالا ہو گیا
عالمِ بالا تک اپنا بول بالا ہو گیا +

(۴) بن آنا۔ حسبِ مُراد ہونا۔ گہرے ہونا

(رنگین) کان میں سرو قد کے بالا ہے
آج رنگیں کا بول بالا ہے

بُولتا -ہ- اسم مذکر (۱) نفسِ ناطقہ۔ سانس۔ دم نفس
+ رُوح (۲) جی۔ دل۔ پران (انشا)

یُوں بولتا کہے ہے سُنتے ہو میری انشا
ہیں طُرفہ ہم مُسافر پہنچے بدن کے اندر

(۳) فقیروں کی اصطلاح میں۔ حُقّہ +
(۴ صفت میں) طرار۔ صاحبِ طلاقت۔ خوب بولنے والا
جیسے بولتا جا کر مُنیم (مُنیب) کے آگے گونگا +

بُول چال -ہ- اسم مؤنث (۱) گفتگو۔ بات چیت۔ گفت
شُنید (۲) روزمرہ۔ محاورہ۔ طرزِ زبان۔ بولنے کا
طریقہ (۳) ربط ضبط۔ اتحاد۔ میل ملاپ + صُلح ہونا
(۴) تکرار۔ بحث +

بُولنا -ہ- فعل لازم (۱) بات کرنا۔ کہنا۔ گفتگو کرنا۔ چہکنا
آواز نکلنا۔ آواز دینا۔ بجنا (۳) چہچہانا۔ پرندوں کا
[illegible] الحانی کرنا (۴) ہمبستر ہونا۔ مصاحبت کرنا۔ مقاربت
[illegible] (۵) نیلام کی آواز لگانا + دام
لگانا (۶) پکارنا۔ بلانا۔ پکارنا (۷) سُنانا۔ بتانا جیسے
جادو سے [illegible]
(۸) جواب دینا (۹) پورب میں۔ گھنٹہ بجنا
[illegible]

جیسے گئی بولے (۲) ہندو عو۔ منت ماننا۔ کسی دیوی دیوتا
کے نام کا کچھ اُٹھانا +

بُولی -ہ- اسم مؤنث (۱) زبان۔ گفتگو۔ بھاکا (۲) پرندوں
کی آواز۔ چہچہاہٹ (۳) نیلام کی آواز + قیمت کی آواز

بولی بولنا -ہ- فعل لازم (۱) آواز لگانا + نیلام کرنا +
جانوروں کا چہچہانا +

بولی بولنے والا -ہ- اسم مذکر۔ نیلام کرنے والا +

بولی ٹھولی -ہ- اسم مؤنث۔ طعنہ مہنا۔ طعن تشنیع
آوازہ۔ تمسخر + مزاح۔ ٹھٹولی +

بُولیاں -ہ- اسم مؤنث (بولی کی جمع) +

بولیاں بولنا -ہ- فعل متعدی (۱) طرح طرح کی
آوازیں نکالنا۔ زمزمہ سنجی کرنا۔ خوش الحانی کرنا (۲)
عو۔ طعنے مارنا۔ آوازے پھینکنا +

بولیاں سُننا -ہ- فعل لازم۔ عو۔ طعنے مہنے سُننا + طعن
کی برداشت کرنا +

بولیاں سُنانا یا مارنا -ہ- فعل متعدی۔ عو۔ طعنے مارنا

بُوم -ف- اسم مذکر (۱) اُلّو۔ چُغد۔ گُھگّو۔ ایک منحوس اور
ویرانہ پسند جانور کا نام جو راتکو شکار کیا کرتا ہے (۲)
زمین۔ دھرتی +

بُوم خصلت -ف- صفت۔ ویرانہ پسند + منحوس

بُونا -ہ- فعل متعدی۔ بیج ڈالنا۔ تخم ریزی کرنا +

بَونا -ہ- اسم مذکر (۱) ٹھِنگنا۔ پست قد۔ کوتاہ قامت +
نہایت چھوٹا اور بالشتیا (۲) باونچاں اوتار +

بُونٹ -ہ- اسم مذکر۔ ہرا چنا۔ چھولا۔ چھنگری۔ ٹاٹ
بُونڈی (۲) چھوٹا مضبوط گھوڑا +

بُونٹ پُلاؤ -ہ- اسم مذکر۔ وہ پلاؤ جسمیں ہرے چنوں
کی دال گوشت اور چاول ملاکر پکائیں +

بُونا -ہ- اسم مؤنث (۱) قطرہ (۲) نطفہ (۳) ایک قسم کا کپڑا (۴) نہایت اونچا - تارے کی مانند بلند (۵) نہایت آبدار (تیز) ہتیار + تیز شراب + (مصفور) (۱) نمبر ۴ - ۵ صفت ہے

تیغ ابرو کی اگرچہ آبداری بُوند ہے +
پر غضب مژگاں کی بوندی کی کٹاری بُوندی ہے

بُوند چرانا -ہ- فعل لازم (بازاری) حاملہ ہونا +

بُوند بھر -ہ- صفت - ذرا سا - تنک سا - قدر قلیل - بہت کم - ایک قطرہ کی مقدار +

بُوند سا دن -ہ- اسم مذکر - بہت چھوٹا سا دن - ہوا سا دن

آدھی ہو چکی شب ہجراں کہیں زاہدی کوتاہ
بُوند سا وصل کا دن جلدی ہی ڈھلتا ہے

بُوند ہونا -ہ- فعل لازم - نہایت اونچا ہونا - تارا ہونا - بہت اوپر چڑھ جانا + (قطعۂ نصیر)

الہی میری دعا تو قبول کر اس وقت
برسے نہ کوئی سحاب سیہ گوں کی بُوند
برستے [illegible] کرنے کو چرخ [illegible]
ہوئی آج میرے یار ذوفنوں کی بُوند

بُوندا -ہ- اسم مذکر (۱) کپاس وغیرہ کی کلی جو پوری پوری نہ کھلی ہو - کھلنے کے قریب کلی (۲) جوار کی بال سنتھا (۳) پوست کا ڈوڈا +

بُوندا باندی -ہ- اسم مؤنث - تقاطر ترشح - اکا دکا بُوندیں برسنا - تھوڑی تھوڑی بارش +

بُوندی -ہ- اسم مؤنث (۱) بفتح یا - کھیل بوندام (۲) بضم یا - بُوند کی تصغیر - چھوٹی بُوند +

بُوندی -ہ- اسم مؤنث - راجپوتانہ کے ایک شہر کا نام ہے جہاں کی کٹاریں [illegible] مشہور ہیں [illegible] عمدہ کٹار کو بھی بوندی کہنے لگے ہیں جس طرح سروہی مقام سروہی کی تلوار کا نام پڑ گیا تھا +

بُوندیں -ہ- اسم مؤنث - بُوند کی جمع - قطرے - چھینٹیں +

بُوندیں پڑنا -ہ- فعل لازم - تھوڑا تھوڑا برسنا - ترشح ہونا - تقاطر ہونا +

بُونگا -ہ- صفت - (از بانکا) گنوار - بے چل اور بے موقع بات کرنے والا - بیوقوف - احمق - اناڑی +

بُونگا -ہ- اسم مذکر (۱) بھس وغیرہ کا مخروطی شکل کا ڈھیر جو چاروں طرف سے پیڑیں لگا کر بناتے ہیں (۲) بانس کا ٹونٹا جسے بنگا کہتے ہیں - پورب میں نارئیل کو کہتے ہیں +

بُونگی -ہ- صفت - ٹیڑھی - ناموزوں - بے محل - خلاف عقل + کج ادا - کج فہم

بُوہرا -ہ- اسم مذکر (۱) کاروباری [illegible] مہاجن - ساہوکار (۲) ایک قوم کا [illegible] جو [illegible] یہ لوگ نو مسلم خیال کیے جاتے ہیں +

بُوہنی -ہ- اسم مؤنث - اوّل بکری - وہ دام جو دوکان کھول کر سب سے پہلے ہاتھ میں پڑیں +

بوہنی کرنا -ہ- فعل لازم - اوّل ہی اوّل کھلنا یا بٹنا -

بوہنی ہونا -ہ- فعل لازم - اوّل بکری ہونا +

بُوئی -ہ- اسم مؤنث - ایک قسم کی گھاس جو جھاڑی کی طرح سفید سفید جنگلوں میں کھڑی ہوتی ہے اور غریب لوگ اسے ملا کر کھانا پکاتے ہیں (۲) بچوں کے [illegible] کی فرضی نام +

بُوئیتا -ہ- اسم مذکر - بہت چھوٹا [illegible] جسمیں اکثر روئی کی پونیاں رکھ کر [illegible] ملاتے ہیں [illegible]

بُویا مز -ہ- اسم مذکر - ولایتی امرتبان +

[illegible] کھیتوں میں آتا ہے

بُوسِیا - ہ - صفت (۱) دیکھو بسیا (۲) پورب میں) کمواسی - بکّی +

بُوئیٹی - ہ - اسم مؤنث - بہت چھوٹا بوٹیا + ہندو عو)

بِہ - ہ - اسم مذکر - موتی یا ناک کان کا چھید +

بَہا - ف - اسم مذکر - دام - مول - قیمت (اردو میں ہمیشہ یہ لفظ بے کے ساتھ آتا ہے) +

بہا بہا بھرنا - ہ - فعل لازم - جب یہ لفظ نشہ کے ساتھ آتا ہے تو غلبۂ نشہ اور کمال مخموری سے کنایہ ہوتا ہے اور جب گھی کے ساتھ آتا ہے تو تعریفاً گھی کی بہتات سے مراد ہوتی ہے یعنی فلاں کھانے میں اسقدر گھی تھا کہ بہا بہا پڑتا تھا بھی اور دل بھرنے سے بھی غرض ہوا کرتی ہے

ساقی نشے ہیں بھرتا ہوں میں تو بہا بہا
(بہاریت) دریا سے کچھ یہ کم نہیں موجیں حباب کی

بھابی - ہ - اسم مؤنث - بھائی کی بیوی - زن برادر +

بھاپ - ہ - اسم مؤنث - (۱) لطیف بخارات جو پانی یا مرطوب چیز کے جوش کھانے سے اٹھتے ہیں (۲) ہوا جو کہتے ہوئے کھانے یا منہ میں سے نکلا کرتی ہے +

بھاپ بھرانا - ہ - فعل متعدی - پرند جو اپنے بچوں کو دانہ کھلانے سے پیشتر دیتے ہیں ... اپنے منہ کی ہوا انکے منہ میں پھونکتے ہیں اسے بھاپ بھرانا کہتے ہیں اسکے ساتھ کچھ رطوبت بھی ہوتی ہے جو انکا کام دیتی ہے۔

بھات - ہ - اسم مذکر (۱) خشکہ - اُبلے ہوئے چاول (۲) ... جو بیاہ کے موقع پر نانا ماموں وغیرہ کی طرف سے ادا کی جاتی ہے ... بوڑھا بونگ ... اوکی ... اور کچھ نقدی ہوا کرتی ہے اور نقل برابر موتی ... دولہا ... پر چڑھاتے ہیں۔

بوڑھا لونگ - دیکھو ... - ہ - اسم مذکر (۱) شادی کا بھات لیکر آنے والے

بوڑھا چونچلا - ہ - ہندو لوگ سسرالی رشتہ میں شریک کرنے

بوڑھا چونچلہ ... کی بجائے بھی بولتے ہیں +

بھاٹ - ہ - اسم مذکر (۱) کبت بنانے یا سنانے والا - جس بجھانے والا - ہر کس و ناکس کی تعریف کر کے مانگنے والا - بادہ فروش - بادہیا (۲) خوشامد گو - خوشامدی (۳) ایک قوم کا نام ہے جو اکثر نسب نامے یاد رکھتی ہے اور دیہات میں اسوجہ سے اسکی بڑی قدر ہوتی ہے

بھاٹا - ہ - اسم مذکر (۱) جوار کا نقیض - سمندر کے پانی کا اُتار جو دن میں ایکبار ضرور ہوتا ہے - جزر (۲) گنوار پتھر - روڑا (۳) پورب میں - بینگن - بھنٹا +

بھاجی - ہ - اسم مؤنث (۱) حصہ - بخرہ - کھانے پینے کی چیز کا حصہ (۲) پکا ہوا ساگ یا ترکاری +

بہادر - ف - صفت (۱) موتی کی سی قیمت رکھنے والا سورمیر - سورما - بیری - جوانمرد - جنگی (۲) عالی حوصلہ دلیر - نڈر (۳) ایک خطاب جو امرائے شاہی یا ملازمان گورنمنٹ کو دیا جاتا ہے جیسے مسلمانوں میں غازی (۴) لڑائی کا مُرغ +

بہادری - ف - اسم مؤنث - جرأت - دلیری - شجاعت - جوانمردی +

بھادوں - ہ - اسم مذکر - ہندی چاند کا چھٹا مہینا نصف اگست سے نصف ستمبر تک +

بھادوں کی بھران - ہ - اسم مؤنث - بھادوں کے مہینے کی بھاری بارش جس سے تال بھر جاتے ہیں +

بھار - ہ - اسم مذکر - بوجھ - وزن - بار +

بہار - ف - اسم مؤنث (۱) بسنت رت - پھول کھلنے کا موسم - موسم ربیع (۲) گُل نارنج - کھلنے کا پھول - چنانچہ روغن بہار اسی وجہ سے نام رکھا گیا (۳) رونق - جوبن + لطف - کیفیت جیسے ماشاء اللہ خدا بہار ہے جوبن پہ یار کے (۴) خوشی - موج - لہر - چلبن - جیسے

وہاں تو بہار آرہی ہے (۵) شباب - آغازِ جوانی -

کرتا ہے کیوں غرور تو دو دن کے حُسن پر
اُڑ جائینگے ہوا کی طرح دن بہار کے

(۶) شادابی - سرسبزی (۷) سیر - تماشا - مزا - دل لگی تفریح +

بہار پر آنا - ۶ - فعلِ لازم - رونق پر آنا - جوبن پر آنا - عالمِ شباب کا زور پر ہونا + پھولوں کا کھلنا +

بہار لوٹنا - ۶ - فعلِ لازم (۱) مزا اُڑانا - حظ اُٹھانا - عیش کرنا - لُطف حاصل کرنا - جوبن لوٹنا (۲) تماشا دیکھنا - سیر کرنا (۳) غارت و تاراج کرنا - رونق کو مٹا دینا - بستے ہوئے شہر کو اُجاڑ دینا +

بھارکس - ۶ - اِسمِ مذکر (گنوار) صحیح (بارکش) (۱) چھکڑا بڑی گاڑی جسمیں بہت سا اسباب یا بہت سے آدمی سمائیں (۲) وُہ تسمہ جو خیمہ کی چوب میں لپٹا ہوا ہوتا ہے +

بُہارنا - ۶ - فعلِ متعدی (ہندی) جھاڑنا - جھاڑو دینا - صاف کرنا +

بُہاری - ۶ - اِسمِ مؤنث (گنوار) جھاڑو - جاروب - سوہنی

بھاری - ۶ - صفت (۱) گراں - بوجھل - وزنی - ہلکے کے خلاف (۲) جسیم - گراں ڈیل - موٹے جسم کا (۳) قیمتی - گراں بہا - بیش قیمت جیسے بھاری جوڑا (۴) سخت - مضبوط - مستحکم - ثقیل (۵) بڑا - کلاں - عظیم + ضخیم (۶) سخت - مشکل - کٹھن - دشوار جیسے آجکی رات بھاری ہے (۷) مبالغہ کے واسطے بھی یہ لفظ آتا ہے جیسے بھاری فوج - بھاری غلطی - بھاری لڑائی - بھاری میلا (۸) سُوجا ہوا - بھر بھرایا ہوا - آماسیدہ جیسے مُنہ بھاری ہے (۹) خوفناک - خطرناک - اندیشہ ناک جیسے بچھا بھاری ہے - تین دن قبر میں بھی بھاری ہوتے ہیں (۱۰) غالب - زبر - جیسے وُہ اکیلا دس پر بھاری ہے (۱۱) عو - ناگوارِ خاطر - اجیرن - دُوبھر جیسے ایک ایک گھڑی دم بھاری ہے (۱۲) منحوس - نامساعد - وبالِ جان +

نہیں معلوم کسکے گھر وُہ رشکِ ماہ مہماں تھا +
یہ کافر شب جو گزری ہے نہایت ہی بھاری تھی

(۱۳) خلل - کسر - بگاڑ - ثقالت جیسے آنت بھاری تو مات بھاری (۱۴) مالدار - دولتمند جیسے بھاری اسامی (۱۵) جن وپری کا گزر - آسیب کا مسکن - جیسے یہ گھر بھاری ہے (۱۶) گلو گرفتہ - بیٹھی ہوئی (آواز) جیسے گلا بھاری ہونا یا آواز (۱۷) وُہ چیز جسپر بہت سا کلابتونی کام کیا ہوا ہو (۱۸) کثیر - بہت جیسے بھاری خرچ (۱۹) طویل - دراز - لمبا - جیسے بھاری سہرا - بھاری رسّی +

بھاری بھرکم - ۶ - صفت (۱) گمبھیر - بُردبار - متحمل (۲) سنجیدہ - متقطع (۳) گراں جثہ - فربہ (۴) ذی تمیز - صاحبِ تمکین (۵) بھلا مانس - شریف (۶) بھرم کا - بھرم والا +

بھاری پتھر - ۶ - صفت (۱) وزنی پتھر - بوجھل چیز (۲) عو - بن بیاہی بیٹی جسکی شادی کرنے کا بوجھ ماباپ پر ہوتا ہے (۳) ناممکن الحصول - قابو سے باہر - امکان سے باہر

بھاری پتھر چوم کر چھوڑ دینا - ۶ - (مثل) ایسے کام کے خیال سے دست بردار ہونا جس سے عہدہ برآئی ناممکن ہو

ہمنے اُس سنگدل سے مُنہ موڑا
بھاری پتھر تھا چوم کر چھوڑا (رمیلہ)

بھاری لگنا - ۶ - فعلِ لازم [illegible] - [illegible] + دوبھر معلوم دینا +

بھاری ہونا - ۶ - فعلِ لازم [illegible] (۲) مشکل اور دشوار ہونا - سخت [illegible]

سنگدل تین دن اب گور میں بھی بھاری ہیں
ہے سیوم میں تیرے آنیکا جو دھڑکا ہمکو (ذوق)

(۳) غالب ہونا - زبر ہونا جیسے میرا مُردہ اب بھی تیرے زندہ پر بھاری ہے (۴) منحوس ہونا - نامبارک اور نامُساعد ہونا جیسے یہ دن اُسپر بھاری تھا (۵) جن دیریکا گزر ہونا جیسے فلاں جگہ بھاری ہے +

بھاڑ - ہ - اِسمِ مذکر - گلخن - بھٹی - وُہ چولہا جسمیں چنے وغیرہ بھونتے ہیں +

بھاڑ جھونکنا - ہ - فعل لازم (۱) بھاڑ میں گوڑا ڈالنا بھاڑ گرم کرنا (۲) حقیر پیشیہ کرنا - ذلیل کام کرنا + تضیع اوقات کرنا - اوقات گنوانا جیسے بارہ برس دہلی میں رہا اور بھاڑ ہی جھونکا +

بھاڑ میں پڑے یا جاے - ہ - دُعای بد - عو) چولہے میں جاے - آگ لگے - غارت ہو (جب کوئی بات مرضی کے خِلاف ہو تو اُس سے اکراہ ظاہر کرنیکے واسطے بھی یہ لفظ زبان پر لاتی ہیں)

بھاڑ میں جھونکنا - ہ - فعل متعدی (۱) آگ یا چولہے میں ڈالنا - جلانا (۲) پھینکنا - ضایع کرنا جیسے تو کو نہ موکولے بھاڑ میں جھونکو +

بھاڑ - ہ - اِسمِ مذکر (یہ لفظ سنسکرت میں بھاٹک भाटक تھا جس سے ہندی میں بھاڑا نکلا ہے) ۱ - خرچی - زِنا کی کمائی - کسب کی اُجرت +
کھی[illegible]نا - ہ - فعل لازم - خرچی کھانا - حرام کی کمائی
کہ جرخ نو [illegible]
(۲) شعبدہ باز [illegible] مذکر - اُجرت - کرایہ - اُجورہ - گاڑی

بھنڈیا - ہ [illegible] ری +
بھیس بدسے [illegible] م مذکر (عوام) بھڑوا - دیُّوث - دلّال

گٹنا - قلتبان (۲) بیوقوف - احمق +

بھاڑے کا ٹٹو - ہ - اِسمِ مذکر (۱) کرایہ کا ٹٹو - کرایہ پر چلنے والا (۲) ناپائدار - بودا (۳) علّتی - عادی محتاج غیر - وُہ شخص جو کسی نشہ کا پابند ہو اور جب تک اُسکو وُہ نشہ نہ ملے کچھ کام نہ کر سکے (۴) وُہ چیز جسکی ہمیشہ مرمّت ہوتی رہے +

بھاشا - س - اسم مؤنث (۱) زبان - بولی - بھاکا - وُہ ہندی بولی جو سنسکرت سے نکلی ہے - دیسی بولی +

بھاکا - یا بھاکھا - ہ - اِسمِ مؤنث - دیکھو (بھاشا)

بھاکنا - ہ - فعل لازم (ہندو عو) بولنا - بکنا جیسے جھوٹ بھاکے ہے +

بہاگ - ہ - اِسمِ مذکر - ایک مشہور راگ کا نام ہے +

بھاگ - ہ - اِسمِ مذکر (۱) حِصّہ + ٹکڑا (۲) نصیب قسمت مقسوم - پرالبد - کرم (۳) وِرثہ (۴) سرکاری بانٹ محصول (۵) تقسیم (۶) اِقبال - خوش نصیبی جیسے رُوپ روئے بھاگ کھاے +

بھاگ بھرا - ہ - صفت عو (۱) طالعور - خوش نصیب بھاگوان - اِقبالمند (۲) زر بھاگا - بدنصیب (چونکہ عورتیں بُرے لفظ کو زبان پر لانا بھی بُرا خیال کرتی ہیں اِسوجہ سے اچھے لفظوں سے وُہی مُراد ہوتی ہے جیسے بدنصیب کی جگہ خوش نصیب

بھاگ بھری - ہ - صفت تانیث - عو (۱) دیکھو (بھاگ بھرا) ۲ - ہندو عورتوں کے ایک تہوار کا نام جو تحویل آفتاب میں منایا جاتا ہے +

بھاگ پھوٹنا - ہ - فعل لازم - ہندو عو (۱) نصیبا پھوٹنا - بدنصیب ہونا - زمانہ کا نامُساعد ہونا +

بھاگ جاگنا - ہ - فعل لازم (۱) نصیبا کھلنا - اِقبال چمکنا - دن پھرنا - قسمت کا یاور ہونا + مُراد بر آنا +

بھاگ کھلنا - ھ - فعل لازم (۱) نصیب جاگنا - طالع کا بیدار ہونا (۲) شادی ہونا - بیاہ ہونا +

(میر حسن) ملا سُرخ جوڑے پہ عطر سہاگ
کھلے ملکے آپس میں دونوں کے بھاگ

بھاگ لگانا - ھ - فعل لازم (۱) تقسیم کرنا - حصے لگانا (۲) اوج موج کرنا - دن پھیرنا - اوج پہ پہنچانا +

بھاگ لگنا - ھ - فعل لازم (۱) صاحب نصیب ہونا - دن پھرنا - حسب مراد ہونا - اقبال سامنے آنا +

(حالی) دل ہو خون اور حنا کو بھاگ لگے
ہت تری نصفی کو آگ لگے

(۳) اترانا - تمکنت کرنا - مغرور ہونا +

بجھانے آئیں نہ آنسو جو دل میں آگ لگے
خدا کی شان یہ فرقت میں انکو بھاگ لگے

(۴) بٹنا - تقسیم ہونا +

بھاگا بھاگ - ھ - تابع فعل - دوڑا دوڑ - گریزا گریز - برابر بھاگا ہوا - قُرب کوچ +

بھاگتے کی لنگوٹی - ھ - (مثل) جاتی ہوئی چیز کا کچھ حصہ - ڈوبتی ہوئی روپیہ کی کوئی مقدار (اصل میں بھاگتے ہوئے چور کی لنگوٹی ہے)

بھاگ جانا - ھ - فعل لازم (۱) فرار ہوجانا - رفو چکر ہونا - چل دینا - چلا جانا - نکل جانا - روپوش ہونا (۲) مقابل سے ہٹ جانا - پیٹھ دکھا جانا (۳) ہمت ہار دینا - جی چھوڑ دینا (۴) مات ہوجانا - شکست کھانا +

بھاگڑ - ھ - اسم مؤنث - خوف کے مارے بھاگنے کی جلدی + ہلچل - ہڑبڑ - گھبراہٹ - گھبری + تلاطم - اضطراب

بھاگنا - ھ - فعل لازم (۱) لپکنا - دوڑنا + فرار ہونا + گریز کرنا (۲) پیٹھ دکھانا - پسپا ہونا - شکست کھانا (۳) بچنا - دوری چاہنا - نفرت کرنا - پرہیز کرنا - احتراز کرنا - کنارہ کرنا - حذر کرنا +

بھاگوان - ھ - صفت - (۱) صاحب نصیب - اقبالمند (۲) دولتمند - دھنی (۳) سخی - کریم - فیاض - داتا - (۴) نیکبخت - سعادتمند + بھلا مانس - شریف - پرور شریف - بزرگ منش (د) عو - بدنصیب - بدقسمت

بھال - ھ - اسم مؤنث - انی - تیر کی نوک - سنان - پیکان - برچھی کا پھل +

بھالا - ھ - اسم مذکر (۱) برچھا - سیل - نیزہ جو اکثر سات ہاتھ لمبا ہوتا ہے +

بھالو - ھ - اسم مذکر - ریچھ - خرس +

بِھان - ھ - اسم مؤنث - (پورب میں) بھور - صبح - تڑکا +

بھان - ھ - اسم مؤنث - ہندو (۱) شعاع - کرن (۲) سورج - خورشید +

بھانا - ھ - فعل لازم - مرغوب ہونا - پسند ہونا - اچھا لگنا - دلکو بھلا معلوم دینا - دل میں کھُب جانا

(ناسخ) بھاگئی کونسی وہ بات بتونکی ورنہ
نہ کمر رکھتے ہیں کافر نہ دہاں رکھتے ہیں

بھانا - ھ - بہنے کا متعدی (۱) لنڈھانا - پانی گرانا (۲) جاری کرنا - رواں کرنا - پانی میں چلانا - رو میں ڈالنا (۳) ضایع کرنا - گنوانا (۴) سستا بیچنا - ارزاں کرنا + کوڑیوں کے مول دیدینا +

بھانپنا - ھ - فعل متعدی (۱) تاڑنا - سمجھنا + کرنا - شناخت کرنا - پہچاننا - پرکھنا - ٹٹولنا

بھانپو - ھ - اسم مذکر - تاڑیا

بھانت - ھ - اسم مؤنث (۱) ڈھنگ - طور ... آتا ہے

اندازہ۔ پرکار (۲) ریت۔ رسم۔ طور طریقہ +

بھانت بھانت کا۔ ھ۔ صفت مختلف۔ طرح طرح کا گوناگوں۔ انواع اقسام کا۔ رنگ برنگ کا +

بھانجا۔ ھ۔ اسم مذکر۔ بہن کا بیٹا۔ خواہرزادہ +

بھانجنا۔ ھ۔ فعل متعدی (۱) بٹنا۔ بل دینا۔ گوتھنا (۲) فرمے موڑنا۔ چھپے ہوئے کاغذوں کو تہ کرنا +

بھانجی۔ ھ۔ اسم مؤنث۔ بہن کی بیٹی۔ خواہرزادی۔

بھانجی۔ ھ۔ اسم مؤنث۔ روک۔ آڑ۔ سد۔ رخنہ۔ خلل درانداز ی۔ چغلی۔ مزاحمت +

بھانجی خور۔ ھ۔ اسم مذکر۔ کسی کی بھلائی میں رخنہ ڈالنے والا۔ حارج۔ رخنہ انداز۔ خلل انداز۔ چغلخور +

بھانجی مارنا۔ ھ۔ فعل متعدی (۱) رخنہ ڈالنا۔ کسی کی بھلائی ہونے میں خلل انداز ہونا۔ چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانا +

بھانڈ۔ ھ۔ اسم مذکر (۱) نقال۔ مسخرا۔ وہ ناچنے گانے والے زنخے جو محفلوں میں جا کر ناچتے گاتے اور نقلیں سناتے ہیں (۲) پیٹ کا ہلکا۔ کسی بات کو ہر ایک جگہ کہتا پھرنے والا +

بھانڈا۔ ھ۔ اسم مذکر (۱) مٹی کا بڑا برتن۔ گھڑا۔ مٹکا (۲) راز۔ بھید +

بھانڈا پھوٹنا۔ ھ۔ فعل لازم۔ افشائے راز ہونا

کبھی ہے شاید

[illegible] ۔ ھ۔ اسم مذکر۔ بھید کھول دینے والا + کہ جرح ہو چغلخور +

[illegible] نا۔ ھ۔ فعل متعدی۔ افشائے راز [illegible] بات کو کھول دینا۔ بھید ظاہر کر دینا +

بہروپیا۔ ھ۔ [illegible] بھیس بدلنے [illegible]

[illegible] ھ۔ اسم مذکر۔ بازیگر۔ حقہ باز۔ مداری۔ (۲) شعبدہ باز (نیوٹ: بعض بھان متا مذکر کے لیے اور بھان متی مؤنث کے واسطے بولتے ہیں)

بھاننا۔ ھ۔ فعل متعدی (۱) مروڑنا۔ بل دینا۔ (۲) خراد پر چڑھانا (۳) گھمانا۔ پھیرنا جیسے تسبیح بھاننا (۴) ورد کرنا۔ رٹنا۔ بار بار پڑھنا۔ جپنا۔ جیسے وظیفہ بھاننا (۵) توڑنا۔ شکستہ کرنا +

بہانہ۔ ف۔ اسم مذکر (۱) حیلہ۔ عذر۔ مس (۲) بناوٹ ظاہرداری (۳) دھوکا۔ مکر۔ دم۔ فریب جیسے اُسے سیکڑوں بہانے یاد ہیں (۴) سبب۔ وسیلہ۔ باعث۔ کارن جیسے حیلہ رزق بہانے موت (۵) ڈھب۔ موقع +

بہانہ جو۔ ف۔ اسم مذکر۔ حیلہ ساز۔ حیلہ گر + فریبی۔ مکار۔ دھوکے باز +

بہانہ خور۔ ف۔ اسم مذکر۔ ع۔ پیٹ باز۔ مکار +

بہانہ ڈھونڈنا۔ ھ۔ فعل لازم۔ موقع تاکنا۔ موقع کا منتظر رہنا +

بہانہ کرنا۔ ھ۔ فعل لازم۔ حیلہ کرنا۔ فریب کرنا۔ ٹالنا۔ عذر بیجا کرنا +

بہاؤ۔ ھ۔ اسم مذکر (۱) پانی کے بہنے کا رُخ۔ ڈھلاؤ۔ روانی (۲) چڑھاؤ۔ طغیانی +

بھاؤ۔ ھ۔ اسم مذکر (۱) حالت۔ کیفیت۔ روپ۔ اُمنگ جوہر طبع (۲) نرخ۔ قیمت۔ مول۔ بازاری نرخ (۳) شرح۔ ارتھ (۴) سمجھ۔ مت (۵) گن۔ سبھاؤ۔ عادت

سائیں سے سانچا رہو بندے سے ست بھاؤ
چاہے لمبے کیس رکھ چاہے گھوٹ منڈاؤ (دوہا)

(۶) محبت۔ ماتا۔ اُلفت جیسے بھائی بھاؤ کرے مین مارے اوپر چھاؤں کرے (۷) طور۔ طریقہ۔ ڈھنگ

(۸) نازوانداز - چوچلا - نخرہ (۹) عزت - آدر - خاطر تواضع

بھاؤ اُترنا - ہ - فعل لازم - قیمت گھٹنا - نرخ ارزاں ہونا - سستا ہونا +

بھاؤ بتانا - ہ - فعل لازم - ناچتے میں ہاتھ یا اور اعضا کے اشاروں سے گیت کے الفاظ کا روپ دکھانا +

بھاؤ بنا - ہ - فعل لازم - سودا اٹکنا - قیمت ٹھیرنا - نرخ کو نہ ہونا +

بھاؤ بہانا - ہ - فعل لازم - نرخ بگاڑنا - مول گھٹانا - قدر کم کرنا +

بھاؤ تاؤ - ہ - اسم مذکر - مول تول - قیمت کا انحصار

بھاؤ تیز ہونا - ہ - فعل لازم - قیمت چڑھنا - گراں ہونا - مہنگا ہونا +

بھاؤ چڑھانا - ہ - فعل لازم - قیمت بڑھانا - گراں کرنا

بھاؤ چڑھنا - ہ - فعل لازم - دیکھو (بھاؤ تیز ہونا)

بھاؤ نکالنا - ہ - فعل لازم - قیمت ٹھیرانا - نرخ مقرر کرنا

بھاوج - ہ - اسم مؤنث - بھائی کی جورو - بھابی - زن برادر

بھاؤں - بھاویں - بھائیں - ہ - تابع فعل - عو -

(۱) نزدیک - لیکھے - حساب + (قطعۂ انشا)

نہ شوے بہا دُور ہو یہاں سے شبنم
نمک کیوں چھڑکتی ہے زخم جگر پر +
مرے بھاویں گلشن کو آتش لگی ہے
نظر کیا پڑے خاک گلہائے تر پر +

(۲) اثر - خیال - توجہ - خبر +

درد دل سُنکے یہ بولا مری بھاویں ہی نہیں
(جرأت) گر بُرا حال ہے تیرا تو بھلا مجکو کیا +

(۳) خواہ - یا - چاہے - جیسے بھاویں یہ لو بھاویں وُہ

بھاؤنی - ہ - اسم مؤنث - عو - (اہل ہند کے اعتقاد میں ایک روح ہے جو ننھے بچوں کو کھلایا کرتی ہے جب وہ کبھی کان میں کہتی ہے کہ تیری ماں مرگئی تو بچے کی رونے کی صورت ہوجاتی ہے اور جب وہ بیان کرتی ہے کہ نہیں جیتی ہے تو خوشی کی صورت بنجاتی ہے اور حقیقت میں یہ ایک خواب ہوتا ہے جو بچے دیکھکر کبھی سوتے میں ہنسنے کی کیفیت ظاہر کرتے ہیں اور کبھی ڈرنے یا رونے کی +

اگرچہ عوام اسے بیجیائی بولتے ہیں مگر بعض شاعروں مثل قلق وغیرہ نے بھی اسمیں دھوکا کھایا ہے (قلق) ؎ روتے روتے جو ہنسنا آتی تھی + بیجیائی اُسے ہنساتی تھی + مگر شیخ امداد علی بحر نے از روے تلفظ واملا اسکو اپنے شعر میں بہت اچھی طرح نبھایا ہے (بحر) ؎

افسوس بہائی نے بھی مجھکو + طفلی میں نہ عشق کی خبر کی +

(۲) ایک گیت کا نام ہے جو بچہ پیدا ہونے پر سب سے اول ہندوؤں میں گاتے ہیں +

بھائی - ہ - اسم مذکر (۱) برادر - اخوان - اجایا - بیرن - بیر - اخ (۲) ایک خطابی لفظ بھی ہے جو برابر والے ایک دوسرے کو کہکر بولتے ہیں اور نیز کبھی پیار سے ماں باپ اپنے بچوں کو اور بچے اپنے باپ کو یہ لفظ کہتے ہیں مگر اس صورت میں بھئی زیادہ آتا ہے (۳) برادری کا - قوم کا - رشتہ دار - گوت کا + (صفت)

بھائی بند - ہ - اسم مذکر (۱) برادر - ہمقوم + ہم مذہب + ہمجدی + رشتہ دار + ناتہ دار - گوتی - رفیق +

بھائی بندی - ہ - اسم مؤنث ا - رندی آپسداری یگانگی جیسے نوکری ہے یا بھائی بندی ارزار [illegible]

بھائی چارا - ہ - اسم مذکر (۱) [illegible] (۲) [illegible] بندوں کو برابر ہو - یکی دوستی - [illegible] +
رفاقت (ایسا بلاپ جسمیں کھانے پینے میں [illegible] تنگ -

(۲) حسبی ونسبی رشتہ -

بھائیں بھائیں کرنا - ہ - [illegible] آتا ہے

کسی جگہ یا مکان کا غیر آبادی کے باعث خوفناک معلوم ہونا

بھَبَک - ہ - اسم مؤنث (۱) شعلہ کی بھڑک + نہایت گرم بھاپ (۲) کسی تیز یا سڑی ہوئی چیز کی بو۔ تعفن جیسے شراب کی بھبک - بھبکا ہ +

بھَبکا - ہ - اسم مذکر (۱) عرق کھینچنے کا ظرف - قرع نبیق (قرع و انبیق) (۲) لو - شعلہ - لپٹ (۳) تعفن - کسی تیز اور بری بو کی لپٹ جیسے پورب میں مہک کہتے ہیں (۴) غرا کر بولا - غضبناک ہو کر بولا - اس صورت میں ماضی مطلق واحد غائب کا صیغہ ہے +

بھَبکانا - ہ - فعل متعدی (ہندوستانی) پانی کھنڈانا - پانی گرانا - پانی اوندھانا +

بھَبَکنا - ہ - فعل لازم (۱) خوب کھولنا - نہایت گرم ہونا (۲) شعلہ اٹھنا - بھڑکنا - جھلسنا - جلنا - آگ لگنا (۳) غرانا - لال پیلا ہونا - غصہ ہونا - غضب ہونا -

بھَبکی - ہ - اسم مؤنث - دھمکی - گھڑکی - غصہ کی شکل بنا کر ڈرانا +

بھبکی دینا - ہ - فعل متعدی - ڈرانا - دھمکی دینا -

بھبکی میں آجانا - ہ - فعل لازم - ڈر جانا - ڈر جانا + دھوکے میں آجانا + دھمکی میں آجانا +

بھبُوت - ہ - اسم مذکر و مؤنث (۱) وہ راکھ جو سنیاسی یا جوگی اپنے بدن پہ ملتے ہیں (میر حسن)

[illegible] ہیرے موتی جلا راکھ کر ++

[illegible] اپنے تن پر ملا سر بسر

(۲) شعبدہ باز [illegible] رمانا - لگانا - ملنا ہ - فعل لازم (۱) ہندو [illegible] اپنے تن بدن پر راکھ ملنا +

بھَنوپیا - ہ - [illegible] بھیس بد[illegible]

[illegible] یوں بیت نہ مو ہیا سے میں ++

[illegible] بانی جیت رم گیو جوگی انگ بھبوت رما کر

(۲) جوگ لینا - بیراگ لینا - فقیر ہونا +

بِھبُودی - ف - اسم مؤنث (۱) بہتری - بھلائی - فائدہ - رفاہ (۲) خیریت - عافیت (۳) فراغبالی - خوش اقبالی (۴) ترقی - افزونی +

بھَبُوکا - ہ - اسم مذکر (۱) شعلہ - شرارہ (ناسخ)

اس بھبوکے کے نظارہ سے نہ جل جائیں کہیں

اسلئے چشم کو ہم اشک فشاں رکھتے ہیں

(۲) صفت میں - لال انگارا - نہایت سرخ + خون کبوتر - (شفق)

دل پرخوں کو مٹی میں بناکر جگنو نے

ہمارا کیا لڑائی کا بھبوکا لال مارا ہے

(۳) نور کا پتلا - آتش کا پرکالہ - نہایت گورا - صبیح - حسین - (مظفر)

ملا پھر آج ہمکو وہ غضب اٹکھیلیوں والا

بھبوکا برق شعلہ نور کا آتش کا پرکالا

(۴) سفید - براق - چٹا (۵) نہایت تاباں - روشن درخشاں + (ممنون)

گر زنگ حُسن داغ بھبوکا سا دکھاؤں

گلزار جہنم کو تماشا نظر آوے

(۶) گرم - جلتا ہوا - دہکتا ہوا (۷) غضبناک - لال پیلا - خشمگین (میر حسن)

یہ سنتے ہی شعلہ بھبوکا ہوئی

لگی کہنے ہے ہے بلا کیا ہوئی

(۸) سرخ پوش - بیر بہوٹی (ناسخ)

دبی تھی آگ جو سینہ میں وہ بھڑک اٹھی

کمر اس بھبوکے نے دکھلائی جو بھڑک ہمکو

(۹) شوخ - شنگ - طرار +

بھبُوکا بنا یا ہونا - ہ - فعل لازم - آگ بنا - آگ
بگولا ہونا - نہایت افروختہ ہونا - غضب میں بھرنا +

بھبُوکے اُٹھنا - ہ - فعل لازم - عو - شُعلے اُٹھنا -
غصّہ کے مارے بُخار چڑھ آنا - کسی بات سے آگ لگ جانا

بھپارا دینا - ہ - فعل مُتعدی (۱) کسی جوشیدہ چیز
کی بھاپ سے سینک پہنچانا - بھاپ دینا (۲) فریب دینا
دم دینا - جھانسا دینا (رانشا)

دمبدم مُفت کے جھوٹے یہ بھپارے دیکر
کیوں کلیجے کو مرے آگ لگاتے ہو تم

بہُت - ہ - صفت (۱) زیادہ - نہایت - اَت گھنا - کثیر
ازحد - فراواں - وافر - بکثرت (۲) وافی کافی - بس
من مانتا (۴) وسیع + کلاں - بڑا (۵) افراط -
بہتات - کثرت (۶) تودہ - ڈھیر +

بہت اچھا - ہ - تابع فعل (۱) خیر - کیا مضائقہ ہے
سمجھونگا - کیا ڈر ہے (مجروح)

کبھی جو روتے میں جھنجلا کے یار کہتا ہے
میں سُن رہا ہوں کرو تم فغاں بہت اچھا

(۲) کلمۂ ایجاب - بہت بہتر - بہت خوب - بہت مُبارک

بہُت دُور رہو - ہ - ندا - بڑے بدڈھب ہو - دُور
کی سوچتے ہو - نہایت مُتفنّی ہو +

بہُت کرکے - ہ - تابع فعل - اکثر - عموماً - اکثر کرکے

بہُت ہُو جیئے - ہ - ندا - جلد جیئے - رخصت ہو جیے
ہوا کھائیے + (یہ نا محاورہ ہے)

بہُت ہے - ہ - مُحاورہ - برکت ہے - نہیں ہے
(چُونکہ نہیں کا لفظ منحوس خیال کیا جاتا ہے اس لحاظ سے عورتیں
اور نیز بعض مرد جو وہمی ہیں اس لفظ کا استعمال کرتے ہیں)

بہُت ہی بہُت ہے - ہ - مُحاورہ - بالکل نہیں ہے

بھتّا - ہ - اسم مذکر (۱) بھات - اُبلے ہوئے چانول - خشکہ
(۲) خُوراک - توشہ - خُوراک سفر + سفرخرچ - زادِ راہ
(۳) الونس - زائد تنخواہ جو سرکاری مُلازموں کو کسی خاص
کام کی انجام دہی کے باعث دی جائے +

بھتّا خیمہ - ا - اسم مذکر - خیمہ کا سفرخرچ یا سفر کے خیمہ
کی بابت جو صرف ہو +

بہتات - ہ - اسم مؤنث - افراط - کثرت - زیادتی +

بھتار - ہ - اسم مذکر (پُورب میں) خاوند - پُرش - پتی
خصم - شوہر - بنڑا +

بہتّاں - ہ - صفت (۱) بہت (۲) تیسری تول (چونکہ
بقال تین کو منحوس خیال کرتے ہیں اس لحاظ سے وہ جب کوئی
چیز تولتے ہیں تو تین کی بجائے بہتاں کہتے ہیں جیسے پہلی تول
برکت بولتے ہیں)

بُہتان - ع - اسم مذکر (۱) دوش - تہمت - افترا - جھوٹا
الزام (۲) کلنک - عیب - بدنامی - دھبا +

بہتان جوڑنا - دھرنا - رکھنا - لگانا - لینا - ہ - فعل
مُتعدی - عو - الزام لگانا - عیب دھرنا - کلنک لگانا
طوفان اُٹھانا (آتش)

شبِ فُرقت میں کافر موج میری آنکھ جھپکی ہو
عبث بُہتان عسس نے آکے مُجھ ...

بہتر - ف - صفت (۱) بہت اچھا - پسندیدہ
عُمدہ - اعلیٰ - افضل - اوّل درجہ - ارزار

بہتّر - ہ - صفت (۱) ستّر اور دو ... (۲)
کثرت کے واسطے بھی ... +
بہتّر پھرتے ہیں + ... - تنگ

بہتری - ف - اسم مؤنث
عُمدگی - بہبودی + ترقی - ... میں آتا ہے)

بھُتنا-ہ- اِسم مذکر (۱) بھُوت کی تصغیر خبیث - پلید - ناپاک رُوح - پریت (۲) بدصُورت - کالا بھجنگ مٹّی میں لتھڑا ہوا +

بھُتنی-ہ- اِسم مُؤنث (۱) چڑیل - بلا - ڈاین - غیبنی - (۲) بدصُورت عورت +

بھتّی-ہ- اِسم مُؤنث - وُہ چاول جو ماتم میں پکا کر میت والے کے گھر کُنبہ والے بھیجا کرتے ہیں - حلوائے مرگ - طعام ماتم - کڑوی کھچڑی - جانسری +

بھتّی پکاؤں-ہ- مُحاورہ عو - تجھے بیٹُوں تیرا ماتم کروں - سخت کوسنا ہے +

بھتّی کھائے-ہ- مُحاورہ عو سخت قسم دلانے کے واسطے زبان پر لاتی ہیں - ہمارا مرنا چاہے - میں پیٹے - ہمارا ماتم کرے +

بھتیجا-ہ- اسم مذکر - بھائی کا بیٹا - برادرزادہ +

بھتیجے بہُو-ہ- اسم مؤنث - بھتیجے کی بیوی - بھائی یا بہن کے بیٹے کی جورو - زن برادرزادہ +

بھتیجے داماد-ہ- اسم مذکر - بھتیجی کا خاوند - بھائی یا بہن کی بیٹی کا خصم +

بھتیجی-ہ- اِسم مُؤنث - بھائی کی بیٹی - برادرزادی

بھبُوت - صفت - بہت سا - ازحد - بکثرت - کافی یا جوگی کی بھبوت

[illegible] اسم مذکر (۱) غار - کھو + گیدڑ - بھیڑیے [illegible] اسم کا گھر (۲) بانبی - سانپ کا بل (۳) [illegible]

بھٹ پڑے وُہ سونا جس سے ٹوٹیں کان

(۳) شعبدہ باز [illegible]

بھٹ و پیا-ہ- (۱) چُونہ پکانے کی بھٹّی (۲) وُہ رستہ جو بھینس ہر... بھاگنے سے بنا لیتے ہیں - ٹُوٹی ہوئی دیوار و بنکا رستہ (۳) جُو لہے کی جلی ہوئی مٹّی + بھُور

بھُٹّا-ہ- اِسم مذکر - مکئی کی گکڑی - مکئی کی بال خوشۂ زُرت +

بھُٹّا سا اُڑانا-ہ- فعل متعدی - ایکہی ضرب میں صفائی کے ساتھ کسی چیز کو فوراً سے کاٹ دینا +

بھُٹّا سا اُڑنا-ہ- فعل لازم - ہلکی سی ضرب سے صاف کٹ جانا +

بھٹک-ہ- اِسم مُؤنث (۱) گمراہی - آوارگی - سرگشتگی راہ فراموشی (۲) صفت - جلد - ترت - فوراً جیسے

سخی سے سُوم بھلا جو بھٹک دے جواب +

بھٹکا پھرنا-ہ- فعل لازم - ڈانواں ڈول پھرنا - آوارہ پھرنا

بھٹکانا-ہ- فعل متعدی - گمراہ کرنا - دھوکا دینا - ڈانواں ڈول پھرانا +

بھٹ کٹیّا-ہ- اِسم مذکر - ایک خاردار پودا جس سے کھانسی کی دوا بناتے ہیں +

بھٹکنا-ہ- فعل لازم (۱) گمراہ ہونا - راہ بھُولنا بے راہ چلنا (۲) آوارہ ہونا - سرگشتہ ہونا - جا بجا پھرنا سرگرداں پھرنا - ڈانواں ڈول ہونا (۳) ڈھونڈنا - تلاش میں پھرنا جیسے اُسکے لیے جی بھٹکتا ہے +

بھٹنا-ہ- فعل لازم (ہندو) چھُوا جانا - بھڑنا +

بھٹنی-ہ- اِسم مُؤنث - سرستیان زنان - حلمہ +

بھُٹور-ہ- اِسم مُؤنث - عو - (ترُوک) چُولہے کی جلی ہوئی سُرخ مٹّی (رنگین)

ڈونک سب وُہ کھنے ہیں رنگیں اُن پہ آ کر مل بھُور
دیکھ تو کیا ظلم میرے پر ہیں لائیں گیڑیاں

بھٹئی-ہ- اِسم مُؤنث (۱) بھاٹ کی سی تعریف - خوشامد کی مدح (۲) بھاٹ پنا - بھاٹ کا پیشہ + گدائی +

بھٹی کرنا فعل لازم خوشامد کرنا - چاپلوسی کرنا - جھوٹی تعریف کرنا +

بھٹی - ہ - اسم مؤنث (۱) بڑا چولہا - گلخن - تنور - دھوبیوں - لوہاروں اور شیشہ گروں وغیرہ کا آتشدان - گورہ (۲) وہ جگہ جہاں شراب کھنچتی ہے + شراب خانہ - کلال خانہ (۳) ایک قوم کا نام ہے جسے بھٹیارا بھی کہتے ہیں

بھٹی چڑھانا - ہ - فعل متعدی - کپڑوں کو ریہ وغیرہ لگاکر میل صاف کرنیکیلیے جوش دینا +

بھٹی دار - ہ - اسم مذکر - کلال - مے فروش - بادہ فروش

بھٹیارا - ہ - اسم مذکر (۱) روٹی پکانیکا پیشہ کرنے والا - تنور جھونکنے والا - نان بائی + طباخ - باورچی (۲) سرائے میں مکان دیکر ٹھہرانے والا - مہتر +

بھٹیارپن - ہ - اسم مذکر - کمینگی - نیچپن + بازاری

بھٹیارخانہ - ہ - اسم مذکر (۱) سرائے - فرودگاہ (۲) کھٹیل جگہ - وہ جگہ جہاں شور و شغب برپا رہے - کمینوں کے جھگڑے کا مکان +

بھٹیارن - ہ - اسم مؤنث - بھٹیارے کی جورو - مہترانی - سرائے میں ٹھہرانے والی عورت +

بھج - س - اسم مذکر - بازو - بھجا - کہنی سے اوپر کا حصہ

بھج بند - ہ - اسم مذکر (ہندو مو) ایک زیور کا نام ہے جسے بازو بند کہتے ہیں +

بھجا - ہ - اسم مذکر (۱) بازو (۲) مثلث کا ضلع یا ساق

بھجا ڈنڈ - ہ - اسم مذکر - ڈنڑ خم - ڈنڑ اور بازو
اس بھجا ڈنڈ پہ کہتے تھے سپر چیر گئے +

بھجانا - ہ - فعل لازم (۱) رو میں چلا جانا - پانی میں رواں ہونا (۲) پھسل جانا - پھیل جانا - گولائی نہ رہنا + (۳) تباہ ہو جانا - برباد ہو جانا (۴) توہنا - اسقاط ہونا

(صرف جانور کے واسطے)

بھجت - ع - اسم مؤنث - خوشی - شادمانی - تازگی +

بھجن - ہ - اسم مذکر (۱) خدا کی تعریف کا گیت - حمد خدا (۲) دیوتاؤں کی تعریف کے گیت - نعت (۳) شکریہ

بھجن کرنا - ہ - فعل متعدی (۱) بھجنا - رام نام - عبادت کرنا - حمد و نعت کے گیت گانا (۲) شکریہ ادا

بھجن گانا - ہ - فعل لازم (۱) بھگوان کا دھیان کرنا (۲) آنند ہونا - خوشی منانا - بےفکر ہونا (۳) شکریہ ادا - گن گانا +

بھجنا - ہ - فعل لازم (۱) جپنا - رٹنا - رام نام لینا - سمرن کرنا - تسبیح پھیرنا + پوجا کرنا (۲) تعریف کرنا - سراہنا

بھجنگی - ہ - صفت - کالا سانپ - کالا کوئلہ - کالا کلوٹا - نہایت کالا + (بولتے بھجنگ ہیں)

بھجنگا - ہ - اسم مذکر (۱) ایک کالے پرند کا نام ہے جو کوئل سے مشابہ ہوتا ہے اور اکثر گرمی کے موسم میں آدھی رات سے بولا کرتا ہے جسے گنوار کرمچی کہتے ہیں (۲) نہایت کالا - دھینور + (بھجنگا بھی کہتے ہیں)

بھجوانا - ہ - بھیجنے کا متعدی المتعدی +

بھجیا - ہ - اسم مؤنث (۱) بھاجی - پکا [illegible] شلغم اور اسکے چھلکے یا مولی وغیرہ [illegible] میں اسکو بھی بھجیا کہتے ہیں (۲) [illegible] ستو بناتے ہیں +

بھچ - ہ - صفت (۱) نہایت کا امر [illegible] ان پڑھ + مورکھ - نوگرفتنی [illegible] رنگروٹ +

بھچک رہجانا - ہ - فعل [illegible] حیرت میں رہنا - ہک دک [illegible]

وہ شہزادہ بھی گم شدہ ہو ٹھٹک
وہیں رہ گیا نقش پا سا بھچک (میر حسن)

بھچنا - ہ - فعل لازم (۱) دبنا + بچکنا (۲) سکڑنا - سمٹنا (۳) شرمانا (۴) مجبور ہونا - ناچار ہونا +

بھچیڑ - ہ - اسم مؤنث - بازاری (۱) سکیڑ - تنگی (۲) دھاندل چیند - بے ایمانی +

بھچیڑ لانا - ہ - فعل لازم - نیسل لانا - دھاندل کرنا - تنگدلی کرنا +

بھد - ہ - تابع فعل - پھل یا کسی چیز کے رستے پر گرنے کی آواز +

بھدا - ہ - صفت (۱) موٹا آدمی جو بط کی طرح بھد بھد کرکے چلے - بھدیسلا - بھچپس (۲) بھونڈا - بدحیثیت - بدہیئت (۳) سست - کاہل (۴) بھونڈو - بیوقوف - کندۂ ناتراش +

بھداکا - ہ - اسم مذکر (۱) گرنے کی آواز - دھماکا (۲) پٹخنا - بھدکنا +

بھداکا دینا یا سنانا - ہ - فعل متعدی - پٹخنا دینا - دے مارنا - گرا دینا - بھدکنا دینا +

بھدانہ - ف - اسم مذکر (۱) صحیح بہی دانہ - بہی کا بیج (۲) سرد و خشک

بھدوم - ہ - [illegible] ایک قسم کا چھوٹا توت اور انار

بھدول - ہ - اسم مؤنث - موٹے آدمی یا بطخ کے چلنے [illegible] گرنے کی آواز +

بھدلی - ہ - اسم مؤنث (۱) جوتش میں چاند کی دوسری [illegible] تاریخ جو منحوس اور نامبارک

بھدلیا - ہ - [illegible] یہ بھدا ہو تین شبانہ روز کے بعد [illegible] مسلح [illegible] اور چاند اور سورج کے اجتماع سے [illegible] بتایا جاتا ہے (۲) کرشن جی کی ایک استری

کا نام +

بھدرا کرانا - ہ - فعل متعدی - کریا کرم کے واسطے سر داڑھی اور مونچھوں کو منڈوانا یا کسی تیرتھ پر جا کر یہ عمل کرنا +

بھدرا ہونا - ہ - فعل لازم (۱) سر داڑھی وغیرہ کا کریا کرم کے واسطے منڈنا (۲) صفایا ہونا - جاتا ہونا - بالکل لُٹ جانا - مُس جانا (۳) منحوس گھڑی کا وقت ہونا

بہ دربہ - ف - تابع فعل (عو) بہی وربہی - سلسلہ وار - تفصیل وار - مفصل جیسے بہ دربہ حساب سنا دیا +

بھدک - س - اسم مؤنث भद्रका (۱) لابھ - فائدہ (۲) استقلال - استحکام - استواری (۳) وقعت - اعتبار - (۴) سلیقہ - سگھڑپن (۵) لطف - خوبی - مزا +

بھدیسلا - ہ - صفت - بھدے کی تصغیر - دیکھو (بھدا)

بھدیسلی - ہ - تانیثی صفت (۱) بھدی بھچپس (۲) بھونڈی - بدصورت - بدحیثیت +

بھڈری - ہ - اسم مذکر - ڈکوت - جوتیا - رمال - جوتشی - سامدکی - ہاتھ دیکھ کر گذشتہ اور آئندہ حال بتانے والا

بھر - ہ - صفت (۱) تمام - سارا - کُل - پورا جیسے جنم بھر - رستہ بھر - دن بھر - جہان بھر وغیرہ (۲) مقدار - اندازہ جیسے گز بھر - پاؤ بھر (۳) تک - تلک جیسے مقدور بھر +

بھرّا - ہ - اسم مذکر (۱) ترغیب - تحریص - تحریک - لوبھ (۲) دم - جھانسا - فریب (۳) کسی بھڑنے والی چیز مثل پھرکی وغیرہ کی آواز (۴) پورب میں ایک قسم کا پتنگ (۵) دفعتہً کبوتروں کے اڑنے کی آواز +

بھرّا دینا - ہ - فعل متعدی (۱) دم دینا - ترغیب دینا (۲) کبوتروں کو ایک دفعہ ہی اڑا دینا +

بہرا - ہ - صفت - وہ شخص جسکی قوت سامعہ جاتی رہی ہو - گونگا - کر
اصم - آگندہ گوش - گراں گوش +

بہرا پتھر - یا - بہرا اکھنڈ - ہ - صفت - نہایت بہرا -
ایسا بہرا کہ توپ کی آواز سے بھی نہ چونکے +

بھرا - ہ - صفت (۱) آگندہ - پُر - لبریز - معمور (۲) ٹھیک - عین
(۳) عو - سارا - تمام جیسے بھرا گھر ناراض ہے +

بھرا بھتولا - ہ - صفت - عو (۱) رجا - فارغ البال (۲)
بارور - صاحب اولاد +

بھرا پُرا - ہ - صفت عو - (۱) رجا - آسودہ - وخفتوان
فراغبال (۲) بارور - آس اولاد والا - صاحب اولاد -
پتروان +

بُھرا - ہ - صفت - نہایت کالے کی صفت میں یہ لفظ
بولا جاتا ہے + جیسے سیاہ بُھرا +

بھرّاٹا - ہ - اسم مذکر - پرندوں کے اُڑنے کی آواز +

بھرا گھر - ہ - صفت - عو - (۱) خانۂ آباد +

نظر آتا نہیں جب اُسکے سوا کچھ مجھکو
(ناسخ) کیوں نظر آئے نہ بے یار بھرا گھر خالی

(۲) خالی گھر کو بھی بھرا گھر کہتے ہیں تاکہ بدشگونی نہ ہو جیسے اُسکے
مرنے جانے سے بھرا بھرا گھر معلوم ہوتا ہے +

بھرّانا - ہ - فعل لازم - آواز بھاری ہو جانا - گلا بیٹھ جانا

بھرانا - ہ - فعل متعدی (۱) پرندوں کا اپنے بچوں کو چونچ
سے چونچ ملا کر دانہ کھلانا (۲) کسی چیز کو پُر کروانا (۳)
گھوڑی کو گیابھن کرانا +

بھر آنا - ہ - فعل لازم (۱) زخم کا اندمال پذیر ہونا - گھاؤ
مُندھ کر برابر ہو جانا - انگور بندھ آنا (۲) درد آنا - رحم آنا
(جب آنکھ کے ساتھ کہیں گے تو پُر اشک ہونے سے اور جب دل کے ساتھ
کہیں گے تو گھٹنے اور غمگین ہونے سے مُراد ہوگی)

بھراؤ - ہ - اسم مذکر (۱) بھرتی - حشو - آگندگی (۲) پُڑی -
گڑھے وغیرہ کے بھرنے کی مقدار +

بھرائی - ہ - اسم مؤنث (۱) بھروانے کی اُجرت (۲) بھرتی -
آگندگی - انباشتگی (۳) آب پاشی کی اُجرت (۴) پانی
دینا - بارانی +

بھُربھُرا - ہ - صفت - خستہ - سخت کے خلاف - رُوے دار
وہ چیز جسکے اجزا باہم پیوستہ نہوں +

بُھربُھرانا - ہ - فعل لازم (۱) کھنڈنا - بکھرنا - خستہ ہونا (۲)
کسیکی طرف طبیعت کا مائل ہونا - راغب ہونا - دل کا
لگاؤ کرنا - دل بکھرنا +

بھربھرانا - ہ - فعل لازم - کم کم ورم ہونا - سوجن ہونا
سوجنا - (۲) تمتمانا +

بھربھراہٹ - ہ - اسم مؤنث - ورم - سوجن - تمتماہٹ

بُھربُھراہٹ - ہ - اسم مؤنث - خستگی - خستہ پن

بھرپانا - ہ - فعل لازم (۱) کوڑی کوڑی وصول ہونا
(۲) باز آنا - دعا سے پوجنا + نجات پانا + کچھ نہ پانا +

شیشہ ہاتھ آیا نہ ہمنے کوئی ساغر پایا
(امیر) ساقیا لے تری محفل سے چلے بھرپانا

(۳) جزا پانا - جیسا کرنا ویسا پانا - ابتر

جام خالی ہے جو ساقی نے پسند ایا
(سودا) میں کہا بخشئے

بھرپور - ہ - صفت (۱) پورا پورا -
پُرا (۲) لبریز - معمور - ملتب (۳)
ہموار (۳) اگھایا ہوا - سنتوف +

بھرت - ہ - اسم مؤنث - تنگ
کا نام جسمیں جست +

بھرت - س - اسم مذکر (ایک گیتوں میں آتا ہے)

اور ایک مشہور راجہ کا نام جسکے نام پر بھرت کھنڈ یا بھارت ورش
مشہور ہوا +

بھُرتا - ہ - اسم مذکر - جھلبھلائے ہوئے بینگنوں یا اُبالے ہوئے کدو یا شلغم کو جو بھچوڑ کر پیس لیتے ہیں اُسے بُھرتا کہتے ہیں اور اسی مصالحہ ڈالکر روٹی کے ساتھ کھاتے ہیں +

بُھرتا کر دینا - ہ - فعل متعدی - بُھلس دینا - جُھلبھلا دینا +

بھرتی - ہ - اسم مؤنث (۱) حشو - بھراؤ - اگنہ - وُہ چیز جو کسی چیز کے اندر بھری جاوے (۲) داخلہ - اندراج - کسی محکمہ میں نام لکھا جانا معزول یا متوفی سپاہیوں کی جگہ اور سپاہیوں کو رکھنا

دوزخ جگہ عذاب کی جنت ثواب کی
(داغ) بھرتی کہاں کروں دل خانہ خراب کی

(۳) تکمیل - پُری (۴) جہاز یا مال گاڑی وغیرہ کا بھاری اسباب - بوجھ +

بھرتی بھرنا - ہ - فعل لازم (۱) گودڑ وغیرہ ڈالکر کسی چیز کو بھر دینا - بُری بھلی چیز سے پُورا ڈالنا - کسی نہ کسی طرح کارج سادھنا (۲) سوداگری کا مال بھرنا +

بھرتی کا شعر - ا - اسم مذکر - وُہ بے لطف شعر جو صرف غزل کے اشعار کی تعداد پُوری کرنیکے واسطے داخل غزل کر دیتے ہیں - بُرا بھلا شعر +

بھرتی کا مال - ا - اسم مذکر - (۱) سوداگری کا مال (۲) وُہ ... یا جو کہ بہت اچھا نہو - رسمی مال +

[illegible]تی کرنا - ہ - فعل متعدی - نوکر رکھنا - کسی محکمہ میں

بہلی - ہ - ہ - [illegible]

گاڑی [illegible] اسم مذکر (۱) وُہ پیتل یا بھرت کا ظرف جسمیں

بھرتیا - ہ - [illegible]ال ترکاری وغیرہ پکاتے ہیں - بڑا بٹوا

سے مسطح [illegible] پیتل یا برنجی برتن بنانے والا +

بھر آنا - ہ - فعل لازم (۱) پُر ہو جانا - لبریز ہو جانا (۲)

(۲) آلودہ ہو جانا - لتھڑ جانا - سن جانا (۳) جب گھوڑے کی نسبت یہ لفظ کہتے ہیں تو وہاں پسینے میں ہوا لگ کر جکڑ بند ہو جانے یا اعضا جکڑ جانے سے مُراد ہوتی ہے (۴) کُتیا کا گیابھن ہو جانا - حاملہ ہو جانا +

بہر حال - ف + ع - تابع فعل - جسطرح ہوسکے جسطرح بنے - بہر طور - بہر صورت +

بھر دینا - ہ - فعل متعدی (۱) پُر کر دینا - مالا مال کر دینا - رجانا +

(مصحفی)
ناز کیوں اُنکے اُٹھاتا ہو تمیں لالچ کیا ہے
کیا مجھے خالی ملاقات میں بھر دیتے ہیں

(۲) عوضہ دینا - نقصان پُورا کر دینا - تاوان دینا (۳) چکا دینا - بے باق کر دینا - ادا کر دینا (۴) رفو کرنا - اور ما کرنا (۵) سان دینا - لتھیڑ دینا +

بھرشٹ کرنا - ہ - فعل متعدی - نجس کرنا - ناپاک کرنا - گندا کرنا + بگاڑنا - خراب کرنا +

بھرکس نکالنا - ہ - فعل لازم (۱) مار کر پتلا حال کرنا ہڈی پسلی توڑ ڈالنا - تھیلا کر دینا - چُورا چُورا کر دینا - بیدم کر دینا (۲) تباہ کر دینا - برباد کرنا +

بھرکس نکلنا - ہ - فعل لازم (۱) بیدم ہونا - طاقت نرہنا - جان نکلنا (۲) دوالہ نکلنا - برباد ہونا +

بہر کیف - ف + ع - تابع فعل - دیکھو بہر حال +

بھر کے مُنہ گالی دینا - ہ - فعل متعدی - صاف صاف گالی دینا - نام لیکر گالی دینا (مُنہ بھر کے زیادہ تو ہم

بھر لینا - ہ - فعل متعدی (۱) کسی چیز سے کسی چیز کو پُر کر لینا (۲) پُورے پُورے دام وصول کر لینا - تاوان لینا

بھرم - ہ - اسم مذکر (۱) ساکھ - اعتبار + بھروسا (۲) تک شُبہ - گمان (۳) دھوکا - سندیہ (۴) ناموری -

جس۔ شہرت (۵) راز۔ بھید + (معروف)

صبا نے کھولکر معروف اُسکی زلف مشکیں کو
بھرم اِکدم میں سارا نافۂ تاتار کا کھولا

بھرم باندھنا۔ ھ۔ فعل متعدی۔ ساکھ جمانا۔ ہوا باندھنا
اعتبار بٹھانا +

بھرم جانا۔ ھ۔ فعل لازم (۱) کسی پر شبہ ہونا۔ کسی پر گمان
جانا (۲) ساکھ کا جاتا رہنا۔ بے اعتبار ہونا +

بھرم کرنا یا رکھنا۔ ھ۔ فعل لازم (۱) گمان کرنا۔ شک کرنا
شُبہ کرنا (۲) بدگمان ہونا۔ بدظن ہونا +

بھرم کُھلنا یا کُھل جانا۔ ھ۔ فعل لازم (۱) بھید کُھلنا۔
راز فاش ہونا۔ قلعی کُھلنا (۲) ساکھ جانا۔ اعتبار اُٹھنا

بھرم کھولدینا۔ ھ۔ فعل متعدی۔ کسی چھپی بات کو ظاہر
کردینا۔ عیب کھولدینا +

بھرم گنوانا۔ ھ۔ فعل متعدی۔ پت کھونا۔ آبرو کھونا

بھرم نکلنا۔ ھ۔ فعل لازم۔ دیکھو۔ (بھرم کھلنا)

بھرماد کرنا۔ ھ۔ فعل متعدی۔ بہتا تے کچھ کرنا۔ مُبالغہ
کے واسطے بولتے ہیں +

بھرمانا۔ ھ۔ فعل متعدی (ہندو۔۱) دھوکا دینا۔ ورغلانا
بہکانا۔ دم دینا۔ پھسلانا (۲) لالچ دینا۔ للچانا (۳)
بھلانا۔ بسرانا +

بھرمنا۔ ھ۔ فعل لازم (ہندو) بھٹکنا۔ ڈانواں ڈول
پھرنا +

بھرن۔ ھ۔ اسم مؤنث۔ وہ زور کی بارش جو دم بھر میں
جل تھل بھر دے +

بھرنا۔ ھ۔ فعل لازم (۱) پُر ہونا۔ معمور ہونا۔ لبالب ہونا
+ خالی نہ رہنا۔ رُکنا (۲) پورا ہونا۔ کامل ہونا۔ تمام ہونا
جیسے چار بھر کر پانچواں لگا (عو)
(۳) ختم ہونا۔ تمام ہونا (۴) آلودہ ہونا۔ لتھڑنا۔ سَننا
+ شوربور ہونا (۵) رنج میں عمر بسر کرنا۔ عُمر کاٹنا (۶) عو۔ نباہنا
نباہ کرنا (۷) آنا۔ سمانا (۸) زخم کا اندمال پذیر ہونا۔
التیام زخم ہونا۔ انگور بندھنا۔ زخم برابر ہونا (۹) ڈنڈ
بھگتنا۔ تاوان دینا۔ تلافی کرنا + خسارہ اُٹھانا۔ گرہ سے
دینا (۱۰) سیر ہونا۔ چھکنا (۱۱) سہنا۔ جھیلنا جیسے دُکھ
بھرنا (۱۲) کھسرہ یا چیچک کا پورا نکل آنا (۱۳) جب مکان
کے ساتھ کہیں گے تو اُسمیں بسنا۔ آباد ہونا کے معنی لگائیں گے
(۱۴) اسامی خالی نہ رہنا۔ جگہ پُر کرنا (۱۵) کھسیانا ہونا۔
قریب بگریہ ہونا۔ اُمنڈنا (۱۶) موٹا ہونا۔ تنومند ہونا۔
جیسے بدن بھرنا (۱۷) شل ہونا۔ تھکنا جیسے کام کرتے
کرتے ہاتھ بھر گیا (۱۸) خشم آلودہ ہونا۔ غضبناک ہونا (۱۹)
گھوڑے کا جکڑ بند ہونا (۲۰) ہجوم ہونا۔ جمگھٹ ہونا جیسے
خلقت بھر گئی۔ میلا بھر گیا (۲۱) گیابھن ہونا۔ گھوڑی
یا کُتیا کا حاملہ ہونا (۲۲) وصول کرنا۔ دام دام لینا (۲۳)
بھگتنا۔ بھوگنا جیسے کرے کوئی بھرے کوئی (۲۴)
ہندو عو۔ آسیب اور دیبی وغیرہ کا سر آجانا (۲۵) بجانا
متعدی (یہ فعل لازم اور متعدی دونوں طرح پر آتا
اس جگہ ہم صرف وہی معنی لکھتے ہیں جو خاص متعدی ہ
قرضہ چکانا۔ ادا کرنا (۲۶) عو۔ د
نیکے کو بھرتی ہے (۲۷) کسی
بھانا۔ لگانا۔ بہکانا۔ افروختہ ک
(۲۹) توپ یا بندوق وغیرہ کو گولی
(۳۰) کھیت میں پانی دینا آب
دیتے ڈالنا (۳۲) بیٹھنا۔ جیسے
اور کانٹے میں پانا (۳۳) نہال کرنا
بجالانا۔ تعمیل کرنا۔ عہد پورا کرنا +

زنگ چڑھانا (چونکہ یہ فعل ایسا ہے کہ اور لفظوں کے ساتھ ملکر اور
اور معنی پیدا کرتا ہے اور وہ لفظ اکثر علیحدہ بھی اپنی اپنی جگہ پر لکھے
جائینگے اسلئے یہاں دو ایک الفاظ مثالاً لکھکر ختم کر دیتے ہیں
کلمہ بھرنا اسکے معنی ہیں کلمہ مُنہ سے نکالنا - ٹانکا بھرنا اسکے معنی
ہیں سینا علیٰ ہذا القیاس اور بھی اسیطرح کے بہت سے لفظ ہیں)

بھرنا بھرنا - ہ - فعل متعدی - عو (۱) کسی شخص کا اپنی طرف
سے صرف اُٹھانا (۲) مُنہ بھرائی یا رشوت دینا +

بھرن پڑنا - ہ - فعل لازم - زور کی بارش ہونا - ایسا
بھاری مینہ برسنا کہ جس سے دم بھر میں جل تھل بھر جائیں -
بھادوں کی بارش +

بھر نظر دیکھنا - ا - فعل لازم - گھور کر دیکھنا - خوب دیکھنا
پوری نظر سے دیکھنا - اچھی طرح دیکھنا +

بھر نیند سونا - ہ - فعل لازم - پوری نیند سونا اچھی طرح سونا

بھروپ - س - اسم مذکر - اصل میں بہُروپ
تھا لغوی معنی بہت سے رُوپ - اصطلاحی
طرح بطرح کے بھیس بدلنا - سانگ بھرنا - نقالی کرنا -
صورت بازی + مکر - دھوکا (مُصحفی)

بہُروپ ہے یہ جہاں کہ جسمیں +
غول کرو ز بنے ہے ایک نیا سانگ

... **بھرتی کا مال** ... بازی +
... ال جو بہت ... بنا - ا - فعل لازم (۱) بھیس بدلنا -
... کرنا ... رُوپ دکھانا (نکہت)

... کبھی صبح سایہ ہے گہ دھوپ
... لموں بدلے ہے نیا بہُروپ

... ی کرنا - دھوکا دینا +
... اسم مذکر (۱) نقال - سوانگی - رنگ برنگ کے
... والا (۲) مکار - فریبی - ٹھگ +

دھوکا باز - شعبدہ باز - بہیٹ باز - حیلہ ساز +

بھروٹا - ہ - اسم مذکر - گنوار - گھاس یا لکڑیوں کا گٹھا +

بھروسا - ہ - اسم مذکر - اُمید - توکل - اعتبار + توقع - آسرا - اعتماد

بہرہ - ف - اسم مذکر (۱) نصیب - حصّہ - بھاگ - قسمت (۲) فائدہ

بہرہ کھلنا - ا - فعل لازم (۱) نصیبا کھلنا (۲) منتج ہونا - ملکہ ہونا
کمال ہونا - دل روشن ہونا - پردہ کھلنا +

بہرہ مند
بہرہ ور } - ف - خوش طالع - اقبال مند + فائدہ
بہرہ یاب
صاحب النصیب - خوش قسمت
اُٹھانے والا - تمتّع لینے والا

بہری - ہ - اسم مؤنث - ایک شکاری پرند کا نام ہے جو اکثر کبوتروں
کا شکار کیا کرتا ہے - بعض ترکی لُغات میں بھی یہ لفظ حاشیے سے
پایا جاتا ہے (۲) وہ عورت جسکی قوّت سامعہ جاتی رہی ہو +

بہری - ہ - اسم مؤنث (پورب میں) چندہ - باچھ +

بھری برسات - ہ - اسم مؤنث - عین موسم بارش - برسات کا

بھری بھری رانیں - ہ - اسم مؤنث - گداز اور
گاؤ دُم رانیں - گول گول رانیں +

بھرے بیٹھے ہیں - بھرے ہوئے ہیں - ہ -
محاورہ (۱) غضبناک ہو رہے ہیں - خشم آلودہ ہیں -
خفا ہیں (۲) درد آلود - غمگین اور آزردہ ہیں (۳) پُر از شکوہ ہیں

بھرے پر چڑھانا - ہ - فعل متعدی - دم پر چڑھانا -
جھانسے میں لانا - تعریف کر کے کسی بات پر آمادہ کر دینا

بھرے کو بھرنا - ہ - فعل متعدی - رجے کو رجانا -
دولتمند کے ساتھ سلوک کرنا +

بھری مجلس میں - ا - تابع فعل - بر سر محفل - عین
مجلس میں +

بھڑ - ہ - اسم مذکر (۱) کسی چیز کے پھٹنے کی آواز - توپ
یا بندوق کی آواز (۲) آواز گوز (۳) مسخرا +

بِھڑ - ہ - اِسم مؤنث - زنبور - برّا - برنی - ایک زرد رنگ کے پردار کیڑے کا نام جسکے ڈنک میں زہر ہوتا ہے ؂

بھڑ کا چھتّا - ہ - اسم مذکر (۱) خانۂ زنبور - بھڑوں کے رہنے کا گھر (۲) صفت میں - لڑاک - فسادی - وہ شخص جسے چھیڑ کر پیچھا چھڑانا مشکل پڑ جائے +

بَھڑاس - ہ - اسم مؤنث - غبارِ خاطر - دل کا بخار یا کینہ - باطنی عداوت +

بھڑاس نکالنا - ہ - فعل متعدی (۱) دل کا غبار نکالنا - کینہ کشی کرنا - عداوت نکالنا (۲) رونے یا لڑنے سے اپنے دل کے رنج اور طبیعت کے غُصّے کو فرو کرنا (عو)

بِھڑانا - ہ - فعل متعدی (۱) بلانا - قریب لانا - مقابل کرنا - سٹانا (۲) لڑوانا - لڑائی کروانا (۳) دینا - رشوت میں دینا (۴) ساجھا ملانا - شراکت کرنا - پتّی ڈالنا (۵) داؤں پر لگانا - داؤ پر رکھنا (قمار باز) ۶ - ٹکرانا +

بَھڑ بھڑیا - ہ - صفت - (۱) کپٹی کے خلاف - وہ شخص جو دل میں تو کچھ نہ رکھے مگر جسوقت غُصّہ آئے اُسوقت آپے سے باہر ہو کر جو چاہے سو کہہ لے - مغلوب الغضب وہ آدمی جو جلد غُصّہ ہو اور جلد صاف ہو - صفراوی (۲) صاف دل - بے ریا - سادہ (۳) پیٹ کا ہلکا - کمظرف (۴) گپّی - غپیا - ڈینگیا +

بَھڑ بھونجا - ہ - اسم مذکر (۱) بھاڑ جھونکنے اور اناج بھونے والا - نخود ریز - گلخن افروز (۲) صفت میں - سیہ فام کالا کلوٹا - بدصورت +

بَھڑ بھونجن - ہ - اسم مؤنث (۱) اناج بھونے والی عورت (۲) کالی بدصورت عورت +

بَھڑ تنگا - ہ - اسم مذکر - عو - ہڑبم - غل غپاڑا - جھگڑا - دھوم دھام - شور و شغب (جیسے رات میں شیطانی بھڑتنگا

نہوا نہ سہی)

بَھڑسان - ہ - صفت - بازاری (۱) احمق - چوتیا - بیوقوف - مودھو - بھڑوا +

بَھڑَک - ہ - اسم مؤنث (۱) چمک - چمک دمک (۲) ٹیپ ٹاپ - رونق - زیب و زینت + نمود - تکلّف (۳) وحشت - وحشی پن - جھجھک - رمیدگی (۴) اشتعال - لہک - التہاب

بھڑک اُٹھنا - ہ - فعل لازم - مشتعل ہونا - لہک جانا - بل اُٹھنا - شعلہ زن ہونا +

بھڑک دار - ا - صفت - چٹکیلا - چمکیلا - چمکوّل - مکلّف - جھمجھماتا

بَھڑکانا - ہ - فعل متعدی (۱) لہکانا - مشتعل کرنا - آگ تیز کرنا - لو زیادہ اُٹھانا (۲) بہکانا + غُصّہ دلانا - بلا فروختہ کرنا (۳) بدکانا - چونکانا - اُچٹانا - جھجکانا - ڈرانا (۴) حُقّہ پینے والے توے کی زیادہ جلا دینے اور تمباکو کو جلد سوختہ کر دینے کو کہتے ہیں +

بَھڑکنا - ہ - فعل لازم (۱) شُعلہ زن ہونا - زیادہ لو اُٹھنا - التہاب ہونا (۲) بدکنا - جھجکنا - چونکنا - یکایک ڈر کر بھاگ جانا - متوحش ہونا (۳) غُصّہ ہونا - خفا ہونا - بھبکنا (۴) گرم ہونا - جلنا - تپ

بھڑکنا (۵) بَس یا پیٹھے کا تنجانا - ؏

چینی کے برتن میں بال

بِھڑ کے بیٹھنا - ہ - فعل

بیٹھنا - بہت پاس بیٹھنا +

تنگیِ محفل کی دولت

رات اہل بزم کی کر

بِھڑ کے چھتّے کو چھیڑنا - ہاتھ ڈالنا - ہ - فعل متعدی - بد آدمی کو اکسانا یا غُصّہ دلانا

بھڑکیلا - ہ - صفت - مُکلّف - زرق برق - نوق
البھڑک - چٹکیلا - چمکیلا +

بھڑمیا - ہ - اسم مذکر - عوام - بھرم کی تصغیر +

بھڑمل - ہ - اسم مذکر - عوام - لکھنؤ میں - مسخرہ - بےشرم
بےحیا +

بھڑنا - ہ - فعل لازم (۱) جوڑ سے جوڑ ملنا - پیوستہ ہونا - متصل
ہونا - قریب ہونا - سٹنا (۲) مقابل ہونا - لڑنے کو آمادہ ہونا
گتھنا (۳) ٹکرانا - ٹکر کھانا (۴) تلواروں سے لڑنا - چپقلش کرنا

جا ہی بھڑا اُس صفِ مژگاں سے آج
دل تو بڑا ساہی جگر کر گیا (سودا)

(۵) سینہ بہ سینہ ہونا - شانہ بہ شانہ ہونا (۶) قفل لگنا -
بند ہونا +

بھڑوا - ہ - اسم مذکر - قرم ساق - قلتبان - دیُّوث -
رنڈیا - وُہ شخص جو عورتوں کو مردوں سے اور مردوں
کو عورتوں سے ملائے +

بھڑوانا - ہ - بھڑنے کا متعدی المتعدی +

[illegible] **وائی** - ہ - اسم مونث (۱) قلتبانی - بھڑواپن (۲)
[illegible] کا محنتانہ +

[illegible] **ادینا** - ہ - فعل متعدی (۱) کبوتروں
[illegible] **بھڑ** [illegible] اڑانا گھڑی ٹھانا (۲) حیران کرنا
[illegible] مال جو بہت [illegible]

[illegible] کرنا [illegible] - اناج کا چھلکا یا اناج کے پیڑوں کا چورا
نوڑا +

[illegible] ا - ہ - فعل متعدی - کھال کھنچوا کر بھس
[illegible] بیرحمی کے زمانہ میں یہ ایک سزا تھی +
[illegible] مول بلیدہ - ا - نہایت ارزاں - کوڑیوں
[illegible] متی چیز کا سستے مولوں بکنا +

بھس میں چنگی ڈال جمالو دُور کھڑی - ا -
مثل - جو عورت دو کو لڑوا کر آپ الگ ہو جائے اُسکے حق
میں یہ کہاوت کہتے ہیں +

بھساکو - ہ - اسم مذکر (لکھنؤ میں) وُہ تمباکو جو کڑوا نہو - ہلکا
تمباکو +

بھسکل - ہ - صفت - عو - کثیف - نجس - گندی - بھسٹ

بھسڑ - ہ - صفت - نہایت موٹا اور بھدّا آدمی - بھدلیٹرا

بھسکنا - ہ - فعل لازم (ہندو) تحقیراً چبانا - بھینس کیطرح کھانا
جیسے پان بھکسنا +

بھسکو - ہ - اسم مونث (۱) بسیار خوار - بہت کھانے والی
عورت (۲) سُبک وضع - ہرجائی عورت +

بھسم - ہ - اسم مونث سنسکرت میں भस्म بھسم
خاکستر - راکھ + بھبوت +

بھسم اشنان - ہ - اسم مذکر (ہندو) اُپلوں کی راکھ سے
نہانا - راکھ ملنا جسطرح اہل اسلام میں تیمم کرتے ہیں اسیطرح
انکے مذہب میں پانی نہ ملے تو راکھ سے نہا لینا درست ہے

بھسم بیڑی - ہ - اسم مونث - گانجھا - ایک نشہ کی چیز
کا نام ہے جسے بطور تمباکو پیتے ہیں +

بھسم رمانا - ہ - فعل متعدی - دیکھو (بھبوت رمانا)

بھسم کردینا - ہ - فعل متعدی - جلا کر راکھ کر دینا +
بالکل ہضم کر دینا +

بھسم ہونا - ہ - فعل لازم (۱) جلکر راکھ ہونا (۲) ہضم ہو جانا
(۳) فنا ہونا - (۴) غصہ میں آگ ہونا +

بھسمنت ہونا - ہ - فعل لازم - جلکر خاکستر ہونا - فنا ہو جانا

شعلہ بیرا اگر ہو تیری تیغ
کاہ سے کوہ تک ہو سب بھسمنت (سودا)

بھسنا - ہ - فعل لازم - گیتوں میں (۱) تبسم کرنا - مسکرانا -

(۲) ہنسنا۔ خنداں ہونا (۳) خوش ہونا +

بُھسنڈ۔ ہ۔ صفت۔ نہایت موٹا آدمی سنڈا۔ فربہ۔ وُہ آدمی جو فربہی کے باعث بدصورت معلوم دے +

بِہِشت۔ ف۔ اسم مؤنث (۱) باغ + جنت۔ فردوس۔ بیکنٹھ۔ سُرگ (۲) مقام فضا۔ آرام کی جگہ۔ عیش کا مقام۔ دل لگی کی جگہ +

بہشت کا میوہ۔ ا۔ اسم مذکر۔ انار +

بہشت کی قمری۔ ا۔ اسم مؤنث۔ منگلا مکھی۔ کنچنیاں ناچنے گانے والی عورتیں۔ زنخہ۔ بچنیا + (بازاری)

بہشت کی ہوا۔ ا۔ اسم مؤنث۔ نسیم صبح۔ ٹھنڈی ٹھنڈی ہوا جو گرمیوں کے موسم میں آئے۔ ہوائے مرغوب

بہشت میں لات مارنا۔ ا۔ فعل لازم۔ نیکوں کے ساتھ بدی سے پیش آنا یا باپ کو ستانا کیونکہ ان کے ساتھ بُرائی کرنی اپنی عاقبت بگاڑنی ہے +

بہشتی۔ ف۔ اسم مذکر (۱) بہشت کا رہنے والا (۲) سقا۔ پانی بھرنے والا۔ ماشکی (۳) سجالن۔ صفت۔ نلکی علوی آسمانی + جنتی۔ فردوسی +

بُھشٹا۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ غلاظت۔ فضلہ۔ گوبر۔ براز

بُھشٹل۔ ہ۔ اسم مؤنث (۱) ناپاک و غلیظ عورت کثیف عورت۔ پلید عورت (۲) پھوہڑ۔ بیوقوف۔ بدسلیقہ (۳) بدصورت۔ گھناونی +

بھک۔ ہ۔ اسم مؤنث (۱) اُڑ جانے والا مادہ (۲) تمباکو کے تیزی کا بارہ یا سا۔ بُھادہ (۳) دراڑ جیسے لکڑی کی بھک +

بھک بھک۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ انجن میں سے دُھواں نکلنے کی آواز +

بھک سے اُڑ جانا۔ ہ۔ فعل لازم (۱) بارود کا دفعتہً اُڑ جانا (۲) صاف کٹ جانا جیسے فن سے اُڑ جانا بھی کہتے ہیں

بھکاری۔ ہ۔ اسم مذکر۔ فقیر۔ گدا۔ منگتا +

بہکانا۔ ہ۔ فعل متعدی (۱) ورغلانا۔ اغوا کرنا۔ بھٹکانا۔ رستہ بھلانا (۲) دھوکا دینا۔ فریب دینا + جھوٹ بول کر یقین دلانا (۳) ڈہکانا (۴) غلطی کرانا (۵) جھوٹی اُمید بندھانا۔ وعدہ وعید کرنا (۶) ناحق اُن سے بُرا آمادہ کرنا (۷) کان بھرنا۔ بدی کرنا۔ بدگوئی کرنا +

بہکاوٹ۔ ہ۔ اسم مؤنث (عوام) دم۔ فریب۔ اغوا

بہکاوے یا بہکائے میں آنا۔ ہ۔ فعل لازم (۱) دھوکے میں آنا۔ دم میں آنا (۲) حمایت پر پھولنا۔ پُر چک پر کودنا +

بھکت۔ س۔ اسم مذکر۔ ہندو भक्त (۱) عابد۔ زاہد۔ پارسا۔ مرتاض۔ تپیسری (۲) پرہیزگار۔ متقی

بھکتی۔ س۔ اسم مؤنث भक्ति (۱) عبادت۔ پرستش۔ سیوا۔ پوجا (۲) خلوص۔ اخلاص (۳) عقیدت۔ ارادت +

بہک چلنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ بڑھ چلنا۔ اترانا۔ حد سے پاؤں نکالنا۔ مغرور ہونا +

بُھکرانڈ۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ کھتے کی سی بُو۔ ناگوار بُو +

بُھکرانڈا۔ ہ۔ صفت۔ خر

بھکسا۔ ہ۔ صفت۔ بن ا

بھکسنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ بھنیس کھانا۔ بگلنا۔ ٹھونسنا +

بھکشا۔ س۔ اسم مؤنث۔ بھیک

بھک منگا۔ ہ۔ اسم مذکر (۱) فقیر۔ گدا۔ ہر ایک کے آگے ہاتھ پھیلانے والا + نہایت مفلس + سائل + (۲) نا

بھکّڑ ہوا - ہ - اسم مذکر - بھوکوں کا ٹوٹا - فاقہ کش - گرسنہ روٹیوں کا مارا (تانیث میں بھکّڑ ہوئی) +

بہکنا - ہ - فعل لازم - راستہ سے پھرنا - گمراہ ہونا - بھٹکنا (۲) دھوکا کھانا - فریب میں آنا (۳) رپٹنا - پھسلنا جیسے ہاتھ بہکنا - قلم بہکنا (۴) بڑانا - نشہ میں کچھ کا کچھ کہنا + ہذیان ہونا - بخار میں بڑ لگنا - نیند میں باتیں کرنا (۵) پانوں ڈگمگانا - لڑنا - لڑکھڑانا (۶) بنکارنا - نشہ میں شور مچانا (۷) حد سے بڑھکر چلنا - اترانا +

بھکنا - ہ - فعل لازم - اناپ شناپ کھانا - بے اعتدالی سے کھانا + بکانا - بھکوسنا +

بھُکنا - ہ - فعل لازم - گھسنا - گھس جانا - چبھنا - سوئی یا کیل وغیرہ کا جسم میں اتر جانا +

بھکوا - ہ - اسم مذکر (۱) نادان - احمق - بیوقوف (۲) قرمساق - بھڑوا - دیوث (۳) مسخرہ - یاوہ گو +

بھکوسنا - ہ - فعل متعدی - عو - کھانا - نگلنا - ڈٹ کر کھانا +

[illegible] - ہ - صفت - (پورب میں) ا - سادہ لوح - مودھو ... (۲) چورا - برادہ جیسے تل بھکّا +

[illegible] ... سے کھائی ہوئی ... بھکّڑی ...

[illegible] (۱) ... لٹکانا - سر نیچا کرنا ... ورنہ لانگھ لینا (۳) پس پا کرنا ... منہ پھیر لینا - دانت کھٹّے کر دینا - ہرانا

[illegible] (۱) دیکھو بھگت (۲) تارک حیوانات ... گوشت کھانے سے پرہیز کرے - ... ایک مذہبی سوانگ جسمیں اکثر ... کرشن وغیرہ کا روپ بھرتے ہیں - ... تانیث بولتے ہیں (۴) سیانا - بھوپا - ... کرنے اور بھوت پریت اتارنے والا (۵) سنگتیا - سفروائی - سازندہ +

بھگت باز - ا - اسم مذکر - ... فرقہ جو لڑکوں کو نچاتا اور سوانگ وغیرہ بھرکر تماشا دکھاتا ہے +

بھگت بنانا - ہ - فعل متعدی (کنایۃً) ایسی وضع بنانا جسپر لوگ ہنسیں - مسخرہ بنانا +

بھگت ہونا - ہ - فعل لازم - گت ہونا - گت بننا - مٹّی پلید ہونا - دُرگت ہونا + (رشک)

اُس بت نے اپنے گھر سے نکلوائے اپنے دوست
بیت الصنم میں برہمنوں کی بھگت ہوئی

بھُگتانا - ہ - فعل متعدی (۱) پورا کرنا - انجام کو پہنچانا (۲) کرنا - بجالانا - تعمیل کرنا (۳) چکانا - بیباق کرنا (۴) تصفیہ کرنا - فیصلہ کرنا (۵) تقسیم کرنا - بانٹنا (۶) بازاری آدمی ... مار ڈالنے کو بھی کہتے ہیں +

بھُگتنا - ہ - فعل لازم (۱) پورا ہونا - انجام کو پہنچنا - نمٹنا - نبڑنا - ختم ہونا - تمام ہونا (۲) جھیلنا - برداشت کرنا - سہارنا - سہنا (۳) بے باق ہونا - چکنا جیسے قرضہ بھُگتنا (۴) بھرنا - بھوگنا جیسے قید بھُگتنا (۵) فیصلہ ہونا - تصفیہ ہونا (۶) عو - نباہنا - نباہ کرنا + بر سر (بسر) آنا (۷) ڈنڈ دینا - تاوان دینا (۸) حالت متعدی میں سمجھنا - نمٹنا جیسے ایک ایک سے بھُگت لونگا +

بھگتی - یا - **بھگتیا** - ہ - اسم مذکر - ناچنے گانے والا فرقہ بھانڈ - نقال +

بھگر - ہ - صفت - گلا ہوا اناج - گھُنے کا غلہ - وہ غلہ جسکا اناج نکل گیا ہو - بھکارا - ہی ہلکا کا غلہ +

بھگل - ہ - اسم مذکر - مکر - فریب - چھل - دھوکا - بناوٹ

بھگل گانٹھنا - ہ - فعل لازم - فریب بنانا - مکر کرنا شعبدہ بازی کرنا - بناوٹ کرنا +

بھگو - ہ - صفت - بھگوڑا + لڑائی میں سے بھاگ جانیوالا
گریزپا - وُہ غلام یا نوکر یا شاگرد جو آقا اور اُستاد کے پاس سے
بھاگ بھاگ جاے +

بھگوان - س - اسم مذکر - مختارِ مطلق - خدا تعالیٰ - پرمیشر
ایشر +

بھگو بھگو کے لگانا یا مارنا - ہ - فعل متعدی - جوتیاں
بھگو بھگو کر مارنا تاکہ زیادہ چوٹ لگے + نہایت سرزنش
کرنا - لعنت ملامت کرنا - از حد ذلیل کرنا - گ دہ میں نہلانا

بھگوتی - س - اسم مؤنث - دُرگا - دیوی - دیبی - بھوانی

بھگوڑا - ہ - صفت - دیکھو (بھگو) +

بھگونا - ہ - فعل متعدی - پانی میں ترکرنا - گیلا کرنا +

بھگی - ہ - اسم مؤنث - بھاگڑ - بھڑبڑ - ہلچل - افراتفری

بھگی پڑنا - ہ - فعل لازم - کھلبلی پڑنا - ہلچل ہونا + بھاگڑ
مچنا - خوف کے مارے بھاگنا +

بھل - ہ - صفت - بانجھ گاے بکری وغیرہ +

بھلا - ہ - صفت (۱) اچھا - عمدہ - بہتر - خوب (۲) نیک -
پاکدامن - نکوکار (۳) انوکھا عجیب + سہاونا - دلپسند -
دلآویز - دلکش (۴) کلمۂ ایجاب - ہاں - اچھا - بلے -
آری - (۵) تابع فعل میں) ٹھیر - دم لے - صبر کر + خیر - سمجھونگا - دیکھا
جائیگا (۶) کلمۂ تنبیہ --- (۷) ایک کلمہ زائد ہے جو اکثر حسن کلام کے
واسطے زبان پر آتا ہے اور بعض لوگوں کا تکیہ کلام بھی ہوتا ہے -
کیا کرونگا میں بھلا باغ اُجاڑ کر + آشیانی کو ہو اگر منت حسن خار بہت
(۸) سلوک - نیکی (۹) اشراف - شریف جیسے بھلا سا ہو تو اب
اُسکے پاس تک نجاے +

بھلا آدمی - ہ - اسم مذکر (۱) اچھا آدمی + نیک بخت
آدمی + شریف آدمی - عزت دار آدمی (۲) طنزاً - شریر -
فتنہ انگیز - چالاک + نالایق - پاجی +

بھلاجی - یا بھلا صاحب - ہ - ندا بطور طنز - خیر کیا
مضائقہ ہے - کیا ڈر ہے +

بھلا چاہنا - ہ - فعل لازم - بہتری چاہنا - خیر چاہنا +

بھلا چنگا - ہ - اسم مذکر - تندرست - اچھا چنگا - صحیح سالم
موٹا تازہ - خاصہ +

بھلا کرنا - ہ - فعل متعدی (۱) اچھا کرنا (۲) نیکی کرنا -
سلوک کرنا - خیرات کرنا جیسے بھلا کر بھلا ہوگا +

بھلا لگنا - ہ - فعل لازم - اچھا معلوم دینا - زیب دینا

بھلا مانس - ہ - اسم مذکر - بھلا آدمی - مرد آدمی - مہذب
(۲) خلیق - ملنسار - خوش مزاج (۳) اشراف - شریف
ذی عزت (۴) نیکبخت - نیکذات (۵) سیدھا - صاف
دل (۶) طنزاً - بد - شریر - فسادی +

بھلا ماننا - ہ - فعل لازم - اچھا جاننا - احسانمند ہونا

بُھلانا - ہ - فعل متعدی (۱) فراموش کرنا - یاد سے اُتارنا
یاد نہ رکھنا (۲) دھوکا دینا - فریب دینا +

بہلانا - ہ - فعل متعدی (۱) کھیل میں لگانا - کر...
میں مشغول کرنا - بچے کو رونے سے
دم میں لانا - دم دینا -
دینا - تشفی دینا - جھوٹی
سیرو تماشے سے دلکو خو

بُھلاوا - ہ - اسم مذکر (۱) مغا
فریب - دغا - دھوکا +

بہلاوا - ہ - اسم مذکر - تفریح

بِھلاواں - ہ - اسم مذکر - ایک
میں پڑتا ہے مزا جاجو بھے درجہ میں
نزدیک دُوم میں - بلادُر

بُھلائی - ہ - اسم مؤنث (۱) نیکو

(۲) خیر خواہی (۳) نیک نامی (۴) فائدہ منفعت (۵) خوبی عمدگی (۶) خوبصورتی ۔ حُسن (۷) سلوک + خیرات احسان

بھلائی رہنا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ نیکنامی رہنا ۔ نیکنام یادگار رہنا ۔ نیکی قایم رہنا +

بھلائی لینا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ نیکی یا ثواب حاصل کرنا ۔ احسان کرکے نیکنامی حاصل کرنا ۔ دُعا لینا +

بھل بھل ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ بہت سے پانی کے ایک ساتھ گرنے کی آواز + دھل دھل +

بھلبھلانا ۔ ہ ۔ فعل متعدی ۔ بھوبل یا بالو میں کسی چیز کو بھونتا +

بھلسنا ۔ ہ ۔ فعل لازم و متعدی ۔ نیم سوختہ ہونا ۔ جھلسنا ۔ بھنتا ۔ جلنا ۔ بھوبل یا کسی گرم چیز سے جلکر بھرتا ہوجانا ۔ جلانا ۔ بھونتا ۔ جھلسنا +

بھلکڑ ۔ ہ ۔ صفت ۔ بہت بھولنے والا ۔ فراموش کار ۔ غلطکار ۔ بھول بھول جانے والا +

بھلمنسات ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ عوام ۔ شرافت انسانیت ۔ آدمیت ۔ آدمگری +

بھلمنسائی ۔ یا بھلمنسی ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ دیکھو بھلمنسات

بہلنا ۔ ہ ۔ فعل لازم (۱) سیر و تماشہ سے خوش رہنا ۔ کسی شغل میں مشغول ہونا ۔ رنج یا غم بٹنا +

بہلہ ۔ ف ۔ ہ ۔ اسم مذکر (۱) چمڑے کا دستانہ جو میر شکار اپنے ہاتھ میں پہنکر باسیرا اور شاہین وغیرہ کو بٹھاتے ہیں)

بہلی ۔ ہ ۔ اسم [illegible] ث ۔ بیل کی گاڑی ۔ بیلوں کی بڑی گاڑی جسمیں [illegible] عورتیں [illegible] رہوتی ہیں +

بہلیا ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ پرندوں کا شکاری ۔ صیاد ۔ تیر و کمان یا اسلحہ [illegible] نے والا +

[illegible] ۔ ہ ۔ محاورہ بطور طنز ۔ خوب آئے ۔ بہت دیر میں آئے ۔ اچھا انتظار دکھایا +

بھلے کا زمانہ نہیں ۔ ا ۔ (مثل) یعنی ایسا اُلٹا زمانہ ہے کہ بھلائی کرتے بُرائی پلّے بندھتی ہے +

بھلے کو ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ خوب شد ۔ خیر شد ۔ خوب ہوا (اکثر حتیٰ المتقدم یا کسی خلاف امر کے پیش آنے سے بچ جانے پر یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں جیسے ۔ تجرم تہ تیغ ہی رکھا تھا گلے کو + کچھ بُرا مُنہ سے نہ نکلا تھا بھلے کو)

بھلے ہے ۔ ہ ۔ فقرہ (۱) خیر ہے + اچھی ہے + (۲) عو ۔ ہمزہ ہے

باہم ۔ ف ۔ تابع فعل ۔ ساتھ ۔ بایکدیگر + آپس میں (اصل میں یہ لفظ باہم کا مخفف ہے تنہا بہت کم اور دیگر الفاظ کے ساتھ اکثر پہلے واقع ہوکر مختلف معنی پیدا کرتا ہے)

بہم پہنچنا ۔ ا ۔ فعل لازم ۔ حاصل ہونا ۔ میسّر آنا ۔ دستیاب ہونا ۔ مہیّا ہونا +

بھمباقا ۔ یا ۔ بھمباکا ۔ ا ۔ اسم مذکر ۔ بڑا چھید ۔ وہ بڑا سوراخ جو آر پار ہوجائے +

بھمبو ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ موٹی عورت ۔ بھدلیسلی عورت +

بہن ۔ ہ ۔ اسم مؤنث (۱) ماجائی ۔ ہمشیرہ ۔ باجی ۔ بُوا ۔ خواہر بھینا ۔ بے بے (۲) آپسمیں برابر والیاں بھی ایک دوسرے کو اس لفظ سے خطاب کرتی ہیں +

بہنا ۔ ہ ۔ فعل لازم (۱) رواں ہونا ۔ جاری ہونا (۲) پانی کی رَو میں چلا جانا (۳) پھسلجانا ۔ جگہ سے ہٹجانا جیسے ٹوپی کی گوٹ یا حرف کا دائرہ بہنا (۴) تو ہنا ۔ اسقاط ہونا ۔ جانور کے حق میں بولتے ہیں (۵) چلا جانا ۔ جیسے کہاں بہ گیا تھا (۶) ہوا چلنا (۷) پھوڑا پھوٹنا ۔ مواد نکلنا (۸ ۔ ہندو) رقیق ہونا ۔ پتلا ہوجانا ۔ ڈھب ڈھب ہوجانا جیسے دال ترکاری کا بہنا ۔ (۹) پگلنا ۔ تپنا (۱۰) غارت ہونا ۔ برباد ہونا (۱۱) تتر بتر ہونا ۔ متفرق ہوجانا (۱۲) گردوں کا

بھنڈا - ہ - اسم مذکر - دیکھو (بھنڈ) +

بھنڈار - ہ - اسم مذکر (۱) گودام - ذخیرہ - کوٹھار - کوٹھیار (۲) سطح دریا - سطح آب (۳) پانی کا خزانہ +

بھنڈارا - ہ - اسم مذکر (۱) سنیاسیوں اور جوگیوں کی ضیافت - درویشوں کی ضیافت (۲) کھوپری - سر (۳) پیٹ - شکم (۴) پھکیتی کی ایک ضرب کا نام ہے جو حریف کے بائیں پہلو پر لگاتے ہیں +

بھنڈاری - ہ - اسم مذکر (۱) باورچی - خانساماں (۲) کوٹھاری - گودام کا محافظ (۳) مودھی - وہ شخص جو کسی کی طرف سے فقیروں کو غلہ تقسیم کرے +

بھنڈ پیرا یا **بھنڈ قدما** - ہ - صفت - عو - نحس قدم - منحوس قدم - منحوس - وہ شخص جسکا پیرا برا ہو +

بھنڈسال یا **بھنڈسار** - ہ - اسم مؤنث - وہ غلہ کا گودام جو ارزانی میں خرید کر گرانی میں بیچنے کے واسطے بھرا جائے + کھتی - کھتا - ذخیرہ - گولا - گنج +

بھنڈسالی - ہ - اسم مذکر (۱) کھتا بھرنے والا - وہ شخص جو ارزانی میں خرید کر گرانی کے واسطے غلہ بھر رکھے (۲) کھتے کا گلا ہوا اندا - بودار غلہ - گلا سڑا غلہ +

بھنڈ کرنا - ہ - فعل متعدی (۱) توڑنا (۲) بگاڑنا - بھنگ کرنا - پریشان کرنا - خراب کرنا + کھنڈت کرنا (۳) بے انتظامی پھیلانا - بدنظمی کرنا + بے رونقی پھیلانا +

بھنڈی - ہ - اسم مؤنث (ایک ترکاری کا نام ہے جسکے اوپر بہت سے رونئیں ہوتے ہیں اور پورب میں اُسے رام تُرئی کہتے ہیں مرا خیال وہ بدرجہ میں سہو ہوا ہے)

بھنڈے خانہ - ہ - اسم مذکر - وہ کوٹھڑی یا مکان جسمیں حقے کا سامان رہتا ہے +

بھنڈیلا - ہ - تصغیر یا تحقیر (۱) گھٹیل بھانڈ - نقال (۲) بھکڑ باز - ٹھٹول - جگت باز +

بھنک - ہ - اسم مؤنث (ہندو بفتح با) دھیمی آواز - ہلکی آواز - اُڑتی ہوئی بات - نرم آواز + مکھیوں کی آواز +

بھنکنی صورت - ہ - صفت - عو - گھناؤنی صورت - مکروہ صورت +

بھنکنا - ہ - فعل لازم (۱) مکھیوں کا بھنبھنانا اور ہجوم کرنا (۲) سست بیٹھنا - خالی بیٹھے مکھیاں اُڑانا +

بھنگ - ہ - اسم مؤنث - سبزی - بجیا - بنگ - بوٹی - ٹھنڈائی - ایک قسم کی نشیلی پتی (۲) شکستگی + بربادی - مسماری +

بھنگ کرنا - ہ - فعل متعدی - توڑنا - مسمار کرنا - پائمال کرنا - برباد کرنا - غارت کرنا - خراب کرنا - بگاڑنا +

بھنگ کے بھاڑے میں جانا - ہ - فعل لازم - مفت جانا - ضائع ہونا - بے سود صرف ہونا - رائیگاں جانا +

اگرچہ بعض لوگ اسکی اصل بھگ کا بھاڑا (خرچ) خیال کرتے ہیں مگر میری رائے میں چونکہ یہ محاورہ اہل اسلام میں زیادہ رایج ہے اور وہ لوگ کل نشہ کی چیزوں کو حرام مانتے ہیں پس حرام چیز پر جو کچھ صرف ہو وہ بھی بیجا اور رائیگاں ہے کیونکہ ایک تو خود وہ چیز حرام دوسرے اُسپر بھاڑے کا خرچ پس یہ حماقت پر حماقت ہے +

بھنگا - ہ - اسم مذکر - ایک بہت چھوٹا سا اُڑنے والا کیڑا جو اکثر برسات میں پیدا ہوتا اور چھتا باندھکر اُڑتا ہے - بعض گُڑ میں سے بھی نکلا کرتا ہے +

بھنگرا - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کی بدبو والی بوٹی جسے لوگ بھنگرا بھی کہتے ہیں +

بھنگراج - ہ - ایک قسم کا کوے سے چھوٹا اور نہایت

خوش آواز پرند جسے اکثر لوگ پالتے ہیں +

بھنگکڑ - ھ - اسم مذکر (۱) بہت بھنگ پینے والا - سبزی باز (۲) یاوہ گو - گپی - غپیا +

بھنگن - ھ - اسم مؤنث (۱) مہترانی - خاکروبن - چوڑھی حلالخوری (۲) بھنگ پینے والی - بھنگ بیچنے والی (۳) پیار سے بھنگڑ لوگ بنگ کو بھی کہتے ہیں جیسے بھنگن خوشرنگن اور نئی اسحال چھیتن چھپا +

بھنگی - ھ - اسم مذکر (۱) خاکروب - مہتر - چوڑھا - حلالخور کناس (۲) بنگ نوش (۳) ایک قسم کا لٹو - چکیلی لٹو +

بہنگی - ھ - اسم مؤنث - وہ بانس کی موٹی لکڑی جسکے دونو طرف رسی باندھکر بوجھ اٹھاتے ہیں +

بھنگیرا - ھ - اسم مذکر - گھٹی ہوئی سبزی بیچنے والا +

بھنگیڑ خانہ - ھ - اسم مذکر (۱) وہ جگہ جہاں لوگ مِلکر بھنگ گھوٹتے اور پیتے ہیں - تکیہ + (۲) وہ مقام جہاں کس وناکس جمع ہوں (۳) دکان بنگ فروش +

بھنگیڑ خانہ کی گپ - ھ - اسم مؤنث - بے سروپا بات غیر معتبر خبر - بازاری گپ +

بھنگیڑن - ھ - اسم مؤنث - ساقن - وہ عورت جو نشہ بازوں کو حقہ اور بنگ وغیرہ قیمتاً پلاتی ہے +

بھننگ - ھ - اسم مؤنث - دیکھو (بھنگ)

بھنوانا - ھ - بھوننے کا متعدی المتعدی +

بھنور - ھ - اسم مذکر - گرداب - ورطہ - چرخاب (جب دریا میں کسی گڑھے کے باعث پانی چکر کھاتا ہے تو اُسے بھنور کہتے ہیں)

بھنور پڑنا - ھ - فعل لازم - پانی کا چکر کھانا - گرداب پڑنا

بھنور جال - ھ - اسم مذکر - دنیا - دنیا کے پھندے اور اُسکی گردش +

بھنور کلی - ھ - اسم مؤنث - لوہے یا پیتل وغیرہ کا

حلقہ جو کتے یا بکری وغیرہ کے گلے میں ڈالتے ہیں - گنڈا اور کڑی +

بہنوئی - ھ - اسم مذکر - بہن کا خاوند - شوہر خواہر - جیجا +

بُہنی - ھ - اسم مؤنث - پہلی بکری - اول اول دام لیکر بیچنا جسے فارسی میں دشت کہتے ہیں +

بُہنی کرنا - ھ - فعل متعدی - پہلے نقد بیچنے کا شگون کرنا

بہنیلی - ھ - اسم مؤنث - عو - بنائی ہوئی بہن - خواہر خواندہ - منہ بولی بہن +

بہو - ھ - اسم مؤنث (۱) دلہن - کدبانو - عروس (۲) بیٹے کی جورو (۳) جورو - بیوی (ہندو) ۴ - عو - چھنو - بچہ کا عضو تناسل (۵) معزز ہندو عورت (۶) جس محلہ میں کوئی عورت بیاہ کر جاتی ہے اُس محلہ والے بھی اسکو بہو کہتے ہیں مگر گنوار یا ہندو +

بھو - ھ - اسم مذکر (ہندی) خوف - ڈر - دہشت - ہیبت

بھو - ھ - اسم مؤنث (۱) مٹی - خاک - (۲) زمین - دھرتی

بھوآ - ھ اسم مؤنث (ہندی) باپ کی بہن - پھپھی - بوا - پھوپی +

بھوانی - س - اسم مؤنث (۱) شیورانی - شیوجی کی جورو - درگا - پاربتی - ستی (۲) چیچک - سیتلا - ٹھنڈی +

بھوبل - ھ - اسم مؤنث (۱) جلتی ہوئی راکھ یا خاک خاکستر گرم (۲) ریت - بھوبھڑ +

بھوپالی - ھ - اسم مؤنث - ایک راگنی کا نام ہے +

بھوت - ھ - اسم مذکر (۱) گذری ہوئی گزرا ہوا + وہ مُردہ جو جسم چھوڑنے کے بعد دنیا میں بھٹکتی پھرتی ہے - پریت - جن - شیطان (۲) شیوجی کے جاسوس - شیوجی کی فوج (۳) جیو دھاری - جنتو - ذی روح (۴) حکمائے ہند کے عنصروں میں سے ایک عنصر (۶) بو نت میں پچھلا

کی طرح لپٹنے والا (۷) بدہیئت - بدصورت - کالا بھجنگ - خاک آلودہ (۸) فعل ماضی (۹) نشہ میں غرقاب میں بھوت سرشار - آپے سے باہر +

بھُوت اُتارنا - ہ - فعل متعدی - کسی منتر یا عزیمت کے وسیلہ سے پریت کو ہٹانا - جن اُتارنا +

بھُوت اُترنا - ہ - فعل لازم (۱) جن اُترنا - پریت دُور ہونا (۲) غصہ اُترنا - آپے میں آنا +

بھُوت بنا - ہ - فعل لازم (۱) نشہ میں دھت ہونا - مبہوت ہونا - سرشار ہونا (۲) غصہ میں آپے سے باہر ہونا - آگ بگولا ہونا - افروختہ ہونا (۳) خاک آلودہ ہونا - موری کا کھتنا بنا (۴) ہمہ تن مصروف ہونا جیسے کھیل میں بھوت بن رہا ہے (۵) بھچھترا ہونا - جن بنا +

بھُوت چڑھنا - ہ - فعل لازم - جن چڑھنا - غصہ کا سوار ہونا

بھُوت کا پکوان - ہ - اسم مذکر (۱) وہ پکوان جو بھوت کے ذریعہ سے ملے (۲) مفت کی دولت جو آسانی ہاتھ آئے اور بہت جلد صرف ہو جائے +

بھُوت ہو کر چمٹنا - ہ - فعل لازم - نہایت گرویدہ اور بھچھترا ہونا - سر ہونا +

بھُوت ہونا - ہ - فعل لازم - غصہ میں اندھا ہونا یا آپے سے باہر ہونا + نشہ میں غرقاب ہونا +

بھُوتنی - ہ - اسم مؤنث - دیکھو - (بھتنی)

بھُوتنی والا - ہ - اسم مذکر - بازاری چڑیل کا - ایک گالی ہے +

بھُوج - ہ - اسم مذکر (۱) کھانا - آہار (۲) دعوت - ضیافت - برہم بھوج یعنی برہمنوں کی ضیافت +

...جی - ہ - اسم مؤنث - (ہندو) بڑے ... بھاوج - زن برادر +

بھُوج پتر - ہ - اسم مذکر (اس میں بھوج پتر भूर्ज पत्र تھا) ایک درخت کی چھال جو پتے کے مانند ہوتی ہے اگلے زمانہ میں اُس پر لکھا کرتے تھے اب حُقّہ کی نلی وغیرہ پر لپیٹتی اور چھتری پر بجائے غلاف چڑھاتے یا جنتر منتر لکھتے ہیں +

بھُوجَن - ہ - اسم مذکر - کھانا - آہار - طعام - خاصہ - اُلش

بھوجن کرنا - ہ - فعل لازم - کھانا کھانا - تناول فرمانا

بھُوجی - ہ - اسم مؤنث - ہندو - دیکھو (بھجیا) +

بھَوجی - ہ - اسم مؤنث - ہندو (۱) عزت دار عورت (۲) وہ مرد جو عورتوں کی سی حرکتیں کرے - زنانہ +

بھُوچکّا - ہ - صفت (۱) خوف سے بدحواس ہونے والا (۲) بک دل - متحیر - حیران - ہکّا بکّا - متعجب +

بھوچکا رہنا - یا ہونا - ہ - فعل لازم - حیران و متعجب رہنا +

بھُوڈَل - ہ - اسم مذکر - ابرک - چلچل (ایک چمکدار کانی چیز جسکے ڈلے سے مٹی میں بھرے ہوئے زمین کے اندر سے نکلتے ہیں اور اُسے پیسکر اکثر برتنوں پر چڑھاتے ہیں یا ثابت ورقوں کے کنول بناتے ہیں - بعض لوگ بھوڈل بھی کہتے ہیں) +

بھُور - ہ - اسم مؤنث - صبح - نور کا تڑکا - بامداد - پگاہ - گجردم

بھور ہونا - ہ - فعل لازم (۱) صبح ہونا (۲) جاتا ہونا (۳) بالکل صفایا ہو جانا - کچھ نہ رہنا (۴) ختم ہونا - تمام ہونا (۵) خوب پٹنا +

بھُورا - ہ - صفت (۱) مٹیالا رنگ - وہ سیاہ رنگ جس میں سُرخی اور زردی ملی ہوئی ہو - سُنہری رنگ (۲) سیاہ مایل بہ سفیدی جیسے بھورے بال (۳) اسم میں وہ نیلا کبوتر جسکے جابجا سفید پر نکل آئیں - نیلا بھورا کبوتر +

بھُوری - ہ - اسم مؤنث (پورب میں) وہ روٹی جو انگاکو پر پکاتے ہیں - انگاکڑی +

بھوڈھ - ہ - اِسمِ مؤنث - ریگستان - ریتلی زمین - ریت کا مُلک

بھوڑا - ہ - اِسمِ مذکر (از بھُرنا بمعنی واپس آنا) وُہ کھانا جو جو دُلہن والے برات کو وِداع کرتے وقت دُولہا کے ساتھ کر دیتے ہیں جسے بہوڑے کا کھانا بھی کہتے ہیں - ولیمہ - طعامِ ماحضر +

بھوسا - ہ - اسمِ مذکر (گنوار) ا - دیکھو بُھس +

بھوسی - ہ - اسمِ مؤنث (۱) بُھس کی تصغیر - سبوس - چوکر - وُہ غلّہ کا چھلکا جو آٹے میں سے نکلتا ہے +

بھوسی ہے - ہ - محاورہ (لڑکے انکار کے موقع پر یہ لفظ کہتے ہیں اور اکثر جب کوئی شخص کچھ چیز لینے کے بعد اور زیادہ لینے کی خواہش ظاہر کرتا ہے تو اُس وقت جواباً یہ لفظ زبان پر لایا جاتا ہے یعنی اب خاتمہ ہے اب ہو چکی - صبر کرو +

بھوک - ہ - اسمِ مؤنث (۱) اشتہا - گرسنگی - جُوع - کُھدّیا - کھانے کی خواہش (۲) خواہش - چاہنا - چاہ - ضرورت - حاجت - اِس معنی میں اکثر تاجر لوگ بولتے ہیں +

بھوک بند ہونا - ہ - فعل لازم - بھوک نہ رہنا - بھوک نہ لگنا - اشتہا باطل ہونا +

بھوک بھاگنا - ہ - فعل لازم - کھانے کی پروا نہ رہنا جیسے نہایت خوبصورت یا عُمدہ چیز کی تعریف میں کہتے ہیں کہ اُسے دیکھ کر بھوک بھاگتی ہے +

بھوک پیاس - ہ - اسمِ مؤنث - اوّل ظاہر (۲) نہوت - فاقہ کشی - تنگی - مُفلسی + اشدّ ضرورت +

بھوک لگنا - ہ - فعل لازم (۱) اشتہا ہونا - کُھدّیا لگنا - معدہ کو خواہش طعام ہونا +

بھوک مرنا - ہ - فعل لازم - اشتہا زائل ہونا +

بھوکا - ہ - صفت (۱) گرسنہ - کھانے کی خواہش رکھنے والا (۲) خواہشمند - غرضمند - خواہاں - عازم (۳) بھوکوں کا کا ٹوٹا - قحط زدہ - فاقہ کش (۴) نہایت مُفلس - قلّاش (۵) شایق - عاشق - فریفتہ - دلدادہ - معشوقوں جیسے محبت کا بھوکا (۶) مشتاق - آرزومند - متمنّی - تمنّا رکھنے والا

بھجواؤ گھر میں بجر کے اسے جان حاضری
(مجرا) بھوکا تمہارے دید کا کچھ کھا کے مرگیا

(۷) صافا - وُہ دست آور دوا جو بُھیر کو لڑانے کے دنوں میں [illegible] دیتے ہیں +

بھوکا مرنا - ہ - فعل لازم (۱) فاقہ کشی کرنا - تنگی سے گزر اوقات کرنا - مشکل سے گزر ہونا (۲) بھوک کے مارے جان [illegible] آجانا - انتڑیاں قُل ہو اللہ پڑھنا - بھوک سے بیدم ہونا

بھوکوں مرنا - ہ - فعل لازم - عو - دیکھو بھوکا مرنا نمبر ۲

بھوگ - ہ - اسمِ مذکر (۱) بھوجن - طعام - کھانا (۲) پرشاد - دیوتاؤں کا کھانا - وُہ خوردنی چیزیں جو مندر [illegible] دیوتاؤں کو چڑھاتے ہیں (۳) ایک بھجن اور راگنی کا بھوگ جو صبح کے وقت کرشن جی کی بھوگ کی تعریف میں گاتے ہیں - یہ کہلاتی (۴) خوشی - انبساط - حظِّ نفس - آنند - سکھ چین - آرام - عیش عشرت (۵) مجامعت - مباشرت (۶) عو - گالی - دشنام - ناملائم بات +

بھوگ بلاس - ہ - اسمِ مذکر - عیش و عشرت + حظِّ نفس + رنگ رس - رنگ رلیاں +

بھوگ ملنا - ہ - فعل لازم - عو (۱) گالیاں پڑنا + لعنت ملامت ہونا - دُر دُر پھٹ پھٹ ہونا - سخت سُست سُننا +

بھوگ دینا - ہ - فعل متعدی - عو - گالیاں سُنانا - بُرا کہنا - لعنت ملامت کرنا +

بھوگ سُنانا - ہ - فعل متعدی

بھوگ کرنا - ہ - فعل لازم - مُجا

سونا - بولنا +

بھوگ لگانا - ۵ - فعلِ متعدّی (۱) کھانا - تناول فرمانا - نوش کرنا (۲) دیوتاؤں پر شیرینی وغیرہ چڑھانا - دیوتاؤں کو بھوجن کرانا +

بھوگنا - ۵ - فعلِ لازم (۱) حظ اُٹھانا - مزا اُڑانا - عیش کرنا - آنند کرنا (۲) جھیلنا - سہنا - برداشت کرنا - اُٹھانا - گوارا کرنا جیسے دُکھ بھوگنا (۳) بھگتنا - بھرنا +

بھوگی - ۵ - اسم مذکّر (۱) عیّاش - شہوت پرست - زناکار - زانی - خراباتی - نفس پرور (۲) مجامعت کنندہ - کامی (۳) خورندہ - بھوجن کرنے والا (۴) آنندی - سکھی (۵) آرام طلب - عیش طلب - جیسے من بھوگی کرم دلدّری

بھول - ۵ - اسم مذکّر (ہندی) دوات - بھولکا +

بھول - ۵ - اسم مؤنث (۱) چوک - فراموشی - سہو و نسیان (۲) غلطی - غلط کاری (۳) خطا - قصور + لغزش (۴) دھوکا + شُبہ +

بھول پڑنا - ۵ - فعلِ لازم - سہو ہونا - غلطی ہونا - فراموشی ہونا - یاد سے اُترنا +

بھول چوک - ۵ - اسم مؤنث - سہو و خطا - لغزش

بھول کے آنا - ۵ - فعلِ لازم - غلطی سے چلا آنا - دھوکے سے آنا - سہو سے آنا ؎

مرے مکان پہ دھوکا رقیب کے گھر کا
کسیکا بھول کے آنا بھی یادگار رہا

بھول کے نکرنا - ۵ - فعلِ متعدّی - جھوٹوں نکرنا - بالکل نکرنا - ہرگز ہرگز کوئی کام نکرنا +

بھولے سے یاد کرنا - ۱ - فعلِ لازم (۱) سہو سے کسیکو یاد کرنا - یاد دلانا (۲) ایک کام کو فراموش کرنا کسی چیز کو بھلا کر پھر یاد کرنا +

بھولا - ۵ - صفت (۱) سیدھا سادھا - بے تکلّف + سادہ دل - بے کپٹ - بے کینہ (۲) بچّوں کی سی عقل والا - نادان - سادہ لوح - مودھو - کم عقل (۳) ناتجربہ کار - ناآزمودہ کار - اپنی بُرائی بھلائی میں تمیز نکرنے والا - (۴) انجان - ناواقف +

بھولا بسرا - ۵ - صفت (۱) چت سے اُترا ہوا - از یاد رفتہ - بھولا چوکا (۲) راہ گم کردہ - راہ فراموش کردہ -

بھولا بھالا - ۵ - اسم مذکّر (۱) سیدھا سادہ - بے تکلف (۲) بے کپٹ (۳) معصوم صفت - بچّہ - بالا +

بھولا بھٹکا - ۵ - صفت - راہ گم کردہ - ڈانواں ڈول رستہ بھولا ہوا +

بھولاپن - ۵ - اسم مذکّر (۱) سادگی - سادہ مزاجی + معصومیت (۲) سادہ لوحی - نادانی (۳) ناتجربہ کاری (۴) وُہ نرمی اور ملائمت جو بچّوں اور معشوقوں کے چہرے پر برستی ہے +

بھولا چوکا - ۵ - صفت - دیکھو - (بھولا بسرا)

بھولا چیتا - ۵ - اسم مذکّر - خراب حافظہ - سہو مزاج +

بھولا ناتھ - ۵ - اسم مذکّر - مہادیو - شیوجی کا لقب +

بھول بھلیّاں - ۵ - اسم مؤنث (ایک خاص طرح کی عمارت ہوتی ہے جسمیں بہت سے ہمشکل دروازے اور پیچ دریپچ راستے اس انداز سے بنائے جاتے ہیں کہ انجان کو ہر دفعہ دھوکا ہو اور رستہ نپائے جب نکلے جب دُوسرے ہی دروازہ سے نکلے اور تمام مکان میں بھٹکا بھٹکا پھرے) +

بھولنا - ۵ - فعلِ لازم (۱) چت سے اُترنا - فراموش ہونا (۲) خیال نرہنا - یاد نہ رہنا (۳) غلطی کرنا - خطا کھانا - چوکنا (۴) بھٹکنا - رستہ گم کرنا + گمراہ ہونا (۵) دھوکا کھانا - فریب میں آنا - بے آزمائش گرویدہ ہونا جیسے میں

ؔ اصل میں بھولا بالا تھا -

تو تیری لال نگیا پہ بھول رہے رجوا (رگیت)

(۶) اِترانا - غرور کرنا - گھمنڈ کرنا - (مصرع)

دولت و اقبال پہ مست بھولو ابیرو +

(۷) غافل ہونا - بےخبر رہنا - خوابِ خرگوش میں ہونا

بھولی - ہ - اسم مؤنث - سیدھی سادھی اور بے کپٹ عورت - کم سن عورت - سادہ مزاج عورت - نادان عورت +

بھولی بھولی باتیں - ہ - اسم مؤنث بچوں کی سی باتیں - پیاری پیاری باتیں - سادہ لوحی کی باتیں

بھولی بھولی صورت - ہ - اسم مؤنث - روٹھی صورت کے خلاف - پیاری پیاری صورت - سہانی صورت

بھولے بھٹکے - ہ - تابع فعل - کبھی کبھار - بھولے چوکے گاہے ماہے - رستہ بھول کر - اُوکے چُوکے +

کبھی وہ بھولے بھٹکے آ ہی جاتے

جو میرا گھر دلِ اغیار ہوتا (بزمی)

بھوم - ہ - اسم مؤنث (۱) دھرتی - زمین - ارض (۲) پرتھی - خلائق - دُنیا - سنسار (۳) جگہ - استھان مقام - (۴) مُلک - ولایت - اقلیم - دیار (۵) وطن دیس - زاد و بوم +

بھومیا - ہ - اسم مذکر (۱) زمیندار - مالک زمین + گانو کا دیوتا جسے بھوئیاں بھی کہتے ہیں (۲) پرانا باشندہ - قدیمی ساکن (۳) وہ بہت پرانا سانپ جس کے سر پر بال نکل آتے ہیں +

بھوں - ہ - اسم مؤنث - ابرو - بھرکُٹی - وہ جگہ اور بال جو آنکھوں کے پپوٹوں سے اوپر اور ماتھے سے نیچے بشکل قوس ہوتے ہیں +

بھوں تاننا - ہ - فعل لازم (۱) چیں بہ ابرو ہونا - تیوری چڑھانا - ناراض ہونا - خفا ہونا - آزردہ ہونا - رنجیدہ ہونا (۲) ناز کرنا - نخرہ کرنا (بھویں زیادہ بولتے ہیں)

بھوں چڑھانا - ہ - فعل لازم - دیکھو بھوں تاننا جمع کے ساتھ زیادہ بولتے ہیں اگرچہ مصحفی - رنگین وغیرہ نے واحد ہی باندھا ہے +

بھون - س - اسم مذکر (۱) جگہ - مقام - گھر - استھان مسکن جیسے بجھی بھون (۲) مندر - مٹھ - دیوی کا استھان +

بھوں بھوں رونا - ہ - فعل لازم - عو - بُری آواز سے رونا - بدآواز ہو کر رونا کُتّے کی طرح رونا +

بھوں بھوں کرنا - ہ - فعل لازم (۱) بھونکنا - کُتّے کی طرح بولنا (۲) بکنا - بکواس کرنا - بیہودہ بکنا

بھونپو - ہ - اسم مذکر - نرسنگا - ترئی - نرسنگا کا چھوٹا سا بگل ہوتا ہے جسے جوگی اکثر بجاتے ہیں - ہندوؤں کے نزدیک یہ شیوجی کی فوج کا ترم ہے +

بھونچال - ہ - اسم مذکر - اصل میں بھوم چال تھا زمین لرزہ - زلزلہ - ہِلن چَلن +

بھونچکا - ہ - صفت - خوف زدہ - متحیر - ہکا بکا متعجب - حیران و پریشان +

بھوندو - ہ - صفت - گُندہ ناتراش - سادہ لوح نہایت بیوقوف - مودھو - احمق +

بھونڈا - ہ - صفت - بدول - بدرُوپ - زشت زبون - بدصورت - بدقطع +

بھونڈاپن - یا - بھونڈاپا - ہ - اسم مذکر - عو - بدنمائی - بدصورتی - بدتہذیبی +

بھونڈا نخرہ - ہ - اسم مذکر - عو - نازیبا نخرہ - ناشستہ غمزہ +

بھونڈی - ہ - تانیثی صفت - دیکھو (بھونڈا) +

بھونڈی باتیں - ہ - اسم مؤنث - عو - سخن نازیبا - بدتمیزی کی باتیں +

بھونڈی صورت - ا - اسم مؤنث - بھدسیلی صورت بدشکل - صورت ناموزوں +

بھونر - ہ - اسم مذکر - دیکھو - (بھنور) +

بھونر پڑنا - ہ - فعل لازم - دیکھو - (بھنور پڑنا)

بھونرا - ہ - اسم مذکر (۱) مذھپ - الی (ایک قسم کا سیاہ تنتیا جو اکثر لکڑی میں چھید کرکے رہتا ہے اُسکی گونجدار آواز سے گرمی کا سماں بندھتا ہے ہندی شاعروں نے اُسے کنول کے پھول کا عاشق اور چمپہ کا دشمن باندھا ہے کیبشر لوگ عاشق صادق سے تشبیہ دیتے ہیں) (۲) تہ خانہ - دخمہ (۳) نہایت کالی چیز کو بھی اس سے تشبیہ دیتے ہیں جیسے کالا بھونرا - بھونرالی جامن +

بھونری - ہ - اسم مؤنث (۱) وہ بالونکا چکر جو گھوڑے یا آدمی کے جسم خواہ سر پر ہو اسکو لوگ منحوس خیال کرتے ہیں (۲) پورب میں - باٹی - انگاکڑی - وہ روٹی جو انگاروں پر پکا لیتے ہیں (گنوار) ۳ - بھونرے کی مادہ

بھونسنا - ہ - فعل لازم - ہندو عو - بھونکنا +

بھونکانا - ہ - فعل متعدی - عو - چخوانا - بکوانا - پٹوانا - دق کرنا - ستانا - چھیڑ کر غل مچوانا +

بھونگرا - ہ - صفت (۱) موٹا - بھدا (۲) موٹی گلگلہ سی ناک (۳) ہندو عو - شلنگا - بڑے بڑے ٹانگے - پیبڑے

بھونکنا - ہ - فعل لازم (۱) کتے کا چلانا - بھوں بھوں کرنا عوعو کرنا (۲) بکنا - ہرزہ سرائی و بیہودہ گوئی کرنا (۳) غل مچانا - چیخنا - (از روئے حقارت) +

بھونکنا - ہ - فعل متعدی (۱) کسی نوکدار چیز کو کسی جسم کے اندر گھسانا - چبھونا - فارسی میں خلانیدن (۲ - گنوار) گھونپنا - موٹی موٹی سلائی کرنا +

بھوننا - ہ - فعل متعدی (۱) بریاں کرنا - گوشت ترکاری غلہ وغیرہ آگ یا بھوبل یا بالو میں بھلبھلانا - گھی میں تلنا (۲) بھلسنا - جلانا - سوختہ کرنا جیسے بندوق سے بھوننا (۳) طعنہ مہنہ سے دل جلانا - دق کرنا +

بہی - ہ - اسم مؤنث - ایک میوہ کا نام ہے جو امرود سے مشابہ ہے سفرجل - مزاجاً اوّل درجہ میں سرد دوم میں خشک ہے +

بھی - ہ - حرف عطف - نیز - اور - ہم - علاوہ - زیادہ - (یہ حرف کبھی معطوف اور معطوف علیہ کے درمیان آتا ہے اور کبھی خود معطوف ہوتا ہے) +

بھئی - ہ - اسم مذکر - بھائی کا مخفف (یہ لفظ اکثر برابر والے آپسمیں ایک دوسرے کی نسبت خطاب کرتے وقت زبان پر لاتے ہیں - اور بعض موقع پر صرف خطاب کے لیے آتا ہے اسمیں بڑا ہو یا چھوٹا جیسے نانا بھئی آپا بھئی وغیرہ ایسی جگہ محبت اور پیار سے بھی خیال میں آتا ہے +

بھے - ہ - اسم مذکر (۱) خوف - ڈر - دہشت (۲) اندیشہ چنتا +

بہی - ہ - اسم مؤنث - بیاض - ایک طرح کی لمبی کتاب جسمیں مہاجن اپنا حساب کتاب رکھتے ہیں - روزنامچہ کھاتہ +

بہی پر اُتارنا - ہ - فعل متعدی - روزنامچہ سے بیاض پر نقل کرنا +

بہی پر چڑھانا - ہ - فعل متعدی - بیاض پر اُتارنا - یادداشت میں درج کرنا +

بہی دربہی - ا - تابع فعل - دیکھو (بہ دربہ)

بہی کھاتا - ہ - اسم مذکر - کتاب حساب - اکونٹ بک

بکھاہی + خسرہ۔ مسودہ۔ پرانا حساب کتاب +

بھَیّا -ہ- اسم مذکر۔ عو (گنوار) بھائی کی تصغیر +

بھیّا دُوج -ہ- اسم مؤنث۔ ہندو عو۔ جم دُتیا۔ ہندوؤں کے ایک تہوار کا نام ہے جو گوردھن کے بعد ہوتا ہے اسمیں بہنیں بھائیوں کے واسطے ٹیکا اور شیرینی وغیرہ لیکر جاتی ہیں

بھَیانَک -ہ- صفت (۱) ڈراؤنا۔ خوفناک۔ مستوحش۔ مہیب۔ ہیبتناک۔ ہولناک (۲) ہیبت زدہ۔ وحشت زدہ (۳) متحیر۔ پریشان۔ حیرت زدہ۔ گھبرایا ہوا (۴) سنسان۔ ہُو کا عالم (۵) بے رونق۔ اُداس۔ ویران +

بھِیت -ہ- اسم مؤنث۔ دیوار۔ پاکھا +

بھِیتَر -ہ- تابع فعل (۱) چار دیواری کے اندر۔ اندر میں۔ انتر (۲) گپت۔ پوشیدہ +

بھیتَری -ہ- صفت۔ اندرونی۔ باطنی۔ معنوی + گپت۔ پوشیدہ +

بھیتری مار -ہ- اسم مؤنث۔ عو۔ (۱) گپت مار۔ چھپی مار۔ وہ چوٹ جسکا نشان تو نہ پڑے مگر اندرونی اعضا پر صدمہ پہنچے۔ ضرب خفی۔ (۲) اندر ہی اندر جلانا۔ طعنہ مہنہ سے دلی صدمہ پہنچانا۔ اندرونی تکلیف +

بھینٹ -ہ- اسم مؤنث (۱) بھڑنا۔ ٹکرانا۔ اڑنا۔ سامنا۔ مقابلہ۔ مٹ بھیڑ۔ ملاپ۔ ملاقات (۲) وہ نذر جو کسی حاکم سے ملکر پیش کریں۔ مطلق نذر۔ پیشکش + سوغات۔ تحفہ۔ ارمغان (۳) قربانی۔ صدقہ۔ نذرانہ۔ وہ نذر و نیاز جو کسی دیوی دیوتا کے نام پر دی جائے (۴) ایک قسم کے گیت ہیں جو کسی دیوی کی تعریف میں ہندو عورتیں گاتے جاتی ہیں جسطرح ماتا کی بھیلے ہیں اسیطرح کالکا دیوی کی بھینٹیں مشہور ہیں (۵) رشوت۔ گھوس۔ منہ بھرائی +

بھینٹ بکرا -ہ- اسم مذکر (ہندو) منت کا بکرا۔ نا…

بھینٹ چڑھانا -ہ- فعل متعدی۔ نذر نیاز چڑھانا۔ نذر کرنا۔ نذرانہ دینا۔ کسی دیوی یا دیوتا کے نام پر کچھ…

بھینٹ دینا -ہ- فعل متعدی۔ نذر نیاز دینا۔ نذر…

بھینٹ لینا -ہ- فعل لازم و متعدی۔ نذر لینا۔ چڑھاوا لینا + مار ڈالنا۔ جان لینا +

بھینٹ ہونا -ہ- فعل لازم (۱) سامنا ہونا۔ ملاقات ہونا۔ مٹ بھیڑ ہونا۔ ملنا۔ بھڑنا۔ چھوا جانا (۲) نذر ہونا + نثار ہونا۔ قربان ہونا +

بھیجا -ہ- اسم مذکر۔ مغز سر۔ سر کا گودا۔ دماغ + گ…

بھیجا پکنا -ہ- فعل لازم۔ عو۔ کسیکی بک بک سے دماغ کا ماؤف ہوجانا۔ دماغ پھرنا۔ درد سر ہونا۔ سمع خراشی ہونا +

بھیجا کھانا -ہ- فعل متعدی۔ بک بک سے دماغ… کرنا۔ سمع خراشی کرنا +

بھیجنا -ہ- فعل متعدی (۱) ارسال کرنا۔ ابلاغ ک… روانہ کرنا۔ پٹھانا۔ پہنچانا (۲) کرنا جیسے لعنت بھ…

بھینجنا -ہ- فعل لازم (ہندو) بھیگنا۔ تر ہونا۔ شرابور…

بھینچنا -ہ- فعل لازم (۱) سکیڑنا۔ دبانا۔ دبوچنا۔ کچلنا۔ مسلنا جیسے پانو بھینچنا (۳) مجبور کرنا۔ د… جبراً روکنا +

بھید -ہ- اسم مذکر (۱) انتر۔ بھیتر۔ گپت + پوشیدہ۔ راز۔ سر۔ دلکی بات (۲) حال۔ احوال۔ واقعہ۔ کیفیت جیسے گھر کا بھید جب… پایا جب چوک گ… ڈھکنا آیا (۳) سراغ۔ ٹھانگ… پتا (۴) بوجھ بجھ…

(۵) موتی یا چھدے ہوئے کا نوکیلا سوراخ۔ چھید (۶) پرکار
طرح۔ رقم۔ بھانت +

بھید دینا۔ ف۔ فعل متعدی۔ راز فاش کرنا۔ خفیہ بات
بتا دینا۔ گھر کی کیفیت ظاہر کرنا +

بھید کہنا۔ ف۔ فعل لازم۔ افشائے راز کرنا +

بھید کھولنا۔ ف۔ فعل لازم (۱) افشائے راز کرنا (۲) بھرم کھولنا

بھید لینا۔ ف۔ فعل لازم۔ چھپی ہوئی بات کو معلوم کرنا۔
خفیہ بات کا پتا لگانا + عندیہ لینا۔ منشا لینا +

بھیدی۔ ف۔ اسم مذکر (۱) ہمراز۔ رازدار۔ راز داں۔
دل کی بات جاننے والا (۲) واقف الحال۔ محرم (۳)
ٹھانگی۔ پتا لگانے والا۔ کھوجی۔ سراغ رساں (۴)
جاسوس۔ مخبر۔ دوت (گلزار نسیم)

دیکھا تو وہ بھیدی حسن آرا
کرتی تھی اسکے رخ اشارا

بھیر۔ ف۔ اسم مؤنث۔ فوج کے پیچھے پیچھے جو سائیس گھسکٹ
اور مزدوران شاگرد پیشہ کی قطار جاتی ہے اسے بھیر کہتے ہیں اسمیں فوجی
آدمیوں کی بیویاں اور ہر قسم کے دوکاندار وغیرہ بھی داخل ہیں +
(۲) فوج کا اسباب (۳) کثرت مردماں۔ بھیڑ۔ انبوہ کے
موقع پر بھی کہتے ہیں جیسے فقیروں کی تو بھیر چلی آتی ہے

بھیر بھنگا۔ ا۔ اسم مؤنث۔ صحیح۔ بھیر بنگاہ (خیمہ)
سفری لشکر کے ساتھ کے لوگ اور ڈیرہ خیمہ وغیرہ +

بھیروں۔ ف۔ اسم مذکر (۱) درگا کے پاس رہنے والا
دیوتا جو شیو کا اوتار ہے (کہتے ہیں کہ یہ بتفصیل ذیل آٹھ دیوتا
ہیں (۱) استانگ (۲) رورو (۳) چنڈ (۴) کرودھ (۵) انمت
(۶) کپت (۷) بھیشن (۸) سنگہار +

१ असितांग, २ रुरु, ३ चण्ड, ४ क्रोध, ५ उन्मत्त, ६ कुपित ७ भीषण ८ संहार ॥

(۲) چھ راگوں میں سے ایک راگ کا نام ہے جو پہر رات سے علی الصباح
تک گایا جاتا ہے۔ مہا دیوجی کو اسکا بانی خیال کرتے ہیں +
(۳) صفت میں مہیب۔ خوفناک۔ ڈراؤنا +

بھیروں ناچنا۔ ف۔ فعل لازم۔ ویرانہ برسنا۔ رنگ
صحبت کا دگرگوں ہونا (کسی مرقع پر یہ فقرہ بولتے ہیں
وہاں بھیروں مؤنث سننے میں آیا ہے جیسے وہاں تو بھیروں
ناچنے لگی یعنی وہ محفل ہی اجڑ گئی۔ مسلمان الّو بولنا کہتے ہیں)

بھیرویں۔ ف۔ اسم مؤنث (۱) بھیروں کی استری۔
درگا۔ کالی دیوی وغیرہ (۲) بھیروں راگ کی پانچ
راگنیوں میں سے ایک راگنی کا نام +

بھیرویں اُڑانا۔ یا۔ گانا۔ ف۔ فعل لازم۔ خوشی کے
گیت گانا۔ آنند کے تار بجانا + عیش منانا۔ مزا اڑانا +

بھیڑ۔ ف۔ اسم مؤنث (۱) مادہ میش۔ گاڈر۔ بھیڑی
ایک قسم کی بکری جسکے بالوں سے کمل وغیرہ بنتے ہیں +
(۲) غریب۔ مسکین (۳) مراداً مالدار۔ دولتمند جیسے
بھیڑ جہاں جائیگی وہیں منڈیگی (مثل)

بھیڑ کا بچہ چھوڑدے۔ ا۔ (جب ہندو سیتلا پوجنے جاتے
ہیں تو خاکروب بھیڑ کا بچہ یا مرغی یا گھنٹیا لیکر کھڑا ہو جاتا ہے اور
یہ آواز لگاتا ہے کہ صدقہ میں مجھے خرید کر ہکو چھوڑدے مگر قیمت
لیکر اپنا بچہ آپ لے لیتا ہے اور اسیکو پھر دوسرا شخص بھی دام دیکر
چھڑواتا ہے عام لوگ چھیڑنے کے واسطے بھی یہ لفظ زبان پر لاتے
ہیں اور اس سے خاکروب کی بھینٹ کہنے سے غرض ہوتی ہے)

بھیڑ۔ ف۔ اسم مؤنث (۱) ازدحام۔ انبوہ۔ ٹھٹ۔ ہجوم
جمگھٹ (۲) مصیبت۔ بپت جیسے کیا بھیڑ پڑی ہے

بھیڑ بھاڑ۔ ف۔ اسم مؤنث (یہاں بھاڑ تابع مہمل ہے)
کثرت۔ ازدحام۔ بہت سی خلایق کا ہجوم۔ چپقلش +
دھوم دھام + کرّوفر +

بھیڑ بھڑکا - ہ - اسم مذکر - دیکھو (بھیڑ بھاڑ) +

بھیڑ پڑنا - ہ - فعل لازم - مصیبت پڑنا - آفت پڑنا دقت پیش آنا - مہم پڑنا + (آتش)

گردن کو مجھکاے صف عشاق کھڑی ہے

اس ترک کی تلوار پہ کیا بھیڑ پڑی ہے

بھیڑ چھپٹنا - ہ - فعل لازم - چھیڑ ہونا - ہجوم انبوہ اور کثرت خلایق کا کام ہونا +

بھیڑنا - ہ - اسم ... - بیلہ - ایک قسم کی بڑی ہڑ ہے مزاجا اول درجہ میں سرد دوسرے میں خشک +

بھیڑنا - ہ - فعل متعدی (۱) دروازہ بند کرنا - موندنا (۲) قفل لگانا - مقفل کرنا (۳) دینا - حوالہ کرنا جیسے دس میں چار ہی روپے بھیڑے +

بھیڑیا - ہ - اسم مذکر - ایک درندہ کا نام - گرگ - ذئب

بھیڑیا چال - ہ - اسم مونث (جسطرح ایک بھیڑ کے پیچھے اندھا دھند سب بھیڑیاں ہو لیتی ہیں اسیطرح اور ذکی دیکھا دیکھی کوئی کام کرنے لگنا - پابند رسم - ردیہ کے موافق - عام

بھیڑیا دھسان - ہ - اسم مذکر (۱) بھیڑوں کی طرح گھس گھس کر ایک ہی جگہ بیٹھنا (۲) دیکھو (بھیڑیا چال) +

بھیس - ہ - اسم مذکر - بھیک - روپ - ہیئت (۲) وضع طریق + طور - ڈھنگ (۳) لباس - پوشاک (۴) رنگ لون + (روپیہ کی پہیلی)

مولی کا سا قتلا دہی کا سا بھیس

بوجھی ہے تو بوجھ نہیں چھوڑ ہمارا دیس

(۵) سوانگ - تلبیس (۶) پنتھ - گروہ - فرقہ جیسے (مصرعہ)

کونسے بھیس میں ہو کون گرو کر چیلے (۷) تقلید - پیروی - اتباع

بھیس بدلنا - ہ - فعل متعدی - تلبیس لباس کرنا ہیئت پلٹنا - روپ بھرنا - سوانگ بھرنا - تقلید کرنا +

بھیک - ہ - اسم مذکر (دو معنوں میں آتا ہے) دیکھو

بھیک - ہ - اسم مونث - بھکشا - گدائی - خیرات + وہ چیز جو خیرات میں ملے - خدا کے نام کی چیز +

بھیک کا ٹکڑا - ہ - اسم مذکر (۱) خیرات کا لقمہ - لقمہ گدائی للہ فی اللہ کی روٹی (۲) وہ شخص جسکے باپ کا ٹھیک نہو اور اسکی ماں زانیہ ہو (۳) مانگے کی چیز +

بھیک کا ٹھیکرا - ہ - اسم مذکر (۱) کاسہ گدائی - کچکول زنبیل - مانگنے کا پیالہ (۲) کمائی کا وسیلہ - وہ چیز جسکے وسیلہ سے روٹی کما کر کھائیں - اسیوجہ سے ... کی طرف بھی اسکا اشارہ ہوا کرتا ہے +

بھیک مانگنا - ہ - فعل لازم (۱) گدائی کرنا - گداگری کرنا - دریوزہ گری کرنا (۲) خیرات چاہنا - مفت مانگنا +

بھیگنا - ہ - فعل لازم - تر ہونا - گیلا ہونا - نم ہونا - بھیجہ (جیسے رات بھیگنا بھیگنے تو خوشی میں رات گزرنے سے اور جب مسیں بھیگنا کہیں گے تو وہاں سبزہ آغاز ہونا اور مونچھوں کے ذرا ذرا نکلنے سے مراد ہوگی) +

بھیگی بلی بننا - ہ - فعل لازم - ٹالنا - بہانہ بنانا - بیجا کرنا - حیلہ کرنا (اسکا قصہ ارمغان دہلی میں دیکھو) +

بھیگی مرغی - ا - صفت - سکڑا ہوا - نہایت غریب - مصیبت زدہ کی مانند - مسکین صورت +

بھیل - ہ - اسم مذکر - ایک جنگلی وحشی ہندوستانی قدیم قوم جسکا پیشہ لوٹ مار ہے +

بھیلسا - ہ - اسم مذکر - ایک مقام کا نام ہے جہانکا تمباکو نہایت اچھا ہوتا ہے بلکہ عمدہ تمباکو کا نام بھی بھیلسا پڑ گیا

بھیلی - ہ - اسم مونث - گڑ کی چکتی جو عموماً پانچ سیر کی

بھیلیا - ہ - اسم مذکر (۱) وہ شخص جو بیل کے وسیلہ سے شکار کرے - عموماً چڑیمار شکاری (۲) ...

کی ایک خاص قوم +

بھیمڑا پسارنا - ہ - فعل لازم - عو - ہٹیلے بچّہ کا بھوں بھوں کرکے رونا + (یہ لفظ تحقیراً بولتے ہیں)

بھیں - ہ - اسم مؤنث - بھیڑ اور بھینس کی آواز +

بھینا - ہ - اسم مؤنث - بہن کی تصغیر - بہن - خواہر - ہمشیرہ بُوا - بُوبُو +

بھینا - ہ - صفت (۱) ہلکا - سُبک - لطیف - میٹھا جیسے بھینا رنگ - بھینی خوشبُو +

بھیں بھیں رونا یا کرنا - ہ - فعل لازم - مدّ آوازی سے رونا - رونے کی آواز نکالنا +

بھینٹ - ہ - اسم مؤنث (گنوار) ۱ - مُلاقات - مُٹھ بھیڑ (۲) دیکھو - (بھیٹ) +

بھینٹنا - ہ - فعل لازم (ہندو) ملنا - بھڑنا - چُھوجانا -

بھینس - ہ - اسم مؤنث (۱) ایک قسم کی مویشی کا نام مہیکی - مادہ گاؤمیش - مجھ - جاموسہ (۲) حقارتاً موٹی عورت

بھینسا - ہ - اسم مذکر - بھینس کا نر - جاموس +

بھینسیا داد - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کا بڑا اور سخت داد جو فسادِ خون سے ہوجاتا ہے +

بھینسیا گوگل - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کا گوند جو اکثر دواہیں پڑتا ہے +

بھینسیا لہسن - ہ - ایک قسم کا بڑا سُرخ نشان یا چھا جو اکثر گال یا گردن کی جلد میں ہوجاتا ہے +

بھینگا - ہ - صفت - احول - امبر تکو - ڈھیرا - ایک آنکھ دبا کر دیکھنے والا - کثر چشم - دوبیں +

بھینی بھینی بُو - ہ - اسم مؤنث - میٹھی میٹھی خوشبُو ہلکی اور لطیف خوشبو جیسے گُلِ شبّو یا مولسری یا سرس کی پھولوں میں ہوتی ہے +

بی - ا - اسم مؤنث - بی بی کا مخفّف (۱) خطاب بہ زن بیوی - بیگم - رانی - بائی - ایک کلمۂ خطاب ہے جو عورتوں سے مخاطب ہوتے وقت کہتے ہیں جیسے کیوں بی کیا کہتی ہو +

بی شادی - ا - اسم مؤنث - عو - ایک فرضی نام ہے جو عورتوں نے بچّوں کے ڈرانے کے واسطے تجویز کر رکھا ہے جیسے دال چپاتی وغیرہ +

بے - ہ - حرفِ ندا - ابے کا مخفّف (۱) ارے - رے یہ ندا بحقارت ہے جو اکثر ادنے یا مردِ محقّر کے حق میں زبان پر لاتے ہیں اور کبھی برابر والے سے بھی حالتِ بے تکلّفی میں کہدیتے ہیں یہ لفظ اکثر امر یا کلمۂ استفہام کے اخیر میں آتا ہے - اور ابے صرف کلمہ کے شروع میں جیسے سُن بے - چل بے - کیوں بے ؟ + ابے آتا نہیں ؟ ابے تو کہاں گیا تھا وغیرہ) +

بے - ف - حرفِ استثنا نقیض با - بغیر - سوائے - بدون بلا - بنا - بن +

بے آپے ہونا - ا - فعل لازم - قابو سے باہر ہونا بپھرنا + بدحواس ہونا مُضطرب ہونا +

بے اختیار - ف - صفت (۱) بے بس - بے قابو - (۲) وہ شخص جسے کسی کام کی اجازت نہ ہو (۳) مجبور - ناچار (۴) نہایت - ازحد - ازبس جیسے اُسکے ملنے کو تو بے اختیار جی لوٹتا ہے (۵) تابع فعل میں - جبرًا - قہرًا - چار ناچار +

بے ادب - ف + ع - صفت - حد کو نگاہ نہ رکھنے والا گستاخ - غیر مہذّب - ناشائستہ + شوخ - شریر +

بے آرامی - ا - اسم مؤنث - بے چینی - بے کلی - دُکھ - تکلیف - ناسازیِ طبع +

بے اصل - ف + ع - صفت (۱) بے بُنیاد - بے ٹھکانے

(۲) خلاف - غلط - باطل +

بے اندازہ - ف - صفت - ازحد - بلا تخمینہ + بلا حساب بہت زیادہ - حدِ اعتدال سے متجاوز +

بے اولاد - ا - صفت - بیٹا بیٹی نہ رکھنے والا - اُوت نپوتا - لاولد +

بے ایمان - ف + ع - صفت (۱) بے دھرم - بد دین (۲) بے اعتقاد - غیر معتقد (۳) بد نیت (۴) خائن - بد دیانت (۵) دغا باز - فریبی - مکار (۶) جھوٹا - دروغگو (۷) بے انصاف غیر منصف +

بیباق کرنا - و - فعل متعدی - چکانا - ادا کرنا - چھکتانا حساب پاک کرنا +

بیباک - ف - صفت - (۱) نڈر - بیخوف (۲) آزاد (۳) دلیر - جری - بہادر +

بے بال و پر - ف - صفت (۱) بے یار و مددگار - بے سر و سامان - وہ شخص جسکا کوئی ساتھی نہو (۲) مفلس - عاجز + نارسا +

بے بدل ف + ع - صفت - لاثانی - بے نظیر - یکتا غیر مشابہ - بے ہمتا - بے مثال +

بے بس - ا - صفت - ناچار - مجبور - عاجز - بے قابو - نربل - دُربل - ناتوان - ضعیف + بے اختیار +

بے بہا - ف - صفت - بیش قیمت - انمول +

بے بہرہ - ف - صفت (۱) وہ شخص جو کسی سے فائدہ نہ اٹھائے - بدنصیب - بدبخت (۲) عو - آوارہ - ہرزہ گرد واہی تباہی - خراب خستہ (۳) بد تہذیب - بد تمیز - گستاخ - بے ادب +

بے بہرہ پھرنا - ا - فعل لازم - عو - آوارہ پھرنا - خراب خستہ پھرنا - واہی تباہی پھرنا +

بے بہرہ ہونا - و - فعل لازم - آوارہ ہونا - بد تمیز ہونا بے سرا ہونا - خود مختار اور آزاد ہونا - کسیکے کہنے پر نہ چلنا

بے پر - ف - صفت - بیکس و بے سامان (شعرائے فارس کے کلام میں نہیں آیا) +

بے پردگی - ف - اسم مؤنث - پردہ نرہنا - بیحجابی + بے شرمی - پردہ دری +

بے پر کی اڑانا - ا - فعل متعدی - بے اصل بات کہنا گپ اڑانا + عوز لگانا +

بے پروا - ف - صفت مستغنی + بیغرض + بیفکر + غافل + بے حاجت +

بے پیر - ف - صفت (۱) نگرا - بے استاد (۲) بد اعتقاد بے ایمان (۳) بیدرد - سنگدل - بے رحم - کٹر - (گیتوں مین آتا ہے) (۴) خود غرض - مطلب کا یار (۵) بد ذات - شریر (مرزا جلال اسیر کے سوا اور شعرائے فارس کے کلام میں نظر سے نہیں گزرا) +

بے تاب - ف - صفت (۱) بے طاقت (۲) بے چین مضطر - مضطرب - بے قرار (۳) بے تحمل - غیر متحمل وہ شخص جسسے برداشت نہو +

بے تابانہ - ف - صفت مضطربانہ - گھبرایا ہوا + بہت جلد - بلا تأمل +

بے تابی - ف - اسم مؤنث - اضطرابی - جلدی - بیچینی گھبراہٹ - شتاب زدگی +

بے تاثیر - ف + ع - صفت - بے اثر - وہ چیز جسکی تاثیر باطل ہوگئی ہو +

بے تحاشا - ف + ع - تابع فعل (۱) مضطربانہ - بیتابانہ بے اوسان ہوکر - حواس باختہ ہوکر - بغیر از کسوٹی - بے اطمینانی سے جیسے بے تحاشا بھاگنا (۲) اندھادھند

بے سوچے سمجھے - بے دھڑک - بلا تامّل جیسے بے تحاشا مار بیٹھنا (۳) از حد - نہایت (تحاشی اور تحشی عربی لُغت میں ڈرنے کے معنی میں آیا ہے پس بغیر کسی سے ڈرے کے معنی نکل آئے) +

بی تقصیر - ف + ع - صفت بی قصور - بی گناہ - بی جُرم - بی خطا - ناحق

بی تکلُّف - ف + ع - صفت - بی بناوٹ - بلا تصنّع (۲) بلا تامّل بیدھڑک (۳) بی سوچ بچار - بلا اندیشہ (۴) بیحجاب + آزادانہ (۵) بیدھڑ سادہ (۶) رازدار - محرم راز + بیتکلّف - ہم مشرب + ہمراز +

بی تکلُّفی - ف + ع - اسم مؤنث - بیحجابی - دل کھلی + آزادی + سادگی + محرم راز ہونا - ہمرنگی +

بی تمیز - ف + ع - صفت - بی ادب - بدلحاظ - نادان - پھوڑ - بدتمیز +

بی تھاہ - ا - صفت (۱) نہایت گہرا - نہایت عمیق - اگم - بے پایاں (۱) بے ٹھکانے - بے پتے +

بے ٹھکانے - ا - صفت (۱) بے موقع - بے محل (۲) آوارہ - وُہ شخص جسکا ٹھور ٹھکانا نہو - بے ٹھیک (۲) وُہ شخص جسکی جائداد وغیرہ نہو (۴) بے نشان - بے پتا

بے ٹھور - ا - صفت - بے ٹھکانے - بیجا - بے موقع

بے ثبات - ف + ع - صفت - ناپائدار - بودا - متزلزل

بے جا - ف - صفت (۱) بے موقع - بے ٹھور (۲) نامناسب ناشائستہ - نازیبا (۳) بلا ضرورت + ناجائز جیسے بیجا خرچ (۴) ناحق - بلا سبب - بلا قصور +

بے جان - ف - صفت (۱) مُردہ (۱) غیر ذی رُوح (۳) پژمُردہ - مُرجھایا ہوا (۴) ضعیف - نحیف - کمزور - ناطاقت (۵) بیدم - زدہ - گلا ہوا - بوسیدہ (۶) جماد +

بی جوڑ - ا - صفت - انمیل - بی میل + غیر موزوں + متناقض

بے چارہ - ف - صفت (۱) لاعلاج (۲) عاجز - درماندہ بے بس (۳) ناچار - مجبور (۴) غریب - مفلس (۵) بدنصیب - بدبخت +

بے چراغ کرنا - ا - فعل متعدی - ویران کرنا - اُجاڑنا جیسے گھر کے گھر اُسنے بے چراغ کر دیے +

بے چوبہ - ف - اسم مذکر - ایک قسم کا خیمہ جس میں چوب نہیں لگائی جاتی +

بے چین - ا - صفت - بے کل - بیاکل - مضطرب بے آرام +

بے چینی - ا - اسم مؤنث - بیکلی - بے آرامی - پریشانی اضطرابی - بے قراری +

بے حال - ف + ع - صفت (۱) غیر حال - ابتر - خراب خستہ - ردی (۲) زدہ - بوسیدہ - بے جان (۳) قریب بمرگ (۴) ماندہ - ضعیف - بیمار +

بے حجاب - ف + ع - صفت (۱) بے پردہ - بے شرم بے لحاظ (۲) بے تکلّف (۳) کھلے خزانے +

بے حد - ف + ع - صفت (۱) بے انتہا - بے روک (۲) بیشمار بہت - بے حساب - نہایت - ات گت +

بے حُرمت کرنا - ا - فعل متعدی - (۱) رسوا (۱) بے عزت کرنا ذلیل کرنا - رُسوا کرنا (۲) کسیکی عصمت و عفت میں فرق لانا

بے حُرمتی - ا - اسم مؤنث - بے عزتی - فضیحتی - رُسوائی

بے حساب - ف + ع - صفت - اَن گنت - بے حد - بے شمار - غیر متعدد +

بے حس و حرکت - ف + ع - صفت (۱) سُن - غیر محسوس بے جُنبش (۲) حیران و ششدر - بک دھک +

بے حواس - ف + ع - بے اوسان - پریشان + مضطر بے آپے - بے خود +

بے حیا - ف + ع - صفت (۱) بے شرم - نِلجّا (۲) بے ادب گستاخ +

بے حیائی - ف + ع - اسم مؤنث - بے شرمی +

بے حیائی کا بُرقع مُنہ پر لینا - ا - فعل لازم + بے شرمی کی نقاب چہرہ پر ڈالنا - بے شرمی اختیار کرنا - بے شرمی کا لباس پہننا - از حد بے شرم ہونا - لاج گنوانا +

بے حیائی کا جامہ پہننا - ا - فعل لازم - بے شرمی کا لباس زیبِ تن کرنا - سراپا بے شرم اور بے حیا بنجانا - بالکل شرم کے پاس نہ جانا +

بے خبر - ف + ع - صفت (۱) ناواقف (۲) غافل - بیہوش + مدہوش + (شوق)

بے خبر ہم تو اپنے سوتے تھے
بولے ہم سب تمہیں کو روتے تھے

(۳) اچانک - ناگاہ + ان چیتے میں - جیسے بے خبر آلیا (۴) ناعاقبت اندیش + بے شعور +

بے خطر - ف + ع - صفت - بے خوف - امن امان سے - مامون - محفوظ +

بے خود - ف - صفت - بے آپے - از خود رفتہ - بیہوش - مدہوش - بدحواس - مخمور +

بے خودی - ف - اسم مؤنث (۱) بیہوشی - بدحواسی (۲) وجد + عالم بیخبری +

بے خور و خواب - ف - وہ شخص جو کھانے سونے سے بے چین و بے آرام +

بے داغ - ف - صفت (۱) صاف - بے عیب - نِرکلنک - پاک (۲) بیجرم - بے گناہ +

بے دال کا بودم - ا - صفت - بوم - اُلو - احمق - بیوقوف

بے دخل کرنا - ا - فعل متعدی - (قانون میں) قبضہ اُٹھانا + محروم الارث کرنا - عاق کرنا +

بے درد - ف - صفت - بے رحم - سنگدل - کٹر - کٹھور

بے دردی - ف - اسم مؤنث (۱) بے رحمی - سنگدلی (۲) ظالم - بے رحم (یہ معنی صرف اس گیت میں پائے جاتے ہیں) (گیت) بیدردی بالما پھلجھڑیاں نہ مارو رے +

بے دردی سے مارنا - ا - فعل متعدی - بے رحمی سے مارنا

بے دریغ - ف - صفت (۱) بے افسوس (۲) بے تامل - بے سوچے جیسے بیدریغ چلے آؤ (۳) کثرت سے - افراط سے جیسے بیدریغ روپیہ اُٹھایا (۴) وہ شخص جس سے کسی بات کا انکار نہ ہوسکے - فیاض - مخیر +

بے دست و پا - ف - صفت (۱) بن ہاتھ پاؤں کا - اپاہج - لنگڑا - لولا (۲) عاجز - مجبور - بے اختیار - بے مددگار +

بے دستور - ف + ع - صفت - خلاف قاعدہ - دستور کے خلاف - غیر معمولی - بیجا - نامناسب +

بے دل - ف - صفت (۱) بے جگر - جری - بہادر - دل والا (۲) رنجیدہ - دلگیر - زخم رسیدہ - ناراض - دُکھا ہوا جیسے بیدل نوکر دشمن برابر (۳) جب عاشق کی تعریف میں یہ لفظ آتا ہے تو وہاں افسردہ معشوق خواہش نفسانی کو مارے ہوئے - دُنیا کے مزے اور لذت سے دل برداشتہ +

بے دم - ف - صفت (۱) بے جان - مُردہ (۲) بودا - زدہ - بوسیدہ (۳) ادھ موا - سُست (۴) تھکا ماندہ (۵) ہانپتا ہوا - سانس اُکھڑا ہوا +

بے دماغ - ف + ع - صفت - نازک مزاج - زود رنج - تُنک مزاج - چڑچڑا +

بے دوس - ا - صفت - پاک - بلا قصور - بے خطا - بے گناہ - الزام سے بری +

بے دھڑک - ا - صفت (۱) بے خوف و خطر (مؤمن) پھر تو ناوک فگنی وہ نے لگی

بیدھڑک طعنہ زنی ہونے لگی
(۲) بے تکلف۔ بے سوچے۔ بے تحاشا۔ بلا تامل۔ بیمحابا
بیساختہ + (۳) بے جگر۔ جی دار۔ بہادر +
بے ڈول۔ ا۔ صفت۔ بدنما۔ بدقطع۔ بدوضع۔
بھونڈا۔ بیڈھنگا۔ کڈھب +
بے ڈھب۔ ا۔ صفت (۱) بطرح۔ بے طور جیسے
بیڈھب گرا (۲) بے ٹھور۔ بے ٹھکانے۔ بے موقع
جیسے بیڈھب چوٹ لگی (۳) نہایت۔ ازحد۔ بافراط جیسے
بیڈھب پٹا۔ بیڈھب پیچھے پڑا ہے (۴) عجیب۔ انوکھا
طرفہ۔ معمول کے خلاف۔ (مؤلف)

آج بیڈھب ہے ہمارے دل میں کچھ آئی ہوئی
جام مے بھی سبز ہے اور ہے گھٹا چھائی ہوئی

(۵) متفنی۔ ہوشیار۔ چالاک۔ عیار + شریر جیسے وہ
بیڈھب آدمی ہے (۶) سنگدل۔ کٹھور + تیز۔ تند۔
(۷) بے اختیار۔ بے قابو (۸) بیڈول۔ کڈھب (۹)
دلیر۔ دل چلا۔ نڈر (۱۰) مہلک۔ خطرناک۔ خوفناک۔
جیسے بیڈھب بیماری پیچھے لگی ہے (۱۱) نہایت سخت
دشوار۔ جیسے لکے بیڈھب بنی ہے (۱۲) مہیب۔ ڈراونی
خوفناک جیسے کیا بیڈھب شکل بناتا ہے (۱۳۔ تابع
فعل میں) بد اسلوبی سے۔ بیڈھنگے پنے سے۔ بری
طرح سے۔ نا واجب طور سے (سحر)

ہمارے ذکر بیڈھب یار کے برو نکلتے ہیں
یہاں پسلی پھڑکتی ہے وہاں پہلو نکلتے ہیں

یہ لفظ کثیر المعنی ہے اپنے موقع پر اسی قسم کے بہت سے معنی دیتا ہے
بے ڈھنگا۔ ا۔ صفت ناشائستہ۔ نازیبا + ناموزوں
+ بے سلیقہ + بدچلن۔ بداطوار۔ بدوضع۔ بداسلوب +
بے راہ۔ ف۔ صفت (۱) گمراہ۔ بدراہ (۲) بیجا۔ بیموقع
ناجائز۔ جیسے بیراہ خرچ کرنا (۳) بدچلن۔ بداطوار +
بے ربط۔ ف + ع۔ صفت۔ بے جوڑ۔ بے میل۔ بے موقع
غیر منتظم +
بے رحم۔ ف + ع۔ صفت۔ بیدرد۔ سنگدل۔ نردئی
کٹھور۔ سخت +
بے رخ ہونا۔ ا۔ فعل لازم۔ بیدید اور بیمروت ہونا۔
رخ نہ ملانا۔ ناراض ہونا۔ تیوری چڑھانا۔ بگڑنا +
بے روپ۔ ا۔ صفت۔ بے آب۔ بدنما۔ ماند۔ آبدار
کے خلاف +
بے ریا۔ ف + ع۔ صفت۔ بے کپٹ۔ صاف باطن
صاف دل۔ سادہ دل۔ وہ شخص جو مکار نہ ہو +
بے ریش یا بے ریشا۔ ا۔ صفت۔ سادہ رو۔ وہ جوان
جسکے منہ پر داڑھی نہ آئی ہو + (نسیم)

بے ریش وہ طفل نوجوان تھا
حلوائے بے دود کا گماں تھا

بے ریشہ۔ ف۔ صفت۔ وہ چیز جسمیں ریشہ نہ ہوں
جیسے بے ریشہ ادرک یا گوشت یا آم وغیرہ +
بے زبان۔ ف۔ صفت (۱) گونگا (۲) چپ۔ کم گو۔ بے سوال (۳)
غریب۔ مسکین (۴) حیوان۔ جانور (۵۔ بازاری) [illegible]
بے زر۔ ف۔ صفت مفلس۔ کنگال۔ محتاج۔ بیدولت
بے زوال۔ ف + ع۔ صفت۔ قائم۔ پائدار۔ نہ گھٹنے والا
بے ساختہ۔ ف۔ بن بنائے۔ بے بناوٹ + بلا ارادہ
برجستہ۔ فی البدیہہ۔ بلا تکلف۔ بلا تامل + سادہ +
بے ساختہ پن۔ ا۔ صفت۔ سادگی۔ وہ خوبی
جسمیں اصلا بناوٹ نہ ہو +
بے سامانی۔ ا۔ صفت۔ مفلسی۔ بے زری۔ اسباب
و آلات کی محتاجی +

بے سہرا ۔ ف ۔ صفت ۔ بے سہرا ۔ وہ شخص جس کا کوئی
والی وارث یا کھانے کمانے والا نہ ہو ۔ خود سر ۔ خود مختار ۔ بے مہار
بے سہرا ہو جانا ۔ ف ۔ فعل لازم ۔ آوارہ ہونا ۔ خود سر ہونا ۔
بے مہار ہونا +

بے سر و پا ۔ ف ۔ صفت ۔ حیران و پریشان +

بے سر و سامان ۔ ف ۔ صفت (۱) بے اسباب و بے
آلات (۲) مفلس ۔ کنگال +

بے سلیقہ ۔ ف ع ۔ صفت ۔ بے ہنر ۔ پھوہڑ +

بے شعور ۔ ف ع ۔ صفت ۔ نادان ۔ بے عقل ۔ بے تمیز

بے شک ف ع ۔ تابع فعل ۔ بلاشبہ ۔ تحقیق ۔ ضرور ۔
شرطی ۔ یقیناً +

بے شمار ۔ ف ۔ صفت ۔ ان گنت ۔ بے حساب ۔
بہت ۔ بافراط +

بے صبر ۔ ف ع ۔ صفت ۔ سنتوک نہ رکھنے والا ۔ ناصبور
ناشکیبا ۔ بیاکل ۔ مضطرب ۔ بےچین ۔ بیقرار +

بے صبرا ۔ ف ۔ صفت ۔ دیکھو (بے صبر)

بے صبری ۔ ف ۔ اسم مؤنث ۔ بے قراری ۔ بے اطمینانی
اضطراب ۔ گھبراہٹ ۔ بولاہٹ +

بے طرح ۔ ف ع ۔ تابع فعل (۱) بری طرح سے ۔ عجب
طرح سے (۲) صفت میں) نہایت ۔ ازحد ۔ جیسے بے طرح
سر ہو رہا ہے (۳) وہ غزل جو مشاعرہ میں طرح کے خلاف
پڑھی جائے +

بے عزت ۔ ف ع ۔ صفت ۔ ذلیل ۔ رسوا ۔ بے حرمت
بے آبرو ۔ بے توقیر +

بے عزتی کرنا ۔ ف ۔ فعل متعدی ۔ کرکری کرنا ۔ کرکرا خراب
کرنا ۔ ذلیل کرنا ۔ رسوا کرنا ۔ ہتک کرنا +

بے عقل ۔ ف ع ۔ صفت ۔ احمق ۔ الو ۔ نادان ۔ بے سمجھ

بے عیب ف ع ۔ صفت بے قصور ۔ بن کلنک ۔ بے نقص
پاک صاف ۔ جیسے بے عیب ذات خدا کی +

بے غرض ۔ ف ع ۔ صفت ۔ بے پروا ۔ بے مطلب
بلا واسطہ +

بے غل و غش ۔ ف ع ۔ صفت ۔ صحیح بکسر (غل و غش)
(۱) بلا تکلف بےدریغ ۔ اندھا دھند ۔ آپ شناپ
(۲) تابع فعل) بےفکری سے ۔ بے پروائی سے (۳) اف…
سے ۔ کثرت سے ۔ کثرت +

بے غیرت ۔ ف ع ۔ صفت ۔ بے عزت ۔ بے شرم
بے حیا ۔ ناہموار ۔ بدتہذیب +

بے فائدہ ۔ ف ع ۔ صفت (۱) بلا سود ۔ بے…
لا حاصل (۲) ناحق ۔ بے سبب ۔ بلا وجہ (۳)…
بے کار ۔ بیرتھا +

بے فکرا ۔ ف ۔ صفت ۔ بیفکر ۔ وہ شخص جو کسی طرح کا
اندیشہ نہ رکھے ۔ بے پروا ۔ آزاد منش +

بے فیض ۔ ف ع ۔ صفت (۱) وہ شخص جس سے کسی کا…
نہ ہو (۲) سوم ۔ بخیل ۔ کنجوس +

بے قابو ۔ ف ع ۔ صفت (۱) بے اختیار ۔ لس…
باہر (۲) آزاد ۔ خود مختار ۔ خود رو +

بے قاعدہ ۔ ف ع ۔ صفت (۱) خلاف دستور ۔
معمول اور رسم کے خلاف (۲) بے ترتیب ۔ بے…

بے قدرا ۔ ف ۔ صفت ۔ وہ شخص جو کسی چیز یا…
داد نہ دے ۔ حق ناشناس ۔ ناسپاس +

بے قرار ۔ ف ع ۔ صفت ۔ بے صبر ۔ بے تاب

بے قصور ۔ ف ع ۔ صفت ۔ بے گناہ ۔ بیخطا ۔
جو خطاوار نہ ہو ۔ غیر ملزم +

بے قیاس ۔ ف ع ۔ صفت (۱) بعید الفہم ۔ خیال…

(۲) بے حد - بے انتہا - اندازہ سے باہر +

بے قید - ف ع - صفت - بے روک - آزاد - مطلق العنان

وہ شخص جو کسی بات کا پابند نہ ہو - کھلے بندوں +

بے کار - ف - صفت (۱) نکما - ناکارہ - نکما - خراب

(۲) غیر مفید - بے فائدہ - فضول - نکھٹو - نشین - بے روزگار

(۴) خالی - معطل جیسے بیکار مباش کچھ کیا کر +

بے کاری - ف - اسم مؤنث (۱) بے روزگاری -

نانہ نشینی (۲) فساد - خرابی - بگاڑ - مگر اس معنی میں جب

خون کی بیکاری کہتے ہیں تب لیتے ہیں +

بے کراں - ف - صفت - ناپیدا کنار - بے حد +

بے کس - ف - صفت (۱) بے یار و مددگار - وہ شخص جس کا

کوئی دوست نہ ہو (۲) محتاج - عاجز - غریب (۳) یتیم -

بن ماں باپ کا (یہ معنی فارسی میں آتے ہیں مگر اردو میں بھی استعمال

ہوسکتے ہیں) +

بے کل - ف ا - صفت (۱) بے تاب - بے چین - بے آرام -

(۲) مضطرب - بے قرار + (ذوق - مصرعہ)

جان بیتاب جیسے بیکل برق

بے کلی - ف ا - اسم مؤنث (۱) بے چینی - بے قراری -

اضطرابی (۲) تکلیف - بے آرامی (۳) ایک نازک

کا مرض جو اکثر نازک عورتوں کو لاحق ہوتا ہے +

بے کم و کاست - ف - صفت - بغیر گھٹائے بڑھائے

ٹھیک ٹھیک - جوں کا توں - صحیح صحیح +

بے گناہ - ف - (۱) صفت (۱) بے قصور - بے خطا

(۲) ناحق - بیوجہ - جیسے بیگناہ مارا گیا +

بے گھرا - ف ا - اسم مذکر - نگھرا - بے خانماں - خانہ خراب

وہ شخص جس کے گھر بار نہ ہو +

بے لاگ - ف ا - صفت بے لاؤ لپیٹ - بےغرض - صاف -

کھرا - کھری - کھرا - نرپچ - طرفداری نکرنے والا +

بے لحاظ - ف ع - صفت (۱) بے شرم - نلجا - بیحیا (۲)

شوخ - بے ادب - گستاخ +

بے لطف - ف ع - صفت - بیمزہ - بے لذت +

بے لگام - ف - صفت - منہ زور - سرکش - شریر گھوڑا

بے لگاؤ - ف ا - صفت (۱) دیکھو - (بے لاگ (۲))

وہ مکان جس میں جوڑ چکار کے آنے کا رستہ نہو - الگ - جدا

محفوظ (۳) بے جوڑ - بے ربط - بے میل +

بے محابا - ف + ع - صفت - بے ترس + بیدھڑک -

بے خوف + بالحاظ - بلا تأمل +

بے محل - ف + ع - نابجا - بے موقع - بیجا - نامناسب

بے مروت - ف + ع - صفت (۱) لغوی معنی نامرد (۲)

انسانیت سے باہر (۳) وہ شخص جس کو کسی کا پاس اور

لحاظ نہ ہو (۴) طوطا چشم - بے وفا - بیدید +

(شوق) اپنے مطلب کی یہ محبت ہے

تیری تو ذات بے مروت ہے

(۵) بد اخلاق - کج خلق (۶) کٹھور - بیدرد - بیدردی +

بے مزگی - ف - اسم مؤنث (۱) بے لطفی (۲) ناسازی

ملالت (۳) شکر رنجی - رنجیدگی +

بے مزہ - ف - صفت (۱) بد ذائقہ - بے لذت - بے لطف

(۲) ناساز - علیل جیسے طبیعت کا بیمزہ ہونا (۳) رنجیدہ

خفا - کشیدہ خاطر - کبیدہ خاطر +

بے معنی - ف + ع - صفت - مہمل - بیہودہ - وہ لفظ

جس سے کچھ نہ سمجھا جائے +

بے مقدور - ف + ع - صفت - وہ شخص جو کچھ مقدرت

نہ رکھے + مفلس +

بے منت - ف + ع - صفت (۱) بے احسان (۲) مستغنی

بے پروا - بے نیاز (خدا کی تعریف میں) (۳) - بلا تردد -
بے سوچ بچار - جیسے اتنا فائدہ تو بے منت ہے (۴)
بے دریغ - بے افسوس جیسے خدا اسکو بے منت دیتا ہے

بے منتا - ا - اسم مذکر - وہ دوشاخہ لکڑی جسمیں
بھنگڑ صافی باندھکر بھنگ چھانتے ہیں +

بے موجب - ف+ع - صفت (۱) بے سبب - بلا واسطہ
بلا وجہ - ناحق - بے مناسب - بیجا - غیر واجب (۲)
خلاف دستور +

بے موسم - ف+ع - صفت - بے رت - بیوقت +

بے موقع - ف+ع - بے محل - بیوقت - بیجا - نامناسب
نازیبا - ناموزوں +

بے نام و نشان - ف - صفت - بے پتے اور بے ٹھکانے
وہ شخص جسکا کچھ پتا نہ ہو - گمنام +

بے نصیب - ف+ع - صفت (۱) بدبخت - بدقسمت
رنڈ بھاگا (۲) نالایق - ناشائستہ +

بے نظیر - ف+ع - صفت - لاثانی - بے بدل - بے مثل

بے نقط سنانا - ا - فعل لازم - بے لاگ گالیاں
دینا - مغلظات گالیاں سنانا - بیجا گالیاں دینا

کیا بے نقط سناتا ہے تیرا دہان تنگ
(خواجہ وزیر) گویا یہ میم کلمۂ دشنام ہو گیا +

بے نماز - ف - صفت - ع - وہ عورت جو معمولی ناپاکی
کے باعث نماز نہ پڑھ سکے - حائضہ (۲) تارک نماز

بے نماز ہونا - ا - فعل لازم - ع - میلے سر سے ہونا
ایام سے ہونا - کپڑوں سے ہونا +

بے نمک - ف - صفت (۱) الونا - پھیکا - بن نمک کا
بے مزہ (۲) غیر ملیح - وہ شخص جسمیں کچھ سلونا پن اور
ملاحت نہ ہو +

بے ننگ و ناموس - ف+ع - بے شرم - نہنگ -
بے حیا + بدچلن - بدوضع - آزاد +

بے نیاز - ف - صفت - بے پروا - لاطمع - بے تمنا -
غنی - غیر محتاج - بے عجز +

بے نیازی - ف - اسم مؤنث (۱) بے پروائی + ناپرسان
حالی + (غالب)

بے نیازی حد سے گزری بندہ پرور کب تلک
ہم کہینگے حال دل اور آپ فرمائینگے کیا

(۲) آزادی - خودمختاری - خودسری +

آتش صنم بھی کرنے لگے بے نیازیاں
(آتش) ہیں لاکھ لاکھ شکر خدا کی جناب میں

بے وحدت - ف+ع - صفت (۱) لغوی معنی - بیگانہ
(۲) بے لحاظ - بے ادب - بے شرم (انشا)

دشت میں اپنے جو آیا قیس وحشت نے کہا +
چل بے بے وحدت پرے کیوں یہاں تو لایا بسترا

(۳) بیہودہ - ناہموار +

بے وفا - ف+ع - صفت (۱) بدعہد - وہ شخص جو دوستی
کا پورا نہ ہو (۲) بے مروت - بیدید (۳) ناشکرا - بداحسان

بے وقت - ف+ع - صفت - دیکھو - (بے موقع)

بے وقر - ف+ع - صفت (۱) بے عزت - ذلیل -
خوار (۲) وہ شخص جو بھاری بھرکم نہ ہو - اوچھا (۳) فرومایہ
سبک سر +

بے وقری - ف+ع - اسم مؤنث - بیعزتی - ذلت
رسوائی - سبک سری +

بے وقوف - ف+ع - صفت - احمق - نادان +

بے وقوفی - ف+ع - اسم مؤنث (۱) نادانی - حماقت
(۲) عوام ہنسی کے طور پر اولاد کو بھی کہتے ہیں جیسے یہ کسکی بیوقوفی ہے

یعنی کسکا لڑکا ہے +

بے ہمّت - ف+ع - صفت (۱) کم حوصلہ - پست ارادہ (۲) سُست - کاہل - مجہول +

بے ہُنر - ف - صفت - وُہ شخص جسکے ہاتھ میں کوئی کام نہو - پھُوہڑ +

بے ہنگم - ا - صفت - صحیح (بے ہنگام) بے موقع + بیڈول - بھدّا بھونڈا +

بے ہوش - ف - صفت (۱) بے خبر - ناواقف (۲) بے سُدھ - بے حواس - غافل - مدہوش +

بیا - ہ - اسم مذکّر - ایک زرد رنگ کے پرند کا نام ہے جو گھونسلا بنانے میں مشہور اور انگوٹھی چھلا بندی وغیرہ لے آنے میں قابلِ تعریف ہے - یہ جانور چڑیا سے کسیقدر چھوٹا ہوتا ہے +

بیابان - ف - اسم مذکّر (۱) ریگستان - صحرا - جنگل - دشت (۲) ویرانہ - اُجاڑ +

بیاپنا - ہ - فعل لازم (ہندی) ۱ - رہنا - سمانا - بسنا - بیٹھنا - پھیلنا جیسے گھٹ گھٹ میں بیا پنا (۲) سرایت کرنا - اثر کرنا جیسے گرمی بیاپ گئی (۳) گزرنا - کھٹکنا - ہونا

(کبیر) یہ سنسا ہو ہے نسدن بیاپے - کوئی نہ کہہ سمجھائے
دھاگا ٹوٹا گگن ہنس گیا شبد کہاں سمائے

بیاج - ہ - اسم مذکّر - سُود - ربا - نفع - منافع - وہ اضافہ جو ایک جنس کے بدلہ میں اُسی جنس سے لیا جائے جیسے روپیہ کے بدلہ روپیہ - پیسہ کے بدلہ پیسہ یا گیہوں کے بدلہ گیہوں کا زیادتی کے ساتھ مبادلہ ہو (مسلمان اسکو بیاز بولتے ہیں) +

بیاج پر بیاج - ہ - تابع فعل - سُود در سود - سُود کا سُود - سُود بالائے سُود +

بیاج خور - ا - اسم مذکّر - سود خوار - رباخوار - روپیہ پیسہ یا جنس پر ہمجنس چیز کا منافع کھانے والا - سُود چلانے والا

بیاجُو - ہ - تابع فعل - سُودی - سُود پر - نفع پر + زرِ سُودی

بیادھ - ہ - اسم مذکّر (۱) روگ - بیماری - دُکھ - سنتاپ - پیڑا (۲) فساد - فتنہ - جھگڑا + (ہندو بولتے ہیں)

بیار - بیال - ہ - اسم مؤنث - (گنوار) ہوا - باد +

بیاسی - ہ - صفت - اسّی اور دو - ہشتاد و دو - ۸۲ +

بیاض - ع - اسم مؤنث (۱) سفیدی - دھولاپن (۲) بہی سادہ کاغذ - پاکٹ بُک - وُہ کتاب جسمیں یادداشت و حساب وغیرہ لکھتے ہیں (۳) کتابِ اشعار +

بیاکرن - ہ - اسم مذکّر - علم صرف و نحو - گرامر - قواعد +

بیاکل - ہ - صفت (ہندی) مُضطرب - بےتاب - بے قرار - بے کل - بے چین - دُکھی +

بیالو - ہ - اسم مذکّر (ہندو) رات کا کھانا - خوراکِ شب

بیالیس - ہ - صفت - چالیس اور دو - چہل و دو - ۴۲

بیان - ع - اسم مذکّر (۱) لُغوی معنی صاف بولنا - سخن روشن واضح - آشکارا - مُشرّح (۲) تقریر - گفتگو (۳) اظہار + شہادت (۴) تفصیل - تفسیر (۵) بکھان + ہجو - نندا (۶) باب - مضمون - فصل + مُقدمہ - معاملہ (۷) ذکر - کیفیت - حالت جیسے بیان کرکے رونا (۸) وُہ علم جسمیں تشبیہ - مجاز - استعارہ کنایہ وغیرہ کی مدد سے ایک معنی کو کئی طریق سے ادا کرسکیں (۹) رپورٹ - خبر - اطلاع (۱۰) مقولہ قول - بچن +

بیان بدلنا - ا - فعل لازم (قانون) اپنے قول یا اظہار یا شہادت کو پلٹنا +

بیان دعویٰ - ع - اسم مذکّر (قانون) - صورتِ حال حقیقتِ حال - ثبوتِ دعویٰ +

بیان کرنا - ا - فعل متعدی - ذکر کرنا + بکھان کرنا کہنا - حال یا کیفیت یا سرگزشت دوہرانا +

بیانا - ہ - فعل لازم - جننا - مویشی کا بچّہ دینا +

بیاہ - ہ - اسم مذکر - شادی کتخدائی - عقد نکاح +

بیاہ رچانا - ہ - فعل متعدی - شادی کی رسمیں شروع کرنا - شادی پھیلانا +

بیاہ لانا - ہ - فعل متعدی - شادی کرکے گھر لے آنا - دلہن لے آنا - شادی کرلانا +

بیاہ مانگنا - ہ - فعل لازم - شادی کی تاریخ ٹھیرانا +

بیاہا - ہ - صفت - شادی شدہ - وہ شخص جسکا بیاہ ہوگیا ہو

بیاہتا - ہ - صفت - بیاہی جورو - منکوحہ - نکاحی - وہ بیوی جسے چار پنچوں کے ساتھ دھوم دھام سے بیاہ کر لائے ہوں +

بیاہنا - ہ - فعل متعدی (۱) شادی کرنا - کتخدا بنانا (۲) فعل لازم - شادی ہونا - کتخدا ہونا - ازدواج ہونا +

بَبِل - یونانی - [illegible] اسم مؤنث - لغوی معنی کتاب اصطلاحی وہ آسمانی کتاب جسمیں توریت زبور انجیل شامل ہے +

بی بی - ف - اسم مؤنث (اگرچہ صحیح لفظ بی بی ہے اور تحریر میں بھی اسیطرح زیادہ مستعمل ہے مگر بول چال میں بیوی آتا ہے البتہ بعض خاص معنی میں ہندو بی بی بولتے ہیں لیکن یا تذکیا بھی فارسی ہی ثابت ہوتا ہے) ۱ - بانو - بیگم - خانم - امیرزادی - اشراف زادی - خاتون خانہ (۲) نیکوکار عورت - زن صالحہ نیکبخت - عفیفہ - پارسا (۳) بڑی بوڑھی - پرکھا - سرپرست مربی (۴) جنابہ - حضرت - صاحبہ (۵) مالکہ - آقا - سرکار جیسے بیوی داریں باندی کھائے (۶) عروس کدبانو - دلہن (۷) بہو - جورو - زوجہ - گھروالی (اضافت ہوکر یہ معنی دیتا ہے) ۸ - زن - عورت - لگائی - استری جیسے بی بی خیلا دو چٹے ایک میلا (۹) کلمۂ تعظیم (جب کسی عورت کا نام عزت کے ساتھ لینا منظور ہوتا ہے تو اسکے نام کے اوّل میں بھی یہ لفظ آتا ہے جیسے بیوی زینب - بیوی فاطمہ - بیوی مریم) (۱۰) کلمۂ محبت (جب پیار سے کسی لڑکی سے باتیں کرتے ہیں تو اسوقت بھی کہتے ہیں جیسے اکھو لکھو بیوی کو اللہ رکھو (فقرہ) (۱۱) لڑکی - صاحبزادی - بچی - بیٹی (ہندو زیادہ بولتے ہیں) (۱۲) خطاب زن بازن - کلمۂ خطاب مثل بُوا - (۱۳) بہن - ہمشیرہ - خواہر - بُوا - بھینا - (ہندو اور گنوار بولتے ہیں) ۱۴ - بعض اوقات صرف حضرت فاطمہ علیہا السلام بھی مراد ہوتی ہے چنانچہ بیوی کی صحنک - بیوی کی جھاڑو وغیرہ میں بیوی خاص انہیں سے مراد ہے)

بی بی جی - ل - اسم مؤنث - ہندو عو - (۱) کلمۂ خطاب بجائے رانی جی (۲) بڑی نند - خاوند کی بڑی بہن -

بی بی زن - ل - صفت - عو - پارسا - ستی - با عفیفہ با عصمت - نہایت نیکبخت - پاکدامن +

بَیُپار - ہ - اسم مذکر (صحیح بیوپار) لین دین - بنج - بیوپار تجارت - سوداگری +

بَیُپاری - ہ - اسم مذکر (صحیح بیوپاری) تجار - تاجر سوداگر - پیشہ سوداگر - بنجارا +

بیُنت - ہ - اسم مؤنث - سنسکرت [illegible] بید - ایک قسم کی تیلی کی مانند لکڑی ہوتی ہے جو اکثر ٹھنڈے ملکوں میں ریت کے اندر ہی اندر بڑھتی چلی جاتی ہے اسمیں لچک نہایت

بیت - ع - اسم مؤنث (۱) مرکبات میں - گھر - مسکن - مکان (۲) فرد - شعر - دوہا +

بیت الحُزن - ع - اسم مذکر - رنج کا گھر - غمکدہ - کلبۂ احزان - غمخانہ +

بیت الخلا - ع - اسم مذکر - پاخانہ - ٹٹّی - گگلہ -

بیت الصنم - ع - اسم مذکر (۱) بُت خانہ - مندر

معشوق کا گھر۔ محبوب کا مکان +

بَیتُ المال ۔ع۔ اِسم مذکر (۱) خزانۂ عامرہ۔ سرکاری خزانہ۔ شاہی خزانہ (۲) لادعوے مال۔ لاوارث اسباب۔ خالصہ۔ منضبطہ۔ نُزُول (۳) عو۔ نجس مال + کمبخت۔ بدنصیب۔ بدشگون + (سرانگین)

مجکو آتا نہیں کچھ جاہ کا ڈھب بیت المال
کسطرح کرتے ہیں کیا جانئے بیت المال

بیتُ المقدّس ۔ع۔ اسم مذکر۔ پاک گھر۔ خانۂ متبرک مراد ایروشلم کا عبادتخانہ جو ایشیائی رُوم میں واقع ہے۔

بیت بازی ع + ف ۔ اسم مؤنث۔ شعروں کی بحث کرنا (یہ صنعت اکثر کایستھ وں کے لڑکوں میں اسطرح ہوتی ہے کہ جب ایک لڑکا کوئی شعر پڑھتا ہے جس حرف پر یہ شعر ختم ہوتا ہے تو دوسرے لڑکے کو اُسی حرف کے شروع کا کوئی شعر پڑھنا پڑتا ہے اگر وہ جواب نہ پڑھ سکے اور جس لڑکے نے اوّل بیت بازی شروع کی تھی وہ پڑھ دے تو ہنکہ مات ہو جاتی ہے) +

بیتال ۔ہ۔ اسم مذکر (عوام بفتح یا) ا۔ وہ مُردہ جو کھبوت حلول کرنے سے زندہ خیال کیا جائے + پشاچ۔ بھوت پریت (۲) شہوحی کے نوکر چاکر +

بیتلا ۔ا۔ صفت (۱) لاوارثہ مال۔ لادعوی مال (جواریوں کی اصطلاح میں) چوری کا مال۔ کالا مُزدیدہ (خان آرزو نے مُلا کاشی کے شعر کی سند دیکر لکھا ہے کہ یہ مخفف بیت المال آیا ہے" اُردو والوں نے اسمیں الف نسبت اور بڑھایا (۳) عو۔ نکما۔ خراب۔ نگوڑا۔ مُوا +

بیتلی ۔ا۔ صفت۔ عو (۱) کمبخت۔ بدنصیب۔ بیبختی (۲) ناکارہ۔ ناچیز۔ خراب۔ نکمی۔ نگوڑی۔ موئی +

بیتنا ۔ہ۔ فعل لازم (۱) گزرنا۔ بسر ہونا۔ تمام ہونا۔ ہو چکنا۔ بیت جانا + ختم ہونا +

کلیاں من میں سوچت ہیں اور پھول کھلے کمہلاوت ہیں
(دوہا) جو دن آنیر بیت گئی سو دن ہمیں آوت ہیں

(۲) رفع ہونا۔ دفع ہونا۔ کٹنا۔ گنندنا (۳) وارد ہونا۔ واقع ہونا جیسے جس پہ بیتے وہی جانے +

بیتی ۔ہ۔ اِسم مؤنث۔ گزری ہوئی۔ سرگزشت۔ ماجرا واردات + (عورتیں زیادہ بولتی ہیں)

بیٹ ۔ہ۔ اِسم مؤنث (۱) بیخال۔ پرندونکا گوہ (۲) جب کسی انسان کی طرف مُضاف کرتے ہیں تو وہاں نکمہ۔ خراب تر ادنے۔ احقر سے مُراد ہوتی ہے (۳) ایک قسم کا گندک آمیز نمک

بیٹ کرنا ۔ہ۔ فعل لازم (۱) بیخال کرنا۔ ہگنا (۲) متعدی میں۔ عوام۔ دھبہ ڈالنا۔ دھبہ لگانا +

بیٹا ۔ہ۔ اسم مذکر (۱) لڑکا۔ پسر۔ پوت۔ پتر۔ فرزند نرینہ (۲) پیارا۔ عزیز۔ لاڈلا۔ پیارے دختر اور پالتو جانور کو بھی کہتے ہیں (۳) دولہا۔ نبرا۔ بنا (۴) فقیر ہر ایک نیادار اور علی الخصوص اپنے مُریدوں کو بھی بیٹا کہتے ہیں +

بیٹا بنانا ۔ہ۔ فعل متعدی۔ متبنٰی کرنا۔ گود لینا +

بیٹا بیٹی ۔ہ۔ اسم مذکر (۱) لڑکے بالے۔ بال بچے (۲) بچوں کے ایک کھیل کا نام ہے جو گُندھی مٹی کی ایک ٹکیا سی بناکر اور اُسمیں چھید کرکے پتھر یا ہل پر پٹخنے ہیں بڑی آواز کو بیٹا اور چھوٹی کو بیٹی کہتے ہیں +

بیٹھا ہونا ۔ہ۔ فعل لازم (گنوار) جاگنا۔ بیدار ہونا۔ اُٹھنا۔ ہوشیار ہونا۔ نیند سے کھڑا ہونا +

بیٹھ جانا ۔ہ۔ فعل لازم (۱) کھڑا ہو جانے کے خلاف (۲) جلوس کرنا۔ نشست فرمانا جیسے تخت پر بیٹھ جانا۔ (۳) دبجانا۔ دھسجانا + ٹھنجانا۔ پچک جانا۔ اندر کو گرجانا جیسے آنکھ یا قبر کا بیٹھ جانا (۴) گر پڑنا۔ ڈھیجانا جیسے مکان کا بیٹھ جانا (۵) لبا جانا + رقیق ہوجانا۔ ملایم ہوجانا

جیسے گرد شکر کا بیٹھ جانا (۶) اچھنا - دھرنا دینا (۷) درست آنا - ٹھیک ہونا جیسے انگوٹھی میں نگینے کا یا سر پر ٹوپی کا بیٹھ جانا (۸) دیوالہ نکل جانا (۹) سست جاتا رہنا - طاقت نہ رہنا جیسے غم یا صدمے سے بیٹھ جانا (۱۰) خانہ نشینی اختیار کرنا - کاروبار چھوڑ دینا (۱۱) گلتھی ہو جانا - کھلا ہوا نہ رہنا جیسے جانوں بیٹھ جانا (۱۲) سوار ہو جانا - کسی سواری پر چڑھ جانا + (۱۳) کسی کسی کا گھر میں پڑ جانا - نکاح کر لینا (۱۴) منجمد ہو جانا - بستہ ہو جانا جیسے پارہ بیٹھنا (۱۵) سما جانا - آ جانا - اتر جانا جیسے بیج بیٹھنا +

بیٹھ رہنا - ہ - فعل لازم (۱) چھوڑ دینا - باز آنا - ہاتھ اٹھانا (۲) آس چھوڑ دینا - مایوس ہو جانا (۳) دبک رہنا - صبر کرنا جیسے تم تو بیٹھ رہے (۴) صبر اختیار کرنا - ہمت ہارنا - کوشش چھوڑنا - چپ ہو رہنا (ذوق)

بیٹھ رہئے تو قفس ہے ہمیں آرام کی جا
پر ہے بے چین ہمیں شوق رہائی کرتا

(۵) ہار جانا - تھک جانا (۶) خانہ نشینی اختیار کرنا - ترک ملازمت کرنا +

بیٹھک - ہ - اسم مؤنث (۱) نشست - آسن - جلسہ - بیٹھنے کا ڈھنگ (۲) بیٹھا - تلا (۳) دیوانخانہ - نشستگاہ (۴) ایک قسم کی ورزش کا نام بھی ہے جو پہلوان اپنے تیار ہونے کے واسطے کیا کرتے ہیں - بیٹھکی - شانگا (۵) ایک قسم کی نذر اور حاضرات جو اکثر ضعیف الاعتقاد مسلمان عورتیں کیا کرتی ہیں اسکا مفصل حال بیٹھک دینا میں لکھا جائیگا +

بیٹھک دینا - ہ - فعل متعدی - عورتوں پریوں وغیرہ کی حاضرات کرنا (اکثر جاہل اور ضعیف المذہب مسلمان عورتوں میں دستور ہے کہ انمیں ایک ایک عورت اپنے تئیں اپنے مانے ہوئے ولیوں یا پریوں کی سواری فرض کر کے جمعرات کو اپنے سر پر انکو بلایا کرتی ہے اور اسمیں سب عورتیں جا کر اپنی اپنی حاجتیں پیش کرتی ہیں جس عورت کے سر پر ان میں سے کوئی ولی آتا ہے وہ عورت ننگا سر ہلاتی جاتی ہے اور جو کچھ سائلہ کا سوال ہوتا ہے اسکے خیال کے موافق جواب دیتی جاتی ہے وہ اپنے حسن ظن سے اسکو سچ جانتی ہے - اس نذر کے واسطے بڑے بڑے سامان کیے جاتے ہیں مکلف فرش بچھایا جاتا ہے خوشبو اور لوبان وغیرہ سے مکان بسایا جاتا ہے - ڈومنیاں گانے کے واسطے بلائی جاتی ہیں جس عورت کے سر پر ساتوں پریوں میں سے کوئی پری یا شیخ سدو - ماما میاں شاہ دریا - زین خاں - ماموں اللہ بخش - شاہ سکندر - شاہ دریا ننھے میاں - سید برہنہ - پیر بیٹھلے - شاہ مدار - پیر غیب - چالیس تن وغیرہ آتے ہیں وہ نہایت بن ٹھن کر اور دلہن کی طرح پھولوں اور گہنے وغیرہ سے آراستہ ہو کر گانا سننے بیٹھتی ہے جب گانے کی آواز سے مست ہو جاتی ہے تو اسکے سر پر انمیں سے کوئی آ کر خوب کھیلتا ہے اور دراصل یہ بالکل مکر اور فریب ہے) (رنگین)

سرخ جوڑا تو رنگا لینے دو لوگو مجکو
یوں بھی ہوتی ہے کہیں لال پری کی بیٹھک
ہے جمعرات گھر اپنے کو دوگانا مت جا
آج دے ڈال یہیں لال پری کی بیٹھک

بیٹھن - ہ - اسم مذکر (۱) وہ کپڑا جسمیں سوداگر قیمتی کپڑے یا گوٹہ کناری وغیرہ باندھ کر رکھتے ہیں - بندھنا - بستہ - بستنی (۲) وہ چادر جو استری کرتے وقت دھوبی نیچے بچھا لیتے ہیں (۳) کبھی کسی چیز کے نمونہ اور بانگی سے بھی مراد ہوتی ہے +

بیٹھنا - ہ - فعل لازم (۱) دیکھو - بیٹھ جانا نمبر ا سے ۱۲ تک (۲) انڈے سینا (۳) جفتی کرنا (کہتے ہیں پنجاب میں بازاری عورتیں انسان کے واسطے بھی بولتی ہیں) (۴) حاصل ہونا - وصول ہونا - وزن یا تول میں اترنا جیسے دس سیر کا نو سیر بیٹھا (۵) صرف ہونا - خرچ ہونا + لاگت آنا جیسے ایک جوڑے

ہیں اتنا روپیہ بیٹھا (۶) داخل ہونا - بھرتی ہونا جیسے مکتب میں بیٹھنا (۷) مشق ہونا - کنڈے پر آنا - درست ہونا - جمنا جیسے لکھنے پر ہاتھ بیٹھنا (۸) لگنا - ٹکر کھانا جیسے نشانہ پر بیٹھنا (۹) صبر کرنا - سنتوک کرنا جیسے کہاں تک بیٹھے - (۱۰) ٹھیرنا - ٹکنا - ٹھہر رہنا - قرار پکڑنا - ایک جگہ رہنا -

(مؤلف) آوارگی نصیب میں اپنے ہے ناصحا
بیٹھیں گے دل لگا کے کہاں اُلٹا سیکھنا

(۱۱) قماربازوں کی اصطلاح میں) جُوا کھیلنا - قماربازی کرنا ۔ جیسے کہاں بیٹھ آیا ہے یعنی کس جگہ جُوا کھیلکر آیا ہے ۔ (۱۲) قماربازی (؟) - داؤں پر لگانا - داؤں پر رکھنا جیسے لو کیا بیٹھتے ہو (۱۳) منجمد ہونا - بستہ ہونا جیسے پارہ کا بیٹھنا (۱۴) اُتر آنا - اُترنا - اُتر آنا جیسے کنوئے کی کوٹھی وغیرہ کا بیٹھنا ۔ (جب جانور کی نسبت کہتے ہیں کہ بیٹھکر کھلا تو وہاں (؟) کہنے سے اور جب شطرنج کے مہرے کی بابت بیٹھنا کہتے ہیں تو وہاں مہرے کے گھر پر رکھنے سے اور جب کسی رقیق شے میں بیٹھنا کہتے ہیں تو وہاں ڈوبنے غرق ہونے اور نہ پہنچنے سے مراد ہوتی ہے ۔)

بیٹھواں - ہ - صفت - بھدّی - چپٹی - کھڑی کے خلاف جیسے بیٹھواں جوتی +

بیٹھے بٹھائے - ہ - تابع فعل (۱) بے سبب - بے وا بلا وجہ بخواہ مخواہ (مومن)

نہ ہوتو بیٹھے بٹھائے خراب اے مومن
لڑا نہ اُس بُتِ خانہ خراب سے آنکھیں

(۲) ناحق - بیفائدہ - بے سود + (آشفتہ)

چلا ہے کعبہ کو آشفتہ پارسا بنکر
خدا جو بیٹھے بٹھائے اُسے خراب کرے

(۳) یکایک - ناگہاں - اچانک - اچانچک +

یہ غضب بیٹھے بٹھائے تجھپہ نازل کیا ہوا
(جرأت) اُٹھ چلا دُنیا سے کیوں تو تجکو اے دل کیا ہوا

بیٹھے بیٹھے - ہ - تابع فعل - دیکھو (بیٹھے بٹھائے)

میں یہ حیراں ہوں عزیز و آہ یہ کیا ہو گیا
(عزیز) بیٹھے بیٹھے عشق کا آزار کیسا ہو گیا

بیٹھے رہو - ہ - ندا - محاورہ (۱) جاؤ اپنا کام کرو - باز آؤ

تلوار کو جو کھینچ دکھاتے ہو بانکپن
(محشر) بیٹھے رہو میں ایسی اداؤں سے ڈر چکا

(۲) چپ بھی رہو - دخل نہ دو - زیادہ نہ بڑھو (۳) سروکار نہ رکھو - تمہیں کیا مطلب - تم کون ہو -

بیٹی - ہ - اسم مؤنث (۱) دختر - دھی - پُتری - بنت (۲) لڑکی - صبیہ - فرزند مادینہ (۳) پیاری - عزیزہ (۴) فقیر ہر ایک عورت کو بیٹی کرکے بولتے ہیں (۵) جو لڑکا نہایت غریب اور مسکین ہوتا ہے اُسکو بھی بیٹی سے تشبیہ دیتے ہیں (۶) دُلہن - عروس +

بیٹی دینا - ہ - فعل لازم - بیٹی بیاہنا +

بیٹی کا باپ - ہ - صفت - مردِ حقیر - بودا اور نامرد آدمی - مردک +

بیٹی والے - ہ - جمع مذکر - دُلہن کے ماباپ - دُلہن کی طرف کے لوگ - منہ چھپانے والے (جب تک شادی نہیں ہولیتی جب ہی تک کہتے ہیں)

بیج - ہ - اسم مذکر (۱) تخم - بیا - دانہ (۲) نطفہ - بند (۳) اصل - جڑ - بُنیاد +

بیج بونا - ہ - فعل لازم (۱) تخم ریزی کرنا - تخم پاشی کرنا (۲) کسی چیز کی بُنیاد ڈالنا - قائم کرنا (۳) باعث ہونا - سبب ہونا - مُوجد ہونا +

بیج پڑنا - ہ - فعل لازم (۱) تخم پاشی ہونا (۲) بُنیاد

پڑنا (۳) نسل رہنا ۔ نطفہ ٹھہرنا +

بیج جاتا رہنا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ (۱) اولاد نہ رہنا ۔ آگے کو نسل کی اُمید نہ رہنا (۲) مرد کو کوئی قاطع النسل بیماری کا ہو جانا

بیج جمنا ۔ ہ ۔ فعل لازم (۱) تخم کا اُگنا ۔ اُبسا ۔ پھوٹنا ۔ اُگنا ۔ اُپنا ۔ نکلنا ۔ پھوٹنا (۲) نطفہ قرار پانا ۔ حمل رہنا

بیج ڈالنا ۔ ہ ۔ فعل متعدی (۱) تخم ریزی کرنا (۲) حمل رکھنا +

بیج مارا جانا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ آگے کو کسی چیز کے پیدا ہونے کی اُمید نہ رہنا ۔ نسل قطع ہونا ۔ تباہ ہونا ۔ برباد ہونا ۔ ناپید ہونا ۔ پتا نہ رہنا +

بیج ناس کرنا ۔ ہ ۔ فعل متعدی ۔ بالکل غارت کرنا ۔ نیست و نابود کرنا ۔ بیخ و بنیاد نہ رکھنا ۔ معدوم کرنا ۔ مٹانا

بیجا ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ (ایک ڈراؤنی اور خوفناک شکل کا کاغذی چہرہ جو بچے مُنہ پر لگا کر ڈرایا کرتے ہیں آجکل جیم فارسی کے ساتھ بیچا بولتے ہیں مگر رنگین وغیرہ پُرانے لوگوں نے بیجا لکھا ہے البتہ انشا اللہ خاں نے جیم فارسی مگر مؤنث باندھا ہے (انشا کا قطعہ لفظ بچا میں دیکھو)

ایک تو شکل ڈراونی ہے تری بیجا سی +
تس پہ یوں بچا بن کے دیتے مجھے مت گھور ڈرا (رنگین)

بیجک ۔ ہ ۔ اسم مذکر (۱) وہ کاغذ جس میں مال کی تعداد خرید قیمت خرید اور تفصیل درج ہو ۔ چالان ۔ روانہ شدہ مال کی فہرست یا فرد (۲) پونجی ۔ سرمایہ ۔ زر اصل (۳) وہ ٹکٹ یا چیٹ جو اسباب کی گٹھڑی پر چسپاں کرتے ہیں (۴) نشان ۔ علامت +

بیجنا ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ ہندوعو ۔ پنکھا ۔ بادکش ۔ بینا +

بیجنا ڈولانا ۔ ہ ۔ فعل متعدی ۔ ہندوعو ۔ پنکھا ہلانا ۔ پنکھا جھلنا +

بیجو ۔ ہ ۔ صفت ۔ بیج کا ۔ وہ پھل یا تخم جو بونے کے واسطے رکھیں

بیچھڑ ۔ ہ ۔ اسم مؤنث (۱) ملے ہوئے جو چنے جو اکثر غریب لوگ کھاتے ہیں (۲) بعض اوقات مختلف ملی ہوئی چیزوں کو بھی کہدیتے ہیں جس طرح روپیہ اور اشرفی کو کھچڑی +

بی جی ۔ ا ۔ اسم مؤنث (۱) بیوی جی کا مخفف (۲) وہ مرد عورتوں کی سی چال ڈھال رکھے ۔ زنخہ ۔ زنانہ +

بیجیلا ۔ یا ۔ بجیلا ۔ ہ ۔ صفت ۔ بیجدار ۔ وہ پھل جس میں بہت سے بیج ہوں +

بیچ ۔ ہ ۔ ظرف مکان ۔ (۱) درمیان میں ۔ اندر ۔ بیچ ما بین (۲ ۔ اسم مذکر) وسط ۔ میانہ ۔ قلب ۔ منجھ ۔ ناف ادبر (۳ ۔ اسم مذکر ۔ پورب میں) فاصلہ ۔ تفاوت ۔ فرق (۴ ۔ تابع فعل) باہم ۔ باکدیگر ۔ آپس میں (۵) مرکز

بیچ بچاؤ کرنا ۔ ہ ۔ فعل لازم (۱) فساد رفع کرنا ۔ دو … ہوئے آدمیوں کو سمجھا بجھا کر فیصلہ کر دینا ۔ روک … کرنا ۔ شفاعت کرنا ۔ دو شخصوں میں سے رفع شر کرنا ۔ صلح …

بیچ بچاؤ ہونا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ فیصلہ ہونا ۔ رفع …

بیچ کا ۔ ہ ۔ صفت ۔ منجھلا ۔ درمیانی ۔ بچلا +

بیچ کی راس ۔ ہ ۔ صفت ۔ بُرا نہ بھلا ۔ متوسط

بیچ کی انگلی ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ انگشت میانہ ۔ وسطی ۔ ہاتھ کی سب سے لمبی انگلی +

بیچ کے گھڑے کی ۔ ہ ۔ صفت ۔ نہایت تیز شراب (رنگین)

ساقیا زر یہ مُٹھی بھر کرلے +
پر مجھے بیچ کے گھڑے کی دے

بیچ میں پڑنا ۔ ہ ۔ فعل لازم (۱) ثالث بنا ۔ … درمیان دینا ۔ ذمہ وار ہونا ۔ ذمہ لینا ۔ ضامن ۔ متکفل ہونا ۔ کفیل ملزما +

بیچا ۔ ہ ۔ اسم مذکر (۱) دیکھو (بیجا)

ہمتو ہنستے نہیں پر آپکے ہنسنے کے لیے

قطعہ اور اگر سانگ نہیں کوئی بنا سکتے ہیں

اِنشا کالی کاغذکی ابھی ایک کتر کر بیچا

زاہد بزم کے مُنہ پر تو لگا سکتے ہیں

(۲) نہایت بدصُورت آدمی کو بھی کہتے ہیں +

بیچا - ہ - اسمِ مذکر - بیچنے والا - بیچو - فروشندہ +

بیچ بچاؤ - ہ - اسمِ مذکر - فیصلہ - تصفیہ (وُہ فیصلہ جو دو شخصوں میں کسی ثالث یا متوسط کے وسیلہ سے ہو) +

بیچا بیچ - ہ - تابع فعل - ٹھیک بیچ - عین وسط - مرکز +

بیچنا - ہ - فعل متعدی (۱) فروخت کرنا - بیع کرنا - مول دینا - قیمتاً دینا (۲) سکارنا - ہُنڈی کی پُشت پر بیچا لکھ دینا

بیچو - ہ - اسمِ مذکر - فروشندہ - بایع +

بیچوں بیچ - ہ - تابع فعل - دیکھو (بیچا بیچ) +

بیخ - ف - اسمِ مؤنث (۱) جڑ - اصل - مول (۲) نیو - بُنیاد

بیخ بُنیاد - ف - اسمِ مؤنث (۱) جڑ مُول (۲) اصل نسل - حسب نسب (۳) خاندان کا سلسلہ +

بیخ کنی کرنا - ف - فعل متعدی - تخریب کرنا - جڑ اُکھاڑنا - جڑ کھودنا - قطع نسل کرنا - نیست و نابود کرنا - ستیاناس کرنا

بَید - ہ - اسمِ مذکر - ہندی طبیب - حکیم - ڈاکٹر - ہندی طریق پر مُعالجہ کرنے والا (گیتوں میں چارہ گر کے معنی میں آتا ہے)

بید - ف - اسمِ مذکر (ایک قسم کے درخت کا نام ہے جسے ہندی میں بیت کہتے ہیں اہلِ لُغت نے اسکی سترہ قسمیں لکھی ہیں ان درختوں کی شاخوں میں از حد خمیدگی اور لچک پائی جاتی ہے اور شاخیں بھی اکثر لمبی لمبی اور سیدھی ہوتی ہیں +

بید کی طرح کانپنا - ف - فعل لازم - خوف کے مارے نہایت لرزاں ہونا - تھرانا +

بید مجنوں - ف - (ایک قسم کے درخت کا نام ہے جسکی شاخیں نہایت جھکی رہتی ہیں بعض لوگ اُسے بے ثمر خیال کرتے ہیں مجنوں سے تشبیہ اُسکی خمیدگی اور حالتِ افسردگی کے باعث دی گئی ہے - شاعروں نے اس درخت کو بہت جگہ باندھا ہے (ذوق) خُوب روئے آج ہم سُنسان ہاموں دیکھکر + یاد آیا ہمکو مجنوں بید مجنوں دیکھکر +

بید مُشک - ف - اسمِ مذکر - ایک قسم کے بید کے درخت کا نام ہے جسکے پھول نہایت نازک اور خوشبودار رنگ میں زرد مگر مائل بسبزی و سیاہی ہوتے ہیں اسکا عرق تفریح دل اور تبرید کے واسطے استعمال کرتے ہیں مزاجاً سرد تر ہے - اس درخت کے پھول پتوں سے پہلے کھل جاتے ہیں)

بید - ہ - اسمِ مذکر - س - (विद ویاز وِد बेद بمعنی جاننا) ہندوں کی مُقدس آسمانی کتاب کا نام جسکے اصل میں تین دفتر تھے بعد میں ایک اور شامل کرکے چار کردیئے بلکہ ریتہاس اور پُرانوں کو ملاکر پانچواں وید بھی کہتے ہیں پہلے دفتر کا نام رگوید - دوسرے کا سام وید تیسرے کا یجروید - چوتھے کا اتھروا وید ہے - اوّل کے تین دفتروں میں توحید اوامر و نواہی وعدہ وعید اور احکامِ شریعت درج ہیں - اور چوتھے میں ابتدائے آفرینش سے آخر تک اور جو کچھ اُسکے درمیان میں ہے اُس سب کا حال لکھا ہے +

بَیدا - ہ - اسمِ مذکر - (گنوار) ا - بلوہ - غدر - خلفشار - فتنہ و فساد - شور و شر (۲) گیتوں میں چارہ گر کے معنی میں آتا ہے (دوہا) جا بید اگھر آپنے تو کیا جانے سار + عاشق جنگلے کن کیے بن دیکھے دیدار +

بیداد - ف - اسمِ مؤنث - ظلم و ستم - جور و جفا - جبر و تعدی

بیدار - ف - صفت - خوابیدہ کے خلاف - جاگتا - ہوشیار - مستیقظ +

بیدار بخت - ف - صفت - اقبالمند - خوش نصیب

بیدار دل - ف - صفت - ہوشیار - حاضر طبع +

بیدار مغز - ف - صفت - عالی دماغ - ہوشیار - عاقل

فہیم + روشن دماغ - زود فہم +

بیداری - ف - اسم مؤنث - جاگ - جگن - ہوشیاری

بیدانت - ہ - اسم مؤنث - ویاس جی کا بنایا ہوا شاستر وید کا اخیر دفتر جسمیں منطقی بحث پر بیان ہوا ہے +

بیدانتی - ہ - اسم مذکر - بیدانت جاننے والا +

بیدک - ہ - اسم مؤنث (۱) علم طب - علاج معالجہ کا علم ڈاکٹری - طبابت - حکمت (۲) - اسم مذکر) طبیب - معالج - حکیم - ڈاکٹر - دوا درمن کرنے والا +

بیدن - یا - **بیدنا** - ہ - اسم مؤنث - ہندو عو - تکلیف پیڑا - درد - دکھ + اعضا شکنی - کسلمندی - ناسازی

بیدرد - ف - صفت (۱) ناترس - اکل کھرا (۲) بیمروت بیوفا - طوطا چشم - اپنا مطلب نکالنے کے بعد آنکھیں پھیر لینے والا + (یہ لفظ دید معنی ملاقات سے مرکب ہے لیکن شعرائے عجم کے کلام میں کہیں نظر سے نہیں گزرا) (۳) کٹھور - سنگدل +

بیر - ہ - صفت (۱) بہادر - سورما - جری - دلیر + غازی + زور آور (۲) - اسم مذکر میں) بل - پہلوان (۳) - عو - موکل - ارواح - جادو - ہمزاد - جن (۴) بھائی - برادر - ماجایا (اول معنی میں سنسکرت वीर ویر سے بیر ہوگئے)

بیر بٹھانا - ہ - فعل متعدی - موکل بٹھانا - جادو کرنا - جن یا ہمزاد کو کسیکے اوپر متعین کرنا +

بیر دوڑانا - ہ - فعل متعدی - عو - موکل چھوڑنا - جادو کے زور سے ارواح سے کچھ کام لینا - جن دوڑانا - ہمزاد سے کام لینا +

بیر - ہ - اسم مذکر (۱) کنار - تبق (ایک قسم کے پھل کا نام ہے جسکی دو قسمیں ہیں چھوٹی قسم کو جنگلی کو جھاڑی بونٹی کا بیر اور بڑی قسم کے بیر کو باغی بیر کہتے ہیں - کھانے میں کھٹ مٹھا یا میٹھا ہوتا ہے مزاجا اول درجہ میں سرد - دوم میں خشک - صحرائی بیر عناب سے مشابہ باغی سیب سے چھوٹا اور مزے میں اسکے قریب قریب ہے +

(۲) بار - دفعہ - کرت - نوبت - جیسے ایک بیر - دو بیر - تین بیر وغیرہ (گنوار بولتے ہیں اور اس معنی میں بار سے بیا گیا ہے) (۳) دیر - وقفہ - عرصہ - توقف - تامل - ڈھیل (گنوار بولتے ہیں)

بیر بیر - ہ - تابع فعل (گنوار - ا) دیکھو - بار بار - (۲) ہر بار - ہر دفعہ - اکثر +

بیر گٹھلی - ہ - صفت - برا بھلا - الم غلم - مفید وغیر مفید جیسے بیر گٹھلی سب ہضم +

بیرن - ہ - اسم مؤنث (ہندو) عورت - استری - زن - نار - ناری + (رن) +

بیر بانی - بیربانی - ہ - اسم مؤنث - عورت - عورت ذات عورت کی قسم میں سے (اسجگہ بانی تابع مہمل ہے) +

بیر - ہ - اسم مذکر - (۱) عداوت - دشمنی - بغض - کینہ - مخاصمت (۲) ضد - مخالفت (۳) بدلہ - عوضہ +

بیر باندھنا - ہ - فعل متعدی (۱) دشمنی اختیار کرنا - عداوت پر مستعد ہونا (۲) ضد باندھنا - مخالفت پر آنا +

بیر بسانا - ہ - فعل متعدی (۱) دشمنی مول لینا - دشمنی کرنا (۲) ضد باندھنا - مخالفت کرنا (۳) بغض نکالنا - کینہ کشی کرنا - عداوت کا بدلہ لینا جیسے راجہ ہاری یو دنی تو بیر بساؤں جائیں (کہانی کا فقرہ) +

بیر پڑنا - ہ - فعل لازم - دشمنی ہونا - ناچاقی ہونا - ان بن ہونا - بگاڑ پڑنا +

بیر کا رشتہ - ا - اسم مذکر - عو - نند بھاوج دیورانی جٹھانی ساس بہو اور سوت سوتیا ونکا رشتہ +

بیر لینا - ہ - فعل متعدی (عوام) بدلہ لینا - عوض لینا -

بیر نکالنا - ہ - فعل متعدی - دیکھو (بیر لینا) +

بَیرَا - انگلش Bearer. بیرر کا بگاڑ - اسم مذکر - خاص تراش - حجام - نائی - خلیفہ +

بِیرَا - ہ - اسم مذکر (گنوار) بھائی برادر + پیارا عزیز +

بَیرَا کَھیڑِی - ہ - اسم مؤنث - عداوت - دشمنی - مخالفت - نااتفاقی (کھیری تابع مہمل ہے)

بَیرَاگ - ہ - اسم مذکر (۱) نفس کشی - ریاضت - خواہش نفسانی کو مارنا (۲) جوگ - فقیری +

بیراگ لینا - ہ - فعل متعدی - تارک الدنیا ہونا - جوگ لینا - فقیری اختیار کرنا - دنیا کی نعمتوں پر لات مارنا

بَیرَاگَا - ہ - اسم مذکر - ظفر تکیہ - وہ ٹیڑھی بانکی لکڑی جو اکثر بیراگی فقیر ٹکا کر آرام لیتے ہیں +

بَیرَاگَن - ہ - اسم مؤنث (۱) بیراگی فقیر کی بیوی (۲) فقیرنی - جوگن (۳) ظفر تکیہ - وہ چھوٹی سی ٹیڑھی بانکی لکڑی جسے بیراگی فقیر تکیہ کی بجائے لگا کر بیٹھتے ہیں

بَیرَاگی - ہ - اسم مذکر (۱) تارک الدنیا - جوگی - مرتاض - درویش باخدا - ہندو فقیروں کا ایک گروہ جو لوبھ اور موہ سے بالکل آزاد ہے +

بِیربَہُوٹی - ہ - اسم مؤنث (۱) عروسک - عروس زمین - اندر بدھو (وہ لال لال مکڑی سے مشابہ کیڑے جو برسات میں زمین سے پیدا ہوتے ہیں - انکا جسم مخمل کی مانند نہایت ملایم ہوتا ہے اکثر طلا وغیرہ کے واسطے عیاش آدمی جمع کیا کرتے ہیں بلکہ دیگر ادویات میں بھی کارآمد ہیں (۲) تشبیہاً نہایت سرخ - خونی کبوتر - سرخ بانات کی مانند + سرخ پوش +

بَیرَق - ت - اسم مذکر - فوج کا جھنڈا - نشان - علم (عوام بیرکھ بولتے ہیں) +

بِیرَن - ہ - اسم مذکر - (گنوار) بھائی - برادر +

بَیرَن - ہ - اسم مؤنث (۱) دشمن عورت - بدخواہ عورت (۲) سوکن - سوتن - سوک (۳) بعض اوقات عورتیں ہوا کو بھی کہدیتی ہیں جیسے ماہ جاڑا نہ پوہ جاڑا جب چلے بیرن جب ہی جاڑا +

بَیرِنگ - انگلش Bearing. صفت - محصولی - محصول دار - وہ مال یا خط جسکا محصول اول ادا نہ کیا گیا ہو +

بِیرُوزَہ - ل - اسم مذکر - ایک طرح کا مد ہے جو چیڑ کی لکڑی میں سے نکلتا ہے اور اسکو گندہ بروزہ کہتے ہیں +

بِیرُوں - ف - ظرف مکاں (۱) باہر - اندر کے خلاف (۲) سوائے - علاوہ +

بِیرُونجَات - ف - اسم مذکر (۱) دیہات - قصبات - حوالی شہر - سواد شہر - نواح شہر - شہر کے باہر (یہ بیروں کی جمع خلاف قاعدہ عربی کے طریق پر عدالت کے منشیوں نے بنالی ہے مگر فصحا اسے معیوب سمجھتے ہیں) +

بَیرِی - ہ - اسم مذکر - عدو (۱) دشمن - بدخواہ - مخالف - عدو (۲) ایک شکاری پرند کا نام جو اکثر کبوتروں کا شکار کرتا ہے +

بیرِی - ہ - اسم مؤنث (۱) بیر کا درخت - سدرہ - درخت کنار (۲ - گنوار) بار - دفعہ - دار +

بیڑَا - ہ - اسم مذکر (۱) ناو - کشتی - زورق + بانسوں کا ٹھاٹھ جسکے ذریعہ سے دریا کے پار اترتے ہیں + گھڑنئے چوگھڑا وغیرہ - وہ چمڑے کی مشک نما چیز جسکے اوپر بیٹھ کر دریا سے اترتے ہیں اسے فارسی میں شناز اور مرجادہ کہتے ہیں (۲) کئی جہازوں یا کشتیوں کا لانگا ٹیر - جہازوں کا مجمع (۳) بانسوں کی چھوٹی سی کشتی جو عوام خواجہ خضر کے نام پر بھادوں کے مہینے میں بہت سے چراغ رکھکر بہاتے ہیں اور اُس سے یہ غرض ہوتی ہے کہ ہماری مصیبت کا بیڑا پار ہو +

(۴) رسالہ - فوج + فوجی آدمیوں کا گروہ - سپاہیوں کا
جتھا + منڈلی - تھوک - جرگہ - طائفہ (۵) احاطہ - باڑہ +
صحن - آنگن - میدان خانہ (۶) کُنبہ - قبیلہ جیسے نواب کا
بیڑا بنا رہے +

بیڑا باندھنا - ہ - فعل متعدی (پورب میں) بھیڑ اکٹھی
کرنا - بہت سے آدمیوں کو جمع کرنا +

بیڑا پار کرنا - یا - لگانا - ہ - فعل متعدی (۱) کشتی یا ناؤ
یا جہاز کو سلامتی کے ساتھ پار اتارنا (۲) مشکل آسان کرنا
مصیبت دور کرنا - آڑے آنا - کسی کام میں مدد کرنا -
اڑی نکالنا + مراد بر لانا - امید پوری کرنا +

بیڑا پار ہونا - ہ - فعل لازم (۱) ناؤ یا جہاز وغیرہ کا
صحیح سلامت منزل مقصود کو پہنچنا (۲) مشکل آسان
ہونا - مصیبت سے چھٹکارا پانا - مراد کو پہنچنا - کامیاب
ہونا جیسے مولا یار ہے تو بیڑا پار ہے (۳) خاتمہ ہونا -
کام تمام ہونا - انجام کو پہنچنا - پورا ہونا جیسے اسکے وار
میں بیڑا پار ہے +

بیڑا - ہ - اسم مذکر (۱) گلوری - کھیلی - کتھا چونا چھالیہ پڑا
ہوا پان - وہ بنا اور پتوں میں لپٹا ہوا پان جو شادی
وغیرہ میں تقسیم ہوتا ہے (۲) وہ ڈورا یا فیتہ وغیرہ جس سے
تلوار کا میان اور قبضہ اس غرض سے بندھا رہتا ہے کہ شمشیر
میان سے باہر نہ نکل پڑے - (نکہت)

دیا قبضہ میں کب کاغذ کا اُس خونخوار نے بیڑا
اٹھایا ہے ہمارے قتل پر تلوار نے بیڑا +

(۳) چرٹ - سگار - تمباکو کے پتوں کا بنا ہوا بیڑا +

بیڑا اٹھانا - ہ - فعل متعدی (۱) عزم بالجزم کرنا - کسی کام
کے کرنیکا ذمہ لینا + ہامی بھرنا - ہاتھ لگانا - شرط باندھنا

(مؤلف) تڑپا کریں نہ مجکو شہادت کا انتظار
قاتل وہ میرے قتل پہ بیڑا اٹھا چکا +

(ذوق) گلوری پان کی غیروں کو تم کھلاتے ہو
ہمارے قتل کا بیڑا مگر اٹھاتے ہو

(۲) مستعد ہونا - آمادہ ہونا + (شیدا)

ہمارے قتل پر بیڑا اٹھائے جس کا جی چاہے
یہی گو اور یہی میدان ہے آئے جس کا جی چاہے

اگلے زمانہ کے راجاؤں اور سرداروں میں دستور تھا کہ جب کوئی کام
مشکل آن پڑتا تھا تو وہ اپنے ماتحتوں کو بلا کر اول اُس کام کی حقیقت
اور کیفیت سناتے تھے بعد ازاں خاصدان میں ایک گلوری رکھکر ہر ایک
کے آگے پیش کرتے تھے جو اسے اٹھا کر کھا جاتا تھا اُسپر یہ کام فرض ہو جاتا
تھا چنانچہ اس رسم کو بیڑا ڈالنا کہتے تھے +

بیڑا ڈالنا - ہ - فعل متعدی (رہنما) کسی مشکل اور
اہم کام کے بجالانے کا سوال کرنا - مفصل کیفیت بیڑا
اٹھانے میں دیکھو +

بیڑا کھلانا - ہ - فعل متعدی (۱) پان کھلانا - (۲)
نسبت کرنا - منگنی کرنا - ایک رسم کا نام ہے جسمیں دولہا کی طرف
سے دلہن کو اور دلہن کی طرف سے دولہا کو سات پان کی گلوری اس
نیت سے کھلائی جاتی ہے کہ اب یہ دونوں آپس میں منسوب ہوگئے +

بیڑوہی - ہ - اسم مؤنث - (دہلی میں) آٹے کی کچوری
کو کہتے ہیں جو حلوائی بیچنے کے واسطے پکا کر رکھتے ہیں

بیڑھنی - ہ - اسم مؤنث - گانے والی عورتوں کا ایک
فرقہ جیسے کنچنی کنجری ڈومنی وغیرہ +

بیڑھئی روٹی - ہ - اسم مؤنث - دال بھری روٹی
وہ روٹی جسکے اندر پیٹھی بھر کر پکاتے ہیں + آجکل اسے
بھری روٹی بھی کہتے ہیں +

بیڑی - ہ - اسم (۱) جولان - زنجیر پا - بند پا - سلسلہ
سلاسل - وہ لوہے کی زنجیر جو ملزموں کے پاؤں میں

ڈالتے ہیں (۲) وُہ منّت کا نیلا ڈورا یا چاندی سونے کا حلقہ جو ماں باپ لاڈلے بچّوں کے پاؤں میں ڈالتے ہیں (۳) وُہ سونے چاندی کے موٹے تاروں کے گچھے جو کہ بے کش تیار کرکے تارکشوں کو دیتے ہیں گھمی (۴) وُہ چمڑے کا ڈول یا ٹوکرا جسکے دونوں کونوں پر رسّی باندھکر دو آدمی کھڑے ہو جاتے ہیں اور کھیتوں میں اُسکے وسیلہ سے پانی پہنچاتے ہیں (۵) تعلّقاتِ دُنیوی - جورو بچے +

بیڑی بڑھانا - ہ - فعل لازم (عو) منّت کی زنجیر یا حلقہ یا میعادِ مُقرّرہ کے بعد نذر نیاز دلا کر اُتارنا +

بیڑی پڑنا - ہ - فعل لازم (۱) پابجولاں ہونا - سلاسل پڑنا (۲) مُقیّد ہونا - پابند ہونا (۳) بال بچّوں میں گرفتار ہونا - آزاد نہ رہنا - نکاح ہونا - شادی ہونا +

بیڑی پہننا یا ڈالنا - ہ - فعل لازم - پابزنجیر کرنا پابجولاں کرنا (۲) منّت کی بیڑی پہنانا +

بیڑی کٹنا - ہ - فعل لازم (۱) پاؤں سے زنجیر اُترنا (۲) آزاد ہونا - رہا ہونا - قطع تعلّق ہونا +

بیزار - ف - صفت - ناخوش - ناراض - ملول - خفا - رنجیدہ + مُتنفّر - کراہیت کرنے والا منہ موڑتا ہے
یہ لفظ اصل میں باز آر یعنی باز آرندہ تھا الالہ کی صورت میں آکر بیزار ہوگیا اور اسکے لغوی معنی تنفّر قرار پاسے +

بیس - ہ - صفت (۱) دس اور دس - بست ۲۰ (۲) افضل - بہتر - مُمتاز - ایک درجہ بڑھا ہوا +

بیس بسوے - ہ - صفت (۱) لغوی معنی ایک گھی (۲) کُل - تمام - پورا جیسے گرہن کا بیس بسوے ہونا (۳ - تابع فعل) اغلب - غالبًا - بالضرور - یقینًا (۴ - اسم میں) تمام گانو - تمام زمین + تمام فصل (۵ - اسم میں) جیت - فتح - جیسے زبردست کے بیسوں بسوے

بیسیا - ہ - اسم مذکر - وُہ کُتّا جسکے پورے بیس ناخن ہوں

بیساکھ - ہ - اسم مذکر - ہندوؤں کا شمسی پہلا - موسم گرما کا تیسرا اور فصلی آٹھواں مہینا جو غالبًا ۱۵ اپریل سے ۱۵ مئی تک رہتا ہے (وہ زمانہ جب چاند بیساکھ یعنی سولھویں نچھتر کے قریب ہو) +

بیساکھی - ہ - اسم مؤنث (۱) بیساکھ سے منسوب - وُہ پیداوار جو بیساکھ کے مہینے میں ہو جیسے خربزہ تربوز وغیرہ (۲) عصا - وُہ لاٹھی جسے لنگڑا لولا پکڑ کر چلے (۳) وُہ ستون جو چھپّر کے نیچے لگاتے ہیں (۴) بڑی ہڑ (۵ - بقال) بیوقوف - احمق - گدھا +

بیسر - ہ - اسم مؤنث - حلقہ بینی - وُہ چھوٹی سی نتھنی جو ناک کے بیچ میں بُلاق کی بجای ہندنیاں یا باہر کی مُسلمانیاں پہنتی ہیں +

بیسرا - ا - صفت - بے تالا - وُہ گویا جو گانے میں اصول کا خیال نہ رکھے +

بیسرا - ہ - صفت وُہ شخص جسکا کوئی مُربّی یا والی وارث نہ ہو + آوارہ - سرگرداں + سرکش + خودمختار - آزاد +

بیسن - ہ - اسم مذکر - آرد نخود - چنے کی دال کا آٹا

بیسنی روٹی - ہ - اسم مؤنث - چنے کی روٹی - چنے کی دال کے آٹے کی روغنی اور مصالحدار روٹی +

بیسوا - ہ - اسم مؤنث - قحبہ - رنڈی - کسبی - پاتر - بیتریا

بیش - ف - صفت (۱) زیادہ - افزوں - افزود - فاضل (۲) بہتر - افضل - عُمدہ - اچھا +

بیش از بیش - ف - تابع فعل - زیادہ سے زیادہ - بہت بہت - حد کا درجہ - پرلا درجہ - غایت درجہ - انتہا کو +

بیش باد - ف - دُعا - خُدا زیادہ کرے - بڑھتی دولت ہو اور بڑھے +

بیش بہا - ف - صفت - بھاری مول کا - زیادہ قیمت کا

قیمتی۔ بڑھیا۔ بڑھ کا +

بیش تر۔ ف۔ صفت۔ زیادہ تر۔ اکثر + بارہا +

بیش قیمت۔ ف + ع۔ صفت (۱) دیکھو بیش بہا (۲) عمدہ۔ نفیس +

بیشہ۔ ف۔ اسم مذکر۔ اُجاڑ۔ جنگل۔ بیابان +

بیشی۔ ف۔ اسم مؤنث (۱) زیادتی۔ بڑھوتری۔ افزونی (۲) معمولی کام سے زیادہ کر دینے کی اُجرت۔ (۳) نفع بالائی سود +

بیضوی۔ ع۔ صفت۔ انڈے کے ڈول کا۔ بادامی وضع کا آفتابی کے خلاف + انڈے کی مانند شکل +

بیضہ۔ ع۔ اسم مذکر (۱) انڈا۔ خایۂ مرغ۔ تخم پرند (۲) خصیہ آنڈ۔ فوطہ +

بیطار۔ ع۔ اسم مذکر۔ سلوتری۔ گھوڑوں کا طبیب۔ بیطار

بیع۔ ع۔ اسم مؤنث۔ فروخت۔ بکری +

بیع بالوفا۔ ع۔ اسم مؤنث۔ شرطی رہن جس میں میعاد مقررہ پر روپیہ ادا نہ کرنے سے چیز آئی گئی ہو جاتی ہے

بیع شرطی۔ ع۔ اسم مؤنث۔ کچی بکری۔ وہ بکری جو کسی شرط پورا ہونے پر موقوف ہو +

بیع قطعی۔ ع۔ اسم مؤنث۔ فروخت کامل۔ پکی بکری

بیع مطلق۔ بالمقطع بیع +

بیع نامہ۔ ف۔ اسم مذکر۔ بکری پتّہ۔ قبالہ۔ دستاویز فروخت +

بیع وشرا۔ ع۔ اسم مؤنث۔ خرید و فروخت۔ لینا اور بیچنا۔

بیعانہ۔ ع + ف۔ اسم مذکر۔ سائی (وہ نقدی جو کسی چیز کی قیمت چُک جانے کے بعد اصل قیمت ادا کرنے سے پیشتر بائع کو اس نظر سے دی جاتی ہے کہ بیع کا پکّا اقرار ہوگیا یہ روپیہ بعد میں منہا کر لیا جاتا ہے +

بیعت۔ ع۔ اسم مؤنث (۱) عہد باندھنا۔ اطاعت میں آنا (۲) مرید ہونا۔ چیلا بننا۔ معتقد ہونا +

بیکنٹھ۔ س۔ اسم مذکر۔ بہشت۔ فردوس۔ جنت۔ بشن لوک۔ سُرگ +

بیکنٹھ باشی۔ ہ۔ صفت۔ مغفور۔ مرحوم۔ جنت آشیانی فردوس مکاں +

بیکنٹھ باشی ہونا۔ ہ۔ فعل لازم۔ سُرگ کو جانا۔ جنت کو سدھارنا۔ دنیا سے کوچ کرنا۔ مرنا +

بیگ۔ ت۔ اسم مذکر (۱) سردار۔ امیر۔ شہزادہ (۲) مغلوں کا ایک خطابی لفظ ہے جو اُن کے نام کے آخر میں لگایا جاتا ہے جس طرح انگریزی میں لفظ لارڈ شاہی امیروں یا خاندانی لوگوں کے واسطے مقرر ہے ترکوں میں یہ لفظ)

بیگ۔ ہ۔ تابع فعل (ہندی) جلد۔ ترت۔ جھٹ۔ فوراً جھٹ پٹ۔ پھرتی سے۔ اُتاولی +

بیگ۔ انگلش۔ Bag اسم مذکر۔ تھیلا۔ بوری وہ تھیلا جس میں ریل کے مسافر اکثر اپنا کپڑا اسباب رکھتے ہیں

بیگار۔ ف۔ اسم مذکر (۱) کام بے مزد۔ سخرہ (۲) کر جبر حاکمانہ کام جو رعایا سے جبراً لیا جاسکے (۳) وہ کام جو بلا معلوم دے + بیدلی کا کام +

بیگار ٹالنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ بیدلی اور کم توجہی سے کوئی کام کرنا۔ دفع الوقتی کرنا +

بیگار کو کام۔ ہ۔ تابع فعل۔ ع۔ بیدلی کا کام۔ بیفنت کام۔ بار بسر +

بیگاری۔ ف۔ اسم مذکر (۱) بیگار میں کام کرنے والا۔ (۲) مزدور جو حاکمانہ طور پر بلا اُجرت بلایا جائے (بحر)

بیگاریوں کی شکل اسیر کی جہان میں +
پشتارے باندھ باندھ کے ہمنے اٹھائے رنج

(۲) بیدلی سے کام کرنے والا - کام ٹالو - نمکحرام -

(شوق) رکھدی اپنی خوشی سے اسواری
موئے نوکر ہیں یا ہیں بیگاری

بیگاری کا کام - ا - تابع فعل دیکھو - (بیگار کا کام)

بیگانگی - ف - اسم مؤنث - مغائرت - غیریت - یگانگی کے خلاف +

بیگانہ - ف - صفت (۱) غیر - اجنبی - یگانہ کے خلاف (۲) ناواقف - انجان (۳) پرایا - دوسرے کا +

بیگانہ خو - ف - صفت - وہ شخص جسکی سرشت میں محبت نہ ہو - اکھڑ - غیر مانوس +

بیگانہ وار - ف - صفت - غیروں کی مانند +

بیگم - ت - اسم مؤنث (صحیح بکسر کاف فارسی) ملکہ - خاتون لیڈی - امیر زادی - نواب زادی - شریف زادی - سید زادی - مغل زادی +

بیگمی - ا - صفت (پورب میں) (۱) بیگموں کے لائق (۲) عمدہ - نفیس جیسے بیگمی چاول (۳) ایک قسم کے کافوری اور عمدہ پان (۴) ایکطرح کا پنیر جسمیں نمک کم ہوتا ہے

بیگنا - ہ - فعل متعدی (پورب میں) پھینکنا +

بیگہ - ہ - اسم مذکر - پیمایش زمین کی ایک مقدار کا نام ہے جو ۱۲۰۰ مربع فیٹ کے برابر ہوتی ہے +

بیگی - ہ - تابع فعل (گیتوں میں) جلدی - شتابی -

بیل - ہ - اسم مذکر (۱) نرگاؤ - گائی کا نر - بلد - ثور (۲) صفت میں بیوقوف - احمق - گدھا +

بیل - ہ - اسم مؤنث (۱) لتا - لتر - بیارہ - وہ درخت جسکی ساقیں زمین پر پھیلتی یا کسی سہارے سے اوپر چڑھتی ہیں جیسے کدو خربزہ انگور وغیرہ کی بیل (۲) ریشمی - یا زری وغیرہ کا کنارہ جو اکثر دوپٹوں وغیرہ میں لگاتے ہیں - فیتہ (۳) گل بوٹے اور درخت وغیرہ جو کپڑے پر کاڑھے جاتے ہیں (۴) سڑک کی لکیر جو پھاوڑے سے ڈالی جاتی ہے جسے داغ بیل بھی کہتے ہیں (۵) تصدق - نچھاور - نثار - وہ صدقہ کا روپیہ یا پیسہ جو شادی میں دولہا یا دلہن کے سر سے وار کر ڈومنیوں یا ناچنے والوں کو دیں + وہ انعام جو بطور چندہ ارباب نشاط کو بتقاریب رقص کے وقت دیا جاے (۶) ناؤ کھینے کا بانس - چپو - ڈانڈ (۷) ایک درخت اور اسکے پھل کا نام جو کیت سے مشابہ ہوتا ہے اسکا گودا کھاتے ہیں (۸) آل وعیال - نسل - جنس - سنتان (۹ - عو) قد - قامت (۱۰) ایک قسم کا پھول چنبیلی سے ملتا ہوا جسے رائے بیل بھی کہتے ہیں (۱۱) ایک بیماریکا نام جو اکثر گلے میں ہو جاتی ہے اور اس سے تمام گلا نیچے تک پکتا چلا آتا ہے (۱۲) لنگ - لین (لائن) پکسل (۱۳) جیبکڑ - مٹکوں کی اوپر تلے قطار - جیٹھ +

بیل بٹا - ہ - اسم مذکر (بیل + بانٹا) نچھاور - تصدق نثار - وہ انعام جو بطور چندہ ارباب نشاط کو دیا جاے +

بیل بڑھنا - ہ - فعل لازم (۱) نسل بڑھنا - اولاد زیادہ ہونا (۲) قد بڑھنا - قامت کا دراز ہونا +

بیل بوٹہ - ہ - اسم مذکر - نقش و نگار +

بیل پتر - ہ - اسم مذکر - درخت بیل کے پتے جو شیوجی کو چڑھاے جاتے ہیں +

بیل پڑنا - ہ - فعل لازم - عو - ڈومنیوں وغیرہ کو نچھاور دیا جانا + زر تصدق جمع ہونا +

بیل دینا - ہ - فعل متعدی - عو - نچھاور دینا - تصدق میں ڈومنیوں کو نقدی دینا +

بیل منڈھے چڑھنا - ہ - فعل لازم (۱) شادی کا وقت آنا - سہرا بندھنے کا دن آنا - پروان چڑھنا (۲) امید برآنا - کام بننا - کار برآری ہونا - کامیابی ہونا - مراد کو پہنچنا - نہال آرزو کا سرسبز اور برومند ہونا +

+ اصل میں یہ داغ بیل کا مخفف بنالیا ہے کیونکہ بیل فارسی میں پھاوڑے کے معنی میں او داغ نشان کے معنی میں آیا ہے +

بے مات بھائی - ہ - اسم مذکر - سوتیلا - سوتیلی - وہ بھائی یا بہن جنکا باپ ایک اور ماں اور ہو - برادرِ علاتی

بیمار - ف - اسم مذکر - (بیم + آر) ۱ - علیل - دُکھی - مریض روگی - ماندہ (۲) عاشق - فریفتہ +

بیمار پُرسی - ف - اسم مؤنث - عیادت - بیمار کا حال پوچھنا

بیمار پڑنا - ا - فعل لازم - علیل ہونا - روگ میں گھرنا - ماندہ ہونا +

بیمار خانہ - ف - اسم مذکر - ہوسپٹل - بیماروں کے رہنے کا گھر - دارالشفا +

بیمار دار - ف - اسم مذکر - بیمار کا خبر گیراں - رنجور دار بیمار کی خدمت اور اُسکے علاج میں کوشش کرنے والا

بیمار داری - ف - اسم مؤنث - رنجور داری - بیمار کی خدمت کی ذمہ داری - علاج معالجہ کی خبر گیری +

بیماری - ف - اسم مؤنث (۱) علالت - روگ - عارضہ آزار - مرض - دُکھ - ماندگی (۲) علت - لت - عادت

بیمہ - ف - اسم مذکر - از (بیم) اندیشۂ ضرر کا ذمہ - ٹھیکہ - ضمانت - ہنڈا بھاڑا + (جب سوداگر لوگ نقدی یا جنس وغیرہ کہیں بھیجتے ہیں تو وہ اُس شخص کو جو اُسکے ضایع اور تلف ہوجانے پر دام بھر دینے کا اقرار کرتا ہے کچھ کمیشن دیتے ہیں اور اس شرط یا اطمینان کو بیمہ کہتے ہیں)

بیمہ کرائی - ا - اسم مؤنث - بیمہ کی اُجرت - بیمہ کا کمیشن

بین - ہ - اسم مؤنث - تنتری - ستار کی قسم کا ایک باجا ہے جسکے دونوں طرف تونبے ہوتے ہیں سنسکرت میں اسکو वीणा وینا کہتے ہیں

بین بادشاہزادی - ا - اسم مؤنث - ایک فرضی شاہزادی کا نام جسکا ذکر ہولی وغیرہ میں اکثر شوانگ میں آتا ہے +

بین نواز - ا - اسم مذکر - بین بجانے والا +

بَین - ہ - اسم مذکر - بیان - کتھان - کیفیت + ندبہ - مویہ + مُردے کے اوصاف بیان کرکے آپ بھی رونا اور اوروں کو بھی رُلانا +

بَین - ہ - اسم مذکر (گیتوں میں) بول - بچن - بانی - قول

بَین - ع - اسم مذکر - درمیان - بیچ + فاصلہ - فرق - فصل

بین السطور - ع - اسم مذکر - سطروں کے بیچ کا فاصلہ

بَینا - ہ - اسم مذکر - (ہندو) بھاجی - حصہ - بخرہ +

بَینا - ہ - اسم مذکر - ایک زیور کا نام ہے جو جھومر کی قسم میں سے ہے اور اکثر دلہنوں کو پہناتے ہیں +

بینا - ہ - اسم مذکر (گیتوں میں) بیجنا - بادکش - پنکھا + (اسکی تصغیر بینیا آتی ہے)

بینا ڈالنا - ہ - فعل متعدی - پنکھا جھلنا - پنکھا ہلانا -

بینا - ع - صفت (۱) دیکھنے والا - ناظر - مبصر (۲) دانا - عقلمند - ہوشیار - دُور اندیش +

بینتا - ہ - فعل متعدی (گنوار) چننا - چگنا + بٹورنا - سکیرنا - سمیٹنا + علیحدہ کرنا - جدا کرنا +

بینائی - ف - اسم مؤنث (۱) بصارت - روشنیٔ چشم - جوت - نظر (۲) دانائی - ہوشیاری - دُور اندیشی +

بَین بَین - ع - صفت (۱) متوسط - درمیانی بیچ کا - (۲) سمویا ہوا - ملا جلا +

بینٹا - ہ - اسم مذکر (گنوار) دستہ + (بکسر با و بفتح با)

بینگنی - ا - صفت - بینگن کے رنگ کا - اُودا - سیاہ مائل بہ سُرخی (بعض لوگ ارغوانی اور نارنجی کو بھی کہہ دیتے ہیں)

بینچ - انگلش Bench. اسم مذکر - مستطیل لمبا تختہ یا میز (۲) اجلاس کی میز +

بیندھنا - ہ - فعل متعدی (۱) سوراخ کرنا - چھید کرنا -

بیچوں بیچ سُوراخ کرنا + موتی میں سُوراخ کرنا (۲) گودنا کچوکے دینا - طعنے مہنے سے دل میں سُوراخ کرنا +

بَینڈ - اِنگلش - **Band.** گروہ - جماعت - انگریزی باجے والوں کا گروہ (۲) وہ گول جوبی خواہ آہنی یا سنگین حلقہ جسکے چاروں طرف انگریزی باجے والے کھڑے ہوکر اور اُسپر باجے کی کتابیں رکھکر راگ گاتے یا بجاتے ہیں +

بینڈ - ہ - اِسم مؤنث (۱) نرسلونکا نیڈل - سرکنڈونکا گٹھا (۲) وہ چار چار پانچ پانچ سرکنڈونکا مٹھا جو چھپّر یا چھپّر وغیرہ میں باندھتے ہیں +

بَینڈا - ہ - صفت (۱) آڑا - ترچھا - ٹیڑھا - خمیدہ + وہ آڑی لکڑی جو دروازہ کے پیچھے اِس غرض سے لگا دیتے ہیں کہ دروازہ نہ کھل جاسکے (۲) سخت مُشکل + بدڈھب جیسے بینڈا کام - بینڈا آدمی (۳) کج اخلاق - ناشایستہ - غیر مُہذب - اُجڈ - اکھڑ +

بَینڈی - ہ - اسم مؤنث ٹیڑھی - ترچھی - کج - معکوف - اُلجھی

بَینڈی بات - ہ - اسم مؤنث - نازیبا بات - سخن نالائم ٹیڑھی بات +

بینڈی کھوپری کا - ہ - صفت - اوندھی سمجھ کا - اُلٹی سمجھ کا - کج عقل - کج فہم +

بینڈی - ہ - اسم مؤنث (۱) بینڈ کی تانیث (۲) بالوںکا جیٹا - بالوںکا جوڑا (۳) بان یا سُتلی وغیرہ کی اینٹی +

بینڈیا - ہ - اسم مذکر - وہ تیسرا یا پانچواں بیل جو جوٹ کے آگے لگا دیتے ہیں +

بینگ - ہ - اسم مذکر (پورب میں) مینڈک - غوک +

بَینگن - ہ - اسم مذکر (۱) بادنجان - بنٹا - بتاؤں (اُکلے سانولے سلونے پھل کا نام جسکا بھرتا عمدہ بنتا ہے مزاج دوم درجہ میں گرم خشک - اسکی دو قسمیں ہیں ایک ناروُ - ایک بنیا جسکی تفصیل اپنے اپنے موقع پر موجود ہے) ۲ - عضوِ تناسُل (بازاری آدمی بولتے ہیں)

بینگن سے - ہ - تابع فعل (بازاری) ٹھینگے سے - بلا سے کچھ پروا نہیں +

بینی - ف - اِسم مؤنث (۱) ناک (۲-۹) وہ لبی لکڑی جو بابیں کواڑ کے دُھرادُھر اگلے رُخ پر اِس سبب سے لگا دیتے ہیں کہ بند کرتے وقت دونوں ملکر ایک ہو جائیں اور بیچ میں جھری نہ رہے + (۳) تلوار کے قبضہ کی گھنڈی جسمیں تھمنی پڑتی ہے (۴) کتاب کی جلد کا وہ حصّہ جو آگے کو بڑھا ہوا ہوتا ہے اور کتاب بند کرنے پر دا اُوپر آجاتا ہے +

بینی پاک - ف - اِسم مذکر - ناک پونچھنے کا رومال +

بینی پاک کرنا - ف - فعل متعدی - ناک صاف کرنا +

بینیِ کوہ - ف - اسم مذکر - پہاڑ کی چوٹی - قلّہ +

بیوپار - ہ - اِسم مذکر - دیکھو (بیپار) +

بیوپاری - ہ - اسم مذکر - دیکھو (بیپاری) +

بُیوتات - ع - (بیت کی جمع الجمع) لغوی معنی بہت سے گھر (۱) محل شاہی جسمیں بیگمیں رہتی ہیں یا رندواس (۲) خرچ خانہ داری - خانگی صرف +

بیورا - ہ - اسم مذکر (۱) خبر - پیغام - پیام - بات (۲) سماچار حال احوال - برتانت (۳) مژدہ - بشارت - خوشخبری (۴) پتا - بھید - نشان (۵) تفصیل - تفریق - تشریح (۶) روزنامچہ - چٹھا +

بیورے وار - ہ - صفت - تفصیل وار - مُفصّل - بیان وار درجہ بدرجہ +

بیوستھا - ہ - اسم مذکر - (ہندو) شاستر کے بموجب فیصلہ فتویٰ - فیصلۂ شرعی +

بیوگ - ہ - اسم مذکر - دیکھو (بروگ) +

بیونت - ہ - اسم مذکر (۱) کاٹ - تراش - قطع - بُرید

(۲) پیمانے کے کپڑے کا اندازہ۔ ناپ (۳) حساب۔
تقسیم۔ پڑت (۴) ڈھب۔ موقع (۵) کفایت شعاری
کا ڈھنگ۔ جُزرسی کا طریقہ +

بیونت پھیلنا۔ ھ۔ فعل لازم (ہندی) پڑت۔ کھاتا
حساب پھیلنا + اندازہ ٹھیرنا +

بیونت کھانا۔ ھ۔ فعل لازم۔ دیکھو (بیونت پھیلنا)

بیونتنا۔ ھ۔ فعل مُتعدّی (۱) تراشنا۔ قطع کرنا۔ کپڑے
کی قطع و برید کرنا۔ چھانٹنا۔ کترنا (۲۔ بازاری) قتل کرنا
آدمی کے ٹکڑے کرنا +

بیوہ۔ ف۔ اسم مؤنث۔ بدھوا۔ رانڈ۔ رنڈھی۔ وُہ عورت
جسکا خاوند مرگیا ہو +

بیوپار۔ ھ۔ اسم مذکر۔ بیپار۔ تجارت۔ بنج (۲) کاروبار پیشہ
(۳) معاملہ۔ لین دین۔ داد و ستد (۴) ضابطہ۔
دستورالعمل۔ طور و طریق (۵) خط و کتابت۔ رسل
رسائل۔ نامہ و پیام (۶) خرید و فروخت۔ بیع و شرا۔
(جب بیٹا بیٹی کا بیوپار کہتے ہیں تو وہاں نسبت و مناکحت سے
مُراد ہوتی ہے) +

بیوہار کی بات۔ ھ۔ اسم مؤنث۔ راہ کی بات۔ دستور
کی بات۔ ٹھیک بات۔ معاملہ کی بات +

بیوی۔ ا۔ اسم مؤنث (۱) دیکھو (بی بی نمبر اسے ۲ تک)
(۲) تعظیماً حضرت فاطمہ علیہا السلام کی طرف خطاب (ع و)

بیوی زن۔ ا۔ (ع و) صفت۔ دیکھو (بی بی زن)

بیوی کا دانہ یا کونڈا }
بیوی کی صحنک یا نیاز } ا۔ (ع و) حضرت فاطمہ علیہا السلام کی فاتحہ۔
یہ نیاز اکثر شادی یا کسی مُراد کے برآنے پر عورتیں نہایت احتیاط سے
دلواتی ہیں اور اسے سُہاگن پارسا خاندانی عورتوں کے سوا دوہاجو
تک کو نہیں کھانے دیتیں بلکہ سیدانیوں کو کھلانا اولی سمجھتی ہیں جہانگیر
بادشاہ کے وقت سے اسکا رواج ہوا ہے جسکی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ جہانگیر
بادشاہ کی بیاہتا بیوی قوم کی رجپوتنی تھی اور نورجہاں جو پہلے شیرافگن خاں
کی بیوی تھی وُہ جہانگیر سے آنکھ لگا کر گھر میں پڑی تھی چونکہ اسپر بادشاہ
کی نظر عنایت زیادہ تھی اور سوکنوں میں آپسمیں کٹا چھنی رہا ہی کرتی
ہے اسوجہ سے نورجہاں جو ایک چلبلی اور طرار عورت تھی ہمیشہ جودھ بائی
پر منہ آتی اور اُسے دہقان زادی کہکر چھیڑتی ناچار جودھ بائی نے تنگ
ہوکر اسے ذلیل کرنے کے واسطے یہ تجویز نکالی کہ ایک روز کسی تقریب سے
حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی فاتحہ دلا کر تمام بیگمات محل سے باواز بلند
کہا کہ اسے صاحبو اس نیاز متبرک کو وُہ عورت کھائے جسنے دوسرا
خاوند نہ کیا ہو جب نورجہاں بیگم نے اپنے حسب حال یہ بات سُنی تو
بہت لی گئی اور ایسی شرمندہ ہوئی کہ اُسدن سے پھر کبھی آنکھ نہ ملاسکی
غرض اُس زمانہ سے جسے تقریباً ڈھائی سو برس کا عرصہ ہوا اس رسم نے
رواج پایا) +

بیوی کا دانہ کھانے والا۔ ا۔ اسم مذکر (۱) جورو کی
روٹیوں پر پڑنے والا۔ وُہ بیغیرت اور بےحمیت جو آپ
نہ کمائے اور سسرال کے ٹکڑے کھا کر اینڈے (۲) دیوث
بیوی کی کمائی کھانے والا + محتاج زن +

بیہڑ۔ ھ۔ صفت (بیائے معروف بھی بولتے ہیں) (۱) ناہموار
اونچی نیچی زمین۔ وُہ زمین جسمیں بڑے بڑے غار اور
نالے کھائے ہوں جیسے دریا اور ندی کے قریب کی زمین
جسے فارسی میں جرجر کہتے ہیں۔ (آتش)

بلند و پست عالم کا بیاں تحریر کرتا ہے
قلم ہے شاعروں کا یا کوئی رہرو ہے بیہڑ کا

(۲) بن۔ چراگاہ۔ جنگل۔ بیلہ +

بیہودگی۔ ف۔ اسم مؤنث (۱) لغوی معنی غیر منفعت
بطالت (۲) خرابی۔ بداسلوبی (۳) بےسلیقگی۔ پھوہڑپن
بےڈھنگاپن۔ بیقرینگی (۴) نالائقی۔ ناشائستگی۔ (۵)

حماقت - نادانی +

بیہودہ - ف - صفت (۱) ناحق - باطل (۲) لغو - پوچ - واہیات - خرافات (۳) خراب - نکما - بد اسلوب (۴) ناشائستہ - غیر مہذب - نامعقول (۵) بےسود - بیفائدہ - ناجایز - لاحاصل جیسے بیہودہ خرچ (۶) فحش (۷) آوارہ سرگرداں (مُدہ لُغت میں یعنی حق آیا ہے)

بیہودہ پھرنا - ا - فعل لازم - آوارہ و سرگرداں پھرنا -

بیہودہ گوئی - ف - اسم مذکر - ہرزہ سرائی - ژاژ خائی - غیر مہذب گفتگو - بک بک جھک جھک - فضول گوئی -

پ

پ - ف - اسم مؤنث - (۱) فارسی اردو الف بے تے کا تیسرا اور ہندی حروف صحیح کا اکیسواں شفتی کا پہلا حرف جسے رسم خط میں بائے فارسی یا عجمی اور ہندی میں پ کہتے ہیں - فارسی والے اسکا تلفظ الف کے ساتھ ادا کرتے ہیں (۲) حساب جمل میں اسکے بھی بائے موحدہ کے برابر دو ہی عدد شمار کیے جاتے ہیں (۳) یہ حرف فارسی میں اکثر ت سے اور اردو یا ہندی میں بائے ابجد سے بدلا جاتا ہے (۴) ہندی میں جب الف کے ساتھ کسی صفت کے آخر میں آتا ہے تو اسکا اسم بنا دیتا ہے (نسبت کے معنی دیتا ہے جیسے بڑاپا یعنی بڑاپن یا بڑے سے نسبت رکھنے والا - اسیطرح چھٹاپا - مٹاپا - جلاپا - کھٹاپا وغیرہ +

پا - ف - اسم مذکر (۱) پاؤں - قدم - پد (۲) - صفت (نیچے - زیر - تحت (۳) مرکبات میں) - برقرار - قیام - استقلال + بیخ - بنیاد +

پا انداز - ف - اسم مذکر - وہ فرش جو مکان کے اندر دروازہ پر پاؤں کی گرد صاف ہوجانے کے واسطے بچھا دیتے ہیں +

پابند - ف - اسم مذکر (۱) گھوڑے کی پچھاڑی + (۲) نوکر ملازم - تابعدار + مطیع - فرمانبردار (۳ - صفت میں) مقید - پابستہ - رُکا ہوا (۴) خوگر - عادی - معتاد - محتاج

پابند کرنا - ا - فعل متعدی - روکنا - نوکر رکھنا - مقید کرنا

پابند ہونا - ا - فعل لازم (۱) نوکر ہونا - تابعدار ہونا - (۲) مقید ہونا + عادی ہونا - خوگر ہونا (۳) ذمہ دار ہونا کسی کام کا ذمہ کر لینا +

پابندی - ف - اسم مؤنث (۱) روک (۲) ملازمت تابعداری +

پابوس ہونا - ا - فعل لازم - قدمبوس ہونا - پاؤں چھونا گوڑے سے چھونا + بڑوں کی ملاقات کرنا +

پابوسی - ف - اسم مؤنث - قدمبوسی - بڑوں کی ملاقات

(مؤلف)
ہمتو پابوسی جاناں کو پڑے کرتے ہیں سدا
اور مہندی کے مزے روز اُڑا کرتے ہیں

پابجولاں - ف - صفت - بیڑیاں پہنے ہوئے - پا بزنجیر +

پابزنجیر - ف - صفت - دیکھو (پابجولاں) +

پاپیادہ - ف - تابع فعل - پیروں - پیدل - بغیر سواری

پاپ - س - اسم مذکر (۱) گناہ - اپرادھ - قصور - جرم - دوش - اوگن (۲) عذاب - مصیبت - آفت جنجال جیسے جان کو پاپ لگنا (۳) برائی - بدی جیسے پاپ پلے بندھنا (۴) کھوٹ + خراب بات + بدنیتی (۵) ظلم - تعدی - جبر +

پاپ اُدے ہونا - ہ - فعل لازم (ہندو عوام کے ہاں) کے گناہ کا بدلا ملنا - کرنی کا پھل ملنا - کیا پانا +

پاپ بسانا - ہ - فعل لازم - عذاب مول لینا - جنجال میں پڑنا + دق ہونا +

پاپ روپ - ہ - اسم مذکر (ہندو) پاپ کی مورت دُشٹ - مجسم پاپ +

پاپ کاٹنا - ہ - فعل متعدی (۱) جھگڑے کرنا - ا

کھٹیل نوکر - جیسے چار روپیہ کا پاجی +

پاجی پرست - ف - صفت - سفلہ پرست - سفلہ پرور
وہ آدمی جو کمینہ کی خاطر کرے +

پاجی پن - ا - اسم مذکر (۱) کمینگی - سفلگی - [illegible]
(۲) بدذاتی - شرارت +

پاجی مزاج - ف - صفت - سفلہ مزاج - کم ظرف - اوچھا
کمینہ خو +

پاچک - ہ - اسم مذکر (۱) پچانے والی چیز - ہاضم دوا -
چورن - پاچن (۲) باورچی - رسوئیا +

پاچن - ہ - صفت (۱) ہاضم - ہضم کرنے والا - پچانے والا
(۲) اسم مذکر (دیکھو) چورن +

پاچھنا - ہ - فعل متعدی (۱) پچھنے لگانا - گودنا - نشتر سے
[illegible] لگانا +

پاخانہ - ف - اسم مذکر - [illegible] جائے ضرور - بیت الخلاء
ٹٹی - سنڈاس - گھڈی (۲) براز - گوہ - گندگی - فضلہ انسان

پاد - ہ - اسم مذکر - گوز - ریح - باد شکم - باؤ +

پاد بند ہونا - ہ - فعل لازم - خوف غالب ہونا - دم
بند ہونا - ڈرنا - [illegible] گوز نہ آنا +

پاداش - ف - اسم مونث (۱) بدلہ - عوض - مکافات
قصاص + صلہ (۲) سزا - تعزیر +

پادری - پرتگال - اسم مذکر (۱) عیسوی مذہب کا پیشوا
اسقف - قسیس - کشیش + وہ گروہ جو دین عیسوی
پھیلانے پر کمربستہ ہے + واعظ نصارا (۲) کرسچین
عیسائی (طنزاً) +
(یہ لفظ اصل میں فارسی پدر سے بنایا گیا ہے)

پادشاہ - ف - اسم مذکر (پاد + شاہ) مخفف - دیکھو (بادشاہ)

پادشاہ سلامت - ف - ندا (ایک دعائیہ فقرہ ہے جو
بادشاہ کے آتے جاتے وقت نقیب پکار کر لوگوں کی آگاہی کے واسطے
کہتا ہے اسکے معنی ہیں خدا بادشاہ کو زندہ و سلامت رکھے)

پادشاہزادہ - ف - اسم مذکر (۱) راج کنور - راج کمار شہزادہ
بادشاہ کا بیٹا (۲) بادشاہی خاندان کا +

پادگھابڑا - ہ - صفت - دیکھو (پات گھابڑا)

پادنا - ہ - فعل لازم (۱) گوز مارنا - باؤ سرنا (۲) ہمت ہارنا
ٹیں بولنا - ہار ماننا (بازاری) +

پار - ہ - اسم مذکر (۱) وار کے خلاف - پرے - دوسری طرف
پرلا کنارہ - دریا کے اسطرف (۲) اخیر - انجام - اور چھور
(۳) حد (۴) فارسی میں - معنی سال گزشتہ +

پار اتارنا - ہ - فعل متعدی (۱) دوسرے کنارہ پر پہنچانا
دریا سے لنگھانا - عبور کرنا (۲) خاتمہ کرنا - تمام کرنا -
انجام کو پہنچانا + کام تمام کرنا - مار ڈالنا (عو)

پار اترنا - ہ - فعل لازم (۱) عبور کرنا - دریا کے اس کنارہ
جانا (۲) خاتمہ بالخیر ہونا - نجات ہونا (۳) کامیاب ہونا -
مراد پر پہنچنا جیسے لارا لپری کا پار کبھی نہ اترے پار (۴)
مرکر تمام ہونا - مرمٹنا (عو)

پار کرنا - ہ - فعل متعدی (۱) اس کنارہ پر پہنچانا کشتی کو
لنگھانا - اس کو دریا کے اسطرف لیجانا (۲) ادھر سے ادھر
تک سوراخ کرنا - کسی چیز کو کسی جسم کے باہر نکال دینا -
سالنا - بیندھنا - چھیدنا - پھوڑنا (۳) پورا کرنا - انجام کو
پہنچانا (۴) حد سے باہر نکالنا - حد فاصل سے نکال دینا -
جیسے گیڑی پار کرنا (۵) بازی جیتنا (۶) ٹھیر کرنا - گزارنا
بتاہنا جیسے عمر پار کرنا +

پار لگانا - ہ - فعل متعدی - دیکھو (پار اتارنا)

پار لگنا - ہ - فعل لازم (۱) اترنا - عبور کرنا - کنارہ پر پہنچنا
(۲) تمام ہونا - انجام کو پہنچنا +

آج کیا آتش سیماب سے پارا کا جل

پارہ - ف - اسم مذکر (۱) ٹکڑا - ریزہ - پارچہ - جُز - حصّہ - پرچہ
پُرزہ (۲-۱) نرے پتھروں کی چھوٹی سی دیوار +

پارہ پارہ کرنا - ا - فعل متعدی - ریزہ ریزہ کرنا - دھجی
دھجی کرنا - پُرزے اڑانا - پرخچے اُڑانا - ٹکڑے ٹکڑے کرنا +

پارہ دوز - ف - اسم مذکر (۱) پیوند لگانے والا (۲)
وہ شخص جو خیمہ میں چمڑا سیتا ہے + موچی چرم دوز

پارے کی دیوار - ا - اسم مؤنث - وہ دیوار جو گارے
اور چونے کے بغیر صرف پتھروں سے چُنی جائے (معروف)

جب تلک دیوار پارے کی نہ ایک چُنواؤں میں
کوئی ٹھکانہ ہے دل بیتاب کو ٹھہراؤں میں

پاٹ - ہ - اسم مؤنث (۱) ناندہ - چوڑان - چوب بست (۲)
ٹھاٹھ - وہ بانسوں کی ٹھٹھری جس پر معمار بیٹھ کر دیوار چنتے
ہیں - راجوں کے بیٹھنے کا مچان (۳) کنوے کا ٹھاٹھ
کنوے کا جال (۴) پھانسی پر چڑھانے کا تختہ +

پاڑھا - ہ - اسم مذکر - ہرن کی قسم کا ایک صحرائی شکار

پازیب - ف - اسم مؤنث (صحیح پای زیب) پانو کے ایک
زیور کا نام +

پاس - ف - اسم مذکر (۱) نگہبانی - لحاظ - خیال (۲) باعث
سبب - وجہ - خاطر (۳) طرفداری - جانب داری -
رُو رعایت (۴) پہرہ - چوکی (۵) پہر - تین گھنٹہ کا وقفہ

پاس کرنا - ا - فعل لازم - طرفداری کرنا - لحاظ کرنا - رعایت کرنا

پاس - انگلش Pass اسم مذکر (۱) فیل کے خلاف
کامیابی (۲) روتہ - راہداری کا پروانہ - ٹکٹ - اجازتی
چٹھی + سند - سرٹیفکٹ - دستاویز +

پاس بُک - انگلش Pass Book اسم مؤنث
(۱) بہی - وہ کتاب جس میں سوداگر اُدھار کی چیزیں لکھ کر

لکھ کر خریدار کے پاس دستخط کرانے کو بھیجتا ہے (۲) بنک
کا حساب رکھنے کی کتاب +

پاس کرنا - ا - فعل لازم (۱) عبور کرنا - طے کرنا - گزرنا -
ترقی کرنا - جماعت چڑھنا - کامیاب ہونا (۲) متعدی
نظرانداز کرنا - درگزاشت کرنا - چھوڑ دینا - خیال نہ کرنا -
(۳-۲) ترقی دینا - چڑھانا - کامیاب کرنا (۴) اپنی پسند
کے فقروں پر نشان دینا + مثلاً

پاس ہونا - ا - فعل لازم - کامیاب ہونا - امتحان
میں پورا اُترنا +

پاس - ہ - تابع فعل (۱) قریب - نزدیک - نیڑے - حضور
(۲) قبضہ میں - تحت میں - تصرف میں - قابو میں

پاس آنا - ہ - فعل لازم (۱) قریب آنا - نزدیک آنا -
(۲) ہم بستر ہونا - ہمخواب ہونا

پاس بیٹھنا - ہ - فعل لازم (۱) نزدیک بیٹھنا - پہلو میں
بیٹھنا (۲) اُستاد کے پاس تعلیم پانا (۳) صحبت میں
رہنا - ہم نشست ہونا - (۴) کیا پانا - کیفر کردار کو پہنچنا
سزا پانا - پاداش کو پہنچنا +

پاس بیٹھنے والا - ہ - اسم مذکر - مصاحب - مُقرب
ہمنشین + قرین - ندیم +

پاس پاس - ہ - تابع فعل - قریب قریب + تقریباً -
برابر برابر - بھڑا کر - قطار میں +

پاس پڑوس - ہ - اسم مذکر (۱) آس پاس - اردگرد -
قرب وجوار (۲) ہمسایہ +

پاس جانا - ہ - فعل لازم (۱) قریب جانا (۲) کسی سے ہمبستر
ہونا - مجامعت کرنا +

پاس رہنا - ہ - فعل لازم (۱) قریب رہنا - نزدیک رہنا
حاضر رہنا (۲) ہمخواب ہونا - ہمبستر ہونا (بازاری)

پاسا - ہ - اسم مذکر (۱) پہلو - رُخ - طرف (۲) قُرعہ - کعب (وہ شش پہلو ہڈی کا ٹکڑا جس پر عدد کی بجائے نقطے بنے ہوئے ہوتے ہیں اور چوسر کی بازی میں باری باری سے ہر ایک کھلاڑی اُسے پھینکتا ہے

پاسا پڑنا - ہ - فعل لازم (۱) پاسے میں داؤں نکلنا + جیت کا داؤں پڑنا - مرضی کے موافق داؤں آنا (۲) اقبال یاور ہونا +

پاسا پلٹنا - یا اُلٹنا ہ فعل لازم (۱) داؤں پھرنا - داؤں کا مرضی کے خلاف آنا - ہار ہونا (۲) زمانہ کا انقلاب ہونا (۳) تدبیر بگڑ جانا +

پاسا پھینکنا - ہ - فعل لازم (۱) قُرعہ ڈالنا (۲) قسمت آزمانا -

پاسبان - ف - اسم مذکر - پہرے دار - چوکیدار - دربان + محافظ - نگہبان - رکھوالا +

پاسبانی - ف - اسم مؤنث - چوکیداری - محافظت رکھوالی - چوکسی - دربانی +

پاسداری - ف - اسم مؤنث - طرفداری - جانبداری رعایت + حمایت - نگہبانی +

پاسنا - ہ - فعل لازم (گھوسی) بالک سے تھنوں میں دودھ آنا - دودھ اُترنا +

پاسنگ - ف - اسم مذکر (۱) وہ وزن جو ترازو کی ڈنڈی برابر کرنے کے واسطے اُس میں باندھ دیتے ہیں (۲) کمی وزن +

پاسنگ بھی نہیں - ا - محاورہ - ذرا بھی لگا نہیں کھاتا - ذرا برابر نہیں - کچھ بھی نسبت نہیں رکھتا +

پاسی - ہ - اسم مذکر (۱) پاسبان - نگہبان - چوکیدار (۲) پھندا - پھانسی (۳) وہ رسّی جس سے گھوڑے کے پیر باندھتے ہیں (۴) ایک قوم کا نام جو تاڑی بیچنے کا پیشہ کرتی ہے جسطرح اسطرف کلال شراب فروشی کا پیشہ کرتے ہیں اسیطرح پورب میں یہ لوگ ہیں - چونکہ تاڑ پر چڑھتے وقت یہ لوگ اپنے پاؤں میں رسّی کا پھندا لگا لیتے ہیں اس سبب سے یہ نام پڑ گیا (۵) چڑیمار - بہیلیا (۶) گھانس باندھنے کی جالی +

پاشا - ف - اسم مذکر - عامل - حاکم - لارڈ - ترکوں کا سردار ترکی سرداروں کا لقب +

پاش پاش - ف - تابع فعل پارہ پارہ - ریزہ ریزہ ٹکڑے ٹکڑے - پُرزے پُرزے +

پاش پاش کرنا - ا - فعل متعدی ٹکڑے ٹکڑے کرنا پارہ پارہ کرنا - پُرزے پُرزے اُڑانا - دھجیاں اُڑانا - چھیر چھیر کرنا +

پاش پاش ہونا - ا - فعل لازم ٹکڑے ٹکڑے ہونا - چھیر چھیر ہونا +

پاشنہ - ف - اسم مذکر - ایڑی - کھُری + عقب +

پاشنہ کوب جانا - ا - فعل لازم - تعاقب میں جانا - پیچھے لگا جانا +

پاشویہ کرنا - ا - فعل متعدی - پاؤں دھونا (اطبّا کی اصطلاح میں گھٹنے کی دونوں آنکھوں پر گرم پانی کی دھار ڈالکر اوپر سے نیچے تک سُونتنا اور پھر کپڑے سے کسکر باندھ دینا)

پاک - ف - صفت (۱) صاف - بےغش + نتھرا ہوا - نرمل (۲) پوتر - ستھرا - مُبرّا - منزّہ (۳) بے لوث - بےگناہ - بے لاگ (۴) نیک - پرہیزگار - متّقی (۵) بےباق - منفصل جیسے حساب پاک ہونا یا جھگڑا پاک ہونا (۶) محفوظ - بری - مصئون جیسے وہ سب جھگڑوں سے پاک ہے (۷) معصوم (۸) مذہب کی رُو سے جائز - مُباح - حلال (۹) ازحد نہایت جیسے پاک شُہدا - پاک کے ایا (۱۰) آزاد - بےباک

پاکباز - ف - صفت (۱) کنایۃً یعنی وہ شخص جو کھیل میں چھینٹ نکرے + ایماندار + زاہد + مجرّد (۲) بیگناہ - بےلوث

(۳) صاف دل - بے کپٹ (۴) نیک نیت - نیک نظر - عاشق - بیغرض - وُہ عاشق جو پاک نظر سے معشوق کو دیکھے - پاک محبت رکھنے والا

اُس بت پہ گر خدا بھی ہو عاشق تو آئے رشک
ہر چند جانتا ہُوں کہ وُہ پاکباز ہے
(ذوق)

(۵ - ا) بھنگڑوں کی اصطلاح میں - بھنگ کی صافی - ریشمی قاضی - شبر کے کان ٭

پاکدامن - ف - صفت - عفیفہ - باعصمت - پتی برتا - سیتا - ستی - پارسا - بیوی - زن +

پاکزادہ - ف - اسم مذکر (پُورب میں) دھوبی - گازر ...

پاک صاف - ف + ع - صفت (۱) نیک - اچھا - بے لوث - نیک نیت (۲) اچھوتا - غیر مستعمل (۳) بہت ستھرا +

پاک کرنا - ا - فعل متعدی (۱) مذہبی شرط کے موافق کسی چیز کو دھو کر صاف کرنا - پوتر کرنا - ستھرا کرنا (۲) تشکار کو صاف کرنا - ذبیحہ کی کھال یا پر وغیرہ دُور کرنا (۳) اناج پھٹکنا - غلہ صاف کرنا (۴) مُونڈنا - صفایا کرنا ٭

پاک محبت - ف + ع - اسم مؤنث - بے غرضانہ الفت - وہ نسبت جو نفسانی نہو - سادہ دل لگی ٭

پاکھ - ہ - اسم مذکر (۱) پکش - حصہ - پندرھواڑا - پندرہ دن کی مدت (۲) ایک مہینے کے دو پاکھ ہوتے ہیں اوّل کو اُجالا پاکھ اور دوسرے کو اندھیرا پاکھ کہتے ہیں ا

پاکھا - ہ - اسم مذکر - (۱) پہلو - بازو + دیوار (۲) جانب - طرف (۳) چھپر - سایہ +

پاکھر - ہ - اسم مؤنث (۱) ایک قسم کی آہنی پوشاک - زرہ کی مانند جو اکثر جنگ کے موقع پر گھوڑے ہاتھی وغیرہ کو پہناتے ہیں - برگستوان - خود آئینہ (۲) ترپال ٹاٹ کی پوشش (۳ - اسم مذکر) ایک بڑے سایہ دار درخت کا نام جس کے پھل کا آچار طحال کے واسطے بہت مفید ہے

پاکھنڈ - ہ - اسم مذکر (۱) لغوی معنی وید کے خلاف بدعت - رفض (۲) فریب - دغا - چھل - چل - دھوکا - بھگل (۳) ریا - کپٹ - وُہ عبادت جو صرف دکھاوے کی ہو (۴) دکھاوا - ظاہرداری - بناوٹ - تصنع (۵) حرمزدگی - بدذاتی - شرارت +

پاکھنڈ پھیلانا - ہ - فعل لازم (ہندو) بدعت پھیلانا + مکر کا جال بچھانا - بھگل گانٹھنا - دھوکا دینا - فریب دینا

پاکھنڈی - ہ - اسم مذکر - بدعتی + ناستک + منافق - ریاکار - دورد کپٹی + جو فروش گندم نما + چھلیا - فریبی - ٹھگ - دھوکے باز ٭

پاکی - ف - اسم مؤنث (۱) صفائی - ستھرائی - طہارت (۲) پرہیزگاری - عفت - عصمت +

پاکی لینا - ا - فعل متعدی - مُوئے زہار مُونڈنا - زیرناف کے بال مُونڈنا - جھانٹیں لینا +

پاکیزگی - ف - اسم مؤنث - صفائی - ستھرائی - طہارت

پاکیزہ - ف - صفت - ظاہر - پاک - صاف - ستھرا + خوش اسلوب + خوبصورت + بے عیب - بے نقص - بے جرم +

پاکیزہ صورت - ف + ع - صفت - حسین - خوبصورت - گورا چٹا +

پاگ - ہ - اسم مؤنث (گنوار) ا - پگڑی - دستار (۲) پاؤں - قدم +

پاگ جوڑنا - ہ - فعل متعدی - پاؤں جوڑنا - جھولے میں آمنے سامنے بیٹھکر ایک خاص طریقہ سے جھولے کی رسی میں پانو اُلجھانا +

پاگر - ہ - اسم مؤنث (پُورب میں) جُگالی +

پاگل - ہ - اسم مذکر (۱) دیوانہ - باؤلا - سڑی - مجنون

پالک - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کے ساگ اور اُسکے بیج کا نام
مزاجاً سرد ہے +

پالکی - ہ - اسم مؤنث - ایک قسم کی خمدار ڈنڈوں کی ڈولی
پینس - فنس - محافہ + (ناسخ)

ایسے گرے ہیں ہم کہ نہ اُٹھیں گے حشر تک
تابوت ہی نہ چاہیئے ہمکو نہ پالکی + +

پالکی نشین - ف - اسم مذکر بڑے رتبہ کا امیر +

پالن - ہ - اسم مذکر - (۱) پرورش - تربیت (۲) محافظت
بچاؤ - رکھشا - سرن - پناہ +

پالنا - ہ - فعل متعدی (۱) پرورش کرنا - تربیت کرنا (۲) -
بحالت اسم مؤنث) پرورش - خبرگیری (۳ - بحالت
اسم مذکر) گہوارہ - ہنگورا - مہد - ہنڈولا - ایک قسم
کا جھولا یا ہنڈولا +

پالی - ہ - اسم مؤنث (۱) پرندوں یعنی بلبلوں - بٹیروں
اور تیتروں وغیرہ کی لڑائی کا مقام (۲) ایک بولی کا
نام ہے جو مگدھ اور پراکرت سے ملکر بنی ہے اسطرف گوالو
کی زبان کو پالی کہتے ہیں (۳ - ہندو) سرپوش ڈھکنا

پالیز - یا - فالیز - ف - اسم مؤنث - لغوی معنی سبزہ زار
اصطلاحی تربوز اور خربزہ وغیرہ کا کھیت +

پام - ہ - اسم مؤنث - وہ ریشم یا سوت کی ڈوری جو گوٹے
کناری وغیرہ کے کنارے پر مضبوطی کے لیئے بنتے میں
ڈالدیتے ہیں +

پامال - ف - صفت (صحیح پای مال یعنی مالیدہ پا)
روندا ہوا - لگدکوب + برباد شدہ - تباہ شدہ - خراب شدہ -

پامال کرنا - ہ - فعل متعدی - روندنا - تباہ و برباد کرنا
خاک میں ملانا + اینٹ سے اینٹ بجانا - ویران کرنا

پاموز - ہ - صفت - ایک قسم کے کبوتر جنکے پنجے
موزوں کی طرح پروں سے ڈھکے ہوئے ہیں

پان - ہ - اسم مذکر (۱) ایک قسم کا خوشبودار پتا جسکو ہندوستان
میں روزمرہ یا بیاہ شادی وغیرہ میں کھاتے ہیں -
برگ تنبول - ناگربیل کا پتا جسکے کھانے سے منہ سرخ
ہو جاتا ہے (۲) وہ کیمخت یا چمڑے کا تراشا ہوا ٹکڑا جو
ہندوستانی جوتیوں کی اڈی پر لگایا جاتا ہے - لنگوٹ
(۳) تاش کی بازی کے ایک رنگ کا نام جسمیں پان کی
شکل بنی ہوئی ہوتی ہے (۴ - اسم مؤنث) جولاہے بننے
کے سوت کو مانڈی میں بھگو کر تانی کرنے کو پان کہتے
ہیں مرادًا کلف - مانڈھی +

پان بنانا - ہ - فعل لازم - کتھا چونا اور چھالیہ وغیرہ
ڈالکر گلوری تیار کرنا - پان میں کتھا چونا لگانا +

پان پتا - ہ - اسم مذکر - (رکھ رکھاؤ) پان اور مختلف لوازم
خانہ داری کے موقع پر بولتے ہیں +

پان چبانا - ہ - فعل لازم - پان کھانا - پان سے منہ
رچانا +

پان چیرنا - ہ - فعل لازم (۱) پان کے ٹکڑے کرنا (۲) غیر منتج
کام میں مصروف ہونا - بیفائدہ کام کرنا +

پان دینا - ہ - فعل متعدی (۱) پان کی تواضع کرنا (۲)
رخصت کرنا - رخصت کا پان کھلانا +

پان کرنا - ہ - فعل متعدی (جولاہے) سوت کو مانڈ
دیکر تانی کرنا - سوت پھیلانا +

پان کھانا - ہ - فعل لازم - پان چبانا - پان سے منہ لال کرنا

پان کھلانا - ہ - فعل متعدی - اول معلوم (۲) منگنی
کی رسم ادا کرنا +

پان کھلائی - ہ - اسم مؤنث (ہندو) پان کھلانے کا
نیگ (حق) جو شادی میں بھاجوں کو ملتا ہے +

(مسلمانوں میں منگنی کی رسم کو بھی پان کھلانا کہتے ہیں)

پان لگانا - ہ - فعل لازم - دیکھو (پان بنانا)

پان - ہ - اسم مذکر - پانی کا مخفف جیسے جل پان کرنا +

پانا - ہ - فعل متعدی (۱) حاصل کرنا - وصول کرنا جیسے جاگو سو پاوے (۲) معلوم کرنا - پہچاننا - تاڑنا جیسے ہم پا گئے - (۳) کھوئی ہوئی چیز کا دستیاب ہونا - بازیافت ہونا + ملنا - پڑا پانا (۴) ڈھونڈنا - تلاش کرنا (۵) بھوگنا - بھرنا - بھگتنا - سہنا جیسے دکھ پانا (۶) کھوج لگنا - سراغ لگنا (۷ - ہندو) بھوجن کرنا - کھانا نوش فرمانا بزرگوں کی نسبت تعظیماً کہتے ہیں (۸) پنجاب میں - ڈالنا - ظرف میں بھرنا +

پانجنا - ہ - فعل متعدی - جھالنا - ٹانکا لگانا - رانجنا

پانچ - ہ - صفت (۱) چار اور ایک - پنج - خمس - ۵ (۲) نہایت ہوشیار اور تجربہ کار - کائیاں - چالاک - استاد

بانکپن میں پانچ ہے چلتا ہی وہ پنجوں کے بل
راہ میں ٹکتی نہیں اُس فتنہ گر کی ایڑیاں
(ناسخ)

پانچ اندری - ہ - اسم مؤنث - حواس خمسہ +

پانچواں - ہ - صفت - خامس - پنجم - پنجمیں - پانچ سے نسبت رکھنے والا +

پانچوں - ہ - صفت - ہر پنج - پانچ کے پانچ - ہر پنج

پانچوں انگلیاں برابر نہیں - ہ - مثل - سب آدمی یکساں نہیں - انسان مختلف الطبائع ہیں

پانچوں انگلیاں گھی میں - ہ - مثل - ہر طرح سے گھر سے - سب کھانا پینا اپنے ہاتھ مختار کل - ہر طرح بن آنا (اس جملہ کے اخیر سے تر ہیں محذوف ہے)

پانچویں سواروں میں نام لکھوانا - ہ - مثل - خواہ مخواہ ناموروں کے زمرہ میں اپنے تئیں شامل کرنا - لہو لگا کر شہیدوں میں ملنا + اسکا قصہ یوں ہے کہ چار سوار دکن کو جاتے تھے اور پیچھے پیچھے کوئی کمہار بھی گدھی پر چڑھا ہوا چلا جاتا تھا کسی مسافر نے پوچھا کہ یہ چاروں سوار کہاں جاتے ہیں کمہار نے اپنے تئیں بھی شامل کرکے کہا کہ ہم پانچوں سوار دکن کو

پاندان - ف - اسم مذکر - پٹاری - پان اور اسکے لوازم کا ظرف +

پانڈ - ہ - صفت (۱) وہ عورت جسکی چھاتیاں اور نہ ہوں - ضہیا (۲) وہ عورت جو مرد کے کام کی نہو +

پانڈو - ہ - اسم مؤنث (۱) وہ زمین جسمیں ریت اور مٹی ملی ہوئی ہو (۲) بارانی زمین +

پانڈے - ہ - اسم مذکر (۱) پنڈت کی تصغیر + برہمنوں کی ایک قوم جو قنوجیوں میں افضل ہے (۲) عالم - فاضل - استاد - معلم +

پانس - ہ - اسم مذکر - (پورب) کھاد - وہ خاک سنگ پیدی جو کھیتوں میں قوت بڑھانے کے واسطے

پانسا - ہ - اسم مذکر - دیکھو (پاسا) +

پانسو - ہ - اسم مذکر (پورب) پسلی - پنجر +

پانسو - ہ - صفت - پانچ سینکڑے - پنج صد - پانصد

پانو - یا - پانوں - ہ - اسم مذکر (دیکھو پاؤں)

پانی - ہ - اسم مذکر (۱) اربعہ عناصر کے تیسرے عنصر کا نام - آب - مار - جل - نیر (۲) مینہ - بارش جیسے بڑا پانی (۳) عرق - عصارہ - افشردہ - پسیو - پسینہ (۴) نطفہ - دھات - بیج + دودھ (جب مرد کی نسبت کہتے ہیں کہ اسمیں پانی پڑنے لگا تو وہاں قابل نطفہ ہونے سے مراد ہوتی اور جب عورت کی نسبت کہیں گے تو وہاں دودھ سے مراد ہوگی کی علامت خیال کی جاتی ہے) (۵) - اصل نسل جیسے پانی کا اچھا جانور (۶) رونق - رونقا - تازگی جیسے

اُسکے جسم پر پھر پانی پھرنے لگا (۷) عزت - آبرو (۸) اس معنی
میں صرف مرغبازوں وغیرہ میں آیا ہے) ۸ - مُرغباز دم وقفہ اور مہلت
جتنی دیر کے واسطے لڑائی کے مُرغ کو لڑتے وقت اُٹھا کر پانی دانی
دیتے میں تاکہ پھر تازہ دم ہوکر لڑے) ۸ - مُرغ کی لڑائی - کُشتی
جیسے چار پانی ہوئے (۹) شراب (۱۰) شرم - حیا - تاآنکھ
کے لفظ کے ساتھ اس معنی میں آتا ہے جیسے اسکی آنکھ میں
ذرا پانی نہیں (۱۱) موقع - وقت جیسے وُہ پانی ملتا ان گئے
(۱۲) آنسو - اشک (۱۳) نمی - رطوبت - تری وغیرہ (۱۴
صفت میں) پتلا - رقیق - سیال (۱۵ - عو) ٹھنڈا سرد
جیسے توا پانی پڑا ہے (۱۶) پھیکا - بے ذائقہ جیسے خربزہ
پانی ہے (۱۷) جب کنکوے کی نسبت کہتے ہیں تو ڈہال
اُسکے تاؤ پر ہونے اور پیٹا چھوڑ دینے سے غرض ہوتی
ہے (۱۸) دھیما - ملایم جیسے دو باتوں میں پانی ہوگیا

پانی اُتارنا - ۸ - فعل متعدی (۱) پانی نیچے لانا - ایک
چھت کا پانی دُوسری چھت یا زمین پر بہانا یا ڈالنا (۲)
پانی کم کرنا - پانی گھٹانا (۳ - ہندو) دُولہا دُلہن کے
اوپر سے پانی تصدق کرکے پینا +

پانی اُترنا - ۸ - فعل لازم - بارش نازل ہونا + پانی کا
آنکھ یا فوطہ میں نزول کرنا - پانی گھٹنا - اُتار ہونا +

پانی اُٹھانا - ۸ - فعل متعدی (۱) پانی جذب کرنا - پانی
چوسنا - پانی لینا یا پینا جیسے لوچدار آٹا خوب پانی اُٹھاتا
ہے (۲) پانی زیادہ صرف کرنا - پانی کا اسراف کرنا +

پانی اُٹھنا - ۸ - فعل لازم (۱) پانی صرف ہونا - پانی
خرچ ہونا (۲ - پُوربی) اُٹھنا - گھٹا کا نمودار ہونا

پانی آنا - ۸ - فعل لازم (۱) ابر اور بارش کا [illegible]
مینہ آنا (۲) زخم الم اور ناک یا چشم وغیرہ سے رطوبت
[illegible]نا - رطوبت آنا +

پانی باندھنا - ۸ - فعل متعدی (۱) پانی روکنا - زراعت
کے واسطے بہتے پانی کو بند کرکے رکھنا +

پانی بجھانا - ۸ - فعل متعدی - لوہے یا اینٹ وغیرہ کو
آگ میں لال کرکے پانی کی خارجی رطوبت جلانے کے
واسطے پانی میں ڈالنا تاکہ اُسکی تاثیر مریض کے حق میں مضر نہو

پانی برسنا - ۸ - فعل لازم - مینہ برسنا - بارش ہونا

پانی بڑھنا - ۸ - فعل لازم - دریا کا طغیانی پر آنا - کنوئیں
یا تالاب کے پانی کا اپنی حد سے گذر جانا +

پانی بلانا - ۸ - فعل متعدی - کھیت میں پانی دینا -
کیاریوں میں پانی بھرنا +

پانی بہانا - ۸ - فعل لازم (۱) پانی لنڈھانا - پانی
گرانا - پانی اوندھانا + (۲) عوام ہند میں ایک رسم ہے کہ
میت کو لے جانیکے بعد گھر کا سب پانی بہا دیتے ہیں اُنکے اعتقاد میں
جب ملک الموت آدمی کی جان نکال چکتا ہے تو اپنے خون آلودہ
ہاتھ گھر کے پانی میں ڈالکر دھوتا ہے (قطعہ شاہ نصیر)

لاشۂ لخت جگر کو جو اُٹھا دے مژگاں — جوش زن کیوں نہو دیدۂ تر کا پانی
مردم خانۂ ماتم ہیں مُردہ ہمدم + — سچ کہا ہے کہ بہا دیتے ہیں گھر کا پانی

پانی بھرنا - ۸ - فعل متعدی (۱) کسی چیز میں پانی ڈالنا
(۲) پانی کھینچنا (۳) پانی لانا (۴) غلامی اور خدمتگاری اختیار
کرنا + فروتنی قبول کرنا - شرمانا - منفعل ہونا - نادم ہونا

(مؤمن)
ای سوز گریہ آگئے تیری آب و تاب کے
پانی بھرے ہے جلوۂ آتش فشان شمع

(معروف)
غلط ہے دیدۂ تر سے جو ہمچشمی کرے شبنم
مرا رونا اگر دیکھے تو پھر پانی بھرے شبنم

(۲) **پانی کرنا** - ۸ - فعل متعدی (۱) پگلانا - رقیق کرنا
سے پانی ہونا (۲) منفعل کرنا - غیرت دلانا +

پانی پانی کا ہگا منہ پر آنا - ۸ - [illegible]

گھنوے کا پانی نکل جانا +

پانی چُرانا - ھ - فعلِ لازم - زخم کا پانی پی لینا - زخم میں پانی کا سرایت کرنا - کسی چیز کا پانی پی جانا +

(نکہت) جراحت خوردہ کسکی تیغ دزدیدہ نگہ کا ہے
جو ضبطِ اشک سے زخمِ جگر پانی چُراتا ہے

پانی چڑھانا - ھ - فعلِ مُتعدّی - (۱) پانی اُوپر لیجانا (۲) پانی چُولہے پر رکھنا (۳) پانی ڈکوسنا یا پینا +

پانی چوآنا - ھ - فعلِ مُتعدّی - پانی ٹپکانا - پانی مُنہ میں ڈالنا - حالتِ غشی یا نزع یا سُکر میں پانی کے قطروں کا مُنہ میں ڈالنا +

پانی چھاننا - ھ - فعلِ مُتعدّی - کپڑے کے ذریعہ سے پانی صاف کرنا +

پانی چھانٹنا - ھ - فعلِ لازم - چھینکے کے ڈھلنے پر پانی کے چھینٹے دینا (یہ پُرانا مُحاورہ ہے جرأت نے باندھا ہے)

پانی چھڑوانا - ھ - فعلِ مُتعدّی - کسی مزار یا چبوترے وغیرہ میں پانی چھڑکوانا - مشک چھڑکوانا +

پانی چھوڑنا - ھ - فعلِ لازم (۱) پانی دینا - پانی جاری کرنا (۲) پانی ترک کرنا (۳) گوشت ترکاری وغیرہ کا پکتے وقت پانی نکلکر اکٹھا ہونا + (۴) عورت کا جماع کے وقت رطوبت دے جانا +

پانی دکھانا - ھ - فعلِ لازم - گھوڑے وغیرہ کو پانی پلانا - جانور کے سامنے پانی رکھنا +

پانی دینا - ھ - فعلِ مُتعدّی (۱) آبپاشی کرنا - پلانا - سینچنا (۲) ہندوؤں کے ہاں ایک رسم ہے کہ جب کوئی مرجاتا ہے تو اُسکا نام لیکر پانی بہاتے ہیں - پِتّروں کو جل دینا ترپن کرنا - اہلِ ونجلی کرنا +

پانی دیوا - ھ - اسمِ مذکر (ہندو) مرنے کے بعد پانی دینے والا وارث - جیسے نام لیوا نہ پانی دیوا +

پانی رکھنا - ھ - فعلِ مُتعدّی (پُورب میں) دیکھو آب دینا

پانی روکنا - ھ - فعلِ مُتعدّی - پانی بند کرنا - بیمار یا دشمن کی فوج کا پانی بند کرنا +

پانی سے پتلا - ھ - صفت (۱) نہایت رقیق (۲) نہایت ارزان - حقیر خفیف - ادنیٰ (۳) آسان +

پانی سے پتلا کرنا - ھ - فعلِ مُتعدّی (۱) آسان کرنا - سہل کرنا (۲) نہایت ذلیل اور رسوا کرنا - بے عزّت اور بے آبرو کرنا + خجل اور شرمندہ کرنا +

(نکہت) دُوں لبِ جاناں سے میں کارِ مسیحا تو سہی +
آبِ حیواں کو کروں پانی سے پتلا تو سہی

پانی سے پتلا ہونا - ھ - فعلِ لازم (۱) نہایت آسان ہونا (۲) نہایت شرمندہ اور ذلیل ہونا - حقیر ہونا خفیف ہونا

(ناسخ) موجزن ایسے ہیں یاں دیدۂ تر میں دریا
پانی سے پتلے ہوئے اپنی نظر میں دریا

پانی سے پہلے پاڑ یا پل باندھنا - ھ - فعلِ مُتعدّی حفاظتاً حفظِ ماتقدّم کے موقع پر بولتے ہیں - قبل از مرگ واویلا کرنا - کسی امر کے وقوع سے پہلے اُسکی انسداد کی فکر میں تکلیف اُٹھانا - فکر بیجا کرنا +

پانی کا بتاسا - ھ - اسمِ مذکر (۱) پانی کا بُلبُلا - حباب (۲ - صفت) غیر مستقل - بے قیام - فانی +

پانی کا بُلبُلا - ھ - اسمِ مذکر (۱) حباب (۲ - صفت) فانی جلد فنا پذیر - نہایت ناپائیدار - بے قیام - بے بُنیاد +

پانی کاٹنا - ھ - فعلِ مُتعدّی (۱) ایک نالی سے دُوسری نالی میں پانی کرنا - نہر سے پانی لینا (۲) تیرنے میں ہاتھوں سے پانی ہٹانا +

پانی کا ہگا مُنہ پر آنا - ھ - فعلِ لازم - جس موقع پر

آسمان کا تھوکا منہ پر آتا بولتے ہیں اُسی پر ایسے بولتے ہیں
اپنے کیئے کا ثمرہ پانا۔ اپنے حق میں آپ بُرا کرنا +

پانی کر دینا ۔ ہ۔ فعل متعدی (۱) نہایت آسان اور سہل
کر دینا (۲) غُصّہ سے ڈھیما کر دینا +

پانی کرنا ۔ ہ۔ فعل متعدی (۱) رقیق اور سیّال کرنا (۲) سہل
اور آسان کرنا (۳) شرمندہ کرنا۔ حقیر اور خفیف کرنا +

پانی کی پوٹ ۔ ہ۔ صفت۔ نرا پانی۔ بالکل پانی
سرتا سر پانی۔ پانی سے پھولا ہوا۔ پانی کا (اکثر ایسی چیزوں
کی نسبت بولتے ہیں جنکے کھانے سے اُسوقت تو پیٹ بھر جائے مگر ذرا سی
دیر کے بعد پھر بھوک لگ آئے یا وُہ چیزیں جو پکنے کر ذرا سی ہو جائیں
جیسے ساگ پات وغیرہ اور کبھی مشک کو بھی کہدیتے ہیں)

پانی کے ریلے میں بہانا ۔ ہ۔ فعل متعدی۔
(۱) پانی کی رَو میں بہانا (۲) ضایع کرنا۔ کھونا (۳)
نہایت ارزاں بیچنا +

پانی کے گھڑے پڑنا ۔ ہ۔ فعل لازم۔ نہایت
شرمندگی اور خجالت ہونا +

پانی کے مول ۔ ہ۔ صفت۔ نہایت ارزاں سستا

پانی گرانا ۔ ہ۔ فعل متعدی۔ پانی بہانا۔ پانی پھینکنا

پانی گرنا ۔ ہ۔ فعل لازم (۱) پانی پڑنا۔ برسنا (۲) پانی
ٹپکنا۔ جھڑنا۔ ترشّح ہونا (۳) پانی بہنا +

پانی لگنا ۔ ہ۔ فعل لازم (۱) پانی کا تکلیف دینا یا نقصان
پہنچانا (۲) پانی کا اپنی خنکی کے باعث دانتوں کو ناگوار
گزرنا (جب نہایت کھاری یا تیلیا پانی پینے سے دست آنے
لگیں یا ٹھنڈا ناگوار گزرے یا دانتوں پر اُسکی خنکی کا کمال اثر ہو
تو ان سب صورتوں کو پانی لگنا کہتے ہیں) +

پانی لینا ۔ ہ۔ فعل لازم۔ عو۔ طہارت کرنا۔ آبدست لینا

پانی مرنا ۔ ہ۔ فعل لازم (۱) پانی کا دیوار یا چھت میں
سرایت کرنا۔ پانی جذب ہونا۔ اندر ہی اندر پانی غایب
ہونا (۲) نقص یا عیب ہونا۔ حسب نسب سے ہیٹا ہونا۔
کھوٹ ہونا (۳) شرم ہونا۔ خجالت ہونا۔ ندامت ہونا۔
جھینپنا + (مغفور)

تو چھپتا پردۂ ظلمت میں کیوں اُس لب سے ہو دم
اگر پانی نہ مرتا اسے سکندر آب حیواں میں

پانی میں آگ لگانا ۔ ہ۔ فعل متعدی (۱) ناممکن
بات کرنا (۲) جہاں لڑائی نہوتی ہو وہاں لڑائی کروا دینا۔
لگائی بجھائی کرنا + (مہر یار علی)

لگایا کرے آگ پانی میں سوکن
کبھی میری اُنکی جُدائی نہ ہوگی

(۳) شعبدہ بازی کرنا۔ شعبدہ دکھانا +

نہیں ہے بادۂ گلرنگ یہ خمار نے رندو
دکھایا شعبدہ تازہ لگا کر آگ پانی میں (ناسخ)

(۴) فتنۂ خفتہ کو بیدار کرنا۔ سوتی راڑ جگانا +

پانی نکلنا ۔ ہ۔ فعل لازم (۱) پانی رسنا۔ پانی ٹپکنا قطرہ
آنا (۲) انزال ہونا۔ منی نکلنا +

پانی نہ مانگنا ۔ ہ۔ فعل لازم۔ جلد مر جانا۔ دفعتہً دم
نکلجانا + چٹ پٹ ہو جانا۔ ایسی جلدی مرنا کہ پانی مانگنے
کی مُہلت نہ ملے + (مُنیر)

الاماں کیوں نہ دل اس تیغ سے جانی مانگے
جسکا مجروح نہ لے سانس نہ پانی مانگے

(سانپ کے کاٹے اور نہایت تیز تلوار کی تعریف میں کہتے ہیں)

پانی ہارنا ۔ ہ۔ فعل لازم۔ مرغ کا کشتی ہارنا۔ بٹیر کا
شکست کھانا + (جب لڑتے لڑتے کسی مرغ کو کوئی عارضہ لاحق
ہو اور اُسے اُٹھا کر پانی یا پھونک سے تازہ دم کر لیں تو اس ایک مرتبے
کے اُٹھانے کو ایک پانی ہارنا اور دو مرتبے کے اُٹھانے کو دو پانی

ہارنا کہتے ہیں مرغبازوں نے مرغ کی لڑائی میں دس پانی مقرر کر رکھے ہیں
گو وہ کتنے ہی لہولہان کیوں نہ ہو جائیں جب تک کہ انہیں سے ایک کو
ضرب شدید نہیں پہنچ لیتی تب تک پانی کہلاتا ہے۔ اسکے بعد
ہار جیت خیال کی جاتی ہے ۔ +

پانی ہوجانا - ھ - فعل لازم (۱) سخت چیز کا رقیق ہوجانا
گداز ہونا - پگھلنا (۲) دشوار کام کا آسان ہوجانا - سہل ہوجانا
(۳) شرم سے پسینے پسینے ہونا - عرق عرق ہو جانا (۴)
نرم پڑجانا - دھیما ہوجانا +

پاؤ - ھ - صفت چوتھائی چہارم حصہ - ربع +

پاؤ آنہ - ف - اسم مذکر - آنہ کا چوتھائی حصہ - ایک ڈبل پیسہ
و تین پائی +

پاؤ روٹی - ھ - اسم مؤنث - ڈبل روٹی - نان پاؤ +
یہ لفظ پرتگال والونکا بنایا ہوا ہے کیونکہ جب وہ لوگ ہندوستان
میں آئے اور انہوں نے اسطرح کی سیر کی چار روٹیاں اپنی ترکیب پر
پکوائیں تو یہ نام رکھدیا ۔ +

پاؤسیر - ھ - اسم مذکر - سیر کا چوتھا حصہ - ۲۰ تولہ

پاؤلا - ھ - اسم مذکر (۱) کسی سکہ کا چوتھا حصہ (۲) چار آنے
چونی - روپیہ کا چوتھا حصہ +

پاؤلی - ھ - اسم مؤنث - چونی - وہ چاندی کا سکہ جو چار
آنے میں چلتا ہے +

پاؤں - ھ - اسم مذکر (۱) پیر - چرن - پای - پایہ - قدم
پد - راستہ چلنے کا عضو (۲) ٹانگ + گوڑ + پنڈلی +
ران (۳) جڑ - بنیاد (۴) دخل - راہلت + قبضہ (۴)
ثبات - استقلال - استحکام جیسے چور کے پاؤں نہیں
ہوتے (۵) ڈھنگ - آثار - علامات جیسے پوت کے
پاؤں پالنے میں معلوم ہوجاتے ہیں (۶) ذمہ - ضمانت
کفالت (۷) آخر - انجام - انتہا جیسے سر سے پاؤں تک
سارا حال کہہ سنایا +

پاؤں اترنا - ھ - فعل لازم (۱) پاؤں کا گٹے سے
سرک جانا + پاؤں کا جوڑ سے ہٹجانا (۲) پاؤں دھس جانا
پاؤں سما جانا +

پاؤں اٹھاکے جانا - ھ - فعل لازم - جلدی جانا
قدم بڑھاکر جانا - بڑے بڑے قدم رکھنا +

پاؤں اٹھاکے چلنا - ھ - فعل لازم - جلد جلد چلنا
شتاب روی کرنا +

پاؤں اٹھانا - ھ - فعل لازم - قدم بڑھانا - جلد چلنا
پھرتی کے ساتھ قدم رکھنا - تیز رفتار ہونا - سریع السیر
ہونا - ڈگیں بھرنا +

پاؤں اٹھ جانا - ھ - فعل لازم - بھاگ جانا - پاؤں
اکھڑ جانا + لڑائی سے بھاگ نکلنا +
(مصرعۂ بحر) محفل سے اٹھے جاتے ہیں اہل سخن کے پاؤں

پاؤں اڑانا - ھ - فعل لازم (۱) حریف کی ضرب سے پاؤں
بچا جانا - پاؤں خالی دینا (۲ متعدی) پاؤں کاٹنا -
پاؤں تراشنا +

پاؤں اَڑانا - ھ - فعل لازم - دخل بیجا کرنا - دخل درمعقولات
کرنا - خواہ مخواہ کسی بات میں پڑنا +

پاؤں اکھاڑ دینا - ھ - فعل متعدی شکست دینا -
بھگا دینا - پس پا کردینا - ہٹا دینا - ثبات اور استقلال کو
دور کرنا +

پاؤں اکھاڑنا - ھ - فعل متعدی کسیکو کسی جگہ سے بیدخل
کرادینا - جمنے نہ دینا - موقوف کرانا - ارادہ فسخ کرانا +

پاؤں اکھڑ جانا - ھ - فعل لازم (۱) پاؤں کا جگہ سے ہٹجانا
پاؤں نہ ٹکنا - ثبات قدم نہ رہنا (۲) شکست پانا - بھاگ
نکلنا - فرار ہوجانا - سامنے نہ ٹھیرنا +

آئی تھی پسند اُسے چال یار کی +
(آتش) سُن لینا پاؤں کہک دری کا اُکھڑ گیا

پاؤں باہر نکالنا - ف - فعل لازم - اپنی حد سے بڑھنا - بڑھ کر چلنا - اپنے مرتبے سے زیادہ بات کرنا - اترانا - گھمنڈ کرنا +

پاؤں باہر نکلنا - ف - فعل لازم - بدچلنی اور آوارگی ظاہر ہونا + ابتری اور بداطواری کا ظہور ہونا +

کس کس کے سر پہ دیکھیں آتی ہے اب قیامت
(مصحفی) نکلا ہے پانو باہر اُس فتنۂ زماں کا

پاؤں بچلنا - ف - فعل لازم (۱) رپٹنا - قدم ڈگمگانا - استقلال میں خلل آنا - ثابت قدم نہ رہنا (۲) نیت میں فرق آنا - ایمان میں خلل پڑنا +

پاؤں بڑھانا - ف - فعل لازم (۱) آگے چلنا - آگے جانا (۲) دخل او قبضہ بڑھانا - حد سے تجاوز کرنا (۳) بڑے بڑے قدم رکھنا - جلد چلنا +

پاؤں بھاری ہونا - ف - فعل لازم - حمل ہونا - گربھ ہونا - پیٹ ہونا +

پاؤں بھر جانا - ف - فعل لازم (۱) پاؤں سنجانا - پاؤں آلودہ ہونا (۲) پاؤں شل ہو جانا - پاؤں تھک جانا - پاؤں سو جانا

پاؤں پاؤں - ف - تابع فعل - قدم قدم - اپنے پاؤں سے - پاپیادہ - پیروں +

پاؤں پاؤں چلنا - ف - فعل لازم - پاپیادہ چلنا - اپنے پیروں سے چلنا - بچّہ کا پیروں چلنے لگنا +

پاؤں پاؤں صندل کے پاؤں - ف - فقرہ - یہ ایک نہایت چوچلے اور شوق کا کلمہ ہے جو بچّہ کھلانے والی نوکر بچّے کے اوّل اوّل کھڑا ہو کر چلنے کے وقت زبان پر لاتی ہیں اور اس سے غرض یہ ہوتی ہے کہ تمہارے پاؤں صندل کے ہیں کیا اچھی طرح صفائی سے زمین پر پڑتے ہیں ۹-۱ +

پاؤں پر پاؤں رکھنا - ف - فعل لازم - کسیکے قدم بقدم چلنا - تقلید کرنا - پیروی کرنا - کنکھیوں پر چلنا (۲) آرام سے بیٹھنا - چین سے رہنا + ارجب آدمی پاؤں پر پاؤں رکھکر کوئی کام کرے یا بیٹھے بیٹھے پاؤں پر پاؤں رکھ لے تو ہند کی عورتیں اسکو نہایت منحوس اور نحوست کی علامت خیال کرتی ہیں (۳) کُرب میں سخت تقاضا کرنا +

پاؤں پر سر رکھنا - ف - فعل لازم - قدموں پر سر رکھنا - قدموں میں سر دینا - پاؤں پڑنا - نہایت عجز کرنا - ماہا کھانا - کسی امر کے قبول کرانے کے واسطے خوشامد کرنا +

پاؤں پر گرنا - ف - فعل لازم (۱) قدموں پر گرنا - نہایت عاجزی کرنا - سربسجود ہونا - پیروں میں سر دینا - گڑگڑانا - خوشامد کرنا + (شوق)

فعل یا جن ہے یہ بھی اور کیا ہے
پاؤں پر گرنا خوب سیکھا ہے

(۲) قدم لینا - قدم بوسی کرنا - قدم چومنا - تعظیم کرنا - (۳) پناہ میں آنا - پناہ چاہنا - سرن میں آنا - حمایت چاہنا +

پاؤں پڑنا - ف - فعل لازم (۱) قدموں پر گرنا - نہایت عاجزی اور فروتنی کرنا + خوشامد اور منت کرنا

وُہ سر چڑھا ہے اتنا اپنی فروتنی سے
(ہلالی) کھویا ہمیں نے اُسکو ہر لحظہ پاؤں پڑکر

(۲) عفو چاہنا - معافی مانگنا - اپنے قصور یا جرم کا مُقر عفو کا خواہاں ہونا (۳) قدم چومنا - قدم بوسی کرنا - نہایت تعظیم سے پیش آنا - سجدہ کرنا (مجسا)

کھودے وُہ میری قبر اگر کوئے یار میں
تابُوت سے نکلکر پڑوں گورکن کے پاؤں

(۴- پورب میں) جن و پری کا سایہ ہونا۔ آسیب کا خلل ہونا

پاؤں پسارنا - ہ - فعل لازم - ہندو (۱) پاؤں پھیلانا۔ ٹانگیں پھیلانا (۲) مرنا۔ انتقال کرنا (۳) آرام سے سونا۔ چین سے استراحت کرنا +

پاؤں پکڑنا - ہ - فعل لازم (۱) قدم چھونا۔ پاؤں کو ہاتھ لگانا۔ ہا ہا کھانا۔ نہایت التجا کرنا۔ قدموں پر گرنا (۲) قدم چومنا۔ قدمبوسی کرنا۔ تعظیم کرنا (۳) دوسرے شخص کو جانے سے منت روکنا (۴) پناہ میں آنا۔ سرن میں آنا۔ تابع ہونا +

پاؤں پوجنا - ہ - فعل لازم (۱) قدموں کی پرستش کرنا۔ پابوسی کرنا۔ نہایت تعظیم کرنا + بڑا ماننا۔ قابل تعظیم تسلیم کرنا (۲) کنارہ کرنا۔ احتراز کرنا۔ بچنا۔ الگ رہنا۔ جیسے تمہارے تو بس پاؤں پوجیے +

پاؤں پھسلنا - ہ - فعل لازم - پاؤں رپٹنا۔ قدم کا لغزش کرنا +

پاؤں پھولنا - ہ - فعل لازم (۱) پاؤں کا سکت جاتا رہنا۔ پیروں میں کسی خوف یا اندیشہ کے باعث طاقت نہ رہنا (۲) تھکنا۔ تکان چڑھنا جیسے گاڑی کو دیکھکر لاڑی کے پاؤں پھولے +

پاؤں پھونک پھونک کر رکھنا - ہ - فعل لازم نہایت احتیاط سے کوئی کام کرنا۔ سنبھل کر کوئی کام کرنا۔ نہایت خوف سے یا ڈر ڈر کر کچھ کرنا +

سوزش نے آبلوں کی جلایا یہاں تلک +
(مؤلف) رکھنے میں پھونک پھونک کے پاؤں صبا بہم

(پھونک پھونک کر پاؤں رکھنا زیادہ بولتے ہیں) +

پاؤں پھیر آنے جانا - ہ - فعل لازم - عو - ہند کی عورتوں میں دستور ہے کہ جب کوئی بال بچہ ہوتا ہے تو چلا نہا کر زچہ اپنے میکے میں یا کسی اور قریب کے رشتہ داروں میں دو چار روز کے واسطے چلنے پھرنے کو جاتی ہے اور بعض لوگوں کے ہاں نئی دلہن کے جانے کو بھی کہتے ہیں) +

پاؤں پھیلا کر سونا - ہ - فعل لازم - نہایت بےفکر ہو کر سونا۔ آرام سے سونا۔ بے کھٹکے رہنا۔ بے اندیشہ ہونا۔ کمال فارغ البال ہونا (مصحفی)

خفتگان خاک کی مجکو فراغت پر ہے رشک
سوتے ہیں کیا چین سے یہ پاؤں پھیلائے ہوے

پاؤں پھیلانا - ہ - فعل لازم (۱) دیکھو پاؤں پسارنا (۲) اصرار کرنا۔ ہٹ کرنا (معروف)

قید ہستی سے نکلکر قبر میں گر جاؤں میں +
حشر کو بھی پھر نہ اٹھوں پاؤں یہ پھیلاؤں میں

(۳) بپھرنا۔ پھیلنا۔ مچلنا۔ بچوں کی طرح ضد کرنا

اشک سیلاب نمط تا سر مژگاں پھیلا
(نصیر) طفل ابتر نے وہیں پاؤں بداماں پھیلا

(۴) زیادہ طلبی کرنا۔ نہایت طمع کرنا۔ از حد لالچ کرنا۔ زیادہ لینے پر جھگڑنا + (رنگین)

دلکو لوجی کو نہ مانگو صاحب
پاؤں بس اور یہ پھیلاؤ واجی

پاؤں پیٹ پیٹ کر مرنا - ہ - فعل لازم - نہایت مصیبت بھگت کر مرنا۔ ایڑیاں رگڑ رگڑ کر مرنا +

پاؤں پیٹنا - ہ - فعل لازم (۱) تکلیف و اضطراب کے باعث پاؤں دے دے مارنا +

پیٹے سر بستر پہ پڑا پاؤں کہاں تک
(ذوق) بس پاؤں نہ پھیلا شب غم اور زیادہ

(۲) کمال سختی سے جان دینا (۳) جان کنی میں ہونا۔ حالت نزع میں ہونا۔ اخیر وقت ہونا جیسے جاڑا پاؤں

پیٹ رہا ہے ۔ (۴) کوشش کرنا ۔ سعی کرنا جیسے ہزار
پاؤں پیٹے مگر ایک نہ چلی (۵) ذلیل و خوار ہونا +

پاؤں تلے کی چیونٹی - ۵ - اسم مؤنث - عو - ادنے
سے ادنیٰ - عاجز سے عاجز - جیسے خدا پاؤں تلے کی
چیونٹی کو بھی یہ دکھ نہ دے +

پاؤں تلے کی زمین سرکی جاتی ہے - امحاورہ عو
یعنی یہ مصیبت سنکر زمین بھی کانپتی اور تھراتی ہے +
جب کسی مصیبت کے بیان میں مبالغہ منظور ہوتا ہے تو یہ فقرہ کہتی ہیں

پاؤں تلے کی مٹی نکل جانا - ۵ - فعل لازم
عو - حیرت میں رہجانا - جھجک رہنا - کسی وحشتناک خبر
کو سنکر سن ہوجانا - حواس باختہ اور بے اوسان ہوجانا
خبر نہ رہنا - ہوش نہ رہنا +

پاؤں تلے ملنا - ۵ - فعل لازم - پاؤں میں روندنا
پامال کرنا - پیروں میں کچلنا - نہایت تکلیف دینا +

پاؤں توڑ کر بیٹھ جانا - ۵ - فعل لازم (۱) نہایت
کوشش کے بعد مایوس ہوکر صبر کرنا - سعی کرتے کرتے تھک
جانا (۲) ہمت ہار کر خاموش ہو رہنا - ہمت ہار دینا -
تلاش معاش سے باز رہنا (۳) متوکل ہوجانا - توکل اختیار کرنا

پاؤں توڑ کر بیٹھنا - ۵ - فعل لازم - ہمت ہار کر
بیٹھنا - تلاش معاش سے باز رہنا + متوکل بننا +

پاؤں توڑنا - ۵ - فعل لازم (۱) آمد و رفت میں اپنے
پاؤں تھکانا - پھرنا - حیران ہونا (۲) پیر دوڑی کرنا
نہایت کوشش کرنا - ازحد سیروی کرنا + (۳) متعدی
تھکانا - دوڑانا - پھرانا - بلا بلا کر حیران کرنا - دق کرنا

پاؤں تھرتھرانا - ۵ - فعل لازم - لغزش پاجانا - پاؤں
ڈگمگانا - پاؤں کانپنا + کسی کام کے ارتکاب سے خائف ہونا

پاؤں تھکنا - ۵ - فعل لازم (۱) پاؤں میں چلنے
پھرنے کی طاقت نہ رہنا (۲) واماندہ ہونا - چلتے چلتے ہار
جانا - چلنے کے قابل نہ رہنا +

پاؤں ٹکانا - ۵ - فعل لازم - قدم جمانا یا دھرنا -
پاؤں ٹھیرانا - کسی جگہ ٹھیرنا - دم لینا - قیام کرنا +

پاؤں ٹکنا - ۵ - فعل لازم - کسی جگہ ٹھیرنا - جگہ کرنا
قیام کرنا +

پاؤں ثابت رکھنا - ۵ - فعل لازم - ثابت قدم
رہنا - لڑائی میں جما رہنا - پاؤں نہ ہٹانا +

پاؤں جمانا - ۵ - فعل لازم - پاؤں گاڑنا - ثابت
قدمی سے رہنا - استقلال اور مضبوطی کے ساتھ ڈٹنا
قیام کرنا - سہارا دیکھنا - سہارا لینا +

پاؤں جمنا - ۵ - فعل لازم - کسی جگہ پاؤں قائم ہونا
سہارا ہونا - ٹھیرنا - قیام کرنا +

پاؤں جوڑنا - ۵ - فعل لازم - دیکھو (باگ جوڑنا)

پاؤں جھنانا - ۵ - فعل لازم (پورب میں) پاؤں
سن ہونا - سردی یا کسی صدمہ کے باعث پاؤں کا
بےحس و حرکت ہوجانا - پاؤں سونا +

پاؤں چپی کرنا - ۵ - فعل لازم - پاؤں دبانا
مٹھی مالی کرنا - مٹھیاں بھرنا - دلالی [?] کرنا +

پاؤں چلنا - ۵ - فعل لازم - بچے کا اوّل اوّل رفتار
میں آنا - بچے کا اپنے قدموں سے چلنا +

پاؤں چھوٹنا - ۵ - فعل لازم - عو - خون حیض کا
ہونا - دم طمث کا سیلان ہونا +

پاؤں چھوڑنا - ۵ - فعل متعدی - کسی لاگ یا کسی منتر
کے ذریعہ سے خون حیض جاری کردینا +

پاؤں خاک ہونا - ۵ - فعل لازم - اپنے تئیں
غایت انکسار سے کسیکے پاؤں تلے کی مٹی کے برابر

نہایت آدھین اور فرماں بردار ہونا +

پاؤں دابنا - یا - دبانا - ہ - فعل لازم - دیکھو (پاؤں چپی کرنا) +

پاؤں دھرنا - ہ - فعل لازم (پورب میں) ۱ - قدم رکھنا - قدم جمانا - (۲) دخل دینا + آگے چلنا (۳) شروع کرنا - اختیار کرنا +

پاؤں دھو دھو کر پینا - ہ - فعل لازم - عو - نہایت تعظیم و تکریم سے پیش آنا - نہایت عزیز رکھنا (۲) از حد معتقد اور باارادت ہونا - فرط عقیدت ظاہر کرنا - مریدانہ خدمت بجا لانا + ماننا تسلیم کرنا (۳) خوشامد کرنا - چاپلوسی کرنا +

پاؤں ڈالنا - ہ - فعل لازم (پورب) ۱ کسی بڑے کام کے کرنے کو تیار ہونا (۲) دخیل ہونا (۳) شروع کرنا

پاؤں ڈگمگانا - ہ - فعل لازم - پاؤں کا لغزش کرنا - پاؤں کا پھسلنا - پاؤں بچلنا - پاؤں قایم نہ رہنا پاؤں لڑکھڑانا + ہمت ہارنا +

پاؤں ڈگنا - ہ - فعل لازم (۱) پاؤں لڑکھڑانا قدم اکھڑنا (۲) ہمت ٹوٹنا - دھیرنہ رہنا +

پاؤں رکھنا - ہ - فعل لازم - دیکھو (پاؤں دھرنا)

پاؤں رگڑنا - ہ - فعل لازم (۱) نزع کی حالت میں ہونا (۲) کوشش کرنا - پیروی کرنا (۳ - پورب میں) بیہودہ پھرنا - ذلیل و خوار پھرنا +

پاؤں رہجانا - ہ - فعل لازم (۱) پاؤں کی طاقت کا سلب ہوجانا - کسی بیماری کے باعث پاؤں کا کام سے جاتا رہنا (۲) چلتے چلتے پاؤں تھک جانا تھک کر چور ہوجانا

پاؤں زمین پر نہ ٹھیرنا - ہ - فعل لازم (۱) نہایت گھمنڈ کرنا - از حد متکبر ہونا (۲) خوشی کے مارے تھر تھر رہنا کمال خوش ہونا +

پاؤں زمین پر نہ رکھنا - ل - فعل لازم (۱) نہایت مغرور ہونا - اترانا - پنجوں کے بل چلنا (۲) کمال خوش ہونا - خوشی کے مارے اچھلتے پھرنا + (زمین پہ پاؤں نہ رکھنا زیادہ بولتے ہیں) +

پاؤں سکیڑنا - ہ - فعل لازم - پاؤں سمیٹنا + پاؤں کھینچنا +

پاؤں سمیٹنا - ہ - فعل لازم (۱) دیکھو (پاؤں سکیڑنا) - (۲ ہندو) مرنا - انتقال کرنا (۳) ترک ملاقات کرنا علیحدگی اختیار کرنا - تنہائی اختیار کرنا (۴) کوچہ گردی سے باز آنا

پاؤں سن ہونا - ہ - فعل لازم - دیکھو (پاؤں جھنجھنانا)

پاؤں سو جانا - ہ - فعل لازم - دیکھو (پاؤں جھنجھنانا اور پاؤں بھرنا) (مغفور)

جب ہم قریب کوچۂ جانانہ ہو گئے
اے بخت خفتہ اپنے کہاں پاؤں سو گئے

پاؤں سے پاؤں باندھ کر بٹھانا - ہ - فعل لازم - عو - پاس سے جدا نہ ہونے دینا - پہلو میں بٹھائے رکھنا نہایت چوکسی رکھنا - سخت پہرہ دینا +

پاؤں سے پاؤں باندھنا - ہ - فعل لازم - اپنے پاؤں میں دوسرے کا پانو باندھ کر رکھنا - نہایت چوکسی اور نگہبانی کرنا - حراست میں رکھنا +

پاؤں سے پاؤں بھڑانا - ہ - فعل لازم (پورب) قریب ہونا - پاس ہونا - نزدیک آنا +

پاؤں سے لگی سر میں بجھی - محاورۂ عو - سر تا پا آگ لگ گئی - تن بدن جل گیا - نہایت غصہ آیا (جب کوئی بات نہایت ناگوار اور قابل فروختگی ہوتی ہے تو یہ فقرہ زبان پر لاتی ہیں یعنی اسے سنکر ہمارے پانو سے جو آگ لگی تو سر میں

جا کر تھمی) +

پاؤں کا کھٹکا - ہ - اسم مذکر - آوازِ پا - پاؤں کی آہٹ پاؤں کا کھڑکا +

پاؤں کانپنا - ہ - فعل لازم - دیکھو (پاؤں تھرتھرانا)

پاؤں کٹ جانا - ہ - فعل لازم - (۱) پاؤں کے دو ٹکڑے ہوجانا - پاؤں قلم ہو جانا (۲ - عو) قدم کٹنا - آمدو رفت بند ہونا - آنیکے قابل نہ رہنا - دُنیا سے اُٹھ جانا + (جب کوئی مرجاتا ہے تو افسوس سے کہتے ہیں کہ آج اُسکے یہاں سے پاؤں کٹ گئے) +

پاؤں کھینچکر بیٹھ رہنا - ہ - فعل لازم - آمدورفت ترک کرنا - الگ ہوجانا - کوچہ گردی سے باز آنا +

یہ نہ ہوئیگا کہ جوں نقشِ قدم بیٹھ رہیں
کھینچکر ہم سرِ کوئے بُت بے پیر سے پاؤں (شہیدی)

پاؤں کھینچنا - ہ - فعل لازم - ترک کوچہ گردی کرنا - چلنے پھرنے سے ہاتھ اُٹھانا +

پاؤں کی بیڑی - ہ - اسم مؤنث - (۱) سلاسل زنجیرِ پا (۲) قید - پابندی - مزاحمت - روک +

پاؤں کی جوتی - ہ - اسم مؤنث - (۱) پاپوش کفشِ پا (۲ - حقارتاً) بیوی - جورو - زوجہ - استری +

پاؤں کی جوتی سر کو لگنا - ہ - فعل لازم - عو - کمینہ کا مقابلہ پر آنا - کمینہ کا سر چڑھنا - ادنیٰ ہوکر اعلیٰ کی برابری کرنا +

پاؤں کی مہندی گھس نہ جاتی؟ - ہ - یہ ایک طنز کا فقرہ ہے جو کسی شخص کے نہ آنے یا کسی کام کو نہ جانے کے سبب زبان پر لاتے ہیں (گلزارِ نسیم)

توفیق یہاں تلک جو لاتی ++
مہندی پاؤں کی گھس نہ جاتی

پاؤں کے نیچے کی مٹی بھی ایسی نہ ہوگی - و...
یعنی ہم نہایت پامال اور خاکسار ہیں - مٹی سے بھی گئے گزرے ہیں - ... ہمارے پاؤں کے نیچے کی مٹی بھی اچھی...

پاؤں کے نیچے کی مٹی بھی نہ ہوگی ہمسی
کیا کہیں عمر کو کس طور بسر ہم نے کیا (میر تقی)

جیسا پامال کیا ہے فلکِ کجرو نے +
پاؤں کے نیچے کی مٹی بھی نہ ہوگی ایسی (نکہت)

پاؤں گاڑنا - ہ - فعل لازم - پاؤں جمانا - ڈٹنا - لڑائی میں جمکر کھڑا ہونا - کسی بات پر جما رہنا +

انتظارِ سروقامت میں درختوں کی طرح
میں کھڑا رہتا ہوں پہروں پاؤں اپنے گاڑ کر (ناسخ)

پاؤں گور میں لٹکائے بیٹھے ہیں - ز - فقرہ - ضعیفی اور مرضِ مُہلک کے باعث مرنے کو بیٹھے ہیں - قبر میں جانے کو آمادہ و تیار ہیں (گور میں پاؤں بولتے...)

پاؤں گھِسنا - ہ - فعل لازم - پاؤں کا فرسودہ ہونا - زیادہ آمدورفت کے باعث پاؤں تھکانا +

پاؤں لڑکھڑانا - ہ - فعل لازم (۱) دیکھو (پاؤں ڈگمگانا) ۲ - ضعف یا مستی کے باعث پاؤں کا نہ...

جھوم جھوم ایسے بادل آنے لگے
پاؤں توبہ کے لڑکھڑانے لگے + (ذوق)

پاؤں لگانا ہے - فعل لازم (لکھنؤ) تیرنے میں پاؤں مارنا (دہلی میں اسے لات لگانا بولتے ہیں) +

پاؤں لگنا - یا - ہ - لاگن - فعل لازم (ہندو عو) ا... لگنا - قدم لینا - آداب بجالانا - تسلیم کرنا جیسے ساس پاؤں لاگنا (۲ - گیتوں میں) پیروں پڑنا - بنتی منت سماجت کرنا (بیاں لاگن زیادہ آتا ہے) ۳ - کسی زمین کی نسبت کہتے ہیں تو وہاں آنا جانے پھرنے کی عادت...

سے مُراد ہوتی ہے جیسے فلاں جگہ کی زمین پاؤں لگی ہوئی ہے +

پاؤں مُرید - ا - صفت - عو - مُرید یا غلام مُعتقد نہایت مطیع اور فرماں بردار +

پاؤں میں بیڑی پڑنا - ہ - فعل لازم (۱) پاؤں میں زنجیر پڑنا (۲) پابند ہونا - آزاد نہ رہنا - جورُو یا بال بچوں میں پھنس جانا +

پاؤں میں سر دینا - ہ - فعل لازم - دیکھو (پاؤں پر سر رکھنا) +

پاؤں میں کیا مہندی لگی ہے ؟ - ہ - فقرہ بطور طنز - کیا مہندی کے باعث آنے جانے سے مجبور ہو (جب کوئی شخص آنے یا کہیں جانے میں عذر حیلہ یا حیلہ اور بہانہ کرتا ہے تو اُس سے یُوں کہتے ہیں) +

پاؤں میں مہندی لگنا - ہ - فعل لازم (۱) معلوم (۲) عذر حیلہ ہونا - بہانہ ہونا +

پاؤں نکالنا - ہ - فعل لازم - عو - (۱) اپنے حد سے باہر قدم رکھنا - بڑھکر جانا - چل نکلنا (میر تقی)

یاں پاؤں کیا نکالیے تصویر کی طرح
ہستی لگی ہے صورت قید فرنگ ہاتھ

(۲) خود سر اور از خود رفتہ ہونا - سرکش اور مُتمرد ہونا + بد اطوار اور بد چلن ہونا (نکہت)

نکلکر چشمِ نم سے دامنِ مژگاں پہ لوٹے ہے
نکالے پاؤں کیا مردم ہیں طفلِ اشک ابتر نے

(۳) نہایت چالاک اور ہوشیار ہونا (۴) کسی کام میں سے اپنا قدم نکالنا - علیحدگی اختیار کرنا - تعلق اُٹھانا - کسی برے کام کے کرنے سے انکار کرنا +

پاؤں نکلنا - ہ - فعل لازم - بد چلنی ظاہر ہونا - لغو اور بیہودہ حرکات ظاہر ہونا - آوارگی اور خود سری کا نمایاں ہونا

پاؤں بے طرح ہے اُس تُرک پسر کا نکلا
شام گھر آنے لگا اب ہے سحر کا نکلا

پاؤں نہ دُھلوانا - ہ - فعل لازم - عو - اپنی خدمت اور غلامی کے قابل بھی نہ سمجھنا - نہایت کراہیت اور حقارت سے دیکھنا - ادنیٰ فقیر و حقیر اور کمینہ سمجھنا - خاطر میں نہ لانا جیسے میں تو اُس سے پاؤں بھی نہ دُھلواؤں - (شہیدی)

کیونکہ دُھلواے وُہ مہوش فلک پیر سے پاؤں
جسکا گھوڑا ہو پری اور ہوں تصویر سی پاؤں

پاؤنا - یا - پاہنا - ہ - اسم مذکر (ہندو) مہمان - مُسافر - اتیتھ - جاتری - وُہ شخص غیر جو کسیکے گھر آکر اُترے +

پاؤنی - پاہنی - ہ - اسم مؤنث (ہندو) (۱) مہمان عورت (۲) - پُورب) وُہ گیت جو دُلہن کے رخصت ہوتے وقت گایا جاتا ہے جسے دہلی میں ہنڈھا کہتے ہیں) +

پاہ - ہ - اسم مؤنث - آنکھوں کی ایک دوا کا نام ہے جو پتھر کی قسم میں ہے +

پائی - ہ - اسم مؤنث (۱) آنہ کا بارھواں حصہ - پیسہ کا تیسرا حصہ (۲) پیسہ - آنہ کا چوتھا حصہ +

پائے - ف - اسم مذکر - دیکھو (پا اور پاؤں) +

پائے بند - ف - صفت (۱) مُقید - پابستہ (۲) مُطیع فرماں بردار - مُلازم (۳) - اسم مذکر - پاؤں کی رسّی - بیڑی + جال +

پائے تابہ - ف - اسم مذکر - چمڑے کا موزہ اور وُہ چیتھڑا جو جوتے کے اندر خاک یا گرمی کے بچاؤ کے واسطے رکھ لیتے ہیں +

پائے تخت - ف - اسم مذکر - بادشاہ کے رہنے کی جگہ - دارالخلافہ - دارالسلطنت - راجدھانی +

پائے تراب - یا پاتُراب - ف + ع - اسم مذکر (۱)

(پاے + تُراب) جگہ بدلنا - نقل مکان - پر استعمال نہیں - چلنے کا شگون (رسم ہے کہ جب کہیں سفر کو جانا منظور ہوتا ہے تو اچھا دن اور اچھی گھڑی دیکھ لیتے ہیں اگر اُس روز یا اُس گھڑی کے باعث جانا ممکن نہ ہو تو کچھ اسباب اُٹھا کر دوسری جگہ رکھ دیتے ہیں تاکہ شگون سفر ہو جائے -
بول چال میں پَیتراب اہم مونث کے ساتھ آتا ہے (ناسخ) سفر کے چلنے کا جب دل نے اضطراب کیا + بلکے آنکھوں سے آنسوؤں نے پاتراب کیا +

پاے جامہ - ف - اسم مذکر (۱) دیکھو (پاجامہ) ۲- (بازاری) بیوقوف +

پاے جامہ سے باہر نکلنا - ا - فعل لازم (بازاری) حقارتاً آپے سے باہر ہونا +

پاے زیبا - ف - اسم مونث - ایک قسم کا زیور جو پاؤں میں پہنا جاتا ہے +

پائمال - ف - صفت (۱) روندا ہوا - پامال - کھوندا ہوا (۲) برباد شدہ - تباہ - برباد +

پائمالی - ف - اسم مونث - روندنا + بربادی - ویرانی

پایاب - ف - صفت - اتارو پانی - تھاہ - گذرا دریا کی وہ جگہ جہاں سے آدمی اپنے پیروں سے اُتر جاے - گھاٹ

پایان - ف - اسم مذکر - آخر - انتہا - انجام - انت +

پائیدار - ف - صفت - مضبوط - دیرپا - مستحکم - رہاؤ +

پائیداری - ف - اسم مونث - مضبوطی +

پایک - ہ - اسم مذکر - قاصد - نامہ بر - سفیر - ایلچی +

پاے کاشت - ف - صفت - وہ کسان جو دوسرے گانو سے جوتنے کو آئے یا دوسرے گانو میں جا کر کھیتی کرے پاہی کاشت - خوش باش - غیر مستقل - غیر موروثی -

پایل - ہ - اسم مونث (۱) پاؤں کا ایک قسم کا زیور (پانزیب) (۲) صفت (وہ بچہ جسکے پیدائش کے وقت سب سے پہلے پاؤں نکلیں - پاؤں کے بل پیدا ہونے والا (۳) تیز رو ہتھنی +

پاے موز - ف - اسم مذکر - ایک قسم کا کبوتر یا مرغی جسکے پنجے پیروں میں لٹکے رہتے ہیں +

پائین باغ - ف - اسم مذکر - وہ باغ جو قلعہ کے نیچے لگایا جائے

پائینت - ہ - اسم مونث (ہندو) ادوان کا رخ - پائینتی پلنگ کا وہ حصہ جسطرف پاؤں پھیلاتے ہیں - سرہانے کے خلاف +

پائینتی - ہ - اسم مونث - دیکھو (پائینت) +

پائینچہ - ا - اسم مذکر - پائچہ - ازار کا وہ نصف حصہ جس میں ایک ٹانگ رہتی ہے +

پائینچہ بھاری کرنا - ا - فعل لازم - عو - ایک جگہ جمکر بیٹھ جانا - باہر نکلنا - گوشہ نشینی اختیار کرنا - خانہ نشین ہونا

پائینچہ بھاری کیا تھا تو یہ کی تھی سُنکے درس
آج نوحیدہ ہیں بی راحت کا ڈولا بھی گیا (راحت)

پائینچے سے نکلی پڑتی ہے - ہ - فقرہ طنز - عو - غصہ کے مارے آپے سے باہر ہوئی جاتی ہے +

پایہ - ف - اسم مذکر (۱) پاؤں (۲) پاکھا - زینہ - سیڑھی - قدمچہ - تھم - کھم - کھنب - ستون (۳) رتبہ - درجہ - منصب (۴) چوپایہ کا پاؤں - میز کرسی چارپائی وغیرہ کا وہ ڈنڈا جس پر وہ قائم رہے +

پپئیا - ہ - اسم مذکر - ایک خوش آواز پرند کا نام ہے جو مینا کی قسم سے ہے +

پپڑا جانا - ہ - فعل لازم - پپڑی آجانا - سوکھ جانا - خشک ہوجانا +

پپڑی - ہ - اسم مونث - پرت - خشک پوست - ملائی کی سی تہ - چھلکا (کاٹ) یا چکنی مٹی کے پتلے پتلے پرت جو سوکھنے کے بعد اپنی سطح سے علیحدہ ہوجاتے ہیں +

پپڑی آنا - ہ - فعل لازم - تہ جمنا - پرت بننا +

پپڑی پڑنا - ہ - فعل لازم - ملائی پڑنا - پرت جمنا

پپڑی جمنا - ہ - فعل لازم - کسی تھے وغیرہ کا جم جانا - پرت یا ملائی جمنا +

پپڑیا کتھا - ہ - اسم مذکر - سفید اور عمدہ اور ہلکا کتھا +

پپڑیلا - ہ - صفت - پپڑی دار - پرت دار - چھلکے دار +

پپنی - ہ - اسم مؤنث (پورب) پلک - مژگاں +

پپوٹا - ہ - اسم مذکر - غلاف چشم - نیام چشم - آنکھ کے اوپر کا چمڑا جو بطور غلاف ہے - آنکھ کا پٹ - بام چشم - پشت چشم

پپوٹن - ہ - اسم مذکر - ایک پودے کا نام ہے جسکے پتے زخم پکانے کے حق میں مفید ہیں اسکا پھل مکوئی سے مشابہ ہے

پپولنا - ہ - فعل متعدی - پلپلانا - پوپلوں کی طرح منہ سے کسی چیز کو چوسنا - دانتوں کے بغیر چھوڑنا +

پپیا - ہ - اسم مذکر (۱) سیٹی بجانے کا کھلونا - آم کی اُگی ہوئی گٹھلی کا باجہ جسے پتھر پر رگڑ کر بجاتے ہیں

عہد طفلی سے بھری ہیں اسمیں شور انگیزیاں
(بحر) اُسکے مٹی کے پپیے پر گماں تھا صور کا

(۲) ایک درخت کا پھل (۳ - صفت) تیز آواز والا (۴) سیٹی جیسے ریل کی سیٹی +

پپیانا - ہ - فعل لازم - پیپ پڑجانا - ریمناک ہونا +

پپیہا - ہ - اسم مذکر (۱) ایک خوش آواز پرند کا نام ہے جو برسات کے موسم میں پہاڑوں سے اُترآتا ہے اور رات کے وقت نہایت باریک آواز سے بولتا ہے ہند کی عورتیں اسے پیا کا یاد دلانے والا اور غم جدائی کو تازہ کرنے والا خیال کرتی ہیں - ہندی گیتوں میں اسکو بہت باندھا ہے (۲) مٹی یا دھات وغیرہ کا باجہ جو منہ سے بجا کر آواز نکالتے ہیں - بلکہ جو کچھ اس پرند کی آواز پر نکالا گیا ہے اس سبب سے یہ نام پڑگیا اسم مذکر ہے بھی کہتے ہیں +

پت - ہ - اسم مؤنث (۱) عزت - آبرو (۲) ساکھ - اعتبار (۳) پتی - سوامی - دھنی - مالک - خداوند (۴) پات بمعنی برگ کا مخفف (۵) چاشنی - قوام - بکھر +

پت اُتارنا - ہ - فعل لازم - دیکھو (آبرو اُتارنا) +

پت جانا - ہ - فعل لازم - عزت جانا - ساکھ بگڑنا

پت رکھنا - ہ - فعل متعدی - آبرو رکھنا - ساکھ رکھنا

پت گنوانا - ہ - فعل لازم - آبرو کھونا - بے عزت ہونا ساکھ کھونا +

پت - ہ - اسم مذکر - اربعہ عناصر سے جو اخلاط پیدا ہوتے ہیں اُنہیں سے دوسرے خلط کا نام ہے جیسے عربی میں صفرا فارسی میں تلخہ کہتے ہیں - زرد رنگ کا کڑوا پانی جو پتے کے اندر رہتا ہے - مادہ اسکا آتش ہے اور خاص مقام اسکا پتا کیفیت میں گرم خشک

پت ڈالنا - ہ - فعل لازم - زرد رنگ کی قے کرنا - قے میں صفرا نکلنا +

پتا - ہ - اسم مذکر - باپ - پدر - والد +

پتا - ہ اسم مذکر (۱) برگ - پات (۲) ورق - پنا (۳) گنجفہ یا تاش کا ورق + کارڈ Card (۴) پان (۵) کان کے ایک زیور کا نام جو بالیوں میں لٹکایا جاتا ہے

پتا توڑ کر بھاگنا - ہ - فعل لازم - جلدی سے بھاگنا کافور ہونا - رفو چکر ہونا - فوراً چلدینا +

پتا کھڑکنا - ہ - فعل لازم - ہوا چلنے سے پتا بجنا + اندیشۂ خفیف ہونا +

پتا لگنا - ہ - فعل لازم - پھلوں میں داغ لگنا +

پتا نہ ہلنا - ہ - فعل لازم - برگ کا جنبش نکرنا + حبس ہونا - ہوا بند ہونا +

پتا ہوجانا - یا - ہونا ہ فعل لازم - ہوا ہوجانا - دوڑجانا غایب ہوجانا - کافور ہوجانا

(۴) دھات کا مستطیل ٹکڑا - خول چڑھانے کا ورق (عوام بالتشدید بولتے ہیں)

پُتری - س - اسم مؤنث - لڑکی - دُختر - بیٹی

پَتری - ہ - اسم مؤنث (۱) جنم کنڈلی - زائچہ - طالع مولود (۲) خط - چٹھی - نامہ +

پَتُریا - ہ - اسم مؤنث (پُورب) پاتر کی تصغیر - رنڈی - میسوا - کنچنی - قحبہ +

پَترے کھولنا - ہ - فعل متعدی - ہندو عو - بھید کھولنا - افشای راز کرنا - قلعی کھولنا + کھاتنا - بکھان کرنا - عیب کھولنا +

پَتّل - ہ - اسم مؤنث (۱) پنوارا - پتوں کی بنی ہوئی تھالی جس میں کھانے کی چیزیں رکھکر کھلاتے ہیں (۲) مجازاً وہ ایک آدمی کی خوراک جو بیاہ میں تقسیم کی جاتی ہے اسمیں عموماً ایک کچوریاں اسیقدر لڈو اور دیگر شیرینی ہوتی ہے +

پتّل پروسنا - ہ - فعل متعدی - پتل میں کھانا رکھنا - پتوں کی رکابی میں کھانے کی چیزیں چُننا +

پَتلا - ہ - صفت (۱) رقیق - سیال - عرق - بہنے والی چیز - غلیظ کے خلاف (۲) باریک - جھینا - مہین - دبیز کے خلاف (۳) تاریا ورق سا (۴) تنگ - سکڑا (۵) نازک - کومل (۶) ناطاقت - کمزور - ماڑا (۷) دُبلا - لاغر - چھریرا (۸) نرم - ملایم +

پتلا حال کرنا - ہ - فعل متعدی - مٹی پلید کرنا - ستانا - تنگ کرنا - عاجز کرنا - غیر حال کرنا +

پتلا حال ہونا - ہ - فعل لازم (۱) خستہ حال ہونا - تنگ - بِسترا - خراب اور تباہ حالت میں ہونا (۲) حالت نزع میں ... - حال بگڑ جانا - غیر حال ہونا +

پُتلا (۲) و ہ - اسم مذکر (۱) تمثال - پیکر - صورت - گڈا - لعبت - آدمی یا حیوان کا تراشا ہوا خواہ بنایا ہوا قالب - قالب بے جان - آٹے یا مٹی کی بنائی ہوئی صورت (۲) تلوار کی موٹھ - قبضہ (۳) صفت - مُخمّر - مجسّم - پوٹ - سراپا جیسے عقل کا پتلا - ہنر کا پتلا +

پِتلانا - ہ - فعل لازم (ہندو) ۱ - پیتل کا کسالا آجانا - پیتل کے برتن کی پکی ہوئی چیز کا کسیا جانا (۲) پیتل کی سی رنگت ہو جانا - پیتلی رنگ بنجانا +

پُتلی - ہ - اسم مؤنث (۱) پتلا کی تانیث - گڑیا - صورت - لعبت وغیرہ (۲) مردُمک چشم - سیاہی چشم (۳) گھوڑے کے سُم کا وہ گوشت جو اسکے بیچ میں مینڈک کی شکل کا ہوتا ہے (۴) وہ کپڑے یا کاٹھ کی چہرہ دار گڑیاں جنہیں پتلی والے رانگو تاروں کے ذریعہ سے نچاتے ہیں (۵) کل مشین (۶) نازک اندام عورت - خوبصورت عورت +

پُتلیاں - ہ - اسم مؤنث - پتلی کی جمع - صورتیں +

پُتلیاں پھر جانا - ہ - فعل لازم - مردمک چشم کا اوپر چڑھ جانا - دیدے پھر جانا - آنکھوں کی ہیئت کا صدمۂ دماغی کے باعث متغیر ہو جانا - موت کے وقت آنکھوں کی رونق کا جاتا رہنا - علامت مرگ کا ظاہر ہونا +

پُتلیاں نچانا - ہ - فعل متعدی - لعبت بازی کرنا - پتلیوں کا تماشا دکھانا +

پُتلیوں کا تماشا - ہ - اسم مذکر - لعبت بازی - شب بازی

پَتنا - ہ - اسم مذکر - فرج کا کنارہ + پاسہ +

پُتنا - ہ - فعل لازم (۱) پچارا پھرنا - پوتا پھرنا - کوچی ہونا - (بحالت اسم مذکر) پوتا - وہ کپڑا جس سے پچارا پھیریں +

پَتنگ - ہ - اسم مذکر (۱) پروانہ - پھتنگ - وہ پردار کیڑا جو شمع کا عاشق ہے (۲) بڑا کنکوا - کاغذ باد - مُطلق کنکوا (۳) ایک لکڑی کا نام ہے جس میں سے سُرخ رنگ نکلتا ہے (۴) سنسکرت میں سُورج

کو بھی کہتے ہیں +

پتنگ اُڑانا - ہ - فعل متعدی - کنکوا اُڑانا +

پتنگ بازی - ہ - اسم مؤنث - کنکووں کا کھیل کنکوے اُڑانا +

پتنگ چھری - ہ - صفت عو - لتری غمازہ آگ لگاؤ لڑائی کرانے والی

پتنگا - ہ - اسم مذکر (۱) آگ کا شرارہ چنگاری - چراغ کا پھول - آتش کا پرکالہ (۲) پروانہ - ٹڈا - پردار کیڑا +

پتنگے لگنا - ہ - فعل لازم - عو - آگ لگنا غصہ آنا - مرچیں لگنا - جل جانا - چھنچھنے لگنا +

پتوار - یا - پتوال - ہ - اسم مؤنث (۱) دنبالۂ کشتی - سکان کشتی کے موڑنے اور پھیرنے کی کل (۲) اودواڑ - کھم +

پتواس - ہ - اسم مؤنث - چکس - اڈا +

اُنکا رسی یا دست آموز جانوروں کے بٹھانے کی کرسی جو لاٹھی ترچھی بندی ہوئی ہوتی ہے اور نیز وہ لکڑیاں جو کبوتروں کے ڈربے میں انکے اوپر چڑھکر بیٹھنے کے واسطے میان کی طور پر لگا دیتے ہیں (نکہت) مہدی مائل

عالم ہے ترا عہد نکو + نسر طائر کو خدا کا کہکشاں ہے پتواس +

پتوں والی - ہ - اسم مؤنث - عو - مولی - ترب +

(چونکہ عورتیں بسبب سامان حاضری میں داخل ہونے کی وجہ سے منحوس خیال کرتی ہیں اسوجہ سے علی الصباح اسکا نام نہیں لیتیں

پتھر - ہ - اسم مذکر (۱) سنگ - حجر - شلا (۲) ژالہ - اولا - تگرگ (۳) جواہر - ہیرا لال زمرد وغیرہ (۴) چکی - آسیا (۵) سخت چیز - کڑی چیز (۶ صفت) بھاری - بوجھل (۷) نہایت سخت (۸) نہایت - از حد جیسے بہرا پتھر (۹) کٹھور - کٹر - بے رحم (۱۰) ٹھس - غبی - کند ذہن (۱۱) موڈھو - بیوقوف (۱۲) لفظ حقارت بجائے ہیچ - خاک - جیسے تم کیا پتھر سمجھے گے (۱۳) ثقیل - دیر ہضم و ہا کنواری بیٹی سنگ بستہ

چونکہ ہندوستانیوں میں بیٹی کی شادی میں بڑا صرف پڑتا ہے اسوجہ سے عورتوں نے اُنکا نام ہی جاکر پتھر رکھدیا مثلاً میرے آگے ابھی دو پتھر بیٹھے ہیں (۱۴) کنٹک - بخیل - نہایت ممسک جیسے پتھر کو جونک نہیں لگتی یعنی کنجوس نہیں پسیجتا +

پتھر برسنا - ہ - فعل لازم - (لکھنؤ) سنگ باری ہونا - اولے پڑنا (بحر)

وہ مقدر ہے جو مانگوں مینہ برسنے کی دعا

برسیں پتھر ابر سے بالائے سر برسات میں

پتھر بنجانا - ہ - فعل لازم (۱) نہایت سنگدل ہوجانا - کٹھ پن اختیار کرنا (۲) بُت بنجانا + گنگا صُم ہوجانا - بہرا بن جا

پتھر پانی ہوجانا - ہ - فعل لازم - نہایت سنگدل آدمی کو رحم آجانا - بخیل کا فیاض ہوجانا + (ناسخ)

ہماری آہ تیرا دل نہ نرما وے تو یا قسمت

وگرنہ دیکھ آئینہ کو پتھر ہوگئے پانی +

پتھر پڑنا - ہ - فعل لازم (۱) سنگباری ہونا - پتھر (۲) آفت پڑنا - مصیبت آنا - تباہی ہونا - شامت آنا - خدا کا غضب نازل ہونا + (میر تقی)

حرم کو ہم گئے یا بتکدے کو ہو +

جہاں دیکھا وہاں پتھر پڑے ہیں +

(۳) حقارتاً کوئی بڑا کام ہونا - کام سدھ ہونا - کام بنا

جوانی میں کیا پتھر پڑتے تھے ؟

پتھر پڑیں - ہ - دعا بدعو - غضب خدا نازل ہو آئے - غارت ہو - ہٹ جائے - اُجڑ جائے +

(مصحفی) غیرت پہ بلبلوں کے پتھر پڑیں کہ بیٹھے

سو بار گل کو ہنستے باد صبا سے دیکھا

پتھر پڑیں اس سمجھ پر - ہ - کلمۂ زجر - لعنت عقل پر - تف ہے اس نادانی پر + سمجھائے یہ دانا

پتھر پسیجنا - ہ - فعل لازم (۱) پتھر میں نمی آنا

ہونا - پگھلنا - نرم ہونا - سخت دل کا نرمی اختیار کرنا + بخیل
آدمی کا کچھ دینے پر آمادہ ہونا +

پتھر پھوڑا - ہ - اسم مذکر (۱) سنگ تراش - پتھر گھڑنے
اور کاٹنے والا + روڑی کوٹنے والا (۲) کٹھ بڑھئی
ہُد ہُد - مرغ سلیمان +

پتھر تلے سے ہاتھ نکلنا - یا - پتھر کے تلے سے ہاتھ
نکلنا - ہ - فعل لازم (۱) کسی مصیبت یا دقت سے نجات پانا -
کسی اہم کام سے چھٹکارا حاصل کرنا - زبردست کی قید
سے نکلنا (عظیم)

ابھرے ہے تو اب شیشہ بنی اپنے دنوں پر
نکلا ہے ترا ہاتھ جو پتھر کے تلے سے

پتھر تلے کا ہاتھ - ہ - تابع فعل - مجبوری اور بے اختیاری
کا عالم - ناچاری - بے بسی + (درد)

پتھر تلے کا ہاتھ ہے غفلت کے ہاتھ دل
سنگ گراں ہوا ہے یہ خواب گراں مجھے

دل مرا اس سنگدل کے ساتھ ہے
کیا کروں پتھر تلے کا ہاتھ ہے (جرأت)

پتھر تلے ہاتھ آنا - ہ - فعل لازم - مجبور ہونا - بے بس
ہونا - زبردست کے پنجے میں پھنسنا +

پتھر چٹا - ہ - اسم مذکر (۱) ایک قسم کی گھانس جسکی
ملایم اور پتلی پتلی ٹہنیاں ہوتی ہیں (۲) ایک قسم کا سانپ
جو مٹی کی بجائے پتھر کو چاٹتا ہے (۳) ایک قسم کی مچھلی
جو اکثر دریا کی چٹانوں سے لپٹی رہتی ہے (۴) کنجوس
کنٹک - بخیل (۵) صفت، وہ شخص جو گھر کی چاردیواری
سے باہر نہ نکلے +

پتھر چٹانا - ہ - فعل متعدی - پتھری لگانا - دھار
تیز کرنا - سان پر رکھنا + (مخاتی)

چٹا لیتے نہیں خنجر کو پتھر اُف رے بیدردی
رگڑتے ہیں گلے کو خاک پتھر ذبح کرتے ہیں

پتھر چھاتی پر دھرنا - یا رکھنا - ہ - فعل لازم سخت
صدمہ کی برداشت کرنا - صبر کرنا - زبردستی دل کو روکنا -
نہایت غم کھانا - چپ ہو رہنا - مجبور ہونا +

پتھر ڈھونا - ہ - فعل لازم (۱) سخت مشقت کرنا - نہایت
محنت اٹھانا + (مغفور)

سنگدل بسکہ تیرے عشق میں ڈھوئے پتھر
چشم سے چشمۂ کہسار کی روئے پتھر

(۲) عبث اوقات ضایع کرنا - ناحق محنت اٹھانا +

نہ فرہاد بیچارہ مقصد کو پہنچا +
سدا عشق میں اسنے پتھر ہی ڈھوئے (مصحفی)

شربت وصل سے شیریں کے ہوا خسرو سیر
کوہکن نے جبل ہجر کے ڈھوئے پتھر (نکہت)

پتھر سا پھینک مارنا - یا کھینچ مارنا - ہ - فعل متعدی
(۱) درشتی سے جواب دینا - اکھڑپنے سے جواب دینا
بے سوچے سمجھے بول اٹھنا - منہ میں آنا سو کہہ بیٹھنا

پتھر سے سر پھوڑنا - یا - مارنا - ہ - فعل لازم (۱) سر پٹکنا
(۲) کوڑھ مغز کے ساتھ مغز مارنا - بیوقوف کو تعلیم دینا
نالایق کی تعلیم میں کوشش کرنا +

پتھر کا چھاپا - ہ - اسم مذکر - لیتھوگراف - وہ چھاپہ جو
کالی اور پتھر کے وسیلہ سے چھپا ہو - ٹایپ کے خلاف

پتھر کا دل یا کلیجہ - ہ - صفت - سخت دل - کٹھور دل
بیرحم دل - پکا دل +

پتھر کلا - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کی جانپدار بندوق
وہ بندوق جسمیں چقماق لگی ہوتی ہے +

پتھر کو جونک نہیں لگتی - ہ - (مثل) - ۱ - کنجوس کو

رحم نہیں آتا - بخیل پیسہ نہیں خرچ کرتا (۲) بدوں کو نصیحت کا اثر نہیں ہوتا +

پتھر کے تلے ہاتھ دبنا - ۵ - فعل لازم - مجبور ہونا - بے بس ہونا - ناچار رہنا (جرأت)

دست بردار ہُوں کیونکر بُتِ سنگیں دل سے
دبگیا ہاتھ میرا اب تو تلے پتھر کے +

پتھر کی چھاتی - ۵ - صفت - سخت چھاتی - پکّی چھاتی - بڑا حوصلہ - بڑا دل - بڑا جگر (قلبس)

داغ پر داغ جو کھاتا ہے قیس
کیا تری پتھر کی تو چھاتی نہیں

پتھر کی لکیر - ۵ - صفت - نقش کالحجر - نقشِ نگیں - اٹل + مضبوط - مستحکم - پائدار + (جرأت)

سر دیجے راہِ عشق میں پر مُنہ نہ موڑیے
پتھر کی سی لکیر ہے یہ کوہکن کی بات

(مثل) رذیلوں کی دوستی پانی کی لکیر شریفوں کی دوستی پتھر کی لکیر +

پتھر لڑکانا - ۵ - فعل لازم (۱) پتھر پھسلانا - فارسی میں غلطانیدنِ سنگ کہنا چاہیے (۲) کسیکی تباہی اور موت کا خواستگار رہنا +

پتھر مارنا - ۵ - فعل متعدی (۱) سنگ زنی کرنا (۲) مجنونانہ حرکتیں کرنا +

پتھر مارے موت نہیں - ۵ - (مثل) نہایت سخت جان اور بیحیا کی نسبت بولتے ہیں یعنی اسکو کسیطرح بھی موت نہیں

پتھر نچوڑنا - ۵ - فعل لازم (پرانا محاورہ ہے) سنگدل کو رحم دل بنانا - کٹھور کو برسرِ رحم لانا + ممسک سے فیض اُٹھانا کنجوس سے کچھ لینا (انشا)

رقت نہ آئی مرے حال پہ تجکو سچ ہے
ہو جو پتھر کوئی کیا اُسکو نچوڑے پتھر

پتھر نہیں پگھلتے - ۵ - (مثل) سنگدل رحم دل نہیں ہوتے - کٹھور کو رحم نہیں آتا - معشوق عاشق پر ترس نہیں کھاتا + (نکہت)

نرم کیونکر ہو خدایا وُہ بُتِ سنگیں دل
آجتک ہم نے نہیں دیکھے پگھلتے پتھر

پتھر ہونا - ۵ - فعل لازم (۱) سخت ہونا + نہایت منجمد ہونا (۲) بھاری ہونا - ابھل ہونا (۳) نہایت بہرا ہونا - بُت بنجانا - چُپ اور خاموش ہونا (۴) کٹھور کڑا اور سنگدل ہونا - بے رحم ہونا (۵) نہایت اندھا ہونا (۶) بیکار رہنا نکما ہونا +

پتھرانا - ۵ - فعل لازم (۱) پتھر ہو جانا - پتھر بنجانا (۲) سخت ہو جانا + ٹھٹھر جانا (۳) متحیر ہونا - حیرت میں رہنا (۴) جب آنکھ کی نسبت کہتے ہیں تو مرتے وقت بینائی چشم زائل ہو جانے سے مُراد ہوتی ہے +

پتھراؤ - ۵ - حاصل بالمصدر - سنگباری - پتھر برسانا

پتھراؤ کرنا - ۵ - فعل لازم - پتھر برسانا - سنگ باری کرنا - سنگ زنی کرنا +

پتھروٹا - ۵ - اسم مذکر - پتھر کا پیالہ +

پتھری - ۵ - اسم مؤنث (۱) سنگریزہ + سنگ مثانہ - سخت مادہ جو مثانہ میں جمکر متحجر ہو جاتا ہے اور پیشاب کرتے وقت بڑی تکلیف دیتا ہے (۲) چقماق - چکمک پتھر (۳) اُسترہ وغیرہ تیز کرنے کا پتھر - سِلّی (۴) سنگدان جو اکثر پرندوں کے پیٹ میں ہوتا ہے اور اسمیں وُہ پتھر کے ٹکڑے یا کنکر وغیرہ آکر ہضم ہوتے ہیں جو دانہ کے ساتھ کھاتا ہیں

پتھریلا - ۵ - صفت - سنگ آمیز - پتھر کا بنا ہوا - پتھر کا

پتھنا - ۵ - فعل لازم - تھپنا - گوبر کے اُپلے بنا + (ہندی)

پتھیرا - ہ - اسم مذکر - اینٹیں تھاپنے والا +

پتّی - ہ - اسم مؤنث (۱) چھوٹا پتّا + کونپل (۲) سبزی بھنگ (۳) حصّہ + بہری - چندہ + شراکت (۴) نب ڈنک - اسٹیل - قلم فولاد (۵) دھات کی پتری (۶) آنکھ کے اوپر کا چھلکا - گنّے کی پتّی +

پتّی دار - ا - اسم مذکر - حصّہ دار - شریک +

پِتّی - ہ - اسم مؤنث ایک بیماری کا نام ہے جو خون کے جوش کھانے سے دفعۃً ددوڑوں کی شکل میں جسم پر ظاہر ہو جاتی ہے اور اسکے سبب سے تمام بدن میں نہایت خارش ہونے لگتی ہے چونکہ یہ صفراوی مادہ ہے اسلیئے اس نام سے موسوم ہوا +

پِتّی اُچھلنا - ہ - فعل لازم - پِتّی کا مرض ہونا - بدن پر ددوڑے پڑکر خارش ہونے لگنا +

پتی - ہ - اسم مذکر (ہندو عورتوں کی زبان) خاوند - مالک - آقا - خصم - شوہر - میاں - سوامی - بھرتا +

پتی برتا - ہ - اسم مؤنث (۱) خاوند کی سیوا کرنیوالی - خاوند کی خدمتگزار (۲) پاکدامن - عفیفہ - باعصمت +

پتیانا - ہ - فعل لازم (۱) اعتبار کرنا - بھروسا کرنا (۲) خاطر میں لانا - خیال میں لانا +

پتے پر آنا - ہ - فعل لازم - کسی نشان سے تلاش کرنا - کسی نشان کے موافق کھوج لگانا (گلزار نسیم)

خط خاتم لیکے وہ ہوائی
پتا ہو لی اور پتے پر آئی +

پتے پر پہنچنا - ہ - فعل لازم (دیکھو پتے پر آنا)

پتے کی سُنانا یا کہنا - ہ - فعل متعدی - کان سے کی کہنا - بھید کی کہنا - چھپتی ہوئی کہنا - عیب کھولنا - رانفاش کرنا +

پتّے لے ڈالنا - ہ - فعل متعدی (عوام) ستا مارنا - نہایت دق کرنا - جان مارنا - ناک میں دم کر دینا +

پتّے لینا - ہ - فعل متعدی - ستانا - جان کو آنا - تنگ کرنا

پَتِیل - ہ - صفت - پتلا - باریک - سخت کے خلاف - چھرچھرا - چھیدرا - بنا ہوا - جھونا - ٹھس کے برعکس +

پَتِیلا - ا - اسم مذکر - بڑے منہ کا دیگچہ - تانبے کا کھلے منہ کا دیگچہ (اگرچہ فارسی میں پاتیلہ پاتل یا پتیل عموماً ہر ایک دیگ کو کہتے ہیں مگر اردو والوں نے ایک خاص وضع کی بڑی دیگچی کا نام پتیلا رکھ لیا ہے)

پَتِیلی - ا - اسم مؤنث - دیگچی +

پَٹ - ہ - اسم مذکر (۱) کواڑ - تختہ وغیرہ (۲) چت کے خلاف اوندھا - واژوں (۳) پردہ - نقاب - آڑ - گھونگھٹ جیسے پٹ مارنا یعنی گھونگھٹ کرنا + (۴) کسی چیز کے گرنے کی آواز (۵) فوراً - ترت - جلد جیسے چٹ منگنی پٹ بیاہ - چٹ کہے پٹ کر جلے (۶) کپڑا +

پٹ بھیڑنا - ہ - فعل لازم - کواڑ بند کرنا - دروازہ معمور کرنا

پٹ کھولنا - ہ - فعل لازم - دروازہ کھولنا - گھونگھٹ اُٹھانا - نقاب ہٹانا +

پَٹ - ہ - اسم مذکر - پاٹ کا مخفف - سنگھاسن - تخت سلطنت

پٹ رانی - ہ - اسم مؤنث - مہارانی - ملکہ - پہلی اور بڑی رانی +

پَٹکا - ہ - اسم مؤنث - ایک سپہگری کے فن کا نام ہے جسمیں پھری اور گدکے سے دو آدمی کھیلتے ہیں +

پٹا باز - ہ - اسم مذکر (۱) پٹا کھیلنے والا - کاٹھی باز (۲) ایک کھلونے کا نام بھی ہے جو ہلانے سے پٹا کھیلتا ہے + نٹ

پَٹّا - ہ - اسم مذکر - (۱) کُتّے یا بلّی کا گلوبند جو چمڑے یا بانات کا ہوتا ہے - قلادہ (۲) وہ دستاویز جو کاشتکار مالک

زمین کو اجارہ کی بابت لکھ دیتا ہے نیز ٹھیکہ داری کی ہر قسم کی دستاویز و سند (۳- پورب میں) پٹھا - سر کے بڑے بڑے بال جو اکثر آدمی خوبصورتی کی غرض سے اِدھر اُدھر چھوڑ دیتے ہیں دہلی میں ہر ایک ہندو کے بالوں کو پٹھا اور سکو بلا کر پٹے کہتے ہیں + (۴- ہندو) پٹڑا - تختہ - چنانچہ اس رسم کو جو پھیروں کے وقت ہوتی ہے اور جسمیں دولہا کا پٹڑا دولہن کے نیچے اور دولہن کا دولہا کے نیچے بچھا دیتے ہیں پٹا پھیر کہتے ہیں (۵) کامدار جوتی کا وہ کپڑا یا بانات کا ٹکڑا جسپر کام بنا ہوا ہوتا ہے (۶) کرایہ و محصول اگاہنے کا دستور العمل (۷- گنوار) دوپٹہ - اوڑھنا - روپٹہ + کمر باندھنے کا کپڑا - پٹکا (۸) چپراس - چپراس کا سلا ہوا کپڑا جو گلے یا کمر میں ڈالا جائے (۹) پیٹی - کمر کسنے کا چمڑا +

پٹا اُتارنا - ہ - فعل متعدی - چپراس چھین لینا - پیٹی لے لینا - سپاہی یا چپراسی کو برطرف کرنا +

پٹا پھیر - ہ - اسم مذکر (ہندو) شادی کی ایک رسم جسمیں دولہا دولہن کا پٹڑا بدلا جاتا ہے +

پٹا تڑانا - ہ - فعل لازم (۱) رسی تڑانا - زنجیر تڑانا - پٹا توڑ کر کسی جانور کا نکل جانا (۲) آزادی چاہنا - مخلصی چاہنا - مغرور ہونا یا فرار ہونے کا ارادہ کرنا (رہا ہی)

پٹاپٹ - ہ - اسم مؤنث - بوندوں یا پھلوں کی متواتر زمین پر پڑنے کی آواز - کسی چیز کو لگاتار مارنے کی آواز (اصل میں یہ پٹ پٹ تھا الف اتصال کے آجانے سے متواتر کے معنی ہوگئے اور محاورے میں انکی آواز کو بھی کہتے ہیں جیسے لڑکیاں کھیل میں کہتی ہیں کہ پٹاپٹ مارونگی)

پٹاپٹی کا پردہ - ہ - اسم مذکر - وہ پردہ جسمیں رنگ برنگ کے پھول پتی یا سموسے بنے ہوئے ہوں +

پٹاپٹی کی گوٹ - ہ - اسم مؤنث - عو - رنگ برنگ کی گوٹ جسمیں سنگھاڑے سے بنا کر سی دیتے ہیں +

پٹاخا - ا - اسم مذکر (۱) پڑاکا - ایک قسم کی آتشبازی (۲) بندوق کی ٹوپی (۳- صفت) عو - وہ چنچل عورت جو بیچ میں بول اٹھا کرتی ہے + چالاک - طرار فرار خوب بولنے والی چھبیلی - خوش آواز - تڑاق پڑاق بولنے والی

پٹاخ سے بولنا - ہ - فعل لازم - عو - طراری سے بولنا کڑاکے کی آواز سے بولنا +

پٹارا - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کا ڈھکنے دار بانس وغیرہ کا ٹوکرا جسمیں چمڑے سے منڈھا ہو یا سادہ - جامہ دانی گلٹا - خرجی +

پٹاری - ہ - اسم مؤنث - (۱) چھوٹی سرپوش دار ٹوکری (۲) پاندان - پان رکھنے کا مسی یا برنجی برتن (۳) انگور کی قتی - انگور رکھنے کی لکڑی کی بنی ہوئی پٹاری

پٹاری کا خرچ - ا - اسم مذکر - عو (۱) پاندان کا خرچ وہ روپیہ جو پان کھانے کے واسطے دیا جاوے (۲) اوباش - خرچی - زنا کی اُجرت +

پٹاک - ہ - اسم مذکر - پھل گرنے کی آواز - پٹ

پٹاکا - ہ - اسم مذکر - دیکھو (پٹاخا) + (اہل دہلی اسی کاف کو اکثر خائے معجمہ سے بدل لیتے ہیں) +

پٹانا - ہ - فعل متعدی (ہندو) (۱) وصول کرانا - پٹوانا - بھنوانا - تحصیل کرانا (۲- پورب) آب پاشی کرانا - بلانا - سینچنا (۳) پوشش کرانا - چھپوانا - چھت ڈلوانا (۴) جب معاملہ کے ساتھ کہیں گے تو وہاں سودا بنانا - معاملہ ٹھیک یا فیصل کرانا یعنی ہو جائیں گے +

پٹاؤ - ہ - اسم مذکر (۱) پوشش - کڑی تختہ (۲) آب پاشی +

پٹ پٹ - ہ - اسم مؤنث - بوندوں کے متواتر گرنے کی آواز - تڑتڑ پڑپڑ + آہ

پٹ پٹ بولنا - ا - زبان کے چالاک [illegible] (ہندو) + بے تکا

تڑاق پڑاق بولنا +

پٹپٹانا - ہ - فعل لازم عو - حسرت اور افسوس کرنا

پٹپڑ - ہ - اسم مذکر (۱) وُہ زمین جو دریا کی طغیانی سے ہر سال ڈوبتی اور خشک ہو جانے پر قابل زراعت ہو جاتی ہے (۲) وُہ بیابان جہاں گھاس درخت اور پانی تک نہو - ویران جگہ - بیاب (۳) مُستوی - چوپٹ - برابر - ہموار +

پٹ پڑنا - ہ - فعل لازم (۱) اوندھا پڑنا (۲) تلوار یا نیمچہ کا پہلو کے بل پڑنا + ہتیار کا کارگر نہونا +

پٹخارنا - ا - فعل متعدی (عوام) پیٹنا - کوڑی لگانا دھمکانا - پھٹکارنا +

پٹخنا - ا - اسم مذکر - پٹکنا - گدا کا - بھدا کا - بھدکنا - کُشتی میں زمین پر دے مارنے کی آواز +

پٹخنا دینا - یا - سُنا نہ - فعل متعدی - بھدکنا دینا - زمین پر زور سے دے مارنا - گدا کا دینا +

پٹخنا - ا - فعل متعدی (۱) پچھاڑنا - زمین پر دے مارنا - بھدکنا دینا (۲) سوجن یا ورم کا کم ہو جانا + پچکنا - بیٹھنا

پٹخنیاں کھانا - ا - فعل لازم - پچھاڑیں کھانا - لوٹنیاں کھانا - گر گر پڑنا (جب بعض ضدی بچے مچلتے ہیں تو وُہ یا جسکے سر پر بھوت پریت آتا ہے وُہ ایسی حرکتیں کرتا ہے)

پٹڑا - ہ - اسم مذکر (۱) تختہ - (۲) چھوٹی سی چوکی جسکے پائے چھوٹے چھوٹے ہوتے ہیں اکثر عورتیں اُسپر بیٹھکر کھانا پکاتی یا نہاتی ہیں (۳) میڑا - پٹیلا - ہینگا - ایک پُر کار لکڑی کا لمبا تختہ جو زمین ہموار کرنے کے واسطے کھیت میں پھیرتے ہیں (۴) دھوبیوں کے کپڑے دھونے کا تختہ یا سل +

پٹڑا پھیرنا - ک - فعل متعدی (۱) میڑا پھیرنا (۲) صفایا کر دینا - مٹا دینا - تباہ کر دینا - دولت کو برباد کر دینا - اُٹھا ڈالنا +

پٹڑا کر دینا - ہ - فعل متعدی تباہ کر دینا - برباد کر دینا جیسے قحط نے پٹڑا کر دیا +

پٹڑی - ہ - اسم مؤنث (۱) تختی - چھوٹا سا تختہ (۲) پٹی - لوح (۳) روش - چمن یا باغ کی چھوٹی سی سڑک جسپر گھاس اُگی ہوتی ہے (۴) نہر کا کنارہ (۵) کپڑے کے اُوپر کی چوڑی لکیر (۶) وُہ چاندی یا تانبے کی تختی جسپر کچھ تعویذ وغیرہ کُھدوا کر گلے میں ڈالتے ہیں - سونے یا چاندی یا لاکھ کی چوڑی چُوڑی جسے پچھیلا بھی کہتے ہیں - (۷) ران - چنانچہ پٹڑی جمانا میں یہی معنی ہیں (۸) کھپریل کا کھپرا جسپر نلیاں رکھتے ہیں +

پٹڑی جمانا - ہ - فعل متعدی - گھوڑے کے زین پر رانیں جمانا

تابُو میں کسکے توسنِ ایّام آسکا

اسپر کوئی سوار نہ پٹڑی جما سکا

پٹکس - ہ - اسم مذکر (پورب) پیٹن - ماتم - کہرام +

پٹکا - ہ - اسم مذکر (۱) پٹی - کمر بند + وُہ دوپٹہ یا رومال جو اکثر سوار کمر سے باندھ لیتے ہیں - کمر پیچ +

لباس فاخرہ پر کیوں نہو لُسے اغماض

(بحر)

ہوا ہے آنکھوں کی پٹّی بنارسی پٹکا

(۲) مٹّی کی دیوار میں چونے کی پٹّی یا پتھر کی چنائی میں اینٹوں کی پٹّی +

پٹکا باندھنا - ہ - فعل لازم - کمر باندھنا - کسی کام پر مستعد ہونا - کوشش کے لیئے آمادہ ہونا +

پٹکا پکڑنا - ہ - فعل متعدی - دامن پکڑنا - دامنگیر ہونا - روکنا - کمر میں ہاتھ ڈالنا - مزاحم ہونا - تعرّض کرنا +

پٹکنا - ہ - فعل متعدی - دیکھو (پٹخنا) +

پٹکنا - ہ - اسم مذکر - دیکھو (پٹخنا) +

پٹکی - ہ - اسم مؤنث عو (۱) آفت - غضب - قہرِ خدا (۲) ناگہانی موت - مگر ناگہاں اور کبھی صرف موت (۳) آلس

(بلکہ بہت ہی پاتی) جو شوربہ گاڑھا کرنے کے واسطے اکثر ساگ
یا سالن میں ڈالتے ہیں۔ اس معنی میں یہ لفظ صرف ہندو دلی
میں بولا جاتا ہے جیسے چنا یا چنے کے گھر کا پٹکی یا بسی ساگ ہیں یہی معنی
ہیں (لفظ [illegible]) بہ گمان ہے کہ سنسکرت میں پشٹے کے دو معنے
کو [illegible] میں [illegible] کی تصدیق کہیں نہیں ملی حالانکہ پنڈتوں اور سنسکرت
کوشش سے بہت تلاش کیا۔ شاید انہوں نے کہیں سنا ہو) +

پٹکی پڑنا - ع - فعل لازم - عورات - غضب خدا نازل ہونا
آفت آنا۔ [illegible] (پٹکی پڑنا) عورتوں کا ایسا بولنا جس کی جگہ اکثر ناز کے موقع پر
بطور [illegible] استعمال ہوتا ہے [illegible] (مغفور) اقرار وصل کرکے پڑے دلکو قرار
پٹکی پڑے دام کے انکار پہ ترے) +

(۲) غارت ہونا۔ ناپید ہونا۔ مرنا۔ موت آنا۔ ناگہانی موت آنا

لی چٹکیے جب کہ میں نے اسکے چٹکی
بولا کہ پڑے جان پہ تیرے پٹکی } رباعی
پھر دانت سے کٹ کے ناخن کو کہا } بادشاہ
بس چلئے اب آشنائی پہنچے ٹک کی

پٹم ہونا - ع - فعل لازم - چوپٹ ہونا - اندھا ہونا +

پٹن - ع - اسم مؤنث - ماتم - کہرام - رونا پیٹنا +

پٹنا - ع - فعل لازم - مار کھانا +

پٹنا - ع - فعل لازم (۱) پوشش ہونا - چھایا جانا - (۲) وصول
ہونا - ہاتھ لگنا (۳ - پورب) آبپاشی ہونا - زمین کا
سیراب ہونا (۴) قیمت ٹھہرنا - بکنا - طے ہونا (جیسے سودا
پٹنا - معاملہ پٹنا (۵) کھدنا - اٹھنا جیسے بازار آموں سے
پٹ گیا (کثرت اور افراط کے موقع پر بولتے ہیں) +

پٹو - ع - اسم مذکر (۱) ایک قسم کا اونی کپڑا جیسے لوئی اور کمبل
(سنسکرت میں پاٹ پاٹ ریشم کو کہتے ہیں اسی سے
یہ لفظ نکلا ہے) ۲ - بارانی - برساتی +

پٹوا - ع - اسم مذکر - ریشم کا کام کرنے والا - علاقہ بند - زیور
میں ریشم وغیرہ کے ڈورے ڈالنے والا + زری باف +

پٹواری - ع - اسم مذکر - محاسب دیہ - گاؤں کا حساب لکھنے والا

پٹوانا - ع - فعل متعدی (۱) دیکھو (پٹانا) ۲ - قرضہ چکوانا -
بھنانا - وصول کرنا جیسے ہنڈی پٹوانا +

پٹوانا - ع - پٹنے کا متعدی المتعدی - مار کھلوانا - ضرب
لگوانا (۲ - عو) ٹرلوانا - جھکوانا - چھوانا - ستانا - تنگ کرنا
ناک میں دم کرنا +

پٹھ - ع - اسم مؤنث (۱) آمیزش - پھٹکار - چاشنی - خوشبو یا کسی چیز
کا ملاؤ (۲ - قصاب) گائے بکری وغیرہ کی پیٹھ کا گوشت
جو دم سے اوپر کو ہوتا ہے +

پٹھ - ع - اسم مؤنث - نوجوان بکری - وہ جوان بکری جو
ابھی تک بیاہی نہ ہو +

پٹھا - ع - اسم مذکر - جانور کا چوتڑ - علی الخصوص گھوڑے کا
چوتڑ - سرین اسپ +

پٹھا - ع - اسم مذکر (۱) عصب پٹے (بعض لوگوں نے اسکے معنی
رگ اور نس کے بھی لکھے ہیں مگر درحقیقت دونوں میں بڑا فرق ہے
رگ تو وہ نلی ہے جس میں خون دورا کرتا رہتا ہے اور پٹھا وہ سوت کی
مانند باریک تار یا اس سے موٹا اور چپٹا ریشہ دار زردی لیے ہوئے
تسمہ سا ہوتا ہے جس کے وسیلے سے بدن کے اعضا سکڑتے پھیلتے
اور کھچتے ہیں اکثر لوگ پٹھے کو کوٹ کر چھاجہ میڑہ کی بندش میں
اسکا استعمال کرتے ہیں اور یہ نہایت مضبوط ہوتا ہے) +
(۲) نوعمر - نوخیز - نوجوان - ادھت - پاٹھا (۳) انسان
یا حیوان کا جوان بچہ - بوپاؤں میں گھوڑے کے بچہ کو
پرندوں میں کبوتر یا الو اور مرغ وغیرہ کے چوچہ کو حشرات
الارض میں کالے سانپ کے بچہ کو اکثر پٹھا کہتے ہیں
بلبل کے تو [illegible] اڑتے ہیں ہاں و بروا اسکو
(نصیب) کیا بولیگا شکر خوار کا پٹھا
جان صاحب

چوڑا لمبا پتّا جیسے گھیگوار یا تمباکو اور گھاس وغیرہ
کا پٹھا (رشاد نصیر)

برق آہ جگر ہے مری ڈر کو دکِ ناداں
چھوڑیگی نہ خرمن میں یہ ایک جوار کا پٹھا

(۵) پہلوان کا شاگرد جیسے فلاں پہلوان کا پٹھا خوب
لڑا (۶) نوعمر پہلوان - جوان پہلوان (۷) دفتر بن
کتاب کی پتلی جلد - ملٹ کا کاغذ جو کتاب کی محافظت
کے واسطے چڑھا دیتے ہیں (نکہت)

نہ کیوں ہو پانی پانی رشک سے دیوان سحابی کا
کہ پٹھا ہے گُلِ رخسار اُس روئے کتابی کا

(۸) اطلس یا ساسن لیٹ وغیرہ کی چوڑی چوڑی گوٹ
پر جو گوکھرو وغیرہ کی تولی سی بنا کر کرتی یا دوپٹہ وغیرہ
پر ٹانک لیتی ہیں اُسے بھی پٹھا کہتے ہیں + (عو)
(۹) وہ چوڑی چوڑی جو اکثر چوڑیوں کے بیچ میں
عورتیں پہنتی ہیں (۱۰) وہ کیلے وغیرہ کا پتا جسے منہ
میں رکھکر بجاتے اور اُس سے طرح بطرح کے جانوروں
کی بولی بولتے ہیں (۱۱) سر کے بال جو ادھر اُدھر
چھوٹے رہتے ہیں ہر ایک پہلو کو پٹھا کہتے ہیں - دیکھو
(پٹیا) (صنعت)

جسنے اُس بُتِ کافر کے بنائے پٹھے
ہاتھ ہو جائے خدا یا قلم اُس نائی کا

(۱۲) شاخ - قاش - جیسے گزک کا پٹھا

پٹھان - ۵ - اسم مذکر (۱) افغان - مسلمانوں کی چار ذاتوں
میں سب سے نیچی ذات (چونکہ کابل میں یہ لوگ سب سے زیادہ
ہیں اور اُس طرف سے ہندوستان میں آئے اس سبب سے اکثر کابلیوں کو
بھی خان یا پٹھان کہتے ہیں) (۲) سپاہی - جنگی ملازم جیسے تیر
ندکمان کا [illegible] - پانچ [illegible] صفت) خونخوار - جلاد

لڑاک +

پٹھانا - ۵ - فعل متعدی (پورب میں) بھیجنا - روانہ کرنا +
ارسال کرنا +

پٹھو - ۵ - اسم مذکر (۱) مددگار - معاون - پشت پناہ (۲)
ہر وقت ساتھ رہنے والا - پنچھالا - دُم چھلا - پیچھ لگو
(۳) ایک فرضی آدمی جو بچے کھیل میں اپنے پیٹ میں فرض کر لیتے
ہیں مثلاً ایک طرف کے گروہ میں چار لڑکے ہیں اور دوسری طرف
صرف تین تو انہیں سے ایک لڑکا اپنے پیٹ میں پٹھو فرض کر کے دوسری
طرف بھی چار ٹھیرا لیگا اور اپنی باری بھگت کر اُس پٹھو کے عوض
بھی کھیلیگا) +

پٹھوال - ۵ - اسم مذکر (نقب زن) پشتی پر رہنے والا -
مددگار - ساتھی - رفیق - وہ مضبوط اور بہادر آدمی
جو نقب زنوں کے پیچھے نقب کے منہ پر انکی مدد کے واسطے
کھڑا رہتا ہے + (اصل میں پِٹھوال تھا)

پٹھور - ۵ - اسم مونث (پورب) ۱ - مرغی کی پٹھ چوزہ
(۲) بکری کی پٹھیا - وہ نوجوان بکری جسکے بچہ نہ ہوا ہو

پٹھوری - ۵ - اسم مونث (پورب) دیکھو (پٹھور)

پٹھوں میں بیٹھنا - یا گھسنا - ۵ - فعل لازم -
لغوی معنی رگ وپے میں سرایت کرنا اصطلاحی ہمدم و
ہمراز بنا - پیٹ میں گھسنا - دلی اور باطنی دوست بنا +
گہری دوستی کرنا - گاڑھا دوست بنا - دشمن کے دل
میں گھر کرنا - دل میں جگہ کرنا +

پٹھے - ۵ - اسم مذکر (پٹھا کی جمع) ۱ - سر کے دو طرفہ بال +
اعصاب - پٹھے وغیرہ (۲) لڑکے اپنے برابر کے لڑکے کو
بھی اس لفظ سے خطاب کرتے ہیں جیسے آؤ پٹھے بیٹھو
پٹھے (۳) نوجوان - نوعمر +

پٹھی - ۵ - اسم مونث (ہندو) بھیگی ہوئی دھوئی دال کو جو پیس لیتے

س کرنا -
اپار کرنا - کپڑا

... پٹھی یا پٹھی کہتے ہیں +

... اسم مؤنث (۱) بکری - گائے بھینس کا مادین جوان بچہ جو ابھی تک کوئی بچہ نہ جنی ہو (۲) نوعمر لڑکی (... بازاری آدمی بولتے ہیں) +

پٹھے پر ہاتھ نہ رکھنے دینا - ہ - فعل لازم (بازاری) قریب نہ آنے دینا - پاس نہ پھٹکنے دینا یا لگ نہ لگنا - (گھوڑا ... کی نسبت زیادہ بولتے ہیں)

پٹی - ہ - اسم مؤنث (۱) حصّہ - بھاگ - ٹکڑا (۲) گانو کا چھوٹا حصّہ - قطع زمین - ٹھوک کے خلاف (۳) کاغذ یا کپڑے وغیرہ کی چوڑی اور لمبی دھجی (۴) سربند - قصابہ (۵) ایک قسم کی بندش دستار (۶) ایک قسم کی شیرینی کی قلمیں (۷) زمینداری کا چوتھائی حصّہ - گانو کی چوتھائی (۸) پلنگ کا بازو - چارپائی کے پہلو کی لکڑی +

کوئی پٹی پہ سر پٹکنے لگا
(شوق) کوئی حسرت سے منہ کو تکنے لگا

(۹) ... حرف - قنات (۱۰) گھوڑے کی لمبی اور سیدھی دوڑ - طولانی دوڑ (۱۱) تیل یا گوند اور پانی کے ذریعہ سے جو بالوں کی سطح بنا کر ماتھے پر جماتے ہیں اُسے بھی پٹی کہتے ہیں (۱۳) تختی - لوح (۱۴) سبق لیسن + (فریب کا سبق - فریب + ترغیب (۱۵) زخم بند - وہ کپڑا جو زخم یا فصد پر باندھا جاتا ہے - بندھن (۱۶) کاغذ کی وہ رنگین دھجی جو کنکوے میں آرسی ڈالدیتے ہیں +

پٹی آنکھوں پر باندھنا - ہ - فعل لازم چشم پوشی و بے مروّتی کرنا - بے ملاحظہ ہونا +

پٹی باندھنا - ہ - فعل متعدی زخم یا آنکھ وغیرہ پر کپڑے کی دھجی باندھنا - بندھن باندھنا +

پٹی پڑھانا - ہ - فعل متعدی (۱) سبق دینا (۲) بہکانا ورغلانا + اپنے مطلب کا سبق پڑھانا (۳) نصیحت کرنا - تعلیم کرنا +

پٹی دار - ف - اسم مذکر - گانو کا شریک یا گانو کی تھوڑی سی زمین کا مالک - اسامی دار - پٹی کا مالک +

پٹی داری - ف - اسم مؤنث - تھوک داری مشترکہ موروثہ کا قبضہ +

پٹی دینا - ہ - فعل متعدی (۱) دیکھو (پٹی پڑھانا) (۲) گھوڑے کو لمبا دوڑانا +

پٹی وار - ف - تابع فعل حصّہ رسد - حصّہ کے موافق (قانون)

پٹیا - ہ - اسم مؤنث (ہندو) سل - پتھر کا چوکا - تختہ سنگ - چٹان +

پٹیاں جمانا - ہ - فعل متعدی - بالوں کو سطح کی شکل میں ماتھے کے ادھر اُدھر جمانا +

پٹیت - ہ - اسم مذکر (۱) پٹہ باز - پٹے گدکے سے کھیلنے والا (۲) بیوقوف - احمق (۳) وہ کبوتر جو سرتاسر سرخ یا زرد یا کالا یا نیلا ہو اور اُسکے گلے میں سفید طوق ...

پٹیل - ہ - اسم مذکر - گانو کا سردار - مقدم - سر ... چودھری +

پٹیلا - ہ - اسم مذکر (۱) ایک قسم کی پتّے دار گھانس جسکے بوریے بُنے جاتے ہیں (۲) چوب (۲) ایک قسم کی چوڑے پیندے کی کشتی جسپر تختے بچھا کر بیل اور گاڑی کو پار اتارتے ہیں (۳) ہیرا - زمین ہموار کرنے کا تختہ (۴) سل چٹان

پٹیلنا - ہ - فعل متعدی (۱) جیتنا - بازی لینا (۲) حاصل کرنا - وصول کرنا - کمانا (۳) مارنا - پیٹنا - ٹھوکنا - خبر لینا (۴) زیر کرنا - مغلوب کرنا (... عوام)

پچاپا - ہ - اسم مذکر ... پان + پوجنے کی چیز - دیوتا کی نذر - دیوتا کی ... شکرانہ (ہندو)

پچا یا پھیلانا - ہ - فعل متعدی - بکھیر کر پھیلانا - دوکان سی لگانا - بے ترتیبی سے چیزیں پھیلانا +

پُجاری - ہ - اسم مذکر (۱) پوجا کرنے والا - بُت پرست (۲) مجاور - پانڈا (۳) پوجا کرانے والا - چڑھاوا لینے والا

پَجاوا - ف - اسم مذکر - صحیح (پزاوہ) اینٹوں کا آوا - اینٹیں پکانے کی جگہ +

پُجوانا - ہ - پوجنے کا متعدی المتعدی +

پَجوڑا - ہ - صفت - پاجی کی تصغیر - ارذل - نہایت ذلیل - نہایت کمینہ - فرومایہ +

پَچ - ہ - اسم مؤنث - پاس - رعایت + طرفداری + حمایت + تعصّب + ہٹ - اڑ - ضد + کوشش - سعی +

پچ کرنا - ہ - فعل متعدی (۱) طرفداری کرنا - حمایت کرنا + رعایت کرنا (۲) پاس سخن کرنا - تعصّب - اپنی قول کی تائید کرنا

چلو ہم سمجھے اتنی پچ نہ کرو +
(قلق)
جانتے ہیں کہ دل میں پستے ہو

(۳) ضد کرنا - ہٹ کرنا (۴) تعصّب کرنا - اڑ کرنا +

پچ مرنا - ہ - فعل لازم - نہایت کوشش کرکے تھک جانا - ازحد محنت کرنا +

پَچ - ہ - اسم مذکر - پانچ کا مخفف (مرکبات میں آتا ہے)

پچ رنگ - ف - صفت - پانچ رنگ کا +

پچ میل - ہ - صفت - پانچ قسم کی + پانچ طرح کی ملی ہوئی - مرکب جیسے پچ میل مٹھائی یا دال وغیرہ +

پُچارا - ہ - اسم مذکر (۱) پوتا - کوچی - برش (۲) پتلی پیالی + ہلکی رنگت + ہلکا آب - سفیدی وغیرہ کی پتلی تہ +

پُچارا پھیرنا - ہ - فعل متعدی (۱) پوتا پھیرنا - کوچی کرنا سفیدی پھیرنا - صا[illegible] (۲) ہلکا رنگ دینا - پتلی پتلی پیالی کرنا - ملمّع - پانچ ہاتھ کے ذریعہ سے رنگ یا سفیدی وغیرہ پھیرنا (۳) اکسانا - ترغیب دینا - اُبھارنا (پورب میں بولتے ہیں) +

پُچارا دینا - ہ - فعل متعدی (پورب) خوشامد کرنا - رغبت دلانا - قائل کرنا +

پَچاس - ہ - صفت - پانچ دہائی - پنجاہ - خمسون - ۵۰

پَچاسا - ہ - اسم مذکر (۱) پچاس روپیہ کا وزن - پچاس روپیہ کے انداز کی ترازو (۲) پچاس کی تعداد - پچاس کی رقم

پَچاسوں - ہ - تابع فعل (پورب) افراط کے موقع پر بولتے ہیں جیسے پچاسوں آدمی تھے یعنی سینکڑوں ہزاروں

پَچانا - ہ - پچنے کا متعدی (۱) ہضم کرنا - گوارا کرنا - گلانا (۲) کسیکا روپیہ اینٹھ رکھنا - مال مارنا +

پَچانوے - ہ - صفت - نوّے اور پانچ - نود و پنج - ۹۵

پَچاؤ - ہ - اسم مذکر (۱) ہاضمہ + قوّت ہاضمہ + گوارائی (۲) بُردباری - برداشت - سہار +

پچ پچ - ہ - اسم مؤنث - دلدل یا کیچڑ میں چلنے کی آواز

پچپچا - ہ - صفت - وہ ادھ کچرا کھانا جسکا پانی اور گھی جذب نہ ہوئی ہو جیسے پچپچی کھچڑی +

پَچپن - ہ - صفت - پانچ اوپر پچاس - پنجاہ و پنج - ۵۵

پَچتانا - ہ - فعل لازم (۱) افسوس کرنا - تاسّف کرنا - ہاتھ ملنا - نادم اور شرمسار ہوکر افسوس کرنا - پشیمان ہونا (۲) کڑھنا - غم کھانا - رنج کرنا (آتش)

فنا ہو جائیگی جاں اپنی وہ نازک طبیعت ہو
دُکھا کر دل مرا پچتائیگا وہ تُند خو برسوں

(اگلے لوگ اسکو املا "پچھتانا" لکھتے ہیں مگر اسکے ماڈے سے یہ بات ثابت نہیں ہوتی) +

پَچتاوا - ہ - اسم مذکر - حسرت - افسوس - ملال - تاسّف

پَچڑ - ہ - اسم مؤنث (۱) میخ - کھونٹی - فانہ - میخچو - وہ

لکڑی کی کھپچی یا دھجی وغیرہ جو لکڑی کا سوراخ تنگ کرنیکے
واسطے ٹھونکتے ہیں (۲) روک۔ مزاحمت۔ تعرض +

پچڑ اڑانا۔ ہ۔ فعل متعدی (۱) فانہ دینا۔ لکڑی یا تختی
کی درز میں کھونٹی سے اڑانا (۲) مزاحمت کرنا۔ تعرض
کرنا۔ مانع ہونا +

پچڑ ٹھونکنا۔ ہ۔ فعل متعدی (۱) معلوم (۲) ہیچ ٹھونکنا
تکلیف دینا۔ صدمہ پہنچانا +

پچڑ مارنا۔ ہ۔ فعل متعدی۔ بھانجی مارنا۔ چلتی گاڑی
میں روڑا اٹکانا۔ مزاحم ہونا۔ رخنہ انداز ہونا۔ دشمن کرنا
کسیکو اکھیڑنا +

پچکار۔ ہ۔ اسم مذکر۔ وہ آواز جو اوپر کے ہونٹ کو نیچے
کے ہونٹ سے ملا کر جلد علیحدہ کرلینے سے پیدا ہوتی ہے
(چونکہ یہ آواز ایک پیار کی علامت ہے اسوجہ سے پیار کے موقع پر اسکا
استعمال کرتے ہیں) +

پچکارنا۔ ہ۔ فعل متعدی۔ پیار کرنا۔ تسلی دینا۔ تھپکنا
چمکارنا۔ پیار سے بلانا۔ منہ سے آواز نکالکر اور ہاتھ سے
تھپک کر پیار کرنا (گھوڑے اور بچے کی نسبت زیادہ بولتے ہیں)

پچکاری۔ ہ۔ اسم مونث۔ چمکاری۔ پیار کی آواز

پچکاری دینا۔ ہ۔ فعل متعدی۔ جانور یا بچے کو
پیار کرنے کے لیئے بلانا +

پچکاری۔ ہ۔ اسم مونث (۱) دمکلا۔ دستگیر۔ حقنہ۔ ایک
ظرف کا نام ہے جسکی نلی میں ایک ڈنڈی نکلتی اور گھستی ہوئی ہوتی ہے
اسکے ذریعہ سے پانی یا دواب پڑ کر دور تک دھار جاتی ہے۔ بعض
امراض کے واسطے بھی اس سے کام پڑتا ہے۔ مثلاً درد گوش اور سوزاک
میں اسکے ذریعہ سے اندر دوا پہنچائی جاتی ہے۔ ہولی کے موسم میں
بھی رنگ بھر کر اس سے ہولی کھیلتے ہیں + (۲) منہ سے جو پان
کی پیک دھار باندھکر پھینکیں تو وہ بھی پچکاری کہلاتی ہے (عو)

پچکانا۔ ہ۔ فعل متعدی۔ دبانا۔ بھیچنا۔ دھسانا +

پچکلیان۔ ہ۔ اسم مذکر۔ وہ گھوڑا جسکے گھٹنوں اور
پیشانی کا رنگ بدن کے رنگ کے خلاف یا سفید ہو۔
(۲) صفت) دو غلا۔ سست بھیچڑا جیسے اپرے فجر سے
پچکلیان +

پچکنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ دبنا۔ بھچنا۔ پٹخنا۔ سکڑنا۔ دھسنا
اندر کو گڑ جانا +

پچلڑی۔ ہ۔ اسم مونث۔ ایک زیور کا نام ہے جسمیں
موتی یا سونے کے دانوں کی پانچ لڑیاں ہوتی ہیں +

پچلونا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ پانچ نمک کا چورن +

پچنا۔ ہ۔ فعل لازم (۱) ہضم ہونا۔ گلنا۔ تحلیل ہونا +
(معروف) مشکل ہے جس مریض کو تیری دوا پچے
کیا کھا سکے وہ اور اسے کیا غذا پچے +
(۲) طرفداری کرنا۔ پچ کرنا جیسے ہر شخص اپنے ہی گھر کو پچا سمجھ [illegible]
(۳) کمال کوشش کرنا۔ ہمہ تن مصروف ہونا۔ نہایت
سعی کرنا + سر مارنا۔ محنت کرنا جیسے بہتیرا پچا پر کچھ نہوا
(معروف) قسمت میں وصل یار نہو دے تو کیا حصول
مانند کوہکن کوئی گر سالہا پچے ++
(۴) ہار ماننا۔ تھکنا جیسے پچکر بیٹھ رہا۔ (۵) سما [illegible]
سہار ہونا۔ فرو ہونا (ذوق) ی
جو بیٹ کے ملکے میں پچم + [illegible] بات کب [illegible]
روکیں تو [illegible] ت۔ پاپچھا (۶) [illegible] اور [illegible]
(۶) کسیکی چیز اپنے ہی [illegible] ایک قسم کی [illegible]
کسی چیز کا الٹا نہ پھرنا

پچونڑا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ [illegible] ل اور گاڑی کو [illegible]
کے پانچ + [illegible] کا تختہ (۲) [illegible]

پچھاڑ۔ ہ۔ اسم مونث [illegible] چیتنا۔ بانچ لینا (۲) [illegible]
(۵) مارنا۔ بٹ [illegible] ٹھوکنا۔ خبر لینا۔

بل گرنے کو کہتے ہیں +

پچھاڑ دینا - ہ - فعل متعدی (۱) گرا دینا - چت کر دینا مات کر دینا - مضمحل کر دینا - (۲) ماندہ ڈال دینا - بیمار کر دینا (۳) مار ڈالنا +

پچھاڑنا - ہ - فعل متعدی (۱) چت کرنا - اُلٹا گرانا - ٹیکنا کشتی دلانا +

(آتش)

فرد غصہ کیا جسنے پچھاڑا دیو کو اُسنے
اُسے رستم کہینگے ہم جو ایسا پہلوان ہو گا

(۲) لٹانا - نیچے گرانا - کسی جانور کو ذبح کرنے کے واسطے زمین پر ڈالنا (۳) مار ڈالنا - ذبح کرنا (۴) مات کرنا - ہرانا ہٹکانا - عاجز کرنا (۵) بیمار ڈالنا - علیل کر دینا +

پچھاڑی - ہ - اسم مونث - (۱) اگاڑی کے خلاف - وہ رسّی جو گھوڑے یا اونٹ کے پچھلے پاؤں میں باندھتے ہیں (۲) عقب - پیچھا (۳ - تابع فعل) پیچھے عقب میں +

پچھاڑیں کھانا - ہ - فعل لازم - پیٹھ کے بل گرنا - لڑھکنا کھانا - لوٹا لوٹا پھرنا - پٹکنیاں کھانا - زمین پر حالت ماتم یا درد و غم میں بار بار اپنے تئیں ٹپکنا - سر سے اُٹھانا +

خاک پر ایک پچھاڑیں کھاتا تھا
(شوق) کوئی یہ بات لب پہ لاتا تھا +

مرزا رفیع سودا نے ناتوانی کی حالت میں گر گر پڑنے کے معنی میں بھی ... باندھا ہے (سودا) دیکھے ہے جب وہ تو بڑھ دکھان کی طرف + کھاتا ہے ... گھاس کی جا گھر سے پچھاڑ +

پچھان - ہ - اسم مذکر - (اُپہاب میں) مغرب - پچھم - پورب کے خلاف +

پچھاںیا - ہ - اسم مذکر - عو - انگیا کا وہ حصہ جو پیٹھ کے پیچھے رہتا ہے +

پچھتنا - ہ - صفت - پانچ ہاتھ کے قد کا - کشیدہ قامت بڑے قد کا جوان آدمی - پورا جوان - باپ کا پورا + (عو)[1]

پچھتّر - ہ - صفت - پانچ اوپر ستّر - ہفتاد و پنج - ۷۵

پچھڑنا - ہ - فعل لازم (۱) چت ہونا (۲) گرنا - بیمار پڑنا (۳) مات ہونا - ہارنا (۴) پیچھے رہنا - پیچھے رہ جانا + سبق میں پیچھے رہجانا +

پچھلا - ہ - صفت (۱) پیچھے کا - اخیر کا (۲ - اسم مذکر) رات کا اخیر حصہ (۳ - ") سحری - طعام سحر جو رمضان میں اخیر شب کے وقت کھاتے ہیں (۴ - ") آموختہ - پڑھا ہوا

پچھلا پہر - ہ - اسم مذکر - رات یا دن کا اخیر چوتھا حصہ

(انشا) کوئی دیو تھا یا کہ یہ جن تھا کافر
مجھے غصہ آتا ہے پچھلے پہر پر

پچھلپائی - ہ - اسم مونث (۱) چڑیل - بھتنی (۲) جادوگرنی ساحرہ - ڈاین (چونکہ لوگوں کے خیال کے موافق اسکے پنجے پیچھے اور ایڑی سامنے کے رُخ ہوتی ہے اس وجہ سے یہ نام پڑ گیا)

پچھلگو - ہ - صفت - طفیلی - مقلد - پچھالہ - دُنبالہ +

پچھلے پاؤں پھرنا یا ہٹنا - ہ - فعل لازم (۱) اُلٹے قدموں پھرنا - جن قدموں جانا اُنہیں قدموں آنا (۲) پس پا ہونا - شکست کھانا +

پچھلی ٹکیا - ہ - اسم مونث - عو - وہ موٹی اور چھوٹی سی ٹکیا جو روٹی پکانے کے بعد بچی ہوئی خشکی اور آٹے کی مروڑیوں کو ملا کر پکا لیتے ہیں - عورتوں کا خیال ہے کہ اُسکے کھانے سے دیر میں عقل آتی ہے (مثل) پچھلی ٹکیا کھائی پچھلی عقل آئی +

پچھلی رات - ہ - اسم مونث - آدھی رات کے بعد کا وقت

پچھم - ہ - اسم مذکر - مغرب - جانب غرب + مغربی ملک

پچھمی - ہ - صفت - پچھاں کے رہنے والے - مغربی +

پچھنا - ہ - اسم مذکر (۱) نشتر - نشتره - وہ اوزار جس سے بدن گود کر اوپر سے سینگی لگا دیتے ہیں (۲) ٹیکا - فصد +

[1] اصل میں پچ ستر تھا اوّل مخفف پانچ دوم میں سین کو ہای مخفف سے بدل لیا ہے +

پچھنے دینا - ہ - فعل متعدی (پورب) ۱ - پچھنے لگانا کرنا (۲) طعنہ مہنہ دینا (عو) +

پچھنے لگانا - ہ - فعل متعدی - (۱) بھری سینگیاں لگانا - پچھنے لگانا - فصد لینا - خون نکالنا (۲) طعن و تشنیع کرنا

پچھوا - ہ - اسم مؤنث (۱) دبور - باد قبلہ - پچھم کی ہوا (۲) انگیا کا وہ حصہ جو پیٹھ کی طرف موڑھے کے پیچھے رہتا ہے (اگرچہ اس معنی میں بکسرہ بائے فارسی درست ہے اور لکھنؤ میں اور ... دہلی میں بفتح زیادہ بولا گیا ہے)

پچھواڑا - ہ - اسم مذکر - گھر کے پیچھے کی جگہ یا مکان - عقب - پشت خانہ +

پچھوت - ہ - اسم مؤنث (۱) وہ چیز جو فصل کے اخیر پر بوئی جائے یا پیدا ہو - اخیر کی پیداوار (۲) - تابع فعل بعد میں - بعد ازاں - پیچھے - عقب میں +

پچھوتا - ہ - اسم مذکر - (گیتوں میں) پوچھن ہارا - پوچھنے والا جیسے وعبیر کا بند ہیانہ بات کا پچھوتا +

پچھیت - ہ - اسم مذکر (۱) مکان کے پیچھے کی دیوار - دالان کی پشت کی دیوار (نظیر)

پاکھے پچھیت سورہے چھپر پھسل پڑا

(۲) پچھواڑا - عقب خانہ +

پچی - ہ - صفت (۱) چپکا ہوا - جڑا ہوا - بسا ہوا - سٹا ہوا - ایک جان - پھنسا ہوا - پیوستہ - کسی چیز میں اٹا ہوا - موصل - پتھر کی مانند ٹھکا ہوا - سریش سے چپکا ہوا (۲) پکا - مضبوط - پختہ - (۳) ہم آواز - سر سے سر ملا ہوا

پچی کاری - ہ - اسم مؤنث - پیوند لگانا - گانٹھنا - جڑاؤ کام - مرصع سازی + چوپڑدار فرش - چونہ گچی کا کام +

پچی کاری کرنا - ہ - اینٹ اور چونے سے خوب مضبوط کرنا

پچی کرنا - ہ - فعل متعدی - پیوست کرنا - ٹھونک کر وصل کرنا - خوب پھنسانا + مضبوط کرنا - مستحکم کرنا +

پچی ہونا - ہ - فعل لازم (۱) وصل ہونا - پیوست ہونا - جوڑ ملنا - متصل ہوجانا + مضبوط اور مستحکم ہونا (۲) - (پورب) فریفتہ ہونا - پھنسنا - الجھنا +

پچیاسی - ہ - صفت - پانچ اوپر اسی - ہشتاد و پنج ۸۵

پچیانوے - ہ - صفت - پانچ اوپر نوے - نود و پنج - ۹۵

پچیت - ہ - اسم مذکر (۱) کشتی گیر - داؤ پیچ کرنے والا تجربہ کار پہلوان (۲) کنایۃً فریبی - چال باز - چالاک - فریب کے داؤں سے واقف +

پچیتی - ہ - اسم مؤنث (۱) داؤ پیچ کی واقفیت (۲) فریب دہی +

پچیس - ہ - صفت - پانچ اوپر بیس - بیست و پنج ۲۵

پچیسواں - ہ - صفت - پچیس سے نسبت رکھنے والا بست و پنجمیں - بست و پنجم +

پچیسی - ہ - اسم مؤنث - چوسر کے ایک کھیل کا نام ہے جو پانسوں کی بجائے سات کوڑیوں سے کھیلا جاتا ہے شطرنج کی طرح یہ کھیل بھی بساط پر گوٹوں یعنی نردوں سے کھیلتے ہیں اسکا داؤ کوڑیوں کے پھینکنے سے نکلتا ہے اور شطرنج کا مہرہ گھر چلنے سے چونکہ اسکے ہر طرف میں ۲۴ خانے اور ایک سب سے بڑا بیچ میں ہوتا ہے اس سبب سے یہ نام رکھا گیا +

پخ - ا - اسم مؤنث - بک بک ... (۲) بیہودہ گفتگو (۳) کا جھگڑا (۳) غل - شور +

فارسی میں اسکے معنی گھگھیانے کے آئے ہیں چونکہ ایسے بے معنی کلمہ سے دعوت آپس اسی وجہ سے بے معنی اور لایعنی کلام کو اردو والے پخ کہنے - عمارت کا گھر کی پہلو +

پخ پھیلانا - ا - فا (۱) ہندوا جھگڑا

فساد پھیلانا - فتنہ اُٹھانا - شور و شر کرنا +

پخ کرنا - ا - فعل لازم - ہم پخ مچانا - جھگڑا لانا - غل و شور مچانا - واہیات بکنا +

پخ لگانا - ا - فعل متعدی (۱) روگ لگانا - جھگڑا لگانا - دقت پیش لانا - عذاب لگانا (۲) تکرار مچا کرنا - واہیات بکنا

پخ لگنا - ا - فعل لازم - عذاب لگنا - روگ لگنا - جھگڑا پیچھے لگنا +

پخ مچانا - ا - فعل لازم - دُند مچانا - شور مچانا - بیہودہ بکنا

پخ نکالنا - ا - فعل متعدی - عیب نکالنا - جھگڑا ڈالنا - نقص نکالنا - اعتراض کرنا - دقت پیش لانا +

پکھال - ا - اسم مؤنث (عوام) صحیح پکھال - پانی بھرنے کی کھال - وہ پانی بھرنے کی بڑی بڑی دو مشکیں جو بیل پر لادتے ہیں +

پکھال پیٹیا - ا - صفت (بازاری) بڑپیٹو - بڑپیٹیا - وہ شخص جسکا پیٹ پکھال کے مانند ہو +

پختریاں - ا - اسم مؤنث (عو) - حقارتا - روٹیاں چپاتیاں (جب اس پختریاں کہینگے تو ان روٹیوں سے مراد ہوگی جو کھانا پکانے والی عورتیں اپنے بچوں کے واسطے [illegible] گھر سے چرا چھپا کرلے جاتی ہیں یعنی مُفت کی پکی پکائی روٹیاں

پختگی - ف - اسم مؤنث (۱) مضبوطی - پکاپن - استحکام (۲) پکاوٹ خامی کے خلاف - پھل کا پک جانا - کھانے کا پکجانا یا گلجانا (۳) بلوغت رسیدگی (۴) تجربہ کاری

پخت و پز - ف - [illegible] - ٹھیک ٹھاک - درستی پختگی - اقرار مدار +

پختہ - ف - صفت (۱) پکا ہوا - سکا ہوا - بھونا ہوا بریاں - خام کے خلاف (۲) مضبوط - مستحکم + ریختہ کا چونے گچ کا + اینٹ پاخ یا پکا (۳) مستقل - بالاستقلال - ٹھیک - پکی جیسے پختہ بات (۴) تجربہ کار جہاندیدہ - آزمودہ کار - گرگ کہن (۵) کامل - پورا (۶) بوڑھا - پوری عمر کا - عمر رسیدہ - پیر فرتوت (۷) جب قیمت کی نسبت کہینگے تو کوتہ شدہ - بالمقطع یعنی ہو [illegible]

پختہ کار - ف - صفت - تجربہ کار - آزمودہ کار - سلیقہ کار میں ہوشیار +

پختہ کرنا - ا - فعل لازم - ٹھیک ٹھاک کرنا - بات ٹھیرانا - معین کرنا - بات پکی کرنا + آمادہ کرنا - جمانا - مستعد کرنا -

پخنا - ا - اسم مؤنث (عو) بیہودہ - بدتہذیب + کمینہ سفلہ + یاوہ گو + بھٹیارا پخ مچانے والا +

پخنی - ا - اسم مؤنث - بھٹیاری - بیہودہ - پخ مچانے والی

پخیا - ا - اسم مذکر - جھگڑالو - فسادی + بیہودہ - بدتہذیب کمینہ - سفلہ - نالائق +

پد - س - اسم مذکر (۱) پاؤں - پدم - چرن - قدم - پیر (۲) شبد - قول - بچن - کلمہ (۳) مقام - جگہ - استھان (۴) اشلوک - چھند - نظم - اشعار - کبت - گیت (۵) کھوج نقش پا (۶) درجہ - رتبہ - ادھکار - عظمت (۷) چیز بست (۸) نعتیہ نظم - تعریف کے گیت - حمد و نعت جیسے بشن پد یعنی بشن کی نعت (۹) محافظت - نگہبانی (۱۰) ضلع ملک کا حصہ +

پدّا - ہ - اسم مذکر (۱) ایک چھوٹی سی خوش آواز چڑیا - (۲) غلیل کی تانت میں جو نواڑ وغیرہ غلہ رکھکر پھینکنے کے واسطے سی لیتے ہیں (۳) صفت میں امرد حقیر وضعیف و ادنی جیسے کیا پدّا اور کیا پدّے کی شامنی

پدارتھ - س - اسم مذکر - سنسکرت पदार्थ پدارتھ (۱) چیز بست - عمدہ چیز (۲) نفیس اور عمدہ کھانا لذیذ چیز - ملذذ +

پَدَانَا - ھ - فعلِ متعدّی (۱) پدوانا (یہ گوزانیدن کا ترجمہ ہے) ۲ - تھکانا - مغلوب کرنا - عاجز کرنا - تنگ کرنا جیسے بلوانا - ہرانا - بھگانا +

پَدَر - ف - اسمِ مذکّر - باپ - والد - پتا - بابل +

پِدَری - ف - صفت (۱) باپکی - باپ سے نسبت رکھنے والی جیسے اُلفتِ پدری (۲) آبائی - موروثی - ہولی جیسے پدری جائداد +

پِدْڑی - ھ - اسمِ مؤنث (۱) پدّی - پھدکی - ایک چھوٹی سی چڑیا کا نام ہے جسے بچے اکثر پالتے ہیں (۲) بے حقیقت - چیونٹی کی مانند - بہت کمزور اور ناچیز - نہایت دُبلا پتلا +

پَدَم - ھ - اسمِ مذکّر - سنسکرت [illegible] (۱) [illegible] کنول (۲) وہ گول چتّدار نشان جو آدمیوں کی [illegible] کے جوڑوں پر پایا جاتا ہو - کہتے ہیں یہ نشان نہایت مبارک و مسعود ہوتا ہے (۳) ہاتھی کی کھال کے اوپر کے داغ (۴) شمار میں سو نیل کا ایک پدم ہوتا ہے - اور شاستر کے بموجب دس کھرب کا +

پَدْمَنی - ھ - اسمِ مؤنث - سنسکرت [illegible] پدمنی (۱) زن آبی - جل مانس کی استری (۲) اقسامِ چہارگانہ میں سے اول قسم کی عورت - نہایت نازک اندام اور خوبصورت عورت + اسکی اصل پدم مینی کنول ہے یعنی کنول کے پھول کے مانند نازک اندام - لوگوں کا خیال ہے کہ یہ عورت اکثر جیاردوا میں جنم لیتی ہے دانایانِ ہند نے عورتوں کے چار درجے مقرر کئے ہیں اوّل پدمنی دوم چترنی سوم سنکھنی چہارم ہستنی انکی مفصل کیفیت کوک شاستر میں دیکھو +

پَدّوف - یا **پَدّوڑا** - ھ - صفت (۱) بہت گوز مارنے والا - گوززن (۲) ڈرپوک - بودا - نامرد - بزدل +

پَکْھَارْنَا - ھ - فعلِ لازم (ہندو) ۱ - آنا - تشریف لانا - قدم رنجہ فرمانا (۲) تشریف لیجانا - سدھارنا (۳) براجنا تشریف رکھنا - براجمان ہونا جیسے یہاں پدھاریئے

پَدْھَان - ھ - اسمِ مذکّر (گنوار) ۱ - گانو کا چودھری مقدم مردہ (ہیرودہ) حاکمِ دہ (۲) ایک نومسلم قوم کا نام جو اکثر پٹھان ہوتی ہے +

پَدْھی - ھ - اسمِ مؤنث (گنوار) پیڑھی - سواری [illegible]

پَذِیرَا - ف - صفت - مقبول - اجابت کردہ شدہ منظور

پَر - ف - اسمِ مذکّر (۱) بازو - بال و پر + پنکھ (۲) قوّت - زور - بل جیسے پرمیں (۳) پرکار کے دونوں پرزمیں [illegible]

پر باندھنا - ۔ - فعلِ متعدّی (۱) پرمیں ڈور باندھنا تاکہ جانور چڑیا نہ اُڑسکے (۲) بے بس کرنا - عاجز کرنا +

پرلوٹنا - ۔ - فعلِ لازم (پورب) - دیکھو - (پر چلنا)

پر چلنا - ۔ - فعلِ لازم - تاب نہونا - باریاب نہوسکنا وصل نہ پانا - رسائی نہونا - گزر نہونا - قدم کٹنا - نہ [illegible] جیسے وہاں تو اچھوں کے بھی جلتے ہوئے پر چلتے

پر جمنا - ۔ - فعلِ لازم - کسی پردار جانور کے پر اکھڑنے کے بعد پر نکلنا +

پر جھاڑنا - ۔ - فعلِ متعدّی (۱) پرانے پروں کو گرانا - [illegible] کرنا کینچلی بدلنا (۲) جھٹکنا - پروں کو پھڑپھڑانا [illegible] ذکر [illegible] + جھاڑ بھی سکتی نہیں ہم [illegible] (۳) اُڑنے کو مستعد ہونا +

پردار - ف - [illegible]

پر قینچ کرنا - [illegible]

پر کاٹنا - پر کٹن کرنا (۲) [illegible]

پر لگنا - ۔ - فعلِ لازم [illegible]

پر لینا - ۔ - فعل [illegible]

[illegible]

پر مارنا - ۔ فعلِ متعدی - پرواز کرنا - اُڑ جانا (۲) پر سے صدمہ
پہنچانا (۳) باریابی حاصل کرنا - رسائی ہونا - دخل پانا +

پر نکالنا - ۔ فعلِ لازم (۱) نئے پر لانا - اُڑنے کے قابل ہونا -
(۲) بڑھ کر چلنا - اِترانا +

پر نہ مارنا - ۔ فعلِ لازم - قدم نہ مارنا - پاس نہ پھٹکنا
رسائی نہ ہونا - گزرنے کی مجال نہ ہونا - پہنچنے کا مقدور نہ ہونا

پر و بال نکالنا - ۔ فعلِ لازم (۱) ہوشیار ہونا - ہوش
سنبھالنا + طاقت ور ہونا (۲) فتنہ اُٹھانا - جھگڑا کھڑا کرنا

(گلزارِ تسلیم) مطلوب کا حُسن سمجھ کے سب حال
چاہے کہ نکالے کچھ پر و بال +

پَر - ۔ حرفِ استثنا (۱) لیکن - مگر - اِلّا - مَس - پرنتو +
اس معنی میں قدیم فارسی میں بھی پایا جاتا ہے چنانچہ وحشی کا شعر ہے
؎ آنکہ ہرگز باد شناساں ملکتِ بے نکرد + گر چہ گستاخی ست سگویم
بر خوبی نکرد) ۲ - حرفِ جار و حرفِ ربط یا حروفِ مغیرہ میں سے
ایک حرف (۳) اوپر کا مخفف (ذوق)
اُٹھائے سوز خم سر خط میں یہ خوں کے دعوے کوئی عاشق میں (?)
کر شل قلم گیر خط پہ خط ہے ہنوز باقی اُبھر سخواں پر

پَر - ۔ صفت (۱) دوسرا - اور - غیر - علاوہ جیسے پردیسی یعنی
دوسرے دیس کا - پربتی یعنی غیر کی سرگزشت وغیرہ (۲)
اُتم - عمدہ - اعلیٰ (۳) بہت - ادھک - نہایت - از حد
(۴) بعد - پیچھے - بعد ازاں +

پُر - ف - صفت (۱) آگندہ - معمور - بھرا ہوا - لبالب - لبریز
(۲) کامل - پورا +

پَرا - ۔ اسمِ مذکر - محلہ - ٹولہ - جیسے قصاب پرا - مغل پرا وغیرہ

پَرا - ۔ اسمِ مذکر (۱) صف - قطار - لائن - سلسلہ + فوج
کی قطار (۲) ٹکڑی - گروہ - غول جیسے کبوتروں کا پرا +
(دبیر) تسلیم کے سواروں گھوڑے سے دیئے لا (?)
اور آئیں پیدلوں کا بھی اگر پرا ہلا

پرا باندھنا - ۔ فعلِ متعدی (۱) صف باندھنا - قطار
جمانا - برابر برابر کھڑا کرنا - صف بنانا (۲) فعلِ لازم مسلسل
کھڑا ہونا - قطار میں کھڑا ہونا +

پرا جمانا - ۔ فعلِ متعدی (۱) صف بندی کرنا - پرے ٹ
باندھنا (۲) - فعلِ لازم) قطار میں کھڑا ہونا +

پَراپَت - ۔ اسمِ مذکر (ہندو) سنسکرت प्राप्त پراپت
(۱) لابھ - فائدہ - لبدھ (۲) آمد - پیدا - یافت +

پَرات - ۔ اسمِ مؤنث - طاس - طسلہ - طشت - آٹا
گوندھنے کا لگن - تھال - بڑی تھالی جیسے جہاں دیکھو
توا پرات وہیں گا وسے ساری رات +

پُراتَن - ۔ صفت (۱) کہنہ - پرانا - پراچین - قدیم +
بوڑھا - اگلے وقت کا - اگلے زمانہ کا (۲) تجربہ کار -
جہاندیدہ - ہوشیار - عورتیں اُس عورت کو کہتی ہیں جو
کار آزمودہ عورتوں کی سی باتیں کرے +

پراٹھا - ۔ اسمِ مذکر - ایک قسم کی روغنی پرت دار روٹی - نان
دستری +

پَراچِین - ۔ صفت (۱) دیکھو (پراتن نمبر ۱) ۲ - قدیم
عمارتیں یا چیزیں - صنادید + عتیق +

پَرادھین - س - صفت - دوسرے کا تابع - ماتحت
پربس جیسے پرادھین سپنے سکھ ناہیں +

پَرارتھنا - س - اسمِ مؤنث प्रार्थना (۱) عرض
التماس - ارداس - بنتی (۲) التجا - منت سماجت -
عجز و انکسار (۳) عفوِ جرائم کی دعا - دعائے مغفرت + (ہندو)

پراکرت - س - प्राकृत - نیچ - شدہ - گھٹیل
ازل (۲) ایک قسم کی بھاشا جو سنسکرت سے بگڑ کر بنی
ہے اور سنسکرت کے ناٹکوں میں اکثر آتی ہے - گنواری

اور کارآزمودہ +

پُرانا ہونا - ہ - فعل لازم - کہنہ و فرسودہ ہونا - نکما اور خراب ہوجانا - نیا نہ رہنا +

پِرانی - ہ - اسم مذکر (۱) جیو - رُوح - نفس - جنتو - بوتنا - نفس ناطقہ (۲ صفت) جیو دھاری - پران والا - جاندار - ذی رُوح +

پُرانی - ہ - صفت (۱) بڑھیا - ضعیفہ - کہن سالہ (۲) نکمی خراب - ناکارہ - سال خوردہ +

پُرانی کھوپری - ہ - اسم مؤنث (عوام) بوڑھا آدمی کہن سال (۲) تجربہ کار - جہاں آزمودہ +

پُرانے لوگ - ہ - اسم مذکر (۱) بڑی عمر کے آدمی - بوڑھے (۲) قدیمی ملازم - مدت کے نوکر +

پُرانے مُردے اکھیڑنا - ا - فعل لازم (محاورہ) پرانی شکایتیں کرنا - اگلے پچھلے جھگڑے نکالنا - خواہ مخواہ جھگڑا کھڑا کرنا +

پرایا - ہ - صفت (۱) غیر کا - دوسرے کا - جیسے پرایا مال (۲) اجنبی - غیر - اوپری - بیگانہ جیسے اپنے پرائے سب ناراض ہیں +

پرائی آنکھیں کام نہیں آتیں - ا - مثل - بیگانہ بیگانہ نہیں ہوتا - غیر اپنا نہیں بنتا (مغفور)

چشم پوشی اُسنے کی یاں ہوگیا عالم سیاہ
راست ہے آنکھیں پرائی اپنے کام آتی نہیں

پرائے بردے آزاد کرنا - ا - فعل لازم - دوسرے کے غلام کو آزاد کرنا - غیر کے مال پر سخی یا فیاضی کرنا

پراچہ - ا - اسم مذکر (۱) صحیح بہ فتح بازوری مگر مستعمل بفتح بائے عجمی (۱) پارچہ کا کام کرنے والا - وہ شخص جو پرانے دھرانے کپڑے [illegible] ٹکڑے خرید کر ٹوپیاں وغیرہ بناتا اور بیچتا ہے (۲) ایک قوم کا نام جسکا پیشہ سلے سلائے کپڑے بیچنے کا ہے - بعض لوگوں نے اسے پارچہ کی جمع قرار دیا ہے مگر اسطرح اُردو میں بولتے نہیں سُنا +

پرائے گھر کا ہونا - ہ - فعل لازم - عو - بیٹی کا بیاہا جانا - دُختر کی شادی ہوجانا - کدخدا ہونا +

پرائے مال پر یا حسین - ا - مثل - غیر کے مال کو اپنا مال تصور کرکے بزرگوں کی نذر و نیاز کرنا - دوسرے کے مال پر سخی کرنا - ناحق اڑانا +

پَرب - س - اسم مذکر (۱) تہوار - مبارک وقت - ساعت سعید - مذہبی تقریب (۲) باب - فصل - مقدمہ - ادھیائے (۳) انگلیوں کے جوڑ - بند - گانٹھ - گرہ (۴) ایک قسم کے ہیرے کا نگینہ +

پربال - ہ - اسم مذکر (۱) پلکیں جو آنکھوں میں ہوجاتی ہیں سے بڑی تکلیف دیتی ہیں +

پربت - ہ - اسم مذکر - پہاڑ - کوہ - جبل +

پربس - ہ - صفت - پر آدھین - ماتحت - تابعدار +

پربھاؤ - س - प्रभाव اسم مذکر (۱) فطرت سرشت - طبعی خاصیت - سُبھاؤ (۲) بل - زور - طاقت اقبال (۳) اثر - تاثیر - پھل +

پربھو - س - प्रभु اسم مذکر - ناتھ - سوامی - دھنی مالک - خداوند - خالق - ایشور - وشن +

پربین - ہ - صفت (۱) عاقل - دانا - ہوشیار (۲) نہایت خوبصورت - حسین - پریزاد - حورلقا (۳) کامل فن جگت استاد (یہ لفظ اصل میں سنسکرت پر + وینا प्र + वीणा سے مرکب ہے پہلے لفظ کے معنی سبقت دوسرے کے مزامیر باجہ جیسے راجہ اندر نے ایجاد کیا چنانچہ بین کا مادہ اہل لغات نے یہی قرار دیا ہے - اسکے ترکیبی معنی سبقت لیجانے والا باجہ -

چونکہ مزامیر لوگوں کے دلوں کو اپنی سُریلی آواز کے باعث اپنی طرف کھینچتا ہے اور داناکا کلام بھی دلکش و مقبول عام ہونیکے علاوہ (ایساہی) پُراثر ہوتا ہے پس اِسوجہ سے اوّل اِسکے معنی دانا پھر خُوبصُورت بعد ازاں کامل فن قرار پائے واللہ اعلم بالصّواب)+

پَرپُرزوں سے دُرُست ہونا - ا - فعل لازم (۱) پروبال نکالنا (۲) ہوش سنبھالنا - حدِ بلوغت کو پہنچنا -

پَرپَنچ - ہ - اِسم مذکر (ہندو) فریب - دھوکا - دغا جیسے کریں پرپنچ کہلائیں پنچ +

پَرپَنتُھ - ہ - اِسم مؤنث - مثنی کی نقل - دوسرا نسخہ گم شدہ ہنڈی کی تیسری نقل - تیسرا روقہ +

پَرَت - ہ - اِسم مذکر - تہ - تو - طبق - ورق - پپڑی چھلکا

پَرتاپ - س - اِسم مذکر (ہندو) (۱) جلال - روشنی نور + چمکار اجلال - شان ایزدی (۲) اقبال - طفیل - بدولت (۳) عنایت - مہربانی - دیا - کرپا +

پَرتَلا - ہ - اِسم مذکر - تلوار کی پیٹی یا وہ چوڑا تسمہ جسمیں تلوار لٹکتی رہتی ہے - ڈاب - پٹا - دوال شمشیر حمالہ +

پُرتِما - س - اِسم مؤنث - مُورتی - مُورت - بُت لعبت پُتلا - صنم + (صحیح پرتما - प्रतिमा)

پَرتَو - ف - اِسم مذکر (۱) فروغ - روشنی - شعاع - کرن - پرتاب (۲) سایہ - ظِل - پرچھاواں - عکس (یہ غلط معنی صرف اردو میں مشہور ہوگئے ہیں) +

پَرتَوا - ا - اِسم مذکر - عو - سایہ - پرچھاواں +

پِرتھی - یا پِرتھوی - س - اِسم مؤنث (۱) زمین - بھوم (۲) ولایت - عالم - جہان (۳) دُنیا - سنسار - دُنیا کے لوگ + جہانیاں

پَرتِیت - ہ - اِسم مؤنث - اعتماد - بھروسا - اعتبار - ساکھ +

پَرتِیخ - ہ - اِسم مؤنث - چھتیس راگنیوں میں سے ایک راگنی کا نام ہے

پَرجا - ہ - اِسم مؤنث (۱) اولاد - نسل (۲) مخلوق (۳) رعیت - رعایا - برایا - حاکم کے محکوم (۴) کرایہ دار +

پَرجاپَت - یا پَرجاپتی - ہ - اِسم مذکر (ہندو) ۱ - خالق برہما - پیدا کنندہ (۲) راجہ - حاکم - بادشاہ (۳) باپ - پتا (۴) جنوائی - خویش - داماد (۵) سُورج - آفتاب (۶) کمہار کُوزہ گر +

پَرچا - ہ - اِسم مذکر (ہندو) ۱ - پرکھ - شناخت - جانچ (۲) امتحان - آزمایش (۳) اظہار شان - معجزہ - کرامت - خرق عادت جیسے دیبی دن کاٹے لوگ مانگیں پرچا (۴) کسی ولی کی طرف سے بشارت یا خوشخبری (۵) ثبوت - اِستدلال +

پرچا دینا - ہ - فعل متعدی - بشارت دینا + معجزہ یا کرامت دکھانا +

پرچا لینا - ہ - فعل لازم - اِمتحان لینا - آزمانا +

پرچا مانگنا - ہ - فعل لازم (۱) کرامت طلب کرنا - معجزہ چاہنا (۲) ثبوت مانگنا +

پَرچانا - ہ - فعل متعدی (۱) مانوس کرنا - بچوں یا جانوروں وغیرہ کو ہلانا - دِل ہاتھ میں لانا - موہنا - اپنے سے مائل کرنا

نہ بھیجا تُو نے لِکھ کر ایک پرچا
(ظفر) ہمارے دِلکو پرچایا تو ہوتا +

(۲) باتوں میں لاکر فریب دینا - باتیں بنا کر موہنا - راضی کرنا (۳) جادُو کے زور سے بس میں لانا +

پُرچَک - ہ - اِسم مؤنث - عو (۱) چمکار + پچکار - بچے کو اسکی خفا اُٹھا پیار کرنا (۲) حمایت - حامی - پشتی - طرفداری - مدد - کمک - جانبداری (میر تقی)

بس نہیں مجھ ناتواں کا بلے جو کچھ کرسکوں
مدعی پُرچک سے اُسکی پڑگیا ہے ڈر بہت

(۵) اِشارہ - اجازت دینا + (ہمہ انشاء اللہ خاں)

ساتھ صاحب کے سفلی دو چار

غور تو کیجیے بھلا مجھ سے جھگڑ سکتے ہیں
ٹک بھی پرچک ہو اگر آپکی جانب سے تو پھر
ابھی خم ٹھونک کے یاں دیو سے لڑ سکتے ہیں

پرچک پانا - ہ - فعل لازم - عو - حمایت پانا + اشارہ پانا

پرچک دینا - ہ - فعل لازم - حمایت کرنا - ایسی باتیں کرنا جنسے لڑکوں کو کسی سے کام کے کہنے کی اور حمایت ہو +

پرچک لینا - ہ - فعل لازم - حمایت لینا - پشتی لینا +

پرچنا - ہ - فعل لازم (۱) مانوس ہونا - ہلنا + الفت پکڑنا مایل ہونا - راغب ہونا - سوہا جانا + (مصحفی)

کدھر جائیے اور کہاں بیٹھیے
پرچتا نہیں دل جہاں بیٹھیے

(۲) باتوں میں آنا + راضی ہونا +

پرچون - ہ - اسم مذکر - آٹا وغیرہ - کرانے کا سودا (بعض جگہ پر بمعنی ملاوہ یا وغیرہ ہے)

پرچونیا - ہ - اسم مذکر - آٹا دال وغیرہ بیچنے والا - بنیا مودھی - بقال +

پرچہ - ف - اسم مذکر (۱) عو - ٹکڑا - پرزہ - چیتھڑا (۲) کاغذ کا ٹکڑا + رقعہ - خط (۳) خبر کا کاغذ - اخبار (۴) خبر - سندیسہ +

پرچہ گزرنا - یا - پرچہ لگنا - ہ - فعل لازم - حاکم یا بادشاہ کو کسی امر کی خبر پہنچنا - خبر گزرنا - خبر لگنا (مصحفی)

آئے ہیں بحر سے دریا کہیں کچھ ملول
پرچہ لگا کوئی خوشبو کا رشتہ ہوا +

پرچہ نویس - ف - اسم مذکر - خبر نویس - وقایع نگار + جاسوس - مخبر + کہ سپاہ [illegible] +

پرچھا - ہ - اسم مذکر - [illegible] ہوں کی نلی جس پر سوت لپیٹتے [illegible] کی [illegible] میں [illegible] بھیڑ ہجوم پھیٹر (۳)

دیگ - بڑا دیگچہ +

پرچھا کرنا - ہ - فعل لازم (پورب) ۱ - فیصلہ کرنا - معاملہ طے کرنا - معاملہ یکسو کرنا - جھگڑا چکانا - نمٹانا +

(آتش)
ہنسکے بولا یار میں مارے خوشی کے مر گیا
قصہ طولانی تھا دو باتوں میں پرچھا کر دیا

(۲) چھیڑ کرنا - ہجوم کم کرنا - ہنگامہ ٹالنا - بھیڑ مٹانا +

(مصحفی)
حشر کے دن ایک بڑا ہنگامہ تھا
آتے ہی کچھ اسنے پرچھا کر دیا

پرچھا ہونا - ہ - فعل لازم (پورب) ۱ - فیصلہ ہونا - انفصال ہونا - جھگڑا طے ہونا (۲) بھیڑ چھنٹنا - ہجوم کم ہونا

پرچھاواں - یا - **پرچھانواں** - ہ - اسم مذکر - عو - ۱ - عکس - سایہ - چھانو - پرتوا - پرچھائیں (۲) اثر - عادت - دوسرے کی عادت یا ڈھنگ +

پرچھاواں پڑنا - ہ - فعل لازم (۱) سایہ پڑنا (۲) اثر ہونا - کسی کی عادت یا ڈھنگ اختیار کرنا +

پرچھائیں - ہ - اسم مؤنث - سایہ - عکس - پرتو - چھانو

پرچھائیں سے ڈرنا }
پرچھائیں سے بھاگنا } - ہ - فعل لازم (۱) کسی کے سایہ سے بھاگنا (۲) نہایت ڈرنا - ازحد خوف کرنا (۳) نہایت متنفر ہونا - ازحد نفرت کرنا - کسی سے دور بھاگنا - پاس نہ پھٹکنا +

پرچھتی - ہ - اسم مؤنث - چھوٹا سا چھپر یا کھپریل جو کچے مکانوں کی منڈیروں پر پانی سے محفوظ رہنے کے واسطے ڈالدیتے ہیں

پرخاش - ف - اسم مؤنث - لڑائی - جھگڑا - ٹنٹا - مناقشہ - ان بن - فساد +

پرخاش جو - ف - اسم مذکر - لڑاک - جھگڑالو +

پرداخت - ف - اسم مؤنث (۱) درستی - آراستگی (۲) غور - محافظت (۳) دستگیری - پرورش +

پَرْدادا - ہ - اسم مذکر - دادا کا باپ - پدر جد - جدّ الاب
ابوالجد - فر جد +
پَرْدادی - ہ - اسم مؤنث - دادا کی بیوی - جدّہ پدر
پَرْداز - ف - اسم مؤنث (۱) آراستگی + جلا - اوپ
(۲) تتمہ یہ کے منقطہ دنبال (۳) اٹھان - تمہید (۴) طور -
طرز - انداز +
پرداز کرنا - ت - فعل متعدی - جلا کرنا - اُجالنا - چمکانا
پَرْدُوش - ہ - اسم مذکر (ہندو) سورج چھپنے کے دو
گھڑی بعد تک کا وقت - سر شام - سندھیا - سنجھا - سانجھ
پَرْدَہ - ف - اسم مذکر (۱) حجاب - اوٹ - ستر - آڑ - اوجھل
(۲) چلمن - چک وغیرہ جو دروازے پر لٹکا دیتے ہیں (۳)
دروازے کے مقابل کی دیوار جس سے گھر کا سامنا نہ ہو (۴)
گھونگٹ - نقاب (۵) آنکھ کا وہ گول حصہ جو چھاتی یا
سینہ پر ہوتا ہے (۶) طبقہ - لوک - پرت جیسے زمین کا
پردہ - دنیا کا پردہ - اوجھڑی کا پردہ وغیرہ (۷) راز
بھید - پوشیدہ بات جیسے پردہ کھولدیا یعنی راز ظاہر
کردیا (۸) اخفا - پوشیدہ - پوشیدگی جیسے آپ کیوں
پردہ رکھتے ہیں یعنی کیسے چھپاتے یا اخفا کرتے ہیں (۹)
بارہ راگوں میں سے ہر ایک راگ + ستار یا بین وطنبورہ
وغیرہ کے پیتلی یا عاجی پردے جو اُسکے دستے پر مقامات
ٹھیک رہنے کے واسطے تانت سے باندھ دیتے ہیں
مقام نغمہ - ستار یا بین کی طرح بعض اوقات آہنگ
اور آلاپ کے معنے پر فارسی کتابوں میں آتا ہے +

صوفیوں کو وجد میں لاتا ہی نغمہ ساز کا
(خواجہ آتش) شبہ ہوجاتا ہی پردے سے تری آواز کا

(۱۰) آنکھ کی پتلی جھلی - پپوٹے کے نیچے کی جھلی - کانچ جھلی -
مُطلقاً جھلی - قصاب گوشے اور پسلیوں کے بیچ کی تار گوشت کو پردہ
کہتے ہیں (۱۱) بادبان - سکان - پتوار (۱۲) مکان کی
چار دیواری (۱۳) تابع فعل ہیں) چھپول - چوری سے
چوری چوری (مخفقہ کی پہیلی)

اگن کنڈ میں گھر کیا جل میں کیا نکاس
پردے پردے جات ہے پی اپنے کے پاس

پردہ اُٹھانا - ا - فعل لازم (۱) نقاب یا گھونگٹ دُور
کرنا (۲) چلمن یا چک وغیرہ کو اونچا کرنا (۳) حجاب دُور کر
بے تکلف ہونا (۴) بات نہ چھپانا - ہمراز ہونا (۵) متعدی
بھید کھولنا - کشف راز کرنا جیسے پیر کی توجہ نے سارا
پردہ اُٹھا دیا +
پردہ پڑنا - ا - فعل لازم (۱) چلمن پڑنا - چک ڈلنا
(۲) حجاب ہونا - اوٹ ہونا (جیسے آنکھ یا سمجھ یا عقل
ساتھ کہیں گے تو وہاں روشنی چشم یا عقل کے زائل ہونے سے مُ
لیگے یعنی اندھا یا بیوقوف ہوجانا)
پردہ پوش - ف - عیب پوش - عیب چھپانے وا
کسی کی برائی کو ڈھانکنے والا - پردہ دار - رازدار +
پردہ پوشی - ف - اسم مؤنث - پردہ داری - عیب
رازداری +
پردہ چھوڑنا - ا - فعل لازم - پردہ ڈالنا - چک چھو
پردہ دار - ف - صفت (۱) دیکھو (پردہ پوش) (۲)
پردہ داری - ف - اسم مؤنث - دیکھو (پردہ پوشی)

بولی وہ بکاؤلی کہ داری
(گلزار نسیم) محرم کا ہے کام پردہ داری

پردہ در - ف - صفت - عیب نما - عیب ظاہر کر
بھانڈا پھوڑ - راز فاش کرنیوالا +
پردہ دری - ف - اسم مؤنث - عیب نمائی - رازا
پردہ ڈالنا - ا - فعل ... دیکھو (پردہ چھوڑنا)

پردہ ڈھانکنا - ہ - فعلِ متعدی - عو - عیب چھپانا - عیب پوشی کرنا + دُنیا سے اُٹھانا - موت دینا +

پردہ ڈھکنا - ا - فعلِ لازم (۱) عیب چھپانا - اِخفای راز کرنا (۲) - عو - دُنیا سے اُٹھالینا - موت دینا جیسے اتو خُدا اِسکا پردہ ڈھک لے +

پردہ رکھنا - ا - فعلِ لازم (۱) حجاب کرنا - چھپنا - سامنے نہ ہونا (مصرعہ) رکھو نہ ہم سے وہ کیونکہ پردہ کہ ذاتِ باری حجاب میں ہے (۲) بات چھپانا - اِخفای راز کرنا - بھید نہ دینا + رازداری کرنا +

پردہ فاش کرنا - ہ - فعلِ متعدی (۱) بھید کھولنا - بھانڈا پھوڑنا + پردہ دری کرنا - عیب ظاہر کرنا - اِفشائے راز کرنا - عزت میں بٹا لگانا (۲) ساکھ بگاڑنا - بندھی بات نہ رکھنا + قلعی کھولدینا - بخیہ اودھیڑنا +

پردہ فاش ہونا - ہ - فعلِ لازم - بھانڈا پھوٹنا - بھید کھلنا - عیب ظاہر ہونا - افشای راز ہونا +

پردہ کرانا - ا - فعلِ متعدی (۱) مردونکو عورتوں کے سامنے سے یا عورتوں کو مردوں کے سامنے سے ہٹانا (۲) پردہ روکنا - اوٹ کرنا +

پردہ کرنا - ا - فعلِ لازم - دیکھو (پردہ رکھنا)

پردہ کھولنا - ا - فعلِ متعدی - دیکھو (پردہ فاش کرنا)

پردہ گرانا - ا - فعلِ متعدی - چلمن چھوڑنا - چک ڈالنا

پردہ لگنا - ا - فعلِ لازم - باہر پھرتے پھرتے اخیر پر پردہ نشین ہونا (طنزاً بولتے ہیں)

پردہ نشین - ف - صفت - پردہ میں بیٹھنے والی عورت - چھپنے والی (عورت) +

پردہ ہو جانا - ا - فعلِ لازم - عورتوں کا ایک مکان سے مکان میں ہٹجانا یا مردونکا ہٹجانا +

پردہ ہونا - ا - فعلِ لازم (۱) اوٹ ہونا - حجاب ہونا (۲) چھپنا - اوٹ میں ہونا (۳) بات کا چھپاؤ ہونا - پردہ رکھنا (۴) جب کوئی عورت کسی رشتہ دار کے سامنے نہیں ہوتی تو اُسے بھی پردہ ہونا کہتے ہیں +

پردہ ہے - ا - (فقرہ) چھپنے والی عورتیں بیٹھی ہیں یا غیر مرد جس سے پردہ واجب ہے مکان میں بیٹھا ہے +

پردے - ا - (۱) پردہ کی جمع (حروفِ جارہ یا حروفِ مغیرہ کے آنے یا مُضاف الیہ ہونے کی صُورت میں بھی اِس ہ کو یای مجہول سے بدل دیتے ہیں جیسا آیندہ کے مُشتقات سے خود ثابت ہے) +

پردے بٹھانا - ا - فعلِ متعدی - باہر پھرنے والی عورت یا لڑکی کو پردہ نشین کرنا - چھپانا - نامحرموں سے علیحدہ رکھنا +

پردے پردے - ا - تابع فعل - چُھپے چھپے - چوری چوری - چھپکر - چوری سے - اندر ہی اندر +

پردے کی بُوبُو - یا بی بی - ا - اِسم مؤنث - پردہ نشین عورت - پردہ میں بیٹھنے والی - مخدرہ - نہایت چھپنے والی عورت (اکثر طنزاً بولتے ہیں) +

پردے لگنا - ا - فعلِ لازم - پردوں میں بیٹھنا + (طنزاً اُس عورت کی نسبت مُبالغہ کرکے کہتے ہیں جو سدا باہر پھرتی رہی ہو اور پھر عُروج پاکر پردہ نشینی اختیار کرے - یا وہ عورت جو پردہ نشین عورتوں کی حرص کرے) +

پردے میں سُوراخ کرنا - ا - فعلِ متعدی - حالتِ پردہ نشینی میں بدکاری کرنا - گھر بیٹھے بیٹھے شکار کھیلنا تاک جھانک کرنا - ٹٹی کی اوٹ شکار کھیلنا +

پردے میں گردہ لگانا - ا - فعلِ متعدی - عو - دیکھو (پردے میں سُوراخ کرنا) دانائی کے ساتھ پردہ میں رہنے کے باوجود بدراہ ہونا اور کسی پر ثابت نہ ہونے دینا

(عیّار اور بدکار عورت کے حق میں بولتے ہیں +

پردے کے لوگو پردے ہوا } ۱- ندا - جب کوئی شخص
پردے والو پردا کیجو - !

اپنے کوٹھے پر چڑھنا چاہتا ہے تو آس پاس کے لوگوں کے جتانے کے واسطے اِسطرح تین مرتبے پکار دیتا ہے تاکہ کسی پردہ نشین کا سامنا نہ ہوجاے + (انشا)

عرش بریں کے رہنے والو جورو سے کہدو پردے ہو
بام فلک پر چڑھتا ہے نالہ پردے کے لوگو پردے ہو

پَردیس - ہ - اسم مذکر - ملکِ غیر - بدیس - دُوسرا ملک - غیر وطن - غربت +

پردیس چھانا - ہ - فعل لازم - غربت میں رہنا - غیر جگہ رہ پڑنا - غیر ملک میں چھاونی ڈالدینا - وطن چھوڑدینا

پَردیسَن - ہ - اسم مؤنث - عو (۱) اجنبی عورت - غیر وطن کی عورت (۲) مسافر - ایک جگہ نہ ٹکنے والی + نوکری پیشہ کی جورو جسکا ایک جگہ قیام نہیں ہوتا +

پَردیسی - ہ - اسم مذکر (۱) اجنبی - غیر ملک کا - غریب الوطن - اوپری - غیر - بدیسی - مسافر +

پردیسی کی پیت کو سبکا من للچاے
دوہی بات کا کھوٹ ہے رہے نہ سنگ لیجاے (دوہا)

پُرزَہ - ف - اسم مذکر (۱) ٹکڑا - کاغذ کا پرچہ - لوہے وغیرہ کا ٹکڑا - گھڑی وغیرہ کے اجزا کا ہر ایک جزو - جزو ترکیبی (۲) شخص - متنفّس - آدمی جیسے چلتا ہوا پرزہ یعنی چالاک آدمی (۳) پرندوں کے چھوٹے چھوٹے پر جنکو رؤیں بھی کہتے ہیں - نرم پر - رونگٹا - چنانچہ پر و پرزہ بولتے ہیں (۴) کترن - کتّل - دھجی + (دراصل پرزہ فارسی زبان میں اُس رؤیں اور بھوسڑے کو کہتے ہیں جو ریشمی اور اُونی کپڑے میں پہننے کے باعث اُوپر اُبھر آتا ہے اور نیز صوف دوات) +

پُرزے - ا - پُرزہ کی جمع +

پرزے اُڑانا - ا - فعل متعدی - ٹکڑے ٹکڑے کرنا - کاغذ یا کپڑے وغیرہ کو پارہ پارہ کرنا + کھال اُڑانا - اُدھیڑنا - خوب پیٹنا +

پُرزے اُڑنا - ا - فعل لازم - ٹکڑے اُڑنا - قیمہ قیمہ ہونا - کھال اُڑنا - اُدھڑنا - خوب مار پڑنا - پارچے ہونا +

تھی خبر گرم کہ غالب کے اُڑینگے پرزے
دیکھنے ہم بھی گئے تھے پہ تماشا نہوا (غالب)

پرزے پرزے کرنا - و - فعل لازم - ٹکڑے ٹکڑے کرنا - پارہ پارہ کرنا - قیمہ قیمہ کرنا - دھجی دھجی کرنا +

پُرزے پُرزے ہونا - و - فعل لازم - دھجی دھجی ہونا - ٹکڑے ٹکڑے ہونا - لیر لیر ہونا +

پُرُش - ہ - اسم مذکر (پوُرب) قدِّ آدم - آدمی کے قد برابر ۶ فیٹ کا پیمانہ +

پُرسا - ہ - اسم مذکر (۱ - پوُرب) قدِّ آدم - مرد کی قامت کی مقدار کے موافق ۶ فیٹ کا پیمانہ (۲ - عو) ماتم پرسی - عذر خواہی مرگ - عزا پرسی - تعزیت + میت کے وارثوں کو دلاسا دینے کے واسطے اُنکے گھر جانا +

(یہ لفظ فارسی پرسہ بمعنی پرسش احوال و خبر پرسی سے اس معنی میں مستعمل ہوگیا ہے (خواجہ حسن) بول چال سے کرے ہے بیقراری بیشتر + غاز ماتم میں ہو پرسے سے زاری بیشتر +)

پُرسا دینا - و - فعل لازم - عو (۱) موت کی عذر خواہی کرنا - ماتم پرسی کرنا - میت کے وارثوں کو دلاسا دینا - میت کی عورتوں کے ساتھ بیٹھکر میت پہ رونا (۲) موت کی خبر نائی کا گھر گھر جاکر پکارنا + (رسالہ ...)

پُرسا لینا - ا - فعل لازم - ... منہ ڈھانکنا - عذر خواہی قبول کرنا - جو شخص ماتم پرسی ... کو آئے اُسکے ساتھ ...

کا مُنہ ڈھانک کر رونا - صبر و تسلی کی باتیں سُننا +
عورتوں میں دستور ہے کہ جب کوئی ماتم پُرسے کو آتا ہے تو پہلے اہلِ خانہ
اپنا مُنہ ڈھانک کر رونے بیٹھتی ہے پھر اُسکے ساتھ اور عورتیں بھی
رونے لگتی ہیں اہلِ میت اِس رونے کے ساتھ میت کا کچھ بیان
بھی کرتی جاتی ہے +

پَرساد - س - اِسم مذکر (۱) دیوتاؤں کا بھوگ - دیوتا
کا چڑھاوا - نذر - تبرک - مُرشد کا اُلش (۲) اِنعام -
پرشاد + نتیجہ - ثمرہ +

پَرسال - ہ - تابع فعل - سالِ گزشتہ +

پُرسان - ف - صِفت - پُوچھنے والا - پُرسش کُنندہ
+ فریادرس +

پُرسانِ حال - ف + ع - تابع فعل - احوال پُوچھنے والا
سرگذشت سُننے والا - خبرگیراں - فریادرس +

پَرِستان - ف - اِسم مذکر (۱) پریوں اور دیووں کے رہنے
کا فرضی مقام - پریوں کا اکھاڑا + (امداد علی بحر)

محل پر اُسکے پرستان کا ہوا دھوکا
رقیب پر مجھے عفریت کا گمان ہوا

(۲) وہ جگہ جہاں بہت سے خوبصورت جمع ہوں - اِندر
کا اکھاڑا (یہ لفظ کسی فارسی لُغت میں نہیں ہے اہلِ ہند کی گھڑت
ہے بکسرِ دُوم بھی جائز ہے)

پرستان کا عالم - ف - تابع فعل - پرستان کی سی کیفیت
بہشت کا سا مزا + (جب کسی ایسی جگہ کی تعریف کرتے ہیں
جہاں خوبصورتوں کا جمگھٹا اور عمدہ کیفیت ہو تو یہ لفظ زبان پر لاتے ہیں

پَرَستِش - ف - اِسم مؤنث (۱) پُوجا - عبادت - تپشیا -
(۲) تعظیم - توقیر - سماجت - تعظیم (ماہر حسن)

پرستش [illegible] ہے تو اے کریم
کہ ہے ذات تیری خدا الرحیم +

پرستش گاہ - ف - اِسم مؤنث - معبد - مندر - مسجد
جائے عبادت - جائے تعظیم +

پَرَستھان - ہ - اِسم مذکر (دیکھو پاتراب)

پرستھان کرنا - ہ - فعل لازم - پاتراب کرنا + (ہندو)

پَرَسرام - ہ - اِسم مذکر - وِشن کا چھٹا اوتار جنے جمدگن
رشی کے گھر میں جنم لیکر اکّیس بار چھتریوں کو نیست و نابود کیا

پُرسِش - ف - اِسم مؤنث - پُوچھ پُوچھ پاچھ - پُوچھ گچھ
پُوچھنا - تحقیق کرنا - دریافت کرنا - بازپرس کرنا +

پُرسش کرنا - ف - فعل لازم - پُوچھنا - تحقیق کرنا -
دریافت کرنا + بازپرس کرنا - مواخذہ کرنا +

پُرسن - س - صِفت [illegible] (۱) خوش - مگن
آنند - محظوظ (۲) مہربان - کرپا کرنے والا - دیاوان
(۳) نرمل - صاف - بےغش +

پَرسَنگ - ہ - اِسم مذکر (۱) صُحبت - میل - ملاپ - ربط ضبط
دوستی - اتحاد + (کبت)

کا پلے سے کام جات گا بھوسی دام جات پرکھن کو نام جات بدیت جات انگ سے
اُتم سنگ رام جات کُل ہے سب دھرم جات گرجن کی شرم جات مان
کی اُمنگ سے + جب تپ کی آس جات بھگتن کی
نواس جات شریر کی باس جات اپنی مت بھنگ سے +
راہ جات ریت جات پریت جات پنچن پرتیت جات
بیسوا پرسنگ سے + (۲) چرچا - بات - کتھا - مقولہ -
قول جیسے مہابھارت کا پرسنگ ہے (۳) سمبندھ
اُوسر - موقع +

۱ رجولیت - مردی ۲ پُرکھا - آباواجداد ۳ افعال ۴ برگزیدہ ۵ خاندان ۶ نیکنامی ۷ بزرگوں ۸ خواہشِ نفسانی ۹ ہمنشینی
ہم جلیسی ۱۰ بہشت کی سکونت ۱۱ بیوقوفی ۱۲ پنچوں کی
۱۳ ساکھ - اعتبار +

(مقابلہ اور بد کا عورت کے حق میں بولتے ہیں +

پردے کے لوگو پردے ہوا ! } مثل ... جب کوئی شخص
پردے والو پردا کیجو !

اپنے کوٹھے پر چڑھنا چاہتا ہے تو آس پاس کے لوگوں کے جتانے کے واسطے اسطرح تین مرتبہ پکار دیتا ہے تاکہ کسی پردہ نشین کا سامنا نہ ہو جاوے (دانش)

جوش برس کے رہتے والا خوروں کہیں پردے ہو
بام فلک پر چڑھتا ہے نالہ پردے کے لوگو پردے ہو

پَردیس - ہ - اسم مذکر - ملک غیر - بدیس - دوسرا ملک غیر وطن - غربت +

پردیس چھانا - ہ - فعل لازم - غربت میں رہنا - غیر جگہہ رہ پڑنا - غیر ملک میں چھاونی ڈالدینا - وطن چھوڑ دینا

پَردیسن - ہ - اسم مؤنث - (۱) اجنبی عورت - غیر وطن کی عورت (۲) مسافر - ایک جگہ نہ ٹکنے والی + نوکر پیشہ کی جورو جسکا ایک جگہ قیام نہیں ہوتا +

پَردیسی - ہ - اسم مذکر (۱) اجنبی - غیر ملک کا - غریب الوطن اوپری - غیر - بدیسی - مسافر +

پردیسی کی پیت کو سبکا من بیچے رے (دوہا)
دو ہی بات کا کھوٹ ہے رہے نہ سنگ لیے

پُرزَہ - ف - اسم مذکر (۱) ٹکڑا - کاغذ کا پرچہ - لوہے وغیرہ کا ٹکڑا - گھڑی وغیرہ کے اجزا کا ہر ایک جز - جز ترکیبی (۲) شخص - متنفس - آدمی جیسے چلتا ہوا پُرزہ یعنی چالاک آدمی (۳) پرندوں کے چھوٹے چھوٹے پر جنکو رویں بھی کہتے ہیں - نرم پر - رونگٹا - چنانچہ پر و پُرزہ بولتے ہیں (۴) کترن - کتل - دھجی + (دراصل پرزہ فارسی زبان میں اُس رویں اور بھوسڑے کو کہتے ہیں جو ریشمی اور اُونی کپڑے میں پہننے کے باعث اُوپر اُبھر آتا ہے اور نیز صوف دوات) +

پُرزے - ا - پُرزہ کی جمع +

پُرزے اُڑانا - ا - فعل متعدی - ٹکڑے ٹکڑے کرنا - کاغذ کپڑے وغیرہ کو پارہ پارہ کرنا + کھال اُڑانا - اُدھیڑنا - خوب پیٹنا +

پُرزے اُڑنا - ہ - فعل لازم - ٹکڑے اُڑنا - قیمہ قیمہ ہونا - کھال اُڑنا - اُدھڑنا - خوب مار پڑنا - پارچہ ہونا +

تھی خبر گرم کہ غالب کے اُڑینگے پُرزے
دیکھنے ہم بھی گئے تھے پہ تماشا نہ ہوا (غالب)

پُرزے پُرزے کرنا - و - فعل لازم - ٹکڑے ٹکڑے کرنا - پارہ پارہ کرنا - قیمہ قیمہ کرنا - دھجی دھجی کرنا +

پُرزے پُرزے ہونا - و - فعل لازم - دھجی دھجی ہونا - ٹکڑے ٹکڑے ہونا - لیر لیر ہونا +

پُرس - ہ - اسم مذکر - (پوربی) قدآدم - آدمی کے قد برابر ۷ فیٹ کا پیمانا +

پُرسا - ہ - اسم مذکر (۱) پوربی - قدآدم - مرد کی قامت کی مقدار کے موافق ۷ فیٹ کا پیمانا (۲) ماتم پُرسی - عذر خواہی مرگ - عزا پُرسی - تعزیت + میت کے وارثوں کو دلاسا دینے کے واسطے اُنکے گھر جانا +

(یہ لفظ فارسی پُرسہ بمعنی پرسش احوال و خبر پرسی سے اس معنی میں مستعمل ہوگیا ہے (خواجہ حسن) دل بدلے سے کرے ہے بیقراری بیشتر + عاشق ماتم میں ہو پُرسے سے زاری بیشتر +

پُرسا دینا - و - فعل لازم - ہو (۱) موت کی عذر خواہی کرنا ماتم پُرسی کرنا - میت کے وارثوں کو دلاسا دینا - میت کی عورتوں کے ساتھ [illegible] (۲) موت کی خبر دینا [illegible] کا گھر گھر جاکر [illegible]

پُرسا لینا - ا - فعل [illegible] منہ ڈھانکنا - عذر خواہی قبول کرنا - جو شخص ماتم [illegible] نے آئے اُسکے ساتھ [illegible]

کا منہ ڈھانک کر رونا - صبر و تسلی کی باتیں سننا +
عورتوں میں دستور ہے کہ جب کوئی ماتم پرسے کو آتا ہے تو پہلے اہل خانہ
اپنا منہ ڈھانک کر رونے بیٹھتی ہے پھر اُسکے ساتھ اور عورتیں بھی
رونے لگتی ہیں اہل میت اس رونے کے ساتھ میت کا کچھ بیان
بھی کرتی جاتی ہے +

پرساد - س - اسم مذکر (۱) دیوتاؤں کا بھوگ - دیوتا
کا چڑھاوا - نذر - تبرک - مرشد کا الش (۲) انعام -
پرشاد + نتیجہ - ثمرہ +

پرسال - ہ - تابع فعل - سال گذشتہ +

پرسان - ف - صفت - پوچھنے والا - پرسش کنندہ
+ فریادرس +

پرسان حال - ف ع - تابع فعل - احوال پوچھنے والا
سرگذشت سننے والا - خبرگیراں - فریادرس +

پرستان - ا - اسم مذکر (۱) پریوں اور دیووں کے رہنے
کا فرضی مقام - پریوں کا اکھاڑا + (امداد علی بحر)

مثل پریاں کے پرستاں کا ہوا ... کو
رقیب پر مجھے عفریت کا گمان ہوا

(۲) وہ جگہ جہاں بہت سے خوبصورت جمع ہوں - اندر
کا اکھاڑا (یہ لفظ کسی فارسی لغت میں نہیں ہے اہل ہند کی گھڑت
ہے بکسر اول بھی جائز ہے)

پرستان کا عالم - ا - تابع فعل - پرستان کی سی کیفیت
بہشت کا سا مزا (جب کسی ایسی جگہ کی تعریف کرتے ہیں
جہاں خوبصورتوں کا جمگھٹا اور عمدہ کیفیت ہو تو یہ لفظ زبان پر لاتے ہیں)

پرستش - ف - اسم مؤنث (۱) پوجا - عبادت - تپسیا -
(۲) تعظیم - توقیر - کنایۃً تعظیم (مہر حسن)

پرستش ... ہے تو اے کریم
کرے ہے ذات تیری غفور الرحیم +

پرستش گاہ - ف - اسم مؤنث - معبد - مندر - مسجد
جائے عبادت - جائے تعظیم +

پرستھان - ہ - اسم مذکر (دیکھو (یاتراب))

پرستھان کرنا - ہ - فعل لازم - یاترا کرنا + (ہندو)

پرسرام - ہ - اسم مذکر - وشن کا چھٹا اوتار جسنے جمدگن
رشی کے گھر میں جنم لیکر اکیس بار چھتریوں کو نیست و نابود کیا

پرسش - ف - اسم مؤنث - پوچھ پوچھ پاچھ - پوچھ گچھ
پوچھنا - تحقیق کرنا - دریافت کرنا - بازپرس کرنا +

پرسش کرنا - ا - فعل لازم - پوچھنا - تحقیق کرنا -
دریافت کرنا + بازپرس کرنا - مواخذہ کرنا +

پرسن - س - صفت प्रसन्न (۱) خوش - مگن
آنند - محظوظ (۲) مہربان - کرپا کرنے والا - دیاوان
(۳) نرمل - صاف - بے غش +

پرسنگ - ہ - اسم مذکر (۱) صحبت - میل - ملاپ - ربط ضبط
دوستی - اتحاد + (کبت)

کاہلے کا نام جات گانٹھو سو دام جات پرکھن کو نام جات بدو جات انگ سے
اتم سب کرم جات کل کے سبھ دھرم جات گرہن کی شرم جات من کی امنگ سے + جب تپ کی آس جات بھگتن کی
نواس جات سُر کی باس جات اپنی مت بھنگ سے +
راہ جات ریت جات پریت جات پنچن پرتیت جات
بیسوا پرسنگ سے + (۲) چرچا - بات - کتھا - مقولہ -
قول جیسے مہابھارت کا پرسنگ ہے (۳) سمبندھ
اوسر - موقع +

ل رجولیت - مردی ۲ پرکھا - آباواجداد ۳ افعال برگزیدہ ۴
خاندان ۵ نیکنامی ۶ بزرگوں ۷ خواہش نفسانی ۸ ہمنشینی
ہم جلیسی ۹ بہشت کی سکونت ۱۰ بیوقوفی ۱۱ پنچوں کی
۱۲ ساکھ - اعتبار +

پرسوت - س - اسم مذکر (ہندو عو) زچہ کی ایک بیماری کا نام - جریانِ آب - وہ سفید سفید پانی جو عورتوں کے اندامِ نہانی سے نکلتا ہے + مرضِ ولادت

پرسوں - ہ - تاریخ فعل - پرری روز + پس فردا - کل سے پہلے یا بعد کا دن +

پرسندہ - ف - اسم مذکر - دیکھو (پرسا نمبر ۲) +

پرش - س - اسم مذکر (۱) منش - مانس - آدمی - بنی آدم - انسان - نر - مرد (۲) پرمیشر - ایشر - خدا تعالیٰ (۳) پرکھا - مربی - بزرگ (۴) خاوند - خصم - بھرتار +

پرشاد - ہ - اسم مذکر (ہندو) دیکھو (پرساد)

پرشاد چڑھانا - ہ - فعل متعدی (ہندو) نذر چڑھانا - دیوتاؤں کو بھوگ لگانا - تبرک بنی چڑھانا +

پرشاد دینا - ہ - فعل متعدی (ہندو) تبرک دینا

پرشہر - ل - اسم مذکر - غیر شہر - غیر وطن +

پرکاج - ہ - اسم مذکر - کارِ غیر - دوسرے آدمی کا کام - آپ کاج کے خلاف +

پرکار - ف - اسم مذکر - صحیح پرگار - دائرہ کھینچنے کا اوزار +

پرکار - ف - صفت (۱) موٹا - دبیز - غفس - دلدار - (۲) مضبوط - مستقل - چلاؤ +

پرکالہ - ف - اسم مذکر - صحیح پرگالہ (۱) ٹکڑا - لخت - پارہ - حصہ (۲) چنگاری - شرارہ (۳) شیشے کی ٹکڑی - شیشہ - آئینہ +

پرکما - ہ - اسم مونث (ہندو) طواف - گرداگرد پھرنا - صدقہ ہونا - تصدق ہونا +

پرکما دینا - یا - کرنا - ا - فعل لازم طواف کرنا - گرد پھرنا - تصدق ہونا - مندر کے گرد مؤدبانہ پھرنا +

پرکھ - ہ - اسم مذکر - دیکھو (پرش) +

پرکھ - ہ - اسم مونث (۱) شناخت - پہچان - کھرے کھوٹے اور برے بھلے کی تمیز (۲) جانچ - امتحان - آزمائش - تجربہ + وقوف +

پرکھا - ہ - اسم مذکر - مربی - مرد بزرگ - مورث - باپ دادا - دادا پردادا - بڑے +

پرکھانا - ہ - فعل متعدی (۱) پرکھوا دینا + سونپنا - سپرد کرنا - حوالہ کرنا - روپیہ دینا - نقدی سنبھلوانا (۲) جچوانا - شناخت کرانا

پرکھنا - ہ - فعل متعدی (۱) جانچنا - کوتنا - آنکنا - شناخت کرنا - چھٹکی لگانا - زر یا نقدی کا کھوٹا کھرا دیکھنا - برے بھلے میں تمیز کرنا - کسنا - کسوٹی لگانا (۲) آزمانا - امتحان کرنا - تجربہ میں لانا +

پرکھوانا - ہ - پرکھنا کا متعدی المتعدی +

پرکھوائی - ہ - اسم مونث - روپیہ پرکھنے کی اجرت - شناخت کرائی - چھٹکی لگوائی +

پرکھیا - یا - پرکھیتا - ہ - اسم مذکر - صراف - جانچو - ممیز - تمیز کنندہ - کھوٹا کھرا پرکھنے والا +

پرگنہ - ف - اسم مذکر (۱) وہ زمین جس سے مالگزاری یا خراج لیں (۲) ضلع - حصہ - ضلع کا حصہ - ملک کا حصہ (۳) (ہندو عو) وہ ملک جہاں خاوند نوکر ہو [illegible]

پرگنہ دار - ف - اسم مذکر - ضلعدار - پرگنہ کا افسر

پرگھٹ - ہ - صفت - سنسکرت ([illegible]) ظاہر - کھلا ہوا - عیاں - علانیہ - صریح - چوڑے

پرگھٹ کرنا - ہ - فعل متعدی - ظاہر کرنا - [illegible] کرنا - عیاں کرنا - آشکارا کرنا - کھولنا + جتانا [illegible]

پرگھٹ ہونا - ہ - فعل لازم (۱) ظاہر ہونا - مشتہر - عیاں ہونا - فاش ہونا (۲) طلوع ہونا - اُدے [illegible] (۳) پیدا ہونا - تولد ہونا - دنیا میں آنا +

پرگیری - ا - اسم مؤنث - پرتیر - وُہ پر جو تیر پر لگاتے ہیں
پرگیری لگانا - ا - فعل متعدی - تیر پر پر لگانا +
پرلا - ہ - صفت - پرلا - دُوسری طرف کا - اُس پار کا +
پرلو - ہ - اسم مؤنث - سنسکرت (प्रलय پرلے) اَنتی
فنا + قیامت - کلپ کا انت - سبکے مرنے اور فنا ہونے
کا دن جیسے آپ مُوئے جگ پرلو +
پرلوک - ہ - اسم مذکر (ہندو) عقبیٰ - آخرت - دُوسرا
جہان - عالمِ جزا +
پرم آتما - س - اسم مذکر - رُوحِ اعلیٰ - ایشور - خدا تعالیٰ
پرمٹ - ا - اسم مؤنث (اصل میں انگریزی Permit
پرمٹ بمعنی اجازت سے ماخوذ ہے یعنی وُہ مال جسپر اجازت کی ضرورت ہو)
نمک وغیرہ کا سرکاری محصول - چنگی - نیز وُہ چوکی جہاں
سرکاری محصول لیا جاے +
پرمٹا - انگلش - ایک قسم کا اُونی سُوتی کپڑا جو مرینے سے
مُشابہ ہے (دراصل آسٹریلیا کے صوبہ نیو سوتھ ویلز کا ایک شہر ہے
Paramatta جہاں اسکا بڑا بھاری کارخانہ ہے)
پرمل - ہ - اسم مذکر - مکئی - جوار - یا باجرہ وغیرہ کو بھگو کر بھونے
سے جو کھیلیں سی ہو جاتی ہیں اُنہیں پرمل کہتے ہیں
(چونکہ اول دفعہ بھاڑ میں ڈالکر ایک دفعہ نکال لیتے اور پھر مُوا دیکر
دوبارہ بھونتے ہیں اسوجہ سے پرمل نام رکھا گیا) +
پرملو - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کے ناچ کا نام ہے جسکا اُصول
نہایت مشکل ہے۔ (میر حسن)

کبھی پرملو میں دکھاتی ادا +
کہ جوں لٹ کے ہووے بجلی ہوا

پرنالا - ہ - اسم مذکر - کوٹھے یا بالاخانے کی موری - میزاب
پرنالی - ہ - اسم مؤنث - گھوڑے کی تیاری اور فربہی کے
باعث جو پرنالیوں کے درمیان کا حصّہ نیچا معلوم
ہوتا ہے وُہ اس نام سے موسوم ہے +
پرنالی پڑنا - ہ - فعل لازم - گھوڑے کی فربہی کے باعث
پٹھوں اور سر کے درمیان نالی پڑنا +
پرنام - س - اسم مذکر و مؤنث (ہندو) ۱- بندگی -
آداب - تسلیم - نمسکار - ڈنڈوت - وُہ سلام جو دیوتاؤں
اور بزرگوں کو کیا جاے (۲) مرتے وقت کے تیور - اخیر
وقت کے اطوار جیسے ب اُسکے پرنام بگڑ گئے +
پرنانا - ہ - اسم مذکر - نانا کا باپ - جدِ مادر +
پرنانی - ہ - اسم مؤنث - والدہ کی ماں کی ماں +
پرنتو - س - परन्तु حرف استثنا - مگر - پر - لیکن
پرند - ف - اسم مذکر - پکھیرو - اُڑنے والا جانور - طائر
مُرغ - چڑیا وغیرہ +
پرندا - ف - اسم مذکر - اُڑنے والا جانور - پردار جانور
طائر - مرغ - پنچھی +
پرندہ پر نہیں مار سکتا - ا - محاورہ - پکھیرو تک
کا گذر نہیں ہے - نہایت بندی ہے + (کمال حفاظت اور
انسداد کے موقع پر بولتے ہیں) +
پروا - ہ - اسم مؤنث - پورب کی ہوا - بادِ شرق - قبول - صبا +
پروا - ف - اسم مؤنث (۱) خواہش - رغبت - حاجت -
میل - ضرورت - متوجہ - التفات (۲) خوف - دہشت +
فکر - اندیشہ +
پرواڑ - ہ - اسم مذکر (ہندو) خاندان - کُنبہ - قبیلہ - گل گوت
پروان - ہ - صفت (۱) ٹھیک - درست - معتبر - صحیح
(۲) پتھر کی لکیر - اٹل جیسے بامن بچن پروان +
پروان چڑھنا - ہ - فعل لازم (۱) پورا ہونا - کمال
کو پہنچنا - پرورش پاکر عمرِ طبعی کو پہنچنا - بڑا ہونا (۲) کامیاب
ہونا - مراد کو پہنچنا +

پرَوَنجات - ا - اسم مذکر - پروانہ کی جمع (اسطرح کی جمع عربی قاعدہ پر عدالت والوں نے گھڑلی ہے ورنہ پروانہ فارسی لفظ ہے اِسکی جمع پروانہا درست تھی) +

پرَوانگی - ف - اسم مؤنث - اجازت - حکم - اگیا +

پرَوانہ - ف - اسم مذکر (۱) پتنگ - پرولنہ - وُہ کیڑا جو شمع پر عاشق ہے پتنگا (۲) حکمنامہ - اجازت نامہ - فرمانِ شاہی وغیرہ لیسنس - پاس - وارنٹ - روتہ (۳) عاشق - فریفتہ - والہ - شیفتہ - شیدا (۴) وُہ جانور جو شیر کے آگے چلا جاتا ہے

پروانہ ہونا - ا - فعل لازم - کسی پر عاشق و فریفتہ ہونا

پروانے کی نقل - ا - اسم مذکر (بازاری) سالا - نسبتی بھائی - خسر پورہ - برادرِ زن +

پرَوایا - ا - اسم مذکر - (اصل میں پرپایہ تھا) زیر پایہ - چارپائی کے پایوں کے نیچے رکھنے کی چیز +

پرَوتا - ہ - اسم مذکر (۱) پوتے کا بیٹا (۲) آٹا گڑ ہلدی پان وغیرہ جو کسی تقریب کے موقع پر خدمتی کمین کو دیا جاتا ہے

پرَوَردگار - ف - اسم مذکر - پرورش کرنیوالا - پالنہار - خدا تعالی - ربُّ النّوم +

پرَوَردہ - ف - صفت (۱) پرورش یافتہ - پلا ہوا (۲) رچا ہوا - بسا یا ہوا - دبا یا ہوا +

پرَوَرِش - ف - اسم مؤنث (۱) پالن - پالنا (۲) تعلیم - تربیت (۳) مہربانی بخشش - عنایت +

پرَوسا - ہ - اسم مذکر - کھانیکا حصّہ - بخرہ - بھاجی - پتّل +

پرَوسنا - ہ - فعل متعدی - مہمانوں کے آگے کھانا چننا - پتّل ڈالنا + بیرا بانی کرنا +

پرُوف - انگلش Proof. اسم مذکر - چھپا ہوا کاغذ جو درستی کے واسطے مصنّف یا مؤلف کو دکھایا جاتا ہے +

پرَونا - ہ - فعل متعدی (۱) سوراخ میں تاگا ڈالنا (۲) گھسیڑنا

بیندھنا - داخل کرنا + دخول کرنا +

پرُوہِت - ہ - اسم مذکر - گھر کا پنڈت - مذہبی کام کا سر انجام دینے والا - قدیمی پنڈت - خاندان کا گرو + س पुरोहित

پرَوین - ف - اسم مذکر - عقدِ ثریا - وُہ چھ ستاروں کا گچھا جو جاڑوں میں سب سے اوّل نظر آتا ہے - سات سہیلیوں کا جھمکا +

پرَہ - ف - اسم مذکر (۱) دیکھو پرا (۲) دامن - طرف - کنارہ - پہلو + چکی کا پاٹ +

پرَہیز - ف - اسم مذکر (۱) حذر - احتراز - اجتناب - دوری - علیحدگی (۲) مضر چیزوں سے بچنا (۳) بچاؤ - حفاظت (۴) تقویٰ - اتقا +

پرہیز کرنا - ا - فعل متعدی - بچنا - احتراز کرنا - اجتناب کرنا - مضر چیزوں کے کھانے میں احتیاط کرنا +

پرَہیزگار - ف - صفت - متقی - گناہوں سے کنارہ کرنے والا - مجتنب +

پرَہیزگاری - ف - اسم مؤنث - اتقا - احتراز +

پرَہیزی کھانا - ا - اسم مذکر - بیماروں کا کھانا - وُہ کھانا جسکی حکیم نے اجازت دی ہو + بن نمک مرچ کا کھانا - وُہ غذا جو بیمار کے موافق ہو +

پرے - ہ - تابع فعل (۱) ورے کا خلاف - اُس پار - اُسطرف (۲) دُور - الگ (۳) فاصلہ پر - بعد پر +

پرے بٹھانا - ہ - فعل متعدی - مات کرنا - لگا نہ کھانے دینا جیسے ایسا پکایا کہ باورچی کو پرے بٹھایا + (مو)

پرے پرے - ہ - ندا - دفع - دور - الگ الگ - دُور دُور - پرے ہٹ (حالتِ تنفر میں بولتے ہیں)

پرَی - ف - صفت (۱) پردار - پروں والا (۲) حسین - خوبصورت - محبوب - نازک (۳ - اسم) ایک قسم کی خیالی مخلوق جسکا چہرہ آدمی کا

سا اور پر پرندوں سے مشابہ تصوّر کیے گئے ہیں (۳) جن۔ دیو
جنّات کی بیوی (۴) خوبصورت عورت یا چیز +

پری بند۔ ف۔ اسم مذکر (۱) ایک قسم کا زیور جسے عورتیں
بازوؤں پر پہنتی ہیں (۲) کشتی کے ایک پیچ کا نام ہے +

پری پیکر۔ ف۔ صفت۔ پری چہرہ۔ پری رُو۔ پری شکل
پری رخسار۔ نہایت خوبصورت۔ حسین۔ مراد معشوق

پری خواں۔ ف۔ اسم مذکر۔ پریوں کی حاضرات کرنے
والا۔ پریوں کو بلانے اور اُتارنے والا۔ سیانا۔ بھوپا۔
جادوگر۔ افسوں خواں +

پری رُو۔ ف۔ صفت۔ دیکھو (پری پیکر) +

پری زاد۔ ف۔ اسم مذکر (۱) پری زادہ۔ پری کی اولاد
پری کی نسل۔ دیو۔ جن۔ پردار مرد یا عورت (۲) صفت (۱)
نہایت خوبصورت۔ حسین (۲) نہایت عمدہ +

پری کا سایہ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ آسیب۔ جن۔ دیو کا گزر۔
بھوت پریت کا اثر +

پریاں۔ ہ۔ پری کی جمع (یہ لفظ فارسی میں بحرکت ثانی
اور اردو میں بسکون دوم مروّج ہے) +

پریت۔ س۔ اسم مذکر (ہندو) ۱۔ بھوت۔ پشاچ۔
خنّاس۔ خبیث۔ شیطان۔ جیسے بن بھی پریت نہیں (۲)
مُردہ۔ مُردہ کی روح جسنے دوسرا جسم نہ لیا ہو۔ روح ناپاک

پریت۔ س۔ اسم مؤنث (۱) پیار۔ محبت۔ نہا سنیہ (۲)
دوستی۔ اُلفت۔ اخلاص (۳) عشق۔ جیسے پریت نہ جانے
جات کجات۔ نیند نہ جانے ٹوٹی کھاٹ + بھوک نہ جانے
باسی بھات۔ پیاس نہ جانے دھوبی گھاٹ + (کہاوت)

پریت جوڑنا۔ یا۔ کرنا۔ ہ۔ فعل لازم (ہندو عو)۔
اخلاص کرنا۔ دوستی کرنا۔ محبت کرنا +

پریتم۔ ہ۔ صفت (ہندو) ۱۔ بہت پیارا۔ نہایت عزیز
(۲)۔ اسم مذکر (۱) پتی۔ خاوند۔ بالم (دوہا)
پریتم تم مت جانیو بھیو دور کو باس
دیہ گیہنی کتہو رہے پران تہارے پاس

پریڈ۔ ا۔ اسم مذکر۔ تصحیح انگلش Parade پریڈ) ۱۔
فوج کی قواعد کا میدان + قواعد فوج (۲) صف۔ قطار
پرا (یہ معنی انگریزی میں نہیں ہیں) +

پریڈ جمانا۔ ا۔ فعل لازم۔ صف باندھنا۔ قطار باندھنا
پرا جمانا +

پریس۔ انگلش Press اسم مذکر (۱) دبانے کا پیچ
چھاپنے کی کل (۲) مطبع۔ چھاپہ خانہ +

پریس مین۔ انگلش Pressman اسم مذکر۔ چھاپنے والا

پریسیڈنٹ۔ انگلش President اسم مذکر۔
(۱) میر مجلس۔ صدر انجمن + پنچوں کا سردار۔ سرپنچ (۲)
علاقہ کا حاکم۔ حاکم صوبہ (۳) مدرسہ کا افسر +

پریشان۔ ف۔ صفت (۱) آشفتہ۔ بکھرا ہوا۔ سرگرداں۔ منتشر
تتر بتر۔ پراگندہ۔ مضطر۔ خستہ (۲) متفکر۔ متردد۔ اندیشہ مند
(۳) حیران۔ متحیر۔ حیرت زدہ +

پریشاں حال۔ ف + ع۔ صفت۔ خستہ حال۔ پراگندہ
روزی۔ مفلس۔ مصیبت زدہ۔ تنگحال +

پریشاں خاطر۔ ف + ع۔ صفت (۱) اُداس۔ دل برداشتہ
افسردہ دل (۲) فکر مند۔ متردد +

پریشاں دل۔ ف۔ صفت۔ دیکھو (پریشاں خاطر)

پریشان کرنا۔ ا۔ فعل متعدی (۱) حیران کرنا۔ ستانا
دق کرنا (۲) فکر میں ڈالنا۔ اندیشہ میں پھنسانا +

پریشانی۔ ف۔ اسم مؤنث (۱) اضطراب۔ انتشار۔ پراگندگی
سرگردانی (۲) فکر مندی۔ تردد (۳) مصیبت۔ بپت +

پریکھا۔ ہ۔ اسم مذکر (۱) پرکھ۔ آزمائش۔ امتحان۔ تجربہ۔

(رباعی درد)

اے درد بہت کیا پرکھا ہے + دیکھا تو عجب یہاں کا لکھا ہے
بینائی نہ تھی تو دیکھتے تھم سب کچھ + جب آنکھ کھلی تو کچھ نہ دیکھا آنکر

(۲) افسوس۔ گلہ۔ سوچ۔ بچار۔ خیال جیسے ہیں تمہارے
اس کہنے کا تو پرکھا نہیں مگر اُسکی بات کا خیال ہے (ہندو)

(۳) احتراز۔ پرہیز۔ حذر (ہندو عو) +

پرکھا کرنا -ہ- فعل لازم۔ نتیجہ نکالنا۔ سمجھنا۔ خیال کرنا
بچار کرنا۔ غور کرنا (گنجیفہ کی پہیلی)

ایک نگر بکرماجیت آٹھ | نیارا نیارا سبکا ٹھاٹھ
بوجھ باجھکر کیا پرکھا | ایک ہی میں سبکا لیکھا

پریم -س- اسم مذکر (۱) پیار۔ پریت۔ سنیہ۔ محبت
اُلفت۔ لاڈ۔ دُلار (۲) دوستی۔ اخلاص۔ یارانہ +

پرَیوا -ہ- اسم مذکر۔ ایک قسم کے آبی پرند کا نام ہے جو کبوتر
کے برابر ہوتا ہے اہل اسلام کے ہاں حلال ہے +

پریوں کا اُتارا -ا- اسم مذکر۔ پریوں کے اُترنے کی
جگہ۔ پریوں کی گزرگاہ۔ معشوقوں اور حسینوں کی فرودگاہ

وُہ گھر کہ زمانہ جس گھر میں گزارا ہے
اندر کا اکھاڑا ہے پریوں کا اُتارا ہے (نکہت)

پریوں کا اکھاڑا -ا- اسم مذکر۔ پریوں کی مجلس۔
خوبصورتوں کا مجمع +

پرِیزَہ -ف- صفت۔ نہایت خوبصورت عورت۔ پری تمثال

پُڑا -ہ- اسم مذکر (۱) بڑی پڑیا۔ وُہ کاغذ کا تختہ جسمیں چیز
رکھکر تاگے سے باندھ دیں (۲) ڈھول یا طبلہ وغیرہ پر
چڑھانے کا چمڑا۔ ڈھولکی کا چمڑا +

پڑا پانا -ہ- فعل لازم۔ راستہ چلتے کچھ پانا۔ بے محنت
مشقت کسی چیز کا حاصل ہوجانا۔ مُفت ملنا +

پڑاپڑ -ہ- تابع فعل۔ تڑاتڑ۔ پے درپے مینہ برسنے یا

جُوتیاں وغیرہ پڑنے کی آواز۔ وُہ آواز جو برابر صدمہ پڑنے
سے ظاہر ہو +

پڑاقا -ا- اسم مذکر (لکھنؤ) ا۔ پٹاخا۔ ایک قسم کی آتشبازی۔
(۲- دہلی) پٹاخے کی آواز۔ کوڑے وغیرہ کی آواز +

پڑاقے کی گوٹ -ا- اسم مؤنث۔ رنگ برنگ کی
گوٹ۔ پٹاپٹی کی گوٹ +

پڑا گرا -ہ- صفت (لکھنؤ) اُفتادہ۔ حقیر۔ ناچیز۔ بحقیقت
(اہل دہلی گرا پڑا بولتے ہیں) +

پڑاؤ -ہ- اسم مذکر۔ لشکر یا قافلے وغیرہ کے ٹھیرنے کی جگہ
منزل۔ چوکی۔ اسٹیشن۔ سرائے۔ فرودگاہ۔ ٹھکانا +

پڑاؤ ڈالنا -ہ- فعل متعدی۔ چھاؤنی ڈالنا۔ چھاؤنی
چھانا۔ رہ پڑنا۔ بہت دنوں تک مقام کرنا +

پڑاؤ مارنا -ہ- فعل متعدی۔ قافلہ پر دن یا رات کے
وقت چھاپہ مارنا۔ قافلہ لوٹنا +

پڑپڑانا -ہ- فعل لازم۔ چرپرانا۔ زبان میں مرچیں لگنا
زبان میں کسی چیز کی تیزی سی ہوکر چھالے پڑجانا +

پڑپڑانا -ہ- فعل لازم (بازاری) پڑپڑکرنا۔ دستوں کی
آواز کی نسبت بولتے ہیں، بلبل کا بھاگتے وقت بولنا

پڑت -ہ- اسم مؤنث (۱) قیمت خرید۔ گھر پڑتی قیمت
(۲) بازاری نرخ۔ بازار کا بھاؤ + حساب۔ سنگت۔ پھیلاؤ
میزان +

پڑت پھیلانا -ہ- [illegible] لگانا نہ کھانے
چیز پر برابر حساب لگانا۔ فی مدد [illegible]
اندازہ مقرر کرنا + کُل کی قیمت [illegible] الگ۔ دُور [illegible]

پڑتا -ہ- اسم مذکر (۱) حصّہ [illegible]
مالگزاری جو ہر ایک بیگہ پر برابر [illegible]

پڑتال -ہ- اسم مؤنث (۱) [illegible]

[illegible] خوبصورت عورت [illegible] اسکا چہرہ [illegible]

(۱) نظر ثانی۔ مقابلہ۔ دوبارہ جانچنا۔ جائزہ (۲) صدمہ۔ متواتر جوتیوں کی لگاتار مار +

پڑتال پڑنا - ہ - فعل لازم۔ برابر جوتا پٹنا۔ یکساں ٹپنا

پڑتال لینا - ہ - فعل لازم۔ دوبارہ سنبھالنا۔ نظر ثانی کرنا۔ جانچنا

پڑتی - ہ - اسم مؤنث۔ زمین افتادہ۔ خالی پڑی ہوئی زمین

پڑجانا - ہ - فعل لازم (۱) پسر جانا۔ لیٹ جانا (۲) بیمار ہو جانا پچھڑ جانا +

پڑے رہنا - ہ - فعل لازم (عو) لیٹ رہنا۔ سو رہنا +

پڑمرنا - ہ - فعل لازم (عو) مرتے دم تک ساتھ نہ چھوڑنا اسطرح رہنا کہ مر کر نکلنا +

پڑنا - ہ - فعل لازم (۱) گرنا۔ آرہنا (۲) ٹھیرنا۔ قیام کرنا۔ لنگر ڈالنا۔ پڑاؤ کرنا۔ اُترنا (۳) لیٹنا۔ آرام لینا۔ سونا (۴) گزرنا واقع ہونا۔ بیتنا (۵) تھکنا۔ عاجز ہونا۔ ہارنا (۶) داخل ہونا بیٹھنا جیسے گھر میں پڑنا (۷) خالی رہنا۔ بیکار رہنا (۸) بیمار ہونا۔ علیل ہونا (۹) بھروسے رہنا۔ کسیکی مدد پر تکیہ کرنا۔ دست نگر ہونا۔ ہاتھ تکنا جیسے کسیکی روٹیوں پڑنا (۱۰) انا۔ نزول کرنا۔ حلول کرنا جیسے روح یا جان پڑنا (۱۱) وارد ہونا جیسے مصیبت پڑنا (۱۲) تعلق خاطر ہونا فکر ہونا جیسے بیاہ کی پڑنا (۱۳) درج ہونا۔ مندرج ہونا جیسے کھاتے میں نام پڑنا (۱۴) دخیل ہونا۔ مداخلت کرنا جیسے کسیکے معاملے میں پڑنا (۱۵) ضامن ہونا۔ قدم درمیان دینا جیسے تمہاری بات میں پڑے سو گرہ سے بھرے + (۱۶) خالی رہنا۔ غیر آباد رہنا جیسے کئی مکان پڑے ہیں (۱۷) باقی رہنا۔ چھوٹے ہوئے رہنا جیسے ابھی بہت سا کام پکانا پڑا ہی (۱۸) سجھ بوجھ ہونا۔ اتفاق ہونا (۱۹) بکنا۔ برسنا۔ مترشح ہونا

یہ لفظ مرکبات میں بہت سے معنی دیتا ہے جو پہنے اپنے موقع پر خود آجائینگے جیسے دُودھ پڑنا۔ پالا پڑنا۔ نام پڑنا۔ چین پڑنا وغیرہ

پڑوا - ہ - اسم مؤنث (۱) پہلی تتھ۔ چاند کے اُجالے یا اندھیرے پاکھ کی پہلی تاریخ۔ اوّل دوم پاکھ کی پہلی تاریخ۔ دُوج سے پہلے کا دن (۲) پورب اکنٹرا۔ بھینس کا زچہ +

پڑوس - ہ - اسم مذکر۔ ہمسائگی۔ قرب و جوار۔ گھر کے قریب ہمسایہ +

پڑوسن - ہ - اسم مؤنث۔ زن ہمسایہ۔ ہمسائی۔ برابر کے گھر میں رہنے والی عورت +

پڑوسی - ہ - اسم مذکر۔ ہمسایہ۔ وُہ مرد جو قریب کے مکان میں رہے +

پڑھا - ہ - صفت (۱) خواندہ۔ علم سیکھا ہوا۔ پڑھا لکھا۔ تعلیم یافتہ (۲) پڑھنے کا ماضی مطلق +

پڑھا جن - ہ - اسم مذکر (۱) وُہ جن جو ہر ایک علم اور فن سے خود واقف ہونے کے باعث کسی بہلانے یا عامل سے نہ اُترے (۲) نہایت متقی۔ وُہ شخص جو کسی طرح دام فریب میں نہ آئے۔ خرانٹ (نکہت)

یہ پڑھا جن ہے چرخ پُر تزویر
اسکا سایہ کوئی اُترتا ہے +

پڑھا گُنا - ہ - صفت۔ عالم باعمل۔ پڑھا لکھا۔ عالم۔ فاضل دست قلم +

پڑھا لکھا - ہ - صفت۔ خواندہ۔ تعلیم یافتہ +

پڑھا دینا - ہ - فعل متعدی (۱) علم سکھا دینا۔ فارغ التحصیل کر دینا (۲) سبق دیدینا (۳) بہکا دینا۔ لگا دینا۔ سنکار دینا اکسا دینا۔ بُرائی جما دینا۔ چغلی کھا کر افروختہ کر دینا

(معروف) بن پڑھے خط کے مرے پُرزے اُڑا دیتا ہے
غیر کیا جانے کیا اُسکو پڑھا دیتا ہے

پڑھانا - ہ - فعل متعدی (۱) علم سکھانا۔ تعلیم دینا (۲) سبق دینا۔ درس دینا (۳) بُرائی جمانا۔ بدگوئی کر کے برگشتہ مزاج

اور بیزار کرنا۔ بہکانا (داغ)

غیر بھی کچھ اُسے پڑھانے لگے + ذکر کر بات کو بڑھانے لگے

پڑھائی۔ ہ۔ اسم مؤنث (۱) مکتب کی فیس۔ علم سکھانے کی اُجرت (۲) طریقۂ تعلیم۔ تعلیم دینے کا ڈھنگ (۳) تعلیمی کتابیں درسی کتابیں۔ کُتُب داخلِ تعلیم (۵) مقدارِ تعلیم +

پڑھنا۔ ہ۔ فعل متعدی (۱) علم سیکھنا۔ تعلیم پانا (۲) سبق لینا۔ پاٹھ کرنا (۳) جپنا۔ بار بار رٹنا (۴) جانور کا بولنا۔ زبان سے بولی نکالنا جیسے طوطے کا پڑھنا (۵) منتر پھونکنا جادو کرنا +

پڑھنت۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ منتر۔ جادو۔ افسوں۔ سحرخوانی

سحر صولت کے سامنے تیرے + (سودا)

سامری بھول جائے اپنی پڑھنت

پڑھوانا۔ ہ۔ پڑھنے کا متعدی المتعدی۔ تعلیم دلوانا +

پڑیا۔ ہ۔ اسم مؤنث (۱) وہ کاغذ کا پرچہ یا پتا جس میں کوئی چیز رکھکر باندھی جائے۔ کاغذ کی بندھی ہوئی پوٹلی۔ کاغذ کی پوٹلی (۲) پسی ہوئی دوا (۳) پوٹ۔ بالکل مجسم جیسے بڑیا آفت کی پڑیا +

پڑیا کا لٹھا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ ایک قسم کا عمدہ اور باریک لٹھا جسکا ہر ایک تھان کاغذ میں لپیٹ کر آتا ہے +

پڑیاں۔ ہ۔ (۱) پڑیا کی جمع (۲۔ عو) پریوں کی نیاز کی پڑیاں جو دو قسم کی ہوتی ہیں یعنی ایک تو وہ کہ شیرینی پر چہل بی بی کی نیاز دلوا کر تقسیم کر دیتی ہیں دوسرے سیندور اور عبیر کی پڑیاں جو پریوں یا چہل بی بی کے نام پر فاتحہ کی بجائے اُڑائی جاتی ہیں +

پڑیاں اُڑانا / پڑیاں چھوڑنا ۔ ہ۔ فعل متعدی۔ عو۔ چہل بی بی یا پریوں کی نیاز دلوا کر عبیر اور سیندور کی پڑیاں ہوا میں اُڑانا +

پژاوہ۔ ف۔ اسم مذکر (۱) آوا۔ بھٹی (۲) وہ جگہ جہاں اینٹیں پکتی ہیں۔ پجاوا +

پژمردگی۔ ف۔ اسم مؤنث۔ کملاہٹ۔ مرجھاہٹ۔ مرجھاپن۔ افسردگی۔ مایوسی

پژمردہ۔ ف۔ صفت۔ کملایا ہوا۔ مرجھایا ہوا + افسردہ۔ مایوس

پس۔ ف۔ تابع فعل (۱) بعد۔ بعد ازاں۔ پھر۔ پیچھے۔ علاوہ ازیں (۲) اسلیے۔ اخیر کو۔ آخرکار (۳) لیکن۔ بہرکیف۔ بہر حال (۴) اس وجہ سے۔ اس باعث سے +

پس انداز۔ ف۔ اسم مذکر۔ اندوختہ۔ جمع۔ بچت۔ وہ روپیہ جو خرچ سے بچا کر رکھا جائے۔ صرف سے بچا ہوا روپیہ۔ توفیر

پس اندازی۔ ف۔ اسم مؤنث۔ بچت۔ جمع +

پس پا ہونا۔ و۔ فعل لازم۔ پیچھے ہٹنا۔ پیٹھ دکھانا۔ بھاگ جانا۔ شکست کھانا +

پس خوردہ۔ ف۔ اسم مذکر۔ جھوٹا۔ آگے کا بچا ہوا۔ اُلش

پس غیبت۔ ا۔ تابع فعل (عوام) غیبت میں۔ عدم موجودگی میں۔ غیر حاضری میں۔ پیٹھ پیچھے +

پس و پیش۔ ف۔ اسم مذکر (۱) اونچ نیچ۔ آگا پیچھا۔ سوچ بچار۔ برائی بھلائی (۲) لیت و لعل۔ حیلہ حوالہ (۳) [illegible] دبدھا۔ دھکڑ پکڑ۔ اندیشہ۔ تشویش۔ ششش و پنج +

پس و پیش سوچنا۔ ا۔ فعل لازم۔ آگا پیچھا سوچنا۔ اونچ نیچ دیکھنا۔ برائی بھلائی سوچنا +

پس و پیش کرنا۔ ہ۔ فعل لازم (۱) آنکل کرنا۔ حیلہ حوالہ بتانا۔ ٹالنا (۲) سوچ [illegible] لگا نہ کھانے [illegible]

پسارا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ پھیلا (عو)

(یہ لفظ صرف کہاوتوں میں آتا ہے جیسے [illegible])

پسارنا۔ ہ۔ فعل متعدی (۱) ہاتھ پسارنا۔ گودی پسارنا (۲) منہ پسارنا +

پسانا - ہ - فعل متعدی (۱) کسی اُبلی ہوئی چیز کا پانی ٹپکانا - اُبالکر پانی نچوڑنا - چاول یا سوّیاں اُبالکر اُنکا پانی نکالنا -

پساؤ - ہ - اسم مذکر - اُبلی ہوئی چیز کا بچا ہوا پانی - سرجوش

پسائی - ہ - اسم مذکر (ہندو) - ایک قسم کے چاول جنکا برت میں استعمال ہوتا ہے +

پسائی - ہ - اسم مؤنث - پیسنے کی مزدوری - مزدوآرد

پست - ف - صفت (۱) بلند کا نقیض - نیچا - نشیب (۲) خسیس - بخیل - دون ہمت - کم رتبہ - کمینہ +

پست خیال ف + ع - اسم مذکر - عالی خیال کا نقیض گھٹیل خیالات کا آدمی +

پست فطرت ف + ع - صفت - کم عقل - بیوقوف

پست قد - ف + ع - صفت - کوتہ قد - ٹھنگنا +

پست کرنا - ا - فعل متعدی - ہرانا - مغلوب کرنا + ہمت توڑنا - شکست دینا +

پست ہمت ف + ع - صفت - دون ہمت - کم ہمت - کم حوصلہ - بزدلا +

پست ہونا - ا - فعل لازم (۱) کم ہونا - فسخ ہونا - جیسے ارادہ پست ہونا (۲) ہارنا - مغلوب ہونا (۳) پیچھے رہنا - سبقت نکرنا +

پستان - ف - اسم مؤنث - چھاتی - چوچی +

پُستک - س - اسم مؤنث - کتاب - پوتھی +

پستول - انگلش - Pistol پسٹل - اسم مذکر - تمنچہ - تفنگچہ - بہت چھوٹا سا تمنچہ + تمنچہ

پستہ - ف - اسم مذکر (۱) ایک میوہ کا نام ہے جسکا پوست بادامی اور مغز سبز ہوتا ہیں سبز قد میں کشمش کے برابر ہوتا ہے - فستق (۲) لٹ ہا ایک قسم کا چھوٹا کتا جسے اکثر لیڈیاں گود میں رکھتی ہیں + جیبی کتا +

پستئی - ا - صفت - پستے کے رنگ کا - سبز +

پستی - ف - اسم مؤنث - بلندی کا نقیض - نچائی + نیچ پن - کمینگی - دون ہمتی +

پسر - ہ - اسم مؤنث - راتکو ڈھور چرانا + چوری سے پچھلی رات کو دوسرے کے جنگل یا کھیت میں چرانا

پسر چرانا - ہ - فعل متعدی - راتکو ڈھور چرانا +

پسر - ف - اسم مذکر - بیٹا - لڑکا - صاحبزادہ +

پسر خواندہ - ف - اسم مذکر - متبنّٰی - گود لیا ہوا لڑکا +

پسر زادہ - ف - اسم مذکر پوتا - نبیرہ +

پسرنا - ہ - فعل لازم (۱) پھیلنا - دراز ہونا (۲) لیٹنا - پڑنا مرد کے آگے عورت کا پڑ جانا (۳) اڑنا - ضد کرنا - ہٹ کرنا (بچوں کی نسبت بولتے ہیں)

پسرہٹّا - ہ - اسم مذکر - وہ بازار جہاں پنساریوں کی دوکانیں ہوں +

پسلی - ہ - اسم مؤنث (۱) پہلو - طرف (۲) ہنجر - دو پٹلی ہڈیاں جو ریڑھ سے نکلکر دل اور جگر اور معدہ کے اوپر تک چھائی ہوئی ہیں - پہلو کی ہڈیاں +

پسلی پھڑکنا - ہ - فعل لازم - عو - کسی بات کی خبر ہونا + غیبت میں کسی شخص کا حال معلوم ہو جانا +

جب غیر سے ہوا وہ کہیں رات ہمکنار
یاں درد دل سے اپنی بھی پسلی پھڑک گئی
(میرزا جان طپش)

لاحق حال ہے مہجور کو رنج ایک نہ ایک
پسلی پھڑکی خفقاں کی جو ذرا دل ٹھیرا
(بحر)

پسلی کا آزار - یا - دکھ - یا - عارضہ - ہ - اسم مذکر - عو - مسان کی بیماری جو اکثر بچوں کو ہو جاتی ہے +

پسنا - ہ - فعل لازم (۱) آٹا ہونا - چور چور ہونا (۲) کچلا جانا - مسلا جانا (۳) مصیبت میں آنا - تباہ ہونا - برباد ہونا

جنجال میں پھنسنا +

مرتا نہیں ہوں کچھ میں اُس سخت دل کے ہاتھوں
پستا ہوں آپ اپنے کمبخت دل کے ہاتھوں (درد)

(۴) فریفتہ ہونا - عاشق ہونا - مٹنا (آتش)

پسے دل اُسکی چتون پر ہزاروں
موے بیساختہ پن پر ہزاروں

پَسَنْد - ف - اسم مؤنث - مقبول - پذیرفتہ - اختیار کردہ منظور نظر - من بھاتا - مرغوب خاطر +

پسند کرنا - ہ - فعل متعدی - اپنی رغبت کے موافق چننا - خوشی سے منظور کرنا - اختیار کرنا - چھانٹنا +

پَسَنْدے - ہ - جمع مذکر (۱) گوشت کے کچلے ہوے پارچے (۲) ایک قسم کے کباب +

پَسَنْدِیدَہ - ف - صفت - مقبول - مرغوب - منظور نظر - حسب دلخواہ + دل کے موافق - دلچسپ - فرحت بخش - خوش آیندہ +

پِسَنْہارِی - ہ - اسم مؤنث - آٹا پیسنے والی +

پِسُّو - ہ - اسم مذکر (۱) ایک قسم کا چھوٹا سا پردار جانور جو سُرخ سُرخی مُشا ہے اور اکثر مرطوب مکانوں یا برسات کے دنوں میں پیدا ہوکر آدمی کا خون پیتا ہے اسکی عمر پانچ روز سے زیادہ نہیں ہوتی یہ جانور پھدکتا ہے اور سینے سے نہیں مرتا ہے (۲) اسکو کیک کہتے ہیں +

پِسْوانا - ہ - پیسنے کا متعدی المتعدی +

پِسْوائی - ہ - اسم مؤنث - دیکھو (پسائی) +

پَسِیجْنا - ہ - فعل لازم (۱) پسینا آنا - پسیوا آنا (گرم و سرد ہوا کے ملنے سے جو رطوبت یا نمی پیدا ہوتی ہے اُسے پسیجنا کہتے ہیں) ۲ - ملایم ہونا - موم ہونا - نرمانا - پگھلنا - رحم آنا - ترس کھانا - کسیکی عجز و زاری کے باعث اُسپر تفقد و التفات کرنا - کنجوس کے ہاتھ سے روپیہ نکلنا (اکثر دل کے ساتھ آتا ہے) +

پَسِینا - ہ - اسم مذکر - عرق - خوی - وہ نمی یا رطوبت جو بدن کے مسام سے نکلے +

پسینا آنا - ہ - فعل لازم - عرق آنا - شرم یا غیرت کے باعث پسینوں میں ڈوب جانا (اسیر)

محفل یار میں اغیار کا آنا کیسا
آگیا مجھکو پسینا جو ہوا بھی آئی

پسینا چھوٹنا - ہ - فعل لازم - شرمندگی یا غیرت سے پسینا آنا + غش آنا (مومن)

نہ چھوٹے کیوں تن کا ہیدہ سے پسینا ہای
طرف سے غیر کے جب نذر عطر خس گزرے

پسینا ہرا ہونا - ہ - فعل لازم (پہلوان) پسینا سوکھنا یا خشک ہونا +

پَسِینُوں میں ڈُوبْنا - نہانا - ہ - فعل لازم - نہایت پسینا آنا - پسینوں میں شور بور ہونا +

پسینے پسینے ہونا - ہ - فعل لازم (۱) عرق عرق ہونا - آب آب ہونا - پسینوں میں ڈوبنا (۲) از حد محنت یا گرمی کے باعث پسینوں میں شور بور ہونا (۳) نہایت شرمندہ منفعل اور خجل ہونا +

پَسِیو - ہ - اسم مذکر - ہندو (۱) دیکھو (پسینا) ۲ - وہ رطوبت جو کپنے میں سرپوش کے زیریں رخ پر قطروں کی صورت میں جمع ہوکر ٹپکتی ہے +

پَشَاچ - س - اسم مذکر - لغوی معنی گوشتخوار + دیو - بھوت - پریت - جن - عفریت +

پُشْت - ف - اسم مؤنث (۱) پیٹھ - ظہر (۲) پیچھے + عقب (۳) مدد - سہارا - معاون (۴) پیڑھی - نسل +

پُشت بہ پُشت - ف - تابع فعل - باپ دادا سے پیڑھیوں سے - پرم پرا سے

پُشت پناہ - ف - اسم مؤنث (۱) حمایت کرنے والا حمایتی
مددگار (۲) حمایت - مدد (۳) وسیلہ - ذریعہ (۴) رفیق -
ساتھی - ہمراہی - قوتِ بازو +

پُشت خار - ف - اسم مذکر - لوہے یا ہاتھی دانت کا پنجہ
جس سے پیٹھ کھجایا کرتے ہیں + کھرریا +

پُشت دِکھانا - یا - دینا - ۱ - فعل لازم - بھاگ جانا -
پیٹھ دکھانا - لڑائی سے بھاگ جانا +

پُشتارہ - ف - اسم مذکر (۱) گٹھا - بوجھا - پیٹھ کا بوجھ
(۲) ڈھیر - انبار - انبار +

پُشتک مارنا - ۱ - فعل متعدی - دولتی مارنا -
گھوڑے یا گدھے یا اونٹ کا دونوں پچھلے پانوں
اٹھا کر لات مارنا +

پُشتو - ف - اسم مؤنث - افغانوں کی زبان (اہلِ ہند
بفتح بولتے ہیں) +

پُشتہ - ف - اسم مذکر (۱) ٹیلہ - تودہ - پُشت پناہ - وہ
مٹی کا ڈھیر جو کسی دیوار کی جڑ میں پانی سے بچانے یا
استحکام کے واسطے لگا دیتے ہیں - نیز وہ دیوار جو دریا
کے کنارے بنائی جاتی ہے - بند بمعنی (۲) کتاب کی
پُشت کا چمڑا - وہ چمڑا جسمیں کتاب کے پٹھے جوڑے جاتے ہیں

پُشتہ بندی - ف - اسم مؤنث پُشتہ باندھنا - دیوار
یا دریا کے کنارے کو مضبوط کرنا - بند باندھنا +

پُشتی - ف - اسم مؤنث (۱) تائید - مدد - حمایت - پرچک
ٹیک - سہارا (۲) محافظت (۳) گاؤ تکیہ +

پُشتی کرنا - یا - لینا - ۱ - فعل متعدی حمایت کرنا - حمایت
لینا - ساتھ دینا - پرچک دینا - سہارا دینا +

پُشتیبان - ف - اسم مذکر (۱) سہارا دینے والا - مددگار
رفیق - ساتھی - حاون (۲) وہ لکڑی جو کواڑوں یا
یا تخت کی پُشت پر استحکام کے واسطے لگا دیتے ہیں +

پُشتینی - ۱ - تابع فعل - پُشت بہ پُشت - پیڑھی در پیڑھی
باپ دادا سے - پرم پرا سے +

پُشتینی - ۱ - صفت - موروثی - قدیمی - خاندانی - پیڑھیوں
کا - پوتڑوں کا

پُشٹ - س - صفت (۱) ہندو - مقوی - طاقت بخش
(۲) - اسم مؤنث) پرورش - پالن +

پَشم - ف - اسم مؤنث (۱) اون - بال - رواں (۲) موئے
زہار - جھانٹ (۳) بیکار - نکمی چیز - ناکس و فرومایہ آدمی
بے حقیقت آدمی +

پشم پر مارنا - ۱ - فعل لازم - پروا نکرنا - غرض نرکھنا
خاطر میں - لانا - کچھ چیز نہ سمجھنا +

پشم کندہ نہ ہونا - ۱ - فعل لازم - کچھ نہ ہو سکنا - کام
نہ ہونا - یا داش میں عاجز ہونا +

پشم نہ اکھڑنا - ۱ - فعل لازم - کچھ نہ ہوسکنا +

پشم نہ سمجھنا - ۱ - فعل لازم - کچھ نہ سمجھنا +

پَشمینہ - ف - اسم مذکر - اونی کپڑا جیسے شال وغیرہ

پَشو - س - पशु - اسم مذکر (۱) چوپایہ - چوپہ -
ڈھور - ڈانگر - گھوڑا - گدھا - گائے - بھینس - ہرن - بکری
بھیڑ وغیرہ (۲) احمق آدمی - مودھو +

پشواز - ۱ - اسم مؤنث - گون - سایہ - لہنگے کی وضع
کی پوشاک - باگا - ایک قسم کا جامہ جو آگے سے کھلا رہتا ہے
فارسی میں اسے قبائے پیش باز کہتے ہیں مگر ہندوستان میں عورتوں
یا ہندوؤں کی پوشاک اور علی الخصوص ناچنے کے وقت کی گھیردار
پوشاک کو جو کنچنیاں یا طائفے پہنتے ہیں پشواز کہنے لگے) +

پَشّہ - ف - اسم مذکر (۱) مچھر - ڈانس (۲) بے حقیقت -
حقیر - ناچیز - مثل ذرہ (بعضوں کے نزدیک اسکی عمر ۳ روز کی اور

اور اکثر کے نزدیک چالیس روز کی ہوتی ہے) +

پِشّی - ا - اسم مؤنث - عو ۔ مُتّی - بچہ کا پیشاب چنانچہ پشی کرانا یا کرنا کہتی ہیں +

پشیمان - ف - صفت (۱) نادم - شرمندہ - منفعل + تائب (۲) متاسف - افسوس کرنے والا - پچھتانے والا +

پشیمان ہونا - ل - فعل لازم شرمندہ ہونا + پچھتانا +

پشیمانی - ف - اسم مؤنث - شرمندگی + نہایت افسوس پچھتاوا +

پکّا - ہ - صفت (۱) کچا کے خلاف - پختہ + ہانڈی یا پانی کا پکا یا ہوا (ہندوؤں کے ہاں گھی یا تیل کا تلا ہوا جیسے پکی رسوئی یا پکا کھانا کہتے ہیں) ۲ - کامل - پورا + بالغ (۳) ہوشیار تجربہ کار - کائیاں (۴) مضبوط - پائیدار - مستحکم - دبیز (۵) ابلا ہوا - جوش دیا ہوا پانی اور نہر کے پانی کے خلاف چنانچہ برسات یا ندی کے پانی کو کچا پانی کہتے ہیں (۶) پیپ یا پیا ہوا زخم یا پھوڑا (۷) اینٹ یا چونہ کی عمارت (۸) خالص بے غش جیسے پکا سونا (۹) پورے وزن کا - کامل العیار - پوری قیمت کا جیسے پکا سیر - پکا پیسہ وغیرہ (۱۰) سچا - راسخ القول - صادق الاقرار (۱۱) مصمم - مستقل جیسے پکا ارادہ (۱۲) مسودہ اور رف کے خلاف جیسے پکا کھاتا (۱۳) گھڑا ہوا یا اہار کردہ کاغذ + اسٹامپ - سرکاری کاغذ (۱۵) مستند + ٹھیک - درست - اعتبار کے قابل جیسے پکا بھروسا (۱۶) نڈر - دلیر - شوخ دیدہ +

پکا پان - ہ - صفت - عمر رسیدہ - پختہ - جہاندیدہ

پکا پکایا - ہ - صفت - تیار شدہ - بنا بنایا - لیس - ٹھیک - درست +

پکا پھوڑا - ہ - صفت - پُر درد + غم آلودہ

پکا پیسا - ہ - عو - بڑا ہوشیار مرد - نہایت تجربہ کار دانا و زیرک +

پکا چٹھا - ہ - اسم مذکر - سالانہ - یا سہ سالہ حساب کی فرد

پکا کرنا - ہ - فعل متعدی (۱) مستقل کرنا - آمادہ کرنا (۲) مضبوط کرنا - پختہ کرنا - بل دیکر مضبوط کرنا - اینٹھنا جیسے سوت پکا کرنا (۳) گھوٹنا - ذہن نشین کرنا جیسے سبق پکا کرنا +

پکا ہونا - ہ - فعل لازم - معاملہ پختہ ہونا - پخت و پز ہونا

پُکار - ہ - اسم مؤنث (۱) ہانک - آواز (۲) غل - شور - ہلڑ (۳) فریاد - دُہائی +

پکیا تھے جو جوان اجل اُن سے دو چار تھی
(انیس) گرتی تھیں بجلیاں یہی ہر سو پکار تھی

(۴) بلاؤ - طلب - (جرأت)

کیا ابر ہے چمن ہے ہوا ہے بہار ہے
ساقی پہنچ شتاب کہ تیری پکار ہے

(۵) خواہش - حاجت - تلاش - جستجو - چاؤ - مانگ جیسے پانی کی پکار (۶) نالش - استغاثہ - فریاد +

پکار دینا - ہ - فعل متعدی (۱) بلا دینا - ہانک دینا (۲) آواز لگا دینا - جتا دینا - آگاہ کر دینا +

پشتہ سے سیکھے شیوہ مردانگی کوئی
(ذوق) جب قصد خوں کو آئے تو پہلے پکار دے

پکار کے - ہ - تابع فعل - علانیہ - کھلم کھلا +

پکارنا - ہ - فعل متعدی (۱) بلانا - ہانک دینا (۲) چلانا - غل مچانا (۳) خبر کرنا - آواز لگانا (۴) رٹنا - یاد کرنا - نام جپنا (۵) بھیک کی آواز لگانا - صدا کرنا (۶) بیچنے کی آواز لگانا (۷) فریاد کرنا - نالشی ہونا +

پکانا - ہ - فعل متعدی (۱) پختہ کرنا + کھانا - تیار کرنا -

رانڈھنا (۲) مواد کو قابلِ اخراج کرنا (۳) پھل کو پال وغیرہ
کے ذریعہ سے پختہ کرنا (۴) مقدار پوری کرنا۔ پورا کرنا۔
(اس معنی میں بقال زیادہ بولتے ہیں جیسے اسکو چار روپیہ کا گُڑ
پکا دو یعنی پورا کردو) +

پکاؤ۔ ہ۔ اسمِ مذکر۔ پختگی۔ تیاری۔ مواد کا پکنا +

پکائی۔ ہ۔ اسمِ مؤنث (عوام) پکوائی۔ پختن کی اُجرت

پکڑ۔ ہ۔ اسمِ مؤنث (۱) گرفت + قبضہ (۲) بیگار میں
بلانا۔ طلبی۔ بلاؤ (۳) کُشتی۔ اُڑنت (۴) حصول۔
یافت۔ منفعت۔ پرایت +

پکڑانا۔ ہ۔ فعلِ متعدی (۱) دست بدست دینا۔ حوالہ کرنا
ہاتھ میں دینا (۲۔ پورب) پکڑوانا۔ گرفتار کرانا +

پکڑ بلانا۔ ہ۔ فعلِ متعدی۔ گرفتار کروا منگوانا۔ زبردستی
بلوالینا +

پکڑ دھکڑ۔ ہ۔ اسمِ مؤنث۔ مجرمونکی گرفتاری +

پکڑ لانا۔ ہ۔ فعلِ متعدی (۱) گرفتار کر لانا (۲) نکال لانا
باہر لے آنا (۳۔ پہلوان) حریف کے پیچھے جا لگنا
حریف کو داؤں پر لے آنا۔ قابو میں لے آنا +

پکڑنا۔ ہ۔ فعلِ متعدی (۱) گہنا۔ ہاتھ میں لینا۔ مٹھی میں
لینا + تھامنا۔ لینا (۲) گرفتار کرنا۔ قید کرنا + پھنسانا
(۳) سائی لینا۔ بیعانہ لینا (۴) گرفت کرنا۔ اعتراض
کرنا۔ ٹوکنا (۵) روکنا۔ ٹھیرانا جیسے کہتے کی زبان نہیں
پکڑی جاتی (۶) پورا کرنا۔ انجام پر پہنچانا جیسے رات
پکڑنا (۷) برابر آنا۔ پہنچنا جیسے سبق میں پکڑنا۔ دوڑ میں
پکڑنا (۸) دبانا۔ بھینچنا جیسے گلا پکڑنا (۹) ہونا۔
لگنا جیسے عرصہ پکڑنا (۱۰) داؤں پہ بھرنا۔ قابو پر چڑھانا
(کُشتی گیر) (۱۱) نکالنا۔ کھوج لگانا جیسے چوری پکڑنا
(۱۲) حاصل کرنا۔ اختیار کرنا جیسے رنگ پکڑنا (۱۳)
غلبہ کرنا۔ گھیرنا جیسے گٹھیا نے پکڑ لیا (۱۴) جمنا۔ پیوست
ہونا (۱۵) سہارا دینا +

پکڑوانا۔ ہ۔ فعلِ متعدی (۱) گرفتار کرانا۔ پھنسوانا + قید
کرانا (۲) سہارا دینا۔ ہاتھ لگانا +

پکش۔ س۔ اسمِ مذکر (۱) پنکھ۔ بازو۔ پر (۲) پاکھ۔ نصف
حصہ۔ آدھا مہینا۔ پندرہ دن کا زمانہ (۳) طاقت۔ بل
(۴) طرف۔ اور۔ جانب (۵) تیر کا پر +

پکشی۔ س۔ اسمِ مذکر۔ پرند۔ پنچھی +

پکنا۔ ہ۔ فعلِ لازم (۱) پختہ ہونا۔ تیار ہونا (۲) رندھنا۔ کھانا بننا +
تیا (۳) بالغ ہونا۔ بلوغت کو پہنچنا (۴) گدرانا۔ پھل
کا پختہ ہونا (۵) پیپ پڑنا۔ راد پڑنا۔ زخم کے مواد کا
قابلِ اخراج ہونا (۶) بال سفید ہونا۔ سر سفید ہونا (۷)
مٹی کے برتنوں کا آوے میں چڑھ کر تیار ہونا (۸) چوپڑ
زدوں کا سب گھروں کو طے کرکے اپنے گھر میں آنا (۹)
قیمت ٹھیرنا۔ معاملہ بننا۔ چکنا۔ پختن دیر ہونا +

پکوان۔ ہ۔ اسمِ مذکر۔ تلی ہوئی چیز۔ پوری کچوری مٹھائی وغیرہ

پکوانا۔ ہ۔ فعلِ متعدی۔ رندھوانا۔ تیار کرانا۔ کھانا بنوانا
رسوئی تیار کرانا +

پکوائی۔ ہ۔ اسمِ مؤنث۔ پکانے کی اُجرت +

پکوڑا۔ ہ۔ اسمِ مذکر (۱) بڑی پھلکی۔ بڑی پکوڑی۔ گلگلہ
کی مانند پھولا ہوا پکوان۔ جو چیز گول اور پھولی ہوئی
ہو اُسے بھی اس سے تشبیہ دیتے ہیں جیسے پکوڑا سی
ناک۔ کیا پکوڑا سا سر ہے +

پکوڑی۔ ہ۔ اسمِ مؤنث۔ پھلکی۔ بیسن یا پیٹھی کی وہ
نمکین چیز جو تلنے سے پھول جاتی ہے +

پکھ۔ ہ۔ اسمِ مذکر۔ دیکھو (پکش) +

پکھال۔ ہ۔ اسمِ مذکر۔ وہ کھال کی تھیلی جسمیں پانی بھر کر

ہیں یا خچر وغیرہ پر لادا کرتے ہیں - مشکِ کلاں (۲) تشبیہاً بڑا پیٹ - وُہ پیٹ جسمیں بہت سی خوراک سما جاے

پکھال پیٹیا - ہ - اسم مذکر - دراز شکم - بڑ پیٹو - کھاؤ - اکال

پکھاوج - ہ - اسم مؤنث - ایک قسم کی ڈھولک - مندل

پکھاوجی - ہ - اسم مذکر - مردنگ نواز - پکھاوج بجانے والا

پکھراج - ہ - اسم مذکر - زبرجد - ایک قسم کا خوشرنگ بیش قیمت جواہر جسکا رنگ عموماً زرد اور نہایت روشن ہوتا ہے (یہ جواہر نیلا اور سبز مایل بہ سفیدی بھی ہوتا ہے)

پکھروٹا - ہ - اسم مذکر - چاندی یا سونے کا ورق جو پان کے بیڑے پر لپیٹ دیتے ہیں نیز وہ گلوری جسپر یہ ورق لگایا جاے +

پکھوا - ہ - اسم مذکر - عو - پہلو - بغل - کنار - آغوش - بر جیسے اس کے پکھوے سے لگی بیٹھی ہے +

پکھیرو - ہ - اسم مذکر (۱) پرندہ - پنچھی - طائر (۲) تمثیلاً آدمی چونکہ ہر ایک جگہ جا سکتا ہے +

پکی - ہ - صفت مؤنث - پختہ + پوری - بالغہ - مضبوط + تجربہ کار + کایستوں میں پوری کچوری مٹھائی وغیرہ کی ضیافت

پکی پیسی - ہ - صفت - عو - پختہ کار عورت - تجربہ کار عورت - بڑی ہوشیار عورت +

پکی کرنا - ہ - فعل متعدی - پختہ و پڑ کرنا - کسی بات کے وعدہ یا قرارداد کا استحکام کرنا +

پگ - ہ - اسم مذکر (گیتوں میں) پاؤں - پیر - قدم +

پگّا - ہ - اسم مذکر - وُہ رسّی جو بیل کے گلے یا پاؤں میں ڈالی جاتی ہے + باگڈور + پچھاڑی جیسے لگے ناتھ نہ پیچھے پگّا سب سے بھلا کمہار کا گدھا + (کہاوت)

پگانا - ہ - فعل متعدی - کوڑی زغند کے آڑیوں کو مترکا کوڑی چھپا کر دینا +

پگاہ - ف - اسم مؤنث - لغوی معنی بروقت کیونکہ اصل میں بگاہ تھا - اصطلاحی صبح - سحر - بھور - فجر - تڑکا +

پگڈنڈی - ہ - اسم مذکر - اسم مؤنث - بٹیا - لیک وہ رستہ جو کھیتوں یا پہاڑوں کے بیچ میں آدمی کے چلنے کے قابل ہوتا ہے - پیدل کا رستہ - پیدل چلنے کا رستہ

پگڑی - ہ - اسم مؤنث (۱) دستار - عمامہ - سر سے باندھنے کا دوپٹہ یا وُہ کم عرض کپڑا جو دس گیارہ گز لمبا سر سے باندھا جاتا ہے (۲) عزت - آبرو جیسے پگڑی رکھ لی (۳) نفر متنفس - آدمی جیسے پگڑی پیچھے دو دو لڈو دو

پگڑی اُتارنا - ہ - فعل متعدی (۱) عزت اُتارنا - آبرو ریزی کرنا (۲) لوٹنا - ٹھگنا - قیمت میں زیادہ لینا - گاہک کو مونڈنا + دغا سے مال و اسباب لینا +

پگڑی اُترنا - ہ - فعل لازم - آبرو ریزی ہونا - عزت جانا

پگڑی اٹکنا - ہ - فعل لازم - (پورب) ہمسری ہونا - مقابلہ ہونا - چنانچہ کسی شاعر کا شعر ہے

گدائی ہمسری کرتی ہے اپنی بادشاہی سے
یہاں کجکول کی اٹکی ہے پگڑی کج کلاہی سے

پگڑی اُچھالنا - ہ - فعل متعدی - عزت اُتارنا - ذلت دینا - ذلیل کرنا +

پگڑی اُچھلنا - ہ - فعل لازم - بگڑی ہونا - ذلت ہونا - ذلت و رسوائی ہونا جیسے (آتش)

شیخی و شیخت نہیں مینخانہ میں چلتی
یہاں گرنا پگڑی اُچھلتی ہے خرابات مغاں

پگڑی باندھنا - ہ - فعل لازم (۱) دستار باندھنا - دستار لپیٹنا (۲) دستار بند ہیدا کرنا (۳) کسیکا قایم مقام ہونا - خلیفہ ہونا (۴) متعدی - کسیکا قایم مقام بنانا گدی پر بٹھانا +

پگڑی بدلنا - ہ - فعل متعدی - بھائی چارا کرنا - بھائی بنانا ٹوپی بدل بھائی بنانا - یارانہ کرنا ؎

عشق بتاں میں دیکھا یہ لطف سب سے بڑا
بدلی گئی ہے پگڑی شیخ اور برہمن میں

پگڑی بندھنا - ہ - فعل لازم (۱) کسیکا قائم مقام ہونا - سرداری یا وراثت کا مستحق ہونا - حاکم یا پنچوں کی طرف سے کسی استحقاق یا وراثت کا وارث گردانا جانا (۲) عزت ملنا - خلعت ملنا (۳) استاد تسلیم کیا جانا (مسلمانوں میں فاتحہ سوم کے روز اور اہل ہند میں اکثر مردے کی تیرھویں کو وراثت کی پگڑی بندھوائی جاتی ہے) +

پگڑی رکھنا - ہ - فعل لازم (۱) سر پر عمامہ باندھنا - سر پر دستار پیٹنا (۲) عزت بچانا - آبرو کو محفوظ رکھنا (۳) دستار گرو رکھنا (۴) عجز کرنا - ہاہا کھانا - منت کرنا - اس معنی میں آگے یا پاؤں کے ساتھ آتا ہے جیسے اسکے آگے پگڑی رکھدی یا اسکے پیروں پر) +

پگڑی والا - ہ - اسم مذکر - عو - طبیب - حکیم - ڈاکٹر - بید + (چونکہ عورتیں صبحکو یا رات کے وقت حکیم کا نام لینا منحوس خیال کرتی ہیں اسوجہ سے ان وقتوں میں پگڑی والا یا چیرے والا کہتی ہیں) +

پگلا - ہ - صفت (۱) پاگل کی تصغیر - باؤلا - سڑی (۲) احمق - نادان - ماخولیا + خبط +

پگلانا - ہ - فعل متعدی (۱) تپانا - دھات گلانا گرمائی سے پتلا کرنا - فارسی میں گداختن - پورب میں پگلانا (۲) رقیق کرنا - ملایم کرنا - نرمانا (۳) راضی کرنا - رحم دلانا +

پگلنا - ہ - فعل لازم (۱) تپنا - پگلنا - گلنا - دھات وغیرہ کا گرمائی سے پتلا ہو جانا (۲) رقیق ہونا - ملایم ہونا - نرمانا (۳) پسیجنا - رحم آنا - دینے پر راضی ہونا - فیاضی پر آمادہ ہونا +

پگنا - ہ - فعل لازم - فلانا جانا - قوام میں لپیٹا جانا +

پگیا - ہ - اسم مونث - پگڑی کی تصغیر (گیتوں میں آتا ہے)

پل - ف - اسم مذکر (۱) جسر - سیت - قنطرہ - وہ دریا کا راستہ جو کشتیوں یا طاقچوں کے وسیلہ سے بنایا جائے (۲) طاقچہ جسکے اوپر یا نیچے سے رستہ ہو (۳) اردو میں افراط اور کثرت کے مبالغہ پر بھی بولتے ہیں (۴) پشتہ - بند - روک + تودہ انبار

پل باندھنا - ا - فعل متعدی (۱) دریا کا رستہ بنانا - ندی نالے کے اوپر کچھ پاٹ کر یا عمارت کھڑی کرکے راستہ نکالنا + پاڑ باندھنا (۲) ڈھیر لگانا - تودہ لگانا - جھڑی لگانا - متواتر کوئی کام کرنا - افراط میں مبالغہ کرنا جیسے باتوں کا پل باندھ دیا +

پل بندھنا - ا - فعل لازم - اٹم لگنا - انبار لگنا - تودہ تودہ ہونا + (جرأت)

دل و جان و جگر پہ بے تامل
غم و درد و الم کا بندھ گیا پل

پل بندی - ا - اسم مونث (۱) پل باندھنا + پاڑ بندی (۲) پل کی مرمت (۳) پل کا محصول +

پل ٹوٹنا - ا - فعل لازم (۱) پل کا گر جانا یا بہ جانا - یا بگڑ جانا (۲) افراط ہونا - کثرت ہونا - بہتات ہونا - اٹم ہونا جیسے آدمیوں کا تو پل ٹوٹ گیا +

پل - ہ - اسم مونث (۱) مژہ - پلک (اصل میں پلک کا مخفف ہے) ۲ - پلک جھپکانے کا عرصہ - دقیقہ - ثانیہ - منٹ کا ساٹھواں حصہ + آن - لمحہ - لحظہ - دم +

پل بھر میں - ہ - تابع فعل - آن میں - لمحہ میں - تھوڑی سی دیر میں - ذراسی دیر میں - بہت کم وقت میں - فوراً - ترت (معروف)

ساتھ برسا تھا مرے ابر مژہ کے ایکبار
جھڑ گئی پل بھر میں شیخی ابر دریا بار کی

پل کی پل، پل مارتے، پل مارنے میں ہ آناً فاناً - فوراً - زمانۂ اقل میں - طرفۃ العین میں - بہت جلد - سُرعت - آنکھ جھپکانے میں (متعلق فعل)

پلّا - ہ - اسم مذکر (۱) آنچل - چھور - دامن (۲) فاصلہ - ثبات - دُوری - مسافت - تفاوت - فرق جیسے پلا ہے

تھا تیر میں رستم کے بڑی دُور کا پلّا
پر تھا نہ ترے ناوکِ مژگاں کے برابر (مہاراج)

(۳) مدد - کمک - حمایت - طرفداری - برتا جیسے حاکم اُسکے پلے پر ہے (۴) بارِ سر - سر کا بوجھ - تھیلا یا نیان گون جسمیں مزدور لوگ غلہ یا آٹا وغیرہ بھر کر سر پر لیجاتے ہیں چنانچہ پلے دار اسیوجہ سے کہتے ہیں (۵) ترازو یا قینچی یا ٹوپی کا پلڑا لیکن اس معنی میں فارسی پلہ ہے - (۶) پٹ - ایک کواڑ (۷) لپ - کولی (۸) تحویل - سپردگی جیسے پلے پڑنا +

پلا بھاری ہونا - ہ - فعل لازم (۱) مسافت بعید ہونا نہایت بُعد و فاصلہ ہونا - نامۂ اعمال کا نہایت گراں اور سنگین ہونا - از حد گنہگار ہونا (۲) قوی مدد ہونا گہری حمایت ہونا - بڑی مدد پر ہونا (۴) بوجھل ہونا گراں ہونا (۵) زیادہ کنبہ ہونا - بہت سا کُنبہ ہونا - گرانبار کرِ اولاد ہونا (۶) دُنیوی تعلقات میں گھر جانا

پلا چھڑانا - ہ - فعل لازم - دامن چھڑانا + پیچھا چھڑانا + چھٹکارا پانا - مخلصی پانا +

پلا لینا - ہ - فعل لازم - ہندو عو - ماتم کرنا - پُرسا دینا - میت پر رونا - مُنہ ڈھانکنا +

پِلّا - ہ - اسم مذکر (۱) کُتے کا بچہ - بچۂ سگ (۲) حقارتاً بچہ جیسے چھٹی نہ چلا حرام کا پلا +

پَلا - ہ - اسم مذکر - تیل نکالنے کی بڑی پلی - وہ آلہ جس سے تیل بھر کر نکالا کرتے ہیں +

پلاسنا - ہ - فعل متعدی (۱) جوتا تیار ہو جانے کے بعد اُسکی کتر چھانٹ کر کے درست کرنا - جوتا درست اور صاف کرنا - جوتا تراشنا +

پلانا - ہ - فعل متعدی (۱) نوش کرانا - پانی دینا - دودھ چسانا - شراب یا بھنگ نوش کرانا (۲) اُتارنا - داخل کرنا - جسم کے اندر پہنچانا - مارنا جیسے تیر یا بندوق یا گولی پلانا - بیچ برتن میں سیسا یا رانگ وغیرہ دوڑانا (۳) - لازم دوغن جذب کرنا - گھی کھپانا (۴) کان بھرنا - بُرائی ذہن نشین کرنا - بھرنا - ذہن نشین کرنا +

پُلاؤ - ف - اسم مذکر - صحیح (پلاو) ایک قسم کا کھانا جو گوشت اور چاول ملا کر پکاتے ہیں جیسے یخنی پلاؤ - قورمہ پلاؤ وغیرہ +

پلائی - ہ - اسم مؤنث (۱) وہ لڑکی جسے دودھ پلایا (۲) وہ دختر جسکی اتا گیری کی ہو (۳) دودھ پلانے والی انّا - انگہ - دھائے +

پل پڑنا - ہ - فعل لازم - ایکدفعہ ہی چڑھ جانا - دھاوا کرنے چلنے پر مستعد ہو جانا + ٹکر زور لگانا + حربہ کرنا حملہ کرنا - حملہ آور ہونا + جھک پڑنا - متوجہ ہو جانا

پلپلا - ہ - صفت - مُلائم - نرم - بُلبلا - پلا ہوا - گھلا ہوا +

پُلپُلا - ہ - صفت - کھوکھلا - مُجوف - اندر سے خالی +

پلپلانا - ہ - فعل متعدی - گھلانا - ملایم کرنا جیسے آم

پلپلانا - ہ - فعل متعدی (۲) منہ میں پوپلوں کی طرح گھلانا - منہ میں چوسنا - منہ میں گھلا کر بغیر چبانے کے قابل بنانا - بن چبائے کھانا +

پلپلاہٹ - ہ - اسم مؤنث - ملائمت - پچپچاہٹ - نرمی

پلپلی ٹھینکری - ہ - اسم مؤنث - عو - اندام نہانی - فرج - پدّوا - بدن - شرمگاہ زناں +

پلٹا - ہ - اسم مذکر (۱) بدلہ - معاوضہ + انعام (۲) بڑی کھرچنی جس سے ہندو لوگ پوری وغیرہ توے پر پلٹتے ہیں (۳) گردش - انقلاب (۴ - بحالت ماضی) لوٹا - پھرا - مراد / مراجعت کی +

پلٹا کھانا یا پلٹی کھانا - ہ - فعل لازم - الٹ جانا - برگشتہ ہو جانا - ایک حالت سے دوسری حالت یا ایک پہلو سے دوسرے پہلو کو پلٹنا - پھر جانا - نوٹ - سر نیچے پاؤں اوپر ہو جانا - (ظفر)

ست ... دیکھ کے تدبیر کو پلٹی کھاتے
دیر لگتی نہیں تقدیر کو پلٹی کھاتے +

پلٹس - انگلش [illegible] Poultice اسم مذکر - لیپ - ضماد - لپڑی [illegible] وغیرہ پکا کر مواد پکانے کے واسطے [illegible] اسے پلٹس کہتے ہیں +

پلٹن - فرنچ [illegible] Peloton - پٹلن - اسم مؤنث - [illegible] آٹھ سو آدمیوں کا گروہ جو لفٹنٹ کرنیل کے ماتحت ہو - پیادہ فوج کا دستہ +

(آتش)
[illegible] رہتی ہیں صف مژگاں پلٹنیں
رخسار یار ہے کہ جزیرہ فرنگ کا

پلٹنا - ہ - فعل لازم (۱) الٹنا + لوٹنا - پھرنا + انکار کرنا (۲ متعدی) دیکھو - الٹنا نمبر ۱ - ۳ - ۶ - ۷ - ۱۴ - ۱۵ - ۱۹) +

پلچنا - ہ - فعل لازم (ہندی) گتھنا - لپٹنا - سر ہونا - چمٹنا +

پلڑا - ہ - اسم مذکر (۱) پلہ ترازو - کفہ (۲) دو پلڑی ٹوپی کا ایک حصہ +

پلسٹر - انگلش [illegible] Plaster اسم مذکر (۱) کہگل - گچکاری - پختہ (۲) لیپ + ضماد + مرہم +

پلستر بگاڑنا - فعل متعدی (لشکری) ہیئت بگاڑنا - بدہیئت کرنا - پلیتھن نکالنا - (لکھنؤ) پلستر بگاڑنا +

پلک - ہ - اسم مؤنث (۱) پل - مژہ - پپنی - آنکھ کے بال (۲) دم - آن - لحظہ + لمحہ + دقیقہ - ثانیہ + ذرا +

(رنگین)
مجھ سے وہ کہتے ہیں دامن کو جھٹک سونے دے
بے ادب چھوڑ دے بس ایک پلک سونے دے

پلک پیٹا - ہ - صفت - وہ مریض جو بار بار آنکھ جھپکائے روشنی کی تاب نہ لانے والا - سبل کی بیماری والا - شبیرہ چشم - چندھا +

پلک جھپکنا - ہ - فعل لازم (۱) مژہ کا جنبش کرنا (۲) ایک پل مارنے کا زمانہ ہونا - نہایت قلیل زمانہ ہونا (۳) ذرا آنکھ لگنا - ذرا نیند آنا +

پلک دریا - ہ - صفت - نہایت سخی - بڑا داتا - کریم - خراج

پلک لگنا - ہ - فعل لازم - ذرا نیند آنا - کچھ آنکھ لگنا - جھپکی لینا +

پلک مارنا - ہ - فعل متعدی - آنکھ سے اشارہ کرنا +

پلک نواز - ہ - صفت - دم میں نہال کر دینے والا (خدا تعالی کی صفت ہے) ذرا سی بات پر بخش دینے والا - (ارحم الراحمین) +

پلک نہ پسیجنا - ہ - فعل لازم - آنسو نہ آنا + رحم نہ آنا - سنگدل ہونا - کٹھور ہونا + (انشا)

تو چشم گریہ اس سے لے دو دو آہ مت رکھ
کیا دخل ہے کہیں جو اسکی پلک پسیجے

(یہ پرانا محاورہ ہے)

پلک نہ لگنا - ہ - فعل لازم - نیند نہ آنا - آنکھ نہ بند ہو - اضطرابی یا بیقراری کے باعث آنکھ نہ جھپکنا (۲) انتظار میں جاگنا - ٹکٹکی باندھے رہنا +

پلکا - ہ - صفت - ابلق کبوتر - اسمیں خواہ سیاہ و سفید خواہ سبز و سفید خواہ سرخ و سفید خواہ زرد و سفید ہو +

پلکوں سے زمین جھاڑنا - ہ - فعل متعدی - نہایت تابعداری کرنا - کمال حسنِ عقیدت جتانا (گلزارِ نسیم)

ہیچشموں نے چتون اُسکی تاڑی
پلکوں سے زمین بن کی جھاڑی

پلکوں سے نمک چُننا - ہ - فعل متعدی - ہاتھوں کا کام پلکوں سے کرنا +

(چونکہ اہلِ ہند نمک کی نہایت تعظیم کرتے ہیں اس وجہ سے اگر کسیکے ہاتھ سے نمک گر پڑتا ہے تو کہتے ہیں کہ قیامت کے دن یہ نمک پلکوں سے اُٹھانا پڑیگا - مسلمان عورتوں میں بھی یہ وہم پہلے بہت پھیلا ہوا تھا) +

پلنا - ہ - اسم مذکر - پالنا کا مخفف - پنگوڑا - گہوارہ +

پلنا - ہ - فعل لازم (۱) پرورش پانا (۲) گرمی پاکر [illegible] موٹا پھیلا ہوجانا +

پِلنا - ہ - فعل لازم (۱) کچلا جانا - پسنا - تیل نکلنا (۲) ہمہ تن مصروف ہونا - نہایت متوجہ ہونا - کسی کام کے سر ہوجانا یا لپٹنا (۳ متعدی) نہایت محنت مشقت اور کوشش کرنا (۴ متعدی) زور [illegible] سے حملہ کرنا کسی پر چڑھ جانا - حملہ آور ہونا - پلچنا +

پُلندہ - ہ - اسم مذکر - مٹھا - گڈی - بنڈل - پیکٹ - گٹھڑی - پمفلٹ +

پلنگ - ہ - اسم مذکر - ناچا - بڑی چارپائی - بڑے بڑے پایوں کی اونچی چارپائی جو نواڑ یا بان سے بُنی جاتی ہے (یہ لفظ اصل میں سنسکرت [illegible] پلینگ سے ماخوذ ہے مگر اہلِ فارس نے بھی ہندوستانیوں کا تتبع کرکے اپنے ہاں اختیار میں باندھا ہے چنانچہ فردوسی - سلیم - اشرف وغیرہ کے ہاں موجود ہے

پلنگ پوش - ہ - اسم مذکر - بالاپوش - وُہ بڑا کپڑا جو پلنگ پر بستر کی حفاظت کے واسطے ڈالتے ہیں یہ کپڑا اکثر چھپا ہوا ہوتا ہے) +

پلنگ توڑ - ہ - اسم مذکر - وُہ شخص جو گھر میں [illegible] خالی چارپائی پر بیٹھا کھائے - کاہل سست - نکما +

پلنگ کو لات مار کر کھڑا ہونا - ہ - فعل لازم عو (۱) جننکر فارغ ہونا - بچہ جنکر صحیح سلامت کھڑا ہونا (۲) بیماری سے اُٹھنا - دُکھ سے نجات پانا +

پلنگڑی - ہ - اسم مذکر - پلنگ کی تصغیر - چھوٹا پلنگ - کھٹیا - نازک چارپائی +

پلو - ہ - اسم مذکر (۱) کنارہ - آنچل - دامن - [illegible] چوڑی گوٹ - چوڑا ٹھپا +

پلوانا - ہ - پالنے کا متعدی المتعدی - پرورش کرانا +

پلوانا - ہ - پیلنے اور پلانے کا متعدی المتعدی (۱) [illegible] نکلوانا - کولھو کے ذریعہ سے تیل نکلوانا (۲) [illegible] شراب وغیرہ نوش کرانا +

پلوٹھا (یا پہلوٹھا) - ہ - صفت - [illegible] کا - وُہ لڑکا جو پہلے حمل سے پیدا ہوا ہو [illegible] +

پلول - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کی ترکاری [illegible] جو توری سے چھوٹی ہوتی ہے اسکو پروال اور [illegible] بھی کہتے ہیں پورب میں اسکا رواج ہے +

پلول - انگلش - صحیح Poll [illegible] - اسم مونث - زبانی بات چیت - تقریری جواب - [illegible] الفاظ یا باتیں جو اپنے ہاں کے [illegible] بتائی جاتی ہیں تاکہ اس سے معلوم ہوجائے کہ یہ [illegible] کا آدمی ہے چنانچہ جب کوئی افسر گشت کرتا ہوا آتا ہے تو [illegible] سے سوال کرتا ہے کہ بھلا آج کیا پول بولی گئی جس سے [illegible] کا آدمی دھوکا نہیں دے سکتا اور اپنی فوج کا آدمی کیمپ سے باہر رہ گیا ہے [illegible] وقت آئے تو اس سے بھی امتحاناً دریافت کرلیتے ہیں کہ آج کیا پول بولی گئی تھی +

پلول ملانا - ہ - فعل متعدی (لشکری) ہمراز بنانا - گانٹھنا - سازش کرنا +

پلول ملنا - ہ - فعل لازم (لشکری) سازش ہونا - موافقت ہونا - ہمراز ہونا - باہم مشورہ ہونا - گٹھنا +

پلہ - ف - اسم مذکر (۱) ترازو کا پلڑا (۲) سیڑھی - پیڑھی (۳) درجہ - مرتبہ جیسے ہم پلہ +

پلہنڈا - پلہنڈی - ہ - اول مذکر دوم مونث (ہندو) گھڑونچی - تپائی - تکان - چوکی جس پر پانی کے برتن رکھے جائیں + آبدار خانہ - پانی رکھنے کی جگہ +

پلہی - ہ - اسم مونث (پورب) تلی - طحال - تاپ تلی +

پلی - ہ - اسم مونث تیل یا گھی وغیرہ نکالنے کا آلہ - چمچہ

پلی پلی جوڑنا - ہ - فعل متعدی - تھوڑا تھوڑا جمع کرنا جیسے ... پلی پلی رشید خان اڑھاسے کپڑا شل

پلی - ہ - اسم مونث - پل کی تصغیر - چھوٹا سا پل +

پلے باندھنا - ہ - فعل لازم (۱) آنچل میں باندھنا - گرہ میں باندھنا - گرہ میں رکھنا - دامن میں لینا (۲) سنبھالنا - مشغول ہونا - اپنے سر لینا - اپنے ذمہ لینا (۳) نکاح میں دینا + نکاح کرنا - عقد میں لانا (۵) یاد رکھنا - حرز جاں بنانا (۶) فرض ... سر ڈالنا +

پلے بندھنا - ہ - فعل لازم (۱) عقد میں آنا (۲) ذمہ پڑنا - سر پڑنا +

پلے پڑنا - ہ - فعل لازم (۱) حصہ میں آنا - حاصل ہونا - ہاتھ لگنا (۲) بس میں پڑنا - قابو میں آنا (۳) پالے پڑنا - عقد میں جانا - بیاہا جانا +

پلیت - ہ - صفت (صحیح - ف - پلید) ۱- گندہ - ناپاک - نجس (۲) کنجوس - کنگ (۳) جن - بھوت - پریت + (اس معنی میں پریت سے لیا گیا ہے)

پلیتہ - ف - اسم مذکر (۱) بتی - فتیلہ - موٹی بتی + بٹا ہوا کاغذ یا کپڑا (۲) وہ تعویذ جو دھونی دینے کے واسطے سیانے لوگ بتی بنا کر دیتے ہیں (۳) ایک خاص قسم کے کپڑے کی بتی جو بیچوں پر جلاتے ہیں (یہ لفظ پراکرت पालित्तम پلیتم سے بہت ملتا ہوا ہے)

پلیتہ چاٹ جانا - ہ - فعل لازم - کڑھائی کا روغن زیادہ آنچ لگنے کے باعث بھڑک اٹھنا +

پلیتہ دینا - ہ - فعل متعدی (۱) توپ کو بتی دکھانا (۲) آگ لگانا - جلانا + بھٹی میں بتی جلا کر رکھنا - آگ سلگانا +

پلیتھن - ہ - اسم مذکر (ہندو) ۱- خشکی - وہ سوکھا آٹا جو روٹی کے پیڑے میں لگانے کے واسطے پکاتے وقت آگے رکھتے ہیں تاکہ گیلا آٹا ہاتھ کو نہ چپکے (۲) وہ پھوک جو آٹے کا دودھ نکالنے کے بعد باقی رہے +

پلیتھن پکانا - ہ - فعل متعدی (برا محاورہ ہے) پتلا حال کرنا - دھول جھاڑنا - گرد جھاڑنا - کسی کی تخریب کے درپے ہونا

ٹکے مسرف کے گھر لگاؤنگا
اور پلیتھن ترا پکاؤں گا + (سودا)

پلیتھن نکالنا - ہ - فعل متعدی - مارتے مارتے بیدم کر دینا - تباہ حال کر دینا - پتلا حال کرنا - تخریب کے درپے ہونا - اجاڑ نکالنا - کچومر نکالنا - بھرکس نکالنا - گرد جھاڑنا - ٹھیک بنانا - لات مکے سے خبر لینا - گندی کرنا - دھنگی کرنا

پلیتھن نکلنا - ہ - فعل لازم - تباہ حال ہونا - نقصان شدید ہونا (میر تقی)

یاں پلیتھن نکل گیا واں غیر
اپنے ٹکے لگائے جاتے ہیں

پلید - ف - صفت (۱) نجس - ناپاک - غلیظ - گندہ - (۲) اسم مذکر) بھوت - پریت (صرف اردو میں)

پلےدار - ا - اسم مذکر - حمّال - وہ شخص جو آٹا اور غلہ وغیرہ پلے میں بھر کر سر پر لے جائے - مزدور قلی +

پلے سے باندھنا - ہ - فعل متعدی (۱) دامن سے باندھنا (۲) کسی سے نکاح پڑھا دینا - بیاہ دینا +

پلے ہونا - ہ - فعل لازم - گرہ میں ہونا - گانٹھ میں ہونا - نقدی کا پاس ہونا +

پمّن گیہوں - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کا بڑا اور کٹھیا گیہوں جو نہایت لوچ کا اور مضبوط ہوتا ہے +

پن - انگلش - ہ اسم مؤنث - گھنڈی دار سوئی

پُن - س - اسم مذکر (۱) نیک کام - عمدہ کام (۲) خیرات نام اللہ - تصدق (۳) توجہ - عنایت - مہربانی + وقف

پُن کرنا - ہ - فعل متعدی (۱) خیرات کرنا - تصدق دینا تصدق کرنا - صدقہ کرنا (۲) نام بہا دکرنا - بخشنا - عطا کرنا (۳) گائے یا سانڈ وغیرہ چھوڑ دینا - وقف کر دینا +

پن - یا - **پنا** - ہ - اسم مذکر - یہ ایک طرح کی مصدری علامت ہے جو ہمیشہ کسی اسم یا صفت کے آخیر ہی میں لگاتے ہیں جیسے بھولا پن بھولا ہونا - البیلا پن البیلا ہونا بیساختہ پن بیساختگی - کمینہ پن کمینگی وغیرہ کبھی کبھی سن وسال اور درجہ کے موقع پر بھی یہ لفظ آتا ہے جیسے بچپن لڑکپن یعنی [illegible] لڑکا ہونا - اسکی عمر کا ایک پن بیتا یعنی ایک درجہ گزرا - اسطرح صرف ہندو بولتے ہیں + کا نسبت کے موقع پر بھی اسکا استعمال ہوتا ہے جیسے شُہدپن یعنی شُہدوں کی حرکات سے منسوب - بچپن - بچوں کی اوضاع و اطوار سے منسوب +

پن - ہ - اسم مذکر - پانی پان اور پانچ کا مخفف جو مرکبات میں آتا ہے جیسے پن کپڑا - پن گھٹ + پن بٹا + پنواڑی + پنسوہ - پنسیری وغیرہ +

پنّا - ہ - اسم مذکر (۱) زمرد - ایک سبز رنگ کے جواہر کا نام ہے (۲) املی یا کیری کا پن پتا شربت - املی کو پانی میں ملکر یا کیری کو بھُبل بھلا کر جو شربت بناتے ہیں اُسکا نام پنّا ہے (۳) ورق - پتا جیسے بہی کا پنّا (ہندوؤں میں اس قسم کے نام بھی ہوتے ہیں) ۴ - جوتی کے اُوپر کا چمڑا - اوگی (۵) ورق کا سونا (۶) پتلی اور مستطیل چیز +

پُنّا - ہ - فعل متعدی - عو - اُگلنا - برا بھلا کہنا - بزرگوں کے عیب ظاہر کرنا - برائی کے ساتھ نام لینا - کھانا +

پِنّا - ہ - فعل متعدی (گنوار) روئی تومنا - روئی اُدھنا + دُھنکنا

پنّا - ا - اسم مذکر - دراصل میں فارسی پہنا سے لیا گیا ہے عرض - چوڑائی + [illegible] پاٹ +

پناہ - ف - اسم مؤنث (۱) [illegible] حمایت - سہارا (۲) دیوار کا سایہ + ظل - سہارا (۳) [illegible] ٹھکانا - ملجا ماوا - امن - امن کی جگہ (۴) بچاؤ - حمایت +

پناہ دینا - ا - فعل متعدی - دشمنوں سے بچانا - سہارا دینا - سہارا میں لینا - ٹھہرانا - امن دینا +

پناہ گاہ - ا - اسم مذکر - امن [illegible] جائے پناہ کی جگہ - امن کا ٹھکانا +

پناہ گیر - ف - صفت - پناہ لینے والا + پناہ گزین

پناہ لینا - ا - فعل لازم - سہارا لینا - کسی کے پاس دشمن سے بچنے کے لیے جا کے رہنا + ٹھہرنا - آرام پانا - [illegible] میں جانا +

پناہ مانگنا - ا - فعل متعدی (۱) دوری چاہنا + بیزار ہونا - توبہ کرنا - (۲) دادرسی چاہنا - دوہائی مانگنا - سہارا چاہنا +

پن بٹّا - ہ - اسم مذکر - پان رکھنے کا ڈبا - ایک قسم کا [illegible]

پن بھتّا - ہ - اسم مذکر (۱) اُبلے ہوئے چاول جنہیں [illegible]

کی طرح شربت میں ڈالکر پیتے ہیں (۲) گلتھی ۔ پتلے پکے ہوئے چاول +

پُنبہ - ف - اسم مذکر - روئی - کپاس - قطن +

پُنبہ بگوش - یا درگوش - ف - صفت - غافل - بےخبر - بہرا - اصم +

پُنبہ دوز - ف - اسم مذکر - گودڑیا - پرانے کپڑے سینے والا + چرم دوز +

پُنبہ دہن - ف - صفت کم سخن - کم گو - ان بولا +

پُنبئی - ف - صفت - مدئی دار - روئی کا بھرا ہوا جیسے لبادہ وغیرہ

پُنبئی راؤٹی - ف - اسم مؤنث - وہ مکان جو امیر لوگ موسم گرما میں روئی کا بنواکر خسخانہ کی طرح اسپر پانی چھڑکوایا کرتے ہیں تاکہ سرد رہے [illegible] دخانہ +

پنپنا - ہ - فعل لازم (۱) روپ آنا - تازہ ہونا - سرسبز ہونا - ہرا ہونا (۲) دبلا ہونے کے بعد موٹا ہونا + بوٹی چڑھنا - مفلس ہونے کے بعد پھر امیر ہونے لگنا - عروج پکڑنا (۳) پھلنا - [illegible] پھیلنا + بڑھنا - لہلہانا + پھولنا پھلنا - چمکنا - پھیلنا - بکنا - پھپکانا +

پَنتھ - ہ - اسم مذکر (۱) راہ - راستہ - سڑک - باٹ - مارگ (۲) فرقہ - دین - مذہب - ملت - مت - دھرم + گروہ

پنتھ بڑھانا - ہ - فعل متعدی (ہندو) دین بڑھانا اپنے ڈھنگ کے فرقہ کو ترقی دینا - جتھا بڑھانا +

پنتھ بڑھنا - ہ - فعل لازم - ہندو (۱) مذہب میں ترقی ہونا - دین بڑھنا (۲)

پَنتھی - ہ - اسم مذکر - ہندو (۱) مسافر - راہ رو - بٹاؤ - سیاح (۲) مذہب کا پیرو - دیندار +

پنتھی پوزنا - ہ - فعل لازم (ہندو) آلتی پالتی مارکر بیٹھنا - چارزانو بیٹھنا +

پَنج - ف - صفت (۱) پانچ - ایک اوپر چار (۲) - چانکبولا ساٹ برسکا گھوڑا (جب نئی پنج کہیں گے تو پانچ سال کا اور جب بلے پنج کہینگے تو دس برسکا گھوڑا مراد ہوگی)

پنج آیت - ف + ع - اسم مؤنث - وہ پانچ سورۂ قرآن یا آیات جو اکثر فاتحہ سوم میں پڑھی جاتی ہیں جیسے سورۂ اخلاص - سورۂ فلق - سورۂ ناس - سورۂ فاتحہ وغیرہ +

پنج تن - ف - اسم مذکر - رسول مقبول - حضرت علی کرم اللہ وجہہ - حضرت فاطمہ علیہا السلام - حسنین پاک یعنی حضرت امام حسن اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہما سے مراد ہے +

پنجروزہ - ف صفت - پانچ دنکا - چند روزہ - کوئی دن کا عرصۂ قلیل (چونکہ ایک دن پیدائش کی مصیبت میں اور ایک دن مرنے کی تکلیف میں گزر جاتا ہے اس سبب سے پانچ دن تمام کے خیال کئے جاتے ہیں جو نہایت قلیل ہیں)

پنج شاخہ - ف - اسم مذکر - پنجی - وہ لوہے کا پنجہ جسکو بانس کی لکڑی پر بتیوں کے روشن کرنے کے واسطے لگا دیتے ہیں +

پنج شنبہ - ف - اسم مذکر - جمعرات - برسپت وار مشتری کا دن - یوم الخمیس +

پنج عیب - ف + ع - اسم مذکر (۱) پانچ نقص (۲) وہ گھوڑا جسمیں پانچوں بڑے عیب موجود ہوں یعنی شتری کرّی - شبکور - کہنہ لنگ - اور منہ زور ہو +

پنج عیب شرعی - ف + ع - اسم مذکر (۱) وہ شخص جسمیں یہ پانچوں عیب جو شریعت کی رو سے نہایت بد ہیں موجود ہوں جیسے چوری - زناکاری - قماربازی - شرابخواری دروغگوئی (۲) نہایت بد - بدذات - شہدا - لچہ - ننگ

پنج گوشہ - ف - صفت - پچ کونیا - پانچ کونے کا +

پنچائیرا - ۵ - اسم مذکر (ہندی) وہ شخص جو برتن جھالنے کا کام کرے

پنچیری - ا - اسم مؤنث - ع و - (ایک قسم کی شیرینی کا نام ہے جو اکثر نو ماسہ کی تقریب میں تقسیم ہوتی یا شب زفاف کو بعد دلہن کے میکے سے آتی ہے۔ یہ شیرینی اسطرح پر بنائی جاتی ہے کہ پہلے روے یعنی سوجی کو گھی میں بھونکر نکال لیتے ہیں پھر ٹھنڈا ہو جانے کے بعد اوپر سے کھانڈ یعنی پسی ہوئی سونٹھ چھوہارے اور گھی میں بھنے ہوئے گوند کھانڈ ملا دیتے ہیں چنانچہ ان پانچ چیزوں کے نام سے پنچیری اسکا نام پڑ گیا ہے) +

پنچ - ۵ - صفت (۱) پانچ کا مخفف (۲) اسم مذکر (۱) حاکم - ثالث - جج - جوری - پنچایت میں بیٹھکر فیصلہ کرنے والا - قوم کا سردار (۳) اسم مذکر) صلاح کار - مشیر - ممبر کمیٹی کا نو کا صلاح کار (۴) دلال - دلالی کا پیشہ کرنیوالا (۵) عام لوگ - کسی قوم کے عام آدمی (۶) اسم مؤنث کمان - دھنش - تانت +

پنچ پاتر - س - اسم مذکر (ہندو) ایک چھوٹا سا گلاس جو اکثر پانچ دھاتوں سے بنایا جاتا اور پوجا کے وقت کام میں آتا ہے +

پنچ فیصلہ - ا - اسم مذکر - وہ فیصلہ جو پنچوں نے کیا ہو - پنچایتی فیصلہ - فیصلہ مجلس +

پنچامرت - س - اسم مذکر - ہندو (پنچ + امرت) ایک قسم کا شربت جو دودھ - دہی - چینی - گھی - شہد سے بنا کر دیوتاؤں کے اشنان کرانے میں مستعمل کرتے ہیں +

پنچایت - ۵ - اسم مؤنث (۱) مجلس شوریٰ - کم سے کم پانچ آدمیوں کی مجلس - دادرسی - کمیٹی - جلسہ (۲) صلاح مشورہ - ثالثی (۳) پنچایتی فیصلہ - پنچایتی تجویز (۴) غل غپاڑا - ہجوم معاملہ مجمع ہنگامہ - اژدحام (پنچایت کی دو قسمیں ہیں ایک نہانگی جسمیں رشتہ دار کنبے کے جھگڑے کا آپ انفصال کر لیتے ہیں - دوسرے **سرکاری** جو گورنمنٹ اپنی طرف سے پنچ مقرر کرکے فیصلہ کرتی ہے) +

پنچایت جوڑنا - ۵ - فعل متعدی (۱) پنچوں کو جمع کرنا - پنچ اکٹھا کرنا - ممبروں کو بلانا (۲ - لازم) پنچایت کرنا - مشورہ لینا +

پنچایت نامہ - ا - اسم مذکر - پنچایتی تحریر - پنچوں کا لکھا ہوا فیصلہ +

پنچایتی - ۵ - صفت (۱) پنچایت سے متعلق - پنچوں سے منسوب (۲) مال وقف - وہ چیزیں جنہیں سب کا استحقاق ہو + ساجھے کا - شاملات کا (۳ - عوام) لطفہ - بے تحقیق +

پنچایتی سالا - ۵ - اسم مذکر - (عوام) ساجھے کا سالا - ہر ایک شخص کا سالا (ایک قسم کی گالی اور مزاح ہے)

پنچایتی فیصلہ - ا - اسم مذکر - دیکھو پنچ فیصلہ)

پنچک - س - اسم مذکر - پانچ نچھتروں کا ایک گھر میں اکٹھا ہونا (جوتشیوں کا خیال ہے کہ جسوقت دھنشٹا - ستبھکا - پوربا بھادرپد - اُترا بھادرپد اور ریوتی ایک گھر میں جمع ہوں تو اُسوقت اچھا کام کرنا منحوس ہے) +

پنچکی - ۵ - اسم مؤنث - پانی کی چکی - وہ کلدار چکی جو پانی سے پھرتی ہے +

پنچم - س - اسم مذکر - پانچواں + راگ کے سات سُروں میں سے پانچویں سُر کا نام جسکا مخرج قلب اور آواز کوئل کی سی ہے

پنچمی - ۵ - اسم مؤنث - چاند کی پانچویں تاریخ اسمیں اُجالے پاکھ کی ہو یا اندھیرے کی +

پنچورا - ۵ - اسم مذکر (۱) آب دزد - صراحی نما تنگ منہ کا ایک بچوں کے کھیلنے کا کھلونا ہوتا ہے جسکے پینڈے میں بہت سے چھید ہوتے ہیں جب اُسمیں پانی بھر کر انگوٹھے سے منہ بند کر لیتے ہیں تو پانی بند ہو جاتا ہے اور جسوقت کھول دیتے ہیں تو ٹپکنے لگتا ہے (۲) صفت مُتوڑا - بہت پیشاب کرنے والا - بار بار مُوتنے والا +

پنچوں کا پیالہ - ا - اِسم مذکر (عوام) حُقّہ - قلیان

پنچھالہ - ہ - اِسم مذکر (۱) دُم چھالہ - کنکوے یا پتنگ کی دُم دُنبالہ (۲) پچھلگو - ہر وقت ساتھ رہنے والا + وُہ بچّہ جو ہر وقت ماں کے نیچے پیچھے پھرے (۳) نوکر - خدمتگار + مُصاحب - (طرافتاً) ۴ - خوشامدی - خوشامد سے ہمیشہ ساتھ رہنے والا

جسکو جانے ہے کچھ ٹکڑوں والا
(سودا) اُسکے پیچھے ہے آپ پنچھالا +

پنچھی - ہ - اِسم مذکر (۱) پرندہ - پکھیرو (۲) آدمی جو ہر جگہ پھرتا رہتا ہے (۳) رنگیلا - بانکا +

پنچی - ہ - اِسم مؤنث - پتلی گیڑی +

پند - ف - اِسم مؤنث (۱) اندرز - نصیحت - سیکھ - سیکھشا بھلائی کی بات (۲) صلاح نیک (۳) عقائد مذہبی (از جونسن)

پندرہ - ہ - صفت (۱) دس اور پانچ - پانزدہ - ۱۵ (۲) اِفراط کے موقع پر بھی بولتے ہیں جیسے تُسار کے پندرہ موجود ہیں +

پنڈ - ہ - اِسم مذکر - ہندو (۱) آٹے کی لُگدی - آٹے کی پینڈی جو پتّروں کا جسم خیال کی جاتی ہے (۲) جسم دیہ - سریر (۳) گول چیز - گولہ - گیند - بھنڈ - ٹھوا +

پنڈ پڑنا - ہ - فعل لازم - تعاقب کرنا - پیچھا کرنا - سِنوارب

پنڈ چھُٹنا - یا - چھُوٹنا - ہ - فعل لازم - رہائی پانا - پیچھا چھُوٹنا - نجات ہونا - مخلصی ہونا +

پنڈ چھُڑانا - ہ - فعل لازم و متعدی - پیچھا چھُڑانا - بچنا بچاؤ کرنا + مخلصی دینا - بچانا - نجات دینا +

پنڈ چھوڑنا - ہ - فعل لازم - پیچھا چھوڑنا - مخلصی دینا نجات دینا + عقب گزاری کرنا +

پنڈ روگ - ہ - اِسم مذکر (۱) جسمانی امراض (۲) کوڑھ برص - پھلبہری (۳) دِق - تپ کہنہ + دائمی مرض جیسے رپی کارن پیری بھئی لوگ کہیں پنڈ روگ (کہاوت)

پنڈا - ہ - اِسم مذکر (۱) گلدا - بڑی لُگدی - گولا - بھنڈ - لوندا - ڈور کا گولا - پنا + تمباکو کا ٹھوا (۲) عو - جسم - تن جسد - دیہ - دیہی +

پنڈا پھیکا ہونا - ہ - فعل لازم - عو - ہلکا بُخار رہنا - جی الٹا ہونا - کسلمند ہونا +

(شوق) کُچھ عجب حال ہے مرے جی کا ہر + دیکھو پنڈا ابھی سے پھیکا

پنڈا دھونا - ہ - فعل لازم - نہانا - غسل کرنا - جسم پر پانی ڈالنا - اشنان کرنا (عو) +

پنڈا - ہ - اِسم مذکر (۱) مت - بُدھ - عقل - فہم (۲) پُجاری مندر کی خدمت کرنیوالا - برہمن - خادم درگاہ - مجاور (۳) پروہت - مذہبی رسُوم کا ادا کرنے والا (۴) برہمنوں کی ایک قوم کا نام +

پنڈارا - ہ - اِسم مذکر (۱) مرہٹہ (۲) غارتگر - لٹیرا - راہ مار - ٹھگ - ذکیت (۳) ابقالوں کی ایک قوم +

پنڈالو - ہ - اِسم مذکر - بہت بڑا کچالو - ایک قسم کا کچالو ایک قسم کا زمیں کند +

پنڈبّا - ہ - اِسم مذکر (پُورب) غوطہ خور - پانی کا جانور جو اکثر ڈوبا رہتا ہے + مُرغابی - غوطہ مارنے والی چڑیا

پنڈت - س - اِسم مذکر - صحیح پنڈت [illegible] ا - بدھی وان - دانا - عقلمند (۲) عالم - فاضل - (۳) علم سکھانے والا اُستاد - پانڈے - پاٹھک (۴) تعظیمی خطاب جو اکثر ہنود و کشمیریوں کا ہوتا ہے (۵) مذہبی قانون جاننے والا + قاضی (۶) جوتشی - منجم

پنڈت خانہ - ا - اِسم مذکر (۱) قیدخانہ - جہل جیل - بندی خانہ (۲) قمارخانہ - جوا کھیلنے کا مکان

پنڈتائی - ہ - اِسم مؤنث (۱) پنڈت پنا - پنڈت

+ پنڈت کا کام یا پیشہ (۲) علمیت - فضیلت +

پنڈلی - ہ - اسم مؤنث - ساق - ٹانگ - ٹانگ کا وہ حصّہ جو ٹخنے اور زانو کے بیچ میں ہے - پھلی +

پنڈول - ہ - اسم مؤنث - پوتنی مٹّی - ایک قسم کی سفید مٹّی جو لیپنے کے بعد صفائی کے لیے سفیدی کی بجای پھیرتے ہیں

پنڈی - ہ - اسم مؤنث (ہندو) ا - لگدی - پینڈی (۲) مسلخ - مذبح - قربان گاہ - بلدان کی جگہ (۳) رسّی کا گولا رسّی کا پنڈا (۴) شیوجی کی مورتی کا گول پتھر جس پر اکثر جل چڑھایا کرتے ہیں +

پنس - ا - اسم مؤنث - پالکی - پینس - ایک قسم کی امیرانہ سواری جسے کہار لیکر چلتے ہیں اور دلہن کو اکثر اسی میں بٹھا کر لے جاتے ہیں (یہ لفظ انگریزی Pinnace پنیس سے جو ایک قسم کی کشتی اور سواری ہے لیا گیا ہے اکثر پینس اور پنس بولتے ہیں (امداد علی بحر)

پینس جو آئی پل سے کہ تڑپ گئی اپنی جان مضطر
ہوئے ... کہ نام لیکر بلا تأمل پکار اٹھے

پنسارہٹا - ہ - اسم مذکر - پنساری کا سودا - پنساری کی دوکان - عطاری کی دوکان +

پنساری - ہ - اسم مذکر - دوا فروش - عطار +

پنسال - ہ - اسم مذکر (۱) پانی پلانے کی جگہ - پیاؤ - سبیل (۲) پانی چھوڑ کر زمین کی چورسائی دیکھنا + چورس اور مسطح کرنا (۳) مسطح کرنے کا آلہ + وہ نمبر پڑی ہوئی لکڑی جو نہر یا دریا میں پانی کا اتار چڑھاؤ دیکھنے کے واسطے گاڑ دیتے ہیں - آلہ پیمائش آب +

پنسل - انگلش - Pencil اسم مؤنث - سُرمہ یا سیسہ کی قلم جو اکثر نقاشی کے کام میں آتی ہے اب نیلی سُرخ زرد رنگ کی بھی بننے لگی ہے +

پنسوئی - اسم مؤنث (پورب) چھوٹی سی کشتی + (یہ لفظ انگریزی Pinnace پنیس سے ملتا ہوا ہے) +

پنسیری - ہ - اسم مؤنث - پانچ سیر کا بٹ +

پنشن - انگلش Pension اسم مؤنث - بیٹھی روٹی انگلس - مقررہ وظیفہ جو پرانے ملازموں کو حقِ خدمت کی عوض ایامِ پیری میں گھر بیٹھے دیا جاتا ہے - ولایت میں مصنفوں کو بھی ملا کرتی ہے (مرزا غالب نے اپنی رقعات میں اسکو مذکر لکھا ہے مگر بول چال میں مؤنث مستعمل ہے) +

پن کال - یا - **پنیاکال** - ہ - اسم مذکر - وہ قحط جو بارش کی افراط کے سبب سے ہو

پن کپڑا - ہ - اسم مذکر - پانی کا بھیگا کپڑا جو زخم پر باندھا جاتا ہے

پن کٹی - ہ - اسم مؤنث (لکھنؤ) ایک قسم کی کھرل جسمیں بوڑھے آدمی پان کو ملکر کھاتے ہیں +

پنکھ - ہ - اسم مذکر (۱) بازو - پر - بال (۲) آنچل - دامن جیسے پنکھ پسارے کھڑی ہے (عو)

پنکھ پسارنا - ہ - فعل لازم - پر پھیلانا + اوڑھنی کے دوپٹہ یا چادر کو اسطرح اوڑھنا کہ ایک دامن لٹکتا رہے +

پنکھا - ہ - اسم مذکر (از پنکھ) بادکش - بیجنا - بینا - باد زن

پنکھا جھلنا
پنکھا کرنا - یا - **ہلانا** } - ہ - فعل لازم - بیجنا ڈلانا - بادزن کو حرکت دینا (ہندو پنکھا ہانکنا بھی بولتے ہیں)

پنکھا کھینچنا - ہ - فعل لازم - فراشی پنکھے کی ڈوری کھینچکر ہوا نکالنا - فراشی پنکھا جھلنا + (بحر)

انکی خدمت میں شب وصل گزاری ہمنے
چپتی کرنے کبھی بیٹھے کبھی پنکھا کھینچا +

پنکھڑی - ہ - اسم مؤنث (۱) پھول کی پتّی - برگ گل - ورق گل

نازکی اسکے لب کی کیا کہیے
پنکھڑی اک گلاب کی سی ہے (میر تقی)

(۲) چرخے کے چکر کا وہ ہر ایک حصہ جو اسکے منڈلے میں

مُٹھ کا ہوا ہوتا ہے +

پنکھیا - ہ - اسم مؤنث - چھوٹا پنکھا - پنکھے کی تصغیر +

پنکھے لگجانا - ہ - فعل لازم - عو - ہول دِل ہوجانا - کثرت سے دِل دھڑکنا - دھڑکن ہونا (دل کی نہایت بیتابی و بیقراری اور تپاک یا اختلاج قلب کے موقع پر مستعمل ہے) +

پنگا - ہ - صفت - وُہ شخص جسکے پیروں میں کجی ہو - پاؤں پھرا ہوا - کج قدم +

پنگت / پنگتی - ہ - اسم مؤنث (ہندی) - صف - قطار - لائن - ضیافت کی صف (۲) وُہ مجلس جہاں علی قدر مراتب بیٹھنے کی جگہ ہو +

پنگوڑا - ہ - اسم مذکر - پالنا - مہد - گہوارہ - ہنڈولا - ایک قسم کا جُھولا ہے جسمیں چھوٹے بچے کو نیند آجانے کے واسطے لٹا کر جھونٹے دیتے ہیں +

پنگھٹ - ہ - اسم مذکر - پانی بھرنے کا گھاٹ - پانی بھرنے کی جگہ - آبخور +

پنواڑا - ہ - اسم مذکر (پورب) افسانہ - قصّہ - داستان - طُولانی قصّہ جیسے رام کہانی - آلہا - ہیر رانجھا وغیرہ کا قصّہ +

پنواڑی - ہ - اسم مذکر - پان بیچنے والا +

پنوانا - ہ - فعل متعدی - کہلوانا - ماں باپ دادا کو برا بھلا کہلوانا - گالیاں دلوانا - کُھون کرانا +

پنہانا یا پہنانا - ہ - فعل متعدی - دوسرے کو زیور یا پوشاک سے آراستہ کرنا - پوشانیدن (اُردو میں آجکل پہنانا زیادہ مستعمل اور فصیح ہے) +

پنہانا - ہ - فعل متعدی (گنوار) تھنوں کو دودھ دینے کے واسطے پُر ہونا - گائے یا بھینس وغیرہ کو دودھ اتارنے کے قابل بنانا - تھن پُر کرانا +

پنہی - ہ - اسم مؤنث (پورب) - جوتی - پاپوش - پاکبھی

پنہیارا - ہ - اسم مذکر (ہندو) پانی بھرنے والا کہار - سقہ +

پنہیاری - ہ - اسم مؤنث - پانی بھرنے والی - کہاری - سقن

پنی - ہ - اسم مؤنث (۱) رانگ یا پیتل کا ورق (۲) جوتیوں کا وہ چاندی کا پتا ہوا چمڑا جسپر روغن ملکر گھموٹ دیتے ہیں (۳) ایک قسم کی لمبی گھانس جو چھپّروں پر ڈالا دیتے ہیں +

پنی - ہ - اسم مؤنث (ہندو) پسے ہوئے چاولوں کے لڈو جسے مسلمان عورتیں رحم بولتی ہیں +

پنیا - ہ - صفت - پانی کا جیسے پنیا سانپ وغیرہ +

پنیا سوت - ہ - اسم مذکر (پورب) وُہ تالاب جسمیں سوتے سے پانی آتا ہو +

پنیاتما - س - पुण्यात्मा صفت - فیاض - سخی - کریم - دھرمی - دیاون +

پنیالا - ہ - اسم مذکر (پورب) ایک قسم کا عنابی رنگ کا جامن کے برابر ہوتا ہے +

پنیانا - ہ - فعل لازم (ہندو) (۱) رسنے کے قابل ہونا - پانی پڑجانا + پنیلا ہونا (۲) پانی چھوڑدینا (۳ متعدی) پانی آب پاشی کرنا - چھڑکنا - سیراب کرنا +

پنیائی - ہ - اسم مؤنث (۱) نیم کا پھل (۲) اولاد - بال بچے - کنبہ - قبیلہ +

پلنیر - ا - اسم مذکر - ایک قسم کے شکاری کُتّے کا نام جو شکار کو چھپاتا اور اُسکو روکتا ہے - یہ لفظ انگریزی کا Spaniel اسپینیل سے بگڑا ہے

پنیر - ف - اسم مذکر - جُبن - ایک خوردنی نمکین چیز کا نام ہے جو دودھ کو پھاڑ کر بنائی جاتی ہے - نچوڑی ہوئی دہی کو بھی کہتے ہیں +

پنیر جمانا - ہ - فعل متعدی (۱) قالب میں پنیر رکھکر ٹکیہ بنانا (۲) اپنا حق یا دعویٰ جمانا + کسی بات کی بنیاد ڈالنا

ایسا کام شروع کرنا جس سے بہت سے کام نکلیں (اِس موقع پر پنیری جمانا بھی کہتے ہیں)

پنیر چٹانا - ا - فعل متعدی - چیتے کو پنیر کھلا کر یار بنانا + خوشامد کرنا +

پنیر مایہ - ف - اسم مذکر - جما ہوا دودھ جو حیوانات کے بچے کے پیٹ میں ہو (ایک قسم کا ضامن ہے جو مائر الجبن کا دودھ پھاڑنے کے واسطے اِسطرح بنایا جاتا ہے کہ بکری کے چھوٹے سے بچے کو دودھ پلا کر خوب دوڑاتے ہیں اور پھر دفعۃً ذبح کر کے اُس اُس دودھ کو پیٹ میں سے نکال لیتے ہیں پس یہ دودھ ضامن کا کام دیتا ہے اور اسکے وسیلے سے جو دودھ پھاڑا جاتا ہے وہ عمدہ ہوتا ہے بعض لوگ جستہ سے بھی پھاڑا کرتے ہیں)

پنیری - ا - اسم مذکر (۱) چھوٹے چھوٹے اُبٹنے پھول کے چھوٹے چھوٹے پودے (میر حسن)

کہیں آب پاشی کریں گود کر
پنیری جمائیں کہیں کھود کر +

(۲) کھٹنے کے اُوپر کا گودا جو پھانکوں کے اُوپر ہوتا ہے (۳- صفت) پنیر کا بنا ہوا +

پنیلا - ہ - صفت (۱) پانی کا - پانی دار + پانی کی پوش (۲) ایک قسم کا کپڑا پیمٹے کی وضع کا +

پَو - ہ - اسم مؤنث (۱) پیاؤ - پانی کی سبیل (۲) پانسہ پر دا... میں جب طاق آئے تو پو ہوتی ہے یا جسوقت دس پچیس تیس آئیں تو اُسوقت بھی ایک ایک پو کا استحقاق ہوتا ہے گویا نرد بازوں کی اصطلاح میں اسکے معنی ایک کے ہیں اور حقیقت میں بعضین کے صفر کو کہتے ہیں (۳) بھور - صبح - تڑکا - سفیدۂ صبح - فلق +

[illegible]

یہ لفظ اِس معنی میں سنسکرت پراتہ سے خیال کیا جاتا ہے گر یہ ٹھیک نہیں ہے کیونکہ اس قدر تغیر اور اس تلفظ کے ساتھ خیال میں نہیں آتا

پوبارہ - ہ - اسم مؤنث (۱) بارہ داؤں کے ایک پو کا حاصل (۲) ہر طرح سے جیت - پانچوں گھی میں - اقبالمندی +

پوبارہ پڑنا - ہ - فعل لازم - جیت کا داؤ آنا - حسب مراد پانسہ پڑنا +

پوبارہ ہونا - ہ - فعل لازم - بن آنا - جیت ہونا - گھی ہونا

پو پھٹنا - ہ - فعل لازم - صبح صادق ہونا - صبح کی سفیدی کا نمایاں ہونا - تڑکا ہونا - بھور ہونا +

پَوّا - ہ - اسم مذکر (۱) پوسیرا - چار چھٹانک کا وزن (۲) سیر کا چہارم حصّہ - پاؤ سیر (۳) پائنٹ - وہ شراب کی بوتل جسمیں پاؤ سیر شراب ہوتی ہے + پوسیری بوتل +

پُوّا - ہ - اسم مذکر (ہندو) پوڑا - گلگلہ +

پُوّا - ہ - اسم مذکر (۱) سانپ کا بچہ - سنپولیا - (۲) ایک قسم کی گھانس +

پَوَلح - ا - اسم مذکر - پاجی کی جمع عربی کے قاعدہ پر جو معیوب ہے

پُوَال - ہ - اسم مؤنث (پورب) گھانس - پھونس - وہ سوکھی گھانس جو بیل کھاتے ہیں +

پَوَائی - ہ - اسم مؤنث (۱) جوتی کا ایک پاؤں - ایک پیر کی جوتی (۲) ... - سلاسل +

پُوپ - انگریزی Pope پاپا - روم کا سردار پادری رومن کیتھولک چرچ کا سرگروہ +

پُوپُٹا - ہ - اسم مذکر (مارواڑی) مقعد + فرج +

پُوپلا - ہ - صفت - دنداں ریختہ - دنداں کندہ - دنداں اُفتادہ - وہ شخص جسکے دانت گر پڑے ہوں +

پُوپُو - ہ - اسم مؤنث (عوام) مقعد - گ ان ڑ +

پُوت - یا **پُوتھ** - ہ - اسم مؤنث (۱) شبہ - کانچ کے سوا خدا کے چھوٹے چھوٹے دانے جو موتی کی مانند ہوتے ہیں (۲) داؤں - باری - دک - وار - نوبت +

پوت پورا کرنا - ھ - فعل لازم - کسی کو پورا کرنا - پورا داؤ لینا - جوں توں کرکے کسی کام کو انجام پر پہنچانا +

پوت پورا ہونا - ھ - فعل لازم - جوں توں کرکے کوئی کام انجام کو پہنچنا - کسی پوری ہو جانا +

پوت - ھ - اسم مذکر (ہندو) بیٹا - پتر - فرزند +

پوتا - ھ - اسم مذکر (۱) بیٹے کا بیٹا - پسرزادہ - نبیرہ - نواسہ

پوتا - ھ - اسم مذکر (۱) پچارا - کوچی - برش - گلابہ - وہ کپڑا جو پنڈول یا سفیدی وغیرہ میں بھگو کر لیپی ہوئی زمین یا دیوار پر صفائی کے لیے پھیرا جاتا ہے (۲) زمین کا محصول +

پوت بہو - ھ - اسم مؤنث - پوتے کی جورو - بیٹے کے بیٹے کی بیوی +

پوتر - س - صفت - پاک - صاف - مبرا + مقدس +

پوتڑا - ھ - اسم مذکر - وہ کپڑا جو بچے کی نجاست کے واسطے اس کے چوتڑوں کے نیچے رکھا جاتا ہے اور نیز بیمار کا نہالچہ جو اسی غرض سے بچھایا جاتا ہے - گنتریا +

پوتڑوں کے امیر - یا - **نواب و رئیس** - ا - صفت - خاندانی امیر - قدیمی نواب - رئیس ابن الرئیس + سلطان ابن السلطان - وہ لوگ جو ماں باپ کی دولت میں پیدا ہوئے ہوں +

پوتنا - ھ - فعل متعدی (۱) پوتا پھیرنا - کوچی پھیرنا (۲) اسم مذکر پوتا - کوچی +

پوتھی - ھ - اسم مؤنث (۱) کتاب - پستک (۲) لہسن کی گٹھی + لہسن کا جوا - چنانچہ ایک پوتھیا لہسن اسی وجہ سے ایک جوے کے لہسن کا نام رکھا گیا +

پوتھیا - ھ - اسم مذکر - وہ چھوٹی سی تھیلی جو گنوار تمباکو وغیرہ کے واسطے پگڑی میں رکھے رہتے ہیں

پوتی - ھ - اسم مؤنث - بیٹے کی بیٹی - دختر پسر +

پوٹ - ھ - اسم مؤنث (۱) گٹھڑی - گٹھا - بنڈل - بقچہ - پشتارہ (۲) ڈھیر - انبار - افراط - کثرت - جیسے پانی کی پوٹ ذکر کی پوٹ وغیرہ (۳) کتاب کے اوراق کی وہ جگہ جو دو ورقوں کے بیچوں بیچ جزو بندی یا کتاب سینے کی غرض سے سادی چھوڑ دی جاتی ہے - پشتہ (یہ لفظ پیٹھ یعنی پشت سے اس معنی میں لیا گیا ہے) + (۴) مردہ کی چادر جو اوپر والی جسے اسے پہنتے ہیں - کفن کی چادر - چادر کفن +

پوٹ کی چادر - ن - اسم مؤنث - کفن کے اوپر کی چادر جو مردے کے ساتھ قبر میں دفن کی جاتی ہے +

پوٹا - ھ - اسم مذکر (۱) حوصلہ - چینہ دان - جانوروں کا معدہ (۲) پرندوں کا وہ بچہ جس کے ابھی تک پَر نہ نکلے ہوں چنانچہ ... پوٹے بھی انہیں کو کہتے ہیں (۳) ظرف - سمائی + بساط - حیثیت - حقیقت - اصل (۴) مجال - طاقت +

پوٹا تر ہونا - ا - فعل لازم - دولت کی طرف سے بے فکری ہونا - جمع جتھا ہونا - چھاتی تلے روپیہ ہونا - فراغبالی ہونا +

پوٹلی - ھ - اسم مؤنث - چھوٹی سی گٹھڑی - تھیلی - ننھی گانٹھ + وہ کپڑے کی دھجی جس میں دوا باندھ کر بھگو کر ... یا لگاتے ہیں +

پوجا - ھ - اسم مؤنث (۱) عبادت - پرستش - سیوا - بندگی عبادت کا طریقہ - ارچن (۲) نذر - نیاز +

پوجنا - ھ - فعل متعدی (۱) پرستش کرنا - عبادت کرنا - ... کرنا (۲) نذر کرنا - بھینٹ دینا - کسی کو ناحق روپیہ دینا - پیشکش کرنا +

جاہ کر اس بت کی مہر کو دل تو پوجا +

(رنگین) ڈر ہے رنگین یا مجھے اب کھیل پانی جا کی

(۳) - پورب - پورا کرنا - تمام کرنا - پاٹنا +

پُوچ -ف- صفت (۱) لغو- بیہودہ + جاہل- مُہمل (۲) احمق بے مغز + خالی- کھوکھلا (۳) ہرزہ گو- ہرزہ درا- شاژ خا (۴) ناچیز- حقیر- ادنیٰ- ہیچ +

پُوچ -ہ- صفت لاغر- کمزور + ناتواں- ضعیف- عاجز +

پُوچھ -ہ- اسم مؤنث (۱) پرسش- دریافت- تفتیش- تلاش- اِستفسار- تفحّص- چھان بین (۲) خواہش- چاؤ- بلاؤ- طلب + ضرورت (۳) عزّت- حُرمت- توقیر- آؤ بھگت- آؤ آدر +

پُوچھ گچھ -ہ- اسم مؤنث (۱) پُوچھا پاچھی- اِستفسار- تفتیش (۲) قدر و منزلت- آؤ آدر +

پُوچھا -ہ- اسم مؤنث (ہندو) فال- استخارہ- شگون جوتشیوں کی صلاح- منجّموں کی رائے +

پُوچھا پاچھی -یا- پُوچھا تاچھی -ہ- اسم مؤنث (۱) تفتیش- تحقیقات- دریافت- تجسّس (۲) سیانے بھوپوں سے فال دکھانا- شگون لینا +

پُوچھن -ہ- اسم مذکر (۱) وہ چیز جو پوچھنے سے نکلے- مُراداً بقیہ- بچا کچھا + جھاڑن- چھٹکن- کھرچن وغیرہ (۲) وُہ کپڑا جس سے نجاست پاک کر کے پھینک دیں +

پُوچھنا -ہ- فعل متعدی (۱) دریافت کرنا- اِستفسار کرنا (۲) چھان بین کرنا- معلوم کرنا- واقفیت حاصل کرنا (۴) سوال کرنا- پرسش کرنا (گلزارِ نسیم)

پُوچھا کہ سبب کہا کہ قسمت
پُوچھا کہ طلب کہا قناعت +

(۵) خیر و عافیت دریافت کرنا + دُعا سلام کہنا (۶) قدر و منزلت کرنا- حُرمت کرنا

کون پُوچھے گا تجھے میری قضا کے بعد
کیسے یہاں میں تو بیٹھے کی سدا میرے بعد

(۷) توجہ و التفات کرنا (۸) خبر لینا- نان و نفقہ کا خبرگیراں ہونا (۹) بلانا- طلب کرنا +

پُوچھنا -ہ- فعل متعدی- صاف کرنا- کھرچنا- کسی لیسدار چیز کو برتن کے اندر سے چھڑانا- آلائش پاک کرنا +

پَود -ہ- اسم مؤنث (۱) چھوٹا درخت- بُوٹا- نیا پیڑ- وُہ درخت جو ایک جگہ سے دوسری جگہ لگایا جاسکے (۲) اولاد- کنبہ- جنس- خاندان- نسل- پیدا (۳) تانتی- ذُرّیات- جیسی نئی پود وغیرہ +

پَود جمانا -یا- لگانا فعل متعدی- ایک جگہ سے چھوٹے چھوٹے درخت اُکھاڑ کر دُوسری جگہ لگانا +

پَودا -ہ- اسم مذکر (۱) ایک یا دو سال کا درخت- نیا پیڑ- درختِ نورستہ- نوبادہ- نہال- نونہال + بُوٹا-

رہی کس چشمِ فسوں ساز کی حسرت یارب
پودے نرگس کے جو تربت پہ اُگا کرتے ہیں (مؤلف)

(۲) ریشمی یا سُوتی پھندنا جو اکثر بلبل کی پیٹی میں باندھ دیتے ہیں (۳) بازاری) نوخیز لونڈا- نوعمر کسبی +

پَودا لگانا -ہ- فعل متعدی- چھوٹا پیڑ جمانا- چھوٹا درخت ایک جگہ سے اُکھاڑ کر دُوسری جگہ لگانا +

پُودنا -ہ- اسم مذکر (۱) ایک چھوٹا سا پرند جو بِدڑی سے مشابہ اور اکثر درختوں پر پھدکتا پھرتا ہے (۲) نہایت پستہ قد آدمی- بَونا- ٹھنگنا +

پُودنا سا -ہ- صفت- چھوٹا سا- ذرا سا + ضعیف و حقیر

پُودینہ -ف- اسم مذکر- ایک قسم کی تیز خوشبودار نبات جسکو عربی میں نعناع کہتے ہیں- مزاجاً دُوسرے درجہ میں گرم و خشک- خاصیت میں ہاضم طعام +

پَوڈر (۱) انگلش Powder اسم مذکر- بُرادہ- سفوف- چُورن- آٹا- پھکنی- نیز وُہ میدا سا سفیدہ جو اکثر انگریز بُنہ پر ملتے ہیں

نکرنا - کافی نہ ہونا +

پُورے دِنوں سے ہونا - پُورے دِنوں ہونا - ہ - فعل لازم - عورت حمل کا نواں مہینا ہونا - نو مہینے کا حمل ہونا - جننے کو ہونا +

پُوڑا - ہ - اسم مذکر - گلگلہ + (ہندو)

پُوزَال - ف - اسم مذکر - رسّی کا ایک حلقہ سا ہوتا ہے جو سرکش گھوڑے یا خچر کے منہ پر نعل باندھتے وقت لپیٹ دیتے ہیں

پُوزی - ف - اسم مؤنث - گھوڑے کا پیشبند - مُہری - وُہ چمڑے کا حلقہ جو گھوڑے کے کانوں میں سے نکال کر رہنے کے گرد اگرد لگا دیتے ہیں +

پُوس - ہ - اسم مذکر - پوہ - ہندی سال کا نواں مہینا جیسیں بدر کامل پُشیہ نچھتر کے پاس رہتا ہے اندازاً دسمبر کی پندرھویں تاریخ سے جنوری کی پندرھویں تک کا وقت + فصلی حساب سے چوتھا مہینا جسیں جاڑے کی شدت ہوتی ہے +

پُوست - ف - اسم مذکر (۱) چھلکا - بکل (۲) چمڑا - کھال (۳) کوکنار خشخاش کا ڈوڈا +

پوست اُتارنا - یا کھینچنا - ف - فعل متعدی - کھال کھینچنا کھال اُتارنا - اگلے بادشاہوں کے زمانہ میں ایک سزا تھی جو مجرم کو دی جایا کرتی تھی +

پوست کندہ - ف - صفت - کھلم کھلا - علانیہ - بے لاگ بے لگاؤ - صاف - کھری - کھری کھری +

پُوستی - ف - اسم مذکر (۱) پوست کا نشہ کرنے والا - وہ شخص جو خشخاش کے ڈوڈے گھول کر پیا کرتا ہو (۲) ایک کاغذ کا محروطی کھلونا جس کا پیندا بھاری ہونے کے باعث اسکا سر اُونچا اور پیندا نیچا رہتا ہے جب لڑکے اُسے زمین پر لٹانا چاہتے ہیں تو کھڑا ہو جاتا ہے (۳) صفت - سُست - مجہول - کاہل - آلسیا + بیوقوف احمق - مسلوب العقل +

پُوستین - ف - اسم مذکر - ایک قسم کی کھال کی پوشش جو بالوں کے باعث نہایت گرم ہوتی ہے - بالدار چمڑے کا کوٹ

پُوسٹ آفِس - انگلش Post Office دفتر ڈاک خانہ - ڈاک خانہ کا دفتر + ڈاکخانہ +

پُوسٹل گائیڈ - انگلش Postal Guide ہدایت نامہ ڈاک - ڈاکخانہ کا ہدایت نامہ - قواعد ڈاکخانہ

پُوسنا - ہ - فعل متعدی - دیکھو (پالنا) اُردو میں اکثر پالنے کے ساتھ مستعمل ہے +

پُوسیرا - ہ - اسم مذکر - بیس تولہ کا بٹہ - پاؤ سیر کا وزن

پُوسیری - ہ - اسم مؤنث - پاؤ سیر کی چیز اور پیمانہ +

پُوشاک - ا - اسم مؤنث - پوشش - لباس - پہننے کے کپڑے (یہ لفظ کلام اساتذۂ فارس میں نہیں آیا اہل ہند کا اختراع ہے)

پوشاک بڑھانا - ا - فعل متعدی - کپڑے اُتارنا - لباس اُتارنا

پُوشاکی - ا - صفت - پوشاک کے قابل - عمدہ لباس - نفیس لباس +

پُوش پُوش - ف - ندا - ہٹو ہٹو - سرکو سرکو - پرے ہو کنارے ہو (صرف پوش کے معنی بھی کنارہ ہونے کے ہیں مگر تاکید یہ لفظ مکرر سہ کرر گاڑی بان لوگ زبان پر لاتے ہیں اور انکے مُنہ سے اسکا تلفظ کبھی پوش پوش کبھی پوئش پوئش نکلتا ہے)

پُوشِش - ف - اسم مؤنث (۱) لباس - پوشاک (۲) غلاف (۳) وہ چیز جو منڈھی جائے +

پُوشیدگی - ف - اسم مؤنث - اخفا + پردہ - چھپاؤ + خلوت - تنہائی +

پُوشیدہ - ف - صفت (۱) چھپا ہوا - خفیہ - گپت - مخفی چھپواں (۲) درپردہ - غیبت میں - پیٹھ پیچھے +

پُوکھر - ہ - اسم مذکر (۱) تالاب - جوہڑ - چھپّر - ساگر (۲) ایک تیرتھ کا نام ہے جو اجمیر سے تین کوس کے فاصلہ پر ہے

لفظ پُفکر ہے - (۲) پٹہ بازی میں ایک ضرب کا نام ہے جو حریف
کی کمر پر دائیں جانب مارتے ہیں +

پُولا - ۵ - اسم مذکر - کانس یا چھپر کے پھوس کا گٹّا - دستہ کا گھانس کا مٹھا

پُولا - ۵ - صفت (۱) نرم - کومل - ملایم (۲) متخلخل - کھکھل
مجوف - کھوکھلا - اندر سے خالی (۳) ہلکا - سُبک - خفیف +

پُولاد - ف - اسم مذکر - ایک قسم کا عمدہ اور سخت لوہا - اسپات
فولاد (۲ - صفت) نہایت مضبوط - سخت - مستحکم +

پُولِس - انگلش - Police اسم مذکر - شہری
انتظام کا گروہ - تھانہ - تھانہ کے سپاہی - تھانہ کے آدمی

پُولی - ۵ - اسم مؤنث (لفظ پُولا کی تصغیر) گڈا - جوار یا مکئی یا باجرے
کے پھنڈیروں کا مٹھا +

پُولی - ۵ - اسم مؤنث (گنوار) دروازہ - چوکھٹ - دہلیز +

پُولے تلے گزران کرنا - ۵ - فعل لازم - جھونپڑی میں رہنا
مصیبت میں بسر اوقات کرنا - بے سامانی کی حالت میں گزر کرنا

ہوا یقیں دراز شیخ سے معلوم یہ ہمکو +
(ہدایت) کہ یہ زاہد بھی ایک پولے تلے گزران کرتا ہے

پَون - ۵ - صفت - تین چوتھائی - چار حصوں میں کے تین حصے
تین جگہ پاؤ یا پَو - پونے +

پُون - ۵ - اسم مؤنث - آواز گونج - بانسری (بواو معروف و مجہول)

پون بولنا - ۵ - فعل لازم (۱) عاجز ہونا - جیسے بولنا (۲)
دیوالہ نکلنا - مفلس ہوجانا - ٹیک نکلنا +

پَوَن - ۵ - اسم مؤنث (ہندو) - سنسکرت (पवन) پَوَن
(۱) ہوا - باد - بایو - باے - بیار (سودا)

پیتے اسے لگا نہ کہ تا ہووے یہ زوال
یا بادبان باندھ پون کے دو اختیار

(۲) بادِ صبا - صبح کی ٹھنڈی ہوا جیسے پون چلت سو رہی
انگنا بھر لگی لو ہو گو راسر (ٹھمری)

(۳) روح - دم - نفس - سانس (کبیر)

نو دوآرے کا پنجرا جسمیں پنچھی پون
رہنے کا ہے اچرج گئے اچمبا کون (بھجن)

(۴) وُہ ارواح خبیثہ جو ساحر کسی شخص پر ضرر پہنچانے کی
غرض سے متعین کرے - بیر - مؤکل - جادو کی مُوٹھ

تنکے چُنتا باغ سے نکلا میں دیوانوں کی طرح
پون تھی بادِ خزاں مجکو جھپیٹا ہو گیا +

(۵) باد - گوز - ریحہ +

(یہ لفظ بسکون واؤ اور بفتح واؤ دونوں طرح بولا جاتا ہے فرق یہ ہے
کہ اول طرح میں ہندی اور دوسری طور پر سنسکرت ہے آجکل گنوار یا
ہندو زیادہ بولتے ہیں اور علی الخصوص ہندی گیتوں ٹھمریوں بھجنوں
وغیرہ میں اسکا زیادہ لطف آتا ہے اگلے اساتذہ نے بھی اپنے کلام میں
اسکو باندھا ہے چنانچہ سودا کا ایک شعر لکھا گیا - میر تقی کا یہاں لکھا
جاتا ہے (میر) رکھا کر ہاتھ دل پر آہ کرتے + نہیں رہتا چراغ ایسی پون میں)

پون بٹھانا - ۵ - فعل متعدی - مؤکل بٹھانا - ارواح خبیثہ
کو کسی شخص کے ضرر پہنچانے کے واسطے متعین کرنا - جادو
کرنا - کسیکے دلکو جادو کے وسیلہ سے بیقرار کرنا - تابعدار بنانا

پون پرچھا - ۵ - اسم مؤنث (ہندو) صحیح پون پرکھ
ہوا کے رُخ کی تحقیق - ہوا کے سود و ضرر کی شناخت +
اساڑھ کے مہینے کی سُدی پورنماشی کو دن چھپے یعنی شام کے وقت
آدمی جمع ہو کر ایک بڑے میدان یا اونچے ٹیلے پر دو طرح سے ہوا کا
امتحان کرتے ہیں ایک تو اسطرح کہ تھوڑی سی خاک مٹھی میں بھر کر اوپر اچھالتے
ہیں جدھر کی ہوا ہوتی ہے اُدھر لیجاتی ہے اس سے ہوا کا رُخ دریافت
ہوجاتا ہے دوسرے ہوا میں تھوڑی سی روئی کچے دھاگے میں باندھ کر
ایک بانس پر لٹکا دیتے ہیں مقدم ہوا ہیں اُسکے ہلنے سے آٹھوں طرف
کی ہوا کو پہچان کر اچھا برا نتیجہ نکالتے ہیں کسان لوگ اُسی رات کو ہر
قسم کا اناج دو دو چار چار تولے پُڑیوں میں باندھ کر چھوٹے چھوٹے کوری سکوں

میں بھر کر جنگل میں صاف اور اونچی جگہ پر رکھ آتے ہیں اور علی الصباح
جا کر اُسے تولتے ہیں جو اناج اپنے وزن سے بڑھا ہوا ہوتا ہے اُسے
خیال کرتے ہیں کہ اس جنس کی پیداوار اس سال میں بہت ہوگی اور
جسمیں کمی ہو جاتی ہے اُسپر کم پیداواری کا گمان کرتے ہیں۔ درحقیقت
وُہ اس سے ہوا کی نمی جو پیداوار کی جڑ ہے دیکھتے ہیں جس غلہ کے مواد میں
وُہ نمی ہوتی ہے وُہی زیادہ وزن میں ہو جاتا ہے) +

پَون چلانا - یا - **مارنا** - ہ - فعل متعدی - جادو کی موٹھ
چلانا - جادو کرنا - جادو چلانا - بیر دوڑانا +

پَون کا پُوت - ہ - اسم مذکر (۱) ہنومان جی کا لقب جو
رامچندر جی کے دُوت اور اُن کو مہابیر بھی کہتے ہیں +
(۲) ناگ - سانپ - چنانچہ مثل ہے پون کا پوت پتال کا راجا +

پَونا - ہ - اسم مذکر (۱) تین چوتھائی - چار حصّوں میں کے تین
حصّوں کا مجموعہ ¾ (۲) ایک کسر کے پہاڑے کا نام تین
چوتھائی کا پہاڑا (۳) ٹوٹے ہوئے چاول - کھنڈا - کنی
ٹوٹا چاول (۴) ایک روزندار کفگیر جس سے تلی ہوئی چیز نکالتی

پونا - ہ - فعل متعدی (ہندو) ا - پرونا - تاگا ڈالنا - دھاگا
پرونا (۲) روٹی پکانا - روٹی بنانا (اسکا مادہ ۹۶
تج ہے) +

پَون ٹولی - ا - اسم مؤنث (اصل میں انگریزی Town
Duty ٹاؤن ڈیوٹی تھا) چُنگی - وُہ محصول جو شہر کے اندر
آکر بکنے کی چیزوں پر شہر کے اخراجات کے واسطے لیا جاتا ہے

پُونجی - ہ - اسم مؤنث (۱) سرمایہ - مُول - بضاعت - راس المال
(۲) جائداد - ملکیت (۳) اصل حقیقت + بساط - حوصلہ +

پونچا - ہ - اسم مذکر - ساڑھے پانچ کا پہاڑا +

پونچھ - ہ - اسم مؤنث (ہندو) ا - دُم - ذنب (۲) طفیلی
پچھ لگو جیسے جہاں جائیں بابلے میاں تہاں جائے پونچھ

پونچھڑی - ہ - اسم مؤنث (گنوار) ا - پونچھ کی تصغیر

(۲) وُہ پانی جو نالے میں چڑھاؤ کے آگے آگے آتا ہے -
وُہ تھوڑا سا پانی جو نالے میں رَو کے آنے سے پہلے آئے

پُونچھن - ہ - اسم مؤنث - دیکھو (پوچھن) - صافی +

پُونچھنا - ہ - فعل متعدی - صاف کرنا - کپڑے سے گرد وغیرہ
صاف کرنا - جھاڑنا +

پَونڈ - انگلش - Pound اسم مذکر (۱) بیس
شلنگ یا سولہ اونس کا بٹ - ۳۶ تولہ - مگر عوام میں آدھ سیر
مشہور ہے (۲) دس روپیہ کا سونے کا سکہ +

پَونڈا - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کا موٹا گنا جو سفید یا کالا ہوتا
ہے - ایک قسم کی ایکھ - تھون گنا - نیشکر (اس گنے سے
گُڑ یا کھانڈ وغیرہ نہیں بن سکتی ہے) +

پَون سلائی - ہ - اسم مؤنث - وُہ پتلی سی لکڑی جس پر
روئی کی پونیاں کاتنے کے واسطے بناتے ہیں +

پونکا - ہ - اسم مذکر - سیپ کا کیڑا - کرم صدف -

پُونگا - ہ - اسم مذکر (۱) بانس - بانس کی پوری (۲) نلی - پاؤں
کی نلی (بنگا) میں جیسے کی شاخ کو بھی جسے دہلی میں سانگ کہتے
ہیں پونگا بولتے ہیں چنانچہ مشہور ہے - پونگے پونگے رس بھر آئے)
(۳ - صفت) خالی - کھوکھلا - کھوکھل - مجوف (۴ - صفت)
موٹا بانس - ٹونٹا +

پُونگی - ہ - اسم مؤنث - ایک تونبے کا باجہ جسے مُنہ سے
اکثر سپیرے بجاتے پھرا کرتے ہیں +

پُونگی پھل - ہ - اسم مؤنث (ہندو) چھالیہ - سپاری
فوفل +

پُونو - ہ - اسم مؤنث - قمری ہندی مہینے کا اخیر دن (سلخ) وغیرہ

پُونی - ہ - اسم مؤنث (۱) وہ پولی بتی جو روئی کاتنے کے
واسطے پون سلائی کے ذریعہ سے بناتے ہیں (۲ صفت)
ذرا - مقدار قلیل جیسے ابھی سیر میں پونی بھی نہیں کتی +

پُونیا - ھ - اسم مذکر (وہ کپڑا جسکا تھان پون تھان کے برابر او عرض کسیقدر کم ہو اسکا تھان اکثر بارہ گز کا اور کپڑا نہایت عمدہ ہوتا ہے) +

پُوئیا - و - اسم مذکر (اصل میں فارسی پویہ صحیح ہے) ۱- دُلکی چال گھوڑے کی مُتوسط رفتار (۲) رفتار تند - رفتار تیز - سرپٹ

پُوئیشن - ا - ندا - دیکھو - (پوش)

پُوئیوں جانا - ا - فعل لازم - سرپٹ جانا + دُلکی جانا دوڑا ہوا جانا +

پہ - ھ - حرف استثنا - پر کا مخفف +

پھاپا کُٹنی - ھ - اسم مؤنث (۱) مکارہ - دلالہ - فرہاد کُش چالاک کُٹنی (۲) مکار عورت - عیار عورت

پھاٹک - ھ - اسم مذکر (۱) بڑا دروازہ - درکلاں - باب کلاں (۲) کھڑک جہاں پکڑے ہوے مویشی بند کیے جائیں + کانجی ہوس + باڑا + احاطہ (۳) کٹہرا جہاں مدعی و مدعا علیہ کھڑے کیے جاتے ہیں (۴) آڑ - روک - سد +

پھاٹک بندی - و - اسم مؤنث - حوالات + قیدخانہ بندی خانہ +

پھاٹک دار - و - اسم مذکر - حوالات کا دربان + محافظ احاطہ

پُھار - ھ - اسم مؤنث - چھوٹی چھوٹی بوندیں - ترشح (۲) ایک قسم کی بابن نٹ جو نہایت باریک ہوتی ہے اور اسپر چھوٹی چھوٹی بُندکیاں بنی ہوئی ہوتی ہیں +

پُھار پڑنا - ھ - فعل لازم - ترشح ہونا - پھیٹوں پھیٹوں مینہ برسنا - چھوٹے چھوٹے قطروں میں بارش ہونا +

پہاڑ - ھ - اسم مذکر (۱) جبل - کوہ - پربت - گر - ڈونگر - ٹیلہ (۲) بڑا - کلاں - خواہ جسامت میں ہو خواہ طوالت وارتفاع میں جیسے پہاڑ راتیں - پہاڑ دن - پہاڑ دیوار وغیرہ + (۳) صفت سخت - اجیرن + بھاری - کٹھن - دوبھر - دشوار + (معروف)

گرچہ ہوا ایام سرما اور ہوا وجدی +
مجھے ہے بن تیرے ونکو عاشق بیدل پہاڑ

پہاڑ ٹوٹنا - یا ٹوٹ پڑنا - ھ - فعل لازم - سخت رنج و مصیبت کا نازل ہونا - ناگہانی صدمہ پہنچنا +

پہاڑ سا دن - ھ - اسم مذکر - بہت بڑا دن - گرمی کا دن + روز مصیبت +

شب فراق تو جوں توں کٹی بنالہ و آہ
(فلاوی) یہ دن پہاڑ سا کیونکر کٹے مرے اللہ

پہاڑ سی راتیں - ھ - اسم مؤنث - بڑی راتیں جاڑے کی راتیں - مصیبت کی راتیں - شب ہجر +
(سجاد) کسطرح کوکبن پہ گزریگی شب ہجر کی یہ پہاڑ سی ر

پہاڑ کاٹنا - ھ - فعل لازم - دشوار کام کرنا - مصیبت ٹال

پہاڑ کا دامن - ھ - اسم مذکر - تلیٹی - ترائی - پہاڑ کے نیچے کا میدان - دامن کوہ +

پہاڑ کٹنا - ھ - فعل لازم - مشکل حل ہونا - مصیبت رفع ہونا - دشوار کام کا پورا ہونا +

کیا کہیے کیونکر اس شب غم کو کیا بسر
کسطرح یہ پہاڑ کٹا کچھ نہ پوچھیے

پہاڑ کے تھر ڈھونا - ھ - فعل لازم - نہایت رنج اور جفا اٹھانا +

پہاڑ کی چوٹی - ھ - اسم مؤنث - قلۂ کوہ - پہاڑ کی بلن

پہاڑ کی گھاٹی - ھ - اسم مؤنث - پہاڑ کا درمیانی درۂ کوہ +

پہاڑ گذرنا - ھ - فعل لازم - اجیرن معلوم ہونا - ناگوار دشوار گزرنا - دوبھر ہونا + (کھٹن)

ہر گھڑی گذرے ہے کرے سنگدل تجھ بن پہاڑ
آہ کے تیشہ سے بھی کٹتا نہیں یہ دن پہاڑ +

پہاڑوالی - ه - اسم مؤنث (۱) دیبی پہیتلا - ماتا - چیچک چیکا مٹھ پہاڑ پر واقع ہے +

پہاڑ ہوجانا - ه - فعل لازم (۱) دشوار ہوجانا - کٹھن ہوجانا مشکل پڑجانا +

پہاڑا - ه - اسم مذکر - ضرب کے گر - گنا کا نقش - سنکلن - جوڑتی - ذہنی ضرب - وہ ضرب دیے ہوئے عدد جو لڑکوں کو آسانی کے واسطے حفظ کرا دیتے ہیں +

پھاڑ کھانا - ه - فعل متعدی (۱) کاٹ کھانا - بھنبوڑ لینا + درندہ کا کسیکو پھاڑ کر کھا جانا + (۲) غصہ کرنا - جھلانا +

پھاڑ کھانے کو دوڑنا - ه - فعل لازم - کاٹنے کو دوڑنا نہایت جھلانا - از حد غصہ کرنا - بد مزاجی سے پیش آنا - سیدھی طرح بات نکرنا +

پھاڑ کھاؤ - ه - صفت (۱) پھاڑ کھانے والا - درندہ (۲) غصیل - جھلا - بدمزاج (۳) خونخوار - جلاد +

پھاڑنا - ه - فعل متعدی (۱) چیرنا - ٹکڑے ٹکڑے کرنا - شق کرنا فارسی میں دریدن (۲) کاٹنا - بھنبوڑنا - کسی درندہ کا شکار کو چیرنا (۳) قطع کرنا - بیونتنا - چاک کرنا (۴) کسی عرق یا دودھ وغیرہ کا کسی لاگ یا گرمائی سے پانی جدا کرنا (۵) کھولنا - پھیلانا - بانا - جیسے منہ پھاڑنا (۶) بیزار کرنا - ناراض کرنا - فرق ڈالنا جیسے دل پھاڑنا +

پہاڑوا - ه - اسم مذکر (۱) بچوں کے ایک کھیل کا نام جسے آتی پاتی بھی کہتے ہیں (۲) صفت) پہاڑی - پہاڑ کا - کوہی - پہاڑیا جیسے پہاڑوا طوطا +

پہاڑی - ه - اسم مؤنث (۱) پہاڑ کی تصغیر - چھوٹا پہاڑ - ٹیلا - ٹیبا - جبلہ - ٹیکری - ڈونگری (۲ - اسم مذکر) پہاڑ کا رہنے والا - باشندہ کوہ (۳ - صفت) پہاڑ کا - پہاڑ سے منسوب - کوہی جیسے پہاڑی بکری وغیرہ +

پہاڑی کوا - ه - اسم مذکر - زاغ کوہی - ایک طرح کا نہایت سیاہ کوا جو پہاڑ پر ہوتا ہے + کاگ - غراب +

پھاگ - ه - اسم مذکر (۱) ہولی - پھاگن کا تہوار جسمیں لاگ و رنگ افراط سے ہوتا ہے (۲) گلال اور عبیر وغیرہ (۳) ہولی کے کھیل تماشے - ہولی کا کھیل تماشا (ناسخ)

اشک خونی رنگ نالہ راگ ہے
واہ کیا خوش رنگ اپنا پھاگ ہے

پھاگ کھیلنا - ه - فعل لازم (۱) ہولی کھیلنا - عبیر اڑانا - خوشی منانا + گلزار نسیم)

بیوقت وہ راگ خوش نہ آیا
بے فصل وہ پھاگ خوش نہ آیا

(۲) عیش اڑانا - مزا اڑانا - گلچھرے اڑانا - جیسے جنم لگے سرکار کی اور مزا کھیلیں پھاگ (کہاوت)

پھاگن - ه - اسم مذکر (عوام بفتح کاف فارسی) قمری گیارھواں مہینا جسمیں جنم نوں کے دن پورا پھاگنی نچھتر ہوتا ہے یعنی جب قمر منزل زبرہ (خانہ یازدہم) میں آتا ہے تو یہ مہینا شروع ہوتا ہے - تقریباً اخیر فروری سے اوسط مارچ تک کا زمانہ - فصلی چھٹا مہینا جسمیں گرمی کی آمد ہوتی ہے - ربیع الثانی -

پھال - ه - اسم مؤنث (۱) مقلب - وہ لوہے کا نوکدار آلہ جو ہل کے اندر زمین کھودنے کے واسطے لگاتے ہیں کس (۲) - کتری چھالیہ - سپیاری +

پھالسا - ه - اسم مذکر - (پورب) فالسہ - پالسہ - ایک ترش اور اودے رنگ کے پھل کا نام جو جھاڑی کے بیر کی برابر ہوتا ہے مزا خاصیت درجہ میں سرد اور پہلے میں خشک (دہلی میں فالسہ بولتے ہیں) +

پھالی - ه - اسم مؤنث - دیکھو (پھال نمبرا) +

پھانڈ - ه - اسم مؤنث (۱) بالو نگا یا تانت کا پھندا جس سے

کبوتر وغیرہ پکڑتے ہیں (۲) جال - حیوانات مثل فیل وغیرہ
پکڑنے کا جال (۳) زغند - چھلانگ - کُلانچ +

پھاند مارنا - یا - لگانا - ۵ - فعل متعدی - کبوتر کو پھندے
کے ذریعہ سے پکڑنا +

پھاندنا - ۵ - فعل لازم (۱) کودنا - جست کرنا - اُچھلنا (۲ متعدی)
چھلانگ مارنا - اُلانگنا - زغند لگانا - اُچھل جانا (۳ متعدی)
پھنسانا - اُلجھانا - پھندے میں پھنسانا (۴ - پورب) نر حیوان
کا مادہ حیوان پر چڑھنا +

پھاندی - ۵ - اسم مؤنث - گنّوں کا بنڈل - پونڈوں کا بوجھا
شمارۂ مشکر - سو یا پچاس گنّوں کا بوجھ +

پھانس - ۵ - اسم مؤنث - لکڑی کا ریشہ - بانس یا بان وغیرہ
کا کانٹا جو جسم میں چُبھ جاتا ہے + خار - کانٹا + آزردہ

پھانس چُبنا ۵ فعل لازم (۱) لکڑی وغیرہ کا ریشہ یا
تُس جسم میں گڑنا (۲) ہر وقت آزار دینے والی بات کا ہو
صدمۂ خفیف پہنچنا - خلش ہونا +

پھانس لگنا ۵ فعل لازم - دیکھو (پھانس چبنا)

پھانس نکالنا - ۵ - فعل متعدی (۱) کانٹا نکالنا - خار
باہر لانا (۲) کسی آزار دہ آدمی کو درمیان سے نکالنا - خلش
دُور کرنا - تکلیف سے چھڑانا +

پھانس نکلنا - ۵ - فعل لازم (۱) کانٹا نکلنا - خار دُور ہونا
(۲) خلش دُور ہونا - آزار دہ آدمی کا دُور ہونا کھٹکا نہ رہنا

اب اُس مژہ کا دل سے خلش دُور ہو گیا
(رند) وہ پھانس جو جگر میں چُبھی تھی نکل گئی

پھان - ۵ - اسم مذکر - پھندا +

پھانس لانا - ۵ - فعل متعدی - پکڑ لانا - گرفتار کر لانا -
جال میں پھنسانا - پھندے میں لانا فریب میں لے آنا -
دھوکے سے لے آنا (گلزارِ نسیم)

دستِ کے دیو پھانس لایا + اب تک تو خدا نے ہے بچایا +

پھانسنا - ۵ - فعل متعدی (۱) گرفتار کرنا - پکڑنا - گھیرنا (۲)
جعل یا فریب میں لانا (۳) قابو میں لانا - بس میں کرنا +

دل ملا یا کہیں کہیں ٹوٹا
(شوق) ایک کو پھانسا ایک کو جوڑا

(۴) کنوئیں میں ڈول ڈالنا - لوٹا لٹکانا +

پھانسی - ۵ - اسم مؤنث (۱) پھندا - بند - گُل - وہ ریشم
یا رسّی کا حلقہ جس کے ذریعہ سے آدمی کا گلا گھونٹکر مار ڈالتے
ہیں + ٹھگوں کی کمند (۲) سزائے موت جو پھندے کے ذریعہ
سے دی جائے (۳) وہ گڑے ہوئے ستون اور رسّی
کا پھندا وغیرہ جس پر چڑھا کر آدمی کو لٹکا دیتے ہیں +

پھانسی پانا - ۵ - فعل لازم پھانسی چڑھنا - پھانسی کے
ذریعہ سے ہلاک کیا جانا +

پھانسی دینا - ۵ - فعل متعدی - پھندے کے ذریعہ سے
سزائے موت دینا - گلے میں رسّی ڈالکر آدمی کو لٹکانا +
گلا گھونٹنا - گُل دینا +

پھانسی کھڑی ہونا - ۵ - فعل لازم - پھانسی دینے کے کھم
وغیرہ گڑنا - پھانسی کی ہیئتِ مجموعی کا قایم ہونا +

پھانسی لگنا } ۵ - فعل لازم - پھندا لگنا - سزائے موت
پھانسی ہونا } پانا پھانسی کے ذریعہ سے سزائے

پھانک - ۵ - اسم مؤنث (۱) قاش + کسی چیز کا قوسی
کٹا ہوا ٹکڑا - تراشا ہوا ٹکڑا (۲) نارنگی یا سنگترے کے
کا وہ قدرتی ہر ایک حصّہ جو قوس کی شکل کا ہوتا ہے +

پھانکڑا - ۵ - صفت (۱) بانکا - ترچھا (۲) مضبوط -
تنومند + مُسٹنڈا - ڈھینگ ہُنرشناس (۳) بہادر - دلیر جر

پھانکنا - ۵ - فعل متعدی (۱) ... ن وغیرہ کو ہتھیلی پر رکھ
پھنکی لگانا - کسی خشک چیز کا منہ کے اندر ڈال لینا

[illegible] پھانس چُبھنے تو ... سخت ... کے ناخن میں گُھس جانے سے مراد ہوگی +

(۲) بہت بہت سا کھانا + جلد کھانا (۳) بہت بہت سا راستہ طے کرنا - جلد چلنا جیسے راستہ پھانکنا - ریل کی نسبت یا زود رفتار آدمی کے حق میں کہتے ہیں (۴) لگاتار بولنا - جلد بولنا بولنے میں سانس نہ لینا (۵) روپیہ اُٹھانا - نہایت خرچ کرنا دولت اُڑانا +

پھاوڑا - ہ - اسمِ مذکر - مٹی صاف کرنے کا آہنی اوزار - کستی - بیلچہ - گل صفا - پھرسا - فارسی میں کلند و کلنگ کہتے ہیں

پھاوڑا بجانا - ہ - فعلِ متعدی - ڈھانا - مسمار کرنا - مکان گرانا

پھاوڑا سے دانت - ہ - صفت - بڑے اور چوڑے چوڑے بدنما دانت +

پھاوڑی - ہ - اسمِ مؤنث (۱) چھوٹا پھاوڑا (۲) ڈنڑ پیلتے وقت ہاتھ رکھنے کی لکڑی (۳) لید ہٹانے کی وہ لکڑی جسمیں تختہ کا ٹکڑا لگا ہوا ہوتا ہے (۴) بیساکھی - بیراگن ظفر تکیہ - جوگیوں کی لاٹھی +

پھاوڑے کے نام گل صفا نہیں جانتے - محاورہ محض نابلد ہیں - الف کے نام لے نہیں جانتے +

پھاہا - یا - **پھایا** - ہ - اسمِ مذکر (۱) وہ کپڑا جس پر مرہم لگا کر زخم پر چپکاتے ہیں (۲) گول کترا ہوا کپڑا (۳) - پورب) روئی کا پھویا +

پھبتا - ہ - صفت - زیبا - موزوں - مناسب - ٹھیک - لائق

پھبتی - ہ - اسمِ مؤنث - ایسی بات جو کسی پر پھب جائے مشابہت تامّہ - جمتی ہوئی بات + کسی چیز کو کسی چیز سے ظرافتاً تشبیہ دینا + لطیفہ یا چٹکلے کے طور پر تشبیہ دینا

روئے گل پر دیکھ کر شبنم کو کہتا ہے وہ گل
(آتش) کیا ہی پھبتی ہے یہ کیڑا لگ گیا بادام میں

پھبتی کہنا - ہ - فعل لازم - ظرافتاً تشبیہ دینا - ہنسی اُڑانا

کہیں ہم اندیہ پھبتی کہ قسمت انکی روتی ہے

اگر پیشانیِ زُہّاد سے آبِ وضو ٹپکے

پھبدنا - ہ - فعلِ لازم (ہندو) (۱) پھبکنا (۲) پھنسیاں پھلنا +

پھبکنا - یا - **پھپکنا** - ہ - فعلِ لازم (۱) بڑھنا - خوب بڑھنا + فقرہ اُگنا بخوبی نشو و نما پانا (۲) ڈیل نکالنا - موٹا تازہ ہونا - فربہ ہونا - جسم کا پھیلنا - پھٹ پڑنا - پھپڑنا +

پھبن - ہ - اسمِ مؤنث - زیبایش - سوبھا - سجاوٹ - آرایش - موزونی + تناسب + خوبصورتی + (نظیر)

صفحۂ رُخ پہ ترے خوبیِ خط کی ہے پھبن
ہے سُویدا دلِ عاشق کا ترا خالِ ذقن

پھبنا - ہ - فعلِ لازم (۱) زیب دینا - سوہنا - زیبا ہونا - (۲) کھلنا - بھلا لگنا - موزوں ہونا (۳) موافق ہونا - ٹھیک آنا

پھپا - ہ - اسمِ مذکر - باپ کی بہن کا خاوند +

پھپٹ - ہ - اسمِ مذکر (عو) ۱ - مکر - فریب - چھل (۲) فتنہ و فساد - غل شور +

پھپٹ باز - ا - اسمِ مذکر - عو - مکار - فریبی - بھگلیا + فتنہ انگیز - فسادی +

پھپٹ بازی - ا - اسمِ مؤنث - مکاری - دمبازی فتنہ انگیزی - کیادی +

پھپدنا - ہ - فعل لازم - (ہندو) دیکھو (پھبکنا پھپھدانا)

پھپڑ دلالے - ا - اسمِ مذکر - عو - (۱) مکر و فند - فند و فریب (۲) خوشامد بیجا +

پھپڑ دلالے کرنا - ہ - فعل لازم - عو - دیکھا دیکھی خوشامد در آمد کرنا - جھوٹی محبت جتانا - مکاری کرنا +

پھپڑے - ہ - اسمِ مذکر - ہندو عو - دیکھو (پھپڑ دلالے)

پھپس - ہ - صفت (۱) پھولا ہوا - گول متھول - بادی کے بدن والا - بھدا - موٹا - فربہ (۲) وہ پھل جو اندر سے پولا اور خالی ہو جیسے مولی - سیب - گھونٹ اور خربزہ وغیرہ

پھپسا - ہ - صفت (۱) پھولا ہوا - پولا (۲) پھیکا - بدذائقہ سیٹھا +

پھپکا - ہ - اسم مذکر - پھپولا - چھالا - آبلہ +

پھپولا - ہ - اسم مذکر - آبلہ - چھالا +

پھپولے - ہ - اسم مذکر - لفظ پھپولا کی جمع +

پھپولے پڑنا - ہ - فعل لازم - آبلے ہونا - چھالے پڑنا

پھپولے پھوٹنا - ہ - فعل لازم - آبلوں کا پانی نکلنا + دل ٹھنڈا ہونا - من کے جیسے ہونا - دشمنی نکلنا +

پھپولے پھوڑنا - ہ - فعل لازم - دل کا غصہ نکالنا بخار نکالنا - حسد نکالنا - دشمنی یا عداوت نکالنا +

(یہ لفظ دل یا جلے کے ساتھ اکثر آتا ہے (جرأت) جانتے ہی میکدہ میں شیشے تمام توڑے زاہد نے آج اپنے دل کے پھپولے پھوڑے +)

پھپولے والی - ہ - اسم مؤنث (ہندو) سیتلا ماتا کی سات بہنوں میں سے ایک بہن کا نام ہے جسے پھپولے ڈالنے اور اچھا کرنے کا منصب [illegible]

پھپوندنا - ہ - فعل لازم - پھپوندی لگنا +

پھپوندی - ہ - اسم مؤنث - وہ سفید سفید تہ جو کسی چیز پر رطوبت کے باعث کائی کی طرح جم جاتی ہے +

پھپوندی لگنا - ہ - فعل لازم - کسی پر سفید سفید تہ کا رطوبت کے باعث جم جانا (بحر)

غم سے ہوئے ہیں بال ہمارے سفید بحر
سر کو پھپوندی لگ گئی آنکھوں کی سیل سے

پھپوندی لگی - ہ - اسم مؤنث - ع - وہ عورت جسکے دانتوں پر بہت سا میل جما رہے +

پھپی - ہ - اسم مؤنث - باپ کی بہن - بوا - خواہر پدر +

پھپیا ساس - ہ - اسم مؤنث - ع - خسر کی بہن پھوپھی ساس

پھپیا سسر / پھپیا سسرا } ہ - اسم مذکر - ع - شوہر کی بہن کا خاوند +

پھپیرا - ہ - اسم مذکر - پھپی کا بیٹا

پھپیری - ہ - اسم مؤنث - پھپی کی بیٹی +

پھٹ - ہ - صفت - طاق - فرد - یکا - تنہا +

پھٹ - ہ - اسم مؤنث - کلمہ نفرین - لعنت - تُف + دھتکار +

پھٹ پھٹ - ہ - اسم مؤنث - تھو تھو - تھڑی تھڑی لعنت ملامت - دُر دُر +

پھٹا پڑنا - ہ - فعل لازم - نہایت موٹا ہونا - فربہی کے باعث جسم کا بے قابو ہونا +

پھٹ پڑنا - ہ - فعل لازم (۱) شدت سے موٹا ہونا - دفعۃً فربہ ہونا - جلد موٹا ہونا (۲) کثرت سے کسی بات کا ہونا - افراط ہونا - کثرت سے پیدا ہونا - شدت سے ہونا جیسے حسن پھٹا [illegible]

پھٹ پھٹ - ہ - اسم مؤنث - پھٹی جوتی کی آواز +

پھٹ پھٹانا - ہ - فعل لازم - دیکھو پھڑپھڑانا

پھٹک - ہ - اسم مذکر (۱) بُور - کچا ہیرا (۲) پنجرا - جال

پھٹکار - ہ - اسم مؤنث (۱) دھتکار - لعنت - ملامت - دُر دُر (۲) چاشنی - آمیزش جیسے اس میں کیوڑے کی پھٹکار ہے (۳) سراب - بددعا +

پھٹکار برسنا - ہ - فعل لازم - اداسی اور بے رونقی لعنت برسنا - چہرہ کا نور نہ رہنا +

پھٹکار - ہ - اسم مؤ[illegible] (۱) خاش + کسی چیز کا خوشی [illegible] (۲) نارنگی یا نگترے کے [illegible] جو گھوڑے کے سدھا[illegible] + پتھر پر کپڑا دھونے [illegible] بروس کی شکل کا ہوتا ہے +

پھٹکارنا - ہ - فعل [illegible] (۱) بانکا - ترچھا (۲) مضبوط - ہوشیار (۳) بہادر - دلیر [illegible] + پیٹنا - مارکر نکال دینا - ہٹا دینا - دور دفع کرنا [illegible] دے دے مارنا - کپڑا چھانٹنا [illegible] ن وغیرہ کو ہتھیلی پر رکھ کر [illegible] منہ کے اندر اکیبارگی [illegible]

(۳) حاصل کرنا - وصول کرنا - کمانا - دام اُٹھانا - دام کھرا
کرنا جیسے آج چار روپے پھٹکارے (۴ شاہ زاری) بیچنا -
فروخت کرنا جیسے اس چیز کو بھی پھٹکار ڈالو (۵) آڑے
ہاتھوں لینا - سرزنش کرنا (۶) روپیہ پیسہ جیتنا - (۷)
جھاڑنا - جھٹکنا جیسے ڈاڑھی پھٹکارنا +

پھٹکا نہ کھانا - ف - فعل لازم - چٹ پٹ مر جانا - تڑپنے
تک کی نوبت نہ ملنا - چٹ پٹ ہو جانا +

پھٹکری - ف - اسم مؤنث - ایک کانی دوا کا نام ہے جو اکثر
دوائے چشم و زخم وغیرہ میں کام آتی ہے اسکو فارسی میں
شب یمانی عربی میں زاج کہتے ہیں + (ہندو اور اہل مشرق
بفتح اوّل بولتے ہیں اور عوام دہلی بکسر اوّل و ثانی) +

پھٹکل - ف - صفت (۱) طاق - فرد - واحد - اِکّا - اکیلا -
تنہا (۲) جدا - علیحدہ (۳) متفرق مختلف جیسے پھٹکل حساب
و خرچ (۴) ریزہ - ریزگاری - خُردہ - دوانی چوانی وغیرہ

پھٹکن - ف - اسم مؤنث - غلہ وغیرہ کی بھوسی جو پھٹکنے سے
نکلے - اناج کا چھلکا وغیرہ +

پھٹکنا - ف - فعل متعدی (۱) جدا کرنا - علیحدہ کرنا - غلہ کو جھاڑنا
یا صاف کرنا - چھاج سے صاف کرنا (پورب میں اچھاٹنا) +
(۲) جانا - جا نکلنا - آنا + مانوس ہونا (اس معنی میں لفظ نہیں
کے ساتھ آتا ہے جیسے پاس نہ پھٹکنا - گرد نہ پھٹکنا) +

پھبتی - ف - اسم مؤنث - ایسی + (سودا)
مشابہت تامہ - جمتی ہوئی + اکثر اوقات آ پھبکتے ہیں
ظرافتاً تشبیہ دینا + لطیفے سے چلا جا الا ملا (دعلی بھی)
روئے گل پر دیکھ کہتا [illegible] کبھی اُدھر جو یہی خاک جا پھبکتی ہے
(آتش) کیا ہی پھبتا [illegible] فقرہ جسمیں غلہ رکھکر چھوڑتی ہیں +

پھبتی کہنا - [illegible] (۱) گٹھلی گرہ لگانا (۲) کسی خشک چیز کے
کہیں پھنس جانا [illegible] اُنمیں سے ہر ایک کو پھبکی کہتے ہیں

جیسے بیسن یا آٹے کی پھٹکیاں (۲) خون یا پیپ وغیرہ کا وہ حصہ
جو بہجانے یا کھنکھارنے کے ساتھ آجاتا ہے +

پھٹکی - ف - اسم مؤنث (۱) ایک ٹوکرے کی طرح کا بنا ہوا چھوٹے
منہ کا پنجرا سا ہوتا ہے جسمیں چڑیمار چڑیاں وغیرہ پکڑ
لاتے ہیں (۲) کھٹکا جو میوہ دار درختوں میں پھلوں کی
حفاظت کے واسطے جانوروں کے اُڑانے کو باندھتے ہیں +

پھٹنا - ف - فعل لازم (۱) شق ہونا - شگافتہ ہونا - جیسے
زمین پھٹنا (۲) دریدہ ہونا ٹکڑے ہونا جیسے کپڑے پھٹنا
(۳) تڑکنا - تڑخنا - شگاف پڑنا جیسے ہاتھ پاؤں کا پھٹنا
(۴) اجزا جدا ہونا - جیسے دودھ پھٹنا (۵) جدا ہونا -
علیحدہ ہونا جیسے بادل پھٹنا (۶) بیزار ہونا - ہٹنا - نفرت
کرنا - جیسے دل پھٹنا +

پھٹے سے منہ یا پھٹے منہ - ف - محاورہ - کلمۂ نفرین
لعنت ہے ایسے منہ پر - تف ہے - تُوف ہے - تھو ہے +

پھٹیل - ف - صفت - طاق سے منسوب - زوج کے خلاف
فرد - اکیلا - تنہا - جدا - جوڑے میں سے ایک - جیسے پھٹیل
کبوتر وغیرہ +

پھٹے میں پاؤں دینا - ف - فعل لازم - دخل در معقولات
دینا - ناحق کسیکی بلا میں پڑنا +

پہچان - ف - اسم مؤنث (۱) واقفیت - شناسائی - واقفکاری
شناخت (۲) ورک - تمیز - مداخلت (۳) علامت - نشانی

پہچاننا - ف - فعل متعدی (۱) جاننا - شناخت کرنا - معلوم
کرنا - سمجھنا - تاڑنا - تمیز کرنا +

پھد پھدانا - ف - فعل لازم (۱) بہت سے گرمی دانوں
یا پھنسیوں کا دفعتہً نکل آنا (۲) درخت میں کثرت سے
شاخیں پھوٹنا +

پھدکنا - ف - فعل لازم (۱) کودنا - مینڈک کی طرح اچھلنا

جست بھرنا۔ متحرک ہونا (۲) خوشی سے کودنا (۳) لپ لپانا۔ لپ لپ کرنا +

پُھدکی۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ پودنے کی مانند۔ ایک چھوٹی سی چڑیا کا نام ہے جو اکثر درختوں پر پُھدکتی پھرتی ہے +

پُھدکی مارنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ جست بھرنا۔ چھلانگ مارنا

پُھدّی پنجابی۔ اسم مؤنث۔ مقعد۔ گون۔ دُبر +

پھڈّا۔ ہ۔ صفت (۱) چپٹا + وہ جوتا جسکی ایڑی گھِس جائے (۲) وہ آدمی جو پاؤں رگڑتا ہوا یا لنگ کرتا ہوا چلے نیز وہ شخص جسکے دونوں پیروں میں خم یا کج ہو اور چلتے وقت آڑے ترچھے پاؤں رکھے +

پُھڈّا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ طاقچہ۔ وہ گڑھا جو پاؤں رکھنے کے قابل کسی دیوار یا کنوے میں چڑھنے اُترنے کے واسطے کھود دیتے ہیں +

پُھر۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ اُڑنے کی آواز۔ اسمیں پرند کی ہو خواہ بارود کی +

پُھر سے اُڑ جانا۔ ہ۔ فعل لازم۔ جلد پرواز کرنا۔ تیز پر کرنا

پھر۔ ہ۔ تابع فعل (۱) دوبارہ۔ بعد ازاں۔ پس ازیں۔ (۲) تب۔ تو (۳) پھرنا مصدر سے امر کا صیغہ +

پھر مانگو۔ ہ۔ محاورہ۔ آگے جاؤ۔ برکت ہے۔ موجود نہیں ہے (جب صاحب خانہ کو دینا منظور نہیں ہوتا تو کہتا ہے)

جب مانگوں منہ میں اُس سے سائل کی طرح تو
کہتا ہے مجھ سے ہنسکر پھر مانگو خدا دیوے (نسیم)

خوش نہوتا تو کبھی ہنسکے نہ کہتا پھر مانگ
کیا ہوا اُس سے جو سائل میں ہوا بوسہ کا (ناسخ)

پہر۔ ہ۔ اسم مذکر۔ دن کا چوتھا حصہ ۸ گھڑی۔ ۳ گھنٹے پاس (اشعار میں پہر آیا ہے)

پہرا۔ ہ۔ اسم مذکر (۱) چوکی۔ حفاظت + چارج + نگہبانی۔ ڈیوٹی۔ تحویل۔ حراست (چونکہ اکثر ایک ایک پہر کے واسطے ملازمان پولس وغیرہ کو کھڑا رہنا پڑتا ہے اس باعث سے یہ نام رکھا)

دروازوں پہ دیووں کا تھا پہرا
پہنچا کے خبر وہ شحنہ ٹھہرا + (گلزار نسیم)

(۲) پہرے دار۔ سنتری۔ نجیب۔ دربان۔ محافظ جیسے پہرا کھڑا ہے (۳) وقت۔ زمانہ۔ سما جیسے کہے کبیر سنو بھی سادھو۔ ایسا پہرا آویگا + بہن بھانجی کوئی نہ پوچھے نیوت جماویگا + (۴) اثر قدوم (وہ شگون جو عورتیں کسی کے آنے سے لیتی ہیں جس کام کے کرتے وقت کوئی آجاے اور وہ جلد ہو تو اسے ہلکا یا اچھا پہرا کہتی ہیں اور اگر اُسمیں دیر ہو تو بھاری یا برا پہرا کہلاتا ہے یا کوئی بُری بات پیش آئے تو بھی برا پہرا کہتی ہیں) (۵) گشت جیسے سپاہی ہو نکلا پہرا (۶) ایک افسر اور چھ چوکیدار [illegible]

پہرا بدلنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ چوکی بدلنا۔ نوکری سے مُہلت ملنا۔ سپاہیوں میں باہم تبدل ہونا +

پہرا بدلوانا۔ ہ۔ فعل متعدی۔ ایک کی تحویل سے دوسرے کی تحویل میں کرنا + دوسرے کو چارج دینا یا لینا۔ تبدل [illegible] ایک چوکیدار کا دوسرے کو اپنی جگہ قایم کرنا +

پہرا بیٹھنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ حراست ہونا۔ محافظوں کا کسی کے گھر پر متعین ہونا۔ سپاہیوں کا پہرا لگ جانا +

پہرا دینا۔ ہ۔ فعل لازم۔ محافظت کرنا۔ چوکسی کرنا۔ نگہبانی کرنا۔ رکھوالی کرنا۔ دیکھنا بھالنا + نوکری پر کھڑا ہونا۔ جاگنا

پھڑاٹا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ پردے یا پرندے کے اُڑنے کی آواز (اہل دہلی فرّاٹا بولتے ہیں) +

پھڑاٹا بھرنا۔ ہ۔ فعل لازم (۱) پھڑانا۔ آواز سے اُڑنا اور جلد پڑھنا۔ خوب یاد ہونا۔ حفظ ہونا۔ (اہل دہلی فرّاٹا بھرنا بولتے ہیں) +

پھڑاس۔ ہ۔ اسم مذکر۔ ایک [illegible] کا نام ہے جو جھا[illegible]

قسم میں سے ہے اور بہت جلد بڑھتا ہے اسکو اکثر لوگ فراش بھی کہتے ہیں +

پھرّانا - ھ - فعل لازم (۱) جھنڈے کے پھریرے کا ہلنا - لہرانا (۲) اُڑنا (۳) - پُورب) جست بھرنا - کُودنا +

پھرانا - ھ - فعل متعدی (۱) گشت کرانا - گھمانا (۲) چکر دینا - گردش دینا (۳) ساتھ پھرانا - ساتھ لیکر جانا (۴) حیران کرنا - بھٹکانا - پھیرے کرانا - پاؤں تڑوانا +

پہرانا - ھ - فعل متعدی (ہندو) پہنانا - پوشاک یا زیور پہنانا

پھراؤ - ھ - صفت (۱) شرطی - جانکڑ - پھیرنی پھیرنی - وہ چیز جسکے واپس کردینے کا اقرار ہو (۲) بساؤ کے خلاف - پھرتا - لوٹتا ہوا - اُلٹا پھرتا ہوا جیسے پھراؤ میلہ +

پہراوا - ھ - اسم مذکر (ہندو) پہناوا - لباس - پوشاک -

پہراونی - ھ - اسم مؤنث - ہندو عو - (۱) وہ جوڑا جو بیاہ میں رشتہ دار عورتوں یا براتیوں کو پہنایا جاوے (۲) وہ عورت جو بیاہ میں مہمانونکو جوڑے پہنائے +

پھرائی - ھ - اسم مؤنث - واپسی - واپس کرنے کا حرجانہ

پھر پھرانا - ھ - فعل لازم (۱) پھڑ پھڑ کرنا جیسے کانوں میں کسی چیز کا جا کر پھڑ پھڑ کرنا - کان میں روئی ڈالکر اسکو گردش دینا - پھریری پھیرنا - روئی کی سلائی کان میں پھیرنا - (۲) بالونکا ہوا میں ہلنا - کسی ہلکی چیز کا ہوا میں لہرانا +

پھرپھری - ھ - اسم مؤنث (ہندو) پھریری - کپکپاہٹ - کپکپی - لرزہ - تھرتھراہٹ - تھرتھری +

پھر پھند - ھ - اسم مذکر (ہندو) فرفند - فریب - مکر - چھل بل

پھر پھندی - ھ - صفت (ہندو) فریبی - چالباز - مکار

پھر پھندوا - ھ - اسم مذکر (گنوار) حنظل - اندراین +

پھرت - ھ - اسم مؤنث (۱) حرکت - گردش ناچنے میں پھرتی سے پھر جانا یا کچھ جلت پھرت بھی ایسے ہی موقع پر بولتے ہیں

(۳) پھرتا - وہ روپیہ جو کسی سے دینے کی بجائے واپس لیا جائے +

پھرتا - ھ - صفت (۱) دیکھو (پھراؤ) ۲ - دیکھو (پھرت نمبر ۲) ۳ - دلالی + بٹا - کمیشن +

پھرتا رہنا - ھ - فعل لازم (۱) آوارہ گرد رہنا - واہی تباہی پھرنا - ڈانواں ڈول پھرنا (۲) گردش کیے جانا - متحرک رہنا +

پھرتی - ھ - اسم مؤنث چالاکی چستی - تیزی +

پھرتی سے - ھ - تابع فعل - جھپاک سے - جلدی سے - ترت - فوراً - فی الفور - عجالۃً - معاً +

پھرتی کرنا - ھ - فعل لازم - کسی کام میں چستی دکھانا - جلدی کرنا - چالاکی کرنا - چابکدستی کرنا - تیزدستی کرنا +

پھرتیلا - ھ - صفت - چست - چالاک - تیز - ہوشیار - جلدی سے کام کرنے والا +

پھر جانا - ھ - فعل لازم (۱) برگشتہ ہوجانا - باغی ہوجانا - منحرف ہونا - بغاوت کرنا - سرکشی کرنا - حکم نہ ماننا (۲) واپس ہوجانا - لوٹ جانا - اُلٹا چلا جانا (۳) کسی چیز کا واپس ہوجانا - خریدی ہوئی چیز اُلٹی پھر جانی (۴) ٹیڑھا ہوجانا - مڑجانا جیسے دھار یا ہاتھ مڑنا (۵) گردش کرنا - گھوم جانا (۶) پلٹ جانا - بدل جانا جیسے ہوا کا پھرنا (۷) بیزار ہوجانا - اُکتا جانا جیسے دل پھر جانا - مُنہ پھر جانا (۸) گشت کر جانا - سارے میں پھیرا لگا جانا جیسے دُہائی پھر جانا +

پھرچا - ھ - اسم مذکر (گنوار) ۱ - فیصلہ - انفصال (۲) آخری حکم - صاف - نرمل + کھرا (۳) بھیڑ چھٹنا - بادل پھٹ جانا -

پھرسا - ھ - اسم مذکر (پُورب) کُدال - پھاوڑا - کلہاڑی - تیشہ

پھرکی - ھ - اسم مؤنث - گول اور چھوٹی سی پھرنے یا پھرانے کی چیز - گٹی - چکی - گھرنی - ریل + پھرکی لٹو - دمرکا +

پھرنا - ھ - فعل لازم (۱) گردش کرنا - چکر کھانا - گھومنا (۲) لوٹنا - واپس ہونا - مراجعت کرنا + کسی خریدی ہوئی چیز کا واپس ہونا - اُلٹا پھرنا (۳) ٹہلنا - چہل قدمی کرنا

(۴) سیدھا نہ رہنا۔ ٹیڑھا ہونا (۵) بغاوت کرنا۔ انحراف کرنا۔ سرکشی کرنا۔ برگشتہ ہونا (۶) مکرنا۔ پلٹنا۔ انکار کرنا۔ منکر ہونا جیسے قول سے پھرنا (۷) سیر ہونا۔ اگھانا (۸) گشت لگانا۔ گشت کرنا (۹) تشہیر ہونا۔ مشہور ہونا جیسے دُہائی پھرنا۔ حکم پھرنا (۱۰) بکنا۔ براز کرنا (۱۱) مس ہونا۔ چھوا جانا +

پھری۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ سپر۔ سُوت اور بانس کی بنی ہوئی ڈھال جو اکثر پٹا کھیلنے میں کام آتی ہے +

پہرے دار۔ ف۔ اسم مذکر۔ سنتری۔ چوکیدار۔ محافظ۔ دربان۔ رکھوالا۔ پاسبان۔ حارس +

پھریرا۔ ہ۔ صفت (۱) کم سوکھا ہوا۔ ادھ سوکھا۔ وہ چیز جو بھیگنے کے بعد خشکی پر آگئی ہو (۲) خشکی پر آیا ہوا زخم (۳) کھلے ہوئے چاول۔ گتھی کے خلاف (۴) جھنڈے کا کپڑا۔ بادلہ۔ دستارچہ۔ بیرق +

پھریری۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ (۱) رونگٹے کھڑے ہونے کے ساتھ جھرجھری آنے کو پھریری کہتے ہیں۔ قشعریرہ۔ لرزہ خفیف۔ کپکپی۔ سردی یا خوف یا رحم کے باعث بدن کے رونگٹے کھڑے ہوکر جسم کے دفعتہً متحرک ہو جانے سے مراد ہے (۲) وہ روئی لپٹی ہوئی سینک جسے کان میں پھیرتے یا ہندو دیوالی کے روز گو کے کانس رکھتے اور دیوار و در پر اس سے نقش کرتے ہیں (۳) عطر کا پھویا جو سینک پر لپیٹ لیتے ہیں

پھریری آنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ رحم یا خوف یا سردی کے باعث رونگٹے کھڑے ہوکر خفیف سا لرزہ آنا +

پھریری لینا۔ ہ۔ فعل لازم (۱) کپکپانا۔ جھرجھری لینا۔ تھرتھرانا۔ لرزنا (انشا)

ایک پھریری جو ترا خاک بسر لیتا ہے
تھام جبریل ہیں اپنا جگر لیتا ہے

(۲) ہوشیار ہونا۔ سنبھلنا۔ چونکنا (۳) پرندہ کا پر جھڑجھڑانا۔ گھٹنے کا پھٹپٹانا + (جرأت)

خوف صیاد سے یاں تک ہے ہمیں ضبط کہ آہ
نہیں لیتے ہیں پُھریری بھی تلے دام کے ہم

پہرے میں دینا۔ ہ۔ فعل متعدی۔ حراست میں دینا۔ حوالات میں ڈالنا +

پہرے میں رکھنا۔ ہ۔ فعل متعدی۔ حراست میں رکھنا۔ نظربند رکھنا۔ حوالات میں رکھنا + حاجت میں رکھنا (پورب)

پہرے میں ہونا۔ ہ۔ فعل لازم۔ حراست میں ہونا۔ نظربند ہونا۔ حوالات میں ہونا۔ قید میں ہونا (پورب والے حاجت میں ہونا کہتے ہیں) + (قطعۂ واقف)

وقت آیا ہے کہ ہوں شاہ و گدا پہرے میں
بے خطا نیز ہیں اور اہل خطا پہرے میں
مردم چشم نے مژگاں کی چڑھا کر سنگیں
ایک عالم کو نظربند کیا پہرے میں

پھڑ۔ ہ۔ اسم مؤنث (۱) قمارگاہ۔ جوا کھیلنے کی جگہ۔ جوے کا اڈا (۲) فروخت گاہ۔ وہ جگہ جہاں اسباب رکھکر بیچیں (۳) گاڑی کی بم (۴) وہ تپائی جس پر توپ چڑھا کر رکھتے ہیں۔ توپ کی گاڑی (۵۔ اسم مذکر) جُوا۔ قمار۔ چنانچہ پھڑ پھینکنا جوا ہونے کے معنی میں قمارباز استعمال کرتے ہیں

پھڑباز۔ ف۔ اسم مذکر۔ جواری۔ قمارباز +

پھڑبازی۔ ف۔ اسم مؤنث۔ جوا کھیلنا۔ قماربازی +

پھڑپھکنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ جوا ہونا۔ قماربازی ہونا

پھڑپھڑانا۔ ہ۔ فعل لازم (۱) پرندوں کا جھڑجھڑانا۔ پر و بازو پھٹپٹانا (۲) تڑپنا۔ بیقرار ہونا۔ مضطرب ہونا۔ پھڑکنا +

پھڑک۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ تپش۔ پھڑکن۔ بیقراری۔ اضطراب

پھڑکانا۔ ہ۔ فعل متعدی (۱) تڑپانا۔ لٹانا۔ بیتاب کرنا

کرنا۔ بیقرار کرنا + نہایت خوش کرنا (۲) کبوتر کو صیدی یا کسی غیر کے
مکان پر پہنچ پکڑ کر جھڑجھڑاتا کہ دوبارہ اس جگہ نہ آئے +

پھڑک جانا۔ ف۔ فعل لازم (۱) فریفتہ ہونا۔ لوٹ جانا۔ غش ہوجانا۔
عاشق ہوجانا + بیقرار ہوجانا (۲) ترس جانا۔ نہایت مشتاق ہونا

پھڑکن۔ ف۔ اسم مؤنث (۱) دیکھو (پھڑک) +

پھڑکن کی اولاد۔ ف۔ اسم مؤنث (ع) نہایت تمنا اور آرزو کی
ناک رگڑ کی اولاد۔ نازپروردہ اور لاڈ کی اولاد +

پھڑکنا۔ ف۔ فعل لازم (۱) تڑپنا۔ بیتاب ہونا۔ بیقرار ہونا + بیچین ہونا
(۲) کسی عضو کا حرکت کرنا۔ متحرک ہونا۔ جنبش کرنا (۳) نہایت
مشتاق اور آرزومند ہونا۔ کمال اشتیاق ہونا۔ متمنی ہونا (۴)
دھڑکنا۔ کبوتر کی طرح لوٹنا۔ پھڑپھڑانا (شاہ نصیر)

ہم پھڑک کر توڑتے ساری قفس کی تیلیاں
پر نہیں اے ہمصفیرو اپنے بس کی تیلیاں

پھڑولنا۔ ف۔ فعل متعدی (ع) اتھل پتھل کرنا۔ الٹ پلٹ کرنا۔
گڈمڈ کرنا۔ بے ترتیب کردینا جیسے ابو غضب پھڑول ڈالا (پنجابی)

پھڑی۔ ف۔ اسم مؤنث۔ ایک گز چوڑی یا سیقدر اونچی اور تیس گز
لمبی پتھروں کی بھیت (?) انٹوں کو چنے کی طرح یہ ڈھیر چنا جاتا ہے
چنا تو سودا نے صرف ڈھیر کے موقع پر باندھا ہے (سودا) تسلی مجھ
دیوانے کی نہو بھولی کے پتھروں سے + اگر سودا کو چھیڑا ہو تو اسکو مول لو پھڑیا

پھڑیا۔ ف۔ اسم مؤنث (پوربی) چھوٹا پھوڑا۔ پھنسی +

پھڑیا۔ ف۔ اسم مذکر۔ وہ شخص جسکے ہاں پھڑ ہو جکے نعل لینے والا جواری

پھس۔ ف۔ اسم مؤنث۔ ہلکی آواز۔ پھسکی کی سی آواز حقارتاً
ہلکی اور خفیف آواز ... ما

پھس ڈیسی کہنا۔ ف۔ فعل لازم۔ چوچیکے سے کہنا۔ آہستہ سے کہنا
جیسے جو بات سنتی ہی پھس ڈیسی خاوند سے کہدیتی ہے +

پھس۔ ف۔ اسم مؤنث (اطفال) کلمۂ حقارت جب کسی بچہ سے
کوئی کام نہیں ہو سکتا یا کسی کام میں پھسڈی رہجاتا ہے تو اسکو چھیڑنے
کو لڑکے کہتے ہیں۔ یعنی کچھ تم سے نہو سکا۔ تم نرے میچ نکلے +

پھس پھس۔ ف۔ اسم مؤنث۔ بلی کے بلانے کی آواز +

پھس پھسا۔ ف۔ صفت (۱) پھونس سا۔ پھونس کی مانند + کرارے کے
خلاف۔ ملایم۔ نرم۔ ڈھیلا (۲) ڈھیلا۔ مدھم۔ کم تیز۔ کرکرے کے خلاف
جیسے پھسپھسا تمباکو (۳) بودا۔ نااستوار۔ کمزور جیسے پھسپھسی ڈور +

پھس پھسانا۔ ف۔ فعل لازم (پوربی) کانا پھوسی کرنا۔
چپکے چپکے باتیں کرنا +

پھسڈی۔ ف۔ صفت مرتبہ یا وقعت یا درجہ میں پیچھے رہا ہوا
کم۔ گھٹیل۔ میری کے خلاف +

پھسر پھسر۔ ف۔ اسم مؤنث (عوام) گھسر پھسر۔ چپکے چپکے باتیں کرنا

پھسکڑا مار کر بیٹھنا۔ ف۔ فعل لازم۔ بیہودگی سے دوزانو
بیٹھنا۔ زمین پر دوزانو ہو بیٹھنا (عو)

پھسکنا۔ ف۔ فعل لازم (ہندو) ۱۔ دھسکنا۔ دہنا۔ اندر کو
بیٹھنا (۲) پچکنا۔ کھلنا۔ ترقنا جیسے زیادہ آٹا بھر دینے
سے گول پھسک گئی +

پھسکی۔ ف۔ اسم مؤنث۔ گوز بے صدا۔ کم آواز کا پاد + گوز حیواناتا

پھسلانا۔ ف۔ پھسلنے کا متعدی +

پھسلانا۔ ف۔ فعل متعدی (۱) بچوں کو بہلانا۔ بہکانا۔ فریب
دینا۔ پٹا دینا۔ دھوکا دینا۔ دم دینا۔ فریب میں لانا۔ جھانسا
دینا (۲) ترغیب دینا۔ رغبت دلانا +

پھسلاوا۔ ف۔ اسم مذکر۔ دم۔ فریب۔ دھوکا۔ بہکاوا +

پھسلن۔ ف۔ اسم مؤنث۔ لغزش۔ رپٹن۔ مزلہ۔ پاؤں
رپٹنے کی جگہ + رپٹنی زمین +

پھسلنا۔ ف۔ فعل لازم (۱) رپٹنا۔ کھسلنا۔ لڑکنا۔ لغزش
کرنا (۲) بہکنا۔ چوکنا + ؎

کیا بلا کوئے بتاں کی بھی ہے چکنی مٹی
قدم زاہد صد سالہ پھسلتے دیکھا

(۳) راغب ہونا۔ میل کرنا جیسے اب ادھر پھسل گئے (۴ صفت میں) رپٹواں۔ وہ چیز جس پر سے پھسل جائیں +

پھسلنا پتھر - ۵ - اسم مذکر - رپٹواں پتھر - وہ پتھر جسکے اوپر لڑکے چڑھکر پھسلا کرتے ہیں (ذوق)

میں کہاں سنگ در یار سے ٹل جاؤنگا
کیا وہ پتھر ہے پھسلنا کہ پھسل جاؤنگا

حضرت خواجہ قطب الدین بختیار کاکی قدس سرہٗ کے مزار پرانوار کے قریب شمسی تالاب کے جھرنے پر سنگ سرخ کا ایک لمبا چوڑا ڈھلواں پتھر لگا ہوا ہے اسپر جوان آدمی اور لڑکے میلے کے روز پھسلا کرتے ہیں چنانچہ شاہ نصیر صاحب نے بھی اسکی طرف اشارہ کیا ہے (نصیر)

وہ شوخ جھرنے کی سیر کرنے پھسلتے پتھر پہ جبکہ بیٹھا
پکاری خلقت ادھر ادھر سے فلک پہ بجلی زمیں پہ باراں

پھسینڈا - ۵ - صفت - بساندا - بدبو کا + وہ آدمی جسکی بات معقول نہو - نامعقول +

پھسینڈی - ۵ - صفت - بساندی - بدبودار + گدھیڑی نامعقول عورت - پھوہڑ +

پھش - ۵ - کلمۂ تنفر - چھی - تف - ہیچ - لعنت بر ہیچ

پھک - ۵ - اسم مؤنث - کسی چیز کے دفعۃً گھسنے اٹھنے یا نکلنے کی آواز جیسے بارود کے اٹھنے یا کسی ملایم چیز میں کسی سخت چیز کے جلدی سے داخل ہونے کی آواز +

پھک دیسی / **پھک دینی** / **پھک سے** } ۵ تابع فعل - دفعۃً - یکبارگی - فوراً سے - ترت - جھٹ - سٹ سانی - پھٹ سے +

پھکانا - ۵ - فعل متعدی (ہندی) اگھاڑنا - کھولنا +

پھکڑ - ۵ - اسم مذکر - ہزل - گالی گلوچ - فحش - وہ لچر اور بے معنی گفتگو جو بازاری آدمیوں میں ہوا کرتی ہے - ہجو - ہرج + مغلظات +

پھکڑ باز - ۵ - اسم مذکر - پھکڑ اڑانے والا - یاوہ گو - چھچھیا +

پھکڑ اڑنا - ۵ - فعل لازم - گالی گلوچ اڑنا - ناروا باہی کرنا +

پھکڑ ہونا - ۵ - فعل لازم - ٹھٹھکی ہنسی ہونا - بیہودہ ہنسی ہونا - نہایت بے تکلفی ہونا - فحش ہنسی ہونا - ہج ہونا +

پھکنا - ۵ - اسم مذکر - مثانہ حیوانات - پیشاب رہنے کی تھیلی

پھکنا - ۵ - فعل لازم (۱) جلنا - آگ لگنا - بھلسنا - آگ میں جلنا (۲) آتش غم حسد عشق محبت و تپ میں جلنا (۳) سوز ہونا - جلن ہونا (۴) روپیہ برباد ہونا - زیادہ صرف ہونا - ناحق خرچ ہونا +

پھکنی - ۵ - اسم مؤنث - دھونکنی - دمکش - ہوا پھونکنے کی وہ بانس کی سوراخدار پوری جس سے آگ پھونکتے ہیں - آتش افروز +

پھکی - ۵ - اسم مؤنث - پھنکنی - پکنی - پھانکنے کی دوا +

پھکیت - ۵ - اسم مذکر - پٹہ باز - لکڑی باز - فن چوب بازی کا [illegible]

پھکیتی - ۵ - اسم مؤنث - چوب بازی - پٹہ بازی - لکڑی [illegible]

پھگوا - ۵ - اسم مذکر (۱) ہولی کا انعام - وہ گڑ کی بھیلی [illegible] پھاگ کے انعام میں ٹہل کرنیوالی عورتوں کو دی جاتی ہے (۲ - پورب) ہولی - پھاگ +

پہل - ۵ - اسم مؤنث - پرتھم - ابتدا - شروع - آغاز - اول کسی کام کی ابتدا (۲ - اسم مذکر) دھنی ہوئی روئی کا گالا پرانی روئی جو استعمال کے بعد لحاف وغیرہ میں سے نکالی [illegible] ہیں - گولڑ - [illegible] (۳ [illegible] مذکر) پہلو کا مخفف - مثلث کا ضلع + (۴) [illegible] جانب [illegible] پہلوان لوگ کہتے ہیں کہ اس پہل [illegible] ملایا لیکن اس صورت میں یہ اردو ہے شعرا نے اس لفظ کو ہائے ہوز مفتوح کے ساتھ باندھا ہے مگر بول چال میں کسرہ [illegible]

پہل کرنا - ۵ - فعل متعدی - کسی کام کو اول ہاتھ لگانا - ابتدا کرنا - شروع کرنا - پیش قدمی کرنا +

پھل -ھ- اسمِ مذکر (۱) بار- ثمر- میوہ (۲) نتیجہ- حاصل- ثمرہ- خواب کی تعبیر (۳) خربزہ- ہر ایک خربزہ کا عدد (۴) آل- اولاد (۵) تلوار یا بھالے کی نوک- سنان (۶) تلوار یا پیش قبض و چاقو وغیرہ

ہارے بعد ہوگا زخم کھانیکا مزہ کسکو +
(امیر) بکیگا کوڑیوں کے مول قاتل پھل کٹاری کا

(۷) لابھ- فائدہ (۸) اجر- بدلہ- عوض- معاوضہ + انعام (۹) ہل کی پھال- ہل کا وُہ آہنی حصّہ جس سے زمین کھدتی ہے (۱۰) خارج قسمت- حاصل قسمت جو تقسیم کے عمل میں نکلے (حساب)

پھل آنا -ھ- فعل لازم- بارور ہونا- میوہ لگنا +

پھل پانا -ھ- فعل لازم (۱) ثمرہ حاصل کرنا- نتیجہ پانا (۲) اپنے کیے کے پاس بیٹھنا- مکافات پانا (۳) اجر ملنا- بدلہ ملنا- (۴) بہتری دیکھنا- منفعت حاصل کرنا- بھلائی پانا- فلاح کو پہنچنا +

پھل پائیگا عشق سے ابروے یار کے
(آتش) ایدل ہے ایسی تیغ سے چشم کرم غلط

پھل پھلاری -ھ- اسم مؤنث (ہندو) مختلف میوے- طرح بطرح کی کھانے کی ترکاریاں جیسے امرود کیلے وغیرہ

پھل تار -ھ- اسم مذکر- بل تار کے خلاف- وُہ تار جسمیں گول گول پھل آتا ہے (اصل میں یہ مادہ تار ہے اور بل تار نر)

پھل دار -ھ- صفت (۱) باردار- برومند- وُہ درخت جسمیں پھل لگ رہے ہوں- میوہ دار (۲) وُہ درخت جسمیں پھل لگے

پھل دایک -ھ- صفت (ہندو) مراد دہندہ- منفعت بخش- اُمید بر آر- مفید (یہ لفظ دیوی دیوتا کی صفت میں بولتے ہیں جیسے شیوجی کی سیوا ... ایک ہوئی) +

پھل لگنا -ھ- فعل لازم- ثمر آنا- بارور ہونا +

پھل ملنا -ھ- فعل لازم- دیکھو (پھل پانا) +

پہلا -ھ- صفت (۱) اگلا- اوّل کا (۲) قدیم- پرانا (۳) ابتدائی- ابتدا کا +

پہلا پھل -ھ- اسمِ مذکر (۱) نوباوہ- نوثمر- پیش رس- وُہ میوہ جو سب سے اوّل اُترے + وُہ میوہ جو اوّل ہی اوّل درخت میں آئے + چوٹی کا پھل (۲) پہلوٹھی کا بچّہ- وُہ بچہ جو اوّل پیدا ہو +

پھلا -ھ- اسمِ مذکر (۱) کھیل- مکئی کی کھیل جو بھوننے سے پھول جاتی ہے چنانچہ اُسے مکئی کا پھلا کہتے ہیں (۲) آنکھ کا ٹینٹ آنکھ کی بڑی پھُلی جو باہر تک نکل آتی ہے (۳) وُہ چیز جو پھول کی مانند پھول جاے +

پھلا پڑنا -ھ- فعل لازم- چیچک وغیرہ کے باعث آنکھ میں ٹینٹ ہو جانا +

پھلا پھولا -ھ- صفت- صاحب نصیب- دھنی- بھاگوان- دولتمند- امیر جیسے پھلا پھولا گھر سب دیکھتے ہیں (ع و)

پھلاسرا -ھ- اسمِ مذکر- دم- فریب- دھوکا- بھلاوا- (اصل معنی ہیں کسیکی حمایت پر پھولنا) +

پھلاسرے میں آنا -ھ- فعل لازم (۱) دم میں آنا- فریب میں آنا (۲) کسیکے برتے پر پھولنا- کسیکی حمایت پر کودنا +

پھلانا -ھ- فعل متعدی (۱) ہوا یا پھونک بھر کر کسی چیز کو تانا- پھونک بھرنا (۲) بادی سے موٹا کرنا- پھٹس بنانا (۳) خوشامد سے مغرور کرنا- تعریف سے غرور میں بھرنا- متکبر بنانا-

پھلانگ -ھ- اسمِ مؤنث (ہندو) چھلانگ- ڈگ- زغند- جست- کُلانچ +

پھلانگنا -ھ- فعل متعدی- جست بھرنا- چھلانگ مارنا- اُلانگنا- کسی چیز کو اُچک جانا- ڈگ بھرنا- زغند مارنا +

پھلپھلا -ھ- صفت (۱) متخلخل- مجوف- پھولا ہوا- پھٹس (۲ و ۳) وُہ شخص جو ذرا سی بات میں پھول جاے- جلد خوش ہوکر اترانے والا- اوچھا- کم ظرف +

پھلت -ھ- اسمِ مؤنث- پھلنے کی حالت- کثرت سے پھل آنا

پڑوس بسانا - پاس آگر رہنا - پہلو میں دفن ہونا جیسے قبر کا پہلو بسانا - ماں کا پہلو بسانا +

پہلو پر - ۱ - تابع فعل (۱) رُخ پر - بل پہ (۲) مدد پر - کمک پر - حمایت پر +

پہلو تہی کرنا - ۱ - فعل لازم (۱) ٹالنا - بالا بتانا - کنارہ کرنا - دُوری اختیار کرنا - پرہیز کرنا - اجتناب کرنا - علیحدگی اختیار کرنا +

پہلو دار - ف - صفت (۱) دانہ دار - پہلدار - (۲) کنایہ دار - رمزدار (۳) مشتبہ - مُبہم (۴) فریبندہ +

پہلو دبانا - ۱ - فعل متعدی - رُخ دبانا - کسی رُخ پر فوج کو چڑھاتے ہوئے لانا - کسی جانب غلبہ کرنا - پہلو کی طرف زور دینا یا زور ڈالنا - بازو دبانا (امیر)

کرُوں اگر نقش نام جاناں نگین دل پر میں اے سُلیماں
تمام عالم ہو زیر فرماں دباؤں پہلو ترے نگیں کا

پہلو گرم کرنا - ۱ - فعل متعدی - پہلو میں بٹھانا - پاس بٹھانا - کسی معشوق کو بغل میں بٹھانا +

پہلو میں - ۱ - تابع فعل - برابر میں - مقابل میں - سامنے -

پہلو میں بیٹھنا - ۱ - فعل لازم - صُحبت میں رہنا - قریب رہنا - پاس رہنا - پھوسے لگنا +

پہلو نکالنا - ۱ - فعل متعدی - موقع نکالنا - ڈھب بنانا

پہلو نکلنا - ۱ - فعل لازم (۱) موقع نکلنا - ڈھب بننا + (۲) انداز طرز کنایہ رمز ظاہر ہونا (داغ)

اُنہوں نے [illegible] سمجھا پر سمجھ میں کچھ نہیں آیا
کہ سو سو طرح کا [illegible] بات میں پہلو نکلتا ہے

پھلوا - ۱ - اسم مذکر - [illegible] دار پھندنا جو کھیس یا لوئی وغیرہ میں بننے میں + [illegible] گُبھا +

پھلواڑی - ۱ - [illegible] مؤنث (۱) باغچہ - گلزار چہ - بغیچہ -

چمن - چھوٹا سا باغ جسمیں پھول کے پودے لگا دیتے ہیں (اصل میں پھول باڑی تھا) (۲) بال بچے - آل اولاد نسل - سنتان +

پہلوان - ف - اسم مذکر (۱) سخت بدن کا آدمی - درشت اندام سخت و توانا - قوی جُثّہ (۲) کُشتی گیر - مُشت زن - مل - (۳) دلاور - دلیر - بہادر - سُورما +

پہلوانی - ف - اسم مؤنث (۱) زور آوری - طاقت - قوّت (۲) کسرت - ورزش - کُشتی +

پھلوری - ۱ - اسم مؤنث - پکوڑی - بیسن کی چھوٹی سی پھلکی

پہلونٹھی کا لڑکا - ۱ - اسم مذکر - پسر اوّلیں - پہلے پہل کا لڑکا - پہلا بیٹا - وہ لڑکا جو سب میں پہلے پیدا ہوا ہو

پھلی - ۱ - اسم مؤنث - چھیمی - غلاف ثمر - پھل کی تھیلی - مونگ موٹ وغیرہ کا پھل جسمیں بہت سے دانے بھرے ہوئے ہوتے ہیں (ہندو کیلے کے پھل کو بھی پھلی کہتے ہیں)

(پھلی اگرچہ پھل کی تانیث ہے مگر اسکا اطلاق ہر پھل پر درست نہیں ہے کیونکہ پھلی اُس ثمر کو کہتے ہیں جو لمبا ہو اور اسکے جوف میں دانے ہوں یا تخم جیسے لوبیا ماش املتاس وغیرہ +

پُھلی - ۱ - اسم مؤنث (۱) وُہ سفید نُقطہ جو آنکھ کے اندر پڑ جاتا ہے گُل چشم + ٹینٹ (۲) ایک چار میں ڈالنے کی چیز جسمیں سونف کی سی خوشبو ہوتی ہے +

پہلے - ۱ - تابع فعل (۱) ابتدا میں - اگلے زمانہ میں (۲) - صفت اوّل - مُقدم جیسے پہلے لکھ اور پیچھے دے +

پہلے پہل - ۱ - تابع فعل - اوّل ہی اوّل - شروع شروع اوّل مرتبہ - پہلی + (معروف)

پہلے سر پر خط رکھوں یا کہتے پاؤں پہ سر
اُسکا خط لایا ہے تو اے نامہ بر پہلے پہل

پہلے گھر میں تو پیچھے مسجد میں - ۱ - مثل (پیٹ سے

پُھنْدْنا سا - ہ - صفت - ٹھِگنا سا - بُوٹا سا - چھوٹا سا - چھوٹے قد کا (بچّوں کی تعریف میں) +

پَھنْدَیْت - ہ - اسم مذکر (لکھنؤ) وُہ سدھا ہوا ہاتھی یا درِندہ مثلاً بُلبُل بٹیر وغیرہ جو اپنی آواز سے ہمجنسوں کو دھوکا دیکر جال میں پھنسوائے - مُلّاں - دامِ گھاٹگی - کُٹنا کبوتر +

سحر صریر قلم ہے پھندیت کی آواز +
(ریختی) شیر اوج مضامیں کے بیحساب گری

پَھنْدے مِیں پَڑْنا یا **پَھنْسْنا** - ہ - فعل لازم (۱) دامِ فریب میں آنا - مصیبت میں مُبتلا ہونا - آفت میں پڑنا - بلا میں گرفتار ہونا (۲) کسی کے بس میں ہونا - کسیکے قابو میں ہونا + قید میں ہونا +

پَھنْدے مِیں پَھنْسانا - ہ - فعل متعدی - دامِ فریب میں لانا - جال میں پھانسنا - قابو میں لانا +

پَھنْسانا - ہ - فعل متعدی (۱) اُلجھانا + لپیٹنا (۲) اڑانا - اٹکانا (۳) پکڑوانا - گرفتار کرانا (۴) بجھانا - جال میں پکڑنا (۵) قابو میں لانا - بس میں لانا (۶) فریب میں لانا +

پَھنْساؤ - ہ - اسم مذکر (پھنساو) اڑاس - اُلجھاؤ - اٹکاؤ - روک - جھگڑا + بکھیڑا +

پَھنْساوا - ہ - اسم مذکر - دیکھو - بکھیڑا - اڑاس - دِقّت - وُہ جگہ جہاں سے نکلنا دشوار ہو + قید +

پَھنْسْنا - ہ - فعل لازم (۱) اُلجھنا - اٹکنا (۲) کسیکے عشق میں گرفتار ہونا - آشنائی کرنا (۳) پکڑا جانا - ماخوذ ہونا - گرفتار ہونا - بُرے مُنہ سے خراب چلنے کسی چیز میں ہاتھ پھنسنا - کیچڑ یا ایک ہی سمجھا تقید ہونا - دُوسرے کے قابو میں ہونا

پھوسے منہ سے کا متعدی المتعدی +

پَھوٹی نظروں یا **دیکھنا** - بُھٹر یا - چھوٹا پھوڑا - وُہ دانہ جو جسم پر ذرا سا بھانا ہے کیف

پَھنْکا - ہ - اسم مذکر - ایکدفعہ کے پھانکنے کی مقدار جیسے کھانڈ کا پھنکا لگا جاؤ +

پھنکا لگانا یا مارنا - ہ فعل لازم - ایک دفعہ ہی پھانک جانا - کسی سُوکھی ہوئی سائیدہ چیز کو بقدرِ کفِ دست ایکبارگی مُنہ میں ڈال جانا +

پُھنْکار - ہ - اسم مؤنث - سانپ یا حیوانات کی سانس کی آواز - دمِ نفس - سانس - پھونک +

پُھنْکار مارنا - ہ - فعل متعدی - سانپ کا زور سے پھوں کرنا - سانس چھوڑنا - پھونک مارنا +

پَھنْکْنا - ہ - فعل لازم (۱) کھنڈنا - گرنا - بکھرنا (۲) ضایع ہونا

پُھنْکْنا - ہ - فعل لازم - جلنا - جھلسنا + مُشتعِل ہونا - بھڑکنا جیسے بدن میں آگ پھنکنا +

پُھنْکْنی - ہ - اسم مؤنث - دیکھو - پھکنی - وُہ بانس کا سوراخدار ٹونٹا جس سے آگ پھونکتے ہیں +

پَھنْکوانا - ہ - پھینکنے کا متعدی المتعدی +

پُھنْکوانا - ہ - پھنکنے کا متعدی المتعدی +

پَھنْکی - ہ - اسم مؤنث (۱) ایک دفعہ پھانکنے کی مقدار (۲) سفوف - چُٹکی +

پَھنْگا - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کا پتنگ - پروانہ - وُہ چھوٹی چھوٹی تیتریاں جنکے جُھنڈ کے جُھنڈ برسات کی راتوں میں شمع کے آگے جمع ہو جاتے ہیں +

پَھنْدْنا - ہ - فعل لازم (دیکھو - پھندنا) +

پُھنَنْگ - ہ - اسم مؤنث - دیکھو (پھننگ) +

پُھنُو - ہ - اسم مؤنث - دیکھو - نولی - پھو - سینگری - لولو - بچّوں کا عضوِ تناسل +

پَھنی - ہ - اسم مذکر (۱) ایک قسم کا سانپ (۲) - اسم مؤنث) گوشہ وغیرہ بُننے کا وُہ تیلیوں کا آلہ جسمیں تانے کے تار

پرو ہوئے ہوتے ہیں - ایک کنگھی کی شکل کا بنے کا آلہ +

پھنی - ہ - اسم مؤنث - فانہ - پانہ - وہ مخروطی لکڑی جو تختہ تراشی کے وقت اسکے کھلا رہنے کے واسطے بیچ میں دیدیتے ہیں +

پھو - ہ - حرف ندا - تھو کرنے کی آواز +

پھوا - ہ - اسم مؤنث (گنوار) باپ کی بہن - بوا - پھپھی +

پھوا پھو - ہ - اسم مذکر - راس منڈل - صاحبزادیوں کے ایک کھیل کا نام ہے جسمیں لڑکیاں باہم ہاتھ ملا کر حلقہ میں پھیریاں لیکر کھیلتی ہیں

پھوآر - یا - **پھہار** - ہ - اسم مؤنث - دیکھو (پھہار)

پھوارا - ہ - اسم مذکر - فوارہ - نائزہ +

(اکثر اسکا مادہ پھوار بتاتے ہیں تو ہندی اور جو فوارہ قرار دیں تو اردو ہے)

پھوپا - یا - **پھوپھا** - ہ - اسم مذکر (ہندو) دیکھو (پھپا) +

پھوپس - ہ - اسم مؤنث (ہندو عو) دیکھو - پھپیا ساس

پھوپسرا - ہ - اسم مذکر (ہندو عو) پھپیا خسر +

پھوپو - ہ - اسم مؤنث (گنوار) پھپی +

پھوٹ - ہ - کلمہ نفرین - عو - کٹی ہے - لعنت ہے + درگور

پھوٹ - ہ - اسم مؤنث (۱) نااتفاقی - نفاق - اختلاف + بگاڑ + مخالفت + بغض - باہمی عداوت (۲) ایک قسم کی لکڑی جو پک کر کھل جاتی ہے - سیندھی - خیار دشتی - پھوٹ (۳) شکستگی - ٹوٹن - ٹوٹ پھوٹ +

پھوٹ بہنا - ہ - فعل لازم (۱) رو پڑنا - گریہ ضبط نہ کر سکنا - زار زار رونا - ہچکا ہچکا رونا (ذوق)

دیکھا آخر کہ پھوڑے کی طرح پھوٹ بہے
ہم بھرے بیٹھے تھے کیوں آپنے چھیڑا ہمکو

(۲) بھید کھول دینا - کینہ اور کپٹ ظاہر کر دینا (۳) پھوڑا پھوٹکے مواد جاری ہونا - یا پانی کا موری وغیرہ کو توڑ کر نکل جانا +

پھوٹ پڑنا - ہ - فعل لازم - نفاق ہونا - نااتفاقی ہونا - اختلاف ہوکے مخالفت ہونا - دشمنی ہونا - عداوت ہونا +

جدائی ہونا - علیحدگی ہونا +

پھوٹ پھٹک رہنا - ہ - فعل لازم (لکھنؤ) عو - ان بن رہنا - نااتفاقی اور جھگڑا رہنا - جدائی و علیحدگی ہونا +

پھوٹ پھوٹ کر رونا - ہ - فعل لازم - زار زار رونا - زار و قطار رونا - آٹھ آٹھ آنسو رونا (مہر حسن)

وہ آنکھیں جو رو دیں بہت پھوٹ پھوٹ
کہے تو کہ موتی بھرے کوٹ کوٹ

پھوٹ ڈالنا - ہ - فعل متعدی - نفاق پیدا کرانا - باہم عداوت یا دشمنی کرا دینا - جدائی کرانا +

پھوٹ سا کھل جانا - ہ - فعل لازم - دو پارہ ہو جانا - چار پھانک ہو جانا جیسے ککڑی کے پھٹنے

پھوٹ کر رونا - فعل لازم - بے اختیار رونا - زار و نزار رونا - از حد رونا (انشا)

یہ کون پھوٹ کے رویا کہ درد کی آواز
رہی ہوئی جو پہاڑوں کی آبشار میں ہے

پھوٹ نکلنا - ہ - فعل لازم (۱) جسم پر پھنسیاں ہو جانا کسی مواد کا جسم پر ظاہر ہونا (۲) نکلنا - توڑ کر نکل جانا - رسنے لگنا - مہک پڑنا + (نکہت)

پھوٹ کر روئی ہے ایسا کون چشم گریہ ناک
پھوٹ نکلا ہے جو پانی ہر در و دیوار سے

(۳) راز کھلنا - افشائے راز ہونا +

پھوٹا - ہ - صفت (۱) ٹوٹا ہوا - شکستہ + جھوجرا (۲) بحالت ٹوٹنا - شکستہ + شگفتہ +

پھوٹک - ہ - اسم مؤنث - ریزہ ریزہ + وہ چیز جس با اولاد ہو

پھوٹنا - ہ - فعل لازم (۱) ٹوٹنا - دیکھو (پھوٹ نمبر ۲) ہونا - پھونٹ کی طرح کھ دیکھو (پھوس) +

ہونا + جذام ہونا + اسم مذکر (دیکھو پھوسڑا)

پھلکنا ہ - اسم مؤنث (۱) وہ ہوا جو منہ سے نکالیں کہ سرخی پھر - نفس + اُف - پف (۲)

(۵) اُبھرنا۔ نِکلنا جیسے بیج پھُوٹنا (۶۔ عو) حقارتاً کہنا۔ بولنا جیسے کُچھ تو پھُوٹو یعنی کہو (۷) شاخ نِکلنا۔ پتّے نِکلنا۔ ٹہنی یا کونپل کا دِکھائی دینا (۸) تڑخنا۔ پھٹنا (۹) پانی کا نہایت گرم ہوکر پھٹنا۔ پانی کھدبدا جانا۔ جوش ہو جانا (۱۰) بُو ظاہر ہونا۔ خوشبُو پھیلنا (۱۱) مُشتہر ہونا۔ خبر پھیلنا + بھید کُھلنا (۱۲۔ عو) کہنا۔ بولنا۔ خاموشی کو توڑنا جیسے مُنہ سے تو پھُوٹو (۱۳) بہ نِکلنا۔ توڑ کر نِکل جانا جیسے پانی پھُوٹنا (۱۴) پکّے یا کچّے زخم کا پھٹکر آلائش نِکلنا (۱۵) اندھا ہونا۔ کور ہونا۔ بینائی زائل ہونا (۱۶) دُوسرے سے جا مِلنا۔ گواہ یا دوست کا ٹُوٹ جانا (عوام) (۱۷) پھٹنا۔ ٹُکڑے ٹُکڑے ہونا۔ خُون نِکلنا جیسے سر پھُوٹنا (۱۸) ایک طرف سے دُوسری طرف نِکل جانا جیسے سیاہی پھُوٹنا (۱۹) اگرچہ پھُوٹنا اور ٹُوٹنا معنی کے اِعتبار سے ایک ہیں مگر محلِ اِیراد میں فرق ہے بعض موقع پر دونوں درست ہیں اور بعض محل پر صرف پھُوٹنا مثلاً آنکھ کو اور پھوڑے کو پھُوٹنا کہیں گے اور سر کو پھُوٹنا ٹُوٹنا دونوں طرح بولینگے لیکن لکڑی کو ٹُوٹنا کہیں گے پھُوٹنا نہیں کہنے کے ہیں علیٰ ہذا القیاس) +

پھُوٹی - ھ - صِفت - ٹُوٹی ہوئی - شکستہ چیز +

پھُوٹی آنکھ کا تارا - ھ - اِسمِ مذکّر (ہندو عو) کئی بیٹوں میں ایک بیٹا جو زندہ رہا ہو + نہایت عزیز بیٹا +

پھُوٹی آنکھ کا دِیدہ - ھ - اِسمِ مذکّر (عو) کئی بچوں میں ایک اللہ آمین کا بچہ جو زِندہ رہا ہو +

پھُوٹے مُنہ سے - ھ - تابع فعل - (عو) ٹُوٹے مُنہ سے خفگیتاً لگانا ... پھُوٹے مُنہ سے - ناکارہ اور ناقابلِ گُفتگو مُنہ سے

(۹) دِل جلانا۔ ستانا۔ پھُونکنا

لگا راہ مولا داہ جی

اُڑانا جیسے دَولت پھُونکنا

نکالنا جیسے صُور پھُونکنا

نہ نکلا لیتے جادُو شاہ جی

... نہ بھانا - ل - فعلِ لازم

ہمّت کرنے اور کان بھرنے

(راحت)

کے بغیر بھی بولتے ہیں +

چھینکا رسّی کنجر یونکا سایہ لٹکاؤں میں نوچ +

پھُوٹی نظروں چاندخاں بھاتا نہیں جھومر مجھے

پھُوڑا - ھ - اِسمِ مذکّر - دُمّل - دُنبل - بناد - بڑی اور موٹی پھُنسی - گُومڑا

پھوڑا نِکلنا - ھ - فعلِ لازم - دُنبل کا خروج کرنا - گُومڑا ظاہر ہونا +

پھوڑا پھُوٹنا - ھ - فعلِ لازم - پھوڑے سے آلائش نِکلنا +

پھُوڑنا - ھ - فعلِ مُتعدّی (۱) توڑنا - ٹُکڑے کرنا - شکستہ کرنا + دِیوار میں سُوراخ کرنا - گھسّا کرنا (۲ - گنوار) ظاہر کرنا - کھولنا جیسے تُمیں یہ بات مت پھوڑیو (جب سر کے ساتھ بولیں گے تو سر زخمی کرنے کے معنی ہوں گے اور جب آنکھ کی نسبت کہینگے تو اندھا کرینگے اور جب قِسمت کے ساتھ بولیں گے بدقسمت بنانے سے مُراد لینگے)

پھُوس - ھ - اِسمِ مذکّر (۱) وُہ لمبی گھانس جِسکا چھپّر بناتے ہیں + پُرانی گھانس (۲ - صِفت) نہایت بُوڑھا - ضعیف (۳ - صِفت) جلد جل جانے والا + ہلکا تمباکُو - وُہ تمباکُو جو کڑوا نہو +

پھُوسڑا - ھ - اِسمِ مذکّر (۱) ریشم یا کپڑے وغیرہ کا ریشہ + پُس (۲ - عو) از رُوئے انکسار بچّہ - اولاد +

پھُوک - ھ - اِسمِ مذکّر (۱) ثُفل جو کسی چیز کے نچوڑ لینے کے بعد بچے - فُضلہ (۲ - دلّال) چار جیسے پھوک آنے وغیرہ - (۳ - صِفت) الس نِکلا ہوا - نچُڑا ہوا + خالی کھوکلا بے وزن (۴) سیٹھا - بدذائقہ (۵ - ہندو) اُبالا - بن گھی کا

پھُوکا - ھ - صِفت (۱) ہلکا - سُبک (۲) جِسمیں الس نہو +

پھُوکٹ کا - ھ - صِفت - مُفت کا - بِن داموں کا +

پھُوکٹ میں - ھ - تابع فعل - مُفت میں - سینت میں - بِن داموں + بے خرچے - بغیر خرچ کیے +

پھُوکل - ھ - صِفت - کھوکل - خالی - مُفلس +

پھُول - ھ - اِسمِ مذکّر (۱) گُل - پُشپ - ورد (۲) پتنگا - شرارہ (چراغ یا آگ کی وُہ چنگاری جو پھُول کی طرح اُڑتی یا جھڑتی ہے جیسے آتشبازی وغیرہ میں اور کبھی صرف آگ کے معنی میں بھی مُستعمل ہوتا ہے)

صرف پھول کی خوشبو پر رہنا - ذرا سا کھا کر زندگی بسر کرنا (یہ
محاورہ طنزاً بولتے ہیں) +

پھول کترنا ۔ ہ ۔ فعل لازم (۱) گُل کترنا - مقراض سے گُل بنانا -
(۲) کوئی انوکھا کام کرنا (گُل کترنا زیادہ بولتے ہیں)

پھول کملانا ۔ ہ ۔ فعل لازم - پھول کا مُرجھانا - گُل کا پژمردہ ہونا

پھول کھلنا ۔ ہ ۔ فعل لازم (۱) گُل کا شگفتہ ہونا (۲) بیاہ
ہونا - شادی ہونا - کتخدا ہونا - باہم عقد و مناکحت ہونا -
کتخدا عورت کا بیاہا جانا + (امداد علی بحر)

نوعروسانِ بہاری کے اگر پھول کھلے
نوبتیں غنچے بجاتے ہیں چمن زار میں

پھول کی جگہ پنکھڑی ۔ ہ ۔ محاورہ - بہت سے کی بجائے
تھوڑا سا + بہت نہیں تھوڑا ہی سہی +

پھول گوبی ۔ ہ ۔ اسم مؤنث - وہ گوبی جسمیں بڑا پھول آتا ہے
ایک قسم کا کرم کلا +

پھول مرجانا ۔ ہ ۔ فعل لازم - پھول کا کملاجانا - گُل کا پژمردہ
ہوجانا + پھول کا بیدم ہوجانا +

پھول مُرجھانا ۔ ہ ۔ فعل لازم - دیکھو (پھول کملانا)

پھول نہیں پنکھڑی سہی ۔ ہ ۔ مثل - بہت نہیں تھوڑا
ہی سہی +

پھول والوں کی سیر ۔ ہ ۔ اسم مؤنث - سیرِ گلفروشاں
دہلی میں ایک نہایت عمدہ اور عُمدہ میلا برسات کے موسم میں حوض
شمسی قصبہ مہرولی میں ہوتا ہے اس میلے میں پھول والوں کی

پھیرے ۔ ہ ۔ [illegible] کاکی رحمۃ اللہ کے مزار پر پنکھے چڑھائے
(ہندوؤں میں عقدِ نکاح [illegible] کے مندر پر بھی جو وہیں [illegible]
دُلہن کو نشے ۔ کے شیشے جانے لگے ہیں بدھ کے روز

پھیرے پڑنا یا ہونا ۔ ہ ۔ خواجہ صاحب کے مزار پر پنکھے چڑھائے

پھیرے ڈالنا ۔ جاتے قابلِ دید رہتی ہے دن بھر جھمرنے پر

گدائی اور شام کو پنکھے چڑھانے کی دھوم دھام کے بعد رات بھر جابجا
ناچ رنگ کی محفلیں گرم ہوتی ہیں - یہ میلا حضرت معین الدین اکبر شاہ
ثانی کا مقرر کیا ہوا ہے آپ اکثر قطب صاحب میں جاکر رہا کرتے تھے کہتے ہیں کہ
ایک موقع پر آپنے کچھ روپیہ پھول والوں کو یہ میلا کرنیکے واسطے دیا تھا
پھر خاندان شاہی سے برابر سال بسال سو روپیہ ملتا رہا - اس میلے میں
عمدہ عمدہ دستکار اور علی الخصوص سادہ کار اپنی اپنی چیزیں بناکر
لے جاتے ہیں اگر لوکل فنڈ سے کچھ انعام ایسے موقع پر عمدہ دستکاروں
کو ملا کرے اور اسکے ساتھ ایک نمائش بھی مقرر ہو جائے تو اہلِ دہلی کو جو
اوّل درجے کے ہنرمند ہیں اپنے ہنروں میں ترقی کرنیکا ایک اچھا
موقع ملے اور یہ میلا ایک کارآمد میلا ہو جائے)

پھول وہی جو مہیش چڑھے ۔ ہ ۔ (مثل) چیز وہی عمدہ
ہے جسے حاکم پسند کریں (اصل میں مہیش اور مہیشور مہادیو
جی) کا لقب ہے مگر لکھنؤ میں مہیسر بولتے ہیں چنانچہ شیخ امداد علی
بحر فرماتے ہیں ؎ کب شعر تمہے یار کے آگے پڑھے نہیں + کس
دن ہمارے پھول مہیسر چڑھے نہیں +

پھول چُننا ۔ ہ ۔ فعل لازم - فاتحہ سوم کی رسوم کا ادا ہونا تیجا ہونا

(شاہ نصیر)
آج کہتے ہیں کہ ہیں پھول ترے کشتے کے
مہندی ہاتھوں میں تو قاتل نہ لگا تیسرے دن

پھولا ۔ ہ ۔ اسم مذکر - (گنوار) آنکھ کا ٹینٹ - پھلّی (۲) پھپولا
آبلہ (۳ - گنوار) روئی کا گالا (۴ - پنجاب) کا جل +

پھولا ۔ ہ ۔ اسم مذکر - ایک مرض کا نام ہے جو اکثر پرندوں
مثل بلبل و لال وغیرہ کو ہوجاتا ہے اس سے جانور پھول
جاتا ہے اور بعد میں کانٹا نکل کر مرجاتا ہے +

(امداد علی بحر)
یارب اُس گُل کی محبت میں دم اپنا نکلے
جان پھولے سے جو بچ جائے تو کانٹا نکلے

(۲) پھولنے کا ماضی - ابھرا + پھول لایا +

پھولا پھلا ۔ ہ ۔ صفت - دیکھو (پھلا پھولا) +

صرف پھول کی خوشبو پر رہنا - ذرا سا کھا کر زندگی بسر کرنا (یہ محاورہ طنزاً بولتے ہیں) +

پھول کترنا - ف - فعل لازم (۱) گل کترنا - مقراض سے گل بنانا - (۲) کوئی انوکھا کام کرنا (گل کترنا زیادہ بولتے ہیں)

پھول کملانا - ف - فعل لازم - پھول کا مرجھانا - گل کا پژمردہ ہونا

پھول کھلنا - ف - فعل لازم (۱) گل کا شگفتہ ہونا (۲) بیاہ ہونا - شادی ہونا - کتخدا ہونا - باہم عقد و مناکحت ہونا - کتخدا عورت کا بیاہا بیاہا + (امداد علی بحر)

نوعروس ہاں بہار ہے کہ اگر پھول کھلے
تو ہنسیں غنچے بجاتے ہیں چمن زار دہیں

پھول کی جگہ پنکھڑی - ف - محاورہ - بہت سے کی بجائے تھوڑا سا + بہت نہیں تھوڑا ہی سہی +

پھول گوبھی - ف - اسم مؤنث - وہ گوبھی جس میں بڑا پھول آتا ہے ایک قسم کا کرم کلا +

پھول مرجانا - ف - فعل لازم - پھول کا کملانا - گل کا پژمردہ ہو جانا + پھول کا بیدم ہو جانا +

پھول مرجھانا - ف - فعل لازم - دیکھو (پھول کملانا)

پھول نہیں پنکھڑی سہی - ف - مثل - بہت نہیں تھوڑا ہی سہی +

پھول والوں کی سیر - ف - اسم مؤنث - سیر گلفروشاں دہلی میں ایک نہایت عمدہ میلا برسات کے موسم میں حوض شمسی قصبہ مہرولی میں ہوتا ہے اس میلے میں پھول والوں کی

پھیرے - ف - اسم - کالی حضرت اللہ کے مزار پر پنکھے چڑھاتے
رہنماؤں میں عقد نکاح بیاہ کے منڈھے پر بھی جو ... دلہن کو منڈھے کے گرد پھیرے جانے لگے ہیں

پھیرے پڑنا یا ہونا - ف - خواجہ صاحب کے مزار پر پنکھے چڑھاتے

پھیرے ڈالنا - ف - بابل ... دن بھر چکر ... پر

گزاری اور شام کو پنکھے چڑھانے کی دھوم دھام کے بعد رات بھر جا بجا ناچ رنگ کی محفلیں گرم ہوتی ہیں - یہ میلا حضرت معین الدین اکبر شاہ ثانی کا مقرر کیا ہوا ہے آپ اکثر قطب صاحب میں جا کر رہا کرتے تھے کہتے ہیں کہ ایک موقع پر آپ نے کچھ روپیہ پھول والوں کو یہ میلا کرنے کے واسطے دیا تھا پھر خاندان شاہی سے برابر سال بسال سو روپیہ ملتا رہا - اس میلے میں عمدہ عمدہ دستکار اور علی الخصوص سادہ کار اپنی اپنی چیزیں بنا کر لے جاتے ہیں اگر لوکل فنڈ سے کچھ انعام ایسے موقع پر عمدہ دستکاروں کو ملا کرے اور اس کے ساتھ ایک نمایش بھی مقرر ہو جائے تو اہل دہلی کو جو اول درجے کے ہنرمند ہیں اپنے ہنروں میں ترقی کرنے کا ایک اچھا موقع ملے اور یہ میلا ایک کارآمد میلا ہو جائے)

پھول وہی جو مہیش چڑھے - ف - (مثل) چیز وہی عمدہ ہے جسے حاکم پسند کریں (اصل میں مہیش اور مہیشور مہادیو جی کا لقب ہے مگر لکھنؤ میں مہیسر بولتے ہیں چنانچہ شیخ امداد علی بحر فرماتے ہیں - کب شعر ہمارے یار کے آگے بڑھے نہیں + کس دن ہمارے پھول مہیسر چڑھے نہیں +

پھول ہونا - ف - فعل لازم - فاتحہ سوم کی رسم ادا ہونا - تیجا ہونا

(شاہ نصیر)
آج کہتے ہیں کہ ہیں پھول ترے کشتے کے
مہندی ہاتھوں میں تو قاتل نہ لگا تیسرے دن

پھولا - ف - اسم مذکر - (گنوار) آنکھ کا ٹینٹ - پھٹکی (۲) پھپھولا آبلہ (۳ - گنوار) روئی کا گالا (۴ - پنجاب) کاجل +

پھولا - ف - اسم مذکر - ایک مرض کا نام ہے جو اکثر پرندوں مثل بلبل و لال وغیرہ کو ہو جاتا ہے اس سے جانور پھول جاتا ہے اور بعد میں کانٹا نکل کر مر جاتا ہے +

(امداد علی بحر)
یارب اس گل کی محبت میں دم اپنا نکلے
جان پھولے سے جو بچ جائے تو کانٹا نکلے

(۲) پھولنے کا ماضی - ابھرا + پھول لایا +

پھولا پھلا - ف - صفت - دیکھو (پھلا پھولا) +

پُھولا نہ سمانا - ھ - فعل لازم (اصل میں پُھولا انگ نہ سماتا تھا)
نہایت خوش ہونا - خوشی کے مارے پُھول جانا +

پُھولام - ھ - اسم مذکر - ایک قسم کا ریشمی کپڑا جسمیں طرح
بطرح کے پُھول بُنے جاتے ہیں (جانصاحب)

الن بہنکے آئی ہے تو دیکھ نو بہار
ستاگزی کے مول پُھولام ہوگیا

پُھول بیٹھنا - ھ - فعل لازم (۱) ناراض ہوکر بیٹھنا - اپنے گھر
بیٹھ رہنا - اینٹھ جانا (۲) خوش ہوکر بیٹھنا - مگر اس صورت
میں پُھولکر بیٹھنا تھا +

پُھول پُھول کر بیٹھنا - ھ - فعل لازم - نہایت خوش
ہوکر بیٹھنا (۲) مغرور ہونا +

پُھولتا پھرنا - ھ - فعل لازم (۱) خوش ہوتا ہوا پھرنا +
اینٹھتا پھرنا - اتراتا [illegible]
باغ میں پُھولتی پھرتی ہو وہ + [illegible] پُھولتی پھرتی ہو وہ

پُھول جانا - ھ - فعل لازم (۱) سوجنا - ورم ہو جانا - [illegible]
(۲) پھر جانا (۳) موٹا ہو جانا - فربہ ہو جانا (۴) ہوا بھر کر ابھر
جانا (۵) مغرور ہونا - اترا جانا +

پُھولنا - ھ - فعل لازم (۱) سُوجنا - ہوا بھرنا - ورم ہونا (۲)
ابھرنا - نفخ ہونا + (۳) شگفتہ ہونا - کھلنا - پُھول کھلنا جیسے
گُل پُھولنا (۴) موٹا ہونا - فربہ ہونا (شاہ ظفر)

اے نشاط افزائے گلشن دیکھ کر غنچہ تجھے
اسقدر پُھولا کہ تنگی سے قبا میں پھنس گیا

(۵) ظاہر ہونا - نمودار ہونا جیسے شفق پُھولنا (۶) اترانا -
مغرور ہونا (محبت)

چار دن اور بھی گلشن میں گلوں کی ہے بہار
دیکھ بُلبل نہ بہت چہچہے تو مار کے پُھول +

(۷) خوش ہونا - مگن ہونا (۸) سرسبز ہونا - باروَر ہونا -

مُراد مند ہونا +

پُھولنا پھلنا - ھ - فعل لازم - لغوی معنی پُھولکر پھل آنا - درخت
کا سرسبز اور بارآور ہونا - باروَر ہونا (۲) آسُودہ و خوشحال
ہونا - دولتمند اور صاحب اولاد ہونا - بامراد ہونا - مراد مند ہونا

پُھولوں - ھ - اسم مذکر - پُھول کی جمع - بہت سے پُھول

پُھولونکا گہنا - ھ - اسم مذکر (۱) وُہ گلوبند کا زیور جو شادی
میں دولہا دُلہن کو پہنایا جاتا ہے اسمیں سہرا بدھی طُرہ وغیرہ
یہ چیزیں ہوتی ہیں (۲) وُہ نازک چیز جو دیرپا نہو اور تھوڑی
دیر کے استعمال کے واسطے خریدی جاوے (۳ - ہندو)
چیچک - سیتلا - ماتا +

پُھولوں کا ہار - ا - اسم مذکر - پُھولونکی مالا جو گلے میں
پہنتے ہیں - حمائل گل - کنٹھا +

پُھولونکی چادر (ا) اسم مؤنث (۱) وُہ چادر گل جو بزرگوں
کے مزار پر حسب منت کی خواہ اعتقاداً چڑھاتے ہیں

پُھولونکی چھڑی - ھ - اسم مؤنث (۱) وُہ لکڑی جسمیں گجرے
کے ہار چوتھی کھیلنے کے واسطے لپیٹ دیتے ہیں (۲)
معشوقوں کے ہاتھ کی مار - ضرب معشوق +

پُھولوں کی سیج - ھ - اسم مؤنث - بستر گل - وُہ پلنگ
جو پُھولوں سے سجایا جاوے - بستر راحت + (انشا)

پُھولونکی سیج پہ تو واں چاندنی میں سویا
اور رات تینے کاٹی یاں سخت بیکلی سے

پُھولے پھلے - ھ - دعا سرسبز و شاداب ہو خوش و خرم بامراد رہو [illegible]

پُھونٹ - ھ - اسم مؤنث [illegible] سستی - چاک - [illegible] - وُہ مقدار [illegible]

پُھونس - ھ - اسم مذکر [illegible] ناکاروں +

پُھونسڑا - ھ - اسم مذکر [illegible] موربا نسا نمبر ۲ +

پُھونک - ھ - اسم مؤنث [illegible] دل - سوار کا نقیض (۲) شطرنج
+ سانس - دم + [illegible] مہرا جسمیں بادشاہ کے علاوہ

ہلکی اور کام جو بھو جو چیز - ورق سی چیز - ہلکا زیور (عو)

پھونک پھونک کر پاؤں رکھنا }
پھونک پھونک کے قدم رکھنا } ف - فعل لازم (۱) کمال احتیاط
سے چلنا - آہستہ آہستہ قدم رکھنا بچ بچ کر کوئی کام کرنا -
ڈرتے ڈرتے کچھ کرنا - خائف رہنا - سنبھلکر چلنا +

یہ چاہیئے کہ رکھیں قدم پھونک پھونک کر
(بحر) چیونٹی بھی اپنے پاؤں کے نیچے نہ پائے رنج

پھونک مارنا - ف - فعل متعدی (۱) زور کے ساتھ منہ
سے ہوا کو چھوڑنا (۲) بجھانا - خاموش کرنا (اس معنی
میں چراغ کے ساتھ آتا ہے) ۳ - جادو کرنا (۴) جلانا -
سلگانا (اس معنی میں آگ کے ساتھ آتا ہے) +

پھونک نکل جانا - ف - فعل لازم (عو) دم نکلنا -
سانس نکل جانا - پران چھوٹ جانا +

پھونک دینا - ف - فعل متعدی (۱) جلا دینا - آگ لگا دینا
(۲) بھسم کر دینا - خاکستر کر دینا - جلا کر راکھ کر دینا (۳)
بہکا دینا - کان بھر دینا (۴) حقہ کا پانی نکالنا - (۵)
مشتہر کر دینا - پھیلا دینا جیسے خبر پھونک دینا +

پھونکنا - ف - فعل متعدی (۱) پھونک مارنا - باد دہن نکالنا
(۲) جلانا - آگ لگانا (۳) بھسم کرنا - کشتہ کرنا - خاکستر کرنا -
(۴) حقہ کا پانی باد دہن کے ذریعہ سے نکالنا - (۵) دم کرنا
چھو کرنا (۶) آگ مشتعل کرنا - بھڑکانا - دھونکنا (۷) بہکانا
... کرنا (۱۰) تشہیر کرنا - شایع کرنا - ...

پھویا - ف - اسم مذکر - وہ روئی کا ذرا سا ٹکڑا جسے تر کر کے
بچے کے منہ میں دودھ چوآتے ہیں + معطر روئی کا پھیلا
یا ذرا سا ٹکڑا جو کان میں رکھیں یا عطر میں تر کریں + پھاہے
کا ٹکڑا +

پھوہار - یا - پھوار - ف - اسم مونث (دیکھو پھار) +

پھوہڑ - یا - پھوڑ - ف - صفت (۱) سگھڑ کے خلاف -
بے سلیقہ + بد تہذیب - ناشائستہ - بے تمیز - گھامڑ -
ناتعلیم یافتہ - غیر مہذب + وہ عورت جو خانہ داری کے
معاملوں کی عقل نہ رکھتی ہو (۲) بے ہنر - وہ عورت جسکے
ہاتھ میں کوئی ہنر نہو (۳) بیوقوف - گدھی - گرھیڑی -
(مرد اور عورت دونوں کے واسطے مگر عورت کیلئے زیادہ بولتے ہیں)

پھوہڑ پن - یا - پنا - ف - اسم مذکر (۱) بدسلیقگی - ناشائستگی
(۲) بے ہنری (۳) بیوقوفی - نادانی +

پھوئی - ف - اسم مونث (۱) پھپوندی (۲) گھی کا پھول جو
اتنے وقت اوپر آجاتا ہے +

پھویا - ف - اسم مذکر - دیکھو پھوہا +

پھوئیاں - ف - اسم مونث تقاطر - ترشح + پھوار +
کم کم اور چھوٹی چھوٹی بوندیں +

پھوئیاں پھوئیاں - ف - تابع فعل - قطرہ قطرہ +
کم کم - ذرا ذرا - تھوڑا تھوڑا جیسے پھوئیاں پھوئیاں تالاب
... بھرتا ہے (م)

صاف ہوتا اور سانس رہتا ہے) +

پھیپھڑا جلانا -ہ- فعل متعدی - عو - کسی کی خیر خواہی
کرنا - گھر بھلائی چاہنا +

پھیپڑی -ہ- اسم مؤنث - ہونٹوں کی خشکی (گرمی یا
پیاس کے باعث لب کے خشک ہو کر پپڑی سی بندھنے کو پھیپڑی
کہتے ہیں) +

پھیپڑی بندھنا -ہ- فعل لازم - پیاس کے مارے ہونٹوں
کا نہایت خشک ہو جانا - ازحد پیاس لگنا - دل کی گرمی سے
لبوں کا خشک ہونا +

پھیٹ -ہ- اسم مؤنث (گنوار) کمر کا پٹکا - کمر بند - وہ
کپڑا جو کمر سے باندھتے ہیں +

بہت دنوں میں آیو سانورے اب تو ہے جانے نہ دونگی
چھین لونگی مجنگ جھانجھ کو پھیٹ پکڑ کر لونگی + ... +
ساس کے دو بول سہونگی - اب ہر جی نہ رہونگی (ہولی)

پھینٹا -ہ- اسم مذکر - سر سے باندھنے کا چھوٹا دوپٹہ - چھوٹی
پگڑی - سرپیچ +

پھینٹنا -ہ- فعل متعدی (ہندو) ملانا - متھنا - ایک جان
کرنا - ہاتھ یا انگلی وغیرہ سے خوب متھنا +

پھیر -ہ- اسم مذکر (۱) چکر - گھماؤ - موڑ (۲) دوری - فاصلہ
فرق (۳) تغیر - انقلاب - تبدیل - الٹ (۴) راستہ کی
[illegible] حصہ [illegible]

(۱۱) بھیک - انداز - تخمینہ - پورا پورا حال پھیر اجاڑ دریا کا کسے پھیر پایا۔

پھیر باندھنا -ہ- فعل متعدی - سلسلہ ڈالنا - تسلسل
ڈالنا - تار باندھنا +

پھیر بدل -ا- اسم مذکر - عوض معاوض - الٹا پلٹی
ادل بدل + ([illegible])

اس دل کی عوض مانگتے تقدیر سے ہیں ہم
کیا کیجیے موقع نہیں اب پھیر بدل کا +

پھیر بندھنا -ہ- فعل لازم - کسی چیز کا تسلسل بندھنا
سلسلہ پڑنا - چک بندھنا - رہٹ لگنا - دور بندھنا +

پھیر پڑنا -ہ- فعل لازم (۱) چکر پڑنا (۲) تسلسل بندھنا
چک بندھنا (۳) فرق اور تفاوت ہونا +

پھیر پھار -ہ- اسم مؤنث (۱) ہیرا پھیری - کبھی لینا
کبھی پھیرنا - الٹ پلٹ (۲) پیچ - فریب +

پھیر دینا -ہ- فعل لازم (۱) واپس کر دینا - لوٹا دینا (۲)
رخ موڑنا - سمت بدلنا (۳) پچارا کر دینا +

پھیر ڈالنا -ہ- فعل متعدی - دیکھو (پھیر باندھنا)

پھیر لینا -ہ- فعل متعدی - واپس کر لینا - لوٹا لینا [illegible]

پھیر میں آنا -ہ- فعل لازم - بکھیڑے میں پھنسنا [illegible]
چکر میں آنا - گردش میں آنا - مصیبت کے دائرہ میں [illegible]

جیسے سورج کے پھیر میں ہم بھی آگئے

پھیر میں ڈالنا -ہ- فعل متعدی (۱) بھٹکانا - گمراہ کر [illegible]
[illegible] مصیبت میں پھنسانا - چکر میں ڈالنا [illegible]

ندور پایہ

+

ین (۲) شط

شاہ کے

پھیرا لگانا - ھ - فعل لازم - گشت لگانا - دورہ کرنا - جا کر پھرنا +

پھیرنا - ھ - فعل متعدی (۱) گھمانا - چکر دینا - پھرانا + گشت کرانا (۲) واپس کرنا - لوٹانا (۳) موڑنا - رُخ بدلنا + پیچھے ہٹانا (۴) سدھانا - نکالنا جیسے گھوڑا پھیرنا (۵) گھوڑے کو آگے یا پیچھے موڑنا (۶) پوتنا - کوچی لگانا - رنگ چڑھانا ملمع کرنا - قلعی کرنا (۷) پلٹنا - اُلٹنا + رُوگرداں کرنا (۸) سُمرنا - مالا جپنا (۹) دوہرانا - پڑھے ہوئے سبق کو دوبارہ کہنا - خواندگی پڑھنا - آموختہ کہنا (۱۰) برگشتہ کرنا - بیزار کرنا متنفر کرنا - ناراض کرنا جیسے ہماری طرف سے انکو پھیر دیا دل پھیرنا وغیرہ (۱۱) مس کرنا - چھونا - ہاتھ لگانا (۱۲) لگا دینا - سیر کرنا (۱۳) بدلنا - پلٹنا - مکرنا - زبان بدلنا

پھیری - ھ - اسم مؤنث (۱) پرکما - طواف (۲) گشت چکر - پھیرا (۳) فقیروں کا مقررہ جگہ پر دورہ کرنا - دریوزہ گری کے لیے جانا + خردہ فروش کا گشت +

پھیری پھرنا - ھ - فعل لازم بیچنے یا بھیک مانگنے جانا گشت لگانا +

پھیری لگانا - ھ - فعل لازم (۱) گشت لگانا - دورہ کرنا گدائی کے واسطے نکلنا + کمائی کو جانا +

پھیری والا - ھ - اسم مذکر (۱) وہ شخص جو محلوں میں پھر کر بیچے - گھروں پر بیچا پھرنے والا (۲) بساطی - سکھ والا + خوانچہ والا - خردہ فروش [illegible]

پھیکا - ھ - صفت (۱) الونا - بن نمک کا - بے نمک (۲) کم شیریں - کم میٹھا - اس کا (۳) بدمزہ - سیٹھا - بدذائقہ - بے لذت (۴) ہلکا - کم - خفیف - مدھم - مندا - بدرنگ جیسے پھیکا رنگ (۵) اُداس - بے رونق جیسے سُہاگ سنگار بیا بن پھیکا (۶) غیر ملیح - وہ شخص جسمیں گرمی نہو - حُسن بے نمک صبیح وہ شخص جو سُرخ و سفید نہو (عورتیں پھیکر شلغم کا ڈلا یا چربی بھی کہتی ہیں)

(مصحفی)

شب ماہ کو دیکھکر وہ بولا + ہے اسکا بھی کیسا حُسن پھیکا

(۷) رُوکھا - کج اخلاق + وہ شخص جو زندہ دل نہو +

پھیکا پڑ جانا - ھ - فعل لازم (۱) رنگ مدھم ہو جانا - رونق میں فرق آجانا - بے آب ہو جانا (۲) شرمندہ ہو جانا اوس پڑ جانا +

پھیکا پڑنا - ھ - فعل لازم (پورب) (۱) ذلیل ہونا - شرمندہ ہونا (۲) بدرنگ ہونا - بے رونق ہونا +

پھیکا پڑا ہونا - ھ - فعل لازم - عو - خفیف سا بخار ہونا - کسلمند ہونا - جی اَنمنا ہونا - مُطلق بخار رہنا +

پھیلانا - ھ - فعل متعدی (۱) پسارنا - بچھانا - فرش کرنا (۲) دراز کرنا - لمبا کرنا (۳) کھولنا - کشادہ کرنا - چوڑا کرنا بڑھانا (۴) بانٹنا - تقسیم کرنا جیسے پرت پھیلانا (۵) حساب کرنا - بد لگانا - تخمینہ کرنا (۶) شایع کرنا - مشتہر کرنا - پرگھٹ کرنا (۷) کھنڈانا - بکھیرنا - جیسے بلی کھائیگی نہیں تو پھیلا ضرور دیگی (۸) شروع کرنا - لگا لگانا جیسے کام پھیلانا [illegible] کرنا - ضرب تقسیم وغیرہ کو جانچنا +

(۱) [illegible] چوڑائی - کشادگی - وسعت - فراخی

عمل یا حل +

پھیل پھیل کرنا ۔ پھیل کر سونا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ نہایت آرام اور بیفکری سے سونا ۔ خوب ہاتھ پاؤں کشادہ کرکے آرام کرنا ۔ فراغت سے سونا (شوق)

خوب تنہا میں پھیل کر سوتے + ہم تو برسوں خبر نہیں ہوتے

پھیل کر بیٹھنا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ فراغت سے بیٹھنا ۔ کھلکر بیٹھنا

پھیلنا ۔ ہ ۔ فعل لازم (۱) پسرنا ۔ بچھنا (۲) فراخ ہونا ۔ کشادہ ہونا ۔ وسیع ہونا (۳) مشہور ہونا ۔ شہرت پانا ۔ شایع ہونا (۴) پراگندہ ہونا ۔ کھنڈنا ۔ بکھرنا (۵) چھانا ۔ سایہ دار ہونا جیسے درخت پھیلنا (۶) بڑھنا ۔ گھنگد ہونا ۔ درخت کا پھیلنا (۷) ضد کرنا ۔ ہٹ کرنا (۸) پود بڑھنا ۔ کثیر الاولاد ہونا (۹) موٹا ہونا ۔ فربہ ہونا (۱۰) انداز ہونا ۔ بانٹ کا ٹھیک بیٹھنا ۔ ضرب و تقسیم کا درست ہونا (۱۱) حد سے بڑھنا ۔ تجاوز کرنا (۱۲) بہتات ہونا ۔ کثرت ہونا +

پہیلی ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ بجھول ۔ بوجھ بجھاوت ۔ چیستان لغز ۔ معمّا +

پہیلی بوجھنا ۔ ہ ۔ فعل متعدی ۔ پہیلی بتانا ۔ لغز حل کرنا

پھینن ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ پورب (۱) جھاگ ۔ کف (۲) رینٹ ۔ وہ رطوبت جو ناک سے نکلے ۔ سنک +

پھینپنا ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ رینٹ کا لبیڑا ۔ سناک ۔ بہت سا رینٹ جو ایکدفعہ ہی ناک سے نکل پڑے +

پھینٹ ۔ ہ ۔ اسم مؤنث دیکھو (پھیٹ) +

پھینٹ باندھنا ۔ ہ ۔ فعل لازم (۱) بندو ۔۔۔ کمر

پھینٹنا ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ دیکھو ۔۔۔ کھنگالنا +

پھینک ۔ ہ ۔ اسم مؤنث (ہندو) دیکھو (پھیرا)

پھینک دینا ۔ ہ ۔ فعل لازم (۱) گرادینا ۔ ڈالدینا (۲) ضایع کردینا ۔ تلف کردینا ۔ کھودینا (۳) اچھالدینا (۴) بکھیردینا ۔ کھنڈادینا

پھینکنا ۔ ہ ۔ فعل متعدی (۱) ڈالنا ۔ گرانا (۲) کھنڈانا ۔ بکھیرنا (۳) پٹکنا ۔ دے مارنا (۴) قرعہ ڈالنا ۔ پانسہ لڑکانا (۵) سرپٹ دوڑانا ۔ بگٹٹ بھگانا (پورب) (۶) اچھالنا (۷) ضایع کرنا ۔ کھونا ۔ بیقدری سے اٹھانا ۔ مفت برباد کرنا (۸) پٹا کھیلنا ۔ چوب بازی کرنا +

پھینی ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ ایک قسم کی مٹھائی جسکی ساخت سوت کے لچھوں کی مانند ہوتی ہے اور اسکو اکثر دودھ میں بھگوکر کھاتے ہیں +

پے ۔ ف ۔ اسم مذکر (۱) پٹھا ۔ عصب (۲) تانت ۔ رودہ جو غلیل یا کمان پر چڑھتے ہیں (۳) پاے کا مخفف معنی پاؤں ۔ قدم کھوج (۴) دنبال ۔ پیچھے ۔ عقب + نشان ۔ علامت (۵) براے ۔ واسطے +

پی ۔ ہ ۔ اسم مذکر (گیتوں میں) (۱) پریتم ۔ پیارا ۔ عزیز معشوق (۲) خاوند ۔ خصم ۔ شوہر ۔ سائیں ۔ وارث (چونکہ ہند میں عورتوں کی طرف سے مرد کا عشق مانا جاتا ہے اور شادی کی درخواست بھی اسیطرف سے ہوتی ہے اسلیے مرد معشوق قرار دیا گیا) +

پیا ۔ ہ ۔ اسم مذکر (گیتوں میں ۔ دیکھو پی) +

پیادہ ۔ ف ۔ ... دیکھو (پاپیادہ) +

۔۔ مذور پا ۔۔

+

یعنی (۲) شطرنج

بشاہ کے علا

جسکی چال ایک گھر کی ہوتی ہے (۳) شاہی ہرکارہ - نفر
روتہ - چپراسی - کوتوال یا حاکم کا نوکر جیسے قاضی کا پیادہ
پیادہ پا - ف - تابع فعل - دیکھو (پا پیادہ) +
پیار - ہ - اسم مذکر (۱) جوشِ محبت جو نہایت تہِ دل سے ہو
پریت - محبت - حُب - پریم (۲) لاڈ - دُلار + ماستا - مادری
اُلفت (۳) عشق - نیہ (۴) بپّی - مٹھو - بچے کا بوسہ (۵)
دوستی - اخلاص - ربط - میل جول (۵) التفات شفقت
مہربانی + (ذوق)

مرتے ہیں تیرے پیار سے ہم اور زیادہ
تو لطف بھی کرتا ہے ستم اور زیادہ +

پیار آنا - ہ - فعل لازم - محبت آنا - دل کا مائل اُلفت ہونا
سیرت یا صورت پر ریجھا یا جانا +
پیار رکھنا - ہ - فعل لازم - محبت و اخلاص رکھنا - ربط
بڑھانا - دوستی رکھنا +
پیار کرنا - ہ - فعل لازم (۱) محبت کرنا - مالوف ہونا (۲) چمکارنا - پچکارنا
(۳) بوسہ لینا - مٹھو لینا (۴) چاہنا - عشق رکھنا
پیار نکالنا - ہ - فعل متعدی - حسرت نکالنا - چاؤ نکالنا

میں جو لیٹا تو خفا ہو کے لگے کہنے وہ
(جرأت) اوروں ہاتھوں کو ترے آج ہی سب پیار نکال

پیارا - ہ - صفت (۱) محبوب - لاڈلا - چاہیتا - منظورِ نظر - دل پسند
پریمی - سنیہی (۲) دوست - مُحِب - میت + (۳) دلبر
دلربا - من موہن - معشوق (جرأت)

آہ کیونکر نہ جُدا ہے وہ پیارا ہوتا
وہ نہیں ہم ہیں کہ جس سے وہ ہمارا ہوتا

... - یگانہ - پاس کے رشتہ کا جیسے اپنے پیاروں
جسپر پیار آئے (۶) سُندر -
- سُہاؤنا (۷) قابلِ قدر +

پیاروں پیٹی - ہ - اسم مؤنث (عو) وہ عورت جسکے
عزیز مرگئے ہوں - نگوڑی ناٹھی - بن بھائی اور بہن کی +
(بطور بددعا مستعمل ہے) +
پیاری - ہ - اسم مؤنث - عزیزہ - محبوبہ + لاڈلی + معشوقہ
پیاری پیاری باتیں - ہ - اسم مؤنث - میٹھی
میٹھی باتیں - بھولی بھولی باتیں - سخنانِ دلاویز +
پیاز - ہ - اسم مؤنث - بصل - برادرِ سیر - گنٹھا (ایک جڑ کا نام
ہے جسکی بو ناگوارِ طبع اور فائدہ زائد از وصف ہے مزاجاً گرم و خشک
اسکی ہر ایک عدد کو گٹھی کہتے ہیں مگر کہاوت میں ڈلا بھی آیا ہے جیسے
ہاتھ نہ گلے ناک میں پیاز کے ڈلے) +
پیازی - ہ - صفت (۱) ہلکا سُرخ - شربتی - گلابی -
(۲ - اسم مذکر) ایک قسم کا نہایت قیمتی اور خوشرنگ لعل +
پیاس - ہ - اسم مؤنث (۱) تشنگی - عطش - تس - ترکھا
پانی پینے کی خواہش - ترشنا + (۲) خواہش - آرزو - چاہنا
چاہت (۳) تونس (عوام ہندو پلاس بھی کہتے ہیں)
پیاس بجھانا - ہ - فعل متعدی (۱) تشنگی فرو کرنا - ترشنا
کھونا - پانی پلا کر تسلی دینا (۲) آرزو بر لانا - خواہش پوری
کرنا (اہلیس) سب سچ ہے گر پیاس بچوں کی بجھاوے
پیاس بجھنا - ہ - فعل لازم - تشنگی کا رفع ہونا +
پیاس لگنا - ہ - فعل لازم - پانی کی خواہش ہونا - تشنگی ہونا
پیاس مارنا - ہ - فعل متعدی - پانی کی خواہش کو روکنا
تشنگی کی برداشت کرنا +
پیاس مرنا - ہ - فعل لازم - ازخود تشنگی رفع ہونا +
پیاسا - ہ - صفت (۱) تشنہ - عطشان - ترکھاونت (۲)
خواہش مند - حاجت مند - غرضمند جیسے پیاسا کنوے کے
پاس جاتا ہے کنواں پیاسے کے پاس نہیں آتا (۳) مشتاق
آرزومند جیسے ہر درشن کی پیاسی انکھیاں ہر درشن کی پیاسی

پیاسا مرنا - ہ - فعل لازم - تشنگی سے مضطرب ہونا پانی کے لیے بیقراری ہونا +

پیال - ہ - اسم مذکر (پورب) دھان یا کودوں کا بھس جسے اکثر غریب آدمی جاڑوں میں بچھا کر سوتے ہیں - اِسطرف اُسے پرال کہتے ہیں

پیالہ - ف - اسم مذکر (۱) کاسہ - جام - ساغر - قدح - ایاغ - پیمانہ + کٹورا - بیلا - ڈھوبرا (۲) توپ یا بندوق میں رنجک رکھنے کی جگہ (۳) کاسہ گدا - کھپر - بھیک کا ٹھیکرا (۴) عرس - فقرا کے پھول - فاتحہ سوم (فقیر)

پیالہ بھرنا - ۔ و فعل لازم - عمر کا پیمانہ پورا ہونا - عمر آخر ہونا - دن پورے ہونا +

پیالہ بہنا - ۔ و - فعل لازم (عوام عو) اِسقاط ہونا - گرب پات ہونا +

پیالہ پینا - و فعل لازم (۱) بھنگ یا شراب پینا (۲) چیلا ہونا - مُرید ہونا معتقد ہونا + صحبت آزاداں میں رہنا فقیروں کی آنکھیں دیکھنا (فقرا)

پیالہ دینا - و - فعل متعدی (کایستھ) شراب کی تواضع کرنا

پیالہ لینا - و - فعل لازم (کایستھ) شراب پینا +

پیالہ ہونا - و - فعل لازم (۱) آزاد فقیروں کی اِصطلاح میں فاتحہ سوم کی ضیافت ہونے کو کہتے ہیں - عرس ہونا

(مرزا جان تپش) ارے مے نوش تو بھی اٹھ جلدی وہاں پہنچا
گدائے حسن کا کہتے ہیں تیرے آج پیالہ ہے

(۲) دُنیا سے گزرنا - مرنا - کام تمام ہونا - قتل ہونا (ناسخ)
پیالہ مجھ آزاد کا جب دے ساقی + نہیں میرا پیالہ ہوا چاہتا ہے

(۳) آزادوں کی آزاد کے تکیہ میں اور پٹیا بازوں کی خلیفہ کے گھر میں ضیافت ہونے کو بھی کہتے ہیں +

پیالی - ۔ - اسم مؤنث - چھوٹا پیالہ - بلیا +

پیام - ف - اسم مذکر (۱) پیغام - خبر - سندیسہ (۲) زبانی عرض - زبانی درخواست - منہ زبانی کہلا بھیجنا - زبانی سوال کرنا

(شوق) اور باتوں کا اب پیام ہوا + بیٹھکی کو بھی لو زکام ہوا

پیام سلام - ف + ع - اسم مذکر - زبانی بات چیت - دوسرے کی معرفت کسی بات کا جواب و سوال کرنا +

پیامبر - ف - اسم مذکر - قاصد - نامہ بر - ایلچی - سفیر +

پیپ - ہ - اسم مؤنث - ریم - رادھ - مواد +

پیپ پڑنا - ہ - فعل لازم - دیکھو (پیپانا) زخم پکنا +

پیپ ڈالنا - ہ - فعل لازم - زخم پکانا - زخم میں مواد پکنے کی صلاحیت کرنا (چونکہ زخم پکنے کی حالت میں کھولن کے باعث زیادہ تکلیف ہوتی ہے اسلیے شعرا نے کمال دکھ اور تکلیف کے موقع پر استعمال کیا ہے (رند) ڈالدی پیپ کلیجوں میں عزم فرقت لیے غور کرتے ہو تو کرلو جگر افگاروں کی) +

پیپا - انگلش - صحیح (Pipe پائپ) اسم مذکر - وہ چوبی ظرف جسمیں ۱۲۶ گیلن یعنی ۲۲۰ بوتل شراب آتی ہے (اِس چوبی ظرف کی شکل ڈھولک سے مشابہ ہے) +

پیپر - انگلش - Paper اسم مذکر (۱) کاغذ - قرطاس - پتر (۲) پُرزہ - پرچہ + اخبار - گزٹ +

پیپل - ہ - اسم مذکر (۱) ایک بڑے سایہ دار درخت کا نام جسکے پتے پان سے مشابہ ہوتے ہیں ہندو اِسکو متبرک مانکر پوجتے ہیں اور اسکی لکڑی کاٹنے کو بہت برا جانتے ہیں (۲) ایک دوا کا نام جو اصل میں کسی درخت کا پھل ہے مزا چرپرا گرم و خشک - فلفل دراز - دار فلفل +

پیپلا - ہ - اسم مذکر - تلوار کی نوک - تیغ کا سرا - سر شمشیر - تلوار کی انی - مضرب +

پیپلا موڑ - ہ - اسم مؤنث [illegible]
کی جڑ - اصل الفلفل +

پیپلی - ہ - اسم مؤنث -

پیت - ہ - اسم مؤنث - دیکھو (پریت) ۲ - زرد - پیلا - اصفر

پیتامبر - ہ - اسم مذکر (۱) زرد رنگ کا ریشمی کپڑا (۲) زرد پوش (۳) سری کرشن +

پیتاوا - و اسم مذکر - دیکھو (پاتابہ) +

پیترا - ہ - اسم مذکر (۱) کُشتی یا پٹا کے داؤ کرتے وقت کا ٹھاٹھ - چوب بازی کے انداز کے موافق قدم رکھنا (۲) پاؤں کا نشان کھوج - سُراغ - پے - اثر +

پیترا بدلنا - ا - فعل لازم - ٹھاٹھ بدلنا - قدم بدلنا - کُشتی یا پٹا کے وقت اُسکے قاعدہ کے موافق پاؤں رکھنا اور اُٹھانا (صبا) یکساں رہا نہ ٹھاٹھ کسیکا جہان میں
کون آکے پیترے نہ یہاں پر بدل گیا +

پیتس - ہ - اسم مؤنث (ہندو عو) خُسر کے بھائی کی بیوی چچیا ساس +

پیتسرا - ہ - اسم مذکر (ہندو عو) چچیا خسر +

پیتل - ہ - اسم مذکر - برنج - صُفر - ایک قسم کی زرد اور مرکب دھات جو جست اور تانبا ملاکر بنائی جاتی ہے +

پیتلی - ہ - صفت (۱) پیتل کا - برنجی (۲) زرد - پیلا +

پیتم - ہ - اسم مذکر - دیکھو (پریتم) +

پیتمبر - س - पीतम्बर - اسم مذکر - دیکھو (پیتامبر)

پیٹ - ہ - اسم مذکر (۱) شکم - بطن - اودر - پوٹا (۲) رحم - بچہ دان - کوکھ - گربھ دھام - گربھ استھان (۳) معدہ - اوجھ - کھانا ٹھیرنے اور ہضم ہونے کی جگہ (۴) حمل - گربھ جیسے دائی سے پیٹ نہیں چھپتا (۵) خلا - جوف (۶) بندوق یا توپ کے پیالے کے قریب کی جگہ - توپ کا وہ حصہ جہاں کھٹکا رہتا ہے (۷) گنجایش - سمائی (۸) حوصلہ - ظرف (۹) عینیت باطن + راز - بھید (۱۰) محیط - محیط کے اندر کی سطح (۱۱) بھوں کے موقع پر بھی بولتے ہیں جیسے پیٹ بڑی بلا ہے (۱۲) طمع - لوبھ - ہوس - جیسے پیٹ سب رکھتے ہیں (۱۳) خوراک - خواہش معدہ (۱۴) وہ گھی کی مقدار جو سنگی کے لیے اندر بلائی جائے جیسے آدھ سیر پیٹ کے بالوشاہی +

پیٹ اپھرنا - ہ - فعل لازم - پیٹ پھولنا - نفخ ہونا +

پیٹ آنا - ہ - فعل لازم (پورب) پیٹ چلنا - دست آنا

پیٹ باندھنا - ہ - فعل لازم (پورب) خواہش سے کم کھانا - اشتہا منضبط کرنا +

پیٹ بجانا - ہ - فعل لازم (اطفال) خوشی منانا - شکم کا نقارہ بجانا - خوب خوش ہونا +

پیٹ بڑھانا - ہ - فعل لازم (۱) خوراک بڑھانا - مقدار سے زیادہ کھانیکی عادت ڈالنا (۲ - پورب) دوسرے کے حصے پر دانت رکھنا +

پیٹ بڑھنا - ہ - فعل لازم - خوراک بڑھنا - خوراک زیادہ ہونا

پیٹ بولنا - ہ - فعل لازم - قراقر ہونا - گڑگڑ ہونا - ریح کے باعث پیٹ میں سے آواز نکلنا +

پیٹ بھاری ہونا - ہ - فعل لازم - گرانیٔ شکم ہونا - سوء ہضمی ہونا +

پیٹ بھرا - ہ - صفت (۱) شکم سیر - اگھایا - دھایا ہوا - (۲) توانگر - مالدار - مستغنی - فارغ البال (۳) آزاد منش - خود مختار - من موجی - بے پروا +

پیٹ بھراؤ - ہ - اسم مذکر - سیر ہو جانے کے لایق بھر پیٹ - پیٹ بھر جانے کے قابل - بخوبی - من لگتا +

پیٹ بھر جانا - ہ - فعل لازم (۱) سیر ہو جانا - دھاپ جانا اگھا جانا (۲) اپھر جانا - چل نکلنا - مغرور ہو جانا - ناکسوں کا تنگ ظرفی سے اترانا +

پیٹ بھر کر - ہ - تابع فعل - بخوبی - حسب خواہ - بلا حد -

یا فاقہ کے باعث پیٹ کمر سے لگ جانا - بھوک سے پیٹ اندر دھنس جانا (۲) نہایت دُبلا اور لاغر ہو جانا +

پیٹ پیٹھ سے لگنا - ہ - فعل لازم - نہایت دُبلا ہونا از حد لاغر ہونا - فاقہ ہونا +

پیٹ ٹھنڈا رہنا - ہ - فعل لازم (عو) اولاد سے خوش رہنا بچوں کا سُکھ دیکھنا * اولاد کا زندہ و قایم رہنا

پیٹ جاری ہونا - ہ - فعل لازم (ہندو) دست آنا دستوں کی بیماری ہونا +

پیٹ جلنا - ہ - فعل لازم (عو) بخار میں تپنا +

پیٹ چپاتی ہونا - ہ - فعل لازم - بھوک کے مارے پیٹ اندر دھنس جانا

پیٹ چلنا - ہ - فعل لازم - دیکھو (پیٹ جاری ہونا)

پیٹ چوٹی - ہ - اسم مؤنث - وہ حاملہ عورت جس کا حمل اچھی طرح نہ پہچانا جاسکے +

پیٹ چھنٹنا - ہ - فعل لازم (۱) پیٹ صاف ہونا (۲) پیٹ کی مُٹاپی یا اُبھار کا کم ہونا - چھنٹکنا - دُبلا ہونا *

پیٹ چھوٹنا - ہ - فعل لازم - دست جاری ہونا - سنگرہنی ہونا +

پیٹ دکھانا - ہ - فعل لازم (عو) (۱) افلاس اور گُرسنگی کی شکایت کرنا (۲) (عو) پیٹ ملوانا * دائی سے حمل کی شناخت کرانا

پیٹ ڈالنا - ہ - فعل لازم - حمل گرانا - حمل اسقاط کرانا

پیٹ رکھانا - ہ - فعل متعدی (۱) حاملہ کرنا (۲) فعل لازم حاملہ ہونا - باردار ہونا +

پیٹ رکھنا - ہ - فعل متعدی - عو - حاملہ کرنا *

پیٹ رکھوانا - ہ - فعل لازم (۱) حاملہ ہونا - نُطفہ (۲) عو (...) فعل متعدی) حاملہ کرانا - نُطفہ ڈالنا +

کو روکے (۵) (ہ شعر) - فعل لازم - حمل قرار پانا - حاملہ ہونا بھلا - خوبصورت

پیٹ سے باہر پاؤں نکالنا / پیٹ سے پاؤں نکالنا - ہ - فعل لازم عو - اوگن دکھانا اپنی چھپی ہوئی خباثتِ طبع کو ظاہر کرنا - بدراہ ہونا - سیدھے آدمی کا ناشائستہ کام کرنے لگنا + اپنی والی پر آنا - بدی پر آنا

پیٹ سے پاؤں اگر ایسے نکالوں میں بھی
ایک کیا دیکھنا گھر سیکڑوں گھالوں میں بھی (ظہیر یار علی)

(۲) بڑھ چلنا - اترانا + (شوق)

ڈھنگ آپکے نرالے ہیں * پیٹ سے پاؤں کچھ نکالے ہیں

پیٹ سے ہونا - ہ - فعل لازم - حمل ہونا - باردار ہونا

پیٹ کا بچہ - ا - اسم مذکر (۱) اپنا جنا - اپنا زائیدہ - سگا بچہ - حقیقی اولاد (۲) حمل کے اندر کا وہ بچہ جو ابھی تک پیدا نہیں ہوا مگر پیٹ میں ہے +

پیٹ کا پانی نہ ہلنا - ہ - فعل لازم - بے تکان جانا سواری میں جنبش اور تکلیف نہ ہونا (سواری کی تعریف میں آتا ہے)

پیٹ کا پردہ - ا - اسم مذکر آنتوں کی جھلی - اوجھڑی

پیٹ کاٹنا - ہ - فعل لازم (۱) اپنی خوراک سے بچانا - معمولی خوراک سے کم کھانا - کم کھا کر گزر کرنا (۲) فعل متعدی (خوراک) سے کم دینا - بھوکا مارنا - معمولی خوراک سے کم کھلانا *

پیٹ کا دُکھ دینا - ہ - فعل متعدی (۱) بھوک کی سزا دینا بھوکا مارنا - کھانے کو نہ دینا +

پیٹ کا دُکھیا - ہ - اسم مذکر (۱) مریضِ شکم - وہ شخص جسے کھانا کم ہضم ہو (۲) شکم بندہ - بسیار خوار (۳) بھوکا مُفلس - قلاش (۴) نفس پرست - نفس پرستی کی خاطر دُکھ سہنے والا - تن پرور +

پیٹ کا دھندا - ہ - اسم مذکر - محنت مزدوری - تدبیر اکل و شرب +

پیٹ کا کُتا - ہ - اسم مذکر - عبدالبطن - شکم بندہ

کھانے پر دم دینے والا +

پیٹ کا ہلکا - ہ - صفت - وہ شخص جسے بات نہ پچے + اوچھا - کمظرف - تنگ ظرف - راز نہ چھپا سکنے والا

صورتِ فوارہ اتنا پیٹ کا ہلکا ہی تو
بات جو کچھ دل میں تھی سب بہ زباں پر آگئی (شاہ نصیر)

پیٹ کو دھوکا دینا - ہ - فعل لازم - بن کھائے رہنا بھوک کو دم دینا +

پیٹ کو لگنا - ہ - فعل لازم - اشتہا ہونا - خواہشِ طعام ہونا - بھوک لگنا +

پیٹ کی آگ - ہ - اسم مؤنث (۱) الفتِ مادری - ماں کی ممتا - پیٹ میں رکھنے کی محبت (۲) اولاد - بال بچے (۳) بھوک اشتہا +

پیٹ کی آگ بجھانا - ہ - فعل متعدی (فقیر) بھوکے کو کھلانا - اشتہا فرو کرنا - روٹی کھلانا +

پیٹ کی بات - ہ - اسم مؤنث - رازِ نہاں - پوشیدہ بھید - مخفی بات +

پیٹ کے بال - ہ - اسم مذکر - وہ بال بچے کے سر و جسم پر حمل کے اندر ہی نکل آتے ہیں - وہ بال جو بچہ ساتھ لیکر پیدا ہوتا ہے +

پیٹ کے لیے دوڑنا - ہ - فعل لازم - تلاشِ معاش میں پھرنا

پیٹ کی مار دینا - ہ - فعل متعدی (عو) عداوتاً یا تنبیہً کسیکو بھوکا مارنا - بھوک کی سزا دینا +

پیٹ گدرانا - ہ - فعل لازم (گنوار) علامتِ حمل کا ظاہر ہونا

پیٹ گرانا - ہ - فعل متعدی و لازم - اسقاطِ حمل کرنا - قصداً حمل نکالنا - اخراجِ جنین کرنا +

پیٹ گرنا - ہ - فعل لازم (۱) اسقاط ہونا - حمل جاتا رہنا (۲) - اسم مذکر) اسقاط - گرب پات - وضعِ حمل - جیسے پیٹ گرنے کا مرض +

پیٹ گڑگڑانا - ہ - فعل لازم - پیٹ میں قراقر ہو - پیٹ بولنا

پیٹ لگجانا - ہ - فعل لازم - بھوک کے باعث شکم کا اندر کو دھنس جانا +

پیٹ لگنا - ہ - فعل لازم - پیٹ دھسنا (گنوار) گگن گنوار - حمل کی علامت کا ظاہر ہونا +

پیٹ مار مرنا - ہ - فعل لازم - خودکشی کرنا - پیٹ میں خنجر مار کر مرجانا + (ناسخ)

نظر آیا جو پیٹ ساقی کا + شیشہ مے نے اپنا مارا پیٹ

پیٹ مارنا - ہ - فعل متعدی (۱) بھوک کو مغلوب کرنا - خوراک سے کم کھانا - کھانے میں کمی کرنا - تقلیلِ غذا کرنا (۲) نفس مارنا - نفس کشی کرنا (۳) - فعل لازم - خودکشی کرنا - پیٹ میں چھری مار لینا +

پیٹ مرانی - ہ - اسم مؤنث - وہ عورت جو معاش کی خاطر بدکاری کرے +

پیٹ مسوسنا - ہ - فعل لازم (ہندو عو) پیٹ کاٹنا - اپنی خوراک میں سے بچانا - پیٹ مارنا +

پیٹ میں آنت نہ منہ میں دانت - ہ - (کہاوت) (نہایت ضعیف کے حق میں بولتے ہیں) بوڑھا پھونس - پیر فرتوت

پیٹ میں بل پڑنا - ہ - فعل لازم - ہنسی کے باعث شکم میں شکن پڑنا + ہنستے ہنستے کمر کا دوہرا ہو جانا + کمال ہنسنا +

پیٹ میں بیٹھنا - ہ - فعل لازم ... لینا + اپنے مطلب کے لئے ... خوشامد کرکے دوست ...

پیٹ میں پانی پڑنا

پیٹ میں پاؤں ہونا - ... ہونا - پیٹ میں گن بھرے ...

(یہ محاورہ سانپ سے لیا گیا ہے ایسے شخص کے حق میں بولتے ہیں جو ظاہر میں غریب اور باطن میں سب گنوں پورا ہو) +

پیٹ میں پِٹھو لینا - ہ - فعل لازم (کھیل میں) اپنے پیٹ میں ایک اور متنفس قرار دیکر دو کے برابر خیال کرنا +

پیٹ میں پِٹھو ہونا - ہ - فعل لازم - ایک اور فرضی آدمی پیٹ میں کھیل کے وقت کمیِ اطفال کے باعث خیال کیا جانا

پیٹ میں پڑنا - ہ - فعل لازم (۱) پیٹ میں جانا - (۲ - عو) حمل رہنا - نطفہ قرار پانا +

پیٹ میں پیٹھنا - ہ - فعل لازم - دیکھو (پیٹ میں بیٹھنا)

پیٹ میں چوہے دَوڑنا - یا چھُوٹنا - ہ - فعل لازم (۱) کسی خوف کے باعث کمال اضطراب و اضطرار ہونا - نہایت تشویش ہونا (۲) بھوک کے مارے تُل ہونا - بھوک سے بیقرار ہونا +

پیٹ میں چوہے قلابازی کھانے لگے - (مثل) نہایت بھوک لگ آئی - بھوک کے باعث بیتاب ہونے لگے

پیٹ میں چیونٹے کی گرہ ہونا - ہ - فعل لازم - عو (حقارتاً) - نہایت کم خوراک ہونا - بن کھائے جینا پھول سونگھ کر رہنا (چونکہ چیونٹے کے نسبت یہ بات مشہور ہے کہ وہ صرف اناج سونگھ کر رہتا ہے کیونکہ اسکی کمر میں اتنی گنجایش نظر نہیں آتی کہ اسمیں خوراک جا سکے پس اسلیے کم خوراک آدمی کے حق میں جو اپنے تئیں نازک سمجھے از روئے طنز یہ محاورہ بولنے لگے) +

پیٹ میں ڈاڑھی ہونا - ہ - فعل لازم - حالتِ طفلی میں پیرانہ عقل کی باتیں کرنا (عقلمند لڑکے کی نسبت بولتے ہیں یعنی اسکے بڑے بوڑھے ہونیکی حالت جو ریش سفید خیال کی جاتی ہے پیٹ کے اندر پوشیدہ ہے) +

پیٹ میں ڈالنا - ہ - فعل متعدی - طوعاً و کرہاً یعنی بے رغبتی [illegible] کرنا +

پیٹ میں سے پاؤں نکالنا - ہ - فعل لازم - نئے نئے گن سیکھنا - بدراہی اور بداطواری میں قدم رکھنا

پیٹ میں گڑبڑ ہونا - ہ - فعل لازم - پیٹ میں قراقر ہونا - دست آنے کی علامت ظاہر ہونا +

پیٹ میں گھُسنا - ہ - فعل لازم - دیکھو (پیٹ میں بیٹھنا)

پیٹ میں گھوڑے دَوڑنا - ہ - فعل لازم - قراقر ہونا - گڑبڑ ہونا - پیٹ کی کسر سے بدہضمی کی علامت ظاہر ہونا

پیٹ میں گیدڑیاں دوڑنا - ہ - فعل لازم (گنوار) خوف یا بھوک کے مارے بیقرار ہونا +

پیٹ والی - ہ - اسم مؤنث - عو - (۱) حاملہ - دوجیا - زن باردار (۲) ہر ایک کھانے پینے کی چیز پر دل چلانے والی

پیٹ ہڑبڑانا - ہ - فعل لازم (عوام) پیٹ میں گڑبڑ یا قراقر ہونا - پیٹ میں گڑگڑاہٹ ہونا +

پیٹا - ہ - اسم مذکر (۱) دَور - گولائی - محیط (۲) تکل یا کنکوے کی ڈور کا جھول جو کم ہوا یا وزنی ہونے کے باعث نمایاں ہوتا ہے (۳ - تابع فعل) تقریباً - اندازاً - تخمیناً + اندر جیسے پچاس برس کے پیٹے میں ہے (۴) گزرگاہِ دریا - دریا کے بہنے کا راستہ (۵) تفصیل حساب جو ایک مد کے اندر لکھی جائے (۶) دریا کا پاٹ (۷) حیوانات کا اوجھ - اوجھڑی (۸) کتاب کا متن (۹) دیکھو - نمبر ۱۳ پیٹ (۱۰) فاصلہ دوری (۱۱) قابو - بس (لکھنؤ) +

پیٹا توڑنا - ہ - فعل متعدی - اڑتے ہوئے کنکوے کی لٹکتی ہوئی ڈور کو توڑ لینا +

پیٹا چھوڑنا - ہ - فعل لازم - کنکوے کی ڈور کا لٹکنا +

پیٹارتھو - ہ - صفت (ہندو) بسیار خوار - پیٹو +

پیٹ پیٹ کر - ہ - تابع فعل - عو - (۱) مار مار کر جیسے پیٹ پیٹ کر سمجھا دیا (۲) اپنے آپکو ضرب لگانا جیسے پیٹ پیٹ

کر اپنا خون کر دیا (۲) جھینک جھینک کر۔ دِق کر کے۔ رُلا رُلا کر جیسے اُسکا خاوند پیٹ پیٹ کر روٹی دیتا ہے ‡

پیٹرن۔ اِنگلش۔ Patron ۔ اِسم مُذکر۔ مُربّی۔ سرپرست ۔ حامی ‡

پیٹک پیّا۔ ہ۔ اسم مُذکر (عو) نوحہ۔ ماتم۔ کہرام ۔ جھگڑا۔ فتنہ ‡

پیٹک پیّا ڈالنا۔ ہ۔ فعل لازم (عو) رونا پیٹنا ڈالنا کُہرام مچانا۔ ماتم ڈالنا۔ جھگڑا اُٹھانا۔ فتنہ برپا کرنا ‡

پیٹل۔ ہ۔ صفت۔ بڑے پیٹ والا۔ توندل۔ پھال پیٹا ‡

پیٹنا۔ ہ۔ فعل مُتعدّی (۱) مارنا۔ ضرب لگانا۔ سزا دینا۔ چوٹ لگانا ‡ کوٹنا ‡ کچلنا (۲) عو۔ نوحہ۔ ماتم کرنا ‡ رانا ۔ کسر کا ما چاہئے ‡ رشوق آنکھیں پھوٹیں جو بھر نظر دیکھی ‡ ہمکو پیٹے اگر ادھر دیکھے (۳) چپٹا کرنا۔ چوڑا کرنا (۴) سخت محنت کرنا۔ محنت شاقہ اُٹھانا جیسے رات دن کا نہ پیٹنا جبھی کرنے کی سخت محنت اُٹھانا (۵) حاصل کرنا۔ کمانا جیسے پیٹنے ‡ چار پانچ روپے پیٹ لینا ہے (۶) جھینکنا۔ افسوس کرنا جیسی روز پیٹتے ہیں مگر وہی کام نہیں سیکھتے (۷) اندیشہ کرنا۔ فکر کرنا۔ جیسے اسی دن کو پیٹتے تھے ‡

پیٹنا۔ ہ۔ اسم مذکر (۱) ماتم۔ نوحہ جیسے ایک کی سیہ دو ماتم شاتمین کی پیٹنا یار کا سانپا ہی ‡ (۲) مُصیبت آفت جیسے یہ اور پیٹنا پڑ گیا ‡

پیٹنٹ۔ اِنگلش Patent ۔ صفت۔ رجسٹری شُدہ۔ سند یافتہ۔ مُستند

پیٹو۔ ہ۔ صفت۔ اکال۔ بسیار خوار۔ شکم بندہ۔ بہت کھانے والا ‡ کھانے کا لالچی جیسے پیٹو مرے پیٹ کو نامی مرے نام کو ‡

پیٹھ۔ ہ۔ اسم مونث (۱) پُشت۔ ظہر (۲) مدد حمایت۔ کمک۔ پشت گرمی ‡ پناہ سہارا۔ استون ‡ اوٹ (۳) عقب۔ پیچھے۔ پچھاڑی (۴) بیرون ہر چیز ہر ایک چیز کے اُوپر کا حصّہ ‡

پیٹھ پر کا۔ ہ۔ اِسم مُذکر۔ عو (۱) اُوپر کا ‡ بعد کا شُدہ بچہ جو کسی بچہ کے بعد پیدا ہوا ہو (۲) چھوٹا بھائی ‡

پیٹھ پر کھانا۔ ہ۔ فعل مُتعدّی۔ نامردی سے بھاگتے ہوئے پٹنا۔ سامنے نہ ٹھیر سکنا۔ قابل شرم شکست کھانا جُوتڑوں پر کھانا ‡

پیٹھ پر ہاتھ پھیرنا۔ ہ۔ فعل مُتعدّی۔ شاباش دینا ‡ پیار کرنا ‡ ہمّت بندھانا ‡

پیٹھ پر ہونا۔ ہ۔ فعل لازم (۱) مدد پر ہونا۔ کمک پر ہونا حمایتی ہونا۔ معاون ہونا (۲) ایک بچے کے بعد دوسرے بچے کا پیدا ہونا ‡

پیٹھ پھیرنا۔ ہ۔ فعل لازم (۱) پیٹھ موڑنا۔ جانا۔ سدھارنا رُخصت ہونا (۲) انتقال کرنا۔ مرنا۔ رحلت کرنا۔ دُنیا سے گزرنا (۳) لڑائی سے بھاگنا۔ روگرداں ہونا۔ ہزیمت اُٹھانا (۴) مُنہ پھیر لینا۔ منہ موڑ کر بیٹھنا۔ رُخ بدلنا۔ اعراض کرنا۔ بیزاری یا نفرت کے باعث ایک طرف سے دُوسری طرف منہ کر لینا ‡

پیٹھ پیچھے۔ ہ۔ تابع فعل (۱) غیبت میں۔ بعد میں غیر حاضری یا عدم موجودگی میں

پیٹھ پیچھے میرے برکہنے سے ناشخ پیدا
پیٹھ پر بار گنہ کا جمع پشتارا ہوا ‡

(۲) مرنے کے بعد۔ بعد از انتقال ‡

پیٹھ پیچھے کہنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ غیبت کرنا۔ بعد میں بُرا کہنا۔ بدیاں کرنا

پیٹھ توڑنا۔ ہ۔ فعل لازم مایوس کرنا۔ نا اُمّید کرنا ہمّت توڑنا۔ ہراس کر (۲) چڑھی لینا۔ پُشت

پر سوار ہونا +

پیٹھ ٹھونکنا - ه - فعل متعدی (۱) شاباش دینا - ہمت بندھانا - تقویت دینا (۲) پیار کرنا - چمکارنا - دلاسا دینا - پچکارنا +

پیٹھ چارپائی سے لگجانا - ه - فعل لازم - صاحب فراش ہونا - چارپائی پر پڑے پڑے پیٹھ لگ جانا + بیماری کے باعث ناتوان ہو کر چارپائی سے نہ اٹھ سکنا - طاقت نشست و برخاست نہ رہنا +

پیٹھ دکھا کر جانا - ه - فعل لازم - عو - پیٹھ موڑ کر جانا - رخصت ہو کر منہ موڑنا - رخصت ہو کر چلنا جاتے وقت منہ موڑنا سفر کو روانہ ہونا - میر حسن -

چلی جسطرح پیٹھ اپنی دکھا + اسیطرح دکھلا تو منہ پھر آ

پیٹھ دکھانا - ه - فعل لازم (۱) روگرداں ہونا - منہ موڑنا لڑائی سے بھاگ جانا + ترک کر دینا - چھوڑ دینا (۲) پردیس کو جانا - سفر کو چلنا +

پیٹھ دینا - ه - فعل لازم (۱) روگرداں ہونا - منہ موڑنا (۲) بے وفائی کرنا - بیمروتی کرنا - دغا دینا - فریب دینا (۳) لڑائی سے بھاگ جانا (۴) مرجانا - گزر جانا - انتقال کر جانا +

پیٹھ کا - ه - اسم مذکر - دیکھو (پیٹھ پرکا) +

پیٹھ کا کچا - ه - صفت - پیٹھ کا نازک - وہ جانور جسکی پیٹھ سواری لینے سے جلد زخمی ہو جاے - سواری کا بودا +

پیٹھ لگانا - ه - فعل متعدی (۱) چوپایہ کی پیٹھ پر زخم ڈالنا یعنی بے تمیزی سے کسنا یا سواری لینا یا لادنا جسمیں اسکی پیٹھ زخمی ہو جاے (۲) کشتی میں پچھاڑنا - چت کرنا - پٹکنا - مغلوب کرنا +

پیٹھ لگنا - ه - فعل لازم - (۱) پیٹھ میں زخم ہو جانا - پڑے پڑے پیٹھ کا پک جانا (۲) کشتی میں چت ہو جانا - پچھڑنا - مغلوب ہونا - زیر ہونا (۳) چپک جانا - چسپاں ہونا - چفس ہونا - ملتزق ہونا (ناسخ)

لگ گئی بیمار فرقت میں یہ بستر سے پیٹھ
اٹھ چکوں بالفرض میں تو ساتھ ہی بستر چلے

پیٹھ موڑنا - ه - فعل لازم - دیکھو (پیٹھ پھیرنا) +

پیٹھ نہ لگنا - ه - فعل لازم - عو - مضطرب رہنا - آرام نہ پانا - تڑپنا - بیقرار رہنا - بیچین رہنا

مرکر بھی پیٹھ لگتی نہیں ہے زمین کو
عاشق کا چین تو نے خدایا اٹھا لیا

پَیٹھ - ه - اسم مؤنث (۱) دخل - باریابی - رسائی - گزر جیسے اسکو خوب گھس پیٹھ آتی ہے (۲) وہ بازار جو آٹھویں دسویں روز مقررہ مقاموں میں لگا کرتا ہے ہاٹ لگنا - روز بازار - (۳) مثنی - نقل - گم شدہ ہنڈوی کی نقل +

پیٹھا - ه - اسم مذکر - ایک پھل کا نام ہے جو گول کھیرے سے مشابہ ہے اسکی مٹھائی اور مربا مشہور ہے +

پَیٹھانا - ه - فعل متعدی (پوربی) بھیجنا - رخصت کرنا +

پَیٹھنا - ه - فعل لازم (۱) گھسنا - داخل ہونا - جانا - بیٹھنا

جن ڈھونڈا ان پائیاں گہرے پانی پیٹھ
میں بوری ڈوبن ڈری رہی کنارے بیٹھ

(۲) پیوست ہونا - جمنا - گڑنا +

پیٹھی - ه - اسم مؤنث - دیکھو (پیٹھی)

پیٹی - ه - اسم مؤنث (۱) پٹکا - کمربند + وہ چمڑے کا چوڑا تکمہ دار تسمہ جو سپاہی کمر سے باندھتے ہیں (۲) وہ صندوقچہ جسمیں کارخانہ دار نقدی یا جوکھوں رکھتے ہیں +

پاس لیکر بیٹھنے کا صندوقچہ (۳) خُرجی - جامہ دانی (۴)
وُہ ڈورا جو بُلبُل یا بیے کی کمر میں ہاتھ پر بٹھا کر لیے پھرنے کو
باندھتے ہیں (۵) توپ بندوق کے سامان رہنے کا بکس
یعنی گولہ بارود رکھنے کا صندوق (۶ عو) نیفہ کا استر اگر
لکھنؤ میں مُوباف کی بجھتی کو بھی کہتے ہیں اور وہ ایک کپڑا ہوتا
ہی جو عورتیں جوٹی ہوتی کہ نیکو داہنی پیٹے لپیٹکر اوپر سے مُوباف
لپیٹ لیتی ہیں (۷) وُہ کپڑا جو بچہ ہونیکے بعد زچہ کی کمر سے باندھا جاتا ہے

پیٹی اُترنا - ہ - فعل لازم - سپاہی یا کونسٹبل کا معطل ہونا +

پیٹی باندھنا - ہ - فعل لازم (۱) سپاہی کا کمر باندھکر مستعد ہو
کر کسنا کمربندی کرنا (۲) دست آموز جانور کی کمر میں ڈورا باندھنا

پیٹیا - ہ - اسم مذکر - پیٹ کے موافق خوراک - ایک آدمی کی
خوراک + روزینہ - وظیفہ - نفقہ +

پیجامہ - ف - اسم مذکر مخفف پا جامہ +

پیجامے سے باہر ہونا یا نکلا پڑنا - ف - فعل لازم -
حقارتاً آپ سے باہر ہوجانے کو کہتے ہیں +

پیچانا - ہ - فعل متعدی (۱) ہضم کرلینا + غصب لینا یا اُتار جانا
(۲) طرح دے جانا - ٹال جانا - چُپ رہنا - غم کھانا - برداشت
کرنا - درگذر کرنا - ضبط سخن یا ضبط اشک کرنا

(آبرو)
سخن اوروں کا تشنہ ہوکے سُننا اور سب کہنا
مگر جب آبرو کی بات کو سُننا تو پی جانا

پیچ یا پیچھ - ہ - اسم مونث - مانڈی - مانڈو - کانجی - اُبلے
ہوئے چاولوں کا پانی جسے غریب غربا پیتے - دھوبی کلف
بناتے کاغذی آہار کے کام میں لاتے ہیں +

پیچ پی ہزار نعمت کھائی - ہ - (مثل) جو کچھ کھانے کو
ملگیا نعمت سمجھکر خدا کا شکر بجالائے +

پیچ - ف - اسم مذکر - از پیچیدن (۱) لپیٹ - بل - تاب (گویا)
بھول جاے اپنا بل کرنا ابھی شاخ غزال
پیچ دکھلادے جو تو گیسوی عنبر فام کا

(۲) حلقہ - چوڑی - کڑی (۳) پھیر - چکر (۴) خم - ٹیڑھ
(۵) مروڑا - مروڑ + درد شکم (۶) رشک و حسد (مگر اِس
معنی میں اپنے مترادف لفظ تاب کے ساتھ آتا ہے) ۷ - ابہام
عقدہ جیسے اسبات کا پیچ نہیں کھلتا (۸) حلقہ دار کیل
وُہ کیل جسمیں چوڑیاں کٹی ہوئی ہوں (۹) مُشکل - دقت
دُشواری جیسے خدا ہی اس پیچ سے نکالے (۱۰) دم - چھل
فریب - دھوکا - چال (شاہ نصیر)

اُسکے پھندے سے کوئی نکلے خدا یا کیونکر
آہ مربات میں ہو جس ستم ایجاد کے پیچ

(۱۱) کُشتی کا داؤ - بند کُشتی (شاہ نصیر)

تجکو اے چرخ کہن دیکھ دکھاؤ نکا نہیں
کہ جواں پر نہیں چلتے ہیں یہ پیر کے پیچ

(۱۲) دبانے کی کل جیسے روئی کا پیچ (۱۳) پگڑی کی لپیٹ
دور + لپیٹ (قطعۂ میر حسن)

طرحدار اک سر پہ پھینٹا سجا تمامی کا پٹکا کمر سے بندھا
عجب پیچ پر پیچ بیٹھے تھے دل کہ ہر پیچ پر پیچ کھاتا تھا دل

(۱۴) جب پتنگ بازی میں ایک پتنگ کی ڈور دوسرے
پتنگ پر پڑ جاتی ہے تو اُسکو بھی پیچ کہتے ہیں (۱۵)
حلقہ مار - گنڈلی - گینڈلی (ناسخ)

تیرے آگے نہ چلے جان سب مارکے رہے
زلفِ پیچاں نے اثر کھا مارکے پیچ

(۱۶) پھندا - گرہ - اُلجھاؤ تپی - پتلی پگڑی +

پیچ اُٹھانا - ف - فعل متعدی (۱) رنج و سختی اُٹھانا تکلیف
اُٹھانا - غم و غصہ کھانا (آتش)

اُٹھاے عشق پیچ کی طرح سے
گلستانِ جہاں میں پر پیچ

(۴) کنکوے کی ڈور کو دوسرے کنکوے کی ڈور سے الگ کر لینا

پیچ اُٹھنا - ۱- فعل لازم (۱) مروڑ اُٹھنا - پیٹ میں پیچش کا سا درد ہونا (۲) کنکوے بڑھنا یا اڑنا +

پیچ اُکھڑنا - ۱- فعل لازم (۱) کل کے پرزے کا ڈھیلا ہو جانا (۲) فریقین کے ہاتھوں سے کنکوے کی ڈور کا ٹوٹ جانا +

پیچ باندھنا - ۱- فعل متعدی - کُشتی کے داؤں کا توڑ کرنا + گرفت کرنا - پکڑ لانا +

پیچ پڑنا - ۱- فعل لازم (۱) اُلجھنا + بکھیڑا پڑنا (۲) سخت مشکل یا دقت پیش آنا + ہرج و مرج واقع ہونا

جوابِ خط خبرداری سے لانا +

(آتش) نہ پڑنے پائے کچھ ای نامہ بر پیچ

(۳) ایک کے پتنگ کی ڈور دوسرے شخص کے پتنگ کی ڈور پر پڑنا (۴) مزاحمت پیش آنا +

پیچ چلنا - ۱- فعل لازم (۱) فریب سے غالب آنا - دغا سے کامیاب ہونا (۲) چال چلنا - دھوکا دینا +

پیچ چھٹنا - ۱- فعل لازم - کنکوے کی ڈور کا علیحدہ علیحدہ ہو جانا +

پیچ دار - ف - صفت (۱) بل دار - بل کھایا ہوا - مُڑا ہوا - تابیدہ (۲) پیچیدہ - پہلودار + مشکل یا دقیق بات +

پیچ در پیچ - ف - صفت (۱) بل پر بل پڑا ہوا - نہایت پیچیدہ (۲) عقدۂ لاینحل - نہایت مشکل - دشوار گزار

پیچ در پیچ کھانا - ۱- فعل لازم - بل پر بل کھانا - پیچ پر پیچ کھانا (ضرف گلزار نسیم میں اس طرح دیکھا گیا ہے ورنہ اردو میں ایسے موقع پر دو کی جگہ لفظ پر مستعمل ہوتا ہے (گلزار نسیم)

دال زلف نے کھا کے پیچ در پیچ + طرہ کلغی یہ تھا یہاں پر پیچ) +

پیچ دینا - ۱- فعل متعدی (۱) بل دینا - مروڑنا - لپیٹنا گھمانا (۲) دغا دینا - فریب دینا - دھوکا دینا

اُلفتِ گیسوئے جاناں نے بڑا پیچ دیا

(صبا) دام میں آ گئے ہم آپ کے دانا ہو کر

پیچ ڈالنا - ۱- فعل متعدی (۱) داؤں ڈالنا (۲) چال چلنا - جال پھیلانا - دامِ فریب بچھانا (۳) مشکل ڈالنا - دقت پیش لانا (۴) دوسرے کے کنکوے پر ڈور ڈالنا +

پیچ کاٹنا - ۱- فعل متعدی - کنکوا کاٹنا - کنکوے کی ڈور گھسّے سے اُڑانا +

پیچ کرنا - ۱- فعل متعدی (۱) کُشتی کا داؤں کرنا (۲) فریب کرنا - دھوکا دینا (آتش)

نہیں دم باز ہم بکو نہ دے دم +

کرے جو پیچ ای یار اُس سے کر پیچ

پیچ کھانا - ۱- فعل لازم (۱) بل کھانا - اینٹھنا

زلفیں چہرے پہ پیچ کھانے لگیں +

(شوق) پنڈلیاں دونوں تھرتھرانے لگیں

(۲) دل ہی دل میں غصہ کرنا +

پیچ کھلنا - ۱- فعل لازم (۱) بل دور ہونا - سلجھنا - پگڑی کا پیچ کھلنا (۲) عقدہ وا ہونا (۳) بھید کھلنا - راز فاش ہونا

پیچ کھیلنا - ۱- فعل متعدی - چھل کھیلنا - چال چلنا - دھوکا دینا +

پیچ لڑانا - ۱- فعل متعدی - ایک بار کنکوا لڑانا - پتنگ کی ڈور سے ڈور لڑانا + لاؤ لنگر لڑانا +

پیچ مارنا - ۱- فعل لازم - بل کھانا - اینٹھنا (۲) فریب دینا - چھل کھیلنا (۳) کام اٹکانا - حرج کرنا - مزاحمت کرنا +

پیچ میں آنا - ۱- فعل لازم (۱) مصیبت میں پھنسنا - گردش میں آنا - دقت میں پڑنا + پھیر میں آنا کسی طرح کا زیاں و نقصان ہونا (۲) دم میں آنا - چھل میں آنا (۳) پھندے میں آنا - جال میں پھنسنا - دامِ فریب میں

مُبتلا ہونا (میر حسن) نہ کسیکی زُلف سے کام تھا نہ کسیکا گیسُو ہی دام تھا ۔ ہمیں تو فراغ مدام تھا مگر اب کے پیچ میں آگئے

پیچ و تاب - ف - اِسم مذکر (۱) بل مؤمن

دکھاتا ہے یہ رشک و حسد دو بلا کر آج

سُنبُل کو تری زُلف کا سا پیچ و تاب تھا

(۲) غم و غُصّہ - گھٹاؤ - قہر و غضب (ذوق)

خط پڑھ کے اور بھی وُہ ہوا پیچ و تاب میں

کیا جانے لکھ دیا اُسے کیا اضطراب میں

(۳) خم و پیچ - معشوقانہ خرام - (شوق)

تھا عجب پیچ و تاب اُس گُل کا

پھٹا پڑتا تھا جوبن اُس گُل کا

(۴) اضطراب - بیقراری - بیچینی (غالب)

میں مُضطر ہوں وصل میں خوفِ رقیب سے

ڈالا ہے تمکو وہم نے کس پیچ و تاب میں

(۵) فکر و اندیشہ - (غالب)

اُتنا ہی مجکو اپنی حقیقت سے بُعد ہے

جتنا کہ وہمِ غیر سے ہُوں پیچ و تاب میں

پیچ و تاب کھانا - ف - فعل لازم (۱) لپٹنا - بل کھانا (۲) دل ہی دل میں غم و غُصّہ سے گھٹنا + حسد یا رشک سے جلنا + جھلانا - افروختہ ہونا (۳) مُضطرب ہونا - بیقرار ہونا - انگاروں پر لوٹنا (۴) فکر و اندیشہ میں پڑنا

پیچاں - ف - صفت - پیچیدہ - تابیدہ - بل کھایا ہوا - بلدار - جیسے زُلفِ پیچاں +

پیچش - ف - اسم مؤنث - مروڑ - مروڑا - درد ہو کر دست یا پیچانہ یا آنو آنا +

پیچک - ف - اسم مؤنث (۱) لپٹے ہوئے سُوت کی گُتھی گول ہو خواہ لمبی - ریل - بٹے سُوت کی گگڑی (۲) پیچدار

نال کا نیچہ +

پیچو - ہ - اسم مذکر (پُورب) ایک قسم کا آڑو - چیلو - زرد آلو (۲ - گنوار) پکّا سُرخ ٹینٹ - کریل کا پکّا پھل +

پیچوان - ف - اسم مذکر - ایک قسم کا حُقّہ جسکا پکدار نیچہ جسکے تار اور بھوج پتر وغیرہ لپیٹ کر بناتے ہیں تاکہ دُور سے یا لپٹ کر جس طرح چاہیں بآسانی پی سکیں اسکا ایجاد نورجہان بیگم نورالدین جہانگیر بادشاہ کی بیوی نے سانپ کو کنڈلی مارے ہوے بیٹھا دیکھکر کیا تھا - فارسی میں پیچ کہتے ہیں +

پیچھا - ہ - اسم مذکر (۱) سامنے کا نقیض - پُشت - عقب - پس + پچھلا حصّہ (۲) تعاقب - پیروی +

پیچھا بھاری ہونا - ہ - فعل لازم - عقب کا خوف ہونا + دُشمن کا پس پُشت آجانا (۲) بعد میں دقت پیش آنا جیسے بیاہ کا پیچھا بھاری ہوتا ہے +

پیچھا پکڑنا - ہ - فعل متعدی - عو - (۱) سر ہونا - آزار کے درپے ہونا - ستانا (۲) ہر وقت ساتھ رہنا - پچھالہ بنا - دُنبالہ ہونا +

پیچھا چھڑانا - ہ - فعل متعدی - آزادی حاصل کرنا - مخلصی پانا - چھٹکارا پانا - پنڈ چھڑانا - جان بچانا +

پیچھا چھوڑنا - ہ - فعل لازم - پنڈ چھوڑنا - رہائی دینا - مخلصی دینا + باز آنا - کنارہ کرنا +

پیچھا کرنا - ہ - فعل متعدی (۱) تعاقب کرنا - رگیدنا (۲) سر ہونا - درپے ہونا (۳ - ۴) ستانا - دق کرنا +

میرا پیچھا [illegible] ب کیجے آپ +

(شوق) میرے گھر ہو جانے دیجے آپ

(۴) بندوق یا توپ کا چھُٹتے وقت پیچھے سرکنا - دھچکا دینا

پیچھا لینا - ہ - فعل متعدی - عو - (۱) تعاقب کرنا (۲) سر ہونا - ستانا + ساتھ لگے رہنا (۳) مزلت کرنا - بار بار آنا جیسے

سنے بڑا پیچھا لیا +

پیچھا نہ چھوڑنا - ہ - فعل متعدی - ساتھ نہ چھوڑنا - پنڈ نہ چھوڑنا - سر ہونا - جان کو آنا - ہمزاد کی طرح ساتھ رہنا - تعاقب سے باز نہ آنا + درپے آزار رہنا +

پیچھے - ہ - تابع فعل (۱) بعد میں - عقب میں - غیبت میں - عدم موجودگی میں (۲) بعد - عقب + پس غیبت (۳) بعدہٗ - بعد ازاں - پس ازاں (۴) خاطر - واسطے برائے - لیے - باعث - سبب - کارن (۵) اخیر

پیچھے آنا - ہ - فعل لازم (۱) تعاقب کرنا - عقب میں آنا (۲) دیر میں آنا - بعد میں آنا (۳ - لوٹی) لوٹ کرنا

پیچھے پڑنا - ہ - فعل لازم (۱) سر ہونا - لپٹنا - درپے ہونا

بلا سی وہ دیکھ اسکے پیچھے پڑی
(میر حسن) کہا سُن تو او موذی ذی مدعی

(۲) دق کرنا - ستانا - درپے آزار ہونا (۳) دشمنی کرنا - عداوت کرنا (۴) درپے تضحیک ہونا - رسوائی چاہنا (۵) بار بار مانگنا +

پیچھے پھرنا - ہ - فعل لازم - ڈٹنا - لوٹنا - واپس ہونا

پیچھے پیچھے - ہ - تابع فعل - (۱) عنقریب - تھوڑی دیر بعد (۲) ساتھ لگا ہوا - ساتھ ساتھ - ساتھ میں +

پیچھے چھوڑنا - ہ - فعل متعدی (۱) کسی سے آگے بڑھنا - سبقت لیجانا (۲) اندوختہ یا املاک چھوڑ کر مرنا +

پیچھے ڈالنا - ہ - فعل متعدی (۱) تعاقب کرنا جیسے گھوڑا پیچھے ڈالنا (۲) پیچھے چھوڑنا - آگے بڑھجانا (۳) پس انداز کرنا - تھوڑا تھوڑا بچا کر جمع کرنا +

پیچھے رہنا - ہ - فعل لازم (۱) اخیر رہنا (۲) بعد میں باقی رہنا +

پیچھے سے - ہ - تابع فعل - عقب سے + بعد ازاں + تھوڑی دیر بعد + تھوڑے وقفہ کے بعد +

پیچھے لگنا - ہ - فعل لازم (۱) دیکھو (پیچھے پڑنا) (۲) ساتھ ہولینا - ہمراہ ہوجانا +

پیچیدگی - ف - اسم مونث - لپیٹ - مروڑ - اینٹھ (۲) الجھاؤ - الجھیڑا +

پیچیدہ - ف - صفت (۱) لپٹا ہوا - ملفوف (۲) مشکل بات جو دقت سے سمجھ میں آئے + پیچواں +

پیخال - ف - اسم مونث - بیٹ - فضلہ پرند +

پیخانہ - ف - اسم مذکر (۱) بیت الخلا - جائے ضرور (۲) براز - فضلہ انسان +

پیخانہ پھرنا - ا - فعل لازم - ہگنا - براز کرنا +

پیدا - ف - (۱) ہویدا - ظاہر - موجود - عیاں (۲ - ا) زائیدہ متولد - جنا ہوا (۳ - ا - اسم مونث) کمائی - یافت - آمدنی - حاصل - حصول (۴ - اسم مذکر) ایجاد - اختراع

پیدا کرنا - ا - فعل متعدی (۱) ظاہر کرنا - موجود کرنا - ہست کرنا (۲) جننا - تولد کرنا (۳) کمانا - معاش حاصل کرنا (۴) حاصل کرنا - ہم پہنچانا جیسے کمال پیدا کرنا - (۵) نکالنا - ایجاد و اختراع کرنا +

پیداوار - ف - اسم مونث (۱) محاصل - زراعت یا تجارت وغیرہ کی آمدنی - نفع (۲) وہ چیز جو کھیت میں اُگے + زراعت - فصل +

پیداواری - ف - اسم مذکر - دیکھو (پیداوار) +

پیدا ہونا - ا - فعل لازم (۱) ظاہر ہونا (۲) تولد ہونا دنیا میں آنا - شکم سے نکلنا - جنم لینا (۳) حاصل ہونا +

پیدائش - ف - اسم مونث - خلقت - جنم - آفرینش

پیدائشی - ف - صفت - جنمی - جنم کا - فطرتی - خلقی - جبلی - اصلی +

پے درپے ۔ ف ۔ تابع فعل (۱) ایک کے بعد ایک ۔ یکے بعد دیگرے (۲) متواتر ۔ اوپر تلے ۔ برابر ۔ لگاتار ۔ مکرر سہ کرر +

پیدل ۔ ہ ۔ تابع فعل (۱) پاپیادہ ۔ پیروں ۔ سواری کے خلاف (۲) شطرنج کا وہ ادنیٰ درجہ کا مہرہ جو ہمیشہ سیدھا چلتا اور آڑا مارتا ہے (۳) اسم مذکر ۔ پیروں سے چلنے والا آدمی ۔ وہ شخص جو سوار نہ ہو (۴) اسم مذکر ۔ پیادوں کی سپاہ یا لشکر

پیڈ ۔ انگلش Paid ۔ صفت ۔ وصول کردہ شدہ ۔ وہ محصول جو ادا کر دیا گیا ہو +

پیڑ ۔ ہ ۔ اسم مؤنث (ہندی) (۱) دکھ ۔ تکلیف ۔ درد (۲) دردِ زہ ۔ بچہ پیدا ہونے کا درد ۔ یہ لفظ سنسکرت میں [illegible] پیڈا تھا چنانچہ گنوار اب بھی پیڑا یا پیڑ بولتے ہیں +

پیر ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ سوموار ۔ دوشنبہ ۔ چندر باسر ۔ چاند کا دن +

پیر ۔ ہ ۔ اسم مذکر (۱) چرن ۔ قدم ۔ پاؤں ۔ پد (۲) کھوج سراغ ۔ نقش پا ۔ پیڑ (۳) وہ جگہ جہاں نیا اناج بالوں میں سے دائیں چلا کر نکالتے ہیں + اناج صاف کرنے کی جگہ (۴) کھلیان ۔ انبار غلہ ۔ اناج کا ڈھیر بن صاف کئے ہوئے غلہ کا انبار (۵) حیض جاری ہونے کی بیماری

پیر بھر نے جانا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ عو ۔ دیکھو پاؤں بھر جانا

پیر چھوٹنا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ حیض کا معمول سے زیادہ جاری ہونا +

پیر نکالنا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ دیکھو پاؤں نکالنا ۔ (مومن) دنیا سے پیر نکالا عمر اپنے ماہی ڈالا آج کل تیرہ کی سنے) +

پیر ۔ ف ۔ صفت (۱) بوڑھا ۔ سالخوردہ ۔ مسن ۔ عمر رسیدہ معمر (۲) ۔ ا ۔ شریر ۔ حرامزادہ ۔ سب گنوں پورا ۔ استاد + چالاک (۳) ۔ ف ۔ اسم مذکر ۔ ہادی ۔ رہنما ۔ مرشد ۔ گرو ۔ خدا کا راستہ دکھلانے والا + بانی فرقہ (۴) ۔ ا ۔ اسم مذکر ۔ پرکھا ۔ بزرگ ۔ ولی ۔ خنگر +

پیر بھیجڑی ۔ ا ۔ اسم مذکر ۔ ہیجڑوں کا نامور پیر جس کی کڑھائی میں یہ اثر بتاتے ہیں کہ آدمی کھاتے ہی ہیجڑا بنے پر راضی ہو جاتا ہے ۔ واللہ اعلم بالصواب +

پیر بھیجڑی کی کڑھائی ۔ ا ۔ اسم مؤنث ۔ وہ پیر بھیجڑی کی فاتحہ کا حلوا یا پکوان جو ہیجڑا بنانے کے وقت خاص ہیجڑوں کو تقسیم ہوتا ہے +

پیرزادہ ۔ ف ۔ اسم مذکر (۱) مرشد کا بیٹا ۔ گرو کی اولاد (۲) وہ شخص جس کے ہاں پیری مریدی ہوتی ہے +

پیر کرنا ۔ ا ۔ فعل متعدی ۔ مرشد بنانا ۔ ہادی تسلیم کرنا جیسے پانی پیجے چھان کے پیر کیجے جان کے

پیر مغاں ۔ ف ۔ اسم مذکر (۱) آگ کا پجاری + آتش پرستوں کا پادری ۔ آتشخانہ کا مجاور + آتش پرستوں کا پیشوا (۲) ۔ ا ۔ گرو گھنٹال ۔ پرکھا ۔ مخادیم ۔ مخدوم (طنزاً بولتے ہیں) +

پیر نابالغ ۔ فیع ۔ صفت ۔ بوڑھا بیوقوف ۔ بوبک وہ بوڑھا جو ناسمجھ بچوں کی سی باتیں کرے +

پیرا ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ عو ۔ مقدم + اثر ہونے اور غلاء آنے کا شگون جیسے دلہن لکھنؤ)

آنے کا شگون [illegible] میں جان آگئی
تم جو آئے جسم زار خوب ہے
جان من پیرا تمہارا خوب ہے گر صحیح پیرا ہے)

بول چال میں پھیرا زیادہ مستعمل ہے ۔ ترک ۔ شناور ۔ پانی پر

پیراک ۔ ہ ۔ صفت ۔ عوام (۱) تیرنے والا +

پَیراکی - ہ - اسم مؤنث - عوام - تیرائی - شناوری +

پَیراؤ - ہ - صفت - تیرنے کے قابل پانی - ڈباؤ پانی +

پَیراہَن - ہ - اسم مذکر - لباس - پوشاک - جامہ - چولا - بدن کا کُرتا

پَیرائی - ہ - اسم مؤنث (۱) تیرائی - تیرنے کا ڈھنگ (۲) تیرنا سکھانے کی اُجرت (۳ - پُورب) تیرنا سکھانے کی جگہ - وُہ مقام جہاں تیرنا اچھی طرح آجائے - تیرا کی جگہ

پَیرائی - و - اسم مذکر - وُہ قوم جسکا پیشہ پیروں کے گیت گانے کا ہے + ڈفالچی +

پَیرایَہ - ف - اسم مذکر (۱) زیور - آرایش - زینت - (۲) لباس - پوشاک (۳ - ا) طرز - روش - ڈھنگ جیسے کسی پیرایہ میں مانگنا یا کتاب لکھنا +

پَیرنا - ہ - فعل لازم (عوام) ۱ - تیرنا - شناوری کرنا (۲) بہنا - رواں ہونا +

پیر کی جُوتی - ہ - صفت (لکھنؤ) طنزاً عظمت اور بزرگی کے موقع پر بولتے ہیں +

پَیرَو - ف - صفت - مقلد - تقلید کرنے والا - متبع کسی کے قدم بہ قدم چلنے والا - چیلا - مُرید - پیچھ لگو + کسی فرقہ کا معتقد +

پیرُو - ا - اسم مذکر (اصل میں پیلو) فیل مُرغ ناگی مُرغ کا نام ہے جو حبش سے رُوم میں اور وہاں سے یُورپ میں پہنچا - چونکہ فارس والے اسکو پیل مُرغ کہتے تھے اُردو والوں نے ہندی قاعدہ کے موافق لام کو رائے مُہملہ سے بدل اور ے حرفِ نسبت لگا کر پیرو کر لیا اور لفظِ مُرغ حذف کر کے صرف پیرو بولنے لگے (۲-ہ) وہ لڑکا جو پیر کو پیدا ہوا اُسکا نام بھی رکھ لیتے ہیں (عوام)

پَیروں - ہ - تابع فعل - پاپیادہ - پیدل - پاؤں پاؤں - سوار کے خلاف +

پَیروں پڑنا - ہ - فعل لازم - عو - (۱) قدموں میں سر رکھنا - پاؤں پر سر رکھنا - نہایت عجز کرنا - منت کرنا - سماجت کرنا - خوشامد کرنا (۲ - ہندو) قدم لینا - گوڈے چھونا تعظیماً سُسرال کے رشتہ داروں کا آداب بجالانا +

پَیروں پھرنا - ہ - فعل لازم - (ہندو) پردہ نشین عورت کا سواری بغیر باہر جانا +

پَیروں پَیروں چلنا - ہ - فعل لازم - اپنے پاؤں سے چلنا - سواری کے بغیر راستہ طے کرنا +

پیروں میں سر دینا - ہ - فعل متعدی - قدموں پہ سر رکھنا - نہایت عجز کرنا - ازحد خوشامد کرنا +

پَیروں میں مہندی لگنا - ہ - فعل لازم - عذر بیجا ہونا - نامعقول حیلہ کرنا +

پَیرَوی - ف - اسم مؤنث (۱) تقلید - کسی کے قدم بقدم چلنا - پیچھے چلنا (۲) اطاعت - فرماں برداری (۳ - ا) کوشش - تندہی - تلاش - جستجو +

پَیرَہَن - ف - اسم مذکر - پیراہن کا مخفف +

پیری - ف - اسم مؤنث (۱) بڑھاپا - کُہن سالگی - ضعیفی (۲) مُرید بنانے کا پیشہ - کارِ ہدایت (۳ - ا) اُستادی - چالاکی عیاری +

(مؤمن)
نہ کچھ پیری چلی بادِ صبا کی + بگڑنے میں بھی زُلف اُسکی بنا کی

(۴ - ا) طنزاً بجائے اجارہ - حکومت - دعوٰی جیسے ایسی ہی تیرے باوا کی پیری ہے (عوام یا لڑکے بولتے ہیں) ۵ - ا - کرامات - اعجاز (بطور طنز بولتے ہیں) +

پیڑ - ہ - اسم مؤنث - دیکھو پیر بمعنی تکلیف) +

پیڑ - ہ - اسم مذکر - (۱) درخت - شجر - بروا - رُوکھ - برچھ - ترور (۲) پودا - نہال - بوٹا (۳) گوبی - کرم کلا - (ترکاری فروش)

پیڑ لگانا - ہ - فعل متعدی - پودا جمانا +

برباد کرنا۔ نہایت خرچ کرنا +

پیسا اُڑانا ۔ ہ ۔ فعل لازم۔ فضول خرچی کرنا۔ روپیہ برباد کرنا۔ نہایت خرچ کرنا +

پیسا دھو کر اُٹھانا ۔ ہ ۔ فعل لازم۔ عو (پیر یا دیوی دیوتا کے نام کا پیسا پاک صاف کرکے رکھنا تاکہ مُراد پوری ہونے پر تقسیم کر دیا جائے)

پیسا ڈبونا ۔ ہ ۔ فعل لازم۔ روپیہ کھونا۔ زر برباد کرنا

پیسا ڈوبنا ۔ ہ ۔ فعل لازم۔ زر یا دولت کا تلف ہونا۔ گھاٹا آنا۔ نقصان ہونا۔ خسارہ ہونا۔ قرضہ نہ پٹنا

پیسا ڈھونا ۔ ہ ۔ فعل متعدی۔ کسی کے مال سے ہاتھ رنگنا۔ تغلب کرنا۔ کسی کی دولت غائبانہ لا کے لیجانا +

پیس ڈالنا ۔ ہ ۔ فعل متعدی (۱) ریزہ ریزہ کر ڈالنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کر دینا (۲) تباہ کر دینا + نہایت تکلیف پہنچانا۔ خاک کر دینا

پیس لون تو پیٹون ۔ ہ ۔ (کہاوت) یعنی فکر روزی ماتم مُردہ سے مقدم ہے (عو) +

پیس مارنا ۔ ہ ۔ فعل متعدی۔ عو۔ ستا مارنا۔ نہایت ستانا۔ از حد تکلیف پہنچانا +

پیسنا ۔ ہ ۔ فعل متعدی (۱) ریزہ ریزہ کرنا۔ آٹا آٹا کرنا۔ سفوف کرنا (۲) رگڑنا۔ گھسنا (۳) سخت رنج پہنچانا + ستانا۔ تباہ کرنا۔ برباد کرنا۔ خاک میں ملانا (۴) سخت کام کرنا۔ محنت شاقہ اُٹھانا۔ جی توڑ کر کام کرنا۔ پاپنا +

پیسنا ۔ ہ ۔ اسم مذکر۔ محنت شاقہ۔ سخت محنت یا مُصیبت

پیسنا پیسنا ۔ ہ ۔ فعل لازم۔ محنت شاقہ اُٹھانا۔ دُکھ بھرنا۔ نہایت تکلیف سے کمانا۔ سخت مزدوری کرنا

پیسنجر ۔ انگلش. Passenger. اسم مذکر۔ مُسافر

پیسنجر گاڑی ۔ ا ۔ اسم مؤنث۔ ریل کی سواری گاڑی۔ مُسافر گاڑی۔ وُہ گاڑی جس میں مُسافر بیٹھیں +

پیسی ۔ ہ ۔ اسم مؤنث۔ غلّہ کی وُہ مقدار جو ایک مرتبہ پیسنے کو دی جائے۔ ایک نفری کے پیسنے کی مقدار

پیسے ۔ ہ ۔ جمع مذکر۔ پیسا کی جمع +

پیسے برابر بوٹیاں کرنا ۔ ا ۔ فعل متعدی۔ عو۔ پرزے پرزے اُڑانا۔ چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا + کھال اُڑانا۔ سخت جسمانی سزا دینا +

پیسے پر دھر کر بوٹیاں اُڑانا ۔ ہ ۔ فعل متعدی۔ عو۔ پرزے اُڑانا۔ قیمہ قیمہ کرنا۔ سخت جسمانی سزا دینا۔ کھال اُڑانا۔ خوب پیٹنا +

پیسے کا میت ۔ ہ ۔ صفت۔ زر دوست۔ زر پرست

پیسے والا ۔ ہ ۔ اسم مذکر۔ دولتمند۔ امیر۔ دھنوان۔ مالدار

پیش ۔ ف ۔ تابع فعل (۱) نقیض پس۔ آگے۔ سامنے (۲) زمانۂ ماضی و مستقبل۔ پہلے۔ قبل۔ آیندہ (۳) ۔ اسم مذکر۔ ضمّہ۔ ضم۔ رفع۔ وُہ علامت جو کسی حرف کے اوپر نصف واؤ کی بجائے لکھتے ہیں جیسے اُس اور تُس میں (۴) ۔ اسم مذکر۔ انگرکھے کے آگے کی ہر ایک کلی (۵) امام تسبیح۔ تسبیح کا وُہ بڑا دانہ جو سب دانوں کے اوپر ہوتا ہے +

پیش آنا ۔ ا ۔ فعل لازم (۱) آگے آنا۔ ظہور میں آنا (۲) مسلوک ہونا۔ بُرا یا بھلا سلوک کرنا +

پیش بند ۔ ف ۔ اسم مذکر۔ زیر بند۔ وُہ چمڑا یا نواڑ وغیرہ جو گھوڑے کی پوزی اور تنگ کے بیچ میں گردن نیچے کو جھکی رہنے کی غرض سے باندھتے ہیں +

پیش بندی ۔ ف ۔ اسم مؤنث۔ حفظ ما تقدم۔ دُور اندیشی۔ پہلے سے کسی بات کی تدبیر کرنا۔ یا کسی بات کو جانا +

پیش بین ۔ ف ۔ صفت۔ دُور اندیش۔ آل اندیش۔ عاقبت اندیش۔ آخر بین + ہوشیار۔ تجربہ کار +

پیش بینی ۔ ف ۔ اسم مؤنث۔ دُور اندیشی۔ آل اندیشی

پیش جانا ۔ یا **چلنا** ۔ ا ۔ فعل لازم۔ پار بسانا۔ قابو چلنا

کارگر ہونا + مُؤثر ہونا +

پیش خدمت - ف - اسم مذکر (۱) ٹہلوا - خدمتگار (۲ - اسم مؤنث) وُہ عورت جو امیروں کی بیویوں کی خدمت کرے - خادمہ - ماما - آیا +

پیش خیمہ - ف - اسم مذکر (۱) وُہ خیمہ جو اُمرا کے واسطے آگے جاکر کھڑا ہوتاہے - سامان تشریف آوری - لین ڈوری - وُہ فوج کا سامان جو کوچ سے آگے بھیجا جاتا ہے + (وزیر)

باغ کو جائیگا ابرِ سیہ مست اُٹھا
پیش خیمہ تو روانہ ہوا سرکار کا آج

(۲) کسی امر کے آگے آنیکی علامت - کسی کام کے ظہور کا سامان (۳) ہرکارہ - پیادہ - مُلازم (۴) مُقدمۃ الجیش - ہراول +

پیش دست - ف - اسم مذکر (۱) آگے کام کرنے والا نائب - معاون - پیشکار - اسسٹنٹ (۲) فایق - مُرجح - سبقت کُنندہ +

پیش دستی کرنا - ۇ - فعل لازم - سبقت کرنا - پہل کرنا + حربہ کرنا - حملہ کرنا - ہاتھ ڈالنا +

دعویٰ دھوپ اُس سراپا ناز کا شیوہ نہیں
(غالب) ہمیں کر بیٹھے تھے غالب پیشدستی ایکدن

پیش رفت - ف - اسم مذکر - قابو - بس +

پیش رو - ف - اسم مذکر - اگوا - آگے آگے چلنے والا

پیش قبض - ف + ع - اسم مذکر - خنجر - دشنہ - چھُرا - کٹارا - قتالہ - کٹار +

پیش قدمی - ف + ع - اسم مؤنث (۱) سبقت - بڑھکے کام کرنا (۲) چڑھائی - حملہ (۳) جُرأت - دلیری - چالاکی - پھرتی +

پیش کرنا - ۇ - فعل متعدی - رُوبرُو کرنا - سامنے کرنا - حاضر کرنا + آگے رکھنا - نذر دِکھانا +

پیش نماز - ف - اسم مذکر - امام - اگوا +

پیش نہاد - ف - اسم مذکر - مدِنظر - ارادہ +

پیشاب - ف - اسم مذکر (۱) بول - مُوت - شاشہ - (۲ - عوام) نُطفہ - تخم - بند +

پیشاب بند ہونا - ۇ - فعل لازم (۱) مُوت بند ہونا (۲) کسی شخص سے نہایت ڈرنا +

پیشاب خطا ہونا - ۇ - فعل لازم (۱) مُوت نکلنا (۲) نہایت ڈرنا - ڈر کے مارے کانپنا +

پیشاب کرنا - ۇ - فعل لازم (۱) مُوتنا - بول کرنا (۲) حقیقت نہ سمجھنا - خاطر میں نہ لانا +

پیشاب کی راہ بہانا - ۇ - فعل متعدی (۱) کھانے پینے میں اُڑانا - فضول خرچی کرنا - روپیہ کی حقیقت نہ سمجھکر اُڑانا (۲) بدچلنی میں صرف کرنا +

پیشاب نکرنا - ۇ - فعل متعدی - بالکل خاطر میں نہ لانا - از حد حقیر سمجھنا +

پیشاب نکلنا - ۇ - فعل لازم - خوف کے مارے مُوت دینا - نہایت ڈرنا - خوف سے کانپنا +

پیشانی - ف - اسم مؤنث (۱) ناصیہ - ماتھا - جبہہ (۲) تقدیر - قسمت - بھاگ (۳) وُہ کاغذ کی حد

پیشتر - ف - تابع فعل - بہت پہلے +

پیشکار - ف - اسم مذکر (۱) مددگار - نائب (۲) مصلحو

پیشکاری - ف - اسم مؤنث

نائب تحصیلداری +

پیشکش - ف - اسم مذکر (۱) نذر - بھینٹ (۲) تحفہ - ہدیہ
سوغات (۳) خراج - محصول +

پیشگاہ - ف - اسم مذکر (۱) سامنے - روبرو - حضور (۲)
اجلاس - دربار - صدر (۳) صدر مجلس (۴) بادشاہ -
صاحب تخت - صاحب مسند + حاکم - حضور +

پیشگی - ف - اسم مؤنث - وہ اُجرت جو کام سے پہلے دی
جائے - سائی - بیعانہ +

پیشوا - ف - اسم مذکر (۱) نمونہ - نظیر (۲) رہنما - ہادی اگلا
رہبر - امام (۳) مرہٹوں کا مورث اعلیٰ (چونکہ بالاجی بشواناتھ
برہمن پیشوائے اول ۱۷۱۸ء کے قریب ساہو یعنی سیواجی کے پوتے
کے ہاں عہدۂ پیشوائی ممتاز ہوا تھا اور اخیر کو گدی کا مالک ہو کر بھی
اُسنے یہی لقب قایم رکھا اسوجہ سے مرہٹوں کا یہ خاندان اس نام سے
مشہور ہوا)+

پیشواز - ف - اسم مؤنث - دیکھو (پشواز)

پیشوائی - ف - اسم مؤنث (۱) رہنمائی - رہبری (۲) اگوانی
استقبال - کسیکے آنے کی خبر سنکر اُسے لینے جانا +

پیشہ - ف - اسم مذکر (۱) ہنر - فن + کسب - شغل - حرفہ
کام - دھندا - اُدم - روزگار +

پیشہ ور - ف - اسم مذکر - (۱) اہل حرفہ کسی قسم کا کام کرنے والا
(۲) دوکاندار - تاجر +

پیشی - ف - اسم مؤنث (۱) حضوری + زیر نظر + زیر تجویز
(۲) مقدمہ کی شنوائی کی تاریخ - تاریخ مقدمہ +

پیشی کا محرر - یا منشی - ا - اسم مذکر - وہ شخص جو عدالت
کے کاغذات پیش کرے - مسلخواں پیشکار +

پیشین گوئی - ف - اسم مؤنث - آیندہ کا حال نجوم وغیرہ
کے ذریعہ سے بتانا کسی واقع کا قبل از وقوع بیان کرنا

پیشین گوئی کرنا - ا - فعل لازم - علامات نجوم وغیرہ
سے آیندہ کا حال بیان کرنا - رائے لگانا - قیاس دوڑانا

پیغام - ف - اسم مذکر (۱) پیام - سندیسا - زبانی بات خبر
سفارت - جو کچھ کہلا کر بھیجیں (۲) شادی یا نسبت کا
سوال - درخواست +

پیغام بھیجنا - ا - فعل لازم (۱) خبر یا سندیسا بھیجنا (۲)
شادی کی درخواست کرنا +

پیغام ڈالنا - ا - فعل لازم - عو - نسبت کی درخواست
کرنا - شادی کا سوال پیش کرنا +

پیغام سلام - ا - اسم مذکر - عو - سوال وجواب - درخواست
بات چیت - نسبت +

پیغاما پیغامی - ا - اسم مؤنث (۱) سوال وجواب - بات چیت
(۲) خط وکتابت - پیغام وسلام +

پیغامی - ا - اسم مذکر - پیغامبر - پیغام سلام پہنچانے والا

پیغمبر - ف - اسم مذکر (۱) پیام پہنچانے والا - قاصد - رسول
دوت - ایلچی - سفیر - سندیسا لانے والا (۲) خدا کا حکم لانے والا
مرسل - پیشوائے دین - نبی - نائب خدا +

پیغمبری - ف - اسم مؤنث - رسالت - ایلچگری - نبوت

پیک - ہ - اسم مؤنث - پان کا رنگین تھوک +

پیک - ف - اسم مذکر - پیادہ - ہرکارہ - قاصد - دوت +

پیکار - ف - اسم مذکر (۱) محصل تحصیل کنندہ (۲) خردہ
فروش - پھیری پھر کر بیچنے والا (۳) جنگ - لڑائی +

پیکان - ف - اسم مذکر - نیزہ کی نوک - بھال - تیر یا برچھی
کی انی +

پیکدان - ا - اسم مذکر (عوام) اگالدان - وہ ظرف جسمیں
پان کی پیک یا اگال ڈالتے ہیں +

پیکر - ف - اسم مؤنث (مرکبات) چہرہ - صورت شکل

جیسے پری پیکر +

پیکڑا - ہ - اسم مذکر - حلقہ یا جو قیدیوں کے پیر و نمیں ڈالا جاتا ہے

پیکھنا - ہ - فعل متعدی (ہندی گیتوں میں) (۱) دیکھنا - نظر کرنا (۲) ریس کرنا - حرص کرنا - خواہش کرنا جیسے دیکھنا سو پیکھنا (۲) - اسم مذکر (۱) سیر و تماشا (میر حسن) کھڑے سب کا لاچار منہ دیکھنا کہ یارب یہ کیا ہے بہاں پیکھنا (اب متروک ہے)

پیگو - برہما - اسم مذکر - برٹش برہما کے ایک شہر کا نام جہاں کا ٹٹو نہایت قد میانہ ہوتا ہے اور وہاں سے ایک قسم کا سبز پتھر بھی آتا ہے

پیل - ہ - اسم مذکر ریلا - دھکا - ٹھیلا (یہ لفظ ریل یا دھکا کے ساتھ آتا ہے جیسے ریل پیل - دھکا پیل) +

پیل - ف - اسم مذکر (۱) فیل - ہاتھی (۲) شطرنج کا وہ مہرا جو آڑا چلتا اور آڑا ہی مارتا ہے +

پیلا - ہ - اسم مذکر - عوام - پیاز فوطہ خصیہ - بیضہ - انڈا خایہ

پیلا - ہ - صفت (ہندی) زرد - کیسری - زعفرانی - اصفر +

پیلبان - ف - اسم مذکر - مہاوت - فیلبان +

پیلپا - ف - اسم مذکر - ایک بیماری کا نام ہے جس کے باعث پاؤں پھول کر نہایت موٹا ہو جاتا ہے - یہ مرض اکثر مرطوب ملکوں میں ہوتا ہے

پیلپایہ - ف - اسم مذکر - پتھر یا اینٹ کا ستون - کھم - کھمبا

پیلڑ - ہ - اسم مذکر (پورب) فوطہ - خصیہ - پیلا - انڈا - خایہ

پیلنا - ہ - فعل متعدی (۱) ریلنا - دھکیلنا - آگے یا پیچھے ہٹانا (۲) تیل نکالنا - کولھو میں پیسنا (۳) داخل کرنا - گھسیڑنا (۴) جب جنڈ کے ساتھ کہیں تو وہاں کر نیکے معنی ہونگے +

پیلو - ہ - اسم مذکر (۱) ایک درخت کا نام ہے جس کی جڑ اور شاخوں کی اکثر مسواک بناتے ہیں - جال (۲) چھتیس راگنیوں میں سے ایک راگنی کا نام (۳) فیل مرغ +

پیلہ - ف - اسم مذکر (۱) کویۂ ابریشم (۲) ریشم کا کیڑا (۳) انڈیلنا

شطرنج کا مہرا - فیلہ +

پیلی - ہ - اسم مؤنث (ہندو عو) اشرفی - زردی +

پیم - ہ - اسم مذکر (ہندو) (۱) پیار - سنیہ - محبت - الفت (۲) دوستی - اخلاص - یارانہ +

پیمان - ف - اسم مذکر (۱) اندازہ (۲) عہد - وعدہ - قول و قرار - قسم - بچن + شرط - ہوڑ +

پیمانہ - ف - اسم مذکر (۱) سیال یا مشروبات یا مائیات کے ماپنے کا ظرف (۲) جام شراب - وائن گلاس (۳) پیمانہ - ماپ - ناپنے کا آلہ +

پیمائش - ف - اسم مؤنث - ناپ + زمین کی پیت +

پیمبر - ف - اسم مذکر - دیکھو - پیغمبر +

پیمفلٹ - انگلش Pamphlet (۱) کم حجم کی کتاب رسالہ - چھوٹی سی کتاب (۲ - و) ڈاک بنگی - بک پوسٹ

پیمک - ہ - اسم مؤنث - ایک قسم کا کلابتون کا بنا ہوا سنہری گوٹا جو انگرکھوں ٹوپیوں وغیرہ پر لگایا جاتا ہے +

پین - ہ - اسم مؤنث - (اطفال) نفیری کی آواز - باریک آواز

پین نکالنا - ہ - فعل متعدی (اطفال) چیں بلوانا عاجز کرنا گھمنڈ دور کرنا +

پینا - ہ - صفت (ہندو) (۱) تیز - تیز دھار کا - بران (۲) - اسم مذکر آر - انکس - نوکدار چیز +

پینا - ہ - فعل متعدی (۱) نوش کرنا - آشامیدن کا ترجمہ کسی رقیق چیز کو اندر اتارنا (۲) بادہ نوشی کرنا مے نوشی کرنا (۳) حقے کا دم لگانا - تملیان کشی کرنا (۴) جذب کرنا - سوکھنا - چوسنا (۵) برداشت کرنا - جھیلنا (۶) اسم مذکر (۱) تل کی کھلی +

پینٹا - ہ - فعل متعدی - تومنا دھنکنا +

پینتالیس - ہ - صفت - پانچ اور چالیس چہل و پنج

خمس وار بعون - ۵۴ +

پینتیس - ہ - اسم مؤنث - صفت - پانچ اوپر تیس - سی و پنج خمس و ثلثون - ۳۵ +

پینٹلون - انگلش Pantaloon اسم مذکر - پتلون - انگریزی تراش کا پاجامہ جسمیں میانی علیحدہ نہیں پڑتی اور ایک سلنگ ہوتا ہے +

پینٹھ - ہ - اسم مؤنث - ہاٹ - روز بازار - آٹھویں روز کا بازار جو قصبات میں لگا کرتا ہے +

پینجن - ہ - اسم مذکر (ہندو) ایک قسم کا پاؤں کا زیور مثل جھانجن پایل +

پینجنی - ہ - اسم مؤنث (۱) کبوتروں کے پاؤں میں ڈالنے کی بجتی ہوئی مجوف پتلی کڑی (۲) گاڑی کی وہ قوس نما لکڑی جو پہیے کی روک ہوتی ہے اور اسکے سبب سے پہیا دھری سے باہر نہیں نکلنے پاتا +

پیندا - ہ - اسم مذکر - تلی - تلا - ظرف کے نیچے کا حصہ + کسی چیز کی بیٹھک - سافل - پائین ظرف +

پیندی - ہ - اسم مؤنث (۱) تلی - ظرف کی بیٹھک حصہ زیرین ظرف + توپ یا بندوق کی کوٹھی (۲) گاجر یا مولی وغیرہ کی جڑ +

پیندے کے بل کر پڑنا - ہ - فعل لازم - عوام - (۱) چوتڑوں کے بل بیٹھ جانا (۲) ڈوبنا - غرق ہونا (۳) ہار جانا تھک جانا - عاجز ہونا + دیوالہ نکلنا (۴) سٹ پٹا جانا گھبرا جانا - بدحواس ہو جانا +

پیندے کا ہلکا - ہ - صفت - غیر مستقل المزاج - وہ شخص جو قابل اعتبار نہو - قول کا کچا - وہ شخص جسکو بات کا اسکا مانہو - لچر و پوچ آدمی +

پینڈ - ہ - اسم مذکر (ہندو) قدم - راستہ + پگ ڈنڈی

پینڈ بھرنا - ہ - فعل لازم (ہندو) لغوی معنی قدم رکھنا اصطلاحی کسی تیرتھ کی طرف قسم کھانے کے لیے قدم اٹھانا جیسے تو سچا ہے تو گنگا جی کی مائیں چار پینڈ بھر جا +

پینڈا - ہ - اسم مذکر (گنوار) پورا درخت کا ٹکڑا

پینڈا ۲ - ہ - اسم مذکر (گنوار) (۱) رستہ - باٹ - راہ - گیل (۲) گھڑونچی - پلینڈا +

پینڈلم - انگلش Pendulum اسم مذکر گھنٹی کا لٹکن یا لنگر +

پینڈی - ہ - اسم مؤنث - ایک قسم کے لڈو ہیں جو میدے کو گھی میں بھونکر اور اسمیں کھانڈ میوہ وغیرہ ڈالکر بناتے ہیں مسلمانوں میں دستور ہے کہ بیاہ میں ساچق کے روز دلہن کی طرف سے دولہا کو پینڈیاں بھیجی جاتی ہیں بعض اوقات زچہ کے واسطے بھی بنتی ہیں +

پینس - ا - اسم مؤنث (۱) پالکی - ایک قسم کا ڈولا + (یہ لفظ انگریزی Pinna پنیس بمعنی کشتی سے اہل فرنگ نے اختراع کیا ہے) (۲) ناک کی ایک بیماری کا نام +

پینسٹھ - ہ - صفت - پانچ اوپر ساٹھ - شصت و پنج خمس وستین - ۶۵ +

پینک - ہ - اسم مؤنث - افیون یا پوست کے نشہ کی غنودگی افیونی کی اونگھ (یہ لفظ فارسی میں پینکی پایا جاتا ہے چنانچہ باقر کاشی نے بھی باندھا ہے ع ریزد ز بالش آب حیواں گرد در ہر گاہ پینکی زان +

پینک میں آنا - ہ - فعل لازم - افیون کی غنودگی میں آنا - افیونی کا اونگھ جانا +

پیچ نکالنا - ا - فعل متعدی (لکھنؤ) کا لیستھا فی نکالنا - نقص نکالنا - نکتہ چینی کرنا (رشک)

شکم بیاتی سے ہے جائیگا جو پیچانوں میں

پے بکا لگاکر کسی طرح کی ہانوں میں

پینگ - ہ - اسم مؤنث (۱) جھولے کا وہ لمبا جھونٹا جو خود کھڑے ہو کر لیتے ہیں (۲) جھولے کی رسّی (۳) ایک قسم کی چڑیا +

پینگ بڑھانا - یا - **چڑھانا** - ہ - فعل لازم - ایسا لمبا جھونٹا لینا کہ بہت اونچا چڑھ جائے +

پیو - ہ - اسم مذکر (گیتوں میں) پیارا - خاوند - پیا - پریتم (۲) معشوق - محبوب +

پیوڑی - ہ - اسم مؤنث - ایک قسم کی زرد مٹی +

پیوست کرنا - ف - فعل متعدی (۱) ملانا - چسپاں کرنا (۲) مضبوط کرنا - مستحکم کرنا (۳) خشک کرنا - جذب کرنا - پلانا (۴) ایک جان کرنا - ایک جگہ کرنا +

پیوست ہونا - ف - فعل لازم (۱) ملنا (۲) ایک جان ہونا - ایک جگہ ہونا (۳) مضبوط ہونا - مستحکم ہونا (۴) جذب ہونا

پیوستہ - ف - صفت (۱) ملا ہوا - بلا فاصلہ - متصل - مماس - ملصق (۲) بیٹھا ہوا - ایک جان - ایک جگہ - درہم بستہ (۳) ہمیشہ - مدام +

پیوسی - ہ - اسم مؤنث - وہ گاڑھا دودھ جو بچہ ہونے کے تین روز بعد تک غلیظ رہتا ہے اور جب اسکو آگ پر رکھتے ہیں تو منجمد ہو کر کھیل کھیل ہو جاتا ہے +

پیون - انگلش Peon. اسم مذکر - قاصد - چٹھی رساں - ہرکارہ - ڈاکیا +

پیوند - ف - اسم مذکر (۱) بندش - بستگی (۲) پارہ - جوڑ - تھگلی - چیپی (۳) میل - مناسبت جیسے پیوند کو پیوند ملنا وغیرہ (۴) خویش و تبار - عزیز و اقربا (۵) ترکیب اشجار ایک ہمجنس درخت کی دوسرے ہمجنس درخت میں ٹہنی لگانا تاکہ اسکا پھل بڑا اور خوش ذائقہ ہو جائے +

پیوند لگانا - ف - فعل متعدی (۱) جوڑ لگانا - تھگلی گانٹھنا - گدڑی گانٹھنا (۲) ایک درخت کی شاخ کو دوسرے درخت کی شاخ میں پیوست کرنا + (۳) میل سے میل ملانا

پیوندی - ف - صفت (۱) قلم لگایا ہوا - پیوند لگا ہوا + وہ درخت جسمیں پیوند لگایا گیا ہو - تخمی پیوند (۲) پیوند والے درخت کا پھل جیسے پیوندی بیر یا آم وغیرہ (۳) بڑا آڑو - شفتالو + (۴) عوام - دوغلا - دوجنما - منیا - دورنگا - بیسنی +

پیوندی مونچھیں - ا - اسم مؤنث - وہ حلقہ نما مونچھیں جنہیں بانکے آدمی اکثر گالوں سے چپکا لیتے ہیں

پیہر - ہ - اسم مذکر (ہندو) میکا - ماں کا گھر - باپ کا گھر

پیہم - ف - امتیح فعل - برابر - متواتر - لگاتار - اوپر تلے

پیہو - ہ - اسم مذکر (گنوار) پسّو - کیک +

پیئی - ہ - اسم مؤنث - وہ چھوٹا صندوق یا پٹارا جسمیں پہننے کے کپڑے رکھتے ہیں +

ت

ت - ع - اسم مؤنث (۱) عربی الف بے تے کا تیسرا فارسی اور اردو کا چوتھا ہندی حروف صحیح کا سولھواں اور حروف سنّی یعنی دنتی اکثر نحو میں اسے مثناۃ فوقانی یا تے کہتے ہیں - عربی فارسی (۲) ادا ہوتا ہے (۳) حساب ... کیے گئے ہیں (۳) یہ حرف اُر... اور کاف تازی سے کمتر بدلا جاتا

تا - ہ - ایک آگاہی اور جتانے کا لفظ بچے خود چھپکر ظاہر ہوتے وقت بولتے

اپنے تئیں کسی اوٹ میں چھپا کر اور پھر سر نکالکر بچے کے خوش
کرنے کے واسطے تا کہتے اور چھپ جاتے ہیں اسکے معنی ہیں
دیکھو ہم کہاں ہیں +

تا - ف - تابع فعل (۱) جب تک - جسوقت تک (شاہی)

اُسنے مرے جنازہ پہ آیا بجائے گا
تا پہلے اذن عام سُنایا بجائے گا

(۲) عدد - شُمار - جیسے یکتا (۳) تہ - بل جیسے زُلف دوتا
یعنی بلدار (۴) تک - حرف انتہا - جیسے تابخانہ - تا ایندم
(۵) تو جیسے تاہم - بمعنی تو بھی (۶) اسلیے - اسواسطے جیسے
تاکہ (۷) - اسم مذکر - تختۂ کاغذ - تاؤ +
(یہ لفظ فارسی میں بہت سے موقعوں پر آتا ہے مگر اُردو میں مُرکبات
کے ساتھ چند مقام پر آتا ہے سو ہی لکھے گئے) +

تا بہ حیات } - ف + ع - تابع فعل - جیتے جی -
تا بہ زیست } - ف - جنم بھر - عُمر بھر +

تا بکجا - ف - تابع فعل - کہاں تک - کب تک -

تا بکے - ف - تابع فعل - دیکھو (تا بکجا) +

تا بکے دُوں صبر دلکو کب تلک جی کا رکھوں
(مؤلف) یاد بھی آوے کہیں تمکو قسم کھائی ہوئی

تا بمقدور - ف + ع - تابع فعل - حتی الامکان -
یارسا تے - جہانتک ممکن تھا +

تا حال - ف + ع - تابع فعل - اب تک - اسوقت تک -

تا کہ - ا - حرف علت - اسلیے کہ - اسواسطے کہ - کیونکہ +

تاہم - ف - تابع فعل - تو بھی - توبھی +

تاب - ف - اسم مؤنث (۱) چمک - روشنی - فروغ -
(۲) گرمی - تابش - حرارت (۳) بل - پیچ (۴) قدرت
طاقت - مجال جیسے کیا تاب (۵) صبر - تحمل - برداشت
جیسے تاب نہ رہی (۶) رنج و محنت (۷) جلا - آب -

ہے سوا الماس سے بھی تیرے دانتوں کی چمک
(ظفر) تاب رکھتا ہے دُرِ شہوار ایسی کا ہے کو

(۸) پیچش - مروڑ (مُرکبات میں) +

تاب نہ رہنا - ا - فعل لازم - برداشت نہ ہونا - سہار نہ رہنا
+ گھبرا جانا +

تاب نہ لانا - ا - فعل لازم - متحمل نہ ہونا - برداشت نکر سکنا +
گھبرا جانا - بوکھلا جانا +

تاب و تواں } - ف - اسم مؤنث (۱) مجال و قدرت
تاب و طاقت } - ف + ع - (۲) ظرف و حوصلہ
(۳) صبر و قرار - برداشت +

تابان - ف - صفت (۱) روشن - درخشاں - چمکدار - نورانی
(۲) تابیدہ - پیچیدہ - خمدار - بل کھائی ہوئی +

تابدان - ف - اسم مذکر - روشندان - وہ موکھا جو روشنی
کے واسطے عمارت میں چھوڑ دیتے ہیں - روزن دیوار +

تابڑ توڑ - ہ - تابع فعل (عوام) متواتر - پیاپے - لگاتار
برابر - اُوپر تلے - پیہم - علی الاتصال +

تابش - ف - اسم مؤنث (۱) گرمی - حرارت - تپش (۲)
صفت) تاب - دُھوپ کی چمک - روشنی +

تابع - ع - صفت (۱) مطیع - فرماں بردار + محکوم + ماتحت
+ پابند (۲) اسم مذکر) نوکر - ملازم +

تابع کرنا - ا - فعل متعدی - مطیع کرنا - بس میں کرنا
تابع [illegible] لانا - زیر کرنا - فرمان بردار بنانا +

تابعدار - ف - ا - صفت - عوام (۱) مطیع - فرماں پذیر -
[illegible] پابند (۲) - اسم مذکر) نوکر - ملازم + نمکحلال -
(یہ لفظ غلط مشہور ہے کیونکہ تابع خود فاعل کا صیغہ ہے)

تابعداری - ا - اسم مؤنث (۱) اطاعت - فرماں برداری
+ پابندی (۲) ملازمت - نوکری +

تابعداری کرنا - ہ - فعل متعدی (عوام) (۱) اطاعت کرنا - حکم ماننا (۲) نوکری کرنا - ملازمت کرنا +

تابعین - ع - اسم مذکر (۱) تابع کی جمع - تابعدار لوگ (۲) پیرو - مقلد + محققین کی اصطلاح میں وُہ گروہ جسنے رسول مقبول کے ایک یا زیادہ صحابی سے ملاقات کی ہو اور تبع تابعین وُہ لوگ جنہوں نے تابعین میں سے کسیکو دیکھا ہو +

تابندہ - ف - صفت - دیکھو (تاباں) +

تابوت - ع - اسم مذکر (۱) مُردہ کا صندوق - وُہ صندوق جسمیں مُردہ کی لاش رکھکر لیجاتے ہیں - ارتھی (۲) جنازہ - لاش - لاشہ - نعش +

تابہ - ف - اسم مذکر (۱) بل کھایا ہوا - بٹا ہوا - پیچیدہ (۲) تاباں - درخشاں (۳) توا - وُہ آہنی ظرف جسپر روٹی پکے

تابیدہ - ف - صفت (۱) بل کھایا ہوا - بٹا ہوا - پیچیدہ (۲) تاباں - درخشاں +

تاپ - ہ - اسم مذکر (۱) گرمی - حرارت - تاب (۲) گنوار (۱) بخار - حُمّی - تپ +

تاپ تلی - ہ - اسم مؤنث - ورم طحال جو بخار کے باعث سے ہوجاتی ہے - پیہی کا بڑھ جانا - مرض سپرز +

بعض لوگوں نے ہندی ب تی لکھا ہے اگرچہ فارسی تاب اور ہندی تاپ میں چنداں فرق نہیں مگر ہندی کا جوڑ ہندی کے ساتھ زیب اور اس میں ایک موافق بھی ہے فارسی سے سُنا جاتا ہے +

تاپنا - ہ - فعل متعدی - سینکنا - آگ پہنچانا - دھوپ یا آگ کے سامنے بیٹھا سکنا - گرم ہونا +

تات - س - اسم مذکر (بھجنوں میں) باپ - پتا - پدر +

تاتا - ہ - صفت (گنوار) گرم + گرما گرم +

تاتا تھئی - ہ - اسم مؤنث - یہ ایک کلمہ ذرا ہے جو رقاص تال پر ناچنے کے لئے زبان اور ہتھیلی سے ادا کرتے ہیں - فارسی میں اسے تے تے کہتے ہیں

تات پرج - ہ - اسم مذکر (ہندو) (۱) مضمون - مطلب - ارتھ (۲) نتیجہ - ماحصل +

تاثر - ع - اسم مذکر - اثر قبول کرنا - اثر رہنا - نشان رہنا +

تاثیر - ع - اسم مؤنث (۱) لغوی معنی کسی چیز میں نشان چھوڑنا - چہن - نشان (۲) نتیجہ - پھل - ثمرہ (۳) اثر - خاصیت - عمل - گن - سبھاؤ +

تاثیر کرنا - ہ - فعل متعدی - گن کرنا - اثر کرنا - عمل کرنا - خاصیت ظاہر کرنا + سرایت کرنا +

تاج - ع - اسم مذکر (۱) مکٹ - شاہی ٹوپی - دیہیم - افسر (۲) کلغی - پروں کا طرہ - پرند کی چوٹی (۳) مکان کا چھجا - دیوار کی کنگنی + وُہ کلسی دار برجی جو کسی دیوار یا مکان وغیرہ کے سر پر بنا دیتے ہیں (۴) گنجفہ کے ایک رنگ کا نام

تاج بخش - ع + ف - صفت - شہنشاہ - بڑا بادشاہ - وُہ بادشاہ جو اوروں کو بادشاہ بنا سکے +

تاج بخشی کرنا - ہ - فعل متعدی - سلطنت بخشنا - بادشاہی دینا

تاج خروس - ع + ف - اسم مذکر (۱) مرغ کے سر کی کلغی - وُہ سرخ گوشت کا ٹکڑا جو مرغ کے سر پر ہوتا ہے (۲) ایک قسم کا سرخ پھول جو تاج خروس سے مشابہ ہوتا ہے +

تاجدار - ع + ف - اسم مذکر - صاحب تاج - بادشاہ

تاج رکھنا - ہ - فعل متعدی (۱) تاج بخشی کرنا (۲) لازم - تاج پہن بادشاہ بن بیٹھنا +

تاجور - ع - اسم مذکر - صاحب تاج - بادشاہ - (تاجداران شعرا میں)

تاجر - ع - اسم مذکر - کرنے والا - بیچ کرنے والا - سوداگر

تاجو - ہ - اسم مؤنث - ایک گنواری یا بدرگش عورت کا نام (۲) وُہ عورت جو پتی کے ساتھ بدسلوکی کرے - بدرگش - کٹر - ظالم و بیرحم عورت جیسے تاجو، تاجوں وغیرہ (اسکا قصہ مشہور ہے کہ جب تاجو کا

پردیس سے خوب کما دھاکر آیا تو اُسنے کہا کہ آؤ راستہ میں اپنی بہن سے بھی
ملتا چلوں جب اُسکے مکان پر پہنچا تو رات ہو گئی اسنے اپنا سارا مال
بہن کے پاس رکھوا دیا تاجو نے طمع میں آکر اپنے خاوند سے کہا کہ تو اسکو
مار ڈال جو یہ دولت ہمارے ہی گھر رہے لیکن وُہ اِس بات پر راضی
نہوا تو تاجو نے اپنے دیور کو لالچ دیا اُسنے اِسکے بھائی کا کام تمام
کر دیا یہ قصہ یہانتک مشہور ہے کہ جوگی بھی گاتے پھرتے ہیں) +

تاخت - ف - اسم مؤنث (۱) دَوڑ - حملہ - ہلّہ - دھاوا
(۲) لُوٹ - غارت +

تاخت و تاراج کرنا - ہ - فعل متعدی - برباد کرنا - لُوٹ
کھسوٹ کر تباہ کرنا تہس نہس کرنا ستیاناس کھونا +

تاخیر - ع - اسم مؤنث - ڈھیل - دیر - درنگ - توقف -
اویر - تعویق - وقفہ +

تادیب - ع - اسم مؤنث (۱) ادب دینا - آداب سکھانا +
علم مجلسی و علم ادب کا تعلیم دینا + علم زبان سکھانا (۲)
تنبیہ - چشم نمائی +

تار - ف - اسم مذکر (۱) تاگا - دھاگا - رشتہ - لوہے پیتل
تانبے اور چاندی وغیرہ کا لمبا اور گول ڈورا + بال (۲) تانا
تانی + بانا (۳) سلسلہ - لگا (۴) ریزہ - پارہ - جیسے
تار تار یعنی ریزہ ریزہ (۵) توام کا چھیپ جو چنگی کی علامت
ہے (۶) قاصل خطوط پر دونے کا تار (۷) ٹیلیگراف - تار برقی
(۸) وہ خبر جو برقی تار کے وسیلے سے آئے (۹) اندھیرا
تاریکی (صرف فارسی یا اردو اشعار میں) (۱۰) عو - چھلا -
انگوٹھی جیسے تانبے کا تار نہیں +

تار باندھنا - ہ - فعل متعدی - سلسلہ باندھنا - کسی کام
کا علی الاتصال و متواتر کرنا +

تار بتار - ہ - صفت (تار بے تار کا مخفف) (۱) غیر مسلسل
منتشر - پراگندہ (۲) حال بے حال - غیر حال -
(پُورب میں تار بتار بولتے ہیں) +

تار برقی - ف + ع - اسم مؤنث (۱) وُہ تار جو مصالحہ کے
اثر سے برقی قوت پیدا کر دینے کے باعث ایک جگہ کی حرکت
کو دُوسری جگہ جوں کا توں پہنچا دیتا ہے - علامات سے
خبر پہنچانے کا آلہ (۲) وُہ خبر جو اِس تار کے ذریعہ سے آئے

تار بندھنا - ہ - فعل لازم - سلسلہ بندھنا - تسلسل ہونا
کسی کام کا برابر اور متصل وقوع میں آنا +

تار تار - ہ - تابع فعل (۱) ٹکڑے ٹکڑے - بہت پھٹا ہوا
کپڑا - پُور پُور (۲) ہر ایک تار - ذرا ذرا کپڑا +

تار تار کرنا - ہ - فعل متعدی - دھجی دھجی کرنا - لیر لیر کرنا
کپڑا ٹکڑے ٹکڑے کرنا - پھاڑنا +

تار تار ہونا - ہ - فعل لازم (۱) پُور پُور ہونا - دھجی دھجی
ہونا (۲) ہر ایک تار تقسیم ہونا - ایک ایک کپڑا تقسیم ہو جانا +

تار توڑ - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کا سوئی کا کام جو کپڑے پر
ہوتا ہے - کار چوبی کام + (میر حسن)
دکھاوے کوئی گوکھرو مُوڑ توڑ + کہیں سوت بُوٹی کہیں تار توڑ

تار ٹوٹنا - ہ - فعل لازم - تسلسل میں فرق آنا - حرج واقع
ہونا - کسی ہوتے ہوتے کام کا رُک جانا - سلسلہ نہ رہنا

تار دبکنا - ہ - فعل لازم - سُنہری رُپہلی تاروں کو کُوٹ کر
گوٹے کے واسطے چوڑا کرنا :

تارکش - ف - اسم مذکر - سونے چاندی کے تاروں کو جنتری
میں کھینچکر باریک اور لمبا کرنے والا +

تارکشی - ف - اسم مؤنث - تار کھینچنے کا کام یا پیشہ

تار گھر - ہ - اسم مذکر - تار برقی کا دفتر - وُہ مکان جہاں
سے تار برقی کی خبر روانہ ہوتی ہے +

تار لگانا - ہ - فعل متعدی - کسی کام کا تسلسل باندھنا
متصل یا متواتر کوئی کام کیے جانا +

تار نکالنا - ا - فعل متعدی (۱) کسی کپڑے میں سے کشیدے کے واسطے تاگے نکالنا (۲ - عو) سُراغ نکالنا - پتا لگانا کھوج نکالنا (۳ - ہندو عو) سوئیاں بٹنے میں باریک اور لمبی ہوئیں بڑھانے کو بھی کہتے ہیں +

تار نہ ٹوٹنا - ا - فعل لازم - تسلسل میں فرق نہ آنا - وار خالی نہ جانا - کسی کام کا متصل ہوئے جانا +

تارا - ف - س - اسم مذکر (۱) ستارہ - کوکب - نجم - نیتر - نچھتر - اختر (۲) آنکھ کی پتلی - مردمک چشم (۳) ترمرا جو صدمہ دماغی وغیرہ کے باعث آنکھ کے سامنے نظر آتا ہے (۴) صفت نہایت بلند یا نیچا - نہایت فاصلے پر

تارا ٹوٹنا - ا - فعل لازم - شہاب ثاقب کا گرنا - حقیقت میں ستارے کا آسمان سے نیچے گرنا (مصحفی)

جرخ میں دیکھ کے نالہ کو مرے کہتے ہیں
ہاں چھوٹا ہے کہیں یا کہ ہے تارا ٹوٹا

تارا ڈوبنا - ا - فعل لازم (۱) ستارہ غروب ہونا مگر جوتشیوں کی اصطلاح میں زہرہ یعنی سُوکھ غروب ہونے کو کہتے ہیں - ان دنوں میں ہندو لوگ کوئی مبارک کام نہیں کرتے (۲) برسات کے موسم میں جو ستاروں میں ایک طرح کی جنبش سی پائی جاتی ہے اسکو بھی تارا ڈوبنا کہتے اور نُور بارش کا شگون لیتے ہیں (شاہ نصیر)

خال رخ جبکہ پسینے میں تمہارا ڈوبا + جوشن بولے کہ تارا ڈوبا

تاراسی آنکھیں ہو جانا - ا - فعل لازم - آنکھوں کا آشوب سے صاف و پاک ہو جانا - بتاسی آنکھیں ہو جانا +

تارا منڈل - ہ - اسم مذکر (۱) ستاروں کا حلقہ - تاروں کا گنڈل (۲) ایک قسم کی آتشبازی +

تارا ہو جانا - ا - فعل لازم (۱) نہایت بلند اور اونچا ہو جانا - آسمان سے لگ جانا (۲) نہایت سمت میں ہو جانا - جیسے گہرے کنوئیں کا پانی یعنی اسقدر بلند یا فاصلے سے ہونا کہ تارے کی مانند چھوٹا سا دکھائی دینے لگنا +

تاراج - ف - اسم مذکر - لُوٹ - غارت - دست برد + بربادی - غارتگری +

تاراج کرنا - ا - فعل متعدی - غارت کرنا - برباد کرنا +

تارک - ع - اسم مذکر - چھوڑنے والا - ترک کرنے والا - تیاگی

تارک الدنیا - ع - صفت وہ شخص جسنے دنیا کو چھوڑ دیا ہو - پرہیزگار - متقی + درویش صفت + گوشہ نشین - خلوت گزین + صحرا نشین - بن باسی +

تارک الصلوٰۃ - ع - صفت - نماز چھوڑ دینے والا - بے نماز

تارنا - ہ - فعل متعدی (ہندو) بخشنا - نجات دینا - گناہوں سے چھڑانا - گناہ عفو کرنا +

تاروں - ا - اسم مذکر - تارا کی جمع +

تاروں بھری رات - ا - اسم مؤنث (عو) شب بے کدورت - ایسی رات جسمیں مطلع صاف اور ستارے بخوبی کھلے ہوئے ہوں (شاہ نصیر)

اودے دسے کی نہیں تیری رضائی سر پر
یہ نہیں رات یہ تاروں بھری آئی سر پر

آسمان بے کدورت سر گواہ ہے اور شب موجودہ ستاروں کی آنکھوں سے ہمہ تن چشم بنکر دیکھ رہی ہے جب رات کی شہادت دیتے ہیں تو بطور قسم یہ جملہ زبان پر لاتے ہیں

آسمان تاروں بھری رات کی کھاتا ہے قسم
کہ زہے طالع اگر ہم بھی ہوں یاں کے فانوس (انشا)

تاروں کی چھاؤں - ا - عو - اسم مؤنث (۱) روشنی ستاروں کی - تاروں کی چاندنی (۲) آخر شب - پچھلی رات - صبح کاذب آفتاب طلوع ہونے سے پہلے کا وقت - تڑکا - بھور کا سویرا

سوہا ڈہ ماہوش دکھلاکے زلف پُر عرق
یہ اشارہ تھا کہ ہم گھر جائینگے تاروں کی چھاؤں (نکہت)

تارے - ا - اسم مذکر - تارا کی جمع +

تارے توڑنا - ا - فعل لازم - عو (۱) کارِ نمایاں کرنا - ایسا کام کرنا جو دوسرا سے نہ ہو سکے (۲) عیاری کرنا - چالاکی کرنا

تارے چھٹکنا - ا - فعل لازم (۱) تارے کھلنا - مطلع صاف ہو کر ابر کا جاتا رہنا اور ستاروں کا نکل آنا (شاہ نصیر)

ہو لئے زلف بکسو ہو تو خالِ رُخ چمکتے ہیں
کبھی بادل گھر آتا ہے کبھی تارے چھٹکتے ہیں

(۲) تارے چمکنا - ستاروں کا تاباں ہونا (جرأت)

شبکو تارے نہیں چھٹکتے ہیں
آبلے ہیں کہ یہ جھلکتے ہیں +

(اگرچہ بول چال میں بکسرِ جیم فارسی بولتے ہیں مگر شعرا کے کلام میں بفتح جیم فارسی پایا جاتا ہے کیونکہ انہوں نے برابر چمک جھلک ڈھلک وغیرہ کے ساتھ اسکا قافیہ باندھا ہے) +

تارے دکھانا - ا - فعل متعدی - عو - ہندوستان کی مسلمان عورتوں میں جو جن و پری کے وہم میں گھری ہوئی ہیں ایک رسم ہے کہ زچہ کو چھٹی کے روز دالان سے باہر لاکر تارے دکھاتی ہیں - ایک عورت کے ہاتھ میں تلوار ہوتی ہے اور کئی عورتیں اسکے ہمراہ محافظ بنکر ساتھ آتی ہیں - زچہ بچے کو گود میں اور قرآن شریف کو سر پر رکھکر آسمان کی طرف دیکھتی ہے انکے نزدیک آج سے زچہ کو جن و پری کا خوف نہیں رہتا بلکہ تلوار ساتھ رکھنے کی یہی وجہ ہے کہ آسیب دیو وغیرہ کا خوف نہ رہے (۲) کبوتر بازوں میں بھی دستور ہے کہ وہ کابلی کبوتر کو جو نہایت بلند پرواز ہوتا اور اکثر رات بھر اڑتا رہتا ہے تارے یا چراغ اسطرح دکھاتے ہیں کہ چھتری اسکے منہ پر رکھدیتے ہیں تاکہ تاروں [illegible] اڑنے سے مانوس ہو جائے اور رات کو باہر رہ جائے تو گھبرائے [illegible] نہیں +

تارے دکھائی دے جانا - ا - فعل لازم - صدمۂ دماغی یا ناتوانی کے باعث آنکھوں کے سامنے ترمرے نظر آجانا

تارے دیکھنا - ا - فعل لازم - زچہ کا اس رسم کو ادا کرنا جسکا بیان تارے دکھانے میں لکھا گیا ہے +

تارے کھلنا - ا - فعل لازم - تارے نکلنا - ستاروں کا طلوع کرنا یا دکھائی دینا +

تارے گننا - ا - فعل لازم (۱) اختر شماری کرنا (۲) عاشق کا شبِ انتظار یا شبِ ہجراں میں شغلِ تنہائی کرنا (۳) پریشانی اور مصیبت کے سبب جاگ کر رات کاٹنا - رات بھر جاگنا + (میر تقی)

دن گزرتا ہے دم شماری میں شب کو رہتے ہیں گنتے تارے ہم

تاریخ - ع - اسم مؤنث (۱) کسی چیز کے ظہور کا وقت (۲) کسی امرِ عظیم کے وقت کا تعین - زمانہ کا عرصہ (۳) شمسی یا قمری مہینے کا ہر ایک دن (۴) واقعاتِ عظیمہ و سیر کی کتاب وہ کتاب جسمیں پادشاہوں کا حال مع سنِ پیدائش و جلوس اور وفات وغیرہ درج ہو - نظم الزماں (۵) اس فن کا نام جسمیں واقعاتِ عظیمہ کا حال مندرج ہے (۶) حسابِ جمل کے موافق کسی بامعنی جملے یا فقرے یا شعر میں بیان جسکے عدد نکالنے سے مادۂ تاریخ نکل آئے (۷) تذکرۂ بزرگان و نامآوران و علما و فضلا و شعرا وغیرہ (۸) قصص و افسانہائے زبانزدِ عام - روایات (۹) جنگنامہ - ساکھا +

تاریخ ٹھیرنا - ا - فعل لازم - عو - نسبت یا بیاہ یا کسی اور تقریب کا روز مقرر ہونا +

تاریک - ف - صفت (۱) سیاہ - کالا (۲) دھندلا - اندھیرا

تاریکی - ف - اسم مؤنث (۱) سیاہی - تیرگی - ظلمت (۲) اندھیری - دھندلاپن +

تاڑ - ہ - اسم مذکر - ایک کھجور کی مانند لمبے درخت کا نام جس سے تاڑی نکالتے ہیں - درختِ ابو جہل +

تاڑنا - ہ - فعل متعدی (۱) کسی علامت کے بغیر [illegible]

بھانپنا - جان لینا - سمجھ جانا - دُوسرے کی مدد بغیر صحیح قیاس لگانا - پہچاننا (۴) قیافہ سے جاننا - علامات سے پہچاننا (۳ - گنوار) نکالنا - دھتکارنا - ہنکانا (۴ - پُورب) مارنا دُوسرے کے بٹ کا جانچنا (۵ - ہندو) مارنا - پیٹنا جسمانی سزا دینا + تنبیہ کرنا - ڈانٹنا +

تاڑُو - ہ - صفت - نہایت تاڑنے والا - بھانپُو - پرکھیا - جانچُو

تاڑی - ہ - اسم مؤنث (۱) تاڑ کا دُودھ جسکے پینے سے نشہ ہوتا ہے (۲ پُورب) کٹار کا قبضہ یا مُوٹھ (اسیر)

اُس تُرک کو ہے نشہ سے نفرت یہ ساقیا
نے ڈھال میں ہے پھُول نہ تاڑی کٹار میں

تاڑیا - ہ - صفت - دیکھو تاڑُو +

تازگی - ف - اسم مؤنث (۱) طراوت - نقیض پژمردگی - سرسبزپن (۲) جدّت - نیاپن (۳) ہراہٹ +

تازہ - ف - صفت (۱) نقیض پژمردہ - ہرا - سبز + تر - شگفتہ سرسبز (۲) جدید - نیا - حال کا + غیر مستعمل (۳) نوسیدہ ڈال کا ٹوٹا - پیڑ کا اترا (۴) فربہ - موٹا - تنومند جیسے موٹا تازہ (۵) تندرست - قوّت یافتہ - تکان اترا ہوا (۶) بن بگڑا + گرما گرم + نوبنو +

تازہ بتازہ - ف - تابع فعل - نوبنو - نُرت کا - گرما گرم - ڈال کا ٹوٹا + نیا - جدید +

تازہ خیال - ف + ع - صفت - وُہ شخص جسے ہر دم نئی سُوجھے - نئی بات نکالنے والا - مُوجد +

تازہ دم - ف - صفت - ذُوقوّت یافتہ - مستعد - چُست + توانا + نیا - تکان اترا ہوا +

تازہ کار - ف - صفت - نیا کام کرنے والا - نوکار + عجیب - انوکھا + (میر تقی)

عشق ہے تازہ کار تازہ خیال + ہر گھڑی اسکی ایک نئی ہے چال

تازہ کرنا - ہ - فعل متعدی (۱) تازگی بخشنا - طراوت پہنچانا پژمردگی دُور کرنا (۲) یاد دِلانا - ہرا کرنا جیسے غم یا زخم تازہ کرنا (۳) حُقّہ کا پانی بدلنا - نیچہ بھگونا (۴) بہلانا - خوش کرنا جیسے سیر سے طبیعت تازہ کرنا (۵) تکان اُتارنا - آرام دینا

تازہ وارد - ف + ع - صفت - نووارد - حال کا آیا ہوا

تازہ ولایت - ف + ع - صفت (۱) نووارد - پردیسی تُرت کا آیا ہوا (۲) وُہ شخص جو دُوسرے کی زبان نہ سمجھے + بیوقُوف - مدہوش - وحشی - نوگرفتار +

تازہ ہونا - ہ - فعل لازم (۱) ہرا ہونا - سرسبز ہونا (۲) جان آنا - دم آنا - طاقت آنا (۳) سستانا - آرام لینا - تکان اُتارنا (۴) موٹا ہونا - فربہ ہونا - پھُولنا (۵) گرما گرم ہونا - تُرت کا ہونا - نیا ہونا - سڑا بُسا نہ ہونا +

تازی - ف - صفت (۱) عرب کا - عربی (۲ - اسم مذکر) عرب کا گھوڑا یا شکاری کتّا (۳ - اسم مؤنث) زبان عربی (۴ - قواعد) وُہ حرُوف جو عجمی نہوں +

تازی خانہ - ف - اسم مذکر - کتّوں کا طویلہ +

تازیانہ - ف - اسم مذکر - کوڑا - چابُک + قمچی +

تازیانہ ہونا - ہ - فعل لازم - کوڑا لگنا - چابُک پڑنا + تنبیہ ہونا - ظلم ہونا + (صبا)

ہوا عشق ... [illegible]
سمند عشق ... [illegible]

تاسّف - ع - اسم مذکر - [illegible] نوحہ - کُڑھنا +

تاش - ہ - اسم مذکر (۱) ایک قسم کا بانا بادلہ کا ہوتا ہے + [illegible] گنجفہ کی وضع کا کھیل جو اکثر بازار [illegible]

تاشہ - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کے [illegible]

ڈالکر ڈھول کے ساتھ بجاتے ہیں (اسکی اصل طاسہ ہے کیونکہ
وہ طاس یعنی طشت پر منڈھا ہوا ہوتا ہے) +

تافتان - ف - اسم مؤنث - صحیح تفتان - ایک قسم کی گول موٹی
کناروں کی نہایت ملایم خمیری روٹی +

تافتہ - ف - اسم مذکر (۱) ایک قسم کا ریشمی چمکدار کپڑا (۲) گھوڑے
اور کبوتروں میں ایک خاص قسم کا رنگ +

تاقی - ف - صفت - مختلف رنگ کی آنکھوں کا گھوڑا یا جانور
جسکی دونوں آنکھیں ایک رنگ کی نہوں (اصل میں یہ لفظ
طاقی ہے کیونکہ طاق اسکو کہتے ہیں جسکا جوڑا نہو پس جس جانور کی
دوسری آنکھ ہمرنگ نہو اسکو طاقی کہتے ہیں مگر عوام اسکا تلفظ ت سے
کرتے ہیں (مثل) تاقی رکھو باقی (لیکن تم کی میں نا جدار ٹوپی کو کہتے ہیں)

تاک - ف - اسم مذکر - انگور کی بیل یا درخت +

تاک - ھ - اسم مؤنث (۱) ٹکٹکی - نگاہ - جمی ہوئی نظر (۲)
گھات - کمین - تلاش جیسے کس تاک میں بیٹھے ہو (ظفر)

بول ہے طبیعت اپنی ہوس پر لگی ہوئی
مکڑی کی جیسے تاک مگس پر لگی ہوئی

(۳) انتظار (۴) تاکنے کا امر (۵) شست - نشانہ

تاک باندھنا - ھ - فعل لازم ٹکٹکی باندھنا - برابر دیکھے
جانا - شست باندھنا - نشانہ باندھنا +

تاک جھانک - ھ - اسم مؤنث - دیکھ بھال - تلاش
حسن پری کا
بازی - گھورا گھاری - نظارۂ خفیہ - نظر خائنہ

رکھتی ہے زیر برقع فانوس تاک جھانک (ذوق)
پروانہ سے ہے شمع مقرر لگی ہوئی

تاک جھانک کرنا - ھ - فعل متعدی - لک چھپ کے
دیکھنا - دیکھا بھالی کرنا - نظر بازی کرنا

تاک رکھنا - ھ - فعل متعدی (۱) بس لگے رہنا -
قابو ڈھونڈھنا (۲) پہچان رکھنا - تکنا - جان لینا

تاڑ رکھنا (ساقی) بیشتر گر ہو صہبا پئیں گے خون دل اپنا
یہ ہمنے تاک رکھی ہے وہ انگور سینے میں +

تاک لگانا - ھ - فعل متعدی - گھات لگانا + دانت
رکھنا + گھورنا + تلاش میں رہنا - ہمیشہ جستجو میں رہنا -
انتظار میں رہنا +

تاک میں رہنا - ھ - فعل متعدی - تلاش میں رہنا -
گھات میں رہنا - موقع تکنا - وقت کا انتظار کرنا - منتظر رہنا

تاکنا - ھ - فعل متعدی (۱) گھورنا - ٹکٹکی باندھکر دیکھنا -
(۲) دیکھنا - خیال کرنا - پہلے سے جان رکھنا (۳) چھپکر دیکھنا
جھانکنا (۴) تاڑنا - پہچاننا جیسے خوب تاکا (۵) نشانہ باندھنا
شست لگانا (۶) انتظار کرنا +

تاکہ - ف - حرف علت - اسلیے کہ +

تاکید - ع - اسم مؤنث (۱) ضد - اصرار - ہٹ - استبداد (۲)
تقاضا - کوشش + بار بار کہنا - زور دینا - سخت حکم کرنا -

تاکید کرنا - ف - فعل متعدی - اصرار سے کہنا - زور ڈالنا
سخت تقاضا کرنا - سخت حکم دینا +

تاکیداً - ع - تابع فعل - از روئے تاکید - نہایت اصرار سے -
زور ڈالکر +

تاکیدی حکم - ف - اسم مذکر - سخت حکم - تقاضائے سخت ضروری حکم

تاگا - ھ - اسم مذکر (۱) دھاگا - ڈورا - سوت - تار - رشتہ (۲) پورب
آدمیوں کا محصول +

تاگا ڈالنا - ھ - فعل متعدی (۱) ہندو - نگندی ڈالنا - سینا (۲) پرونا

تاگڑی - یا - تگڑی - ھ - اسم مؤنث (ہندو) (۱) تاگوں کا بٹا
ہوا ڈورا جو ہندو یا گنوار یا بچے لنگوٹی اُلجھانے کے واسطے
باندھتے ہیں (۲) ایک زنجیر کی قسم کا زیور جسے امیر ہندو اور
اُنکی عورتیں زیب کمر کرتی ہیں +

تال - ھ - اسم مذکر - (۱) تالاب - برکہ (۲) ٹھیک کا ہر ایک

تھپڑی پڑنا +

تالی پٹنا - ہ - فعل لازم - دیکھو (تالی بجنا)

تالی پیٹنا - ہ - فعل متعدی (۱) دیکھو (تالی بجانا) تھپڑی پیٹنا (۲) ہیجڑوں یا زنخوں کا پیشہ لینا - زنخہ بننا +

تالی دونوں ہاتھوں سے بجتی ہے - ہ - (مثل) لڑائی یا محبت دونوں ہی طرف سے ہوتی ہے +

تالیاں بجانا یا - دینا - ہ - فعل متعدی - ذلیل و رسوا کرنا - ہنسی اُڑانا - مسخرا بنانا + (اسیر)

رسوا بھی ہوں تو دل میں کدورت نہ لاؤں میں
دے تالیاں وہ شوخ تو بغلیں بجاؤں میں

تالیف - ع - اسم مؤنث (۱) دو چیزوں کو باہم ملانا یا جمع کرنا (۲) مختلف کتابوں کے مضامین چن کر ایک نئے پیرایہ میں ترتیب دینا (۳) باہم الفت ڈالنا - دوستی پیدا کرنا - دو دلوں کو ملانا (۴) بمعنی مفعول یعنی تالیف کردہ شدہ - مصنفہ - مؤلفہ +

تالیف قلوب - ع - اسم مؤنث - آدمیوں کے دلوں کو ہاتھ میں لانا - دلجوئی کرنا - باہم الفت دلانا +

تام - ع - صفت - پورا - تمام - کامل - کل +

تامجان یا **تامجھام** - ا - اسم مذکر - ہوادار نالکی - ایک قسم کی پالکی (امیروں کی ایک طرح کی سواری کا نام ہے)

تامڑا - ہ - اسم مذکر (۱) ایک قسم کا جواہر جسے یاقوت کی ادنیٰ قسم میں خیال کرنا چاہیے - یاقوت بدرنگ یا سیاہ (۲) کھوپری + گنجی کی کھوپری (۳ - صفت) تانبے کے رنگ کا جیسے تامڑا کبوتر یا گوشت وغیرہ (۴ - گنوار) صاف مطلع

تامس - س - اسم مذکر (۱...) غضب - غصہ - خشم (صفت) مرد طامع و مغلوب الغضب وغیرہ +

تامل - ع - اسم مذکر (۱) نہایت غور اور فکر سے دیکھنا - سوچ فکر - اندیشہ - سوچ بچار (۲ - ا) ڈھیل دیر و توقف - درنگ عرصہ - وقفہ (۳ - ا) صبر و تحمل - برداشت (۴ - ا) شبہ - شک - تذبذب - امتحان +

تاملوٹ یا **تاملیٹ** - ا - اسم مذکر (یہ انگریزی Tumbler ٹمبلر کا بگاڑ ہے) پانی پینے کا ٹین کا برتن - ٹین کا ڈونگا یا آبخورہ +

تامیسری - ہ - اسم مذکر - ایک طرح کا گنجا +

تان - ہ - اسم مؤنث (۱) سُر کے نئی طرح کھینچنے کی کوشش جس میں گانے کا مصرع ایک تان کے ساتھ تال یا سم پر لانا - الاپ + سُر - گت - تال (۲) پلنگ یا مونڈھا وغیرہ کا وہ لوہا جو استقلال و استحکام کے واسطے سلاخ کے طور پر لگا دیتے ہیں (۳) ایک درخت کا نام

تان اُڑانا - ہ - فعل لازم (۱) گانا - الاپنا (۲ - متعدی) کسی کے گانے کا ڈھنگ یا لے حاصل کر لینا +

تان بھرنا / **تان لینا** / **تان مارنا** } - ہ - فعل لازم - گانے میں ایک خوبصورتی اور دلربایانہ انداز سے بعض سُروں کو مکرر سہ کرر زبان سے نکالنا + (برق)

کان میں دیس کی آواز چلی آتی ہے
تانیں لیتی ہے کوئی حور لقا ساون کی

تان کی جان - ا - اسم مؤنث - خلاصہ - مقصد - حاصل مدعا - مغز سخن - معنی سخن (نکہت)

گوش بجاں ہیں دم کیا دم کو + تان کی جان ہے تری آواز

تانا - ا - اسم مذکر - تار بخلاف پود - وہ طولانی تار جسے جولاہوں نے بُننے کے واسطے ترتیب دیا ہو (یہ لفظ اصل میں فارسی ہے چنانچہ تان اور تانا بر اشعرائے عجم نے لکھا ہے)

تانا بانا - ہ - اسم مذکر (۱) تار و پود (۲) آر جار - خواہ مخواہ آنا جانا

تانا بانا کرنا - ہ - فعل لازم - آر جار کرنا - ہیرا پھیری کرنا - بیفائدہ چکر لگانا +

[1] تالیاں دینا معنی میں صرف اہل لکھنؤ بولتے ہیں

تاکا - ہ - فعل متعدی - ہندو (۱) گرم کرنا - پگھلانا (۲ - عوام) تاؤ دینا - تپانا (۳) آزمانا - تجربہ کرنا - جانچنا (گلزار نسیم)

جھوٹوں اُسے انگوٹھا تایا + سچّوں کھوٹوں نے داغ کھایا

تانبا - ہ - اسم مذکر (۱) ایک دھات کا نام جسکو عربی میں نحاس فارسی میں مس کہتے ہیں (۲ -) وہ گوشت کا ٹکڑا جو باز و شاہین وغیرہ شکاری پرندوں کو کھلاتے ہیں اصل میں طعمہ سے بگاڑا ہے + (نکہت)

وہ شوخ صید افگن چشم میں سُرمہ لگاتا ہے

کہ شہباز نظر ہے گرسنہ تانبا کھلاتا ہے

(جب گوشت کی نسبت کہیں گے تو دو کھا یعنی بن چربی کا مراد ہوگی)

تانبا سا - ہ - صفت - گلابی - کم سُرخ +

تانبچون - ہ - اسم مذکر (لکھنؤ) بُرادۂ مس مثل لوہچون

تکنے تانبیر - ل - (زنان لکھنؤ) حسب ضرورت حسب خوراک گنی ہوئی بیا شوربا + جتنی نا آنی تھی کھانا

تانبے کا تار نہیں - ل - (محاورہ عو) نہایت مفلس و مفلوک تر - از حد تنگدست اور قلانچ ہے - عورتیں اس عورت کی نسبت زیادہ بولتی ہیں جسکے پاس بالکل زیور نہو +

تانت - ہ - اسم مؤنث (۱) رودہ - تابیدہ جو چلّہ کمان دُھنیل اور سارنگی وغیرہ میں لگاتے ہیں - بھیڑ بکری کی وہ انتڑی جو بٹ کر سُتلی سی بنائی جاتی ہے (۲) سارنگی وغیرہ کا تار جیسے تانت باجی راگ پایا (۳ - پُورب) جولاہے کا راچھ - آلۂ پارچہ باف +

تانت باندھنا - ہ - فعل متعدی (بازاری) تاگا باندھنا نشانی باندھنا - یا وہ گوں کی نسبت بیہودہ بات کے جواب میں لبے بند کرنیکے واسطے چماڑ باز اس لفظ کو بولتے ہیں +

تانت سا - ہ - صفت - نہایت دُبلا - از حد لاغر - منحنی +

تانتا - ہ - اسم مذکر - قطار - لانگا - ٹیر - سلسلہ +

تان ترُوڑ - ل - اسم مذکر - عو - طعنہ مہنہ - آوازہ توازہ - اشارہ کنایہ بطریق تضحیک (یہ لفظ اصل میں طعن تعریز یعنی اشارۃً طعنہ پھینکنا تھا) +

تانتڑی - ہ - اسم مؤنث (۱) تانت کی تصغیر (۲ - عو) نہایت دُبلا پتلا - منحنی جیسے سُوکھ کر تانتڑی ہوگیا +

تانتڑی سا - ہ - صفت - عو - دیکھو (تانت سا) +

تانتوا - ہ - اسم مذکر - فتق - آنت اُتر آنے کی بیماری (ایک مشہور مرض کا نام ہے جو اکثر پُورب کے رہنے والوں کو ہوجاتا ہے)

تان توڑنا - ل - فعل متعدی - عو - طعنہ دینا (۲ - ۱) دیکھو (تان لینا) آوازہ پھینکنا - چھیڑنا (اصل میں طعن تھا) +

تانتی - ہ - اسم مؤنث (۱) تانتا کی تانیث - سلسلہ - قطار (۲) ذُریات - اولاد - پود - بال بچّے (۳ - پُورب) جلاہا - نورباف - پارچہ باف +

تانتیا - ہ - صفت (پُورب) دیکھو (تانت سا)

تانسنا - ہ - فعل متعدی - عو - (۱) چشم نمائی کرنا - ڈر دکھانا دھمکانا - ڈانٹنا - گھرکنا - تنبیہ کرنا - سختی کرنا - جبر کرنا

گو مجھے تانسیگی باجی تیرے کارن اے دوا

(رنگین)

تیں نہیں کرینگی تجکو شورت لشوے ہلا

(۲) بھوکی مارنا - خوراک سے کم کھانے کو دینا جیسے اُسکی ساس کوسنا - بدسلوکی کرنا +

تان سین - ہ - اسم مذکر - استاد فن موسیقی کا نام جو اکبر کے ہاں مسلمان ہوکر میاں مشہور ہوا - نائیکوں میں چھٹا نائیک ہے - اوّل تھا بعدازاں جلال الدین اکبر نے اُسکی معرفت اپنے ہاں دسویں سنہ جلوسی میں

جلوس اکبری میں اپنے پیر کے شہر مقام گوالیار میں دفن ہوا اسکی قبر کے پاس ایک املی کا درخت ہے جو گویّے وہاں زیارت کو جاتے ہیں وہ تبرّک کا اسکے پتے لاکر تقسیم کرتے اور کہتے ہیں کہ انکے کھانے سے گلے میں رس پیدا ہوتا ہے گویّوں کو اسکی نام کی یہانتک تعظیم منظور ہے کہ نام سننے کے ساتھ اپنا کان پکڑتے ہیں +

تان کے - ہ - تابع فعل - زور سے - کھینچ کے - چٹاخ سے
ممتول (انشا) جی چاہتا ہے شیخ کی پگڑی اتار لیے
اور تان کے چٹاخ سے ایک دھول مار لیے

تانگا - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کی تیز رفتار چھوٹی سی بن چھتری کی ہندوستانی گاڑی جسکو ٹٹو کہتے ہیں - ارابہ خورد

تاننا - ہ - فعل متعدی (۱) طنب یا چوڑے کپڑے کو بالای سر یا بطور قنات کھینچنا - تنیدن کا ترجمہ + پھیلانا + بڑھانا (۲) کسنا - جکڑنا + جھول دور کرنا - کھینچنا (۳) مقدمہ دائر کرنا (۴) قید کرنا - میعاد کرنا جیسے دو برس کو تان دیا (۵ - عوام) ارسال کرنا - بھیجنا - روانہ کرنا جیسے خط تاننا (۶) سیدھا کھڑا کرنا - عمود وار کھڑا کرنا (آتش)
نیل لا وقت ہے سینہ کے سپر کرنے کا +
برچھیاں تانے ہوے ہیں سف مژگاں تیار

تانی - ہ - اسم مونث (۱) تانا و تار - بخلاف پود (۲ - ہندو عو) خیاطہ نخ جس سے کوٹہ کناری ٹانکتے ہیں +

تانیث - ع - اسم مونث - بخلاف تذکیر - مونث ہونا - مونث استری لنگ +

تاؤ - ہ - اسم مذکر (ہندو) تایا - بڑا چچا - باپ کا بڑا بھائی +

تاؤ - ہ - اسم مذکر (۱) تاب - تپ - گرمی - حرارت (۲ - گنوار) بخار - تپ (۳) چرخ - پگلاؤ - کسی دھات کو آگ میں تپانا یا چرخ دینا (۴ - ہندو) غصہ - جھنجھل - غضب - کرودھ - پیچ و تاب (۵) بل - اینٹھ - مروڑ - اینٹھی - تاب - خم - پیچ (۶) طاقت - زور (۷ - و) تا - تختۂ کاغذ +

تاؤ آنا - ہ - فعل لازم (۱) کسی دھات کا تپجانا - لوہے تانبے وغیرہ کا گرمائی سے سرخ ہوجانا (۲) چرخ کھاجانا + (۳) جوش کھانا جیسے خون تاؤ کھاگیا (۴) حسب موقع چاشنی کا پکنے پر آجانا - (۵) غصہ آنا - جھنجھل آنا +

تاؤ بند - ہ - اسم مذکر (مہوس) وہ دوائی جسکے اثر سے چاندی یا سونے کا چرخ دینے پر بھی کھوٹ ظاہر نہو +

تاؤ بھاؤ - ہ - صفت - حباب سا - بہت کم - ذرا سا - کسیقدر - رمق +

تاؤ پیچ - ہ - تابع فعل - پیچ و تاب - غم و غصہ +

تاؤ دینا - ہ - فعل متعدی (۱) گرمانا - تانا - تپانا (۲) پگھلانا - چرخ دینا + آنچ دینا - آگ میں لال کرنا (۳ - و) بل دینا - مروڑنا جیسے موچھوں کو تاؤ دینا +

تاؤ کھانا - ہ - فعل لازم (۱) سرخ ہو جانا - آنچ کھاکر لال ہوجانا (۲) جوش کھاجانا - چرخ کھاجانا (۳) قوام جلجانا - چاشنی کا سوختہ ہوجانا + کسیقدر حرارت سے چاشنی یا قوام کا تیز ہو جانا (۴) گرم ہوکر ٹھنڈا ہوجانا (اینٹھنا - پیچیدہ ہونا (۵) پگلنا - گلنا - رقیق ہونا (۶) کشتہ کا آنچ کھاجانا (۷) غصہ کھانا - غصہ کرنا (رنگین)
(مصرعہ قطعہ) مجھے اس بات کو سن تاؤ بہت سا کھایا
(۸) بل کھانا (نظیر) ذرا سی بات میں ایکدم کو پیچ لیویں اکھاڑ
ہر ایک موچھ یہ تیری جو تاؤ کھائی ہے +

تاؤ لگنا - ہ - فعل لازم - آنچ لگنا - خوب گرم ہونا +

تاوا - ہ - اسم مذکر - چکر - گردش - کبوتروں کا مکان کے گرداگرد چکر کھانا +

تاوا دینا - ہ - فعل متعدی (کبوتر باز) کبوتروں کو چکر دینا +

تاوا کھلانا - ہ - فعل متعدی (کبوتر باز) دیکھو - (تاوا دینا)

تاوان - ف - اسم مذکر - ڈانڈ - ڈنڈ - جرمانہ + عوضہ - بدلہ - مکافات + دیت - قصاص - کفارہ - حرجہ +

تاول - ہ - اسم مؤنث (گنوار) جلدی - شتابی + گھبری - اضطرابی - تعجیل +

تاولا - ہ - اسم مذکر (گنوار) جلدباز - مضطرب جیسے تاولا ہو (باؤلا)

تاولی - ہ - اسم مؤنث - جلدی - شتابی +

تاویل - ع - اسم مؤنث (۱) اصل کے خلاف بیان کرنا - کسی بات کو دوسری طرح بیان کرنا - حیلہ شرعی - کسی مسئلہ کو اور طرح ڈھالنا - کسی عبارت کا دوسرے طور پر مطلب ٹھہرانا (۲ - ۱) عذر - بچاؤ - بچاؤ کی دلیل (یہ لفظ اول سے مشتق ہے اسکے معنی ہیں کلام کو اول کی طرف رجوع کرنا)

تاہم - ف - حرف ربط - تو بھی - پھر بھی - اس پر بھی - باوجودیکہ

تائی - ہ - اسم مؤنث (ہندو) باپ کے بڑے بھائی کی بیوی - بڑی چچی +

تایا - ہ - اسم مذکر (ہندو) - تاؤ - باپ کا بڑا بھائی - بڑا چچا

تائب - ع - اسم مذکر - توبہ کرنے والا - گناہ سے باز آنے والا - گناہ سے پچھتانے والا + رجوع کرنے والا +

تائید - ع - اسم مؤنث (۱) لغوی معنی طاقت بخشنا - استحکام - استواری + تقویت + (۲) مدد - معاونت - پشتی - حمایت (۳ - ۱) رعایت - طرفداری (۴) استحکام دعوی کی دلیل (قانون) ۲ - اسم مذکر (۱) مددمحرر - وہ محرر جو کسی عہدہ کے ساتھ کام کرے - اسسٹنٹ - جج کا مددگار + امیدوار ملازمت (بو سم)

تائید کرنا - و - فعل متعدی - مدد کرنا - سہارا دینا - ساتھ دینا - حمایت کرنا - پچ کرنا +

تائید کلام - ع - اسم مذکر - بات کی پچ - سخن پروری +

تب - ہ - ظرف زماں (۱) پھر - بعدازاں - تد - اسوقت - جب - اس حالت میں + (تاریخ)

خط کے آغاز میں تو مجھسے ہوا صاف تو کیا + لطف تب تھا کہ صفائی میں صفائی ہوتی

(۲ - جزائے شرط) تو - جب کا جواب +

تب بھی - ہ - تابع فعل - پھر بھی - اس پر بھی - تاہم +

تب تک - ہ - تابع فعل - تاوقتیکہ - جب تک - اسوقت تک

تب تو - ہ - تابع فعل - پھر تو (متروک) +

تب ہی - ہ - تابع فعل (۱) فوراً - اسیوقت - جب ہی (۲ - پورب) اسی سبب سے - اس وجہ سے - اس ہی باعث -

تبار - ف - اسم مذکر - قوم - خاندان - کنبہ - رشتہ +

تبارک - ع - صفت (۱) بڑا - بزرگ - عالی +

(اصل میں باب تفاعل سے ماضی کا صیغہ ہے مگر چونکہ اسم الٰہی کا حال واقع ہوتا ہے اسوجہ سے بزرگ سے مراد لیتے ہیں)

(۲ - اسم مؤنث) قرآن شریف کی ایک سورہ کا نام جس سے انتیسویں (۲۹) سیپارہ کا آغاز ہوتا ہے اور اسکی بہت سی بزرگی لکھی ہے اندوی مذہب اسلام یہ سورہ مانع عذاب قبر اور شافع روز محشر ہے (۳ - اسم مذکر) مسلمانوں کی ایک مذہبی رسم کا نام جو رجب کے مہینے میں مردہ کی بخشش کے واسطے ام بار سورہ تبارک پڑھکر ادا کی جاتی ہے اسمیں اکثر میٹھی روٹی بانی جسکے اوپر ملائی کی ٹکڑی وغیرہ لگی ہوئی ہوتی ہے تقسیم کی جاتی ہے اگرچہ اور شیرینی اگرچہ یہ رسم شارع اسلام نے مقرر نہیں کی مگر ایصال ثواب دوسرے اس سورہ کے پڑھے جانے کی وجہ سے مسلمانوں میں شکل اعمال متبرک مانی جاتی ہے (

تبارہ - ز - صفت - سکرر - تیسری دفعہ +

تباسی - ہ - صفت - تین روز کی رکھی ہوئی چیز - تین روز کا باسی +

تباہ - ف - صفت (۱) خراب - برباد - ویران - اجڑا ہوا (۲) شکستہ - زدہ - خستہ - جیسے حال تباہ (۳ - ۱) غرقاب - مغروق - غرق شدہ جیسے جہاز یا کشتی کا تباہ ہونا +

تباہ حال - ف + ع - تابع فعل - خستہ حال - زدہ حال
ذلیل حالت +
تباہ کرنا - ۱ - فعل متعدی (۱) برباد کرنا - ویران کرنا - اجاڑنا
(۲) لٹانا - ضایع کرنا - رائگاں کھونا (۳) دیوالہ نکالنا -
لوٹ کھسوٹ کر مفلس بنانا (۴) غرق کرنا - ڈبونا (۵) ستیاناس
کھونا - بگاڑنا (۶) کھونا - گم کرنا - جیسے ہوائے کبوتروں کو
تباہ کردیا (کبوتر باز) +
تباہ ہونا - ۱ - فعل لازم (۱) برباد ہونا - خراب ہونا - اجڑنا
(۲) لٹنا - غارت ہونا (۳) ضایع ہونا - رائگاں جانا (۴)
دیوالہ نکلنا - مفلس ہونا (۵) ڈوبنا - غرق ہونا جیسے
کشتی تباہ ہونا (۶) بگڑنا - ستیاناس ہونا (۷) - کبوتر باز
بھٹکنا - گمراہ ہونا - بہ جانا - تتر بتر ہو جانا (۸) - پتنگ باز
کنکوا اکھڑنا - ڈور ٹوٹ جانا (۹) مفتون ہونا - عاشق بننا - مبتلا
تباہی - ف - اسم مؤنث - عوام تواہی (۱) خرابی - بربادی
(۲ - ۱) ذلت - رسوائی (۳ - ۱) آفت - بلا - مصیبت +
تباہی آنا - ۱ - فعل لازم - آفت آنا - بلا نازل ہونا
تباہی پڑنا - ۱ - فعل لازم - آفت آنا - مصیبت وارد ہونا
اضطراب ہونا - ہلچل ہونا +
تباہی زدہ - ف - فلک زدہ - مصیبت زدہ - نکلوک
بدبخت - بدنصیب +
تباہی کا مارا - ۱ - صفت - آفت زدہ - مصیبت کا مارا
تباین - ع - اسم مذکر - جدا جدا ہونا - تفاوت - فرق - دو
چیزوں کا فرق + ضد - عکس - خلاف - نقیض +
تبحر - ع - اسم مذکر - دریائے علم کے قعر میں غوطہ لگانا - بہت
عالم ہونا - علامہ ہونا - کسی ہنر میں کمال دخل ہونا
تبخالہ - ف - اسم مذکر - وہ چھالے جو بخار کے بعد ہونٹوں
پر ہو جاتے ہیں - بلبلہ تپ +

تبختر - ع - اسم مذکر - لغوی معنی اترا کر چلنا + اصطلاحی
ناز - انداز - ادا (اخلاق)

کہنے لگے زراہ تبختر یہ طنز
معلوم ہوگا حشر کو پینا شراب کا

(۲) غرور - تکبر - کبر +
تبخیر - ع - اسم مؤنث (۱) مہک (۲) بھاپ (۳) حرارت
خفیف + وہ بخارات جو کھانا کھانے کے بعد یا خلوی معدہ پر
دماغ کو لگتے ہیں + ہلکا بخار +
تبدل - ع - اسم مذکر - بدلنا - بدل - عزل ونصب +
تبدیل - ع - اسم مؤنث - ایک جگہ سے دوسری جگہ بدلا
جانا - نقل مکان وغیرہ - پلٹنا - بدلنا +
تبدیل آب وہوا - ع + ف - تابع فعل - پانی اور ہوا کا اثر بدلنے
کے واسطے دوسری جگہ جانا +
تبدیل کرنا - ۱ - فعل متعدی - بدلنا - پلٹنا - بدلی کرنا
ایک جگہ سے دوسری جگہ بھیجنا + تلبیس لباس کرنا +
تبدیل مکان - ع - تابع فعل - نقل مکان - گھر بدلنا +
تبدیل ناجائز - ع - تابع فعل (قانون) دستاویز
وغیرہ میں جعل سے کچھ بدل دینا وغیرہ +
تبدیل ہونا - ۱ - فعل لازم - ایک جگہ سے دوسری جگہ
جانا - بدلنا - بدلی ہونا +
تبدیل ہیئت کرنا - ۱ - فعل لازم - بھیس بدلنا - روپ
دھارنا - دھوکا دینے کے واسطے صورت بدلنا (قانون)
تبدیلی - ۱ - اسم مؤنث (غلط العوام) بدلی - پلٹی - ملازم
کا ایک جگہ سے دوسری جگہ بدلا جانا +
تبر - ف - اسم مذکر - کلہاڑی (ایک قسم کا فولادی آلہ جس سے
لکڑی چیرتے اور درخت کاٹتے ہیں - نیز ایک ہتھیار) +
تبرا - ع - اسم مذکر (۱) بیزاری - نفرت - تنفر (۲) وہ ملامت

الفاظ جو کسی مخالف کی نسبت بطور لعنت زبان پر لاتے ہیں ۔ لعن طعن +

تبرا بھیجنا ۔ ا ۔ فعل متعدی ۔ نفرت کرنا ۔ لعنت بھیجنا ۔ اکراہ ظاہر کرنا ۔ تنفر جتانا +

تبرا کرنا ۔ ا ۔ فعل لازم ۔ برا بھلا کہنا ۔ لعنت ملامت کرنا (اہل تشیعہ کی عوام میں دستور ہے کہ وہ محرم الحرام کی دسویں تاریخ کو کچھ نامناسب الفاظ یعنی لعان اہل بیت رسول مقبول و بعض صحابہ کرام رضی اللہ عنہم اجمعین کی شان میں زبان پر لاتے ہیں) +

تبرائی ۔ ع ۔ اسم مذکر ۔ تبرا کرنے والا ۔ بخلاف تولائی ۔ اہل تشیعہ کا وہ گروہ جو تبرا کو داخل مذہب خیال کرتا ہے

تبرک ۔ ع ۔ اسم مذکر (۱) وہ شے جسمیں برکت ہونے کا اعتقاد ہو (۲) پرشاد ۔ تحفہ (۳) کسی بزرگ کا اُلش یا کسی پیشوائے دین کی فاتحہ کی چیز یا بزرگان دین کا عطیہ (۴) قلیل ۔ تھوڑا سا (صفت) +

تبرکاً ۔ ع ۔ تابع فعل (۱) ازروئے تبرک ۔ بخیال برکت ۔ برکت لینے کی اُمید سے (۲) صفت ۔ قدر قلیل ۔ ذرا سا

تبرکاً و تیمناً ۔ ع ۔ تابع فعل ۔ یمن و برکت کے لحاظ سے مبارک اور متبرک جانکر +

تبرکات ۔ ع ۔ اسم مذکر (۱) تبرک کی جمع (۲) وہ چیزیں جو بزرگان دین کی نشانیاں سمجھکر رکھی جائیں + برکت حاصل کرنے کی چیزیں +

تبرید ۔ ع ۔ اسم مؤنث (۱) ٹھنڈا کرنا (۲) ٹھنڈائی ۔ وہ سرد شربت یا دوا جو تپ کے اول تین دن اور مسہل کے بعد اُسکی حرارت کے انطفا کرنے اور دلکو تقویت دینے کے واسطے دی جاتی ہے ۔ ٹھنڈی دوا +

تبسم ۔ ع ۔ اسم مذکر ۔ مسکراہٹ ۔ خندۂ زیر لب ۔ ایسی ہنسی جسمیں مونٹھ نہ کھلیں +

تبلی ۔ ا ۔ اسم مؤنث (پورب) (۱) توسدان ۔ توشہ دان ۔ وہ چھوٹا سا بکس جسمیں بندوق کے کارتوس وغیرہ باندھ لیتے ہیں (۲) پردہ ۔ وہ تختہ جو ستار یا طنبور کے تونبے پر لگایا جاتا ہے (اصل میں طبلچہ ہے) +

تبیعت ۔ ع ۔ اسم مؤنث (۱) اتباع ۔ تابعداری ۔ فرمانبرداری (۲) تقلید ۔ پیروی +

تپ ۔ س ۔ اسم مذکر (۱) گرمی ۔ حرارت ۔ بخار (۲) جپ کا نقیض ۔ تپسیا ۔ روحی یا قلبی عبادت + کایا کوکشٹ دیکر عبادت کرنا ۔ دھونی رما کر دھیان کرنا ۔ پرستش +

تپ ۔ ف ۔ اسم مؤنث ۔ حمّی ۔ گرمی کا بخار ۔ وہ حرارت جو تن کی عفونت وغیرہ سے جسم میں پیدا ہو ۔

(بعض مستند اساتذہ کے کلام میں اس لفظ کا قافیہ آب و تاب وغیرہ کے ساتھ آیا ہے اس صورت میں خیال آ سکتے ہیں کہ یہ لفظ بن تاب کا مخفف ہو تو عجب نہیں تپ اور تاپ ہندی کے موافق قریب الاصل ہیں ۔ دھوپ ، خوشا آنکہ ... و گرد چشم + ... ہو گردم و اسیطرح ناسخ دیوانے اپنے ہاں کو تب وغیرہ کے ساتھ قافیہ باندھا ہے)

تپ اُترنا ۔ ا ۔ فعل لازم ۔ بخار دھیما ہونا ۔ بخار کم ہونا

تپ چڑھنا ۔ ا ۔ فعل لازم ۔ عو ۔ بخار کا نمایاں ہونا + بخار سے بدن کا جلنے لگنا ۔ بخار کا زور ہونا +

تپخالہ ۔ ف ۔ اسم مذکر (تپ + خالہ) دیکھو (تبخالہ) +

تپ دق ۔ ف + ع ۔ اسم مؤنث ۔ تپ مزمن ۔ تپ کہنہ ۔ تپ استخوانی ۔ وہ بخار جسمیں حرارت غریبی اعضائے رئیسہ و اصلیہ وغیرہ میں سرایت کرکے بدن کی رطوبت سکھا دے ۔ بڑا آزار ہو +

تپ لرزہ ۔ ف ۔ اسم مؤنث ۔ جُر ۔ سردی کا بخار +

تپ موت جانا ۔ ا ۔ فعل لازم ۔ ہونٹوں پر تبخالوں کا نمایاں ہونا ۔ بخار کے جانے رہنے کی علامت کا ظاہر ہونا

تپ نوبت - ف - اسم مؤنث باری کا بخار +

تپاک - ف - اسم مذکر (۱) اضطراب بیقراری - دھڑکن - اختلاج - بے چینی جیسے تپاک قلب (۲ - ۷) گرمجوشی - سرگرمی - گرم اختلاطی + فرط ارتباط - فرط محبت + آؤ آدر آؤبھگت - خاطر و مدارات (۳) عشق - اخلاص - نہایت محبت

ترے جلانے کو اے سنگدل صنم ہنسے
(ناسخ) اک اور صاعقۂ طور سے تپاک کیا

تپانا - ۷ - فعل متعدی (۱) گرم کرنا (۲) تاؤ دینا - سونے چاندی وغیرہ کو آگ پر رکھکر کھرا کھوٹا دیکھنا (۲) شراب کو آگ کی لو پر اڑا کر خالص اور غیر خالص دیکھنا +

تپائی - ۱ - اسم مؤنث - سہ پائی - تین پاؤں کی چوکی پینچ

تپش - ف - اسم مؤنث (۱) اضطراب - بے قراری - اضطرار باعث حرارت (۲) گرمی - حرارت - تمازت - شدت گرمی سوزش - جلن - تف - تفسیدگی +

تپسیا - ۷ - اسم مؤنث (۱) دیکھو (۲ تپ نمبر ۲) ۲ - کفارہ گناہ - پراشچت +

تپک - ت - اسم مؤنث - توپ کی تصغیر +

تپک - ۱ - اسم مؤنث (ہندو) کھولن پکے ہوئے زخم کی ٹیس چپک - لپک - ضربان +

تپکنا - ۷ - فعل لازم (ہندو) زخم میں ٹیسوں کا ہونا چپکنا لپکنا - چپک مارنا - ٹہولیں اٹھنا +

تپنا - ۷ - فعل لازم (۱) گرم ہونا - جلنا - بھبکنا - تتا ہونا - دہکنا (۲) گنوار) جلال پانا - رعب بیٹھنا - تیجوان ہونا - (۳ - ہندو میلوچ) تیجوان ہونا - صاحب نصیب ہونا (۴) دھونی میں سلگنا - دھونی رمانا (ہندو فقیر) +

تپوبن - ۷ - اسم مذکر تپسیا کرنے کا بن - وہ جنگل جہاں جوگی تپ کرتے ہیں (۲) ایک تیرتھ کا نام جو ہردوار کے قریب واقع ہے اور وہاں اکثر جوگی سنیاسی وغیرہ فقرائے ہندو مسکن گزین ہیں +

تپی یا **تپسی** - ۷ - اسم مذکر - عابد تپسیا کرنے والا

تت - ۷ - اسم مذکر (۱) ست - انس - روح - جان - عطر مغز - کسی چیز کا جوہر - لب لباب (۲) ذاتی پونجی - سرمایہ زر اصل - راس المال - مول (۳) نتیجہ - پھل - حاصل ثمر (۴) انجام - انتہا - انت - اخیر (۵) ماہیت خدا - حقیقت حق تعالیٰ - معرفت ذات باری - ذات بخلاف صفات - شناخت روح - سار - مول - ارتھات +

تتا - ۷ - صفت - نہایت گرم - جلتا ہوا - بھبکتا ہوا (۲) تند تیز مزاج - غصیل - غضبناک - مغلوب الغضب (۳) جری - بہادر - شجاع +

تتا توا - ۱ - صفت - تابۂ سوزاں - گرم توا (۲) وہ شخص جو بات بات پر لڑے - لڑاک - فسادی - جھگڑالو - فتنہ انگیز

تتا ہونا - ۷ - فعل لازم - تیز ہونا - غضبناک اور خشم آلودہ ہونا

تتبع - ع - اسم مذکر - تقلید - پیروی - نقل - ریس (درنگا) ابر اکثر اس برس برسا کیا + کیا تتبع دیدۂ تر کا کیا

تتر بتر - ۷ - صفت - تار بتار - منتشر - پراگندہ - پریشان متفرق + الگ الگ اور جدا جدا +

تترٹی - ۷ - اسم مؤنث - عو - وہ عورت جسمیں تپا بہت ہو جنم جلی - جلجلی - تیز مزاج + ۸ بخل - نہایت بخیل - وہ عورت جو خرچ کرنے سے جلے جیسے تترٹی نے دیا جنم جلی نے کھایا جیب جلی نہ سواد آیا +

تتکال - ۷ - تابع فعل - ترت - فوراً - اسیوقت (ہندو)

تتلانا - ۷ - فعل لازم - لکنت کرنا - صاف نہ بولنا - رک رک کر بولنا - بات کرنے میں حروف کا انکے مخارج کے موافق ادا نہ ہونا اور کچھ سے کچھ نکلنا +

تتلی - ہ- اسم مؤنث (پورب) - تتیری - بھنبیری - تیتری

تتما - ا- اسم مذکر - عو - جھگڑا - بکھیڑا + دقت - دشواری

تتمہ - ع- اسم مذکر (۱) باقی ماندہ - بقیہ - بچا ہوا (۲) کتاب یا عبارت کا وہ حصہ جو اخیر میں اُسی کتاب کے متعلق لگا دیتے ہیں - ضمیمہ - خاتمہ - متمم +

تتنا - ہ- صفت (ہندو) اُتنا - اُسقدر (متروک)

تتو تھمبو - ہ- اسم مؤنث - عو - روک تھام - دم دلاسا بہلاوا - پھسلاوا + بیچ بچاؤ + (یہ لفظ توتو بمعنی زبان اور تھامنے سے مرکب ہے) +

تتھ - ہ- اسم مؤنث - چاند کی تاریخ - ہندی مہینوں کے دن

تتھا - ہ- اسم مؤنث (ہندو) ۱- طاقت - بوتا (۲) قابلیت لیاقت (۳- صفت) ویسا - اُسیطرح کا جیسے جیسا راجا تھا پرجا (کہاوت) +

تتھرا - ہ- اسم مذکر - پانی گرم کرنے کا برتن +

تتئی - ہ- اسم مؤنث - ایک چھوٹا سا مٹی کا ٹونٹی دار برتن جس سے بچے پانی پیا کرتے ہیں +

تتیا - ہ- اسم مذکر (۱) لال رنگ کی بھڑ - برنی - ایک قسم کی ڈنک مارنے والی مکھی جو چھتا بنا کر رہتی ہے اُسکے ڈنک سے آدمی کا جسم سوج جاتا ہے اور نہایت درد کرتا ہے (صفت) تیز - چالاک - ترتریا - پھرتیلا + چرپرا + ذہین ستکی

تتیا مرچ - ہ- اسم مؤنث (۱) ایک قسم کی چھوٹی مرچ جو رنگ میں زرد اور نہایت تیز ہوتی ہے (۲- صفت) زکی - ذہین + تیز - چالاک - پھرتی باز - پھرتیلا +

تٹ - ہ- اسم مذکر (گیتوں میں) کنارہ - ساحل +

تثلیث - ع- اسم مؤنث (۱) تین حصوں میں تقسیم کرنا (۲) مذہب عیسوی کے موافق خدائے واحد کی وحدانیت کی تین شاخیں جنکی ایک ہی ماہیت قدرت ہمیشگی ہے یعنی باپ (خدا) بیٹا (عیسیٰ) روح القدس (جبرئیل) ۳- نجومیوں کی اصطلاح میں قمر اور سعد کے درمیان درجات کے حساب کے موافق آسمان کا تیسرا حصہ +

تثنیہ - ع- اسم مذکر - دُگنا - دوگنا + وہ صیغہ جسمیں دو سمجھے جائیں جیسے طرفین دونوں طرف +

تج - ہ- اسم مذکر - دار چینی - ایک قسم کے درخت کی خوشبودار چھال جو یخنی وغیرہ میں لیس کے واسطے ڈالتے ہیں اور دوا کے کام میں آتا ہے مزا چرپرا تیسرے درجہ میں گرم و خشک +

تجار - ع- اسم مذکر - تاجر کی جمع - سوداگر لوگ +

تجارت - ع- اسم مذکر - بنج - سوداگری - بیوپار +

تجارتی مال - ا- اسم مذکر - سوداگری کا اسباب +

تجاری - ع- اسم مؤنث (پورب) تیسرے دن کا بخار - تیلیا

تجاوز - ع- اسم مذکر (۱) گزرنا + حد سے گزرنا + لانگنا + انحراف (۲) فرق - تفاوت +

تجاہل - ع- اسم مذکر (۱) اپنے تئیں نادان ظاہر کرنا - انجان بنا (۲) ٹالنا - اغماض کرنا - چشم پوشی کرنا +

تجاہل عارفانہ - ع- اسم مذکر (۱) جان بوجھ کر انجان بنا (۲) علم بدیع میں کسی معلوم بات کو نامعلوم بات کے قائم مقام کرنا یا موصوف کی صفت بیان کرکے اُسکی تمیز میں اپنی حیرانی و عدم تمیز کا اظہار کرنا + (جرأت)

صنم کہتے ہیں تیرے بھی کمر ہے
کہاں ہے کس طرف ہے اور کدھر ہے

ہوش ربا ستمگرا ماہ لقا تو کون ہے
صبر و قرار لے چلا سچ تو بتا کون ہے (ظفر)

تجدید - ع- اسم مؤنث - تازگی - نئے سرے سے کوئی کام کرنا - ازسرنو کچھ کرنا + ایجاد - اختراع +

تجربہ - ع- اسم مذکر (۱) آزمائش - جانچ - امتحان (۲)

دلیل - دلالت (۳) - وُہ انسانی معلومات جو قوتِ حافظہ اور قیاس
کے باہم ملنے سے پیدا ہوتی ہے مُشاہدہ اسی کا جزو ہے)

تجربہ کار - ع - صفت - آزمودہ کار - واقف کار - ہوشیار - جہاندیدہ - ماہر

تجربہ کاری - ع + ف - اسم مؤنث - واقفیت - آزمائش

تجرّد - ع - اسم مذکر (۱) لُغوی معنی عُریانی - اصطلاحی تنہائی
علیحدگی - خلوت - عُزلت - مُجرّد رہنا (۲) ترکِ دنیا -
قطعِ علائق - آزادی +

تجرید - ع - اسم مؤنث (۱) عُریانی - برہنگی (۲) تنہائی
علیحدگی (۳) علمِ بیان کی ایک صنعت کا نام جہاں زوائدات
کو دُور کرکے صرف ایک معنی سے غرض رکھتے ہیں جیسے گُل اسکو
کہتے ہیں گلاب کا پھول تا بقاعدہ تجرید مطلق پھول پر اطلاق ہوتا

تجسّس - ع - اسم مذکر - جاسوسی کرنا + تلاش - ڈھونڈھنا -
ڈھانڈھ - جستجو + کھوج - تحقیقات +

تجلّی - ع - اسم مؤنث (۱) پردہ ہٹانا - آشکارا ہونا (۲)
روشنی - چمک - نُور (۳) جلوہ + جھلک +

تجمّل - ع - اسم مذکر (۱) جمال کی آرائش - زیب و زینت - حُسن
(۲) شان و شوکت - ٹھاٹ باٹ - آرائش - زیبائش
جلو - تُزک - احتشام - دھوم دھام +

تجنا - ہ - فعل متعدی - رہنے دینا - چھوڑنا - تیاگنا - ترک کرنا
کنارہ کرنا (۲) لادعوی ہونا - دست بردار ہونا + طلاق دینا

تجنیس - ع - اسم مؤنث (۱) ایک جنس ہونا - ہمجنس ہونا
(۲) صنائع لفظی میں دو لفظوں کا تلفظ میں مشابہ اور معنی میں مغائر
ہونا جیسے آتشِ [illegible] اسکی بہت سی قسمیں ہیں جو علم
بیان دیکھنے سے معلوم ہو سکتی ہیں) +

تجویز - ع - اسم مؤنث (۱) روا رکھنا - روا کرنا (۲) رائے
تدبیر - اُپا - ستونا (۳) - قانون) فیصلہ - تصفیہ (۴) - ()
بندوبست - انتظام - درستی جیسے دو روز میں ہزار روپیہ
کی تجویز کردی (۵ - ۱) غور - فکر - تامّل - سوچ بچار +

تجویزِ اخیر - ع - اسم مؤنث (قانون) اخیر فیصلہ +

تجویزِ ثانی - ع - اسم مؤنث (قانون) نظرِ ثانی - فیصلہ
کی پڑتال +

تُجھ - یا - **تُجھ** - ہ - اسم ضمیر - ضمیر واحد حاضر - تُو + تیرے (جب
واحد مُخاطب کی ضمیر کے بعد ماسوائے حروفِ علت یا اضافت ان حروف
میں سے کوئی حرف مثلاً میں - سے - کو - تک - پر - تلک
وغیرہ آجاتا ہے تو ایسی صورت میں لفظ تُو کو تُجھ سے بدل لیا کرتے
ہیں جیسے تجھ میں - تُجھ سے - تجھکو - تجھ تک - تُجھ پر وغیرہ یعنی ایسے
موقع پر تجھ کا - تُجھ کی - تُجھ نے وغیرہ نہیں کہیں گے البتہ قدیم یا گنواری
زبان میں اس امر کا لحاظ نہیں ہے گنوار لوگ اب بھی تُو میں تُو سے
تُو کو تُو پر بواو مجہُول بولتے ہیں لیکن تک یا تلک کے ساتھ انکے
ہاں بھی تجھ تک یا تُجھ تلک بولیں گے - قُدما نے حالتِ اضافی میں
بھی اسکا استعمال کیا ہے چنانچہ تُجھ حُسن کی بہار - تُجھ عشق نے -
تُجھ زُلف کی باس - تُجھ صنم کی انکھیاں وغیرہ برابر انکے کلام میں
موجود ہے) +

تُجھ سے - ہ - تابع فعل - تیرے سے + تیری ذات سے - از تو

تجھ سے پھرے تو خُدا سے پھرے - ا - مُحاورہ - یہ فقرہ
قسم یا عہد کے موقع پر مستعمل ہے یعنی تُجھ سے دغا کرے تو کافر ہو (قائم
کیا عہد نہ ہے اب دل یاسے + جو تُجھ سے پھرے تو پھرے وُہ خُدا سے

تجھ سے تو جا ضرور میں بھی پانی نہ رکھواؤں - ا -
محاورہ عموماً طنزاً حالت تنفّر یا اکراہ میں کسی بد صورت کی نسبت یہ
فقرہ زبان پر لاتی ہیں یعنی تُو بالکل ہماری خاطر میں نہیں آتا) +

تُجھے - ہ - تابع فعل - تو - تیرا - تیرے - ہر کس و ناکس - ہر ایک

تُجھے - ہ - حالتِ مفعولی - تُجھکو - تُو (اصل میں پُرانی ہندی
کے مُوافق تو + تے سے مرکب ہے تُو کا لفظ تے علامت مفعولی
ہے اسکو ہوں کا توں برقرار رکھکر تُجھے بنا اور وہ ہم مخرج حرفوں کے

جمع ہو جانے کے باعث ایک ہائے ہوز کو حذف کر دیا +

تجہیز و تکفین کرنا - ا - فعل متعدی - گور گڑھا کرنا مُردہ کو گاڑنا دبانا + کریا کرم کرنا + (تجہیز کے معنی مُردہ کا سامان مہیا کرنا اور تکفین کے معنی کفن پہنانا) +

تچانا - ہ - فعل متعدی (ہندی) ا - سینکنا گرم کرنا - آگ پر رکھنا (۲) پگلانا - تانا +

تچنا - ہ - فعل لازم (ہندی) (۱) گرم ہونا - سنکنا - (۲) پگلنا و تپنا + گداختہ ہونا +

تچھ - ہ - صفت (ہندی) ا - خالی - تہی - کھوکھلا (۲) ہیچ - ادنیٰ - ناکارہ - نکما - بے وقر - کمقدر (۳) ذلیل - حقیر - کمینہ - سفلہ +

تحائف - ع - اسم مذکر - تحفہ کی جمع - سوغاتیں +

تحت - ع - اسم مذکر - (۱) نیچے کا حصہ - بخلاف فوق - (۲-ا) قبضہ - اختیار - تصرف - قابو (۳) صفت - نیچے - تلے - زیر +

تحت الثریٰ - ع - اسم مؤنث - پاتال - زمین کے سب نیچے کا طبقہ - دیپ لوک + ثریٰ کے لغوی معنی زمین نمناک میں جو زمین کی مٹی نیچے سے نم ہوتی ہے اس وجہ سے پاتال کو کہتے ہیں +

تحت اللفظ - ع - تابع فعل (۱) حرف بحرف لفظی ترجمہ + وُہ ترجمہ جسمیں لفظوں کے معنی جوں کے توں نیچے لکھے ہوں (۲) مرثیہ لوراگ میں نہ پڑھنا - سیدھی طرح مرثیہ پڑھنا (۳) لکھنؤ) جریدہ - تنہا - یک و تنہا - یکہ و دو گوش - دمِ نقد - چھڑی سواری - چھڑا - نسنگ +

تحت و تصرف میں لانا - ا - فعل متعدی - قبضہ میں لانا - قبضہ کرنا + صرف میں لانا - کام میں لانا (قانون) +

تحت لفظی - ع - تابع فعل - دیکھو تحت اللفظ نمبر ا - ۲

تحریر - ع - اسم مؤنث (۱) آزاد کرنا - غلام یا لونڈی کو رہا کرنا (۲) نوشت - لکھت - لکھاوٹ (۳) دستاویز - نوشتہ - تمسک - لکھتم (۴) عبارت - مضمون + لکھنے کا ڈھنگ - مضمون نگاری کا انداز (۵) خط - رقعہ - نامہ - چٹھی - صحیفہ + خط و کتابت (۶) ہلکی لکیر - ہلکا نقش - ریکھا - وُہ باریک خط جو موقلم سے نقوش و تصاویر وغیرہ پر کھینچ دیتے ہیں مطلق لکیر - مطلق خط (۷) گوٹے دارائی بانتے وغیرہ کی مغزی جو سنجاف کے نیچے لگاتے ہیں (۸) اُقلیدس - یوکلڈ - علم اشکال ہندسہ کی ایک کتاب کا نام (۹) اُجرت نوشت - لکھائی جیسے تحریر کی بابت دس روپیہ (۱۰) صفت) لکھا ہوا - نوشتہ + (چونکہ لکھدینے کے بعد کسی بات پر قابو نہیں رہتا اسلیئے آزاد کرنے سے یہ معنی نکالے گئے) +

تحریرِ ظہری - ع - اسم مؤنث - پُشت پر کا لکھا ہوا - وُہ عبارت جو کسی کاغذ کی پُشت پر لکھدیتے ہیں - دُوسرے طرف کی ع[illegible]

تحریص - ع - اسم مؤنث (۱) حرص دلانا - لالچ - لوبھ - ترغیب (۲) اغوا - ورغلانا - بہکاوا +

تحریف - ع - اسم مؤنث - ایک حرف کی جگہ دُوسرا حرف کو لکھنا + کسی چیز یا کسی بات کو اُسکی حالت اور اُسکی وضع سے بدل دینا - کسی بات کو اُسکے موضوع کے خلاف بیان کرنا +

تحریک - ع - اسم مؤنث (۱) حرکت دینا (۲) رغبت دلانا - ترغیب دینا + ورغلانا - بہکانا - اشتعالک دینا (۳) پہل - اُبھارنا - کسی بات کا چھیڑنا یا شروع کرنا (۴) برانگیختگی (۵) کوشش - سعی +

تخس نخس - ا - صفت - ع - تہ و بالا - تباہ و برباد - ویران و خراب - ستیاناس (عربی میں تخس دیرم عرم کی زیادتی ہونے کو کہتے ہیں تخس تابع مہمل ہے یا نخاس بمعنی اُشتر واسپ کا مخفف کر[illegible] مگر اسمانہ لغوی اور اصطلاحی معنی سے کوئی رشتہ ناتہ نہیں معلوم ہوتا

البتہ یُوں تاویل کر سکتے ہیں کہ دل چُونکہ اعضائے رئیسہ میں ایک اعلےٰ درجہ کا
عضو ہے جب تک یہ خوش (اور اپنی اصلی حالت پر) رہتا ہے تمام کام درست
اور باموقع ہوتے ہیں اور جب اسمیں کسی طرح کا فتور آجاتا ہے تو سب کام
تباہ اور خراب ہو جاتے ہیں اس سبب سے تباہی اور خرابی پر اطلاق ہونے
لگا لیکن اِس صورت میں اُردو سمجھنا اور ہائے ہوز سے لکھنا مناسب ہے)

نحس نحس کرنا یا کھونا - ا - فعل متعدی - ع - خراب
کرنا - بگاڑنا - ستیاناس کرنا +

تحسین - ع - اسم مؤنث - نیکی کے ساتھ نسبت کرنا - سراہنا
تعریف کرنا + آفرین - واہ واہ - مرحبا +

تحصیل - ع - اسم مؤنث (۱) حاصل کرنا - وصول کرنا + اگاہی
وصول (۲) جمع کرنا - اکٹھا کرنا (۳) علم سیکھنا - اکتساب
(۴) خراج - محصول + نفع - فائدہ (۵) تحصیلدار کی کچہری

تحصیل حاصل - ا - مؤنث (۱) خاتمہ - انقطاع (۲)
بے سود - بے فائدہ جیسے اب بحث کرنی تحصیل حاصل ہے

تحصیلدار - ع - ف - اسم مذکر - محصل - وصول کرنے والا
اُگاہی کرنے والا - سب کلکٹر - وہ سرکاری عہدہ دار جو
زمین کی مالگذاری اور محاصل وصول کرتا ہے +

تحصیلداری - ع + ف - اسم مؤنث (۱) تحصیلدار کا
کام (۲) عہدۂ تحصیلداری +

تحصیل کرنا - ا - فعل متعدی (۱) حاصل کرنا - وصول
کرنا - اگاہنا (۲) جمع کرنا - اکٹھا کرنا (۳) کمانا - کھٹنا بٹنا

تحصیلنا - ا - فعل متعدی دیکھو تحصیل کرنا)

تحفجات - ف - اسم مذکر - تحائف - تحفہ کی جمع (فارسی
طریق پر عربی سے جمع بنائی ہے) +

تحفگی - ف - اسم مؤنث (۱) عمدگی - خوبی (۲) بہتری
بھلائی + فوقیت +

تحفگی نکلنا یا نکل پڑنا - فعل لازم (عوام) خوبی نکلنا - بھلائی
حاصل ہونا - فوقیت نکلنا جیسے تکرار میں کیا تحفگی نکلے گی

تحفہ - ع - اسم مذکر (۱) ارمغان - ہدیہ - سوغات - (۲) نذر -
پیشکش - بھینٹ - انعام (۳) صفت عجیب - انوکھا - طرفہ
(۴) صفت) عمدہ - بہتر - اچھا + نفیس - نادر +

تحفہ یا طرفہ معجون - ع - اسم مذکر (۱) انوکھا آدمی -
عجیب شخص (۲) خوش مسخرا - مسخرا - نقل محفل +
(آجکل طرفہ معجون زیادہ بولتے ہیں یہ جملہ اکثر طنزاً استعمال میں آتا ہے
یعنی عجیب قوام کا آدمی ہے) +

تحقیر - ع - اسم مؤنث - ذلیل سمجھنا - حقیر جاننا + ذلت
حقارت - بیقدری - بےحرمتی +

تحقیق - ع - اسم مؤنث (۱) راست - صحیح - درست -
ٹھیک - سچ (۲) تصدیق (۳) ثبوت (۴) مسلم - تسلیم کردہ شدہ
(۵) یقین - اعتبار (۶) چھان بین + تلاش - تجسس (۷)
کھوج - سراغ (۸) دریافت - پوچھ گچھ (۹) جانچ + شناخت
(۱۰) معتبر - پکی جیسے تحقیق خبر (۱۱) امتحان - تجربہ +

تحقیق کرنا - ا - فعل متعدی - دریافت کرنا - حقیقت
پوچھنا - کھوج لگانا - ثبوت پہنچانا - چھان بین کرنا - آزمائش
کرنا - تجربہ کرنا - امتحان میں لانا +

تحقیق ہونا - ا - فعل لازم - ثبوت کو پہنچنا + دریافت
ہونا + امتحان یا تجربہ میں آنا + پکی خبر لگنا + یقین ہونا +

تحقیقات - ع - اسم مؤنث - قانون - تحقیق کی جمع -
سراغ رسانی - جھوٹ سچ کا ثبوت - مقدمہ کی ابتدائی
کارروائی جس پر حکم لگنے کی بنا قایم ہو - قانونی تفتیش -
چھان بین - دریافت +

تحکم - ع - اسم مذکر - زبردستی کی حکومت + دعوی - غلبہ
زبردستی - زورآوری +

تحکم جتانا - ا - فعل متعدی - خواہ مخواہ حکومت جتانا -

زور آوری کرنا - زبردستی کرنا - دعوی سے کوئی کام لینا
اجارہ دکھانا - غلبہ ظاہر کرنا +
تحکم کرنا - ا - فعل متعدی - دیکھو (تحکم جتانا) +
تحلیل - ع - اسم مؤنث (۱) گداختگی + اجزا کا جدا ہونا -
ترکیب کے خلاف + گھلاوٹ (۲) ہاضمہ - پچاؤ +
تحلیل کرنا - ا - فعل متعدی (۱) پچانا - ہضم کرنا (۲) گھلانا
+ گلانا + پگھلانا (۳) حل کرنا - ایک جان کرنا (۴) کسی چیز
کو گھلا کر فنا کرنا (۵) دبلا کرنا - لاغر کرنا +
تحلیل ہونا - ا - فعل لازم (۱) پچنا - ہضم ہونا (۲) گھلنا
گلنا + پگھلنا (۳) اجزا کا جدا جدا ہونا (۴) حل ہونا - گھل جانا
فنا ہو جانا (۵) دبلا ہونا - لاغر ہونا (۶) مر جانا - تمام ہو جانا
دم نکل جانا +
تحمل - ع - اسم مذکر - برداشت - سہار - بردباری + صبر +
شکیبائی + حلیمی + غمخواری +
تحویل - ع - اسم مؤنث (۱) لوٹنا - پھرنا (۲) ودیعت -
سپردگی - حوالگی (۳) امانت - دھروڑ (۴) سرمایہ - خزانہ
جمع - پونجی (۵ - نجوم) داخل ہونا - کسی ستارے کا برج
میں آنا + کسی ستارے کا عمل ہونا (۶ - حساب) ایک
نام کی رقم کو دوسرے نام کی رقم میں لیجانا جیسے روپیوں
کے آنے یا آنوں کی پائیاں بنانا +
تحویلدار - ع + ف - اسم مذکر (۱) خزانچی - خوطہ دار
تحیر - ع - اسم مذکر - حیرت + اچرج - اچنبہ - تعجب
تخت - ف - اسم مذکر (۱) چوکی - سنگھاسن - سریر - اورنگ
دیہیم - بادشاہ کے بیٹھنے کی چوکی + گدی + مسند (۲) سلطنت
دار السلطنت - دار الخلافہ (۳ - پورب) کلاں - بڑا -
جیسے تخت گاؤں (۴ - ہو) پلنگ - چارپائی (کہاوت
میں آیا ہے) +

تخت بخت - ف - (دعا - عو) راج - سہاگ - سہاگ بھاگ
تخت پر بٹھانا - ا - فعل متعدی - تخت نشین کرنا -
عنان حکومت سپرد کرنا - بادشاہ بنانا +
تخت پر بیٹھنا - ا - فعل لازم - تخت نشین ہونا - حکومت
ہاتھ میں لینا - بادشاہ بننا (خاندان مغلیہ کے بادشاہوں کا دستور
تھا کہ جس وقت کوئی بادشاہ تخت پر بیٹھتا تو پہلے بادشاہ متوفی کے جنازہ
کو ٹھوکر لگا لیتا پھر یہ عمل میں آتی اور بعد تجہیز و تکفین کا بندوبست کیا جاتا)
تخت پوش - ف - اسم مذکر (۱) تخت کا غلاف + تخت
کی چادر + تخت کا فرش + مسند +
تخت چڑھنا - ا - فعل متعدی - عو - پلنگ پر جانا - چارپائی
پر چڑھنا + سونا - آرام کرنا جیسے چراغ میں بتی پڑی لاڈو
میری تخت چڑھی (ریختی بولتی ہیں) +
تخت چھوڑنا - ا - فعل متعدی - بادشاہی سے کنارہ کش ہونا
راج تیاگنا - سلطنت چھوڑنا +
تخت رواں - ف - اسم مذکر (۱) ہوادار - وہ تخت جس پر
بادشاہ سوار ہو کر نکلتا ہے (۲) وہ تخت جس پر شادیوں میں
لونڈے ناچتے ہوئے چلتے ہیں + (میر حسن)
ہزاروں تمامی کے تخت رواں
(۳) اڑن کھٹولا +
بس سلیمان کا جنازہ بنا
تخت سلیمان - ف - اسم
جس پر حضرت سلیمان علیہ السلام
کا نام جو مضافات کشمیر میں واقع
سلیمان کا تخت ٹھہرا تھا +
تخت سے اتارنا - ا - فعل متعدی
کرنا - سلطان روائی کے اختیار چھین
بے اختیار کرنا +

تختِ طاؤس - ف+ع (اسم مذکر (اُس تخت کا نام تھا جسے شاہ جہاں بادشاہ نے اپنے ایجاد سے چھ کروڑ روپیہ لگاکر بنوایا تھا اسکے اوپر ایک مُرصّع مور پنکھ پھیلائے ہوئے کھڑا تھا اِس تخت کو نادر شاہ ۱۱۵۱ ہجری میں ہندوستان سے لوٹ کر لیگیا) +

تخت کا تختہ ہونا - ا - فعل لازم - بادشاہی کا جاتا رہنا سلطنت کا تباہ ہو جانا +

تخت کی رات - ا - اسم مؤنث - عو - بیاہ کی رات شبِ زفاف - سُہاگ رات +

تختگاہ - ف - اسم مؤنث - مسکنِ شاہی - دارالخلافہ - دارالسلطنت - راجدھانی +

تخت نشینی - ف - اسم مؤنث - تختِ سلطنت پر بیٹھنا راج تلک - راج گدّی +

تختہ - ف - اسم مذکر (۱) پٹرا - لکڑی کا مسطح چوڑا چرا ہوا ٹکڑا - پارچۂ چوب (۲) لوح - پٹی تختی (۳) کاغذ کا تاؤ (۴) جہاز کی لکڑی کا ہر ایک ٹکڑا (۵) بینچ - چوکی - لمبی تپائی (۶) سطح چبوترا (۷) قطعۂ زمین - خطہ - زمین آباد و معمور (۸) وہ لکڑی کی تپائی جسپر مُردہ کو نہلاتے ہیں (۹) بورڈ - نوٹس بورڈ - اشتہار لگانے یا طلبا کو سکھانے کا مسطح لکڑی کا ٹکڑا (۱۰) چمن - کیاری - کھیت + چھوٹا سا باغ کا ٹکڑا (۱۱) تابوت - ارتھی کی ٹھٹری +

تختہ اُلٹنا - ا - فعل لازم - آباد جگہ کا تہ و بالا ہونا + شہر اُجڑنا +

تختہ بندی - ف - اسم مؤنث (۱) لکڑی کے تختوں کا فرش یا تختوں کی دیوار - خاتم بندی (۲) کیاریوں کا ترتیب اور خوش اسلوبی سے ہونا +

تختہ پُل - ... اسم مذکر - وہ پُل جو قلعہ کی خندق پر اندر ... قفلی ... زمین ... تختوں کا بنا دیتے ہیں - پُل کواڑ کی

وضع کا ہوتا ہے جب چاہیں اسکو اپنی طرف کھینچ لے سکتے ہیں

تختۂ تابوت - ف - اسم مذکر - ارتھی - وہ صندوق یا تختہ جسپر مُردہ کو لے جاتے ہیں +

تختہ تباہ ہونا - ا - فعل لازم (۱) آباد مقام کا برباد ہو جانا - اینٹ سے اینٹ بج جانا (۲) کیاری یا کھیت وغیرہ کا اُجڑ جانا +

تختۂ تعلیم یا مشق - ف - اسم مذکر (۱) وہ تختی جسپر لڑکے مشق کرتے ہیں - لکھنے کی پٹی - لوح (۲) وہ چیز جو بہت استعمال میں آوے (باضافت و بلا اضافت) +

تختۂ گردن - ف - اسم مذکر - سخت اور موٹی گردن کا گھوڑا جو لگام کے اشارہ کے ساتھ نہ مُڑ سکے +

تختۂ نرد - ف - اسم مذکر (۱) وہ تختہ جسپر نردیں رکھکر کھیلتے ہیں (۲) ایک قسم کا کھیل جو شطرنج کے جواب میں ایجاد ہوا تھا +

تختہ ہو جانا - ا - فعل لازم - اکڑ جانا - جکڑ جانا - سخت ہو جانا جیسے کمر تختہ ہو گئی +

تختی - ا - اسم مؤنث (۱) چھوٹا تختہ (۲) لوح - پٹی - تختۂ مشق (۳) تانبے چاندی عقیق یشب وغیرہ کا وہ نقوش یا دُعا کھدا ہوا ٹکڑا جو بچوں کے گلے میں نظر گزر کے واسطے ڈال دیتے ہیں (۴ - عو) سینہ - چھاتی (سانگین)

تختی تری اگر بھلی ہے + تو سانچے میں چھب مری ڈھلی ہے

(۵ - عو) چھب - وضع و انداز جسم - جامہ زیبی (۶ - کبوتر باز) کبوتر کے جوڑے سینے پر بھی اسکا اطلاق ہوتا ہے (یہ لفظ فارسی زبان میں نہیں پایا جاتا ہے عوام اسکو تقطیع کے موقع پر بھی استعمال کرتے ہیں

تخریب - ع - اسم مؤنث - خرابی - ویرانی - تباہی - بربادی - ابتری + بیخ کنی - قلع قمع +

تخصیص - ع - اسم مؤنث - خصوصیت +

تخفیف - ع - اسم مؤنث (۱) کمی - گھٹتی - اختصار - ضعف کرنا

بوجھ اتارنا - ہلکا کرنا + کمی خرچ (۲) افاقہ - آرام - شدت کے
خلاف - خفت +

تخفیف کرنا - ا - فعل متعدی (۱) کمی کرنا - گھٹانا - خرچ
کم کرنا - نوکر کم کرنا + توڑنا - موقوف کرنا +

تخفیف میں آنا - ا - فعل لازم - کمی میں آنا - برخاستگی
میں آنا - ابولش میں آنا - ٹوٹ جانا جیسے کسی محکمہ کا تخفیف
میں آنا +

تخلص - ع - اسم مذکر (۱) چھٹکارا - بچاؤ (۲) شاعر کا وہ مختصر
اور فرضی نام جو شعر میں ڈالا جاتا ہے +

تخلیہ - ع - اسم مذکر - خلوت - تنہائی - ایکانت - علیحدگی

تخم - ف - اسم مذکر (۱) دیکھو (بیج نمبر ۱ - ۲ - ۳) +
(۲) بیضہ - انڈا - خایہ (۳) گٹھلی (۴) اولاد - نسل +

تخم بالنگا - یا - بالنگو - ا - اسم مذکر - تکسی کا بیج (انہنٹلی
بوٹ) ایک قسم کے بیج ہیں جو پانی میں ڈالنے سے بہت
پھول جاتے ہیں +

تخم بد - ف - صفت - بداصل - بدذات - حرامی +

تخم تاثیر صحبت کا اثر - ا - (مثل) نطفہ اور صحبت اثر کیے
بغیر نہیں رہتے +

تخم ریحاں - ف + ع - نازبو کے بیج - جیسے جو میں حکم
تبسیکے میں پاس +

تخم ریزی - ف - اسم مؤنث - بیج بونا - بوائی - بوارا -
تخم افشانی - دانہ افشانی +

تخم کتاں - ف - اسم مذکر - السی کا بیج (بعض لوگوں نے
سن کے بیج کو بھی لکھا ہے) +

تخمہ - ع - اسم مذکر - ایک قسم کی قے جو بدہضمی یا فسادِ غذا سے ہو جاتی
ہے - اسمیں اور ہیضہ میں یہ فرق ہے کہ ہیضہ اخلاط میں فساد کر
ہوتا ہے اور تخمہ غذا کے فساد سے + بدہضمی +

تخمہ نکلنا - ا - فعل لازم (کبوتر باز) کبوتر کے جسم پر مستوں
کا نکلنا - کبوتر کے پھنسیاں سی ہو جانا +

تخمیناً - ع - تابع فعل (۱) اندازاً - اندازے سے - قیاس سے
اٹکل سے (۲) قریب قریب - تقریباً - کم و بیش +

تخمینہ - ع - اسم مذکر - اندازہ - تکڈمہ +

تخویف - ع - اسم مؤنث - خوف دلانا - ڈر - دھمکی +

تخویفِ مجرمانہ - ع + ف - تابع فعل (قانون) ناجائز
دھمکی - بدنیتی سے دھمکانا +

(متروک)
تد - ہ - تابع فعل (پرانی ہندی) تب - اسوقت - بعدازاں

تدارک - ع - اسم مذکر (۱) لغوی معنی گذشتہ چیز کا پانا
تلافی - پاداش - بدلہ - سزا - مکافات (۲) دادرسی (۳ - ۴)
تدبیر - بندوبست - انتظام + پیش بندی - انسداد +

تدارک کرنا - ا - فعل متعدی (۱) سزا دینا - تلافی کرنا (۲)
تیاری کرنا - بندوبست کرنا - انتظام کرنا - تدبیر کرنا +

تدبیر - ع - اسم مذکر (۱) کسی کام کی ابتدا و انتہا سوچنا (۲) اپائے
علاج - چارہ - درمان (۳) خیال - منصوبہ - فکر و اندیشہ
غور و تامل - سوچ بچار (۴) کوشش - جتن (۵) تجویز -
بندوبست +

تدریج - ع - تابع فعل - درجہ بدرجہ - تھوڑا تھوڑا - آہستہ آہستہ

تدریس - ع - اسم مؤنث - درس دینا - تعلیم - پڑھائی +

تدھارا - ہ - اسم مذکر (۱) تین دھاروں کا ملاپ + وہ
جگہ جہاں تین دریا ملے ہوں + (۲) ایک قسم کا تھوہر جسکی
تین تین شاخیں ہوتی ہیں +

تذبذب - ع - اسم مذکر - دھکڑ پکڑ - دبدھا - شک و شبہ
دودلہ ہونا - متردد ہونا +

تذکرہ - ع - اسم مذکر (۱) ذکر - یاد - یادداشت - بیان
یادگار (۲) چرچا - افواہ - سلسلے [illegible] حالات + سرگزشت +

+ سوانح عمری + وہ کتاب جس میں شعرا کا حال لکھا جاتا ہے

تذکیر۔ ع۔ اسم مؤنث۔ مذکر ہونا۔ نرپن۔ نرپنا۔ مردانیت مردیت +

تر۔ ٨۔ اسم مذکر۔ ترا۔ وہ لکڑی جس پر جولاہے کپڑا بنکر لپیٹتے جاتے ہیں + وہ بیلن جس پر گوٹہ کناری بن بنکر لپیٹیں (فارسی میں اسے نور کہتے ہیں اور عربی میں منوال) +

تر۔ ف۔ صفت (۱) نم۔ گیلا۔ بھیگا ہوا (۲-ف) تازہ۔ نیا نرت کا سبز (۳-ف) ہرا۔ رسیلا۔ رسدار (۴-ف) نرم۔ ملایم۔ کومل (۵-ف) ڈھیلا۔ کشادہ۔ فراخ۔ کھلا ہوا جیسے تر آستین اور ترجوتا وغیرہ (۶-ف) زیادہ۔ افزوں۔ اور بڑھا ہوا (۷-ف) چکنا۔ مرغن جیسے ترمال (۸-ف) دولتمند مالدار۔ خوشحال (۹) آلودہ۔ لتھڑا ہوا جیسے تردامن (۱۰) علامت تفضیل بعض جیسے خوبتر۔ بدتر۔ بہتر وغیرہ (۱۱-ف) صاف۔ آبدار۔ پاکیزہ (۱۲-ف) خوش۔ عمدہ جیسے تر زبان +

تربتر۔ ف۔ صفت (۱) شوربور۔ شرابور (۲) ترا تا۔ گھی ٹپکتا ہوا۔ چک بچک۔ مرغن +

تروتازہ۔ ف۔ صفت (۱) نرت کا اترا۔ ڈال کا ٹوٹا وہ پھل جو ابھی اترا ہو (۲) بارونق + آبدار + سرخ وسفید (۳) سرسبز و شاداب۔ ہرا بھرا +

ترا۔ ٨۔ اسم مذکر۔ ایک قسم کے تخم کا نام جو سرسوں کی مانند ہوتا ہے اور اس میں سے تیل نکلتا ہے +

ترارا۔ ٨۔ اسم مذکر (۱) گھوڑے کی جست۔ زغند۔ کلانچ چھلانگ (آتش)

شباب ہے گو آج ہم ان نے سواروں ہیں
ہر منزل طے کریگا دو تراروں میں +

(۲) تیزی (۳-گنوار) پھرتی (۳-گنوار) ڈینگ۔ شیخی

(۴-پورب) نشہ۔ سرور۔ ترنگ +

ترارا بھرنا۔ ٨۔ فعل لازم (۱) زغند مارنا۔ کلانچیں بھرنا تیز دوڑنا۔ سرپٹ جانا۔ ڈلکی چلنا۔ چھلانگیں مارنا (۲) فراٹے بھرنا۔ نہایت مشتاق ہونا۔ کسی کام میں اڑنا۔ دوڑنا۔ جلدی جلدی کوئی کام کرنا +

ترارا مارنا۔ ٨۔ فعل لازم (گنوار) ڈینگ مارنا۔ شیخی بگھارنا

ترازو۔ ف۔ اسم مؤنث (۱) کھڑی۔ تک۔ میزان۔ وزن کرنے کا آلہ۔ مقیاس۔ تولنے کا آلہ (۲) برج میزان۔ تلا راس +

ترازو ہو جانا۔ ٨۔ فعل لازم (۱) نصف تیر کا نشانہ سے پار گزر کر لٹکا رہنا۔ تیر کا آرپار ہو کر نکل جانا۔ آدھا تیر ادھر آدھا تیر ادھر ہو جانا (۲) دو لشکروں کا تعداد میں برابر ہو جانا کہ ایک دوسرے پر غلبہ نہ کر سکے

تراس۔ ع۔ اسم مؤنث (۱) پیاس۔ تشنگی۔ عطش (۲-مذکر) خوف۔ بھے +

تراسی۔ ٨۔ صفت۔ تین اوپر اسی۔ ہشتاد و سہ۔ ثلثۃ و ثمانون ۸۳

تراش۔ ف۔ اسم مؤنث (۱) کاٹ۔ قطع و برید۔ کاٹ چھانٹ۔ کتر بیونت (۲) کاٹنے کا ڈھنگ۔ تراشنے کا انداز (۳) اختراع۔ ایجاد (۴) قطع۔ وضع۔ طرز۔ ڈھنگ طریق۔ انداز + آرایش۔ آراستگی + بناؤ سنگار

(رشک)
پاؤں تو خوشتر ہوں دست صنم تراش
سب سے علیحدہ ہے تری ای صنم تراش

(۵) طاس یا گنجفہ کے پتوں میں کا وہ پتا جو تراشنے کے بعد حاصل ہو +

تراش وخراش۔ ف۔ اسم مؤنث۔ قطع و برید + وضع و طریق + طرز و انداز + بناؤ سنگار۔ زیب و زینت +

تراشنا۔ ٨۔ فعل متعدی (۱) کاٹنا۔ کترنا + چھانٹنا۔ چھیلنا قطع کرنا۔ قلم کرنا + کاٹ کر مورت گھڑنا + ٹانکی لگانا۔ قاش اڑانا

ترتیب کرنا - ؤ - فعل متعدی (۱) پالنا - پرورش کرنا (۲) تعلیم کرنا - سکھانا - سدھانا - تادیب کرنا (۳) تنبیہ مارنا گوشمالی کرنا - کان اینٹھنا + ادب دینا +

ترِبیدی - ٥ - اسم مذکر (ہندو) تین وید کا جاننے والا + برہمنوں کی ایک قوم +

ترِبینی - س - اسم مؤنث (ہندو) ۱ - وہ جگہ جہاں تین دریا ملیں مگر محاورہ میں الہ آباد کا وہ مقام جس جگہ پر دریائے گنگ جمن اور سرستی کا اتصال ہوا ہے (ناسخ)

تین تربینی تو دو آنکھیں مری + اب الہ آباد بھی پنجاب ہے

(سرستی کی نسبت صاحبان ہنود کا خیال ہے کہ وہ یہاں زمین کے نیچے مخفی بہتی ہے) +

ٹرُپ - انگلش Troop اسم مذکر - آسی سواروں کی جماعت - رسالہ کا آٹھواں حصہ +

ترپال - انگلش - Tarpau-[lin] اسم مذکر - رال چڑھایا ہوا ٹاٹ

ترُپائی - ا - اسم مؤنث - گڑھیاون - تیپچی یا بخیہ کے اوپر کی سیون +

ترُپائی کرنا - ا - فعل متعدی - گڑھیانا - تیپچی یا بخیہ کے اوپر سلائی کرنا +

ترپن - س - اسم مذکر (ہندو) پتروں کو جل دینا

ترُپن - ا - اسم مؤنث ایک قسم کی سلائی جو اکثر کنارہ کوریں دبانے کے واسطے سی جاتی ہے - بخیہ کے خلاف گڑھیاون +

ترپن یا تارپین - ا - اسم مذکر - گندہ برزہ کا تیل جو چیڑ (صنوبر) کے درخت سے نکلتا ہے + (انگریزی میں تار Tar گندہ بروزہ کو اور پائین Pine درخت صنوبر یعنی چیڑ کو کہتے ہیں) +

ترُپنا - ٥ - فعل متعدی - ترپائی کرنا - دبا کر سینا - گڑھیانا سیون پر ایک اور سلائی کرنا + کپڑے کے سرے کو الٹ کر سینا +

ترُپولیا - ٥ - اسم مذکر - سہ درہ - وہ مقام جہاں ایک سمت میں برابر تین دروازے ہوں - وہ سہ درہ پھاٹک جو بادشاہوں اور راجاؤں کی سواری کا جلوس آسانی نکل جانے کی غرض سے محل کے سامنے یا بیچ بازار یا شہر پناہ میں بنا دیا جاتا ہے

ترپھلا - ٥ - اسم مذکر (۱) ہڑیلہ بہڑیلہ آملہ - ہڑ، بہیڑا آنولہ (۲ - صفت میں) تین پھل کا چاکو (۳ - بازاری) فحش مقام پر بھی استعمال کرتے ہیں +

ترُت - ٥ - تابع فعل - فی الفور - فوراً - جلد + ابھی - اسی وقت اسی گھڑی (پورب میں ترنت) +

ترُت پھرت - ٥ - تابع فعل - بہت جلد اور پھرتی سے کمال سرعت کے ساتھ - فوراً (ف - فرت فرت) ۲ - اسم مؤنث - پھرتی - چالاکی - طراری +

ترُترا - ا - صفت - عو - طرار فرار - تیز - چست - چالاک + شوخ طبع + ہوشیار - چپل - چرب زبان - بہت باتیں بنانے والا +

ترتراتا - ا - صفت - تربتر - گھی میں ڈوبا ہوا - چرب - حک بحک +

ترُتریا - ا - صفت - عو - طرار - تیز - چالاک (۲) لسان - چرب زبان - جلد جلد باتیں کرنیوالا - جلد باز - بے چین طبیعت کا

ترتیب - ع - اسم مؤنث - اپنی اپنی مرتبے سے رکھنا - درجہ بدرجہ ٹھیک رکھنا + آراستگی + درستی - انتظام - ڈھنگ صف بندی - تسلسل +

ترتیب ہجی - ع - اسم مؤنث - حروف ہجی کا سلسلہ الف بے تے کے قاعدہ پر درجہ وار حروف ہجی کے قرینہ

کے مُوافق +

ترتیب سے - ا - تابع فعل - قرینہ سے - قاعدہ سے - ڈھنگ سے - مَوقع بموقع - درجہ بدرجہ - سلسلہ وار -

ترتیب دینا - یا - کرنا - ا - فعل مُتعدّی - ربط دینا - سلسلہ وار رکھنا - سجانا - ٹھکانے سے چُننا - قطار جمانا

ترتیب وار - ع + ف - تابع فعل - سلسلہ دار - قاعدہ سے - باقاعدہ - قرینہ باقرینہ - مَوقع بمَوقع - باضابطہ درجہ بدرجہ +

تَرجُمان - ع - اسم مذکّر - مُترجم - ایک زبان سے دُوسری زبان میں بتلانے والا + شارح + مُعبّر - دوبھاشیا - مُفسّر ٹیکا کرنے والا +

تَرجَمہ - ع - اسم مذکّر - ایک زبان سے دُوسری زبان میں بیان کیا ہوا - اُلتھا +

تَرجِیح - ع - اسم مؤنّث - غلبہ - افزُونی + فوقیت - بہتری - برتری - فضیلت +

ترجیح دینا - ا - فعل مُتعدّی - فوقیت دینا - فَوق دینا غلبہ دینا + فضیلت دینا +

ترجیح رکھنا - ا - فعل مُتعدّی - فوقیت رکھنا - فضیلت رکھنا - شرف رکھنا +

تَرجِیع - ع - اسم مؤنّث (۱) پھیرنا + بازگشت - رجعت (۲) ستاروں کا اپنی حرکت اکثری یعنی مغرب سے مشرق کی طرف جانے میں رجعت کرنا (نجوم) +

ترجیع بند - ع + ف - اسم مذکّر (لغوی معنی بند کو پھر بیان کرنا اصطلاح عرُوض میں جب شاعر چند ایسے بند جو بحر میں مُوافق اور قافیہ میں مُختلف ہوں بیان کرتا اور ہر ایک بند کے بعد ایک اُسی وزن اور مُختلف قافیہ کی مُعیّن بیت اسطرح بار بار لاتا ہے کہ یہ بیت ہر بند کی بیتِ آخر کے مضمون سے مربُوط ہوتا ہے ترجیع بند کہتے ہیں

تِرچھا - ہ - صفت (۱) ٹیڑھا - بانکا - آڑا - بینڈا - مُحرّف - کج (۲) ایک قسم کا ریشمی کپڑا جسکا اکثر استر لگایا جاتا ہے

تِرچھی نظر - یا - نِگاہ - ا - تابع فعل - نظرِ قہر - نگاہِ غضب - چشمِ خشم آلُود (۲) نگاہِ ناز - معشُوقانہ انداز سے دیکھنا - کن انکھیوں سے دیکھنا - نیم نگاہ +

تَرَحُّم - ع - اسم مذکّر - رحم - دیا - کرپا - مہربانی - ترس - خوفِ خُدا

تَرخِیم - ع - اسم مؤنّث - لُغوی معنی دُم کاٹنا اصطلاح نحو میں کسی کلمہ کے اخیر سے کسی حرف یا جُزِ لفظ کو دُور کرنا جیسے مانند سے ماں اور گوزن سے گوز وغیرہ +

تَرَدُّد - ع - اسم مذکّر (۱) آمد و رفت (۲) سوچ - فکر - تشویش - اندیشہ - تذبذب + پس و پیش - اُدھیڑ بُن (۳ - ا) زراعت - کِشتکاری +

تَردِید - ع - اسم مؤنّث - رد کرنا - کاٹنا - منسُوخ کرنا - منسُوخی - کسی بات کا جواب دینا +

تَرس - ف - اسم مذکّر - ڈر - خَوف - دہشت - بیم - بھو +

تَرَس - ہ - اسم مذکّر (۱) ترحّم - رحم - دَیا (۲) درد + خوفِ خُدا (۳) ترسنا سے امر کا صیغہ - للچا - مُشتاق رہ +

ترس آنا - ہ - فعل لازم - رحم آنا - درد آنا - دِل دُکھنا - دِل کُڑھنا + خُدا کا خَوف آنا +

ترس کھانا - ہ - فعل مُتعدّی - رحم کرنا - دیا کرنا - کُڑھنا - درد کرنا +

تَرسا - رُومی - اسم مذکّر - لغوی معنی خائف اور وہی اصطلاحی نصرانی - آتش پرست (چونکہ یہ لوگ عمُوماً خوبصُورت ہوتے ہیں اور نیز اہلِ اسلام کے عقائد کے مُوافق کافر ہیں اسوجہ سے شُعرا اکثر معشوق کو اس نام و صفت سے تعبیر کیا کرتے ہیں) +

تَرسا تَرسا کر دینا - ہ - فعل مُتعدّی - شوق دلا دلا کر دینا - خواہش سے کم دینا - کم کم دینا +

ترسا ترسا کر مارنا - ہ - فعل متعدی (ع و) ۱- پھڑکا پھڑکا کر مارنا - ایک دفعہ ہی کام تمام نکرنا اور بار بار تکلیف دیکر جان لینا (۲) کسی چیز کو خواہش کے مُوافق نہ دیکر رنج دینا - ڈہکا ڈہکا کر جلانا یا رشک دلاکر رنج دینا - للچا للچا کر نہ دینا +

ترسان - ف - اسم حالیہ - ڈرتا ہوا - خوف سے کانپتا ہوا + خائف - خوف زدہ +

ترسانا - ہ - فعل متعدی - للچانا - خواہش دلانا + اُمید دلاکر محروم رکھنا + جھوٹی اُمید دلانا + ڈہکانا شوق میں مارنا (رشک)

نہ بوسہ دینا آتا ہے نہ دل بہلانا آتا ہے
تجھے اے کافر ترسا فقط ترسانا آتا ہے

(۲) پھڑکانا - مُشتاق کرنا - آرزو میں رکھنا - بلکانا - جیسے پانی تک کو ترسا رکھا ہے (۳) خواہش سے کم دینا - ضرورت کے مُوافق نہ دینا (اصل میں اسکے معنی پیاسا مارنا ہے کیونکہ اسکا مادہ तृष ترس ہے)

ترسنا - ہ - فعل لازم (۱) خواہش مند ہونا - کسی چیز کا بھوکا ہونا (۲) ندیدہ ہونا (۳) ایسی چیز کی اُمید باندھنا جو ہاتھ نہ آسکے (۴) کمال مُشتاق رہنا - آرزو میں ہونا - اشتیاق میں رہنا - پھڑکنا + (شہیدی)

اُنہیں گوکہ بارھواں سال ہے دلے مجھسے یہ ہی مقال ہے
ابھی تو ترس ابھی تو ترس ابھی تو ترس ابھی تو ترس

(۵) مُحتاج ہونا - تنگ ہونا - جیسے کوڑی کوڑی کو ترستا ہے

ترسول - ہ - اسم مذکر - ہندو (ترِ تین + سول کانٹا) وہ لوہے کا سہ شاخہ جو اکثر دیوی کے بھون پر کھڑا رہتا ہے مہادیو کا ہتیار + سہ شاخہ تیر یا بھالا جو پھینک کر مارا جاے +

ترسیل - ع - اسم مؤنث - روانگی - ابلاغ - ارسال +

تُرش - ف - صفت (۱) کھٹا - حامض (۲) ناخوش ناراض + بیدماغ + سخت +

ترش رو - ف - اسم مذکر (۱) ناخوش - ناراض - بیدماغ + مکدر - منغص (۲) بدمزاج - بددماغ - زودرنج - چڑچڑا - نک چڑھا +

ترش روئی - ف - اسم مؤنث (۱) بدمزاجی - بددماغی چڑچڑاپن (۲) سختی - سخت گیری +

ترشاجانا - ہ - فعل لازم - کھٹا ہوجانا - کھٹاس آجانا

ترشائی - ہ - اسم مؤنث - عوام - کھٹاس - کھٹائی - حموضت +

ترشح - ع - اسم مؤنث (۱) تقاطر - بوند اباندی - قطرہ فشانی ٹپکنا - چھلکنا (۲ - ا) ظاہر - عیاں +

ترشح ہونا - ہ - فعل لازم ٹپکنا - ظاہر ہونا - پایا جانا جیسے اُنکے کلام سے خفگی ترشح ہوتی ہے +

ترِشنا - س - तृष्णा - اسم مؤنث (۱) پیاس - عطش - تشنگی (۲) لالچ - لوبھ - طمع (۳) خواہش چاہ - لابھ +

ترشنا - ہ - فعل لازم - چاقو یا چھری وغیرہ سے کٹنا - قلم بننا

ترشوانا - ہ - ترشنا کا متعدی المتعدی - کٹوانا - قلم کروانا

ترشی - ف - اسم مؤنث (۱) کھٹائی - کھٹاس - حموضت (۲) ناراضگی - ناخوشی + بدمزگی +

ترصد - ع - اسم مذکر - آس - اُمید +

ترغیب - ع - اسم مؤنث - رغبت دلانا - لالچ دلانا + خواہش - تحریص + شوق - فریفتگی + اغوا - بہکاوٹ پھسلاوٹ +

ترغیب دینا - ہ - فعل متعدی - لالچ دینا - رغبت دلانا

شوق دلانا + بہکانا - پھسلانا - ورغلانا - اغوا کرنا - اشتعالک دینا - دم دینا - فریب دینا +

ترفان - و - اسم مذکر - ایک کھونٹا لمبا سوہان ہوتا ہے جس سے بندوق کی نال کو کاریگر تیار کرنے کے بعد اندر سے صاف کیا کرتا ہے (اسکا مادہ طرف تھا شاید اول میں طرفین ہوگا)

ترقی - ع - اسم مؤنث (۱) لغوی معنی اوپر چڑھنا - بلندی برتری (۲) افزایش - افزونی + زیادتی - اضافہ - بڑھوتری

ترقی پانا - و - فعل لازم - عہدہ بڑھنا + درجہ بڑھنا نمبر بڑھنا + جماعت چڑھنا +

ترقی دینا - و - فعل متعدی (۱) تنخواہ یا درجہ بڑھانا (۲) جماعت چڑھانا - نمبر آگے کرنا +

ترقیم - ع - اسم مؤنث - رقم لکھنا + تحریر - لکھت - نوشت

ترک - ف - اسم مذکر (۱) یافث بن نوح کے ایک بیٹے کا نام جس سے ترکوں کا سلسلہ چلا (۲) باشندگان ترکستان مسلمانوں کی وہ قوم جو تاتار خاص میں آباد ہے (۳) معشوق (۴) سپاہی (۵ - و) گیتوں میں اور بہ کا ذکر میں مسلمانوں کو ترک کے نام سے موسوم کرتے ہیں اس صورت میں بفتح رائے مہملہ مستعمل ہے جیسے ترکوانے دینی موہے گاری رام +

ترک سوار - و - اسم مذکر - وہ ہندوستانی سوار جنہیں ایام غدر سے پیشتر سرتاپا انگریزی پوشاک پہنائی جاتی تھی اور گھوڑی سی لگاکر تمام سامان سرکار سے ملا کرتا تھا چونکہ ترکوں کی پوشاک بھی ایسی ہی تھی شاید سو وجہ سے یہ نام رکھا گیا

ترک - ع - اسم مذکر - (۱) چھوڑنا - واگزاشت - درگزر - فروگزاشت - تیاگ - دست برداری (۲ - و) بھول - سہو چوک (۳ - اسم مؤنث) وہ کلمہ یا لفظ جو صفحہ تمام ہو جانے کے بعد جدول سے باہر صفحے کے اخیر کونے پر صفحہ آئندہ کے شروع عبارت میں سے لکھ دیتے ہیں یہ ہندسہ کی جگہ کام دیتا ہے - پاورق - خارجہ - رکاب (راہیلہ)

بہر تسکین دیکھتا ہوں ہجر میں جب میں کتاب
ترک ایک اک جزو کی دو دو پہر ملتی نہیں

ترک ادب - ع - اسم مذکر (۱) بے قاعدگی - بے ادبی گستاخی - بدتہذیبی (۲) مبادرت - جرأت +

ترک دنیا - ع - تابع فعل - دنیاداری اور عیش و عشرت وغیرہ سے باز آنا - قطع تعلق - توبہ کرنا +

ترک وطن - ع - تابع فعل - مہاجرت - ہجرت کرنا - اپنا دیس چھوڑنا +

ترکاری - و - اسم مؤنث (۱) بھاجی - ترہ - ساگ پات بقلہ - سبزی جیسے سویا - میتھی - گاجر - مولی - اروی وغیرہ (۲) پھل - پھلیاری - میوہ ہائے سبز جیسے آم - امرود - کیلا - خربزہ وغیرہ (۳ - ہندو) گوشت - لحم - ماس

ترکٹا - و - اسم مذکر - سونٹھ - پیپل - مرچ کا سفوف جو بید لوگ ہاضمہ وغیرہ کے لیے بتاتے ہیں +

ترکش - ف - اسم مذکر - تیردان - تیر رکھنے کا نلوا - تون - (دراصل میں تیرکش تھا یعنی وہ جگہ جہاں سے تیر نکالکر کمان میں کھیں جیسے ترکش میں دو تیر نہیں پر ضرا شرمی اڑتے ہیں) +

ترکن - و - اسم مؤنث (۱) ترک کی بیوی (۲) قوم ترک کی عورت (۳) سپاہی کی جورو (۴) گنوار مسلمانی +

ترکنی - و - اسم مؤنث - سپاہی عورت - وہ عورت جو بادشاہوں کے محل میں چوکی پہرہ دیا کرتی ہے - قلماقن +

ترکہ - ع - اسم مذکر - مال - میراث - ورثہ - مال و متاع مردہ متوفی کی جائداد (اردو میں بسکون رای مہملہ مستعمل ہے)

ترکہ بٹنا - و - فعل لازم - متوفی کی چیز بست اور جائداد و مال و اسباب وغیرہ کا حقداروں کو تقسیم ہونا +

ترکھا - و - اسم مؤنث (ہندو) پیاس - اتس - تراس -

عطش۔ تشنگی۔ (۲) خواہش۔ اِچھا۔ ضرورت

تُرکی۔ ف۔ اسم مؤنث (۱) ترکستان کی زبان۔ ترکوں کی بولی (۲) ترکستان کے کھیت کا گھوڑا۔ ایک قسم کا گھوڑا (۳۔ صفت) معشوقیت۔ سپاہی پن۔ مردانگی مراداً غرور و نخوت (۴) ترکستانی باشندہ۔ باشندۂ ترکستان یا روم واقع یورپ +

تُرکی تمام ہونا۔ ہ۔ فعل لازم (۱) گھمنڈ جاتا رہنا۔ غرور ڈھینا۔ گھمنڈ نکلنا (۲) خاتمہ ہونا۔ کچھ باقی نہ رہنا ہو چکنا (۴) ساری بہادری و سپاہگری نکل جانا۔

اے ترک تو بھی اب نہ کریگا کسیکو قتل
(اسیر) میں کیا تمام ہوں تری ترکی تمام ہے

ترکیب۔ ع۔ اسم مؤنث (۱) مرکب کرنا۔ کئی چیزوں کو ملا کر بنانا (۲) بناوٹ۔ ساخت + تناسب (۳) ارکان ڈھب۔ طور۔ ڈھنگ۔ ڈول + کسی چیز کے بنانے یا تیار کرنے کا کوئی خاص طریقہ (۴۔ عوام) تدبیر۔ اُپاے علاج۔ (۵۔ قواعد) انوے۔ پدچھیدن۔ اشلوک کے پدونکا۔ سمبندھ ملانا۔ نحو میں جملہ کے ہر لفظ یعنی اسم ضمایر فعل فاعل مفعول و متعلقات کو ملا کر بتانا +

ترکیب بند۔ ع + ف۔ اسم مذکر۔ ترجیع بند اور ترکیب بند میں صرف اتنا فرق ہے کہ اُسمیں ایک معین بیت کو ہر بند کے بعد لاتے ہیں اور اسمیں ہر بند کی جدا لگا نہ گرہ ہوتی ہے

ترکیب دینا۔ ہ۔ فعل متعدی۔ ملانا۔ بنانا + مختلف ادویات کو ملا کر ایک خاص مزاج پیدا کرنا +

ترکیب کرنا۔ ہ۔ فعل متعدی (۱) مرکب کرنا۔ ملانا۔ (۲۔ عوام) تدبیر کرنا۔ صورت نکالنا۔ تجویز کرنا (۳۔ قواعد) نحوی کے موافق جملے کے ٹکڑے کرکے اُسکے متعلقات کو بتانا +

تِرلوکی۔ س۔ اسم مذکر۔ ہندو۔ دیکھو (تربھون) +

تُرَم۔ انگلش Trumpet ٹرمپٹ۔ بگل۔ تُرئی (دو منہ سے بجانے کا آلہ جس سے فوج میں قواعد کا حکم سنایا جاتا ہے لڑائی کے موقع پر اس سے بہت کام نکلتا ہے)۔ دھوتو

تُرمتی۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ ایک قسم کا شکاری پرند مثل بحری و بازا و شکرا وغیرہ (ترکی میں ترمتا تھا)

تِرمِرا۔ ہ۔ اسم مذکر (از تیل + ملنا) ۱۔ دُہنیت یا چکنائی کے دھبے جو پانی یا شوربہ پر آجاتے ہیں۔ روغن کا تار (۲) کمزوری یا صدمۂ دماغی کے باعث جو آنکھ کے آگے تارے سے آجاتے ہیں اُنکو بھی ترمرے کہتے ہیں (یہ لفظ اکثر جمع کے ساتھ مستعمل ہے)

ترمیم۔ ع۔ اسم مؤنث (۱) درستی۔ اصلاح (۲۔ قانون) تبدل و تغیر۔ نظر ثانی +

تِرنا۔ ہ۔ فعل لازم (۱) کسی چیز کا پانی پر تیرنا (۲) اُبھرنا۔ اوپر آنا + ظاہر ہونا (نظیر)

جو ڈوبی حسرتیں تھیں ملیں سب اسدم لگیں ترنے
مزے عیش و طرب لذت لگے یوں تو نکر گرنے

(۳) مشہور و نامور ہونا۔ ادنے مرتبہ سے اعلیٰ مرتبہ پر پہنچنا

ہزاروں آشنائے عشق نام اور ہیں عالم میں
(ص) بہت سے ترگئے ڈوبے ہوئے دریائے اُلفت کے

(۴) مراد کو پہنچنا۔ کامیاب ہونا۔ مراد حاصل ہونا (۵) نجات پانا۔ مکت ہونا (رشک)

بحر ہستی سے کنارہ کرنے میں ترجائینگے
اے اجل ڈوبے ہو دُنکے آشنائی خوب ہے

(۶) گزرنا۔ عبور کرنا۔ پار ہونا +

تُرنج۔ ف۔ اسم مذکر (عربی۔ اُترج) چکوترا۔ کدر پھل بجورا ایک قسم کا بڑا نیبو جسکو کھٹے اور نارنگترے میں پیوند لگا کر پیدا

کیا ہے (۲) وہ پان کی شکل کے کارچوبی کام کے ٹکڑے
جو اکثر مونڈھوں اور پشت پر انگرکھوں اور قباؤں اور شال میں
چار کونوں پر لگا دیتے ہیں +

ترنجبین - ف - اسم مؤنث (۱) ایک قسم کی شکر ہے جو
اکثر درخت خار (اونٹ کٹارا) کے کانٹوں پر شبنم کی
طرح خراسان میں گر کر جم جاتی ہے مسہل میں اکثر کام
آتی ہے (۲) افشردہ لیموں جسمیں کھانڈ ڈال کر پیتے ہیں

ترنگ - ف - اسم مؤنث (۱) صدا - کمان کے چلّہ کی آواز
جو تیر چلاتے وقت صادر ہوتی ہے کبھی ساز بجاتے وقت
تار کی آواز (لفظ جل ترنگ اسی سے مرکب ہے) ۲- انگیز - جست

ترنگ - ہ - اسم مؤنث (۱) لہر - موج - ہلپا - ہلکورا (۲) لگ
+ اُمنگ - اُچنگ - جوش طبع (۳) خیال - تصور - دھیان

کچھ آئی جو اس مہ کے جی میں ترنگ
(میر حسن) کہا آج کوٹھے پہ بچھے پلنگ

(۴) وہم - خام خیالی - تلون مزاجی + لاف و گزاف -
تعلّی - دُون کی لینی + (ناسخ)

توڑے ملک سے شیشہ و ساغر جو ساقیا
یہ بھی اک اپنے نشہ مے کی ترنگ ہے +

(عوام بہ راء مشددہ ترنگ زیادہ بولتے ہیں) +

ترنگ - ہ - اسم مذکر رس - تُرگ - ف - گرنگ (گھوڑا
تازی مُحَ - اسپ جیسے جُت جُت مرے بیل بیٹھا کھائے ترنگ

تروٹ - ہ - اسم مؤنث - ایک قسم کا گانا - ایک طرح کا
راگ مثل ترانہ +

ترودشی - ہ - اسم مؤنث (ترے + دش) چاند کی تیرھویں
تاریخ - تیرس (سنسکرت میں تریودشی ہے) +

ترور - ہ - اسم مذکر - درخت - پیڑ - رُوکھ - برِدا +

ترہ تیزک - ف - اسم مذکر - ہالم کا ساگ - جند سور -

ایک قسم کے ساگ کا نام جسکی چٹنی بنتی ہے +

تری - ہ - صفت - تین + طاس کا وہ پتا جس پر تین نقش
ہوں - دُری کے آگے کا پتّا +

تری پھل - ہ - اسم مذکر - دیکھو (اطریفل) +

تری - ف - اسم مؤنث (۱) خشکی کے خلاف - سیل -
نمی - رطوبت (۲) بحر - سمندر جیسے تری کا سفر - تری کی
اصطلاحیں +

ترئی - ہ - اسم مؤنث (۱) ایک ترکاری کا نام جسے گنوار توری
کہتے ہیں (۲) سرنائے - بگل - تُرم - ایک قسم کی لمبی
نفیری جو ہندوؤں کی شادیوں میں بجتی ہے یا کبھی جنگ
میں بجا کرتی تھی +

ترئی کا سا پھول - ہ - اسم مذکر - عو (۱) ترئی کے زرد
پھول کی مانند جسکی زردی آنکھوں میں کھٹکتی ہے (۲)
آسانی سے زیادہ صرف ہو جانا - اسطرح روپیہ اٹھنا کہ
معلوم نہ دینا - جیسے ترئی کے سے پھول دس روپیہ
اٹھ گئے یعنی ہلکے سے +

تریا - ہ - اسم مؤنث - عورت - استری - لُگائی - نار -
ناری - مہرارُو +

تریا چلتر - ہ - اسم مذکر (صحیح تریا چرتر) عورتوں کی چال
عورتوں کے مکر و فریب - کیدِ زن - عورتوں کی چال باز
+ تریا کرتوت - تریا سبھاؤ جیسے تریا چلتر جانے نہ
کوئے خصم مار کے ستی ہوئے (مثل)

تریا راج - ہ - اسم مذکر - عورتوں کی حکومت + عورتوں
کا زور + جوروکی حکومت +

تریاہٹ - ہ - اسم مؤنث - عورت کی اڑ - عورت
کی ضد - اصرار زنان - استبداد نسواں +

تریاق معرّب - اسم مذکر (۱) زہر مہرہ - فادالزہر -

(۲) ایک خاص قسم کی معجون کا نام جو شہد اور دیگر ادویات سے نباتی و حیوانی زہر کے دفع کرنے کے لیے بناتے ہیں۔ تریاقِ فاروق بھی یہی ہے،
(۳۔ ا) افیون۔ افیم +

تِریاک۔ ف۔ دیکھو (تریاق) +

تِرِیتا۔ س۔ اسم مذکر۔ اہل ہند کا دوسرا جُگ جسکی تعداد بارہ لاکھ چھیانوے ہزار برس کی تھی۔ اسکو چاندی کا بھی کہتے ہیں (اصل میں تریتا کے معنی تین ہیں چنانچہ اسیوجہ سے ویلسن صاحب مؤلفِ تاریخ عالم نے دھوکا کھاکر اسکو تیسرا اور دواپر کو دوسرا جگ لکھدیا ہے حالانکہ یہ بات غلط ہے بصرف تین اگنیوں کے سبب سے اسکا نام تریتا اور چونکہ دواپر دو جگ کے بعد آیا اسلیے اسکا نام دواپر قرار پایا۔ تعداد میں صاحب موصوف نے کچھ غلطی نہیں کی۔ وہ تینوں مقدس اگنیاں جو اس جُگ سے متعلق ہیں انمیں سے ایک کا نام دکشناگنی دوسری کا گارہپت تیسری کا آہونی ہے جسکی تشریح سنسکرت کے بڑے بڑے کوشوں میں موجود ہے یہاں لکھنے کی گنجایش نہیں اور نہ ہماری زبان میں ان سے کچھ کام پڑے) +

تَرِیڑا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ پانی کا دھار باندھکر کسیقدر اونچے سے ڈالنا۔ ادویاتِ جوشیدہ سے نطول کرنا۔ نطول +

تریڑا دینا۔ ہ۔ فعل متعدی (۱) نطول کرنا۔ دھار باندھکر پانی ڈالنا۔ برابر پانی ڈالے جانا۔ دھارنا (انشا)
وفورِ مئے سے حالت غش کی ہے انشا کو ای ساقی
شرابِ پرتگالی کے دیئے منہ پر تریڑے جا
(۲) کسی چیز کو نجاست دور کرنے کے بعد دھار ڈالکر پاک کرنا

تَرِیڑ۔ ف۔ اسم مؤنث۔ کرتہ کی چوڑے منہ کی کلی جو بغلہ کے نیچے پڑتی ہے +

تڑ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ تھپڑ کی آواز۔ چٹاخ۔ صدمہ یا ضرب کی آواز +

تڑا بھڑی۔ ہ۔ اسم مؤنث (۱) جلدی۔ شتابی۔ شتاب زدگی (۲) موت کی گرم بازاری۔ وبائے اموات۔ پے در پے مرنا۔ بھیڑوں بکریوں کی طرح روگ آنا +

تڑا بھڑی پڑنا۔ ہ۔ فعل لازم (۱) جلدی پڑنا۔ اضطراب ہونا۔ گھبراہٹ پڑنا +

تڑا بھڑی ہونا۔ ہ۔ فعل لازم۔ موت کی گرم بازاری ہونا،

تڑا پڑ یا تڑ پڑ۔ ا۔ تابع فعل۔ پے در پے۔ متواتر کسی بات کا جلد بدون توقف جواب دینا +

تڑا تڑ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ متواتر آواز۔ لگاتار مارنے کی آواز بڑی بڑی بوندوں کی آواز جو متصل برسنے سے پیدا ہوتی ہے۔ دھواں دھوں۔ جوتیوں یا لکڑی سے مارنے کی آواز +

تڑاق۔ ا۔ اسم مذکر۔ کسی سخت چیز کے ٹوٹنے یا سینگی توڑنے کی آواز۔ چٹاخ +

تڑاق پڑاق۔ ا۔ تابع فعل (۱) جلد جلد۔ پے در پے متواتر۔ برابر (ظفر) نہ کیجے ہم سے بہت گفتگو تڑاق پڑاق
وگرنہ ہووے گی پھر دو بدو تڑاق پڑاق +
(۲) چٹا چٹ۔ چٹ چٹ۔ چٹاخ چٹاخ۔ ٹوٹنے کی آواز
(ظفر) ذرا بھی سینۂ صد چاک میں جو تڑپا دل
تو ٹوٹ جائینگے تارِ رفو تڑاق پڑاق
(۳) تڑاتڑ۔ پڑاپڑ۔ سڑاسڑ (ظفر)
مزا ہے دل کی اگر اسکو باندھکر زلفیں
لگائیں کوڑے ترے رو برو تڑاق پڑاق
(۴) دو بدو۔ منہ در منہ۔ سنمکھ ہوکے (ظفر)
جو ایک بات کہوں تو جواب میں اسکے
سنائے تو مجھے وہ تند خو تڑاق پڑاق
(۵) ٹپا پٹ۔ سٹا سٹ۔ بیباکانہ۔ نڈر ہوکر گفتگو کرنا

جو کچھ وُہ پوچھے تو رُک جائیو نہ اے قاصد
(ظفر) تجھے خدا کی قسم کہیو تو تڑاق پڑاق

(۲- صفت) شوخ طبع - شوخ مزاج - چلبلا - طرار فرار

ظفر مزاج جو شوخی پسند ہے اپنا
(ظفر) تو چاہتا ہے کوئی خوبرُو تڑاق پڑاق

تڑاقا - ا - اسم مذکر (۱) کسی سخت چیز کے ٹوٹنے کی آواز - سینگیوں کی آواز - بوسہ کی آواز - چپاخا (۲) حُقّہ کا دم لگانے کی وُہ آواز جو صاف اور زور سے کڑاکے کے ساتھ نکلتی ہے - کڑاکا (۳) چٹخارا - ذائقہ کی آواز (نظیر)

چکھتے ہی زبان بھرتی ہے اِس ڈھب کے تڑاقے
شربت میں جس طرح سے چُھٹتے ہیں پڑاقے +

(۴) زور - شدّت - تیز جیسے تڑاقے کا مینہ (۵ عوام) کمی - قحط - نایابی - جیسے اناج کا تڑاقا گزر رہا ہے (۶) حُسن بیساختہ - حُسن خداداد - قبول صُورتی

تڑاقا بیتنا - ا - فعل لازم - فاقہ گزرنا (ہندُو ع)

تڑاقا کھا کر گرنا - ا - فعل لازم غش کھا کر گرنا - کسی صدمہ یا فاقہ کے باعث بے ہوش ہو کر گرنا

تڑاقا کھانا - ا - (عوام) فعل لازم - کمی ہونا - توڑا ہونا

تڑاق تڑاق - و - تابع فعل (عوام) دیکھو تڑاق پڑاق نمبر ۱

تڑاقے کا - ا - صفت (۱) مزے دار - لذیذ - لذت کا خوش ذائقہ

چٹپٹا جیسے تڑاقے کی چٹنی (جرأت)
بوسہ ہی تڑاقے کا مزیں کوئی گالی +
جھڑکی ہی تبسّم ہی غرض کھانے کی ٹھیرے

(۲) چکیلا - بھڑکدار - چمکیلا ÷ (رنگین)

کُرتی نادر تڑاقے کی محرم ÷ تہہ یا جامہ سر کی شال پری

(۳) شدّت کا - زور کا - شدومد کا جیسے تڑاقے کا مینہ نکلنا

تڑانا - ۵ - فعل لازم - ورم کے باعث جسم کا پھٹا پڑنا - زخم کا چرنے

تُڑانا - ۵ - فعل متعدی (۱) چھڑانا - علیحدہ کرنا - جُدا کرنا - جُدائی کرنا جیسے بچے کو ماں سے بیوی کو خاوند سے تُڑانا (۲) توڑ ڈالنا - توڑ لینا - جیسے رسّی تُڑانا - باگ تُڑانا (۳) خُردہ کرانا - رُوپیہ بُھنانا - ریزگاری لینا - ریزہ کرانا (۴) قیمت میں کمی کرانا - قیمت چُھٹوانا +

تُڑائی - ۵ - اسم مؤنث (۱) پھل وغیرہ تُڑوانے کی اُجرت (۲) روپیہ خُردہ کرانے کا بٹّا +

تڑپ - یا - تڑپھ - ا - اسم مؤنث (۱) پھڑک - بیقراری - بے چینی - اضطراب (آباد)

تُو جو آئی تو مجھے ہجر میں آیا آرام
ورنہ اے موت تڑپ کیا دِل بیمار کی تھی

(۲) التہاب - تپش + گرمی - گرماگرمی - جیسے شعر یا مضمون کی تڑپ (۳) اُچھل کُود - کُود پھاند جیسے گھوڑے کی تڑپ (۴) بجلی کی تڑپ کہینگے تو وہاں اُسکے کوندنے اور جلد جلد چمکنے سے مُراد ہوگی - تلملاہٹ +

تڑپ کر - ا - تابع فعل - بیقرار ہو کر - جلدی سے - پُھرتی سے کُود کر - پھاند کر - تلملا کر - کسمسا کر جیسے گھوڑے کا یا پہلوان کا تڑپ کر نکل جانا +

تڑپانا - ا - فعل متعدی (۱) پھڑکانا - اضطراب میں ڈالنا - ترسانا - بیقرار کرنا - بےچین کرنا (۲ - پُورب) گُدانا - گُدگُدانا -

تڑپتا ہُوا - ا - صفت - گرماگرم - پُرمضمون - مؤثر - ایسا شعر یا مضمون جو آدمی کو بیقرار کر دے +

تڑپنا - ا - فعل لازم (۱) پھڑکنا - بیتاب ہونا + لوٹنا - تلملانا - پھڑپھڑانا

ناوک نے تیرے صید نہ چھوڑا زمانہ میں
تڑپے ہے مُرغ قبلہ نما آشیانہ میں

(۲) التہاب ہونا - دھڑکنا (۳) فاد الزہر -

(۵) بسمل کا ہاتھ پاؤں مارنا - مذبوح کا لوٹنا - جان کنی کے عالم میں ہاتھ پاؤں دے دے مارنا (٦) کمال مشتاق و آرزومند ہونا +

تڑپھڑانا - ا - فعل لازم (پورب) دیکھو (تڑپنا) +

تڑپھڑاہٹ - یا - تڑپڑاہٹ - ا - اسم مؤنث - (پورب) دیکھو (تڑپ) +

تڑخ کر بولنا - ا - فعل لازم - ع - چیخ کر بولنا خفگی سے کسی بات کا جواب دینا - کلیجہ پھاڑ کر بولنا - بگڑ کر جواب دینا +

تڑخنا یا تڑقنا - ا - فعل لازم (۱) پھٹنا - شق ہونا - کسی خشک چیز کا پھٹنا - دراڑ پڑنا - بال آنا - کھل جانا (۲) زخم وغیرہ کا پھٹنا پڑنا (۳) بگڑ کر بولنا خفگی سے جواب دینا

تڑکا - ا - اسم مذکر (ہندو) صبح - فجر - بھور - سویرا - علی الصباح (مسلمان نور کا تڑکا بولتے ہیں)

تڑکا ہونا - ا - فعل لازم (۱) - سویرا ہونا - جاننا ہونا (۲) صدمہ دماغی کے باعث آنکھوں کے سامنے تارے نظر آنا - خوب پٹنا - ازحد مار کھانا (۳) صفایا ہونا - دیوالہ نکلنا - کچھ نہ رہنا +

تڑکنا - ا - فعل لازم (عوام) دیکھو (تڑخنا) +

تڑنگ - ا - اسم مؤنث (عوام) دیکھو (ترنگ) +

تڑوانا - ا - توڑنے کا متعدی المتعدی +

تڑی - ا - اسم مؤنث (۱) مار - ضرب (۲ - بازاری) (۲) کسی چیز کو بچانا - فریب - دھوکا جیسے اچھی تڑی دی

تڑیڑ - ف - اسم مؤنث - خسارہ (جب گیند تڑی کھیلنے میں جو بغلہ کے نیچے کر کر مار دیتا ہے تو اُس وقت پکار کر کہہ دیتا ہے

توڑ - ا - اسم مذکر - بیہودہ ہو گیا) +

...ا - ا - فعل متعدی (۱) دھونس دینا - دم دینا آواز +

(۲) بنانا - بیوقوف بنانا - احمق ٹھیرانا +

تڑیانا - ا - فعل لازم (لکھنؤ) اڑانا - پرند کبوتر کا کم کم اُڑ کر چل دینا +

تڑتڑا - ا - اسم مذکر - عوام - دیکھو (تڑیڑا) +

تزک - ف - اسم مؤنث (۱) ترتیب - انتظام - ضابطہ لشکر و مجلس (۲) وہ واقعات جو بادشاہ خود اپنے زمانہ کی بابت قلم بند کرے - روزنامچہ شاہی (۳-۱) احتشام لاؤ لشکر - ٹھاٹ باٹ - ٹیپ ٹاپ - تجمل - دھوم دھڑکا + شان و شوکت +

تزکیہ - ع - اسم مذکر - پاک کرنا - صفائی - جیسے تزکیہ نفس

تزلزل - ع - اسم مذکر - ہلچل - ہولا جولی - کھلابلی زلزلہ - لرزش - جنبش - تہلکہ - گڑبڑ - ہڑبڑ

تزویر - ع - اسم مؤنث - مکر - فریب +

تزئین - ع - اسم مؤنث - آراستگی - آرائش - زینت

تس - ا - اسم مؤنث - تشنگی - پیاس +

تس - ا - اسم اشارہ (پرانی ہندی) یہ - اس + وہ - اُس جیسے جس تسکو دیکھ بدنام ہو گئے +

تسپر - ا - تابع فعل - اسپر - باوجود اسکے + پھر +

تس - ا - اسم مذکر - ریشہ جو اناج وغیرہ کے اوپر سے اُترے - اناج کا چھلکا +

تسار - ا - اسم مؤنث (ہندو) کہر - پالا + سردی - ٹھنڈ - برودت +

تسالا - ا - صفت - تین برس کا - سہ سالہ (گھوڑے یا حساب کی نسبت بولتے ہیں)

تساہل - ع - اسم مذکر - سہل انگاری + سستی - غفلت - آلکسی - مساداتی +

تسبیح - ع - اسم مؤنث (۱) سبحان اللہ سبحان اللہ کہنا (۲)

(۲) سُوداتو نکی مالا۔ سُبحہ (۳-ا-عو) وِرد۔ وظیفہ جیسے اسکو تو بہت کچھ نام کی تسبیح ہوگئی (۴-ا) ایک قسم کے پودے کا نام جسکو کالی کالی بیج تسبیح کے دانوں سے مُشابہ اور پھول سُرخ ہوتا ہے عشق الہ

تسبیح پھیرنا۔ و۔ فعل لازم۔ مالا جپنا +

تسبیح خواں ع+ف۔ اِسم مذکر۔ تسبیح پھیرنے والا + وہ شخص جو اُجرت پر کسی کے واسطے تسبیح پڑھے +

تَسخِیر۔ ع۔ اِسم مؤنث (۱) تابع کرنا۔ فرماں بردار بنانا (۲) محاصرہ کرنا۔ گھیرنا (۳-و) قابو میں لانا۔ جن یا پری کو قید کرنا۔ کسیکے دِل کو اپنی طرف مائل کرنا (۴) جھوٹ بنانا

تَسطِیر۔ ع۔ اِسم مؤنث۔ لُغوی معنی سطر بندی۔ اِصطلاحی تحریر۔ ترقیم۔ قلمبند کرنا +

تَسکِین۔ ع۔ اِسم مؤنث (۱) آرام دینا + تسلّی۔ تشفّی۔ دلاسا۔ ڈھارس۔ اِطمینان (۲-و) اِفاقہ۔ آرام صحت۔ تندرستی +

تَسلا۔ ھ۔ اِسم مذکر۔ تانبے یا پیتل وغیرہ کا طشت۔ پرات (آٹا گوندھنے یا ہاتھ پاؤں دھونے کے کام میں آتا ہے)

تَسَلسُل۔ ع۔ اِسم مذکر۔ سلسلہ بندی۔ لڑی + روانی + تواتُر۔ توالی۔ ریت +

تَسَلُّط۔ ع۔ اِسم مذکر (۱) غلبہ۔ حکومت (۲-ل) قبضہ دخل۔ تحت +

تَسَلّی۔ ع۔ اِسم مؤنث۔ لُغوی معنی خوشی۔ طمانیت۔ خاطر جمع دیکھو (تسکین) +

تَسلِیم۔ ع۔ اِسم مؤنث (۱) سلام کرنا (۲) سپرد کرنا۔ سونپنا راضی برضائے الٰہی ہونا + (۳) ماننا۔ قبول کرنا (۴-و) بندگی آداب۔ نمسکار۔ کورنش +

تسلیم کرنا۔ ل۔ فعل لازم (۱) ماننا۔ قبول کرنا۔ منظور کرنا (۲) آداب بجالانا۔ بندگی کرنا۔ بڑے کو سلام کرنا +

تَسلِیمات۔ ع۔ اِسم مؤنث۔ تسلیم کی جمع۔ آداب۔ بندگی کورنش۔ کورنشات +

تَسمَہ۔ ف۔ اِسم مذکر۔ دوال چرم۔ چمڑے کا عرض میں کم طول میں دراز ٹکڑا +

تسمہ کھینچنا۔ و۔ فعل متعدی۔ ایک خاص طریقہ سے گلا گھونٹ کر مارنا۔ پھانسی دینا۔ گل دینا +

تسمہ لگا نہ رکھنا۔ و۔ فعل لازم۔ دوٹوک کرنا۔ صاف گردن اُڑا دینا + ذرا تعلّق نہ رکھنا +

تَسُو۔ ھ۔ اِسم مذکر۔ سوانخ۔ گز کا چوبیسواں حصّہ۔ ۱/۲۴ گز

تِسوانسی۔ ھ۔ اِسم مؤنث۔ بسوانسی کا بیسواں حصّہ کچوانسی +

تَشبِیہ۔ ع۔ اِسم مؤنث۔ مشابہت ایک چیز کو دوسری چیز سے مثال دینا۔ تمثیل (اسکی قسمیں ارمغان دہلی میں جو ایک جامع لُغات ہے دیکھو) +

تَشت۔ ف۔ اِسم مذکر (۱) تسلا۔ پرات۔ لگن (۲) وہ تانبے کا بڑا ظرف جو امیروں کے صحت خانہ میں رکھا جاتا ہے جسے انگریزی میں پاٹ کہتے ہیں (طشت اسی کا معرب ہے)

تشت ازبام ہونا۔ و۔ فعل لازم (۱) مشہور ہونا۔ مُشتہر ہونا۔ اظہر من الشمس ہونا (۲) ظاہر ہونا۔ آشکارا ہونا۔ بھانڈا پھوٹنا۔ کھلنا +

تشت چوکی۔ ا۔ وہ چوکی اور وہ طشت جو زچہ خانے یا امیروں کے پیخانہ میں رکھا جاتا ہے +

تَشتَری۔ و۔ اِسم مؤنث۔ چھوٹی رکابی +

تَشخِیص۔ ع۔ اِسم مؤنث۔ مُسلّم کرنا۔ مُعیّن کرنا۔ ٹھیرانا قرار دینا۔ مرض کا پہچاننا + جانچ۔ کوتت + تحقیق +

تَشَدُّد۔ ع۔ اِسم مذکر۔ سختی + زیادتی + جبر +

تَشدِید۔ ع۔ اِسم مؤنث (۱) حرف کو مُشدّد کرنا یا ...

دو حرفوں کو ایک لکھنا اور دو پڑھنا جیسے تکلّف کا لام - توقّف کا قاف (۲) دُوسرے وُہ تین دندانے کی علامت جو حرف مُشدّد پر لکھی جاتی ہے جیسے ٗ

تشریح - ع - اسم مؤنث (۱) شرح کرنا - بخوبی بیان کرنا + تفصیل - تفسیر - وضاحت (۲) جسم کی رگ وپے و اعضائے جسمانی کا بیان - جسم کی بناوٹ کی تحقیق +

تشریف - ع - اسم مؤنث (۱) شرف - بزرگی + عزّت - بزرگ کرنا - تعظیم کرنا (۲ - اہل فارس) خلعت فاخرہ پہنانا خلعت - وُہ لباس جو حکام عُلماؤں کو امتیاز کے لیے پہنائیں +

تشریف ارزانی فرمانا - ا - فعل لازم - لغوی معنی - بزرگی بخشنا - اصطلاحی کسی امیر و بزرگ کا آنا یا جانا +

تشریف رکھنا - ا - فعل لازم - بیٹھنا - قیام کرنا - ٹھیرنا

تشریف لانا - ا - فعل لازم - آنا - قدم رنجہ فرمانا - پگ دھارنا +

تشریف لیجانا - ا - فعل لازم - سدھارنا - پدھارنا - رُخصت ہونا +

تشفّی - ع - اسم مؤنث (۱) لغوی معنی شفا چاہنا (۲) تسلی - تسکین - ڈھارس - طمانیت - دِلجمعی (۳ - ا) سیری - اگھائی +

تشنا - ا - اسم مذکر (ع) ملامت - بدگوئی - طعنہ مہنا - (یہ لفظ تشنیع سے بگڑا ہے اور اکثر طعنہ کے ساتھ مستعمل ہے) +

تشنا دینا - ا - فعل متعدی (ع) طعنہ دینا - لعنت ملامت کرنا - باتیں چھانٹنا +

تشنّج - ع - اسم مذکر - اینٹھن - جکڑ جانا - اکڑ جانا - یبوست یا برودت کے باعث اعصاب جسمانی کا کھنچنے لگنا +

تشنگی - ف - اسم مؤنث - عطش - پیاس - تراس +

تشنہ - ف - صفت (۱) پیاسا (۲) خواہشمند - نہایت متمنّی

تشنہ خوں - ف - صفت - لہو کا پیاسا - جانی دشمن

تشنہ لب - ف - صفت - نہایت پیاسا - ایسا پیاسا جسکے ہونٹوں پر پپیڑیاں جم جائیں +

تشنیع - ع - اسم مذکر - طعنہ - ملامت - بُرا بھلا کہنا (طعن تشنیع بولتے ہیں) +

تشویش - ع - اسم مؤنث (۱) پریشانی - گھبراہٹ (۲) سوچ - تردّد - فکر +

تشہیر - ع - اسم مؤنث - مشہور کرنا - شہرت دینا - آشکارا کرنا - ڈھنڈورا پیٹنا + منادی کرنا + کسی مُجرم کا مُنہ کالا کرکے رُسوائی کے ساتھ گدھے کی سواری پر بازار در بازار پھرانا +

تصانیف - ع - اسم مؤنث - تصنیف کی جمع +

تصحیح - ع - اسم مؤنث - صحت - دُرستی - صحیح کرنا - غلطی دُور کرنا

تصدّق - ع - اسم مذکر (۱) صدقہ دینا - وارنا - نثار کرنا - (۲) قُربانی - بلدان (۳ - ا) طُفیل - بدولت +

تصدّق کرنا - ا - فعل متعدی - نثار کرنا - صدقہ کرنا وارنا - نچھاور کرنا +

تصدّق ہونا - ا - فعل لازم - واری جانا - نثار ہونا

تصدیع - ع - اسم مؤنث - دردسر - تکلیف - دُکھ +

تصدیعہ - ع - اسم مذکر - تکلیف - دردسر - دکھ +

تصدیعہ اُٹھانا - ا - فعل لازم - تکلیف گوارا کرنا - دردِ سر لینا

تصدیعہ دینا - ا - فعل متعدی - تکلیف دینا + کام لینا

تصدیق - ع - اسم مؤنث (۱) صداقت - صحت - سچائی (۲ - ا) ثبوت - اثبات (۳ - ا) شہادت - گواہی (۴ - منطق) تصوّر با حکم +

تصدیق کرنا - ا - فعل لازم - صحت کرنا - ثابت کرنا

شہادت دینا + سفارش کرنا + کسی بات کو اپنے رُوبرو تحقیق کر کے لکھنا + تشخیص کرنا + تائید کرنا +

تَصَرُّف - ع - اسم مذکر (۱) دست اندازی - کوئی کام شروع کرنا (۲) قبضہ - مداخلت - تحت اختیار (۳) صرف - خرچ (۴) تبدل تغیر - اپنی طرف سے کچھ بنانا - کچھ کا کچھ کر دینا - (۵) کسی بزرگ دین یا درویش کی کرامت - خرق عادت (۶) غبن - خیانت - تغلّب +

تصرّف بیجا کرنا - ف - فعل متعدی - غبن کرنا - خیانت کرنا کسی ناجائز طریقہ سے صرف میں لانا - خورد برد کرنا

تَصَرُّفی - ع - اسم مؤنث (پورب) وُہ کھانا جو نوکروں چاکروں کے واسطے تیار ہو - خاصہ کے خلاف +

تَصْرِیح - ع - اسم مؤنث - دیکھو (تشریح) +

تَصْرِیف - ع - اسم مؤنث - مصدروں کی گردان - رُوپ ڈھالنا

تَصْغِیر - ع - اسم مؤنث (۱) چھوٹا کرنا - تخفیف - تقلیل - چھٹائی - کوتاہی - خردی - چھوٹا پن - اختصار (۲) قواعد میں وُہ اسم ذات ہے جس میں چھٹائی کے معنی پائے جائیں جیسے ٹٹوا - بچھڑا +

تَصْفِیہ - ع - اسم مذکر - صفائی - فیصلہ - رفع تکرار - صلح + بناؤ - بیچ بچاؤ (۲ - و) چکوتا - بیباقی - انفصال +

تَصَنُّع - ع - اسم مذکر (۱) بناوٹ - ساخت (۲) آراستگی بناؤ + تکلف (۳) محض نمود دکھاوا - اوپری نمائش (۴ - قانون) جعل - مکر - دھوکا - تلبیس + ابطال - تقلیب + تبدیل تغیر +

تَصْنِیف - ع + اسم مؤنث (۱) قسم قسم علیحدہ کر کے بیان کرنا (۲) دل سے کوئی کتاب بنانا - طبیعت سے کوئی مضمون لکھنا (۳) ایجاد +

تَصَوُّر - ع - اسم مذکر - کسی شے کی صورت دل میں باندھنا

تامل - غور - دھیان - مراقبہ - فکر (۲) خیال - ادراک منصوبہ + سوجھ (۳) منطق کی اصطلاح میں کسی چیز کی صورت کا حکم کے بغیر عقل میں آنا +

تَصَوُّف - ع - اسم مذکر - خواہش نفسانی سے پاک ہونا - + وُہ علم جسکے وسیلہ سے صفائی قلب حاصل ہو - تزکیۂ نفس کا طریقہ + اشیاء عالم کو مظاہر صفات حق جاننا - قطع عن الغیر یعنی سوائے واجب الوجود کے سب اشیاء کو موہوم اور لا موجود سمجھکر مشغولی کے لائق نہ جاننا + مذہب صوفیہ (اگر اسکا مادہ بضم صاد مہملہ صُوف قرار دیں گے تو پشمینہ پوشی اور گردن تک کا کملیں چھوڑنا اسکی اصل ٹھیریگی یعنی فقراء کا وُہ فرقہ جو اول میں پشمینہ پہنا کرتا یا کا کملیں چھوڑا کرتا تھا اور جو صوف بفتح صاد ٹھیرائیں گے تو گیسو دُردگرداں ہونے سے مراد ہوگی چونکہ واصلان حق ماسوی اللہ سے یکسو اور رُدگرداں ہوتے ہیں لہٰذا اُنکو صُوفی اور اُنکے فعل کو تصوّف کہتے ہیں) +

تَصْوِیر - ع - اسم مؤنث (۱) لغوی معنی صورت بنانا مگر یہ مصدر اسم مفعول کے معنی میں مستعمل ہے (۲) مورت - شبیہ - رُوپ + فوٹو + نقش - نقشہ - بُت (۳ - صفت) نہایت خوبصورت - نہایت عمدہ - قابل تصویر

سب سے گفتار جُدی سب سے نرالی نک سُک
(رنگین) دانت تصویر ہیں مستی کی سجاوٹ خاصی

تصویر کھینچنا - ف - فعل متعدی - مورت بنانا - شبیہ اُتارنا - نقشہ بنانا +

تصویر کی حالت - ف - تابع فعل - نہایت حسین - قبول صورت - صاحب جمال +

تصویر ہو جانا - ف - فعل لازم - بُت بنجانا - بے حس و حرکت ہو جانا

تَضْحِیک - ع - اسم مؤنث - ہنسی اُڑانا - ذلت - رسوائی - تذلیل - توہین +

تضرّع - ع - اسم مؤنث (۱) گریہ وزاری - رونا پیٹنا - نالہ وفریاد (۲ - و) خوشامد درآمد - منّت سماجت +

تضمین - ع - اسم مؤنث - ملانا - شامل کرنا - اصطلاح عروض میں کسی مشہور مضمون یا شعر کو اپنے نظم میں داخل یا چسپاں کرنا - دوسرے کے شعر پر مصرعے یا بند لگانا +

تضییع - ع - اسم مؤنث - ضائع کرنا (اصل میں دو یائے تحتانی ہیں)

تضییع اوقات - ع - اسم مؤنث - وقت گنوانا - عمر کا رائگاں ہونا - اوقات گندی کرنا +

تطابق - ع - اسم مذکر - مطابقت - باہم مطابق ہونا - مشابہت تشابہ +

تطبیق - ع - اسم مؤنث - دیکھو (تطابق) +

تعارف - ع - اسم مذکر - شناسائی - جان پہچان - واقفیت - واقفکاری +

تعاقب - ع - اسم مذکر - پیچھا - پیروی - پیچھے جانا +

تعاقب کرنا - ا - فعل متعدی - پیچھا کرنا - رگیدنا - بھاگے ہوئے کے پیچھے جانا +

تعالیٰ - ع - بلند - برتر - عالی مرتبہ - بزرگ - اعلیٰ (لغوی معنی بلند ہوا کیونکہ یہ باب تفاعل سے ماضی معروف کا صیغہ ہے مگر اکثر اسم الٰہی کا حال واقع ہوتا ہے جیسے خدا تعالیٰ یعنی بلند ہے خدا تعالیٰ

تعالی اللہ - ع - کلمۂ تعجب - لغوی معنی خدا بزرگ ہے - (چونکہ جب کسی عمدہ یا نادر چیز کو دیکھتے ہیں تو ساتھ ہی زبان پر صانع حقیقی کی تعریف لاتے ہیں - پس اسوجہ سے تعجب تعریف - حیرت سبحان اللہ واہ واہ کے موقع پر بولتے ہیں) +

تعب - ع - اسم مذکر - رنج + کلفت - ماندگی - دکھ تکلیف - محنت - مشقت +

تعبیر - ع - اسم مؤنث (۱) بیان کرنا - عبارت میں لانا (۲) خواب کا نتیجہ بتانا - نتیجۂ خواب +

تعبیر کرنا - ا - فعل لازم - مراد لینا - مراد رکھنا +

تعجب - ع - اسم مذکر (۱) دیکھو (اچرج) ۲ - انوکھاپن +

تعجیل - ع - اسم مؤنث - جلدی - شتابی - عجلت - اضطراب کسی کام میں اسکا وقت آنے سے پہلے جلدی کرنا +

تعداد - ع - اسم مؤنث - (۱) گنتی - شمار - نمبر - مقدار (۲) اندازہ - تخمینہ + رقم مشخصہ +

تعدّی - ع - اسم مؤنث (۱) حد سے تجاوز کرنا - ظلم وستم جبر وسختی (۲) فعل لازم کو متعدی بنانا - فعل کا فاعل سے تجاوز کر کے مفعول پر واقع ہونا +

تعرّض - ع - اسم مذکر (۱) سامنے آگے آنا + مقابلہ کرنا - (۲) حائل ہونا - سدّراہ ہونا - روکنا - مزاحمت - روک ٹوک

تعریف - ع - اسم مؤنث (۱) واقفیت - شناسائی - پہچان (۲) بیان - تشریح (۳) ثنا - مدح - توصیف - وصف - منقبت

تعریف المجہول بالمجہول - ع - نا معلوم فعل - کسی نامعلوم بات کو اسطرح جتانا کہ سمجھ میں نہ آئے +

تعریف کرتے منہ سوکھنا - ا - فعل لازم + کمال عجز کے ساتھ تعریف کرنا - حسب دلخواہ تعریف نہ کر سکنا +

تعزیت - ع - اسم مؤنث (۱) تسلی دینا - صبر دینا (۲) ماتم پرسی کرنا - پرسا دینا - غم میں شریک ہونا +

تعزیر - ع - اسم مؤنث (۱) سیاست - سزا - گوشمالی (۲) حدّ شرعی سے کم سزا دینا + کم سے کم چالیس درّے لگانا - بمصلحت وقت کے موافق تنبیہ کرنا - ڈانٹنا

تعزیر دیکے آپ نے عادت بگاڑ دی
جی اب تو مانتا ہی نہیں بے خطا کئے

تعزیہ - ع - اسم مذکر (۱) ماتم پرسی (۲) امام حسن و حسین علیہم السلام کی تربتوں کی نقل جو کاغذ اور بانس کے قبّے کے اندر محرم کے دنوں میں دس روز تک انکا ماتم یا فاتحہ دلانے کو

واسطے بطورِ یادگار بناتے ہیں (یہ دستور صرف ہندوستان میں ہے اِسکی اِبتدا اِسطرح پر ہوئی تھی کہ جب تیمور گورگان کوفہ کو قتل کرنے کے بعد کربلائے معلیٰ گیا تو وہاں سے کچھ تبرکات ایک ناکی میں رکھکر نہایت ادب کے ساتھ لایا پس جب سے لوگ اسطرح پر تعزیہ بنانے اور اُسے اُٹھانے لگے) +

(۳) ہندو بطورِ مزاح دُوکان مکان اور کارخانہ کو بھی کہدیتے ہیں اور بعض عوام مسلمان امیر - بڑے بھاری رئیس کی نِسبت بھی اِسکا اِستعمال کرتے ہیں مثلاً کوئی امیر مرگیا تو کہیں گے اُسکا تعزیہ ٹھنڈا ہوگیا +

تعزیہ اُٹھانا - ا - فعلِ لازم - تعزیہ کو اِمام باڑے یا تعزیہ خانہ سے گشت پھرانے یا دفن کرنے کے واسطے لیجانا +

تعزیہ بنانا - ا - فعل مُتعدی (۱) تعزیہ کا ڈھانچ وغیرہ تیار کرنا (۲ - ہندو) گڈا بنانا - رُسوا کرنا +

تعزیہ ٹھنڈا کرنا - ا - فعل مُتعدی (۱) تعزیہ دفن کرنا (۲ - عوام) کسی امیر کو مار ڈالنا - کسی نامی شخص کا کام تمام کردینا (بطورِ تضحیک) +

تعزیہ ٹھنڈا ہونا - ا - فعل لازم (۱) تعزیہ دفن ہونا - (۲ - عوام) کسی نامی شخص کا مرنا (۳ - ہندو) دیوالہ نِکلنا - ٹوٹا آنا +

تعزیہ داری لینا - ا - فعل لازم - تعزیہ نکالنے کو اپنے اُوپر واجب گرداننا - گھر میں تعزیہ رکھنا اختیار کرنا

تعزیہ دار - ع + ف - اِسم مذکر - وُہ شخص جو تعزیہ نکالے

تعزیہ داری - ع + ف - اِسم مؤنث - تعزیہ بنانا - تعزیہ نِکالنا

تعزیہ رکھنا - ا - فعل لازم - تعزیہ نِکالنا - اِمام باڑے یا تعزیہ خانے میں حضرت سیّد الشہداءؑ کے مزار کی نقل کو رکھنا - تعزیہ داری کرنا +

تعزیہ نِکالنا - ا - فعل لازم (دیکھو) تعزیہ داری لینا

تعشُّق - ع - اِسم مذکر (۱) اِظہارِ محبت - چاہ - پیار (۲ - ا) شوق - اِشتیاق - چاؤ - آرزو - تمنا +

تعصُّب - ع - اِسم مذکر (۱) حمایت - پُشتی - طرفداری (۲) مذہبی رعایت - مذہبی پَچ +

تعطیل - ع - اِسم مؤنث (۱) بیکاری - بےشغلی + خانہ نشینی چُھٹی - تہوار کا دِن - یوم الراحت +

تعظیم - ع - اِسم مؤنث (۱) بڑا جاننا - بزرگ ماننا (۲) بزرگی عظمت - عِزت - حُرمت - تکریم - توقیر - قدر و منزلت رفعت - آؤ آدر - آؤ بھگت - خاطر و مدارات +

تعظیم دینا - ا - فعل مُتعدی (۱) کسی کی تشریف آوری پر کھڑا ہوجانا - کھڑے ہوکر عِزت کرنا - اِستقبال کرکے صدر میں بٹھانا (۲) سلامی اُتارنا +

تعظیم کرنا - ا - فعل مُتعدی (۱) عِزت کرنا - آداب بجالانا (۲) سلامی اُتارنا +

تعفُّن - ع - اِسم مؤنث - سڑاند - بدبُو +

تعقید - ع - اِسم مؤنث - لغوی معنی گرہ دینا - اِصطلاحِ عروض میں بےموقع الفاظ کو بٹھانا - اُلٹ پلٹ کر بیان کرنا +

تعلُّق - ع - اِسم مذکر (۱) علاقہ - لگاؤ - مُناسبت - ربط - میل (۲) رِشتہ - خویشاوندی (۳ - و) میل - میلان - رُجحان (۴ - و) سروکار - واسطہ (۵ - و) مُلازمت - خدمت - سروس +

تعلقِ خاطر - ع - تابع فعل (۱) نگرانیِ طبع - فِکر - دِل کا کِسیطرف لگاؤ ہونا (۲) میلانِ طبع +

تعلُّقہ - ع - اِسم مذکر (۱) قصبہ - فعل - نہایت حسین - ڈسٹرکٹ (۲) محال - جا +

تعلُّقہ دار - ع + ف - اِسم مذکر (۲) +

تعلّی - ع - اِسم مؤنث (۱) بلندی - ترقی (۲ - و) شیخی - ڈینگ - بیجا بیجا حرکت ہونا - ذِلت - رُسوائی

تعلّی کی لینا - ا - فعلِ لازم - ڈون کی لینا - بڑائی جتانا - شیخی بگھارنا - ڈینگ مارنا +

تعلیقہ - ع - اسمِ مذکر (۱) مال و اسباب کی ضبطی - مکان کی قرقی (۲) قرق شدہ اسباب کی فہرست جسے فردِ تعلیقہ بھی کہتے ہیں (یہ لفظ عربی میں ضبطی یا قرقی وغیرہ کے معنی میں مستعمل نہیں پایا جاتا البتہ شعرائے عجم نے پروانۂ حکام یا نوشتۂ امراء کے معنی میں باندھا ہے پس اس صورت میں اردو قرار دینا واجب ہے)

تعلیل - ع - اسمِ مؤنث (۱) وجہ بیان کرنا - سبب نکالنا (۲) قواعد میں تبدیل اعراب جو حروفِ علت کے باعث واقع ہو

تعلیم - ع - اسمِ مؤنث (۱) سکھانا + علم سکھانا (۲) تربیت - تادیب (۳) تفہیم - تلقین - ہدایت - وہ باتیں جو پیر اپنے مریدوں کو بتائے (۴) تہذیب - آراستگی (۵-ا) ناچنے گانے بجانے اور رقص کی مشق (۶-ا) خوشخطی کا نمونہ جس سے دیکھکر طالب علم لکھنا سیکھے +

تعلیم پانا - ا - فعلِ لازم (۱) تربیت پانا - ہدایت پانا - تلقین پانا (۲) ناچنا گانا سیکھنا - رقص و سرود کی مشق کرنا

تعلیم دینا - ا - فعلِ متعدی - ناچنا گانا سکھانا +

تعلیم لینا - ا - فعلِ لازم - گانا بجانا سیکھنا - ناچنا سیکھنا

تعمیر - ع - اسمِ مؤنث - عمارت بنانا + مرمت کرنا - نئے سرے سے مکان بنانا +

تعمیل - ع - اسمِ مؤنث (۱) عمل کرنا - عمل میں لانا (۲) حکم بجا لانا
[illegible] آوریٔ حکم - فرمانبرداری - خدمتگزاری
سبحان اللہ واہ واہ کے [illegible] پوشیدگی - چھپانا (۲) تاریخ گوئی

تعجب - ع - اسمِ مذکر - [illegible] طور پر بیان کرنا +
رنج محنت مشقت +
[illegible] مذکر (۱) پناہ دینا - پناہ میں لانا - امان

تعویذ - ع - اسمِ مؤنث (۱) آیت یا اسمائے الٰہی کے اعداد لکھکر گلے (۲) خواب کا تنبیہ یا بازو وغیرہ پر باندھنا + حرز - جنتر - نقش

کیا پوچھتا ہے تو عملِ بغض و محبت
چلتا ہوا تعویذ سمجھ نقشِ درم کو (ذوق)

(۳-ا) کوہانِ قبر - لوحِ مزار - وہ پتھر جو قبر کے بیچ میں چبوترے کے اوپر رکھا جاتا ہے (آتش)

دشمن و دوست پس از مرگ ملیں گے آنکھیں
نقش جب کا ہے مری سنگِ لحد کا تعویذ

تعویذ و طومار - ع - اسمِ مذکر - عو - گنڈا تعویذ - ٹوٹکا - جادو ٹونا (اگرچہ طومار کے معنی نامہ و صحیفہ ہیں مگر اس جگہ اسکو تعویذ کا مترادف خیال کیا جاتا ہے) +

تعویذی گلوری - ا - اسمِ مؤنث - مربع پان کا بیڑا جو کھونٹا بیڑا +

تعویق - ع - اسمِ مؤنث - ڈھیل - دیر + تساہل + لیت و لعل +

تعہّد - ع - اسمِ مذکر - عہدنامہ - اقرارنامہ +

تعیّن - ع - اسمِ مذکر (۱) تقرر - تشخص - مخصوص - معین کرنا - ٹھیرانا (۲ - تصوف) مطلق کے خلاف - قید - روک - انحصار +

پردہ کو تعین کے درِ دل سے اٹھا دے
کھلتا ہے ابھی پل میں طلسماتِ جہاں کا (سودا)

تعیناث - ا - اسمِ مذکر (اغلاط العوام) متعین - مقرر - وہ شخص جو کسی کام پر مقرر کیا جائے (اسے اردو والوں نے تعین بروزن یقین سے جو اصل میں مصدر ہے عربی کے طور پر جمع بنا لیا ہے اور قاعدہ کے خلاف ہے اور طرہ یہ ہے کہ اسکا اطلاق مفرد پر کیا جاتا ہے تلفظ میں بھی فرق ہو گیا ہے صحیح تعیّنات تحقیقات کے وزن پر ہے)

تعیناتی - ا - اسمِ مؤنث - عوام - تقرری +

تغار - ف - اسمِ مذکر (۱) مٹی کا کونڈا یا ناند (۲-ا) وہ گڑھا جو گارا بنانے یا چونہ بھگونے کے واسطے تھانولے کی شکل کا بنایا جاتا ہے +

تَغَارِی -ا- اسم مؤنث (گنوار) تغارہ - آٹا گوندھنے کا کلی برتن - کونڈا جیسے توا نہ تغاری کا ہکی بھٹیاری

تَغَافُل -ع- اسم مذکر (۱) اپنے تئیں غافل بنانا - غفلت - بیخبری (۲-ا) بے التفاتی - کم توجہی - بے پروائی + بے احتیاطی (۳-ا) بکاٹس - تساہل سستی +

تغافل شعار -ع- صفت - غفلت شعار - غفلت کیش بے پروا - لاأبالی +

تَغَلُّب -ع- اسم مذکر - (۱) غلبہ کرنا - مغلوب کرنا - قبضہ کرنا (۲-ا) غبن - خیانت - تصرف بیجا +

تَمغا -ا- اسم مذکر - (صحیح ترکی - تمغا) ا- نشانی - مہر + میڈل کارگزاری کی علامت + سکہ (۲) محصول چنگی (۳-ا) عوامحکم - حکومت +

تمغا بٹھانا -ا- فعل متعدی - عو - تحکم جتانا + سکہ بٹھانا - رعب بٹھانا +

تَغَیُّر -ع- اسم مذکر - تبدل - بدلی - تبدیل - حالت پلٹنا - انقلاب +

تُف -ع- اسم مذکر (۱) لعاب دہن - رال + تھوک (۲-ا) نُدف - لعنت - ملامت - کلمۂ نفریں

تُف ہے تیری اوقات پر - ا- محاورہ - لعنت ہے تیرے ڈھنگوں پر +

تَفَاخُر -ع- اسم مذکر - فخر جتانا - ڈینگ مارنا +

تَفَارِیق -ع- اسم مؤنث - تفریق کی جمع (۱) جدائیاں تفرقے (۲) تدریج - اوقات مختلف - فرق +

تَفَاوُت -ع- اسم مذکر - فاصلہ - دُوری - بُعد - بل - فرق + جدائی +

تَفتَہ - ف- صفت - تپیدہ - جلا بُھنا - سوختہ گداختہ - پھنا

تفتہ جگر - ف- صفت - سوختہ جگر - دل جلا + آتش عشق کا جلا ہوا - عاشق سوختہ + عاشق +

تَفتِیش -ع- اسم مؤنث (۱) کھودنا (۲) چھان بین تحقیق و تدقیق - کھوج - سراغ (۳) کوشش - جستجو - تفحص دریافت - پوچھ گچھ +

تَفَحُّص -ع- اسم مذکر - دیکھو (تفتیش) +

تَفرِقَہ -ع- اسم مذکر (۱) پھٹنا - دو چیزوں میں فرق ہونا (۲) جدائی - مفارقت - فرقت - علیحدگی - ہجر (۳) پھوٹ - نااتفاقی + نفاق +

تفرقہ پڑنا -ا- فعل لازم - جدائی ہونا - تتربتر ہونا - بجوگ پڑنا - درہمی برہمی ہونا + اختلاف رای ہونا - پھوٹ پڑنا - نفاق ہونا - نااتفاقی ہونا +

تفرقہ ڈالنا -ا- فعل متعدی - مخالفت کرانا - پھوٹ ڈالنا - ان بن کرا دینا +

تَفرِیح -ع- اسم مؤنث (۱) فرحت - خوشی - راحت - (۲-ا) خوشطبعی - مزح کھیل - دل لگی - ہنسی ٹھٹھول (۳-ا) ہواخوری - سیر - دل بہلانا (۴-ا) تازگی - شگفتگی - نضارت - نظافت +

تفریح طبع -ع- اسم مذکر (۱) دل بہلاؤ - خوشی - انبساط - جیت (۲) مزاح - دل ہنسی - کھیل - کھلی +

تَفرِیحاً -ع- تابع (۱) از رُوئے تفریح - مزاحاً ہنسی سے - (۲) بطور خوشطبعی +

تَفرِیق -ع- اسم مذکر (۱) جدائی - علیحدگی - فرق - تفاوت - پراگندہ (حساب) منہائی - کسی بڑے عدد میں سے چھوٹے عدد (۳) تمیز - امتیاز (۴) قانون بٹوارا - بٹائی - بانٹ +

تَفسِیر -ع- اسم مؤنث (۱) سخن کو ظاہر کرنا - تشریح - تفصیل - تصریح (۲) قرآن شریف کی شرح + ٹیکا

آسمانی کتاب کی شرح +

تفسیر کرنا - ا- فعل متعدی - کھولکر بیان کرنا تشریحاً بیان کرنا - صراحتاً بیان کرنا +

تفصیل - ع- اسم مؤنث (۱) جدا جدا کرنا - فصل کرنا - علیحدہ کرنا + بیان کرنا (۲) تشریح - تفسیر - تصریح (۳-۱) فہرست - فرد (۴-۱) کیفیت - چگونگی +

تفضیل - ع- اسم مؤنث - فضیلت دینا - ترجیح دینا - فوقیت دینا +

تفضیل بعض - ع- اسم مؤنث - بعض پر ترجیح دینا صفت کی وہ قسم جسمیں سے موصوف کو بعض موصوف پر فضیلت دی جائے +

تفضیل کل - ع- اسم مؤنث - سب پر فوقیت دینا صفت کی وہ قسم جسمیں کہ موصوف کو سب موصوفوں پر فضیلت دی جائے +

تفضیل نفسی - ع- اسم مؤنث - ذاتی فضیلت صفت کی وہ قسم کہ جسمیں ایک موصوف کو دوسرے موصوف پر ترجیح نہ دی جائے +

تفکر - ع- اسم مذکر - سوچ - فکر - اندیشہ +

تفنگ - ف- اسم مذکر (۱) ہوائی بان + بندوق - توپ (۲) وہ نڑی نے یا کھوکھلا رسل جسمیں مٹی یا آٹے وغیرہ کی گولیاں یا چھوٹا سا تیر ڈالکر پھونک کے زور سے چلاتے ہیں (ذوق)

تفنگ و تیر تو ظاہر نہ تھا کچھ پاس قاتل کے
الٰہی پھر جو دل پر تاک کر مارا تو کیا مارا

(لفظ تُف توپ کا مخفف یا مُبدل ہے نگ کلمۂ نسبت و تشبیہ)

تفنن - ع- اسم مذکر (۱) رنگ برنگ کا ہونا - طرح بطرح کا ہونا - ایک حال سے دوسرے حال پر ہونا +

(۲) چہل - دل لگی (۳) شغل - مشغلہ +

تفنن طبع - ع- اسم مذکر (۱) دل لگی ہنسی - خوش طبعی (۲) بطور شغل - مشغلہ کے طور پر +

تفویض - ع- اسم مؤنث - سپردگی + تحویل - حوالگی

تقاضا - ع- اسم مذکر (۱) خواہش - طلب - مانگ - طلبی - درخواست - استدعا (۲-۱) تاکید - تشدد (۳-۱) کام جیسے درزی کہتے ہیں کہ چار تقاضے پڑے ہیں (۴- قانون) دعویٰ - مطالبہ +

تقاضائے سن یا عمر یا وقت - ع- تابع فعل - مقتضائے عمر - طفلی یا پیری کی طبعی خواہش کے موافق + مقتضائے وقت + حسب موقع +

تقاطع - ع- اسم مذکر - باہم منقطع ہونا - کٹنا +

تقاوی - ع- اسم مؤنث (۱) قوت دینا - طاقت دینا + مدد دینا (۲) وہ روپیہ جو زراعت کے واسطے سرکار کی طرف سے بطور امداد زمیندار کو قرض دیا جاتا ہے +

تقدیر - ع- اسم مؤنث (۱) اندازہ - مقدار (۲) قسمت نصیب - بھاگ - بخت - پرالبد - مقسوم + وہ اندازہ قدرت یا فطرت جو خدا تعالیٰ نے ہر ایک چیز کے مادے میں رکھ دیا ہے

تقدیر آزمانا - ا- فعل لازم - بخت آزمائی کرنا - قسمت کے بھروسے پر کوئی کام کرنا - مقسوم کا تجربہ کرنا - مقدر کو دیکھنا +

تقدیر آزمائی - ا- اسم مؤنث - دیکھو (تقدیر آزمانا)

تقدیر بگڑنا - ا- فعل لازم - مقدر کا ناموافق ہونا + ادبار ہونا - بداقبالی ہونا +

تقدیر پلٹنا - ا- فعل لازم - بخت کا برگشتہ ہونا - بداقبالی ہونا - ادبار ہونا - مقسوم بگڑنا +

تقدیر پھر جانا - ا- فعل لازم (۱) بخت کا برگشتہ ہونا

اِدبار آنا - اِقبال نہ رہنا (۲) دِن پھرنا - بھلے دِن آنا - تقدیر کا سامنے ہونا - اِقبال ہونا +

تقدِیر پُھوٹ جانا - ۔د - فعل لازم - عو - (۱) نہ بھاگی ہونا تقدیر کا بگڑ جانا - تقدیر لوٹ جانا - مُقدّر کا بر خلاف ہو جانا (۲) بُری جگہ شادی ہونا - بُرے کے پلّے بندھنا +

تقدِیر جاگنا - د - فعل لازم - بخت کا بیدار ہونا - دِن پھرنا - وقت کا مُوافق ہونا - بھلے دِن آنا - اِقبال کا سامنے ہونا - مُساعِدتِ بخت - بخت کا یاور ہونا +

تقدِیر چمکنا - د - فعل لازم - دیکھو (تقدیر جاگنا)

تقدِیر سیدھی ہونا - د - فعل لازم - بخت کا مُساعد اور یاور ہونا - بات بنا - زمانہ مُوافق ہونا - اِقبال ہونا

زنگِ آئینۂ اِنساں کی ہے تقدیر اگر سیدھی
مُوافق ہے زمانہ دوست دُشمن کی نظر سیدھی (آتش)

تقدِیر کا بدا - د - تابع فعل - عو - نصیبوں کا لکھا جو کچھ مُقدّر میں ہو - نوشتۂ ازلی +

تقدِیر کا بل - د - اِسم مذکّر - واژونیِ بخت + نگوں بختی قسمت کا پھیر - مُقدّر کا بگاڑ +

تقدِیر کا بناؤ - د - تابع فعل - سازگاریِ بخت مُساعدتِ زمانہ - مساعدتِ وقت +

تقدِیر کا پلٹا کھانا - د - فعل لازم - نصیب برگشتہ ہونا - قسمت اُلٹنا +

تقدِیر کا سو جانا - د - فعل لازم - بخت کا ناسازگار و ناموافق ہونا - نصیبے کا غافل ہو جانا +

تقدِیر کا کھیل - د - اِسم مذکّر - امرِ تقدیر - نصیب کے کام - قسمت کے کرشمے - تقدیر کے کارخانے +

تقدِیر کا لکھا د - اِسم مذکّر - نوشتۂ ازلی - خطِ تقدیر - تقدیر کا بدا - کرم ریکھ +

تقدِیر کا ہیٹا - د - اِسم مذکّر - درماندۂ ازلی - بدنصیب کرم ہین ابھاگا - نربھاگا +

تقدِیر لڑنا - د - فعل لازم - تقدیر کا سازگار ہونا - کارسازیِ تقدیر - کسی امر میں تقدیر کا شامِل ہونا - قسمت کا مُناسب ہونا - تقدیر کا مُوافق ہونا +

تقدِیر لوٹ جانا - د - فعل لازم - تقدیر کا برگشتہ ہو جانا - تقدیر کا دغا دیجانا - نصیب کا یاور نہ ہونا +

تقدِیری امر - ع - اِسم مذکّر - شُدنی کام - وُہ بات جو تقدیر سے نسبت رکھے - تقدیر کا لکھا - نوشتۂ ازلی - ہونے والی بات + ہونی - شدنی - وہ بات جس میں تدبیر کو دخل نہ ہو +

تقدِیم - ع - اِسم مؤنّث (۱) پیشدستی - پیش قدمی - پہل (۲) برتری - ترجیح - فوقیت (۳) پیش کرنا جیسے تقدیم مراسم +

تقرُّب - ع - اِسم مذکّر - نزدیکی - قُربت +

تقرُّر - ع - اِسم مذکّر - تعیُّن + قیام +

تقرُّری - ع - اِسم مؤنّث - تعیناتی - مُقرّر ہونا + نوکری مُلازمت + ناخن بندی +

تقرِیب - ع - اِسم مؤنّث (۱) نزدیکی - قریب کرنا (۲ - ۱) ذریعہ - باعث - سبب - موقع (۳ - ۱) چھوٹی سی شادی - رِشتہ داروں کے جمع ہونے کا باعث - دوست احباب کے اکھٹا کرنے کی وجہ (۴ - ۱) مُراد - مطلب - مقصد (۵ - ۱) کسی شخص کا دُوسرے شخص کے رُوبرو قبل از مُلاقات ذِکر کرنا - مُلاقات کا ذریعہ نکالنا - سفارشِ مُلاقات کسی شخص کو دُوسرے کی مُلاقات کے واسطے ذکر کر کے رجُوع کرنا +

تقرِیباً - ع - تابع فعل - اندازاً - تخمیناً - قریب قریب - اُنمان سے

تقریر - ع - اسم مؤنث (۱) بیان - ذکر - گفتگو - بات چیت (۲-۱) بحث علمی یا عقلی تکرار - مباحثہ - حجت (۳-۱) لکچر - زبانی بیان + وعظ - درس +

تقریری - ع - صفت - زبانی - تحریری کے خلاف

تقریریا - ا - صفت (۱) حجتی - تکراری - جھگڑالو - جھکی (۲) باتونی - زیادہ گو - بکواسی - فضول گو +

تقریض - ع - اسم مؤنث - (۱) ساتھی یا دوست کی تعریف (۲) ریویو - کسی کتاب پر رائے دینا - کسی تحریر پر اپنی رائے ظاہر کرنا +

تقریظ - ع - اسم مؤنث (۱) زندہ کی تعریف خواہ راست ہو خواہ دروغ (۲) دیکھو (تقریض نمبر ۲) +

تقسیم - ع - اسم مؤنث (۱) بانٹ - بٹوارہ - قسمت - کھنڈ (۲) حساب کا وہ قاعدہ جس میں ایک عدد کو دوسرے عدد پر بانٹتے ہیں اصل میں تفریق متواتر کا اختصار ہے

تقسیم کرنا - ا - فعل متعدی - بانٹنا - بھاگ کرنا +

تقسیم ہونا - ا - فعل لازم بٹنا - بھاگ ہونا - حصہ ہونا - حصہ رسد ملنا +

تقصیر - ع - اسم مؤنث (۱) کوتاہی - کمی (۲) سہو - چوک - خطا - قصور (۳) گناہ - جرم +

تقصیروار - ع + ف - صفت - گنہگار - قصوروار - مجرم

تقطیع - ع - اسم مؤنث (۱) ٹکڑے ٹکڑے کرنا (۲) بیت کے اجزا کو بحر کے اجزا کے ساتھ برابر کرکے تولنا (یعنی بیت کے متحرک اور ساکن حرفوں کو بحر کے ساکن و متحرک حرفوں کے مقابل کرنا اسمیں یہ ضرور نہیں ہے کہ کسرہ کے مقابل کسرہ اور فتحہ کے مقابل فتحہ آئے مثلاً خوبی فعلن کے وزن پر ٹھیک ہے) ۳ - الف بے تے کے وہ حصے جنہیں حرفوں کو ایک دوسرے سے ملانا سکھایا جاتا ہے جیسے بابت - حاجت - طاعت وغیرہ +

تقلید - ع - اسم مؤنث (۱) نقل - پیروی - کسیکے قدم بقدم چلنا (۲ قانون) جعل - فریب - تلبیس +

تقویٰ - ع - اسم مذکر - پرہیزگاری - بھگتائی - خدا کا خوف کرنا

تقویت - ع - اسم مؤنث (۱) قوت دینا - طاقت - زور - (۲-۱) ڈھارس - پشتی - مدد (۳-۱) تسکین - تسلی +

تقویم - ع - اسم مؤنث - جنتری - پترا - وہ کتاب جس میں سال بھر کی تاریخیں ستاروں کے مقامات اور گرہن وغیرہ کا ذکر ہوتا ہے +

تقویم پارینہ - ع + ف - اسم مؤنث - پرانی جنتری + بیکار چیز - وہ چیز جو کارآمد نہو +

تقیّد - ا - اسم مؤنث (صحیح تقیید) لغوی معنی قید کرنا اصطلاحی تاکید - تنبیہ +

تُک - ہ - اسم مذکر - قافیہ + سجع +

تک بندی - ا - اسم مؤنث - قافیہ بندی - تک سے تک ملانا - ہمعنی اور ہموقع قافیہ پیمائی +

تک جوڑنا - ہ - فعل لازم - قافیہ ملانا - تک ملانا +

تک - ہ - اسم مؤنث - بڑی ترازو - ڈنڈی +

تک - ہ - حرف انتہا - حروف مغیرہ میں سے ایک حرف (۱) حد - انتہا - انحصار - خاتمہ - تار (۲) پاس - نزدیک جیسے تم تک - مجھ تک وغیرہ +

تکّا - ا - اسم مذکر (ف تکہ) - ۱ - گوشت کا ٹکڑا - پارچہ - گوشت کی لمبی لوٹی - پتلی بوٹی (۲) مضغہ - لوتھڑا (۳) ولد زائیدہ - تولد شدہ جیسے حرامی تکا یعنی ولدالزنا +

تکا اتارنا - ا - فعل متعدی (مسلمان ضعیف الاعتقاد عورتوں کا دستور ہے کہ وہ نظر گزر کے واسطے منگل کے روز بچوں کے اوپر سے گوشت کو صدقے کرکے چیلوں کو کھلایا کرتی ہیں) +

تکا بوٹی کرنا - ا - فعل متعدی (۱) ٹکڑے ٹکڑے کرنا -

دھجی دھجی کرنا (۲) تیا پانچا کرنا - بانٹ لینا - تقسیم کرنا +

تکا بوٹی ہوجانا - ا - فعل لازم - بالکل تقسیم ہوجانا
ہاتھوں ہاتھ اُڑ جانا - صرف ہوجانا +

تُکّا - ا - اسم مذکر (ف تُکہ) وُہ تیر جسمیں بھال نہو +
بان - تیر - ناوک (اصل میں ایک خاص قسم کا تیر ہے جسمیں
نوک کی بجائے گھنڈی ہوتی ہے) (۲) صفت - ا - سیدھا -
عمُود وار جیسے جب دیکھو تُکا سی بیٹھی ہے (عو)

تُکا سا - ا - تابع فعل - تیر سا - سیدھا - عمُود وار +

تکا فضیحتی - ا - اسم مؤنث - عو - تُوتکار - تُو تُو
میں میں - ذلت و رسوائی (اصل میں تھکا فضیحتی ہے)

تکان - ا - اسم مؤنث - کسلمندی - تھکان - تھکاوٹ
ماندگی + اعضا شکنی + سُستی - آلکس - کاہلی - تکاسل
ہچکولوں کا صدمہ +

تکان اُتارنا - ا - فعل لازم (۱) سُستی کھونا - تازہ
دم ہونا (۲ - بازاری) مجامعت کرنا +

تکان چڑھنا - ا - فعل لازم - تھکنا - سُستی آنا +

تکبُّر - ع - اسم مؤنث - بڑائی ظاہر کرنا - غرور - گھمنڈ - انانیت
ہاہمی - رعونت +

تکبیر - ع - اسم مؤنث (۱) اللہ اکبر کہنا - بزرگ جاننا
تعظیماً خدا کا نام لینا (لڑائی یا نماز یا ذبح کرتے وقت یا خوف
اور تعجب کے وقت اللہ اکبر کہنا) +

تکبیر اُولیٰ - ع - اسم مؤنث - نماز کی اوّل تکبیر - تکبیر تحریمہ
اوّل دفعہ امام کے اللہ اکبر کہنے میں شریک ہونا

تک تِک - ہ - اسم مؤنث - ایک آواز ہے جو بیل ہانکتے
وقت اُسکے آگے چلانے کو زبان سے نکالتے ہیں +

تک تِک کرنا - ہ - فعل متعدی - انکس کرنا - آر کرنا
اُنگلانا - ہر وقت یاد دہانی کرنا - ٹھوکنا +

تکرار - ع - اسم مؤنث (۱) مکرر سہ کرر کہنا - بار بار کہنا +
حجت - بحث - رد و کد - رد و بدل (آتش)
مُنہ دکھاؤ بہت رہی تکرار + ارنی اور لن ترانی کی
(۲) ا) جھگڑا - ٹنٹا - لڑائی (۳) اصطلاح عروض
میں کسی قافیہ یا مضمون یا مصرع کو دوبارہ لانا +

تکرار کرنا - ا - فعل متعدی - جھگڑنا + جھگڑا کرکے سودا لینا
اُلجھنا - سر ہونا +

تکراری - ا - صفت - جھگڑالو جھکی - حجتی - لڑاکا +

تکریم - ع - اسم مؤنث - عزت کرنا - بزرگی کرنا + تعظیم
ادب + آؤ آدر - آؤ بھگت + خاطر و مدارات +

تکڑا - ہ - صفت (۱) کڑا - مضبوط - سخت - ہٹا کٹا (۲)
فربہ اندام - موٹا تازہ (۳) چست و چالاک +

تُکس - ا - اسم مذکر - عوام (اصل میں ترکش تھا) وُہ پان
کے اُوپر کا پتا جسمیں پان رکھکر مخروطی شکل کی پڑیا
بنا دیتے ہیں (۲) تارکشی کی چند گڈیوں کا مٹھا +

تُکش - ا - اسم مذکر - ترکش - تیروں کے رکھنے کا خانہ -
تیردان - تیروں کا ناوا - تون - جعبہ +

تکفیر - ع - اسم مؤنث - کافر کہنا - کفر کا فتویٰ دینا - کفر

تُکّل - ا - اسم مؤنث - ایک قسم کا دو کانپوں والا پتنگ
جسکا سر تکمے اور پیٹا تیتری سے مشابہ ہوتا ہے

تکلا - ہ - اسم مذکر - دُوک - تکوا - چرخے کی وُہ آہنی سلائی
جسپر کاتتے وقت کُکڑی بنتی جاتی ہے +

تکلف - ع - اسم مذکر (۱) اپنے اُوپر تکلیف گوارا کرنا - تکلیف
اُٹھاکر کوئی کام کرنا (۲) تصنع - بناوٹ - نمود - ایسی
بات دکھانی جو اپنے میں نہو - نمائش - ظاہر داری
اے ذوق تکلف میں ہے تکلیف سراسر
آرام سے وُہ ہے جو تکلف نہیں کرتا (ذوق)

(۳) زینت - تزئین - ٹھاٹ - آرائش - ٹیپ ٹاپ (۴) ا
غیریت برتنا - مغائرت برتنا - وہ برتاؤ جو حجاب یا کسی اور
باعث سے برتا جائے (۴) دقّت + کٹ جیسے تکلّف
سے اُٹھنا یا بیٹھنا +

تکلّف برتنا - ا - فعل لازم - ظاہر داری برتنا - مغائرت
کا سا برتاؤ کرنا +

تکلّف برطرف - ع + ف - تابع فعل - تکلّف اُٹھا کے
بے تکلّف - بعد از حذف زوائد - بے حجابانہ - آزادانہ
بلا تصنّع - صاف صاف + خطا معاف +

تکلّف کا کھانا - ا - اسم مذکّر - قیمتی اور لذیذ کھانا
امیرانہ کھانا +

تکلّف کا مکان - ا - اسم مذکّر - مکان آراستہ -
سجا ہوا مکان +

تکلّف کرنا - ا - فعل لازم (۱) ٹیپ ٹاپ کرنا - آراستگی
دکھانا - ٹھاٹ باٹ دکھانا - آراستہ کرنا (۲) حجاب کرنا
شرم کرنا +

تکلیف - ع - اسم مؤنث (۱) طاقت سے زیادہ کام لینا
دکھ - رنج - ایذا - درد (۲ - ۱) مصیبت - بپتا (۳ - ۱)
تنگی - تنگدستی - مفلسی (۴ - ۱) دشواری - دقّت +

تکلیف دینا - ا - فعل متعدّی (۱) دکھ دینا - ایذا دینا
(۲ - ۱) کسی کام کو کہنا - کسی کام کی درخواست کرنا +

تکلیف کرنا - ا - فعل لازم (۱) تکلیف اُٹھانا - قدم رنجہ
فرمانا - تشریف لانا +

تکلے کے سے بل نکالنا - ۸ - فعل متعدّی - عو -
کجی نکالنا - خوب سیدھا بنانا - کما حقّہ ٹھیک کرنا - ساری
شرارت دور کر دینا ۔ (رنگین)
بل ترے تکلے کی مانند نکالوں تو سہی
کیا بری سوت کی انٹی یہ اٹیری باندی

تکلے کے سے بل نکلنا - ا - فعل لازم - ساری کجی
دور ہونا - خوب ٹھیک بننا + قرار واقعی سزا ملنا - سیدھا
بنا - ساری شرارت دور ہونا +

تکمہ - ف - اسم مذکّر - لغوی معنی گھنڈی مگر اردو میں حلقۂ
گریبان وغیرہ کو کہتے ہیں +

تکمیل - ع - اسم مؤنث (۱) اتمام - پورا کرنا - انجام -
کمال کو پہنچانا +

تکمیل تمسّک - ع - اسم مؤنث (قانون) قانونی شرائط
کے موافق تمسّک کا پورا ہو جانا +

تکمیل رہن - ع - اسم مؤنث (قانون) رہن کی میعاد کا
پورا ہو جانا +

تکنا - ۸ - فعل متعدّی (۱) دیکھنا - گھورنا - بغور دیکھنا - ٹکٹکی
باندھنا (۲) آسرا رکھنا - امید رکھنا (۳) انتظار کرنا - راہ
دیکھنا (۴) گھورا گھاری کرنا - نیت بد سے دیکھنا - نظر بازی
کرنا - دیدار بازی کرنا (۵) لینے کا ارادہ رکھنا - دانت رکھنا
اڑانے یا چرانے کا موقع دیکھنا جیسے مال تکنا (۶) اختیار
کرنا - لینا - قبول کرنا - منظور کرنا جیسے سب کام تھکا تو برا
کام تکا (کہاوت) +

تکوا - ۸ - اسم مذکّر (ہندو) دوک - تکلا +

تک و دو - ف - اسم مؤنث (صحیح تگ و دو) (۱) کوشش
تجسّس (۲ - ۱) پیروی - دوڑ دھوپ (۳ - ۱) فکر
تشویش - ادھیڑبن +

تکونا یا تکونیا - ۸ - صفت - سہ گوشہ - مثلث - ترکھونٹ

تکھری - ۸ - اسم مؤنث (پورب) چھوٹی ترازو - نرزہ

تکھونٹا - ۸ - صفت - دیکھو (تکونا) +

تکیے لگانا - ا - فعل لازم - عو - کباب لگانا - جلانا -

تھوتنا + رشک دلانا۔ چھیڑنا۔ مرچیں لگانا +

تکی لگانا - ہ - فعل متعدی (لکھنؤ) گھورنا +

تکیہ - ف - اسم مذکر (۱) آرام کی جگہ (۲) بالش - وسادہ - سرہانے رکھنے کی چیز (۳) بھروسا - اعتماد کلی (۴-۱) فقیر کے رہنے کی جگہ - فقیر کا گھر (۵-۱) گورستان قبرستان

پیام موت یاد وصل ہے فرقت میں عاشق کو
سلائےگی ہمیں تکیہ میں تکیہ تیرے پہلو کا (برق)

تکیہ دار - ا - اسم مذکر - وہ فقیر جو گورستان میں رہے - قبرستان کا سجادہ نشین +

تکیہ کرنا - ا - فعل لازم - بھروسا کرنا - کسی پر اعتماد کرنا

تکیہ کلام ف+ع - اسم مذکر - سخن تکیہ (بعض لوگوں کی عادت ہوتی ہے کہ وہ موقع بے موقع کسی ایسے لفظ کو جو انکی زبان پر چڑھا ہوا ہو ہر ایک کلام کے بعد بولتے ہیں بس اسی کو تکیہ کلام اور سخن تکیہ کہتے ہیں)

تکیہ لگانا - ا - فعل لازم - دیوار یا کسی چیز کے سہارے سے بیٹھنا +

تگا - ہ - اسم مذکر (ہندو) تاگا کا مخفف - دھاگا - تار - ڈورا +

تگا - ا - اسم مذکر (صحیح - ت - اتگہ) شوہر دایہ - انا کا خاوند - دودھ پلانے والی کا خصم - دھاؤڑا (یہ لفظ اصل میں بزبان ترکی اتاگاہ تھا کیونکہ ترکی میں اتا معنی پدر اور گاہ بمعنی قایم مقام آیا ہے یعنی وہ شخص جو باپ کا قایم مقام ہو۔ اتگا اسکا مخفف ہے اہل قلعہ اور اہل دہلی اس لفظ کو زیادہ بولتے ہیں)

تگا - ہ - اسم مذکر (۱) برہمنوں کی ایک قوم کا نام جنے وان کو تیاگ رکھا ہے (۲) بعض لوگوں نے بمعنی منسلوب طباشیر کے معنی بھی لکھے ہیں +

تگّا - ہ - صفت - ٹیڑھا - خمیدہ + کج رفتار - وہ شخص جو ٹیڑھا اور کبڑا ہو کر چلے +

تگاپو - ف - اسم مونث - دوڑ دھوپ - آمد و شد از روی تعجیل - جلدی سے آمد و رفت کرنا بھی - کوشش نہایت جستجو + بیفائدہ تردّد +

تگڑی - ہ - اسم مونث - تاگڑی کا مخفف +

تگدمہ - یا - تکدمہ - ا - اسم مذکر - کسی چیز کی تیاری کا حساب جو منظوری سے پہلے پیش کیا جای - تخمینہ - برآورد (یہ لفظ تقدم و تقدمہ سے بگڑا ہے)

تگنا - ہ - صفت - سہ چند - تین گنا +

تگی - ہ - اسم مونث - خمیدہ ہو کر کسی کو اوپر چڑھنا - چڈھی - آدمی کی سواری (اطفال) +

تل - ہ - اسم مذکر - تلے - نیچے - نیچے کا حصہ + تھاہ + نشیب +

تل دھار موسل دھار برسنا - ہ - فعل لازم - زور شور سے بارش ہونا +

تل کرنا - ہ - فعل متعدی (قمار باز) نیچے دبا لینا - چھپا لینا - غائب کر دینا - چرا لینا +

تل نظرا - ا - اسم مذکر - ع - وہ شخص جو نیچی نظروں سے دیکھے + وہ بدنظر جو چھپکے چھپکے دیکھے +

تِل - ہ - اسم مذکر (۱) ایک قسم کا تخم جس سے تیل نکلتا ہے کنجد - مزاجاً - درجۂ اول درجہ میں گرم و تر (یہ سیاہ یا سفید دونوں رنگ کا ہوتا ہے) (۲) ترکی: ل - نقطۂ سیاہ جو جسم یا رخسار پر ہوتا ہے اور نیز کاجل کا نقطہ جو اوپر کی پلک پر لگا [illegible] چشم - آنکھ کی پتلی (۳) رتی - ذرہ - بہت کم مقدار [illegible] + سے تل چو سو بجر [illegible]

بعض اگلے شاعروں جیسے معتبر خاں [illegible] حاتم جان طپش وغیرہ نے اس لفظ کو لمحہ لطرفۃ العین - پل [illegible] چشم زدن کے معنوں میں باندھا ہے مگر یہ سراسر غلطی ہے کیونکہ لفظ پل [illegible] زمانہ کی مقدار قلیل ظاہر کرتا ہے

اور لفظ تل جسم یا جگہ وغیرہ کی قلت بتاتا ہے یعنی لفظ تل اشیا کے
واسطے موضوع ہے اور لفظ پل مقدار زمانہ کے لیے ۔ سے تل میں دل
لیکے یوں بگڑتے ہو کہ گویا ان تلوں میں تیل ہی نہیں (معتبر خاں)

تل برابر ۔ ا ۔ صفت ۔ ذرا سا ۔ مقدار قلیل ۔ رائی برابر
رائی بھر ۔ ذرہ بھر +

تل بنانا ۔ یا ۔ لگانا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ خوبصورتی کے
واسطے کاجل کی بندی چہرے یا رخسارے یا ماتھے پر
لگانی ۔ سہ لگاؤ نہ کاجل کے تل اپنے منہ پر
ابھی خاک میں گر کے اختر ملیں گے +

تل بندھنا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ آفتاب کی شعاع کا آتشی
شیشہ سے نکلکر کسی چیز پر تل کی شکل کا بنکر پڑنا +

تل بھگا ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ وہ کٹے ہوئے تل جنہیں کھانڈ
ملی ہوئی ہوتی ہے +

تل چاٹنا ۔ ہ ۔ فعل لازم (مسلمان عورتوں میں ایک رسم ہے
کہ دولہا کو وداع کے وقت دلہن کے ہاتھ میں کالے تل کھلواکر چٹواتی ہیں
تاکہ دولہا تمام عمر اس ٹوٹکے سے مطیع رہے +

تل چاولے بال ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ کھچڑے بال ۔ سیاہ
و سفید بال +

تل چاولی ڈاڑھی ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ کھچڑی
ڈاڑھی ۔ وہ ڈاڑھی جسمیں آدھے کالے آدھے سفید
بال ہوں +

تل چٹا ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ ایک قسم کا جھینگر +

تل دھرنے کی جگہ نہونا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ عو ۔
تنگ جا ہونا ۔ بالکل جگہ نہونا ۔ کثرت اسباب و ازدحام
جمگھٹ وغیرہ کے واسطے بھی بولتے ہیں +

تل شکری ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ ایک قسم کی شیرینی کا
نام جو تل اور شکر کی آمیزش سے بنائی جاتی ہے عوام
اسے گجک (گزک) کہتے ہیں + (بحر)
اسکے خال و لب شیریں کا جو کرتا ہوں بیاں
منہ میں بنتی ہے زباں تلشکری کا ٹکڑا

تل کٹ ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ (دیکھو ۔ تل بھگا)

تل کی اوجھل پہاڑ ۔ ہ ۔ مثل ۔ ذرا سے پردے
میں کسی بڑی بھاری بات کا پوشیدہ ہونا ۔ کبھی کسی
شعبدہ یا انوکھی چیز کے ظاہر ہونے سے بھی مراد ہوتی ہے

تلا ۔ ہ ۔ اسم مذکر (۱) جوتی کے نیچے کا حصہ (۲) پیندا +

تلا دینا ۔ ہ ۔ فعل متعدی ۔ عو ۔ ہانڈی یا پتیلی کے نیچے
گیلی مٹی چڑھانا تاکہ آگ سے کسیقدر محفوظ رہے +

تلا ۔ ع ۔ اسم مذکر (از طلا) ا ۔ پگڑی کا زریں سرا (۲)
تار زریں ۔ گوٹہ کناری وغیرہ +

تلا ۔ ہ ۔ اسم مذکر (۱) ترازو ۔ پلکھڑی ۔ تک (۲) برج میزان
ساتویں راس (عربوں نے لفظ طلا اسی سے معرب
کیا ہے کیونکہ ہندوستان میں دستور تھا کہ راجا لوگ سونے کی برابر
تل کر وہ سونا خیرات کیا کرتے تھے اہل عرب نے اس سونے کو طلا سمجھکر
زر کے معنوں میں لفظ طلا کا استعمال کرلیا +

تلادان ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ ایک قسم کی خیرات جسمیں
سونا چاندی چاول اور بیش قیمت چیزیں وغیرہ
اپنے برابر تولکر برہمن کو ہندو لوگ دیتے ہیں +

تلاتل ۔ س ۔ اسم مذکر ۔ زمین کا چوتھا طبقہ +

تلاش ۔ ت ۔ اسم مؤنث (۱) جستجو ۔ سعی ۔ کوشش
(۲) ڈھونڈ ڈھانڈ (۳) کھوج ۔ تحقیقات ۔ سراغ

تلاش کرنا ۔ ا ۔ فعل متعدی ۔ ڈھونڈنا ۔ کھوج
لگانا ۔ سراغ لگانا +

تلاش معاش ۔ ت + ع ۔ فکر روزی ۔ جستجوئے روزگار

تلاشی ۔ ف ۔ اسم مؤنث (۱) جو بندہ ۔ جستجو کنندہ

ڈھونڈنے والا (لفظ متلاشی اس معنی میں غلط ہے)

(۲-۱) جھاڑا- گم شدہ چیز کے شبہ میں گھربار وغیرہ کی دیکھ بھال کرنا +

تلاشی لینا ۱- فعل متعدی- جھاڑا لینا +

تلاطم ع- اسم مذکر (۱) موج- لہر- پانی کی تھپیڑیں- ہلپا (۲-۱) جوش- ولولہ (ا میلی)

قیامت ہے بندھی ہے ذبح کے دم آنکھ پر پٹی
رہا دل میں تلاطم حسرت دیدار قاتل کا +

تلافی ع- اسم مذکر مؤنث- عوضہ- پاداش- مکافات

اگر غفلت سے باز آیا جفا کی +
تلافی کی بھی ظالم نے تو کیا کی (مؤمن)

تلاملی - ۵- اسم مؤنث- عو- اضطراب- بے چینی بے کلی- بے قراری + گھبراہٹ + جلدی بشتابی

تلانا - ۱- اسم مذکر- دیکھو (ترانہ) +

تلا گودن کرنا - ۵- فعل متعدی- عو- لغوی معنی کھال پر کچوکے لگانا- اصطلاحی طعن وتشنیع سے دل جلانا- طعنے مہنے دینا +

تلاؤ - ۱- اسم مذکر- تالاب- حوض- جوہڑ- آبگیر- پوکھر- تال- غدیر +

تلاوا - ۱- اسم مذکر- وہ فوج کا دستہ جو انکو لشکر گاہ یا شہر کی حفاظت کے واسطے گشت کرے- شب گرد (یہ لفظ صحیح طلایہ ہے لیکن صاحب بہار عجم کے نزدیک اصل میں طلایع تھا جو عربی طلیعہ کی جمع ہے جسکے معنی فوج محافظ ہیں مگر فارسی والوں نے مفرد استعمال کیا ہے جونسن ڈکشنری اور منتہی الارب وغیرہ میں طلیعہ کے معنی مقدمۃ لشکر- ہراول وغیرہ بھی لکھے ہیں

تلاوا - ۵- اسم مذکر- گاڑی کی وہ لکڑی جسپر اسکا تمام بوجھ تلا رہتا ہے اور وہ دھری کے اوپر لگائی جاتی ہے +

تلاوت ع- اسم مؤنث- پڑھنا- مطالعہ کرنا- قرآن شریف پڑھنا (بفتح تا ی قرشت بھی جائز ہے)

تلائی - ۵- اسم مؤنث (۱) مشعل کو کپی سے تیل پلانا- (۲- پورب) کڑھائی- تلنے کا چھوٹا سا برتن +

تل بیٹھنا - ۵- فعل لازم ہموزن ہو کر بیٹھنا- بادشاہوں راجاؤں اور امیروں میں دستور تھا کہ وہ سالانہ جشن یا سالگرہ کو ترازو میں بیٹھکر اسطرح تلا کرتے تھے کہ ایک طرف آپ بیٹھ جاتے تھے اور دوسری جانب سونا چاندی- خواہ تانبا غلہ اور جواہر وغیرہ رکھکر تصدق کر دیا کرتے تھے (معروف)

تل کے اک بادام سے بیٹھا ترا بیمار چشم
یہ ہوا لاغر ہے اسکا جسم زار ایکبرس

تلبیس ع- اسم مؤنث- لغوی معنی لباس پہنانا- اصطلاحی دغا- فریب- جعل- دھوکا کیونکہ آدمی مکر وفریب سے اپنے ارادہ کو چھپاتا ہے +

تلبیس سکہ ع- اسم مذکر (قانون) قلب کرنا- سکہ بدلکر چلانا +

تلبیس لباس ع- اسم مذکر (قانون) دھوکا دینے کے واسطے سرکاری وردی پہنا +

تلپٹ کرنا - ۵- فعل متعدی (۱) تہ وبالا کرنا- نیچے اوپر کرنا- زیر و زبر کرنا- کھوندنا- پامال کرنا- تباہ وبرباد کرنا- اتھل پتھل کرنا- خراب کرنا (۲) کسی چیز کو غائب کر دینا- چرا لینا- اڑا لینا- چھپا دینا- گم کر دینا (عو)

تلپٹ ہونا - ۵- فعل لازم (۱) تہ وبالا ہونا- زیر و زبر ہونا- اتھل پتھل ہونا- الٹ پلٹ ہونا + روندن میں آنا- پامال ہونا + (۲) ...

ساقیا تیری نگاہ کی گردش سے دیکھ ... (رنگین)

ساقیا تیری نگاہِ ناز کی گردش سے دیکھ
(رنگین) جامِ جم اوندھے ہیں اور تلپٹ ہیں پیمانے پڑے
(۲) ضائع ہونا۔ رائگاں جانا۔ کھویا جانا۔ گم ہونا۔ غائب ہو جانا
جو دل کو دیتے ہو ناسخ تو کچھ سمجھ کے دو
(ناسخ) کہیں نہ مفت میں دیکھو یہ مال تلپٹ ہو

تلچھٹ -ہ- اسم مؤنث - دُرد - تہ نشین - گاد - دُرد وہ چیز جو پانی وغیرہ میں نیچے بیٹھ جاتی ہے سِفل (رند)
مجھ بلانوش کو تلچھٹ ہی پلا دے ساقی +
بھر دے چُلّو میں جو ہو شیشے میں باقی ساقی
(حضرت اختر نے اسکو نہیں معلوم کس وجہ سے مذکر باندھا ہے ؎
کسکی ستی خراب ہو ساقی + اُسکا تلچھٹ خمار کرتا ہے)

تلچھنا -ہ- فعل لازم (پورب) بیچین ہونا۔ مضطرب ہونا
تڑپنا۔ بیکل ہونا۔ بیتاب ہونا +

تلچھوں تلچھوں کرنا -ہ- فعل لازم - ع و - بیتابانہ پھرنا۔ مضطربانہ کوئی کام کرنا + چلبلاپن دکھانا
تھم نہ رہنا - نچلا نہ بیٹھنا +

تلخ - ف - صفت (۱) کڑوا (۲) بدمزہ - بد ذائقہ (۳) کھاری (۴) ناگوار - ناپسند +

تلخ کرنا - ہ - فعل متعدی - کڑوا کرنا - بدمزہ کرنا + ناگوار کرنا جیسے زندگی تلخ کرنا +

تلخ ہونا - ہ - فعل لازم - کڑوا ہونا - ناگوار ہونا + بدمزہ ہونا +

تلخی - ف - اسم مؤنث (۱) کڑواہٹ (۲) شدت - سختی - سکرات جیسے تلخیِ موت +

تلڑ -ہ- اسم مذکر (گنوار) (۱) پیٹ - اوجھ - شکم جیسے تلڑ بھرنا وغیرہ (۲) قبضہ - جیسے مال تلڑ میں ہونا +

تلڑا -ہ- اسم مذکر - تین لڑکا - ایک زیور کا نام جسمیں
تین لڑیاں ہوتی ہیں اور اُسے عورتیں گلے میں پہنا کرتی ہیں

تلذُّذ - ع - اسم مذکر - لذت - مزہ - ذائقہ + حظ + لطف
کیفیت +

تُلسی -ہ- اسم مؤنث (۱) ایک پودے کا نام جسے ہندو لوگ پوجتے اور متبرک سمجھتے ہیں - ریحان - بالنگو - بنابو [?] (۲) ایک عورت کا نام جس پر کرشن جی عاشق تھے اور اُسے اُنھوں نے تلسی کا پودا بنا دیا تھا (۳) ایک مشہور ہندی شاعر کا نام جسکے اکثر دوہے مشہور ہیں +

تُلسی دانہ -ہ- اسم مذکر - ایک زیور کا نام +

تُلسی دل -ہ- اسم مذکر - تلسی کا پتّا - برگِ ریحان

تلطُّف - ع - اسم مذکر - مہربانی - عنایت و کرم +

تلف - ع - اسم مذکر (۱) ضائع - برباد - خراب + رائگاں (۲) ہلاک - فنا - جیسے اتنے آدمی تلف ہوئے +

تلفُّظ - ع - اسم مذکر - لفظ کا منہ سے ادا کرنا - اکشر کا اُچّارن + لہجہ +

تلقین - ع - اسم مؤنث - تعلیم دینا - سمجھانا - مذہبی تعلیم دینا
نصیحت - موعظت - پند +

تِلک -ہ- اسم مذکر (۱) قشقہ - ٹیکا - وہ نشان جو ہندو لوگ صندل یا رولی یا سیندور وغیرہ کا لگاتے ہیں (۲-و) جامہ - پیشواز - ایک قسم کی زنانہ پوشاک جو پہلے زمانہ میں عورتیں پہنا کرتی تھیں یا اب نیچ قوم کی مسلمان عورتیں پہنتی ہیں (یہ لفظ اصل میں ترکی ترلیک کا مخفف ہے) (۳) خلعت (۴) مسند نشینی کی رسم - گدی نشینی کا ٹیکا (۵) ایک زیور کا نام جو ماتھے پر پہنا جاتا ہے - ٹیکا (۶) وہ روپیہ جو شادی سے پہلے دُلہن کا باپ داماد کے گھر بھیجتا ہے +

تلک دھارنا - یا - **دھارن کرنا** -ہ- فعل لازم

ہندو۔ٹیکا لگانا۔قشقہ کھینچنا +

تلک دھاری - ہ - اسم مذکر۔ وُہ شخص جو روز تلک لگائے

تلک کرنا - ہ - فعل متعدی۔ ہندو (۱) گدی نشین کرنا تخت پر بٹھانا (۲) شادی کرنا۔ بیاہ کرنا (۳) رخصت کرنا وداع کرنا +

تلکُ - ہ - تابع فعل۔ دیکھو (تک) + (یہ پرانی ہندی کا لفظ ہے تک اسی کا مخفف ہے آجکل کم مستعمل ہے مگر شعراء نے بضرورت اسکو جایز رکھا ہے) +

تُلّی - ہ - اسم مؤنث۔ دھار +

تُلّی بندھنا - ہ - فعل لازم۔ دھار بندھنا۔ فوارہ چھوٹنا + ٹونٹی جاری ہونا +

تلملانا - ہ - فعل لازم۔ ع۔ مضطرب ہونا۔ بیقرار ہونا۔ بیچین ہونا۔ تڑپنا۔ بیتاب ہونا (ذوق)

ابرِ تر آنسو بہانا کوئی ہم سے سیکھ جائے
برقِ مضطر تلملانا کوئی ہم سے سیکھ جائے

(۲) بوکھلانا۔ بولانا۔ گھبرانا +

تلمیح ع - اسم مؤنث۔ علم بیان کی اصطلاح میں کسی قصّہ وغیرہ کا کلام میں اشارہ کرنا +

تلمیذ ع - اسم مذکر۔ شاگرد۔ چٹا۔ طالب علم۔ چیلا +

تلنا - ہ - فعل متعدی۔ کڑھائی میں گھی یا تیل گرم کرکے کچھ پکانا +

تُلنا - ہ - فعل لازم (۱) وزن ہونا۔ جچنا (۲) برابر ہونا۔ ہموزن ہونا (۳) کسی کام پر آمادہ ہونا (۴) پُر ہونا۔ بھرنا جیسے منہ تُلا کھڑا ہے (۵) بندھنا۔ جیسے تیر تُلنا (۶) انداز ہونا۔ اٹکل ہونا۔ جانچ ہونا جیسے ہم تُلے ہوے ہیں +

تِلنگا - ہ - اسم مذکر (۱) تلنگانہ کا رہنے والا (۲) وہ انگریزی سپاہی جسے انگریزی پوشاک پہنائی جاتی ہے (چونکہ ابتدا میں انگریزوں نے مقام تلنگانہ میں فوج بھرتی کرکے اسکو انگریزی لباس پہنایا تھا اس وجہ سے انگریزی پیادہ سپاہ کا یہ لقب ہوگیا) (۳) - ایک قسم کا کنکوا +

تِلنگنی - ہ - اسم مؤنث۔ ایک قسم کی شیرینی جو نہایت پتلی شیشے کی شکل کی بنائی جاتی ہے۔ اسمیں خربزہ کے بیج کالی مرچیں کھانڈ ڈالکر قوام پکاتے اور اُسکے کوزے بنا لیتے ہیں ابتدا میں بیجوں کی بجائے تل ڈالا کرتے تھے اور اسی وجہ سے اسکا نام تل انگنی رکھا تھا

تُلوا - ہ - اسم مذکر۔ ایڑی اور پنجے کے بیچ کا حصّہ۔ پانوں کے نیچے کا حصّہ۔ کفِ پا +

تلوا کھجلانا - یا - **کھجانا** - ہ - فعل لازم (۱) کفِ پا میں خارش ہونا (۲) علامت سفر کا ظاہر ہونا۔ سفر کا شگون نکلنا۔ سفر درپیش ہونا۔ صحرانوردی چاہنا + (ذوق)

رخصت اے زندانِ جنوں زنجیرِ در کھڑکا ہے
مژدہ خارِ دشت پھر تلوا مرا کھجلائے ہے

تلوا نہ ٹکنا - [illegible] ایک جگہ نہ ٹھیرنا

تلوا نہیں مرنی - اسم مذکر (قانون) دھوکا بی وردی پہننا +

(تلوا نہ ٹکنا) [illegible]

تلوار - ہ - اسم [illegible] متعدی (۱) تہ و بالا کرنا۔ تیسے کھوندنا۔ پامال کرنا (۲) کسی چیز کو بجز [illegible] کھانڈا۔ کھڑک [illegible] اب کرنا (۲) [illegible]

تلوار باندھنا - ہ - [illegible] نا۔ گم کر دینا (۴) تلوار کو کمر میں لگانا + تہ و بالا ہونا۔ زیر و زبر

تلوار برسنا - ہ - فعل [illegible] نا + روندن تیغزنی ہونا۔ شدت سے شم[illegible] برسے اگر تلوار سرون پر [illegible]

سیدھے جانے والے اُدھر کے کسکے پھیرے پھر ہیں

تلوار بند - ا - اسم مذکر - وہ شخص جو تلوار باندھے رہے

تلور یا + (تاریخ)

کیوں نہ منڈوائے بھویں اپنی وہ طفلِ آزاد کا

سچ ہے یہ ہوتے ہیں درویشوں میں کم تلوار بند

تلوار پر ہاتھ رکھنا - ہ - فعلِ لازم (۱) تلوار مارنے کے ارادہ سے قبضہ پر ہاتھ ڈالنا - دستِ بشمشیر بُردن

(۲) تلوار کی قسم کھانا ؛

تلوار تولنا - ہ - فعلِ لازم (۱) تیغ کو ہاتھ میں جانچنا تاکہ پورا وار پڑے - تلوار سنبھالنا - شمشیر زنی کا ارادہ کرنا

ہے کسکے آج ظالم پھر قتل کا ارادہ

(شیفتہ) ہر دم جو تولتا ہے تلوار تا بہ گردن

تلوار جڑنا - ہ - فعلِ متعدی - تلوار لگانا - شمشیر مارنا - ضربِ تیغ لگانا +

تلوار چلانا - ہ - فعلِ متعدی - تیغ زنی کرنا - تلوار سے لڑنا - جنگ کرنا

تلخ - ف - صفت (۱) کڑوا (۲) تیغ زنی ہونا - جنگ ہونا

کھاری (۳) ناگوار - ناپسند ہونا (شاہ نصیر)

تلخ کرنا - ہ - فعلِ متعدی - کہنے دلداریانی میں

ناگوار کرنا جیسے زندگی تلخ کہ تلوار پانی میں +

تلخ ہونا - ہ - فعلِ لازم - کتنا ورنہ او بانکی ادا

بدمزہ ہونا + تری رفتار پر

تلخی - ف - اسم مؤنث ا - فعلِ لازم - کمر سے تلوار

سختی - سکرات جیسے تلوار کو اگر توزیبِ کمر نکرتا +

تلڑ - ہ - اسم مذکر (گنتی) ٹولی اُدھر نکرتا

بھ وغیرہ (۲) قبضہ ہ - فعلِ لازم - تلوار کھینچنا - میان سے

تِلکڑا - ہ - اسم مذکر قتل کا ارادہ کرنا +

تلوار کا ابر - ا - اسم مذکر - جوہرِ تیغ - وہ نشان جو تلوار پر بشکلِ ابر نمایاں ہوتے ہیں +

تلوار کا بل - ہ - اسم مذکر - تلوار کی کجی جو ضرب بےضرب لگانے سے ہو جاتی ہے - خمِ شمشیر +

کیا نہ قتل کسی سخت جاں کو ای قاتل

ہ تمام بل تری تلوار کے نکل جاتے

تلوار کا پانی - ہ - اسم مذکر - آبِ دمِ شمشیر - تلوار کی آبداری (آتش) سیکڑوں تشنۂ دیدار ہیں معلوم نہیں

کسکی قسمت کا ہے پانی تری تلوار کے پاس

تلوار کا پٹھا - ہ - اسم مذکر (لکھنؤ) تلوار کی چوڑی دھار

ازل سے قاتلوں کو نقشِ خوبی سے ہی محرومی

(بحر) کسی تلوار کے پٹھے پر اُلّو ہو نہیں سکتا

تلوار کا پھل - ہ - اسم مذکر - قبضہ کے علاوہ جو شمشیر کی شکل ہے اُسے پھل کہتے ہیں جیسے چاقو اور برچھی کا پھل کہلاتا ہے - پیکرِ تیغ (بحر)

مرہم کی عوض زخم پر اب چاہیے تلوار

انگور میں پایا نہ مزا تیغ کے پھل کا

تلوار کا چھالا - ہ - اسم مذکر - داغِ شمشیر - وہ نشان جو تلوار کے پھل میں بشکلِ آبلہ نمایاں ہو +

تلوار کا ڈورا - ہ - اسم مذکر - دھار - باڑھ - دمِ شمشیر - دھار کا نشان جو بشکلِ خط دکھائی دیتا ہے

شب بسترِ راحت پہ جز آزار نہ پایا

(ممنون) تلوار کے ڈورے سے کم ایک تار نہ پایا

تلوار کا کسانا - ہ - فعلِ لازم (لکھنؤ) تلوار کا جھکنا

امتحان پر تو البیلوں کی نظر جھکتی ہے

(برق) وقت پر میرے بھی تلوار کسائی ہوتی

تلوار کا کھیت - ہ - اسم مذکر - میدانِ جنگ - لڑائی کا

میدان (آتش) چاک پیراہن برنگِ گُل بعینہٖ زخم ہے
کھیت ہے تلوار کا یارب کہ میدانِ بہار

تلوار کا گھاٹ - ہ - اسمِ مذکر - جہاں سے تیغ میں خم
شروع ہوا ہے اُس جگہ کو تلوار کا گھاٹ کہتے ہیں

(ناسخ) قاتلِ عالم ہے عُریانی میں عالم یار کا
گھاٹ اُسکے تیر نے کا گھاٹ ہے تلوار کا

تلوار کا مُنہ - ہ - اسمِ مذکر - دمِ شمشیر - باڑھ - تلوار کی دھار
پھیر دینگے نہ مُنہ کو تری تلوار سے قاتل
(آتش) ہم وہ لکے کڑے ہیں وُہ اگر مُنہ کی کڑی ہے

تلوار کا وار - ا - اسمِ مذکر - حملۂ شمشیر +

تلوار کا ہاتھ - ہ - اسمِ مذکر - ضربِ شمشیر - زخمِ شمشیر +

تلوار کرنا - ہ - فعلِ متعدی - تلوار سے کِسیکے ساتھ
لڑنا - تلوار مارنا +

تلوار کھینچنا - ہ - فعلِ لازم - تلوار میان سے نکالنا -
تلوار سونتنا - قتل کرنے کو مستعد ہونا - شمشیر کشیدن کا ترجمہ

تلوار کی آنچ - ہ - اسمِ مؤنث - تلوار کا سامنا - زخمِ
شمشیر کا مقابلہ - گزندو آسیبِ شمشیر (معروف)

خوف ابرو سے گیا دل سوی روی آتشین
آنچ سے تلوار کی بھاگا یہ ڈر کر آگ میں

تلوار کی مالا - ہ - اسمِ مؤنث - پیوندِ شمشیر - تلوار کا جوڑ
جو دُنبالہ سے کِسیقدر فاصلہ پر ہوتا ہے سروہی سے یہ بات
مخصوص ہے (اہلِ لکھنؤ تلوار کا مالا بولتے ہیں)

اسے شہادت میں نہیں طالب جڑاؤ ہار کا
چاہیے زیور میں مالا تیغِ جوہر دار کا ++

تلوار لگانا - ہ - فعلِ متعدی - تلوار مارنا - تلوار سے زخمی کرنا

تلوار مارنا - ہ - فعلِ متعدی - تلوار کا وار کرنا - شمشیر لگانا

تلوار ملنا - ہ - فعلِ لازم - تلوار صاف کرنا - تلوار پر
صیقل کرنا - تلوار کا زنگ دُور کرنا +

تلوار میان سے لینا - ا - فعلِ لازم - تلوار سونتنا -
تلوار کھینچنا - تلوار مارنے پر آمادہ ہونا +

تلوار میان سے نکلی پڑنا - ا - فعلِ لازم - قتل کرنے
پر آمادہ رہنا - نہایت بہادری جتانا +

تلوار میان میں کرنا - ا - فعلِ لازم - تلوار کو غلاف میں
رکھنا + قتل کے ارادہ سے باز آنا (تلوار میان کرنا بھی بولتے ہیں)

تلوار میں بال پڑنا - یا آجانا - ہ - فعلِ لازم - شکستگی کے
آثار ظاہر ہونا - تلوار میں نقص آجانا - (نکہت)

بال بیکا نہ ہوا یاں تو سرِ مُو قاتل ...
سخت جانی سے مری آگیا تلوار میں بال

تلواروں کی چھاؤں میں - ہ - تابعِ فعل - برہنہ شمشیر
کی حراست میں - تلواروں کی بیچ میں +

تَلْوَانا - ہ - تلنے کا متعدی +

تُلْوَانا - ہ - تولنے کا متعدی +

تِلْوَانسا - ہ - صفت - سا کو اس رسا کہ جس سے
تیل بتی کے قریب ... ہندو تلونڈا بھی کہتے ہیں)

تُلْوَائی - ہ - اسمِ مؤنث - تولنے کی اُجرت +

تَلْوَرِیا - ہ - اسم (گیتوں میں) (۱) شمشیر بند - تلوار چلانے والا
اور باندھنے والا + ہتھیار بند - سلحشور + بہادر - سُورما
(۲) تلوار کی ... +

تَلَوُّن - ع - اسم (۱) رنگ بدلنا - تبدیلِ رنگ -
(۲) ایک حالت پر نہ رہنا - اضطراب + چھچھورپن +

تَلَوُّن مِزاج - ع - صفت - غیر مستقل مزاج - وُہ
شخص جسکا مزاج ٹھکانے نہ ہو + متوہم +

تَلَوُّن مِزاجی - ع - اسمِ مؤنث - بے استقلالی +

تِلوں میں سے تیل نکلنا - ہ - فعلِ لازم - عو -

کفایت شعاری میں سلیقہ دکھانا +

تلوؤں - ھ - تلوا کی جمع +

تلووں تلے میٹنا - ھ - فعل متعدی - عو - پامال کرنا روندنا (جیسے جو میرے بچے کو مارے اُسے تلووں تلے میٹ دوں)

تلووں سے آگ لگنا - ھ - فعل لازم - نہایت غصّہ ہونا غضب میں آنا (کمال غیظ و غضب سے مراد ہے کیونکہ جس شخص کے تلووں سے آگ لگ گئی جسطرح وہ بیتاب ہو کر نہیں ٹھہر سکتا اسیطرح مغلوب الغضب کو چین نہیں رہتا (ستجاد) مہندی کو کف پا سے ترے لاگ لگی ہے + میں کیا کروں تلووں سے میرے آگ لگی ہے (گلزار نسیم) دیکھ جو حنائی ہاتھ بے لاگ + تلووں سے پری کے لگ گئی آگ) +

تلووں سے آنکھیں ملنا - ھ - عو - فعل متعدی (۱) تلووں تلے میٹنا - کسی دشمن کی آنکھیں نکلوا کر اپنے تلووں سے حسرت و عداوت نکالنے کی غرض سے ملنا + سزائے چشم دینا - سخت سزا دینا + حسرت پابوس نکالنا (ذوق)

آنکھیں مری تلووں سے وہ ملجائے تو اچھا
ہے حسرت پابوس نکلجائے تو اچھا

(۲) نہایت عاجزی دکھانا - آدھینتائی کرنا +

عشق ہے آنکھوں کو تلووں سے تجھے ملنے کا
(آتش) پائینتی یار کی ہے میرا سرہانا شب وصل

(پہلی حکومتوں میں دستور تھا کہ جب بادشاہ کی ملکہ یا کوئی رانی کسی پر خفا ہوتی تھی تو وہ اِس قسم کی سزا دیا کرتی تھی)

تلووں سے لگنا - ھ - فعل لازم (۱) تلووں میں اثر کرنا (۲) افروختگی ہونا + حسد یا رشک ہونا - غصّہ آنا (۳) پیروی کرنا - سر ہونا +

تلووں سے لگنا سر میں جا کے بجھنا - ھ - فعل لازم - سر سے پا تک غصّے میں جلنا - سرتاپا جلنا - نہایت برافروختہ ہونا +

تلووں سے ملنا - ھ - فعل متعدی - ع - پیروں تلے ملنا پامال کرنا + خاک میں ملانا - پیسنا - پیس ڈالنا +

تلوے - ھ - تلوا کی جمع +

تلوے تلے آنکھیں ملنا - ھ - فعل لازم - دیکھو (تلووں سے آنکھیں ملنا) +

تلوے تلے ہاتھ دھرنا - ھ - فعل لازم (پرانا محاورہ ہے) خوشامد کرنا - چاپلوسی کرنا +

تلوے چاٹنا - ھ - فعل متعدی - نہایت خوشامد کرنا از حد چاپلوسی کرنا - لتّو پتّو کرنا +

تلوے چھلنی ہونا - ھ - فعل لازم - کسی کام کے واسطے نہایت پھرنا - پیر دوڑی کرنا +

تلوے دھو دھو کے پینا - ھ - فعل متعدی عو - (۱) نہایت اطاعت اور فرماں برداری کرنا (۲) کمال قدردانی کرنا - آنکھوں پر رکھنا +

تلوے سہلانا - ھ - فعل متعدی (۱) دیکھو تلوے چاٹنا

(میرزا جان تپش) ہے یہ پامالیِ خونِ دلِ عاشق ہی کا فیض
مہندی اِسطرح جو تلوے ترے سہلاتی ہے

(۲) بہلانا - پھسلانا (آتش)

تلوے سہلاتی ہیں پریاں خانۂ زنجیر میں
وقت کا اپنے سلیماں ہے ترا دیوانہ آج

تلوے کھجانا - یا - **کھجلانا** - ھ - فعل متعدی (۱) دیکھو (تلوا کھجلانا) ۲ - صحرانوردی چاہنا (آتش)

ہمیشہ تلوے کھجلایا کیے شوقِ بیاباں میں +
رہی نالاں ہمارے پاؤں کی زنجیر زنداں میں

تَلی - ھ - اسم مؤنث - پیندا - پیندی +

تُلی - ھ - اسم مؤنث - جولاہے کی کوچی (یُورب)

تِلّی - ھ - اسم مؤنث (۱) ایک اندرونی عضو کا نام ہے جو

جو سودا پیدا ہونے کا مقام ہے اور معدہ کی بائیں جانب
واقع ہے - سپرز - طحال - پلہی (جب حالت بخار میں پانی
وغیرہ پینے سے بڑھ جاتی ہے تو اسکو تاپ تلی کہتے ہیں) ۲ تل
کنجد - ایک قسم کا غلہ جسکا تیل نکالتے ہیں +

تلے - ہ - تابع فعل (۱) اوپر کے خلاف - نیچے - زیر - پائیں
تحت (۲) ماتحت +

تلے اوپر - ہ - صفت - تہ و بالا - زیر و بالا - اوپر نیچے
گڈمڈ (۲) پے در پے - متواتر - لگاتار (۳) ایک کے اوپر
ایک - یکے بعد دیگرے - مرۃ بعد اخریٰ +

تلے اوپر کی اولاد - ہ - اسم مؤنث وہ بچے جو
ایک دوسرے کے بعد بلا واسطہ پیدا ہوں - ایک کی پیٹھ
پر کا ایک (عورتوں کا خیال ہے کہ ان بچوں میں ہمیشہ کھٹا
پٹی رہتی ہے) +

تلے اوپر ہونا - ہ - فعل لازم (۱) درہم برہم ہونا - تہ و
بالا ہونا - انقلاب و انتشار واقع ہونا (۲) جب دل کے
ساتھ کہیں گے تو گھبرانے او مضطرب ہونے سے عبارت
ہوگی اور کبھی جی متلانے سے مراد ہوگی +

تلے بندی - ہ - اسم مذکر (ساہوکار) باقی فاضل +

تلے پڑنا - ہ - فعل لازم نیچے لیٹنا - آگے پڑنا + زمین
پر سونا +

تلے تلے دیکھنا - ہ - فعل لازم - نیچی نظروں سے
دیکھنا - خفیہ دیکھنا - چھپکر دیکھنا +

تلے کا سانس تلے اوپر کا اوپر رہنا - ہ -
فعل لازم - حیران و دم بخود رہنا - جھجک رہنا - ہکا بکا
ہونا - متحیر ہونا +

تلے کے دانت تلے اوپر کے اوپر رہ گئے - ہ - فقرہ
منہ کھلا کا کھلا رہ گیا خواہ بباعث حیرت خواہ بباعث تاسف
خواہ رنج و خوشی +

تلے کی دنیا - یا - زمین اوپر ہونا - ہ فعل لازم -
انقلاب عظیم واقع ہونا +

تلیّا - ہ - اسم مؤنث - چھوٹا تالاب - تلاؤ کی تصغیر +

تلیٹی - ہ - اسم مؤنث (۱) تلا - پیندا - تہ نیچے کی زمین (۲)
دامن کوہ + مضافات کوہ (۳) پکا فرش - تہ زمین
(پورب) ۴ - نواحی - سواد - اطراف +

تلے دانی - ا - اسم مذکر - ع - قینچی سوئی بیچک وغیرہ
رکھنے کا چھوٹا سا جزودان یا تھیلی (رنگین)

دور کر باجی کے سینے کو نہ مغلانی سی
سیئے تو بیوی طلس کی تلے دانی سی

(مولانا صہبائی کی رائے میں یہ لفظ تہ دان یعنی طلا رکھنے کا
ظرف تھا یائے تانیث لگاکر سرمہ دانی کی طرح تلہ دانی کرلیا) ؟

تلیر - ہ - اسم مذکر ایک چھوٹے سے پرند کا نام جسے ابلقہ
بھی کہتے ہیں اسکا گوشت نہایت لذیذ ہوتا ہے

تلیین - ع - اسم مؤنث - ملائم کرنا - نرم کرنا +

تُم - ہ - ضمیر مخاطب - تو کی جمع تعظیماً واحد کو بھی کہتے ہیں

تم سے پھرے تو خدا سے پھرے - ا - کہاوت
ایک طرح کی سوگند قسم اور واثق عہد ہے یعنی تم سے برگشتہ
ہونا خدا سے خلاف ہو جانے کے برابر ہے +

تم سے خدا اپناہ میں رکھے - ؤ کہاوت یعنی
تمہاری مدد (انیوں) سے خدا بچائے +

تم کا ٹوٹا ک کانی میں نہ چھوڑوں اپنی بانی ؟
کہاوت - ع - (ہندی عورت کی نسبت بولتے ہیں یعنی چاہے
جیسی سزا دو میں اپنی عادت سے باز نہ آؤنگی) +

تم نے اڑائیں ہمنے بھون بھون کھائیں - ہ -
محاورہ اطفال - یعنی ہمنے تمہاری چالاکی تمہارے ہی سر کردی

تماچہ - ا - اسم مذکر - تھپڑ - طپانچہ ÷ (یہ لفظ فارسی رسم الخط میں طائے مہملہ سے طپانچہ لکھا جاتا ہے مگر لکھنا تائے فوقانی سے واجب تھا کیونکہ یہ لفظ فارسی ہے خان آرزو بائے موحدہ سے طبانچہ بیان کرتے ہیں مگر فصحائے عراق بائے فارسی سے اسکا استعمال کرتے ہیں) ÷

تمخُرہ - ف - اسم مذکر - ہزل - مسخرگی - تمسخر (بعض لوگوں نے لکھا ہے کہ وہ بات جو بطریق سرزنش کسی سے کہیں - مگر یہ معنی کسی معتبر لغات میں نہیں پائے گئے بلکہ آجکل اردو میں اس لفظ کو بولتے بھی نہیں)

تمادی - ع - اسم مونث (۱) مدت - درازی - دیر - عرصہ (۲) وہ میعاد جسکو گزر جانے سے نالش کا اختیار نہ رہے - شنوائی کی مدت کا گزر جانا - سماعت دعوی کی میعاد معینہ کا نکل جانا +

تمارُض - ع - اسم مذکر - بے مرض اپنے تئیں بیمار بنانا - بیماری کا بہانہ کرنا +

تماشا - ع - اسم مذکر (۱) باہم پیدل چلنا + دوستوں کے ساتھ پا پیادہ سیر کرنا (۲ - ف - ا) دید - نظارہ جیسے

بوڑھے منہ مہاسے لوگ آئے تماشے (ظفر)

دکھائی دی ہمیں کیفیت کونین ہستی میں
نظر آیا خدائی کا تماشا بت پرستی میں

(۳ - ا) سیر - لطف - بہار - کیفیت - (غالب)

تھی خبر گرم کہ غالب کے اڑینگے پرزے
دیکھنے ہم بھی گئے تھے پہ تماشا نہ ہوا

(۴) بازیچہ اطفال - بازیچہ - کھیل - لیلا (۵ - ا - ف) مجمع - ہنگامہ - ہجوم - میلا - بھیڑ جیسے کرگہ دکارگاہ جھوٹے تماشے جاسے + ناحق چوٹ جولاہا کھاسے (۶ - ا) نمائش - دکھائی - نمود (۷ - ف - ا) عجیب و غریب چیز انوکھی بات جیسے مزاج کیا ہے کہ اک تماشا - گھڑی میں تولا گھڑی میں ماشا (۸ - ا) سوانگ - کرتب - بلاس (۹ - ا) ٹھٹھا - ہنسی ٹھٹول - دل لگی - تمسخر - مزاح - مذاق (۱۰ - ا) رنگ رس + عیش و عشرت - بھوگ بلاس (مرکبات میں) - (تماشا عربی زبان میں تفاعل کے وزن پر مشی سے تماشی تھا فارس والوں نے اسپر تصرف کرکے تقاضا تولا تمنا کی طرح اسکی یائے تحتانی کو الف سے بدلکر مختلف معانی میں استعمال کر لیا)

تماشا بین - ع + ف - اسم مذکر (۱) ہر قسم کی سیر دیکھنے والا سیلانی (۲ - ا) رنڈی باز - عیاش - بدکار - شہوت پرست زناکار + اوباش (بولتے تماشبین ہیں) +

تماشا بینی - ا - اسم مونث - رنڈی بازی عیاشی زناکاری - بدکاری - شہوت پرستی + اوباشی - (تماش بینی بولتے ہیں) +

تماشا خانم - ف - اسم مونث - عو مسخری عورت بلّی عورت - انوکھی عورت + طرفہ معجون - نقل مجلس

تماشا دکھانا - ا - فعل متعدی (۱) سیر دکھانا - بہار دکھانا - لطف دکھانا - مزہ دکھانا - کیفیت دکھانا (۲ - لازم) سزا دینا - مزا چکھانا - مارنا + پیٹنا - ٹھیک بنانا خبر لینا

تماشا دیکھنا - ا - فعل لازم (۱) سیر دیکھنا کیفیت اٹھانا (۲) کشتی دیکھنا - جھڑپ دیکھنا +

تماشا کرنا - ا - فعل لازم - سوانگ کرنا - ناٹک کرنا کرتب دکھانا + نقل کرنا - روپ دھارنا (۲) کسیکا ٹھٹھا کرنا - ہنسی اڑانا - احمق بنانا +

تماشا کرنے والا - ا - اسم مذکر - بازیگر - نٹ - حقہ باز - بھانمتی - مداری + بھانڈ + سوانگی +

تماشا گاہ - ف - اسم مذکر (۱) سیرگاہ - منظر - وہ جگہ جہاں بیٹھکر سیر دیکھیں (۲) وہ مقام جہاں اکثر تماشا ہوتا ہے سوانگ گھر - ناچ گھر - تھیٹر - تماشا خانہ +

تماشا ہونا - ا - فعل لازم (۱) عجیب بات ہونا - انوکھی بات

ہونا (۲) مزہ ہونا۔ لُطف ہونا (۳) انوکھا بننا۔ مسخرہ ہونا

تماشائی۔ ع۔ اسم مذکر۔ سیر دیکھنے والا۔ نظارہ کُن۔ سیلانی۔ ناظر

تماشبین۔ ا۔ اسم مذکر۔ تماشا بین کا مُخفف۔ بدکار۔ عیّاش۔ آوارہ

تماشبینی۔ ا۔ اسم مؤنث۔ تماشا بینی کا مُخفف۔ زندگی بازی بدکاری + آوارگی + فسق و فجور +

تماشے کی بات۔ ا۔ اسم مؤنث۔ انوکھی بات۔ عجیب بات

تماشے کی باتیں۔ ا۔ اسم مؤنث۔ ایسی باتیں جنسے جی خوش ہو + مزے کی باتیں۔ دل لگی کی باتیں + عجیب باتیں (بچّہ کی نسبت زیادہ بولتے ہیں)

تمام۔ ع۔ صفت (۱) پُورا۔ ثابت۔ سمُوچہ۔ سالم۔ کامل (۲) کُل سب۔ سارا۔ بالکُل۔ سمپُورن (۳) اخیر۔ آخر۔ ختم + تیار۔ بس

تمام تر۔ ع + ف۔ تابع فعل مُطلق۔ محض۔ بالکُل

تمام کرنا۔ ا۔ فعل مُتعدی (۱) ختم کرنا۔ انجام پر پہنچانا پُورا کرنا (۲۔ عو) باقی نہ رکھنا کُچھ نہ چھوڑنا جیسے مار کر تمام کردیا۔ کام تمام کردیا وغیرہ +

تمام و کمال۔ ع۔ صفت (۱) سب کا سب۔ کُل۔ بتمامہ۔ سرتاپا۔ سرتاسر۔ دربست + بالکُل۔ یک لخت (۲۔ تابع فعل) کامل طور سے۔ پُوری طرح سے۔ بہمہ وجوہ ہر طرح سے (۳) واشگاف۔ پوست کندہ۔ کھول کے

تمام ہونا۔ ا۔ فعل لازم (۱) پُورا ہونا۔ انجام کو پہنچنا۔ آخر ہونا۔ ختم ہونا (۲) مرجانا۔ خاک میں ملجانا۔ جان نکل جانا جیسے دو گھڑی میں بچّہ تمام ہوگیا (۳) بند ہوجانا + ہو چکنا۔ خرچ ہوجانا۔ صرف ہوجانا (۴) بُجھنا۔ فرو ہونا ٹھنڈا ہونا۔ گُل ہونا +

تمامی۔ ف۔ اسم مؤنث (۱) آخر۔ انجام۔ انت (۲) ایک قسم کا ریشمی کپڑا +

تمباکو۔ ا۔ اسم مذکر (یہ لفظ امریکہ کی زبان میں TOBACO ٹُبیکو تھا اصل میں ایک قسم کا پودا ہے جسکے پتّے حُقّہ میں پینے اور پان کے ساتھ کھانے میں آتے ہیں ہندوستان میں اسکے ساتھ گُڑ ملا کر قلیان میں پیتے ہیں عوام اسے تماکو کہتے ہیں اسکا رواج جلال الدین اکبر کے وقت ۱۰۱۲ھ ہجری میں اوّل اوّل دکن میں پھر تمام ہند میں ہوا

تمتمانا۔ ھ۔ فعل لازم (۱) دُھوپ کی گرمی یا بُخار کے باعث چہرہ سُرخ ہوجانا۔ گرمی سے مُنہ لال ہوجانا +

کسکی نگاہ گرم سے تھا شب دو چار رُخ
(محسن) جو تمتما رہا ہے ترا لالہ وار رُخ

(۲) چمکنا۔ دمکنا۔ جگمگانا +

تمتما جاتا ہے چہرہ چاند سا سُورج کی طرح
(ناسخ) دم بھر اُس جان نزاکت پر جو پڑجاتی ہے دھوپ

(۳) گرم ہونا۔ گرمانا (قطعۂ معروف)

نزاکت میں دہان و رُخ سے اُسکے
جو ہوں رُو کش گُل و غنچہ کا کیا مُونہہ +
گُل خورشید کے سائے کے نیچے
گیا جس شخص کا ہو تمتما مونہہ

تمتماہٹ۔ ھ۔ اسم مؤنث (۱) چہرہ کی سُرخی جو گرمی یا بُخار کے اثر سے ہوجاتی ہے (۲) چمک۔ دمک (۳) گرمی حرارت (۴) اماس۔ سُوجن +

تمثیل۔ ع۔ اسم مؤنث۔ مثال۔ تشبیہ۔ نظیر۔ مُشابہت اُوپما۔ درشٹانت +

تمثیل دینا۔ ا۔ فعل متعدی۔ مثال دینا۔ نظیر بیان کرنا۔ اوپما دینا +

تمرّد۔ ع۔ اسم مذکر (۱) سرکشی۔ بغاوت۔ نافرمانی۔ عدول حُکمی گُستاخی + توہین عدالت (۲) ضد۔ ڈھٹائی۔ اڑ خود سری +

تمر ہندی۔ ع۔ اسم مؤنث۔ املی کا درخت اور اسکا پھل

تمسخر - ع - اسم مذکر - مسخراپن - ٹھٹولی - ٹھٹھےبازی ہنسی - کھلی +

تمسّک - ع - اسم مذکر (۱) لغوی معنی گرفت - پکڑ - مضبوطی سے پکڑنا (۲ - ف - ا) اقرارنامہ - وُہ نوشتہ جو قرض کی سند مین قرضدار قرضخواہ کولکھدیتاہے تاکہ قانونی گرفت سے نہ بچے +

تمغا - ت - اسم مذکر (۱) محصول - چنگی + وُہ مُہر جو سوداگری مال پر سرکار کی طرف سے لگائی جاتی ہے (۲) فرمان شاہی عزت کا نشان - بلا - چپراس - عوام اسکو تغمہ کہتے ہین (۳) سند - جاگیر کی سند - معافی یا انعامی زمین (۴) داغ - چرکا + نشان - علامت (۵) سکہ - ٹھپا (۶) ڈپلوما - بڈل - کارگزاری یا انعام وغیرہ کا نقرہ یا طلائی تمغا جو حاکم کی طرف سے زیب تن فرمانے کو دیا جاتا ہے +

تمغا بٹھانا - ا - فعل متعدی (ع و) سکہ بٹھانا - حکومت بٹھانا - رُعب جمانا - تحکم جتانا (تغمہ زیادہ بولتے ہیں)

تمکنت - ع - اسم مؤنث (۱) قدرت - اختیار - زور - حکومت + عزت (۲) عزت جتانا - مرتبہ ظاہر کرنا + غرور - گھمنڈ - تکبر - نخوت - مان - نمود - تعلی - ٹیپ ٹاپ - شان شوکت + دبدبہ +

تمکنت کرنا - ا - فعل لازم - ع و اترانا - نخوت کرنا - تعلی کرنا - وُرن کی لینا +

تمکین - ع - اسم مؤنث (۱) طاقت - زور - بل (۲) عزت توقیر - مرتبہ - وقار - قدر (۳) شان وشوکت - دبدبہ جاہ وجلال - کروفر - عظمت - شکوہ +

تملّق - ع - اسم مذکر - نرمی - ملائمت + خوشامد - چاپلوسی للو پتو +

تمن - ت - اسم مذکر - مخفف تومان (۱) دس ہزار (۲) رسالہ پلٹن - گروہ سپاہ - ٹرپ - سواروں کا دستہ (۳) ایک سکۂ طلا جو ساڑھی چار روپیہ کا ہوتا ہے پہلے بیس روپیہ کا ہوتا تھا +

تمندار - ف - اسم مذکر - رسالدار - رسالہ کا کمانیر +

تمنّا - ع - اسم مؤنث - خواہش - درخواست - آرزو - اُمید + منتی + شوق - اشتیاق +

تمنچہ - ف - اسم مذکر (۱) تفنگچہ - پستول - ایکقسم کی چھوٹی بندوق (۲ - لشکری) بچکانہ - چھوٹا سا شوق

تمنچہ داغنا - ا - فعل متعدی - پستول چلانا - پستول مارنا

تموّج - ع - اسم مذکر - موج زنی - لہریں مارنا - لہریں اُٹھنا + تحریک - جوش - تلاطم +

تموّل - ع - اسم مذکر - دولتمندی - مالداری +

تمہارا - ہ - ضمیر مضاف الیہ (۱) تُم سب کا - تہارا تہارا (۲) آپکا - حضور کا +

تمہارا سر - ا - کلمۂ نفریں (جب کسی متنفس کو غلطی پر دیکھتے یا اُس سے ناراض ہوتے ہیں تو یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں لیکن اپنے سے کم مرتبہ والے یا برابر والے سے بول سکتے ہیں

ع پوچھتا ہوں جو اُنسے رازِ دہن + جل کے فرماتے ہیں تمہارا سر)

تمہارا کلیجہ - ا - کلمۂ نفریں - ع و - جب کوئی شخص کسیکے مزاج کے خلاف کوئی بات کہتا یا پوچھتا ہے تو اُسکے جواب میں یہ لفظ کہا جاتا ہے +

تمہارا مال سو ہمارا مال اور ہمارا مال سو ہیں ہیں - ا - (مثل) خودغرض آدمی کی نسبت کہتی ہیں جو دُوسرے کا مال تو لے لے اور اپنی دفعہ ہنسکر ٹالدے

تمہارے - ا - ضمیر مضاف الیہ - تُم سب کے + آپکے

تمہارے لڑکے بھی کبھی پاؤں یا گھٹنیوں

چلیں گے - ہ (محاورہ) تم بھی کبھی سچ بولو گے + تمہارا مزاج بھی کبھی راستی پہ آئیگا +

تمہارے منہ میں گھی شکر - ا - مثل - خدا تمہارا کہنا راست لائے + (حسب مراد بات کے جواب میں یہ دعا دیتے ہیں) +

تمہید - ع - اسم مؤنث - فرش بچھانا + کسی مضمون کی اٹھان - کسی بات کی تقریب + دیباجہ + آغاز عنوان مقدمہ - خطبۂ کتاب +

تمہید اٹھانا - ا - فعل لازم - کسی مضمون یا کسی بات کی تقریب کرنا - کسی امر کا ڈول ڈالنا - ابتدا کرنا - آغاز کرنا - عنوان شروع کرنا +

تمہید کرنا - ا - فعل لازم - کسی بات کا مقدمہ پیش کرنا - تقریب کرنا +

تمیز - ع - اسم مؤنث (۱) علیحدہ کرنا - جدا کرنا (۲) شناخت پہچان (۳) فرق - تفاوت (۴) جانچ - اندازہ (۵) عقل دانش - ہوش - گیان - شعور - عقل سلیم (۶) ادب قاعدہ - اہلیت +

تمیز دار - ع + ف - صفت - ذی شعور - اہل - مؤدب لایق - ہوشیار - فہیم +

تُن - ہ - اسم مذکر (۱) ایک درخت کا نام جسکی لکڑی سرخ اور مہاگنی کے مشابہ ہوتی ہے اسکے کواڑ میز کرسی صندوق وغیرہ بناتے ہیں (۲) تن کا پھول جس سے زرد رنگت رنگتے ہیں +

تَن - ف - ہ - اسم مذکر - جسم - بدن - دیہ - پنڈا - ڈیل - پیکر جثہ - گات - انگ +

تن آسانی - ف - اسم مؤنث - جسمانی تکلیف سے بچنا آسایش - آرام طلبی - سہل انگاری +

تن پرور - ف - صفت - آپ خوار - آپ مرادی - شکم بندہ خود غرض - آرام طلب +

تن پروری - ف - اسم مؤنث - خود غرضی - آرام طلبی

تن تنہا - ا - تابع فعل - عو - جریدہ - دم نقد - اکیلا اپنے دم سے +

تن درست - ف - صفت - چنگا - نروگا - سکھی - بھلا چنگا - ہٹا کٹا - صحیح سالم +

تن درستی - ف - اسم مؤنث - صحت - سلامتی - درستی

تن دہ - ف - اسم مذکر (۱) ساعی - کوشش کرنے والا + دلسوز - (۲) محنتی - زحمت کش +

تن دہی - ف - اسم مؤنث (۱) سعی - کوشش - دلسوزی تجسس (۲) محنت - زحمت - پرسرم - جانفشانی +

تن دینا - ا - فعل لازم - توجہ کرنا - متوجہ ہونا - کوشش کرنا - سعی کرنا - جانفشانی کرنا +

تن کو لگنا - ا - فعل لازم (۱) دل پر اثر کرنا جیسے وہ جسکے تن کو لگی ہو وہ جانے + اور شخص کی بلا جانے (۲) انگ لگنا - جزو بدن ہونا - ہضم صحیح ہونا +

تن کی تپت بجھانا - ہ - فعل متعدی (ہندو) اشتہا بجھانا + بھوک میں کھانا کھلانا +

تن لگو - ہ صفت (ہندو عو) جان نثار + ساتھی ساتھ رہنے والا - انگ لگو + دوست +

تن من - ہ - اسم مذکر - روح و قالب - جسم و جاں

دوہا
یہ نلر کی ریت ہے تن من دینو کھوئے
پیت ڈگر جب پگ لدھا ہونی ہوی سو ہوئے

تن من ایک ہونا - ا - فعل لازم - دو قالب ایک جاں ہونا - گہرا دوست ہونا - جانی دوست ہونا - یار غار ہونا - محبت [illegible] ہونا +

تن من سے - ہ - تابع فعل - دل و جان سے بطیبِ خاطر
تن من مارنا - ہ - فعل لازم (۱) جسمانی اور نفسانی خواہشوں کو مارنا - اپنے کو مٹانا - خاک میں ملانا حرص و ہوا کو چھوڑنا (۲) نہایت کوشش کرنا (۳) خاموش ہونا - ضبط کرنا - چپ رہنا +
تن من وارنا - ہ - فعل لازم - دل و جان سے نثار ہونا جان قربان کرنا +
تِن - ہ - ضمیر غائب - وہ - اُن (متروک) +
تنّا - ہ - فعل لازم (۱) کھنچنا - کشیدہ ہونا (۲) سیدھا ہو کر بیٹھنا (۳) پھیلنا - دراز ہونا (۴) پھولنا - بھر کر موٹا ہونا جیسے مشک تنا (۵) اینٹھنا - اکڑنا - سینہ اُبھارنا اور دکھانا (۶) کھڑا ہونا - گڑنا جیسے خیمہ تنا (۷) طول پکڑنا جیسے مقدمہ تنا (۸) میعاد ہونا - قید ہونا جیسے چار برس کو تن گیا (۹ متعدی) پورنا - پھیلانا جیسے جالا تنا - گوٹا تنا +
تنّاپا - ہ - اسم مذکر (متروک) غرور جوانی - گھمنڈ +
تناخوری - ا - اسم مونث صحیح (تنہاخوری) عوام خلوت پسندی - تجرّدی - تنہائی + ایکانت رہنا + اکل کھرا پن +
تناریری - ہ - اسم مونث (۱) چند معین کلمے جو گویّے گانا سیکھنے میں مستعمل کرتے ہیں (۲) کھٹراگ - جھگڑا بے لطف راگ - بے وقت کا گانا جیسے کہاں کی تناریری لگا رکھی ہے +
تنازع - ع - اسم مذکر (۱) باہم جھگڑا کرنا - جھگڑا - ٹنٹا - مناقشہ - دنگا - فساد - قضیہ - تکرار - راڑ (۲) رنجش بغض - عداوت - نفاق - مخاصمت - خصومت +
تناسب - ع - اسم مذکر - باہم نسبت ہونا - مناسبت موزونیت - خوبصورتی + باہمی تعلق - باہمی مطابقت موافقت +
تناسبِ اعضا - ع - اسم مذکر - تمام اعضا کا اپنے اپنے انداز اور موقع سے ٹھیک ہونا +
تناسخ - ع - اسم مذکر - ایک صورت سے دوسری صورت میں ہونا - روح کا ایک قالب سے نکلکر دوسرے قالب میں آنا - آواگون - بار بار جنم لینا - جون بدلنا - چولا بدلنا
تناسل - ع - اسم مذکر - باہم اولاد جنانا - باہم نسل چلانا نسل بڑھانا +
تنّانا - ہ - فعل متعدی (۱) کھنچنا - لمبا ہونا - دراز ہونا تنّا (۲) نعوظ ہونا - تیزی ہونا - شہوت سے عضو تناسل کا کھڑا ہونا - پھنّانا - ہوشیار ہونا - (عوام) - (۳) - ہندو جھنکار ہونا - کسی صدمہ سے سنّا جانا - جھنجھنانا (۴) زخم کا پھٹا پڑنا - ورم کے مارے سخت تکلیف ہونا تڑخا جانا +
تناؤ - ہ - اسم مذکر - کھنچاؤ +
تناور - ف - صفت - قوی جثّہ - فربہ و جسیم بسٹنڈا - موٹا - قوی - مضبوط - بل شل - تن و توش والا +
تناول فرمانا یا **کرنا** - ا - فعل متعدی - کھانا نوش فرمانا طعام کھانا - بھوجن کرنا - رسوئی جیمنا +
تنبا - یا - **تنبان** - ف - اسم مذکر - ایک قسم کا ڈھیلا ڈھالا پیجامہ + غرارہ دار پیجامہ +
تنباکو - ہ - اسم مذکر - دیکھو (تمباکو) +
تنبو - ہ - اسم مذکر - ڈیرہ خیمہ - پال - شامیانہ + نمگیرہ - بے چوبہ - خرگاہ
تنبور - ف - اسم مذکر - ایک قسم کا چھوٹا ڈھول سا ایک قسم کا باجا
تنبورچی - ا - اسم مذکر - تنبور بجانے والا +

تنبورا - ہ - اسم مذکر (ایک قسم کا باجا جسمیں ستار کی طرح ایک تار لگا ہوا ہوتا ہے چونکہ تونبے میں لکڑی لگا کر اسمیں یہ تار باندھ دیتے ہیں اسوجہ سے یہ نام رکھا) +

تنبول - ہ - اسم مذکر (۱) ایک قسم کا پتا جو ہندوستان میں عورتیں کثرت سے کھاتی ہیں - پان (۲) ایک جاہل عورتوں کی رسم جسمیں شب زفاف کی صبح کو میکے سے سٹھورے کے ساتھ پان کے مرکب عرق کا شیشہ دلہن کے پینے کے واسطے آتا ہے یہ عرق اس ترکیب سے بنایا جاتا ہے کہ بہت سے پان اور کتھا چونہ اندازے کے موافق ڈالکر پانوں کو کچل لیتے ہیں پھر جوز، قرنفل چھوٹی الائچی اور قند گھولکر شربت سا بنا دیتے ہیں اسمیں انکا خیال یہ ہے کہ دلہن کے جسم میں اسکے پینے سے زفاف کی ناتوانی کی عوض خون پیدا ہو جاتا ہے اب اسکا رواج بہت جاتا رہا - (رنگین) پھر پلائی ہے بہانے سے مجھے تنبول کے
جی میں آتا ہے کہ کچھ کہہ بیٹھیے منہ کھول کے +
(۳) ایک درخت کا نام جسکے پتے لسلسے سے مشابہ ہیں

تنبول آنا - ہ - فعل لازم - لگام کے صدمہ سے گھوڑے کے منہ سے خون نکلنا +

تنبول پینا - ہ - فعل لازم - پان کا مرکب عرق پینا

تنبولن - ہ - اسم مؤنث - تنبولن - پان بیچنے والی عورت +

تنبولی - ہ - اسم مذکر (۱) تنبواڑی - پان بیچنے والا (۲) ایک قوم جسکا پیشہ پان بیچنے کا ہے +

تنبُّہ - ع - اسم مذکر - عبرت - نصیحت + دھمکی - تنبیہ - آگاہی - خبرداری +

تنبیا جانا - ہ - فعل لازم - برسات کی ہوا سے گوٹہ کناری کا رنگ تانبے کی مانند ہو جانا - ماند ہو جانا +

تنبیہ - ع - اسم مؤنث (۱) جتلانا + آگاہی - واقفیت - خبرداری (۲) پند نصیحت - عبرت (۳-۱) تاکید حکما پیغام دینا (۴) جھڑکی - ملامت - گھرکی - چشم نمائی تہدید - سزا +

تنت - ہ - اسم مذکر - ٹھیک وقت - عین موقع + حاجت ضرورت + موقع وقت (۲) اخیر - انجام - توڑ (۳) نازک حالت - نازک وقت +

تنتر - ہ - اسم مذکر (۱) ایک شاستر کا نام جسمیں مہادیو اور پاربتی جی کا مکالمہ ہے (۲) منتر - منتر جنتر - ٹونا - ٹوٹکا - جادو

تنتری - ہ - اسم مؤنث (۱) گویا - قوال - مطرب - مغنی - گنیاگر - بجنتری - سماجی - گائک - سیروای (۲) ایک قسم کا باجہ جسمیں تار لگے ہوئے ہوتے ہیں +

تنت کار - ہ - اسم مذکر - گویا - مغنی - نچنیا - سارنگیا - ستار باز - تاردار ساز کا بجانے والا + (میر حسن)

جہانتک کہ تھے گائک اور تنت کار
لگے گانے اور ناچنے ایکبار +

تُن تُن - ہ - اسم مؤنث - ستار و تنبور وغیرہ یعنی ساز تار کی آواز +

تنتنا - ا - اسم مذکر - ع - صحیح (ع - طنطنہ) ۱ - کروفر دبدبہ (۲) حکومت - تحکم (۳) غصہ - تیہا - خشم - غضب

تنتنانا - ہ - فعل متعدی - پھنپھنانا + سنسنانا - جھنجھنانا

تنتناہٹ - ہ - اسم مؤنث (۱) ورم - سوجن (۲) تکلیف درد جو سوزش سے ہو + سوزش - جھانجھ - خارشت (ہندو) +

تُنتُنی - ہ - اسم مؤنث - چھوٹا ستار - ستاری + سارنگی - دوتارا جیسے اپنی اپنی تنتنی اپنا اپنا راگ

تُن بُھن - یا - تِن فِن کرنا - ہ - فعل لازم (لکھنؤ) خشم آلودہ باتیں کرنا - جلی کٹی باتیں کرنا +

تنخواہ - ف - اسم مذکر - مہینا - مُشاہرہ - طلب - درماہا
مواجب - ماہانہ - ماہیانہ +
تنخواہ دار - ف - اسم مذکر - تنخواہ پانے والا - وہ نوکر
جسے درماہہ پر نوکر رکھیں - مُلازم +
تنخواہِ ذاتی - ف - اسم مؤنث - نج کی تنخواہ، اپنی تنخواہ
تُند - ف - صفت (۱) تیز - چڑچڑا - تتیّا - جھلّا (۲) خونخوار
جلّاد - غضبناک - غُصیل (۳) سخت - کڑا (۴) دوا تُند
سریع الاثر (۵) تلخ - کڑوا +
تُندخو - ف - صفت - بدمزاج - جھلّا - زُودرنج -
بدخو - چڑچڑا +
تُندرفتار - ف - صفت - تیزرفتار +
تُندمزاج - ف + ع - صفت - دیکھو (تُندخو) +
تَندُرُست - ف - صفت - دیکھو (مُشتقات تن) +
تَندُرُستی - ف - اسم مؤنث - ایضاً +
تَندِہی - ف - اسم مؤنث - ایضاً +
تَنُّور - ا - اسم مذکر - تنُور - بھٹی - مطبخ - گلخن +
تنُور جھونکنا - و - فعل لازم - تنُور گرم کرنا + بھٹیارے
کا کام کرنا +
تُندی - ف - اسم مؤنث (۱) تیزی - چڑچڑاہٹ (۲)
سختی - خشونت (۳) غصّہ - غضبناکی - بدمزاجی (۴)
خیزی - نفوذ - استادگی - ہشیاری (۵) شہوت +
تُندیل - ہ - صفت - توندل - بڑے پیٹ والا
+ فربہ - تنومند +
تنزُّل - ع - اسم مذکر - زوال - اُترنا - درجہ گھٹنا
گھٹاؤ - کمی - تخفیف +
تنزّل ہونا - و - فعل لازم - گھٹنا - درجہ گھٹنا -
تخفیف میں آنا +

تنزیہ - ع - اسم مذکر - پاک کرنا - صاف کرنا - اخلاطِ فاسدہ
کو دُور کرنا - تنقیہ کرنا +
تنسیخ - ع - اسم مؤنث - (قانون) انہدام - منسوخ کرنا
رد کرنا - باطل کرنا +
تنصیف - ع - اسم مؤنث - دوٹوک کرنا - برابر کے دو ٹکڑے
کرنا - دو برابر حصّوں میں تقسیم کرنا جیسے تنصیف دائرہ خط وغیرہ
تنفُّر - ع - اسم مذکر - نفرت - بیزاری +
تنفُّس - ع - اسم مذکر - سانس لینا - دم لینا - ہانپنا +
تنقیح - ع - اسم مؤنث - کسی چیز کو زوائد و عیوب سے پاک و
صاف کرنا - خالص کرنا + فیصلہ - صفائی + تحقیق - تفتیش
کھوج - تفحّص +
تنقیح کرنا - و - فعل لازم - فیصلہ کرنا - صفائی کرنا +
تحقیق کرنا + قایم کرنا - مقرر کرنا + جمانا - چکانا - چکتا کرنا
تنقیہ - ع - اسم مذکر (۱) آنتوں کو صاف کرنا + جلاب لینا
+ صاف کرنا - جیسے تنقیۂ دماغ (۲) فیصلہ - چکوتا +
تَنَک - ہ - صفت - گنوار - ذرا - ذراسا - تھوڑا - کچھ - تھوڑے
تُنُک - ف - صفت - خفیف - کمزور - نازک - کم + لطیف
اوچھا - تنگ - بے حقیقت +
تنک ظرف - ف + ع - صفت - اوچھا برتن + کم ظرف
کمینہ - کم حوصلہ - تنگدل - تھوڑے دل کا + پیٹ کا
ہلکا - وہ شخص جسے بات نہ پچے +
تُنک مزاج - ف + ع - صفت - تیزمزاج - کرودھی -
زُودرنج - نازک مزاج - چڑچڑا +
تِنکا - ہ - اسم مذکر (۱) گھاس کا ڈنٹھل - گھاس کا پٹھا
ڈانٹھی - پُرال - خس - برگ کاہ (۲) گنوار - انکا اسکا
اُنہوں کا - جنکا سے اُٹھا بولا پریم کا تنکا چڑھا کا کاس
تنکا تھا تن میں بلا تنکا تنکے پاس +

تنکا اُتارے کا احسان ماننا - ۵- فعل لازم- ذرا سے احسان کو بہت بڑا احسان ماننا- بڑا گن ماننا

تنکا دانتوں میں لینا یا پکڑنا
تنکا مُنہ میں لینا } ہ- فعل لازم (ہندو) عجز کرنا- ہا ہا کھانا- گڑگڑانا- جی دان مانگنا- جان بخشی چاہنا- امان مانگنا- پناہ مانگنا- مغلوب ہونا +

تنکا سر سے اُتارنا - ۵- فعل لازم- کسی پر خفیف احسان کرنا- تھوڑا سا احسان کرنا +

تنکا نہ رہنا - ۵- فعل لازم (۱) بالکل صفایا ہو جانا ایسا لُٹنا کہ کچھ نہ رہنا- جھاڑو پھر جانا (۲- دعائے بد) مفلس ہو جانا- فقیر ہو جانا- کنگال ہو جانا +

تِنکنا - ۵- فعل لازم- عوام) ناراض ہونا- بگڑنا خفا ہونا- تر بھر ہونا- جھلّانا جیسے تنک کر چلی گئی (۲- عوام) پھڑ پھڑانا- بےچین ہونا- بیقرار ہونا- مضطر

تُنکی - ف- اسم مؤنث- ایک قسم کی نہایت باریک اور خستہ روٹی (فقرہ) روٹی ہے تو وہ کراری گرم گرم جیسے تنکی +

تِنکے - ۵- (تنکا کی جمع) بہت سے تنکے +

تنکے چُننا - ۵- فعل لازم (۱) نشہ کے عالم میں مدہوش ہونا- نشہ میں دیوانہ بننا- بدحواس ہونا- مبہوت ہونا- مخبوط الحواس ہونا (۲) پاگل ہو جانا- مجنون ہو جانا- سودائی ہو جانا- باؤلا ہونا + وحشی ہونا

باغباں آتا نہیں گلگشت کو وہ رشکِ گل
(ناسخ) تنکے اب چُنتے لگا دیوانہ گلچیں ہو گیا

(۳) مفتون و فریفتہ ہونا- والہ و شیدا ہونا

خوبرو لاکھ جہاں میں کوئی ہشیار سُنے
(معروف) پر تجھے دیکھے تو تنکے سر بازار چُنے

تنکے چُنوانا - ۵- فعل متعدی (۱) پاگل بنانا- دیوانہ بنانا- باؤلا بنانا- وحشی بنانا

باعثِ وحشت ہوئی بے اعتنائی آپ کی
تنکے چُنوانے لگی ہم سے جدائی آپ کی +

(۲) فریفتہ کرنا- مفتوں کرنا + خراب و خستہ پھرانا- آوارہ پھرانا + (ناز نین)

موئی نے قیس سے عاشق کو تنکے چُنوائے
قربان کی تھی چھگانا وہ کلموئی لیلا +

تنکے کا سہارا - ۵- اسم مذکر- ذراسی مدد- تھوڑی سی ڈھارس- جیسے ڈوبتے کو تنکے کا سہارا بہت ہے

قلزمِ عشق میں تنکے کا سہارا مت ڈھونڈھ
(آتش) آسرا وہ نہیں لیتے جو خدا رکھتے ہیں

تنکے کو پہاڑ کر دکھانا - ۵- فعل لازم (۱) چھوٹی سی بات کو بڑی کر دکھانا (۲) خدا تعالیٰ کا اپنی قدرت کاملہ سے ادنیٰ کو اعلےٰ مرتبہ پر پہنچا دینا- گدا کو بادشاہ بنا دینا

غالب کہ دیوے قوتِ دل اس ضعیف کو
(میر تقی) تنکے کو جو دکھاوے ہے پل میں پہاڑ کر

تنکے کی اوٹ- یا- اوجھل پہاڑ ہونا - ۵- فعل لازم (۱) ذراسی بات میں کسی بڑی بات کا مخفی ہونا- ہر چیز میں ایک مخفی اور مختص کیفیت کا ہونا- تھوڑی سی آڑ میں بہت کچھ چھپ جانا + (معروف)

وہ تجھی میں ہے جسے ڈھونڈے ہے تو مرشد سے تو پوچھ
کہتے ہیں تنکے کی اوجھل یعنی اے غافل پہاڑ

(۲) عقدۂ مالاینحل کا کسی سہل تدبیر سے حل ہو جانا + (بعض اوقات شعبدہ کے موقع پر بھی بولتے ہیں) +

تُنَگ - ف- اسم مذکر- تھیلا- گون +

تنگ - ف- صفت (۱) نقیض فراخ- ضیق- سکڑا +

کم چوڑا۔ بھچا ہوا (۲) چُست۔ پھنسا ہوا (۳) کم۔ تھوڑا۔ قلیل
+ نازک + اوچھا (۴) غریب۔ مُفلس۔ مُحتاج۔ مُصیبت زدہ
(۵) عاجز۔ زِچ۔ مغلوب۔ ناچار (۶) مُشکل۔ دُشوار
(مُرکبات میں) ۷۔ اسمِ مذکر۔ گھوڑے کی پیٹی۔ چارجامہ
کسنے کی نواڑ۔ بیل یا گدھے وغیرہ کا کمر بند +

تنگ آنا۔ ۵۔ فعلِ لازم۔ عاجز آنا۔ ناچار ہونا۔ ضیق
میں آنا۔ مجبُور ہونا۔ دِق ہونا + بیزار ہونا۔ گھبرا جانا
۔ تھک جانا +

تنگ پکڑنا۔ ا۔ فعلِ مُتعدی (۱) سخت گرفت کرنا۔ عاجز
کرنا۔ زِچ کرنا۔ چاروں طرف سے مجبُور کرنا (۲) گھوڑے
کی لگام کو تنا ہوا رکھنا۔ لگام کو کھچا ہوا رکھنا (ملا تقی)
او شہسوارِ حُسن زیادہ پکڑ نہ تنگ
ڈر ہے سمندِ ناز لبِ شوخی الف نہو

تنگ چشم۔ ف۔ صفت۔ کم بین۔ کم حوصلہ۔ کمظرف
پست ہمت۔ کمینہ۔ بخیل۔ کنجوس۔ مُمسک +

تنگ حال۔ ف + ع۔ صفت (۱) غریب خستہ حال
مُصیبت زدہ۔ مُفلس۔ مُحتاج (۲) نازک حالت۔
قریبِ مرگ + تباہ حال + جان کنی +

تنگ حوصلہ۔ ف + ع۔ صفت۔ پست ہمت۔ کم ظرف
کمینہ۔ اوچھا +

تنگ دست۔ ف۔ اسمِ مذکر۔ صفت۔ مُفلس۔ نادار
غریب۔ مُحتاج۔ کنگال۔ تہیدست۔ مفلوک +

تنگدستی۔ ف۔ اسمِ مؤنث۔ مُفلسی۔ ناداری۔ فلاکت

تنگدِل۔ ف۔ صفت۔ بخیل۔ کنجوس۔ تھُڑدلا۔
اوچھا۔ کمظرف +

تنگ دہن۔ ف۔ صفت۔ غُنچہ دہن۔ چھوٹے مُنہ کا
معشوق۔ پستہ دہن +

تنگ ظرف۔ ف + ع۔ صفت۔ اوچھا۔ کم حوصلہ۔
پست ہمت۔ تھُڑدلا +

تنگ کرنا۔ ا۔ فعلِ مُتعدی (۱) ستانا۔ دِق کرنا۔ مجبُور
کرنا۔ عاجز کرنا۔ حیران کرنا۔ تکلیف دینا (آزردہ)
سہ یا تنگ نکر ناصح ناداں مجھے اتنا +
یا چل کے دکھا دے دہن ایسا کمر ایسی
(۲) چُست کرنا۔ کسنا۔ کھینچنا +

تنگ وقت۔ ف + ع۔ اسمِ مذکر۔ نازک وقت۔ کم وقت
فُرصت قلیل +

تنگ ہاتھ ہونا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ مُفلس ہونا۔ پیسہ پاس
نہ ہونا۔ نادار ہونا +

تنگ ہونا۔ ا۔ فعلِ لازم۔ دُکھی ہونا۔ عاجز ہونا۔ زِچ
ہونا۔ دِق ہونا۔ مجبُور ہونا۔ ناچار ہونا +

تنگی۔ ف۔ اسمِ مؤنث۔ فراخی کے خلاف۔ کوتاہی۔
کمی (۲) مُفلسی۔ محتاجی۔ غریبی (۳) مُصیبت۔ سختی۔
(۴) مُشکل۔ دِقت۔ دُشواری (۵) کم ظرفی۔ اوچھائی
+ جُزرسی +

تنگی کرنا۔ ۵۔ فعلِ لازم (۱) کوتاہی کرنا۔ کمی کرنا (۲) کنجوسی
کرنا + جُزرسی کرنا (۳) سختی کرنا۔ جبر کرنا (۴) کم ظرفی کرنا
اوچھائی کرنا +

تنگی گئی فراخی آئی۔ ا۔ (مثل) مُفلسی دُور ہوئی
اور فراغ بالی آئی۔ بُرے دِن گئے بھلے دن آئے +

تنگی ہونا۔ ا۔ فعلِ لازم (۱) کمی ہونا۔ قلت ہونا (۲)
سختی ہونا۔ مُصیبت ہونا (۳) افلاس ہونا۔ تنگدستی ہونا
(۴) گنجایش نہ ہونا۔ سکڑاپن ہونا +

تنوُر۔ ع۔ اسمِ مذکر۔ بھٹی۔ دیکھو (تندُور) +

تنومند۔ ف۔ صفت۔ شہ زور۔ زور آور۔ قوی۔

موٹا تازہ - قوی جثہ - بلی - سانڈ - سینہ زور - تناور
بلوان +

تنومندی - ف - اسم مؤنث - زور آوری - تنہ زوری
فربہی - موٹاپا +

تنوین - ع - اسم مؤنث - کسی حرف پر دو زبر یا زیر یا
پیش لگانے سے نون کی آواز نکالنا - نون پیدا کرنا

تنہ - ف - اسم مذکر - درخت کا وہ حصہ جہانتک شاخ
نہ نکلی ہو - منڈلا - درخت کا دھڑ +

تنہا - ف - صفت - تابع فعل (۱) اکیلا - فرد - جدا - جریدہ
مجرد - اکانت - خلوت گزین - نرالا (۲) صرف - فقط
اپنے دم سے (۳) یکتا - لاثانی - بے نظیر - طاق

تنہائی - ف - اسم مؤنث - جدائی - علیحدگی - مفارقت - خلوت
اکیلا رہنا +

تنی - ہ - اسم مؤنث (ہندو) (۱) ڈوری - بند - کسی چیز
کے باندھنے یا کسنے کی ڈور جیسے ٹاٹ کی انگیا - مونجھ
کی تنی - دیکھ میرے دیورا میں کیسی تنی (۲ - ہندوعو)
حصہ - ساجھا - پتی - شیئر +

تنی میں گانٹھ دینا - ہ - فعل متعدی (ہندو) ۱ -
منسوب کرنا - نامزد کرنا - نسبت کرنا - منگنی کرنا - سگائی
کرنا (۲) یاد رکھنا - یادداشت کے واسطے بند میں گرہ لگانا

تنیا - ہ - اسم مذکر (گنوار) لنگوٹی - ایک کپڑے کی دھجی
جو رذیل قوموں کے مرد ستر پوشی کے واسطے باندھ
لیتے ہیں +

تو - ہ - حرف جزا - تب - پس - فا - اما - الحاصل - حاصل کلام
+ جو کا جواب + اسوقت + پھر + اس حالت میں -
برائے تاکید و تحسین و زائد (یہ لفظ بواو مجہول کبھی تائے فوقانی
مفتوح کبھی تائے مثناۃ مضموم کے ساتھ بولنے میں آتا ہے اور
جزائے شرط کے علاوہ تحسین کلام و تاکید کے موقع پر بھی مستعمل ہے
جیسے واہ تم تو خوب آئے - دیکھو تو - سنو تو - ٹھیرو تو کبھی زائد بھی
آتا ہے جیسے میں تو آتا تھا اسنے روک لیا (ظفر) میں نے کہا کہو تو
مسیحا کہیں تمہیں + کہنے لگے کہ کہنا ابھی پہلے مر تو لو) +

توں - ہ - اسم مؤنث - کتے کے بلانے کی آواز +

تو بھی - ہ - تابع فعل (عوام) باوجودیکہ - پھر بھی - تاہم
تسپر بھی - پرنٹ - اسکے برعکس +

تو - ہ - ضمیر واحد حاضر + حرف خطاب جو ادنیٰ یا کم درجہ والے
کی نسبت بولا جاتا ہے (گنوار بواو مجہول بولتے ہیں جیسے تو کون
تو ہے - اری تو کہا بولے ہے - تو کو نہ مو کو لے بھاڑ میں جھونکو وغیرہ)

تو تڑاق کرنا - ہ - فعل لازم - بدزبانی اور بدکلامی سے
پیش آنا - گالی گلوچ کرنا - زبان درازی کرنا +

تو تکار - ہ - تابع فعل - گالی گلوچ - بدزبانی - زبان
درازی - بدکلامی +

تو تو میں میں - ہ - اسم مؤنث (۱) گالی گلوچ زبان درازی
(۲) جھگڑا - ٹنٹا - اجلافوں کی سی لڑائی +

تو ڈال ڈال تو میں پات پات - ہ - (مثل)
میں تجھسے ایک درجہ سوا ہوں - جیسا تو ویسا میں

تو مجھکو میں تجھکو - ہ - (مثل) تو میرا ساتھ دیگا تو میں
تیرا ساتھ دونگا +

توا - ہ - اسم مذکر (۱) تابہ - لوہے کا وہ گول ظرف جسپر
روٹی پکاتے ہیں (۲) ٹھیکرے کا گتا جسکو تمباکو کے
اوپر رکھکر چلم بھرتے ہیں (۳) تانبے یا لوہے کا گول
پتر جسکو حمام یا سقابہ میں پانی گرم کرنے کی غرض سے
لگاتے ہیں (۴ - صفت) نہایت کالا +

توا سر سے باندھنا - ہ - فعل لازم (عوام) اپنے
تئیں مستحکم کرنا - مضبوط بننا - صدمہ دماغی وسر کی حفاظت

کرکے ڈلنے کو مستعد ہونا

توا ہنسنا - ہ - فعل لازم (۱) جب جلتے جلتے توے کے نیچے بہت سا کاجل جمع ہو کر روشن ہو جاتا ہے تو اُسکو توا ہنسنا کہتے ہیں اور اُس سے شادی و رزق کی افزونی کا شگون لیتے ہیں

(بہت) دیکھ تاروں کو فلک پر شب تار فراق + رو کے کہتا ہے یہ حسرت کہ توا ہنستا ہے (۲) جب کوئی نہایت کالا آدمی پان کھاکر ہنستا ہے تو اُسپر بھی توا ہنسنے کی پھبتی ہوتی ہے (انشا)

اُس شیخ سیہ چہرہ کو ہنگام تبسم + دیکھا تو کہا میں نے یہ ہنستا ہے توا گرم

تَوَاتُر - ع - اسم مذکر - پے درپے - برابر - مدام - لگاتار - تابڑتوڑ +

تَوَارُد - ع - اسم مذکر - لغوی معنی باہم ایک جگہ اترنا - اصطلاحی دو شاعروں کا باہم مضمون لڑ جانا - ایک ہی مضمون دو شخصوں کے ذہن میں آنا +

تِوَاڑی - ہ - اسم مذکر - برہمنوں کے ایک فرقہ کا نام جنہیں تین وید پڑھنے کا اتفاق تھا +

تَوَارِیخ - ع - اسم مؤنث - جمع تاریخ (۱) مہینے کے دن (۲) سنوں کا علم - سمبت کی یادداشتیں (۳) علم واقعات قصے - تذکرے - کہانیاں - داستانیں - برتانت اتہاس - کتھا +

تَوَاضُع - ع - اسم مؤنث (۱) عاجزی - فروتنی - انکسار آدھینتی (۲) خاطر - مدارات - آؤ آدر - آؤ بھگت + خوش اخلاقی (۳) نذر - بھینٹ (۴) مہمان داری - + ضیافت - دعوت +

تواضع سمرقندی - ع + ف - اسم مؤنث - جھوٹی خاطر - ظاہر داری کی آؤ بھگت - اوپری صلا +

تواضع کرنا - ہ - فعل متعدی (۱) عاجزی سے پیش آنا + خوش اخلاقی سے پیش آنا (۲) خاطر و مدارات کرنا - آؤ بھگت کرنا (۳) نذر کرنا - بھینٹ دینا (۴ - عوام) ضیافت کرنا - دعوت کرنا +

تُوْاَم - ع - صفت - جوڑواں + ایک ساتھ کے پیدا شدہ دو بچے +

تُوَان - ف - اسم مؤنث - طاقت - زور - بل - قوت - قدرت

تُوَانا - ف - صفت - زورآور - طاقتور + جسیم - تنومند ہٹا کٹا + مسٹنڈا +

تُوَانائی - ف - اسم مؤنث - طاقت - زور - بل - قدرت

تَوَائی - ا - اسم مؤنث - دیکھو (تباہی) +

تُوبَہ - و - اسم مؤنث (اردو والوں نے توبہ کا اتباع کرلیا ہے) +

توبڑا - و - اسم مذکر (۱) ف - توبرہ - تبرہ) گھوڑے کے دانہ چڑھانے کا ٹاٹ یا چمڑے کا تھیلا (۲) حقارتاً توبہ کو بھی کہدیتے ہیں مثلاً جب کوئی شخص بہت توبہ کرے تو کہتے ہیں اسکے منہ کو توبڑے بندھ گئے +

توبڑا چڑھانا - ا - فعل متعدی (۱) گھوڑے کو دانہ کھلانا گھوڑے کے منہ پر دانہ بھر کے توبڑہ چڑھانا (۲) سخت سزا دینا گرمیوں کا توبڑہ کہتے ہیں کیونکہ پہلے زمانہ میں سخت مجرم کے واسطے یہ ایک سزا تھی +

تَوْبَہ - ع - اسم مؤنث (۱) لغوی معنی - گناہ سے باز آنا - افسوس پچھتاوا - پشیمانی - استغفار - ندامت - انفعال - (۲ - ا) عہد - انکار - قول - قسم (۳) انحراف - برگشتگی (۴) ترک - تیاگ (ذوق)

دروازہ میکدہ کا نکر بند محتسب

ظالم خدا سے ڈر کہ در توبہ باز ہے

(۵ - ا) خدا نکرے - خدا بچائے - خدا محفوظ رکھے (۶ - و) پناہ - تراہ - زنہار + رحم کر - ترحم فرما

توبہ بلوانا یا کرانا - ا۔ فعل متعدی - چیں بلوانا - چخوانا - عاجز کرنا - گھبرا دینا +

توبہ تلا کرنا }
توبہ تلی مچانا } ا۔ فعل لازم - کرنا - آہ وزاری کرنا - واویلا کرنا - آہ و فریاد
توبہ دھاڑ مچانا } + شور و غل مچانا - شکوہ و شکایت کرنا + اظہار عجز کرنا - پناہ مانگنا +

توبہ توبہ - ع - ندا - نفرت کلی یا عہد واثق یا مقام عبرت و تاسف پر یہ کلمہ بولتے ہیں +

توبہ توڑنا - ا۔ فعل لازم - عہد شکنی کرنا - قول و قسم سے پھرنا ؎ زاہد کا دل نہ خاطر میخوار توڑیے *
سو بار توبہ کیجیے سو بار توڑیے +

توبہ کر بندے اس گرد سے روزگار سے - ا۔ کہاوت - کار بد و روزگار موجودہ سے باز آ - اس برے پیشہ کو چھوڑ

توبہ کر کے کہنا - ا۔ فعل لازم - خدا سے ڈر کے کہنا - خاک چاٹ کے کہنا - شیخی سے باز آکر کہنا + دعوے سے کہنا

توبہ کرنا - ا۔ فعل لازم (۱) گناہ سے باز آنا (۲) عہد کرنا - قسم کھانا (۳) عبرت پکڑنا (۴) فریاد کرنا - واویلا کرنا - (۵) چھوڑنا - تیاگنا (۶) پناہ مانگنا - مغفرت چاہنا (۷) معذرت کرنا - معافی چاہنا (۸) افسوس کرنا - تاسف کرنا

توبیخ - ع - اسم مونث - زجر - ملامت - جھڑکی + طعن - تروز - طنز +

توپ - ت - اسم مونث (۱) گولا چلانے کا آلہ (۲) بہت موٹا آدمی - بھتس آدمی +

توپ چلانا - ا۔ فعل متعدی - توپ چھوڑنا - توپ کو آگ دکھانا - توپ مارنا - گولہ مارنا - توپ کی آواز کرنا

توپ چلنا - ا۔ فعل لازم - توپ چھوٹنا (ناسخ)
ہجر کی رات کسی طور نہیں ٹلنے کی
توپ تا صبح قیامت بھی نہیں چلنے کی

توپ چی - ف - اسم مذکر - گولنداز - توپ چھوڑنے والا خلاصی - میر آتش +

توپ خانہ - ف - اسم مذکر (۱) توپوں کے رہنے کا مقام - میگزین (۲) چھ توپیں مع سامان یعنی ٹٹی وچھڑ وغیرہ توپوں کی ایک تعداد +

توپ داغنا - ا۔ فعل متعدی - دیکھو (توپ چلانا)

توپ دغنا - ا۔ فعل لازم - دیکھو (توپ چلنا)

توپ دم کرنا - ا۔ فعل لازم (لکھنؤ) توپ کی بھاپ سے اڑانا - توپ کے منہ اڑانا +

توپ سر کرنا - ا۔ فعل لازم - دیکھو (توپ چلانا)

توپ کے منہ اڑانا - ا۔ فعل متعدی - ایک سخت سزا جسمیں مجرم کو توپ کے منہ سے باندھ کر توپ چھوڑ دیتے ہیں یہ بیرحمی کے زمانہ کی سزائیں تھیں +

توپنا - ہ۔ فعل متعدی (گنوار - عو) زمین میں گاڑنا - زمین میں دفن کرنا - دبانا +

توت - ع - اسم مذکر (ف - تود) ایک درخت اور اسکے پھل کا نام جسکو شہتوت بھی کہتے ہیں اسکے پتوں سے ریشم کے کیڑوں کی پرورش ہوتی ہے +

توتا - ف - اسم مذکر (۱) ایک پرند کا نام جسکی چونچ سرخ اور گلے میں طوق ہوتا ہے - طوطا - سوا - مٹھو - سوگا (۲) توڑے دار بندوق کا گھوڑا - ماشہ (آتش)
کلمہ پڑھینگے دونوں میرے خانہ جنگ کا
زاغ کماں ہوا میں کہ توتا تفنگ کا +
(۳ و ۴) طفل خوش گفتار + پیار کا کلمہ (۴) بھنگ کی نگدی +

توتا پالنا - ا۔ فعل لازم - علاج نکر کے بیماری بڑھانا

+ بیماری مول لینا + مرضِ آتشک کو چھپانا +

تُوتا چشم - ف - صفت - بے مُروّت - بیوفا - بیدید +

تُوتلا - ہ - صفت - وُہ آدمی جسکی زبان موٹی ہونیکے باعث الفاظ صاف نہ نکلیں - الکن - ہکلا +

تُوتُو - ہ - ندا - بواوِ مجہول - کُتّے کے بُلانے کی آواز

تُوتُو - ہ - اِسم مؤنث - عو (متروک) زبان - للو - جیب

تیری تُوتُو نہیں رہتی ہے بھلا جس تس سے
پھر یہ کیوں کرتی ہے رنگین کا تُو مذکور ودا (رنگین)

تُوتی - ف - اسم مذکر - ایک خوش آواز چھوٹی سی چڑیا کا نام ہے جو توت کے موسم میں اکثر دکھائی دیتی اور شہتوت کمال رغبت سے کھاتی ہے چنانچہ اسیوجہ سے اِسکا نام تُوتی رکھا گیا ہے (اہلِ دہلی اسکو مذکر بولتے ہیں گو اسکا نام تانیث ہے) +

تُوتی بولنا - ۱ - فعل لازم - شہرۂ آفاق ہونا - کسی ہنر یا کمال یا مرتبہ یا حُسن وجمال وغیرہ میں دھاک ہونا + دَور دَورا ہونا - اِقبال سامنے ہونا - کسی امیر کے دربار یا سرکار میں خوب کہنا سُننا چلنا (ذوق)

ہے قفس سے شور اک گلشن تلک فریاد کا
خُوب تُوتی بولتا ہے اِن دنوں صیاد کا

(دبیر) شُہرہ ہے اُس سبزۂ رُخسار کا + خُوب تُوتی بولتا ہے یار کا

تُوتی کا پڑھنا - ۱ - فعل لازم - تُوتی کا چہچہانا - تُوتی کا سخن سرائی کرنا +

تُوتی کی آواز نقارخانہ میں کون سُنتا ہے - ۱ - (کہاوت) بڑے کارخانوں میں چھوٹوں کی کچھ سماعت نہیں ہوتی - بڑے آدمیوں کی رائے کے سامنے ادنےٰ آدمیوں کی رائے کو کوئی نہیں پُوچھتا +

تُوتنے - ۱ - اِسم مذکر (۱) تُوتا کی جمع (۲) حرُوفِ مُغیّرہ کے آنے سے الف یائے مجہول سے بدلکر بھی یہ شکل ہوجاتی ہے

توتے اُڑ جانا - یا - **ہاتھوں کے توتے اُڑ جانا** - ۱ - فعل لازم - حواس باختہ ہوجانا - سٹ پٹا جانا - گھبرا جانا - ہکابکا ہوجانا - اَوسان نہ رہنا (میر تقی)

اُسنے دیکھا جو اُٹھ کے سوتے سے
اُڑ گئے آئینہ کے توتے سے

عقل کے جال میں کب حُسن خدا داد آیا
اُڑ گئے ہاتھوں کے توتے جو وُہ صیاد آیا (شیخ امداد علی بحر)

توتے کی سی آنکھیں پھیرنا - ۱ - فعل لازم - یکلخت بیمروّت اور بیدید ہوجانا جیسے باتیں کرے مینا کی سی آنکھیں پھیرے توتے کی سی +

توتے کی طرح آنکھ بدل جانا - ۱ - فعل لازم - دفعۃً بیمُروّت ہوجانا - آنکھوں پر ٹھیکری رکھ لینا +

خط بھیگنے لگا جو اُس آئینہ رُو کو میں
توتے کی طرح آنکھ کبُوتر بدل گیا (امیر)

توتے کی طرح پڑھنا / **توتے کی طرح یاد کرنا** } ۱ - فعل لازم - بے سمجھے پڑھنا / بے سمجھے یاد کرنا

تُوتیا - ف - اسم مذکر (۱) نیلا تھوتھا - مس کُشتہ (۲) سُرمہ

تُوتیے جوڑنا - یا - **تُونے جوڑنا** - ۱ - فعل لازم - تہمت اور بُہتان لگانا - بدنام کرنا - طُوفان لینا (قطعۂ رنگین)

میں نے چاہا جو تجھکو اے رنگیں | مجھسے ہر ایک بدگمان ہوا
تُوتیے جوڑتی ہے کیا کیا خلق | جی لگانا بلائے جان ہوا

توجّہ - ع - اِسم مؤنث (۱) کسی کی طرف مُنہ کرنا - رُخ دینا (۲) رُجحان - میل - رغبت - رُجوع (۳-۱) خیال لحاظ - تعلّقِ خاطر - سرت (۴-۱) مہربانی - عنایت شفقت +

توجّہ باطن - ع - اِسم مؤنث - دلی رجوع - دلی مہربانی

توجیہ - ع - اِسم مؤنث (۱) وجہ بیان کرنا - دلیل لانا -

وجہ - باعث - سبب - بیانِ واضح (۲) حلیہ - چہرہ کا خط و
خال +

توجیہ نویس - ع - ف - اسم مذکر - حلیہ نویس +

توحید - ع - اسم مؤنث - ایک ماننا - ایک جاننا - واحد
جاننا - ایک ہونا + وحدانیت - یکتائی + خدا کے ایک
ہونے پر یقین لانا +

تودہ - ف - اسم مذکر (۱) انبار - ڈھیر - انم (۲) وہ مٹی کا ٹیلا
یا کچی دیوار جس پر تیرانداز تیروں کی مشق کرتے ہیں - تھوا
نشانہ گاہ - ہدف (۳ - عو) بہت - الغاروں - کثرت
جیسے تودہ مرچیں +

تودہ بندی - ا - اسم مؤنث - حدود بندی +

تودہ طوفان - ا - اسم مذکر - بہت الزام لگانے والا
فسادی - فتنہ انگیز - نہایت شریر - مکار +

تور - ہ - اسم مذکر (۱) ایک قسم کا غلہ جسکی دال پکاتے ہیں (۲)
چوبندی - وہ رسی جو زنانی پینس یا سکھپال یا میانہ کے
گرداگرد پردہ نہ اڑنے کی غرض سے باندھتے ہیں -

ہاتھ سے سات سہاگن کے رسی ٹوالا
(رسی دا) واسطے میرے میانے کے تو ایک تور بنا

تورہ - ت - اسم مذکر (۱ - عو) شرع - سنت - طریق (۲) حصہ
بخرہ + مختلف کھانوں کا ایک خوان یا کئی خوان جو امیروں
میں شادی وغیرہ کے موقع پر کچھ روز پیشتر تقسیم کیے جاتے
ہیں + (انشا)

لگا کے خواں میں بھیجا نہ کبھی کچھ چیز
خدا کے واسطے ہم کو بھی ایسی تورے سے

(۳ - و - عو) غرور - گھمنڈ - نمود (۴ - ا - عو) عزت - رتبہ

تورہ بندی - ت + ف - اسم مؤنث - شادی سے پیشتر
گھر گھر تورہ تقسیم کرنے کی تقریب - مختلف قسم کے کھانوں
کی کا بیان و تشریح ہاں سر خوان بھیجنے کی تقریب +

تورہ پوش - ت - ف - اسم مذکر - خوان پوش - وہ سرپوش
جو توروں کے خوانوں پر بانس کا بنا ہوا ڈھانکا جاتا
ہے +

تورہ پیٹی - ا - اسم مؤنث - عو - (طنزاً) نخرہالی عورت
مغرور عورت - متکبر عورت + شیخی باز عورت + وہ عورت
جو بہت سا شرع تورہ ظاہر کرے - ظاہری پابند شرع عورت

تورہ جتانا - ا - فعل متعدی - عو (طنزاً) نخرہ کرنا - غرور کرنا -
اترانا - شیخی کرنا - تعلی کرنا + پابندیٔ شرع ظاہر کرنا +
دکھاوے کی پرہیزگاری جتانا +

تورہ لگنا - ا - فعل لازم - نخرہ لگنا - اترانا +

تورہی - ہ - اسم مؤنث (ترہی) ایک قسم کا بگل - ترم - ایک
قسم کی لمبی نفیری جو بیاہ شادیوں میں بجاتے ہیں -
قرنا - کرنائے +

توری - ہ - اسم مؤنث (توریا - ترئی) - ایک قسم کی ترکاری +

توریت - عبرانی - اسم مؤنث - وہ آسمانی کتاب جو حضرت
موسیٰ علیہ السلام پر اتری تھی +

تورے والی - ا - اسم مؤنث (عو - طنزاً) پابند شرع عورت
پرہیزگار عورت - ثقہ عورت (۲) مغرور عورت - متکبر عورت
ناک والی عورت +

توڑ - ہ - اسم مذکر (۱) شکستگی - ٹوٹ پھوٹ + درز - شق
رخنہ - شگاف - ناکا (۲) غار جو توپ یا بندوق سے دیوار
یا فصیل وغیرہ میں پڑ جائے (۳) آب پاشی (۴) چڑھاؤ
طغیانی + بہاؤ کا زور (امداد علی بحر)

خیر ہو ہم عاشقوں کی عشق ہے دریائے قہر
ڈوبتا ہے توڑ کے پانی میں دم پیراک کا

(۵) دہی کا پانی (۶) جواب بجرح و قدح (۷) ٹپہ - انتہا - گولی

یا گولہ کی مقدارِ مسافت (جلال)

سخت جانی نے کیا تن کو حصارِ آہنی
آج تیرے تیر کا دیکھیں گے اے خونخوار توڑ

(۸) علاج - چارہ - مارگ - بدرقہ (۹) پیچ یا داؤں کا اُلٹ بدل (۱۰) کسی چیز کی قیمت کا فیصلہ - چکوتا (۱۱) غُل - شور

کم بضاعت جتنے ہیں کرتے ہیں وہ جوش و خروش
(ناسخ) توڑ ہوتا ہے کسی دریا میں کب سیلاب کا

توڑ پھوڑ - ۵ - اسم مؤنث (۱) شکستگی - ٹوٹ پھوٹ (۲) نیست و نابود کرنا - انہدام - تخریب - غارت - پائمالی خرابی - ویرانی - (۳) سازش - بہکاوٹ - اغوا - تلبیس

توڑ جوڑ - ۵ - اسم مذکر (۱) توڑنا - جوڑنا - جنگ و صلح - لڑائی اور ملاپ (نکہت)

ہمسے توڑی رقیب سے جوڑی واہ واہ اس توڑ جوڑ کے صدقے

(۲) داؤں پیچ - داؤں گھات - تدبیر - سازش - جتن - فطرت

جوڑی جو اُس نے تجھ سے تو توڑی رقیب سے
(انشا) انشا تو اپنے یار کے یہ توڑ جوڑ دیکھ

(۳) بندش عبارت - انشا پردازی (۴) دانائی - فیلسوفی مکّاری (۵) دو آدمیوں میں نفاق ڈلوا دینا یا جھگڑا کرا دینے کے ڈھنگ (۶) قطع - تراش - قطع و برید - کاٹ چھانٹ - چلتر - چال (میر حسن)

جو دیکھا چھپے تو لیا منہ کو موڑ واسیطرح کرتی رہی توڑ جوڑ

توڑ کرنا - ا - فعل لازم - بدل کرنا - جواب دینا - داؤں کا جواب دینا - کشتی یا نیزہ بازی کے پیچ کا جواب دینا

اے دل صد چاک الجھ کر زندگی سے ہو نہ تنگ
(خواجہ آتش) پیچ کا اُن گیسوؤں کے شانہ بنکر توڑ کر

تُوڑا - ۵ - اسم مذکر - بھس - چارہ

تُوڑا - ۵ - اسم مذکر (۱) کمی - قحط - قلت - کوتاہی - ٹوٹا گھٹتی - تنگی - (ہوس)

ہوس غمِ تشنہ کامی کا نہ کھا تو کوئی قاتل میں
نہیں اے یار یاں آبِ دمِ شمشیر کا توڑا
سیمتن توڑوں کا کیا توڑا ہے گردِ کار میں
ہم بھی رنگِ زرد کی دولت سے اب زردار ہیں

(۲) رسّی کا ٹکڑا (۳) ہلس - ہل کی پھاڑ - ہل کی دُمبی لکڑی جسمیں جوا ہوتا ہے (۴) فتیلہ بندوق - بندوق چھوڑنے کا رسّی کا ٹکڑا - شتابہ - بتّی - سوختہ - پلیتہ

دل ہے ہدف باروت کا دانہ خالِ مینو گلرو ہر
(نکہت) بینی ہے بندوق دونالی توڑا تارِ گیسو ہے

(۵) زنجیر گلوخواہ یا جو بطور زیور اکثر عورتیں پہنا کرتی ہیں - صاحبانِ ہنود میں مردوں کے گلے کا بھی توڑا ہوتا ہے (مسرور)

گلے کا ہیں تمہارے آج ایمن یہ اگر حیاو
بچھوڑونگا لیے بن آپکے سر کی قسم توڑا

(۶) گردن کی معشوقانہ حرکت یا ناچتے وقت گھنگروں کو بجا کر پاؤں سے گت لینا (۷) تھیلی - اشرفی یا روپوں کی تھیلی - ہزار روپے کی تھیلی (رنگین)

راہِ دیں سے اُسنے ہے توڑا تجھے
اشرفی کا کب دیا توڑا تجھے

مفلس کی بر میں یار وہ لاکھی کب آیا
(انشا) رکھتا ہے گرم زر کا جسکی بغل کو توڑا

(۸) ایک قسم کی زنجیر طلا یا نقرہ جو اکثر بانکے ترچھے سپاہی پگڑی کے اوپر لپیٹ لیتے ہیں (مسرور)

شفق میں یہ نہیں تارِ شعاعِ مہر اے مہوش
لپیٹا تو نے ہے دستارِ گلگوں پر ستم توڑا

(۹) جزیرہ - ٹاپو - (۱۰) کنارۂ دریا - مینڈ - کنارہ

(۱۱) آڑ۔ روک ۔

توڑامروڑی ۔ ہ ۔ اسم مؤنث (بازاری) توڑنا مروڑنا
چھینا جھپٹی ۔ ہاتھا پائی ۔ ملنا دلنا ؎
اگر یہی توڑا مروڑی رہیگی + تو کاہیکو انگیا لگوڑی رہیگی

توڑا پڑنا ۔ یا ۔ پڑجانا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ قلت ہوجانا ۔
قحط پڑجانا ۔ کمی ہونا (مسعود)
لگے اشکوں کی جا آنے جو خون دل کے اب قطرے
تو شاید کان گوہر میں پڑا اُسے چشم نم توڑا +

توڑنا ۔ ہ ۔ فعل متعدی (۱) شکستہ کرنا ۔ ٹکڑے کرنا + پھوڑنا
+ پھاڑنا ۔ چیرنا ۔ شق کرنا جیسے سر توڑنا (دوہا)
سمن ڈورا پریم کا جن توڑو چٹکائے
توڑے پر جو جوڑ ہو بیچ گانٹھ پڑ جائے
(۲) چور چور کرنا ۔ چکنا چور کرنا ۔ پاش پاش کرنا (۳) جدا
کرنا ۔ علیحدہ کرنا + ٹہنی سے کسی پھل کا الگ کرنا ۔ بینا
چننا جیسے پھول توڑنا (۴) ہل جوتنا ۔ زمین کو پھاڑ کر
قابل زراعت کرنا ۔ قلبہ رانی کرنا (۵) ڈاکا ڈالنا +
سیندھ لگانا ۔ نقب دینا ۔ کونبھل دینا (۶) ازالہ بکر
کرنا ۔ چیرا اُتارنا ۔ بکارت دور کرنا (۷) کم کرنا ۔ گھٹانا
نکال ڈالنا جیسے کنوئے کا پانی توڑنا (۸) مینڈیا
پانی کی ڈول کاٹنا ۔ پانی کاٹنا ۔ نہر سے پانی لے لینا
(۹) رد کرنا + منسوخ کرنا ۔ فسخ کرنا ۔ ارادہ پھیرنا (۱۰)
منہدم کرنا ۔ ڈھانا ۔ گرانا جیسے دیوار توڑنا (۱۱) دور کرنا
مٹانا ؎ لائی اُس بت کو التجا کرکے
کفر توڑا خدا خدا کرکے +
(۱۲) انقطاع کرنا ۔ قطع تعلق کرنا ۔ دوستی نہ رکھنا ۔ ربط
نہ رکھنا ۔ چھوڑنا ۔ جیسے سب توڑیں میرا رب توڑے
(داغ) تجھ سے میں اکبار توڑوں کسطرح
میں قدم تیرے یہ چھوڑوں کسطرح
(۱۳) موقوف کرنا ۔ ابالش کرنا جیسے محکمہ توڑنا (۱۴) فتح
کرنا ۔ جیتنا ۔ لے لینا جیسے قلعہ توڑنا (۱۵) کھلنا ۔
چھیننا جیسے منہ توڑنا (۱۶) ملا لینا ۔ اپنی طرف کرلینا
جیسے گواہ توڑنا (۱۷) ورزش کرنا ۔ کسرت کرنا ۔ بدن کمانا
ریاضت کرنا (۱۸) خوردہ کرنا ۔ روپیہ بھنانا ۔ ریزگاری
دینا (۱۹) کھانا ۔ مفت اور بے محنت کھانا جیسے روٹیاں
توڑنا (۲۰) اُکھاڑنا ۔ الگ کرنا جیسے دانت توڑنا (۲۱)
کمزور کرنا ۔ نحیف کرنا ۔ ناتوان کرنا ۔ قوت گھٹانا جیسے
بیماری نے توڑ دیا (۲۲) ہٹانا ۔ گھٹانا جیسے ہمت توڑنا
(۲۳) نفاق ڈلوانا ۔ دلیں فرق کرانا (۲۴) بھانجی مارنا
(۲۵) بنانا ۔ تیار کرنا ۔ جیسے ٹریاں توڑنا +

توڑنا جوڑنا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ بنانا ۔ بگاڑنا ۔ سنوارنا
کسی امر میں نہایت قدرت اور اختیار رکھنا
سررشتۂ محبت یاروں کے ہاتھ ہے کیا +
(ہدایت) وہ آپ ہی توڑتے ہیں اور آپ ہی جوڑتے ہیں

توڑنا مروڑنا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ ملنا دلنا +

توڑی ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ رائی ۔ سرسوں ۔ خردل ۔
سرشف ۔ سرسوں کا درخت (پورب)

توڑی ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ (گنوار) گیہوں یا جو کا بھس
بھس ۔ چارہ +

توڑے دار ۔ ہ ۔ صفت ۔ وہ بندوق جو فلیتے کے ذریعہ
سے چھوڑی جاے +

توزک ۔ ت ۔ اسم مؤنث (۱) سامان ۔ آرایش ۔ انتظام
شان شوکت (۲) قانون ۔ قاعدہ ۔ ضابطہ ۔ آئین
(۳) روزنامۂ شاہ ۔ بادشاہ کا روزنامچہ جو اُسنے خود
لکھا ہو جیسے تزک بابری جہانگیری تیموری وغیرہ +

توُسْدان - ف - اِسمِ مذکر - صحیح (توشہ دان) کارتوس رکھنے کا بکس جو سپاہیوں کے کمر سے بندھا رہتا ہے

توَسُّط - ع - اِسمِ مذکر (۱) میانہ روی - اِعتدال + بیچ - درمیان (۲) ذریعہ - وسیلہ - آسرا +

توَسُّل - ع - اِسمِ مذکر - وسیلہ ڈھونڈنا - کسیکو بیچ میں ڈالنا - وسیلہ - ذریعہ - سفارش - شفاعت +

توَسَن - ف - اِسمِ مذکر - بے سدھا گھوڑا - تُند اور سرکش بچھیرا + گھوڑا +

توَ سہی - ۷ - تابع فعل - عو - (۱) بالضرور - لاکھوں میں مُقرّر - شرطی +

(میر حسن) مُچلکا دیا تھا نہ تُو نے یہی + بھلا اسکا بدلا میں لُوں تو سہی

(۲) بے شک - بے شُبہ - بے گُمان - یقیناً

اِن دنوں کچھ بن نہیں آتا ہی آنے دو بہار
(امیر) چھین لُوں مجنوں سے اقلیمِ بیاباں تو سہی

(۳) سمجھونگا - تو میرا نام - دیکھ تو (نکہت)

تو سہی شک کی آتش سے جلاؤں تجھکو
سچ تُو ہے حرفِ غلط اور اُٹھاؤں تجھکو

اہلِ دل دیتے نہیں محزون جو غمکی دل کو داد
(محزون) کوہکن کو خوابِ شیریں سے جگاؤں تو سہی

روئی ناصح اپنے مُنہ پر رکھ کے داماں تو سہی
(ناسخ) ابکے یاں پاوے نہ اِک تارِ گریباں تو سہی

(اصل میں یہ لفظ ضِد کے موقع پر بولا جاتا ہے)

تُوشدان - ف - اِسمِ مذکر - توشہ دان - وُہ ظرف جسمیں سفر کی خوراک رکھیں +

تُوشک - ت - اِسمِ مؤنث - روئی دار بستر - گُبھا - گدا - گدیلا + نہالچہ - گُدڑی - بچھونا - فرشِ پلنگ - سوڑیا

توشک خانہ - ت + ف - اِسمِ مذکر - وُہ مکان جہاں اوڑھنے بچھانے کے کپڑے رہیں - اسباب اور زیور کا مکان یا دفتر جو امیروں کے ہاں ہوتا ہے - پارچہ خانہ - ملبوس خانہ - کوٹھا - کوٹھیار - ذخیرہ +

توُشَہ - ف - اِسمِ مذکر (۱) زادِ راہ - وُہ کھانا جو مُسافر اپنے ساتھ لیجاوے (۲) کھانے پینے کی چیز جیسے اپنا توشہ اپنا بھروسا (۳) وُہ کھانا جو مُردے کے ساتھ لیجاتے اور وہاں گورکن کو بعد از دفن دیدیتے ہیں (۴) کسی ولی یا بُزرگ کے نام کا کھانا جو عُرس کے روز تقسیم کیا جاتا ہے - مثلاً توشۂ اصحابِ کہف و توشۂ حضرت نظام الدین اولیا قدس سرہ (۵) راستہ کا خرچ - سفرخرچ +

توشۂ عاقبت - ف + ع - اِسمِ مذکر - اعمالِ نیک اچھے کام - وُہ کام جو اُس جہان میں کام آئیں - وُہ معصوم بچّہ جو ماباپ کے سامنے مرجاوے اُسکو بھی اِس نظر سے کہ وُہ گُناہ بخشوائیگا صبر دِلانے کے لیے توشۂ عاقبت کہتے ہیں +

توشخانہ یا توشیخانہ - ف - اِسمِ مذکر - دیکھو (توشک خانہ)

توَشِیح - ع - اِسمِ مؤنث (۱) لُغوی معنی بدھی گلے میں ڈالنا - آرائش کرنا (۲) علمِ بیان کی ایک صنعت کا نام جسمیں ابیات کے اوّل کا ایک ایک حرف یا فعلِ مُضارع کے شروع کا ایک ایک لینے سے ممدوح کا نام نکل آتا ہے +

توَصِیف - ع - اِسمِ مؤنث - وصف کرنا - سراہنا - تعریف - خوبی + بیان - بکھان +

توَضِیح - ع - اِسمِ مؤنث (۱) روشن اور ظاہر کرنا - شرح - تشریح - تصریح + توجیہ - نظیر - تعبیر - بیان - وضاحت - کھول کے کہنا (۲) - قانون) نقشۂ مالگزاری +

تَوَغُّل - ع - فعل لازم - کامل مشق کرنا - ایک کام میں بہت لگا رہنا +

تَوْفِیر - ع - اسم مؤنث (۱) زیادتی - بچت - فائدہ - فاضل - فالتو جو اجارہ پر ہو - فراوانی (۲) بالائی یافت - دستوری حق السعی - حق المحنت +

تَوْفِیق - ع - اسم مؤنث (۱) لغوی معنی موافق و برابر کرنا (۲) خدا تعالیٰ کا بندہ کی خواہش کے موافق نیک اسباب بہم پہنچانا (۳) ہدایت - رہنمائی + خدا کا فضل - خدا کی مہربانی (۴-ا) قابلیت - لیاقت (۵) مدد - معاونت + آسرا - وسیلہ - وساطت (۶) سردھا ہمت + طاقت - حوصلہ +

تَوَقُّع - ع - اسم مؤنث - اُمید - بھروسا - آس - خواہش - آرزو - اچھا - آسرا +

تَوَقُّف - ع - اسم مذکر - دیر - وقفہ - ڈھیل - صبر - تامّل تحمّل - تاخیر +

تَوْقِیر - ع - اسم مؤنث - عزت - حرمت - تعظیم و تکریم بزرگی - وقعت - عظمت +

تَوَکُّل - ع - اسم مذکر - خدا پر بھروسا کرنا + تکیہ - بھروسا اعتماد - اپنے کاموں کو دوسرے پر چھوڑ دینا +

توکّل پر بیٹھنا - ا - فعل لازم - خدا پر بھروسا کرکے بیٹھنا - اپنے سارے کام خدا پر چھوڑ دینا - خدا کے نام پر رہنا + بیکار بیٹھنا - خالی رہنا + بہتری کی اُمید رکھنا

تُول - ہ - اسم مؤنث - وزن + مقررہ وزن + جانچ - انداز

تُولا - ہ - اسم مذکر (۱) بارہ ماشے کا وزن + ۹۶ رتی کا بٹ (۲) تولنے والا - تلوتیا +

تولا ماشا - ا - صفت - تلوّن مزاج - وہمی بعض یا نازک مزاج آدمی جو ذرا سی بے اعتدالی میں دگرگوں ہو جاوے - غیر مستقل مزاج - بے سکون - بے ثبات

تَوَلّا - ع - اسم مذکر - محبت - اُمید +

تَوَلّائی - ع - اسم مذکر - محبت رکھنے والا - محب اہل بیت اہل تشیعہ کا وہ فرقہ جو تبرا نہ کرے - تبرائی کے خلاف

تَوْلا - ع - اسم مذکر (گنوار) بڑے منہ کا منڈا +

تَوَلُّد - ع - اسم مذکر - پیدائش - پیدا ہونا - جنم +

تولد ہونا - ا - فعل لازم - پیدا ہونا - جنم لینا +

تُولنا - ہ - فعل متعدی (۱) وزن کرنا - جوکھنا - اندازہ کرنا + جانچنا (۲) لیاقت و قابلیت کا تخمینہ کرنا +

رونے کو مرے تولے ہے نظروں میں
(درد) اس گوہر اشک کی بھی رتی چکی +

(۳) مقابلہ کرنا (۴) فکر کرنا - خیال جمانا + تصور کرنا

تَولِیا - ا - اسم مذکر (انگریزی ٹویل Towel کا بگڑا ہوا ہے) دست مال - رومال - انگوچھا +

تَوْلِید - ع - اسم مؤنث - جننا - پیدا کرنا - پرورش کرنا +

تُومڑی - ہ - اسم مؤنث (۱) چھوٹا تونبا - سوکھے ہوئے تونبے کی چھال جس میں فقیر پانی یا آٹا رکھتے ہیں - کچکول (۲) مٹی کی چھوٹی سی لالٹین جس پر جھلی منڈھ کر چراغ جلاتے ہیں اور کبھی پپیتے یا تربوز کی بھی بنا لیتے ہیں (۳) ایک قسم کی آتشبازی (۴) گھڑیال کی ٹھوتی - مگر کی ٹھوتی (۵) رسولی - متوڑی +

تُومنا - ہ - فعل متعدی - نچورنا - روان روان جدا کرنا روئی کو ہاتھوں سے کاتنے کے واسطے نچورنا (۲) ملنا - دلنا - دست مالی کرنا (۳) عیب کھولنا - قلعی کھولنا پیٹنا - گڑے مردے اکھاڑنا (شوق)

دیکھنا کیسی دھوم ڈالونگی + روئی کی طرح تُوم ڈالونگی

تُومیا - ہ - اسم مذکر - بہت باریک اور عمدہ کتا ہوا سوت

جو انگلیوں سے اول نوکر کاتا جاتا ہے +

تُوْن - ہ - اسم مذکر (متروک) ترکش - تیروں کا ملوا +

تُونا - یا - **تُوجانا** - ہ - فعل لازم - حیوانات کا حمل گرنا - اسقاط ہونا - گرب پات ہونا +

تُونبا - ہ - اسم مذکر (۱) ایک قسم کا کدو کی طرح جسکو اندر سے خالی کرکے فقیر کشکول اور چھاگل وغیرہ بناتے یا ستاروں وغیرہ میں لگاتے ہیں مزا جا گرم و خشک +

تُونبی - ہ - اسم مؤنث (۱) چھوٹا تونبا - تونبڑی - چھوٹا کچکول (ناسخ) کیا ہے آج تو مجلس کو مست او مطرب
تری ستار کی تونبی ہے کیا کدوی شراب +
(۲) پونگی جو سپیرے بجاتے ہیں +

تونبی ہاتھ میں لینا - ہ - فعل لازم - فقیری لینا - جوگی بننا - جوگن بننا +

تُون تان کرنا - ہ - فعل لازم - تو تو میں میں کرنا - گالی گلوچ کرنا - مغلظات بکنا +

تُوند - ہ - اسم مؤنث - بڑا پیٹ - جھونڈ - دھونڈ - فربہی شکم +

تُوندل - ہ - صفت - بڑ پیٹو - پیٹل - بڑے پیٹ والا - فربہ شکم - شکم دراز +

تونس - ہ - اسم مؤنث - وہ تشنگی جو کسیطرح نہ بجھے - از حد پیاس - عطش +

تونسنا - ہ - فعل لازم - آفتاب کی گرمی کے مارے مضمحل اور بے تاب ہوجانا + پیاس اور تشنگی کا بڑھنا

تُونگر - ف - صفت - صحیح (توانگر) ۱ - توانا - طاقت ور (۲) امیر - دولتمند - مالدار - دھنی - متمول - مالا مال - غنی - بے پروا +

تُونگری - ف - اسم مؤنث - توانائی + دولتمندی

استغنا + لاابالی +

توہّم - ع - اسم مذکر - وہم میں ڈالنا + وہم - وسواس - گمان و شک

توہین - ع - اسم مؤنث (۱) لغوی معنی سست کرنا - ڈھیلا کرنا + کمزور و ناتوان کرنا (۲) طعن کرنا - طنز کرنا - طعنہ - طنز (۳) اہانت - ذلت - حقارت - بے عزتی - آبروریزی

توہین عدالت - ع - اسم مؤنث - عدالت کی حقارت

توئی - ا - اسم مؤنث - ایک قسم کی کپڑے پر بُنی ہوئی بیل جو عورتیں اکثر دوپٹوں اور رضائیوں وغیرہ پر لگاتے ہیں

توے کی بُوند - ہ - صفت (۱) بہت جلد فنا اور معدوم ہو جانے والی چیز - ناپائدار - فنا پذیر - معدوم - فنا -

(نکہت) اپنے سوز دل سے ایسا تابہ گردوں ہے گرم
صبح کے ہوتے ہی ہر اختر توے کی بوند ہے

(مصحفی) ہو جائیں پتلیوں ہی یہ آنسو توے کی بوند
گر کام کر گئی تف دل چشم تر تلک +

(۲) غیر تسکین بخش - سیر و مطمئن نکرنے والی چیز +

(نکہت) حرارت سے تپ فرقت کے سوز دل دوبالا ہے
توے کی بوند ہے جو داغ دلبر اپنے چھالا ہے

توے کی تیری ہاتھ کی میری - ا - کہاوت نہایت لوٹ کھسوٹ - بے انتظامی اور قحط کی فراوانی کی نسبت بولتے ہیں +

تَہ - ف - اسم مؤنث (۱) نیچے - پائیں - زیر - نقیض بالا - نشیب - نچان (۲) تلا - پیندا - تلی - پیندی (۳) تھاہ - انت - قعر - پایان - انتہا (۴) پرت - لپیٹ - گنجلک - لای - چین - چُنَت - سلوٹ - بٹ - طبق - پردہ - ردا جیسے تہ جمائے چلا جاتا ہے یعنی خوب کھائے جاتا ہے (۵) اصل - تال - جیسے تہ کار (۶) پوشیدہ مطلب مخفی بات - پیچ - راز - بھید (۷) نکتہ - باریکی - رمز

زیر کر غیرت مہ اور ہی کچھ ہے +
نکہت اِس مغزِ باریک میں تہ اور ہی کچھ ہے
(۸) عددِ واحد - طاق - بنقیضِ جُفت - ایک (۹) تلوار یا خنجر وغیرہ کا زنگ (صرف فارسی میں) ۱۰ تلچھٹ - دُرد - گاد (۱۱) فرش - سطح - زمین جیسے صندل کی تہ عطر میں دیتے ہیں (۱۲) منشا - مغز - عندیہ + بطون (۱۳) جھلک - تحریر - باریک اور تیلا ورق (مؤمن)
زنگ رفتہ نے جھلک دکھلائی + منہ پہ ایک سُرخی کی تہ سی آئی
تہ بازار - ف - اِسم مؤنث - بازار کی زمین جیسے تہ سکہ - بمعنی زمین سکہ - (فارسی میں آتا ہے) +
تہ بازاری - ف - اسم مؤنث - وُہ محصول جو بازار نشینوں جیسے ترکاری فروشوں اور بساطیوں وغیرہ سے لیا جائے لیکن محاورۂ حال میں بازار کے عام محصول کو کہتے ہیں اسمیں دوکانوں میں بیٹھنے والے ہوں خواہ زمین پر +
تہ بہ تہ - ف - تابع فعل (۱) ہر ایک تہ میں - ہر ایک پرت میں - ایک کے نیچے ایک - پرت در پرت - طبق در طبق (۲ - صفت) پیچ در پیچ +
تہ بند - ف - اِسم مذکر - تہمت - لُنگی - لنگوٹ - دھوتی +
تہ پوشی - ف - اسم مؤنث - زنانہ پجامہ + وُہ کپڑا جو ساڑھی کے نیچے ستر پوشی کے واسطے لپیٹ لیتی ہیں
تہ پیچ - ف - اِسم مذکر - پگڑی کے نیچے کا کپڑا - بطانہ
تہ توڑنا - ا - فعل لازم (۱) تمام کر دینا - اِنتہا کو پہنچا دینا - نبیڑ دینا - نمٹا دینا - ختم کر دینا (۲) کنوئے کا پانی نکال ڈالنا - کنوئے کی زمین نکال دینا +
تہ جمانا - ا - فعل متعدی (۱) ایک چیز کے اوپر دُوسری چیز بِلا کر رکھنا (۲) ایک چیز کھا کر دُوسری چیز کھانا - کھانے پر کھانا +
تہ خانہ - ف - اسم مذکر - بھونرا - دخمہ - سردابہ - نہانخانہ - سردخانہ - وُہ مکان جو زمین کے نیچے بنایا جائے
تہ دار - ف - صفت - دقیق - مُشکل - پیچدار - پہلودار - ظاہر میں کچھ باطن میں کچھ - کنایہ دار (معرُوف)
اسمیں تہ کیا ہے خدا جانے کہ اُس کا فرنے
آج جو شعر پڑھے بزم میں تہ دار پڑھے
تہ درز - ا - صفت - عو - نیا کپڑا - وُہ کپڑا جسکی تہ نہ ٹوٹی ہو + نیا - تازہ - غیر مستعمل +
تہ دیگی - یا - **تہ دیغی** - ا - اسم مؤنث - نیچے کا کھانا جسمیں روغن زیادہ ہوتا ہے اکثر پلاؤ زردہ وغیرہ چاولوں کے طعام کی نسبت بولتے ہیں + کھرچن
تہ دینا - ا - فعل لازم - ہلکا رنگ دینا - تہ بہ تہ کسی چیز کا ڈالنا یا بچھانا جیسے میوہ کی تہ دینا وغیرہ +
تہ کر رکھو - ا - محاورہ - اظہار بیغرضی و استغنا کے موقع پر بولتے ہیں - لپیٹ رکھو - رکھ چھوڑو - اب نہیں چاہیے - ہوا نہ لگنے دو (سجاد)
یار کا جامہ ہمیں ہیگا عزیز + یوسف اپنا پیرہن تہ کر رکھو
تہ کرنا - ا - فعل متعدی (۱) لپیٹنا (۲) کوتہ کرنا - تصفیہ کرنا - فیصلہ کرنا - چکانا - نمٹانا (۳) ترک کرنا - چھوڑنا
تہ کا سچا - ا - صفت - تھان کا پورا - گردان - وُہ کبوتر جو اپنا گھر نہ بھولے +
تہ کو پہنچنا - ا - فعل لازم - کسی بات کے مغز کو پہنچنا - حقیقت کو پہنچنا - اِنتہا کو پہنچنا - اصل مطلب دریافت کر لینا - منشا کو پہچاننا +
تہ کی بات - ا - اسم مؤنث - اِنتہا کی بات - اصل

بات - گہری بات +

تہ مِلانا - ۱ - فعلِ لازم - جوڑا لگانا - منتر کے ساتھ ماؤ کو مِلانا +

تہ نشین ہونا - ۱ - فعلِ لازم - نیچے بیٹھنا - دِل نشین ہونا - دِل میں جمجانا - نِشچے ہونا - نقش کالحجر ہونا +

تہ نہ ٹوٹنا - ۱ - فعلِ متعدی - عو - کسی کپڑے کا برتنے میں نہ آنا - نیا کا نیا ہونا - بالکل نیا ہونا +

تہ و بالا - ف - تابع فعل - زیر و زبر - اُلٹا پُلٹا - اُلٹ پُلٹ - تلے کا اُوپر اور اُوپر کا تلے - مُتزلزل +

تہ و بالا کرنا - ۱ - فعلِ متعدی - زیر و زبر کرنا - اُلٹ پلٹ کرنا - مُتزلزل کرنا - خاک میں مِلانا - برباد کرنا - مسمار کرنا مُنہدِم کرنا - پائمال کرنا - غارت کرنا - ڈھانا +

تہ و بالا ہونا - ۱ - فعلِ لازم - زیر و زبر ہونا - اُلٹ پُلٹ ہونا - مسمار ہونا - برباد ہونا - مُنہدِم ہونا - غارت ہونا

تھا - ہ - علامت ماضی بعید - فعلِ ناقص بُود کا ترجمہ -

تھاپ - ہ - اِسمِ مؤنث (۱) تھپیڑا - تاچہ - تھپکی - جیسے شیر کی تھاپ (۲) طبلہ کی آواز جو دونوں ہاتھوں کی پوری اُنگلیوں کی ضرب سے نکلتی ہے +

تھاپ دینا - ہ - فعلِ لازم - تھپیڑ مارنا + طبلہ پر ضرب لگانا + ناچ ختم ہونے یا دُوسرا طائفہ مِلا جانے کی علامت ظاہر کرنا +

تھاپ مارنا - ہ - فعلِ لازم - طمانچہ مارنا - شیر کا تھپیڑ مارنا - پہلوانوں کا لمے پر تھپکی دینا +

تھاپا - ہ - اسمِ مذکر - لُغوی معنی چوپایہ کے پانوں کا نشان ہاتھ کا وُہ پُورا نِشان جو مہندی ملکر دیواروں پر یا وداع کے وقت صاحبانِ ہنُود میں سمدھی کی کمر پر لگاتے ہیں - وُہ چاک کا نشان جو زمیندار نم مٹی ڈالکر کھلیان کو شب کو لگا جاتے ہیں تاکہ کوئی لیوے تو معلوم ہوجاے

تھاپنا - ہ - فعلِ متعدی (۱) گوبر پاتھنا - اُپلے بنانا (۲) نوراتری میں ایک کورے گھڑے میں پانی بھر کے دُرگا کے سامنے رکھنا اور اُسکی پُوجا کرنا (۳) مُورتی استھاپن کرنا - مُورتی رکھنا +

تھاپنا کی پُوجا - ہ - اِسمِ مؤنث - وُہ دیوی کی پُوجا جو جیٹ سُدی پڑوا کو ہوتی ہے +

تھاپی - ہ - اِسمِ مؤنث (۱) تھپکی - طمانچہ (۲) کُمہار کا اوزار جس سے برتن گھڑتا ہے (۳) کوبہ - چُونہ کُوٹنے کا چوبی آلہ

تھال - ہ - اِسمِ مذکر - پیتل یا کانسی کا خوان - طشت - بڑا طباق - سینی + خوانِ شیرینی +

تھالی - ہ - اِسمِ مؤنث - تھال کی تصغیر - تشتری - تانبے پیتل یا کانسی کی چھوٹی رکابی + مٹھائی کا خوان

تھالی بجنا - ہ - فعلِ لازم - سانپ کے کاٹے کے آگے تھالی کی آواز کے ساتھ منتر پڑھنا +

تھالی بجانا - ہ - فعلِ متعدی (۱) سانپ کے کاٹے ہوے کے آگے تھالی بجا کر منتر پڑھنا (۲) بچہ پیدا ہونے پر اُسکا ڈر نکالنے کے واسطے تھالی یا توا بجانا مگر صاحبانِ ہنُود میں لڑکا پیدا ہونے پر تھالی اور لڑکی پیدا ہونے پر توا بجاتے ہیں جس سے یہ غرض ہے کہ لڑکا کھانے کو واسطے پیدا ہوا ہے اور لڑکی پکانے کو) +

تھالی پھرنا - ہ - فعلِ لازم - اسقدر ہجوم ہونا کہ اگر تھالی پھینکیں تو زمین پر نہ گرے لوگوں کے سروں پر پھرے + کثرت سے ہجوم ہونا - بھاری اِزدحام ہونا - بیان سے باہر انبوہ ہونا +

تھالی جوڑ - ہ - اسمِ مذکر - کٹورا مع تھالی و سرپوش جو اکثر جہیز میں دیا جاتا یا اسیروں کو اُسمیں ڈھانک کر ادب اور حفاظت سے پانی پلایا جاتا ہے +

تھالی کا بینگن - ہ - صفت - رکابی مذہب - وُہ

شخص جو لالچ یا طمع کے باعث ہر ایک کی طرفداری کرنے لگے - بن پیندی کا بدھنا - غیر مستقل مزاج +

تھامنا - ہ - فعل متعدی (۱) روکنا - مزاحمت کرنا - باز رکھنا (۲) آڑ لگانا - ٹیکن لگانا - اڑواڑ لگانا (۳) پکڑنا - گرفتار کرنا (۴) ہاتھ میں لینا - لینا (۵) ٹھیرانا - کھڑا کرنا جیسے گاڑی تھامنا (۶) سنبھالنا + آسرا دینا + پشتی کرنا - مدد کرنا (۷) پرورش کرنا - پالنا (۸) سائی لینا - بیعانہ پکڑنا (۹) نظر بند رکھنا - بٹھا رکھنا +

تہاں - ہ - تابع فعل - وہاں - اُس جگہ جیسے جہاں تہاں مارا پھرتا ہے +

تھان - ہ - اسم مذکر (۱) جگہ - مقام - استھان - مکان ٹھیرنے کی جگہ - قیام گاہ - صدر مقام - ہیڈ کوارٹر (۲) گھوڑا باندھنے کی جگہ - اصطبل - آخور + وہ گھاس جو گھوڑے کے نیچے بچھا دیتے ہیں (۳) مزار - درگاہ - روضہ - قبر جیسے سید کا تھان (۴) کپڑے گوٹے وغیرہ کی معینہ مقدار - اڈا - طاقہ (۵) عدد - نگ - سکہ کا عدد جیسے ایک تھان اشرفی + جوتہ کا جوڑا (۶) نسل کھیت جیسے اچھے تھان کا گھوڑا (۷) عضو تناسل (خصیتین (بازاری آدمی بولتے ہیں) +

تھان کا ٹرا - ہ - صفت - وہ گھوڑا جو تھان پر شرارت کرے + اپنے گھر پر شیر ہونے والا آدمی + گلی کا کتا +

تھان کا سچا - ہ - صفت - غریب گھوڑا + وہ گھوڑا جو ہر ایک جگہ سے چھوٹ کر اپنے تھان پر آ ٹھیرے

تھان میں آنا - ہ - فعل لازم - گھوڑے کا خاک میں لوٹنا +

تھانگ - ہ - اسم مؤنث (۱) چوروں کا گھر - مسکن ذردوال (۲) پتا - کھوج - سراغ (۳) سازش + بھید جیسے بے تھانگ چوری نہیں (۴) چوروں کی گھات کمین گاہ

جب سے خطِ سیہ ہے خال کی تھانگ
تب سے لٹتا ہے ہند چاروں دانگ (ولی)

تھانگ لگانا - ہ - فعل لازم - پتا لگانا - سراغ لگانا - کھوج لگانا - چوری کا پتا لگانا - مال یا دولت کا پتا لگانا +

تھانگی - ہ - اسم مؤنث (۱) پتا لگانے والا - (۲) چوروں کو خبر دینے والا - چوروں کا بھیدی (۳ - قانون) چوری کا مال لینے والا (۴) چوری کا مال نکالنے یا برآمد کرانے والا - مخبر - جاسوس (۵) چوروں کا سردار

تھانولا - ہ - اسم مذکر - درخت کی جڑ کا گڑھا جو پانی دینے کے واسطے کھود دیتے ہیں (اہل لکھنؤ نے اسکو تھالا باندھا ہے) +

تھانہ - ہ - اسم مذکر (۱) پولس کی چوکی - پولس اسٹیشن کوتوالی - وہ جگہ جہاں سرکاری سپاہی رہتے ہیں (۲) بانسوں کا ڈھیر +

تھانہ بٹھانا - ہ - فعل لازم - پہرا بٹھانا - پہرا لگانا حراست کرنا - چوکی بٹھانا +

تھانہ چڑھ آنا - ہ - فعل لازم - سرکاری سپاہیوں کا کسی مکان پر چڑھ آنا +

تھانے دار - ا - اسم مذکر - پولس کا سب انسپکٹر پولس کا افسر - کوتوال +

تھانے داری - ہ - اسم مؤنث تھانے کی افسری کوتوالی - تھانہ دار کا منصب یا عہدہ +

تھاور - ہ - اسم مذکر (ہندو) سنیچر - ہفتہ - شنبہ +

تھاوس - ہ - اسم مذکر (گنوار) صبر - تحمل - برداشت

تھاہ - ہ - اسم مؤنث (۱) دریا سمندر یا کنوئیں کی تہ کی زمین + پایاب (۲) عمق - گہرائی (۳) پتا - ٹھکانہ (۴) انتہا - انجام - نہایت - غایت (۵) ادراک معنی مغز سخن - حال دل + عندیہ - منشا +

تھاہ پانا - ہ - فعل متعدی (۱) عمق دریافت کرنا - دریا وغیرہ کی گہرائی دریافت کرنا (۲) انجام دریافت کرنا انتہا پانا (بیان) ہیں مثل حباب گرچہ فانی +
مشکل ہے ہماری تھاہ پانی +
(۳) کُنہ - باریکی - حقیقت (۴) منشا پانا - عندیہ دریافت کرنا

تھاہ لینا - ہ - فعل لازم - پانی کی گہرائی دریافت کرنا - عندیہ لینا - منشا پانا +

تھاہ ملنا - ہ - فعل لازم (۱) دریا کی گہرائی معلوم ہونا - تہ ملنا (۲) پتا لگنا (۳) انجام ملنا - نہایت پانا

غوطے کھلواتی ہیں یہ رمزیں تری ای بحر حسن
تھاہ ایک ایک بات کی دو دو پہر ملتی نہیں (صبا)

تہائی - ہ - اسم مؤنث تیسرا حصہ - ثلث +

تہایت - ہ - اسم مذکر (ہندی) ۱ - غیر - بیگانہ - اجنبی (۲) تین چار آدمیوں کی پنچایت +

تھپ جانا - ہ - فعل لازم - لگجانا - کسی بات کا اپنے ذمہ پڑجانا + (معروف)

دیوی کالی اگر کوئی بازار میں مڑ کر نہ دیکھ
تجھ ہی پر تھپ جائیگی دیکھا اگر منہ موڑ کر

تھپڑ - ہ - اسم مذکر - طمانچہ - تھاپ - لپڑ - رہپٹ رہپٹا (۲) تہ - طبق - تھتلا - پرت - لیو + جھنسیو وغیرہ کا چھتا - داد کا چھتا (۳) پانی کی چھال لہفہ - لطمۂ آب - ہینڈ - تلاطم موج (۴) تیز ہوا کا صدمہ - ضرب باد تند (۵) پنجہ - چنگال - چنگل - جیسے شیر کا تھپڑ +

تھپڑ لگانا یا مارنا - ہ - فعل متعدی - طمانچہ سہی کرنا - دھپ جڑنا +

تھپڑی - ہ - اسم مؤنث - تالی - دونوں ہتھیلیوں کو ملا کر ہاتھ بجانا +

تھپڑی بجنا یا پٹنا - ہ - فعل لازم - تالی بجنا تالی پٹنا + خاک اُڑنا - رسوائی ہونا - بے عزت ہونا +

تھپڑی پیٹنا - ہ - فعل متعدی - تالی بجانا + رسوا کرنا خاک اڑانا - بے عزت کرنا - تضحیک کرنا +

تھپک تھپک کر رکھنا - ہ - فعل متعدی - تھام تھام کر رکھنا - روک تھام کرنا - دم دلاسا دیکر روکنا یا باز رکھنا + کچھ طمع دیکر صبر دلانا +

تھپکنا - ہ - فعل متعدی (۱) بچے کی پیٹھ پر سلانے کے واسطے آہستہ آہستہ تھپکی لگانا - بچے پر سہج سہج ہاتھ مارنا تاکہ وہ سو رہے (غیرت)

طفلی ہی میں اسکو فتنہ تک کر
دایہ بھی سلاتی تھی تھپک کر

(۲) آہستہ آہستہ چوٹ لگانا - نرم نرم ضرب لگانا جیسے چونہ پر کوبہ لگانا (۳) غصہ دھیما کرنا - غصہ فرو کرنا - کسی بات کو روکنا - تھامنا - دبانا وغیرہ +

تھپکی - ہ - اسم مؤنث - کسیکے ہاتھ پر ہتھیلی سے ضرب لگانا - حریف کی تلوار یا اسی قسم کے اور ہتھیار پر اسطرح ہاتھ مارنا کہ اوندھا جا پڑے +

تھپنا - ہ - فعل لازم - لگنا - ذمہ پڑنا - سر ہونا - الزام لگنا + (نکہت) کرکے خون دل پس مژگاں نگہ تو چھپ گئی
چشم پر پردیدہ و دانستہ تہمت تھپ گئی +

تھپڑا - ہ - اسم مذکر - تھپڑ کی تصغیر بالتحقیر +

تہتّر - ہ - صفت - تین اوپر ستّر - ہفتاد و سہ - ۷۳

تہتر کے بیجوں کو پہنچنا - ہ - فعل لازم - عو - ستیاناس ہونا - برباد ہونا - تباہ ہونا - نیواں ناس ہو جانا +

تہتک - ع - اسم مذکر - پردہ دری - رسوائی - ذلت - حقارت - بے عزتی - بے آبروئی +

تھتکارا - ہ - اسم مذکر - عو (۱) تھو تھو کرنے کے قابل - نام نہ لینے کے قابل (۲) ہیضہ - رناتواں - تخمہ (۳) نزلہ - زکام (متروک) (۴ - صفت) نالائق - مردود مطرود - لعنت زدہ - ملعون - پھٹکار کا مارا +

تھتکارنا - ہ - فعل لازم - عو - تھو تھو کرنا - ذرا سا تھوکنا نفرت کرنا - لعنت بھیجنا - کسی بری چیز یا بات کے اثر سے بچنے کے واسطے تھوکنے کی آواز نکالنا - جھوٹی قسم یا سہو کے بعد تھو تھو کرنا توبہ کرنا - نفرت ظاہر کرنا + حقارت سے نکال دینا - دھتکار دینا +

تھتکاری - ہ - اسم مؤنث - عو - (۱) زنجیر - بیڑی - جولان (۲) چڑیل - ڈاین - بلا (جان صاحب)

کیوں چڑھی آتی ہے تھتکاری سی سر پر باندی
بھوت لپٹا ہے جو کرتی نہیں مردار لحاظ

(۳) چھپکلی - چلپاسہ +

تھتکاریاں - ہ - اسم مؤنث (۱) بیڑیاں - سلاسل

باز آوے اپنی فطرت سے وہ تب تک ذکر کیا
پاؤں میں جب تک نہ کوکا کے پڑیں تھتکاریاں (رنگین)

(۲) جوتیاں - پاپوشیں (۳) چڑیلیں - بلائیں (۴) چھپکلیاں +

تھتھانا - ہ - فعل متعدی - تھوتنی پھلانا - منہ سجانا - خفگی ظاہر کرنا - ناراضی دکھانا - منہ بنانا +

تھتّی - ہ - اسم مؤنث - عو - ڈھیر - ڈھیری جیسے قرض کی تھتی

تہجد - ع - اسم مؤنث - لغوی معنی رات کو جاگنا اصطلاحی نماز شب جو اکثر نیک آدمی آدھی رات کے بعد اٹھ کر پڑھا کرتے ہیں اس نماز کی آٹھ رکعتیں ہوا کرتی ہیں اور وتر ملا کر گیارہ یا کبھی اس سے بھی زیادہ پڑھا کرتے ہیں +

تہجی - ع - اسم مؤنث - ہجے کرنا - حروف مفردہ کا پڑھنا (جب حروف تہجی کہیں گے تو الف بے تے سے مراد ہوگی)

تہدید - ع - اسم مؤنث (۱) خوف - دھمکی - ڈر - گھرکی - چشم نمائی (۲) سرزنش - ڈانٹ + تنبیہ - تاکید +

تہذیب - ع - اسم مؤنث (۱) آراستگی - صفائی - پاکی درستی - اصلاح (۲) شائستگی - خوش اخلاقی + اہلیت لیاقت - آدمیت - تربیت - انسانیت +

تہذیب اخلاق - ع - اسم مذکر - درستی اخلاق انسانیت - خوش اخلاقی +

تہذیب کے خلاف - ہ - صفت - ادب و قاعدے کے خلاف - نامعقول - خلاف وضع - بقماش - بدکردار نااہل - نالائق +

تہذیب یافتہ ع + ف - صفت - تربیت یافتہ - تعلیم یافتہ - مؤدب - شائستہ +

تھر - ہ - صفت (ہندو) ٹھیرا ہوا - اٹل - اچل - مستقل قایم - ساکن - برقرار + استوار - مستحکم - بے زوال +

تھر رہنا - ہ - فعل لازم - ہندو - قایم رہنا - اٹل رہنا - بنا رہنا - مستحکم رہنا + (دوہا)

سدا نہ پھولیں توریاں سدا نہ ساون ہوے
سدا نہ جوبن تھر رہے سدا نہ جیوے کوئی

تہرا - ہ - صفت (۱) تگنا - سہ چند + تہرا - تین تہ کا + تین طرح کا - تین لڑ کا +

تہرانا - ہ - فعل متعدی - تسرانا - تیسری دفعہ کرنا -

+ تیاّ کرنا - تیاّنا +

تھرّانا - ہ - فعل لازم (۱) کانپنا - لرزنا - تھر تھرانا - لڑکھڑانا
کپکپانا + سردی تپ لرزہ یا خوف سے ہلہلانا (۲)
خوف کھانا - ڈر ماننا - ڈرنا جیسے کسیکے نام سے تھرّانا +

تھر تھرانا - ہ - فعل لازم - دیکھو (تھرّانا) +

تھر تھراہٹ - ہ - اسم مؤنث - لرزہ - کپکپی + لرزش
جُنبش +

تھر تھر کانپنا - ہ - فعل لازم - جسم کا نہایت کپکپانا - سردی
یا خوف یا بُخار سے ہلہلانا +

تھر تھر کنپی - ہ - اسم مؤنث - ایک چڑیا کا نام جو بروقت
درخت پر تھرتھراتی رہتی ہے +

تھرتھری - ہ - اسم مؤنث (۱) کپکپی - لرزہ - تھرتھراہٹ
(جرأت) آتش کے جو یہ ہوا ہجر میں شعلہ کے بھی تن کو تھرتھری
(۲) جاڑے کا بخار - تپ نوبت - جوری - تپ لرزہ +

تھرتھری چھوٹنا - ہ - فعل لازم - کپکپانا - کانپنا تھرتھرانا

تھِرکنا - ہ - فعل لازم (۱) ناچنا - مٹکنا - اعضا کا متحرک
کرنا - ٹھمکنا - پھڑکنا جیسے بوٹی بوٹی پڑی تھرکتی ہے
(۲ - دکن) پرند کا اڑنا - منڈلانا +

تھرو - ف - اسم مذکر - زین کے نیچے کی گدی - ٹھرو

تھرّا - ہ - اسم مذکر - جگہ - استھان + گدی - دوکاندار
کے بیٹھنے کی جگہ +

تھُڑدلا - ا - صفت (۱) تنگدل - بخیل - کنجوس (۲)
کمظرف + کم حوصلہ (۳) بزدل - نامرد - ڈرپوک

تھُڑی - ہ - اسم مؤنث (۱) کمی - توڑا (۲ - عو) کلمہ
نفرین - لعنت - زوف - تف - پھٹ جیسے تھُڑی
ہے تیری ذات بنیاد پر +

تھُڑی تھُڑی کرنا - ہ - فعل متعدی - عو - لعنت ملامت
کرنا - نفرین کرنا - برا کہنا - نکو بنانا +

تھُڑی تھُڑی ہونا - ہ - فعل لازم - عو - رسوائی ہونا
نفرین ہونا - دھتکار اور پھٹکار ہونا - لعنت ملامت ہونا

تھُڑنا - ہ - فعل لازم (۱) کمی ہونا - توڑا ہونا + کم ہونا (۲)
خاتمہ ہونا - تمام ہونا +

تہس نہس - ا - صفت - تہ و بالا - تباہ و برباد + اس
غارت - برباد + اُوجڑ - ویران (بعض لوگ اسکا املا
تحس نحس لکھتے ہیں اور یہ محض غلط ہے کیونکہ عربی میں تحس بمعنی
غمزدہ اور نحس نامبارک آیا ہے جس سے یہاں کچھ تعلق نہیں
البتہ تہ اور نہس سے مرکب خیال کرسکتے ہیں جسکے معنی جڑ بنیاد
سے برباد ہونے کے صاف ظاہر ہیں - اہل لکھنؤ تھس مس
بولتے ہیں) +

تہس نہس کرنا - ا - فعل متعدی - عو - کھوج کھونا
ملیامیٹ کرنا - تباہ و برباد کرنا +

تہس نہس گئی - ہ - صفت - عو - خانہ خراب - بے ٹھور
ٹھکانے - وہ شخص جسکا کہیں ٹھل بیڑا نہو +

تھکّا - ہ - اسم مذکر (۱) چکا - کوئی جمی ہوئی چیز - تھکّلا (۲)
ڈھیر - انٹم - اٹالہ (یہ لفظ پورب میں بولا جاتا ہے)

تھکا - ہ - صفت - ہارا - ماندہ - کوفتہ - ماندہ شدہ - عاجز
سُست - ناچار + اُکتایا ہوا +

تھکا اُونٹ سرا کو دیکھتا ہی - ا - (مثل) ناچار
آدمی سہارا تکتا ہے - مبتلائے آفت مخلصی کا طالب ہوتا ہے

(ذوق)
مجھ کو چاہیے یوں پیر پُشت خم دیکھے
سرا کو جیسے تھکا اُونٹ دمبدم دیکھے

تھکا بیل - ہ - (اسم و صفت) سُست آدمی - مجہول
آدمی + جی چھوڑو - کام چور - حیلہ جو (عو) +

تھکا ماندہ - ا - صفت - تھکا تھکایا - عاجز شدہ - تھکا ہارا

تھکا مارنا - ہ - فعلِ متعدی - پدا مارنا - دق کر دینا - جی چھڑا دینا - ہرا دینا - عاجز کر دینا - چین مُلوا دینا +

تھکان - ہ - اسمِ مؤنث - ماندگی - کوفتگی +

تھکانا - ہ - فعل متعدی (۱) ہرانا - ماندہ کرنا - کوفتہ کرنا شل کرنا (۲) عاجز کرنا - جی چھڑانا - سخت محنت لیکر مضمحل کرنا - دق کرنا - تنگ کرنا + پدانا - بھگانا - پھرانا - حیران کرنا

تھک کر چُور ہونا - ہ - فعلِ لازم - نہایت شل ہونا - از حد مضمحل ہونا - متکسر ہونا - جوڑ جوڑ دُکھنا +

تھکن - ہ - اسمِ مؤنث - ماندگی - کوفتگی - تکسّر +

تھکنا - ہ - فعلِ لازم (۱) شل ہونا - ہارنا - محنت سے ماندہ ہونا + مضمحل ہونا - کوفتہ ہونا (۲) عاجز ہونا - مغلوب ہونا (۳) بوڑھا ہونا - کام سے جاتا رہنا - اپاہج ہونا - طاقت نہ رہنا + خفیف ہونا - ناتوان ہونا (۴) سست ہونا - ڈھیلا ہونا (۵) مندا ہونا - کساد بازاری ہونا جیسے کام تھک گیا - روزگار تھک گیا (۶) مایوس ہونا - نا اُمید ہونا - ہمّت ہارنا (۷) بند ہو جانا - رُک جانا جیسے کاروبار تھکنا +

تھگلی - ہ - اسمِ مؤنث - عو - پیوند - رقعہ - جوڑ - ٹکّی

تھگلی لگانا - ہ - فعلِ متعدی - عو (۱) پیوند لگانا - جوڑ لگانا - رقعہ دوختن کا ترجمہ (۲) کسی جگہ رسائی پیدا کرنا - خبر لگانا - خبر لانا - توڑ جوڑ کرنا - جہاں پہنچنا ممکن نہ ہو وہاں پہنچنا (یہ لفظ اکثر عیار اور فربا کش عورت کی نسبت زیادہ بولتے ہیں) +

تھل - ہ - اسمِ مذکر (۱) جگہ - استھان - ٹھور - ٹھکانا - مقام + مضبوط اور خشک زمین (۲) تھلی - بھوڑ - بالو کی زمین - ریتلی زمین - وہ جگہ جہاں بہت سا ریتا اکھٹا ہو (۳) شیر یا تیندوے کا بھٹ - شیر کے رہنے کی جگہ (۴) ایک کا مدار گول چیز جسے جہاں چاہیں پوشاک پر ٹانک لیں (لکھنؤ) +

تھل بیٹھنا - ہ - فعلِ لازم - آرام کرنا - آرام سے بیٹھنا متمکن ہونا +

تھل بیڑا - ہ - اسمِ مذکر (۱) بیڑا ٹھیرنے کی جگہ - ناؤ یا جہاز کے قیام کی جگہ - لنگرگاہ (رنگین)

تہ گہرا ہے یہ دریائے محبت باللہ

کہ تھل بیڑا ہی ملتا ہے نہ کچھ اسکی تھاہ

(۲) ٹھور ٹھکانا + پتا - سراغ - نشان جیسے تمہارا بھی کہیں تھل بیڑا ہے (۳) وجہ معیشت +

تھل بیڑا لگانا - ہ - فعلِ لازم - ٹھکانا لگانا - اطمینان سے بٹھانا - ساحلِ مراد پر پہنچانا (بحر)

خدا کہیں تو لگا دیگا اپنا تھل بیڑا

نہوا اگر نہیں کشتی کا ناخدا پیدا +

تھل بیڑا لگنا - ہ - فعلِ لازم ٹھکانا لگنا - سہارا ملنا - پناہ ملنا (گویا) لگے نہ بحر جہاں میں کہیں اسکا تھل بیڑا

کہ بہر کشتی دل قہر تیرا طوفاں ہے +

تھل سے بیٹھنا - ہ - فعلِ لازم - آرام سے بیٹھنا - ٹھور ٹھکانے سے بیٹھنا - سلطنت سے بیٹھنا + اطمینان سے بیٹھنا - جگہ سے بیٹھنا +

تھل تھل - ہ - صفت (۱) ڈھیلا - متخلخل - پلپلا - پولا - نرم - پچپچا - ڈھل ڈھل - موٹا بھیس +

تھلتھلانا - ہ - فعلِ لازم - مٹاپے کے مارے جسم کا ہلنا - موٹے بدن کا تھل تھل کرنا +

تہلکہ - ع - اسمِ مذکر (۱) ہلاکت - موت - مرن (۲) غارت تباہ - برباد (۳ - ل) خوف - دہشت (۴ - و) غُل غپاڑا شور و غوغا - کہرام - کھلبلی - دُھوم + آفت - بلا - مصیبت (اُردو میں بلام ساکن مستعمل ہے) +

تہلکہ پڑنا یا مچنا -ا- فعل لازم- دُھوم مچنا- کُہرام پڑنا آفت پڑنا مُصیبت آنا- افراتفری ہونا- خوف چھانا

تھم -ہ- اِسم مذکر (۱) کھم- ستُون- کھمبا- رُکن- تھُونی پایہ- لاٹ- منارہ- مینار- پیل پایہ (۲) کیلے کے درخت کا تنہ (۳) ایک قِسم کی مٹھائی جو ہِندُو عورتیں مندروں میں چڑھاتے ہیں +

تھمانا -ہ- فعل مُتعدی- روکنا- باز رکھنا- مُلتوی کرنا ٹھیرانا- اٹکانا +

تُہمت -ع- اِسم مُونث- گُمان بد- اِلزام- بُہتان جُھوٹا عیب- اِفترا- کلنک- طُوفان- بُطلان

تُہمت جوڑنا- دھرنا- دینا- لگانا- لینا -ا- فعل مُتعدی- کِسیکو مُتہم کرنا- عیب لگانا- اِلزام دینا- بُرائی تھوپنا (درد)

تُہمت چند ذِمّہ اپنے دھر چلے
کِسلیے آئے تھے کیا ہم کر چلے

ہر ایک جوڑتی ہے مُجھپہ تُہمتیں لاکھوں
کہے ہے مُجکو ہر اک ہے اِسے کِسیکا غم (رنگین)

تُہمت کا گھر | تُہمت کی ٹٹی -ا- صِفت- عیب کی جگہ- بدنامی کا گھر- کاجل کی کوٹھڑی + وُہ چیز جسمیں بدنامی کا اندیشہ ہو + وُہ شخص جو ہر ایک پر اِلزام دھرے +

تُہمت لے مرنا -ا- فعل لازم- جُھوٹا اِلزام لگانا- بُہتان رکھ دینا- عیب لگا دینا +

تُہمتی -ا- صِفت- تُہمت لگانے والا- عیب دھر دینے والا- بُہتانی- کلنکی +

تھمنا -ہ- فعل لازم- رُکنا- ٹھیرنا- باز رہنا- صبر کرنا تحمّل کرنا- بند ہونا- قایم ہونا- سہارا پانا- چُپ ہونا- خاموش رہنا +

تھن -ہ- اِسم مذکر- گائے بکری کی چُوچی- پِستانِ چارپایہ + چھاتی- دُودھی- کُچ- کُچیں +

تہنال -ف- اِسم مُذکر- میان کا وُہ پیتلی یا سی یا نُقرہ حِصّہ جہاں تلوار کا پھیلا رہتا ہے- بُن نعل +

تہنیت -ع- اِسم مُونث- مُبارکبادی- بدھائی- بدھاوا- مُبارکی +

تھو -ہ- ندا- تھوکنے کی آواز + تُف- تھوک + بُرا- چھی- قابلِ نفرت +

تھوتھو -ہ- کلمہ نفریں- عو- نہایت نفرت ظاہر کرنا نَوج- خُدا نکرے- خُدا بچائے- چھائیں پھوئیں جیسے تھوتھو نَوج ایسی عورت ہو +

تھوتھو تھُدا -ہ- اِسم مُونث- جب کھیل یا کسی شرط میں لڑکا ہارنے لگتا ہے اور اُسے کوئی عذر پیش ہوتا ہے تو یہ لفظ کہتا ہے یعنی ابھی سبھی نہیں ہے +

تھوتھو کرنا -ہ- فعل لازم- نفرت کرنا + نفریں کرنا تھوکنا +

تھوتھو ہونا -ہ- فعل لازم- ہندُو- تُھڑی تُھڑی ہونا- بدنامی ہونا- رُسوائی ہونا +

تھوا -ہ- اِسم مُذکر- ڈُھوا- ڈُھولا- تودہ گِل + بھیلی ڈھیا + گیلی مٹی کا بنایا ہوا پنڈ یا لوندا + مضغہ- چونتھ- تحقیراً نکمّا آدمی +

تھوبڑا -ہ- اِسم مذکر- حقارتاً- سُونڈ- تھوتنی +

تھوبڑا سُجانا -ہ- فعل لازم- حقارتاً مُنہ پُھلانا- رُوٹھنا- خفا ہونا- مُنہ بنانا +

تھوپنا -ہ- فعل مُتعدی (۱) ڈھیری لگانا- بٹورنا- اِکھٹا کرنا + یُونہی بِن گُھر سے تو سے پرڈال کر روٹی بنانا

تھاپنا - چھونا جیسے روٹی تھوپنا (۲) لیپنا - لیوجانا - لیسنا (۳) لگانا - ذمہ ڈالنا جیسے تہمت تھوپنا (۴) سہارا دینا +

ٹھوترا - ہ - صفت - کترا ہوا - چوہوں کا کاٹا ہوا اناج + بکھا - خراب +

تھوتنا - ہ - اسم مذکر - حقارتاً منہ - دہن حیوان کا منہ - تھوتنی +

تھوتنی - ہ - اسم مؤنث - گھوڑے یا اونٹ کا منہ + ریچھ یا سور کا منہ - حقارتاً آدمی کا منہ +

تھوتنی پھیلانا - ہ - فعل لازم - منہ پھیلانا - تیوری چڑھانا - منہ بنانا - ناراض ہونا - خفا ہونا +

تھوتھ - ہ - اسم مذکر - پول - خلا - کھوکلاپن - کھوکرا جوف - خالی - خلو +

تھوتھا - ہ - صفت (۱) خالی - کھوکلا - مجوف - اندر سے خالی - بے مغز - پولا جیسے تھوتھا چنا باجے گھنا (۲) کند - بن نوک کا - بن دھار کا - کھونڈا جیسے تھوتھا تیر (۳) دم کٹا سانپ - دم گلا (۴) طوطیا - نیلا تھوتھا (۵) مہمل - بیکار - لغو +

تھوتھی بات - ہ - اسم مؤنث (ہندی) مہمل بات - بے معنی بات - لغو و بیہودہ بات +

تھوتھے تیروں سے اڑانا - ہ - عو - فعل متعدی - کند تیروں سے اڑانا تاکہ سخت تکلیف ہو - سزا سخت دینا - کھونڈی چھری سے حلال کرنا +

تہوّر - ع - اسم مذکر - بہادری - شجاعت - مردانگی + دلیری + قوت غضبی کی زیادتی +

تھور - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کا گھٹیل اناج جسکی غریب غربا دال پکاتے ہیں +

ٹھونسنا - ہ - فعل متعدی - حقارتاً کھانے کو کہتے ہیں - نگلنا - ٹھونسنا - دھڑیں ڈالنا +

تھوڑا - ہ - صفت - کم - اندک - قلیل - ذرا سا - تنک کچھ + غیر مکتفی - خفیف - ادنیٰ - ذرا جیسے تھوڑے دنوں سے +

تھوڑا بہت - ہ - صفت - کم و بیش - کسیقدر - کچھ کچھ ذرا ذہور - تھوڑا سا + قریب قریب +

تھوڑا تھوڑا ہونا - ہ - فعل لازم - عو - منفعل ہونا خفیف ہونا - شرمندہ ہونا - عرق عرق ہونا - نادم ہونا - خجل ہونا + (رشک ۱۵)

ساق سیمیں وہ تری دیکھ کے گوری گوری
شمع خجلت سے ہوئی جاتی ہے تھوڑی تھوڑی

ابر کو دعویٰ بہت تھا ہر شجر کے سامنے
تھوڑا تھوڑا ہوگیا وہ چشم تر کے سامنے (نکہت)

تھوڑا ہی - ہ - ندا - نہیں - بالکل نہیں جیسے وہ تھوڑا ہی کہتے تھے +

تھوک - ہ - اسم مذکر (۱) ڈھیر - انبار + اکٹھا - یکمشت (۲) روکڑ - نقدی - جمع (۳) حصہ - پتی (۴) جماعت گروہ - جتھا - مجمع - کمپنی (۵) میزان کل (۶) وہ مقام جہاں کئی سرحدیں ملیں شملہ والے اسکو تھوڑا کہتے ہیں (۷) مقدار - تعداد - اندازہ (۸) پکا - سند +

تھوک بست - ہ - اسم مؤنث - حدبندی - پیمایش کرکے حد باندھنا +

تھوک دار - ہ - اسم مذکر (۱) کسی گروہ کا سردار - مکھیا سرگروہ (۲) پتہ دار (۳) اکٹھا بیچنے والا - کسی جمع یا مال کا ٹھیکہ دار

تھوک فروش - ہ - اسم مذکر - یکمشت بیچنے والا - اکٹھا مال فروخت کرنے والا - بخلاف خردہ فروش

ٹھوک - ہ - اسم مذکر - آبِ دہن - مُنہ کا لُعاب - تُف - کف - رال +

تُھوک اُچھالنا - ہ - فعل متعدی (یُورپ) بیہودہ بکنا - حُجت ناحق و بیجا کرنا +

تُھوک بلونا - ہ - فعل لازم - بیہودہ بکنا - بیفائدہ باتیں کرنا

تُھوک دینا - ہ - فعل متعدی - چھوڑ دینا - نفرت سے ترک کرنا + عاق کر دینا - غرض نہ رکھنا +

تُھوک کر چاٹنا - ہ - فعل لازم - اقرار سے پھرنا - عہد توڑنا - کچھ دیکر واپس لینا +

تُھوک لگانا - ہ - فعل متعدی (۱) زک دینا - چُونا لگانا - ہرانا - شکست دینا (۲) ایک قسم کی گالی +

تُھوک لگا کر رکھنا - ہ - فعل متعدی - سینت کر رکھنا - بڑی حفاظت سے رکھنا - جوڑ جوڑ کر رکھنا کنجوسی سے جمع کرنا +

تُھوک لگا کر یا تُھوک کر چھوڑنا - ہ - فعل متعدی - ذلیل کر کے چھوڑنا - رُسوا کر کے چھوڑنا +

تُھوک ہے - ہ - ندا - لعنت ہے - تُف ہے - پھٹکر سے مُنہ - پھٹ ہے +

تُھوکنا - ہ - فعل متعدی (۱) لُعابِ دہن کا پھینکنا (۲) بُرا بھلا کہنا - لعنت ملامت کرنا - نفرین کرنا - نفرت ظاہر کرنا

ع بدکہنی ہے ساری خلق اے دوست
دُشمن کو زمانہ تھوکتا ہے +

(۳) پسند کرنا - توجہ کرنا - رُخ دینا (ان معنی میں نہیں کے ساتھ آتا ہے) (آتش)

دُنیا کو تُھوکتے نہیں مردانِ راہِ عشق +
نامرد رکھیں انکھوں پہ اس پیرزن کے پاؤں

(۴) ذلیل کرنا - رُسوا کرنا جیسے اُسے سب نے تُھوکا

تُھکوانا - ہ - فعل متعدی - ذلیل کرانا - رُسوا کرانا (یہ واؤ پڑھی نہیں جاتی اسکا تلفظ تھکوانا ہے)

تُھولی - ہ - اسم مؤنث - دِیا - بیٹھا دِیا +

تُھونی - ہ - اسم مؤنث - ستُون - تھم کھم - آڑ - اڑواڑ - اسطوانہ + عماد - عمود +

تُھوہر - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کا خاردار زہریلا درخت جسمیں سے دُودھ نکلتا ہے - زُقّونیا - زقوم +

تھئی - ہ - اسم مؤنث (گنوار) روٹیوں کی جٹیھ - ڈھیر - بہت سی اُوپر تلے رکھی ہوئی روٹیاں (۲) کپڑوں کا تہ بہ تہ رکھا ہوا ہونا - لادی +

تھئی تھئی - ہ - اسم مؤنث - اُصُول مُوسیقی کی آواز - تال - سم - تالی (۲) ناچنے گانے کی آواز - تھاپ کی آواز +

تھئی تھئی ہونا - ہ - فعل لازم - ناچ رنگ کرنا +

تھیلا - ہ - اسم مذکر - گون - پلہ + بڑی تھیلی - کیسۂ بزرگ

تھیلا کرنا - ہ - فعل متعدی - ہڈّی پسلی توڑ کر رکھ دینا - لوتھ کر دینا

(زمانہ بلیغ) پڑے شراب پہ ٹپکی نشہ کو آگ لگے
کیا دوا کو مری مار مار کر تھیلا +

تھیلی - ہ - اسم مؤنث (۱) کیسہ - کوتھلی + گوجھی - جیب (۲) صُرّہ - توڑا + ہزار روپیہ کی مقدار +

تھینکس - انگلش THANKS اسم مذکر - شکریہ - بہت سے شکریے +

تھیوا - ہ - اسم مذکر - انگوٹھی کا نگینہ - وُہ ہیرا یا پتھر جو انگوٹھی پر رکھا جاوے جیسے عقیق - پتّونیا - یشب وغیرہ

تہیّہ - ع - اسم مذکر - سامان - آمادگی - تیاری - مستعدی جیسے تہیّہ سفر +

تئی - ہ - اسم مؤنث - کڑھائی - چھوٹی کڑھائی جسمیں کباب

تلتے ہیں +

تی -ہ- صفت - تین کا مخفف +

تیا -ہ- اسم مذکر- کچھیفہ کا وُہ پتا جسپر تین نقطے صفر بنے ہوتے ہوتے ہیں جیسے تری بھی کہتے ہیں +

تیا پانچا کرنا -ہ- فعل متعدی -عوام (۱) کسی چیز کے حصے کرنے - تقسیم کرنا - بانٹنا - حصہ لگانا (۲) گوڑ کرنا - بیچ ڈالنا +

تیّار -ع- صفت - لغوی معنی موج زن - جلد رفتار (۲) کام میں آنے کے قابل - مستعد - موجود - آمادہ - لیس - درست - مہیا (۳) پورا - کامل - مکمل - پختہ - پکا ہوا جیسے پھل کا تیار ہونا (۴) موٹا - تازہ - فربہ - قوی جثہ (۵) بالغ - بلوغت کو پہنچا ہوا (جہندہ اور مواج کے علاوہ جسقدر معنی ہیں وُہ سب اصطلاحی ہیں یعنی فلاں چیز اپنی دُرستی کے باعث اپنے استعمال کی طرف جلد جانے والی ہے مگر بہتر یہ ہے کہ اسکا مادہ طائے مہملہ سے طیار یعنی اُڑنے والا خیال کیا جائے کیونکہ یہ اصطلاح اصل میں میر شکاروں سے لی گئی ہے - جب کوئی شکاری پرند گریز سے نکلکر اُڑنے اور شکار کرنے کے قابل ہو جاتا ہے تو وُہ اُسے طیار کہا کرتے ہیں پس اس سے ہر ایک مُہیا چیز کے واسطے اصطلاح ہو گئی بلحاظ اصل اسکا املا دونوں طرح درست ہو سکتا ہے) +

تیار کرنا -ا- فعل متعدی (۱) لیس کرنا - مُہیا کرنا - درست کرنا (۲) بہم پہنچانا - موجود کرنا (۳) پکانا - رسوئی کرنا (۴) ہلانا - سدھانا جیسے کبوتر تیار کرنا (۵) موٹا تازہ کرنا (۶) پورا کرنا - بنانا - انجام پر پہنچانا جیسے مکان تیار کرنا (۷) کسنا - چار جامہ لگانا + جوتنا - گاڑی کو چلانے کے قابل بنانا +

تیار ہونا -ا- فعل لازم (۱) مستعد ہونا - آمادہ ہونا (۲) موٹا تازہ ہونا (۳) پک چکنا (۴) بن چکنا - عمارت کا ختم ہونا + بنّا +

تیّاری -ا- اسم مؤنث - آمادگی مستعدی + دُرستی - موجودگی + آراستگی + شان وشوکت + دھوم دھام + آرایش وسامان + فربہی یا مُٹاپی +

تیاری کا زنگ وغیرہ -ہ- اسم مذکر - وُہ وارنش یا زنگ جو گاڑی وغیرہ کے ہر طرح سے درست ہو جانے پر چمک دمک کے واسطے دیتے ہیں +

تیاگنا -ہ- فعل متعدی (ہندو) چھوڑنا - ترک کرنا - دستبردار ہونا - تجنا +

تیپچی -ہ- اسم مؤنث - ایک قسم کی کچی سیون خلاف بخیہ - کھڑا کرنا +

تیپچی بھرنا -ہ- فعل لازم - کچی سیون سینا +

تیپچی کا نکاح -ا- اسم مذکر (مزاح) کچا نکاح بودا نکاح +

تیتا -ہ- صفت (پُورب) کڑوا - تلخ + تیز - چھلا - چرپرا

تیتالیس - یا - **تینتالیس** -ہ- صفت چہل و سہ - تین اُوپر چالیس - ۴۳ +

تیتر -ہ- اسم مذکر - دُرّاج - تیہو - ایک قسم کا پرند جسے اکثر شوقین لڑانے کے واسطے پالا کرتے ہیں

تیتر کے منہ چھمی -ہ- (مثل) دوسرے کے ہاتھ بات ہے - قسمت پر موقوف ہے (چونکہ تیتر کی آواز سے چور مال ہاتھ لگنے کا شگون لیتے ہیں اس سبب سے یہ خیال کرنے لگے کہ تیتر کے بولنے پر دولت کا ہاتھ لگنا موقوف ہے تیتر کا داہنے ہاتھ پر بولنا چور کے حق میں اچھا شگون ہوا کرتا ہے لیکن اسکا استعمال ایسے موقع پر ہوتا ہے جب کسی نافہم یا بے وقوف آدمی کو ایسے کام کے فیصلہ پر مقرر کریں جسکی اُسے لیاقت نہ ہو) +

تیتُوا - ہ - صفت - تیسرا لڑکا یا لڑکی (مثل) تیسترا بٹیا راج رجاوے تیستری بٹی بھیک منگاوے +

تیتری - ہ - اسم مؤنث (۱) تیتر کی تانیث - تیتر کی مادہ (۲) ایک قسم کی بھنبیری - تتلی - ایک پردار رنگ برنگ کا خوبصورت کیڑا (۳) ایک قسم کی دوا جو باری کے بخار میں دیتے ہیں +

تینتیس یا **تیتیس** - ہ - صفت - سی وسہ - تین اور تیس - ۳۳

تیج - ہ - اسم مذکر (ہندو) رعب داب - جلال - طاقت غصہ - جوش - تیزی +

تیج - ہ - اسم مؤنث (۱) تیسری تاریخ (۲) ہندوؤں کا وہ تہوار جو ساون سدی تیج کو ہوتا ہے اور اسمیں بہنوں اور بیٹیوں کو سندھارا بھیجتے ہیں +

تیج تہوار - ہ - اسم مذکر - ہر ایک تہوار + پرب - تیج کا تہوار + عید بکرعید +

تیجا - ہ - اسم مذکر - تیسرا - فاتحۂ سوم +

تیج پات - ہ - اسم مذکر - ایک خوشبودار پتا - ساذج ہندی - تیج پتر (مسلمان تیزپات بولتے ہیں) +

تیکھا - ۱ - صفت (۱) صحیح تیکھا - لغوی معنی تیز - بیٹھنے والا (۲) شوخ وشنگ - تیز - چلبلا معشوق + بانکیلا - طرحدار وضعدار - من موہن - البیلا (بازاری اِس معنی میں بولتے ہیں) +

تیکھی - ۱ - صفت - مؤ - صحیح تیکھی - تیز - شوخ + تنتنا مرچ + خام پارہ - نازادی - زبان دراز - سرکش بیحیا عورت - فتنہ پرداز + اونچا سُر +

تیر - س - اسم مذکر (۱) دریا کا کنارہ - پار - طرف - تٹ (۲) نیرے - نیکڑے - پاس - نزدیک - دھورے + پڑوس - ہمسایہ +

تیر - ف - اسم مذکر (۱) بان - سہم - خدنگ - تُنگہ - ناوک - سری - ایک قسم کے آلۂ جنگ کا نام جو کمان میں رکھکر چھوڑا جاتا ہے (۲) شمسی چوتھا مہینا جسمیں آفتاب برج سرطان میں ہوتا ہے - ساون - شمسی ہر مہینے کا تیرہواں دن (۳) - صفت (اندھیرا - تاریک - تیرہ اندھکار) (۴) سیدھی لکڑی (۵) عطارد - بُدھ - دبیر فلک (۶) طعنہ تشنہ +

تیرانداز - ف - اسم مذکر - تیر چلانے والا سپاہی - وہ شخص جو تیر مارنے میں کامل مہارت رکھتا ہو - تیرزن - قدرانداز - دھنک دھر - کمانڈار +

تیراندازی - ف - اسم مؤنث - ناوک فگنی - تیر چلانا - کمانڈاری - قدراندازی +

تیر بہدف - ف - صفت - ٹھیک نشانہ پر - بےچوک - بےخطا - ایک بر ایک سیر بہ ع الٹا تیر جیسے دعا اور دوا کا تیر بہدف ہونا +

تیر پھینکنا - ۱ - فعل لازم - بان چلانا - بان مارنا - ناوک فگنی کرنا +

تیر تکوں پر گزران کرنا - ۱ - فعل لازم - دربدر پھر کر گزارہ کرنا - ہر حیلے اور بہانے سے روٹی کما کر کھانا - تُکا مار کر کھانا +

تیر تکّی - ف + ع - صفت - وہ تیر جو خطا کرے - ترچھی تیر - دعوے کا تیر - دعوے کا نشانہ +

تیر چلانا - ۱ - فعل متعدی - تیر چھوڑنا - تیر پھینکنا - نشانہ مارنا + کوئی بڑا کام کرنا جیسے ایسا ہی تیر چلایا تھا (طنزاً)

تیر سا لگنا - ۱ - فعل لازم - نہایت تیز معلوم ہونا + تیر کی مانند چبھنا +

تیر کرنا - ۱- فعل متعدی (۱) چھپا لینا - غائب کرنا - اڑا لینا - چرا لینا

عیار پن ہے گیا دل دلگیر کر گیا
(نکہت) تیر نگہ جو آ گئے لگا تیر کر گیا +

(۲) بسر کرنا - تیر کرنا - گزارنا +

تیر کمان میں رکھنا - ۱- فعل لازم - کسی پر چلانے کے واسطے تیر تیار کرنا - تیر مارنے پر آمادہ ہونا +

تیر کوّے تیر - ۱- ندا - عو - کوّے کو اڑانے یا ڈرانے کی آواز - بھاگ کوّے بھاگ +

تیر گر - ف - اسم مذکر - تیر ساز - تیر بنانے والا +

تیر لگنا - ۱- فعل لازم - تیر کا نشانے یا کسی چیز پر پہنچنا - نشانہ لگنا - تیزی کے ساتھ اثر کرنا - ناگوار معلوم ہونا

تیر نتھنوں میں دینا - ۱- فعل متعدی - عو - نہایت دق کرنا - ضیق میں جان کرنا - ناک چنے چبوانا - ناک کے رستے نکالنا (نتھنوں میں تیر دینا زیادہ بولتے ہیں) +

تیر ہوائی - ف - صفت - (۱) وہ تیر جو ہوا کے رخ چھوڑیں اور اسکا کوئی نشانہ معین نہو (۲) فضول بیکار - بے مصرف +

تیرا - ہ - ضمیر مخاطب - ایک کلمہ خطاب ہے جو ادنیٰ کی طرف کیا جاتا ہے +

تیرا میرا کرنا - ہ - فعل لازم - کسی چیز کی بابت جھگڑنا + غیریت کی باتیں کرنا +

تیرا نور اڑ جائے - ۱- دعائے بد - عو - تیرا چہرہ بے رونق ہو جائے - تیرے چہرے پر نور نہ رہے تیرا روپ جاتا رہے +

تیراک - ہ - اسم مذکر - شناور - تیرنا جاننے والا پیراک +

تیراؤ پانی - ہ - صفت - تیر جانے کے قابل پانی تیرنے کے لائق پانی - گہرا پانی +

تیرتھ - ہ - اسم مذکر (س तीर्थ تیرتھ) اگھاٹ کنارہ دریا (۲) درشن - زیارت (۳) پاک جگہ - متقدس مقام - زیارتگاہ - معبد خاص کر وہ مقدس مقامات جو دریا کے کنارہ پر واقع ہوں جیسے کانشی جی - پریاگ گنگا تٹ - پُری وغیرہ (۴) سنیاسی فقیروں کا خطاب + برہمنوں کی قوم +

تیرتھ جاترا - ہ - اسم مؤنث - زیارت حج +

تیرتھ کرنا - ہ - فعل لازم - زیارت کو جانا - حج کو جانا

تیرگی - ف - اسم مؤنث (۱) کلونس - کلجھواں پن (۲) اندھیرا - دھندلاپن (۳) کدورت - گدلاپن +

تیرنا - ہ - فعل لازم (۱) شناوری کرنا - پیرنا (۲) ماہر کامل ہونا کسی کام میں بخوبی مہارت رکھنا +

تیرہ - ف - صفت - اندھیرا + کالا - سیاہ +

تیرہ بخت یا تیرہ روزگار - ف - صفت - بدنصیب - بدبخت - بدقسمت +

تیرہ - ہ - صفت - سیزدہ - تین اوپر دس - ۱۳

تیرہ تیزی یا تیراں تیزی - ۱- اسم مذکر - عو - (۱) صفر کے مہینے کے اول تیرہ روز جسمیں رسول مقبول سخت بیمار پڑے تھے اور اسی وجہ سے یہ مہینا منحوس خیال کیا جاتا ہے (۲) صفر کا مہینا +
(یہ نام نور جہاں بیگم ملکہ جہانگیر بادشاہ کا ایجاد ہے)

تیرھوین - ہ - اسم مؤنث (ہندی) ہندوؤں کی ایک رسم جو آدمی کے مرجانے کے تیرھویں روز ہوتی ہے اسمیں کم سے کم تیرہ برہمن جمائے جاتے ہیں +

تیرھویں صدی - ۱- اسم مؤنث - ہجری سنہ کے

تیرہ سو کا زمانہ جیسے نہایت خراب اور منحوس خیال
کرتے ہیں۔ اسوقت ۱۳۰۰ھ ہیں۔ کلجگ کا زمانہ
تیز۔ ف۔ صفت (۱) نقیض کُند۔ دھاردار۔ نوکدار۔ باڑھ
دار۔ کاٹنے والا۔ بُرّاں۔ بُرّندہ۔ پَینا (۲) تُند و تلخ
تیتنا۔ چرپرا (۳۔ ف) جلد۔ زُود۔ شتاب جیسے تیز
رَو تیز رفتار (۴۔ ۱) ذہین۔ فہیم۔ ہوشیار۔
زُود فہم + چالاک۔ تُرت زیادہ (۵۔ ۱) غُصیل غضبناک
بدمزاج + ظالم (۶۔ ۱) مضبوط۔ قوی۔ سینہ زور
(۷۔ ۱) تیزرو۔ تیزرفتار۔ جلد چلنے والا (۸۔ ۱)
شوخ۔ شریر (۹۔ ۱) شدید۔ سخت (۱۰۔ ۱) غالب
زبر (۱۱۔ ۱) اکرا۔ گراں۔ مہنگا۔ مندا کے خلاف
جیسے فلاں چیز کا بھاؤ تیز ہے (۱۲۔ ۱) سرگرم۔ مستعد
(۱۳۔ ۱) گرم۔ تتا۔ حار۔ محرق۔ سوزاں (۱۴۔ ۱)
مقدار سے زیادہ جیسے نمک تیز ہے (۱۵۔ ۱) دُور بین
باریک بین جیسے تیز نظر یا نگاہ (۱۶۔ ۱) غایر۔
غور کرنے والی۔ اندر پیٹھنے والی (نظر کی صفت میں
بولتے ہیں) ۱۷۔ ۱۔ زخم میں کاٹ کرنے والا۔ زخم
یا آنکھ میں لگنے والا۔ کاٹک جیسے تیز دوا +
تیز پرواز۔ ف۔ صفت۔ جلد اُڑنے والا +
تیز دست۔ ف۔ صفت۔ جلد جلد کام کرنے والا
تیز دستی۔ ف۔ اسم مؤنث۔ جلدی جلدی
ہاتھ لگانا۔ چالاکی۔ زُود کاری +

(نکہت) کیا تیز دستیاں کہوں قاتل کی اپنے میں
تلواریں اتنی ماریں کہ بس کردیا اُتو

تیز رفتار۔ ف۔ صفت۔ جلد چلنے والا۔ بہت
چلنے والا۔ چالاک۔ شتاب رَو +
تیز کرنا۔ ۱۔ فعل متعدی (۱) دھار نکالنا۔ باڑھ
رکھنا (۲) تُند کرنا + طاقت یا قوت بڑھانا (۳) خفا
کرنا۔ غُصّہ دلانا۔ غضبناک کرنا + چڑانا۔ چھیڑنا۔ اُکسانا
تیز مزاج۔ ف + ع۔ صفت۔ غُصیل۔ غضبناک۔
تُند مزاج۔ زُود رنج +
تیز ہونا۔ ۱۔ فعل لازم (۱) دھار دار ہونا۔ بُرّاں ہونا
(۲) خفا ہونا۔ غضب ہونا۔ بگڑنا +
تیزاب۔ ف۔ اسم مذکر۔ نہایت تُند عرق۔ ایک قسم
کا کیمیائی مرکب + ایسڈ۔ نہایت تُرش +
تیزی۔ ف۔ اسم مؤنث (۱) نقیض کُندی (۲) تُندی
+ تلخی۔ کڑواہٹ۔ چرپراہٹ (۳۔ ۱) غضبناکی
خشونت۔ گرم مزاجی۔ بدمزاجی (۴۔ ۱) سختی۔
ظلم۔ تعدّی (۵۔ ۱) گرمی۔ حدّت۔ تمازت (۶۔ ۱)
گرانی۔ اکراپن۔ مہنگاپن (۷۔ ۱) مانگ۔ خواہش
ضرورت جیسے فلاں چیز کی بڑی تیزی ہے (۸۔ ۱)
کاٹ۔ زخم یا آنکھ میں لگنے والی دوا کا اثر (۹۔
اسم مذکر۔ عو) ماہِ صفر +
تیس۔ ہ۔ صفت۔ سنی۔ دس اوپر بیس۔ ۳۰
تیس دن / **تیسوں دن** } ہ۔ تابع فعل۔ عو۔ ہمیشہ۔ مدام
آئے دن۔ روزمرّہ۔ تمام ماہ
تیس مار خاں۔ ۱۔ اسم مذکر۔ طنزاً۔ بہادر آدمی
دلاور آدمی۔ رُستم خاں۔ رستم باز (در اصل میں وہ آدمی
جس اکیلے نے تیس کو مار کر خطاب خانی حاصل کیا ہو)
تیسوں کلام۔ ۱۔ اسم مذکر۔ عو۔ قرآن شریف
کے تیسوں پارہ۔ قرآن شریف۔ کلام اللہ جیسے
تیسوں کلام کی قسم (بحر)

قسم نہ کھاؤں گا تیسوں کلام کی اے بحر
کبھی کا خواب میں بوسہ تو لا کلام لیا +

تیسا - ہ - صفت - ویسا - اسطرح کا (اتباع) جیسے کو تیسا +

تیسرا - ہ - صفت - ثالث + تین سے نسبت رکھنے والا

تیسرا آنکھوں میں ٹھیکرا - ا - (مثل) یعنی دو سے زیادہ آدمی ناگوار ہوتے ہیں - تیسرا مخل ہوا کرتا ہے

تیسی - ہ - اسم مؤنث (پورب) - السی - کتاں +

تیشہ - ف - اسم مذکر - بسولا +

تیغ - ف - اسم مؤنث - شمشیر - تلوار - کھانڈا - کھڑک خنجر جیسے جسکی تیغ اسکی دیغ +

تیغا - ف - اسم مذکر (۱) چھوٹی چوڑی تلوار (۲ - ا) محراب یا دروازہ کو اینٹ پتھر سے چننے کو بھی تیغا کہتے ہیں - (۳ - ا) کشتی کے ایک داؤں کا نام +

تیغا کرنا - ا - فعل متعدی - بند کر دینا - چن دینا - کسی سوراخ یا محراب یا دروازے کو اینٹ پتھر مٹی وغیرہ سے بند کر دینا +

تیغا ہونا - ا - فعل لازم - چنا جانا - بند ہونا - دروازہ میں دیوار اٹھا دینا + (امداد علی بحر)

تیغ کے نیچے بھی سر رکھکر نہ پھل پائینگے ہم
اسے پری تیغا در باغ ارم ہو جائیگا

تیقن - ع - اسم مذکر - یقین - اعتبار - تسلی +

تیکھا - ہ - صفت (۱) تیز - نکیلا - نوکدار + تینا - تیز دھاردار (۲) دل میں بیٹھنے والا - کھبنے والا - مؤثر - سریع الاثر جیسے تیکھا سُر یا آواز (۳) چرپرا - تیتا + تلخ + کڑوا (۴) تنک مزاج - زود رنج - غصیل - غصہ ور - جنگجو - غضبناک (مصحفی)

تیکھے تو ہو یہ سچ کہو اسوقت کیا کرو
تمکو گلے لگائے اگر پیار سے کوئی

(۵) چوکھا - اچھا - عمدہ (۶) کج کلاہ - وضعدار - طرحدار سجیلا - بانکا - ترچھا - البیلا - چھبیلا (میر تقی)

سارے رندو اوباش جہاں کے تمکو سجدہ کرتے ہیں
بانکے ٹیڑھے ترچھے تیکھے سبکا تمکو امام کیا

(۷) تیز زبان + رعنا - اچپل - چلبلا - تُرتُریا - شوخ و شنگ - طرار - چالاک (۸) گرماگرم - جوانی میں سرشار مد میں بھرا ہوا (۹) - اسم مذکر - خوبصورت اور جوان آدمی (اردو میں عوام تیکھا بھی بولتے ہیں) +

تیکھی - ہ - اسم مؤنث - (۱) ترچھی - ٹیڑھی - بانکی (۲) البیلی رعنا - اچپل (۳) دھیمی - نرم - زیر - گانے کی دھیمی آواز

تیل - ہ - اسم مؤنث (ہندو) پنجاب میں - تیوڑ - زنانی پوشاک - زنانہ جوڑا جسمیں دو پٹہ انگیا لہنگا ہوتا ہے +

تیل - ہ - اسم مذکر - اصل میں وہ روغن جو تلوں سے نکالا جائے - روغن - چکنائی - دہن - روغن سیاہ - روغن تلخ +

تیل پانی کا گلاس - ا - اسم مذکر - کنول - وہ گلاس جسمیں نیچے پانی اور اوپر تیل بھر کر روشنی کی جاتی ہے +

تیل پانی کے وہ چڑھے بنے گلاس
جیسے شرمائے ساغر الماس

تیل پھل - ہ - اسم مذکر (ہندو) وہ ناریل اور تیل وغیرہ جو دولہا کے ہاں سے دلہن کے واسطے شادی سے چند روز پیشتر بھیجا جاتا ہے +

تیل تلوں ہی سے نکلتا ہے - ہ - (مثل) ہر چیز کا خرچ اسی میں سے نکالا اور اسی پر ڈالا جاتا ہے

تیل تو کالا - ا - صفت - ایسا کالا جیسے توے کی سیاہی تیل میں ملی ہوئی - نہایت کالا - ازحد سیاہ

تیل جل چکا - ہ - (فقرہ) روح تحلیل ہوگئی - انس نکل گیا

ست نکلگیا۔ میں کس جاتا رہا + پونجی سرمایہ نہیں رہا

تیل جلے گھی جلے تیل -ھ- (مثل) یعنی جلتے جلتے تیل کی کثافت دُور ہو کر گھی کا اثر آجاتا ہے اور گھی کی دُہنیت جلجانے کے بعد اسمیں وُہی نقص اور ضرر پیدا ہو جاتا ہے جو تیل میں ہوا کرتا ہے ؛

تیل چڑھانا -ھ- فعل متعدی- ہندوؤں کی ایک رسم جسے تیل بان کرنا یا مائیوں بٹھانا کہتے ہیں اسمیں دُولہا دُلہن کے سر کندھے ہاتھ پاؤں میں تیل اور ہلدی ملی جاتی ہے +

تیل چلاؤ کرنا -ھ- فعل لازم (یہ ایک پرانا ٹوٹکا ہے جب زیادہ بارش ہوتی ہے تو جہلا بارش کے پانی پر تیل ڈالکر بہاتے ہیں اور وُہ اُسپر بادل پھٹنے کی شکل بنجاتا ہے جس سے وُہ بادلوں کے پھٹنے کا شگون لیتے ہیں اسیکو تیل چلاؤ بھی کہتے ہیں جن لوگوں نے یہ لکھا ہے کہ چراغ روشن کر کے بارش میں رکھتے ہیں وُہ غلطی پر ہیں) +

تیل دیکھو تیل کی دھار دیکھو -ھ- (مثل) یعنی تامل کرو سوچو سمجھو پھر یہ کام کرنا (اصل میں مطلب یہ تھا کہ تیل کا بھاؤ بن دیکھے نہیں کرنا چاہیے اوّل تیل کو دیکھو کہ صاف ہے یا نہیں مگر اسکی صفائی تیل کی دھار بغیر تمیز نہیں ہو سکتی پس ہر ایک کام کو خوب دیکھ بھال کر کرنا چاہیے) +

تیل لگانا -ھ- فعل متعدی- تیل چپڑنا تیل ملنا- تیل سے چکنانا +

تیل ماش اُتارنا یا دِکھانا -ل- فعل متعدی -عورتوں میں دستور ہے کہ جب کوئی اپنا عزیز سفر سے آتا ہے تو ایک خوان میں ماش بھر کر اُسکے اندر تیل کا کٹورا رکھدیتے ہیں مسافر اُس تیل میں اپنا مُنہ دیکھکر دو چار اُڑد کے دانے ڈال دیتا ہے پھر یہ سب صدقہ خاکروب کو دیدیتے ہیں گویا یہ صحیح سلامت پہنچنے کا صدقہ ہے) +

تیل مَلنا -ھ- فعل متعدی- تیل کی مالش کرنا

تیل میں ہاتھ ڈالنا -ھ- فعل لازم- سخت قسم کھانا (زمانۂ جاہلیت میں دستور تھا کہ جب کوئی شخص کسی بات سے مُنکر ہوتا تھا تو وُہ اپنے صدق کے ثبوت کے واسطے جلتے تیل میں ہاتھ ڈالتا اور کہتا تھا کہ اگر میں سچا ہونگا تو سانچ کو آنچ نہیں آئیگی بعض اوقات چور کو بھی اسطرح آزمایا کرتے تھے لیکن چونکہ آگ کا کام جلانا ہے اور بے لاگ اُسکے اثر سے آدمی بچ نہیں سکتا اس سبب سے اکثر چور ڈر کے مارے اِس قسم کا نام لیتے ہی اقرار کر دیا کرتے تھے (میر تقی) کس سے پُوچھوں گم ہوا ہے دل مرا زُلفوں کے بیچ + ایک شانہ تھا سو وُہ بھی تیل میں ڈالے ہے ہاتھ) ؛

تیل نکالنا -ھ- فعل متعدی (۱) روغن کشی کرنا تل وغیرہ پیلنا- کسی چیز میں سے روغن نکالنا (۲) نہایت سخت محنت لینا- جان نکال لینا- پسینے پسینے کرنا

تیل نکلنا -ھ- فعل لازم (۱) روغن برآمد ہونا چربی یا چکنائی کا نکلنا (۲) پسینے پسینے ہونا- عرق عرق ہونا- سخت محنت کرنا- جان نکلنا + ست نکلنا- طاقت نکلنا جیسے لکھتے لکھتے آنکھوں کا تیل نکلگیا

تیلڑی -ھ- اسم مؤنث (گنوار) تیل کا برتن- روغن دان +

تیلن -ھ- اسم مؤنث- روغن کش کی بیوی- تیلی قوم کی عورت + روغن فروش عورت- بنڈلین

تیلی -ھ- اسم مؤنث (۱) سینک- سلائی- پنجرہ کا تار- سیخ (۲- متروک) ساق- پنڈلی +

تیلی -ھ- اسم مذکر (۱) روغن کش- روغن گر- روغن فروش + ایک قوم کا نام جسکا پیشہ روغن کشی ہے (۲) نہایت میلا آدمی- میلا چکٹ آدمی +

تیلی تنبولی - ھ - اسم مذکر - تیل اور پان بیچنے والی قوم - رذیل قوم کے آدمی جیسے چوڑھے چمار - کرکمین - کمینے آدمی +

تیلی خصم کیا اور پھر بھی رُوکھا ہی کھایا - ھ - (مثل) یعنی خلاف وضع کام کیا پھر بھی مراد نہ ملی دوسرے یہ کہ امیر سے شادی کی اور پھر بھی تنگی اٹھائی +

تیلی راجا - ھ - اسم مذکر (۱) فقیروں کا ایک فرقہ جو تیل مانگ کر اپنے کپڑوں اور سر پر ملا کرتا ہے (۲) نہایت میلے کپڑے پہننے والا آدمی +

تیلی کا بیل - ھ - اسم مذکر - وہ شخص جو رات دن محنت کے چکر میں رہے - کولہو کا بیل +

تیلی کے بیل کو گھر ہی کوس پچاس - ھ - مثل یعنی غریب آدمی کو گھر ہی کی محنت بڑی محنت کے برابر ہے - غریب گھر میں بھی مسافر کی برابر تھک جاتا ہے

تیلیا - ھ - صفت (۱) تیل کے رنگ کا + چکنائی لیے ہوئے - چکنا (۲) - اسم مذکر (۲) ایک رنگ کا نام سیاہی لیے ہوئے رنگ +

تیلیا پانی - ھ - اسم مذکر - نہایت کھاری اور ترمرے والا پانی جو اکثر پرانے کنوؤں میں نکلا کرتا ہے +

تیلیا سُرنگ - ا - اسم مذکر - سیاہی لیے ہوئے سُرخ گھوڑا +

تیلیا سہاگہ - ھ - اسم مذکر - ایک قسم کا سہاگہ جو دیکھنے میں چکنا چکنا معلوم ہوتا ہے +

تیلیا کاکریزی - و - اسم مذکر - گہرا اودا رنگ جو سیاہی مائل ہو +

تیلیا کتھا - ھ - اسم مذکر - ایک قسم کا کتھا جو اندر سے سیاہ نکلتا ہے +

تیلیا کُمیت - ا - اسم مذکر - زیادہ سیاہی مائل کُمیت گھوڑا - سیاہی مائل سُرنگ گھوڑا +

تیمارداری - ف - اسم مؤنث - غمخواری - ہمدردی - بیمار کی خدمت - علاج معالجہ +

تیمّم کرنا - ا - لغوی معنی طہارت کا قصد کرنا - اصطلاح میں خاک پر ہاتھ مار کر وضو کرنا - حالت بیماری یا پانی کی نامیسری میں بہ نیت عبادت بدل وضو و غسل کرنا +

تین - ھ - صفت - سہ - ثُلث - ۳ +

تین ملائے تیرہ آئے دے دال میں پانی - ھ - (مثل) یعنی جب تعداد مطلوبہ سے زیادہ آدمی آجائیں تو اُسی میں نپٹانا چاہیے +

تین پانچ - ھ - اسم مؤنث (۱) تکرار - جھگڑا - قضیہ - ٹنٹا - فیل - راڑ - پرخاش - ردّوکد (۲) فریب - چالاکی - دغا - مکر +

تین پانچ کرنا یا لانا - ھ - فعل لازم (۱) تکرار کرنا جھگڑنا - ردّ و بدل کرنا - فیل لانا (۲) مکاری کرنا - دغابازی کرنا - فریب دینا - دھوکا دینا +

تین پیڑ بکائن کے میاں باغبان - ا - مثل - شیخی باز کی نسبت بولتے ہیں جو تھوڑی چیز پر بہت سا اترائے +

تین تیرہ - ھ - صفت - بارہ باٹ - متفرق - پریشان - تتر بتر +

تین تیرہ کرنا - ھ - فعل متعدی (۱) منتشر کرنا - تتر بتر کرنا - پراگندہ کرنا (۲) صرف کر دینا - اڑا دینا - خرچ کر دینا +

تین حرف بھیجنا - ا - فعل لازم - لعن بھیجنا - لعنت کرنا پھٹکار کرنا - دھتکارنا +

تین دن قبر میں بھی بھاری ہیں - ا - (مثل)

(یعنی مرکر بھی تین روز تک قبر کے حساب کتاب میں جان بکل رہتی ہے غرض یہ ہے کہ دنیا قبر تک بھی ستانے کے واسطے ساتھ جاتی ہے)

تین کانے - ہ - اسم مذکر - (وہ تین نقطے جو نرد بازی کے تین پانسوں میں ایک ایک ہوتا ہے جب پانسے پھینکنے سے داؤں میں یہ تینوں صفر آ کر پڑتے ہیں تو وہ داؤں گھٹکا خیال کیا جاتا ہے اسوجہ سے ناکامیابی اور نامرادی کے موقع پر اسکا استعمال ہوتا ہے) +

تیندوا - ہ - اسم مذکر - ایک درندہ کا نام جسکو فارسی میں پلنگ کہتے ہیں - ایک قسم کا چیتا - باگھ +

تینوں - ہ - صفت - ہر سہ +

تیور - ہ - اسم مذکر (۱) بینائی - روشنیٔ چشم - بصارت نُورِ نظر جیسے آنکھ کے تیور جل گئے (۲) نظر - چتون درشتی - اندازِ صورت و نگاہ (ذوق)

ہمنے پہلے ہی کہا تھا تو کریگا ہمکو قتل
تیوروں کا تاڑنا کوئی ہمسے سیکھ جائے

(۳) تیرگیٔ چشم جو رنج یا صدمۂ دماغی کے باعث ظہور میں آتی ہے - آنکھوں کا اندھیرا (۴) گرمی کی شدت سے آنکھ کی پتلی یا بصارت کی سرگشتگی +

تیور آنا - ہ - فعل لازم (لکھنؤ) آنکھوں کے آگے اندھیرا آنا - تیرگی چھانا - اُٹھتے بیٹھتے سر میں چکر آ کر اندھیرا آ جانا + (امداد علی بحر)

ناتوانی کا بُرا ہو ہم اُدھر کو جو چلے
تیور آ گئے گر گر پڑے جایا نہ گیا +

تیور بجھنا - ہ - فعل لازم (لکھنؤ) نظر سے دل کی افسردگی کا تاڑنا (چتونوں سے دل کا حال جان لینا دبوجھنا سے بنا ہے) +

تیور بجھانا - ہ - فعل لازم (لکھنؤ) نظر سے دلکی افسردگی اور رنجش کا ظاہر ہونا - چتونوں سے جتانا (بوجھوانا سے بنا ہے) + (امداد علی بحر)

خوش نگاہوں کو جلاتی ہیں وہ دلبر پلکیں
چشم حوراں کے بجھا دیتے ہیں تیور پلکیں

تیور بدلجانا - ہ - فعل لازم (۱) نظر کا متغیر ہو جانا اندازِ نگاہ کا بدل جانا - بیمروت ہو جانا - محبت نہ رکھنا (۲) علامت مرگ کا ظاہر ہونا - آنکھوں کی پتلیوں کا پھر جانا +

تیور بُرے نظر آنا - ہ - فعل لازم - دشمن جان ہو جانا دل میں فرق معلوم ہونا - نگاہ بد معلوم ہونا

مبادا جھاڑ کر پیچھے لپٹ جاؤ کہیں وحشت
بُرے تیور نظر آتے ہیں مجکو اس سے دہشت ہے (انشا)

تیور بگڑنا - ہ - فعل لازم (۱) مرتے وقت ہیئت بگڑ جانا - آنکھوں کی پتلیوں کا پھر جانا - علامتِ مرگ کا ظاہر ہونا (۲) نظریں پھر جانا - پہلی سی نظر نہ رہنا - نگاہوں سے خفگی اور دشمنی ٹپکنا (امداد علی بحر)

پیسکر سُرمہ کیا جب اُن نگاہوں نے مجھے
آنکھ سیدھی ہو گئی بگڑے ہوئے تیور نہ

تیور جلنا - ہ - فعل لازم - عو - نظر کی تیزی میں فرق آ جانا - آنکھ کی روشنی میں کمی ہو جانا - نُورِ نظر نہ رہنا - کسی چمکتی ہوئی چیز کی تاب نہ لانا - چکاچوند لگنا

خاصیت آفتاب کی رکھتے ہیں خوبرو
تیور جلیں جو سینکیے آنکھیں حسین سے (امداد علی بحر)

تیور میلے ہونا - ہ - فعل لازم (لکھنؤ) نظروں سے کدورت اور ملال ٹپکنا - چتونوں سے رنجش کے آثار ظاہر ہونا (امداد علی بحر)

نہ لغزش ہو قدم کو عشق میں تیور نہ میلے ہوں

سنبھالا چاہیے اس بوجھ کو سر تحمل سے

تیورانا - ہ - فعل لازم - چکرانا - غش آنا - عالم غش طاری ہونا - آنکھوں کے سامنے کسی صدمۂ دماغی کے باعث اندھیرا آجانا - سر پھرنا + ڈگمگانا +

تیورس - ہ - اسم مذکر - عو - آیندہ یا گزرا ہوا تیسرا برس پچھلے برس سے پہلا برس اگلے برس سے اگلا برس

تیوری - ہ - اسم مؤنث (۱) چین جبیں - ماتھے کی سلوٹیں یا بل جو غصے اور بدمزاجی سے پڑ جاتے ہیں + (۲) نظر - چتون - نگاہ +

تیوری بدلنا
تیوری چڑھانا } - ہ - فعل لازم بھوں چڑھانا - چین بجبیں ہونا - آنکھیں بدلنا
تیوری میں بل ڈالنا

غصہ ہونا - آزردہ ہونا - ماتھے پر بل ڈالنا - خفا ہونا - چیں بابرو ہونا - ترشرو ہونا (میر تقی)

ہم خستہ دل ہیں تجھسے بھی نازک مزاج تر
تیوری چڑھائی تو نے یہاں دم نکل گیا

تیوری چڑھنا
تیوری میں بل پڑنا } - ہ - فعل لازم بھوں پڑنا - ماتھے

شکن پڑنا - آزردگی اور خفگی کی علامت کا ظاہر ہونا - ترشرو ہونا +

تیون - ہ - اسم مذکر - سالن - ترکاری - نان خورش +

تیوہار - ہ - اسم مذکر - پرب - عید - جشن - خوشی کا دن جگ جیسے ہولی - دیوالی وغیرہ +

تیوہاری - ہ - اسم مؤنث - عیدی - تیوہار کا انعام

تیہا - ہ - اسم مذکر - عو - (۱) تیزی - حرارت - جذبۂ جوش (۲) غصہ - غضب - خشم - جیسے اپنے تیہے میں آپ ہی مری جاتی ہے + (انشا)

صفت میں کل کھا کے تیہا آپ حق لڑ پڑے
نرگستان سے جو میری آنکھیں لڑیاں غمیں

تیئیس - ہ - صفت - تین اوپر بیس - بست وسہ ۲۳

تئیں - ہ - حرف ربط - کو - واسطے - لیے (یہ لفظ اپنے کے ساتھ مستعمل ہے جیسے اپنے تئیں کچھ غرض نہیں پہلے غیر کے ساتھ بھی بولتے تھے جیسے تیرے تئیں اُسکے تئیں وغیرہ) +

ٹ

ٹ - ہ - اسم مؤنث (۱) اردو الف بے تے کا پانچواں اور ہندی کا گیارھواں حرف جسے تائے ثقیلہ بھی کہتے ہیں (۲) حساب جمل میں اسکے بھی تائے مثناۃ فوقانی کے برابر چارسو عدد ہیں (۳) یہ حرف کبھی تائے فارسی کبھی دال مہملہ سے اور کبھی دال ثقیلہ اور رائے ثقیلہ سے کبھی سین مہملہ اور کاف تازی سے بدلا جاتا ہے +

ٹابر - ہ - اسم مذکر - پورب (۱) ڈابر - چھوٹی سی جھیل جوہڑ (۲) جھونپڑا - چھوٹا سا گھر (۳) بستر - خاندان - کنبہ قبیلہ (۴) بال - لڑکا - چھوکرا - چھوکرا - طفل +

ٹاپ - ہ - اسم مؤنث (۱) گھوڑے کا سُم (۲) گھوڑے کے چلتے پاؤں کی ضرب (۳) وہ آواز جو گھوڑے کے چلتے یا دوڑتے وقت زمین پر سُم پڑنے سے نکلتی ہے - ٹھاپ (۴) لکھنؤ - چارپائی کے پایہ کا گردہ جو پردانے پر رکھا جاتا ہے (۵) مچھلیاں پکڑنے کا کھانچا جس سے اکثر جوہڑ یا تالاب میں جب تھوڑا تھوڑا پانی رہجاتا ہے تو پکڑا کرتے ہیں +

ٹاپ دار - ا - صفت - موٹے سر کا - آگے سے چوڑا پیچھے سے پتلا - گردہ دار +

ٹاپا - ۵ - اسم مذکر (۱) مرغیوں کے بند کرنے کا کھانچا قفس خروس و ماکیاں - جھوا (۲) ایک قسم کی کشتی یا بیڑا +

ٹاپا ٹوئی کرنا - ۵ - فعل لازم - ع - ٹٹولنا - ٹوہنا ڈھونڈنا کھوجنا - ٹوہا ٹوئی کرنا - چھان مارنا - ڈھونڈ ڈھانڈ کرنا (۲ - پورب) ٹپکنے مکان کی مرمت کرنا +

ٹاپرا - ۵ - اسم مذکر (گنوار) جھونپڑا - چھپر کا گھر +

ٹاپنا - ۵ - فعل لازم - گھوڑے کا دانے کے وقت اگلے پیروں کو زمین پر مارنا - دانہ طلب کرنا (۲) پاؤں پیٹنا - کوشش کرنا - ڈھونڈنا - کسی چیز کی تلاش میں حیران و پریشان ہونا (۳) انتظار کرنا - منتظر رہنا (۴) بیکار اور آوارہ پھرنا (۵) بیچین ہونا - حالت محرومی میں گھبرانا - مضطرب رہنا (۶) افسوس کرنا - مایوس رہنا - ہاتھ ملنا جیسے یار چلا گیا میں ٹاپتا رہ گیا (۷) پھاندنا - اچکنا جیسے دیوار پر سے ٹاپنا (بازاری آدمی لیتے ہیں) ۸ شوق اور ارمان میں رہنا +

ٹاپو - ہ - مذکر - جزیرہ - دیپ - وہ خشک زمین جو دریا کے بیچ میں ہو +

ٹاٹ - ۵ - اسم مذکر (۱) سن کا بنا ہوا کپڑا - کرپاس - پلاس (۲) ساہوکار کے بیٹھنے کی گدی + (۳) گنوار بولنٹ + وہ خول جسکے اندر چنا رہتا ہے - چنے کی ٹوپی +

ٹاٹ پاٹپڑ الٹنا - ۵ - فعل لازم - دیوالیہ ہونے کی علامت ظاہر کرنا - دیوالہ نکلنا - دیوالیہ ہونا - کارخانہ بند ہو جانا - کارخانہ الٹ جانا - دوکان اٹھ جانا +

خط نے کھوئی جو تری حسن کی دولت کھوئی
(رشک) واقعی ٹاٹ مہاجن نے جو الٹا الٹا

رساہوکاروں کا قاعدہ ہے کہ جب دیوالہ نکل جاتا ہے تو وہ اپنے بیٹھنے کے ٹاٹ یا گدی کو الٹ دیتے اور چراغ روشن کر دیتے ہیں) +

ٹاٹ میں مونجھ کا بخیہ - ا - (مثل) جیسی چیز ویسا ہی اسکا لازمہ - پیوند میں پیوند +

ٹاٹ باف جوتا - ا - اسم مذکر (صحیح تار بافی جوتا) کامدار جوتا - وہ جوتا جسپر کلا بتو کا کام ہو +

ٹال - ۵ - اسم مؤنث - لکڑی یا گھانس وغیرہ کا ڈھیر - انبار تودہ (۲) لکڑیوں کی دوکان - بھس کی دوکان (۳) ایک قسم کا گھنٹا جو گائے یا ہاتھی وغیرہ کے گلے میں باندھتے ہیں (۴) ٹالنے کا امر (۵) اسم مؤنث) ٹالا بالا - لیت و لعل - ٹالم ٹول - بہانہ +

ٹال پٹال یا ٹال مٹول - ۵ - اسم مؤنث - بہانہ حیلہ حوالہ - آئیں شائیں (عوام)

ٹالا - ۵ - اسم مذکر - حیلہ - بہانہ - تاویل +

ٹالا بالا - ۵ - اسم مذکر - حیلہ حوالہ - ٹال مٹول - بہانہ تاویل - چلکر - امروز و فردا + (نکہت)

ہوئی اجل بھی تری خو کی طرح وعدہ خلاف
کہ آجتک مجھے رکھا ہے ٹالے بالے میں

ٹالا بالا بتانا یا - دینا - ۵ - فعل متعدی - ٹالنا دھوکا دینا - فریب دینا - حیلہ حوالہ کرنا - بہانہ بتانا لیت و لعل کرنا . (شایق)

کبھی تو وصل کا وعدہ وفا ہو + کہانتک دوگے جاناں ٹالا بالے

ٹالم ٹول کرنا - ۵ - فعل لازم - حیلہ حوالہ کرنا - بہانہ کرنا - ٹالدینا - لیت و لعل کرنا +

ٹالنا - ۵ - فعل متعدی (۱) بہانہ بتانا - بالا بتانا - حیلے پھیرنا (۲) ہٹانا - سرکانا - علیحدہ کرنا - دفع کرنا (۳) دیر کرنا ڈھیل کرنا - ملتوی کرنا (۴) گزارنا - کھونا - ضایع کرنا جیسے وقت ٹالنا (۵) بہکانا - دھوکا دینا - فریب دینا

ٹالی - ۵ - اسم مؤنث (۱) چھوٹی گھنٹی جو چوپایہ وغیرہ کے گلے میں ڈالیں (۲ - دلّال) اٹھنّی - آٹھ آنہ کا سکہ بنصف روپیہ +

ٹانٹ - ۵ - اسم مذکر - آدمی کے سر کی کھوپڑی - چاند چندیا - تارکِ سر +

ٹانٹ کھجانا - ۵ - فعل لازم (۱) سر میں کھجلی ہونا سر کھجلانا + چانٹا کھانے کو جی چاہنا (۲) خسارہ اٹھانے کو جی چاہنا - نقصان اٹھانے کو دل چاہنا +

ٹانٹ کے بال اُڑانا - ۵ - فعل لازم - جوتیوں یا دھپّوں کے مارے چندیا پر بال نہ رکھنا - خوب چانٹے جڑنا دھولیں مارنا +

ٹانٹ گنجی ہونا - ۵ - فعل لازم - سر پر بال نہ رہنا - خواہ بوجھ اٹھاتے اٹھاتے خواہ جوتے کھاتے کھاتے سر گنجا ہو جانا (۲) نہایت خرچ کرنے سے مفلس ہو جانا فضول خرچی سے برباد ہو جانا +

ٹانٹا - ۵ - صفت - مضبوط - قوی - توانا + موٹا - مسٹنڈا - دبنگ - بلونت - تگڑا +

ٹانچنا - ۵ - فعل لازم (بازاری) اُڑتے پھرنا - مزے سے اُڑنا + البلا گہلا پھرنا - خراماں خراماں پھرنا جیسے کیا ٹانچتا ہوا جوڑا آتا ہے (۲ - گنوار) قلم کرنا - تراشنا

ٹانڈھ - ۵ - اسم مؤنث (گنوار) (۱) مچان - کوٹھا - نچہ دو دو کڑیاں جو مکان کے اندر اسباب رکھنے کے واسطے لگا دیتے ہیں) (۲) ڈامچہ - وہ لکڑیوں کا چبوترا سا جس پر گنوار کھڑے ہو کر گوپیا پھینکا کرتے ہیں +

ٹانڈا - ۵ - اسم مذکر (۱) قافلہ - کارواں - میدنی - سوداگروں کا گروہ (۲) بنجارے کا اسباب - اثاثہ - اثاث البیت (۳) خاندان - کنبہ - قبیلہ - کٹم (۴) کھیپ - وہ سوداگری کا اسباب جو ایک دفعہ لاد کر لیجائیں (۵) دست جاری ہونا مگر خاص چوپایوں کی نسبت ضلع انبالہ میں تو ...

ٹانڈا لدنا - ۵ - فعل لازم (۱) اسباب لدنا - سامانِ سفر کا روانہ ہونا (۲) مرنا - انتقال کرنا (بھجن میں)

ٹانک - ۵ - اسم مؤنث (۱) جوہریوں کی اصطلاح میں ۲۴ رتّی کا وزن یعنی چار ماشہ ایک رتّی جو پونے چھ رتّی کا ماشہ فرض کرنے سے قرار پایا ہے - یہ حساب صرف جواہرات کے وزن کرنے کا ہے (۲) کمان جانچنے کا وزن جسکی مقدار ۲۰ سیر کی ہوتی ہے اسے کمان کے چلّے میں لٹکا کر ایک تیر بھر کے انداز تک کھینچ جانے کو ٹانک کہتے ہیں مثلاً بعض کمان سوا ٹانک کی بعض ڈیڑھ ٹانک کی ہوتی ہے اب سے بیشتر دو ٹانک تین ٹانک تک کی کمانیں ہوا کرتی تھیں مگر وہ لوگ بھی نہایت طاقتور ہوتے تھے جو اتنی کڑی کمان کو کھینچ سکتے تھے (۳ - ہندو) حصّہ - پتّی (۴) جانچ - انداز - تشخیص - آنک

ٹانکا - ۵ - اسم مذکر (۱) سیون - دوخت - سوئی تاگے کا ایک دفعہ کپڑے میں سے نکلنا (۲) دھات جوڑنے کا مصالح جسمیں خود دھات بھی ہوتی ہے اور نیز وہ جوڑ جو اس مصالح سے لگایا جائے (۳ - دکن) سہریج - وہ کنواں یا حوض یا تالاب جسمیں برساتی پانی پینے کے واسطے جمع کر لیتے ہیں - کُونڈی - چوبچہ کھیل (۴) پیوند - جوڑ - جیسے دلّی کے بانکے جنکی جوتی میں سو سو ٹانکے +

ٹانکا بھرنا - ۵ - فعل متعدی - عو سینا - تیپچی بھرنا زخم کو سینا +

ٹانکا ٹوٹنا - ۵ - فعل لازم - سیون اُدھڑنا + زخم کی سیون کا ٹوٹ جانا (آتش)

خوں ہوا جاتا ہے دل کیا دیدۂ تر خشک ہو

اور ٹانکے ٹوٹتے ہیں زخم کیونکر خشک ہو

ٹانکا لگانا - ف - فعل متعدی - زخم یا کپڑے کا سینا

ٹانکا مارنا - ہ - فعل متعدی - عو - دیکھو ٹانکا بھرنا)

ٹانک رکھنا - ہ - فعل متعدی - یادداشت کے واسطے لکھ رکھنا - نوٹ کر لینا +

ٹانکنا - ہ - فعل متعدی (۱) سینا - دوخت کرنا - ایک کپڑے کو دوسرے کپڑے سے ملا کر ٹانکا بھرنا (۲) جوڑنا - چسپاں کرنا - جمالنا (۳) ٹنتھی کرنا - شامل کرنا (۴) یادداشت لکھنا - درج کرنا - لکھنا (۵ - عوام) دینا داخل کرنا - لگانا جیسے عرضی ٹانکنا (۶ - بازاری) کھا جانا چٹ کر جانا - ڈکنا جیسے سیر بھر جلیبیاں ٹانک گیا (۷) لٹکانا - آویختہ کرنا - آویزاں کرنا +

دی سزا اس موردِ تعزیر کو +

واژگوں ٹانکا ہے چرخِ پیر کو (نکہت)

(۸) لوٹی - اُڑسنا - دخول کرنا - پرونا +

ٹانکی - ہ - اسم مونث (۱) سنگ تراشوں کے ایک اوزار کا نام رُخانی - چھینی (۲) تربوز یا خربزہ وغیرہ کی تراش جس سے اُسکے اندر کی کیفیت معلوم ہو (۳) سوراخ چھید (۴) ایک قسم کا پھوڑا - دنبل - آتشک یا سوزاک کا زخم (۵) دندانہ - دانتا (۶) چوبیں یا آہنی ظرف جسمیں پانی بھر کر رکھا کرتے ہیں + (لکھنؤ)

ٹانکی بجنا - ہ - فعل لازم - سنگتراشی کا کام ہونا عمارت کا چُنا جانا - بولی بجنا +

ٹانکی لگانا - ہ - فعل متعدی - تراشنا - تراش کر دیکھنا + چھید کرنا - سوراخ کرنا +

ٹانکے - ہ - اسم مذکر - ٹانکا کی جمع +

ٹانکے اُدھڑنا - ہ - فعل لازم (۱) بخیہ اُدھڑنا - سلائی کا ٹوٹ جانا (۲) حقیقت کھلنا - قدرِ عافیت معلوم ہونا +

ٹانکے اُدھیڑنا - ہ - فعل متعدی - سیون کھولنا + حقیقت کھولنا - قلعی کھولنا - عاجز کرنا - چیں بُلوانا - ہرانا

ٹانکے ٹوٹنا - ہ - فعل لازم (۱) کپڑے یا زخم کی سلائی کا ٹوٹ جانا (۲) سلے ہوئے کپڑے کا پُرانا ہو جانا - مستعمل کپڑا ہونا +

ٹانکے دینا یا لگانا - ہ - فعل متعدی - زخم یا جامہ وغیرہ کا سینا +

ٹانکے کھانا - ہ - فعل لازم - زخم سلوانا - زخم میں دوخت کرانا +

ٹانکے کھلنا - ہ - فعل لازم (۱) سیون اُدھڑنا + بخیہ کھلنا (۲ - پورب) بھید کھلنا - راز فاش ہونا

ٹانکے مارنا - ہ - فعل متعدی - عو - موٹی سیون سینا - اُوپری سلائی کرنا - جلدی جلدی سینا - گھوپنا

ٹانگ - ہ - اسم مونث (۱) ران کی جڑ سے پاؤں تک کا حصّہ - زانو مع ساق (۲) حصّہ پتّی + دلالوں کی اصطلاح میں چوتھا حصّہ - چہارم +

ٹانگ اُٹھانا - ہ - فعل متعدی (بازاری) جماع کرنا جماع کو مستعد ہونا - آسن لینا +

ٹانگ اُٹھا کر موتنا - ہ - فعل لازم - کُتّے کی طرح موتنا (کہتے ہیں جب کُتّا بالغ ہو جاتا ہے تو ٹانگ اُٹھا کر موتتا ہے جیسے اُسکی برابری وہ کرے جو ٹانگ اُٹھا کر موتے یعنی کُتّا بنے) +

ٹانگ اَڑانا - ہ - فعل متعدی - پاؤں پھنسانا - مزاحم ہونا + دخل دینا - دست انداز ہونا - قدم رکھنا - بیچ میں بولنا +

ٹانگ برابر - و - صفت - چھوٹا سا - جیسے ٹانگ

برابر اڑ کا بڑوں سے اُلجھتا ہے +

ٹانگ پسار کے سونا - ہ - فعل لازم - آسُودہ ہوکر سونا - بیفکر ہوکر سونا - بیخوف ہوکر سونا ÷

ٹانگ تلے سے - یا - ٹانگ کے نیچے سے نکالنا - ہ - فعل مُتعدی - کسیکو مغلوب اور عاجز کرنا - نیچا دکھانا - مُطیع کرنا - ہرانا ÷

ٹانگ تلے سے نکلنا - ہ - فعل لازم - ہارنا - عاجز ہونا - مغلُوب ہونا - مُطیع ہونا - چیں بولنا +

ٹانگ توڑنا - ہ - فعل مُتعدی - بیکار کرنا - مُعطّل کرنا - کسی کام کا نہ رکھنا - اپاہج کرنا +

ٹانگ سے ٹانگ باندھ کر بٹھانا - ہ - فعل مُتعدی - اپنے پاس سے سرکنے نہ دینا - پہلُو میں بٹھانا ÷

ٹانگ لینا - ہ - فعل لازم (۱) ٹانگ پکڑنا (۲) کاٹنا - کاٹنے کو دَوڑنا - کُتّے کی طرح کاٹنا یا کُتّے کا کاٹنا (۳) سر ہونا - پیچھے پڑنا - گرویدہ ہونا ÷

ٹانگن - ہ - اسم مذکر - پہاڑی ٹٹو - پستہ قد ٹٹو +

ٹانگنا - ہ - فعل مُتعدی (۱) لٹکانا - آویزاں کرنا (۲) پھانسی دینا - پھانسی پر چڑھانا +

ٹانگیں - ہ - اسم مؤنث - ٹانگ کی جمع +

ٹانگیں اُٹھانا - ہ - فعل مُتعدی - آسن لینا +

ٹانگیں توڑنا - ہ - فعل لازم - تھکنا - حیران ہونا - پھرنا - ہانڈنا - چکر لگانا - ریڑ کرنا +

ٹانگیں رہجانا - ہ - فعل لازم - تھک جانا - ماندہ ہوجانا + گٹھیا کی بیماری سے ٹانگوں کا بیکار ہوجانا - ٹانگوں کا سُوکھ جانا +

ٹائپ - انگلش - Type - اسم مذکر - نقش - چھاپے کے حرف - ڈھلے ہوئے حرف +

ٹب - انگلش - Tub - اسم مؤنث - کٹھڑا - کٹھوتی اندر بیٹھکر نہانے کا چوبیں ظرف +

ٹبّر - ہ - اسم مذکر (۱) خاندان - کُنبہ - قبیلہ - کُٹم - خویش و اقربا (۲ - عو) کُنبہ کا خرچ (جان صاحب)

پنجتن پاک کی ہے آس مجھے اے باجی
جنکے صدقے میں مرا سارا ہے ٹبّر چلتا

ٹپ - ہ - اسم مؤنث (۱) ہوادار یا بگھی وغیرہ کا سائبان جو دھوپ یا مینہ کے وقت کھول لیتے ہیں ÷ قلندرا - اسپیک (۲) ٹپکنے کی آواز - بُوند گرنے کی آواز (۳ - گنوار) کود - پھاند ÷

ٹپّا - ہ - اسم مذکر (۱) فاصلہ - زد - توڑ جیسے گولی کا ٹپّا (۲) ایک قسم کا گیت جسکو شوری پنجابی نے ایجاد کیا تھا (۳ - دکن) ڈاکخانہ - پوسٹ آفس (۴) زقند - کود - پھاند (۵) ضلع - چکلہ - پرگنہ کا حصّہ (۶ - عو) دُور دُور کا بخیہ یا تیپچی - موٹی سیون - موٹی سلائی - کوک (۷) ایک قسم کا نیک - کانٹا (۸) پالکی لیجانے والوں کی ڈاک یا چوکی (۹) بیڑا جو بادبان کے وسیلہ سے چلایا جاتا ہے ÷

ٹپّا بھرنا - یا - ڈالنا - یا - مارنا - ہ - فعل مُتعدی (۱) کوکنا - موٹی سلائی کرنا - تیپچی بھرنا - دُور دُور سینا - لنگر ڈالنا (۲) بے ترتیب یا بے ڈھنگے پنے سے پڑھنا

ٹپّا کھانا - ہ - فعل لازم - گولی کا ٹکرانا - بندوق کی گولی کسی چیز پر لگ کر چھٹکنا - ٹکرانا - چھٹکنا - اچھلنا

ٹپانا - ہ - فعل مُتعدی (گنوار) کُدانا - پھندانا +

ٹپا ٹپ - ہ - تابع فعل - متواتر - پے در پے - لگاتار + آنسوؤں کے برابر گرنے کی آواز ÷

ٹپ ٹپ - ہ - تابع فعل - کسی چیز کے ٹپکنے کی آواز

اشکوں کے گرنے کی صدا +

ٹپ جانا - ﻫ - فعل لازم (گنوار) کود جانا - پھاند جانا +

ٹپّس - ﻫ - اسم مؤنث (۱) سہارا - وسیلہ + دعویٰ + بنیاد + ذرا سا تعلّق - علاقہ - (۲) گنوار - نام - شہرت

جیسے ٹپّس کا بھوکا ہے +

ٹپّس جمانا } - ﻫ - فعل متعدی - بنیاد ڈالنا - تعلّق
ٹپّس لگانا } پیدا کرنا - دعویٰ جمانا - پیری جمانا - مطلب نکالنے کا ڈھنگ ڈالنا +

ٹپک - ﻫ - اسم مؤنث - (گنوار) (۱) چبک - درد زخم - ٹیس - چمک (۲) پانی گرنے کی آواز +

ٹپک پڑنا - ﻫ - فعل لازم (۱) چکیدہ ہونا - پھسل پڑنا متقطر ہونا - چونا - رسنا + کھسکنا + جلد مائل ہوجانا (۲) پھوڑے کا پھوٹ جانا - گاگن کا برس جانا (۳) ظاہر ہوجانا - کھل جانا - ضبط نہ ہوسکنا +

ٹپک نویس - ا - اسم مذکر (پورب) غلط رپورٹ کر دینے والا +

ٹپکا - ﻫ - اسم مذکر (۱) چکیدگی - تقاطر - رساو - بوند (۲) پیڑ کا پکا آم جو از خود ٹپک پڑتا ہے + (آتش)

مضموں کہوں آتش انہیں آم سمجھوں
ہاتھ آئے ہیں دو چار یہ تقدیر سے ٹپکے

(۳) دھبا - انگلی سے لگایا ہوا رنگ +

(۴) صفت - گرا ہوا - چکیدہ - وہ پھل جو ٹپک کر گرے جھڑا ہوا +

ٹپکا ٹپکی - ﻫ - اسم مؤنث (۱) بوندا باندی - پھوار - ترشح - تقاطر (۲) پھلوں کا گرنا - پھلوں کا جھڑنا (۳) گاہکوں کا مائل ہونا - گاہک پر گاہک پڑنا (۴) ایک کے بعد ایک کا مرنا + ایک آدھ کا روز مرنا (۵ - تابع فعل)

کوئی کوئی - اکا دکا + کبھی کبھی - کبھی کبھار +

ٹپکا پڑنا - ﻫ - فعل لازم (۱) کسی چیز کا کثرت یا زیادتی کے باعث ضبط نہ ہوسکنا - ظاہر ہوجانا - نکلا پڑنا

ٹپکی پڑتی ہے اُس سے گدراہٹ (رنگیں)
ہے یہ عالم تری جوانی کا +

(۲) گرا پڑنا - مائل ہوجانا (نکہت)

سینہ میں دل خوں شدہ ہر روئی کو پر
ایک بوند لہو کی ہے کہ ٹپکے ہی پڑی ہے

(۳) عورت کا مباشرت کی طرف میلان خاطر ہونا جوش شہوت سے بیقرار ہونا + (مرزا جان طپش)

مستی میں بسکہ ٹپکی ہی پڑتی تھی دخترِ رز
ہونٹوں سے میرے ہونٹھ کل اپنے وہ رگڑ گئی

ٹپکا لگنا - ﻫ - فعل لازم - چکیدگی کا شروع ہونا - تقاطر ہونا - چونا - رسنا - ٹپکنا - آموں کا متواتر درختوں سے گرنا - رساو ہونا - پک پک کر گرنا +

ٹپکانا - ﻫ - فعل متعدی (۱) تھوڑا تھوڑا پانی ڈالنا - بوند بوند گرانا (۲) متقطر کرنا - رسانا - عرق نکالنا - چلانا - نچوڑنا +

ٹپکنا - ﻫ - فعل لازم (۱) قطرہ قطرہ گرنا - رسنا - چونا - چھننا مترشح ہونا + عرق نکلنا - نچڑنا (۲) پکّے پھل کا گرنا - ثمر کا پک کر از خود زمین پر گرنا (۳) ظاہر ہونا - نمودار ہونا - نمایاں ہونا + (غالب)

گریہ چاہے ہے خرابی مرے کاشانے کی
در و دیوار سے ٹپکے ہے بیاباں ہونا

(۴) کسی کی طرف مائل ہونا - رجوع ہونا - پھسلنا

ہے چھوٹا سا ٹاپو سہانا نپٹ + ٭
ٹپکتا ہے دل بس وہاں جا کے جھٹ

(۵) جنگ میں زخمی ہوکر زمین پر گرنا

(خواجہ آتش) خوں تیغ زنوں کے دمِ شمشیر سے ٹپکے
کیا کیا نہ کمانداروں کے تیر سے ٹپکے

(۶) ٹیس اُٹھنا۔ چپک مارنا۔ زخم میں درد ہونا۔ ہولیں اُٹھنا۔ ٹیسنا۔ چپکنا + (سودا)

ٹیس نے اندنوں لگی نئی صورت نکالی ہے
ٹپکتا ہے پڑا راتوں کو یوں کیا ہو جو بن پھوڑا

(۷) پھوڑے کا پک کر بہنا۔ پھوٹنا۔ گاگلن کا برسنا +

(۸۔ بازاری) چھلکنا۔ پانی چھوڑنا۔ انزال ہونا۔ جھڑنا +

ٹِپَن ۔ ہ ۔ اسم مؤنث (ہندو) ۱۔ تشریح۔ تفسیر۔ حاشیہ۔ ٹیکا (۲) پتری۔ جنم پتری +

ٹِپَن ۔ ا ۔ اسم مذکر۔ (انگلش) Tiffin ٹفن۔ جل پان۔ چاشتہ۔ ناشتہ۔ دوپہر کا کھانا جو انگریز سہ پہر کو کھاتے ہیں +

ٹَپْنَا ۔ ہ ۔ فعل لازم (گنوار) ۱۔ کودنا۔ پھاندنا۔ اُچکنا۔ جھلانگ مارنا۔ لانگ جانا (۲) ڈھانکنا۔ سر ڈھانپنا۔ سے چھپانا (۳) جفتی کھانا۔ جوڑا لگنا۔ ملنا +

ٹَپّے ٹُوئی ۔ ہ ۔ اسم مؤنث۔ تلاش۔ تجسس۔ ٹٹول۔ ٹویا ٹوئی +

ٹَٹّا ۔ ہ ۔ اسم مذکر (۱) بڑی ٹٹی۔ ٹاٹر۔ جھانپ۔ قنات (۲) اوٹ۔ پردہ + آسرا (۳۔ پنجابی) خصیہ۔ فوطہ

ٹُٹْپونجیا ۔ ہ ۔ صفت (اصل میں ٹٹ پونجیا تھا یعنی جس کی پونجی ٹوٹ گئی ہو) اکم مایہ۔ قلیل البضاعت۔ تھوڑی پونجی والا اوچھی پونجی والا (۲) دیوالیہ۔ وہ شخص جس کو ٹوٹا آ گیا ہو

ٹَٹَّر ۔ ہ ۔ اسم مذکر۔ دیکھو ٹٹا) جیسے ٹٹر کھولو کھٹو آئے

ٹُٹْرُوں ٹُوں ۔ ہ ۔ اسم مؤنث (۱) ٹوٹرو کی آواز فاختہ کی آواز (۲۔ تابع فعل) تنہا۔ اکیلا۔ اپنے دم سے (نظیر) صبح جب بول اُٹھا مرغ سحر گگڑوں کوں
اُٹھ گئے پاس سے وہ رہ گیا میں ٹٹروں ٹوں

ٹَٹْڑی ۔ ہ ۔ اسم مؤنث (۱) دیکھو ٹانٹ) ۲۔ ٹٹی۔ ٹٹا (۳) ڈھانچ۔ ٹھٹڑی +

ٹٹڑی گنجی ہونا ۔ ہ ۔ فعل لازم۔ دیکھو ٹانٹ گنجی ہونا

ٹِٹْکارْنَا ۔ ہ ۔ فعل متعدی۔ جانوروں کو ٹٹکاری سے آگے بڑھانا۔ ہانکنا۔ چلانا + ایڑ لگانا +

ٹِٹْکاری ۔ ہ ۔ اسم مؤنث (۱) جانور کو ہنکانے کی آواز (۲) زبانی جمع خرچ۔ جھوٹ موٹ کی کارگزاری جیسے پل ہر کاری اور یاروں کی ٹٹکاری (۳) اشارہ۔ سیٹی کی آواز

ٹٹکاری پر لگنا ۔ ہ ۔ فعل لازم (۱) اشارہ پر لگنا۔ سیٹی یا آواز پر چلا آنا (۲) آواز پر لگنا۔ آواز پہچاننا۔ ہل جانا۔ مانوس ہو جانا +

ٹَٹُّو ۔ ہ ۔ اسم مذکر (۱) یابو۔ چھوٹے قد کا گھوڑا۔ ٹانگن۔ ٹاین (۲۔ بازاری) عضو تناسل (۳۔ عوام) قابو۔ بس + زور۔ طاقت۔ جیسے جی چاہتا ہے پر ٹٹو نہیں چلتا

ٹٹو بھڑکنا ۔ ہ ۔ فعل لازم (۱۔ بازاری) ٹٹو کا سرکشی کرنا (۲) شہوت ہونا +

ٹٹو پار ہونا ۔ ہ ۔ فعل لازم (عوام) کام کا انجام پر پہنچنا پہنچنا۔ کامیابی حاصل ہونا۔ بیڑا پار ہونا +

ٹَٹْوانی ۔ ہ ۔ اسم مؤنث۔ بازاری ٹٹو کی مادہ۔ چھوٹے قد کی گھوڑی +

ٹَٹُول ۔ ہ ۔ اسم مؤنث (۱) لمس۔ مس۔ مماست (۲) تجسس۔ تلاش۔ ڈھونڈ۔ دریافت مافی الضمیر +

ٹٹول دیکھنا ۔ ہ ۔ فعل لازم (۱) ڈھونڈ لینا۔ تلاش کر لینا (نکہت) پیکان تیر نکلا پہلو کو کھول دیکھا
دل کا پتا نہ پایا سینہ ٹٹول دیکھا +

(۲) آزما لینا۔ امتحان کر لینا

یاروں نے گو نا لکھا اس منہ سے بول دیکھا
ہیں سرِ حق سے غافل سبکو ٹٹول دیکھا (شوق)

ٹٹولنا - ہ - فعل متعدی (۱) اندھیرے میں ہاتھ سے ڈھونڈنا - اندھے کا کسی چیز کو مس کر کے دیکھنا ہاتھ سے چھو کر معلوم کرنا - ہاتھ پھیرنا - مس کرنا - چھونا (۲) عندیہ لینا - منشا پانا - مافی الضمیر دریافت کرنا (۳) تلاش کرنا - ڈھونڈنا - کھوجنا - ٹوہنا (۴) آزمانا - دیکھنا - امتحان کرنا - جانچنا - پرکھنا (آتش)

فراقِ یار میں جب عشق نے مجکو ٹٹولا ہے
جو دل فولاد کا پایا تو پتھر کا جگر دیکھا

ٹٹولواں - ہ - تابع فعل - اٹکل سے - انداز سے - اوپر دھڑے +

ٹٹی - ہ - اسم مونث (۱) بانس یا سرکنڈوں وغیرہ کا بندھا ہوا چھوٹا ٹٹا - چک - چلمن - جھانپ - کواڑی دیوار (۲) آڑ - اوٹ - پردہ - حجاب (۳) پاخانہ - جائے ضرور - بیت الخلا (۴) آرایش جو بیاہ شادیوں میں پھول وغیرہ تختِ رواں پر لگا کر بجاتے ہیں (۵) وہ چھت یا چوبی چار دیواری جسپر انگور کی بیل چڑھاتے ہیں (۶) شکار کھیلنے کی آڑ جو شکاری لوگ اپنے ساتھ رکھتے ہیں +

ٹٹی جانا - ہ - فعل لازم (ہندو) پاخانہ جانا - دِسا جانا

ٹٹی کا آئینہ - ا - اسم مذکر - ایک قسم کا پتلا قلعی دار شیشہ +

ٹٹی کی آڑ - یا - اوٹ - یا - اوجھل شکار کھیلنا - ہ - فعل لازم - در پردہ عیب کرنا - چھپکر کام کرنا - چھپواں مزے اڑانا (آتش)

ٹٹی کی اوٹ میں وہ کیا کرتے ہیں شکار
منہ کو چھپائے رکھتے ہیں اپنے نقاب میں

ع تھی نہایت وہ شوخ دیدہ کھلاڑ
کھیلتی تھی شکار ٹٹی کی آڑ

ٹٹی لگانا - ہ - فعل لازم - اول معلوم (۲) بھیڑ کرنا - ہجوم کرنا + آڑ کرنا - اوٹ کرنا +

ٹٹیا - ہ - اسم مونث (۱) ٹٹی کی تصغیر چھوٹی ٹٹی کبھی تحقیراً بھی کہتے ہیں (۲) ٹانٹ کا مخفف و تصغیر یا تحقیر

ٹٹیری - ہ - اسم مونث (۱) ایک پرند کا نام جسکی آواز سے یہ نام رکھا گیا عوام کا خیال ہے کہ یہ مینہ کی دعا مانگا کرتی ہے زمین پر پانی نہیں پیتی جب مینہ برستا ہے تو اوپر ہی اوپر پانی پی لیتی ہے اپریل اور مئی کے مہینے میں انڈے دیتی ہے اور اسی موسم میں اکثر بولا کرتی ہے +
(۲) ایک کھلونا جسکے چکر دینے سے یہی آواز نکلتی ہے (۳) ممالک مغربی میں چوکیداروں کے واسطے بھی ٹٹیریاں دی گئی تھیں

ٹچا - ہ - صفت و اسم مذکر (۱) اوچھا - کمظرف - تنک ظرف - چھچھورا - کم حوصلہ (۲) لچا - شہدا - لفنگ + کمینہ - بیہودہ - نالایق - ناشائستہ - پاجی - رزالہ - مبتذل - بغیرت - بدذات - اوباش +

ٹخ ٹخ - ا - اسم مونث - تحقیر گھوڑے کے چلانے کی آواز - ٹک ٹک

ٹخنا - ا - اسم مذکر - شتالنگ - گٹا - کعب - وہ اٹھی ہوئی ہڈی جو ایڑی سے اوپر ہوتی ہے +

ٹڈا - ہ - اسم مذکر (۱) ایک قسم کا پردار کیڑا جو گھانس اور آکھ کے درخت پر ہوتا ہے - بوٹ - بھنگا (۲) پتلا دبلا آدمی

ٹڈی - ہ - اسم مونث - ملخ - ٹڈیری - ایک قسم کا پردار کیڑا جو اکثر زراعت کو نقصان پہنچاتا ہے اسکا دل مشہور ہے (مثل) ٹڈی کا آنا کال کی نشانی +

ٹڈی دل - ہ - اسم مذکر (۱) ٹڈیوں کا بڑا گروہ (۲) بڑی فوج

+ نہایت بھیڑ بھاڑ + مجمعِ عظیم - پرتھمی - پرتھوی - خلقت کا ہجوم - انبوہ کثیر - جمہور + سوادِ اعظم +

ٹَرّ - ہ - اسم مؤنث (۱) مینڈک کی آواز (۲) پوچ بات - بیہودہ بات (۳) ہٹ - ضد - اڑ + اکھڑپن جیسے شیخوں کی شیخی پٹھانوں کی ٹر (۴) عید کے بعد کا میلہ جو پنجاب کا ایجاد ہے اور دہلی میں ۱۸۶۰ء کے بعد سے ہونے لگا ہے جیسے عید پیچھے ٹر برات پیچھے دھونسا - (بے موقع اور بے محل بات کی نسبت بولتے ہیں) ۵ - شیخی - خودستائی - بڑائی +

ٹرٹر - ہ - اسم مؤنث (۱) بک بک - جھک جھک - چخ چخ کائیں کائیں + گستاخی (۲) مینڈک کی آواز +

ٹرٹرانا - ہ - فعل لازم (۱) بک بک کرنا - جھک جھک کرنا بکنا (۲) حقارتاً - رونا - جھینکنا - بڑبڑانا جیسے ابھی تھپیڑ مارونگا تو بڑبڑاتا ہوا جائیگا +

ٹَرّا - ہ - صفت (۱) اکھڑ - بدمزاج - سخت گفتار - ڈھنگی شوخ - شریر - بدذات - حرامزادہ - سرکش - سرزور (۲) بکی - بکواسی - بک بک کرنے والا (۳) مغرور - گھمنڈی اترانے والا - شیخی باز +

ٹُرّا - ہ - اسم مذکر (۱) دانہ - حب + بارود کا دانہ (۲) وہ اناج جسمیں برکت نہو اور زیادہ صرف ہو چنانچہ باجرے موٹ - جوار وغیرہ کو ٹرا اناج کہتے ہیں +

ٹَرّاپن - ہ - اسم مذکر - اکھڑپن - خشونت - بدمزاجی +

ٹَرّانا - ہ - فعل لازم - بک بک کرنا - چخ چخ کرنا - سخت گفتاری کرنا - ٹرٹر کرنا - غل مچانا - گستاخی کرنا - اینٹھنا شرارت کرنا - بڑبڑانا +

ٹِرھپَن - ہ - اسم مؤنث - شرارت - اکھڑپن + اکڑپھوں - خشونت - بدمزاجی +

ٹِرنگا - ہ - صفت - ٹیڑھا بانکا - کج مج - ٹیڑھا - خمیدہ

ٹِرھپَن کرنا - ہ - فعل لازم - ڈنگا کرنا - اکڑنا - شرارت کرنا - بدمزاجی کرنا +

ٹُرخَل - ہ - اسم مؤنث (۱) ذلیل اور بیہودہ عورت - بے تمیز اور نالایق عورت (۲ - صفت) شلتو - بیوقوف - نالائق حرامزادی - فاحشہ - بدکار - زانیہ +

ٹَرکانا - ہ - فعل متعدی - ٹالنا - بہانہ کرنا - بالا بتانا +

ٹَرّو - ہ - اسم مذکر - لغوی معنی ٹرانے والا - اصطلاحی مینڈک - غوک (۲) ایک کھلونے کا نام جسپر جھلی منڈھکر پھراتے ہیں +

ٹُریانا - ہ - فعل لازم (کبوتر باز) پر بند کبوتر کا اڑجانا +

ٹِرین - انگلش - TRAIN - اسم مؤنث - قطار - سلسلہ - تانتا + ریل کی گاڑیوں کا تانتا - ریل گاڑی +

ٹَسَر - ہ - اسم مذکر - کچا ریشم - ایک قسم کا ادنیٰ درجہ کا ریشم جسکا کارخانہ بھاگلپور میں ہے +

ٹُسر ٹُسر رونا - ہ - فعل لازم - عو - زار زار رونا - ٹھنکنا - بسورنا - پھوٹ پھوٹ کر رونا بچوں کی نسبت زیادہ بولتے ہیں

ٹَس سے مَس نہ ہونا - ہ - فعل لازم - عو - جنبش کھانا ذرا نہ سرکنا + بالکل متحرک نہونا - نہ گلنا - گداز نہونا + ثقف

ٹَسَر مَسَر - ہ - اسم مؤنث عوام - بچر مچر - ڈھیل + وقفہ + توقف

ٹَسَک - ہ - اسم مؤنث (پورب) چسک - کسک - ٹیس - درد - ہوک + ہول +

ٹُسکانا - ہ - فعل متعدی (پورب) سرکانا - ہلانا +

ٹُسکنا - ہ - فعل لازم (۱) ہلنا جلنا - سرکنا - جنبش کرنا (۲) گلنا - گداز ہونا (۳) چسکنا - کسکنا - درد معلوم ہونا - ہوک سی اٹھنا (۴) کسی چیز کا کسی چیز پر اثر ہونا - متاثر ہونا +

ٹُسکنا - ہ - فعل لازم (پورب) رونا - سسکنا - ٹھنکنا - ٹسوے بہانا - گریہ کرنا - بسورنا +

ٹسن۔ ھ۔ اسم مؤنث (بازاری) ۱۔ فیل۔ کھوڑ رُو۔ شرارت
راڑ۔ تکرار۔ جھگڑا۔ پرخاش۔ ٹنٹا (۲) چینڈ۔ بے ایمانی
ٹسن کرنا۔ فعل لازم (۱) چینڈ کرنا۔ بے ایمانی کرنا (۲)
جھگڑا کرنا۔ تکرار کرنا +
ٹسن لانا۔ ھ۔ فعل لازم (۱) کھوڑ رُو لانا۔ جھگڑا کرنا۔ شرارت
کرنا (۲) چینڈ کرنا۔ بے ایمانی کرنا +
ٹسوے بہانا۔ ھ۔ فعل لازم (عو) آنسو بہانا۔ تکبازی
کرنا۔ رونا + جھوٹا رونا رونا + (حقارتاً بولتے ہیں)

ناحق بھی جھوٹ موٹ کے ٹسوے بہاؤنگی
(جان صاحب) مرجاؤں یا جیوں نہیں سسرال جاؤنگی

ٹک۔ ھ۔ صفت۔ گنوار۔ ذرا۔ تنک۔ اندک۔ کچھ (۲۔
تابع فعل) ذرا سی دیر۔ زمانۂ اندک +
ٹک جیا تو کیا جیا۔ ھ۔ (مثل) ذرا سی دیر آرام پایا
تو کیا پایا۔ ذرا سی راحت کا کیا مزا +
ٹکا۔ ھ۔ اسم مذکر۔ دو پیسے۔ تنگہ۔ دو پول (۲) دو پیسہ کا
پیسہ (۳۔ پورب) روپیہ۔ دام۔ نقدی +
ٹکا بھر۔ ھ۔ صفت (۱) دو تولے۔ دو پیسہ بھر (۲) ذرا سا
کسیقدر۔ تنک سا +
ٹکا پاس نہیں۔ ھ۔ (فقرہ) کوڑی پاس نہیں۔
مفلس ہے +
ٹکا سا جواب دینا۔ ھ۔ فعل لازم۔ صاف جواب دینا
کانوں پر ہاتھ رکھ جانا۔ کورا جواب دینا۔ مطلق انکار
کر دینا + ترت جواب دینا۔ ترت انکار کرنا +
ٹکا سی جان یا دم۔ ۱۔ اسم مؤنث و مذکر۔ اکیلی جان
اکیلا دم (عورتیں بولتی ہیں) +
ٹکانا۔ ھ۔ فعل متعدی (۱) سہارا لینا۔ بوجھ اتارنا۔ روکنا
ٹھیرانا جیسے گٹھڑی یا ہاتھ ٹکانا + (۲) مکان یا سرائے
میں جگہ دینا۔ مقام کرنا۔ فرش کرنا جیسے چار مسافر ٹکائے
(۳) مارنا۔ سہی کرنا۔ لگانا جیسے دھپ ٹکانا +
ٹکاؤ۔ ھ۔ صفت عو۔ دیرپا۔ پائیدار۔ رہاؤ۔ مضبوط +
ٹکاؤ۔ ھ۔ اسم مذکر۔ (بواو مجہول) ۱۔ رہایش۔ ٹھیراؤ۔ قیام
قرار۔ ٹھکانا۔ استقلال +
ٹکٹ۔ انگلش TICKET اسم مذکر (۱) پرچہ
دستاویز۔ تمسک۔ پاس۔ اجازت کا پرچہ۔ پروانۂ
راہداری + چپڑاس (۲۔ ۱) تاگوں کا پتا۔ ریل ٹیچک
(۳) سوداگری مال کے اوپر کا پرچہ جس میں کارخانہ کا نام وغیرہ
ہوتا ہے۔ چٹھی (۴) پتی۔ چندہ۔ قیمت۔ اجرت (۵)
اسٹامپ۔ ڈاکخانہ کے محصول کا اسٹامپ (۶) ٹیکس۔
محصول۔ لگان۔ باچھ۔ جزیہ۔ سوداگری مال کا خاص محصول
ٹکٹ لگانا۔ ۱۔ فعل متعدی (۱) خطوط وغیرہ پر اسٹامپ
چسپاں کرنا (۲) محصول یا ٹکس لگانا +
ٹکٹکی۔ ھ۔ اسم مؤنث (۱) تاک۔ برابر دیکھے جانا۔ گھورنا
نظر۔ نظارہ + (رنگین)

ٹکٹکی نے تری کی اپنے دل زار پہ چوٹ
سو رہا ہی وہی کرتا ہے جو سردار پہ چوٹ

(۲) تپائی جس سے مجرم کے ہاتھ پاؤں باندھکر کوڑے
یا بید مارتے ہیں +
ٹکٹکی باندھنا۔ ھ۔ فعل متعدی۔ برابر دیکھے جانا۔ تاکنا
پلک نہ جھپکانا۔ گھورنا۔ غور سے دیکھنا۔ آنکھیں لڑانا

ٹکٹکی باندھی ادھر ہنسنے تو دکھلا کر ہمیں
(معروف) ہاتھ سے اسنے گل نرگس کو ملکر رکھدیا

ٹکٹکی پر کھڑا کرنا۔ ھ۔ فعل لازم (مرغبازوں کا دستور ہے کہ
جب کوئی بہادر مرغ لڑائی کے وقت حریف کی ضرب شدید کھا کر
مرجاتا اور نہیں ہٹتا ہے تو اسوقت زمین میں تین لکڑیاں گاڑ کر

اُسکی لاش کھڑی کر دیتے ہیں اور زندہ مُرغ کو جو اسکا قاتل ہے رُو برُو چھوڑ دیتے ہیں اگر اسنے لات مارکر ٹکٹکی سے نیچے گرا دیا تو بے تکرار بازی جیتا اور جو بن لات مارے کسی اَور طرف چلا گیا تو بازی ہارا +

ٹکٹکی لگانا - ہ - فعل متعدی - دیکھو ٹکٹکی باندھنا)

ٹکٹکی لگنا - ہ - فعل لازم - نظر جمنا - نظر لڑنا +

ٹکّر - ہ - اسم مؤنث (۱) دھکا - صدمہ - ٹھوکر - آسیب - دو چیز و نکا اڑجانا - ٹھیس (۲) مُقابلہ - برابری - ہمسری (۳) مُقابل - ہمسر - برابر - جوڑ (۴) نقصان - ضرر - ٹوٹا - زیان

ٹکّر پہاڑ سے لینا - ہ - فعل لازم - بڑے دُشمن سے مُقابلہ کرنا - بڑے بھاری دُشمن کے برخلاف ہونا - ایسے شخص کے مُقابل ہونا جسکے مُقابلہ کی قُدرت نہو +

(جالیر سجّاد) کوہکن کیوں نہ سر کو پھوڑ مرے
لی ہے جاکر پہاڑ سے ٹکّر ++

ٹکّر جھیلنا - ہ - فعل لازم - صدمہ سہارنا - نقصان یا مُصیبت وغیرہ کی برداشت کرنا +

ٹکّر کھانا - ہ - فعل لازم (۱) اڑجانا - مُٹ بھیڑ ہو جانا - ٹکرانا - باہم دھکا کھانا - ٹھوکر کھانا - ٹھیس کھانا (۲) صدمہ اٹھانا (۳) نقصان اُٹھانا (۴) ضرب کھانا - چوٹ لگنا (۵) بھڑنا - گتھنا - لڑنا - ہمسر او مُقابل ہونا - ہم پلہ ہونا +

ٹکّر لڑنا - ہ - فعل لازم - سر لڑانا - مستک بازی کرنا - ماتھے سے ماتھا لڑانا +

ٹکّر لگانا - ہ - فعل لازم - دیوار یا ستون وغیرہ سے سر ٹکرانا - سر سے ضرب لگانا - صدمہ پہنچانا +

ٹکّر لینا - ہ - فعل لازم (۱) سر سے سر لڑانا - سرزنی کرنا کلہ زدن کا ترجمہ (۲) صدمہ سہنا - چوٹ سہارنا (۳) ہٹ ہٹ ہونا + سامنے ہونا - مُقابل ہونا - رُوکش ہونا - سنمکھ ہونا

ٹشکوہ میں ترے ہاتھی کی کیا بیاں کروں
جو پیل چرخ سے لیتا ہے اوج میں ٹکّر

ٹکّر مارنا - ہ - فعل لازم (۱) سر مارنا - سر پٹکنا - سر کا دھکا مارنا - مُونڈ مارنا (۲) بیدلی اور بے توجہی سے سجدہ کرنا دکھاوے کی نماز پڑھنا (۳) کوشش کرنا - سعی کرنا - تندہی کرنا + بیفائدہ کوشش کرنا (۴) سر سے لڑنا - مستک بازی کرنا - مُونڈ بھڑانا +

ٹکّراتا پھرنا - ہ - فعل لازم - تلاش کرتے پھرنا - ڈھونڈتے پھرنا - ڈانواں ڈول پھرنا - سرگرداں پھرنا +

ٹکرانا - ہ - فعل لازم (۱) ٹکّر کھانا - لڑجانا - بھڑ جانا (۲) کسی چیز سے سر مارنا - ٹکّر لگانا (برق)

کیا نئی راہیں نکالیں رنج ہجر یار میں +
سر کے ٹکرانے سے در بن بن گئی دیوار میں

(۳) ڈھونڈنا - تلاش کرنا + (رِلنشا)

ٹکراتے ہوئے پھرتے ہیں ہم کوچہ میں اُسکے
کیا کیجئے دروازہ اِدھر بند اُدھر بند +

(۴) ڈانواں ڈول پھرنا - حیران و سرگرداں پھرنا (۵) اندھیرے میں یا اندھیری جگہ میں ڈھونڈنا - ٹٹولنا

ٹکّڑ - ہ - اسم مذکر - موٹی اور سخت روٹی جیسے تندور کی ٹکّڑ

ٹکّڑ گدا - ہ - اسم مذکر - بھکاری - بھیک مانگنے والا فقیر ٹکڑے مانگنے والا فقیر +

ٹکڑا - ہ - اسم مذکر (۱) حصّہ - بھاگ - جُز - پارہ - قطعہ - پرزہ پھانک - پرچہ - ریزہ - ٹوک (۲) روٹی کا نوالہ - کور - لُقمہ + روٹی - رزق - روزی جیسے لگا لگایا ٹکڑا کھو دیا

ٹکڑا توڑ کر - یا - ٹکڑا سا جواب دینا - ۱ - فعل متعدی سخت جواب دینا - جواب صاف دینا - صاف انکار کر دینا - دوٹوک جواب دینا - بیمروّت ہو کر جواب دینا

+ لگی لپٹی نہ رکھنا ۔ صاف صاف کہنا +

ٹکڑا دینا ۔ ف ۔ فعل متعدی (۱) روٹی کا ٹکڑا فقیر وغیرہ کو دینا (۲) رزق دینا ۔ روٹی دینا ۔ وظیفہ دینا جیسے سرکار ٹکڑا دیتی ہے تو کھاتے ہیں +

ٹکڑا سا توڑ کے ہاتھ میں دینا ۔ ف ۔ فعل متعدی سخت درشت جواب دینا ۔ کچھ لگی لپٹی نہ رکھنا ۔ دوٹوک جواب دینا +

ٹکڑا مانگنا ۔ ف ۔ فعل لازم ۔ بھیک مانگنا ۔ گدائی کرنا +

ٹکڑوں پر پڑنا ۔ ف ۔ فعل لازم ۔ پرائی روٹی پر پڑنا ۔ دوسرے کی کمائی میں سے کھانا دوسرے کے سہارے پر رہنا ۔ مفت کی روٹیاں کھانا +

ٹکڑے ۔ ف ۔ (ٹکڑا کی جمع) +

ٹکڑے اڑانا ۔ ف ۔ فعل متعدی ۔ پرزے اڑانا کسیکے اعضا کا تلوار وغیرہ سے پارہ پارہ کرنا + کھال اڑانا + دھجی دھجی کرنا ۔ پھاڑنا +

ٹکڑے اڑنا ۔ ف ۔ فعل لازم ۔ پرزے پرزے ہونا دھجی دھجی ہونا ۔ پاش پاش ہونا +

ٹکڑے پکانا ۔ ف ۔ فعل لازم ۔ سوکھی روٹی یا نان پاؤ کو توڑ کر قند یا شکر اور دودھ گھی ڈالکر پکانا +

ٹکڑے توڑنا ۔ ف ۔ فعل متعدی ۔ مفت کی روٹیاں کھانا کسیکے دسترخوان پر ہمیشہ مفت کی روٹی کھانا +

ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔ ف ۔ فعل متعدی ۔ پرزے پرزے کرنا ۔ قیمہ قیمہ کرنا ۔ دھجی دھجی کرنا ۔ پارہ پارہ کرنا ۔ پاش پاش کرنا +

ٹکڑے کرنا ۔ ف ۔ فعل متعدی (۱) پرزے کرنا ۔ توڑنا ٹوک کرنا (۲) حصہ کرنا ۔ بانٹنا +

ٹکڑی ۔ ف ۔ اسم مؤنث (۱) شیشے یا آئینہ کا ٹکڑا ۔ پرکالہ (۲) کبوتروں کا پرا + پرندوں کا جھلڑ ۔ جانوروں کا غول (ناسخ)

یاد آجاتی ہے ٹکڑی اُس کبوتر باز کی
کیا اُڑا دیتے ہیں میری نیند تارے رات کو

(۳) گروہ ۔ دستہ ۔ جتھا ۔ زمرہ جیسے یاروں کی ٹکڑی (۴ ۔ عوام) کپڑے کا تھان + طاقہ +

ٹکس ۔ انگلش ۔ صحیح TAX ٹیکس ۔ اسم مذکر محصول ۔ کر +

ٹکسا ۔ ف ۔ صفت (گنوار) ذرا سا ۔ تنک سا ۔ رتی بھر

ٹکسال ۔ ف ۔ اسم مؤنث ۔ مرکب از (ٹنگ + پھال) دارالضرب ۔ سکہ خانہ ۔ روپیہ پیسا بنانے کا کارخانہ وہ جگہ جہاں چاندی سونے کا سکہ بنے +

ٹکسال باہر ۔ ا ۔ صفت ۔ وہ روپیہ پیسہ جیسے دارالضرب میں نہ بنایا ہو ۔ یا دارالضرب کے سکہ سے خارج ہو ۔ غیر معتبر ۔ غیر مروج ۔ غیر مستند ۔ متروک + وہ شخص جو کسی فن یا ہنر میں کسی معتبر استاد کا شاگرد نہ ہو ۔ وہ محاورہ جو اہل زبان نہ بولتے ہوں +

ٹکسال چڑھنا ۔ ف ۔ فعل لازم (۱) کھرا کھوٹا پرکھا جانا دارالضرب میں پرکھا جاکر رائج ہونا (۲) کسی فن یا ہنر میں ذی اعتبار و کامل تصور کیا جانا ۔ استاد تسلیم ہونا ماہر و کامل مانا جانا ۔ مستند ہونا ۔ کسی علم یا فن کا پاس کرنا (۳) بیحیائی میں کامل ہو جانا ۔ رسوائی میں کوئی دقیقہ باقی نہ رہنا + نہایت گستاخ ہو جانا +

ٹکسال کا کھوٹا ۔ ف ۔ صفت ۔ بدذات ۔ حرامزادہ کمینہ کم اصل ۔ ناتعلیم یافتہ ۔ غیر مہذب ۔ گستاخ ۔ بے تمیز الطبع

ٹکسالی ۔ ف ۔ اسم مذکر (۱) داروغہ دارالضرب (۲) ۔ صفت کھرا ۔ اصل ۔ درست + آزمودہ ۔ امتحان کردہ ۔ آزمایا ہوا جانچا ہوا ۔ پاس شدہ (۳ ۔ صفت) رائج ۔ مروج ۔ تسلیم کیا ہوا

لما ہوا مستند +

ٹکسالی بات - ہ - اسم مؤنث - پکّی اور جچی ہوئی بات + کھری بات +

ٹکسالی بولی یا زبان - ا - اسم مؤنث - مانی ہوئی اور فصحا و اہلِ زباں کی تسلیم کی ہوئی زبان - زبانِ فصیح مستند زبان +

ٹِکلی - ہ - اسم مؤنث (پورب) بندی - ماتھے کا زیور - ستارہ

ٹِکنا - ہ - فعل لازم (۱) ٹھیرنا - قیام کرنا - مقیم ہونا - رہنا فروکش ہونا + رکنا (۲) تہ نشین ہونا - نیچے بیٹھنا

ٹکنا - ہ - فعل لازم (۱) سِلنا - ٹانکا جانا - جڑا جانا - پرویا جانا (۲) سوہن یا ریتی کے خار نکالنا - تیزی سے سوہن کا تیز ہونا

ٹکور - ہ - اسم مؤنث (۱) ضرب - چوٹ - ہلکا دھکا - ٹھیس (۲) پوٹلی میں جھونسی یا ریت گرم کر کے سینکنا (۳) نوبت کی آواز - صدائے نقارہ (میر حسن)

ٹکوروں میں نوبت کی شہنا کی دھن
ٹھکّر سننے والوں کو کہتی تھی سن

نوبت سنی نہ صبح شبِ وصلِ یار کی
(بحر) ٹکرا کے سر کو مر گئے پہلی ٹکور پر

ٹکورا - ہ - اسم مذکر - ڈونگا - نوبت کی آواز (مغفور)

وفائے وعدۂ دیدارِ جاناں ہے جو محشر پر
تو نفخِ صورِ اسرافیل نوبت کا ٹکورا ہے

(حضرتِ ظفر نے بھی ٹکورا باندھا ہے مگر آجکل کی بول چال میں ٹکور زیادہ سننے میں آیا ہے (ظفر) ہر ٹکورے پہ ہے نوبت کی طرح دل اپنا اب تو نوبت ہے لگا کرنے یہ نوبت تیکھا) :

ٹکورنا - ہ - فعل متعدی - عوام - سینکنا - پوٹلی سے سینکنا

ٹکھائی - ہ - اسم مؤنث - وہ عورت جو ٹکے ٹکے پر غلان کرائے - گھٹیل کسبی - اونی درجہ کی رنڈی +

ٹِکّی - ہ - اسم مؤنث (کہاوتوں میں) ٹکیا - چھوٹی روٹی

ٹِکیا - ہ - اسم مؤنث (۱) چھوٹی روٹی (۲) چکتی - گٹّی - قرص (۳) تمباکو کی گول گٹّی جو چلم میں بھر کر پیتے ہیں سلفہ کے خلاف (۴) ٹپڑی - لگدی (۵ - عو) ماتھا پیشانی - ناصیہ +

ٹکے - ہ - (۱) ٹکا کی جمع - (۲) حروفِ مغیرہ کی اثر کی صورت جیسے الف کو یائے مجہول سے بدل دیا +

ٹکے کی ہنڈیا میں ٹاٹ کا ٹکڑا - ہ - کہاوت ارزاں بعلت سستی چیزوں میں کچھ نہ کچھ نقص ضرور ہوتا ہے

ٹکے گز کی چال - ہ - اسم مؤنث - میانہ روی - کفایت شعاری سے بسر اوقات کرنا +

ٹکے گِنا - ہ - فعل متعدی - حقّہ کا کڑکے سے بولنا -

ٹِلّا - ہ - اسم مذکر (بازاری) دھکا + ٹکور - ضرب +

ٹِلّا نویسی - ا - اسم مؤنث - دھکے لکھنا - ناجائز خدمت خدمت بیجا و نامناسب + لاحاصل اور بے سود کام +

ٹلّا نویسی کرنا - ا - فعل لازم - لغوی معنی دھکے لینا یا لکھنا - اصطلاحی وقت ضایع کرنا - خدمت بیجا کرنا - خالی پھرنا - خوشامد کا کام کرنا - ناجائز خدمت کرنا + حیلہ و حوالہ کرنا - بہانہ کرنا + بیکار پھرنا +

ٹلانا - ہ - فعل متعدی - عوام - (دیکھو ٹالنا) +

ٹِلٹِلانا - ہ - فعل لازم - دستوں کے باعث آواز دُبر نکلنا - دست آنا +

ٹلجانا - ہ - فعل لازم (۱) سرک جانا - ہٹ جانا - بے جگہ ہو جانا جیسے ناف یا ٹلے کا ٹل جانا (۲) چلا جانا - علیحدہ ہو جانا - ٹہل جانا (۳) گزر جانا - نکل جانا - بیت جانا + غائب ہو جانا

ٹُلکنا - ہ - فعل لازم (۱) آہستہ آہستہ چلنا - سہج سہج چلنا (۲ گنوار) گزرنا - مرنا - ٹہلنا (۳ - گنوار) پھل گرنا - پھل ٹپکنا

ٹلنا - ہ - فعل لازم (۱) جگہ سے ہٹنا - بے جگہ ہونا - سرکنا - کِسنا + الگ ہونا - بچنا (۲) غایب ہونا - چلا جانا (۳) بہانے سے چلا جانا (۴) آہستہ آہستہ چلا جانا (۵) گزرنا - بیتنا +

ٹِلوا - ہ - اِسم مذکر (۱) - گرہ دار ٹیڑھی اور چھوٹی گیڑی - خمدار اور گٹھیلی لکڑی (۲) اُسترہ - سر مونڈنے کا آلہ جیسے کالے پہاڑ پر ٹلوا ناچے (اُسترہ کی پہیلی) ۳ - پُورب خوشامدی - چاپلوس +

ٹِلی لِلی - ہ - اِسم مؤنث - چٹکی انگلی بجا کر چڑانے کی آواز

ٹلے نویسی - ہ - اِسم مؤنث - دیکھو (ٹلا نویسی) +

ٹِمّا - ہ - اِسم مذکر (بازاریان لکھنؤ) بونا آدمی - ٹھنگنا اور کم رُو آدمی +

ٹِماک - یا **ٹِماخ** - ہ - اِسم مؤنث دعو (عو) تو تکی نمود - غرور + کرّوفر - شان شوکت - نخوت - بناؤ سنگار - ٹیپ ٹاپ ٹھسا

ٹمڈم - اِنگلش - اسم مؤنث (صحیح Tandom ٹنڈم) دو پہیے کی انگریزی گاڑی جس پر سایہ وغیرہ نہیں ہوتا

ٹِمٹمانا - ہ - فعل لازم (۱) کم کم روشنی دینا - جھلملانا - ستاروں کی سی روشنی دینا + چراغ کا بجھنے کے قریب ہونا (۲) قریب مرگ ہونا - کوئی دم کی زندگی ہونا - مرنے کے قریب ہونا (۳) جب آنکھیں ٹمٹمانا کہیں گے تو وہاں ذرا سی آنکھیں کھول لینے سے مراد ہوگی جیسے آرسی مصحف میں کہنے سُننے سے دُلہن ذرا کی ذرا آنکھیں نیم باز کرکے بند کر لیتی ہے) +

ٹَن - ہ - اِسم مؤنث (۱) گھنٹے یا کسی دھاتی ظرف کی آواز - ٹنکار - جھنکار (۲) پُورب) غرور - گھمنڈ - نمود - شیخی (۳ - لکھنؤ) پچ - پاسِ سخن +

ٹَن - اِنگلش Ton اسم مذکر - ۲۸ من کا وزن ۲۲۴۰ پونڈ کا وزن +

ٹِن - اِنگلش + Tin اسم مذکر (۱) ٹین - انگریزی لوہا

ایک مُلایم دھات کا نام - لوہے کے قلعی دار تختے (۲) ڈِبّا - رکابی (اصل میں ٹین رانگ اور قلعی کو کہتے ہیں چونکہ اِس لوہے پر رانگ کی قلعی کردیتے ہیں اسوجہ سے یہ نام ہو گیا)

ٹَنّا - ہ - اِسم مذکر (۱) وُہ گوشت کا بڑھا ہوا ٹکڑا جو عورت کی فرج کے دونوں پتّوں کے بیچ میں ہوتا ہے جسے عربی میں بظر فارسی میں خروسہ ترکی میں تلاق کہتے ہیں (۲ - بازاری) فرج - قُبُل - عورت کا اندامِ نہانی (دہلی کے بازاری آدمی اِسکو ٹمٹراں زیادہ بولتے ہیں) +

ٹُنّا - ہ - اِسم مذکر - بینگن یا کدو وغیرہ کا ناکو - وُہ لکڑی جو پھل کی بینڈی میں ہوتی ہے +

ٹنٹا - ہ - اِسم مذکر - جھگڑا - قضیہ - مُناقشہ - راڑ - تکرار - حُجت - پرخاش - چُنان چُنیں - ردّوکد - ردّ و بدل

ٹُنڈا - ہ - اِسم مذکر - بِن ہاتھ کا آدمی - ہاتھ کٹا آدمی - ایک ہاتھ کا آدمی - لُنجہ +

ٹَن ٹَن - ہ - اِسم مؤنث - دھاتی برتن یا چیز کی آواز - گھنٹے کی آواز +

ٹَنٹنانا - ہ - فعل متعدی - گھنٹہ بجانا - ٹن ٹن کرنا - (بضم تائے ثقیلہ بھی جائز ہے) +

ٹُنچ - ہ - صفت (بازاری) کم - حقیر - خفیف - ذرا سا - کم مایہ - کم ظرف - ٹُچّا +

ٹُنچ لڑانا - ہ - فعل متعدی (بازاری) تھوڑی سی پونجی سی کوئی کام یا جوا شروع کرنا - آہستہ آہستہ جیتنا +

ٹَنچ - ہ - صفت (بازاری) (۱) مستعد - تیار - آمادہ کمر بستہ (۲ - پُورب) بخیل + کٹھور - سنگدل +

ٹُنڈ - ہ - اِسم مذکر - کٹا ہوا ہاتھ یا شاخ +

ٹُنڈا - ہ - صفت - بن ہاتھ کا - ہاتھ کٹا - لُنجہ - وُہ شخص جسکا ہاتھ کُہنی سے کٹا ہوا ہو +

ٹِنڈا - ہ - اسمِ مذکر - ایک قسم کا پھل جسکی ترکاری پکتی ہے ٹِینڈسی +

ٹُنڈی - ہ - اسمِ مؤنث (۱) گنوار) ناف - سُونڈی (۲) بازو - ڈنڑ (۳) وُہ عورت جسکا ایک ہاتھ نہو +

ٹُنڈیاں - ہ - ٹُنڈی کی جمع +

ٹُنڈیاں باندھنا
ٹُنڈیاں کسنا } - ہ - فعل متعدی - عو - مُشکیں باندھنا - گنہگار یا مُجرم کے ہاتھ خواہ بازووں کو جکڑنا +

ٹُنڈیاں کھنچنا - ہ - فعل لازم - مُشکیں بندھنا + پکڑا جانا - گرفتار ہونا - بندھنا +

ٹَنڈیل - ہ - اسمِ مذکر (۱) داروغہ میگزین - خلاصیوں کا افسر (۲) میٹھ - ٹُلیوں کا افسر +

ٹَنڑان - ہ - اسمِ مذکر - (دیکھو ٹنڈا) +

ٹَنڑوں کا - ہ - صفت (بازاری) ایک سخت گالی - چھنال کا - قحبہ کا +

ٹَنکار - ہ - اسمِ مؤنث (ہندی) جھنکار - تانت کی آواز - کمان یا غلیل کی آواز +

ٹَنکارنا - ہ - فعل متعدی (ہندی) بجانا - آواز نکالنا - جھنکارنا - کمان کی تانت کو کھینچ کر آواز نکالنا - چینی یا کلی ظرف کو بجا کر ٹوٹا اور ثابت دیکھنا +

ٹَنگ - ہ - اسمِ مؤنث - ٹانگ کا مخفف +

ٹَنگڑی - ہ - اسمِ مؤنث - ٹانگ کی تصغیر +

ٹَنگڑی پر اُڑانا - ہ - فعل متعدی - ٹانگ کے داؤں سے گرانا - ٹانگ مار کر گرانا +

ٹَنگنا - ہ - فعل لازم (۱) لٹکنا - آویزاں ہونا (۲) پھانسی پر چڑھنا +

ٹُنہایا - ہ - اسمِ مذکر (دراصل میں ٹونا ہایا تھا) جادُوگر ٹونا کرنے والا - فسُوں گر - فسُوں ساز - افسُوں خواں

ٹُیّاں - ہ - صفت - چھوٹا - پستہ قد - بونا - ٹھِنگنا +

ٹُیّاں طوطا - ہ - اسمِ مذکر - ایک قسم کا توتا جو قد میں چھوٹا ہوتا ہے - لَیبری کے خلاف +

ٹُوپ - ہ - اسمِ مذکر (۱) بڑی ٹوپی - رُوئیدار ٹوپی جو اکثر جاڑوں میں پہنتے ہیں جیسے کنٹوپ (۲) خود - مِغفر - وُہ لوہے کی ٹوپی جو لڑائی کے وقت پہن لیتے ہیں (۳) غلاف - پوشش (۴) انگشتانہ +

ٹُوپا - ہ - اسمِ مذکر - عو - ٹانکا - دوخت - سیون +

ٹوپا بھرنا - ہ - فعل متعدی - عو - سینا - ٹانکا لگانا - ٹانکا بھرنا +

ٹُوپی - ہ - اسمِ مؤنث (۱) کُلاہ - تاج - مکٹ (۲) بندوق کا پٹاخا (۳) وُہ تھیلی جو شکاری جانور کے مُنہ پر چڑھاتے ہیں - طُماغہ + (وزیر)

وُہ بدگماں ہُوں کہ خط دیکھے بند کیں آنکھیں
چڑھائی باز کی ٹوپی سر کبوتر پر +

(۴) حشفہ - سرِ ذکر - شپارا - سُپیاری (۵) پھل کے اُوپر کا خول - ٹاٹ (۶) کنایۃً از اقوام یُورپ جیسے بارہ ٹوپیاں مشہور ہیں شاید بلحاظ طرز مختلفہ یہ بات قرار دے لی ہو ورنہ ملک اور قومیں تو اس تعداد سے زیادہ ہیں) +

ٹوپی اُچھالنا - ہ - فعل متعدی (۱) وجد اور خوشی کرنا خوشی میں کُودنا - ہُرّے ہُرّے پکارنا (یہ محاورہ اصل میں انگریزی سے لیا گیا ہے مگر خواجہ آتش وغیرہ شعراے لکھنؤ نے اُردُو میں بھی اسکا استعمال کیا ہے اور فارسی میں بھی کُلاہ بر آسمان انداختن و کلاہ بہوا انداختن پایا جاتا ہے لیکن یہ رواج حال سے ہوا ہے

(خواجہ آتش) اترے ہو تم جو غسل کو عالم ہے وجد کا + دریا اچھالتا ہے کلاہ حباب کو۔ (نامعلوم) آیا ہے جب سے ساقی اللہ رے جوش شادی + شیشے بھی انجمن میں ٹوپی اچھالتے ہیں) +
(۲) پگڑی اچھالنا۔ بے عزتی کرنا +

ٹوپی اُچھلنا - ھ - فعل لازم (۱) وجد اور خوشی کا عالم ہونا (۲) بے عزتی ہونا +

ٹوپی بدلنا - ہ - فعل متعدی - کسی کو بھائی بنانا - نہایت اتحاد پیدا کرنا - بھائی چارہ کرنا (آتش)
آئے جو کیف مے میں دہ گلگشت باغ کو
غنچے سے ٹوپی لالے سے پگڑی بدل چلے

ٹوپی بدل بھائی - ہ - اسم مذکر - وہ دوست جسے ٹوپی بدلکر دینی یا دنیوی بھائی بنایا ہو +

ٹوپی دار بندوق - ہ - اسم مؤنث - ٹپا خہ دار بندوق وہ بندوق جو ٹپاخہ کے وسیلہ سے چلے - توڑے دار کے خلاف +

ٹوپی والا - ھ - اسم مذکر (۱) ٹوپی پہننے والا - قطعۂ میر تقی
دلی کے کجکلاہ لڑکوں نے   کام عشاق کا تمام کیا
کوئی عاشق نظر نہیں آتا   ٹوپی والوں نے قتل عام کیا
(۲) افواج قزلباش درانی اور ولایتی آدمی جو اوّل اوّل سرخ ٹوپیاں پہنے ہوئے نادر شاہ اور احمد شاہ کے ہمراہ ۱۷۳۹ء اور ۱۷۵۹ء میں ہندوستان میں آئے تھے

(قطعۂ شاہ نصیر)
کم نہیں کچھ ٹوپی والوں سے وہ طفل کجکلاہ
دیکھنے تنہا دلا ہم اسکو کیونکر جائیں گے
اسکے کوچے میں گزارا کب ہوا بے فوج شوق
ساتھ اپنے لیکے درانی کا لشکر جائینگے

(۳) فرنگی - انگریز - یورپین +

ٹوپی سے بھی مشورہ کرنا چاہیے - ا - مثل - (یعنی بے مشورہ کوئی کام نہیں چاہیے اگر آدمی نہ ملے تو ٹوپی ہی سہی (میر تقی) کہتے ہیں اپنی ٹوپی سے بھی مشورت کرو + ترقصد ترک سر سے کبھو شرم مت کرو) +

ٹوٹ - ھ - اسم مؤنث (۱) پھوٹ - ٹوٹن - شکستگی (۲) وہ عبارت یا رہا ہوا فقرہ جو بعد میں بوقت صحت حاشیہ پر چڑھا دیتے ہیں - ترک - تکملہ +

ٹوٹ پڑنا - ھ - فعل لازم - ہمہ تن مصروف ہو کر کسی کام میں جھک پڑنا - گر پڑنا + حملہ کرنا - دھاوا کرنا - پل پڑنا + نہایت خواہش ظاہر کرنا - کسی چیز کے خریدنے یا لینے پر ہجوم کرنا - ازدحام کرنا +

ٹوٹ پھوٹ - ھ - اسم مؤنث (۱) ٹوٹن پھوٹن - شکستگی - چورا چار (۲) چھانٹ - ریزہ - ریزگی +

ٹوٹ پھوٹ کر ملنا - ھ - فعل لازم - ایک جان ہو کر ملنا - ریزہ ریزہ ہو کر آمیز ہونا (نامعلوم)
کیونکر حباب ہو سکیں دریا سے بیکراں
دریا سے جب تلک نہ ملیں ٹوٹ پھوٹ کر

ٹوٹ جانا - ھ - فعل لازم (۱) شکستہ ہونا - پھوٹ جانا (۲) علیحدہ ہو جانا - جدا ہو جانا جیسے اُس سے ٹوٹ گیا اور ہمسے ملگیا (۳) بیماری سے مضمحل اور کمزور ہو جانا (۴) پانی کم ہو جانا - تہ نکل آنا جیسے کنواں ٹوٹ جانا (۵) توڑا ہو جانا - کمی ہو جانا (۶) قطع تعلق ہونا + دشمن ہو جانا - اکھڑ جانا +

ٹوٹ کر برسنا - یا - **ٹوٹ ٹوٹ کر برسنا** - ھ - فعل لازم - شدت سے برسنا - چھاجوں مینہ برسنا - موسلا دھار پڑنا +

ٹوٹ کر گرنا - ھ - فعل لازم - ہجوم کرکے حملہ کرنا - چاروں طرف سے گرنا - ہمہ تن متوجہ ہو کر کسی کام سے لگے ہونا

ٹُوٹا - ہ - صفت (۱) شکستہ - پھُوٹا ہوا + ناقص - مرمّت طلب (۲) مضمحل - خستہ - تھکا ماندہ +

ٹُوٹا پھُوٹا - ہ - صفت - دیکھو (ٹُوٹا نمبرا) +

ٹُوٹا - ہ - اسم مذکر (۱) بانس کا ٹکڑا (۲) چربی کی بتّی کا بچا ہوا ٹکڑا (۳) نقصان - خسارہ (۴) کارتُوس (۵) بندوق کمی - توڑا جیسے اس چیز کا ٹوٹا نہیں ہے (دوہا)

کُبجا کو دوش کہا دیجے سکھی اپنا شام کھوٹا

آپ آئے نہ چٹھیا پٹھائے کاگد کا کیا ٹوٹا +

(۶) معاوضہ - تاوان - حرجانہ (۷) ایک قسم کی آتشبازی

ٹُوٹا اُٹھانا - یا - سہنا - ہ - فعل لازم - خسارہ اٹھانا - نقصان اُٹھانا +

ٹُوٹا بھرنا - یا - دینا - ہ - فعل متعدی - تاوان بھرنا - خسارہ پُورا کرنا - معاوضہ دینا - نقصان پُورا کرنا +

ٹُوٹا پڑنا - ہ - فعل لازم (۱) کمی ہونا - توڑا ہونا (۲) نقصان ہونا - خسارہ ہونا +

ٹُوٹرُو - ہ - اسم مذکر (۱) ایک قسم کا پرند جو فاختہ سے چھوٹا اور دُبلا پتلا اُسی قسم میں سے ہوتا ہے (۲) بھنگ کا فُضلہ - بھنگ کا پھوک +

ٹُوٹرُو سا - ہ - صفت - اکیلا - تنہا - واحد +

ٹُوٹرُو سا دم - ل - اسم مذکر - عو - اکیلا دم - تنہا جان - جان واحد +

ٹُوٹکا - ہ - اسم مذکر - افسُوں - جادُو - ٹونا - طلسم - تنتر - سحر - ٹلکا - جنتر منتر (وہ جتن جو عورتیں کسی مرض کے دفع یا کسی بات کے حاصل کرنے کے واسطے کرتی ہیں) +

ٹوٹکا کرنا - ہ - فعل متعدی (۱) جادُو کرنا - ٹلکا کرنا - جتن کرنا - اُپائے کرنا +

ٹوٹکا کرنے آنا - ہ - فعل لازم - عو - جلدی آکر چلا جانا - آگ لینے آنا - کھڑے کھڑے آنا +

ٹُوٹکا ہونا - ہ - فعل لازم (۱) جادُو ہونا - ٹونا ہونا - کسی بات کا جلدی سے ہو جانا +

ٹُوٹکے ہائی - ہ - اسم مؤنث - وُہ عورت جو ہر ایک کے بچوں اور بال بچے والی عورت پر جادُو ٹونا کرتی پھرے

ٹُوٹنا - ہ - فعل لازم (۱) شکستہ ہونا - ٹکڑے ہونا - پھُوٹنا (۲) کسی پر ہجُوم کرنا - مِلکر حملہ آور ہونا (۳) گرنا - جھکنا پڑنا جیسے چیل کا کسی چیز پر ٹُوٹنا (۴) علیحدہ ہونا - جُدا ہونا - اُکھڑنا جیسے گواہ ٹُوٹنا (آتش)

سیرِ گلشن میں اگر ٹُوٹے ترا بند نقاب

رنگ اُڑے رُخسارِ گُل سے سرو بستاں کا دم ہو

(۵) کم ہونا - تہ نکل آنا جیسے کنوئے کا پانی ٹُوٹنا (۶) پھُوٹنا - نہر یا نالی کے اندر سے باہر نکل جانا - جیسے نہر کا پانی ٹُوٹنا (۷) توڑا ہونا - کمی ہونا (۸) کمزور ہونا - ناتواں ہونا - مضمحل ہونا - طاقت نہ رہنا (۹) مُفلس ہو جانا - مفلوک ہو جانا - تنگدست ہونا (۱۰) اعضا شکنی ہونا - جوڑوں میں درد ہونا جیسے بدن ٹُوٹنا (۱۱) پھل اترنا جیسے مرچیں ٹُوٹنا - شہتُوت ٹُوٹنا (۱۲) مَوت آنا - مرنا جیسے ٹُوتی کی بُوٹی نہیں (۱۳) بقایا میں پڑنا جیسے اتنے روپے ٹُوٹتے رہے (۱۴) واقع ہونا - وارد ہونا جیسے غم یا آفت یا غضب ٹُوٹنا (۱۵) تباہ و برباد ہونا (۱۶) چرنا - پھٹنا - جیسے پھٹ پڑے وُہ سونا جس سے ٹُوٹیں کان +

ٹُوٹی بانہہ گلے پڑنا - ہ - فعل لازم - دُوسرے کا بوجھ اپنے اُوپر پڑنا - اپاہج کا خرچ اپنے ذمّہ ہونا

ٹُوڑا - ہ - صفت - بدوضع - بےڈھنگم - ناموزُوں - پستہ قد ٹھنگنا - بَونا - قصیر القامت +

لہ کاغذ - ہندی والوں کا تصرف +

ٹوڈی - ہ - اسم مؤنث (ایک راگنی کا نام جسے بود کا اور ٹوڈی بھی کہتے ہیں محمد شاہ رنگیلے کو یہ راگنی بہت پسند تھی کہتے ہیں جس وقت نادر شاہ آیا تو آپ اُس وقت اسی راگنی کو سن رہے تھے جب خبردار نے خبر دی تو کہا کچھ ہی ہو پر میری ٹوڈی نہ بگڑے ایک صاحب نے اِسے بیاے مجہول لکھا ہے مگر ہمنے کبھی نہیں سُنا ۞

ٹوسا - ہ - اسم مذکر (گنوار) ڈوڈا - آکھ کا پھل (۲) ریشہ پھوسڑا - تُس +

ٹوک - ہ - اسم مذکر (ہندو) ٹکڑا - پارچہ +

ٹوک - ہ - اسم مؤنث - عو - (۱) نظر گزر - نحوست جیسے بچہ ٹوک میں آگیا (۲) مزاحمت - ممانعت - روک تعرض - لیکن اس معنی میں روک کے ساتھ بولتے ہیں

ٹوک ٹاک - ہ - اسم مؤنث - روک ٹوک - مزاحمت ممانعت - ٹوکا ٹاکی - پوچھ گچھ +

ٹوک میں آنا - ہ - فعل لازم - عو - نحوست میں آنا نظر لگنا +

ٹوکرا - ہ - اسم مذکر (۱) سبد - جھلی - جھابا - ڈلا - چھبڑا جھوا - جھلا - بانس یا جھاؤ وغیرہ کا بنا ہوا ظرف -

(امداد علی بحر) سنئیے آوازہ کسنے ہیں مری دستار پر
ٹوکرا کب تک یہ سر پر عزت و توقیر کا

(۲) چھوٹی سی ایک قسم کی کشتی - ڈونگا - بجرا +

ٹوکری - ہ - اسم مؤنث - جھلی - چھبڑی - ڈلیا - چھبڑی

ٹوکری ڈھونا - ہ - فعل متعدی - قلی کا کام کرنا ادنیٰ درجہ کی مزدوری کرنا - چھبڑی اُٹھانا +

ٹوکرے پر ہاتھ رہنا - ہ - فعل لازم (گنوار) بھرم بندھا رہنا - عزت رہنا +

ٹوکنا - ہ - اسم مذکر (ہندو) کلسا - پانی رکھنے کا ایک بڑا برنجی ظرف +

ٹوکنا - ہ - فعل متعدی (۱) روکنا - تعرض کرنا - مزاحم ہونا (۲) پوچھنا - دریافت کرنا - سوال کرنا (۳) دعوت جنگ دینا - ایک پہلوان کا دوسرے پہلوان کو لڑنے کے واسطے کہنا (۴) نحوسنا - نظر لگانا - حسد کرنا - جلنا - سوخت ہونا (مظہر جانجاناں)

خدا کے واسطے اسکو نہ ٹوکو - یہی ایک شہر میں قاصد ہا ہے

ٹوکی - ہ - اسم مؤنث (گنواری عو) وہ کپڑا جو ملک کے اوپر لگایا جاتا ہے +

ٹول - ا - اسم مذکر (یہ لفظ Twill ٹوئل کا بگڑا ہوا ہے پورب اور دیہات میں زیادہ بولا جاتا ہے) + ایک قسم کا سُرخ کپڑا - قند +

ٹول - ہ - اسم مذکر - عوام (۱) صدمہ - دھکا (۲) بند - نطفہ جیسے حرامی ٹول (۳) گروہ - کمپنی - جتھا (۴) چھوٹا گاؤں ۞

ٹول - انگلش - Toll اسم مذکر - سڑک کا محصول کر - چنگی +

ٹول کلکٹر - انگلش Tollcollector اسم مذکر محصول وصول کرنے والا +

ٹولا - ہ - اسم مذکر (۱) پورب) محلہ - کوچہ (۲) ٹھونگ مخلب (۳ - گنوار) گرٹ - سنگریزہ - پتھر یا اینٹ کا ٹکڑا - روڑا +

ٹولی - ہ - اسم مؤنث (۱) گروہ - جتھا - جماعت - پرا ٹکڑی - غول - طائفہ (۲) پتھر کی سل - بھاری پتھر

ٹوم - ہ - اسم مؤنث (۱) گہنا پاتا - زیور - ابھرن - بھوشن - سنگار (۲) خوبصورت عورت (۳) سونے کی چڑیا - مالدار عورت (۴) چالاک اور ہوشیار آدمی چلتا پرزہ - جب وم دینا کہینگے تو وہاں کبوتر کو چھتری پر سے اُبھارنا مراد ہوگی

ٹوم ٹام - ہ - اسم مؤنث (۱) گہنا پاتا - زیور ویور (۲) اکا دکا - کوئی کوئی - چند +

ٹوم چھلا - ہ - اسم مذکر - چھوٹا موٹا گہنا - ادنیٰ قسم کا زیور +

ٹوں - ہ - اسم مؤنث - آوازِ گوز - پوں +

ٹونا - ہ - اسم مذکر (۱) جادو - افسوں - منتر - سحر - (۲ - عو) ایک قسم کا گیت جو شادی میں ڈومنیاں آرسی مصحف کے وقت گاتی اور دولہا سے ٹونا لگنے کا اقرار کراتی ہیں +

(ٹونا)

ہرا لے بنے لاڈلے پر میں ایسا ٹونا بناؤں گی +
جب دیکھے کہ میرا ہی دیکھے میں تو سنگ لگائے پھرو نگی

ٹونا ہائی } - ہ - اسم مؤنث - جادوگرنی - وہ عورت
ٹونہائی } جو برائے بچوں اور عورتوں کو ٹوٹکا کرتی پھرے + وہ عورت جو منتر اور جھاڑ پھونک سے علاج کرے +

ٹونٹ - ہ - اسم مؤنث (پورب) چونچ - منقار +

ٹونٹی - ہ - اسم مؤنث - آبریز - لولہ + پرنالہ - خرطوم لوٹے یا بدھنے وغیرہ کی نلی جس میں سے پانی نکالتی ہیں

ٹونڈی - ہ - اسم مؤنث (۱ - پورب) سونڈی - ناف - نابھی (۲ - ہریانہ) گاجر مولی وغیرہ اس قسم کی ترکاری کی نوک +

ٹون - انگلش Town اسم مذکر - قریہ - قصبہ نگری + شہر - بلدہ - نگر - پور +

ٹون ڈیوٹی - انگلش Town duty اسم مؤنث - چنگی - پونٹولی - شہر میں اشیا کے آنے کا محصول

ٹون ہال - انگلش Town hall اسم مذکر (۱) پنچایتی مکان - چوپال (۲) دیوان عام - ایوان گورنری +

ٹوہ - ہ - اسم مؤنث - ٹٹول تجسس جستجو - کھوج - تلاش تفحص - ڈھونڈ + دیکھ بھال - نگہبانی +

ٹوہ بوہ رکھنا - ہ - فعل متعدی - عو - خبر رکھنا + حفاظت رکھنا

ٹوہ رکھنا - ہ - فعل متعدی - عو - ٹٹول رکھنا - خیال رکھنا - خبر رکھنا - تلاش رکھنا +

ٹوہ لگانا - ہ - فعل متعدی - کھوج لگانا - خبر لگانا - پتا لگانا - سراغ لگانا +

ٹوہ میں رہنا - ہ - فعل لازم - عو - تلاش میں رہنا عیب جوئی کے درپے رہنا - جیسے ساس نندیں ایک ایک بات کی ٹوہ میں رہتی ہیں +

ٹوہا ٹوئی - ہ - اسم مؤنث - چھان بین - دیکھ بھال ڈھونڈا ڈھانڈی - تلاش تجسس تفحص - ٹٹول +

ٹوہنا - ہ - فعل متعدی (۱) ڈھونڈنا - ٹٹولنا - تلاش کرنا - کھوج لگانا - (۲) ہاتھ ڈالنا - ہاتھ لگانا - چھیڑنا چھونا جیسے (مثل) میاں نے ٹوہی گھر بار سے کھوئی (لونڈی باندی کی نسبت بولتے ہیں)

ٹوہیا - ہ - اسم مذکر - تلاش کرنے والا - جاسوس - جوئندہ - متفحص - خبر لگانے والا - مخبر +

ٹوئی - ہ - اسم مؤنث (ہندو) نیزہ کی پوری - قلم - جوار باجرے کے بھٹیرے کی پوری +

ٹھا - ہ - اسم مؤنث (ہندو) ۱ - جگہ - ٹھاؤں - استھان مکان - مقام - ٹھور - ٹھکانا (۲) مدھم آواز - متوسط آواز - بیچ کی راس میں گانا بجانا - دون سے نصف - آواز کو گوتے ٹھا بولتے ہیں +

ٹھاٹ - ہ - اسم مذکر (۱) بانس کا چوکھٹا - ٹھاٹر + ٹھٹری پنجر + ڈھانچا - ڈھانچ (۲) فیشن - ڈھنگ - انداز

طور - طریقہ - ڈول (۳) زیب و زینت - بھڑک - شان و شوکت - کر و فر - تجمل - جاہ و حشم - دبدبہ (۴) جلوس سامان سواری - آرائش (۵) پٹا بازی میں کھڑے ہونے کا قاعدہ - پٹا بازوں کے پٹا کھیلنے کا انداز - پینترا - (۶) اسباب - مال و متاع - دھن دولت - جائداد جیسے سب ٹھاٹ پڑا رہجاویگا جب لاد چلیگا بنجارا - (۷) کبوتروں کا خوشی میں پروں کو جھڑجھڑانا + مرغ کا پر جھاڑ کر اذان دینا (۸) ستار کی کھونٹی کا درست کرنا (۹) مرغ کا مرغ سے لڑنے کو ڑہتے وقت کا انداز (۱۰) بہتات - افراط - کثرت - توڑا کے خلاف (ضلع ہریانہ میں بولتے ہیں) + (۱۱) ساز و سامان - تکلف

عم و اندوہ و حرماں ہیں مصاحب بوریا مسند

(اسیر) فقیری میں میسر ٹھاٹ ہے ہمکو امیری کا

(۱۲) ہنگامہ - دھوم دھام (۱۳) آرام - آسائش - چین - چان

ٹھاٹ باندھنا - ہ - فعل متعدی (۱) ٹھاٹر باندھنا ٹٹی باندھنا (۲) پٹا بازوں کا چوب بازی کے قاعدہ سے کھڑا ہونا (ہجر)

اڑے جو یار تو جھک کر لڑیں یہ لازم ہے

وہ ٹھاٹ باندھے جاکی ہو ہاتھ پالٹ کا

ٹھاٹ بدلنا - ہ - فعل متعدی (۱) نیا انداز بدلنا طرز بدلنا (۲) دوسرے انداز سے کھڑا ہونا - پینترا بدلنا

ٹھاٹ مارنا - ہ - فعل لازم (۱ - ہندو) موج کرنا مزے اڑانا - چین کرنا - موج مارنا (۲) مرغوں کا پروں کو جھڑجھڑانا - بال و پر مارنا - کبوتروں کا اڑنے کے واسطے پر جھڑجھڑانا +

ٹھاٹر - ہ - اسم مذکر (۱) ڈھانچ - ٹھٹری - ٹٹی - جعفری (۲) کبوتروں اور لڑائی کے مرغوں کے رہنے کا جال کبوتر خانہ - چڑیا خانہ (۳) روشنی کرنے کی ٹٹی جو اکثر خوشی یا دیوالی کے موقع پر بنائی جاتی ہے +

ٹھاٹر بندی - ۔ - اسم مونث - روشنی کی ٹٹیوں کا باندھنا +

ٹھاڈا - یا - ٹھاڑا - ہ - صفت (۱) کھڑا ہوا - استادہ (۲) طاقتور - توانا - مضبوط - قوی ہیکل - قوی جثہ ہٹا کٹا - زورآور - زبردست جیسے ٹھاڈا مارے اور آگے دھرلے +

ٹھاڈا رہنا - ہ - فعل لازم (گنوار) کھڑا رہنا - ڈٹا رہنا جیسے ٹھاڈا رہیو رے بانکے یار گگری میں گھر دھر آؤں

ٹھاکر - ہ - اسم مذکر (۱) دیوتا - ایشور (۲) دیوتا کی مورت (۳) سوامی - مالک - خداوند - سردار + زمیندار (۴) راجپوت - چھتری (۵) نائی - حجام (۶) ایک عزت کا لفظ جیسے حضرت - جناب - صاحب وغیرہ (۸) دولتمند - مالدار جیسے ٹھگائی سے ٹھاکر بنتا ہے (مثل)

ٹھاکر دوآرا - ہ - اسم مذکر - دیوتا استھان - وہ جگہ جہاں ٹھاکر جی کی مورت رہتی ہے - مندر - وہ مکان جسمیں رامچندر جی یا کرشن جی کی مورت ہو +

ٹھاکر سیوا - ہ - اسم مونث (۱) دیوتا کی پرستش دیوتا کی خدمت (۲) وہ جاگیر جو مندر کے واسطے وقف ہو - جاگیر وقف +

ٹھال - ہ - صفت (ہندو) خالی - بیکار - بے شغل نکما

ٹھالی - ہ - اسم مونث (ہندو) خالی - بیکار - بے روزگار بے شغل - نکما + فرصت + سوفتہ - سبیتا +

ٹھاں - ہ - اسم مذکر - بندوق کی آواز +

ٹھاں ٹھاں ہونا }
ٹھائیں ٹھائیں ہونا } - ہ - فعل لازم - بندوقیں چلنا - بندوقوں کی آواز

ٹھانسنا - ہ - فعل متعدی (۱) ٹھونسنا - کھچا کھچ بھرنا - خوب بھرنا - ٹھسا ٹھس بھرنا (۲) لوطی کا گھسیڑنا - دخول کرنا +

ٹھاننا - ہ - فعل متعدی (۱) پکا ارادہ کرنا - دلنشین کرنا - منصوبہ باندھنا (۲) ٹھیرانا - سوچنا - قرار دینا - نیت کر لینا

ٹھاؤں - ہ - اسم مونث (گنوار) استھان - جگہ - مقام - ٹھور - ٹھکانا +

ٹھائیں ٹھائیں - ہ - اسم مونث - دیکھو (ٹھاں ٹھاں) (۲) (لکھنؤ) ٹائیں ٹائیں - بیہودہ گفتگو - بیکار مباحثہ + کائیں کائیں - کاؤ کاؤ +

ٹھپا - ہ - اسم مذکر (۱) چھاپ - نقش - سکہ - ابھرواں نقش - مُہر (۲) نقش کرنے کا آلہ - پاسا - چھاپنے کا آلہ - سانچا (۳) ایک قسم کا چوڑا منقش بادلہ کا بنا ہوا گوٹا - + لیس +

ٹھپا لگانا - ہ - فعل متعدی - سکہ لگانا - نقش کرنا

ٹھٹ - ہ - اسم مذکر - عو (۱) ہجوم - ازدحام - بھیڑ - انبوہ - مجمع +

ٹھٹا - ہ - اسم مذکر (۱) ہنسی - کھلی - مذاق - مزاح - ہزل - چہل - تمسخر - ظرافت + ریشخند - تضحیک - استہزا + خندہ باآواز (۲) کار آسان - نہایت سہل +

ٹھٹا اڑانا - ہ - فعل متعدی - ہنسی اڑانا - تضحیک کرنا - کھلی کرنا - رسوا کرنا - ذلیل کرنا - مسخرا بنانا - احمق بنانا

ٹھٹا کرنا فعل متعدی - ہنسنا - چہل کرنا - کھلی کرنا - تمسخر کرنا + مسخرا بنانا - ٹھٹول کرنا +

ٹھٹا لگانا - ہ - فعل لازم (۱) ہنسنا - قہقہہ مارنا (۲ - متعدی) + چھیڑنا - ہنسی اڑانا +

ٹھٹا مارنا - ہ - فعل متعدی - قہقہہ لگانا +

ٹھٹرنا - ہ - فعل لازم (۱) اینٹھنا - ٹھنڈیانا - اکڑنا - افسردہ ہونا - سرد ہونا - (میر تقی)

اے آہ سرد عرصۂ محشر میں تخ جما +
جلتا ہوں میں سنوں کہ جہنم ٹھٹر گیا

(۲) سردی کے مارے سُن اور بے حس و حرکت ہونا +

(نکہت)
شب جو نالہ چرخ اوّل سے گزر کر رہ گیا
شاید آہ سحر کھینچی تھی ٹھٹر کر رہ گیا

(۳) درخت یا پودے یا انسان وغیرہ کا بڑھنے سے رہ جانا - قوت نامیہ کا زوال ہو جانا (۴) سکڑنا + (۵) کانپنا - کپکپانا - سردی سے لرزنا +

ٹھٹکنا - ہ - فعل لازم - اچانک رک جانا - متعجب ہو جانا - ٹھٹک ہو کر کھڑا ہو جانا - چلتے چلتے رک جانا - توقف کرنا - رکنا - ٹھیرنا + (میر حسن)

ٹھٹک کر وہ گھوڑے کا چلنا سنبھل +
ٹھٹک کے وہ دونوں طرف ہو

ٹھٹول - ہ - صفت (۱) ظریف - خوش طبع - ہنسی باز - ٹھٹھے باز - مسخرا (۲) ہنسی - مزاح - ظرافت - مذاق (عوام)

ٹھٹولی - ہ - اسم مونث - ہنسی - مزاح - مذاق - تمسخر - ٹھٹھے بازی - ظرافت - خوش طبعی - چھیڑ - چھیڑ خانی (ٹھمری)

ٹھٹولی نہیں ناہ کروں رست امواکے چھتیاں
چھوٹے چھوٹے ہوا عجب سیلی ریسکی سیلی ہوری

ٹھٹے باز - ا - صفت - دیکھو (ٹھٹول) +

ٹھٹے بازی - ہ - اسم مونث - دیکھو (ٹھٹولی)

ٹھٹے میں اڑانا - ہ - فعل متعدی - مسخرا بنانا - تضحیک کرنا - ہنسی میں اڑانا +

ٹھٹیرا - ہ - اسم مذکر (۱) پیتل کانسی تانبے کے برتن بنانے اور بیچنے والا - کسیرا - بھرتیا - سنگر (۲) پھنٹا

پھیپڑا۔ جوار باجرے کی لکڑی +

ٹھڈیرے ٹھڈیرے بدلائی ۔ ع۔ (مثل) دو ہم پلّہ ہم پیشہ وہم فن ہوشیار آدمیوں کا معاملہ۔ برابر کی ٹکر +

ٹھڈا ۔ ھ۔ اسم مذکر (۱) پتنگ یا کنکوے کی بیچ کی موٹی پتلی کھپچی۔ کانپ کے خلاف (۲) پیٹھ کی ہڈی۔ کمر کی ہڈی + ریڑھ کی ہڈی +

ٹھڈا اُوٹی ۔ ھ۔ صفت۔ کمرٹوٹی۔ کبڑی۔ کوزہ پُشت وُہ عورت جسکی کمر جھک گئی ہو + (بازاری) +

ٹھڈی ۔ ھ۔ اسم مونث (گنوار) ۱۔ ٹھوڑی۔ زنخدان ٹھوڈی۔ ذقن (۲) بھُنے ہوے اناج کا وُہ دانہ جو کھلا یا خستہ نہ ہوا ہو جیسے جو بُن ڈلیاں چباتے تھے آج اُنکو دمڑی کی ٹھڈیاں میسّر نہیں +

ٹھر ۔ ھ۔ اسم مونث۔ ٹھنڈ۔ پالا۔ نہایت سردی۔ خنکی۔ صر +

ٹھرّا ۔ ھ۔ اسم مذکر (۱) دیسی اور خراب شراب۔ کم نشہ کی گھٹیل اور سستی شراب جسے چمار خاکروب وغیرہ پیتے ہیں (۲۔ لکھنؤ) انگیا کے بند۔ انگیا کی تنی (بحر)

اپنی انگیا کی کٹوری نہ دکھاؤ مجکو

کہیں ٹھرّے کی ہوس میں نہ یہ مَیخوار بندھے

(۳۔ ر) کچی اینٹ۔ خراب اینٹ (۴۔ ر) ایک قسم کا گنوارو جُوتا +

ٹھرنا ۔ ھ۔ فعل لازم (عوام) جاڑے مرنا۔ ٹھنڈیانا

ٹھس ۔ ھ۔ صفت (۱) ٹھوس۔ پُرمغز۔ نگر (۲) بھاری بوجھل (۳) لازب جُنبش نکرنے والا۔ اٹل + ایک جگہ بیٹھا رہنے والا سُست۔ کاہل (۴) وُہ ٹوٹا ہوا یا کھوٹا روپیہ جسمیں جھنکار نہو (۵) مچلا۔ ضدی۔ ہٹیلا +

ٹھس پن ۔ ھ۔ اسم مذکر۔ مچلاپن۔ ہٹیلاپن۔ بھدّاپن ایک جگہ جم جانا۔ جمکر بیٹھنا +

ٹھسّا ۔ ھ۔ اسم مذکر (۱) غرور۔ دماغ۔ گھمنڈ (۲) جلوس سواری۔ جلو۔ دُھوم دھام (۳) ٹھاٹ۔ ظاہری سازوسامان۔ شان وشوکت۔ کرّوفر (۴) نازوانداز (۵) نقش۔ ٹھپا۔ چھاپا۔ سانچا (پُورب میں بولتے ہیں)

ٹھساٹھس ۔ ھ۔ صفت (بالضم وبالفتح) کھچاکھچ۔ خُوب بھرا ہوا۔ ٹھونس ٹھونس کر بھرا ہوا + لبریز۔ لبالب

ٹھسک ۔ ھ۔ اسم مونث (۱) بھڑک۔ شان وشوکت۔ دُھوم دھام (۲) نازوانداز۔ خرام معشوقانہ۔ خوش خرامی (داغ) تفنی فتنہ در سر بتانِ حشرخرام + ہائے رے کس ٹھسک سے چلتے ہیں (۳) کھانسی کی آواز۔ ڈھسک (پُورب)

ٹھسکا ۔ ھ۔ اسم مذکر۔ کھانسی کی آواز۔ ڈھسک۔ تھوڑی تھوڑی کھانسی +

ٹھسکی ۔ ھ۔ اسم مونث (پُورب) پھسکی +

ٹھسنا ۔ ھ۔ فعل لازم۔ بھرنا۔ سمانا۔ آنا۔ ایک چیز میں دُوسری چیز کا بمشکل سمانا +

ٹھسوانا ۔ ھ۔ فعل متعدی۔ بھروانا۔ گھسوانا +

ٹھکانا ۔ ھ۔ اسم مذکر (۱) جگہ۔ اسٹیشن + گھر۔ منزل ٹھور۔ مقام (۲) پتا۔ نشان۔ سُراغ (گنوار) رشتہ داری سگارت (۴) اعتبار۔ پرتیت۔ بھروسا۔ اعتماد (۵) ملجا۔ ماوا۔ پناگاہ۔ بازگشت۔ جائے قرار + مرکز (۶) موقع۔ جائے وقوع (۷) جہان + برت (۸) چمار خاکروب اور کرمین وغیرہ کا وُہ محلّہ یا مکان جسکی یہ لوگ ٹہل کرتے ہوں (۹) سرحد۔ حد +

ٹھکانا ڈھونڈنا ۔ ع۔ فعل متعدی (۱) جگہ تلاش کرنا گھر ڈھونڈنا۔ رہنے کا مکان تجویز کرنا (۲) نوکری تلاش کرنا

ٹھکانا کرنا - ہ - فعل متعدی (۱) جگہ کرنا + ٹھیرنا - رہنا
+ موقع تلاش کرنا (۲) بیاہ کرنا - گھر بسانا - جورو والا بنانا
+ خاوند والا بنانا - بیاہنا (۳) انتظام کرنا - بندوبست
کرنا - ٹھیک لگانا +

ٹھکانا لگانا - ہ - فعل متعدی - پتا لگانا - سراغ لگانا

ٹھکانے - ہ - (۱) ٹھکانا کی جمع (۲) حروف مغیرہ کے اثر
کی صورت +

ٹھکانے چکانا - ہ - فعل متعدی (ہندو) کسی بوڑھے
کے مرنے پر نوکر چاکر کمین وغیرہ کو حسب معمول روپیے
تقسیم کرنا +

ٹھکانے کی بات - ہ - اسم مونث - معقول بات -
ٹھیک بات +

ٹھکانے لگانا - ہ - فعل متعدی (۱) مطمین کرنا - ٹھیرانا
اطمینان بخشنا - تسلی دینا (میر حسن)
ملا ہے دلبر مجھے خدا نے نہیں تو دل ٹھکانے لگا
(۲) منزل مقصود و مدعا کو پہنچانا - کامیابی بخشنا (۳)
مار ڈالنا - ہلاک کرنا - کام تمام کرنا (رائشک)
فرہاد کو جنون نے ٹھکانے لگا دیا
اب جا کے ہم بسائیں گے کوہسار کو +
(۴) اڑا دینا - خرچ کر دینا - اٹھا ڈالنا - صرف کر دینا -
(۵) کسی کام کو پورا کر دینا - انجام پہنچانا - رائگاں
نکرنا جیسے محنت ٹھکانے لگانا (۶) گھر بسا دینا - بیاہ
کر دینا (۷) جگہ سے خرچ کرنا - موقع پر خرچ کرنا (۸)
نوکری کرا دینا - کام سے لگا دینا +

ٹھکانے لگنا - ہ - فعل لازم (۱) منزل مقصود کو پہنچنا
مدعا حاصل ہونا - مراد کو پہنچنا - کامیابی حاصل ہونا (شاہ نصیر)
زلف سے جا اٹکیں شب دل ٹھکانے لگ گیا
اک مسافر تھا سر منزل ٹھکانے لگ گیا
(۲) رائگاں نہونا - کام آنا - ضایع نہونا (لا علم)
ہزار شکر کہ میخانہ میں گرا بس مرگ
ٹھکانے لگ گئی رند خراب کی مٹی
(۳) مرنا - تمام ہونا - مارا جانا + خاتمہ ہونا +

ٹھکرانا - ہ - فعل متعدی - ٹھوکر مارنا - ٹھوکر لگانا - کچلنا
روندنا - پامال کرنا - لکدکوب کرنا + مبتذل و خوار جانکر
لات مارنا (ذوق) پارس وہ سنگ ہے جسے ٹھکرا کے تو چلے
اکسیر جز ہے تیرے قدم کے غبار کا

ٹھکرائن - ہ - اسم مونث - (۱) ٹھاکر کی بیٹی یا بہو ٹھکرائن
(۲) رادھکا یا سیتا جی وغیرہ کی مورت (۳) نائن - نائی کی بیوی

ٹھکرائی - ہ - اسم مونث (۱) سرداری - حکومت - راج
(۲) امیری - دولتمندی (۳) خدائی +

ٹھکنا - ہ - فعل لازم (۱) گڑنا - اندر گھسنا (۲) پٹنا - سزا پانا
(۳) پچھڑنا - شکست کھانا (۴) مغلوب ہونا - شکست کھانا
(۵) نقصان اٹھانا - خسارہ اٹھانا - ضرب پڑنا جیسے
دس روپیہ کی ٹھکی (۶) قیدخانہ میں جانا - بیڑیاں
پڑنا - کاٹھ میں دیا جانا (۷) داخل ہونا - پڑنا - دائر ہونا
جیسے عرضی ٹھکنا وغیرہ +

ٹھکو - ہ - اسم مذکر (۱) ٹھوکنے والا - مارنے والا (۲) بازاری
رنڈی کا یار - کسبی کا آشنا - دھگڑا +

ٹھکوانا - ہ - ٹھکنے کا متعدی + (۱) بازاری اجلاع کرانا
بدفعلی کرانا +

ٹھگ - ہ - اسم مذکر (۱) ٹھگنے والا - دغاباز - چور - فریبی
چھلیا (۲) راہ مار - راہزن - بٹ مار - قزاق (آتش)
جامۂ تن ہو گیا راہ عدم میں نذر گور
بوجھ اٹھایا تھا مگر ٹھگ کے لیے اسباب کا

(۳) ایک قوم جسکا پیشہ مسافروں کو زہر یا پھانسی دیکر مارڈالنا اور طرح طرح سے چھلنا ہے (۴) یار مار۔ محسن کُش۔ جیسے جسنے نہ دیکھا ہو ٹھگ وہ دیکھے قصائی جسنے نہ دیکھا ہو شیر وُہ دیکھے بلائی +

ٹھگ بِدیا ۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ علم قزاقی۔ مکاری۔ دغابازی۔ فریب دہی + چال۔ فریب +

ٹھگائی ۔ ہ۔ اسم مؤنث (رگیتوں میں) فریب۔ دھوکا جیسے (ٹھمری) چھل دینو موا جیا البنو سانورے کینی کیسی ٹھگائی +

ٹھگایا جانا ۔ ہ۔ فعل لازم۔ دھوکا کھانا۔ چھل کھانا۔ کم داموں کی چیز کو زیادہ میں لے آنا۔ دم میں آکر نکمّی چیز خرید لینا +

ٹھگ لانا ۔ ہ۔ فعل متعدی۔ موس لانا۔ دھوکا دیکر لے آنا۔ چرالانا۔ راہ مار کر لانا +

ٹھگ لینا ۔ ہ۔ فعل متعدی۔ دھوکا دیدینا۔ غریب یا بھولے کو دم دیکر کچھ لے لینا۔ چھل لینا۔ چھل دیکر لے لینا۔ موس لینا +

ٹھگنا ۔ ہ۔ فعل متعدی (۱) فریب دینا۔ دھوکا دینا۔ دغا کرنا۔ چھل دینا۔ چھلنا (۲) کسی چیز کو کم داموں میں خرید لینا (۳) موسنا۔ چوری کرنا +

ٹھگنی ۔ ہ۔ اسم مؤنث (۱) ٹھگ کی جورو۔ ٹھگ قوم کی عورت (۲) قزاقنی۔ راہزن (۳) ٹھگنے والی۔ فریب دینے والی۔ مکارہ۔ دغاباز (۴) کٹنی۔ دلالہ +

ٹھگوانا ۔ ہ۔ فعل متعدی۔ فریب دلوانا۔ دھوکا دلوانا۔ کم داموں کی چیز کو زیادہ میں دلوا دینا +

ٹھگی ۔ ہ۔ اسم مؤنث (۱) قزاقی۔ راہ ماری (۲) ٹھگ کا پیشہ (۳) وہ محکمہ جو ٹھگوں کا انسداد کرتا اور انکو پکڑتا ہے محکمۂ گیرائی +

ٹھگیا ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ دغاباز۔ فریبی۔ مکار۔ قزاق۔ راہ مار۔ راہزن۔ بٹ مار۔ قطاع الطریق +

ٹہل ۔ ہ۔ اسم مؤنث (۱) خدمت۔ سیوا + خدمتگاری۔ خدمتگزاری + کام کاج + بندگی۔ غلامی (۲) صیغہ امر چلدے۔ رخصت ہوجا (۳) گشت۔ پھیری۔ چہل قدمی آہستہ آہستہ پھرے پھرنا +

ٹہلانا ۔ ہ۔ فعل متعدی (۱) پھرانا۔ چہل قدمی کرانا + گھوڑوں کو ٹھنڈا کرنا (۲) ٹالنا۔ رخصت کرنا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا۔ سرکانا (۳) موقوف کرنا۔ برطرف کرنا + نکالنا۔ خارج کرنا

ٹہل جانا ۔ ہ۔ فعل لازم (۱) چل دینا۔ رخصت ہوجانا۔ ٹل جانا۔ بھاگ جانا۔ چلا جانا۔ ہٹ جانا

س

ٹل اُسطرف جو سیر گلستاں تم نکل گئے
صحن چمن سے سرو صنوبر ٹہل گئے

(۲) مرجانا۔ انتقال کرنا۔ گزرجانا +

ٹہلنا ۔ ہ۔ فعل لازم (۱) آہستہ آہستہ پھرنا۔ چہل قدمی کرنا خرامیدن کا ترجمہ۔ گشت لگانا۔ پھیری مارنا (۲) علیحدہ ہونا۔ رخصت ہونا۔ ٹلنا۔ جدا ہونا۔ چلا جانا (۳) مرنا۔ انتقال کرنا (۴) سیر کرنا۔ ہوا کھانا۔ تفریح کے واسطے پھرنا

ٹہلنی ۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ (ہندو) خادمہ۔ خدمت کرنیوالی عورت داسی۔ ملازمہ + چیری۔ باندی۔ لونڈی۔ گھر کا کام کاج کرنے والی عورت +

ٹہلوا ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ خادم۔ خدمتگار۔ سیوک۔ چاکر۔ داس +

ٹھلیا ۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ چھوٹا گھڑا۔ سبوچہ۔ گلی۔ گگری۔ مٹی کا برتن۔ کروا۔ بدھنا +

ٹھمری ۔ ہ۔ اسم مؤنث (۱) ایک قسم کا چھوٹا سا گیت

دو بولی کا گیت (۲- لشکری) اوالی - افواہ - گپ جھوٹی بات + عوز +

ٹھمری اُڑانا - ﮪ - فعل متعدی (۱) ٹھمری گانا (۲) گپ اُڑانا - چٹکلہ چھوڑنا +

ٹُھمَک - ﮪ - اسم مؤنث (عوام) خرام - ناز و انداز کی رفتار - ناچنے کی چال +

ٹُھمک ٹُھمک کر - ﮪ - تابع فعل - مٹک مٹک کر - خرام ناز سے +

ٹُھمک چال - ﮪ - اسم مؤنث - رفتار معشوقانہ - خرام ناز

ٹُھمکا - ﮪ - صفت - چھوٹا - ناٹا - پستہ قد - ٹھنگنا - کوتہ قامت +

ٹُھمکنا - ﮪ - فعل لازم (عوام) خرام کرنا - ناز و انداز سے چلنا - مٹکنا +

ٹُھمکی - ﮪ - اسم مؤنث - جھٹکا - چھوٹا سا جھٹکا - چھوٹا چھوٹا جھٹکا - کنکوے کی ڈور کو اُسکے ہوا پر قائم رہنے کے واسطے ہاتھ سے ہلانا +

ٹُھمکی دینا - یا - لگانا - ﮪ - فعل لازم - کنکوے کو چھوٹے چھوٹے جھٹکے دینا تاکہ وُہ قائم رہے - ہلانا - جُنبش دینا +

ٹھَنا - ﮪ - اسم مذکر - موٹی اور بڑی شاخ - گُدّا - ڈالا +

ٹَھنّا - ﮪ - فعل لازم (۱) جمنا - جچنا - تہ نشین ہونا - پکا ارادہ ہونا - ذہن نشین ہونا - دلنشین ہونا (۲) قرار پانا - ٹھہرنا جیسے لڑائی ٹھنا +

ٹُھنٹھ - ﮪ - اسم مذکر (۱) سُوکھا ہوا درخت یا گُدّا یا ڈالا - (۲) ہاتھ کٹا ہوا پہنچا یا کلائی +

ٹھَن ٹھَن - ﮪ - اسم مؤنث - گھڑی گھڑیال یا گھنٹے وغیرہ کی آواز - ٹن ٹن +

ٹھن ٹھن گوپال - ﮪ - اسم مذکر (۱) بے سمجھے گوپال کے نام پر گھنٹی ہلانے والا + مود ھو - بیوقوف + مُورکھ ناسمجھ - بیل - گدھا (۲) کچھ نہیں - ہیچ +

ٹھنٹھنانا - ﮪ - فعل لازم (عوام) ۱ گھنٹی بجانا - ٹھن ٹھن کرنا (۲) بھنانا - بھنبھنانا - کسی جگہ موجود ہو کر مزے اُڑانا - آنند کے تار بجانا (۳ - عو) کھنکنا - بجنا جیسے پتیلیاں ٹھنٹھنا رہی ہیں (از چیز بہیلی) +

ٹھنڈا - ﮪ - صفت (۱) سرد - خنک - سیتل - بارد (۲) شوخ طبع کے خلاف - سرد دل - افسردہ دل + چپ - خاموش - کم گو + (خواجہ آتش)

معشوق بھی کوئی نظر آتا ہے تو ٹھنڈا
اوقات بسر ہوتی ہے کشمیر میں میری

(۳) نامرد - کم شہوت - ہیز مخنث - ہیجڑا (۴) سست کاہل + مندا - دھیما (۵) متحمل - بُردبار - گمبھیر (۶) بے غُصّہ + بے نفس - رحمدل (۷) بے محبت +

ٹھنڈا پڑنا - ﮪ - فعل لازم (۱) سرد ہونا - خشک ہونا (۲) سُست و بے رونق ہونا - مندا ہونا (۳) غُصّہ دھیما ہونا - غُصّہ فرو ہونا +

ٹھنڈا رکھنا - ﮪ - فعل لازم - عو - خوش رکھنا - آرام سے رکھنا - آسایش دینا +

ٹھنڈا رہنا - ﮪ - فعل لازم (۱) خوش رہنا - آسودہ رہنا - آرام سے رہنا (۲) بے رونق اور اُداس رہنا

قیس و فرہاد جو گزرے تو ہوا دور مرا
(امیر) نہ رہا معرکۂ عشق کا پالا ٹھنڈا

ٹھنڈا سانس - ﮪ - اسم مذکر - دم سرد - آہ سرد (اگلے شاعروں نے سانس کو اکثر مؤنث باندھا ہے مگر دہلی میں آجکل مذکر بولتے ہیں) +

ٹھنڈا کرنا - ع - فعل لازم (۱) سرد کرنا - خنک کرنا (۲) بجھانا - بڑھانا - بتانا - خاموش کرنا جیسے چراغ یا شمع وغیرہ ٹھنڈا کرنا (۳) غصہ دھیما کرنا + مزاج کی گرمی دفع کرنا (۴ - عو) توڑنا شکستہ کرنا جیسے چوڑیاں ٹھنڈی کرنا (اسیر)

سلسلہ اشک کا توڑے تو مرا دیدۂ تر
موتیوں کی لڑی کو تم ابھی مالا ٹھنڈی

(۵) دفن کرنا - دبانا - گاڑنا مگر صرف تعزیہ کے واسطے آتا ہے (۶) گرانا - پھینکنا - جیسے قرآن شریف ٹھنڈا کرنا (۷) ڈبونا - غرق کرنا (۸) تسلی دینا - تسکین دینا - دلاسا دینا +

ٹھنڈا ملمع - ا - اسم مذکر - وہ ملمع جو آگ کی مدد بغیر تیزاب کی لاگ یا برقی قوت سے چڑھایا جاتا ہے +

ٹھنڈا ہونا - ع - فعل لازم (۱) سرد ہونا - خنک ہونا - بارد ہونا (۲) غصہ دھیما ہونا - غصہ دور ہونا - افروختگی سے باز آنا - نرم ہونا (۳) مرجانا - جان نکلنا - وفات پانا - انتقال کرنا - مذبوح کا تڑپنے سے باز رہنا (۴) بجھنا - انطفا ہونا جیسے چراغ وغیرہ (۵) افسردہ ہونا دل مرنا (۶) ڈوب جانا - غرق ہونا (۷) خوش ہونا آرام پانا - چین پانا (گلزار نسیم)

حالہ جلی ہوں کیا کہوں میں
داماد کو لا تو ٹھنڈی ہوں میں

(۸) ٹوٹنا - شکستہ ہونا - دفن ہونا - اکثر تبرک یا عزیز چیز کی نسبت بولتے ہیں جیسے تعزیہ - تسبیح چوڑیاں وغیرہ (۹) گرنا - پھکنا جیسے قرآن شریف یا حمایل وغیرہ (۱۰) مندا ہونا - سرد بازاری ہونا - خرید و فروخت کا کم ہونا (۱۱) بے رونق اور اداس ہونا

(۱۲) مارا جانا - شہید ہونا (جب کہیں ٹھنڈا ہونا کہیں گے تو وہاں مقصد دلی حاصل ہونا یا کسی دشمن کو سزا دیکر جی خوش ہونا مراد ہوگی) +

ٹھنڈائی - ع - اسم مؤنث (۱) تبرید - وہ دوائی جو گرمی دفع کرنے کے واسطے پی جائے (۲) مطلق دوا دارو + نسخہ

آتے عیسیٰ بھی تو ہوتا نہ مداوا میرا
گھولکر زہر ٹھنڈائی میں شفا مل جاتی +

(۳ - عوام) بھنگ - بوٹی - سبزی - بجیا +

ٹھنڈک - ع - اسم مؤنث (۱) سردی - خنکی - برد - برودت (۲) خوشی - راحت - آرام - چین - تسلی +

ٹھنڈک پڑنا - ع - فعل لازم (۱) جلن یا سوزش یا گرمی کا رفع ہونا (۲) چین آنا - دلکو آرام ہونا (۳) مقصد حاصل ہونا - مراد برآنا (۴) کسی فساد یا فتنہ یا وبا وغیرہ کا کم ہونا (۵) غصہ رفع ہونا - دشمنی نکلنا (۶) جل بُجنا - تسلی ہونا

ٹھنڈی - ع - صفت (۱) سرد - بارد - خنک - سیتل (۲) خوش و خرم - بامراد (۳ - اسم مؤنث - عو) چیچک - سیتلا - ماتا +

ٹھنڈی آگ - ع - اسم مؤنث - مراد ابرف - یخ - آب بستہ +

ٹھنڈی ڈھلنا - ع - فعل لازم - چیچک کے دانوں کا مرجھانا - سیتلا کا زور کم ہونا - باگ مڑنا

ٹھنڈی نکلنا - ع - فعل لازم - چیچک نمودار ہونا +

ٹھنڈی کڑھائی - ع - اسم مؤنث عو (حلوائیوں اور بنیوں میں دستور ہے کہ جب پکوان ختم ہوتا ہے تو کڑھائی میں حلوا بنا کر تقسیم کرتے اور اسے ٹھنڈی کڑھائی کہتے ہیں) +

ٹھنڈی گرمیاں - ا - اسم مؤنث - اوپری محبت - ظاہری اختلاط - جھوٹی گرمجوشی - بے محبت عشق جتانا

+ بے اثر و بے مزہ شوخیاں (شوق)

بدمزہ پہلے شوخیاں نکرو — بس چلو ٹھنڈی گدیاں نکرو

ٹھنڈی مار - ہ - اسم مؤنث - گپتی مار - بھیتری مار - اندرونی سزا - صدمۂ مخفی +

ٹھنڈی مٹی - ہ - اسم مؤنث - کم بڑھنے اور پھیکنے والا جسم - دیر میں بالغ ہونے والا آدمی + زنانہ - زنخہ +

ٹھنڈے - ہ - (۱) ٹھنڈا کی جمع (۲) حروفِ مغیرہ کی وہ صورت جسمیں الف یائے مجہول سے بدل جاتا ہے

ٹھنڈے پیٹوں - ہ - تابع فعل - بخوشی - بطیبِ نفس - خوشی سے - آرام سے - بے لڑے جھگڑے - رسید سے +

ٹھنڈے ٹھنڈے - ہ - تابع فعل (۱) آفتاب کی گرمی سے پہلے پہلے - علی الصباح - سویرے (۲) آرام سے - خوشی خوشی - خیریت سے +

ٹھنڈے ٹھنڈے جانا - یا - چلنا - ہ - فعل لازم - سویرے اور ٹھنڈ کے وقت جانا - آرام سے جانا (امیر تقی)

دل سے کہدو کہ آہ سرد کے ساتھ

ٹھنڈے ٹھنڈے چلے تو چل نکلے

ٹھنڈے ٹھنڈے گھر جانا - ہ - فعل لازم (۱) خوشی خوشی گھر جانا - جان سلامت لیکر پہنچنا - رخصت ہونا - دفع ہونا +

ٹھنڈے سانس بھرنا - ہ - فعل لازم - آہ سرد نکالنا - کسی صدمہ یا اظہارِ عشق کے واسطے اُف اُف کرنا + افسوس کرنا - پچتانا +

ٹھنکنا - ہ - فعل لازم - عو - ناز سے رونا - سُبکنا - لاڈ کرکے رونا + بچوں کی طرح رونا - ریں ریں کرنا (سید)

ہوا ابھی شادی تو بچے تو کھلادے گود میں

رکیوں ٹھنکتی ہے پری خانم تو ہر بات پر

ٹھنگنا - ہ - صفت - پستہ قد - بونا - ناٹا - قصیر القامت

ٹھنگیر - ہ - اسم مؤنث (۱) گزک - نقل - بطور شغل کسی خشک چیز کا ایک ایک کرکے کھانا جیسے ریوڑیوں کی ٹھنگیر (اصل میں یہ لفظ ٹھونگ سے نکلا ہے)

ٹھنگیر لگانا - ہ - فعل متعدی - ایک ایک کرکے کھانا - پھنکا لگانے کے خلاف +

ٹھنگیرنا - ہ - فعل متعدی - کسی خشک چیز کو آہستہ آہستہ کرکے کھانا - دانہ دانہ کرکے کھانا +

ٹہنی - ہ - اسم مؤنث - شاخ - شاخچہ - ڈالی - قلم + کنول یا گلاس لگانے کی آہنی ٹہنی +

ٹہنی ہلانا - ہ - فعل لازم - اصل نیم کی ٹہنی ہلانے کا مخفف ہے - آتشک کے زخم کے اوپر سے مکھیاں اڑانا - آتشک میں گلنا یا سڑنا +

ٹھو - ہ - صفت (پورب) عدد - جیسے ایک ٹھو دو ٹھو

ٹھوٹ - ہ - صفت (۱) بے مغز - بیوقوف - مورکھ - کوڑھ مغز (۲) جاہل - کُندہ - ان پڑھ +

ٹھور - ہ - اسم مؤنث (۱) جگہ - مکان - موقع - ٹھکانا (۲) سُراغ - پتا - نشان - کھوج +

ٹھور بے ٹھور - ہ - تابع فعل - موقع بموقع - جابجا - کٹھور +

ٹھور ٹھکانا - ہ - اسم مذکر - محل بود و باش - جائے قرار - مسکن - رہنے کی جگہ (ذوق)

تجکو ڈھونڈے کہاں کہاں ذوقی

نہ ترا ٹھور نے ٹھکانا ہے

ٹھور رکھنا - ہ - فعل متعدی - کھیت رکھنا - بچکر نہ جانے دینا - جان سے مار رکھنا - سنگوالینا - مار ڈالنا

ایک جھوڑا نہ زندہ جاں تو نے
(انشا) ٹھور رکھا ہے سکو ہاں تو نے

ٹھور رہنا - ہ - فعل لازم (۱) وہیں رہنا - کسی جگہ رہ پڑنا
جم رہنا (۲) کھیت رہنا - مر رہنا - قتل ہونا - مارا جانا

ٹھوڑی - ہ - اسم مؤنث - ذقن - زنخدان - ٹھوڑی
ٹھڈی +

ٹھوڑی پر ہاتھ دھر کر بیٹھنا - ہ - فعل لازم مغموم
ہو کر بیٹھنا - فکرمندی +

ٹھوڑی پکڑنا - یا - ٹھوڑی میں ہاتھ دینا - ہ -
فعل متعدی - خوشامد کرنا - بنتی کرنا - منت سماجت کرنا
+ نرم کرنا - ملایم کرنا - غصہ فرو کرنا - دھیما کرنا +

ٹھوڑی تارا - ہ - اسم مذکر - وہ تل جو کسی خوبصورت کی
ٹھوڑی میں قدرتی یا مصنوعی ہو - چنانچہ خوبصورت
عورت کی تعریف میں کہتے ہیں ماتھے چاند ٹھوڑی
تارا یعنی ٹھوڑی پر تارا ہے +

ٹھوس - ہ - صفت (۱) پُرمغز - ٹھس - بھاری - پُر - بوجھل
سخت (۲) ٹھس - بھدا - کند ذہن - غبی +

ٹھوسا - ہ - اسم مذکر - ہندو عو - ہاتھ کا انگوٹھا - ٹھینگا +

ٹھوسا دکھانا - ہ - فعل متعدی (۱) انگوٹھا دکھانا -
ٹھینگا دکھانا (۲) انکار کرنا - ضد یا ہٹ سے انکار
کرنا - مستر تانہ انکار +

ٹھوسے سے - ہ - تابع فعل - بلا سے - جوتی سے -
بیزار سے - جوتی کی نوک سے +

ٹھوکا دینا - ہ - فعل متعدی (۱) ہاتھ یا پاؤں سے
دھکا دینا - جھنجوڑنا - ٹھیلنا ؎

یہ وہ کمبخت ہے سونے نہ دیگا وصل کی شب بھی
ٹھوکے اضطراب قلب ہکورات بھر دیگا +

رہی جتانا - آگاہ کرنا - متنبہ کرنا - خبردار کرنا - ہوشیار
کرنا - جگانا - بیدار کرنا +

ٹھوک بجا کے - ہ - تابع فعل - اچھی طرح دیکھ بھال کے
کھرا کھوٹا اور ٹوٹا پھوٹا دیکھ کے - جانچ کے - اطمینان
کرکے - سوچ سمجھ کے - چٹکی لگا کے + علانیہ - کھلم کھلا

ٹھوک بجا کے لینا - ہ - فعل لازم - کھرا کھوٹا - ٹوٹا پھوٹا
دیکھ کر لینا - پرکھ کر لینا - سوچ سمجھ کے لینا - اطمینان
کرکے لینا - چٹکی لگا کے لینا - ڈنکے کی چوٹ لینا
علانیہ لینا +

ٹھوکر - ہ - اسم مؤنث (۱) وہ ضرب جو پاؤں میں سنگ راہ
وغیرہ سے لگی یا قصداً پشت پا یا نوک پا سے کسی چیز کو
ماریں جیسے آتش کا شعر ؎

روز و شب کرتا ہے وہ محبوب گل اندام رقص
اڑتی ہے ٹھوکر سے دامن کی کناری نون نون

پاؤں کی ٹکر - بالغز - صدمہ یا سنگ راہ کی چوٹ +
سکندری - گھوڑے کی ٹھوکر (۲) لات - لکد (۳) عیاش
ٹھیس - ٹکر - ہول (۴) صدمہ - ضرب - دھکا (۵)
ضرر - نقصان (۶ - کہار) روڑا - سنگ راہ - وہ پتھر
جو سڑک میں ابھرا ہوا ہو - خراب سڑک (۷ - قمارباز)
جوتا - جفت پا - پاپوش - جوتی +

ٹھوکر اٹھانا - ہ - فعل لازم - صدمہ اٹھانا - نقصان اٹھانا

ٹھوکر پر ٹھوکر اٹھانا - ہ - فعل لازم - صدمہ پر صدمہ
اٹھانا - متواتر صدمے اٹھانا - نقصان پر نقصان اور
ضرر پر ضرر اٹھانا (نکہت)

پیچ و خم میں موبمو ہر مو کے الجھا جائے ہے
مانگ کے رستہ میں دل ٹھوکر پہ ٹھوکر کھائے ہے

ٹھوکر پر ٹھوکر لگنا - ہ - فعل لازم - صدمہ پر صدمہ پہنچنا

نقصان پر نقصان اور تکلیف پر تکلیف پہنچنا

گلی میں جوں سنگِ راہ اُسکی پھرے ہے دل کیا ہی مارا مارا
(جرأت) لگے ہے ٹھوکر پہ اُسکو ٹھوکر عجب وُہ حال خراب میں ہے

ٹھوکر کھانا - ہ - فعل لازم (۱) سنگِ راہ کی ٹکر کھانا - پاؤں کی چوٹ کھانا + اُلجھنا - اُلجھ کر گر پڑنا - گر پڑنا (۲) صدمہ اُٹھانا - ضرب کھانا (۳) ضرر اُٹھانا - نقصان اُٹھانا جیسے ٹھوکر کھاوے بدھ پاوے (۴) بھولنا - چوکنا - دھوکا کھانا +

ٹھوکر لگانا - ہ - فعل لازم - کسی پڑی ہوئی چیز کو لات مارنا - پُشت پا مارنا - سرپا مارنا (ناسخ)

دشتِ جنوں میں آج وُہ آتش قدم ہوں میں
ٹھوکر لگا کے سنگ کو اخگر بنا دیا

ٹھوکر لگنا - ہ - فعل لازم (۱) پاؤں میں چوٹ لگنا پاؤں کا راستہ کے پتھر سے ٹکر کھانا (۲) صدمہ پہنچنا نقصان اُٹھانا - ضرر پہنچنا +

ٹھوکر لینا - ہ - فعل لازم - گھوڑے کا سکندری کھانا + اُلجھ اُلجھ کے گرنا (انشا)

اُشتر و ناقہ رہِ عشق میں گزرے کیا دخل
ٹھوکریں واں تو بڑا پاے نظر لیتا ہے

ٹھوکر مارنا - ہ - فعل لازم - پُشت پا مارنا - سرپا مارنا لات مارنا + ٹھیس لگانا - ٹھوکا دینا +

ٹھوکروں پہ پڑنا - ہ - فعل لازم - عو - کسی کی خدمت اور در میں رہنا - جوتیوں میں پڑنا - حقارت اور ذلت کے ساتھ رہنا +

ٹھوکریں کھاتا پھرنا - ہ - فعل لازم (۱) مارا مارا پھرنا صدمے اُٹھاتا پھرنا - آوارہ پھرنا - سرگرداں پھرنا خراب و تباہ پھرنا (۲) روندن میں آنا - کھوندن میں آنا - پامال ہونا (جرأت)

کل عجب ڈھب سے ترے کُشتہ کی رُسوائی ہوئی
ٹھوکریں کھاتی پھرے تھی لاش کفنائی ہوئی

ٹھوکریں کھانا - ہ - فعل لازم (۱) ضرب پُشت پا یا سرپا کھانا - لاتیں کھانا (رشک و نصیر)

تو ہر قدم پہ قیس نہ کیوں کھائے ٹھوکریں
طفلان سنگ زن سے ہیں پتھر پڑے ہوئے

(۲) ذلت و رسوائی اُٹھانا (گویا)

ضعف سے رہتا ہے اب پاؤں پہ سر
آپ اپنی ٹھوکریں کھاتے ہیں ہم

(۳) روندن میں آنا - کھوندن میں آنا - پامال ہونا - + گرنا - پڑنا - لڑکنا - (نکہت)

لاغر ہے بسکہ آپکو پاتا ہوں اندنوں
سایہ سے اپنے ٹھوکریں کھاتا ہوں اندنوں

(۴) خراب و تباہ پھرنا - مارا مارا پھرنا - خستہ و خراب پھرنا - آوارہ و سرگرداں پھرنا (۴) صدمے اُٹھانا سختیوں اور تکلیفوں کی برداشت کرنا - مُصیبت بھگتنا دُکھ سہنا (۶) طعنے مہنے سہنا (۷) کثرت سے نقصان اُٹھانا - ضرر پر ضرر اُٹھانا (۸) لڑکھڑانا - ڈگمگانا +

ٹھونکنا - ہ - فعل متعدی - ہاتھ یا پیر سے کسی امر کے جتلانے یا ہوشیار کرنے کو دھکا دینا - ہوشیار کرنا ٹھس لگانا - آر کرنا - ایڑ لگانا + متنبہ کرنا - آگاہ کرنا - جھنجوڑنا - کہنی مارنا +

ٹھوکنا یا ٹھونکنا - ہ - فعل متعدی (۱) گاڑنا جیسے میخ یا کیل ٹھوکنا (۲) کوبہ کرنا - کوٹنا (۳) زدو کوب کرنا - مارنا پیٹنا - بھوڑنا - جوتہ کاری کرنا - لات مکے سے مارنا - کوڑے لگانا +

(اسیر) سجد میں واعظوں کے تئیں لگ گئی ہے بڑ
زاہد نے ٹھونکا شیخ کو پگڑی اتار کر

(۴) عرضی دینا۔ نالش کرنا۔ مقدمہ لڑانا (۵) پاؤں میں بیڑیاں ڈالنا۔ کاٹھ میں پاؤں دینا (۶) بجانا جیسے طبلہ ٹھونکنا (۷) تھپ تھپانا۔ تھپکنا۔ جیسے پیٹھ ٹھونکنا خواہ گھوڑے کی ہو خواہ انسان کی (۸) جڑنا۔ لگانا جیسے قفل ٹھونکنا (۹) گھسیڑنا۔ دخول کرنا جیسے تنگا ٹھونکنا (۱۰) کھٹکھٹانا۔ کھڑکھڑانا +

ٹھوکے دینا۔ ف۔ فعل لازم (۱) مولیں مارنا۔ آر کرنا جھنجھوڑنا جھڑجھڑانا

ع

یہ وہ کمبخت ہے سونے نہ دیگا وصل کی شب بھی
ٹھوکے اضطراب قلب ہم کو رات بھر دیگا +

(۲) جتانا۔ آگاہ کرنا۔ متنبہ کرنا۔ خبردار کرنا (۳) طعنے مہنے دینا۔ چھیڑنا جیسے ایک آتی ہے ٹھوکے دیتی ہے تو اسم نہ کہتے تھے +

ٹھونسنا۔ ف۔ فعل متعدی (۱) دبا کر بھرنا۔ خوب زور سے بھرنا (۲) گھسیڑنا۔ دخول کرنا (۳) نگلنا۔ کھانا (حقارتاً)

ٹھونگ۔ ف۔ اسم مؤنث (۱) چونچ سے مارنا۔ منقار سے مارنا ضرب منقار (۲) کوّے کی چونچ۔ منقار۔ چونچ (۳) ٹولا بیچ کی انگلی کو دوہرا کرکے مارنا۔

ٹھونگا۔ ف۔ اسم مذکر (ہندو) دیکھو (ٹھونگ) +

ٹھہاکا۔ ف۔ اسم مذکر (پورب) قہقہہ۔ ٹھٹا +

ٹھیا۔ ف۔ اسم مذکر (۱) حد۔ سیما۔ تودہ۔ ڈھولا۔ ٹھڈا سوانا (۲) جگہ۔ ٹھہرا۔ گدی۔ دوکاندار کے بیٹھنے کی جگہ

ٹھیٹ۔ ف۔ صفت (۱) خاص الخاص + خالص۔ نرل۔ ٹھیک۔ اصلی۔ جیسے ٹھیٹ گنوار ٹھیٹ ہندی (۲) روزمرہ کی بولی +

ٹھی ٹھی۔ ف۔ اسم مؤنث۔ ہنسی کی آواز۔ بیہودہ پن سے ہنسنے کی آواز +

ٹھہرانا۔ ف۔ فعل متعدی (۱) روکنا۔ تھامنا (۲) ٹھانا منصوبہ باندھنا (۳) قایم کرنا۔ جمانا۔ منجمد کرنا جیسے پارہ ٹھہرانا (۴) ٹھکانا۔ فروکش کرنا۔ مکان میں اتارنا۔ سرا میں اتارنا (۵) مقرر کرنا۔ تجویز کرنا۔ جیسے بات ٹھہرانا (۶) قیمت چکانا۔ بھاؤ تاؤ کرنا۔ نرخ مقرر کرنا +

ٹھہراؤ۔ ف۔ اسم مذکر۔ قیام۔ استحکام + وقفہ۔ رہاؤ + مقام ٹھکانا۔ منزل +

ٹھہرنا۔ ف۔ فعل لازم (۱) رکنا۔ تھمنا۔ قیام کرنا۔ کھڑا رہنا (۲) جمنا۔ ٹھٹنا۔ منصوبہ ہونا (۳) قایم ہونا جمنا منجمد ہونا بیٹھنا جیسے پارہ ٹھہرنا (۴) فروکش ہونا۔ اترنا (۵) مقرر ہونا۔ تجویز ہونا جیسے بات (۶) قیمت چکنا۔ بھاؤ قرار پانا نرخ کوتہ ہونا۔ طے پانا (۷) دیر لگانا۔ وقفہ کرنا۔ درنگ کرنا۔ تاخیر کرنا (۸) دیرپا ہونا۔ مضبوط ہونا (۹) تامل کرنا غم کھانا۔ صبر کرنا (۱۰) قرار پکڑنا۔ قرار پانا جیسے نطفہ ٹھہرنا (۱۱) تہ نشین ہونا۔ نیچے بیٹھنا۔ تہ پر پہنچنا (۱۲) اضطراب کم ہونا۔ تسلی ہونا۔ جیسے دل ٹھہرنا +

ٹھیس۔ ف۔ اسم مؤنث (۱) دھکا۔ ٹھوکر۔ ٹکر۔ صدمہ خفیف

(ناسخ) میرے ساغر کو نہ سختی سے ڈھکیل اے مے فروش
شیشۂ دل ٹوٹ جاتا ہے ذرا سی ٹھیس سے

ٹھیس لگنا۔ ف۔ فعل متعدی۔ دھکا لگنا۔ ٹھوکر کھانا ٹکر لگنا۔ صدمہ خفیف پہنچنا +

ٹھیک۔ ف۔ اسم مؤنث۔ (بیای مجہول) (۱) سہارا۔ اڑواڑ۔ ٹیک۔ ڈاٹ (۲) فانہ۔ پھانہ۔ پچڑ (۳) غلہ کا ڈھیر انبار غلہ (۴) تلا۔ تلی۔ پیندی + جوتہ کی ایڑی +

ٹھیک۔ ف۔ صفت (۱) راست۔ درست صحیح۔ بجا

(۲) موزوں - کم و بیش - برابر - چُست - نگینہ سا +

(نکہت) ؎ کیونکر جامہ نہ یہی ختم ہو ساری خدائی کی
قبا ہے ٹھیک جسم دلربا پر دلربائی کی

(۳) ہو بہو - بعینہ - ہو بہو - جوں کا توں (۴) پورا پورا - ناک کا نوک (۵) جیسا چاہیے - حسب دلخواہ (۶) بالتحقیق - تحقیقاً جیسے ٹھیک یہی بات ہے (۷) مستقل - مستقیم (۸) مقررہ - مجوزہ - جیسے ٹھیک وقت پر آنا (۹) شایان - مناسب - چسپاں (۱۰) عین موقع پر - عین نشانہ پر جیسے نشانہ ٹھیک لگنا (۱۱) باقاعدہ - ہموار - مسطح - درست (۱۲) پورا کامل - جیسے وزن میں ٹھیک (۱۳) اسم مذکر پتا - نشان - سراغ - ٹھکانا جیسے اسکا کیا ٹھیک (۱۴) انتہا - حد - انت جیسے بے ٹھیک یعنی بے حد (۱۵) وقت - خبر جیسے موت کا ٹھیک نہیں (۱۶) ٹھور ٹھکانا - نسبت جیسے اسکا بھی ٹھیک لگا دو (۱۷) اعتبار - بھروسا - ترتیب جیسے انکی بات کا ٹھیک نہیں (۱۸) تابع فعل - ٹھیکم ٹھیک - کامل طور سے فی الحقیقت - فی الواقع +

ٹھیک آنا - ھ - فعل لازم (۱) کپڑے کا بدن پر اور جوتے وغیرہ کا پاؤں پر درست آنا - موزوں ہونا عین وقت اور موقع پر آنا +

ٹھیک بنانا - ھ - فعل متعدی (۱) سزا دینا - گوشمالی کرنا - مارنا - پیٹنا +

سہ

؎ اے خال رُخ یار تجھے ٹھیک بناتا
پر چھوڑ دیا حافظ قرآں سمجھکر +

(۲) درست کرنا - راہ پر لانا - سُدھارنا - قابل بنانا کسی کام کے لایق کرنا (نکہت)

پٹکیگا زمیں پر تجھے اے چرخ اٹھاکر
چھوڑیگا اہل عشق جچا ٹھیک بناکر

(۳) عاجز کرنا - تنگ کرنا - ذلیل و خوار کرنا (مومن)

ناصح کو جو چاہوں تو ابھی ٹھیک بناؤں
پر خوف خدا کا ہے کہ میں کچھ نہیں کرتا

ٹھیک ٹھاک - ھ - تابع فعل (۱) ہر طرح سے درست لیس - تیار - چُست - موزوں (میر حسن)

؎ الٹ آستین اور مہری کا چاک - نئے سر سے انگیا کو کر ٹھیک ٹھاک

(۲) مرمت کرکے درست کرنا - جیسا چاہیے (۳) ٹھور ٹھکانا (۴) سہارا - نوکری - روزگار جیسے انکا بھی کہیں ٹھیک ٹھاک لگا دو (ہندو) +

ٹھیک ٹھاک کرنا - ھ - فعل متعدی (۱) درست کرنا مرمت کرنا (۲) صحیح کرنا - ٹھیرانا - پختہ کرنا جیسے بات ٹھیک ٹھاک کرنا +

ٹھیک ٹھاک ہونا - ھ - فعل لازم - درست ہونا - صحیح ہونا - پختہ و پزہونا - ٹھیرنا - قرار پانا +

ٹھیک ٹھیک - ھ - صفت (۱) ٹھیک کی تاکیدی صورت سچ سچ - راست راست - بے کم و کاست - بلا فرق بعینہ - ہو بہو - ہو بہو + (اسیر)

نقشہ تمہارا نقشہ یوسف ہے ٹھیک ٹھیک
یعقوب دیکھ لیں تو رہیں اشتباہ میں

(۲) تقریباً - قریب قریب +

ٹھیکا - ھ - اسم مذکر (۱) سہارا - آرام (۲) اجارہ - ٹھیکہ - مقرری قرارداد + کرایہ - پٹا - اجرت (۳) مقر - نشستگاہ - بیٹھک - جائے قرار (۴) طبلہ یا ڈھولکی کو گانے والے کے ساتھ ایک خاص طریق سے بجانے کو بھی ٹھیکا کہتے ہیں +

ٹھیکا بجانا - ہ - فعل متعدی - گانے والے کے ساتھ ڈھولکی یا طبلہ اسطرح بجانا کہ اُسکی آواز کو سہارا ملے +

ٹھیکا بھرنا فعل لازم - گھوڑیکا اچھل کُود کرنا - گُدکنا - کُودنا (لکھنؤ) +

ٹھیکا بھیٹ - ہ - اسم مؤنث - وُہ نذرانہ جو ٹھیکہ لینے پر دیا جائے +

ٹھیکا پٹا - ہ - اسم مذکر - دستاویز اجارہ +

ٹھیکا دینا - ہ - فعل متعدی - کسی چیز یا گانو کا اجارہ دینا

ٹھیکا لینا - ہ - فعل متعدی - اجارہ لینا - کسی میعاد کے واسطے کسی چیز کی حقیت یا حق خریدنا +

ٹھیکرا - ہ - اسم مذکر (۱) گلی ظرف کا ٹکڑا - خذف + کڑبل + ڈھوبرا (۲) حقارتاً ظرف مس و ظرف کہنہ وغیرہ (۳) انکساراً یا حقارتاً مکان و جائداد (۴) اوزار - وسیلہ - جب کسی کی طرف منسوب کرینگے تو وہاں نوجی سے مُراد ہوگی جیسے فلاں کی روزی کا ٹھیکرا +

ٹھیکرا پھوڑنا - ہ - فعل متعدی (ہندو) تُہمت لگانا الزام دینا - بُہتان لینا +

ٹھیکری - ہ - اسم مؤنث (۱) مٹی کا توا - ٹھیکرا کی تصغیر (۲) عو) پیشانی فرج - اندام نہانی کی پیشانی - مقام زیر ناف - عانہ +

ٹھیکری ہونا - ہ - فعل لازم - عو - کثرت سے صرف ہونا - بیقدری سے صرف کرنا +

ٹھیکرے میں ڈالنا - ہ - فعل متعدی (عورتوں میں ایک رسم ہے کہ جب زچہ جننا فارغ ہوتی ہے تو اس ٹھیکرے میں جسمیں بچہ کا آنول نال وغیرہ کاٹکر ڈالتی ہیں دائی کا حق سمجھکر سب کنبہ رشتہ کی عورتیں کچھ نقدی ڈالا کرتی ہیں بلکہ جس بچہ کی اُسی وقت سے نسبت ٹھیرائی ہوتی ہے تو اُسکے نام سے بھی ساس کچھ ڈالا کرتی ہے) +

ٹھیکی - ہ - اسم مؤنث (۱) سہارا - بوجھ اُتار کر آرام لینا - (۲) اناج کی بوری - غلہ کا بورا + انبار غلہ و ہیزم (۳) تواشا

ٹھیکی لگانا - یا - لینا - ہ - فعل لازم (۱) سہارا لینا - بوجھ اُتار کر دم لینا - ٹھیرنا - بوجھ اُتارنا (۲) بوروں میں اناج بھرنا + انبار لگانا +

ٹھیکیدار - ا - اسم مذکر - اجارہ دار - وُہ شخص جسنے ٹھیکہ لیا ہو - لائسنس دار +

ٹھیلا - ہ - اسم مذکر (۱) دھکا - ریلا (۲) ایک قسم کی گاڑی جسپر اسباب لادکر اکثر ہاتھ سے دھکیلتے ہوے لے جاتے ہیں +

ٹھیلنا - ہ - فعل متعدی - دھکیلنا - ریلنا - کہنی مارنا ٹھوکنا - ٹھوکا دینا +

ٹھینٹی - ہ - اسم مؤنث - کان کے میل کی گولی + کان کا جما ہوا میل - چرک گوش +

ٹھینگا - ہ - اسم مذکر (۱) انگوٹھا - ٹھونسا (۲) لاٹھی سونٹا - بنگا - ٹھنکہ - ٹھنگ - جیسے زبردست کا ٹھینگا سر پر (۳) عضو تناسل - ذکر +

ٹھینگا باجنا - ہ - فعل لازم - رسوائی ہونا - ہنسی اُڑنا جیسے جسکا کام اُسی کو ساجے اور کرے تو ٹھینگا باجے

ٹھینگا دکھانا - ہ - فعل متعدی (۱) انگوٹھا دکھانا - ٹھونسا دکھانا (۲) خاطر میں نہ لانا - انکار کرنا (۳) چڑانا - چھیڑنا +

ٹھینگے سے - ہ - تابع فعل - بلا سے - کچھ پروا نہیں

ٹٹیاں - ہ - صفت (۱) ننا سا - چھوٹا سا (۲) پستہ قد بونا - ٹھنگنا (۳) - اسم مذکر) ایک قسم کا چھوٹا ہلوٹا

یقینی کے خلاف +

ٹیّاں - ۵ - اسم مذکر - لیتہ کوڑی - ایک قسم کی چھوٹی کوڑی

ٹیبا - ۵ - اسم مذکر (گنوار) ٹیلا - پہاڑی پشتہ - کریوہ

ٹیپ - ۵ - اسم مؤنث (۱) دباؤ - داب (۲) تمسک - چک ضمانت + ساہوکار کا وہ تمسک جسمیں اصل مع سود کے عوض فصل پر اناج وغیرہ دینے کا اقرار لکھا جاتا ہے (۳) اونچا سُر - اونچی لے - دُون - الاپ (۴) یادداشت نوٹ کرلینا - کچھ جلدی میں لکھ لینا (۵) مسدس کی تیسری بیت - مخمس مثلث وغیرہ کی آخیر بیت + بند - گرہ (۶) فوج کا دستہ (۷) ایک زیور کا نام جسے عورتیں ماتھے پر پہنتی ہیں (۸) جب گنجفہ میں حریف کے ایک پتہ کو دو پتوں سے مارتے ہیں تو اُسے بھی ٹیپ کہتے ہیں (۹ - ۱۰) چوٹی کا - عمدہ - منتخب - چیدہ - اعلیٰ +

ٹیپ ٹاپ - ۵ - اسم مؤنث (۱) بھڑک - آرایش - طمطراق - زیبایش - جلوس + (۲) ظاہری بناوٹ تکلف - تصنع (۳) خود نمائی - خود آرائی +

ٹیپنا - ۵ - فعل متعدی (۱ - ہندو) دبانا - بھینچنا (۲) لکھ لینا - ٹانک لینا - یادداشت میں درج کرلینا (۳) گنجفہ بازی میں) دو پتوں سے ایک پتا جیتنا (۴) داؤن میں گانا - الاپنا +

ٹیٹا - ۵ - اسم مذکر - چیچا - ٹنا - گالی کا لفظ +

ٹیٹل پیج - انگلش - صحیح Title Page (ٹائٹل پیج) سرورق - لوح - کتاب کے اوپر کا صفحہ +

ٹینٹا بکھیڑا - ۵ - اسم مذکر - جھمیلا - دقت - دشواری - بکھیڑا - پیچ - مخمصہ - سرگردانی - کشمکش +

ٹیر - ۵ - اسم مؤنث - (گنوار) آواز - ہانک - پکار

ٹیر گزرنا - ۵ - فعل متعدی - گزارنا - بسر کرنا - کاٹنا - بھگتنا جیسے عمر ٹیر کرنا +

ٹیرنا - ۵ - فعل متعدی (۱) پکارنا - بلانا - آواز دینا - چلانا (۲) گزارنا - بسر کرنا - کاٹنا (۳) گنگنانا - گانا - سُر نکالنا

ٹیروا - ۵ - اسم مذکر - آب نے - نوارہ حقہ کی وہ نلی جس پر چلم رکھتے ہیں +

ٹیڑھ - ۵ - اسم مؤنث (۱) کجی - خمی - خمیدگی + کُبھ (۲) اکڑ - مروڑ - اینٹھ + (۳) شرارت - سرکشی - انحراف (۴) جہالت - جہل +

ٹیڑھ کی لینا - ۵ - فعل لازم - شرارت کرنا - جہالت کرنا - سرکشی کرنا - اکڑنا - اینٹھنا - بل کرنا - بل لانا - فیل لانا - متمردی کرنا +

ٹیڑھا - ۵ - صفت (۱) کج - خمیدہ - خم دار - ترچھا - بانکا جھکا ہوا - منحنی - معوج (۲) منحرف - پھرا ہوا - برگشتہ برخلاف - مخالف (۳) اکھڑ - اُجڈ - اجھڑ - بینڈا - اُلٹا اوندھا - اوندھی سمجھ کا + کج بحث - جاہل - کھوچڑ سخت - درشت - بدمزاج - غصیل (۴) خفا - ناراض (۵) شریر - بدذات - حرامزادہ جیسے ٹیڑھے کو گھن بھی نہیں لگتا (مثل) +

ٹیڑھا بانکا - ۵ - صفت (۱) چھیل چھبیلا - چھیلا - طرحدار - وضعدار (۲) سپاہی وضع - اکھڑ +

ٹیڑھا پن / ٹیڑھ پنا } - ۵ - اسم مذکر - کجی - خمیدگی - انحراف + مخالفت + شرارت +

ٹیڑھا ہونا - ۵ - فعل لازم - خفا ہونا - بگڑنا - آزردہ ہونا - اینٹھنا - اکڑنا +

ٹیڑھی - ۵ - صفت - خمیدہ - بانکی - ترچھی - کج - کج داڑوں +

ٹیڑھی آنکھ سے دیکھنا - ھ - فعل متعدی (۱) ترچھی نظر سے دیکھنا - نگاہِ کج سے دیکھنا (۲) مخالفانہ دیکھنا - نظرِ بد سے دیکھنا - دشمنی کی آنکھ ڈالنا ٭

ٹیڑھی آنکھیں کرنا - ھ - فعل لازم - ناراض ہونا - ناراضامندی ظاہر کرنا - بےمروّتی کرنا - بُری نگاہوں سے دیکھنا ٭

ٹیڑھی ٹوپی - ھ - اسم مؤنث - کلاہِ کج - بانکی ٹوپی آڑی رکھی ہوئی ٹوپی ٭

ٹیڑھی سُنانا - ھ - فعل متعدی - اوکھی سنانا - خلاف جواب دینا - بُرا بھلا کہنا - بونگی سُنانا ٭

ٹیڑھی کھیر - ھ - اسم مؤنث - بینڈا کام مشکل کام دشوار کام (اس مثل کا قصہ یوں مشہور ہے کہ کسی اندھے سے کسی شخص نے پوچھا کھیر کھاؤ گے اُسنے کہا کھیر کیسی ہوتی ہے بولا سفید اُسنے کہا سفید کیسی اسنے کہا جیسے بگلا اُسنے کہا بگلا کیسا ہوتا ہے اسنے ہاتھ ٹیڑھا کرکے دکھایا کہ ایسا اندھا بولا یہ تو بڑی ٹیڑھی کھیر ہے ہم سے نہیں کھائی جائیگی پس جب سے یہ مثل جاری ہو گئی) ٭

ٹیڑی - ھ - اسم مؤنث (گنوار) ٹیڈی - ٹڈی - ملخ

ٹیس - ھ - اسم مؤنث (۱) درد - پیڑا - تکلیف - چپک ہُول - کسک - چسک ٭ (برق)

ٹیسیں گئیں نہ ولگی دوا بار ہا لگی
کوساتھا کس نے کس کی اسی بد دُعا لگی

(۲) جزبندی - شیرازہ - کتاب کی سلائی یا بخیہ (یہ لفظ اصل میں انگریزی (Stitch) اسٹچ سے بگاڑ لیا ہے) ٭

ٹیسیں اُٹھنا یا مارنا - ھ - فعل لازم - بار بار درد اُٹھنا - زخم یا پھوڑے وغیرہ میں ہولیں اُٹھنا چپک پڑنا

ٹیسُو - ھ - اسم مذکر (۱) پلاس کا پھول - ڈھاک کا پھول جسمیں سے زرد رنگ نکلتا ہے (۲) - ایک کھیل کا نام جو بچے دسہرہ میں ایک مورت کا سر بنا کر راتوں کو لیے ہوئے گاتے پھرتے ہیں اور دسہرہ کے دن اُسکو توڑ پھوڑ ڈالتے ہیں اسکی وجہ تسمیہ اسطرح پر بیان کرتے ہیں کہ ٹیسُو راے مہابھارت کے زمانے میں ایک بہادر راجپوت تھا جسکی شکست دیکھتا اُسیکی طرف ہوکر فتح کرا دیتا تھا جب پانڈوؤں نے دیکھا کہ یہ تو بڑا حرج کرتا ہے تو اُسکا سر کاٹ لیا مگر اُسنے مرتے وقت یہ قول لے لیا کہ میرا سر ایک بانس پر جنگ کے وقت لٹکا دیا جایا کرے کیونکہ مجھے اس لڑائی کے دیکھنے کا بڑا شوق ہے پس اسیطرح ایک کلا (سر) بناکر اُسے لکڑیوں پر لگاکر بھیک مانگتے پھرتے ہیں (بحر)

ہر ایک صاحب حشم کا دور ہے دس روز عالم میں ٭
دسہرے تک ہمارے شہر میں ٹیسو نکلتے ہیں

(۳) ٹیسو کا گیت - وہ تُک جو لڑکے ٹیسو کے ساتھ ساتھ کہتے ہوئے پھرتے ہیں جیسے کھولو رانی چندن کواڑ ٭ ٹیسو آیا گھر کے دوار - وغیرہ وغیرہ ٭

ٹیک - ھ - اسم مؤنث (۱) روڑا - تھونی - کھمبا - کھم پشتی - سہارا (۲) - پورب) مستقل ارادہ مصمم ارادہ (۳) عزت - آبرو - بھرم (دو ہا)

چلنا بھلا نہ کوس کا بیٹی بھلی نہ ایک
منگنا (مانگنا) بھلا نہ باپ سے جو پربھو راکھیں ٹیک

(۴) قول و قرار - اقرار مدار (پورب) ھ - استھائی انترہ - گیت کا وہ ٹکڑا جو بار بار کہا جاوے ٭

ٹیک رہنا - ھ - فعل لازم - بات رہنا - عزت رہنا بھرم رہنا - اعتبار رہنا ٭

ٹیکا - ھ - اسم مذکر (۱) قشقہ - تلک - صندل یا سیندور وغیرہ کا پیشانی پر نشان (ناسخ)

(زمانہ بیخ) بُرا ہو بدبخت عاشقی کا نہ دیں ہو برباد کسی کی +
بنا ہے عشقِ بُتاں میں ٹیکا نشان سجدہ مری جبیں کا

(۳) کنور۔ ولیعہد۔ وارثِ تاج یا گدی (۴) ایک زیور کا
نام جو ماتھے پر عورتیں پہنتی (۴) ایک رسم کا نام جو اہلِ ہنود
میں نسبت یا بیاہ میں ادا ہوتی ہے (۵) وُہ نشتر یا زخم
جو چیچک کی احتیاط کے واسطے بچوں کی بانہہ میں
لگا کر چیچک کے دانوں کا جیپ لگا دیتے ہیں (۶)
شرح۔ تفسیر (۷) سرداری کی علامت + خصوصیت کا
نشان جیسے اُردو کہے میرے ماتھے ٹیکا + مجھ بن بناہ
نہو ٹیکا (۸) دھبا۔ داغ (۹) راج تلک۔ گدی پر
بٹھانے کی رسم (۱۰) وُہ نشان یا تلک جو ہنود اس میں
سفر یا جاترا میں جاتے وقت لگا دیتے ہیں +

ٹیکا بھیجنا۔ ف۔ فعل متعدی (ہندو) نشان بھیجنا۔
نشان چڑھانا۔ نسبت یا منگنی کے وقت جو مٹھائی
وغیرہ بھیجتے ہیں + سگائی کرنا +

ٹیکن۔ ف۔ اسم مؤنث۔ اُڑکین۔ سہارا۔ اڑواڑ۔ تھونی۔
ٹیک۔ مدد۔ تکیہ گاہ +

ٹیکنا۔ ف۔ فعل متعدی (۱) ٹکانا۔ رکھنا۔ سہارا لینا (۲)
(قمار باز) داؤں پر لگانا۔ بازی پر رکھنا +

ٹیکے کا۔ ف۔ تابع فعل۔ صفت۔ عو (۱) مخصوص + نرالا۔
انوکھا۔ خصوصیت کی علامت رکھنے والا جیسے کچھ
یہی تو ٹیکے کا نہیں ہے جو سب کچھ لے لیگا (۲) حقدار
ولیعہدی کا حق رکھنے والا +

ٹیلا۔ ف۔ اسم مذکر۔ دیکھو (ٹیبا) +

ٹیلی گراف۔ انگلش Telegraph ملاپ
سے خبر پہنچانے کا آلہ۔ تار برقی +

ٹیلی گرام۔ انگلش Tele[illegible]ram وُہ خبر جو تار کے
ذریعہ سے آئی یا گئی ہو۔ تار کی خبر +

ٹیم۔ ف۔ اسم مؤنث (۱) بتی کا گل۔ زبان چراغ۔ چراغ
کی بتی کا وُہ اگلا حصہ جو بالکل جلکر سیاہ ہو جائے۔
(۲) انگلش ٹائیم۔ وقت۔ سما +

ٹیم ٹام۔ ف۔ اسم مؤنث (گنوار) کمخواب کا سنیانا ہے
کیا ہے اسیکو وُہ لوگ کیم کھام بھی کہتے ہیں (۲) نمود
نمائش۔ آرائش +

ٹیمی۔ ف۔ اسم مؤنث (گنوار) چنگاری +

ٹین۔ انگلش Tin (۱) ٹین ایک سفید نرم دھات
کا نام + رانگ۔ قلعی + لوہے کے پتلے پتلے قلعی دار
تختے (۲) ٹین کا ظرف +

ٹیں۔ ف۔ اسم مؤنث۔ طوطے کی وُہ آواز جو بلی کے دفعتہً
دبا لینے سے ایک ہی دفعہ نکلکر جان بھی جاتی ہے +

ٹیں ٹیں۔ ف۔ اسم مؤنث۔ طوطے کی متواتر آواز طوطی
کی آواز + مہمل بات۔ بیہودہ بات

ٹیں ٹیں کرنا۔ ف۔ فعل لازم۔ طوطے کی طرح بولنا۔
بڑبڑانا۔ چیں چیں کرنا۔ بکنا +

ٹیں ہونا۔ ف۔ فعل لازم حقارتاً طوطے کی طرح مرنا۔
مر کر رہجانا۔ مرجانا +

ٹینٹ۔ ف۔ اسم مذکر (۱) کریل کا پھل (۲) آنکھ کا پھلا
آنکھ کا وُہ اُبھرا ہوا بڑا دانہ جو کریل کے پھل کی برابر
ہوتا ہے (۳) کپاس کا ڈوڈا۔ روئی کا پھل۔ ڈھینڈ

ٹینٹوا۔ ف۔ اسم مذکر۔ گلا۔ گھینٹوا۔ حلق [illegible] رخرا۔ نای گلو
ٹینٹوا [illegible] ف۔ فعل متعدی۔ گلا گھونٹنا + عاجز کرنا۔ گردن
دبانا۔ سخت تقاضا کرنا +

ٹینی۔ ف۔ اسم مذکر (۱) بد اصل [illegible] مرغیوں کی نسل۔ دوغلی
مرغیاں جیسے ما[illegible] مینی باپ کلنگ بچے دیکھو رنگ برنگ

(۲) صفت) پستہ قد۔ بونا۔ ٹھنگنا +

ٹیوا۔ ہ۔ اسم مذکر (۱) ہندو جنم پتری۔ زائچہ (۲) عادت جسکا مزا (پورب) +

ٹیہلا۔ ہ۔ اسم مذکر (ہندو) ا بیاہ کی ایک رسم (۲) تیج تہوار۔ تقریب۔ بیاہ شادی جیسے ٹیہلے پر آنا (۳) نیک۔ اِنعام شادی +

ٹیہلا پھیلانا۔ ہ۔ فعل لازم (ہندو) شادی رچانا

ث

ث ع۔ اسم مؤنث (۱) عربی کا چوتھا فارسی کا پانچواں اُردو کا چھٹا حرف۔ ثائے مثلثہ (۲) حساب جُمل میں اسکے پانچسو عدد ہیں (۱) اسکا تلفظ ہندوستانی سین مُہملہ کی مانند نکالتے ہیں مگر یہ محض غلط ہے اسکا تلفظ اصل میں زبان کی نوک سے ادا ہوتا ہے) +

ثابت ع۔ صفت (۱) پورا۔ کامل۔ سارا۔ درست جیسے ثابت نہیں کان بالیوں کا ارمان (۲) قائم مُستقل برقرار۔ مضبوط۔ پائدار مُستحکم جیسے ثابت قدم کوسب جگہ ٹھاؤں (۳) صداقت کو پہنچا ہوا۔ مُصدقہ۔ تصدیق شُدہ۔ مُستند (۴) وہ ستارا جو گردش نکرے جیسے قُطبین وغیرہ +

ثابت ہوجانا۔ ہ۔ فعل لازم (۱) تحقیق ہوجانا۔ صداقت کو پہنچ جانا۔ پورا ہوجانا۔ ٹوٹی ہوئی چیز کا جُڑکر کامل ہوجانا

ثاقب ع۔ صفت۔ روشن۔ تاباں۔ چمکتا ہوا۔ درخشاں چمکیلا۔ چمکدار +

ثالث ع۔ اسم مذکر (۱) تیسرا۔ تیسرا آدمی (۲) بچولیا۔ پنچ اسیسر +

ثالث بالخیر ع۔ اسم مذکر۔ وہ پنچ جو کسیکی رُو رعایت نکرکر

ثالث نامہ ع + ف۔ اسم مذکر (قانون) پنچوں کا لکھا ہوا فیصلہ +

ثانی ع۔ صفت (۱) دُوسرا۔ دُوجا + (۲) اسم مذکر) نظیر مانند۔ مقابل +

ثانی الحال ع۔ تابع فعل۔ دُوسرے وقت بعد ازاں پھر۔ من بعد +

ثانیہ ع۔ اسم مذکر۔ پل۔ سکنڈ۔ دقیقہ۔ منٹ کا ساٹھواں حصہ + چھن۔ لحظہ +

ثبات ع۔ اسم مذکر۔ قرار۔ قیام + پائیداری۔ استقلال مضبوطی +

ثبات رائے ع۔ اسم مذکر۔ استحکام رای۔ استقلال رائے

ثبت ع۔ اسم مذکر۔ تحریر۔ ترقیم۔ نوشت + نقش۔ مُہر +

ثبت کرنا۔ ا۔ فعل مُتعدی۔ دستخط کرنا۔ العبد کرنا۔ لکھنا + درج کرنا +

ثبوت ع۔ اسم مذکر (۱) لغوی معنی اپنی جگہ پر قرار پکڑنا (۲) استحکام۔ مضبوطی۔ قیام (۳) دلیل۔ صداقت۔ تحقیق (۴) گواہی سے کسی بات کی تصدیق +

ثبوت قانونی ع۔ اسم مذکر۔ قانون کے مُوافق صداقت شہادت +

ثروت ع۔ اسم مؤنث (۱) مال کی کثرت۔ دولت تونگری (۲-۱) حشمت۔ اختیار۔ حکومت +

ثریٰ ع۔ اسم مذکر۔ زمین کے نیچے کی مٹی جب تحت الثریٰ کہیں گے تو پاتال سے مُراد ہوگی +

ثریا ع۔ اسم مذکر۔ پروین۔ جھمکا۔ وُہ چھ ستارے جو باہم مُتصل واقع ہیں +

ثعلب مصری ع۔ اسم مؤنث۔ ایک پودے کی جڑ جو لومڑی کے خُصیہ سے مُشابہ ہے اطبا نے اسکو مغلظ

سنی ثابت کیا ہے +

ثَقالَت - ع - اسم مؤنث (۱) گرانی - بوجھ - وزن - بھاری پن (۲) سختی جو بدہضمی وغیرہ کے باعث ہو +

ثِقل - ع - اسم مذکر (۱) بوجھ - بھار - وزن - گرانی - بھاری پن (۲-ل) سختی +

ثِقَہ - ع - اسم مذکر - مرد معتبر - معتمد آدمی جسکے قول فعل پر اعتماد ہو + مُقطع آدمی +

ثِقہ بدمعاش - ع+ف - اسم مذکر - وہ شخص جو پرہیزگاروں کی سی شکل بناکر بدمعاشی کرے - مُقطع صُورت بدمعاش

ثَقیل - ع - صفت (۱) بھاری - وزنی - گراں - بوجھل (۲-ل) دیرہضم - ناقابل ہضم +

ثُلث - ع - اسم مذکر - تیسرا حصہ - ایک تہائی ⅓ +

ثَمَر - ع - اسم مذکر - پھل - میوہ - بار درخت - پیداوار + حاصل - فائدہ + اولاد + مال - دولت +

ثَمَرہ - ع - اسم مذکر (۱) پھل - میوہ (۲) نفع - فائدہ (۳) نتیجہ حاصل + انجام (۴) بدلہ - عوضہ +

ثَمَن - ع - اسم مذکر (۱) قیمت - اُجرت - مول (۲-ل) طلبی نامہ - حکمنامہ - بُلاوا - طلب (اس معنی میں یہ لفظ انگریزی سمنز Summons سے بگڑا ہوا ہے) +

ثمانیہ - ع - اسم مذکر (۱) آٹھ - ہشت (۲) ریاضی کا وہ قاعدہ جسمیں سات معلوم اعداد کے وسیلہ سے آٹھواں مجہول عدد دریافت کیا جاتا ہے +

ثَنا - ع - اسم مؤنث - مدح - تعریف - ستایش - صفت توصیف + حمد و نعت + برنن - بکھان - استت جس جگ کا

منہ کیا مرا جو کروں نعت مصطفےٰ
(ظفر) اُسکی ثنا خدا نے ہے قرآن میں کہی

ثَواب - ع - اسم مذکر (۱) مزد - بدلہ - اُجرت - نیک عوض نیک کام کی جزا - نیکی کا بدلہ جو عاقبت میں ملیگا - عذاب کے خلاف (۲-ل) بھلائی - نیکی +

ثواب کمانا - ع+ف فعل لازم - نیکی حاصل کرنا - بھلائی حاصل کرنا - نیکی کا کام کرنا +

ثَوابِت - ع - اسم مذکر - وہ ستارے جو گردش نہیں کرتے - ایک جگہ قایم رہنے والے ستارے +

ثَور - ع - اسم مذکر (۱) بیل - نرگاؤ (۲) برکھ - آسمان کا دوسرا بُرج جو بشکل گاؤ ہے +

ج

ج - ع - اسم مؤنث (۱) عربی کا پانچواں فارسی کا چھٹا اُردو کا ساتواں ہندی سنسکرت کا آٹھواں حرف (۲) حساب جُمل میں اسکے تین عدد فرض کیے گئے ہیں (۳) یہ حرف کبھی تاے قرشت کبھی جیم فارسی کبھی دال مُہملہ کبھی شین منقوطہ کبھی کاف فارسی و گاہے یاے مجہول سے بدلا جاتا ہے +

جا - ف - اسم مؤنث - جگہ - مقام - ٹھاؤں - ٹھکانا

جابجا - ف - تابع فعل - ہر جگہ - ہر ایک موقع پر - ہر مقام پر +

جابیجا - ف - صفت - موقع بموقع - درست نادرست ٹھیک بےٹھیک - مناسب نامناسب +

جاضرور - ف+ع - اسم مذکر (۱) بیت الخلا - صحت خانہ پیخانہ کا مکان (۲) پیخانہ - براز +

جانشین - ف - اسم مذکر - ولیعہد - قایم مقام - نائب السلطنت + ٹیکا -

جانماز - ف+ع - اسم مؤنث - مُصلیٰ - نماز پڑھنے کا فرش + آسن + آسن پاٹی -

جاپ - ہ - اسم مذکر (گنوار) ۱- مویشی کے مُنہ کا چھینکا
دہانہ (۲) ایک قسم کی گھانس +

جابر - ع - صفت (۱) جبر کرنے والا - ظالم - ان نیائی
(۲) خودسر - مُطلق العنان - خودمختار - بااختیار + خود
حاکم - مُطلق العنان بادشاہ - شخصی حکومت کا بادشاہ

جابھڑنا - ہ - فعل متعدی (۱) مُقابل ہونا - رُوکش ہونا -
مُقابلہ کرنا - سنمکھ ہونا (مُصحفی)

تنہا ہی جابھڑا صفِ مژگانِ یار سے
کیا زور ہے یہ دل بھی جگر دار دیکھنا + +

(۲) ٹکر کھانا - ہم پلہ ہونا + (جرأت)

ٹک اوج دیکھیو مرے بخت سیاہ کا
جا عرش سے بھڑا ہے دُھواں دل کی آہ کا

جاپا - ہ - اسم مذکر - جنا - بچہ دینا +

جات - ہ - اسم مؤنث (ہندو) - ۱- جایا - جنا ہوا - بچہ -
بالک - بالا - طفل + اولاد - نسل - نسب - بیل - سنتان
آل (۲) نتیجہ - پھل - ثمر (۳) بیٹا - فرزند - پسر - ابن
پوت - لڑکا - خلف - پُتر - صاحبزادہ (۴) گروہ - جماعت
جتھا + درجہ - مرتبہ - پایہ - رُتبہ + ذات - جنس - صنف
قسم - رقم - بھانت + پرکار - برن - قبیل - تماش -
نوع + بھاگ - قسمت - حصہ + طور - طریق - صورت
طرح - اسلوب - ڈول - طرز - ڈھنگ (۵) برادری
بھائی برادر - گوت - قوم (۶) مِنّت - مانتا - نذر و نیاز
پیشکش - بھینٹ +

جات دینا - ہ - فعل متعدی (ہندو) منّت بڑھانا
بھینٹ دینا - مانتا کا ادا کرنا - دیوی یا دیوتا کی نذر کا
عہد پورا کرنا +

جات سُبھاؤ - ہ - اسم مذکر (ہندو) قومی عادت - قومی اثر
ذاتی خصلت +

جاتا رہنا - ہ - فعل متعدی (۱) کھویا جانا - گم ہوجانا -
غائب ہوجانا - نابود ہوجانا - نیست ہوجانا (۲) بالکل
دُور ہوجانا - باقی نہ رہنا + نکل جانا - اِسقاط ہونا +

جاترا - ہ - اسم مؤنث - ہندو - تیرتھ کو جانا - زیارت - تیرتھ
سفر - کوچ - روانگی - پراستھان - وداع (۲) اُچھاؤ -
دیوتا کی مورت کو رتھ وغیرہ میں بطریق سواری لیجانا -
(۳) تیوہار - پرب - عید +

جاتری - ہ - اسم مذکر - زوّار - زیارت کو جانیوالا - حاجی
تیرتھ کو جانے والا + مسافر +

جاتی دنیا دیکھنا - فعل لازم - دُنیا فانی کا خیال کرکے
یا موت سامنے سمجھ کے کوئی کام ضروری سمجھنا جیسے
کیا جاتی دُنیا دیکھی جو ادھر نکل آئے +

جاٹ - ہ - اسم مذکر - ایک ہندو قوم کا نام جسکا پیشہ
کاشتکاری وغیرہ ہے - شودروں کی ایک ذات +

جاجت - ا - اسم مؤنث - جیم کی تقطیع جو بچوں کو پڑھائی
یا لکھائی جاتی ہے +

جاجم - ف - اسم مؤنث - چھپا ہوا فرش - ایک قسم کا کپڑا
جسپر بیل بوٹے چھاپکر فرش بناتے ہیں +

جاجکی - ہ - اسم مذکر (ہندو) جھانجھ بجانے والا - وُہ لوگ
جو چوک چکنی کے ساتھ روشن چوکی بجاتے اور رتھ کے آگے
آگے بھجن گاتے جاتے ہیں + طبلچی +

جادو - ف - اسم مذکر - ٹونا - سحر - افسوں - منتر (جیسے جادو
برحق ہے اور کرنے والا کافر یعنی منتر کا اثر سچ ہے مگر کرنے والا کافر ہے)

جادو جگانا - ا - فعل متعدی - افسوں یا منتر کے اثر
کو آزما کر دیکھنا - جادو کرنے سے پہلے اُسکی آزمایش کرنا
جادو کو تازہ کرنا - سحر کو عمل میں لانا +

سوتے ہیں فتنۂ خوابیدہ کی صورت معشوق
جاگتے ہیں یہ جگائے ہوئے جادو کی طرح
اُفق بلد یار کا گیسو نظر آیا +
(صبا) آنکھوں میں جگایا ہوا جادو نظر آیا

جادو چلانا ۔ ہ ۔ فعل متعدی ۔ سحر کرنا ۔ افسوں کرنا ۔ موٹھ چلانا +

جادو چلنا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ سحر کا کارگر ہونا ۔ ٹونے کا مؤثر ہونا +

جادو ڈالنا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ (رگیتوں میں) جادو کرنا ۔ سحر کرنا ۔ ٹونا کا کرنا +

جادو کا پتلا ۔ ہ ۔ اسم مذکر (۱) انسان یا حیوان کی وہ صورت جو ساحر لوگ سحر کا عمل کرنے کے واسطے بناتے ہیں کیونکہ ساحر کو جس پر افسوں کرنا منظور ہوتا ہے وہ اُس شخص کی صورت کا آٹے کا بت بنا کر اُسکے اوپر جادو پڑھتا ہے کہتے ہیں جو کچھ جادوگر اُس پتلے کے ساتھ عمل کرتا ہے وہی اُسکے ہمشکل غائب پر اثر ہوتا ہے مثلاً یہاں پتلے کی آنکھوں میں سوئیاں چبھوئیگا تو وہاں بھی یہی کیفیت ہوگی (مومن خاں) سرمۂ تسخیر سے ہم خود مسخر کیوں نہ ہوں + آنکھ کی پتلی جو تھی جادو کا پتلا ہو گیا (۲) معشوق جو دل عاشق کو بکمال پُر اثر سے تسخیر کر لیتا ہے ۔ جادوگر +

جادوگر ۔ ف ۔ اسم مذکر ۔ فسوں ساز ۔ ساحر ۔ ٹونہایا ۔ سیانا ۔ اوجھا +

جادوگرنی ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ ٹونہائی ۔ جادوگرنی عورت ۔ ساحرہ +

جادوگری ۔ ف ۔ اسم مؤنث ۔ ساحری ۔ سحر سازی

جا دھمکنا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ جا پہنچنا ۔ آموجود ہونا ۔ زبردستی جا حاضر ہونا ۔ آن کودنا +

جاذب ۔ ع ۔ صفت ۔ جذب کرنے والا ۔ چوسنے والا ۔ سوکھنے والا ۔ کھینچنے والا ۔ کشش کرنے والا +

جاذ ۔ ع ۔ اسم مذکر (۱) پڑوسی ۔ ہمسایہ (۲) جر دینے والا ۔ زیر یا کسرہ دینے والا +

جار ۔ ہ ۔ اسم مذکر (گنوار) دھگڑا ۔ آشنا ۔ یار ۔ لگواڑ

جاروب ۔ ف ۔ اسم مؤنث ۔ جھاڑو ۔ سوہنی ۔ بُہاری (راسیخ)
خط رخسار جاناں نے کدورت دل کی زائل کی
شعاع مہر تھی جاروب صحن خانۂ دل کی

جاروب کش ۔ ف ۔ اسم مذکر ۔ جھاڑو دینے والا ۔ خاکروب ۔ کناس +

جاری ۔ ع ۔ صفت ۔ رواں ۔ بہتا ہوا ۔ نافذ

جاری ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ زنا ۔ چھنالا ۔ چام چوری ۔ حرام + حرامکاری ۔ زناکاری ۔ فسق و فجور +
(دوہا) کسی جگ میں آن کے اوگن تجدے چار
چوری جاری جاچن او پرائی نار

جاڑ ۔ ہ ۔ اسم مؤنث (گنوار) ڈاڑھ +

جاڑا ۔ ہ ۔ اسم مذکر (۱) سردی ۔ سردی کا موسم ۔ موسم سرما ۔ زمستاں ۔ شتا (۲) سردی ۔ خنکی ۔ ٹھر ۔ سرما ۔ ٹھنڈ

جاڑا پڑنا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ سردی کا زور ہونا ۔ سردی ہونا

جاڑا چڑھنا ۔ ہ ۔ فعل متعدی ۔ کپکپی ہونا ۔ سردی لگنا ۔ تپ لرزہ کا اثر کرنا +

جاڑا لگنا ۔ ہ ۔ فعل متعدی ۔ سردی معلوم ہونا ۔ ٹھنڈ لگنا

جازم ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ (دیکھو ۔ جاجم) +

جاسوس ۔ ع ۔ اسم مذکر ۔ مخبر ۔ بھیدی ۔ دُوت ۔ گوئندہ ۔ خفیہ نویس + ایک ملک کی دوسرے ملک

میں خبر لیجانے والا - تماشگی - شہر خبرا +

(حالم) اگرچہ دل ہے کماں مضطر بلیں تو کیونکر بلیں کہ دلبر
پھریں ہیں جاسوس یاں تو گھر گھر ادھر ہمارے اُدھر تمہارے

جاسوسی - ہ - اسم مؤنث - مخبری - دوت پن - خفیہ نویسی

جاگو - ہ - اسم مذکر - بدھک - دھروڑ - شرطی - ہیرنی پھیرنی
چیز پسند ناپسند کے اقرار پر کسی چیز کا خریدنا +

جاگوہی - ہ - اسم مؤنث - روکڑبہی کے خلاف - وہ
بیاض جسمیں شرطی بکری کی یادداشت لکھی جاوے

جاگ - ہ - اسم مؤنث (۱) بیداری - بے خوابی - ہوشیاری
شب بیداری + رتجگہ (۲) ہوم (ہون) رات کی پوجا +

جاگ اُٹھنا - یا - **جاگ پڑنا** - ہ - فعل لازم - بیدار
ہو جانا - سوتے سے اُٹھ بیٹھنا - چونک پڑنا +

جاگتی جوت - ہ - اسم مؤنث - کرامت ظاہر و روشن
چلتی ہوئی کرامات - معجزہ نمایاں + (جرأت)

زبس ہے شور منڈا ایسی کہ سب خلق
کہے ہے جاگتی جوت اُسکو اب خلق

جاگتے رہنا - ہ - فعل لازم (۱) بیدار رہنا - نہ سونا (۲)
چوکیداروں کی آواز - جاگتے رہیو! +

جاگرن - ہ - اسم مذکر (ہندو) رتجگہ - شب بیداری -
خدائی رات +

جاگنا - ہ - فعل لازم (۱) بیدار ہونا - نیند سے اُٹھنا - نیند
اُچٹنا (۲) ہوشیار ہونا - چوکنا ہونا - متنبہ ہونا +

جاگیر - ا - اسم مؤنث (صحیح جائگیر) وہ قطعہ زمین
یا گانو جو بادشاہوں یا نوابوں کی طرف سے دیا جاوے
تیول - اقطاع - پرگنہ - تعلقہ - التمغا - معافی

(جان صاحب) اے جان بسر ہوویگی کسطرح سے اوقات
میرا کہیں منصب ہے نہ جاگیر تمہاری +

جاگیردار - ف - اسم مذکر (۱) مالک جاگیر + تعلقہ دار +

جال - ہ ف - اسم مذکر (۱) دام - پھندا - شبکہ

(ناسخ) اُڑکے اب جائیگی کہاں بط مے +
ابر باراں کا جال آپہنچا +

(۲) بعض لوگوں نے اِسکو فعل کے معنی میں بھی لکھا
ہے مگر وہ درحقیقت جعل ہے - مکر - فریب - دھوکا

(جان صاحب) کوٹھے پہ چڑھ کے رنڈی کرتی ہے تو جو نکھی
میں پیچ خوب سمجھی یہ بھی ہے جال تیرا

(۳) جادو - طلسم (۴) ٹھکا - بدھی - پرتلا (۵) کھڑکی - دریچہ

جال بچھانا - ہ - فعل متعدی (۱) دام گستردن کا ترجمہ
دام پھیلانا (۲) مکر و فریب کا ڈھنگ ڈالنا (امداد علی بحر)

ہاتھ آتا ہے مقدر سے ہمائے دولت
جال کس کس نے بچھایا نہیں دانائی کا

جال پھیلانا - یا - **لگانا** - ہ - فعل متعدی - دیکھو
(جال بچھانا) +

جالدار - ا - صفت - پھندے دار - حلقے دار - جالی کا +

جال ڈالنا - ہ - فعل لازم (۱) دام بچھانا یا دریا میں پھینکنا
(۲) فریب یا دھوکے کا موقع ڈالنا +

جال کرچ - ہ - اسم مؤنث - پیٹی اور تلوار مع پرتلا +

جال میں پھنسانا - ہ - فعل متعدی - کسی شکار کو
دام میں یا انسان کو فریب میں لانا +

جالا - ہ - اسم مذکر (۱) وہ سفید اور کاغذ سی جھلی جو مکڑی اپنے
لعاب دہن سے بناتی یا وہ چند تار جو عنکبوت تنتی ہے

(ذوق) مہ میں کہاں جو تاب رخ ریشمیں میں ہے
جالا سا عنکبوت کا سقف کہن میں ہے

(۲) وہ سفید پردہ یا جھلی جو آنکھ میں پیدا ہو جاتی ہے اُسے
بھی بطریق تشبیہ جالا کہتے ہیں (۳) جالی جیسے

کالا موتیوں کا جالا +

جالی - ہ - اِسم مؤنث (۱) خانہ دار کپڑا یا کوئی اور چیز - مُشبّک چیز - چھید دار خواہ پھُندنے دار یا حلقہ دار چیز +

آسمان پر نظر جو کی شبِ ہجر +
سمجھے ہم مقبرے کی جالی ہے
(ناسخ)

(۲) کشیدہ - وُہ کڑھا ہوا کپڑا جسمیں بہت سے خانے ہوتے ہیں (۳) وُہ پردہ جو کیریوں میں گٹھلی پڑنے سے پہلے پیدا ہو کر پھر اُسی کی گٹھلی بنجاتی ہے (۴) وُہ بان یا سن کی رسّی کا بُنا ہوا کپڑا جسپر گھسیارے گھانس باندھتے ہیں (۴) وُہ چربی دار جھلّی جو حیوانات کے اوجھ پر سے نکلتی ہے (۵) وُہ بُرقع یا جھلّی جسمیں بچہ لپٹا ہوا پیدا ہوتا ہے (۶) جال - نقاب - بُنا ہوا پردہ جو منہ پر یا بالوں پر ڈال لیتے ہیں (۷) وُہ چھینکا جو مویشیوں کے مُنہ پر لگا دیتے ہیں (۹ - عوام - صفت) جعلی - فریبی - دغاباز + بنایا ہوا - اصل کے خلاف - مصنوعی +

جالی کاڑھنا - یا - نکالنا - ہ - فعل لازم - عو - جالی کا کام کرنا - کپڑے یا باریسٹ پر کچھ کام بنانا - کشیدہ کاڑھنا

جالی لوٹ - یا - لوٹ جالی - ہ - اِسم مؤنث - ایک قسم کا باریک خانہ دار انگریزی کپڑا +

جام - ف - اِسم مذکر - پیالہ - گلاس - ساغر - قدح - پیمانہ - مینا - کٹورا + شراب پینے کا ظرف +

جامِ جم - یا - جمشید - ف - اِسم مذکر (پیالۂ جمشید جو حکمائے فارس نے بنایا تھا کہتے ہیں کہ اِسکے وسیلہ سے ہفت آسمان کا حال معلوم ہو جاتا تھا اور اِسی کو جامِ جہاں نُما بھی کہتے ہیں لیکن شرفنامہ معروف بہ سکندر نامہ سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ پیالہ کیخسرو نے بنایا تھا اور بعض کتابوں میں لکھا ہے کہ کیخسرو نے اُسی میں کچھ ایجاد کر دیا تھا - ایشائی لوگوں کا خیال ہے کہ اِسکے ذریعہ سے تمام عالم کا احوال اور خیر و شر معلوم ہو جاتی تھی صحیح اتنا ہے کہ اُسمیں خطوطِ ہندسی کھدے ہوئے تھے جسکے وسیلہ سے حساب لگاکر ستاروں کی گردش اور اُسکی وجہ سے اُنکا اثر معلوم ہو جایا کرتا تھا واللہ اعلم بالصّواب)

جامِ جہاں نُما - ف - اِسم مذکر (۱) وہی جامِ کیخسرو یا جمشید (۲) روشنی کا وُہ مینار جسکی روشنی سے جہازوں کو سمندر کا راستہ معلوم ہوتا ہے +

جام چڑھانا - ہ - فعل متعدی - شراب کا پیالہ پینا - قدح نوشی کرنا (ناسخ)

یہی وظیفہ ہے دِن رات مجکو مستی میں
چڑھاؤں جام کوئی نشہ کا اُتار ہوا

جام - ہ - اِسم مذکر (ہندو) (۱) پہر - رات دِن کا آٹھواں حصّہ - تین گھنٹہ کا عرصہ (۲) تخم - بیج - نُطفہ (۳) اولاد - سنتان - نسل (۴) پُوت - فرزند - پُتر - بیٹا - خلف - ابن جیسے لونڈی کا جام +

جامِد - ع - صفت - جما ہوا + پتھر - وُہ لفظ جس سے نہ تو کوئی اور لفظ بنے اور نہ وُہ کسی سے بنا ہو (صرف)

جامدانی - ا - اِسم مؤنث - صحیح (جامہ دانی) بوغبند کپڑوں کی پیٹی - چمڑے کا صندوق جسمیں پہننے کے کپڑے رکھتے ہیں (۲) ایک قسم کا کڑھا ہوا پھولدار کپڑا (۳) شیشے خواہ ابرک یا کاغذ کی ننھی سی صندوقچی جسمیں بچے محرم کے دِنوں میں گوٹہ بھر کر رکھتے ہیں +

جامِع - ع - صفت - جمع کرنے والا + شامل - حاوی + کُل - تمام +

جامع مسجد - ع - اِسم مذکر - وُہ بڑی مسجد جسمیں بہت سے آدمی جمع ہوں + جمعہ مسجد +

جامن - ہ - اِسم مؤنث (۱) ایک اُودے رنگ کے تُرش پھل اور اُسکے درخت کا نام جسکو جاموں لکھتے اور بولتے

میں پھلیندا کہتے ہیں (۲) دہی یا چھاچ جسکے وسیلہ سے
اور دہی جاتے ہیں +

جامہ - ف - اسم مذکر - کپڑا - پوشاک - لباس - قبا - پیراہن
پشواز - (قبیس)

تن کی عریانی سے بہتر نہیں دنیا میں لباس
یہ وہ جامہ ہے کہ جسکا نہیں سیدھا اُلٹا

جامہ دانی - ف - اسم مؤنث - دیکھو (جامدانی)

جامہ سے باہر ہونا - ا - فعل لازم - آپے سے باہر ہونا
خودی میں نہ رہنا - بیخود ہونا خواہ فرط خوشی سے خواہ جوش
غضب سے (ناسخ)

اپنے جامہ سے وہیں ہوگئے باہر لاکھوں
گھر سے پوشاک بدلکر جو وہ باہر آیا +

جامہ میں پھولا نہ سمانا - ا - فعل لازم - نہایت
خوش ہونا - فرط خوشی سے آپے میں نہ رہنا - پھولا
انگ نہ سمانا +

جامہ وار - ف - اسم مؤنث - ایک قسم کی پھولدار چھینٹ
یا اونی پھولدار چادر +

جان - ہ - اسم مؤنث - پہچان - واقفیت - آگاہی -
علمیت (مرکبات میں) +

جان بوجھکر - ہ - تابع فعل عمداً - قصداً - دیدہ و دانستہ
ارادۃً - بالارادہ - بالقصد - واقفیت سے +

جان پہچان - ہ - اسم مؤنث - واقفیت - واقفکاری
صاحب سلامت - آشنائی - ملاقات - شناسائی
(۲) - اسم مذکر) واقفکار - صاحب سلامتی - ملاقاتی -
جانکار (مہیں سوز)

کھڑا نعش پہ ہو کے بولا کہ ہے ہے
یہ کُشتہ تو کچھ جان پہچان نکلا

جان کر انجان بننا - ہ - فعل لازم - تجاہل عارفانہ کرنا
جھوٹی لاعلمی ظاہر کرنا - چندرانا - مکرانا - دیدہ و دانستہ انکار
کرنا +

آخر تمہارا ناز کشیدہ ہے مصحفی +
(مصحفی) کیوں ہوگئے ہو جان کے انجان کہو

جان لینا - ہ - فعل لازم - پہچان لینا - واقف ہوجانا
معلوم کر لینا +

جان نہ پہچان خالہ بڑی سلام - ا - مثل - احمق
کی تپاک اور گرمجوشی ظاہر کرنے والے کے حق میں یا بیحیا اور چالاک کی
نسبت جو خواہ مخواہ دوستی جتا کر اپنا مطلب نکالے بولتے ہیں +

جان ہار - ہ - صفت - مرنے جوگا - چلن ہار -
قابل مرگ - نابود ہونے والا - جینے کی باتیں نکرنے والا

طفل بہر شک اپنے گلے کا جو ہار ہے
(نکہت) ہم جانتے ہیں آگے ہی یہ جانہار ہے

(۲) اپنی بساط اور عمر سے بڑھکر کام کرنے والا - نہایت
عقلمند یا بہادر (۳) آفت کا پرکالہ - نہایت شریر - بدذات

جان - ف - اسم مؤنث (۱) رُوح - جی - پران - دم -
زندگی - حیات - زیست - آتما - بوتا - نفس ناطقہ +
(۱) جوہر لطیف یا بُخار لطیف جسکے سبب سے انسان کے جسم کو بقا حاصل ہے

تُم جان ہو ہماری اور جان ہے تو سب کچھ
(ذوق) ایمان کی کہیں گے ایمان ہے تو سب کچھ

(۲) بل - طاقت - زور - بوتا - شکتی - ست + ہمت (۳) عطر
لُب لُباب - اَنس - رس - ست + مغز - گودا (۴) زیبائش
آرائش - زیب - زینت - بناؤ جیسے کھٹائی آلو کی جان
ہے (۵) ایک تعظیم و پیار کا کلمہ جیسے ابا جان - اماں جان
وغیرہ (۶) معشوق - من موہن - پیارا - جانی (ناسخ)

میری تُربت پہ خدا را گزر اے جان کرو
خاک کو جسم کرو جسم کو پھر جان کرو

(۲) لختِ جگر۔ کلیجہ کی کور۔ قرۃ العین۔ نورِ نظر۔ آنکھوں کا تارا۔ نہایت عزیز اور پیارا بیٹا۔ لال (۳) ع۔ اسم مذکر۔ بتشدید نون) جن (پریوں کے باپ کا نام۔ ابو الجن۔ کبھی اقسامِ جنات پر بھی اطلاق ہوتا ہے +

جان آنا ۔ ا۔ فعل لازم (۱) طاقت آنا۔ قوت آنا پہنچنا توانائی بہم پہنچنا (۲) تازگی حاصل ہونا۔ رونق آنا۔ تسکین و تسلی ہونا۔ خوشی و انبساط حاصل ہونا جیسے دیکھکر جان آگئی (رتی قید)

انتظارِ نامہ بر میں اسقدر بے ہوش ہوں
جان تن میں آگئی پیکِ قضا کو دیکھکر

جاں باز ۔ ف۔ صفت۔ جاں نثار۔ جان پر کھیل جانے والا + دلیر۔ بیباک۔ باہمت۔ اولو العزم + جفاکش محنتی + عاشقِ بے جگر۔ عاشقِ بیدل +

جاں بازی ۔ ف۔ اسم مؤنث۔ جان نثاری دلیری۔ اولو العزمی۔ جان جوکھوں۔ ہمت۔ جفاکشی

جان بازی کرنا ۔ ا۔ فعل لازم۔ جان پر کھیلنا جان جوکھوں میں پڑنا۔ دلیری کرنا۔ جرأت کرنا +

جان بچی لاکھوں پائے ۔ ا۔ جیتا رہنا ہی غنیمت اور بڑی دولت ہے +

جاں بخشی ۔ ف۔ اسم مؤنث۔ معافی۔ عفو۔ آمرزش مغفرت۔ رہائی۔ نجات۔ مکتی۔ درگزر +

جاں بر ہونا ۔ ا۔ فعل لازم۔ جیتا بچنا۔ جی بچنا۔ جان سلامت لیجانا۔ جیتا رہنا +

جیتا نہ بچے ایک بھی جاں بر نہو کوئی
دو چار ستمگر ہوں تیرے سے اگر اور (داغ)

جاں بلب ۔ ف۔ صفت۔ قریب بمرگ۔ مرنے کو۔ نزع میں۔ جاں کنی میں +

جان بلب ہونا ۔ ا۔ فعل لازم۔ مرنے کو ہونا۔ قریب بمرگ ہونا۔ نزع میں ہونا +

جان بیکل ہونا ۔ ا۔ فعل لازم۔ دل بے چین ہونا اضطراب ہونا۔ بیقراری ہونا +

جان پر بننا ۔ ا۔ فعل لازم۔ جان کا خطرہ میں ہونا معرضِ ہلاکت میں ہونا۔ مصیبت کا وارد ہونا۔ جان جوکھوں ہونا + نہایت تکلیف ہونا (ظفر)

بنگئی جان پر اور تو نے بچانا ہرگز
ہائے تو آتا مرے حال سے انجان بنا

جان پر کھیلنا ۔ ا۔ فعل لازم۔ جان کو جوکھوں میں ڈالنا۔ اپنے تئیں محلِ ہلاکت میں مبتلا کرنا +

جان پہ کھیلا ہوں میں میرا جگر دیکھنا
جی رہے یا نہ رہے مجکو ادھر دیکھنا (درد)

جان پر نوبت آنا ۔ ا۔ فعل لازم۔ دیکھو (جان پر بننا)

جان پڑنا ۔ ا۔ فعل لازم (۱) روح کا پیدا ہونا۔ کسی چیز میں جی پڑنا (۲) پنپنا۔ تر و تازہ ہونا۔ رونق پکڑنا۔

اسکی جب بات کان پڑتی ہے
تنِ بیجاں میں جان پڑتی ہے (مصحفی)

(۳) خوش ہونا۔ مسرور ہونا +

جان جلانا ۔ ا۔ فعل لازم۔ جی جلانا۔ دل افروختہ کرنا۔ رنج دینا + از حد غصہ دلانا +

جان جوکھوں ۔ ا۔ اسم مؤنث۔ خطرہ۔ ہلاکت۔ مخاطرہ۔ مہلکہ۔ اندیشہ۔ خوف۔ ڈر۔ زیانِ جان + مصیبت (اہلِ لکھنؤ اسکو جان جوکھم بولتے ہیں چنانچہ حضرت بحر فرماتے ہیں ؎ خدا بچائے محبت میں جان جوکھم سے + مسیح اسمیں ہے عاجز یہ لادوا ہے مرض +

جان چرانا ۔ ا۔ فعل لازم۔ کسی کام سے جی

چھپانا۔ کسی کام سے بچنا۔ پہلوتہی کرنا۔ کنارہ کرنا۔ گریز کرنا

جان چھڑانا ۔ ا۔ فعلِ لازم (۱) جان بچانا۔ جان کو امن دینا (۲) پیچھا چھڑانا۔ نجات پانا +

جان دار ۔ ف۔ صفت (۱) ذی رُوح + حیوان (۲) طاقت ور۔ زور آور + مضبوط۔ کٹا۔ قوی (۳) چالاک تیز۔ پھرتیلا +

جان دُوبھر ہونا ۔ ا۔ فعل لازم۔ جان ناگوار ہونا۔ جان بھاری ہونا۔ زندگی سے بیزار ہونا۔ زندگی اجیرن ہونا

جان دینا ۔ ا۔ فعل لازم (۱) جان تسلیم کرنا۔ جان پر بننا۔ مرنا۔ چولا چھوڑنا۔ پران دینا + (غالب)

جان دی دی ہوئی اُسی کی تھی + حق تو یہ ہے کہ حق ادا نہ ہوا

(۲) جان نثار کرنا۔ جان چھڑکنا۔ جان فدا کرنا ۔ (۳) نہایت بخل کرنا۔ از حد مُمسِک ہونا جیسے ایک ایک چیز پر جان دیتا ہے +

جان سُوکھنا ۔ ا۔ فعل لازم (۱) دم خشک ہونا۔ خوف کے مارے بےحس وحرکت ہونا (۲) دم نکلنا۔ مرنا۔ ناگوار گزرنا جیسے اُسے دیتے ہوئے دیکھکر اُسکی جان سُوکھتی ہے

جان سے دُور ۔ ا۔ محاورۂ عو۔ کسی مرے ہوئے آدمی کا اپنے زندہ عزیز سے تشبیہ ذکر کرتے وقت یا کسی آفت کا بیان کرتے وقت یہ کلمہ زبان پر لاتی ہیں +

جان سے گزرنا۔ یا۔ جانا ۔ ا۔ فعل لازم۔ مرجانا۔ فنا ہو جانا۔ پران چھوڑنا۔ فوت ہونا۔ جی دینا۔ دم دینا

ہم ہی صنم کے غم میں نہ ایمان سے گئے
(حکیم) کتنے ہی بندگانِ خدا جان سے گئے

جان سے مارنا ۔ ا۔ فعل لازم۔ مار ڈالنا۔ قتل کرنا۔ ہلاک کرنا۔ گردن مارنا +

جان سی نکلنے لگنا ۔ ا۔ فعلِ لازم۔ سخت تکلیف گزرنا۔ جان پر صدمہ پہنچنے لگنا۔ رُوح پر صدمہ گزرنا

جان سے ہاتھ دھو بیٹھنا ۔ ا۔ فعل لازم۔ زندگی سے مایوس ہو جانا۔ زیست سے نااُمید ہو جانا۔ مرنے پر آمادہ ہو جانا +

جان فشانی کرنا ۔ ا۔ فعل لازم۔ جان چھڑکنا۔ جاں نثاری کرنا۔ سخت محنت و مشقت کرنا۔ جان توڑ کر کام کرنا۔ پلنا۔ از حد کوشش کرنا۔ زور مارنا +

جان کا بیری۔ یا۔ لاگو۔ یا۔ لیوا ۔ ا۔ صفت۔ دشمن جاں جانی دُشمن + ملک الموت۔ قابض ارواح۔ بدخواہ + عدو۔ حاسِد +

جان کا ٹکڑا ۔ ا۔ اسم مذکر۔ آرامِ دل معشوق۔ جگر پارہ (مصحفی)

یُوں کرکے میرے لاشۂ قرباں کے ٹکڑے
جاتا ہے کہاں او بے میری جان کے ٹکڑے

جان کا جنجال ۔ ا۔ صفت۔ وبالِ جاں۔ ناگوارِ خاطر دُوبھر۔ گراں خاطر + بکھیڑا +

جان کا روگ۔ یا۔ عذاب ۔ ا۔ صفت۔ عذابِ جاں۔ مُخلِ عیش و آرام زیست کا بےلُطف کرنے والا

جاں کاہ ۔ ف۔ صفت۔ جاں گداز۔ جاں گزا۔ جان گھُلانے والا۔ جان گھٹانے والا۔ درد انگیز۔ (غم کی صفت میں) +

جان کا لاگو ہونا ۔ ا۔ فعل متعدی۔ جان کا خواہاں ہونا۔ دُشمن جاں ہونا۔ گلے کا ہار ہونا۔ پیچھے پڑنا۔ بدخواہ ہونا۔ دُشمن ہونا۔ قتل کرنے کے درپے ہونا

جان کسی پر دینا ۔ ا۔ فعل لازم۔ کسی پہ عاشق یا فریفتہ ہونا۔ مفتون ہونا۔ شیدا اور والہ ہونا +

جان کندنی۔ یا۔ کنی ۔ ف۔ اسم مؤنث (۱) نزع

موت کے وقت سانس کا اکھڑنا - دم توڑنے کی حالت (۲) عذاب - عقوبت - اذیت +

جان کو جان نہ سمجھنا - ا - فعل لازم - جان کا خیال نہ کرنا - جان کو عزیز نہ سمجھنا - نہایت محنت وازحد مشقت کرنا +

جان کو رونا - ا - فعل لازم - بددعا دینا - کسی بدخواہ یا دشمن سے تکلیف اٹھا کر اسے کوسنا - صبر کر بیٹھنا -

اب کیا رہا کہ جس سے رقیبوں کا ڈر کریں
ہم تو بتوں کی جانکو پہلے ہی رو چکے

جان کھانا یا **جانکو کھانا** - ا - فعل لازم - تنگ کرنا - عاجز کرنا - ستانا - تکلیف دینا - دق کرنا - بہت باتیں بنا کر بیزار کرنا (رنتویر)

جان کھاتی ہے مری ان پوچھنے والوں سے او
کیا کہوں کہنے کے قابل ماجرائے دل نہیں
ایک بیمار جدائی ہوں میں آپ ہی تس پر
پوچھنے والے جدا جان کو کھائے جاتے ہیں (دلیر)

جان کھونا - ا - فعل لازم - عو - ہلاک ہونا - جان دینا - مرنا +

جان کی امان - ا - اسم مؤنث - معافی - عفو - عفو تقصیر - نجات - رستگاری - رہائی - جاں بخشی +

جان کے برابر رکھنا - ا - فعل لازم - نہایت عزیز رکھنا - جان سے جدا نہ کرنا - جان کی سی قدر کرنا +

جان کے لالے پڑنا - ا - فعل لازم - زیست سے نا امید ہونا - زندگانی کی تمنا ہونی - جینے کی آرزو کرنی

جان کی جان گئی ایمان کا ایمان گیا - ا - (مثل) ہر طرح نقصان ہی نقصان ہوا - دین کے رہے نہ دنیا کے +

جان لینا - ا - فعل لازم (۱) ہلاک کرنا - قتل کرنا - مارنا (۲) تنگ کرنا - عاجز کرنا - دق کرنا جیسے تم نے تو ہماری جان لے ڈالی (۳) پہچان لینا - تاڑ لینا +

جان مار کر کام کرنا - ا - فعل لازم - دل توڑ کر کام کرنا - نہایت محنت و مشقت سے کوئی کام کرنا - کمال کوشش سے کام کرنا +

جان مارنا - ا - فعل لازم (۱) نہایت سعی و کوشش کرنا - جفاکشی کرنی - ازحد محنت و مشقت اٹھانا (۲) عاجز کرنا - ستانا - تنگ کرنا - دق کرنا - پران لینا - اذیت پہنچانا - تکلیف دینا

جان من - ف - (۱) لغوی معنی میری جان یعنی عزیز پیارے (۲ - ا - عو) دہلی کی بیگمات قلعہ میں عورتیں اس نام سے آپس میں دوستی کے رشتے جوڑا کرتی تھیں چنانچہ کسی سہیلی کا نام دشمن کسی کا زناخی کسی کا جان من ہوا کرتا تھا +

جان میں جان آنا - ا - فعل لازم - تسلی و تشفی پانا - اطمینان ہونا - تقویت پانا - تسکین ہونا - ڈھیرج بندھنا - خوشی حاصل ہونا (ناسخ)

آجائے ابھی جان میں جان آؤ اگر تم
تن ہجر میں بیجان ہے اے یار ہمارا

جان نثار - ف - صفت (۱) جان فدا کرنے والا - جان قربان کرنے والا - وہ شخص جو اپنی جان کو کسی کے واسطے دریغ نہ رکھے - جاں باز (۲) وہ مردہ جو دم نکلنے کے بعد رونے کی چیخ دھاڑ سے دفعۃً زندہ ہو جاوے اور پھر نہایت سختی سے جان دے +

جان نثار کرنا - ا - فعل لازم - جان فدا کرنا - قربان ہونا - واری جانا - جان چھڑکنا +

جان نثار ہونا - ا - فعل لازم - تصدق ہونا - فدا ہونا - قربان ہونا - واری جانا +

جان نثاری ف - اسم مؤنث - جان بازی - جان فشانی + زحمت کشی - جفاکشی +

جان نکلنا - ا - فعل لازم (۱) دم نکلنا - مرنا - پران دینا - فوت ہونا - وفات پانا - ہلاک ہونا - رحلت کرنا (۲) کسی پر والہ و شیدا ہونا - شیفتہ و فریفتہ ہونا - دم نکلنا بھی کہتے ہیں (۳) دم سوکھنا - دم خشک ہونا - موت آنا

جان ہار - ہ - صفت (اس لفظ کے معنی ہندی جان کے مشتقات میں دیے گئے ہیں کیونکہ یہ لفظ اصل میں جان بمعنی روح سے مشتق نہیں ہے۔ اول تو اسکی ترکیب ہی کہے دیتی ہے دوسرے لفظ ہار جو ہندی میں والا کے معنی دیتا ہے وہ غیر زبان کے ساتھ ملانا جائز نہیں اور نہ کہیں دیکھا گیا۔ مثلاً چلن ہار - مرن ہار - کرن ہار وغیرہ تو کہہ سکتے ہیں مگر رفتن ہار کردن ہار مردن ہار نہیں کہہ سکتے چونکہ بعض لغات والوں نے اس لفظ کو فارسی جانکر مشتقات میں شمار کیا اور اسکے معنی جان دینے والا لکھے ہیں اس وجہ سے ہمیں اس موقع پر لکھنا پڑا) +

جان ہلکان ہونا - ا - فعل لازم - عو - جان مضمحل ہونا - تھکنا - ہلاک ہونا - عاجز ہونا - ناتوان ہونا - دق ہونا

جان ہلکان کرنا - ا - فعل لازم - عو - ستانا - دق کرنا - تکلیف دینا - دکھ دینا - ہلاک کرنا +

جان ہے تو جہان ہے - ا - مثل - جیتے جی کا سب لطف ہے - زندگانی کے ساتھ دنیا کا بھی مزہ ہے (میر تقی) میر عمداً بھی کوئی مرتا ہے + جان ہے تو جہان ہے پیارے

جانا - ہ - فعل لازم (۱) رفتن کا ترجمہ - سدھارنا - رخصت ہونا - روانہ ہونا - چلنا - چمپت ہونا (۲) گزرنا - بیتنا - ٹلنا - ہونا جیسے دس دن ہوگئے (۳) چھوٹنا - جدا ہونا - علیحدہ ہونا - الگ ہونا جیسے چمڑی جائے دمڑی نہ جائے (۴) داخل ہونا - پہنچنا - گھسنا - جیسے ہاتھ کسی چیز کے اندر جانا (۵) دور ہونا - رفع ہونا جیسے بیماری جانا (۶) ضائع ہونا - برباد ہونا - کھویا جانا - چوری جانا جیسے جسکا جائے وہی چور کہلائے (۷) گرنا - اترنا جیسے بال جانا (۸ - عو) ہمبستر ہونا - مجامعت کرنا (۹ عو) مرنا - بچہ کا گزرنا یا ہٹنا جیسے اسکے تلے اوپر دو بچے گئے (۱۰) خیال کرنا - پروا کرنا - دل پر لانا جیسے اسکی باتوں پر کیوں جاتے ہو (۱۱) ہٹنا - سرکنا جیسے جاؤ (۱۲) کٹنا - قلم ہونا جیسے سر جاتا رہیگا بات نہیں جانگی

جانان - ف - اسم مذکر - معشوق - پیارا - جانی - یار - محبوب - دلدار +

جانب - ع - اسم مؤنث - طرف - اور - سمت - پہلو - رخ - دسا - النگ +

جانب دار - ع + ف - صفت - طرفدار - حمایتی - معاون - حامی کار - مددگار - پچ کرنے والا - پشت پناہ

جانب داری - ع + ف - اسم مؤنث - پچ - طرفداری - معاونت - اعانت - مدد - حمایت - رعایت +

جانب داری کرنا - ا - فعل لازم - حمایت کرنا - پچ کرنا

جانبین - ع - اسم مذکر - فریقین - طرفین - دونوں طرف - دو طرفہ +

جانبین سے - ا - تابع فعل - ہر دو جانب سے - دونوں طرف سے +

جانچ - ہ - اسم مؤنث - انداز - آنک - قیاس - انمان - تخمینہ - پڑتال - اٹکل - کونت - پرکھ - کس - شناخت

جانچنا - ہ - فعل متعدی - پرکھنا - آزمانا - آنکنا - تخمینہ کرنا - حساب پڑتال کرنا - اندازہ کرنا - اٹکل کرنا - تولنا - پہچاننا - تشخیص کرنا - تاڑنا - معلوم کرنا +

جانگلو - ہ - صفت - گنوار - وحشی - جنگلی - ناشائستہ

اُجڈ۔ احمق + بیوقوف۔ کُندۂ ناتراش +

جانگھ۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ ران۔ زانو۔ سانتھل۔ ساق

جانگھیا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ کچھنا۔ گھٹنا۔ تنگہ۔ شلوار کوتہ (بولنے میں جانگیا آتا ہے) +

جاننا۔ ہ۔ فعل متعدی (۱) آگاہ ہونا۔ واقف ہونا۔ محرم ہونا۔ آشنا ہونا۔ پہچاننا۔ تمیز کرنا۔ معلوم کرنا (۲) پتیانا۔ اعتبار کرنا۔ بھروسا کرنا (۳) ذمہ دار ہونا۔ کفیل ہونا۔ ضامن بننا۔ ذمہ کرنا (غلام حیدر بیگ)

عداوت سے تمہاری کچھ اگر ہووے تو میں جانوں
بھلا تم زہر دے دیکھو اثر ہووے تو میں جانوں

(۴) ماننا۔ تسلیم کرنا۔ فرض کرنا (افعال) جانئے تم جو ہو

جانور۔ ف۔ اسم مذکر (۱) حیوان۔ جاندار۔ ذی روح + کیڑا مکوڑا (۲) ڈھور۔ ڈانگر۔ چوپایہ۔ چرند + درندہ (۳) پرندہ۔ پکھیرو (۴) گھوڑا۔ اسپ (۵) وحشی۔ غیر مانوس۔ (۶) صفت۔ احمق۔ بیوقوف۔ لایعقل +

جانے۔ ہ۔ تابع فعل (افعال) جیسے۔ گویا۔ مثال۔ جانے ہم بادشاہ ہیں +

جانی۔ ف۔ صفت۔ جان من۔ جان سے نسبت رکھنے والا۔ پیارا۔ محبوب۔ دلارام۔ دلدار۔ معشوق۔ عزیز۔ دوست۔ صنم +

جانی دشمن۔ ف۔ اسم مذکر۔ قاتل دشمن۔ عدوِ جان۔ وہ دشمن جو ہلاک کرنے کے درپے رہے

جانی دوست۔ ف۔ اسم مذکر۔ دلی دوست +

جانے دو۔ ہ۔ محاورہ (۱) نہ روکو۔ چلنے دو (۲) باز آؤ۔ معاف کرو۔ معذور رکھو۔ خیال نہ کرو۔ درگزر کرو (رفع ملال اور بہلا کرنے یا کسی کو بچانے کے واسطے یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں) (میر تقی)

قتل کیجے پر فقط گیا ہے لاش مری اٹھنے دو
جان سے ہم بھی جاتے رہے ہیں تم بھی آؤ جانے دو +

جانے دینا۔ ہ۔ فعل متعدی (۱) نہ روکنا۔ چھوڑنا۔ آزاد کرنا۔ رہائی دینا۔ خلاص کرنا (۲) درگزر کرنا۔ باز آنا۔ معذور رکھنا۔ خیال نہ کرنا +

جانے کے چھن۔ ہ۔ (صحیح جانے کے لکشن) محاورہ۔ آثار بد۔ شگون بد۔ فنا ہونے اور نابود ہونے کی علامت

گردش سے رُو سیہ کی کیا کیا بلائیں آئیں
جانے کے ہیں یہ چھن سارے اس آسمان کے (میر تقی)

جاؤ بیٹھو۔ ہ۔ محاورہ (۱) اپنا کام کرو۔ اپنے کام سے لگو۔ اپنے کام میں مشغول ہو (شوکت)

در پر دیکھ کے پھرتا مجھے کہتا ہے وہ شوخ
جاؤ بیٹھو اجی باتیں ہیں یہ گھر کھونے کی

(۲) بجا۔ چلدو۔ رخصت ہو۔ سرکو۔ ہٹو بھی

نثر کو لطف سے زبانی ہوا آؤ بیٹھو: دیکھا مجھ کو کھڑا کہنے ہو جاؤ بیٹھو

جاوید / **جاویدان** } ف۔ صفت۔ مدام۔ ہمیشہ۔ سدا۔ ثبت۔ دائم۔ از ازل تا ابد +

جاویدانی۔ ف۔ اسم مؤنث۔ ہمیشگی۔ قدامت۔ ابدی۔ سرمدی۔ ازلی +

جاہ۔ ف۔ اسم مؤنث (۱) رتبہ۔ مرتبہ۔ عزت۔ منزلت۔ وقر۔ شکوہ۔ اوج۔ تمکنت۔ وجہ۔ منصب۔ بڑائی (۲) شرف۔ قدر۔ بزرگی۔ جلال۔ شان۔ عظمت۔ شوکت

جاہ و جلال۔ ف+ع۔ اسم مذکر۔ شان و شوکت۔ رعب داب۔ دبدبہ۔ عظمت۔ شکوہ۔ رفعت

جاہ و حشم۔ ف+ع۔ اسم مذکر (۱) شان و شوکت + لاؤ لشکر۔ حشمت۔ ٹھاٹھ۔ کروفر۔ تجمل۔ جلو (۲) رفعت و منزلت (۳) دولت۔ عزت + اقتدار +

جاہ و منصب یا منزلت۔ ف+ع۔ اسم مذکر (۱) قدر و منزلت۔

بوج۔ شکوہ۔ رُتبہ۔ مرتبہ۔ پایہ (۲) جلال عظمت
بزرگی۔ شان +

جاہل۔ ع۔ صفت۔ مورکھ۔ اناڑی۔ نادان (۲) گنوار
ان پڑھ۔ ناخواندہ۔ بے علم (۳) وحشی۔ ناشائستہ
غیر مہذب۔ ناہموار۔ اُجڈ۔ کندۂ ناتراش۔ بداخلاق
اکھڑ۔ بے ادب۔ گستاخ + بے سلیقہ +

جائے۔ ف۔ اسم مؤنث (۱) جگہ۔ مقام۔ ٹھاؤں۔
استھان۔ ٹھور۔ ٹھکانا (۲) وسعت۔ گنجایش۔ سمائی

جائے سے۔ جائے سر۔ ا۔ صفت۔ بجا۔ ٹھیک
درست۔ مناسب۔ واجب لائق +

جائے ضرور۔ ا۔ اسم مذکر۔ پیخانہ۔ صحت خانہ۔
بیت الخلا۔ ٹٹی +

جائی۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ دختر۔ بیٹی۔ صبیہ۔ دھی۔
پتری۔ لڑکی۔ لونڈیا۔ گڈی۔ بنت جیسے گنجڑے
کی جائی۔ ماں جائی وغیرہ +

جایا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ بیٹا۔ پتر۔ ابن۔ خلف۔ پسر
لڑکا۔ ولد۔ پوت۔ فرزند جیسے تو جایا ہے میرے
جایے کو میں جاتیوں تیرے کھاٹ کے پایے کو

جائیا۔ ہ۔ صفت۔ عو۔ جانہار۔ مرنے جوگا۔ شریر
بدذات + نہایت ہوشیار۔ چالاک +

جائے پھل۔ ہ۔ اسم مذکر۔ جائفل۔ جوز +

جائداد۔ ف۔ اسم مؤنث۔ حقیت۔ ملکیت۔ ملک
دھن۔ املاک۔ مال اسباب۔ جاگیر۔ محال۔
پونجی۔ اثاثہ۔ مایہ۔ اثاث البیت۔ مال ومتاع۔
چیز بست (۲) پیداوار۔ کھڑی ہوئی فصل +

جائداد آبائی۔ ف + ع۔ اسم مؤنث۔ باپ دادا
کی جاگیر۔ جدی وراثت +

جائدادِ مکفولہ۔ ف + ع اسم مؤنث وہ جائداد جو
ضمانت میں رہن کردی جائے۔ آڑ میں رکھی
ہوئی جائداد +

جائدادِ منقولہ۔ ف + ع۔ (۱) وہ چیز جسے ایک جگہ سے
دوسری جگہ لے جاسکیں جیسے مال اسباب۔ غلہ
زیور وغیرہ (۲) شخصی جائداد۔ ذاتی جائداد۔ نجی۔ خاص (۳) چیز بست
اسباب۔ اجناس۔ مال واموال۔ اثاثہ۔ دھن۔ مال

جائز۔ ع۔ صفت (۱) روا۔ بجا۔ درست۔ واجب
مناسب۔ حق۔ صحیح (۲) مباح۔ مطابق شرع۔ قانون
کے موافق۔ حسب ضابطہ۔ حسب سررشتہ۔ شاستر
کے مطابق (۳) صلبی۔ اصلی۔ سگا۔ ولدالحلال
جیسے جائز بیٹا قانون میں آتا ہے (۴) مستند۔ مقبولہ
(۵) قابل منظوری۔ قابل پذیرا +

جائز رکھنا۔ ہ۔ فعل متعدی (۱) ماننا۔ تسلیم کرنا۔
منظور کرنا۔ روا رکھنا۔ صحیح قرار دینا۔ سچ ماننا۔ درست
جاننا (۲) مباح سمجھنا۔ حلال جاننا +

جائز ولی۔ ع۔ اسم مذکر (قانون) یتیموں کا محافظ
دیگراں + کورٹ آف وارڈس +

جائزہ۔ ع۔ اسم مذکر (۱) لغوی معنی صلہ۔ بدلہ۔ انعام
نیک بدلا (۲) صحت کی لکیر۔ پڑتال کی علامت (۳)
پڑتال۔ جانچ۔ بدھ۔ مقابلہ (۴) موجودات۔ حاضری
گنتی۔ شمار۔ سرسری امتحان +

جائزہ دینا۔ ہ۔ فعل متعدی۔ حساب کتاب دینا
چارج دینا۔ سنبھلوانا +

جائزہ لینا۔ ا۔ فعل متعدی۔ موجودات لینا۔
پڑتالنا۔ جانچنا +

جائی جوہی۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ ایک قسم کا پھول اور

آتشبازی +

جَب - ہ - تابع فعل - جسوقت - جد - تد - ہرگاہ - درحالیکہ
تب +

جب تک - جب تلک - ہ - تابع فعل - تاوقتیکہ
جسوقت تک +

جب توڑی - ہ - تابع فعل (گنوار - عو) دیکھو جب تک

جب نہ تب - ہ - تابع فعل (متروک) ۱ - وقت بے وقت
وقتاً فوقتاً (میر)

حالت میں غش کی کسکا خط لکھنے کی ہے فرصت
اب جب نہ تب ادھر کو جی ہی چلا کرے ہے

(۲) بارہا - اکثر - ہمیشہ (ناسخ)

وُہ گئے دن جو ہمیشہ مجھسے سیدھی آنکھ تھی
جب نہ تب میں اب تو پاتا ہوں نگاہ یار کج

جب ہی - ہ - تابع فعل - فوراً - اُسی وقت - اُسی گھڑی
اُسی دم +

جَبْر - ع - اسم مذکر (۱) زیادتی - سختی - بیرحمی - زبردستی
سینہ زوری - ظلم - ستم - دباؤ - جور و جفا (۲) زخم
بھرنا - پٹی باندھنا - ٹانکا - جیسے جبر نقصان وغیرہ +
(۳) کرشونڈ (رم حساب) کسرت کا اختصار +

جبر اُٹھانا - ا - فعل لازم - سختی جھیلنا - مصیبت بھگتنا
دُکھ سہنا +

جبر کرنا - ا - فعل متعدی - سختی کرنا - اڑانا - دبانا - تنگ کرنا
مجبور کرنا - ستانا +

جبر نقصان - ع - اسم مذکر - نقصان بھرنا - ٹوٹا
پورا کرنا - نقصان کا عوضہ - تاوان +

جبر و تعدی - ع - اسم مؤنث - ظلم و ستم - جور و جفا
سرزوری - زبردستی +

جبر و مقابلہ - ع - اسم مذکر - فن حساب میں سے
ایک علم کا نام جسمیں علامات و حروف کے ذریعے سے
عمل کیا جاتا ہے اور مقادیر معلومہ کے وسیلہ سے
مقادیر مجہولہ دریافت کرتے ہیں +

جَبْراً - ع - تابع فعل - زبردستی سے - ازروئے تعدی
بجبر - قہراً - کرہاً +

جبراً و قہراً - ع - تابع فعل - چار ناچار - مجبوراً - جسطرح
ہو سکے اُسیطرح +

جبراً لے لینا - ا - فعل لازم - غصب کرنا - چھین لینا
ناحق لے لینا - بجبر لینا +

جِبْرَئیل - ع - اسم مذکر - چار مقرب فرشتوں میں سے
ایک مشہور فرشتہ کا نام جو خدا تعالیٰ کی طرف سے
رسولوں پر احکام پہنچایا کرتے تھے +

جَبْڑا - ہ - اسم مذکر - کلا - چانہ - نک +

جبڑا توڑ - ہ - اسم مذکر - کلا توڑ - منہ توڑ - زبردست
زور آور +

جِبِلّی - ع - صفت - فطرتی - خلقی - پیدائشی - جنم کی
قدرتی - طبعی - اصلی + حقیقی - سدھارن +

جُبْن - ع - اسم مذکر (۱) نامردی - بزدلی - کم ہمتی - ہینا پن
ہیز پن (۲) وُہ سفید مادہ جو دودھ پھاڑ کر نکالیں جیسے
ارا سجبن +

جبن چھانا - ا - فعل لازم - نامردی کا غالب ہونا - دلیری
اور بہادری کا جوش نہ رہنا +

جُبّہ - ع - اسم مذکر - چوغہ - جامہ - ایک قسم کی رومی
و عربی لمبی پوشاک +

جَبْہَہ - ع - اسم مذکر - ماتھا - پیشانی +

جبہ سائی - ع + ف - اسم مؤنث - ماتھا رگڑنا -

منت وسماجت - ناک رگڑنا +

جِبیا - ہ- اسم مؤنث (عوام) جیب کی تصغیر بالتحقیر۔ تلو جیسے بھاڑ میں پڑے یہ جبیا جسکے کارن دوزخ کا عذاب بھگتوں +

جبیں - ف - اسم مؤنث - ناصیہ - ماتھا پیشانی +

جَپ - ہ- اسم مؤنث (ہندو) ۱- جپنا - تسبیح ہلانا - مالا پھیرنا - پوجا پاٹ کرنا - بھگتی کرنا - یادِ مولا کرنا - پرستش - بندگی کرنا - عبادت کرنا (۲) جادو - منتر - افسوں

جپ تپ - ہ- اسم مؤنث - پوجا - بندگی - عبادت - ریاضت - عبودیت - خدمت +

جپ کرانا - ہ- فعل متعدی - کسی مطلب یا مراد یا بیمار کی تندرستی کے واسطے منتر پڑھوانا یا پوجا پاٹ کرانا

جپ مالا - ہ- اسم مؤنث - سُمرنی - سُمرن - پوجا کرنیکی مالا - تسبیح - جپنی +

جپنا - ہ- فعل متعدی (۱) مالا پھیرنا - تسبیح ہلانا - خدا تعالیٰ کا نام لینا (۲) رٹنا - بار بار کہنا - یاد کرنا - ورد کرنا

جپنی - ہ- اسم مؤنث - ہندو (۱) مالا - تسبیح - سُمرن (۲) ع) ورد - وظیفہ - رٹ +

جپی تپی - ہ- اسم مذکر - (ہندو) - پجاری - بھگت - عابد - زاہد - مرتاض +

جتا ساری - ہ- اسم مؤنث (وہ گیت جو عورتیں چکی پیستے وقت گاتی ہیں کیونکہ جاتا ہندی زبان میں چکی کو کہتے ہیں)

جتانا - ہ- فعل متعدی (۱) آگاہ کرنا - خبردار کرنا - ہوشیار کرنا + متنبہ کرنا - بتانا (۲) فہمایش کرنا - کان کھولنا - (۳) یاد دلانا - جیتن کرانا (۴) ایما کرنا - اشارہ کرنا (۵) رہنمائی کرنا - ہدایت کرنا (۶) تاکید کرنا - تنبیہ کرنا +

جتانا - ہ- فعل متعدی - ہرانا کا نقیض - غالب کرانا

بازی دلوانا +

جتلانا - ہ- فعل متعدی - دیکھو (جتانا) +

جتن - ہ- اسم مذکر (۱) علاج - اُپائے - دوا (۲) تدبیر - بندوبست - بچار - چارہ - تجویز (۳) محنت - پرشرم (۴) کوتک - کرتوت - فعل - کام (۵) ڈھنگ - رنگ - طریقہ (۶) سنسار - دنیا - خلائق جیسے اُسی کا نام سچا سب جھوٹا ہے جتن (۷) حیلہ - بہانا - مکروفریب (۸) سعی - کوشش (۹) استقلال - استحکام +

جتنا - ہ- صفت (۱) جسقدر - جو کچھ (۲) سب - سگرا سارا - کل - تمام +

جُتنا - ہ- فعل لازم (۱) بیلوں وغیرہ کا بل یا گاڑی میں لگنا (۲) پلنا - مشغول ہونا - سرہونا (۳) بھڑنا - مقابل ہونا - لڑنا جیسے ابھی چھٹا یا تھا پھر جا جتا + (۴) ٹہل کرنا - خدمت کرنا + کوشش کرنا - محنت کرنا

جتنی - ہ- صفت - جتن کرنے والا - ہوشیار - چوکس - مدبر - چالاک +

جتوانا - ہ- فعل متعدی - دیکھو (جتانا) +

جتھا - ہ- اسم مذکر (۱) منڈلی - گروہ - دل - جماعت ٹولی - ساج - غول - پرا - فرقہ (۲) انبوہ - بھیڑ - ازدحام - ہجوم - مجمع - ٹھٹ (۳) سرمایہ - پونجی - مایہ - اصل (۴) ایکا - اتفاق (۵) طاقت - زور - بل +

جتھا باندھنا - ہ- فعل متعدی - جماعت بنانا + متفق ہونا - ایکا کرنا +

جتی - ہ- صفت (۱) مجرد - وہ شخص جسنے بیاہ نہ کیا ہو عورت سے علیحدہ رہنے والا - نفس امارہ کو خواہش نفسانی سے روکنے والا - تارک لذات - علی الخصوص لذت جماع سے دور رہنے والا (۲) اپنی عورت کے سوا دوسری

کے پاس نہ جانے والا (۳) تپسّی۔ سنیاسی سنت
جوگی۔ زاہد۔ منی۔ رشی۔ مرتاض +

جتی ستی -ہ- صفت۔ نیک۔ پارسا (وہ مجرد اور
بے تعلق آدمی جو نہایت ایماندار اور پارسا ہو) +

جتیانا -ہ- فعل متعدی۔ جوتیاں مارنا جوتی سے خبر لینا

جٹ -ہ- اسم مذکر۔ جاٹ کا مخفف +

جُٹ -ہ- اسم مونث (۱) جوڑا۔ جفت۔ جگ۔ زوج
جوٹ۔ جوڑی۔ لاٹ (۲) دو متحد و متفق آدمی یا کوئی
چیز (۳) ہمسر۔ ہم چشم۔ ثانی۔ نظیر +

جٹا -ہ- اسم مونث (۱) گندھے ہوئے بال۔ چوٹی۔ جوڑا
گیسو۔ اسطرح کی لٹیں جیسے شیو کے چیلے رکھتے ہیں ملبہر
بال۔ شیوجی کے وضع کے بال (۲) رستا۔ بڑی
رسّی (۳) برہ کی داڑھی + جڑ +

جٹا دھاری -ہ- صفت۔ لمبے لمبے بال والا
گیسو دراز۔ وہ شخص جسکے بالوں کی بڑی بڑی لٹیں ہوں
جیسے جوگی۔ سنیاسی وغیرہ (۲) اسم مذکر شیوجی
مہادیو۔ مہیش (۳) اسم مذکر وہ پرانا سانپ جسکے
سر پر بال ہوں۔ مار کہنہ (۴) اسم مذکر زعفران۔
کیسر +

جٹاماسی -ہ- اسم مونث۔ بالچھڑ۔ سنبل الطیب

جُٹنا -ہ- فعل لازم (اصل میں جڑنا تھا) اکھڑنا۔ گتھنا +
لپٹنا۔ جڑنا۔ پیوند ہونا (۲) گتھنا۔ سازش کرنا (۳)
چمٹنا۔ لپٹنا (۴) ہمبستر ہونا۔ مجامعت کرنا۔ مباشرت
کرنا۔ صحبت داری کرنا (۵) سر ہونا۔ گردیدہ ہونا۔
پیچھے پڑنا +

جٹھانی -ہ- اسم مونث۔ جیٹھ کی بیوی۔ خاوند کے
بڑے بھائی کی بیوی +

جُٹی -ہ- اسم مونث (ہندو) ۱- سوکھے تمباکو کی گڈی
+ بنڈل (۲) روٹیوں کی جیٹھ تھئی۔ بہت سی اوپر
تلے رکھی ہوئی روٹیاں (۳) روپیوں یا پیسوں کی بیڑی
اوپر تلے رکھے ہوئے روپے یا پیسے (۴) پاس پاس۔ پیوستہ

جُٹی بھویں -ہ- اسم مونث۔ ابروئے پیوستہ۔ جڑواں
بھویں + (آتش)

عاشقوں سے کہا اپنے وہ جٹی بھویں ٹیڑھی ہوئیں
اہل قبلہ سے پھرا اُنسے کعبہ کی محراب کا

جٹی بٹی -ہ- اسم مونث۔ ہندو عو۔ جڑی بوٹی چھپی چپی

جُثّہ -ع- اسم مذکر (۱) تن۔ بدن۔ جسم۔ پنڈا۔ دیہ۔
سریر۔ کایا۔ انگ (۲) کاٹھی۔ ساخت جسم (۳) لاش
+ نعش + لوتھ +

ججمان -ہ- اسم مذکر (۱) ہوم کے واسطے پانڈے کو نوکر رکھنے والا
یگ کرنے والا (۲) وہ شخص جسپر کسی برہمن وغیرہ برت
کا استحقاق رکھیں + مخدوم۔ آقا۔ مربی + موکل۔
آسامی +

جُجھ -ہ- اسم مونث۔ یدھ۔ یودھن۔ لڑائی۔ معرکہ
رن۔ جنگ۔ لڑائی۔ مناقشہ۔ جدال کارزار +

ججا -ا- اسم مونث۔ زچہ کا بگڑا ہوا لفظ ہے۔ الواخ
وہ عورت جسکے بچہ ہوا ہو +

ججاگیریاں -ا- عوا اسم مونث۔ سہرا (وہ گیت
زچہ خانے میں گائے جاتے ہیں جنمیں بچے اور زچہ کی تعریف

جچنا -ہ- فعل لازم (۱) تلنا۔ انکنا۔ اندازہ ہونا۔ پرکھ
جانا (۲) آزمایا جانا۔ امتحان ہونا (۳) قیمت لگنا قیمت
کا اندازہ ہونا (۴) وقعت ہونا۔ آدر مان ہونا (۵) ممیز
ہونا۔ مشخص ہونا (۶) ثابت ہونا۔ یقین کو پہنچنا۔ ذہن نشین
دلنشین ہونا +

جَدّ - ع - اسم مذکر - دادا - باپ کا باپ +

جِدّ - ع - اسم مؤنث - سعی - کوشش - دوڑ دھوپ - سرگرمی + اُپای - پیروی + محنت - جانفشانی + مشقت +

جدّ و جہد - ع - اسم مؤنث - سعی - کوشش + محنت

جَد - ہ - تابع فعل (متروک) جب - جسوقت - ہرگاہ

جُدا - ف - صفت - الگ - علیحدہ - نیارا + نرالا + مختلف + ممیز + بچھڑا ہوا +

جُدا جُدا - ف - تابع فعل - الگ الگ - نیارا نیارا بالانفراد - فرداً فرداً - علیحدہ علیحدہ - جداگانہ - ایک ایک کرکے - بدفعات + تفصیل وار - رقم رقم +

جدا کرنا - ا - فعل متعدی - الگ کرنا - علیحدہ کرنا + چھانٹنا + کاٹنا - توڑنا + نفاق ڈالنا - نکالنا - کاڑھنا + چھڑانا - آزاد کرنا +

جداگانہ - ف - تابع فعل - علیحدہ - الگ - ایک طرف ایک ننگ +

جُدا ہونا - ا - فعل لازم (۱) الگ ہونا - علیحدہ ہونا - نیارا ہونا + چھوڑنا - علیحدگی اختیار کرنا (۲) ٹوٹنا کٹنا جیسے ہاتھ جدا ہونا +

جُدائی - ف - اسم مؤنث - بچھویا - علیحدگی - تفرقہ + برہ - مفارقت +

جِدال - ع - اسم مذکر - لڑائی - جنگ - معرکہ - کارزار - رزم

جدوار - ع - اسم مؤنث - نربسی - ایک زہر دور کرنے والی جڑ +

جدول - ع - اسم مؤنث (۱) نہر - نالی - نلیا + روش (۲) وہ خط جو صفحہ کے اختتام پر سُرخ یا سیاہ کھینچا جائے

جُدھ - ہ - اسم مؤنث - دیکھو (جُدھ) +

جدھر - ہ - تابع فعل جسطرف - جس جانب جہاں جس جگہ - جس مقام پر - جہاں کہیں +

جدھر تدھر - ہ - تابع فعل - جہاں تہاں - یہاں وہاں

جَدی - ع - اسم مذکر (لغوی معنی بکرا - بزغالہ اصطلاح وہ آسمانی برج جو بزغالہ کی شکل کا ہے جسے ہندی میں مکر کہتے ہیں اور نیز ایک ستارا کا نام جو قطب شمالی کے قریب ہے) +

جَدّی - ع - صفت (۱) ایک دادا کی اولاد (۲) آبائی موروثی - باپ دادا کی - پشتینی +

جدید - ع - صفت - نیا - تازہ - حال کا - نُترت کا - اب کا - تہ ورز +

جُذام - ع - اسم مذکر - کوڑھ - ایک بیماری کا نام جو خون کے بگاڑ سے پیدا ہوتی اور ہاتھ پاؤں کی انگلیاں وغیرہ گرا دیتی ہے

جُذامی - ع - اسم مذکر - کوڑھی - مجذوم - مبروص +

جَذب - ع - اسم مذکر - کھنچاؤ - کھینچ - کشش + سوکھنا چوسنا +

جذب کرنا - ا - فعل متعدی (۱) سوکھنا - چوسنا اُٹھانا - کھینچنا - کشش کرنا (۲) لبھانا - مائل کرنا اپنی طرف - کھینچنا +

جذب ہونا - ا - فعل لازم خشک ہونا - سوکھنا - پیوست ہونا - کھنچنا - کشش ہونا +

جذبہ - ع - اسم مذکر (۱) کھنچاؤ - کھینچنا + جوش دل - کشش قلبی - ولولہ (۲) شوق - دلی توجہ - لو (۳) غصہ غضب - کرودھ (صرف کشش کے معنی بھی دیتا ہے)

جذر - ع - اسم مذکر (۱) اصل - جڑ - مول (۲) حساب دوسرے درجہ کا گھٹاؤ + نیز جس عدد کو فی نفسہ ضرب دیں اُسے جذر اور اُسکے حاصل ضرب کو مجذور کہتے ہیں +

جَرّ - ع - اسم مذکر (۱) کشش - کھنچاؤ - کھینچ (۲) زیر

کسرہ - کسر +

جرِّ ثقیل - ع - اسم مذکر وہ علم جسکے وسیلہ سے بھاری بوجھ بہ آسانی اٹھالیں - چرخیوں کا علم - بل تدبیر - اکرشن +

جُرَّاب - ا - اسم مؤنث (صحیح جورب) موزہ +

جُرأت - ع - اسم مؤنث - دلیری - مردانگی - چالاکی - جوانمردی - شجاعت - بہادری - چھاتی - دل - گردہ - سورماپن - بے باکی +

جَرّاح - ع - اسم مذکر - جراحت کا علاج کرنے والا چیرا لگانے والا - فصّاد - سرجن - رگ زن +

جِراحت - ع - اسم مؤنث - زخم - گھاؤ - ریش - چیر -

جَرّاحی - ع - اسم مؤنث - فصّادی - زخم کے علاج کرنے کا پیشہ - ڈاکٹری - چیر پھاڑ (صحیح جراحی کہنا چاہیے)

جَرّار - ع - صفت (۱) ایک بڑا بھاری لشکر - انبوہ کثیر (۲ - ر) بہادر - سورما + دلاور - دلیر +

جَرح - ع - اسم مذکر (۱) زخم - گھاؤ (۲ - قانون) اعتراض - گرفت - حجت - عذر - جواب - دلیل - ردّ و قدح - طعن

جَرَس - ع - اسم مذکر - گھنٹا +

جِرم - ع - اسم مذکر (۱) جسم - تن - دھڑ - دیہ - بدن - جثہ (۲) کرہ - نورانی جسم - لطیف جسم (یعنی اصطلاح میں علویات فلکیات معدنیات اور جمادات پر اسکا زیادہ اطلاق ہوتا ہے اور نیز نگینہ کے جسمانی عیب پر) +

جُرم - ع - اسم مذکر - دوش - گناہ - پاپ - اپرادھ - کھوٹ - قصور - خطا - عصیان +

جُرمانہ - ع - اسم مذکر - جریمہ - ڈنڈ - تاوان - مصادرہ - گنہگاری + مالی سزا +

جُرمانہ بھرنا یا دینا - ا - فعل لازم - ڈنڈ دینا - تاوان دینا - مصادرہ ادا کرنا +

جُرمانہ کرنا - ا - فعل متعدی - ڈنڈ لینا - مالی سزا دینا

جُروا - ہ - اسم مؤنث - جورو کی تصغیر - بیوی - عورت - استری - تریا - لگائی - زن - ناری +

جَری - ع - صفت - دلیر - دلاور - دل چلا - بہادر - من چلا - سورما - بیر - شجاع +

جِریان - ع - اسم مذکر (۱) بہاؤ - روانی - رساؤ (۲ - ر) ایک مرض کا نام جسمیں پیشاب کے ساتھ بعد میں یا پہلے دھات نکلتی ہے اصل میں جریان منی ہے (۳) مواد یا پیپ کا رساؤ +

جَریب - یونانی - گزی کا معرب (۱) ایک خاص پیمانہ جس سے زمیں ناپی جاتی ہے - ہندوستانی ساٹھ اور انگریزی دو گز کی زنجیر جو بیس گٹے کی ہوتی ہے (۲) عصی - چوبدستی - لاٹھی - وہ چاندی کا خول چڑھی ہوئی لکڑی جو نوابوں یا بادشاہوں کے چوبداروں پاس ہوتی ہے

جریب ڈالنا - ا - فعل لازم - زمین ناپنا - زمین کی جریب کے وسیلہ سے پیمائش کرنا +

جریب کش - ف - اسم مذکر - وہ شخص جو جریب کھینچے - مردھا + پیمائش کرنے والا +

جَریدہ - ع - صفت - تنہا - اکیلا - مجرد - منفرد - بے تن - واحد

جَریمانہ - ا - اسم مذکر - دیکھو (جرمانہ) +

جَڑ - ہ - اسم مؤنث (۱) بیخ - مول - کند - بن - اصل (۲) بنا - بنیاد + مبدا +

جڑ اکھیڑنا - ہ - فعل متعدی - بیخ کنی کرنا - استیصال کرنا - بنیاد کھودنا - مٹانا - نیست و نابود کرنا +

جڑ پکڑنا - ہ - فعل لازم - جمنا - جماؤ ہونا - استحکام ہونا - مضبوط ہونا +

جڑ پیڑ } ہ - اسم مذکر - بیخ و بن - بیخ و بنیاد - از
جڑ مول } یا سر تا بن +

جڑ پیڑ سے اُکھاڑنا یا کھود کر پھینکنا - ہ - فعل متعدی - استیصال کرنا - بیخ و بنیاد سے اکھاڑنا - معدوم کرنا - نیست کرنا - اُجاڑنا +

جڑ جمانا - ہ - فعل متعدی - بنیاد ڈالنا - نیو رکھنا - نصب کرنا - ٹھیرانا + قایم کرنا +

جڑ کھودنا - ہ - فعل متعدی - استیصال کرنا - مسمار کرنا

جڑ کاٹنا - ہ - فعل متعدی - عو - (۱) غارت کرنا - بنیاد کھودنا - ڈھانا - مسمار کرنا - گرانا - منہدم کرنا - تہس نہس کرنا (۲) بُرائی کرنا - غیبت کرنا - جڑنا - لگانا - بہکانا - دل سے اُتارنا + مضرت پہنچانا +

جڑاؤ - ہ - اسم مذکر - مرصع - جواہرات سے جڑا ہوا +

جڑاول - ہ - اسم مونث - گرم کپڑے - جاڑے کے کپڑے - پوشاک سرما +

جُڑنا - ہ - فعل لازم (۱) پیوند ہونا - ملنا - پیوستہ ہونا (۲) چپکنا - چسپاں ہونا (۳) شامل ہونا - شریک ہونا (۴) مجامعت کرنا - مباشرت کرنا - جفت ہونا (۵) جمع ہونا - اکٹھا ہونا جیسے (گیت) تیر پر دس سب جڑآئیں سیاں بیدال بڑے بے پیر + (۶ - عو) میسر ہونا - حاصل ہونا - ہاتھ لگنا - جیسے روٹی جڑنا - کپڑا جڑنا وغیرہ (۷) جتنا - گاڑی وغیرہ میں بیل لگنا +

جڑنا - ہ - فعل متعدی (۱) کسی چیز کا کسی چیز میں بٹھانا - پچی کرنا - کوفت کرنا (۲) وصل کرنا - جوڑنا - سانٹنا - ملانا (۳) مارنا - لگانا جیسے دھول جڑنا (۴) بدگوئی کرنا - غیبت کرنا - نندا کرنا - بگویا کرنا - شکایت کرنا - لگانا بھرنا - کان بھرنا - غمازی کرنا +

کہتا رہا کچھ اُن سے عدو دو گھڑی تلک
غماز نے پھر اور جڑی دو گھڑی کے بعد (ذوق)

(۵) نالش کرنا - عرضی دینا - دعوی کرنا - عرضی ٹھوکنا -

جڑی - ہ - اسم مونث (۱) جڑ - ٹرو گھڑی + وہ دوا جو کسی درخت کی جڑ ہو (۲) مرچی کھند کی جڑ جو سانپ کے کاٹے پر زہر مہرے کا کام دیتی ہے +

جڑی بوٹی - ہ - اسم مونث - دوا دارو - اوکھد - وہ بیخ و برگ وغیرہ جو دوا کے کام میں آتے ہیں +

جڑیا - ہ - اسم مذکر (۱) مرصع ساز - زیور میں جواہرات جڑنے والا (۲) لگو - آشنا - یار - دھوری - بشنی + لونڈے کا یار (بازاری بولتے ہیں)

جڑیلا } ہ - صفت مذکر } جڑدار + وہ مولی یا شلغم
جڑیلی } صفت مونث } جس میں جڑیں نکلکر سختی آگئی ہو

جُز - ف - تابع فعل - سوائے - بدون - علاوہ - ماورا - ماسوا - بن - چھٹ - باستثنا - قطع نظر +

جزا - ع - اسم مونث - بدلہ - پاداش - مکافات - عوض - پلٹا - انتقام - صلہ - تلافی + نتیجہ - پھل - ثمرہ - حاصل - محاصل +

جزاک اللہ - ع - جزاء خدا تجھے (نیک) صلہ دے - شاباش - مرحبا - صد رحمت +

جزائر - ع - اسم مذکر - جزیرہ کی جمع - ٹاپو +

جزبز ہونا - ہ - فعل لازم - بھچنا - تنگ ہونا - کبیدہ خاطر ہونا - آزردہ ہونا - ترش رو ہونا - ناک بھوں چڑھانا +

جزر - ع - اسم مذکر - بھاٹا - سمندر کے پانی کا اتار + بخلاف مد یا جوار +

جزر و مد - ع - اسم مذکر - جوار بھاٹا - چاند کی کشش

سے کے باعث سمندر کا اُتار چڑھاؤ +

جَزْم - ع - اِسمِ مذکّر (۱) اٹل - مضبوط - پکّا - مصمّم (۲) حرف کو ساکن کرنا اور نیز وُہ علامت جو حرفِ ساکن پر اِس شکل کی لکھی جاتی ہے ۸ - +

جُزْو - ع - اِسمِ مذکّر (۱) ریزہ - ٹکڑا - حصّہ - کن - بھاگ - پارہ (۲) ۱۶ صفحے یا ۸ ورق کا مجموعہ +

جُزوِ بدن ہونا - ف - فعل لازم - انگ لگنا - کسی چیز کا بخوبی ہضم ہو کر موقع سے صرف ہونا - بدل ما یتحلّل ہونا

جُزو بندی - ع + ف - اِسم مؤنث - کتاب کے اجزاء کو ڈور سے سینا - جزو جزو کرکے سینا - تہ بندی - کتاب کی باہمی دوخت +

جُزودان - ع + ف - اِسم مذکّر - بستہ - وُہ تھیلی جس میں کتاب رکھی جاے +

جُزورس - ع + ف - صفت (۱) کفایت شعار - کم خرچ - کفایت اندیش - بخیل - کنجوس (۲) نکتہ رس - نکتہ فہم - ذہین - زود فہم - ذکی +

جُزورسی - ع + ف - اِسم مؤنث - کفایت اندیشی - بخیلی - کنجوسی - عندیہ +

جُزو و کُل - ع - تابع فعل - بالکل - تمام - سراسر - یک بخت - ... - تھوڑا اور بہت +

جُزو لایتجزّیٰ - ع - اِسم مذکّر - وُہ چیز جو نہایت باریکی اور جزدوں کے باعث قابلِ انقسام نہ ہو +

جُزوی - ع - صفت - ذرا سا - تھوڑا سا - منسوب بہ جزو - حقیر - خفیف - ہیچ - ادنیٰ - چھوٹا - قلیل +

جزویات - ع - اِسم مذکّر - فروعات - افراد - چھوٹے چھوٹے اُمور - کلیات کے برخلاف +

جَزِیرَہ - ع - اِسم مذکّر - ٹاپو - دیپ - وُہ زمین جو سمندر یا دریا کے بیچ میں اِسطرح واقع ہو کہ پانی اُسکے چاروں طرف محیط ہو +

جزیرہ نُما - ع + ف - اِسم مذکّر - ٹاپوسا - وُہ خشکی کا قطعہ جو تقریباً چاروں طرف اور عموماً تین طرف پانی سے محیط ہو +

جِزْیَہ - ع - اِسم مذکّر - تاوان - خراج - محصول - ڈانڈ - ڈنڈ - وُہ ٹیکس جو غیر مذہب والوں پر لگایا جاے +

جَس - ہ - اِسم مذکّر (۱) ناموری - نام - شُہرت (۲) آبرو - عزّت - حُرمت - وقار (۳) ساکھ - اعتبار (۴) بڑائی - نیکنامی (۵) ثواب - نیکی - بھلائی (۶) استعداد - لیاقت (۷) گُن - وصف - جوہرِ ذاتی (۸) اثر - تاثیر - برکت

مصرع یہ وُہ زمانہ ہے کہ کسی شَے میں جس نہیں (۹) شکتی - طاقت +

جِس - ہ - اِسم ضمیر - وُہ - جو - اُس - جس - جونسا - فارسی ہر - عربی من و ما - جیسے جس برتن میں کھاے اُسی میں چھید کرے

جس پر - ہ - تابع فعل - تسپہ - توبھی - تب - بعد ازاں - اُس پر +

جس پر بھی - ہ - تابع فعل - توبھی - اِسپر بھی - باوجود اسکے - باوجودیکہ - ساتھ اِسکے +

جس تس - ہ - اسم ضمیر (متروک) ہر ایک - یگانہ و بیگانہ - اعلیٰ و ادنیٰ - بُرا بھلا - ہر قسم کا - ہر طرح کا

(حسن) پکارا وُہ جس تس کو فریاد کر +
نہ پہنچا کوئی کارواں بھی اُدھر

جس جس - ہ - ضمیر - ہر ایک - ہر شخص - ہر چیز +

جس دم - ہ - تابع فعل - جس وقت - جس گھڑی - جب - جد - ہر گاہ +

جسامت - ع - اسم مؤنث (۱) جسم ہونا - مٹاپی - ڈیل ڈول - فربہی - ڈول (۲) عرض - طول - عمق + لمبائی چوڑائی گہرائی یا اونچائی + رقبہ - پیمایش +

جست - ہ - اسم مذکر - ایک دھات کا نام - روح توتیا - جستا +

جست - ف - اسم مؤنث - چھلانگ - قلانچ - زغند - چوکڑی - کود پھاند - پھلانگ +

جست بھرنا - ہ - فعل لازم - پھلانگ مارنا - زغند لگانا چوکڑی بھرنا +

جستجو - ف - اسم مؤنث - ڈھونڈ ڈھانڈ - تجسس ٹٹول - تلاش - کھوج +

جسم - ع - اسم مذکر - بدن - دیہ - ڈیل - سریر - انگ کایا - تن - جسد - پنڈا +

جسمانی - ع - صفت (۱) بدنی - جسم سے متعلق - جسمی (۲) مادی - ہیولائی +

جسمی - ع - صفت (۱) متعلق بہ جسم (۲) شخصی - نفسی ذاتی +

جسولنی - ہ - اسم مؤنث (صحیح یسولنی) چوبدارنی - یساولی کی تانیث - وہ عورتیں جو شاہی محل میں خبر پہنچاتی ہیں +

جسیم - ع - صفت - موٹا - فربہ - تن و توش کا +

جشن - ف - اسم مذکر (۱) شادی - مہمانی - مجلس عیش و نشاط + عید - خوشی - پرب - اُتسب - جگ (۲) کامرانی - فرخندہ حالی - لہر بہر - بول بالا (۳) تاریخ تخت نشینی کا جلسہ یا مہمانی و مجلس + (اس رسم کا بانی جمشید تھا) +

جشن اُڑانا - ہ - فعل لازم - مزا اڑانا - لطف اٹھانا عیش کرنا - حظ اٹھانا +

جشن منانا - ہ - فعل لازم - خوشی منانا - ناچ رنگ اور عیش و نشاط میں مشغول ہونا +

جعفری - ع - اسم مؤنث - ایک قسم کا زرد گیندے کا پھول یعنی مطلق زرد + گل اشرفی (۲ پورب) ٹھاٹر - ٹٹی - لکڑی یا لوہے کا جال - جنگلا (یہ لفظ ضفیرہ بمعنی موئے بافتہ سے بگڑا ہے) + ۳ - طلای خالص - کھرا سونا

جعل - ع - اسم مذکر (۱) لغوی معنی بدلنا - بنانا - تلبیس - تبدیل تقلیب (۲) نقلی چیز پر اصلی چیز کا دعوی کرنا - مکر - فریب دھوکا - بناوٹ - گھڑت - پاکھنڈ - جھوٹ - کھوٹ - غل و غش

جعل بنانا - یا - کرنا - ہ - فعل لازم - جھوٹا کاغذ بنانا - جھوٹے دستخط یا مہر بنانا + جھوٹا مقدمہ کھڑا کرنا - فریب بنانا +

جعلساز - ع + ف - اسم مذکر (۱) قلب ساز - فریبی - دھوکا جھوٹے مقدمے بنانے والا (۲) صفت متفنی - شریر - بد

جعلسازی - ع + ف - اسم مؤنث - مکر - فریب - تلبیس بناوٹ - پاکھنڈ - قلب سازی - گھڑت +

جعلی - ع - صفت (۱) ساختہ - بنائی ہوئی - مصنوعی - جھوٹی نقلی + وہ نقلی چیز جسے اصل کے مطابق بنالیا ہو + قلبی باطل + جھوٹے دستخط کیے ہوئے (۲) فریبی - مکار دغاباز - جعلیا - دھوکے باز +

جغرافیہ - یونانی - اسم مذکر - مرکب از (جیو + گریفی) زمین + بیان زمین کا بیان - وہ علم جس میں زمین کی خشکی اور تری کی طبعی تقسیم کا بیان کیا جائے - بھوگول بدیا +

جفا - ف - اسم مؤنث - جبر - ستم - ظلم - جور - تعدی - انیاؤ + سختی + کشٹ

جفا کفا - ف - اسم مؤنث - جور و ظلم - سختی و مصیبت - کشٹ بپت - سنکٹ - آفت +

جفا کفا اٹھانا - ہ - فعل لازم - مصیبت اور سختی اٹھانا - کشٹ بھوگنا

جفاکش - ف - صفت - سختی جھیلنے والا - محنتی - مشقت اُٹھانے والا - زحمت کش +

جُفت - ف - اسم مذکر (۱) جوڑا - زوج - جوٹ - جوڑ - جُگ وُہ عدد جو دو پر پُورا تقسیم ہو جاے - طاق کی ضد - دُکڑی جوڑی (۲) ہمسر - ہم پایہ - ثانی - مُقابل (۳) جُوتی کا جوڑا

جُفتہ - ف - اسم مذکر (۱) لُغوی معنی خمیدگی - اصطلاحی شکن - چُرس - جُھرّی - سلوٹ - چُنّت - گُنجلک (۲) جلبو - جرم - بال جو اکثر جواہرات میں ہوتا ہے (۳) ضربی نشگاف - تریڑ - درز (۴) داغ - دھبہ - کلنک

جُفتے - ا - اسم مذکر - جُفتہ کی جمع +

جُفتے پڑنا - ہ - فعل لازم (۱) چُرس پڑنا - شکن پڑنا - سلوٹیں پڑنا - جُھرّیاں پڑنا - دُھلے ہوے کپڑے کا تار تار ہونا + (ناسخ)

رات بھر تڑپے فراقِ یار میں ہم اسقدر
پڑ گیے جُفتے ہزاروں چادرِ مہتاب میں

(۲) عزت میں فرق آنا - بٹا لگنا - داغ لگنا - عیب لگنا - سُبکی ہونا - خفت ہونا (اہل دہلی اس موقع پر شان ہیں جُفتے پڑنا زیادہ بولتے ہیں) (داغ دہلوی)

اُس سیمبر کے دوپٹے کی چُناوٹ دیکھکر
پڑ گیے جُفتے گُلوں کی چادرِ توقیر میں

جُفتی - ف - اسم مؤنث - نر و مادہ کا باہم ملنا - نر کا مادہ پر چڑھنا +

جُفتی کھانا - ہ - فعل متعدی - جُٹنا - جماع کرنا - نر پرندہ کا مادہ پر چڑھنا - یا مادہ کا نر سے مجامعت کرانا - جانوروں کا جفت ہونا +

جَکڑ بند - ہ - صفت (۱) کسا ہوا - تنا ہوا - کھنچا ہوا - مضبوط اور تنگ بندھا ہوا (۲) گٹھیا - گٹھیا باؤ - وجع المفاصل

جکڑنا - ہ - فعل متعدی (۱) کھینچکر باندھنا - کسکر باندھنا - کسنا (۲) مشکیں باندھنا - ٹُنڈیاں کسنا (۳) فعل لازم اینٹھنا - اکڑنا - سخت ہو جانا جیسے چھاتی جکڑ گئی - ہاتھ جکڑ گیے وغیرہ +

جگ - ہ - اسم مؤنث (۱) دُنیا - سنسار - جگت - جہان عالم - ترلوک (۲) مخلوق - خلقت - لوگ (۳) بلدان ہون - ہوم - پوجا - راجاؤں کی ایک جشنی رسم کا نام جو سب میں زبردست راجا کیا کرتے تھے (۴) جیونار ضیافت - دعوت - بھنڈارا - مہمانداری - اُتسب

جگ جیتنا - ہ - فعل متعدی - عو (۱) ہرا مارنا - تھکا مارنا عاجز کردینا (۲) - لازم (۲) ہارنا تھکنا جیسے میں اُسکے ہاتھوں جگ جیتی +

جگ ہنسائی - ہ - اسم مؤنث - رُسوائی - تضحیک فضیحتی - بدنامی +

جگ - انگلش - [illegible] اسم مذکر - گڑوا - جھجر - صراحی لوٹہ - دُودھ رکھنے کا برتن +

جُگ - ہ - اسم مذکر - سما - زمانہ - عہد - دور - وقت - قرن (اہل ہند کے نزدیک چار زمانوں میں سے ہر ایک زمانہ جیسے ست جگ ترتیا جگ - دواپر جگ - کلجگ) (۲) مُدت - عمر - عرصہ (۳) چوسر کے کھیل میں دو نردوں کا ایک ہی خانہ میں اکٹھا بیٹھنا جیسے جُگ ٹوٹا نرد ماری (۴) پیڑھی - پُشت (۵) ہمیشہ - سدا (۶) وہ ڈورا جو گوٹہ بُننے والے یا جولاہے تاروں کے جُدا رکھنے کی غرض سے تانے میں ڈالدیتے ہیں

جگ ٹوٹنا - ہ - فعل لازم - نفاق ہونا - جتھا ٹوٹنا - اتفاق نہ رہنا - جدائی ہونا - مُفارقت ہونا +

جُگ جُگ - ہ - تابع فعل - ہمیشہ - سدا - مدام - تا ابد جیسے جُگ جُگ جیا کرو +

جُگادری -ہ- بہت - پُرانا - گھاگ - گُرگ کہن - کُہن سال - بہت پُرانا اور قد آور جیسے جُگادری بندر

جُگا جُگا کر رکھنا -ہ- فعل متعدی - عوسینت سینت کر رکھنا - جوڑ جوڑ کر رکھنا - احتیاط سے رکھنا +

جُگالنا ہ فعل متعدی - جگالی کرنا - پگرانا - چوپایوں کا اپنے پیٹ سے کھانا مُنہ میں لاکر چبانا - مُنہ چلانا - جُگالی کرنا +

جُگالی -ہ- اسم مؤنث - پاگُر - حیوانات کا اپنے چارہ کو معدہ میں سے نکال کر مُنہ میں چبانا جسے فارسی میں نشخوار اعربی میں جرہ کہتے ہیں +

جُگان -ہ- اسم مذکر - دُھلے ہوئے کپڑوں کی گٹھری یا لادی - دُھلے ہوئے کپڑے جوڑے (دھوبی)

جگانا -ہ- فعل متعدی (۱) بیدار کرنا - اُٹھانا - نیند سے اُٹھانا (۲) خبردار کرنا - ہوشیار کرنا - ٹہوکنا (۳) اکسانا + روشن کرنا - جلانا جیسے دِیوا جگانا اور جوت جگانا ہندو بولتے ہیں (۴) پھیکے حرف یا ہلکی لکیر کو روشن کرنا (۵) بیدار رکھنا - سونے نہ دینا - خواب سے باز رکھنا

جگت -ہ- اسم مذکر (۱) دُنیا - سنسار - جہان - عالم - دہر - زمانہ (۲ - اسم مؤنث) کنوئیں کی مینڈ - لب چاہ

جگت اُستاد -ا- اسم مذکر - اُستاد زمانہ - مخدوم جہاں - بہت بڑا کاریگر - سب کا مانا ہوا - کامل فن + قدوة العلماء - شاہ دانشمندان - مرشد جہانیاں - مسلم الثبوت اُستاد - اپنے فن میں طاق آدمی (امداد علی بحر)

سب کو فیض پہنچا انکی تحقیقات سے
حضرت ناسخ کا کیا کہنا جگت اُستاد ہیں

جگت سالا -ہ- اسم مذکر - کسی کا بھائی +

جگت سیٹھ -ہ- اسم مذکر - بڑا بھاری ساہوکار - بہت بڑا کوٹھی وال - زمانہ کا مالدار - نیز سیٹھوں کا خطاب +

جگت سیٹھ کا سالا -ہ- اسم مذکر - بڑے بھاری دولتمند کا رشتہ دار + (گالی)

جگت گُرو -ہ- اسم مذکر (۱) دیکھو (جگت اُستاد) (۲) برہما وشن اور شیوجی کا نام +

جُگت -ہ- اسم مؤنث (۱) چترائی - حکمت - دانائی (۲) جتن - تدبیر - اُپاے (۳) طرز - ڈھنگ - انداز (۴) توڑ جوڑ - کرتب - سازش - ہتکھنڈا - اُستادی - کاریگری - کارستانی - چالاکی - ہوشیاری (۵) مرضی - موافقت - راے - صلاح - پلول (۶) تجنیس + ضلع - قافیہ - تُک - لطیفہ - ذو معنی - بذلہ (۷) راز - بھید - راز الٰہی (۸) دلیل - تجویز - سوجھ (۹) راہ و رسم

جُگت باز -ا- اسم مذکر (۱) ضلع باز - لطیفہ گو - بذلہ سنج (۲) مدبّر - ڈھنگ کا آدمی - صاحب تدبیر +

جُگت بازی -ا- اسم مؤنث - لطیفہ گوئی - بذلہ سنجی - ضلع بازی +

جُگت رنگ -ا- اسم مذکر (لکھنؤ) لطیفہ گو - بذلہ سنج - ضلع باز +

جُگت لگانا -ہ- فعل لازم - توڑ جوڑ بٹھانا - تدبیر لڑانا - ڈھنگ ڈالنا - موقع نکالنا - راہ و رسم پیدا کرنا +

جُگت مِلانا -ہ- فعل لازم - مطلب گانٹھنا - اپنے مطلب پر لانا - ساز و باز کرنا +

جِگر -ف- اسم مذکر (۱) کلیجا - کلیجی (وہ خون بستہ جو گل ذی رُوح کے پہلو میں ہوتا ہے جسے مخزن خون کہنا چاہیے - اعضائے رئیسہ میں سے ایک عضو کا نام (۲-ا) مُراد ادِل - ہیا - چت - من (۳-ا) جان جی - پران - بولتا (۴-ا) گری - مغز - گودا + ست -

جوہر۔ لُبّ لُباب (۵-ا) بیٹا۔ فرزند + پیارا۔ لاڈلا۔ دُلارا۔ عزیز (۶) ہمّت۔ حوصلہ۔ بہادری۔ شجاعت۔ دِلاوری۔ چھاتی۔ گُردہ۔ مردانگی (۷-ا) تاب و طاقت۔

جِگر بَنْد - ف - اِسم مذکّر۔ دِل۔ تلی۔ پھیپھڑے اور کلیجے کا مجموعہ۔ مُراداً جگر پارہ۔ فرزند۔ پیارا۔ نُورِ نظر۔ عزیزِ جاں

جِگر جِگر ہے دِگر دِگر ہے - ا - اپنا اپنا ہی ہے غیر غیر ہی ہے۔ یعنی بیگانہ کبھی یگانہ کے برابر نہیں ہو سکتا

جِگَرا - ا - اِسم مذکّر۔ ع و ہمّت۔ حوصلہ۔ جرأت۔ دِلیری۔ چھاتی۔ کلیجا۔ دِل گُردہ +

جَگر جَگر کرنا - ہ - فعل لازم۔ چمکنا۔ جگمگ کرنا۔ جگمگانا۔

جِگری - ف - صفت (۱) بھیتری۔ دِلی۔ اندرُونی (۲) دل و جگر سے نسبت رکھنے والا (۳) صادق۔ سچا۔ ہمراز۔ نِشتر۔ پیارا۔ گہرا جیسے جگری دوست +

جِگری داغ - ف - اِسم مذکّر۔ داغِ دل۔ لاعلاج صدمہ یا رنج۔ لاعلاج مُصیبت۔ جرم جو کسی جواہر سے ہو +

جِگری دوست - ا - اِسم مذکّر۔ گہرا یار۔ دِلی دوست ہمراز۔ نِشتر۔ پیارا +

جُگَل - ہ - اِسم مذکّر (ہندو) جوڑا۔ زوج۔ جُفت۔ دو +

جُگَل جوڑی - ہ - اِسم مؤنّث۔ ہم عمر برابر کے بھائی یا دو آدمی۔ ہمسِن۔ ہجولی +

جگمگانا - ہ - فعل لازم۔ جگمگ کرنا۔ چمکنا۔ جھلکنا۔ روشن ہونا۔ تاباں ہونا۔ جگر جگر کرنا۔ دمکنا +

جگمگاہٹ - ہ - اِسم مؤنّث (۱) چمک۔ دمک۔ جھلک۔ روشنی۔ درخشانی۔ جلوہ۔ [illegible]۔ تجلّی (۲) رونق آبداری [illegible]

جُگنو - ہ - اِسم مذکّر (۱) پٹبیجنا۔ کرمِ شب تاب۔ کرمِ شب افروز (ناسخ) شرم سے اُڑ جائے شعلہ کیوں نہ جگنو کی طرح

دیکھے محفل میں جو نُورِ فندقِ جاناں شمع

(۲) جُگنی۔ گلے کے ایک زیور کا نام +

جُگنی - ہ - اِسم مؤنّث۔ دیکھو ا - (جگنو نمبر ۲) (۲) ایک مشہور گیت کا نام جو پنجاب میں گایا جاتا ہے۔

جَگَہ - ہ - اِسم مؤنّث (۱) ٹھور۔ ٹھکانا۔ استھان۔ جائے مقام۔ ٹھاؤں یا ٹھاؤں + محل۔ موقع (۲) گنجایش۔ سمائی۔ وسعت (۳) خدمت۔ عہدہ۔ منصب۔ آسامی۔ کام۔ نوکری۔ علاقہ +

جگہ جگہ - ہ - تابع فعل۔ ہر جا۔ ہر موقع پر۔ سب جگہ

جگہ چھوڑنا - ہ - فعل لازم (۱) مقام چھوڑنا۔ اسٹیشن چھوڑنا (۲) لکھتے لکھتے کاغذ میں سفیدی چھوڑ دینا۔ (۳) ہٹنا۔ سرکنا +

جگہ دینا - ہ - فعل لازم - (۱) ٹھیرانا۔ بٹھانا (۲) عہدہ آسامی یا نوکری دینا (۳) زمین دینا۔ رہنے کو گھر دینا

جگہ سر یا سے - ا - تابع فعل۔ درست۔ ٹھیک بجا۔ قابلِ تسلیم۔ موقع سے۔ حسبِ موقع۔ برمحل +

جُل - ہ - اِسم مذکّر۔ فریب۔ دھوکا۔ دم۔ جھانسا۔ چھل بٹا۔ دھوننس۔ دغا۔ مکر۔ چھل۔ فطرت۔ حیلہ یا ہتکھنڈا

جُل باز - ا - اِسم مذکّر۔ فریبی۔ دمباز۔ عیّار۔ چھلیا دھوکے باز۔ حیلہ باز۔ دھوتیا۔ پاکھنڈی +

جُل دینا یا کھیلنا - ہ - فعل متعدّی۔ ٹھگنا۔ چھلنا دم دینا۔ دھوننس بتانا۔ جھانسا دینا۔ بالا بتانا۔ دغا دینا۔ دھوکا دینا +

جَل - ہ - اِسم مذکّر۔ پانی۔ آب (ہندو بولتے ہیں)

جل پان - ہ - اِسم مذکّر۔ ناشتہ۔ تھوڑا سا کھانا پینا

جل ترنگ - ہ - اِسم مذکّر۔ ایک طرح کے باجے کا نام جو پیالوں میں پانی بھر کر تیلیوں سے بجایا جاتا ہے

قدموں کے ... نہ ساز طرب ہے جنوں میں بھی
(مجروح) جو کاسہ بلے کا ہے وہ جلترنگ ہے

جل تھل - ہ - اسم مذکر - بحر و بر - خشکی و تری (کثرت بارش کی نسبت بولتے ہیں) +

ایسے مری نگہ کے ہیں بادل بھرے ہوئے
(مجروح) جل مارنے میں دیکھئے ہیں جل تھل بھرے ہوئے

جل جوگنی - ہ - اسم مؤنث - عو (۱) جونک - کیڑی - زلو (۲) چیل - زغن - غلیواز - اوپر والی +

جل کر - ہ - اسم مذکر - محصول آب - وہ محصول جو مچھلیاں پکڑنے کی جگہ پر لگایا جاتا ہے + بحری آمدنی

جل ککڑ - ہ - اسم مذکر - مرغ آبی - پانی کا پرند - جل پنچھی +

جل مانس - ہ - اسم مذکر - مرد آبی - پانی کا آدمی

جِلا - ع - اسم مؤنث - صیقل - صفائی - آب - آبداری - چمک دمک - روپ - رونق - اوپ +

جلا دینا یا کرنا - ا - فعل متعدی - رونق دینا - چمکانا - اُجالنا - آبداری بخشنا - آب دینا - صیقل کرنا - مانجھنا

جلا کار - ع ف - اسم مذکر - صیقل گر - اُجالنے والا +

جُلاب - ا - اسم مذکر - مسہل - دست آور دوا - بلفظ ... ہندوستان میں مسہل کی بجائے مستعمل ہوگیا ورنہ درحقیقت گلاب کا معرب ہے چونکہ لفظ مسہل معناً کریہ تھا اور گلاب مسہل کا ایک جزو بھی ہے پس اس لحاظ سے بطریق مجاز جزو کا کل پر اطلاق کرنے لگے

جُلاب لینا - فعل متعدی - مسہل لینا - دستوں کی دوا پینا یا کھانا +

جلا بلا / جلا بھنا } ہ - صفت - سوختہ - افروختہ + غضبناک + غصے میں بھرا ہوا - رنجیدہ خاطر - مغموم + تند مزاج - غصیل + (میر تقی)

جوں دود عمر گزری سب پیچ و تاب میں
اتنا ستا نہ ظالم ہم بھی جلے بلے ہیں

(مسلمان اکثر جلا بھنا بولتے ہیں) +

جُلّابی - ا - اسم مذکر - عو - مسہل لینے والا - وہ شخص جسنے مسہل لے رکھا ہو +

جَلاپا - ہ - اسم مذکر - عو (۱) رنج - غم - کلفت - الم - آزردگی - سوگ - اندوہ خاطر - ملال - (۲) رشک - حسد جیسے سوکن کا جلاپا (۳) بغض و عداوت (اصل میں جل آپا تھا یعنی آپ ہی آپ دل میں جلنا) +

جلا تن - ہ - صفت - عو - (لکھنؤ - جلے تن) (۱) بدمزاج - جھجھلا - غصیل - غضبناک - خشمناک - تندمزاج - مغلوب الغضب - تیز مزاج - وہ شخص جو کسی بات کا متحمل نہ ہو سکے (۲) حاسد - رشک کرنے والا

جلا جلا کر مارنا - یا - خاک کرنا - ا - فعل متعدی - عو - تنگ کر کے مارنا - غصہ دلا دلا کر ہلاک کرنا - غم میں گھلانا - رشک دلا کر مارنا - نہایت ستانا - از حد دق کرنا

جلّاد - ع - اسم مذکر (لغوی معنی درّہ لگانے یا کھال کھینچنے والا کیونکہ اول صورت میں اسکا مادہ جلدہ بمعنی تازیانہ اور دوسری حالت میں جلد بمعنی پوست ٹھہر سکتے ہیں مگر پہلا اول مناسبت ہے) + (۱) گردن مارنے والا - قاتل - سفاک (۲) بیرحم - ظلمی - سنگدل - کٹھور - بیدرد - بزدلی - ظالم (۳ عو) تندمزاج - غصیل - غضبی

جلّادِ فلک - ع - اسم مذکر - مریخ - منگل - ایک آتشی ستارہ کا نام

جَلال - ع - اسم مذکر (۱) بزرگی - عظمت - بڑائی (۲) شان - شوکت - شکوہ - جاہ (۳-۱) رعب داب (۴-۱) غصہ - کرودھ - غضب - خشم - (۵ - صفت) تیزی - خشونت - سختی - تندی +

جلالی - ع - اسم مونث - (۱) منسوب بہ جلال (۲) وہ

(۳) صفتِ الٰہی جسمیں شانِ غضب کا اظہار ہو۔ بخلاف جمالی (۴) درویشوں کے ایک طریقہ اور سلسلہ کا نام جو سید جلال بخاری سے منسوب ہے (۴) کُل ماہ شمسی کا نام جسے جلال الدین ملکشاہ سلجوقی کی تاریخ تخت نشینی سے منسوب کرتے ہیں۔ بعض کے نزدیک ماہ فروردین سے مُراد ہے کیونکہ اس مہینے میں آفتاب کو شرف ہوتا ہے مگر ابوالفضل کے دفتر دوم میں ماہ الٰہی سے عبارت ہے جو جلال الدین محمد اکبر بادشاہ کی تاریخ سے منسوب اور نیز تحویل آفتاب کا زمانہ ہے (۵) حیوانات۔ گوشت وغیرہ چنانچہ صوفیوں میں ترکِ جلالی سے ترکِ حیوانات مُراد ہے (۶۔ صفت) صاحبِ جلال۔ جلال والا (۷) خوفناک غضبناک۔ ہیبتناک (جلالی مہینوں کے نام)

ماہ ہای جلالی	انگریزی	ہندی
فروردین	مارچ	بیساکھ
اُردی بہشت	اپریل	جیٹھ
خُرداد	مئی	اساڑھ
تیر	جُون	ساون
مُرداد	جولائی	بھادوں
شہریور	اگست	کنوار یا اسوج
مہر	ستمبر	کاتک
آبان	اکتوبر	منگسر یا اگھن
آذر	نومبر	پوہ یا پوس
دے	دسمبر	ماگھ
بہمن	جنوری	پھاگن
اِسفندار	فروری	چیت

جلالیہ۔ ا۔ اسمِ مذکر (۱) سید جلال بخاری کو ماننے والا فقیر (۲) ایک مشہور کٹہرے کا نام جو اکبر بادشاہ کے وقت میں تھا اور جسکی وجہ سے دریائے سندھ کے ایک کشتی توڑ ڈالنے والے پتھر کا نام رکھا گیا +

جلالی میری۔ ا۔ اسمِ مذکر۔ لڑکوں کے ایک کھیل کا نام جسے اُڑان جھلا بھی کہتے ہیں +

جِلانا۔ ہ۔ فعل متعدی (۱) زندہ کرنا۔ رُوح ڈالنا۔ جان ڈالنا۔ جی ڈالنا۔ تازگی بخشنا۔ طراوت بخشنا۔ سرسبز کرنا (۲) موت سے بچانا۔ مرنے نہ دینا جیسے اس دوانے جلا لیا (۴) دھات کو کُشتہ کرنیکے بعد اسکی اصلی حالت پر لے آنا +

جَلانا۔ ہ۔ فعل متعدی (۱) بالنا۔ آگ لگانا۔ سوختہ کرنا سُلگانا۔ پھونکنا۔ آگ دینا۔ لُوکا لگانا + ہکانا بھکانا روشن کرنا (۲) اشتعال دینا۔ بھڑکانا۔ غصہ دلانا جوش یا طیش میں لانا۔ آگ بگولا کرنا۔ افروختہ کرنا برانگیختہ کرنا (۳) چھیڑنا۔ چڑانا۔ رشک دلانا۔ دشمنی یا حسد بڑھانا (۵) دِق کرنا۔ ستانا۔ رنج پہنچانا +

جلاوطن۔ ع۔ صفت (۱) دیس نکالا۔ بن باس ہجرت (۲) گھربار یا دیس سے نکالا ہوا۔ مخروج البلد بن باسی۔ شہر بدر +

جلاوطن کرنا۔ ا۔ فعل متعدی۔ دیس نکالا دینا شہر بدر کرنا۔ کالے پانی بھیجنا۔ عبور دریائے شور کرنا

جلاوطنی۔ ع۔ اسم مؤنث۔ بن باس۔ دیس نکالا ہجرت۔ مہاجرت +

جُلاہا۔ ا۔ اسم مذکر (از۔ ف۔ جولاہ) (۱) جامہ باف نورباف۔ کپڑا بننے والا۔ پارچہ باف۔ کولی۔ مومن (۲) پانی کے ایک کیڑے کا نام (۳۔ صفت) گاؤدی۔ احمق۔ بیوقوف۔ اُوت۔ کَودن۔ مُورکھ۔ گدھا +

جل بُجھنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ جلکر خاک ہو جانا۔ راکھ ہوجانا خاکستر ہو جانا۔ کوئلہ ہو جانا۔ جلکر تمام ہونا +

ہم آپ جل بُجھے مگر اس دل کی آگ کو
سینہ میں ہمنے ذوق نہ پایا بُجھا ہوا (ذوق)

جِلْد - ع - اسم مؤنث - (۱) کھال - چمڑا - چام - پوست - کھڈی (۲) کتاب کا پٹھا (۳) کتاب کی جزبندی و سلائی وغیرہ (۴) کتاب - پوتھی - پستک (۵) حصۂ کتاب (۱ سپارہ) مضمون غم میں قابل رقت ہزار ہا دیوان ہمارا جلد نویں ہے ہمارا کی +

جِلد ساز } - ف - اسم مذکر - کتاب کی جلد بنانے والا - صحاف +
جِلد گر }

جَلْد - ع - ف - تابع فعل - سرعت - فورا - بلا توقف - جھٹ - چٹ پٹ - جھٹ پٹ - شتاب +

جلد باز - ع + ف - صفت - اتاولا - شتابی کرنے والا - تعجیل کار - زود کار - شتاب کار + پھرتیلا - چست چالاک - تیز دست +

جَلْدی - ع - اسم مؤنث - عجلت - شتابی - اتاولی - سرعت - تیزی - پھرت - چستی - پھرتی + اضطراب - گھبراہٹ +

جَلْسہ - ع - اسم مذکر (۱) نشست - اجلاس - بیٹھک (۲) صحبت - ملاقات (۳) سبھا - محفل - مجلس - بزم - انجمن - پنچایت (۴) مجمع - جمگھٹا (۵) ضیافت - دعوت - مہمانی - جیونار - کھانا (۶) محفل رقص و سرود - رقص و سرود - ناچ رنگ (۷) نماز میں سجدہ کرکے اول مرتبہ بیٹھنے کو جلسہ دوسری دفعہ بیٹھنے کو جلسہ استراحت کہتے ہیں +

جَل ککڑ - ہ - صفت (۱) مرغ سوختہ - مرغ کباب شدہ (۲) جلا تن - غصیلی - مغلوب الغضب - نک چڑھا وہ شخص جو ذرا ذرا سی بات پر جل جائے +

جَل مَرنا - ہ - فعل لازم - عو - رشک و حسد میں جلکر کباب ہوجانا - کسی کی بھلائی نہ دیکھ سکنا +

جَلَن - ہ - اسم مؤنث (۱) سوزش - تپش - تپن - سوختگی - جلنے کی حالت - تپک (۲) حسد - رشک (۳) کینہ - بیر - دشمنی - کپٹ - لاگ - عداوت (۴) غصہ - خشم - کرودھ +

جَلنا - ہ - فعل لازم (۱) بلنا - آگ لگنا - سلگنا + روشن ہونا - مشتعل ہونا (۲) جھلسنا - کملانا - بھنتا - داغ لگنا (۳) خاکستر ہونا - راکھ ہونا (۴) حسد کرنا - رشک کرنا + ناراض ہونا - عداوت کرنا (۵) سوزش ہونا - جلن ہونا - تپکنا (۶) مرچ یا تیز چیز سے زبان کا تلملانا - چرپراہٹ ہونا (۷) کبیدہ خاطر یا دل آزردہ ہونا - رنج سہنا - غم کھانا - شکستہ دل ہونا - رنج و غم میں گھلنا (۸) نبات کا برف یا پالے وغیرہ سے کملا جانا - سوکھ جانا جیسے (شعر)

میں وہ درخت تھا کہ آگ اور جل گیا

جُلنا - ہ - فعل لازم - ملنا - ملاقات کرنا - خلط ملط ہونا (یہ لفظ اکیلا نہیں بولا جاتا ملنا جلنا (میل ملاپ) ملا کر بولا جاتا ہے

جِلندر - ہ - اسم مذکر - مرکب از جل - اندر - یا اودر (دیکھو - استسقا) +

جِلَو - ت - اسم مؤنث (۱) باگ - لگام - لجام (۲) کوتل گھوڑا - وہ خالی گھوڑا جو سواری کے ساتھ صرف زینت کے لیے سجا کر لے جاتے ہیں (۳) زینت - طمطراق - ٹھاٹ - تجمل - تزک - کروفر - حشم و خدم + سواری کے ساتھ کا ٹھاٹ جیسے ماہی مراتب باجا گاجا - بھیڑ بھاڑ - اہالی موالی وغیرہ (۴) ہمراہی - یار کابی - ہمرکابی +

جِلَودار - ت - اسم مذکر - مصاحب - ہمنشین - ہمراہی - ہمرکابی - ساتھی + نوکر چاکر - خدمتگار - خادم - پارکاب

حاضر باش +

جلوخانہ - ف - اسم مذکر - صحن - انگنائی - آنگن - چوک + ڈیوڑھی - پیشطاق - چھتا - پیشگاہ - وُہ میدان جو شاہی دروازہ کے سامنے ہو (ناسخ)

زنداں ہمارے رہنے کو کاشانہ ہوگیا
دشت جنوں تمام جلو خانہ ہوگیا

جلوس - ع - اسم مذکر (۱) نشست - بیٹھک (۲) تخت نشینی - راج گدی - راج تلک (۳) - (ز) بمعنی جلو - شاہانہ حشم - بھیڑ بھڑکا - کر و فر - تجمل - شان و شوکت - تزک - امیروں اور بادشاہوں کی سواری

جلوسی - ع - صفت - منسوب بجلوس - شاہی تخت نشینی سے منسوب جیسے سن جلوس وغیرہ

جلوہ - ع - اسم مذکر (۱) کسی خاص طرز سے اپنے تئیں ظاہر کرنا - اپنے تئیں لوگوں کو دکھانا - نمودار ہونا + نظارہ - دیدار + سامنے آنا (۲) - (ز) تجلی - نور (۳) - (ز) خرامِ معشوق (۴) - (و) وداع کے روز دولہا دلہن کو آمنے سامنے بٹھا کر آرسی مصحف دکھانا - رسم آرسی مصحف - جیسے (مثل) بیاہ ہو گئی جلوے کے وقت ٹل گئی +

جلوہ گر ہونا - (ز) - فعل لازم - نمودار ہونا - نظارہ دکھانا - ظاہر ہونا - رونق بخش ہونا - زینت بخش ہونا - بادشاہوں کا تشریف لانا +

جلی - ع - صفت (۱) روشن - آشکارا - ظاہر - نمایاں - عیاں - واضح - ہویدا (۲) بخلاف خفی - پُرکار - موٹا لکھا ہوا +

جلیبا - (ز) - اسم مذکر (۱) شہتوت - توت (۲) بڑی جلیبی

جلی بھنی باتیں - ہ - اسم مؤنث - حسد و رشک کی باتیں عداوت و عناد کی گفتگو +

جلیبی - ہ - اسم مؤنث - ایک قسم کی مٹھائی جو کڑھائی میں تل کر شیرہ میں ڈبوئی جاتی ہے - جلیبی +

جلے پاؤں کی بلی - ہ - محاورہ عو - وہ عورت جسے ایک جگہ قیام اور پھرنے کے سوا دوسرا کام نہ ہو - ہرزہ گرد - آوارہ گرد - سگ پاسوختہ + مضطرب + بیقرار + (رنگین بیگم)

پڑی پھرتی ہوں جیسے پاؤں کی بلی کی طرح
دیکھوں اُس بن کٹی کس طرح سے شب بیت المال (کوڑی)

جلے پر نمک چھڑکنا یا لگانا - و - فعل متعدی - جلے کو جلانا - ستانے کو ستانا - مرے کو مارنا - غصہ میں غصہ دلانا - رنج پر رنج دینا +

جلے پھپھولے پھوڑنا - ہ - فعل لازم - بدلہ لینا - رشک نکالنا - حسد نکالنا - عداوت نکالنا - دلی حسرت نکالنا - بغض دلی ظاہر کرنا - عناد دلی ظاہر کرنا

جلی کٹی - ہ - اسم مؤنث - رشک و حسد کی باتیں - دشمنی کی باتیں +

جلی کٹی رکھنا - ہ - فعل لازم - عداوت رکھنا - دشمنی رکھنا - عداوت رکھنا +

جلی کٹی کہنا - ہ - فعل لازم - برا بھلا کہنا - عیب کرنا - بدی کرنا - کسی کے خلاف کہنا +

جلیس - ع - اسم مذکر - ہمنشین - مصاحب - ساتھی - رفیق - ہمراہی - ساتھ اُٹھنے بیٹھنے والا +

جلیل - ع - صفت - بزرگ - بڑا - کبیر - عظیم - کلاں + اعلیٰ - افضل - برتر +

جلیل القدر - ع - صفت - عالی مرتبہ - بڑے رتبہ کا - معزز - والا قدر +

جم - ہ - اسم مذکر - ہندو (۱) دھرم راج - پتال کا راجہ
دشا کا دیوتا (۲) ملک الموت - موت کا فرشتہ -
قابض ارواح (۳) قضا - موت - اجل - فوت -
مرگ - کال جیسے یوہرے کی رام رام جم کا سندیسا (پیغام)
(۴ - عو) ناگوار طبع آدمی جو پاس سے نہ ٹلے جیسے
قرضخواہ و دشمن وغیرہ (۵) توام - جوڑواں -
جُڑواں +

جم دُوت - ہ - اسم مذکر - ملک الموت - فرشتہ موت
+ قاصد اجل +

جم دِیا - ہ - اسم مذکر - جم دیوتا کے نام کا ایک چراغ
جو کاتک بدی تیرہ دشی کو یعنی دیوالی سے تین دن
پہلے جلایا جاتا ہے +

جم راج - ہ - اسم مذکر - جم لوک کا بادشاہ - تحت الثریٰ
کا بادشاہ - پتال کا راجا +

جم کا سندیسا - ہ - اسم مذکر - پیغام اجل +

جم ہو جانا - ہ - فعل لازم + موت کی طرح نہ ٹلنا -
بھوت یا جن کی مانند گردیدہ ہوجانا - پیچھا چھوڑنا

جَمَاد - ع - اسم مذکر - غیر ذی روح اشیا - بیجان چیزیں
جیسے دھات - پتھر - پہاڑ - زمین وغیرہ +

جَمَادِی الاوّل - ع - اسم مذکر - عربی پانچواں قمری
مہینا تقریباً پھاگن یا مدار +

جَمَادِی الآخر یا جَمَادِی الثّانی - ع - اسم مذکر - عربی
چھٹا قمری مہینا تقریباً چیت یا خواجہ معین الدین

جِمَاع - ع - اسم مذکر - مباشرت - مجامعت - صحبت داری
بھوگ - بشنے +

جَمَاعت - ع - اسم مؤنث (۱) گروہ - آدمیوں کا جتھا -
(۲) اجتماع - ہجوم - بھیڑ - جمگھٹا - انبوہ (۳) فریق
+ فرقہ + (۴) غول - ٹولی - منڈلی (۵) سبھا - مجلس
(۶) سلسلہ - زمرہ - جتھ - پرا (۷) درجہ (۸)
صف نماز - نمازیوں کی قطار (۹ - ۱) مُراد ادائے نماز جماعت
جیسے جماعت ہوگئی یا نہیں +

جُماگی - ا - اسم مؤنث - صحیح (جُمعگی) جُمعہ کے دن
کا بچّوں کا خرچ (شہزادگان دہلی میں دستور تھا کہ
وُہ اپنے بچّوں کو اِس نام سے کچھ ماہوار دیا کرتے تھے مگر
دریائے لطافت سے پایا جاتا ہے کہ جمعرات کو جو اطفال مکتب
اُستاد کو بناکو حجامت وغیرہ کا خرچ دیتے ہیں وُہ بھی
جُمعگی ہے مگر یہ معنی اہل قلعہ نہیں لیتے) +

جَمال - ع - اسم مذکر - حُسن - خوبصورتی - رُوپ - جوبن
(کیفی دہلوی) اِک تماشا ہے کہیں کا رنگ حُسن جمال
دل یہ کہتا ہے نگہ سے سو تقدم مجملہ

جَمال گوٹا - ہ - اسم مذکر - ایک نہایت دست آور
پھل کا نام گرم و خشک درجۂ چہارم میں +

جَمالی - ع - صفت (۱) شان رحمت کی تجلّی - نُوری
منسوب بہ جمال الٰہی (۲ - اسم مذکر) ایک قسم کا
سردا - خربزہ (۳) صُوفیوں کے ہاں نباتات
جیسے پیاز لہسن وغیرہ چنانچہ ترک جمالی سے یہی
مُراد ہے +

جِمانا - ہ - فعل متعدی - کھانا کھلانا - بھوجن کرانا +

جَمانا - ہ - فعل متعدی (۱) منجمد کرنا - بستہ کرنا جیسے
دہی جمانا (۲) قایم کرنا - ٹھیرانا - اکھاڑنا کے خلاف
(۳) ترتیب سے لگانا - ڈھنگ سے رکھنا (۴) چپکانا
چسپاں کرنا - جوڑنا - پیوستہ کرنا (۵) آمادہ کرنا -
راضی کرنا (۶) رکھنا - دھرنا جیسے سُلفہ جمانا [illegible]
(۸) جمع کرنا - اکٹھا کرنا - فراہم کرنا - جلانا جیسے گھر جمانا

محفل جمانا (۹) لگانا۔ شروع کرنا جیسے کام جمانا (۱۰)
ٹھانا۔ بٹھانا جیسے کسی بات کو دل میں جمانا (۱۱)
مستحکم کرنا۔ مضبوط کرنا (۱۲) جمانا۔ ذہن نشین کرنا
(۱۳) رچا رکھنا۔ چنائی پر نئی چنائی کرنا (۱۴) ڈھیر لگانا
انبار کرنا +

جماؤ۔ ہ۔ اسم مذکر (۱) بستگی۔ انجماد + جمنے کی قابلیت
(۲) بھیڑ۔ ازدحام۔ ہجوم۔ انبوہ۔ جم غفیر۔ مجمع۔
جمگھٹا (۳) قیام۔ ٹھیراؤ (۴) پختگی۔ مضبوطی۔ استحکام
(۵) چسپیدگی۔ لیس۔ چیپ +

جماہی یا جمہائی۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ فاژہ (نہایت
کاہلی خواہ کثرت خمار و بیداری سے منہ کھولکر سانس لینے کو کہتے
ہیں اسمیں اور انگڑائی میں بہت بڑا فرق ہے۔ آجکل دہلی والے
جماہی اور اہل پورب جمہائی بولتے ہیں۔ میر تقی نے بھی ایک
جگہ جمانا بمعنی جماہی لینا باندھا ہے اور ایک شاعر کے کلام
سے بھی پایا جاتا ہے سہ کرے اثبات دہن لاکھ جماہی تیری +
ناشتی کہتی ہے بھولی ہے کہ آہی تیری (؟) +

جم جم۔ ف۔ تابع فعل۔ ع (۱) نت نت۔ ہمیشہ۔ مدام
سدا + نہ نہ مورا تیغ سے جم جم اٹھائیں زخم ناز
(میرسوز) آفرین ہے سوز صد رحمت ہے تیری پیر کو
(۲) سلامتی اور دولت و اقبال کے ساتھ۔ (دیکھو دیوان
انشا در تعریف نواب دولہ) ۳۔ خدا یونہی کرے۔
خدا کرے ایسا ہی ہو (۴) ضرور۔ درحقیقت۔ صرف
حضرت ناسخ نے لکھا ہے۔ (ناسخ)
ہو چکی بغلی چڑھا نشہ جوانی کا انہیں
ابتو جام بادہ گلرنگ جم جم چاہیے

جم ہی جم۔ ہ۔ صفت۔ بہت زیادہ۔ مراد انہیں

جمدھڑ۔ ہ۔ اسم مذکر (۱) ایک قسم کا خنجر۔ کٹار۔

جھری (۲) ایک طرح کا بادامی کاغذ +

جمع۔ ع۔ اسم مذکر (۱) کل۔ تمام۔ ہمہ۔ مجموع۔ اکٹھا
سب۔ سارا۔ جملہ (۲) گروہ۔ جماعت۔ مجمع (۳)
میزان۔ جوڑ۔ چند رقموں کا مجموعہ (۴) اصل
سرمایہ۔ پونجی۔ بضاعت۔ سرمایہ جو بنک میں
رکھا جائے (۵) دھن۔ دولت۔ مال۔ زرنقد
روکڑ (۶) لاگت۔ صرف۔ مول۔ خرچ۔ قیمت
دام (صرف ہندو بولتے ہیں) ۷ محاصل۔ پیداوار
آمدنی (۸) زرلگان۔ زرمطالبہ۔ مالگزاری (۸)
مجرا۔ وصول۔ آئی جیسے بہی میں جمع کرنا (۹)
زریافتنی۔ لینا۔ لینداری۔ لین (۱۰) علم صرف
میں ایک سے زیادہ کو جمع کہتے ہیں (۱۱) ایک
صنعت کا نام جسمیں شاعر چند چیزوں کو ایک وصف
میں اکٹھا کرے (۱۲) بہی کے صفحہ کا وہ حصہ جسمیں
رقم آمدنی درج کی جاتی ہے +

جمع بندی۔ ع۔ ف۔ اسم مؤنث۔ ریکاسی۔ زرلگان
تشخیص جمع +

جمع کرنا۔ ع۔ ف۔ فعل متعدی (۱) اکٹھا کرنا۔ بٹورنا۔
سمیٹنا۔ ایک جگہ کرنا۔ فراہم کرنا۔ ڈھیر کرنا۔ جوڑنا
+ ذخیرہ کرنا۔ گودام میں رکھنا۔ بہم پہنچانا (۲) جوڑ
لگانا۔ میزان دینا (۳) اگاہنا۔ وصول کرنا۔ تحصیل
کرنا (۴) سپرد کرنا۔ حوالہ کرنا۔ سونپنا۔ دھروا دینا
امانت رکھنا۔ تحویل میں دینا (۵) فرد حساب میں
وصول لکھنا +

جمع والا۔ ع۔ ہ۔ اسم مذکر۔ دولت والا۔ پونجی والا
سرمایہ دار۔ مہاجن۔ ساہوکار۔ کوٹھی وال۔ سیٹھ

جمع وخرچ۔ ع۔ ف۔ اسم مذکر (۱) آمد و صرف۔ آمد وخرچ

آمدنی و مصارف (۳- ہندو) کُلہم - تمام - بالکُل

جمع ہونا - ہ - فعل لازم - اکٹھا ہونا - فراہم ہونا سمٹنا - وصُول ہونا - اُگھنا +

جَمعدار ع ف - اسم مذکر (۱) جماعت کا افسر سردارِ جماعت + وُہ سپاہیوں کا عُہدہ دار جسکے ماتحت چند سپاہی ہوں - صُوبہ دار کے نیچے کا ہندوستانی افسر (۲) سقہ - بہشتی - ماشکی +

جَمعداری ع + ف - اسم مؤنث - عُہدہ جمعدار +

جُمعرات - ہ - اسم مؤنث (جمعہ رات) شبِ جُمعہ - پنجشنبہ - برسپت - یوم الخمیس +

جُمع نام ع ف اسم مؤنث - دیکھو (جمابگی)

جُمعہ - ع - اسم مذکر (۱) پنجشنبہ کے بعد کا دن - شُکر - یوم آدینہ - وُہ دن جسے مُسلمان یوم الراحت سمجھتے اور بڑی مسجد میں جمع ہوکر نماز پڑھتے ہیں + (۲ - ا) نمازِ جُمعہ جیسے جُمعہ کہاں پڑھا (۳ - ہ) دنگل یا اکھاڑا جو جُمعہ کے جُمعہ ہوتا ہے خواہ پہلوانوں کا ہو خواہ پتا بازوں کا (۴ - ا) یوم التعطیل - چُھٹی کا دن - یوم الراحت - مسلمانوں کی تعطیل کا ساتواں دن

بچپن میں ہم رہتی پھری شادی ہر دم سے
جمعہ کو بھی چُھٹی نہ ملی ہفتہ کے غم سے

جَمعیت ع - اسم مؤنث (۱) فراہمی - اکٹھا ہونا (۲) گروہ - ہجوم - انبوہ - جمگھٹا - بھیڑ بھاڑ + فوج - لشکر سپاہ - سینا - عسکر (۳ - ع) طمانیت - اطمینان تسکین - دلجمعی - قرار - تشفی - تسلی +

جمعیتِ خاطر ع - اسم مؤنث - تسلی - تشفی - دلجمعی - آسودگیٔ خاطر - اطمینانِ دل +

جَمّ غفیر - ع - اسم مذکر - مرکب از جم و غفیر انبوہِ کثیر

بڑا بھاری جمگھٹ - ایسی بھیڑ بھاڑ کہ جسمیں زمین نہ دکھائی دے - آدمی ہی آدمی +

جمگھٹ - ہ - اسم مذکر (۱) ٹھٹ - بھیڑ - بھیڑ بھڑکا - انبوہ ہجوم - مجمع - ازدحام + (ناسخ)

ہجوم رکھتے ہیں جانبازیوں ترے آگے
جواریوں کا دوالی کو جیسے جمگھٹ ہو

(۲) دیوالی کی اندھیری رات - بڑی دیوالی کی پچھلی رات نیز جواریوں کا اس شب کو جمع ہونا (امداد علی بحر)

دوالی آئے گھری بازی اپنی مٹھی ہم
چراغ گھر ہمارا روز ہے جمگھٹ کا +

جمگھٹا - ہ - اسم مذکر - دیکھو (جمگھٹ) +

جُمّل - ع - اسم مذکر - حروفِ ابجد کے اعداد کا حساب حسابِ ابجد +

جُملگی ع + ف - اسم مؤنث (۱) ہمگی - تمامی - عمومیت (۲ - صفت) تمام - سب - کُل - میزان +

جُملہ - ع - صفت (۱) تمام - سب - کُل + میزان کُل - ٹوٹل (۲) کلموں کا مجموعہ - فقرہ - کلام - وُہ ہر ایک جُملہ جو نحو میں مختلف صفات کے ساتھ مخصوص کیا گیا ہے جیسے جُملۂ اسمیہ فعلیہ شرطیہ - انشائیہ خبریہ - قسمیہ - ندائیہ - مستانفہ اور معترضہ وغیرہ +

جُملۂ معترضہ - ع - اسم مذکر (۱) وہ زائد فقرہ جو مبتدا خبر خواہ فعل اور فاعل یا شرط و جزا کے درمیان تحسینِ کلام - تقویت یا دُعا وغیرہ کے واسطے آتا ہے (۲ - ہ) بات میں بات - ذکر میں ذکر + خارج از بحث ذکر

جمنا - ہ - فعل لازم (۱) منجمد ہونا - اکٹھا ہونا - بستہ ہونا جیسے دہی اور برف وغیرہ کا جمنا (۲) قایم ہونا ٹھیرنا جیسے پارہ جمنا (۳) بیج اُگنا - نمو ہونا -

زمین سے نکلنا - اُبجنا - کھڑا ہونا - پھوٹنا جیسے بال یا پَود جمنا (۴) چپکنا - چمٹنا - لسنا (۵) پکّا ہونا - مستحکم ہونا - مضبوط ہونا + جڑ پکڑنا (۶) غیر متحرک یا اٹل ہونا ڈٹنا - مرکنا - اڑنا - ایک جگہ کھڑا ہوجانا - اکھڑنے کے خلاف جیسے جم کر لڑنا (۷) مستقل ہونا - قایم ہونا - ٹکنا - ٹھیرنا جیسے نظر جمنا (۸) ٹھیک آنا - ٹھیک بیٹھنا چسپاں ہونا - موزوں آنا جیسے ٹوپی جمنا (۹ - بازاری) جماع کرنا - جُڑنا - مباشرت کرنا (۱۰) تہ میں بیٹھنا - نیچے بیٹھنا جیسے تلچھٹ وغیرہ کا جمنا (۱۱) لگنا - پڑنا جیسے چانٹا جمنا (۱۲) ذہن نشین ہونا - دلنشین ہونا + منقّش ہونا - مؤثر ہونا - دل پر اثر کرنا (۱۳) مشّق ہونا - مشّاق ہونا - رواں ہونا بیٹھنا جیسے لکھنے پر ہاتھ جمنا (۱۴) انبوہ رہنا - ازدحام رہنا جیسے میلہ جمنا (۱۵) اطمینان ہونا - قریب بہ یقین ہونا - ٹھکنا جیسے دل نہیں جمتا -

(۱۶) - اسم مؤنث ۔ ہندوؤں کے ایک مشہور اور متبرک دریا کا نام ٭

جَمَوٹ - ھ - اسم مؤنث (پُورب) ۱ - کنوئے کی بنیاد (۲) کنوئے کے بنیاد رکھنے کی رسم ٭

جَمْہُوْر - ع - اسم مذکر ۔ لغوی معنی ریت کا ڈھیر اصطلاحی آدمیوں کا بھاری گروہ + عام - سب تمام + اُمرا - وُزرا +

جَمْہُوْرِی سَلْطَنَت - ع - اسم مؤنث شخصی سلطنت کے برعکس - وُہ سلطنت جسمیں بادشاہ مطلق العنان نہو بلکہ تمام رعایا کے عمائد وزرا تجار اور ہر قسم کے آدمی شریک حکومت ہوں + خود مختار سلطنت - پنچایتی راج - وُہ سلطنت جسمیں کثرت رائے سے بند وبست ہو

جَمِیْع - ع - صفت - سب - تمام - کُل - ہر ایک مجموع

جَمِیْل - ع - صفت - خوبصورت - حسین - سُندر - خُوب - نیکو - نیک +

جَمِیْلَہ - ع - صفت - حسینہ - شکیلہ + خوبصورت عورت پری چہرہ +

جِن - ع - اسم مذکر (۱) دیو - بھوت - پریت - ملائکہ کی وُہ قسم جو آتش سے پیدا کی گئی ہے + روح - بھوتنا ہمزاد (۲ - عو) غصّہ - غضب - خشم - کرودھ - قہر جیسے اُسپر تو جن سوار ہے (۳) مضبوط آدمی - سخت آدمی - کڑا اور پکّا آدمی + مستقل مزاج آدمی - ثابت قدم آدمی (۴) ضدّی آدمی ہٹیلا آدمی سر ہوجانے والا آدمی + سرکش (۵) شہ زور آدمی زور آور آدمی ٭

جِن اُتارنا - ۱ - فعل متعدی - بھوت کو قابو کرنا پریت کسی کے اُوپر سے دُور کرنا - آسیب کو بھگانا

جِن اُترنا - ۲ - فعل لازم (۱) آسیب دُور ہونا - دیوانے یا سودائی کا ہوش میں آنا (۲) غصّہ فرو ہونا - غصّہ اُترنا - رسائی میں آنا - دھیما ہونا (برق)

اے پری مُردے سے کیا ضد ہے کہانتک غصّہ
جان دی میں نے مگر جن نہ تمہارا اُترا

جِن چڑھنا - ۱ - فعل لازم - عو - غصّہ چڑھنا - طیش آنا + آسیب کا اثر ہونا + ضد چڑھنا

جِن - ھ - اسم مذکر (۱) شخص - متنفّس - آدمی - بشر نفر - فرد (۲) جو - جس - تس - جون - جونسا - جیسے

جَنَا - ھ - اسم مذکر - عو (۱) آدمی - شخص - متنفّس جیسے ایک جنا آئے (۲) پیدا شدہ - جنا ہوا - جنا ہوا - زائیدہ - نطفہ - ٹول جیسے حرام کا جنا یعنی حرامی

جَنَنا - ہ - فعل متعدی (۱) بچہ دینا - بیانا - جسے فارسی میں زادن اور زائیدن کہتے ہیں +

جَنَاب - ع - اسم مؤنث (۱) درگاہ - آستانہ - چوکھٹ (۲) حضرت - قبلہ - حضور - مہاراج - صاحب - خداوند (۳) خود بدولت - آپ +

جنابِ اقدس - ع - اسم مذکر - حضورِ معلّی - عالیجناب

جنابِ عالی - ع - اسم مذکر - عالی جناب - خداوند نعمت - حضرت سلامت +

جَنَابَت - ع - اسم مؤنث - آلودگی - نجاست - ناپاکی گندا پن - وہ ناپاکی جو مرد و عورت کی صحبت سے ہو یا احتلام سے - نجاستِ حکمی (حقیقی معنی اسکی مجازی دوری طہارت)

جِنَّات - ع - اسم مذکر - جن بمعنی دیو کے جمع مگر کتبِ عرب میں اسطرح سے نہیں آیا +

جَنَازَہ - ع - اسم مذکر - لاش - لوتھ - مردہ جسم +

جنازہ دیکھے - و - عو - قسم سخت یعنی ہمیں مرا ہوا دیکھے جو یہ بات کرے +

جنازۂ رواں - ع + ف - اسم مذکر - مراداً گھوڑا

جنازہ نکلے - و - عو - دعاے بد - مرے - مرجاے

جَنَانا یا جَنْوَانا - ہ - فعل متعدی (۱) بچہ دلوانا (۲) پیدا کرنا - بچہ کو پیٹ سے نکالنا - دائی کا عورت کو بچہ پیدا کرانا +

جَنَائی - ہ - اسم مؤنث (۱) جنانے والی عورت - دائی قابلہ (۲) جنانے کی اُجرت - پیدا کرائی کا حق +

جُنْبِش - ف - اسم مؤنث - لرزش - حرکت - چال رفتار - گردش - ہلن ڈولن - ہلنا - جلنا +

جُنْبِش دینا - و - فعل متعدی - ہلانا - حرکت دینا جنجھوڑنا +

جَنَّت - ع - اسم مؤنث - باغ - بہشت - سُرگ - بیکنٹھ - دوزخ کا نقیض +

جنّت نصیب کرے - و - دعاے عاقبت بخیر

جَنْتَر - س - اسم مذکر (۱) آلہ - کل - اوزار - راچھ - آلۂ جرِّ ثقیل (۲) بین - ایک قسم کا باجا (۳) افسوں ٹوٹکا - طلسمانی نقشہ - منتر + تعویذ - گنڈا (۴) ایک ظرف کا نام جس سے مہتوس روغن و عرق نکالتے ہیں

جنتر منتر - س - اسم مذکر (۱) بازی گری - نظر بندی دھٹ بندی - سحر سازی - جادوگری - شعبدہ بازی - ٹوٹکا - فسوں سازی + مکاری - فریب بازی - دھوکا بازی (۲) رصد گاہ - اکاس لوچن - رصد - وہ اونچا مکان جسپر نجومی لوگ بیٹھکر ستاروں کی گردش معلوم کرتے ہیں

جَنْتَری - ہ - اسم مؤنث - ایک اوزار کا نام جسمیں بہت سے چھید ہوتے اور اُس میں تار ڈالکر باریک یا لمبا کرتے ہیں یہ اکثر تلوار کا ٹکڑا سا ہوتا ہے (۲) اسم مذکر - بھانمتی شعبدہ باز جادوگر + فریبی (۳ - اسم مؤنث) تقویم - پترا حساب یکسالہ - جسمیں منجم ستاروں کی گردش و احوال مع تاریخ و سن درج کرتے ہیں +

جنتری میں کھنچنا - ہ - فعل لازم - تار کے اوزار میں نکلنا + کجی نکلنا - ٹیڑھ نکلنا - سیدھا ہونا - سیدھا بننا - درست ہونا + (امداد علی بحر)

رکھتے تھے جو مزاج میں بل تار کی طرح
وہ لوگ جنتری میں کھنچے کوے تنگ سے

جنتری میں کھینچنا - یا - نکالنا - ہ - فعل متعدی (۱) تار کو جنتری کے ذریعہ سے پتلا یا لمبا کرنا - تار بڑھانا (۲) سیدھا کرنا - کجی نکالنا - ٹیڑھ پن نکالنا - درست اور سیدھا بنانا +

جَنتُو - ہ - اِسم مذکر (ہندو) ۱- جیو - جانور - پرانی پشو - حیوان (۲) رینگنے والے جانور - کیڑے مکوڑے حشرات الارض +

جَنّتی - ع - صفت (۱) بہشتی - سُرگی - بیکنٹھی بہشت میں رہنے والا (۲-و) مغفور مرحوم - بیکنٹھ باسی (۳-و) نیک آدمی - بھلا آدمی - اُپکاری + خدا ترس آدمی - رحمدل آدمی (۴-و) بھولا آدمی - سیدھا آدمی + سادہ لوح - احمق +

جَنَنی - ہ - اسم مؤنث - عو + ماں - مادر - ماتا - اماں والدہ - مہتاری +

جنجال - ہ - اسم مذکر (۱) بلا - آفت مُصیبت - وبال - عذاب - بپتا - دُکھ - تکلیف - اِیذا (۲) مشکل - دِقت - کشٹ - دُشواری - سنکٹ - سختی صعوبت - (۳) حیرانی - پریشانی - سراسیمگی - انتشار (۴) بکھیڑا - جھگڑا - جھکندن - ناگوار خاطر (صحیح بفتح جیم مگر مستعمل بکسر جیم)

جنجال میں پڑنا یا پھنسنا - ہ - فعل لازم - مُصیبت میں گرفتار ہونا - بلا میں مُبتلا ہونا - مُبتلائے آفت ہونا - بپتا بھگتنا - عذاب میں پڑنا مُشکل میں پڑنا - حیران و سرگردان ہونا +

جنجالی - ہ - اسم مذکر - بکھیڑیا - وبالی + جھگڑالو - حارج - مزاحم +

جنڈرے ڈھیلے ہونا - ہ - فعل لازم - عو - لغوی معنی کل پرزوں کا نکما ہونا - اصطلاحی سست ہونا - کاہل ہونا جیسے کچھ گیہوں گیلے کچھ جنڈرے ڈھیلے (کہاوت)

جنڈڑی - ہ - اسم مؤنث - عو + جان کی تصغیر بالتحقیر - جان جیسے تیری جنڈڑی پر پڑے

جِنس - ع - اسم مؤنث (۱) چیز - بست - شے + اسباب - سودا - اثاثہ - مال + سوداگری مال سوداگری اسباب (۲) ذات - قماش - نوع - صنف - قسم - جماعت - اصطلاح منطق میں جسکے تحت میں کئی نوع مندرج ہوں جیسے حیوان جنس و انسان نوع اور وحشی و ہندی وغیرہ اصناف ہیں (۳) اناج - غلہ - ان - دانہ - پیداوار (۴) زیور - گہنا - قوم - جواہر (۵) تذکیر و تانیث +

جنس خانہ - ع و ف - اسم مذکر - گودام - گنجینہ - کوٹھری بھنڈارا - مودی خانہ - مال گھر +

جنس وار - ع - ف - صفت - قسم وار - تفصیلوار

جِنسیّت - ع - اسم مؤنث - ہم قسم ہونا - ہمجنس ہونا - ایک نسل ہونا - یکساں ہونا +

جُنگ - ہ - اسم مذکر - مُٹھا - پُشتارہ - گٹھا - مجموعہ مجموعہ کتاب - بنڈل +

جَنگ - ف - اسم مؤنث (۱) جدھ - رن - لڑائی معرکہ - رزم - کارزار - بھارت - محاربہ - جدل نبرد - پیکار - حرب (۲) عداوت - کینہ - دُشمنی - خصومت - بیر - پرخاش +

جنگ آزمودہ - ف - صفت - لڑائی دیکھا ہوا - پیکار دیدہ + دلیر - نبرد آزما +

جنگ جُو - ف - صفت - لڑاکا - جھگڑالو - جنگ خواہ حجتی - تکراری - شورہ پُشت +

جنگ زرگری - ف - اسم مؤنث - جنگ ساختہ جھوٹ موٹ کی لڑائی - وہ مصلحت کی لڑائی جو دُشمن کے دھوکا دینے کے واسطے بغیر ارادہ لڑیں - سازشی لڑائی جسطرح پتنگ بازی میں

غوطم چارہ ہوتا ہے +

جنگ کرنا - ۱- فعل لازم - لڑنا - جھگڑنا - جدھ ہونا

جنگ و جدل - ف+ع - اسم مذکر - لڑائی بھڑائی
کھٹاپٹی - رگڑا جھگڑا - جھگڑا ٹنٹا - دنگہ و فساد -
قتال و جدال +

جنگل - ف+س - اسم مذکر (۱) جھاڑی - بن کھنڈ
بن - نخلستان (۲) صحرا - بیابان - میدان - ریگستان
جیسے جنگل میں منگل اور بستی میں کڑاکا (کہاوت)
(۳) بنجر - غیر مزروعہ زمین - بے کاشت زمین -
بلا ترددزمین - زمین افتادہ - اوجڑ - ویران جگہہ
(۴) چراگاہ - علف گاہ - چوپاؤں کے چرنے
کی زمین (۵) بادشاہی شکارگاہ - صیدگاہ - رمنا

جنگل جانا - ہ - فعل لازم (گنوار) ٹٹی جانا -
جھاڑے جانا - فراغت جانا - پیخانے جانا +

جنگل جلیبی - ۱- اسم مونث (اطفال) گوہ - پیخانہ
براز - لینڈی +

جنگل کا آدمی - ۱- اسم مذکر - بن مانس + بندر +
وحشی آدمی - مردم صحرا + غیر شائستہ - غیر مہذب

جنگل کی ہوا - ۱- اسم مونث - ہوائے تازہ لطیف ہوا

جنگل میں منگل ہونا - ۱- فعل لازم - صحرا یا بیابان
میں تمام عیش و عشرت کا سامان مہیا ہونا +
ویرانے میں آبادی یا رونق ہونا +

(صبا) آیا اپنے پاس وہ ماہ دو ہفتہ شہر سے
اے جنوں کل دن پھرے جنگل میں منگل ہو گیا

جنگل میں مور ناچا کس نے دیکھا - ۱- (کہاوت)
یعنی اگر غربت میں ثروت ہوئی تو کس کام کی

جنگل والا - ۱- اسم مذکر - عو - سور - خنزیر -
خوک - گراز - برہ +

جنگلا - ۱- اسم مذکر (۱) بنی - جھنڈ - گھنکا جنگل
(۲) ویرانہ - اوجڑ - غیر آباد جگہ (۳) کٹہرا - ٹٹی -
چار دیواری - باڑ - احاطہ - وہ لکڑی یا لوہے
کی سلاخیں جو صحن کے گرداگرد لگا دیتے ہیں - جالی

(برق) چوگرد میرے رہتی ہیں لوگوں کی ٹکڑیاں
وحشت نے اہل شہر کو جنگلا بنا دیا +

(۴) حاشیہ جو کسی دوپٹہ وغیرہ پر گوٹے کناری کا
بنایا یا کاڑھا جائے - نیز مختلف رنگوں کے بیل
بوٹے (گنوار) ۵- ایک راگ کا نام +

(برق) جوش جنوں میں رہتے ہیں صحرا کے سامنے
جنگلا وہ روز گاتے ہیں آ آکے سامنے

جنگلا لگانا - ۱- فعل متعدی - کٹہرا لگانا - احاطہ
کے گرد ٹٹی لگانا - باڑ لگانا +

جنگلی - ۱- صفت (۱) دشتی - وحشی - صحرائی -
بھڑکنے والا - بدکنے والا (۲) خودرو - قدرتی
آپھی آپ اگا ہوا (۳) گنوار - اجڈ - ناشائستہ
غیر تربیت یافتہ - ناتراشیدہ - جاہل - بے تمیز -

جنگلی سور - ۱- اسم مذکر (۱) خوک صحرائی (۲)
موٹا اور بد صورت آدمی +

جنگی - ف - اسم مذکر (۱) سپاہی - لشکری - مبارز
(۲) شجاع - بہادر - دلاور - شورما (۳ - صفت)
قابل جنگ - لڑائی کا - میدان کے قابل - لڑاکا
(۴ - صفت) فوجی - ملیٹری جیسے جنگی قانون
جنگی افسر (۵ - صفت) بڑا - عظیم - جگادری -
کلاں + فراخ - کشادہ - وسیع - چوڑا + طویل - لمبا

جنگی پرنالا - ۱- اسم مذکر - خفتی پرنالے کا نقیض

وہ پرنالا جسکی دھار دُور جا کر پڑے +

جنگی جہاز - ف + ع - اسم مذکر (۱) لڑائی کا جہاز (۲) بہت بڑا جہاز +

جنگی فوج - ف + ع - اسم مؤنث (۱) لڑائی کی سپاہ - (۲) بڑی فوج +

جنگی لاٹھ - ا - اسم مذکر - سپہ سالار - کمانڈر انچیف وہ فوج کا سب سے بڑا افسر جسکے ماتحت تمام سپاہ ہو (لاٹھ Lord لارڈ انگریزی لفظ کا بگڑا ہوا ہے)

جنم - ہ - اسم مذکر (۱) ولادت - پیدائش - پیدا ہونا - اُتپت بد نکاس - نسل + بنیاد - اصل + خلقت - فطرت - نیچر - آفرینش + رُوح کا ایک قالب سے دُوسرے قالب میں آنا (۲) زندگی - حیات - زیست + عمر - آیُستھا (۳) عادت - خصلت - بان +

جنم اشٹمی - ہ - اسم مؤنث (۱) بھادوں کے اندھیرے پاکھ کا آٹھواں دن جس روز کرشن جی نے جنم لیا تھا - کنھیا جی کی پیدائش کا روز (۲) کرشن جی کی سالگرہ کا دن +

جنم اندھا - ہ - اسم مذکر - کور مادرزاد - پیدائش کا اندھا

جنم باؤلا - ہ - اسم مذکر - خلقی دیوانہ جنم کا پگلا -

جنم بگاڑنا - ہ - فعل متعدی (۱) زندگی بگاڑنا زندگی غارت کرنا + گناہ میں زندگی بسر کرنا (۲) عادت بگاڑنا - بُری خو اختیار کرنا (۳) دھرم بگاڑنا - دھرم کو بٹا لگانا - ایمان بگاڑنا +

جنم بگڑنا - ہ - فعل لازم (۱) زندگی برباد ہونا + زندگی کو روگ لگنا (۲) بیوہ ہونا - رانڈ ہونا (۳) دھرم میں فرق آنا - ایمان میں خلل پڑنا +

جنم بھر - ہ - صفت - تمام عمر - عمر بھر - حین حیات تا بہ زندگی - تا زیست +

جنم بھوم - یا **جنم استھان** - ہ - اسم مذکر (۱) زاد بوم مسقط الراس - ولادتگاہ - مولد (۲) وطن - مسکن دیس - ولایت +

جنم پتری - یا **جنم پترا** - ہ - اسم مؤنث - زائچہ تقویم - لگن کنڈلی (وہ کاغذ جو بچے کی پیدائش کے وقت ستاروں کے حساب بموجب تمام عمر کے احکام و احوال کے ساتھ لکھا جاتا ہے) +

جنم جلا / **جنم جلی** } - ہ - صفت - عو (۱) پیدائش کا بد نصیب بطالع - بداختر - بدبخت - کمبخت - منحوس - مشوم طالع - نگوڑا جیسے تیری نے دیا جنم جلی نے کھایا جیب جلی نہ سواد آیا (۲) بیچارہ - مصیبت زدہ (۳) قلیل - بہت ہی تھوڑا بہت ہی کم - ذرا سا جیسے کیا جنم جلا سودا دیا ہے

جنم جنم - ہ - صفت (۱) ہمیشہ - مُدام - سدا جیسے جنم جنم کا ساتھ چھوٹا جاتا ہے (۲) آواگون - تناسخ - رُوح کا ایک قالب سے دُوسرے قالب میں آنا +

جنم دن - ہ - اسم مذکر (۱) یوم پیدائش - روز ولادت (۲) سالگرہ کا دن - برس گانٹھ کا دن

جنم روگی - ہ - صفت - دائم المرض + جنم کا دکھیا + دُکھ کی پوٹ - سدا روگی +

جنم کنڈلی - ہ - اسم مؤنث (ہندو) چھوٹی جنم پتری زائچہ خورد یا مجمل +

جنم لینا - ہ - فعل لازم (۱) پیدا ہونا - دُنیا یا ہستی میں آنا (۲) عقائد ہنود کے موافق اپنی کرنی بھوگنے کے واسطے دوبارہ کسی گھر یا کسی اور قالب میں

پیدا ہونا - تناسخ - آواگون (امداد علی بحر)

اے بتو ہم بھی تو جانیں کہ جنم لیتے ہیں
تم میں سے کوئی صنم جان ہماری ہو جائے

جنم مرن - ہ - اسم مؤنث (ہندو ع) ہمیشہ کی موت - موتِ ابدی +

جنم میں تھوکنا - ہ - فعل متعدی - عو - دوش لگانا - ذات بنیاد پر لعنت ملامت کرنا - نام دھرنا - عیب لگانا جیسے ان کو تکوں پر کوئی کیا جنم میں تھوکیگا (زرنش)

جَنَنا - ہ - فعل متعدی - بچہ دینا - بیانا - زائیدن کا ترجمہ جیسے جنے کوئی گوند کھانے کھائے کوئی

جَنْوَاسا - ہ - اسم مذکر - دلہن کے گھر کی وہ جگہہ جہاں دولہا اور برات ٹھیرائی جائے +

جَنْوَانا - ہ - متعدی المتعدی - بچہ دلوانا - بچہ نکلوانا بچہ کو پیدا کرانا +

جَنْوَانسا یا **جَوَاسا** - ہ - اسم مذکر - ایک خاردار پودا جسے اکثر اونٹ کھاتا اور موسم گرما میں لوگ خس کی بجائے ٹٹیوں میں لگاتے ہیں +

جَنْوائی - ہ - اسم مذکر (۱) داماد - بیٹی کا خاوند - خویش (۲ - عو) دشمن - آستین کا سانپ - دشمن بغلی جیسے بھلے کے بھائی برے کے جنوائی (کہاوت) (۳) بیٹی کی گالی +

جُنُوب - ع - اسم مؤنث (۱) شمال کا نقیض - سیدھے ہاتھ کی طرف - دکھن - دکن - قطب شمالی سے نیچے کی طرف کا ملک یا رخ (۲) دکھنی ہوا - جنوبی ہوا

جُنُون - ع - اسم مذکر (۱) دیوانگی - سودا - پاگلپن سڑپن - باؤلاپن - خبط - مالیخولیا (۲) غصہ - غضب - طیش - خشم +

جنون آنا - ا - فعل لازم - غصہ آنا - حسرت و افسوس آنا (درد)

مجکو رہ رہ کے پھر یہ آیا جنوں
کیا یہ سمجھا تھا کیوں ادھر دیکھا

مجکو آتا ہے جنون اسپہ کہ یار وجسکا
میں ہوں دیوانہ وہ سمجھا نہیں مجنون اپنا (جرأت)

جنون چڑھنا - ا - فعل لازم (۱) پاگل ہونا - دیوانہ ہونا (۲ - عو) غصہ چڑھنا - طیش آنا - غضبناک ہونا

جُنُونی - ع - صفت (۱) پاگل - دیوانہ - باؤلا - خبطی - فاترالعقل - ناقص العقل - گشتہ بدہ (۲ - عو) غضبی - غصیل - ظلمی - سفاک +

جِنھیں - ہ - تابع فعل - جنکو - جس کسیکو - جن لوگوں کو

جِنّی - ع - اسم مذکر - تسخیر جن کا عمل رکھنے والا - بھوت پریت اتارنے والا - سیانا - عامل +

جِنّی یا **جِنّاتی خط** - ا - اسم مذکر - بدخط - وہ خط جو اچھی طرح پڑھا نہ جائے - گھسیٹ شکستہ خط

جَنی - ہ - اسم مؤنث (۱) عورت - لگائی - تریا - استری - زن - ناری (۲) خادمہ - ملازمہ - ماما + چھوکری - لونڈی - باندی - کنیزک - چیلی - (۳) دختر - بیٹی - لڑکی - صبیہ - پتری (۴ صفت) زائیدہ - نطفہ سے جیسے حرام کی جنی شیطان کی جنی (گالی) (۵) سہیلی - گوئیاں - آلی (صرف کنابوں میں دیکھا ہے)

جَنّے - ہ - حرف شرط (اطفال) جانے کا مخفف ا - گویا - جیسے مانو - فرض کرو - جانے (۲ - استفہام - عو) خدا جانے - خبر نہیں - معلوم نہیں جنے کہاں گرا

جَنیا - ا - جانی کی تصغیر - جان من + جنا +

جَنین - ع - اسم مذکر - وہ بچہ جو رحم مادر میں ہو -

پیٹ کا بچہ + کچا بچہ - ادھورا بچہ - مُضغہ - لوتھڑا +
جَنیئو - ہ - اسم مذکر (۱) زُنّار رُوۂ بٹا ہوا تاگا جسے اکثر
برہمن لوگ حمائل یعنی بدھی کی طرح گلے میں ڈالے رہتے ہیں
بلکہ کھتریوں بنیوں وغیرہ میں بھی اسکا دستور ہے مگر
بناتے برہمن ہی ہیں)
(۲) جواہرات مثل عقیق وغیرہ کے اندر جو سفید یا
سیاہ آڑی خواہ سیدھی لکیر یا بال ہوا سے
بھی جنیئو کہتے ہیں - بہرہم سنگ +
جنیئو کا ہاتھ - ہ - اسم مذکر - پٹا بازی یا تیغ
بازی کی اُس ضرب کا نام جو حمائل وار حریف کے
سینہ پر لگاتے ہیں +
جنیوا - انگریزی - اسم مذکر (۱) اٹلی یا اطالیہ کے ایک
بڑے شہر کا نام جہاں اعلیٰ قسم کی گھڑیاں کثرت
سے بنتی ہیں (۲) ایک قسم کی گھڑیا گھڑی +
جو - ہ - حرف موصول (۱) ہر شخص - ہر کہ - جَون - جو کوئی
کسے باشد جیسے جو کہے سو کھیلے (۲) حرف شرط
اگر - بشرطیکہ - بالفرض - جس صورت میں - جس حالت میں
جو جو - ہ - تابع فعل - جون جون سا - ہر کوئی -
ہر شخص - ہر چیز - جو چیز - جون +
جو کچھ - ہ - تابع فعل - جسقدر - جتنا - جہاں تک
جو کوئی - ہ - تابع فعل - ہر ایک - ہر کوئی - جو چاہے
جسے منظور ہو +
جو کہ - ہ - حرف شرط - چونکہ - اگرچہ +
جو ہو - ہ - تابع فعل (۱) ہرچہ باد - جو کچھ ہو - کچھ ہی
ہو (۲) جسقدر ہو - جتنا ہو جیسے جو ہو سو لے آؤ
جو ہو سو ہو - ہ - تابع فعل - ہرچہ بادا باد - کچھ ہی
کیوں نہ ہو جیسے بن موری کھیلے نہ جاؤں گی

بنواری جو ہو سو ہو (گیت) +
جوہیں - ہ - تابع فعل - جسوقت کہ - جبکہ جسوقت
جس لمحہ - وہیں - فوراً +
جَو - ف - ہ - اسم مذکر (۱) ایک قسم کا غلہ سفید و
زردی مائل جسے اکثر غربا اور جانور کھاتے ہیں شعیر
(۲) مقدار قلیل - قدرے - ذرا + انچ کا تیسرا حصہ
جَو جَو - ف - ہ - تابع فعل - ذرا ذرا - رتی رتی
حبہ حبہ - تنکے حساب جو جو بخشش سو سو +
جو فروش گندم نما - ف - صفت - دغا باز -
وہ شخص جو گیہوں دکھا کر جو دیدے - وہ شخص جو
دکھائے کچھ اور دیوے کچھ +
جو کوب - ف - صفت - دردرا - موٹا موٹا کُٹا ہوا
جَوا - ہ - اسم مذکر (منسوب بہ جو) (۱) ایک قسم کی بتی
جو کشیدہ یا کاڑھے جوب وغیرہ پر کاڑھتے ہیں (۲)
لہسن کی پوتھی کا ہر ایک حصہ - دانہ سیر +
جَوا کھار - ہ - اسم مذکر - نمک جو - وہ شور کہ جو کو جلا کر
اسکی راکھ سے نکالیں +
جوا بٹر - ہ - اسم مونث - چھوٹی بٹر - سیاہ بٹر جو
نہایت چھوٹی ہو +
جَوالا - ہ - صفت - جَو آمیز - وہ گیہوں جنمیں جَو ملے
ہوئے ہوں + گوجرا +
جُوا - ہ - اسم مذکر (۱) وہ لکڑی جو گاڑی یا ہل کے
بیلوں کے کندھے پر رکھی جاتی ہے - پُباد - جُغ
(۲) قمار - شرط بازی - داؤں بازی جیسے پرائے
برتے کھیلنا جوا آج مُوا کل مُوا +
جُوا چور - ہ - اسم مذکر - وہ جُواری جو اپنا داؤں
جیت کر کھسک جائے

جُوا کھیلنا - ہ - فعل لازم - قمار بازی کرنا - داؤں لگانا - پاسہ پھینکنا +

جَوَاب - ع - اسم مذکر (۱) سوال کا نقیض - بات کا اُتر - اُتر - پاسخ (۲ - ۱) مقابل - جوڑ - ہمسر -

کیا جو خالقِ عالم نے خلق دل میرا
(اسیر) خلیل نے یہ کہا کعبے کا جواب بنا

(۳) رد - تردید - ردِ کلام - پرتی اُتر (۴) عوض - بدلہ - جزا - پاداش - مکافات - تلافی جیسے اسکا خدا جواب دے (۵) معزولی - برطرفی - موقوفی برخاستگی - علیحدگی (۶) جوڑا - جُفت (۷) انکار ناپسندی - نامنظوری جیسے شادی یا کسی چیز کے خریدنے کا جواب +

جوابُ الجواب - ع - اسم مذکر - جواب کا جواب -

جوابِ باصواب - ع - اسم مذکر - مناسب اور عمدہ جواب - حسبِ مراد جواب - جوابِ معقول +

جواب پانا - ا - فعل لازم (۱) موقوف ہونا - برطرف ہونا (۲) سزا پانا - مکافات ملنا +

جواب پڑھنا - ا - فعل لازم - سوزخوانوں کی اصطلاح میں مرثیہ کا اوّل مصرعہ کو اعادہ کرنا - مصرعہ دُہرانا

جواب دعویٰ - ع - اسم مذکر (قانون) مُدّعی کے کا نوشتی جواب +

جواب دِہ - ع + ف - صفت (قانون) ذمہ دار - ضامن + مواخذہ طلب - حساب دِہ + قابلِ بازپرس

جواب دہی - ع + ف - اسم مونث (قانون) مواخذہ - ذمہ داری - کفالت - مواخذہ طلبی +

جواب دہی کرنا - ا - فعل لازم (قانون) دعوی کرنا - مواخذہ کرنا - بازپرس کرنا +

جواب دینا - ا - فعل متعدی (۱) اُتر دینا - پاسخ دینا (۲) ردِ کلام کرنا - تردید کرنا - بات رد کرنا (۳) جوابدہ ہونا - قابلِ بازپرس ہونا + کفیل ہونا - ذمہ دار ہونا جیسے تمکو اس بات کا جواب دینا پڑیگا یعنی تم ذمہ دار ہوگے (۴) موقوف کرنا - معزول کرنا - برطرف کرنا - خارج کرنا - نام کاٹنا (۵) تیاگنا - چھوڑنا - تجنا - ترک کرنا جیسے طاقت نے جواب دیدیا (۶) خلاف گفتگو کرنا - گستاخی یا بے ادبی سے بات کرنا جیسے غلام یا باندی وغیرہ کا اپنے آقا کو جواب دینا (۷) انکار کرنا - منظور نکرنا - نہ ماننا +

جواب سوال - ع - اسم مذکر - بحث - مباحثہ - حجت - تکرار + رد و کد - رد و قدح + بحثابحثی + مناظرہ - گفت و شنید + کج بحثی +

جواب سوال کرنا - ا - فعل متعدی - مباحثہ کرنا بحثنا - حجت کرنا - دلیل کرنا - مناظرہ کرنا - تقریر کرنا تکرار کرنا - متعرض ہونا - مقابلہ کرنا - جھگڑنا +

جوابِ شافی - ع - اسم مذکر - تسکین بخش جواب - ٹھیک جواب - پورا جواب +

جوابِ صاف - ع - اسم مذکر - بالکل انکار - مطلق انکار سے صاف تھا جب تک جواب صاف تھا
اب جو خط آنے لگا شاید کہ خط آنے لگا

جوابِ طلب - ع - صفت (۱) قابلِ بازپرس - قابلِ مواخذہ (۲) رسید طلب (۳) مشتبہ - مشکوک قابلِ دریافت +

جواب طلب کرنا - ا - فعل متعدی - بازپرس کرنا مواخذہ کرنا + وجہ دریافت کرنا +

جوابِ قطعی - ع - اسم مذکر (۱) پورا پورا جواب (۲)

دیکھو (جواب صاف) +

جواب کرنا - ۱ - فعل لازم - جرح کرنا - مقابلہ کرنا - مباحثہ کرنا

جواب ملنا - ۱ - فعل لازم (۱) انکار ہونا (۲) موقوف ہونا - برطرف ہونا (۳) مکافات ملنا - بدلہ ملنا +

جواب ہونا - ۱ - فعل لازم (۱) دیکھو (جواب ملنا) ۲ - جوڑ ہونا - ہمسر ہونا - مقابل ہونا +

جوابی - ع - اسم مذکر (۱) وہ شخص جو سوز خوانی میں مرثیہ کا پہلا مصرعہ ہر بند کے تمام ہونے پر پڑھے (۲) مقابل - مثنیٰ - نظیر (۳) فریق ثانی - مدعا علیہ - طرف ثانی - مخالف (۴) صفت، جھگڑنے اور جواب سوال کرنے والا - حجتی - تکراری +

جوار - ع - اسم مؤنث (۱) ایک قسم کا غلہ (۲) سمندر کا اتار - جزر برخلاف مد

جوار بھاٹا - اسم مذکر - جزر و مد - سمندر کا اتار چڑھاؤ جو چاند کی کشش سے روزمرہ ہوتا ہے +

جوارش - معرب - اسم مؤنث - اصل گوارش (۱) ایک مرکب دوا کا نام جو خوش ذائقہ اور ہاضم اور مقوی معدہ ہوتی ہے یہ خلاف معجون ہے +

جواری - ہ - اسم مذکر - قمار باز - جوا کھیلنے والا - شرط لگانے والا اور ہار جیت کرنے والا

جواری ڈھنڈاری - ہ - اسم مذکر - جو - لچہ - شہدا - بد معاش - لُقہ - پانچوں عیب شرعی +

جواری - ہ - اسم مؤنث - ایک ڈورے کا نام جو ستار یا طنبور کے اوپر بندھا ہوا ہوتا ہے اور سُروں کا اُتار چڑھاؤ اسی پر موقوف ہے - ستار کی گرج - ستار کی گھوڑی

جوالا - س - اسم مؤنث (۱) شعلہ - لو - لپٹ - بھبکا - جوت (۲) آگ - آتش - نار (۳) حدت - حرارت (۴) تندی - تیزی (۵) سوز محبت - آتش عشق

جوالا مکھی - ہ - صفت (۱) آتش دہان (۲) اسم مذکر کوہ آتش فشاں - وہ پہاڑ جہاں سے آگ کے شعلے نکلتے ہیں (۳) اسم مؤنث) درگا - دیبی جو اُس دیبی کا نام جس کا استھان ضلع کانگڑا میں واقع ہے اور ہزاروں ہندو وہاں جاترا کو جاتے ہیں +

جوان - ف - صفت (۱) نوعمر - صغیر سن - خورد سال - کم سن + نوخیز - بچہ - پٹھا - یانا (۲ - ۱) مضبوط - قوی (۳ - ۱) نیا - تازہ (۴) بہادر - دلیر (۵ - اسم مذکر) برنا - گبرو + بالغہ - سیانی - سیانا - بالغ + بالغ ہونے سے تیس برس تک کی عمر کا آدمی جیسے جوانوں کو چلاچلی بڑھیا کو بیاہ کی پڑی (۶) بہادر سپاہی - طاقتور سپاہی (۷) لڑکا - چھوکرا - لونڈا - امرد بے ریشہ +

جواں بخت - ف - صفت - جوان نصیبے والا - کامران - اقبالمند - بہرہ مند - مقصدور + بختاور - خوش نصیب - بھاگوان - خوش قسمت - نیک اختر

جوان صالح - ف و ع - اسم مذکر - نیک بخت جوان جوانی کی عمر میں گناہ سے بچنے والا - نیک چلن - پرہیزگار - نیکوکار +

جوان مرد - ف - صفت (۱) سخی - کریم - داتا - فیاض - دھرماتما - فراخ دل (۲) عالی ہمت - اولوالعزم - بلند حوصلہ - بلند ہمت - عالی منش (۳) شجاع - بہادر - سورما - غازی + جری - دلیر - دل چلا - من چلا - مبارز +

جوان مردی - ف - اسم مؤنث (۱) شجاعت - شیر مردی - بہادری - سورما پن - تہور (۲) عالی ہمتی - بلند حوصلگی (۳) بے باکی - جاں بازی - دلیری

جُرأت (۴) دریا دلی۔ سخاوت +

جواں مرگ۔ یا۔ جوانہ مرگ - ف- صفت (۱) جوان موت مرنے والا - عالمِ شباب میں مرجانے والا - وقت سے پہلے مرجانے والا (۲) دعائے بد) جانیا - جانہار - مرنے جوگا - جلد مرجانے کے قابل (عورتیں اسکا تلفظ جوانا مرگ ادا کرتی ہیں) +

جوانہ مرگ مرنا - ا- فعل لازم - جوان موت مرنا جلدی سے مرجانا - بڑھاپے سے پہلے مرنا +

جَوانی - ف- اسم مؤنث (۱) شباب - برنائی (۲) صغر سنی - اوائل عمری (۳) بلوغت - سیان پن

جوانی اُبھرنا - ا- فعل لازم (۱) عنفوانِ شباب کا ظاہر ہونا - مدھ میں بھرنا - بلوغت کا نمایاں ہونا قد نکالنا - تن توانا ہونا - بدن گدرانا +

جوانی اُترنا - ا- فعل لازم - عالمِ شباب کا ڈھلنا برنائی کا زوال پذیر ہونا + مستی کا کم ہونا +

جوانی اُٹھنا - ا- فعل لازم - شباب کا آغاز ہونا +

جوانی چڑھنا - ا- فعل لازم - شباب کا زوروں پر ہونا - مستی پر آنا - مد پر آنا - مداتی ہونا - سنِ بلوغت کو پہنچنا

جوانی دیوانی - ا- کہاوت - جوانی کا عالم داناؤں کے نزدیک دیوانگی سے کم نہیں - جوانی میں آدمی دیوانہ ہوتا ہے یعنی کچھ نشیب و فراز نہیں سوچتا +

جوانی ڈھلنا - ا- فعل لازم - جوانی اُترنا کے خلاف شباب اُترنا - جوانی کا زوال پذیر ہونا - عمر سے اُترنا

جوانی کا پھل - ا- اسم مذکر - عو- جوانی کا چین راحتِ شباب - نشاطِ شباب +

جوانی کا سکھ - ا- اسم مذکر - عو- جوانی کا چین - راحتِ شباب نشاطِ شباب

جوانی کا سکھ دیکھے - ا- دعائے نیک - عو- اپنی جوانی سے بارور ہو - جوانی کا عیش نصیب ہو

جوانی کا زور - ا- اسم مذکر - شباب کی طاقت زورِ شباب - قوتِ جوانی +

جوانی کا عالم - ا- اسم مذکر - موسمِ شباب - شباب کا وقت - حالتِ جوانی +

جوانی کی اُمنگ - ا- اسم مؤنث - وَلولۂ جوانی جوانی کی ترنگ - جوشِ جوانی +

جوانی کی نیند - ا- اسم مؤنث - خوابِ جوانی جو بکثرت اور بے خبری کے ساتھ ہو +

جَواہِر - ع- اسم مذکر - جوہر کی جمع (قیمتی پتھر - گوہر جوہر - من - نگ - لال - یاقوت - ہیرا پنّا وغیرہ (اُردو میں مفرد پر بھی اطلاق ہوتا ہے) +

جواہرات - ع- اسم مذکر - جمع الجمع جوہر مگر صرف اُردو میں مستعمل ہے +

جواہر خانہ - ع + ف - اسم مذکر - وہ شاہی مکان جہاں بادشاہی جواہرات رکھے رہتے ہیں - توشہ خانہ

جواہر نگار - ف - صفت (۱) مرصع - جڑاؤ (۲) خوش رقم - خوش تحریر - خوش خط +

جُوبَن - ہ- اسم مذکر (۱) بلوغ - بلوغت - سیان پن - شباب + ریعان - عنفوانِ جوانی - آغازِ جوانی اُٹھتی جوانی - چڑھتی جوانی (۲) خوبصورتی - خوبی رنگ و روغن - حسن و جمال (جیسے چھب گھڑی میں جوبن رکابی میں (کہاوت) +

خون عاشق کا ہے گلگونہ ترے عارض کو
(ظفر) قتل ہونے سے ہمارے ترا جوبن نکلا

(۳) عالم - حالت - ہیئت - کیفیت + (آتش)

چاہیے آغازِ خط ہو گُل سے رُخ پر یار کے

دل کو لبھاتا ہے جوبن سبزۂ نوخیز کا
(۴) بہار۔ رونق + موج۔ لہر + پھبن + جیسے جوانی میں گدھے کے بچے پر بھی جوبن ہوتا ہے +
(۵) چھاتی۔ کُچ۔ پستان۔ چُوچی جیسے گوری کا جوبن چٹکیوں میں جاے (گیت)
میں کیسے کے نکسوں انگنواں
مورا دیورا بہارے جُنواں
(۶) ہریاول۔ سبزہ + شادابی۔ طراوت۔ تازگی جیسے درختوں پر جوبن آرہا ہے یا کھیتی پر جوبن ہے
جوبن اُمنڈنا -ہ- فعل لازم۔ جوانی اُبھرنا + چھاتیاں اُٹھنا۔ چُوچیوں کا گدرانا +
جوبن پر آنا -ہ- فعل لازم۔ جوانی پر آنا + بہار پر آنا۔ پھولنا۔ پھلنا۔ شگفتہ ہونا۔ سرسبز ہونا +
جوبن پھٹ پڑنا -ہ- فعل لازم۔ حُسن و جمال کی افزونی اور کمال زیادتی ہونی +
جوبن ٹپکنا -ہ- فعل لازم۔ جوانی کا ظاہر ہونا۔ حسن کا نمایاں ہونا۔ مدماتا ہونا۔ مد میں بھرنا +
دیکھ کیا آیا بھبُوکا سا وہ بن ٹھن کے صبا
(جرأت) ہر روش ٹپکا پڑے ہے جسکا جوبن اے صبا
جوبن ڈھلنا -ہ- فعل لازم۔ حُسن و جمال کا زوال پذیر ہونا۔ موسم شباب کا نکلنا۔ رونق نہ رہنا۔ بہار کا عالم جاتا رہنا (مضمون)
سر اسقدر نہ کھینچ تو اے شمع بزم میں
ٹک مُنہ پہ نور آتے ہی جوبن سا ڈھل گیا
(۲) چھاتیوں کا ڈھیلا پڑ جانا۔ چُوچیاں لٹک جانا
جوبن سے ڈھلنا -ہ- فعل لازم۔ جوانی سے اُترنا۔ عمر سے اُترنا۔ بہار نہ رہنا۔ شباب نہ رہنا

لے سر پہ وبال اپنے نہ پروانے کا اے شمع
(شاہ نصیر) تو اور بھی جوبن سے جو ڈھل جائے تو اچھا
جوبن کا -ہ- صفت (۱) بہار کا۔ رونق کا (۲) مزے کا۔ مزیدار۔ لذیذ۔ خوش ذائقہ +
جوبن کا ماتا -ہ- صفت۔ مست جوانی۔ مدماتا
جوبن کی -ہ- صفت (۱) بہار کی۔ رونق کی۔ پُرلطف۔ پُرفضا (۲) مزہ کی۔ مزیدار۔ لذیذ۔ خوشگوار
جوبن کی ماتی -ہ- صفت۔ بدمست عورت۔ بدمست سرشار جوانی۔ مستی میں بھری ہوئی۔ مدماتی
جوبن لُٹنا -ہ- فعل متعدی۔ بہار لُٹنا۔ حُسن پر ہاتھ پڑنا۔ ملا دلی ہونا۔ چھاتیوں کا ملا دلا جانا
جوبن نکالنا -ہ- فعل متعدی۔ جوانی نکالنا۔ بلوغ کو پہنچنا۔ رونق پر آنا۔ بہار پر آنا +
جُوت -ہ- اسم مؤنث (۱) روشنی۔ اُجالا۔ لمعہ۔ چاندنی۔ تجلی۔ چمک۔ تابش۔ نُور (۲) بینائی۔ چشم۔ تیور۔ قوت باصرہ۔ نظر۔ نگاہ۔ بصارت۔ آنکھ کی روشنی (۳) رونق۔ جلوہ جیسے موت کی جوت ہے (۴) شعلہ۔ لو۔ لاٹ جیسے چوکھ جوت جگانا یعنی چاروں لو کا روشن کرنا (۵) جھلک۔ چمک۔ دمک (۶) چراغ۔ دیپک۔ دیوا دیا۔ (۷) دھن۔ دولت۔ زر۔ نقدی۔ مال (۸) رُوح۔ آتما۔ جی۔ پران۔ جان جیسے جوت میں جوت سمانا یعنی رُوح میں رُوح کا ملجانا
جوت بتی کرنا } -ہ- فعل لازم (ہندو) کسی
جوت چڑھانا } مندر یا ٹھاکردوارے میں چراغ روشن کرنا۔ دیا بالنا۔ جوت جگانا
جوت جگانا -ہ- فعل لازم (۱) چراغ روشن کرنا

دیا بالنا (ھ) کسی دیوی یا دیوتا کے نام کا دیا بالکر اُسکی بُلانا - مُردوں کی حاضرات کرنا +

جُوت - ھ - اسم مؤنث (۱) قلبہ رانی - تردد - کاشت کاشتکاری - کھیتی - زراعت - کھیتی باڑی (۲) مزروعہ قطعہ - جوتی ہوئی زمین (۳) قبضۂ کاشتکار - کاشتکار - تھوک (۴) لگان جو کاشتکار دیتا ہو (۵) بیلوں کے گلے کا تسمہ جس سے جوا اُٹھا رہتا ہے (۶) وہ رسّی جو آبپاشی کے ٹوکرے کی دستی کے پاس ہوتی ہے (۷) اسباب فروخت - جو ہو کا اسباب + ترازو کی ڈنڈی +

جوت جمع - ھ - اسم مؤنث - لگان - پڑتی - وہ روپیہ جو کاشتکار سرکار میں داخل کرے +

جُوت - ھ - اسم مذکر تصغیر بالتحقیر - جُوتا جیسے جُوت چلنا یعنی لڑائی ہونا - جوت پڑنا یا لگنا یعنی دوسرے کے ہاتھ سے یا احسان ہونا - جوت برسنا یعنی جُوتیاں پڑنا وغیرہ +

جُوتا - ھ - اسم مذکر (۱) مزارع - کاشتکار (۲) جوتو - قلبہ ران - ہالی - ہل جوتا + (۳) اسامی - کسان (۴) بازاری - مباشر - بدمعاش ہونے والا +

جُوتا - ھ - اسم مذکر - دیوار کی حد فاصل - تقسیم دیوار -

جُوتا - ھ - اسم مذکر (۱) جفت پا - پاپوش - کفش - زیرپائی - پنہائی (۲) نقصان - ٹوٹا - گھاٹا جیسے سو روپے کا جُوتا لگا (۳) بڑا بھاری احسان - سلوک (طنزاً کہتے ہیں) +

جُوتا اُٹھانا - ھ - فعل متعدی - جوتا لیکر مقابلہ کرنا - جوتا مارنے کا ارادہ کرنا - گستاخی کرنا +

جُوتا اُچھلنا - یا - چلنا - ھ - فعل لازم (۱) جوتوں سے پٹنا - جوتی پیزار ہونا (۲) بدتہذیبی کی لڑائی ہونا

جُوتا برسنا - ھ - فعل لازم - خوب جوتیاں پڑنا جوتے لگنا - جوتیوں سے سلامی اُترنا +

جُوتا مارنا - ھ - فعل متعدی - اول معلوم - (۲) ملامت کرنا - طعنہ دینا - بُرا بھلا کہنا + احسان کرنا سلوک کرکے شرمندہ کرنا +

جُوتا وُ - ھ - صفت (گنوار) جوتنے کے قابل - قابل کاشت - لائق تردد +

جُوتے - ھ - اسم مذکر - جُوتا کی جمع +

جُوتے سے آنا - ھ - فعل لازم - جُوتا لگانا یا مارنا -

جُوتے سے خبر لینا - ھ - فعل لازم - دیکھو جوتی سے لانا

جُوتے کا یار - ھ - اسم مذکر - دبنے کا دوست - زبردست کا یار جیسے چمار جوتے کا یار +

جُوتی - ھ - اسم مؤنث - پیزار - کفش - پاپوش +

جُوتی پر جُوتی چڑھنا - ھ - فعل لازم - جُوتی پر جوتی کا آجانا + سفر کا شگون نکلنا - سفر کی فال نکلنا +

جُوتی پر رکھکر روٹی دینا - ھ - فعل متعدی - عو - حقارت سے روٹی دینا +

جُوتی پر - یا - جُوتی کی نوک پر مارنا - ھ - فعل لازم - عو - ٹھکرانا + خاطر میں نہ لانا - ذلیل وحقیر جاننا - کچھ نہ گننا - ناچیز یا ادنیٰ خیال کرنا - نفرت ظاہر کرنا

جُوتی پہننا - ھ - فعل لازم (۱) پاؤں میں جوتی ڈالنا (۲) بازار سے جوتی خریدنا +

جُوتی پہنانا - ھ - فعل متعدی - جُوتی خرید کر دینا + دوسرے شخص کے پاؤں میں جوتی ڈالنا +

جُوتی پیزار - ھ - اسم مؤنث - عو (۱) جوت بجنا - جُوتم جاتا - مار پیٹ + ڈھول دھپا - مار کُٹائی

(۲) لڑائی دنگا جھگڑا اٹنٹا - نکتا فضیحتی +

کرنے جاتا ہے چماروں سے تو جوتی پیزار
(راحت جان) چاند خاں آج تری چاند ہے کھجلائی کیا؟

جوتی پیزار کرنا - ا - فعل متعدی - جوتیوں سے لڑنا - لڑائی جھگڑا کرنا +

جوتی چھپائی - ہ - اسم مؤنث - عو + وہ نیگ جو دولہا کی سالیاں اسکی جوتی وداع کے وقت چھپاکر لیتی ہیں +

جوتی خور - یا - جوتی خورا - ا - صفت - عو - وہ شخص جسکو پٹنے کی عادت ہو - لات گھونسے کھانیوالا + نیچ - پاجی - بے غیرت +

جوتی سے - یا - جوتی کی نوک سے - ہ - تابع فعل عو + بلا سے - کچھ پروا نہیں (نہایت حقارت کے ساتھ انکار کرنے یا خاطر میں نہ لانے کے موقع پر عورتیں بولتی ہیں)

جوتی کاری - ا - اسم مؤنث - مارپیٹ - جوتیوں سے خبر لینا یا مارنا +

جوتی کی برابر نہ سمجھنا - ا - فعل لازم - عو - کچھ نہ سمجھنا - ذرا خاطر میں نہ لانا - خطرے میں نہ لانا +

جوتیاں - ہ - اسم مؤنث - جوتی کی جمع بہت سی پاپوشیں +

جوتیاں اٹھانا - یا - سیدھی کرنا - ہ - فعل لازم کسی کامل یا بڑے آدمی کی خدمت کرنا - زیر تربیت رہنا - نوکری بجانا +

جوتیاں بغل میں دبانا - یا - مارنا - ہ - فعل لازم (۱) جوتیوں کو بغل میں چھپانا (۲) جوتیوں کو آہٹ نہ ہونے کی غرض سے اتار کر بھاگ جانا - سٹک جانا دبک کر نکلجانا +

جوتیاں چٹخاتے پھرنا - ہ - فعل لازم - آوارہ گرد ہونا - کوچہ گردی کرنا - ہرزہ گردی کرنا - خاک چھانتے پھرنا - بادہوائی پھرنا - نکما پھرنا - خراب خستہ اور ذلیل و رسوا پھرنا +

جوتیاں سیدھی کرنا - ہ - فعل لازم - کمال عقیدت سے جوتیوں کو سیدھا کرکے رکھنا - تعظیم بجالانا - عظمت کرنا - عزت کرنا + خدمت کرنا

جوتیاں کھانا - ہ - فعل لازم - عو (۱) جوتیوں سے پٹنا (۲) طعنے سہنا - طعن و تشنیع کی برداشت کرنا لعنت و ملامت سننا - سخت و سست کی برداشت کرنا - برا بھلا سننا + خفت اٹھانا +

جوتیاں گانٹھنا - ہ - فعل متعدی (۱) جوتیوں کی مرمت کرنا - جوتیوں میں پیوند لگانا (۲) حقیر پیشہ کرنا - ذلیل کام کرنا (۳) بہت برا سہنا - مولی سلائی کرنا +

جوتیاں مارنا - ہ - فعل لازم - عو - اول معلوم (۲) ذلیل و رسوا کرنا + طعنہ مہنہ دینا +

جوتیوں - ہ - اسم مؤنث - جوتی کی جمع جو حروف مغیرہ کے آنے سے بن جاتی ہے +

جوتیوں سمیت آنکھوں میں گھسنا - ہ - فعل لازم کمال گستاخی اور ڈھٹائی سے کسی سچی بات کا انکار کرنا - زبردستی جھٹلانا - آنکھوں میں خاک ڈالنا +

جوتیوں کا صدقہ - ا - محاورہ (۱) آپکی جوتیوں کے طفیل - آپکی بدولت (ایک انکسار کا کلمہ ہے جو احسان ماننے کے اظہار میں زبان پر لاتے ہیں) +

جوتیوں میں دال بٹنا - ہ - فعل لازم - آپس میں

پھوٹ پڑنا - لڑائی جھگڑا ہونا - دانتا کلکل ہونا + مار کٹائی ہونا + (معروف)

جو بزمِ غیر میں منہ کا نیزے اُگال بیٹھے
خدا کرے کہ وہاں جوتیوں میں دال بیٹھے

جوتی - ہ - اسم مؤنث (پورب) ۱ - ترازو کی ڈوری وہ رسی جسمیں پلڑے باندھے جاتے ہیں (۲) دیکھو (جوت نمبر ۵) +

جوتری - ہ - اسم مؤنث - جوز یا جائفل کا پھول

جوتش - ہ - اسم مؤنث (۱) علمِ نجوم - علمِ ہیئت رمل (۲) گرد اور نحسِ وغیرہ جاننے کا شاستر +

جوتشی - ہ - اسم مؤنث - نجومی - ہیئت داں منجم اختر شناس - شانہ بیں - سدھانتی +

جوتنا - ہ - فعل لازم (۱) بیلوں کو گاڑی میں لگانا بگھی میں گھوڑے کو جوڑنا - جوا رکھنا - ساز ڈالنا (۲) ساتھ لگانا - ہمراہ کرنا - مصروف کرنا جیسے کام میں جوتنا (۳) ہل چلانا - باہنا - دھرتی پھاڑنا قلبہ رانی کرنا (۴) تردد کرنا - کاشت کرنا - بونا (۵) - عوہ کرنا - مچانا - جیسے اُودھم جوتنا (۶) راضی کرنا - ڈھب لگانا - اپنی مرضی پر لے آنا جیسے آج اُنکو بھی جوت لیا +

جوٹ - ہ - اسم مؤنث - ہندو (۱) جوڑ - جفت (۲) ہمسر - ہمتا - برابر کا - ہمچشم + ہم پلہ - مقابل - نظیر ثانی (۳) ساتھی - سنگھاتی - ہمجولی - رفیق (۴) ہمقد - ہم جثہ - ہم شکل (۵) بیلوں کی جوڑی جو ہل میں جوتی جاتی ہے (۶ - صفت) برابر +

جوٹ باندھنا - ہ - فعل متعدی - ہمقد یا ہمعمر سے جوڑا لگانا - جوڑ لگانا - ملانا +

جوٹیا - ہ - اسم مذکر (گنوار) ساتھی - مددگار - جوڑ

جوجھنا - ہ - فعل متعدی (۱) لڑنا - گتھ کر لڑنا - جدھ کرنا - محاربہ کرنا - جنگ کرنا - کارزار میں مصروف ہونا (۲) مار پیٹ کرنا - خانہ جنگی کرنا - لپا ڈکی کرنا (۳) لڑائی میں مارا جانا - قتل ہونا (۴) ہتیار سنبھالنا ہتیار سنگوانا +

جوجو - ا - اسم مذکر - (لکھنؤ) مہیب اور ہیبتناک چیز جس سے بچوں کو ڈراتے ہیں +

جود - ع - اسم مذکر - کرم - بخشش - سخاوت +

جودت - ع - اسم مؤنث - تیزی - تیز رفتاری - چترائی - چالاکی + ذکاوت - تیز فہمی - ذہن کی تیزی - فراست +

جودھا - ہ - اسم مذکر (ہندو) - بہادر - شجاع - غازی - سورما - پہلوان - سوربیر - جنگ آور مبارز - رستم صفت + سپاہی - لشکری +

جور - ع - ظلم - ستم - جفا - تعدی - انیتی - تیزی سختی - جبر - زبردستی + بیرحمی +

جورو - ہ - اسم مؤنث (۱) زوجہ - بیوی - استری - تریا - گگائی - بہو - اہلیہ - حلیلہ (۲) ایک قسم کی گالی جیسے فلانے کی جورو +

جورو کا مزدور - ا - اسم مذکر - زن مرید - غلام زن - زن پرست - بیوی کا بندہ - جورو کا تابعدار

جورو کا بھائی - ا - اسم مذکر - سالا - خسر پورہ + ایک قسم کی گالی +

جوڑی - ہ - اسم مؤنث - (ہندو) جاڑے کا بخار تپ لرزہ + جھرجھری - کپکپی - تھرتھری +

جوری - انگلش - ۲۲ سال (۱) تنخ - ثالث

(۲) پنچایت +

جُوڑ - ہ - اِسم مؤنث (۱) دیکھو (جوٹ نمبر ۱-۲-۳-۴)

مُوں ناتواں نہ کرو ستم سے لڑانے مجھے
(داغ)
پیدا ہماری اے فلک پیر جوڑ کر

(۲) - اِسم مذکر) بند - گرہ - گانٹھ - مفصل (۳) - اسم مذکر) پور - پوری - عضو (۴) مذکر) پیوند - ٹکلی (۵) سیون - سلائی (۶) مذکر) تھال - ٹانکا (۷) مذکر) سنجوگ - لگن - قران - سمبندھ (۸) میزان - ٹوٹل - کل تعداد - کل مقدار (۹) چھل - فریب - داؤں پیچ

توڑ بنگے یوں کہ پھر نہ ملے نہیں سے تو دوستو
جس روز کوئی جوڑ ہمارا ہی چل گیا

(۱۰) مذکر) تہمت - بہتان (نذیر)

عدو غیر نے مجھکو دلبر بنایا + کوئی جوڑ مجھ پر نفر بنایا

(۱۱) مذکر) مثبت منفی کے خلاف (۱۲) - مذکر) وہ ظرف جو ہم رنگ اور ہم سلسلہ ہوں جیسے تھالی جوڑ وغیرہ (۱۳) مؤنث) مرثیہ خوانوں کی جماعت (۱۴) مذکر) ایک قسم کی چھپکلی (۱۵) مذکر) [illegible] ملاپ جیسے میل (۱۶) اسم مذکر) [illegible] افسانہ - گھڑی ہوئی کہانی [illegible] +

جوڑ باندھنا - ہ - فعل متعدی (۱) پہلوان (کشتی کے واسطے دو برابر کے پہلوانوں کو مقرر کرنا (۲) جوڑا لگانا - کسی کام پر دو دو آدمیوں کو مقرر کرنا +

جوڑ بٹھانا - ہ - فعل متعدی - جوڑ ملانا - جوڑ ملانا - وصل کرنا +

جوڑ بندھنا - ہ - فعل لازم کسی کام پر دو دو آدمیوں کا مقرر ہونا - جوڑا بندھنا - دو پہلوانوں کا کشتی کے واسطے تجویز ہونا +

جوڑ دار - ۱ - صفت - جوڑی ہوئی - جوڑا ہوا - پیوند لگا ہوا + جوڑ والا +

جوڑ توڑ - ہ - اِسم مذکر - (مروج توڑ جوڑ) ساز باز + بہتان - اُدھیڑبن + بے اصل بات + داؤں پیچ - بندش - حکمت - فطرت - فریب - چھل - چال - دھوکا - تزویر - فند + ترکیب - تدبیر - چالاکی - جگت +

جوڑ توڑ کرنا - ہ - فعل لازم (۱) تدبیر کرنا - اپائے کرنا - جتن کرنا (۲) جگت لگانا (۳) منصوبہ گانٹھنا - تجویز کرنا (۴) فریب کرنا - چھل بتا کرنا (۵) کسیکے برخلاف سازش کرنا - ساز باز کرنا (توڑ جوڑ کرنا زیادہ بولتے ہیں) +

جوڑ جوڑ - ہ - اسم مذکر - ایک جوڑ - ہر ایک بند - بند بند - اعضا اعضا +

جوڑ چلنا - ہ - فعل لازم تہمت دھرنا - بہتان لگانا + داؤں پیچ لڑنا +

جوڑ کا - ہ - صفت - برابر کا - ہمتا +

جوڑ کو جوڑ ملنا - ہ - فعل لازم جیسے کو تیسا ملنا

جوڑ لگانا - ہ - فعل متعدی (۱) جوڑا لگانا - جوڑ باندھنا (۲) میزان دینا - ٹوٹل لگانا - حساب جوڑنا (۳) پیوند لگانا - ملانا - تھگلی لگانا - گانٹھنا - جوڑنا - ٹانکنا +

جوڑ مارنا - ہ - فعل لازم (۱) چال چلنا - فریب دینا - دھوکا دینا (۲) بہتان دھرنا - تہمت لینا (۳) عیب لگانا +

جُوڑا - ہ - اسم مذکر - (۱) جفت - زوج - دو - ہمسر - ہمتا (۲) میاں بیوی + نر مادہ (۳) مقابل -

نظیر - برابر کا (۴) ہمجولی - ساتھی - رفیق - ہمراہی - ہمصحبت (۵) پوری پوشاک - لباس - پیرہن جیسے کپڑوں کا جوڑا ✦ (۶) جفت یا - جوتہ - پاپوش (۷) صنعت (۸) مہوسوں کی اصطلاح میں نصف تانبا اور نصف چاندی ملاکر کھوٹی چاندی یا اسیطرح کا کھوٹا سونا (۹ - صفت) دو کا - دوسرا - ثانی ✦

جوڑا بنانا - ۵ - فعل متعدی - کھوٹی چاندی یا کھوٹا سونا بنانا - چاندی میں تانبا سفید کرکے ملانا سونے میں تانبا یا چاندی رنگ کر یا تانبا صاف کرکے وزن بڑھانا ✦

جوڑا بڑھانا - ۵ - فعل متعدی - عو - پوشاک اتارنا کپڑے اتار کر رکھنا ✦

جوڑا لگانا - ۵ - فعل متعدی - باہم گر جفت کرنا نر و مادہ کو ملانا ✦

جوڑا - ۵ - اسم مذکر (۱) سر کے بالوں کا جٹا - بالوں کی وہ گانٹھ جو عورتیں اکٹھا کرکے سر کے پیچھے دے لیتی ہیں (جوات) . بلا جوڑے کی بندش اور قیامت قد والا

ع نسب چیتون ستم کھڑا بدن سانچے میں ڈھلا ہوا

(۲) مونچھ کی بٹی ہوئی رسی ✦ اینڈوی جو پانی کے نیچے رکھی جاتی ہے ✦ لمبی لمبی گھانس کی اینٹھی یا بل دی ہوئی رسی (۳) بلبل کی چوٹی - کلغی یا طرہ (۴) پگڑی کا پچھلا حصہ ✦

جوڑا باندھنا - ۵ - فعل متعدی - بالوں کو اکٹھا کرکے سر کے پیچھے گرہ دے لینا ✦

رات پوری نظر آتی تھی کھلے بالوں سے (امداد علی بحر)
ہوگیا پچھلا پہر اسنے جو جوڑا باندھا

جوڑا کھولنا - ۵ - فعل متعدی - بالوں کا جٹا کھولنا

دل پر عشاق کے کیونکر نہ بلا نازل ہو (شاہ نصیر)
تو نے اے رشک پری شانہ کو جوڑا کھولا

جوڑنا - ۵ - فعل متعدی (۱) ملانا - پیوستہ کرنا - چسپاں کرنا - پیوند لگانا - وصل کرنا - ایک کرنا - گانٹھنا - سینا - چپکانا (۲) اکٹھا کرنا - بٹورنا - فراہم کرنا - جمع کرنا - سکیڑنا جیسے کنبہ جوڑنا - روپیہ جوڑنا (۳) میزان دینا - ٹوٹل لگانا - جوڑ لگانا (۴) گننا - شمار کرنا - پھیلانا - حساب لگانا (۵) پس انداز کرنا - تھگا کر رکھنا - بچا بچا کر رکھنا تنگی و ترشی سے پیسہ بچانا (۶) بنانا - تصنیف کرنا شعر کہنا جیسے گیت جوڑنا - کہانی جوڑنا وغیرہ (۷) جوتنا - کندھے پر جوا رکھنا - ساز ڈالنا - گاڑی میں بیل یا گھوڑے کو لگانا (۸ - ہندو) جلانا - بالنا - روشن کرنا جیسے آگ جوڑنا یا دیا جوڑنا (۹) دوستی کرنا - یارانہ گانٹھنا جیسے ایک سے جوڑی ایک سے توڑی (۱۰) گرہ دینا - باندھنا (۱۱) جتھا باندھنا گروہ بنانا (۱۲) نتھی کرنا - منسلک کرنا - ملحق کرنا - شامل کرنا (۱۳) لگانا - دھرنا - لازم کرنا جیسے بہتان جوڑنا - تہمت جوڑنا ✦

جوڑواں - ۵ - اسم مذکر - توام - وہ بچے جو ایک ساتھ پیدا ہوئے ہوں ✦

جوڑی - ۵ - اسم مونث (۱) جفت - جوڑا (۲ - ۳ - ۴) دو گھوڑوں کی گاڑی (۳ - بازاری) دو جورو ہیں جیسے جوڑی ہانکتا ہے یعنی دو بیوی والا ہے (۴) منجیرا - تال - وہ منجیرے جو طبلہ کے ساتھ بجائے جاتے ہیں (۵) مگدر ✦

جوڑی دار - ۵ - اسم مذکر - ساتھی - وہ دو شخص جو پہرا چوکی کے واسطے مقرر کیے جاتے ہیں انہیں سے

ہر ایک جوڑی دار کہلاتا ہے +

جوڑی والا - ہ - اسمِ مذکّر - وُہ شخص جو رنڈیوں کے پیچھے سنجیرے بجاتا ہے +

جوڑی ہانکنا - ہ - فعل مُتعدّی (۱) دو گھوڑوں کی گاڑی چلانا (۲ - ظرافتاً) دو بیویاں رکھنا +

جوڑی مِلانا - ہ - فعل مُتعدّی - گُدر مِلانا +

جَوْزُ - ع - اسمِ مذکّر - جائفل - مُجگلان +

جَوْزا - ع - اسمِ مذکّر - دو پیکر - تیسرے آسمانی بُرج کا نام جو دو ننگے پُشت سے جُڑواں لڑکوں کی شکل کا ہے - مِتھن راس +

جُوش - ف - اسمِ مذکّر (۱) اُبال - اُپھان - کھدبد کھدبدی (۲) ہیجان - تحریک - برانگیختگی چھیڑ (۳) وَلولہ - شورش - دُھن - حرارہ - لہر - مَوج - ترنگ اُچنگ (۴) حرارت - حِدّت - تیزی - تُندی (۵) وُفور - زیادتی - فرط - افراط - کثرت - زور (لااسیر)

ہمارے رونے سے چمکیگا حُسن چہرۂ یار
جو مینہ برستا ہے جوشِ بہار ہوتا ہے

(۶) مدمستی - کام دیو شہوت - جھجل - آگ - باہ (۷) غضب - غُصّہ - جھانجھ - جھونجل (۸) حِمایت پُشتی - مدد (۹) تعصُّب - مذہبی حرارت - دینی جوش (۱۰) سودائے عشق - دیوانگی - جنُون (۱۱) سرگرمی - گرمجوشی - غلبہ + شوق - اِشتیاق - جذبہ - جلال - محبّتِ الٰہی کا جوش +

جوش آنا - ل - فعل لازم (۱) اُبال آنا - کھدبدانا (۲) غُصّہ آنا - جذبہ آنا (۳) مَوج آنا - ولولہ اُٹھنا لہر آنا - شوق چرّانا + (صبا)

جب اُس بے مہر کو ای جذبِ دِل کُچھ جوش آتا ہے
مہِ نو کی طرح کھولے ہوئے آغوش آتا ہے

جوشِ جوانی - ف - اسمِ مذکّر - جوانی کا وَلولہ جوانی کی ترنگ - جوانی کی تیزی - حرارتِ جوانی - جوانی کی شگفتگی + جہلِ جوانی +

جوش و خروش - ف - اسمِ مذکّر (۱) غُل غپاڑا غُل شور - گُونج - گرج - گڑگڑاہٹ - کڑک (۲) کُرودّ غُصّہ - غضب - طَیش +

جوشِ خُون - ف - اسمِ مذکّر (۱) پدری و مادری محبّت + برادرانہ جوش + ہمنسبی حرارت (۲) غلبۂ خُون - افراطِ خُون +

جوشِ دہن - ف - اسمِ مذکّر - مُنہ آنا +

جوش دینا - ل - فعل مُتعدّی - اُبالنا - اَوٹانا - کھولانا - اُسنا +

جوش کھانا - یا - مارنا - ل - فعل لازم - اُبلنا - کھولنا اَونٹنا + وفور ہونا - زیادتی ہونا +

جوش میں آنا - ل - فعل لازم (۱) اُبلنا - کھدبدانا بُلبلے اُٹھنا (۲) طُغیانی پر آنا - چڑھاو پر آنا - چڑھنا (۳) پُھول جانا - ورم ہو جانا - سُوج جانا - آماس ہو جانا (۴) مَوج مارنا - مَوج زن ہونا - لہرانا (۵) غصّہ میں آنا - غضب میں بھرنا - بھڑکنا + جذبہ میں آنا - جلال چڑھنا (۶) وَلولہ اُٹھنا +

جوش میں لانا - ل - فعل مُتعدّی - برانگیختہ کرنا آگ بگُولا کرنا - طیش میں لانا - غُصّہ دلانا + بھڑکانا - سنکارنا - چھیڑنا - اُکسانا - اُبھارنا +

جُوشاندہ - ف - اسمِ مذکّر - اَونٹی - کاڑھا - جوش دی ہوئی دوا جو نزلہ میں پلائی جاتی ہے +

جُوشش - ف - اسمِ مؤنّث - دیکھو جوش - ۱ - ۲ - ۴

جُوشَن - ف - اِسم مُذکّر (۱) زِرہ - بکتر - چار آئینہ - چلتہ (۲) ایک قسم کا بازُو کا زیور - بازُوبند ÷
جَوف - ع - اِسم مُذکّر (۱) برچھی کا زخم جو پیٹ کے اندر لگے + غار - گڑھا - شگاف (۲) شکم - پیٹ - خلا - ہر ایک چیز کے درمیان کا خلو - اندرُونی خلا - کھوکلاپن ÷
جُوق - ت - اِسم مُذکّر - گروہ - انبوہ - فوج - بھیڑ - رِند وتکا پرا + آدمیوں کا جتھا (عوام بفتح جیم بولتے ہیں)
جُوق جُوق - ت - تابع فعل - گروہ گروہ - بہت بہت سے - پرے کے پرے +
جُوکھ - ہ - اِسم مؤنّث (۱) پرکھ - شناخت - امتحان + جانچ - انداز + کسوٹی پر لگا کر کس دیکھنا (۲) تول - وزن - دھڑا - مقدار - بوجھ - بھار جیسے تول جوکھ +
جُوکھنا - ہ - فعل مُتعدّی - تولنا - وزن کرنا - جانچنا - امتحان کرنا - کسنا +
جُوکھوں - یا - **جُوکھم** - ہ - اِسم مُؤنّث (۱) خطرہ - اندیشہ - خدشہ - ڈر - خوف جیسے جان جوکھوں یعنی خطرہ جان (۲) قیمتی اشیا جیسے زر جواہر - روپیہ پیسا گہنا پاتا وغیرہ (۳) بیمہ (۴) نقصان - خسارہ زیان - ضرر + آفت - بلا - مصیبت - شامت

آفات میں ہیں مُرغانِ چمن گُل کے شوق سے
(تصیرؔ) جوکھوں ہزار رنگ کی رکھتے ہیں جان پر

(رِند) نکر عادتِ وصل گھبرائیگا پھر
جُدائی کی جوکھوں جو اے دل پڑیگی

جوکھوں اُٹھانا - ہ - فعل لازم - نقصان برداشت کرنا - خسارہ اُٹھانا - ٹوٹا اُٹھانا - گھاٹا بھرنا +
جوکھوں کا کام - ہ - اِسم مُذکّر - خوف واندیشہ کا کام + نقصان و ضرر کا کام +
جوکھوں میں پڑنا - ہ - فعل لازم - خطرہ میں پڑنا - معرضِ ہلاکت میں پڑنا - اندیشہ میں پڑنا - آفت میں پڑنا
جوکھوں میں ڈالنا - ہ - فعل مُتعدّی - خطرہ میں ڈالنا - آفت میں پھنسانا - مُبتلائے بلا کرنا +
جُوکھنا - ہ - فعل مُتعدّی - تولنا - جانچنا - وزن کرنا اندازہ کرنا + آزمانا - اِمتحان کرنا +
جُوگ - ہ - اِسم مُذکّر (۱) ستاروں کا مِلاپ - قِران سنجوگ - لگن - سمبند + میل - جوڑ - مِلاپ (۲) شُبھ گھڑی - نیک ساعت - وقتِ مُناسب - وقتِ سعید (۳) دِھیان - پرمیشر کی طرف دِل لگانا - تپ تپشیا - نفس کُشی - ریاضت - زُہد - بیراگ فقیری - رہبانیت - درویشی (۴) کفارہ - پراشچت (۵) ایک دائرہ کے بہت سے ٹکڑے جو منطقۃ البروج سے ناپے جاتے ہیں (۶) وہ شخص جسکے نام کی ہُنڈی کی جائے (۷) موقع - وقت - ساعت (۸ - صفت) شایاں - لایق - زیبا - مُناسب - قابل - جوگا + ٹھیک - درست (۹ - تابع فعل) سمت - طرف - جانب - بائیں + بجانب - ازروئے ÷
جوگ سادھنا - ہ - فعل لازم (۱) دم کشی کرنا - حبسِ دم کرنا (۲) جیسی جوگی یا سنیاسیوں وغیرہ کی طرح عبادت وریاضت میں دِن گُزارنا ÷
جوگ لینا - ہ - فعل لازم - دُنیا سے کنارہ کش ہونا تارِکُ الدُّنیا ہونا - فقیر ہونا - سنت بنا - جوگی بنا - بیراگ لینا +
جُوگا - ہ - صفت - عو (۱) لایق - قابل - شایان

ہر ایک جوڑی دار کہلاتا ہے +

جوڑی والا - ہ - اسم مذکر - وہ شخص جو رنڈیوں کے پیچھے سنجیرے بجاتا ہے +

جوڑی ہانکنا - ہ - فعل متعدی (۱) دو گھوڑوں کی گاڑی چلانا (۲ - ظرافتاً) دو بیویاں رکھنا +

جوڑی ہلانا - ہ - فعل متعدی - مگدر ہلانا +

جوز - ع - اسم مذکر - جائفل - جگلان +

جوزا - ع - اسم مذکر - دو پیکر - تیسرے آسمانی برج کا نام جو دو ننگے پشت سے جڑواں لڑکوں کی شکل کا ہے - متھن راس +

جوش - ف - اسم مذکر (۱) ابال - ابھان - کھدبد کھدبدی (۲) ہیجان - تحریک - برانگیختگی چھیڑ (۳) ولولہ - شورش - دھن - حرارہ - لہر - موج - ترنگ امنگ (۴) حرارت - حدت - تیزی - تندی (۵) وفور - زیادتی - فرط - افراط - کثرت - زور (لاسیں)

ہمارے رونے سے چمکیگا حسن چہرۂ یار
جو مینہ برستا ہے جوش بہار ہوتا ہے

(۶) مدمستی - کام دیو شہوت - جھل - آگ - باہ (۷) غضب - غصہ - جھانجھ - جھونجل (۸) حمایت پشتی - مدد (۹) تعصب - مذہبی حرارت - دینی جوش (۱۰) سودائے عشق - دیوانگی - جنون (۱۱) سرگرمی - گرمجوشی - غلبہ + شوق - اشتیاق - جذبہ - جلال - محبت الٰہی کا جوش +

جوش آنا - ہ - فعل لازم (۱) ابال آنا - کھدبدانا (۲) غصہ آنا - جذبہ آنا (۳) موج آنا - ولولہ اٹھنا لہر آنا - شوق چرانا + (صبا)

جب اس بے مہر کو ای جذب دل کچھ جوش آتا ہے
مہ نو کی طرح کھولے ہوئے آغوش آتا ہے

جوش جوانی - ف - اسم مذکر - جوانی کا ولولہ جوانی کی ترنگ - جوانی کی تیزی - حرارت جوانی - جوانی کی شگفتگی + جہل جوانی +

جوش و خروش - ف - اسم مذکر (۱) غل غپاڑا غل شور - گونج - گرج - گڑگڑاہٹ - کڑک (۲) کرود غصہ - غضب - طیش +

جوش خون - ف - اسم مذکر (۱) پدری و مادری محبت + برادرانہ جوش + ہمنسبی حرارت (۲) غلبۂ خون - افراط خون +

جوش دہن - ف - اسم مذکر - منہ آنا +

جوش دینا - ہ - فعل متعدی - ابالنا - اوٹانا - کھولانا - اسنا +

جوش کھانا - یا - مارنا - ہ - فعل لازم - ابلنا - کھولنا اونٹنا + وفور ہونا - زیادتی ہونا +

جوش میں آنا - ہ - فعل لازم (۱) ابلنا - کھدبدانا بلبلے اٹھنا (۲) طغیانی پر آنا - چڑھاؤ پر آنا - چڑھنا (۳) پھول جانا - ورم ہو جانا - سوج جانا - اماس چڑھنا (۴) موج مارنا - موج زن ہونا - لہرانا (۵) غصہ میں آنا - غضب میں بھرنا - بھڑکنا + جذبہ میں آنا - جلال چڑھنا (۶) ولولہ اٹھنا +

جوش میں لانا - ہ - فعل متعدی - برانگیختہ کرنا آگ بگولا کرنا - طیش میں لانا - غصہ دلانا + بھڑکانا - سنکارنا - چھیڑنا - اکسانا - ابھارنا +

جوشاندہ - ف - اسم مذکر - اونٹی - کاڑھا - جوش دی ہوئی دوا جو نزلہ میں پلائی جاتی ہے +

جوشش - ف - اسم مؤنث - دیکھو (جوش ۱-۲-۴)

جُون بدلنا یا پلٹنا - ہ - فعل لازم (۱) چولا بدلنا - کایا پلٹنا - ایک قالب سے دُوسرے قالب میں جانا - قالب بدلنا (۲) صُورت بدلنا - حالت بدلنا - لاغر یا فربہ ہوجانا - ترقی یا تنزّل کرنا +

جُون پُوری کرنا - ہ - فعل لازم - دِن پُورے کرنا - زندگی بسر کرنا - دِن کاٹنا +

جُونا - ہ - اسم مذکر - گھانس یا بان کی رسّی جو برتن مانجھنے کے کام آتی ہے اور نیز وُہ گھانس کی رسّی جس سے لکڑیوں یا گھانس وغیرہ کا گٹھا باندھتے ہیں

جُونان - ہ - اسم مؤنث - دعوت - ضیافت + ضیافت شادی + مہمانی +

جُوں تُوں - ہ - تابع فعل (۱) بہر صُورت - جسطرح بنا - جسطرح ہو سکا - کسی نہ کسی طرح - بہر طور کیہ باشعر

(مصحفی) مرض تھا مصحفی کو عصب پر خُوب وُہ سمجھا
کہ جوں توں آکے اُسنے ترے کوچہ میں لاڈالا

(۲) منّت و سماجت - خوشامد درآمد سے (رنگین)

اُس وحشی کو پھسلاتا ہوں اور دام میں جوں توں لاتا ہوں
نزدیک جب اُسکے جاتا ہوں ہے مجھسے پھر وُہ ویسا ہی

جوں تُوں کرکے - ہ - تابع فعل (۱) کسی نہ کسیطرح سے + جسطرح ہو سکا اُسطرح - کسی طرح سے - کسی ڈھب سے (۲) بمشکل تمام - بدقت - بڑی مشکل سے بدشواری بدشخواری +

جُوں جُوں - ہ - تابع فعل - جسقدر - جہانتک - جب تک + (ناسخ)

اُسنے تلواریں جڑیں فریاد پر جب جوں ہمیں
ہر دہانِ زخم سے کرنے لگے فریاد ہم

جُونک - ہ - اسم مؤنث (۱) کیڑی - زلو - دلوجہ - علق وُہ پانی کا کیڑا جو خُونِ فاسد نکالنے کے واسطے آدمی کے جسم پر لگاتے ہیں - عربی میں اسکو علق کہتے ہیں (۲) - بازاری) رنڈی - کسبی - عورت - استری زن + زن فاحشہ - قحبہ +

جونک ہوکے لپٹنا یا چمٹنا - ہ - فعل لازم - جونک کی طرح لپٹنا - اِسطرح چمٹنا کہ پھر چھوٹنا مشکل ہو

جُوں کا تُوں / جُوں کی تُوں - ہ - تابع فعل (۱) ویسے کا ویسا ہی - بجنسہٖ - برقرار - اصلی حالت اور اصلی ہیئت پر (۲) صفت) تمام - پُورا - کامل + اچھوتا - وہ کا وہی +

جونکیں لگانا - ہ - فعل متعدی - کیڑیاں چمٹانا - زلو چسپانیدن کا ترجمہ +

جونکیں لگوانا - ہ - فعل متعدی المتعدی - کیڑیاں لگوانا - کیڑیوں کے ذریعہ سے خُونِ فاسد نکلوانا

جُونہیں - ہ - تابع فعل - جسوقت - فوراً - اُسیوقت معاً - تُرت (امداد علی بحر)

حُسن کا اک شعبدہ ہے جو ادا ہے یار کی
کھل گیا جُوڑا جونہیں عقرب سے اژدر ہو گیا

جُوئیں - ہ - اسم مؤنث (جُوں بمعنی سپش کی جمع)

جُوئیں دکھانا - ہ - فعل متعدی - سر کے بالوں میں جُوئیں دکھانا +

جُوئیں دیکھنا - ہ - فعل متعدی - عو - سر کے بالوں یا کپڑوں میں سے جُوئیں چننا - سپش جُستن کا ترجمہ

جُوئیں مارنا - ہ - فعل لازم (۱) جُوؤں کو ناخن پر رکھکر مارنا (۲) وقت ضائع کرنا - تضیع اوقات کرنا + دیر لگانا + نحوست پھیلانا +

جُوہار - ہ - اسم مذکر - ٹھاکروں کا سلام +

جَوْہَر - مُعرّب گوہر - اسم مذکّر (۱) من - نگ - قیمتی پتھر - جیسے لعل - زمرّد - ہیرا وغیرہ (۲) اصل شَے - خُلاصہ - عطر - مادّہ - ست - لُبّ لُباب - اجزاءِ لطیف (۳) عرض کا نقیض - وُہ چیز جو بذاتِ خود قائم ہو قائم بالذّات جیسے رنگ اور کپڑا یہاں کپڑا جوہر ہے اور رنگ عرض کیونکہ کپڑا بذاتِ خود قائم ہے اور رنگ کپڑے کے وجود سے قائم (۴) آبِ تیغ - تلوار یا فولاد کے وُہ قدرتی نقوش جس سے اُسکی عُمدگی ظاہر ہو + (گویا)

قتلِ عشّاق سے اب نفرت ہے + تیغِ ابرُو سے یہ جوہر ہی گیا

(۵) خاصیت - گُن - سُبھاؤ - صفت - عُمدگی + خُوبی (ظفر) میرا دم اور تری تیغ کا دم ایک سا ہے

جوہرِ اخلاص کا دونوں میں ہم ایک سا ہے

(۶) ہُنر - کمال - لیاقت - استعداد (۷) بھید - راز - پردہ - حقیقت جیسے جوہر کُھلنا (۸) چالاکی کارستانی - چترائی +

جَوہر دِکھانا - ا - فعل لازم (۱) ہُنر دکھانا - گُن دکھانا کرتب دکھانا - لیاقت اور فضیلت ظاہر کرنا + شرافت دکھانا (۲) چالاکی دکھانا - خباثتِ نفسی ظاہر کرنا - کوتک دکھانا +

جَوہرِ فرد - ف - اسم مذکّر - جوہرِ یکتا - جزو لایتجزّیٰ + دہانِ محبُوب +

جَوہر کرنا - ا - فعل لازم - خودکُشی کرنا - اپنے آپکو مار ڈالنا - (ناسخ)

جانِ شیریں کب گئی ہے کوہکن کی رائیگاں

کہتے ہیں شیریں نے آخر آپ کو جوہر کیا

(جوہر کرنا اصل میں ہندی جیوہرنا سے اُردو میں آگیا ہے کیونکہ جیوہرنا بمعنی جان لینا ایک قدیمی رسم راجپُوتوں میں تھی جب وُہ دیکھتے تھے کہ کوئی زبردست غنیم اُن پر چڑھ آیا ہے تو وُہ اپنے بال بچّوں کو خود قتل کرکے یا آگ میں جلا کے بالکل قطع تعلّق کرنے کے بعد جان توڑ کر لڑنے جاتے تھے اور وہیں جاکر مر رہتے یا فتح پاکر واپس آتے) +

جَوہر کُھلنا - یا - کُھلجانا - ا - فعل لازم (۱) ہُنر ظاہر ہونا - لیاقت و استعداد معلُوم ہونا - خُوبی و عُمدگی نمایاں ہونا (بحر)

ہمارے دِل کے نہ جوہر کُھلے حسینوں پر

کبھی نہ آئینہ دستِ نگار میں ہوتا

(۲) حُسن و قُبح معلُوم ہوجانا - قلعی کُھلجانا - بھید ظاہر ہوجانا - ظرف و شرافت کھلنا ~~ ہ

شراب ہے یہ سمجھ کے پینا خراب کہتا ہے اِسکو عالم

کہیں نشہ میں کُھلیں نہ جوہر اِدھر ہمارے اُدھر تمہارے

جوہر کھولنا - ا - فعل متعدی - حقیقت اور ہُنر ظاہر کرنا - خُوبی ظاہر کرنا + (ناسخ)

کھول دیتا ہے اگر جوہر شمشیر کبھی

چُھپ گیا تیرگیِ بخت سے جوہر اپنا

جَوْہَرِی - ع - اسم مذکّر (۱) جوہر فروش (۲) پرکھیا جانچو - پرکھنے والا + شناسا (۳) ہُنر شناس -

جُوہَڑ - ہ - اسم مذکّر - بارانی تالاب - چھپّر - جھیل - ڈابر + تال - آبگیر - غدیر +

جُوہنا - ہ - فعل متعدی (گنوار) اِنتظار کرنا - راہ دیکھنا + ٹٹولنا - تھاہ لینا - جانچنا - ٹوہنا - + ڈھونڈنا - تلاش کرنا +

جُوہی - ہ - اسم مؤنّث (۱) یاسمن دشتی - ایک قسم کی جنگلی چنبیلی (۲) ایک قسم کی آتشبازی جس

میں بہت سے پھول نکلتے ہیں (۳) ایک قسم کا کپڑا جو کھیتی میں لگ جاتا ہے +

جُوئی - ہ - اسم مؤنث (گنوار) جورو - استری - گھروالی زوجہ - بیوی - لگائی جیسے جولاہے کی جوئی سپاہی کی جوئے - گھر میں پڑی پڑی پرانی ہوئے +

جُویا / جُویاں / جُوِیندہ - ف - اسم مذکر - کھوجی - تلاش کرنے والا - ڈھونڈنے والا - متلاشی - جستجو کرنے والا - متفحص +

جُوئے خانہ - ف - اسم مذکر - قمار خانہ - کتب خانہ - پنڈت خانہ +

جھابا - ہ - اسم مذکر (۱) گھی یا تیل رکھنے کا چرمی ٹونٹی دار ظرف (۲) وہ گول چمڑے کا بنا ہوا خوان جس میں آٹا چھانتے ہیں پنجاب میں اسے سفرہ بولتے ہیں (۳ - پورب) جھاڑ جو روشنی کے واسطے مکانوں میں لٹکاتے ہیں +

جھابر - ہ - اسم مؤنث (گنوار) دلدل وہ زمین جہاں دلدل ہو +

جھابر جھلا - ہ - صفت - ڈھیلا ڈھالا + بدنما اور بدہیئت آدمی +

جِہاد - ع - اسم مذکر (۱) کوشش کرنا - جہد کرنا (۲) شرائط اسلام کے بند کر دینے پر کفار سے اثبات دین اور اعلاء کلمۃ اللہ کے لیے جان اور مال سے لڑنا بشرطیکہ وہ بھی اہل اسلام سے ہتیار کے ساتھ لڑیں + بشرائط مذکورہ کافرکشی کرنا - حمایت دین کے لیے ہتیار اٹھانا -

جہادِ اصغر - ع - اسم مذکر - باصطلاح صوفیاں کافروں کے ساتھ لڑنا

جہادِ اکبر - ع - اسم مذکر - باصطلاح صوفیاں نفس کُشی ریاضت شاقہ +

جھارا - ہ - اسم مذکر (دکنی) (۱) - پتلی چھنی ہوئی بھنگ - بھنگ کا آب زلال جیسے ہوئے جھارا رہے تازا (۲) وہ چھاج یا چھنا جس میں گیہوں وغیرہ چھانکر چنے علیحدہ کرتے ہیں +

جھارنا - ہ - فعل متعدی - چھاننا - رولنا - +

جھاڑ - ہ - اسم مذکر (۱) جھنکار - کانٹوں کے درخت + جھاڑی - جھڑبیری - جھڑبیری کا سوکھا ہوا درخت - وہ چھوٹا درخت جس میں کانٹے اور پتے بہت سے ہوں (۲) بلور یا آبگینہ کا فانوس جو امیروں کے مکانوں میں روشنی اور زیبائش کے واسطے لٹکایا جاتا ہے (آتش)

دیں نہ ارباب صفا ہرگز کسی کے دل کو رنج
گوشۂ دامن سے الجھا جھاڑ کب بلور کا

(۳) ایک قسم کی آتشبازی (۴) پنج شاخہ - پنجی (۵) تار - سلسلہ + قطار - تسلسل +

جھاڑ باندھنا - ہ - فعل متعدی - تار باندھنا لگاتار کچھ کہے جانا - سلسلہ باندھ دینا جیسے گالیوں کا جھاڑ باندھ دیا +

جھاڑ بسانا - ہ - فعل متعدی (ہندو) لڑائی مول لینا - جھگڑا مول لینا +

جھاڑ پہاڑ - ہ - اسم مذکر - لاطائل بات - خارج از بحث مضمون - بات کا بتنگڑ +

جھاڑ جھنکاڑ - ہ - اسم مذکر - نہایت گھنکا اور خاردار پودا - بہت سی شاخوں کا درخت +

جھاڑ کا ازار بند - ف - اسم مذکر (لکھنؤ) ایک قسم کا ازار بند جس کے بڑے بڑے پھندنے وغیرہ ہوتے ہیں +

جھاڑ کا کانٹا - ہ - اسم مذکر - اوّل معلوم (۲) لڑاکا
جنگجو - بدخو - وہ شخص جس سے پیچھا چھڑانا مشکل ہو
دامنِ دل سے نہ چھوٹا پر نہ چھوٹا اسے سرور (سرور)
گل رخوں کا خارِ مژگاں جھاڑ کا کانٹا بنا

جھاڑ ہو کر لپٹنا - ہ - فعل لازم - جھاڑی کی طرح
لپٹنا - گرویدہ ہونا - چمٹ ہونا - سر ہونا - جونک
کی طرح چمٹنا - لپٹ ہونا +
نہ جھاڑا غیر کو ہرگز کہ ہو کر جھاڑ لپٹا تھا
مجھی پر گالیوں کا جھاڑ تو نے بر زباں باندھا (ذوق)

جھاڑا - ہ - اسم مذکر (۱) تلاشی - تجسس - تفتیش
(۲) کوڑا - کرکٹ (۳ - گنوار) براز - پیخانہ - جای
ضرور (۴) کچھ منتر پڑھ کر جو جھاڑتے ہیں اُسے
بھی جھاڑا کہتے ہیں +

جھاڑا پھرنا یا جھاڑے جانا - ہ - فعل متعدی
(گنوار) پیخانہ پھرنا - ٹٹی جانا - براز کرنا +

جھاڑا پھونکی - ہ - اسم مؤنث (۱) منتر جنتر افسون
و افسانہ - دم کرنا اور کچھ پڑھ کر جھاڑنا - ہتھ پھیری
+ جادو - ٹوٹکا - منتر - ٹونا - سحر - گنڈا - تعویذ -
(۲) بازیگری - شعبدہ بازی - مکاری +

جھاڑا دینا - ہ - فعل لازم - تلاشی دینا - کپڑے لتے
اُتار کر دکھانا +

جھاڑا لینا - ہ - فعل متعدی - تلاشی لینا - کپڑے
لتے اُتروا کر دیکھنا +

جھاڑ پونچھ - ہ - اسم مؤنث - جھاڑنا پونچھنا - صفائی

جھاڑ باقی - ۱ - اسم مؤنث - بالکل بے باق -
بچا کھچا - رہا سہا +

جھاڑ پھونک - ہ - اسم مؤنث (۱) دیکھو جھاڑا پھونکی
(۲) وہ دعا جس سے جادو اور آسیب کا دفعیہ کریں

جھاڑ جانا - ہ - فعل متعدی (بازاری) کھا کر صاف
کر دینا - سب اُڑا جانا - چٹ کر جانا (انشاء اللہ خاں)
پی گئے سب جو ساقیا تُند شراب سیب کی
جھاڑ گئے نشہ میں ہم تاب کی تاب سیب کی

جھاڑن - ہ - اسم مذکر (۱) جھاڑنے کا کپڑا - تولیہ
صفائی کا رومال - دستمال - صافی (۲) - اسم مؤنث
چھلنی - غربال (۳ - ") کوڑا - کرکٹ - ریزگاری
ریزہ - پوچھن - وہ چیز جو جھاڑنے سے نکلے جھڑن

جھاڑن پوچھن - ہ - اسم مؤنث (۱) وہ چیز جو
جھاڑنے پوچھنے سے نکلے (۲) اخیر کا بچہ +

جھاڑنا - ہ - فعل متعدی (۱) صاف کرنا - غبار و گرد
صاف کرنا - جھاڑو دینا - بہارنا - پونچھنا - پیڑ
میں سے پھل گرانا توڑنا (۳) جھٹکنا - پٹکنا (۴)
لگانا - مارنا - سہی کرنا - جڑنا جیسے تلوار کا ہاتھ
جھاڑنا (۵) چھوڑنا - فیر کرنا - داغنا جیسے بندوق
جھاڑنا (۶) کنگھی کرنا - شانہ کرنا - بال صاف کرنا
جیسے سر جھاڑنا (پورب میں بولتے ہیں) ۷ -
دم کرنا - پھونکنا - ہتھ پھیری کرنا - ہتھیلیوں کو منتر
پڑھ پڑھ کر چھوانا (ناسخ)
محتسب کو ہو گیا آسیب جو توڑا ہے خم
جوتیوں سے سیکشو آج جھاڑا چاہیے
(۸) آگ نکالنا - چقماق سے آگ پیدا کرنا (۹)
پر گرانا - گریز کرنا (۱۰) سرزنش کرنا - آڑے ہاتھوں
لینا - ٹھیک بنانا - ذلیل خفیف کرنا - لتاڑنا
لتے لینا - دھتکارنا +

جھاڑنا جھٹکنا - ہ - فعل لازم جھاڑو بہارو دینا -

گرد و غبار صاف کرنا (رنگین)

جھاڑو جھٹکو گھر کی آرایش کرواے باندیو
آج ہیں رنگیں کے آنکی یہاں تیاریاں

جَھاڑُو - ہ - اِسم مؤنث (۱) جاروب - بُہاری - سوہنی (۲) دُمدار ستارہ - ستارۂ دُنبالہ دار +

جھاڑو پھرنا - ہ - فعل لازم - عو - صفایا ہونا - برباد ہونا - کچھ نہ رہنا - اُف ہو جانا جیسے اُسکے گھر میں تو جھاڑو پھر گئی +

جھاڑو پھیرنا - ہ - فعل متعدی - عو - صفایا کرنا - باقی نہ رکھنا - بالکل چُرا لینا (۲) اُجاڑنا - تباہ کرنا - برباد کرنا (صبا)

آتے ہی بادِ خزاں نے ایسی جھاڑو پھیر دی
جائے گُل تیا چمن میں باغباں رکھا نہیں

(جب صورت پر جھاڑو پھیر دینا کہیں گے تو وہاں کمال نفرت کے باعث صورت نہ دیکھنے اور نام نہ لینے سے مراد ہو گی جیسے میں ایسا جانتی تو اُس مُردار کی صورت پر جھاڑو پھیر دیتی)

جھاڑو تارا - ہ - اِسم مذکر - دُنبالہ دار ستارہ - دُمدار ستارہ +

جھاڑو دینا ہ - فعل لازم (۱) بُہارنا - جاروب کشی کرنا (۲) صفایا کرنا - لُوٹ کر لیجانا - مُوس لینا دھڑی دھڑی کر کے لُوٹ لینا (۳) سب چٹ کر جانا رکابی یا طباق خالی کر دینا (۴) قدم بد و نحوست سے کسیکو تباہ و برباد کرنا +

جھاڑو کی تیلی - ہ - اِسم مؤنث (جھاڑو کی سینک جسکے لگجانے سے عورتوں کو خیال گزرتا ہے کہ اسکے مانند آدمی دُبلا اور لاغر ہو جائیگا لیکن بعض عورتوں کا یہ بھی اعتقاد ہے کہ جب اتُورات کو کسی بچّے کا نام سُنتا ہے تو اُسکے گھر سے ایک جھاڑو کی تیلی اُٹھا کر دریا پر لے جاتا اور نام لیکر پانی میں ڈبوتا ہے جس سے بچّہ دُبلا ہو کر مر جاتا ہے چُنانچہ رات کو وہ بچّے کا نام نہیں لیتیں اور اسکی بجاے ہینگلو یا ہینگلوا کہتی ہیں خُدا بچاے اِن توہمات سے) +

جھاڑو مارنا - ہ - فعل متعدی - اوّل معلوم (۲) تنفّر ظاہر کرنا جیسے اُسکے نام پر جھاڑو مارو +

جَھاڑی - ہ - اِسم مؤنث (۱) چھوٹے خاردار درخت جھڑبیری کے درخت (۲) بن - جنگل - صحراے کوچک - نخلستان - خاردار درختوں کی جگہ +

جھاڑی بُوٹی کا بیر - ہ - اِسم مذکر - کنارِ صحرائی جنگلی چھوٹے چھوٹے سُرخ بیر +

جَہَاز - ع - اِسم مذکر (۱) لُغوی معنی متاعِ خانہ و اسباب عروس مگر اصطلاحی اسبابِ تجارت لادنے اور بحری سفر کرنے کی بہت بڑی ناؤ +

بھر گیا ایسا ہمارے نالۂ دِل کا دُھواں
(اہلیہ) جہازِ گنبدِ گردُوں دُخانی ہو گیا

(۲ - ف - صفت) بہت بڑا - نہایت فراخ جیسے جہاز - مکان یا جہاز کنکوّا +

جہاز کا جہاز - ف - صفت - بہت بڑا +

جہاز کا کوّا - ف - اِسم مذکر - وہ کوّا جو جہاز کے ساتھ ہو لے اور سمندر میں بیٹھنے کی جگہ نہ ملنے کے سبب اُسی کے اِرد گِرد اُڑتا رہے + وہ شخص جسے ایک جگہ کے سوا کہیں ٹھور ٹھکانا نہ ملے

جہاز کے اُترنے کی جگہ - ف - اِسم مؤنث - بندرگاہ

جَہَازی - ع - اِسم مذکر (۱) خلاصی - ملّاح جہاز - جہاز چلانے والا (۲) جہاز کی سوار - جہاز میں بیٹھنے والا (۳ - صفت) بحری - سمندری جیسے جہازی مُلازم - جہازی پولیس - جہازی تجارت وغیرہ

جہازی ڈاکو - ہ - اسم مذکر - وہ لوگ جو اپنی کشتیاں یا جہاز لاکر مسافروں کے جہاز کو لوٹ لیتے ہیں +

جہازی کُتّا - ہ - اسم مذکر - تازی کُتا - ٹیبا شکاری کُتا

جھاگ - ہ - اسم مذکر - کف - پھین (وہ سفید سفید بلبلے جو پانی کے زور یا چھلکنے کے اُبال سے پیدا ہوتے ہیں اور نیز آدمی کے منہ سے بھی حالتِ غضب یا بعض مرض میں نکلا کرتے ہیں) +

جھاگ لانا - ہ - فعل لازم - کف لانا - جھگیانا - غصہ کے مارے منہ سے تھوک اُڑانا +

جھال - ہ - اسم مؤنث (۱) چرپراہٹ - تیزی - جلن جیسے مرچ کی جھال (۲) ٹانکا - دھات کا جوڑ (۳) جھلی - ٹبا اور جوڑا ٹوکرا (۴) لہر - ہلکورا - موج ترنگ - تلاطم (۵) جھل - آگ - خواہشِ جماع جو عورتوں کو ہوتی ہے نیز حسد اور غصہ - مگر بول چال میں اسکا مخفف کرکے جھل بولتے ہیں) +

جھالا - ہ - اسم مذکر (۱) وہ زور کا چلتا ہوا مینہ جو زمین کے کسی قطعہ پر برسے اور کسی قطعہ پر نہیں جیسے بھادوں کا مینہ +

ھ

دریا بھرے ہیں دیدۂ گریاں میں اے سحاب
یہ وہ نہیں برسکے جو جھالا نکل گیا

(۲) عورتوں کے کانوں کا ایک خاص زیور جو صرف موتیوں کی چند لڑیاں ہوتی ہیں (امداد علی بحر)

نہاکے یار نے بالوں کو جب نچوڑا ہے
دکھا دیا ہے سماں موتیوں کے جھالوں کا

جہالت - ع - اسم مؤنث - بے علمی - نادانی - کُند پنا + ناواقفیت - لاعلمی - بیخبری + جہل - اناڑپن مورکھ پن - وحشی پن - بیوقوفی - جانگلوپن -

حیوانیت - اُجڈپن +

جھالر - ہ - اسم مؤنث - پھلوے - کرن - مسلسل - آنچل - پھندنے (ریشمی خواہ مقیشی تار جو مسند یا جھول وغیرہ کے گرداگرد لگاتے ہیں) +

جھالردار - ہ - صفت - پلّے دار - وہ چیز جس میں جھالر لگی ہوئی ہو +

جھالنا - ہ - فعل متعدی (۱) ٹانکا لگانا - برتن جوڑنا زیور میں مسالحہ سے جوڑ لگانا (۲) (لکھنؤ) پانی یا شراب وغیرہ کو برف یا شورے میں لگاکر ٹھنڈا کرنا

(امداد علی بحر) ساقی مزہ ہے گرمیوں میں آب سرد کا
بوتل شرابِ ناب کی شورے میں جھال دے

جھامر - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کا بڑا پھاوڑا جو اکثر کنوئے کی کوٹھی کے گلانے کے کام آتا ہے

جہان - ہ - اسم مذکر (۱) لوک - کھنڈ - زمین - دھرتی تمام ملک - تمام عالم - جگ (۲) دنیا - عالم - پرتھی - سنسار - جگت - گیتی - دنیا کے لوگ

اِک جہاں دیوانہ اُس زلفِ دوتا کا ہوگیا
(رِند) ابتدا ہی میں یہ سودا انتہا کا ہوگیا

جہاں پناہ - ف - اسم مذکر - بادشاہ - سلطان - راجا - وہ حاکم جسکی پناہ میں دنیا ہو +

جہاں دیدہ - ف - اسم مذکر - تجربہ کار - گھاٹ گھاٹ کا پانی پیا ہوا آدمی - جہان کا پھرا ہوا -

جہاں گرد - ف - اسم مذکر - سیّاح - جہاں گشت سفر کرنے والا +

جہاں - ہ - تابع فعل (۱) جس جگہ - جس مقام پر جیسے جہاں جائے بھُوکا وہیں پڑے سوکھا (۲) جس وقت - جس گھڑی جیسے جہاں بجلی

جھکی ہاور وہ دبکا +

جہاں تک -ہ- تابع فعل - جب تک - تابمقدور حتی الوسع - حتی الامکان +

جہاں تک بنے - یا - ہو سکے -ہ- تابع فعل - جبتک ممکن ہو - جبتک پار بسائے - اپنے مقدور تک

جہاں تہاں -ہ- تابع فعل - ہر جگہ - ہر کہیں - جگہ جگہ - اِدھر اُدھر +

جہاں کہیں -ہ- تابع فعل - جس جگہ - جس مقام

جہاں کی تہاں -ہ- تابع فعل - (۱) کہیں کی کہیں بے جگہ - بے موقع - اپنی جگہ کے خلاف جیسے جہاں کی تہاں چیز رکھدیتا ہے (۲) اُسی جگہ - اُسی مقام پر - وہاں کی وہیں جیسے کیا پھوہڑ عورت ہے کہ ابتک چارپائیاں جہاں کی تہاں پڑی ہیں (فقرہ) +

جھانپ -ہ- اسم مذکر (۱) بانس کا بڑا خواں پوش تورہ پوش - بانس کا ٹوکرا + بگی کی ٹپ (۲) پردہ حجاب (۳) جو کھٹ کے آگے کا چھوٹا سا سائبان

جھانپنا -ہ- فعل لازم (پوربی) ڈھانکنا - چھپانا منڈھنا - غلاف چڑھانا - پوشیدہ کرنا - مخفی کرنا -

جھانپو -ہ- اسم مؤنث (۱) ایک چڑیا کا نام جو اکثر دُم اُٹھاتی اور ٹھونکتی ہے جسے دھوبن بھی کہتے ہیں (۲) ازحد جماع کی خواہش رکھنے والی عورت چھنال - اُچھال چھکا (ایک بُری گالی) +

جھانٹ -ہ- اسم مؤنث (۱) مُوئے زہار - مُوئے زیر ناف - کالے بال (۲) کم حقیقت آدمی - بے حقیقت چیز - ادنی چیز بے اصل +

جھانٹ برابر -ؤ- صفت - ادنی - بے حقیقت کم وقعت + بہت ذرا سا - بہت چھوٹا +

جھانٹ کی جھنٹلی -ہ- صفت - جھانٹ کی جھانٹ - نہایت ادنی - نہایت کم وقعت +

جھانٹیں -ہ- اسم مؤنث - جھانٹ کی جمع +

جھانٹیں اکھاڑنا -ہ- فعل لازم - پشم کندہ کرنا - کچھ کرنا

جھانٹیں مونڈنا -ہ- فعل لازم (۱) موئے زہار کو صاف کرنا - بال لینا +

جھانجھ -ہ- اسم مؤنث (۱) غصّہ - کرودھ - جھونجل (۲) تیزی - تندی (۳) اضطرابی - بے صبری - ناشکیبائی بیتابی جیسے بھوک کی جھانجھ (۴) ایک قسم کا بڑا مجیرا جو طاسہ اور ڈھول کے ساتھ بجایا جاتا ہے اصل میں یہ دو تشتریاں بیچ سے اُبھری ہوتی ہیں جنہیں سوراخ کرکے ڈورا ڈال لیتے ہیں اور اُن دونوں کو ملاکر بجاتے ہیں - صنج) + (۵) خواہش - شہوت - چاہ +

جھانجھ لانا -ہ- فعل لازم - ٹسن لانا - قضیہ کرنا جھگڑا کرنا - فیل لانا - تکرار کرنا +

جھانجن -ہ- اسم مؤنث - پائل - ایک قسم کا پاؤں کا آواز دار زیور +

جھانجی -ہ- اسم مؤنث (۱) ہندو لڑکیوں کا ایک کھیل جو ٹیسو کے دنوں میں ہوتا ہے (دراصل ہانڈی میں چھید کرکے اُنمیں چراغ جلاکر سر پر لیے لیے گاتی اور اسیس مانگتی پھرتی ہیں گویا یہ ٹیسو کی بیوی ہے) + (۲) وہ گیت جو جھانجی والیاں گاتی ہیں

جھانسا -ہ- اسم مذکر - دم - دھوکا - فریب - دغا حیلہ - بُتا - چھل - جُل +

جھانسا بتانا - یا - دینا -ہ- فعل متعدی - جل دینا - چھل بتا کرنا - بُتا دینا - دھوکا دینا +

جھانسیا - ہ - اسم مذکر - دھوکےباز - فریبی +
جھانسے میں آنا - ہ - فعل لازم - دھوکے میں آنا
پٹے میں آنا - دم میں آنا +
جھانک - ہ - اسم مؤنث - دزدیدہ نظر - تاک - نظر
جھانکا جھونکی - ہ - اسم مؤنث - تاک جھانک +
جھانکر - ہ - اسم مذکر (۱) جھاڑی - خاردار درخت
جھنڈ (۲) دبلا - لاغر +
جھانکنا - ہ - فعل لازم (۱) چھپکر دیکھنا - دزدیدہ
نظر کرنا - کھڑکی یا دروازہ سے منہ نکالکر دیکھنا
در و دیوار کے روزن سے تاکنا (۲) عو - خدا کی
خدا جانا - جاکر پھرنا +
جھانکی - ہ - اسم مؤنث (۱) دید - نظارہ + دیدبازی
(۲) لیلا - نمائش - روپ جو رد یکے اندر سے
بھرکر باہر دکھاتے ہیں - سوانگ تماشا (۳) روزن
سوراخ - رخنہ +
جھانگیری - ا - اسم مؤنث - ہاتھ کے ایک جڑاؤ
زیور کا نام + ایک قسم کی لاکھ یا کانچ کی چوڑی
جھانواں - ہ - اسم مذکر - کھردری اینٹ یا کھردرا
ظرف جس سے پاؤں یا بدن کا میل اتارتے ہیں
سنگ پا + (ناسخ)

تیرے تلوے اور ون کے منہ سے ہوا استنفاف ہیں
آئینہ بھی انکے آگے صاف جھانواں ہوگیا

جھانولی - ہ - اسم مؤنث (۱) جھپکی - آنکھ کا اشارہ
غمزہ - چشمک + عشوہ - کرشمہ - معشوقوں کی ناز
وانداز بھری گردش چشم +
(مصحفی) اُس نے اِک جھانولی سے دکھلا دی
گردش روزگار آنکھوں میں
اپنی صورت کا جو اُس نے وُہ سارا دیکھا تو بس
(رجوات) جھانولی ہر دم نئی اِک آرسی کے ساتھ ہے
(۲) ناز - ادا +
جھانولی باز - ا - اسم مذکر - غماز - کرشمہ ساز - غمزہ باز
چشمک زن - عشوہ ساز - نخرے باز - چوچلے باز
عشوہ گر + چھلیا +
جھانولی دینا - ہ - فعل متعدی - آنکھ کی جھپکی دکھانا
غمزہ کرنا - عشوہ گری کرنا +
جھانولی لینا - ہ - فعل متعدی - جھانولی کے جواب
میں جھانولی دینا - آنکھ سے آنکھ لڑاکر اشارہ کرنا
جھاؤ - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کا درخت جو دریا کے
کنارے ہوتا اور اس سے ٹوکرے ٹوکریاں بنائی
جاتی ہیں - درخت گز - طرفا اول درجہ میں سرد
دوم میں خشک +
جھائیں - ہ - اسم مؤنث (۱) عکس - جھائیں - سایہ
+ شیشے یا کسی چمکدار چیز کا وہ عکس جو دھوپ
میں سورج کے مقابل کرنے سے پڑے (۲) کلف
چہرے کے وہ سیاہ دھبے جو خون کے فاسد
ہونے سے پڑ جاتے ہیں - چھیپ - داغہای چہرہ
(رشک)
زردکشی کو اسکے منہ بھی چاہیے +
(ہادی نقی) ماہ کے چہرے پہ ہیں سب جھائیاں
(۳) زنگ آئینہ - وہ نشان جو آئینہ کی قلعی اتر
جانے سے نمایاں ہوتے ہیں +
جھائیں جھپنا - ہ - اسم مذکر - اصل میں
جلدی سے جھلک دکھا کر چھپ جانا - مگر اصطلاح
میں دھوکا - دم - فریب - جھانسا - پتا - چھل
فند - فریب +

جھائیں مائیں - ہ - اسم مؤنث (بچوں کا ایک کھیل جس میں پکھیری پھرتے جاتے اور "جھائیں مائیں کوؤں کی برات آئی" کہتے جاتے ہیں) +

جھائیں جھائیں - ہ - اسم مؤنث - کائیں کائیں زغ زغ - جھک جھک - جق جق - بک بک شور و غوغائے بے معنی - بم چخ - چخ چخ +

جھبا - ہ - اسم مذکر - گچھا - پھندنا - آویزہ - گچھا - پھلوا (نیز بڑے بڑے کانوں کو بھی کہتے ہیں جیسے عبدالرحمٰن تیرے جھبے جھبے کان) +

جھبا - ا - اسم مذکر - دیکھو (جُبّہ) +

جھبرا - ہ - اسم مذکر - بڑے بڑے بالوں کا کتا

جھپ - ہ - تابع فعل - جلد - فوراً - فی الفور - ترت - زود بلاتوقف +

جھپ جھپ - ہ - تابع فعل - جھٹ جھٹ - جلد جلد +

جھپ کھانا - ہ - فعل لازم - پتنگ یا کنکوے کا جلد جلدی کے بل گر پڑنا +

جھپاکا - ہ - اسم مذکر - عو - جلدی سے کوئی کام کرنا - جلدی - شتابی +

جھپاکا مارنا - ہ - فعل متعدی - عو - جلدی سے کوئی کام کرنا - جلدی سے آ جانا +

جھپاک سے - ہ - تابع فعل - عو - جلدی سے - ترت - ترت پھرت +

جھپان - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کی عماری نما پالکی جسکا سرد پہاڑوں پر رواج ہے +

جھپانی - ہ - اسم مذکر - جھپان اُٹھانے والا کہار +

جھپٹ - ہ - اسم مؤنث (۱) زد - جلدی کا حملہ - دوڑ زفند - جھلانگ - جیسے چیتے یا کتے کی جھپٹ (۲) جب چھین جھپٹ کہینگے تو وہاں اسپیچ کھینچ سے مراد ہوگی +

جھپٹ لینا - ہ - فعل متعدی - اُچک لینا - بیچ میں سے کوئی چیز لے لینا +

جھپٹا یا جھپیٹا - ہ - اسم مذکر - سایۂ جن و پری بھوت پریت وغیرہ کا اثر - آسیب +

جھپٹا - ہ - اسم مذکر - چیل یا شیر کا جلدی سے حملہ کرکے کسی چیز کو لیجانا - چنگل مارنا - حملہ - جست +

جھپٹا مارنا - ہ - فعل متعدی - چنگل مارنا - چیل کا جلدی سے حملہ کرکے کسی چیز کو پنجوں میں لیجانا +

جھپٹانا - ہ - فعل متعدی - جلدی سے اُڑانا - جلدی سے روانہ کرنا - جیسے گھوڑا جھپٹانا - آدمی کو کسی کام کے واسطے جھپٹانا +

جھپٹنا - ہ - فعل لازم (۱) حملہ کرنا - حربہ کرنا جیسے چیتے کا ہرن کی طرف جھپٹنا (۲) دوڑنا - جلد جانا - لپکنا - (۳) چھیننا - زبردستی سے یا جلدی سے اکبارگی لے لینا - اُچک لینا - درمیان میں سے لینا جیسے کسیکو کوئی چیز بھیجی اور کسی نے جھپٹ لی - ہاتھ مارنا

جھپک - ہ - اسم مؤنث (۱) حیا - شرم - حجاب (۲) پلک کی برہمزدگی +

جھپکنا - ہ - فعل لازم (۱) آنکھوں کا بند ہونا - پلکوں کا باہم ٹکرانا (۲) شرمندہ ہونا - کنبانا - جھینپنا (۳) خوف کھانا - ٹھٹکنا

جھپکی - ہ - اسم مؤنث (۱) نیند - غنودگی +

(میر تقی) اک جھپک پیادہ ہے ساقی بہار عمر
جھپکی لگی کہ دور آخر ہی ہوگیا

(۲) ذرا کی ذرا صورت دکھانا - خلاصی پر کوئی آنا جھلک

جھپیٹ - ہ - اسم مؤنث - (۱) دوڑ - تاخت (۲)

جھکا - صدمہ (۳) سایۂ جن و پری - ہوائی آسیب +

جھپیٹ میں آنا - ہ - فعل لازم - دوڑتے ہوئے کی ٹھوکر میں آنا - دھکا لگنا - صدمہ پہنچنا - دھکے کو گرنا

جھپیٹا - ہ - اسم مذکر - جن کا حلول - سایۂ آسیب - جن و پری کا اثر (امداد علی بحر)

تنکے چنتا باغ سے نکلا میں دیوانوں کی طرح
یوں تھی باد خزاں مجھکو جھپیٹا ہو گیا +

جہت - ع - اسم مؤنث (۱) طرف - سو - بائیں - جانب اور سمت (۲) وجہ - سبب - موجب - واسطہ - دلیل باعث جیسے کس جہت سے آپ یہ فرماتے ہیں +

جھٹ - ہ - تابع فعل - دیکھو (جھپ) +

جھٹ پٹ - ہ - تابع فعل - بہت جلد - ترت ہی جلد تر - شتاب تر + (ناسخ)

گلے سے آ کے لگو یا مرا گلا کاٹو
جو ہمیں آپکو منظور ہو وہ جھٹ پٹ ہو

جھٹاس - ہ - اسم مؤنث (پورب) بوچھاڑ +

جھٹلانا - ہ - فعل متعدی (۱) جھٹلانا - جھوٹا ثابت کرنا تکذیب کرنا - جھوٹا بنانا (۲) کسی کھانے کی چیز کو چکھکر یا کھا کر جھوٹا نہ رکھنا یا مستعمل کر دینا - کام میں لے آنا (جیسے کہ جھٹلانا کہیں گے تو ناشتہ سے مراد ہوگی) +

جھٹ پٹا - ہ - اسم مذکر - صبح یا شام کی تاریکی - آفتاب کے غروب ہونے کا وقت - علی الصباح کی تاریکی - دونوں وقت ملنے کا ہنگام زیادہ شام ہی کے واسطے بولتے ہیں (خواجہ آتش)

یار آنکلا تو تھا صورت دکھا آپس کے
جھٹ پٹے کا وقت تھا منہ پر کوئی تھا

جھٹکا - ہ - اسم مذکر (۱) دھکا - صدمہ - ٹکر - جنبش

زلف کے ایک ہی جھٹکے میں کلیجا پھر کا (امداد علی بحر)
بہت ایوب کو دعوی تھا شکیبائی کا

(۲) مصیبت - آفت - حادثہ (۳) وہ ذبیحہ جو شرائط اسلام کے خلاف ایک دفعہ ہی تلوار کا ہاتھ مار کر کیا جائے جسطرح سکھوں گورکھوں اور جاٹوں میں دستور ہے (امداد علی بحر)

نہ پایا امن مسلمان سے نہ کافر سے
کہیں ہوا ہمیں ذبیحہ کہیں ہوا جھٹکا

جھٹکا اٹھانا - ہ - فعل متعدی (۱) صدمہ اٹھانا - مصیبت اٹھانا - آفت جھیلنا + ص

اٹھاتا ہے وہی دل عشق میں جھٹکے پر اب جھٹکے
کسیکی زلف نے سائے میں اپنے جسکو پالا ہے

(۲) خسارہ اٹھانا - ضرر اٹھانا - نقصان اٹھانا +

جھٹکا دینا - ہ - فعل متعدی - صدمہ دینا - [illegible] جنبش دینا +

جھٹکا کھانا - ہ - فعل متعدی (۱) صدمہ اٹھانا - آفت [illegible] ہونا - مصیبت اٹھانا + ص

عمر بھر یاد رہیگا ہمیں او آفت جاں
دل پھنسا کر ترے گیسو میں وہ جھٹکا کھایا

(۲) ٹکرانا - باہم لڑ جانا ٹھوکر کھانا - نقصان اٹھانا جیسے (اگر جھٹکا کھا کے سنبھل گیا تو پھر اپنا گھر ہے) +

جھٹکنا - ہ - فعل متعدی (۱) جھاڑنا - کپڑے وغیرہ کو زور سے جنبش دینا (۲) دھکا دینا - صدمہ دینا (۳) دبلا ہونا - لاغر ہونا (امداد علی بحر)

کپڑے پھٹے جنوں میں تو دیکھا یہ اپنا حال
دھجی سا ہو گیا بدن ایسا جھٹک گیا +

(۴) چھیننا - ہاتھ مارنا - جیسے نتھ جھٹک لی +

جھٹکے کا مال - ہ - اسم مذکر - چوری کا مال

ڈاکے کا مال۔ چھینا جھپٹی کا مال +

جُھٹل -ہ- تابع فعل۔ سچّل کا نقیض۔ جھوٹ موٹ جیسے جھٹل کھیلنا +

جُھٹلانا -ہ- فعل متعدی (۱) تکذیب کرنا۔ جھوٹا ثابت کرنا۔ باطل کرنا (۲) دیکھو (جھٹانا نمبر ۲)

جُھٹیل -ہ- اسم مؤنث۔ عو۔ ہر ایک کی جھولی کی ہوئی عورت۔ بدکار عورت۔ مستعملہ۔ جیسے ہزاروں کی جھٹیل +

جھجاؤ -ہ- اسم مذکر۔ پہننے کے کپڑوں میں سے جو کپڑا لمبا چوڑا ہوا اُسے جھجاؤ کہتے ہیں +

جھجر -ہ- اسم مذکر (۱) بڑی گلی صراحی۔ مٹی کا ایک صراحی نما ظرف جسمیں پانی ڈالکر ٹھنڈا کرتے ہیں (۲) ایک قصبہ کا نام جو دہلی کے قریب ہے +

جِھجَک -ہ- اسم مؤنث (۱) بھڑک۔ چمک۔ چونک رمیدگی۔ وحشت (شاہ نصیر)

تو گرفتار قفس طائر دل ہے اپنا
ابھی صیاد کوئی اسکی جھجک جاتی ہے

(۲) خوف۔ خطر۔ اندیشہ و وہم (انشا)

گھڑی ایک میں جو جھجک مٹی تو کہا زباں سے یہی ابھی
ارے لوگو جلدی سے دوڑیو مرے بیقرار نے غش کیا

جِھجک نکلنا -ہ- فعل لازم۔ خوف و رمیدگی کا دور ہونا۔ مانوس ہونا۔ انس پکڑنا + (مسرور)

اسے جوں مرغ دست آموز رکھ قابو میں اے ظالم
کہ جب تک طائر رنگ حنا کی ہاں جھجک نکلے

جِھجکنا -ہ- فعل لازم (۱) بدکنا۔ چونکنا۔ رمیدہ ہونا۔ وحشت کرنا۔ بھڑکنا۔ (مصحفی)

جو آئینہ میں اپنی صورت کو دیکھ جھجکے
یارو ہمارے دل سے پھر وہ دو چار کب ہو

(۲) ڈرنا۔ خوف کھانا + وہم کرنا (مسرت)

جھجک نہ او بُت بدمست شوق سے کرنوش
یہ عکس زلف ہے تیرا نہیں شراب میں سانپ

جَھد -ع- اسم مؤنث۔ کوشش۔ سعی +

جُھڈّو -ہ- اسم مذکر۔ بطال۔ بیکار۔ ناکارہ۔ مجہول۔ نکما + بیحیا۔ بیغیرت + بیوقوف۔ احمق اوت + بحقیر (جھڈّوس)۔ بوڑھا۔ بوبک +

جھَر -ہ- اسم مؤنث۔ کپڑے یا کاغذ کے دفعۃً پھٹنے کی آواز +

جھرّاٹا -ہ- اسم مذکر دیکھو (جھر) +

جِھرجِھرا -ہ- صفت۔ جھونا۔ بہت باریک کپڑا جسکے تار فاصلہ سے ہوں +

جُھرجُھری -ہ- اسم مؤنث۔ وہ کپکپی جو سردی کے ساتھ بخار چڑھنے سے پہلے محسوس ہو۔ قشعریرہ لرزہ +

جُھرمٹ -ہ- اسم مذکر (۱) بھیڑ۔ انبوہ (۲) گروہ عورتوں کا حلقہ (۳) دوپٹے یا دوشالے یا چادر میں سر سے پاؤں تک بدن چھپانے کو بھی کہتے ہیں (منتظم)

ہالے کو ہلادیوے جنبش ترے بالے کی
اک چاند سا جھمکے ہے جھرمٹ میں دوشالے کی

(۴) دُرمُٹ۔ سڑک کوٹنے کا آلہ + (دیہات)

جُھرکٹ -ہ- صفت۔ پژمردہ۔ بچھن جھڑا ہوا۔ مرجھایا ہوا۔ بے رونق + وہ آدمی جسکے چہرے کی رونق کثرت مباشرت یا تفکرات کے باعث جاتی رہی ہو +

جُھرمٹ مارنا -ہ- فعل لازم (۱) حلقہ باندھکر

جانا۔ اکٹھا ہو کر جانا - جمع ہو کر جانا جیسے جُھرمٹ مار
فوجیں انگریزیں بھوکوں کی ماری (ہولی ایّام غدر ۱۸۵۷ء)
(۲) چادر یا دوشالے وغیرہ سے منہ اور چہرہ چھپا لینا
تمام بدن ڈھک لینا + (آتش)

رہ گئے مشتاق طالب جلوۂ دیدار کے
مار ڈالا اُس پری پیکر نے جُھرمٹ مار کے

جھرنا - ہ - اسم مذکر (۱) آبشار - پانی کی چادر - ٹپکتے پانی کا چشمہ (۲) ایک قسم کی بڑی چھلنی جسے جھارا بھی کہتے ہیں - حلوائیوں کا سوراخ دار کفگیر - پانی صاف کرنے کی چھلنی +

جھرنا - ہ - فعلِ لازم ٹپکنا - رسنا - چونا + بہنا جاری ہونا +

جُھرنا - ہ - فعلِ لازم - تنزّل پکڑنا - زائل ہونا - زوال پانا - مرجھانا - کمزور ہونا - پژمردہ ہونا - سوکھنا دُبلا ہونا - رونق کا کم ہونا - گھٹنا - بیماری کے سبب زرد اور ناتوان ہو جانا - لٹنا (دا تا پن کرے کنجوس جُھر جُھر مرے - مثل) +

جھروکا - ہ - اسم مذکر - کھڑکی - دریچہ - غرفہ - روشندان + وہ کھڑکیاں جو ایوانِ شاہی میں سیر و تماشا دیکھنے کے واسطے جانب پائیں باغ و طرف دریا واقع ہوتے ہیں جنہیں جھروکے درشن بھی کہتے ہیں + سیرگاہ - تماشا گاہ + (برق)

دیکھا جو حالِ زار جھروکوں سے جھانک کر
گھر میں بُلا لیا مجھے گھبرا کے سامنے

(دوہا) سہ رام جھروکے بیٹھ کے سب کا مجرا لے
جیسی جا کی چاکری ویسا واکو دے

جِھرّی - ہ - اسم مؤنث (۱) درز - شگاف - دریڑ
(۲) پانی کا گڑھا جسمیں اِدھر اُدھر سے رِس کر پانی جمع ہو جائے +

جُھرّی - ہ - اسم مؤنث - وہ شکن اور سلوٹ جو حالت پیری میں بوڑھے آدمیوں کی کھال پر پڑ جاتی ہے چین - آژنگ + (جلال)

زار ہوں قید کی بیفائدہ تدبیریں ہیں
جُھرّیاں جلدِ بدن کی مجھے زنجیریں ہیں

جُھرّیاں - ہ - اسم مؤنث (جُھرّی کی جمع) شکنیں سلوٹیں +

جُھرّیاں پڑنا - ہ - فعلِ لازم - چین پڑنا - شکن پڑنا - سلوٹیں پڑنا - مرجھا کر نشان پڑنا +

جھڑ - ہ - اسم مؤنث (۱) پرۂ قفل - زبان کی قفل کا پردہ قفل کا کھٹکا (۲) متواتر بارش - جھڑی (۳) جھانکڑ - جھاڑی +

جھڑ بدلی - ہ - اسم مؤنث - وہ بدلی جو بہت سی جھڑی لگائے - جھڑی کے موسم کی بدلی +

جھڑ بیری - ہ - اسم مؤنث - وہ جھاڑی جسمیں جنگلی بیر لگتے ہیں - جھاڑی بوٹی کا درخت + کنارِ دشتی - جنگلی بیری +

جھڑ بیری کا کانٹا - ہ - اسم مذکر - عو - لڑاکا اُلجھنے والا آدمی - جھاڑ ہو کر لپٹنے والا آدمی +

جھڑا جھڑ - ہ - تابع فعل متواتر - مسلسل - پے در پے - لگاتار - بکثرت +

جھڑاکا - ہ - اسم مذکر (۱) جھپٹ جھڑپ - ہلکی سی لڑائی - قِصّہ ٹنٹا - دو دو چونچیں - دو دو ہاتھ (۲) زور کی بارش - جھڑی +

جھڑپ - ہ - اسم مؤنث (۱) دیکھو (جھڑاکا نمبر ۱)

(۲) صدمہ باہمی - ایک چیز کو دوسری چیز کا صدمہ
پہنچنا (۳) تندی - تیزی - جوش - گرمی - غصّہ جیسے بس
دیکھی آپکی جھڑپ (۴) لاٹ - لو - جوت - جوالا شعلہ
جھڑپانا - ۵ - فعل متعدی (۱) پرندوں کو لڑانا - دو دو چونچیں
کرانا (۲) دو آدمیوں کو باہم لڑوانا - دو دو ہاتھ کرانا +
جھڑ ٹپکنا - ۵ - فعل لازم - پک کر جھڑ جانا - خزاں کو
پہنچنا - بوڑھا ہو کر ناکارہ ہو جانا - بالکل بوڑھا ہو جانا
اپنی عمر کو پہنچ جانا +
جھڑپنا - ۵ - فعل لازم - مرغوں کا باہم لڑنا - پرندوں کا
آپس میں لڑنا + لڑنا - جھگڑنا (عوام) +
جھڑجھڑانا - ۵ - فعل متعدی (۱) جھنجھوڑنا - ہلانا -
پھٹپھٹانا - جنبش دینا (۲) آڑے ہاتھوں لینا - جھڑکنا -
خبر لینا - لتاڑنا ؛
جھڑکنا - ۵ - فعل لازم سرزنش کرنا - نکوہش کرنا - ملامت
کرنا - دھتکارنا - لتاڑنا - دھمکانا - جھاڑنا - گھرکنا -
برا بھلا کہنا - ڈانٹنا ؛
جھڑکی - ۵ - اسم مؤنث - زجر - توبیخ - لعنت ملامت
نکوہش + گھرکی - دھمکی - ڈانٹ ڈپٹ - سخت بات
جھڑکی دینا - ۵ - فعل متعدی - سرزنش کرنا - زجر و
توبیخ کرنا - گھرکی دینا +
جھڑکیاں - ۵ - اسم مؤنث - جھڑکی کی جمع +
جھڑکیاں پڑنا - ۵ - فعل لازم - کسی کا مورد عتاب
ہونا - دھتکار پڑنا - لتاڑ ہونا +
جھڑن - ۵ - اسم مؤنث (۱) جھاڑنے کے بعد جو حاصل ہو
کھرچن - تلچھٹ (۲) نفع - سود - آمد جیسے روپیہ جو ملے
کانوں سے صرف جھڑن سے گزارا ہو رہا ہے +
جھڑنا - ۵ - فعل لازم (۱) گرنا - ٹپکنا (۲) بچنا - بچ رہنا

فائدہ ہونا جیسے ہر ایک سودے میں دو چار روپے
جھڑ رہتے ہیں (۳) کوڑا کرکٹ صاف ہونا - جھاڑ دیا جانا (۴) انزال ہونا - منی نکلنا - آنا (۵) دم ہونا
منتر پڑھکر پھونکا جانا - سفلی یا علوی عمل پڑھکر دم کرنا
جھڑوانا - ۵ - فعل متعدی (۱) گروانا - درخت سے پھل
گروانا (۲) گرد و غبار صاف کرانا - خس و خاشاک نکلوانا
(۳) دم کرانا - پھکوانا + (جرأت)
کوئی عامل جو ہو تو اسکو بلواؤ + فلیتہ دو اسی جھڑواؤ پھکواؤ
(۴) انزال کرانا - منی نکلوانا (۵) بچوانا - بچت کرانا - فائدہ
کروانا - نفع دلوانا +
جھڑوس - ۵ - اسم مذکر - بوڑھا - بوبکس - بے حمیت و
بے غیرت - قرمساق - دیوث +
جھڑی - ۵ - اسم مؤنث - کم کم - لگاتار بارش - وہ بارش
جو بجلی اور کڑک کے بغیر آہستہ آہستہ متواتر برسے +
جھڑی بندھنا - ۵ - فعل لازم - بارش کا تار بندھنا
باران کا علی الاتصال ہونا +
جھڑی لگنا - ۵ - فعل لازم - لگاتار مینہ برسنا -
متواتر بارش ہونا (امداد علی بحر)
جب میں روتا ہوں تو لگتی ہے جھڑی ساون کی
جب دھواں سینے سے اٹھتا ہے گھٹا آتی ہے
جھک - ۵ - صفت (۱) صاف - اجلا - نرمل (۲) زرق
برق + چکول - چمکدار - روشن - تاباں - منور - درخشاں
(۳) + اسم مؤنث) جنون - دیوانگی + ہذیان -
خفقان + اثر جنون - خبط - بڑ - بک بک -
جھک جھک - زٹل - بکواس + (دریا نال)
باقی ہے ابھی اثر جنوں کا
سودا تو گیا ہے جھک رہی ہے

(۴ - اسم مؤنث) زٹل - ہرزہ درائی - واہی تباہی گفتگو - واہیات - بیہودہ گوئی - لغویت (۵ - اسم مؤنث - بقال) جھکرانڈ - کھٹے کے غلہ کی سی بو (۶ - اسم مذکر) غصہ - کرودھ - جھانجھ - جوش جُشہ +

جھک مارنا - ھ - فعل لازم - بحث زدن کا ترجمہ بیہودہ بکنا - ہرزہ سرائی کرنا - لغو باتیں کرنا - پوچ ولاطائل گفتگو کرنا - یاوہ گوئی کرنا +

جھکا جھک - ھ - صفت - خوب روشن - تاباں چمکیلا - درخشاں - دمکتا ہوا - چمکدار - منور + چاندی یا سونے سے جھلک مارنے والا + صاف اُجلا - خوب سفید - مصفا +

جھکانا - ھ - فعل لازم (۱) - اصطلاح چوب بازاں مغالطہ دینا - دھوکا دینا - جھپکی دینا (لکھنؤ)

دونگڑے کرچکے کہیں تیغ دوسری چوٹ
سر کو جھکا کے چل مچکے قاتل کمر کی چوٹ (آتش)

(۲) پھرانا - دکھانا جیسے گھر جھکانا - بلی بچہ کو سات گھر جھکاتی ہے +

جِھکانا - ھ - فعل متعدی - حیران کرنا - ستانا - ہیرا پھیری کرنا - ٹالا بالا دینا + رُلانا +

جُھکانا - ھ - فعل متعدی (۱) خمیدہ کرنا - خم کرنا - دُہرا کرنا - نیچا کرنا - سر جھکانا - سرنگوں کرنا (۲) ہاتھ نیچا کرکے دینا - مطلق دینا - بے تکلفانہ دینا - مؤلف

جھکا ساقیا اک ادھر سبز جام
چھلکتی ہو جس سے مے لالہ فام

(۳) شست باندھنا - نشانہ جانا (بندوق)
(۴) بات ڈالنا - بات کا رُخ ڈالنا - طعنہ دینا جیسے ایک ادھر بھی جھکائی (۵) رشوت دینا - گھوس دینا جیسے دس روپے جھکاؤ تو سرخرو ہو جاؤ +

جُھکاؤ - ھ - اسم مذکر (۱) جھکاوٹ - خمیدگی - خم (۲) رجحان - رُخ - توجہ +

جُھکاوٹ - ھ - اسم مؤنث - خمیدگی +

جُھکائی - ھ - اسم مؤنث - مغالطہ (چوب بازاں) جھپکی (لکھنؤ) +

جھکائی دینا - ھ - فعل متعدی - جھپکی دینا - مغالطہ دینا - غلطی دینا +

جھک جھک - ھ - اسم مؤنث (۱) بکبک - بک بک بکواس - یاوہ گوئی - ہرزہ سرائی (۲) ٹنٹا - تکرار - قضیہ - حجت - بحثا بحثی - راڑ - جھگڑا - ردوبدل

جھک جھوری - ھ - اسم مؤنث (گیتوں میں) دھینگا مشتی - چھین جھپٹ - ہاتھا پائی - توڑا مروڑی - نوچا کھسوٹی +

جُھک کر سلام کرنا - ا - فعل متعدی (۱) نہایت ادب سے گردن جھکا کر سلام کرنا

اُسنے اٹھائیں تیغیاں ہنسنے کیا جھک کر سلام
آج ہماری اسکی یوں صاحب سلامت ہو گئی

(۲) طنزاً سلام کرنا - طعنہ کا سلام کرنا (۳) شرارت میں اُستاد ماننا +

جھکڑ - ا - اسم مذکر (فارسی جکر کا ترجمہ) ہوائے سخت - باد تند - اندھیاؤ + طوفان باد +

جھکڑ چلنا - ا - فعل لازم - اندھیاؤ چلنا - طوفان باد آنا - ہوائے تند آنا +

جُھکنا - ھ - فعل لازم (۱) خمیدہ ہونا - خم ہونا - نیچا ہونا - مڑنا - ٹیڑھا ہونا - بل کھانا - خم کھانا (۲) فروتن ہونا -

مُتواضع ہونا۔ نیونا۔ نیوہرنا (ماہر حسن)

جھکائے آپ سے اُس سہی جھاب جائیے ۔ رُکے آپ سے اُس سے رُک جائیے

(۳) بند ہونا۔ مِچنا۔ جیسے نیند سے آنکھیں جھکی پڑتی ہیں

(۴) مُتوجہ ہونا۔ مصروف ہونا۔ مشغول ہونا۔ جیسے

ہر کام میں جھک پڑنا (۵) دینا۔ مسلوک ہونا۔ سلوک

کرنا۔ خیرات کرنا (۶) صرف ہونا۔ خرچ ہونا۔ لگنا۔

جیسے اِس مکان کے بنانے میں سارا روپیہ جھک

گیا (۷) گرنا۔ پڑنا۔ داخل ہونا۔ جیسے آگ میں جھکنا

جِھکَنْدَان - ہ - اسم مؤنث۔ جھک جھک۔ تکرار

+ عذاب جان +

جھکوُر - ہ - اسم مؤنث (پورب) (۱) جُنبشِ باد۔ ہوا کی لہر +

باور (۲) نقصان۔ ضرر۔ خسارہ۔ ٹوٹا (۳) شامت

آفت۔ وبال +

جھکولا - ہ - اسم مذکر (۱۔ ہندو) لہر۔ ترنگ۔ موج

اُچھال۔ ہلکورا۔ پانی کا رو رستے آنا (۲) غوطہ۔ ڈُبکی

جیسے پہلا جھکولا میرے رام کا جن پہ سرشٹ آیا ہی۔

دُوجا جھکولا میرے باپ کا جن منڈھا چھوایا اِکنگا

اشنان کا گیت) +

جھکولنا - ہ - فعل متعدی (۱۔ ہندو) پانی کھنگالنا۔ پانی کو ہلانا

ہلانا۔ ہلکورنا (۲) غوطہ لگانا۔ ڈبکی دینا (۳) دھونا۔ پانی ڈالنا۔ صاف

جھکولے کھانا - ہ - فعل متعدی (۱) غوطے کھانا

کبھی پانی میں ڈوبنا کبھی اُبھرنا۔ ڈوبنا اُچھلنا +

(مُصحفی) کوئی میں نکلتا ہوں دریای غم سے

جھکولے ابھی اسمیں کھانے بہت ہیں

(۲) زمانے کا گرم و سرد آزمانا۔ نرم و سخت زمانہ دیکھنا

جھکولے لینا - ہ - فعل متعدی۔ غوطے کھانا۔

ڈبکی لگانا (گیت) سہ رام جمنا آئے گنگا پرے اور

بیچ بہے دریا رادھا پیاری بہے لینا جھکولے ٹھنڈی

پڑ گئے +

جھکی - ہ - اسم مذکر (۱) بکی۔ بکواسی۔ بیہودہ گو۔

زٹلی۔ ہرزہ سرا۔ یاوہ گو (۲) تکراری۔ حُجتی۔ ضدی

ہٹیلا۔ جھکیا +

جھگڑا - ہ - اسم مذکر (۱) دنگا۔ فساد۔ ٹنٹا۔ خصومت۔

فتنہ۔ نزاع۔ کھٹ پٹی۔ راڑ۔ پرخاش۔ پکار (۲)

قضیہ۔ حجت۔ بحث (۳) بکھیڑا۔ مخمصہ (۴) خرخشہ

خلجان۔ حرج +

جھگڑا پاک ہونا۔ یا۔ چکنا - ا - فعل لازم (۱)

رفع فساد ہونا۔ نزاع دُور ہونا (۲) فیصلہ ہونا۔ تصفیہ

ہونا۔ انفصال ہونا (۳) مرجانا۔ موت آجانا۔

تعلقات دُنیوی سے چھوٹ جانا +

جھگڑا چکانا - ہ - فعل متعدی (۱) قضیہ فیصل کرنا

فیصلہ کرلینا۔ قضیہ دُور کرنا۔ رفع فساد کرنا ؎

یا تو غیروں ہی کا ہو یا ہو وُہ دلبر اپنا

آج جھگڑا ہی چکا لیتے ہیں چل کر اپنا

(۲) قرضہ بیباق کرنا۔ قرض ادا کرنا (۳) مار ڈالنا۔ دُنیا

کے تعلقات سے چھڑا دینا +

جھگڑا کرنا۔ یا۔ اُٹھانا - ہ - فعل لازم (۱) فساد

کھڑا کرنا۔ لڑنا۔ ٹنٹا کرنا (۲) مزاحمت کرنا۔ معترض

ہونا۔ دعوے دار بنا۔ مقدمہ لڑانا +

جھگڑا کھڑا کرنا - ہ - فعل لازم۔ دیکھو جھگڑا کرنا

جھگڑالو - ہ - اسم مذکر۔ لڑاک۔ فسادی۔ دنگئی۔ پرخاش

جو + شریر۔ مُتفنی + حُجتی۔ تکراری +

جھگڑنا - ہ - فعل لازم (۱) لڑنا۔ فساد کرنا۔ دنگا کرنا۔ ٹنٹا

کرنا۔ قضیہ کرنا (۲) بحثنا۔ حُجت کرنا۔ دلیل کرنا

تکرار کرنا - تقریر کرنا - معترض ہونا - مباحثہ کرنا - (۳) ضد کرنا - ہٹ کرنا - اڑنا - زیادہ مانگنا جیسے آج ہی تو میرے جھگڑنے کا دن ہے +

جھل - ہ - اسم مؤنث (۱) غصہ - خفگی - کرودھ - خشم - طیش - عتاب - تیہا - جھونجل (۲) رشک - حسد - جلن - ڈاہ - بدخواہی (۳) خواہشِ جماع - آگ - حرارت - شہوت +

جھل ہائی - ہ - اسم مؤنث - عو - غصیل - بدمزاج + حاسد - رشک کرنے والی + جماع کی خواہش رکھنے والی - چھنال - پُرشہوت +

جَہل - ع - اسم مؤنث (۱) نادانی - ناواقفیت - جہالت - اناڑی پن - لاعلمی + بیوقوفی (۲) جاہلانہ ہٹ - اُجڈپن (۳) نزاع لفظی - تکرار +

جھلّا - ہ - اسم مذکر (۱) بڑا ٹوکرا - جھلّی کی تذکیر - چھبا - جھابا (۲ - صفت) مغلوب الغضب - غصیل - تندو تیز - بدمزاج - تُندخو - غصہ ور - کرودھی +

جھلابور - ہ - صفت (۱ - پورب) ازرق برق - تاباں - درخشاں - چمکتا - دمکتا - چمکیلا - چماچم - چمکدار - جگمگاتا (۲) طغیان - طوفان - چڑھاؤ +

جھلاجھل - ہ - صفت - چاندی سونے کی چمک دمک - جگ مگ - روشنی - تابندگی +

جُھلانا - ہ - فعل متعدی (۱) جھونٹا دینا - جھولے میں بٹھا کر حرکت دینا - ہلانا - ڈلانا (۲) لیت ولعل کرنا - آجکل کرنا - کسی کام میں ڈھیلی ڈالنا - کام اٹکا کر رکھنا - لٹکائے رکھنا - امروز فردا کرنا - ٹالنا - حیران کرنا - کام پڑا رکھنا - وعدہ خلافی کرنا - جھوٹی امید دلانا - امید میں رکھنا (انشا) جھوٹے ہیں یہ جو جھوٹے ہیں سو کہتے ہیں جھ
اک وعدے پہ تجھے برسوں جھلا سکتے ہیں

جھلاّنا - ہ - فعل لازم (۱) غصہ ہونا - خشمگین ہونا - جلنا (۲) ٹیس مارنا - جلن ہونا - سوزش ہونا - تپکنا (۳) جھنجھنانا - کسی ضرب کا دیر تک صدمہ رہنا - سنسنانا +

جھلجھلاہٹ - ہ - اسم مؤنث - چرپراہٹ - چرمراہٹ - تیزی - سوزش - جلن - وہ کیفیت جو زخم پر نمک چھڑکنے یا تیز مرچ کھانے سے حاصل ہو +

جھلجھلانا - ہ - فعل لازم (۱) چرپرانا - سوزش کرنا - جلنا - چرمرانا (۲) جھنجھنانا - سنسنانا - دیر تک صدمہ رہنا (۳) چمکنا - دمکنا +

جِھلڑ - ہ - اسم مذکر - پرندوں کا پرا - جتھا - گروہ - غول - انبوہ - جھنڈ - ٹولی - کڑی +

جُھلسا - ہ - اسم مذکر - عو (۱) لوکا - لپٹا - آگ - شعلہ
(انشا) جھلسا ہے اسکے منہ کو جو جانے کا نام لے
اس دل لگی آگ میں کوئی کب تک جلا کرے
(۲ - صفت) سوختہ - جلا ہوا - لوکا لگا ہوا (۳) موا - نگوڑا - کم بخت - بدنصیب - مجنوں جلا جیسے (دکھیا جھلسا ان جا - عو) +

جھلسا دینا / **جھلسا لگانا** - ہ - فعل متعدی - عو - لوکا لگانا - جلانا - آگ دینا - آگ لگانا +
(دافت) ہجر ترے آئے جو ابتو قابل ہا دل +
سینے تو جھلسا ہی لگا دینے کے قابل ہا دل

جُھلسنا - ہ - فعل لازم - عو - (۱) جلنا - جھلسنا - آگ لگنا (۲ - متعدی) جلانا - آگ لگانا - پھونکنا (۳) کچھ دیکر راضی کرنا - ٹالنا - رشوت دینا - ناراضی سے دینا - چٹانا (۴) بحالت ناراضی رخصت کرنا - بیاہنا - گھر سے نکالنا جیسے کوئی ہنر سیکھو جو

تمہیں جھلسیں +

جھلک - ع - اسم مونث (۱) روشنی - چمک - چمک دمک نور - تاب - تجلی (۲) آب تاب - رونق - اوپ روپ (۳) جلوہ - پرتو - عکس جھمکی (امداد علی بحر)

وہ چھپ گئے اک جھلک دکھا کر ہم رہ گئے اشک ڈبڈبا کر

جھلکا - ع - اسم مذکر - روشنی - پرتوا - جلوہ - جھلک - عکس +

جھلکنا - ع - فعل لازم - چمکنا - دمکنا - روشن ہونا - جھلملانا - جھمانا - کوندنا - کسی چیز کے اندر سے چمک دکھانا - جلوہ دکھانا - عکس ظاہر ہونا +

جھلکی - ع - اسم مونث (۱) دیکھو (جھلک) + (۲) اندک خودنمائی +

جھلکی دکھانا - یا - جھلک دکھانا - ع - فعل متعدی جلوہ دکھانا - عکس دکھانا - تجلی دکھانا +

جھلم - ع - اسم مونث ایک زرہ کی طرح کی نقاب جو جنگی آدمی لڑائی کے وقت منہ پر ڈال لیتے ہیں

(سودا) بن خود ایک دم نہیں رہتا سر حباب
ڈالے رہے ہے منہ پہ جھلم سن کی آشناک

جھلمل - ع - اسم مونث - جگمگاہٹ - پانی کی چمک چراغوں کا پانی پر عکس پڑنے کی کیفیت - ستاروں کی کم کم چمک + (دوہا)

ندی کنارے میں کھڑی اور پانی جھلمل ہو
میں میلی پیا اُجلے میرا ملنا کس بد ہو

جھلملانا - ع - فعل لازم - جھلکنا - لہرانا - چراغ یا ستارے کا کم کم چمکنا - دھندلانا اور چمکنا +

(صبا) بیٹھے جو وہ شب نقاب اٹھا کر
بجھنے لگی شمع جھلملا کر + +

جھلملی - ع - اسم مونث (۱) چلمن - چک - جھری دار پردہ - (۲) جھری دار کواڑ یا کھڑکی جو اکثر بیچ گاڑی یا کوٹھیوں کے دروازوں میں روشنی آنے کی غرض لگا دیتے ہیں اور انہیں کھلنے اور بند ہونے کی ترکیب بھی ہوتی ہے (۳) کان کے ایک زیور کا نام (ہند) (۴) کم و بیش روشنی - دھیمی دھیمی چمک - ملگجی چاندنی +

(قطعۂ انشا) چودھویں تاریخ اک بر تنک سا تھا عورات
صحن گلشن میں عجائب سیر میں دیکھا کیا
جھلملی سی چادر مہتاب اوپر برق کا
وہ دوپٹہ بادلے کا سا جو لہرا گیا

جھلنا - ع - فعل لازم (۱) پنکھا ہلانا - پنکھا کرنا - ہوا کرنا (۲) جڑنا - پیوستہ ہونا - پیوند لگنا - ٹانکا لگنا - جیسے برتن کا جھلنا - زیور کا جھلنا وغیرہ (۳) متعدی برف یا شورے میں ہلایا جانا - برف میں ٹھنڈا کرنا شورے میں لگانا + (بحر)

شور بختی کی نوازش ہے میخواروں پر
شورے میں شیشے برانڈی کے جھلا کرتے ہیں

(۴) مکھیاں اڑانا - مکھیاں ہلانا - مگس رانی کرنا

جھلنگا - ع - اسم مذکر (۱) ٹوٹی پھوٹی چارپائی - ایسی جھولا چارپائی جس کا بان ٹوٹ ٹوٹ کر لٹک گیا ہو - نیز وہ بان جو بنا کا بُنا چارپائی میں سے نکال لیں (۲ - صفت) لاغر - دبلا - کھکھن جھڑا ہوا - ہڈ جلڑ +

جھلوانا - ع - فعل متعدی (۱) پنکھا کرانا (۲) مکھیاں اڑوانا (۳) ٹانکا لگوانا - ظرف مسی وغیرہ میں جوڑ لگوانا

جھلّی - ع - اسم مونث - غشا - پیٹ کے اندر کا باریک چمڑا یا پوست (۲) آنکھ کا جالا (۳ - صفت) باریک

پتلا - کاغذ سا +
جھلّی سا - ہ - صفت - بہت باریک - کاغذ سا
جھلّی کی مانند +
جھَلّی - ہ - اسم مؤنث - بڑا ٹوکرا - چھیبا +
جھَماجھَم - ہ - اسم مؤنث (۱) مینہ کے برسنے کی آواز
مینہ کے جھمکے کی آواز (۲) گوٹہ کناری کی جیاٹ مکٹ
جھَماکا - ہ - اسم مذکر (پوُرب) ۱- دھڑاکا - دھماکا
(۲) مینہ کا بھاری جھلّا (۳) چمک +
جھَم جھَم - ہ - اسم مذکر (۱) مینہ کے برسنے کی آواز جھم جھم
رم جھم (۲ - صفت) چمکوَل - چمکیلا +
جھم جھم کا - ہ - صفت - (اطفال) چمک دمک کا
گوٹا کناری کا - چمکتا ہوا - دمکتا ہوا - تاباں -
درخشان - جگمگاتا +
جھم جھم ہونا - ہ - فعل لازم - جگمگ جگمگ ہونا
چمکنا جیسے دسادا جوڑا کس کام کا مصالحہ بھی لوٹے کے جو
ذرا جھم جھم ہو) +
جھم جھماتا - ہ - صفت - چمکتا - جگمگ جگمگ کرتا
گوٹا کناری کا - جھلکتا +
جھم جھمانا - ہ - فعل لازم - چمکنا - روشن ہونا جگمگانا
جھلکنا - جھلک مارنا +
جھَمَک - ہ - اسم مؤنث - جھلک - چمک +
جھَمکا - ہ - صفت - بھیڑ - انبوہ - جمگھٹا - ٹھٹ

اب جہاں دیکھو واں جھمکا ہے
(سودا) جو رہے ٹھگ ہے اور اُچکا ہے

جھمکانا - ہ - فعل متعدی - چمکانا - جھلکانا +
جھُمکا - ہ - اسم مذکر (۱) گچھا - جھنڈ - خوشہ + پروین
عقد ثریا - وہ سات ستارے جو آسمان پر اکٹھے
نظر آتے ہیں (۲) کانوں کے ایک زیور کا نام
جھمکڑا - ہ - اسم مذکر (۱) کروفر - تجمّل - شان و شوکت

جلوہ سے ساتھ ہیں شوخی و انداز و ادا جلوہ و ناز
کس جھمکڑے سے شب وصل وہ محبوب آیا

(۲ - صفت) چمک دمک - رونق - آب و تاب -
خوبصورتی - جلوہ - تجلّی - دیدار معشوق +
جھمکنا - ہ - فعل لازم - چمکنا - جھلکنا +
جھموکڑا - ہ - اسم مذکر - بہت سے بالوں والا حیوان
+ ریچھ - خرس + وہ بچہ جسکے کپڑے ڈھیلے ڈھیلے
ہوں + ایک قسم کا بھورا ریچھ +
جھمیل - ہ - اسم مؤنث - (۱) دیر - اٹکاؤ - بکھیڑا -
جھگڑا - تامّل (۲) آشنائی - دوستی - السیٹ +
جھمیلا - ہ - اسم مذکر - جھگڑا - بکھیڑا - ناحق کا فساد
+ ناپسند اور نامرغوب اسباب +
جھمیلیا - ہ - اسم مذکر - بکھیڑیا - جھگڑالو - نادہند +
جھَن - ہ - اسم مؤنث - تھالی وغیرہ کے بجنے کی
آواز - جھنکار - جھنک - تلوار کے گرنے کی آواز
جھُنجلانا - ہ - فعل لازم - خفا ہونا - پیچ و تاب کھانا
ناخوش ہونا - ناراض ہونا + چڑچڑانا - غضبناک ہونا
جھنجوٹی - ہ - اسم مؤنث - ایک مشہور راگنی کا نام
جسکا رواج پہاڑی قوموں میں زیادہ ہے +
جھنجھوڑنا - ہ - فعل متعدی (۱) کسیکے ہاتھ پاؤں
پکڑ کر جگانے کے واسطے خوب ہلانا - جگانا - بیدار
کرنا (۲) ہوشیار کرنا - خبردار کرنا - ٹھوکنا - متنبہ کرنا
(۳) دانتوں سے پکڑ کر جھٹکے دینا جیسے شکاری کتے
وغیرہ کسی شکار کو پکڑ کر ہلا دیتے ہیں +
جھنجھٹ - ہ - اسم مؤنث (۱) جھگڑا فساد - دنگا

ردوبدل - راڑ - ٹنٹا (۲) قضیہ - حجت - بحث
حج (۳) حیرانی - دقت - بکھیڑا - الجھن - الجھیڑا

جھنجھٹ لانا - ۵ - فعل لازم - فیل لانا
ٹنٹا کرنا - جھگڑا کرنا - حج کرنا - قضیہ کرنا - فساد کرنا -
بحثنا - تکرار کرنا - حجت کرنا +

جھنجھٹیا - ۵ - صفت - لڑاکا - جھگڑالو - فسادی
زودرنج - تنک مزاج +

جھنجھری - ۵ - اسم مونث - سوراخدار توا یا آہنی جالی
جو اکثر کوئلوں کے چولہے میں راکھ چھن چھنکر گرنے
کے واسطے لگا دیتے ہیں +

جھنجھن - ۵ - اسم مونث (۱) دھاتی ظروف کے
کھڑکنے کی آواز (۲) - اسم مذکر - بازاری) گوبر گنیش
بیوقوف - آواز (بھی جیسے تم بھی نرے جھنجھن ہی ہو)

جھنجھنا - ۵ - اسم مذکر (۱) بچوں کے ایک کھلونے
کا نام جو اکثر مدوّر مجوّف ہوتا ہے اور اسکے اندر
کنکر وغیرہ بجنے کے واسطے پڑے ہوتے ہیں
(۲ - بازاری) عضو تناسل +

جھنجھنانا - ۵ - فعل لازم (۱) ٹنٹنانا - ٹھنٹھنانا - جھنکارنا
بجنا (۲) سنسنانا +

جھنجھناہٹ - ۵ - اسم مونث (۱) جھنکار - (۲)
سنسناہٹ +

جھنجھنی - ۵ - اسم مونث - بیڑی - جولان +

جھنجھنیان پہنانا - ۵ - فعل متعدی - بیڑیاں
ڈالنا - پابجولاں کرنا - قید کرنا - قید میں ڈالنا -
جیل خانے پہنچانا +

جھنجھنیان پہننا - ۵ - فعل لازم - بیڑیاں
پہننا - قید بھگتنا - جیلخانے جانا +

جھنکی - ۵ - اسم مونث (۱) ٹوٹی کوڑی - پھوٹی
کوڑی - وہ کوڑی جسمیں آر پار چھید ہو (۲) وہ عورت جسکی
ناک بیٹھی ہوئی یا پچکی ہو (۳ - صفت) سوراخدار چھید دار

جھنڈ - ۵ - اسم مذکر (۱) غول - گروہ - جانور کا
پرا - گلہ - جمگھٹا - بھیڑ - انبوہ - جیسے پریوں کا
جھنڈ (۲) تراکم اشجار - درختوں کی کنج - بہت
سے درخت جو ایک جگہ اگے ہوے ہوں (۳)
گھانس کا پولا - گھانس کا مٹھا - بنڈل (۴) بڑے
بڑے اور بکھڑے ہوے بال - گھنکے بال +

جھنڈ کے جھنڈ - ۵ - اسم مذکر - غول کے غول
پرے کے پرے - بہت سے گروہ - بہت سے غول

جھنڈا - ۵ - اسم مذکر - نشان - علم - بیرق - باوٹا
پھریرا - نیزہ - دھجا +

جھنڈا کھڑا کرنا - ۵ - فعل متعدی - لوگوں کے جمع
کرنے یا فوج اکٹھا کرنیکے واسطے نشان گاڑنا - فریاد یا
استغاثہ کے واسطے علم نصب کرنا - نشان فتح نصب کرنا

جھنڈا گاڑنا - ۵ - فعل متعدی (۱) دیکھو جھنڈا کھڑا کرنا
(۲) اپنا عمل دخل کرلینا - اپنی حکومت میں لے آنا
کسی جگہ کو فتح کرلینا (ناسخ)

دلکو اس محبوب کے اے دل مسخر کیجیے
عرش پر نالے کا جھنڈا آج گاڑا چاہیے

جھنڈا گڑنا - ۵ - فعل لازم - عمل دخل ہونا - سکہ
بیٹھنا - حکومت ہونا (امداد علی بحر)

ہمارے داغ کا سکہ ہے ہفت کشور میں
گڑا ہے عرش پہ جھنڈا ہمارے نالوں کا

جھنڈولا - ۵ - اسم مذکر - نوزائیدہ بچہ جسکے سر پر پیٹ
کے بال ہوں - بالک (گیتوں میں آتا ہے) +

جھنڈے -ہ- اسم مذکر- جھنڈا کی جمع +

جھنڈے پر چڑھانا -ہ- فعل متعدی (۱) رسوائے عام کرنا- عیب لگانا- بدنام کرنا- لم لگانا- نام اچھالنا (۲) مشہور کرنا- شہرت دینا +

جھنڈے پر چڑھنا -ہ- فعل لازم- رسوائے عالم ہونا- مشتہر ہونا- مشہور ہونا- بانس پر چڑھنا- بدنام ہونا

جھنڈے تلے کی دوستی -ف- اسم مؤنث چندروزہ دوستی- اتفاقی دوستی- لشکر کی دوستی راستہ کی جان پہچان- قہوہ خانہ کی دوستی- حمام کی ملاقات +

جھنڈی -ہ- اسم مؤنث- جھنڈے کی تانیث کپڑا لگی ہوئی چھڑی- چھوٹا سا نشان- نشان کوتل

جھُنڈی -ہ- اسم مؤنث (۱) وہ کھونٹی جو پودوں کے کاٹ لینے کے بعد کھیتوں میں کھڑی رہ جاتی ہے (۲) گنّے کی جڑ- مکئی یا جوار وغیرہ کے درخت کی جڑ- (۳) کُنڈے میں پڑا ہوا قلابہ- وہ کُنڈے جنمیں تالے پڑے ہوئے ہوں- چلمن وپردہ باندھنے کا قلابہ +

جھنک -ہ- اسم مؤنث- گھنگرو وغیرہ کی آواز- چھن چھن- جھناکا- جھنکار +

جھنکار -ہ- اسم مؤنث- ظروف چینی وشیشہ وغیرہ کے ٹوٹنے کی آواز- کانسی کے برتن کی آواز- جھنک- تلوار- جھانج یا زنجیر کی آواز

(ناسخ) قیس کوئی مانتا ہے رُعب آوازِ جرس
سننے والا ہے مرے زنجیر کی جھنکار کا

جھنکارنا -ہ- فعل لازم (۱) کوکنا- مور یا جھینگر کا بولنا جیسے ندیا کنارے مُرلا جھنکارے رگیت کا ٹکڑا

(۲) میٹھے میٹھے سُروں میں گانا- خوش الحانی سے گانا +

جھنکار -ہ- اسم مؤنث (۱) چیخ- کوک (۲) نوبت کی آواز- نوبت کی ٹکور +

جہنم -ع- اسم مذکر (۱) گہرا کنواں- چاہ عمیق+ تحت الثریٰ (۲) دوزخ- نرک- وہ مقام جہاں گناہگار ہمیشہ آگ میں جلتے رہینگے- جحیم- سقر

(رند) مرورِ حشر کے دن عاصیونکی ہوگی تلاش
نہوں سگے ہم تو جہنم جلائیگا پھر کیا

جہنم میں پڑے یا جائے -ف- ع- دعائے بد نہایت تنفر اور بیزاری کے موقع پر بولتے ہیں- چولہے میں جائے- دفان ہو +

جائے بے جی نجات کے غم میں
(میرتقی) ایسی جنت گئی جہنم میں +

جہنمی -ہ- صفت- دوزخی- دوزخ کے کام کرنے والا- ناری +

جھُوت -ہ- اسم مؤنث- دو دیواروں کے بیچ کی تنگ گلی +

جھُوٹ -ہ- اسم مذکر (۱) واقع کے خلاف- سچ کا نقیض- دروغ- ناراستی- کذب- غلط- (۲) چھل- دھوکا- بہانہ- مکر- فریب (۳) کھوٹ- غش- غل +

جھوٹ بنانا -ہ- فعل متعدی- اتہام رکھنا- تہمت لینا- دروغ تراشیدن کا ترجمہ- خلاف بات گھڑنا +

جھوٹ بولنا -ہ- فعل لازم- دروغگوئی کرنا- خلاف بیانی کرنا- غلط کہنا- خلافِ واقع بیان کرنا

جھوٹ پکڑنا - ہ - فعل لازم - دروغ کا پتا لگانا
کذب دریافت کرنا + جھوٹ کی گرفت کرنا +
جھوٹ جاننا - ہ - فعل لازم خلاف جاننا - اعتبار نہ کرنا یا
اعتقاد نہ لانا - باور نہ کرنا +
جھوٹ سچ - ہ - اسم مذکر - راست و دروغ - دروغ
آمیز سچ - دروغ +
جھوٹ سچ لگانا - ہ - فعل متعدی - غیبت کرنا -
برائی کرنا - بدگوئی کرنا - بدی کرنا - خلاف کہنا -
جھوٹی سچی باتیں بنانا +
جھوٹ کا پتلا - ہ - اسم مذکر - دروغ مجسم - بڑا
جھوٹا - بہت جھوٹ بولنے والا - جھوٹ کی پوٹ
جھوٹ کا بنا ہوا +
جھوٹ کے پاؤں نہیں ہوتے - ہ - کہاوت
جھوٹ کو قیام نہیں ہوتا - جھوٹ نہیں چلتا +
جھوٹ کی پوٹ - ہ - اسم مؤنث - دیکھو -
(جھوٹ کا پتلا) +
جھوٹ کے پل باندھنا - ہ - فعل متعدی -
نہایت جھوٹ بولنا - جھوٹ کے ڈھیر لگا دینا -
جھوٹ پر جھوٹ بولنا +
جھوٹ کے دفتر - ا - اسم مذکر - افسانے - داستانیں
جھوٹی کہانیاں +
جھوٹ لگانا - ہ - فعل متعدی - بہتان لینا -
غلط بیانی کرنا - تہمت دھرنا - بدگوئی کرنا +
جھوٹ موٹ - ہ - تابع فعل - دروغ - غلط
یونہی - مذاق سے - ظرافتاً - ہنسی سے (موٹ
تابع مہمل ہے) +
جھوٹ - ہ - اسم مؤنث (اسکا مادہ سنسکرت میں

جُھشٹ تھا) پس خوردہ - اُلش - جھوٹن - بچا ہوا کھانا
جھوٹ کوٹ - ہ - تابع فعل - پس خوردہ وغیرہ
بچا بچایا (اسمیں کوٹ تابع مہمل ہے) +
جھوٹا - ہ - اسم مذکر - (۱) جنبش - جھوکا - دھکا جیسے
جھولے کا جھوٹا (۲) عورتوں کے سر کے لمبے بال
لٹیں (۳) بھینس کا بچہ - کٹھڑا (۴) نیند کا ہچکولا
نیند کا دھکا - غنودگی کے باعث گر گر پڑنا یا
جھک جھک پڑنا (جھوٹا زیادہ بولتے ہیں) +
جھوٹا - ہ - صفت (۱) دروغگو - کاذب (۲) سچائی کے
خلاف - لپاڑی - لباڑ (۳) بے ایمان - بددیانت
ادھرمی (۴) دغاباز - چھلیا - فریبی - مکار - دھوکا
متفنی (۵) کھرا کے خلاف - کھوٹا - ناقص (۶)
اصل کے خلاف - نقلی - مصنوعی - ساختہ - جیسے
جھوٹا موتی جھوٹا نگینہ (۷) نکما - بیکار جیسے ہاتھ
یا پاؤں کا جھوٹا ہو جانا وغیرہ (۸) اچھوتا کا نقیض
مستعمل - برتا ہوا (۹) پس خوردہ - اُلش - بچا ہوا
کھانا + فضلہ +
جھوٹا باٹ - یا - پیمانہ - ہ - اسم مذکر - کم وزن باٹ
کمتی پیمانہ +
جھوٹا بنانا - ہ - فعل متعدی - دروغگو ٹھیرانا
مکرانا - جھٹلانا - تکذیب کرنا +
جھوٹا پڑنا - ہ - فعل لازم (۱) دروغگو ٹھیرنا -
وعدہ خلاف ہونا (۲) نکما ہونا - بیکار ہونا - کام
سے جاتا رہنا جیسے ہاتھ پاؤں کا جھوٹا پڑ جانا +
جھوٹا جوڑا - ہ - اسم مذکر - کھوٹا جوڑا - جوڑ پیلا
کا وہ جوڑا جسمیں کھوٹا کام بنے +
جھوٹا کاغذ - ہ - اسم مذکر - جعلی دستاویز -

بنا یا ہوا تمسک +

جھوٹا کام - ا - اسم مذکر - زر دوزی وغیرہ کا کام جو کھوٹے مصالحہ سے بنایا جائے +

جھوٹا لپاٹی - ہ - اسم مذکر - لباڑ یا - گپّی - نہایت کاذب - بڑا بھاری دروغگو + دغاباز - مکّار - پُرفریب + وعدہ خلاف (جُرأت) +

کِسکا ہے کوئی عاشق جھوٹے میں لپاٹی ہیں
کہتے ہو یہ تم صاحب بندے کے سُنانے کو

جھوٹا موتی - ہ - اسم مذکر - مصنوعی موتی

(امداد علی بحر) اشک بے تاثیر سے کہہ دو نہ ٹپکے آنکھ سے
جھوٹے موتی کی طرح بے آب ہو جائیگا

جھوٹا نگ یا نگینہ - ہ - اسم مذکر - کانچ کا نگ - نگینۂ آبگینہ + نگین زجاجی +

جھوٹا ہونا - ہ - فعل لازم (۱) دروغگو ٹھیرنا - کاذب قرار پانا - وعدہ خلاف ہونا (۲) نکمّا ہونا - بیکار ہونا کام سے جاتا رہنا + (بحر)

بعد مدت مقرر وعدہ خلافی وہ ہوا
کھل گیا قفل دہن یار کا جھوٹا ہو کر

جھوٹن - ہ - اسم مؤنث - پس خوردہ - جھوٹ کوٹ

جھوٹوں کا بادشاہ - ا - اسم مذکر - بہت بڑا جھوٹا - جھوٹوں کا سردار +

جھوٹوں منہ نہ چھُوانا + فعل متعدی - نام کو نہ پوچھنا - ذرا پرسان حال نہ ہونا - لاباعی معروف (

رُو ٹھا جو رقیب اُسسے منانے آئے
او آئے بھی یوں کہ کوئی جانے آئے

اور ہم جو رُسکے تو ہم سے بگڑے
جھوٹوں بھی کبھی نہ منہ چھُوانے آئے

جھوٹوں نہ پوچھنا - ہ - فعل لازم - بھول کر نہ پوچھنا ذرا خاطر میں نہ لانا - بات نہ پوچھنا - نام کو نہ پوچھنا -

جھوٹی خبر - ا - اسم مؤنث - خبر غلط - افواہ لادرغ

جھوٹی قسم - ا - اسم مؤنث - سوگند دروغ - حلف دروغی (بحر) کیا دوگے بوسہ مصحف رخسار کا مجھے
جھوٹی قسم نہ کھاؤ کلام مجید +

جھوٹی گواہی - ا - شہادت دروغ - حلف دروغی

جھوٹے موٹ - ہ - اسم مذکر - دیکھو (جھوٹ موٹ)

سچ کو بھی میری سمجھتا ہے وہ کیا جھوٹے موٹ
(ظفر) جانا سچ مجھ اگر اوروں نے کہا جھوٹے موٹ

جھوٹی مہندی - ہ - اسم مؤنث - ملی ہوئی مہندی وہ مہندی کہ جسے اسکے طریق سے باندھا نہ ہو

سیکڑوں خون اس دست حنائی نے کیے
دیتی ہے سچی گواہی جھوٹی مہندی آپکی

جھوٹی نالش - ا - اسم مؤنث - خواہ مخواہ کی نالش بے سبب نالش - جھوٹا دعویٰ +

جھوٹے نوچنا یا کھسوٹنا - ہ - فعل متعدی + عورت کے سر کے بال نوچنا - بال کھسوٹنا +

جھوٹے وعدے - ا - اسم مذکر - ایسے وعدے جو کبھی وفا نہوں - وعدہ ہائے دروغ +

جھوٹے ہاتھ سے کتا نہ مارنا - ہ - فعل لازم نہایت بخیل اور کنجوس ہونا - ممسک ہونا لئیم الطبع ہونا

جھوجھا - ہ - اسم مذکر (۱) مسلمانوں کے ایک ادنیٰ فرقہ کا نام (۲) (پورب) معدہ - اوجھ +

جھوجرا - ہ - صفت - شکستہ - ٹوٹا - پھوٹا - سبال پڑا ہوا - متخلخل +

جھوجرو - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کا جنگلی پودا جسکو

اونٹ اکثر خوشی سے کھاتے ہیں +

جھُونجھری آواز - ا- اِسم مؤنث - ٹوٹے ہوئے برتن کی سی آواز - ظرف گلی یا چینی کے ٹوٹے ہوئے برتن کی آواز +

جھونڈ - ہ- اِسم مذکر - (ہندو) جھاڑی - جھانکڑ - جھُنڈ جیسے جھوڑ جھوڑ مجھے ڈوبن دے +

جھونڈ - ہ- اِسم مؤنث (۱) لڑائی - جھگڑا - تکرار - راڑ - حُجّت - قضیہ - بحث - ردّ و بدل +

جھُونک - ہ- اِسم مؤنث (۱) خمیدگی - کجی - خم (۲) دھکا - ہچکولا - ریلا - لچک (۳) پینک - غفلت جیسے نشہ کی جھونک (۴) گرانی ایک پلّہ ترازو - ترازو کے ایک پلڑے کا جھکنا (۵) تول - وزن +

جھونک سنبھالنا - ہ- فعل لازم - جُنبش کو تھامنا ہچکولے کو سہارنا - کسی لمبی چھڑی یا بانس کے لچک کو روکنا +

جھونک مارنا - ہ- فعل لازم - کم تولنے کے واسطے ترازو کی ڈنڈی کو انگلیوں کی حرکت سے جھکا دینا ڈنڈی مارنا - کم تولنا +

جھُونکا - ہ- اِسم مذکر (۱) ہوا کا ریلا - ہوا کا دھکا - ٹکر - (ناسخ) دم بلبل غریب کا تن سے نکل گیا جھونکا نسیم کا جو نہیں سن سے نکل گیا (۲) نیند کا ہچکولا - غنودگی کے باعث سر کا جھک جھک جانا - جھونٹا +

جھُونکنا - ہ- فعل متعدی (۱) ڈالنا - پھینکنا - کوڑا کرکٹ یا بھس وغیرہ کا بھاڑ یا تنور میں ڈالنا - تنور گرم کرنا - بھاڑ گرم کرنا (۲) برباد کرنا - اُڑانا - صرف کرنا جیسے کسی کام میں سارا روپیہ جھونک دینا - (۳) بے پروائی سے پلّے باندھنا - بُری جگہ شادی کر دینا جیسے انہوں نے بیٹی کو بُری جگہ جھونکا (۴) ہلاکت میں ڈالنا - خطرہ میں ڈالنا - جیسے جان جھونکنا (۵) تولنا - وزن کرنا جیسے تولنا جھونکنا (اکیلا نہیں بولا جاتا)

جھُول - ہ- اِسم مذکر (۱) ڈھیلا پن - چین - چُرس جھُرّی - شکن - سلوٹ - سیئے ہوئے کپڑے کی ناہمواری (۲) رفتار فیل کی ناہمواری - ہاتھی کا سیدھا نہ چلنا (۳) مُلمّع - گلٹ + خول (۴) ایک دفعہ جنا - ایک دفعہ کئی بچّے نکال دینا مثلاً مرغی کا جھول - کُتیا کا جھول وغیرہ جیسے پہلے جھول کا بچّہ دوسرے جھول کا بچّہ وغیرہ (۵) (ہندو) شوربا - یخنی - آب گوشت - مرق +

جھول بٹھانا - ہ- فعل متعدی - مُرغی کے نیچے انڈے رکھنا - انڈے بٹھانا +

جھول جھال - ہ- اِسم مذکر (۱) جھگڑا ٹنٹا - ردّ و بدل بحث و تکرار (۲) دیر دار - ڈھیل ڈھال - التوا توقف - وقفہ +

جھول نکالنا - ہ- فعل متعدی (۱) بچّے نکالنا - بچّے دینا (مُرغی کے واسطے زیادہ بولتے ہیں) (۲) بچّے دلوانا +

جھول نکلنا - ہ- فعل لازم - بچّے نکلنا - بچّے پیدا ہونا +

جھُولی - ہ- اِسم مؤنث (۱) ہاتھی کے اوپر ڈالنے کا کپڑا - جُل - پوشش حیوانات - بیلوں یا گھوڑوں وغیرہ کے اوپر ڈالنے کا کپڑا (۲) بدنما پوشاک +

جھُولا - ہ- اِسم مذکر - ہنڈولا - وہ رسی جس پر بیٹھ کر

جھولیں - درخت یا کھم میں پڑی ہوئی رسی جسمیں
بیٹھکر جھونٹے لیتے ہیں +

جھولا جھولنا - ف - فعل لازم - جھونٹے لینا -
جھولے پر بیٹھکر جنبش کرنا +

جھولا ڈالنا - ف - فعل متعدی - جھولنے کے واسطے
درخت وغیرہ میں رسی باندھنا +

جھولا - ف - اسم مذکر (۱) ڈھیلا - تھیلا سا (۲) سینٹنگ
رعشہ - فالج - آدھے بدن کا ڈھیلا پڑجانا +
کمپ بای - ادھرنگ (۳) ہاتھ کا اشارہ (۴)
گرم ہوا یا لُو کے اثر سے جو پھلوں یا درختوں میں
پژمردگی آجاتی ہے جیسے آموں کو جھولا مار گیا
(۵) خلاف بانات خواہ چرم جسمیں بندوق رکھتے
ہیں ریزہ تھیلی جو پالکی کے پیچھے اسباب وغیرہ
کے لیے باندھتے ہیں +

جھولا مار جانا - ف - فعل لازم (۱) فالج ہوجانا -
ادھرنگ ہوجانا - جسم کا ڈھیلا پڑجانا (امل ادعلی بخش)

پھنس کے ہم دام محبت میں نہ چھوٹے لاعلاج
زلف کے جھولے نے مارا دل شکن میں رہ گیا

(۲) عو - سست ہوجانا - بیکار ہوجانا جیسے اسے
تو جھولا مار گیا +

جھولنا - ف - فعل لازم (۱) جھونٹے لینا - پینگ چڑھانا
پینگ لینا - (۲) لٹکنا - آویزاں ہونا (۳) امیدوار
رہنا - پڑا رہنا (ناسخ)

امید وصل میں ہم جھولتے ہیں برسوں سے
یہاں رقیبوں نمیں تیاریاں ہیں جھولوں کی

(۴) ایک ہی کام میں پڑا رہنا - سستی کرنا - ڈھیل
کرنا جیسے برسوں ہوگئے ابھی تک ایک ہی کتاب
میں جھول رہا ہے (۵) - اسم مذکر) ایک قسم کا
ہندی گیت +

جھولنا - ف - اسم مذکر (۱) خرجی زنبیل - تھیلا -
دامن کا جھولا - تھیلی - فقیروں کی وہ تھیلی جسمیں
روٹی اور آٹا مانگ کر رکھتے ہیں (۲) کوک کا گوشت
گوشت پہلو +

جھولی جھوڑنا - ف - فعل لازم - بدن کا ڈھیلا پڑکر
دونوں پہلوؤں کا گوشت لٹک پڑنا - بڑھاپے
کی علامت کا ظاہر ہونا +

جھولی ڈالنا - ف - فعل لازم - فقیری کا سامان
کرنا - بھیک مانگنے کو کھڑا ہونا +

جھوم جھوم کر - ف - تابع فعل (۱) لہرا لہرا کر - ہل ہل کر
جھول جھول کر - ہچکولے لے لیکر (۲) گھمٹ کر -
خوب زور سے - گھر گھر کر جیسے جھوم جھوم کر مینہ
برسنا (۳) غلبہ کے ساتھ - نہایت نشودگی سے
جیسے پیا جھوم جھوم نند یا آئی (ہندی گیت کا ٹکڑا)

جھومر - ف - اسم مذکر (۱) ایک زیور کا نام جو ماتھے
پر زینت کے واسطے لٹکایا جاتا ہے (احسان)

موے سر کو نہ سواد شب یلدا پہنچے
اور نہ جھومر کو ترے عقد ثریا پہنچے

(۲) ایک قسم کا ناچ جسمیں عورتیں ایک دوسرے کا
ہاتھ پکڑ اور حلقہ باندھکر ناچتی ہیں (۳) ایک قسم
کا عورتوں کے گانے کا گیت (۴) گروہ -
جھنڈ - مجمع - جھرمٹ (بحر)

رس بھری آنکھ ہے محبوب کی یا شان عسل
گرد زنبور کا مجمع ہے کہ جھومر ملکیں

جھومکا - ف - اسم مذکر - دیکھو جھمکا +

جھومنا - ہ - فعل لازم (۱) لٹکنا - آویزاں ہونا - جھکنا (۲) عالم مستی یا غلبۂ نوم میں جھونٹے لینا - اونگھنا - غنودگی میں ہونا (۳) لڑکھڑانا - ڈگمگانا (۴) سر ہلانا - سر اور تمام جسم کو جنبش دینا (۵) ہاتھی کی سی چال چلنا (۶) اکٹھا ہونا - جمع ہونا جیسے بادلوں کا جھومنا +

جھونا - ہ - اسم مذکر (۱) ایک قسم کی باریک دھوتر تار تار ننگا کپڑا - چھدرا چھدرا بنا ہوا کپڑا (۲) تابع مہمل جو سونے کے ساتھ آتا ہے جیسے خدا سونا جھونا پہننا نصیب کرے (۳) اول قسم کی چھالیہ - عمدہ سپاری (پوربی)

جھونا - ہ - فعل لازم - عو - بیان کرنا - دکھڑا رونا جیسے قصہ جھونا (۲) شروع کرنا - آغاز کرنا - پیسنا شروع کرنا جیسے چکی جھونا (۳) لگانا - جڑنا - مارنا - سہی کرنا جیسے ایک ہی لٹھ جھویا (گنواں) +

جھونپڑا - ہ - اسم مذکر (۱) چھپر کا گھر - پھونس کا گھر کٹی + چھوٹا سا مکان جیسے رہے جھونپڑے میں خواب دیکھے محلوں کا (۲) سر کے بال - بڑے بڑے بال جیسے جھونپڑا بڑھا رکھا ہے (ہندو عو) +

جھونپڑی - ہ - اسم مونث - چھپریا - وہ چھوٹا سا چھپر جو جنگل یا سڑک کی چوکیوں پر سپاہیوں کے واسطے ڈال دیتے ہیں +

جھونٹا - ہ - اسم مذکر (۱) پینگ - جھولے کی جست - جھولے کی جنبش (۲) عورت کے سر کے بال (۳) بھینس کا بچہ - کٹھڑا +

جھونٹا دینا - ہ - فعل متعدی - جھلانا - جھولے کو جنبش دینا - دھکا دینا - ہلانا +

جھونٹا لینا - ہ - فعل لازم - پینگ لینا - پینگ چڑھانا

جھونٹے پکڑنا - ہ - فعل متعدی - حقارت کے ساتھ سر کے بال پکڑنا - بال نوچنا +

جھونٹے کھسوٹنا - ہ - فعل لازم - سر کے بال نوچنا -

جھونج - ہ - اسم مونث (پوربی) گھونسلا - آشیانۂ مرغان (۲) ہندو - کھجلی - چل - خارش - کھاج (۳) - خواہش مزا - چسکا - چاٹ + بیا کا گھونسلا +

جھونج مارنا - ہ - فعل لازم - کھجلی ہونا - خارش ہونا - چل ہونا

جھونجل - ہ - اسم مونث - عو - غصہ - خشم - غضب - کرودھ - تیہا - خفگی +

جھونجل اتارنا - ہ - فعل متعدی عو - غصہ اتارنا بغض نکالنا - جلکر بدلا لینا - عداوت نکالنا +

جھونجل آنا - ہ - فعل لازم - عو - غصہ آنا - طبیعت جلنا - ناراض ہونا +

جھونک - ہ - اسم مونث (۱) جھکاؤ - خم - ترازو کے ایک پلڑے کا نیچا ہونا (۲) اونگھ - غنودگی - جھونٹا (۳) بوجھ - گرانی - بھار - بار (مجلس)

بڑھی جاتی ہے نزاکت یار کی بالوں کے ساتھ
جھونک زلفوں کا بھی اب بارِ کمر ہونے لگا

(اہل لکھنؤ مذکر بولتے ہیں) +

جھونکا - ہ - اسم مذکر - دیکھو (جھوکا) +

جھونکنا - ہ - فعل لازم - دیکھو (جھوکنا) +

جھونکنا - ہ - فعل لازم - بیل کا سینگ مارنا - بیل کا سینگ مارنے کے واسطے دوڑنا +

جھونکے آنا - ہ - فعل لازم - غلبۂ نیند کے باعث بار بار سر کا جھکنا - نیند میں جھونٹے لینا +

جھینپنا - ہ - فعل لازم - آنکھ چرانا - کنیانا - شرمانا - لجانا - لجیانا - لجیا مان ہونا +

جھیرا - ہ - اسم مذکر - چشمہ - سوتا - منبع - دہانہ -

کنواں - باؤلی (۲) گڑھا - غار - سوکھا کنواں جسمیں اکثر کبوتر رہتے ہیں +

جھیاں جھیر - ھ - صفت - پارہ پارہ - دھجی دھجی ٹکڑے ٹکڑے پرزے پرزے +

جھیر جھیر کر ڈالنا - ھ - فعل متعدی - عو - دھجی دھجی کر ڈالنا - لیر لیر کر ڈالنا - پرزے پرزے کر ڈالنا + پارچہ پارچہ کر دینا +

جہیز - ع - اسم مذکر - اسباب سامان - وہ سامان جو بیٹی کی شادی میں اسکے ہمراہ کر دیتے ہیں +

جہیز میں آنا - ھ - فعل لازم - عو - ماں باپ کے گھر سے آنا - وہ چیز جسپر اپنا دعویٰ ہو - جیسے یہ چیز تمہارے جہیز میں تو نہیں آئی جو دعویٰ کرتی ہو

جھیل - ھ - اسم مؤنث (۱) تال - تالاب - ڈبر - غدیر - ڈابر - آبگیر - پانی کا وہ قطعہ جو چاروں طرف خشکی سے محیط ہو (۲) دلدل - کیچڑ - جھلا (۳) نیچی زمین (۴) گیت کا وہ حصہ جو مدھم یا نرم آواز سے کہا جاوے +

جھیلنا - ھ - فعل متعدی (۱) برداشت کرنا - سہارنا سنبھالنا - اٹھانا جیسے بیماری یا مصیبت جھیلنا (۲ - لکھنؤ) پایاب ہو کر جانا - پانی کھوند کر جانا -

نصف شب کو یار بلوائے اگر برسات میں
جھیل کر ہم جائیں پانی تا کمر برسات میں (مرزا والا جاہ)

(۳) لیجانا لے چلنا - پہنچانا +

جھیلنی - ھ - اسم مؤنث - ایک قسم کا لڑی دار زیور جو کانوں کے زیور کا بوجھ سہارنے کے واسطے سر کے بالوں میں اٹکا لیتے ہیں اسکی شکل مثلثی ہوتی ہے +

جھیلی دینا - ھ - فعل متعدی - بچہ ہوتے وقت ایک خاص ترکیب سے زچہ کو جنبش دینا (ناز نین)

خوب جھیلی دی ترے صدقہ گئی
اب کے آسانی سے بچہ ہو گیا

جھینکنا - ھ - فعل لازم - عو - (۱) رونا - گریہ کرنا - زاری کرنا جیسے کیوں جھینکتی ہے - کیا رونا جھینکنا لگا رکھا ہے (۲) دکھڑا بیان کرنا مصیبت دہرانا بپتا کہنا (۳) افسوس کرنا - پچھتانا + غم کرنا - رنج کرنا (۴) ماتم کرنا - پیٹنا +

جھینکنا - ھ - اسم مذکر - رونا گریہ + گلہ شکوہ - + مصیبت - بپتا - قصہ - دکھڑا جیسے کیا جھینکنا جھینکتی ہے (جرات)

لوگ کیا انکا جھینکنا جھینکیں
بات کب کرنے دیتی ہیں جھینکیں

جھینگا - ھ - اسم مؤنث - ایک قسم کی چھوٹی مچھلی

جھینگر - ھ - اسم مذکر - ایک قسم کا بڑی بڑی مونچھوں والا کیڑا جو اکثر دیواروں پر رہتا اور کپڑے وغیرہ کو چاٹ جاتا ہے - گھر گھرا - زنجرہ - جندب +

جے - ھ - اسم مؤنث (۱) فتح - نصرت - جیت - ظفر (۲) خوشی - خرمی - شادمانی - نشاط + سلامتی (۳) ترقی - بڑھوتری (۴) شاباش - مرحبا - کیا کہنا ہے - کیا بات ہے +

جے پتر - ھ - اسم مذکر - فتحنامہ + فیصلہ ڈگری +

جے جے کار یا جے جے کارا - ھ - اول اسم مؤنث دوم مذکر - فتح و نصرت - خوشی و خرمی - سلامتی - + ترقی دولت + ترقی اقبال +

جے جے کار رہیں - ھ - دعا - اقبال بنا رہے -

سلامت رہو - بول بالا رہے - فتح نصیب رہو - فتحمند رہو - بامُراد و کامیاب رہو +

ججے - ہ - صفت - جسقدر - جتنے +

ججئی - ہ - اسم مؤنث - ایک قسم کا چھوٹا جو +

جی - ہ - تابع فعل (۱) حرف ایجاب - ہاں - بلے - آرے (۲) جناب - حضرت - صاحب جیسے جی کہو جی کہلاؤ (۳) درست ہے - بجا ہے - اُونٹ بلیا لیگئی تو ہانجی ہانجی کہیئے (اصل میں ایک تعظیم کا کلمہ ہے جیسے پنڈت جی - شیخ جی وغیرہ) +

جی - ہ - اسم مذکر (۱) جان - رُوح - پران - دم - سانس (ناسخ) دل بر میں ہے جسم میں نہ جی ہے
کچھ میری خبر تمہیں اجی ہے
(۲) زیست - زندگی - حیات - عُمر - اوستھا - اربل (۳) دل - ہردہ - ہیا - قلب + طبیعت - خواہش - (۴) ذات - خود - آپ - نفس - شخصیت (۵) جرأت دلیری - مردانگی (۶) جانور - حیوان - ذی رُوح (۷ - صفت) سادہ لوح - بھولا بھالا - انبول - بزمنہا بے زبان - کم گو - بےسخن +

جی اُٹھانا - ہ - فعل متعدی - محبت سے کنارہ کش ہونا - رغبت اُٹھانا - بیزار ہونا - توجہ اُٹھانا +

جی آجانا - ہ - فعل لازم - دل آجانا - عاشق ہوجانا دل مائل ہوجانا - (رمید)
آگیا جی کسی پہ جی ہی تو ہے
لگ گئی آنکھ آدمی ہی تو ہے

جی اُٹھنا - ہ - فعل لازم (۱) دل برداشتہ ہونا دل اُچٹنا - دل بیزار ہونا - طبیعت نہ لگنا - (۲) جان پڑجانا - زندہ ہوجانا +

جی بھی اُٹھو کہ یار آتا ہے
(مشتاق) دم یہ خاصا دیا مسیحا نے

(۳) سیر و تماشے یا کسی کام کے واسطے دل چلنا

جی اُچٹ جانا - یا - اُچٹنا - ہ - فعل لازم - دل کا برداشتہ و برگشتہ ہوجانا - کسی کام سے دل بیزار ہوجانا - کسی کام پر دل نہ لگنا جیسے جی کچھ اُچٹ گیا ہے اب نالہ و فغاں سے +

جی اُداس ہونا - ہ - فعل لازم - دل پریشان ہونا دل نہ لگنا - افسردہ ہونا +

جی اُڑا جانا - ہ - فعل لازم - دل کا درہم برہم ہوا جانا دل پریشان اور اُداس ہونا - دل گھبرانا +

جی اُکتا جانا - ہ - فعل لازم - دل بیزار ہوجانا - دل گھبرا جانا - دل برداشتہ ہوجانا جیسے کھاتے کھاتے جی اُکتا گیا +

جی اُلٹ جانا - ہ - فعل لازم - دیوانہ ہوجانا - پاگل ہوجانا - باؤلا ہوجانا +

جی اُمڈنا - ہ - فعل لازم - دل گھبرانا - دل پریشان ہونا - خاطر پراگندہ ہونا +

جی بٹنا - ہ - فعل لازم (۱) دل بہلنا - دل پیچھے پڑنا (۲) دھیان بٹنا - خیال بٹنا (۳) محبت کا منقسم ہوجانا (۴) دل پریشان ہونا +

جی بُرا کرنا - ہ - فعل لازم (عو) قے کرنا - ڈالنا - اُگلنا - رد کرنا (۲ - متعدی) ناخوش کرنا - ناراض کرنا - رنجیدہ کرنا +

جی بُرا ہونا - ہ - فعل لازم (۱) قے ہونا - رد ہونا (۲) دل بیزار ہونا - ناراض ہونا - نفرت ہونا +

جی بڑھانا - ہ - فعل متعدی - جرأت دینا - دلیری بخشنا

ہمت باندھنا - دلیر کرنا - و مصرح بندھانا - دلاسا دینا
مستعد کرنا - تعریف کرکے آمادہ کار کرنا - خوش کرنا
جسطرح پہلوان دانستہ پچھڑ کر اپنے شاگرد کا جی بڑھاتا ہے
جی بڑھنا - ۵ - فعل لازم - خوش و شادمان ہونا -
جرأت بڑھنا - دلیری آنا - ہمت بڑھنا - دل تازہ ہونا
جی بکھرنا یا بکھرا جانا - ۵ - فعل لازم - حال دگرگوں ہونا
دل نڈھال ہونا - غش چلا آنا - دل بیٹھنا - پریشان ہونا
جی بگڑا جانا - ۵ - فعل لازم - دل متلانا - قئیان
ہونا - جی مچلانا - متلی ہونا +
جی بند ہونا - ۵ - فعل لازم - دل رکنا - انقباض
خاطر ہونا - کبیدہ ہونا +
جی بھاری کرنا - ۵ - فعل لازم - غمگین ہونا
اندوہگیں ہونا - رنجیدہ ہونا - دل پر بوجھ ڈالنا +
رونا + ناراض ہونا + (رنگین)
مجکو تو گاڑے دوگانا اپنا جی بھاری نکر
لے گیا گو لوٹ کر گھر جو رمت لٹوے بہا
جی بھٹکنا - ۵ - فعل لازم - دل کا کسی چیز کو ڈھونڈنا
مشتاق ہونا - آرزومند ہونا (بحر)
لبوں پہ رک گیا سینہ میں دم کبھی اٹکا
تمہارے واسطے کیا کیا نہ شب کو جی بھٹکا
جی بھر آنا - ۵ - فعل لازم - رونا چلا آنا - دل امنڈ آنا +
جی بھر آنا - ۵ - فعل لازم - دیا آنا - رحم آنا - ترس آنا
+ رقت آنا - آنسو بھر آنا - قریب بگریہ ہونا - کسیکی
مصیبت دیکھکر یا کسیکی یاد آکر دل کا دردمند
ہونا - دل امنڈنا +
جی بھر بھرانا - ۵ - فعل لازم - دل لچانا - طبیعت
کا راغب ہونا - جی مائل ہونا +

جی بھر بھر آنا - ۵ - فعل لازم - باربار قریب بگریہ
ہونا - از حد رحم آنا - دل میں نہایت درد پیدا ہونا -
رقت آنا - آنسو بھر بھر آنا +
جی بھر جانا - ۵ - فعل لازم (۱) دل سیر ہو جانا - طبیعت
اکتا جانا - آسودہ ہو جانا +
جی بھر کر - ۵ - تابع فعل - سیر ہو کر - حسب خواہش
تسلی کے موافق - بخوبی (ناسخ)
دم اخیر تو کر لوں نظارہ جی بھر کر الٰہی خنجر سفاک آبدار نہو
جی بھرنا - ۵ - فعل لازم - دل سیر ہونا - دل اکتانا
جی بہلانا - ۵ - فعل متعدی - دل خوش کرنا - رفع
کلفت و ملال کرنا - دل بانٹنا - دل پھیرنا - دل کا
اور طرف مشغول و متوجہ کرنا - سیر و تماشے میں مشغول
ہونا (لازم کے معنی بھی دیتا ہے) +
جی بہلنا - ۵ - فعل لازم - دل بٹنا - دل کا اور طرف
متوجہ ہونا - سیر و تماشے میں مشغول ہونا - دل خوش ہونا
دل لگنا - کسی کام کی طرف طبیعت مشغول ہونا +
جی بیٹھا جانا - ۵ - فعل لازم - دل کا گرا جانا - دل کا
نڈھال یا مضمحل ہونا - افسردگی خاطر ہونا - دل کا
مایوس ہونا +
جی پانی کرنا - ۵ - فعل متعدی (۱) لہو پانی ایک کرنا
کمال زحمت اٹھانا (۲) دل ملایم کرنا - دل موم کرنا +
جی پر کھیلنا - ۵ - فعل لازم - جان کو جوکھوں میں
ڈالنا - جان کو خطرہ میں ڈالنا - جان پر کھیلنا +
جی پڑنا - ۵ - فعل لازم (۱) جان پڑنا - روح پڑنا -
+ بچہ میں روح آنا (۲) کیڑے پڑنا - جیو پڑنا - کرم پڑنا +
جی پک جانا - ۵ - فعل لازم - دل کا آزار رسیدہ ہونا
دل دکھی ہو جانا - دل کا عاجز اور تنگ ہو جانا +

جی پکڑا جانا - ۵ - فعل لازم - عو - دل میں شبہ پڑنا - ماتھا ٹھنکنا +

جی پکڑ لینا - ۵ - فعل متعدی (۱) دل تھام لینا - کسی کا رنج یا صدمہ سنکر تاب نہ لانا - کلیجہ پکڑ لینا +

جی پگلنا - ۵ - فعل لازم (پرانا محاورہ ہے) میلان خاطر ہونا - دل آنا + (ہدایت)

دل پر ہزار حرف شکایت سے تھا ہجوم
مکھڑے کو دیکھتے ہی یہ کچھ جی پگل گیا

جی پھٹ جانا - ۵ - فعل لازم - دل بیزار ہو جانا - متنفر ہو جانا - دل برگشتہ ہو جانا - دل میں فرق آجانا + محبت نہ رہنا - ناراض ہو جانا +

جی پھر جانا ۵ فعل لازم - دل بیزار ہو جانا یا اکتا جانا - نفرت ہو جانا - متنفر ہو جانا +

جی پھسلنا - ۵ - فعل لازم - میلان خاطر ہونا - دل آنا - عشق ہونا - دل مائل ہونا +

جی پیچھے پڑنا ۵ - فعل لازم - عو - جی بہلنا - دل بٹنا - دل کا مشغول ہونا - رنج و کلفت بٹنا +

جی پھیکا ہونا - ۵ - فعل لازم - دل کا کسی چیز سے بیزار اور متنفر ہو جانا +

جی ترسنا - ۵ - فعل لازم - دل کا مشتاق ہونا دل کا آرزومند ہونا - جی للچانا - دل پھڑکنا +

جی ٹوٹ جانا - ۵ - فعل لازم (۱) شکستہ خاطر ہونا بیدل ہونا (۲) رنج پہنچنا - تکلیف پہنچنا +

جی ٹھکنا - ۵ - فعل لازم - اطمینان ہونا - خاطر جمع ہونا

جی جان سے فدا - یا - قربان - یا - نثار ہونا ۵ - عو - فعل لازم - دل و جان سے فدا ہونا - جان چھڑکنا - شیدا و والہ ہونا +

جی جانتا ہے - یا - جانے ہے - ۵ - عبارۃ (۱) دل ہی کو خبر ہے - دل ہی واقف ہے + دل ہی پر صدمہ ہے (مثل) اسکی طرز نگاہ مت پوچھو + جی ہی جانے ہے آہ مت پوچھو (۲) بیان سے باہر ہے (س تگین)

راستی کو بری ہے ہے وہ کجی جانے ہے
بدگمان مجھ سے وہ ایسا ہے کہ جی جانے ہے

جی جلانا ۵ فعل متعدی - دل کو رنجیدہ کرنا - غم دینا - رنج دینا + دل میں آگ لگانا - غصہ دلانا - برافروختہ کرنا (۲) حسد دلانا - رشک دلانا (۳) چھیڑنا - ستانا - کلپانا - آزار دینا +

جی جلنا - ۵ - فعل لازم (۱) غصہ آنا - آگ لگنا - کوفت ہونا - رنج ہونا (۲) رشک و حسد ہونا +

جی چاہنا - ۵ - فعل لازم - خواہش طبع ہونا - دل للچانا - للسا ہونا - من چلنا - دل کا مائل و راغب ہونا - دل ڈھونڈنا - مشتاق ہونا - آرزومند ہونا +

جی چاہے - ۵ - تابع فعل - اگر دل میں آئے اگر مرضی ہو - اگر منظور ہو +

جی چرانا - یا - جی چھپانا - ۵ - فعل متعدی - دم چرانا - اجتناب کرنا - پہلو تہی کرنا - کام سے بچنا - کنارہ کشی کرنا - کام سے چھپنا - حیلہ جو ہونا (۲) عاشق کے دل کی چوری کرنا - عاشق کا دل لے لینا +

جی چلا - ۵ - صفت (۱) دلیر - بہادر - من چلا - سوربیر - سورملو - دلاور - شجاع (۲) سخی - داتا - دھرماتما - دریا دل - فیاض - عالی ہمت - بلند حوصلہ (۳) دیوانہ - دل رفتہ - دل اٹھا ہوا - مجنون - خفقانی +

جی چلانا - ۵ - فعل لازم (۱) رغبت کرنا - دل شروع کرنا - خواہش کرنا (۲) جرأت کرنا - ہمت کرنا +

(اگرچہ مُتعدّی ہے مگر لازم کے معنی میں بولا جاتا ہے) +

بن بُلائے ہم تو اُس کوچہ میں جا سکتے نہیں
(معروف) دِل تو چلتا ہے بہت پر جی چلا سکتے نہیں

جی چلنا - ہ - فعل لازم (۱) خواہش ہونا - رغبت ہونا - دِل میں آنا - اِرادہ ہونا + (نصیر)

جی چلا بوسہ پہ یاں ہم سے طلبگاروں کا
اُڑ گیا رنگ وہاں یار کے رخساروں کا

(۲) دِل رفتہ ہونا - دِل اُلٹنا - جنُون ہونا - دِل کا قابو میں نہ رہنا - بیخود ہونا (جُرأت)

جی چلا جائے ہے پازیب کی جھنکار کے ساتھ
محشر فتنہ ہے اُس شوخ کی رفتار کے ساتھ

جی چھپانا - ہ - فعل لازم - دیکھو (جی چُرانا)
(مصرعۂ میر) ؎ مدّت ہوئی کہ تاب تواں جی چھپا گئے

جی چھوٹنا - ہ - فعل لازم - بد دِل ہونا - بیدل ہونا - نا اُمید ہونا - ہمّت ٹوٹنا - (ذوق)

ہاتھ آ کر دلِ وحشی جو کوئی چھوٹ گیا + ہوسِ صید میں صیاد کا جی چھوٹ گیا

(۲) عاجز آنا - ہارنا - تھکنا - جیسے چلتے چلتے جی چھوٹ گیا (۳) جوبن چھپانا - نشۂ مردمی جاتا رہنا - نامردی آجانا - (مصرعۂ نکہت)

سینہ سپر ہر چند رہا دل آخر کو جی چھوٹ گیا +

جی چھوڑ دینا - ہ - فعل لازم - نا اُمید و عاجز ہونا +

(ناسخ) پہلوانوں سے ہو ہم ناتوانوں سے جو ہو
عشق کا وہ معرکہ ہے تہمتن جی چھوڑ دے

جی دار - و - صفت (۱) من چلا - دِل چلا - بہادر - جری - جیوٹ (۲) سخت - مضبوط - دم خم کا +

جی دان - ہ - اِسم مذکّر (ہندو) جان بخشی - حکمِ موت سے رہائی +

جی دُکھانا - ہ - فعل مُتعدّی - خفیہ رنج و آزار پہنچانا - تکلیف دینا - ستانا - دُکھی کرنا - صدمہ پہنچانا +

جی دُکھی ہونا - ہ - فعل لازم (ہندو) دِل بیزار ہونا - دِل عاجز ہونا - دِق ہونا - تنگ ہونا - تکلیف ہونا + بیمار ہونا - علیل ہونا +

جی دَوڑنا - ہ - فعل لازم - جی چلنا - قصد اِرادہ یا عزم ہونا - میلانِ طبع و رغبتِ دِل ہونا (جُرأت)

مُجھ مست کو کیوں بھائے نہ وہ سانولی صُورت
جی دَوڑے ہے میکش کا کبابِ نمکیں پر +

جی دھڑکنا - ہ - فعل لازم (۱) دِل کا نپنا - دِل ہلنا - تپاکِ قلب ہونا - اختلاجِ قلب ہونا (۲) خوف ہونا - اندیشہ ہونا + (رنگین)

مرا جی دھڑکتا ہے ناوقت سینے
گیا ہے اُدھر کو روانہ روتا +

(۳) دم سوکھنا - دِل کڑھنا - ملول آنا - افسوس آنا - جیسے دو پیسے دیتے ہوئے جی دھڑکتا ہے +

جی دھک دھک ہونا - ہ - فعل لازم - خوف و خطر سے دِل کا نپنا +

جی دہلنا - ہ - فعل لازم - خوف کھانا - جی ڈرنا - دِل دھڑکنا (نسیم) تھا خوف اِسقدر چمنِ روزگار سے
جب کوئی ہنسا تو مرا جی دہل گیا +

جی ڈالنا - ہ - فعل مُتعدّی - جیو ڈالنا - جسم میں رُوح اُتارنا - جان ڈالنا - زندہ کرنا +

جی ڈوبنا - فعل لازم (۱) دِل غرق ہونا

(میر تقی) سو بار اِک دم میں گیا ڈوب ڈوب جی
پر بحرِ غم کی پائی نہ کچھ انتہا ہنوز

(۲) عالمِ غشی کا طاری ہونا - دِل نڈھال ہونا

دِل بکھرنا - دِل کا بے قابو ہونا خواہ توانائی سے ہو خواہ غم و فکر سے - (شاعر سے)

سیرِ گلشن کو جو بن ہر سے وُہ محبُوب گیا
آنکھیں پتھرا گئیں غش کر گیا جی ڈوب گیا

جی ڈُھیا جانا - ہ - فعل لازم (۱) دِل کا سُست اور مُضمحل ہونا - غش چلا آنا - جی ڈوبا جانا (نکہت)

جی ڈھیا جاے ہے جب سینے کہا
سُنکے بولا جی ہے یا دِیوار ہے +

(۲) دِل گرا پڑنا - دِل کا قابو میں نہ رہنا -

جی ڈھیا جاے ہے سحر سے آہ
(میر تقی) رات گُذرے گی کس خرابی سے

جی رُکنا - ہ - فعل لازم - دِل مُنقبض ہونا + دم گھبرانا + دِل نہ مِلنا - دِل کا حاضر نہ ہونا - دِل سے کسی کے ساتھ نہ بولنا - انقباضِ خاطر ہونا +

جی رکھنا - ہ - فعل مُتعدّی - دِلداری کرنا - پاسِ خاطر کرنا + خوش کرنا + آرزُو برلانا - تسلّی دینا - دِلاسا دینا - دِل بہلانا +

جی سائیں سائیں کرنا - ہ - فعل لازم - حالِ دِل کا دِگرگُوں و زبُوں ہونا - عالمِ غشی کا طاری ہونا حالتِ ضُعف یا غم سے دِل سنسنایا جانا +

رہے کس کے سانسے کہ اب ضُعف سے
(میر تقی) مرا جی ہی کرنے لگا سائیں سائیں

جی سنسنانا - ہ - فعل لازم - ضُعف و ناطاقتی کے باعث دِل دِگرگُوں ہونا - جی نڈھال ہونا - دِل بیٹھنا یا پریشان ہونا - دِل گرا پڑنا +

آہ سحر ہماری فلک سے پھری نہو
(مؤمن) کیسی ہوا چلی یہ کہ جی سنسنا گیا

جی سے اُتر جانا - ہ - فعل لازم - بیقدر ہوجانا - دِل سے گر جانا - حقیر ہوجانا - قابلِ نفرت ہوجانا

طفلِ سرشک کہ باعثِ افشای راز ہے
آنکھوں سے کیا گرا مری جی سے اُتر گیا

جی سے جانا - ہ - فعل لازم - جان سے گُزرنا - جاں بحق ہونا - مرنا - دم نکلنا +

جی سے جی مِلنا - ہ - فعل لازم - دو دموں کا ایک ہوجانا - دو آدمیوں کی دوستی اور اتّفاق ہوجانا +

جی سے گُزر جانا - ا - فعل لازم - دیکھو (جی سے جانا)

تیرِ نگاہِ یار کو تارِ نفس کہوں
(بحر) گُذرا جو سینے سے تو میں جی سے گُزر گیا

جی کا بُخار نکالنا - ہ - فعل مُتعدّی - رونے یا غضب ہونے سے دِل کا اندرونی رنج دفع کرنا غصّہ نکالنا - دِل کی بھڑاس نکالنا +

(رنگین) خُوب سا نکال اپنے لیا جی کا بُخار +
ہوگئی آج میری اُسکی صفائی اِتّ گت

جی کا غُبار - ا - اسمِ مذکّر - ملال و کدُورتِ دِل - کدُورتِ خاطر +

جی کا کانپنا - ہ - فعل لازم - دیکھو (جی دھڑکنا)

جی کرنا - ہ - فعل لازم (۱) جُرأت کرنا - دِلیری کرنا ہمّت کرنا - جگرا کرنا (۲) - مُتعدّی - ہندُو) کسی چیز کو جی چاہنا - من کرنا - کسی چیز کو دِل چلنا +

جی کُڑھانا - ہ - فعل مُتعدّی - عو - (۱) دِل رنجیدہ کرنا - اندوہگین کرنا - دِل مَیلا کرنا - رنج دینا - (۲ - لازم) اندوہگین ہونا - رنجیدہ ہونا - غم کرنا + مُتاسّف ہونا - افسوس کرنا +

جی کُڑھنا - ہ - فعل لازم - اندوہگیں ہونا - مُتاسّف

ہونا - دِل میں درد ہونا - ہمدردی کے باعث رنج ہونا
جی کو لگنا - ہ - فعلِ لازم (۱) دِلپر گزرنا - دِلپر اثر کرنا
اپنوں کی سب کے جی کو لگتی ہے (۲) بھانا - پسندِ خاطر
ہونا - دِلپسند ہونا - دِلکو اچھا معلوم دینا ÷
جی کو مارنا - ہ - فعلِ لازم - دِلکی خواہشوں کو ضبط
کرنا - دِل مارنا - من مارنا - صبر و سکوت اختیار
کرنا (حالی) آرزوئیں ہزار رکھتے ہیں
تو بھی ہم جی کو مار رکھتے ہیں
جی کھپانا - ہ - فعلِ متعدی - جان صرف کرنا
جان دینا - جان کھونا - جان گھٹانا +
اِس قصۂ غم نے جی کھپایا
اِس شورِ نہاں نے جی جلایا
(۲) محنت کرنا - دِل توڑ کر کام کرنا - بخوبی محنت
کرنا - جان لڑانا +
جی کھٹا کرنا - ہ - فعلِ متعدی - دِل بیزار کرنا +
جی کھٹا ہونا - ہ - فعلِ لازم - بیزار ہونا - متنفر ہونا
جی کھلنا - ہ - فعلِ لازم (۱) انشراحِ خاطر ہونا -
انبساطِ طبع ہونا - کشایشِ دِل ہونا (۲) شرم و حجاب
دُور ہونا (۳) بے دھڑک ہونا - بے باک ہونا - دِلکو
جرأت ہونا +
جی کھول کر - ہ - تابع فعل - خاطر خواہ - بخوبی - آزادی
+ بکثرت - بافراط + بیدریغ - بے افسوس جیسے
جی کھول کر روپیہ اُٹھانا یا جی کھول کر رونا وغیرہ
جی کی امان پانا - یا - مانگنا - ہ - فعلِ متعدی
(ایک مقدمہ آداب ہے جو عرضِ مطلب سے پیشتر زبان پر لاکر اظہارِ مدعا
کرتے ہیں) جان بخشی چاہنا (حالی مسدس)
کہوں اِک بات میں تجھ سے اگر جی کی اماں پاؤں
مجھے قربان ہونے دے ترے قربان ہو جاؤں
جی کی جی ہی میں رہنا - ہ - فعلِ لازم - دِلکی حسرت
کا دِل میں ہی رہنا - آرزو و تمنائے دلی کا بر نہ آنا
حسرت رہنا - ارمان رہنا (انشا)
جی کی جی ہی میں رہی بات نہ ہونے پائی
ایک بھی اُنسے ملاقات نہ ہونے پائی
جی گرا جانا - ہ - فعلِ لازم - دِل کا بیٹھا جانا -
طبیعت میں سُستی اور اضمحلال ہونا +
جی گھبرانا - ہ - فعلِ لازم - دِل بَولانا - توحش ہونا
خفقان ہونا - دِل نہ لگنا - پریشان خاطر ہونا
جی گنوانا - ہ - فعلِ لازم - دِل کھونا - دِل برباد کرنا
جی لُبھانا - ہ - فعلِ متعدی (۱) دِل مائل کرنا -
تالیفِ قلوب کرنا - دِل پھسلانا - ترغیب دینا - جی
بھرمانا + موہنا (۲) تسخیرِ قلوب کرنا - جادو سے
اپنی طرف مائل و راغب کر لینا +
جی لڑا دینا - یا - لڑانا - ہ - فعلِ متعدی - دِل کا
ہمہ تن مصروف کر دینا - جان و دِل سے دریغ نہ
رکھنا - ساری توجہ مصروف کر دینا - جان کھپا دینا
(ناسخ) جی لڑا دیتا ہے کیسی ہو زمین سنگلاخ
خامہ تیشہ ہے تو ناسخ کوہکن سے کم نہیں
جی لرزنا - ہ - فعلِ لازم - دِل کانپنا - دِلپر خوف
چھانا - رُعب غالب ہو جانا +
جی لگانا - ہ - فعلِ متعدی (۱) دِل کا مشغول کرنا
دِل کا متوجہ کرنا - جی بہلانا (رُجحانِ خاطر و توجہ دِلی
سے مراد ہے) ۲ - عاشق ہونا - کسیکی طرف دِل مائل
کرنا - عشق کرنا +
جی لگنا - ہ - فعلِ لازم (۱) جی بہلنا - دِل مشغول ہونا

(۲) عاشق ہونا - دِل آنا - عشق ہونا

جی لُٹنا ہ - فعلِ لازم - عاشق ہونا - فریفتہ ہونا
دِل غارت ہونا ؎

جی للچانا - ہ - فعلِ لازم (۱) دِل کا راغب ہونا - دِل
کا مائل ہونا ؎ آرزومند ہونا - دِل کا خواہشمند ہونا
(۲) دِل کا ڈانواں ڈول کرنا ؎ دِل کا ہکّا بکّا
اور پریشان ہونا - دِل کا کبھی اِدھر کبھی اُدھر راغب ہونا

جی لوٹنا - ہ - فعلِ متعدّی - دِل چھیننا - دِل کو
چھین لینا - عاشق کر لینا - دِل غارت کرنا

جی لوٹنا - ہ - فعلِ لازم (۱) دِل کا بیقرار ہونا - دِل
کا بیتاب ہونا جیسے (مصرعہ) جی لوٹتا ہے سینہ کے
اندر تمام رات (۲) نہایت مشتاق ہونا - دِل کا
از حد آرزومند و متمنّی ہونا ؎ جی ڈھونڈنا ؎

جی مارنا - ہ - فعلِ متعدّی - دیکھو (جی کو مارنا)

(ذوقؔ)
داں کوئی کیونکر رہے ہو ویں جہاں ایسے جواں
رہے یاں اپنا کوئی مار کے جی مغلانی

جی متلانا ہ - فعلِ لازم - دِل کا مالش کرنا - غثیان
ہونا - طبیعت کا بغیر از تحریک قے کرنے پر متقاضی
ہونا ؎ دِل بیزار ہونا (رنگینؔ)

اِس نجس دنیا پہ تو مت لاے جی
تاکہ خوب اس سے نرا متلاے جی

جی مرجانا - ہ - فعلِ لازم - دِل کا افسردہ و مُردہ ہو جانا

جی ململانا - ہ - فعلِ لازم - عو - افسوس آنا - افسوس
ہونا - دریغ ہونا جیسے دو دو پیسے پر جی ململاتا ہے

جی ملنا - ہ - فعلِ لازم - دِل کا میل کھانا - دِل
کا موافق ہونا - ایکدل ہونا - ہم خیال اور ہم منشا ہونا

جی میں آنا - ہ - فعلِ لازم (۱) دِل میں گزرنا -
دِل میں خطور کرنا - کسی خیال کا دلمیں وارد ہونا - من میں آنا
(۲) جی چاہنا - دِل چاہنا - دِل کا ارادہ ہونا - دِل
کا خواہش کرنا ؎

جی میں بٹھانا - ہ - فعلِ متعدّی (۱) دِل میں کھبنا -
دِل میں جمنا - دِل میں مستحکم ہونا - دِل میں گھر کرنا
دِل میں بیٹھنا - دِل میں اثر کرنا ؎ حلول کرنا - اترنا -

جی میں بیٹھنا - ہ - فعلِ لازم - دِل میں گھسنا - دِل
میں کھبنا - دِل میں اثر کرنا - دِل میں چُبنا ؎

جی میں جلجانا - ہ - فعلِ لازم - دِل میں رشک و حسد
یا غصّہ کے باعث پیچ و تاب کھانا - حسد کرنا

(جلالؔ سوز)
جو تیرے قد کو دیکھے شمع پانی ہو پگل جاوے
تجھے دیکھے اگر پروانہ اپنے جی میں جلجاوے

جی میں جی آنا - ہ - فعلِ لازم - دم میں دم آنا -
جان میں جان آنا - تسلّی ہونا - تسکینِ خاطر ہونا - تشفّی
ہونا ؎ زیست کی اُمید ہونا - جان بچنے کی اُمید بندھنا

(محشرؔ)
اسقدر درد دِل سے گھبرایا
موت آئے تو جی میں جی آیا ؎

جی میں جی ڈالنا - ہ - فعلِ متعدّی - کسیکے دِل کو
اپنا سا دِل بنانا - یقین دِلانا - اپنی بات دُوسرے
کے دِل میں اچھے طور سے بٹھانا - تصدیق دلانا -
دِلنشین کرنا - تشفّی کرانا ؎

جی میں ڈالنا - ہ - فعلِ متعدّی - دِل میں اُتارنا -
گھٹ میں اُتارنا - دِل میں خیال پیدا کرنا ؎

جی میں رکھنا - ہ - فعلِ لازم (۱) خفیہ رکھنا - پوشیدہ
رکھنا (۲) کسی بات کو دِل میں رکھنا - کسی بات کا
دِل میں خیال رکھنا ؎ بغض رکھنا - عداوت رکھنا
کینہ رکھنا - کپٹ رکھنا (۳) ارادہ رکھنا - قصد رکھنا

جی میں گھُبنا - یا - **گڑنا** - ہ - فعل لازم - دیکھو جی میں بیٹھنا

جی میں گھر کرنا - ہ - فعل لازم - دیکھو جی میں بیٹھنا

جی نڈھال ہونا - ہ - فعل لازم - دل مضمحل ہونا - دل کا بکھرنا - دل پریشان ہونا - افسردگی خاطر ہونا +

جی نکلنا - ہ - فعل لازم (۱) دم نکلنا - مرنا - روح پرواز کرنا - ہلاک ہونا (۲) فریفتہ ہونا - مفتون ہونا - عاشق ہونا (۳) نہایت خوف ہونا - نہایت ڈر لگنا +

جی ہارنا - ہ - فعل لازم - جی چھوڑنا - کسی کام سے عاجز ہو کر باز رہنا - نامردی کے باعث کسی کام کی جرأت نکرنا - ہمت ہارنا (میر تقی)

عشق بازی میں کیا ہوے ہیں میر
آگے ہی جی انہوں نے ہارا تھا

جی ہاتھ میں رکھنا - ہ - فعل متعدی - خوش رکھنا - دل میلا نہونے دینا +

جی ہاتھ میں لینا - ہ - فعل متعدی - تسلی دینا - خوش رکھنا - دل میلا نہونے دینا +

جی ہٹجانا - ہ - فعل لازم - دل متنفر ہو جانا - دل بیزار ہو جانا - رغبت ہٹجانا +

جی ہلنا - ہ - فعل لازم - دل کا خوف یا ترس یا ترحم سے کانپنا +

جی ہوا ہو جانا - ہ - فعل لازم - دم فنا ہو جانا - روح کا قالب سے نکلجانا (میر تقی)

صبر رخصت ہوا نگاہ کے ساتھ
جی ہوا ہو گیا اک آہ کے ساتھ

جی ہوا ہونا - ہ - فعل لازم - دم نکلنا - جان نکلنا

کیونکر نہ جی ہوا ہو کیونکر نہ دم فنا ہو
(جرأت) آرام جاں خفا ہے دو چار دن سے اپنا

جی ہی جی میں باتیں کرنا - ہ - فعل لازم - دل ہی دل میں خیال پکانا - آپ ہی آپ باتیں کرنا +

جیا - ہ - (تصغیر جی) عوام (۱) جان - دل - پران (گیت) آج جیا میں مورے بس گئی سانوریا کی بانکی چال

(۲ - اسم مذکر) جانی - پیارا - محبوب - عزیز از جان

(۳ - اسم مؤنث) دایہ - دَدا - نیز وہ عورت جسکو دایہ کی بجائے تصور کریں (اب یہ لفظ دہلی میں کم بولا جاتا ہے)

(رنگین) غمزے کرتی ہے دوگانا اے جیا کس واسطے
اک ادا میں ہیں ادا ہوں سو ادا کس واسطے

جَیب - ع - اسم مذکر (۱) گریبان - سینہ - پیراہن (۲) وہ تھیلی جو اہل عرب گریبان کے نیچے لگاتے ہیں لیکن اردو میں اُس تھیلی پر اطلاق ہوتا ہے جو دامن کے چاک میں لگاتے ہیں اور اُسے عوام الناس بکسر جیم بولتے ہیں - کیسہ - داہن - گوجھا - ڈب جیسے جیب میں نہیں کھلی کی ڈلی - چھیلا پھرے گلی گلی

(۳) قبضہ - دخل - قابو - تحت جیسے اُنکا مال تو ہماری جیب میں ہے +

جیب خرچ - ف - اسم مذکر - وہ بالائی خرچ جو روز مرہ کے واسطے رکھا جاوے - پاکٹ منی +

جیب کترا - ا - اسم مذکر - کیسہ بُر - اُچکّا - عیار - وہ بدمعاش جو جیب کتر کر دام نکال لے (سودا)

جو نظر باز اُسکا چترا ہے + خوب دیکھا تو جیب کترا ہے

جیب گھڑی - ہ - اسم مؤنث - چھوٹی گھڑی جو جیب میں رکھی جائے

جیب میں پڑا ہونا - ا - فعل متعدی - قابو میں ہونا - چٹکیوں میں پڑا ہونا +

جیب - یا - جیبھ - ہ - اسم مؤنث - زبان - لسان - للو

جیب چلنا - ہ - فعل لازم - زبان چلنا - منہ چلنا - کھایا جانا جیسے جیب چلے ستر بلا ٹلے

جیب نکالنا - ہ - فعل متعدی (۱) زبان نکالنا

+ زبان کھینچنا (۲) - گنوار) مُنہ پھاڑنا - بیہودہ پنے سے
بات کرنا جیسے کیوں جیب نکالے ہے (۳) گرمی
کے مارے زبان باہر کرنا +

جیب کرنا - ہ - فعل مُتعدی (گنوار) زبان کرنا -
زبان درازی کرنا - جواب دینا - بیہودہ بات کرنا -

جیب کے تلے جیب ہونا - ہ - فعل لازم (گنوار)
زبان کے نیچے زبان ہونا - دو زبان ہونا - دو فصلی
باتیں کرنا - ایک بات پر قائم نہ رہنا +

جیبی - ف - صفت - جیب سے تعلّق رکھنے والا - چھوٹا
جیسے جیبی گھڑی وغیرہ +

جیبی رومال - ف - اسم مذکّر - چھوٹا رومال +

جیبی کُتا - ا - اسم مذکّر - بہت چھوٹی قسم کا
کُتا - پستہ +

جیبی - یا - **جیبھی** - ہ - اسم مؤنث (۱) زبان صاف
کرنیکا آلہ (۲) لگام کا ایک حصّہ +

جیت - ہ - اسم مؤنث (۱) ہار کا نقیض - فتح - فتحمندی
کامیابی (۲) نفع - فائدہ - اوت - بیشی جیسے دس
روپیہ کی جیت رہی (۳) غلبہ - فوقیت - برتری - چڑھتی

جیت ہونا - ہ - فعل لازم (۱) فتح ہونا (۲) غلبہ ہونا
(۳) نفع ہونا - اوت ہونا +

جیتا - ہ - صفت (۱) زندہ - حیات والا - مُردہ کے خلاف
+ جاندار (۲) زیادہ - بیش جیسے ذرا جیتا کپڑا پھاڑو

جیتا جاگتا - ہ - صفت - زندہ وسلامت - صحیح وتندرست

جیتا چُنوانا - ہ - فعل مُتعدی (بےرحمی کے زمانہ کی
سزا - زندہ آدمی کو دیوار میں چُنوا دینا ؎
کبھی دیکھا ہو نظر بھر کے جو پیشانی کو
مجھکو چُنوائے جیتا زر افشانی کی طرح

جیتا رہنا - ہ - فعل لازم - زندہ وسلامت رہنا

جیتا گاڑنا - ہ - فعل مُتعدی - زندہ درگور کرنا -
جیتے کو قبر میں دبانا +

جیتا لہو - ہ - اسم مذکّر - وہ تازہ خون جو جسم سے نکلا ہو

جیتنا - ہ - فعل مُتعدی (۱) فتح کرنا - سر کرنا - شکست
دینا - غالب آنا - زیر کرنا + بازی لینا +

جیتے جی - ہ - تابع فعل (۱) تا بہ زندگی - تا بہ حیات
حین حیات - عمر بھر - تمام عمر (۲) حالت زندگی میں -
ہوتے ہوئے - موجودگی میں + (ناسخ)
ناتوانی سے ہمارے جیتے جی خانۂ زنجیر سونا ہو گیا

جیتے جی مر جانا - ہ - فعل لازم - تباہ ہو جانا - برباد
ہو جانا - حالت زندگی میں موت کا مزا چکھنا جیسے ہم تو
اس چوری سے جیتے جی مر گئے +

جیتی مکھی نگلنا - یا - **کھانا** - ہ - فعل مُتعدی - جان
بوجھکر آفت میں پڑنا - دانستہ اذیت سہنا - دیدہ ودانستہ
دام بلا و مصیبت میں پھنسنا + ؎
بوسۂ خال لب شیریں ترا دل نے لیا
جیتی مکھی کس طرح سے اُسنے کھائی دیکھکر

جیٹھ - ہ - اسم مذکّر (۱) خاوند کا سب سے بڑا بھائی جیسے
جیٹھ کے بھروسے پیٹ (۲) ہندی دوسرے مہینے کا
نام جو مئی اور جون کے بیچ میں ہوتا ہے (۳) روٹیوں
کی تھئی - بہت سی اوپر تلے رکھی ہوئی روٹیاں +

جیٹھ کی جیٹھ - ہ - تابع فعل - تھئی کی تھئی - بہت سی
روٹیاں - ساری روٹیاں جیسے جیٹھ کی جیٹھ کھا گیا

جیٹھا - ہ - صفت - ہندو (۱) سب سے بلند - سب سے
اونچا + سب سے بڑا (۲) پہلوٹھی کا - وہ بچہ جو سب سے
پہلے پیدا ہوا ہو (۳) جیٹھ کے مہینے کی پیدائش

جیسے جیٹھے بچے کی شادی اور جیٹھ میں؟

جیجا - ہ - اسم مذکر (ہندو) بہنوئی - بہن کا خاوند +

جیجی - ہ - اسم مؤنث (۱) بہن - ہمشیرہ - خواہر جیسے جیجی کے کاج اور میرے کھٹاکھٹا (۲ - عو) چوچی - پستان چھاتی + نیز پستان مرد + بچوں سے بولتے ہیں ا

جیجی پینا - ہ - فعل متعدی - دودھ پینا +

جَیّد - ع - صفت (۱) خوب - کھرا - نیک (۲ - عو) مضبوط طاقتور - زورآور - زبردست +

جَیسا - ہ - تابع فعل - ویسا کا نقیض جسطرح جسطرح کا جس صورت کا - جس ڈھنگ کا (کہاوت) جیسا تیرا نون پانی ویسا میرا کام جانی!

جیسا تیسا - ہ - تابع فعل جسطرح کا - جس قسم کا +

جیسا چاہو - ہ - تابع فعل جس قسم کا مطلوب ہو + جیسے خواہش ہو - حسب دلخواہ - حسب مرضی +

جیسا چاہیئے - ہ - تابع فعل (۱) دیکھو جیسا چاہو (۲) قابل تعریف - جو ہونے کی شرط ہے (۳) جو کہ میں مانتا - قرار واقعی +

جیسا کہ - ہ - تابع فعل جسطرح کہ - بموجب - مطابق +

جیسا کہ چاہیئے - ہ - تابع فعل - دیکھو جیسا چاہو (۱)

جیسے - ہ - تابع فعل - دیکھو جیسا - جیسے کنتھا گھر رہے ویسے رہے بدیس +

جیسے بنے - ہ - تابع فعل - جسطرح ممکن ہو جسطرح سے ہو سکے

جیسے کا تیسا - ہ - تابع فعل (۱) بعینہ - جوں کا توں - ہو بہو (۲) جیسا باپ ویسا بچہ +

جیسے کو تیسا - ہ - تابع فعل - ہر فرعونے را موسیٰ

جیسی - ہ - تابع فعل - بحالت تانیث - جسطرح جسطرح کی جس ڈھنگ کی - جس موقع کی +

جیسی روح ویسے فرشتے - ہ - (کہاوت) کہتے ہیں جسطرح کا آدمی ہوتا ہے ویسے ہی فرشتے نزع کے وقت اسکے روبرو آتے ہیں یعنی اگر نیک ہے تو اسے اچھی صورت کے فرشتے دکھائی دینگے اور بد ہے تو مہیب صورت نظر آئینگے پس اس مثل کا اطلاق جیسا حوصلہ ویسی بات جیسی صحبت ویسا اثر جیسی نیت ویسا پھل پر ہونے لگا +

جیغہ - ت - اسم مذکر - ایک مرصع زیور کا نام جو پگڑی پر باندھا جاتا ہے +

جیگر یا **جیگھڑ** - ہ - اسم مؤنث (ہندو - عو) اٹھیا سوجیہ - پانی کا گھڑا (۲) ...کی پانی کی بھری ہوئی ٹھلیاں جو بیاہ ہونے والی عورت بیاہ سے پیشتر گھر میں بھر کر اس نظر سے لاتی ہے کہ ہمارے بال بچے ...ئے +

جیگر بھری جانا - ہ - فعل متعدی (بیگمات) عورتوں کا دستور ہے کہ جب انکے ہاں کوئی بچہ روزہ رکھتا یا بیاہ ہوتا ہے تو کوری ٹھلیا میں شربت اور بعض میں دودھ بھر کر اسپر ... اور اسپر اللہ میاں کی نیاز دلاتی ہیں +

جیل - ہ - اسم مؤنث (۱) قطار - صف - پرا - لنگار - لار - ڈار (۲ - ف) قیدیوں کی قطار جو ایک زنجیر میں بندھے ہوئے ہوں +

جیل - انگلش - اسم مذکر - Jail قیدخانہ - محبس - زندان

جیل خانہ - ہ - اسم مذکر - قیدخانہ - زندان +

جیلی - ہ - اسم مؤنث (۱) گھاس اکٹھی کرنے کا آلہ - ایک لکڑی جس میں شاخیں لگا لیتے ہیں تاکہ بھس وغیرہ آسانی سے سرکا یا جاوے (۲) قصاب اوجھڑ کے اوپر کی چربی دار جھلی +

جیمنا - ہ - فعل متعدی (ہندو) (۱) کھانا - نوش کرنا - تناول فرمانا (۲) رشوت لینا - گھوس لینا +

جَین - س - اسم مذکر - ہندو (۱) بُوڑھا آدمی - بڈھا آدمی (۲) سراوگیوں کے مت کا نام جسمیں بید کو نہیں مانتے ⁂

جِینا - ہ - فعل لازم (۱) زندہ رہنا - جیتے رہنا (۲) خوشی منانا - مزے اڑانا جیسے اپنی خوشی جیتا ہے (۳) زندگی بسر کرنا - عمر کاٹنا جیسے نکما جیا بُری حوال

جِینا - ہ - اسم مذکر (۱) زندگی - زیست - حیات جیسے جینا دشوار ہوگیا - مرنا جینا سبکے ساتھ ہے (۲) عو زندہ وسلامت - عمر والا جیسے خدا جیتا جاگتا رکھے

جَینی - ہ - اسم مذکر - جین مت والا - سراوگی ⁂

جِینو - ہ - اسم مذکر - دیکھو جی نمبر ۲ ⁂

جِیوآتما - ہ - اسم مؤنث - جان - روح - پران (ہندوؤں کے مذہب بموجب ایشور کے سوا کُل جانداروں کو جیوآتما کہتے ہیں ذی روح) ⁂

جیوٹ - ہ - صفت - جی دار - بہادر - دلیر - شجاع - مردانہ - [illegible] ⁂ نکہت)

[illegible] لی آگ کی [illegible] سے کروٹ اسکو کہتے ہیں

[illegible] جینے شب فرقت میں جیوٹ اسکو کہتے ہیں

جیوڑا - ہ - اسم مذکر - عو - (۱) جی کی تصغیر - جی + دل + جان - پران (مہر حسن)

کہا جب اپنا ہی جیوڑا نکل کہانی کہاں کی ہائے کہانی غزل

(۳) معشوق - دلبر - جانی (۴) پیار سے جی کو کہتے جیسے کہو آج جیوڑا کیسا ہے (۵) وہ اناج جو کسان فصل پر کمینوں اور کمیروں کو دیا کرتے ہیں ⁂

جِیوڑا - ہ - اسم مذکر (گنوار) رسّا - طناب - ریسمان

جیوڑی - ہ - اسم مؤنث (گنوار) رسّی - ینجو ⁂

جیوناڑ - ہ - اسم مذکر - ضیافت - دعوت ⁂

جَے ہو - ہ - دعا (ہندو) فتح ہو + بول بالا ہو ⁂

جَیشٹھا - ہ - اسم مذکر (۱) چاند کا اٹھارہواں نچھتر جسمیں تین ستارے شامل ہیں (۲) بیچ کی انگلی

چ

چ - ف - اسم مؤنث (۱) فارسی مرکب الف بے تے کا ساتواں اور اردو کا آٹھواں ہندی وسنسکرت کا چھٹا حرف (۲) حساب جمل میں اسکے عدد اور جیم کے برابر ہیں (۳) یہ حرف کبھی کاف عربی کبھی ژا ر فارسی کبھی سین مہملہ وشین معجمہ سے بدلا کرتا ہے ⁂

چابُک - ف - اسم مذکر (۱) کوڑا - تازیانہ - سانٹا - قمچی - ہنٹر (۲ - صفت) چست وچالاک - تیز طرار - پھرتیلا - پھرتی باز ⁂

چابُک دست - ف - صفت - چالاک دست - وُہ شخص جو ہاتھ کے کام میں چالاک ہو ⁂

چابُک سوار - ف - اسم مذکر - ۱ گھوڑا پھیرنے اور درست کرنے والا - گھوڑے پر خوب چڑھنے والا (۲) گھوڑوں کا سوداگر ⁂

چابُک سواری - ف - اسم مؤنث - گھوڑا پھیرنے کا ہنر یا پیشہ ⁂

چابنا - ہ - فعل لازم (گنوار) خائیدن وچاویدن کا ترجمہ - کسی چیز کو دانتوں سے کچلنا یا پیسنا + جگالی کرنا (۲) دانتوں سے کترنا (۳) کھانا - بھوجن کرنا - (رہنوں کی نسبت زیادہ بولتے ہیں) ⁂

چابی - ہ - اسم مؤنث (پورب) کنجی - تالی - کلید - مفتاح

چاپ - ہ - اسم مؤنث (ہندو) ۱ - کمان - قوس - دھنش (۲ - لکھنؤ) پاؤں کی آہٹ -- آواز پا ⁂

چاپاتی - ف - اِسم مؤنث - پتلی اور چوڑی فطیری روٹی جسے چپاتی زیادہ بولتے ہیں +

چاپٹ - ہ - اِسم مؤنث - وُہ غلّہ کے ٹکڑے جو پسنے سے رہ جائیں - پسیلے ہوئے اناج کی بھونسی + چوکر بھونسی - بُور +

چاپلوسی - ف - اِسم مؤنث - خوشامد - شیریں زبانی اور چرب زبانی سے فریفتہ کرنا - میٹھی میٹھی باتوں میں تعریف کرنا - تعریفِ بیجا +

چاتر - ہ - صفت (۱) تیز - چالاک - ہوشیار - عیّار - حیلہ باز - (۲) مکّار - فریبی - چھیلا - مُتفنّی (۳) بہادر - جری (۴) دانا - عقلمند - دانشمند - تجربہ کار - واقفکار

(دوہا) چاتر تو بیری بھلا مُورکھ بھلا نہ میت
سادھ گھٹائی ناکریں مُورکھ سی پریت

(۵) ہُنرمند - باسلیقہ - ذہین (۶) چار - ا - بع +

چاٹ - ہ - اِسم مؤنث (۱) کسی چٹپٹی اور مزیدار چیز کے چاٹنے کا مزہ + ذائقہ - چسکا - مزہ - ذوق (۲) عادت - لپکا - لت - دھت + شوق (۳) گزک وُہ مزیدار چیز جو زبان کا ذائقہ درست کرنے کے واسطے کھاتے ہیں

(ظفر) سُناتے ہیں ساقی کو میخوار ڈھب کی
کہ ہو چاٹ کوئی مزیدار ڈھب کی

چاٹ لگنا - ہ - فعل لازم (۱) مزہ پڑنا - چسکا پڑنا

(ناسخ) یہ لگی چاٹ مرے زخموں کو سیری نہوئی
ہوگئے کتنے ہی قاتل کے نمکداں خالی

(۲) عادت پڑنا - شوق لگنا - لت لگنا +

چاٹ ہے بارہ مصالحہ کی } کابلی چنے
چاٹ ہے دہی کے میوے کی } - ا - اور دہی
چاٹ ہے نیبو کے رس کی } بڑے والے

کی آواز - دہی بڑے بیچنے کی آواز - کچالو بیچنے کی آواز

چاٹنا - ہ - فعل لازم - لیسیدن کا ترجمہ - کسی رقیق چیز کو زبان سے اُٹھانا - زبان سے پونچھنا + بلی کی طرح چپڑ چپڑ کرنا + کھانا - چٹ کرنا جیسے اِنکا چاٹا ہوا درخت نہیں رہا +

چاچا - ہ - اسم مذکر (گنوار) چچا - عمّو - باپ کا بھائی

چاچی - ہ - اِسم مؤنث (ہندو یا گنوار) چچی - چچا کی بیوی - زوجۂ عمّو +

چادر - ف - اِسم مؤنث (۱) ردا - بڑا اور چوڑا دوپٹا اوڑھنا جیسی اوڑھنی چادر ہوئی بار ہیں بھی شاد کی خالہ جو (کہاوت) ۲ - پھولوں کی وُہ ردا جو مزاروں پر چڑھائی جاتی ہے (وزیر) خوب رو تُربت کو گلگوں سے ہماری قبر کو
چادر گُل نقش پائے یار نے تیار کی

(۳) پانی کی چوڑی دھار - لوہے وغیرہ کے چوڑے چوڑے تختے

چادر اُتارنا - ا - فعل متعدی - عورت کا بُرقع اُتارنا عورت کو بے پردہ کرنا + عزّت اُتارنا (جس موقع پر مرد کے واسطے پگڑی اُتارنا بولتے ہیں اُسی پر عورت کے لیے چادر اُتارنا) +

چادر جوڑا - ا - اِسم مذکر دوہری شال - دوشالہ

چادر چڑھانا - ا - (فعل متعدی) - کپڑے یا پھولوں کی چادر کسی بزرگ کے مزار پر ڈالنا +

چادر چھپول - ا - اِسم مذکر بچوں کا ایک کھیل جسمیں ایک لڑکے کو چادر میں لپیٹ کر بٹھا دیتے ہیں اور دوسرے تھوک کے لڑکوں سے دریافت کرتے ہیں کہ اِسمیں کون ہے؟ اگر صحیح بتا دیا تو یہ اُسکو چور بنا لیتا ہے اور اِس تھوک کے سب لڑکے دوسرے تھوک والوں کی چڈھیاں لیتے ہیں) +

چادر چھت - ا - اِسم مؤنث چھت گیری چھت

کا کپڑا + کپڑا چھت +

چادر ڈالنا - یا - اُڑھانا - ۱- فعلِ مُتعدی (ہندو گنوار) اوڑھنا ڈالنا - بیوہ کے ساتھ شادی کرنا

چادر سے باہر پاؤں پھیلانا - ۱- فعلِ مُتعدی اپنی حد یا بساط سے باہر قدم رکھنا +

چادر ہلانا - ۱- فعلِ مُتعدی - لڑائی کی حالت میں مغلوب سپاہ کا پناہ چاہنا - جنگ روکنے کی علامت ظاہر کرنا +

چادرا - ۱- اسمِ مذکر (۱) مردانہ چادر - بڑی چادر - بڑا اور چوڑا دو پاٹ کا دوپٹہ (۲) چھوٹی چادر +

چار - ف - صفت - چہار - تین اور ایک - اربع نور - چوک - گنڈا - ۴ +

چار ابرو کا صفایا - ۱- اسمِ مذکر - سر بھویں مونچھیں اور ڈاڑھی کے منڈا دینے سے عبارت ہے - بھدرا +

چار آدمی - ۱- اسمِ مذکر - پنچ - دو چار بھلے مانس

چار آنکھیں کرنا - ۱- فعلِ لازم - آنکھیں ملانا - مقابل ہونا - سامنے آنا - سنمکھ ہونا - دو چار ہونا +

چار آنکھیں ہونا - ۱- فعلِ لازم (۱) آمنا سامنا ہونا - سنمکھ ہونا - دو چار ہونا - مقابل ہونا - ملنا سامنے آنا جیسے آنکھیں ہوئیں چار دل میں آیا پیار آنکھیں ہوئیں اوٹ دل میں پڑی کھوٹ (۲) زیادہ واقفیت ہونا - زیادہ ہوشیاری آنا - زیادہ تجربہ ہونا جیسے علم سے آدمی کی چار آنکھیں ہو جاتی ہیں

چار انگلیاں سر پر نہ رکھنا - ۱- عو - فعلِ مُتعدی - سلام تک نہ کرنا - سلام نہ کرنا +

چار آئینہ - ف - اسمِ مذکر - ایک قسم کا زرہ بکتر

چار باغ - ف - اسمِ مذکر (۱) وہ شالی رومال جس کے چاروں گوشوں پر گل بوٹے بنے یا کڑھے ہوتے ہیں -
(صبا) چار عنصر کے سب تماشے ہیں + واہ یہ چار باغ کس کا ہے
(۲) - ف - مربع باغ - چوکھونٹا باغ +

چاربند - ۱- اسمِ مذکر - پشت کے چاروں جوڑ پشت کا نیچے اوپر اور چپ و راست کا حصہ +

نازک وہ ہیں کہ باندھے جو انگیا کے کس کے بند
کہتے ہیں درد ہونے لگا چار بند میں

چار پانچ - ۱- اسمِ مذکر - اول معلوم (۲) حجت - حیلہ - عذر - کھوڑو - فیل - (ممنون)

آج بوسے جاؤں گا میں تجھ سے لیکر چار پانچ
کون سنتا ہے تری عیار و دلبر چار پانچ

چار پانچ لانا - یا - کرنا - ۱- فعلِ مُتعدی - حیل و حجت کرنا + کھوڑو لانا - فیل لانا - بدذاتی کرنا - شرارت لانا

لاتا ہے ساتھ اپنے جو اغیار چار پانچ
(نکہت) کرنے لگا ہے وہ بت عیار چار پانچ

چار پایہ - ف - اسمِ مذکر - چوپایہ - چار پاؤں کا جانور ڈھور - ڈنگر - بہائم +

چار پایہ ہونا - ۱- فعلِ لازم (ظرافتاً - عوام) جورو والا ہونا - متاہل ہونا - عیال دار ہونا +

چارپائی - ۱- اسمِ مؤنث (۱) کھاٹ - منجی - چھوٹا پلنگ - پلنگڑی (۲) لاش - نعش - لوتھ - ارتھی - جنازہ + زخمی - مجروح - گھائل (میر تقی)

تری گلی سے سدا اے کشندۂ عالم
ہزاروں آتے ہوئے چارپائیاں دیکھیں

چارپائی پر پڑنا - ۱- فعلِ لازم (۱) چارپائی پر لیٹنا (۲) بیمار ہونا - کھٹیا سینا - صاحبِ فراش ہونا

چارپائی سے پیٹھ لگ جانا - ا- فعل لازم - کھاٹ پر پڑے پڑے پیٹھ میں زخم ہو جانا - نہایت بیمار پڑ کر صاحب فراش ہو جانا +

چارپائی میں کان نکلنا - ا- فعل لازم - چارپائی میں سیل کے باعث خم آجانا - چارپائی کا اونچا نیچا ہو جانا

ہوئی ہے یہ تقوے سے زاہد کی صورت
(انشا) کسی چارپائی کی جوں کان نکلے

چارپیسے - ا- اسم مذکر - زر - دولت جیسے چار پیسے کے سارے کھیل ہیں +

چارتار - ا- اسم مذکر - عو (۱) چار جوڑے - چار کپڑے (۲) چار گہنے - چار زیور +

چارتال - ر- اسم مذکر - چوتالہ - چار ضرب - طبلہ بجانے میں ایک تال کا نام ہے +

چارتخم - ف- اسم مذکر - تخم ریحان - اسبغول بالنگو اور خرفہ سے مراد ہے +

چارٹوک - ا- اسم مذکر - چار ٹکڑے والا - جو کھنڈا - چار پھانک +

چارجامہ - ف- اسم مذکر - زین - وہ پوشش جسے گھوڑے پر ڈال کر سوار ہوتے ہیں +

چارچالے - ا- اسم مذکر - عو - ایک ہندوانی رسم ہے جو بیاہ کے بعد دولہن کے چار رشتہ دار دولہا دلہن کو ایک ایک مرتبہ مہمان بلاتے اور کچھ نقدی طعام وغیرہ عطا کر دیتے ہیں +

چارچاند لگانا - ا- فعل لازم - عو - مرتبہ اور عزت بڑھانا - آنکھوں پر بٹھانا + چوگنی زینت بخشنا - دوبالا رونق دینا

گرجائے آنکھ سے جو ہو تجھ سے دوچار چاند
(بحر) چار ابروؤں نے تجکو لگائے ہیں چار چاند

چارچاند لگنا - ا- فعل لازم - عو - عزت بڑھنا - عالی مرتبہ ہونا - توقیر بڑھنا - چوگنی عزت اور زینت ہونا - حسن کا دوبالا ہونا (نکہت)

نظر آئے اتنے جو اکبار چاند + زمانے کے منہ کو لگے چار چاند

چارچشم - ا- صفت (۱) بے مروت - بے وفا - طوطا چشم - بیدید (نکہت) رکھ نہ بوسے کی اس شوخ سے زنہار چشم
بیمروت بے وفا بیدید ہے رخ چار چشم

(۲- ف) کمال مشتاق - نہایت آرزومند +

چارچوٹ کی مار - ا- اسم مونث - عو - ضرب شدید لات مکی اور لکڑی وغیرہ سے مارنا +

چارحرف بھیجنا - ا- فعل متعدی لعنت کرنا - لعنت بھیجنا +

چارخانہ - ف- اسم مذکر - ایک قسم کا چار چار خانہ دار کپڑا - خانہ دار کپڑا +

چاردانت - ا- اسم مذکر - جب بکرا بکری کی نسبت کہتے ہیں تو پوری عمر سے مراد ہوتی ہے یعنی چار سال اور جو بیبی کی نسبت کہیں گے تو وہاں اسکے شباب سے مراد ہوتی ہے

چاردن - ا- صفت - چند روز - تھوڑے دن یعنی چند روز

چاردن کی بہار - ا- اسم مونث - رونق چند روزہ حسن ناپائدار - انبساط دو روزہ +

چاردن کی چاندنی - ا- اسم مونث - عیش چند روزہ - چند دن کی دولت - ثروت و حسن ناپائدار سریع الزوال شان و شوکت (بحر)

چار دن کی چاندنی اس میکدے میں عیش ہے
ساقی شب کا بھی آخر دور ساغر ہو گیا

چاردن کی چاندنی پھر اندھیرا پاکھ - ا- کہاوت - چند روزہ عیش ہے اور پھر وہی تکلیف -

چندروزہ آؤبھگت اور پھر وہی بیقدری +

چار دیواری س۔ اِسم مؤنث۔ شہر پناہ۔ فصیل۔ گھر کا احاطہ +

چارزانو بیٹھنا ف۔ فعل لازم۔ آلتی پالتی مار کر بیٹھنا۔ امیرانہ نشست سے بیٹھنا +

چارسال۔ ف۔ اِسم مذکر۔ چار برس کا بُوڑھا جانور۔ چار دانت +

چارطرف۔ ا۔ تابع فعل (۱) چارسُو۔ چاروں اوٹ۔ چار دانگ۔ چاروں دشا (۲) ہرطرف۔ ہر جانب

چارعنصر۔ ف + ع اسم مذکر۔ خاک باد۔ آب آتش (ادہ چاروں اصلی جُز جنسے موجُودات کی ظاہری صُورت نمایاں ہوئی یعنی آگ پانی مٹی ہوا) +

چارقل۔ ف + ع۔ اسم مذکر۔ قرآن شریف کی اخیر سیپارہ کی چار سُورتیں قُلیا۔ قُل ھُوَ اللّٰہ۔ قُل اَعُوذُ بِرَبِّ الفَلَقِ۔ قُل اَعُوذُ بِرَبِّ النَّاس جو اکثر دفعیہ چشم زخم یا فاتحہ کے واسطے پڑھتے ہیں +

چارکھونٹ۔ ا۔ اسم مؤنث (۱) دیکھو (چار طرف) (۲) دُنیا کے چاروں اطراف۔ چار دانگ (۳) تمام دُنیا۔ تمام عالم۔ ہمہ آفاق +

چارگُنا۔ ا۔ صفت۔ چار چند۔ چوگُنا۔ چار ضرب چار

چارکانے ا۔ اسم مذکر۔ چوسر بازوں کی اصطلاح میں ایک داؤ کا نام ہے یعنی جب وہ نرد بازی کے تینوں پاسوں کو پھینکتے ہیں اور تینوں پاسوں میں چار نقطے اسطرح پر آتے ہیں کہ ایک پاسے میں تو دو اور ایک باقی کے دونوں قُرعوں میں ہوں تو اُسے چار کانے کہتے ہیں +

چار کے کاندھے پر جانا۔ یا۔ چڑھنا۔ ا۔ فعل لازم۔ مرکر تابُوت میں جانا۔ ارتھی پر نکلنا۔ چار آدمیوں کے کندھے پر مرنے کے بعد چڑھکر جانا +

چارمغز۔ ف۔ اسم مذکر۔ اخروٹ۔ گردگان +

چارمیخا کرنا۔ و۔ فعل متعدی۔ اوندھا یا چت ڈالکر چاروں ہاتھ پاؤں میخ سے باندھکر سزا دینا۔

چار ہاتھ پاؤں۔ ا۔ اسم مذکر۔ دونوں ہاتھ اور دونوں پاؤں جو چلنے پھرنے کام کاج کرنے کے قابل اعضا۔ جیسے خدا نے چار ہاتھ پاؤں سکو دئے ہیں

چاریار۔ ف۔ رسُول مقبول کے چار مصاحب یعنی حضرت ابُوبکر صدیق۔ حضرت عمر فارُوق۔ حضرت عثمان غنی۔ حضرت علی کرّم اللہ وجہہ +

چاریاری۔ ف۔ اسم مذکر (۱) مسلمانوں کا وہ بڑا اور اوّل فرقہ جو رسُول مقبول کے چاروں یاروں کو درجہ میں ایکدوسرے پر فضیلت نہیں دیتا۔ سُنّی اہل سُنّت و جماعت (۲۔ ا) کلمہ کا روپیہ۔ چوکھونٹا روپیہ جو اکثر برکت کے خیال سے روپیوں کی تھیلی میں رکھا کرتے ہیں یہ روپیہ اکبر اور جہانگیر کے وقت میں بنا تھا +

چارا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ علف۔ گھانس۔ کڑوی چری وغیرہ جو چوپایوں کو دی جاتی ہے برخلاف دانہ

چارناچار۔ ف۔ تابع فعل۔ مجبُورا۔ قہرا جبرا۔ زبردستی +

چاروں۔ ہ۔ صفت۔ ہر چہار۔ چار کے چار جیسے چاروں بھائی۔ چاروں رستے موکلے +

چاروں خانے چت گرنا۔ ہ۔ فعل لازم دراصل میں چار شانہ گرنا تھا) ا۔ اسطرح پر چت گرنا کہ دونوں ہاتھ دونوں پاؤں برابر پھیل جائیں۔

(۲) حیران و ہکا بکا ہو جانا - جواب نہ بن پڑنا - حواس باختہ ہو جانا - مات کھانا +

چارہ - ف - اسم مذکر - علاج - تدبیر - گزیر + مدد + درستی - سرانجام +

چارہ جوئی ف اسم مؤنث - علاج چاہنا - بہتری بھلائی + فریاد - نالش - استغاثہ + چارہ سازی علاج طلبی - علاج خواہی +

چارہ ساز - ف - صفت - کام بنانے اور درست کرنے والا + خدا تعالیٰ +

چارہ سازی یا چارہ گری - ف - اسم مؤنث علاج معالجہ - یاری - مدد - حاذقت +

چاشت - ف - اسم مؤنث (۱) پہر دن چڑھے کا وقت چوتھائی دن گزرنے کا وقت - سورج نکلنے اور زوال کے درمیان کا وقت (۲) حاضری - صبح کا کھانا - طعام صبح +

چاشنی - ف - اسم مؤنث (۱) طعام یا شراب کا بقدر ذائقہ نمونہ (۲) مزہ - ذائقہ (۳) پت - شربت وغیرہ کے پکنے کا انداز - شربت کا تار (۴) تھوڑی سی آمیزش - پھٹکار - جیسے سادے تمباکو میں خمیرے کی چاشنی (۵) چکھنے کے قابل چیز - بقدر ذائقہ کوئی چیز (۶) سونے یا چاندی کا کس - سونے کی اصلیت و امتحان جو کسوٹی پر ہو (۷) ذرا سی شیرینی قدرے حلاوت (۸) مٹھاس کے اندر کی کھٹاس (۹) ایک ظرف کا نام جس میں گنے کا رس پکاتے ہیں - کڑھایا - کڑھائی +

چاق - ت - صفت - مضبوط + تندرست - چست و چالاک + ہوشیار +

چاق چوبند - ا - صفت (۱) چاروں گانٹھ مضبوط توانا - زورآور - مسٹنڈا - موٹا تازہ (۲) تندرست - بھلا چنگا - نروگا (۳) چست - چالاک - پھرتی باز پھرتیلا - ترترا (رشق)

چاق چوبند سینہ زوری ہیں
پھول رکھے ہوئے کٹوری ہیں

چاقو - ت - اسم مذکر - چاکو - قلم تراش - کارد خورد

چاک - ف - صفت - تراشیدہ - کٹا ہوا - دریدہ پھٹا ہوا جیسے سینہ چاک + ؏

چاک کو تقدیر کے ممکن نہیں کرنا رفو
سوزن تدبیر ساری عمر گو سیتی رہے

(۲ - اسم مذکر) آستین یا دامن کا کھلا ہوا حصہ +

چاک دینا - ا - فعل متعدی (پرانا محاورہ ہے) پھاڑنا - چیرنا - ٹکڑے کرنا مصحفی

آگیا ہاتھ میں گر اب کے گریباں میرا
چاک وہ دیجے کہ تا دامن محشر پہنچے

چاک کرنا - ا - فعل متعدی - پھاڑنا - چیرنا - پرزے کرنا - چیتھڑے اڑانا +

چاک ہونا - ہ - فعل لازم - پھٹنا - چرنا - دریدہ ہونا

چاک - ہ - اسم مذکر (۱) کمہار کا پہیا جسے پھرا کر برتن بناتے ہیں - چرخ کوزہ گر (ناسخ)

خبر کلال کو سرگشتگی کی تھی ناسخ
جو میری خاک سے تیار اس نے چاک کیا

(۲) کنوئیں کی چرخی - وہ پہیا جس پر کنوئیں کا رسا رہتا ہے (۳) وہ گول گونڈا جس میں مصری یا قند جاتے ہیں (۴) کواڑ کی درز - کواڑ کی جھری یا دراڑ میر ناسخ نے باندھا ہے ؏ آ ناسخ ادھر زخم دل میرا نہیں جو ہو نہ ہرگز التیام

ایک دن بند اُس پری کا چاک در ہو جائیگا + (۵) تھاپا
وُہ چیز جس سے کھلیان پر چھاپ لگاتے ہیں +

چاک کی طرح پھرنا - ہ - فعل لازم - چرخ کی طرح گردش
کرنا - گھومنا - چکر کھانا +

چاک - انگلش Chalk اسم مؤنث - کھریا
کھریا مٹی +

چاکر - ف - اسم مذکر (۱) نوکر - ملازم - خادم - خدمتگار
اہلکار (۲) نوکر کا نوکر +

چاکری - ف - اسم مؤنث - ملازمت - نوکری - خدمتگاری
ٹہل - سیوا +

چاکسو - ہ - اسم مذکر (۱) ایک قسم کے کالے بیج جو پیسکر
آنکھوں میں ڈالی جاتی ہیں (چونکہ چکشش یا چکشو سنسکرت
میں آنکھ کو کہتے ہیں اس سبب سے یہ نام رکھا گیا) +

چاکو - ا - اسم مذکر - دیکھو (چاقو) +

چاکی - ہ - اسم مؤنث (۱) پٹہ بازوں کی اصطلاح میں اُس
ضرب کا نام ہے جو حریف کے سر پر گتکا پھرا کر جہاں خالی
پاتے وہیں مارتے ہیں (۲ - گنوار) چکی - آسیا - جاتا

چال - ہ - اسم مؤنث (۱) رفتار - حرکت + طرز رفتار
انداز رفتار (میر تقی)

چلتے ہیں ناز سے جب ٹھوکر لگے ہے دل کو
آتی نہیں سمجھ میں ان دلبروں کی چالیں

(۲) روش - رویّہ (۳) طور - طریق - طرز - (۴) عادت
سبھاؤ (۵) گھوڑے کی رفتار (۶) شطرنج کے مہرے
یا چوسر کی نرد کو ایک گھر سے دُوسرے گھر میں
لیجانے کو بھی چال کہتے ہیں (بحر)

یہ چوسر عشقبازی کی ہے اے دل
نہ چلنا چال وُہ جس سے ہو گھر بند

(۷) مکر - فریب - دم - جھانسا - دھوکا - چھل بٹا
(صبا) اُنکی رفتار ناز اُڑا لیتا +
کبک نے کچھ تو چال کی ہوتی

چال چلن - ہ - اسم مذکر - طور و طریقہ - رنگ
ڈھنگ - طریق معاشرت - روزمرّہ برتاؤ - روش
رویّہ - عادت - خصلت - اخلاق +

چال چلنا - ہ - فعل لازم (۱) برتاؤ کرنا - پیش آنا -
(۲) دم دینا - فریب دینا - دھوکا دینا +

چال دکھانا - ہ - فعل متعدی (۱) گھوڑے کا قدم
دکھانا - رفتار دکھانا (۲) روانہ ہونا - چلتا بنا - جانا
سدھارنا جیسے چال دکھاؤ یعنی جاؤ +

چال ڈھال - ہ - اسم مؤنث - رفتار و گفتار -
طرز و روش - طور طریقہ - انداز (امیر)

طرز خرام کرتی ہے سر سیکڑوں قلم
تلوار چل رہی ہے نئی چال ڈھال پر

چالا - ہ - اسم مذکر (۱) روانگی - رخصت - کوچ (۲)
نئی دُلہن کا سُسرال سے شادی کے بعد اوّل
چار مرتبے میکے جانا + (بحر)

نو عروس باغ کی شادی مجھے ماتم ہوئی
پاؤں پھیرا باغ میں گلچیں کے گھر چالا ہوا

(۳) روانگی کا مہورت - سفر کرنے کا روز مسعود +
(دساسُول) (رجال الغیب) کو پُشت پر یا بائیں ہاتھ پر خواہ سیدھے
ہاتھ پر چھوڑ کر جانا - چنانچہ پُورب کو منگل اور پیر کے دن
نہیں جاتے اور جمعہ و یکشنبہ کو پچھم کی جانب سفر نہیں کرتے
اسیطرح منگل اور بُدھ کو شمال کی سمت اور جمعرات کو دکن
کی طرف جانا منحوس خیال کرتے ہیں (میر نابرق) جیتے رہے
فراق میں یہ جاناں وصل میں + اُس دن ملے یہاں سے کہ چالا نکل گیا

چالا دیکھنا - ہ - فعل لازم - مہورت دیکھنا - وقتِ سفر حسبِ نجوم قرار دینا +

چالاک - ف - صفت (۱) چالک - کام کرنے میں چُست - پُھرتی باز - ہوشیار - ذہین - زیرک - تیز (۲) تیز رفتار - زُود رَو (۳) عیّار - مکّار - فریبی - فتنہ پرداز +

چالاکی - ف - اسم مؤنث (۱) چُستی - پُھرتی - تیزی (۲) ہوشیاری - زیرکی (۳) عیّاری - مکّاری + دست بُرد +

چالاکی سے - ہ - تابع فعل - ازروئے فریب - دھوکے سے +

چالاکی کرنا - ہ - فعل متعدی - دھوکا دینا - ہتکھنڈا کرنا + بددیانتی و خیانت کرنا + عیّاری کرنا

چالان - ہ - اسم مذکر (۱) بیجک - اشیائے فرستادہ کی فہرست (۲) رسیدِ زر - رسید (۳) ملزم کی عدالت کو روانگی - ملزم کو سرکاری ملازموں کے ساتھ مجسٹریٹ کے پاس بھیجنا (۴) پروانۂ راہداری + راہداری یا نکاسی کی چٹھی - روقہ +

چالیا - ہ - صفت - چال باز - چاتر - فریبی - دھوکے باز - وہ شخص جس کی عادت میں دغابازی ہو (امانت)

رفتار کی روش سے غضب دل لبھائیے
چھوٹے سے سن میں یار بڑے تم ہو چالیے

چالیس - ہ - صفت - چہل - اربعین - ۴۰ +

چالیس سیر - ہ - اسم مذکر - ایک من +

چالیس سیرا - ہ - صفت - پورا من کی پوری تول + پورا - ٹھیک +

چالیس سیرا اُوت - ہ - صفت - پورا احمق نہایت بے وقوف +

چالیس سیری تول - ہ - اسم مؤنث - پوری تول - من کی پوری تول +

چالیسا - ہ - اسم مذکر (۱) چالیس برس کی عمر کا آدمی (۲) وہ پہلوان جس نے چالیس آدمیوں کو پچھاڑا ہو + چالیس آدمیوں سے مقابلہ کرنے یا چالیس آدمیوں کو مار ڈالنے والا بہادر (۳) سمبت ۱۸۴۰ چالیس کا قحط جو آج تک لوگوں کے ہوش کھوتا ہے

چالیسواں - ہ - صفت (۱) وہ چیز جس پر چالیس کی گنتی پوری ہو - چالیس سے نسبت رکھنے والا (۲) - اسم مذکر - چہلم - فاتحۂ چہلم - مُردے کی سوا مہینے کی فاتحہ +

چام - ہ - اسم مذکر - چمڑا - کھال - جیسے چام پیارا نہیں کام پیارا ہے +

چام کے دام - ہ - اسم مذکر - چمڑے کا روپیہ - (وہ چمڑے کا گول روپیہ جسے نظام نامی سقہ نے ہمایوں بادشاہ کے عہد میں اپنی خیرخواہی کے صلہ میں نصف روز کی بادشاہی لے کر سونے کی کیل جڑ کر چلایا تھا کہ میرا بھی یادگار زمانہ رہے)

چام کے دام چلانا - ہ - فعل متعدی - نہایت رعب داب اور حکومت سے کام لینا - جوتے کے زور سے کام لینا - جبراً کام لینا +

چانپ - ہ - اسم مؤنث - بندوق کی چٹخنی جس کے وسیلہ سے بندوق کے پیالے پر ضرب پڑتی ہے - بندوق کا گھوڑا +

چانٹا - ہ - اسم مذکر - دھپّا - تھپڑ - ریپٹا - دھول - تماچہ +

چاند - ہ - اسم مذکر (۱) قمر - ماہ - ماہتاب - چندرما

(۲) مہینے کا آخیر دن - بند تاریخ (۳) مہینا تیس یا اُنتیس دن کا زمانہ (امانت)

ہلال دیکھ کے اُس رشکِ ماہ کا مُنہ دیکھ
خوشی سے تجھکو امانت کٹیگا سارا چاند

(۴) ڈھال کا آہنی یا برنجی پھول - ڈھال کی پھلّی (امانت) تیغ اُسکے معرکے میں جو چمکی ہلال وار
شرمندہ ہوکے چاند سپر سے نکل گیا +

(۵) جانداروں کی پیشانی کا سفید ٹیکا (۶) ایک زیور کا نام جو ہلال نما ہوتا ہے (۷) نشانہ - ہدف وہ گول نشان جو چاندماری کے واسطے لگایا جاتا ہے (۸) تاج - افسر - مُکٹ (۹ - عو) خوبصورت بیٹا - پیارا بیٹا : بیٹا جیسے میرا چاند کہاں گیا تھا (۱۰ - اسمِ مؤنث) کھوپری - چندیا - کلّہ +

چاند پر خاک ڈالے نہیں پڑتی - ک - کہاوت بھلے بُرے نہیں ہوسکتے - اچھوں کو عیب نہیں لگ سکتا - ہنر چھپائے نہیں چھپتا (آتش)

چاند کے اُوپر نہیں پڑتی کسی صورت سے خاک
مُنہ تو دیکھیں یکے یُوسف کے برادر آئینہ

چاند تارا - ک - اسمِ مذکر - ایک قسم کی باریک ململ جسپر چاند اور تارے کی بُوٹیاں کڑھی ہوئی ہوتی ہیں - پھولدار ململ (ناسخ)

چاند تارے کا جو کُرتہ تو نے پہنا اے صنم
ایک ماہِ نو نظر آتا ہے ہر اختر کے پاس

(۲) ایک قسم کا کنکوا جسمیں رنگین کاغذ کا چاند اور ستارے بنا کر چپکا دیتے ہیں (امداد علی بحر)

کانٹھ دوں گھٹتے ہیں وہ جب تم بڑھاتے ہو پتنگ
چاند تاروں پر تمہارا چاند تارا ڈور ہے

عکسِ خال و ابروے خمدار سے اے مہوش
کاغذِ بادی ہوا پر چاند تارا ہوگیا (برق)

چاند چڑھنا - ک - فعلِ لازم (۱) چاند کا اُونچا ہونا - چاند کا بلند ہونا (۲) مہینا پُورا ہونا - آخیر چاند دکھائی دینا - غُرّہ نظر آنا - اوّل روز کا چاند دکھائی دینا (ذوق)

جھومر کا نظر سر پہ ترے ابتو پڑا چاند
تھا وعدہ چڑھے چاند کا لا بوسہ چڑھا چاند

(۲) مہینے کی تنخواہ چڑھنا - مہینا چڑھنا (۳ - عو) ایامِ حیض کا ٹل جانا - معمولی وقت پر حیض نہ آنا حیض کا مہینا گزر جانا - حمل ٹھیرنے کی علامت کا ظاہر ہونا +

چاند دیکھنا - ک - فعلِ متعدی - ماہِ نو دیکھنا

چاند دیکھے - ک - تابعِ فعل - پہلی تاریخ کو جیسے چاند دیکھے آنا +

چاند رات - ک - اسمِ مؤنث - شبِ ہلال - دُوج - نیا چاند نکلنے کی تاریخ +

چاند سا مُکھڑا
چاند سی صُورت } ک - صفت - چاند جیسا خوبصورت چہرا - چاند سا مُنہ

چاند سُورج - ک - اسمِ مذکر - ایک طلائی خواہ نُقرئی زیور کا نام جو مہر و ماہ کی صُورت پر بنا ہوا عورتوں کی چوٹی میں لٹکا کرتا ہے (حضرت لکھنؤ کا ایجاد ہے) (آتش)

بنگلے کسکا زیور چاند سُورج +
گھڑا کرتے ہیں زرگر چاند سُورج

چاند کا ٹکڑا - ک - اسمِ مذکر - ماہ پارہ - نہایت خوبصورت اور حسین آدمی (ناسخ)

تُو ہے ایسا چاند کا ٹکڑا کہ ہوتے چاند کے

کرتے تھے تارے تری جانب اشارے رات کو

چاند کا کُنڈل بیٹھنا - ہ - فعل لازم - ماہ کا ہالہ نشین ہونا - چاند کا اپنے گرد دائرہ بنانا +

چاند کا کھیت کرنا - ہ - فعل لازم - چاند نکلنا - چاند کی شہابی نظر پڑنا - ماہ کا طلوع کرنا - چاند کا اُفق یا آسمان سے نمودار ہونا - چاند اُبھرنا

(برق) یُوں ترے رُخ سے عیاں ہے ترے تن کی مہتاب
کھیت جس طرح سے کرتا ہے چمن میں مہتاب

چاند کو گہن لگنا - ہ - فعل لازم - اوّل معلوم (۲) حسن کو عیب لگنا - خوبصورت کا بدصورت سے پالا پڑنا (۳) بہت سی خوبیوں کے ہوتے ایک آدھ عیب بھی ہونا +

چاند گرھن - یا - چاند گہن - ہ - اسم مذکر - گرفتگی ماہ - خسوف (جب حالت [illegible] میں چاند کا رُخ روشن زمین کے سامنے آجاتا ہے اور زمین آفتاب کی روشنی اُسپر نہیں پڑنے دیتی یعنی زمین کا سایہ اُسے تاریک کر دیتا ہے تو اُسکو چاند گہن کہتے ہیں - سال بھر میں کم از کم دو گرہن اور زیادہ سے زیادہ سات اور اکثر چار ہوا کرتے ہیں)

(امانت) تیرے مُنہ پر جو رکھا غیر سیہ فام نے مُنہ
مجھکو اے رشکِ قمر چاند گہن یاد آیا

چاند ماری - ہ - اسم مؤنث - نشانہ بازی - نشانہ بازی کی مشق جو سامنے گول سا نشان بنا کر دیوار وغیرہ پر گولیاں لگاتے ہیں

چاندنا - یا - چاننا - ہ - اسم مذکر (۱) اُجالا - روشنی (۲) رونق - زیبایش (۳) اُجالا پاکھ - سُدی (۴) سفید بازو یا پروں والا کبوتر +

(ناسخ) گھر مرا تاریک ہے ایسا کہ لیکر خطِ یار
چاندنا آیا تو وُہ کالا کبوتر ہو گیا

چاندنا - یا - چاننا ہو جانا - ہ - فعل لازم (۱) روشنی کا نمودار ہو جانا + دن نکل آنا - پو پھٹنا (۲) خیرگیِ چشم ہو جانا - صدمہ دماغی سے آنکھوں کے آگے تارے سے چھوٹنے لگنا (۳) صفایا ہو جانا - بالکل گھر لُٹ جانا - ایسی چوری ہونا کہ کچھ باقی نہ رہنا (۴) رونق ہو جانا - زیبایش ہو جانا جیسے معشوق کے آنے سے چاننا ہو گیا

چاندنی - یا - چاننی - ہ - اسم مؤنث (۱) چاند کی روشنی - چاند کی جوت - مہتاب (ذوق)

افسردہ دل کے واسطے کیا چاندنی کا لُطف
لپٹا پڑا ہے مُردہ سا گویا کفن کے ساتھ

(۲) ایک قسم کا سفید پھول جسے گُلِ چاندنی بھی کہتے اور خفقانی آدمی کو اکثر کھلاتے ہیں (۳) سفید فرش - وہ سفید چادر جو دری کے اُوپر بچھاتے ہیں +

(ناسخ) اے نادم [illegible] کے لایق ہے تری محفل کی چاندنی [illegible]

چاندنی چوک - ہ - اسم مذکر - دہلی کے ایک مشہور اور بارونق بازار کا نام +

چاندنی چھٹکنا - ہ - فعل لازم (ہندو) چاندنی کھلنا - چاندنی کا پھیلنا اور پراگندہ ہونا +

(بحر) وہ حسن ہے جو کچھ [illegible] تم نکلتے ہو
زمیں پہ سایہ [illegible] چاندنی چھٹکتی ہے

(دہلی کے مسلمان چاندنی کا چھٹکنا زیادہ بولتے ہیں)

چاندنی دیکھنا - ہ - فعل متعدی - شب ماہ کی سیر کرنا - چاندنی رات میں باغ کی یا کشتیوں میں سوار ہو کر دریا کی سیر کو نکلنا +

چاندنی رات - اسم مؤنث - شب مہتاب

ستارہ ہی + وُہ رات جسمیں شب بھر چاندنی رہے جیسے ۱۴-۱۵-۱۶ ویں شب +

چاندنی کا اثر ہونا -ھ- فعل لازم - زخم کا اچھا نہونا - زخم کا ہرا رہنا (ناسخ)

آگیا تمھارے کیا وُہ ماہ کامل خواب میں
چاندنی کا ہے اثر زخم دل بیتاب میں

چاندنی کا کھیت -ھ- اسم مذکر - پرتو ماہ جو زمین کے چاروں طرف پڑا ہوا نظر آئے - چادر مہتاب - چھٹکی ہوئی چاندنی (ناسخ)

میں جو روؤں خرمن ماہ درخشاں سبز ہو
چاندنی کا کھیت مثل کشت دہقاں سبز ہو

چاندنی کا کھیت کرنا -ھ- فعل لازم - چاندنی کا زمین پر گسترده ہونا - چادر مہتاب کا بچھنا - چاروں طرف چاندنی کھلنا (ا ہیلے)

گیسو تمھارا چہرہ روشن سے ہٹ گیا
لو چاندنی نے کھیت کیا ابر چھٹ گیا

چاندنی کھلنا -ھ- فعل لازم - ماہ کا نور افشاں ہونا - چاند نکلنا - چاند کا طلوع ہونا - چاندنی پھیلنا +

چاندنی کو سونپنا -ھ- فعل متعدی - ایک اشیائی وہمی رسم ہے کہ جب کسیکو زخم پہنچتا یا کسیکی فصد کھلتی جونکیں لگتیں یا عورت کے بچہ ہوتا ہے اور اُسے کسی ایسے مقام سے جہاں دُھوپ کی طرح چاندنی آجاتی ہے اُٹھانا منظور نہیں ہوتا تو ٹوٹکے کے طریق پر سات پُولے جلاکر ایک آدمی کو گواہ کرتے اور چاندنی کا اثر نہونے کے لیئے یہ کہتے ہیں کہ ہمنے اِس زخمی کو تیرے سپرد کیا دُوسرا آدمی کہتا ہے میں اِس بات کا گواہ ہوگیا وجہ یہ ہے کہ زخم کے حق میں چاندنی مرطوب مزاج ہونے کے باعث مُضر ہوتی ہے جس سے دیر میں زخم اندمال پذیر ہوا کرتا ہے

چاندنی مارنا یا **مار جانا** -ھ- فعل لازم - چاندنی کا اثر ہو جانا - کہتے ہیں آدمی یا گھوڑا جب زخمی ہو جاتا ہے یا جل جاتا ہے تو چاندنی سے رگ اور پٹھے اینٹھ کر تشنج ہونے لگتا ہے اور اس تکلیف سے اکثر کوئی جانبر نہیں ہوتا اور نیز چاندنی کے مرطوبی اثر سے زخم ہمیشہ ہرا رہتا یا بہت دنوں میں اچھا ہوتا ہے لیکن بعض محققوں سے معلوم ہوا کہ فالج ہو جانے جھولا مار جانے کو بھی کہتے ہیں (مضمون) چاندنی مارگئی جو دل زخمی کو رات + عکس انداز جو کسکا دل پُرنور ہوا + (شاہ نصیر) دل زخمی یہ مت ہو پرتو افگن رُوئے روشن سے + کہ جسکو چاندنی مارے وُہ جانبر ہو نہیں سکتا +)

چاندہ -ھ- اسم مذکر - پیمایش کا وُہ خاص مقام جسکے فاصلہ کے وسیلہ سے حدود بندی ہوتی ہے +

چاندی -ھ- اسم مؤنث (۱) رُوپا - نقرہ - سیم - فضہ - ایک سفید کانی جوہر کا نام جو مزاجاً دُوسرے درجہ میں سرد و خشک ہے اور اکثر اُسکا زیور اور روپیہ بنایا جاتا ہے (۲) مال - دولت - مبلغ - دام - پیسے - دھن (۳) کامیابی - گہرے - نفع - فائدہ - ہے بنے اُس سیم تن سے یا بگڑے
ہر طرح عاشقوں کی چاندی ہے

چاندی خانہ -ا- اسم مذکر - وُہ مقام جہاں سنار لوگ امیروں کے مکان پر جاکر زیور بنایا کرتے ہیں

چاندی کا پہرا -ھ- اسم مذکر - اقبالمندی کا زمانہ - دولتمندی کا زمانہ - رُوپا رَیل +

چاندی کا تار -ا- اسم مذکر - عو - حقارتاً زیور

نقرہ جیسے اُسکے ہاتھ میں چاندی کا تار تک نہیں
چاندی کا جُوتا - یا - جوُتی مارنا - ہ - فِعلِ لازم کسی شخص پر احسان زر کرکے اُسے سرنگوں کرنا - روپیہ کے زور سے شرمندہ کرنا +
چاندی کا ورق - ا - اِسم مُذکر (چاندی کا بہت باریک پتر جسے اکثر دوائیں کھاتے اور خوبصورتی کے واسطے خوردنی اشیا پر لگاتے ہیں) +
چاندی کر دینا - ہ - فِعل لازم - تمباکو کا جلا کر راکھ کر دینا - ایسا دم لگانا کہ سُلفہ جلکر راکھ ہو جائے
چاندی ہونا - ہ - فِعل لازم (۱) جلکر راکھ ہو جانا (۲) کامیابی ہونا - بن آنا - فائدہ ہونا - گہری ہونا
چانٹ - ہ - اِسم مُذکر - تھاپ - چاک - وُہ کاٹ کی تھاپی جسپر حرُوف کُھدے ہوئے ہوتے ہیں اور اُس سے کھلیان پر ٹھپّا لگا دیتے ہیں +
چانگلا - ہ - صِفت (۱) تندرست - بھلا چنگا - توانا طاقتور (۲) تیز - ہوشیار - چالاک (۳) خوش حال کھاتا پیتا (۴) گھوڑوں کا ایک رنگ +
چانول - یا - چاول - ہ - اِسم مُذکر (۱) برنج - ایک سفید غلہ کا نام (۲) نیز وُہ ریزہ یا گری جو کسی نباتات یا اور غلہ سے نکالا جائے جیسے چرچٹے کے چاول کنگنی کے چاول - دھنیئے کے چاول وغیرہ (۳) رتی کا آٹھواں حصّہ +
چاول چبوانا - ہ - فِعلِ مُتعدی (جس شخص پر چوری کا احتمال ہو اُسے چاولوں پر عزیمت پڑھکر چبوانا تاکہ اگر واقع میں چور ہے تو اُسکے مُنہ سے خون نکل آئے - اہل ہنود صرف ایک دھمکی ہے جسکے ڈر سے اکثر کچّے چور چُرائی ہوئی چیز ڈالدیتے ہیں
چاؤ - ہ - اِسم مُذکر (۱) حسرت - ارمان (۲) شوق ذوق - آرزُو - تمنّا (۳) ناز و نخرہ - لاڈ - چنبیلی
چاؤ میں آئی لڑکے بالے ساتھ ہی لائی +
چاؤ چوچلا - ہ - اِسم مُذکر - عو - ناز و نخرہ - لاڈ پیار
چاؤ نکالنا - ہ - فِعل مُتعدی - ارمان نکالنا - حسرت پُوری کرنا - اُمنگ پُوری کرنا +
چاؤں چاؤں - ا - اِسم مُؤنث - عو (اصل میں فارسی چاؤ چاؤ سے بیا گیا ہے) چائیں چائیں - کائیں کائیں - شور بیفائدہ +
(چڑیوں کی وُہ آواز جو دہشت کے سبب یا اُنکا بچہ پکڑنے کے وقت واویلا کی بجائے نکلتی ہے) +
چاؤں چاؤں کرکے پیچھے پڑنا - ہ - فِعل لازم - غُل و شور مچاکر درپے ہو جانا +
چاہ - ف - اِسم مُذکر - کنواں - کوپ - کُوا - غار
چاہِ ذقن - یا - زنخداں - ف + ع - اِسم مؤنث ٹھوڑی کا گڑھا (آتش)

جانِ شیریں سے بھرے دِلکو تمنا ہے یہی
آبِ شیریں کی عوض چاہِ زنخداں تیرا

چاہ - ہ - اِسم مُؤنث (۱) خواہش - ضرُورت - چاہنا - طلب (۲) اِشتیاق - آرزو (۳) دوستی محبت - اُلفت - عشق - (امیر)

اِتنا تو جذبِ عشق نے بارے اثر کیا
میری طرح سے اُنکو مری چاہ ہوگئی

چاہت - ہ - اِسم مُؤنث - خواہش - رغبت - طلب - خواستگاری - دوستی - عشق - محبت پیار - اُلفت +
چاہنا - ہ - فِعل مُتعدی (۱) مانگنا - درخواست کرنا خواہش کرنا - طلب کرنا (۲) پیار کرنا - عشق کرنا

محبت کرنا + دوستی کا خواستگار رہونا (۳) پسند
کرنا - قبول کرنا (۴) میل کرنا - مایل ہونا - رغبت
کرنا - میلان کرنا +

چاہنا - ہ - اسم مونث - اہند - خواہش - ضرورت
طلب جیسے ہمیں اسکی چاہنا نہیں ہے

چاہو - ہ - استفہام - اگر مرضی میں آئے -
تمہارا دل چاہے - خواہ (ظفر)
دل و جان دین و ایمان جو لینا ہو صنم لے لو
کرینگے عذر دینے میں نہ ہم چاہو قسم لے لو

چاہے - ہ - استفہام - خواہ - خواہی جیسے چاہے
یہ لو چاہے وہ لو +

چاہی - ا - اسم مونث - بارانی کے خلاف -
کنوے کی زمین +

چاہے سو ہو - ہ - ندا - ہرچہ بادا باد - کچھ ہی
ہو - جو ہو سو ہو +

چاہیتا - ہ - صفت لاڈلا محبوب - وہ شخص جس سے
بہت محبت ہو - پیارا - دلپسند +

چاہیتی - ہ - صفت - پیاری - لاڈلی - دلپسند عزیزہ

چاہیئے - ہ - حرف (۱) باید - شاید (۲) مناسب -
واجب (۳) مطلوب ہے - ضرور ہے (۴) واجب
ہے - لازم ہے (غالب)
عاشق ہوئے ہیں آپ بھی ایک اور شخص پر
آخر ستم کی کچھ تو مکافات چاہیے

چائے - ف - اسم مونث - ایک قسم کی پتی ہے
جسے قہوہ کی طرح جوش دیکر پیتے ہیں - عربی صاف
مزاج دوم درجہ میں گرم و تر ہے +

چائے پانی - د - اسم مذکر - انگریزوں کی صبح
کے وقت کی ضیافت - ہلکی ضیافت +

چائے پوچی - ا - اسم مونث - چائے دانی - چائے
رکھنے کا برتن - چائے دان +

چائیں چائیں - ہ - اسم مونث - بیہودہ غل شور
چڑیوں کی آواز - چڑیوں کی طرح چاؤں چاؤں
کائیں کائیں - بکواس +

چبا چبا کر باتیں کرنا - ہ - فعل لازم - تکلف
باتیں کرنا - بیدردانہ یا درپردہ طنزآمیز گفتگو کرنا -
مٹھار مٹھار کر باتیں کرنا (زنا سخ)
یوں نہ باتیں چبا چبا کے کرو
مہرباں بات ہے نبات نہیں
اک رنگ پان ہی اسکا دل خوں کن ہے
پھبتی ہیں اسکو باتیں کرنی چبا چبا کر (میر تقی)

چبانا - ہ - فعل متعدی - دانتوں میں پیسنا -
دانتوں سے کچلنا + جگالنا - کچھرانا - کچھانا
خائیدن کا ترجمہ +

چُبانا - ہ - فعل متعدی - چبھونا - کسی نوکدار چیز
کو جسم کے اندر گڑھونا +

چبڑ چبڑ - ہ - اسم مونث - بک بک - بکواس

چبک - ہ - اسم مونث - تپک ٹیس - درد
ہول - پیڑ - کھولن +

چبکنا - ہ - فعل لازم - ٹیسیں مارنا - ہولیں اٹھنا
زخم کا درد کرنا +

چبلا - ہ - صفت - چھچورا - سفلہ - بے تمیز طفلانہ
باتیں کرنے والا + مسخرا - بلّلا + نہایت کم عقل
اور بے لیاقت آدمی +

چبلا پن - ہ - اسم مذکر (۱) چھچوراپن سفلہ پن

طفلِ مزاجی (رنگین)
عجب کچھ چبلے پنے سے چلے ہے
پھنکر دُگانا ائی دار جُوتا + +

(۲) مسخراپن - بلاّپن +

چُبنا - ه - فعلِ لازم (۱) خلیدہ ہونا - چھدنا - گڑنا
(۲) کھٹکنا - خلش ہونا - ناگوار گزرنا (۳) دلکو لگنا
دلپر اثر کرنا +

چُبنی ہڈی - ه - اسم مؤنث - کرکری ہڈی -
وُہ ہڈی جو بھُربھُری اور پتلی ہو +

چُبونا - ه - فعلِ متعدی - دیکھو (چُبانا) +

چَبوترا - ه - اسم مذکر (۱) چوترا - مربع یا مستطیل
اونچی بنائی ہوئی جگہ جسپر لوگ بیٹھتے اُٹھتے
ہیں (۲) کوتوالی - بڑا تھانہ +

چَبینا - ه - اسم مذکر - بھُنا ہوا اناج چابنے
چَبینی - ه - اسم مؤنث - کے قابل اناج +
وُہ خشک خوراک جیسے تلی دال شکرپارے
مٹھائی وغیرہ جو ہندوؤں میں براتیوں کو دولھا
کی طرف سے بطور ناشتہ دی جاتی ہے +

چَپ - ف - صفت (۱) بائیں طرف - یمین -
اُلٹے ہاتھ کی طرف (۲) بایاں - اُلٹا - کھبا
(۳ - و) دورنگا - آدھا اور رنگ آدھا اور رنگ
دورنگ کا جیسے چپ گولی یا کنکوا (۴) - اسم مذکر
بایاں ہاتھ - کھبّا ہاتھ +

چپ غلط دینا - و - فعلِ لازم - دوڑ میں دائیں
بائیں ہوجانا تاکہ حریف جو تعاقب کرتا ہے عاجز
ہوجاوے +

چپ وراست - ف - اسم مذکر - دائیں بائیں
یمین ویسار + ادھر اُدھر +

چُپ - ه - اسم مؤنث - خاموشی - کم گوئی - سکوت
جیسے ایک چُپ سو کو ہراوے (۲ - صفت)
خاموش - ساکت - خموش - گُنگ - صُم - وُہ شخص
جو منہ سے نہ بولے +

چُپ چاپ - ه - تابع فعل - خاموشی سے - خموشی
سے - چُپکے سے - چپکے چپکے - چُپ چپاتے -
چھُپے چھُپے - چھُپواں - خفیہ +

چُپ چُپ - ه - صفت (۱) دم بستہ - خاموش
نقش دیوار - بُت - کم گو - چُپکا - (۲) چُپ کرنے
کی ایک تاکیدی صورت جیسے خاموش رہ
خاموش رہ - بول مت +

چُپ چُپاتے - ه - تابع فعل - دیکھو (چُپ چاپ)

چُپ چھنال - ه - صفت - خفیہ چھنالا کرنے
والی + غریب صورت حرامزادہ + چھُپا رستم +

چُپ کرنا - ه - فعلِ متعدی (۱) خاموش کرنا - بولنے
سے روکنا (۲) - بیجاب (چُپ) ہونا - خاموش ہونا

چُپ لگانا - ه - فعلِ لازم (۱) خاموش رہنا -
سکوت اختیار کرنا - گُنگ صُم ہونا - ساکت رہنا
(۲) - فعلِ متعدی - دم بستہ کرنا - بُت بنانا - خاموشی
لگا دینا - گُنگ صُم کر دینا (مُؤمن)

پردے سے اک آواز خوش آئی
جسنے یہ چُپ ہے مجھکو لگائی

چُپ نانْدھنا - ه - فعلِ لازم - عو - خاموشی
اختیار کرنا - گُنگ صُم ہونا - ساکت ہونا - دم بخود ہونا

(انشا) نہ تو کچھ بولتے چالتے ہیں + +
غصہ چُپ نانْدھ کے بٹھا لئے ہیں

چُپ ہونا - ہ - فعل لازم (۱) خاموش ہونا - دم بند ہونا (۲) جواب نہ بن پڑنا - نہ بول سکنا +

چَپّا - ہ - اسم مذکر (۱) چار اُنگل جگہ + چار بالشت چوڑی جگہ - ذراسی جگہ +

چپا بھر - ہ - تابع فعل - ذراسی جگہ (ذوق

پرے جاکر نئی دُنیا سے بھی گر ڈھونڈو دُنیا میں
تو خالی خاکِ آدم سے نہ چپا بھر زمیں نکلے

چپا چپا - ہ - تابع فعل - ذرا ذرا - ادنیٰ ادنیٰ جگہ کُو بکُو - کوچہ بکوچہ +

چپاتی - ف - اسم مؤنث - وہ پتلی روٹی جو ہاتھ کے زور سے بڑھائی اور پکائی جائے کیونکہ چپات فارسی میں بمعنی طپانچہ آیا ہے +

چپاتی سا پیٹ - ہ - اسم مذکر - پتلا اور کمر سے لگا ہوا پیٹ خواہ فاقہ کشی کے باعث ہو خواہ نزاکت

چپانا - ہ - فعل متعدی - شرمندہ کرنا - شرمانا - شرملانا

چپت - ہ - اسم مذکر - چانٹا - ضرب دست - تماچہ تھپڑ - دھپ - دھپا +

چپت گاہ - ز - اسم مؤنث (بازاری) گُدی چانٹے کی جگہ +

چپت دھرنا - لگانا - مارنا - ہ - فعل متعدی - تھپڑ لگانا - چانٹا جڑنا +

چپٹا - ہ - صفت - چوڑا - پہن - چکلا + بیٹھا ہوا + چوڑے پیندے کا پچکا ہوا +

چپٹ باز - ا - اسم مؤنث - طبق زن - فرج سے فرج لڑانے والی عورت +

چپٹی - ہ - صفت (۱) چوڑی چکلی - بیٹھی ہوئی پچکی ہوئی جیسے چپٹی ناک (۲) طبق زنی - سحق - مساحقت

چپٹی لڑنا - یا - کھیلنا - ہ - فعل لازم - طبق زنی کرنا - مساحقہ کرنا - فرج سے فرج گھسنا جیسے ڈیڑوسن چپٹی کھیلیں نت میٹھے سے بیگار بھلی +

چپچپانا - ہ - فعل لازم - چپکنا - لیسدار ہونا +

چپچپاہٹ - ہ - اسم مؤنث - لیس - لزوجت چیپ +

چپڑا - ہ - صفت (۱) گنوار مکرنے والا - مکر جانے والا انکار کر جانے والا (۲) خواہ مخواہ - دھینگا دھینگی سے - زبردستی سے جیسے دیکھا بھالا تو بھی چپڑا سینہ ہو

چپڑاس - ف - اسم مؤنث (۱) ایک سپاہی ہونے کا تمغہ جو پیٹی یا پٹکے میں پیتل کا گھڑا ہوا لگایا جاتا ہے (اصل میں چپ و راست تھا یعنی وہ لوگ جو امیروں کے دائیں بائیں چلتے ہیں اور اُنکے گلے میں پٹکا پڑا ہوا ہوتا ہے) + (۲) چوڑی دھجّی جو کُرتے میں مونڈھے پر ڈالی جاتی ہے +

چپڑاسی - ا - اسم مذکر - ہرکارہ - سپاہی - پیادہ قاصد - وہ شخص جسکے چپراس پڑی ہوئی ہو +

چپڑانا - ہ - فعل متعدی (گنوار) جھٹلانا - چندرانا جھوٹا بنانا - جھوٹا کرنا +

چپڑنا - ہ - فعل لازم (گنوار) چلا جانا - بھاگ جانا رفوچکر ہو جانا - خفیہ ہو جانا - پوشیدہ ہو جانا +

چپڑا - ہ - اسم مؤنث - صاف کی ہوئی لاکھ - لاکھ عمدہ لاکھ + لاکھ مغسول +

چپڑکا - ہ - اسم مذکر - چندھا - بلک بیٹا - سبل کی بیماری والا

چپڑ چپڑ - ہ - اسم مؤنث - کتے کی طرح کھانے یا پینے کی آواز - وہ آواز جو کتے کے پانی پینے میں نکلتی ہے جیسے چپڑ چپڑ چاٹنا +

چاپڑ خنلی - ا- اسم مؤنث - ہرزہ گرد اور بازاری عورت - سفلی عورت +

چاپڑ غنّو - ا- صفت (بازاری) اسیر بلا و گرفتار آفت (۲) غٹ پٹ - گتھم گتھا +

چاپڑ قناتیا - ا- اسم مذکر - صفت - کمینہ - سفلہ - بیہودہ + بے زر پشتی - عاشقِ بے زر +

چُپڑنا - ہ - فعل متعدی (۱) چرب کرنا - گھی لگانا - چکنانا (۲) پالش کرنا - روغن کرنا (۳) عیب پوشی کرنا - عیب کو لیپنا (۴) خوشامد کرنا - چاپلوسی کرنا

چُپڑی - ہ - صفت (۱) چرب - گھی لگائی ہوئی - مرغن (۲) وہ روٹی جس پر گھی چپڑا ہو +

چُپڑی اور دو دو - ا- محاورہ - اچھی بھی اور بہت سی - عمدہ اور بہر دو - کا بہانہ اور بہر عمدگی کے ساتھ +

چپقلش - ت - اسم مؤنث (۱) لڑائی جھگڑا - ٹنٹا - تکرار - راڑ - ردّ و بدل - قضیہ (۲ - ا) بکبک (۳ - ا) جگہ کی تنگی + انبوہ - بھیڑ بھاڑ +

چُپکا - ہ - صفت (۱) خاموش - چپ - ساکت + ابول گونگ صمم (۲) مکار - فریبی +

چپکانا - ہ - فعل متعدی - لیٹی سے جوڑنا - چسپیدہ کرنا - چمٹانا - چسپاں کرنا (۲) نوکری سے لگانا - کسی کام میں اٹکا دینا - تعلق پیدا کر دینا +

چپکن - ہ - اسم مؤنث - ایک قسم کی قبا - خدمتگاروں کا سا سینہ کشادہ بالا بر کا انگرکھا +

چپکنا - ہ - فعل لازم (۱) جڑنا - لسنا - چسپیدہ ہونا - چپٹنا - چمٹنا - چسپاں ہونا (۲) الجھنا - پھنسنا - آنکھ لگنا - الگنا - عورت کا مرد سے یا مرد کا عورت سے تعلق پیدا ہونا (۳) روزگار سے لگنا - نوکر ہونا +

چُپکی - ہ - اسم مؤنث - خاموشی - سکوت - گُھنّی +

چُپکی سادھنا - ہ - فعل لازم - خاموشی اختیار کرنا - چپ باندھنا - گھنی سادھنا +

چُپکی لگ جانا - ہ - فعل لازم - زبان بند ہو جانا - عالم خاموشی کا طاری ہو جانا - چپ لگ جانا +

لگ گئی چپکی سی کیوں تجکو غضنفر یک بیک
(غضنفر) ٹھکے چپکے سے کوئی کیا اپنے گھر جا نہ لگا

چِپنا - ہ - فعل لازم (۱) شرمندہ ہونا - خجل ہونا - اپنے عیب سے شرمانا - جھینپنا - کنیانا - نیچا دیکھنا - (۲) خاموش ہونا - چپ ہونا (۳) پامال ہونا - برباد ہونا + (فصیح نہیں بولتے) +

چَپنی - ہ - اسم مؤنث (۱) ہانڈی کا ڈھکنا - سرپوش - ڈھکنی - ڈھکن (۲) گھٹنے کی ہڈی - کاسہ زانو (آئینہ زانو فارسی میں کہتے ہیں) +

چپنی بھر پانی میں ڈوب مرنا - ہ - فعل لازم - (۱) کمال منفعل اور شرمندہ ہونا (میرزا رفیع سودا در تعریف چاہِ مؤمن خاں) ع

جتنے روئے زمیں پہ تھے کوے
چپنی بھر پانی لیکے ڈوب موے

(۲) آجکل غیرت اور شرم دلانے کے واسطے بولتے ہیں جس سے غرض یہ ہوتی ہے کہ اگر کنواں نہیں ملتا تو چپنی بھر پانی ہی میں ڈوب مرو +

چپنی چاٹکر گزران کرنا - ا- فعل لازم - نہایت قناعت اور صبر سے گذارا کرنا - جو ملجائے اسی میں کام نکالنا + کفایت کر لینا + (سودا)

باپ کے گھر چاٹکر چپنی + کر گزران یاروتم اپنی

چپوا - ہ - اسم مذکر - ناؤ چلانے کی ڈانڈ +

چپوٹی - ہ - اسم مؤنث - عوام - چھوٹی سی ٹوپی ٹپوٹ - پرانی ٹوپی - اونی ٹوپی - گھٹیا ٹوپی جیسے پاؤں میں جوتی نہ سر پہ چپوٹی +

چپی - ہ - اسم مؤنث (پورب) خاموشی +

چپی - ہ - اسم مؤنث - مُشت مال - آہستہ آہستہ ہاتھ پاؤں دبانا - مالش اعضا +

چپی کرنا - ہ - فعل متعدی - دبانا - مالش کرنا مُشت مال کرنا + (ظفر)

اُنکی خدمت میں شبِ وصل گزاری ہمنے
چپی کرنے کبھی بیٹھے کبھی پنکھا کھینچا

چپیٹ - ہ - اسم مؤنث (عوام) (۱) چوٹ - ضرب دھکا - تھپیڑا - دھول - صدمہ - زور - دباؤ (۲) بلائے ناگہانی - آفتِ ناگہانی (۳) ٹوٹا - نقصان

چپیٹنا - ہ - فعل متعدی (۱) چپکانا - چمٹانا - چپٹانا (۲) سر کرنا - سر منڈھنا - سر ڈالنا - گلے ڈالنا

چت - ہ - صفت - پٹ کا نقیض - پشت کے بل - اوندھے کے خلاف - سینہ کے رُخ +

چت پٹ - ہ - اسم مؤنث (۱) ایک قسم کی شرط جس میں ... پیسہ یا پٹ یعنی اُلٹی یا سیدھی گرنے پر بازی ... جاتی اور ہار جیت ہوتی ہے مثلاً کوڑی یا جوتی کو اچھالکر شرط لگانا (۲) ہ - کشتی کا کھیل +

چت کرنا - ہ - فعل متعدی (۱) پچھاڑنا - پیٹھ کے بل گرانا (۲) جیتنا - بازی لینا - ہرانا +

چت [illegible] - ہ - فعل لازم - پیٹھ کے بل پڑنا

چت ہونا - ہ - فعل لازم (۱) پچھڑنا - پشت کے بل پڑنا - لیٹ جانا (۲) مرجانا - جان سے جانا

رہنا (۳) نشہ میں بیہوش ہوجانا +

چت - ہ - اسم مؤنث (۱) نظر - چتون (۲) خیال - دھیان - توجہ (۳) دل - ہردہ - ہیا - من - جی (۴) بدھ - سمجھ - عقل - کیاست - ہوش - سُرت گیان - تمیز - شعور + ادراک - ذہن - حافظہ قوتِ مدرکہ + یادداشت - یاد +

چت بٹانا - ہ - فعل متعدی - خیال بٹانا - دھیان بٹانا - توجہ بٹانا + دل ڈانواں ڈول کرنا

چت بھنگ ہونا - ہ - فعل لازم - اوسان گم ہونا عقل کا جاتا رہنا - سٹ پٹا جانا +

چت پر چڑھنا - ہ - فعل لازم - دھیان پر چڑھنا - تصور میں جمنا - خیال میں آنا - ذہن نشین ہونا - نظر پر چڑھنا - دل میں کھبنا (جرأت)

یہ کون تیرے چت پہ چڑھا ہے بتا مجھے
جرأت کچھ انِدنوں ترا مونہ سا اُتر گیا

چت چڑھنا - ہ - فعل لازم - دھیان میں آنا - تصور میں آنا - خیال میں آنا - دل میں بیٹھنا (صاحب)

کیا لعل لب کسیکے اسے میر چت چڑھے ہیں
چہرے پہ تیرے ہر دم بہتا رہے ہے خوننا

چت چور - ہ - اسم مذکر - دلربا - من موہن +

چت دھرنا - ہ - فعل لازم - خیال کرنا - توجہ دینا - دھیان کرنا + یاد رکھنا - خیال رکھنا +

چت سے اُترنا - ہ - فعل لازم (۱) دھیان سے اُترنا - خیال نہ رہنا - یاد نہ رہنا (۲) دل سے اُترنا دل سے گرنا - بقدر اور بیوقر ہونا - نظروں میں حقیر ہونا +

چت میں بیٹھنا - ہ - فعل متعدی - دل میں ...

بیٹھنا - گھٹ میں بیٹھنا - نظروں پر چڑھنا - تصوّر
میں جمنا - خاطر میں آجانا +

چِتا - ہ - اسم مؤنث - (ہندو) - وہ لکڑیوں کا ڈھیر
جسمیں مُردے کو جلاتے ہیں +

چِتا پِنڈ - ہ - اسم مذکر - (ہندو) چاول اور دُودھ
کا پنڈ جسے توشۂ عاقبت خیال کر کے تیجے کے
روز دریا میں بہاتے ہیں +

چِتا چُنا - ہ - فعل لازم - مُردہ جلانے کے واسطے
لکڑیوں کا ڈھیر لگانا +

چِتا میں بیٹھنا - ہ - فعل لازم - ستی ہونے کے
واسطے لکڑیوں کے ڈھیر میں جلنے کو بیٹھنا +

چِتانا - ہ - فعل متعدی - (ہندو) جتانا - ہوشیار
کرنا - اشارہ کرنا - عبرت دلانا +

چَتر - ا - اسم مذکر (۱) چھاتا - چھتر - چھتری
واہ اے دورِ فلک خانۂ احسان آباد
(اسیر) چتر بخشا سرِ مخمور کو انگڑائی کا +
(۲) سر کے چھوٹے چھوٹے بال +

چَتُر - یا - **چَتُرا** - ہ - صفت - دیکھو (چاتر) +

چَتُرائی - ہ - اسم مؤنث - تیزی - چالاکی - عیّاری
حیلہ بازی - ہوشیاری - دانائی - چابکدستی -
ہُنرمندی - خوش اُسلوبی +

چَتُرنگ - ہ - اسم مذکر (۱) وہ فوج جسمیں ہاتھی
گھوڑے رتھیں اور سوار پیادے شامل ہوں
چار رنگ کی فوج (۲) شطرنج کا نقیض (۳) ایک قسم
کا گیت +

چِتنکبرا - ہ - صفت - ابلق - کبرا - سفید اور کالے
رنگ کا - داغدار - چِتلا +

چِتلا - ہ - صفت - داغدار - دھبّے دار - کالا اور
سفید رنگ کا +

چِتوَن - ہ - اسم مؤنث - نظر - تیوری - نگاہ -
وِرِشٹ (ریاض) ہمیں یہ نہ تھی تم سے چشمِ امید
کہ دو دن میں چتون بدل جائیگی

چِتون بنانا - ہ - فعل متعدی - تیوری چڑھانا
چشمِ قہر آلود سے دیکھنا - غضب کی نظر ڈالنا +
جا بیٹھتے ہم اُس بتِ بیباک کے نزدیک
(جرأت) گر دُور سے وہ دیکھ کے چتون نہ چڑھاتا

چِتون کہے دیتی ہے - ہ - محاورہ - یعنی طرزِ
نظر اور اندازِ نگاہ سے ظاہر ہے حاجتِ تقریر نہیں
چتون کہے دیتی ہے مفصّل خبرِ چشم
(انشا) توائے نگہ فاش نہ ہو پردہ درِ چشم +

چُتھا - ہ - اسم مذکر - زخمی اور پٹا ہوا بٹیر جسے دُوسرے
بٹیر نے مجروح کیا ہو +

چِتھاڑنا - ہ - فعل متعدی (عوام) پھاڑنا - چیرنا +
چیتھڑے چیتھڑے کرنا - دھجی دھجی کرنا - ٹکڑے
ٹکڑے کرنا - خبر لینا - پُرزے اُڑانا - ٹھیک بنانا
ذلیل و رسوا کرنا +

چِتھڑا - یا - **چیتھڑا** - ہ - اسم مذکر - پرانے کپڑے
کا ٹکڑا - گودڑ - دھجی - لیرا - لوگرا - لیر +

چِتھڑے لگانا - ہ - فعل متعدی - پیوند پر
پیوند لگانا - پھٹے کپڑے پہنے پھرنا - گودڑیا فقیر
بنا پھرنا - زدہ حال رہنا +

چِتھل - ہ - صفت (بیگمات قلعہ) ٹھٹے باز - ٹھٹولیا
ظریف - خوش مسخرہ +

چِتھر چالا مرچینی + گردگرا یا اسم مؤنث - ٹھٹے بازی

ہنسی - مزاح + بیہودہ ہنسی - تمسخر (رنگین)

زہر لگتی ہے مجھے یہ تری چُہَل بازی
یہاں ترے آنے سے باجی تجھے بہچان گئی

چُہَل بنا دکھانا - ہ - فعل متعدی - مذاق کرنا - کچھ کہنا - ہنسی اڑانا - ٹھٹھا اڑانا - ٹھٹھے میں اڑانا - منہ آنا - آوازہ کسنا - آوازہ توازہ پھینکنا +

دوا مجھے چُہَل پنے دکھاتی ہے +
کبھی حیا مجھے کہنے ہے کیوں ہے آنکھ میں نیند (رنگین)

چِتّی - ہ - اسم مؤنث - بندکی - دھبا - داغ +

چِتّی پڑنا - ہ - فعل لازم - روٹی کا سکنا - روٹی پر پک جانے کی علامت کا ظاہر ہونا - سرخ نشان پڑنا - لال لال بندکیاں پڑ جانا +

چِتّی دار - ا - صفت - داغدار +

چَٹ - ہ - تابع فعل (۱) فوراً - اسی وقت - تُرت - اسی دم - اسی گھڑی - فی الحال جیسے چٹ منگنی پٹ بیاہ (۲) زخم آتشک - زخم - وہ نشان جو آتشک سے جسم پر رہ جاتے ہیں + رگڑ (۳) کسی سخت چیز کے دفعتہً ٹوٹنے کی آواز جیسے چوڑی چٹ سے ٹوٹ گئی +

چٹ پٹ - ہ - صفت (۱) فی الفور - بہت جلد - تُرت - معاً (۲) یکایک - یک بیک - ناگاہ - دفعتہً

چٹ پٹ ہونا - ہ - فعل لازم - عو - جلدی سے مر جانا - فوراً مر جانا - ناگہانی موت آ جانا جیسے دم بھر میں بچہ چٹ پٹ ہو گیا +

چٹ چٹ - ہ - تابع فعل - انگلیوں کے چٹخنے یا اسپند یعنی کالے دانے وغیرہ کے جلنے کی آواز (رنگین) تری بلائیں مری طرح یہ بھی لیتا ہے
نہ کیونکر آگ میں اسپند کی یہ چٹ پٹ ہو

چٹ چٹ بلائیں لینا - ہ - فعل متعدی عو (دونوں ہاتھوں سے اسطرح بلا گرداں ہونا کہ انگلیوں میں سے چٹخنے کی متواتر آواز نکلے جس سے کمال محبت کی علامت خیال کی جاتی ہے (رنگین) تو ساتوں پریوں کا ہیگا وہ لاڈلا بھائی + کہ تیری لیتی ہیں چٹ چٹ بلائیں وہ پیہم) +

چٹ چٹ چوڑیاں ٹوٹنا ہ فعل لازم - متواتر آوازوں کے ساتھ چوڑیوں کا ٹوٹنا - پے در پے چوڑیاں ٹوٹنا +

چِٹ - ہ - اسم مؤنث - کپڑے یا کاغذ کی دھجی کاغذ کا پرچہ - چٹھی جو کتابوں یا ادویات کے شیشوں وغیرہ پر نام لکھکر لگائی جاتی ہے + جامہ وغیرہ کا طولانی کپڑا جو بہت کم چوڑا ہوتا ہے

چِٹّا - ہ - صفت (۱) سفید - اجلا - دھولا - گورا - صبیح - برف کی مانند (۲ - اسم مذکر) روپیہ - چاندی کا سکہ

چَٹّا - ہ - اسم مذکر (ہندوؤں) چیلا - شاگرد - گرگا - پارٹ شالا کا طالب علم (بضم جیم فارسی جوڑا - بڑی چوٹی سر پر بندھی ہوئی)

چَٹاپٹی - ہ - اسم مؤنث (۱) پھرتا پھرتی - مارا دھڑا دھڑی (کثرت کے واسطے بولتے ہیں) (۲) مرگ عام - وبا - موت پر موت +

چَٹاچَٹ - ہ - اسم مؤنث - پے در پے انگلیوں کے چٹخنے کی آواز - چٹ چٹ (۲ - تابع فعل) متواتر - پے در پے - لگاتار مارنے کی آواز جیسے چٹا چٹ مارا +

چٹاچٹ بلائیں لینا - ہ - فعل متعدی - دیکھو (چٹ چٹ بلائیں لینا) +

چَٹاخ - یا - **چَٹاک** - ا - اسم مؤنث - چانٹے یا لکڑی

کے ٹوٹنے یا انگلی کے چٹخنے کی آواز +

چٹاخ پٹاخ - ا - تابع فعل - تڑاق پڑاق - تڑاتڑ

چٹاخا یا چٹاکا - و - اسم مذکر (۱) وہ آواز جو نرم لکڑی کے ٹوٹنے یا بلائیں لینے سے ظاہر ہو (۲) - صفت (۱) شدت کثرت جیسے چٹانے کی گرمی - چٹاخے کی پیاس وغیرہ

چٹان - ہ - اسم مؤنث (۱) بڑی سل - بڑا اور چوڑا پتھر خرسنگ - صخرہ (۲) پتھریلی زمین +

چٹانا - ہ - فعل متعدی (۱) چاٹنے کا متعدی لیسانیدن کا ترجمہ + بچے یا بیمار کو شہد وغیرہ ذرا ذرا کر کے کھلانا (۲) رشوت دینا - گھوس دینا جیسے جو چٹائیگا سو ہی جیت کر آئیگا +

چٹائی - ہ - اسم مؤنث (یورپ) بوریا - صف - جھیر گھاس یا کھجور کے پتوں کا فرش +

چٹ پٹ - ہ - اسم مؤنث - متفرق خرچ - متفرق - چھوٹی چھوٹی چیزوں کا خرچ - متفرقات +

چٹ پٹا - ہ - صفت - خوب نمک مرچ اور کھٹائی پڑا ہوا - مزیدار - چٹکیلا +

چٹخارا - ا - اسم مذکر - وہ آواز جو زبان اور تالو سے کسی خوش ذائقہ چیز کے مزا لینے سے نکلتی ہے -

چٹخارے بھرنا - ہ - فعل لازم - عو - کسی خوش ذائقہ چیز کا مزا لینا - زبان چاٹنا - ہونٹھ چاٹنا - خوب مزے لینا +

چٹخارے کا بھرتا - ا - اسم مذکر - تیز نمک مرچ کا بھرتا - چٹ پٹا بھرتا +

چٹخارے کا سالن - ا - اسم مذکر - مزیدار سالن - خوب نمک مرچ پڑا ہوا سالن - چٹ پٹا سالن (نمکین) مجھے بھاتا ہے چٹخارے کا سالن

یہ البتہ چوری مہوں زباں کی +

چٹخانا - یا - **چٹکانا** - ہ - فعل متعدی (۱) انگلیوں کی یا اور کسی چیز کی آواز نکالنا (۲) کسی چیز کو پتھر یا دیوار پر مار کر اچٹانا جیسے گیند چٹخانا (۳) الگ کرنا - جدا کرنا - رفو چکر بنانا + چھوڑنا - القط کرنا - ترک کرنا جیسے نوکری چٹخا دی +

چٹخنا - ہ - فعل لازم - سخت چیز کا گر کر اچٹنا + آگ پر کسی چیز کا چلکر آواز دینا - کڑکنا - آزردہ ہونا - خفا ہونا - ترقنا - بگڑنا - علیحدگی اختیار کرنا - چل دینا + پھول کھلنا - کلی کھلنا +

چٹخکر بات کرنا - یا - **بولنا** - ہ - فعل لازم - عو - تڑخکر بولنا - بگڑ کر بات کرنا - خفا ہو کر بولنا +

چٹخنا - ا - اسم مذکر - چانٹا - دھپا - تھپڑ - دھول (لگانا یا مکانا کے ساتھ آتا ہے) +

چٹک - ہ - اسم مؤنث (۱) ٹوٹنے کی آواز - چٹ (۲) پھرتی - جلدی - تیزی (۳) چمک - دمک - بھڑک - آرایش +

چٹک مٹک - ہ - اسم مؤنث - طمطراق - کروفر - شان وشوکت - بھڑک - تمکنت - تکلف - بناوٹ - غرور - نخوت - ناز و نخرہ +

چٹک مٹک سے بیٹھنا - ہ - فعل لازم عو - بن سنور کے بیٹھنا - ناز و انداز سے بیٹھنا +

چٹک مٹک سے چلنا - ہ - فعل لازم - اترا کر چلنا - ناز و انداز سے چلنا +

چٹاکا - ہ - اسم مذکر - دیکھو (چٹاخا) +

چٹکا - ہ - اسم مذکر (لکھنؤ) چاٹ - مزا - وہ ذائقہ جسکا زبان کو مزا پڑا ہو - چٹخارا +

(آتش) علاج ہی نہیں کچھ ترے نام کی رٹ کا
چھٹرا ہے سے نہیں چھٹتا زبان کا چسکا

چٹکا - ۵ - اسم مذکر - لب بھر آنا - لپ بھر کے چٹکی +

چٹکارا - ۵ - اسم مذکر - دیکھو (چٹخارا) +

چٹکانا - ۵ - فعل متعدی - دیکھو (چٹخانا) +

چٹ کر جانا - ۵ - فعل لازم - کھا جانا - اڑا جانا - نگلجانا

چٹ کرنا - ۵ - فعل متعدی (۱) کھانا - اڑانا - نگلنا (۲) تباہ و برباد کرنا - (مُنتظر)

جراد انوں سے ہے ضرر ملک کیا چٹ سب عشق نے گھر مرا
کھا کھا کے لخت جگر مرا یہ کباب کیا مزیدار تھا

چٹکلا - ۵ - اسم مذکر (۱) لطیفہ - دلچسپ فقرہ - سخن مختصر و پُر تکلف و مزہ دار (۲) ٹوٹکا - چھوٹی سی پُر تاثیر دوا طلسم حیرت (۴) نادر - بدیع - عجیب چیز +

چٹکلا چھوڑنا - ۵ - فعل لازم - شگوفہ چھوڑنا - عجیب بات بیان کرنا - طلسم دکھانا - نئی بات بیان کرنا +

چٹکلا سا - ۵ - صفت - دلچسپ - دلپسند +

چٹکنا - ۵ - فعل لازم (۱) سانپ کا کاٹنا - ڈسنا - چٹکی بھرنا (۲) اوپر اوپر سے توڑنا - ساگ یا پھول توڑنا

چٹکنا - ۵ - فعل لازم - دیکھو (چٹخنا) ۱ - ٹوٹنا - تڑقنا پھٹنا + رنگ اُڑنا - بھید کا پڑنا (بحر)

عبث رقیب کو ہے فکر آتش افروزی
جہاں کہ رنگ ہمارا جما نہ پھر چٹکا +

(۲) ناراض ہو کر بات کرنا - بگڑنا - خفا ہونا - جھنجلانا -

چٹک کر بولتے ہیں ہم سے غنچے بھی گلستاں میں
(ع) لب خاموش تک اُسے باغباں باتیں سُناتے ہیں

(۳) کالے دانے یا کوئلہ کا آگ پر آواز دینا (بحر)

کیا دخل میرے شکوہ کیا ہو فراق میں
چٹکا کبھی نہ آگ سے دانہ سپند کا

(۴) انگلیوں کا بلائیں لیتے وقت یا موڑتے اور خمیدہ کرتے وقت آواز دینا (۵) غنچہ کا کھلنا - کلی کا کھلنا - شگفتہ ہونا (ع)

انگلیاں تیری ہو چٹکیں کبھی اے رشک چمن
مجکو غنچوں کے چٹکنے کی صدائیں آئیں +

چٹکنی - ۵ - اسم مونث - دروازے کے روکنے کی چیز + وہ کل جو پنجرے میں پرندہ پکڑنے کے واسطے لگاتے ہیں +

چٹکی - ۵ - اسم مونث (۱) دو انگلیوں سے پکڑ کر گوشت مسلنے کو چٹکی کہتے ہیں - چٹکیا (۲) مٹھی بھر آنا - مٹھی بھر چیز چٹکیا (۳) گوکھرو - گوٹے اور پٹھے کو موڑ کر جو کنگرے دار بناتے ہیں اُسے چٹکی کہتے ہیں اور کبھی یہ چٹکی کشتی نما بھی ہوتی ہے جسے کشتی کی چٹکی کہتے ہیں (۴) بندھ کے پیالہ کا سرپوش (۵) کناری دار گلبدن و مشروع (۶) پاؤں کا ایک زیور جو انگلیوں میں پہنا جاتا ہے اور وہ اصل میں چوڑے چوڑے چھلے ہوتے ہیں بلکہ اب تو ہاتھ کی چٹکیاں بھی بننے لگی ہیں (۷) دو سیر غلہ جو بطور رواج ہندوؤں میں کر کمین وغیرہ کو دیا جاتا ہے (۸) کپڑا چھاپنے کا طریقہ (۹) انگشت نر کو انگشت وسطیٰ کے ساتھ ملا کر آواز نکالنا +

چٹکی بجاتے میں - ۵ - تابع فعل - ذرا سی دیر میں - طرفۃ العین میں - آن کی آن میں - پلک مارتے میں جیسے چٹکی بجانے میں ساری ثروت خاک میں مل گئی "

چٹکی بجانا - ۵ - فعل لازم (۱) انگوٹھے کو بیچ کی انگلی سے ملا کر آواز نکالنا - فارسی بشکن ذرک و انگشت زدن

کہتے ہیں (۲) ہندوؤں میں ایک رسم ہے کہ جس وقت جمائی آتی ہے تو فوراً چٹکیاں بجاتے ہیں (جرأت)

لی جمائی اُس بُتِ میخوار نے جب باغ میں
چٹکیاں غنچے بجانے لگ گئے سب باغ میں

چٹکی بھرنا -ہ- فعلِ متعدی (۱) دو انگلیوں سے گوشت پکڑ کر مسلنا (۲) دماغ میں کاٹنا۔ چبھتی ہوئی بات کہنا +

چٹکی لگانا -ہ- فعلِ متعدی (بزاز) ۱- کپڑے کو انگلیوں سے پھاڑنا۔ نیا کپڑا تھان سے اُتارنا (۲) جیب کترنا۔ کیسہ بُری کرنا۔ بدمعاشی سے جیب کاٹنا (۳) دونا بنانا۔ پتّے کو موڑ کر اُسمیں اُنگلی سے بندش لگانا۔ پتّے کا پیالہ بنانا +

چٹکی لینا -ہ- فعلِ متعدی (۱) دیکھو (چٹکی بھرنا)

لے لی کس زور سے مرے چٹکی
پڑے اِس اختلاط پر پٹکی + (شوق)

(۲) آزار پہنچانا۔ چبھتی ہوئی بات کہنا۔ دماغ میں کاٹنا (۳) کسی بات کو پوشیدہ منع کرنا۔ چٹکی کے اشارے سے کسی بات کو روکنا ؎

مَیں نالہ کرتے کرتے قیامت میں رہگیا
چٹکی نہ لی کسی نے دلِ دادخواہ میں

چٹکیوں میں اُڑانا -ہ- فعلِ لازم۔ خاطر میں نہ لانا۔ ہنسی میں اُڑانا۔ باتوں میں اُڑانا۔ ٹھٹھے میں اُڑانا + ذلیل و خوار کرنا + (تسکین)

تالیاں بجتی ہیں بازار میں جنکے پیچھے
چٹکیوں میں وہی اغیار اُڑاتے ہیں مجھے

مجھے گلشن میں آتے دیکھ وہ غنچہ دہن بولا
ذرا آنے دو اُسکو چٹکیوں میں کیا اُڑاتا ہوں (احمد علی)

چٹکیوں میں کام کرنا -ہ- فعلِ لازم۔ آناً فاناً میں کام کرنا۔ بہت جلدی کوئی کام کرنا +

چٹکیوں میں کام ہونا -ہ- فعلِ لازم۔ بہت جلد کام ہونا۔ طرفۃ العین میں کام ہونا +

چٹکیلا -ہ- صفت (۱) بھڑک دار۔ چمک دار۔ بھڑکیلا۔ شوخ رنگ (۲) خوش ذائقہ۔ چٹ پٹا۔ خوب نمک مرچ پڑا ہوا +

چٹکیلی دھوپ -ہ- اسمِ مؤنث۔ گرم اور تیز دھوپ۔ چلچلاتی دھوپ (انشا)

کب تک ابر کے پرتو سے رہے سیلی دھوپ
یا الٰہی نکل آوے کہیں چٹکیلی دھوپ

چٹلا -ہ- اسمِ مذکر (ہندو) ۱- سونے یا چاندی کا گپھا سا جو چوٹی کے پیچھے ہندو عورتیں لگا لیتی ہیں جسے چوٹ۔ چونک پنجاب میں کہتے ہیں (۲) وہ بڑے بڑے گُندھے ہوئے بالوں کا چٹا جو سر میں لگا لیتے ہیں

چٹنی -ہ- اسمِ مؤنث (۱) چاٹنے کے قابل چیز جیسی لعوق (۲) وہ نمکین چیز جسمیں ہرا دھنیا پودینہ نمک مرچ وغیرہ ڈالکر پیس لیتے ہیں۔ سرکہ کی چٹنی بھی کہلاتی ہے جیسے دسترخوان پر چٹنی پلنگ پر ٹکنی

چٹنی کرنا یا کر ڈالنا -ہ- فعلِ متعدی۔ چٹنی کی طرح چاٹ لینا۔ جھٹ پٹ کھا ڈالنا + جلدی سے مار ڈالنا +

چٹنی ہونا -ہ- فعلِ لازم۔ جلدی ختم ہو جانا۔ جلدی سے کھا جانا + کھانے کا ناکافی ہونا +

چٹوانا -ہ- فعلِ متعدی (۱) چاٹنے کا متعدی (۲) سان دھروانا۔ دھار نکلوانا اسمیں تلوار ہو یا گھُرپا وغیرہ

چٹورا -ہ- صفت۔ وہ شخص جسے زبان کا مزا ہو۔

کھاؤ اُڑاؤ - چاٹو - چٹو (دیکھو)

ز ہے انصاف تمجکو بد معاش احباب کہتے ہیں
لہو اپنا پونچیں تو گنا جاؤں چٹوروں میں +

چٹوراپن - یا - **چٹورپن** - ۸ - اسم مذکر - زبان کا مزہ - اُڑاؤپن - چٹوروں کی سی عادت +

چٹھا - ۸ - اسم مذکر - وُہ داغ جو بدن کی جلد پر خون کے احتراق وجوش سے نمایاں ہو +

چٹھا پڑنا - ۸ - فعل لازم - خون کے بگاڑ سے سُرخ یا سیاہ دھبا پڑنا +

چٹھا - ۸ - اسم مذکر (۱) چندے یا روزنامچے کی کتاب - فرد (۲) تنخواہ کی کتاب - فہرست تنخواہ - قبض الوصول (۳) وُہ روپیہ جو روزمرہ یا ماہ بماہ کسی کام کی اُجرت یا تنخواہ میں تقسیم کیا جاے (۴) حساب - جمع خرچ لین دین کی کتاب +

چٹھا بانٹنا - ۸ - فعل متعدی - تنخواہ یا مزدوری تقسیم کرنا +

چٹھا باندھنا - ۸ - فعل متعدی - بل بنانا - فرد تیار کرنا - فہرست درست کرنا - جمع خرچ کی فہرست تیار کرنا - لین دین اور موجودہ اسباب کی فرد بنانا

چٹھا بٹنا - ۸ - فعل لازم - تنخواہ یا مزدوری تقسیم ہونا

چٹھی - ۸ - اسم مؤنث (۱) خط - پتری - مراسلہ + رقعہ شقہ (۲) سرٹیفکٹ - سند - کارگزاری ونیکنامی کا پرچہ (۳) چیٹ - وُہ کاغذ کا ٹکڑا جو کسی چیز پر یادداشت کے واسطے لکھکر لگا دیتے ہیں - تھان وغیرہ کے اُوپر [illegible] خوشنما کاغذ جسمیں کارخانے کا نام وغیرہ ہوتا ہے (۴) ہنڈوی - کاغذِ زر - چک

چٹھی پڑنا - یا - **ڈلنا** - ۸ - فعل لازم - کسی چیز کی قیمت لگاکر قرعہ پڑنا - لاٹری پڑنا +

چٹھی ڈالنا - ۸ - فعل متعدی - لاٹری ڈالنا - لاٹری میں شریک ہونا - قرعہ بازی میں چندہ دینا +

چٹھی رساں - ۱ - اسم مذکر - ڈاکیا - پیون - قاصد خط بانٹنے والا - پیک - ہرکارہ +

چٹھی نویس - ۱ - (۱) اسم مذکر - چٹھی لکھنے والا - کسی چیز کے منگانے کی چٹھی کرنے والا (۲) اسم مؤنث) وُہ لکھنے والی عورت جو امیروں کے محل میں نوکر ہوتی ہے

چٹخے مٹھوں کا مزا پڑنا - ۸ - فعل متعدی - عو - زبان کا مزہ پڑنا - دونوں کی چاٹ لگنا - کھٹے میٹھے کا مزہ پڑنا +

چٹی - ۸ - اسم مؤنث - عو (۱) دھونس - کر - ڈنڈ - ٹیکس - جرمانہ - تاوان (۲) نقصان - ضرر - ٹوٹا - خسارہ (۳) خرچ صرف - اُٹھاؤ +

چٹی بھرنا - ۸ - فعل لازم - عو (۱) تاوان دینا - ڈنڈ بھگتنا (۲) نقصان اُٹھانا - ضرر اُٹھانا - جرمانہ دینا -

چٹی دھرنا - ۸ - فعل لازم - ڈنڈ ڈالنا - تاوان بھرنا

چٹی - ۸ - اسم مؤنث (۱) لال کی مادین - مادہ لال منیا (۲) گوری + دھولی - سفید (اول معنی میں چتی بھی ہے)

چُٹیا - ۸ - اسم مؤنث - عو (۱) چوٹی کی تصغیر بالتحقیر - چونڈا (۲) وُہ چند بال جو بچے کے سر پر منت مان کر جاہل مسلمان اور عام ہندو رکھتے ہیں +

چُٹیانا - ۸ - فعل متعدی - زخم دینا - کاٹنا - ڈسنا - زخمی کرنا - گھایل کرنا - کچلنا (معروف)

گھر سے باہر جو وُہ قاتل کبھی آجاتا ہے
وہیں دو چار کو چُٹیا کے چلا جاتا ہے

چُٹیایا ہوا - ۸ - صفت - زخم رسیدہ - جراحت دیدہ

خستہ - زخمی - گھائل - مجروح - کچلا ہوا (نکہت)
پشم سے آہو کا دم ہے ناک میں آیا ہوا
نافۂ آہو بھی ہے چوٹ کا چٹیا یا ہوا

چٹے بٹے - ہ - اسم مذکر (۱) چھوٹے بچوں کے ایک قسم کے کھلونے جیسیں چھنے اور لٹو ٹڑے ہوئے ہوتے ہیں (۲) وہ چھوٹے چھوٹے گولے اور گولیاں جو مداری تماشے میں دکھا کر دھوکا دیتے ہیں

چٹے بٹے لڑانا - ہ - فعل متعدی - شعبدہ بازی دکھانا - جھوٹے سچے نکتے چھوڑنا - اِدھر کی جھگڑا کرانا جیسے تمہیں تو خوب چٹے بٹے لڑانے آتے ہیں

چٹیل - ہ - صفت - وہ میدان جہاں کوئی سایہ دار درخت نہ ہو + صاف میدان - کف دست میدان + ہموار و یکساں میدان +

چٹیل میدان - ا - اسم مذکر - دیکھو (چٹیل) +

چُٹیل - ہ - صفت (لکھنؤ) ضرب رسیدہ - خستہ - زخم رسیدہ - مجروح +

چُٹیلا - ہ - صفت - دیکھو (چٹیا یا ہوا) +

چُٹیلنا - ہ - فعل متعدی زخمی کرنا - دیکھو (چٹیانا)

چچا - ہ - اسم مذکر - باپ کا بھائی - عمو - عم - چاچا

چچا بنا کے چھوڑنا - ہ - فعل متعدی - معقول سزا دیکے چھوڑنا - خوب بدلا لیکے اور ٹھیک بنا کے دم لینا - (انشا - قطعہ)

غم معشوق سے کہتے ہیں گرو عشاق
عرض اُسکے کہ دیا کوئی گھڑی صد و الم
آ کے مستہ کو جیٹ نوچ جبیں سے لپٹے
ہم چچا کر کے تمہیں چھوڑینگے یا حضرتِ غم

چچا بنانا - ہ - فعل متعدی - ٹھیک بنانا - درست کرنا - بدلا لینا - معقول سزا دینا +

چچازاد بھائی - ہ - اسم مذکر - چچیرا بھائی - چچا کا بیٹا بھائی - باپ کے بھائی کا بیٹا +

چچڑی - ہ - اسم مؤنث - کلنی - کیک - کلی (ایک قسم کے خون پینے والے کیڑے کا نام جو اکثر کتے بکری گائے بھینس وغیرہ کے جسم پر چمٹا رہتا ہے) +

چچڑی ہو کر چمٹنا - ہ - فعل لازم - پیچھا ہونا - سر ہو جانا - پیچھا نہ چھوڑنا - جونک ہو کر لپٹنا +

چچوڑنا - ہ - فعل متعدی - چوسنا - مُڑکنا - سڑپنا - بچے کا چھاتیوں کو چوسنا +

چچی - ہ - اسم مؤنث - زوجۂ عم - چچا کی بیوی +

چچیا ساس - ہ - اسم مؤنث - خاوند کے چچا کی بیوی + بیوی کے چچا کی بیوی +

چچیا سسرا - ہ - اسم مذکر - پتیسرا - خاوند کا چچا - بیوی کا چچا +

چچیرا - ہ - اسم مذکر - عمو زاد - چچازاد +

چچیندا - ہ - اسم مذکر - ایک ترکاری کی شکل لمبی ترکاری کا نام +

چخ - ف - اسم مؤنث (۱) چخ - جھگڑا - تکرار - رار - ٹنٹا وقضیہ + حجت - بحث (۲) بکبک - جھک جھک بک بک + بکواس + قل - شور - غوغا +

چخ چخ - ا - تابع فعل - نقل تکرار + بکبک جھک جھک + کائیں کائیں - شور و غوغا +

چخے - ا - حرف فعل ہم کلمۂ نفرت - چل دور ہو - پرے ہٹ - باتیں نہ بنا (یہ کلمہ کبھی ناخوشی کبھی عتاب کبھی ناز کبھی انکار بمنزلہ اقرار کے موقع پر بولا جاتا ہے) زنؤمن کا چل چخے دور ہو نہ کھلا منہ ہ اے شب ہجر ترا کالا منہ

بُجھتا ہے چراغ آج سرِ شام ہمارا +

(ناسخ) کیا صبا لائی ہے مژدہ آمدِ محبوب کا +
ناگہاں میرا چراغِ داغِ ہجراں بڑھ گیا

چراغ پا ہونا - ا - فعلِ لازم (۱) گھوڑے کا الف ہو - گھوڑے کا سیدھا کھڑا ہو جانا - گھوڑے کا پچھلے پیروں پر کھڑا ہو جانا - (۲ - عوام) اُکھڑنا - نہ جمنا - کھڑا نہ رہنا - خفا ہونا جیسے اُنکی باتوں سے کیوں چراغ پا ہو گئے +

چراغ جلانا - ا - فعلِ مُتعدی (۱) چراغ روشن کرنا - دیا بالنا (۲) دیوالہ نکالنا +

چراغ جلنا - ا - فعلِ لازم (۱) روشن ہونا - چراغ کا افروختہ ہونا - دیا بلنا + شام ہونا (۲) فروغ ہونا - فروغ پانا جیسے کالے کے آگے چراغ نہیں جلتا یا زبردست کے آگے +

چراغ جلے - ا - ظرفِ زماں - بوقتِ شام - سورج چھپے یا دیا بلے - چراغ میں بتی پڑے - جھٹ پٹے کے وقت (ناسخ) وُہ کہہ گئے تھے کہ آئینگے ہم چراغ جلے
تمام رات چراغوں سے اپنے داغ جلے

چراغ دان - ف - اسمِ مذکر - فتیل سوز - دِیوٹ - چراغ پایہ - چراغ رکھنے کی چیز +

چراغ دکھانا - ا - فعلِ مُتعدی - روشنی دکھانا - راستہ میں روشنی دکھانا +

چراغ رُخصت ہونا - ا - فعلِ لازم - چراغ بُجھنا - چراغ خاموش ہونا +

چراغ روشن کرنا - ا - فعلِ مُتعدی - دیا بالنا +

چراغ روشن مُراد حاصل - ف - دُعا - بامُراد - خانہ آباد +

چراغ سحر - ف + ع - صفت (۱) چراغ صبح (۲) قریب الزوال

چراغ سحری - ف + ع - صفت - چراغ صبح - قریبِ مرگ - آفتاب لبِ بام - آفتاب بر کوہ - قریب الزوال
دمِ پیرِ جگر سوختہ کی جلد خبر لے + کیا یا بھروسا ہے چراغ سحری کا

چراغ سحری ہونا - ا - فعلِ لازم - کوئی دم کا مہمان ہونا - مرنے کے قریب ہونا - قریب الزوال ہونا - اخیر وقت ہونا +

چراغ سے پھول جھڑنا - ا - فعلِ لازم (چراغ کا گل افشاں ہونا - چراغ کا شرر افشاں ہونا - جس وقت چراغ میں سے جلتا ہوا تیل ٹپکتا ہے اُسکو پھول جھڑنا کہتے اور اُس سے شادی یا کوئی خوشی ہونے کا شگون لیتے ہیں (قلق) پھول جھڑتے ہیں چراغ شبِ فرقت سے فلق + شادیِ وصلِ صنم ہوگی ہمارے گھر میں)

چراغ سے چراغ جلنا - ا - فعلِ لازم - ایک کو دُوسرے سے فیض پہنچنا - ولی سے ولی اور کامل سے کامل ہونا ؎ داغِ جگر کو فیض ہوا دل کے داغ سے
آفاق میں چراغ ہے جلتا چراغ سے

چراغ صُبح - ف + ع - صفت - دیکھو (چراغ سحری)
(سید محمد خان رند) ہم آفتابِ بام ہیں یا ہیں چراغ صبح
کیا اعتبار شام گئے یا سحر گئے

چراغ کا ہنسنا - ا - فعلِ لازم - دیکھو (چراغ سے پھول جھڑنا) (ذوق) میں جو شہید ہوں لبِ خندانِ یار کا
کیا کیا چراغ ہنستا ہے میرے مزار کا (ناسخ)
اُس شمع رُو کو کیا ہے مرے مرنے کی خوشی
ہنستا ہی دیکھتا ہوں چراغ مزار کو

چراغ کے نیچے اندھیرا ہونا - ا - فعلِ لازم - مُنصف حاکم کے قریب میں ظلم ہونا - روشن دلوں سے بیخبری کا وقوع میں آنا - اَوروں کو فائدہ پہنچانا اور

اپنوں کو محروم رکھنا +

چراغ گُل پگڑی غائب - ا- کہاوت - موقع ملا اور مال اڑا
اندھیری دی اور لوٹ لیا - غافل پایا اور مال اڑایا

چراغ گُل کرنا - ا- فعلِ متعدی (۱) دیکھو چراغ بڑھانا
(۲) نیست و نابود کرنا - معدوم کرنا (۳) رونق کھونا +

چراغ گُل ہونا - ا- فعلِ لازم (۱) چراغ بجھنا - اندھیرا ہونا
(۲) زوال ہونا - فروغ نہ رہنا - بےرونق ہونا - رونق
نہ رہنا (آتش) زلفِ پیچاں سے پریشاں حال سنبل ہوگیا
گُل ترے آگے چراغ لالہ و گل ہوگیا +
(۳) خاندان کا نیست و نابود ہونا - ملیامیٹ ہونا -

چراغِ گور - ف - اسم مذکر - چراغِ مزار - وہ چراغ جو قبر پر
جلایا جائے (وحید) گور تھا جب سر مدفن کسیکا
چراغِ گور تھا روشن کسیکا +

چراغ لیکر ڈھونڈنا - ا- فعلِ لازم - کمال محنت اور
تجسس سے تلاش کرنا - کسیکی نہایت جستجو کرنا +
مجھ سا مشتاق جمال ایک نہ پاؤ گے کبھی
(ذوق) گرچہ ڈھونڈو گے چراغِ رخِ زیبا لیکر

چراغ میں بتّی پڑنا - ا- فعلِ لازم - شام کا وقت ہونا
چراغ جلنا - چراغ روشن ہونا - دیا بلنا (ظفر)
ابھی چراغ میں بتی پڑی نہ تھی اُسے ہجر
شب وصال کے مُشکل کو تازیانہ ہوا

چراغ ہنسنا - ا- فعلِ لازم - دیکھو چراغ سے پھول جھڑنا

چراغ ہو جانا - ا- فعلِ لازم - چراغ بجھ جانا - آدمی کا
سرد ہو جانا یا مر جانا (مصحفی)
اپنا چراغِ عمر سرِ شام ہوگیا
جلنے کا اُسکے کام نہ پہنچا سحر تک

چراغا - ا- اسم مذکر - نذرانہ - پیسہ - حبشی بچہ (اصطلاح
آزاداں وفقیراں) +

چراغاں - ف - اسم مذکر - روشنی - دیپ مالا - بہت
سے چراغوں کا روشن کرنا + (ناسخ)
شمعیں کافوری جلاتے تھے سوانکی گور پر
دیدۂ غول بیاباں سے چراغاں ہوگیا

چراغی - ا- اسم مؤنث (۱) نذرانہ - بھینٹ - نذر - پیشکش
(وہ نقدی جو کسی مزار پر یا کسی بزرگ کے نام پر فاتحہ دیتے وقت کسی
چیز پر رکھکر چراغ کے نیچے رکھدیتے ہیں) ۲- مزار پر چراغ جلانے
کے واسطے جو نقدی دی جاسے +

چراغی چڑھانا - ا- فعلِ متعدی - بھینٹ چڑھانا - نذر
دینا - فاتحہ کے واسطے نقدی چڑھانا + مزار پر نقدی چڑھانا

چراگاہ - ف - اسم مؤنث - ڈھوروں کے چرنے
کی جگہ - گھانس کی جگہ - جنگل - سبزہ زار +

چرانا - ہ - فعلِ متعدی (۱) گھانس کھلانا - جانور ڈنگر جنگل میں
لیجاکر سبزہ کھلانا (۲) فریب دینا - دھوکا دینا + احمق بنانا - اُلّو بنانا
ع فریبی ہی تو میں کیا مجکو یار کی آنکھیں
بہت سے ایسے ہرن ہیں کہ جو چرائے ہوئے

چرّانا - ہ - فعلِ لازم - زخم کا تڑخنا - زخم کا پھٹنا - زخم کا خشک
ہوتے وقت درد کرنا +

چُرانا - ہ - فعلِ متعدی (۱) چوری کرنا - دُزدی کرنا -
سرقہ کرنا (۲) چھپانا - بچانا + اِغماض کرنا جیسے آنکھ
چُرانا - دل چُرانا (۳- عوام) چوسنا - جذب کرنا -
سوکھنا جیسے تو مجھ چُرانا بمعنی نُطفہ جذب کرلینا +

چرائند - ہ - اسم مؤنث - چمڑے یا بال یا روغن اور
ہڈی وغیرہ کے جلنے کی بدبو +

چرائندا - ہ - صفت - چرائند کا بسا ہوا - بدبو کا + بدمزاج - تنک مزاج

چرائندا مزاج - ا- اسم مذکر - چڑچڑا مزاج - بیمار کا سا

مزاج + ذرا ذرا سی بات پر بگڑنے والا مزاج +

چراندا ہونا - ا - فعل لازم - بدمزاج ہونا - ناراض ہونا - خفا ہونا - ذرا ذرا سی بات پر بگڑنا +

چراؤ - ہ - اسم مذکر - پھٹاؤ - درز - شگاف - وہ نشان جو لکڑی چیرنے سے ظاہر ہوتا ہے +

چرائی - ہ - اسم مؤنث (۱) مویشیوں کو گھاس کھانے کے واسطے جنگل بھیجنا (۲) چرانے کی اُجرت - چروائی

چرائیتا - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کی کڑوی لکڑیاں جو مصفیِ خون اور قاطع بخار ہوا کرتی ہیں +

چرب - ف - صفت (۱) فربہ - موٹا - جسیم - شحیم - جسیم (۲) چکنا - مرغن (۳) غالب - قوی - تیز - زبر - زیادہ - جیسے نمک چرب ہونا +

چرب زبان - ف - صفت - چکنی چپڑی باتیں کرنے والا - تیز زبان - گویا - لسان - خوشامدی - چاپلوسی کرنے والا + چالاک - فریبیا +

چربانک یا **چربانکی** - ا - صفت - عو - چالاک - عیارہ - عیار - شوخ - رسیلا - نڈر - بے باک - تیز - ہوشیار +

چربانک دیدہ - ا - صفت - نڈر عورت - دیدہ دلیل - شوخ چشم - حراف - تیز - ہوشیار +

چربراک - ا - صفت (گنوار) دیکھو (چربانک)

چربہ - ف - اسم مذکر (۱) خاکا - کاغذ خواہ پوست آہو کو چرب کرکے کسی چیز کی نقش یا تصویر پر رکھکر ہو بہو اسکی نقل اُتارنا (۲) شیر کا ادبر جو پردہ دانے

چربہ اُتارنا - ا - فعل لازم - ہو بہو نقش اُتارنا - خاکا اٹھانا - کسی نقش یا تصویر پر باریک کاغذ رکھکر اُسکی ہو بہو نقل کرنا (۲) کسیکا ناز و انداز اپنے میں پیدا کرنا - انداز اُڑانا - ڈھنگ سیکھنا +

چربی - ف - اسم مؤنث - جسم کی چکنائی - پیہ - روغن - چکنائی + مُوز + شحم - ایک سفید مادہ جو خون اور رطوبت سے پیدا ہوتا ہے +

چرپرا - ہ - صفت - تیز - تند + چٹ پٹا - چٹخارے کا + گرم - سوزاں +

چرپرانا - ہ - فعل لازم - ٹیس مارنا - زخم کا خشکی کے باعث تڑخنا + تیزی کرنا - مرچیں لگنا +

چرپراہٹ - ہ - اسم مؤنث - تیزی - جلن - سوزش - مرچ کی جھل - جھال +

چرکوژ - ف - صفت - لغو - بیہودہ - پچر + بے وقوف + کمینہ - سفلہ + ادنیٰ +

چرتر - س - اسم مذکر - چلتر - چال چلن - طور طریقہ + عادت - مزاج + قصہ - کہانی - افسانہ - تاریخ + فن - کرتب - ہنر - گن - داؤ - فطرت - چالاکی +

چرچا - ہ - اسم مذکر (۱) ذکر - اذکار - افواہ - تذکرہ - گفتگو (۲) شہرہ - اوائی (۳) بحث - تکرار +

چرچا کرنا - ہ - فعل لازم - کسیکا ذکر کرنا - کسی چیز کا جابجا ذکر کرنا - باہم ذکر کرنا - تذکرہ کرنا +

چرچا ہونا - ہ - فعل لازم - افواہ ہونا - شہرہ ہونا - بات پھیلنا - ذکر اذکار ہونا + بُرائی کے ساتھ ذکر ہونا

چرچٹا - ہ - اسم مذکر (۱) ایک خاردار پودے کا نام جسکی بالیں اکثر چمٹ جاتی ہیں اسکا نمک ریشہ دار چیزوں کو گلا دیتا ہے اور بچھو کے کاٹے کو بہت فائدہ بخشتا ہے اسکی جڑ دردِ زہ کے وقت کمر میں باندھنے سے بچہ آسانی کے ساتھ ہو جاتا ہے - اسکے چاول بھوک کو بند کر دیتے ہیں یہانتک کہ بیس بیس روز تک آدمی بن خوراک رہ سکتا ہے

چرچر - ہ - اسم مؤنث - نئی جوتی کی سی آواز +

چرچرانا - ہ - فعل لازم - درد کرنا - زخم کا سوزش کرنا

چرچراہٹ - ہ - اسم مؤنث - درد - زخم - ترقیدگی

چرخ - ف - اسم مذکر (۱) پھرنے والا + پہیا - چرخی چاک (۲) آسمان - فلک - گردون گردان (۳) گردش - چکر - پھیر جیسے چرخ میں آنا (۴) ایک آلہ کا نام جس پر مس کے ظروف مسی وغیرہ کو چڑھا کر صاف کرتے ہیں (۵) وہ لکڑی جس پر کشمیری آدمی کپڑا بنکو چڑھا کر درست کرتے ہیں

چرخ پوجا - ہ - اسم مؤنث - پورب کے ایک مشہور تماشے اور رسم کا نام ہے جسمیں زمین پر ایک کھمبا کھڑا کرکے اس میں ایک تیر لٹکاتے اور پوجا کرنے والے آدمی کی پیٹھ میں لوہے کے کانٹے لگا کر اس رسی میں باندھ خوب چرخ دیتے اور پھراتے ہیں - (ناسخ)

منہ سے چرخ دنی رکھتے ہیں جو گردش میں
چرخ پوجا کا دکھاتے ہیں تماشا مجھکو

چرخ چڑھانا - ہ - فعل متعدی (۱) ظروف مسی وغیرہ کو خراد چڑھانا (۲) سان چڑھانا - سان پر رکھنا +

چرخ چڑھنا - ہ - فعل متعدی - خراد چڑھنا +

چرخ کھانا - ہ - فعل لازم (۱) گردش کرنا - گھومنا (۲) تاؤ کھانا - دھات پگل کر پانی ہو جانا +

چرخ چوں - ہ - اسم مؤنث - گاڑی یا کنوے یا چرخے وغیرہ کے چلنے کی آواز جیسے چل میرے چرخے چرخ چوں کہانی بڑھیا کہاں کاتوں +

چرخہ - ف - اسم مذکر (۱) سوت کاتنے کا آلہ - ڈھیرا (۲) ایک قسم کا ناچ (۳ - صفت) وہ مرد یا عورت جسکے بڑھاپے کے سبب انجر پنجر ڈھیلے ہو گئے ہوں - فرتوت [illegible] +

چرخہ پونی - ہ - اسم مؤنث (۱) چرخہ اور اسکے کاتنے کا سامان جیسے دن بھر اونی اونی رات کو چرخہ پونی (۲) عورت ذات کا ہنر - عورت کا کام

چرخہ کاتنا - ہ - فعل متعدی - سوت کاتنا - چرخہ کے ذریعہ سے تاگے بنانا - چرخہ کا کام کرنا +

چرخہ ہو جانا - ہ - فعل لازم - ضعیف اور بے طاقت ہو جانا + پیر و نحیف ہو جانا +

چرخی - ف - اسم مؤنث (۱) اوٹنی - روئی کو بنولوں سے صاف کرنیکا اوزار (۲) ایک قسم کی آتشبازی جیسے

آہ سوزاں کی ہوائی نہ گئی تا بفلک
چرخ چرخی کی طرح سے شرر افشاں نہ ہوا +

(۳) چاک - گھرنی - پانی کھینچنے کا پہیا - دولاب (۴) گھاڑی - ڈور یا بادلہ لپیٹنے کا اوزار (۵) پھرکی

چرس - ہ - اسم مذکر (۱) بڑا ڈھول - لاؤ کا ڈول جو چمڑے کا ہوتا ہے - ڈول کلاں (۲) ایک قسم کا نشہ جسکو تمباکو کی طرح پیتے ہیں +

چرس - ہ - اسم مؤنث - شکن - سلوٹ - بٹ - جھنت - چین - فرش یا کپڑے کی شکن +

چرسا - ہ - اسم مذکر (۱) بھینس یا گائے بیل کا چمڑا ادھوڑی - ادیم - ڈھور کی کھال (۲) دیکھو چرس (۱)

چرسا بھر زمین - ہ - اسم مؤنث - بھینس یا گائے کے کھینچنے کے قابل زمین - تھوڑی سی زمین +

چرسی - ہ - اسم مذکر (۱) پانی لینے والا - چرس کو کنوے میں ڈالنے اور نکالنے والا (۲) چرس کا نشہ باز - چرس پینے والا جیسے چرسی یار کسکے - دم لگایا اور کھسکے +

چرسیا - ہ - اسم مذکر - دیکھو چرسی نمبر ۲ +

چرغ - ف - اسم مذکر (۱) ایک درندے کا نام جیسے
تیندوا یا لگڑ بگا بھی کہتے ہیں (۲) ایک شکاری
پرند جسے عربی میں صقر کہتے ہیں صحیح یہی معنی ہیں
مگر اردو والے اوّل نمبر کے معنی میں استعمال کرتے ہیں

چرغم چرغم کرنا - ا - فعل متعدی - عو - چخ چخ
کرنا - بکبک کرنا + کھسر کھسر کرنا - کھسر پھسر کرنا جیسے
(اب ذرا آپس میں چرغم چرغم نہ کرو - کہانی سنو - فقرہ

چرغینا - ا - اسم مذکر - کمینہ آدمی - سفلہ آدمی -
ادنیٰ آدمی - نیچ آدمی - چرپوز +

چرک - ف - اسم مذکر - پیپ - ریم - میل - چیپڑ -
میل کچیل - کیٹ - لید - گوبر - براز - غلاظت - آلائش

چرکا - ا - اسم مذکر (۱) زخم - گھاؤ + زخم خفیف - چیرا
خط - یہ لفظ گو فارسی چرک ہے مگر اردو والوں نے چرکا
باندھا ہے (آتش) چرکے سے بھی کیا نہ کبھی ہمکو سرفراز
قاتل کی تیغ میں نہ تواضع کا خم ہوا) +
(۲) داغ کسی آہنی چیز کو گرم کرکے اُس سے جلانا
(۳) نقصان - ٹوٹا - ضرر +

چرکا دینا - ا - فعل متعدی (۱) زخم دینا (۲) داغ
دینا (۳) نقصان پہنچانا +

چرکٹا - ہ - اسم مذکر - (۱) ہاتھی کا چارہ لانے والا
ہاتھی کا چارہ کاٹ کر لانے والا - (۲) فیلبانوں کا پیشکار -
فیلبانوں کا پیش خدمت (۳) کمینہ - ادنیٰ +

چرک دھانس - ہ - اسم مؤنث (۱) بیماری کا کچھ
نہ کچھ خلل - ہر روز کی بیماری - آئے دن کا روگ (۲)
اٹا ہی جھگڑا - راڑ - ٹنٹا +

چرکنا - ہ - فعل لازم - ذرا سا براز نکلنا - ذرا سا ہگنا

چرکنا - ہ - فعل لازم - بولنا - چہچہانا - ریز کرنا -

(حقارتاً بولتے ہیں) +

چرکین - ف - صفت - غلیظ - میلا - نجس - پلید
(ایک مشہور لکھنؤ کے غلیظ گو شاعر کا تخلص) +

چرم - ف - اسم مذکر - چمڑا - کھال - چام +

چرمر - ہ - صفت - مرجھایا ہوا - پژمردہ - سوکھا -
چورا کیا ہوا + لاغر - دبلا + بوڑھا - مرنڈا +

چرمر ہونا - ہ - فعل لازم - سوکھ کر مرنڈا ہونا +

چرن - س + اسم مذکر (۱) قدم - پاؤں (۲) پاپوش
(۳) رکن - ستون - تھم +

چرن بردار - ا - اسم مذکر - امیروں کی جوتیاں
اٹھانے والا خادم - کفش بردار +

چرن لینا - ہ - فعل متعدی - قدم لینا - پیروں
پڑنا - قدم کو ہاتھ لگانا +

چرنا - ہ - فعل لازم (۱) چریدن کا ترجمہ - گھاس کھانا
چگنا + پرورش پانا - کھانا (۲) - اسم مذکر - گھٹنا - چھوٹا
اور اونچا پیجامہ جو اکثر نوکروں اور مجروں کو پہناتے
ہیں (لکھنؤ) +

چرنا - ہ - فعل لازم - پھٹنا - دریدہ ہونا - ترننا - لکڑی
کا دوپارہ ہونا +

چرند } ف - اسم مذکر - پرند کا نقیض - حیوان
چرندہ } چوپایہ - چرنے والا + چگنے والا +

چروانا - ہ - فعل متعدی - چوری کرانا +

چروانا - ہ - فعل متعدی - لکڑیاں دوپارہ کرانا +

چروانا - ہ - فعل متعدی - چرائی پر بھیجنا +

چرواہا - یا - چرواہا - ہ - اسم مذکر - گلہ بان -
چوپان - گڈریا - گوآلہ - محافظ چارپایاں - چرانے والا

چرونجی - ہ - اسم مؤنث - ایک مشہور میوے کا نام

جیسے فارسی میں نُقلِ خواجہ عربی میں حبّ السّمنہ کہتے ہیں مزاجًا بعض کے نزدیک دوم درجہ میں گرم و خشک اور بعض کے نزدیک گرم مایل باندک رطوبت +

چری -ہ- اِسم مؤنّث (۱) کڑوی - خوید - جُوار باجرے یا کمّے کے ہرے درخت (۲- لکھنؤ) چرنا - چرائی کرنا

سبزہ مری تُربت کا ہرا خُوب ہوا ہے،،
(آتش) ایسے میں ہرن آئیں تو موقع ہے چری کا

چِڑ یا چِڑھ -ہ- اِسم مؤنّث - کِھج - ناگوار خاطر - جھِڑن کِھجاوٹ - چِھمو - غُصّہ - ناخوشی - نفرت جیسے جو تمہاری چِڑ وہی ہماری رِیجھ +

چِڑ نِکالنا -ہ- فِعل مُتعدّی - چھیڑ نکالنا - نفرت کی بات کرنا - کِھجانا - غُصّہ دلانا +

چُڑ -ہ- اِسم مؤنّث - فرج - قُبل - کُس +

چُڑ مرانی -ہ- اِسم مؤنّث - ایک گالی جیسے گانڑ مرانی قحبہ - کُتّو وغیرہ +

چَڑ -ہ- اِسم مؤنّث چٹخنے کی آواز - لکڑی وغیرہ کے چٹخنے کی آواز - چٹ +

چِڑا -ہ- اِسم مذکّر - گنجشکِ نر - گوریّا - چڑیا کا نر +

چِڑانا -ہ- فِعل مُتعدّی - کسی بات کی نقل کر کے غُصّہ دلانا - طبیعت جلانا - کِھجانا - مُنہ ہونٹھ اور ٹھوڑی کو بگاڑ کر نقل کرنا - چھیڑنا +

چَڑبَڑ چَڑبَڑ کرنا -ہ- فِعل لازم - بکبک کرنا - بڑبڑانا بکواس لگانا +

چَڑچَڑ -ہ- اِسم مؤنّث (۱) چٹخنے کی آواز - چٹ چٹ کڑکڑ (۲) بک بک +

چِڑ چِڑا -ہ- صِفت - بدخُو - تنک مزاج - بداخلاق (مؤنث ی) - وہ شخص جسکا مزاج بیماری یا

مُفلسی یا کسی اور باعث سے بگڑا ہوا ہو +

چَڑچَڑانا -ہ- فِعل لازم - چڑچڑ آواز دینا - جلتے ہوے تیل یا روغن میں سے جو پانی پڑ کر آواز نکلتی ہے اُسکو چڑچڑانا کہتے ہیں + (نکہت)

جو ضبطِ اشک سے داغِ جگر ہے گرم فُغاں
چراغ پانی کے پڑنے سے چڑچڑاتا ہے

خُنک دِلوں کے مَیں مِلنے سے تفتہ دل بیزار
(معروف) کیونکہ آب کے پڑنے سے چڑچڑاے چراغ

چِڑنا -ہ- فِعل لازم - بگڑنا - خفا ہونا - ناراض ہونا - کِھجانا کسی بات یا کسی چیز سے تُرش و ناخوش ہونا +

چِڑوے -ہ- اِسم مذکّر - کُٹے ہوے چاول جنکو بھُونکر دسہرے کے دِنوں میں اکثر کھاتے ہیں +

چَڑھانا -ہ- فِعل مُتعدّی - نیچے سے اُوپر لیجانا + لادنا - (۲) سوار کرنا (۳) پینا - نوش کرنا - دھڑ میں اُتارنا شراب یا پانی کو بالکل گٹ گٹ پی جانا + (مصحفی)

دلکُشا ہے مئیکدہ رِندوں کے واسطے
جنسے کہ ایک جام چڑھایا وُہ جم ہوا

(۴) بلند کرنا - اُونچا کرنا جیسے کنکوا چڑھانا - آستین چڑھانا - اُتارنا کا نقیض (۵) نذر کرنا - نیاز دینا - شیرینی وغیرہ کسی بُزرگ کے مزار پر لاکر رکھنا + (ذوق)

ضُرور تُربتِ مجنُوں پہ گُل چڑھاؤں گا
جواُس کے خیر سے فصلِ بہار میں گُزری

(۵) لگانا - جوڑنا - سِینا جیسے پیوند چڑھانا - آستین پر کپڑا چڑھانا (۶) ذِمّہ لینا - اُوپر لینا - بڑھانا - زیادہ کرنا - جیسے قرض چڑھانا - سانسا چڑھانا +

چَڑھاؤ -ہ- اِسم مذکّر (۱) طُغیانی - جوش (۲) عرُوج صعُود - (۳) ترقّی - زیادتی (۴) دریا کا وُہ رُخ جدھر

سے پانی آتا ہو سہو

کہتا ہے ضبط اشکوں سے بہنا نہ آنکھ سے
پیراک ہے وہی کہ چڑھے جو چڑھاؤ پر

(۵) پیشگی - باقی - وہ روپیہ جو اپنے کاریگر پر چڑھا ہو

چڑھاوا - ہ - اسم مذکر (۱) نذر - بھینٹ + پجاپا (۲) وہ زیور جو منگنی یا برات کے روز دلہن کو دولہا والوں کی طرف سے پہنایا جاوے (۳) بڑھاوا - دم +

چڑھاوا بڑھاوا دینا - ہ - فعل متعدی - دم دلاسا دینا + اونچ نیچ سمجھانا - نشیب و فراز سمجھانا - خوشامد کرکے پھسلانا +

چڑھائی - ہ - اسم مؤنث (۱) بلندی - اونچائی (۲) حملہ - دھاوا - تاخت - یورش + (ذوق)

پہنچا کمک لشکرِ یاراں سے ہے یہ زور
ہر نالے کی ہے دشت میں دریا پہ چڑھائی

چڑھتا - ہ - صفت - بڑھتا - ترقی کرتا ہوا - عروج کرتا ہوا - زوروں پر آتا ہوا - جوش پر آتا ہوا جیسے چڑھتا چاند - چڑھتی جوانی وغیرہ +

چڑھتا چاند - ہ - اسم مذکر - بڑھتا چاند - عروج ماہ +

چڑھبنا - ہ - فعل لازم - بن آنا - حسبِ مراد ہونا +

چڑھنا - ہ - فعل لازم (۱) پستی سے بلندی پر جانا - نیچے سے اوپر جانا - چوٹی پر جانا - بلندی پر صعود کرنا - اٹھنا - ابھرنا (۲) بڑھنا - ترقی کرنا (۳) اڑنا - پرواز کرنا جیسے کبوتر کا چڑھنا - (۵) طغیانی پر آنا - چڑھاؤ پر آنا (۶) حملہ کرنا - یورش کرنا - دھاوا کرنا (۷) گراں ہونا - مہنگا ہونا (۸) آواز کا بلند ہونا (۹) کسا جانا - کھنچ جانا - تنجانا - تننا جیسے ڈھول یا طاسہ چڑھنا (۱۰) چھونا - نہ ملنا - جیسے سانس چڑھنا (۱۱) قربانی ہونا - ذبح ہونا - کسی دیوی یا دیوتا پر بلیدان کیا جانا (۱۲) نذر ہونا - بھینٹ ہونا (۱۳) سوار ہونا - سواری لینا - (۱۴) لٹکایا جانا - بندھنا جیسے سہرا چڑھنا (۱۵) مشق ہونا - مہارت ہونا جیسے ہاتھ چڑھنا (۱۶) گزر جانا - بہت ہو جانا - ذمہ ہو جانا جیسے مہینا چڑھنا - دن چڑھنا (۱۷) مندرج ہونا - درج ہونا - چہرا ہونا - لکھا جانا جیسے نام چڑھنا (۱۸) سر یا دماغ پر اثر کرنا جیسے زردا یا تمباکو چڑھنا (۱۹) ہونا جیسے نشہ چڑھنا (۲۰) جانا - روانہ ہونا جیسے غلہ کا دلاور کو چڑھنا (۲۱) چولہے پر رکھا جانا - پکنے کو رکھا جانا جیسے ہانڈی چڑھنا (۲۲) کچہری میں جانا - عدالت میں جانا جیسے کچہری چڑھنا - پولس چڑھنا (۲۳) [illegible] جیسے نظر چڑھنا (۲۴) بدن میں آنا جیسے [illegible] (رنگین)

آستینوں سے یہ عجب تنگ [illegible]
بند دارائی کے بھونڈے ہیں بھی نالائی

چڑھواں - ہ - صفت - کھڑی جوتی - کھڑی ایڑی کی جوتی - مردانہ جوتی - اٹھی ایڑی کا جوتا +

چڑھوانا - ہ - چڑھانے کا متعدی المتعدی +

چڑھیت - ہ - اسم مذکر - سوار - سواری لینے والا - چڑھنے والا + ایون کا فاعل +

چڑھیتا - ہ - اسم مذکر (۱) باگیر - وہ شخص جو دوسرے کے گھوڑے پر نوکر ہو (۲) دیکھو (چڑھیت) +

چڑی - ہ - اسم مؤنث - لات - وہ لات جو کبھی بھاگتے کے ماری جائے - اچھل کر لات مارنا +

چڑی مارنا - یا - چڑی دینا - ہ - فعل متعدی - لات مارنا - اچھل کر لات مارنا +

چڑی - ہ - اسم مؤنث - [illegible] مشہور پرند +

چڑی مار - ہ - اسم مذکر - پرند پکڑنے والا - چڑیا پکڑنے والا - گنجشک گیر - صیاد +

چڑی مار ٹولا - ہ - اسم مذکر - چوک - گزری - وہ جگہ جہاں طرح طرح کے جانور بکتے ہیں جیسے چڑی مار ٹولا بھانت بھانت کا جانور بولا +

چڑیا - ہ - اسم مؤنث (۱) پرند - گنجشک مادہ - گورتیا - عصفور (۲) انگیا کی وہ سیون جس سے کٹوریاں بنی رہتی ہیں (رنگین) قہر ہے ربط ہے اُڑ جای یہ چڑیا کمبخت لسیہ ڈوری ہے عجب ڈھب کی ٹکی مغلانی (۳) چھپر کے ستون یا کھاردگی لاٹھی پر جو سہارے کے واسطے ایک لکڑی کا آڑا ٹکڑا سوراخ کرکے لگا دیتے ہیں جیسے یہ ہے آ (۴) نیفہ - ازار بند رہنے کی جگہ (لکھنؤ) +

چڑیا چودن - ہ - اسم مذکر - جلدی سے انزال ہونا جماع خفیف +

چڑیا خانہ - ا - اسم مذکر - چڑیا گھر - وہ مکان جہاں امیروں کے طیور اور طرح طرح کے پرند رہتے ہیں +

چڑیا کا - یا - چڑیا والا - ہ - اسم مذکر - (دکالی) احمق +

چڑیا کا دودھ - ہ - عنقا چیز - ناممکن بات +

چڑیا کے پھندے میں پکڑا جانا - ہ - فعل لازم - مفت کی آفت اور بلائے ناگہانی میں گرفتار ہونا - ناحق کی مصیبت اور عذاب میں پڑنا +

چڑیا نوچن - ہ - اسم مذکر - عو - بکا بوٹی - عذاب تکلیف - بوٹیاں توڑنا جیسے سبکو تھوڑا تھوڑا روپیہ دیکر چڑیا نوچن سے جان بچائی +

چڑیل - ہ - اسم مؤنث (۱) بھتنی - چھلپائی - مادہ غول + ڈائن - پلید عورت - خبیث عورت - میلی کچیلی عورت (۲) بدصورت - زشت صورت +

چڑیوں کے جھنڈ - ہ - اسم مذکر - چڑیوں کے غول جھلڑ + بہت سی چڑیوں کا اکٹھا ہوکر اڑنا +

چسانا - ہ - فعل متعدی - چھوڑوانا + پلانا - جیسے دودھ چسانا +

چسپاں - ف - صفت (۱) چسپیدہ - چپکا ہوا (۲) موزوں ٹھیک - زیبا +

چسپاں کرنا - ا - فعل متعدی - چپکانا - لگانا جیسے اشتہار چسپاں کرنا +

چست - ف - صفت (۱) چالاک - پھرتیلا - پھرتی باز - ترت پا (۲) تنگ - کھچا ہوا (۳) ٹھیک - موزوں - درست (۴) مضبوط - محکم - استوار +

چستہ - ہ - اسم مذکر - پنیر مایہ - بکری کے بچے کا معدہ جس میں پایا ہوا دودھ رہتا ہے +

چستی - ف - اسم مؤنث (۱) چالاکی - پھرتی - تیزی (۲) تنگی - کھچاوٹ (۳) مضبوطی - استحکام (۴) جرأت دلیری - جسارت +

چسک - ہ - اسم مؤنث (۱) درد - میٹھا میٹھا درد خفیف درد - کسک (۲) سنجاف یا مغزی کے آگے جو گوٹے یا اطلس دارائی وغیرہ کی گوٹ سی لگا لیتے ہیں +

چسکا - ہ - اسم مذکر (۱) مزہ - چاٹ - چٹورپن (برق)

بوسہ طلب کیا تو دیا ہنس کے یہ جواب
منہ کی کھلائیگا تجھے چسکا زبان کا

(۲) عادت - لت - دھت (جرأت)

بیٹھے بیٹھے آپ سے کرتا ہوں کچھ گناہ
پاؤں پڑنے کا جو اس کے مجکو چسکا ہوگیا

(۳) ذوق - شوق +

چسکنا - ہ - فعل لازم - میٹھا میٹھا درد ہونا - کسکنا -

کبھی کی چوٹ کا اُبھرنا +

چُسکی - ہ - اسم مؤنث (۱) کش - سڑک - گھونٹ - جرعہ (۲) افیون کا گھونٹ جو خلافِ معمول پیا جائے +

چُسکی لگانا - ہ - فعل متعدی - پی جانا - سڑک جانا - سُڑپنا - اُتار جانا - غٹک جانا + افیون پینا +

چُسنا - ہ - فعل لازم - چوسا جانا - پیا جانا + عرق نکل جانا - طاقت کا زائل ہوجانا - نچڑ جانا +

چُسنی - ہ - اسم مؤنث (۱) بچوں کے چوسنے کا کھلونا - (۲) دودھ پلانے کی شیشی +

چشم - ف - اسم مؤنث (۱) آنکھ - نین - دیدہ - نیتر - لوچن (۲) آس - اُمید +

چشم بد دُور - ف - جملہ معترضہ (ایک کلمہ ہے جو دفع چشم بد کے واسطے کسی چیز کی تعریف سے پہلے زبان پر لاتے ہیں) نظرِ بد دور ہو - نظر نہ لگے - حفِ نظر +

چشم پوشی - ف - اسم مؤنث - اغماض - آنکھ چرانا - دیکھکر ٹال جانا +

چشم نمائی - ف - اسم مؤنث - دھمکی - ڈراوا - تنبیہ - سرزنش - ملامت - جھڑکی +

چشم نمائی کرنا - ا - فعل متعدی + تنبیہ کرنا - سرزنش کرنا - دھمکانا - آنکھ کی دھمکی دینا +

چشم و چراغ - ف - اسم مذکر - قرۃ العین - روشنیٔ چشم - نورِ چشم - آنکھ کی پتلی - نہایت عزیز اور پیارا -

چَسَک - ا - اسم مؤنث - وہ کھانا جو باورچی لوگ اپنے کھانے کے واسطے امیروں کے گھروں سے لیجاتے ہیں

آتش ہمیشہ سیر ہوا خوانِ حُسن سے
(آتش) نیت کو رکھ کے بوسۂ لب کی چسک بھرا

چَشمک - ہ - اسم مؤنث (۱) اشارۂ چشم - جھپکی - رمز - کرشمہ - جھانولی - غنج (۲) شکررنجی - رنجش - رکاوٹ - انقباض (۳) نینک - چشمہ +

چشمک زنی کرنا - ہ - فعل متعدی - طعنہ زنی کرنا - آوازہ توازہ کسنا - چھیڑنا (ذوق)

اللہ رے تاب حُسن کہ اُسکا دُرِ بلاق
چشمک زنی کرے ہے سہیل یمن کے ساتھ

چشمہ - ف - اسم مذکر (۱) پانی کی سوت - منبع - پانی جھرنے یا نکلنے کی جگہ + غدیر - تالاب (۲) عینک +

چُغد - ف - اسم مذکر - اُلو - بوم - ایک قسم کا چھوٹا اُلو +

چُغل - ف - اسم مذکر - (۱) غماز - لُترا - سخن چیں - نمام (۲) گُٹکی - گٹک - وہ کنکر جو چلم میں رکھکر اوپر سے تمباکو رکھا جاتا ہے +

چغل خور - ا - اسم مذکر - غماز - لُترا - نمام

چغل خوری - ا - اسم مؤنث - غمازی - لُتراپن - نمامی

چُغلی - ف - اسم مؤنث - کسی کی بُرائی - بدی - غمازی - سخن چینی - لُتراپن - غیبت +

چُغلی کھانا - ا - فعل متعدی - بدی کرنا - بُرائی کرنا - غیبت کرنا - غمازی کرنا +

چُفتی - ا - اسم مؤنث - چپٹی لکڑی جس کے سہارے سے سیدھی لکیریں کھینچتے ہیں - چوبی مسطر - چپٹا رول

چِق - ت - اسم مؤنث - چلون - چلمن - چک - بانس یا سرکنڈے کی تیلیوں کا پردہ +

چُقر - ف - اسم مذکر - جوہڑ - چشمہ - تالاب +

چقماق - یا - **چقمق** - ت - اسم مؤنث - آگ نکالنے کی پتھری جو اکثر بندوق وغیرہ پر لگائی جاتی ہے +

چُقندر - ف - اسم مذکر - ایک جڑ کا نام جو نہایت سُرخ اور شلغم کے قسم میں [illegible] ہے +

چک - ہ - اسم مذکر (۱) پٹی - کاشت + قطعۂ زمین (۲) چشنک - جھگڑا - تنازعہ - زمین کا جھگڑا (۳) ٹھٹیک - ہندو قصاب (۴ - عو) پھیر - جماؤ +

چک بندی - ا - اسم مؤنث - زمین کی حد بندی - حد بست

چک بندھنا - ہ - فعل متعدی - عو + پھیر پڑنا - کسی چیز کا افراط سے ہونا جیسے اب کرکے خرچ کا چک بندھا ہے

چک - ہ - اسم مؤنث (۱) لچکا - دھچکا - لچک - جھٹکا + درد کمر (۲ - ا) چق - چلمن (۳ - انگلش cheque) ہنڈی - کاغذ زر - نقدی ملنے کا پرچہ +

چک آنا - ہ - فعل لازم - جھٹکا آنا - لچکا آنا - کمر میں دھچکا آنا (جان صاحب) جانصاحب کمر میں آئی ہے چک
لیکے ڈولی جو کل کہار گرے

چکا - ہ - اسم مذکر (۱) گول چیز + مربع + پتھروں کا میت کے واسطے فیٹ کے حساب سے ڈھیر - اینٹوں وغیرہ کا ڈھیر جو میت کے واسطے لگایا جائے (۲ - صفت) جما ہوا - منجمد جیسے دہی چکا +

چکا باندھنا - ہ - فعل متعدی - جو گور اور اُنچا میت کے واسطے اینٹوں یا پتھروں کا ڈھیر لگانا +

چکا چاک - ا - اسم مؤنث (۱) چقا چاق - تلواروں کے متواتر جسم پر پڑنے کی آواز (۲ - عو) تربتر - تیل یا گھی میں ڈوبا ہوا - ڈوبا ہوا - چور - لتھ پت +

چکا چوند - یا - چکا چوندی - ہ - اسم مؤنث - (۱) خیرگیٔ چشم - آنکھ کا روشنی کے باعث جھپکنا + تیرگیٔ روشنی آمیز (بحر)
سورج مکھی کو بھی چکا چوند ہوگئی
تمنے ذرا جو داغ سے پہلا اٹھا لیا
(۲) تعجب - حیرت +

چکا چوندی لگنا - یا - آنا - ہ - فعل لازم - آنکھوں کے آگے روشنی کے باعث اندھیرا آنا - تاب نظارہ نہ لانا -
(فخر) کیونکر نہ لگے تمکو چکا چوندی دیکھکر +
دیکھا بھی ہے کسینے نظر بھر کر آفتاب

چکارا - ہ - اسم مذکر (۱) ایک قسم کا چھوٹا نہایت چالاک اور نازک ہرن - مرگ (ناسخ)
خشم آلودہ جو دیکھی آنکھ اُس صیاد کی
شیر آہو ہوگیا آہو چکارا ہوگیا
(۲) چھوٹی سارنگی - ایک قسم کا دوتارا +

چکانا - ہ - فعل متعدی (۱) قیمت ٹھیرانا - مول کرنا - نرخ قرار دینا - بھاؤ کرنا (۲) فیصلہ کرنا - قصہ کوتہ کرنا - انفصال کرنا (شہیدی) انصاف چکا خلق کا اے داور محشر
پھر قیامت ہے جو وہ شوخ ستمگر آیا
(۳) نپٹانا - بٹانا - چکتانا - بے باق کرنا + ختم کرنا - انجام کو پہنچانا - پورا کرنا +

چکائی دینا - ہ - فعل متعدی (پرانا محاورہ ہے) دھوکا دینا - فریب دینا - نظر بچانا - (آشنا)
شب جو جاتے رہے تم دیکے چکائی مجکو
صبح تک ایک پلک نیند نہ آئی مجکو
(شاہ نصیر نے بھی اس لفظ کو باندھا ہے) +

چکپھیری - ہ - اسم مؤنث - چکر باندھکر پھرنا - دائرہ میں گردش کرنا +

چکپھیری پھرنا - ہ - فعل لازم - چکر میں پھرنا - دائرہ میں گردش کرنا +

چکت مارنا - ہ - فعل متعدی - ٹکٹا مارنا - منہ سے بوٹی بھر لینا - دانتوں سے کاٹ کھانا - منہ مارنا دانت مارنا +

چکتّا - ہ - اسم مذکر (۱) گول نشان - گول دھبا - بڑا اور گول دھبا (۲) کاٹنے کا نشان - دانتوں کا نشان (۳) لال خواہ نیلا داغ - دھبا جو فساد خون سے ہوجاتا ہے (۴) مُچّا - گوشت کا ٹکڑا + قاش +

چکتا بھرنا - ہ - فعل متعدی - دانتوں سے کاٹنا - مُنہ مار کر گوشت اُتار لینا +

چکتا ڈالنا - ہ - فعل متعدی - دانتوں سے کاٹ کر نشان ڈال دینا +

چکتا مارنا - ہ - فعل متعدی - دانتوں سے کاٹنا + (شوق) بانہہ پر مری چکتا مارے + ایسی بھی تو یہ نہیں لگڑی گلی

چکتی - ہ - اسم مؤنث (۱) ٹکیا - قرص - گردہ - گول یا مدور چیز (۲) دُنبہ کی دُم - دُنبہ کی چوڑی دُم +

چکٹ - ہ - صفت - نہایت میلا - از حد چکنا ہوا چیکٹ کی مانند - میلا کچیلا +

چکٹنا - ہ - اسم مذکر - مٹھی بھر - پنجہ بھر +

چکٹنا - ہ - فعل لازم (۱) چکنا ہو کر چپچپانے لگنا - جیسے سر چکٹنا (۲) میلا ہونا - کثیف ہونا - غلیظ ہونا

آلودگی کے واسطے اپنا بنا وُہ تھا
(بحر) بگڑے یہ ہم کہ جامۂ ہستی چکٹ گیا

چکچکی - ہ - اسم مؤنث - دو چپٹی لکڑیوں کی جوڑی جو اکثر جوگی ایک ایک ہاتھ میں جوڑی ملا کر بجاتے ہیں

چکچک لونڈے کھانا یا چکھنا - ہ - فعل متعدی ہو - تڑتڑاتے اور گھی میں تر بتر نوالے کھانا +

چکر - ہ - اسم مذکر (۱) حلقہ - گردہ - دائرہ - پہیا (۲) پھیر محیط - احاطہ (۳) بھنور - گرداب (۴) گول سڑک (۵) غش - غشی - گھمیری - گردش (۶) دھاردار حلقۂ آہنی - ایک گول ہتیار کا نام جو اکثر گوکوں کی

پگڑی میں رہتا ہے ۵

قتل ہو جاؤں جو آنکھ اُسکی پھرے میری طرف
نگہ ناز کی گردش سے مجھے چکر ہو جائے

چکر آنا - ہ - فعل لازم - سر گھومنا + غش آنا (آتش)

پیچ دیتی نہیں وُہ زلف معنبر کیا کیا
گردش چشم سے آتے نہیں چکر کیا کیا

چکر باندھنا - ہ - فعل متعدی - اصطلاح گردش دینا کہ دائرہ بندھ جائے - جلد جلد گردش کر کے دائرہ کی شکل پیدا کر دینا +

چکر کھانا - ہ - فعل لازم - گردش کرنا - پھرنا - گھومنا

چکر کی سڑک - ہ - اسم مؤنث - گول سڑک - پھیر کی سڑک - مدور سڑک +

چکر لانا - ہ - فعل متعدی - شرارت کرنا - فیل لانا - فساد اُٹھانا - ٹیڑھ کی لینا + (طالب دہلوی)

اُسکا انصاف پکارے ہوئے یہ کہتا ہے
چرخ سے کہدو کہ اب لائے نہ کوئی چکر

چکر لگانا - ہ - فعل متعدی - گرد پھرنا - گھومنا + پھیرے کرنا + منڈلانا - گردش کرنا جیسے دن بھر چکر لگاتا ہے +

چکر میں آنا - ہ - فعل لازم - گردش میں آنا - پھیر میں آنا - مصیبت میں پھنسنا +

چکر میں ڈالنا - ہ - فعل متعدی (۱) مصیبت اور سختی میں مبتلا کرنا - مخمصہ میں پھنسانا (۲) ہوش بھلانا - حواس باختہ کرنا (۳) راستہ بھلانا +

چکرانا - ہ - فعل لازم (۱) چکر کھانا - گردش کرنا + سر گھومنا - سر گھمانا (۲) گھبرانا - سٹپٹانا - حیران و ششدر رہنا - ہکا بکا رہنا (بحر) تیری صورت دیکھکر چکرا گئے نقاش چین

خانہ ارژنگ ۔ فانوسِ خیالی ہوگیا
(۳) غش کھانا ۔ مُورچھا گت میں آنا (۴) مُصیبت میں پڑنا ۔ تکلیف میں ہونا +

چکر مکر ۔ ا ۔ اسم مذکر (لشکری) دغا و فریب ۔ حیلہ حوالہ ۔ بہانہ ۔ دم ۔ جھانسا +

چکریا ۔ ا ۔ اسم مذکر (لشکری) نوکری پیشہ +

چکرباہا ۔ چقرباہا ۔ ہ ۔ اسم مذکر (عوام) جھگڑا ۔ بکھیڑا ۔ چپقلش ۔ مخمصہ ۔ شور و غوغا +

چکڑی ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ ایک قسم کی زرد لکڑی جسکی اکثر کنگھیاں بنتی ہیں +

چکس ۔ ف ۔ اسم مذکر (صحیح غیر مشدد) نشیمن باز و جرہ و شاہین وغیرہ ۔ بلبل کا اڈا ۔ پرندوں کے بٹھانے کی لکڑی یا گز +

چکلا ۔ ہ ۔ صفت ۔ چوڑا ۔ عریض ۔ فراخ + گول +

چکلا ۔ ہ ۔ اسم مذکر (۱) دانا دلنے کی چکی ۔ بغیر گرنڈ کی چکی ۔ ہلکی چکی (۲) چکی کا پاٹ ۔ گول پتھر جسپر اکثر ہندو لوگ مصالحہ پیستے یا پُوریاں بیلتے ہیں + لکڑی کا گول تختہ (۳) جاگیر ۔ ضلع ۔ پرگنہ ۔ علاقہ ۔ صُوبہ ۔ ملک کا حصہ + ضلع کا کوئی حصہ (۴) کسبی خانہ ۔ ارباب نشاط کے رہنے کا مقام ۔ رنڈیوں کا محلہ

چکلا بندی ۔ ا ۔ اسم مؤنث ۔ حدبست ۔ حدبندی ۔ ڈھولا بندی +

چکلے دار ۔ ا ۔ اسم مذکر (۱) صُوبہ دار ۔ ناظم علاقہ ۔ جاگیر دار ۔ پرگنہ کا حاکم (۲) محلدار ۔ بھڑوا ۔ قرمساق ۔ کسبی خانہ کا داروغہ +

چکلی ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ گھرنی ۔ چرخی +

چکما ۔ ہ ۔ اسم مذکر (۱) فریب ۔ دھوکا ۔ چھل ۔ دم
(۲) ضرر ۔ نقصان (۳) ایک قسم کا کھیل +

چکما اُٹھانا ۔ ہ ۔ فعل لازم (۱) نقصان اُٹھانا ۔ خسارہ بھگتنا ۔ ٹوٹا بھرنا (۲) صدمہ اُٹھانا ۔ ٹکر کھانا (۳) چھل کھانا ۔ دھوکا کھانا +

چکما دینا ۔ ہ ۔ فعل متعدی (۱) دھوکا دینا ۔ فریب دینا ۔ نقصان دینا ۔ ضرر پہنچانا (۲) گنجفہ بازی کی ایک اصطلاح جسمیں حریف کو اُس پتے سے دھوکا دیتے ہیں جس سے وُہ واقف ہوتا ہے + ع

کسکو معلوم نہیں گنجفہ بازی تیری
کونسا فرد بشر ہے جسے چکما نہ دیا

چکما کھانا ۔ ہ ۔ فعل متعدی ۔ حریف سے دھوکا کھانا ۔ فریب میں آجانا +

چکن ۔ ف ۔ اسم مؤنث (صحیح بکسر تین) ایک قسم کا کشیدہ + سوزن کاری ۔ سوئی کا کام + بیل بوٹے دار کا کپڑا +

چکن دوز ۔ ف ۔ اسم مذکر ۔ چکن کار ۔ کپڑے پر چکن بنانے والا +

چکن ۔ انگلش Chicken اسم مذکر ۔ چوزہ ۔ مُرغی کا بچہ + چینگا +

چکنا ۔ ہ ۔ صفت (۱) چرب + تیلیا (۲) روغن + مُرغن (۳) چربی دار ۔ موٹا ۔ فربہ ۔ رواجدار (۴) پھسلنا ۔ پھسلواں ۔ رپٹواں (۵) صاف ستھرا ۔ چمکدار + روغن کیا ہوا ۔ وارنش کیا ہوا (۶) بیحیا ۔ بے غیرت (۷) خوبصورت ۔ رُوپدار ۔ رونق دار ۔ جیسے دلی کے دلوالی مُنہ چکنا پیٹ خالی +

چکنا چُپڑا ۔ ہ ۔ صفت ۔ خوش پوش ۔ خوش لباس ۔ چھیل چھبیلا ۔ بنا ٹھنا ۔ صاف ستھرا +

چکنا دیکھ پھسل پڑے - ہ - کہاوت - دولت دیکھ کے پیچھے لگنا + خوبصورت دیکھ کے مر گئے

چکنا گھڑا - ہ - اسم مذکر - بیحیا - بے غیرت - بے شرم

چکنا منہ پیٹ خالی - ہ - کہاوت - منہ پر رونق پیٹ کا اللہ ہی بیلی +

چکنا - ہ - فعل لازم (۱) ختم ہونا - مکنا - خرچ ہوجانا - بنٹنا (۲) بھاؤ ٹھیرنا - قیمت کو تہ ہونا (۳) بیباق ہونا - حساب پاک ہونا (۴) جھگڑا فیصلہ ہونا قضیہ رفع ہونا (۵ - پنجاب) اٹھانا +

چکنا چور - ہ - صفت (۱) ریزہ ریزہ ٹکڑے ٹکڑے پارہ پارہ (۲) تھکا ہوا مضمحل - ماندہ (۳) تیل میں ڈوبا ہوا - تیل میں لتھ پتھ +

چکنا چور کرنا - ہ - فعل متعدی (۱) ٹکڑے ٹکڑے توڑنا چور چور کرنا ٹکڑے ٹکڑے کرنا + (رنگین)

خدا جانے کہ ہاتھا پائی کرکس سے لڑی کوکا
کہ اسنے چوڑیاں کیں اپنی چکنا چور ہنسلے

(۲) تھکا مارنا مضمحل کردینا (۳) تیل میں چک چک کرنا

چکنا چور ہونا - ہ - فعل لازم (۱) چور چور ہونا - ٹکڑے ٹکڑے ہونا (ناسخ)

منع کی ہے مئے پرستی کسکی چشم مست نے
غنچۂ گل کی گلابی تک جو چکنا چور ہے

(۲) تھک کر چور ہونا - مضمحل ہونا (۳) تیل میں تر بتر ہونا - چک بچک ہونا +

چکناوٹ - یا - چکناہٹ - ہ - اسم مؤنث - چکنائی صفائی - چمک - خوبصورتی +

چکنائی - ہ - اسم مؤنث - چربی + دُہنیت + تیل گھی - روغن +

چکنی - ہ - اسم مؤنث (۱) روغنی - چھچھڑی - مرغن - چربیدار (۲) پھسلنی - لیسدار جیسے چکنی مٹی (۳) ایک قسم کی چھالیہ - ڈلی +

چکنی باتیں - ہ - اسم مؤنث - کلمات خوشامد - دلفریب باتیں - پرلطف اور بامزہ باتیں +

چکنی چپڑی باتیں - ہ - اسم مؤنث - دیکھو (چکنی باتیں) +

چکنی چپڑی باتیں بنانا - ہ - فعل متعدی - چاپلوسی کرنا - خوشامد کرنا - دلفریب باتیں بنانا +

چکنی ڈلی - ہ - اسم مؤنث - ایک قسم کی چھالیا جسکو دودھ میں پکاتے ہیں +

چکنی مٹی - ہ - اسم مؤنث - ایک قسم کی مٹی جو لیپنے کے کام آتی ہے - گل چسپاں ملیسدار مٹی +

چکنیا - ہ - صفت - بانکا - چھیل چھبیلا (پورب)

چکو - ہ - اسم مذکر - چاکو کا مخفف - چھوٹا چاقو +

چکوا چکوی - ہ - اسم مؤنث - جفت سرخاب - جفت چکا چکی (دو آبی پرندوں کے نام جو اکثر دریا کے کنارے رہتے ہیں دن بھر تو جوڑا ساتھ پھرتا ہے مگر رات کو کہتے ہیں کہ ہر ایک جدا جدا ہوجاتا ہے چنانچہ ہندی شاعروں نے اسکا اکثر ذکر کیا ہے اور امیر خسرو نے بھی ایک مقام پر اسکا حوالہ دیا ہے (دوہا) چکوا چکوی دو جنے ان مت ماروکوے ۔ یہ مارے کرتار کے رین بچھوا ہوے

چکوتا - ہ - اسم مذکر - فیصلہ - تقرر نرخ - چکتا بیباق

چکوتا - ہ - اسم مذکر - ایک مرض کا نام جو اکثر گھٹنے کے نیچے پھنسیوں کی شکل میں نمایاں ہوتا ہے اور اس سے تمام ٹانگ پھٹتی چلی جاتی ہے +

چکوترا - ہ - اسم مذکر - ایک پھل کا نام جو ترنج اور نارنج سے پیوند دیکر بنایا گیا ہے +

چکور - ہ - اسم مذکر و مؤنث - کبک - پہاڑی تیتر - مرغ آتشخوار (ایک خوشنما تیتر کے قسم کا پرند جسکی چونچ پنجے سرخ اور گلے میں طوق ہوتا ہے - ہندی شاعروں نے اسے چاند کا عاشق باندھا ہے چنانچہ چاند کے دنوں میں اسکو پالنے والے باہر نہیں نکالتے آگ کو یہ جانور کھاتا ہے دہرا بالنہ بام آج وہ دیکھیں گے چاندنی + بھاری ہے چاند چودھویں شب کا چکور پر) +

چکھانا - ہ - فعل متعدی (۱) چشانیدن کا ترجمہ - چاشنی دکھانا - ذائقہ دکھانا - سواد دلانا (۲) کھلانا نوش کرانا +

چکھنا - ہ - فعل متعدی (۱) مزہ لینا - چاشنی دیکھنا لذت اٹھانا - ذائقہ دیکھنا چشیدن کا ترجمہ (۲) کھانا - نوش کرنا جیسے اپنا رکھ پرایا چکھ +

چکھ ڈالنا - ہ - فعل متعدی - کھا ڈالنا - اٹا ڈالنا بالکل کھا جانا +

چکھوتیاں - ہ - اسم مؤنث - مزیدار کھانے - لذیذ کھانے - چٹخارے + چٹورپن - چکھی +

چکھی - ہ - اسم مؤنث (۱) چاٹ - چکھوتی (۲) بٹیروں کا دانہ کھانا +

چکی - ہ - اسم مؤنث (۱) آسیا - جانتا - چکلا - چاکی آٹا پیسنے یا دانہ دلنے کا آلہ (۲) - پود ب) گھٹنے کی ہڈی بعض لغات والوں نے چپنی کو بھی کہا ہے +

چکی پیسنا - ہ - فعل لازم (۱) چکی چلانا - آٹا پیسنا (۲) مصیبت بھگتنا - پاپڑ بیلنا +

چکی جھونا - ہ - فعل لازم (۱) چکی چلانا - آٹا پیسنا (۲) قصہ اندھا - دکھڑا بیان کرنا - مصیبت دہرانا اپنی بپتا کہنا - اپنی بیتی کہنا +

چکی چلانا - ہ - فعل متعدی - چکی شروع کرنا +

چکی چلنا - ہ - فعل لازم - غلہ پسنا - چکی کا گردش کرنا

چکی راہا - ہ - اسم مذکر - چکی کو اوزار سے گود کر پیسنے کے قابل بنانے والا - آسیابان +

چکی راہنا - ہ - فعل متعدی - چکی کو گودنا - چکی کو کھردرا کرنا +

چکی کا پاٹ - ہ - اسم مذکر - چکی کا ہر ایک حصہ - پرۂ آسیا

چکی کا کھونٹا - ہ - اسم مذکر - ہتا - دستۂ آسیا - چکی چلانے کا ڈنڈا +

چکی کی مانی - ہ - اسم مؤنث - میخ آسیا - وہ کیل جس پر چکی پھرتی ہے + قطب +

چکئی - ہ - اسم مؤنث (۱) پھرکی - ایک لکڑی کا گول کھلونا جسے بچے اکثر پھراتے ہیں (ظہیر)

دفعۃً پھر گئی وہ آنکھ چکئی کی صورت

سرمے کا پنجۂ مژگاں نے جو ڈورا کھینچا

(۲) گول - مدور جیسے چکئی آڑو +

چکئی آڑو - ہ - اسم مذکر - گول شفتالو - گول آڑو

چکیدہ - ف - صفت - ٹپکا ہوا - چوا ہوا + متقطر +

چگانا - ہ - فعل متعدی - جانوروں کو کھلانا - پرندوں کو کھلانا - مرغی و بطخ کو کھلانا +

چگلی ڈھینا - ہ - اسم مذکر - چگلی داڑھی والا چھوٹی سی داڑھی والا +

چگنا - ہ - فعل متعدی - دانہ چیدن کا ترجمہ - چنا - مرغی بطخ وغیرہ کا دانہ کھانا +

چل - ہ - اسم مؤنث (۱) خارش - خارشت - کھجلی حدہ - کھاج (۲) اشتک - مستی - باہ - شہوت کام دیو - آگ + جھانجھ - (۳) بیکلی - بیقراری

اضطراب - بےچینی ٭

چُل اُٹھنا - ھ - فعلِ لازم - کھجلی ہونا - خارشت ہونا
شہوت ہونا - خواہش جماع ہونا ٭

چُل مٹانا - ھ - فعلِ متعدّی - خارشت دُور کرنا -
شہوت یا خواہش سے سیری کرنا ٭

چَل - ھ - (۱) کلمۂ تنفّر و نیز کلمۂ اختلاط جو معشوق
حالتِ گرمجوشی میں زبان پر لاتے ہیں - ہٹ
دُور ہو - چخ - چپت ہو - پرے سرک - لمبا بن

(جرأت)
اگر کچھ حرفِ مطلب اس پریرو سے میں کہتا ہوں
تو کیا مُنہ پھیر کر کہتا ہے چل بے تجھکو سودا ہے

(۲) چلنے کا امر - روانہ ہو - جا (۳) برہمی - پراگندگی
ابتری مگر پڑنا کے ساتھ آتا ہے (طپش)

چل بسے صبر و قرار و طاقت و تاب و تواں
چلتے ہی تیرے سبھوں میں یکبیک چل پڑ گئی

(۴) ڈگمگاہٹ - لغزش - فرق - تفاوت

(مایرتقی)
آوارہ پھرنے ہونے کا باعث وہ زلف ہے
کافر ہوں ہمیں ہووے اگر ایک بال چل

چل بے - ھ - محاورہ - ایک کلمہ درشت و شنیک
جو حالتِ خفگی و رنجش و ناز میں نفرت ظاہر ہونے
کے واسطے زبان پر لاتے ہیں (اہلِ سوز)

سوز نے جب کہا کہاں تھا یار
کہا چل بے میں یار کسکا ہوں

چل بسنا - ھ - فعلِ لازم - ہستی سے درگزرنا - مرنا
گزر جانا - جہان سے اُٹھ جانا - دُنیا سے چلا جانا

(ذوق)
کل گئے تھے تم جسے بیمارِ ہجراں چھوڑ کر
چل بسا وہ آج سب ہستی کا ساماں چھوڑ کر

چل چخ } - ۱ - محاورہ عو (۱) دیکھو چل نمبر ا
چل پرے } (۲) چپت ہو - لمبا بن - چلا جا
چل دُور } (در حالتِ خفگی) (مؤمن)

لگ چلے بھی لو اگر اُس بتِ مغرور کے ساتھ
پہنچے مرنے کے قریب ایک ہی چل دُور کے ساتھ

چل سکنا - ھ - فعلِ لازم - قدرت پانا - طاقت
پانا - پیش رفت جانا (سجاد)

کیا کرے پاؤں بھی کہ جنگل میں
کچھ نہیں آبلوں سے چل سکتا

چل نکلنا - ھ - فعلِ لازم (۱) بساط سے باہر قدم
رکھنا - حد سے بڑھنا - مرتبہ سے گزر کر کام کرنا

(نکہت)
گر کہوں بیٹھوں تو فرماتے ہیں بس بیٹھو رہو
ساتھ چل نکلوں تو کہتے ہیں کہ چل نکلے ہیں آپ

(۲) اترا جانا - گھمنڈ میں آجانا - (سوز)

سوز نے دامن کو جو پکڑا تو وُہیں جھٹکر
کہنے لگا ان دنوں کچھ بہت چل نکلا ہے تو

(۳) گستاخ اور بےادب ہو جانا (رنگین)

پڑتا نہ تجھے کام دلا ہجر کے دن سے
گر اُس سے شبِ وصل میں تو چل نہ نکلتا

(۴) بڑھ جانا - سبقت لیجانا - آگے ہو جانا

قطعہ (رنگین)
وہ جگت میں جو مجھ سے چل نکلا
تو وہیں میں نے ڈک کے کھا کر بل
کہا اُس سے کہ اب ہے اے رنگیں
تجھ سے بولے تو ہو عجب شغل

(۵) روانہ ہو جانا - چل پڑنا - چل کھڑا ہونا

(آتش)
دل سے کہہ دو کہ آہ سرد کے ساتھ
ٹھنڈے ٹھنڈے چلے تو چل نکلے

چل ہوا بن - چل ہوا ہو - ۱ - محاورہ -

رُخصت ہو - ہوا کھا - لمبا بن - چمپت ہو - چلتا
پھرتا نظر آ - سدھارئیے - چال دکھائیے (خاطر میں
نہ لانے اور ناراضی یا نہایت بے تکلفی کے موقع پر برابر والے سے
بولتے ہیں) +

چِلّا - ف - اسم مذکر - دیکھو (چِلّہ) +

چِلاَّ - ہ - اسم مذکر (۱) تِلّہ - وُہ کلا بتّونی بُنا ہوا پگڑی کا
سرا جو اُسکے اوّل اور آخر ہوتا ہے یہ لفظ طِلا سے
بگڑا ہے (۲) وُہ خمیری اور مُلایم میٹھی روٹی جو
آٹا پتلا کر کے کڑھائی میں تلی جاتی ہے - پُوڑا -
گُھنڈا بلکہ بیسن کے سلونے چلّے بھی ہوتے ہیں

چَلا چَلی - ہ - اسم مؤنث (۱) روا روی - ہلچل - سفر کا
تہیّہ اور شور جیسے لوگوں کو چلا چلی بڑھیا کو یاد کی
پڑی (۲) موت کی گرم بازاری آخرت کے سفر کی
تیاری جیسے چلا چلی کا سودا پیارے بھلا بھلی کر لو

چِلّانا - ہ - فعل لازم (۱) چیخنا - غُل مچانا - غوغا کرنا - شور
کرنا - پُکارنا (۲) رونا - گریہ وزاری کرنا - فریاد کرنا -
(۳) غُصّہ کرنا - غضب ہونا +

چَلانا - ہ - فعل متعدی (۱) ہانکنا + روانہ کرنا (۲)
سیلان کرنا - جاری کرنا + بہانا (۳) کاروبار جاری
کرنا - کسی کام کو رونق دینا جیسے دکان یا کارخانہ
چلانا (۴) بندوبست کرنا - انتظام کر کے کسی کام
کو جاری رکھنا - کام نکالنا (۵) گھسیڑنا - اندر کرنا
جیسے لکڑی چلانا (۶) ہلانا - ڈُلانا - حرکت دینا جیسے
ڈولی چلانا (۷) مسکانا - کھسکانا - پھاڑنا کپڑے
کے تاروں کو جُدا کر دینا (۸) پھیلانا - یادگار رکھنا
بڑھانا جیسے نام چلانا (۹) سُود پر دینا - بیاج پر دینا
(۱۰) استعمال کرنا - کام میں لانا جیسے کھوٹا سکہ چلانا
(۱۱) نکالنا - باہر کرنا - رُخصت کرنا ‍+
(مُرکّب ہونے کی حالت میں اس لفظ کے بہت سے معنی آتے
ہیں مثلاً ہاتھ چلانا ہاتھ اُٹھانا یا لگانا بمعنی مارنا - زبان چلانا بمعنی
بولنا دل چلانا بمعنی خواہش کرنا) +

چُلاؤ - ف - اسم مذکر (صحیح چِلاؤ) بِن گوشت کا پلا -
نمکین خشکہ +

چَل بِچَل - ہ - صفت (۱) بے جگہ - بے ٹھور - بے موقع
اپنی جگہ سے الگ + (نظیر)

گر ہو خدانخواستہ اک کل بھی چل بچل
پھر نے خوشی نہ عیش نہ کچھ زندگی کا پھل

(۲) - اسم مؤنث) غلطی - چُوک - خطا (۳) - اسم مؤنث
علیحدگی - جنبش - حرکت +

چل بچل ہونا - ہ - فعل لازم - بے ٹھور ہونا -
ابتر ہونا - بگڑنا - خراب ہونا - (واثق)

دیکھتے ہیں سے غیر کی اُس سے نگاہ لڑ گئی
کام ہی چل بچل ہوا بات ہی سب بگڑ گئی

چُلبُلا - ہ - صفت (ث - چلبلی) بے کل بے چین
نچلا نہ رہنے والا - بے آرام + ایک جگہ نہ رہنے والا -
بیاکُل - ٹھہر نہ رہنے والا - البیلا - کھلاڑی + زندہ
دل + شوخ مزاج - (انشا)

عشق نے جُھرجُھری اُٹھایا اور تازہ اشتعلا
لے گیا دل چھین ایک میلا کچیلا چلبلا

چَلتا - ہ - صفت (۱) بہتا - رواں - جاری (۲)
مروّج - رواجی (۳) چالاک - ہوشیار (۴) بھاگتا
ہوا (کہاوت) چلتے چور لنگوٹی لابھ (۵) کارگر -
پُر اثر جیسے چلتا تعویذ +

چلتا پُرزہ - ہ - اسم مذکر - بڑا چالاک اور تفننی آدمی

چَلَت پِھِرَت - ہ - اِسم مؤنث - پھرتی اور چالاکی کی رفتار۔ جُنبش - گردش - حرکات ۔ رقص ۔ ہلن ڈولن ۔

چَلَتَّر - ہ - اِسم مذکر - دیکھو (چرتر) فریب - مکر - چال چھل - چھل بَلا ۔

چلتّر بازی - ہ - اِسم مؤنث - چالاکی - فریب دھوکا بازی ۔

چِلْتَہ - ف - اِسم مذکر - زرہ بکتر - ایک قسم کی لڑائی کے وقت کی پوشاک ۔

چَلتے پھِرتے نظر آؤ - ہ - محاورہ - رُخصت ہو چال دکھاؤ - لمبے بنو ۔

چلتی یا ڈھلتی پھِرتی چھاؤں - ہ - کہاوت - دُنیا کی دولت ناپائیدار اور جاہ و مراتب چند روزہ سے مُراد ہے جو کبھی اُسکے پاس اور کبھی اِسکے پاس ہے ۔ ؎ ہم پر بھی پڑگئی نظر مہر یار کی ۔ اِس چلتی پھرتی چھاؤں کا ہے اِعتبار کیا

چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانا - ہ - فعل متعدی - ہوتے ہوئے کام میں خلل ڈالنا - چلتے ہوئے کام میں مُزاحم ہونا - چلتے ہوئے کام میں مُخل ہونا - چلتے ہوئے کام کو روکنا (ذوق)

نالہ جب دل سے چلا سینے میں پھوڑا اٹکا
چلتی گاڑی میں دیا عشق نے روڑا اٹکا

چلتی ہوا سے لڑنا - ہ - فعل لازم - عو - نہایت بدمزاج ہونا - بات بات پر لڑنا - خواہ مخواہ لڑائی کرنا

چِلچِل - ہ - اِسم مؤنث - بھوڈل - ابرک - ابرق - ایک کانی جوہر جو اکثر بجری میں چمکتا ہوا نکلتا اور پرت دار ہوتا ہے - اِسکو عربی میں طلق کہتے ہیں

چل چلاؤ - ہ - اِسم مذکر (۱) روا روی - چلا چلی - (درد) ساقیا یاں لگ رہا ہے چل چلاؤ
جب تلک بس چل سکے ساغر چلے

(۲) سفر - کوچ ؎
اِنشا نہ اپنے جامہ سے باہر نکل کے چل
دُنیا ہے چل چلاؤ کا رستہ سنبھل کے چل

چَلَّڑ - ہ - اِسم مذکر - (گنوار) جوں - ڈینگر ۔

چِلغوزَہ - ف - اِسم مذکر - ایک قسم کا میوہ جو مقوی دماغ ہے - درخت صنوبر کا پھل ۔

چِلَک - ہ - اِسم مؤنث - چمک جھلک - تابش - آب - دمک - روشنی ۔

چِلکا - ہ - اِسم مذکر (لکھنؤ) چاندی کا سکہ - روپیہ (بحر) روشن ہو کیوں نہ داغ کے سکوں سے نامِ عشق
چلکے خدا نے جسکو دیے وہ چمک گیا ۔

چِلکتا ہوا - ہ - صفت - چمکتا ہوا - چمکیلا جیسے چلکتا ہوا روپیہ ۔

چِلکنا - ہ - فعل لازم - چمکنا - روشن ہونا - دمکنا - تاباں ہونا

چِلَم - ف ہ - اِسم مؤنث - سرقلیان (آگ اور تمباکو رکھنے کا ظرف جسے حقّے کے نَے پر رکھکر دم لگاتے ہیں فارسی ہونے کی حالت میں بکسر تین صحیح ہے) ۔

چِلم بردار - ف - اِسم مذکر - بھنڈے بردار - حقّہ پلانے والا ملازم ۔

چلم تمباکو - ہ - اِسم مذکر - تھوڑا سا تمباکو - ایک شغل ۔

چلم چٹ - ہ - اِسم مذکر (بازاری) چلم تک پی جانے کا ارادہ رکھنے والا آدمی - حقّے کا رسیا ۔

چلموں پر آگ رکھنا - ہ - فعل متعدی - چلمیں بھر بھر کر حقّہ پلانا - حقّہ پلانے کی خدمت کرنا - ٹہل کرنا - خدمت کرنا

کیا آب دل چلوں سے جو برق لال گئے
ذوق دوزخ بھی ہوتو آگئی چلموں پہ آگ رکھے

چلموں پر آگ رکھنا - ف - فعل متعدی دیکھو (چلموں پر آگ رکھنا)

چلموں بھرنا - ف - فعل متعدی دیکھو (چلموں پر آگ رکھنا
گتھے پلانا اسباب) سوز دل سے کسطرح خالی ہوا اپنا کوئی شعر
محنتیں کیں مدتوں چلمیں بھریں اُستاد کی +

چلمچی - ف - اسم مؤنث (چلمچی چلمچی بقول صاحب غیاث
چلمچی مگر غالبا چلمچی ہی درست ہے) طشت - ہاتھ منہ دھونے
کا ظرف جو ایک خاص وضع پر بنایا جاتا اور اُسکے سرپوش
میں چھید کئے جاتے ہیں +

چلمن - ہ - اسم مؤنث - چک - تیلیوں کا بنا ہوا پردہ
چق - چلون ؎
مجھ سے منظور اُسے پردہ ہے تو اپنے آگے
لیکے میرے دل صد چاک کی چلمن ڈالے
(باندھنا - لٹکانا + ڈالنا - چھوڑنا کے ساتھ آتی ہے)

چلن - ہ - اسم مذکر (۱) چال - رفتار (ناسخ)
منہدی سے ہے شعلہ قدم اُس رشک پری کا
پاپوش نے سیکھا ہے چلن کبک دری کا
(۲) روش - روّیہ - طور - طریقہ - ڈھنگ (۳)
ریت - رسم - رواج (۴) روپے پیسے کا دستور -
سکہ سیم و زر کا رواج (آتش)
سکہ داغ دیا اک دن ہمکو کام آئیگا
عشق کے بازار میں اُنکا چلن ہو جائیگا
(۵) عادت - سبھاؤ - برتاؤ (نسیم)
ساقی وہ پلائے کہ دو عالم ہوں فراموش
ہو جائے خدائی سے نرالا چلن اپنا
(۶) کفایت شعاری - بزرسی - جیسے چلن کا آدمی
یعنی کفایت شعار آدمی +

چلن سے چلنا - ہ - فعل لازم متوسط درجہ کا خرچ اختیار
کرنا - فضول خرچی نکرنا - کفایت شعاری سے گذران
کرنا - نیک معاش رہنا - بھلمنسائی سے بسر کرنا +

چلن ہار - ہ - صفت - رفتنی - گزشتنی - مرنے جوگا
مرن ہار - فنا پذیر - فنا ہونے والا - پا در رکاب -
مسافر - کوچ کو تیار +

چلنا - ہ - فعل لازم (۱) حرکت کرنا - جنبش کرنا - جیسے
ہوا یا چکی یا نبض چلنا (۲) جانا - کوچ کرنا - روانہ
ہونا - سدھارنا - رخصت ہونا (۳) رواج پانا - رائج
ہونا - سکۂ سیم و زر کا مقبول سرکار و عام ہونا (۴)
سفر کرنا - جاترا کرنا (۵) رواں ہونا - جاری ہونا - بہنا
جیسے ؎ ساون بھادوں بہت چلے اور ماہ پوس
میں تھوڑی + امیر خسرو یوں کہیں تو بوجھ پہیلی موری
(۶) گزرنا - عبور کرنا - اترنا - پار ہونا (۷) ترقی کرنا
آگے بڑھنا (۸) پھیلنا - قائم رہنا - مشہور رہنا جیسے
بیٹے سے نام چلتا ہے (۹) ابھرنا - بڑا ہونا جیسے
اب یہ پودا ابھی چلا یعنی اونچا ہوا (۱۰) بکنا - نرت
آنا - بازار میں آنا - بکنا شروع ہونا جیسے آم ابھی چل گئے
برشکال آتی ہے ڈھونڈنے ہم دور چلے
(ناسخ) آج ہم دشت میں ہیں شہر میں انگور چلے
(۱۱) مسکنا - پھٹنا - دریدہ ہونا جیسے انگرکھا مونڈھے
پر سے چلگیا (۱۲) سڑنا - بسنا جیسے سالن چل گیا -
دال چل گئی (۱۳) پھسلنا - گرنا (۱۴) مدہوش ہونا
نشہ ہونا (جیسے اب یہ بھی چلے شرابی کی نسبت نشہ ہونے
کے وقت کہتے ہیں) (۱۵) دنیا سے جانا - مرنا - انتقال
کرنا - رحلت کرنا (دوہا)
چلنا ہے رہنا نہیں اور چلنا بسوے بیس

ایسے سہج سُہاگ پر کون گُندھا سے سیس
(۱۶) لڑائی ہونا - فساد ہونا - رنجش ہونا جیسے اُنکی
اُنکی چل رہی ہے (۱۷) دم دینا - فریب دینا -
دھوکا دینا جیسے ہمسے بھی چلنے لگے (۱۸) گرم بازاری
ہونا - بکری ہونا ترقی ہونا - رونق ہونا جیسے
دُوکان چلنا - کام چلنا (۱۹) شروع ہونا - چھڑنا
جیسے ذکر چلنا - بات چلنا (۲۰) اُٹھنا - پڑھا جانا -
پڑھنے میں آنا جیسے اس سے کتاب تو چلتی ہی
نہیں (۲۱) رواں ہونا خوب کام دینا جیسے
قلم یا سیاہی کا چلنا (۲۲) ٹہلنا - خرام کرنا -
چہل قدمی کرنا (۲۳) بندوق یا توپ چھوٹنا -
بندوق سر ہونا (۲۴) تیر و تیغ و خنجر وغیرہ کا وار
ہونا (۲۵) مدتوں قائم رہنا - خوب کام دینا جیسے
یہ کپڑا تو گھس گھس کر چلا (ذوق)
نہیں رخت ہستی کو ہرگز ثبات
کہ ہیں یہ پوشاک چلتی نہیں
(۲۶) کارگر ہونا - اثر کرنا جیسے جادو یا تعویذ کا چلنا
کیا یہ چھتا ہے تو عمل نقش محبت
(ذوق) چلتا ہوا تعویذ سمجھ نقش درم کو
(۲۷) گردش جام وساغر + پیا جانا - دَور میں ہونا
شراب کیوں نہ چلے فصل گل میں اے زاہد
(برق) کہ بھرے جاتے ہیں ... ساغر
چُلّو - ہ - اسم مذکر - ہاتھ کی اسطرح کی مٹھی کہ جس میں
پانی یا کوئی اور رقیق چیز رکھ لیں - کف آب وغیرہ
زاہد شراب پینے سے کافر ہوا میں کیوں
(غالب) کیا ڈیڑھ چلو پانی میں ایمان بہ گیا
چُلو بھر - ہ - تابع فعل - چلو کی مقدار - تھوڑا سا -

چلو میں اُلّو ہونا - ہ - فعل لازم ذرا سی تُند شراب یا تیز
بنگ میں مدہوش ہوجانا (شراب یا بنگ کی تندی و تیزی
کی تعریف میں بولتے ہیں جیسے چلو میں اُلو لوٹتے ہیں عرقاب)
چلو میں سمندر نہ سمانا - ہ - فعل لازم - کوزے
میں سمندر نہ آنا - چھوٹے ظرف والے سے بڑا کام
نہ ہوسکنا - کم حوصلہ آدمی سے بڑے کام کا انصرام نہ ہونا
اس بحر میں وہ نام بزرگ آوے سو کیونکر
(سودا) چلو میں سمندر نہیں آتا ہے کسی رنگ
چلوانا - ہ - چلانے کا متعدی المتعدی +
چلوانا - ہ - چلانے کا متعدی +
چلوانس - ہ - اسم مؤنث - چلاہٹ (بچے کی وہ چلاہٹ
جو مرض اُم الصبیان میں مرنے سے تین چار روز پیشتر شروع
ہو جاتی ہے) +
چلون - ہ - اسم مؤنث - دیکھو (چلمن) +
چُلّوؤں رونا - ہ - فعل لازم - عو - کثرت سے
رونا - زار و قطار رونا - زار زار رونا +
چلوؤں لہو پینا - ہ - فعل متعدی - عو - بہت سا
لہو پینا - خوب مارنا - اچھی طرح ذبح کرکے لہو پینا
خوب ستانا - خوب پیٹنا +
چِلّہ - ف - اسم مذکر (از چل مخفف چہل) ۱ - چلّا -
چالیس دن کا عرصہ - چالیس دن کا زمانہ (۲)
چالیس دن کی گوشہ نشینی اور وظیفہ خوانی + چالیس
روز کا عمل (۳) وہ مکان جس میں کسی بزرگ نے چلّہ کشی
کی ہو (۴) وہ کلاوہ یا ڈورا یا بند جو حصول مطلب کے
واسطے کسی ولی اللہ کے مزار یا مقدس درخت یا علم
و منبر و تعزیہ پر اکثر بدعتی لوگ باندھا کرتے ہیں مستعمل
یا آتی نہ برائی کوئی اس ولی کی مراد

تیری درگاہ میں باندھا تھا نہ کھولا چلّا

(۵) زچہ کا چالیسویں دن کا نہان ۔ غسل نفاس زچہ کا سوا مہینے کا نہان (۶) چالیس دن کا جاڑا جو پوس سے شروع ہوکر سوا مہینے تک خوب زور سے پڑتا ہے جیسے دھن کے پندرہ مکر کے پچیس چلّے کے دن ہیں چالیس (کہاوت) +

(۷) زہ کمان ۔ کمان کا چڑھاؤ ۔ کمان کی تانت

چلّہ باندھنا ۔ ا ۔ فعل متعدی ۔ مراد ماننا ۔ منت ماننا (کسی بزرگ کے مزار یا مقام مقدس وغیرہ میں کلاوہ اس نیت سے باندھنا کہ ہماری مراد پوری ہوگی تو اسے کھول دیں گے (نجبت) موافق شرح جعد میں اور جعد زیب تھ باندھا ہے یعنی سروپہ چلّا بہارنے) +

چلّہ بندھنا ۔ ا ۔ فعل لازم ۔ مراد کا ڈورا یا کلاوہ کسی مقدس مقام پر بندھنا (منیر)

ٹانکے کہاں ہیں زخم دلِ ناامید پر
چلّے بندھے ہوئے ہیں مزارِ شہید پر

چلّہ چڑھانا ۔ ا ۔ فعل متعدی ۔ کمان کو زہ کرنا + تیر کو تانت میں رکھنا ۔ تانت کو تانکر کمان کے اوپر لگانا +

چلّہ کھولنا ۔ ہ ۔ فعل متعدی ۔ منت کا ڈورا حصول مراد کے بعد جہاں باندھا تھا وہاں جاکر کھولنا

چلّہ کھینچنا ۔ ہ ۔ فعل متعدی (۱) چالیس روز تک کوئی عمل یا وظیفہ گوشہ میں بیٹھکر پڑھنا ۔ چالیس روز تک نیت کرکے کچھ پڑھنا ۔ معتکف ہونا ۔ گوشہ نشین ہونا + (بحر)

مار کر مجھکو وہ تائب ہوئے سفاکی سے
معتکف تیغ ہوئی تیر نے چلّا کھینچا

چلیپا ۔ ف ۔ اسم مؤنث ۔ صلیب ۔ دار ۔ سولی (یہ شکل + جو اکثر گرجاؤں وغیرہ پر عیسائی لوگ حضرت عیسیٰ کی یادگار میں بناتے ہیں شاعروں نے زلف کو اکثر اس شکل سے تشبیہ دی ہے اور نیز ایک قسم کی ضرب جو آڑی لکیریں کھینچکر دی جاتی ہے) +

چلی چلی بی ما کھوائیں ۔ ہ ۔ (کہاوت ۔ عو) پھیلتے پھیلتے یہانتک بات پھیلی + لڑکوں کا ایک کھیل

چلے چلنا ۔ ہ ۔ فعل لازم (۱) برابر چلے جانا ۔ کہیں نہ ٹھیرنا (۲) چلتے چلتے ۔ سفر کرتے کرتے جیسے کہاوت

چلی چلی کہاں گئی سوت کے پیہر +

چم ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ چام کا مخفف ۔ چمڑا ۔ چرم +

چمار ۔ ہ ۔ اسم مذکر (چم + آر کلمۂ نسبت) ۱ ۔ موچی چرم دوز ۔ چرم ساز ۔ دبّاغ ۔ چرم فروش ۔ چمڑا بیچنے یا جوتیاں سینے اور گانٹھنے والا (۲) صفت کمینہ ۔ سفلہ ۔ نیچ + میلہ ۔ کثیف +

چمار چودس ۔ ہ ۔ اسم مؤنث (۱) چماروں کی عید ۔ چماروں کا بڑا تہوار + بجمع بالاتفاق (۲) کمینہ خوشحالی ۔ کمظرفی کے باعث چندروزہ خوشحالی پر اترانا +

چماروں کو عرش پر بھی بیگار ۔ ا ۔ غریب کی ہر جگہ کمبختی ہے (کہاوت ہے) +

چماری ۔ ہ ۔ اسم مؤنث (۱) چمار کی جورو + چمار کی تانیث (۲) کنول گٹے کا وہ پھول جسکے اندر کا زیرہ اپنی اصلی رنگت سے گرا ہوا یا بدرنگ ہوجاتا ہے

چمبک ۔ ہ ۔ اسم مذکر (پورب) مقناطیس ۔ آہن ربا

چمپا ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ ایک قسم کا درخت جسکا پھول سفیدی لیئے ہوئے زرد اور نہایت مست خوشبو

کا ہوتا ہے +

چمپا کلی - ہ - اسم مؤنث - گلے کے ایک زیور کا نام جسکے دانے چمپا کے پھول سے مشابہ ہوتے ہیں

چمپٹ بنّا - ہ - فعل لازم - چلا جانا - رفو چکر ہونا - غائب ہونا - جلد سے چلا جانا +

چمپٹ ہونا - ہ - فعل لازم - رخصت ہونا - چلتا بننا - جلد چلا جانا + بھاگ جانا - ہوا ہو جانا +

چمپئی - ہ - صفت - سنہری - سونے یا چمپا کی سی رنگت کا

چمپئی رنگ کا گر اپنے دکھاوے عالم
(ذوق) ایک عالم کا ہو دل لیکے بغل بیچ چمپت

چمٹا - ہ - اسم مذکر (گنوار) دست پناہ - آتش گیر - آتش کش - آگ پکڑنے کا آلہ +

چمٹانا - ہ - فعل متعدی (۱) چسپاں کرنا - چپکانا (۲) پیچھے لگانا - سر کرنا (۳) لپٹانا +

چمٹنا - ہ - فعل لازم (۱) چپکنا - لسنا - چسپاں ہونا (۲) سر ہونا - پیچھے پڑنا (۳) گتھنا - لپٹنا (رنگین)

چمٹتا ہے وہ سو سو بار آکر
بچی اُس سے بھلا کب تک ہوں میں

چمچچڑ - ہ - صفت - لغوی معنی چمچڑی کی طرح چمڑے سے چمٹ جانے والا - وہ چیز یا وہ شخص جو مشکل کسی سے جدا ہو - پیچھا نچھوڑنے والا - سر ہونے والا - چمٹو - لپٹو +

چمچمانا - ہ - فعل لازم (ہندو) چمکنا - جھلکنا +

چمچہ - ف - اسم مذکر - شوربہ یا شربت یا کوئی اور رقیق چیز پینے کا ظرف - ڈوئی - کفچہ +

چمچی - ا - اسم مؤنث - چھوٹا چمچہ - کتھا چونہ نکالنے کا ایک چھوٹا سا آلہ +

چمرک - ہ - اسم مذکر - چمار کا مخفف +

چمر توحید - و - اسم مؤنث - گھٹیل توحید - ادنیٰ درجہ اور کم فہمی کی توحید (صوفی لوگ اُس توحید کو تمسخراً کہا کرتے ہیں جو کم فہم موحد حقیقت وحدت الوجود کے سمجھے بغیر ہمہ اوست کا دم ا اکرتے ہیں)

چمر جُلاہا - ہ - اسم مذکر - کولی - ہندو جلاہا - مومن جلاہے کا نقیض +

چمرخ - ا - اسم مؤنث - وہ چمڑے یا مونجھ کی تیلی سی چیز جو چرخے کی لاٹھ اور دونوں گڑیاؤں میں رہتی اور اُسکے اندر تکلا پھرتا ہے (۲ - صفت) دبلی - پتلی - لاغر + کمزور عورت +

چمرنس - ہ - اسم مذکر - چمڑے کا زخم - وہ زخم جو جوتی کے چمڑے سے پڑ جائے +

چمڑا - ہ - اسم مذکر (۱) کھال - چرم - جلد - پوست حیوانات + ادھوڑی (۲ - صفت) سخت - نہ گلنے کے قابل

چمڑی - ہ - اسم مؤنث - کھال - پوست جیسے چمڑی جائے دمڑی نہ جائے +

چمڑی لینا - ہ - فعل متعدی - مار کر کھال اُڑا دینا

چمک - ہ - اسم مؤنث (۱) روشنی - جھلک - بھڑک - آب - فروغ - تابش (۲) ترقی کرتا ہوا درد جیسے

دل میں جو ایک چمک ہے تڑپ ہے نگاہ میں
بجلی گری تھی ہم پہ تری جلوہ گاہ میں

چمک چاندنی - ا - اسم مؤنث - وہ عورت جو اوباش وضع نہایت زرق برق اور بنی ٹھنی رہتی ہے

چمکدار - و - صفت - چمکیلا - درخشاں - منور - چمکتول - جگمگاتا +

چمک دمک - ہ - اسم مؤنث - جھلک - تابش +

رونق اور جھمک - زیب و زینت +

چُمبک - ھ - اسم مذکر (ہندو) - مقناطیس - آہن ربا

چُمکارنا - ھ - فعل متعدی - پچکارنا - پیار کرنا - سہلانا دینا - گلے لگانا + گھوڑے کی پیٹھ ٹھونکنا - تھپکنا مُنہ سے بوسہ کی سی آواز نکالنا +

چمکارا - ھ - اسم مذکر - لمعہ - چمک - روشنی - تابش جیسے دُھوپ کا چمکارا +

چمکانا - ھ - فعل متعدی (۱) آب دینا - اوپ کرنا صیقل کرنا - جھلکانا (۲) بھڑکانا - برافروختہ کرنا (۳) ڈپٹانا - گھوڑے کو دوڑانا - (ناسخ)

چمکاتے ہی جاتا ہے زمیں سے جو فلک پر
سب کہتے ہیں خورشید درخشاں ہے یہ گھوڑا

ع ایک عالم ہے سوئے مُلک عدم پا بہ رکاب
توسن ناز نہ اے ترک ستمگر چمکا +

چمکنا - ھ - فعل لازم (۱) روشنی دینا - تاباں ہونا درخشاں ہونا + کوندنا (۲) رونق پکڑنا - شان و شوکت اور زیب و زینت حاصل کرنا - مشہور ہونا - نام پانا - رونق پانا - جِلا پانا +

(جرأت) گرد سے آئینہ پاتا ہے جِلا دیکھو تم
حسن یہ آپکا مجھ خاک بسر سے چمکا

(مرزا برق) گہر افشاں ہے نیسان کرم سلطان عالم کا
بہار آئی جوانان چمن کی لکھنؤ چمکا

(۳) جھلکنا - جگمگانا - دمکنا (۴) بھڑکنا - بدکنا ڈرنا - توحش کرنا (۵) عروج پکڑنا - بلند ہونا + طلوع ہونا - اُدے ہونا جیسے ستارہ چمکنا سورج چمکنا (۶) زور پکڑنا - زور پر ہونا - ترقی پر ہونا جیسے بیماری یا ہیضہ کا چمکنا (۷) لڑائی ہونا جنگ ہونا - جھگڑا ہونا جیسے رُوم رُوس میں خوب چمک رہی ہے (۸) خفا ہونا جھنجھلانا - غضب ہونا جیسے چھیڑے کوئی چمکو کسی پر (۹) ڈپٹنا - جھپٹنا - گھوڑے کا خوب دوڑنا - فراٹا بھرنا (۱۰) مٹکنا - مسخرہ پن کی حرکتیں کرنا (۱۱) گرم بازاری ہونا - خوب بکری ہونا - کثرت سے خرید فروخت ہونا جیسے بازار چمکنا

چمکو - ھ - صفت - عو (۱) اُدھالی - چھنال - فاحشہ بدکار (۲) چنچل - شوخ - اچپل (۳) عیّارہ - حرّافہ قطامہ (۴) لڑاکا - جنگجو - فسادی - جھگڑالو +

چمکیلا - ھ - صفت - چمکتا ہوا - جھلکتا ہوا - چمکدار + روشن - درخشاں +

چمکی - ھ - اسم مؤنث - چھوٹا مقیش - چھوٹا کام - جیسے چمکی کا جوتا +

چمگادڑ - ھ - اسم مؤنث - شپّرہ - خفاش (ایک اندھیرا پسند پرند کا نام جو اکثر چھتوں میں لٹکتا رہتا اور رات کو اڑا کرتا ہے)

چمن - ف - اسم مذکر (۱) سبزکیاری - چھوٹا سا باغیچہ جو گھر کے اندر لگا لیتے ہیں - بُستان سرا + پھولوں کا باغیچہ (نسیم) پوشیدہ ہے پھایوں سے ہر اک داغ تن اپنا
پامال خزاں آپ کیا ہے چمن اپنا

(۲) نہایت آباد شہر - غنچہ شہر +

چمونا - ھ - اسم مذکر (۱) وہ چمڑے کا ٹکڑا جس پر نائی اُسترہ صاف کرتے ہیں (۲ - بازاری) بیوقوف

چمونی - ھ - اسم مؤنث - وہ چمڑا جو قیدیوں کے پیروں میں زنجیر کی رگڑ سے بچنے کے واسطے لگا دیتے ہیں

چنا - ھ - اسم مذکر (۱) نخود - بُونٹ - حمص جیسے کھاتے چنا رہے بنا (۲ - عو) اولاد - بچہ جیسے جب دانت تھے تو چنے نہ تھے اب چنے ہوئے تو دانت

نہیں یعنی جب پیسا تھا تو اولاد نہ تھی اب اولاد
ہوئی تو دولت نہیں +

چُننا - ہ - فعل متعدّی (۱) اکٹھا کرنا - جمع کرنا - بیننا - سمیٹنا - سکیرنا (۲) انتخاب کرنا - چھانٹنا - پسند کرنا + اخذ کرنا - لینا (۳) تعمیر کرنا - عمارت اُٹھانا - دیوار بنانا + ردہ رکھنا (۴) لگانا - مرتب کرنا - ترتیب دینا سجانا - سلیقہ سے رکھنا جیسے دسترخوان پر کھانا چُنا (۵) چگنا - دانہ اُٹھانا (۶) کپڑوں کو کھرے سے یا چٹکی سے چُننا - چُنّت ڈالنا (۷) پھٹکنا - بنانا - اکونا کرنا -

چِنار - ف - اسم مذکر - ۱ - (ولایت کے ایک بہت بڑے درخت کا نام جسکی پتیاں سُرخ اور پنجۂ انسان کے مشابہ ہوتی ہیں اگرچہ اسمیں پھل نہیں لگتا مگر لکڑیاں نہایت جوہردار ہوتی ہیں اور اکثر اوقات از خود آگ بھی لگجایا کرتی ہے پنجۂ معشوق کو اسکے پتے سے اکثر تشبیہ دیا کرتے ہیں - اوّل درجہ میں بارد دوم میں یابس

(ناسخ) تری سواری میں کب پنج شاخے ہیں اے سرو + جلو میں صحن گلستاں سے ہے سرو آیا) ۲ - ایک مہندی لگانے کی طرز جس سے ہاتھوں میں قلمیں سی چھوڑ دیتے ہیں

چُنان و چُنین - ف - (چوں آں + چوں ایں) اسم مؤنث (۱) ایسا ویسا - یوں ووں - اسطرح اُسطرح

خط میں بہت اُسنے چُناں اور چُنیں لکھی
(ظفر) پر بات اک چُنی ہوئی اب تک نہیں لکھی

(۲) لغت تراشی - لسّانی جیسے انکو تو بڑی چُناں چُنیں آتی ہے (۳) میں میکھ - اُلٹا پلٹی - قباحت نقص - عیب (۴) چرچا - ذکر اذکار - بحثا بحثی

چُنی تو نے افشاں جو لے مہ جبیں ہے
(ذوق) ستاروں میں کیا کیا چُناں اور چُنیں ہے

چُنانچہ - ف - تابع فعل - جیسا کہ - مثلاً - جسطرح پر اسطور سے - اسطرح سے +

چُنائی - ہ - اسم مؤنث (۱) تعمیر - عمارت - عمارت کی بناوٹ اور ساخت (۲) چُننے کی مزدوری +

چَنبَر - ف - اسم مذکر (۱) سرپوش - گردہ - حلقہ - گھیرا - محیط - آسماں کا دَور (۲) چلم کا سرپوش - چلم کا ڈھکنا

مخمور اسقدر ہوں جو قلیان کا شوق ہو
(اسیر) گرداب کی چلم ہو تو چنبر حباب کا

(۳) گردن کی ہنسلی (اسیر)

دمِ قلیاں کشی اُس ترک کو کیونکر پسند آئے
نہ سونے کا نہ چاندی کا ہے چنبر مری گردن کا

چَنبَل - ا - اسم مذکر (اصل میں چقبل فارسی میں گدائی کو کہتے ہیں) کاسۂ گدائی - بھیک کا پیالہ (۲) حقّہ کا سرپوش +

چَنبلی یا **چَملی** - ا - اسم مؤنث - ایک قسم کا چوڑا پیالہ جو لگنی سے مشابہ ہوتا ہے (یہ لفظ فارسی چُغبلی بمعنی گدا سے ماخوذ ہے چونکہ اکثر فقیر لوگ اس قسم کا پیالہ رکھتے ہیں اسوجہ سے یہ نام پڑ گیا) +

چَنبیلی - ہ - اسم مؤنث (ایک مشہور خوشبودار پھول کا نام جسے فارسی میں یاسمن کہتے ہیں یہ پھول زرد اور سفید دو قسم کا ہوتا ہے زرد میں خوشبو نہیں ہوتی) ۲ - لونڈیوں باندیوں کے نام (۳) فرضی نام جو گستاخ اور بے ادب اور بد مزاج عورت کے حق میں بولتے ہیں + جیسے چنبیلی جاؤ میں آئی بختیارا ریوڑیاں بانٹے + چنبیلی جاؤ میں آئی لڑکے بالے ساتھ ہی لائی +

چُنَّت - ہ - اسم مؤنث - سلوٹ - اٹو - شکن جامہ چین جامہ و نیز مبرز یعنی مقعد +

چِنتا - ہ - اسم مؤنث - ہندو - فکر - اندیشہ - تشویش ڈر - خوف - خطرہ +

چنچل - ہ - صفت - اچپل - شوخ - شوخ مزاج - گرم
+ چُست و چالاک + ٹرٹریا + ٹھہر نہ رہنے والا -
نچلا نہ بیٹھنے والا - بے چین (جرأت)
چنچل سا یہ کون رُوبرو ہے + دل بر میں کبھو نہیں کبھو سے ہے

چُنچنا - ہ - صفت - بدمزاج - رونا - بات بات پر
ٹھنکنے والا - چیں چیں کرنے والا - چڑچڑا (بدمزاج
لڑکے کے حق میں بولتے ہیں) +

چِنچنانا - ہ - فعل لازم - ٹھنکنا - چیں چیں کرنا - رونا
بدمزاج ہونا - بگڑنا (بچوں کے حق میں بولتے ہیں) +

چُن چُنکے نام رکھنا - ہ - فعل متعدی - بات بات پر
بُرا کہنا - چھانٹ چھانٹ کر نام رکھنا - ہر بات پر طعنہ دینا
دیکھا مرا سینۂ صد چاک تو بُلبل +
(نصیر) چُن چُن کے لگی رکھنے بہت نام قفس میں

چُنچُنے - ہ - اسم مذکر - وہ سُوت سے کیڑے جو بچوں کی
مقعد میں پیٹ کے بگار سے پڑ جاتے ہیں - چُرنے
کرم شکم - دیدان شکم +

چُنچُنے لگنا - ہ - فعل لازم - ناگوار گزرنا - مرچیں
لگنا - گانڑ جلنا +

چند - ف - صفت (۱) کُہ - قدر - کتنے - کئے (۲) تھوڑے
سے - بعض - دو چار - دو ایک - گنتی کے - کچھ - قلیل
محدود - معدود +

چندبار - ف - تابع فعل - کئی بار - کئی مرتبہ +

چندروزہ - ف - صفت - پنجروزہ - عارضی - فانی
ناپائیدار - بے ثبات +

چند - ہ - اسم مذکر - چاند کا مخفف +

چندا - ہ - اسم مذکر - چاند - مہتاب - ماہ - چاند کی
تعبیر بالمحبت +

چنداماموں - ہ - اسم مذکر (بچے چاند کو کہتے ہیں اور
نیز ماں باپ بھی اس نام سے چاند دکھا کر انکو بہلاتے ہیں اور
ایک کھیل کا نام بھی ہے جسکے یہ فقرے ہیں - چنداماموں
دُور کے - بڑے پکاویں بُور کے - آپ کھاویں تھالی میں ہمکو
دیویں پیالی میں پیالی گئی ٹوٹ چنداماموں گئے رُوٹھ
پیالی آئی اور چنداماموں آئے دَوڑ) +

چنداں - ف - تابع فعل - اسقدر - اتنی - ایسی
جیسے روپے کی چنداں ضرورت نہیں مگر آدمی کی
حاجت ہے +

چندر - س - اسم مذکر - چاند - ماہ - مہتاب +

چندرکلا - ہ - اسم مذکر - چاند کے قطر کا سولہواں حصہ

چندرما - ہ - اسم مذکر - چاند - ماہ - ماہتاب +

چندرہار - ہ - اسم مذکر - گلے کا ایک زیور جسمیں
چاند سے پڑے ہوئے ہوتے ہیں +

چندرانا - ہ - فعل متعدی (۱) مکرانا - جھٹلانا - بترانا
(۲) جان بوجھ کر کوئی بات پوچھنا - تجاہل عارفانہ کرنا

چندن - س - اسم مذکر - صندل - صندل کی لکڑی
(ایک قسم کی خوشبودار لکڑی جو سُرخ سفید اور زرد تین قسم کی
ہوا کرتی ہے دُوسرے درجہ میں سرد و خشک ہے) +

چندوا - ہ - اسم مذکر - ٹوپی کے اُوپر کا حصہ - گول
ٹوپی کے اُوپر کا گِردہ +

چندہ - ف - اسم مذکر - بہری - بانٹ - حصہ - وہ
روپیہ جو مختلف آدمیوں سے لیکر کسی کام کے واسطے
جمع کیا جاوے +

چُندھا - ہ - صفت - وہ شخص جسکی آنکھیں روشنی
نہ دیکھ سکیں - سبل کی بیماری والا - ہاتھی کھایا -
پلک پیٹا - پلک جھڑا - شپرہ چشم +

چَنڈائی ۔ ہ ۔ اِسم مؤنّث ۔ ٹکڑا ۔ بھاگ ۔ حِصّہ + ذرا ذرا معنی در معنی جیسے ہندی کی چِندی سمجھانا +

چَنڈیا ۔ ہ ۔ اِسم مؤنّث ۔ عو (چانْد بمعنی کھوپری کی تصغیر) سر ۔ کھوپری +

چندیا پر بال نہ چھوڑنا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ عو ۔ سر کے بال تک نہ رکھنا + مُفلِس اور قلّاش بنا دینا ۔ لُوٹ لُوٹ کر کھا جانا ۔ کورے اُسترے سے سر مُونڈنا +

چندیا سے پرے سرک ۔ ہ ۔ محاورہ عو ۔ پاس سے ہٹ ۔ سر کے اُوپر سے الگ جا کر کھڑا ہو +

چندیا مُونڈنا ۔ ہ ۔ فعل مُتعدّی ۔ عو ۔ سر مُونڈنا + لُوٹکر کھانا ۔ دغا سے روپیہ لینا + سزائے سخت دینا +

چندیا کھانا ۔ ہ ۔ فعل مُتعدّی ۔ عو ۔ لُوٹکر کھانا + مُفلِس بنانا

چندیا گھجانا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ عو ۔ سر گھجانا ۔ جُوتیاں کھانے کو جی چاہنا + شامت آنا جیسے چندیا تو نہیں گھجائی +

چَندِ آفتاب چَندِ مہتاب ۔ ف ۔ محاورہ عو ۔ خوبصورتی کی تعریف میں اکثر کہانیوں میں یہ لفظ آتا ہے یعنی چمک دمک میں چانْد اور سُورج سے بڑھکر +

چَنڈال ۔ ہ ۔ صِفت (۱) نیچ ۔ کمینہ ۔ فرومایہ ۔ ادنیٰ ذات کا ہندُو ۔ دوغلا ہندُو (۲) بدنصیب ۔ بدبخت (۳) بخیل ۔ کنجُوس ۔ خسیس ۔ مُمسِک +

(چنڈال کشمیری زبان میں نگہبان کو کہتے ہیں چونکہ ہندی زبان میں اسکے معنی فرومایہ ترین مردُم ہیں اور یہ لوگ اکثر گانو کی ناقی وصُول کرنے یا دیہات کی چوکیداری کے واسطے مُقرّر ہوا کرتے تھے اس سبب سے یہ نام پڑگیا لیکن اصل میں اِنکا کام سُؤر پالنا اور اُسکا گوشت بیچنا تھا جب سے یہ لوگ اُمرا و سلاطینِ ہند کے دروازہ پر رہنے لگے تو خدمت کے نام سے موسُوم ہوئے کہتے ہیں جلال الدّین اکبر کے وقت سے دربانی کی خدمت اِنکے سپُرد ہوئی اور شراب فروشی کی خدمت ایک اور ادنیٰ درجہ کے لوگوں کو دی گئی جنکا نام کلال پڑگیا اکبر کے زمانہ میں فرقۂ اوّل گوشت خوک اور دوم شراب بیچتا رہا لیکن اسکے بعد جو بادشاہ ہوئے اُنھوں نے کُتّوں کی خدمت چنڈال قوم کے سپرد کی اِس امر کی تفصیل تاریخ بداؤنی میں بخوبی موجود ہے واللہ اعلم بالصّواب) +

چنڈال بال ۔ ہ ۔ اِسم مذکر ۔ وہ ایک ٹُنڈا بال جو ماتھے پر ہو جاتا اور اسے منحوس جانتے ہیں

چَنڈالنی ۔ ہ ۔ اِسم مؤنّث ۔ کمینی ۔ سفلی ۔ حرامزادی ۔ بے لوٹ ۔ سرہو جانے والی ۔ ضِدّن +

چَنڈاوَل ۔ ہ ۔ اِسم مذکر (۱) لشکر کی آخری فوج ۔ ہراول کا نقیض (۲) سنتری ۔ چوکیدار ۔ پاسبان ۔ پہرے والا ۔ ناظر ۔ بہادر سپاہی +

چَنڈُو ۔ ہ ۔ اِسم مذکر ۔ چانڈُو ۔ ایک قسم کا نشہ جو افیُون پان میں پکا کر بنایا جاتا اور حقّہ کی طرح پیا جاتا ہے اسکا رواج چین سے ہندوستان کی فوج لیکر آئی تھی

چنڈُو باز ۔ ف ۔ اِسم مذکر (۱) چنڈُو کا نشہ کرنے والا ۔ چنڈُو پینے والا (۲) زرد رنگ اور مرِقی آدمی +

چَنڈول ۔ ہ ۔ اِسم مذکر (۱) سُکھپال ۔ محافہ ۔ ڈولا ۔ ایک زنانہ سواری جسے کہار اُٹھاتے ہیں (۲) ایک مٹّی کا کھلونا جسے چوگھرا بھی کہتے ہیں اِس معنی میں دراصل چوڈول تھا

چَنڈُول ۔ ہ ۔ اِسم مذکر ۔ ایک خوش آواز چڑیا سے بڑے تاجدار پرند کا نام جسکو عربی میں قبرہ فارسی میں چکاوک کہتے ہیں (۲) بدحیثیت اور بے ہنگم آدمی جیسے پُرانا چنڈول بھی کہتے ہیں +

چُنری ۔ ہ ۔ اِسم مؤنّث ۔ گنواری اَنگرکھا یا ترنگ کا ڈوپٹا چُونری ۔ چُونر +

چَنگ ۔ ہ ۔ اِسم مؤنّث (۱) ایک قسم کی تیر جو گرمی کے

موسم میں نکلتی ہے (۲) (ہندو) کمر کی چک - کمر کا جھٹکا
چنگ - ف - اسم مؤنث (۱) ایک قسم کا کنکوا جسکو رات
میں غبارہ کی طرح ایک گیند روشن کرکے اڑاتے ہیں
ہوا بلند فلک پر ہے میرا شعلۂ آہ +
(ظفر) ہوا پہ چنگ نہیں لیکے یہ چراغ اُڑی
(۲) گنجفہ کی ایک بازی کا نام +
چنگ - ف - اسم مؤنث - ایک قسم کا باجا +
چنگا - ہ - صفت (۱) اچھا - تندرست جیسے من چنگا
تو کٹھوتی میں گنگا (۲) توانا - طاقتور (پنجاب میں یہ
لفظ تنہا بھی بولا جاتا ہے مگر دہلی میں آجکل بھلا کے ساتھ استعمال
ہوتا ہے جیسے بھلا چنگا مرگیا) +
چنگاری - ہ - اسم مؤنث (۱) انگاری - آگ کا پتنگا
اخگر - آتشپارہ - شرارہ (۲) ایسی بات جو لوگوں
کی سوختگی اور رنجش کا باعث ہو +
چنگاری چھوڑنا - ہ - فعل متعدی - ایسی بات
کرنا جس سے لوگوں کو رنج اور سوختگی ہو - فتنہ انگیزی
کرنا - آگ لگانا - لڑائی کرانا +
چنگاری یا چنگی ڈالنا - ہ - فعل متعدی (۱) آگ لگانا -
(۲) فساد کرانا - جھگڑا اٹھانا جیسے جس میں چنگی
ڈال جالو دو
چنگاریاں چھوٹنا - ہ - فعل لازم (۱) آگ کے
شرارے نکلنا - آگ کی لپٹیں اٹھنا (۲) کمال جلال
اور غصہ کا ظاہر ہونا - خشونت طبع نمایاں ہونا - خونخواری
برسنا - اس معنی میں اکثر مونچھوں سے چنگاریاں چھوٹنا
زیادہ بولتے ہیں اور یہ لفظ نہایت غصیل اور بہادر
گر خونخوار کی تعریف میں بولتے ہیں +
چنگل - ف - اسم مذکر (چنگال کا مخفف) ۱ - آدمی یا
جانور کا پنجہ جیسے شیر و باز وغیرہ کا (۲) مٹھی - ہاتھ -
جیسے چنگل بھر آٹا (کتب لغت سے چنگل بفتح اول وضم سوم
معلوم ہوتا ہے) +
چنگھاڑ مارنا - ہ - فعل لازم - مہیب آواز نکالنا -
ہاتھی یا دیو کا چیخنا +
چنگھاڑنا - ہ - فعل لازم (۱) ہاتھی کا گرجنا - ہاتھی کا
چیخ مارنا - دھاڑنا - مہیب آواز نکالنا (۲) مور کا
جھنگارنا - مور کا بولنا
وہ ابر گہر فشاں کا اک شور +
چنگھاڑ رہے تھے ہر طرف مور (لکھنوی)
(۳) بعض شاعروں نے شیر کے ڈکرانے اور بادل
کے گرجنے اور دیو کے چلانے کو بھی باندھا ہے
(انشا) سن خروش نعرہ اپنا ہے عدو تو چیز کیا
کھا کے دہشت بھاگ جاوے دیو بھی چنگھاڑ کر
چنگی - ہ - اسم مؤنث (۱) چٹکی - چٹکی بھر - چنگل بھر -
(۲) شہری محصول جو باہر سے مال آنے پر لگایا جاتا
ہے - ٹیکس - چونگی +
چنگیر - ہ - اسم مذکر (۱) پھول رکھنے کا برتن - پھولوں
کی ٹوکری - سبد گل (۲) خوان کا سرپوش - تورہ پوش
چنگیری - ہ - اسم مؤنث - روٹیوں کی ٹوکری -
ایک قسم کی پھیلی ہوئی بنیٹ دار ٹوکری +
چنندہ - ہ - اسم مذکر - چیدہ - منتخب - چنا ہوا -
عمدہ - چھنٹا ہوا - چوٹی کا - اچھے سے اچھا (عوام)
چننگ - ہ - اسم مؤنث - پیشاب کی سوزش - سوزاک -
بول - موت میں جلن ہونا +
چنوان - ہ - صفت - دیکھو (چنندہ) چھنوان +
چنوانا - ہ - فعل متعدی - بنوانا - اکٹھا کرانا - سمٹوانا

چنور - ہ - اسم مذکر - مگس راں - چوری - مورچھل
چونری + سراگائے کی دُم جو مکھیاں اُڑانے کے
واسطے امیروں کے ملازموں کے پاس رہتی ہے اور
نیز گھوڑے کی دُم کی بھی ہوتی ہے (ذوق)
ہوگئی تیمور پائے حرص جب توڑا وزیر
ہاتھ اُٹھایا جاہ سے سر پر چنور ہونے لگا

چنہ - ہ - اسم مونث - نشان - علامت - دھبہ - بل
سلوٹ + اشارہ - کنایہ - خط و خال + شناخت - پہچان

چُنی - ہ - اسم مونث - سرخ چھوٹا سا نگ جو اکثر نتھ
کے موتیوں کے درمیان ڈالتے ہیں - لالڑی -
یاقوت کا ٹکڑا +

چُنیا گوند - ہ - اسم مذکر - ڈھاک کا گوند +

چنے کا مارا مرنا - ہ - فعل لازم - ذرا سی چوٹ سے
مرنا جیسے آدمی چنے کا مارا مرتا ہے +

چو - ہ - اسم مذکر - چار - چہار - اربع +

چوا - ہ - اسم مذکر - (۱) گنجیفہ کا وہ ورق جس پر چار نقطے
ہوتے ہیں (۲) چار چیزوں کا ڈھیر یا چار ڈھیریاں

چوا - ہ - اسم مذکر - (ہندو) مرکبا خوشبو کی چیز یہ بالی کی ستوت بھیگی ...

چوالیس - ہ - صفت - چار اوپر چالیس - چہل چہار ۴۴

چوانا - ہ - فعل متعدی - ٹپکانا - نچوڑنا - جیسے مُنہ میں
پانی چوانا +

چواؤ - ہ - اسم مذکر - رساؤ - ٹپکاؤ - چکیدگی +

چوب - ف - اسم مونث (۱) لکڑی - ہیزم + سونٹا - شاخ
+ چھڑی (۲) آنکھ کی چوٹ - آنکھ کی ضرب (۳) شامیانہ
یا ڈیرے کی لکڑی (۴) باجہ بجانے کی لکڑی - ڈنڈا

چوبا - ہ - اسم مذکر (۱) میخ - کھونٹا - کیل (۲) ایک قسم کے
میٹھے چاول جنہیں میوہ وغیرہ لگاکر شادی میں بھیجتے
ہیں - شکرانہ (رنگین)
لیکے ساچق ترے گھر واسطے میں آئی ہوں
آج تیاری مرے چوبوں کی تو کروا ری سمدھن
(۳) چاروید وں کا عالم برہمن - متھرا کے برہمنوں کی
ایک قوم جو بہت سا کھانا کھانے میں مشہور ہیں اور
ہندو لوگ انکی بہت بڑی عزت کرتے ہیں +

چوبارا - ہ - اسم مذکر - کوٹھا - مکان کے اوپر کا وہ کمرہ
جسکے چار دروازے یا چاروں طرف کھڑکیاں ہوتی ہیں

چوبائی - ہ - اسم مونث - چوطرفی ہوا - چاروں طرف
کی ہوا +

چوبچہ - ا - اسم مذکر (چاہ + بچہ) چھوٹا حوض - ہودا
حوضہ - گندے پانی کا گڑھا +

چوب چینی - ف - اسم مونث - ایک مشہور دوا کا نام
گُل عباسی کی جڑ +

چوبدار - ف - اسم مذکر - سونٹا بردار - جو ...
نقیب - عصا بردار (وہ نوکر جو سونے یا چاندی کا خول چڑھا
ہوا سونٹا لیکر امیروں کے آگے چلتا ہے) +

چوبدستی - ف - اسم مونث - ہاتھ کی لکڑی - چھڑی
ڈنڈی +

چوبرسی - ہ - اسم مونث - ایک رسم جو چار سال
بعد پنجاب کے ہندوؤں میں ادا کی جاتی ہے +

چوبغلا - ا - اسم مذکر - چوغے یا انگرکھے کے بغل کے
نیچے کا حصہ +

چوبندی - ہ - اسم مونث - نعلبندی - خراج

چوبولا - ہ - اسم مذکر (۱) ہندی ... چار
مصرعوں کا گیت +

چوبی - ف - صفت - لکڑی کا بنا ہوا +

چوبیسں - ٥ - صفت - چار اوپر بیس - بست و چہار ۲۴

چوبیسا - ٥ - اسم مذکر (چوبیس گانو کا پرگنہ ؛

چوپا - ل - اسم مذکر (گنوار) چوپایا - چارپایہ - چار پاؤں کا جانور + گدھا خچر + حیوان مطلق +

چوپایہ - ل - اسم مذکر - دیکھو (چوپا) +

چوپال - ٥ - اسم مؤنث (۱) بیٹھک - نشست گاہ - گانوں کا وہ پنچایتی مکان جسمیں پنچ ملکر بیٹھتے یا مسافر ٹھیرتے ہیں (۲) چوپہل کا بگڑا ہوا لفظ جیسے چوپال اینٹ +

چوپائی - ٥ - اسم مؤنث - رباعی - چار مصرعوں کی نظم

چوپٹ - ٥ - صفت (۱) چاروں دروازے کھلے ہوے - کھلا ہوا + فراخ - کشادہ جیسے چوپٹ پٹ کھلے پڑے ہیں (۲) اپنا - اندھا + کوریا درا د + اعمی + کورا - جاہل مطلق (۳) ویران - برباد - تباہ - خراب +

چوپٹ کرنا - ٥ - فعل متعدی - اُجاڑنا - برباد کرنا - ویران کرنا + لوٹنا - غارت کرنا (سودا)

اپنے دروازے کے آگے رکھ نٹ کھٹ
[illegible] کئے ہیں اسنے گھر کے گھر چوپٹ

چوپٹ ہونا - ٥ - فعل لازم - (۱) سر کے بال (۲) ہونا

چوپڑ - ٥ - اسم مؤنث (۱) [illegible] پہاڑ کی سب سے اونچی [illegible] سر پر ابھری ہوتی ہیں ہے (۲) بساط چوسر - چوسر کا وہ کپڑا جسپر [illegible] کی چوٹی + (۳) [illegible] جسکی چوٹی ہے

چوپڑدا - ٥ - صفت [illegible] ہوتا جسکو ہاتھ اور پاؤں [illegible] جیسے چوٹی کا مضمون [illegible] - تروتازہ [illegible] عنب - [illegible] سے اول

چوپڑ کا بازار - [illegible] - فعل [illegible] - [illegible] ہتوں کا بازار

وہ بازار جسکے چاروں طرف دوکانیں ہوں - چارسُو چار بازار +

چوہنڈلا - ٥ - اسم مذکر - ایک قسم کا ڈولا - محافہ +

چوپھلا - ٥ - صفت - چار پھل کا - وہ چاقو جسمیں چار کاردہوں +

چوپہل - ٥ - صفت (۱) چار پہلو کی - مربع - چہار پہلو (۲) - اسم مؤنث) چوڑی اینٹ +

چوت - ٥ - اسم مؤنث - فرج - قُبل - عورت کا اندام نہانی - شرمگاہ زن +

چوت مرانی - ٥ - اسم مؤنث (گالی) کُس مرانی فاحشہ - قحبہ - زانیہ +

چوتارا - ٥ - اسم مذکر - چار تار کا بنا ہوا کپڑا + باجے کے ایک اوزار کا نام + ایک باجے کا نام +

چوتالا - ٥ - اسم مذکر (۱) چار ضرب - طبلہ کے بجانے کا ایک طریق (۲) ایک قسم کا گیان +

چوترا - ٥ - اسم مذکر - دیکھو (چبوترا) ؛

چوتڑ - ٥ - اسم مذکر - سُرین - کفل - کولا - پٹھا - پُٹھا

چوتڑ بجانا - ٥ - فعل متعدی - خوش ہونا - خوشی کی علامت ظاہر کرنا - بغلیں بجانا +

چوتڑ دکھانا - ٥ - فعل متعدی - پیٹھ دکھانا - پشت دکھانا - بےشرمی سے بھاگنا ؛

چوتڑوں پر پیاز کترنا - ٥ - فعل متعدی سامنے دھوکا دینا - روبرو فریب دینا + (سودا)

اہل مطبخ کی جب شکایت کرتے ہیں آقا کے چوتڑوں پہ پیاز

چوتڑوں پر پیاز کتروانا - ٥ - فعل متعدی - (عوام) روبرو فریب کھانا - چکما کھانا - چونا لگوانا

چوتڑوں پر کھانا - ٥ - فعل متعدی - نہایت

بیغیرتی اور بےعزتی سے شکست کھانا - بے غیرتی کی بات کھانا +

چوتڑوں کا لہو مرنا - ہ - فعل لازم - چوتڑوں کے خون کی حرکت مٹ کر اس قابل ہو جانا کہ بیٹھنے کے بعد اُٹھنے کو جی نہ چاہے - جم کر بیٹھنے کے قابل ہونا

چوتھ - ہ - اسم مؤنث - چوتھا حصہ - اُجالے پاکھ کی چوتھی تاریخ - ایک قسم کا خراج جو مرہٹوں نے مقرر کیا تھا جسمیں ایک چوتھائی آمدنی لے لی جاتی تھی چہاریک - رُبع +

چوتھا - ہ - صفت - چہارم - رابع +

چوتھائی - ہ - اسم مؤنث - چہارم - چوتھا حصہ - رُبع

چوتھی - ہ - اسم مؤنث (۱) چوتھا کی تانیث (۲) بیاہ کی ایک رسم جو ساچق کے چوتھے روز ہوتی ہے مگر آجکل تیسرے ہی روز ہو جاتی ہے +

چوتھی کا جوڑا - ہ - اسم مذکر - وُہ بھاری جوڑا جو ایچ کے دن چوتھی کے نام سے دیا جاتا ہے جسکو دُلہن چوتھی کے دن پہنے

چوتھی کھیلنا - ہ - فعل لازم - چوتھی کے روز دُلہن کے گھر جا کر چھڑیوں اور سبز ترکاری اور میووں سے لڑنا - ان چیزوں کو ایک کا دُوسرے پر پھینکنا

چوتھے پانچویں - ہ - تابع فعل - گاہ بیگاہ - گاہے ماہے - کبھی کبھی - بھولے بھٹکے (انشا)

ملتے تھے چوتھے پانچویں وُہ وقت ہو گیا
اب یہ کہ چار پانچ مہینے پہ حرف ہے

چوتھیا - ہ - اسم مذکر (۱) چوتھے روز کا بخار - تپ ربع (۲) نمبردار - زمیندار +

چوتیا - ہ - اسم مذکر - احمق - بیوقوف - گاوُدی -

موذ معو - بھونڈو +

چوٹ - ہ - اسم مؤنث (۱) ضرب - مار - کوب - کوفت صدمہ + دُکھ + تکلیف (۲) حربہ - حملہ - درندے یا موذی جانور کا حملہ (صبا)

مہندی ملکر ہے چوٹ مرجاں پر
ہاتھ لانا نگار کیا کہنا

(۳) طعن - تشنیع جیسے چوٹ چلنا (۴) صدمۂ عشق و محبت (ظفر)

چوٹ پر چوٹ لگی اپنے نئی عشق میں اور
شام کو اور لگی وقت سحر اور لگی +

(۵) خواہش - آرزو - چیٹک (۶) جوڑ - جوٹ مقابل

(ظفر)
ہمارا نالۂ پُر شور و صُورِ اسرافیل +
ہے چوٹ لے دلِ اندوہگین رابرکا

(۷) داؤں گھات - وار - چال - پیچ (تسلیم)

جو چوٹ ہے اے دل تری خالی نہیں جاتی
آخر کو وہی کی جو سنبھالی نہیں جاتی

(۸) نقصان - ضرر +

چوٹ آنا - ہ - فعل لازم (۱) ضرب آنا - صدمہ پہنچنا (۲) مُنہ آنا - آوازہ کسنا - طنز و طعن کی بات کہنا

[illegible] آنا +

[illegible] ا - ہ - فعل لازم - لگی ہوئی ضرب کا [illegible] کا ہوا سے مرطوب کے باعث [illegible] بارہ ظاہر ہونا +

[illegible] متعدی - خالی دینا - سہو نیف [illegible]

ضرب یا صدمہ پڑنا - دھکا لگ [illegible]

[illegible] ث - ہ - ضرب [illegible]

چ
کی
چورنہ
چوٹ
چوٹ پر

چوٹ چلنا - ۸ - فعل لازم (۱) وار چلنا - وار کرنا - حملہ کرنا (۲) مُنہ آنا - طعنہ دینا - آوازہ پھینکنا - طنز کرنا (۳) دو حریفوں کا باہم وار چلنا - دو حریفوں کا لڑنا - داؤں کرنا

چوٹ خالی جانا - ۸ - فعل لازم - وار خالی جانا - ہاتھ بہکنا - نشانہ چوکنا - نشانہ خالی جانا +

چوٹ روکنا - ۸ - فعل متعدی - حریف کی ضرب کو سر پر روکنا - حریف کی ضرب کو رد کرنا +

چوٹ کرنا - ۸ - فعل متعدی (۱) مُنہ مارنا - کاٹنا - ڈسنا - ضرب پہنچانا (۲) وار کرنا - حملہ کرنا - داؤں کرنا - پیچ کھیلنا - دھوکا دینا (۳) مُنہ آنا - طعنہ دینا - طنز کرنا

چوٹ کھانا - ۸ - فعل لازم (۱) زخمی ہونا - صدمہ اُٹھانا (۲) نقصان کا برداشت کرنا (۳) مار کھانا - پِٹنا -

چوٹ لگنا - ۸ - فعل لازم (۱) صدمہ پہنچنا - ضرب لگنا + درد ہونا - اثر ہونا (۲) عشق ہونا (۳) پھانس لگنا - کھٹکا لگنا +

چُوٹّا - ۸ - اسم مذکر - چور - دُزد - اُٹھائی گیرا - سارق - اُچکا - کیسہ بُر +

چُوٹی - ۸ - اسم مؤنث (۱) جعد - چونڈا - سر کے بال جو مُونڈنے سے چھوڑ دیتے ہیں - لمبے بال - چُٹیا - گُندھے ہوئے بال - عورتوں کے سر کے بال (۲) قلۂ کوہ - بینی کوہ - تیغ کوہ - پہاڑ کی سب سے اُونچی جگہ (۳) وُہ پر جو پرندوں کے سر پر اُبھری ہوتی ہیں - کلغی - طُرہ - جیسے مرغ کی چوٹی + (۴ - عو) سردار - سرغنہ - اُستاد جیسے یہ سب کی چوٹی ہے (۵ - صفت) اُونچا - بلند - بڑھکا - جیسے چوٹی کا مضمون (۶ - ۸) چیدہ - عمدہ - بہتر - سب سے اوّل +

چوٹی رکھنا - ۸ - فعل لازم - منت کے بال سر پر چھوڑنا

چوٹی کا - ۸ - صفت - بڑھکا - عمدہ - اوّل درجہ کا - چیدہ - چُنندہ - چھٹا ہوا جیسے چوٹی کا پھل +

چوٹی کرنا - ۸ - فعل متعدی - بال گوندھنا - بال سنوارنا

چوٹی گوندھنا - ۸ - فعل متعدی - دیکھو (چوٹی کرنا)

چوٹی والا - ۸ - اسم مذکر - بھتنا - بھوت + ہمزاد - سایہ - بلا +

چوٹی ہاتھ ہونا - ۸ - فعل لازم - قابو اور اختیار ہونا (کہتے ہیں جب بھتنے کی چوٹی ہاتھ آجاتی ہے تو وُہ بے بس اور بے قابو ہو جاتا ہے پس اس خیال سے یہ اصطلاح ہو گئی (جرأت) نہ کیونکر دست شانہ زور پاوے + کہ ہے چوٹی پری کی ہاتھ اُس کے

چُوٹی والا - ۸ - صفت - (گالی) حرامی - حرامی مُوت - حرامزادی کا +

چُوچڑ - ۸ - اسم مذکر (ہندو) ا - بیوقوف - مُودھو - بُھچو (۲) کم دُودھ دینے والی گائے +

چُونچلا یا چونچلا - ۸ - اسم مذکر - ناز - نخرہ - لاڈ + پیار - اخلاص +

چونچلا بگھارنا - ۸ - فعل لازم - ناز کرنا - نخرہ کرنا +

چُونچل ہائی - ۸ - اسم مؤنث - نخرے پیٹی - نازک مزاج - اترانے والی +

چُونچل ہایا - ۸ - اسم مذکر - عو - نخرے باز - لاڈلا +

چوچند - ا - صفت - چارچند - چوگنا +

چُوچی - ۸ - اسم مؤنث - پستان - چھاتی - چھچی + تھن

چُوچی پیتا - ۸ - اسم مذکر - دُودھ پیتا - نادان - ناسمجھ

چُوچی پینا - ۸ - فعل متعدی - دُودھ پینا - آنچل مُنہ میں لینا +

چودانی - ۸ - اسم مؤنث - ایک کان کے زیور کا نام جس میں موتی کے چار دانے لگے ہوئے ہوتے ہیں

چودس - ہ - اسم مؤنث - چاند کی چودھویں تاریخ
+ اُجلے پاکھ کی چودھویں تاریخ +

چودنا - ہ - فعل متعدی - جماع کرنا - لگنا - مجامعت
کرنا - ہم بستر ہونا (بازاری بولتے ہیں) +

چودو - ہ - صفت (بازاری) بہت لگنے والا - لگو

چودہ - ہ - صفت - چار اوپر دس - چہاردہ - ۱۴

چودہ بدیا - ہ - اسم مؤنث - ہندی چودہ علم یعنی
چار وید آٹھ پران - ایک منطق اور ایک صرف و نحو

چودہ بدیا ندان - ہ - اسم مذکر (۱) چودہ علموں کا
عالم + بڑا بھاری فاضل (۲) پختہ کار - تجربہ کار -
آٹھوں گانٹھ کمیت +

چودھرات - ہ - اسم مؤنث - چودھری پن -
چودھری کا عہدہ - نمبرداری - سرداری + چودھری
پنے کا حق یا فیس +

چودھری - ہ - اسم مذکر (۱) ہم پیشہ لوگوں کا سرگروہ
نمبردار - مقدم - گانو کا سردار - میر محلہ - میر بازار
(۲) بنگال کے زمینداروں کا ایک خطاب +

چودھویں - ہ - صفت - چہاردہم - چودہ سے نسبت
رکھنے والا - چتردشی - چودس +

چودھویں رات - ہ - اسم مؤنث - چاند کی
وہ شب جسمیں چاند پورا ہو جاتا ہے - شب چہاردہم

چودھویں رات کا چاند - ہ - اسم مذکر (۱)
پورنماشی کا چاند - ماہ کامل - ماہ تمام - بدر (۲) صفت
نہایت خوبصورت - قمر طلعت +

چور - ہ - اسم مذکر (۱) دزد - سارق - چوٹٹا (۲) ناسور
اُپت گھاؤ - زخم کے اندر کا چھید جو ہمیشہ باقی رہے
اور اُوپر سے اچھا ہو جاسے +

گشتہ ہم ہوں میں اُس ناوک دزدیدہ نظر کا
جانیکا نہیں چور مرے زخم جگر کا (ذوق)

(۳) خفیہ درز - پوشیدہ سوراخ جیسے چھت کا چور
وغیرہ (۴) دزدِ حنا - وہ سفیدی جو مہندی لگانے
کے بعد رہ جاے (۵) شمع کے ایک طرف سے
گھلجانے کو بھی چور کہتے ہیں - شمع کی ایک جانب سے
گداختگی (برق) داغ چیچک دیکھکر عارض [illegible] خلق

کیا تماشا ہے کہ شمع ماہ میں بھی چور ہے

(۶) بدگمانی - بدظنی - برائی (رنگین)

ادھر تو دل میں زمانے کے چور بیٹھا ہے
اُدھر کو دل ہے دوگانا کا درہم و برہم

(۷) کھٹکا - اندیشہ - خوف خطر (ناسخ)

بے سبب آنکھیں نہیں مجھ سے چراتا وہ صنم
کچھ نہ کچھ میری طرف سے اُسکے دل میں چور ہے

(۸) گنجیفہ بازوں کی اصطلاح میں وہ پتا [illegible]
سے چھپاے رکھتے ہیں (برق)

کھیل تو دیکھو وہ جھجواتا ہے لیکر [illegible]
دل نہیں قبضہ میں [illegible] بہتر [illegible]

(۹) - صفت) پوشیدہ خفیہ [illegible] گیلا کر دینا - بھگو دینا
جھوٹا - دروغگو - دغاباز [illegible] کر نہا لیجے چوڑا کر دیے

چور بالو - ہ - اسم مذکر [illegible] لی - عرض - پہنائی -
شباب +

چوربدن - ہ - اسم مذکر [illegible] بن کرنا - پھیلانا - فراخ
نہ دے - پوشیدہ فربہی

چور بیٹھنا - ہ - فعل لازم [illegible] بات - عرض وسعت +
خوف ہونا + برائی جمنا + (۱) +

چور پر مور پڑنا - ہ - فعل [illegible] دست برنجن

بدمعاش سے بدمعاشی کرنا - چور کے گھر میں خود چوری ہونا

چور پہرا - ۸ - اسم مذکر - خفیہ پہرا + پوشیدہ پاسبانی -

چور پیٹ - ۸ - صفت - عو - وُہ حمل جو دکھائی نہ دے
وُہ پیٹ جسکا حمل مُدت تک تمیز نہو +

چور پپیا - ۸ - اسم مذکر - ڈبل پیسا جو خاک میں گر کر
مُشکل سے پایا جاتا ہے +

چور و چتر - ۸ - اسم مذکر - ہم شحنہ و ہم دزد - خود ہی
چور خود ہی ساہ (رنگین)
ہم چور و چتر سُنتے تھے سو آپکو دیکھا
دیں گالیاں اور مچھیہ رہے آپ ہی برہم

چور چکار - ۸ - اسم مذکر - چور اُچکا - چور بدمعاش
چور دور - چور اور گٹھ کٹ +

چور خانہ - ۱ - اسم مذکر (۱) صندوقچہ کا پوشیدہ
خانہ (۲) پنجرے کے اندرہ خانہ جو دوسرے خانہ میں ہو
(۳) [illegible] تہخانہ - خلوت گاہ +

چور دروازہ - ۱ - اسم مذکر - غیر معلوم دروازہ -
[illegible] رستہ جو عام لوگوں کو معلوم نہو +
دالان (۲)

چور [illegible] - ۸ - اسم مذکر - غیر متعارف راستہ +
عورت کا پیٹ [illegible] اسم مؤنث - دلدل - دھساؤ
چوڑیاں پہنکر گھر میں [illegible]
(۳ - عوام ہندو) کی اسم مؤنث - عدالت خفیہ - وُہ
جیسے دیوار پر چوڑ [illegible] اور راہداروں کی سُراغ رسانی

چوڑیاں پہنانا [illegible] محکمہ ٹھگی +
معلوم (۲) بیوہ عورت [illegible]

چوڑیاں ٹھنڈی [illegible] اسم مؤنث - پوشیدہ دریچہ - غرفہ نامعلوم
[illegible] اسم مؤنث (۱) کوچہ خفیہ (۲) میانی -
توڑنا [illegible] کے بیچ میں رہتا ہے +
[illegible] کی حالت [illegible] (۱) اسم مؤنث - حرم - سُریہ - مُدہ بیوی
جسوقت عورت [illegible]

جو بیاہتا نہو - اصلی بیوی کے خلاف +

چور مونگ - ۱ - اُڑد - ۸ - اسم مذکر - وُہ چھوٹے چھوٹے
سخت مونگ یا اُڑد جو گلنے سے رہ جاتے ہیں +

چور ہٹیا - ۸ - اسم مذکر (از چور + ہٹ یعنی ہاٹ بمعنی دوکان)
وُہ دوکاندار جو چوروں سے مال خریدے -
(یہ لفظ اکثر اُس صراف کی نسبت بولا جاتا ہے جو اُچکوں یا
بدمعاشوں سے چوری کا گوٹا کناری وغیرہ سستا داموں مول
لے لیتا ہے - جسکو عوام چور ٹھیا بولتے ہیں) +

چُور - ۸ - اسم مذکر - ریزہ ریزہ - پارہ پارہ +
نہیں بعید کہ ہو سنگ حادثات سے چُور
سپہر ہے میری نظروں میں نام شیشے کا
(۲ - صفت) مدہوش - بدمست - مخمور - متوالا - بیہوش
سرشار جیسے نشہ میں چُور +

چُورا - ۸ - اسم مذکر - بُرادہ - پیسا کوٹا - ریزہ -

چُورا کرنا - ۸ - فعل متعدی - ٹکڑے ٹکڑے کرنا - پیسنا
کوٹنا - ریزہ ریزہ کرنا +

چَوراسی - ۸ - صفت (۱) چار اُوپر اسی - ہشتاد و چہار
۸۴ - (۲) ایک قسم کا زیور - پابرنجن - خلخال -
جھانجن (رجھا) صید گہ ہو جائیگی محفل کسیکے رقص سے
لوہے کے جھرے ہیں چوراسی کے اندر بولتے

چَورانوے یا - **چَورانویں** - ۸ - صفت - چار اوپر
نوّے - چھکم سو - نود و چہار - ۹۴ +

چَوراہا - ۸ - اسم مذکر - وُہ جگہ جہاں سے ہر چہار طرف
کو ایک راستہ جاتا ہو (رجھا)
گرا ہے کوئی پتلا اُس بُت کافر کے صدقے کا
کہ چَوراہے کو اکثر پوجتے ہندو نکلتے ہیں

چَورس - ۸ - صفت - ہموار - مستطیل + مربع - [illegible]

چورسانا - ہ - فعل متعدی - ہموار کرنا - مسطح کرنا - مربع بنانا - چوکور کرنا + صاف کرنا +

چورسائی - ہ - اسم مؤنث - ہمواری - برابری +

چورما - ہ - اسم مذکر (ہندو) ملیدہ +

چورن - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کا سفوف جو بدہضمی کے واسطے بنایا جاتا ہے - پاچک - چٹکی - پھنکی +

چورنا - ہ - فعل متعدی - ٹکڑے ٹکڑے کرکے گھی دودھ یا کسی اور رقیق چیز میں ڈبونا جیسے روٹی چورنا -

چورنگ - ا - اسم مذکر - (۱) برش شمشیر کا امتحان - ضرب شمشیر کی ایک قسم - تلوار کی مشق + وہ چیز جسپر تلوار کا ہاتھ صاف کریں (مشیلا)

نگاہ یار یوں دلپر مرے ہر بار پڑتی ہے
تو اتر جسطرح چورنگ پر تلوار پڑتی ہے

(۲) ایک وار میں تلوار سے چار ٹکڑے کرنا ؎

قاتل نے ایک ہی ہاتھ میں چورنگ کر دیا
سینہ کہیں بدن کہیں اور دست پا کہیں

(۳) تلوار کا وار - تلوار کا ہاتھ - تلوار کی ضرب +

آسماں سے تا زمیں اور گاؤ سے ماہی تلک
(سودا) امتحان گر کیجیے اسکا تو ایک چورنگ ہے

چورنگ کاٹنا - ا - فعل متعدی - تلوار کے ایک ہاتھ میں چار ٹکڑے کرنا - تلوار سے ٹکڑے ٹکڑے کرنا - ضرب شمشیر سے برابر دو ٹکڑے کرنا (قطعۂ نکہت)

بوقت جنگ چورنگ کاٹنے کو شہا
کہ امتحان صفائے تیغ ہو منظور
برنگ طائر بسمل زمین پر تڑپیں
ادھر کو رات کا سایا ادھر کو صبح کا نور

چوری - ہ - اسم مؤنث - دزدی - سرقہ +

چوری اور سرزوری / **چوری اور سینہ زوری** } - ہ - (کہاوت) سرکشی کے ساتھ چوری کرنا اپنے قصور پر نادم نہ ہو کر اُلٹا دوسرے کو قصوروار ٹھہرانا

چوری چوری - ہ - تابع فعل - چھپے چھپے - درپردہ ؎

شوخی اُس چشم مست کی دیکھو + چوری چوری حیا سے لڑتی ہے

چوری چھپے - ہ - تابع فعل - درپردہ - خفیہ + چھپواں - پوشیدہ و پنہاں - چپکے سے - بےخبری کی حالت میں (جرأت)

راتکو چوری چھپے پہنچا جویں + غل مچایا اُسنے دوڑو چور ہے

چوری سے دیکھنا - ہ - فعل متعدی - دزدیدہ نگاہ سے دیکھنا - چھپکر دیکھنا - نظر بچا کر دیکھنا +

چوری کا گڑ میٹھا - ہ - (کہاوت) مفت کا مال سبکو پیارا لگتا ہے +

چوڑا - ہ - صفت - چکلا - فراخ - کشادہ - وسیع - پہن - عریض - پہناور +

چوڑا - ہ - اسم مذکر (۱) ہاتھی دانت کی چوڑیاں (۲) ایک قسم کا زیور (۳ - پورب) دیکھو ... (۴ - گنوار) خاکروب - حلال خور + ... اپنے قابو ... سکے خیال سے (انشا)

چوڑا کر دینا - ہ - فعل متعدی - ... پھیلا کر دینا جیسے موت موتنے میں کعبہ کے پتھر ...

چوڑان - ہ - اسم مؤنث - چوڑائی - فراخی - وسعت +

چوڑانا - ہ - فعل متعدی - عریض کرنا - کشادہ کرنا + (بیچ چو + مکھ) چار بتی کا ... طرف بتی روشن کریں ... ت کا +

چوڑاؤ - ہ - اسم مذکر - پھیلاؤ ... ی - منت کا چراغ جلانا

چوڑائی - ہ - اسم مؤنث - دیکھو چوڑان

چوڑی - ہ - اسم مؤنث (۱) حلقۂ دست ... - ہ - اسم مذکر) چار

لاکھ کانچ یا سونے چاندی وغیرہ کے حلقے جو سہاگن عورتیں اکثر ہاتھ میں پہنا کرتی ہیں (۲) پیچ۔ وہ پیچ جو کسی پرزے میں کٹے ہوئے ہوں انہیں سے ہر ایک کو چوڑی کہتے ہیں (۳۔ گنوار) مہترانی۔ خاکروبن۔ بھنگن۔ (۴۔ صفت۔ عو) نازک۔ بودی۔ وہ چیز جو ادنیٰ سی ضرب سے ٹوٹ جائے۔ اس جگہ کانچ کی چوڑی سے مراد لیکر یہ معنی عورتوں نے لگائے ہیں +

چوڑی کی مثال یا۔ مانند ۔ا۔ صفت۔ نہایت نازک بودا +

چوڑیا ۔ہ۔ اسم مذکر۔ ایک قسم کا دھاری دار کپڑا +

چوڑی دار پاجامہ ۔ا۔ اسم مذکر۔ وہ تنگ پاجامہ جسکی موریاں لمبی ہونے سے ٹخنوں پر سلوٹیں پڑتی ہیں +

چوڑیاں ۔ہ۔ اسم مؤنث۔ چوڑی کی جمع +

چوڑیاں بڑھانا ۔ہ۔ فعل متعدی۔ عو۔ چوڑیاں اتارنا۔ چوڑیاں اتار کر رکھنا +

چوڑیاں پہننا ۔ہ۔ فعل لازم (۱) ہاتھوں میں چوڑیاں ... (۲) عورت بنکر پردہ میں بیٹھنا۔ عورت بنا۔ ... نامردی اختیار کرنا (طنزاً) جیسے ... کچھ نہ بولنا۔ ... میں بیٹھ جاؤ یا چوڑیاں پہن لو۔ ... کوئی کام کر دینا۔ ... شادی کرنا۔ دوسری شادی کرنا

چوڑی ۔ہ۔ صفت۔ ... پہن لیں +

چوڑا ۔ہ۔ اسم مذکر (۱) ... ۔ہ۔ فعل متعدی (ہندو۔ عو) ... وہ پتھر یا لنگر جو کو ... رت کی شادی کرنا +

تیز۔ تند۔ ... کرنا ۔ہ۔ فعل متعدی۔ چوڑیاں ... جیسے کھٹا چونا + ... پر بوسے ہیں ایک تو لڑائی جھگڑے یا

چونا لگانا ۔ہ۔ فعل لازم ... جب عورتیں خود توڑ ڈالتی ہیں دوسرے کرنا۔ چکمہ دینا (۲) ... بیوہ ہو کر سہاگ بڑھاتی ہے اس حالت میں

توڑنا کہتے ہیں مگر اور موقع پر یہ لفظ زبان پر لانا فال بد خیال کیا جاتا ہے +

چوڑیاں ٹھنڈی ہونا ۔ہ۔ فعل لازم۔ چوڑیاں توڑنا۔ کسی صدمہ یا ضرب سے چوڑیوں کا ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا +

چوزہ ۔ف۔ اسم مذکر (فارسی والے عموماً چوجہ بولتے ہیں) (۱) مرغی کا بچہ۔ پٹھا۔ پٹھہ (۲) نوعمر اور خورد سال آدمی + پٹھیا۔ جوان لڑکی +

چوزہ باز ۔ف۔ اسم مؤنث (بازاری) کسبی جو بچوں سے زیادہ رغبت رکھے۔ لونڈوں ہائی۔ لونڈوں سے فعل بد کرانے والی +

چوسٹھ یا چونسٹھ ۔ہ۔ صفت۔ چار اوپر ساٹھ۔ تین بیسی۔ شصت و چہار۔ ۶۴ +

چوسر ۔ہ۔ اسم مؤنث (۱) نرد بازی۔ پچیسی۔ چوسر اور پچیسی میں اتنا فرق ہے کہ یہ پانسوں سے کھیلی جاتی ہے اور وہ کوڑیوں سے (۲) بساط جسپر گوٹیں رکھی جاتی ہیں۔ مثلاً چوسر بچھانا +

چوسر باز ۔ف۔ اسم مذکر۔ چوسر کا کھلاڑی۔ نرد باز

(ناسخ) رنگ تو کیا کٹ گئے ہیں دیکھنے والوں کے سر
تیغ سی ہے چال اس محبوب سرباز کی

چوسنا ۔ہ۔ فعل متعدی (۱) مکیدن کا ترجمہ۔ چچوڑنا۔ جذب کرنا۔ سوکھنا۔ پینا + دودھ پینا (۲) نچوڑنا۔ عرق نکال لینا +

چوغہ ۔ت۔ اسم مذکر۔ عبا۔ لبادا۔ جبہ۔ ایک قسم کا مہذب لباس +

چوک ۔ہ۔ اسم مؤنث (۱) بھول۔ خطا۔ سہو۔ قصور۔ فراموشی (۲) ایک قسم کے کھٹے ساگ کا نام + ایک کھٹی چیز کا نام جو لیموں سے بنتی ہے (۳) ترش۔ نہایت کھٹا

(رنگین) لائی ہے دوا توری خاطر جو بنا کر

کھائی نہیں جاتی ہے یہ وُہ چوک ہے دائی

چَوک - ہ - اِسم مذکر (۱) مُربع - مُربع میدان (۲) صحنِ سیع انگنائی (۳) وُہ بڑا بازار جسکے چار راستے ہوں - چارسُو (۴) سامنے کے چار دانتوں کی لڑی آئیں اُوپر کے ہوں خواہ نیچے کے جنکو چوکا بھی کہتے ہیں +

چَوکا - ہ - اِسم مذکر (۱) اگلے چار دانتوں کی لڑی (۲) سنگ مرمر کی مُربع سِل + مُربع پتھر - چوکور سِل (۳) ہندوں کے روٹی پکانے اور کھانے کا مقام (۴) چار یکساں چیزیں جو باہم پیوستہ اور برابر کی ہوں جیسے چوکیوں کا چوکا وغیرہ (۵) ایک قسم کا موٹا کپڑا جس سے مکان کا فرش بناتے ہیں (۶) ایک قسم کا برتن (۷) ایک پیمانہ کا نام (۸) ایک دریا کا نام (برق)

چھلکا ... حباب غربت میں دریا ہوگیا
یار آنسو جب گرے دریا سے چوکا ہوگیا

چُوکا - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کے کھٹے ساگ کا نام +

چَوکَٹ - ہ - اسم مؤنث (پورب) کھونٹی - چوکھٹ +

چَوکَٹ - ہ - صفت - اچھا - نادر - عمدہ +

چوکڑی - ہ - اِسم مؤنث (۱) جست آہو - ہرن کی کلانچ - زقند - پھلانگ - گنبد آہو (۲) چار گھوڑوں کی گھمی (۳) ایک زیور کا نام (۴) حد - حد بست +

چوکڑی بھرنا - ہ - فعل متعدی - ہرن کا کلانچیں ... زقند لگانا - پھلانگ مارنا - کُدکنا - اچھلنا - اُڑنا

چوکڑی بھول جانا - ہ - فعل لازم - سٹ پٹا جانا - ... جانا - حواس باختہ ہو جانا - ہوش نہ رہنا +

رنا ...
وہ کیا ہوش رُبا ہیں تری آنکھیں صیاد
چوکڑی کیا کہ ہرن راہِ ختن بھول گئے

چَوکَس - ہ - صفت (۱) ہوشیار - خبردار - سُرتا - مُحتاط

چوکنا (۲) تول میں پورا - ٹھیک - کامِل الوزن (۳) سپرد - حوالہ +

چوکس رہنا - ہ - فعل لازم - خبردار رہنا - ہوشیار رہنا بیدار رہنا - نگہبان رہنا +

چَوکسی - ہ - اِسم مؤنث - خبرداری - ہوشیاری + پاسبانی نگہبانی + اِحتیاط + چوکیداری +

چُوکنا - ہ - فعل لازم (۱) بھولنا - غلطی کرنا - خطا کرنا - سہو ہونا جیسے چُوک کا سو گیا (۲) باز آنا - باز رہنا - جیسے وُہ بڑوں کے سامنے بھی نہیں چُوکتا (۳) نِشانہ پر نہ بیٹھنا - نِشانہ نہ لگنا +

چَونکنا یا **چَونکنا** - ہ - فعل لازم - ڈرنا - خوف کھانا - مُتوحش ہونا - نیند میں اُچھل پڑنا + بدکنا - بھڑکنا (اہلِ دہلی نُونِ غُنّہ کے ساتھ بولتے ہیں) +

چَوکنّا - ہ - صفت - (چار + کان والا) ہوشیار - خبردار - سُرتا + بیدار مغز - باخبر - دُوراندیش - چوکس +

چوکنّا ہونا - ہ - فعل لازم - ہوشیار ہونا + بھاگی ہونا + بھڑکنا - بدکنا + تیز ہونا +

چَوکُور - ہ - صفت (۱) مُربع + جُگل لازم - عو - (۲ - طرح نصا) فرہاد ام - سوار ملہبت)

چُوکھا - ہ - صفت (۱) خالص - کھرے اصل - صاف (۲) اچھا ہے کیونکہ نہ ذرات پھرے پسندیدہ + ا - حسرت ہونا (نکہت)

چَوکھَٹ - ہ - اسم مؤنث - محرّمل کو چھاتی پر کی چار لکڑیاں جنمیں پٹ شب گردوں کی چھاتی کے

چَوکھٹا - ہ - اِسم مذکر - آئینہ کا ڈھانچا (انشا) آئینہ جڑا جاتا ہے - ڈھانچا دستہ پر

چَوکھونٹ - ہ - اِسم مذکر (۱) چاروں نہیں کا سانپ

(۲) دُنیا - عالم - آفاق (۳) - تابع فعل (۱) ہر طرف ہر سمت

چوکھونٹا - ہ - صفت - چہار گوشہ - چہار پہلو - مُربع +

چوکی - ہ - اسم مؤنث (۱) چھوٹا تخت + کُرسی (۲) پہرا
پاسبانی (۳) اسٹیشن - پڑاؤ (۴) باری - اوسرا
وار جیسے آج بادشاہ کے ہاں اُنکی چوکی ہے (۵) لشکری
کسی کا صاحب لوگوں یا امیروں کے پاس شب باشی
کو جانا (۶) خدمت - سیوا - نوکری (۷) نیاز - نذر -
فاتحہ - بھینٹ - (۸) مُوکل - بیر + جادو - ٹونا (۹) قوالوں کا گروہ +

چوکی بٹھانا - ہ - فعل متعدی (۱) پہرا بٹھانا + حراست
میں کرنا - نگہبانی کرنا - محافظ بٹھانا (جُرأت)

یہاں سے جاتے ہو جو گھر کو تو دردِ دل پہ مرے
اک بیتابی کی چوکی کو بٹھا جاتے ہو

(۲) جادو کرنا + بیر بٹھانا - مُوکل بٹھانا +

چوکی بھرنا - ہ - فعل لازم - عو - باری باری سے
پہرا دینا - اپنے اپنے وار سے جاگنا (۲) دیوی دیوتا
کے استھان پر جاکر بھینٹ چڑھانا - اولیاء اللہ یا شہیدوں
جب کچھ
غرض ہوگی کہ خیر چندی جمعرات کو جاکر عقدہ کشائی کی مدد
اسکے علاوہ آسیب دانا (نکہت)
ت میں گزرتا عاشق
ہیں جیسے تیری چھاؤ
کے نہ درگاہوں میں بھرتا عاشق
(رنگین) سرزانے کا جو
فعل لازم - پہچانہ جانا - صحت خا
پہ دوگانا پڑھے دلنے بیٹھو کے واسطے بولتے ہیں) +
(۲) عذاب دینا - تعز متعدی - خرچی جانا - خرچی جانا
نہیں کم آتیں اسے کر
جاتی ہے وہ ہے تو ایسا ہو گیا
کہ اس عالم کی
یوں داڑھی پہ تو جورو کا بھڑوا ہو گیا

چھاتی پک
- ا - اسم مذکر - وہ مکان جہاں اُمرا کے
زخم ہو جانا (۲)
مار اپنی اپنی حاضر باشی پر موجود ہو کر بیٹھتے ہیں
ہو جانا - غم کھا

چوکی دینا - ہ - فعل متعدی (۱) پہرا دینا - پاسبانی
کرنا - نگہبانی کرنا (۲) کرسی دینا - کرسی پر بٹھانا +

چوکیدار - ا - اسم مذکر - پاسبان - نگہبان - محافظ
نگران - پہرہ دار - پہرائی +

چوکیداری - ا - اسم مؤنث (۱) پاسبانی - نگہبانی
محافظت (۲) چوکیداری کی بابت کا ٹکس + حقِ
پاسبانی - وُہ چندہ جو نگرانی کی بابت لیا جائے +
(۳) محافظت کا کام - چوکیداری کا کام +

چُوگا - ہ - اسم مذکر - پرندوں کی غذا - دانہ +

چوگا بدلنا - ہ - فعل لازم - دانہ بدلی کرنا - خوراک بدلنا

چوگان - یا - چوغان - ف - اسم مذکر (۱) گیند کا
بلا - گلی کا ڈنڈا - وُہ ڈنڈا جو سر کی طرف سے کج ہو -
چوبِ نقارہ + فولادی گیند اُچھالنے کا سر کج بلا
کوکبہ (۲) ایک قسم کا گیند کا کھیل +

چوگان کھیلنا - ا - فعل لازم - گیند بلا کھیلنا

چوگڈا - ہ - اسم مذکر (۱) وُہ مقام جہاں چار گاؤں
کی حدیں ملیں (۲) چار کنکوؤں کا گُچھا +

چوگرد - ا - تابع فعل - گرداگرد - چاروں طرف - آس پاس

چوگلا - ا - اسم مذکر - گُلِ چاربرگہ - چار پنکھڑی کا
پھول (بحر) بہارِ عالمِ امکاں نہایت بے حقیقت ہے
عناصر کو سمجھ اک چوگلا ہے باغِ فانی کا

چوگنا - ہ - صفت (چو + گُنا) - چہار چند +

چوگوشیا - ہ - اسم مذکر (۱) چار گوشہ کی ٹوپی (۲)
ترکی گھوڑا +

چوگھڑا - ہ - اسم مذکر (۱) چار خانوں کا سونے یا
چاندی خواہ تانبے وغیرہ کا بکس (۲) بچوں کے
کھیلنے کا ایک چار گلیوں کا ظرف جو اکثر دیوالی میں

کہتا ہے (۲) ساچق کی آرایش کی وُہ تھلیاں جو
ایک ایک ٹٹی پر چار چار میوے وغیرہ سے بھرے
ہوئے رکھے جاتے ہیں (۳) سفید بڑی الائچی -
چوہیل چھوٹی الائچی +

چُول - ۵ - اسم مؤنث (۱) وُہ چھید جسمیں کواڑ پھرتا ہے
+ وُہ چھید جسمیں دُوسری لکڑی سلائی جاے (۲)
پاشنۂ در - لکڑی کا وُہ سِرا جو دُوسری لکڑی میں داخل
کیا جاے (۳) جوڑ - تقلی - بند جیسے پھرتے پھرتے
چُولیں ڈھیلی ہوگئیں +

چولا - ۵ - اسم مذکر (۱) جسم - قالب - دیہ (۲) ایک
قسم کی پوشاک جو دُلہن کو برات کے روز پہناتے
ہیں (۳) چولی - انگرکھے کا بالائی حصّہ +

چولا بدلنا - ۵ - فعل متعدی (ہندو) قالب بدلنا
ایک قالب سے دُوسرے قالب میں جانا - ایک جسم
سے دُوسرے جسم میں حلول کرنا + آواگون یعنی
تناسخ سے مُراد ہے +

چولا چھوڑنا - ۵ - فعل لازم - قالب چھوڑنا + پران
چھوڑنا - مرنا - انتقال کرنا +

چولائی - ۵ - اسم مؤنث - ایک قسم کا ساگ جو سُرخ یا
سبز ہوتا ہے - لال ساگ +

چُولہا - ۵ - اسم مذکر - دیگدان - دیگیا - اُجاغ - آتشدان
آگ کے رہنے کی جگہ +

چُولہا پھونکنا - ۵ - فعل متعدی (حقارتاً یا غصّہ سے)
چولہا گرم کرنا - آگ سُلگا کر روٹی پکانا + روٹی پکانا

چُولہے آگ نہ گھڑے پانی - ۵ - (کہاوت)
اُس نہایت مُفلس کے حق میں بولتے ہیں جسے
کھانے پینے کو میسّر نہو +

چُولہے میں پڑے / چُولہے میں جائے - ۵ - محاورہ (عو) (۱) آگ لگے -
خاک میں ملے - اُجڑ جائے
(۲) ہمیں اُس سے کچھ سروکار نہیں - پرواندارم - بلا سے

چُولی - ۵ - اسم مؤنث (۱) انگرکھے کے دامن سے
اُوپر کا حصّہ - اُوپر کے دھڑ کا کپڑا (۲) گنوار انگیا

چولی دامن کا ساتھ - ا - محاورہ - لازم ملزوم
قدیمی ساتھ - وُہ آدمی یا دو چیزیں جو ہمیشہ ایک دوسرے
کے ساتھ رہیں +

چُولیں ڈھیلی ہونا - ۵ - فعل لازم - زیادہ کام
کرنے یا چلنے پھرنے سے تھک کر چُور ہوجانا +

چُوما - ۵ - اسم مذکر (گنوار) بوسہ + مٹھو - مِٹّھی + چمی

چُوما چاٹی - ۵ - اسم مؤنث - بوس وکنار - اختلاط
نازونیاز - رنگ رس +

چَوماسا - ۵ - اسم مذکر - برسات کے چار مہینے - برسات
برکھا - برشکال +

چُوم چاٹ کے چھوڑنا - ۵ - فعل متعدی (۱) بے بھائی پر
اور تصرف سے باہر چیز کو بوسہ دیکر [illegible] نان [illegible]
باز آنا - سلام کرنا - ہاتھ اُٹھانا [illegible]
ہلکے پھلکے جو ملے دیر کے [illegible] سر کرنا تھا نہ سرکا
چُوم اور چاٹ [illegible] بیٹھی جس کا خرچ ماں
(۲) کام نکال کر چھوڑنا + [illegible]

چَومکھا - ۵ - اسم مؤنث (۱) [illegible] اسم مذکر - زخم جگر - سوہان
چراغ - وُہ چراغ جسکے چا[illegible] گردن - اپنی طبیعت کے
اسمیں آٹے کا ہو یا دھات [illegible]

چومکھا جلانا - ۵ - فعل متعدی [illegible] قابض الارواح -
صدقہ یا نیاز کا چراغ جلانا + [illegible] سفر)

چَومکھا - ۵ - صفت (۱) چار مُنہ کا [illegible] نے جی گیا عاشق

بتّی کا چراغ (۳) پتّا بازی کا وُہ ہاتھ جو چاروں طرف اس
طرح پھرایا جائے کہ کسی طرف سے حریف قابُو نہ پائے
(۴) وُہ پھکڑباز جو ایک اکیلا چار کو جواب دے +
چَومُکھی -ہ- اسمِ مُؤنّث - ہندُوں کی ایک دیبی کا نام
+ ایک درخت کے بیج کا نام +
چُومنا -ہ- فعلِ مُتعدّی (۱) بوسہ دینا - کسی بُزرگ کے مزار
کو ادًبا مُنہ لگانا (۲) بوسہ لینا - بچّی لینا + پیار کرنا -
پچکارنا - چمکارنا (۳) ادًبا تعظیم دینا +
چُومنا چاٹنا -ہ- فعلِ لازم (۱) چوما چاٹی کرنا - بوس
وکنار کرنا - پیار کرنا (۲) خوشامد درآمد کرنا - للّو پتّو کرنا
چَومَنزِلا -ا- اسمِ مذکّر - چار منزل کا مکان - وُہ اُونچا
مکان جسکے اوپر تک چار درجے ہوں +
چَومیخا کرنا -ا- فعلِ مُتعدّی - چت یا اَوندھا ڈالکر
چاروں ہاتھ پاؤں میخوں سے باندھکر سزا دینا - چارمیخ
کردن کا ترجمہ +

ے- اسمِ مذکّر - (گنوار) آٹا - آرد + چُونہ +
سمِ مُؤنّث - آوازِ گوز + چمڑے وغیرہ کی آواز
۲- فعلِ لازم - بھاپ نہ نکالنا - اُف
ات نہ نکالنا - چُپ چاپ
کا رُکنا +
ر اُوپر پچاس - پنجاہ وچہار - ۵۴
ے - کلس - قلعی - سفیدی -
ا پر پکایا جائے (۲) صفت
ی تیزی پر اطلاق ہوتا ہے
زم (۱) زک دینا - ذلیل و خفیف
عورتوں میں دستور ہے کہ جب

کسیکی چیز جاتی رہتی ہے تو وُہ مسجد میں چُونا لگا دیتی
ہے تاکہ لینے والا اندھا ہو جائے +
چَونپ -ہ- اسمِ مُؤنّث (۱) شوق - چاؤ - خواہش
اُمنگ - اُچھار (۲) بڑھاوا - (۳) سونے کی کیل جو
اکثر ہندُو دانتوں میں نجات کی غرض سے لگاتے
ہیں (۴) ضد - ہٹ +
چَونپ دینا -ہ- فعلِ مُتعدّی - بڑھاوا دینا + کسی
کام پر آمادہ اور مُستعد کرنا (انشا)
وُہ جو میرے چھیڑنے کو نکلوا کر چونپ دے
دُم سے نمدہ باندھ اُسکے جاندنی کو سونپ دے
چَونترا -ہ- اسمِ مذکّر - ہندُوی - دیکھو (چبُوترا) +
چَونتیس -ہ- صفت - چار اُوپر تیس - سی وچہار - ۳۴
چُونچ -ہ- اسمِ مُؤنّث (۱) منقار - پرندوں کا مُنہ (۲)
نوک - سرا (۳) زبان - للّو - جیب جیسا دھارتا
بولتے ہیں جیسے چونچ سنبھالو یعنی بدزبانی کو روکو)
(۴) جھڑپ + باتوں کی طرّاری + تنازعِ لفظی جیسے
دو دو چونچیں ہوگئیں +
چونچ سنبھالو -ہ- (محاورہ عوام) زبان روکو -
للّو سنبھالو - بدزبانی نکرو +
چونچ مارنا -ہ- فعلِ مُتعدّی - ٹھونگ مارنا - منقلب نی
کرنا (۲) بیہودہ بکنا - واہی تباہی زبان سے نکالنا +
چَونچال -ہ- صفت - عو - (۱) ہوشیار - چالاک -
مُستعد - چست جیسے بڈھال پڑی تھی ویسی ہی
چونچال ہوگئی (۲) توانا + سیانا - سمجھدار جیسے
بچہ دن بدن چونچال ہوتا گیا
چُونچلا -ہ- اسمِ مذکّر - ناز و نخرہ - غنج و دلال - ناز و کرشمہ
چُون چُون -ہ- اسمِ مُؤنّث (۱) چڑیوں کی آواز

(نظم) سانجھ سویرے چڑیاں چُوں چُوں چُوں چُوں چُوں
چُوں چُوں کرتی ہیں +
چُوں چُوں چُوں چُوں چُوں چُوں چُوں کیا وُہ بچُوں
بچُوں کرتی ہیں +
(۲) گاڑی کے چلنے کی آواز - نئے جُوتے کی آواز
(۳) ایک کھلونے کا نام جو کھینچنے سے اِسطرح کی آواز
نکالتا ہے +

چوندھ - ۸ - اِسم مُؤنّث - خیرگی +

چوندھیانا - ۸ - فعل لازم - ترمرانا - چکا چوند ہونا
خیرہ چشم ہونا - چمکدار یا تابدار چیز کو دیکھکر آنکھوں کا
جھپک جانا (ناسخ) چوندھیا کر ابھی گرتے ہیں فلک سے تارے
کیوں بدن زیرِ فلک کرتے ہو عُریاں اپنا
(۲) حیرت زدہ ہونا - متحیّر ہونا (۳) گھبرا جانا - حواس
باختہ ہو جانا +

چُونڈا - ۸ - اِسم مُذکّر - جو (۱) سر - مُونڈ - مُنڈیا (۲)
چوٹی - جُوڑا - وُہ بالوں کا گُچھا جو عورتیں سر پر لا کر
باندھ لیتے ہیں (۳) پرندوں کی چوٹی - وُہ چند پر
جو پرند کے سر پر اُبھرے ہوئے ہوتے ہیں (۴)
کچا کنواں +

چُونڈے پر ڈولا اُچھلنا - ۸ - فعل لازم -
سوکن بنکر آنا - سوکن بنا دیہ اِصطلاح خاص لکھنؤ
میں بولی جاتی ہے اِس لفظ کے معنی ہیں کہ نئی جورو کا
ڈولا پہلی جورو کے سر پر رکھنا یعنی پہلی بیوی کے ہوتے دُوسری
بیوی کا نکاح میں آنا جیسے ان بیوی کا بھی ایک دفعہ میرے
چونڈے پر ڈولا اُچھل چکا ہے یعنی میری سوکن بن چکی ہیں

چُونَر - ۸ - اِسم مُؤنّث - گنواری رنگ برنگ کا رنگا
ہوا دوپٹہ - چُنری - چوندر +

چُونری - ۸ - اِسم مُؤنّث - مورچھل + گمس (ان)

چُونری - ۸ - اِسم مُؤنّث - دیکھو (چُنری) +

چَونک - ۸ - اِسم مُؤنّث - رمیدگی - وحشت - بھڑک
چمک - جھجک +

چَونک اُٹھنا - ۸ - فعل لازم - (۱) دفعۃً گھبرا کر جاگ
اُٹھنا - سوتے سوتے اُچھل پڑنا (۲) چوکنا ہو جانا -
ہوشیار ہو جانا - بدک جانا + گھبرا جانا - متعجب ہو جانا

چَونک پڑنا - ۸ - فعل لازم - دیکھو (چونک اُٹھنا) +

چَونکنا - ۸ - فعل لازم (۱) سوتے سوتے جاگ پڑنا
(۲) بدکنا - بھڑکنا - رمیدہ ہونا - کُودنا (۳) ہوشیار
ہونا - جاگنا - بیدار ہونا - چوکنا ہونا (۴) گھبرانا - ہکا
بکا ہونا - حیرت میں ہونا +

چُونکہ - ف - حرفِ شرط - کیونکہ - اِسلیے کہ - اِسواسطے کہ

چونگا - ۸ - اِسم مذکّر (پورب) ۱ - خوشامد درآمد - للو
پتو - چاپلوسی + چرب زبانی - فریب (۲) بانس کا
نلوا - نلوا +

چُون وچرا - ف - اِسم مذکّر - جمل و حجت
ردّوبدل - ردّوکد - جرح و قدح -

چُونی - ۸ - اِسم مُؤنّث -
آٹا جو دال دلنے میں
چُونی بھی کہے مجھے
(یعنی ادنی آدمی بھی بڑوں کو
بڑھکر تعظیم کا طالب ہونا - نا

چَوَنّی - ۸ - اِسم مُؤنّث -
چار آنے - وُہ چاندی کا
(۲) چوتھا حصہ - چہارم

چُونے والیاں - ۸ -

ڈومنیاں جو بچہ پیدا ہونے میں ناچنے گانے آتی اور
بدھائی لیکر چلی جاتی ہیں +
چُوہا - ہ - اسم مذکر (۱) مُوسا - مُوش - فار + گھونس (۲)
ناک کا سوکھا ہوا رینٹ - ناک کا میل +
چُوہا سے کپڑے - ہ - اسم مذکر نہایت میلے کپڑے -
میلے کچیلے کپڑے +
چَوہان - ہ - اسم مذکر - راجپوتوں کی ایک ذات +
چَوہرا - ہ - اسم مذکر - چارتہ - چارتا +
چَوہتّر - ہ - صفت - چار اُوپر ستّر - ہفتاد وچہار - ۷۴
چَوہٹا - ہ - اسم مذکر (پُورب) ۱ - چوک - وہ بازار جسکے
چاروں طرف رستہ ہو (۲) وُہ جگہ جہاں چار دُکانیں
ہوں +
چُوہڑا - ہ - اسم مذکر (گنوار) خاکروب - بھنگی - حلالخور
چُوہڑی - ہ - اسم مؤنث - خاکروبن بھنگن حلالخوری
چُوہی - ہ - اسم مؤنث - (گنوار) چُوہیا - چوہا
[کی] تانیث +
[چو]ہیا - ہ - اسم مؤنث - دیکھو (چُوہی) +
[چوہ]ے دانت - ہ - اسم مذکر - چھوٹے چھوٹے
… موش +
[چوہ]ی کہلوانا - ہ - فعل لازم - نام کو
… بابا لا ہونا - بے اولاد ہونا +
… ہ - اسم مؤنث - عورتوں کے ایک
… جسکے دانے چُوہے کے دانتوں
… ہے ہیں + کنگن +
… مذکر - پانی کے پاس کا وہ گڑھا جسمیں
… ٹھیر جائے +
… حرف استفہام - کیا +

چہ خوش - ف - کلمہ طنز - کیا خوب - واہ کیا کہنا ہے
کیا بات ہے - کھرے آئے - خاصے آئے +
چہ خوش چرا نباشد - ف - کلمہ طنز - ہاں کیوں
نہو - کیا کہنے ہیں - بے شک اسی قابل ہو +
قطعہ (رنگین) جب میںنے کہا کہ مجھکو تُجھسے + ملنے کا ہے اشتیاق بیحد
اکبار وُہ کھلکھلا کے رنگین + بولے چہ خوش چرا نباشد
چہ معنی - ف + ع - استفہام - کیا باعث - کیوں
کیا بات - کیا وجہ - کیا سبب - کسلیئے +
چہ معنی دارد - ف + ع - استفہام - کیا سبب ہے
کیا وجہ - کیا باعث ہے +
چَہ - ف - اسم مذکر (۱) چاہ کا مخفف - کنواں - گڑھا
(۲) وُہ پل سا جو دریا کے کنارے سے کشتی تک
آسانی سے سوار ہوجانے کے واسطے بنا دیتے ہیں
(۳) پل کے دونوں سرے +
چھ - ہ - صفت - شش - ستّہ - تین اور تین - ۶
چھاپ - ہ - اسم مؤنث (ہندو) مُہر - ٹھپّا + نشان
چن - علامت +
چھاپ لگانا - ہ - فعل متعدی - مُہر لگانا - ٹھپّا لگانا
چھاپا - ہ - اسم مذکر (۱) مُہر - ٹھپّا (۲) وُہ نشان جو
ہندو جاتری دُوارکا اور تیرتھوں میں جاکر اپنے
بازووں اور کندھوں پر لگواتے ہیں (۳) چھاپنے
کا آلہ - قالب طبع (۴) مطبوع - چھپا ہوا (۵)
شبخون - رات کو غنیم پر چڑھکر قتل عام کرنا (۶)
تجارت کے مال کا وُہ نشان جو محصول لے لینے کی
علامت ہے (۷ - لکھنؤ) وُہ نشان جو عورتیں
یعنی حنا تا نزریا گھر کی دیوار پر بیاہ کے وقت لگا دیتی ہیں (۸)
نقشہ - صُورت - تصویر - تمثال +

سرو میں رنگ ہے کچھ کچھ تری زیبائی کا
(بحر) جامۂ گل میں ہے چھاپا تری رعنائی کا

(۹) سانچا ڈھالنے کا ظرف (۱۰) مُہرِ خرمن - چاک - کھلیان پر ٹھپّا لگانے کا آلہ (۱۱) مطبع - چھاپہ خانہ

چھاپا مارنا - ہ - فعلِ مُتعدّی - شبخون مارنا (برق)
بیخبر قتل کیا شب کو صفِ مژگاں نے
چھپ کے فوجِ بُتِ بیرحم نے چھاپا مارا

چھاپنا - ہ - فعلِ مُتعدّی - مُہر لگانا + نقش کرنا + ٹھپّا اُٹھانا + طبع کرنا + نشان کرنا + شایع کرنا پھیلانا + مشہور کرنا - ڈھنڈورا پیٹنا + بیاہ کی رسم میں مکان کی دیواروں کو صندل کے نشانوں سے آراستہ کرنا

چھاپے خانہ - ا - اِسمِ مذکّر - مطبع - کتابوں کے چھاپنے کا کارخانہ +

چھاپے خانہ والا - ا - اِسمِ مذکّر - مطبع والا - چھاپے خانہ کا مالک + مُلازمِ مطبع +

چھاتا - ہ - اِسمِ مذکّر (گنوار) بڑی چھتری - چھتر - چتر زرّیں (۲) بڑا سینہ - سینۂ کشادہ - سینۂ باز +

چھاتی - ہ - اِسمِ مؤنّث (۱) سینہ - صدر (۲) چوچی - پستان + تھن (۳) جُرأت - حوصلہ - دِل - گُردہ جیسے بڑی چھاتی کی (۴) اِستقلال - مضبوطی - اِستحکام (۵) سخاوت - فیاضی +

چھاتی اُمنڈ آنا - ہ - فعلِ لازم - عو - دِل بھر آنا - درد یا غم کے باعث رونا آجانا + چھاتی اُبھر آنا

چھاتی بھر آنا - ہ - فعلِ لازم - عو - (۱) آنسو بھر آنا (۲) چھاتی کا پُر گوشت ہوجانا - چھاتی اُبھر آنا (۳) رحم آنا - ترحّم آنا - دِل کُڑھنا - ترس آنا (۴) چھاتی میں دودھ بھر آنا - مادری محبّت کے باعث دودھ اُترانا

چھاتی بھر جانا - ہ - فعلِ لازم - گھوڑے کے سینہ میں خون کا اِکٹھا ہوجانا +

چھاتی بیٹھ جانا - ہ - فعلِ لازم - کمانچی یا زِہ کا مسے آواز کا بھاری پڑجانا +

چھاتی پتھر بنجانا - یا - ہونا - ہ - فعلِ لازم - عو - دِل کا سخت ہوجانا - رحم نہ رہنا - کٹھور ہوجانا +

چھاتی پر پتھر رکھنا - ہ - فعلِ لازم - عو - سخت دلی اِختیار کرنا - دِل سخت کرنا + صبر کرنا +

چھاتی پر پھرنا - ہ - فعلِ لازم - عو - ہر وقت سینہ پر پھرنا - ہر وقت یاد آنا (جب کوئی بچہ حال کا مرا ہوا ہوتا ہے اور ماں کو برابر یاد آتا ہے تو اُس موقع پر یہ لفظ کہتی ہے) +

چھاتی پر چڑھکر ڈھائی چلّو لہو پینا - ہ - فعلِ مُتعدّی - عو - سخت سزا دینا - جان سے مار ڈالنا (نہایت غصّہ کی حالت میں یہ کلمہ زبان پر آتا ہے اور کبھی نوشِ جان بھی کہتے ہیں)

چھاتی پر دھر کر لیجانا - ہ - فعلِ مُتعدّی - عو - مال و دولت کو اپنے ساتھ قبر میں لیجانا :
پر دھر کر کوئی نہیں لیجاتا (کہاوت) +

چھاتی پر سانپ پھر جانا - ہ - فہ - (۱) رشک آنا - رشک گزرنا
ہاتھ سینے پہ کیسکے جو نہ ہیہ
سانپ چھاتی پہ مر
(۲) افسوس آنا - ملال گزرنا
رکھا اسے مہ پارہ سینہ عاشق
پھرے ہا کہکشاں سے سانپ
(۳) ملال ہونا - رنج گزرنا - صد
ہلا کے زلف نہیں کی تمھی کسنے
جو پھر گیا مری چھاتی پہ آ

چھاتی پر سانپ لوٹنا - ٥ - فعل لازم - عو (۱) افسوس
آنا - ملول آنا حسرت آنا (۲) رنج و صدمہ گزرنا ؎
غیر سے سینہ بسینہ ہوئے تم
سانپ چھاتی پہ یہاں لوٹ گیا
(۳) رشک آنا حسد ہونا (رُباعی ناسخ)
یا ایک پری سے وصل تھا آٹھ پہر
یا دیتے ہیں رنج مجکو صبح شام و سحر
یا کاکل دلدار سے تھا ربط مدام
یا لوٹتے ہیں سانپ مری چھاتی پر

چھاتی پر مونگ دلنا - ٥ - فعل متعدی - عو (۱)
رشک دلانا - آتش غیرت سے جلانا - (یہ محاورہ اکثر
عورتیں ایسے موقع پر بولتی ہیں کہ جب خاوند انکے سر پر کسی سوکن
کو لاتا یا خود عورت اپنے خاوند کے ہوتے اوروں سے اخلاص رکھتی
ہے مثلاً خاوند کی چھاتی پر مونگ دلنا کہینگی تو وہاں غرض
ہوگی کہ اُسکی ضد سے اُسکے سامنے ناشائستہ حرکت کرتا اور
کہینگے کہ خاوند بیوی کی چھاتی پر مونگ دلتا ہے تو وہاں
عورتوں کو لاکر رکھتا اور بیوی کو جلاتا ہے
ایک دوسری کو جلانے کی نسبت بھی بولتی
پر مونگ دلوں یا اور یہی چیز لوں تو سہی
لاتے میں ملنے میٹھی + مونگ چھاتی
ا +
ر دینا - سزا دینا (ظفر)
دوش اس چرخ پر انجم کی
ے چھاتی پہ یہ ظالم مونگ دلتا ہے
مانا - ٥ - ف لازم - عو - چوری میں
عاجز ہوجانا - جان سے تنگ
ے کھاتے اکتا جانا - تکلیف سہتے

سہتے عاجز آجانا +

چھاتی پکڑ کر رہ جانا - ٥ - فعل لازم - عو - دل
مسوس کر رہ جانا - دل ہی دل میں غم وافسوس کرکے
بیٹھ رہنا + کسی رنج پر اُف نکرنا +

چھاتی پکڑنا - ٥ - فعل لازم - چھاتی پر ہاتھ ڈالنا +

چھاتی پھٹنا - ٥ - فعل لازم - عو - (۱) سینہ کا شق
ہونا - دل پر صدمۂ عظیم گزرنا - دل بے قابو ہونا +
(آتش) کونسی شب ہے جو رو رو کے نہیں کٹتی ہے
شام ہوتی ہے اُدھر چھاتی اِدھر پھٹتی ہے
(۲) کسیکی دولت دیکھکر رشک ہونا - آنکھیں پھٹنا
جلنا - حسد کرنا +

چھاتی پیٹنا - ٥ - فعل لازم (۱) سینہ کوبی کرنا
سینہ زنی کرنا (۲) ماتم کرنا - رونا پیٹنا (۳) غصہ
ظاہر کرنا - غصہ میں سینہ پیٹنا (۴) کسیکی دولت کو
ٹھوقنا - حسد ظاہر کرنا +

چھاتی پر بال ہونا - ٥ - فعل لازم - شجاعت رحمدلی
اور دریا دلی کی علامت ہونا - مردانگی اور مروت
کا نشان ہونا +

چھاتی تلے رکھنا - ٥ - فعل لازم - عو - پاس رکھنا
+ جان کے برابر رکھنا - آنکھوں سے دور نہونے
دینا - اپنی بغل میں رکھنا جیسے اپنا بچہ اور اپنا مال
چھاتی تلے اچھا +

چھاتی تلے رہنا - ٥ - فعل لازم - پاس رہنا
آنکھوں کے سامنے رہنا +

چھاتی ٹھکنا - ٥ - فعل لازم - اطمینان ہونا - طمانیت
ہونا - تسلی ہونا +

چھاتی ٹھنڈی کرنا - ٥ - فعل متعدی - عو - (۱)

دل خوش کرنا (۳) اپنی دشمنی نکالکر خوش ہونا +
حسرت نکالنا - ارمان نکالنا + بغض نکالنا +

چھاتی ٹھنڈی ہونا - ہ - فعل لازم - عو - دل خوش ہونا - دل ٹھنڈا ہونا + ارمان نکلنا - حسرت نکلنا

چھاتی ٹھوکنا - ہ - فعل متعدی - عو - (۱) اطمینان کرنا (۲) دل مضبوط کرنا جیسے اپنی چھاتی ٹھوک کر وہاں جانا +

چھاتی جلانا - ہ - فعل متعدی (۱) دل جلانا
دل میں سوزش پیدا کرنا - رنج دینا - صدمہ دینا

گلے اُس مہ نے لگ کر ایک رات
(میر تقی) مہینوں تک مری چھاتی جلائی

(۲) رشک دلانا - حسد دلانا +

چھاتی جلنا - ہ - فعل لازم - عو - (۱) سینہ میں سوزش ہونا (۲) غم یا حسد یا رشک سے دل جلنا

چھاتی چھننا - یا - چھلنی ہوجانا - ہ - فعل لازم عو - غم یا صدموں کے باعث سینہ کا پُرداغ اور دل کا پاش پاش ہوجانا +

چھاتی دھڑکنا - ہ - فعل لازم - عو (۱) - دل کانپنا دل لرزنا (۲) خوف چھانا (۳) دل دُکھنا - دلپر صدمہ گزرنا جیسے روپیہ دیکھکر تمھاری کیوں چھاتی دھڑکی

چھاتی دینا - ہ - فعل متعدی - بچے کو دودھ پلانا بچے کے منہ میں چوچی دینا +

چھاتی سراہنا - ہ - فعل لازم - عو (۱) تاب وتحمّل کی تعریف کرنا - برداشت اور بُرد باری کی واہ واہ کرنا

اے لالہ گو فلک نے دیے تجکو چار داغ
(سودا) چھاتی مری سراہ کہ اک دل ہزار داغ

(۲) تحسین و آفرین کرنا - شاباشی دینا - کیسی بہادری کا مُعترف ہونا - صد رحمت کہنا (رنگین)

لگا کر اُس سے دل چندے جو کوئی اُسکو چاہیگا
تو اے رنگیں بلاشک ہے وہ مری چھاتی سراہیگا

چھاتی سے لگاکر رکھنا - ہ - فعل لازم - عو - بہت پیار سے اپنے پاس رکھنا - جان کے برابر رکھنا - آنکھوں سے اوجھل نہونے دینا +

چھاتی سے لگانا - ہ - فعل متعدی - عو - فرط محبت و اخلاص کے باعث سینہ سے چمٹانا - گلے سے لگانا - پیار کرنا - انگ لگانا (۲) تسلی دینا - دلاسا دینا - چمکارنا - پچکارنا +

چھاتی سے پتھر ٹلنا - ہ - فعل لازم (۱) دل کا بوجھ دور ہونا - بارِ خاطر کا دور ہونا (۲) بیٹی کا بیا[ہ]

چھاتی کا پتھر - یا - پہاڑ - ہ - صفت (۱) گرانیِ دل - بارِ خاطر - سنگِ سینہ - ناگوارِ خاطر - مخالف طبع

کوئی کہے ہے کہ ہم ایسے چھاتی کے ہیں پہا[ڑ]
(سودا) تو چاہیے کہ ہمیں شب کو زہر دے کے گھم[ا]

(۲) بارِ غم - بارِ الم - اندوہِ خاطر - ع
ہیسا غم محبوب نے جب تک کہ جیے
یہ چھاتی کا پتھر -
(۳) جوان بِن بیاہی ماں باپ کے سر ہو +

چھاتی کا پھوڑا - ہ - رنج - وبال جان - وبال مخالف آدمی +

چھاتی کا جم - ہ - اسم مذکر فرشتۂ موت (ظ)
اُٹھایا غیر کو محفل سے

بغیر از جاں لئے ہرگز یہ چھاتی کا نہ جم جاتا

(۲) ناگوارِ خاطر - بارِ خاطر - سنگِ سینہ - سوہانِ رُوح

(نکہت) مُجھے دوزخ ہے بن تیرے اگر محفلِ ارم ہووے
جو دورِ جامِ جم ہووے مری چھاتی پہ جم ہووے

(۳) وُہ ناگوارِ طبع آدمی جو پاس سے نہ ٹلے - ہر وقت
چھاتی پر موجُود رہنے والا - ڈھیٹ (ہلیر)

کبھی دِل رُکنے لگتا ہے جگر گاہے تڑپتا ہے
غمِ ہجراں میں چھاتی کے ہمارے جم ہیں یہ دونوں

چھاتی کوٹنا - ھ - فعلِ مُتعدی (۱) سینہ کوبی کرنا
ماتم کرنا (۲) کسی کی دولت دیکھکر ہونسنا - رشک کے
مارے چھاتی پیٹنا کہ ہے ہے اسکے پاس اسقدر دولت

چھاتی کی سل - ھ - اسمِ مونث - ع - دیکھو (چھاتی کا پتھر)

وے تو خُونِ جگر دم نکلگیا
ل یہ عشق کا آزار ہوگیا

ھ - اِسمِ مذکر - جانبِ راست و
کے دونوں پہلو +

ھلنا - ھ - فعلِ لازم (۱) سینہ
دوپارہ اور چاک ہونا
۹ نکہت)

ہو واقف کار گل رہے ہیں
چھاتی کے کواڑ کھل رہے ہیں

ا - زور کی آواز نکلنا -
ایسی کیا آفت آئی کہ تیری
ر پھٹنا بھی کہہ دیتے ہیں)
ے اور دِل لگا دُنیوی
نا ہر معنی کی صُورت
(۱۵)

کِتنا شگفتہ رُو ہے کہ مانندِ آرسی +
چھاتی کے جسکے سامنے کھل جاتے ہیں کواڑ

چھاتی کے کواڑ کھولنا - ھ - فعلِ مُتعدی (۱) سینہ
چاک کرنا - سینہ کو دوپارہ کرنا (رنا بیخ)

تیغِ قاتِل نے جو کھولے مری چھاتی کے کواڑ
حسرتِ دِل کی نِکلنے کو عجب در ہوگیا

(۲) آئینۂ دِل کو زنگِ کدورت سے پاک کرنا

چھاتی مسلنا - ھ - فعلِ مُتعدی - چھاتی مروڑنا
چھاتی دبانا - چھاتی ملنا +

چھاتی سوسنا - ھ - فعلِ مُتعدی (۱) - افسوس کرنا
دِل پکڑ کر رہجانا - صدمہ اُٹھانا (۲) صدمہ دینا -
دِل دُکھانا - رنج دینا +

چھاتی نکالکر چلنا - ھ - فعلِ لازم - سینہ اُبھار کر
چلنا - سینہ تانکر چلنا - اکڑ کر چلنا - اِترا کر چلنا -
اینٹھکر چلنا - پہلوانوں کی طرح چلنا +

چھاتیوں کا اُبھار - ھ - اسمِ مذکر - نموئے پستان -
چُوچیوں کی اُٹھان +

چھاتیاں اُبھرنا - ھ - فعلِ لازم - چھاتیوں کا
نمو ہونا - چھاتیوں کا اُٹھنا - پستانوں کا بلند ہونا
بلُوغت کی علامت کا ظاہر ہونا +

چھاج - ھ - اِسمِ مذکر - (۱) سُوپ - غلہ افشا
غلہ پھٹکنے کا اوزار (۲) بگھی کے
جسکے نیچے کوچوان کے
کی راس رہتی
چھاجو

بارش ہونا - تل دھار اور پردھار پانی پڑنا +

اندھیری رات ہے ساون کی چھاجوں منہ برستا ہے

(رنگین) اگر اسوقت تم گھر کو نہ جاؤ گے تو کیا ہوگا

چھاچھ - ہ - اسم مؤنث (۱) مٹھا - چھا - ہری - بلونا ہوا یا گھی نکلا ہوا دودھ خواہ دہی (۲) وہ ترش سفید دودھ جو گھی تانے میں نیچے بیٹھ جاتا ہے +

چھاڈنا یا چھاڑنا - ہ - فعل متعدی (۱) گنوانا چھوڑنا جیسے چھاڈو مورا چیرا (انچلا) میں گاری (گالی) دونگی (۲) ترک کرنا - تیاگنا +

چہار - ف - صفت - چار - اربع - گنڈا - ۴ +

چہار چند - ف - صفت - دیکھو (چوچند) +

چہار شنبہ - ف - اسم مذکر - بدھ وار - بدھ کا دن - اتوار سے چوتھا دن +

چہارم - ف - صفت - چوتھا + چوتھائی +

چھاڑ - ہ - اسم مؤنث (۱ - پورب) دریا کا کنارا - کرارا اہلا (۲) بھیڑ یا جھیلے کا بڑا ٹکڑا +

چھاگل - ہ - اسم مؤنث (۱) مشکیزہ - چھوٹی سی مشک + چھال +

(ناسخ)

نکلی زبان خشک ہراک خار دشت کی

پہنچا جو آبلوں کی میں چھاگل بھرے ہوئے

(۲) وہ برتن جسمیں اکثر مسافر پانی بھر لیتے ہیں

(۳) پازیب - بیرو کے ایک زیور کا نام

اُسے پامال کر ڈالو

چھاگل سے

کے

چھالا - ف - اسم مذکر (۱) آبلہ - پھلکا - پھولا - تبخالہ (۲) وہ داغ جو تلوار کے لوہے یا شیشے وغیرہ میں ہو جاتا ہے +

چھالا پڑنا یا ہونا - ہ - فعل لازم - آبلہ کا نمودار ہونا - پھولا پڑنا - تبخالہ ہونا +

چھالیا - ہ - اسم مؤنث - سپاری - بھال - کسیلی - فوفل +

([illegible])

تعریف اسکی [illegible] پانی کی کیا کروں

کھالی جو چھالیا بھی تو چکنی ڈلی ہوئی

چھاں - ہ - اسم مؤنث (ہندی) سایہ - چھاؤں - چھل - پرچھائیں (۲) چھپر +

چھانا - ہ - فعل متعدی (۱) پاٹنا - چھاجنا - ڈھانپنا

یا کھپریل کی پوشش کرنا

کرنا + پرچھاواں ڈالنا

ابر کا محیط آسمان ہونا

ہونا - جیسے رعب

محیط ہونا جیسے غم چھانا

چھان بین - یا - چ

ہو - تحقیق - تجسس

چھانٹ - ہ - اسم

چھیچھڑے جو گوشت

جاتے ہیں (۲)

انتخاب وہ

تراش - ہ

چھانٹنا

منتخب کر

لینا (۳)

کاٹ لینا درخت وغیرہ کے واسطے بولتے ہیں +
چھانٹن یا **چھانٹن** - ۷ - اسم مؤنث - وہ چیز جو
چھانٹنے سے بچ رہے - کترن - فضلہ - ریزگی -
چھاڑن - افشاندہ - چھانٹا ہوا +
چھانٹنا - ۷ - فعل متعدی (۱) چننا - انتخاب کرنا +
استنباط کرنا - اخذ کرنا - مستثنیٰ کرنا (۲) پسند کرنا -
اختیار کرنا (۳) کاٹنا - تراشنا - بیونتنا - قطع کرنا -
(۴) قلم کرنا - درخت کی شاخیں تراشنا + سر کے
بال کترنا (۵) صاف کرنا پاک کرنا جیسے گیہوں
چھانٹنا (۶) تنقیہ کرنا - مواد نکالنا - مواد اخراج کرنا -
جیسے اس دوا نے خوب پیٹ چھانٹا (۷) اختصار
کرنا - مختصر کرنا (۸) بنانا - طنز کرنا جیسے باتیں چھانٹنا
...ے کرنا ٹکڑے کرنا (۱۰) الگ کرنا -
... اتنے آدمی چھانٹ دو (۱۱) نقل کرنا
...انا (۱۲ - پورب) قے کرنا - استفراغ کرنا
... دیکھنا +
...نٹ - پنگا - اتنا گوری پچھاڑی
...ا (۱) حصہ - بخرہ - بھاجی +
...ل لازم (۱) ڈھونڈ ڈالنا
...لی تلاش اور جستجو کرنا
...نا جیسے سارا شہر
...م کر لینا
...نہ کھوج
زلف کو
...لکر دینا -

زلفوں کی برہمی نے سارا جہان مارا
پلکوں کی کاوشوں نے سینے کو چھان مارا
چھاننا - ۷ - فعل متعدی (۱) چھلنی سے آٹا نکالنا - رولنا
چھارنا - بیختن کا ترجمہ (۲) صاف کرنا - نتھارنا -
نتارنا جیسے پانی پیجے چھانکے گرو کیجے جان کے
(۳) جانچنا - پڑتالنا - آزمانا - امتحان کرنا - پرکھنا (۴)
دیکھنا - دیکھ بھال ڈالنا (نظیر)
یا ہو نجومی کا رمل تاروں کو چھان ڈالا
سورج گہن بچارا چندر گہن نکالا
(۵) تحقیقات کرنا - دریافت کرنا - کھوج لگانا - تحقیق
و تدقیق کرنا (۶) ڈھونڈنا - تلاش کرنا - خوب جستجو کرنا
(جرأت) اسکے ملنے سے کرے ہے منع ناصح مجکو تو
ایک پایا ہے جسے سارے جہاں کو چھانکر
چھاؤں - ۷ - اسم مؤنث (۱) سایہ - چھاہاں - ظل
(ناسخ) جنہیں پسند مجھے چھاؤں ہے ببولوں کی
عجب بہار ہے ان زرد زرد پھولوں کی
(۲) اندک مشابہت - شبیہ کیف ۵
ہمارے دل کی طرح سے جہاں ہے روشن
ذرا سی چھاؤں تمہاری جو آفتاب میں ہے
(۳) پرتو - پرتوا - پرچھانواں - کرن - روشنی جیسے
ستاروں کی چھاؤں +
چھاؤنی - ۷ - اسم مؤنث (۱) چھاؤں کرنیکی چیز چھپر
خس پوش - سفالہ پوش - کھپریل (۲) لشکرگاہ -
کیمپ - سپاہیوں کی بارگیں (ناسخ)
ہے یاد صف مژہ جو دلمیں -
گویا پلٹن کی چھاؤنی ہے
چھاؤنی چھانا - ۷ - فعل لازم (۱) چھپر یا کھپریل

ڈالنا (۲) مقام کرنا۔ مسکن بنانا۔ رہ پڑنا (جرأت)
لی ملک عدم کی راہ دل نے ٭ واں یار نے چھاؤنی جو چھائی
(۳) لشکرگاہ بنانا۔ کیمپ ڈالنا۔ فوج رکھنا ٭

چھاؤنی ڈالنا۔ ف۔ فعل لازم۔ دیکھو چھاؤنی چھانا

چھائیاں۔ ف۔ اسم مؤنث۔ کلف۔ وہ سیاہ داغ جو آدمی کے چہرے پر پڑ جاتے اور جنکو چھائیاں بھی کہتے ہیں (نصیر)

کبھی نہ اُس رُخِ روشن پہ چھائیاں دیکھیں
گھٹائیں چاند پہ سو بار چھائیاں دیکھیں
ابرِ تُنک کا آنا کیا چاند پر خوش آوے ٭
(انشا) جسکی نظر میں اُسکے مکھڑے کی چھائیاں ہوں

داتا - ہ - اسم مذکر (۱) دینے والا - جواد - سخی - دتا - فیاض (کہاوت) داتا پن کرے کنجوس جھرجھر مرے (۲) رزاق - رازق - رزق دہندہ + خدا - بھگوان

داتا کے تین گُن دے دلاوے دیکھے چھین لے ﴿۳﴾
درویش۔ فقیر۔ سائیں۔ باباجی (شوق)
لنگوٹے کو آگے بڑھا بیجیو کرامات داتا جُھپا لیجیے

داخِل۔ ع۔ صفت۔ خارج کا نقیض (۱) اندر آنے والا
پہنچنے والا (۲) شامل۔ مُلحق + اندر پہنچا ہوا۔ گُھسا ہوا (۳)
(ساتھ بہ فعل) اندر بھیجنا (۴) برابر۔ مقابل جیسے اُن کے
روپے دیے داخل ہیں (ہندو) ÷

داخل خارج ہونا۔ ا۔ فعل لازم۔ ایک شخص کا نام
ملکیت سے خارج ہو کر دوسرے کا نام سرکاری دفتر میں
چڑھنا۔ پہلے شخص کی جگہ دوسرا مالک قرار دیا جانا ÷

داخل دفتر کرنا۔ ا۔ فعل متعدی (قانون) شامل
مسل کرنا۔ فائل کرنا۔ منسلک کرنا۔ نتھی کرنا + کارروائی
کے بغیر کسی کاغذ کو دفتر کے سپرد کر دینا (۲) رفع دفع کرنا۔
کسی بات کو دبا دینا +

داخل دفتر ہونا۔ ا۔ فعل لازم (قانون) ا۔ شامل
مسل ہونا۔ منسلک ہونا۔ نتھی ہونا + دفتر میں لکھا جانا
کارروائی کے بغیر کسی کاغذ کا سپرد ہونا (۲) رفع دفع
ہونا۔ کسی بات کا دب جانا +

داخل کرنا۔ ا۔ فعل متعدی (۱) اندر کرنا۔ دخول کرنا
گھسیڑنا (۲) شامل کرنا۔ ملانا۔ ملحق کرنا (۳) سپرد کرنا۔ سونپنا
حوالے کرنا + روپیہ پہنچانا۔ سرکاری خزانہ میں روپیہ جمع کرنا
تحویل کرنا (۴) نام لکھوانا۔ درج کرنا جیسے مدرسہ میں داخل
کرنا یعنی بٹھانا (۵) نام لکھنا۔ نام درج کرنا۔ رجسٹر پر چڑھانا
(۶) بھرتی کرنا۔ نوکر رکھنا ÷

داخل ہونا۔ ا۔ فعل لازم (۱) اندر آنا۔ اندر گھسنا۔
پیٹھنا۔ بیٹھنا (۲) شامل ہونا۔ ملحق ہونا + شریک ہونا
(۳) سپرد ہونا۔ حوالہ ہونا۔ جمع ہونا جیسے روپیہ داخل ہونا
(۴) لکھا جانا۔ درج ہونا۔ چڑھنا جیسے نام داخل ہونا
(۵) پہنچنا۔ درآمد ہونا +

داخِلہ۔ ع۔ اسم مذکر (۱) سپردگی۔ حوالگی۔ تفویض
(۲) روپیہ کی رسید + مالگزاری کی رسید + محصول ادا کرنے
کی رسید (۳) باریابی۔ گزر۔ دخل۔ رسائی۔ پہنچ۔
دخلیابی (۴) داخل کرنے کی فیس۔ اُجرت سپردگی ÷

داخلی۔ ع۔ اسم مؤنث (۱) باریابی + کسی مقدس
جگہ یا مقبرہ وغیرہ میں داخل ہونے کا دن (۲)۔ ا۔
صفت اشتمولہ۔ ملحقہ۔ شامل۔ داخل ÷

داد۔ ہ۔ اسم مذکر (۱) وہ پھنسیوں کے چھتے جو فساد
خون سے جسم پر ہو جاتے اور نہایت کھجلاتے ہیں
قوبا (۲) گنج (یہ لفظ صاحب فرہنگ جہانگیری و نفائس
نے فارسی بھی قرار دیا ہے) +

داد۔ ف۔ اسم مذکر
(۲) عطا۔ بخشش (۳)
(۴-۹) فریاد۔ نالش
(۵-۹)

داد پانا۔ ا۔ فعل
کا مستحق ہونا۔ تحسین

داد چاہنا۔ ا۔ فعل
ہونا۔ نیاؤ چاہنا (۲) تحسین
جیسے شعر سنا کر اس کی داد

دادخواہ۔ ف۔ اسم مذکر
+ دعویدار + مدعی +

دادخواہی۔ ف۔ اسم مؤ
فریاد۔ دعوے +

داد دہش۔ ف۔ اسم مؤنث

دوات۔ روپیہ۔ جیسے دام کریں کام داموں کا زور تھا
باتوں سے نہیں منتا +

دام اٹھنا۔ ل۔ فعل لازم۔ کسی چیز کا فروخت ہونا۔
قیمت یا لاگت کا حاصل ہو جانا۔ دام ملنے سے ہونا (معروف)
بازار عشق میں ہم وہ تو بھی ہے دکھاتے
پر خاک بھی نہ یارو دام اپنے لگ کے اٹھے

دام بھر پانا۔ ل۔ فعل متعدی۔ قیمت وصول ہونا
حساب بیباق ہونا۔ روپیہ وصول ہو جانا +

دام بھرنا۔ ل۔ فعل لازم۔ قیمت دینا۔ تاوان دینا۔

دام چکانا۔ ل۔ فعل لازم (۱) نرخ کرنا۔ مول کرنا۔
بھاؤ ٹھیرانا۔ قیمت کو طے کرنا (۲) متعدی۔ قیمت ادا کرنا
مول دیدینا +

دام دام۔ دیکھو نرخ فعل۔ کوڑی کوڑی حتہ حتہ جیسے
دام دام چکا دیا +

دام دینا۔ ل۔ فعل متعدی۔ قیمت دینا۔ مول ادا کرنا

دام دینے آئے۔ ل۔ محاورہ۔ قیمت ادا کرنا یا تاوان
بھرنا (ہاشم) فرقت میں اب دیدہ تر کی نوبت
سے لئے آتے مجھے نالہ کے درو بام کے دام +

دام کرنا۔ ل۔ فعل متعدی۔ کوڑے کرنا۔ بیچنا۔ فروخت
کر ڈالنا (ہاشم) گردش چشم ہے تیری تو دکھا تو بت ہم
جتنے نذروں میں کیئے گردش ایام کے دام +

دام کھڑے کرنا۔ ل۔ فعل متعدی۔ قیمت اٹھانا۔ لاگت
وصول کرنا۔ بیچا رقم متعدی کر لینا +

دام۔ ف۔ اسم مذکر (۱) جال۔ پھندا (مؤمن)
[illegible] تجھ سا یہ جہاں جائے کہ پرند
[illegible] جائینگے فرسودہ اگر دام نہ ہوگا +
[illegible] (۲) [illegible] دکھانے والے صحرائی چوپائے جانور جیسے

ہرن۔ بارہ سنگا وغیرہ۔ دَد کا نقیض (۳) (۱) امراء و
سلاطین ہند کے مناصب و خراج ملک میں روپیہ کے چالیسویں
حصے سے مراد ہوا کرتی تھی اور نیز پیسے کے پچیسویں حصے کو بھی کہتے
ہیں (۴) دو داؤ تانبا تول میں پختہ دام ۲۱ ماشہ کا اور خام ۱۱ ماشہ کا
ہوتا ہے بعض لوگوں نے ۱۲ ماشہ کا بھی مانا ہے +

دام میں لانا۔ ل۔ فعل متعدی۔ جال میں پھنسانا۔
پھندے میں لانا۔ قابو میں لانا۔ بس میں کرنا۔ فریب
میں لانا۔ تزویر میں لانا +

داماد۔ ف۔ اسم مذکر۔ لغوی نوکدخدا۔ نیا دولہا
اصطلاحی جنوائی۔ شوہر دختر۔ خویش۔ بیٹی کا خاوند
(بعض اہل لغات کا خیال ہے کہ اصل ترکیب میں یہ لفظ دو حصہ
فارسی نہیں نا شکیم ... خود قیمت ... [illegible]
[illegible] دام داماد + روح [illegible] البتہ اسکے مادہ میں ہم
متفق ہیں کہ اصل میں یہ لفظ دام آباد ہوگا اور بطریق
[illegible] یہ دام رہ گیا) +

دامان۔ ف۔ اسم مذکر (۱) دامن (۲) انگرکھے یا قبا کا وہ
حصہ جو نیچے لٹکتا رہتا ہے۔ ذیل۔ آنچل (آتش)
آتش گل سے کیا ہے تیری صورت تو نے
دامن باد بہاری سے جھجکتا ہے
(۳) کور۔ کنارہ۔ لب۔ حاشیہ (۴) تلیٹی۔ پہاڑ کے نیچے
کی زمین۔ پائین کوہ کی صحرا +

دامن۔ یا۔ دامان۔ ف۔ اسم مذکر (۱) دیکھو دامان
نمبر ۱-۲-۳) + ۲۔ جہاز کا بادبان +

دامن اٹھا کر چلنا۔ یا۔ اٹھا لینا۔ ا۔ فعل لازم
آنچل سنبھال کر چلنا۔ دامن سمیٹ کر چلنا۔ آنچل اوپر کرنا
(جرأت) خدا جانے کہ بچا پاک کس کی ہے کہ گریباں کر
ادا سے اسکا چلنے میں اٹھا لینا ہے دامان کو

دامن پکڑنا - ہ - فعل لازم (۱) متقاضی ہونا - مانگنا + متعرض ہونا - روکنا + باز رکھنا - مزاحم ہونا - دامنگیر ہونا - سر ہونا - آنچل پکڑنا (۲) پناہ لینا - حمایت میں آنا + نگران ہونا - حفاظت کرنا +

دامن پھیلانا - ہ - فعل متعدی (۱) گود پھیلانا - آنچل پھیلانا (۲) دعا کرنا - دعا مانگنا - خدا سے التجا کرنا + بھیک مانگنا - آرزو کرنا +

دامن تلے چھپانا - یا - ڈھانکنا - یا - ڈھکنا - ہ - فعل لازم (۱) اپنی پناہ میں لینا - اپنی حفاظت میں لینا - سایہ میں لینا - آنچل سے ڈھانکنا (۲) عیب پوشی کرنا (۳) بیٹی دینا - بیٹی کو پناہ کر دینا - جب کسی سے بیٹی لینے کی درخواست کرتے ہیں تو یہ فقرہ زبان پر لاتے ہیں کہ آپ ہمیں اپنے دامن تلے ڈھانک لیں (۴) پرورش کرنا - پالنا - حفاظت کرنا +

دامن جھاڑ کر اٹھنا - یا - کھڑا ہونا - ہ - فعل لازم - پاک و آزاد ہو کر کھڑا ہونا - کسی بات کے معاملہ سے لاتعلقی ظاہر کرنا + دنیوی تعلقات سے آزاد ہونا (ناسخ)

پھر جو بیٹھا اٹھے گھر سے دامن جھاڑ کر
ہوئے صحرا سے جنوں پہلے گریباں پھاڑ کر

دامن جھٹک لینا - ہ - فعل لازم - دامن چھڑا لینا - آنچل لے جھٹکا دے کر ہاتھ سے چھڑا لینا + انکار کرنا - قبول یا منظور نہ کرنا - الگ ہو جانا - ہٹ جانا - سرک جانا - پیچھا چھڑا لینا - کنارہ کش ہو لینا +

دامن چھڑانا - ہ - فعل لازم - پیچھا چھڑانا - گریز کرنا - بچ جانا - الگ ہونا + محفوظ رہنا +

دامن سے لگنا - ہ - فعل لازم - کسی کے سایہ میں ہونا - حمایت میں ہونا - زیر پرورش ہونا - آسرے میں ہونا +

دامن کوہ - ف - اسم مذکر - پہاڑ کے نیچے کی صحرا +

دامن گیر - ف - اسم مذکر - مزاحم - متعرض - سر ہونے والا - جھگڑنے والا + دعویدار - مدعی - دادخواہ +

دامن گیر ہونا - ہ - فعل لازم - مزاحم و متعرض ہونا - سر ہونا - پیچھا کرنا - درپے ہونا - پیچھے پڑنا + گرویدہ ہونا + دعویٰ کرنا + دعویدار ہونا - مدعی بننا - دادخواہ ہونا +

ہونہ دامنگیر کوئی جان کر قاتل تجھے
تو بھی ہو تا اپنے جنازے کو ہاں دیکھ کر

(۲) تنگ کرنا - ستانا - عاجز کرنا - تکلیف دینا - دکھ دینا

دامنی - ف - اسم مونث (۱) وہ چوڑا کپڑا جو گھوڑے کے زین کے پیچھے پر دامنوں کو پسینے سے بچانے کے واسطے پڑا رہتا ہے + زین پوش (۲) ایک بات کی باریک چادر جو عورتیں جنازے پر ڈالتے ہیں - اوڑھنی +

دامنی - ہ - اسم مونث - بجلی - برق - گاج - صاعقہ (۲) - (اسم مذکر) شاعر کبیشر +

دان - ہ - اسم مذکر (۱) زکوٰۃ - خیرات - پن - صدقہ

خط شبرنگ یہ گالوں پہ نہیں دھیان کرو
(ناسخ) ہے ابھی چاند گہن بوسہ کو

(۲) بھیک - بھکشا (۳) جہیز - دہیز - داینجا (۴) بخشش - عطا - موہبت - جود +

دان پن - ہ - اسم مذکر (۱) خیر خیرات - صدقہ - (۲) لنگر - سدا برت +

دان دتا - ہ - صفت - جو سخی - جواد - فیض رساں - لکھ لٹ - لکھ

دان دتاری - ہ - اسم مونث - فیاضی - فراخدلی +

دان دہیز - ہ - اسم مذکر - وہ جہیز سامان جو دلہن کو ماں کے گھر

دان - ف - کلمۂ ظرف (مرکبات میں) گھر - جگہ - مکان مقام - خانہ جیسے قلمدان - آتشدان - شمعدان - نمکدان وغیرہ

دانا - ف - صفت (۱) عالم - دانندہ + حکیم - دانشمند عاقل - زیرک - ہوشمند - گیانی - بدھ وان + چتر ہوشیار - سیانا (۲) عمر رسیدہ - پیر - جہاندیدہ +

دانا بینا - ف - صفت - عاقل و ہوشیار - کارساز وتجربہ کار - زمانہ دیکھا بھالا - سنجیدہ و فہمیدہ +

دانا - ہ - اسم مذکر - (ہندو) ا - جیسی - پھلی (۲) جن بھوت - پریت - دیو - عفریت +

دانائی - ف - اسم مؤنث - عقلمندی - ہوشیاری دانشمندی - چترائی - زیرکی - تیز فہمی - شعور +

دانائے فرنگ - ا - اسم مذکر - عقلائے یورپ +

دانت - ہ - اسم مذکر (۱) دندان - سن - داڑھ - چبانے یا کاٹنے کا استخوانی اوزار جو خدا تعالیٰ نے انسان و حیوان کے منہ میں پیدا کیا ہے (۲) میل - محبت میلان طبع - خواہش + قصد - ارادہ جیسے ہمارا مدت سے اس پر دانت ہے (۳) دندانہ - دانتا +

دانت اکھاڑنا یا اکھیڑنا - ہ - فعل متعدی - دندان کشیدن و برآوردن کا ترجمہ - دانتوں کو مسوڑوں میں سے نکال لینا - دانت توڑنا + دانتوں کی سزا دینا - عاجز کرنا +

[illegible] دانت بجانا - ہ - فعل متعدی دانتوں سے آواز نکالنا [illegible] اس حرکت کو منحوس خیال کرتی ہیں انکے نزدیک یہ لڑائی [illegible] اڑنے کی علامت ہے) +

دانت بجنا - ہ - فعل لازم - دانت کڑکڑانا - دانتوں [illegible] سردی کے باعث باہم ٹکرا کر آواز دینا +

دانت بنانا - ہ - فعل متعدی - ہڈی یا سیپ کے [illegible]

دانت گھڑنا - دانت درست کرنا - مصنوعی دانت لگانا

دانت بندھوانا - ہ - فعل متعدی - ہلتے ہوئے دانتوں کو تار سے جکڑوانا - دانتوں کو کسوانا +

دانت بنوانا - ہ - فعل متعدی - مصنوعی دانت لگوانا

دانت بھنچنا - ہ - فعل لازم - دانت دبانا - دانت پیسنا

دانت بیٹھنا - یا - بیٹھ جانا - ہ - فعل لازم - دندان بدندان نشستن کا ترجمہ - حالت نزع یا مرض صرع میں دانتوں کا جکڑ جانا - دانت بستہ ہو جانا - دانت بھنچ جانا +

دانت پر میل نہ ہونا - ہ - فعل لازم - نہایت مفلس ہونا قلاش ہونا - کوڑی پاس نہ ہونا - کنگال ہونا - تہیدست ہونا +

دانت پیسنا - ہ - فعل لازم (۱) دانت چبانا - دانت کچکچانا (۲) نہایت غصے میں ہونا - جھنجھلانا (۳) ایذا دینے کا ارادہ کرنا - غصہ دکھانا + (آتش)

جب دیکھتا ہے یار تو ہے دانت پیستا
ڈوبو نکالیں ڈوبیگا آب گہر [illegible]

دانت تلے انگلی دبانا - ہ - فعل متعدی - انگشت بدندان گرفتن کا ترجمہ - افسوس کرنا - تاسف کرنا - حیرت میں ہونا - تعجب میں ہونا +

دانت توڑنا - ہ - فعل متعدی (۱) دانت نکالنا - دانت اکھاڑنا (۲) عاجز کرنا - کام کا نہ رکھنا - مغلوب کرنا

زہر گیسو کا بہت ہے اور تھوڑا سا نہیں
تیری کنگھی نے صنم ہر دانت توڑا ناگ کا

دانت تھے تو چنے نہ پائے چنے ملے تو دانت گنوائے - ہ - کہاوت - دولت تھی تو اولاد نہ تھی اب جو اولاد ہوئی تو دولت نہیں - بے حقیقتی کے وقت آرزو بر [illegible]

دانت ٹوٹنا - ہ - فعل لازم (۱) دانت کا گر جانا یا شکستہ ہو جانا (۲) دودھ کے دانت گرنا + [illegible]

چیز کی خواہش کرنا +

دانت لگنا - ہ - فعل لازم - اوّل معلوم - دوم جبڑا بند ہو جانا +

دانت مارنا - ہ - فعل متعدی (۱) کاٹنا - کھنبوڑنا - ڈنک بھرنا (۲) کسی چیز کا حاصل کر لینا - قابو میں لے آنا

دانت نکال دینا - ہ - فعل متعدی (۱) دانت پھاڑ دینا - منہ بابا دینا - دانت کھول کر ہنسنا - کھسیانی ہنسی ہنسنا (ناسخ)

نکال دیں تری ہنستے ہی گر نہ دانت کی
ستارے عرش سے بے نور کے اُتارے دانت

(۲) ناچیز کا ہو جانا - ادھڑ جانا - شگافتہ ہو جانا - پھونس روئی نکل آنا - (جوتی یا کپڑے کی نسبت بولتے ہیں) (۳) خوف کے مارے دانت کھل رہنا - عاجز ہو کر منہ پھاڑ دینا (ناسخ)

تارے نہیں نکال دیئے دانت چرخ نے
دہشت ہے اسقدر مری شبہائے تار کی

(۴) دانت توڑ دینا - منہ میں دانت نہ رکھنا +

دانت نکالنا - ہ - فعل متعدی (۱) دانت اکھاڑنا (۲) گوشت سے نکل آنا (۳) بچے کا دانت نمایاں ہونا - دانت ابھارنا - دانت لے آنا (۴) خوف یا دہشت سے منہ پھاڑ دینا - عجز ظاہر کرنا - ہا ہا کھانا - منت سماجت کرنا (میر سجاد)

زلفوں کے جب اُلجھتے ہیں اُس ساتھ آ کے بال
دیتا ہے شانہ عاجزی سے دانت تب نکال

(۵) بیوقوفی ہنسنا - بیہودہ طرح سے ہنسنا - کھسیانی ہنسی ہنسنا (مستزاد میر سوز)

[illegible] سوز دانت دیکھ کر حیراں ہوگا — خوبوں کا جال
نہیں ... پریشاں ہوگا — مت لے یہ وبال
... مجھ سے ہنسنے کی نہیں — آن کہا
ہنستا ہے کیا بہت پشیماں ہوگا — مت دانت نکال

دانت اگلنا - ہ - فعل لازم - دانت نکالنا کا لازم

دانت نکوسنا - ہ - فعل متعدی - دیکھو (دانت نکالنا)

دانت نہ لگانا - ہ - فعل متعدی - یونہی نگل جانا - ہپ کر جانا - سٹک جانا - غٹک جانا - کسی چیز کو بہت حقیر اور کم سمجھ کر حلق میں اُتار جانا - ثابت نگل جانا

دانت ہونا - ہ - فعل لازم (۱) قصد ہونا - ارادہ ہونا + میلان طبع و رغبت ہونا + (سودا)

اک عالم ہے کشتہ اُس لب کا + الغرض اُس پہ دانت ہر سب کا

(۲) گھات ہونا - گھات لگنا - دل ہونا (میرزا برق)

دانتوں پہ اسکے دانت ہے سارے جہان کا
کہتے ہیں لوگ چاٹ کے ہونٹوں کو ہائے دانت

(۳) عداوت ہونا - دشمنی ہونا - جان کا لاگو ہونا - تدبیر قتل ہونا - ہلاکت کا ارادہ ہونا (بحر)

اک نہ اک دن خاتمہ ہے عاشق مہجور کا
ناتواں پہ دانت ہے فیل شب دیجور کا

(۴) ذلیل کرنے کا ارادہ ہونا - درپئے تذلیل ہونا +

دانتا - ہ - اسم مذکر - دندانہ + خار +

دانتا پڑنا - ہ - فعل لازم - دندانہ پڑنا - دھار کا کر جانا

دانتا کِلکِل - ہ - اسم مؤنث (۱) آئے دن کا جھگڑا - خانگی تکرار - ہر وقت کی لڑائی اور فساد - روز روز کا ٹنٹا - قضیہ - تضیہ - مناقشہ - شور و غوغا - دنگہ و فساد (نکہت)

دُرِّ دنداں پہ مبتلا دل ہے
دل میں اور مجھ میں دانتا کلکل ہے

(۲) کچا بحثی - بحثا بحثی - نکتہ چینی - بات بات پہ گرفت - حرف گیری - عیب جوئی +

داتن - یا - دتون - ہ - اسم مؤنث (ہندو) مسواک

کے واسطے ایک ساتھ جوتنا + بیلوں کی جوٹ
(۲) ہمسر - برابر - ہمعمر +
دائیں چلانا - ہ - فعل متعدی - اناج گاہنا - پیروں
پر بیلوں کو چلانا - کھلیان پر بیلوں کو پھیرنا - اناج رَوندنا
دائیں دار - یا - **دائیں کا** - ہ - صفت - برابر کا -
ہمعمر - ہمسر + ہمرتبہ +
دائیں - ہ - صفت - جانب راست - داہنی طرف
داہنے ہاتھ - سیدھے ہاتھ کی طرف +
دائیں بائیں - ہ - تابع فعل - چپ و راست -
یمین و یسار + اِدھر اُدھر +
دائیں بائیں دیکھنا - ہ - فعل لازم - اِدھر اُدھر
دیکھنا - ہوشیار ہونا - خبردار ہونا - چیتنا - چوکنا ہونا
دائیں بائیں کر دینا - ہ - فعل متعدی - چھپا دینا
غائب کر دینا - اِدھر اُدھر کر دینا +
دایہ - ف - اسم مونث - بچے کو پرورش کرنے والی
دوا + انّا - پلائی + کھلائی + خادمہ - ااا +
دایہ گری - ف - اسم مونث - کار دایہ - پیشہ دایہ
دَبّا - ہ - اسم مذکر (پورب) - (۱) گھات - کمین (۲) غوطہ ڈبکی
دبّا مارنا - ہ - فعل لازم (۱) گھات لگانا - کسی دشمن
یا شکار کے واسطے چھپ رہنا +
دبا بیٹھنا - یا - **لینا** - ہ - فعل متعدی (۱) قبضہ کر لینا
زبردستی مال مار لینا - غصب کر لینا (۲) دبوچ لینا -
آسن بھر لینا - سواری کسنا + عورت پر سوار ہو جانا
زنا بالجبر کرنا + غٹ پٹ ہو جانا - مباشرت کرنا -
صحبت داری کرنا - مجامعت کرنا +
دَباکر - ہ - تابع فعل (۱) زور سے - جکڑ - بخوبی جیسے دباکر
کام لینا یا کرنا (۲) زبردستی سے - حکومت سے
جبر سے جیسے دباکر مطالب نکالنا +
دَبّاغ - ع - اسم مذکر - چمڑا رنگنے یا پکانے والا - کھٹیک
دَبانا - ہ - فعل متعدی (۱) گاڑنا - دفن کرنا - زمین
دوز کرنا (۲) بیج بونا - بیج کو زمین کے اندر رکھنا (۳)
زبردستی قبضہ کرنا - غصب کرنا - پرایا حق مارنا (۴)
بھینچنا - دبوچنا - فشار دادن کا ترجمہ (۵) عاجز کرنا
تنگ کرنا - مغلوب کرنا + بھگانا + شکست دینا جیسے
دُور تک دبائے چلے گئے (۶) زور ڈالنا - دباؤ ڈالنا
(۷) چپی کرنا - مُشت مالی کرنا - مٹھیاں بھرنا (حافظ)
چپی میں جو کچھ بات کی بینے تو وہ بولے
ہم تو نہیں دینے کے دبائے سے کسیکے
(۸) نقصان دینا - خسارہ دینا جیسے اُسے دس روپیہ
کو دبالیا اور پھر نہ بولا (۹) کسی چیز کو زور سے اندر
بھرنا - ٹھونسنا - بھرنا - ہاتھ کے زور سے یا انگلیوں سے
کسی چیز کو برتن کے اندر ٹھونسنا (۱۰) چھپانا -
مخفی کرنا - اخفا کرنا جیسے بات دبانا - واردات کا دبا
دَباؤ - ہ - صفت (۱) بوجھ - غلبہ - زور - بھار - داب
داب جیسے گاڑی کا دباؤ ہونا - الاڑ کے خلاف
(۲) خوف - دہشت - ڈر - ڈری - اندیشہ (معروف)
یہ تو بتلا مجھے گر اُسکا نہیں تجکو دباؤ
غیر کے سامنے کیوں اتنا دبا جاتا ہے
(۳) جبر - سختی - تعدی جیسے اُنکے دباؤ سے یہ کام کیا
(۴) رُعب - داب (جرأت)
پاؤں کیوں داب کے بیٹھے ہیں وہ سینہ
گر کسیکا تمہیں دباؤ نہیں
(۵) حکم - تحکم - زور - حکومت ہا ضد - زر (۶) لحاظ - خیال
دباؤ ڈالنا - ہ - فعل متعدی - زور ڈالنا + بوجھ

ڈالنا - عاجز کرنا +

دبا ماننا - ہ - فعل لازم - خوف ماننا - ڈر ماننا - حکم ماننا

دبدبہ - ع - اسم مذکر - لغوی معنی ڈھول یا ٹاپ کی سی آواز + ٹیپ ٹاپ - طمطراق - کر و فر - رعب داب - شان و شوکت +

دبو دبکو کرنا - ہ - فعل متعدی - کسی بات کو دبانا - کسی معاملہ کو چھپا دینا - سنی ان سنی کر دینا +

دبدھا - ہ - اسم مؤنث - تذبذب - شک - شبہ + پس و پیش - شش و پنج - ہیر پھیر جیسے دبدھا میں دونوں گئے مایا ملی نہ رام (عوام اور علی الخصوص مستورات دُگدھا بولتی ہیں) +

دبدھا کرنا - ہ - فعل لازم - شک کرنا - مشتبہ کرنا - تذبذب میں رہنا - آگا پیچھا سوچنا - ہیر پھیر کرنا + بدظنی و بدگمانی کرنا + تردد کرنا - وسوسہ کرنا +

دبر - ع - اسم مؤنث - پشت - پیچھا - مجازاً مقعد - سفرہ گانڈ - گانڑ - گنڈ - بنڈ - کون - مبرز +

دبڑ گھسڑو - ہ - صفت - ڈرپوک - بزدلا - بودا - کم ہمت

دبکانا - ہ - فعل متعدی - چھپانا - لکانا - کپڑے میں چھپانا جیسے بچے کو رضائی میں دبکا لو +

دبکنا - ہ - فعل لازم (۱) چھپنا - پوشیدہ ہونا - مخفی ہونا روپوش ہونا + دبکی مارنا (۲) ڈرنا - خوف کھانا - خوف کرنا - منہ پھیرنا (۳ متعدی) چاندی سونے کے تاروں کو کوٹکر بادلہ بنانا +

دبک بیٹھنا - ہ - فعل متعدی - چھپ بیٹھنا - مخفی یا روپوش ہو جانا + دبکی لگا جانا - زمین سے پیٹ لگا کر بیٹھ جانا جیسے جانور بیٹھ جاتے ہیں +

دبک جانا - ہ - فعل لازم - چھپ جانا - دبکی لگا جانا - روپوش ہو جانا - چل دینا - غائب ہو جانا +

دبکی - ہ - اسم مؤنث (۱) روپوشی - کسی جانور کا زمین میں چھپ جانا جیسے تیتر کا دبکی لگانا (۲) داؤں گھات +

دبکی لگانا - ہ - فعل لازم - چھپنا - غائب ہونا + گھات لگانا - گھات میں بیٹھنا +

دبکیا - ہ - اسم مذکر - تار کھینچنے والا - بادلہ بنانے والا تار کو ٹکر چوڑا کرنیوالا - تار چپٹیا کرنے والا +

دبگر - ہ - اسم مذکر - سپر ساز - ڈھال بنانے والا - آجکل کپا بنانے والے کو کہتے ہیں +

دبلا - ہ - صفت - فربہ کا نقیض - پتلا - لاغر - نحیف ماڑا - کمزور + کم گوشت +

دبلاپا - یا - دبلاپن - ہ - اسم مذکر - لاغری - نحافت کمزوری - ماڑاپن +

دبلا پتلا - ہ - صفت - چھریرا - ہلکے بدن کا - ہلکا پھلکا

دبنا - ہ - فعل لازم (۱) بوجھ کے نیچے آنا (۲) دفن ہونا گڑنا (۳) چھپنا - پوشیدہ ہونا (۴) زیر ہونا مغلوب ہونا (۵) سکڑنا - سمٹنا (۶) ہٹنا - بچنا - راستہ دینا (۷) رکنا جیسے تنخواہ دبنا (۸) عجز و انکسار کرنا + لحاظ کرنا جیسے چلنا دبتے ہیں تم سر چڑھتے ہو (۹) پسنا - پچلنا جیسے چول میں ہاتھ دبنا وغیرہ (۱۰) کنیانا - شرمانا (۱۱) کسی چیز کے اجزا کا متصل ہو جانا (۱۲) نیچے آنا - اندر آنا جیسے گوٹ یا سنجاف کا دبنا (۱۳) فرد ہونا رفع ہو جیسے جھگڑا دبنا +

دبنگ - ا - صفت - قوی ہیکل - فربہ - تنومند مسٹنڈا - موٹا تازہ - ہٹا کٹا + زبردست - زور آور پرزور - توانا (سودا) جو کہ بازار میں تھا اک دبنگ عار اطبا و طبابت کا ننگ +

دَجّال - ع - اِسم مذکر۔ صیغۂ مُبالغہ ہے یعنی دریائے دجلہ سے پیدا ہونے والا۔ اہلِ اسلام عقائد کے موافق یہ شخص قیامت کے کچھ عرصہ پہلے دریائے مذکور سے پیدا ہوکر اصفہان سے ظہور کریگا ایک آنکھ سے کانا اور بڑا اکفر ہوگا حتّٰی کہ اُسکے ماتھے پر بھی لفظ کافر لکھا ہوا خاص اہلِ ایمان کو بوجہ نورِ ایمان نظر پڑیگا - اور وُہ اُلوہیت کا مُدّعی ہوکر بہت سے خرقِ عادات مثل احیاءِ اموات یا اماتتِ احیاء اور کھیتیوں باغوں کو بارآور کرنا وغیرہ وغیرہ بطور استدراج دکھاکر بہت آدمیوں کو اپنی اُلوہیت کا مُعتقد کریگا تین روز کے عرصہ میں تمام عالم پر قابض ہوکر گمراہی پھیلا دیگا - اسکی یہ کیفیت دیکھکر حضرت عیسٰی آسمان سے اور امام مہدی آخرالزماں سے مرمّن رائی نامی غار سے تشریف لاکر ہلاک کرینگے ظہور سے چالیسویں دن ہلاک ہوگا جسمیں پہلا دن ایکسال کے برابر دُوسرا ایک ماہ اور تیسرا ہفتہ کے برابر ہوگا باقی سینتیس ۳۷ روز ایام معہود کے برابر ہونگے چونکہ وُہ ایک آنکھ سے کانا اور بڑا بھاری کافر ہوگا اِسی وجہ سے اُس کانے کو بھی کہتے ہیں جو نہایت شریر اور بدذات ہوتا ہے - جھوٹا کاذب مکّار مُخالفِ مسیح) +

دَچھنا - ہ - اِسم مؤنث (ہندو شاد کشنا (۱) ہدیہ - تُحفہ - سَوغات (۲) نذر - بھینٹ - نظرانہ (۳) شکرانہ - محنتانہ - مُزد - اِنعام

دُخَان - ع - اِسم مذکر۔ دُھواں - دُود - بُخار + بھاپ

دُخَانی - ع - صفت - دُھوئیں کا + وُہ چیز جو بھاپ یا دُھوئیں کے زور سے چلے جیسے دُخانی جہاز یا کل وغیرہ

دُخْت - ف - اِسم مؤنث - دُختر کا مخفف +

دُخْتَر - ف - اِسم مؤنث - لڑکی - صبیہ - بیٹی - دِھی

دُخترِ ربیبہ - ف + ع - اِسم مؤنث - گیلڑ لڑکی سَوتیلی لڑکی

دُخترِ رز - ف - اِسم مؤنث - انگوری شراب شراب

رندوقم | اے ذوق دیکھ دُخترِ رز کو نہ مُنہ لگا
| چھٹتی نہیں ہے مُنہ سے یہ کافر لگی ہوئی

دَخْل - ع - اِسم مذکر (۱) آمد - پیداوار - آمدنی + اندرآنا داخلہ - درآمد ہونا (۲) عمل + رسائی - پہنچ + قبضہ - (۳ - ل) اِمکان - ممکن جیسے کیا دخل جو وُہ یہانتک آجائیں (۴ - ل) دست اندازی - مزاحمت (۵ - ل) مہارت - شُدبُد - واقفیت - دسترس جیسے انہیں انگریزی میں بھی کُچھ دخل ہے +

دخلِ بیجا - ع + ف - اِسم مذکر (قانون) مداخلتِ ناجائز - بے اجازت کسیکے مکان میں چلا جانا +

دخل پانا - ا - فعلِ لازم - گُزر ہونا - آمدورفت ہونا + راہ پانا - رسائی ہونا - پہنچ ہونا - باریاب ہونا +

دخل در معقولات - ع + ف - اِسم مذکر کسی بات میں خواہ مخواہ دخل دینا - لوگوں کی بات میں مداخلت کرنا - بیچ میں بولنا - معقولات میں درک دینا - اپنے تئیں پانچوں سواروں میں سمجھنا +

دخل دہانی - ا - اِسم مؤنث - (قانون) قبضہ دلانا قابض کرانا +

دخل دینا - ہ - فعلِ لازم - درک دینا - بیچ میں پڑنا - بیچ میں بولنا + دست اندازی کرنا - سدِّراہ ہونا

دخل کرنا - ا - فعلِ متعدی - قبضہ کرنا - قابض ہونا اختیار میں لانا مُتصرّف ہونا - دست اندازی کرنا + دبا لینا - غصب کرلینا +

دخل میں رکھنا - ہ - فعلِ متعدی - قابو میں رکھنا قبضہ میں رکھنا - تصرّف میں لانا +

دخل نامہ - ع + ف - اِسم مذکر (قانون) قبضہ کی سند یا حکم - قابض ہونیکا سرکاری حکم - پروانۂ دخلیابی

دخل یابی - ع + ف - اِسم مؤنث (۱) باریابی - گُزر پہنچ - رسائی (۲) قبضہ - تصرّف +

دُخول - ع - اسم مذکر - خروج کا نقیض - درآمد - بار - دخل - گزر - رسائی - پہنچ - گھسڑنا - داخل ہونا - گھسنا

دخول کرنا - ا - فعل متعدی - گھسیڑنا - اندر کرنا - داخل کرنا - پیدنا - چبھونا +

دخول ہونا - ا - فعل لازم - گھسڑنا - گھسنا - داخل ہونا - اندر جانا +

دَخیل - ع - صفت (۱) دخل دینے والا - باریاب - کسیکے کاروبار میں دخل دینے والا (۲) قابض - متصرف

دخیل کار - ع + ف - صفت - کاروبار میں دخل دینے والا - سربراہ کار + قابض - متصرف +

دخیل ہونا - ا - فعل لازم - کسیکے کاروبار یا مزاج پر قابو رکھنا - سربراہ کار ہونا - مصاحب ہونا - شریک رائے ہونا

دَد - ف - اسم مذکر - دد دد - پھاڑنے والا جانور جیسے شیر بھیڑیا وغیرہ +

دَدا - ا - اسم مونث (ترکی میں دَدَہ یا دَدَک آتا ہے) وہ عورت جو بچوں کی پرورش کے واسطے نوکر ہو - کھلائی - بچوں کو پالنے اور رکھنے والی باندی

دَدوڑا - ہ - اسم مذکر - وہ چوڑے دانے جو بھڑوں کے کاٹنے یا جوشش خون سے جلد پر نمایاں ہوں اُن میں سے ہر ایک ددوڑا کہلاتا ہے (اصل میں داد کی تصغیر ہے) +

دَدّھ - ہ - اسم مذکر - (یہ لفظ ہی ہے) - دوغ + دودھ شیر (دھہری) دُودھ جلیت موسے کیسی راڑ + دودھ بیچن میں نا جاؤنگی +

دُدّھی - ہ - اسم مونث (۱) شیر گیاہ - ایک بوٹی کا نام جسکے توڑنے سے دودھ نکلتا ہے (تورب کی ہندو عورتیں اکثر خوبصورتی کے واسطے جسم گودکرا سکا دودھ لگا دیتی ہیں اور اُس سے وہ جگہ نیلی ہو جاتی ہے) +

(۲) ایک قسم کا سفید اور سُرخ پیت دار پتھر جسکی سلیں مکانوں میں لگتی ہیں (۳) چوچی - پستان - چھاتی (اس معنی میں دُودھی زیادہ بولتے ہیں) +

دُدھیل - ہ - صفت - دُودھ دینے والی - دُودھال جیسے دُدھیل گائے کی دو لاتیں بھی بھلی +

دَدیا خُسر - ا - اسم مذکر - بیوی کا دادا + خصم کا دادا - داد سُسرا +

دُر - ا - کلمۂ تحقیر و تنفّر (۱) دُور ہو + چھیت بن - اپنا رستہ لے - چلدے - ہٹ - سرک - نکل

سچ ہے کہ آبرو کوئی موتی کی آب ہے
سُنتے جو کہا دُر یہی عزت بگڑ گئی

دُر دُر پھٹ پھٹ - ہ - اسم مونث - کلمۂ تنفّر لعنت ملامت - دھتکار - دھرکا - تھُڑی تھُڑی +

دُر دُر پھٹ پھٹ کرنا - ا - فعل متعدی - دھتکارنا - نفرت ظاہر کرنا - خاطر میں نہ لانا - ذلیل سمجھنا - تھُڑی تھُڑی کرنا - نفریں کرنا +

دُر دُر کرنا - ا - فعل متعدی (۱) نکالنا - دھتکارنا - ہٹانا (کہ مُکری) دُر دُر کروں تو دوڑا آوے

کھن آنگن کھن باہر جاوے
دہیل چھوڑ کہیں نہیں ٹلتا
کیوں سکھی ساجن نا سکھی کُتا

(۲) چھی چھی کرنا - نفرت کرنا - پھٹ پھٹ کرنا جیسے اُسے سب دُر دُر کرتے ہیں +

دُر دُر ہونا - ا - فعل لازم - دھتکارا پڑنا - نکالا جانا - نفرت ہونا (دوہا) یہ تنا در در پھرے اور ہر در در دُر دُر ہوے ایک ہی در کا ہو رہے تو دُر دُر کرے نہ کوئے

دُرمُوے - ا - کلمۂ تنفر - عو - مرنے جوگے دُور ہو -
ہٹ کمبخت + بہشت + دُر +

دُر - ع - اِسم مذکر (۱) موتی - گوہر - مروارید کلاں + ...
(۲ - ا) ایک موتی کا گوشوارہ (امیر)

وُہ شعر تر ہیں وصف دُرِ گوش میں پڑھوں
سیپی اُتار دے مجھے ذرا اپنے گوش کا

(عربی میں مُشدّد اور فارسی میں دونوں طرح بولا جاتا ہے) -

دُر افشانی - ف - اِسم مؤنث - دُر ریزی - موتی بکھیرنے + خوش کلامی - خوش بیانی - گوہر افشانی فصاحت +

دُر بچہ - ا - اِسم مذکر - گوشوارہ کوچک جسمیں ایک موتی ہوتا ہے + مُرکی +

دُرِ خوش آب - ف - اِسم مذکر - نہایت آبدار موتی یا عُمدہ شعر +

دُرِ شہوار - ف - اِسم مذکر - بادشاہوں کے قابل موتی بہت بڑا موتی +

دُرِ ناسُفتہ - ف - اِسم مذکر (۱) ان بندھا موتی - بن چھید کا موتی (۲ - صفت) دوشیزہ - کنواری - اچھیڑ

دُرِ نجف - ف - اِسم مذکر (۱) سفید و شفاف مانند بلور پتھر کا نام جسمیں کچھ سیاہ بال معلوم ہوتے ہیں چنانچہ ان بالوں کو حضرت علی کرم اللہ وجہہ کی طرف منسوب کرکے اُسکی تعظیم بجا لاتے ہیں (۲ - ا - عو) نجیب شریف صحیح النسب - نجیب الطرفین + اصل نسل سید - سیدانی

دُرِ یتیم - ف - صفت - دُرِ یکتا - وُہ موتی کا بڑا دانہ جو سیپی کے اندر سے اکیلا ہی نکلے + قیمتی موتی +

دُرِ یکتا - ف - اِسم + ف صفت - دیکھو (دُرِ یتیم) +

دُر - س - بد - خراب - بُرا - نکما - زبون [illegible]

... نحس - منحوس (۲) سخت - مشکل - دشوار +

دُربچن - ہ - اِسم مذکر (ہندو) (۱) کھوٹی بات - بُری بات - بدکلامی - بدزبانی (۲) بد کلام - منہ پھٹ - منہ کا پھوہڑ - بد زبان - بد دہن +

دُربل - س - صفت (ہندو) کمزور - غریب - ناتوان

دُرجن - س - اِسم مذکر (ہندو) بد آدمی - برا آدمی - دُشمن - بدخواہ - شریر +

دُرگت - ہ - اِسم مؤنث (ہندو) بدحالی - بُرا حوال پتلا حال + بد انجام +

دُرگت کرنا یا بنانا - ہ - فعل متعدی - بُری گت بنانا بُرا درجہ کرنا - بُرا لگتا کرنا - پتلا حال کرنا +

دُرگند - ہ - صفت - (ہندو) سگند کا نقیض - بو - بد - بدبو - عفونت +

دُرلب - س - صفت - ناممکن +

دُرمتی - ہ - صفت - کوڑھ مغز - بیوقوف - نادان احمق - بُری سمجھ کا +

دَر - ہ - اِسم مؤنث (۱) نرخ - قیمت - بھاؤ - مول جیسے سولہ روپے کی در کا سونا (۲) قدر - عزت - آبرو - وقر وقیر جیسے اُنکے ہاں مہمان کی کچھ در نہیں +

دَر - ف - اِسم مذکر (۱) دروازہ - دہلیز - دوار - چوکھٹ

وحشتِ دل کا تقاضا ہے نکل چلنے کا
(آتش) تنگ ہوں گنبدِ گردوں کا نہیں در پانا

(۲) حرف جار - بیچ - اندر + بھیتر + میں + درمیان (۳) زائد بھی آتا ہے جیسے تحسین کلام کے واسطے خیال کرنا چاہیے جیسے درگذر +

دربدر - ف - تابع فعل (۱) دیکھو (در در) (۲ - صفت) آوارہ - سرگشتہ + کوچہ گرد +

در بدر پھرنا - ا - فعل لازم - آوارہ پھرنا - ڈانواں ڈول پھرنا - بھیک مانگتے پھرنا - کوچہ گردی کرنا +

در بدر خاک بسر - ا - صفت - آوارہ و سرگرداں +

در در - ف - تابع فعل - در بدر - گھر گھر - ہر ایک کے دروازے اور گھر پر جیسے اپنے دام کھوٹے کے در در مانگے بھیک +

در در مارا پھرنا - یا - در بدر مارا پھرنا - ا - فعل لازم - آوارہ و سرگرداں پھرنا - تباہ و برباد پھرنا - خراب و خستہ پھرنا

در در مانگنا - ا - فعل متعدی - ہر ایک گھر پر بھیک مانگنا ہر ایک دروازے پر سوال کرنا +

دَراڑ - یا - دَراڑا - ہ - اسم مؤنث - درز - شگاف - چھری - بال - تریڑ - رخنہ (ناسخ)

جھانکنے کے لئے ہوں جسمیں دراڑیں رخنے

اے پری دیدہ مجھے ایسی ہی دیوار پسند

دَراز - ف - صفت - لمبا - طویل +

دراز قد - ف + ع - صفت - طویل القامت لمبے قد کا - قدآور - چھڑ لمبھڑ - بانس بلینڈا +

دراز گوش - ف - صفت (۱) بڑکنا - بڑے بڑے کانوں والا (۲) - مذکر) خرگوش - سُستا +

دراز ہونا - ا - فعل لازم - لمبا ہونا - لیٹنا - سونا پاؤں پھیلانا - استراحت فرمانا +

دراز - ا - (انگلش Drawers ڈراورز) اسم مؤنث - الماری یا میز کا کھنچتا ہوا خانہ +

دَرازی - ف - اسم مؤنث - لمبائی - طوالت +

دَرآمد ہونا - ا - فعل لازم - داخل ہونا - اندر آنا

دَرآمد برآمد - ف - اسم مؤنث - آمد و رفت - آنا جانا

درآمد برآمد کے دن - ا - اسم مذکر - موسم بدلنے کے دن - تبدیل موسم +

دَرآنا - ا - فعل لازم - گھسنا - داخل ہونا + کسی چیز کا کسی چیز کے اندر سمانا - اٹنا +

دَرآنا - ا - صفت - ع - بے دھڑک - بے خوف و خطر - منہ اٹھائے - سیدھا - بن پوچھے - بلا اجازت جیسے کسی کے گھر میں درآنا چلا جانا +

دُرانا - ہ - فعل متعدی - (ہندو) چھپانا - پوشیدہ رکھنا - دراو کرنا

دَرانتی - ہ - اسم مؤنث - ہنسیا - گھانس کاٹنے کا قوس نما اوزار +

درانتی پڑنا - ہ - فعل لازم - کھیتوں میں کٹائی شروع ہونا

دَراندَاز - ف - اسم مذکر - دو آدمیوں میں لڑائی کرا دینے والا - لُترا - غماز - چغل خور - غیبت کرنے والا - بدگوئی کرنے والا - بدگو (مہر)

صحبت آخر کو بگڑتی ہے سخن سازی سے

کیا در انداز بھی اک بات بنا لیتے ہیں

(آتش) پابوس کو ہر روز گیا یار کے گھر میں

ٹپکا کیئے سر کو بس دیوار در انداز

دَراندَازی - ف - اسم مؤنث - غمازی - بدگوئی چغلخوری - لُترا پن +

دُرّانی - ف - اسم مذکر - احمد شاہ دُرّانی کی قوم - پٹھانوں کے ایک فرقہ کا نام - ابدالیوں کا فرقہ کانوں میں موتی پہننے والا پٹھانوں کا جرگہ +

دُراؤ - ا - اسم مذکر - ع - دوئی - جدائی - بیگانگی نفاق جیسے تم تو ہمسے دُراؤ رکھتے ہو +

دَرباب - ف - اسم مذکر - بابت - در بارہ - نسبت + مقدمہ - معاملہ + کارن - سبب - باعث

دَرباز - ف - اسم مذکر (۱) درگاہ - آستانہ

(۲-۱) امرائے عظام وشاہان ذوالکرام کی مجلس۔
شاہی عدالت۔کچہری۔اجلاس + جشن (۳-۱)
رجواڑوں میں راجہ کو بھی دربار کہتے ہیں (۴-۱)
حاضری۔حاضر باشی۔حضوری۔خدمت داتش:

عشق کا قصہ کہینگے ہم حضور شاہ حسن
وقت شب دربار اگر اپنا مقرر ہوگیا

دربار باندھنا۔ا۔فعل متعدی۔رشوت مقرر کرنا۔
گھوس دینا۔منہ بھرائی دینا۔منہ بھرنا۔چٹاتے رہنا +
دربار برخاست ہونا۔ا۔فعل لازم۔شاہی مجلس کے
حضار اور امرا کا رخصت ہونا۔کچہری اٹھنا +
دربار خاص۔ف+ع۔اسم مذکر۔وہ دربار جسمیں عام لوگوں
کی اجازت نہو۔خلوتی مجلس۔اجلاس خاص
درباداری۔ا۔اسم مؤنث۔حاضر باشی۔کسی
امیر یا حاکم خواہ بادشاہ کے ہاں روز حاضر ہونا +
درباداری کرنا۔ا۔فعل لازم۔کسی امیر کے ہاں
روز حاضر ہونا۔روز کھسہ پہنچ کر سلام کرتے جانا +
دربار عام۔ف+ع۔اسم مذکر۔وہ اجلاس جسمیں تمام لوگ
حاضر ہوسکیں۔عام لوگوں کے واسطے اجلاس فرمانا۔عدالت عالیہ
دربار کرنا۔ا۔فعل متعدی۔بادشاہوں کا ...
میں بیٹھکر امیر و امرا کا مجرا و سلام لینا۔ کچ...
عدالت کرنا۔اجلاس فرمانا +
دربار لگنا۔ا۔فعل لازم (۱) ...
لوگوں کا مجلس شا... ہو...
ہونا۔بھیڑ لگنا
کہیئے کیونکر ...
ک...
دربار معمو...

حاضرین سے بھرجانا +
دربارہ۔ف۔اسم مذکر۔دیکھو (درباب) +
درباری۔ف۔اسم مذکر (۱) ملازمان حضوری۔
مجرئی لوگ۔سلام کرنے والے امتیازی + ندیم
مصاحب۔ہمنشین۔خواص۔(۲) صفت منسوب
بہ دربار۔دربار سے نسبت رکھنے والا +
درباری پوشاک۔ف۔اسم مؤنث (۱) شاہی
مجلس میں پہنکر جانیکا لباس۔وہ خاص کپڑے جو
شاہی دربار کے دستور کے موافق وہاں پہنکر جاتے
ہیں۔رخت سلامی (۲) متکلف لباس۔تکلف کے کپڑے
درباری زبان۔ف۔اسم مؤنث۔عدالت کی
بول چال + وہ الفاظ جو شاہی مجلس میں بولے
جاتے ہیں۔شاہی زبان + اردوی معلی +
دربان۔ف۔اسم مذکر۔حاجب۔ڈیوڑھی
ملازم دروازہ + چوکیدار۔پہرے
نواب۔پردہ دار + د...
دربست۔یا۔دروبست

دَرْپَن - ہ - اسم مذکر - ہندی - شیشہ - آئینہ - آرسی جیسے
تیرے دیا دھرم نہیں من میں مکھڑا کیا دیکھے درپن
میں (کبیر) +

دَرْپَے - ف - تابع فعل - پیچھے - عقب میں - آہٹ پر +
پیروی یا تلاش میں - تفتیش میں + لاگو - خواہاں

درپے آزار ہونا - ا - فعل لازم - ستانے کی گھات
میں رہنا - تکلیف دینے یا ضرر پہنچانے کی فکر میں رہنا

درپے تضحیک ہونا - یا رہنا - ا - فعل لازم - عزت کا
لاگو ہونا - ذلت دلانے کی گھات میں رہنا - رسوا کرنے
پر آمادہ رہنا +

درپے جان ہونا - ا - فعل لازم - جان کا لاگو ہونا
ان کے پیچھے پڑنا - دشمن جان ہوجانا +

درپے ہونا - ا - فعل لازم - پیچھا کرنا - تعاقب کرنا
ہونا - سراغ لگانے کی گھات میں رہنا - سرہونا -

حرف ربط - آگے - سامنے - روبرو

متعدی - سامنے کرنا - آگے

۲ - پایہ - مرتبہ - پائگاہ - منزلت (۳) عہدہ - منصب
(۴) منزل + بہشت کی منزل + مرحلہ - حصّہ -
کھنڈ - کھن - کمرہ - کوٹھڑی - آسمان یا کرہ کا تین سو
ساٹھواں حصّہ پہلے + منٹ - ثانیہ - دقیقہ (۶)
بار - نوبت - دفعہ (۷ - ا) جماعت - زمرہ - کلاس -
(۸ - ا - ع) گن - حالت - کیفیت جیسے تمنے اپنا
کیا درجہ کر رکھا ہے (۹ - ا - ع) عزت - وقر جیسے
اپنا درجہ آپ کھو رکھا ہے +

درجہ بدرجہ - ع - تابع فعل - سیڑھی بہ سیڑھی +
بتدریج - رفتہ رفتہ + علی قدر مراتب - حسب رتبہ +

درجہ توڑنا - ا - فعل متعدی - عہدہ گھٹانا - رتبہ
کم کرنا - تنزل کرنا +

درجہ وار - ع + ف - تابع فعل - سلسلہ وار -
جماعت وار - رتبہ کے موافق - حسب رتبہ +

دَرْحَقِیقَت - ف + ع - تابع فعل - فی الواقع - واقع
میں - حقیقت میں - بے شک - بے شبہ - دراصل
اصل میں +

دَرَخْت - ف - اسم مذکر - روکھ - پیڑ - شجر - برواء زور
وہ کون ہے جسے نعم البدل نہیں ملتا
(سلیم) درخت میں رہے گل تو میوہ دار ہوا

- ف - صفت - روشن - چمکدار - چمکیلا
ہوا +

- اسم مؤنث - خواہش - ارادہ
لینا - گزارش - عرض

عرضی دینا -
ماہر کرنا +

درخواست کرنا - ا - فعل متعدی - دیکھو (درخواست دینا)

دُرْد - ف - اسم مؤنث - گاد - تلچھٹ +

دَرْد - ف - اسم مذکر - (۱) دُکھ - پیڑ - پیڑا - تکلیف + (گویا) اُسنے صندل لگایا تھے پر درد ہوا میرے سر کا

(۲-ا) رحم - ترس - دیا (ذوق)

دردِ دل سے لوٹتا ہوں کسکو میرا درد ہے

ہوں میں حرفِ درد جس پہلو سے اُلٹو درد ہے

(۳-ا) دریغ - افسوس - ملولا جیسے اسکو پیسہ کا درد نہیں

(۴-ا) ہوک - ٹیس - چبک (د) سوز و گداز +

درد اُٹھنا - ا - فعل لازم - ہوک اُٹھنا - پیڑ ہونا - چبک مارنا +

درد آمیز - ف - صفت - دردناک - سوز و گداز سے بھرا ہوا - مؤثر - جگر سوز - رقت انگیز +

درد آنا - ا - فعل لازم (۱) افسوس ہونا - دریغ ہونا ملول آنا جیسے روپیہ صرف کرتے درد آتا ہے + (۲) ترس آنا - رحم آنا +

درد انگیز - ف - صفت - رقت انگیز - جگر سوز - جاں گداز - دل پر اثر کرنے والا - جیسے درد انگیز مضمون +

دردِ دل - ف - اسم مذکر - غم و رنج - دُکھ اور تکلیف دلی صدمہ - صدمۂ دل

درد دل کے واسطے پیدا کیا انسان کو

ورنہ طاعت کے لئے کچھ کم نہ تھے کرّ و بیاں

دردِ زہ - ف - اسم مذکر - جننے کا درد - دردِ وضع حمل بچہ ہونے کا درد

دردِ سر - ف - اسم مذکر - اوّل معلوم - دوم: دردسری تکلیف - عذاب + دِقت - مُشکل - محنت - زحمت -

دردسری - ف - اسم مؤنث - تکلیف - مشکل - دقت

زحمت کشی - جفاکشی +

درد شریک - ا - صفت - شریکِ درد - ہمدرد - دردمند دُکھ کا ساتھی - ہمدم - شریک رنج و غم - غمخوار - غمگسار

درد کرنا - ا - فعل متعدی (۱) کسی چیز کا پاس کرنا افسوس کرنا (۲) تکلیف دینا - دُکھ دینا - چسکنا - کسکنا

درد کھانا - ا - فعل متعدی (۱) دردِ زہ ہونا - درد لگنا (۲) رحم کرنا - ترس کھانا (۳) افسوس کرنا - غم کھانا +

درد کھا کر جننا - ا - فعل متعدی - تکلیف اُٹھا کر جننا - درد اُٹھا کر بچہ دینا جیسے اُسنے کیا درد کھا کر نہیں جنا

درد لگنا - ا - فعل لازم - درد ہونا - بچہ جننے کا درد شروع ہونا +

دردمند - ف - صفت (۱) دُکھی - دُکھیا - تکلیف زدہ مصیبت زدہ - آفت کا مارا (۲) غمخوار - ہمدرد - شریکِ غم - وہ شخص جسکے دل کو لگی ہو جیسے یار کرے غرضمند یا کرے دردمند (۳) رحمدل - دیانت +

دردمندی - ف - اسم مؤنث - غمخواری - رحمدلی - ترس - خوفِ خدا +

دَرْدَرا - ہ - صفت - نیم کوفتہ - نیم کوب - موٹا موٹا پیسا یا کُٹا ہوا - دلا ہوا - دانہ دار - جوکوب جیسے دردرا قیمہ یا نمک

دَرْز - ف - اسم مؤنث - دراڑ - شگاف - باریک جھری - فرجہ +

دَرْزَن - ا - اسم مؤنث (۱) کپڑا سینے والی - مُغلانی (۲) درزی کی بیوی +

دَرْزی - ف - اسم مذکر - خیاط - سینے والا +

درزی کی سوئی - ا - اسم مؤنث - مردِ ہر کارہ - ہر کام کا آدمی - سختی نرمی دُکھ درد ادنی اعلی کام میں شریک ہو جانے والا آدمی جیسے درزی کی سوئی کبھی

پاٹ میں کبھی تاش میں مردوہ نہ وزیر کی سوئی ہے
سب ہی کام میں موجود دیکھ لو +

دَرْس ع - اسم مذکر (۱) سبق - پاٹ - لیسن (ناسخ)
عبوراللہ نے اُسکو دیا ہے علم باطن پر
رلیا ہر چند ظاہر میں نہ درس اک حرف ابجد کا
(۲-۱) وعظ - پند - مذہبی لکچر - کتھا +

درس دینا - ا - فعل متعدی - پڑھانا - سبق دینا +

درس کہنا - ا - فعل لازم - وعظ سنانا - نصیحت کرنا
کتھا کہنا +

درس و تدریس ع - اسم مذکر - پڑھنا - پڑھانا +

دَرَس - ہ - اسم مذکر - درشن - نظارہ - دیدار (دوہا)
کاگا نین نکاس دُوں اور پیا پاس لیجا
پہلے درس دکھائے کے پیچھے لیجو کھا

دُرُست - ف - صفت (۱) ٹھیک - بجا - صحیح - راست
(۲) موزوں - چست (۳) تندرست - چنگا +

درست کرنا - ا - فعل متعدی - ٹھیک بنانا + سدھانا
سنوارنا - ادب دینا + گوشمالی کرنا - تادیب کرنا +

دُرُستی - ف - اسم مؤنث (۱) ترتیب - اصلاح - مرمت
ترمیم (۲-۱) گوشمالی +

دُرُشتی - ف - اسم مؤنث - سختی - بیرحمی - بدخلقی

دِرِشٹ - س - اسم مؤنث - نظر - دِرِٹ - چتون

دِرِشٹانت - س - اسم مذکر - مثال - نظیر - تمثیل -
نمونہ - بانگی +

دَرْشَن - س - اسم مذکر (ہندو) (۱) دیکھو (درس بمعنی نظارہ)
(۲) زیارت + ملاقات (۳) حکمائے ہند کے چھ مشہور
درشنوں میں سے ہر ایک درشن یا شاستر کا نام جیسے سانکھ
شاستر - جوگ شاستر - نیا شاستر - ویسیشک شاستر - پورو میمانسا
اوتر میمانسا +

درشن دینا - ہ - فعل لازم - دیدار دکھانا - ملنا - ملاقات
کرنا - سامنے آنا - صورت دکھانا +

درشن کرنا - ا - فعل متعدی - زیارت کرنا + دیدار سے
مشرف ہونا + ملنا - ملاقات کرنا +

دَرْشَنی ہُنڈی - ہ - اسم مؤنث (۱) وہ ہنڈی
جسکا روپیہ فوراً دیکھتے ہی ملجائے (۲ - بازاری) نہایت
خوبصورت عورت جسے دیکھتے ہی آدمی فریفتہ ہو جائے

دَرْصُورَت - ف ع - تابع فعل - درحالت - دراں حالت

دِرْعَہ - ا - (صحیح عربی ذراع) اسم مذکر - کپڑا یا زمین
ناپنے کا آلہ + گز +

دَرْک - ع - اسم مذکر (۱) دریافت - معلومات - واقفیت
+ عقل - سمجھ (۲) تمیز - دخل - مداخلت +

درک دینا - ا - فعل متعدی - دخل دینا - بیچ میں بولنا
یا پڑنا + دست اندازی یا مزاحمت کرنا +

دَرْکار - ف - صفت - ضرور - مطلوب - حاجت - خواہش

دَرَکنا - ہ - فعل لازم (ہندی) ترقنا - پھٹنا + سکنا + شگاف
پڑنا + چرنا + جدائی ہونا - نفاق ہونا جیسے چھاتی درکنا

دَرْکِنار - ف - تابع فعل - ایکطرف - علیحدہ - جدا - الگ
علاوہ - سوا +

دُرْگا - ہ - اسم مؤنث (ہندو) بھوانی - کالکا - کالی + ایک
دیوی کا نام جسنے دُرگ راکشس کو مارا تھا +

دَرْگاہ - ف - اسم مؤنث (۱) چوکھٹ - آستانہ (۲)
دربار شاہی - دربار - کچہری - بارگاہ + محل - ایوان
شاہی (۳-۱) خانقاہ + کسی بزرگ کا مزار - روضہ
مقبرہ + زیارتگاہ + مٹھ - مندر + عبادتگاہ +

دَرْگُذَر کرنا - ا - فعل متعدی - اغماض کرنا - ٹالنا

چشم پوشی کرنا - باز آنا - معاف رکھنا - چھوڑنا - بُھلانا
بسرانا +
درگزرنا - ا - فعل لازم - باز آنا - معاف کرنا - چھوڑنا
دُرگندھ - ہ - صفت (ہندو) بدبو - بُری بُو - عفونت
دَرگور - ا - دُعای بد وکلمۂ تنفّر - عود (۱) قبر میں جاے
مرے - مر جائے - غارت ہو - ناپید ہو - اُجڑ جائے
(بحر) درگور یہ پیری ہو ضعیفی کے میں قربان
جینے کا مزہ خاک ہے دُنیا کا مزہ خاک
(۲) نوج - خدا نکرے جیسے درگور وہ میرا جنا کیوں
ہونے لگا (۳) دُور ہو - سرک - مُنہ نہ دکھا
(رنگین) چل دُور ہو درگور یہ کس بھونڈے پنے سے
دیتی ہے لگا کر تو مجھے پان دوگانا
(ذوق) بعد مُردن آپ کے رونے کو سُنکر گور دُور
جیتے جی ہی کہتے ہو صورت تیری درگور دُور
دِرَم - یا - دِرہَم - ف - اسم مذکر (۱) فلوس - پیسہ
+ ایک چاندی کے سکہ کا نام (آتش)
نشانہ تیر تہمت کا ہے میرا اختر طالع
اُٹھاؤں داغ میں تو آسمان سمجھے درم پایا
(ذوق) دیا ہے دور چرخ کیسے فرصت نشاط
درہم کی شکل صورت درہم سے کم نہیں
(۲) ۳/۱ ۳ ماشہ کا وزن (۳ - فقہ) ہتیلی کے گہراؤ
برابر چوڑا (عزلوت) درہم سے اہل فارس نے اسکا مخفف
درم کر لیا ہے) + ارٹ
دَرمان - ف - اسم مذکر - علاج - چارہ - معالجہ -
دوا دارو - اوکھد + (مؤمن)
درد ہے جان کی عوض ہر رگ و پے میں ساری
چارہ گر ہم نہیں ہونیکے جو درماں ہوگا

دَرماندگی - ف - اسم مؤنث - ناچاری - مجبوری
عاجزی + بلا - مصیبت - آفت - شامت +
دَرماندہ - ف - صفت - عاجز - مجبور - ناچار - بیکس
آدھین جیسے پر آپ درماندے شفاعت کسکی کریں
دَرماہہ - ف - اسم مذکر - مہینا - تنخواہ - مشاہرہ
ماہوار - طلب - ماہانہ +
دَرمن - ا - اسم مذکر - مخفف درمان - علاج - معالجہ
(مُرکب کرکے دوا درمن بولتے ہیں)
دَرمیان - ف - اسم مذکر (۱) بیچ - وسط - منجھ (۲ -
تابع فعل) اندر - بھیتر + مابین +
درمیان دینا یا - لانا - ا - فعل متعدی - بیچ میں ڈالنا
ضامن دینا - کفیل کرنا جیسے خدا کو درمیان دیکر
کہتا ہوں +
دَرمیانی - ا - صفت - بیچ کا - متوسط - اندرونی بیچ والا
دَرِندہ - ف - صفت (۱) پھاڑنے والا - چیرنے والا
خونخوار (۲ - اسم مذکر) پھاڑ کھانے والا جانور - دَد
مردم خوار یا خون آشام جانور جیسے شیر - بھیڑیا ریچھ
چیتا تیندوا وغیرہ +
دِرَنگ - ف - اسم مؤنث - دیر - تامل - وقفہ -
ڈھیل - تاخیر - توقف + تساہل +
دَروازہ - ف - اسم مذکر - ڈیوڑھی - دُوار - در
باب - پٹ + پھاٹک - مدخل +
دروازہ بند کرنا - ا - فعل متعدی - پٹ بھیڑنا -
کُنڈی لگانا + کواڑ بند کرنا + (ذوق)
دروازہ میکدہ کا گر بند محتسب + ظالم خدا سے ڈر کہ در توبہ باز ہے
دروازہ بھیڑنا - ا - فعل متعدی - پٹ بند کرنا - کنڈی لگانا
دروازہ معمور کرنا - ا - فعل متعدی - تعلیاً دروازہ بند

دروازہ معمور ہونا - ا - فعل لازم - کواڑ مُندنا - کُنڈی لگنا - دروازہ بند ہونا + جُرأت

چُپکے آتا ہے تو آرات چلی جاتی ہے

لوگ سب سو گئے دروازے بھی معمور ہوئے

دروازہ کھولنا - ا - فعل متعدی - کواڑ کھولنا - کُنڈی کھولنا - درباز کردن کا ترجمہ +

دروازے کی مٹی لے ڈالنا - ا - فعل متعدی بہت سے پھیرے کرنا - دروازے پر بار بار آنا - اس کثرت سے گھر پر آنا کہ دہلیز کی مٹی تک اُڑ جائے جیسے میاں تُمنے تو دروازے کی مٹی لے ڈالی +

دَرویست - ف - صفت - دیکھو (دربست) +

دُرُود - ف - اسم مؤنث - صلوٰۃ - اگر خدا کی طرف سے ہو تو رحمت اور برکت کے معنی ہیں اور جو ملائک کی طرف سے تو استغفار کے اور اگر مسلمانوں کی جانب سے ہو تو دُعا سلام تحفہ حمد کے اور بہائم وطیور کی طرف سے تسبیح کے +

دُرود بھیجنا - ا - فعل متعدی - پیمبر کی تعریف کرنا کسی خوبصورت کو دیکھکر خدا کو یاد کرنا + خوشبو سونگھ کر پیغمبر کی تعریف کرنا +

دُروغ - ف - اسم مذکر - جھوٹ - کذب - بُہتان جیسے دروغ کو فروغ نہیں +

دروغ حلفی - ا - اسم مؤنث (قانون) حلف دروغی جھوٹی قسم - قانون کے خلاف جھوٹ بولنا +

دروغ گو - ف - اسم مذکر - جھوٹا - کاذب - لپاڑی لباڑیا +

دروغ گوئی - ف - اسم مؤنث - کذب - جھوٹ کہنا

دَرْویش - ف - اسم مذکر (دراصل ہیں درآویز تھا) فقیر - گدا - بھکاری - سائیں - سائل (۲) خدا رسیدہ - سالک (۳) غریب - مسکین +

دَرْویشانہ - ف - صفت - فقیرانہ - غریبانہ جیسے درویشانہ گزران یا مزاج +

دَرْویشی - ف - اسم مؤنث - فقیری - گدائی + مسکینی غریبی

دِرّہ - ع - اسم مذکر - معروف دُرّہ - چمڑے کا چابک - تازیانہ - وُہ چمڑے کا تسمہ جس سے شرعی محتسب حد لگاتے ہیں

دَرّہ - ف - اسم مذکر - گھاٹی - دو پہاڑوں کے درمیان کا رستہ - شعب - دو پہاڑوں کے درمیان کی فراخی یا وسعت

دِرْہَم - ع - اسم مذکر - دیکھو (درم) +

دَرْہَم - ف - صفت - تہ و بالا - تتر بتر - اُلٹ پلٹ - خراب - گڈ بڈ - گڈ مڈ - گڑبڑ +

درہم برہم - ف - صفت (۱) تہ و بالا - ابتر - اُلٹا پلٹا (۲) خفا - ناراض +

درہم برہم کرنا - ا - فعل متعدی - تہ و بالا اور تتر بتر کرنا + خفا کرنا - ناراض کرنا - افروختہ کرنا +

درہم برہم ہونا - ا - فعل لازم (۱) تہ و بالا ہونا - تتر بتر ہونا - اُلٹ پلٹ اور بے ترتیب ہونا (۲) خفا ہونا - برافروختہ ہونا +

درہم کرنا - ا - فعل متعدی (۱) بگاڑنا - خراب کرنا - تہ و بالا کرنا - اُلٹ پلٹ کرنا - برباد کرنا - ابتر کرنا (۲) خفا کرنا - ناراض کرنا - بیزہ کرنا +

درہم ہونا - ا - فعل لازم - ناراض ہونا - خفا ہونا - برافروختہ ہونا - غضب ہونا +

دُری - ہ - اسم مؤنث - دو کا پتا یا پانسہ +

دَری - ہ - اسم مؤنث - شطرنجی - ایک قسم کے سوتی کپڑے کا فرش +

دَرِی - ف - اسم مؤنث - فارسی کی سات زبانوں میں سے
ایک زبان کا نام جو درۂ کوہ سے منسوب اور خالص بولی ہے

دَرْیا - ف - اسم مذکر - بحر - ندی - دریاؤ - بڑا نالہ جو بارہ
مہینے بہے - جیحوں - رود - پانی کی وُہ دھار جو پہاڑ
یا جھیل سے نکلکر خشکی پر بہتی ہوئی سمندر میں جا ملے - رَو - سیلاب

دمِ بسمل یہ کسکے خوف سے ہم پیکیے آنسو
(مؤمن) کہ ہر زخم بدن سے خون کا دریا نکل آیا

دریا اُترنا - ا - فعل لازم - دریا چڑھنے کا نقیض -
دریا کا گھٹنا - دریا کا پانی کم ہونا +

دریا برآمد - ا - اسم مؤنث - وُہ زمین جو دریا ہٹ جانے
سے نکل آئی ہو - دیارا - کرٹی - وُہ زمین کا ٹکڑا چک جو
دریا سے نکل آئے یا دریا کا پانی جسے کاٹ کر ہٹ جائے

دریا بُرد - ا - اسم مؤنث - وُہ زمین جو دریا کی طغیانی
سے ڈوب گئی یا کٹ گئی ہو +

دریا بُرد ہو جانا - ا - فعل لازم - دریا میں ڈوب جانا
+ کسی زمین کو دریا کا بہا کر لیجانا +

دریا چڑھنا - ا - فعل لازم - دریا اُترنا کا نقیض - دریا کا
طغیانی پر آنا - چڑھاؤ ہونا +

دریا دل - ف - صفت - سخی - فیاض - دان دتار - جواد

دریا دلی - ف - اسم مؤنث - سخاوت - فیاضی - دان
دتاری - کریمی - جُودی +

دریا کو کوزے میں بند کرنا - ا - فعل متعدی -
(جمع [illegible]) [illegible] بیان کو تھوڑے سے لفظوں میں بیان
[illegible] بہت [illegible] سی کتاب میں بہت سی باتیں لکھدینا
کر دینا [illegible] مشکل کام کو کرنا +

[illegible] **دریا میں رہنا اور مگرمچھ سے بیر** - ا - کہاوت
[illegible] حاکم یا سرگروہ کے ساتھ بگاڑ رکھنا - جہاں رہنا
وہیں کے لوگوں سے بگاڑنا (ذوق)

ہو چکی دل کی اپنے عشق میں خیر
رہیں دریا میں اور مگر سے بیر

دَرْیائے شُور - ف - اسم مذکر - سمندر - کالا پانی +

دَرْیائی - ف - صفت - منسوب بہ دریا - دریا کا - دریا کی
بحری - آبی +

دریائی آدمی - ف - اسم مؤنث (۱) جل مانس - آدمی
کی صورت کا بحری جانور (۲) دریا میں رہنے والا آدمی
+ مانجھی - مچھوا +

دریائی گھوڑا - ا - اسم مذکر - دریا میں رہنے والا
گھوڑے کی شکل کا جانور +

دریائی ناریل - ا - اسم مذکر - سمندری ناریل - ایک
دوا کا نام جو اکثر ہیضہ میں گھسکر پلاتے ہیں +

دَرْیائی - ا - اسم مؤنث (۱) جھولی - پتنگ کو دُور
لیجا کر ہوا میں چھوڑنا (۲) ایک ریشمی کپڑے کا نام ساٹن

دریائی دینا - ا - فعل متعدی - پتنگ کو جھولی دینا
کنکوے کو دُور لیجا کر ہاتھوں سے چھوڑنا (نکہت)

گو مرے خط کو اُڑایا جوں پتنگ
لیک دستِ غیر سے لینا تمہارا دریائی کا کیا

دَرْیافْت - ف - اسم مؤنث - پہچان - جانچ - تحقیق
اِستفسار - جستجو - پوچھ گچھ - ٹوہ - تفتیش +

دریافت کرنا - ا - فعل متعدی - تحقیق کرنا - معلوم کرنا
پتا لگانا - کھوج لگانا - استفسار کرنا - پوچھنا +

دریافت ہونا - ا - فعل لازم - تحقیق ہونا - معلوم ہونا
پتا لگنا - کھوج نکلنا - استفسار ہونا +

دَرْیاؤ - ا - اسم مذکر - دیکھو (دریا) +

دَرِیْبا - ہ - اسم مذکر - پانوں کا بازار + پنواڑیوں کا محلہ

دَرِیچَہ - ف - اسم مذکر - کھڑکی - چھوٹا دروازہ - غرفہ - موکھا

دَرِیدَہ - ف - صفت - پھٹا ہوا +

دریدہ دہن - ف - صفت - منہ پھٹ - زبان دراز - بے لگام - منہ کا پھوہڑ + بدزبان

دَرِیز - ا - اسم مؤنث - ایک قسم کی باریک چھینٹ جسکے اکثر دوپٹے بنائے جاتے ہیں +

دَرِیس - ا - (انگریزی) فعل (لشکری) لباس - تیار - آراستہ - وپیراستہ - مرتب + باترتیب - باقاعدہ + ہموار - سطح - سیدھا + چوکس - ہوشیار - کیل کانٹے اور وردی سے درست (یہ لفظ انگریزی سے لیا گیا ہے) +

دَرِیسی کرنا - ا - فعل متعدی (لشکری) ہموار کرنا - زمین کو برابر کرنا +

دَرِیغ - ف - اسم مذکر - افسوس - حسرت - غم - پشیمانی - پچھتاوا +

دَرِیغ کرنا - ا - فعل متعدی - افسوس کرنا + کنجوسی کرنا +

(رنگین) وہ جو آوے مرے گھر میں تو مجھے جاوے لوٹ
جاؤں گھر اسکے تو مجھسے وہ کرے پان دریغ

دَرِیوزَہ - ف - اسم مذکر - بھیک - گدائی +

دریوزگری - ف - اسم مؤنث - بھیک مانگنا - گدائی کرنا

دَڑاڑ - ہ - اسم مؤنث - دیکھو (دراڑ) +

دَڑبا - ہ - اسم مذکر - ڈابک - کبوتروں یا مرغیوں کا گھر

دَڑبڑانا - ہ - فعل متعدی - عو (۱) جھڑکنا - گھبرانا - ڈرا کر گھبرا دینا - خوف دلانا - دھمکانا - جھڑکنا - گڑگڑانا (۳) ربانا - مغلوب کرنا جیسے سب نے ڈبڑا کر شادی کا اقرار لیا

دَڑبے دَڑبے کرنا - ا - فعل متعدی - مرغیوں کو ہانکنا - ہانک کر ڈربے میں بند کرنا +

دَڑکنا - ہ - فعل لازم (عوام) کھانا - نکالنا - نوش کرنا - چٹ کرنا - اڑانا - کھانا - بہت کھانا +

دُڑنگے لگانا - ا - فعل متعدی - عو - کودنا - کدکڑے لگانا جیسے مٹی ہے تو وہ سارے میں ڈڑنگے لگاتی کدکڑے مارتی پھرتی ہے +

دَڑوکنا - ہ - فعل لازم - دھاڑنا - گرجنا - شیر کا بولنا - چنگھاڑنا + سانڈ یا بچار کا بولنا +

دَڑیڑا - ہ - اسم مذکر (لکھنؤ) ریلا - منہ کا جھلا - زور کا ریلا + دریا کے بہاؤ کا زور - زور کی رو (بحر)

کہیں تنکے نے بھی روکا ہے دریا کے دڑیڑوں کو
بہا لیجائیگا مجکو پسینا ناتوانی کا +

دُزد - ف - اسم مذکر - چور - سارق +

دُزدِ حنا - ف + ع - اسم مذکر - وہ سفیدی جو مہندی لگانے میں چھوٹ جاتی ہے - مہندی کا چور +

دُزدی - ف - اسم مؤنث - چوری - سرقہ +

دَس - ہ - صفت - دہ - عشر +

دس گز - یا - دس ہاتھ کی زبان - ا - اسم مؤنث - نہایت زبان دراز - بدزبان جیسے اسکی تو دس گز کی زبان ہے

دِسا - یا - دِشا - ہ - اسم مؤنث (ہندو) (۱) طرف - جانب - سمت جیسے پورب دسا - دکھن دسا وغیرہ (۲) فراغت - باہر - ٹٹی - پیخانہ - جنگل جیسے دسا جانا +

دسا جانا - ہ - فعل لازم (ہندو) ٹٹی جانا - پیخانے - جھاڑے جانا +

دَسا - ہ - اسم مؤنث (ہندو) حالت - خراب کرنا - تہ و بالا کرنا (۲) خفا کرنا

دَسّا - ہ - اسم مذکر - وشنو کی آکا

دُسّا - یا - دُسّہ - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کا موٹا - خفا ہونا - ایک قسم کی چادر پشمینہ جیسے کابلی یا گرم

دُساد - ہ - اسم مذکر - ہندوؤں کی ایک سوتی کپڑے پالتی ہے +

دساشول - ہ - اسم مذکر - رجال الغیب - جوگنی - آسمان کے وہ نشان کہ جسطرف وہ واقع ہوں اُدھر اُن دنوں میں احکام نجوم کے موافق سفر نامنحوس ہے - چنانچہ فارسی کے اس شعر سے انکی سمتیں بخوبی ظاہر ہیں کہ اُس پاس جانب ان دنوں میں سفر نکرے ۵ شرق در شنبہ و یکشنبہ جمعہ یکشنبہ غروب + سہ چہار اندر شمال و پنجشنبہ جنوب +

دساور - ہ - اسم مؤنث (۱) پردیس - غیر دیس کو جانے والا مال - باہر کا سوداگری مال (۲) آب و ہوا - رُت - موسم (۳) ملک - اقلیم - ولایت (۴) وہ جگہ جہاں ہر ایک جنس باافراط فروخت کرنے کے واسطے جمع کریں +

دساور آنا - ہ - فعل لازم - باہر کا سوداگری مال کسی شہر یا ملک میں داخل ہونا +

دساور چڑھنا - ہ - فعل متعدی - سوداگری مال کا دوسرے ملک کو جہاں اُسکی کھپت یا مانگ ہو روانہ ہونا - دساور کو مال لادنا - مال بھرنا +

دساوری - ہ - صفت (۱) ایک قسم کا عمدہ پان (۲) باہر جانے والا مال - پردیس میں جانے والا سوداگری اسباب (۳) ایک قسم کا کبوتر +

[illegible] مال - ہ - اسم مذکر - باہر جانے والا سوداگری [illegible] کا مال +

[illegible] کر - صحیح (دست پناہ) چمٹا - آگ پکڑنے [illegible] انگیر +

[illegible] اسم مذکر (۱) ہاتھ - ید - کر - پنجہ

[illegible] جب [illegible] اسکا جو ہے دراز تو ہو

[illegible] جب [illegible] عاشق رسا نہیں ہوتا

دل برکا [illegible] طاقت + قابو - غلبہ - نصرت - فتح (۳)

دل کا [illegible]

زینت - کرت - دفعہ (۴) ابتدائی سپاہی کی اصطلاح میں اجابت - خصوصاً عینی ماذہ اسہال کے بار بار وقوع ہونے سے مراد ہے - پتلا پاخانہ - اسہال (۵) مدد - تعداد مُرغان شکاری کے واسطے جیسے یکدست چرہ و باز وغیرہ (۶) تمام - بالکل - پوری چیز +

دست آنا - ف - فعل لازم - اسہال آنا - جُلاب لگنا [illegible] + بدہضمی - پیٹ چلنا +

دست انداز - ف - صفت مخل - خلل انداز - مزاحم

دست اندازی - ف - اسم مؤنث - ہاتھ ڈالنا - مداخلت مزاحمت - ہاتھا چھانٹی + دخل +

دست اندازی کرنا - ف - فعل متعدی - مداخلت کرنا تعرض کرنا - مخالفت کرنا +

دست آموز - ف - صفت - دست پروردہ - ہاتھ کا سدھا ہوا - پالا ہوا - پالتو - گھر پلو جیسے مرغ دست آموز

دست آور - ف - صفت - دست لانے والی دوا مسہل - جلاب +

دست آویز - ف - اسم مؤنث - تمسک - دستاویز - وثیقہ سند - نوشتہ - اقرارنامہ - عہدنامہ - یا دعوی ثابت کرنیکا نوشتہ +

دست بخیر - ف - ع - کلمہ دعا - جب کوئی کسیکے ذریعہ گرا ہے یا کسی دوست کے ہاتھ میں اسکی جگہ بتاتے ہیں تو اول یہ کلمہ زبان پر لاتے ہیں جیسے دست بخیر انکے بھی ایسی جگہ درد تھا یعنی ہاتھ کی طرف سے خدا تعالی اس ہاتھ کو سلامت رکھے آنکے ہاتھ اس جگہ سے درد کرتا تھا +

دست بدست - ف - تابع فعل - ہاتھوں ہاتھ - جلدی - شتابی +

دست بدست آنا - ا - فعل لازم - ہاتھوں ہاتھ آنا
پشت بہ پشت پہنچنا +
دست بدست ملنا - ا - فعل لازم - ہاتھ بہ ہاتھ حاصل
ہونا - ہاتھوں ہاتھ ملنا +
دست برد - ف - اسم مؤنث - غبن - تغلب - خیانت
تصرف بیجا - خورد برد + لوٹ - مال غارت + بازی
غلبہ - قدرت - تسلط +
دست برد کرنا - ا - فعل متعدی - غبن کرنا - چرانا
اڑانا - ہاتھ مارنا - مال مارنا +
دست بردار ہونا - ا - فعل لازم - ہاتھ اٹھانا - باز آنا
چھوڑنا - تیاگنا - تجنا - ترک کرنا +
دست بستہ - ف - تابع فعل - ہاتھ باندھکر - ہاتھ
جوڑکر جیسے دست بستہ عرض کرنا +
دست بقچہ - ف + ت - اسم مذکر - بقچی + چھوٹی سی
بقچی جو ہر وقت ساتھ رہے - کپڑوں یا سینے پرونے
کی گٹھڑی +
دست بندھک - ا - اسم مؤنث - امانت - دھروڑ
+ گرو - رہن - گرو کی چیز +
دست بوس ہونا - ا - فعل لازم - تسلیم بجا لانا - ہاتھ چومنا
دست بوسی کرنا - ا - فعل متعدی - ہاتھ چومنا - ہاتھوں
کو بوسہ دینا + بوسۂ تحیت دینا +
دست بیع ہونا - ا - فعل لازم - ہاتھوں بکنا - مرید
ہونا - چیلا ہونا - کسیکے ہاتھ پر بیعت کرنا +
دست پاک - ف - اسم مذکر - رومال - وہ کپڑا جس
سے کھانا کھاکر ہاتھ پونچھتے ہیں + تولیا
دست پناہ - ا - اسم مذکر - دیکھو (دسپنا) +
دست چالاک - ا - صفت - ہاتھ چالاک - چور

وہ شخص جسے چوری کا لپکا ہو + آنکھ بچاکر چرا لینیوالا
دست چالاکی - ا - اسم مؤنث - ہاتھ چالاکی - چوری
+ داؤں کرنیکی پھرتی +
دست خط / دستخط - ف + ع - اسم مؤنث - اپنے ہاتھ کا لکھا
العبد - اپنے ہاتھ کی علامت یا نشان
دست خطی / دستخطی - ا - صفت - ہاتھ کا لکھا ہوا - ہاتھ
کے دستخط کئے ہوئے العبد شدہ
دست دراز - ف - صفت (۱) ہاتھ چالاک - ہاتھ لپک
(۲ - ا) ہاتھ چھٹ - مار بیٹھنے کی عادت رکھنے والا
دست درازی - ف - اسم مؤنث (۱) ہاتھ چالاکی (۲)
مار پیٹ - مار کوٹ (۳) مداخلت بیجا - زیادتی - عہد شکنی
غصب +
دست درازی کرنا - ا - فعل متعدی - لوٹنا - ہاتھ
ڈالنا - زیادتی کرنا - بدسلوکی کرنا - مارنا - پیٹنا - دبانا
غبن کرنا - غصب کرنا +
دست رس / دسترس - ف - اسم مؤنث - پہنچ - رسائی -
قدرت - طاقت + تونگری -
مقدور + بساط - حیثیت +
دست رسی - ف - اسم مؤنث - دیکھو (دسترس)
دست شفا - ف + ع - صفت - صحت بخش -
(جب کسی حکیم کے ہاتھ سے بہت سے آ زنا - خراب کرنا - تہ و
اسکی نسبت کہتے ہیں) + رنا - ابتر کرنا (۲) خفا کرنا
دست قدرت - ف + ع
سامرتھ - بس - قابو - اختیار ضرر ہونا - خفا ہونا -
استعارہ ہے قدرت کو ایک آدمی فرض
دست قلم - یا - دست و قلم - ف یافتہ +
خواندہ - لکھا پڑھا - تعلیم یافتہ - عالم سوتی کپڑے

دست کار } ف۔ اسم مذکر۔ ہاتھ کا کاریگر۔ وہ شخص
دستکار } جسکے ہاتھ میں کوئی ہُنر ہو +

دست کاری } ف۔ اسم مؤنث۔ کاریگری۔ ہاتھ
دستکاری } کی کاریگری۔ ہاتھ کا کام +

دست گرداں۔ ف۔ تابع فعل۔ بازارو چیز۔ سرراہ بکتی ہوئی چیز۔ وہ چیز جو دُکان سے نہ خریدی جائے غرضمند کا بکاؤ مال + ہاتھ اُدھار۔ قرض۔ مستعار +

دست گرداں دینا۔ ا۔ فعل متعدی۔ قرض یا مستعار دینا

دست گرداں لینا۔ ا۔ فعل متعدی۔ قرض یا مستعار لینا

دست گرفتہ۔ ا۔ اسم مذکر۔ دستگیری کیا گیا +

دست گیر } ف۔ اسم مذکر۔ معاون۔ مددگار
دستگیر } فریادرس +

دست گیری } ف۔ اسم مؤنث۔ معاونت۔
دستگیری } مدد۔ حمایت۔ پناہ۔ سرن

دست لگنا۔ ا۔ فعل لازم۔ دست چھوٹنا۔ اسہال جاری ہونا۔ متواتر دست آنا +

دستمال۔ ف۔ اسم مذکر۔ ہاتھ کا رومال جیبی رومال

دست نگر۔ ف۔ صفت۔ ہاتھ تکنے والا۔ محتاج۔ تہیدست۔ مفلس۔ تنگدست +

[illegible] ہونا۔ ا۔ فعل لازم۔ گتھم گتھا ہونا [illegible] جانا۔ لڑنا۔ گتھ جانا۔ لپٹ [illegible] نی کرنا +

[illegible] مذکر (لکھنؤ) اسنجاف۔ حاشیہ +

(ناسخ)
[illegible] ی اے فلک تیرے ستاروں پر
[illegible] یار میں جس روز سے چمکی کا دستاہر

[illegible] ایک قسم کی دھات +

دل بکا [illegible]
دل کا [illegible]

دُم دبانا ۔ ا ۔ فعل متعدی ۔ چوپایہ کا اپنی دُم کو دونو ٹانگوں کے بیچ میں چھپا لینا ۔ کُتّے کا دُم کو دونوں پاؤں میں دبا لینا + دبنا ۔ کنیانا ۔ مغلوب ہونا +

دُم دبا جانا ۔ ا ۔ فعل لازم ۔ بھاگ جانا ۔ چمپت بننا

دُم سُم ۔ ا ۔ صفت ۔ نہایت فربہ ۔ چوپڑ دتا ۔ جسیم گول متھول ۔ دُم سے سُم تک یکساں +

دُم کے پیچھے پھرنا ۔ ا ۔ فعل لازم ۔ ساتھ ساتھ لگا پھرنا ۔ پیچھے پیچھے [illegible] تا رنا ۔ ساتھ رہنا جیسے میں عورت ذات کہاں کہاں [illegible] + سلی دُم کے پیچھے پھروں +

دُم میں گھسنا (؟) تابع فعل فعل لازم ۔ گانڈ میں گھسنا ۔ خوشامد میں [illegible] ہونا ۔ [illegible] رہنا ۔ چمٹنا ۔ لپٹنا + خوشامد کے مارے [illegible] ہونا ۔ بجنت برگت

دُم ملنا [illegible] عالم میں ان سنگیریا ۔ ا ۔ فعل متعدی [illegible]

پکڑ کر باندھنا ۔ حیوانوں کی اگاڑی پچھاڑی باندھنا +

دُم ہلانا ۔ ا ۔ فعل متعدی (۱) کُتّے کا خوشامد کی علامت ظاہر کرنا ۔ خوشامد کرنا ۔ چاپلوسی کرنا ۔ دُم لابہ (۲) جھاڑو دینا ۔ جھاڑنا ۔ صاف کرنا ۔ جیسے کُتّا بھی دُم ہلا کر بیٹھتا ہے +

دماغ ۔ ع ۔ اسم مذکر (۱) مغز ۔ بھیجا ۔ سر کا گودا + گودا (۲) ف) غرور ۔ تکبر ۔ گھمنڈ ۔ تمکنت (۳) ۔ ا) عقل دانائی ۔ سمجھ ۔ فہم جیسے عالی دماغ یعنی عالی فہم ۔ (۴ ۔ ا) تاب ۔ برداشت ۔ سہار ۔ (غالب)

غم فراق میں تکلیف سیر باغ نہ دو
مجھے دماغ نہیں خندہ ہائے بیجا کا

(۵ ۔ ا) ہوش ۔ حواس ۔ اوسان +

دماغ پریشان کرنا ۔ ا ۔ فعل متعدی (۱) حواس باختہ کرنا ۔ اوسان پراگندہ کرنا ۔ اوسان اڑانا ۔ (۲) طبیعت مکدر کرنا ۔ دل بگاڑنا +

دماغ جھڑنا ۔ ا ۔ فعل لازم ۔ غرور دور ہونا ۔ گھمنڈ نکلنا

دماغ چاٹنا ۔ ا ۔ فعل متعدی ۔ مغز کھانا ۔ بکواس کرنا بکنا ۔ کائیں کائیں کرنا ۔ زق زق کرنا +

دماغ چٹ ۔ ا ۔ اسم مذکر ۔ بکواسی ۔ بکوادی ۔ بکی +

دماغ چلنا یا آسمان پر ہونا ۔ ا ۔ فعل لازم ۔ اترانا ۔ مغرور ہونا ۔ گھمنڈ ہونا ۔ خودبین ہونا +

دماغ چوٹا ۔ ا ۔ صفت ۔ مدمغ ۔ مغرور ۔ متکبر ۔ خودپسند گھمنڈی + دماغ چلا +

دماغ چوٹی ۔ ا ۔ صفت ۔ اترانے والی ۔ دماغدار + متکبر ۔ مغرور ۔ مدمغ ۔ سیدھے منہ بات نہ کرنے والی خودپسند ۔ اینٹھر +

دماغ خالی کرنا ۔ ا ۔ فعل متعدی ۔ مغز خالی کرنا ۔ دماغ

کرنا + نخرہ کرنا +

دماغ وار - ف - صفت - دیکھو (دماغ چڑھا) +

دماغ رکھنا - ا - فعل لازم - مغرور ہونا متکبر ہونا
اترانا - تمکنت کرنا +

دماغ روشن - ا - اسم مؤنث - ناس - ہلاس

دماغ کرنا - ا - فعل متعدی - اترانا - غرور کرنا -
تمکنت کرنا - خاطر میں نہ لانا +

دماغ میں خلل ہونا - ا - فعل لازم - دماغ میں نقص آنا
عقل میں فتور پڑنا - مالیخولیا ہونا - سودا ہونا
جنوں ہونا - سڑی ہونا +

دماغ نہ پایا جانا - یا - نہ ملنا - ا - فعل لازم - نہایت
متکبر ہونا - مدترغ ہونا + (ناسخ)
نکہت زلف جب سے آئی ہے ،
نہیں پاتا نہیں دماغ اپنا +

دماغ ہونا - ا - فعل لازم - مغرور ہونا - تمکنت ہونا

دمادم - ف - تابع فعل - پے درپے - متواتر +

دماغی - ا - صفت عوام - دیکھو (دماغدار) +

دمامہ - ف - اسم مذکر - نقارہ - دھونسا +

دمچی - ت - اسم مؤنث - ساز کا وہ تسمہ جو گھوڑے کے دم کے
نیچے رہتا ہے - لید خوار - پاردم +

دمدمہ - ف - اسم مذکر - مصنوعی قلعہ - مورچہ -
مورچال - دھس - وہ قلعہ جو لڑائی کے وقت
تھیلوں میں خاک بھر کر بنا لیتے ہیں +

دمدمہ باندھنا - ا - فعل متعدی - قلعہ باندھنا
مورچہ بندی کرنا - دھس بنانا

دمڑکی / دمڑکا - ا - اسم مذکر - چھڑے کا وہ گول ٹکڑا جو
شکنجے میں لگاتے ہیں +

دمڑیٹن / دمڑیڑی - ا - صفت - وہ پھل جو درخت میں موسم
کے بعد یا پھل توڑنے کے پیچھے آئے
جیسے دمڑیڑی نارنگی و امرود وغیرہ +

دمڑی - ھ - اسم مؤنث (۱) پیسہ کا چوتھا حصہ -
چھدام (پورب میں آدھی کو کہتے ہیں) (۲) - چوتھا حصہ
چوتھائی (۳) کچے ۲۵ بیگہ کو بھی دمڑی کہتے ہیں +

دمڑی کی بڑھیا ٹکا سر منڈائی - ا - (مثل)
اصلی قیمت کم اور خرچہ زیادہ - وہ چیز جس کے اوپر قیمت
سے زیادہ خرچ بیٹھے +

دمڑی کے تین تین - ا - کہاوت - نہایت ارزاں
کوڑیوں کے مول +

دمڑی کی دال بوا پتلی نہو - ھ - کہاوت - کنجوس
عورت کی ہجو میں کہتے ہیں +

دمڑی کی ہانڈی لیتے ہیں تو اسے بھی ٹھونک بجا کر لیتے ہیں - ھ - کہاوت - ہر ایک کام نہایت
اطمینان اور سوچ سمجھ کر کرنا چاہیے +

دمڑی کی ہانڈی گئی کتے کی ذات پہچانی - ھ -
کہاوت - گو کہ یہ نقصان ہوا مگر آدمی کو آزما لیا +

دمڑے - ھ - اسم مذکر - حقارتاً دام - روپے +

دمڑے خرچنا - ا - فعل متعدی - دام لگا کر مول لینا
نہ خرید کرنا جیسے کہ تم نے مجھ پر دمڑے خرچے تھے

دمڑے کرنا - ھ - فعل مت - کوڑے کرنا - بیچ کر دام
بندھانا - کمتی بڑھتی کر دینا +

دم طمانچہ - ا - چھوٹی اور موٹی
تلوار - تیغہ - پیش قبض (خواجہ وزیر)
جان جاتی گئی دیکھ انکا تیغہ
ام دم طمانچہ ہو گیا

دمک - ھ - اسم - تشنگی -

تابش۔ تابندگی۔ ہوتا ہے۔ چہرے یا سونے کی چمک

دمکڑا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ پانی چڑھانے کی کل + پچکاری + دکش + دُخانی کل + گوپیا۔ منجنیق +

دمکنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ چمکنا۔ جھلکنا۔ درخشاں ہونا۔ تاباں ہونا +

دُمنہا۔ ہ۔ صفت۔ دومُنہ کا + دومُنہ کا سانپ

دموی۔ ع۔ صفت۔ خُونی۔ خُون کا۔ منسوب بخون

دموی مزاج۔ ع۔ اسم مذکر۔ وہ شخص جسمیں خون کا خلط بڑھ جائے یا زیادہ ہو

دمہ۔ ف۔ اسم مذکر (۱) دھونکنی + دھونکنی کا جوڑا (۲) سانس کا روگ۔ ضیق النفس +

دمی۔ ف۔ اسم مؤنث۔ چھوٹی سی گڑگڑی۔ ایک قسم کا چھوٹا حقہ

دن۔ س۔ اسم مذکر (۱) روز۔ یوم۔ دیوس۔ نہار (۲) صبح۔ بھور۔ تڑکا۔ فجر (۳) زمانہ۔ دور۔ وقت۔ گھڑی۔ پل جیسے وہ دن گئے کہ خلیل خاں فاختہ مارتے تھے (کہاوت) (۴) طالع۔ بخت۔ نصیب (جرأت)

کب اُس سے ہوگی ملاقات میں یہ پوچھوں ہوں
ذرا تو دیکھ منجم مرے ستارے دن

دن آنا۔ ہ۔ فعل لازم (۱) موسم آنا۔ رُت آنا۔ (۲) وقت آنا + وقت مقررہ کا آنا + موت کا وقت آنا (۳) ایام آنا۔ حیض آنا (۴) کم بختی آنا۔ شامت آنا۔ بُرے دن آنا +

دن بدن۔ ہ۔ تابع فعل۔ روز بروز۔ آئے دن ہرروز۔ روزمرہ + رفتہ رفتہ۔ شدہ شدہ +

دن بھر۔ ہ۔ تابع فعل۔ تمام دن۔ تمام روز +

دن بھاری ہونا۔ ہ۔ فعل لازم۔ سختی کے دن آنا۔ ... ستی ہونا۔ بخت برگشتہ ہونا (معروف)

... عالم میں ان سنگین دلوں پر مبتلا
ہننے یہ دیکھا ہمیشہ انکے دن بھاری رہے +

دن بہرنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ دن پھرنا۔ اچھے دن آنا۔ نصیبا جاگنا۔ نصیب پھرنا +

دن بھرنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ مصیبت کے دن پورے کرنا۔ مصیبت میں بسر کرنا۔ زندگی کا رنج واندوہ میں بسر کرنا۔ عمر کے دن پورے کرنا + (حالی)

کچھ طرح ہو کہ بسطرح ہو نالہ یہ عمر کے دن کسیطرح بھرلو

(ناسخ)
جنکی آغوش کو تم بھرتے نہیں
زندگانی کے وہ دن بھرتے ہیں

دن پڑنا۔ ہ۔ فعل لازم (ہندو) (۱) مصیبت آنا۔ بُرا وقت آنا (۲) رانڈ ہونا۔ بیوہ ہونا +

دن پورے کرنا۔ ہ۔ فعل متعدی۔ جون بھوگنا۔ مصیبت کے دن کاٹنا۔ عمر کو جوں توں کرکے پورا کرنا +

دن پھرنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ بھلے دن آنا۔ نصیبا جاگنا۔ ایام نیک و سعید کا آنا۔ نحوست اور تنگی کا دور ہونا۔ اختر کا یاور ہونا۔ خورشید اقبال کا کسوف زوال سے نکلنا۔ مصیبت کے بعد راحت ہونا۔ ایام بد منحوس کا ٹلنا +

(مغفور)
جی میں جی آئے کہ آجائے ملاقات کو تو
دن پھریں میرے اگر آن پھرے رات کو تو

دن پھیرنا۔ ہ۔ فعل متعدی۔ ایام بد و نحوس کا دور کرنا۔ مصیبت کھونا جیسے اللہ نے انکے دن پھیرے ایسے ہمارے تمہارے بھی پھیرے (کہانی کا فقرہ)

دن ٹلنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ حیض کا نہ آنا۔ معمول کے دن گزر جانا۔ نہونا۔ پیٹ رہجانے کی علامت ظاہر ہونا

(رنگین)
مہینے مانا ہے جو اس نے ناند کے دن ٹلجاویں
تو مہینے دن آپ مُنہ ہیں لال پری کی ٹھیک

دن جانا۔ ہ۔ فعل لازم۔ دن گزرنا + ایام دعلت ... کا ...

دِن چڑھانا - ف - فعل متعدی - دیر کرنا - دھوپ چڑھانا - صبح کا وقت گزارنا +

دِن چڑھنا - ف - فعل لازم (۱) آفتاب کا بلند ہونا صبح کا وقت گزرنا + (ناسخ)

دمبدم ضعف بصر آگیا ہے بے دیدار دوست
دِن چڑھے مجھ سے پڑھی جاتی نہیں تحریر صبح

(۲) دیکھو (دِن ڈھلنا) +

دِن چڑھے - ف - تابع فعل - سورج نکلے - آفتاب کے بلند ہو جانے پر (ظفر) واہ تم صبح کو بھلے آئے
دِن چڑھے کہہ کے دِن ڈھلے آئے

دِن دُونا رات چوگنا - ف - تابع فعل کسی امر میں نہایت ترقی کرنیکی نسبت کہتے ہیں جیسے اُسکا اقبال دِن دُونا رات چوگنا ہے +

دِن چھپنا - ف - فعل لازم - دِن غروب ہونا - سورج ڈوبنا - شام ہونا +

دِن دہاڑے / دِن دھولے / دِن دُوپہر / دِن دِیے - ف - تابع فعل - دِن میں سب کے سامنے - کھلے خزانے - علانیہ روز روشن میں (رنگین)

لوٹی ہاتھ کے جو چلی آئی تو گھر میں پہر
تو دگانا ترے آنے سے مجھے شور پڑا (احسان)

شعبدہ بازی زُلف سیہ یار کو دیکھ
دِن دیے روز دکھاتا ہے شب تار مجھے

دِن ڈھلنا - ف - فعل لازم - دِن گزرنا - زوالِ آفتاب ہونا - آفتاب کا نقطۂ نصف النہار سے گزرنا - دِن گھٹنا (ذوق)

دن صبح کو آئے تو کروں باتوں میں دوپہر
اور چاہوں کہ دِن تھوڑا سا ڈھل جائے تو اچھا

دِن ڈھلے - ف - تابع فعل - دوپہر پیچھے +

دِن سِن - ف - اسم مذکر (لکھنؤ) سن و سال

کیا ابھی دِن سِن ہیں اس محبوب کے نام خدا (بحر)
باڑھ پر آئے دو قد شمشیر دم ہو جائیگا

دِن سے - ف - تابع فعل - قبل از غروب - دِن چھپنے سے پہلے - سرِ شام +

دِن سپید ہونا - ف - فعل لازم - خوش اقبالی و فرخندہ فالی ہونا - اقبال سامنے ہونا - بھلے دِن آنا - طالع کا موافق ہونا (ممنون)

اُلٹے دم آج ترے دلگیر کھینچتے ہیں
یہ دِن اگر ہیں سپید تو تقدیر کھینچتے ہیں

دِن عید رات شب برات ہونا - فعل لازم
رات دِن عیش و نشاط میں گزرنا - دِن کو عید کی سی خوشی اور رات کو شب برات کا سا جلسہ ہونا +

دِن کاٹنا - ف - فعل لازم - مصیبت سے بسر کرنا - دِن بھرنا - دِن پورے کرنا - دنوں کو دفع دینا

دِن کٹنا - ف - فعل لازم - دِن بسر ہونا - ف -
دِن کٹا فریاد سے آدمی کو آرام لیا +
عمر کٹنے کو کٹی پر کیا ہی آیا دام - روپے +

دِن کو اونی اونی رات تی - دام لگا کر مول لینا (کہاوت) بے وقت اور بیہودہ خرچ تھے

دِن کو تارے دکھانا - ف - کوڑے کرنا - بیچکر دام پہنچانا جس سے آنکھوں کے [illegible] کردینا +

دن کو دن رات کو رات [illegible] چھوٹی اور موٹی
سمجھنا - ف - فعل لازم - کسی کی پروا نہ کرنا - آرام سے کام نہ رکھنا (خواجہ وزیر)
ہم دم طمانچہ ہو گیا
ذکر دِن رات کو رات نہ جانا جب یال ... تشنہ گی -

دِن گنوانا - ہ - فعل متعدی - بیہودہ وقت کھونا - وقت ضایع کرنا + عمر گزارنا +

دِن گیا کہ رات - ہ - کہاوت - یعنی نہ تو دنیا سے کر دن کا ہونا جاتا رہا اور نہ رات کا آنا ہر وقت موقع حال ہے

دِن گئے - ہ - محاورہ - وُہ زمانہ لد گیا - وُہ موقع گزر گیا دولت و کامرانی اور خوش اقبالی کا وقت نہیں رہا -

گئے دِن مٹکی کے باندھنے کے
(رہا) اب آنکھیں رہتی ہیں دو دو پہر بند

گو وُہ دن کہ صحبت یار سے تھی تجکو اکوئی اب عمل عشرت میں اُسکی بار پاتا ہوں
کبھی جو جی تڑپتا ہی بہت تو دور سے وُہ سکڑا ہو کرکے کرن کرن حسرتوں سے دیکھ آتا ہوں

دِن لگنا - ہ - فعل لازم (۱) اِترانا - گھمنڈ ہونا - پھلنے کو دِن ملنا نخوت و غرور پیدا ہونا + بڑھکر چلنا (۲) عرصہ دراز ہونا - عرصہ لگنا

دِن مان - ہ - اسم مذکر - دِن کا بڑھنا گھٹنا - دِن کا بڑھاؤ گھٹاؤ - تل - دِن کا انداز (دنمان سے یہ مراد ہے کہ راتدن کی جو ساٹھ گھڑیاں مقرر ہیں اُنمیں آفتاب یا ہر روز ذرہ ذرہ پورا کرتا ہے اور اُتراین دکھشاین ہونے کے باعث دن کی اور رات کی گھڑیوں میں کمی بیشی ہوتی رہتی ہے پس اس کمی بیشی کی مقدار جو انداز سے حساب کی جاتی ہے اُسے دنمان کہتے ہیں، تمام مہورتوں لگنوں اور سعد و نحس ساعتوں کے دریافت کرنے میں اس سے بڑا کام پڑتا ہے) +

دِن نکلنا - ہ - فعل لازم - سُورج نکلنا - سُورج اُدے ہونا - صبح ہونا - پَو پھٹنا - بھور ہونا +

دَنا - ہ - اسم مذکر (۱) موٹا - مضبوط - لمبا - دراز - بڑا - کلاں + (۲) [illegible] - دیکھو +

[illegible] - ہ - صفت - موٹا - سوجا ہوا - پھولا ہوا - تنگدستی [illegible] مسند +

[illegible] ہونا - ہ - فعل لازم - سوجھکر کُپا ہونا بڑھ جانا

فربہ ہونا - از حد موٹا ہونا +

دَنادَن - ہ - اسم مؤنث (۱) توپوں کی متواتر آواز (۲) ضرب یا صدمہ کی پے در پے آواز +

دَنادِنی کا تیل - ہ - اسم مذکر - طلا جو ذکر کو سخت کرتا اور شہوت کو بڑھاتا ہے - سانڈے کا تیل (جو لوگ سانڈے کا تیل بیچتے ہیں یہ اُنکی آواز ہے) +

دُنبالہ - ف - اسم مذکر - دُم - پیچھا - آنکھ کا کویا + وُہ سُرمہ کی لکیر جو آنکھ کے کویہ سے آگے تک بڑھی ہوئی خوبصورتی کے واسطے چھوڑ دیتے ہیں + پتوار کشتی یا جہاز کا پچھلا حصہ +

دُنبالہ دار - ف - صفت - دُمدار - پیچھے دار - پچھلدار

دُنبَل - ف - اسم مذکر - پھوڑا + دُملدار پھوڑا +

دُنبہ - ف - اسم مذکر - مینڈھا +

دَنت - ہ - اسم مذکر - دانت کا مخفف +

دَنتق - ہ - اسم مذکر - وُہ شخص جسکے دانت آگے کے بہت بڑے بڑے ہوں - دانتو +

دَنتیلا - ہ - اسم مذکر - بڑے دانت والا آدمی - دانتو بڑے دانت کا ہاتھی + دندانہ دار +

دَنچو - ہ - اسم مذکر - دیکھو (دنا نمبر ۲) +

دُندُ - ہ - اسم مذکر (۱) بڑا نقارہ - دھونسا - دمامہ (۲) غُل - شور - (۳) اندھیر - ظلم - ستم +

دُند مچانا - ہ - فعل متعدی (۱) شور و غُل مچانا (۲) اندھیر کرنا - ظلم ڈھانا +

دَندان - ف - اسم مذکر - دانت +

دنداں شکن جواب دینا - ہ - فعل متعدی - ایسا جواب دینا کہ جس کا جواب نہ بن پڑے - مُنہ توڑ جواب دینا + کلہ شکن جواب دینا +

دندانِ مصری - اِ - اسم مؤنث - ایک قسم کی ولایتی مٹھائی جسکی شاخیں سی بنی ہوئی ہوتی ہیں ۔

دَندناتا ہوا آنا - ہ - فعلِ لازم (عوام) خوشی سے اچھلتا کودتا آنا - خوشی کے ساتھ آنا ۔

دَندنانا - ہ - فعلِ لازم (عوام) خوشی منانا - مزا اڑانا - عیش کرنا

دَندانہ - ف - اسم مذکر - آرے کا دانتا - دانتا ۔

دُنکا - ہ - اسم مذکر - دانہ - اناج کا دانہ ۔

دَنگ - ف - صفت - حیران - متحیر - متعجب - ششدر - ہکا بکا - بھونچکا - بےحس و حرکت ۔

دنگ رہنا - اِ - فعلِ لازم - حیران رہنا - متحیر ہونا - متعجب ہونا - بےحس حرکت ہوجانا ۔

دنگ ہونا - اِ - فعلِ لازم - تعجب میں ہونا - حیران ہونا - ششدر ہونا

دَنگا - ہ - اسم مذکر (۱) لڑائی جھگڑا - فساد - فتنہ - حرمزدگی - بدنہادی (۲) بلوہ - ہنگامہ - شور - رولا - ہلڑ - غلغلہ - بغاوت (۳) شرارت - بدذاتی ۔

دنگا کرنا - اِ - فعلِ متعدی - جھگڑا کرنا - فساد کرنا - شرارت کرنا - شور کرنا - غل کرنا - بغاوت کرنا ۔

دَنگل - ف - اسم مذکر (۱) کشتی کرنیکی جگہ - اکھاڑا (۲) بھیڑ - مجمع - انبوہ - ازدحام ۔

دنگل باندھنا - یا - جمانا - اِ - فعلِ متعدی - لوگوں کا حلقہ باندھنا - کشتی کے واسطے مجمع کرنا ۔

دنگل میں اُترنا - اِ - فعلِ لازم - اکھاڑے یا مجمع میں کشتی خواہ چوب بازی کے واسطے اترنا ۔

دَنگئی - اِ - صفت - لڑاکا - جنگجو - شریر - بدذات - فتنہ پرداز

دِنوں - ہ - اسم مذکر - دن کی جمع (۱) ایام (۲) گھوڑے یا چوپایہ کی عمر ۔

دنوں سے اتر جانا - ہ - فعلِ لازم - عمر سے ڈھلنا - جوانی کا گزرنا ۔ کیا جلد ان حسینوں کا جاتا رہا شباب
گزری تھی ایک شب کہ دنوں سے اتر گئے ۔

دنوں کو دھکا دینا - دنوں کو دھکے دینا - اِ - فعلِ لازم - مصیبت کے دنوں کو ٹالنا - زندگی بھگتنا - ناشادو ناشاد جینا ۔

دِنونکا - ہ - اسم مذکر - رتوندا کا نقیض - ایک مرض کا نام جس میں دن کو کم دکھائی دیتا ہے ۔

دُنیا - ع - اسم مؤنث (۱) جگ - سنسار - جہان - جگت - پرتھوی - عالم - دہر (۲ - ۱) دنیا کے لوگ - دنیادار (۳) زر - دولت - روپیہ پیسہ - لالچ جیسے دنیا بری بلا ہے ۔

دُنیادار - ع + ف - اسم مذکر - دیندار کا نقیض - تعلقات دنیوی میں گھرا ہوا آدمی + بال بچوں والا آدمی - ملنسار آدمی - ظاہری اخلاق کا آدمی ۔

دُنیاداری - ع + ف - اسم مؤنث - تعلقات - ملنساری - کنبہ رشتہ - بال بچے - گرہستی - خانہ داری +

دُنیا عجب جا ہے - کہاوت - یعنی دنیا عجب تماشاگاہ اور انوکھی جگہ ہے ۔ [illegible] (میر)
قصر و مکان و مسکن ایکوں کام لوگ [illegible]
ایکوں کو جا نہیں [illegible] دنیا عجب جگہ ہے

دُنیا کے پردے سے اٹھ جانا - اِ - فعلِ لازم - جہان سے گزر جانا - دنیا پر نہ ہو رہنا - مرجانا +

دُنیا کی ہوا لگنا - اِ - فعلِ لازم - دنیا کا اثر ہونا - دنیا کا مزہ پڑنا - دنیا میں پھنس آنا +

میں ہوں چکر میں بخوشِ حسنِ ان سے دنیا کی ہوا
(ذوق) حال میرا ہے [illegible] ہے باد کا ۔

دُنیا ہوا اور تم ہو - کہاوت (۱) زندگی دنیا رہے

تم رہو (غالب) غالب بھی گر نہو تو کچھ ایسا ضرر نہیں
دُنیا ہو یارب اور مرا بادشاہ ہو +

دُنیا ہے اور خوشامد ہے - ا - کہاوت - یعنی دُنیا میں خوشامد سے کام چلتا ہے - دُنیا کے لوگ خوشامد کو پسند کرتے ہیں +

دُنیوی - ع - صفت - دینی کا نقیض - دُنیا سے منسوب متعلق بہ دُنیا - دُنیا کا +

دُو - ف - صفت (۱) ایک اور ایک کا مجموعہ - جُفت - جوڑا - اثنین - ۲ - عدد جیسے ایک سے دو بھلے - دو چُون کے بھی بُرے (۲) چند +

دو آتشہ - ف - صفت - دُہری کشیدگی - دو دفعہ کھچی ہوئی + تُند - تیز +

دو اسپہ - ف - اسم مذکر (۱) وُہ شخص جسکے ذاتی دو گھوڑے ہوں - وُہ شخص جسکے دو گھوڑے رسالہ میں نوکر ہوں (۲ صفت) دو گھوڑوں کی ڈاک سے + جلد - فوراً - تُرت

دو آشیانہ - ف - اسم مذکر - ایک قسم کا دوہرے درجہ کا تمبو - دو کمروں کا ڈیرا - دوہرا خیمہ +

دو اُنگل کی بچی - ا - اسم مؤنث - ع و - ننھی سی جان چھوٹی عُمر کی لڑکی - دُودھ پیتی بچی (تحقیراً بولتی ہیں)

دو اُنگلیاں مسی لگانا - ا - فعل متعدی - ع و - ذرا سی مسی ملنا +

دوادوش - ف - اسم مؤنث - دَوڑ دھوپ - کوشش سعی - پیروی - پیہ دَوڑی [illegible]

دو آنسو ڈالنا - ا - فعل متعدی - تھوڑا سا رونا (معروف)
شمع روے [illegible] رنگ لو بہار کے واسطے
[illegible] حیف تو ڈالے نہ دو آنسو بہار کے واسطے

دو آنسو گرانا یا بہانا - ا - فعل متعدی - ع و - دیکھو (دو آنسو ڈالنا) (جرأت)
دم آخر مری بالیں پہ آؤ گے تو کیا ہوگا
میاں صاحب جو دو آنسو بہاؤ گے تو کیا ہوگا

دوانی - ا - اسم مؤنث - دو آنے کا نقرئی سکہ + روپے کا آٹھواں حصہ +

دو ایک - ا - تابع فعل - چند - دو چار - دو تین +

دوبارہ - ا - تابع فعل - دُوسری مرتبہ - دُوسری دفعہ بار دیگر - مکرر - پھر +

دوباز - ا - اسم مذکر - دو رنگے بازو کا کبوتر یا کنکوا - وُہ کبوتر جسکے دونوں بازوؤں کے پر سفید ہوں + وُہ کنکوا جسکے دونوں کُندے رنگین کاغذ کے ہوں

دوبالا - ف - صفت - دُونی - دُونا - دو چند - دُگنا دُگنی جیسے اُنکے دم سے دوبالا رونق ہوگئی +

دوبلدا - ا - اسم مذکر - دو بیلوں کا چھکڑا + (گنوار)

دوبلدی - ا - اسم مؤنث - دو بیلوں کی گاڑی (گنوار)

دو بول پڑھانا - ا - فعل متعدی - نکاح پڑھانا - لڑکی کا غریبی بموجب نکاح کر دینا - پیلے ہاتھ کر دینا

دو بول پڑھوانا - ا - فعل متعدی - نکاح پڑھوانا - عقد کرانا - ازدواج کرنا +

دوبھاشیا - ا - اسم مذکر - دو بھاشا کا جاننے والا - مترجم ترجمان - وُہ شخص جو ایک زبان سے دُوسری زبان میں سمجھا دے +

دوبھیسیا - ا - اسم مذکر - دو رُخہ - منافق - دو رُو دو رنگا + رکابی مذہب +

دوپارہ - ف - صفت - دو ٹوک + پھٹا ہوا - پارہ شدہ

دو پاپی پر چڑھانا - ا - فعل متعدی - داڑھی کے دونوں بالکوں کو دونوں رخساروں کی طرف چڑھانا

سپاہیوں کی طرح ڈاڑھی چڑھانا +

دو پائی کا نقش یا تعویذ - ا - اسم مذکر - ایک نو خانہ کا مثلثی نقش جسے اول نیچے کے تین خانوں کو بھر کر پھر دو دو خانے بھرتے اور ایک ایک چھوڑتے جاتے ہیں

(بحر) مجھے نسخہ اکسیر سے سوا تعویذ +
چلے اگر رو حُب میں دو پائی کا تعویذ

دوپایہ - ف - صفت - دو ٹانگوں کا - دو پایوں کا

دوپٹہ - ا - اسم مذکر (دو + پاٹ) ا - لغوی معنی دو پاٹ کا چادرا - دوپٹہ - اوڑھنا - اوڑھنی (۲) پٹکا - کمر بند +

دوپٹہ بدلنا - ا - فعل متعدی - اوڑھنا بدلنا بہناپا جوڑنا - سہیلی بنانا +

دوپٹہ تان کے سونا - ا - فعل لازم - بےفکری سے سونا + موت کی نیند سونا + گھوڑے بیچکے سونا

دوپٹہ ہلانا - ا - فعل متعدی - صلح کرنیکی علامت ظاہر کرنے کے واسطے حالت جنگ میں چادر کو ہلانا تاکہ مخالف لڑائی بند کر دے - مغلوب ہونے یا پناہ میں آنیکی علامت ظاہر کرنا +

دو پشتہ - ف - صفت - دو رخہ - دو طرفہ + دونوں رخ کا چھپا ہوا +

دو پشتہ کرنا - ا - فعل متعدی - کاغذ کو ایک رخ سے چھپا کر دوسرے رخ سے چھاپنا - دو رخا بنانا +

دو پلڑی - ا - اسم مؤنث - دو پاٹوں کی ٹوپی +

دو پلکا - ا - اسم مذکر (۱) ایک قسم کا توام نگینہ

(بحر) اے جان جہاں کم سخنی ختم ہے تم پر
لب بستہ وہ منہ ہے کہ نگینہ ہے دو پلکا

(۲) ایک قسم کا کبوتر +

دوپکھی - ا - اسم مؤنث - عو - ایک وضع کی دوہرے خانے کی جالی جسکی عورتیں اکثر گڑیاں بناتی ہیں +

دوپہر - ا - اسم مؤنث - نیمروز - دن کے بارہ بجے کا وقت - وہ وقت جبکہ آفتاب نصف النہار پر ہو +

دوپہر بجنا - ا - فعل لازم - دوپہر کی توپ چلنا یا گھنٹہ بجنا - دوپہر ہونا - آدھا دن ہونا - تاریخ -

اے روز فراق نیم جاں ہوں
تیری ابھی دوپہر بجی ہے

دوپہر ڈھلنا - ا - فعل لازم - زوال کا وقت ہونا دن ڈھلنا - آفتاب کا نصف النہار سے ہٹنا - سہ پہر ہونا

(برق) یار سے وعدہ ملاقات کا ہے بعد زوال
دوپہر آج کسی طرح نہیں ڈھلنے کی

دوپہریا - ا - اسم مذکر (۱) ایک قسم کا پھول جو اکثر دوپہر کو کھلا کرتا ہے (۲ - صفت) دوپہر کے نطفہ کا دوپہر کی پیدائش - حرامزادہ اور شریر - بدذات - ذکی

دو پیازہ - ف - اسم مذکر - بن ترکاری کا گوشت جسمیں دو مرتبہ پیاز سے کام لیا جاتا ہے +

دوتارا - ا - اسم مذکر - ایک قسم کی چھوٹی سی سارنگی جسمیں دو تار ہوتے ہیں +

دوتہی - ا - اسم مؤنث - ایک قسم کا کپڑا جو بستر کی بجائے دوہرا بچھایا جاتا اور سنجاف میں اکثر بنایا جاتا

دو ٹوک - ا - صفت - دو پارہ - القطع +

دو ٹوک جواب دینا - ا - فعل متعدی - صاف انکار کر دینا - صاف جواب دے دینا +

دو ٹوک کرنا - ا - فعل متعدی - فیصلہ کرنا + دوستی کو القطع کرنا + قطع محبت کرنا + رشتہ توڑنا + ...

دو ٹوک ہونا - ا - فعل لازم - ... بادکا +

... گی دنیا رہے

اِنفصال ہونا - فیصلہ ہونا +

دوجیا - ا - صفت - عو - دوجی والی - حاملہ - پیٹ والی + پیٹ سے - باردار +

دوجی سے ہونا - ا - فعل لازم - حاملہ ہونا - پیٹ سے ہونا (بیگم) اے دوگانا زندگی میری تری مرضی سے ہے
لاکھ جی سے تنے ترے ایک جی پہ تُو دوجی سے ہے

دو چار - ا - تابع فعل - چند - دو ایک - دو تین +
قسمت تو دیکھ ٹوٹی ہے جاکر کہاں کمند
دو چار ہاتھ جبکہ لبِ بام رہ گیا + (ذوق)

دو چار ہونا - ا - فعل لازم - سنمکھ ہونا - مقابل ہونا - سامنے ہونا + چار آنکھیں ہونا + (نظیر)
شب کو زلو نہیں واہ وا زور مزوں کے تار تھے
ہمسے دو چار یار تھا یار سے ہم دو چار تھے

دو چند - ف - صفت - دُونا - دُگنا - دُہرا - ڈبل +

دو چوبہ - ف - اسم مذکر - دو چوب کا خیمہ +

دو چھریوں کا ایک میان میں نہ رہنا - ا - فعل لازم - دو بی بیوں کا ایک گھر میں یا دو دشمنوں کا ایک کسی کے ہاں رہنا دشوار ہونا +

دو حرف بھیجنا - ا - فعل متعدی - لعنت بھیجنا - لعنت کرنا (رنگین) بھیجتی ہوں میں دوگانا کی اکڑ پر دو حرف
اُسنے جاکر مجھے صورت بھی نہ دکھلائی پھر +

دو خصمی - ا - اسم مؤنث - وہ عورت جسنے دوسرا بیاہ کیا ہو - دوہاجو - دو خصم والی +

دو دستہ خلال - ا - اسم مؤنث (رطاس) دو طرفہ [illegible]ل - دو آتشیوں کا ایک بازی میں خلال دینا +

[illegible] - ا - اسم مؤنث کشتی کے ایک پیچ کا نام

دو آتشہ [illegible]وں ہاتھوں کے ذریعہ سے حریف کو

گھسیٹ لاتے ہیں +

دودِلہ - ا - صفت - شکی - وہمی - وسواسی - ڈھکڑ پکڑ میں رہنے والا - مذبذب - دوچتا +

دو دن کا مہمان - ا - صفت - مہمانِ چند روزہ + چند روزہ - عارضی - فانی - ناپائیدار +

دو دل راضی تو کیا کریگا قاضی - ا - کہاوت فریقین کی رضامندی میں زبردست کی بھی نہیں چلتی - فریقین کی رضامندی میں حاکم دخل نہیں دے سکتا + جانبین کی رضا پر متوسط کی کچھ حاجت نہیں

دو دن کی چاندنی - ا - صفت - حسنِ چند روزہ + دولتِ بے ثبات + جمالِ زوال پزیر و بے اعتبار

دو دو باتیں - ا - اسم مؤنث - مختصر سوال و جواب

دو دو دانے کو پھرنا - ا - فعل لازم - ایک ایک کوڑی کو محتاج پھرنا - بھیک مانگتے پھرنا جیسے دُعا دے
سمدھیانے کو نہیں پھرتی دو دو دانے کو +

دو دو ہاتھ اُچھلنا - ا - فعل لازم - نہایت بیتاب و بیقرار ہونا - مضطرب الحال ہونا - تڑپنا جیسے دو دو ہاتھ کلیجہ اُچھلنے لگا (امیر)
تڑپے ہے جبکہ سینے میں اُچھلے ہے دو دو ہاتھ
گر دل یہی ہے میر تو آرام ہو چکا + +

دو دھارا - ہ - صفت (۱) تیغِ دو دم - دُہری باڑ کا خنجر - دُہری دھار کی تلوار (۲ - اسم مذکر) وہ جگہ جہاں سے دریا کی دو شاخیں ہو جائیں یا دو ندیں ملیں (۳ - اسم مذکر) ایک قسم کا تھوہر جسکی دُہری شاخ ہوتی ہے - زقوم +

دوراؤ - ا - اسم مذکر - دو روئی - نفاق - فرق - جیسے اگر ایک سمجھتے ہو تو پھر کیوں جی میں دوراؤ رکھتے ہو

دوراہا - ا - اسم مذکر - وہ راستہ جو دو طرف کو گیا ہو
یا جہاں دو راستے ملے ہوں +

دورُخا - ا - صفت (۱) دو رُویہ - دو بھیسیا (۲) دو رنگا
+ منافق - وہ شخص جو دونوں طرف ہو +

دورسا - ا - اسم مذکر - خمیرہ ملا ہوا تمباکو - دو قسم کا
ملا ہوا تمباکو +

دورگا - یا دوغلا - ا - اسم مذکر (عوام) سونٹیلا + وہ آدمی
جسکے ماں باپ دو قوم کے ہوں (اصل میں دوغلہ تھا)

دورنگا - ا - صفت - دو رنگ کا - دو بھیسیا - یکرنگ
کے خلاف + برزخ +

دورنگی - ا - اسم مؤنث - دوئی - مغائرت - بیگانگی
+ دوروی - مکاری +

س

دورنگی چھوڑدے یکرنگ ہو جا
سراسر موم ہو یا سنگ ہو جا

دورُویہ - ا - صفت (۱) دورُخا - دورنگا (۲) تابع
فعل) دو طرفہ - دونو جانب سے جیسے دورُویہ سیاہ
کھڑی ہے (۳) منافق - بطانہ رکھنے والا +

دو زانو بیٹھنا - ا - فعل لازم - گھٹنوں کے بل بیٹھنا
اونٹ کی بیٹھک بیٹھنا - مؤدبانہ بیٹھنا +

دوسالہ - ا - اسم مؤنث (۱) وہ زمین جو دو برس بوئی
جوتی گئی ہو (۲) صفت) دو برس کا - دو برس کی عمر کا

دوسُوتی - ا - اسم مؤنث - دوہرے سوت کا بنا ہوا
ایک قسم کا کپڑا جو اکثر خیموں یا فرش وغیرہ میں لگاتے ہیں

دوسیری - ا - اسم مؤنث - دو سیر کا بٹ +

دوشاخہ - ا - اسم مذکر (۱) دو شاخوں کی لکڑی یا درخت
یا شمعدان (۲) دونوں ٹانگیں +

دوشالہ - ف - اسم مذکر - چادر جوڑا - دوشال کا جوڑا

کبھی مال دوشالہ پہنیں کمل کے اگاڑی
یہ مول میں بھاری ہے تو وہ تول میں بھاری

دوشالہ پوش - ف - اسم مذکر - اول معلوم (۲) خوش
لباس - امیر - خوش پوشاک +

دوشالہ میں لپیٹ کر لگانا - ا - فعل متعدی - در پردہ
ذلیل کرنا - عمدہ الفاظ میں ہجو کرنا - ہجو ملیح کرنا +

دوطرفہ ف + ع - صفت - دورُویہ - دونوں طرف
دونوں جانب - جانبین + طرفین + باہمی +

دوعملہ - ا - اسم مذکر - وہ چیز یا مکان جو دو آدمیوں کی
ملکیت میں ہو +

دوعملی - ا - اسم مؤنث - دو حکومتیں - دو حکومتوں
کے مختلف قاعدے + بدانتظامی + اختلاف رائے

دوفصلی - ا - اسم مؤنث (۱) دوموسمی - دورُتی -
وہ درخت جسمیں فصل میں دو بار پھل لگے یا وہ زمین
جو سال میں دو بار بوئی جائے (۲) دوغلی جیسے
دوفصلی باتیں +

دوکرنا - ا - فعل متعدی - دوٹوک کرنا - دو حصے کرنا
برابر دو ٹکڑے کرنا +

دوکوڑی کی بات - یا - آبرو کردینا - ا - فع
ذلیل کردینا - عزت بگاڑ دینا [illegible]
اٹھادینا - پت کھودینا + [illegible]

دوگاڑا - ا - اسم مذکر - دونالی بندوق [illegible] +
جسمیں دو گولیاں بھری جاتی ہیں [illegible]
دوگولیاں بھرنے کو بھی دوگاڑا [illegible]

دوگاڑا مارنا - ا - فعل متعدی - [illegible] حملہ کرنا + دوستی [illegible]
ایکدفعہ میں دو گولیاں بھر کر چلانا [illegible] توڑنا +
غال دوزن سے دکھائی نہیں [illegible] بادکا +
[illegible] دنیا رہے

بھر کے قاتل نے تیغے میں دوگاڑا مارا +

دوگانا - ا - اسم مؤنث - دیکھو (دگانا بمعنی سہیلی) +

دوگانہ - ف - اسم مذکر - دیکھو (دگانہ) +

دو گھڑی کا تڑکا - ا - اسم مذکر - صبح کاذب + آفتاب نکلنے سے پہلے کا وقت +

دولتی - ا - اسم مؤنث - چوپایہ کا دونوں ٹانگیں اٹھا کر لات مارنا - جفتہ زدن - جفتہ +

دولتی پھینکنا - ا - فعل متعدی - لات مارنا - لات چلانا

دولتی چھانٹنا - ا - فعل متعدی - لات مارنا - لات چلانا

دولڑا - ا - اسم مذکر - دولڑ کا ہار + دوہرا بٹا ہوا تاگا یا رسی + دولڑی کا تار +

دو محلہ - ا - صفت - دو منزلہ - دو کھنڈ کا مکان + دو درجے کا مکان +

دو معنی - ا - اسم مؤنث - دوارتھی - وہ بات جسکے دو معنی ہوں - پہلودار بات - دو پہلو کی بات +

دو ملاؤں میں مرغی حرام - ا - کہاوت - ضد میں حلال چیز پر بھی حرام کا فتویٰ لگ جاتا ہے + دو ہم دعویٰ اور ہم پیشہ آدمیوں میں کام بگڑ جاتا ہے +

دو مُنہی - ا - اسم مؤنث - دو مُنہ کا سانپ - دو مُنہی

دو حرف بھیجنا - ا - فعل لازم - عو - ذرا ہنس لینا لعنت کرنا (رنگین)

(رنگین)

اُسنے جا کر مجھے شخص لیتی ہوں دو مُنہ میں بھی

دو خصمی - ا - ...س ہوتی ہوں ہردم کی ملاقات سے کم

کیا ہو - دو ہا[تھ]

آنکھوں میں ٹھیکرا - ا - کہاوت

دو دستہ خلا... بھلا - دو سے تیسرا آدمی ناگوار ہوتا ہے

...ل - دوآ... - حرف عطف - ہر دو +

...**باگیں کسنا** - ہ - فعل لازم - تلوار کا دونوں جانب

دو آتشہ

سے خمیدہ ہونا برف) نیک و بد سب سے جھک کے ملتی ہو

دونوں باگیں یہ تیغ کستی ہے +

دونوں ٹانگوں میں سر کر دینا - ا - فعل متعدی - سزا دینا - ٹھیک بنانا +

دونوں جہان سے کھونا - ا - فعل متعدی - دین کا رکھنا نہ دنیا کا +

دونوں طرف - ا - صفت - ہر دو جانب +

دونوں وقت ملے - ا - تابع فعل - شام کے وقت جھٹ پٹے میں - مغرب کے وقت +

دونوں وقت ملنا - ا - فعل لازم - رات اور دن کا ملنا - شام ہونا - سورج ڈوبنا - آفتاب چھپنا +

دونوں ہاتھ تالی بجنا - ا - فعل لازم - دونوں طرف سے لڑائی ہونا - دوستی سے دوستی عداوت سے عداوت ہونا - ہر دو جانب سے جھگڑا ہونا + (رنگین)

یہ سچ ہے بجتی ہے بس دونوں ہاتھ سے تالی
جو وہ نہ آوے تو میں بھی نہیں بلانیکی

دونوں ہاتھوں سے سلام کرنا - ا - فعل متعدی - نہایت نفرت اور بُعد ظاہر کرنا - شرارت یا بدی میں استاد ماننا + کسی کی چالاکی کو مان جانا +

دوورقی - ا - اسم مؤنث (۱) دو ورق کی کتاب - چھوٹی سی کتاب (۲) فرج - قبل - فلانی (عوام) +

دوورقی کا سبق پڑھنا - ا - فعل لازم (بازاری) صحبت داری میں مشغول رہنا - عیاشی کرنا +

دوہتڑ - ا - اسم مذکر - دونوں ہاتھوں کی ضرب جو اکثر عورتیں بچوں کے سر یا پیٹھ پر زور سے مارتی ہیں - ایک ساتھ دونوں ہاتھوں سے پیٹنا +

(جرأت) کیا کہا پیغامبر نے یہ تیرے مشتاق سے

مر گیا بس دلپہ اپنے خود دو ہتڑ مار کے

دوہتی -ا- صفت - دونوں ہاتھوں کی - دونوں ہاتھوں سے +

دوہتی تالی بجنا -ا- فعل لازم - دیکھو (دونوں ہاتھ تالی بجنا) +

دوہی دن میں -ا- تابع فعل - عرصۂ قلیل اور کم مدت میں (مومن) اپنے ڈھب کی کیا پڑھی ایک مومن نے غزل دوہی دن میں یہ تو گویا ماہر فن ہو گیا +

دُوآ -ا- اسم مذکر (۱) دوجا - دوسرا (۲) طاس کا وہ پتا جس میں دو نشان ہیں - دُکی (۳) چوسر کے ایک داؤں کا نام جو چوک کے برخلاف ہے +

دَوَا -ع- اسم مؤنث - اوکھد - دارو - درمان - دوائی + علاج معالجہ +

دواخانہ -ف- اسم مذکر - شفاخانہ + وہ کمرہ یا الماری جسمیں دوائیں رہتی ہیں +

دوادارو -ا- اسم مؤنث - علاج معالجہ + بیمارداری

دوادرمن -ا- اسم مؤنث - حو - دوادرمان علاج معالجہ

دواکو نہ ملنا -ا- فعل لازم - کسی چیز کا بالکل دستیاب نہ ہونا - ذرا نہ ملنا - گھس لگانے کو نہ ملنا +

دَوَابّ -ع- اسم مذکر - چوپائے - حیوان مواشی جیسے گھوڑے گدھے اونٹ وغیرہ +

دُوآبَہ -ف- اسم مذکر - دو دریا کے بیچ کی زمین - دیارا

دُوآپَر -س- اسم مذکر - ہندوؤں کا تیسرا جگ جو ۸۶۴۰۰۰ برس کا ہوتا ہے۔ دو جگوں کے پیچھے کا جگ

دَوَات -ع- اسم مؤنث - سیاہی رکھنے کا ظرف یعنی دوات

دُوآدِسی -ہ- اسم مؤنث (ہندو) اجالے پاکھ کی بارھویں تاریخ +

دُوَادَوِش -ف- اسم مؤنث - دوڑ دھوپ - پیروی کوشش سعی - مجاہدت +

دُوآر -ہ- اسم مذکر - دروازہ - ڈیوڑھی - بار - پولی + راستہ - گزر (۲) وسیلہ - ذریعہ (گنوار) ۳- آستانہ چوکھٹ - عتبہ +

دُوآرا -ہ- اسم مذکر (۱) دیکھو (دوآر) ۲- آستانہ - چوکھٹ + جگہ - استھان - مقام جیسے ٹھاکردوارا - گرودوارا وغیرہ

دُوَال -ف- اسم مؤنث - تسمہ - رکاب کا تسمہ (اردو والے غلطی سے بکسر دال بولتے ہیں)

دِوَال پائی -ف- اسم مذکر - محاورہ میں - ناواقف - ایک بوٹا (شاعر) وہ تو بیچ کر مرتے ہیں سب تیرے طور پر غور و پری کو جان کے کب ہیں دوال پا

دِوَالا -ہ- اسم مذکر (اصل میں دیا + بالا تھا) ۱- خسارہ - ٹوٹا - ناداری - مفلسی - تہی دستی (پہلے دستور تھا کہ جب کسی شخص کا ٹوٹا آتا تھا تو وہ دنگوا اپنی دوکان میں چراغ جلا دیتا اور دوکان کا تختہ الٹ دیتا تھا جس سے ظاہر ہوتا تھا کہ اسکا مال جاتا ہوگیا اب کچھ نہیں رہا) ۲- سادا یعنی قرض کی ہمدردی

دوالا نکالنا -ہ- فعل متعدی - دیکھو دوالا ۱- فو

تپکاالٹنا - سرکاری میں فلاسی کی ایک قسم کا کپڑا جو بستر کی

دِوَالی -ا- اسم مؤنث (۱) ہموار سب میں اکثر بنایا جاتا ہے ہوا کا چڑا جو بیماری کے بیچ میں ہے - یارنا الفظ +

دِوَالی -ہ- اسم مؤنث - مرکب از دیپ - مالا - ہندوؤں کا ایک مشہور تہوار جس اور بہت سی روشنی کی جاتی ہے پندرہ تاریخ کو ہوتا ہے اسمیں ہندو اور چور چوری کو نکلتے ہیں انکے اعتقاد سے برس روز تک جیت رہتی ہے

لہسلہ کرنا + دوستی کو ہوا دیا کی + توڑنا + ... بادکا + ... کی - دنیا رہے

دِوَالِیں ۔ا ۔ اسم مؤنث ۔ع ۔ انگیا کی کٹوریوں کے
نیچے کے ٹکڑے +
دِوَالِیَہ ۔ ۔ اسم مذکر ۔ مؤنث ۔ پونجیا ۔ نادار ۔ مُفلس ۔ وُہ
شخص جسکا دوالہ نکل جانے کے سبب بازار بند ہوگیا ہو
دَوَام ۔ع ۔ اسم مذکر (۱) ہمیشگی ۔ دائمی ۔ مُدامی (۲)
تابع فعل) ہمیشہ ۔ سدا ۔ نت ۔ مُدام +
دَوَامی بندوبست ۔ع + ف ۔ اسم مذکر ۔ وُہ زمین کا
انتظام جو ہمیشہ کے واسطے ایک ہی دفعہ کر دیا جائے
دَوَان ۔ ف ۔ حال ۔ دوڑتا ہوا ۔ بھاگتا ہوا + حیران
وسرگردان جیسے رواں دواں پھرنا +
دَوَانوں میں آنا ۔ا ۔ فعل لازم ۔ فریب میں آنا ۔ قابو
میں آنا ۔ دُشمن آتا نہیں ہے وُہ تو کسی ڈھب سے دوانوں میں
بنتی نہیں ہے بنے کی اُسکے کوئی طرح (متروک)
دِوَانَہ ۔ا ۔ اسم مذکر (صحیح ۔ ف ۔ دیوانہ) مُخفف دیوانہ
(۱) بائولا ۔ سودائی ۔ پاگل ۔ بائولا ۔ مجنون (۲) احمق بیوقوف
دَوَائر ۔ع ۔ اسم مذکر ۔ دائرہ کی جمع +
دُوب ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ ایک قسم کی باریک نرم
اور عمدہ گھاس (ناسخ) اُگائے نوخط ہزاروں خاک میں
سبزہ [illegible] ا ۔ [illegible] سبزہ [illegible] کا +
دو حرف بھیجنا ۔ [illegible] روبرو ۔ سامنے ۔ مُقابل
لعنت کرنا (رنگین) [illegible] بالمشافہ +
اُسنے جا کر مجھے [illegible] لازم [illegible] دوکش ہونا ۔ مُقابل ہونا
دو خصمی ۔ا ۔ [illegible] کو ہمارے کینے سے
کیا ہو ۔ دو ہاتھے داغ کہ ہو دو بُرد کمینے سے
دو دستہ خلا[illegible]ت (۱) مُشکل ۔ دُشوار ۔ سخت (۲)
[illegible]ل ۔ دو آتشہ ۔ گران خاطر ۔ بارِ خاطر (صراحت)
[illegible] کے رونے سے نہیں دم بھر مجھے
دو آتشہ

کھو جڑے بیٹے نے جیتا کر دیا دُہ بھر مجھے
دُوت ۔ ہ ۔ اسم مذکر (۱) قاصد ۔ پیک ۔ ایلچی ۔ وکیل
سفیر (۲) نائب ۔ پیشکار ۔ متصدی ۔ مختار (۳)
جم دوت ۔ فرشتہ موت ۔ قابض الارواح ۔ عزرائیل
۴ ۔ چغل خور ۔ غماز ۔ لُترا ۔ سخن چین +
دُوتا پن ۔ ہ ۔ اسم مذکر (۱) جاسوسی ۔ وکالت ۔
ایلچی گری (۲) چغلی ۔ غمازی +
دُوت ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ کُتّے کو ہنکانے کی آواز
جیسے دُوت کُتّے دُوت +
دُوتا ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ دیکھو (دُوت) + (ہندو)
دُوت دُبک ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ دُور دبک + جھڑکا
لعنت ملامت ۔ دھتکار ۔ ڈانٹ (ایک زنانہ کلمہ ہے
جو ادنیٰ لوگوں کی تنبیہ کے واسطے زبان پر آتا ہے (سودا) کہنی
یہانتک کہ یہ انداز سخن میں اُسکے + کہ یکہ بات ہے کہتا کسیکو
دُوت دبک کہتا) +
دُوتی ۔ ہ ۔ اسم مؤنث (۱) جاسوس عورت ۔ ایلچن (۲)
چغلخور عورت ۔ سخن چین عورت ۔ لُتری جیسے ساس
موری دوتی نند موری بیرن (گیت) +
دُوج ۔ ہ ۔ اسم مؤنث (ہندو) قمری مہینے کی دُوسری تاریخ
دُوجا ۔ ہ ۔ صفت ۔ دُوسرا ۔ ثانی ۔ دوم +
دُوخت ۔ ف ۔ اسم مؤنث ۔ سلائی ۔ سیون +
دُود ۔ ف ۔ اسم مذکر ۔ دُھواں ۔ دُخان + بھاپ +
دُودھ ۔ ہ ۔ اسم مذکر (۱) شیر ۔ لبن ۔ گورس (۲) درخت
یا کسی چیز کا سفید عرق +
دُودھ اُترنا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ دُودھ پلاتے وقت
چھاتیوں میں دُودھ بھر آنا + دُودھ کا چھاتیوں یا
گائے بھینس وغیرہ کے تھنوں میں آجانا +

دُودھ اُدھاری - ٧ - صِفت (ہندی) صرف دُودھ پر رہنے والا - وُہ شخص جسنے اَن تیاگ کر دُودھ پر اپنا گزارہ ٹھہرا لیا ہو +

دُودھ بڑھانا - ٧ - فِعل مُتعدّی - دُودھ چھڑانا - بچّے کو دُودھ پینے سے باز رکھنا +

دُودھ بڑھنا - ٧ - فِعل لازم (۱) دُودھ زیادہ ہونا (۲) دُودھ چھوڑنا - دُودھ سے باز رہنا +

دُودھ بھائی - ٧ - اِسمِ مذکّر - برادرِ رضاعی - دُودھ شریک بھائی - کوکا - دھا بھائی +

دُودھ بھر آنا - ٧ - فِعل لازم - بچّے کی ماتا یا محبّت کے باعث چھاتیوں میں دُودھ اُتر آنا - مادری محبّت کا جوش ہونا +

دُودھ بھری کٹوریاں - ٧ - اِسمِ مؤنّث (اطفال) دُودھ بھری چھاتیاں - پستانِ پُر از شیر +

دُودھ بہن - ٧ - اِسمِ مؤنّث - کوکہ - وُہ لڑکی جسکی ماں کا دُودھ پیا ہو - انّا کی بیٹی - رضاعی بہن +

دُودھ پڑنا - ٧ - فِعل لازم - اناج میں رس پڑنا +

دُودھ پلانا - ٧ - فِعل مُتعدّی - بچّے کو شیر دینا - دُودھ چُسانا - چھاتی مُنہ میں دینا +

دُودھ پلائی - ٧ - اِسمِ مؤنّث (۱) دایہ - انّا - مُرضعہ (۲) وُہ نقدی جو دُولہا کو دُلہن کے گھر سے ساچق کے روز آتی یا اپنے رشتہ دار اِس نام سے دیتے ہیں +

دُودھ پُوت - ٧ - اِسمِ مذکّر - دھن دَولت - مال اَولاد

دُودھ پُوت والی - ٧ - اِسمِ مؤنّث - آل اَولاد اور دھن دولت والی - صاحب نصیب +

دُودھ پھاڑنا - ٧ - فِعل مُتعدّی - دُودھ کے اجزا جُدے کرنا - کسی دوا کے ذریعہ سے دُودھ کا پانی علیحدہ کر دینا

دُودھ پھٹنا - ٧ - فِعل لازم - دُودھ کا پانی اور اُسکی دُہنیت کا علیحدہ ہو جانا - دُودھ کا ٹکڑے ٹکڑے ہونا

دُودھ پیتا بچّہ - ٧ - اِسمِ مذکّر (۱) گود کا بچّہ - ننّا بچّہ - شیر خوار - شیر خوارہ (۲ - صِفت) بھولا - ناتجربہ کار - ناسمجھ - نادان +

دُودھ پیتے روپے - ٧ - اِسمِ مذکّر - کھرے کھرے روپے - بے جوکھوں روپے - امانتاً موجود اور کھرے روپے + نقد روپے +

دُودھ پینا - ٧ - فِعل لازم - چُوچی پینا - چُوچی چچوڑنا - شیر نوشیدن کا ترجمہ +

دُودھ چُرانا - ٧ - فِعل لازم - دُودھ چڑھا جانا - دُودھ چھپا لینا (جب گائے بھینس دُودھ دُہتے وقت تھنوں میں سے اُوپر کو چڑھا جاتی ہے تو یہ کہتے ہیں) +

دُودھ چڑھانا - ٧ - فِعل مُتعدّی - دیکھو دُودھ چُرانا

دُودھ چڑھنا - ٧ - فِعل لازم (۱) دُودھ خشک ہونا دُودھ جذب ہونا (۲) دُودھ کا چھاتیوں میں کثرت سے جمع ہو جانا جسطرح بچّے کے مرجانے یا دُودھ چھڑا دینے کے بعد چھاتیاں حسب عادت [illegible]

دُودھ چھٹانا یا چھڑانا [illegible] (دُودھ بڑھانا) +

دُودھ چھٹی کا یاد آنا [illegible] (چھٹی کا دُودھ یاد آنا) عافیت [illegible] مُصیبت پڑنا (امثال) جانب [illegible] میکشو دُودھ چھٹی کا جو تمھیں یاد [illegible]

دُودھ دُہنا - ٧ - فِعل مُتعدّی [illegible] دھار نکالنا +

دُودھ دیکھنا - ٧ - فِعل مُتعدّی -

کرنا - دُودھ کی بُرائی بھلائی جانچنا +

دُودھ دینا - ف - فعلِ مُتعدّی (۱) دُودھیل ہونا - دُودھ والی ہونا - شیر دادن کا ترجمہ (۲) دُودھ پلانا - شیر خورانیدن کا ترجمہ جیسے دو گھنٹے سے بچّے کو دُودھ نہیں دیا (۳) دُودھ فروخت کرنا - دُودھ بیچنا جیسے یہ گھوسن فلاں شخص کے ہاں دُودھ دیتی ہے +

دُودھ سا - ف - صفت - مانندِ شیر - نہایت سفید + کھری چاندی

دُودھ کا جلا چھاچھ پھونک کر پیتا ہے - ف - کہاوت - ایک چیز سے ڈرا ہوا اُسکی ہمشکل ہر چیز سے ڈرتا ہے - دغا کھایا یا نقصان پایا ہوا آدمی ادنیٰ کام بھی سوچ سمجھ کر کرتا اور دفعتہً ہاتھ نہیں ڈالتا ہے - مارگزیدہ از ریسماں میترسد کے مطابق ہے +

دُودھ کا دُودھ پانی کا پانی - ف - کہاوت - پُورا پُورا انصاف - ٹھیک انصاف + ایک ایک جنس علیحدہ علیحدہ (ا) بیاں غیر اُس سے شکر و شیر ہنوز آیا ہے دُودھ کا دُودھ ہو پانی کا جُدا یا پانی +

دُودھ کا سا اُبال - ف - اِسم مذکر - کڑھی کا سا اُبال - جلد فرو ہو جانے والا جوش - وُہ غصّہ جو ایک دفعہ ہی [illegible] دُودھ کا سا اُبال آیا چلا گیا +

دُودھ [illegible] سے آنا - ف - فعلِ لازم - ہنوز طفل [illegible] ہونا ناتجربہ کار ہونا +

دُودھ [illegible] ت - ف - اِسم مذکر - وُہ ملایم دانت [illegible] زمانہ میں نکلتے ہیں +

[illegible] دانت نہ ٹوٹنا - ف - فعلِ لازم - ابھی [illegible] سن ہونا - نادان ہونا دان بچہ ہونا +

[illegible] مکھی نکالکر پھینکدینا - ف - فعل [illegible] شخص کو دخیل یا قرابتی ہونیکے باوجود بالکل اپنے ہاں سے خارج اور بیدخل کر دینا - محض بیدخل و بے تعلّق کر دینا - گھناؤنا کر دینا +

دُودھ کی مکھی - ف - اِسم مؤنث - وُہ مکھی جو دُودھ میں گر پڑے اور اُسے نکالکر پھینکدیں +

دُودھ ماں - ف - اِسم مؤنث (ہندو) انّا +

دُودھ مُسہری - ا - اِسم مؤنث - ایک قسم کا ریشمی کپڑا

دُودھ مُوت کرنا - ف - فعلِ مُتعدّی - بچّے کی پرورش اور خدمت کرنا + گُوہ مُوت کرنا +

دُودھ والی - ف - اِسم مؤنث (۱) گوالن - شیر فروش گھوسن (۲) وُہ عورت جو بچّے کو دُودھ پلاتی ہو - رچھ

دُودھا بھاتی - ف - اِسم مؤنث (۱) دُودھ چاول جیسے چھی چھی کو تا کھائے دُودھا بھاتی ننّا کھائے (بچّے کے منہ دُھلانے کا فقرہ) ۲ - چوتھی کی ایک رسم جسمیں دُولھا کو کھیر کھلاتے ہیں +

دُودھاری - ف - اِسم مؤنث (پُورب) بہت دُودھ دینے والی + دُودھیل +

دُودھوں نہاؤ پُوتوں پھلو - ف - دُعا - عو نہایت دولت اور اولاد میں رہو - دھن دولت آل اولاد سے خوش رہو - صاحبِ اولاد ہو - مال و دولت کی فراوانی ہو ؎ (قطعۂ انشا)

بیگمانے جو کیا جھُک کے سلام آتو کو
آغا مینا نے سُنائی اُسے یُوں ہی آواز
پُوتوں پھلنا تجھے اور دودھوں نہانا ہو نصیب
بیاہ ہو سونے کے سہرے سے تری عمر دراز

دُودھی - ف - اِسم مؤنث (۱) پستان - چُوچی - چھاتی (۲) ایک بُوٹی کا نام جسمیں سے توڑنے کے ساتھ دُودھ نکلتا ہے اور نیز ایک قسم کا پتھر (اس معنی میں دُودھیا بولتے ہیں)

دُودھیا - ہ - صفت (۱) دُودھ کا - پُر از شیر - رسیلا
رس سے بھرا ہوا (۲) سفید - دُھولا - چٹا (۳) کچا
ہرا - سبز جیسے دُودھیا سنگھاڑا (۴ - اسم مذکر)
ایک قسم کا پتھر (۵ - اسم مذکر) ایک قسم کا نرم حلوا سوہن
جسمیں دُودھ زیادہ ڈالکر مُلائم کر لیتے ہیں +

دُودھیل - ہ - صفت - بہت دُودھ دینے والی
بسیار شیر دہندہ - جیسے دُودھیل گائے کی
دولاتیں بھی بھلی +

دَور - ع - اسم مذکر (۱) گرداگرد پھرنا - چرخ - گردش جیسے
دیتا ہے دَورِ چرخ کسے فرصت نشاط +
(ذوق)
ہو جسکے پاس جام وُہ اب جم سے کم نہیں
(۲) کسی چیز کا دورہ کرتے کرتے اپنی ہی ذات پر ٹھہرنا
(۳ - ا) چال - رفتار + روش (۴ - ا) حکومت - راج
سلطنت - عمل (اسیلا) اے قیس عمل وادیٔ وحشت سے اٹھا
تھا پیش ازیں دور ترا اب ہے ہمارا +
(۵ - ا) گردشِ ساغر + (ناسخ)
ہمیں سے بجائے نشہ ہوتا ہے خمار
باعثِ دَورانِ سر ہے دَور میرے جام کا
(۶ - ا) حاشیہ - کنارہ + حلقہ - گردہ - گھیرا جیسے شال
کا دَور (۷ - ا) باری - نوبت - وار - نمبر جیسے سبق
قرآن شریف کی دَور (اس معنی میں مؤنث بولتے ہیں)
(۸ - ا - اسم مذکر) گرداگرد - چاروں طرف - اردگرد
(۹ - ا) زمانہ - عرصہ - مدت (۱۰ - ا) انقلاب -
زمانہ کا اُلٹ پلٹ - اُلٹا پلٹی - تغیر و تبدل +

دَور دَورہ - ف - اسم مذکر - راج - عمل - دخل -
حکومت + اقبالمندی - چلتی + (ناسخ)
ہے یُوں ہی غمزوں سے حسینوں کا دَور دَور
کچھ آج سے زمانہ میں دَورِ قمر نہیں
(ایضاً) فصلِ گل میں اسقدر ہے میکشوں کا دَور دَور
سُبحہ زاہد نے بنائی دانۂ انگور کی +

دَور دَورا - ا - اسم مذکر - حکومت + اقبال + چلتی
راج - عمل - دخل +

دَور کرنا - ا - فعل متعدی - دو شخصوں کا بیٹھکر باری
باری ایک دُوسرے کو قرآن سُنانا +

دُور - ف - صفت (۱) بعید - فاصلہ - بُعد (۲) عرب
علیحدہ - جُدا - الگ - پرے (۳ - ا) کلمۂ نفرت
ہٹ - سرک - چل - چھیے (۴ - ا) دانشمند - [illegible]

دُور آپس سے - ا - تابع فعل - نصیب اعدا - خدا
آپ ہیں ہم نہیں تو کیا ہے عجب + دُور آپس رہا ہے کیا ہم ابا -

دُور اندیش - ف - صفت - دُوربین - ا - وقت
عاقبت اندیش - ہوشیار - آگا پیچھا سوچنے والا +

دُور اندیشی - ف - اسم مؤنث - دُوربینی - دھ پچھاننا
عقلمندی - دانائی - سوچ بچار - سُوجھنا +

دُور بھاگنا - ا - فعل لازم - نفرت کرنا - متنفر ہونا - کثرت
الگ رہنا - پاس نہ پھٹکنا [illegible]

دُوربین - ف - اسم [illegible]
کا آئنہ (اسیلا) ہر طرح محروم [illegible]
بام پر آتے ہیں وہ تو دُور [illegible]
(۲ - صفت) دُور اندیش +

دُور باد - ا - کلمۂ نفرت عو [illegible]
نصیبِ اعدا - نوج (۲) زخمہ [illegible]

دُور پہنچنا - ا - فعل لازم (۱) دُور [illegible]
درجۂ کمال اور بلند خیالی پر پہنچنا - [illegible]
تک پہنچنا - بڑوں کی گالی دینا [illegible]

ہونا + نہایت شریر اور بدذات ہونا (۴) ہٹنا۔ سرکنا
پرے ہونا۔ نظر سے غایب ہونا + (مؤلف)
جب دو قدم ہو مری چشم تر آب سے لاکھوں برس گزر گئے اپنے حساب سے

دَوران - ف - اسم مذکر (۱) گردش کرنے والا - دوار (۲) زمانہ۔ وقت
جگ (۳) عمر - اوستھا (۴) گردش - چکر - دورہ - انقلاب

دَورانِ سر - ف - اسم مذکر - سر گھومنا - سر کا چکر - دردِ سر -
گھمیری (مرزا) بادۂ گلگوں میں افیوں کا اثر ہو جائیگا
دورِ مے سے یار بن دورانِ سر ہو جائیگا

دَورہ - ا - اسم مذکر (۱) گردش - چکر (۲) باری - نوبت (۳) گشت
پھیرا (۴) حکام یا افسروں کا اپنے علاقہ کو دیکھنے کا زمانہ +

دَورہ سپرد کرنا - ا - فعل متعدی (قانون) فوجداری کے سنگین مقدمے
کو تجویز کے لیے سشن جج کے سپرد کرنا - عدالت فوجداری کے سپرد کرنا

دَورہ سپرد ہونا - ا - فعل لازم - فوجداری عدالت کے
سپرد ہونا - مقدمہ کا سشن جج کے متعلق ہونا +

دورہ کرنا - ا - فعل متعدی - چکر لگانا - گشت کرنا -
حکام کا اپنے ضلع اور علاقہ کے دیکھنے کے واسطے اٹھنا

دُوری - ف - اسم مؤنث - بُعد - فاصلہ + تفاوت
فرق - جدائی - مفارقت - برہ +

دَوڑ - ہ - اسم مؤنث (۱) تاخت + دوش + حملہ
دھاوا - چڑھائی - دشمنوں یا مجرموں کی گرفتاری
کے واسطے شتاب روی (۲) پہنچ - رسائی جیسے
ملا کی دوڑ مسجد تک (۳) کوشش - سعی - پیروی -
جدوجہد جیسے بیمار کی دوڑ ہوئی تو بچ جاتا +

دَوڑ دَوڑ یا دَوڑ دَوڑ کے جانا - ہ - فعل لازم
گھڑی گھڑی جانا - جلد جلد جانا - دمبدم جانا مؤلف
گر جائے زلف سے نہ کہیں یہ الجھ کے دل
جاتا ہے دوڑ دوڑ کے چاہِ ذقن کے پاس

دَوڑ چلنا - ہ - فعل لازم - بڑھکر چلنا - اپنی حد سے باہر
قدم رکھنا - بے سوچے کوئی کام کرنا جیسے دوڑ چلنا نہ گر پڑے

دَوڑ دھپاڑ - ہ - اسم مؤنث - دیکھو دوڑ دھوپ (قطعہ انشا)
جب لگ ہو سکے دوگانا جان + کھینچ اپنی طرف سے دوڑ دھپاڑ
آگے پھر یا نصیب یا قسمت + جو بنا ہو سنوار یا کہ بگاڑ

دَوڑ دُھوپ - ہ - اسم مؤنث - سعی کوشش - تلاش و جستجو
تگ و دو - نہایت پیروی - دوا دوش + محنت و مشقت +

دَوڑ دھوپ کرنا - ہ - فعل متعدی - نہایت
کوشش و پیروی کرنا +

دَوڑ کر چلنا - ہ - فعل لازم (۱) بھاگ کر چلنا - تیزی اور
سرعت سے چلنا (۲) بڑھکر چلنا - بساط سے باہر قدم
رکھنا - بے سوچے کوئی کام جلد کرنے پر مستعد ہو جانا

دَوڑ مارنا - ہ - فعل لازم (۱) تاخت و تاراج کرنا -
بیخبری میں دشمن پر چھاپہ مارنا + یکایک حملہ آور ہونا
دھاوا کرنا - چڑھ جانا (۲) لمبا سفر کرنا + دراز مسافت
طے کرنا (۳) مشکل کام کو انجام پر پہنچانا (۴) نہایت کوشش
اور دوا دوش کرنا +

دَوڑا دَوڑی - ہ - س [illegible]
+ بھاگا بھاگ + دوا دوش - [illegible]

دَوڑانا - ہ - فعل متعدی (۱) [illegible]
جلدی چلانا - ڈپٹانا (۲) جلد قاصد روانہ [illegible]
چمکانا - نان پاؤ پکانا جیسے تنور دہکا [illegible]
(۴) پھیلانا - بچھانا (۵) محنت کھینچ [illegible]
لینا - حیران کرنا - پھرانا +

دَوڑ دَوڑ آنا - ہ - فعل لازم
جلد جلد آنا - بار بار آنا +

دَوڑنا - ہ - فعل لازم (۱) بھاگنا

دو دین کا ترجمہ (۲) جلدی جانا ۔ جلدی چلنا (۳)
پھیلنا ۔ بچھنا (۴) محنت و سعی کرنا ۔ پیروی کرنا (۵)
حیران ہونا ۔ پھرنا (۶) حملہ کرنا ۔ دھاوا کرنا ۔ تاخت کرنا

دَوڑنا دھوپنا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ تگ و دو کرنا ۔ کوشش و سعی کرنا ۔ پھرنا

دُوزخ ۔ ف ۔ اسم مؤنث (اگر بول چال میں مذکر زیادہ بولتے ہیں) (۱) جہنم ۔ نرک + جم لوک ۔ وہ ساتوں طبقے جو تحت الثریٰ میں گنہگاروں کی سزا کے واسطے خیال کیے گئے ہیں

ہو مسلماں میں اور ڈرے سینہ در بہ اعظ کو سن کے مومن
(مومن) نہیں تھی دوزخ بلا سے جنتی عذاب ہجر صنم ہوا

(۲ ۔ و) پیٹ ۔ شکم جیسے دوزخ بری بلا ہے

(رباعی میر درد) پیدا کرے ہر چند تقدس بندا
مشکل ہے حرص سے ہو دل برکندا
جنت میں بھی اکل و شرب ہے کب ہے نجات
دوزخ کا بہشت میں بھی ہوگا دھندا

دُوزخی ۔ ف ۔ صفت ۔ جہنمی ۔ پاپی ۔ پرادھی +

دُوس ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ دوش ۔ الزام + خطا ۔ قصور
جرم + عیب ۔ نقص + پاپ ۔ گناہ +

دوس لگانا ۔ ہ ۔ فعل متعدی ۔ الزام لگانا ۔ خطا ٹھیرانا ۔ قصوروار قرار دینا ۔ عیب لگانا ۔
[illegible] (حسن)
[illegible] ہیں اسمیں کسی کی تقصیر
سر یہ مرے میری ہی لائیں آنکھیں

دوسار ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ تیر کا ترازو ہونا ۔ تیر کا آر پار ۔ تیر یا نیزہ کا بدن سے پار ہو جانا (نصیار)
جو کھائے تب اک تیر دو سار ہوا
[illegible] کیا جو ستے ہو دل پر بھی کرتے ہیں [illegible] ہو

دُوفصلی ۔ ہ ۔ صفت ۔ دو فصلی ۔ وہ زمین جس میں دو فصلیں ہوں

دُوشت ۔ ف ۔ اسم مذکر ۔ لغوی معنی چسپاں و پیوستہ
(۱) نقیض دشمن ۔ یار ۔ آشنا ۔ مشفق ۔ ایک جان دو قالب
مثل ۔ حبیب ۔ محب ۔ سنیہی ۔ خیر خواہ (۲) معشوق ۔ محبوب
صنم ۔ پریتم +

دوست بنانا ۔ و ۔ فعل متعدی ۔ یار بنانا ۔ گانٹھنا ۔ ملانا
+ سازش کرنا + ہمراز بنانا + طرفدار بنانا +

دوست رکھنا ۔ و ۔ فعل متعدی ۔ پسند کرنا ۔ عزیز رکھنا
پیار کرنا ۔ چاہنا ۔ مرغوب سمجھنا +

دُوستانہ ۔ ا ۔ اسم مذکر ۔ یاری ۔ دوستی ۔ محبت ۔ یارانہ

دوستانہ میں ۔ و ۔ تابع فعل ۔ یارانہ میں ۔ دوستی میں
+ مفت ۔ بلا قیمت +

دُوستدار ۔ و ۔ صفت ۔ عو ۔ خیر خواہ ۔ دلسوز + ہمراز
مشفق + ہلا پدار +

دُوستداری ۔ ا ۔ اسم مؤنث ۔ خیر خواہی ۔ دوستی ۔ دلسوزی

دُوستی ۔ ف ۔ اسم مؤنث ۔ یارانہ ۔ دوستانہ ۔ یاری ۔
پیار ۔ محبت ۔ آشنائی ۔ ربط ۔ اتحاد +

دوستی روٹی ۔ ا ۔ اسم مؤنث (پورب) ایک قسم کی
روٹی جو گھی کی لاگ سے دو پیڑے بنا کر پکائی جاتی اور بعد
میں ایک کی دو دو کر لی جاتی ہیں ۔ جڑواں روٹی +

دوستی کا دم بھرنا یا مارنا ۔ ا ۔ فعل متعدی ۔ دوستی کا
دعویٰ کرنا ۔ دوست ہونے کا بیڑا اٹھانا ۔ دوستی کا حق جتانا

دُوسرا ۔ ا ۔ صفت (۱) دوم ۔ ثانی ۔ اور ۔ دیگر (۲) مشابہ
(۳) غیر ۔ اجنبی (۴) مقابل کا ۔ برابر کا +

دُوسرا تیسرا کر ۔ ا ۔ تابع فعل ۔ دوسری اور تیسری دفعہ
بار بار ۔ کئی کئی بار (براہ معدودہ دوسرا پڑھو) +

دُوسری ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ دیگر ۔ ثانی ۔ اور +

دُوسری حالت ۔ یا ۔ صورت پکڑنا ۔ و ۔ فعل لازم ۔

تغیر پذیر ہونا - اِستحالہ قبول کرنا - مُنقلب ہونا +

دُوسری ماں - ہ - اِسم مؤنث - سوتیلی ماں +

دُوش - س - اِسم مذکر - دیکھو (دوس) +

دُوش - ف - اِسم مذکر - کندھا - مونڈھا - شانہ (۲) - تابع فعل (گزری ہوئی رات - شب گزشتہ +

دُوشالہ - ا - اِسم مذکر - چادر جوڑا - الوان کی دوہر پشمینہ کی چادر کا جوڑا +

دُوشاخہ - ف - اِسم مذکر - ایک قسم کا شمعدان جس میں دو ٹہنیاں ہوتی ہیں + بنگ چھاننے کی لکڑی جس کی دو شاخیں ہوتی ہیں +

دُوشنبہ - ف - اِسم مذکر - یکشنبہ کے بعد کا دن پیر - سوموار +

دُوشیزگی - اِسم مؤنث - کوارپن - چیرا بند ہونا - بکارت

دُوشیزہ - ف - اِسم مؤنث - چیرا بند - کواری - باکرہ - بن بیاہی +

دُوغلہ - ا - اِسم مذکر - وہ چیز یا وہ مکان جس میں دو شریک ہوں +

دُوعملی - ا - اِسم مؤنث - حکومت مشترکہ + بدانتظامی بنظمی +

دُوغلا - ا - صفت (اصل میں دوغلہ) دونسلا دوبھیسیا - وہ شخص جس کے ماں باپ ایک قوم کے نہوں + گماگس - جودھرا - کم اصل - کمینہ - کم ذات +

دُوغلی - ا - اِسم مؤنث (۱) دونسلی - میل کی - وہ عورت جس کے ماں باپ ایک قوم سے نہوں (۲) منافق دورُد + نفاقتی + رکابی مذہب +

دوغلی بات - ا - اِسم مؤنث - دو فصلی بات - وہ بات جو صاف اور ایک طرفی نہو + دورُخی بات +

دُوکان - ا - اِسم مؤنث - دیکھو (دُکان) +

دُوکہ - ہ - اِسم مذکر - دیکھو (دوس + دوش) +

دُوکھنا - ہ - فعل متعدی (۱) دوش لگانا - دوش دینا - عیب لگانا + نام رکھنا - طعنہ دینا (اِنشا)

مجکو دوکھا جو کسی نے تو وہ بولے اے وای
ایک میرا ہے وہ لاکھوں کی برابر عاشق

(۲) بہتان لینا - اِلزام دھرنا (۳) پوشیدہ عیب کو ظاہر کرنا (۴) بُرا کہنا - حرف رکھنا (مصحفی)

دوکھے کوئی جو ہمکو تو ہم مانیں کیوں بُرا
اِس عہد میں خراب ہیں اہلِ ہنر دُرست

(۵) بات کاٹنا - قطع کلام کرنا +

دُوگاڑا - ہ - اِسم مذکر - دونالی بندوق +

دُوگانہ - ف - صفت دیکھو دُگانہ + لفظ دو گانہ کے مشتقات میں دوگانہ

دُولار - ہ - اِسم مذکر - دیکھو (دُلار) +

دُولارا - ہ - اِسم مذکر - دیکھو (دُلارا) +

دُولاری - ہ - اِسم مؤنث - دیکھو (دُلاری) +

دُولائی - ہ - اِسم مؤنث (دیکھو دُلائی) +

دَولت - ع - اِسم مؤنث (۱) بخت [illegible] + ظفر - فتحمندی (۲) دھن [illegible] نقدی (رپئیہ) [illegible] مہراب [illegible] دَولتِ حُسن حسب لُٹانا [illegible] (۳) سلطنت - حکومت - طاقت [illegible] عدم وغیرہ (۴ - عو) اولاد - بیٹا بیٹی [illegible] باندیوں کا نام (۶ - و نظم) بدولت

دَولت خانہ - یا - دَولت سرا [illegible] غریب خانہ کا نقیض [illegible]

دنا سخ [illegible] اسے غافلو [illegible]

کرو بالفرض اگر دولت سرا تعمیر لو ہے کی +

دَولت قدم ع اِسم مؤنث - لونڈی باندیوں کے نام جو اچھا شگون سمجھکر رکھتے ہیں - مبارک قدم

دَولت مند - ع + ف - صِفت - مالدار - دھنی روپے پیسے والا - امیر - صاحب زر - تونگر +

دولت مندی - ع + ف - اِسم مؤنث - امیری تونگری - مالداری +

دُولتّی - ا - اِسم مؤنث - دیکھو (مشتقات دو میں) حُفتنہ

دُولہا - ہ - اِسم مذکر - دیکھو (دُولہا) +

دُولہا بھائی - ہ - اِسم مذکر - بہنوئی - بہن کا دُولہا +

دولہا دلہن مِل گئے جھوٹی پڑی برات - ہ - کہاوت - دوست دوست ایک ہو گئے درانداز مُفت بُرے بنے

دُولہا کے ساتھ برات - یا - **دُولہا کے سر سہرا** - ا - کہاوت - سردار کے ساتھ ملازم ہیں (قطعۂ ذکا)

آپ کو چشمِ فہم سے ٹک دیکھ
ہے تجھی سے یہ کائنات تمام
اپنی ہستی تلک ہے کون و مکاں
ساتھ دُولہا کے ہے برات تمام

دُولہن - ہ - اِسم مؤنث - دیکھو (دُلہن) +

دُوُم - ف - صِفت - دُوسرا + دیگر - ثانی +

دُون - ا - اِسم مؤنث (مرکبات میں) (۱) گھاٹی (دامنِ کوہ + پہاڑ کی تلیٹی) - دامنِ کوہ جیسے دیرہ دون دُون وغیرہ (یہ لفظ شاید عربی دُون بمعنی زیر مقابل فوق سے [illegible] ہو گیا ہے) - (۲) - ہ - اِسم مؤنث [illegible] شیخی - ڈینگ - تعلّی (۳) - ہ - اِسم [illegible] میں آواز کا دو چند کرنا - الاپ - [illegible] آواز - دُگن (دُوسرے تیسرے

معنی میں اِسکی اصل دُونا ہے) +

دُون کی لینا - ا - فِعلِ متعدّی - ڈینگ مارنا - تعلّی کرنا - شیخی بگھارنا + اِترانا - خود ستائی کرنا ؎

دُون کی آپکے دمساز بہا لیتے ہیں
لحنِ داؤد کو تانوں میں دبا لیتے ہیں

دُوْن - ع - صِفت (مرکبات میں) (۱) حقیر - کمینہ ادنیٰ - پاجی - سفلہ - کم - ہیچ جیسے دُون ہمت بمعنی کم ہمت (۲) سوا - غیر - جز مگر اِس معنی میں ایک بائے موحّدہ زیادہ کرکے بولتے ہیں جیسے بِدُون (۳) زیر - مقابل فوق نیچے - تلیٹی +

دَوْن - ہ - اِسم مؤنث - (۱) آگ - آتش - اگنی + شعلہ - لَو - آگ کا شدّت کے ساتھ مشتعل ہونا - آنچ

(اِنشا)
شُعلے بھڑک رہے ہیں یُوں اپنے تن کے اندر
دَون لگ رہی ہو جیسے گرمی میں بن کے اندر

(۲) پیاس - تشنگی - عطش (۳) گرمی - حدّت + حرارت (۴) سوزش - جلن - سوز - حرقت (۵) جمل خواہش جماع + جوش - وَلوَلہ +

دَون لگنا - ہ - فِعلِ لازم (۱) آگ لگنا - آگ کا مشتعل ہونا (۲) پیاس لگنا - تشنگی غالب ہونا (۳) سوزِ محبت ہونا - آتشِ عشق کا بھڑکنا (دوہا)

ہردے اندر دَون لگی دُھواں نہ پرگھٹ ہوے
جا تن لاگے سو لکھے دوجا لکھے نہ کوے

دُونا - ہ - صِفت (۱) دُگنا - دوچند - المُضاعف

(غالب)
بھرا ہُوں میں تو چاہیے دُونا ہو التفات
سُنتا نہیں ہُوں بات مکرّر کہے بغیر

(۲) دوبالا - افزوں - بیش - زیادہ (شوق)
کہوں سرو چمن کو کس روش میں تجھ سے دُونا ہے

ترا تو قامتِ بالا قیامت کا نمونہ ہے +

(۳) دوہرا - ڈبل +

دُونا ہونا - ہ - فعلِ لازم - زیادہ زیادہ ہونا جیسے جُوں جُوں منع کرو دوں دوں دُونا ہوتا ہے +

دَونا - ہ - اسمِ مذکر (۱) پتّوں کا پیالہ - پتّل (۲) نیاز کی شیرینی جو پتّوں میں لائی جاتی ہے + بازاری چٹخاروں کی چیزیں جو دَونوں میں دی جاتی ہیں (یہاں ظرف بمعنی مظروف مستعمل ہے) +

دَونا چڑھانا - ہ - فعلِ لازم - پھول اور شیرینی کا دَونا مزار وغیرہ پر دینا +

دَونا دینا - ہ - فعلِ متعدی - عو - (حضرت شیرِ خدا علی علیہ السلام یا حضرت فاطمہ خاتونِ جنت علیہا السلام کی نیاز دینا - جسوقت کھڑا دَونا کہتے ہیں تو وہاں فی الفور نیاز دلوانے سے غرض ہوتی ہے (یہاں) جلد بازار سے نو لا دَونا +

کہ دوا دُونگی میں کھڑا دَونا +

دَونا ماننا - ہ - فعلِ لازم - عو - نذر و نیاز کا عہد کرنا - نیاز ماننا - نذر ماننا - شیرینی ماننا +

دُونا ہو جانا - ہ - فعلِ لازم - (لکھنؤ) تلوار کا دُہرا ہو جانا - تیغ کا خمیدہ ہو جانا - تلوار جھک جانا (صبا)

جانِ شیریں تیغ نے کس سختی سے دی
نیمچہ قاتل کا دُونا ہو گیا +

دَونا مروا - ہ - اسمِ مذکر - ایک قسم کی خوشبودار گھاس جو ریحاں سے ملتی ہوئی ہوتی ہے - تُلسی +

دُونگڑا - ہ - اسمِ مذکر - برسات کے شروع کی وہ بارش جو خوب زور سے ہو +

دُونوں - ہ - صفت - ہر دو +

دونوں باگیں کسنا - ہ - فعلِ لازم (لکھنؤ) تیغ کا ہر دو جانب سے خمیدہ ہو جانا (مینا برق)

نیک و بد سے جُھک کے رہتی ہے
دونوں باگیں یہ تیغ کستی ہے

دونوں دونوں ہاتھوں سے - یا - دونوں ہاتھوں سے سلام کرنا - ۱ - فعلِ لازم - عو - نہایت تعظیم بجالانا - اُستاد یا قابلِ تعظیم خیال کرنا + کسی بُری بات یا جھوٹ اور شرارت وغیرہ میں کامل ماننا + دُور سے سلام کرنا +

دونوں وقت ملنا - ۱ - فعلِ لازم - دن اور رات کا ملنا - شام ہونا - دن کا جانا اور رات کا آنا (جرأت)

ہوا سے بال زُلفوں کے رُخِ روشن پہ ہلتے ہیں
دلِ بیمار ٹک اُٹھ بیٹھ دونوں وقت ملتے ہیں

دَونوں کی چاٹ پڑنا یا لگنا - ہ - فعلِ لازم - بازار کے سَودوں کا مزا پڑنا - چٹورپن ہونا +

دُوہا - یا - دُوہرا - ہ - اسمِ مذکر - جوڑا - بیت - فرد دو مصرعوں کا ہندی شعر +

دُوہاجُو - ہ - اسمِ مذکر (۱) وہ مرد جسکی پہلی بیوی مر گئی ہو اور دُوسری سے نکاح کر لیا ہو (۲ - اسمِ مؤنث) وہ عورت جسکا پہلا خاوند مر گیا ہو اور دُوسرے کے عقد میں آئی ہو

دو خصمی (بیگم) دانہ بیوی کا نہ کھا گونڈی کو مت چھو کوکا
بھول مت جائیو ہے تو تو دوہاجو کوکا

دُوہائی - یا - دُہائی - ہ - اسمِ مؤنث (۱) [illegible] داد و انصاف چاہنا - استغاثہ - [illegible] امن خواہی - الغیاث (۳) شور [illegible] واسطہ - سوگند - حلف - عہد (۳) [illegible]

آج کی جیت [illegible]
میرے گھر چلیے اسی میں ہے [illegible]
آج میں ہرگز نہ چھوڑونگا

(۵) منادی - ڈونڈی - ڈھنڈورا + اعلان (۶) گلہ
شکایت - شکوہ +

دُہائی پھرنا - ہ - فعل لازم - منادی ہونا - ڈھنڈورا
پٹنا - اعلان ہونا - ڈونڈی پٹنا (رنگین)
بولی کی شہر میں جیسے دوہائی پھر گئی * تیری پھر جاتی ہیں سیاہی خدائی پھر گئی

دُہائی پھیرنا - ہ - فعل متعدی - منادی کرانا - ڈونڈی
پٹوانا - اشتہار کرانا - اعلان دینا +

دُہائی دینا - ہ - فعل متعدی (۱) مظلوموں کا فریاد کرنا
داد چاہنا - داد خواہی کرنا - پناہ مانگنا - مدد مانگنا (۲)
قسم دینا - واسطہ دینا (۳) شور کرنا - غل مچانا (ذوق)
نالہ اس شور سے کیوں میرا دُہائی دیتا
اے فلک گر تجھے اونچا نہ سنائی دیتا (۴) منادی کرنا

دُہائی ہے - ہ - محاورہ - فریاد ہے - الغیاث ہے -
پناہ ہے + الامان - الحفیظ + (قطعۂ احسان)
اگر جنگل میں لٹ جائے کوئی تو کیا تعجب ہے
مگر تحقیق ہو تو چور کی مشکل رہائی ہے
مری تنخواہ لوٹی ان لٹیروں نے حویلی میں
بہادر شاہ غازی کی دُہائی ہے دُہائی ہے

دُہَتّڑ - ہ - اسم مؤنث - دودستہ ضرب - دونوں
ہاتھوں سے یکبارگی منہ یا سینے یا پیٹھ یا زمین پر ضرب لگانا

دُوہَر - ہ - اسم مؤنث (۱) دولائی - دوہری چادر (۲)
دریا کی پرانی تہ (۳) دو فصلی +

دُوہَرا - ہ - صفت (۱) دوتہ - دولا جیسے دوہرا کپڑا
(۲) ڈبل - دوچند - جیسے دوہرا حصہ (۳) موٹا - فربہ
جیسے دوہرا بدن + (وزیر)
طعنہ زنی [illegible] دیکھتے ہیں جب مرا قد دوتا
[illegible] سنکے کہتے ہیں بدن کیا انکا دوہرا ہو گیا

دوہرا تہرا - ہ - صفت - دوچند سہ چند +

دُوہَرانا - ہ - فعل لازم (۱) دوہرا کرنا - دوتہ کرنا (۲)
پھیرنا - دوسری دفعہ پڑھنا یا کہنا - آموختہ پڑھنا
(۳) ذکر کرنا - روایت کرنا - بیان کرنا (۴) کوئی کام
دوسری مرتبہ کرنا - اعادہ کرنا +

دُوہنا - ہ - فعل متعدی - دودھ نکالنا +

دُوہنی - ہ - اسم مؤنث - دودھ دوہنے کا برتن

دُوئی - ف - اسم مؤنث (۱) وحدت کی ضد نقیض
توحید - دو سمجھنا - شرک + (غالب)
اسے کون دیکھ سکتا کہ یگانہ ہے وہ یکتا
جو دوئی کی بو بھی ہوتی تو کہیں دوچار ہوتا
(۲) علیحدگی - جدائی - فرق - دُراؤ +

دِہ - ہ - اسم مؤنث - (مخفف دیہ) جسم - بدن - تن
کایا - کالبد - وجود شخصی - شبح +

دِہ دھارنا - ہ - فعل لازم (ہندو) جسم اختیار کرنا
پیدا ہونا - جنم لینا - قالب بشری میں آنا +

دِہ دھرے کا ڈنڈ - ہ - اسم مذکر (ہندو) قالب
بشری اختیار کرنے یا دنیا میں آنیکا خمیازہ +

دِہ ڈنڈ - ہ - اسم مذکر (ہندو) جسمی سزا - بدنی سزا +

دَہ - ہ - اسم مؤنث (ہندو) ندی - نالہ - جو جیسے
کالی دہ (۲) بہت گہرا پانی - آب عمیق + تعر - گہرائی
تہ + گرداب - ورطہ - بھنور +

دِہ - ف - اسم مذکر - گرام - گام - گانو - قریہ - موضع
پنڈ - پُری - بستی - کھیڑا - نگری - آبادی (بعض
موقع پر دیہ بھی صحیح ہے) +

دِہ بندی - ف - اسم مؤنث - حلقہ بندی - تفصیل بندی
+ نقشۂ مفصلات +

دَہ - ف - صفت - دس - عشر - ۱۰ ÷

دہ چند - ف - صفت - دس گنا - دس حصے ÷

دہ در دنیا ستر در آخرت ستا - ا - کہاوت - یعنی اگر دنیا میں ایک حصہ دوگے تو آخرت میں اُسکا ستر گنا پائیگا ÷

دہ در دہ - ف - صفت - دس گز شرعی مربع دس ہاتھ سے دس ہاتھ (دس گز مربع اور بالشت بھر گہرا پانی جو اہل اسلام کے ہاں پاک ہے)

دہ یک ف اسم مذکر - ملک کی آمدنی کا دسواں حصہ - وُہ خراج جو ایک دسواں لیا جاتا ہے ÷

دَہا - ا - اسم مذکر - عو - ماہ محرم - ہجری سنہ شروع ہونیکا مہینا - قمری مہینوں کا پہلا مہینا ÷

دَھا - ہ - اسم مذکر (۱) آہنگ - ترانہ - لے ÷ پہلا سُر - ہندی راگ کا پہلا جزو (۲) دائی - انا - دودھ پلانے والی ÷

دھا بھائی - ہ - اسم مذکر - کوکا - دودھ بھائی - برادر رضاعی

دَھابا - ہ - اسم مذکر - کچی چھت - کچا کوٹھا یا مکان - اٹاری ÷ وُہ مکان جو اندر بلیوں سے چُنا ہو ÷

دَھاپ - ہ - اسم مؤنث - وُہ طولانی پیمائش جو انسان کے ایک سانس دوڑنیکی مقدار سے کی جاتی ہے - میل بھر ÷

دَھاپنا - ہ - فعل لازم (گنوار) رجنا - سیر ہونا - چھکنا - اگھانا (۲) تھکنا - ہارنا - عاجز آنا ÷

دَھات - ہ - اسم مؤنث (۱) وہ کانی جوہر جس میں گلنے کی صلاحیت ہو - فلز - جیسے لوہا - رانگ - تانبا - چاندی - سونا - سیسہ - جست - پارہ - حال میں پلاٹینم - ٹن وغیرہ اور بھی دھاتیں دریافت ہوئی ہیں (۲) منی - آب پُشت - وُہ سفید پانی جس سے نطفہ قرار پاتا ہے ÷ مذی - ودی ÷

دھات چَلن - ہ - اسم مؤنث (ہندو) جریان

سیلان منی - دھات بہنا ÷

دِہات - یا - دِیہات - ف - اسم مذکر - بقاعدہ عربی دہ یعنی قریہ کی جمع جسے اہل زبان معیوب خیال کرتے ہیں

دِہاتی یا دیہاتی - ا - صفت - گنوار - گانو کا رہنے والا - روستائی - متعلق بہ دہ ÷

دَھاتو - س - اسم مؤنث (ہندو) حرفوں کا مادہ - حرفوں کی اصل ÷ مصدر ÷

دُہاجو - ہ - اسم مذکر - مخفف دوہاجو ÷

دَھار - ہ - اسم مؤنث (۱) خط - لکیر (۲) کسی رقیق چیز کی تلی - فوارہ جیسے خون کی دھار - پیشاب کی دھار وغیرہ (ناسخ) کھلوائی فصد یار نے میں قتل ہو گیا
کم تھی لہو کی دھار نہ خنجر کی دھار سے ÷

(۳) دم شمشیر و خنجر وغیرہ - باڑھ - آب (رِند)
تیغ ابرو کے تماشا میں ابھی کرنے میں تلاش
راہ چلنی ہے مجھے دھار پہ تلواروں کی

(۴) پانی کا بہاؤ - دریا کی وُہ جگہ جہاں پانی ساتھ بہتا ہو ÷ چشمہ آب (۵) دودھ کی دھار - شخبہ ÷ دودھ جیسے گائے کی دھار نکال لی (۶) دھار یا شاخ جیسے دو دھارا تھوہر یا بندھارا ÷

دھار باندھنا - ہ - فعل متعدی - ... تلوار وغیرہ کی دھار کو کند کر دینا - جا... کر دینا (جرأت) نہیں کرتی جو تیغ ... فسونگر ہے کوئی وُہ دشمن کہ اُسکی دھ...

دو کے زور سے ... کی اثر کچھ جسم پر ... ار باندھی ہے ÷

دھار پر مارنا - ہ - فعل متعدی - ... پیشاب کی دھار ... مارنا - کسی چیز پر پیشاب کرنا - خاطر میں نہ لانا - حقیر جاننا - خیال میں نہ لانا - محض بے حقیقت ... پادر ہوا ... سمجھنا - کچھ پروا نہ کرنا ÷

(الہام) بجا ہے طعن جو ابر بہار پر مارے
یہ چشم وہ ہے کہ دریا کو دھار پر مارے (جرأت)
نگہ وہ شوخ کہ طعنہ کٹار پر مارے
مژہ وہ تُند کہ خنجر کو دھار پر مارے

دھار چڑھانا - ہ - فعل متعدی (ہندو عو) گنگا یا جمنا جی پر منّت مان کر دودھ کی دھار ڈالنا +

دھار دار - ا - صفت - باڑھ دار - تیز - بُرّاں

دھار دینا - ہ - فعل متعدی (گنوار) دودھ دینا ، مفید کام کرنا جیسے یہاں بیٹھا کیا دھار دے ہے

دھار رکھنا - ہ - فعل متعدی - تیز کرنا - باڑھ رکھنا صیقل کرنا + چھری کو پتھر چٹانا +

دھار کرنا - ہ - فعل لازم - گند ہونا - کھنڈا ہونا - دانتے پڑنا - دھار نہ رہنا +

دھار لینا - ہ - فعل لازم - تھنوں سے منہ لگا کر دودھ پینا + منہ میں دودھ کی دھار چھوڑنا +

دھار مارنا - ہ - فعل متعدی - پیشاب کرنا - موتنا - دھار لگانا + مرد کا زور سے پیشاب کی پچکاری چھوڑنا

دھار نکالنا - ہ - فعل متعدی - دودھ دوہنا - دودھ دُوہ نکالنا - دودھ کاڑھنا - دوشیدن کا ترجمہ +

دھارا - ہ - اسم مؤنث و مذکر (۱) چشمہ - دہانہ - بہاؤ - سوتا سوت - منبع - آبشار - جھرنا - پانی بہنے کی جگہ (ناسخ)
کشتی میں جو آیا وہ ز رہ دریا حسن + دھار خنجر کی مجھے دریا کا دھارا ہو گیا
(۲) سلسلۂ کوہ + پہاڑ کی چوٹی - قلّہ

دھارن - ہ - اسم مؤنث - (ہندو مرکبات میں) داشت - […] رکھاؤ - نگہداشت + تول جیسے ایک پاؤ دھارن

دھارن کرنا - ہ - فعل لازم (ہندو) اختیار کرنا - قبول کرنا - جیسے جنیو دھارن کرنا + تولنا

دھارنا - ہ - فعل متعدی (۱) اختیار کرنا - قبول کرنا نگہداشت کرنا - رکھنا (۲) کسی عضو پر گرم پانی کی تلی ڈالنا (۳) اٹھانا - سہنا - پرورش کرنا - پالنا - تھامنا ڈھالنا - پہننا - انڈیلنا - سنبھالنا - پکڑنا +

دھاری - ہ - اسم مؤنث (۱) لکیر - خط - سیدھا خط ریکھا (۲) رکھنے والا - دھرنے والا - سہارنے والا +

دھاری دار - ا - صفت - خط دار - مخطط - وہ کپڑا جس پر سیدھی سیدھی لکیریں ہوں +

دھاڑ - ہ - اسم مؤنث عو - گروہ - ہجوم - مجمع - انبوہ - چوروں کا گروہ - جتھا - کثرت + افراط اولاد + جلدی - اضطرابی - اشد ضرورت

دھاڑ پڑنا - ہ - فعل لازم (۱) چوروں کے گروہ کا حملہ آور ہونا (۲ - عو) جلدی مار رہی ہے - جلدی پڑنا - شتابی ہونا - اضطراب ہونا - جیسے ایسی کیا دھاڑ پڑی ہے کہ ابھی دیدو +

دھاڑ کی دھاڑ - ہ - تابع فعل - گروہ کا گروہ - انبوہ کا انبوہ - جتھے کا جتھا - کثرت اور انبوہ +

دھاڑ مارنا - ہ - فعل متعدی - ڈاکا ڈالنا - بہت سے چوروں کا حملہ کرنا +

دہاڑا - ہ - اسم مذکر (عو) (۱) درجہ - حال - گت - حالت لکھا (۲) درگت - گگت - بُرا لکھا - بُرا درجہ جیسے تم نے اپنا کیا دہاڑا کر رکھا ہے +

دھاڑی - ہ - اسم مذکر - چوروں کے گروہ میں کا ایک چور ڈاکو - راہ مار - لٹیرا - بڑا بھاری چور - نامی چور +

دھاڑے کا دھاڑا - ہ - تابع فعل - عو - دیکھو (دھاڑ کی دھاڑ) +

دہاڑنا - ہ - فعل لازم (۱) شیر کا گرجنا - شیر کا بولنا - ڈکارنا - چنگھاڑنا - غرّانا - گونجنا (۲) غُل مچانا - چلّانا شور کرنا (۳) بچوں کا سخت آواز سے رونا +

دَھاڑیں مارنا یا مار کر رونا - ہ - فعلِ لازم - چلّانا - چیخنا واویلا کرنا - زار زار رونا + (دہلوی)

مستی میں شرم گنہ سے میں جو رو یا دھاڑیں مار
گر پڑا بیخود ہو واعظ جمعہ کو منبر سمیت +

دَھاک - ہ - اسمِ مؤنث (۱) رعب - خوف - دہشت - ہیبت - بھے - ڈر (۲) جاہ و جلال - شہرت - دبدبہ - ناموری - آوازہ - اوائی + دھوم (آتش)

مرد سے بہتر ہے نام مرد سچ ہے یہ مثل +
پہلوانی ہے سو ہے رستم کی آتش دھاک ہے

دھاک بندھنا - ہ - فعلِ لازم - شہرت ہونا - رعب بیٹھنا

ہفت اقلیم میں اس شہر کی تھی دھاک بندھی
(تجمل) کوئی دنیا میں نہ تھا شہر بسانِ دہلی +

دَہاکا - ہ - اسمِ مذکر (۱) صدمہ - رنج - فکر + رعب - خوف (۲) دس - دہ عشر - دہائی (۳) دم - فریب +

دہاکا بیٹھنا - ہ - فعلِ لازم - صدمہ گزرنا - خوف یا صدمہ میں آجانا - دہشت بیٹھنا +

دَہاکے دینا - ہ - فعلِ متعدی (۱) ڈراوا دینا - دہلانا - خوف دلانا + دم دینا - فریب دینا - دھوکا دینا (قطعہ نگین)

نئی روز وائی تو کر کر کے دوری
مجھے اسکے آنیکے دے ہے دہاکے
الٰہی کرے مجھسے کرتی ہے جو تو
وہ آوے ہی سب تیری سنیا کے آگے

دَھاگا - ہ - اسمِ مذکر (۱) دیکھو تاگا (۲) دم - فریب - دھوکا

دھاگا باندھنا - ہ - فعلِ متعدی - تاگا باندھنا - نشانی باندھنا - نشان کرنا +

دھاگا پرونا - ہ - فعلِ متعدی - سوئی کے ناکے میں تاگا ڈالنا + ڈول کرنا +

دھاگا دینا - ہ - فعلِ متعدی - لکھنؤ - دھوکا دینا - فریب دینا - دم دینا (رشک)

ہے بند و بستِ حسن خط و زلف عارضی
دھاگا نہ دیجیے ہمیں دام و کمند سے

(مجروح) یہ چاہنے والے جانتے تھے گلے کا ہار انھیں کرکے رکھیں
دیا نہ کس کس نے اسکو دھاگا نہ دم میں وہ گلعذار آیا

دھاگا ڈالنا - ہ - فعلِ متعدی (ہندو) ٹکنڈے ڈالنا -

دَھام - ہ - اسمِ مذکر - گھر - جگہ - استھان (ہندی گیتوں میں آتا ہے) +

دَھامن - ہ - اسمِ مؤنث (۱) ایک قسم کا لمبا سانپ جو اکثر گائے بھینس کی ٹانگوں کو جا کر دودھ پیجاتا ہے (۲) ایک قسم کا بانس جسکی کمان اور غلیل وغیرہ بناتے ہیں (۳) ایک قسم کی عمدہ گھانس +

دَھاں - ہ - اسمِ مؤنث - توپ کی آواز - بڑی آواز +

دَھان - ہ - اسمِ مذکر (۱) شالی - مع پوست چاول - چھلکوں سمیت چاول (۲) چاولوں کا پودا +

دھان پان - ہ - صفت - لغوی معنی دھان کے پیڑ اور پان کے مانند نازک - دبلا پتلا - لاغر - نازک اندام (برق)

عالم ہے نازکی سے یہ اُس دھان پان کا
جسم لطیف نام ہے عاشق کی جان کا

دَہان - ف - اسمِ مذکر (۱) منہ - دہن - مکھ (۲) روزن - سوراخ - چھید - شگاف زخم +

دَھانا - ہ - فعلِ لازم (ہندو) (۱) دوڑنا - بھاگنا - روانہ ہونا - چل دینا (۲) کوشش کرنا - سعی کرنا جیسے دھاؤ دھاؤ کرم کا لکھا سو (۳) عبادت کرنا - ڈنڈوت کرنا - یاد جپنا جیسے دھاوے سو پاوے +

دَہانا - ف - فعل متعدی (ہندو) جلانا - پھونکنا - سوختہ کرنا - چتا میں رکھنا جیسے مُردے کو دہانا +

دَھانْدَل - ہ - اسم مؤنث (۱) چیند - بے ایمانی - مکر فریب - حیلہ (۲) جھگڑا - ٹنٹا + تکرار - حجت +

دھاندل باز - ا - اسم مذکر - چیندیا - بے ایمان - دغاباز - مکار - جھگڑالو - تکراری - حجتی +

دھاندل کرنا - ہ - فعل متعدی - چیند کرنا - بے ایمانی کرنا + دغا کرنا - فریب کرنا - جھگڑا ٹنٹا کرنا - تکرار و حجت کرنا

دھاندل لانا - ہ - فعل متعدی - چکر لانا - چیند کرنا - جھگڑا مچانا - فیل لانا - تکرار کرنا - حجت کرنا +

دَھانْدَلی - ہ - اسم مؤنث - چیندیا - مکار - جھگڑالو - تکراری - حجتی +

دَھانْس - ہ - اسم مؤنث (۱) سوکھے تمباکو یا مرچ وغیرہ کی تیز بو جس سے کھانسی اٹھنے لگتی ہے (۲) خفیف کھانسی - کم کم سرفہ +

دَھانسنا - ہ - فعل لازم - گھوڑے کا کھانسنا - کھوکنا - کھانسنا +

دَھانْسی - ہ - اسم مؤنث - گھوڑے کی کھانسی +

دَھانک - ہ - اسم مذکر - کماندار - تیرانداز + وہ چوکیدار جو تیر و کمان سے مسلح رہے + ایک پہاڑی قوم کا نام جو پورب میں اکثر پائی جاتی اور بھیلوں کی طرح تیر کمنٹھا رکھتی ہے +

دھانگڑ - ہ - اسم مذکر - ایک قوم کا نام جسکا کام اکثر کنوئے اور تالاب کھودنے کا ہے +

دَہانَہ - ف - اسم مذکر (۱) منہ - دہن - مکھ (۲) موہانہ دریا کے جا گرنے [illegible] ختم ہونے کا مقام (۳) مشک کا منہ (۴) نالی [illegible] موری - بدررو (۵) لگام کا وہ آہنی حصہ جو گھوڑے کے منہ میں رہتا ہے - لگام - لجام

دہانہ کھولنا - ہ - فعل متعدی (عوام) مشک کا منہ کھولنا - پانی چھوڑنا + پیشاب کرنا +

دَھانی - ہ - اسم مؤنث (۱) زردی لیے ہوئے سبز رنگ - ہلکا سبز رنگ (۲) ایک قسم کے چاول (۳) دھان بونے کے قابل زمین +

دَھاوا - ہ - اسم مذکر - ہلا - یورش - چڑھائی - دوڑ بڑا حملہ + گرداوری - چکر +

دھاوا کرنا - ہ - فعل متعدی - چڑھائی کرنا - یورش کرنا - حملہ کرنا - چڑھ کر جانا +

دھاوا مارنا - ہ - فعل متعدی - بڑا لمبا سفر طے کرنا دور تک یورش کرنا - چڑھتے چلے جانا + شہر یا مکان کی گرد آوری کرنا - چکر لگانا +

دَھاوا - ہ - اسم مذکر - ایک درخت کا نام جو رنگنے کے کام آتا ہے +

دَھاہ - ہ - اسم مؤنث (ہندو) غل - شور - چیخ +

دَھائے - ہ - اسم مؤنث (ہندو) دایہ + انا - دودھ پلانے والی عورت - پلائی +

دھائے کو دینا - ہ - فعل متعدی (ہندو) انا کے سپرد کرنا - دودھ پلانے کو دینا +

دھائے بھائی - ہ - اسم مذکر - دودھ بھائی - کوکہ - برادر رضاعی +

دَہائی - ہ - اسم مؤنث - دس کا عدد + دسواں حصہ - عشر - ۱۰ +

دُہائی - ہ - اسم مؤنث - دیکھو (دوہائی) +

دَھائے پوجنا - ہ - فعل لازم - عوام - بازآنا - سو سلام کرنا - دور سے ڈنڈوت کرنا جیسی دھائے پوجی ہم [illegible] کری سے

دَھائیں - ہ - اسم مؤنث - دھاں - توپ کی آواز - دھوں

دھائیں دھائیں - ہ - اسم مؤنث - توپوں کی متواتر آواز - دھاں دھاں - دھوں دھوں ٭

دھائیں دھائیں کرنا - ہ - فعل متعدی - چائیں چائیں کرنا - شور مچانا - اپنا راگ گانا جیسے اپنی دھائیں دھائیں کئے جاتے ہو دوسرے کی بھی تو سنو ٭

دھائیں سے - ہ - تابع فعل - دھن سے - دھوں سے - دھائیں سے - دن سے جیسے اتنے میں دھائیں سے توپ چلی صبح ہوئی ٭

دَھبّا - ہ - اسم مذکر (۱) داغ - نشان - ٹیکا (۲) عیب - کلنک - کلف ٭

دھبا پڑنا - ہ - فعل متعدی - داغ لگنا - نشان پڑنا

دھبا لگانا - ہ - فعل متعدی - داغ لگانا ٭ عیب لگانا - کلنک لگانا - کالک لگانا ٭ (آتش)

بیداغ ہونے نے رخ پر نور یار کے
داغ جبیں کا ماہ کو دھبا لگا دیا

دھبا لگنا - ہ - فعل لازم - داغ لگنا ٭ عیب لگنا - کلنک لگنا - داغی ہونا ٭

دَھب دَھب - ہ - اسم مؤنث - بھاری آدمی کے چلنے کی آواز - موٹے آدمی کے رستے یا زمین پر چلنے کی آواز ٭

دَھبلا - ہ - اسم مذکر - عورتوں کا ڈھیلا ڈھالا لہنگا - گھگرا - بے قطع ڈھیلا پیجامہ جیسے ترسے دھبلے ہیں خاک ٭

دَھپ - ہ - اسم مذکر - تھپیڑ - سرجنگ - چانٹا دھول - طمانچہ - طپانچہ - قفا ٭

دھپ دینا یا مارنا - ہ - فعل متعدی - دھول جڑنا - چانٹا لگانا ٭

دَھپّا - ہ - اسم مذکر (۱) دیکھو (دھپ) (۲) - نقصان - خسارہ - ضرر - ٹوٹا - گھاٹا - چوٹ ٭

دھپا لگنا - ہ - فعل لازم - اول معلوم دوم نقصان ہونا - ضرب لگنا - گھاٹا ہونا - خسارہ ہونا ٭

دھپا مارنا - ہ - فعل متعدی - اول معلوم - دوم نقصان دینا - دھوکا دیکر روپیہ لینا ٭

دَھپاڑ - ہ - اسم مؤنث (مرکبات میں) دوڑ ٭

دَھپانا - ہ - فعل متعدی (گنوار) دوڑانا - سیر کرنا ٭

دَھت - ہ - اسم مؤنث (۱) لت - بان - عادت ٭ خراب عادت ٭ (۲) دھن (۳) ہاتھی کے چلانے اور ہمت دلانے کی آواز جیسے بری بری دھت دھت

دھت پڑنا - یا لگنا - ہ - فعل لازم - عادت پڑنا لت لگنا ٭ بان پڑنا ٭

دُھت یا دُت - ہ - مست - نشہ میں چور - بت - بے ہوش - مست ٭

دَھتّا - ہ - اسم مذکر (بازاری) ٹال مٹول - دھتکار - دوروکد - حیلہ - اخراج - انکار - فریب - دھوکا ٭

دھتا بتانا - ہ - فعل لازم - ٹالنا - دھتکارنا - دفع کرنا - چھوڑنا - ترک کرنا - حیلہ حوالہ کرنا - ٹال دینا ٭

دھتا دینا - ہ - فعل لازم - دھوکا دینا - ٹال دینا - فریب دینا

جنس دل اپنی یہ سمجھنے کا کھوٹ کیا سودا
(سودا) مفت بر لیجئے دو گا دھتا خاک کے مول

دُھتکارنا - ہ - فعل متعدی - پھٹکارنا - لعنت ملامت کرنا - ہنکانا - بدارنا ٭

دَھتورا - ہ - اسم مذکر - ایک ... ماروار ہریلے پودے ... اس کے پھل کا نام جس کے بیج ... آدمی تنکے چننے لگتا

مزاج جو تھے درجہ میں سرد و خشک - تاتورہ - جوز الماثل +

دَھتُورِیا - ہ - اسم مذکر - ٹھگوں کا وہ فرقہ جو مسافروں کو دھتورا کھلا کر لوٹ لیتا ہے +

دَھُنیا - ہ - اسم مذکر - لتیا - عادی +

دِھینگ - ہ - صفت - دھینگ - دھینگڑا - گنوار کا لٹھ - تن توانا - موٹا تازہ + حرام کا - حرامی +

دِھینگڑا - ہ - اسم مذکر - جو بڑا موٹا آدمی - موٹا تازہ آدمی + حرام کا لڑکا - حرامی آدمی +

دَھج - ہ - اسم مونث و مذکر (۱) طرز - روش - انداز - وضع قطع - ڈھنگ - صورت شکل + (مصحفی)

قدم اس دھج سے پڑتا تھا کل اس غارتگرِ جاں کا
کہ دل ہر ہر قدم پہ لوٹ تھا گبر و مسلماں کا

دَھجّا - ہ - اسم مونث (۱) چیتھڑا - جھنڈے کا کپڑا - پرچم [illegible] (۲) دھجی - کترن - چیتھڑا +

دَھجّی - ہ - اسم مونث - لیر - لیری - کپڑے کی لمبی پٹی - چیتھڑا - کترن + لکڑی یا تختے کی پتلی اور لمبی لمبی پٹی +

دھجی کی دیوار - ا - اسم مونث - وہ دیوار جو آڑی ترچھی لکڑیاں لگا کر چونے اور گارے سے بھری جائے +

دھجی ہو جانا - ہ - فعل لازم - نہایت کمزور اور لاغر ہو جانا + بیماری کے باعث زرد یا سفید رنگ نکل آنا +

دَھجیاں - ہ - اسم مونث - دھجی کی جمع +

دھجیاں اڑانا - ہ - فعل متعدی (۱) پارہ پارہ کرنا - [illegible] ٹکڑے ٹکڑے اڑانا (۲) ذلیل و رسوا کرنا [illegible] شرمندہ کرنا + [illegible] کرنا +

دھجیاں اڑنا - ہ - فعل لازم - پارہ پارہ ہونا - ٹکڑے ٹکڑے ہونا - پرزے پرزے ہونا (ناسخ)

جیب کیا دامانِ محشر کی اڑینگی دھجیاں
ہے یہی عالم جو اپنے پنجۂ چالاک کا

دھجیاں لگنا - ہ - فعل لازم - چیتھڑے لگنا - غریبی و مفلسی کے باعث کپڑے پھٹ جانا - نہایت غریب اور مفلوک ہو جانا +

دھجیاں لینا - ہ - فعل متعدی (لکھنؤ) دیکھو (دھجیاں اڑانا) شرمندہ و محجوب کرنا + (قطعۂ برق)

ننگ آتا ہے مجھے عالم کو کس حقارت سے نام لیتے ہیں
کیوں اڑاؤں نہ جیب کے ٹکڑے دھجیاں خاص و عام لیتے ہیں

شعر
پھاڑتا اپنا گریباں جو مرے آگے تو اگر
دھجیاں قیس کی میں چاک گریباں لیتا

دَھجیلا - ہ - صفت - خوش اندام - طرحدار - سجیلا - [illegible] - جامہ زیب - خوش قطع +

دَھچکا - ہ - اسم مذکر - ہچکولا - صدمہ - دھکا - جھٹکا

نزع میں جب قدم کے پڑتے کل جو تھا اسکا دھچکا
پہنچا تلے زمین کے مردوں کے دل کو دھچکا (مصحفی)

دھچکا اٹھانا یا لگنا - ہ - فعل لازم - صدمہ اٹھانا + نقصان اٹھانا - ضرر اٹھانا +

دَہن - ع - اسم مذکر - زمانہ + وقت - کال - جگ - سماں

دَھر - ہ - حرف اختصاص - یہ لفظ اردو میں انحصار اور انفراغ کے معنی دیتا ہے جیسے دھر گھسیٹنا - دھر لپکنا یعنی سارے کام کو دھر (چھوڑ کر) لپک جانا - یا گھسیٹ لینا

دُھر - ہ - اسم مذکر (۱) ازل + ابتدا - شروع - سرا جیسے دھر کی ساری ہے تو آپ ہی لوٹ پیٹ کر اچھا ہو جائیگا (۲) ابد + انتہائے بعید - حد - خاص جیسے دھر لندن سے حکم آیا + (صبا)

تلاش کو دہ بہ مقصد میں کیا کیا ٹھوکریں کھائیں
گرسنہ دو دو قدم پہ ہم ارادہ باندھکر دُھر کا

دُھر سے دُھر تک - ۵ - تابع فعل - اِبتدا سے اِنتہا تک

دُھرکی - ۵ - اِسم مؤنث - عو - ازل کی - تقدیر کی خُدا کے گھر کی (رنگین) اِس موت سے جلتا ہے کسکا ارے لوگو
جُڑی نہیں جاتی ہے ٹوٹی اگر دُھرکی +

دُھرکی ٹوٹنا - ۵ - فعل لازم - زندگی کا منقطع ہونا - رشتۂ حیات کا تقدیر سے ٹوٹنا +

دُھرا - ۵ - اِسم مذکر - دُھری کی تذکیر - محوَر - حد (زمین کا فرضی اور وہمی خط جو زمین کے مرکز سے گزر کر قطبین تک پہنچتا ہے اور زمین اُسکے گرد حرکت کرتی ہے) +

دُھرا دُھر - ۵ - تابع فعل - اِس سرے سے اُس سرے تک - از اوّل تا آخر +

دِہرا - ۵ - اِسم مذکر - مندر - شِوالہ - بُتخانہ - بُتکدہ +

دَھرلجانا - ۵ - فعل لازم - پکڑا جانا - گرفتار ہونا - قید ہونا

دَھرا ڈھکا - ۵ - اِسم مذکر - رکھا رکھایا - بچا کھچا +

دَھرا رہنا ہے - ۵ - (محاورہ) کِسی کام نہیں آتا محض بیفائدہ ہوتا ہے جیسے اب غصّہ دھرا ہی رہتا ہے

دِھرانا - ۵ - فعل متعدی - ڈرانا - دھمکانا - دھمکی دینا
درد دل کہنا مرا شاید کہ اُسنے سُن لیا
(جُرأت) ورنہ کیوں مجکو دھراتا ہے بھلا اچھا کیا

دُہرانا - ۵ - فعل متعدی (۱) دوبارہ کہنا - پھر بیان کرنا روایت کرنا - ذکر چلانا (۲) دوہرا کرنا - دوہرا لیٹنا - (۳) پھیرنا - دَور کرنا - آموختہ کہنا +

دَھرا رہیگا یا دَھرا ہی رہے - ۵ - (محاورہ) کِسی کام نہ آئے - کُچھ کام نہ دیگا (مایر)
پنجۂ مرجان کا دھرا ہی رہے + ہاتھ خوں میں کبھی ڈبو لو تم

دُھرپَد - ۵ - اِسم مؤنث - ایک قسم کا ہندی راگ - ترانہ اور خیال کے مُطابق + وُہ ہندی بحر جسکے ہر مصرع میں ۳۲ رُکن ہوتے ہیں +

دَھرتا - ۵ - اِسم مذکر (ہندو) کٹوتی - ہُنڈاون - بٹی کاٹا - بٹّا - منہائی - کمیشن - ڈسکونٹ +

دَھرتی - ۵ - اِسم مؤنث (گنوار) ارض - زمین - دُنیا - جہان - پرتھی - پرتھمی +

دھرتی باہنا - ۵ - فعل لازم (گنوار) ہل چلانا - زمین جوتنا - تردّد کرنا - قلبہ رانی کرنا +

دھرتی کا پھول - ۵ - اِسم مذکر (۱) کھُمبی - گگن دھول - سانپ کی ٹوپی - کُلاہ مارلاں - وُہ پُرانی لکڑی کا چھتا - جو اکثر زمین پر برسات کے دنوں میں پھوٹ آتا ہے - سماروغ (۲) نیا نواب - نَودولت (۳) مینڈک - غوک - ڈڈو +

دہر دہر جلنا - ۵ - فعل لازم - کسی چیز کا آگ لگجانے سے شعلہ زن ہونا - شُعلہ افروز ہونا (دلیر)
تھا وہ بھی اِک زمانہ جب نالے آتشیں تھے
چاروں طرف سے جنگل جلتا دہر دہر تھا

دَھردھمکنا - ۵ - فعل لازم (۱) آن موجود ہونا - جلد چلے آنا - آن پہنچنا (۲) لپکنا - دَوڑنا - دھر لپکنا دھمک پڑنا
دھر دھمکا وا سے لڑتا ہوا شہر کی طرف
(سودا) القصہ اُسنے گھر میں کیا آنکر قرار

دَھر رکھنا - ۵ - فعل متعدی - رکھ چھوڑنا - چھپا رکھنا - پکڑ رکھنا - تھام لینا - روک لینا +

دِھرکار - ۵ - اِسم مؤنث (ہندو) لعنت - ملامت

دَھرم - ۵ - اِسم مذکر (ہندو) ا - ایمان - عقیدہ - اعتقاد - فرض - حق - ادھکار (۲) دھرم - نیاؤ - اِنصاف - راستی - راستبازی (۳) مشق لگنا - دستور - کام +

قاعدہ (۴) کار نیک (۵) نیتی - مذہب - مت (۶) جم راج دھرم راج

دھرم اپدیشن - ۵ - اسم مذکر - دینی اخلاق - ادب - تہذیب

دھرم آتما - ۵ - صفت - سخی - مخیر - فیاض +

دھرم ارتھ - ۵ - اسم مذکر - مال وقف +

دھرم اوتار - ۵ - صفت - مقدس - پاک - پوتر - جتی - بھگت + معصوم صفت + مبرا +

دھرم بگاڑنا - ۵ - فعل متعدی - دین کھونا - ایمان کھونا

دھرم پرکرتی - صفت - دھرمی - دھرم والا - نیک - صالح - عفیف - نکوکار - نیک بخت - نیک طینت - دیندار - پاکدامن - پارسا

دھرم سنکٹ - ۵ - اسم مذکر - وہ صدمہ جو دین کے باعث پہنچے - دینی تکلیف +

دھرم راج - ۵ - اسم مذکر (۱) عادل اور منصف بادشاہ (۲) وہ سلطنت جسمیں بخوبی انصاف ہو (۳) یم راج +

دھرم ریتیا - ۵ - اسم مؤنث - مذہبی رسم - رسوم مذہب

دھرم سالا - ۵ - اسم مذکر - مسافر خانہ + خانقاہ + معدلت گاہ - عدالت +

دھرم سبھا یا سماج - ۵ - اسم مؤنث - انجمن دینی - مذہبی مجلس

دھرم سے - ۵ - تابع فعل - ایمانا - حق حق - حق الامر

دھرم شاستر - ۵ - اسم مذکر - فقہ +

دھرم کرنا - ۵ - فعل لازم - نیکی کرنا - خیرات کرنا +

دھرم کمانا - ۵ - فعل لازم - نیکی اور ثواب حاصل کرنا +

دھرم گیانی - ۵ - اسم مؤنث - عالم دین - فقیہ

دھرم کی کہنا - ۵ - فعل متعدی - خدا لگتی کہنا - انصاف کی کہنا - ایمان کی کہنا +

دھرم مورت - ۵ - اسم مذکر - ایمان مجسم - مجسم انصاف (یہ ہمیشہ منصف مزاج ... (درد دلشو کا القاب) +

دھرم منوتی - ۵ - اسم مذکر - اصول مذہب +

دھرا یا دھرنی - ۵ - اسم مؤنث - قسما قسمی - عہد پیمان

دھرن - ۵ - اسم مؤنث (۱) دھرتی - زمین - ارض (۲) بچہ دان - گرب استھان - بچہ رہنے کی جگہ - حمل رہنے کی جگہ (۳) شہتیر - بلی (۴) آواز کا اتار چڑھاؤ (۵) ناف - ٹلا

دھرن ٹلنا - یا - ڈگنا - ۵ - فعل لازم - بچہ دان کا کسی صدمہ کے باعث اپنی جگہ سے ہٹ جانا +

دھرنا - ۵ - فعل متعدی (۱) رکھنا - یہادن کا ترجمہ قائم کرنا - ٹکانا - بٹھانا - جمانا - جگہ قرار دینا (۲) سپرد کرنا - تحویل کرنا - ودیعت کرنا (۳) گرو رکھنا - مرہون کرنا - مکفول کرنا - ضمانت میں دینا + امانت رکھنا - (۴) پکڑنا - قبضہ کرنا (۵ - اسم مذکر) ڈھٹی - دستک +

دھرنا دینا - ۵ - فعل لازم - ڈھٹی دینا - جم کر بیٹھنا قرضخواہ کی طرح جم جانا + دستک دینا +

دھرو - ۵ - اسم مذکر - قطب - قطب تارا - زمین کا وہ نقطہ جو شمال اور جنوب پر ساکن ہے + مانی - کیلی - وہ کیل جسپر چکی پھرتی ہے +

دھروٹ یا دھروہر - ۵ - اسم مؤنث - امانت - تحویل - ودایت (مصحفی)

لیجا ہمارے پاس سے اپنا یہ لال داغ
مدت ہوئی ہے تیری دھروہر دھرے ہوئے

دھری - ۵ - اسم مؤنث - محور - لوہے کی وہ سلاخ جسپر پہیا پھرتا ہے - کیلی - مانی +

دھرے اڑانا / دھریاں اڑانا - ۵ - فعل متعدی - عوام - زد و کوب کرنا - درے لگانا - چابک مارنا - بید لگانا (۲) ذلیل و خوار کرنا - ذلیل و رسوا کرنا (مبالغہ ہ تھا)

دھری بات - ۵ - اسم مؤنث - پہلو دار بات

دھرے جانا - ۵ - فعل لازم - کسی آفت میں مبتلا ہونا گرفتار ہونا - پکڑا جانا - قید ہونا (آتش)

اسیر ہم ہوے سودا ہوا اسے آتش
دھرے گئے دلِ خانہ خراب کے بدلے

دَہْرِیَہ - ع - اسم مذکر - خدا کی ذات کا منکر - وجودِ صانع کا قائل نہ ہونے والا - زمانہ ہی کو خدا تصور کرنے والا - وہ شخص جو زمانے کو قدیم مانے اور حادث نہ جانے - ملحد - لامذہب

منکر ہیں ذاتِ صانعِ قدرت کے دہریے (آتش)
نافہموں کا عمل ہے فقط لا الٰہ پر

دَھڑ - ہ - اسم مذکر - جسم بے سر - بدن جسم جبہ پیکر لوتھ - نعش - لاشہ - لاش + (آتش)

پیچھے ہٹا نہ کوچۂ قاتل سے اپنا پاؤں
سر سے تڑپ کے چار قدم آگے دھڑ گیا

دھڑ لوتھا - ہ - اسم مذکر - کبڑا - کوز پشت - کم کوتا - کم جھکا +

دھڑ رہ جانا - ہ - فعل لازم - فالج ہو جانا - جسم کا حرکت نہ کر سکنا - دھڑ تک ہو جانا +

دھڑ میں اُتارنا یا - ڈالنا - ہ - فعل لازم (بازاری) کھانا - پیٹ میں اُتارنا +

دَھڑا - ہ - اسم مذکر (۱) گروہ - جتھا - خیل (۲) وزن بوجھ + پاسنگ برابر کرنیکا وزن - سنگِ ترازو (۳) پانچ سیر کا وزن - دھڑی +

دھڑا اُٹھانا - ہ - فعل متعدی (بقال) تولنا - وزن کرنا

دھڑا باندھنا - ہ - فعل لازم (۱) جتھا باندھنا + دو گروہ ہو جانا (۲) تہمت لگانا - الزام دھرنا (۳) پاسنگ یا کسی چیز کا وزن برابر کرنا +

دھڑا کرنا - ہ - فعل متعدی - ترازو کے دونوں پلڑوں کو کسی چیز کے وزن سے برابر کرنا +

دَھڑا دَھڑ - ہ - تابع فعل - تصادم متواتر - کسی چیز کے برابر گرنے یا پٹنے کی آواز + ماتم کی آواز + پے در پے - متواتر جیسے دھڑا دھڑ پیٹنا یا منہ پر سینا یا گُنڈی مارنا + (انشا)

بن ترے دیکھے ہے سب دہر کو اُو جڑ عاشق
کیوں نہ سر اپنا بھلا پیٹے دھڑا دھڑ عاشق

صاف بارش کی صدائیں ہیں صدائے ماتم (جلال لکھنوی)
فرقتِ یار میں پٹتا ہے دھڑا دھڑ پانی

دَھڑاکا - ہ - اسم مذکر - دھماکا + آواز گوز جو زور سے سرزد ہو + آوازِ بندوق + زور کے مینہ کی آواز - زور کی بارش جیسے برسو رام دھڑاکے سے تو نبا بھر دو آٹے سے + (نظیر)

جھڑیوں نے اس طرح کا دیا آ کے جھڑ لگا
سنیئے جدھر اُدھر کو دھڑاکے کی ہے صدا

دَھڑاکے سے - ہ - تابع فعل - پھرتی سے - جلدی سے جیسے دھڑاکے سے یہ کام بھی کر ڈالو + (عوام)

دَھڑام - ہ - اسم مونث - کسی بھاری چیز کے پانی میں گرنے کی آواز - پانی میں کودنے کی آواز جیسے دھڑام سے باولی میں کود پڑا +

دَھڑ دَھڑ - ہ - اسم مونث - کواڑوں کے متواتر پیٹنے یا کُنڈی کھڑکھڑانے کی آواز - دل کے دھڑکنے کی آواز - دھک دھک +

دھڑ دھڑ کرنا - ہ - فعل متعدی (۱) بے قرار (۲) نقارہ بجانا (۳) دھک دھک [illegible]

دَھڑک - ہ - اسم مونث - تن (۱) کُنڈی کھٹکھٹانا بیقراری - اضطراب + ڈر سے کرنا - دھڑکنا +

دَھڑکا - ہ - اسم مذکر (۱) تپاک - تپاک - دھڑکن - ہول دل - اختلاج قلب ت - دہشت +

ہوں میں بیمار گیا غیر کے ۔ دل کی دھڑکن
ت (ناسخ)
ل کا دھڑکا

کی مرے درد نے خاصیت درماں پیدا

(۲) خوف - اندیشہ - خدشہ - بیم و ترس (سلیمان)

تجھ سے ظالم سے ذرا دیکھو طرّاریِ دل

کچھ بھی دھڑکا نہ کیا دل ہے جگرداریِ دل

دَھڑکَن - ہ - اسم مؤنث - عو - تڑپ - بیقراری - اضطرابی - دھک دھک - ہول دل - اختلاج قلب +

دَھڑکنا - ہ - فعل لازم (۱) تڑپنا - بیقرار ہونا - دھک دھک کرنا - دل کا اچھلنا - پھڑکنا (۲) دہلنا - خوف کھانا - اندیشہ کرنا - ڈرنا + (سودا)

پیغام بر نے دیر لگائی تو ہے ولے

دھڑکے ہے دل کہ یہ نہ کہے رات ہو گئی

دَھڑلّا - ہ - اسم مذکر (۱) انبوہ کثیر - ازدحام - ہجوم - بھیڑ - مجمع خلائق - گروہ + (انشا)

وحشت کی فوج کے جو دھڑلّے نظر پڑے

فرہاد و قیس دونوں ہی پہلے نظر پڑے

(۲) علانیہ کوئی کام کرنا - باعلان تمام کوئی بات کرنا - بیباکانہ - بالکل کھلا کوئی کام کرنا +

دَھڑی - ہ - اسم مؤنث (۱) پنسیری - پانچ سیر کا باٹ

مستی کر کے بتا لب پہ جو تل گئی

(بحر) سوسن کا رتبہ ایک دھڑی آج کم ہوا

(۲) پانچ سو روپے (۳) مستی کی تہ جو عورتیں ہونٹوں پر جماتی ہیں (ناسخ) یہ روی کہ شرمندہ کرے اودی گھٹا کو

دیکھے جو نہ ہم بھر تری مستی کی دھڑی آنکھ

(۴) ریکھا - لکیر - خط +

دھڑی [illegible]نا - ہ - فعل متعدی (اقبال) وزن کرنا - تولنا - جیسے دھڑی بھر لو +

دھڑی جمانا - ہ - فعل متعدی - عو - ہونٹوں پر مستی کی تہ جمانا - مستی ملنا - مستی لگانا (رنگین)

خدا جانے ابھی ہے خون پر کس کس انت اس کا

دھڑی ہونٹوں پہ اپنے وہ جما کر بن ہیں رہتی

دھڑی دھڑی کر کے لٹنا - ہ - فعل لازم - ذرا ذرا لٹنا - بالکل مال و متاع کا غارت و تاراج ہونا - جھاڑو پھرنا - صفایا ہونا - تنکا نہ بچنا + (ظفر)

لٹیں نہ کیوں دل عاشق دھڑی دھڑی کر کے

دکھاؤ حب لب پان خوردہ کی دھڑی اپنی

دھڑی دھڑی کر کے لوٹنا - ہ - فعل متعدی - بالکل تاراج و غارت کرنا - جھاڑو پھیرنا - صفایا کرنا - تمام مال و متاع لوٹ لینا - برباد کرنا - تنکا نہ چھوڑنا

ہمارا خانۂ دل تو نے تری ہی لوٹا

(استان) دھڑی مسی کی دکھا کر دھڑی دھڑی لوٹا

دَھڑیوں - ہ - صفت - عو - بہت - بکثرت - باافراط - جیسے دھڑیوں خون گیا + بخوبی تمام +

اٹھائے لطف ہنسا کر اسے گھڑیوں مزے لوٹے

(نکہت) مسی مالیدہ لب کے ہم نے بھی دھڑیوں مزے لوٹے

دُھس - ہ - اسم مذکر - قلعہ - گڑھ + پشتہ - قلعہ کے گرد کا پشتہ یا وہ مٹی جو چاروں طرف چڑھا دیتے ہیں + دمدمہ - گڑھی +

دُھسّا - ہ - اسم مذکر (دُسّا) شال - طوس + (عوام)

دَھسان - ہ - اسم مؤنث - دھسنے کی جگہ - دلدل - کیچڑ - کیچ - پھنساؤ - چہلا +

دَھسانا - ہ - فعل متعدی - اندر گھسانا - کیچڑ یا دلدل میں پھنسانا - گھسیڑنا - بھرنا - ٹھونسنا +

دَھسک - ہ - اسم مؤنث - کھانسی - خفیف کھانسی + دھانس - کھو +

دَھُسکا - ہ - اِسم مذکّر - کھانسی - دھانس +

دَھُسَن - ہ - اِسم مؤنّث - دیکھو (دھسان) +

دَھُسنا یا دَھَنْسنا - ہ - فعل مُتعدّی - پھنسنا - دَلدل میں گھُسنا - نیچے بیٹھنا + ڈوبنا + داخِل ہونا + دخیل ہونا

دَہشَت - ف - اِسم مؤنّث - ڈر - خوف - بھے - خطر

دہشت انگیز - ف - صفت - ڈراونا - خوفناک - مُہیب - خطرناک + ہیبتناک + بھیانک +

دہشت زدہ - ف - صفت - خوف کا مارا - ڈرا ہوا - خوفناک - ہَیبت زدہ - سہما ہوا +

دہشت کھانا - ا - فعل لازم - ڈرنا - خوف کھانا - رعب میں آنا - دہلنا +

دہشتناک - ف - صفت - بھیانک - ڈراونا

دِہقان - معرب - اِسم مذکّر - گنوار - مالکِ دہ - زمیندار - ساکنِ دہ - دیہاتی - روستائی (اصل میں دہگان تھا)

دِہقانی - معرب - صفت (۱) گنواری - دیہاتی - روستائی + اُجڈ - جانگلو (۲) - اِسم مذکّر - گنوار - دہقان

دَھُک - ہ - اِسم مؤنّث - (۱) چھوٹی جُوں - لیکھ سے بڑی جُوں (۲) حیرت + دِل کی ناگہانی دھڑکن +

دَہک - ہ - اِسم مؤنّث (ہندو) شرم - حیا +

دَھکّا - ہ - اِسم مذکّر (۱) صدمہ - ہچکولا - ریلا - جُنبش (۲) نقصان - ضرر - ٹوٹا (۳) آفت - بلا - حادثہ +

دھکّا دینا - ہ - فعل مُتعدّی (۱) ہچکولا دینا - دھکیلنا + صدمہ پہنچانا (۲) شامت لانا - آفت لانا جیسے کیا تیرے دنوں نے دھکّا دیا ہے +

دھکّا شیطان کا - ا - اِسم مذکّر - شیطان کا دغلا کر خراب کرنا اور دوزخ میں ڈلوانا - شیطان کی مار + (داغ)
کوئی کجی ہے گنے ہر بات کا پکّا تجھے
گر پڑے تو اوندھے منہ شیطان کا دھکّا تجھے

دھکّا کھانا - ہ - فعل لازم - صدمہ اُٹھانا - نقصان اُٹھانا - آوارہ پھرنا +

دھکّا لگنا - ہ - فعل لازم - صدمہ پہنچنا - نقصان ہونا - ضرر ہونا + مار پڑنا - لعنت ہونا - آفت آنا +

دَھکّا پیل - ہ - اِسم مؤنّث - دھکّم دھکّا - ریلا پیلی +

دَھکّا پیلی کرنا - ہ - فعل مُتعدّی - ریلنا - دھکیلنا +

دَہکتا گولہ اُٹھانا - ہ - فعل مُتعدّی - بیگناہی کا امتحان دینا کہتے ہیں پہلے دستور تھا کہ چور کے ہاتھ پر لوہے کا گولہ لال کر کے رکھ دیتے تھے کہ اگر وہ چور نہو گا تو اسکے ہاتھ پر صدمہ نہ ہوگا

دَھُک دَھُک - ہ - اِسم مؤنّث - دھڑک دھڑک - ریپ دھڑکن - بیقراری - گھبراہٹ - بیکلی - تھرتھراہٹ +

دھک دھک کرنا - ہ - دھڑکنا - تڑپنا - بیقرار ہونا - خوف یا دہشت کے مارے دل کا کانپنا +

دَھُک رہجانا - ہ - فعل لازم - متحیّر ہو جانا - ٹھٹک رہجانا - حیرت زدہ ہو جانا +

دَھُک سے ہو جانا - ہ - فعل لازم - حیرت میں آنا - بھوچکا ہو جانا - ٹھٹک رہجانا - ناگہانی صدمہ یا خوف سے دل دھڑک جانا +

دُھکدُھکی یا دُھکدُگی - ہ - اِسم مؤنّث - زاول [illegible] (دیکھو دُگدُگی) جرأت - دھکدھکی لگی کے کلیجے پر لگو زیادہ ہمد ہو جاتی ہے رکھ دم سے تھوڑی تھوڑی سے پتھر +

دُھکڑ پکڑ - ہ - اِسم مؤنّث (۱) دھڑکا - دھک دھک - دھڑکن + بیقراری - اِضطراب - گھبراہٹ - دھڑبھڑ (۲) دُبدھا - تذبذب - تردُّد - ہچر مچر - پس و پیش (۳) اُمید و بیم - خوف و رجا +

دَھکڑ دَھکّا - ہ - اِسم مذکّر (سیم سے) دھکّم پیلی - دھکّا پیل

دھڑکا

اُنبوہ خلایق سے مُتواتر دھکوں کی کثرت +

دَہکنا - ہ - فعلِ لازم (۱) آگ بھڑکنا - شُعلہ زن ہونا - آگ جلنا - لہکنا (۲) بدن گرم ہونا (۳) سُلگنا - بُھلسنا - جُھلسنا +

دَھکیانا - ہ - فعلِ مُتعدی - دھکّا دینا - پیچھے سے دھکیلنا یا صدمہ پہنچانا - ریلنا - ٹھیلنا +

دَھکیلنا - ہ - فعلِ مُتعدی - ریلنا - ٹھیلنا - دھکّا دینا

دُھگڈُگی - ہ - اسمِ مؤنث - دیکھو (ڈُگڈُگی) +

دَھگڑا - ہ - اسمِ مذکر - عو - زنِ فاحشہ کا یار - آشنا - [illegible] +

دَہلا - ہ - اسمِ مذکر - طاش گنجفہ کا وُہ پتّا جسمیں دس نشان ہوں

دَہلانا - یا - دَہلا دینا - ہ - فعلِ مُتعدی - ڈرانا - خوف دلانا - دفعۃً چونکا دینا - خائف و ترساں کر دینا (انشا)

پیل بت بھی ہے بجلی دل بادلوں کو دیکر
دہلا ہی دیا اُسکی تلوار نکی شپ شپ نے

دُھلائی - ہ - اسمِ مؤنث - کپڑوں کے دھونے کی اُجرت - دھلوائی +

دہل جانا - ہ - فعلِ لازم - ڈرجانا - خوف کھا جانا + رُعب میں آجانا + خائف و ترساں ہوجانا (معروف)

ابھی گستاخ نہیں دیکھا ہے تو نے ہائے ظالم
دہل جاتا دیکھ قاتل قتل کرکے ہے یہ ڈر مجھکو

دَہلنا - ہ - فعلِ لازم - ڈرنا - خوف کھانا - خوف سے کانپنا - خوف زدہ ہونا +

دِہلی - ہ - اسمِ مؤنث (۱) گنوار (۲) دہلیز - چوکھٹ - آستانہ - (۳) راجہ ڈِہلو کا بسایا ہوا شہر جسے اب دِلّی کہتے ہیں

دُھلیا میٹ کرنا - ہ - فعلِ مُتعدی - کسی جھگڑے پر خاک ڈالنا - جھگڑا دبا دینا - بات دبانا +

دَہلیز - ف - اسمِ مؤنث - دیکھو (دہلی نمبر ۲) - بانا -

تو یہ کبھی نہ بھول کے بھی سجدہ کیجئے
دہلیز ہو جو قبلۂ حاجات آپکی +

دہلیز کا کُتّا - ا - اسمِ مذکر - وُہ کُتّا جو ہر وقت دروازے پر بیٹھا رہے - گھر کا کُتّا + طُفیلی - طُفیلیا - گردگھما - بِچھالگو + مُتضاد +

دہلیز کی مٹّی لے ڈالنا - ا - فعلِ مُتعدی - کثرت سے آنا - مُتواتر گھر پر آکر تقاضا کرنا - بہت سے پھیرے کرنا - پھیرے پر پھیرے کرنا +

دہلیز کے لگے سے بیر نہیں جاتا - ا - (کہاوت) ناشائستہ حرکتوں سے رنج دفع نہیں ہوتا

دہلیز نہ جھانکنا - ا - فعلِ مُتعدی - دروازے تک پر آکر نہ پھرنا - کبھی گھر پر نہ جانا +

دَہم - یا - دَہِم - ہ - صفت - افسردگی - آگ کا بُجھنا - کجلانا + حیرت زدہ - بُھچک +

دہم رہجانا - ہ - فعلِ لازم (۱) حیران و دم بخود رہجانا

دہم ہونا - ہ - فعلِ لازم (۱) آگ بُجھنا - گُل ہونا (۲) ٹھٹھرنا - افسردہ اور پژمردہ ہونا جیسے بچّہ دہم ہوگیا (۳) حیران دم بخود ہونا - بھچک رہنا (میر) کیا اپنے دل دھڑکنے کی کہیں کہ ہمیں بھی
جو دیکھتا ہے میرے تئیں سو دہم ہے کچھ

دَھم - ہ - اسمِ مؤنث - گرنے کی آواز - گد - گدا کا - دھمکا کودنے کی آواز - دھمکا +

دھم سے کودنا - یا - گرنا - ہ - فعلِ لازم - گد سے گرنا یا زور سے زمین پر کودنا یا گرنا + (معروف)

یہ غُل ہوا کہ اسکی خبر سب کو ہوگئی
کودے ہم اُسکے گھر میں جو شب دھم سے بے خبر (انشا)
دھم سے ہم دونوں گرے فرش پہ اِس رُوپ سے رات

رہ گیا اُن کا دوپٹا بھی جھمر کھٹ سے لپٹ
چوٹ کُھلا کے لگے کہنے کہ اگر ایسی ہی
ہو کلا کھیلانی تجھکو تو کسی نٹ سے لپٹ

دھماچوکڑی - ہ - اسم مؤنث - کود پھاند - اُچھل کود + ہنگامہ - شورش - غُل غپاڑا - دھوم - اودھم - شور و غوغا + تجونگا کودنا اُچھلنا + دھینگا مُشتی +

دھماچوکڑی مچانا - ہ - فعل متعدی - اودھم مچانا - دھوم ڈالنا - شور و غوغا کرنا - اُچھلنا - کودنا + دھینگا مشتی کرنا

کیا دھماچوکڑی مچائی ہے +
(شوق) تیری بجتا وری کچھ آئی ہے

دھماچوکڑی مچنا - ہ - فعل لازم - کود پھاند ہونا دھینگا مشتی ہونا - کشتم کشتا اور غل غپاڑا ہونا

جو مجھ میں اور انہیں دھماچوکڑی مچی
(انشا) فراش بولے یہ تو ہوئی روزِ جنگِ فرش

دھمادھم - ہ - اسم مؤنث - کودنے اور برابر گرنے کی آواز - دھواں دھوں مارنے کی آواز - متواتر پٹنے کی آواز - پیہم ضرب و شلاق کی آواز - متواتر گھونسے اور مکے کی آواز + (انشا)

یاس نا امیدو تا دہی و غم نے دھوم اٹھائی سینے میں
خوب مچی ہے آج دھمادھم ارکٹائی سینے میں +

دھماکا - ہ - اسم مذکر (۱) بندوق کی آواز - ٹھائیں (۲) کودنے کی آواز - گڑاکا (۳) صدمہ - آوازِ تصادم (۴) بھر کلا بندوق (۵) ہاتھی پر لادنے کی توپ +

دھمال - ہ - اسم مؤنث (۱) کود پھاند - اچھل کود + قلندرانہ جست و خیز - قلندر فقیر و نگا کودنا + انصاف دم (نظیر) ... دل سے کیا ہے جھوم ہوا ... زنا ہے کہ تپش سے دل کی سر پر ... دھمال ...

(۲) شور و غل - دھماچوکڑی - دھوم (۳) ایک قسم کا راگ (۴) دُلہنڈی کے دن کا گیت +

دھمال کرنا - ہ - فعل متعدی - قلندروں کا ایک خاص وضع کے ساتھ کودنا + دھماچوکڑی مچانا - غل شور کرنا + فقیروں کا آگ میں کودنا +

دھمال کھیلنا - ہ - فعل متعدی - قلندرانہ اچھل کود کرنا اچھلنا - کودنا (انشا) - اے کبن بُرکی تنا اور ہی کچھ شان سے کھیلے ہے دھمال تیرے عاشقوں کی میلی +

دھمالیا - ہ - اسم مذکر - دھمال کرنے والا فقیر - آگ میں کودنے والا فقیر +

دھمک - ہ - اسم مؤنث (۱) پیروں کی آواز - آہٹ - دھمکا - صدمہ - کودنے جو حرکت آواز سے دل و دماغ کو پہنچے (۲) صدائے خفیف - ہلکی آواز +

دھمکا - ہ - اسم مذکر (۱) دیکھو دھماکا نمبر ۱-۲-۳ (۲) حرارت - شدت کی گرمی (پورب) +

دھمکانا - ہ - فعل متعدی (۱) ڈرانا - خوف دلانا (۲) ڈانٹنا - سرزنش کرنا - گھڑکنا - تہدید کرنا +

دھمکنا - ہ - فعل لازم - درد ہونا - سر میں مہر لیں اٹھنا دھڑکنا - ہوک اٹھنا - ٹیس ہونا +

دھمکی - ہ - اسم مؤنث - دہشت - ارعاب - خوف - ڈانٹ ڈپٹ - گھڑکی - تخویف - تہدید - ملامت - ترہیب - ڈراوا وعید - بیم و ترس +

دھمکی دینا - ہ - فعل متعدی - ڈرانا - تہدید کرنا - ڈراوا دکھانا - خوف دلانا +

دھمکی میں آنا - ہ - فعل لازم - ... خوف کھا جانا +

دھموکا - ہ - اسم مذکر - صدمہ - ضرب - گھونسا - مکا - دھڑکا +

دھن - ہ - اسم مؤنث (۱) ہوا سنج ... باد (۲)

آواز - سُر - لَے - راگ کی آواز + راگ گیت
شراست سے جلایا کی صفت جب مینہ گا گیٔ
(اماننہ) اتاری دھنتہ دیپک میں دُھن اُسنے ترانے کی
(۳) دھیان - خیال - تصوّر - توجہ (۴) شوق - اشتیاق
لو - لگن + گرمجوشی - سرگرمی - للک (حالیؔ حسن)
لے آئی ہے اسکو محبت کی دُھن + جیا ہی فقط تیرے ملنے کی سُن
(۵) لت - دھت - بان (۶) ہڈیونکا درد +
دُھن باندھنا - ہ - فعل متعدی تصور باندھنا خیال جمانا - لو لگانا
دُھن بندھنا - ہ - فعل لازم خیال بندھنا - تصوّر
جمنا - لگن لگنا - ٹھننا +
دُھن لگنا - ہ - فعل متعدی - دھیان لگنا - لو لگنا -
لگن لگنا + لت لگنا - دھت ہونا +
دَہَن - ف - اسم مذکر - مخفف دہان - مُنہ - مُکھ +
دَھن - ہ - اسم مذکر (۱) مویشی - چوپایہ - گائے بھینس
(۲) نصیبا - بخت (۳) مال - دولت + جائداد +
(۴) منطقۃ البروج - راس چکر - راس منڈل (۵) توپ
کی آواز (۶) بُرج قوس (۷) شاباش - صد رحمت جیسے
دھن دُھنیا تیرا ہیا جیتا خصم بھرتی میں دیا +
دھن بھاگ - یا نصیب - اہندا - خوش نصیبی
خوشقسمتی - خوش اقبالی + شاباش - صد رحمت - مرحبا +
دَھن سے - ہ - تابع فعل نورسی جیسے دھن سی توپ چلی
دُہنا - ہ - فعل متعدی - دیکھو (دُوہنا) +
دَہنا - ہ - صفت - دیکھو (داہنا) (۲) دھنا ۔۔۔
دُھنا - ہ - فعل متعدی (۱) روئی پیننا - روئی صاف
کرنا - دُھنکنا (۲) بجوڑنا پیٹنا جیسے اُستاد نے شاگرد کو خوب
دُھنا (۳) بجانا - ضرب لگانا (بازاری بولتے ہیں) -
(۴) پٹکنا - ۔۔۔ دے مارنا جیسے سر دُھننا (۵) نصیحت دینا

دُھنا - ہ - اسم مذکر (عوام) نداف - دُھنیا - روئی
دُھنکنے والا - قطان +
دَھنا دینا - ہ - فعل لازم - دیکھو (دھرنا دینا) +
دُھناسری - ہ - اسم مؤنث - مالکوس کی ایک راگنی کا نام
دَھنا سیٹھ - ہ - صفت - نہایت دولتمند - دھنی -
جگت سیٹھ - مالدار + کھرا (۲) مفسد - سرکش - سرزور +
دَھنتر - ہ - اسم مذکر (۱) دولتمند - مالدار - امیر (۲) زبردست
تیس مار خاں - رستم (۳) سرکش (۴) ایک حکیم کا نام جو
اِندر کے دربار میں تھا (۵) ایک قسم کا پودا +
دُھند - ہ - اسم مذکر (۱) کم نظری - تاریکیٔ بصر - دُھندلاپن
ایک مرض کا نام جس سے آنکھوں کی روشنی میں فرق آجاتا ہے (۲) کُہر +
دُھندکار - ہ - اسم مذکر - اندھیرا - تاریکی +
دُھندا - ہ - صفت - اندھا کا مرادف +
دَھندا - ہ - اسم مذکر (۱) کام کاج - کاروبار (۲)
مشغولی - مصروفیت (۳) پیشہ - ہنر +
دُھندلا - ہ - صفت (۱) تاریک - اندھیرا (۲) بے نور
اندھا - تیرہ - غیر شفاف - نا مصفا - گدلا (۳) ماند
کم چمک کا - مندا +
دُھندلاپن - ہ - اسم مذکر - تیرگی + گدلاپن + اندھا
پن + اندھیرا - کُہر کا سا عالم +
دُھندلا دکھائی دینا - ہ - فعل لازم - صاف نظر نہ
آنا - کم نظر آنا +
دُھندلکا - ہ - اسم مذکر (ہندو) (۱) منہ اندھیرا -
علی الصباح - بھور - نور کا تڑکا (۲) سوادِ شام مغرب کی سیاہی
دَھندلے - ہ - اسم مذکر - عو - مکر و فریب - کید -
حیلے - دھوکے - چھند - ہیپٹ بازیاں +
دھندلے کرنا - ہ - فعل متعدی عو - مکر کرنا - فریب کرنا

پھیٹ بازی کرنا - حیلہ سازی کرنا +

دھندلے یاد ہیں - ا - محاورہ عو - بڑے حیلے اور فریب یاد ہیں - نہایت مکار اور حیلہ ساز ہے +

دُھندلے کا وقت - ا - اسم مذکر (۱) سوادِ شام - شام کی سیاہی (۲) صبح کاذب +

دُھنک - ہ - اسم مؤنث (۱) دھنش - قوس - کمان (۲) قوسِ قزح - کمانِ شیطان یا رستم (۳) پتلا گوٹا (۴) ایک قسم کی اوڑھنی +

دھنک دھاری - ہ - اسم مذکر (ہندی) تیر و کمان سے مسلح آدمی - کماندار +

دھن کُٹی - ہ - اسم مؤنث - دھان کوٹنے کا آلہ دھانوں کی اوکھلی اور موسل +

دھن کُٹی کرنا - ہ - فعل متعدی (۱) دھان چھڑنا - دھانوں کو کوٹ کر چاول نکالنا (۲) خوب دکوٹ کر بھیتن نکالنا - بھرکس نکالنا - کچومر کرنا - خوب پیٹنا +

دُھنکنا - ہ - فعل متعدی - دیکھو دُھننا نمبر اول)

دُھنکی - ہ - اسم مؤنث - روئی دُھنکنے کی کمان - روئی صاف کرنے کا بڑا سا آلہ +

دَھنی - ہ - صفت (۱) مالدار - دولتمند - دھن والا + صاحب اقبال - خوش نصیب (۲) کامل استاد - کسی فن میں پوری پوری دستگاہ رکھنے والا + (ناسخ)

مارا ابرو سے سپاٹو نکو + قاتل تلوار کا دھنی ہے (۳)

ہندی) اسم مذکر - خاوند - مالک - آقا جیسے جن کے سوبھاگ دھنی کے (۴) - ہندو - اسم مذکر) شوہر - پتی - خصم میاں - گھروالا - کدخدا +

دُھنیا - ہ - اسم مذکر - کشنیز - کوتمیر +

دُھنیا - ہ - اسم مذکر - دیکھو دُھنا یعنی نداف +

دُھنیت - ع - اسم مؤنث - روغن - چکنائی - چکنا پن چربی - پیہ - شحم +

دَھنیے کی کھوپڑی میں پانی پلانا - ہ - فعل متعدی عو - تنگ و عاجز کرنا - سخت سزا دینا - پیاسا مارنا یعنی دھنیے کے چھلکے کی مقدار موجب پانی دینا - نہایت ستانا - ازحد دق کرنا - نہایت تکلیف پہنچانا - ترسانا (سودا)

جس غنچہ سے پیالی پینے نہ تھے ہم اُس سے
دھنیے کی کھوپڑی میں پانی ہمیں پلایا

(نکہت)
دریادلوں کے دل کو کرے ہے کباب چرخ
دھنیے کی کھوپڑی میں پلاتا ہے آب چرخ

دَھنیے ہاتھ کا کھانا حرام ہے - ا - محاورہ عو قسم سخت یعنی اگر تم یہ کام نہ کرو تو تم نے جو کچھ سیدھے ہاتھ سے کھایا ہے وہ تم کو حرام ہے (آتش)

جب تک حلال ایسے نہ ہو بیگناہ کو
قاتل کو دہنے ہاتھ کا کھانا حرام ہے

دَھو - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کے درخت کا نام جس کی لکڑی اکثر جلانے کے کام آتی ہے +

دُھواں - ہ - اسم مذکر (۱) دُود - دخان - دود آتش بخار ہوائی - وہ کثیف بخارات جو کسی چیز کے جلنے سے رنگ سیاہ اوپر کو صعود کرتے ہیں

تیرے فروغ حسن نے کھویا خوف - دانت
روشن ہوئی - ترہیب - ڈراوا

(۲ - صفت) کالا - سیاہ - گبو

آنکھیں تو بن رہی ہیں دُھواں دھار ناتہدید کرنا
ظالم نہ کو بار - دہار

(۳ - صفت) کثیر - لطیف - بیجی کرنا - خوف ناک بنا بلا - (انشا) بچے کس طرح سے گھونسا مُکّا +

(۲) دہن - باد

مژہ آفت نگہ جادو - بلا آنکھیں دُھواں سر ہے

(رنگین) دونوں زُلفیں دُھواں ہیں غال پری
سارے نک سُک درست جال پری

(۴ صفت) بہ کثرت - زور - نہایت - ازحد

(انشا) انشا کی گفتگو دہ دھواں گرم ہے کہ آج
آکر بہار اسکے گلے سے لپٹ گئی

قطعہ (رنگین) کہا رنگین نے ہے دُھواں تیزی
گورے پاؤں میں نیلی بڑی یکھ
پہلے کچھ بڑبڑا کے ہونٹوں میں
کہا بینے کہ اپنی ایڑی دیکھ

(۵) آراستہ و پیراستہ - مزین - مرتب - پری جوڑ خوبصورت (عالی) مسی کا جل لگا آئے ہو ایسے تم دُھواں دھار
خدا نے آج منہ کالا کیا ہے شام ہجراں کا

(منیر) چلا ہے نکلے کہاں شوخ اس بھبن سے دُھواں
کہ جائے آہ نکلتا ہے یہاں دہن سے دُھواں

دُھواں اُٹھنا - ہ - فعل لازم (۱) دُود از آتش برخاستن کا ترجمہ - دُخان نکلنا (۲) آہ نکلنا +

دُھواں چھوڑنا - ہ - فعل متعدی - حقہ پیکر دُوسرے کی طرف دُود قلیان چھوڑنا - حقہ لیکر معشوقانہ چھیڑ کرنا +

(مومن) گر پھر بھی اشک آئیں تو جانوں کہ عشق ہے حقہ کا منہ پہ غیر کی جانب دھواں بھی ہے

دُھواں دھار - ہ - صفت (۱) پُر دُود - دُود آلودہ - دُخانی (۲) نہایت سیاہ - تیرہ و تار - نہایت کالا

(رنگین) مسی تری ہے اگر نمودار +
تو تری دھڑی بھی ہے دُھواں دھار

(۳) چمکیلا - بھڑکدار - فوق البھڑک - چمکتا ہوا - دمکتا ہوا

(رنگین) سُبھا جاتے ہیں سبے دُھواں دھار جوتا
کہاں لادے آٹا طرحدار جوتا +

(۴) آفت خیز - فتنہ انگیز - فتنہ زا - غضب - ستم

(جرأت) ابرو میں چڑھی بکھرے ہیں بال اُبھری ہوئی گات
سچ دیکھو کیا اُسنے دُھواں دھار نکالی

(۵) تیز - طرار - چالاک - ہوشیار -

(رنگین) ایسے ویسے کا وہاں کام نہیں ہے مطلق
جا وے رنگین کے بلانے کو دُھواں دھار اصیل

(۶) بھبوکا - نہایت خوبصورت - جان چٹا خا -

(۷) بہت - بے شمار - بے اندازہ - نہایت - بیحد (۸) غضبناک - برہم - غصہ میں بھرا ہوا - غصیل - جوش و خروش سے بھرا

دُھواں دھار برسنا - ہ - فعل لازم - زور شور سے برسنا - دھڑلے سے برسنا - چھاجوں مینہ پڑنا

دُھواں دھار گھٹا - ہ - اسم مؤنث - کالی گھٹا زور شور کی گھٹا - گہری گھٹا +

(ناسخ) دود آہ دل سوزاں سے ہے دُھواں دھار گھٹا
چاہیے پانی کے بدلے ہو شرر بار گھٹا

دُھواں دھار ہوجانا - ہ - فعل لازم - نہایت تاریکی چھاجانا - اندھیرا گھپ ہوجانا +

دُھواں دینا - ہ - فعل متعدی - کسی چیز کے جلنے سے دُھواں نکلنا جیسے یہ تیل دُھواں دیتا ہے یعنی صاف نہیں ہے اس سے دُھواں زیادہ پیدا ہوتا ہے

دُھواں رہنا - ہ - فعل لازم - دُھواں بھرنا - دُھواں پھیلنا - دُھواں گھٹنا +

دُھواں لیک - ہ - اسم مذکر - حقہ کی بو پر دوڑنے والا آدمی - نہایت کثرت سے حقہ پینے والا - مفت خورا دُوسروں کے حقہ پر دوڑنے والا آدمی +

دُھواں نکلنا - ہ - فعل لازم - سُلگنا - جلنا - دُھواں اُٹھنا +

دُھوانسا۔یا۔دُھوانْنا -ھ- اسم مذکر- وُہ کھانا جسمیں دُھواں رچ گیا ہو + دُود آلُودہ +

دُھوانسا ہونا -ھ- فعل لازم - دھوئیں میں رچ جانا - دُھوئیں میں بس جانا +

دُھوب -ھ- اسم مذکر- شوب - دُھلاوٹ +

دُھوب پڑنا -ھ- فعل لازم- شوب پڑنا- دھویا جانا

دُھوبَن -ھ- اسم مؤنث (۱) دھوبی کی بیوی + کپڑے دھونے والی عورت (۲) ایک چڑیا کا نام +

دُھوبی -ھ- اسم مذکر- گازُر- کپڑے دھونے والا بریٹھا

دھوبی پاٹ -ھ- اسم مذکر (۱) کُشتی کے ایک پیچ کا نام جسمیں حریف کو کمر پر لاد کر دے مارتے ہیں (۲) کپڑے دھونے کی سِل یا تختہ

دُھوبی کا چھیلا -ھ- صفت - پرائے مال پر اترانے والا - دو رنگا - ناموزوں لباس والا +

دھوبی کا کُتا -ھ- اسم مذکر- اللذی نہ اُللذی - اِدھر نہ اُدھر - بے سرو پا آدمی - محض نکما اور بیکار آدمی - آوارہ گرد جیسے دھوبی کا کُتا گھر کا نہ گھاٹ کا

دُھوپ -ھ- اسم مؤنث (۱) گھام - سُورج کی رُوشنی - آفتاب (۲) ایک قسم کی خوشبو کا نام جو ہندُو پُوجا کے وقت جلاتے ہیں +

دُھوپ پڑنا -ھ- فعل لازم - آفتاب اُٹھنا دن کا چمکنا تیز دُھوپ ہونا + نہایت گرمی ہونا +

دُھوپ چڑھنا -ھ- فعل لازم (۱) دن چڑھنا سُورج نکلنا (۲) در و دیوار وغیرہ پر دُھوپ آنا (اسیر)

ہمکو بھی ہوتی ہے اُمید زوالِ تپِ غم
دُھوپ دیوار سے جب چڑھ کے اُتر جاتی ہے

دُھوپ چھاں - یا - چھاؤں -ھ- اسم مؤنث روشنی اور سایہ (۲) ایک قسم کا ریشمی کپڑا جسمیں سایہ پڑتا ہے

دُھوپ دانی -ا- اسم مؤنث - وُہ ظرف جسمیں ہندُو دُھوپ رکھکر جلاتے ہیں جیسے اگر سوز اگردان وغیرہ +

دُھوپ دینا - یا - دِکھانا -ھ- فعل متعدی - دُھوپ میں سکھانا یا خشک کرنا - دُھوپ میں رکھنا - دُھوپ لگانا

دُھوپ کھانا - یا - لینا -ھ- فعل لازم - دُھوپ میں سِنکنا - دُھوپ میں گرم ہونا - تابشِ آفتاب میں بیٹھنا

دیکھکر تاجِ طلا خور کو کہے ہے بادہ نوش
(مسرور) مُرغِ زرّیں دُھوپ یہ لیتا ہے پر کھولے ہوئے

دُھوپ میں بال - یا - سر - یا - چونڈا سفید کرنا - مثل - ناتجربہ کاری اور ناکردہ کاری میں بُوڑھا ہو جانا - جہالت میں زندگی گزار دینا +

رکھے زلفوں میں نظارہ رُخِ تاباں کا کیا
دُھوپ میں اس دلِ ناداں نے کیے بال سفید

دُھوپ میں کھڑا کرنا -ھ- فعل متعدی - دُھوپ میں کھڑا رہنے کی سزا دینا (اکثر مُلّا بچوں کو یہ سزا دیا کرتے ہیں)

دُھوپ نکلنا -ھ- فعل لازم - آفتاب کا اُفق یا ابر سے نمایاں ہونا - سُورج نکلنا + (ناسخ)

جلوۂ رُخسارِ جاناں سے نکل آتی ہے دُھوپ
وصل کی شب میرے ویرانے میں ہو جاتی ہے دُھوپ

دُھوت -ھ- ندا - کُتے کے ہنکانے کی آواز جیسے کُتّے دھوت یعنی دُور ہو - بھاگ - ہٹ - سرک +

دُھوتر -ھ- اسم مؤنث - ایک ہندوستانی موٹا چھدرا کپڑا +

دُھوتُو -ھ- اسم مذکر - بھونپو [illegible] - بِگل - تُرہی نرسنگھ وغیرہ جو مُنہ سے بجاتے ہیں +

دُھوتی -ھ- اسم مؤنث - تہبند - ساڑھی - دھبلا

دھوتی بند -ا- اسم مذکر - دہ [illegible] باندھنے والا

ہندو۔ بنیا۔ بقال۔ غلہ فروش وغیرہ (آزُدہ)

وُہ مُغنی نہ رہا اور وُہ ساقی نہ رہا
دھوتی بندوں کے سوا کوئی بھی باقی نہ رہا

دُھورے ۔ ھ۔ تابع فعل (گنوار) قریب۔ نزدیک۔ پاس۔ نیڑے۔ مُتصل ٭

دھورے دھارے ۔ ھ۔ تابع فعل (گنوار) آس پاس۔ قرب وجوار ٭

دُھونسنا ۔ ھ۔ فعل مُتعدی (پورب) (۱) ٹھونسنا۔ ٹھانسنا۔ دابکر بھرنا (۲) سینگوں سے ٹکر مارنا (۳ گنوار) پیٹنا۔ مارنا (۴ عو) برتنا۔ استعمال میں لانا جیسے برس روز سے یہ رضائی دُھونس رہی ہوں ٭

دُھوک ۔ ا۔ اسم مؤنث (دُوک کا بگڑا ہوا ہے) کلابتون بٹنے کی سلائی ٭

دُھوکا ۔ ھ۔ اسم مذکر (۱) بُتّا۔ فریب۔ حیلہ۔ مکر۔ دغا۔ چھل۔ بھگل (۲) غلط فہمی۔ مغالطہ۔ اشتباہ

دھوکا دھڑی ۔ ھ۔ اسم مؤنث۔ مغالطہ۔ چھل بُتا۔ مکروفریب ٭

دھوکا دہی ۔ ھ۔ اسم مؤنث (قانون) فریب دہی۔ فریب بازی ٭ حلف دروغی ٭

دُھوکا دکھانا ۔ ھ۔ فعل مُتعدی۔ فریب دینا۔ مُغالطہ میں ڈالنا۔ چھل [illegible] کرنا۔ بُتّا دینا ٭

دھوکا کھانا ۔ ھ۔ فعل لازم۔ فریب میں آنا۔ غلطی میں پڑنا۔ مغالطہ ہونا ٭ چوکنا۔ خطا کرنا ٭

دھوکا ہونا ۔ ھ۔ فعل لازم۔ مغالطہ ہونا۔ شُبہ ہونا۔ چوک پڑنا [illegible] فعل [illegible] ہونا۔ سہو ہونا۔ دم یا دھوکا فریب میں آنا [illegible]

دُھوکر چھلا [illegible] یا پیسہ اُٹھانا۔ ھ۔ فعل مُتعدی عو (مُراد یا منت مانتے وقت نیاز دلانے کے واسطے چھلا یا پیسہ کو پاک کر کے رکھنا تاکہ کامیابی کے وقت اُسکی شیرینی تقسیم کی جائے) منت ماننا۔ نیاز ماننا۔ نذر ماننا۔ شیرینی یا دونا ماننا (دیا جی رنگین)

رنگین سے لیا تھا میں نے رو کر چھلا
دکھلاؤنگی کیا مُنہ اُسے کھوکر چھلا
پاؤں جو وُہ چھلا تو دوا بیٹھک دُوں
منت کا اُٹھاتی ہوں میں دھوکر چھلا

دُھوکے ۔ ھ۔ اسم مذکر (۱) دھوکا کی جمع (۲) حروف مُغیرہ کے آجانے سے یائے مجہول کے ساتھ تبدیلی کی حالت ٭

دھوکے باز ۔ ا۔ صفت۔ فریبی۔ دغاباز۔ چھلیا۔ مکار۔ دغاباز ٭

دھوکے کی ٹٹی [۵] ۔ ھ۔ اسم مؤنث (۱) وُہ ٹٹی جسکی اوٹ میں شکاری شکار کھیلتے ہیں

خط نکلنے پر بھی گیسو میں پھنسے مُرغ نظر
دھوکے کی ٹٹی ترے عارض کا سبزا ہو گیا

(۲) فریب میں لانے والی چیز۔ دکھاوے کی چیز۔ مُغالطہ میں ڈالنے والی چیز (نظیر)

شکلیں جو دیکھتا ہے یہ جادُو کی ہیں عیاں
سب کچھ ترے لئے ہیں یہ دھوکے کی ٹٹیاں

(۳) کاجو بھوجو چیز۔ نازک چیز۔ بودی چیز ٭

دھوکے میں رکھنا ۔ ھ۔ فعل مُتعدی۔ جھوٹی اُمید میں رکھنا۔ جھوٹا [illegible] کرنا۔ مغالطہ دینا۔ دم دینا

دُھول ۔ ھ۔ اسم مؤنث۔ گرد۔ خاک۔ ریت۔ ریگ ٭ راکھ۔ خاکستر ٭

دھول اُڑانا ۔ ھ۔ فعل مُتعدی (۱) گرد اُڑانا

[۵] یہ محاورہ شکاریوں سے لیا گیا ہے جو ٹٹی کی آڑ میں گھات لگاتے ہیں ٭

(۲) رُسوا کرنا - بدنام کرنا (۳) آوارہ پھرنا - خراب خستہ پھرنا جیسے یُونہی دُھول اُڑتا پھرتا ہے ٭

دُھول اُڑنا - ہ - فعل لازم (۱) خاک اُڑنا - گرد اُڑنا (۲) بدنامی اور رُسوائی ہونا (۳) برباد ہونا - تباہ ہونا جیسے اُسکے ہاں دُھول اُڑ گئی ٭

دُھول جھاڑنا - ہ - فعل مُتعدّی (۱) خاک جھاڑنا (۲) پیٹنا - جُوتے سے خبر لینا - بجیا کو مارنا - زدوکوب کرنا - شلاق کرنا ٭

دُھول چھڑنا - ہ - فعل لازم - گرد و غبار ہونا - گت بننا - سزا ملنا

دُھول کی رسی بٹنا - ہ - فعل مُتعدّی (ہندو) بیفائدہ محنت کرنا + ناممکن بات کی کوشش کرنا ٭

دَھول - ہ - اسم مؤنث (۱) دھپا - چانٹا - تھپڑ - سیلی - خنگ (۲) نقصان - ٹوٹا - خسارہ (۳) جُوار کا ہرا پھٹا جسے گنے کی طرح چُوستے ہیں ٭

دَھول جڑنا - ہ - فعل مُتعدّی - دھپا لگانا - تھپڑ مارنا

دَھول دھپا - ہ - اسم مذکر - چانٹا چپول (غالب)

دھول دھپا اُس سراپا ناز کا شیوہ نہیں
ہم ہی کر بیٹھے تھے غالب پیش دستی ایکدن

دَھول کھانا - ہ - فعل لازم - چانٹا کھانا - دھپا کھانا - سر خنگ خوردن ٭

دَھول لگانا یا مارنا - ہ - فعل مُتعدّی - دھپا لگانا چانٹا سہی کرنا - سر خنگے زدن کا ترجمہ ٭

دَھول لگنا - ہ - فعل لازم چانٹا لگنا + خسارہ ہونا ٹوٹا ہونا - نقصان ہونا ٭

دَھولا - ہ - صفت (گنوار) سفید ابیض - چٹا ٭

دَھولا پڑنا - ہ - فعل لازم (گنوار) سفید پڑنا - خوف کے مارے یا کسی صدمہ سے زرد پڑ جانا ٭

دُھولیا پیر - ا - اسم مذکر - لڑکوں کا ایک فرضی پیر

دُھولیا پیر کی قسم / دُھولیا قسم } - ا - اسم مذکر (۱) ایک طرح کی قسم جو بچے اِس طرح پر کھلواتے ہیں کہ دونوں ہاتھوں کی لپ میں خاک بھر کر اُسپر ایک تنکا کھڑا کر دیتے ہیں اور قسم کھانے والے سے کہتے ہیں کہ تُو اس تنکے کو مُنہ سے اُٹھا جب وُہ مُنہ کے سامنے لاتا ہے تو اُسکے ہاتھوں کو اپنے ہاتھ سے اِس طرح اُچھال دیتے ہیں کہ ساری خاک اُسکے مُنہ پر جا پڑتی ہے اور پھر خوب ہنستے ہیں (نصیلہ)

دُھولیا مجھکو کھلانے کو قسم آج اگر
انجمن میں وُہ بُتِ انجمن آرا اُٹھے
تو الٰہی پڑے اُس شخص کے مُنہ میں خاک
جو کہے یہ ترے دانتوں سے نہ تنکا اُٹھے

دُھوم - ہ - اسم مؤنث (۱) شور - غل + ہنگامہ - غل غپاڑا (فدوی)

چل ساتھ کہ حسرت دلِ مرحوم سے نکلے
عاشق کا جنازہ ہے ذرا دُھوم سے نکلے

(۲) آوازہ - غلغلہ - شُہرت - شہرہ - دھاک + (رنا ہیم) دُھوم ہے آفاق میں تیرے عذارِ صاف کی
اپنا آئینہ نہیں کرتا ہے اسکندر پسند

(۳) افواہ - خبر - اوائی ٭

دُھوم دھام - ہ - اسم مؤنث (۱) شان ... دھوم ... طمطراق - شکوہ - بھیڑ بھڑکا کے کی آواز جیسے ٹھاٹ باٹ - دبدبہ - کھڑ پٹ - سرک + بیل (داغ) دُنبال ہر نگ ہندوستانی موٹا برسے ہے ابرِ چشم تری ڈ

(۲) غل شور - آوازہ - غلغلہ ... دھوم - پگل تری آرائی (بجس) ڈنکو لے تھے شب ٭
اب ہماری وہ دُھوم مارھی - دھبلا ... باندھنے والا

دُھوم دھڑکّا - ا - اسم مذکر - ہنگامہ - غل غپاڑا - شور غُلغلہ
ہائے ہُو (مجاز) پُرسہ دینے کو مرے لوگ چلے آتے ہیں ؎
گھر میں تو دُھوم دھڑکّا ہے محلّہ سُونی ہے ۔
دُھوم ڈالنا - ا - فعل لازم - عو - ہنگامہ برپا کرنا -
غل مچانا - شور کرنا ۔
دُھوم سے - ا - تابع فعل - کرّوفر سے - بھیڑ بھڑکّے سے
شور وغل سے - باجے گاجے سے ۔ تزک و احتشام سے
دُھوم مچانا - ا - فعل لازم (۱) غل شور کرنا - غل مچانا - ہنگامہ
برپا کرنا - چلّانا (ناسخ) رات دن دُھوم مچائیں جو مرے طفل سرشک
سچ ہے خواب کا کیونکر ہو گزر آنکھوں میں ۔
(۲) دُہائی دینا - فریاد کرنا - داویلا مچانا ۔
دُھوم مچنا - یا - پڑنا - یا - ہونا - ا - فعل لازم - ہنگامہ
برپا ہونا - چیخم دھاڑ پڑنا ۔ دھاک بندھنا - شہرت ہونا
دُھومک دھیّا - ا - اسم مؤنث - عو - غل شور
واویلا - ہنگامہ ۔
دُھوں - ا - اسم مؤنث - توپ کی آواز ۔
دُھوں دُھوں - ا - ندا - توپ کی متواتر آواز ۔
دُھوں دُھوں کار - ا - صفت - نہایت زور
کی بارش یا بُنجار کے موقع پر بولتے ہیں جیسے دُھوں دُھوں کار
دھوُں [illegible] یا دھوں دُھوں کا بُخار چڑھنا ۔
[illegible] دانا - جھل [illegible] اسم مذکر - بیس سیر کا وزن ۔ بیس سیر
دھوکا کھانا - ا [illegible] دھون سے) ۔
[illegible] میں پڑنا [illegible] (پورب) رال - ایک قسم کا گوند
دھوکا ہونا [illegible] جلد قبول کرتا ہے ۔
ہونا - چوک پڑنا [illegible] فعل متعدی (۱) پانی سے صاف کرنا
فریب میں آنا [illegible] متن کا ترجمہ (۲) دُور کرنا - زائل کرنا
[illegible] کر جھاڑ [illegible] سے بات دھونا ۔

دھونتال - ا - صفت - عو - کام میں چالاک - جلد
کام کرنے والی ۔ مضبوط - قوی - دلیر ۔
دھونس - ا - اسم مؤنث (۱) استحصال بالجبر ۔ وہ
خرچ جو باقی وصول کرنے کی بابت زمیندار سے
دلوایا جاوے (۲) دھمکی - تخویف - تہدید (۳) دم
جھانسا - پٹّی - فریب - دھوکا ۔
دھونس باندھنا - ا - فعل لازم (گنوار) خرچ ذمّہ
لینا - خرچ باندھنا - زائد مصارف اختیار کرنا ۔
دھونس پٹّی - ا - اسم مؤنث - دم جھانسا - دم دلاسا
دھونس دینا - ا - فعل متعدی - دم دینا - جھانسا
دینا ۔ دھمکی دینا ۔ فریب دینا ۔
دھونسا - ا - اسم مذکر - دمامہ - نقارہ کلاں - بڑا نقارہ
دھونسا کھانا - ا - فعل لازم - شامت آنا ۔
دھونسنا - ا - فعل لازم - عوام (۱) ٹھونسنا - دبانا
(۲) سزا دینا - پیٹنا - مارنا ۔
دھونسیا - ا - اسم مذکر (۱) دمباز - مکّار - فریبی - جھانسا
(۲) وہ شخص جو مالگزاری وصول کرنے کے واسطے جاوے
اور اپنا خرچ مالگزار سے لے ۔
دھونکنا - ا - فعل متعدی - آگ پھونکنا - آگ جلانا
دھونکنی - ا - اسم مؤنث - دم کش - آگ پھونکنے کا آلہ
وہ کھال جس سے لوہار آگ دھونکتے ہیں ۔
دھونکنی لگنا - ا - فعل لازم - سانس چڑھنا - دم پھولنا - ہانپنا
دھونی - ا - اسم مؤنث - دھواں - کسی چیز کو جلا کر بخور
لینا - بخور ۔ سنیاسیوں کی آگ کا ڈھیر جس کے سامنے وہ بیٹھ کر تپسیا کرتے ہیں
دھونی جگانا - ا - فعل متعدی - ہندو - آگ جلانا - سنیاسیوں
کا آگ کے سامنے بیٹھ کر تپ کرنا - دھونی رمانا ۔
دھونی دینا - ا - فعل متعدی - بخور دینا - دھواں دینا - سُلگھانا - دھواں

دُھونی رمانا - ہ - فعل لازم - کسی جگہ آگ جلاکر جوگیوں کی طرح ہو بیٹھنا - جاگزیں ہونا - فقیر ہوکر بیٹھنا فقیری لینا (مؤلف) رمائے بیٹھے ہو دھونی جو انکے در پر تم
ہوا ہے کیا تمہیں سیّد بھلا سنو تو سہی +

دُھونی لگانا - ہ - فعل متعدی - آگ جلانا - جاگزیں ہونا - ہٹ کرکے بیٹھنا - دُنیا کو ترک کرکے فقیری اختیار کرلینا - کاروبار دُنیوی کو تج دینا (معروف)
گھر میں جاسکتے نہیں اُس عشوہ گر کے سامنے
دل میں ہے دُھونی لگادیں اُسکے در کے سامنے

دُھونی لینا - ہ - فعل لازم - بخور لینا - دُھواں چڑھانا دُھواں لینا +

دُھووَن - ہ - اسم مذکر - دُھلی ہوئی چیز کا پانی + وُہ پانی جسمیں کوئی چیز دھولی گئی ہو (آتش)
عُمرِ خضر سے اُسکی زیادہ ہو زندگی
دھوون پیئے جو یار کی زُلفِ دراز کا

دُھویا دھایا - ہ - اسم مذکر - بے غیرت - بے شرم سادہ لوح + پاک صاف شستہ وصاف +

دھویا دیدہ - ا - صفت - عو - بے لحاظ - بے شرم بے حیا + بے مروت - بیدید - شوخ چشم + بے غیرت +

دُھوئیں - ہ - اسم مذکر - دُھواں کی جمع +

دُھوئیں اُڑانا - ہ - فعل متعدی (۱) دھجیاں اُڑانا - پُرزے اُڑانا - اُکھاڑ پھینکنا (مؤمن)
نالہ اکدم میں اُڑا دیئے دُھوئیں
چرخ کیا اور چرخ کی بُنیاد کیا +
آہ نے دل سے کیا اُٹھائے دُھوئیں
(ایضاً) جیاہ بابل سے بھی اُٹھائے دھوئیں
(۲) جلاکر خاک سیاہ کرنا - تباہ و برباد کرنا - پراگندہ و پریشان کرنا - خراب و خستہ کرنا + (ممنون)
بس لئے تپ محبت کب تک یہ شعلہ خیزی
تُونے دُھوئیں اُڑائے آخر جلا جلا کر

دُھوئیں بکھیرنا - ہ - فعل لازم (۱) نکتہ چینی کرنا خوب خبر لینا - بحث میں ہرانا (۲) دیکھو دُھوئیں اُڑانا +

دُھوئیں کے بادل اُڑانا - ہ - فعل متعدی - بے بُنیاد اور بے سروپا بات بیان کرنا +

دَہرے - ا - اسم مذکر - عو - مُحرّم کے دس دن - ماہ مُحرم جیسے دہرے کا مہینا (پنجابی تعزیہ کو بھی کہتے ہیں)

دِھی - ہ - اسم مؤنث (ہندو) بیٹی - دُختر +

دَہی - ہ - اسم مذکر - جما ہوا دُودھ - جغرات (ہند میں ترش ہوکر جمتا ہے)

دِھیان - ہ - اسم مذکر - خیال - تصوّر + توجہ + سوچ بچار + مراقبہ + لحاظ - التفات +

دِھیان آنا - ہ - فعل لازم - یاد آنا - خیال آنا +

دِھیان بٹانا - ہ - فعل متعدی - اور طرف توجہ کرنا تصوّر کا دُوسری طرف لگانا (جُرأت)
ہمنشیں مت ہو خفا گر نہ سنُوں بات تری
اک تصوّر ہے کہ وہ دھیان بٹا دیتا ہے

دِھیان بٹنا - ہ - فعل لازم - ایک طرف سے دُوسری طرف توجہ ہونا - خیال بٹنا - تصوّر کا بدلنا (جُرأت)
ہے دھوبی نصیحت کرنے سے ملّا کے کی آواز جیسے
نہ دھیان اپنا بٹا ہے ذرا - ہٹ - سرک +

دِھیان بندھنا - ہ - فعل لازم - ہندوستانی ہوٹا تصوّر ہونا - کسیکا خیال آنا +
سارے عالم ہی سے بیزار وُہ کچھ
آج جُرأت کو خدا جانے ہے +

دِھیان پر چڑھنا - ہ - فعل لازم (۱) ازم - بگل - ترلی - مارھی - دھبلا باندھنے والا

کسی بات کا بخوبی خیال میں آ جانا ٭

دھیان چڑھنا - ۸ - فعل لازم - ذہن نشین ہونا - یاد آنا - خیال

دھیان دینا یا لگانا - ۸ - فعل لازم - توجہ کرنا - کان لگانا

خیال سے سُننا - کسی کام کا اندیشہ و فکر کرنا ٭

دھیان رہنا - ۸ - فعل لازم - خیال رہنا - توجہ رہنا

دھیان رہنا شرط ہے اُس دلبرِ مغرور کا

(آتش) فکر سے نزدیک ہو جاتا ہے مضموں دور کا

دھیان سے - ۸ - تابع فعل - توجہ سے - خیال سے

دھیان سے اُترنا - ۸ - فعل لازم - خیال سے اُترنا -

یاد نہ رہنا - بھول جانا - سہو ہونا ٭

دھیان لگنا - ۸ - فعل لازم - خیال ہونا - توجہ ہونا

دھیان کرنا - ۸ - فعل لازم - توجہ کرنا - خیال کرنا

سوچنا - سمجھنا - فکر کرنا ٭

دھیان میں آنا - ۸ - فعل لازم - خیال میں آنا -

ذہن پر چڑھنا ٭

دھیان میں لانا - ۸ - فعل لازم - خیال میں نہ لانا

توجہ نکرنا - لحاظ نکرنا ٭

دھیانگی - ۸ - اسمِ مؤنث (۱) دن بھر کی مزدوری -

(۲) ایک دن کی اُجرت - ایک دن کا کام

دھونی ... نت - خدا سے لو لگانے والا - خدا

... دانا - ...

دھوکا کھانا - ۸ - ... دھیانی ٭

غلطی میں پڑنا ... (ہندو) ا - صبر - تحمل - استقلال

دھوکا ہونا ... دلیری ٭

ہونا - چوک پڑنا ... فعل متعدی - ہمت بندھانا -

فریب میں آنا ...

دھوکر چھوڑ ... (پوربی) دھیا - متحمل - نرم - ملایم - صابر

... (اسمِ مؤنث (۱) دیکھو دھیرا)

(۲) متعدی - مضبوطی ٭

دھیرج دھرنا - ۸ - فعل لازم (ہندو) صبر کرنا -

تحمل کرنا - ٹھہاؤ کرنا ٭

دھیرے - ۸ - تابع فعل (ہندو) آہستہ - ہلکے ہلکے

دھیمے دھیمے - بتدریج - درجہ بدرجہ - پایہ بپایہ ٭

دھیری - ۸ - اسمِ مؤنث (اطفال) شکست - مات

مغلوبی - عاجزی - زبونی (اگر جب کوئی پتنگ لڑانے سے انکار کرتا تو کہتے ہیں)

دھیری پکارنا - ۸ - فعل لازم - شکست جتانا - مات

کرنے کا آوازہ کسنا ٭

دھیری ہے - ۸ - (محاورہ) مات ہے - ہیٹی ہے

شکست ہے - زبونی ہے (جب کوئی شخص کنکوا

نہیں لڑاتا اور دب جاتا ہے تو لڑکے اُسکے جواب میں کہتے

ہیں کہ دھیری ہے یعنی بھگا دیا ہے) ٭

دَھیز - ا - اسمِ مذکر (عوام) جہیز ٭

دھیلا - ۸ - اسمِ مذکر - آدھا پیسہ - ادھیلا - چھدام ٭

دھیلی - ۸ - اسمِ مؤنث - آدھا روپیہ - اٹھنی (صحیح

ادھیلی ہے یعنی آدھی سے نسبت رکھنے والی) ٭

دھیما - ۸ - صفت - تیز کا نقیض - آہستہ - نرم -

سُست - خفیف - مدھم - ہلکا ٭ طاسہ کا آہستہ

بجانا - کم آواز باجا ٭

دھیما پڑنا - ۸ - فعل لازم - ٹھنڈا ہونا - نرم ہونا -

غصّہ فرو ہونا ٭

دھیما کرنا - ۸ - فعل لازم - زور گھٹانا - نرم کرنا - سُست کرنا

٭ غصّہ فرو کرنا ٭ ٹھنڈا کرنا ٭

دھینگ - ۸ - صفت - قوی - مضبوط - مُسٹنڈا ٭

دھینگ دھونکڑی کرنا - ۸ - فعل متعدی - زبردستی

کرنا - زور آوری کرنا - جبر و تعدی کرنا ٭

دِھینگا دِھینگی - ہ - اسم مؤنث (۱) زبردستی جبر و تعدی جیسے دِھینگا دِھینگی ٹٹو کا راج یعنی جسکی تیغ اُسکی دیغ (دیگ) اور تیز حاکم کی نا انصافی پر اطلاق ہوتا ہے - اندھیر نگری چوپٹ راج کے مطابق (۲) - تابع فعل) بجبر - بزور - زبردستی سے - جور و تعدی سے - ظلم و ستم سے (مُروّت)

صورت مُجرم دل بگینہ کو کینہ سے کھینچ
دِھینگا دھینگی لے گیا تیر مژہ سینہ سے کھینچ

دھینگا مُشتی - ا - اسم مؤنث - ہاتھا پائی - گاؤ زوری - کُشتی +

دِھینگڑا - ہ - اسم مذکر - دھینگ کی تصغیر بالتحقیر +

دھینوَر - ہ - اسم مذکر - مچھوا - مچھلی والا - ماہی گیر (۲) صفت) نہایت سیاہ - کالا کلوٹا - حبشی - شیدی

دَئی - ہ - اسم مذکر (۱) خدا - اللہ - بھگوان (۲) دیوتا - اوتار - پیغمبر (گیتوں میں آتا ہے) +

دئی مارا - ہ - صفت - اللہ مارا جیسے دئی مارا بولے مورا مجھ برہمن کا جوڑا +

دِیا - ہ - اسم مذکر (ہندو) دیوا - چراغ +

دیا بتی کرنا - ہ - فعل لازم (ہندو) چراغ جلانا - چراغ روشن کرنا +

دیا سلائی - ہ - اسم مؤنث (۱) چراغ جلانے کی تیلی جسمیں گندگ وغیرہ لگی ہوئی ہوتی ہے (۲) وُہ عورت جو لڑائی کی آگ لگاتی پھرے +

دَیّا - ا - اسم مؤنث - ماں + دایہ +

دَیا - ہ - اسم مؤنث (۱) بخشش - عطا (۲) ہمدردی - رحمدلی + ترس - خوف خدا + مہربانی - کرپا - عنایت پرورش - ربوبیت +

دَیاوَنت - ہ - صفت - رحمدل - مہربان

دِیار - ع - اسم مذکر (دار بمعنی خانہ کی جمع) بلاد - ملک -

دَیارا - ہ - اسم مذکر (پُورب) دیبا برار - وُہ زمین جو دریا کے ہٹجانے سے نکل آئے +

دِیالیا - ہ - اسم مذکر - خدا کی راہ پر دیا ہوا - بھلائی جیسے کچھ دیا لیا ہی آگے آگیا +

دِیانت - ع - اسم مؤنث - ایمانداری - راستی - صدق + امانت + تدیّن +

دِیانتدار - ع + ف - صفت - ایماندار - دھرمی سچا - راستباز - صادق + امین +

دِیانتداری - ع + ف - اسم مؤنث - ایمانداری صداقت - امانت داری +

دیانتداری سے - ا - تابع فعل - ایمانداری سے راستی اور دھرم سے +

دِیباجَہ } ع } اسم مذکر - روے کتاب سرنامہ
دیباچہ } ف } مقدمۂ کتاب تمہید خطبۂ کتاب

دِیبی - ہ - اسم مؤنث - (ہندو) ا - ملکہ - رانی (۲) درگا - کالکا - دیوتا کی تانیث - دیوتا کی استری - بھوانی + دیوی +

دیبی کھیلنا - ہ - فعل لازم (ہ...)

دیپ - ہ - اسم مذکر (۱) جزر... (۲) چراغ - روشنی - چمک... دیوالی (۴) - ہندوؤں کی ایک... مرجانے پر دس روز تک پیپل یا کسی... ہیں تاکہ مُتوفی کی رُوح کو جم پُوری کی... ایک راگ کا نام جیسے دیپک بھی... جو دریا کے کنارے پر برہمنوں کو ابس...

اُسکے کنارے کا شہر طغیانی سے محفوظ رہے +

دیپ مالا - ہ - اسم مذکر - چراغوں کی قطار +

دیپک - س - اسم مذکر (۱) روشنی - چراغ - شمع (۲) ایک راگ کا نام جسکی تاثیر سے کہتے ہیں کہ آگ لگجاتی ہے (۳) ایک قسم کی آتشبازی +

دید - ف - اسم مؤنث - دیدار - نظارہ + نگاہ - نظر

دید نہ شنید - ف - صفت - دیکھا نہ سُنا + عجیب - عجوبہ - انوکھا - نادر - نایاب +

دیدار - ف - اسم مذکر - جلوہ - درشن - نظارہ + صورت - چہرہ (برنا) عمر بھر کی جو تمنا تھی سو وہ بر آئی
رہتے دم شکر ہے دیدار تمہارا دیکھا

دیدار بازی - ف - اسم مؤنث - گھورا گھاری - نظارہ بازی - تاک جھانک +

دیدارو - ف - صفت - شکیل - وجیہ - صورت شکل کا [illegible] - وہ شخص جسپر دلالت برسے +

دیدا سا - ۱ - صفت - عو - ذرا سا - بہت کم

دیدہ - ف - اسم مذکر (۱) آنکھ - چشم - نیتر (۲) عو - دلیری - جرأت - بیباکی + (ناز نایاب)
(۳) [illegible] بات میں مشہور یوسف سا جواں تا کا
[illegible] عورتوں میں تھا بڑا دیدہ زلیخا کا +

دیدہ [illegible] [illegible]

دیدہ [illegible] کشتی - [illegible] - صفت - بڑی بڑی ہیبت ناک آنکھوں والی

دیدہ زاد - ف - [illegible] - اسم مؤنث - عو - دلیری - جرأت +

دیدہ کا دیدہ [illegible] +

دیدہ - ہ - [illegible] - صفت - شوخ چشم - بیباک [illegible] +

دیدہ اُٹھانا [illegible] - ۱ - اسم مؤنث - شوخ چشمی -

دیدہ [illegible] - جرأت - نڈرپن +

دیدہ دھوئی - ۱ - صفت - شوخ دیدہ - شوخ چشم - دلیر - بیباک - بیحیا - سفاک - بیغیرت +

دیدہ ریزی - ۱ - اسم مؤنث - باریک کام جسمیں آنکھوں پہ زور ڈالنا پڑتا ہے + مینا کاری +

دیدہ ریزی کرنا - ۱ - فعل لازم - آنکھوں کا تیل نکالنا - باریک کام کرنا +

دیدہ نہ لگنا / دیدہ نہ ٹکنا } ۱ - فعل لازم - توجہ نکرنا - کسی کام پر دھیان نہ دھرنا - نظر نہ جمانا - دل نہ لگانا +

دیدہ ہوائی ہونا - ۱ - فعل لازم - شوخ چشم و چالاک ہونا (جرأت) نکلتے ہی مرے سینے سے لگ دُوں یہ جھاگی
یہ برق آہ کا بھی ولولہ کیا دیدہ ہوائی ہے +

دیدن - ۱ - اسم مذکر - دیدہ کی جمع +

دیدوں کی صفائی - ۱ - اسم مؤنث - عو - بیباکی - بے غیرتی - بے شرمی - بیحیائی +

دیدوں کی قسم - ۱ - اسم مؤنث - سوگند دیدہ +

دیدوں گھٹنوں کے آگے آنا - یا - پانا - ۱ - فعل لازم - کسی کی بدی کی یاداش میں اندھا یا لنگڑا ہوجانا (دعا بد ہے) عو +

دیدے - ۱ - اسم مذکر - دیدہ کی جمع +

دیدے بٹم ہونا - ۱ - فعل لازم - عو - اندھا ہونا - بصارت نہ رہنا - دعا بد +

دیدے پھاڑ کر دیکھنا - یا - گھورنا - ۱ - فعل لازم - گھور کر دیکھنا - خوب آنکھیں کھولکر دیکھنا - غور سے دیکھنا - ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا + (رنگین)
ایک تو شکل ڈرانی ہے تری بیجا سی
بستیہ یوں پھاڑ کے دیدے مجھے مت گھورو

دیدے کا پانی ڈھل جانا ۔ ا ۔ فعل لازم ۔ بیحیا اور بے غیرت ہو جانا ۔

دیدے کی صفائی ۔ ا ۔ اسم مؤنث ۔ بیباکی ۔ شوخ چشمی ۔ دیدہ دلیلی ۔ بیحیائی ۔ بے غیرتی ۔ بے شرمی

دیدے مٹکانا ۔ ا ۔ فعل لازم ۔ آنکھیں چمکانا ۔ آنکھیں پھرانا ۔

دیدے نکالنا ۔ ا ۔ فعل لازم (۱) خشمگین آنکھوں سے دیکھنا ۔ غضبناک نظروں سے دیکھنا ۔ آنکھیں نیلی پیلی کرنا ۔ غصہ کرنا (۲) متعدی ۔ چشم برکندن کا ترجمہ ۔ آنکھوں کو حدقوں سے نکالنا ۔

دِیے ڈالنا ۔ ہ ۔ فعل متعدی ۔ دیدینا ۔ بخشدینا ۔ عطا کرنا ۔ معاف کر دینا ۔

دَیر ۔ ف ۔ اسم مذکر ۔ بتکدہ ۔ بتخانہ ۔ مندر ۔

دِیر ۔ ف ۔ اسم مؤنث ۔ درنگ ۔ وقفہ ۔ عرصہ ۔ اویر ۔ توقف ۔ مدت ۔

دیرپا ۔ ف ۔ صفت ۔ پائیدار ۔ مستحکم ۔ مضبوط ۔ قیام پذیر ۔

دیر آئے درست آئے ۔ ا ۔ کہاوت ۔ جو کام دیر میں یعنی بسہولت ہوتا ہے وہ عمدہ اور درست ہوتا ہے

دیر تک ۔ ا ۔ تابع فعل ۔ مدت تک ۔ عرصہ تک

دیر سے ۔ ا ۔ تابع فعل ۔ عرصہ سے ۔

دیر کرنا ۔ ا ۔ فعل لازم ۔ عرصہ لگانا ۔ وقت گزارنا

دیر لگانا ۔ ا ۔ فعل لازم ۔ توقف کرنا ۔ عرصہ لگانا ۔ وقفہ ڈالنا ۔ ڈھیل ڈالنا ۔ تاخیر کرنا ۔

دیر ہونا ۔ ا ۔ فعل لازم ۔ توقف ہونا ۔ عرصہ ہونا ۔ وقت گزار کر آنا ۔ اویر کر کے آنا ۔

دیرگ ۔ س ۔ صفت ۔ مدت ۔ سوتر کا نقیض ۔ لمبی مدت

دیورہ یا دیہرہ ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ سکھوں کا مندر ۔

دیرینہ ۔ ف ۔ صفت (از دیر) قدیمی ۔ پرانا ۔ کہنہ ۔ گرگ کہن ۔ تجربہ کار ۔ خرانٹ ۔ آٹھوں گانٹھ کمیت ۔ بزرگ ۔ پراتم ۔ بوڑھا ۔ پرکھا ۔

دَیڑ ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ ایک مشہور خوش الحان پرند کا نام جسے شام دیڑ بھی کہتے ہیں ۔

دیس ۔ ہ ۔ اسم مذکر (۱) ملک ۔ ولایت ۔ لوک ۔ اقلیم ۔ صوبہ ۔ ضلع ۔ استھان (۲) وطن ۔ جائے ولادت ۔ مولد ۔ زاد بوم جیسے دیس چوری پردیس بھیک (کہاوت) (۳) ایک راگ کا نام جو آدھی رات کو گایا جاتا ہے

(ناسخ) اے مغنی سن مرے نالے ذرا پردیس میں
درد ہے ایسا بھلا کاہے کو تیرے دیس میں

دیس بدیس پھرنا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ ملک در ملک پھرنا ۔ سیر و سیاحت کرنا ۔ شہر بشہر پھرنا ۔ مارا مارا پھرنا ۔

دیس بھاشا یا بھاکا ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ دیسی زبان ۔ دیسی بولی ۔ اپنے شہر کی بولی ۔

دیس بھائی ۔ ہ ۔ اسم مذکر (ہندو) ہموطن ۔

دیس چھوڑنا یا تیاگنا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ ترک وطن کرنا ۔ ہجرت کرنا ۔ نکل جانا ۔

دیس نکالا ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ ج...

دیس نکالا دینا ۔ ہ ۔ فعل ...

دیسا ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ برس...

دیسی ۔ ہ ۔ صفت (۱) وط... (۲) نیٹو ۔ ولایتی کا نقیض

دیغ ۔ ا ۔ اسم مؤنث ۔ دیکھو

دیکھا بھالا ۔ ہ ۔ صفت ۔ آزمودہ کردہ (نکہت) سرو بالا سے

نقشۂ حشر دیکھا بھالا ہے

دیکھا بھالی - ہ - اسم مؤنث - تلاش جستجو + دیدہ بازی - نظارہ - کسی چیز کو غور سے دیکھنا +

دیکھا جائیگا - ہ - محاورہ (۱) سمجھا جائیگا سمجھ لینگے پھر سہی (۲) بدلہ لیا جائیگا (۳) خیال ہوگا - خیال رکھیں گے +

دیکھا چاہئے - ہ - محاورہ (۱) دیدہ باید - امید نہیں - دیکھئے - شاید ؎ حشر پر ہے وعدۂ دیدار یار
دل مگر کہتا ہے دیکھا چاہیئے +

(۲) سراہا چاہئے - قابل تعریف ہے جیسے انکا حوصلہ دیکھا چاہیئے جو دیکر نہیں مانگتے +

دیکھا دیکھی - ہ - تابع فعل - ریسم ریس - حرصا حرصی - رقابت - تتبع کسی کام کو کرتے دیکھکر آپ بھی کرنے لگنا +

دیکھا نہ سنا - ہ - صفت (۱) لاثانی - بے نظیر - عجوبہ طرفہ - انوکھا (۲ - محاورہ) آنکھوں دیکھا نہ کانوں سنا (نکہت) آپ ہی آئینہ میں آپنے دیکھا ہوگا
ہمنے تو آپکا ہمسر کوئی دیکھا نہ سنا

دیکھ بھال - ہ - اسم مؤنث (۱) تلاش جستجو (۲) [illegible] (۲) فوجی - گھوراگھاری (صبا)
[illegible] آدمی [illegible] خوب ہی دیکھ بھال کی ہو
[illegible] کشتی [illegible] تابع فعل (۱) واقف و آگاہ ہوکر

دیورا - ف - [illegible] بوجھکر (نصیر)
دیو کا دیو [illegible] جان و تن کا خیال کر

دیو - ہ - اسم [illegible] سے میں بھی ہے دیکھ بھال کر
[illegible] سوکھ بجاکر - اطمینان کے ساتھ [illegible] خاطر جمع کرکے +

دیوا ٹھانا [illegible]
دیوا [illegible]

دیکھتا کیا ہے لگے - ہ - محاورہ - یعنی بے فکر و تامل وار کر - بلا تامل مار + (فلدوی)
ساتھ پھرتے ہیں بہت تامل لگے
دیکھتا کیا ہے بت تامل لگے

دیکھت میں - ہ - تابع فعل - بظاہر - بصورت نظر میں

دیکھتے دیکھتے - ہ - تابع فعل - آنکھوں کے سامنے - نظر کے سامنے + روبرو - سامنے +

دیکھتے رہ جانا - ہ - فعل لازم - ہکا بکا ہو جانا - حیران رہجانا - مایوسی کے ساتھ حیرت میں رہجانا +

دیکھتے رہنا - ہ - فعل متعدی - نگہبانی کرنا - محافظت کرنا + موقع کا خیال رکھنا +

دیکھنے کا دیکھتا رہ جانا / دیکھتے کے دیکھتے رہ جانا - ا - فعل لازم - تاکو نہ چلنا حیران و ششدر رہجانا - حیرت میں رہجانا - سکتے میں آ رہ جانا (ممنون) لیگیا دل ہاتھ سے اور پاؤں کے نیچے ملا
دیکھتے کا دیکھتا ہیں ہاتھ ملکر رہ گیا

دیکھتے ہی - ہ - تابع فعل - نظر ڈالتے ہی - فوراً - نگاہ کے ساتھ + (رنگین)
دل تو بندی کا لیا دیکھتے ہی زلفیں نے
اب یہی غم ہے کسی طرح سے ایمان بچے

دیکھنا - ہ - فعل متعدی (۱) معائنہ کرنا - نظر کرنا - نظر ڈالنا - ملاحظہ کرنا - دیدن کا ترجمہ (۲ - فعل لازم) ہونی خیال رکھنا - نظر رکھنا (۳ - فعل لازم) خیال کرنا چاہئے غور کرنا جیسے جان رکھیلا ہوں نہیں میرا جگر دیکھئے مت تاٹیہ ڈھونڈنا - تلاش کرنا جیسے اسے دیکھو لاؤ [illegible] کرنا + آزمانا - امتحان کرنا - [illegible] پڑا ہے (۶) خبردار رہنا - ہوشیار [illegible]

دیاں۔ دیانا (۷) لحاظ کرنا۔ خیال کرنا جیسے اپنی طرف
دیکھو اُسکی بات پر نہ جاؤ (۸) سوچنا سمجھنا جیسے دیکھکر
بات کرو +

دیکھو -ہ- حرف ندا (۱) ہوشیار رہو۔ خبردار رہو۔ توجہ
کرو۔ متوجہ ہو (۲) شاید۔ بشرط ممکن +

دیکھیے -ہ- تابع فعل (۱) دیکھا چاہیے۔ خدا معلوم
خدا جانے۔ واللہ اعلم۔ کسکو خبر ہے +
(ایک کہتے ہے ... پسندیدہ بات کی نسبت زبان پر لاتے ہیں (آتش)
... دل کو نکل چلنے کا خیال
چلتا ہے یار کونسی رفتار دیکھیے) +

دیگدان -ف- اسم مذکر۔ کھانا پکانے کا بڑا سا ظرف دیغ

دیگچہ -ف- اسم مذکر۔ دیگ کی تصغیر۔ چھوٹی
دیگ۔ پتیلا +

دیگچی -ف- اسم مونث۔ پتیلی +

دیگیں کھنکنا -ا- فعل لازم۔ دیگیں پکنا۔
دیگیں چڑھنا۔ بہت سی دیگوں کی آواز نکلنا +

دے مارنا -ہ- فعل متعدی (۱) اٹھاکر دینا۔ پٹخنا
... گرا دینا (۲) پھینک دینا۔ زمین پر ڈال دینا
(ناسخ) جنوں سے اگر آشنائی ہوئی تو
مطول کو دے مارو مختصر بھی

دیمک -ف- اسم مونث۔ ایک قسم کی سفید چیونٹی
جو اکثر لکڑی کتاب وغیرہ کو چاٹ کر خاک کر دیتی ہے
جسے پنجاب میں سیونک کہتے ہیں +

دیمک لگنا -ا- فعل لازم (۱) کسی چیز میں دیمک کا
ہونا (۲) جسم میں چیونٹیاں سی لگنا۔ مرچیں سی
لگنا۔ گھن سا لگنا +

دیمک لگا -ہ- صفت (۱) وہ چیز جسے دیمک نے
کھایا ہو (۲) کرم کھایا۔ کوچہ کرلیا۔ کیڑوں کھایا۔
سیتلا منہ داغ +

دیمک کے سے دانت -ا- صفت۔ نہایت تیز دانت

دین -ع- اسم مذکر (۱) کیش۔ مذہب۔ ملت۔ پنتھ۔
(۲) مرادف ایمان۔ دھرم جیسے دین و ایمان سے
(کھو دو مومن) ساتھ دل کے کھو دیا کیا دین بھی
نذر اُس بت کے کیا کیا دین بھی +
(۳) عاقبت۔ عقبیٰ۔ آخرت۔ دوسرا جہان جیسے
دین دونیا میں بھلا ہو +

دین پناہ -ع + ف- اسم مذکر۔ حامی دین۔ وہ
بادشاہ جو دین کا معاون ہو +

دین دین پکارنا -ا- فعل لازم۔ مذہبی جنگ
کا جھنڈا کھڑا کرنا + دین کا دعویٰ کرنا +

دین کا جھنڈا -ا- اسم مذکر۔ مذہبی جھنڈا

دین -ہ- اسم مونث۔ بخشش۔ داد۔ دہش سے
خدا کی دین کا موسیٰ سے پوچھیے احوال
کہ آگ لینے کو جائیں پیمبری مل جائے

دَین -ع- اسم مذکر۔ قرض۔ وام۔ اُدھار +

دینا -ہ- فعل متعدی (۱) دادن کا ترجمہ۔ بخشنا۔
عطا کرنا۔ مرحمت کرنا دینا ...
کرنا۔ بیچنا۔ فروخت کرنا
کرنا معین کرنا جیسے فرض
یعنی مقرر کر رکھے ہیں (۵)
جیسے چار اشرفیاں دیکر محبوبہ
جیسے بلی نے بچے دیے (۷)
چکانا جیسے اُنکے روپے دید
جیسے چانٹا یا تھپڑ دینا (۹)

دس روپے دیکر پیچھا چھوٹا (۱) کاجل سارنا ۔ لگانا
جیسے (دوہا) کاجل ڈالوں کرکرا او سُرمہ دیا نہ جاے
ان نینن میں پی بسے دُوجا کون سماے

دینا لینا ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ داد و دہش ۔ عطا بخشش

دینا نہ لینا ۔ ہ ۔ تابع فعل ۔ ناحق ۔ بیفائدہ مُفت

دِینار ۔ ع ۔ اسم مُذکر ۔ ایک سونے کے سکے کا نام
جو ڈھائی روپے کا ہوتا اور عرب میں چلتا ہے ٭

دینارِ سُرخ ۔ ع + ف ۔ اسم مذکر ۔ اشرفی ۔ سکۂ طلا

دِیندار ۔ ا ۔ اسم مذکر ۔ قرضدار ۔ مقروض ٭

دِیندار ۔ ع + ف ۔ صفت ۔ مُتقی ۔ پرہیزگار ۔
پابندِ شرع + دھرمی ۔ دھرم آتما ٭

دِینداری ۔ ع ۔ ف ۔ اسم مُونث ۔ اِتقا ۔
پرہیزگاری ۔ پابندیِ شرع ٭

دِینی ۔ ع + ف ۔ صفت ۔ دین سے نسبت
رکھنے والا ۔ دین کا ۔ مذہبی ۔ مذہب کا جیسے دینی
بھائی دینی بہن وغیرہ ٭

دِیو ۔ ف ۔ اسم مذکر (۱) جن + بھوت ۔ راکشس ۔ پریت
شیطان خناس + پریوں کے مرد ۔ سینگدار قوم
(۲) موٹی سیاہ کالا مرد ۔ پہلوان ۔ نہایت لمبا تڑنگا اور موٹا
[illegible] (آتش) [illegible] میں بنے بیا بغل میں پری سی کو رات کے
[illegible] فراق کستی میں [illegible] مجھ سے بچھڑ گیا ٭

دیوزاد ۔ ف ۔ [illegible] اسم مذکر ۔ دیو کا جنا + قوی ہیکل ۔

دیو کا دیو ۔ [illegible] صفت ۔ نہایت لمبا ۔ بہت بڑا ٭

دِیو ۔ ہ ۔ [illegible] ۔ دیوتا ۔ بزرگ ۔ مقدس ۔ پاک +
برہمن + برہمنوں کا عرف + قابل پرستش ٭

دیو اٹھانا [illegible] فعل متعدی ۔ دیو جگانا ٭

دیو اٹھنی [illegible] **کا دشی ۔ یا ۔ دیو اٹھان** ۔ ہ ۔
اسم مُونث ۔ صاحبان ہنود کاتک بدی اکادشی کو
دیو اُٹھنی اکادشی کہتے ہیں وجہ یہ ہے کہ اس بیچ کو چار مہینے کے
سوتے ہوئے وشنو کو جگاتے ہیں جسکی کیفیت یہ ہے
کہ ایک مُعین جگہ کو لیپ پوت کر کھریا اور گیرو سے اُسپر
نقش و نگار بناتے اور وہاں مُجا یا رکھکر اُسے تھالی
یا پرات سے ڈھک دیتے ہیں گھر کی عورتیں اور ایک برہمنی
ہاتھوں سے اُس تھالی کو بجاتی جاتی اور یہ کہکر کہ اٹھو
دیوتا اُٹھو اُنکی تعریف کے فقرے گاتی اور گویا جگاتی ہیں

دیوبانی ۔ ہ ۔ اسم مُونث ۔ ہندو ۔ دیوتاؤں کی
مُقدس زبان + سنسکرت ٭

دیولوک ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ دیوتاؤں کے رہنے کی
جگہ ۔ عالم ملکوت ۔ عالم قُدس + جنت ۔ بیکنٹھ ۔
فردوس + بہشت ٭

دیوناگری ۔ ہ ۔ اسم مُونث ۔ ناگری زبان یا حرف
ہندی زبان سنسکرت کے حروف میں ٭

دِیوا ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ دینے والا ۔ سخی ۔ داد و دہش کرنیوالا
اسم مذکر (گنوار) چراغ ۔ دیا ٭

دِیوار ۔ ف ۔ اسم مُونث ۔ بھیت ۔ جدار ۔ اوٹ
پردہ ۔ مٹی جیسے دیوار بھی کان رکھتی ہے ٭

دیوار اُٹھانا یا چننا ۔ ا ۔ فعل لازم ۔ دیوار بنانا
یا دیوار کھڑی کرنا ۔ دیوار بلند کرنا ٭

دیوارِ قہقہہ ۔ ا ۔ اسم مُونث (۱) ایک نہایت اونچی
دیوار جسکو سدِ سکندری کہتے ہیں اسکے نسبت اعتقاد کیا جاتا ہے
کہ جب سکندر ذوالقرنین مشرق و مغرب تک اپنی سلطنت قائم
کر چکا تو شمال کی طرف بڑھا جب انتہاے دُنیا پہنچا تو
دو پہاڑ دیکھے جو دیوار کی مانند کنارۂ عالم پر واقع [illegible]
کے بیچ میں ایک درہ ہے ۔ ایک قوم جو دامن [illegible] (۲) پورب

ہاتھ دھونے کا برتن - سیلابچی +

ڈابَک - ہ - اسم مذکر (پُورب) کُنوئے کا تازہ پانی - ڈبکے کا پانی +

ڈاٹ - ہ - اسم مؤنث - گٹّا - ٹھینٹھی + میخ - کیل سوراخ روکنے یا بند کرنیکی چیز - کاگ + محراب کی روک - مرغول کا ڈھولا - لداؤ کی روک - بھرتی بھراؤ

ڈاٹ لگانا - ہ - فعل لازم - روکنا - بند کرنا - میخ ٹھوکنا لداؤ کی چھت کے نیچے اُسکے تھامنے کے لیے عارضی کچی عمارت چُننا - لداؤ کا ڈھولا کرنا +

ڈاٹ کر بھرنا - ہ - فعل متعدی - ٹھونس کر بھرنا - کھچا کھچ بھرنا - داب داب کر بھرنا +

ڈاٹنا - ہ - فعل لازم - ڈاٹ لگانا - بند کرنا - روکنا - بھرنا ٹھونسنا + بھرنا جیسے شکم ڈاٹنا +

ڈار - ہ - اسم مؤنث - ہرنوں کی قطار - پرندوں کا ہرا جانوروں کا جھنڈ +

ڈارِم - بالی - اسم مذکر - انار - ڈاڑو +

ڈاڑھ - ہ - اسم مؤنث - جبڑے کا دانت جس سے غذا چبائی جاتی ہے +

ڈاڑھ گرم ہونا - ذ - فعل لازم - کلّہ گرم ہونا - کھانا کھانے میں آنا - ڈاڑھ چلنا +

ڈاڑھ نہ لگانا - ہ - فعل لازم - بن چبائے نگل جانا -

ڈاڑھ مار کر رونا - ہ - فعل لازم - اسطرح رونا کہ ڈاڑھ تک سے آواز نکلے - زار زار رونا - پھوٹ کر رونا - چلّا کر رونا نہایت آہ و بکا کرنا - جزع و فزع کرنا (چاپی)

داماں کوہ میں جو میں ڈاڑھ مار رویا

اک ابر وا ہے اُٹھکے بے اختیار رویا

ڈاڑھی - ہ - اسم مؤنث - (۱) ریش - محاسن - ٹھوڑی اور رخساروں کے بال (۲) لٹکنے والی جڑیں جیسے بڑ یا پیپل کی ڈاڑھی +

ڈاڑھی پھٹکارنا - ہ - فعل لازم - ڈاڑھی صاف کرنا - ڈاڑھی میں کنگھی کرنا - ڈاڑھی کے بالوں کو ہاتھ جھٹکنا - ڈاڑھی چڑھانا جیسے پٹھان لڑائی مارے بیٹھے ڈاڑھی پھٹکارتے ہیں +

ڈاڑھی پیشاب سے منڈوانا - ذ - فعل متعدی (۱) نہایت ذلت دینا - عزت لینا - بے عزتی کرنا (۲) لازم ذلت اختیار کرنا - ذلیل ہونا - قابل ہونا - معقول ہونا - ہار

ڈاڑھی پیٹ میں ہونا - ج - فعل لازم - چھوٹی عمر میں بڑوں کی سی باتیں کرنا - کم سنی میں عقلمند ہونا +

ڈاڑھی چھوڑنا - ہ - فعل لازم - ڈاڑھی بڑھانا - ڈاڑھی نیچی کرنا - ڈاڑھی کتروانے یا منڈوانے کو ترک کرنا +

ڈاڑھی رکھنا - ہ - فعل لازم - ڈاڑھی منڈوانے یا کتروانے کو ترک کرنا +

ڈاڑھی کا ایک ایک بال کرنا - ہ - فعل متعدی - ڈاڑھی نوچنا - ڈاڑھی کھسوٹنا + عزت بگاڑنا - فضیحت کرنا +

ڈاڑھی کو کلپ لگانا - ہ - فعل متعدی (قول معلوم) (دوم) بوڑھے آدمی یا سفید ڈاڑھی کو عیب لگانا داغ لگانا - کلنک لگانا - رسوا کرنا - بدنام کرنا +

ڈاڑھیں مار کر - یا - مار مار کر رونا - ہ - فعل لازم - بہ آواز بلند گریہ زاری کرنا - آسمان سر پر اٹھا لینا - زار زار رونا

قطار رفتار (امانت) بیٹھے ہو سر کو ہم سوکے میں شب بار عشق میں دانتوں کے کیا روتے ہیں ڈاڑھیں مار کر

(نوشتہ) گلشن عالم میں تیرے سنگ بیٹھیں یار روئے ہم آب سا بند

ڈاک -ہ- اسم مؤنث- چٹھی ڈالنے کی جگہ- ٹپا- ٹپال پوسٹ آفس + چٹھی کا بکس (۲) گھوڑے یا پالکی وغیرہ کی چوکی- جابجا انتظام سواری (۳) علی الاتصال آمدورفت- پیہم آمدورفت- لگا تار خبر- سلسلہ +

(ناسخ) رُوح ہے ہر جسم میں مشتاقِ اخبارِ اجل
اسلیے یہ آمدورفتِ نفس کی ڈاک ہے

(۵) نگینہ کے نیچے سُنہری یا رُوپہلی ورق جو زیادہ چمک یا رنگ کے واسطے رکھدیتے ہیں- جوہ (نصیر)

خط زیرِ لب نہیں ہے ترے رشکِ ماہ سبز
کیا ہے نگین سُرخ تلے ڈاک واہ سبز

(۶) قے- اُلٹی- استفراغ +

ڈاک آنا -ہ- فعل لازم- خطوط آنا + متواتر خبر آنا

(ظفر) مرے اشکوں کی جو ڈاک لے چشم تر بہتیری آتی ہے
تسلی ہو نہ ہو دل کی خبر بہتیری آتی ہے

ڈاک بٹھانا یا بٹھلانا -ہ- فعل متعدی- چوکی بٹھانا- جلد جانے آنے کا انتظام کرنا یا ہرکاروں کی آمدورفت کا برابر سلسلہ جاری کردینا (نصیر)

نہ رہ کو قاصد اشک رواں کو مرقوم وبید د
خبر کو دل کی بٹھلائی ہے تمنے ڈاک سینے میں

ڈاک بیٹھنا -ہ- فعل لازم- جابجا سواری گھوڑے یا کہار ے وغیرہ کا تعیّن ہونا +

ڈاک چوکی -ہ- اسم مؤنث- وُہ جگہ جہاں چٹھیوں کا تھیلا ایک ہرکارہ دوسرے ہرکارے کو دے یا گھوڑوں کی بد[illegible]

ڈاک خانہ -[illegible] مذکر- ڈاک گھر- پوسٹ آفس [illegible] خطوط اور پا[illegible] دفتر +

ڈاک کا گھ[illegible] [illegible] مذکر- ڈاک لیجانے والا گھوڑا + تیز رَو اور تیز رفتار آدمی- بہت چلنے والا آدمی

ڈاک گاڑی -ہ- اسم مؤنث- وُہ ریل گاڑی جسمیں ڈاک جاتی اور اُسکی رفتار تیز ہوتی ہے +

ڈاک لگنا -ہ- فعل لازم (۱) متواتر قے ہونا (۲) برابر خبر یا ہرکاروں وغیرہ کا آنا جانا +

ڈاکا -ہ- اسم مذکر- ڈاکوؤں کا حملہ- قزاقوں کا دھاوا + غارتگری- بٹماری +

ڈاکا پڑنا -ہ- فعل لازم- چوروں کا حملہ کرنا- چوروں کا دھینگا دھینگی سے لُوٹ کر لیجانا- غارتگری کے واسطے آن پڑنا +

ڈاکا ڈالنا یا مارنا یا دینا -ہ- فعل لازم- لُوٹنا زبردستی لُوٹنا- تاراج کرنا- غارت کرنا +

ڈاک بنگلا -ا- اسم مذکر- وُہ مسافروں کی فرودگاہ جو سرکار کی طرف سے مقرر ہو- سرکاری مسافرخانہ

ڈاکٹر -(انگلش) اسم مذکر- Doctor حکیم- طبیب + بید- جرّاح + فاضل- عالم- علم حکمت کا جاننے والا + فیلسوف- فلاسفر + علامہ- محقق +

ڈاکو -ہ- اسم مذکر- لُٹیرا- قزاق- راہزن- بٹمار- غارتگر- قطاع الطّریق- دھاڑا مارنے والا +

ڈاکیا -ہ- اسم مذکر- چٹھی رساں- ڈاک کا ہرکارہ پیادہ ڈاک + نامہ رساں + قاصد- پیک- رُوت

ڈاگی -ہ- صفت- عو- بہایت کھانے یا بہایت پینے اور دُودھ پینے والا بچہ +

ڈال -ہ- اسم مؤنث (۱) شاخ- ٹہنی- فرع (۲) آبپاشی کا ٹوکرا یا ڈول- بینڈی (۳) تلوار کا پھل- تیغ بے قبضہ

ڈال کا پکا -ہ- صفت- پیڑ کا پکا +

ڈال کا ٹوٹا -ہ- صفت (۱) ڈال سے ٹپک کر گرا ہوا

تُرت پھل - اوّل درجے کا پھل - عمدہ پھل (۲) نادر
انوکھا - قابلِ تعریف - جیسے تم تو ایسے ہی ڈال کے
ٹوٹے ہو جو تمہیں انعام ملے ٭

ڈال والا - ھ - اسم مذکر - بندر - بوزنہ - بانر
باندر - میمون - قرد ٭

ڈالا - ھ - اسم مذکر - گدا - ٹہنا - بڑی اور موٹی شاخ

ڈال دینا - ھ - فعل متعدی (۱) پھینک دینا گرا دینا (۲) متوجہ کر دینا لگا دینا

(محشر) اے بتو تم نے کو چھوڑے ہو تو چھوڑے ہی رہو
اب طبیعت ہمنے بھی یادِ خدا میں ڈال دی

ڈال رکھنا - ھ - فعل لازم - رکھ چھوڑنا - دیر لگانا
جھلانا - ملتوی رکھنا - روک رکھنا ٭

ڈالنا - ھ - فعل متعدی (۱) گرانا - پھینکنا (۲) رکھنا جیسے
دھرنا جیسے بنیاد یا ڈول ڈالنا (۳) جوڑنا - جمع کرنا
دو ہی دو روپیہ ڈالتے جاؤ تو بہترے وقت پر کل
آیا کریں (۴) حمل گرانا - اسقاط کرنا (حیوانات کے
واسطے بولتے ہیں) (۵) قے کرنا - رد کرنا - استفراغ
کرنا - اُلٹی کرنا (۶) داخل کرنا - اندر کرنا جیسے کلے لا
ڈالوں لال نکالوں اکڑوں بیٹھو پاٹ ماروں
(لوہے کی پہیلی) (۷) پرونا جیسے ازار بند ڈالنا -
ڈورا ڈالنا وغیرہ (۸) پہننا - پوشیدن کا ترجمہ جیسے
انگرکھا گلے میں ڈالنا (۹) اوڑھانا - ڈھانکنا جیسے
چادر ڈالنا (۱۰) کرنا - آشنائی سے بیوی بنانا - نحو لے
بڑنا (۱۱) لگانا - ذمّہ کرنا - مقرر کرنا - جیسے بوجھ ڈالنا
خرچ ڈالنا وغیرہ (۱۲) ملانا - لگانا - شامل کرنا جیسے
کسی سوداگری یا کام میں روپیہ ڈالنا (۱۳) یہ لفظ تکمیل
فعل کے واسطے بھی فعل کے آخر میں لگا دیتے ہیں
جیسے کھا ڈالنا - مار ڈالنا - کاٹ ڈالنا ٭

ڈالی - ھ - اسم مؤنث (۱) ٹہنی - شاخ (۲) وہ شاخوں
کی ٹوکری جسمیں پھول یا میوہ وغیرہ سجا کر امیروں اور
سرداروں وغیرہ کی نذر کرتے ہیں (ناسخ)

چمن دولتسرا کا صحن ہے رنگیں خرامی سے ٭
ترے جاروب کش کی ٹوکری پھولوں کی ڈالی ہے

(نصیر) گلِ لخت جگر ہیں کیسا مژگاں سے وابستہ
یہ ڈالی نذر کو لایا ہوں ہیں تم یک نظر دیکھو

ڈالی دینا - ھ - فعل متعدی - حاکموں یا امیروں کے
واسطے میوے وغیرہ کا خوانچہ لگا کر لے جانا یا نذر کرنا

ڈالی سجانا یا لگانا - ھ - فعل لازم - ڈالی کو میوے
وغیرہ سے آراستہ کرنا ٭

ڈام - انگلش - Damn - اسم مذکر - پاجی - نالائق
گدھا - احمق - نامعقول - مردود - ملعون ٭

ڈام بگر - انگلش Damn-beggar اسم مذکر کنگال گدا
ملعون - کنگال - مردود ٭ (راحت)

شاید کسی انگریز کا ٹوٹ ہے لڑکے
برات میں جوتوں پہ ترے ڈام بگر جاے ہے

ڈام فول انگلش Damn-fool اسم مذکر
لہ پاجی - احمق - گدھا - نالائق ٭

ڈامج - انگلش Damage اسم مذکر (۱) نقصان
خسارہ - ہرجانہ - ہرجہ (۲) آسیب شدہ (۳) ٹوٹا
پھوٹا مال - بگڑا ہوا مال - مستعمل مال - سکنڈ ہینڈ ٭

ڈامچا - ھ - اسم مذکر - وہ مچان جو کھیتوں کی رکھوالی یا
گوپیا پھرانے کے واسطے بنایا جاتا ہے ٭

ڈانٹ - ھ - اسم مؤنث - (۱) سرزنش - گھرکی - جھڑکی
تخویف - ڈراوا ٭ سرزنش جیسے ڈانٹ ٭

ڈانٹ ڈپٹ - ھ - دیکھو ڈانٹ ...

لہ عوام ڈامچ جیم فارسی سے بنا ...

ڈانٹنا - ہ - فعل متعدی - دھمکانا - جھڑکنا - گھُرکنا - تخویف کرنا - غُرّانا ٭ روکنا - باز رکھنا - سخت آواز کے ساتھ منع کرنا ٭ چشم نمائی کرنا ٭

ڈانٹھ - ہ - اسم مؤنث (۱) لکڑی - چھڑی - بانڈی بغیر جھڑے کا گدکا ٭ چوب نیزہ ٭ (اختر)

لٹو ہوتا ہوں ترے حسن پہ اے شاہ سوار
ڈانڈ نیزے کی عجب ناز سے لٹکائی ہے

(۲) گنوار - ڈنڈ - تاوان (۳) جپّو - ناؤ کھینے کا بانس (۴) ریڑھ کی ہڈی - پنڈلی کی ہڈی (۵) کھیت کی حد (۶) زمین خشک (۷) پہاڑ طولانی ٭

ڈانڈا - ہ - اسم مذکر - سرحد - میڑا - سیما - ملک کی سرحد (آتش)

گیسو نے قرب آئینہ روئے یار سے
ڈانڈا ملا دیا ہے حلب سے تتار کا ٭

ڈانڈا میڑا - ہ - اسم مذکر (۱) دو ملکوں کی سرحد - سیما (۲) لڑائی جھگڑا - تنازع - دوسروں اور اپنوں کی دشمنی و عداوت (۳) میل ملاپ - ربط ضبط - راہ و رسم - میل جول

ڈانڈی - ہ - اسم مؤنث - (۱) ملاح - مانجھی - کھیویا (۲) ایک قسم کی پہاڑی سواری جسکے دونوں طرف لکڑی اور بیچ میں دری لگی ہوئی ہوتی ہے ٭

ڈانس - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کا بڑا مچھر ٭

ڈانک - ہ - اسم [illegible] - دیکھو (ڈاک نمبر ۶)

(آتش) اڑایا پان کی تحریر نے اور اسکے دانتوں کو
نگیں کا رنگ چمکا دے مقرر ڈانک کندن کا

(جرأت) رکھا چمک [illegible] جگر کی ہے بزیر اشک چشم
عشق [illegible] یا یہ ڈانک گوہر کے تلے

[illegible] نرط - بانٹھ

ڈانگ [illegible] جو پری سنجی پہاڑی پہاڑ کی اونچی چوٹی

ڈانگر - ہ - اسم مذکر (۱) ڈھور - چوپایہ - مویشی (۲) احمق - بیوقوف - ڈانگر بھی مخفف کر کو بولتے ہیں (۳) ہند کی ایک قدیم قوم

ڈانواں ڈول - ہ - صفت - آوارہ - سرگرداں - سرگشتہ - پریشان - راسیمہ - خراب و خستہ (مغفور)

اڑ گئے ہوش [illegible] ڈانواں ڈول [illegible] زنداں میں کیا

(۲) ڈگمگاتا ہوا - ڈول تک ٭ ڈھلمل یقین ٭

ڈانواں ڈول پھرنا - ہ - فعل لازم (۱) آوارہ و بیکار پھرنا - نکما پھرنا (سودا)

کہا میں [illegible] کیوں تو ڈانواں ڈول
پھرے ہے جا کہیں [illegible] گھوڑا سول

(۲) حیران و پریشان ہونا - مارا مارا پھرنا (رحمت)

ڈولی کے ساتھ لال کنوست نہ آئے وہ
بی کیسے ڈانواں ڈول پھرے ہیں کہاں آج

ڈاہ - ہ - اسم مؤنث - حسد - کینہ - جلن ٭ عداوت - بغض - بیر - دشمنی ٭

ڈائرکٹر - انگلش Director اسم مذکر - منتظم - منصرم - ہادی - ہدایت کرنیوالا - کارکن - سربراہ کار ٭

ڈائن - ہ - اسم مؤنث (۱) زن جگرخوار - ساحرہ - ٹونہائی - جادوگرنی - عائنہ (وہ عورت جو اپنی تصوری طاقت کی وجہ سے نظر ملا کر بچوں کا کلیجہ کھا جاتی ہے) (۲) بدصورت اور ہیبتناک عورت - ڈراؤنی صورت کی عورت ٭

ڈب - ہ - اسم مؤنث (۱) جیب - کیسہ - پاکٹ (۲) قابو - قبضہ (۳) کپّے بنانے کا چمڑا (۴) مجازاً گردن - ناڑ - نرخرا جیسے ڈب پکڑ کے لے گئے انکا اصل میں ابتدا اس سے بھی مراد تھی کہ جیب پر ہاتھ ڈالا [illegible]

ڈبّا - ہ - اسم مذکر (۱) ڈرج - حقہ [illegible] ڈبیا (۲) پسلی کا خلل جو اکثر بچوں کو عارض ہوا کرتا ہے ٭

ڈباؤ - ہ - صفت - آدمی کے قد سے زیادہ پانی ٭

ڈُبڈُبانا - ہ - فعل لازم - آنکھوں میں آنسو بھر لانا - پُر اشک ہونا جیسے آنکھیں یا آنسو ڈبڈبانا +

ڈُبکا - ہ - اسم مذکر - آبِ تازہ - وہ تازہ پانی جو کنوے سے کھینچکر اُسیوقت پئیں) +

ڈُبکا - ہ - اسم مذکر - خوف - اندیشہ - ڈر - خطرہ - سانسا (ہندو بفتح دال مستعمل بولتے ہیں) +

ڈُبکی - ہ - اسم مؤنث - غوطہ - بُڈکی - پانی میں سر ڈبانا

ڈُبکی کھانا یا لگانا - ہ - فعل لازم - غوطہ مارنا +

ڈُبکی لینا - ہ - فعل لازم - غوطہ لگانا - غوطہ کھانا - پانی میں سر ڈبانا +

ڈُبکے کا پانی - ہ - اسم مذکر - کنوے کا تازہ پانی

ڈَبل - انگلش Double اسم مذکر - دوچند - دُگنا دوہرا + موٹا - بڑا کار +

ڈبل پیسا - ا - اسم مذکر - انگریزی سکہ موجودہ جو تین پائی میں چلتا ہے (اصل میں اس پیسے کو کہتے ہیں جو آدھ آنے یعنی ۶ پائی میں چلتا ہے کثرت استعمال سے تین پائی کے پیسے کو بھی ڈبل پیسا کہنے لگے) +

ڈبل روٹی - ا - اسم مؤنث - موٹی روٹی - نان پاؤ یا پاؤ روٹی - وہ انگریزی روٹی جو خمیر کے باعث موٹی ہوجاتی ہے

ڈبل کوچ - ا - اسم مذکر - دوچند سفر یا رستہ یا منزل طے کرنا - جلد جلد جانا - دُگنی منزلیں طے کرنا +

ڈُبونا - ہ - فعل متعدی (۱) غوطہ دینا - غرق کرنا - بوڑنا (۲) تباہ کرنا - برباد کرنا - ناس کرنا - خاک میں ملانا

(غالب) کی ہمنفسوں نے اثرِ گریہ میں تقریر
اچھے رہے آپ اُس سے مگر مجھکو ڈبوائے

(۳) بگاڑنا - درہم کرنا - بنی بات بگاڑنا +

(جرأت) سمجھ کے دیکھا تو بیجا تھا سب نگاہ و لیکن
کہ چشمِ نم نے ڈبویا معاملہ دل کا

ڈِبیا - ہ - اسم مؤنث - چھوٹا ڈبا - ڈُرج +

ڈِپارٹمنٹ - انگلش Deptt اسم مذکر - محکمہ - سررشتہ +

ڈِپازٹ - انگلش Deposit اسم مؤنث - امانت + جمع - دھروڑ +

ڈَپٹ - ہ - اسم مؤنث - ڈانٹ کا مرادف - گھوڑے کی دوڑ + حملہ - حربہ + تیز رفتاری - دوڑ + دھمکی +

ڈپٹانا - ہ - فعل متعدی - پوئیہ دوڑانا - گھوڑا دوڑانا - گھوڑا اُڑانا یا لپکانا - سرپٹ دوڑانا +

ڈپٹنا - ہ - فعل لازم (۱) دوڑنا - تیز جانا (۲) دھمکانا - غصہ ظاہر کرنا - عتاب کرنا (۳) حملہ کرنا +

ڈِپٹی - انگلش Deputy اسم مذکر - نائب

ڈپو - ہ - صفت (بازاری) بہت بڑا - بہت موٹا +

مددگار - معاون - پیشکار + گماشتہ - امین +

ڈٹ جانا - ہ - فعل لازم - حریف کے مقابل جمکر کھڑا ہو جانا - بروقت مجادلہ رو کش ہونا (نکہت)

سینہ سپر ہے خنجر و پیکاں کے سامنے
دل ڈٹ گیا ہے اُس صفِ مژگاں کے سامنے

ڈٹ کر کھانا - ا - فعل لازم - خوب سیر ہو کر کھانا - جی بھر کر کھانا - سچ کر کھانا +

ڈٹنا - ہ - فعل لازم - جمنا - ٹھیرنا - رُکنا + مقابلہ کرنا - رو کش ہونا - سینہ سپر ہونا - دیر تک ٹھیرے رہنا +

ڈر - ہ - اسم مذکر - خوف + بیم - اندیشہ - خطرہ - ترس جیسے جہاں ڈر وہیں گھر +

ڈر کے مارے - ہ - ڈر سے - خوف سے - دہشت کے باعث - بسبب +

(نکہت) مت کہو آنکھ کا میں تیغ نظر کا مارا + بن اہل بو نہیں ہوں یہ باتیں ڈر کی ماری

ڈرافٹس مین - انگلش Draftsman اسم مذکر - نقشہ نویس

ڈراوا - ہ - اسم مذکر - دھمکی - خوف - دہشت - ڈر

ڈرانا - ہ - فعل متعدی - دھمکانا - دہشت دکھانا

ڈراونا - ہ - صفت - بھیانک - خوفناک - دہشت انگیز

ڈرائیور - انگلش Driver اسم مذکر - چلانے والا - ہنکانے والا جیسے انجن ڈرائیور وغیرہ +

ڈرپوک - ہ - صفت - بزدل - کم ہمت - بودا +

ڈرنا - ہ - فعل لازم - خوف کھانا - دہشت میں آنا - دھمکی میں آنا - بھیچکنا - رعب ماننا +

ڈری - ہ - اسم مؤنث - عو - خوف - دہشت جیسے مجھے کسی کی ڈری نہیں +

ڈریس - انگلش - Dress اسم مذکر - لباس - پوشاک - پوشش +

ڈڑھیال } - ہ - اسم مذکر - داڑھی والا - ریش دار
ڈڑھیل } ریشائیل + مرد - مذکر +

ڈس - ہ - اسم مؤنث - ترازو کی ڈوری جسمیں پلڑے بند ھتے ہیں + تھان وغیرہ کا بن بنا سرا +

ڈسٹرکٹ - انگلش District اسم مذکر - ضلع

ڈسمس - انگلش Dismiss اسم مذکر - خارج معزول - برطرف - نامسموع +

ڈسمس کرنا - ا - فعل متعدی - خارج کرنا - نہ سننا - ہرانا

ڈسمس ہونا - ا - فعل لازم - خارج ہونا - نامسموع ہونا

ڈسنا - ہ - فعل [illegible] زہر دار جانور اور علی الخصوص [illegible] نے اچھا اکا [illegible] کا (ذوق) [illegible] بولتے ہوؤ [illegible] زرہ - بازو فرتوو وفسوں کے اثر سے کھیلے [illegible] کا - اسم مؤنث [illegible] جن و پری سے بولے نہ ہر کے کھیلے

ڈسنے کو مرا دل ہے تری زلف کی ناگن
(انشا) طاؤس خط اسکو نگل جائے تو اچھا

ڈف - ا - اسم مذکر - دائرہ - دف - دھپڑی +

ڈفالچی } - ا - اسم مذکر - ڈفلی بجانے والا - ایک
ڈفالی } قوم جسے پرائی بھی کہتے ہیں +

ڈفلی - ا - اسم مؤنث - دائرہ - چھوٹا دف +

ڈک - ہ - اسم مذکر - مکا - گھونسا مشت +

ڈکار - ہ - اسم مؤنث - آروغ - معدے کی وہ ہوا جو منہ کی راہ نکلے +

ڈکار لینا - ا - فعل لازم (۱) آروغ گرفتن کا ترجمہ (۲) بانگ شیر +

ڈکار نہ لینا - ا - فعل لازم - خبر نہ ہونا - ہضم کر جانا پتا نہ لگنے دینا جیسے مال مارکر ڈکار تو لیتا ہی نہیں

ڈکارنا - ہ - فعل لازم (۱) معدے کی ہوا کو منہ سے نکالنا آروغیدن کا ترجمہ (۲) ہضم کرنا - خیانت کرنا - کھا جانا نگل جانا - قابض ہوجانا جیسے اسکا مال بھی ڈکار گیا (۳) ڈکرنا - دہاڑنا - گرجنا - شیر کا بولنا +

ڈکرا - ہ - اسم مذکر (پورب) بوڑھا - پیر فرتوت +

ڈکرانا - ہ - فعل لازم - پھوٹ پھوٹ کر رونا - کراہنا آہ آہ کرنا + چلانا - فریاد کرنا - آہ وزاری کرنا +

ڈکریا - ہ - اسم مؤنث - (پورب) بوڑھی عورت ضعیفہ پیرزال - بڈھی +

ڈکشنری - انگلش Dictionary اسم مؤنث کتاب لغت - لغات +

ڈکوت - ہ - اسم مذکر - ایک ہندو قوم کا نام جو باپ کی طرف سے برہمن اور ماں کی طرف سے گوالے ہوتے ہیں یہ لوگ علم نجوم میں نہایت مہارت رکھا کرتے تھے ادنی

درجہ کا دان پُن یہی لوگ لیا کرتے ہیں ۔ نیچ برہمن

ڈکوسنا ۔ ھ ۔ فعلِ متعدی ۔ عو ۔ پینا ۔ نگلنا (حقارتاً بولتے ہیں) +

ڈکیانا ۔ ھ ۔ فعلِ متعدی ۔ ڈکّے مارنا ۔ گھونسے لگانا

ڈکیت ۔ ھ ۔ اسمِ مذکر ۔ بٹ مار ۔ ٹھگ ۔ راہ زن ۔ ڈاکو ۔ قزاق +

ڈکیتی ۔ ھ ۔ اسمِ مؤنث ۔ قزاقی ۔ راہ زنی ۔ راہ ماری

ڈگ ۔ ھ ۔ اسمِ مذکر ۔ لمبا قدم ۔ پینڈ (بفتح وبکسر اول دونوں طرح بولتے ہیں) +

ڈگ بھرنا ۔ ھ ۔ فعلِ لازم ۔ قدم اٹھانا ۔ قدم رکھنا

(قطعۂ معروف) انکھ بچا جائیو ایک بھر کے ڈگ
ریوڑی والے کی دوکاں سے الگ
سیر میں رستہ کی نہ لگ جائیو
ریوڑی کے پھیر میں مت آئیو

ڈگانا ۔ ھ ۔ فعلِ متعدی ۔ جگہ سے ہٹانا ۔ جگہ سے بے جگہ کرنا ۔ ہلانا ۔ پھسلانا جیسے ٹلا ڈگانا ۔ قدم ڈگانا ایمان ڈگانا ۔ ناف ڈگانا +

ڈگڈگا کر پانی پینا ۔ ھ ۔ فعلِ لازم ۔ ایک دم میں بہت سا پانی پینا ۔ بڑے بڑے گھونٹ لینا

(سودا) ڈگڈگا کر اگر کوئی پیوے
تا نہ اوڑھے لحاف کیا جیوے

ڈگڈگی ۔ ھ ۔ اسمِ مؤنث (۱) بندر والوں کی ڈفلی ۔ ڈورو ۔ کھنجری (ایک خاص قسم کا چھوٹا سا باجا جسے بیچ میں سے پکڑ کر ہلاتے اور اسکی ڈوریاں چمڑے پر لگ لگ کر بجتی ہیں (۲) ڈونڈی ۔ ڈھنڈورا ۔ منادی

ڈگڈگی بجانا ۔ ھ ۔ فعلِ لازم ۔ مجازاً بندر نچانا +

ڈگڈگی پیٹنا ۔ ھ ۔ فعلِ لازم ۔ ڈھنڈورا پیٹنا +

ڈونڈی پیٹنا ۔ تشہیر کرنا +

ڈگر ۔ ھ ۔ اسمِ مؤنث ۔ راستہ ۔ سڑک ۔ بٹیا ۔ راہ جیسے اپنی ڈگر چلا جا ۔ ڈگر چلت دینی گالی (ریانے کچھو موری آلی ڈگیت) +

ڈگر بتانا ۔ ھ ۔ فعلِ متعدی ۔ راستہ بتانا ۔ طریق بتانا ۔ روش پڑانا ۔ ہدایت کرنا +

ڈگرا ۔ ھ ۔ اسمِ مذکر (پورب) بانس کا چھبڑا ۔ ٹوکرا +

ڈگرنا ۔ ھ ۔ فعلِ لازم (گنوار) چلا جانا ۔ رفوچکّر ہو جانا

ڈگری ۔ انگلش Degree اسمِ مؤنث ۔ درجہ ۔ مرحلہ ۔ منزل +

ڈگری پانا ۔ ا ۔ فعلِ لازم ۔ درجہ حاصل کرنا +

ڈگری ۔ ا ۔ اسمِ مؤنث ۔ (انگریزی ڈکری Decree کا بگڑا ہوا) حکم ۔ فیصلہ + جیت ۔ فتح ۔ قرضہ ثابت ہو جانے کا سرکاری فیصلہ ۔ فتویٰ +

ڈگری پانا ۔ ا ۔ فعلِ لازم ۔ فیصلۂ قطعی حاصل کرنا ۔ قرضہ یا حق کی فتح پانا ۔ روپیہ کا مقدمہ جیتنا +

ڈگری جاری کرانا ۔ ھ ۔ فعلِ متعدی ۔ تعمیل حکم یا فیصلہ کرانا ۔ روپیہ وصول کرنے کے واسطے حکم جاری کرانا +

ڈگری جاری کرنا ۔ ا ۔ فعلِ لازم ۔ حکم دینا ۔ فیصلہ کرنا

ڈگری دار ۔ ا ۔ اسمِ مذکر ۔ وہ شخص جسنے مدیون پر ڈگری حاصل کی ہو +

ڈگمگانا ۔ ھ ۔ فعلِ لازم ۔ لڑکھڑانا ۔ کانپنا ۔ تھرتھرانا ۔ لرزنا ۔ ہلنا ۔ جنبش کرنا ۔ خفیف

ڈگنا ۔ ھ ۔ فعلِ لازم ۔ جگہ سے ہٹنا ۔ سرکنا ۔ ہٹنا ۔ ٹلنا ۔ اتر جانا (رستے) ۔ ڈگمگانا ۔ تھرتھرانا ۔ کانپنا + پھسل کر [illegible] سبب +

ڈلا - ہ - اسم مذکر (۱) ڈھیلا - ڈھیا - کلوخ بزرگ (۲) بڑا ٹکڑا منجمد اور بڑے حجم والا چیز جیسے برف کا ڈلا - شلغم کا ڈلا

ڈلا سا - ہ - تابع فعل - عو - بڑا سا - سونے کے ڈلے کے موافق + زرد چمکدار رنگ + خالص چیز +

ڈلا - ہ - اسم مذکر - ہندو ڈالی کی تذکیر - شاخوں کا بنا ہوا ٹوکرا

ڈلانا - ہ - فعل متعدی (۱) ہلانا - جنبش دینا جیسے پنکھا ڈلانا (۲) پھرانا - حیران کرنا +

ڈلاؤ - ہ - اسم مذکر - غلاظت پڑنے کی جگہ - کوڑی - مزبلہ

ڈلک - ہ - اسم مؤنث - چمک - دمک - جھلک - تاب درخشندگی - تابندگی (سودا) رنگ نہ سا شرمندہ ہو کندن کی
آگے غبغب کے خجالت زدہ سونے کی ڈلک (نصیر)
تار نظارہ کسی سے ترے لے باندھا + جتنی دیکھی ہے یہ گندنی لگ جاتی ہے

ڈلنا - ہ - فعل لازم - پڑنا - گرنا جیسے جھولا ڈلنا +

ڈلی - ہ - اسم مؤنث (۱) ڈلا کی تصغیر و تانیث (۲) ایک قسم کی چکنی چھالیا (۳) منجمد چیز - کسی چیز کا ٹکڑا (۴) خربا - خرمی بالو شاہی + مصری کا ٹکڑا - شاخ نبات +

ڈلیا - ہ - اسم مؤنث - ڈالی کی تصغیر بالتحقیر چھوٹی ٹوکری چنگیری - ذرا سا ٹکڑا +

ڈلیا - ہ - اسم مؤنث - ڈولی کی تصغیر بالتحقیر +

ڈلیوری - انگلش Delivery اسم مؤنث - تحویل - تفویض - تقسیم +

ڈمرو - ہ - اسم مذکر - [illegible] ڈیرو - ڈگڈگی - ایک قسم کا باجہ - دیکھو [illegible] +

ڈنٹھل - ہ - اسم مذکر [illegible] ل - مولی کی وہ شاخ جسمیں پھول آتا ہے - پتے کا ڈنٹھا - ٹہنی +

ڈنڈ - ہ - اسم مذکر [illegible] - بازو (ناسخ)
جہاں میں جتنے [illegible] جن و پری سب تجھ پہ مرتے ہیں
عبث تعویذ تو نے ڈنڈ پر اے جان جان باندھا
(۲) ایک قسم کی ورزش جو پہلوان کیا کرتے ہیں (۳) تاوان + جرمانہ - گنہگاری + فدیہ +

ڈنڈ بھرنا یا دینا - ہ - فعل لازم - جرمانہ دینا - تاوان ادا کرنا - مصادرہ سے باہر آنا +

ڈنڈ پیل - ہ - اسم مذکر - ڈنڈ پیلنے والا پہلوان - وہ شخص جو صرف ڈنڈوں کی ورزش کرے +

ڈنڈ پیلنا - ہ - فعل لازم - ڈنڈوں کی ورزش کرنا +

ڈنڈ ڈالنا - ہ - فعل متعدی - محصول لگانا + تاوان ڈالنا + ٹیکس لگانا +

ڈنڈا - ہ - اسم مذکر (۱) سونٹا - بانڈی - گدکا - لکڑی کا ہاتھ میں رکھنے کا ٹکڑا - ٹوٹا (۲) جھنڈے کی لکڑی (۳) چاردیواری - احاطہ +

ڈنڈا ڈولی کرنا - ہ - فعل متعدی - ہاتھ پاؤں پکڑ کر زمین سے ادھر اٹھا لینا +

ڈنڈا کھینچنا - ہ - فعل متعدی - دیوار کھینچنا - سرحد مقرر کرنا + جدا کر دینا +

ڈنڈوت - ہ - اسم مؤنث (۱) سجدہ - جبہ سائی - متھا ٹیکنا (۲) آداب - تسلیم - تسلیمات - کورنش بندگی (اصل میں یہ لفظ زبان سنسکرت میں ڈنڈ بمعنی لکڑی وت بمعنی مانند یعنی لکڑی کی طرح سیدھا لیٹ کر سجدہ کرنا ہے) +

ڈنڈوت کرنا - ہ - فعل متعدی - سجدہ کرنا - سلام کرنا تعظیم بجا لانا +

ڈنڈی - ہ - اسم مؤنث (۱) دستہ - قبضہ - موٹھ (۲) ترازو کی وہ لکڑی جسمیں دونوں پلڑے باندھے جاتے ہیں - شاہین + (۳) ڈال - ٹنک (۴) ہارسنگھار

ئے بھول (۲) ہنڈولے کا ڈنڈا - ہنڈول کی شاخ - ڈنڈا (۷) عضو تناسل +

ڈنڈی مارنا - ۵ - فعل متعدی - کم تولنا - چالاکی سے ترازو کی ڈنڈی جھکا دینا + جیسے بنئے بچوں سونا بیچوں اور بیچوں چولائی + بیچ بازار میں ڈنڈی مارو تو گرجا کی جالی +

ڈنڈے - ۵ - اسم مذکر - ڈنڈا کی جمع - چھوٹی چھوٹی روغن دار لکڑیاں جنسے اکثر بھادوں میں ہندوؤں کے لڑکے کھیلتے ہیں +

ڈنڈے بجاتے پھرنا - ۵ - فعل لازم - آوارہ و سرگرداں پھرنا - تضیع اوقات کرنا +

ڈنڈے کھیلنا - ۵ - فعل متعدی - ہندوؤں کی ایک رسم ہے جسمیں بھادوں بدی چوتھ کو پاٹ شالاؤں کے لڑکے تال سر اور ایک خاص انداز کے ساتھ کھیلتے ہیں

ڈنڈیر - ۵ - اسم مؤنث - ہندو عو - سیدھی لکیر - دھاری سیدھا خط +

ڈنک - ۵ - اسم مذکر (۱) نیش - خار - کانٹا - بچھو یا بھڑ وغیرہ کا زہریلا کانٹا + (امیر)

تمیز اسفل و اعلیٰ نہیں ہوتی ہے موذی کو
برابر نیک و بد کے واسطے ہے ڈنک بچھو کا

(۲) نب - لوہے کی قلم کا وہ حصہ جس سے لکھتے ہیں - لوہے کا قلم - اسٹیل پین + (۳) جونک کے کاٹنے کا نشان

ڈنک مارنا - ۵ - فعل متعدی - نیش زنی کرنا - نیش چبھونا - کسی زہریلے جانور کا کانٹا مارنا - کاٹنا (نصیر)

وہ چشم کیوں نہ مارے ہر بار ڈنک دل پر
تحریر سرمہ گویا کالا ہے کنکھجورا +

ڈنکا - ۵ - اسم مذکر (۱) چوب - نقارہ بجانے کی لکڑی (۲) نقارہ - دھونسا - نقارہ جو امیروں کی سواری کے آگے آگے بجتا ہے (۳) سحری کا دھونسا (۴) عروج بول بالا +

ڈنکا بجانا - ۵ - فعل متعدی (۱) نقارہ بجانا + حکومت کرنا - راج کرنا - رعب بٹھانا (۲) نام کرنا - شہرت حاصل کرنا (۳) منادی کرنا - ڈھنڈورا پٹوانا +

ڈنکا بجنا - ۵ - فعل لازم - مشہور ہونا - نام پانا - نام آوری حاصل کرنا - شور ہونا - دھوم ہونا - دھوم مچنا (حالی)

برسات کا بج رہا ہے ڈنکا + اک شور ہے آسماں پر برپا

ڈنکا دینا - ۵ - فعل متعدی - نقارہ بجانا (وزیر)

بادشاہوں کی طرح پھرتے ہیں ڈنکا دیتے
خار با چوب ہیں اور آبلے نقارے ہیں

ڈنکی ڈالنا - ۵ - فعل متعدی (مرغباز) (۱) مرغ سے مرغ کو لڑانا - مرغ کی پالی دینا - بازی مقرر کرنا (۲) مرغ کا چونچ مارنا +

ڈنکا ہونا - فعل لازم - نقارہ بجنا +

ڈنکنی - ۵ - اسم مؤنث (۱) ایک عورت کی قسم (۲) دائن (۳) چڑیل یا جھگڑالو عورت - لڑاکا عورت - لڑاکا عورت

ڈنکے کی چوٹ کہنا - ۵ - فعل لازم - منادی کرنا - ڈونڈی پیٹنا + ہانکے پکارے کہنا - علانیہ کہنا - صاف صاف کہنا - کھلا کھلا کہنا - کھلی کھلی کہنا (ضمیر)

بازار ڈنکے کی چوٹ کہتا ... نہ سمجھا نہ سمجھو آیا اب

ڈنگیا - ۵ - اسم مؤنث - یا ... برتنے اور پینے کا دستی دار تانبے کا چھوٹا برتن +

ڈوب - ۵ - اسم مذکر - غوطہ - ڈوب - ڈبکی - کپڑے کو رنگ میں ڈبونا + قلم کو سیاہی میں بھرنا +

ڈوب دینا - ۵ - فعل متعدی - کپڑے وغیرہ کو رنگ

یا پانی میں غوطہ دینا +

ڈوبا - ۵ - اسم مذکر - قلم کو سیاہی میں بھرنا - غوطہ - قلم سیاہی + شوب - ڈوبکی +

ڈوبا بھرنا - یا لینا - ۵ - فعل لازم - قلم کو سیاہی میں ڈبونا - قلم بورنا +

ڈوبا نام اچھالنا - ۵ - فعل متعدی (۱) از سر نو عزت و توقیر اور نام آوری پیدا کرنا + (آتش نا)

تمہیں سب دیکھ کر کہتے ہیں یوسف ہو گا ایسا ہی
یہ ڈوبا نام تم نے اس کا مدت میں اچھالا ہے

(۲) گمنامی کی حالت سے نکالنا - نام روشن کرنا -

عالم جاہ ذقن تم نے دکھا کر جان من
(وسعت) نام یوسف کا نکالا عمر کا ڈوبا ہوا

ڈوبتے کو تنکے کا سہارا ہونا - ۵ - فعل لازم - مایوس کو تھوڑی سی مدد بھی بہت ہونا + سخت مصیبت زدہ کو ذرا سا سہارا بھی کافی ہونا +

ڈوب جانا - ۵ - فعل متعدی (۱) غرق ہو جانا - پانی میں سما جانا (۲) دریا برد ہو جانا - دریا میں بہ جانا یا آجانا (۳) چھپ جانا - غائب ہو جانا - پوشیدہ ہو جانا - گپت ہو جانا (۴) روپیہ مارا جانا - روپیہ وصول نہ ہونا - … چشم غضبناک کے ڈورے ڈوبنا (۵) برباد ہونا - تباہ … فعل متعدی - دنبالہ چشم ڈوبنا (۶) عزت … آنکھ کے کوئے سے باہر تک کھینچا مٹ جانا … - ۵ - فعل متعدی (۱) نگندے ڈالنا بولتے ہیں) … دام فریب بچھانا - پیچ ڈالنا - ڈھب پر لانا (۲) … لگاوٹ کرنا (بحر)

برا … لگاوٹ کی نگاہوں سے
… ڈالا سیکھا ہے کاجل سے

اور جائے کر سیم الفت ہی اتھی جائے ڈوب

ڈوب مرو - ۵ - کلمہ تنفر - غارت ہو - دفعان ہو - منہ نہ دکھا - دنیا سے منہ چھپا لے +

ڈوب مرنا - ۵ - فعل لازم - شرم - غیرت یا بدنامی رسوائی کے باعث کنوئے خواہ دریا میں غرق ہو کر جان دیدینا - مرجانا - غارت ہو جانا - ناپید ہو جانا

(آتش) بحر الفت بھی یہ اللہ رے طوفاں خیز ہے
ڈوب مرتے نہیں دو چار شناور کس دن (اسیر)

کبھی جو اس کے تئیں تیغ کو خواب میں + اگر جائے مرو ڈوب کے جو آب میں

ڈوبنا - ۵ - فعل لازم (۱) ترنا کا نقیض غرق ہونا - پانی میں سمانا - پانی کے سر سے گزر جانا (۲) دریا برد ہونا - دریا میں کھیت وغیرہ کا آجانا (۳) چھپنا - غروب ہونا - پوشیدہ ہونا (ذوق)

یہ رو سے بزم میں جام شراب ڈوب گیا
نہاں وہ مہ جو ہوا آفتاب ڈوب گیا

(۴) ضایع ہونا - بٹے کھاتے لکھا جانا - رقم کا وصول نہ ہونا (۵) مفقود و معدوم ہونا - نیست و نابود ہونا (۶) تباہ و برباد ہونا جیسے ڈوبی کنتھ بھروسے تیرے + (کہاوت) ۷ - دیوالہ نکلنا - ٹوٹا آنا جیسے کہیں ڈوبے بھی ترے ہیں (۸) ذلیل و رسوا ہونا - نام نکلنا + خاندان کو بٹا لگنا (دوہا) ڈوبا بنس کبیر کا جو جائے پوت کمال + نام جو بیچے پیسے میں ہو جائی … +

ڈوکرا - ۵ - اسم مذکر (پورب) بوڑھا - بوبک +

ڈوکنا - ۵ - فعل لازم (پورب) ا - ڈالنا - قے کرنا اوکنا - رد کرنا (۲) ڈگڈگا کر پینا - بہت سا پینا + سوکھنا جذب کرنا - چوسنا +

ڈول - ۵ - اسم مذکر - کنوئے سے پانی بھرنے کا چرمی یا آہنی ظرف - دلو - لوہ کا +

والا - ڈھاڑی - ایک قوم جسکا پیشہ گانا بجانا ہے
ڈوم بجاوے چینی اور ذات بتاوے اپنی (۲) پُوربا
ایک نیچ قوم جسکا پیشہ چھلاج وغیرہ بنانے کا ہے کنجر
(۳) سپردا - سنگتیا - سازنواز +

ڈوم پنا - ۵ - اسم مذکر - ڈوم کا پیشہ - کھٹی خوشامد
بچا - بھاٹ پن +

ڈومنی ۵ - اسم مؤنث (۱) زن مطرب - مُغنّیہ -
میراثن + ڈوم کی بیوی + پردہ دار عورتوں میں
ناچنے گانے والی عورت (رنگین)
وہ گرم ہے مری ہر دوا جان ڈومنی
رہ جائے جسکو دیکھ کے حیران ڈومنی
(۲) ایک چڑیا کا نام +

ڈومنی پن - ۵ - اسم مؤنث - حرکات معشوقانہ -
ناچنے گانے کا کام +

ڈومنی پنا کرنا - ۵ - فعل لازم - ناچنے گانے کا کام
کرنا - ناچنا گانا - حرکات دلفریب معشوقانہ کرنا +
(رنگین) کرتی ہے ڈومنی پنا کو کا مری جہاں
پڑے ہے خاک چاٹ کے ماں کا ان ڈومنی

ڈوڈا ۵ - صفت - ایک سینگھ کا بیل + وہ
بیل جسکے سینگھ ٹوٹ گئے یا مڑے ہوئے ہوں

ڈونڈ کانا - ۵ - فعل لازم عو - لغوی معنی ڈانواں ڈول
پھرنا - اصطلاحی گھبرانا - گھبرایا پھرنا - مضطر
رہنا جیسے اکیلی رہو گی تو ڈونڈاؤ گی +

ڈونڈی - ۵ - اسم مؤنث - ڈھنڈورا - منادی
ڈگڈگی + شہرت +

ڈونڈی پیٹنا یا پھیرنا - ۵ - فعل متعدی -
منادی کرنا - ڈھنڈورا پیٹنا - ڈگڈگی بجا کر مشہور

کرنا - اعلان کرنا +

ڈونگا - ۵ - صفت - گڈوا - عمیق - گہرا +

ڈونگا - ۵ - اسم مذکر (۱) ایک قسم کی چھوٹی کشتی
زورق - چھوٹی ناؤ - بجرا (۲) پانی بھرنے کا ڈنڈی دار
ظرف - وہ آبخورا جسمیں دستگی لگی ہوئی ہو (۳) وہ
ظرف جسمیں شوربے دار چیز انگریزوں کے خانساماں
لوگ رکھتے ہیں + چمچہ +

ڈونگر - ۵ - اسم مذکر (۱) اونچی زمین - سطح بلند (۲)
پہاڑی - چھوٹا پہاڑ + ٹیلا - ٹیبا + پربت + پہاڑ
گر - کوہ - جبل - جَبل (۳) پہاڑی ملک +

ڈونگری - ۵ - اسم مؤنث - چھوٹی پہاڑی - پہاڑی

ڈونگی - ۵ - اسم مؤنث - چمچہ + وہ چھوٹی سی کشتی جو
آمد و رفت کی ضرورت اور ادنیٰ ادنیٰ حوائج کے واسطے
بڑی کشتی کے ہمراہ یا جہاز کے ساتھ وقت بوقت
اترنے کے لیے بندھی رہتی ہے +

ڈوئی - ۵ - اسم مؤنث - ایک لکڑی کا چمچہ جس سے
پکا ہوا کھانا نکالتے یا ہانڈی چلاتے ہیں کفگیر چوبی
کفچۂ چوبی جیسے جسکے ہاتھ ڈوئی اُسکا سب کوئی

ڈویژن - انگلش) Division اسم مذکر -
قسمت - حصہ - علاقہ +

ڈھابا - ۵ - اسم مذکر (۱) اولتی (۲) جال - دام (۳) پرچھتی

ڈھاٹا - ۵ - اسم مذکر - وہ کپڑے کی پٹی جسے منہ کے گرداگرد
باندھکر داڑھی چڑھاتے ہیں - دہان بند - دستارچہ

ڈھاٹا باندھنا - ۱ - فعل متعدی - داڑھی کو کپڑا باندھنا

ڈھاٹی - ۵ - اسم مؤنث (۱) وہ کپڑا جو گھوڑے کے
منہ میں لگام کی بجائے دیدیتے ہیں (۲) پھانسی
پھندا - کمند (ڈھاٹی باندھنا یا کسنا کے ساتھ بولتے ہیں)

ڈھا دیا (۳) (پنجاب) پٹکنا - دے مارنا - پچھاڑنا جیسے ایک پہلوان نے دوسرے پہلوان کو ڈھا دیا (بعض شعرائے لکھنؤ نے ڈھا دینا بھی باندھا ہے چنانچہ رشک لکھنوی کا شعر ہے

ہ میرے دل کے توڑنے کی مشق اگر منظور ہے ہ کعبہ ڈھا مسجد ڈھا بُتخانہ توڑ) +

ڈھانپنا - ہ - فعل متعدی (پراکرت ہندی ڈھکنا) اُڑھانا - چھپانا - پوشیدہ کرنا +

ڈھانچ - ہ - اسم مذکر - بغیر بنا پلنگ یا چارپائی و کرسی وغیرہ - چوکھٹا - ٹھاٹھ - خاکا - ڈول - قالب +

ڈھانڈا - ہ - اسم مذکر (گنوار) ۱ - [illegible] الاؤ - آگ کا ڈھیر جیسے ڈھانڈا جلا جاتا [illegible] کسی نہ کسی طرح رفع الوقت کر لی (کہاوت) ۲ - (گنوار) پیٹ - شکم - [illegible] +

ڈھانڈ اچھلنا - ہ - فعل لازم (گنوار) پیٹ چلنا - دست آنا - اسہال جاری ہونا +

ڈھانکنا - ہ - فعل متعدی - کھولنا کا نقیض ڈھانپنا - چھپانا - ڈھکنا - پردہ ڈالنا + (جرأت)

پردے اپنی [illegible] سے بیمار ہجراں کا
کر جیتے کی تو منہ اسکا دیکھا بس ڈھانکا

ڈھائی - ہ - صفت - اڑھائی - دو اور آدھا (مثل) ڈھائی بکائن سیار باغ میں +

ڈھائی چلو لہو پینا - ہ - فعل متعدی - عو (عورات) غضب میں کسیکو مار کر غصہ فرو کرنے کے واسطے لہو پینا جیسے تیرا ڈھائی چلو لہو پی جاؤں تو [illegible] یعنی تجھے مار رکھوں تو سہی) +

ڈھائی دن کی بادشاہت کرنا - ہ - فعل متعدی (۱) [illegible] بنا - نوشہ بنا (کیونکہ دو چار روز دولہا کی نہایت خاطر و مدارات ہوتی اور سب اسکی خدمت کرتے ہیں

اسوجہ سے اس وقت کو شاہی وقت سے تعبیر کرتے ہیں (۲) چندروزہ حکومت کرنا - تھوڑے دنوں عروج پر رہنا جیسے نظام سقہ کی بادشاہی +

ڈھائی گھڑی کی آنا - ہ - فعل لازم (عو) - کوسنا - ڈھائی گھڑی کے اندر مر جانا جیسے تجھے ڈھائی گھڑی کی آئے +

ڈھب - ہ - اسم مذکر (۱) روش - اسلوب - ڈھنگ - طور - طریقہ + (شہیدی)

شب و روز اسکے صاحبزادہ کا گہوارہ جنباں تھا
عجب ڈھب یاد تھا [illegible] کو بھی خوشامد کا

(۲) موقع - صورت (ظفر)

ڈھب [illegible] کی [illegible] میں اک آن بنا
مجھپہ [illegible] پہلے ہی طوفان بنا +

(۳) عادت - لپکا - چسکا جیسے دن کے سونے کا تمہیں برا ڈھب پڑ گیا (۴) قسم - طرز - طرح جیسے اس ڈھب کا آدمی مشکل سے ملتا ہے - کسی ڈھب چین نہیں (۵) رکان - رستہ +

ڈھب آنا یا یاد ہونا - ہ - فعل لازم - کسی کام کا رستہ معلوم ہونا - رکان آنا +

ڈھب بنانا یا لگانا - ہ - فعل لازم - موقع بنانا - موقع نکالنا - راہ پیدا کرنا - رسائی کرنا - رسوخ پیدا کرنا

ڈھب پہ چڑھانا یا لگانا - ہ - فعل لازم - اسے پر لگانا - دم میں لانا - قابو میں لانا - بس میں لانا - اپنے مطلب کا بنانا +

ڈھب پہ چڑھنا - ہ - فعل لازم - ہتھے چڑھنا - ہتھے چڑھنا - قابو میں آنا - بس میں آنا (ذوق)

عشق کے ڈھب نہ کوئی مرد انسان چڑھا
اسکے قابو پہ چڑھا تو یہی نادان چڑھا +

ڈھب ڈالنا - ہ - فعل متعدی (۱) عادت ڈالنا

علوی بنانا - لپکا ڈالنا (۲) سدھانا - سکھانا - تربیت کرنا

(۳) موقع نکالنا - راستہ نکالنا - رسائی پیدا کرنا +

ڈھب ڈھب کی بات - ۵ - اسم مؤنث معقول اور موقع موقع کی گفتگو - راہ راہ کی بات +

ڈھب ڈھب قلیہ - ۵ - اسم مذکر - پتلا اور بہت شوربے کا بمزہ سالن - پتلا سالن - شوربے دار سالن

ڈِھبری - ۵ - اسم مؤنث - پیچ کے اوپر کا لوہا جو اسکو نکل جانے کے اندیشہ سے لگا کر کستے ہیں +

ڈَھپ - ۵ - اسم مذکر - دف - ڈفلی - ایک دائرہ کی وضع کے باجے کا نام +

ڈَھپالی - ۵ - اسم مذکر - ڈفالی - ڈفالچی - دف نواز

ڈَھپ ڈَھپ کرنا - ۵ - فعل متعدی - دف بجانا ڈھول بجانا +

ڈَھپو - ۵ - صفت - عوام - بڑا اور موٹا +

ڈھپوشاہی - ۵ - صفت - عوام - بہت بڑا +

ڈَھٹ - ۵ - صفت - ع - مضبوط اور گاڑھا بنا ہوا کپڑا + بانا - سنگلین + غف کپڑا - سخت کپڑا +

ڈِھٹائی - ۵ - اسم مؤنث (۱) بے شرمی - بیحیائی - بیغیرتی (جرأت) اب ڈھٹائی جانے خواہ اسکو جرأت جانئے اگئی جی اگئی اب تو طبیعت آگئی +

(۲) ہٹ - اڑ - ضد - (۳) گستاخی - شوخ چشمی - بے ادبی

ڈھٹنگرا - یا - ڈھٹنگڑ - ڈھٹینگرا - یا - ڈھٹینگر - ۵ - اسم مذکر - دھینگ - موٹا تازہ آدمی - لونڈا +

ڈَھچر - ۵ - اسم مذکر (۱) دیکھو ڈھانچ (۲) ڈھونڈا بکھیڑا - دھندا - کاروبار - کارخانہ (۳) کسی چیز کی درستی کا سامان (۴) صفت) بوڑھا - کمزور - خزاں رسیدہ

ڈھچر باندھنا - ۵ - فعل متعدی - ڈھونڈا بنانا - ظاہری ٹھاٹ بنانا - دکھاوے کا سامان رکھنا

ڈھچر پھیلانا - ۵ - فعل متعدی (۱) کسی کام کی درستی کا سامان پھیلانا - ڈھونڈا کھڑا کرنا - کوئی دھندا یا کام شروع کرنا - ڈول ڈالنا (۲) بھگل گانٹھنا - مکر و فریب کا جال پھیلانا +

ڈُھڈّو - ۵ - اسم مؤنث (۱) بڑھیا عورت - زن کہن سال - زن فرتوت (۲) بکواسی - بکی جھکی (۳) ایک مشہور شور مچانے والی مٹیالے رنگ کی چڑیا کا نام جو اکثر باغوں میں اپنے گروہ کے ساتھ پھرتی اور ڈڈمنی کہلاتی ہے +

ڈُھڈّوکا - یا - دھڈّو والا - ۵ - اسم مذکر - عوام احمق - الّو - گدھا - بیوقوف +

ڈَہڈَہا - ۵ - صفت - (۱) تروتازہ - سرسبز - سیراب - شاداب - خرّم + (جاہ حسن)

ہوئے ہیں بہار سے گل لہلہے
چمن سارے سیراب اور ڈہڈہے +

(۲) نہایت زرد - یا سرخ - چہچہاتا - شوخ رنگ (۳) چٹکیلا - بھبوکا - بھڑکیلا - چمکیلا - دکھائی دیتی (مصحفی)

کندن سے رنگ کو ترے ہو جبا کھولنے
جلوے میں گرچہ ہے ڈہڈہا [illegible]

ڈَہڈَہانا - ۵ - فعل لازم (۱) سیر ہونا - وہ شخص جو ڈہال پھولنا سبز سبز ہونا کا چوکیدار (۲) ڈہڈہانے لانے کا چمن کے ڈہڈہے ہونے دعا لینے والا +

ڈُھڈّی - ۵ - اسم مؤنث (۱) جستجو ہونا + (۲) ایک قسم کا حقہ جو سع نیچے [illegible] کرا کھوج لگوانا چورا ہے میں چڑھایا جاتا ہے [illegible] - ڈونڈی -

ڈھرا - ۵ - اسم مذکر (۱) ڈابر - [illegible] تشہیر جیسے

سے آدمی ... ڈ سکتا ہے) +

دلرزاں ہونا + ڈانواں ڈول ہونا + پس و پیش کرنا + مذبذب ہونا + متردد ہونا +

ڈِھلْمِل یَقِین - ا - صفت (عوام) مذبذب ضعیف الاعتقاد + متلون مزاج +

ڈھلنا - ہ - فعل لازم (۱) نیچے کی طرف جانا آگے کو بڑھنا جیسے کنکوّا اُڑاتے ہوئے آگے کو ڈھلنا یعنی بڑھنا (۲) لڑکنا - پھسلنا + (میر)

مرے پاس اُسکی خاکِ پا کو بیماری میں رکھنا تھا
نہ آتا سر مرا بالیں پہ اُدھر جو گیا ڈھلکار +

(۳) مائل ہونا - راغب ہونا - متوجہ ہونا (معروف)

غیروں کی طرف وہ پھر ڈھلے ہیں
رہتا ہے جو دل نڈھال میرا

ڈھلنا - ہ - فعل لازم (۱) بہنا - رواں ہونا - گرنا

ضبط نے اشک آنکھ سے ڈھلنے نہ دیا
پھر جو نظروں سے گرایا تو سنبھلنے نہ دیا

(۲) زوال ہونا - گھٹنا - اترنا + (رنگین)

دُور دوا جان بہ ڈھلتا ہے چاند
اِندنوں ہوتی ہُوں میں کب بے نماز

(۳) ایامِ جوانی یا زور و حسن و جمال کا زوال پذیر ہونا

بے سر پہ وبال اپنے پتنگوں کا نلے شمع
(نصیر) تو اور بھی جوبن سے جو ڈھل جائے تو اچھا

(۴) لٹک پڑنا - جھول جانا - تنا ہوا نہ رہنا جیسے چھاتیاں ڈھلنا (۵) لڑکنا - غلطاں ہونا (۶) گزرنا - سورج کا نصف النہار سے گزرنا + (جرأت)

ڈہل گئے دِل اور جگر خون ہو کے آنکھوں سے وے
ہجر کا دِن کیا قیامت ہے کہ ڈھلتا ہی نہیں
(سرور) تو بھی ہو جا شبِ ہجراں کہیں جلدی کوتاہ

وصل کا دِن تو شتابی ہی سے ڈھل جاتا ہے

(۷) سانچے یا قالب کے ذریعہ سے بننا - بوسیلۂ قالب تیار ہونا

جواہل درد کے دُنیا میں جوہری ہوتے
(بحر) یہ اشک سیپ کے سانچے میں بحر ڈھل جاتے

(۸) عُمدہ مضامین اور اشعار کا موزوں ہونا - عمدہ مضمون گھڑنا (آتش) بس قلم صفحۂ ہستی سے اٹھا اب آتش

ڈھل چکے شعر جو بننے تھے بس ڈھلنے والے
قد موزوں کی اُسکے کبھی تعریف جو سنتے
(حسرت) کوئی مصرعہ زبان دانوں کا یارب ڈھل نہ جاتا

(۹) شراب یا تاڑی کا پیا جانا - شراب کو گلاس میں ڈالا جانا - اُنڈیلا جانا + (لوپ)

ڈھلوان - ہ - صفت - پھسلواں + سلامی - ترچھا - (جھکاواں اصل میں ڈھالواں کا مخفف ہے) +

ڈھلوان سطح - ا - اسم مؤنث - سطحِ مائل +

ڈھلوانا - ہ - فعل متعدی - سانچے یا قالب میں بنوانا

ڈھلوانا - ہ - فعل متعدی - اسباب اٹھوانا - بوجھ ایک جگہ سے دُوسری جگہ اٹھوا لے جانا +

ڈھلوائی یا ڈھلائی - ہ - اسم مؤنث - ڈھلوانے کی اُجرت

ڈھلوائی یا ڈھلائی - ہ - اسم مؤنث - بوجھ ڈھلوانے کی مزدوری +

بیسار - وہ شخص جو ڈھال

ڈھلیت - ہ - اسم مذکر (۱) کا چوکیدار (۲) ڈھالی تلوار باندھے رہے (۲) گکا ڈھال لینے والا +

کا کام کرنے والا + سانچے

ڈھنڈنا - ہ - فعل لازم - تلاش (ہونا) جستجو ہونا +

ڈھنڈوانا - ہ - فعل متعدی - تلاش کرانا - کھوج لگوانا

ڈھنڈورا - ہ - اسم مذکر (۱) ڈگڈگی - ڈونڈی - طبل منادی (۲) منادی - اعلان - تشہیر جیسے

ڈھنڈورا بنا

ڈھنڈورا شہر میں لڑکا بغل میں ۔

پاؤں سے راز کھلا بادیہ پیمائی کا

(بحر) جو چھپولا تھا ڈھنڈورا ہوا رسوائی کا

ڈھنڈورا پیٹنا یا پھیرنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ منادی کرانا ڈونڈی پھیرنا۔ تشہیر کرنا۔ اعلان کرنا ۔

ڈھنڈورچی / **ڈھنڈوریا** ۔ ا۔ اسم مذکر۔ منادی کرنے والا ڈگڈگی پیٹنے والا ۔ مشتہر۔ جارچی منادی زن۔ منادی ۔

ڈھنگ۔ ہ۔ اسم مذکر (۱) طور۔ طریقہ۔ روش۔ ڈھب (۲) چال چلن۔ رویہ (۳) طرز۔ قطع وضع (۴) سیرت خصلت۔ عادت (۵) ڈول (۶) ہنر۔ سلیقہ (۷) انداز

(ناسخ) تم بھی چکھٹ میں ہم جیا زے پر

کیا نکالا ہے ڈھنگ سونے کا

ڈھنگ برتنا۔ ہ۔ فعل لازم کسی وضع کا برتاؤ کرنا وضعداری نباہنا + چال چلنا ۔ ظاہری برتاؤ کرنا ۔

ڈھنگ پر لانا۔ ہ۔ فعل متعدی۔ ڈھب پر لانا۔ کسی رستے پر لگانا۔ موافق بنانا ۔

ڈھنگ ڈالنا۔ ہ۔ فعل متعدی۔ بنیاد ڈالنا۔ ڈول ... کام شروع کرنا۔ راستہ ڈالنا ۔

... قست۔ بڑے قد کا۔ طویل القامت

... بارشا سڑا ڈھو ہو گیا مگر عقل نہ آئی

... حرامزدگی کروانا۔ منہدم کروانا ۔

... اسم مذکر (گنوار) کبڈی۔ لڑکوں کا ... کا) ۔

... باندی بچی۔ ہ۔ فعل لازم عوج

ڈھ ... لفظ ہے باغبانی۔ اسم مذکر۔ عو۔ لا مٹی کا پرانا برتن۔

... ڈلا۔ پرانا اور کچا گھر ۔

... مذکر (دیہ) بیٹا۔ پسر۔ لڑکا۔ فرزند

ڈھوڈا۔ ہ۔ اسم مذکر (۱) ڈھانچا۔ ڈھانچہ + قالب (۲) گنوار (تعزیہ (۳) گھر جھونپڑا (۴) کارخانہ۔ کاروبار جیسے ڈھوڈا چل نکلا (۵) دکھاوا۔ ظاہری ٹیپ ٹاپ ۔

ڈھوڈا بنا رکھنا۔ ہ۔ فعل متعدی (۱) قدیمی عزت یا حالت کو بنا رکھنا (۲) ظاہری حالت درست رکھنا۔ ٹیپ ٹاپ رکھنا

ڈھور۔ ہ۔ اسم مذکر۔ مویشی۔ ڈانگر۔ گائے بھینس ۔ دھن + غریب و مسکین جیسے ڈھوروں کے گھر کوتے مہمان یعنی نیکوں میں بد شامل ۔

ڈھوسر۔ ہ۔ اسم مذکر۔ بنیوں کی ایک قوم۔ دوغلے برہمنوں کی ایک قوم ۔

ڈھول۔ ہ۔ اسم مذکر۔ طبل۔ مردنگ۔ ایک مشہور باجے کا نام۔ تنبورا

ڈھول بجانا۔ ہ۔ فعل متعدی۔ اول معلوم۔ دوم مشہور کرنا۔ شہرت دینا۔ ڈونڈی پیٹنا ۔

ڈھول ڈھمکا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ باجا گاجا ۔ دھوم دھڑکا دھوم دھام ۔

ڈھول سے کھال کھنچ گئی۔ ہ۔ کہاوت۔ یعنی جو کچھ باقی رہا تھا وہ بھی جاتا رہا ۔ (نکہت)

دل نالاں کا آہ بھونا ہے مثل ڈھول سے بھی کھال گئی

ڈھولا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ روانا۔ ٹھڈا۔ حد۔ ڈولا۔ کچا یا کچا مخروطی نشان جو کھیتوں اور زمین کی سرحد جتانے کے واسطے بنا دیا کرتے ہیں + ڈانڈا۔ سیڈا ۔

ڈھولا بندی۔ ا۔ اسم مؤنث۔ حد بندی۔ کھیت یا زمین کی سرحد کا نشان بنانا۔ رقبہ بندی ۔

ڈھولا۔ ہ۔ اسم مذکر۔ ایک مشہور عاشق کا نام (۲) پنجابی) ایک اونچے سر کا نام (۳) احمق۔ بیوقوف (۴) پیارا۔ پریتم۔ معشوق + ناز و جی ۔

ڈھولک۔ یا۔ ڈھولکی۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ ڈھول ...

بلاتی - دو نفرا +

ڈھبوٹ - یا - ڈھبیلٹ - ہ - اسم مؤنث (گنوار) چیپٹر
چربی کی پشم +

ڈھیل - ہ - اسم مؤنث (۱) دیر - درنگ - تاخیر - وقفہ
تامل - مدت - عرصہ + (دنگلین)
ہمارا دھیان بھی قدرے قلیل ہے کہ نہیں
یہاں کے آنے میں کچھ اُسکے ڈھیل ہے کہ نہیں
(محشر) جہاں منتظر ہے انکھوں میں وقت رحل ہے
جلدی مُنہ سے کہ نیرے ہی آنے کی ڈھیل ہے
(۲) سستی - کاہلی - آلکسی (۳) مہلت - فرصت -
آزادی - بے پروائی + (ناسخ)
کھنچ رہا ہے وہ اگر کھنچ رہنے دو
اپنی جانب سے بھی اب تو ڈھیل ہے
(۴) جھول - تناوٹ کا نقیض +

ڈھیل دینا - ہ - فعل متعدی (۱) مہلت دینا - ڈوری
چھوڑنا (۲) کنکوے کو ڈور پلانا - کنکوے کو ڈور دیکر
بڑھانا - تاننا کا نقیض (۳) بے پروائی برتنا - توجہ
نہ کرنا - بے اعتنائی کرنا +

ڈھیل کرنا - ہ - فعل لازم - دیر کرنا - تامل کرنا -
وقفہ دینا + وقت گزارنا - تضییع اوقات کرنا +

ڈھیلا - ہ - صفت (۱) متخلخل - چست اور تنگ کا
نقیض (۲) سست - کاہل (۳) فراخ - کشادہ کھلا
ہوا (۴) نامرد - کم شہوت +

ڈھیلا بنانا - ہ - فعل متعدی - کڑا پن دور کردینا
ڈھیک بنانا - درست کرنا - اکڑ بھوں نکالنا - سیدھا
بنانا (معروف) یاں کے سایہ کا کروں کیا نہ کو رہ
رہ سکے کوئی یہاں کیا مقدور +

جس کسی نے اُسے اکڑ کیلا + خوب اُسے اُسنے بنایا ڈھیلا

ڈھیلا پائینچا - ا - اسم مذکر - کھلا ہوا پائینچہ - جس کے
عرض کا پائینچہ +

ڈھیلا پڑجانا - یا - ہو جانا - ہ - فعل لازم (۱) کشادہ ہونا
چست یا تنگ نہ رہنا (۲) دھیما ہو جانا - نرم پڑجانا +
غصہ کم ہو جانا + رسان پر آجانا - ڈھیک ہو جانا - کڑا
پن نہ رہنا (۳) نامرد ہو جانا - شہوت نہ رہنا (۴) سست
یا کمزور ہو جانا +

ڈھیلا پن - ہ - اسم مذکر (۱) فراخی - کشادگی (۲)
سستی - کاہلی (۳) زنان پن - نامردی +

ڈھیلا پاجامہ - ا - اسم مذکر - غرارہ دار پاجامہ - بڑے
بڑے پائنچوں کا پاجامہ - ایک برا پاجامہ - بڑکا پاجامہ

ڈھیلا پیچ - ا - اسم مذکر (۱) سر کے بال ابرو کے اوپر
گندھے ہوئے - وہ گندھے ہوئے بال جو بھوؤں تک
ہوں (انشا) چوٹی وہ بلا قہر کہ جو ناگ کے جی لے
تس پر یہ غضب اور جھٹے پیچ ہیں ڈھیلے
(۲) وہ پگڑی کا پیچ جو بھوؤں پر پڑا ہو +

ڈھیلا - ہ - اسم مذکر (۱) کلوخ - ڈھیم - پنڈ - کوندا -
ڈلا - مٹی کا بڑا ٹکڑا (۲) آنکھ کی ہیئت مجموعی +

ڈھیلا لینا - ہ - فعل متعدی - پیشاب کے بعد ڈھیلے
سے نمی خشک کرنا - چھوٹا استنجا کرنا +

ڈھیلی - ہ - اسم مؤنث (۱) فراخ - کشادہ (۲) سست
کاہل (۳) نازک - کمزور
آزادی + کم توجہی +

ڈھیلی چھوڑنا - یا - ڈالنا
اغماض کرنا - باگیں چھوڑنا
تامل کرنا - تاخیر کرنا - بے پروائی

چھوڑنا - آزادی دینا +

ڈِھیلی ڈوری چھوڑنا - ہ - فعلِ مُتعدّی - عو - دیکھو (ڈھیلی چھوڑنا) +

ڈِھیلی زناخ - و - اسم مؤنث } سُست و کاہل عورت
ڈِھیلے زناخ - و - اسم مذکر } یا آدم نرم و سُست زنانہ مزاج آدمی - کاہل وجود آدمی +

ڈِھیم - ہ - اسم مذکر (گنوار) کلوخ - پنڈ - مٹی کا بڑا ڈلا

ڈھیم بندھنا - ہ - فعلِ لازم - پنڈ بندھنا +

ڈِھیما - ہ - اسم مذکر (گنوار) دیکھو (ڈھیلا بمعنی کلوخ) +

ڈھینا - ہ - فعلِ لازم (۱) گرنا - مُنہدم ہونا - اینٹ سے اینٹ بجنا - مکان کا بیٹھ جانا - کوٹھا مسمار ہونا (۲) مُضمحل ہونا - تھکنا - دِل بیٹھ جانا جیسے طبیعت ڈھینا (۳) جاتا رہنا - مُنعدم ہونا جیسے غرور ڈھینا (۴) دبلا لاغر اور بے سکت ہونا - طاقت نہ رہنا + ناوٹ کا جاتا رہنا جیسے جسم ڈھینا - مٹی ڈھینا +

ڈِھینڈ - ہ - اسم مذکر (گنوار) پیٹ - شکم - ڈھڈ - پوٹا - توند +

ڈ ھ ۔ ۔ [illegible] - ہ - اسم مذکر (۱) توند - بڑا پیٹ (۲) حمل - گربھ حملِ حرام - بارِ زنا - بارِ حرام +

[illegible] - ہ - فعلِ مُتعدّی - عو (۱) حاملہ ہونا بے تکلفی کے موقع پر مذاق سے کہتی ہیں۔ پیٹ پھُلا لیا (۲) حرام کا حمل رکھوانا

ڈِھینڈس - ہ - اسم مذکر (۱) ایک قسم کا گول کدو جیسے پیٹھا ہوتا ہے (لیکن اس سے ننھا پھل یا میٹھا گھیا نہ سمجھنا) ۲ - تشبیہاً خایہ - خُصیہ - پیلڑ (تاباں)

تاباں یہ غزل اہلِ شعوروں کے لیے ہے
احمق نہ کوئی سمجھے تو جانے مرا ڈھینڈس ☆

ڈھینک - ہ - اسم مذکر - لم ڈھینگو - بڑا گدھ - طویل القامت

ڈِھینکا - ہ - اسم مذکر (پورب) کولہو کی لاٹھ (۲) لم ڈھینگو - سارس - کلنگ - ایک بڑی بڑی ٹانگوں کا مُردار خوار جانور (۳) دم کلا - ڈھینکلی +

ڈِھینکلی - ہ - اسم مؤنث (۱) پانی کھینچنے کی لمبی لکڑی جسکے ایک طرف بھاری پتھر اور دُوسری جانب ڈول کی رسّی ہوتی ہے - آبکش - منسفہ + (۲) ایک کپڑا سینے کا طریقہ - آڑی بخیہ - وہ بخیہ جو سلک نہ ہو (۳) دھن کُٹی - دھان کوٹنے کا آلہ - جندرا (۴) کلابازی

ڈھینکلی کھانا - یا - لگانا - ہ - فعلِ مُتعدّی (گنوار) کلابازی کھانا - مُعلّق زدن کا ترجمہ +

ڈِھینکی - ہ - اسم مؤنث (پورب) دھن کُٹی - دھان کوٹنے کا آلہ +

ڈھینگ - ہ - صفت - عوام - دیکھو (ڈھینک)

ڈِیٹھ - ہ - اسم مؤنث - درشٹی - نظر - نگاہ - بینائی بصارت - قوتِ باصرہ - درشٹ +

ڈیٹھ بند - ا - اسم مذکر - جادوگر - وہ شخص جو نظربندی کرے ۔ ۔ ۔

اسم مذکر۔ ڈاک کا وہ دفتر جس میں لاوارثی یا واپسی چٹھیاں کھولکر
کاتب کے پاس بھیجدی جاتی یا بصورت دیگر جلا دی جاتی ہیں

ڈیرا۔ ھ۔ اسم مذکر (۱) خیمہ۔ تنبو۔ کپڑے کا گھر۔ خرگاہ
پال۔ بے چوبہ۔ سراچہ۔ شامیانہ (۲) عارضی مکان۔
عارضی۔ قیام گاہ۔ فرودگاہ (۳) گھر۔ خانہ۔ مکان

ڈیرا ہونا۔ ھ۔ فعل لازم۔ خیمہ گڑنا۔ چھاونی پڑنا

ڈیرا ڈالنا۔ ھ۔ فعل متعدی۔ خیمہ گاڑنا + قیام
اختیار کرنا۔ رہ پڑنا۔ چھاونی چھانا +

ڈیرا کرنا۔ ھ۔ فعل لازم (لشکری) رہنا۔ اترنا۔
ٹھیرنا۔ فروکش ہونا جیسے کہاں ڈیرا کیا +

ڈیڑھ۔ ھ۔ اسم مذکر۔ ایک نیم۔ ایک اور آدھا +

ڈیڑھ اینٹ کی جدی مسجد بنانا۔ یا چنیا۔ ھ۔
فعل متعدی (۱) چھوٹی سی الگ مسجد بنانا (۲) اکل کھرا
پن اور اکھڑ مزاجی کے سبب سب سے علیحدہ رہنا۔ شرکت
پسند نہ کرنا (۳) کسی کی بات سے متفق نہ ہونا۔ محاورہ جھٹالو
سے لیا گیا ہے جو اپنی بدمزاجی [illegible] احسان مند
ہونا یا کسی غیر کی مسجد میں حاضر ہو کر نماز [illegible] کی بات جب
کرتے تھے چنانچہ سلاطین افغانیہ کے زمانہ کی [illegible] جو دہلی کی
[illegible] پاس [illegible] مسجد [illegible]
[illegible] ڈاک [illegible] یعنی صرف
[illegible]
[illegible]

ڈیڑھ چلو۔ ھ۔ صفت۔ اول معلوم۔ دوم معنی ذرا
سا۔ تھوڑا۔ بمقدار قلیل + (غالب)

زاہد شراب پینے سے کافر ہوا میں کیوں
کیا ڈیڑھ چلو پانی میں ایمان بہ گیا +

ڈیڑھ چلو لہو پینا۔ ھ۔ فعل متعدی۔ ہو۔ جو
ڈھائی چلو لہو پینے سے غرض ہے وہی اس سے

ڈیڑھ گرہ۔ ھ۔ اسم مؤنث۔ وہ گرہ جو آسانی سے
کھل جائے۔ ایک پوری اور آدھی گرہ +

ڈیک آنہ۔ ھ۔ اسم مذکر (دلال) چھے آنے +

ڈیک روپے۔ ھ۔ اسم مذکر (دلال) چھے روپے +

ڈیل۔ ھ۔ اسم مذکر (۱) جسم۔ دیہ۔ جثہ۔ پنڈا۔ تن
[illegible] قالب۔ خاکی۔ انگ۔ اندام + ڈھانچ
کاٹھی (۲) قد و قامت۔ قد بالا + جسامت (۳)
گٹا۔ وہ سختی جو پاؤں کی انگلیوں کے بیچ میں جوتی
کی رگڑ سے ہو جاتی اور ہمیشہ دکھا کر تکلیف دیتی رہتی ہے

ڈیل ڈول۔ ھ۔ اسم مذکر۔ تن و توش + قد و قامت
جیسے موٹا ڈیل ڈول [illegible] +
[illegible] شکل و صورت [illegible]
انداز [illegible] +

ڈیلا۔ یا۔ ڈیلیا۔ ھ۔ اسم
[illegible] کا نام جسکا [illegible]

ڈیکا۔ ھ۔ [illegible]

ڈینگ مارنا۔ یا۔ ہانکنا۔ ھ۔ فعل متعدی۔ دیکھو (ڈینگ کی لینا)

ڈینگیا۔ ھ۔ اسم مذکر۔ شیخی خورا۔ لاف زن۔ بڑبولا۔ لباڑیا۔

ڈیوٗ۔ ھ۔ اسم مؤنث۔ (گنوار) بھینس کو بلانے کی آواز

ڈیوٹی۔ انگلش Duty اسم مؤنث (۱) فرض۔ کام۔ خدمت۔ نوکری منصبی خدمت + اطاعت (۲) محصول چونگی۔ رسوم ٭

ڈیوڑھا۔ ھ۔ اسم مذکر (۱) ایک اور آدھا۔ یک و نیم۔ ایک قسم کا سود جو فیصدی پچاس لیا جاتا ہے۔ نیز وہ غلہ جو غیر فصل میں ایک من دیکر فصل پر ڈیڑھ من لیں (۳) ایک کا ڈیڑھ + ڈیڑھ تہ +

ڈیوڑھا حساب۔ ا۔ اسم مذکر۔ یک و نیم۔ ایک اور آدھا (۲۔ مہاجن) حساب کا وہ قدیم دستور جسمیں پچاس فیصدی سے سود بڑھ جانے پر آگے بیاج نہیں لگایا جاتا تھا چنانچہ ایکھا ڈیوڑھا برابر۔ ہندی محاورہ اسی سے بنا ہے +

ڈیوڑھا کرنا۔ ھ۔ فعل متعدی (۱) ڈیڑھ تہ کرنا (۲۔ مہاجن) بہیونکا نقایا نکالنا + حساب بند کرنا ٭

ڈیوڑھا لیکھا۔ یا لیکھا ڈیوڑھا برابر ہونا۔ ا۔ فعل لازم۔ حساب بےباق چکتا ہونا (بول چال میں لیکھا ڈیوڑھا برابر ہونا زیادہ بولتے ہیں) ٭

ڈیوڑھی۔ ھ۔ اسم مؤنث (۱) پٹا ہوا دروازہ۔ دہلیز۔ آستانہ۔ بارگاہ (۲) دخل۔ باریابی۔ آمدورفت رئیسوں یا امیروں کے ہاں کی آمدورفت۔ دربارداری

ڈیوڑھی بند ہونا۔ ھ۔ فعل لازم۔ امرا کے دروازے پر آنا جانا بند ہونا۔ باریابی سے روکا جانا ٭

ڈیوڑھی دار۔ ھ۔ اسم مذکر۔ دربان۔ حاجب دروازے کا پہرے دار۔ دوارپال ٭

ڈیوڑھی کھلنا۔ ھ۔ فعل لازم۔ باریاب ہونا۔ باریابی کی اجازت ملنا۔ سرکار میں آنے جانے کی اجازت ملنا ٭

ڈیوڑھی۔ ھ۔ اسم مؤنث۔ یک و نیم۔ ڈیڑھ حصے جیسے ڈیوڑھی تنخواہ یا ڈیوڑھی تہ +

ذ

ذ۔ ع۔ اسم مؤنث (۱) عربی زبان کا نواں فارسی کا گیارھواں اردو کا تیرھواں حرف جسکی آواز نوک زبان سے نکلتی اور اسے ذال معجمہ یا تخذ یا منقوطہ کہتے ہیں۔ حساب جمل میں اسکے سات سو عدد فرض کیے گئے ہیں ٭

ذات۔ ع۔ ذو کا اسم مؤنث (۱) صاحب۔ مالک۔ خداوند جیسے ذات الکمالات۔ ذات الصدر۔ ذات الجنب وغیرہ (۲) حقیقت شے۔ ہستی۔ نفس ہر چیز۔ جوہر۔ مادہ۔ ماہیت۔ عین۔ نفس۔ اصلیت۔ طبیعت۔ سرشت۔ بنیاد (یہ لفظ دراصل عربی کا اسم اشارہ ہے جسکے آخر ہای وقف بڑھادی ہے چونکہ یا جزو کلمہ ہو گیا اسواسطے اسکو تا کی قرشت سے بدلکر ذات کر لیا پس ذات کے لغوی معنی مشارٌ الیہ ہوتے ہیں مگر چونکہ ہر شے کی ہستی مشارٌ الیہ ہوتی ہے اسوجہ سے خداوند اور ذات شے پر اطلاق ہونے لگا) (۳۔ ا) جسم۔ وجود۔ شخص۔ دیہ۔ سریر۔ کایا جیسے انکی ذات سے امید نہ رکھو (۴۔ ا) قسم۔ صنف بھانت جیسے ایک ذات کا روپیہ صرف کیا (۵۔ ا) قوم۔ نژاد۔ گوت۔ پیدایش۔ جات + نکاس۔ نسب۔ خاندان۔ نسل + برن (اس معنی میں ہندی

جات صحیح ہے مگر اُردو والوں نے بلحاظ فصاحت اور الفاظ کی طرح اسکو زائے ہَوز سے بدلکر ذات کر لیا۔ عربی دانوں نے اِسے کوئی لفظ نہ سمجھکر ذائ شخذ سے اپنے لفظ کے مُوافق لکھنا شروع کر دیا یہاں تک کہ شعرا نے بھی اپنے ہاں باندھ دیا۔ کہاوت۔ ذات بھانت پُوچھے نہ کوئے + ہر کو بھجے سو ہر کا ہوئے۔ بہ رندؔ چار دن زیست کے جو چاہے سو کھوا لے رِندؔ + پیش ازیں خاک کے پُتلے کی کوئی ذات نہ تھی) ۶۔ حال۔ کیفیت۔ عادت سُبھاؤ۔ خصلت۔ طِینت جیسے ذات مدھ پڑے معلُوم ہوتی ہے (کہاوت) ۷۔ مذہب۔ کیش۔ دِین جیسے ہاتھ بیچے ہیں کچھ ذات نہیں بیچی (۸) حوصلہ ظرف جیسے دمڑی کی ہانڈی گئی کُتّے کی ذات پہچانی (۹) منصب۔ عہدہ۔ رُتبہ۔ پایہ (یہ معنی صرف رندؔ لکھنوی کے شعر میں پائے جاتے ہیں۔ رندؔ کیا تکلّف تھا بھلا قیس میں جو مجھ میں نہیں + عاشقی چھتے ہیں کچھ اُسکے نہ تھی ذات نہ تھی

ذاتُ الجَنب۔ ع۔ اِسم مذکّر۔ صاحب پہلو پہلو کا درد۔ پسلی کا درد (اطبّار کی اصطلاح میں ایک ورم کا نام ہے جو حجاب یعنی قلب و معدہ کے درمیانی پردہ میں کبھی جانب یمین اور کبھی جانب یسار ہو جاتا ہے اِسکی علامت دردِ پہلو کے علاوہ تپ اور ضیق النّفس بھی ہے) +

ذاتُ الرِّیہ۔ ع۔ اِسم مذکّر۔ ورم شُش۔ پھیپھڑے کا ورم یا سوزش +

ذاتُ الصّدر۔ ع۔ اِسم مذکّر۔ دردِ سینہ + ورم سینہ

ذات باہر۔ ا۔ صفت۔ ذات سے نِکالا ہوا خارج شُدہ قوم۔ گوت باہر۔ گنہگار قوم +

ذات پات۔ ا۔ اِسم مؤنّث۔ ذات وات یعنی ذات وغیرہ کیونکہ پات تابع مُہمل ہے +

ذات سے گرا ہوا۔ ا۔ صفت۔ خارج از ذات

مردود۔ نِکمّا۔ ناکارہ۔ نالایق۔ بیدین +

ذات سے نِکالنا۔ یا۔ **باہر کرنا**۔ ہ۔ فعل متعدی قوم سے خارج کرنا۔ گوت باہر کرنا +

ذات شریف۔ یا۔ **بزرگ**۔ ا۔ صفت۔ بڑے حضرت۔ بڑے اُستاد و چالاک۔ شریر و بدذات۔ فِتنہ انگیز۔ گرو گھنٹال۔ بانی فساد۔ مفسد۔ چھٹا ہوا۔ بیباک۔ پاک + (شوق)

کی ہے جنکی یہ آپنے تعریف + وُہ کوئی اور ہونگے ذات شریف

ذات کی بِلائی برابر بیٹھے کم ذات کی بِلائی نیچے بیٹھے۔ ا۔ کہاوت۔ ہمقوم کی عزت سب سے زیادہ ہوتی ہے +

ذات میں بٹّا لگنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ عزت میں فرق آنا۔ عیب لگنا +

ذات ونتا } ا۔ صفت۔ عو۔ کلونتا۔ کلونتی
ذات ونتی } خاندانی شریف +

ذَاتی۔ ا۔ صفت (۱) ہمقوم۔ گوتی (۲) اصلی۔ حقیقی جیسے ذاتی قصُور (۳) تابع نفس جیسے ذاتی کام یا روپیہ +

ذاتی تعلّق۔ ع۔ اِسم مذکّر معاملہ + بیج کا علاقہ یا

ذاتی معاملات۔ ع خانگی معاملات یا فوائد +

ذاتی جوہر۔ ع۔ اِسم مذ میں موجود ہو + اصلی خو

ذاتی حیثیت۔ ع۔ اِسم خاص سرمایہ + قابلیت خاص

ذاکِر - ع - اِسم مذکر - ذکر کرنے والا - خدا کی یاد کرنے والا - شاغل ✦

ذائِقَہ - ع - اِسم مذکر (۱) وُہ قوّت جس سے چیزوں کا فرق معلوم ہو - مزہ چکھنے کی قُوّت جو زبان میں ہے (۲) - مزہ - لذّت - سواد ✦ لُطف ✦ چسکا ✦

ذائقہ لینا - ا - فعل متعدی - مزہ لینا - لذت حاصل کرنا ✦ مزے کی چیز کھا کر لطف اُٹھانا ✦ چٹخارے بھرنا

ذائقہ دار - صفت - خوش مزہ - لذیذ - مزیدار - جسکو چکھ کر

ذَبْح - ع - اسم مذکر - گلا کاٹنا - چُھری پھیرنا - بِسمل کرنا ✦ شرعی طور پر حلال کرنا (کسرہ غلط ہے) ✦

ذبح کرنا - ا - فعل متعدی (۱) حلال کرنا - گلا کاٹنا - چُھری پھیرنا - ہلاک کرنا (۲) بلدان کرنا - قُربانی کرنا (۳) مار کر لہو لُہان کرنا ✦ (رنگین)

جو کہلا میں بھیجوں تو پھر تجکو رنگیں
ابھی آنکر ذبح کر جائے آتوں ✦

ذَبِیحَہ - ع - اِسم مذکر - شرعی طور پر ذبح کیا ہوا جانور

ذَخِیرَہ - ع - اِسم مذکر - خزانہ - گنجینہ ✦ گودام ✦ جمع - پُونجی - وُہ چیز جو کسی وقت کے واسطے لگا رکھیں ✦

ذخیرہ کرنا - ا - فعل متعدی - ڈھیر لگانا - جمع کرنا - گودام آسائش کے سامان کرنا ✦

، مقدارِ قلیل - تھوڑا - کم ✦ جزو

لمحہ ✦

ہر میں مزہ ہوتا ہے
یونہیں مجھسے خفا ہو کے ذرا ملجانا
گئی جو اس حال میں
پھنسا اُسکو جنجال میں
تہ سے نکلا ہے جسکے معنی آگے بیان ہونگے)

ذرا ذرا کرکے - ا - تابع فعل - رتی رتی - حبّہ حبّہ ✦ ایک ایک جزو ✦

ذرا ذھور - ا - تابع فعل - عو - تھوڑا بہت - کسیقدر کچھ جیسے بچہ کے لیے ذرا ذھور چیز لگا رکھا کرو ✦

ذرا سا - ا - صفت - بمقدارِ قلیل - بہت تھوڑا - قدرِ قلیل - رتی بھر ✦

ذرا سا مُنہ نکل آنا - ا - فعل لازم - چہرہ سُتجانا - چہرے پر لاغری کا ظاہر ہونا - ڈر یا خوف خواہ بیماری سے مُنہ نکل آنا (داغ) ڈر گئے نام شغل سنکے زہی خواہش مرگ
مُنہ ذرا سا نکل آیا ترے بیمار و نکا ✦

ذرا سی - ا - صفت - دیکھو - (ذرا سا) ✦

ذرا کی ذرا - ا - تابع فعل - زمانۂ اندک - لمحہ بھر کو کھڑے کھڑے - تھوڑی سی دیر کے واسطے جیسے ذرا کی ذرا بیٹھ جاؤ یا ذرا کی ذرا ہو کر چلے جانا ✦

ذرا میں - ا - تابع فعل - ذرا سی دیر یا ذرا سی بات میں - لمحہ بھر میں - آناً فآناً میں جیسے ذرا میں کچھ ہے ذرا میں کچھ ✦

ذرا میں ذرا دینا - ا - فعل متعدی - عو - رتی بھر چیز ہو تو اُسمیں سے بھی دینا ✦

ذرا ہوش میں آؤ - ا - محاورہ - ذرا سمجھو - ذرا عقل پکڑو - غفلت چھوڑو - اپنی عقل کے ناخن لو - چیتو - بیوقوف نہ بنو ✦ (مشتاق)

مشتاق ذرا ہوش میں آؤ نہ تکو راہ
کر بیٹھے ہیں وہ وصل کا اقرار نشہ میں

ذَرَّہ - ع - اِسم مذکر (۱) لُغوی معنی چیونٹی - کیڑی - مورچۂ خورد ✦ جَو (۲) وُہ چھوٹے چھوٹے اجزا جو آفتاب کی شُعاع کے ساتھ روزن میں سے دکھائی دیا کرتے

ہیں (۳) ایک جو کا سوواں حصّہ (۴-۱) شمّہ - تھوڑا
کم - مقدار قلیل (۵-۱) جزو لایتجزیٰ - وہ جزو جو
قابل انقسام نہو (۶-۱) ٹکڑا - ریزہ ٭

ذرہ بھر -۱- تابع فعل - شمّہ بھر - ذرا سا - جیسے
اسمیں ذرہ بھر جھوٹ نہیں (کہاوت) ذرہ بھر ناتا نہ
گاڑی بھر آشنائی ٭

ذری -۱- اسم مؤنث - دیکھو ذرا) ٭

ذُرّیت -ع- اسم مؤنث - نسل آدمی جن - سنتان
آل اولاد - بال بچے - بچے کچے ٭ سلسلہ ٭

ذریعہ -ع- اسم مذکر (۱) وسیلہ - واسطہ ٭ طفیل - بدولت
(۲) دست آویز - سند (۳-۱) رسوخ (۴-۱) علاقہ - تعلّق
لگاؤ - سمبند (۵-۱) سبب - باعث - جہت - وجہ

ذریعہ پیدا کرنا -۱- فعل لازم - کوئی سبب نکالنا
وسیلہ نکالنا - تعلّق حاصل کرنا ٭ حامی یا مددگار پیدا کرنا

ذقن -ع- اسم مذکر - زنخداں - ٹھوڑی (ذقیں)
ہے صفا کے سبب عکس مسوں کا اُس پر
خط سے یہ سبز نہیں ہے ذقن سُرخ ترا

ذکا -ع- اسم مذکر - ذہن - زیرکی - تیزی طبع - دانائی
فراست - ذہانت ٭

ذکاوت -ع- اسم مؤنث - ذہانت - تیز فہمی - دانائی
فراست - کیاست ٭

ذکر -ع- اسم مذکر (۱) آلۂ تناسل - لنگ (۲) مرد
مذکر ٭ نر ٭

ذِکر -ع- اسم مذکر (۱) یاد - یادداشت (۲) بیان -
چرچا - تذکرہ (۳) خدا کا نام لینا - شغل - یادِ خدا

ذکر آنا - یا - ذکر چلنا - یا - ذکر نکلنا -۱- فعل لازم -
کسی شخص کی بابت کچھ گفتگو ہونا ٭ تذکرہ ہونا ٭

جل گئے پروانے شمعیں پانی پانی ہو گئیں
(رنج) میرا تیرا ذکر چلکر انجمن میں رہ گیا ٭

ذکر چھیڑنا -۱- فعل متعدی - بات چیت شروع
کرنا - بات کرنا - سرِسخن آغاز کرنا (سرود)
سراسر دل دکھانا ہے کوئی ذکر اور ہی چھیڑو
پتا خانہ بدوشوں سے نہ پوچھو آشیانے کا

ذکر خیر -ع- اسم مذکر (۱) نیکی کے ساتھ تذکرہ -
بھلائی کے ساتھ یاد (۲) ذکر اذکار - ذکر مذکور - بات
چیت - تذکرہ (مؤمن) کسکو دیتے تھے گالیاں لاکھوں
کسکا شب ذکر خیر تھا صاحب ٭

ذکر کرنا -۱- فعل متعدی - بیان کرنا - تذکرہ کرنا
٭ چرچا کرنا ٭ یادِ خدا کرنا - شغل کرنا - خدا کا نام لینا ٭

ذکر مذکور -ع- اسم مذکر - بات چیت - ذکر اذکار - گفتگو

ذکی -ع- صفت - ذہین - تیز فہم - ہوشیار - تیز طبع
زود رس - زود فہم ٭

ذِلّت -ع- اسم مؤنث - خواری - ادبار - بیقدری
رسوائی - ہتک - حقارت - اہانت - بیعزتی - بیوقری
توہین - خفّت ٭

ذلت اٹھانا -۱- فعل متعدی - شرمندہ و رسوا
ہونا - ذلیل و خوار ہونا ٭

ذلت دینا -۱- فعلِ
کرنا - بے عزت و ر

ذلت ہونا -۱- فعل
رسوائی ہونا - عزت جانا -

ذلیل -ع- صفت (۱)
(۱) نیچ - کمینہ - سفلہ ٭ پاجی
سُبک سر (۲-۱) رسوا -

ذلیل کرنا - ا - فعل متعدی - شرمندہ کرنا - غیرت دلانا - رسوا کرنا - بدنام کرنا ؛

ذلیل ہونا - ا - فعل لازم - خفیف ہونا - نظروں سے گرنا - رسوا ہونا ؛

ذَمّ - ع - اسم مؤنث - ہجو - مدح کا نقیض ؛ دوش - دوکھ - پاپ - حرف - بدی (فارسی والے بغیر تشدید بولتے ہیں) ؛

ذِمّہ - ع - اسم مذکر (۱) عہد - پیمان (۲) ضمانت - کفالت (۳) امانت - سپردگی (۴) جوابدہی - مواخذہ

ذمہ ڈالنا یا ذمہ کرنا - ا - فعل متعدی (۱) سر کرنا - (۲) سونپنا - سپرد کرنا - تفویض کرنا ؛

ذمہ کرنا یا لینا - ا - فعل متعدی - ضامن ہونا - جوابدہ بننا ؛ اقرار کرنا - ہامی بھرنا ؛

ذمہ وار - یا ذِمّہ دار - ع + ف - صفت (۱) جوابدہ - ضامن - متکفل - کفیل - مواخذہ دار (۲) - اسم مذکر - (۱) معتمد علیہ - معتبر - اعتبار دار (۳) - اسم مذکر - (۱) منتظم - کارکن ؛ ولی ؛

ذمہ واری - ا - اسم مؤنث - ضمانت - کفالت ؛ جوابدہی ؛ چوکسی - نگہبانی - خبرداری - پاسبانی

ذُو - ع - اسم مذکر (مرکبات میں) صاحب - خداوند - مالک ؛ والا ؛ کا ؛ کی جیسے ذوالاربعۃ الاضلاع یعنی چار ضلعوں کی شکل ؛

ذوا ذناب - ع - اسم مذکر - دُمدار - دُمدار ستارے

ـلاع - ع - اسم مؤنث (اقلیدس) ـل - چوکیری شکل ؛

ـ - ع - اسم مذکر (ریاضی) صاحب + اوجمیع ذو + اضعاف

معمولی ضرب (جب ایک عدد کئی عددوں پر پورا تقسیم ہو سکے تو اسے ان عددوں کا ذواضعاف کہتے ہیں جیسے ۳۶ ذواضعاف ہے ۳ - ۹ - ۱۸ - اور ۲۴ کا) ؛

ذواضعافِ اقل - ع - اسم مذکر (ریاضی) سب سے مختصر ضرب - سب سے چھوٹا ذواضعاف (جو عدد کئی عددوں پر پورا تقسیم ہو سکے اور اس سے کوئی چھوٹا عدد ایسا نہ ہو کہ ان عددوں پر پورا تقسیم ہوتا ہو تو اس عدد کو ان عددوں کا ذواضعاف اقل کہتے ہیں چنانچہ ۷۲ ذواضعاف اقل ۳ - ۹ - ۱۸ - اور ۲۴ کا ہے) ؛

ذوالجلال - ع - اسم مذکر - صاحب جلال - شوکت عزت اور رعب والا - جلیل القدر - معزز ؛

ذوالفقار - ع - اسم مؤنث - صاحب مہرہ ہائے پشت (اس تلوار کا نام ہے جو عاص بن منبہ کے جنگ بدر میں مارے جانے سے رسول مقبول صلعم کے ہاتھ آئی اور انہوں نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ خلیفۂ چہارم کو پہنچی چونکہ عربی زبان میں فقار مہرہ ہائے پشت کو کہتے ہیں اور شمشیر مذکور کی پیٹھ قطار مہرہ ہائے پشت کی مانند سیدھی یعنی عدیم الارتفاع تھی اس وجہ سے یہ نام رکھا گیا اندنوں میں جو دو زبانہ تلوار پر اسکا اطلاق ہوتا ہے یہ متاخرین کا ایجاد ہے بعض شعرا نے صرف تلوار کے معنی میں بھی باندھا ہے چنانچہ حضرت اسیر کا شعر ہے سہ ذقن کے بدلے پڑا ہاتھ اسکی ابرو پر ؛ بجائے سیب میرے ہاتھ ذوالفقار آئی) ؛

ذوالقرنین - ع - صفت - دو گیسو یا دو سینگوں والا (یہ سکندر اعظم کا لقب ہے جسکی وجہ تسمیہ لوگ اسطرح کہتے ہیں کہ یا تو اسکے دو گیسو تھے اسوجہ سے یہ لقب پڑا یا چونکہ وہ مشرق سے مغرب تک دو طرف گیا اسلیئے یہ نام رکھا گیا یا یہ کہ ماں باپ دونوں کی طرف سے کریم و بزرگ تھا یا یہ کہ اسنے نور و ظلمت دونوں

کی سیر کی تھی - بعض محققوں کی رائے ہے کہ جس ذوالقرنین
کا قرآن شریف میں ذکر ہے وہ اور بادشاہ تھا نہ کہ سکندر رُومی
بن فیلقوس کیونکہ اِن دونوں کے زمانہ میں بڑا فرق ہے)

ذُوفُنون - ع - صفت (۱) بہت سے فن جاننے
والا - عالم متبحر - بہت سے ہنروں سے واقف (۲-۱)
چالیا - چالباز - فریبی - مکّار - عیار - فیلسوف
متفنّی +

ذُومعنی - ع - اسم مؤنث - وہ بات جسمیں کئی
پہلو یا معنی نکلتے ہوں + دو ارتھی شبد - دومعنی
بات - مجگت - تجنیس (وہ کلام جو ایک طرح سے مزاح
اور دوسری طرح سے غیر مزاح پایا جاوے +

ذَوق - ع - اسم مذکر (۱) مزہ چکھنا - چکھنے کی قوت
+ چاشنی (۲-ف) لذت - مزہ - ذائقہ + حظ (۳-
۱) شوق - نشاط و خوشی جیسے ذوق میں شوق
دستوری یا نفع میں لڑکا (کہاوت) ۴ - ۱ - لطف
کیفیت (۵) شیخ محمد ابراہیم خاقانی ہند ایک نامی دہلوی
شاعر کا تخلص جو بادشاہ وقت کی اُستادی کے سبب سے
اُستاد ذوق مشہور تھے ۱۲۷۱ ہجری میں انتقال فرمایا اُردو
زبان کے محاوروں کو اُنسے بہتر سرپرست اور ٹکسالی شاعر ملا)

ذَوق سے - ا - تابع فعل (۱) دل کی اُمنگ سے
دِلی خواہش سے (۲) باشوق - باخوشی - خوشی سے
مرضی سے - شوق سے + سرآنکھوں سے - بطیب خاطر
بطوع خاطر - برضا و رغبت +

ذِہن - ع - اسم مذکر (۱) زیرکی - فہمیدگی - دانائی +
قوتِ مُدرکہ + سمجھ - قابلیت - استعداد - رسائی طبع
ادراک - ذکا - فراست (۲) یاد داشت - حافظہ

ذہن کھلنا - ا - فعل لازم - سمجھ کا اُجلا ہوجانا -
عقل کا تیز ہوجانا - فہم کا رسا اور معاملہ رس ہونا +

ذہن لڑانا - ا - فعل متعدی - سمجھ لڑانا - سوچ بچار
کرنا - طبیعت لگانا - سوچنا - عقل دوڑانا - غور و
خیال کرنا - تفرّس کرنا +

ذہن نشین کرنا - ا - فعل متعدی - سمجھانا - تشفی
کردینا - ذہن میں بٹھانا - کسی بات کو دل میں جمادینا
چت میں بٹھانا + جتا دینا +

ذہن نشین ہونا - ا - فعل لازم - جمنا - ٹھننا -
دل پر متمکن ہونا - سمجھ میں آنا - نقش کالحجر ہونا - چت
میں بیٹھنا + ذہن نشین ہونا +

ذہین - ع - صفت - زکی - زیرک - زود رس - تیز طبع
تیز فہم - ہوشیار - بدھ وان +

ذی - ع - اسم (مرکبات میں) دیکھو (ذُو) +

ذی اختیار - ع - اسم مذکر - صاحب اختیار
حکومت والا - مرتبہ والا - مختار - عالی منصب +

ذی استعداد - ع - اسم مذکر - استعداد والا - لایق
قابل + عالم - فاضل +

ذی الحج - ع - اسم مذکر (فارسی اور اردو والوں نے
اسکے اخیر کے تای فوقانی کو حذف کردیا ہے) حج کرنے
کا مہینا - مسلمانوں کا بارھواں قمری مہینا جسکی
دسویں تاریخ کو عید الضحٰی یعنی عید قرباں ہوتی ہے
بکرید کا چاند +

ذی حرمت - ع - صفت - عزت دار - باوقر +

ذی حق - ع - صفت -
ورثہ پانے والا +

ذی حیات - ع - ہ
موجود (۲) ذی روح - جاندار

ذی رُتبہ - ع - اِسم مذکر - منصب والا - منصب دار عہدہ دار - صاحب عزّت - شریف ÷

ذی رُوح - ع - صفت - جاندار ÷

ذی عزّت - ع - صفت - صاحب توقیر - عزّت دار واجب التعظیم - شریف - مُعزّز ÷

ذی قعدہ - ع - اسم مذکر - (تائے قرشت اخیر سے محذوف کرلی ہے) جنگ وجدل سے باز رکھ بیٹھنے کا مہینا - عربی قمری گیارھواں مہینا جو شوّال کے بعد اور ذالحجہ سے پہلے آتا ہے - خالی کا مہینا ÷

ذی ہوش - ع - صفت - ہوش وگوش والا - ہوشیار - سمجھدار - فہیم - ذکی - ذہین ÷ عاقبت اندیش

ذَیل - ع - اسم مذکر (۱) دامن ÷ نیچے کا حصّہ ÷ نیچ (۲-ا) جگہ - گروہ - منڈلی - زُمرہ جیسے ہمارے ذیل کے آدمی یا عورتیں دُوسری جگہ ٹھیری تھیں

ذیل دار - ا - اسم مذکر - وُہ سرکاری عہدہ دار جسکے ماتحت چند گاؤں یا قصبے ہوں ÷

ذیل میں - ا - تابع فعل - نیچے - تحت میں

ر

ر - ع - اِسم مُؤنث (۱) عربی کا دسواں فارسی کا بارھواں اُردُو کا چودھواں ہندی کا ستائیسواں حرف صحیح ... جیسے رائے مُہملہ - رائے غیر منقوطہ رائے قرشت بھی کہتے ہیں (۲) حساب جمل میں اسکے دوسَو عدد فرض کیئے گئے ہیں (۳) یہ حرف زیادہ تر لام سے اکثر زبانوں میں اور ت ٹ ڈ س ش ع کا گ ن و سے بعض زبانوں میں تبادلہ کھاتا ہے ہندوستان ارمغان دہلی میں دیکھو ÷

راب - ہ - اسم مؤنث - پتلا گُڑ جو اکثر تمباکو میں پڑتا ہے اور اُسے بعض مقامات میں شیرہ بھی کہتے ہیں

رابڑی - ہ - اسم مؤنث (گنوار) جوار یا جرے یا مکّئی کا نمکین کھٹّی چھاچھ میں پکا ہوا آٹا جو اکثر موسم گرما میں گنوار لوگ کھایا کرتے ہیں (۲) گاڑھا کیا ہوا دُودھ جو گھوٹتے گھوٹتے ملائی سا ہوجاتا ہے دہلی میں اُسے کھن اور ربڑی بولتے ہیں ÷

رابطہ - ع - اسم مذکر - میل جول - ملاپ - تعلق ربط ضبط (۲-ا) قرابت - ناتہ - رشتہ ÷

رانپی - یا - **رانبی** - ہ - اسم مؤنث - چمڑا تراشنے کا اوزار - چمڑا چھیلنے اور صاف کرنیکی کھُرپی - کھُرچنی

رات - ہ - اسم مؤنث (۱) رین - شب - نس - لیل رجنی (ناسخ) نُور مہتاب ہے دُھوئیں کی مثال

ہائے کیا آج رات کالی ہے

(۲) شام - مغرب - سنجا (۳) اندھیرا - تاریکی - سیاہی

رات بس کر - ا - تابع فعل - شب باش ہوکر - ایک شب قیام کرکے ÷

رات بولنا - ہ - فعل لازم - رات کا سائیں سائیں کرنا - رات کا بھائیں بھائیں ہونا - سُنسان ہے عالم میں جو آدھی رات کے بعد ہوا کی آواز محسُوس ہوتی ہے اُسے رات کا بولنا کہتے ہیں (عارف)

کچھ شب وصل میں بھی چین نہ پایا ہمنے
رات بولے ہے پڑی مُرغ سحر کے بدلے

رات بھاری ہونا - ا - فعل لازم (۱) شب غم یا شب بیماری کا دراز اور ناگوار معلوم ہونا (ناسخ)

یُوں نزاکت سے گراں ہے سُرمہ چشم یار کو
جسطرح ہو رات بھاری مردم بیمار کو

(۲) رات کا منحوس سخت دشوار اور خطرناک ہونا

ہے گراں آج مرے ماہ کو گرمی سے نقاب
(ناسخ) کیا ہی گھمبیر ہے یہ رات اَی مہ کامل بھاری

رات بھر - ہ - تابع فعل - تمام شب - ساری رات جیسے رات بھر ممیائی اور ایک بچہ بیائی (کہاوت) +

رات تھوڑی سوانگ بہت } کہاوت
رات تھوڑی کہانی بڑی } - ہ -
(۱) یعنی فرصت کم اور کام بہت (۲) عمر کم اور دنیوی بکھیڑے بہت (جان) کر جو کچھ کر سکے جوانی میں

رات تھوڑی ہے اور بہت ہے سانگ + (مومن)
کیا خیال و گمان سے ہو نجات
تھے بہت سانگ اور تھوڑی رات

رات دن - ہ - اسم مذکر - شب و روز - شبانہ روز آٹھوں پہر +

رات کی رات - ہ - تابع فعل - صرف ایک شب رات بھر - ایک ہی رات - آج کی رات + (قلق)

آئے ہو آج تو رہ جاؤ صنم رات کی رات
لیلۃ القدر سے بہتر ہے ملاقات کی رات

رات ماں کا پیٹ ہے - ہ - عو - محاورہ یعنی رات عیب پوش اور خود پردہ نشین عورت کا پردہ ہے +

رات نہ پکڑنا - ہ - فعل متعدی - رات تک زندہ رہنا دن ہی دن میں کام تمام ہو جانا + رات نہ لینا رات تک یہ حالت نہ رہنا جیسے زچہ کو بہت درد لگ رہے ہوں یا بیمار کا نہایت دن کے وقت حال تنگ ہو تو کہتے ہیں کہ رات نہیں پکڑنے کا +

رات والا - ہ - اسم مذکر (عو) (۱) بوم - گھگو - اُلو - چغد (۲) بیضہ - بناوال (۳) چاند + (عو)

راتب - ع - اسم مذکر (۱) روز مرہ کی معمولی خوراک - روزانہ خوراک - روزینہ - وظیفہ (۲) کتے بلی وغیرہ کا روزانہ کھاجا (۳) گھوڑے کا معمول کے علاوہ دانا یا نہاری وغیرہ مقرر کرنا +

راتب خور - ع + ف - اسم مذکر - وظیفہ خوار راتبہ خوار - علوفہ دار - روزی خوار +

راتب لگانا - ہ - فعل متعدی - کتے بلی وغیرہ کی روزینہ خوراک مقرر کرنا - راتب کا حساب ڈالنا +

راتوں رات - ہ - تابع فعل - شبا شب - رات بھر میں - تمام شب میں +

راج - ہ - اسم مذکر (۱) معمار - مکان بنانے والا تعمیر کرنے والا (۲) سلطنت - حکومت - بادشاہی فرمانروائی عمل - عملداری + (محسن)

ہم عاشقوں سے ظلم بتاں کچھ نہ پوچھیے
ان کافروں کا آج زمانے میں راج ہے

(۳) گورنمنٹ - سرکار (۴) وقت - زمانہ - عہد جیسے خاوند کے راج میں کیا تھا جو اب بیوہ پنے میں ہوگا

اور کر اوگی مجھے کچھ نہ تھا اس کے راج میں
(راحت) مر گیا تو مر گیا شہر سونا ہو گیا

(۵) اختیار - خود مختاری - عمل دخل جیسے خاوند راج بلند راج پوت راج محتاج راج (یعنی جو اختیار خاوند کے گھر میں ہوتا ہے وہ اولاد کے گھر میں نہیں ہوتا کیونکہ اولاد کے گھر میں اکثر بیگانہ وار رہنا پڑتا ہے) +

راج استھان - ہ - اسم مذکر (ہندو) (۱) شاہی محل + راج مندل - رنواس (۲) راجدھانی - دارالخلافہ - دارالسلطنت (۳) دربار عام ان [illegible]

راج اگیا - ھ - اسم مؤنث (ہندو) شاہی حکم - فرمان شاہی - سرکاری حکم +

راج بنس - ھ - اسم مذکر (ہندو) خاندان شاہی سلاطین - نوئینان +

راج بنسی - ھ - اسم مؤنث (۱) شاہی خاندان کا آدمی راجہ کے خاندان کا (۲) سانپ - ناگ (۳) راجپوت قوم کا نام (۴) بادشاہ کا تخت سے اُترنا +

راج بہا یا رج بہا - ھ - اسم مذکر - نہر کی بڑی شاخ - نہر جو نہر میں سے نکالی جاتی ہے چھوٹی نہر جو کسی نہر یا منبع سے نکالی جائے +

راج بھنڈار - ھ - اسم مذکر (ہندو) ۱- خزانہ عامرہ + بیت المال - خزانہ شاہی (۲) سرکاری اناج سرکاری گودام گھر +

راج بھنگ ہونا - ھ - فعل لازم (ہندو) سلطنت کا تہ و بالا ہونا - سلطنت کا پامال ہونا - سلطنت میں زوال آنا +

راج بھوگ - ھ - اسم مذکر (۱- ہندو) وُہ بھوجن جو دوپہر کے وقت پرتما کے روبرو رکھا جائے (۲) مدھ کال کا نئی بید +

راج بھیٹ - ھ - اسم مؤنث (ہندو) نذرانہ شاہی - سرکاری رُسوم اور وُہ نذرانہ جو والی اعلیٰ کو حاضر ہونے کے وقت دکھائے

راج پاٹ - ھ - اسم مذکر (ہندو) تخت سلطنت حکومت - بادشاہت سلطنت - فرمانروائی +

راج پتی - ھ - اسم مذکر (ہندو) ہندو شاہزادوں کا لقب - راج کنور - صاحب عالم +

راج پتنی - ھ - اسم مؤنث (ہندو) ملکہ - رانی - پٹ رانی

راج پوت یا - ھ - اسم مذکر (ہندو) ۱ شاہزادہ - بادشاہزادہ (۲) چھتری + ہندو سلطنت کی اولاد +

راج پھوڑا - ھ - اسم مذکر (ہندو) وُہ بڑا پھوڑا جو اکثر پیٹھ پر ہوتا اور اُس سے آدمی نہیں بچتا ہے - ڈریٹ پھوڑا - خنجر بیگ +

راج تلک - ھ - اسم مذکر (ہندو) شاہی علامت وُہ قشقہ جو راج گدی یا ولیعہدی ظاہر کرنے کے واسطے لگایا جائے +

راج تلک یا راج گدی دینا - ھ - فعل متعدی (ہندو) گدی نشین کرنا - تخت پر بٹھانا - ولیعہد بنانا مسند نشین کرنا - راج سونپنا - ٹیکے کی رسم ادا کرنا +

راج دربار - ھ - اسم مذکر (ہندو) دربار شاہی - محفل اجلاس شاہی + درگاہ بادشاہی +

راج درشن - ھ - اسم مذکر - (ہندو) راجہ کی زیارت + دربار شاہی کی زیارت +

راج دلار - ھ - اسم مذکر (ہندو) راج کمار شہزادہ کنور + ٹیکا +

راج دُلاری - ھ - اسم مؤنث (ہندو) شہزادی +

راج دوار - ھ - اسم مذکر - شاہی محل کا دروازہ راجہ کی ڈیوڑھی +

راج دھانی - ھ - اسم مؤنث (ہندو) دیکھو (راج استھان)

راج دُہائی - ھ - اسم مؤنث - راج سے پناہ مانگنی - دادخواہی انصاف خواہی - فریاد رسی - بادشاہ یا سرکار سے فریاد کرنا +

راج دھرم - ھ - اسم مذکر (ہندو) ۱- سرکاری فرض (۲) شاہی کام (۳) جنگی قوم کے فرائض (۴) شاہی مذہب

راج ڈنڈ - ھ - اسم مذکر (ہندو) ۱- کر ٹیکس + سرکاری رسوم (۲) سرکاری جرم کی سزا + سرکاری جرمانہ + محصول

راج رانی - ھ - اسم مؤنث - دیکھو (راج پتنی)

راج رجانا - ھ - فعل متعدی - عو - عیش کرانا -

آرام سے رکھنا۔ حکومت کرانا۔ سکھ دینا جیسے
تیستری بیٹی بھیک منگا، تیرا بیٹا راج رجائے +
راج روگ۔ ۵۔ اسم مذکر (ہندو) ۱۔ بڑا آزار۔ تپ
دق۔ مرض مہلک + کوڑھ۔ برص (۲) عرصہ
تک زیر تجویز رہنے والا مقدمہ (۳) تعمیر کی لت۔
عمارت بنوانے کی دھت +
راج سبھا۔ ۵۔ اسم مؤنث (ہندو) دربار شاہی +
راج کاج۔ ۵۔ اسم مذکر (ہندو) معاملات شاہی +
راج کر۔ ۵۔ اسم مذکر (ہندو) دیکھو راج ڈنڈ +
راج کرنا۔ ۵۔ فعل متعدی (۱) حکومت کرنا۔ فرمانروائی
کرنا۔ سلطنت کرنا (۲) عیش کرنا۔ آرام سے بسر کرنا
خوش رہنا۔ آسودہ رہنا +
راج کرے۔ ۵۔ ندا۔ عو۔ برٹ جائے۔ آگ لگے
غارت ہو۔ اُجڑ جائے۔ بھاڑ میں پڑے۔ چولہے میں
جائے جیسے راج کرے یہ اُلفت (قطعۂ رنگین)
سخت بیہدہ ہو تم اے نگیں + کوئی اب سکا کیا علاج کرے
ہم نہیں جانتے ہو اور کو تم + دوستی اس طرح کی راج کرے
کر دیا تو نے خفا مجھ سے میرے انشا کو
(انشا) یہ تری راج کرے شوخ مزاجی باجی
(چونکہ برا لفظ بھی زبان سے نکالنا عورتیں برا جانتی ہیں اسلئے
یہ اچھے معنی کا لفظ ایسے موقع پر مستعمل ہوا کیونکہ اسکے اصلی
معنی ہیں اُسے راج نصیب ہو) +
راج کل۔ ۵۔ اسم مذکر (ہندو) خاندان شاہی +
راج کمار۔ ۵۔ اسم مذکر۔ راج کنور۔ راجا کا بیٹا۔ راجپوت
کنور۔ شہزادہ +
راج کوی۔ ۵۔ اسم مذکر (ہندو) ملک الشعرا
راج گدی۔ ۵۔ اسم مؤنث (ہندو) تخت شاہی

مسند حکومت۔ تخت سلطنت +
راج گرو۔ ۵۔ اسم مذکر (ہندو) ۱۔ راجہ کا پیر نفسانی
اصلاح کرنے اور روحانی خوشی بخشنے والا مرشد (۲)
حکمت استاد +
راج گھاٹ۔ ۵۔ اسم مذکر (ہندو) ۱۔ راجہ کے اشنان
کرنیکا گھاٹ۔ وہ دریا کا کنارہ جہاں راجہ غسل کیا کرتا
ہے (۲) بادشاہ کش۔ قاتل شاہ +
راج گری یا گیری۔ ۱۔ اسم مؤنث معماری۔ کار تعمیر
راج مارگ۔ ۵۔ اسم مذکر (ہندو) شاہراہ۔ عام راہ
بڑی اور چوڑی سڑک + شارع عام +
راج مزدور۔ ۵۔ اسم مذکر۔ معمار۔ قلی + حمال
اور بیلدار وغیرہ۔ گل کار +
راج منتری۔ ۵۔ اسم مذکر۔ وزیر شاہی۔ وزیر
اعظم۔ سکتر۔ سکرٹری + مشیر یا مصاحب بادشاہ
راج نیت۔ ۵۔ اسم مؤنث (ہندو) ۱۔ فرائض
شاہی جو موقع جنگ و صلح میں برتے جائیں
(۲) سلسلۂ سلطنت (۳) قانون شاہی کی
کتاب (۴) علم فقہ۔ قانون شریعت (۵) قانون
ملکی دستور العمل + ~~ہے راج ہیں~~
راج ہٹ۔ ۵۔ اسم مؤنث شہر سونا ہو گیا
راجہ کی اڑ جو کسی طرح نہ عمل دخل جیسے خاوند راج
راج ہنس۔ ۵۔ اسم راج راج (یعنی جو اختیار خاوند کے
بڑی بط۔ قاز + س نہیں ہوتا کیونکہ اولاد
راجا۔ ۵۔ اسم مذکر (۱) فرمانروا (۲) +
با اختیار۔ ملک۔ زبردست (ہندو) ۱۔ شاہی محل
ٹھارا آئے (۲) صفت) بے پرا جدھانی۔ دار الخلافہ
یا امیرانہ مزاج والا (۳) امیر۔ دولتمند

تو کیا انت جاٹ کے جاٹ ٭

راجا اندر کا اکھاڑا - ہ - اسم مذکر (۱) راجا اندر کی
مجلس - راجا اندر جو تمام دیوتاؤں اور پریوں کا بادشاہ
مانا جاتا ہے اسکی محفل رقص و سرود ٭ انجمن عیش و نشاط
(۲) خوبصورت عورتوں کا جمگھٹا - پریوں کا مجمع

(ناسخ) کرتے ہیں پریوں سے کشتی پہلوان عشق ہیں
ہمکو ناسخ راجا اندر کا اکھاڑا چاہیئے

راجا راج پرجا سکھی - ہ - کہاوت - جہاں کا
حاکم اچھا وہاں کی رعایا خوش ٭

راجائی - ہ - اسم مؤنث (۱) سلطنت - بادشاہی
فرمانروائی ٭ حکومت - حاکمی (۲) امیری دولتمندی

راجھ - ہ - اسم مذکر (۱) پیشہ وروں کے اوزار ٭
کپڑا بننے کا آلہ - بڑھئی اور راج وغیرہ کے اوزار
(۲) لکڑی یا شہتیر کے اندر کا پکا حصہ ٭

راچھس - ہ - اسم مذکر (ہندو) ۱ - راکس
راکشس - ایک قسم کے سرکش دیو - عفریت نشیچر
اسر - رجنوچر ٭ ہتیارا - ہتیا کرنے والا - ظالم ٭
جن - بھوت - پریت - روح بد (۲) ایک سنگدار
راج بھیت قوم کا نام جو دیوتاؤں کے برخلاف رہتی
رسوم اور وہ نرالا الخلقت بچہ جسکے سر پر پیدائش
راج پاٹ - ہ - تک موجود ہوں ٭
حکومت - بادشاہت اسم مذکر (ہندو) وہ رود کھا ہیکا
راج پتی - ہ - رسم ادا نہ کی جائے - وحشیانہ
لقب - راج کنعدہ شادی ٭
راج پتنی - ہ - ہ - اسم مذکر (ہندو) جھٹ بیٹے
راج پوت - ل راکشس اپنے اپنی گھروں سے باہر نکلتے ہیں
(۲) چھتری یا [illegible] - [illegible] - آرام - آسائش سکھ چین

راحت جان - ا - اسم مؤنث - دل خوش کرنے والی
چیز - (جب لیموں کے نمکین عرق میں ہری مرچیں کتر کر ڈال
لیتے ہیں تو اسے راحت جان کہتے ہیں اور کبھی چینی میں چھوٹے
کے قتلوں کو ڈالکر یا کبھی سنتروں کا زیرہ لگا لکر اسمیں کھانڈ
اور کیوڑا ملا کر اسی نام سے موسوم کرتے ہیں) ٭

راد - ہ - اسم مؤنث - پیپ - زخم کی پکی ہوئی آلائش
مواد - ریم - زرداب ٭

رادھا - ہ - اسم مؤنث (۱) رادھکا - کرشن جی کی
ایک نہایت پیاری گوپی کا نام (فقرہ) بھجن (رادھا
کرشن بول تیرا کیا لگیگا مول (۲) مجازاً خدا [illegible]

رادھا کو یاد کرو - ا - محاورہ - جاؤ ہوا کھاؤ -
ہمیں کچھ پروا نہیں - چلو چھٹو - اپنا کام کرو ٭
(چونکہ کرشن جی رادھا کو زیادہ پیار کرتے تھے اس سبب سے
کبجا جو انکی دوسری محبوبہ تھی طنزاً حالت بے تکلفی یا ناز یا
ناخوشی میں یہ کلمہ کہا کرتی تھی پس اسی سے یہ محاورہ بنگیا) ٭

راڑ - ہ - اسم مؤنث - جھگڑا - ٹنٹا - فساد - لڑائی -
دنگا ٭ کلیس ٭

راڑ بڑھانا - ہ - فعل متعدی - فساد بڑھانا - تکرار
کرنا - بات بڑھانا ٭

راڑ کرنا - ہ - فعل لازم - جھگڑا کرنا - ٹنٹا کرنا ٭
چھیڑ کرنا - چھیڑنا جیسے دگر چلیت مو سے کینی راڑ
دودھ بیچن میں نا جاؤں گی ٭

راز - ف - اسم مذکر - بھید - پوشیدہ بات - سر
مافی الضمیر (آباد) باتیں کرنے میں تمہیں نیند چلی آتی ہے
راز آنکھوں سے کھلا رات کی بیداری کا ٭

(ناسخ) گل سے چھپتی نہیں تو راز چھپیگا کیونکر
کر نہ دے چاک گریباں کہیں رسوا مجکو

رازدار - ف - اسم مذکر - ہمراز - بھیدیا - محرم ۔ دمساز ۔ ہمدم - محرم کار +

رازداری - ف - اسم مؤنث (۱) بھید چھپانا - اخفائے راز (۲) اخفائے جرم (۳) کسی جرم کو جاننا اور ظاہر نہ کرنا

رازفاش کرنا - ا - فعل متعدی - بھید کھولنا +

راز و نیاز - ا - اسم مذکر (۱) عاشق و معشوق کے رمز و کنائے - پیار و اخلاص + ناز و نخرہ - چاؤ چوچلا (۲) دعا - بندگی - خدا کی درگاہ میں اخلاص کے ساتھ عرض و معروض - مناجات + خلوص عجز و نیاز

یاروں سے کہدو گھر کو چلے جائیں اجد ہن
تخلیہ ہو کہ وقت ہے راز و نیاز کا (امیر)

راز و نیاز کی باتیں - ا - اسم مؤنث - پیار اخلاص کی باتیں - عاشق و معشوق کے رمز و کنائے - چاؤ چوچلے

رازِق - ع - اسم مذکر - رزق دینے والا - پروردگار - روزی رساں - رب العالمین +

رَاس - ع - اسم مذکر (۱) سر - مونڈ + کسی چیز کی بلندی (۲) مویشی کا سر - جانور کا سر - وہ لفظ جو مویشی کی تعداد کے ساتھ آتا ہے جیسے دو راس بیل یا اسپ وغیرہ (۳) جغرافیہ) خشکی کا وہ گوشہ جو پانی میں دور تک چلا جائے جیسے راس کماری - راس امید وغیرہ (۴) ریاضی) زاویہ کی نوک - زاویہ کا سرا +

راس الجدی - ع - اسم مذکر - خط جدی کا نقطہ جہاں سورج پہنچنے سے جاڑا شروع ہو جاتا ہے - دکشنائین +

راس السرطان - ع - اسم مذکر - خط سرطان کی وہ جگہ جہاں سورج کے پہنچنے سے گرمی شروع ہو جاتی ہے - اُترائین +

(۳) (دعا) [illegible] وقت [illegible] راز و نیاز [illegible] جن میں راز و نیاز آتے ہیں -

راس المال - ع - اسم مذکر (۱) سرمایہ تجارت - اصل پونجی - مول (۲) وہ روپیہ جو کسی ملک کی گورنمنٹ غیر معمولی اخراجات پورے کرنیکے واسطے قرض لے - ملکی قرضہ +

رَاس - ف - اسم مؤنث (۱) راستہ - سڑک (۲) گھوڑے کی باگ (۳ - ع) وہ آسمانی گرہ جو ہر ایک برج میں تیرہ مہینے تک رہتی ہے - راہو +

راس و ذنب - ع - اسم مذکر - راہو اور کیت - اُن دو ستاروں کا نام جنکے سبب کسوف و خسوف ہوتا ہے +

رَاس - ا - اسم مؤنث - صحیح (ف - راش) انبار غلہ - چاش - بن صاف کئے ہوئے اناج کا ڈھیر - کھلیان - خرمن +

راس اُٹھانا - ا - فعل متعدی - کھلیان اُٹھانا +

رَاس - ہ - اسم مؤنث (۱) آسمان کے بارہ برجوں کا نام (۱) میکھ یعنی حمل - برکھ یعنی ثور - متھن یعنی جوزا - کرک یعنی سرطان - سنگھ یعنی اسد - کنیا یعنی سنبلہ - تلا یعنی میزان - برچھک یعنی عقرب - دھن یعنی قوس - مکر یعنی جدی - کنبھ یعنی دلو - مین یعنی حوت + طالع (تقسیم) (۲) اتفاقی نرمی کے راس آنکی + پوری نہ ہوئی وہ آس آئی - چونکہ ہر ایک برج کے حروف نام کی راس دیکھنے کے واسطے کام میں لاتے ہیں لہذا بہ ترتیب انکے نام لکھے جاتے ہیں (۱) ا ح ل (۲) ی د ب (۳) ک ق چھ (۴) ڈ ح ہ (۵) م - ٹ (۶) ٹھ پھ - ف ٹھ (۷) ر ت (۸) ن یہ (۹) دھ ڈھ (۱۰) کھ گھ (۱۱) س - گ - غ - ص - ش (۱۲) بھ د ج ز ض) (۳) کھیل - ناچ تماشا جیسے سری کرشن نے گوپیوں کے ساتھ کیا تھا جیسے (امیر - دو لفظ کہتے ہیں)

چنانچہ اب تک کاتک اور پھاگن میں راس دھاری
اس کھیل کی نقل کیا کرتے ہیں (۳) باگ ڈور۔ لگام
کی رسّی (۴) اناج کا ڈھیر۔ انبار غلّہ (۵) بیاج۔ سُود

راس بٹھانا۔ ہ۔ فعل مُتعدّی (لکھنؤ) گود لینا۔ متبنّی
کرنا + ولیعہد بنانا۔ جانشین قرار دینا +

راس چکر۔ ہ۔ اسم مذکر۔ منطقۃ البروج۔ وہ دائرہ جسپر
آسمان کے بارہ بُرج واقع ہوئے ہیں +

راس چکر۔ ہ۔ اسم مذکر۔ طریق الشمس +

راس دھاری۔ ہ۔ اسم مذکر۔ وہ ناچنے والے
لڑکے جو کرشن جی اور اُنکی گوپیوں کے کھیل کی نقل
کرتے ہیں +

راس لیلا۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ کرشن جی اور اُنکی گوپیوں
کا کھیل +

راس ملنا۔ ہ۔ فعل لازم۔ دو شخصوں کے نام کے
اوّل حروف کا ملنا۔ دو شخصوں کے طالع کا یکساں
ہونا۔ سازگاری ہونا۔ موافقت ہونا +

راس نشین۔ ا۔ اسم مذکر (لکھنؤ) لے پالک۔ مُتبنّٰی
گود لیا ہوا لڑکا +

راس۔ ا۔ مُخفّف راست بمعنی ٹھیک موافق (۱)۔
سازگار۔ موافق + مُناسب طبع + مبارک +

راس آنا۔ ا۔ فعل لازم۔ موافق ہونا۔ آب و ہوا
کا مُناسب طبع ہونا۔ مؤثر ہونا۔ سازگار رہنا۔ مُفید
پڑنا۔ موافقت آنا + مُبارک ہونا (مصحفیؔ)

بتوں کے کوچہ کی دلکو ہوا نہ راس آئی
یہ واں سے آیا ہے کیا زار و ناتواں ہوکر لہ

راس لانا۔ ا۔ فعل مُتعدّی۔ دیکھو۔ راست لانا +

راس نہ ہونا یا آنا۔ ا۔ فعل لازم (۱) نحس اور
ناُمبارک ہونا سہ دل جس سے لگایا وہ ہُوا دشمن جانی
کچھ دل کا لگانا ہی ہمیں راس نہ آیا +
(۲) ناموافق ہونا۔ مزاج کے خلاف ہونا +

(درد) کوئی بھی دوا اپنے تئیں راس نہیں ہے
جز وصل سو ملنے کی ہمیں آس نہیں ہے

راست۔ ف۔ صفت (۱) سیدھا۔ دُرست۔ ٹھیک
+ صحیح (۲) سچ۔ حق۔ سچا۔ نقیض کذب۔ صدق
(۳) موافق + سازگار + مؤثر +

راست آنا۔ ا۔ فعل لازم۔ دیکھو (راس آنا) +

راست باز۔ ف۔ صفت۔ سچا۔ صادق۔ بےریا۔ بےکپٹ
ایماندار۔ دیانتدار +

راست بازی۔ ف۔ اسم مؤنث۔ ایمانداری۔ دیانت
داری۔ راستی۔ سچائی +

راست گو۔ ف۔ صفت۔ صاف گو۔ سچا۔ راستباز
جیسے راستگو مفلس مجلس میں جھوٹا (کہاوت)

راست لانا یا راس لانا۔ ا۔ فعل مُتعدّی۔
سازگار کرنا۔ مُبارک کرنا۔ موافق کرنا۔ حسب منشا کرنا

راستہ۔ ف۔ اسم مذکر (۱) لغوی معنی صف بازار
لنگ۔ النگ (۲)۔ ف) سبیل۔ راہ۔ طریق۔ سڑک
گُزر۔ باٹ (۳۔ ف) رسم و قاعدہ (۴۔ ف) طریقہ۔
ڈھنگ (اسکے مشتقات لفظ رستہ میں دیکھو) +

راستی۔ ف۔ اسم مؤنث۔ سچائی۔ صدق۔ صداقت
+ دیانتداری۔ امانتداری + صلاحیت۔
درستی۔ اصلاح + صفائی۔ صاف دلی۔ کھراپن
+ اخلاص۔ خلوص۔ وفاداری +

راستی پر آنا۔ ا۔ فعل لازم۔ صلاحیت پر آنا۔ سچ
بولنے پر آمادہ ہونا۔ راہ پر آنا +

ع۔ اسم مؤنث ۔ زہر مرے چارہ گر نے تنگ آکر + دوا تو خوب ملی ہے جو آئے راس مجھے +

راستی سے - ا- تابع فعل- دیانت داری سے - وفاداری سے - ایمان سے ٭

راسخ - ع- صفت (۱) استوار محکم - پکا مضبوط - پائدار - رہاؤ دیرپا - مستقل (۲) گندک نوشادر وغیرہ سے پھکا ہوا تانبا ٭

راسی - ہ- صفت (پورب) اوسط نسل کا گھوڑا ٭ بے غرض - بے پروا ٭

راسی نام - ا- اسم مذکر- وہ نام جو مولود کے طالع کے موافق لکھا جائے ٭

راشن - انگلش Ration اسم مذکر- راتب - رسد- خوراک ٭ فوجی خوراک ٭

راشی - ع- اسم مذکر- رشوت دینے اور لینے والا - گھونس دینے والا - گھونس لیوا ٭

راضی - ع- صفت (۱) شاد- خوش- خوشنود ٭ رضامند (۱-۲) سنتوکھی - صابر- متوکل ٭ شاکر (۱-۳) تندرست- صحیح سالم- چنگا- بھلا (۱-۴) آمادہ - مستعد- تیار- کمربستہ ٭

راضی برضا - ع- صفت - مرضی الٰہی پر شاکر (رہنے والا) - تابع - خدا کے حکم پر راضی - تسلیم کرنے والا ٭

راضی بنانا - ا- فعل متعدی (عوام) ٹھیک بنانا - مارنا - پیٹنا - درست کرنا ٭

راضی خوشی - ا- تابع فعل- صحیح سالم - بھلا چنگا - تندرست ٭ چین چان سے - امن وامان سے ٭

راضی کرنا - ا- فعل متعدی- خوش کرنا ٭ آمادہ کرنا - مطمئن کرنا ٭ رضامند کرنا ٭

راضی ہونا - ا- فعل لازم - رضامند ہونا - خوش ہونا ٭ ماننا - تسلیم کرنا ٭ تندرست ہونا ٭

راضی نامہ - ع ٭ ف - اسم مذکر- باہمی فیصلہ کی وہ تحریر جو سرکار میں داخل کی جائے - وہ نوشت جو مدعی اپنے دعوے سے باز آنے کی نسبت عدالت میں پیش کرے ٭

راغب - ع- اسم مذکر- رغبت کرنے والا - مائل - خواہشمند- ملتفت - التفات کرنے والا ٭

راغب کرنا - ا- فعل متعدی- مائل کرنا - متوجہ کرنا - موہنا ٭ فریفتہ کرنا - لبھانا ٭

راغب ہونا - ا- فعل لازم - متوجہ ہونا - مائل ہونا - ملتفت ہونا - التفات کرنا ٭

رافضی - ع- اسم مذکر (۱) منسوب بہ رافضہ - سپاہیوں کا وہ گروہ جو اپنے سردار کو چھوڑ دے (۲) اہل تشیعہ کا وہ فرقہ جنہوں نے زید بن علی بن حسین رضی اللہ عنہم سے بیعت کرنے کے بعد کہا تھا کہ آپ شیخین (یعنی ابوبکر صدیق اور عمر فاروق رضی اللہ عنہما) سے تبرا یعنی نفرت کریں تاکہ ہم آپکا ساتھ دیں مگر زید رضی اللہ عنہ نے انکار کیا اور فرمایا کہ میں اُن لوگوں سے کیونکر نفرت کروں جو میرے دادا جان کے وزیر اور معاون رہے ہیں پس اُنھوں نے اُنکو چھوڑ دیا اور آخر کار آپ حجاج بن یوسف کے ہاتھ سے شہید ہو گئے اہل تسنن بطور طعن تمام شیعہ کو رافضی کہنے لگے) ٭

راقم - ع- اسم مذکر- کاتب - لکھنے والا - نامہ نگار - نویسندہ - تحریر کنندہ ٭

راکھ - ہ- اسم مونث - خاکستر- بھسم- بھبوت- چھار ٭ بھوبل - کسی جلی ہوئی چیز کی خاک ٭

راکھ ہونا - ہ- فعل لا[illegible] (۱) [illegible] (۲) [illegible] خاک میں ملجانا ٭

راکھی - ہ- اسم مونث (۱) پہلا سری کرشن نے [illegible] یعنی محافظت کرنے [illegible] امیر- دولتمند [illegible]

ایک خاص وضع کا چمکدار کنگن جو ہندو لوگ سلونوں کے تہوار پر ہاتھوں میں برہمنوں سے بندھواتے یا بہن اپنے بھائی کی کلائی میں باندھ دیتی ہے تاکہ وہ بلیات سے محفوظ اور مصئون رہے (۲- پُورب) رکھوالا +

راگ - ھ - اِسم مُذکّر (۱) نغمہ - سرود - غنا - ترانہ - سماع + لے - سُر - آواز کی موزونی - ہم آہنگی (۲) گیت + بھجن (۳) کہانی - قِصّہ - ذکر - بیان جیسے تم اپنا ہی راگ گاتے آتے ہو (۴) فیل - جھنجھٹ - جھگڑا فساد جیسے مُجھ سے راگ نہ لانا؟

حکمائے ہند کے نزدیک راگ اُس آواز کا نام ہے جو کئی سُروں سے مرکب ہو کر ایک خاص صُورت پیدا کرے اگرچہ باعتبار ترکیب اُسکی تین قسمیں ہیں مگر متاخرین نے بالاتفاق اُسکو چھ قسموں پر بلحاظ فصُول تقسیم کیا اور ہر ایک راگ کے متعلق پانچ پانچ راگنیاں آٹھ آٹھ پُتر اور فی پُتر ایک ایک بھارجا قرار دیا ہے یعنی راگ کو بجای مرد اور راگنی کو بجای عورت اور پُتر کو بجای فرزند اور بھارجا کو بجای بہو ٹھیرایا ہے - چنانچہ اُنکے نام مع موسم لکھے جاتے ہیں +

نمبر شمار	نام راگ	نام ماہ	نام رُت
۱	بھیرَوں راگ	کُنوار کاتک یعنی مُطابق ستمبر اکتوبر	شرد
۲	مالکوس راگ	ماگھ پھاگن مُطابق جنوری فروری	سِششرا
۳	سری راگ	اگہن پُوس ″ نومبر دسمبر	ہیم
۴	میگھ راگ	ساون بھادوں ″ جولائی اگست	برکھا
۵	ہنڈول راگ	چیت بیساکھ ″ مارچ اپریل	بسنت
۶	دیپک راگ	جیٹھ اساڑھ ″ مئی جون	گریکھم یا گرشیا

راگ دینا - ھ - فعل متعدی - بتا دینا - دم دینا - دھوکا دینا (ظرافت) نہ کیونکر شیخ کو پھر کہیئے شیخ سدو آج دیا جو راگ کسی نے تو کیا حرارے لیئے

راگ رنگ - ھ - اِسم مُذکّر - ناچ رنگ - رنگ رلیاں عیش و عشرت - کھیل تماشا - سامان عیش و نشاط خوشی - انبساط جیسے (بھول گئے راگ رنگ بھول گئے چھکڑیاں تین چیزیں یاد رہیں نون تیل لکڑیاں - بعض فارسی کے شعرا نے بھی باندھا ہے)

راگ گانا - ھ - فعل لازم (۱) گیت گانا - نغمہ شروع کرنا (۲) رام کہانی کہنا - قِصّہ باندھنا (۳) روئے جانا - لمبی آواز سے رونا - رُوں رُوں یا ریں ریں کرنا (بچوں کی نسبت زیادہ بولتے ہیں)

راگ لانا - ھ - فعل لازم (۱) جھگڑا نکالنا - فیل لانا کھوڑ و لانا - جھنجھٹ کرنا + ستانا - کھیڑا پھیلانا +

راگ لاتا ہے فقیروں سے زمانہ بس مرگ
(صبا) بے محل عرس وگرنہ سر مدفن کیسا

(۲) بگڑنا - خفا ہونا - ضد کرنا - ہٹ کرنا - ناحق آزردہ ہونا (برق) رُکتا نہیں ہے نالہ جولائی ہو راگ تم

ٹپا یہ اے پری ہے تمہارے خیال کا +

(۳) حال کھیلنا - جوش اور ولولہ میں آنا (امانت)

راگ لا کر بزم میں عاشق بُرا کرتے ہیں حال
چھیڑیئے المدد پردے میں ستاری اندنوں

راگ مالا - ھ - اِسم مُؤنّث (۱) رسالہ موسیقی وہ کتاب جسمیں راگ کے اصُول مندرج ہوں (۲) مختلف آدمیوں کا ذکر +

راگنی - ھ - اِسم مُؤنّث (۱) راگ کی بیوی - راگ کے ہر ایک شعبہ کا نام (کُل راگوں کی چھتیس ۳۶ راگنیاں ہیں)

رال - ھ - اِسم مُؤنّث (۱) لعاب دہن جو اکثر بچوں یا بوڑھوں کے منہ سے بہا کرتا ہے - منہ کا چیپ - آب دہن - ریق (۲) دھونا - چیڑ کا گوند - ایک گوند کا نام جسمیں آگ جلد اثر کرتی ہے

(ذوق) ابر برسوں رو چکا پر سوزِ غم سے اب تلک
خاک میرے ڈھیر کی اُڑنے میں جیسے رال ہے

رال اُڑانا - ہ - فعل متعدی - رال کو آگ کے ذریعہ سے مثل بارود اُڑانا +

رال بہنا - ہ - فعل لازم - لعاب دہن کا ٹپکنا +

رال ٹپکنا - ہ - فعل لازم (۱) لعاب دہن کا بہنا - مُنہ سے رطوبت کا نکلنا + (راحت)

بچے کی رال ٹپکے گی بی پیٹ سے ہو تم
رغبت ہے بطرح تمہیں کھٹے انار سے

(۲) نہایت خواہش و رغبت کرنا - دل چلنا - مُنہ میں پانی بھر آنا - مزے کے مارے پھسلا پڑنا - نہایت راغب ہونا (ادیب) کیا عجب ہے یہی برہا کر حال
ٹپکے صہبا پہ محتسب کی رال +

(۳) شیدا و والہ ہونا - فریفتہ ہونا + (قلق)

پانی بھر آئے مصریوں کے مُنہ میں وقت دید
شیریں کی رال ٹپکے جو وہ دیکھ پائے مونٹھ

کسقدر تجکو حسین پیدا کیا اللہ نے
(برہنل) اوپری آنچھیں نہ کیونکر رال ٹپکے حور کی

رال ٹپکی پڑنا - ہ - فعل لازم - رغبت کا از حد نمایاں ہونا - شوق کے مارے بے تاب ہو جانا (شوق)

آنکھ اچھے سے سکی لڑتی ہے + تیری تو رال ٹپکی پڑتی ہے

رال گرنا - ہ - فعل لازم - دیکھو (رال ٹپکنا) +

رام - ف - صفت - تابعدار - مطیع - فرمانبردار - حکم بردار

رام کرنا یا بنانا - ہ - فعل متعدی - تابع کرنا - فرمانبردار بنانا + قابو میں لانا +

رام - ہ - اسم مذکر (۱) سب میں رہنے والا - سب میں رما ہوا + خوش کرنے والا - سبحانہٗ خدا - پروردگار -

(دوہا) رام نام کے کارنے سب دھن ڈالا کھو
مورکھ جانے گر پڑا دن دن دونا ہو

(۲) پرسرام - وشنو اور رامچندر جی اوتاروں کا خطاب + رامچندر جی راجہ دسرت کے بیٹے کا نام جو ترتیا جگ میں پیدا ہوکر راون سے لڑے تھے ہندو انکو ساتواں اوتار مانتے ہیں +

رام بھجن - ہ - اسم مذکر - رام کی اُستتی - حمد - نعت + مناجات +

رام ترئی - ہ - اسم مؤنث - ایک قسم کا گھیا کدو (شاید رامچندر جی کو مرغوب ہوگا جو یہ نام رکھا گیا - اہل اسلام بھی کدو کی بڑی تعظیم کرتے ہیں کیونکہ اُن کے پیغمبر نے بھی اسے رغبت سے کھایا تھا +

رام جانے - ہ - ندا (ہندو) ۱ - خدا جانے - خدا معلوم - خدا کو خبر ہے (۲) خدا آگاہ ہے - خدا کو گواہ کرتا ہوں - خدا شاہد ہے - خدا کی قسم +

رام جنی - ہ - اسم مؤنث + ہندو رنڈی - ہندو قوم کی کسبی - بیسوا - لاوارث عورت جو کسب پر بیٹھ جاوے +

رام دہائی - ہ - اسم مؤنث (ہندو) ۱ - خدا کی قسم - سوگند خدا (۲) خدا کی پناہ - خدا کی مدد +

رام رام - ہ - اسم مذکر (۱) ہندوؤں کا باہمی سلام سلام علیک (۲) صاحب سلامت - جان پہچان واقفیت (۳) توبہ توبہ +

رام دانا - ہ - اسم مذکر - ایک تخم کا نام جسکی اکثر مالا بناتے ہیں + (خواجہ وزیر)

اُس بت کافر کا نام سنتے ہی نام ایسا جپا
دانہ تسبیح ہر اک رام دانا ہوگیا

رام رام بھجو - ہ - ندا (ہندو) توبہ توبہ کرو - خدا خدا کرو - خدا کا نام لو + باز آؤ - باز رہو +

رام رام جپنا پرایا مال اپنا - ہ - کہاوت - بظاہر تسبیح و مُصلّیٰ اور باطن میں بے ایمانی +

رام رس - ہ - اسم مذکر (ہندو) ۱ - ذوقِ الٰہی - یادِ الٰہی کا چسکا (۲) نمک - لون - نون +

رام رولا - ہ - اسم مذکر (ہندو) ۱ - مذہبی ذوق شوق - بھجن و لولہ + مناجات خوانی - بھجن گانا - (۲) غل - شور - غُل غپاڑہ +

رام کرے - ہ - کلمۂ تمنا (ہندو) (۱) خدا کرے - خدا ایسا کرے - جیسے رام کرے - خدا بچائے (۲) ایسا ہو - ایسا ہو کہ - جیسے ۔ رام کرے کہیں نہ ناراض ہو + ان کی بڑی بات ہے اگر رنجیدہ ہو جائیں - جیسے رام کرے کہیں بنا آ ہنسے +

رام کہانی - ہ - اسم مؤنث (۱) رامائن - رامچندر جی کی بڑی اور طولانی داستان (۲) طولانی سرگزشت + بپتا کی بپتاری سرگزشت + افسانۂ عشق - قصّۂ درد و غم (جرأت) فرصت خواب ہمیں ہجر کی راتوں میں ہمکو رات یوں رام کہانی سی سُنا کرتے ہیں +

جرأت) درد دل اُس بُت بیدرد سے کہئے تو کہے
جاکے یہ رام کہانی تو سُنا اور کہیں

رام کی مایا - ہ - اسم مؤنث - صنعت و قدرت خدا + ایشور کی لیلا - خدا کے کھیل + فطرت - قدرتی نمائش - نیچر +

رام لیلا - ہ - اسم مؤنث - رامچندر اوتار کی خیالی اور لڑائی کی نقل جو ہندو لوگ کنوار کے مہینے میں بڑی دھوم سے کیا کرتے ہیں - دسہرے کا میلا +

رام نومی - ہ - اسم مؤنث - رامچندر جی کے جنم کا دن اور ہندوؤں کا وہ تہوار جو ہمیشہ چیت کی نویں تاریخ کو اس یادگاری میں منایا جاتا ہے +

رامانندی - ہ - اسم مذکر - ہندو فقیروں کا گروہ جو رام کے سوا دوسرے کو نہیں مانتا +

رامائن - ہ - اسم مؤنث - وہ رزمیہ نظم کی کتاب جو اوّل بالمیک شاعر نے اور پھر تلسی داس نے رامچندر جی کے احوال میں لکھی ہے +

ران - ف - اسم مؤنث (۱) جانگھ - زانو - ساق - ساتھ ہی راحت بخش یا دل تو زیادہ کہیں ملتی آپ آپ نے ران جس نے اٹھائے کانی ہے (۲) آسن بیٹھک +

ران تلے آنا - ۱ - فعل لازم - زانو کے نیچے آنا + سواری دینا - آسن تلے آنا +

ران تلے دبانا - ۱ - فعل متعدی - آسن تلے دبانا آسن لینا + قابو میں لانا - گھوڑے پر سوار ہونا +

ران سے ران باندھنا - ہ - فعل متعدی - زانو سے زانو باندھ کر بٹھانا - گھٹنے سے لگا کر بٹھانا - دور نہ ہونے دینا - ذرا نہ کھسکنے دینا +

رانا - ہ - اسم مذکر - چھوٹا سا راجا - ٹھاکر جیسے رانی کو رانا پیارا - کانی کو کانا پیارا (کہاوت) ۲ - راجپوتوں کی ایک قوم کا نام + راجپوتوں کا ایک خطاب جو راجہ کے بیٹے کو ملتا ہے +

رانبھنا - ہ - فعل لازم (ہندو) گائے کا ڈکرانا - گائے کا چلّانا + گؤ کا صبح کے وقت بولنا +

رانپی - ہ - اسم مذکر - دیکھو (راپی) +

رانجھا - ہ - اسم مذکر - ایک پنجابی عاشق کا نام جو ہیر پر فریفتہ اور شیدا ہوا تھا (۲) رانجھے کا گیت +

راجھن گول - ہ - اسم مؤنث - ایک قسم کا بہت بڑا مٹکا

رانل - ہ - اسم مؤنث - ہندو جھگڑا - ٹنٹا - بکھیڑا ۔

راند کاٹنا - ہ - فعل متعدی (ہندو) جھگڑا چکانا - قطع منازعت کرنا - پاپ کاٹنا - فیصلہ کرنا جیسے دے دلا کر راند کاٹ

رانده - ف - صفت - مردود - نکالا ہوا - دھتکارا ہوا مخروج و ذات باہر ۔

رانده جانا - ا - فعل متعدی - مردود ہونا مخروج ہونا

رانده درگاہ - ف - اسم مذکر - وہ شخص جو درگاہ الٰہی یا دربار شاہی سے نکالا گیا ہو - مردود - دھتکارا ہوا

رانڈھنا - ہ - فعل متعدی (ہندو) پکانا - رینڈھنا ابالنا جیسے نائی کے کور اندھوں کھیچڑی نائی جاے کو کمیر ساون آئیاں (گیت) ۔

رانڈ - ہ - اسم مؤنث (۱) عورت - جوان عورت - استری زن - جیسے - سر منڈے اس رانڈ کا جو خصم سے پہلے کھائے (کہاوت) (۲) بیوہ - بدھوا - بخصمی - منڈو - وہ عورت جسکا خاوند مرگیا ہو (۳) محتاج - دست نگر - بے وارث (۴) کلمۂ طنز و تحقیر (۵) رنڈی - کسبی - پیسوا (۶) لونڈی - باندی - کنیز ۔

رانڈ رونا - یا - رنڈ رونا - ہ - اسم مذکر - عورتوں کا سا رونا - بیوہ کی طرح رونا - بے لطف اور بیہودہ کہانی ۔ قصۂ غم - داستان الم - بیان مصیبت - بپتا ۔

رانڈ کا سانڈ - ہ - اسم مذکر - وہ شخص جو بیوہ ماں کی کمائی کھا کھا کر موٹا تازہ اور آزادمنش ہوجائے - بینگم - بے پروا - نڈر - بیباک - غم و فکر سے آزاد ۔ اہتبر - بے بہرا - حرامزادہ - بدطینت - آوارہ - بدلطوار

رانڈ کا سانڈ سوداگر کا گھوڑا کھاوے بہت چلے تھوڑا - ا - کہاوت - بے سرا اور نازپروردہ آدمی کسی قابل نہیں ہوتا ۔

رانڈ کی انڈ - ہ - تذرا (ہندو عو) بیوہ کی جنی رانڈ کلمۂ تحقیر و دعائے بد ۔

رانڈ ہونا - ہ - فعل لازم - بیوہ ہونا - بے شوہر ہونا

رانڈا - ہ - اسم مذکر - پورب (۱) بنجر زمین - اوسر دھرتی افتادہ زمین (۲) وہ شخص جسکی بیوی مرگئی ہو ۔ بن بیاہا - رنڈوا - کوارا جیسے رانڈا گیا سگائی کو آپ لائے یا بھائی کو ۔

رانڈ اپوتی کرنا - ہ - فعل متعدی (ہندو عو) ایک دوسرے کو بیوہ اور بے اولاد کہنا - کوسا کاٹی کرنا - کوسنا ۔

رانگ - ہ - اسم مذکر - ایک نرم دھات کا نام قلعی رصاص - ارزیز - رانگا - ایک قسم کا عمدہ سیسا

رانگ بھریا - یا - رنگ بھریا - ہ - اسم مذکر - وہ شخص جو رانگ کا زیور اور کھلونے ڈھال ڈھال کر بیچتا ہے

رانگ کی طرح پگلنا - ا - فعل لازم - عو - دن بدن دبلا اور لاغر ہونا - دفعتہ جھٹک جانا ۔

رانگ ہونا - ہ - فعل لازم - نرم ہونا - ملایم ہونا - نرم ہونا - پگلنا ۔ پر سر رحم آنا - غصہ دور ہونا - درشتی اور درشت روئی سے باز آنا ۔

رانگھڑ - ہ - اسم مذکر - ایک نومسلم قوم جو پہلے راجپوتوں میں شمار کی جاتی تھی ۔

رانوں پر ہاتھ دے دے مارنا - ا - فعل لازم - افسوس کرنا - ہاتھ ملنا ۔ (حالی)

یاد میں اسکی ساق سیمیں کے
دے دے ماروں ہوں ہاتھ رانوں پر

رانی - ہ - اسم مؤنث (۱) شاہزادی - ملکہ - راجہ کی

بیوی جیسے راجہ کے گھر آئی اور رانی کہلائی ٭ (۲) ہندو عورتوں کا معزز خطاب جیسے بیگم خانم بائی وغیرہ

رانی خاں کا سالا - ا - اسم مذکر - حقارتاً رستم کا سالا - اخلاطون کا بچہ - دھین دھونکڑ خان کا سالا زبردست متکبر ٭

رانی کہن - ہ - اسم مذکر - وہ خانگی اور بڑی لڑائی جو مدت تک گھر میں رہے ٭

رانی کہن ڈالنا - ہ - فعل متعدی - گھر میں فساد مچانا - آفت ڈھانا - خانگی جھگڑا برپا کرنا - خوب لڑنا

راؤ - ہ - اسم مذکر (ہندو) ا - شہزادہ - راجہ کا بیٹا - (۲) ایک معزز خطاب ٭ ہندوؤں کا لقب (۳) کلاں بڑا

راؤ بہادر - ا - صفت - وہ خطاب جو ہندو بہادر شہزادہ کو دیا جائے - وہ خطاب جو گورنمنٹ سے کسی خاندانی ہندو رئیس کو دیا جائے یا کسی اعلیٰ عہدہ دار کو

راؤ چاؤ - ہ - اسم مذکر - بہت بڑا اخلاص - نہایت لاڈ پیار - ناز ونخرہ - ناز ونیاز ٭ الفت - چاہ محبت ٭ خوشی - انبساط ٭ رول جھول - دل لگی ٭

راوت - ہ - اسم مذکر (۱) بہادر - شجاع - سوربیر - غازی شورا (ضلع) کون راوت نر نے گنگے کی یہاں و کے چھوٹ پنجہ مہر میں ہیبت سے بھری رہتی ہے

(۲) خاکروبوں کی ایک اعلیٰ قوم جو دوسروں کا جھوٹا کھانا نہیں کھاتی ٭

راوٹی - ہ - اسم مؤنث (۱) ایک قسم کا چھوٹا تنبو چھولداری - چار طاق - جو گوشہ خیمہ (۲) بالاخانہ چوبارا - وہ چھپر جو کسی کوٹھے کے اوپر ڈال لیا جائے ٭

راول - ہ - اسم مذکر - (۱) سردار - افسر ٭ شہزادہ ٭ زبردست - زور آور - شجاع - بہادر (۲) سپاہی

جودھا ٭ پیادہ (۲ - پنجاب) جوگی - سنیاسی ٭

راؤلا - یا - رَولا - ہ - اسم مذکر (۱) جھگڑا - دنگا - فتنہ وفساد (۲) غل - شور - غوغا ٭

راولیا - ہ - صفت - راول کی تصغیر بالمحبت - سپاہیا

راون - ہ - اسم مذکر - لنکا کے راجہ کا نام جو سیتا جی کو ہر کے لے گیا تھا جسکے سبب اسکی سلطنت اور زندگی ضایع ہوئی ٭

راون کی چھے - ہ - اسم مؤنث - دعائے بد (ہندو) راون کی شکست ہو جسطرح رامچندر جی کی جے کہتے ہیں اسیطرح یہ لفظ کہتے ہیں ٭

راون کی سینا - ہ - اسم مؤنث (۱) راون کی سینا - راون کی فوج یا سپاہ جسکا سیاہ لباس تھا (۲) کالے کلوٹے آدمی ٭ کالے کالے لڑکوں کی جماعت جو رام لیلا میں راون کی نقلی فوج بنائی جاتی ہے

راوی - ع - اسم مذکر - روایت کرنے والا - سُنکر کہنے والا - ناقل ٭ مورخ ٭ مصنف ٭ قصہ خواں ٭ حاکی

راہ - ہ - اسم مذکر - راہو - ایک فرضی ستارہ کا نام جو چاند یا سورج کو نگل جاتا اور اُس سے گرہن لگتا ہے

راہ - ف - اسم مؤنث (۱) راستہ - رستہ - سڑک گزر - باٹ - سبیل (۲) کرت - مرتبہ جیسے صدراہ یکراہ (بمعنی یکبرنتہ مگر صرف فارسی میں آتا ہے) (۳) رسم وقاعدہ - ریت طریق (برہان) پھر ملاقات کا بھی کوئی تو ٹھہر گیا طریق راہ تو نکلے کہیں اُس سے شناسائی کی ٭

(۴) سازش - ساز وباز - گٹھت (سوز)

صبا رقیب سے رکھتی ہے راہ کچھ ورنہ
ستم یہ کیوں مرے مشت غبار پر ہوتا

(۵) ربط - رسائی - میل جول - ربط ضبط - میل ملاپ

دولی کی خوب نہیں ہم کہاں رقیب کہاں
(اسیر) ہمیں سے راہ رہے یا انہیں سے راہ رہے

(۶) دوستی - آشنائی - لگا ملتا ۔ (امیر)
ہمسایوں میں کسی سے راہ اُنکو ہے مقرر
پایا جو وقت فرصت نہ لائے بام تم تک

(۷) خبر - آگاہی - واقفیت (نظیر)
باتیں ہمارے دل کی کہدیں نظیرا سنئے
ہے سچ تو یوں کہ دل کو دل سے راہ ہے

(۸) ڈھب - طریقہ - ڈھنگ جیسے اِس کام کی اُسے خوب راہ یاد ہے (۹) موقع - محل (۱۰) راہ راست سیدھا راستہ جیسے راہ چھوڑ کر چلے گا تو ٹھوکر کھائیگا

راہ بتانا - ا - فعل متعدی (۱) ہدایت کرنا - رہنمائی کرنا - رستہ دکھانا (۲) چلتا کرنا - رخصت کرنا - ٹالنا - ڈولی کرنا (۳) نکال دینا - موقوف کردینا (۴) دھوکا دینا - فریب دینا - دم دینا (برق) تو نے آوارہ کیا خضر کو صحرا صحرا
نوح کو راہ بتاکر لب دریا مارا ۔

راہبر - ف - اسم مذکر - ہادی - رہنما - پیشوا - اگوا سرغنہ - سردار ۔

راہبری - ف - اسم مونث - رہنمائی - ہدایت پیشوائی ۔ امامت - سرغنائی ۔

راہ بھلانا - ا - فعل متعدی - گمراہ کرنا - رستہ سے بے رستہ کرنا ۔

راہ پر آنا - ا - فعل لازم (۱) سیدھے راستہ پر آنا - ٹھیک ہونا - درست ہونا - سدھرنا - اصلاح پانا - صلاحیت پر آنا - اصلاح پذیر ہونا - سمجھ جانا ۔
(سوز) ہوتے ہی ہوگا اثر اِس نالۂ شبگیر کا
راہ پر آنا کوئی آساں ہے تیغ و تیر کا

(۲) حسب مراد ہونا - حسب منشا ہونا ۔ قابو میں آنا بس میں آنا - تسلط میں آنا - قبضہ میں آنا ۔

راہ پر لانا - ا - فعل متعدی (۱) گمراہ کی رہبری یا رہنمائی کرنا - سیدھا رستہ بتانا ۔ ڈھب پر لانا
(حید) ہم خاک میں ملے تو ملے لیکن اے سپہر
اُس شوخ کو بھی راہ پہ لانا ضرور تھا

(۲) اصلاح کرنا - درستی پر لانا - نیک بنانا (ظفر)
لائے خدا ہی اُس بت ظالم کو راہ پر
چھائی ہوئی ہے بے اثری آہ پر

(۳) راضی کرنا - اپنے ڈھب کا بنانا - یار بنانا (مصحفی)
تیرے کہنے سے مرا دھیان تیل بنھیگے
ہم نشین جیسے اُسے راہ پہ تو لاتو سہی

راہ پیدا کرنا - ا - فعل متعدی (۱) راستہ دریافت کرنا - رستہ کا کھوج لگانا (۲) دوستی یا ملاقات بہم پہنچانا - راہ و رسم نکالنا - ربط بڑھانا (۳) کسی کام میں واقفیت حاصل کرنا - مہارت پیدا کرنا ۔

راہ تکنا - ا - فعل لازم - انتظار کرنا - چشم براہ ہونا رستہ دیکھنا - منتظر رہنا ۔ (ظفر)
چشم نقش کف پا راہ تکے ہے کسکی
کون ہے اُسنے جسے راہ گذر میں تاکا

راہ جیبینی - ا - اسم مونث (ہندو) نوشتہ نا بت وہ مٹھائی جو برہمنوں کو مُردہ کی نجات کے واسطے دیجاتی ہے

راہ چلتا - ا - اسم مذکر - راہ گیر - مسافر - راہرو ۔
(جرات) چلا ہوں جب ترے کوچہ سے ٹھکرا کے گھر میں
تو پھر ہر ہر قدم پر راہ چلتوں نے سنبھالا ہے

راہ چلتوں کا پلا پکڑنا - ا - فعل لازم - عوام - راہگیروں کے سر ہونا - مسافروں کا دامن پکڑنا - خواہمخواہ

۴ **راہ پر لگا لانا** - ا - فعل متعدی - اپنے ڈھب پر لے آنا - یار بنا لینا - اپنے رستہ پر ڈال لینا (داغ) ؎ راہ پر حضرت زاہد کو لگا ہی لائے ۔ سچ تو یہ ہے کہ مجھے آشنا مرے ہوتے ہیں ۔

ہر شخص سے لڑنا - نہایت لڑاکا ہونا - بے سبب اُڑنا

راہ چلنا - ا - فعلِ لازم - راہ نوردی کرنا ۔

راہ خرچ - ا - اسم مذکر - سفر خرچ - راستہ کا خرچ
زادِ راہ - توشہ - بھتا ۔

راہ دار - ف - اسم مذکر - گزربان - سڑک کا
رکھوالا - راستہ کا محصول لینے والا ۔

راہ داری - ف - اسم مونث - محصول - سڑک کا محصول

راہ داری کا پروانہ - ا - اسم مذکر - صفائی کا
پروانہ - وہ تحریر جو کوئی حاکم کسی شخص یا گروہ کے
بے کھٹکے گزر جانے کے واسطے گزربانوں یا حکام راہ
کے نام لکھے - جواز - خطِ گزارہ - خطِ راہ ۔

راہ دکھانا یا دکھلانا - ا - فعلِ متعدی - (۱) راستہ
بتانا - رہنمائی کرنا (۲) انتظار کرانا - منتظر رکھنا

اپنی شکل ذرا آکے آہ دکھلائی
تمام روز مجھے خوب راہ دکھلائی (عارف)

خضر ہے نام فقط اشتیاق کا آنا
اجل نے شوق سے سوا مجھکو راہ دکھلائی

راہ دیکھنا - ا - فعلِ لازم - انتظار کرنا - چشم براہ
ہونا - منتظر رہنا - آسرا کرنا ۔ (جرأت)

ہاں بابِ گو یوں ہی ہے موت مری تیرے ہاتھ
دیکھے ہے تیغِ اجل بھی تری تلوار کی راہ

راہ دینا - ا - فعلِ متعدی (۱) آنے جانے کا راستہ
چھوڑنا - راستہ چھوڑ کر کھڑا ہونا (۲) راستہ بتانا -
راہ پر لانا - ٹھیک کرنا جیسے اب یہ کام راہ دینا ہی
ہے (۳) صلاح دینا - مشورہ دینا (جرأت)

اب جو جانا نہیں قسمت میں تو وہاں کس کو
نخوت سے کبھی دیتا نہیں راہ دیتا ہے

راہ ڈالنا - ا - فعلِ لازم - ڈھنگ ڈالنا - طریقہ
نکالنا - عادت پکڑنا - بانی اختیار کرنا ۔

راہ راہ چلنا - ا - فعلِ لازم - سیدھے راستے پر چلنا - کسی شخص
کے خیال چلن کی پیروی کرنا - متوسط طریقہ اختیار کرنا

راہ راہ سر - ا - تابع فعل (ہندو) دیکھو راہ راہ سے
بے تبع موقع کی - ڈھنگ ڈھنگ کی ۔

راہ راہ سے - ا - تابع فعل - واجبی طور سے -
ٹھیک ٹھیک - انصاف سے - راستے سے - معقول طریقہ سے

راہ راہ کی - ا - تابع فعل (۱) سیدھی سیدھی
واجبی طور کی - ٹھیک ٹھیک (امانت)

کبھی کم ہو جہان تباہ کی وہ سر سے راہ کی

راہ راہ کی باتیں - ا - اسم مونث - معقول اور درست
باتیں - واجب باتیں ۔

راہ رکھنا - ا - فعلِ لازم - رسم رکھنا - ربط رکھنا -
رسمِ ملاقات رکھنا - دوستی رکھنا ۔

راہ رو - ف - اسم مذکر - راہگیر - مسافر - راہ چلتا
جانے والا - راہی - جو یہی ۔

راہ روش - ف - اسم مونث - چال چلن - رویہ
برتاؤ - ڈھنگ - وضع - ادب - قاعدہ - ضابطہ

راہ روکنا - ا - فعلِ لازم - سدِ راہ ہونا - مزاحم ہونا
راستہ بند کرنا - مانع ہونا ۔

راہ رسید - ا - اسم مونث - راہ رسم - برتاؤ -
تعلقہ اور معمول کے کاموں ۔

راہ زن - ف - اسم مذکر - ٹھگ - قزاق - لٹیرا -
ڈاکو - راہ مار - قطاع الطریق ۔

راہ زنی - ف - اسم مونث - قزاقی - بٹ ماری - راہ ماری

راہ سے راہ سر - ا - دیکھو تابع فعل - سیدھے راستے کے

مُوافق۔ معقول طور پر۔ ڈھنگ سے۔ سیدھی طرح۔ انصافاً۔ واجبی طریق پر +

راہ سے بے راہ ہونا ۔ا۔ فعل لازم۔ گمراہ ہونا سیدھے راستہ کو چھوڑ کر ٹیڑھا راستہ اختیار کرنا بدوضع اوباش اور بدراہ ہوجانا +

راہ کاٹنا ۔ا۔ فعل مُتعدّی (۱) رستہ کاٹنا۔ رستہ میں کسیکے چلنے کا مانع ہونا۔ رستہ چلتے کے آگے سے نکل جانا (آتش) زُلف حائل ہے نگہ رخسارِ جاناں تک نہ ڈال ہے شگون بد دلا جب سانپ کاٹے راہ کو +

(۲) ایک راستہ چھوڑ کر دوسرے راستہ سے جانا

کوئی قاتل میں بلا جادۂ شمشیر مجھے
(اسیر) کاٹ کر راہ کدھر لیگئی تقدیر مجھے

راہ کٹنا ۔ا۔ فعل لازم۔ راستہ قطع ہونا قطع مُسافت ہونا۔ راستہ طے ہونا +

راہ کرنا ۔ا۔ فعل مُتعدّی (۱) رسم مُلاقات پیدا کرنا۔ رستہ نکالنا۔ ربط بڑھانا۔ ربط پیدا کرنا +

خُدا کا سجدہ جو رکھا ہے سنگ پر جایز
(اسیر) یہ اہلِ شرع بتوں سے بھی راہ کرتے ہیں

(۲) رسائی کرنا۔ آمد و رفت کا موقع نکالنا (داغ)

اٹھا اُٹھا کے جو پردہ نگاہ کرتے ہیں
ہمارے دل میں وہ در پردہ راہ کرتے ہیں

(۳) ادائے قرض کی صُورت نکالنا۔ رہٹی باندھنا قسط مُقرر کرنا +

راہ کھوٹی کرنا ۔ا۔ فعل مُتعدّی (۱) چلنے میں دیر لگانا۔ راستہ میں روکنا۔ منزل کھوٹی کرنا۔ کام میں دیر لگانا۔ حرج کرنا۔ حرجہ ڈالنا (جُرأت)

قتل کرنا ہے تو لو دیکھو نہ دو چار کی راہ
کھوٹی کیوں کرتے ہو جی اپنے گُنہگار کی راہ

(۲) کسیکے ہوتے ہوئے کام کو روکنا۔ کسیکا کام بگاڑنا رخنہ ڈالنا۔ خلل انداز ہونا۔ بھانجی مارنا جیسے پرائی بیٹی کی کیوں راہ کھوٹی کرتے ہو یعنی دوسری جگہ شادی ہونے سے کیوں روکتے ہو +

راہ کھوٹی ہونا ۔ا۔ فعل لازم۔ راستہ چلنے سے باز رہنا۔ کسی کام میں حرج واقع ہونا۔ منزل طے ہونے میں دیر لگنا + (آتش)

کھینچ لی ہے تو لگانے میں تامل نہ کرو
کھوٹی ہوتی ہے عبث آپکی تلوار کی راہ

راہ کی بات ۔ا۔ اسم مؤنث۔ معقول اور شائستہ بات۔ واجبی بات +

راہ کی روٹی ۔ا۔ اسم مؤنث۔ زادِ راہ۔ توشہ۔ مسافر وُہ روٹی جو راستہ میں کھانے کے واسطے مُسافر باندھ لیتے ہیں۔ زادِ سبیل +

راہ گُزر ۔ف۔ اسم مذکر۔ راستہ۔ سڑک۔ شارع عام

راہ گیر ۔ف۔ اسم مذکر۔ مُسافر۔ جاتری۔ راہی بٹوہی۔ بٹاؤ۔ راہرو +

راہ لگانا ۔ا۔ فعل متعدی۔ راستہ بتانا۔ رہنمائی کرنا۔ ڈھنگ پر ڈالنا۔ کسی روش پر ڈالنا +

دل نے جس راہ لگایا میں اُسی راہ چلا
(ناسخ) وادیٔ عشق میں گُمراہ کو رہبر سمجھا

راہ لگنا ۔ا۔ فعل لازم۔ پیرو ہونا۔ قدم بقدم چلنا رستہ لینا۔ رستہ پکڑنا۔ اپنے کام سے لگنا۔ اپنا کام کرنا

راہ لینا ۔ا۔ فعل لازم (۱) راہی ہونا۔ چلتا بننا روانہ ہونا۔ رستہ پکڑنا۔ چل دینا (ناسخ)

وادیٔ ہستی میں آتے ہی عدم کی راہ لی

ساتھ اپنے توسنِ عمرِ رواں پیدا ہوا
(۲) اپنے کام سے لگنا - اپنا کام کرنا - پرے جانا
پرے سرکنا - پرے ہٹنا * (انشا)
نہ چھیڑ اے نکہتِ بادِ بہاری راہ لے اپنی
تجھے اٹکھیلیاں سوجھی ہیں ہم بیزار بیٹھے ہیں

راہ مار - ا - اسمِ مذکر - قزاق - راہزن - لٹیرا
راستہ میں ہاتھ ڈالنے یا چیز رکھ لینے والا *

راہ مارنا - ا - فعلِ متعدی (۱) رہزنی کرنا
قزاقی کرنا - رستہ لوٹنا (۲) بھانجی مارنا - رخنہ انداز
ہونا - مخل ہونا - کام نہ بننے دینا *

راہ ماری - ا - اسمِ مونث - غارتگری - لوٹ مار
راہزنی - قزاقی *

راہ ملنا - ا - فعلِ متعدی - راستہ پانا (سودا)
کہیو اے بادِ صبا بچھڑے ہوئے یاروں کو
راہ ملتی ہی نہیں دشت کے آواروں کو

راہ ناپنا - ا - فعلِ متعدی (۱) راستہ کی پیمائش
کرنا (۲) فقط آنے جانے سے کام رکھنا اور کوئی کام
نہ بنانا - صرف راستہ طے کرنا * جلد آکر چلا جانا -
آگ لینے آنا - کھڑے کھڑے آکر چلا جانا *

راہِ نجات - ف + ع + اسمِ مونث - بخشش کا راستہ
طریقِ عفو - مکت کا رستہ - رستگاری کا ڈھنگ *

راہ نکالنا - ا - فعلِ متعدی (۱) راستہ نکالنا - سڑک
نکالنا (۲) تجویز نکالنا - وسیلہ یا سبب پیدا کرنا -
نئی تجویز سوچنا - تدبیر کرنا (لا اعلم)
اے شوق باغ ہو گئے چاکِ قفس بھی بند
اب چھوٹنے کی راہ کوئی تو نکال دے
(۳) ربط پیدا کرنا - رسائی حاصل کرنا - ملاقات پیدا
کرنا - یارانہ گانٹھنا * (جلیل)
رہتے نہیں ہو بیٹھ کے میر اس گلی میں رات
کچھ راہ بھی نکالو سگ و پاسباں سے تم

راہ نکلنا - ا - فعلِ لازم (۱) سڑک نکلنا (۲) وسیلہ
یا سبب پیدا ہونا (۳) تدبیر نکلنا - تجویز نکلنا (۴) ربط
ہونا - ملاقات ہونا - رسائی ہونا *

راہ نما - ف - اسمِ مذکر - ہادی - راستہ دکھانے والا
راہبر - اگوا - پیشرو *

راہ نمائی - ف - اسمِ مونث - دیکھو (راہبری)

راہ وار - ف - اسمِ مذکر (۱) قدم باز گھوڑا - بادپا
(۲) ایک قسم کا گھوڑے کا قدم *

راہ و ربط - ف + ع - اسمِ مذکر - راہ و رسم - واقفیت
صاحب سلامت - ربط ضبط - میل جول - میل ملاپ
راہ ریت - آمد و رفت *

راہ و رسم - ف + ع - اسمِ مونث - دیکھو (راہ و ربط)

راہ ہونا - ا - فعلِ لازم - ربط ہونا - میل ملاپ ہونا
رسم ہونا - محبت ہونا - دوستی اور آشتی ہونا - صلح ہونا
معاملہ ہونا (ضیا) جاتا ہوں سوئے کعبہ میں پھر پھر کے دیر سے
اس واسطے کہ شیخ و برہمن میں راہ ہو *

راہب - ع - اسمِ مذکر - زاہد گوشہ نشین - ترسایوں
کا پادری * تارک الدنیا - رومن کیتھولک کلیسیا کا
درویش - قلندر - سنجر - جوگی - ابدھوت *

راہن - ع - اسمِ مذکر - رہن رکھنے والا - بندھک دینے
والا - گرھوں رکھنے والا *

راہو - ہ - اسمِ مذکر (۱) دیو - بھوت - جن - عفریت
راچھن (۲) ایک ستارہ کا نام جسے عربی میں ذنب
کہتے ہیں - وہ منحوس ستارہ جو چاند یا سورج کو نگل جاتا

رائے جامن - ہ - اسم مؤنث - سبزی اور گودے دار جامن
بعد واں جامن کا نقیض + پھلیندا +

رائتا - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کی خوراک کا نام جو دہی
میں کدوے جوشیدہ یا ککڑی وغیرہ باریک باریک کتر کر
نمک مرچ سمیت ڈالنے سے تیار ہوتی ہے - ہمکینہ +

رائتا بنانا - ہ - فعل متعدی (ہندو) (۱) کدو یا کسی اور
ترکاری کو کدوکش میں نکال اسے جوش دینا اور پھر مصالح
دار دہی میں ڈالکر تیار کرنا (۲) خوب مارنا - پیٹنا -
بھرکس نکالنا کچومر نکالنا - بتلا حال کرنا +

رائتا کرنا - ہ - فعل متعدی - اوّل معلوم - دوم کچومر
کرنا - بھرتا کرنا - مار کر بتلا حال کرنا - بھرکس کرنا +

رائٹ - انگلش - Right - صفت - صحیح
درست - واجب - حق - سچ - ٹھیک - بجا +

رائٹر - انگلش Writer اسم مذکر - محرر
منشی - نویسندہ - کلرک + کاتب + راقم + نگارندہ +

رائج - ع - صفت - جاری - رواں - مروّج - چلتا
+ عام - رسمی - دستور کے موافق +

رائج الوقت - ع - اسم مذکر - مروجہ حال + چلتا سکہ
- جاری سکہ - چلتی سکہ +

رائج کرنا - ا - فعل متعدی - جاری کرنا - رواج دینا

رائج ہونا - ا - فعل لازم - جاری ہونا - مروج ہونا
رواج پانا +

رائیگاں - ف - صفت (۱) رستہ کی گری پڑی
چیز - مال مفت مفت - بلاقیمت - بلاعوض - بلاخرید
(۲) - ضایع - یونہیں - لاحاصل - عبث - اکارت (عارف)
ملے گر عمر تو ہم کو گزاریں بادہ خواری میں
خضر کی طرح کیوں پھر پھر کے ہستی رائیگاں کیجیے

رائیگاں جانا یا ہونا - ہ - فعل لازم - ضایع ہونا
برباد ہونا - اکارت جانا +

رائیگاں کرنا - ا - فعل متعدی - کھونا - ضایع کرنا
برباد کرنا - گنوانا +

رائے منیا کی چوڑیاں - ہ - اسم مؤنث -
ہ - ایک قسم کی عمدہ چوڑیاں +

رُب - ع - اسم مذکر - پکا کر گاڑھا کیا ہوا عرق جیسے
رُبِ سوس - رُبِ بہ - رُبِ جامن وغیرہ +

رَب - ع - اسم مذکر - پالنے والا - پرورش کنندہ - پروردگار
پالن ہار + خدا تعالیٰ - مالک - صاحب +

ربّ العالمین - ع - اسم مذکر - دنیا کا پالنے والا -
کل عالم کا پروردگار +

رَباب - ع - اسم مذکر - ایک قسم کی سارنگی +

رُباعی - ع - اسم مؤنث - وہ چار مصرعے جو اوزان مخصوص
پر ہوں - چوپائی - چومصرع - چوبولا +

ربانا - ا - اسم مذکر - ایک قسم کی چھوٹی دف یا دائرہ کا نام جس میں
آل اور منجیرے لگے ہوئے ہیں +

ربڑ - ہ - اسم مذکر - قصاب - بوچڑ - قسائی +

ربڑ - انگلش - Rubber - اسم مذکر (۱) رگڑنی کی چیز
(۲) ایک درخت کا دودھ جسے گندک میں پکا کر جمالیتے ہیں اور
اس سے لچکدار چیزیں جیسے گیند کھلونے وغیرہ بناتے ہیں انگریزی
بوٹ اور حرف کے مٹانے کے واسطے بھی مستعمل ہے +

ربڑ - ہ - اسم مؤنث (۱) مسافت - سفر (۲) تکان
ماندگی (۳) بیفائدہ دوڑ - ناحق کی مشقت محنت راہ
بے فائدہ محنت (مسافت بعید کو اسطرح طے کرنا کہ اُس
سے کچھ فائدہ مترتب نہو +

ربڑ پڑنا - ہ - فعل لازم آیدورفت کی مصیبت پڑنا

مسافت بے فائدہ کا پیش آنا - بھیڑ پڑنا - چکر پڑنا -
بیفائدہ تھکنا - پینڈا پڑنا (پنجابی) +

ربڑی - ہ - اسم مؤنث - دیکھو (رابڑی) +

ربط - ع - اسم مذکر (۱) بندش + لگاؤ - علاقہ - تعلق
(۲-۱) میل ملاپ - راہ و رسم (۳-۱) تناسب - نسبت
(۴-۱) مشق - مزاولت - مہارت + عادت - ڈھب
(۵-۱) محبت - دوستی - ہت - آشنائی - اتحاد -
(۶-۱) پیار - اخلاص +

ربط بڑھانا - ا - فعل متعدی (۱) راہ و رسم کو ترقی
دینا - اتحاد بڑھانا - دوستی بڑھانا (۲) مشق بڑھانا -
مزاولت بڑھانا - مہارت زیادہ کرنا +

ربط ڈالنا - ا - فعل لازم - ڈھب ڈالنا - عادت
ڈالنا - عادی ہونا +

ربط ضبط - ع - اسم مذکر - میل ملاپ - آمد و رفت
راہ و رسم + تپاک +

ربط ہونا - ا - فعل لازم (۱) آشنائی ہونا - دوستی
ہونا (۲) عادت ہونا - مشق ہونا - مزاولت ہونا +

رُبع - ع - اسم مذکر - چوتھا - چہارم - ¼ - چہاریک

رُبع مسکون - ع - اسم مذکر - دنیا کا چوتھا حصہ جو آباد
خیال کیا جاتا ہے اور باقی غیر آباد +

ربیب - ع - اسم مذکر (۱) پلا ہوا لڑکا - پالا پوسا لڑکا (۲)
پہلے خاوند کا لڑکا - سوتیلا بیٹا - گیلڑ بیٹا +

ربیع - ع - اسم مؤنث (۱) موسم بہار - ہندوستان میں
چیت اور بیساکھ مگر اور ملکوں میں جیٹھ اور بیساکھ کا
موسم (۲) خریف کا نقیض - اساڑھی (۳) فصل جو
اسوج اور کاتک یعنی اکتوبر و نومبر میں بوئی جاوے اور مارچ و مئی
یعنی چیت اور جیٹھ میں کاٹی جاوے) +

ربیع الآخر - ع - اسم مذکر - ربیع الثانی - ربیع کا دوسرا
اور عربی سال کا چوتھا مہینا - میراں جی - اساڑھ
(چونکہ جن دنوں میں مہینوں کے نام تجویز ہوئے یہ مہینا فصل
ربیع کے آخر میں آیا اس وجہ سے اس نام سے موسوم ہوا) +

ربیع الاول - ع - اسم مذکر - ربیع کا پہلا اور سال کا
تیسرا مہینا - مدار - تقریباً جیٹھ +
(چونکہ جن دنوں میں عربی مہینوں کے نام رکھے گئے یہ مہینا ربیع
کے اوّل میں آ کر پڑا لہذا یہی نام رکھا گیا) +

ربیع الثانی - ع - اسم مذکر - دیکھو (ربیع الآخر)
(اہل عرب ربیع الثانی نہیں بولتے) +

رِپُ - ہ - اسم مذکر - (س - رپو रिपु) ا -
دشمن - بیری - دُرجن - بدخواہ (۲) سر ہو جانے والا -
جم - ڈھٹی دینے والا کسی کام کے واسطے درپے ہو جانے والا

رِپُ ہو جانا - ہ - فعل لازم - دشمن کی طرح سر ہو جانا
پیچھے پڑ جانا - جم ہو جانا - دہلیز کی مٹی لے ڈالنا - درپے ہونا

رَپٹ - ہ - اسم مؤنث - رپٹن - پھسلن +

رپٹ پڑنا - ہ - فعل لازم - پھسل جانا - لڑھک جانا
(جیسے رپٹ پڑے کی ہر گنگا کہاوت) +

رَپٹ - ا - اسم مؤنث (انگلش رپورٹ Report
کا بگڑا ہوا لفظ ہے) خبر - اطلاع - آگاہی (وہ خبر جو کسی
جرم یا وقوعہ کی پولس میں دی جائے) +

رَپٹن - ہ - اسم مؤنث - پھسلن - لغزش - پھسلاہٹ

رَپٹنا - ہ - فعل لازم - پھسلنا + لڑھکنا - کھسلنا -
کھسکنا +

رَپ رَپ - ہ - اسم مؤنث - دُلکی - تیز چال +

رپ رپ چلنا - ہ - فعل لازم - دلکی جانا - تیز
جانا - جلد جلد جانا - سرگرم رفتار ہونا +

داب اپنی بغل میں ایک مُرغا
(راسخ) چلتا رپ رپ قدم ہے وُہ مُرغا

رُپلی - ہ - اسم مؤنث - جو - روپیہ کی تصغیر بالتحقیر جیسے جاؤ
رُپلی پر یہ مزاج (رُپلڑی بھی کہتے ہیں) +

رِپورٹ - انگلش Report اسم مؤنث -
(دیکھو رپٹ بمعنی خبر) +

رُپہلی - ہ - صفت - روپے کے رنگ کا + سفید +

رُت - ہ - اسم مؤنث - موسم - فصل - سما - ہر چیز کا
زمانہ - فصول اربعہ میں سے ہر ایک فصل - ہندی
پچھلے موسموں میں سے ہر ایک موسم (حکماے ہند نے
تمام سال کو چھے مفصلہ ذیل فصلوں پر تقسیم کرکے دو دو مہینے
کی ایک ایک فصل قرار دی ہے +

نام رُت	ہندی مہینے	انگریزی مہینے
بسنت	چیت بیساکھ	مارچ اپریل
گریشنا یا گریکم	جیٹھ اساڑھ	مئی جون
ورشا یا برکھا	ساون بھادوں	جولائی اگست
شرد	کوار کاتک	ستمبر اکتوبر
ہما یا ہیم	اگہن پوس	نومبر دسمبر
ششرا	ماگھ پھاگن	جنوری فروری

رُت آنا - ا - فعل لازم - موسم آنا - فصل آنا -
زمانہ آنا + بہار آنا + (صبا)
جھولا جھلوائیں گے لیجا کے چمن میں تجھکو
رُت کہیں آئے تو ائے حور لقا ساون کی

رُت بدلنا - ا - فعل لازم - موسم و فصل کا تغیر ہونا
تبدیل موسم ہونا +

رُت پھرنا - ا - فعل لازم موسم بدلنا موسم پلٹنا (بحر)
نہ تو وُہ پھول نہ سبزہ نہ وُہ کلیاں نہ بہار
رُت کے پھرتے ہی چمن زار کا تختہ اُلٹا

رَت - ہ - اسم مؤنث - رات کا مخفف جسکی جمع رتیاں
آتی ہے (رتگیت یا مرکبات میں) +

رتجگا - ہ - اسم مذکر (۱) شب بیداری - خدا کی رات
رات بھر جاگ کر خدا کا نام لینا - خوشی میں رات بھر جاگنا
ہے شب وصل خوشی میں جو بسر آجکی رات
(بحر) رتجگا کیجیئے اے رشک قمر آج کی رات
(۲) - جو ایک قسم کی خوشی کی نیاز جو عورتوں میں شادی کے موقع
پر یعنی بیاہ سالگرہ بسم اللہ چھٹی دودھ چھٹائی وغیرہ میں رات
بھر کر جاگی ہو کر دن کو دلائی جاتی ہے اسمیں گلگلوں اور رحم
پر اول اللہ میاں کی سلامتی پڑھی جاتی اور پھر زردے یا
خشکہ پر حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کی نیاز دلوائی جاتی ہے -
(راحت) ہاتھ دھو آئی نئی جوتی سے میں تو رحم خاں + رتجگا
کل چاندنی خانم کے گھر اچھا ہوا) +

رتالو - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کی اروی کے مانند جڑ -
جسے تلکر پکاتے ہیں +

رُتبہ - ع - اسم مذکر - درجہ - مرتبہ + عہدہ + عزت حرمت
وقر - پت - بزرگی - بڑائی + (اشرف)
ذکر میرا مجھ سے بہتر ہے کہ اُس محفل میں ہے
رتبہ کیسے کا مرے دیکھو کہ اُنکے دل میں ہے

رتبہ بڑھانا - ا - فعل متعدی - درجہ زیادہ کرنا - عہدہ
میں ترقی کرنا - ترقی دینا +

رتبہ پانا - ا - فعل لازم - درجہ حاصل کرنا - مرتبہ پانا
عزت پانا - رسوخ حاصل کرنا +

رتبہ گھٹانا - ا - فعل متعدی - بیوقری کرنا - درجہ
کم کرنا + نظروں سے گرانا +

رَتن - ہ - اسم مذکر (۱) جواہر - جواہرات - قیمتی پتھر

تن۔ نگ (۲) مردمکِ چشم۔ آنکھ کی پتلی (۳) منی۔ دھات۔ آبِ پشت۔ نطفہ۔ سج بیج (۴) عطر۔ ست۔ جوہر ۔ خلاصہ۔ لُبّ لُباب (۵) جوبن۔ حُسن (۶) عمدہ چیز جیسے گھی وغیرہ (رتن) نو شمار کیے جاتے ہیں لعل۔ موتی۔ پکھراج۔ زمرد۔ مونگا۔ لاجورد۔ نیلم۔ ہیرا۔ گومید۔ سوائے ان چیزوں کے بوجہ عمدگی اور چیزوں کو بھی رتن کہہ دیتے ہیں ۔

رتن جڑاؤ۔ ھ۔ صفت۔ مرصع۔ جواہرات سے جڑا ہوا ۔

رتن جوت۔ ھ۔ اسم مونث۔ ایک پودے اور اسکے پھل کا نام۔ آنکھوں کی ایک دوا کا نام ۔

رِتنا۔ ھ۔ فعل متعدی۔ ریتی سے ریتا جانا ۔

رَتُوا۔ ھ۔ اسم مذکر۔ ایک سُرخ پتھر کا نام جو اکثر بچوں کے بخار یا دیگر امراض میں گلے میں باندھ دیتے ہیں (۲) ایک سُرخ کیڑا جو گیہوں یا جو کے پیڑوں میں لگ جاتا ہے ۔

رِتوانا۔ ھ۔ فعل متعدی۔ ریتی سے صاف کرانا۔ سوہن پھروانا کسی سخت چیز کو ایک خاردار آہنی اوزار سے چھلوانا۔

رَتَونْدھا۔ ھ۔ اسم مذکر۔ شب کوری۔ عشا۔ ایک بیماری چشم کا نام جس کے سبب رات کو نہیں دکھائی دیتا ۔

رتوندھا آنا۔ ھ۔ فعل لازم۔ رات کو نہ دکھائی دینا۔ آنکھوں کے آگے اندھیرا چھانا ۔

رَتَونْدھیا۔ ھ۔ اسم مذکر۔ رتوندے کا مریض۔ شبکور۔

رَتھ۔ ھ۔ اسم مذکر و مونث (۱) ایک قسم کی دیسی گاڑی جس کے اوپر برجی سی بنی ہوئی ہوتی ہے۔ دیوتاؤں کی گاڑی ایک قسم کی عمدہ سواری جس میں پہلے سردار لوگ سوار ہوا کرتے اور نیز مقام جنگ میں لیجایا کرتے تھے (۲) قلعہ۔ کوٹ۔ حصن۔ حصار۔ دژ ۔

رتھ بان۔ یا۔ **رتھ وان**۔ ھ۔ اسم مذکر۔ گاڑی بان۔ بہلوان۔ سارتھی۔ رتھ ہانکنے والا ۔

رتھ جاترا۔ ھ۔ اسم مذکر (۱) گاڑیوں کی دھوم دھام جو کسی دیوتا کی سواری میں ہو (۲) ہندوؤں کے ایک میلے کا نام جو دوسری اساڑھ کو جگن ناتھ جی کے نام سے ہوا کرتا ہے ۔

رَتّی۔ ھ۔ اسم مونث (۱) کام دیو کی استری (۲) بھاگ۔ نصیب۔ قسمت۔ تقدیر۔ پرالبدھ (۳) گھونگچی۔ گھمچی۔ چرمٹی۔ ایک وزن جو آٹھ چاول کے برابر ہوتا ہے۔ ماشہ کا آٹھواں حصہ (۴) مقدار قلیل۔ حبہ۔ ذرہ ۔

رتی بھر۔ ھ۔ تابع فعل۔ ذرا سا۔ تھوڑا سا۔ حبہ بھر۔ قدر قلیل جیسے رتی بھر تا نہ گھٹے گی پھر تم نہ کہنا (الہامات)

رتی جاگنا۔ ھ۔ فعل لازم۔ نصیبہ جاگنا۔ طالع خفتہ کا بیدار ہونا۔ اقبال کا یاور ہونا۔ قسمت کا سامنے ہونا۔ تقدیر کھلنا۔ مالامال اور سرسبز ہونا۔ پھولنا پھلنا۔ اختر قسمت کا زوال سے نکل کر حد کمال کو پہنچنا ۔ (رنگین)

آپ سے آتی ہوں تیرے پاس میں بھاگی بھاگی
اندنوں رتی دوگانا ہے تری جاگی ہوئی ۔

رتی چمکنا۔ ھ۔ فعل لازم۔ دیکھو (رتی جاگنا) ۔

(اسیر) تشبیہ دی جو میں نے لب لعل یار سے
یاقوت آبدار کی رتی چمک گئی ۔

(رضیہ) گوش ہوش تک تو پہنچا رتبہ عالی ترے
شکر کر رتی تری چمکی گہر اچھا ہوا ۔

رتی رتی۔ ھ۔ تابع فعل۔ ذرہ ذرہ۔ ایک ایک حبہ۔ بالکل۔ تمام۔ سراسر۔ سرتاپا۔ در دست ۔

رَٹ۔ ھ۔ اسم مونث۔ جپنی۔ تسبیح۔ باربار عادۃً تکرار۔ دوہراؤ۔ پیہم اور مسلسل کسی کا ذکر کرنا۔ ہر وقت نام لینا

(ناسخ) کرے تو ذکر خدا اے صنم بجائے قیمت
جیسے کہ آٹھ پہر تیرے نام کی رٹ ہو

رٹ لگنا۔ ھ۔ فعل لازم۔ جپنی لگنا ۔ رٹ لگنا ۔

ڑ لگنا - اصرار ہونا - ضد ہونا +
رٹنا - ہ - فعل لازم - جپنا - بار بار نام لینا - یاد کرنا
دُہرانا - مدرسہ کرتے جانا - اعادہ کرنا + سر ہونا - پیچھے پڑنا
پیچھے پڑی لگنا +
رج - ہ - اسم مؤنث (۱) ہندی ... دریا کا ریتا - ریگ
... (۳) حیض - ایام
(۴) ... (۵) ... کا زیرہ - وہ آٹا سا جو
... ہوا ... +
رجا - ہ - صفت (۱) سیر - سیر شکم - پیٹ بھرا - اگھایا
جیسے رجا کیا جائے بھوکے کی سار (۳) مستغنی
بے پروا - دولتمند - مالدار +
... ہ - صفت - بھرا ہوا - آباد - معمور - پیٹ بھرا
رجی ... مالدار +
... سیر - جھکا ہوا +
ہیجڑ - ع - اسم مذکر - مردان عیب + جوگنی
دساشول ... کے دائرہ میں حرکت
کرتا رہتا اور اس کا مقام پہلی - اور ... سولھویں - چوبیسویں
کو مشرق میں - ۳ - ۱۱ - ۱۹ - ۲۷ کو جنوب و مشرق میں
۵ - ۱۳ - ۲۱ - ۲۹ کو جنوب میں ۴ - ۱۲ - ۲۰ - ۲۸ کو جنوب و مغرب
میں - ۶ - ۱۴ - ۲۲ ... کو مغرب میں ۷ - ۱۵ - ۲۳ کو شمال
مغرب میں ... شمال میں ۸ ... تاریخ
کو شمال و مشرق میں ہوتا ہے اس کا اثر ہر روز اور علی الخصوص
نوگھڑی یا تین گھنٹے ۴۸ منٹ تک دن کے غروب ہوتے
وقت رہا کرتا ہے - اِس صورت میں جس طرف یہ ہو اُس طرف
سفر کرنا منحوس ہے ہاں اگر بائیں طرف ہو تو مضائقہ نہیں
لیکن سامنے پڑنا یا دائیں ہاتھ پر ہونا منحوس خیال کیا جاتا ہے
رجب - ع - اسم مذکر - مسلمانوں کے قمری سال کا ساتواں

مبارک مہینا جس میں جنگ کی ممانعت تھی - ساسوج - جمادی
الآخر کے بعد کا مہینا +
رجسٹر - انگلش Register - اسم مذکر - دفتر
کی کتاب - یادداشت - بہی - چٹھا - کتاب روزنامچہ - کتاب حاضری
رجسٹری - انگلش Registry اسم مؤنث
اندراج فہرست - ادخال بہی - داخلہ +
رجسٹری کرانا - ا - فعل متعدی - سرکاری بہی یا
رجسٹر میں درج کرانا - دفتر میں چڑھوانا - درج فہرست کرانا
رجسٹری کرنا - ا - فعل متعدی - رجسٹر پر چڑھانا +
فہرست میں درج کرنا - سرکاری کتاب پر چڑھانا +
رجسٹری ہونا - ا - فعل لازم - سرکاری دفتر میں چڑھ
جانا - سرکاری کتاب میں درج ہونا - سرکاری گواہ سے معلوم
رجعت - ع - اسم مؤنث - (۱) بازگشت - جیسے رحمان حوت کے
معاودت - لوٹاؤ - اعادہ (۲) شوہر کا اپنی مطلقہ سے
رجوع کرنا (۳) چاند اور سورج کے سوا کسی اور سیارہ کا
اپنی معمولی گردش سے پھرنا (۴-ا) رٹ - اڑ - ضد
ہٹ +
رجعت قہقری - ع - اسم مؤنث + اُلٹے قدموں
پھرنا + اس طرح واپس ہونا کہ منہ تو اُسی طرف رہے
جدھر گئے تھے اور پیچھے سرکتے آئیں +
رجعت ہونا - ا - فعل لازم - رٹ لگنا - جنبی لگنا +
ضد ہونا - ہٹ ہونا + اڑ لگنا - لگاوس لگنا + جنون
ہونا + سودا ہونا - کسی جلالی عمل کے سبب قصور شرائط
اُلٹ جانے سے پاگل اور سودائی ہونا +
رجمنٹ - انگلش Regiment - اسم مؤنث
رجمنٹ - پلٹن - فوج - آٹھ سو یا ہزار جوانوں کا دستہ
رجا بھڑ - ہ - صفت - ہندی - شکم بھر - فدا سا

رَجنا - ہ - فعلِ لازم - اگھانا - سیر ہونا - مستغنی ہونا - شکم سیر ہونا - چھکنا +

رَجنی - ہ - اسم مؤنث (رنگیتوں میں) رات - رین - شب - نس - لیل +

رجواڑا - ہ - اسم مذکر - راجہ کی عملداری - ہندو راجاؤں کا مُلک

رُجوع - ع - اسم مؤنث - (۱) میل - میلان (۲) توجہ - رُجحان (۳) بازگشت - اعادہ (۴ - قانون) اپیل - نظرثانی - مرافعہ +

رُجوع کرنا - ا - فعل متعدی (۱) لوٹنا - بازگشت کرنا - واپس آنا (۲ - ا) متوجہ ہونا - توجہ کرنا - التفات کرنا (۳ - ا) دائر کرنا - پیش کرنا - درخواست دینا +

رُجوع ہونا - ا - فعل لازم - ہو (۱) راغب ہونا - مائل ہونا - التفات کرنا جیسے خاوند کا رجوع ہونا (۲) متوجہ ہونا - توجہ کرنا (۳) دائر ہونا - پیش ہونا +

رُجولیت - ع - اسم مؤنث - مردی - مردپن - قوتِ باہ - قوتِ تولید - شہوت - باہ - خواہشِ جماع +

رِجھانا - ہ - فعل متعدی (۱) خوش کرنا - انند کرنا - محظوظ کرنا - مگن کرنا - مسرور کرنا (جلیل)

ہم دل زدہ رہے ہیں انواع تلخی سنتے
ان شکریں لبوں نے ہمکو رجھا دیا ہے +

(۲) مائل کرنا - لبھانا - موہنا - جادو سے فریفتہ کرنا - فریفتہ ہونا (ممتاز) شیخ رکھتا تھا حسنِ بتاں سے انکار
آج دکھلا کے تجھے خوب رجھایا ہمنے +

رُچ - ہ - اسم مؤنث (ہندو) (۱) رغبت - خواہش - چاہ - لالسا - کامنا - اچھا - (۲) بھوک - اشتہا +

رُچ رُچ کر - ہ - تابع فعل - رغبت سے - شوق سے - پیار سے - بخوبی - بافراط - حسبِ دلخواہ +

رُچ کر کھانا - ہ - فعل متعدی - رغبت سے کھانا - دل دے کر کھانا - شوق کے ساتھ تناول فرمانا +

رَچانا - ہ - فعل متعدی (۱) بنانا - پیدا کرنا - مخلوق پیدا کرنا - بسانا (۲) رنگنا - خوشبو دار کرنا - معطر کرنا (۳) لال کرنا - سرخ کرنا (۴) سامان پھیلانا - شادی لیکر بیٹھنا جیسے بیاہ رچانا (۵) مانوس کرنا - مائل کرنا - راغب کرنا

رَچاوٹ - ہ - اسم مؤنث - رنگت - رنگ کی شوخی +

رَچنا پچنا - ہ - صفت - خوشگوار - منہضم - گوارا - جزوِ بدن ہونے والا +

رُچنا - ہ - فعل لازم (۱) بھانا - پسند ہونا - مرغوب ہونا - اچھا لگنا (۲) میلان ہونا - خواہش ہونا +

رَچنا - ہ - اسم مؤنث (ہندو) خلقت - خلق - فطرت - قدرت - بناوٹ - ساخت - جراجر - دنیا - جیسے علم رچنا رچی +

رَچنا - ہ - فعل لازم (۱) بنا - تیار ہونا - عادی ہونا - خوگر ہونا - بسنا - سمانا - معطر ہونا - خوشبو ناک ہونا (ناسخ)

کوئی سر رکھ کے اسپر سو گیا تھا خواب میں اک دم
رچی ہے نکہت زلفِ معنبر میرے زانو میں

(۲) رنگ لانا - رنگت دینا - سرخ ہونا جیسے مہندی کا ہاتھوں میں رچنا - (۴) شادی پھیلنا - بیاہ کی دھوم دھام ہونا - سامانِ شادی برپا ہونا

تو اگر عطر دلہن کے ملے شادی رچ جائے
خود بخود بجنے لگے طبلۂ عطار ابھی +

(۵) ربط ہونا - میل ملاپ ہونا - آشنائی ہونا (۶) مصروف ہونا - گانے بجانے یا عیش و نشاط میں مشغول ہونا (۷) سُر ملانا - آواز ملانا (۸ - متعدی) بنانا - ہست کرنا - ہستی میں لانا - پیدا کرنا - مخلوق کرنا - اپجانا - اُگانا (۹ - ۱۰) تالیف کرنا - تصنیف کرنا (۱۰ - ۱) حاضر کرنا

سامنے لانا - موجود کرنا - پیش کرنا (۱۱-۸) خاکا ڈالنا - ڈول ڈالنا + منصوبہ باندھنا - تجویز ٹھیرانا (۱۲-۷) لباس بدلنا - روپ بھرنا + وارنش کرنا - روغن چڑھانا - منقش کرنا - منقوش کرنا - مرتسم کرنا +

رچنا پچنا نصیب ہو - ا - دعا - عو - کھانا پینا انگ لگے یعنی مجزو بدن ہو +

رچنی مہندی - ہ - اسم مؤنث - رنگدار مہندی - شوخ رنگ مہندی - وہ حنا جو رنگ اچھا دے +

رچھا - ہ - اسم مؤنث (۱) رکھشا - محافظت - پناہ - حفاظت نگہبانی + رکھوالی - بچاؤ - سرن (۲) مدد - سرپرستی - پشتی - حمایت - کمک (۳) امن - آسودگی - چین - آرام صلح (۴) پالن - مہربانی +

رحل - ع - اسم مؤنث (صحیح بفتح) (۱) مسکن - منزل - پالان شتر (۲) وہ لکڑی کی گھوڑی جس پر قرآن شریف رکھ کر پڑھتے ہیں +

رحلت - ع - اسم مؤنث (۱) کوچ - روانگی - گمن - موت مرت - انتقال - ارتحال +

رحلت کرنا - ا - فعل لازم - کوچ کرنا - رخصت ہونا انتقال کرنا - گزرنا - فوت ہونا - مرنا +

رحم - ع - اسم مذکر - بچہ دان - دھرن - گربھ - استھان

رحم - ا - اسم مذکر - عو - وہ چاولوں کا کچا حلوا جو خاص اللہ میاں کی نیاز کے واسطے کسی خوشی کی تقریب یا بیاہ میں عورتیں بناتی ہیں (چونکہ خدا تعالیٰ یعنی رحیم کی نیاز دلوائی جاتی ہے شاید اس سبب سے یہ نام رکھا) +

رحم - ع - اسم مذکر (۱) دیا - کرم - مہر - شفقت - کرپا - مہربانی (۲-۱) عفو - بخشش - مغفرت (۳-۱) ترس - دردمندی ہمدردی - دلسوزی - رقت - رافت + خوف خدا +

رحم دل - ع + ف - صفت - دیاونت - مہربان دیالو - ہمدرد - دردمند - رقیق القلب +

رحم دلی - ع + ف - اسم مؤنث - مہربانی - شفقت دردمندی - ہمدردی - دلسوزی +

رحم کرنا یا کھانا - ا - فعل لازم - ہمدردی فرمانا - ترس کھانا - خوف خدا کرنا +

رحم کھانا - ا - فعل متعدی - ترس کھانا - خوف خدا کرنا - ہمدردی کرنا - دردمندی ظاہر فرمانا (مومن)

غصے کے بدلے رحم کھایا + کچھ بھی خدا کا خوف نہ آیا

رحمان - ع - صفت - مہربانی کرنے والا - دیاونت - شفیق - رحیم - کریم - آمرزگار - غفور - خداوند (اسکا اطلاق صرف ذات خدا پر ہوتا ہے مگر اردو کی بعض کہاوتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ انہیں نیک اور صالح سے مراد ہے جیسے رحمان جوڑے پلی پلی شیطان اڑھا دے گیا) +

رحمت - ع - اسم مؤنث (۱) دیا - کرم - مہربانی (۲-۱) بارش - مینہ - برکھا (۳-۱) درود و سلام - صلوٰۃ جیسے رحمت خدا اُن پر (۴) کلمہ تحسین و آفریں +

رحمت خدا کی - ا - محاورہ (یہ وہ کلمہ ہے جو لفظاً ترحم اور اصل میں تحسین پر دلالت کرتا ہے) آفریں ہے - شاباش صدرحمت - بارک اللہ - اسکا کیا کہنا - واہ واہ جی)

رحمت ہے - ا - محاورہ - آفریں ہے - شاباش ہے مرحبا کیا کہنا ہے - نیز کلمہ طنز + (حالی)

کبھی صدمہ بگولے کا کبھی صرصر کی زحمت ہے
ہماری خاک یوں اڑتی پھرے اے ابر رحمت ہے

رحیم - ع - صفت - مہربانی فرمانے والا - دیاونت - مہربان

رخ - ف - اسم مذکر (۱) چہرہ - مکھڑا - رخسارہ - روئے - منہ خد - گال - کلا - کپول +

جام مے میں رُخِ ساقی جو نظر آہی گیا
(ظفر) گھر میں خورشید کے گویا قمر آہی گیا

(۲) طرف - جانب - سمت - پاسا (دسل) کنارہ - حاشیہ
اُفق - لب - سرا (۳ - ۱) شطرنج کے ایک مُہرے کا نام جو
سیدھا دُور تک مار کرتا ہے (اس معنی میں بعض لوگ عربی
قرار دیتے ہیں) ۵ - توجّہ - رُجحان - میل - میلان - التفات
(۶) سامنا - آگا - پیش +

رُخ بدلنا یا پھیرنا - ۱ - فعل متعدی (۱) بیرخ ہونا
مُنہ نہ لگانا - اِعراض کرنا - کم توجہی فرمانا - مُنہ پھیر لینا -
کشیدہ ہونا - سمت بدلنا + (ظفر)

جدھر سے ہوتے تھے نظارہ ہائے یار ظفر
وہ رُخ بھی یار نے اپنے مکان کا بدلا

(۳) دوسرے کی طرف ہوجانا - طرفداری چھوڑ دینا (رُخ
کا اطلاق تمام چہرے پر اور رُخسار یا رخسارہ کا صرف گال اُسکے
لال حصے پر کرتے ہیں) +

رُخ پھیرنا - ۱ - فعل لازم - خفا یا ناراض ہونا - بیرخ ہونا
آزردہ خاطر اور دلگیر ہونا - بیزار اور کشیدہ خاطر ہونا +
سمت بدلنا - اِعراض کرنا +

رُخ دیکر بات نکرنا - ۱ - فعل لازم - ع - توجہ سے
بات نکرنا - دل دیکر نہ بولنا - خاطر میں نہ لانا ۔

رُخ کرنا - ۱ - فعل متعدی (۱) مُنہ کرنا (۲) توجہ کرنا
متوجہ ہونا (۳) پھرنا - لوٹنا +

رُخ نکرنا - ۱ - فعل متعدی - توجہ نہ ہونا - خاطر میں نہ لانا
التفات نکرنا +

رُخ نہ ملانا - ۱ - فعل متعدی - ع - متوجہ نہ ہونا

رَخت - ف - اسم مذکر (۱) اسباب - اثاثہ - اثالا (۲)
جامہ - لباس - پوشاک - ملبوس +

پہنا دیا ہے خلعتِ زر اُسکے نور نے
(ناسخ) رخت سیہ و دُور شبِ تار نے کیا

(۳) لوازمہ - ساز و سامان (۴) جعلت فروش (عوامی)
کا ٹھیرا جیسے واہ کیا رخت ہے (۴ - ۵ - عوام) ہیئت
برزخ - ٹھاٹ - وضع +

رُخسار - ف - اسم مذکر - گال - عذار - گلا - کپول +

رُخسارہ - ف - اسم مذکر - تصغیر رخسار - رخسار کا بالائی حصہ

رُخصت - ع - اسم مؤنث (۱) اجازت - منظوری -
رضامندی - اگیا - پروانگی - رضا + (نصیر)

چمن کو دیکھ لیں جاکر قفس سے اے صیاد
کہ اتنی دے ہمیں اپنی زبان سے رخصت

(ذوق) رخصت اے زنداں جنوں زنجیر در کھڑکاتی ہے
مژدہ خار دشت پھر تلوا مرا کھجلاتے ہے

(۲ - ۱) روانگی - کوچ - رفتگی - چلنا - جانا + (ظہیر)

جو کچھ کہ تھے ظلم و ستم وہ تو ہمنے سب دیکھے
امیدوار ہے اب یہ غلام رخصت کا +

(۳ - ۱) وداع - جنازہ اُٹھنے کا وقت (ممنون)

ہے نزع بیمار کی رخصت جو آتا ہے تو آ
کوچ کی جلدی ہے یاں اس کیا شتاب تیز کر

(۴ - ۱) مہلت - دفعہ - فرصت (۵ - ۱) اجازت بلا
رفتن - جلیں - جائیں - اجازت ہے + جاؤں ؟

دیکھ لی سیر حرم حضرت زاہد رخصت
آپکا کعبہ مرا بتکدہ آباد رہے +

رُخصت دینا - ۱ - فعل متعدی (۱) اجازت دینا
پروانگی دینا - چھٹی دینا (۲) مہلت دینا +

رُخصت کا پان یا جام - ۱ - اسم مذکر - وہ پان جو
چلتے وقت دیا جائے یا وہ ساغر جو بوقت رخصت پلایا جائے

خط منہ پہ آکے جاناں خوبی پہ جان دیگا
(ریاض) ناچار عاشقوں کو رخصت کے پان دیگا
چلا ہوں یار کی مجلس سے اب تو اے ساقی
(نظیر) مجھے پلادے اب ایک جام رخصت کا

رخصت کرنا - ۱ - فعل متعدی (۱) اجازت دینا (۲) روانہ کرنا - وداع کرنا - بھیجنا ◆ (نصیر)
فلک سے کسکو توقع ہو ساری روٹی کی
کرے ہلال کو جب نیم نان سے رخصت
(۳) برطرف کرنا - موقوف کرنا (۴) ٹالنا ◆

رخصت ملنا - ۱ - فعل لازم (۱) اجازت ملنا - (۲) چھٹی ملنا (۳) موقوف ہونا (۴) وداع ہونیکی اجازت ملنا

رخصت ہونا - ۱ - فعل لازم (۱) اجازت ہونا - پروانگی ہونا (۲) روانہ ہونا - وداع ہونا - جانا ◆ (نصیر)
بسان مہر نہ ٹھیرے پھر ایک ذرہ نصیر
ہوے جب اُس بُت نامہرباں سے رخصت
(۳) مہلت ہونا - چھٹی ملنا (۴) مرنا - انتقال کرنا - چل بسنا - رحلت کرنا - کوچ کرنا ◆

رخصتانہ - ف - اسم مذکر - وہ نقدی جو چلتے وقت کسی رئیس کے دربار سے عطا ہو - خلعت رخصت - انعام رخصت ◆

رخصتی - ا - صفت (۱) چھٹی پر - رخصت یافتہ (۲ - پورب) وداع - دولھن کی روانگی (۳ - پورب) وہ روپیہ جو وداع ہوتے وقت دیا جاے - سلامی ◆ سلام کرائی ◆

رخنہ - ف - اسم مذکر - گھٹتا - دیوار کا پھوٹا ہوا راستہ - چھید - سوراخ - موکھا - روزن ◆ دریچہ - کھڑکی - غرفہ ◆ چاک - شگاف - دراڑ - درز (۲ - ۹) مزاحمت - تعرض - اٹکاؤ - سدراہ ◆ بھانجی - خلل - حرج - نقص ◆ جھگڑا - فساد - فتنہ ◆

رخنہ اندازی - ف - اسم مؤنث - بھانجی - مزاحمت - تعرض - روک - خلل ◆

رخنہ پڑنا یا رخنے پڑنا - ا - فعل لازم (۱) خلل پڑنا - نقص آنا ◆ (حالی)
وہ پھریں پلکیں اگر گھب گئیں جی میں تو ہیں
رخنے پڑ جائیں گے واعظ ترے ایمان کے بیچ
(۲) جھگڑا پڑنا - فتنہ وفساد ہونا - عیب نکلنا ع
یوسف کی خریداری میں پڑ جائینگے رخنے
اُس شوخ نے کھڑکی سر بازار نکالی ◆

رخنہ ڈالنا - ۱ - فعل متعدی (جمع کے ساتھ زیادہ بولتے ہیں) چلتی گاڑی میں روڑا اٹکانا - بھانجی مارنا - ہوتے ہواتے کام کو روکنا - خلل انداز ہونا - حارج ہونا - مزاحم و متعرض ہونا ◆ ع
یہ کہکے رخنے ڈالنا اُنکے حجاب میں
اچھے بُرے کا حال کھلے کیا نقاب میں

رخنہ نکالنا یا رخنے نکالنا - ۱ - فعل متعدی عیب نکالنا - کھوٹ ظاہر کرنا - عیب جوئی کرنا - نکتہ چینی کرنا ◆ فساد کھڑا کرنا - فتنہ اٹھانا - جھگڑا نکالنا ◆ داغ لگانا - کلنک لگانا ◆ عذر کرنا - حیلہ حوالہ نکالنا

رخنہ نکلنا - ۱ - فعل لازم - عیب نکلنا - نقص ظاہر ہونا - داغ لگنا ◆ (قلق)
کیا پردہ کی پردے میں یہ رخنہ نکل آیا
اے غنچہ دہن منہ جو ذرا سا نکل آیا
یارب یہ کسکے چہرے سے الٹا نقاب جو
(آزردہ) سو رخنے اب پھلنے لگے آفتاب میں

رَدّ - ع - اِسم مُذکّر (۱) واپس - لوٹانا - واپس کرنا - موڑنا - پھیرنا جیسے رد بندہ خریدار خُدا (کہاوت) + (۲) اِنکار - نسخ - تردید - بُطلان - کاٹ جُھٹلانا دلیل توڑنا (۳) - (۱) قے - اِستفراغ - اوک - اُلٹی +

رد کرنا - ف - فعل مُتعدّی (۱) واپس کرنا - پھیرنا (۲) تردید کرنا - کاٹنا - بُطلان کرنا - منسُوخ کرنا - اِعتراض توڑنا - دلیل اُٹھا دینا (۳) ترک کرنا + نا منظُور کرنا - (۴) قے کرنا - ڈالنا - اُلٹی کرنا - اِستفراغ کرنا +

رَدّ و بدل یا **رَدّ و قدح** - ع - اِسم مُونّث - اُلٹا سیدھی + طعنہ مہنہ (وُہ ٹیڑھی ترچھی باتیں جو حالت بحث یا مکابرہ میں زبان پر لاتے ہیں) بحث - تکرار - مباحثہ - مناظرہ - مکابرہ - حیص و بیص - سوال و جواب - جھگڑا ٹنٹا گُفت و شنید - نزاعِ لفظی - اکھاڑ پچھاڑ (نظیر)

ہوئی جو رَدّ - بدل ایسی کتنی بار نظیر
تو اُسنے خط کا ہمارے نہ پھر جواب لکھا +

(ذوق)
ال جب اُسنے بہت رَدّ و بدل میں مارا
دِل اپنا اُٹھا ہمنے بغل میں مارا +

(اِنشا)
مُجھے کام تجھ سے ہے اے جنُوں کہوں کس سے کیوں کہ مُجھکو سروکار ہے
نہ کسیکے رَدّ و قدح میں ہُوں نہ اکھاڑ میں نہ پچھاڑ میں

(قدح - بمعنی سگافتن و شکستن و طعنہ زدن آیا ہے) +

رد ہونا - ف - فعل لازم (۱) بُطلان ہونا - غلط ثابت ہونا - منسُوخ ہونا - ٹوٹنا +

رَدّا - ف - اِسم مُذکّر - تہ - طبق - پرت - ایک چُنائی کے بعد دُوسری چُنائی کی اینٹ رکھنی +

رَدّا رکھنا - ف - فعل مُتعدّی (۱) اینٹ پر اینٹ رکھنا - چُنائی پر چُنائی کرنا - ایک تہ کے بعد دُوسری تہ رکھنا (۲) ایک دفعہ کھا کر دُوسری دفعہ کھانا - کھائی پر کھانا

رِدا - ع - اسم مُونّث - چادر - چادرہ - چدّر (آتش)

شبِ فراق میں سینے جو مَیں لپیٹا ہے
خیال وصل میں پیرہن نہیں ردا اُلٹی

رَدُّوا کھدُوا - ف - صفت - برادری سے نکالا ہوا اُکھڑا ہوا - مردُود - دھتکارا ہوا - خارج از مجلس - نکمّا - خراب - ناکارہ + سفلہ - کمینہ +

رَدّی - ع - اِسم مُونّث (اُردُو میں بتشدید دال مہملہ بولتے ہیں) (۱) - خراب شُدہ کاغذ - نکمّا کاغذ (۲ - صفت) خراب - ناکارہ - نکمّا - اِستعمال شدہ - ڈارمح - ناقص - بگڑا ہوا - پھینک دینے کے قابل +

رَدِیف - ع - اِسم مُونّث (ماخُوذ از ردف بمعنی سُرین) (۱) - وہ شخص جو ایک گھوڑے پر کسی سوار کے پیچھے بیٹھے (۲) وُہ لفظ جو غزل یا قصیدے وغیرہ کے مصرعوں خواہ بیتوں کے اخیر میں قافیہ کے پیچھے بار بار آئے +

(ظفر)
بدل کے قافیہ لکھو غزل اِک اور ظفر
مگر ردیف ہو ساری یُونہی اِرکی

(۳) پیچھے کی فوج +

رِدیف وار - ع + ف - تابع فعل - ابجد کے حساب رکھا ہوا - ترتیب وار - با ترتیب ہجی - الف بے تے کی ترتیب سے +

رَذَالَہ - ع - اسم مذکّر - (۱) کمینہ - سفلہ - پاجی - فرومایہ - لُچّہ - گُندم کم ذات جیسے - رذالہ ست ہُوا خدا کو بھول گیا + (۲) شریر - بدذات - ونگّی - بدمعاش - شوخ - بے ادب - بے شرم گالی گلوج بکنے والا +

رَذالپن - ف - اِسم مذکّر - سفلہ پن - کمینگی - فرومایگی کمین - پاجی پن +

رَذالی بات - ف - اِسم مؤنّث (اطفال) گندی بات

نالایم اور ناشائستہ بات - فحش بات + بیحیائی کی بات

رذالے کا لٹھ - ا - اسم مذکر - بےشرم اور بیباک آدمی
منہ پھٹ - منہ زور - بد لگام - گستاخ - بے ادب -
بیحیا - دریدہ دہن +

رذیل - ع - اسم مذکر - کمینہ - سفلہ - فرومایہ - پاجی جیسے
رذیل سے دو منہ اشراف کے سو (یعنی رذالہ کی دو گالیاں
اشراف کے سو سے زیادہ ہیں) +

رڑیانا - ہ - اسم مذکر - عوام - گڑگڑانا +

رڑکنا - ہ - فعل لازم (ہندو) کھٹکنا - چبھنا جیسے آنکھ
میں کچھ رڑک رہا ہے +

رز - ف - اسم مذکر - انگور - یا انگور کا درخت +

رزاق - ع - اسم مذکر - رزق پہنچانے والا - روزی رسان
کھانے کو دینے والا - خدا تعالی +

رزاقی - ا - اسم مونث - رزق رسانی - پروردگاری

رزق - ع - اسم مذکر - روزی - خوراک - روزینہ - کھانا
آذوقہ + اجیر کا + وظیفہ - بقا + روٹی + ان - اناج +

رزائی - ا - اسم مونث (۱) رنگے ہوئے کپڑے کی روئی دار
دلائی (۲) گنوار) لحاف - لبادہ - سوڑ - گدڑی +
اس لفظ کی املا کے بابت محققوں کی مختلف رائے ہیں بعض لوگ
کہتے ہیں کہ اسکا موجد محمد رضا نامی کوئی ہندی شخص ہوگا اسلیئے
ضاد معجمہ سے لکھنا چاہیئے مگر زباندان فارس کے کلام میں یہ لفظ
کہیں نہیں پایا جاتا ہاں میرزا بیدل نے جو ہندی نژاد تھے اس لفظ
کو باندھا ہے بعض کی رائے ہے کہ ہندوستانیوں نے اس لفظ
کو زبان سے چلایا ہے اور یہی وجہ ہے کہ زباندان ولایت نے
نہیں باندھا ہماری رائے میں یہی قرین قیاس ہے بعض لوگ
رودائی بھی قرار دیتے ہیں واللہ اعلم بالصواب)

رزق پہنچانا - ا - فعل متعدی - روزی پہنچانا
خوراک مہیا کرنا +

رزق کا کیڑا - ا - اسم مذکر - ان کا کیڑا - اناج کھانے والا
انسان (مجازاً) جو رزق کا کیڑا ہوئے کیونکہ اُسے رزق
رزاق سے پاتا ہے غذا شکم میں کیڑا +

رزلٹ - انگلش - Result - اسم مذکر - نتیجہ - ثمرہ
نتیجۂ امتحان +

رزم - ف - اسم مونث - لڑائی - جنگ - جدھ - معرکہ
جمع - جدال و قتال - رن +

رزم گاہ - ف - اسم مونث - میدان جنگ - لڑائی کا کھیت
لڑائی کی جگہ +

رزمیہ - ف - تدبیع فعل - متعلق بہ رزم - رزم کا بیان

رزولیوشن - انگلش - Resolution - اسم مذکر
منشا - تجویز - عندیہ - پیش نہاد - ارادہ - عزم + عقدہ
کشائی - تصریح +

رزیڈنٹ - انگلش - Resident - اسم مذکر - رہنے والا
یا ساکن - مقیم - باشندہ - باسی - رئیس + وکیل شاہی جو
غیر ریاست کے دربار میں رہے +

رزیڈنسی - انگلش - Residency - اسم مونث - مقام
ٹھکانا - گھر - مسکن + وہ جگہ جہاں رزیڈنٹ رہتا ہے

رس - ہ - اسم مذکر (ہندو) غضب - غصہ - کرودھ
خفگی - ناراضی - آزردگی + ہٹ - ضد - اڑ +

رس کی رسکی اوری لکھی تیزی بہت سہائے
(دوہا) لفظ رس سے تیرہ جوں دونوں آگ بجھائے

رس - ہ - اسم مذکر (۱) عرق + عرق - افشردہ - عصارہ
دودھ - شیرہ - سار - اناج وغیرہ کا دودھ (۲) جوہر - ست
عطر - نچوڑ - تت (۳) پارہ - سیزیتی - سیماب جیسے رس کا
رسائن ہو یعنی پارہ مارنے سے جسطرح اکسیر بنتی ہے اسیطرح

انسان غصّہ مارنے سے کیمیا بنجاتا ہے (۴) منی
نطفہ - بیج جیسے رس پڑنا یعنی منی بلوغ کو پہنچنا (۵)
مزہ - ذائقہ - لذّت - سواد - لطف - چاٹ (۶) بہار
جوبن مثلاً ہولی میں رس پڑ گیا یعنی ہولی
کے موسم کا مزا آگیا (۷) خوشی - انبساط - عیش -
نشاط - جیسے رس میں بس ملا دیا یعنی عیش
بھنگ کر دیا (۷) حب - محبت - عشق - پریت
+ جوش + ولولہ (۸) حلاوت - شیرینی - رسا-
مزگی (۹) رقیق چیز - سیّال چیز +

رس بھری - ہ - صفت (۱) رسیلی - رس دار - شیریں
مزیدار - لذیذ + پُر لطف + خوش ذائقہ + خمار آلود
نشیلی جیسے رس بھری آنکھ (۲ - مؤنث) انگلش
ریسپبیری کا بگڑا ہوا لفظ جو ایک بیلیوں
کے مزہ کا پھل ہوتا ہے +

رس پڑنا - ہ - فعل لازم (۱) منی پڑنا - نطفہ پیدا ہونا
بلوغ کو پہنچنا (۲) اناج میں دودھ پڑنا (۳) مزہ آنا
لطف آنا - رنگ پیدا ہونا (۴) کانوں کو اچھا لگنا
(۵) فرحت حاصل ہونا - خوشی ملنا +

رس ٹپکنا - ہ - فعل لازم - جوبن اُمنگنا - مدھ ماتا
ہونا - جوش جوانی میں بھرنا + دودھ ٹپکنا جیسے گیتوں میں
رس ٹپکے وا کی چھتیّن سے +

رس کا بیندھا - ہ - صفت (ہندو) محبت کا
مارا - عشق کا زخمی +

رس کی باتیں یا بتیاں - ہ - اسم مؤنث (۱)
عشق و محبت کی باتیں - میٹھی میٹھی باتیں جیسے جوبن
جوانی ہے دن دس کی + میٹھا بول باتیں کر رس کی
(۲) لگاوٹ کی باتیں +

رس لینا - ہ - فعل متعدی (ہندو) مزہ لوٹنا - جوبن
لوٹنا - حظ اٹھانا - لطف اٹھانا +

رسا - ف - صفت (۱) پہنچنے والا - رساں - صائب +
(۲ - ن) صعود کرنے والا - بلند ہونے والا - دور پہنچنے والا

برق ہو کر گر یگا پھر مجھ پر + نالہ میرا اگر رسا ہو گا
(ناظم) ہوتا جو دلپذیر تو جاتا نہ دل سے دور
نہ نالہ کام کا نہ رہا جو رسا ہوا

رسا - ہ - اسم مذکر (ہندو) شوربہ - یخنی - لسیو +

رسّا - ہ - اسم مذکر رسن کلاں - موٹی رسّی - جیوڑا
ریسمان - طناب +

رساتل - س - اسم مذکر - زمین کا ساتواں طبقہ -
پاتال - وہ جگہ جہاں اسر دیت راکھشس اور ناگ وغیرہ
رہتے ہیں +

رسالت - ع - اسم مؤنث - پیغامبری + ایلچیگری سفارت

رسالدار یا رسلدار - ا - اسم مذکر (صحیح رسالہ دار)
ایک رسالہ کا کمانڈر - سو سواروں کا ہندوستانی افسر +

رسالداری - ا - اسم مؤنث - رسالہ کی افسری - ہزار
سواروں کی افسری - ایک ٹرپ کی افسری + رسالدار کا عہدہ

رسانا - ہ - فعل لازم (ہندو) خفا ہونا - ناراض ہونا -
غصّہ ہونا +

رساول - ہ - اسم مذکر (گنوار) گنّے کے رس کی کھیر

رسالہ - ع - اسم مذکر (مصدر بمعنی اسم مفعول) ۱ - نامہ -
مکتوب + چھوٹی سی کتاب (۲ - ا) آٹھ سو یا ہزار سواروں
کا دستہ +

رسالہ دار - ا - اسم مذکر - دیکھو (رسالدار) +

رسالہ داری - ا - اسم مؤنث - دیکھو (رسالہ داری) +

رسان - ہ - اسم مؤنث - آہستگی - دھیرج - نرمی

ملائمت - دِھیماپن +

رَسائی - فا - اِسم مؤنث (۱) پہنچ + باریابی - دخل + گزر + (۲ - و) میل مِلاپ - ربط ضبط (۳ - و) واقفیت شناخت - علم - درک - مہارت - کاردانی (۴ - ا) دھیرج - آہستگی +

رسائی کرنا - ا - فعل لازم - میل مِلاپ کرنا - واقفیت اور شناسائی بہم پہنچانا +

رسائی ہونا - ا - فعل لازم (۱) پہنچ ہونا - دخل پانا باریاب ہونا (۲) میل مِلاپ ہونا + صلح ہونا - آشتی ہونا

رَسائِن - س - اِسم مذکر - اکسیر - کیمیا - وُہ دوا جو پارہ یا کوئی اور دھات مار کر بنائی جاتی ہے +

رَسائِنی - س - اِسم مذکر - کیمیاگر - اکسیرگر +

رِسپانڈنٹ - انگلش Respondent - اسم مذکر (قانون) جوابدہ - پرتی بادی +

رُستم - ف - اِسم مذکر - (فارس کے بارہ مشہور پہلوانوں میں سے ایک بہادر پہلوان کا نام جو زال بن سام بن نریمان کا بیٹا اور تقریباً سنہ عیسوی سے نوسو برس پہلے موجود تھا ہفت خوان مازندران کا رستہ طے کرکے کیکاؤس کو چھڑا لایا اور اسکی اخیر لڑائی اسفندیار سے ہوئی جسمیں وہ نہایت مجروح اور مجبور ہوگیا مگر آخرکو حکمت عملی سے اُسکو ہلاک کرکے نام پایا +

(۲) بہادر - دھنتر - شجاع - جنگ آور - سُورما - نبرد سُوربیر جیسے ایک تُم ہی تو رُستم ہو +

رُستم کا بچہ - ا - صفت - زبردست - دھنتر +

رُستم خاں - ا - اِسم مذکر - دھنتر - زبردست بہادر شجاع - تیس مار خاں جیسے ایسے ہی رُستم خاں ہو

رُستم کا سالا - ا - اِسم مذکر - اوّل معلوم - دوم بہادر آدمی کا رشتہ دار - بہادر - زبردست - زورآور - کوتوال کا یار - سنجشی کا دھگڑ - دھنتر (ظہور)

عجب نقشہ ہے دُنیا کا عجب عالم ہے عالم کا
کہ اب تو جو رذالہ ہے وہی سالا ہے رُستم کا

(۳) شیخی باز - اِترانے والا - بانگی - ڈینگیا - دون کی لینے اور تعلّی کرنے والا (جب چھپا رُستم کہینگے تو وُہ اُس شخص سے مُراد ہوگی جو بظاہر بڑا غریب اور دَر پردہ نہایت شریر فتنہ انگیز اور پانچوں عیب شرعی ہوگا نیز ایسے کامل فن کی نسبت بھی بولتے ہیں جسکا ہنر وقت پر ظاہر ہوتا ہے - مہا جھیم)

رُستَمی - ا - اسم مؤنث (گنوار) ۱ - مردانگی - بہادری جُرأت - شجاعت - دِل چلی (۲) زورآوری - زبردستی دھنتری - حاکمی - راج - حکومت - کلکٹری +

رَستہ یا رَستا - ف - اسم مذکر (مخفف راستہ) ۱ - صف قطار - لنگ - پرا - لار ہا ایسے بازار یا گھر وغیرہ کی راہ جو ایک قطار یا صف میں واقع ہو (۲ - و) راہ - سڑک ڈگر - باٹ - طریق - پنتھ - شارع عام - شاہراہ (۳) طور - ڈھنگ - ڈھب - وضع - رویّہ - طرز - روش (۴) عادہ قانون (باقی معنی راستہ میں دیکھو) +

رستہ بتانا - یا بتلانا - ا - فعل متعدی (۱) منزل یا راستہ بتانا (داغ) ہم ایک رستہ گلی کا اُسکی دکھا کے دلکو ہوئے پشیماں یہ حضرت خضر کو جتا دو کسیکی تُم رہبری نکرنا +

(۲) ٹالنا - دھتا بتانا - رُخصت کرنا (عارف)

کیا کرتے ساتھ رکھ کے اُسے راہ یار میں
ہمنے کبھو کا خضر کو رستہ بتا دیا +

لگا کے راہ پہ لایا ہے وہ رقیبوں کو
(امانت) پہنچ کے گھر مجھے رستا بتائیگا پھر کیا

راہ پر آتے نہیں واہ رے قسمت کا پھیر
روز رستا وُہ امانت کو بتا دیتے ہیں

رستہ بہکانا - ا - فعل متعدی - ایسی راہ پر ڈال دینا
جس سے منزل مقصود پر نہ پہنچے - گمراہ کرنا - سرگرداں
پھرانا - راہ بھلانا - بھٹکانا ÷
رستہ بھلانا - ا - فعل متعدی - دیکھو رستہ بہکانا
رستہ پر آنا - ا - فعل لازم (۱) سڑک پر پڑنا - سیدھی
راہ ہونا (۲) ٹھیک ہونا - قابو میں آنا + درست ہونا -
+ نیک بننا - سیدھا ہونا +
رستہ پکڑو - ا - ندا - راہ لو - چلتے پھرتے نظر آؤ -
ہوا کھاؤ - سیدھا رو +
رستہ پھٹنا - ا - فعل لازم - ایک راستہ سے دوسرا رستہ
نکلنا یا جانا - سڑک مڑنا ÷ (معروف)
اُدھر خود بخود جو کھنچا جائے ہے دل
الٰہی کدھر کو یہ رستہ پھٹے ہے ÷
رستہ چلتا - ا - اسم مذکر - مسافر - راہ گیر - راہی
بٹاؤ - بٹوہی - جاتری ÷
رستہ دیکھنا - ا - فعل لازم - منتظر رہنا - چشم براہ ہونا
انتظار کرنا - راہ تکنا - راہ دیکھنا ÷
رستہ روکنا - ا - فعل متعدی - راہ گھیرنا - مزاحم ہونا
سدِ راہ ہونا ÷
رستہ کاٹ کے جانا یا چلنا - ا - فعل لازم - کترا کے
جانا - رستہ چھوڑ کے جانا - رستہ بچا کر چلنا ÷
وہ رستہ کاٹ کے چلتے ہیں اپنے مجھ سے
(داغ) کہ کچھ کہے نہ یہ خانہ خراب رستے میں
رستہ کترانا - ا - فعل متعدی - دوسرا رستہ لینا -
سیدھا رستہ چھوڑ کر چلنا - رستہ کاٹ کر جانا - نظر بچا کر نکلنا
رستہ لو - ا - ندا - دیکھو - رستہ پکڑو ÷
رستہ گھیر کر کھڑا ہونا - ا - فعل لازم - راہ روک کر
کھڑا ہونا - بیچ میں کھڑا ہونا - رستہ روکنا - چلنے نہ دینا (جرأت)
دیکھ مجھکو اپنے در پر یوں کہا منہ پھیر کے
یہ دِوانا کس لیئے بیٹھا ہے رستہ گھیر کے
رستہ میں جواب دینا - ا - فعل متعدی - ادھر میں
چھوڑنا - بیچ میں جواب دینا + (داغ)
پھرا پیامبر اپنا خراب رستے میں
دیا نصیب نے اچھا جواب رستے میں
رستہ گھیرنا - ا - فعل متعدی - راستہ روکنا - مزاحم
ہونا - سدِ راہ ہونا ÷
رستے لگانا - ا - فعل متعدی - رستے پر ڈالنا - راہ
بتانا - راہ سے لگانا - طریق بتانا ÷ (داغ)
ہے یہی راہ منزل مقصود + خوب رستے لگا دیا تو نے
رَسَد - ف - اسم مؤنث (۱) حصہ - جزو - نصیب -
بھاگ + بنٹ - بانٹ - قسمت - سہام (۲) جنس غلہ
(۳) لائق - مناسب جیسے حصہ رسد (۴ - ۱) ذخیرہ
آذوقہ جو لشکر یا قافلہ کے ہمراہ ہو (۵ - ۱) غلہ کی آمدنی
(۶ - ۱) راشن - راتب - خورش - خوراک + ادھار - جن
+ بھتّا + زادِ راہ +
رسد پہنچانا - ا - فعل متعدی - سامانِ خوراک اور جنس
غلہ وغیرہ فوج یا لشکر میں بہم پہنچانا ÷
رسد رسانی - ا - اسم مؤنث - غذا اور اجناس وغیرہ
کا فوج یا لشکر میں پہنچانا - غلہ رسانی +
رَسْم - ع - اسم مؤنث (۱) لغوی معنی نقش - نشان + رقم
تحریر - نوشت (۲) دستور - قاعدہ - آئین - قانون
ریت - رواج (ناسخ) ہے متعلق اب ابن خدا اور اپنی زبان
رسم کی سو خوف اس نے امر پیغام کی +
(۳) - ف - تنخواہ - مشاہرہ - ماہانہ - وظیفہ - مواجب (۴) ملا

عادت - روّیہ - چال چلن - طور و طریق - روش

(امیر) قاتل کو وقتِ ذبح تماشا دکھائیں کیا
ہمکو تو رسم یاد نہیں اضطراب کی

(۵ - منطق) کسی چیز کی عرضیات کے ساتھ تعریف (۶ - ۱) ایک کھیل کا نام جسمیں ایک شخص دوسرے شخص سے پوچھتا ہے کہ تُمنے کیا کھایا اگر اُسنے اسکے جواب میں کسی ایسے میوے یا چیز کا نام لیا کہ جسمیں ر س م تینوں حرف آگئے اور دوسرا نہ بتا سکا تو وہ مات ہو گیا اور یہ جیت گیا) +

رسمِ مُلک - ع - اِسم مؤنث - دیسا چال - دیس ریت مُلک کا طریق + مُلک کا رواج + عُرفِ عام +

رسم و رواج - ع - اِسم مذکر - دستور و قاعدہ - ریت رسم

رسم و راہ - ع + ف - اِسم مؤنث - ربط ضبط - میل جول - برتاؤ - طریق - رستہ - ڈھنگ - دستور +

(ظفر) ہم اُن سے مانگتے بوسہ بھی نقدِ دل دیکر
جو لین دین کی کُچھ رسم و راہ پڑ جاتی

رَسْمی - ع - صفت - عام - معمولی + متوسط درجہ کا - ریت کا + بازارو - رواجی - دوم قسم کا - دوسرے نمبر کا

رِسْنا - ہ - فعلِ لازم (۱) ٹپکنا - چُونا - تراوش کرنا (۲ ہندو) خفا ہونا - ناراض ہونا - کھنچنا +

رَسْنا - ہ - اِسم مؤنث - (ہندو) ا - زبان - لسان - جیب - للو - ذائقہ - مزہ - چسکا (۲) فعلِ لازم - مرکبات میں) رہنا

رسنا بسنا نصیب ہو - ۱ - محاورہ - ہو - رہنا سہنا پھولنا پھلنا نصیب ہو - خدا خوش اور سرسبز رکھے - خدا بھرا پُرا رکھے +

رُسْوا - ف - صفت - ذلیل - خوار - بے عزت - بدنام فضیح - رُوسیاہ - بے حُرمت - بے غیرت +

رُسوا کرنا - و - فعلِ متعدی - بدنام کرنا - فضیحت کرنا ذلیل و خوار کرنا + زبُون کرنا +

رسوا ہونا - ۱ - فعلِ لازم - بدنام ہونا - ذلیل ہونا - بے عزت ہونا - لاج گنوانا - خوار ہونا +

رُسْوائی - ف - اِسم مؤنث - بدنامی - بے عزتی - فضیحت - ذلت - خواری +

رَسَوْت - ہ - اِسم مؤنث (ایک تلخ دوا کا نام جو اِسی نام کے درخت کی چھال سے بنائی جاتی اور اکثر آنکھوں یا پھنسیوں کی دوا میں پڑتی ہے) + شیرۂ خولان - گرمی و سردی میں معتدل اور دوسرے درجہ میں مخشک ہے - عربی میں اسکو حُضُض کہتے ہیں) +

رُسُوخ - ع - اِسم مذکر (۱) اُستواری - مضبوطی - محکمی (۲) اِستقلال - دھیرج - قیام - ثبات - جماؤ (۳ - ۱) رسائی - ربط و ضبط - پہنچ - مداخلت - اِعتماد - اعتبار

رَسُوخِیَت - ع - اِسم مؤنث - دیکھو (رُسوخ) +

رَسُول - ع - اِسم مذکر - (۱) بھیجا ہوا + خدا کی طرف سے بھیجا ہوا + وہ نبی جو خدا کی طرف سے کتاب لیکر آئے (۲) قاصد - پیغامبر - ہرکارہ - ایلچی - نامہ بر - دُوت + (مصرعہ) ہے روایت شترا سوار کہ یہ تھا رسول (۳ - ۱) ہادی - رہنما - پیشوا +

رَسُولی - ہ - اِسم مؤنث - گلٹی - وُہ گرہ جو مواد لزج سے پیدا ہو جاتی ہے +

رُسُوم - ع - اِسم مؤنث - رسم کی جمع (۱) نقوش - نشان (۲) تنخواہ - مشاہرہ (۳) آئین - قوانین + عادتیں - (۴ - ۱) فیس - سرکاری خرچ - سرکاری حق + اجورہ محنتانہ - مقررہ فیس + (امیر)

دسے نقدِ جان اسیر کہ قصّہ تمام ہے
جلّاد کی کچہری میں داخل رسوم کر

حق زمینداری - نذرانہ - بھینٹ - شکرانہ - حق +

رسوم عدالت - ع - اسم مؤنث - سرکاری خرچہ - کورٹ فیس - اسٹامپ +

رسوئی - ہ - اسم مؤنث (ہندو) ۱- کھانا - طعام - بھوجن جیسے رسوئی آدھی رسائن (۲) چوکا - باورچی خانہ - کھانا کھانے اور پکانے کی جگہ (جب پکی رسوئی کہیں گے تو وہاں گھی یا تیل کے پکوان یا پوریوں سے غرض ہوگی جیسے چوکے سے باہر بھی کھا سکتے ہیں اور جب کچی رسوئی کہیں گے تو وہاں چاول روٹی یا دال سے غرض ہوگی جسے چوکے سے باہر نہیں کھا سکتے) +

رسوئی بنانا یا کرنا - ہ - فعل متعدی (ہندو) کھانا تیار کرنا - طعام پکانا - روٹی پکانا +

رسوئی جیمنا - ہ - فعل متعدی - کھانا کھانا - نوش فرمانا - تناول کرنا - بھوجن کرنا +

رسوئیا - ہ - اسم مذکر (ہندو) طعام پز - بکاول - باورچی - کھانا پکانے والا برہمن +

رسّی - ہ - اسم مؤنث (۱) رسن - سنجو - ریسمان - موٹی ڈوری - حبل - طناب (۲) ع سانپ - مار - ناگ

رات کو لیتی ہو رسّی کا نام
(رنگین) تم کچھ اتنا جی بلّی سی ہو

(۳) سوفٹ کا لمبا پیمانہ +

رسّی بٹنا - ہ - فعل متعدی - رسّی کو بل دیکر بنانا - رسّی تیار کرنا - رسن تافتن کا ترجمہ +

رسّی جل گئی پر بل نہیں جلا - ہ - کہاوت - دولت اور ثروت جاتی رہی مگر غرور اور سرکشی نہ گئی یعنی ہرچند سزا پائی مگر بری عادت نہ گئی +

رسّی دراز کرنا - ۱- فعل متعدی - ڈھیلی چھوڑنا - فرصت دینا - مہلت دینا - اغماض کرنا +

خلق خدا کو ہوتی ہیں اس سے اذیتیں
(رند) ظالم کی رسّی کرنہ تو اوآسماں دراز

رسّی دراز ہونا - ۱- فعل لازم (۱) رسّی کا طویل اور لمبا ہونا (۲) مہلت ملنا - ڈھیل ہونا - طول مدت ہونا - دور تک پہنچ ہونا + (ذوق)

پہنچا ہی شب کمند لگا کر وہاں رقیب
سچ ہے حرامزادے کی رسّی دراز ہے

(۳) عمر بڑی ہونا - عمر دراز ہونا + (اسیر)

تجکو نہیں زوال زمانے کو ہے زوال
رسّی ہے تیری ظلم کی اے آسماں دراز

رسّی ڈھیلی چھوڑنا - ہ - فعل متعدی - لگام ڈھیلی چھوڑنا - مہلت دینا - خود مختار کرنا - مرضی پر چلنے دینا - آزادی بخشنا + اغماض کرنا - چشم پوشی کرنا +

رسّی کا سانپ بنانا - ہ - فعل متعدی - بے اصل بات کی دھوم مچانا - خیال غلط کو فروغ دینا +

رسیا - ہ - صفت - رس لینے والا - مزہ لوٹنے والا - شوقین - رسیلا - رنگیلا - چھبیلا - وضعدار - طرحدار - دھگڑا - شوقین مزاج

رسید - ف - اسم مؤنث (۱) پہنچ - رسائی - وصل - باریابی (۲) کسی چیز کے وصول ہونے کی دستخطی نوشت - پہنچنے کا اقرار - وصول ہونے کی تحریر - خط الوصول - یافتہ - بھرپایا - داخلہ (اسیر) برسوں گلی میں یار کے قاصد پڑا رہا
نکلا جو خط تو خط کی عنایت رسید کی +

(۳) پتا - خبر - سراغ جیسے وہ کبھی بات کی رسید نہیں دیتا

رسید دینا - ۱- فعل متعدی - پہنچنے کا کاغذ لکھ دینا - خط الوصول لکھدینا +

رسید کا ٹکٹ - ۱- اسم مذکر - وہ اسٹامپ جو وصولیت کے کاغذ پر بحکم سرکار ایک آنہ کا لگایا جاتا ہے +

رسید کرنا - ا - فعل متعدی (بازاری) (۱) لگانا - مارنا
جڑنا - سہی کرنا جیسے چانٹا رسید کیا (۲) - (عوامی)
پہنچانا - دخول کرنا - بارنا ٭

رسید نہ دینا - ا - فعل متعدی - اوّل معلوم - دوم
پتا نہ دینا - خبر نہ لگنے دینا - سُراغ نہ بتانا ٭

رسیدہ - ف - صفت (مرکبات میں) پہنچا ہوا
بالغ - انتہا کو پہنچا ہوا جیسے عمر رسیدہ وغیرہ ٭

رسیلا - ہ - صفت (۱) رسدار - رس بھرا - عرق دار
(۲) شیریں اور مزے دار - لطیف - خوش مزہ
میٹھا - خوش ذائقہ - لذیذ (۳) رسیا - بانکا - خوش
وضع - شیریں ادا - رنگیلا - چھبیلا ٭

رسیلی - ہ - اسم مؤنث (۱) رسدار - عرقدار (۲) طرحدار
خوش وضع - طرحدار - بانکی - رنگیلی ٭

رسیلی آنکھ یا آنکھیں - ہ - اسم مؤنث - چشم سرمگیں
چشم مخمور - نشیلی آنکھ - خوش وضع آنکھ - چشم مست

قتل کرتی ہیں مجھے اسکی رسیلی آنکھیں
رہتی ہیں غم سے مری روز رنگیلی آنکھیں

رشتہ - ف - اسم مذکر (۱) تاگا - دھاگا - ڈورا - تار -
کاتا ہوا سوت (۲) ڈوری - لڑی - نظم ٭ ناتا - قرابت - خویشی
برادری - تعلق - علاقہ - سمبند (۲) ایک بیماری کا
نام جیسے نارو یا ناروا کہتے ہیں ٭

رشتہ دار - ا - اسم مذکر - قرابتی - ناتے دار - برادری کا
بھائی برادر - گوتی - متعلق ٭

رشتہ داری - ا - اسم مؤنث - خویشی - قرابت
اپنایت - برادری - ناتے داری ٭

رشتہ کا - ا - تابع فعل - ناتے کا - اپنا - قرابتی ٭

رشتہ کرنا - ا - فعل متعدی - نسبت کرنا - سگائی
کرنا - تعلق پیدا کرنا - بیاہ کرنا - شادی کرنا ٭

رشتہ ناتا - ا - اسم مذکر - قرابت - میل جول سگاوٹ
سگارت ٭

رشتے ناتے کا - ا - تابع فعل - عو - اپنا - سگا - قرابت
کا - قرابتی - رشتے دار ٭

رُشٹ پُشٹ - ہ - صفت (ہندو) ہٹا کٹا - قوی ہیکل
جسیم - موٹا تازا - شہ زور - زبردست - زورآور - پُرزور
گاؤزور - بلی - چوڑے دنا ٭

رشک - ف - اسم مذکر (۱) ڈاہ - حسد - جلن - جلاپا

ابر کھار سالک کیا رشک عرشیوں کی مجھے پایگاہ کا
زایر ہوں آستان حبیب الٰہ کا ٭

(۲) عداوت - دشمنی (۳) غیرت - شرم (۴) چوٹ
کسیکی نعمت پر اسکے زوال بغیر رشک کرنا غبطہ (۵) (زنانہ)
حریف پن - ہم پیشہ ہونے کا حسد ٥

مرا قبول رشک کے سد سے نہیں قبول
ہم اُنہیں کیا رقیب تری انجمن میں ہے

رشک حور - پری - یوسف - ف + ع - صفت -
ایسا خوبصورت جسکے حسن و جمال پر حور پری یوسف کو
بھی رشک آئے - نہایت حسین - بڑا ہی خوبصورت

رشوت - ع - اسم مؤنث - گھوس - ناجائز نذرانہ
اجورہ ناجائز - ظلم سے لینا ٭

رشوت خور - ا - اسم مذکر - رشوت لینے والا -
ناجائز اجرت لینے والا - گھوس لینے والا ٭

رشوت دینا - ا - فعل متعدی ناجائز نذرانہ دینا -

رشوت ستانی - ا - اسم مؤنث - رشوت لینا
گھوس لینا - ناجائز طریقہ سے روپیہ حاصل کرنا ٭

رشوت کھانا یا لینا - ا - فعل لازم - ناجائز [illegible]

قسم + ڈھنگ - طور، طریق (۹-ا) پٹی - تشخیص
کی شرح - شرح لگان (۱۰-ا) جواہرات - جواہر (۱۱-ا)
مال و دولت - جوکھوں - قیمتی چیز + (داغ)
لیکے دل آپ جگر چھوڑ گئے سینے میں
ایک رقم یاد رہی ایک رقم بھول گئے
تمہیں ناز ہو نہ کیونکر کہ لیا ہے داغ کا دل
یہ رقم نہ ہاتھ لگتی نہ افتخار ہوتا +
رقم کرنا - ا - فعل متعدی - لکھنا - تحریر کرنا +
رقم وار - ع + ف - تمیز فعل - تفصیل وار +
رَقیب - ع - اسم مذکر (۱) نگہبان - محافظ - رکھوالا
پاسبان (۲) حریف - ہم پیشہ (۳-ا) دشمن - عدو
مخالف۔ مصحفی: یہ نہ ہوگا کہ مرے قتل سے درگزرینگے
جو رقیبوں نے سکھایا ہے وہ کر گزرینگے + (۴) صاحب ایک
معشوق کے کئی عاشق ہوں تو انہیں ہر ایک ایک دوسرے کا رقیب
کہلاتا ہے کیونکہ ہر شخص اپنے معشوق کو دوسرے سے بچانا اور اسکی
حفاظت کرنا چاہتا ہے۔ پس اسیوجہ سے بعض اوقات مخل پر بھی
اطلاق ہوجاتا ہے (معروف) ایسے مفتہ دوست کی خاطر پیست
جاے رقیب + چار دن کی بات ہے یاروں سے بھی یارانہ تھا -
(رفتا من) رقیبوں کا ہو عمل نہ عمل کا ہو کچھ اثر + میرا رقیب ... (عمل)
رَقیق - ع - صفت (۱) پتلا + باریک - پانی کی مانند
پتلے قوام کا (۲) نرم - ملایم +
رقیق القلب - ع - اسم مذکر - نرم دل - رحم دل -
ملایم دل - صاحب درد - وہ شخص جسکا دل جلد بھر آئے
+ ترس کھانے والا - دیاوان - دیالو - دیاونت +
رَقیمہ - ع - اسم مذکر - خط - مکتوب - چٹھی - رقعہ +
رِکاب - ع - اسم مونث (۱) وہ آہنی حلقہ جو گھوڑے
کے زین میں دونوں طرف لٹکتا رہتا ہے اور سوار اسپر پاؤں
رکھکر گھوڑے پر چڑھتا ہے - لوہے کا گھوڑے پر چڑھنے کا حلقہ
(۲) رکابی - صحنک + پیالہ + ڈھوبری + تھالی +
طباق - طبق + صحاف +
رکاب دار - ف - اسم مذکر (۱) رکابیوں میں کھانا
چننے اور خوبصورتی سے لگانے والا خانساماں - وہ شخص جو
باورچی گری میں ید طولیٰ رکھتا ہو - ایک قسم کے باورچی جو عمدہ عمدہ
کھانا پکاتے اور نئی نئی طرح سے ہر ایک چیز جیسے اچار مربے
حلوا لوزیات وغیرہ تیار کرتے ہیں) (۲) رکاب پکڑ کر گھوڑے
پر چڑھانے والا نوکر - بادشاہوں کی سواری کے ساتھ کھانا
لیکر چلنے والا ملازم - خاصہ بردار +
رکاب دوال - ع + ف - اسم مونث - وہ چمڑا
جسمیں رکاب لٹکتی رہتی ہے - رکاب کا تسمہ +
رکابی - ف - اسم مونث - صحنک - تھالی - تشتری
چھوٹا طباق - طبقچہ - کٹھوتی - ڈھوبری +
رکابی سا منہ - ا - اسم مذکر - عو - طباق سا منہ -
چوڑا چکلا منہ + طباق چہرہ +
رکابی مذہب - ا - صفت - طعام تلاش -
نیوتہ خور - ہر دیگی چمچہ + طفیلی + لالچی - طامع + وہ
شخص جو کھانے کے لالچ سے ہر طرف ڈھلا جاے
تھالی کا بینگن - بن پیندی کا بدھنا - زمانہ ساز
دنیا ساز - ابن الوقت - خوشامدی (اخانو جعفر علی صاحب
مرحوم) سب اُسے جانتے ہیں ہے وہ رکابی مذہب
اسکو لالچ جو کوئی دیگا وہ ڈھل جائیگا +
رکان - ا - اسم مونث - ڈھب - ڈھنگ - طریقہ
جیسے مجھے اس کام کی رکان خوب یاد ہے +
رُکاؤ - ا - اسم مذکر (۱) انقباض - روک - ٹھہراؤ - لگاؤ
توقف (ذوق) مرکاؤ خوب نہیں طبع کی روانی میں

کہ تو فساد کی آتی ہے بندپانی میں

(۲) تعرض - مزاحمت (۳) رنجش - آزردگی ÷

رُکاوٹ - ہ - اسم مؤنث - روک - کشیدگی - انقباض
اٹکاؤ - ٹھیراؤ - خفگی - رنجش - کدورت - آزردگی

کھول آغوش نہ تو مجھ سے رکاوٹ سے لپٹ
(انشا) اب جو لپٹا ہے تو آ یار کی کروٹ سے لپٹ

رَکت - س - اسم مذکر (ہندو) لہو - خون - دم
رُدھر + لال - سرخ +

رکت بہانا - ہ - فعل متعدی (ہندو) خون بہانا
خون نکالنا - زخمی کرنا - مجروح کرنا + گھایل کرنا - لہو
لہان کرنا - خونم خون کرنا ÷

رکت چندن - ہ - اسم مذکر (ہندو) سرخ صندل
جو درجہ دوم میں [illegible] ÷

رُک رُک کر - ہ - [illegible] - ٹھٹ ٹھٹ کر - منقبض
ہو ہو کر (ملیر) [illegible] مر گئے رُک رُک کے ہم
نکلا نہ وہ سو ہو کے ہمارے مزار پاس

رَکشا - س - اسم مؤنث (ہندو) رچھا - امان - حفاظت
پالن - پناہ - نگہبانی - محافظت - رکھوالی - بچاؤ
(۲) راکھی (۳) بھبوت - راکھ - بھسم +

رکشا بندھن - ہ - اسم مؤنث - راکھی باندھنے کی
رسم - سلونوں کا تہوار جسمیں ہندو لوگ اپنے ہاتھو
میں کلاوہ راکھی اور نوار سے بندھواتے ہیں +

رکشا کرنا - ہ - فعل متعدی (ہندو) بچانا - محفوظ رکھنا
محافظت کرنا + پناہ دینا - امن دینا +

رکعت - ع - اسم مؤنث (۱) خمیدگی - جھکاؤ - جھکاوٹ
(۲) نماز کا آدھا یا تہائی یا چوتھائی حصہ جسمیں رکوع
اور سجود بھی داخل ہو - نماز کا رکن +

رکعت دوڑنا یا چلنا - ا - فعل لازم - عوام -
چرچا پھیلنا - کھوڑا دوڑنا - شہرت ہونا +

رُکن - ع - اسم مذکر (۱) ستون - پایہ - تھم - کھم - تھونی
جزو اعظم + پیل پایہ (۲-۱) سربراہ کار - کارندہ -
معتمد علیہ (۳-۱) اڑوار (۴-۱) حصہ - جزو +

طاعت میں دھیان ہے کسی قد دراز کا
اعظم ہے یہی رُکن ہماری نماز کا ÷

رُکن سلطنت - ع - اسم مذکر - وزیر - منتری - متصدی
امور سلطنت +

رُکنا - ہ - فعل لازم (۱) ٹھیرنا - تھمنا ۵

یہ رُک رُک کے کرتے ہو لڑنے کی باتیں
سکھائی ہوئی گفتگو ہے کسیکی +

(۲) ہکلانا - تتلانا - لکنت کرنا (۳) کشیدہ ہونا -
منقبض ہونا - کھنچنا + (حالی حسن)

رُکے جو کوئی اُس سے رُک جائیے
جھکے جو کوئی اُس سے جھک جائیے

(۴) باز رہنا (۵) ٹھٹکنا - اٹکنا (نظیر)

اپنا وہ پاس جانا کہنا کہ ملیئے اسے جاں
اُسکا پرے سرکنا رُکنا عتاب کرنا +

(۶) دم لینا - قیام کرنا - دیر کرنا - توقف کرنا (۷)
پس وپیش سوچنا - پیچھا سوچنا - شش و پنج میں ہونا
دُبدھا یا دھکڑ پکڑ کرنا - دو دلا ہونا (۸) ڈٹنا - منہمک
ہونا - جمنا (۹) معمور ہونا - خالی نہ رہنا - پُر ہونا
جیسے گھر یا اسامی رُکنا (۱۰) بند ہونا - مسدود ہونا
جیسے راستہ یا تنخواہ رُکنا (۱۱ - عو) حیض یا جھیر
ایام ہونا (۱۲) مجامعت سے باز رہنا [illegible] لفظ کے اور
(۱۳) جھجکنا - ہچکنا - ہٹکنا - [illegible]

رُفتگی نکالنا - ا - فعل متعدی (بیگمات قلعہ) گلہ اُتارنا - بوجھ اُتارنا - چھنڈا اُتارنا جیسے دو چار دفعہ آئیں گئیں - رفتگی نکالی ربط بڑھایا (چتر بھیلی) +

رَفت و گُزَشت - ف - صفت - گئی گزری - ٹالنا

رفت و گُزشت کرنا - ا - فعل متعدی - باز آنا - جانے دینا - معاف کرنا - خیال نکرنا + دبانا + پنڈ چھوڑنا - باز رہنا - آیا گیا کرنا - خاک ڈالنا +

رفت و گُزشت ہونا - ا - فعل لازم - گزرنا بیتنا - گیا گزرا ہونا - آیا گیا ہونا - دبنا - خاک پڑنا +

رُفتہ رُفتہ - ف - تابع فعل - بتدریج - ہولے ہولے آہستہ آہستہ - سہج سہج ہولے ہولے +

رَفرَف - ع - اسم مذکر - اسرافیل علیہ السلام کے مقام کا نام + وُہ سواری جس پر رسول مقبول معراج میں سدرۃ المنتہیٰ سے بارگاہ احدیت تک تشریف لیگئے +

رَفع - ع - اسم مذکر (۱) اُٹھانا - بلندی - ارتفاع - اُنچائی اُٹھاؤ - اُٹھان (۲) چھوڑنا - باز رہنا (۳) نمرہ ضمہ پیش

رفع شر یا فساد - ع - اسم مذکر - دفع فساد جھگڑا مٹانا

رفع دفع کرنا - ا - فعل متعدی - دُور کرنا - مٹانا - ہٹانا - دبانا - جانے دینا - معاف کرنا - باز رہنا خیال نکرنا

رفع کرنا - ا - فعل متعدی - نکالنا - ٹالنا + برلانا - جیسے رفع حاجت کرنا +

رفع ہونا - ا - فعل لازم - جانا - دُور ہونا - جاتا رہنا

رِفعت - ع - اسم مؤنث - بلندی - اُنچائی - عُروج - اوج رتبہ - برتری - عالی مرتبہ ہونا - منزلت - درجہ - قدر - جاہ و منصب

ملایم دل - صاف - بزرگی +

+ ترس کھانے ... Riflemen اسم مذکر (۱) ایک قسم کی

رَفیمہ - ع - اسم مذکر - ... + تکیا +

رِکاب - ع - اسم ...

کے زین میں دونوں طرف لٹکے

(آتش)
اتنی تنکار گاہ جہاں میں ہے آرزو
میں سامنے ہوں اور تمہارا رفل چلے

(۲ - و) ایک قسم کی نہایت باریک تنزیب - بہت باریک ململ

رَفو - ع - اسم مذکر - کپڑے کی دُرستی - پھٹے ہوئے کپڑے میں تاگے بھر کر برابر کرنا - کپڑے کی مرمت - ایک قسم کی سلائی - تاگوں سے پیوند کرنا +

(ظفر)
خدا نہ دے تجھے ناخن جنوں ترے ہاتھوں
ہمیشہ چاک جگر کا رفو بگڑتا ہے + +

رفو چکر میں آجانا - ا - فعل لازم - رفو کے تاگے کی طرح بے سروپا ہو جانا + کسی عجیب بات کو دیکھکر حیران و متحیر ہو جانا - حیران و ششدر ہو جانا - ہکا بکا ہو جانا - گھبرا جانا - سٹ پٹا جانا - بے اوسان ہو جانا سرگرداں ہونا (سراج) رفو گر کو کہاں طاقت کہ زخم عشق کو ٹانکے
اگر دیکھے مرا سینہ رفو چکر میں آجاوے +

(۲) مصیبت میں پھنس جانا - ریوڑی کے پھیر میں آجانا پھندے میں پھنسنا +

رفو چکر ہونا - ا - فعل لازم (۱) چلدینا - بھاگ جانا رُو پوش ہونا - ہوا ہونا - اُڑ جانا - چلتا پھرتا نظر آنا +

(مؤلف)
جیب و داماں پھاڑ کر جب دشت کے میں سر ہوا
دیکھکر مجنوں مجھے کیا ہی رفو چکر ہوا +

(۲) حیران و سرگردان ہونا +

رفو کرنا - ا - فعل متعدی - تاگوں سے پیوند لگانا - سوراخ کو تاگوں سے بھرنا + تاگے بھرنا +

رفو گر - ع + ف - اسم مذکر - رفو کرنے والا - رفو ساز وہ شخص جو شال دوشالے وغیرہ میں رفو کیا کرتا ہے

رفو گری - ع + ف - اسم مؤنث - رفو کرنے کا پیشہ رفو کا کام +

رفو ہونا - ا- فعل لازم - تاروں سے پیوند لگنا - تاگوں سے بھرا جانا - کشیدہ سے سلائی ہونا +

رفی - ا- اسم مؤنث (۱) دھواں - دھواں سا + دود + کاجل (۲) آٹا - آٹا سا بھُوسی - سفید سفید باریک چیز جو کسی چیز کے جھاڑنے سے گرتی ہے - گوڑا - کائی جوار باجرا کوٹنے یا روئی دھننے میں جو گرد سا اٹھتا ہے

رفیدہ - ع- اسم مذکر - ایالہ رفادہ (۱) وہ پھونس بھری ہوئی گول گدی سی جس پر روٹی رکھکر تنور میں لگاتے ہیں - تنور میں روٹی رکھکر لگانے کی گدی - کابوک (۲ - ۱) گول اور وضع پگڑی +

رفیق - ع- اسم مذکر (۱) ساتھی - ہمسفر - ہمراہی (۲ - ۱) معاون - مددگار - دوست - دلی دوست - یار غار (۳ - ۱) خیرخواہ (۴ - ۱) مصاحب - ہمنشین - جلیس انیس +

رقابت - ع اسم مؤنث - رقیبی + دشمنی - چشمک - نوکت بھرا

رقبہ - ع- اسم مذکر لغوی معنی گردن اصطلاحی زمین متعلقہ + زمین کے عرض طول کو ضرب دینے سے جو مقدار حاصل ہو + احاطہ +

رقت - ع- اسم مؤنث (۱) نرمی - ملائمت + پتلا پن (۲ مجازاً) گریہ - رونا (۳ - ۱) حال - وجد - دل بھر آنا - دل امنڈ آنا (۴ - ۱) رحم - ترس - ہمدردی - دردمندی + رحمدلی +

رقت آنا - یا - ہونا - ا- فعل لازم - دل بھر آنا - حال آنا وجد آنا +

رقت منی - ع- اسم مؤنث - منی کا رقیق ہونا - ... عات کا پتلا پڑنا +

رقص - ع- اسم مذکر (۱) اچھلنا - کودنا - کود پھاند اچھل کود (۲) ناچ - اصول نغمات کے مطابق تھرکنا +

رقص طاؤس - ع- اسم مذکر - مور کی طرح کا ناچ - ایک قسم کا ناچ جو بنگالہ پیار کے ناچا جاتا ہے - مور کا ناچ

موسم گل کی ہوا پلوا کے مے رکھتی ہے مست
رقص دکھلا دیتا ہے برکرم طاؤس کا (آتش)

رقص و سرود - ع + ف - اسم مذکر - ناچ رنگ گانا بجانا - راگ ورنگ +

رقعہ - ع- اسم مذکر (۱) پرزہ - پرچہ + دھجی - چیتھڑا پیوند - تھگلی (۳) خط کا پرچہ - چٹھی - کاغذ کا لکھا ہوا مگر خط (۴) وہ کاغذ جو پیام نسبت کے واسطے باپ دادا پردادا وغیرہ کا نام اور حسب نسب لکھکر دلہن کے گھر جاتا ہے (۵) کسی تقریب یا شادی میں بلانے کا اطلاعی رنگین پرچہ (۶) ہنڈی - ہنڈی کا پرچہ +

رقعہ آنا - ا- فعل لازم (۱) کسی تقریب کا بلاوا آنا (۲) پیغام نسبت کا آنا +

رقعہ جانا - ا- فعل لازم - نسبت کا پیغام جانا +

رقم - ع- اسم مؤنث (۱) خط - نوشتہ - تحریر (۲) نقش مہر - نشان - چھاپ - چھاپا (۳ - ۱) ہندسہ - عدد + روپوں کے وہ نشان یا ہندسے جو ایک خاص صورت میں الفاظ کا اختصار کرکے بنائے گئے ہیں جیسے عدد کی علامت عددان عشر ثلاثہ اربعہ خمسہ ستہ سبعہ ثمانیہ تسعہ عشرہ وغیرہ + بگہ بسوے وغیرہ کے ہندسے جو قریب قریب یونانی رسم ہندسوں کے مطابق ہیں (۴ - ۱) قوم - ز... (۵ - ۱) سونے کی چڑیا - مالدار آدمی - ... اعجوبہ - عجیب آدمی - چلتا ہوا پرزہ (۷ - ۱) نوچی - کم سن کسبی (۸ - ۱

لینا - ناجائز اُجرت لینا - باوجود تنخواہ مستغیثوں
کو دباکر یا ناانصافی سے کچھ لینا +

رِشی - س - اسم مذکر - (ہندو) سنت - خدا پرست
سادھو - زاہد - عابد - تپسّی - مُرتاض - ولی - مُنی
جوگی - درویش +

رَشِید - ع - صفت (۱) ہدایت یافتہ - ہدایت کیا ہوا
سیدھے راستہ پر پڑا ہوا (۲) تربیت یافتہ - تہذیب
یافتہ - تعلیم یافتہ جیسے شاگرد یا فرزند رشید +

رَصَد - ع - اسم مذکر - جنتر منتر - تاروں کی گردش دیکھنے
کا مینار - چبوترہ - چونترا + بارگاہ +

رصدگاہ - ع + ف - اسم مذکر - جنتر منتر +

رِضا - ع - اسم مؤنث (۱) خوشنودی - خوشی
رضامندی - مرضی (۲) اجازت - مہلت - رخصت
وطن جانیکی بلاوضع تنخواہ چھٹی جو تین سال بعد
ملازم کو دی جاتی ہے - فرلو +

رضامند - ع + ف صفت - راضی - خوش - منظور
کرنے والا - اجازت دینے والا +

رضامندی - ا - اسم مؤنث - خوشنودی منظوری

رضا ہونا - پنجابی - فعل لازم - مرجانا - وفات پاجانا

رَضاعت - ع - اسم مؤنث - شیر خواری - دودھ پلانا
+ بچوں کے دودھ پلانے کا زمانہ جو دو سال کا ہے

رَضاعی بھائی - ا - اسم مذکر - دودھ شریک بھائی
کوکا - برادر رضاعی +

رِضائی - ا - اسم مؤنث - دیکھو (رزائی) + ۵
ملایم دل ہم کو سمجھے رضائی کی + طرز ٹپکے ہے بیوفائی کی
+ ترس کھانا - ع - اسم مذکر - داروغہ بہشت - ایک فرشتہ

رقیمہ - ع - اسم ... بہشت کا دربان اور موکّل ہے +

رِکاب - ع - ا
کے زین میں دونوں طرف

رَضَوِی / رَضَوِیَّہ } ع - صفت - امام موسیٰ علی رضا رضی اللہ
عنہ سے نسبت رکھنے والا +

رَطب و یابس - ع - صفت - تر و خشک + بُرا بھلا
اچھا بُرا - نیک و بد + (ناسخ)
لکھتا ہوں حال اپنا سب اُسکو رطب یابس
ہونٹوں پہ یاں ہے خشکی آنکھوں میں گر تری ہے

رِطل - ع - اسم مذکر (۱) جام شراب (ظفر)
ساقی ہے نشہ آنکھوں میں معمول سے ہلکا
نظروں میں ہے اب رطل گراں پھول سے ہلکا
(۲) آدھ سیر کا وزن (اٹھائیس تولے ساڑھے چار ماشہ
کا وزن جو اطبا کی اصطلاح میں مروج ہے) +

رَطوبت - ع - اسم مؤنث - تری - نمی - سیل - آل +

رِعایا - ع - اسم مؤنث - رعیت کی جمع (حفاظت
کی گئی - پرجا - کسی حاکم کے زیر فرمان رہنے والے لوگ
+ کرایہ دار - محکوم - زیر حمایت +

رِعایت - ع - اسم مؤنث - پاس - نگہبانی - طرفداری - لحاظ
خیال - پچ - نگہداشت + رویت - بخشش +

رِعایت کرنا - ا - فعل متعدی - پاس کرنا - طرفداری
کرنا - حمایت کرنا +

رِعایتی - ع - صفت - رعایت کردہ شدہ + لحاظ کیا گیا
وہ شخص جسکے ساتھ کچھ لحاظ کیا جائے - آوردہ -
منظور نظر - حمایت کی گھوڑی +

رِعایتی چھٹی یا رخصت - ا - اسم مؤنث - وہ رخصت
جو بلاوضع تنخواہ دی جائے +

رُعب - ع - اسم مذکر (۱) ڈر - خوف - ترس - بیم - دہشت
ہیبت (۲-۱) دبدبہ - شان و شوکت - شکوہ + دھاک
جلال - جاہ و جلال +

رُعب بٹھانا - ا - فعلِ متعدی - خوف بٹھانا - ہیبت بٹھانا + دھاک جمانا +

رُعب بیٹھنا - ا - فعلِ لازم - خوف جمنا - دھاک بیٹھنا

رُعب چھانا - ا - فعلِ لازم - خوف غالب ہونا - دھاک بیٹھنا دہشت غالب ہونا - ہیبت میں آنا +

رُعب داب - ع - اسمِ مذکر - دبدبہ - شان و شوکت - دھاک - ہیبت - جاہ و جلال - تجمّل - ٹھاٹ +

رُعب دار - ع + ف - صفت - ہیبتناک - مُہیب خوفناک - ڈراؤنا - بھیانک +

رَعد - ع - اسمِ مذکر - بجلی کی کڑک - گرج - گڑگڑاہٹ + بادلوں کو چلانے والے فرشتہ کی آواز +

رَعشَہ - ع - اسمِ مذکر (۱) لرزہ - کپکپی - تھرتھراہٹ (۲) ایک اعصابی بیماری کا نام جس سے خود بخود ہاتھ پاؤں کانپنے لگتے ہیں + اردھنگ - سن بہری جھولا - فالج +

رَعنا - ع - صفت (۱) خود آرا - بناؤ سنگار سے رہنے والا رنگیلا - چھبیلا - وضعدار - سجیلا (۲) عجیب - خوشنما زیبا (۳) طرار - چالاک - شاطر جیسے جوانِ رعنا - تدروِ رعنا (۴) دورنگا جیسے سروِ رعنا - (۵) ایک پھول کا نام جو اندر سے سُرخ اور باہر سے زرد ہوتا ہے (۶) خوش خرام - خوش رفتار جیسے قدِ رعنا

رَعنائی - ع - اسمِ مؤنث - خود آرائی - وضعداری - دلچسپی - دورنگی - خوش خرامی - چالاکی - طراری

رُعونت - ع - اسمِ مؤنث - خود آرائی - غرور - سرکشی گھمنڈ - دماغ - شیخی - ابھمان - غرّہ +

رَعیّت - ع - اسمِ مؤنث - رعایت کیا گیا - پرجا محکوم + اسامی + کرایہ دار - زمیندار - دنیا کے لوگ جو کسی حاکم کے ماتحت ہوں +

(اسیر)
شریکِ حالِ عالم ہے جو انساں نیک سیرت ہو
رعیت کم نہیں ہے فوج سے سلطانِ عادل کی

رَغبت - ع - اسمِ مؤنث - خواہش - میل - رجحان - اِچھا - توجہ - رجوع - رُچی + شوق - پیار - چاؤ - چاہ

رغبت کرنا - ا - فعلِ متعدی - مائل ہونا - رجوع کرنا میل کرنا +

رَف - انگلش (Rough) صفت - نامرتب - بھونڈا کٹا پھٹا - مسودہ - کاٹ پھانس کیا ہوا +

رَفاقت - ع - اسمِ مؤنث (۱) ہمراہی - ساتھ - سنگت (۲ - ا) محبت - دوستی - پریت - میل جول - اتحاد - اختلاط - ارتباط (۳ - ا) وفاداری - خیرخواہی - نمکحلالی

رفاقت کرنا - ا - فعلِ متعدی - ساتھ دینا - رفیق رہنا - سنگت کرنا - وفاداری کرنا +

رِفاہ - ع - اسمِ مؤنث - تن آسانی - آرام - راحت چین - وہ کام جس سے لوگوں کو آرام ملے - نیکی - بھلائی بہتری - بہبودی - راحت +

رفاہِ عام - یا - خلایق - ع - اسمِ مؤنث - بہبودیِ عام عام لوگوں کی بھلائی - سب کے آرام کا کام - خلایق کے فائدہ کا کام +

رِفاہیت - ع - اسمِ مؤنث - خوشی - عیش - بھلائی بہبودی - آرام - تن آسانی - بہتری - راحت [illegible]

رَفتار - ف - اسمِ مؤنث - چال - روش - [illegible]

(ناسخ)
بول چال ایسی کسی کی بھی نہیں [illegible]
تری گفتار نئی ہے تری [illegible]

رفتار و گفتار - ف - اسمِ [illegible] طور طریق - چال چلن +

یا بیٹھے سے ریٹنا (۵) گھُسنا۔ بیچ و تاب کھانا (جُرأت)
سُنے ہے جسدم گلی میں اپنی وہ فتنہ گر شور و شر ہمارا
تو دل میں رُک رُک کے وہ یہ کہے ہے نہیں ہے کچھ اسکو ڈر ہمارا
(۱۶) خفا ہونا۔ ترکِ مُلاقات کرنا + (معرُوف)
اوّل تو نہیں رُکتا اور جب رُکو تمیں منہ کھولکے خزانوں کے تو بھی کھولدیں
(۱۷) اعراض کرنا۔ رُوگرداں ہونا + (دبیر)
فروتن جھکنا تو گُرسی سے رُکنا + وُہ رستم ہیں جو کمان کھینچتے ہیں +

رُکُوع ع۔ اسمِ مُذکر۔ جھکاؤ۔ عاجزی سے جُھکنا۔ (نماز کا چوتھا فرض جسمیں کھڑے ہونے کے بعد گھٹنوں پر ہاتھ رکھکر جھکتے اور پھر سیدھے کھڑے ہوکر سجدہ میں جاتے ہیں +

رُکھانا ہ۔ فعلِ مُتعدّی۔ عوام۔ دیکھو (دھروانا) +

رُکھانی ہ۔ اسمِ مؤنث۔ نہانی۔ بڑھیوں کے ایک اوزار کا نام جس سے لکڑی کھودتے ہیں۔ اسکنہ

رُکھائی ہ۔ اسمِ مؤنث (۱) رُوکھاپن۔ خشکی۔ کم توجہی۔ بے التفاتی۔ بیرخی۔ کج خُلقی۔ بدمزاجی۔ کج ادائی۔ بے پروائی۔ نامہربانی۔ بداخلاقی +
دُور سے دیکھ مجھے چین بجبیں ہوجانا
(داغ) تاکہ کچھ کہہ نہ سکوں بلبے رُکھائی تیری
(۲) بیمروتی۔ بیوفائی۔ رُوگردانی۔ اعراض۔ بے اعتنائی۔ اِنکار۔ چشم نمائی (شائق) دغابازی تو دیکھو کہ یار دو دین دل لیکر
دیا ہے ایک بوسہ وہ سرے پہ ابٹ کھائی ہے
کہاں ہے مجھ میں یہ جُرأت کہ تمکو جانے نہ دوں
پر اِس رُکھائی سے مجھسے نہ تم چھڑاؤ ہاتھ

جب لگاوٹ وُہ مری ہر بات میں پانے لگا
باتوں باتوں میں رُکھائی یار جتلانے لگا +

رُکھائی دینا ہ۔ فعلِ متعدّی۔ بیرخی کرنا۔ بے اعتنائی کرنا۔ کج ادائی کرنا۔ مُنہ بنانا۔ تیوری چڑھانا۔ چین بجبیں ہونا۔ چشم نمائی کرنا + (معرُوف)
قتل کرتا ہے مُجھے جسوقت یاد آتا ہے آہ
وُہ رُکھائی دیکے اُسکا دیکھ لینا پیار سے

رُکھائی کی لینا ہ۔ فعلِ لازم۔ دیکھو (رُکھائی دینا) +

رُکھائیاں ہ۔ اسمِ مؤنث۔ رُکھائی کی جمع +

رُکھائیاں بتانا ہ۔ فعلِ مُتعدّی۔ خفگی سے ٹالنا۔ کج ادائی کرنا۔ بیرخی سے پیش آنا۔ توجّہ نکرنا۔ بیمروّتی کرنا (جُرأت) بس بس رُکھائیاں نہ بتلاؤ لیکے دل
مرتا ہوں تو بتاؤ کونسی سبب نباہ کا

رُکھائیاں دینا ہ۔ فعلِ مُتعدّی۔ بیمروتی کرنا۔ کج ادائیاں کرنا۔ کنارہ کش ہونا۔ کنارہ کرنا۔ بیرخی سے پیش آنا۔ دھتکارنا + (انشا)
اُن میں کدُورتیں نہ آئیں ایسا نہو کہ رُوٹھ جائیں
دیویں بہم رُکھائیاں آتش و باد و آب و خاک

رکھ دینا ہ۔ فعلِ مُتعدّی (۱) دھر دینا۔ رکھا دینا۔ چھوڑ دینا + بسا دینا + اُتار دینا + گروں کر دینا + بازی پر لگا دینا (باقی معانی لفظ رکھنا سے ملالو) +

رکھ رکھاؤ ہ۔ اسمِ مذکر۔ محافظت۔ حفاظت۔ نگہداشت۔ دیکھ بھال۔ خبرگیری جیسے گھوڑے اور بچّے کا رکھ رکھاؤ ہی تو مشکل ہے +

رکھکر کہنا ہ۔ فعلِ لازم۔ کسی پر ڈالکر کہنا۔ ڈھالکر کہنا (۲) پُوری بات نہ کہنا۔ آدھی بات کہنا۔ بات چبا جانا + کڑواں بات کہنا +

ریسہ ... **بتانا۔ یا۔ بتلانا** ہ۔ فعلِ مُتعدّی۔ آنکھیں ... ملایم دل۔ نمائی کرنا کج ادائی کرنا۔ دھتکارنا۔ بدمزگی + ترس کھا۔ ع۔ اسم لگانا۔ خاطر میں نہ لانا۔ توجّہ نکرنا۔ (غضنفر)

رُقیمہ ع۔ اسم ... +

رِکاب ع۔ ا ...
کے زین میں دونوں طرف

رکھنا - ۸ - فعل متعدی (۱) دھرنا - ٹکانا (۲) بچانا - محافظت کرنا - خبرداری کرنا جیسے جان رکھنا جیسے خدا رکھے تو کون چکھے (۳) جمع کرنا - اکٹھا کرنا - جوڑنا - سینتنا (۴) عاید کرنا جیسے الزام رکھنا (۵) چھوڑنا - ملتوی کرنا - منحصر کرنا - موقوف رکھنا - انحصار کرنا جیسے یہ کام کل پر رکھو (۶) دفن کرنا - قبر میں اُتارنا دفنانا - توپنا - دابنا - تدفین کرنا ÷ (غافل)

عُریاں اُٹھینگے قبر سے آخر تو حشر کو
رکھ دو ہمیں یونہیں جو نہیں ہے کفن نہو

(۷) رہن کرنا - گرو رکھنا - کفالت میں دینا - بندھک کرنا (ظفر) جنکو ہم زاہد سمجھتے تھے بڑا سوا ظفر ÷
میکدے کی تیغ تک عمامہ رکھ کر پی گئے ÷

(مسلّوطی) دخول کرنا - داخل کرنا (۹ - عیاش) ساتھ سُلانا - شب باش کرنا - صحبت داری کرنا (۱۰) دبا لینا مار لینا - قابض ہو جانا (۱۱) روکنا - ٹھیرانا - ٹکانا - جیسے مہمان رکھنا (۱۲) مقرر کرنا - تعیین کرنا - بھرتی کرنا - ملازم بنانا جیسے آدمی رکھنا (۱۳) نطفہ ڈالنا جیسے پیٹ رکھنا (۱۴) نصب کرنا - کھڑا کرنا - قائم کرنا - گاڑنا (۱۵) لگانا - مارنا - جیسے دو دھپ رکھے (۱۶) انڈے دینا جیسے کبوتر نے انڈے رکھے (۱۷) دینا دھرنا - مقروض ہونا - قرضدار ہونا جیسے ہم کیا اُنکا کچھ رکھتے ہیں (۱۸) حوالہ کرنا - پیش کرنا - موجود کرنا - حاضر کرنا - گزارنا - دینا جیسے چار روپے رکھے جب بچھا چھوٹا (۱۹) نذر کرنا - چڑھانا جیسے دیوتا یا ولی کی درگاہ پر رکھنا (۲۰) ٹلانا - ٹالنا - الا ... کام سے رکھنا (۲۱) ترقی نہ ہونے دینا - درجہ نہ بڑھنے دینا (۲۲) اُٹھا لینا سلامت ... لے دینا جیسے ایک دو چوروں کو تو اُسنے بھی رکھا (۲۳) حوالات کرنا - حاجت میں بھیجنا (۲۴) پکڑنا - گرفتار کرنا - قید کرنا جیسے حاکم نے چار برس کو رکھ دیا (۲۵) ڈالنا - بٹھانا - مدخولہ بنانا جیسے رنڈی گھر میں رکھنا (۲۶) دُکان لگانا - سودا دھرنا (۲۷) سنگوانا سنبھالنا جیسے چیز نہ رکھے آپنی اور چوروں کو گالی دے (۲۸) تحویل کرنا - سپرد کرنا - ڈپوزٹ میں دینا - سپردگی میں دینا - دھروڑ یا امانت سونپنا (۲۹) اُتارنا - فروکش کرنا جیسے سرائے میں رکھنا گھر میں رکھنا (۳۰) جوں کا توں رہنے دینا - بنا رکھنا - برقرار رہنے دینا (۳۱) داؤں پر لگانا - اڑنا - شرط پر لگانا - شرط بدنا - بازی لگانا - (۳۲) کسی برتن کے اندر کوئی چیز بھرنا - اٹانا - سمانا - برتن میں ڈالنا - دبانا (۳۳) پرورش کرنا - پالنا جیسے جانور یا کبوتر رکھنا (۳۴) قبول کرنا - منظور کرنا - واپس نہ کرنا - جیسے کسی ہدیہ یا تحفہ کو رکھنا (۳۵) پس انداز کرنا بچانا - رکھ چھوڑنا - توفیر میں رکھنا جیسے تنخواہ میں سے کیا رکھتے ہو؟ (۳۶) کرنا جیسے آرزو رکھنا - التجا رکھنا ضد رکھنا - عداوت رکھنا - رکھ پت رکھا پت یعنی اوروں کی عزت کر اپنی عزت کرا وغیرہ (۳۷) کام میں لانا - برتنا - مصرف میں لانا جیسے اُس چیز کو اتنے دن رکھا اور پھر نہ ٹوٹی (۳۸) مصروف کرنا - دھندے میں لگانا جیسے کام میں رکھنا (۳۹) چُرانا - خیانت کرنا - نکال لینا جیسے چیز میں سے چیز رکھ لیتا ہے - (۴۰) باقی چھوڑنا - رہنے دینا جیسے اُسنے گھر کا کچھ نہیں رکھا سب بیچکر خالصے لگا دیا (۴۱) ذمّہ ڈالنا - تھوپنا - جیسے بات رکھنا (۴۲) ہتّے باندھنا جیب میں ڈالنا جیسے یہ روپے تو رکھو اور پھر لے لینا (۴۳) پاٹنا - چھانا جیسے کڑیاں یا چھپر وغیرہ رکھنا (اِن معانی کے علاوہ اِس لفظ کے اور بھی بہت سے معنی ہیں جو اپنے موقع پر کہیں مرکبات اور کہیں علیحدہ آئینگے

جسکو باعثِ تطویل موقوف رکھا ہ ÷

رکھوالا - ہ - اسم مذکر (گنوار) محافظ - نگہبان - پاسبان - چوکسی کرنیوالا + کھیت کی نگہبانی کرنیوالا - چوکیدار - پہرے دار سنتری - حیرداری کرنیوالا - ناظر - نگران ÷

رکھوالی - ہ - اسم مؤنث (گنوار) حفاظت - پاسبانی - چوکسی نگہبانی - چوکیداری - نگرانی (۲) محافظت کی اُجرت - چوکیداری کی تنخواہ ÷

رکھوانا - ہ - رکھنے کا متعدی - دھروانا + محافظت کروانا - بچوانا + جمع کروانا + ملتوی کروانا + فرض کروانا + گرہن کروانا + دخول کروانا + ساتھ کروانا + شبابتی کروانا + قبضہ کروانا + رکوانا + نوکر کروانا + نطفہ ڈلوانا + ٹھہرانا - ٹِکوانا + پٹوانا + نذر کروانا + پکڑوانا + قید کروانا + ترقی رکوانا + سپرد کرانا + لینا جیسے دس روپے رکھوالئے + [illegible] + پرورش کرانا - پالا کروانا - کام سے لگوانا وغیرہ ÷

رکھی - ہ - اسم مؤنث - دیکھو (رشی) ÷

رکھی ہے - ہ - محاورہ - دھری ہے؟ - دھری ہے کیسی؟ نہیں ہے (حالی) ایک عمر چاہئے کہ گوارا ہو نیشِ عشق
رکھی ہے آج لذتِ زخمِ جگر کہاں ÷

رکیبی - ا - اسم مؤنث (رکابی کا امالہ یا بگڑا ہوا لفظ) دیکھو رکابی ÷

رکیک - ع - صفت (۱) سست - ضعیف - کمزور دُبلا پتلا + باریک حقیر (۲-د) ذلیل خفیف + [illegible]

رگ - ف - اسم مؤنث (۱) نس - عرق + [illegible] نبض جسم کی نلیاں جنمیں خون رہتا ہے
کیا پوچھتا ہے ہمدم اس جسمِ ناتواں کی
رگ رگ میں نیشِ غم ہے کہئے کہاں کہاں کی
(۲-د) پٹھا - عصبہ - (۳) پھول یا پتے کا ریشہ (ناسخ) کمال اے غیرتِ گل ہے تری نازک کمر پتلی
رگِ گل بھی نہیں باغِ جہاں میں اسقدر پتلی
(۴-د) آنکھ کا ڈورا جیسے رگِ چشم (۵-د) خاصہ - عادت - عادتِ بد جیسے تمہاری رگ رگ میں خوب جانتا ہوں - کانڑے کی ایک رگ سوا ہوتی ہے (۶-د) ضد ہٹ اڑ + غصہ جیسے تمہاری رگ ابھی نہیں اُتری (۷-د) رکان + زوری - باگ جیسے اسکی رگ میرے ہاتھ ہے (۸-د) اصل نسل - ذات بنیاد جیسے میں تمہاری رگ سے واقف ہوں (۹-د) تار - تاگا - دھاگا - رشتہ - ڈورا ÷

رگ اُترنا - د - فعل متعدی (۱) ضد اُترنا - ہٹ یا اڑ نہ رہنا - غصہ فرو ہونا ÷ (معروف)
اُنکی گر اُترے وہ سے اُنکی اُترنے دو
کوئی نہ بولو ذرا رگ اُترنے دو ÷
(۲) آنت کا فوطے میں اُتر آنا ÷

رگ پہچانتے واقف ہونا - د - فعل لازم - اصل نسل [illegible] واقف ہونا - مزاجداں ہونا - رکان جاننا - ذات بنیاد سے آگاہ ہونا ÷

رگ پھڑکنا - د - فعل لازم - ماتھا ٹھنکنا - کسی ہونے والے امر سے آگاہ ہو جانا - شدنی امر سے واقف ہو جانا
جذبِ وحشت نے دکھایا اثرِ مقناطیس
(امداد علی بحر) رگ پھڑکتے نہ لگی دیر کہ فصد آیا ÷

رگِ جاں - ف - اسم مؤنث - شریان - وہ بڑی رگ جس سے تمام رگوں میں خون پہنچتا اور دل سے تعلق رکھتی ہے - شہ رگ - لال رگ ÷

رگ چڑھنا - د - فعل لازم (۱) نسہ چڑھنا - ہٹ کرنا - اڑنا (۲) میلا ہونا - کڑا ہونا ÷

رگ دار - ف - صفت - ریشہ دار - نسیلا + مخلوط

کرنا - لگنا - رگڑنا (۴) تنگ کرنا - حیران کرنا - پیچھے پڑنا - سر ہونا

رگیں مرنا -ا- فعل لازم - عضو تناسل کی رگوں کا سست ہونا - نامرد ہونا - رجولیت نہ رہنا +

رلا -ہ- اسم مذکر (ہندو) ۱ - ملاؤ - آمیزش (۲) جھمیلا - بکھیڑا (۳) مغالطہ - بھول +

رلا پڑنا -ہ- فعل لازم - مغالطہ پڑنا - حساب میں بھول پڑنا - حساب کا رل مل جانا - جھمیلا پڑنا - بکھیڑا ہونا +

رلا ڈالنا -ہ- فعل متعدی (۱) جھمیلا ڈالنا - بکھیڑا پھیلانا - مغالطہ ڈالنا + جھگڑا ڈالنا - بھول میں ڈالنا (۲) ملا دینا - آمیز کر دینا - گڈمڈ کر ڈالنا - التباس کرنا +

رلا نکل جانا -ہ- فعل لازم - حساب کی غلطی کا دور ہو جانا - مغالطہ نہ رہنا - حساب صاف ہو جانا +

رلانا -ہ- فعل متعدی (ہندو) - ملانا - آمیز کرنا + شامل کرنا - خلط ملط کرنا - گڑبڑ کرنا +

رل ملکر رہنا -ہ- فعل لازم - اختلاط اور محبت سے رہنا - اتحاد سے رہنا - رل ملکر رہنا +

رلنا -ہ- فعل لازم (ہندو) ملنا - آمیز ہونا + شامل ہونا جیسے ذات میں رلنا + سازش کرنا +

رُلنا -ہ- فعل لازم - رولا جانا - پھٹکا جانا - اوپر اوپر سے کسی چیز کا لیا جانا - چھٹنا - صاف ہونا +

رِم - انگلش Ream. اسم مذکر - کاغذ کے بیس دستوں کا بنڈل - چار سو بیس کاغذ کے تختوں کا گٹھا مگر اب پانسو تختوں کا رم بھی آنے لگا ہے

رَم ف - اسم مذکر - بھاگڑ - رمیدگی - وحشت و گریز - نفرت

جلا اک شیریں بستا جوش قلق نے اسکو بھی دیوانہ کر دیا

(۲-و) ٹھٹھا - عصب - (۳) رم نہ تھا +

(نواب سنیخ) کہاں اے غیرت گل متعدی - بھاگنا - وحشت کرنا +

رَم - انگلش Rum - اسم مؤنث - گُڑ کی شراب - انگریزی گنّے کی شراب - انگریزی ٹھرا - ایک قسم کی مقطر شراب کشید کی ہوئی گڑ کی شراب +

رمّال -ع- اسم مذکر - علم رمل جاننے والا - نجومی - جوتشی - قرعہ انداز - منجم - شانہ بیں - طالع شناس (ایک قدیمی غیب دانی کا علم ہے جو بندیوں اور خطوط اور قرعہ کے ذریعہ سے معلوم کیا جاتا ہے بعض لوگ اسے علم ہیئت کا جزو خیال کرتے ہیں - سولھویں صدی میں ممالک یورپ میں بھی اسکا رواج اور اعتقاد تھا - دانیال پیغمبر سے اس علم کو منسوب کرتے ہیں) +

رمانا -ہ- فعل متعدی (۱) گھمانا - پھرانا - گشت کرانا (۲) گم کرنا - کھونا - گنوانا (۳) بھٹکانا - ہرزہ گردی کرانا (۴) سیر کرانا - بہلانا + بھگانا - فرار کرانا (۵) کام میں لانا - رگیدنا - رگڑنا - استعمال میں لانا جیسے آئی نور الٰہی نہیں تو فقط چار پائی +

رُمال -ا- اسم مذکر - دیکھو (رومال) منہ پونچھنے کا کپڑا +

رمبھانا -ہ- فعل لازم (گنوار) گائے کا بولنا بھینس کا ڈکرانا جیسے چور کے پیٹ میں گائے آپ ہی آپ رمبھائے +

رمتا جوگی -ہ- اسم مذکر - پھرتا پھرتا ہوا جوگی - سیاح درویش - مسافر فقیر +

رم جھم -ہ- تابع فعل (پوربی) بارش کی خفیف آواز - ٹھمکے کی آواز - چھم چھم جیسے رم جھم رم جھم مینہا برسے گرجے مہار و جیارا +

رم چیروا یا رمچرا -ہ- اسم مذکر (پوربی) رام کا چیلا - بندۂ خدا + غلام + باندہ +

رمل -ع- اسم مذکر - آنکھ کی ایک بیماری کا نام جس سے اکثر سرخی رہتی ہے +

رمز -ع- اسم مؤنث (۱) آنکھوں بھوؤں یا ہونٹوں کا

اِشارہ غمزہ۔ عشوہ۔ غنج و دلال (۲) اِیما۔ اِشارہ۔ کنایہ سینا بینی۔ سین (۳-۱) مُعمّا۔ پہیلی۔ چیستاں۔ لغز۔ پیچدار بات (۴-۱) بھیر۔ بھید۔ راز (۵-۱) نکتہ باریکی (۶-۱) نوک جھوک۔ نوک چوک (۷-۱) آوازہ توازہ طعنہ مہنہ (۸-۱) علامت۔ نشان جیسے رموزِ لغات وغیرہ (۹-۱) معاملہ۔ بات (۱۰-۱) مخفی بات۔ پوشیدہ بات۔ مُستتر بات۔ مُبہم بات (۱۱) ذو معنی بات۔ دو معنی بات۔ دو ارتھی بات۔ پہلودار بات (۱۲) مغز سخن۔ بات کی جڑ۔ مُراد۔ مفہُوم +

رمز پھینکنا -ا- فعلِ مُتعدی۔ آوازہ توازہ پھینکنا اشارتاً و کنایتہً طعنہ دینا۔ نوک جھوک کرنا +

رمز چلنا یا۔ **رمز کی چلنا** -ا- فعل لازم۔ اشارہ کنایہ ہونا۔ نوک جھوک ہونا۔ آوازہ توازہ پھینکا جانا۔ سینا بینی ہونا۔ سین چلنا +

رمز کی باتیں -ا- اسم مؤنث۔ بھید کی باتیں۔ اِشارے کنایے کی باتیں۔ طعنے مہنے۔ نکتہ کی باتیں +

رمز مارنا -ا- فعلِ مُتعدی۔ دیکھو (رمز پھینکنا) +

رَمَضَان -ع- اِسم مذکر۔ مسلمانوں کا قمری نواں مہینا۔ ماہِ صیام۔ ماہِ روزہ۔ روزوں کا چاند جسمیں اہلِ اسلام مہینا بھر تک برت رکھتے راتوں کو تراویح پڑھتے اور نہایت عبادتِ الٰہی میں مشغول رہتے ہیں چنانچہ مثل مشہور ہے رمضان کے نمازی محرم کے سپاہی۔ چونکہ رَمَض جلانا۔ جلنا اور نیز سنگِ گرم دیتاں کے معنی ہیں ہے، اِس سبب سے خیال کیا جاتا ہے کہ یہ متبرک مہینا چونکہ گناہوں کو جلاتا۔ نفسِ سرکش کو سوختگی اور تکلیف دیتا ہے اسوجہ سے اِس نام سے موسوم ہوا یا یوں کہو کہ جس زمانہ میں اِس مہینے کا نام رکھا گیا تھا نہایت گرمی پڑ رہی اور پتھر تپ رہے تھے) +

رمضان کے نمازی -ا- اِسم مذکر۔ چند روزہ نمازی

رمضان رہنا -ا- فعلِ لازم (ظرافتاً) قحط رہنا۔ کھانے کو نہ ملنا۔ بھوکا مرنا جیسے اِنکے ہاں تو سدا رمضان رہتا ہے +

رَمَضَانی -ا- اِسم مذکر (۱) رمضان کی پیدایش۔ (۲) قحط زدہ۔ بھوکوں کا مارا +

رَمَق -ع- اِسم مؤنث (۱) بقیۂ جان۔ تھوڑی سی جان۔ رہی سہی جان +۔ دمِ واپسیں۔ دمِ اخیر۔ اخیر سانس (۲-ع) ذرا۔ ذرا سا۔ ٹک۔ تنک۔ حبّہ۔ شمّہ (۳-ع) شیبہ۔ چاشنی۔ چھاؤں کچھ اثر۔ پھٹکار +

رمق بھر -ا- تابعِ فعل۔ قدرِ قلیل۔ بہت کم۔ ذرا سا ذرہ بھر۔ تنک سا۔ شمّہ بھر +

رَمَل -ع- اِسم مذکر (۱) ایک علم کا نام جسمیں پانسوں اور خطوط وغیرہ کے ذریعہ سے غیب کی بات بتلاتے ہیں۔ یہ علم حضرت دانیال پیغمبر علیہ السلام سے منسوب ہے۔ چونکہ رمل عربی میں ریت (ریگ) کو کہتے ہیں اور حضرت جبرئیل نے بحکم خدا ریت پر چند نقطے کاڑ کر انکو یہ علم سکھایا تھا اِس سبب سے یہ نام پڑ گیا۔ مجازاً نجوم۔ جوتش بیدیہ وغیرہ (۲) عروض کے ایک بحر کا نام جسمیں چار بار فاعلات کہتے ہیں +

رمنا -ہ- فعلِ لازم (۱) پھرنا۔ گھومنا۔ ڈولنا گشت کرنا۔ سیر کرنا (۲) گم ہونا۔ کھویا جانا۔ جاتا رہنا (۳) آوارہ پھرنا۔ سرگرداں پھرنا (۴) سمانا۔ بسنا۔ سرایت کرنا جیسے رُوں رُوں میں رم رہا ہے (۵) جانا۔ روانہ ہونا (۶) سیاحت کرنا۔ ملک گھومنا۔ زمین ناپنا۔ مُلک در مُلک پھرنا (۷) بھولنا۔ بھٹکنا۔ بہنا۔ کہیں کا کہیں چلا جانا جیسے آج کدھر رم گئے تھے (۸) محو ہونا۔ لٹو ہونا۔ موہا جانا۔ فریفتہ ہونا

(دوہا) سُو ہا سینبھل دیکھ کے سئیاں سبھی گنوائی بدھ
پھول دیکھ کے رم رہے پھل کی رہی نہ سُدھ

(۹) رہ پڑنا۔ چھاؤنی چھانا۔ مقیم ہو جانا۔ جیسے جہاں گئے

وہیں رم رہے +

رَمنا - ہ - اسم مذکر (۱) چراگاہ - مرغزار سبزہ زار - وہ جگہ جہاں جانوروں کی بہت آمد و رفت رہے + آمد و رفت کی جگہ

؎ یار کی آنکھیں پھرا کرتی ہیں دل میں لے جنوں
ان غزالوں کا مرا ویرانہ رمنا ہو گیا +

(۲) شکار گاہ - صید گاہ - وہ جنگل جہاں بادشاہ وحشی جانوروں کو سیر و شکار کے واسطے چھوڑ دیتے ہیں (جن لوگوں نے اسے فارسی قرار دیا غلطی کی) +

رُموز - ع - اسم مؤنث (رمز کی جمع) +

رُموز مُموز - ا - اسم مؤنث - دیکھو (آوازہ توازہ) +

رُموز چھینکنا یا مارنا - ا - فعل متعدی - دیکھو (رمز چھینکانا) +

رَمیدگی - ف - اسم مؤنث - وحشت - بھاگنا - تنفر +

رَمیم - ع - صفت - گلی ہوئی - بوسیدہ - کہنہ جیسے عظم رمیم +

رَن - ہ - اسم مؤنث و مذکر (۱) جنگ - معرکہ - مصاف جدال و قتال - جھگڑا - لڑائی - کارزار - حرب - رزم صف آرائی (۲) گوہار - جنگ عظیم - مہابھارت - گھمسان (۳) لڑائی کا پالا - لڑائی کا کھیت - میدان جنگ - نبردگاہ - جنگ گاہ - منقل (شعرائے لکھنؤ نے اس کو مذکر باندھا ہے - دبیر ؎ کس شیر کی آمد ہے کہ رن کانپ رہا ہے + رن ایک طرف چرخ کہن کانپ رہا ہے) +
(۴) داغ - آبلہ - نشان جیسے ماتا کا رن (۵) جنگل - ویرانہ - بیابان (دکن میں بولتے ہیں) +

رن بن - ہ - اسم مذکر (پورب) ویرانہ - اجاڑ جنگل بیابان - شکار گاہ - شاہی رمنا +

رن بولنا - ہ - فعل لازم (لکھنؤ) مقتل سے آواز آنا میدان جنگ سے آواز نکلنا (جو لوگ اس لفظ کو انگریزی رن بمعنی دوڑ سے خیال کرتے ہیں محض غلطی پر ہیں وجہ یہ ہے کہ جہاں انہوں نے نقل کی ہے وہاں اسکی تشریح نہیں اور مثال سے وہ سمجھے نہیں کیونکہ گرہ کی عقل ہوتی تو پہنچتے - امیر ؎ رعب اس کا غالب ہے عجب گشتوں پر + اب بھی رن بولتا ہے کہ وہ جلاد آیا ؎ کشتنی ہر مجرم الفت ہے آتی ہے صدا + اور سنیے بولتا ہے رن بھی قاتل کی طرف ... چونکہ انگریزی میں رن بمعنی بھاگنا ہے پس جب انگریزی گیند بے میں رن بولا گیا تو وہ اس بھاگنے یا دوڑنے سے مراد ہو گی - دوڑ بولنا +

رن بہادر - ا - اسم مذکر - جنگ بہادر - بہادر - بہادروں کا خطاب

رن بھوم - ا - اسم مؤنث - میدان جنگ +

رن پڑنا - ہ - فعل لازم - لڑائی ہونا - جنگ ہونا - جدل پڑنا - قتل عام ہونا - جدال و قتال کا واقع ہونا - گھمسان ہونا (امیر ؎) کشتۂ تیغ نزاکت ہیں رن پڑتا ہے + بلبل آتی ہیں اڑتی ہیں کہ رن پڑتا ہے

رن جیت - ہ - اسم مذکر (ہندو) فاتح - مظفر - منصور فتحمند - ملک گیر - کشور کشا - جہانگیر +

رَن - انگلش - Run اسم مؤنث - دوڑ جھپٹ (کرکٹ کھیلنے والے بولتے ہیں) +

رَنباس یا رَنواس - ہ - اسم مؤنث (ہندو) رانیوں کے رہنے کی جگہ - راجہ کا زنانخانہ - محل +

رَنج - ف - اسم مذکر (۱) دکھ - درد - پیڑ - آزار - بیماری محنت - تکلیف (امیر) آہی مجکو موت آئے کہ میرے دل کو موت آئے کہ بیماری سے بدتر رنج ہے بیمار داری کا +
(۲ - ۱) کلفت - الم - ملال - آزردگی - غم - دلگیری - اندوہ سنتاپ + سوگ + ماتم - کہرام (۳ - ۱) افسوس - پچھتاوا (۴ - ف) غصہ - غضب - کرودھ - خشم (۵ - ف) رنگ - لون +

رنج دینا - ا - فعل متعدی - تکلیف دینا - غم دینا -

آزردہ کرنا۔ستانا۔بیزار کرنا +

رنج کرنا۔ا۔ فعل لازم۔غم کرنا + افسوس کرنا + آزردہ ہونا۔تاسف کرنا + کڑھنا +

رنج و محن۔ف + ع۔اسم مذکر۔درد و تکلیف۔بلا و آفت۔دکھ سکھ۔مصیبت +

(امانت)

چہچہے بھول گئے رنج و محن یاد آیا
رو دیا میں نے قفس میں جو چمن یاد آیا

رنج ہونا۔ا۔ فعل لازم (عوام) ۱۔ غمی ہونا۔مرتا ہونا۔موت ہونا (۲۔خواص) غم ہونا + افسوس ہونا + آزردگی ہونا (۳۔پورب) خفا ہونا۔ناراض ہونا جیسے ہم تم سے رنج ہیں یعنی خفا ہیں +

رنجش۔ف۔اسم مونث۔غم۔آزردگی۔بگاڑ۔ان بن۔شکر رنجی۔ناخوشی +

رنجک۔ہ۔اسم مونث (۱) وہ بارود جو بندوق یا توپ کے پیالے میں آگ دینے کے واسطے رکھی جاتی ہے + بھڑکی۔چاشنی (۲) تحریک۔اغوا (۳) چوران۔سفوف۔پھنکی۔دارو + بارود +

رنجک اڑانا۔ہ۔ فعل متعدی (۱) رنجک میں آگ دینا۔بندوق یا توپ کے پیالے کی بارود میں آگ لگانا۔بتی دینا۔فلیتہ دینا۔شتابا لگانا + چمکانا۔روشنی اٹھانا (۳۔بازاری) پاد مارنا۔گوز اڑانا۔پھسکی لگانا +

رنجک اڑنا۔ہ۔ فعل لازم۔رنجک روشن ہونا + ہنسنا

رنجک پلانا۔ہ۔ فعل متعدی۔رنجک رکھنا۔رنجک ڈالنا +

رنجک چاٹ جانا۔ہ۔ فعل لازم۔توپ یا بندوق کا رنجک نہ پکڑنا۔رنجک کا اڑ کر رہ جانا۔رنجک کا دھواں دے کر رہ جانا۔توپ یا بندوق کا سر نہ ہونا +

رنجیدگی۔ف۔اسم مونث۔دیکھو (رنجش) +

رنجیدہ۔ف۔صفت۔دکھی۔غمگین۔مغموم۔دلگیر۔آزردہ + اداس + خفا۔ناراض + بیزار۔ناخوش +

رنجیدہ خاطر۔ف + ع۔صفت۔دل آزردہ۔ناراض۔ناخوش۔دکھیا۔دکھی +

رنجیدہ کرنا۔ا۔ فعل متعدی۔خفا کرنا۔ناراض کرنا۔ناخوش کرنا۔ستانا۔دکھ دینا +

رِند۔ف۔اسم مذکر (۱) وہ منکر شریعت جس کا انکار امور شرعیہ میں از روئے عقل ہو نہ از روئے جہالت۔منکر دانا۔وہ شخص جو پابند مذہب نہ ہو۔آزاد۔غیر متشرع (۲۔و) متوالا۔نشہ باز۔شرابی۔بھنگی۔چرسی۔اوباش۔بدوضع۔لفنگا۔لچہ۔شہدا۔دہریہ مذہب۔زندیق۔ناستک۔ملحد۔بےدین۔بدمذہب۔کافر۔لاایمان۔لامذہب (۳) نواب سید محمد خان فیض آباد (مقیم لکھنو) کا تخلص جن کا دیوان مشہور ہے

رند مذہب یا **رند مشرب**۔ف + ع۔اسم مذکر۔آزاد طبع۔لامذہب۔آزاد۔ملحد۔ناستک۔مطلق العنان۔بےدین۔اوباش وضع

رَند۔ا۔ اسم مذکر۔دیوار قلعہ یا شہر پناہ کے وہ موکھے جو غنیم پر اندر سے بندوقیں چلانے کے واسطے چھوڑ دیتے ہیں (ناسخ)

گھر میں بیٹھے کھیلتے ہو تم شکار
روزن دیوار جو ہے رند ہے + (لکھنوئیں)

رِندانہ۔ف۔صفت (۱) مثل رند۔رند سے نسبت رکھنے والا۔آزادانہ۔ملحدانہ۔رند مشرب (۲۔ا) شہدا۔لچہ۔بدوضع۔اوباش۔فاسق۔ککرمی۔گنڈا +

رُندنا۔ہ۔ فعل لازم۔روندا جانا۔کچلا جانا۔پامال ہونا۔روندن میں آنا۔گھوندا جانا +

رَندنا۔ا۔ فعل لازم۔رندہ کیا جانا۔لکڑی کا رندے سے صاف کیا جانا +

رَندہ۔ف۔اسم مذکر (از رندیدن بمعنی تراشیدن) +

لکڑی چھیلنے اور صاف کرنیکا اوزار - لکڑی ہموار کرنیکا اوزار

رندہ پھیرنا یا کرنا - ا - فعل متعدی - لکڑی کو رندے سے صاف و ہموار کرنا +

رَنْدھنا - ہ - فعل لازم (ہندو) اُبلنا + پکنا کھانا تیار ہونا (مسلمانوں میں بکسر اول مہملہ رِندھنا پکنا کے ساتھ مترادف کرکے بولتے ہیں جیسے پکنا رندھنا ہو سے تو دوسرا کام ہو) +

رُنْدھنا - ہ - فعل لازم (۱) پامال ہونا - روندن میں آنا پسنا (صبا) تری رفتار سے دلکا عجب احوال تھا
رُندھگیا پسگیا مٹی ہوا پامال ہوا +

(۲) بھرآنا - اُمنڈآنا - اُمنڈنا + (میر)
بجلی سا وہ چمک گیا آنکھوں سے بھوں بھڑنے لگیں
ابر نمط خفگی سے اُس بن جی بھی رندھا دل بھر آیا

رَنْدھیر - ہ - صفت (ہندو) بہادر - شجاع - دلیر +

رِنْدی - ف - اسم مؤنث (۱) رندپن - رندوں کا کام - لا مذہبی - زندیقی - الحاد - (۲) اوباشی - لچپن - شہدپن - بدکاری - فسق و فجور

رَنْڈ - ہ - اسم مؤنث (۱) رانڈ کا مخفف - رانڈ + عورت + کسبی (۲ - پوُرب) ارنڈ کا درخت - درخت بیدانجیر (۳) دھڑ - جسم بے سر +

رنڈرونا - ہ - اسم مذکر (ہندو) بیوہ عورتونکی طرح رونا چھینکنا - پیٹنا - واویلا - عورتونکا سا قصہ - عورتوں کا گلہ شکوہ و شکایت +

رنڈسالا - ہ - اسم مذکر - بیوہ کا جوڑا - وہ لباس جو بیوہ ہوجانے پر پہنایا جاتا اور سہاگ کی چیزیں جیسے چوڑیاں سُرخ پانگیں کپڑے وغیرہ اُتارے جاتے ہیں +

رنڈسالا پہنانا - ہ - فعل متعدی - رانڈ ہوجانے کی پوشاک پہنانی - ہندوستان کی رسم ہے کہ جب عورت بیوہ ہوجاتی ہے تو پھولوں یا تیجے کے دن تمام کُنبے کے لوگ جمع ہوکر سفید جوڑا پہناتے اور چوڑیاں وغیرہ جو سہاگ کی چیزیں کہلاتی ہیں توڑ ڈالتی ہیں +

رنڈسالا پہننا - ہ - فعل لازم - رانڈ ہونیکا لباس پہننا - رانڈ ہونا - بیوہ ہونا +

رَنْڈاپا - ہ - اسم مذکر - بیوہ پن - بیوگی - بدھواپن + بیوگی کا زمانہ +

رنڈاپا کاٹنا - ہ - فعل متعدی - حالت بیوگی میں بسر کرنا - بیوگی کا زمانہ بسر کرنا +

رنڈاپا کٹنا - ہ - فعل لازم - حالت بیوگی میں بسر ہونا - بیوگی کا زمانہ بسر ہونا - بے شوہر زندگی گزرنا +

رَنْڈوا - ہ - اسم مذکر (۱) مرد بے زن - وہ شخص جسکی بیوی مرگئی ہو جیسے رانڈیں تو بہتیری رہیں جو رنڈوے رہنے دیں (کہاوت) ۲ - کوارا - بن بیاہا - وہ شخص جسکی شادی نہوئی ہو مگر اسطرح پر طنزاً یا حقارتاً کہتے ہیں (۳) کم ہمت - پست ہمت - کام چور جیسے رنڈوا اپل جی کا بلاپا (کہاوت) +

رنڈوا بھنڈوا - ہ - اسم مذکر - عو - خانہ خراب - خانہ ویران - گھر کھووا + نگوڑا +

رَنْڈی - ہ - اسم مؤنث (اصل لفظ رانڈی تھا) - عورت - ناری - زن - استری + ایک بے تکلفی کا کلمہ جو اکثر عورتیں باہم ایک دوسری کو کہتی ہیں (۲) کسبی - پاتر - بیسوا - پُتریا - کنچنی - قحبہ - فاحشہ - بازاری عورت - سراجنی (۳) رقاصہ - ناچنے والی + ڈومنی - میراثن جیسے رنڈی کی کمائی یا کھائے ڈھاڑی یا کھائے گاڑی +

رنڈی باز - ا - اسم مذکر - تماش بین - عیاش - زانی - زناکار - زن بارہ +

رنڈی بازی - ا - اسم مؤنث - تماش بینی - عیاشی - زنا - زناکاری + حرامکاری +

رنڈیا - ہ - رنڈی کی تصغیر بالتحقیر - عورت ÷ بیوہ
مصیبت زدہ ÷ دکھیا جیسے مجھ رنڈیا کو نہ ستاؤ ÷
رنڈیا ہونا - ہ - فعل لازم - بیوہ ہونا - بدھوا ہونا
رنگ - ف س صفت (۱) لون - فام - رنگت - روپ -
برن ÷ سرخ زرد لال سیاہ سبز وغیرہ کل رنگ
میں داخل ہیں ÷ (ناسخ)

جو سرخی آتی ہے عکس شفق سے بھی مرے منہ پر
حسد سے رنگ ہوتا ہے متبدل چرخ گرداں کا

(۲) ناچ - راگ - گانا - کھیل کود جیسے ناچ رنگ وغیرہ
(۳) طرز - روش - انداز - ڈھنگ - طور - طریقہ -
وضع - طریق - طرح - ڈول - ڈھب - قماش

نکالا ہے یہ رنگ حالی نے سالک
(سالک) کہ ہر شعر دیواں ہوا چاہتا ہے

(۴) حال - احوال - عالم - حالت - گت - گتی - ہیئت

دل کا کیا رنگ ہے تم پھر بھی نہ سمجھے افسوس
(ناظم) چشمہ چشم سے خوناب ابلتے دیکھا ÷

باغ عالم میں جو آہو نکا یہی عالم ہے
(صبا) اے صبا اور ہی کچھ رنگ ہوا کا ہوگا

روئے تجھ بن یہ شب کہ آنکھوں کا
(جرأت) اور ہی رنگ تا سحر دیکھا

بگیا داغ جگر مہر قیامت اے داغ
(داغ) پر ابھی رنگ وہی ہے شب تنہائی کا

(۵) کیفیت - دھج - پھبن - درجہ (عبد الکریم سوز)

مرے جنوں سے اور ترے حسن شوخ سے
ایک کچھ اور رنگ ہے ظالم بہار کا ÷

(ریاست دیگر رنگ؟) تختہ دل صد پارہ ہے ہر نوک مژہ پر
ہے آج تو کچھ رنگ ہی اے دیدۂ تر اور

(۶) بہار - جوبن (امانت)

سرمہ کشمکش رہا ہے نزاکت سے آنکھ میں
تیغ نگاہ یار میں بھی آج رنگ ہے

(۷) سماں ÷ چرچا ÷ گونج (امانت)

کس زہرہ وش کی باغ میں آمد ہے صبحدم
صحن چمن میں راگ کا ہر سمت رنگ ہے

(۹) مانند - مثل - نظیر - شبیہہ ÷ (امانت)

مہندی لگاکے تم نے کیا خلق کو ہلاک
پامال کون کون رنگ حنا نہیں ÷

(۱۰) روغن - وارنش (۱۱) خوشی - خوشحالی (۱۲)
دستور - ریت - رسم - قاعدہ - قانون (۱۳) قسم
بھانت - پرکار - نوع (۱۴) رونق - چمک - آب و
تاب - خوبصورتی (۱۵) تماشا - سیر جیسے سہ
عاشق کو دکھاتی ہے عجب رنگ جوانی ÷
(۱۶) ہنسی - مذاق - بولی ٹھولی - چہل (۱۷) گنجفہ
کی ہر ایک بازی کا نام (۱۸) چوسر کی آٹھوں نردوں
کا نام ÷ ہمرنگ - میل - جوڑ ÷ (مجہول؟)
مقدر کا پاسا بدلتا نہیں ÷ فلک رنگ کی نرد چلتا نہیں
(۱۹) ہمسر - جوڑ (۲۰) رونق - ٹھاٹ - دھوم دھام
جیسے ہوویں شادیاں مبارک بنے کو رنگ بھری برات ہے
(۲۱) لطف - مزہ ÷ شغل - مشغلہ (امانت)

چھیڑتے ہیں مجھے در پردہ شب وصل رقیب
راگ کے رنگ میں سب رات گنواتے ہیں

(۲۲) نور معرفت - معرفت الٰہی کا لطف (۲۳) رس
رسیلا پن (۲۴) خمار - نشہ - کیف - سرور جیسے بگا
ہوا ہے یعنی خمار آلودہ یا مخمور ہے (۲۵) قدرتی
فطرتی - ذاتی - خود رو جیسے لالہ خود رنگ یا خود رنگا

لونی، ونچو وغیرہ (۲۶) قوت - مدد گر فارسی میں
زیادہ ہے ہاں رنگ کے پکڑنے کے ساتھ ہم بھی بعض
موقع پر مستعمل کرتے ہیں (۲۷) مکر وحیلہ جیسے رنگ
گانٹھنا (۲۸) خون - لہو مگر فارسی میں جیسے رنگ
ریختن وغیرہ (۲۹) رنگ پاشی جیسے آج رنگ ہے
برج میں میں تو ہوری کھیلن جاؤنگی (گیت) +

رنگ اُترنا - ف - فعل لازم - رنگ جاتا رہنا -
رنگ اُڑجانا - چہرہ کا متغیر ہوجانا - رنگ میں فرق
آجانا + خائف ہوجانا + رونق جاتا رہنا + وارنش
نہ رہنا - رنگ کٹنا +

رنگ اُڑجانا - یا - اُڑنا - ف - فعل لازم - رنگ جاتا رہنا
بے آب ہوجانا - خوف یا غیرت و شرم سے رنگ زرد
ہوجانا رونق نہ رہنا منہ فق ہوجانا - رنگ متغیر ہوجانا

(ناسخ) اُڑ گیا ہے ہجر جاناں میں مرے چہرے کا رنگ
قطرۂ خوں جو بدن میں تھا وہ آنسو ہوگیا

(صبا) لاغری میں لے مصور کسکو ہے کھینچنے کی تاب
کھنچتے کھنچتے رنگ اُڑتا ہے مری تصویر کا

(بسمل) ہے آج کون بام پہ جلوہ نما جو یوں
اُڑتا ہے رنگ میری طرح ماہتاب کا

رنگ افشانی کرنا - ف - فعل متعدی - رنگ چھڑکنا
رنگ چھینٹنا - رنگ پاشی کرنا +

رنگ اُکھڑنا - ف - فعل لازم - کسی مجلس یا محفل میں
بے رونقی آنا - سماں نہ رہنا - رنگ نہ جمنا - بیرنگی ہونا
مزہ کرکرا ہونا ؎ اُف رے تری شوخی کہ بنا کھیل بگڑ جائے
اللہ رے تلون کہ جما رنگ اکھڑ جائے +

رنگ آمیزی - ف - اسم مؤنث - رنگ کا کام -
رنگسازی - گلکاری - نقاشی مصوری بہ عبارت آرائی

رنگ آنا - ف - فعل لازم - رنگ چڑھنا - رنگ پکڑنا -
رنگ جانا جیسے ہلدی لگی نہ پھٹکری رنگ چوکھا آیا

رنگ بدلنا - ف - فعل متعدی (۱) رنگ پلٹنا - رنگ
کا متغیر ہونا رنگ اُڑنا جیسے گرگٹ کے سے رنگ
بدلنا (۲) وضع بدلنا - طرز بدلنا - ڈھنگ بدلنا - حال
دگرگوں ہونا - حال بدلنا + (مایل)

میں گریۂ خونی کو روکے ہی رہا ورنہ
اک دم میں زمانہ کا یہاں رنگ بدل جاتا

دن روز روشن اپنا شام سیہ ہوا اُس بن
(جرأت) کیسا یہ رنگ تو نے اے آسمان بدلا +

(۳) کایا پلٹنا - کینچلی بدلنا (۴) لاغری سفر بھوک
یا خوف سے رنگ کا دگرگوں ہونا (۵) نیلا پیلا ہونا -
بگڑنا - خفا ہونا (جرأت) مجکو اور اسکو بیٹھے دیکھا تو رنگ اپنا
اس چرخ چنبری نے کیا کیا اہاہا آن بدلا +

رنگ برنگ کا - ف - تابع فعل طرح طرح کا - گونا گوں
مختلف الالوان - بھانت بھانت کا - بوقلموں بچرنگا

رنگ بگڑنا - ف - فعل لازم (۱) رنگ کا خراب ہونا -
بیرنگی اور بیرونقی ہونا - بدرنگ ہونا (۲) حال دگرگوں
ہونا - حالت کا متغیر ہونا - حال بیحال ہونا - حال تباہ
ہونا (صبا) بیرنگ آسماں سے جمیگا قضا کا رنگ
بگڑیگا خاک و آتش و آب و ہوا کا رنگ +

رنگ بندھنا - ف - فعل لازم - رونق پکڑنا - رنگ کا
قایم ہونا - زینت پانا - مزین ہونا + (بحر)

ہمارے داغ چیک کر ابھی مٹا دیتے
بندھا ہوا ہے ترے ہاتھ نورتن کا رنگ

رنگ بھرنا - ف - فعل متعدی - نقش
میں رنگ لگانا - رنگین بنانا +

دمبدم رنگ ہے تغیر مرا حیران ہے + رنگ کیا پھرتی تصویر میں بہزاد بھرے
رنگ بھنگ کرنا - ۷ - فعل متعدی - مزہ کھنڈت کرنا
لطف بگاڑنا - کھیل کھنڈت کرنا - کھنڈت ڈالنا +
رنگ بھنگ ہونا - ۷ - فعل لازم - مزہ کھنڈت ہونا
لطف بگڑنا - کھیل بگڑنا +
رنگ بے رنگ ہونا - ۱ - فعل لازم - حال بیحال ہونا
[illegible] رہے کب دل میں وحشت کا
(امانت) رنگ بے رنگ ہے طبیعت کا
رنگ پاشی - ۱ - اسم مؤنث - رنگ کھیلنے کی رسم
جو ہولی کے دوسرے روز یعنی دولہنڈی کو برتی جاتی
ہے اور اسمیں ایک دوسرے پر رنگ ڈالتے ہیں +
رنگ پر آنا - ۱ - فعل لازم (۱) رونق پر آنا - جوبن پر
آنا - بہار پر آنا (اسیر) نشۂ بادہ ہوا غازۂ رخ گلگوں کو
رنگ پر اور ترا باغ جوانی آیا +
(۲) زوروں پر آنا - تیز ہونا + رونق پکڑنا (اسیر)
مضمون نئے بندھے گل رخسار یار کے
آتی چلی ہے اپنی طبیعت بھی رنگ پر
رنگ پکڑنا - ۱ - فعل متعدی (۱) رنگ لانا - رنگین
ہونا - رنگ میں ڈوبنا - رنگ چڑھنا (۲) رونق پکڑنا
چمکنا + تروتازگی حاصل کرنا (آتش)
سامنے تیرے روئے رنگیں کے + لالۂ گل نے بھی نہ پکڑا رنگ
رنگ پھوٹنا - ۷ - فعل لازم - رنگ ٹپکنا - رنگ
ظاہر ہونا - رنگ نمایاں ہونا - رنگ کا ایک طرف سے
دوسری طرف جھلکنا (برق) دم سرکشی پھوٹ نکلا یہ رنگ
صراحی تمہارا گلا ہو گیا +
رنگ پھیکا پڑنا - ۱ - فعل لازم - رنگ کا ماند ہونا
رنگ دھندلا ہونا - رنگ کا مندا ہونا - رنگ اُداس
ہونا - رنگ ہلکا پڑنا - رنگ دھیما ہونا - رنگ اُترنا - رونق کم ہونا
بے نمک ہونا - بیرونقی ہونا +
رنگ پھیکا ہونا - ۱ - فعل لازم - رنگ اُداس ہونا
ماند ہونا - شرم یا خجالت خواہ غیرت سے چہرے کا رنگ
فق ہونا بے رونق اور بے نمک ہونا - بیمزہ ہونا
بے لطف ہونا (ظفر) ہو گیا پھیکا ترے جلوے سے رنگ روئے گل
بے نمک نالے سے میرے شور بلبل ہو گیا +
(ناسخ) جو نمک تجھ میں ہے کہاں اُسمیں +
کیوں نہ پھیکا ہو رنگ سونے کا
رنگ ٹپکنا - یا - چُونا - ۱ - فعل لازم (۱) رنگ برسنا
تراوش ہونا + رنگ جھلکنا - رس ٹپکنا - جوبن اُمنڈنا
نور برسنا - شباب میں ڈوبا جانا - چمکدار اور بارونق ہونا
نور کا چھن چھن کر نمایاں ہونا - نور برسنا - روشنی جھلکنا
رنگ جل جانا - ۱ - فعل لازم - آفتاب کی تمازت
یا مدامی غم و غصہ یا خون کے سیاہ پڑ جانے کے سبب
چہرے پر تیرگی چھا جانا - رنگ کا سنولا جانا - کل بھون
ہو جانا (ناسخ) تو ہے وہ آفتاب جو پرتو پڑے ترا
جل جائے لالہ زار کا اے گلعذار رنگ +
رنگ جمانا - ۱ - فعل متعدی (۱) رنگ چڑھانا - رنگ
قایم کرنا - رنگ لانا (آتش) مستی عشق کیف مے لالہ گوں نہیں
اس رنگ پر جما نہیں سکتا خمار رنگ +
(۲) بنیاد ڈالنا - ڈھب لگانا - موقع ڈالنا - پنیری جمانا
(رند) پان اس شوخ کو کھلاتے ہیں + اپنا رنگ اسطرح جماتے ہیں
رنگ جمنا - ۱ - فعل لازم (۱) رنگ چڑھنا - رنگ
قایم ہونا - رنگ آنا (۲) رونق پکڑنا - زینت پانا -
بڑھنا - فروغ پانا (امانت) یار کی مستی کے آگے رنگ جمنے کا نہیں
کالا منہ نیلم کرے اب جا کے سودو نیل میں +

(۳) رنگ گھُلنا - سماں بندھنا + چلنا - پاریسا نا - پیشرفت جانا + جچنا - سمانا - نظروں میں بھلا معلوم ہونا - آنکھوں میں کھُبنا + (امانت)

رنگ جمتا نہیں لالے کا بھڑے غیرتِ گُل
وا چمن میں جو ترے بندِ قبا ہوتے ہیں

(۴) نرد یا گوٹ کا حسبِ مُراد اپنے گھر پر بیٹھنا (اسیر)

جمے نا رنگ اُس در پر سگ و درباں کا جنگ ٹوٹے
کئی انداز کی چو پڑ بچھایا چاہیئے پہلے +

رنگ چڑھانا - ۱- فعل متعدی (۱) رنگینی چڑھانا - رنگ نکالنے کے واسطے کسُوم کو بھگو کر چوآنا (۲) رنگنا - رنگ دینا - ملوّن کرنا - رنگین کرنا (۳) وارنش کرنا - روغن کرنا + رونق دار بنانا (۴) کیفی بنانا - مخمور کرنا (۵) سماں باندھنا - رُوپ نکھار کرنا (۶) اپنا سا بنانا - اپنے پنجہ میں لانا (۷) معرفت یا خدا شناسی کا مزہ ڈالنا

رنگ چڑھنا - ۵- فعل لازم (۱) رنگینی چڑھنا + رنگ آنا - رنگا جانا - رنگ قبول کرنا (۲) نشیلا ہونا - مخمور ہونا (۳) رونق پانا - رنگ نکالنا - رنگ چمکانا (۴) وارنش ہونا - روغن چڑھنا (۵) معرفت میں رنگا جانا (۶) دوسرے کی باتیں اپنے میں آنا +

رنگ چمکانا - ۱- فعل متعدی - رنگ و روغن نکالنا (۲) آب و تاب بخشنا + جلا کرنا - صیقل کرنا +

رنگ چمکنا - ۱- فعل لازم (۱) رنگ کا تاباں ہونا - رنگ و روغن نکلنا - رونق پڑنا - نکھرنا - اُجلا ہونا - چہرے پر رونق آنا + (ممنون)

گو آب سے افسردہ ہوا تش پہ ترا رنگ +
جرعہ جو کوئی مَے کا پیا اور بھی چمکا

(۲) رنگ کا دوبالا ہونا - اصلی رنگت سے بڑھنا +

اُس طرف مہندی لگی رنگ جوانی چمکا
(صفدر) کھل کے بل دوش پہ لہرانے لگی زلفِ سیاہ

رنگ چُونا - ۱- فعل لازم - دیکھو (رنگ ٹپکنا) +

رنگ چھڑکنا - ۱- فعل متعدی - رنگ پاشی کرنا - رنگ بکھیرنا - رنگ کے چھینٹے دینا +

رنگ دار - ف - صفت - رنگین - رنگا ہوا - روغن دار - مُجلا - چمکیلا - روشن +

رنگ دکھانا یا دکھلانا - ۱- فعل متعدی (۱) آفت ڈھانا - غضب لانا - مصیبت میں ڈالنا - فتنہ برپا کرنا - غضب ڈھانا (عارف)

کیا رنگ دکھاتی ہے عالم کو دیکھیے
رہتی ہے اُسکے پاؤں سے ہر دم حنا لگی

تیری آگ دکھائیگی رنگ کیا صفدر
(صفدر) کہ میرے سینہ کے باہر نہیں دھواں ہوتا

(۲) کیفیت دکھانا - جوبن دکھانا - لُطف دکھانا - بہار دکھانا (۳) جوہر دکھانا - ہُنر ظاہر کرنا (۴) عیب لانا - عادتِ بد کا ظاہر کرنا (۵) نیرنگ سازی اور شعبدہ بازی دکھانا - نیرنگی ظاہر کرنا (منشی امانت)

رنگ ہر رنگ میں اپنا یہ دکھاتا ہے سدا
کبھی عاشق کبھی معشوق کبھی بے پروا
شعبدے یاد ہیں اس اہلِ دغا کو کیا کیا
کبھی گل ہے کبھی بلبل کبھی غنچے کی صدا
کبھی اس باغ میں قُمری کبھی شمشاد ہے یہ
کبھی ہے طوق بگردن کبھی آزاد ہے یہ

رنگ دیکھنا - ۱- فعل متعدی (۱) سیر دیکھنا - بہار دیکھنا - تماشا دیکھنا (۲) انجام سوچنا - نتیجہ پر نظر ڈالنا (۳) موقع دیکھنا - ہوا دیکھنا - رُخ دیکھنا جیسے جدھر کا رنگ دیکھا اُدھر ڈھل گئے (۴) حال دیکھنا یا تاثیر معلوم کرنا جیسے دوا کا رنگ دیکھنا +

رنگ دینا - ۱ - فعل متعدی (۱) رنگ کردینا - ملوّن کردینا (۲) لطف دینا - مزہ دینا + (راسخ)

جب تک اُس گل عارض کے نہ باندھے مضموں
رنگ محفل میں کبھی اپنی غزل نے نہ دیا +

رنگ ڈھنگ - ۱ - اسم مذکر (۱) چال چلن - حال احوال - برتاؤ - رویہ - عادت خصلت - عالم -

جب سے عطا ہوا ہمیں خلعت حیات کا
(شیفتہ) کچھ اور رنگ ڈھنگ ہوا کائنات کا

رنگ ڈھنگ دیکھنا - ۱ - فعل متعدی - حال احوال معلوم کرنا - خوب دیکھنا - سمجھ معلوم کرنا - چال چلن دیکھنا (ظفر)

کرنہ پہلے رنگ ڈھنگ اس غنچہ لب کا دیکھ لیں
کیونکہ دل دیں جب تلک اپنے نہ ڈھب کا دیکھ لیں

رنگ رچانا - ۱ - فعل متعدی (۱) شادی رچانا کسی خوشی کی تقریب کا سامان مہیا کرنا - شادی پھیلانا - شادی کا کام شروع کرنا (۲) رنگین بنانا رنگین کرنا - رنگ میں شوخ کرنا +

رنگ رچنا - ۱ - فعل لازم - رنگ کا بخوبی اثر کرنا رنگ لگنا - رنگ چڑھنا - رنگ آنا - رنگ دینا - رنگت بیٹھنا (سودا) ڈوبا ہے شفق بیچ صنم پنجۂ خورشید
یا مہندی کا ہاتھوں میں ترے رنگ رچا ہے

رنگ رس - ۵ - اسم مذکر - عیش ونشاط - خوشی خرمی - فرحت - آنند - عیش وعشرت - رنگ چنگ سکھ چین - عیش وسرور - حظ نفسانی - بھوگ بلاس + رقص وسرود - گانے بجانے کی خوشی +

رنگ رسیا - ۵ - اسم مذکر - عیشی بندہ - رنگیلا + اوباش - عیاش - عیش پرست +

رنگ رلیاں - ۵ - اسم مؤنث (۱) کھیل تماشا ہنسی چہل - مذاق ٹھٹھا - ٹھٹھولی - عیش ونشاط عیش وعشرت + مزہ - لطف + (ظفر)

خوں سے بھر آئے رنگیں ہنسنے کلیاں دیکھیاں
رنگ ملوں میں جنہوں نے رنگ رلیاں دیکھیاں

(۲) حرکتیں - باتیں - بازیاں - کھلاڑیاں (انشا)

دیکھ کر ایک دو جنوں کی رنگ رلیاں باغ میں
کھل کھلا کر ہنس پڑیں پھولوں کی کلیاں باغ میں

رنگ رلیاں کرنا - ۱ - فعل لازم - اختلاط کرنا رول چول کرنا - چہچہانا - مزہ اڑانا - گلچھرے اڑانا عیش منانا - اچھلنا کودنا (ہدایت)

بہار آئی ہے تم کو مجھ کو یہ دن مبارک ہو
چمن میں آج کل کرلو گلوں کے ساتھ رنگ رلیاں

رنگ روپ - ۱ - اسم مذکر (۱) چمک دمک - آب تاب - رنگ روغن (۲) خال وخد - حلیہ چہرہ مہرہ

رنگ روپ نکالنا - ۱ - فعل لازم - بہار پر آنا - رنگ روغن نکالنا - جوانی پر آنا - چمک دمک بہم پہنچانا +

رنگ روغن - ۱ - اسم مذکر - دیکھو (رنگ روپ) +

رنگ روغن نکالنا - ۱ - فعل لازم - دیکھو (رنگ روپ نکالنا) سرخ وسفید نکل آنا +

رنگ ریز - ۱ - اسم مذکر - نیلگر - رنگریز - کپڑے رنگنے والا + کلیا + صباغ + (آتش)

مضموں بندھے ہیں بوقلموں گردی یار کے
رنگریز نے نکرنے رنگے ہزار رنگ +

رنگ زرد ہونا - ۱ - فعل لازم - چہرے کا رنگ پیلا پڑ جانا فق ہوجانا - پیلا پڑجانا - کسی بیماری یا خوف کے باعث چہرے کی سرخی کا جاتا رہنا - خون خشک ہوجانا

۵ عاشق اُسی کو جانئے جاہل درد ہو

پل پل میں ٹھنڈے سانس ہے اور رنگ زرد ہو

رنگساز - ف - اسم مذکر - میز کواڑ کرسی وغیرہ پر رنگ کرنیوالا - وارنش کرنے والا - رنگ گر - رنگ بھرنے یا کرنے والا + مصوّر + نقّاش - رنگ بنانے اور تیار کرنے والا + کیمیاگر + صبّاغ +

رنگ سفید پڑنا - یا - ہونا - اردو - فعل لازم - خوف یا نزاکت کے باعث منہ سفید ہو جانا - کسی صدمہ یا تکلیف سے منہ سفید پڑ جانا + (امانت)

دو قدم فرط نزاکت سے نہیں چل سکتا
رنگ ہو جاتا ہے اسکا دم رفتار سفید

رنگ فق ہونا - یا - ہو جانا - اردو - فعل لازم - رنگ اُڑنا - کسی صدمہ یا خوف یا شرم سے چہرے کا رنگ متغیر ہو جانا - خوف زدہ ہو جانا - حیرت میں ہونا - چہرا اترنا

شب وصال میں دل بیقرار ابھی سے ہے
(عشرت) سحر ہے دور مرا رنگ فق ابھی سے ہے

(مصحفی) مَیں شب وصل کھل گئی جو میری آنکھ
رنگ فق ہو گیا سحر کو دیکھ

رنگ کا پکا ہونا - اردو - فعل لازم - رنگ کا پختہ اور مستقل ہونا +

رنگ کاٹنا - اردو - فعل متعدی - رنگ زائل کرنا - رنگ دور کرنا - کھار یا کسی ترشی سے رنگ اڑانا + کسی چیز میں سے رنگ جدا کرنا +

رنگ کا کچا ہونا - اردو - فعل لازم - ناپختہ رنگ ہونا - رنگ کا قائم نہ رہنا - رنگ کا بے ثبات اور بے اعتبار ہونا (برق) مہتاب اس ماہ تاباں ہو گیا تیرے حضور
رنگ کچا دھوپ سے ہے زہرا کا اڑ گیا

رنگ کٹنا - اردو - فعل لازم (۱) رنگ زائل ہونا - رنگ اڑنا - رنگ جدا ہونا - کسی کھار یا ترشی کے وسیلہ سے رنگ علیحدہ کیا جانا (بجز اصلاح یافتہ کے) اتا ترشی نہ ہو دیکھو
کٹے کہیں نہ کھٹائی سے بانکپن کا رنگ

(۲) شرم یا خجالت سے رنگ کا تغیر ہونا (ناسخ)
ہوتے ہیں تیرے آگے گل سرخ یاسمن
کٹتا ہے مارے شرم کے بے اختیار رنگ

رنگ کرنا - اردو - فعل متعدی (۱) رنگ چڑھانا - رنگنا - رنگ بھرنا - رنگ پھیرنا (۲) خوشی میں سیر کرنا - خوشی منانا +

رنگ کھلنا - اردو - فعل لازم - کسی چیز یا چہرے پر رنگ کا موزوں ہونا - رنگ کا زیب دینا - کسی رنگ کا غالب بھی جاذب ہے (صبا) کہتے ہیں لوگ غنچہ تر کا اب کھلتا
کھلتا ہے دست یار میں کتنا حنا کا رنگ

کیوں نہ اے برق کہے خلق اسے سرخ و سفید
(برق) رنگ گورا ہے بہت جانے کھلنا رکھلا

رنگ کھیلنا - یا - ڈالنا - اردو - فعل متعدی - رنگ پاشی کرنا - آپس میں ایک دوسرے پر خوشی کے موقع پر رنگ پھینکنا + ہولی کھیلنا - پھاگ کھیلنا (ناسخ)
خوب سے کھیلی ہے ہولی یار نے
ڈالے مجھ پر دیدہ خونبار رنگ

یہ جشن باغ میں ہے کسکی آمد آمد کا
کہ خوب کھیلنے میں آپس میں لالہ و گل رنگ

رنگ لانا - اردو - فعل لازم (۱) رنگ قبول کرنا - رنگ پکڑنا - رنگین ہونا (۲) فیل لانا - بدی کرنا - برائی کرنا - کھوٹ لانا + (جرأت)
ہزار گو چرخ رنگ لاوے کسیطرح وہ بغل میں آوے
نہ چھوڑیں اُس شوخ عشوہ گر کو دم کا

نہ تم سے ہونے میں کلام ہے +

اسیر کردل آشفتہ رنگ لا کے رہی
(داغ) تمام طرّۂ طرار تار تار کیا +

(۳) بگڑنا - ناراض ہونا - خفا ہونا (ظفر)
لگاوٹ سے لگاتا ہے حنا غیر اُنکے ہاتھوں میں
وہ مجھ سے رنگ کیوں لاتے ہیں میں نے کیا لگا مارا

(۴) مزا چکھانا - تماشا دکھانا - سزا دینا - مصیبت دکھانا - گل کھلانا (غالب) قرض کی پیتے تھے مے لیکن سمجھتے تھے کہ ہاں
رنگ لاویگی ہماری فاقہ مستی ایکدن (داغ)
تر ہوا دامن مرا گلرنگ سے + رنگ لائی پاکدامانی مری

(۵) اپنے تئیں مختلف اوضاع اور انواع اطوار میں ظاہر کرنا - نیا نیا روپ دکھانا - عجیب عجیب روپ بھرنا
دسترس میں تیرے پاؤں تک ہے اُسے
(منظور) خوب مہندی یہ رنگ لائی ہے

(۶) فتنہ برپا کرنا - فساد مچانا + واویلا اُٹھانا - شور مچوانا
(سید نہال سنی اسیر) خون اسی ہاتھوں کشتوں کا ہوا تیرے بعد
رنگ لائی ترے ہاتھوں کی حنا میرے بعد

(۷) خبث باطن ظاہر کرنا - اپنی ذات دکھانا - اپنی اصل پر آنا - اپنی نسل پر جانا - جھگڑا کرنا - تکرار کرنا (۸) جال پھیلانا - مکر پھیلانا - فریب کرنا (شوق) ابتک تو اُلٹی چال پھیلا
رنگ کچھ اس سے اور بھی لاؤ +

(۱۰) دق کرنا - ستانا - تکلیف دینا (ہادی حقی)
دیوانہ پن ہمارا آخر کو رنگ لایا + جو دیکھنے کو آیا ہاتھوں میں سنگ لایا

(۱۱) رنگ کھانا - رنگینی ظاہر کرنا - خوشنمائی ظاہر کرنا - رنگ پکڑنا - ناز کرنا
(ناسخ) جسدن سے ہے گلال اُڑانے کا تجھکو شوق
تیرے شہید ناز کا لایا غبار رنگ +

رنگ لینا - ا - فعل متعدی - اپنا سا کرلینا - اپنے رنگ ڈھنگوں پر لے آنا - پنتھ میں ملالینا - مذہب میں داخل کرلینا +

رنگ مارنا - ا - فعل متعدی - نرد مارنا - گوٹ مارنا - جیتنا - بازی لینا - بازی لیجانا - ہمسر پر غالب آنا (آبرو)
کھیلی تھی رات چوسر گویا ہوا تھا پیارا
ہارے رقیب سارے ہمنے ہی رنگ مارا

رنگ محل - ف + ع - اسم مذکر - نشاط گھر - عیش و عشرت کا گھر - عشرت گاہ - وہ مکان جسمیں بادشاہ یا اُمرا عیش منائیں - آراستہ مکان - سجا ہوا مکان

رنگ مٹانا - ا - فعل متعدی (۱) بے رنگ اور بے رونق کرنا - بے رونق بنانا - رُوپ پھیکا ہونا (۲) مذہبی جوش - مذہبی شوق - مذہبی ولولہ - دینی ذوق (ذکی) ملا ہوا ہے تعصب کا جو زہر پیر مغاں
مٹا سکا نہ کوئی شیخ و برہمن کا رنگ

رنگ مٹنا - ا - فعل لازم - بیرنگی اور بیرونقی ہونا - رُوپ نہ رہنا +

رنگ میں بھنگ ہونا - ا - فعل لازم - خوشی میں کھنڈت پڑنا - خوشی میں رنج ہونا - لطف اور مزہ نہ رہنا

رنگ میں ڈوبنا - ا - فعل لازم (۱) عیش و عشرت میں غرق ہونا ؎ بوئے گل پھرتی ہے اِتراتی ہوئی گلشن میں
رنگ یہ رنگ میں ڈوبا ہے کہ اللہ اللہ +
(۲) شراب معرفت میں مستغرق رہنا - عارف کامل ہونا - جام وحدت کا متوالا ہونا +

رنگ نکالنا - ا - فعل متعدی و لازم (۱) رنگ نکھارنا - جوبن نکالنا - رنگ روغن اور چمک دمک کا نمایاں کرنا + نکھرنا - صاف ہونا - رنگ کا رونق پر آنا - گورا ہونا - جوبن پر آنا - بہار پر آنا (۲) رنگ بنانا - رنگ قرار دینا - رنگ ٹھیرانا + (شیدا)
وہ پاؤں سے ملتا ہے شہیدوں کے لہو کو +

کیا رنگ نکالا ہے نرالا کف پا کا +

رنگ نکلنا - ا - فعل لازم (۱) کسی چیز میں رنگ تراوش کرنا - رنگ باہر آنا (۲) نکھرنا - جوبن پر آنا - چہرے کا صاف اور شفاف ہونا - چہرے پر رونق آنا

رنگ نکھرنا - ا - فعل لازم - رنگ کا صاف اور شفاف ہونا - رنگ کا رونق پر آنا +

رنگ ہے - و - ندا - شاباش ہے - آفرین ہے - مرحبا کیا کہنا ہے - کیا بات ہے - واہ واہ - سبحان اللہ +

رَنگ - ہ - اسم مذکر - رانگ کا مخفف

رنگ بھریا - ہ - اسم مذکر - رانگ کے کھلونے ڈھالنے اور رانگ کا گہنا یا تا بنانے والا +

رنگا رنگ - ف - صفت (بالف اتصال) گونا گوں بوقلموں - رنگ برنگ - مختلف رنگوں کا - طرح بطرح (ناسخ) دیکھے اس گلشن میں گورستانوں نے سرخ و سفید
خوب نظارہ کیا گلہائے رنگا رنگ کا +

رنگا ہوا - ا - صفت - (۱) رنگ کردہ - رنگین (۲) ذاکر شاغل + عارف کامل +

رنگائی - ا - اسم مؤنث - رنگوانے کی اجرت - رنگوائی

رنگت - ا - اسم مؤنث (۱) رنگ - لون + چہرے کا گورا کالا سانولا رنگ + کپڑے کے اوپر کا رنگ (۲) روپ - برن (۳) حالت - کیفیت (عارف)
بزم جاناں کی نہیں سی وہ رنگت پائی +
اور ہی لوگ ہیں کچھ اور ہی صحبت پائی +

رنگت آنا - ا - فعل لازم - رنگ پکڑنا - رنگ چڑھنا رنگا جانا +

رنگت سفید ہونا - ا - فعل لازم دیکھو (رنگ سفید ہونا) +

رنگترا - ا - اسم مذکر - سنگترا - گولا سنترا - ایک قسم کی بڑی اور میٹھی نارنگی - نارنج (یہ نام محمد شاہ بادشاہ رنگیلے کا رکھا ہوا ہے) +

رنگروٹ - انگلش - صحیح رکروٹ Recruit اسم مذکر - نیا سپاہی - نوملازم - نیا بھرتی کیا ہوا + سیکھتڑ نوآموز - مبتدی +

رنگنا - ا - فعل متعدی (۱) رنگ چڑھانا - رنگت دینا رنگ کرنا - ملون کرنا (۲) اپنا سا بنانا - اپنے ڈھب پر لانا (۳) ذاکر و شاغل بنانا - عارف بنانا +

رنگوانا - یا - **رنگانا** - ا - فعل متعدی - رنگ کرانا رنگ چڑھوانا - رنگت دلوانا +

رنگوائی - ا - اسم مؤنث دیکھو (رنگائی) +

رنگیلا - ا - صفت - رنگین مزاج - بانکا - پرتکلف پرتکلف - چھیل چھبیلا - چھبیلا + عیاش طبع + [illegible] سفید پوش - خوش پوشاک - رنگین لباس - بانکا ترچھا - خوش طبع - زندہ دل - کھلاڑی +

رنگین - ف - صفت - (۱) رنگا ہوا - ملون - رنگدار (۲ - ا) رنگیلا - چھبیلا - بیگو بیلا (۳ - ا) خوش طبع - زندہ دل (۴ - ا) آراستہ - مزین - سجا ہوا + نکاکاری کیا ہوا (۵ - ا) رنگ برنگا - گونا گوں (۶ - ا) گلنار گلرنگ - سوہا - سرخ (۷) دلپسند - خوش آیندہ (۸) سعادت یار خان شاعر کا تخلص جو [illegible]

رنگین ادا - ف - صفت - وہ شخص جو [illegible] وضع اور نئے نئے انداز نکالے - طرحدار - وضعدار - خوش ادا (ظفر) یوں تو ہیں سروگل اندام و رعنا [illegible] رشک گل
تجھ سا پر رنگین ادا گلشن قبا دیکھا نہیں +

رنگین خط - ف + ع - اسم مذکر - وہ خط [illegible]

گل و بلبل اور باغ وغیرہ کا تلازمہ ہو +

(ممنون) الٰہی کس نگاریں پنجے نے یہ خط لکھا رنگیں
کہ نامہ بر حنا کے کچھ نشاں ہیں جابجا رنگیں

رنگیں غزل - ف+ع - اسم مؤنث - دلچسپ غزل وہ غزل جس میں گل و بلبل کا تلازمہ رنگینیٔ مضامین پائی جائے (ممنون) کیا ہی رنگیں غزل ور لکھی ممنون نے
صفحہ کاغذ کا گیا صفحۂ گلزار سے مل +

رنگیں عبارت - ف+ع - اسم مؤنث - وہ عبارت جس میں گلزار یا باغ کا تلازمہ ہو - دلچسپ عبارت دلچسپ مضمون +

رنگیں مزاج - ف+ع - اسم مذکر خوش مزاج - خوش طبع - زندہ دل - رنگیلا - چھبیلا - ہنس مکھ +

رنگینی - ف - اسم مؤنث (۱) الوان گلگلینی (۲) بھڑک - آرائش - نمائش - آراستگی - بناؤ سنگار (۳) خوش طبعی - خوش مزاجی (۴) بانکپن چھیل پن

رنواس - ہ - اسم مذکر - دیکھو (رنباس) +

رَو - ہ - اسم مؤنث (۱) ریلا - پانی کا بہاؤ سیلاب - دھارا سیل دھار - چھال جیسے رو میں آئے سو روا ہے
لاکھ تم منع کرو جب کہ بھر آئیگا یہ دل
(ظفر) نا سحر آنسوؤں کی چشم میں رو ہووے ہی ہووے
(۲) جوش - ولولہ + غصہ - کرودھ جیسے رو میں بات نکل گئی (۳) کیڑے مکوڑوں یا حشرات الارض وغیرہ کا جھنڈ جیسے چیونٹوں کی رو یا مچھلیوں کی رو (۴) سمت - چلنے اور راہ نوردی کا خیال - ذہن - خیال
نہ آنکھوں سے پلک تھمے اگر نہ مژگاں پر رکے آنسو
س چلے جب اپنی رو میں پھر یہ کسکے تھما ٹھہرے

رنگ دَل - فوج - لشکر - سینا + بھیڑ - انبوہ +

رُو - ف - اسم مذکر و مؤنث (۱) چہرہ - منہ - مہرا - مکھڑا مکھ - رخ + صورت - شکل - بشرہ (آتش)
حسن قدرت سے خدا کی رو نظر آیا مجھے
ریش پیغمبر کا گیسو نظر آیا مجھے +
(۲ مؤنث) سبب - وجہ - جہت - باعث - کارن (۳) سطح - بساط - پردہ - تختہ جیسے روئے زمین (۴) [illegible] پشت - سامنا - آگا + ابرو - برخلاف [illegible] کی رو پشت برابر - رو کا ذمہ (۵) [illegible] مرادف رعایت (۱۲) لکھنؤ نے [illegible] ہے اس لحاظ سے مذکر و مؤنث لکھا گیا مگر دلی میں مؤنث [illegible] سنا گیا ہے) +

روپوش - ف - صفت - منہ چھپائے ہوئے مخفی پوشیدہ (۲) مفرور - بھاگا ہوا - چھپا ہوا +

روپوش کرنا - ا - فعل متعدی - چھپانا - فرار کرنا - بھگانا - غائب کرنا + (جرأت)
غم سے اک پردہ نشیں کے یہ بنی شکل کہ آہ
ایک عالم سے میں نے اپنے کو روپوش کیا

روپوش ہونا - ا - فعل لازم - چھپنا - غائب ہونا - فرار ہونا - چل دینا - الوپ ہونا - گپت ہونا - پوشیدہ ہونا مخفی ہونا - متواری ہونا +

روپوشی کرنا - ا - فعل متعدی - منہ چھپانا - روبرو نہ آنا - غائب رہنا - چھپا رہنا س
ہوا کیا فائدہ پردہ نشیں سے دل لگانے سے
کہ روپوشی ہمیں کرنی پڑی سارے زمانے سے

رودار - ا - صفت - جوان وجیہ - مشتبن اور باضع آدمی - جوان نکیل +

رو رعایت - ف+ع - اسم مؤنث - طرفداری

پاسداری - پاس خاطر - پاس - لحاظ - پچ - رویت

رُوسفید ہونا - ف - فعل لازم - مُنہ سفید پڑنا - خوف یا حیرت سے خون کی حرکت بند ہوجانے کے سبب رُخ کا رنگ تبدیل ہوجانا - سفید پڑجانا + سہم جانا + رعب میں آجانا

اک غضب علی سی چمکی شب ترے رُخسار سے
(ظفر) دیکھتے ہی ہوگیا رُوئے مہ تاباں سفید

رُوسیاہ - ف - صفت (۱) کالے مُنہ والا - سیہ چہرہ - کالے کالا جس [illegible] زلف اسکا [illegible] رُوسیاہ [illegible] پوچھو (۲) گنہگار - عاصی - عاصم - پاپی - [illegible] (۳) ذلیل رُسوا - خوار - حقیر - بے عزت + (داغ)

دل دیں کو جسے دیا تو بھی نامراد ہے لے جو
کبھی داغ تم نے سُنا جو ہوا ہی رُوسیاہ کا نام ہے

(۴) کمبخت - کم نصیب - نالائق (قطعۂ سودا)

سودا قمار عشق میں شیریں سے کوہکن +
بازی اگرچہ لے نہ سکا سر تو کھو سکا +
کس مُنہ سے پھر تو آپ کو کہتا ہے عشقباز
اے رُوسیاہ تجھ سے تو یہ بھی نہ ہو سکا +

رُوسیاہ ہونا - ف - فعل لازم - ذلیل و رُسوا ہونا - کلنک کا ٹیکا لگنا +

رُوسیاہی - ف - اسم مؤنث - بدنامی - ذلت - رُسوائی - کلنک - داغ +

رُوشناس - ف - اسم مذکر - واقفکار - جان پہچان جاننے والا - تعارف والا +

رُوشناسی - ف - اسم مؤنث - واقفیت - جان پہچان - ملاقات - صاحب سلامت - معرفت +

رُوکش - ف - صفت (۱) شرمندہ کرنے والا (۲) مقابل

سعدی [illegible] ستارہ ہوا رُوکش [illegible] انداز و ہجران شب [illegible] مہتاب تھا
تاب کا پانی جگر طاقت کا زہرہ آب تھا +

(۳) نظیر - ہمسر - مانند - مُشابہ - مُمثل (داغ)

رُوکش اُسکا ہوگیا گل فردوس
وہ نزاکت وہ رنگ و بو ہی نہیں

رُوکش ہونا - ف - فعل لازم - مقابل ہونا - سنمکھ ہونا - رُوبرو ہونا - سامنے کھڑے ہونا - سامنے آنا - (بمعنی)

میں نہ کہتا تھا نہ ہو رُوکش تو اُسکی زُلف سے
اس خطا سے مُنہ ترا مشک ختن کالا ہوا

رُوکش ہو تیرے رُخ سے کیا نور سحر کا نور
(ذوق) ذرہ ہے تیرے فیض کا نور سحر کا [illegible]

رُوگرداں - ف - صفت - رُوکش [illegible]

رُوگرداں کرنا - ف - فعل متعدی - رُخ پھیرنا - مُنہ اُلٹنا - پیچھے کا رُخ اوپر کرنا +

رُونمائی - ف - اسم مؤنث - مُنہ دکھائی - وہ نقدی جو دُلہن کا مُنہ دیکھکر اُسکے خاوند کے رشتہ دار دیتے ہیں

رُونمائی دینا - ف - فعل متعدی - مُنہ دکھائی دینا - دُلہن کا مُنہ دیکھنے کے صلہ میں نقدی دینا +

رَوا - ہ - اسم مذکر (۱) سوجی (۲) بارود کا دانہ (۳) خاک یا سونے کا ذرہ + ریزہ - دانہ - ریت کا ذرہ - مصری یا کھی وغیرہ کا دانہ + [illegible]

رَوا - ف - صفت (۱) جائز - درست - مُباح - ٹھیک + حلال + اہل طیب - شیر مادر (۲) رائج - مروج جاری - ساری + عرف عام +

روا جاننا یا سمجھنا - ف - فعل لازم - مباح اور جائز سمجھنا - حلال سمجھنا - غیر ممنوع جاننا +

روادار - ف - صفت - ہوا خواہ - خواہاں کرنے والا - خیرخواہ - بہی خواہ - طرفدار - ساتھی

روادار نہونا - ا - فعل لازم - طرفدار نہونا - ساتھی نہو - ہواہاں نہونا - نہ چاہنا (قطعۂ جرأت)

ماجرا اپنا عجب قصۂ جانکاہ ہے آہ
کہ بیاں کیجیے رو رو تو سنا جائے کہاں
یعنی جو جیتے بھی رہنے کا روادار نہیں
رہیں اک لحظہ گر اس بن تو رہا جائے کہاں

روا رکھنا - ا - فعل متعدی - جائز رکھنا - مباح سمجھنا + منظور کرنا - ماننا +

روا کرنا - ا - فعل متعدی - جائز ہونے کا فتوی دینا - جائز کرنا - مباح کرنا +

رَواج - ع - اسم مذکر (۱) روائی - عام دستور - رِیت - برتاؤ - رسم - دنیا چال - کساد بازاری کا نقیض - جاری - چلتا - ٹکسالی - چلن - لین دین - اختلاط

حکم نئی ہے حسن کی عشق - سکہ داغ کا رواج ہوا

(۲) سررشتہ - قاعدہ - معمول - رویہ (یہ لفظ عربی میں بفتح راے مہملہ ہے مگر اردو اور فارسی زبان میں بکسر مروج ہے) +

رواج پانا یا پکڑنا - ا - فعل لازم - جاری ہونا - رسم پڑنا - چلن ہونا - پھیلنا + چلنا +

رواج پڑنا - ا - فعل لازم - دستور پڑنا - چلن ہونا - رسم بندھنا - رائج ہونا - جاری ہونا +

رواج دینا - ا - فعل متعدی (۱) جاری کرنا - رسم ڈالنا - معمول باندھنا - پھیلانا +

رواج ملک - ع - اسم مذکر - ملک کا دستور - ملک کا چلن + عرف عام +

رَواد - ه - اسم مذکر - گوشت کے اوپر کی چربی

دار - ا - صفت - چلتا اور فربہ +

رنگ - ع - صفت - رسمی - ٹکسالی - معمولی چلن

کے موافق - مروج +

رواروی - ا - اسم مؤنث (۱) جلدی - شتابی - تاؤلی (۲) بھاگا بھاگ - دوڑا دوڑ (۳) گھبراہٹ - ہڑبڑاہٹ (۴) سراسری - سرسری - سرسری (۵) چل چلاؤ - چلا چلی کی حالی

لگا پڑا ہے ہر مرحلے میں تجھی سے
رکا رکو ہے ہر قافلے میں تجھی سے

رُواس - ه - اسم مؤنث - ہندو عو - رونے کی صورت - رونے کو جی چاہنا + چلوانس +

رُواسا یا رُوانسا - ه - اسم مذکر (ہندی) روکھا - گریہ - زاری پر آمادہ + سخت ناراض - ازحد رنجیدہ

رَوال - ه - اسم مذکر - چاندی یا سونے کا ذرہ +

رُواں - ه - اسم مذکر (۱) رونٹا - رونگٹا - رونگٹ - موئے تن - جسم کے اوپر کے باریک باریک بال جو سارے بدن میں ہوتے ہیں (۲) پشمینہ - باریک پشم (۳) ترکاری یا پھل کے اوپر کا باریک خار جیسے بھنڈی ٹنڈے وغیرہ کا رُواں +

رواں اترنا - ه - فعل لازم - بال جھڑنا +

رُواں بدلنا - ا - فعل متعدی - جانور کا پرانے بال جھاڑ کر نئے بال نکالنا + پرندہ یا کینچلی بدلنا - بال گرنا

رُواں رُواں دعا دیتا ہے - ا - محاورہ - ہر ایک رونگٹے سے دعا نکلتی ہے - کمال ممنون ہوں +

رُواں رُواں کانپنا - ا - فعل لازم - ہر ایک رونگٹے کا لرزاں ہونا - نہایت خوف یا ترس خدا سے جسم کا نپنا +

رُواں میلا نہ ہونا - ا - فعل لازم - کسی قسم کا رنج یا صدمہ نہ پہنچنا - بال بیکا نہ ہونا + کچھ ملال یا رنج نہ پہنچنا

بے غم ہے کہ جو میں [illegible] [illegible]

سے مری کا [illegible] دا کے

روبکاری - ف - اسم مؤنث - مقدمہ کی پیشی
مقدمہ کی کارروائی +
روبیٹھنا - ہ - فعل لازم - مایوس ہونا - ناامید ہونا -
کھو بیٹھنا - ضائع کر دینا + (مؤمن)
کہیں دل کو بھی تو نہ کھو بیٹھے + کہیں آنکھوں کو یوں تو رو بیٹھے
رو بیٹھے وہ آنکھوں کے تئیں ہنستے ہی ہنستے
(جرأت) جو رونے کا عہد اس مرے غمناک سو ٹھہرے
رودینا - ہ - فعل لازم - عاجز ہو جانا + دب جانا + اصلی
حالت پر نہ رہنا +
روپ - ہ - اسم مذکر (۱) صورت شکل + بھیس + چہرا مہرا + مکھڑا
مکھ + وضع + ہیئت + طور - رنگ - اکار - ڈھنگ -
ڈول (ناسخ) صبح تو نے دکھایا روپ سارا شام کا
آفتاب صبح کو سمجھا میں ماہ شام کا
(۲) حسن جمال + خوشنمائی + جوبن - سوبھا - صورت (آتش)
دیکھنے کو عالم ہے سارا [illegible] عجب [illegible] روپ
(۳) رونق + آب تاب + چمک دمک + [illegible] روغن
(۴) تجلی - جلوہ + جوت - روشنی + جھانکی جھلک
(۵) جوانی - گدراہٹ (۶) مورت - تصویر (۷) سوانگ
ریلا + بناوٹ کی ظاہری صورت (۸) سماں -
حالت - رنگ جیسے روپ کھڑا کر دیا یعنی سماں باندھ
دیا (۹) روپا کا مخفف - چاندی - نقرہ - سیم +
روپ بدلنا - ہ - فعل متعدی بھیس بدلنا -
شباہت بدلنا - صورت بدلنا - ہیئت بدلنا - صورت
اور وضع کا تغیر کرنا (نصیر) اگرچہ رنگ نئے آسمان بدلے ہے
یہ روپ تیرے کب میری جان بدلے ہے
روپ بگاڑنا - ہ - فعل متعدی - بدصورت کرنا
رنگ بگاڑنا - بدہیئت کرنا - بدرونق کرنا - بدنما کرنا -

بے روپ کر دینا - کسی چیز کی ہیئت بدلنا +
روپ بگڑنا - ہ - فعل لازم - رونق نہ رہنا - بدنما
ہونا - جوبن نہ رہنا +
روپ بنانا - ہ - فعل متعدی (۱) سوانگ بھرنا -
(۲) نہایت خوبصورت یا حسین بنانا (۳) ہیئت درست
کرنا - ہیئت بنانا (۴) شباہت بدلنا - صورت بدلنا
دھوکا دینے کی شکل بنانا + (صفدر)
اب کوئی روپ بناؤ یہ شباہت بدلو
غیر کی شکل بنو اپنی یہ صورت بدلو
روپ بھرنا - یا - **گانٹھنا** - ہ - فعل متعدی (۱)
کوئی دوسری صورت بنانا - سوانگ بھرنا - اپنی اصلی
صورت کے خلاف دوسری شکل میں نمایاں ہونا -
بھیس بدلنا - متشکل ہونا - روپ دھارنا (۲) فریب بنانا
وضع اور ہیئت بدل کر دھوکا دینا - جنگل گانٹھنا (۳)
خوبصورت یا حسین ظاہر کرنا +
روپ دکھانا - ہ - فعل متعدی - درشن دینا
صورت دکھانا - نئی صورت یا نئے لباس میں ظاہر
ہونا + جھانکی دکھانا +
روپ دھارنا - ہ - فعل متعدی (۱) کوئی صورت
یا ہیئت اختیار کرنا جس طرح دیوتا لوگ روپ دھار
لیا کرتے تھے کسی صورت یا قالب میں آنا (۲) صورت
بنانا - شکل بنانا (۳) بھیس بھرنا - سوانگ بھرنا +
روپ روئیں بھاگ کھائیں - ہ - کہاوت
یعنی زمانہ کا یہ حال ہے کہ خوبصورت بدنصیب تو
مصیبت بھرتے ہیں اور بدصورت خوش نصیب عیش
مناتے اور خوبصورتوں پر حکم چلاتے ہیں (قطعہ رنگین)
ناز برداری زنانی کی کروں کیونکر نہ

اکھو دل سے دال جیسے چاہے وہ بدل کس سے ہو
ہے مثل مشہور باجی رُوپ رُوئیں بھاگ کھائیں
جو لکھا قسمت میں خالق نے وہ زائل کس سے ہو

رُوپ لانا - ہ - فعل متعدی - کھوُر دلانا - فیل لانا - ریتا کی صورت بنانا ÷ جھگڑا کرنا - دھمکی دکھانا ÷ دھوکا دینا

رُوپ نکالنا - ہ - فعل متعدی (۱) رنگ و روغن نکالنا - جوبن پرآنا - نکھرنا - چمک دمک حاصل کرنا - چمکنا (۲) (ضلع) طور دکھانا - خبث باطن ظاہر کرنا جیسے آپ نے تو خوب رُوپ نکالے +

رُوپ نکلنا - ہ - فعل لازم - نکھرنا - جوبن ظاہر ہونا - خوبصورتی حاصل ہونا - رنگ و روغن آب و تاب اور چمک دمک کا ظاہر ہونا +

(میر حسن)
نہانے سے نکلا عجب اُسکا رُوپ
نکل آئے بدلی سے جسطرح دھوپ

رُوپ وان یا - وَنت - ہ - صفت (ہندو) خوبصورت - حسین - صاحب حُسن - جمیل و شکیل - ستھرا - خوبرُو - سُندر - سُہاؤنا - لُموک +

رُوپ وَنتی - ہ - اسم مؤنث - ہندو عورت - حسینہ - شکیلہ - جمیلہ - سُندر - سوہنی - سُہاؤنی - لُموک - تبوُل صُورت + سوہنی +

رُوپ - ہ - اسم مذکر - رُوپا کا مخفف +

رُوپ درشن - ہ - اسم مذکر - زیارت - نظرہ - چاندی کی کسی چیز کا نظارہ + روپیہ - چاندی کا سکہ - وہ روپیہ جو دُلہن کو چڑھایا جائے - روپیہ کا نذرانہ +

رُوپ رس - ہ - اسم مذکر (ہندو) چاندی کا کُشتہ - کُشتۂ سیم - نقرۂ مقتول +

[...] اسم مذکر - چاندی - سیم - نقرہ - ایک سفید قیمتی [...]

دھات کا نام جسکے اکثر زیور اور روپے بنائے جاتے ہیں) +

رُوپہلا - ہ - صفت - چاندی کا بنا ہوا یا چاندی کے رنگ کا - نقرہ - سیمی +

رُوپہلی - ہ - صفت دیکھو (روپہلا) +

رُوپے - ہ - اسم مذکر (۱) روپیہ کی جمع - بہت روپیے (۲) حروف مغیرہ کے آجانے کی تبدیلی صورت

روپے کے ٹکے - ہ - اسم مذکر - اوّل معلوم دوم کھری مروّج اور چلتی ہوئی چیز +

روپے والا - ہ - صفت - دولتمند - مالدار - دھنونت - تونگر - متموّل - دولت والا + صاحب ثروت +

رُوپیا - یا - رُوپیہ - ہ - اسم مذکر (۱) رُوپے کا بنا ہوا سولہ آنے کا سکہ - گیارہ ماشے دو رتی چاندی کا سکہ

(آتش)
لیکے دل کو چار بوسوں پر یا اک یار نے
ہیٹے ہیں بیٹھے روپے کے ہاتھ چار آنے لگے

روپیا اُٹھانا یا - اُڑانا - ہ - فعل متعدی - دولت خرچ کرنا - اسراف کرنا +

روپیا پیسا - ہ - اسم مذکر - دھن دولت - مال و زر

روپیا بھنانا یا - تڑوانا یا - خُردہ کرانا - ہ - فعل متعدی - روپے کو پیسوں یا ریزگاری سے بدلنا +

روپیا ٹھیکری - یا - کنکری کر دینا - ہ - فعل متعدی - روپے کو اس بیقدری سے اُٹھانا کہ اُسکی اصل سنگریزہ کی برابر بھی نہ سمجھنا - فضول خرچی یا بیماری وغیرہ میں کثرت سے روپیا اُٹھانا - اسراف کرنا +

روپیا جوڑنا - ہ - فعل لازم - زر جمع کرنا - روپیہ اکٹھا کرنا

رُوفی صُورت - ہ - صفت - ہر وقت اندوہگین یا غمگین رہنے والا - مُحرم کی پیدائش - جسکی ہی صورت گریہ منظر ہو - روتی شکل والا - غم کی تصویر (رہیں)

ایسی ہی مسرکی ہے مُدت سے روتی صُورت
چہرے پہ اُسکے کس دن آنسو رواں پایا (میر)
خفا ہیں واں تو سب مجھ روتی صُورت سے دلا میں
میں اُس نزہ طرب میں کسطرح سے بار رونے کا (جرأت)

رُوتے کیوں ہو؟ صُورت ہی ایسی ہے - ہ - کہاوت - جنم ہی سے دُکھیا پیدا ہوئے ہیں +

رُوتے گئے مُوئے کی خبر لائے - ا - کہاوت بس بدشگونی سے گئے ویسی ہی بدخبر لائے +

رُوٹ یا رُوٹا - ہ - اسم مذکر - بڑی روٹی - ٹکڑ جیسے ہاتھی کا روٹ + دیوتا کے نام کا روٹ جو آٹا مانگ تانگ کر چڑھایا جاتا ہے - ہنومان کا روٹ وغیرہ

رُوٹھا - ہ - صفت - خفا - ناراض رنجیدہ - آزردہ

رُوٹھا رُوٹھی - ہ - اسم مونث - شکر رنجی - ان بن خفگی - رنجیدگی + آزردگی +

رُوٹھنا - ہ - فعل لازم - خفا - ناراض اور کشیدہ خاطر ہونا - بگڑنا - آزردہ ہونا + (انشا)
روٹھنے میں بھی لطف ہے انشا + صبح کو روٹھے وُہ تو شام کو ملے

رُوٹی - ہ - اسم مونث (۱) نان - چپاتی - پھلکا - کاک (۲) رزق - ان - اناج - روزی جیسے روٹی کو روتے ہیں میں ٹکڑے ہوکر مُردے کو روتے ہیں بیٹھکر (۳) عو - جب بڑی روٹی یا روٹی اٹھانا کہتے ہیں تو وہاں قرآن کو ملفا اٹھانا مراد ہوتی ہے (۴) وُہ کھانا جو اہلِ اسلام چہلم کے روز تقسیم کرتے ہیں +

روٹی بنانا - ہ - فعل متعدی (ہندو) روٹی پکانا رسوئی کرنا +

روٹی پر روٹی رکھکر کھانا - ہ - فعل متعدی عو - فراغبالی سے بسر کرنا +

روٹی پونا - ہ - فعل متعدی (ہندو) روٹی پکانا یا گرانا

روٹی چُپڑنا - ہ - فعل متعدی - روٹی پر گھی لگانا - روٹی کو روغن سے چرب کرنا +

روٹی دینا - ہ - فعل متعدی (۱ - گنوار) برادری کو کسی تقریب پر کھانا کھلانا - کھانا دانہ کرنا (۲) روزینہ مقرر کرنا - کھانے کو دینا - پرورش کرنا - پالنا +

روٹی ڈالنا - ہ - فعل متعدی عو - تنور میں روٹی پکانا +

روٹی سینکنا - ہ - فعل متعدی (۱) روٹی کو انگاروں یا توے پر خوب پختہ کرنا (۲ - تحقیراً - عو) روٹی پکانا - روٹی ڈالنا +

روٹی کا مارا - ہ - صفت - بھوکا - کنگال - فاقہ زدہ

روٹی کپڑا - ہ - اسم مذکر - نان و نفقہ + روٹی اور کپڑے کا خرچ + عورت کا واجب الادا حق جو مرد پر ہے +

روٹی کپڑے کی خبر لینا - ہ - فعل متعدی - کھانا اور کپڑا دینا - پوشش و خوراک کی خبر گیری کرنا

روٹی کرنا - ہ - فعل متعدی (۱ - ہندو) روٹی پکانا رسوئی کرنا (۲ - گنوار) برادری کو کسی تقریب خواہ شادی یا غمی میں کھانا کھلانا - برادری کی ضیافت کرنا - کھانا دانہ کرنا - (اگرچہ یہ لفظ شادی اور غمی دونو موقع کی مہمانی اور ضیافت پر بولا جاتا ہے مگر خاصکر میت کی وفات کے چند روز بعد جو کھانا کیا جاتا ہے اُسکی نسبت زیادہ بولتے ہیں

روٹی کو رونا - ہ - فعل لازم - روٹی کا ماتم کرنا روٹی نہ ملنے کا افسوس کرنا - روٹی کی تلاش کرتے پھرنا - بے رزقی کا گلہ کرنا - بھوکوں مرنا +

روٹی والا - ہ - اسم مذکر - نان بائی + بھٹیارا + نانبائی روٹی پکانے اور بیچنے والا +

رُوٹیاں - ہ - اسم مونث - ہندی - روزہ نذر رکھنا -

مُغیرہ یا تابع مُغیرہ کے بغیر آتی ہے جیسے کواری کھائے روٹیاں بیاہی کھائے بوٹیاں + (کہاوت) +

روٹیاں اُدھیڑنا - ہ - فعل متعدی (بازاری) + مُفت کی روٹیاں کھانا - دوسرے کے سر کھانا +

روٹیاں توڑنا - ہ - فعل متعدی - دیکھو (روٹیاں اُدھیڑنا) +

روٹیاں لگنا - ہ - فعل لازم (۱) تنگی کے زمانہ کو بھول کر اترانا - پیٹ بھر جانا - ابھر چلنا - کم ظرف کا فراغبالی سے بہک جانا - شامت یا ادبار آنا (۲) تو ہر میں روٹیاں لگنا

رُوٹیوں - ہ - اسم مؤنث - روٹی کی جمع جو تابع مغیرہ یا حروف مغیرہ کے ساتھ میں آتی ہے +

روٹیوں پر پڑنا - ہ - فعل لازم - دوسرے کے گھر روٹی کے لالچ سے جا پڑنا - دوسرے کی روٹی پر رہنا - طفیلیوں میں داخل ہونا +

روٹیوں کا مارا - ہ - صفت - بھوکا - فاقہ زدہ - دانہ زدہ + قحط زدہ - کال کا مارا - کنگلا - کنگال +

رُوح - ع - اسم مؤنث (۱) جان - جیو - بولتا - آتما - پران (وزیر) بعد از فنا جو قبر پہ آئے وہ اب دور
پہنچانے انکو روح مری دور تک گئی +
(۲) خدا تعالیٰ + امر الٰہی (۳) اطبا کی اصطلاح میں وہ لطیف بھاپ جو دل میں پیدا ہو کر باعث حیات حس و حرکت ہوتی ہے (۴) ست - لب - لباب - عطر - خلاصہ - جوہر - تت (۵-۶) دل - قلب - ہیا - ہردہ - من جیسے ہماری روح نہیں چاہتی (۷) نیت - اندرونی خواہش جیسے روح بھرنا +

گوشت یسیم ۳۰ - ہ - اسم مذکر - جانور

روح افزا - ع + ف - صفت - مُفرح - تازگی بخشنے والا +

رُوح الامین - ع - اسم مذکر - امانت دار روح - حضرت جبرئیل کا لقب جو خدا تعالیٰ کے احکام جوں کے توں رسول مقبول کے پاس پہنچاتے تھے +

رُوح القدس - ع - اسم مذکر - روح پاک (مسلمانوں کے نزدیک حضرت جبرئیل علیہ السلام اور پادریوں کے حسب اعتقاد خدا تعالیٰ کی وہ حالت جبکہ وہ روحوں کو ہدایت بخشتا اور ترغیب نیک دیتا ہے) +

رُوح اللہ - ع - اسم مذکر - حضرت عیسیٰ علیہ السلام جو باپ کی نطفہ بغیر پیدا ہوئے تھے +

رُوح بھٹکنا - ہ - فعل لازم (۱) روح کا منڈلانا - روح کا مشتاق ہونا - کسی چیز کے دیکھنے یا کسی سے ملنے کو از حد جی چاہنا (۲) روح کا آمد و رفت رکھنا - بھوت کا آنا جانا +

روح پرواز کرنا - ہ - فعل لازم - جان نکلنا - جان ہوا ہونا - خوف سے دم نکلنا - کسی سے نہایت ڈرنا - رعب غالب ہونا +

رُوح کانپنا - یا - **تھرانا** - ہ - فعل لازم - کسی کے خوف سے دل تھرانا - خوف یا رعب کے مارے جان کا نکلا جانا - خوف خدا سے دل لرزنا +

رُوح کھنچنا - ہ - فعل لازم (۱) عطر نکلنا - جوہر نکلنا - ست کھنچنا (۲) دم فنا ہونا - جان نکلنا - دم پر بننا
(داغ) ہمارا درد دیکھا جائے کس سے
ہمیشہ روح کھنچتی ہے دوا کی

رُوح نکالنا - ہ - فعل متعدی (۱) روح قبض کرنا - جان کھینچنا - دم نکالنا - مار ڈالنا (۲) ست نکالنا - عطر کھینچنا - جوہر نکالنا +

رُوح نکلنا - یا - **پرواز ہونا** - ہ - فعل لازم - جان

نکلنا - دم نکلنا - خوف یا رعب غالب ہونا جیسے رنگین شکل باجی کی جو یاد آتی ہے - تو اجی روح نکل جاتی ہے (۲) عطر یا جوہر کھینچا +

رُوحَانی - ع - صفت منسوب بہ روح - روح سے نسبت رکھنے والی - غیر جسمانی - غیر فانی + اندرونی - پاک صاف - مقدس - منزہ جیسے روحانی خوشی +

رُوداد - ف - اسم مونث - کیفیت - حالت - حقیقت حال احوال ظفر [illegible] جیسے آئینہ حیرت ہے تمہارا ہم [illegible] کہتے ہیں روداد تمہاری

[illegible] روداد [illegible] پوچھتے ہیں کہ کیا ہوا آ گئے (۲) عدالت کی کارروائی - مسل - روبکار +

روداد مقدمہ - ع - اسم مونث - مقدمہ کی کیفیت - عدالت کی کارروائی - مقدمہ کی مسل +

رُود بار - ف - اسم مذکر - پانی کا وہ بڑا حصہ جو عموماً [illegible] سے جدا ہو [illegible] اور دو سمندروں کو وصل کرتا ہے جیسے [illegible] انگلستان وغیرہ +

رو پڑنا - ہ - فعل لازم - [illegible] ہو جانا - شور نے لگنا - زار زار رونا - نکما ہو جانا +

رُو دینا - ہ - فعل متعدی (۱) رو پڑنا - رونے لگنا - بسورنے لگنا - آنسو بھر لانا - ہمت ہار دینا - جی چھوڑ دینا (۲) چیں کرنا - اپنی دفعہ بگڑنے اور خفا ہونے لگنا - اپنے وار پر [illegible] ہو جانا (۳) چیخ اٹھنا - چلا پڑنا - آ [illegible] ان جانا - سہار نہ سکنا (۵) کسی چیز کا جلد نکما ہو جانا - زیادہ نہ چلنا - مدت تک قائم نہ رہنا جیسے یہ کپڑا یا جوتی تو دس دن میں رو دی +

رُوڈ - انگلش .Road اسم مونث - سڑک - رستہ - راہ - شارع عام - پنتھ - باٹ +

رُوڈ - انگلش .Rod اسم مذکر - ساڑھے پانچ گز کا پیمانہ + جریب +

رُوراہٹ - ہ - اسم مونث (۱) پچھتاوا - افسوس - ملال - (۲) [illegible] گھبراہٹ - اضطراب - بھاگڑ جیسے ایسی کیا روراہٹ پڑ گئی دم لو +

رُو ڈالنا - ہ - فعل متعدی (۱) رو لینا - رو پڑنا - آنسو ٹپکا لینا - آنسو بہا دینا (۲) بے اختیار گریہ کر کے دل کے غم اور بھپاڑ کا خاتمہ کر دینا

رُورِعَایَت - ف + ع - اسم مونث دیکھو (رو بمعنی منہ کے مشتقات) +

رُو رُو کر کاٹنا - ہ - فعل متعدی - مصیبت کے ساتھ گزارنا - بمشکل اوقات بسر کرنا + (حالیؔ)

عہد جوانی رو رو کاٹا پیری میں لیں آنکھیں موند
یعنی رات بہت تھی جاگے صبح ہوئی آرام کیا +

رُو رُو کے - ہ - تابع فعل - بمشکل تمام - پیٹ پیٹ کے نہایت دقت اور مصیبت سے جیسے رو رو کے چار پیسے کمائے

رو رو کے گھر بھر دینا - ہ - فعل متعدی - نہایت رونا - روتے روتے گھر سر پر اٹھا لینا +

رُوڑا - ہ - صفت - مٹی کا بنا ہوا برتن +

رُوڑا - ہ - اسم مذکر (۱) اینٹ کا ٹکڑا - پتھر کا ٹکڑا - سنگریزہ

قبر کا ساتھ پس مرگ نہ چھوڑے پتھر
بہتر انساں سے رفاقت میں ہیں روڑے پتھر (رونقؔ)

(۲) صفت) ادنے - روندن میں آنے والا - ٹھوکروں میں آنے والا جیسے کیا بھاری روڑا ہو ہو (۳) باشندۂ قدیم جیسے ہندو بھی دہلی کا روڑا ہے (۴) اینٹ پتھر کا کام - تعمیر کا کام جس [illegible] - بھاری - پا کھائے گھوڑا یا کھائے بیٹھا (۵) [illegible] ایک ذات کا نام (۶) مزاحم [illegible] کھلوانے کی تقریب گاڑی میں روڑا اٹکانا [illegible] - روزہ نہ رکھنا -

رُوڑھا - ہ - صفت (۱) رُوکھا - خشک + کج خلق - بدخلق (۲) سخت - کڑا + اُجڈ - اکھڑ (۳) کھردرا - کھدرا (۴) بنا ہوا - مستعمل (۵) گستاخ - بے ادب - ناہموار (۶) بے ڈول - اَن گھڑ +

رُوڑھی - ہ - اسم مؤنث (ہندو) اسم جامد - غیر مشتق

رُوڑی - ہ - اسم مؤنث (۱) وہ توڑے ہوئے چھوٹے چھوٹے پتھر کے ٹکڑے جو کچی سڑکوں کے اوپر کنکروں کے نیچے بچھائے یا عمارتوں کی بنیاد کے نیچے کوٹے جاتے ہیں - سنگریزہ - کنکریاں - بجری (۲) سنگ مثانہ - پتھری

روڑی کوٹنا - ہ - فعل متعدی - پتھر توڑنا +

رُوز - ف - اسم مذکر (۱) دن - نہار - بار - وار - یوم - دیوس + تتھ - تاریخ (۲) دن بھر کی اُجرت - مزدوری - روزینہ - یومیہ - دھیاڑی + (ظفر)

بوسہ روز لینے ٹھیرا تو دو روز کا روز
کیوں چڑھاتے ہو تم اس عاشق دلسوز کا روز

(۳ - و) مرنے کا دن - تاریخ وفات + یوم فاتحہ - یوم عرس + (۴ - و) آئے دن - ہمیشہ - ہر روز - سدا - نت - جیسے تم تو روز ستاتے ہو - روز کنواں کھودنا روز پانی پینا +

روز افزوں - ف - صفت - دن دونا - دن بدن زیادہ - روزانہ ترقی +

روز بٹنا - ہ - فعل لازم - یومیہ تقسیم ہونا - مزدوری ملنا

روز بروز - ف - صفت - ہر روز - دن بدن +

روز جزا یا داد - ف + ع - اسم مذکر - روز انصاف - جیسا - ہر ... بدلہ ملنے کا دن - روز قیامت - یوم الحساب

روز جنگ - ف - اسم مذکر - روز میدان - لڑائی کا دن - روز مصاف +

کشتہ ... (۲) بہشت - اندر ... ۱ و سم ... اسم مذکر ... ع + ف ... والا +

روز حشر یا قیامت یا حساب - ف + ع - اسم مذکر - دنیا کے فنا ہونے کے بعد پھر مبعوث ہونے کا دن - پرلے - پرلو - دنیا کا وہ آخری دن جس میں تمام مخلوق خدا کے سامنے کھڑی ہو کر اپنا اپنا حساب دیگی - روز حساب - یوم الجمع - یوم التناد + ساعہ +

روز روز - ہ - صفت - ہر روز - آئے دن - مدام - ہمیشہ

روز روشن - ف - اسم مذکر - صبح - علی الصباح - بھور - تڑکا - وقت طلوع +

روز روشن ہونا - ہ - فعل لازم - دن نکلنا - سورج اُدے ہونا - طلوع ہونا +

روز سیہ - ف - اسم مذکر - روز بد + روز نحس + مصیبت کا دن - ادبار و بداقبالی کا زمانہ - غم و اندوہ کا دن - ماتم کا دن (مُصحفی)

اپنے روز سیہ دیکھ لیا + ہم سنا کرتے تھے بلائے عشق

روز سیہ لانا - ہ - فعل لازم - روز بد دکھانا - مصیبت لانا - آفت میں ڈالنا (رسا)

دلکو ... کاکل میں اُلجھاتے ہیں ہم
سر پہ پھر روز سیہ لاتے ہیں ہم

روز شمار - ف - اسم مذکر - قیامت کا دن - موجودات کا دن - روز حساب + (تسلیم)

گن گن کے روز کرتے ہیں وہ عاشقوں کو قتل
ہر روز اُنکے کوچہ میں روز شمار ہے

روز میداں - ف - اسم مذکر - دیکھو روز جنگ +

روز و شب یا شب و روز - ف - اسم مذکر - رات دن - لیل و نہار + مدام - ہمیشہ - سدا +

روز ولادت - ف + ع - اسم مذکر (۱) روز پیدائش - جنم دن (۲) سالگرہ - برس گانٹھ +

رُوزانَہ ۔ ف ۔ تابعِ فعل (۱) ہر روز ۔ روز بروز ۔ سنت ۔ ہمیشہ ۔ مُدام (۲) روزینہ ۔ یومیہ ✣

رُوزگار ۔ ف ۔ اِسم مُذکر (۱) زمانہ ۔ وقت ۔ عالم ۔ سماں ۔ دُنیا ۔ جہان ۔ سنسار ۔ جگت + مُدّت ۔ عرصہ ۔ فرصت ۔ مُہلت (۲-۱) نوکری ۔ چاکری ۔ پیشہ ۔ شغل ۔ مُلازمت ۔ خِدمت ۔ کام ۔ دھندا ۔ کار ۔ سیوا ۔ ٹہل ۔ پرستاری +

روزگار پیشہ ۔ ا ۔ اِسم مذکر ۔ نوکری پیشہ ۔ چکریا ۔ وُہ شخص جسکا پیشہ نوکری چاکری ہو ✣

روزگار چمکنا ۔ ا ۔ فعل لازم ۔ مزدُوری چلنا خُوب بکری اور خریداری ہونا + مُلازمونکی ضرورت ہونا

(نصیم)
کس روش چھوٹے نہ لپٹے پیرہن میں اے نسیم
اندنوں چمکا ہوا کچھ روزگار لالہ ہے ✣

روزگار چھُوٹنا ۔ ا ۔ فعل لازم ۔ نوکری جاتی رہنا ۔ مَوقوف ہو جانا ۔ برطرف ہونا ۔ کام سے علیحدہ ہونا

روزگار کرنا ۔ ا ۔ فعل متعدی (۱) نوکری کرنا ۔ مُلازمت کرنا (۲) کوئی پیشہ یا تجارت کرنا ۔ دھندا کرنا ۔ کام پھیلانا

روزگار لگنا ۔ ا ۔ فعل لازم ۔ نوکری لگنا ۔ نوکر ہونا ۔ کام سے لگنا ۔ مزدُوری لگنا ✣

روزمرہ ۔ ف ۔ صفت (۱) ہر روز ۔ ہمیشہ ۔ بلاناغہ ۔ بار بار ۔ متواتر ۔ آئیدن (۲) ۔ اسم مذکر ہر روز کی گفتگو ۔ بول چال ۔ بات چیت ۔ محاورہ ۔ اِصطلاح (۳) تکیہ کلام ۔ سخن تکیہ ✣

روزنامچہ ف ۔ اِسم مذکر ۔ سیاہا ۔ اوارجہ ۔ ہر روز کا حساب کتاب لکھنے کی بیاض ۔ وُہ بہی جسمیں روز روز کا حساب کتاب یا حال احوال لکھا جائے ۔ روزانہ رپورٹ ۔ روزانہ اِطلاع +

روزن ۔ ف ۔ اِسم مذکر (۱) سُوراخ ۔ چھید ۔ بِل ۔ بِلا + جھری ۔ دراز ۔ دراڑ ۔ درز ۔ شگاف (مؤمن)

زخم تو بھی مرہم زخم کہن سے چاہئے گر
بند تیر یار سے سینہ کا روزن ہوگیا

(۲) موکھا + روشندان ۔ موری +

رُوزَہ ۔ ف ۔ اِسم مذکر (۱) صَوم ۔ برت ۔ اُپاس ۔ لنگھن ۔ صُبح سے شام تک کھانے پینے سے پرہیز جیسے غریبی روزے رکھتے دن بڑے آئے (۲) فاقہ ۔ کڑاکا ۔ بھوکا رہنا ۔ اناہار جیسے آج کو روزی نہیں تو روزہ ✣

روزہ توڑنا ۔ ا ۔ فعل متعدی ۔ روزے میں کچھ کھا پی لینا جسکے عوض تین سو ساٹھ آدمیوں کو کھانا کھلانا پڑتا ہے

(ناسخ)
جسطرح توڑتے ہیں شیشۂ مے کو پتھر
شیشۂ مے نے یُونہیں روزہ ہمارا توڑا

روزہ ٹُوٹنا ۔ ا ۔ فعل لازم ۔ روزے میں فرق آنا روزے کے احتیاط کے خلاف کرکے گُنہ میں داخل ہونا

(عارف)
ایک بوسا دے بلا سے تری روزا ٹُوٹے
اسکے بدلے میں کھلاؤنگا بشر تین سو ساٹھ

روزہ خور ۔ ا ۔ اِسم مذکر ۔ روزہ نہ رکھنے والا جیسے روزہ خور خدا کا چور ✣

روزہ دار یا روزدار ۔ ف ۔ اِسم مذکر ۔ برتی ۔ صائم ۔ اُپاسی ۔ روزہ رکھنے والا ۔ روزہ سے ✣

روزہ رکھنا ۔ ا ۔ فعل متعدی ۔ صُبح صادق سے غرُوب آفتاب تک نیّت روزہ کی کرکے کھانے پینے اور جماع سے باز رہنا ۔ برت رکھنا ۔ لنگھن کرنا ۔ بھوکا پیاسا رہنا

روزہ کُشائی ۔ ف ۔ اِسم مؤنث (۱) افطاری ۔ روزہ کھولنے کی چیزیں (۲) روزہ کھلوانے کی تقریب

روزہ بکرانا ۔ ا ۔ فعل متعدی ۔ روزہ نہ رکھنا ۔

روزوں کے سلسلہ میں کوئی روزہ چھوڑ جانا - روزہ چھوڑنا
افطارِ صوم کی جیسے کچھ دستگاہ ہو +

(قطعۂ غالب) لازم ہے اُس لشہر کو کہ روزہ رکھا کرے
جس پاس روزہ کھول کے کھانے کو کچھ نہو
روزے کو وُہ نہ کھائے تو ناچار کیا کرے

روزہ کھلوانا - ہ - فعلِ متعدی - روزہ کشائی کرانا
لوگوں کو افطاری کھلانا +

روزہ کھولنا - ہ - فعلِ لازم (۱) روزہ افطار کرنا - روزہ
کشادن کا ترجمہ - غروبِ آفتاب پر کھانا پینا - برت
کھولنا (۲) عہد توڑنا - بندش توڑنا جیسے آپ نے دو کوڑی
پیسے پر روزہ کھولا +

رُوزی - ف - اسم مؤنث (۱) روزمرہ کی خوراک -
رزق - اجہوکا - آذوقہ - کھاجا - راتب - راتبہ - روٹی
(۲ - و) روزگار - نوکری - ٹکڑا - ملازمت جیسے خدا
سب کی روزی لگی رکھے (۳ - و) مزدوری جیسے دنکو
سوئے روزی کھووے +

روزی بِدار - ہ - اسم مذکر (سندھ) رزق پر لات مارنے
والا - دشمنِ رزق - نکھٹو - ناشکرا +

روزی رساں - ف - اسم مذکر - رزاق - روزی
دہندہ - روٹی دینے والا - پروردگار +

رُوزِینَہ - ف - اسم مذکر (۱) یومیہ - روزمرہ کا خرچ
اُجرت - روز روز کی تنخواہ - روزینداری - مزدوری
دِہیانگی + خرچ (۲) وظیفہ + پنشن + تنخواہ - ماہانہ
درماہا - مُشاہرہ - علوفہ +

روزینہ دار - ف - اسم مذکر - پنشن خوار - تنخواہ دار
+ مزدور + وظیفہ خوار +

رُؤَساء یا رُؤَسا - ع - اسم مذکر - رئیس کی جمع
سردار لوگ - عمائد +

رُوسنا - ہ - فعلِ لازم (گنوار) خفا ہونا - بگڑنا - روٹھنا

رُوسِیاہ - ف - اسم مذکر - دیکھو مشتقات رُو (بمعنی
چہرا) +

رُوسِیاہی - ف - اسم مؤنث دیکھو مشتقات رو
(بمعنی منہ) +

رَوِش - ف - اسم مؤنث (۱) رفتار - چال (۲) طرز
طور - طریق - تراش - خراش - ڈھنگ - وضع (۳)
باغ کی پٹڑی - چمن کی پٹیا +

رَوشَن - ف - صفت (۱) چمکتا ہوا - نورانی - چمکدار - چمکیلا
درخشاں - مُجلّا - صاف - تاباں (۲ - ل) کھلا ہوا
کُشادہ - دلکشا جیسے روشن مکان (۳ - و) ظاہر
عیاں - واضح - پرگھٹ +

روشن چوکی - و - اسم مؤنث (۱) وہ چاروں آدمیوں
کا گروہ جو دولہا یا بادشاہ کی سواری کے ساتھ نفیری
طبلہ - منجیرے بجاتے ہوئے چلتا اور نوشہ کے قریب
رہتا ہے + ایک قسم کے باجے والوں کی چوکی جیسے
تاشے والوں میں باوری ہوتی ہے +

روشن دان - ف - اسم مذکر - تابدان - دھواں
نکلنے یا روشنی آنیکا مرکھا +

روشن دماغ - ف - اسم مذکر (۱) عالی دماغ - عالی
فہم - ذکی - ذہین - عالی طبع (۲ - و) ہلاس - ناس
نسوار - سعوط +

روشن ضمیر - ف + ع - صفت - صاحبِ کشف
گیانی - بدھوان - خبردار - صاحبِ ادراک - زیرک
عاقل - دانا - زود فہم - ماہر - اہلِ دل - عارف -
روشن رائے - اہلِ بصیرت +

روشن کرنا - ہ - فعل متعدی (۱) چمکانا - اُجاگر کرنا - درخشاں کرنا - تاباں کرنا (۲) جلانا - بالنا جیسے چراغ روشن کرنا (۳) ظاہر کرنا - پرکاش کرنا - پرگھٹ کرنا -

روشن ہونا - ہ - فعل لازم (۱) جلنا - بلنا - چراغ جلنا (۲) چمکنا - اجاگر ہونا (۳) ظاہر ہونا - معلوم ہونا - کھلنا (امانت) چوکیاں درگاہ میں بھرتے ہوئے ہر سل غیر
انکے دل کی مرادیں ہم پہ روشن ہوگئیں +

رَوشنائی - ف - اسم مؤنث (۱) تجلی - نور - شعاع - روز روشن (۲) سیاہی - مداد - مسی - مرکب لکھنے کی سیاہی +

رَوشنی ف - اسم مؤنث (۱) نور - چمک - دمک - تجلی - جلوہ (۲) رونق - آبادی - زیبائش جیسے انکے ہی دم کی روشنی ہے (۳ - ۴) بینائی - جوت - بصارت + بصیرت + تیور - نور چشم جیسے آنکھوں میں روشنی نہیں (دعا) +

روشنی کرنا - ہ - فعل متعدی - بہت سے چراغ جلانا + چراغ جلانا - جوت جگانا +

رَوضَہ - ع - اسم مذکر (۱) باغ - باغیچہ - سبزہ زار - مرغزار (۲) مزار - بزرگوں کا مقبرہ - تربت - استھان - سمادھ (داغ) مُردہ غریب ہے گڑھے میں پڑا ہوا
کیا فائدہ جو روضہ ہے اسے مہرباں بلند +

روضہ خواں ع + ف - اسم مذکر - مرثیہ خواں + وہ شخص جو منبر پر چڑھکر کتاب روضۃ الشہدا پڑھے

روضۂ رضواں - ع - اسم مذکر - داروغۂ بہشت یعنی رضواں کا باغ - جنت - فردوس - سرگ +

رَوغَن - ف - اسم مذکر (۱) تیل - کسی چیز کا چکنا عرق (ذوق) نظر سے میری گر بیمار انکی ہوگئیں آنکھیں
تصدق کے لئے کھچواؤں روغن آنکھ کے تل کا
(۲) گھی - مکھن - مسکہ (۳) چکنائی - چکناہٹ - چربی - دہنیت (۴) وارنش - سندرس کے گوند یا لاکھ کا گلایا ہوا چمکدار روغن - لک (اسیر)
ہو چکا تھا گل چراغ زندگانی ہجر میں
کام روغن آگیا لیکن تری تصویر کا (گودیا)
تیرے عکس رخ سے ہے خوشبو مسی کے پھول میں
روغن گل بنگیا ہے صاف روغن ڈھال کا
(۵) چمک - دمک - آب و تاب - روپ - مرادف رنگت جیسے رنگ روغن +

روغن تلخ - ا - اسم مذکر - کڑوا تیل - روغن سیاہ

روغن زرد - ف - اسم مذکر - گھی - مسکہ +

روغن قاز - ف - اسم مذکر - راج ہنس کی چربی جو نہایت آبدار اور چکنی ہوتی ہے +

روغن قاز ملنا - ہ - فعل لازم - (۱) چکنانا - چکنی چپڑی باتیں بناکر دھوکا دینا - دم دینا - خوشامد کرنا - چاپلوسی کرنا - للو پتو کرنا (عارف)
ہمنے ہر چند ملا انکو بہت روغن قاز
پر کسی شکل ذرا انکی سکھائی نہ گئی +
(۲) زمانہ سازی کرنا - تھپکنا (معروف)
ہمکو تو یہ بات سجھائی تجھ سے ملا ہے دل اپنا
تجکو ملنا روغن قاز اور آنکھ ملانی اوروں سے
(۳) پارہ بنانا - شیشے میں اتارنا - پھیری جانا +
اسقدر چرب بانی سے ملا روغن قاز
(صفدر) دل میں پیدا ہوا اس شمع تجلی کے گداز

رَوغَنی ف - صفت - روغندار - تیلیا - چپڑا ہوا - چکنا - چکنی (۲) وارنش کیا ہو +

روغنی روٹی - ا - اسم مؤنث - روغندار روٹی - روغنیہ - وہ روٹی جو آٹے میں گھی ڈالکر پکائی جائے

رُوکڑ - ہ - اسم مؤنث (ہندو) نقدی - روکڑ - روپیہ + کاغذ زر - نوٹ +

رُوک - ہ - اسم مؤنث (۱) ممانعت + آڑ - مزاحمت + بندی + مناہی + بازداشت - انحصار - اٹک - اٹکاؤ - کشیدگی - رُکاوٹ (۲) انسداد - سد ودی تعرّض (۴) احاطہ بندی - بند +

روک تھام - ہ - اسم مؤنث - روک رکاؤ + بندوبست + عارضی طور پر بچاؤ + انسداد +

روک تھام کرنا - ہ - فعل متعدی (۱) بندوبست کرنا عارضی طور پر علاج کرکے مرض کو ٹھیرانا - مرض کو ترقی سے روکنا + کسی جھگڑے کو بڑھنے نہ دینا - دبانا (۲) جوڑ جاڑ کر کھڑا دینا - پیوند لگاکر کام چلتا کر دینا +

روک ٹوک - ہ - اسم مؤنث - ممانعت - مزاحمت تعرّض - اٹکاؤ - مناہی + (جرأت)

جی جسکا چاہے آئے کہ صحرا نشیں ہیں ہم
کچھ روک ٹوک یاں نہیں دیوار و در نہیں

روک ٹوک کرنا - ہ - فعل متعدی - آتے جاتے کو روکنا - پوچھ گچھ کرنا + ڈپٹنا - سد راہ ہونا - مقابلہ کرنا متعرض ہونا +

روک ٹوک میں رہنا - ہ - فعل لازم - آمدورفت میں مانع آنا - نگراں رہنا - خبر رکھنا (ذوق)

دربان شہ وہ ایک نگوڑا اسو عمر بھر
میری اپیل کی ہی رہا روک ٹوک میں

روک ٹوک ہونا - ہ - فعل لازم - پوچھ گچھ ہونا بازپرس ہونا +

روک رکھنا - ہ - فعل متعدی - ٹھیرا لینا - باز رکھنا پکڑ رکھنا - کسی مال کو فائدہ سے بیچنے کے واسطے ڈال رکھنا

روک روک کے - ہ - تابع فعل (۱) پکڑ پکڑ کے + ٹھیرا ٹھیرا کے - تھام تھام کے (۲) احتیاط سے +

رُوکّا - ہ - اسم مذکر (گنوار) ہانک پکار - زور کی آواز للکار - ہکار +

رُوکّا دینا - ہ - فعل لازم (گنوار) ہانک دینا آواز دینا - پکارنا - پکار کے بلانا - للکارنا - ہکارنا

رُوکڑ - ہ - اسم مؤنث - نقدی - روپیہ پیسہ - زرنقد + دھن دولت +

روکڑ بکری - ہ - اسم مؤنث - نقد کی بکری - وہ فروخت جو نقد ہوئی ہو +

روکڑ بہی - ہ - اسم مؤنث - کیش بک - وہ بہی کھاتہ جسمیں نقدی کا حساب کتاب درج ہو - آمدنی کی کتاب

رُوکڑی - ہ - اسم مؤنث (ہندو) زر موجودہ - نقدی زرنقد + سکّہ کی ہوئی مقدار +

رُوکڑیا - ہ - اسم مذکر (ہندو) خزانچی - گنجینہ دار - روکڑ منیم - فوطہ دار - تحویلدار - کوٹھیاری +

رُوکن - ہ - اسم مذکر - رونگا - اوپر + علاوہ کسی چیز کی وہ مقدار جو کسی کے خریدنیکے بعد بلا قیمت اوپر سے لے لیں - تنگنی - پچھوترا - بڑھکا - بادھا +

رُوکن دینا - ہ - فعل متعدی - کسی چیز کے اوپر وہی چیز بمقدار قلیل مفت دینا - اوپر دینا - بادھا دینا - تنگنی دینا +

روکن لینا - ہ - فعل لازم - اصل خرید پر کچھ اور اٹھا لینا - تنگنی لینا +

رُوکنا - ہ - فعل متعدی (۱) باز رکھنا - مانع آنا -

مُزاحم ہونا - تعرّض کرنا + سدِّراہ ہونا - حائل ہونا (۲) بند کرنا - مُونْدنا - گھیرنا - سدّ کرنا (۳) اٹکانا - ٹھیرانا - تھامنا (۴) منع کرنا بات کا (۵) ٹٹّی لگانا - باڑ لگانا - پردہ کرنا - اوٹ کرنا - احاطہ کرنا - گھیرا گھیرنا (۶) داب رکھنا - نہ دینا - تھام رکھنا (۷) بچاؤ کرنا - سپر کرنا - آڑ کرنا - وار بچانا - چوٹ یا ضرب کو کسی چیز پر لینا (۸) کسی چیز کو بکری یا کرایہ سے تھام لینا + قبضہ کرنا (۹) بکری سے تھامنا - دیر میں دینا (۱۰) رستہ بند کرنا رستہ میں پکڑ رکھنا (۱۱) پھانسنا - پھنسانا - اُلجھانا - بجھانا (۱۲) حفاظت کرنا - محفوظ رکھنا - بچانا جیسے اپنے بچے کو بُری صحبت سے روکنا (۱۳) چھیڑنا - ہنسی کرنا - رستہ میں کسی عورت کو پکڑنا (۱۴) بحرکت کرنا - جنبش سے ٹھیرانا - ساکن کرنا (۱۵) ٹھیرانا - مقرر کرنا - منگنی کرنا - سگائی کرنا جیسے بات روکنا یعنی کسی کی نسبت یا شادی کو مقرر کرنا (۱۶) ہاتھ سے نہ جانے دینا - معاملہ بنانا (۱۷) سنبھالنا - قابو میں لانا - بس کرنا (۱۸) اٹھانا - سہنا - سہارنا (۱۹) اٹانا - بھرنا - معمور کرنا - جگہ تنگ کرنا جیسے سارا گھر روک لیا + (۱۹) چھپانا - مخفی کرنا - گپت کرنا - ڈھانکنا - الوپ کرنا

رُوکھ - ہ - اسم مذکر - درخت - شجر - ترور - برچھ - برکش - برچھ جیسے جہاں رُوکھ نہیں وہاں ارنڈ رُوکھ (کہاوت) +

رُوکھ چڑھا - ہ - اسم مذکر - ہندو عو - ڈالی والا - بوزنہ - میمون - قرد - بندر - باندر - بانر + منو

رُوکھا - ہ - صفت (۱) چکنا کا نقیض - خشک - سُوکھا - یابس (۲) سادہ (۳) بے رس - بے مذاق + خشک دماغ - بے لطف (۴) پھیکا - دال سالن یا نمک مرچ بغیر (۵) اکھڑ - بے لگاؤ - کھرا (۶) بدخلق - کج اخلاق - کڑوا (۷) بیدرد - بیرحم - کٹھور - سخت - سنگدل - درشت - زرد ئی (۸) کھردرا - کھرکھرا (۹) بلا روغن جو چکنا نہو + بن گھی کا +

رُوکھا سُوکھا - ہ - صفت - بے سالن کا - بُرا بھلا - دال دلیا +

رُوکھا ہونا - ہ - فعل لازم (۱) بدمزاج - کج خُلق اور اکھڑ ہونا (۲) بے رُخ ہونا - خفا ہونا - ناراض ہونا - آزردہ اور رنجیدہ ہونا (قطعۂ مصحفی)

میں نے اُس سے کہا کہ تو مجھ سے + عید کو دن بھی کیا نہیں ملنا
ہو کے رُوکھا وہ یوں لگا کہنے + کیا کریگا بے جا نہیں ملتا
بن نمک چھڑکے زخم سینہ پر + مصحفی کچھ مزا نہیں ملتا

رُوکھانی - ہ - اسم مؤنث - روکھ کھانے والی - بڑھئی کی نہانی - لکڑی کھودنے کا اوزار - چھینی

رُوکھائی - ہ - اسم مؤنث (۱) دیکھو (رُکھائی) + (۲) کھردراہٹ - ناہمواری - کھردراپن (۳) سختی - درشتی - خشونت (۴) رُوکھاپن - بدمزاجی (۵) خشکی - یبوست - سُوکھا (۶) بے اعتنائی - بے پروائی (۷) سرد مہری - بیدردی +

رُوکھے رُوٹی مانگنے والا - ہ - اسم مذکر - ناسمجھ بچہ - ناسمجھ بچہ - ماں باپ پر ناز کرنے والا بچہ +

رُوگ - ہ - اسم مذکر (۱) دُکھ - درد - بیماری - پیڑا - مرض - آزار - رنجوری - عارضہ - علت (آتش)

دعدہ خلاف یار سے کہو - پیام بر +
آنکھوں کو روگ دے گئے ہو انتظار کا

(۲) وبا - مری - مرگ ومیر (۳) وبال - جنجال (۴) آفت - بلا - بکھیڑا - پاپ - اُلجھیڑا - عذاب جیسے کس روگ میں پھنسا

(۴) جھگڑا - ٹنٹا - فتنہ - فساد - فیل - قضیہ (۵) ردّو بدل - سکا برہ - مجادلہ جیسے وہمیں (۶) اشکل - دقت دشواری + عذاب - تکلیف (۷) عیب - برائی نقص قباحت جیسے تم میں یہی تو بڑا روگ ہے کہ کہا نہیں مانتے (۸) عذاب جان - سوہان روح + (رنگین)

ہے ہے اسے دل توج اُسے جا ہے کیسکا
ہے عشق تو رنگیں کا بڑا روگ زنا خی

روگ آنا - ہ - فعل لازم - جانوروں میں وبا پھیلنا

روگ بسانا - ہ - فعل متعدی (۱) عذاب یا رنج مول لینا - جھگڑے میں پڑنا - مخمصہ میں پڑنا - کھڑے میں پڑنا - پیچھے لگانا (۲) دشمن کر لینا - دشمن بنا لینا (۳) بری عادت ڈال لینا کسی بات کا عادی ہو جانا

روگ پالنا یا لگا لینا - ہ - فعل متعدی (۱) دیکھو (روگ بسانا) ۲ - کوئی مرض پیچھے لگا لینا + دائم المرض بننا - روگی بننا +

روگ ٹالنا - ہ - فعل متعدی - دیکھو (روگ کاٹنا)

روگ کاٹنا یا الگ کرنا - ہ - فعل متعدی جھگڑا چکانا + حساب فیصل کرنا - بکھیڑا کاٹنا - قضیہ پاک کرنا + مصیبت یا مشقت سے بچنا +

روگ راج - ہ - اسم مذکر - بیماریوں کا سردار تپ دق - بڑا آزار - تپ مزمن - سوکھا +

روگ کا گھر یا روگ کی جڑ - ہ - (اول اسم مذکر دوم مؤنث) ۱ - دکھ کی پوٹ + سراپا آزار + تکلیف بیماری کا باعث - بیماری پیدا کرنے والی چیزیں جیسے روگ کا گھر کھانسی - لڑائی کا گھر ہانسی (ہنسی) +

روگ لانا - ہ - فعل لازم (فعل لا) - جھگڑا کرنا - تکرار کرنا + بادی پھیلانا - قباحت نکالنا

روگ لگانا - ہ - فعل متعدی (۱) کوئی مرض پیچھے لگا لینا (۲) عذاب مول لینا - اپنے کو مصیبت میں ڈالنا آفت میں پھنسانا + (جرأت)

لگا یا روگ جوانی میں کیوں میاں جرأت
ابھی تو کھیل تماشے کے تھے تمہارے دن

روگ لگنا یا لگ جانا - ہ - فعل لازم - کسی بیماری کا سر ہو جانا - مرض کا پیچھے لگ جانا - بیماری ہو جانا +

یارب یہ کیوں لگا دی ہے ساون کی سی جھڑی
کیا روگ لگ گیا مری چشم پُر آب کو یہ (جرأت)

(۲) جھگڑا پیچھے لگنا (۳) عادت پڑنا - عادی ہونا - دھت

روگی - ہ - اسم مذکر (۱) مریض - سقیم - دکھی - بیمار رہنے والا + دائم المرض - دکھ کی پوٹ (۲) جھگڑالو - کھڑیلا (۳) کوڑھی - مبروص - جذامی - مجذوم +

روگیا - یا - روگیلا - ہ - اسم مذکر - دیکھو روگی (۱)

رول - ہ - اسم مؤنث (گنوار) غل - شور - ہنگامہ - غلغلہ شور - شور و شغب - ہائے ہو +

رول پڑنا - ہ - فعل لازم - ہنگامہ ہونا - ہلا پڑنا شور و غل مچنا +

رول - ہ - اسم مؤنث (بروزن جھول) بروزن مول چھٹن بری بری چھالیہ جو اکثر عمدہ چھالیہ میں سے چھانٹ کر غریبوں کے ہاتھ بیچتے ہیں - ناقص کتری کترائی چھالیہ

رول - انگلش - Roll. اسم مذکر - فرد یا دداشت دفتر کی وہ فہرست جس میں ترقی مدارج و صاحب کے واسطے ملازموں کے نمبروار نام لکھے ہوتے ہیں فرد اسما + فرد اسامی ہا +

رول - انگلش - Rule. اسم مذکر قاعدہ - قانون ضابطہ - دستور (۲) جدول سطر جو کتاب کے حاشیہ پر

کھینچی جائے (۳-ا) جدول کش - لکیریں کھینچنے کا گول ڈنڈا +

رَوْلا - ہ - اسم مذکر (ہندو) غل - شور - غوغا - ترو کا غل غباڑا - نعرہ - گُہار - فغاں - دُہائی - تہائی توبہ دھاڑ - حشرات (۲) دنگا فساد - جھگڑا - ٹنٹا - آشوب بکھیڑا - اندھیر (۳) غلغلہ - ہل چل - کھل بلی - ہاے ہوئی - شہر آشوبی +

رولا ڈالنا یا کرنا یا مچانا - ہ - (۱) فعل متعدی غل کرنا - شور و شر کرنا + ہچل مچانا - ہلچل ڈالنا - توبہ دھاڑ ڈالنا - بکھیڑا ڈالنا (۲) غدر کرنا - بلوہ کرنا رعیت خود سر ہو کر حاکم پر چڑھ جانا - شورش مچانا بغاوت کرنا +

رُولانا - ہ - فعل متعدی - دیکھو (رُلانا) +

رُولر - انگلش - Ruler. اسم مذکر - جدول کش لکیریں کھینچنے کا گول ڈنڈا +

رُولَن - ہ - اسم مؤنث - وہ چیز جو رولنے کے بعد رہ جائے - چھٹن - چھوڑن +

رُولنا - ہ - فعل متعدی (۱) پھٹکنا - نیارا کرنا - جدا کرنا اوپر اوپر سے لینا - چھانٹنا - برسانا (۲) جوڑنا - جمع کرنا - اکٹھا کرنا - فراہم کرنا + (بحر)

رولتا موتی جو کرتا کشت کاری خبر کی
ہم برستا میں اگر باران رحمت مانگتا

(۳) صاف کرنا - ہموار کرنا - چھیلنا + چکنانا + زندہ کرنا (۴) کمانا - حاصل کرنا - بازار روپیہ گھسیٹنا جیسے وہ تو خوب روپیہ رول رہا ہے (۵) ملنا - مالش کرنا ہاتھ پھیرنا - کھریرا کرنا جیسے گھوڑا اور پھوڑا جتنا رولو اتنا بڑھے +

رَوْلی - ہ - اسم مؤنث - ایک قسم کی سرخ اور خشک چیز جسکا ہندو لوگ تلک لگاتے ادر اُسے ہلدی پھٹکری اور ترشی سے بناتے ہیں - کنکو +

رَوْم - ہ - اسم مذکر - بال - رونگٹا - رواں - مُو - رُتن - رُوئیں زغب (ہندی) جسکی جلسے پریت وہی اسکا رام روم روم میں بس رہو نہیں ورسے کام +

رُومال - ف - اسم مذکر (۱) منہ پونچھنے کا کپڑا - تولیا بینی پاک - انگوچھا یعنی انگ پوچھا - دست پاک - دست مال (۲) وہ چوگوشہ شال کا کپڑا جو اوڑھا جاتا اور اُسے شالی رومال بھی کہتے ہیں +

دولت فقر ہوئے منعم اور کملی ہو
(صبا) نخر کیا ہے جو دوشالہ ہوا رومال ہوا

(۳) وہ چلمن کا کپڑا جسے بھگو کر کے موسم گرما میں اوڑھا کرتے ہیں

سہ نخوت کی نفیر و ان سے نہ لو اوڑھ کے رومال
ایسا نہ ہو رومال سے رومال بدل جاہے

(۴) مہانی کا کپڑا +

رُومال پر رومال بھگونا - ا - فعل لازم - زار قطار رونا - آٹھ آٹھ آنسو رونا - اسقدر رونا کہ رومال تر ہو ہو جاسے +

رومال دینا - ا - فعل متعدی - حجامت کرنے والے کو رومال دینا +

رومال رکھنا - ا - فعل متعدی - گدی رکھنا - حیض کے دنوں میں کپڑے یا اسفنج کا کام میں لانا +

رومال لینا - ا - فعل متعدی - بعد انزال رومال سے آلودگی کو صاف کرنا +

رُومالی - ا - اسم مؤنث (۱) اوڑھنی - لڑکیوں کے اوڑھنے کا دوپٹا (۲) مہانی کا کپڑا (۳) وہ تکھونا کپڑا جو پہلوان

لوگ کثرت سے وقت باندھ لیتے ہیں اس سے جوڑ
ڈھک جاتے ہیں - کاچھا - کچھ (۴) گلے میں باندھنے
کا کپڑا - گلوبند (۵) قصابہ - وُہ رومال جو عورتیں سر
سے باندھ لیتی ہیں + ڈھاٹا +

رومالی سوتیاں - ا - اسم مؤنث - وہ نہایت
باریک سوئیاں جو صرف رومال میں باندھکر کھولتے
پانی میں غوطہ دینے سے فورًا تیار ہو جاتی ہیں

رُونا - ۵ - اسم مذکر (۱) چھرا - گھنگرو یا جھانجھن کے اندر
کے دانے جو سیسے کے بنے ہوئے ڈالے جاتے
ہیں تاکہ اُس سے آواز اچھی طرح نکلے (۲) سندو
جالے پر دُلہن کو اپنے گھر لانا - بیاہ کے تیسرے مرتبہ
جورُو کو اپنے گھر لانا - گونے کے بعد گھر میں لانا +

رُونا - ف - فعل لازم (۱) گریہ کرنا - آنسو بہانا - زاری
کرنا - اشکباری کرنا - بلاپ کرنا + بلکنا جیسے بن روئے
لڑکے کو بھی دُودھ نہیں ملتا (۲) شکایت کرنا -
جھینکنا - گلہ کرنا - شکوہ کرنا + (جرأت)
ترستے آستان یار پر ہیں جبہ سائی کو
کہانتک رو ویں ہم طالع کی اپنے نارسائی کو
(۳) غم کرنا - نوحہ کرنا - ماتم کرنا - پیٹنا - سوگ کرنا -
حیران ہوں دل کو روؤں کہ پیٹوں جگر کو میں
مقدور ہو تو ساتھ رکھوں نوحہ گر کو میں (غالب)
(۴) داویلا کرنا - ہائے ہائے کرنا - کوکنا - چلانا - ڈکرانا
+ فریاد و فغاں کرنا - دُہائی دینا جیسے دھوبی روئے
دُھلائی کو میاں روویں کپڑوں کو. (میر)
راہ دور عشق میں روتا ہے کیا
آگے آگے دیکھیے ہوتا ہے کیا +
(۵) افسوس کرنا - آہ کرنا - ہائے کرنا - کلپنا - کڑھنا
تلف شدہ چیز کا رنج کرنا + (حالی)
پیری میں کیا جوانی کے موسم کو روئیے
اب صبح ہونے آئی ہے اک دم تو سوئیے
لڑکا روئے بالوں کو نانی روئے مُنڈوائی کو
ضبط اُنکا محال ہے یعقوب کی طرح +
(بحر) آنکھوں کو روئیے جو مقدر دکھائے رنج
(۵) چرچا ہونا - ذکر اذکار ہونا - ذکر پھیلنا - افواہ ہونا
سننے میں آنا (جرأت) بہایا جب مری آنکھوں سے دریا
تو اس رونے کا کیا رونا ہوگا +
(۶) پچھتانا - پشیمان ہونا - پچھتاوا کرنا - ہاتھ ملنا - ملولا کرنا - کسی
کام کو کر کے تاسف کرنا (حالی) عشق میں اپنی جان کھوئینگے ہم
ابھی کیا روئے اور روئینگے ہم +
(۷) سر پہ اُٹھانا - مصیبت بھرنا - آفت میں پڑنا (۸)
دُکھ بیان کرنا - مصیبت دُہرانا - دُکھڑا رونا جیسے
اب اپنا دُکھ روتا ہوں (۹) بسُورنا - رونے کی شکل
بنانا - اپنا درد ظاہر کرنا + (ولی)
او مجھ پاس کیا ہے دینے کو + دیکھ تجھکو روئے دیتا ہوں
(۱۰) بُری طرح پڑھنا - بدآوازی سے بولنا جیسے تیرا
کرتا ہے یا روتا ہے :: دوسرے کے کلام یا تصنیف
کو بگاڑ کر پڑھنا +

رونا پیٹنا - ف - فعل لازم - گریہ وزاری کرنا - واویلا کرنا
کرنا - آہ و بکا کرنا - نوحہ کرنا - ماتم کرنا - کہرام ڈالنا

رونا دھونا - ف - فعل لازم - دیکھو (رونا پیٹنا)

رُونا - ا - اسم مذکر (۱) غم - فکر - اندیشہ - افسوس -
ہنسنے کا تمہارے ہیں رونا ابھی سے ہے پہلے
اخلاص میں بھی اور ہے انداز اداکا ہم (عارف)
(۲) گریہ وزاری - نالہ - جزع فزع - تضرع + آنسو

جیسے انکی تو ناک پر رونا دھرا رہتا ہے (۳) ماتم - نوحہ - بلاپ - واویلا - پیٹنا (۴) تاسُّف - افسوس - رنج

(مومن) وہ ہنسے سُنکے نالۂ بلبل کا مجکو رونا ہے خندۂ گُل کا

(۵) مصیبت - سختی - کشٹ - کلیش - دُکھڑا - سنکٹ (۶) گلہ - شکوہ (۷) آہ و فغاں - فریاد (۸) چرچا - ذکر - اذکار (۹) صدمہ - حادثہ جیسے رونا پڑنا بمعنی صدمہ ہونا (۱۰) پچھتاوا - ملولا - رو راسٹ (۱۱) رُکھا - رو دینے والا - گریہ ناک جیسے یہ بڑا رونا لڑکا ہے +

رونا آنا - ہ - فعل لازم - دل بھر آنا - افسوس آنا

آتا ہے اِسی حال پہ رونا ہمیں تو یار

(نظیر) دشمن کا بھی خدا نکرے کاروبار بند +

رونا پڑنا - ہ - فعل لازم - ماتم ہونا - کہرام مچنا - کسی صدمہ یا حادثہ کے سبب آہ و بکا ہونا - پیٹنا پڑنا

جستجو میں دل کے ہلا بکی جی کھونا پڑا

(جرأت) جو ہنسی کی بات تھی ہو اُسکا اب رونا پڑا

رونا پیٹنا - ہ - اسم مذکر - گریہ وزاری - واویلا - آہ و بکا - نالہ و فریاد - ماتم - کہرام +

رونا دھونا - ہ - اسم مذکر - گریہ وزاری - نالہ و فریاد - آہ و بکا - ماتم - کہرام - واویلا : (بحر)

صبر کر اپنے مقدر کے لکھے پر اے بحر

رونے دھونے سے بھلا ہوگی یہ تحریر سفید

رونا رونا - ہ - فعل لازم - دُکھڑا بیان کرنا - مصیبت دُہرانا - اپنی بپتا کہنا + (سودا)

ترے واسوخت سے خالی نہیں نہ پایا کوئی

شمع بھی آگے میرے اپنا ہی رونا روئی

روَنّا - ہ - اسم مذکر (بیگمات قلعہ) وہ ملازم جو عورتوں کے کام کاج کرنے اور سودا سلف لانے کے واسطے دروازے پر رہتا ہے - اوپر کا سودا سلف کرنے والا نوکر - پیادہ - چھوکرا - ہرکارہ + (نازنین)

دل مچیٹی کا نہ بی مُنہ سے بتانا چاہیے

ہاتھ کا دینا رونے کو بتانا چاہیے +

خبر کو زناخی کی بھیجا تھا میں نے

(رنگین) گیا اور کے گھر دوانا روَنا +

رَوْنْد انگلش - Round اسم مؤنث - طلایہ - رات کا گشت - گشت - سپاہیوں یا چوکیداروں کا دورہ - میاں گئے روند ہوی گئیں ہیر دند

روند گشتی - ا - اسم مؤنث - شب گشتی - رات کا گشت

رَوْند ڈالنا - ہ - فعل متعدی - پامال کر دینا - قدموں کے نیچے مل ڈالنا - کھوند ڈالنا + (کاظم)

اُٹھا روند ڈالا اِک عالم کا دل

بھلا شوخ یہ بھی کوئی چال ہے

تیغ رفتار ہو گیا اُسکو پھر زیر پا +

(داغ) جسنے لاکھوں روند ڈالے کاسۂ سر زیر پا

رَوْندَن - ہ - اسم مؤنث - کھوندن - پامالی - پیروں سے کچلا جانا - پے سپر ہونا (انشا)

رشک کی جا ہے خوشا حال رہ افتادۂ عشق

جسکو اُس شوخ کے توسن کی رہ روندن مار

روندن میں آنا - ہ - فعل لازم - پیروں میں آنا - دَلا جانا - روندا جانا - پامال ہونا - کچلا جانا - پِسا جانا

رَوْندنا - ہ - فعل متعدی - کھوندنا - کھندنا - پامال کرنا - پاؤں سے ملنا - پیروں میں کچلنا (سنج)

جو ضعیفوں کو ستائیگا سزا پائیگا

آپ دُکھ پاتے ہیں جو روندتے ہیں خار کو

(انشا) غنچوں کو روند گُل کو مَسَل اور صبا کو چھیڑ

لیکن نہ اُسکے عقدۂ بند قبا کو چھیڑ

رُوں رُوں - ہ - اسم مؤنث - سارنگی کی آواز (۲) بچے کے رونے کی آواز ۔

رَونَق - ع - اسم مؤنث (۱) روپ - خوبصورتی - چمک دمک - آب و تاب - درخشندگی - جلوہ (۲) تازگی طراوت - بحالی (غالب) اُنکے دیکھے سے جو آجاتی ہے منہ پر رونق
وہ سمجھتے ہیں کہ بیمار کا حال اچھا ہے ۔

(۳) آبادی - آبادانی - کہماکہمی - چہل پہل جیسے ساری رونق جانِ جہاں کی ہے ۔ (مصحفی)
وہ کوچہ ہے اشک خوں سے گلزار
رونق ہے یہ ساری اپنے دم کی

(۴) بہار - جوبن - لطف - کیفیت جیسے وہاں آجکل رونق آرہی ہے - (۵) یہ باغ رونق پر ہے

(۶) زیب و زینت - زیبائش - آرائش (حالی)
کفر کچھ چاہیے اسلام کی رونق کے لیے
حسن زنار ہے تسبیح سلیمانی کا ۔

(۷) ہنگامہ - دھوم دھام - کرّ و فر - جاہ و جلال - شان و شوکت - حشمت - طمطراق - بھیڑ بھاڑ - طنطنہ - غلغلہ ۔

رونق افروز - ع + ف - صفت - جلوہ گر - آیا ہوا + تشریف فرما + قدم رنجہ فرما ۔

رونق افروز ہونا - ا - فعل لازم - کسی بزرگ یا سردار یا بادشاہ کا تشریف لانا - جلوہ فرما ہونا - جلوہ افروز ہونا - تشریف ارزانی فرمانا ۔

رونق افزا - ع + ف - صفت - رونق بڑھانے والا - رونق افروز + تشریف فرما - جلوہ فرما ۔

رونق افزا ہونا - ا - فعل لازم - رونق افروز ہونا - تشریف لانا - تشریف فرما ہونا - جلوہ فرما ہونا

رونق دار - ع + ف - صفت - چمکیلا - خوبصورت - پُر لطف - پُر بہار - مزین - آراستہ + آبدار ۔

رُونگٹ - ہ - اسم مذکر - رُوم - رُونگٹا - انسان کے جسم کا ملائم بال ۔

رونگ رونگ میں بسنا - ہ - فعل لازم - روئیں روئیں میں سمانا ۔

رُونگٹا - ہ - اسم مذکر - (رون یا رُوم سے) روآں - رُونگٹا - رُوم - رُونگٹ - وہ چھوٹے چھوٹے نرم بال جو انسان کے جسم پر ہوتے ہیں (ناسخ)
تمام رونگٹے فرقت میں شب وعدہ
ہر ایک داغ بدن چشم انتظار ہوا ۔

رُونگٹے کھڑے ہونا - ہ - فعل لازم - سردی یا خوف کے باعث جسم کے رووں کا کھڑا ہو جانا - ڈرنا - خوف کھانا - سہمنا - گھبرانا - کانپنا - دہشت کھانا
جسکی آواز سے ہوں رونگٹے سب کے کھڑے
وہ جنبش نے دیا سلسلۂ ماتم کا (ذوق)

خون کی دھاریں چھٹیں دل سے دل افگاروں کے
رونگٹے سُن کے کھڑے ہوگئے تلواروں کے (ریاض)

(۲) متحیر ہونا - حیرت میں رہنا - یک دک رہ جانا - سکتہ کا عالم ہو جانا - چونک اٹھنا - چونکنا ۔

(۳) غزل میں مُنہ لگائی تو نے یکی ہے مضمیر
ہوگئے سُنکر کھڑے اہل سخن کے رونگٹے ۔

(۴) شوق میں بھر کر افسوس کرنا - رانی ٹیک پڑنا -
رونگٹے تن پر مرے کیوں کھڑے ہو جائیں
(جرأت) پوچھے جب اپنے بدن کے تئیں وہ شال خوب

رَونَہ - ا - اسم مذکر (انگریزی رونا سے دیکھو دمونا) - چالان - بکاسی کی چٹھی - ہنی - وہ کاغذ جو پر مال کی

تعداد لادنے والے کا نام مع اسم جنس و محصول درج
ہو (۳) روانہ راہداری - اجازت نامہ - پروانگی +

رُوبی صُورت - یا - شکل - ا - صفت - دیکھو روتی صورت
ہ - ایک شخص کو شمع سے تشبیہ + شمع مجلس کی رونی صورت ہے

رُونے کا تار باندھنا - ہ - فعل متعدی - پیہم گریہ وزاری
کرنا - برابر روئے جانا +

رُوہُو - ہ - اسم مؤنث - ایک قسم کی مچھلی + مچھلی کا بچہ

رُوئی - ہ - اسم مؤنث (۱) پنبہ - قطن - تول - صاف کی
ہوئی کپاس (۲) صفت) ملائم - نرم +

روئی تومنا - ہ - فعل متعدی - روئی کو انگلیوں سے نوچ نوچ کر تار تار کرنا

روئی دار - ا - صفت - روئی کا بھرا ہوا - وہ کپڑا
جس کے اندر روئی پڑی ہوئی ہو +

روئی دھنتا - یا - دھنکنا - ہ - فعل - روئی کو تانت
سے صاف کرنا - روئی کے روئیں جدا جدا کرنا +

روئی سا - ہ - صفت - روئی کی مانند - نہایت نرم و ملائم
جیسے روئی سا بدن - روئی سے ہاتھ پاؤں

روئی سا یا روئی کی طرح تُوم ڈالنا - ا - فعل
متعدی - عو - دھجیاں اڑانا - ایک ایک عیب کھول کر
رکھ دینا - خوب خبر لینا - جھوٹ سے بڑوں کو نیچا دکھانا
سب کو اگر ڈالنا شوق - تو کبھی دھوم ڈالو نگی
روئی کی طرح توم ڈالونگی +

روئی سا یا - روئی کی طرح دُھننا - ہ - فعل متعدی
بُرے طرح مارنا - خوب مارنا - خوب پیٹنا - دُھواں
دُھوں ملنا +

روئی کا سا گالا - ہ - صفت - نہایت سفید اور ملائم

روئی کا گالا - ہ - اسم مذکر (۱) صاف روئی کا
بنا ہوا گول گتا - گوڑھا - روئی کا گُلا ہوا - روئی کا

گو لسانسخ اپنے نازک سے جب تھے ہماری قبر پر
پارہ پائے سنگ مرمر روئی کے گالے ہوئے
(۲ - صفت) سفید سر - نہایت سفید جیسے انکا سر تو
روئی کا گالا ہو گیا +

رُوئے - ف - اسم مؤنث (۱) دیکھو رُو) مُنہ - چہرا
+ سبب - موجب - باعث + رُخ +

روئے سخن - ف - اسم مذکر - خطاب سخن - بات کا
ڈھلاؤ - بات کا رُخ (غالب)
روئے سخن کسی کی طرف ہو تو رُوسیاہ
کہتا ہوں سچ کہ جھوٹ کی عادت نہیں مجھے

رُؤیا - ع - اسم مذکر - خواب - سپنا - جو کچھ خواب میں
دیکھا جائے جیسے عالم رؤیا بمعنی عالم خواب - منام +

رویائے صادقہ - ع - اسم مذکر - سچا خواب + وحی

رُویاں - ہ - اسم مذکر (لکھنؤ) رُواں (دیکھیے)
بدلے پانی کے اگر خاک چھنے بدلی سے
ایک رویاں نہ ہو میلا مری بارانی کا
(ناسخ بحر آتش وغیرہ نے بھی باندھا ہے) +

رُؤیت - ع - اسم مؤنث - صورت کا نظر آنا - نظارہ - دیدار

رویت ہلال - ع - اسم مذکر - چاند کا نظر آنا - پہلے
دن کے چاند کا نظارہ +

رُوئیداد - ف - اسم مؤنث - دیکھو رُوداد) +

رُوئیدار - ا - صفت - دانہ دار - خستہ +

رُوئیدگی - ف - اسم مؤنث - نباتات - نمو +

رُوئیں - ف - اسم مؤنث - دھات - کانسی +

رُوئیں - ہ - اسم مذکر (رُواں کی جمع + رُونگٹے -

روئیں کھڑے ہونا - ہ - فعل لازم - دیکھو رونگٹے کھڑے
یا روئٹے کھڑے ہونا) +

رِویُو۔ انگلش Review اسم مذکر۔ نظرثانی تقریظ دیکھو داکھ۔ کسی کتاب کے عیب وصواب پر رائے

رَوِیَّہ۔ ف۔ اسم مذکر (۱) چال چلن۔ دستور۔ قاعدہ برتاؤ۔ محاورہ۔ ریت۔ ضابطہ۔ معمول۔ ڈھنگ طور۔ طریق۔ رسم۔ روش۔ سررشتہ +

رَہ۔ ف۔ اسم مذکر۔ مخفف راہ جیسے رہبر۔ رہگزر (مرکب میں)

رِہا۔ ف۔ صفت۔ آزاد۔ چھوٹا ہوا۔ واگذاشت۔ خلاصی۔ بری۔ نجات یافتہ۔ چھٹکارا پایا ہوا +

رہا کرنا۔ ا۔ فعل متعدی۔ چھوڑنا + واگذاشت کرنا۔ بری کرنا +

رَہا جانا۔ ہ۔ فعل لازم (۱) برداشت ہونا۔ سہا جانا
بات آجاتی ہے جو گھونٹ سا اپنے ہنستیں
بن کہے اسکے بھی اپنے سے نہیں جاتا رہا (جرأت)
(۲) چھوڑا جانا +

رِہاسَت۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ عوام۔ سکونت +

رَہا سَہا۔ ہ۔ صفت (۱) باقی ماندہ۔ بچا کھچا۔ باقی ساقی (۲) ہوتا سوتا۔ رشتہ ناتہ کا۔ مُواجبا + حامی۔ مددگار۔ خبرگیراں +

رَہانا۔ ہ۔ فعل متعدی۔ چکی کو کھردرا کرنا۔ چکی یا سل میں خوب پیسنے کے واسطے گڑھے ڈالنا (۲) کھردرا کرنا۔ چکی یا سل میں گڑھے ڈلوانا +

رَہاؤ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ ٹھیراؤ۔ وقفہ۔ توقف۔ ٹھیراؤ +

رَہاؤ۔ ہ۔ صفت۔ مضبوط۔ دیرپا۔ مستحکم

رِہائی۔ ف۔ اسم مؤنث۔ خلاصی۔ نجات۔ چھٹکارا۔ بریت۔ مخلصی۔ آزادی + واگذاشت + درمخت۔ معافی + چھوٹ +

رہائی دینا۔ ا۔ فعل متعدی۔ چھوڑنا۔ آزادی بخشنا +

رَہائش یا رہاس۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ عوام۔ سکونت۔ مسکن قیام۔ بودوباش۔ بساست۔ گھر۔ ٹھکانا۔ ماوا +

رَہبَر۔ ف۔ اسم مذکر دیکھو (راہبر) رہنما۔ ہادی

رَہنُمائی۔ ف۔ اسم مؤنث۔ رہنمائی۔ ہدایت۔

رَہٹ۔ ہ۔ اسم مؤنث (۱) بھاؤنی۔ ہرٹ۔ چرخ دولاب۔ وہ چرخ جسکے ذریعہ سے پانی کنوئیں کے اندر سے باہر نکلتا ہے (۲) ہنڈولا +

رہٹ لگانا۔ ہ۔ فعل لازم (عوام) باربار آنا جانا آنے جانے کا تار باندھنا +

رَہٹی۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ قسط۔ کچھ معمول باندھکر ادا کرنا

رہٹی باندھنا۔ ہ۔ فعل متعدی۔ قسط مقرر کرنا + معمول باندھنا +

رہٹی چلانا۔ ہ۔ فعل متعدی۔ قسط پر دینا۔ قسط باندھنا۔ ایک رقم کو بدفعات ادا کرنا +

رَہجانا۔ ہ۔ فعل لازم (۱) ٹھیر جانا۔ پیچھے چھوٹ جانا۔ ماندہ آنا (۲) دیر کرنا۔ دیر کرنا (۳) کسی چیز کا چھوٹ جانا (۴) بچ رہنا۔ باقی رہنا (۵) ناتمام رہنا۔ ادھورا رہنا (۶) ناکامیاب ہونا (۷) پیچھے رہنا۔ پس ماندہ ہونا + (چاہیے)
نگاہ اگر وہ شوخ تو شیشہ سا رہ گیا
خورشید اپنی تیغ و تبر ہی سنبھالتا
(۸) چوکنا۔ خطا کرنا۔ بہک جانا (شوق)
جسطرح چاہو مجھے پیس کے پامال کرو
نہیں ممکن کہ کسی چال میں بندہ رہجائے
(۹) تھک جانا۔ عاجز ہوجانا (۱۰) ہاتھ پاؤں یا دھڑ کا شل ہوجانا (۱۱) رہ پڑنا۔ قیام فرمانا (۱۲) قرار پانا۔ رحم میں ٹھیرنا جیسے پیٹ رہ جانا

رہ - ہ - صیغہ امر - ٹھہر - کھڑا رہو + صبر کر - انتظار کر
جیسے ری کٹیا میری اُس میں آؤں کا تک ناس +
رہ تو سہی - ہ - ندا - کھڑا تو رہ - دیکھ تو - ذرا
صبر کر - ذرا تھم جا - چھری تلے دم لے جیسے رہ تو
سہی کیسی خبر لیتا ہوں +
رہ رہ کر / **رہ رہ کے** } - ا - تابع فعل (۱) ٹھہر ٹھہر کے - بار بار - گھڑی گھڑی + (ناسخ)
زلف مشکیں مجکو رہ رہ کر دلا جاتی ہے یاد
لاکھ ہے اپنے کہت گل کیوں مرادم ناک میں
اُسکے جانے سے یہ دل میں آئی ہر رہ رہ کر آہ
(جرأت) سب جہان بستا ہے اک اپنا ہی گھر ویراں ہوا
(۲) پچھتا پچھتا کے - تاسف کر کر کے +
رہنکلو - ہ - اسم مذکر - گڈونا - گڈولنا - بچوں کے
کھڑا ہو کر چلنا سکھانے کی گاڑی +
رہزن - ف - اسم مذکر - ٹھگ - بٹمار - دھاڑی +
رہزنی - ف - اسم مؤنث - قزاقی - بٹماری +
رہس - س - اسم مذکر - کھیل - خوشی - خوش طبعی
دل بہلاوا + دل لگی + دل بہلانے کی بات یا چیز
(جیسے واجد علی شاہ کا رہس مشہور تھا جس میں عمدہ عمدہ گانے
والے اور ناچنے والے ہوتے تھے یا کرشن اور گوپیوں کا ایک قسم کا ناچ - کرشن لیلا)
رہس رہس - ہ - تابع فعل (گیت میں) خوش خوش ہو ہو
+ ہنس ہنس کر - اُمنگ سے - شوق سے - شوق
میں بھر بھر کر +
رہکلا - ہ - اسم مذکر (۱) چھوٹی توپ - زنبورک -
گھڑ چڑھی (۲) بھنور کلی (۳) پھڑ - توپ کھنچنے کی
گاڑی - پھڑ بیہ +
رہگذر - ف - اسم مذکر - راستہ - شارع عام - سڑک

رہن - ع - اسم مذکر - گرو - بندھک - گرودی + کفالت
جائز + رہان مقبوضہ +
رہن در رہن - ع + ف - اسم مذکر - گرو در گرو -
ایک شخص سے آپ رہن رکھکر دوسرے کے پاس رہن
کر دینا + ایک مرہونہ چیز کو دوسری جگہ رہن کرنا +
رہن نامہ - ا - اسم مذکر - تمسک - وہ تحریر جو کوئی چیز
کفالت میں دینے کی بابت اسٹامپ پر لکھکر دی جائے
کفالت نامہ +
رہنا - ہ - فعل لازم (۱) ٹھہرنا - ٹکنا - بسنا - قیام کرنا جیسے
رہے محمود کے انڈے دیے مسعود کے (کہاوت)
(۲) چھوٹنا + باقی بچنا (۳) دیر پا ہونا - مدت تک کام
دینا - پائیدار ہونا - خوب چلنا (۴) برقرار رہنا - چلنا
یا بسنا جیسے سدا کیسکی نہیں رہی (۵) کھڑا رہنا -
قائم رہنا جیسے مسجد ڈھ گئی محراب رہ گئی (۶) اُس
ہو جانا + شل ہو جانا (۷) بسر ہونا - گزرنا جیسے کیوں
بھی کسطرح رہے - بات بن رہا جائے پیا بن نہ
رہا جائے (۸) گنا جانا - حساب میں آنا - شمار ہونا -
(رنگین) اگر دل بھر گیا رنگیں کا مجھ سے
تو اے آنا رہی پھر میں کہاں کی
(۹) باقی رہنا - ادا ہونا - ذمہ ہونا جیسے کبھی کچھ تھا
رہ گیا ہے (۱۰) کسی یا عورت کا مرد کے پاس یا مرد کا
عورت کے پاس شب باش ہونا (۱۱ - بازاری) نطفہ
قرار پکڑنا - حمل ہونا جیسے دیکھتے ہی رہگیا (۱۲) ٹھہرنا
بڑھنے سے رہنا جیسے پودا اتنا ہی ہوکر رہگیا (۱۳)
بسر کرنا - گزارنا جیسے رہے تو ٹیک ہے جائے تو جڑ بیخ
رہنما - ف - اسم مذکر - ہادی - رہبر - اگوا +
رہنمائی - ف - اسم مؤنث - ہدایت - رہبری - اگوائی

رہنمو - ف - اسم مذکر - بدرقہ - قافلہ کش - پیشرو - رہنما

رہنے دینا - ہ - فعل متعدی (۱) رکھ چھوڑنا (۲) قایم رکھنا (۳) پیچھے چھوڑنا (۴) ہاتھ نہ لگانا (۵) اجازت دینا - باز آنا - چپ رہنا جیسے میاں بس رہنے دو جیسے منہ سے کچھ نہ سنا +

رہوار - ف - اسم مذکر - گھوڑا - تیز رفتار گھوڑا +

رہے نام اللہ کا - ا - محاورہ - خدا ہی کو ثبات ہے خدا کے سوا سب فانی ہیں - دنیا ناپایدار اور بے ثبات ہے (یہ محاورہ دو موقعوں پر بولتے ہیں ایک تو جب کوئی مرجاتا ہے تو کہتے ہیں دوسرے جب کسی چیز یا مرتبہ وغیرہ کو زوال ہوجاتا ہے تب کہتے ہیں (میرا گیا حسن خوبان بدراہ کا ٭ ہمیشہ رہے نام اللہ کا)

رئی - ہ - اسم مؤنث - بلونی - مدھانی - منتھنی - شیر زنہ دودھ بلونے کا اوزار +

رئی پھیرنا یا چلانا - ہ - فعل متعدی - دودھ بلونا

رے یا ری - ہ - حرف ندا - ارے یا اری کا مخفف (یہ لفظ بے تکلفی کے موقع پر حالت ندا میں بولتے ہیں) +

ریا - ع - اسم مؤنث - نفاق - دورنگی - کپٹ - دوبھیتاپن ظاہرداری - زمانہ سازی + مکر فریب - حیلہ - چھل - دھوکا - پیٹ کی بات - پیچ کی بات - پھیر دلالا +

ریاکار - ع + ف - صفت و اسم - دوبھاؤ + منافق مکار - دورنگا - کپٹی - زمانہ ساز - فریبی - چھلیا +

ریاکاری - ع + ف - اسم مؤنث - مکاری - فریب نفاق - کپٹ داری +

ریاح - ع - اسم مؤنث - جمع ریح - بائی - معدہ کی ہوا + گوز - پاد جیسے ریاح رکنے سے پیٹ میں درد ہوگا

ریاست - ع - اسم مؤنث (۱) سرداری - افسری امارت (۲و۳) عالی حوصلگی - عالی ہمتی (۴-۵) حکومت - عملداری - راج جیسے ریاست بے بسٹا نہیں

ریاست جمہوری - ع - اسم مؤنث - وہ سلطنت جسمیں بادشاہ مطلق العنان نہو - ایسی ریاست جسمیں تمام رعایا قانون میں رائے دینے کی مجاز ہو اور کوئی بات خلاف قانون نہونے دے - ایسی سلطنت جسمیں رعایا کو اپنا بادشاہ آپ تجویز کرنیکا اختیار حاصل ہو جیسے امریکہ کی سلطنت

ریاض - ع - اسم مذکر (۱) روضہ کی جمع - بہت سے باغ (اسپر جب تک ہو ریاست قائم تیشا دا یخدا ٭ پھولے ریاض حسن تمہارے مزار کا) (۲) محنت - مشقت جیسے اسنے بڑا ریاض کیا شاید ریاضت سے خیال کیا ہوگا) ٭

ریاض کر کے کھانا - ا - فعل متعدی - محنت مزدوری کر کے کھانا - قوت بازو سے لا کر کھانا +

ریاضت - ع - اسم مؤنث (۱) رنج کشی - محنت مشقت سختی - کشٹ - جفا (۲) تپسیا - زہد - تپ - نفس کشی کایا کو کشٹ دینا - جوگ (۳-۴) مشق - مہارت - ابھیاس (۴) ورزش - کسرت - پہلوانی (۵) مزدوری - پیشہ وری - دیدہ ریزی +

ریاضت کش - ع + ف - صفت - رنج کش - زحمت کش - سختی اٹھانے والا - محنتی +

ریاضی - ع - اسم مذکر (۱) محنت کش - جفاکش (۲) مرتاض - زاہد - تپسی - بیراگی - جوگی - سنیاسی رشی منی - اتیت +

ریاضی - ع - اسم مؤنث - حکمت کے تین علموں میں سے ایک علم کا نام وہ عقلی علوم جو وجود خارجی میں اوسکے محتاج ہیں جیسے مقادیر یا عدد جو مادیات میں پائے جاتے ہیں - علم ہندسہ علم عدد نجوم موسیقی مناظرہ مرایا جبر و مقابلہ جر ثقیل سب ریاضی میں داخل ہیں لیکن فی زمانہ صرف اُس علم

مُراد ہے جسمیں عدد معلوم کے ذریعہ سے عدد مجہول کو
دریافت کریں +

ریاضی داں - ع + ف - اسم مذکر - ریاضی جاننے والا
حساب داں - مُہندس +

ریائی - ع - اسم مؤنث - مکاری - ریاکار + فریبی +

رَیب - ع - اسم مذکر - شک - شبہ - وُہ بدعا (گر لفظ
لا کے ساتھ اُردو میں بولا جاتا ہے جیسے لاریب بلاشبہ) +

رِیت / رِیتا } - ھ - اسم مذکر (اسم مذکر و مؤنث) بالو - سراب - ریلا - ریگ - مُہول + گاد - ریگ - سنگریزہ دریا

ریت آنا - ھ - فعل لازم - پیشاب میں ریت نکلنا
کا ذکر کلنا - پیشاب میں سنگریزہ نکل آنا +

رِیت - ھ - اسم مؤنث (۱) رسم - رویہ - قاعدہ - قومی قانون
روش - برتاؤ - رواج معمول - دستور - ضابطہ - طور
طریق جیسے دُنیا کی ریت (اگر مم تام کی پہیلی)
سنگ کا ان بنا یا اک مندر + پیون نہ جاوے واکے اندر
اس مندر کی ریت دوانی - بچھاویں آگ اور ڈھیں پانی
(۲) شرح لگان پڑتا + بیوہار - لین دین (۳) بیاہ
میں روپیہ دیکر عورت لینے کو ریت کہتے ہیں +

ریت ، رسم - ھ - ا - اسم مؤنث (۱) قانون وقاعدہ - طور
طریق (۲-۱) ھ - اگرچہ یہ دونوں لفظ ایک ہندی ایک عربی آپس
مُرادف ہیں مگر اس موقع پر ایک خاص اسم ہوگیا ہے جسوقت یہ لفظ
عورتوں کی زبان پر آتا ہے تو اس سے خاص وُہ رسم مراد ہوتی ہے
جو نکاح کے بعد یا وداع کے وقت دولہا دُلہن کے ساتھ برتی
جاتی ہے جسمیں آرسی مصحف آنچل ڈالنا - جوتی چھپانا - کھانڈ اور تل
چٹوانا - جوتیوں کا پانی ہوا کاجل آنکھوں میں لگانا - ٹونے گانا - سُسری
کی ٹکیاں چھوانا وغیرہ یہ ساری باتیں داخل ہیں) +

ریت سے - ھ - تابع فعل - حسب دستور - حسب قاعدہ
رواج کے موافق +

ریت سے باہر - ھ - تابع فعل - خلاف قاعدہ - دستور کے
خلاف - ان ریت +

رِیتا - ھ - اسم مذکر - دیکھو (ریت بمعنی بالو) +

رِیتا - ہ - صفت (گنوار) (۱) خالی - تہی + سُونا + محروم
(۲) خالی ہاتھ - بن لیے جیسے جگت سے ریتا چلا +

ریتلا یا ریتل - ھ - صفت - ریت دار - بھوڑ کا +

ریتلی - ھ - صفت - ریت دار - بھوڑی - بھوڑ - ریہڑ -
اوسر - کلّر - بنجر - غیر مزروعہ +

ریتلی زمین - ا - اسم مؤنث - بھوڑ - وُہ زمین جسمیں
ریت زیادہ ہو - شورہ زار - اوسر زمین - کلر زمین - بنجر زمین
ناقابل تردد +

رِیتنا - ھ - فعل متعدی (۱) گھسنا - سوہن کرنا - ریزہ ریزہ
کرنا (۲) کوریں مارنا - صاف کرنا - رندہ کرنا - جلا کرنا (۳)
رگیدنا - رگڑنا - گھسنے لگانا جیسے پہلوان نے اپنے شاگرد
کو خوب ریتا (۴) ریگمال کرنا +

رِیتی - ھ - اسم مؤنث (۱) سوہن - ریتنے کا اوزار
(۲) ریتلی زمین - دریا کے کنارے کی ریتلی دھرتی (۳)
کبھی فالیز سے بھی مراد ہوتی ہے - خربزہ زار +

ریتیلا - ھ - صفت - بھوڑ کا + بُھربُھرا + کرکرا - بالو کا -
ریگی - ریتلا - گرد آمیز +

ریٹھا - ھ - اسم مذکر (۱) ایک قسم کا درخت اور اسکے پھل کا نام
جس سے اُونی ریشمی اونے کپڑے اور بال وغیرہ صاف کیے جاتے اور اسکے
اندر سے کالی کالی گولیاں نکلتی ہیں +

ریجھ - ھ - اسم مؤنث (۱) پسند - محبت - رغبت - چاہت
دُھن - اچھا - شوق - خوشی جیسے جو تمھاری ریجھ وہی ہماری
ریجھ (۲) خو - عادت - خصلت +

بنتھے تھے روٹھ جانا۔ بے سبب اُسکی ریجھ
(جرأت) ۔ غضب یہ ہے کہ ہم اُسکو منا سکتے نہیں

ریجھ کر۔ ہ۔ تابع فعل۔ خوش ہو کر۔ رغبت سے۔
شوق سے۔ اُمنگ سے + (دوہا)

تُلسی اپنے رام کو ریجھ بھجے کے کھیج
کھیت پڑیں سب اُگیں اُلٹے سو وہی بیج

ریجھنا۔ ہ۔ فعل لازم (۱) خوش ہونا۔ مگن ہونا۔ راضی ہونا۔ پرسن ہونا۔ آنند ہونا۔ خوشنود ہونا۔ راضی ہونا جیسے ریجھیں گے تو پھر ہی مارینگے (۲) نہایت مائل ہونا۔ راغب ہونا۔ پھسلنا۔ ڈھلنا جیسے اُن کے گانے پر بھی ریجھ گئے (امیر) ریجھنے ہی کے ہے قابل یار کی ترکیب بھی

واہ وا رے چشم و ابرو قد و قامت ہائے رے

(۳) گرنا۔ لٹو ہونا۔ فریفتہ ہونا۔ عاشق ہونا جیسے اُسپر کیا دیکھکر ریجھے تھے + (گیت) امیر اللہ ریجھ گئی تم او ڈھو نکالی کا ملیا + (جرأت)

ریجھتے اُنکی اداؤں پہ ہیں کیا کیا لیکن
مارے اندیشہ کے گردن بھی ہلا سکتے نہیں

(۴) نہایت پسند کرنا +

ریچھ۔ ہ۔ اسم مذکر۔ خرس۔ بھالو +

ریح۔ ع۔ اسم مؤنث (۱) ہوا۔ باد۔ بایو۔ پون (۲) گوز۔ باد۔ ہوائے معدہ۔ ریاح +

ریحان۔ ع۔ اسم مذکر (۱) ایک خوشبوناک پودے کا نام جو تُلسی کے قسم میں سے ہے۔ نازبو۔ بالنگو (۲) اسم مؤنث (ریحان کے بیج۔ تخم ریحاں۔ جو مُسکّن اور مقوی تلبیہ ہے (۳) سبزہ۔ ہرا۔ ایک خوشبودار گھانس۔ گل سُرخ کے ماسوا تمام پھول (۴) ایک قسم کے خط کا نام +

ریخ۔ ا۔ اسم مؤنث۔ دہال ریکھ (۱) ریکھا۔ لکیر (۲) مسی کی کالی لکیر جو دانتوں میں پڑجاتی ہے (۳) دانتوں کے بیچ کا گوشت اور لکیر (۴) مُول۔ بنیاد۔ جڑ۔ بیخ +

ریختہ۔ ف۔ صفت (۱) گرا ہوا۔ چکیدہ۔ ٹپکا ہوا۔ بے ساختہ نکلا ہوا۔ بلا تکلّف و بلا تصنّع زبان سے نکلا ہوا (۲) پُختہ۔ مضبوط۔ پکّا۔ چونے گچی کا بنا ہوا۔ چُونے کا بنا ہوا (۳) بکھرا ہوا۔ منتشر۔ پریشاں۔ پراگندہ (۴) اسم مذکر) استرکاری کا مصالحہ۔ قلعی۔ پکّا مکان۔ پکّی دیوار۔ پختہ عمارت

یہ ریختہ وہ ہے کہ کوئی ڈھا نہیں سکتا
(عارف) عارف کہیں دیکھی ہے یہ تعمیر کسی نے

(۵۔ اسم مذکر) زبان اُردو کی نظم جو بے ساختہ کہی گئی ہو اُردوئے مُعلّی کے اشعار۔ دہلی کی خاص سیدھی سادھی اُردو زبان اور اُسکے اشعار (عارف) عارف یہ ریختہ بھی نہیں فارسی سے کم

دیوان سیکڑوں مرے ایران تک گئے +

کس کس طرح سے میں نے کاٹا ہے عمر کو
(میر) اب آخر آخر آن کے یہ ریختہ کہا + +

بعض لوگ اسکی وجہ تسمیہ یہ بیان کرتے ہیں کہ ریختہ معماروں کی اصطلاح میں اُس مصالحہ کو کہتے ہیں جو مضبوطی کے واسطے چونہ وغیرہ ملاکر بنایا جاتا ہے۔ چونکہ اُردو نظم میں بھی مختلف زبانوں کے الفاظ شامل ہیں اسلئے ریختہ نام پڑگیا۔ جرأت نے ایک موقع پر اس معنی میں ریختی بھی باندھا ہے (جرأت) کہہ غزل ایسے انداز کی جرأت تو وہ ریختی جیسی کہ اگلی تری مشہور ہوئی +

ریختی۔ ا۔ اسم مؤنث۔ عورتوں کی بولی میں جو نظم کہی جائے اسکا موجد سعادت یارخاں رنگین اپنے تئیں اور انشا اللہ خاں اپنے کو کہتا ہے (رنگین) ریختی کہی ابھی رنگیں یہ ایجاد ہے منہ چڑاتا ہے مُوا ایسا جیا کس واسطے +

ریخیں۔ ا۔ اسم مؤنث۔ ریخ کی جمع +

ریخیں ڈھیلی ہونا۔ ا۔ فعل لازم (۱) جو لیں

ڈھیلی ہونا - جوڑ جوڑ ہِلجانا - چُولیں ہِلجانا - تھک جانا - مایوس ہوجانا (۲ - لکھنؤ) دہشت یا خوف کے مارے بدحواس اور بے طاقت ہوجانا +

رَیْدَاس - ہ - اِسم مذکر - چماروں کے ایک فرقہ کا مُوجد جو بڑا گیانی اور بھگت مشہور تھا +

رَیْدَاسی - ہ - صفت - ریداس کا ماننے والا فرقہ

رِیڑھ - ہ - اِسم مؤنث - کمر کی درمیانی ہڈّی - مہرہائے پُشت - سلسلۂ پیٹھ کے فقرے - اُستخوانِ پُشت جسمیں حرام مغز رہتا ہے یہ ہڈیوں کی اصل سمجھی جاتی ہے +

رِیز - ف - اِسم مؤنث - چہچہاہٹ - نغمہ سنجی - نغمہ سرائی - نوا سنجی - مرغانِ نوا سنج کی سخن سرائی +

ریز کرنا - ا - فعل لازم - چہکنا - خوشی میں باہم چہچہانا + نازو نخرہ کرنا - سخن سرائی کرنا +

رِیزِش - ف - اِسم مؤنث - ناک سے پانی بہنے کا مرض - زکام - سردی - ڈھیجر + نزلہ + ٹپکن - ٹپکاؤ +

رِیزگاری - ا - اِسم مؤنث - خُردہ + روپے کے حصّے جیسے دوانی چونی اٹھنی +

رِیزگی - ا - اِسم مؤنث (۱) خُردہ - ریزگاری (۲) چھیچھن - کترن + کھرچن + قصائی (قصّاب) کی چھانٹ +

رِیزَہ - ف - اِسم مذکر (۱) ٹُکڑا - پُرزہ - قطعہ - پارچہ - (۲ - ا) ریزگاری - ریزگی - خُردہ - روپے کے حصّے (۳ - ا) تھان ریشمی کپڑے کا تھان (۴ - ا) سلاج کا لڑکا جیسے بڑے راج سے کم مزدوری ملے (۵ - ا) چھمیا - چھیا + بچکانہ + نوعمر لونڈی + بچہ (۶ - ا) عمدہ اور سڈول صندوق (۷) ا) نہایت خورد چیز یا جانور - غبار جیسی جوں یا پسّو یا کھٹمل

ریزہ ریزہ کرنا - ا - فعل متعدی - ٹکڑے ٹکڑے کرنا

ریزہ ریزہ ہونا - ا - فعل لازم - ٹکڑے ٹکڑے ہونا

+ رائی کائی ہونا - متفرق اور پراگندہ ہوجانا +

رَئِیْس - ع - اِسم مذکر (۱) سردار - مُعزز آدمی - امیر - پیشوا - چودھری - مقدم - مہتابن - رئیس دہ - فرمان روا - نواب راجہ وغیرہ (۲ - ا) باشندہ - ساکن - رہنے والا +

رئیسِ بااختیار - ع - اِسم مذکر - وہ رئیس جسکو گورنمنٹ سے مالی اور ملکی اختیارات ملے ہوئے ہوں +

رئیسِ خود مختار - ع - اِسم مذکر - وہ رئیس جو بذاتِ آزاد حکمران ہو + وہ امیر جو کسی سلطنت کے زیر فرمان نہو +

رِیس - یا - رِس - ہ - اِسم مؤنث کھیج - غصّہ - جوش - غضب

رِیس - ہ - اِسم مؤنث (۱) برابری - ہمسری - مقابلہ - رشک - ہوس - ہونسا ہونسی - ہمچشمی - رقابت - ہوڑا ہوڑی رشک - غبطہ - چونپ مثلاً ریس بھلی ہونس بُری جیسے

چندا نکست جگ نوسے سب ری نوادیں سیس

تو دو کوڑی کی کامن کیا کرے چاند کی ریس

(۲) حرص - ہوس - ہوکا +　　(مصحفی)

جاتے ہیں اگر پیر و جواں سیرِ چمن کو

اے مصحفی جا ریں ہمیں اسبات کی کیا ریس

رِیس کرنا - ہ - فعل متعدی - ہمسری کرنا - برابری کا دعویٰ کرنا - دیکھا دیکھی کرنا + حرص کرنا +　　(ذوق)

اُسکے گہنے کی کریں کیا ریس پھول

جسکے ہے چمپا کلی گردن میں ہاتھ میں پھول

رِیسْمَان - ف - اِسم مؤنث - رسّی - بیجو - ڈوری - رسن

رِیش - ف - اِسم مؤنث - ڈاڑھی - محاسن - لحیہ - مرد کے چہرے کے بال - خط +

ریش بچہ - ف - اِسم مذکر - ٹھوڑی کے اوپر کے بال - بچی +

ریش قاضی - ف + ع - اِسم مؤنث (۱) قاضی جی کی ڈاڑھی (انشا) نیعذر کا الیسے جیساک کہ گرمے نہ بیٹھے

ریش قاضی میں وہ صہبا کی لگا دے تہمت +

(۲) بھنگ چھاننے کا کپڑا۔ بھنگ کی صافی جیسے کان + یا کبھی شراب کے چھاننے کا کپڑا جو صراحی کے منہ پر لگا رہتا ہے۔ شراب کی صافی (ناسخ)

نہ پائی ریش قاضی تر یا عمامہ مفتی +
مزاج ان مگر فروشوں کا بھی کیا ہی لاابالی ہے

ریشائیل۔ ا۔ صفت۔ لمڈھیا۔ دراز ریش۔ بڑی اور لمبی داڑھی والا +

ریشخند۔ ف۔ اسم مذکر (ضرب الامثال) سخریہ۔ مسخرگی۔ تمسخر۔ ہنسی ٹھٹھا (ناظم) ہوا نہ فائدہ کچھ منع مے سے واعظ کو + مگر یہی کہ سزاوار ریشخند ہوا + (خندہ کی تین قسمیں ہیں شکر خند۔ ریش خند۔ زہر خند۔ لطف کے وقت کی ہنسی شکر خند مسکراہٹ۔ اور تمسخر کے وقت کی ہنسی ریشخند ٹھٹھا قہقہہ اور غصہ کے وقت کی زہر خند کھسیانی ہنسی کہلاتی ہے)

ریشم۔ ا۔ ابریشم کا مخفف۔ اسم مذکر (۱) وہ تار جو ریشم کے کیڑوں کے پیٹ میں سے نکلتا ہے + پٹ۔ پاٹمبر۔ حریر۔ ابریشم۔ قسر (۲) نخ۔ خیاطہ +

ریشم کی گانٹھ۔ یا گرہ۔ ا۔ اسم مؤنث۔ ریشم کی گرہ جو مشکل سے کھلتی ہے + عقدۂ دشوار + مضبوط گرہ۔ عقدۃ الانامل (قطعہ)

جرأت اٹھتے ہو جلے سے بندے کے اٹھانے کو مبث
پہلے کیوں منظور تھا صاحب کو جھلانا مرا +
اب کھلے کیا رشتۂ الفت پڑی ریشم کی گانٹھ
دیکھو کہتا ہوں نہ سمجھو سہل الجھانا مرا +

ریشم کے لچھے۔ ا۔ صفت۔ اوّل معلوم۔ دوم نہایت ملایم۔ از حد نرم +

ریشمی۔ ا۔ صفت۔ ریشم کا بنا ہوا۔ پاٹ کا۔ حریری +

ریشہ۔ ف۔ اسم مذکر۔ نس + پٹھا۔ عصب + نس رگ + سوت + پھونسڑا +

ریشہ دار۔ ف۔ صفت۔ وہ چیز جس میں سوت سوت سا نکلے۔ رگ دار۔ پھونسڑے دار۔ نس دار جیسے ریشہ دار آم +

ریکھ۔ یا۔ **ریکھا**۔ ہ۔ اسم مؤنث (ہندو) ا۔ لکیر۔ تحریر۔ نشان خط۔ دھاری (۲) سرنوشت۔ خط تقدیر۔ قسمت کا لکھا للاٹ + تقدیر۔ بھاگ۔ بخت۔ یدالبد۔ نصیب۔ رتی +

ریکھ بھیگنا۔ ہ۔ فعل لازم (پورب۔ ہندو) مسیں بھیگنا رخساروں پر سبزہ کا آغاز ہونا +

ریکھا گنت۔ ہ۔ اسم مؤنث (ہندو) تحریر اقلیدس +

ریگ۔ ف۔ اسم مؤنث۔ ریت۔ بالو۔ دریا کا ریتا رتیا۔ ریگا + سراب + (اسیر)

جگہ کشتی یہ ہے یارب یہ کس شیریں شمائل کی
جو شربت آب دریا ہے تو شکر ریگ ساحل کی

ریگ رواں۔ ف۔ صفت۔ اڑنے والا ریت + چور بالو

ریگ ماہی۔ ف۔ اسم مؤنث۔ ریت کی مچھلی۔ سقنقور + (حشرات الارض میں سے ایک جانور کا نام جو گوہ یا طالم سانڈے کی مانند ہوتی اور قوت باہ کے واسطے نہایت مفید خیال کی جاتی ہے۔ عرب کے ریگستان میں زیادہ پائی جاتی ہے +

ریگستان۔ ف۔ اسم مذکر۔ بھوڑ۔ ریت کا ملک +

ریل۔ انگلش۔ Rail اسم مذکر (۱) لوہے کی شہتیر کی جس پر ریل گاڑی چلتی ہے۔ لوہے کی سڑک۔ آہنی سڑک (۲۔۱) ریل گاڑی + ریلوے لائن +

ریل۔ انگلش۔ Reel اسم مذکر۔ پیہہ کی جس پر سوت یا تاگے لپٹے ہوئے ہوں + پیچک +

ریلا۔ ہ۔ اسم مذکر (۱) رو۔ پانی کا چڑھاؤ۔ طغیانی۔ طوفان آب۔ سیلاب۔ جوار بھاٹا (۲) دھکا۔ ٹھیلا۔ ہل چل (۳) دھار۔ جیسے موت کے ریلے میں بہانا۔ چیونٹی موت کا ریلا بہت ہے +

ریل پیل۔ ہ۔ اسم مؤنث (۱) دھکا پیل۔ دھکم دھکا

بہتات۔ افراط۔ کثرت۔ زیادتی + انبوہ + بھرمار جیسے آجکل تو آموں کی ریل پیل ہے +

ریل پیل کرنا - ہ - فعل متعدی۔ ڈھیر لگانا۔ انبار لگانا کثرت سے بہم پہنچانا +

ریل پیل ہونا - ہ - فعل لازم کسی چیز کی کثرت اور افراط ہونا بہتات ہونا

ریلنا - ہ - فعل متعدی۔ ٹھیلنا۔ دھکیلنا۔ پینا۔ سرکانا۔ گرانا چلانا۔ ریلا دینا + دوڑانا۔ دھکا دینا۔ ٹہولنا۔ دھکا پیل

ریلوے - انگلش Railway۔ اسم مؤنث۔ ریل کی سڑک

ریم - ف - اسم مؤنث۔ راد۔ پیپ۔ پکا ہوا مواد۔ ناخ یا دھ۔ مادہ کثیف۔ زرداب +

ریمی نواسیر - ف + ع - اسم مؤنث۔ وہ بواسیر جسمیں سفید مواد یا پیپ آتی ہے۔ نواسیر +

رین - ہ - اسم مؤنث (ہندو) رات۔ راتری۔ شب۔ نس۔ لیل +

رین بسیرا - ہ - اسم مذکر (ہندو) رات کاٹنا۔ شب باشی

رین گنوانا - ہ - فعل متعدی (گیت میں) رات گزارنا رات ضایع کرنا۔ رات کھونا +

رین رین - ہ - اسم مؤنث۔ روں روں۔ بچوں کے رونے کی آواز + سارنگی کی آواز +

رینٹ - ہ - اسم مذکر۔ سنک۔ ناک کا سفید لسیں دار مادہ ناک کی غلاظت۔ آب بینی۔ مخاط +

رینٹا - ہ - اسم مذکر (گنوار) ٹرا سلسا لمبیوا لسوڑا بستاں

رینڈھنا - ہ - فعل متعدی (ہندو) رانڈھنا۔ پکانا۔ اُبالنا۔ کھانا تیار کرنا +

رینڈی - ہ - اسم مؤنث۔ کچری سینڈھ۔ چھوٹا سا خربزہ یا پھوٹ جیسے کچی رینڈی دسترخوان کا ضرر +

رینڈھی - ہ - اسم مؤنث (پورب) دیکھو ارنڈی +

رینکا - ہ - اسم مذکر (ہندو) دریا کا ریتا +

رینکنا - ہ - فعل لازم۔ گدھے کا بولنا۔ ہینچو ہینچو کرنا + گدھے کی بولی بولنا +

رینک - ہ - اسم مؤنث۔ ایک قسم کا باریک کپڑا۔ تک تزیب۔ شبنم۔ باریک۔ ململ +

رینگتے کیڑے - ہ - اسم مذکر (۱) چلتے ہوے کیڑے جیسے اُجلے کپڑے پر میلے سوت کے شلنگے رینگتے ہوے کیڑے معلوم ہوتے ہیں (۲) ننھے بچے۔ دودھ پیتے بچے +

رینگٹا - ہ - اسم مذکر۔ گدھے کا بچہ +

رینگنا - ہ - فعل لازم (۱) کیڑوں کا چلنا۔ جوؤں کا چلنا۔ چیونٹی کا چلنا (۲) آہستہ چلنا۔ جوں کی چال چلنا۔ مری چال چلنا۔ گھسٹنا۔ گھسٹ گھسٹ کر چلنا +

رینگنی - ہ - اسم مؤنث (پورب) عرق النسا۔ ایک درد کا نام جو چڈوں سے اُٹھکر ٹخنوں تک پہنچتا ہے +

رینی - ہ - اسم مؤنث۔ کسم کو کپڑے میں گھکر پانی کے ذریعہ سے زرد رنگ چوانے کو رینی کہتے ہیں

دیکھ لے اُسکا رُخ رنگیں تو ایسا ہو خجل

(بحر) رنگ رینی کی طرح ٹپکے گل شاداب کا

(مصحفی جرأت) نوک مژہ سے خوں کی رینی جھلکو ٹپکا نے دو

(۲) (لکھنؤ) دھدھایا ہوا پرند جو راتو ں کو بولتا ہے +

رینی بلبل - ا - اسم مذکر۔ وہ ہزار داستاں جو رات بھر بولے۔ تمام رات چہچہانے والا گلدم + بلبل شب آہنگ

دل اس گل کی انجمن میں +

(خلیل) کیا بولتا ہے رینی بلبل مرا چمن میں

رینی ٹپکنا - ہ - فعل لازم۔ کسم سے رنگ نکلنا۔ رنگ رسنا +

رینی چڑھانا - ہ - فعل متعدی۔ بھیگے ہوے کسم کو رنگ نکالنے کے واسطے کپڑے میں رکھکر لٹکانا۔ رنگ نکالنا +

رینی چڑھنا - ہ - فعل لازم (۱) رنگ چڑھنا کسم کا رنگ

کے واسطے لٹکایا جانا (۲) بازاری) ہوا رنج جفض آنا ۔ خاتمہ ہونا

رِےؔ واؤ زبَرؔ رَوْ ہُوْ ۔ ا ۔ محاورہ ۔ چل دو ۔ ہوا کھاؤ ۔ رخصت ہوا ہو ۔ اُڑنچھو ہو (النسا)

کہنہ بیٹھیے صاف اُس سے یہ دل جس سے نہ وا ہو
رے واؤ زبر رَوْ ہو اُڑنچھو ہو ہَوا ہو ٭

رِیْوَڑْ ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ بکریوں کا گلہ ۔ رمہ ۔ بکریوں کا غول ٭

رِیْوَڑِیْ ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ ایک قسم کی مٹھائی جو گنڈوں کے تل جمانے سے بنتی ہے ۔ وہ شیرینی جو شکر کا قوام پکا کر چھوٹے چھوٹے قرصوں کی شکل میں بنا کر اوپر سے تل لگا دیتے ہیں ٭

ریوڑی کے پھیر میں آنا یا پڑنا ۔ ہ ۔ فعل لازم ۔ کسی لالچ یا دھوکے کے سبب مصیبت میں گرفتار ہونا ۔ آفت میں پھنسنا ۔ مبتلائے بلا ہونا ۔ گردش میں آنا (مؤلف)

ای شکر لب تیرے تل کو دیکھ کر میں کیا کہوں
آگیا میٹھے بہانے ریوڑی کے پھیر میں ٭

ریوڑی کے پھیر میں کٹتا سی مری جان
حلوائی نے ارمان تو تل بھر نہ نکالا ٭ (جان صاحب)

(جب کبھی چند کچھ ہم عمر جمع ہو جاتے ہیں تو اکثر تفنن طبع کے واسطے ایسے ایسے کھیل نکالتے اور شرطیں لگاتے ہیں کہ جس سے کوئی یار اسے سہل سمجھ کر دھوکے میں آ لے اور پیچھے پچتائے چنانچہ بعض اوقات یہ بھی شرط بدتے ہیں کہ بھلا دوست تم اسطرح کتنی ریوڑیاں کھا سکتے ہو کہ ہر ایک ریوڑی کا دو چند کرتے چلے جاؤ ۔ فرض کرو کہ ایک شخص نے اپنے نزدیک بظاہر نہایت آسان سمجھ کر یہ شرط بدلی کہ میں دس ریوڑیاں کھا جاؤنگا اور جب اسکا سلسلہ اسطرح پر پھیلا کہ ایک کا دو چند دو اور دو کا دو چند چار اور چار کا دو چند آٹھ اور آٹھ کا دو چند سولہ ۔ تو ان ریوڑیوں کی اکٹھی ایک ہزار چوبیس ہوگئیں ۔ اب وہ حیران ہوا کہ الٰہی میں کس غضب میں پھنس گیا اگر کھاتا ہوں تو کھاتے کھاتے منہ بھی تھکتا ہے اور پوری بھی نہیں ہوتیں اور جو انکار کرتا ہوں تو شرط ہارتا ہوں بہر حال دونوں طرح خرابی ہے غرض اسطرح سے وہ پیچ و تاب میں آجاتا ہے ۔ کبھی یوں بھی ہوتا ہے کہ آپس میں ایک دوسرے سے کہتا ہے کہ تم اسطرح کتنی ریوڑیاں کھا سکتے ہو کہ ایک ہاتھ کی انگلی ہلاتے جاؤ اور دوسرے ہاتھ سے کھاتے جاؤ چونکہ ایک وقت میں دو کا ہونا محال ہے اس سبب سے جو اقرار کر لیتا ہے وہ ہار جاتا ہے اور نہایت پچھتاتا ہے پس اس تمام تقریر سے معانی مذکورہ پر اطلاق ہونے لگا ۔ از ارمغان دہلی) ٭

رِیْوَنْدْ یا رِیْوَنْدِ چِیْنِیْ ۔ ف ۔ اسم مؤنث ۔ ایک دست آور دوا کا نام جسے عربی میں راوند کہتے ہیں تیسرا یا دوسرے درجہ میں گرم و خشک ہے ٭

رِیَہْ ۔ ع ۔ اسم مذکر ۔ شش ۔ پھیپھڑا ٭

رِیْہْ ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ ایک قسم کی شور مٹی ۔ شوردار مٹی جو اکثر کپڑا دھونے اور صابون بنانے کے کام آتی ہے ٭

رِیْہُوْ ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ ایک قسم کی کالے پروں کی مچھلی جسمیں صرف ایک کانٹا ہوتا ہے اور اسے روہو بھی کہتے ہیں ٭

ڑ

ڑ ۔ ہ ۔ اسم مؤنث ۔ ہندی اور اردو زبان کا پندرھواں حرف جو اپنی ثقالت کے باعث کسی لفظ کے شروع میں نہیں آتا مگر ناگری زبان کا حرف ڈ (ड) جی کے نیچے نقطہ لگا دینے سے ڑ (ड़) پڑھا جاتا ہے ٭

ز

ز ۔ ع ۔ اسم مؤنث (۱) عربی کا گیارھواں فارسی کا تیرھواں اردو کا سولھواں حرف جسے زائے معجمہ ۔ زائے منقوطہ ۔ زائے ہوز کہتے ہیں (۲) حساب جمل میں اسکے سات عدد ہیں

(۳) یہ حرف سنسکرت یا ہندی میں اپنے خاص تلفظ کے
ساتھ نہیں پایا جاتا البتہ انگریزی میں زیڈ Z کی آواز
اس سے ملتی ہوئی ہے۔ ہندی والے اسکی بجائے ج
ज کا استعمال کرتے ہیں (۴) فارسی نظم میں از کا اختصار
ہے جیسے زبس بجای از بس (۵) یہ حرف کبھی جیم عربی
کبھی جیم فارسی کبھی سین مہملہ کبھی شین معجمہ کبھی غین معجمہ
کبھی ت کبھی کاف تازی کبھی ہای ہوز کبھی یای تحتانی سے بدلتا
اور بعض موقع پر زائد بھی آتا ہے +

زا - ف - اسم مفعول (۱) زائیدہ - پیدا شدہ - جنا ہوا جیسے
میرزا (۲) - اسم فاعل (زائندہ) جیسے فتنہ زا مگر مرکب ہو کر
ان معنی میں آتا ہے جیسے (مصرع) تیری ہی آنکھ دیکھی
نہیں فتنہ زا کہیں (مؤلف) ہزاروں فتنے اٹھا کر جدھر کو جا نکلے
جہاں میں تم ہو عجب فتنہ زا سنو تو سہی +

زاد یا زادہ - ف - اسم مذکر (۱) جنا - جنا ہوا - زائیدہ -
جیسے آدم زاد - پریزاد + شہزادہ - حرامزادہ وغیرہ (۲) توشہ
خرچ راہ + (اس صورت میں عربی ہے) +

زاد بوم - ف - اسم مؤنث - جنم بھوم - جنم استھان -
مسقط الراس - جای پیدایش - وہ جگہ جہاں نال گڑا ہو
وطن - اپنا دیس +

زاد راہ - ع + ف + اسم مذکر - توشہ - راہ خرچ +

زادی - ف - اسم مؤنث - جنی - جنی ہوئی جیسے شہزادی
بندہ زادی وغیرہ +

زار - ف - اسم مذکر (۱) جگہ - مکان - مقام - ٹھاؤں -
جیسے سبزہ زار - گلزار - بازار (۲) افراط - بہتات - کثرت
ڈھیر جیسے کارزار یعنی جنگ جو بہت سے کاموں کا محل اور
موقع ہے وغیرہ (۳ - ع) نالہ و فریاد چنانچہ زاری اسی سے نکلا ہے
(۴) لاغر - ضعیف - نحیف مگر اس معنی میں لفظ زار یا نحیف
کے ساتھ آتا ہے جیسے زار و نزار نحیف و زار (۵) نالاں
گریہ کناں + ذلیل و خوار - رسوا جیسے عاشق زار +

زار زار یا زار و قطار رونا - ا - فعل لازم آنکھ
آنکھ آنسو رونا - کثرت سے رونا - بہت رونا - رونے کا تار باندھنا

گلے لگ لگ کے رونے لگے زار زار
(میر حسن) کیا اپنے تن من کو اُس پر نثار +

روتا ہے تجھ بغیر دل زار زار زار
(داغ) اور کھینچتا ہے آہ شرر بار بار بار

روتا ہے مرے غم میں عبدہ آج زار زار
(ناسخ) چشم سیہ کم نہیں ابر سیاہ سے +

زار و نزار - ف - صفت - دبلا - پتلا - نحیف و زار -
ضعیف و نحیف - کمزور - کم طاقت - ناتواں - لاغر +

زاری - ف - اسم مؤنث (۱) گریہ - رونا پیٹنا - نالہ (۲) [illegible]
عجز و نیاز +

زاغ - ف - اسم مذکر (۱) کاگ - کوا - غراب (ظفر)
کہے جو خال صنم سے ہمارا ہمچشمی +
تو بن ہی جائے مقرر وہ زاغ بچہ کا +
(۲) کمان کے گوشہ کی نوک + گوشہ کمان - کمان [illegible]
آتا (صبا) خال ابرو یار کا کتنا قریہ کے پاس ہے
خوف زخم تیر کا زاغ کماں رکھتا نہیں

زاغ آبی - ف - اسم مذکر - جل کوا - [illegible]
قسم کا آبی پرند جو اکثر مچھلیاں پکڑا کرتا اور پانی [illegible]
غوطہ لگا کر اس طرح اڑتا ہے کہ ایک بوند بھی اُسکے جسم [illegible]
معلوم ہوتی +

زال - ف - صفت (۱) بوڑھا - پیر - سفید بالوں والا - پیر
فرتوت - بڈھا کھوسٹ (۲) - اسم مذکر سام بن نریمان کا بیٹا
جو رستم پہلوان کا باپ تھا چونکہ پیدائش ہی سے [illegible]

زال کے بال سفید تھے اسوجہ سے اُسکے باپ نے منحوس سمجھکر کوہ البرز کے دامن میں ڈلوا دیا چنانچہ سیمرغ نے اُسے وہاں پالا اور سام کو خواب ہوا کہ تیرا بیٹا خوش و خرم زندہ و سلامت موجود ہے تو نے تو خدا کا خوف نہ کر کے جنگل میں ڈالدیا مگر پروردگار عالم نے ایک جانور سے اُسے پلوا دیا ۔ سام البرز پر گیا اور سیمرغ نے وہ لڑکا اُسکے حوالہ کر دیا اور چند پر عنایت کیئے کہ جب ضرورت پڑے انکو جلانا میں فوراً چلا آؤنگا بادشاہ نے اُسکا زائچہ دیکھکر زابل کا حاکم بنا دیا ۔ واللہ اعلم بالصواب)

(۳) بڑھیا عورت ۔ بڑھیا کھوسٹ +

زانو - ف - اسم مذکر - دابگھ - آسن - گھٹنا - گوڈا + ران ۔ پہلو جیسے زانو بدلنا ۔ زانو بزانو بیٹھنا +

زانو پوش - ف - اسم مذکر - وُہ کپڑا جو امیر لوگ کھانا کھاتے وقت گھٹنوں پر ڈال لیتے ہیں تاکہ جو کچھ ہنست گرے اُسی پر گرے

زانو پیٹنا - ا - فعل متعدی - افسوس یا حالت ماتم و رنج والم میں ایسا کرنا معمولی تھا یعنی جس میں منڈوا اپنا سینہ و سر کبھی پیٹا کبھی زانو پیٹا + (جرأت)

اگرچہ وصل کی شب گذری سالو پیٹتے ہمکو
نہ کافر نے لگانے پر دیا ہاتھ اپنے زانو کو

زانو جمانا - ا - فعل متعدی - پٹڑی جمانا - آسن جمانا گھوڑے پر جمکر بیٹھنا +

زانی - ع - اسم مذکر - زنا کار مرد - بدکار مرد - چھنلا - حرام کار مرد فاجر - فاسق - بدراہ +

زانیہ - ع - اسم مؤنث - زنا کار عورت - چھنال +

زاویہ - ع - اسم مذکر - کونا - گوشہ + کھونٹ - دو مستقیم خطوں کے ایک نقطہ پر ملنے سے جو کونہ پیدا ہو اُسے زاویہ کہتے ہیں اقلیدس میں زاویہ کی گیارہ قسمیں لکھی ہیں جو طوالت کے باعث یہاں چھوڑی جاتی ہیں +

زاہد - ع - اسم مذکر - زہد اور محنت کرنے والا - مرتاض ریاضت کش - تپسّی - پرمیشر کی تپسیا میں کاشت اٹھانے والا - عابد - راہب - سنیاسی - دُنیا کی رغبت اور خواہش چھوڑ دینے والا - کایا کو کشٹ دینے والا - پرہیزگار +

زاہد گمراہ کے کسطرح میں ہمراہ ہوں
وہ کہے اللہ ہو اور میں کہوں اللہ ہوں (ذوق)

زاہد شراب پینے سے کافر ہوا میں کیوں
کیا ڈیڑھ چلو پانی سے ایمان بہ گیا (غالب)

زائچہ - ف - اسم مذکر (۱) طالع مولود - جنم پتری - کنڈلی لگن - جنم پتری (وُہ کاغذ جو نجومی لوگ بچے کی پیدائش کے وقت بناتے ہیں جسمیں مولود کی تاریخ وقت ماہ و سنہ ولادت وغیرہ درج ہوتا ہے اُسوقت پر مختلف ستارے جہاں جہاں ہوتے ہیں وُہ ایک آسمانی نقش میں بنا دیے جاتے ہیں پس اُسکے موافق ہر ایک نجومی اُسکی تمام عمر کا نیک و بد حال بتایا کرتا ہے)

(۲) رمل کی شکل جو رمال قرعہ ڈالکر لکھتے ہیں +

زائچہ بنانا - یا - کھینچنا - ا - فعل متعدی - جنم پتری بنانا - لگن کنڈلی کھینچنا +

زائد - ع - صفت - زیادہ - فضول - ادھک - بہت بڑھا ہوا + بچا ہوا - فضلہ +

زائد الوصف - ع - صفت - تعریف سے باہر +

زائیدہ - ف - صفت - جنا ہوا + نطفہ کا جیسے اشراف کا زائیدہ +

زائر - ع - اسم مذکر - جاتری - زیارت کو جانے والا + حاجی - حج کو جانے والا - زیارت کرنے والا +

زائل - ع - صفت - زوال قبول کرنے والا - گھٹنے والا کم ہونے والا - دُور ہونے والا - جاتا رہنے والا - ضایع ہونے والا

زبان - ف - اسم مؤنث (۱) جیبھ - للو - لسان

(مومن) نہ انتظار میں یاں آنکھ ایک آن لگی

نہ بات بات میں تالو سے شب زبان لگی
(۲) بول چال۔ گویائی۔ کہنا۔ نطق۔ بولی۔ بھاکا۔ محاورہ
بانی۔ بات ۔ بیان۔ گفتگو ۔ (صابر)
کہتا ہوں اضطراب میں ایک ایک سے حالِ دل
رسوا کر گئی خلق میں میری زباں مجھے
(ذوق) بجا کہے جسے عالم اُسے بجا سمجھو
زبانِ خلق کو نقارۂ خدا سمجھو
(عارف) کون کہہ سکتا ہے یاں میری برابر ریختہ
شاں نہیں ہو سکے ہے بس تو زباں تیرے لئے
(۳) اقرار۔ قول۔ بچن۔ وعدہ ۔
زبان اُٹھنا ۔ ف۔ فعل متعدی۔ زبان کا گردش کرنا
زبان سے بات نکلنا۔ بات ہونا۔ کلام ہونا۔ زبان کا حرکت کرنا
(آتش) بیانِ حالتِ دل یہیں ادا ہو نہ سکا
زباں کبھی نہ دمِ عرضِ مدعا اُٹھی
جیسے میری تو اُنکے سامنے زبان نہیں اُٹھتی یعنی زبان یاری نہیں دیتی (یہ الفاظ نہیں کے ساتھ مستعمل ہے) ۔
زبان آور۔ ف۔ اسم مذکر۔ شاہِ فصیح زبان خوش سخن
خوش کلام۔ شیریں بیان۔ بلیغ۔ طرار۔ چرب زباں ۔
زبان بدلنا۔ پھیرنا۔ پلٹنا۔ ف۔ فعل متعدی
کہہ کر مکرنا۔ اقرار سے انکار کرنا۔ بات سے پھرنا ۔
(عارف) جو کہتے ہیں وہ بس اُسے لکھ دیتے ہیں دلبر
ہم اپنی زباں اتنو بدلنے نہیں دیتے
زبان بدلنے سے کوچہ بدلنا بہتر ہے
زبان بگاڑنا ۔ ف۔ فعل متعدی۔ زبان خراب کرنا
زبان کو بیہودہ الفاظ سے آلودہ اور ملوث کرنا جیسے رذالہ
کے منہ لگ کر کیوں زبان بگاڑتے ہو ۔
زبان بگڑنا ۔ ف۔ فعل لازم۔ زبان کا گندہ ہونا

زبان خراب ہونا۔ زبان پر خراب الفاظ چڑھنا۔ گالی گفتار کی
عادت ہونا۔ زبان پر بیہودہ الفاظ کا چڑھنا (آتش)
لگے منہ بھی چڑانے دیتے دیتے گالیاں صاحب
زبان بگڑی تو بگڑی تھی خبر لیجے دہن بگڑا
زبان بند۔ ف۔ اسم مذکر۔ وہ تعویذ جو دشمنوں اور
بدگویوں کی زبان روکنے کے واسطے لکھا جاوے ۔
زبان بند کرنا۔ ف۔ فعل متعدی (۱) بولنے سے روکنا
بات نہ کرنے دینا۔ خاموش کرنا ۔ جواب نہ دینا۔ جواب
نہ آنے دینا (۲) جادو یا تعویذ کے زور سے اپنے خلاف کہنے پر کسی کی
زبان کو نہ چلنے دینا (۳۔ لازم) خاموش ہونا۔ چپ رہنا۔ بات
منہ سے نہ نکالنا (دیکھو زبان دینا میں میر کا شعر) ۔
زبان بند ہونا۔ ف۔ فعل لازم (۱) قوتِ گویائی کا جاتا رہنا
بولنے بات کرنے سے عاجز ہونا۔ خاموش ہونا۔ زبان نہ کھلنا
(ناسخ) شبِ فرقت میں ہم پھرتے ہیں نالاں
زباں ہوتی نہیں مثلِ جرس بند ۔
(۲) کسی کے سامنے رعب کے مارے بات نہ کرسکنا۔ زبان کا
یاری نہ دینا (۳) مرتے وقت قوتِ گویائی کا سلب ہوجانا
زبان اینٹھ جانا زبان ساکت ہوجانا (۱۷علم)
کیسی زبان بند دمِ نزع ہیں ہوئی
حسرت رہی کہ یار سے کچھ بات کیجیے
(داغ) موت آئی ہمیں ہائے دمِ عرضِ تمنا
دل کھلنے نہ پایا کہ ہوئی اپنی زباں بند
(۴) جادو یا تعویذ کے زور سے اپنے عندیہ کے موافق نہ کہہ سکنا
کسی کے خلاف نہ کہہ سکنا ۔
(جعفر) بند ہوجائے جسے دیکھ رقیبوں کی زباں
رکھو کچھ سوچ سمجھ کر تم ایسا تعویذ ۔
زبان بندی۔ ف۔ اسم مؤنث (قانون) ا۔ گواہی

شہادت + حلف + حلف نامہ (۳) خاموشی۔ سکوت +

زبان بندی کرنا۔ ا۔ فعل متعدی (۱) گواہی لینا۔ شہادت لینا۔ اظہار لکھنا۔ بیان لکھنا (۲) زبان روکنا۔ زبان بند کرنا۔ خاموش کرنا +

زبان پہ یا زبان پہ آسکنا۔ ا۔ فعل لازم۔ بیان ہوسکنا۔ کہنے میں آسکنا۔ ظاہر ہوسکنا ؎

جو شوق دل ہے نہیں وہ زباں پہ آسکتا
زباں نہ دل کی طرح ہے نہ دل زباں کی طرح

زبان پر چڑھنا۔ ا۔ فعل لازم۔ ازبر ہونا۔ نوک زبان ہونا۔ حفظ ہونا۔ زبان پر ہونا +

زبان پر دھرنا۔ یا۔ رکھنا۔ ا۔ فعل متعدی۔ چکھنا۔ سواد لینا۔ زبان لگا کر دیکھنا۔ چاشنی لینا۔ تھوڑا سا کھانا۔ منہ جھٹلانا۔ آب و نمک دیکھنا +

زبان پر دھرا ہونا۔ ا۔ فعل لازم۔ زبان پر موجود ہونا۔ زبان پر حاضر ہونا۔ ازبر ہونا۔ یاد ہونا +

(معروف) معروف اسطرح سے کہی تو نے یہ غزل
تھی یہ غزل دھری ہوئی گویا زبان پہ

زبان پہ زبان بدلنا۔ ا۔ فعل متعدی۔ کبھی کچھ کہنا کبھی کچھ کہنا۔ ایک بات پر قائم نہ رہنا +

(معروف) خنجر مجھے لگاتے ہی انکار کر گیا
قاتل نے کیا زبان کو بدلا زبان پر

زبان پر لانا۔ ا۔ فعل متعدی۔ کہنا۔ بیان کرنا۔ منہ پر رکھنا + ظاہر کرنا۔ کھولنا۔ منہ سے کہنا +

(عارف) لاؤں زباں پہ مطلب اک کیا مجال ہے
میں کیا کہوں فقیر وہاں کی صورت سوال ہے

زبان پکڑنا۔ ا۔ فعل متعدی۔ زبان روکنا۔ بات کاٹنا۔ بیچ میں بول پڑنا۔ بولنے سے بند کرنا +

کیونکر نکالوں منہ سے میں حرف وصال یار
(ظہیر) جو دانت سے زبان پکڑتا ہے ہجر میں +

(۲) متعرض ہونا۔ معترض ہونا۔ گرفت کرنا۔ نکتہ چینی کرنا۔ عیب پکڑنا۔ مین میکھ نکالنا۔ حرف گیری کرنا۔ گرفت کرنا۔ زباندانی میں نقص نکالنا۔ محاورے میں ٹوکنا +

(ناسخ) تاب کیا حاسد کی جو پکڑے کبھی میری زبان
شمع ہے لیکن اسے گلگیر کی حاجت نہیں

(جانصاحب) میں وہ شاعر نہیں جو پکڑے کوئی میری زبان
لاکھ مرزا کو نہ [illegible] جو سناؤں میر کو +

زبان پلٹنا۔ ا۔ فعل متعدی۔ اقرار سے پھرنا۔ عہد توڑنا۔ زبان پھیرنا +

زبان پھیرنا۔ ا۔ فعل متعدی (دیکھو زبان بدلنا) +

زبان تتلانا۔ ا۔ فعل لازم۔ زبان کا لکنت کرنا۔ ہکلانا

زبان تلے زبان ہونا یا۔ زبان کے نیچے زبان ہونا۔ ا۔ فعل لازم۔ ایک بات پر قائم نہ رہنا۔ تلون مزاج ہونا۔ بات میں بھید رکھنا ہونا۔ مضطرب القول ہونا +

زبان ٹوٹنا۔ ا۔ فعل لازم۔ زبان کا صاف ہونا۔ بچے کی زبان کا درست ہونا۔ بولنے کی مشق یا عادت ہونا۔ صحیح بولنے کا ربط پڑنا جیسے اب اس بچے کی زبان دن بدن ٹوٹتی اور درست ہوتی جاتی ہے +

زبان جنے ایکبار ہاں جنے بار بار۔ ا۔ کہاوت۔ زبان کا اقرار ایک ہی ہوتا ہے +

زبان چاٹنا۔ ا۔ فعل متعدی۔ مزہ لینا۔ ذائقہ لینا۔ چٹخارے بھرنا۔ مزیدار چیز کھا کر دیر تک مزہ لیتے رہنا۔ جیسے وہ چیز کھا کر اب تک زبان چاٹ رہے ہیں +

زبان چلانا۔ ا۔ فعل متعدی (۱) بولنا۔ کہہ اٹھنا۔ کہہ دینا جیسے تم تو صرف زبان چلا کر الگ ہو جاتے ہو +

(۲) زیادہ گوئی کرنا - بڑھ کر بولنا - بہت بولنا - لگاتار باتیں کرنا - تڑاق پڑاق بولنا (۳) زبان درازی کرنا - زبان کرنا - بدزبانی کرنا - گالی دینا - گالی گلوج کرنا - گالی بکنا - گندی بات کہنا ‫÷

زبان چلائے کی روٹی کھانا - اِ - فعل متعدی - خوشامد درآمد سے پیٹ پالنا - طراری سے کماکر کھانا - چاپلوسی کے ذریعہ سے روٹی پیدا کرنا ‫+

زبان چلنا - اِ - فعل لازم (۱) جلدی سے بول اُٹھنا - تڑاق پڑاق بولنا - بولے جانا - تڑانا - بڑبڑانا ‫÷

زباں ضعف پیری میں چلتی رہی
(اسیر) سحر ہو گئی شمع جلتی رہی ‫÷ (ذوق)

کیا زبان چلتی ہے اُس بزم میں بدگویوں کی
مُنہ میں اُنکے یہ زباں ہے کہ الٰہی مقراض

(۲) کھانا - نوش کرنا - جیسے زبان چلے - تر ملا ٹلے (۳) گالیاں دینا - گالیاں بکنا - بیہودہ گوئی کرنا (امانت)

اب چٹکیاں جو لوگے تو ہم دینگے گالیاں
پیارے کسیکا ہاتھ کسیکی زبان چلے ‫+

(۴) گویا ہونا - بولنا - بات کرنا - بات ہونا

حالِ دل کیونکر کریں اپنا بیاں اچھی طرح
(ظفر) رُوبرو اُنکے نہیں چلتی زباں اچھی طرح

زبان داب کے - یا - دبا کے کچھ کہنا - اِ - فعل متعدی - چُپکے سے کچھ کہنا - دبی زبان سے بولنا - آہستگی سے کہنا ‫+

زبانِ حال - ف + ع - اسم مؤنث - حالت موجودہ سے بن بولے ظاہر کرنا - ہیئتِ ظاہری - کیفیتِ موجودہ ‫÷

زبانِ حال سے کہنا - اِ - فعل متعدی - ہیئت اور حالتِ موجودہ سے ظاہر کرنا - موقع دکھاکر جتانا (ناسخ)

کہہ رہا ہے باغ میں ہر گل زبانِ حال سے
مبتلا اُسکے خارِ غم رہتا ہے جو زردار ہے ‫+

زبان دابنا - اِ - فعل متعدی - عو - زبان پکڑنا - کوبنے یا بات کرنے سے روکنا - ڈانٹنا - منع کرنا - روکنا ‫÷

زباں داں - ف - اسم مذکر - کسی زبان کا ماہر - واقفِ زباں - کسی زبان کو بخوبی جاننے والا ‫+ فاضل - عالم - شاعر - کثیر کہتا ‫+ فصیح - بلیغ - بہت سی باتیں جاننے والا ‫÷

زباں دانی - ف - اسم مؤنث - علم زبان ‫÷ زبان کی بخوبی واقفیت اور اُسکے کمال تک رسائی ‫÷

زبان دراز - ف - صفت (۱) زیادہ گو - بدگو - زیادہ گو - بیہودہ گو - بے محابا کہنے والا - گستاخ - بے باک - دلیر - مُنہ پھٹ - دریدہ دہن - مُنہ کا پھوہڑا - بدلگام - مُنہ چھیٹ

گلشن میں کیا کروں میں زبانِ فغاں دراز
(اسیر) غنچہ دہن دریدہ ہے سوسن زباں دراز

(۲ - ا) گالی گلوچ بکنے والا - رذالہ - پاجی ‫÷

زبان دراز کرنا - اِ - فعل متعدی - زبان کھولنا - طول کلامی کرنا - بات بڑھا کر بیان کرنا - دراز نفسی کرنا - بڑھ کر بولنا ‫+ پکار کر بولنا (مثال دیکھو زبان دراز میں شعر اسیر)

زبان درازی - ف - اسم مؤنث - بیہودہ گوئی - گستاخی ‫+ بدکلامی ‫+ دشنام دہی - فحش بیانی - بدزبانی ‫÷

زبان درازی کرنا - اِ - فعل متعدی - گستاخی کرنا - بیہودہ بکنا - گالی گلوچ بکنا - فحش بکنا ‫÷ (مائل)

وہ کرتا ہے جب زباں درازی حیرت سے ہم چُپکے رہتے
کچھ بولا نہیں جاتا یعنی اُسکے حرف و سخن کے بیچ

زبان دینا - اِ - فعل متعدی - قول ہارنا - بچن ہارنا - اقرار کرنا - عہد کرنا - وعدہ کرنا ‫÷ (داغ)

زبان دے نہ عدو کو کہ یہ تو وہ شے ہے
مرے دہن میں رہے یا ترے دہن میں رہے

زبان کاٹ کردینا - ا - فعل متعدی - اقرار کرلینا - عہد کرلینا - قول ہار دینا +

زبان کاٹنا - ا - فعل متعدی (۱) افسوس کرنا - متاسف ہونا - دانتوں میں انگلی دینا (۲) دانتوں سے زبان کاٹ لینا +

زبان کا چسکا - ا - اسم مذکر - زبان کا مزہ - چٹورپن - مزیدار چیزوں کے کھانے کی عادت - دونوں کی چاٹ

زبان کاڑھنا - ا - فعل متعدی (گنوارو) دیکھو (جیب نکالنا)

زبان کا مزہ - ا - اسم مذکر - دیکھو (زبان کا چسکا) +

زبان کا میٹھا - ا - صفت - شیریں کلام - میٹھی چھری - خوشامدی - کپٹی جیسے زبان کا میٹھا دل کا کھوٹا +

زبان کرنا - ا - فعل لازم - بدزبانی کرنا - زبان درازی کرنا - بدکلامی سے پیش آنا + - عارف -

اب تمھیں دشنام حلاوت نہیں دیتی +
کیجئے نہ زبان آپ بس اب مجھ سے زیادہ

زبان کو سینا - ا - فعل متعدی - دیکھو (زبان سینا)

زبان کو منہ میں رکھنا - ا - فعل متعدی - زبان کو قابو میں رکھنا - بے موقع بات نہ کرنا +

زبان کو کوا لیگیا - ا - محاورہ - یعنی اسکی زبان کو کوا لیگیا کہاں سے بولے - گونگا بنگیا - زبان جاتی رہی - بن زبان کا ہوگیا (جو شخص بات کا جواب نہ دے یا گھنا ہو اُسکی نسبت یہ فقرہ کہتے ہیں) +

زبان کھلنا - ا - فعل لازم (۱) زبان کا گویا ہونا - زبان سے الفاظ نکلنا - گویائی آنا - باتیں کرنے لگنا - بچہ کا بولنے لگنا

کھلی ہے کنج قفس میں مری زبان صیاد
(نیلا) میں ماجرائے چمن کیا کروں بیان صیاد

(۲) بہت بولنا - بہت بولنے لگنا - بیدھڑک بولنا

(شوق) کیا کھلی ہے زبان جم جم سے + صاف صاف اب تو کہتے ہو ہم سے

(۳) گالیوں پر اُترنا - دشنام دہی پر زبان رواں ہونا - ناشائستہ باتوں کا زبان پر لانا - بدزبانی کرنا - زباں درازی کرنا

تلخکام اُس لب شیریں کے کیا بوسے نے
(عارف) گالیوں پر جو زبان بت بے پیر کھلی

(۴) زبان چلنا - منہ سے بات نکلنا +

شور و فغاں ہی پہ بس اپنی زباں کھلتی ہے
(جرأت) آنکھ کمبخت یہ سوتے میں جہاں کھلتی ہے

(۵) گفتگو میں نڈر ہو جانا - طلاقت لسانی میں کمال بہم پہنچانا - طلیق اللسان ہونا +

زبان کھلوانا - ا - فعل متعدی المتعدی (۱) بدزبانی میں دلیر کرانا - گستاخ اور بے ادب بنوانا - برا بھلا سننا یا سنوانا - گالیوں پر اُتروانا +

زبان کھولنا - ا - فعل متعدی - برا بھلا کہنا - بدکلامی پر اُترنا - لتاڑنا - جھڑکنا (رنگین) سمجھکر مجھے جی میں بھولی کہارو
زباں آج باجی نے کھولی کہارو +

(۲) بیباکانہ کلام کرنا - چہکنا - یاوہ گوئی کرنا - منہ میں آنا سو کہدینا (۳) عیب جوئی کرنا - عیب نکالنا - اعتراض کرنا - نقص نکالنا (ذوق) زبان کھولیں گے مجھ پہ زباں کیا اشعاری سے
کہ میں نے خاک بھر دی اُنکے منہ میں خاکساری سے

(۴) زبان درازی کرنا - زباں دراز کرنا - گستاخی یا طعن سے پیش آنا (اسیر) کانٹوں نے ہم پہ کسلیئے کھولی زبان طعن
خالی تو آبلوں سے ہمارے قدم نہ تھے

(۵) منہ سے بولنا - بات کرنا - بھاپ نکالنا - گلہ کرنا - شکوہ کرنا - زبان ہلانا - اُف کرنا - چہکنا (امانت)

توڑنے پر پھول دیں ہمکو ہزاروں گالیاں
دور ہے تیرا کوئی کب کھول سکتا ہے زباں

خاک اُڑیگی باغ میں جب آئیگی فصل خزاں
نکہتِ گُل پھر کہاں بادِ بہاری پھر کہاں ÷
باندھ لے اے باغباں اپنی ہوا دو چار دن

(۶) بات کو بڑھا کر کہنا - درازنفسی کرنا - کلام کو طول دینا

زبان کھینچنا - ا - فعل متعدی - گُدّی کے پیچھے سے زبان نکالنا (زبان کاٹنے کی سزا دینا جیسے بیرجمی کے زمانہ میں خلاف بادشاہ کہنے پر دی جایا کرتی تھی) ÷

زبان کے تلے زبان ہونا - ا - فعل لازم - دیکھو (زبان تلے زبان ہونا) +

زبان کے مزے - یا - چٹخارے لینا - ا - فعل متعدی - ذائقہ اُٹھانا - لذت یاب ہونا - لطیف اور خوش ذائقہ چیزیں کھا کر زبان کو چٹکارنا - ہونٹھ چاٹنا ÷

زبان کے نیچے زبان ہونا - ا - فعل لازم - دیکھو (زبان تلے زبان ہونا) +

زبان گھس جانا - ا - فعل لازم - زبان تھک جانا یا کہتے کہتے زبان معطل ہو جانا جیسے دعا مانگتے مانگتے زبان گھس گئی (مصرعۂ شوق) زبان گھس گئی اپنی خدا خدا کرتے ÷

زبان لڑکھڑانا - ا - فعل متعدی - زبان کا لغزش یا لکنت کرنا - خوف یا رعب کے مارے زبان کا قابو میں نہ رہنا ÷

زبان ملانا - ا - فعل متعدی (۱) باتیں کرنا - بولنا چالنا کہنا سننا جیسے ہمسے زبان مت ملاؤ (۲ - عو) برابری کرنا - جواب دینا - مقابلہ کرنا - برابر بولنا جیسے مجھ سے زبان ملائی تو تو ہی جائیگی +

زبان مُنہ میں رکھنا - ا - فعل متعدی زبان والا ہونا - نطق یا گویائی کی قدرت رکھنا جیسے تم کچھ کہہ گئے تو ہم بھی زبان مُنہ میں رکھتے ہیں ÷

زبان میں پڑنا - ا - فعل لازم - مشہور خلایق ہونا افواہ ہونا - شہرت ہونا ÷

زبان میں - یا - زبان پر کانٹے پڑنا - ا - فعل لازم پیاس کی زیادتی اور تشنگی کے غلبہ کے سبب زبان کا خشک اور کھردرا ہو جانا ÷

(رتصدق)
آبلوں نے پاؤں کے پانی چرایا اسقدر
تشنگی سے پڑ گئے کانٹے زبانِ خار پر +

(ناسخ)
مثلِ ماہی پڑ گئے کانٹے زباں میں پیاس سے
پر نہ ہمت نے کیا منتِ کشِ دریا مجھے

کیا خار ہوا دل کو ہمارے مژگاں میں +
(امانت) کانٹے جو پڑے پیاس سے اس دل کی باتیں

زبان نکالنا - ا - فعل متعدی - دیکھو (زبان کھینچنا) (۲) زبان درازی کرنا - بدزبانی کرنا (۳) بیہودہ باتیں مُنہ سے نکالنا - بکنا - جیب کاڑھنا ÷

زبان نکلنا - یا - نکل پڑنا - ا - فعل لازم - نہایت تشنگی یا کسی صدمۂ دماغی کے باعث زبان کا مُنہ سے باہر آ جانا - زبان لٹک پڑنا ÷

زبان نہ ہلانے دینا - ا - فعل متعدی - بولنے سے باز رکھنا بات نہ کہنے دینا - خاموش رکھنا ÷

(بیمار)
حالِ دلِ بیار نہیں ضبط کے قابل
لیکن وہ زباں مجکو ہلانے نہیں دیتے

زبان ہارنا - ا - فعل متعدی - بچن ہارنا - قول ہارنا - زبان دینا - اقرار کرنا - وعدہ کرنا +

ہم وہ جانباز نہیں ہیں کہ پھریں جینے جی
تجھ سے جس بات میں اے شوخ زباں ہار ہیں

(رنگین)
ہو نہ جو ہو کے سو ہو بندی نہ لیگی شرطی
وصل کی اب تو زباں اُس سے میں ہاری آتا

زبان ہلانا - ا - فعل متعدی (۱) بولنا - بات کرنا

کہنا۔ جیسے تمہارا زبان ہلا دینے میں کیا بگڑتا ہے +

خاموش ہجر یار میں جلتا ہوں رات دن
(امانت) میں شمع ساں زبان ہلاؤں مجال کیا

(۲) سوال کرنا - مانگنا - ہاتھ پھیلانا - درخواست کرنا +

(نظیر) اے دل کہیں تو جا کے نہ اپنی زبان ہلائے
مانگ اُس سے جسکے ہاتھ سے تو پیٹ بھر کے کھائے
غیر از خدا کے کس میں ہے قدرت جو ہاتھ اُٹھائے
مقدور کیا کسی کا وہی دے وہی دلائے

زَبَانَہ - ف - اسم مذکر - شعلہ - لو - آگ کی لپیٹ +

زَبَانِی - ف - صفت (۱) تقریری - بلا تحریر - غیر نوشتہ - مُنہ سے کہی ہوئی (۲) روایتی - سماعی - سُنی سنائی - سینہ بسینہ منقول (۳) ظاہری - اُوپری - منہ دیکھے کی بناوٹ کی +

(تسکین) حُسنِ اخلاق زبانی اور ہے ‡ دل سے لطف مہربانی اور ہے

محبت کچھ نہیں دل میں مگر اُلفت زبانی ہے
(جُرأت) یہ اُس عیار کی در پردہ ہم پر ظلم رانی ہے +

زبانی امتحان - ا - اسم مذکر - تقریری امتحان - وہ امتحان جو بول کر لیا جائے مگر تحریری نہ ہو +

زبانی پڑھنا - ا - فعل متعدی - بن دیکھے پڑھنا - ازبر پڑھنا - حفظ پڑھنا +

زبانی تکیے - ا - اسم مذکر - اُوپری باتیں - باتیں ہی باتیں - زبانی جمع خرچ +

زبانی جمع خرچ - ا - اسم مذکر - باتیں ہی باتیں خالی حساب ہی حساب - خیالی پلاؤ +

زبانی جمع خرچ کرنا - ا - فعل متعدی - صرف باتیں ہی باتیں بنانا - خیالی پلاؤ پکانا +

زبانی جمع خرچ ہونا - ا - فعل لازم - باتیں ہی باتیں ہونا - بڑی باتیں ہونا - خیالی پلاؤ پکنا +

زُبدَہ - ع - صفت - مکھن - مسکہ + چیدہ - خلاصہ - منتخب - چُنا ہوا + عطر +

زَبَر - ع - صفت (۱) اُوپر والا - بالا - فوق - مقابل تحت - اُونچا (۲ - ا) قوی - زبردست - بلوان - طاقتور + غالب - فائق (۳ - ا) بھاری - زیادہ وزنی - بوجھل - گراں - (۴ - ف) مخفف از بردہ - اسم مذکر اُوپر کی حرکت - فتحہ - نصب (وہ چھوٹی سی آڑی لکیر جو کسی حرف کے اُوپر آدھے الف کی سی آواز ظاہر کرنے کے واسطے لگائی جائے جیسے تَب میں تائے فوقانی پر زبر ہے) +

زبر ہونا - ا - فعل لازم - غالب ہونا - فتح پانا - ور ہونا + طاقت یا وزن میں زیادہ ہونا - بھاری ہونا +

زَبَرجَد - ع - اسم مذکر - ایک قسم کا زمرد - ایک سبز رنگ کا زردی مائل جواہر - پنّا +

زَبَردَست - ف - صفت (۱) بلوان - طاقتور - بلی - بلونت - توانا - شہزور + غالب + مضبوط - قوی + ٹھاڈا (۲) بہت بڑا لائق - کامل فن (۳) مستحکم - پکا - پختہ - استوار (۴) قوی مقدور - مقدرت والا (۵) سینہ زور دست دراز - جابر - ظالم +

زَبَردَستی - ف - اسم مؤنث (۱) دھینگا دھینگی - سینہ زوری - جبر - زیادتی - ظلم و تعدی - باراجوری - سرزوری - زور آوری (۲) تابع فعل - خلاف مرضی کوئی کام لینا - جبراً دباؤ ڈالکر - چھین جھپٹ کر (۳) تابع فعل - ناحق - بے سبب - یونہیں +

زبردستی بھگا لیجانا - ا - فعل متعدی - کسی کی مرضی بغیر اُسکو بھگا کر لیجانا - بلا رضامندی لے اُڑنا - جبراً پھسلا کر یا بہکا کر یا دھمکی دیکر کسی عورت وغیرہ کو

گھر سے نکال لیجانا - دباؤ ڈالکر بھگا لیجانا +

زبردستی پکڑ بلانا - ا - فعل متعدی - حکومت کے زور سے گرفتار کرا منگانا - بلا مرضی دباؤ کے باعث بلوا لینا +

زبردستی چھین لینا - یا - لے لینا - ا - فعل متعدی - جھپٹا مارنا + اینٹھ لینا - بزور لے لینا - ظلم سے لے لینا - جبرًا لے لینا +

زبردستی قبول کرانا - ا - فعل متعدی - زور ظلم سے منظور کرانا - دباؤ ڈالکر یا دھمکی دیکر اقرار لینا +

زبردستی کرنا - ا - فعل متعدی - جبر کرنا - زیادتی کرنا - زور آوری کرنا - دھینگا دھینگی کرنا +

زَبُور - ع - اسم مؤنث (۱) نوشتہ - کتاب - مکتوب (۲) عارفانہ سرود - بھجن - استتی - زمزمہ (۳) وہ کتاب جو حضرت داؤد علیہ السلام پر نازل ہوئی اور اسے بنی اسرائیل راگ میں پڑھتے اور یہ کہتے ہیں کہ یہ حضرت داؤد کے دعائیہ بیت ہیں + ایک آسمانی کتاب کا نام +

زَبُون - ف - صفت (۱) عاجز - ضعیف (۲) خوار + بیچارہ - ذلیل و رسوا (۳ - ت) بد - زشت - خراب - تباہ

جیسے دیکھا نہیں جاتا یہ ترا حال زبوں
(عارف) عارف اسوقت میں ہم اور کہیں کیوں نہ ہوں

(۴ - ع و) نحس - منحوس - سعد کا نقیض جیسے روز بد وقت بنتے سونا برا زبون ہے +

زَٹَل - ا - اسم مؤنث - لغو اور بیہودہ بات - بے تُکی بات - گپ - بےمعنی بات - واہیات - بڑ - جھک - بکبک - بک بک

تاثیر جذب ستوں کی ہر ہر غزل میں ہے
(قلق لکھنوی) اعجاز گر میں ہے تو کرامات زٹل میں ہے
مضمون حسن و عشق نہیں کس غزل میں ہے
(آتش) سنئے اگر تو لطف ہماری زٹل میں ہے

زٹل قافیہ - ا - اسم مذکر - گپ شپ + واہی تباہی - بے تکی بات + بے اصل بات - نامعتبر بات +

زٹل مارنا - ا - فعل متعدی - گپ ہانکنا - جھوٹی باتیں بکنا - واہی تباہی بکنا + بے اصل مبالغہ کرنا +

زٹل ہانکنا - ا - فعل متعدی - گپ مارنا - جھوٹی سچی باتیں کرنا + شیخی مارنا - شیخی بگھارنا +

زَجْر - ع - اسم مؤنث (۱) بازداشت - روک - ڈانٹ - ڈپٹ (۲ - ۳) دھمکی + تنبیہ - جھڑکی - ملامت +

زجر و توبیخ - ع - اسم مؤنث - ڈانٹ ڈپٹ - لعنت ملامت + جھڑکنا - دھتکارنا - دُر دُر پھٹ پھٹ

زِچ - ا - صفت (۱) عاجز - تنگ - مجبور - بےبس - قائل (۲ - اسم مؤنث - شطرنج) جب شہ کے بغیر مہرے کو چلنے کے واسطے کوئی گھر نہ رہے تو اسے زچ اور جب شہ کے بعد ایسا موقع آئے تو اسے مات کہتے ہیں +

زچ کر دینا - ا - فعل متعدی - مات کر دینا - ہرا دینا - مجبور کر دینا - عاجز کر دینا - قافیہ تنگ کر دینا - بےبس کر دینا

زچ کر دیا ہے تو نے سخن بیں کو اے نصیر
(نصیر) بازی حریف کی کوئی بچتی ہے مات سے

زچ ہو جانا - ا - فعل لازم - ناک میں دم آ جانا - تنگ ہو جانا - زچ ہو جانا +

زَچہ - ف - اسم مؤنث (یہ تزییدِ جچہ فارسی بھی درست ہے) زنِ نوزائیدہ - وہ عورت جسے ابھی بچہ جنا ہو - جچا (چالیس روز تک زچہ کہلاتی ہے) +

زچہ خانہ - ف - اسم مذکر - زچہ کا گھر - چالیس روز تک زچہ کے متعلق کاروبار و رسوم وغیرہ - جَنّا - سوڑ

زچہ رانی - ا - اسم مؤنث - زچہ کا خطاب +

زچہ گیریاں - ا - اسم مؤنث - زچہ خانہ کے گیت

ڈہ گیت جسمیں بچے اور اُسکی ماں کی تعریف ہوتی ہے +

زُحَل ع - اسم مذکر - سنیچر - اُس ستارہ کا نام جو ساتویں آسمان پر اور نہایت سُست و نحس اکبر خیال کیا جاتا ہے +

زَحمَت ع - اسم مؤنث - دُکھ - درد - کلفت - تکلیف رنج + محنت مشقت + مصیبت - سختی +

زحمت اُٹھانا - ا - فعل متعدی - دُکھ بھوگنا - مصیبت بھرنا - تکلیف برداشت کرنا +

زَخّار - ع - صفت - پانی سے نہایت بھرا ہوا - لبالب طغیانی پر آیا ہوا - چڑھا ہوا (جن لوگوں نے اِس لفظ کو زخ + آر سے مُرکب بہ ترکیب فارسی مانا ہے وہ اِسکے معنی نہایت شور کرنے والا او نعرہ زنندہ لیتے ہیں - غرض دونوں صُورتوں میں بحر دریا سمندر کی تعریف میں یہ لفظ آتا ہے) +

زخم - ف - اسم مذکر (۱) گھاؤ - ریش + ناسُور (روزمرہ)
ہو وہ بیکس مر لاشے پہ رویگا کوئی + زخم تن بھی مرے حال پہ گریاں ہوگا
(۲-۱) نقصان - خسارہ - ٹوٹا - ضرر جیسے دس روپیہ کا زخم کھایا یعنی ٹوٹا اُٹھایا +

زخم اچھا ہونا - ا - فعل لازم - دیکھو (زخم بھر جانا) +

زخم بھر جانا یا بھرنا - ا - فعل لازم (۱) زخم کا اندمال پذیر ہونا - گھاؤ کا التیام ہونا - گھاؤ کا اچھا ہو کر برابر ہو جانا +

(غالب) دوست غمخواری میں میری سعی فرماوینگے کیا؟
زخم کے بھرنے تلک ناخن نہ بڑھ جاوینگے کیا؟

(۲) جبر نقصان ہونا - نقصان کا عوضہ ملنا +

زخم پر نمک چھڑکنا - ا - فعل متعدی (۱) کاٹے پر نون لگانا - تکلیف میں تکلیف اور دُکھ میں دُکھ دینا (۲) جلے کو جلانا + مرتے کو مارنا - رنج پر رنج دینا - صدمہ پر صدمہ پہنچانا

(ظفر) زخم دل پہ نمک کس ملیح نے چھڑکا +
ہمائے غم مجھے کھاتا ہے اُستخواں کی طرح

زخم پڑنا - ا - فعل لازم - گھاؤ ہونا +

زخم پکنا - ا - فعل لازم - گھاؤ میں پیپ پڑجانا +

زخم دینا - ا - فعل متعدی (۱) گھایل کرنا - زخمی کرنا - مجروح کرنا - (۲) گھاٹا دینا - ٹوٹا دینا - نقصان پہنچانا (۳) صدمہ یا ضرر پہنچانا - آزار دینا +

زخم کاری - ف - صفت - مُہلک زخم - گہرا گھاؤ زخم کاری - بھرپور زخم +

(ناسخ) بری ہوتے ہیں تدبیروں سے جو دنیا میں کامل ہیں
تعلق بخیہ و مرہم کو کیا ہے زخم کاری سے +

زخم کھانا - ا - فعل متعدی (۱) زخم اٹھانا - مجروح ہونا گھایل ہونا (برق) تیغ ابرو کے سامنے جاکر
زخم مُنہ پر جوان کھاتے ہیں +
(۲) نقصان اٹھانا - ٹوٹا بھرنا - ضرر اٹھانا (۳) صدمہ اٹھانا

زخم لگنا - ا - فعل لازم (۱) تیغ تیر یا برچھی وغیرہ سے مجروح ہونا - گھایل ہونا (۲) گھاٹا آنا - خسارہ ہونا - ٹوٹا پڑنا (۳) صدمہ پہنچنا +

زخم ہرا کرنا - ا - فعل متعدی (۱) زخم تازہ کرنا - زخم تازہ کرنا - گھاؤ کو پھر تازہ کرنا (روزمرہ) مرہم سبز لگاتے ہیں جو وہ
مرے زخموں کو ہرا کرتے ہیں (۲) صدمہ پہنچانا یا رنج دلانا +

زخم ہرا ہو جانا - ا - فعل لازم (۱) گھاؤ کا تازہ ہو جانا - جراحت کا از سر نو تکلیف دینا (۲) گذشتہ صدمہ یا حادثہ کا یاد آجانا پہلے دُکھ کا یاد آجانا - از سر نو رنج ہونا +

زخمی - ف - صفت - گھایل - مجروح - جراحت رسیدہ چٹیا یا ہوا - چوٹ کھایا ہوا +

زخمی کرنا - ا - فعل متعدی - جراحت پہنچانا - مجروح کرنا - چوٹ لگانا +

زخمی ہونا - ا - فعل لازم - گھایل ہونا - مجروح ہونا

زَد - ف - اسم مؤنث (۱) مار - نشانہ - ضرب - ہدف - آماج
(۲) چوٹ - صدمہ (۳-۱) نقصان - ضرر - خسارہ - ٹوٹا
جیسے سود میں کئی زد پڑی (۴) قابو - ڈھب + دار +
زد پر چڑھنا - ا - فعل لازم - ہدف پر ہونا - نشانہ پر ہونا
+ ڈھب پر چڑھنا - قابو پر چڑھنا + (ناظم)
دل بستہ اے جان کے دشمن نہ اتارا ہوتا
چڑھ گئے تھے ہم اگر زد پہ تو مارا ہوتا +
زد پر ہونا - ا - فعل لازم - مار یا ٹھیک نشانہ پر ہونا
زد پڑنا - ا - فعل لازم - نقصان ہونا - خسارہ پڑنا
زد و کوب - ف - اسم مؤنث - مار پیٹ - جوتی پیزار
مار کٹائی - لپا ڈگی - ہاتھا پائی - گھونسم گھسا +
زَدَہ - ف - صفت (۱) ضرب رسیدہ - مارا ہوا - پٹا ہوا
(۲-و) مفلوک - ہلاکت رسیدہ - مصیبت کا مارا - تباہ و خستہ
(۳-و) بوسیدہ - بور بور - آٹا آٹا - گلا ہوا - بیدم کمزور
جیسے یہ کپڑا تو بالکل زدہ ہے +
زدہ حال - ا - صفت خستہ حال - تباہ حال -
پریشان حالت - کپڑے لتے اور کھانے پینے سے ٹوٹا ہوا
غمگین - سوگوار - آفت کا مارا +
زَر - ف - اسم مذکر (۱) سونا - طلا - ذہب (۲) دمن - دولت
روپیہ پیسا - مال و متاع جیسے چوں زر نیست عشق ٹیں ٹیں +
دل فقیر کی دولت ہے مرا ایسا غنی ہے
(ذوق) دنیا کے زر و مال پہ میں تف نہیں کرتا (صبا)
نادار حاصل ہے اس مرد نکو - زر جو صرفِ قبور ہوتا ہے
(۳) پھول کے اندر کا زرد زرد زیرہ (ناسخ)
سو گئے غنچے ہیں میں جھکر ٹوٹا سا قد + تھا کف گل میں جو زر گویا دفینہ ہو گیا
(۴) تار زر - سونے چاندی کے تار یا کلابتو جیسے زربفت یعنی سونے چاندی کے
تاروں سے بنا ہوا +

زرِ اصل - ف + ع - اسم مذکر - مول - سرمایہ - وہ رقم جو اول تجارت میں
لگائی جائے + وہ روپیہ جو قرض دیا جائے -
زرِ باقی - ف + ع - اسم مذکر - بقایا - وہ روپیہ جو وصول ہونے سے باقی رہ گیا ہو
زرِ بیعانہ - ف + ع - اسم مذکر - وہ روپیہ جو بایع کو بیع پختہ
کرنے کی بابت کسیقدر منجملہ قیمت شئے کے دیدیا جائے - سائی
زربفت - ف - اسم مذکر - زربافتہ - کمخواب - تمامی
ایک قسم کا کپڑا جو کلابتو سے بنا جاتا ہے - زری - دیبا +
زرِ پیشگی - ف - اسم مذکر - چڑھتا روپیہ - وہ روپیہ جو کسی
چیز یا محنت کی عوض میں قبل از وجوب دیا جائے - چڑھا
روپیہ - باقی - فاضل +
زرِ خرید - ف - صفت (۱) روپیہ دیکر خریدا ہوا - مول لیا
ہوا (۲) ذاتی خریدا ہوا +
زرخیز - ف - صفت - زور ریز - پیداوار کی زمین - سیر حاصل
سیراب - شاداب +
زردار - ف - صفت - مالدار - دولتمند - امیر - تونگر
(مصرعہ) زردار کا سودا ہے بے زر کا خدا حافظ +
زردوز - ف - اسم مذکر - وہ شخص جو زری کا کام کرے
کارچوب +
زردوزی - ف - اسم مؤنث - کارچوبی - چکن دوزی
زردوست - ف - صفت - روپے کو عزیز رکھنے والا
بخیل - زرپرست + لوبھی - طامع - لالچی +
زرِ ڈگری - ا - اسم مذکر - وہ رقم جسکی ڈگری ہوئی
ہو - ڈگری کا روپیہ +
زرِ رہن - ف + ع - اسم مذکر - گروی کا روپیہ +
زرِ سرخ - ف - اسم مذکر - زر خالص - سونا - طلا +
زرِ سفید - ف - اسم مذکر - چاندی - نقرہ +
زرِ ضمانت - ف + ع - اسم مذکر - ضمانت کا روپیہ +

زرِ فاضل - ف + ع - اِسمِ مذکر - فائد روپیہ +

زرِ قرض - ف + ع - اِسمِ مذکر - قرض کا روپیہ +

زرِ قلب - ف + ع - اِسمِ مذکر - کھوٹا سونا + ناقص سونا

زر کا جُوتا - ا - اِسمِ مذکر (۱) چاندی کا جوتا - روپے کی مار - روپیہ دیکر مخالف کو دبانا یا خجل کرنا - رشوت - گھونس پیچ - دکشنا (۲) تار بافی جُوتا - کامدار جوتا +

زرکوب - ف - اِسمِ مذکر - ورق ساز - چاندی سونے کو کوٹکر ورق بنانے والا +

زرکوبی - ف - اِسمِ مؤنث - ورق سازی

زرگر - ف - اِسمِ مذکر - سُنار +

زرِ گُل - ف - اِسمِ مذکر - پُھول کے اندر کا زیرہ +

زرِ لگان ا - اِسمِ مذکر - ہل پڑتا - زمین کا سرکاری خراج مقرری - وُہ روپیہ یا جمع جو بندوبست پر تشخیص کرکے زمین پر لگایا گیا ہو - مالگذاری - جمع مشخصہ - تعداد یا مقدار جمع لیے

زرِ مالگُذاری - ف - اِسمِ مذکر - دیکھو (زرِ لگان) +

زرِ مُطالبہ - ف + ع - اِسمِ مذکر - بقایا - واجبُ الادا سرکاری روپیہ - مواخذہ طلب روپیہ +

زرِ مُنافع - ف + ع - اِسمِ مذکر - نفع کا روپیہ - فائدہ کا روپیہ + سُود - بیاج - رِبا +

زرِ نقد - ف + ع - اِسمِ مذکر - روکڑ - وہ روپیہ جو نقدی کا گنا کیا جاسے (علم حساب) +

زرنگار - ف - صفت - وُہ چیز جس پر سُنہری نقش بنے ہوئے ہوں - ملمع کیا ہوا - سنہرا - زر اندود - چمکتا دمکتا - مُطلّا - مُنقش - زرق برق -

زراعت - ع - اِسمِ مؤنث (۱) کشت - کھیتی باڑی - (۲) کاشتکاری - بونا - جوتنا - کشاورزی (۳) فصل - کھڑی فصل (یہ لفظ اصل میں زرع ہے اہلِ فارس نے اس میں تصرف کرکے زراعت کرلیا) +

زراعت پیشہ - ع + ف - اِسمِ مذکر - کسان - بونا جوتنا - زمیندار - کاشتکار - مزارع - حراث +

زراعت کرنا - ا - فعلِ متعدی - بونا جوتنا کھیتی باڑی کرنا - کاشتکاری کرنا +

زرباف[1] - ف - اِسمِ مذکر - بافندۂ زر - تار زر کا بنا ہوا کمخواب

زربافی - ف - صفت - بافتہ زر - تار بافی + سُنہرا +

زربفت - ف - اِسمِ مذکر - زر بافتہ - کمخواب - تامی - زری - کلابتو کا بُنا ہوا کپڑا +

زرکشت - ف - اِسمِ مذکر - دیکھو (زردشت) +

زرد - ف - صفت - پیلا + سُنہرا - اصفر +

زرد پڑنا - ا - فعلِ لازم - خوف یا دہشت یا کسی مرض کے سبب چہرے وغیرہ کا پیلا پڑجانا +

زرد رُو ف - صفت - شرمندہ - خجل - شرمسار - منفعل

زرد رُو ہونا - ا - فعلِ لازم - شرمندہ ہونا - لجانا - شرمانا (اما نت)
پہنتے ہیں جنپئی پوشاک + زعفران آج زرد ہو گی +

زرد ہو جانا - یا - ہونا - ا - فعلِ لازم - شرمندگی یا خجالت یا طول مرض یا رنج یا عشق سے سفید پڑ جانا - خُون خشک ہو جانا - شرما جانا - خوف یا رُعب میں آجانا (ناسخ)
غصّے سے وُہ گُل جلال ہوگا + ہو جائیگی ساری انجمن زرد
(ناسخ) باندھوں مضمون میں ایسے رنگیں + سُنکر ہو سرو میر انجمن زرد
(ماہر) پھر کہیں کیا دل لگایا میرجو ہے زرد تُو
مُنہ پر آیا ہے ترے دو چار روز سے نُور تک
(ناسخ) ہو گیا کیوں زرد ناسخ کیا کہوں
ہے زمانے کا عجب اے یار رنگ

زرد آلو - ف - اِسمِ مذکر - ایک قسم کا زرد آڑو جو اکثر پہاڑ پر ہوتا ہے - خُوبانی - چیلو +

[1] زرباف سے زربفت تک غلط لکھ نہیں سمجھنا چاہئے -

زرد چوب - ف - اسم مؤنث - ہلدی - زرد چوبہ +

زرد روئی - ف - اسم مؤنث - شرمندگی - خجالت - شرمساری

زردشت یا - زرتُشت - ف - اسم مذکر - آتش پرستوں کا پیغمبر (منوچہر کی نسل سے ایک شخص ہوا ہے جو فیثاغورث کا شاگرد تھا اسنے گشتاسپ کے زمانہ میں نبوت کا دعویٰ کرکے آتش پرستی کو جاری کیا بعض لوگوں کے نزدیک اسنے مجوسیوں کے مذہب کو ترقی دی جنہوں نے اسے پیغمبر مانکر ابراہیم کے نام سے ملقب کیا اور کتاب ژند جو اُسنے بنائی تھی اُسے آسمانی کتاب ماننے لگے - اسکے مذہب کا اصول تھا کہ خدا تعالیٰ کی رضا اپنی بڑائی کرنے سے ہوتی ہے - سب سے بہتر چیز دُنیا میں اپنے ابنائے جنس کی بھلائی چاہنی ہے - اسکی وجہ تسمیہ یہ ہے کہ زر یعنی روپیہ پیسا + دُشت یعنی بُرا - زبون - چونکہ وُہ روپے پیسے کے جمع کرنے کو بُرا جانتا اور آزاد فقیروں کی مانند رہتا تھا اسلیئے اس لقب سے ملقب ہوا - اسکا مذہب یہ ہے کہ آتش اور آفتاب میں نُور قاہرہ یزدانی خاصکر ہے اسلیئے انکی تعظیم یعنی عبادت) گویا خدا کی عبادت ہے اور اس نُور کو خدا سے زیادہ خصوصیت ہے - اہل اسلام اور اہل کتاب کے مقابلہ میں یہ دلیل لاتے ہیں کہ موسیٰ علیہ السلام کو وادیِ ایمن میں درخت پر جو آگ دکھائی دی یا کوہ طور پر تجلی ہوئی جس سے پہاڑ ریزہ ریزہ اور موسیٰ علیہ السلام بیہوش ہوگئے وُہ یہی نُور قاہرہ تھا) +

زردک - ف - اسم مذکر - گاجر - گزر +

زردہ - ف - اسم مذکر (۱) زرد رنگ کا گھوڑا (۲) پت صفرا (۳) انڈے کی زردی (۴ - ۱) میٹھے زرد رنگ کے چاول - پلاؤ کا نقیض + مزعفر (۵ - ۱) پان کے ساتھ کھانے کا تمباکو (۶ - ۱) زرد کوڑی +

زردہ کھانا - ۱ - فعل متعدی - تمباکو کھانا +

زردی - ف - اسم مؤنث (۱) پیلا رنگ - صُفرۃ پیلاہٹ (۲ - ۱) انڈے کی زردی (۳ - ۱) یرقان کنول بائے - پانڈو روگ (۴ - ۱) اشرفی (۵ - ۱) پھول کے اندر کا زیرہ

زردی چھانا - ۱ - فعل لازم - زردی کا طاری ہونا - پیلا ہونا - زردی پھیل جانا جیسے تمام چہرے پہ زردی چھا گئی + زردی کھنڈنا +

زردی کھنڈنا - ۱ - فعل لازم - دیکھو (زردی چھانا) +

زِرغَل - ۱ - صفت - خراب - ناکارہ - نکما - نکمی چیز +

زرق برق یا - زَرق و بَرق - ف + ع - صفت (۱) ٹیپ ٹاپ - شان و شوکت - طمطراق - کروفر (۲) بھڑکیلا چمکیلا - بھڑک دار - مکلف - آراستہ پیراستہ - چمک دمک کا مجلا آب و تاب کا (زرق اصل میں زرک تھا جسے زرورق کہتے میں اور وُہ ایک قسم کی سنہری افشاں ہے جو فارسی کے ساتوں سنگاروں میں سے ایک سنگار خیال کیا جاتا ہے - وہانکی عورتیں چہرہ چمکانے کے واسطے اسے پوڈر کی طرح لگایا کرتی ہیں - غازہ - غالیہ - وسمہ سب اسمیں داخل ہے) + (زرک سونے کے ورق کا مادہ) +

زرق برق ہوکر آنا - ۱ - فعل لازم - بن سنور کر آنا - فوق البھڑک بنکر آنا - آراستہ پیراستہ ہوکر آنا +

زرگری - ف - اسم مؤنث (۱) سُنار کا کام - سُنار کا پیشہ (۲) وُہ ساختہ زبان جو چند آدمی آپسمیں مقرر کرلیں + (ایک خاص بنائی ہوئی زبان کا نام جسمیں ہر حرف پر ایک حرف رائے مہملہ اور دُوسرا رائے معجمہ زیادہ کرکے الفاظ متعارفہ کو تلفظ میں لایا کرتے تھے مگر آجکل جو زرگری آپسمیں بولی جاتی ہے اُسکا یہ قاعدہ ہے کہ حروف تہجی کے دو دو حرفوں کے درمیان زائے معجمہ زیادہ کرتے جاتے ہیں مثلاً کوئی یُوں کہے کہ آج میرا جی یُوں چاہتا ہے تو اسکی زرگری ہوگی کہ ازاج میزیرزا جزی یُزوں چزاہتزا ہزے +

زرگری جنگ - ۱ - اسم مؤنث - جنگ زرگری بناوٹ کی لڑائی - مصلحتاً جھوٹ موٹ کی لڑائی

(جرأت) لڑتے ہے مصلحتاً غیر سے بُت پُرفن
مزاج نام خُدا جنگ زرگری پہ ہے

زرہ - ف - اسم مؤنث - جلتہ - جوشن - بکتر لڑائی کی ایک پوشاک کا نام ہے جو لوہے کی کڑیوں سے بنی ہوئی ہوتی ہے (اسیر سا ڈر گیا اس درجہ تیغ ابروے خدار سے + آئینہ پہنے ہے جوہر سے زرہ فولاد کی) +

زرہ پوش - ف - اسم مذکر - جلتہ پوش - وہ شخص جو زرہ بکتر پہنے ہوئے ہو +

زری - ف - اسم مؤنث - سنہری تار سونے کے تار - چاندی کے تار جنپر سونے کا ملمع ہو - کلابتو کا بُنا ہوا کپڑا - بادلہ - تاش - تمامی - گوٹا - کناری وغیرہ +

زری کوٹنے والا - ا - اسم مذکر - صحیح (زری کہنہ خریدنے والا) وہ صراف جو پرانا مستعمل گوٹا کناری خریدکر لیجاتا اور اسے جلاکر چاندی اور سونا علیحدہ علیحدہ نیاریوں سے کراتا ہے +

زریں - ف - صفت - سونے کا - سنہرا - سنہری جیسے جام زریں - کلاہ زریں وغیرہ +

زرٹ - ا - اسم مؤنث - یاوہ - ژاژخائی - بکواس - بکواد بڑ - بیفائدہ طول کلامی +

زرٹ مارنا - یا - ہانکنا - ا - فعل متعدی - بکواس کرنا - بڑ لگانا - یاوہ گوئی کرنا - ژاژخائی کرنا - بیہودہ اور بیفائدہ بکے چلاجانا

زرٹی - ہ - اسم مذکر - بکواسی - بکوادی - یاوہ گو - بیہودہ گو

زعفران - ہ - اسم مؤنث - کیسر (ا) ایک قسم کا نہایت خوشبودار زرد رنگ کا پھول جسکے کھیت کی نسبت لوگوں کا یہ خیال ہے کہ اسمیں جاکر آدمی ہنسے بغیر نہیں رہتا چونکہ اسکی خوشبو نہایت مست اور مزاج دوم درجہ میں گرم اول میں خشک ہے اس سبب سے دماغ کو پریشان کردیتا ہو تو عجب نہیں پس اس صورت میں جو حرکتیں سرزد ہوتی ہیں اُنسے یہ نتیجہ نکال لیا ہوگا (آتش) زردی نے مری رنگ کی مجکو لا دیا ہنسوائے جو کسیکو یہ وہ زعفران نہیں) +

زعفران کا کھیت - ا - اسم مذکر (ا) کشت زعفران کیسر کی کیاری (۲) ہنسانے کا مقام - ایسی جگہ جہاں خود بخود ہنسی آئے +

زعفرانی - ع - صفت - زعفران کے رنگ کا کیسری - پیلا - زرد

زعم - ع - اسم مذکر (بہ ہر سہ حرکت حرف اول مگر افصح بضم و بفتح اول) (ا) ظن - گمان - خیال ۔ (ممنون)

توسن ناز کو یوں رخصت جولاں کب تک
کیا ترے زعم میں باقی ہے مری خاک ہنوز

زغند - ف - اسم مؤنث - جست - کُلانچ - پھلانگ + چوکڑی - کرچھال - کود پھاند +

زفاف - ع - اسم مؤنث (ا) مکلاوا - گونا - دولہن کی اپنے دولہا کے گھر روانگی (۲ - ا) ہم بستری + سہاگ رات تخت کی لات (ایسے موقع پر شب زفاف زیادہ بولتے ہیں) +

زفیل - ا - اسم مؤنث (صحیح عربی زفیر) سیٹی - صفیر (اور کا دم کھینچکر منہ سے زور کے ساتھ آواز نکالنے کو عربی میں زفیر کہتے ہیں مگر اردو میں اُس آواز کو کہتے ہیں جو کبوتر باز کبوتروں کے بلانے کے واسطے دو انگلیاں منہ میں رکھکر زور سے نکالتے ہیں) +

زفیل دینا - ا - فعل متعدی - سیٹی بجاکر بلانا - سیٹی دینا +

زفیلنا - ا - فعل متعدی (لکھنؤ) سیٹی بجانا - سیٹی دینا

زک - ا - اسم مؤنث (ا) سبکی - خفت - ذلت - شرمندگی (۲) ہار - ہزیمت - شکست (۳) نقصان - ٹوٹا - خسارہ +

زک اٹھانا - ا - فعل متعدی - خفت اٹھانا - شرمندگی اٹھانا - ہارنا - ملزم ہونا - نقصان اٹھانا +

زک پانا - ا - فعل متعدی - دیکھو زک اٹھانا (امیر) ذرا صدا بھی اب لکو لگاؤ پھلی سوچ سمجھ کر + دوچار جگہ پہلے جو زک پاکر ہو تو تیا

زک دینا - ا - فعل متعدی - ہرانا - شکست دینا - شرمندہ کرنا - ذلیل و رسوا کرنا - ذلت دینا - خفیف کرنا - شیخی کرکری کرنا

(عارف) صدقے کا ابھی تو ہنستے ہیں مرے رونے پہ اب ایدل
یہ آنسو چشم سے میری مجھے دینے کو زک نکلے

ذک کھانا - ا - فعل متعدی - خفت اٹھانا - ذلیل ہونا
مات کھانا - شرمندگی اٹھانا - شکست کھانا (امین)
چمن میں اُسکی لچک نے یہ کل لچک کھائی
کہ شاخ گل نے سرِ سبزی سے زک کھائی ۔

زُکام - ع - اسم مذکر - ریزش - سرما زدگی - سردی - نزلہ
وہ سردی کی بیماری جسمیں ناک بہے (اخلاق)
جو درد سر ترا صندل سے کم ہوا جاناں
تو سرد مہری سے افزوں مرا زکام ہوا

زکام بگڑنا - ا - فعل لازم - نزلہ کے پانی کا سڑ جانا یا ناک
و دماغ وغیرہ میں جم جانا - ریزش بند ہو کر دوسرا مرض
کھڑا ہو جانا ۔

زُکام ہونا - ا - فعل لازم - ناک سے پانی بہنا - سردی ہونا

زکاوت - ع - اسم مؤنث - دیکھو (ذکاوت) جن لوگوں
نے اسکا املا ز سے قرار دیا ہے انکو سہو ہوا ہے کیونکہ
اُسکے اور اسکے معنوں میں کوسوں کا بل ہے) ۔

زکوٰۃ - ع - اسم مؤنث (مال کا) چالیسواں حصہ جو سال بھر
کے بعد راہ خدا میں دیا جائے - کم سے کم ساڑھے باون روپے تک نقد
واجب ہے یعنی اسقدر قیمت کا زیور ہو خواہ نقد ہو اگر وہ سال بھر تک
رہے اور اسقدر قرضہ بھی نہ ہو جسمیں یہ ساڑھے باون روپے یا انکا
کوئی حصہ اُسمیں مستغرق ہو جائے تو شیرا اہل اسلام کی شرع کے بموجب
یہ حصہ نکالنا فرض ہے ۔

زکی - ع - صفت - دیکھو (ذکی) اس لفظ کے املا میں بھی یہی
غلطی ہے جو زکاوت میں ہے کیونکہ زکی کے معنی صاف ہیں اور یہ بہت شدید
تفاوت ہے اور دوسرے ذکی کے معنی تیزی طبع تیز ذہن کے ہیں)

زلال - ع - اسم مذکر - صاف اور شیریں پانی - نتھرا ہوا
پانی (اس لفظ کی تحقیق [illegible] دہلی میں دیکھو یہاں
آب زلال میں ساری کیفیت لکھدی ہے)

زلزلہ - ع - اسم مذکر (۱) لرزہ - جنبش - ہلن ڈولن
(شہیدی) عجم میں زلزلہ نوشیرواں کے قصر میں آیا
عرب میں شور اٹھا جسوقت اُسکی آمد کا
(۲) بھونچال - امن چین - بھوڈول (۳) ہلچل - تہلکہ - کھلبلی ۔

زلزلہ پڑ جانا - ا - فعل لازم - تہلکہ مچ جانا - ہل چل پڑ جانا
کھلبلی پڑ جانا ۔

زُلف - ع - اسم مؤنث - (۱) عربی میں اسکے معنی رات کا
اول حصہ یا پارہ از شب آئے ہیں ۔ (۲) فارسی والے اُن بالوں سے
مراد لیتے ہیں جو کنپٹی کے آگے خوبصورتی کے واسطے حلقہ کی طرح
موڑ لیتے ہیں - بالوں کی لٹ - کاکل - گیسو - کُلا - الکن (آتش)
آئینے نے رخ انور پہ اجالا باندھا ۔ شانہ کے حصے میں زلف پریشاں آئی

زُلفی - ا - اسم مؤنث - (صحیح - عربی زلفین) زنجیر - کُنڈی
کواڑ کی سنکل ۔

زُلفیاں - ا - اسم مؤنث - زنجیریں ۔

زَلّہ - ع - اسم مذکر - وہ کھانا جو کسی شخص کے واسطے اُٹھا
رکھیں ۔ پس خوردہ - آگے کا بچا ہوا کھانا - جھوٹ - (آتش)
نیز وہ کھانے جو کبھی لے آیا کھلے کہیں سے پڑا پڑایا اٹھا لیں ۔

زلہ ربا - ع + ف - اسم مذکر - مراداً خوشہ چین ۔

زلہ ربائی - ع + ف - اسم مؤنث - مراداً خوشہ چینی ۔

زُلیخا - ع - اسم مؤنث - (ماخوذ از زلخا) ایسی خوبصورت
عورت جسے دیکھ کر لوگ پھسلیں - عزیز مصر کی بیوی جو حضرت
یوسف علیہ السلام پر عاشق ہوئی تھی اور اُسکے اصرار سے [illegible]
نام بادشاہ مصر نے حضرت یوسف کو خرید لیا تھا (محسن)
جاہ چس یوسف کی محسن کو ہوا ۔ زلیخا یار جانی اور ہے

زمانہ - ف - اسم مذکر (۱) حرکت فلکی کی مقدار ۔ وقت ۔ سماں
کال - عصر - بیلا - ہنگام - آن ۔ دہر (۲) عرصہ - مدت - [illegible]
میعاد (۳) رُت - موسم - فصل - [illegible] (۴) عہد - راج - حکومت

(۵) جُگ - قرن (۶) دَور - گردِش (۷) دُنیا - گیتی - عالم - دہر - سنسار ؎ یارب زمانہ ہمکو مِٹاتا ہے کِس لیے

لوحِ جہاں پہ حرفِ مُکرّر نہیں ہیں ہم ٭

(۸) دُنیا کے لوگ - جگت - جگ - خلائق - مخلوق - پرتھوی - تری جیسے زمانہ دُشمن ہوگیا ٭ (راسیخ)

دیکھا ہمیشہ مورو مگس کو شکر کے گرد

دَولت ہے جِسکے پاس اُسی کا زمانہ ہے

(یہ لفظ اصل میں عربی کے زمن سے اہلِ فارس نے اپنے ڈھنگ پر زمانہ بنا لیا ہے) ٭

زمانہ بھر - ا - تابع فعل - تمام دُنیا ٭

زمانہ پھر جانا - ا - فعل لازم (۱) لوگوں کا کسیکے خلاف ہو جانا اُسکا دُشمن ہو جانا - مخلوق کا اپنے سے برگشتہ اور برسرِ فساد ہو جانا

(نواب محمد سیف الدین خان صاحب طالب) } اپنے بیگانے ہوئے سب لطف ساقی دیکھکر

پھر گیا ہم سے زمانہ گردشِ ساغر کے ساتھ

(۲) زمانہ اُلٹ جانا - زمانہ بدل جانا ٭

زمانہ دیکھنا - و - فعل متعدی (۱) دُنیا کو دیکھ ڈالنا - دُنیا میں پھر لینا (۲) تجربہ حاصل کرنا - لوگوں کی آنکھیں دیکھنا

زمانہ ساز - ف - صفت - گوں کا یار - مطلب کا یار - خود غرض - دو بھیا - ظاہر داری برتنے والا - ابن الدنیا ابن الوقت - ہَوا کے رُخ پر رہنے والا ٭

زمانہ موافق ہونا - و - طالع کا یاور ہونا - اقبال کا سارگار ہونا

زمانہ سازی - ف - اسم مؤنث - خوشامد - ظاہر داری - جیسا دیکھنا ویسا برتنا - دُنیا داری - بناوٹ - مکّاری ٭

زمانہ سازی کرنا - و - فعل متعدی - ظاہر داری برتنا - دُنیا داری کا برتاؤ کرنا - خوشامد کرنا - مکّاری اور بناوٹ کی باتیں کرنا - جیسا دیکھنا ویسا برتنا ٭

زمانہ کا لہو سفید ہونا - و - فعل لازم - دُنیا کی محبت کا جاتا رہنا - آپس میں محبت نہ رہنا ٭

زمانہ کے موافق - ا - تابع فعل - جیسا وقت ویسا رُوپ جیسے لوگ ویسا برتاؤ ٭

زُمُرُّد - ع - اسم مذکر (۱) ایک سبز رنگ کے قیمتی پتھر کا نام - زبرجد - سبزہ - پنّا ٭ (آتش)

رشک کے مارے زُمرّد خاک میں مِلجائیگا

سبزے پر اُس گوش کے فیروزہ پھیکا ہوجائیگا ٭

(۲) خواجہ سراؤں وغیرہ کا نام بھی زمرّد ہوتا ہے ٭

زُمُرُّدیں - ف - صفت سبز - ہرا ٭

زُمْرَہ - ع - اسم مذکر (۱) گروہ - جتھا - ٹولی - منڈلی - جماعت (۲ - و) سنگت - ساتھ - ہمراہی (۳ - و) بھیڑ - فوج ٭

زَمْزَم - ع - اسم مذکر - بی بی ہاجرہ کا کنواں - کعبے کے ایک کنوے کا نام (اسکی وجہ تسمیہ ارمغان دہلی حصہ اوّل میں آبِ زمزم کے مقام پر لکھی گئی ہے) ٭

زَمْزَمَہ - ف - اسم مذکر - ترنم - وہ گیت جو ٹھا ہیں گاتی جاتی ہیں نغمہ - ترانہ - گیت ٭ وہ الفاظ جو آتش پرست آگ پوجتے وقت سُریلی آواز سے کہتے جاتے ہیں ٭

زَمْزَمی - ع - اسم مؤنث - آبِ زمزم رکھنے کا ظرف ٭

زَمِسْتان - ف - اسم مذکر - موسم سرما - جاڑا - سردی

زَمْہَرِیر - ع - اسم مذکر (۱) سخت جاڑا - نہایت سردی (۲) کُرہ ہوا کا وہ طبقہ جو نہایت سرد ہے (یہ طبقہ کرہ ہوا کے وسط میں واقع ہے اور کرہ ہوا کُرہ نار کے نیچے کُرہ ارض کے اوپر ہے اہلِ اسلام کا عقیدہ ہے کہ کافروں کو اُسمیں عذاب دیا جائیگا - علمِ حکمت میں لکھا ہے کہ جب سمندری بُخارات تصاعد کرکے کُرہ زمہریر تک پہنچتے ہیں تو وہاں جاکر منجمد ہوجاتے ہیں اور اُنکا ابر بنکر نمودار ہوتا اور برستا ہے - یہ لفظ زم بمعنی سرما ے شدید اور ہریر بمعنی کنندہ سے مرکّب ہے یعنی نہایت سرد کردینے والا طبقہ) ٭

زمین - ف - اسم مؤنث (۱) ارض - بھوم - بھومی - دھرتی
وہ خاکی کرہ جس پر ہم لوگ بستے ہیں + (مومن)
جنوں میں بھلا کوئی کیا خاک اڑائیے
کہ اک جوش ہی میں زمیں ہو چکے +
(۲) غزل کی ردیف قافیہ اور وزن (اسیر)
گلشن کسی نے مول لیا ہے کسی نے گھر
ہمنے زمین شعر جہاں میں خرید لی
زمین شعر ہے باہر جہاں سے معروف
(معروف) کہ اس زمیں پہ جو دیکھا تو آسمان نہیں
رکیا سر جھکا رہے ہو میر اس غزل کو سنکر
(امیر) بارے نظر کرو ٹک لئے مہرباں زمیں پر
(۳-۱) دنیا - جہان - عالم - سنسار - سرزمین - مرتولوک
+ تختہ - خطہ - سطح زمین - ولایت - ملک - دیس (۴-۱)
خاک - مٹی - دھول - گرد (۵-۱) بنیاد - جڑ - نیو -
ہر ایک عطر کا مادہ جیسے صندل کی زمین ہر ایک عطر میں
دی جاتی ہے (۶-۱) تہ - طبقہ + تلا - نیچے کا حصہ
نیچے کا رنگ - کاغذ یا کپڑے کی اصل سطح یا اصلی رنگ
سه خط سے تماش عارض جاناں پہ ہے بہار
اس چھینٹ کے نقوش میں سبز اور زمین سرخ
(۷) عورت - اولاد کی والدہ جیسے تخم تو اچھا ہے مگر زمین بری ہے +
زمین اٹھنا - ا - فعل لازم - زمین کا جھٹکے پر جانا + زمین
کا بویا جوتا جانا - زمین میں کاشتکاری اور زراعت ہونا - زمین
کا کمایا جانا - زمین کا سرسبز ہونا + (آتش)
آسماں سے کسے امید ہے سرسبزی کی
ہوں وہ افتادہ زمیں جو نہ اٹھے دہقاں سے
زمین آسمان ایک کر دینا - ا - فعل متعدی -
کسی چیز یا کسی شخص کی تلاش میں کوئی جگہ باقی نہ چھوڑنا

چھان مارنا - ڈھونڈ مارنا +
زمین آسمان کا فرق - ا - اسم مذکر - نہایت فرق اور
بہت بڑا تفاوت - اختلاف عظیم + (جرأت)
ہے زمین اور آسمان کا یار ذرہ میں اور آفتاب میں فرق
(امیر) خوبی کو اسکے چہرے کی کیا پہنچے آفتاب +
ہے اسمیں اسمیں فرق زمیں آسمان کا +
زمین آسمان کے قلابے ملانا - ا - فعل متعدی
(۱) نہایت مبالغہ کرنا - جھوٹی سچی باتیں ملانا - عیاری دکھانا
توڑ جوڑ ملانا - بہت باتیں بنانا - نہایت جھوٹ بولنا +
قلابے آسمان و زمیں کے ملانہ تو
(ذوق) اس مہروش کے ملنے کی ناصح بتا صلاح
(۲) ڈینگ ہانکنا - شیخی بگھارنا - تعلی کی لینا - دون
ہانکنا - لاف زنی کرنا + (ظفر)
بس زمین و آسماں کے تو نہ قلابے ملا
ہمنشیں ہے سخت مشکل ماہ پاروں کا ملاپ
زمیں بلند ہونا - ا - فعل لازم (عروض) غزل کی
بحر کا سخت اور دشوار ہونا - سنگلاخ زمین ہونا (مظہر)
پسند میں وہی اشعار ہمکو اے مظہر
کہ ہے بلند زمیں جنکی آسماں کی طرح
زمین بوس ہونا - ا - فعل لازم - زمین چومنا - آستانہ بوسی
کرنا + حاضر خدمت ہونا - ملازمت میں حاضر ہو کر
آداب بجالانا +
زمیں بیٹھنا - ا - فعل لازم - زمین دھنسنا - زمین کا
نیچے دب جانا سه دوش احباب ہی پر کچھ نہ فقط بار نہ تھی
لاش رکھی گئی میری تو زمیں بیٹھ گئی
زمین پاؤں کو لگنا - ا - فعل لازم - کسی رستہ کا
مشتاق ہونا - کسی زمین پر چلنے کی عادت پڑنا جیسے

یہاں کی زمین ابھی پاؤں کو نہیں لگی اس سے دیر میں جاتا ہے

زمین پر پانی پھرنا - ا - فعل لازم - زمین کا غرقاب ہونا - زمین کا ڈوب جانا - غرقی میں آجانا + (جلیل)

کبھو جو آنکھ سے چلتے ہیں آنسو
تو پھر جاتا ہے پانی سب زمیں پر

زمین پر پاؤں نہ رکھنا - ا - فعل متعدی - نہایت اترانا - نہایت نازاں ہونا - کسی چیز کو خاطر میں نہ لانا - زمین کو اپنا قدم رکھنے کے قابل نہ جاننا - بن پروں اڑنا - ڈھک کر چلنا - ازحد متکبر ہونا + (آتش)

اب پاؤں رکھ کے وہ نہیں چلتے زمین پر
ایک اک کڑے کے ساتھ ہیں دو دو چھڑے ہوئے

زمین پر چڑھنا - یا - زمین چڑھنا - ا - فعل لازم - تیز رفتاری کا مشاق ہونا - گھوڑے کا روز بروز تگ و تاز میں زور پکڑنا + (۱۸ عالم)

زمیں ہے اسپ تازہ او تازہ مشق ہیں
اے چرخ ابھی زمین پہ گھوڑے چڑھے نہیں

زمین پر سے پڑا پانا - ا - فعل متعدی - بلا محنت حاصل ہونا - مفت ملجانا - ناگاہ و بلا توقع ہاتھ لگجانا - رستہ چلتے ملجانا - یونہیں ہاتھ لگجانا - کسی چیز کے بلا محنت ملجانے سے خوش ہونا

قطعۂ میرزا جان طپش
خاک پر کل جو نقش پا کی طرح
اُسنے میرے تئیں ذرا پایا
خوش ہوا اتنا دیکھکر گویا + کچھ زمیں پر سے ہے پڑا پایا

زمین پر گڑجانا - ا - فعل لازم (زمیں میں گڑجانا بھی بولتے ہیں) شرم کے مارے زمین میں سماجانا - نہایت خجل اور شرمندہ ہونا - اسقدر شرمانا کہ منہ دکھانے کو جی نہ چاہنا

کیوں شرم سے گڑ جائے نہ شمشاد زمیں پر
(ظفر) گلشن میں وہ سرو سمن اندام ہے آتا

زمین پر قدم نہ رکھنا - ا - فعل متعدی (دیکھو زمین پر پاؤں رکھنا) آشفتگی آبلہ پائی سے یہ رتبہ ہوا حاصل کہ بس
ہم زمیں کیا آسمان پر بھی قدم رکھتے نہیں +
(اسیر) کس توقع پہ زیر خاک گڑیں + وہ زمیں پر قدم نہیں رکھتے

زمین پکڑنا - ا - فعل متعدی (۱) جمکر بیٹھنا - ہتیا دیکر بیٹھنا - جم جانا - جم ہو کر بیٹھ جانا - کسی جگہ سے نہ ٹلنا - زمین سے چپک جانا - مستقل ہو کر بیٹھنا + جم ہو جانا + (نوا)

اٹھانے کو کسی نے پھر نہ میری آستیں پکڑی
برنگ نقش پا اس در پہ جب میں نے زمیں پکڑی

اٹھو زمیں یہ پکڑی ہے محشر ہی کیوں نہ ہو
(تمکین) جنبش کرینگے انکی نہ در آستاں سے ہم

(۲) کسی جگہ رہنے پر اصرار کرنا - مچل جانا + (الضیاء)

اٹھاؤں خاک تجھے طفل اشک آنکھوں سے
کہ تو نے دیدہ و دانستہ اب زمیں پکڑی

زمین دکھانا یا دکھلانا - ا - فعل متعدی (۱) پٹکنا - گرا دینا - دے مارنا - پھینکدینا + (اسیر)

کیا عجب مجکو جو اسپ عمر دکھلائے زمین
یہ بہت منہ زور ہے میں شہ سواروں میں نہیں

(۲) نیچا دکھانا - خفیف کرنا + پچھاڑنا +

زمین پھٹ جائے اور میں سما جاؤں - ا - کہاوت - نہایت شرمندگی اور زندگی سے بیزار ہو جانیکے موقع پر بولتے ہیں یعنی جیتے جی مرجانے کو جی چاہتا ہے +

زمیں دوز - ف - صفت (۱) زمین کے برابر - وہ کنوا جسکی منڈیریں نہوں (۲) زمین میں دھنسا ہوا - تحت الارض - زمین میں چھپا ہوا جیسے زمیں دوز قلعہ وغیرہ (۳) وہ خیمہ جسکے چاروں طرف کا کپڑا زمین میں ہوا کے بچاؤ کے واسطے دبا دیا کرتے ہیں +

زمین دیکھنا - ا - فعل متعدی (۱) قے کرنا - رد کرنا - الٹی چلا آنا - ہوش پراگندہ ہو جانا (۲) دیکھو پاؤں تلے کی زمین سرکا

کرنا - استفراغ کرنا - ڈالنا - اوکنا + (ناسخ)

کثیف چاند ہے دیکھو نہ آسماں کی طرف
مجھے یہ ڈر ہے مبادا کہیں زمیں دیکھو +

(۲) نیچا دیکھنا - غرور ڈھینا - شرمندگی اٹھانا - ذلیل ہونا

اسیر ایسی اگر ہے ابلقِ ایام کی شوخی (اسیر)
زمیں دیکھیں گے وہ دعوےٰ ہے جنکو شہسواری کا

زمین سخت آسمان دور ہے - ا - کہاوت - یعنی جان سے تو تنگ مرنے کو آمادہ ہوں مگر نہ دفعۃً زمین میں گڑ سکتا ہوں اور نہ دوری کے باعث آسمان تک پہنچ سکتا ہوں کہ اپنے کو ان لوگوں سے چھپا دوں + (امیر)

کرے کیا کوئی ابھی تو مجبور ہے + زمیں سخت ہے آسماں دور ہے

جدائی تری کسکو منظور ہے (میر حسن)
زمیں سخت ہے آسماں دور ہے

زمین سے پڑا پانا - ا - فعل متعدی - دیکھو زمین پر سے پڑا پانا +

زمین سے پیٹھ نہ لگنا - ا - فعل لازم مضطرب رہنا بیقرار رہنا - چین نہ پانا - لوٹنا - تڑپنا (ذوق)

لگی بھی گر زمیں سے پیٹھ تیرے تفتہ جانوں کی
تو مثلِ برق اٹھ بھاگیں گے پھر وہ بیقراری سے

زمینِ غیر مزروعہ - ف + ع - اسم مؤنث - ممکن الزراعت بنجر - پڑتی - زمینِ افتادہ - وہ زمین جو زراعت نہ کیجائے +

زمین کا پاؤں تلے سے سرک جانا - ا - فعل لازم (۱) کسی حادثہ یا صدمہ کی دفعۃً خبر سنکر آپے میں نہ رہنا - لرزہ آنا - کانپنا - تھرانا - تھرتھری چھوٹنا + حواس کا ٹھکانے نہ رہنا - بیحواسی کے باعث پاؤں کا ڈگمگا جانا

جانی - ہے (صفحہ ۳۲۲ کالم اوّل) +

(اس محاورہ کے معنی لکھنے میں اوّل تو صاحب [illegible] نے ایک شعر کے سبب جو شاعر نے صرف ایک بات نکالنے کی غرض سے دوسری طرح ادا کیا ہے دھوکا کھایا ہے اسکے بعد مخزن المحاورات کے مصنف صاحب نے جنکو محاورات سے بالکل مس نہیں تھا اُٹھا کر بلا تحقیق اس کی نقل کر دی چنانچہ ہم اُس شعر کو اس موقع پر نقل کرتے ہیں (شعر) میدانِ عشق میں نہ کوئی ساتھ دے سکا + طبقہ زمیں کا پاؤں تلے سے سرک گیا)

زمین کا پیوند ہو - زمین کا پیوند ہو - مر جائے - ناپید ہو جائے - زمین میں گڑ جائے (معروف)

ہو شے آگے مری آستیں کا پیوند + یہ طفلِ اشک ہے یارب زمیں کا پیوند

(جان) کس دور میں اٹھایا مجھ سینہ سوختہ کو + پیوندِ زمیں کا جیسا آیا آسماں سے

(قطعہ رنگین) بات دن میں یہی کہتی ہوں کہ یاں
جسنے رنگیں کا کیا آنا بند
پانی پی پی کے یہ کوسونگی اُسے + ہووے یارب وہ زمیں کا پیوند

زمین کا پیوند ہونا - ا - فعل لازم (۱) خاک میں ملجانا - نیست و نابود و معدوم ہو جانا - ناپید ہونا (ذوق)

ہوتا جو نہ پیوندِ زمیں تیری گلی میں + آسودہ نہاں زیرِ زمیں وہی چکا تھا

(۲) مر جانا - فنا ہونا - انتقال کرنا - زمین میں دبنا - دفن ہونا - گڑنا - خاک میں ملجانا (امیر)

کہیں پیوند ہوں یارب زمیں کے
پھرینگے اُس سے یوں کب تک مدام

(جرأت) قیس و فرہاد کا سُن ذکر عم آیا جرأت
لوگ پیوندِ زمیں ہوگئے ایسے ایسے

زمین کا گز - و - صفت (ہ - ز - مؤنث) - جہاں گرد - جہاں پیما - ہمیشہ سفر اور سیاحت میں رہنے والا - بھٹیارا

زمین کا گز بنا - یا - ہو جانا - ا - فعل لازم - جہاں

رہ نوردی ۔ سیاحی ۔ جہاں گردی کرنا ۔ دُنیا جہان کو چھان مارنا (اسیر) نائی جبینوں نے تری راہِ محبت
[illegible] ہے غیرت شمشاد زمیں کا +

[illegible] ہے قماش غرورِ لیلیٰ کہ اپنے خیمے سے بھی نہ نکلی
دشتِ وحشت میں [illegible] کہ نکلیا قیس گز زمیں کا

زمین کھا گئی کہ آسمان ۔ ا ۔ محاورہ ۔ جب کوئی چیز [illegible] غائب ہو جاتی ہے تو اُسکی نسبت کہتے ہیں

[illegible] آسمان کی کرنا ۔ ا ۔ فعل متعدی [illegible] سوال و دیگر جواب ۔ دیگر (وزیر)
[illegible]
[illegible] +

زمین [illegible] ۔ [illegible] ۔ اسم مؤنث ۔ [illegible] ہوئی ز[illegible]
[illegible]

زمین [illegible] ۔ ا ۔ فعل لازم (۱) زمین میں دھنسنا [illegible] ۔ زمین میں گڑنا + زمین میں غذب ہونا (۲) شرم یا غیرت کے مارے زمین میں گڑ جانے کی آرزو کرنا +

زمین میں گاڑنا ۔ ا ۔ فعل متعدی ۔ زمین کے اندر دبانا ۔ دفن کرنا ۔ دفنانا (۳) سزائے سخت دینا ۔ مار ڈالنے کی دھمکی دینا ۔ تہدید موت کرنا +

زمین میں گڑ جانا ۔ ا ۔ فعل لازم (۱) زمین میں دھس جانا ۔ دھرتی میں سما جانا (۲ ۔ ا) نہایت شرمندہ ہونا ۔ شرم کے مارے پانی پانی ہو جانا + (جرأت)

بعد مرگ اعمال سے اپنے جو کھینچا انفعال
آخر اس شرمندگی سے ہم زمیں میں گڑ گئے

(یقین) قامتِ رعنا سے تیرے بسکہ شرماتا ہے سرو
دیکھکر تجکو زمین کے بیچ گڑ جاتا ہے سرو

زمیندار ۔ ف ۔ اسم مذکر ۔ (۱) کسان ۔ دہقان + کھیتی باڑی کرنے والا ۔ ہل جوتا ۔ سالی ۔ مالی (۲ ۔ ا) ٹھاکر ۔ جاگیردار ۔ مالک اراضی ۔ مرزبان ۔ دھرتی پت

زمیندارا ۔ ا ۔ اسم مذکر ۔ دیہات ۔ مالکانہ حق زمینداری

زمیندارنی ۔ ا ۔ اسم مؤنث ۔ زمیندار کی عورت ۔ سائن

زمینداری ۔ ا ۔ اسم مؤنث (۱) کسان پن (۲) جاگیرداری ۔ پٹی داری (۳) میراث التمغہ +

زن ۔ ف ۔ اسم مؤنث ۔ عورت ۔ استری ۔ تریا + جورو بیوی ۔ زوجہ + اہلیہ ۔ حلیلہ +

زن مرید ۔ ف + ع ۔ صفت ۔ جورو کا مزدور ۔ جورو کا غلام ۔ عورت کے کہنے پر چلنے اور اُسکے حکم کو ماننے والا

زن مدخولہ ۔ ف + ع ۔ اسم مؤنث ۔ گھر میں ڈالی ہوئی عورت ۔ وہ عورت جسے ماں باپ نے بیاہ کر نہ دیا ہو اور اور خود کسی سبب سے اُس سے نکاح کر لیا ہو + حرم ۔ سُرّیت ۔ نکاحی +

زن منکوحہ ۔ ف + ع ۔ اسم مؤنث (۱) نکاحی بیوی ۔ وہ عورت جسکے ساتھ نکاح ہوا ہو ۔ کری ہوئی ۔ کی ہوئی عورت (۲) بیاہتا ۔ بیاہی + منکوح +

زنا ۔ ع ۔ اسم مذکر ۔ حرام ۔ چھنالا ۔ بدکاری ۔ جاری ۔ کسی کی جورو یا مملوکہ یا غیر عورت سے صحبت کرنا +

زنا بالجبر ۔ ع ۔ اسم مذکر ۔ زبردستی حرام کرنا ۔ کسی عورت سے اُسکی مرضی بغیر حرکت ناشائستہ کرنا +

زناکار ۔ ع + ف ۔ صفت ۔ حرام کار ۔ زانی ۔ بدکار ۔ فاجر

زناکاری ۔ ع + ف ۔ اسم مؤنث ۔ حرام کاری ۔ زنا ۔ بدکاری ۔ فسق و فجور +

زناٹا ۔ ہ ۔ اسم مذکر ۔ کسی چیز کے زور سے ہوا چیرتے ہوے جانیکی آواز ۔ سنناہٹ ۔ بھنبھناہٹ ۔ سائیں سائیں ۔ سن

ستانا جیسے کیا زناٹے سے تھر گیا کس ناٹے سے کبوتر جا رہا ہے

زناخ - ا - اسم مؤنث - مرغ یا کبوتر وغیرہ کے سینے کی ہڈی جو دوشاخ ہوتی ہے - چونکہ زنخ کی شکل اسکے قریب قریب ہے شاید اُس سے یہ نام رکھ لیا ہے +

زناخ توڑنا - ا - فعل متعدی (بیگمات قلعہ) (۱) سینۂ مُرغ کو باہم ملکر توڑنا (۲) پکا یارانہ ہونا - ہمدم و ہمراز سہیلی بنانا

(رنگین) شاید کہ اُسنے اور سے توڑی کہیں زناخ
دریافت ہوگیا مجھے اُس نازنیں کا بھید

زناخی - ا - اسم مؤنث (بیگمات قلعۂ دہلی) قلعہ کی عورتوں کا دستور تھا کہ وہ آپس میں اسطرح کے رشتے مقرر کر کے ایک دوسرے کو خطاب کرتی تھیں جسطرح سہیلی بہنیلی کہتے ہیں اسیطرح وہ کسیکو دلجان کسیکو جان من کسیکو دشمن کسیکو زناخی کہا کرتی تھیں زناخی کا رشتہ اور رشتوں سے زیادہ مضبوط اور قابل قدر گنا جاتا تھا جب اُنہیں کسیکو زناخی بنانا منظور ہوتا تھا تو وہ باہم ملکر زناخ یعنی کبوتر یا مرغ کے سینہ کی جڑی ہوئی ہڈی کو توڑا کرتی تھیں گویا اسطرح کی یاری ہڈی جایا کرتی تھی بعض ناواقف لوگ جو کہتے ہیں کہ چپٹ باز عورتوں کا یہ لفظ اور اسکی معنی ہمراز و ہمدم و طبق زن ہیں یہ محض بہتان ہے - ہاں اگر لکھنؤ میں یہ معنی لیے جاتے ہوں تو عجب نہیں - حال کی تصانیف میں جو دو کتابیں چتر بہنیلی اور سگھڑ سہیلی چھپی ہیں اُن میں بھی یہ لفظ صرف سہیلی کے معنی میں آیا ہے اگر اسکے ایسے کریہ معنی ہوتے تو وہ مصنف جو قلعہ کا پلا ہوا ہے ہرگز عام بول چال میں اس لفظ کو بیجا نہ کہتا - ہاں اگر بے تکلف یک جان یک تن سہیلی کہیں تو بجا ہے (رنگین) ہے زناخی مری وہ لال پری + ہو جسے دیکھکر نڈھال پری + یہ زناخی کھل گیا ابھی یہ مجکو سیر میں + گاؤ بیچا یہاں سے اور گہ لاناتیا) +

زُنّار - ف - اسم مذکر و مؤنث (۱) جنیئو - وہ تاگا جو ہندو لوگ اکثر حمائل وار ڈالے رہتے ہیں - یگ - سوتر - یگیوپویت

کافر ہوا ہوں پیکے مے عشق بت وزیر
(وزیر) زنار مجکو چاہئے موج شراب کا

ایک جگہ یہی صاحب مؤنث بھی باندھتے ہیں مگر اہل دہلی سے کبھی مؤنث نہیں سُنا ہاں سودا کے شعر میں موجود ہے

اُس بت بید پر یہ ہم دیندار بھی مرنے لگے
(ودیر) برہمن زنار پہناوے کفن کے تار کی +

(۲) وہ سفید لکیر جو اکثر نگینوں میں قدرتی آڑی بنی ہوئی ہوتی ہے - پتھر کا جنیئو +

(سودا) ہوا جب کفر ثابت ہے وہ تمغائے مسلمانی + نہ ٹوٹی شیخ سے زنار تسبیح سلیمانی

زُنّار بند - ف - اسم مذکر - برہمن - جنیئو پہننے والا + ذو جنیا یعنی برہمن چھتری ویش +

زُنّار دار - ف - اسم مذکر - دیکھو (زنار بند) +

زنانہ - ف - اسم مذکر (۱) زنخہ - مخنث - ہیجڑا - نپنسک وہ مرد جو عورتوں کی سی حرکتیں کرے + بھانڈ - بچنیا جیسے زنانہ مردانہ ہوا ہیجڑا ہے - تڑی لیالی ہوا چھچھڑا ہے + (۲) - اسم مذکر) پردہ نشین عورتوں کے رہنے کا مکان حرم سرائے (۳) پردہ جیسے زنانہ ہو رہا ہے مت آنا (۴ صفت) نامرد - ڈھیلا - سست + زن صفت - بزدل

زنانہ کرانا یا کروانا - ا - فعل متعدی - مردوں کو ہٹا دینا تاکہ پردہ دار عورتیں آ جائیں + پردہ کرانا (شوق) ہٹ گئے سب زنانہ کروایا + باغ میں انکو لا اُتروایا
(۲) خوجہ کرانا - ہیجڑا بنوانا +

زنانہ کرنا - ا - فعل متعدی (۱) پردہ کرنا - غیر مردوں کو ہٹانا (۲) نامرد بنانا +

زنان منڈی - ا - اسم مذکر - گرہلی - سکھی - وہ مرد جو عورتوں کی سی حرکتیں کرے + زنانہ - زنخہ +

زنانی - ا - اسم مؤنث (لشکری) عورت - استری

زن ✤ مادہ - مادین (۲) صفت) منسوب بہ زن ✤

زنانی بولی - ا - اسم مؤنث - عورتوں کی زبان ✤ ریختی

زنانی پوشاک - ا - اسم مؤنث - عورتوں کی پوشاک جیسے انگیا کرتی وغیرہ ✤

زَنبق - ع - اسم مذکر - ایک طرح کا سفید پھول جو نرگس کی قسم کا دھتورے کے پھول سے مشابہ ہوتا ہے شاعر لوگ معشوق کی ناک سے اُسے تشبیہ دیا کرتے ہیں ✤

سرو قامت سمن اندام گلستاں رخسار
ہونٹ گلبرگ دہن غنچہ و بینی زنبق (ذوق)

زَنبُورَک - ف - اسم مذکر - (۱) تتیا - بھڑ - برنی - بر (۲) آرسی کی طرح کا ایک اوزار جسکا منہ آگے سے گول ہوتا ہے ✤ سنداسی (۳) چھوٹی توپ - وہ توپ جو اکثر اونٹوں پر لدی ہوئی بادشاہ کی سواری کے ساتھ ساتھ چھوٹتی جاتی ہے جزائل

زَنبُورچی - ف - اسم مؤنث - زنبور چلانے والا - توپچی بندوقچی - برقنداز - سپاہی ✤

زَنبُورَک - ف - اسم مؤنث - چھوٹی توپ ✤

زَنبیل - ف - اسم مؤنث - فقیروں کی چمڑے کی جھولی ✤ جکول ✤ جھولی - بھیک کا ٹھیکرا - کاسہ گدائی ✤ کچکول (۲) عمر عیار کی جھولی جسمیں وہ تمام زمانہ کی چیزیں رکھ لیا کرتا تھا ✤

زَنجیر - ف - اسم مؤنث - حلقۂ در - کنڈی - سانکل سنگل ✤ سلاسل - جولان - بیڑی ✤ لڑی - سلسلہ ✤ توڑا - گلے کی زنجیر ✤ (ناسخ)

ناسخ ضعیف بھاری ہے زنجیر آہنی
کافی ہے اُسکی قید کو زنجیر یار کی

جب فیل کا لفظ لکھتے ہیں تو اُسکے ساتھ بھی تعداد ظاہر کرنے کے واسطے ایک زنجیر یا دو زنجیر فیل لکھا کرتے ہیں

زنجیر ڈالنا - ا - فعل متعدی - بیڑی ڈالنا - پاجولاں کرنا

زنجیر کرنا - ا - فعل متعدی (متروک) پاؤں میں بیڑی ڈالنا (صرف جرأت نے باندھا ہے) ✤

زنجیر کھٹکھٹانا - یا - مارنا - ا - فعل متعدی - کنڈی مارنا کنڈی کھڑکھڑانا - دستک دینا ✤

زَنجیرا - ا - اسم مذکر (۱) توڑا - ہار - کنٹھی - چمپا کلی وغیرہ (۲) حلقہ دار کڑھائی یا گٹھنت ✤ لہریا ✤

زَنجیری - ف - صفت - ایک قسم کا زنجیر دار گولہ یا گولی

جان جائے طائر وحشت گرا اُڑنے نیاسے
گر الٰہے قفل لگا کوئی زنجیری مجھے

زَنخ - یا - زَنخدان - ف - اسم مؤنث - ٹھوڑی - ٹھوڈی - ذقن - چنبک ✤

زَنخا - ا - اسم مذکر (دراصل زنکہ) (۱) وہ شخص جو عورتوں کی سی بات چیت اور حرکات و سکنات کرے - زنانہ (۲) ہجڑا - خنثا گر ✤ ہیجڑا - بھانڈ (۳ - صفت) نامرد - بزدل - ہیز - زن صفت ✤ نازک کمر - پتلی کمر والا ✤

زِندان - ف - اسم مذکر - قید خانہ - جیل - محبس - بندیخانہ - سجن - بندت خانہ ✤

ایسے لاغر جو نہ ہوتے تو سماتے کیونکر
تنگ ہے خانۂ زنجیر سے زنداں اپنا

زِندگانی - ف - اسم مؤنث - حیات - عمر - زیست اوستھا - آربل ✤

زِندگی - ف - اسم مؤنث - دیکھو (زندگانی) غالب

زندگی اپنی گر اس طور سے گزری غالب
ہم بھی کیا یاد کرینگے کہ خدا رکھتے تھے ✤

زندگی بسر کرنا - ا - فعل متعدی - عمر کاٹنا - عمر گزارنا - دن بھرنا - جینا ✤

زندگی بسر ہونا - ۱ - فعل لازم - عمر کٹنا +

زندگی بھر - ۱ - تابع فعل - تمام عمر - تا بہ حیات جیتے جی - مادام الحیات + (ناسخ)

حسن کا آت جائے عالم پار ہے + تیرے در پر زندگی بھر ہم ہے

زندگی تلخ ہونا - ۱ - فعل لازم جینا دوبھر ہونا - حیات کا وبال جان ہونا - جینے کا لطف نہ رہنا - جینے کا مزہ نہ رہنا - عیش میں کھنڈت ہونا +

زندگی سے تنگ آنا یا ہونا - ۱ - فعل لازم - جینے سے ناراض ہونا - زندگی سے عاجز ہونا - جینے سے بیزار ہو جانا (ظفر) ابھی مر جائیں ہم کہ زندگی سے تنگ ہیں لیکن

نہیں ہے موت اپنی تیرے بیماروں کے قابو میں

زندگی سے ہاتھ اٹھانا یا دھونا - ۱ - فعل متعدی - جینے سے مایوس ہونا - حیات سے ناامید ہونا - جینے کی امید نہ رکھنا +

زندگی کا جام پینا - ۱ - فعل متعدی - کسیکی سلامتی یا تندرستی کا جام پینا - کسیکی یاد میں شراب یا شربت کا پیالہ پیکر اسکی سلامتی کی دعا مانگنا - کسی خوشی کے جلسہ میں اپنے پیارے خواہ عزیز خواہ افسر خواہ بادشاہ کے واسطے اسکی درازی حیات کی دعا کرنا +

زندگی میں - ۱ - تابع فعل - جیتے جی + سلامتی میں

زندہ - ف - صفت - جیتا - حیات - ذی روح ذی حیات + ذی حس + جاگتا + خوش + ترو تازہ +

زندہ باش - ف - دعا - جیتا رہو - سلامت رہو + شاباش - مرحبا +

زندہ در گور ہونا - ۱ - فعل لازم - جیتے جی مرنا - موت سے پہلے مرنا - زندگی میں قبر کا مزہ آجانا جیسے انہیں تو بیماری نے زندہ در گور کر رکھا ہے +

زندہ دل - ف - صفت - افسردہ دل کا نقیض - خوش طبع - خوش مزاج - دل لگی باز - ظریف +

زندہ دلی - ف - اسم مؤنث - خوش طبعی - دل لگی - خوش مزاجی - ظرافت - چہل + (ذوق)

زندگی زندہ دلی کا ہے نام + مردہ دل خاک جیا کرتے ہیں

زندہ رہنا - ۱ - فعل لازم - جیتا رہنا - سلامت رہنا [illegible] + تازہ رہنا - سرسبز رہنا +

زندہ کرنا - ۱ - فعل متعدی - جلانا - حیات بخشنا - جان ڈالنا +

زنگ - ف - اسم مذکر (۱) لوہے کا میل - مورچہ - کدورت (ناسخ)

کدورت اپنے چہروں کی نظر آتی ہے جو گرد کو + تماشا ہے کہ الٹے آئینہ میں زنگ پکڑا

(۲) افریقہ کے ایک ملک کا نام - زنگبار [illegible] +

(۳) گھنشال - گھنگرو - گھنٹی + (ناسخ)

میری لیلی کو یاں اگر لاسکے + باندھوں ناقہ میں زنگ سونے کا

زنگ آلود - یا - آلودہ - ف - صفت - زنگ خوردہ - مورچہ لگا ہوا - مرچالا + کند - کھونڈا - کھنڈا +

زنگ لگنا - ۱ - فعل لازم - جر لگنا - مورچہ لگنا +

زنگار - ف - اسم مذکر - تانبے کا کساو + نیلا تھوتھا - طوطیا + سبز - زنجار (معرب زنگار)

زنگاری - ف - صفت - زنگار کے رنگ کا + سبز - ہرا +

زنگولہ - ف - اسم مذکر - جرس + گھنٹا - گھنگرو - تال - جلاجل +

زنگی - ف - اسم مذکر - زنگبار کا باشندہ - حبشی - حبشی

زنگی ہڑ - ۱ - اسم مؤنث - کالی ہڑ - چھوٹی ہڑ - ہلیلہ سیاہ

زنہار - ف - تابع فعل (۱) پناہ - بچاؤ - سرن (۲) تنبیہ و تاکید کا لفظ جیسے زنہار ہاں - جاؤ +

زوال - ع - اسم مذکر - جاتا رہنا - دور ہونا + کمی گھٹاؤ
گھٹتی + ڈھلاؤ - اُتار - تنزّل + اِدبار - فرسودگی
جیسے ہر کمال کو زوال ہے +

زوال کا وقت - ا - اسم مذکر - وُہ وقت کہ جب آفتاب نصف النہار سے ہٹے - دوپہر کے بعد کا وقت
تیسرا پہر - ظُہر + گھٹتی کا پہرا + دھوپ ڈھلنے کا وقت

زوالِ ماہ - ع + ف - صفت - چاند کا مدہم ہونے کے
بعد گھٹنا - عروجِ ماہ کا نقیض +

زوائد - ع - صفت - زائد کی جمع - فضول - زیادہ
بڑھتی - اُدھکا سی +

زوج - ع - اسم مذکر - جُفت - جوڑا - جُٹ + خاوند
جورو + وُہ عدد جو کسر کے بغیر نصف ہو سکے جیسے دو
چار چھ آٹھ وغیرہ +

زوجہ - ع - اسم مؤنث - جورو - بیوی - گھروالی - استری
بہو - اہلیہ - حلیلہ +

زوجیت - ع - اسم مؤنث - نکاح - عقد - بیاہ - جوڑا
لگنا - گٹھ جوڑا بندھنا - جورو بنا جیسے حق زوجیت
یعنی بیوی بنے کا حق +

زوجیت میں لانا - ا - فعل متعدی - جورو بنانا
نکاح میں لانا - عقد کرنا - نکاح کرنا +

زود - ف - تابع فعل - جلد - شتاب - تاولی - فوراً
ابھی - تُرت - مٹا +

زود آشنا - ف - صفت - بہت جلد یاری لگانے والا
جلد گھل ملجانے والا (ناظم)
کیوں جانیں خار سے یہ ملو دکے + کہلائیگے زود آشنا آپ

زودرنج - ف - صفت - بہت جلد خفا ہوجانے والا
تُنک مزاج - غصیل - مغلوب الغضب - تیز مزاج - چڑچڑا

زودرس یا زودفہم - ف - صفت - تیز فہم
بات کی تہ کو جلد پہنچنے والا - ذکی +

زودنویس - ف - اسم مذکر - جلد جلد لکھنے والا +

زور - ع - اسم مذکر - دغا - فریب - سالوس - مکر + جھوٹ
دروغ - کذب + بھگل - چھل +
(نظیر) شیطاں بھی آدمی ہے جو کرتا ہے مکر و زور
اور ہادی رہنما ہے سو ہے وہ بھی آدمی

زور - ف - اسم مذکر (۱) بل - طاقت - توانائی - سکت
قوت جیسے زور بادشاہ داؤں وزیر (پہلوانوں کا مقولہ)
۲ - غلبہ - زیادتی - کثرت - افراط + نہایت - ازبس
ازحد - بہت (۳) یہ زور آتش رنگ و خانے گرمی کی
بری ہتیلی کا تل صورت سپند ہوا (جرأت)
عالم مستی میں جرأت پڑھ غزل اک اور بھی
زور کیفیت اٹھاتے ہیں ترے اشعار سے
(۳) برائے تعجب - قیامت - غضب - ستم + بڈھب
(ناسخ) غیر کو نامہ ہے سرنامہ ہے میرے نام کا
مہرباں نعرہ یہ تمنے ستم ایجاد کیا +
(جرأت) بزم طرب میں شکل دکھا کر چلے گئے -
شادی میں زور غم یہ لگا کر چلے گئے
(جرأت) درشک اگر پھر گئے تم زور پر جالیں ہیں واہ
ہمکو الفت تمسے ہمکو انس گھر کے ساتھ ہے
(۴ - صفت) خوب - اچھا - عمدہ (جرأت)
یار کا آستاں پایا ہے + زور دل نے مکان پایا ہے
زور کیفیت اُس شراب میں تھی
(ممنون) لب پہ رکھتے ہی بس ہوئے بیہوش
(۵) بس - قابو - اختیار - قدرت - سکت + (آتش)
زندہ اُن آنکھوں کے کشتے کو نہ دہ اب کرسکے

اِس فسُوں پہ زور چل سکتا نہیں اعجاز کا
(۶) عجیب و غریب - انوکھا ۔ (ناسخ)
خاک سر پر شیشۂ مہر و مہ پامال + اے فلک زور انقلاب ہوا
(۷) طرفہ معجون - ایک عجیب شخص - انوکھا آدمی ۔
ہو کسی مجھ سے چھڑاتا ہی زور + ساقیا زاہد بھی کوئی زور ہے
(۸) ظلم - ستم - جور و جفا - سختی جیسے بعد نہیں ظلم نہیں عقل
کی کوتاہی ہے (۸) حکم - تحکم - حکومت - جبر - دباؤ - اجارہ
جیسے کچھ تمہارا زور نہیں چلتا کہ چلے جاتے مگر یہی زور
دکھاتے ہو (۹) صفت) چمکدار - چمکدار - بھڑکیلا +

بُوتا ترا بنا ہے گر زور
(رنگین) تو میری بھی کفش سا ہے جھلا بور

(۱۰) کوشش - سعی - جد و جہد جیسے اس نوکری میں
اُنہوں نے بھی خوب ہی زور لگایا +

زور آزمانا - ا - فعل متعدی - طاقت آزمائی کرنا -
اپنے زور کا امتحان کرنا - طاقت دکھانا - زور دکھانا +

جا کر اُنہوں کے گھر پہ جب زور آزماویں
(نظیر) وہ گرد دوار کودیں ہم کوٹھا پھاند جاویں

زور آزمائی - ف - اسم مؤنث - طاقت آزمائی +
کُشتی - لڑنت + بل دکھانا جیسے بچے ہی پر زور آزمائی
کرتے ہو کسی بڑے سے لڑو تو جانیں +

زور آنا - ا - فعل لازم - طاقت بڑھنا - بل آنا - دم
آنا - طاقت آنا - توانا ہونا +

زور آور - ف - صفت - بلوان - بلونت - بلی
طاقتور - صاحب زور - قوی +

زور آوری - ف - اسم مؤنث (۱) طاقت - بل - سکت
زور - سکتی - توانائی (۲) زبردستی - سینہ زوری +

اُنہیں **زور بازو سے** - ا - تابع فعل قوت بازو سے
اپنی طاقت سے - اپنی محنت مشقت سے +

زور پر - ا - تابع فعل - کمال پر - انتہا پر - اخیر درجہ پر
(۲) بر سر ترقی - افزونی پر + (امانت)

اب ہے پتنگ بازی قاتل یہ زور پر
عاشق کے دل کے شیشے کا مانجھا ہے زور پر

زور پر چڑھنا - ا - فعل لازم - طاقت میں بھرنا - حد
کمال کو پہنچنا - ترقی پر ہونا - مشتاق ہونا + (ذوق)

دکھا نہ جوش و خروش اپنا زور پر چڑھ کر
گئے جہان میں دریا بہت اتر چڑھ کر

(آرزو) پُھنکے ہے آگ سے ہر دم یہ آسماں کیسا
چڑھا ہے زور پہ اب نالہ و فغاں کیسا

زور پڑنا - ا - فعل لازم (۱) بوجھ پڑنا - دباؤ پڑنا - داب
پڑنا (۲) طاقت صرف ہونا - زیادہ محنت پڑنا جیسے
آنکھوں پر زور پڑنا (۳) مجبور کیا جانا - دبایا جانا +

زور جتانا - یا - دکھانا - ا - فعل متعدی - تحکم جتانا -
حکومت دکھانا - دباؤ ڈالنا - طاقت ظاہر کرنا +

زور چلانا - ا - فعل متعدی - حکومت چلانا - زبردستی
یا رعب سے کوئی کام لینا - بل دکھانا +

زور چلنا - ا - فعل لازم - بس چلنا - قابو چلنا - حکم
چلنا - اختیار چلنا + (غافل)

ہو گیا فرعون آخر غرقۂ دریائے نیل
چل سکا ہرگز نہ اُسکا زور شاہی آب میں

خواہ جیتا رکھے وُہ خواہ مجھے قتل کرے
(جرأت) اُس ستمگار پہ کیا زور مرا چلتا ہے

جو پھر جائے اُس بیوفا سے تو جانوں
(مومن) کہ دل پر نہیں زور چلتا کسی کا

زور دار - ف - صفت - قوی - بلوان - بلونت

طاقتور - توانا - پُشت +

زور دِکھانا - ا - فعلِ مُتعدّی - دیکھو (زور جتانا)

زور دیکر پڑھنا - ا - فعلِ مُتعدّی - طاقت سے پڑھنا
آواز سے پڑھنا - کسی چیز کے تلفّظ کو ایک خاص آواز کے
ساتھ ادا کرنا +

زور دینا - ا - فعلِ مُتعدّی (۱) دباؤ ڈالنا - بوجھ ڈالنا
(۲) مدد دینا - پُشتی کرنا - حمایت کرنا - کُمک دینا - تاکید
کرنا (۳) مجبور کرنا - ناچار کرنا (۴) تقویت دینا - قُوّت
دینا - زور بڑھانا جیسے انجن کو زور دینا (۵) سخت کرنا
کڑا کرنا جیسے کسی پُرزے کو زور دینا (۶) کسی تلفّظ کو
زیادہ آواز سے ادا کرنا +

زورِ دیوانہ ہونا - ا - فعلِ لازم - نہایت دیوانہ ہونا
از حد پاگل ہونا (وزیر) ہاتھ میں سلسلۂ زُلفِ گرہ گیر نہیں
زورِ دیوانہ ہُوں میں بستۂ زنجیر نہیں +
(۲) عاشقِ زار ہونا - نہایت فریفتہ ہونا +

زور ڈالنا - ا - فعلِ مُتعدّی (۱) دبانا - مجبور کرنا - جبر کرنا
ڈالنا (۲) کمک پہنچانا - مدد کرنا (۳) دباؤ ڈالنا - کسی
برنگ (۴) طاقت دِکھانا جیسے فوج کا کسی خاص مقام
[illegible]

(امانت)
بڑھ کر [illegible] - نہایت طاقت سے + جلد جلد
(۲) ناملائم الفاظ [illegible]

زور سے - [illegible] (۱) طاقت سے + تیزی سے
تُندی سے + جلدی سے (۲) سختی سے - بمشکل (معروف)
ضعف آنے نہیں دیتا تھا قدم لے لیکر
گھر تک آیا ہُوں بڑے زور سے دم لے لیکر
(۳) بشدّت - نہایت - بکثرت - بدرجۂ غایت - بسختی
جیسے زور سے تیر مارا - یا زور سے مینہ برسا +

زور شور - ف - اسم مذکّر - تیزی و تُندی - چڑھاؤ - شدّت
عشق کے زور شور تو دیکھو
جو بُھلا یا وہی خیال رہا (داغ)

زور شور پر - ا - تابع فعل - جوش و خروش پر - نہایت
تُندی و تیزی پر - از حد سختی اور شدّت پر - طاقت اور
توانائی پر (امیر) شرمندہ میرے دیدۂ گریاں نے کر دیا
کُچھ بن نہ آئی ابر سے اِس زور شور پر
اُمڈے ہیں اپنے اشک بڑے زور شور پر
پانی نہ پھیر دیں کہیں دریا کے شور پر (بحر)

زور شور سے - ا - تابع فعل (۱) بڑے طاقت سے -
نہایت شدّت سے - جوش و خروش سے (۲) شان و
شوکت سے - طمطراق سے - دُھوم دھڑکّے اور بھیڑ بھڑکّے سے

زور شور کا - ا - تابع فعل - بھاری - گہرا - گھنگھور -
جوش و خروش کا - نہایت شدّت کا (امیر)
ساقی صدائے قُلقُلِ مینا کا وقت ہے
اُٹھا ہے ابر باغ میں کس زور شور کا

زور ظُلم - ف+ع - اسم مذکّر - عو - سختی - جفا و کفا - زیادتی

زور کرنا - ا - فعلِ مُتعدّی (۱) طاقت آزمانا - زور لگانا
زور مارنا (۲) کوشش کرنا - سعی کرنا (۳) دو پہلوانوں کا
باہم لڑنا (۴) بڑھنا - ترقّی پر ہونا جیسے مرض کا زور کرنا

زور لگانا - ا - فعلِ مُتعدّی (۱) اپنی طاقت سے سارا
بل کھپانا (۲) دھکیلنا - ٹھیلنا - آگے کو بڑھانا - ہاتھ
لگانا (۳) مدد کرنا - کمک کرنا (۴) سعی کرنا - کوشش کرنا
+ سعی بلیغ کرنا (۵) ہمّت کرنا - بلند ارادہ کرنا (۶) ساتھ دینا
مُجامعت کرنا - دھکّے لگانا +

زور مارنا - ا - فعلِ مُتعدّی - نہایت کوشش کرنا
اپنی ساری طاقت کھپا دینا +

کھا پہ نہ ہوا میر کا انداز نصیب +
(ذوق) ذوق یاروں نے بہت زور غزل میں مارا

زور مند - ف - صفت - طاقتور - بلونت - بلوان +

زور میں آنا - یا - بھرنا - ا - فعل لازم - طاقت میں
بھرنا - زور پر چڑھنا - پوری طاقت میں بھر جانا + جوانی
یا جوبن میں بھرنا - کامل قوت پر ہونا +

زور نکالنا - ا - فعل متعدی (۱) کمزور کرنا - کم طاقت
کرنا - زور گھٹانا (۲) طاقت آزمائی کرنا +

زور نہ گھٹنا - ا - فعل لازم - جوش و خروش کا کم ہونا
شدت کا نہ گھٹنا + (نصیر)
جھڑ گئی ابر بہاری کی بھی شیخی لیکن
نہ گھٹا زور مرے اشک کی طغیانی کا

زور ہے - ا - کلمہ تعجب (۱) غضب ہے - آفت ہے
قیامت ہے (۲) نہایت کمال پر ہے - ازحد ترقی پر ہے
زور ہے گرمی بازار ترے کوچے میں
(ناسخ) جمع ہیں تیرے خریدار ترے کوچے میں

زورا - ا - اسم مذکر - ع - ظلم - حکومت - طاقت - سرزوری
سینہ زوری - ہامی - غرور +

زورا ڈھینا - ا - فعل لازم - غرور ڈھینا - ہامی
نہ رہنا - حکومت یا طاقت کا زوال ہو جانا +

زوروں - ا - اسم مذکر - زور کی جمع +

زوروں پر آنا - ا - فعل لازم - جوانی میں بھرنا - طاقت
میں بھرنا - تیار ہونا - طاقت ور ہونا +

زوروں پر چڑھنا - ا - فعل لازم (۱) نہایت مشتاق
ہونا - قوت میں بھرنا - طاقت میں بھرنا - نہایت مستعد و آمادہ
تیار ہونا (غافل) زوروں پہ چڑھا ہے یہ مرا پنجۂ وحشت
دامن سے الجھتا ہے گریباں سے الجھ کر +

(۲) طغیانی پر آنا - جوش و خروش پر ہونا (حالی)
زوروں پر چڑھا ہوا ہے پانی + موجوں کی ہیں صورتیں ڈرانی
(۳) حد کمال کو پہنچنا - انحطاط کو پہنچنا + (رشک)
سانس بھی سینے میں اب کھٹکے ہے میرے پھانس سی
کیا ہی زوروں پر چڑھی ہے ناتوانی ان دنوں
(۴) جوانی میں بھرنا - جوانی پر ہونا - موٹا تازہ ہونا - گدرانا
(ناسخ) زور بھی قد کر کے ورزش خوب زوروں پر چڑھا
کہہ رہا ہے سرو کو جڑ سے اکھاڑا چاہیے
(۵) بڑھنا - زیادہ ہونا + (اسیر)
حد ادا ان دنوں مرا زوروں پہ ہے جنوں
زنجیریں آٹھ سات بنا پانچ چار طوق +
(۶) گھمنڈ پر ہونا - اترانا - زعم میں بھرنا +

زوڑے زوڑے - ا - تابع فعل انفعال (دیکھو زوڑ زوڑ)

زوف ہے - ا - ندا - تف ہے - لعنت ہے - پھٹے سے
منہ جیسے زوف ہے تیری اوقات پر - زوف ہے تیری
داڑھی پر - زوف ہے تیری جنّی پر +

زوفا - ع - اسم مذکر - زوفای یابس - ایک چلانا - زرد کھو
مزا تلخ دوسرے درجہ میں حار یابس
کے واسطے مفید ہے + پنا - قابو چلنا + حکم

زہ - ف - اسم مؤنث (۱) کنارہ (غافل)
وہ ابھری ہوئی اینٹیں یا کانسے نیل
پر خوبصورتی کے لیے چھوڑ دیتے ہیں | ہرگز نہ اسکا زور شاہد آرہیں
جنا - بچہ دینا +
بچہ جنا - وضع حمل ہونا - چنانچہ درد زہ جننے کے
درد کو اسی وجہ سے کہتے ہیں +

زہار - ف - اسم مذکر (۱) عورت خواہ مرد کا اندام نہانی
شرمگاہ - فرج + ذکر (۲-۱) پیڑو جیسے موئے زہار یعنی
پیڑو کے بال - جھانٹیں +

زُہد۔ع۔اسم مذکر۔ تقویٰ۔ پرہیزگاری۔ پارسائی جبت ست (لغوی معنی دُنیوی چیزوں سے رغبت اُٹھانا) ؛

زَہر۔ف۔ اسم مذکر (۱) بِس۔ سم۔ وُہ چیز جسکے کھانے سے روح کا مزاج فاسد ہوکر آدمی مرجاتا ہے (ظفر)

کون ہو تجھ سے دو چار آن کے ظالم کہ بلا

تجھ میں زہر لے نگہ چشم پُر افسوں ہے بھرا

(۲۔صفت۔ل) تلخ۔ کڑوا۔ کسیلا (۳۔ صفت۔ل) ناگوار کڑوا۔ بُرا۔ خلافِ طبع۔ ناگوارِ خاطر جیسے مُجھے اُسکا آنا حد زہر معلوم ہوتا ہے + (ناسخ)

فراقِ یار میں سیرِ چمن ہے زہر مجھے

کھلائیگی ابھی افیون کو کنار کی شاخ

(۴۔صفت۔ل) مُہلک۔ قاتل۔ ہلاک کردینے والا۔ (۵۔صفت۔ل) مُضر۔ مُفسد۔ زبُون جیسے اُس بیمار کے حق میں گھی زہر ہے (۶۔ اسم مذکر۔ و) غُصّہ۔ خشم (۷۔صفت) بے لُطف۔ بے مزہ + بد ذائقہ +

زہر اُگلنا۔و۔ فعل متعدی (۱) زہر مُنہ سے نکالنا (یس ڈالنا (۱) سیلم) گُماں خطِ سبز کا ہے بجا تمام ہے سبز جلدِ عارض برنگِ افعی تُمہارے گیسو بلا کا کُچھ زہر اُگل رہے ہیں

حُسن مُوذی پر خُدا کی مار زہر اُگلا غضب

(امانت) بڑھ کے وُہ زُلفیں مرے ڈسنے کو ناگن ہو گئیں

(۲) نا ملایم الفاظ زبان پر لانا۔ بُرا بھلا کہنا۔ دشنام ... بہت دل دُکھانے والے الفاظ زبان پر لانا۔ طعنہ دینا ...

کا رُخ پھرتے ہی نندیں بھی زہر اُگلنے لگیں +

عادت میں کرو فرق نہ تم اپنی نگہ سے

(عارف) کیوں زہر اُسے آج اُگلنے نہیں دیتے

(۳) آفت انگیز اور فتنہ برپا کرنیوالی باتوں کا زبان پر لانا

(جُرأت) زبسکہ مرتے ہیں اِک سبزہ رنگ پر جُرأت

یہ شعر کہتے نہیں زہر ہم اُگلتے ہیں ؛

(۴) غُصّہ نکالنا۔ دشمنی نکالنا۔ بدلہ لینا (۵) لگانا۔ لگائی بُجھائی کرنا۔ بدگوئی کرنا۔ اُکسانا۔ بہکانا ؛ (داغ)

دیکھیے کیا ہو آتی ہی میرے نامے کا جواب

پاس اُنکے ہیں بہت زہر اُگلنے والے

زہر آلُودہ۔ف۔ صفت (۱) زہر کا بھرا ہوا۔ زہریلا۔ بِکھ بھرا۔ بِس بھرا (۲) زہر کا بُجھایا ہوا۔ زہر میں بسا ہوا +

زَہرَاب۔ف۔ اسم مذکر۔ زہر آلُودہ پانی۔ زہر گُھلا ہوا پانی۔ بِس بھرا ہوا پانی۔ زہر کا پانی + (ظفر)

ترے بھیگے ہوئے گیسو سے یہ بُوندیں نہیں جھڑتیں

دہانِ مار سے زہراب جان ہِن ٹپکتا ہے +

ہے دِلا تشنۂ دیدار تو کُچھ کھا کے نہ مر

(جُرأت) پہلے اُس خنجرِ خُونخوار کا زہراب تو پی

زَہرباد۔ف۔ اسم مذکر (۱) خُناق۔ کنٹھ روگ۔ کنٹھ مالا۔ انتڑیوں کی خُشکی کے سبب گلے کا خشک ہو جانا (۲۔و) ایک خوفناک بیماری جو ہاتھی یا گھوڑے کے نوطہ پر ہوتی ہے۔ فتق۔ باد خایہ۔ باد زہر (۳۔و) کسی قسم کا زہر جو سانس کے ذریعہ سے سرایت کرے جیسے اَنول نال ... سانپ کے کاٹنے سے جو زہر چڑھتا ہے + (۴) جسم میں زہر کا سانس کے ... خون میں زہر کا گردش کرجانا +

زہر پھیلنا۔و۔ فعل متعدی (لکھنؤ) مسموم کے تمام جسم میں زہر کا سرایت کرجانا۔ زہر پھیلنا۔ زہر چڑھنا (۲) زہر پھیلانا۔ زہر چڑھانا ؛ (بحر)

پھر یاد آگئی مجھے ناگن سی زُلفِ یار +

پھر زہرِ عشق سارے بدن میں چھٹک گیا

زہردار۔ف۔ صفت۔ زہریلا۔ سمی۔ بِس بھرا +

زہر دینا - ا - فعلِ متعدی - زہر کھلانا - زہر سے مارنا
(داغ) بھاگوں علاج دردِ محبت سے کیوں نہ میں
دینگے طبیب زہر یقیں ہے دوا کے بعد

زہرِ قاتل - ف + ع - صفت - زہرِ ہلاہل - سمِ قاتل - مُہلک زہر - مار ڈالنے والا زہر +

زہر کرنا - یا - زہر کر دینا - ا - فعلِ متعدی - عو - تلخ کر دینا لُطف کھو دینا - ناگوار کر دینا - بدمزہ کر دینا - کڑوا کر دینا جیسے اُسنے ایک بات نکال کر غریب کا سارا کھایا پیا زہر کر دیا
دال میں نمک زہر کر دیا (رنگین)
زہر کر دیتی ہے وہ کھانیکو لڑ کر مجھ سے روز
آج سے میں ساتھ اُسکے کھانا کھاؤں دُور یار

زہر کھانا - ا - فعلِ متعدی (۱) بِس کھانا - کوئی ایسی چیز کھانا کہ جس سے جان جاتی رہے - جان دینا - مرنا
زہر کھا کر مِلگئے ہیں خاک میں عاشق بہت
(داغ) اُنگلیاں ہیں دیکھ تو یا سبزۂ روئیدہ ہے
کب تلک روئے کہو کوئی کہ تمکو تو امیر
(امیر) مرنا سہل ہے اور زہر کھانا بات ہے
یہ جی میں آتا ہے بس زہر کھا کے سو رہیئے
(امانت) جب اُسکے رُخ پہ خطِ سبز فام دیکھتے ہیں
(۲) عشق یا شرمندگی یا غم یا کسی سخت بیماری سے عاجز ہو کر جان دینا + مرنا + فریفتہ ہونا +
زہر کھاتے ہیں طلبگارِ شہادت قاتل
(آتش) ہاتھ سے تیرے تو بے سر و پا جاتے ہیں
شادابی و لطافت ہرگز ہوئی نہ اُسمیں +
(امیر) تیری مِسّوں پہ گرچہ سبزے نے زہر کھایا
(۳) کسی ایسے کام کی تقلید کرنی جسکی قابلیت نہ ہو - رشک کھانا رشک سے مرنا - حسد سے مرنا - جلنا +
یہ عالم اُسکے خطِ سبز نے دکھایا ہے
(تضمین) کہ جسکو دیکھ کے عالم نے زہر کھایا ہے
یہ جتنے سرو ہیں سب اُسکے قد پہ زہر کھاتے ہیں
(ذوق) چمن میں سبز کیونکر ہو نجائیں سر سے پاؤں تک
(امیر) لوٹتا ہی بہارِ مُنہ کے خط + میر میں اُسپہ زہر کھاؤنگا
(شائق) ہر سمت ہے سبزہ لہلہاتا
فیروزہ ہے جیسے زہر کھاتا +
غیر کو بوسہ دیا ہے تُمنے خطِ سبز کا +
(اسیر) بے تکلّف ہے یہ میرے زہر کھانیکی جگہ
زہر کھائیں نہ بات پر کیوں ہم
(امانت) قند کی ہے ڈلی تمہاری بات
(۴) دُشمنی کرنا - عداوت رکھنا - بُغض نکالنا +
سبھوں کو مے ہمیں خونابِ دل پلاتا تھا
(نظیر) فلک ہمیں یہ تجھے کیا یہ زہر کھانا تھا +
(۵) دانت رکھنا - قصد رکھنا - اُدھار کھانا - سر رہنا گرویدہ رہنا - اِرادہ رکھنا + (اسیر)
بجا ہے خط جو ترے پشتِ لب پہ ہو پیدا
شکر پہ کب سے یہ طوطی ہے زہر کھائے ہوئے

زہر کی چُھری - ا - صفت - شہد کی چُھری کا نقیض بِس کی گانٹھ - فتنہ انگیز - زہرِ ہلاہل +

زہر کے سے گھونٹ پینا - ا - فعلِ متعدی - مجبور ہو کر غُصّے کو ضبط کرنا - جُثّہ کو روکنا - خشم کو جذب کرنا - اندر ہی اندر جلنا - دِل ہی دل میں پیچ و تاب کھانا
کسنے جو سالبِ شیریں کو ترے رات کیا
(مومن) گھونٹ زہر کے سے پی کے یہ دلگیر رہا

زہر کے گھونٹ ہونا - ا - فعل لازم - ناگوار گزرنا تلخ ہونا (امانت) سخت جانی سے غم ہجر میں تنگ آیا ہوں میں

زہر کے گھونٹ مجھے آبِ بقا ہوتے ہیں

زہر کی گانٹھ - ا - صفت - بِس کی گانٹھ - سراپا فتنہ یا فتنہ انگیز - فتنہ پرداز - فتّان + (ذوق)

عدوے نیش زن ہر دم ہے میرے درپئے ایذا
یہ موذی زہر کی ہے گانٹھ بچھو اسکو کہتے ہیں

زہر لگنا - ا - فعلِ لازم - حد ناگوار گزرنا - نہایت برا معلوم دینا - تلخ گزرنا - آنکھوں میں کھٹکنا - دشمن معلوم دینا - برا لگنا + (رنگین)

زہر لگتا ہے دوگانا مجھے جانا ترا
ہاں جو بھاتا ہے تو بھاتا ہے یہ آنا ترا

(رنگین) زہر لگتی ہے مجھکو اچھوانی + میں پیونگی بلا جنالی کو

(معروف) یہ حالت غم میں ہے ان سبزہ رنگوں کے میرے جی کی
چمن میں زہر لگتی ہے مجھے آواز طوطی کی :

زہر مار کرنا - ا - فعلِ متعدی (حقارتاً یا حالتِ آزردگی میں) نگلنا - ٹھونسنا - کھانا + طوعاً و کرہاً کھانا - بیدلی سے کھانا (امانت) ڈستی ہے سانپ بنکے مرے دلکو وہ غذا

کرتا ہوں عشق زلف میں گر زہر مار کچھ :

شیرینیِ خط سے مٹگئی لبہاے یار کی +
(اسیر) ان چیونٹیوں نے سب یہ شکر زہر مار کی

مضطر ہے بھوک سے جو سگِ یار اسقدر
(اسیر) کیں ہڈیاں ہمانے مری زہر مار کیا

زہر مہرہ - ف - اسمِ مذکر - تریاق - بِس مار - بِس ہرن ایک پتھر کا نام جو زہر کو جذب کرلیتا ہے + ایک سبز پتھر جو بچوں کو موسمِ گرما میں ٹھنڈک کے واسطے پلاتے ہیں

زہر مارنا - ا - فعلِ متعدی - زہر کا اثر زایل کرنا - بِس دور کرنا - دف مارنا +

زہر پلانا - ا - فعلِ متعدی - کڑوا کرنا - تلخ کرنا + مزہ کرکرا کرنا - لطف کھونا - برا کرنا + (امانت)

کڑوے ہو جاتے ہیں بوسوں پہ لبِ شیریں کے
شربتِ وصل میں وہ زہر پلا دیتے ہیں +

زہر مہرۂ خطائی - ف - اسمِ مذکر - شہر خطا کا زہر مہرہ جو نہایت عمدہ اور خوشرنگ ہوتا ہے +

زہر میں بجھانا - ا - فعلِ متعدی - زہر آلود کرنا - زہر کے پانی میں بجھا دینا - بِس پلانا (لطیف)

تونے کیا زہر میں قاتل یہ بجھائی ہے تیغ
ہر گل زخم شہیداں جو ہرا لگتا ہے +

زہر میں بجھا ہوا - ا - صفت - زہر آلود + وہ بنیا جسکا زخم کبھی اچھا نہو + فتنہ انگیز (ذوق)

چشمِ غضب ہے نیم نگہ میرے واسطے
ایک نیمچہ ہے زہر میں گویا بجھا ہوا

زہر ہونا - یا - ہو جانا - ا - فعلِ لازم (۱) برا ہونا - باعثِ آزار ہونا - مضر ہونا - باعثِ تکلیف ہونا جیسے بروں کی صحبت ہی اسکے حق میں زہر ہوگئی +

کیسے تڑپا قفس میں گر نہ ہوتا نغمہ سنج
(عارف) زہر حق میں ہوگئی میری زباں کبر لیئے

(۲) تلخ ہونا - کڑوا ہونا - تلخانا جیسے بری کھٹائی سے سالن زہر ہوگیا (۳) زیادہ ہو جانا - بہت بڑھ جانا جیسے دال میں نمک زہر ہوگیا وغیرہ

زہر ہے - ا - محاورہ (۱) سمِّ قاتل ہے - نہایت مضر ہے آزار رساں ہے - آزار دہ ہے + (ناسخ)

ہیں جو صاحب درد انکو زہر ہے سامانِ عیش
موت کا سامان زخمی گنتے ہیں مہتاب کو

(امانت) مجھ دل فگار کو نہ شب ماہ میں پھرا
زخمی کے حق میں زہر ہے اے حور چاندنی

(۲) حد ناگوار ہے - بے لطف ہے -

(ناسخ) یاں کفِ دریا نظر میں زہر ہے
اژدہا ہے ہجر میں جو لہر ہے
(۳) تلخ ہے ۔ کڑوا ہے (۴) زیادہ ہے ۔ بہت ہے جیسے نمک زہر ہے
زَہرا ۔ ع ۔ اسم مؤنث ۔ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا کا لقب جو اُنکے حُسن کے سبب پڑ گیا تھا +
زُہرَہ ۔ ع ۔ اسم مؤنث (۱) لولی فلک ۔ ناہید ۔ سُکر سُوکھ ۔ ایک ستارہ کا نام جو تیسرے آسمان پر ہے ۔ (صبا)
دم رقص اُسنے جو کی زلف وا + تو زہرہ اسیر سلاسل ہوئی
(۲) ایک خوبصورت عورت کا نام جسپر ہاروت و ماروت دو فرشتے عاشق و شیدا ہو کر مبتلائے عذاب الٰہی ہوئے
زُہرہ جبیں ۔ ف ۔ صفت ۔ زہرہ کی سی پیشانی والا قمر طلعت ۔ ماہ پیکر ۔ چاند کا سا مکھڑے والا + خوبصورت
زَہرَہ ۔ ف ۔ اسم مذکر (۱) صفرے کی تھیلی ۔ مرارہ تلخہ پِتّا (ایک اندرونی عضو کا نام جسمیں زرد اور نیلے رنگ کا تلخ پانی بھرا ہوا ہوتا اور حیوانات کے جگر سے چسپاں رہتا ہے چونکہ یہ منبع حرارت ہے اسوجہ سے شجاعت اور دلیری پر مجازاً اطلاق ہونے لگا)
(۲) دلیری ۔ شجاعت ۔ قوت ۔ قدرت ۔ مردانگی + ہمت حوصلہ + گردہ ۔ کلیجہ ۔ دل ۔ جگر ۔ جگرا +
زہرہ آب ہونا ۔ ل ۔ فعل لازم ۔ حوصلہ پست ہونا جُبن اور نامردی کا ظاہر ہونا ۔ نامردی چھانا ۔ رُعب اور نامردی طاری ہونا ۔ خوف زدہ ہونا ۔ جینا تنا دہشت ماننا (ظفر)
کہوں میں کیا کہ ہے ہمسر دلِ بیتاب پارے کا
اُسے تو دیکھ کر ہوتا ہے زہرہ آب پارے کا
(غالب) گھر سے بازار میں نکلتے ہوئے
زہرہ ہوتا ہے آب انساں کا
(ہوفا) ہے شانہ بھی نہ زُلف کے ہاتھوں سے دلفگار
آئینہ کا بھی رُخ سے ہوا زہرہ آب ہے
رُو کشِ اندوہ ہجراں شب دل بیتاب تھا
(سیل) تاب کا پانی جگر طاقت کا زہرہ آب تھا
زہرہ پانی ہونا ۔ ل ۔ فعل لازم ۔ دیکھو (زہرہ آب ہونا)
سنگ کا جب تجھے دیکھے سے ہو زہرا پانی
(نصیر) چشمِ آئینہ میں حیرت ہے جو ٹھیرا پانی +
بحرِ اُلفت میں جو دیکھا کہ ہے گہرا پانی
(معروف) کیونکہ غواص خرد کا نہ ہو زہرا پانی +
زہرہ پھٹنا ۔ ل ۔ فعل لازم (۱) خوف یا دہشت کے مارے جگر ٹکڑے ہونا ۔ رُعب چھانا ۔ کلیجہ پھٹنا ۔ دل دھڑکنا (۲) حیرت میں رہنا ۔ متحیر ہونا (۳) جلنا ۔ حسد کرنا ۔ رشک کرنا انگاروں پر لوٹنا +
زہرا مارنا ۔ ل ۔ فعل متعدی ۔ دیکھو (پتا مارنا) +
زَہریلا } اسم مذکر ۔ } صفت ۔ (۱) زہردار ۔ بسیلا ۔
زَہریلی } اسم مؤنث ۔ } بِس بھرا (۲) فتنہ انگیز شریر ۔ بدذات ۔ غصیل ۔ غضبناک ۔ غضبی +
زِہے ۔ ف ۔ کلمۂ تعجب و تحسین ۔ بل بے ۔ واہ ۔ ولکیا کہنا ہے وحسن ہے ۔ شاباش ۔ خہے + عجب ۔ غضب (داغ)
زہے جادو ہوا اُسکا وہی حال + جسے جو کہدیا تو نے زباں سے
زِیاتی ۔ یا ۔ زِیادَتی ۔ ف ۔ اسم مؤنث (۱) کثرت افراط ۔ بہتات ۔ افزونی ۔ شدت (۲) ظلم ۔ جبر ۔ سختی + زبردستی ۔ غلبہ +
زیاتی کرنا ۔ ل ۔ فعل متعدی ۔ جبر کرنا ۔ سختی کرنا ۔ ظلم کرنا ۔ زبردستی کرنا ۔ تعدی کرنا +
زِیادَہ ۔ ع ۔ صفت ۔ افزوں ۔ بہت ۔ بیش + بڑھتا بڑھا ہوا + فاضل ۔ فالتو ۔ سوا +
(ذوقؔ) مرتے ہیں ترے پیار سے ہم اور زیادہ

تو لطف میں کرتا ہے ستم اور زیادہ

زیادہ تر - ف - صفت - بیشتر اور سوا - بہت زیادہ اور بھی - اکثر - غالب +

زیادہ حدِ ادب - ف + ع - دعائے خاتمہ (یہ فقرہ جب کسی بزرگ یا حاکم کو عرضی خواہ عریضہ لکھ چکتے ہیں تو بطورِ خاتمہ اخیر پر لکھدیا کرتے ہیں جس سے غرض یہ ہوتی ہے کہ اب میں حدِ ادب پر اسکا خاتمہ کرتا ہوں) +

زیادہ خیریت ہے - ا - خاتمۂ خط - یعنی باقی خیریت ہے - آگے خیریت ہے - آیندہ عافیت ہے +

زیادہ ستانی - ف - اسم مؤنث (قانون) زیادہ طلبی حصولِ بالجبر - سرکاری اجازت یا معمول سے زیادہ لینا مراد اُگراہی +

زیادہ سے زیادہ - ا - تابعِ فعل - حد درجہ کا - بہت سے بہت +

زیادہ کرنا - ا - فعلِ متعدی (۱) بڑھانا - پہلے سے زیادہ کرنا سوا کرنا (۲) دسترخوان اٹھانا یا پوشاک وغیرہ اُتارنا + کم کرنا +

زیادہ گو - ف - اسم مذکر - فضول گو - یاوہ گو - جھوٹا - دروغگو - بات کو بڑھا کر کہنے والا +

زیادہ گوئی کرنا - ا - فعلِ متعدی - مبالغہ کرنا - بات بڑھا کر کہنا - فضول بکنا - بڑ ہانکنا +

زیادہ ہونا - ا - فعلِ لازم (۱) بڑھنا - سوا ہونا (۲) فاضل ہونا - باقی بچ رہنا (۳) ختم ہونا - تمام ہونا - اُٹھایا جانا جیسے دسترخوان وغیرہ زیادہ ہونا +

زیادہ ہے - ا - ندا - برکت ہے بہت ہے - نہیں ہے جب کسی فقیر کو جواب دینا ہوتا ہے تو ردِ سوال کے واسطے یہ فقرہ زبان پر لاتے ہیں تاکہ نہیں کا لفظ ہماری زبان سے نہ نکلے +

زیادتی - ف - اسم مؤنث - دیکھو (زیاتی) +

زیارت - ع - اسم مؤنث (۱) کسی متبرک مقام یا آدمی کا دیکھنا - جاترا - تیرتھ - حج - مقدس مقام کا نظارہ (۲) - ا - کسی بزرگ کا مقبرہ + پرستش گاہ + آستانہ - درگاہ +

زیارت کرنا - ا - فعلِ متعدی - کسی مقدس مقام یا بزرگ کا نظارہ کرنا - جاترا کرنا - بزرگ سے ملنا +

زیارت گاہ - ع + ف - اسم مؤنث - مقدس جگہ متبرک مقام - درگاہ - آستانہ - دربارِ بزرگانِ دین +

زیاں - ف - اسم مذکر - سود کا نقیض - نقصان خسارہ گھاٹا - ٹوٹا + ضرر (مؤمن) دیت میں روزِ جزا لے رہنگے قاتل کو

ہمارا جان کے جانے میں بھی زیاں نہوا

زیب - ف - اسم مؤنث - مرادف زینت - آرایش - زیبایش - سوبھا - سنگار - بناؤ - خوشنمائی - خوبصورتی + رونق

تجھسے اے رشکِ چمن زیبِ چمن بڑھتی ہے
(امیر) سرو کی طرح ہر اک شاخِ سمن بڑھتی ہے

زیبِ تن کرنا - ا - فعلِ متعدی - کسی چیز کو جسم پر آراستہ کرنا - پہننا - لگانا جیسے تمغہ یا پوشاک زیبِ تن کرنا +

زیب دینا - ا - فعلِ لازم - بھلا لگنا - سوبھا دینا - سوبھا ہونا - کھلنا + موزوں ہونا - خوشنما ہونا - سجنا +

زیب و زینت - ف - اسم مؤنث - بناؤ سنگار آرائش و زیبائش - آراستگی - سجاوٹ - ٹھاٹھ باٹ +

زیبا - ف - صفت (۱) زیب دینے والا - سُندر - بھلا - خوشنما - خوبصورت - آراستہ - بناسنوارا - موزوں - پھبتا (۲) لائق - مناسب جیسے تمکو یہ بات زیبا نہیں (امیر)

تم کرو جبر جفائیں میں وفا + وہ تمھیں زیبا ہے یہ زیبا مجھے

زیبائش - ف - اسم مؤنث - پھبن - آرائش - زینت سوبھا - خوشنمائی - سجاوٹ +

زیبق - ع - اسم مذکر - پارہ - سیماب - رس +

زیبندہ - ف - صفت - زیب دینے والا +

زیتون - ع - اسم مذکر - ایک مشہور درخت کا نام جسکے پھل

کو زیت کہتے ہیں - جلپائی کا درخت +

زَیل - ع - اسم مذکر - ایک فرضی نام جیسے عمر خالد وغیرہ

زِیر - ف - اسم مؤنث - بم کا نقیض - دھیمی آواز - مدھم آواز
نیچا سُر - ٹھاہ - طبلہ یا ڈھولکی کا بایاں رُخ +

زیر و بم - ف - اسم مذکر - طبلہ یا ڈھولکی کا دایاں بایاں
رُخ + نیچا اونچا سُر +

زِیر - ف - اسم مذکر (۱) جر - کسرہ - وہ آڑی لکیر جو حرف کے نیچے
دیتے ہیں (۲ - صفت) بالا کا نقیض - نیچے - تحت - پائیں
(۳) کمزور - کم طاقت جیسے زیر والے شیر ہوتے ہیں +

زیر انداز - ف - اسم مذکر - وہ کپڑا یا چمڑا جو حقّے کے نیچے
پانی وغیرہ کی حفاظت کے واسطے رکھتے ہیں + غالیچہ +

زیر بار - ا - صفت - بوجھ میں دبا ہوا + مقروض - قرضدار
دیندار - مدیون +

زیر بار ہونا - ا - فعل لازم - قرض کے نیچے دبنا - صرف
میں دبنا - مقروض ہونا - قرض میں گھرنا +

زیر باری - ف - اسم مؤنث - قرضداری - دینداری

زیر تنگ - ف - اسم مذکر - گھوڑے کا تنگ + وہ تسمہ جو
گھوڑے کی پیٹھ کے نیچے باندھا جاتا ہے - پیش بند +

زیر بند مارنا یا لگانا - ا - فعل متعدی - کوڑے ملنا -
تسمہ سے خبر لینا +

زیر پائی - ا - اسم مؤنث (لکھنؤ) ایک قسم کی زنانی جوتی
کف پائی (ناسخ) یہ ترقی پر ہے ہر دم حسن اُس محبوب کا
ماہ کامل زیر پائی کا ستارہ ہو گیا +

زیر تجویز - ف + ع - تابع فعل - سوچ بچار یا غور میں -
کسی معاملہ کے واسطے فکر کرنا + زیر قلم +

زیر حکومت - ف + ع - تابع فعل - تحت - رعیت -
زیر فرمان - زیر امر +

زیردست - ف - اسم مذکر - ماتحت + زبردست کا نقیض
غریب - کمزور - کم طاقت - جیسے زبردست مارے زیردست رونے نہ دے

زیر سایہ - ف - تابع فعل (۱) حمایت میں - پناہ میں (۲-۱)
قریب - پاس - جیسے ہم تو اُنکے زیر سایہ رہتے ہیں (۳-۱)
نیچے - پائیں (غالب) مسجد کے زیر سایہ خرابات چاہئے
بھوں پاس آنکھ قبلہ حاجات چاہئے +

زیر کرنا - و - فعل متعدی - مغلوب کرنا - دبانا + قابو میں لانا
بس میں لانا + فتح کرنا - ماتحت کرنا - حکومت میں شامل کرنا

زیر مشق - ف + ع - (۱) وہ چمڑا یا وصلی جسے لکھنے کی مشق
کرتے وقت کاغذ کے نیچے رکھ لیتے ہیں (۲) مفعول - برا کام دینے والا
ماہوں (۳-۱) ہاتھ پر چڑھا ہوا - رواں +

زیر و زبر - ف - صفت - تہ و بالا - اوپر نیچے - درہم برہم +
اُلٹ پلٹ + تلے اوپر + تتر بتر +

زیر و زبر کرنا - ا - فعل متعدی - تہ و بالا کرنا - اُلٹ پلٹ
کرنا - تباہ و برباد کرنا (معروف) حُسن نے کاوش مژگاں سے بیک چشم زدن
کر دیا جسکو یہاں زیر و زبر وُہ میں ہوں +
(نصاب) کہتے ہیں مصحف اُس بُت کافر کی پلکیں
اک پل میں دو عالم کو کریں زیر و زبر ہم

زیر و زبر ہونا - و - فعل لازم - تہ و بالا ہونا - تلے اوپر ہونا -
اوپر نیچے ہونا - اُلٹ پلٹ ہونا - پراگندہ ہونا - پریشان ہونا
تتر بتر ہونا (ظفر) ہو دیگا جنبش جو تو مژگاں کو تو ہو جائینگی
تیرے مجنوں کی صفیں زیر و زبر آپ سے آپ
(جرأت) جو دل بر میں سرگرم آہ و فغاں ہو
تو زیر و زبر سب زمین آسماں ہو

زیرہ - ف - اسم مذکر (۱) کمّون - ایک خوشبودار بار
کا نام جو اکثر گرم مصالحہ میں پڑتا ہے مزا خاد و سہرے
میں گرم و خشک (۲) پھول کے اندر کا باریک پتلا بال سے

زیرۂ سفید - ف - اسم مذکر - دھولے رنگ کا زیرہ۔

زیرۂ سیاہ - ف - اسم مذکر - کالے رنگ کا باریک باریک زیرہ

زیرک - ف - صفت - دانا - دانشمند - فہمیدہ + ہوشیار + باسلیقہ - سگھڑ - چتر - ہنرمند - چالاک +

زیرکی - ف - اسم مؤنث - دانائی - دانشمندی - سرت - چترائی - ہوشیاری - تیز فہمی +

زیریں - ف - تابع فعل - نیچے کا - تلے کا - پائین

زیست - ف - اسم مؤنث - زندگی - حیات - عمر - آد ہستی - جینا (مؤمن) تیرے بن زیست کسکو بھاتی ہے
نام مردن سے لذت آتی ہے +

زیست کا حظ اٹھ جانا یا اٹھ چکنا - ہ - فعل لازم - لطف زندگی جاتا رہنا جینے کا مزا نہ رہنا (ممنون) آپ پہلوئے غیر میں بیٹھے
اٹھ چکا زیست کا یہاں سے حظ +

زیست کا حظ اٹھنا - ہ - فعل لازم - لطف زندگی حاصل ہونا جینے کا مزا آجانا

زیست کرنا - ہ - فعل متعدی - جینا - زندگی بسر کرنا

زیست مشکل پڑنا - ہ - فعل لازم - زندگی دشوار ہونا - جینا دوبھر ہونا +

زین - ف - اسم مذکر (۱) چارجامہ + کاٹھی (سرج لآتش)
دم بھی اس مہماں سرائے دہر میں لینے نہ پائے
آتے ہی یاں توسن عمر رواں پر زیں ہوا
(۲) پالان - کجاوہ +

زین پوش - ف - اسم مذکر - زین کے اوپر ڈالنے کا - چارجامہ - غاشیہ +

زین دھرنا یا کسنا - ہ - فعل متعدی - گھوڑے پر زین کسنا - چارجامہ لگانا +

زینت - ع - اسم مؤنث - دیکھو (زیب) +

زین خاں - ا - اسم مذکر - عورتوں کا ایک فرضی جن (رنگین) صدر جہاں سے لگا ایک پیہ لگا + کوئی کہے ہے کہ ہے زین خاں کا مجھ پہ کرم
کیا ترے سر آ چڑھے چاروں کے چاروں الاماں
(انشا) شاہ دریا شیخ سدو زین خاں ننھی میاں

زینہ - ف - اسم مذکر - نردبان - سیڑھی - پوڑی - سلم +

زینہار - ف - حرف تنبیہ - ہرگز - کبھی

زیور - ف - اسم مذکر (۱) گہنا پاتا - ٹوم - چیز - رقم - ابھوکن (اسیر) زرگر کا تیرے ہاتھ جو پہنچے سپہر تک
زیور بنا کے لائے زر آفتاب کا +
(۲) زیب و زینت - زیبائش - آرائش - بناؤ سنگار

ژ

ژ - ف - اسم مؤنث (۱) فارسی کا چودھواں اردو کا سترھواں حرف جسے زائے فارسی یا عجمی کہتے ہیں ہندی اور عربی میں یہ حرف نہیں پایا جاتا (۲) حساب جمل میں اسکے عدد زائے معجمہ کے برابر سات فرض کیے جاتے ہیں (۳) یہ حرف فارسی میں کبھی جیم سے اور کبھی زائے معجمہ سے بدلتا ہے جیسے ژاژ سے تاراج اور اژدہام سے اژدہام وغیرہ +

ژاژ - ف - اسم مذکر - (۱) اونٹ کٹارا - ایک کانٹوں دار درخت کا نام جسے اونٹ بہت کھاتا ہے (۲) بیہودہ بات - بیفائدہ بات - لغویات +

ژاژخا - ف - صفت - بیہودہ گو - بکواسی +

ژاژخائی - ف - اسم مؤنث - بیہودہ گوئی - بکواس

ژالہ - ف - اسم مذکر - تگرگ - اولا - پتھر - بجری +

ژالہ باری - ف - اسم مؤنث - اولوں کی بارش اولے پڑنا - ژالہ زدگی +

ژند - ف - اسم مذکر (۱) خرقۂ کہنہ - دلق - گدڑی - پھٹا ہوا کپڑا (۲) ٹہنگ + مہیب (۳) زرتشت کی ایک کتاب کا نام جسے آتش پرست آسمانی کتاب خیال کرتے ہیں (۴) زرتشت کے زمانے کی زبان - بہت پرانی فارسی +

ژندہ - ف - اسم مذکر - گدڑی - پرانا خرقہ - پیوند لگا ہوا جامہ +

ژولیدہ - ف - صفت - اُلجھے ہوئے - درہم برہم - پریشان بکھرے ہوئے - تتر بتر - شتّی +

ژولیدہ حال - ف + ع - صفت - پریشان حال خستہ حال - آلودہ حال +

ژولیدہ مو - ف - صفت - بکھرے ہوئے بال اُلجھے ہوئے بال - پراگندہ مو +

ژیان - ف - صفت - خشمناک - غضبناک + تُندخو (اکثر درندوں اور کمتر شکاری پرندوں کے حق میں آتا ہے جیسے شیرِ ژیان)

س

س - ع - اسم مذکر (۱) عربی کا بارھواں فارسی کا پندرھواں اُردو کا اٹھارھواں ہندی کا تیسواں स حرف جسے سین مہملہ یا سینِ غیر منقوطہ کہتے ہیں - (۲) حسابِ جمل میں اِسکے ساٹھ عدد ہیں (۳) یہ حرف ہندی اور فارسی میں اپنے اپنے موقع پر حروفِ ذیل سے بدلتا ہے ب پ ت ٹ ج چ د ز ش ف ل ن و ہ وغیرہ

سا - ہ - حرفِ تشبیہ (فارسی ساں کا مخفف) ۱- مثل مانند - جیسا - موافق - نظیر - مماثل - ثانی - ہمتا - ہمسر مشابہ - مطابق - سماں - برابر جیسے تُم سا - اُن سا کالا سا گورا سا وغیرہ + (مومن)

نجاؤنگا کبھی جنت میں میں نجاؤنگا
اگر نہوئیگا نقشہ تمہارے گھر کا سا + (داغ)
سینے میں اب کہاں وُہ جوش وُہ بھی تھا اک اُبال سا
بیٹھ گیا کچھ اُٹھتے ہی چھوڑ گیا خیال سا +

(۲) افراط - نہایت - کثرتِ مقدار کے واسطے بھی آتا ہے جیسے غم سا غم ہے - رنج سا رنج ہے - بہت سا - ڈھیر سا
فرقتِ محبوب میں اندھیر سا اندھیر ہے
دن شبِ تاریک ہے پوچھو نہ عالم رات کا (ناسخ)

سابر - ہ - اسم مذکر (۱) بارہ سنگا - گوزن - ایک قسم کا ہرن (۲) بارہ سنگے کا چمڑا - وُہ سفید یا زرد رنگ کا چمڑا جو ہرن یا بارہ سنگے کی کھال سے تیار کیا جاتا ہے (۳) نقب زنی کا آلہ - کونل لگانے کا ہتیار - سابل +

سابق - ع - صفت (۱) اگلا - پہلا - اوّل - اگلے وقت کا (۲) سبقت لیجانے والا - بڑھا ہوا (۳) سبق دینے والا اُستاد + خلیفہ (صرف فارسی میں آیا ہے) +

سابق الذکر - ع - صفت - متذکرۂ بالا - مذکورۂ بالا - جس چیز کا اُوپر ذکر ہوا ہو - مزبورہ - مذکورہ مسطورہ +

سابق دستور - ع + ف - صفت پہلے کے موافق - قدیم دستور یا رسم کے موافق +

سابق میں - ہ - تابع فعل - پہلے - زمانۂ گذشتہ میں

سابقہ - ع - صفت (۱) پہلا - اگلا - اگلے زمانہ کا (۲) اسم مؤنث) اگلی بیوی - پہلی بیوی (۳) - ہ - اسم مذکر قدیم جان پہچان - اگلی ملاقات (۴) - اسم مذکر - ہ - امر معاملہ - کام جیسے خدا اُس سے سابقہ نہ ڈالے +

سابقہ پڑنا - ہ - فعل لازم (۱) کام پڑنا - معاملہ پڑنا - واسطہ
(الجھا) کھُل گیا حال مجھے آپکی گویائی سے
سابقہ آج تو پڑا ہے کسی ہرجائی سے
(۲) لین دین ہونا - تجارت بیوپار ہونا - (۳) واقفیت ہونا

جان پہچان ہونا - ربط ضبط میل ملاپ ہونا ٭

سَابُل - ۵ - اسم مذکر - دیکھو (سابر نمبر ۳) ٭

سَابُن - ا - اسم مذکر - صابون ٭

سابن کے مول پڑنا - ا - فعل لازم - بہت سی جوتیاں پڑنا - بازار کے بھاؤ پٹنا - کثرت سے جوتے کھانا ٭

معروف اتنے لیئے ہے رنگیں سے اڑا
(رباعیِ رنگین) تا خلق سکھے کہ یہ بھی شاعر ہے بڑا
جب پڑنے لگیں ادھر سے سابن کے مول
سونے کی طرح سے تب گیا خوب گھڑا ٭

سَابُوت - ا - صفت - (عوام) ثبوت کا بگڑا ہوا لفظ ثابت - کامل - پورا - تمام - سارا ٭

سَابُونی - ا - اسم مؤنث - ایک نہایت سفید اور مزدور شیرینی کا نام لیکن آجکل صابونی لکھتے ہیں ٭

سَات - ۵ - صفت - ہفت - سبع - چھ سے جمع ایک کا عدد (کہاوت) سات ہاتھ ہاتھی سے رہیئے پانچ ہاتھ سنگھاری سے بیس ہاتھ ناری سے رہیئے تیس ہاتھ تراری سے - یعنی ہاتھی سینگدار جانور عورت اور نشہ باز سے اسقدر دور رہنا چاہیئے)

سات پانچ - ۵ - صفت (۱) پانچ سات - چند - دو چار آٹھ سات جیسے سات پانچ مل کیجے کاج + ہارے جیتے آوے نہ لاج (۲ - اسم مؤنث) مکر و فریب - چالاکی - دغا بنفصل جیسے اُسے سات پانچ نہیں آتی وہ تو سیدھا آدمی ہے (۳ - اسم مذکر) چند آدمی - دو چار آدمی جیسے سات پانچ کی لاکڑی ایک جنے کا بوجھ ٭

سات پانچ کرنا - ۵ - فعل متعدی (۱) تین پانچ کرنا - فیل لانا - جھگڑا نکالنا - حجت کرنا - تکرار کرنا (۲) مکر و فریب کرنا - دغا و فصل کرنا (۳) حیلہ و حجت کرنا - ٹالمٹول کرنا ٭ بہانہ جوئی اور ضد بیجا باتیں لانا ٭

آٹھ نو اشعار پھر کہہ سات پانچ احسان نکر
(احسان) اس سے بہتر سن چکا ہوں شعر تر دو چار کے

سات پانچ لانا - ا - فعل متعدی - کھونڑ و لانا - جھگڑا نکالنا - الجھنا - ٹیڑھ کی لینا - حجت کرنا - جیسے مجھ سے سات پانچ لاؤگے تو سیدھا بنا دونگا ٭

سات پردوں - یا قفلوں میں رکھنا - ا - فعل متعدی نہایت احتیاط اور حفاظت کے ساتھ چھپا کر رکھنا - کمال نگہبانی کرنا - ہوا نہ لگنے دینا ٭ س

سات پردوں میں رکھوں اسکو چھپا
آوے گر آنکھوں میں وہ نورِ نظر

سات پردے لگنا - ا - فعل متعدی بہت سے پردوں میں بیٹھنا - نہایت پردہ کرنے لگنا (طنزاً اس عورت کی نسبت بولتے ہیں جو پہلے تو سارے میں پھرے اور جب مقدور والی یا صاحب ثروت ہوجائے تو نہایت پردہ کرنے لگے (مؤلف)

اب سات پردے انکو لگے ہے خدا کی شان
آٹھوں پہر جو پھرتے تھے یاں بے نقاب ہو

سات پردے میں رکھنا - ا - فعل متعدی نہایت چھپا کر رکھنا - کمال احتیاط سے رکھنا ٭

سات پشت - ا - اسم مؤنث - سات پیڑھی - اخیر سات پشتیں جیسے باپ دادے سات پشت حرامزادے

سات توؤں سے منہ کالا کرنا - ا - فعل متعدی - عو - (نہایت نفرت کے موقع پر بولتی ہیں) سات توؤں کی سیاہی سے منہ کالا کرنا - خاطر میں نہ لانا - بات نہ پوچھنا - نکالدینا جیسے یہاں آنے کا نام لے تو سات توؤں سے منہ کالا کرکے نکالدو - میں تو اسکا سات توؤں سے بھی منہ کالا کردوں ٭

سات دھار ہوکر نکلنا - ۵ - فعل لازم - عو - کھایا پیا سات دھار ہوکر نکلنا - پھوٹ پھوٹ کر نکلنا - سات زخم پڑ کر نکلنا - [illegible] ہوکر نکلنا

ہوکر نکلنا + گانڑ کے رستہ نکلنا - دستوں کے رستہ نکلنا - ہضم نہ ہونا (راحت) لگ گئی تیری نظر وہ ہوکے نکلا سات دعا - اے بعیرن کل میرے بچے کا سب کھایا ہوا +

سات سُر - ہ - اسم مذکر - سُر ہفتگانہ - علم موسیقی کے ساتوں درجے یعنی کھرج - رکھب - گندھار - مدھم - پنچم - دھیوت - نکھاد

سات سمندر - ہ - اسم مذکر (۱) مجازاً دنیا کے کُل بحر اعظم کیونکہ اسکا ماخذ عربی تحقیقات کے موافق سبعۃ البحر معلوم ہوتا ہے جو قرآن شریف میں آیا ہے اور وہاں وہ ساتوں سمندر مراد ہیں جو عرب کے ارد گرد یا بعد و نزدیک واقع ہیں جیسے بحیرۂ شام - بحیرۂ قلزم - بحر عرب - بحر ہند - بحیرۂ عمان - بحیرۂ فارس - بحر اسود لیکن ہندی والوں نے بھی سات ہی سمندر تجویز کئے ہیں جسکا ذکر اکثر گیتوں روایتوں اور کہانیوں میں ہے مگر ساتھ ہی اُنکا یہ بھی اعتقاد ہے کہ اُن ساتوں سمندروں میں ایک نمک کا ایک دودھ کا ایک گھی کا ایک دہی کا ایک شراب کا ایک گنّے کے رس کا ایک شہد کا ہے - ہمارے زمانہ میں پانچ بحر اعظم تفصیل ذیل تحقیق ہوے ہیں - بحر شمالی - بحر الکاہل - بحر ہند - بحر جنوبی - بحر اوقیانوس یا ظلمات (۲) لڑکوں کے ایک کھیل کا نام جسے پہلا دوجا یا چوپڑانی بھی کہتے ہیں - اس کھیل میں لکیریں کھینچکر سات لمبے گھر بناتے ہیں جنمیں کسیکا نام پہلا کسیکا دوجا کسیکا تیجا کسیکا چوتھا کسیکا کانڑا کسیکا نیک کسیکا سات سمندر ہوتا ہے کھیلنے والا لڑکا ایک ایک گھر میں ٹیا پھینککر باری باری سے ایک ٹانگ سے جاتا اور اُسی پاؤں کے انگوٹھے سے اٹھا کر لاتا ہے جب اسیطرح سب گھر طے کرلیتا ہے تو جیت جاتا ہے

سات سنگار - ا - اسم مذکر - عورتوں کی سات آرائشیں جیسے سُرمہ لگانا - مہندی لگانا - پان کھانا - مسّی لگانا - سر گوندھنا - زیور پہنا - افشاں چُننا یا چوڑیاں پہنا لیکن ہندوؤں میں سولہ سنگار مشہور ہیں -

سات سو چوہے کھا کے بلّی حج کو چلی - ا - کہاوت - بہت سے پاپ کما کر نیک کام کا ارادہ کیا +

سات سُہاگنوں کا ہاتھ لگوانا یا - سات سُہاگنوں کو کھلانا - ا - فعل متعدی - عو - سات زندہ خاوند والیوں سے شگون نیک کی خاطر بیاہ کا جوڑا سلوانا یا انگو منت کا کھانا کھلانا +

سات سہیلیوں کا جُھمکا - ہ - اسم مذکر - پروین - عقد ثریّا - سبت رشی یا سات منی چھچے یا سات چھوٹے چھوٹے ستاروں کا گچھا جو اکثر موسم سرما میں نظر آتا ہے +

سات پھیرے - ہ - اسم مذکر - ہندو (۱) سات طواف جو آگ کے گرد کیے جاتے ہیں - سات پرکما جو مقدس آگ یا مندر کے گرد دیے جاتے ہیں (۲) وہ طواف جو دولہا دلہن منڈھے کے اندر شادی کے وقت کرتے ہیں اور اس سے عقد بندھنا مراد ہوتی ہے +

سات پھیرے پھرنا یا ہونا - ا - فعل لازم (ہندو) عقد ہونا - نکاح ہونا - بیاہ ہونا +

ساتا روہن - ہ - اسم مؤنث (۱) سات بھیڑیوں کا جتھا - گرگ بندی (نکہت) اسکے دستے میں تو کیجے خط و خال - پھنس گیا ہے ساتا روہن میں غزال +

ساتواں - ہ - صفت - ہفتم - سات سے نسبت رکھنے والا - سابع جیسے ساتواں دن - ساتواں گھر وغیرہ +

ساتویں - ہ - صفت - ہفتم - سات سے متعلق - سابع جیسے ساتویں تاریخ - ساتویں چیز وغیرہ +

ساتھ - ہ - اسم مذکر (۱) معیت - ہمراہی - رفاقت - شمولیت - سنگت (ناسخ) تو بھی غضب ہے تفرقہ انداز اے اجل - دم بھر میں چھوٹ جاتے ہیں سو سو برس کے ساتھ (۲) تابع فعل - ہمراہ - باہمدگر - بہ شمول - ایک دوسرے کے ہمراہ - باہم + بالاتفاق (۳) تابع فعل) - سنگ - گیل

نالؔع ستاں - سمیت + مہت (۴) - تابع فعل) ایکجا -
ایک جگہ + ایک ہی وقت (۵ - صفت) باہمی - ایک
سنگ (۶) ساتھی - ہمراہی سنگتی جیسے ہمارا ساتھ
چھوٹ گیا یعنی ہمارا ساتھی چھوٹ گیا (۷ - اسم مذکر) جماعت
گروہ - انجمن - سوسائٹی - فرقہ - منڈلی (۸ - اسم مذکر)
شراکت - مشارکت - ساجھا (۹) میل ملاپ - ربط ضبط
(۱۰) کبوتروں کی ٹکڑی - کبوتروں کا جھاڑ (برق)

اسی صورت سے ہر دم ہم جو خطِ شوق بھیجیں گے
اُڑیگا ساتھ دروازے پر اُس گل کے کبوتر کا

ساتھ چھوٹنا - ہ - فعل لازم - سنگ چھوٹنا - بچھڑنا
جدا ہونا + ملاپ نہ رہنا + علیحدگی ہوجانا جیسے جنم جنم
کا ساتھ چھوٹ گیا +

ساتھ دینا - ہ - فعل متعدی - رفاقت کرنا - نباہنا
ہمراہ رہنا + حمایت کرنا - پُشتی کرنا - سہائتا کرنا - مدد دینا
شریک رنج و راحت رہنا + (اسیر)

یا اللہ کس لڑائی میں نہ آئے کام احمد کے
حقیقت میں بہادر ساتھ دیتا ہے بہادر کا

ساتھ رہنا - ہ - فعل لازم (۱) اکٹھا رہنا - ایک جگہ
رہنا + ایک گھر میں رہنا (۲) ہمراہ رہنا - سنگ رہنا (۳)
عورت کا مرد سے آشنائی رکھنا - پاس سونا صحبت رکھنا
جیسے فلاں باندی فلاں ملازم کے ساتھ رہتی ہے +

ساتھ ساتھ چلنا - ہ - فعل لازم - ہمراہ چلنا - اکٹھا
چلنا + پاس پاس چلنا + قدم قدم اور مونڈھے سے مونڈھا
ملا کر چلنا +

ساتھ سو کر مُنہ چھپانا - یا - **ساتھ سونا اور مُنہ
چھپانا** - ہ - فعل متعدی - بے تکلفی میں تکلف کرنا -
اقرار میں انکار یا انکار میں اقرار کرنا +

اَے جان ساتھ سو کر یہ کیا ہے مُنہ چھپانا
(رنگین) مکھڑا دکھا اُٹھا کر مُنہ سے نقاب ہمکو

ٹک ساتھ بھی سونا مرے اور مُنہ کو چھپانا
(جرأت) قربان میں اس ننگ کے یہ ننگ نیا ہے

ساتھ کا کھیلا - ہ - اسم مذکر - بچپن کا دوست -
لنگوٹیا یار - برابر کا یار - وہ شخص جسکے ساتھ بچپن میں
کھیلے ہوں - گہرا یار - ہمجولی +

ساتھ کو - ہ - تابع فعل (۱) روٹی کے ساتھ کھانے کو +
سالن - تیون - لاون - دال - ترکاری وغیرہ جیسے
روٹی تو پک گئی ساتھ کو کیا پکا (۲) ہمراہ چلنے کو جیسے ساتھ کو کوئی بھی
نہیں (۳) توشہ راہ - زادِ راہ جیسے ساتھ کو کیا لیا +

ساتھ کی کھیلی - ا - اسم مؤنث - ہمجولی - ہم عمر لڑکی
جو ساتھ کھیلی ہو - سہیلی +

ساتھ لگا پھرنا - یا - ساتھ لگا جانا - ہ - فعل لازم -
ہمراہ رہنا - پیچھے پیچھے پھرنا - پنچھالا ہونا - دُمچھالا ہونا
دُم کے پیچھے رہنا + (معروف)

اُسکے نزدیک تو میں اُس سے جدا جاتا ہوں
لیک سایہ کی طرح ساتھ لگا جاتا ہوں

ساتھ لینا - ہ - فعل متعدی - ہمراہ لینا - سنگ لینا

ساتھ والا - ہ - اسم مذکر (۱) ہمراہی - سنگتی - ساتھی -
رفیق - ہمنشین - مصاحب - ہم صحبت (۲) سپردا
سنگتیا - سازندہ +

ساتھ والی - ہ - اسم مؤنث - وہ عورت جو کسی عورت
کے ساتھ آئی ہو + ڈومنی کے ساتھ کی +

ساتھ ہو جانا - یا - لگ لینا - ہ - فعل لازم - پیچھے ہو لینا
ہمراہ ہو جانا جیسے چور یا کُتّے کا ساتھ لگ لینا (۲) گانے
بجانے ناچنے کودنے کھانے پینے یا رہنے سہنے میں شریک ہو جانا

ساتھ ہی ساتھ - ھ - تابع فعل - ایک ساتھ - ایک ہی
سلسلہ میں - ساتھ کے ساتھ +

ساتھن - ھ - اسم مؤنث - ساتھ والی - ساتھ کی عورت

ساتھی - ھ - اسم مذکر (۱) ہمراہی - ہمرہ - رفیق ۵
اُمید صبر و تحمل سے دلکو بچا تھی + نہ ساتھ دے سکے فرقت میں چل بسے ساتھی
(۲) ہم سبق - ہم مکتب (۳) مُمد و معاون - مددگار - حمایتی

ساٹا - ھ - اسم مذکر (ہندو) عوض معاوضہ - ادلا بدلا
بدلا سدلا - مُبادلہ - الٹا پلٹی جیسے ساٹے کی سگائی اور
بیاج جو روپے کا احسان کیا (کہاوت) +
(۲) ہُنڈی کا باہمی لین دین +

ساٹھ - ھ - صفت - تین بیسی - شصت - ۶۰ +

ساٹھا - ھ - اسم مذکر - ساٹھ برس کا آدمی ساٹھ برس کا جوان ہاتھی

ساٹھا پاٹھا - ھ - اسم مذکر یعنی مرد یا ہاتھی ساٹھ برس تک جوان
ہے نیز جس مرد کے اس عمر میں قوی اچھے ہوں اُسکو کہتے ہیں

ساٹھا پاٹھا بیسی کھیسی - ھ - (کہاوت) ساٹھ برس کا
مرد جوان رہتا ہے اور بیس برس کی عورت عمر سے ڈھل جاتی ہے

ساٹن - انگلش Satin سیٹن - اطلس - تافتہ
دارائی - ایک قسم کا دبیز چمکیلا - ریشمی کپڑا +

ساٹھی یا سٹھی - ھ - اسم مؤنث - ایک قسم کے سرخ موٹے
چاول جو ساٹھ دن کے اندر بشرط بارش تیار ہو جاتے ہیں +

ساجن یا سجن - ھ - اسم مذکر (ہندو) اسجن - خصم
خاوند - شوہر - میاں - پتی - بھرتار - کنت - سوامی - بالم -
سائیں - مالک + پیا - پیتم + (دوہا)
ساجن وہ دن کون تھے جو سکھ سے لائی پیت
اب دکھ دے ہیں یار رے یہ کون گاؤں کی ریت
(۲) معشوق - من موہن - دلبر - جانی (دوہا)
سجن سکارے جائینگے اور نین مرینگے روئے
بدھنا ایسی رین کر بھور کدھی نہ ہوئے
(۴) سردار - مہی پت - حاکم - امیر - نواب - راؤ - ٹھاکر
جیسے ساجن سگنے جھوٹے پڑے بسیٹھ (۵) خداتعالی
پروردگار - رام - صاحب - پرمیشر (پرم ایشر) کرتار +
(بھجن کبیر) کرلے سنگار چترا لبیلی ساجن کے گھر جانا ہوگا
وہیں تیرا بسیرہ وہیں تیرا ٹھہرو وہیں تیرا پیو بنانا ہوگا

ساجنا - ھ - اسم مذکر (گنوار) سجنا - زیب دینا - بن ٹھننا
جیسے جا کا کام واکو ساجے اور کرے تو ٹھینگا باجے +

ساجھا - ھ - اسم مذکر اشترکت - مشارکت - شراکت
تجارت یا کسی کام میں باہم شریک ہونا جیسے ساجھا جورو
خصم ہی کا بھلا (۲) بانٹ - بانٹا - حصہ - بھاگ - ٹپائی -
جیسے سبھی کی کمائی میں سبکا ساجھا (۳) چندہ - پتی -
بھری جیسے ساجھے کی ہنڈیا چوراہے میں پھوٹتی ہے

ساجھی - ھ - اسم مذکر - شریک - پتی دار - حصہ دار - سہیم

ساجھی کرنا - ھ - فعل متعدی - شریک کرنا - ملانا -
حصہ دار بنانا - پتی دار کرنا +

ساجھی ہونا - ھ - فعل لازم - شریک ہونا - حصے دار
بنا - پتی میں شریک ہونا +

ساچق - ت - اسم مؤنث (صحیح بکسر جیم فارسی) رسم
حنا بندی - بری برات سے ایک روز پیشتر کی رسم جس میں
دُولہا کے ہاں سے مہندی - نُقل - مصری میوہ مٹھائی
بُڈھہ پھُلیل جوڑا عطر وغیرہ آرائش کے ساتھ کچھ آدمی
لیکر جاتے ہیں - اگر دولہا کو خلعت ملتا ہے تو وہ بھی آج کے
دن جایا کرتا ہے) +

ساحر - ع - اسم مذکر - فسوں ساز - جادوگر - ٹونہایا +

ساحرہ - ع - اسم مؤنث - جادوگرنی - ٹونہائی +

ساحل - ع - اسم مذکر - سمندر خواہ دریا کا کنارہ +

ساخت - ف - اسم مؤنث (۱) بناوٹ - تصنع + بندش + تکلف + گھڑت - تراش - وضع - ترکیب - ڈول (۲) بنائی ہوئی بات - مکر - حیلہ - دم - فریب - جھگل - پاکھنڈ +

ساختہ - ف - صفت - بنایا ہوا + گھڑا ہوا + مصنوعی (۲) جھوٹا - نقلی - اصلی کا نقیض - جعلی +

ساختہ پرداختہ - ف - اسم مذکر (۱) بنا یا سنوارا - آراستہ پیراستہ (۲) کیا کرایا - قول فعل - عملدرآمد + کرتوت - کوتک جیسے اُنکو اسکا ساختہ پرداختہ سب منظور ہے +

سادات - ع - اسم مؤنث - سید کی جمع الجمع - بہت سے سید (۲) قوم سید - وہ قوم جو حضرت علی کی اولاد حضرت فاطمہ کے بطن سے ہو

سادگی - ف - اسم مؤنث (۱) صفائی - سادہ روئی (۲) بے تکلفی + راستی - راست بازی - صاف دلی (۳) بے بناوٹی - ٹیپ ٹاپ کے بغیر - بے کپٹی (۴) سادہ لوحی ناسمجھی + سیدھا پن - بھول پن - صفائی +

اِس سادگی پہ کون نہ مرجائے اے خدا

(غالب) لڑتے ہیں اور ہاتھ میں تلوار بھی نہیں

قربان سادگی کے لگا کہنے غیر سے

(رسیتل) کیا جانے آج کیا تھا کہ سیّد خفا گیا

سادہ - ف - صفت (۱) بے ریشہ - بن ڈاڑھی والا - صفا گالوں والا (۲) کورا - بغیر لکھا - صاف (۳) بے ہنر - بے سلیقہ - پھوہڑ (۴) بھولا بھالا - سیدھا سادہ +

کوئی سادہ ہی اُسکو سادہ کہے

(حالی) لگے ہے ہمیں تو وُہ عیار سا

(۵) خالص - بے ملاو - نِرا - صرف (۶) بے ریا - بے کپٹ - صاف دل + بے تکلف - یکرنگ (۷) بن ترکاری کا گوشت - قلیہ (۸) بن گوٹہ کناری کا + کامدار کا نقیض[1] (۹) بیوقوف - مودھو - بھوندو +

ہر صبح جو خورشید ترے منہ پہ چڑھے ہے

(حالی) ایسا نہو یہ سادہ کہیں جی سے اُتر جائے

(۱۰) بے نقش و نگار +

سادہ پن - ا - اسم مذکر - دیکھو (سادگی) +

نہ جسکے چوٹی نہ جسکے کنگھی نہ جسکو کرنا سنگار آوے

ابھی تو سادہ پن ہی غضب ہے جدھر کو دیکھے نہ وار آوے

سادہ رو - ف - صفت - بن ڈاڑھی مونچھوں کا - صاف چہرے والا - صاف صاف گالوں والا + (حالی)

کھولکر بال سادہ رو لڑکے + خلق کا کیوں وبال لیتے ہیں

سادہ دل - ف - صفت - صاف دل - بے کپٹ - بے کینہ + بھولا - مودھو - بیوقوف + (داغ)

وُہ سادہ دل ہوں کہ تا وقت واپسیں مجکو

جمی ہوئی ہے بُت بے وفا کے آنے کی

سادہ دلی - ف - اسم مؤنث - بے تکلفی - صفائی بے ریائی - صاف دلی + (ہوش)

میں درد دل کہوں تجھ سے تو کھل کھلا کے ہنسے

نہ میری سادہ دلی نہ ترا لڑکپن جاے +

سادہ طور - ف + ع - صفت - سادہ وضع - وہ شخص جسکا اوّل سے آخر تک یکساں ڈھنگ رہے - بے ٹیپ ٹاپ

سادہ کار - ا - اسم مذکر - سادہ اور بے نقش کام بنانے والا + وُہ سُنار جو نہایت شستہ نفیس اور بے پرداز کا کام بنائے +

سادہ کاری - ا - اسم مؤنث - سادہ کار کا کام +

سادہ کاغذ - ا - اسم مذکر (۱) کورا کاغذ - بن لکھا کاغذ (۲) وُہ کاغذ جسپر اسٹامپ نہ لگا ہو +

سادہ لوح ف + ع - اسم مذکر - کورا - بیوقوف - نادان - مُورکھ - بھولا بھالا + (معروف)

ہوا آئینہ اُسکے کِس منہ سے آگے + کوئی سادہ لوح اور ایسا نہ دیکھا

[1] (مصحفی) سادہ لباس پہنا زیور اُتار رکھا + اِس سادگی پہ تُنے لاکھوں کو مار رکھا +

سادہ لوحی - ف + ع - اِسم مؤنّث - بیوقوفی - نادانی - مُورکھ پن - سادگی - بھولاپن - مودھوپن (سودا)

فریبِ وعدہ کا شِکوہ جو میں رو رو کے کرتا ہُوں
تو میری سادہ لوحی پر وُہ ہنس دیتا ہے قہقہ کر

(انشا) سادہ لوحی تو عشق میں دیکھو + جانتا ہوں کوئی عدُو ہی نہیں

سادہ مزاجی - ف - اِسم مؤنّث - صافدلی - بے ریائی - بے تکلّفی - سادگی (سوز) سیکڑوں ہیں تری اِس سادہ مزاجی پہ نثار
اور قُربان ہیں ظالم تری ہٹ کے لاکھوں +

سادہ وضع - ف + ع - اِسم مذکّر - دیکھو (سادہ طور)

سَادْھ - ہ - صِفت (۱) متّقی - پارسا - پرہیزگار - مُتقدّس - ست جن - ست پرش - نیک - مہاتما +

دوہا
سادھو ہی سرا ہیے دُکھیں دُکھا دیں ناہیں
پھل پھول جھیڑیں ہیں رہیں نہیں کبھی بائیں

(۲) - و - (اِسم مذکّر) سنت - جوگی - بیراگی - فقیر - درویش

سادھ بھئے تو کیا ہوا گت بہت جانی ناہیں
(دوہا) تُلسی پیٹ کے کارنے سادھ بھئے جگ ماہیں

(میر) سادھ بھئے تھا ہو بیٹھا بالکل نہ + رہے میں آئے پھر بھا تک تما کونانہ

سَادَھارَنْ - ہ - صِفت (ہندو) (۱) سمان - مانند - برابر - مُقابل - نظیر - ثانی - دُوسرا - ہمتا - مُشابہ (۲) برتاؤ - روزمرّہ (۳) رسمی - معمُولی - عام درجہ کا - متوسط - میانہ - بیچ کی راس - ایسا ویسا - مُروّج - رائج (۴) سادہ + صاف - اصلی - قُدرتی - خالِص - بے ملاوٹ - نرمل - ایکرنگ - بے رنگ (۵) سہل - آسان (۶) اِتّفاقی + عارضی (۷) - تابع فعل - اکثر اوقات - بہت کرکے - عمُوماً + بارہا - اکثر بارہ علی العموم - بیشتر اِتّفاق سے - اِتّفاقیہ جیسے میں تو سادھارن چلا آیا تھا + یُونہیں - بے سوچے سمجھے - آدِ سخن جیسے میں نے تو سادھارن کہدیا تھا (۸) - تابع فعل) آسانی سے - بلادِقّت - بلاتکلّف (۹ - تابع فعل) آہستہ - رسان سے - سہج سہج - ہولے سے + نرمی سے - رسان میں - دِھیرج سے +

سَادَھنْ - س - اِسم مذکّر - (ہندو) (۱) - اُپائے - جتن - تدبیر - عِلاج - تجویز (صرف ونحو) فاعل - کِسی کام کا کرنے والا (۳) نباہ - وفا + پُورا (۴) کارروائی - بجا آوری - اِنصرام - تعمیل - اِہتمام - عملدرآمد (۵) اِستعمال - عمل - مشق - وِرد - ربط - مُزاولت - اِبھیاس + عادت - سُبھاؤ - معمُول - روِیہ - دستور (۶) زُہد - رِیاضت - کشٹ - عِبادت - بندگی - تپشا - پرستش - جوگ (۷) اِصلاح - درستی - ترتیب +

سَادْھنا - ہ - فعل مُتعدّی (۱) سادھن کرنا - پُورا کرنا + ثابت کرنا + بنانا - ٹھیک ٹھاک کرنا - درست کرنا - کرنا + جیسے ایک سادھے سب سُدھے سب سادھے سب جائے - (۲) ابھیاس کرنا - مشق کرنا - مزاولت کرنا - (۳) تیراندازی کرنا (۴) سکھانا - تعلیم کرنا - تربیت کرنا - پڑھانا (۵) ہلانا - مانوس کرنا (۶) تولنا - جانچنا - موزُوں بنانا جیسے جسم سادھنا - اُس نٹ نے خُوب جسم سادھ رکھا ہے (۷) عادت ڈالنا - خُو ڈالنا - سُبھاؤ کرنا (۸) برقرار رکھنا - بحال رکھنا - قایم رکھنا - تھامنا - سنبھالنا - قابُو میں رکھنا + اِختیار کرنا جیسے اچھی چُپ سادھی ہے - خُوب گھُنّی سادھ کر بیٹھ گیا (۹) قرینہ باندھنا - معمُول کرنا + ترتیب دینا - باقاعدہ کرنا (۱۰) اِصلاح کرنا - سنوارنا - سُدھارنا - آراستہ کرنا + سیدھا کرنا - ترمیم کرنا - مرتّب کرنا (۱۱) مضبُوط کرنا - پکّا کرنا (۱۲) چوُرسائی دیکھنا - سُدھ دیکھنا - سُدھ کرنا - ہموار کرنا - شاقول کے ذریعہ سے دیوار وغیرہ کی کجی اور راستی دریافت کرنا - ٹیڑھا اور سیدھا دیکھنا (۱۳) سانچے میں ڈھالنا - سُڈول کرنا - خراد اُتارنا + ڈول ڈالنا - خاکہ کھینچنا (۱۴) روکنا - تھامنا - حبس کرنا (میر تقی)

آہ کرنے میں دم کو سادھے رہ + کہتے ہیں دل سے ہے جگر نزدیک

(۵) ٹھاننا - ارادہ کرنا جیسے دل میں بات سادھنا

سادھنی - ہ - اسم مونث - ساد معنے کا آلہ جو معماروں اور نجاروں کے پاس رہتا ہے - گُنیا - کونیا +

سادھو - ہ - صفت (۱) اُتم جن - سنت - ست پرش پارسا - پرہیزگار - سچا - صالح - متقی - دھرمی - ستی جتی ایماندار - دیندار - معصوم - بے دوش - پاک صاف جیسے

سادھو کہیئے سُوپ کو پایا پھیکے ملور +

اودھی کہئے چالنی بھوسی رکھے بٹور +

(۲) صاف دل - بے کپٹ - بے ریا - سیدھا سادا - بے شر (۳ - اسم مذکر) سادھ - بیراگی - جوگی - سادھو کو کیا سوداگر نہیں بتاسے ہی سہی + (۴ - اسم مذکر) بھلا آدمی بھلا مانس - مرد آدمی +

سادھو بچہ - ہ - اسم مذکر (۱) کشمیری قوم جو نہایت مکار عیار اور چالاک ہے بعض لوگوں کا خیال ہے کہ وہ لوگ قوم سدوزئی سے ہیں مگر عام بات یہ ہے چونکہ یہ لوگ اکثر درویشی بھیس بدلکر لوگوں کو دھوکا دیا کرتے ہیں اسوجہ سے یہ نام پڑگیا جیسے سادھو بچے بہت جُھوٹے تھوڑے سچے (۲) مکار - عیار - چالاک - دھوکے باز فریبی - کیاد +

سادی - ا - صفت (۱) کوری - صاف - غیر منقش + سفید (۲) جو کامدار یا جڑاؤ یا زریں نہو (۳) خالص نرمل - بے ملاؤ - کیول (۴) بے ساختہ (۵) بھولی بھالی - سیدھی سادی (۶) صاف دل - بے کپٹ - یکرنگ - اندر باہر سے ایک - بے ریا (۸) بے تکلف سادہ مزاج (۹) بیوقوف - نادان + بے سلیقہ - پھوہڑ

سار - ہ - اسم مذکر - ہندو (۱) پاسہ + چوسر کھیلنے کی کوڑیاں بچیسی کھیلنے کی کوڑیاں (۲ - پُورب) گوسالہ (۳) عرق - شیرہ - رس - عصارہ (۴) طاقت - بل - زور سکت (۵) تت - ست - عطر - جوہر - لُب لُباب - (۶) گُودا - مغز (۷) لوہا - آہن (۸ - اسم مونث) قدر - قیمت - منزلت (دوہا) تُہوں سجن جانت اہیں پیا بچھڑن کی سار جیا بچھڑن سے ہے کٹھن پیا بچھڑن کی بار +

(۹) کھاد - میلا جو کھیتوں میں ڈالا جاتا ہے (۱۰) بساط شطرنج یا تختۂ نرد (۱۱) اعتبار - پرتیت +

سار جاننا - ہ - فعل متعدی (۱) قدر جاننا - گن پہچاننا قدردانی کرنا - عزت کرنا - حرمت کرنا جیسے سیاں تے موری سار نہ جانی جی (گیت) ۲ - حقیقت جاننا کیفیت معلوم کرنا جیسے سار پرائی پیڑ کی کیا جانے انجان (کہاوت)

سارا - ہ - صفت (۱) کُل - تمام - سب - دروبست - جزو کل جیسے سارا گھر جل گیا تب چوڑیاں پوچھیں (۲) پورا - کامل - ناقص کا نقیض جیسے سارا چاند گزر گیا تب آئے (۲ - اسم مذکر - پُورب) سالا - خسر پورہ - جورو کا بھائی +

ساربان - ف - اسم مذکر (۱) شتربان - سروان اُونٹ والا - اُونٹ چلانے اور ہانکنے والا (۲) سانڈنی سوار - ناقہ سوار +

سارتھی - س - اسم مذکر - رتھ بان - گاڑی بان (۲) رہنمائے قافلہ - بدرقہ - اگوا - ہادی - قافلہ سالار (۳)

سارجنٹ - انگلش Sergeant اسم مذکر - رنگروٹوں کو سکھانے والا - حوالدار - حولدار - جمعدار - داروغہ - ناظر - اژدل - جب کا دکیل +

سارٹیفکٹ - انگلش Certificate (سرٹیفکٹ) (۱) سند + راضی نامہ - خوشنودی یا کارگزاری کی چٹھی چال چلن کی چٹھی + پروانۂ خوشنودی مزاج - شہادت (۲) نوشتہ - دستاویز - وثیقہ - تمسک - قبالہ +

سارَس - ہ - اِسم مذکر - ٹُنگ - تکلک - تعلق + ماز
کونج (ایک آبی لمبی ٹانگوں والے پرند کا نام جو ہمیشہ اپنے
جوڑے کے ساتھ رہتا ہے اگر ایک مرجائے تو دوسرا بھی اپنی
جان دے دیتا ہے) +

سارس کی سی جوڑی - ہ - صفت - ہر وقت اکٹھے
ہر دم ساتھ رہنے والے - ہمزاد کی مانند +

سارِق - ع - اِسم مذکر - چور - دُزد - قزاق +

سارْنا - ہ - فعل متعدی (ہندی) پورا کرنا - سنپورن کرنا
انجام پر پہنچانا - انجام دینا - ختم کرنا - تمام کرنا (۲) آنکھوں
میں سُرمہ دینا - کاجل لگانا جیسے انجن سارنا (دوہا)

کاجل ساروں دوں میں بندی لگاؤں بیس
کھینچوں مانگ سیندور کی اُٹھ کر پوکے تیس

سارَنگ - س - اِسم مذکر (۱) مور - طاؤس (۲) ایک
[illegible] (۳) بادل - ابر - گھٹا (۴) مور کی آواز
[illegible] (۵) پپیہا - ایک پرند کا نام جو برسات کے
موسم میں رات کو بولا کرتا ہے (۶) راج ہنس + کوکلا
(۷) ہاتھی - فیل + شیر (۸) الوانِ مختلف (۹) دھنش
قوسِ قُزح - آسمان کی کمان (۱۰) دیپک کی ایک اگنی
کا نام (۱۱) بھونرا - خوشخبر (۱۲) شہد کی مکھی - بھڑ - تتیا - بر
برنی (رجب) دل اُسکی زُلف میں اُلجھا ہے تیر سر پھیرا ہے
الٰہی الامان سارنگ کے چھتے کو چھیڑا ہے +
(۱۳) سارنگی - چنگ +

سارَنگی - ہ - اِسم مؤنث - ایک قسم کے ساز کا نام جس میں
تار کی بجائے تانت اور بال لگے ہوئے ہوتے ہیں -
کنگری - دوتارا - چوسارا - چنگ +

سارَنگیا - ہ - اِسم مذکر - سارنگی بجانے والا - سارنگی نواز

سارِے جہان کا چھٹا ہوا - ا - محاورہ - ہاں کا
بہایت بچا + ازحد چالاک - عیار - صراف - ہوشیار -
خرانٹ - آٹھوں گانٹھ کمیت (داغ)

ہر چند داغ ایک ہی عیار ہے مگر
دُشمن بھی تو چھٹے ہوئے سارے جہاں کے ہیں

ساڑھستی - ہ - اِسم مؤنث - منحوس ستارے کا ساڑھے
سات برس تک کا دَور + ادبار - بدطالعی - نحوست +

ساڑھستی آنا - ہ - اِسم مؤنث - ساڑھے سات برس
کو سنیچر کی گرہ کا آنا + نحوست آنا - بُرے دن آنا - ساڑھے
سات برس تک وبال اور ناداری میں گھرا رہنا + کمبختی
آنا - ادبار آنا +

ساڑھو یا ساڈھو - ہ - اِسم مذکر - سالی کا خاوند -
ہم زُلف - ہمداماں - ہمریش +

ساڑھی - ہ - اِسم مؤنث [illegible] کی مخفف (فصل
ربیع برس کے دُوسرے چھ مہینے جنہیں گیہوں جو
چنے مٹر سرسوں ترہ مسور ارہر وغیرہ اناج پیدا ہوتا ہے

ساڑھے - ہ - صفت - آدھا - نصف جیسے ساڑھے
چار ساڑھے تین وغیرہ +

ساڑی یا ساری - ہ - اِسم مؤنث (ایک قسم کی لمبی
دھوتی جسے اکثر ہندنیاں آدمی کو باندھتی اور آدمی کو اوڑھتی
ہیں فارسی میں اِسکو سارہ کہتے ہیں) + چادر (بحر)

کیا ہی شبِ فراقِ صنم خوفناک ہے
ساڑی سیاہ اوڑھ کے نکلی ہے کالکا

ساز - ف - اِسم مذکر (۱) سامان - تیاری - درستی -
سرانجام (نسیم) مرسوم تھے جس طرح کے اغاز
شادی کا خوشی خوشی کیا ساز
(۲) باجا جیسے چنگ عود بربط سارنگی قانون (سحر)
فُرقت میں مُغنی نے چھیڑا دلِ نالاں کو

ناساز ہوا ہمکو محفل میں جو ساز آیا +

(۳) صفت۔ موافق ہم مزاج۔ ہم طبع۔ ہمدل۔ ہمراز

ناساز ہے جو ہم سے اُسی سے یہ ساز ہے

(ذوق) کیا خوب دل ہے واہ ہمیں جس پہ ناز ہے

(۴) ربط۔ موافقت۔ میل ملاپ۔ ارتباط۔ اختلاط

عدو سے مرا اُسے ساز ہے ++

(شہیدی) مرا خاک بھی دھیان آتا نہیں

(داغ) سازِ یہ کینہ ساز کیا جانیں + ناز والے نیاز کیا جانیں

(۵) جنگ کے ہتیار۔ سامانِ جنگ۔ سلاح جیسے خود۔ خفتان زرہ ڈھال تلوار وغیرہ (۶) تناسب۔ تال میل (۷) ناچنے کا سامان جیسے پیشواز (۸) صدری کے اُوپر کا فیتہ گھنڈیاں وغیرہ (۹) گھوڑے تیکے کا سامان جیسے راس چارجامہ لگام زیربند کاٹھی وغیرہ

سازباز۔ ا۔ اسم مذکر۔ گٹھت۔ گٹھوت۔ سازش + اتحاد۔ ایکا + موافقت۔ ہم آہنگی +

سازباز کرنا۔ ا۔ فعل متعدی (۱) سازش کرنا۔ گٹھنا ہمراز ہونا (۲) میل ملاپ کرنا۔ میل جول کرنا۔ ربط ضبط بہم پہنچانا۔ دانت کاٹی روٹی ایک ہونا +

سازش۔ ف۔ اسم مؤنث۔ اتفاق۔ ملاپ + گٹھت لگاؤ۔ میل +

سازگار۔ ف۔ صفت۔ مبارک۔ لایق + موافق راست۔ راس + مُصلح +

سازگاری۔ ف۔ اسم مؤنث۔ موافقت۔ نباہ +

ساز و سامان۔ ف۔ اسم مذکر۔ درستی۔ ترتیب + مال اسباب۔ لوازمات + تیاری۔ مُستعدی +

سازندہ۔ ف۔ اسم مذکر۔ سازنواز۔ سازنگیا۔ طبلچی وغیرہ سپروا۔ سنگتیا۔ بجنتری۔ سماجی +

ساس۔ انگلش۔ Sauce اسم مذکر۔ سالن۔ ریتون۔ لاون + چٹنی +

ساس پان۔ انگلش Sauce-pan اسم مذکر ایک قسم کی دیگچی۔ پتیلی۔ دستی کڑھیا +

ساس۔ ہ۔ اسم مؤنث۔ خوشدامن۔ جورو یا خاوند کی ماں۔ ساسو (کہاوت) ساس سے توڑ بہو سے ناتا

ساس کا پوت۔ ہ۔ اسم مذکر (گنوار گیتوں میں) کنتھ۔ خاوند۔ میاں۔ خصم۔ سوامی۔ پتی +

ساسرا۔ ہ۔ اسم مذکر (ہندو) ساس کا گھر۔ سسرال خسرال۔ سوہرا +

ساسر۔ یا۔ ساسن لینٹ۔ انگلش Sarcenet سارسنٹ۔ اسم مؤنث۔ ایک قسم کا عمدہ باریک ریشمی کپڑا جو مختلف رنگ کا ہوتا ہے +

ساشٹانگ ڈنڈوت کرنا۔ ہ۔ فعل متعدی (ہندو) لمبا اوندھا لیٹ کر ڈنڈوت کرنا +

ساعت۔ ع۔ اسم مؤنث (۱) گھنٹہ۔ ڈھائی گھڑی (۲) لحظہ۔ لمحہ۔ پل۔ منٹ + طرفۃ العین +

ساعد۔ ع۔ اسم مذکر و مؤنث۔ بازو کو فارسی میں پہنچا کلائی کے معنوں میں آیا ہے (سالک)

صبح واعظ نے بیاں کی روشنی شمع طور

خواب میں دیکھا تھا شب کو میں نے ساعد یار کا

جہان کو قتل کیا تیغ بے نیام کی طرح

(راسخ) اگرچہ ساعد معشوق آستیں میں رہی

ساعی۔ ع۔ اسم مذکر۔ کوشش کرنے والا۔ کوشاں دوڑ دھوپ اور جد و جہد کرنے والا +

ساغر۔ ع۔ اسم مذکر۔ جام۔ پیالہ۔ کٹورا۔ قدح۔ گلاس۔ شراب کا پیالہ + کاسہ +

[illegible] آشنا نہیں ہے تنہا در اسکا باز کرنا + لازم ہے پاسبان آپ ہمکو ساز کرنا۔

سایل ملی سے ہیں مئے کوثر کے لئے فلک
ساغر ہمارے ہاتھ میں دے آفتاب کا (امانت)

ساغر چلنا - ا - فعل لازم - شراب کا دور چلنا (درد)
ساقیا گو لگ رہا ہے چل چلاؤ
جب تلک بس چل سکے ساغر چلے +

ساغری - ا - اسم مؤنث (لکھنؤ) مقعد، سپ خصوصاً
وسفرۂ اِنسان مجازاً + (ناسخ)
پیتا ہوں ساغر مئے ساقی جو میں پیا پئے
صد چاک اس الم سے زاہد کی ساغری ہے

ساق - ع - اسم مؤنث (۱) پنڈلی - گھٹنے اور ٹخنے کے
بیچ کا حصہ سے ساق سیمیں تری دیکھ کے گوری گوری
شمع محفل کی ہوئی جاتی ہے تھوڑی تھوڑی
(۲) ہندالاسد رخت کا تنہ + گدا (۳) ساگ پات کا ڈنٹھل

ساقط - ع - اسم فاعل (۱) گرنے والا - جاتا رہنے والا
(۲ - اسم مفعول) گرا ہوا + متروک + نکما +

ساقط کرنا - ا - فعل متعدی (۱) حمل گرانا - حمل
نکالنا (۲) بحر یا وزن سے گرانا +

ساقط ہونا - ا - فعل لازم (۱) حمل گرنا - حمل اسقاط
ہونا (۲) بحر یا وزن سے جاتا رہنا (۳) جانا - جاتا رہنا
گم ہونا - کھویا جانا جیسے یہاں سے مطلب ساقط ہوتا ہے

ساقی - ع - اسم مذکر (۱) شراب پلانے والا (مؤلف)
تکے ہے ناہر شراب گلگوں ہوا ہے دل بھی خراب آدھا
کھلاؤ ساقی بلا سے اسکو ڈبو کے تو بھی کباب آدھا
پیو نگا آج ساقی سیر ہو کر + میسّر پھر شراب آئے نہ آئے (ذوق)
(۲ - ا) حقہ پلانے والا + گلڑ والا - بھنڈے بردار (۳ -
ا) معشوق - معشوقہ - محبوب - محبوبہ - صنم (گویا)
مے بھی ہے مینا بھی ہے ساغر بھی ہے ساقی نہیں

جی میں آتا ہے لگا دیں آگ میخانے کو ہم

ساقن - ا - اسم مؤنث - بھنگیرن - وہ بازاری عورت
جو اوباش وضع مردوں کو حقّہ اور بھنگ چرس وغیرہ
پلاتی ہے +

ساکت - ع - صفت (۱) چپ - خاموش - دم بخود
دم بستہ (۲) بےحس و حرکت - سُنسان - نقش دیوار +

ساکن - ع - صفت - ٹھیرا ہوا - بےحس و حرکت -
غیر متحرک - قائم (۲ - ا - اسم مذکر) باشندہ - مکین - متوطن
رئیس - رہنے والا - باسی - مقیم (۳) صرف و نحو (ازرو
بادہ) حرف جس پر سکون یعنی جزم ہو +

ساکھ - ہ - اسم مؤنث (۱) گواہی - شہادت - شہادت
وجہ ثبوت - سند (۲) فصل - سماں - رت - موسم -
+ اناج کاٹنے کا سماں - تیار فصل + ثمرہ - حاصل
(۳) بھرم - اعتبار - پرتیت - وِسواس - تیقن - بھروسا
جیسے رہے ساکھ جائے سب کچھ - عقیدت (۴) وقار
عزت - آبرو - نیکنامی - نام آوری +

ساکھ جانا - ہ - فعل لازم - اعتبار جانا - پرتیت
نہ رہنا - عزت جانا - بات جانا +

ساکھا - ہ - اسم مذکر - ہندو (۱) شاخ - ٹہنی - ڈالی
ڈال (۲) گھمسان - جُدھ - جنگ و جدل - معرکہ
محاربہ - مجادلہ - ہتیاروں کی لڑائی (۲) راڑ - تکرار -
کلیس - قضیہ - خانہ جنگی - لڑائی - جھگڑا - ٹنٹا (۳)
لڑائی کے واسطے کچھ آدمیوں کا اتفاق + ایکا - یکدلی
(۴) نہایت ناموری کے ساتھ لڑنا +

ساکھا پڑنا - ہ - فعل لازم (۱) بڑی بھاری لڑائی
ہونا - معرکۂ عظیم پیش آنا (۲) بہت بڑا صدمہ یا حادثہ
واقع ہونا (۳) کلیس ہونا - تکرار ہونا - قضیہ ہونا +

ساکھا ڈالنا - ہ - فعل متعدی - ہندو عو - لڑنا جھگڑنا
فساد ڈالنا - راڑ مچانا +
ساکھی - ہ - اسم مؤنث - ساتھ کھیلنے والی لڑکی - وہ
لڑکی جو کھیل کود میں مرد خواہ عورت کے ساتھ شریک
ہو - سکھی اسکا مخفف ہے +
ساگ - ہ - اسم مذکر - سبزی - ترہ - بقل - ترکاری
بھاجی + بناس پتی جیسے پھوڑ جڑوا ساگ میں شروا
ساگ پات - ہ - اسم مؤنث - ترترکاری - بقولات
ساگر - ہ - اسم مذکر - سمندر - بحر - بحر محیط - بحر اعظم +
ساگودانہ - ہ - اسم مذکر - ایک لطیف دانہ کا نام جو کھجور
کے درخت سے بناتے اور اکثر بیمار کو کھلاتے ہیں -
سابودانہ (ایک حکیم صاحب کہتے ہیں کہ یہ ایک قسم کا غلہ
ہے جسطرح ہمارے ہندوستان میں کودوں ہے فرق اتنا
ہے کہ کودوں میں نشاستہ کا جز بہت کم ہے اور اسمیں بالکل
نشاستہ بھرا ہوا ہے اسی وجہ سے زیادہ مقوی اور مسمن بدن
ہے مزاجاً اول درجہ میں گرم تر بقول متاخرین) +
ساگون - ہ - اسم مؤنث - ایک قسم کی مضبوط لکڑی +
سال - ہ - اسم مذکر (۱) ایک قسم کا درخت جسکے اکثر
کڑی تختے بنائے جاتے اور نہایت مضبوط ہوتے ہیں
(۲) چھید - سوراخ - روزن (۳) کانٹا - سول - خار (۴)
گھر - خانہ - مکان - جگہ (۵) ہندی مکتب - پاٹ شالا
ویسی مدرسہ (۶) ایک قسم کی مچھلی (۷) گیدڑ - شغال - سیال
سال - ف - اسم مذکر (۱) برس - سمبت - سنہ -
آفتاب کے دورہ کی وہ حرکت جو برج حمل کے اول نقطے سے
برج حوت کے اخیر نقطے تک ختم ہو (ناسخ)
دشت سے کب وطن کو پہنچونگا کہ چھٹا اب تو سال آپہنچا
(۲) عمر - اوستھا +

سال آئندہ - ف - اسم مذکر - اگلا سال - آنے والا برس
سال بسال - ف - تابع فعل - ہر سال - ہر برس
سالانہ - برسوڑی - برسویں دن +
سال بھر - ا - تابع فعل - تمام سال - تمام برس +
سال پیوستہ - ف - تابع فعل - پتورس + پچھلے
سال کا پچھلا سال +
سال تمام - ا - اسم مذکر - اخیر سال - اخیر سال کی رپورٹ
سال حال - یا - رواں - ف + ع - تابع فعل - امسال
سال موجودہ - اس برس +
سال خوردہ - ف - صفت (۱) پرانا - فرسودہ
برتا ہوا - مستعملہ - سال دیدہ - کہنہ (۲) بوڑھا - بڈھا
پیر + گرم و سرد چشیدہ + تجربہ کار - زمانہ دیدہ +
سال شمسی - ف + ع - اسم مذکر - وہ برس جو سورج
کی چال پر حساب کیا جائے - سکرانتی برس +
سال فصلی - ف + ع - اسم مذکر - مسلمانوں کا خراج
وصول کرنیکا سال جسمیں کوئی خاص مہینا مقرر نہیں
یہ سال جلال الدین اکبر کے وقت سے جسے ۳۲۲ برس
کا عرصہ ہوا قرار پایا ہے (سال فصلی دراصل سال شمسی
کا وہ برس ہے جو فصل سے تعلق رکھتا ہے لیکن اس سال
کا نکاس ہجری قمری تاریخ سے ہوا ہے جسکی مجملاً تفصیل یہ ہے کہ
جسوقت جلال الدین محمد اکبر بادشاہ کے دفتروں میں
خراج ہند کے واسطے مرزایان فارس کے حساب بموجب طرز جدید
قرار پائی تو حمیت اسلام کے پاس سے سال سمبت کو جو ہندوستانی
دفاتر میں قدیم الایام سے چلا آتا تھا متعصبوں نے دور کر کے اسوقت
کا سال ہجری مندرج و مندمج کر دیا لیکن چونکہ خراج وصول کرنیکا
مدار فصول شمسیہ پر موقوف ہے اسوجہ سے بہت سا فرق پڑنے
لگا پس بعض لوگوں کے قول کے مطابق دیوان ٹوڈر مل اور

بعض کے کہنے کے موافق بہرزبانانِ فارس نے اسوقت جب کہ سنہ ۹۶۳ ہجری یعنی سنہ ۱۵۵۶ء تھے اور حسبِ اتفاق انہیں دنوں میں آغازِ سالِ ہجری جو غرۂ محرم ہوا کرتا ہے ابتدائے فصلِ خریف و قربِ زمانِ اعتدالِ لیل ونہار کے جو ہندی جوتش سے سنبلہ کا گیارھواں درجہ مطابق پڑا لہذا اسوقت سے سنینِ ہجری کو جو مقدم گزر گئے تھے فصلی قرار دیکر آغازِ سال تحویلِ آفتاب بہ سنبلہ سے جو تقریباً ابتدائے ماہِ کوار اور فصلِ خریف یعنی ساونی کے کٹنے کے زمانہ کا آغاز ہوتا ہے ٹھہرا لیا۔

جب تاریخ ہجری کا قمری سال خراج وصول کرنیکے دفتروں میں تعلقِ فصل کے سبب سالِ شمسی سے بدل گیا اور دیگر سالانہ متعلقات تاریخِ ہجری کے بارہ قمری مہینوں کے موافق بدستور سابق ہوتے رہے تو دونوں تاریخوں کے دنوں کی تعداد کے مقابلہ کے وقت دو برس آٹھ مہینے سولہ دن چار گھڑی کی مدت میں قمری مہینوں کا ایک مہینے سے زیادہ فرق جا پڑا کیونکہ سالِ شمسی ۳۶۵ ¼ دن کا ہوتا ہے اور سالِ قمری ۳۵۴ دن ۲۲ گھڑی کا (یہاں دن شب وروز کے مجموعہ یعنی ۶۰ گھڑی سے مراد ہے) پس اس سے معلوم ہوا کہ سالِ قمری سالِ شمسی سے ۱۰ دن ۵۳ گھڑی ۹ پل چھوٹا ہوتا ہے اور سالِ شمسی سالِ قمری سے تقریباً سات گھڑی کم گیارہ روز زیادہ ہوتا ہے چنانچہ اہلِ ہند اسی ایک مہینے کی زیادتی کو لوند کا مہینا یعنی سالِ کبیسہ کہتے ہیں۔ غرض شمسی سو سال کے عرصہ میں قمری حساب کے موافق قریب قریب تین برس کچھ دن کا فرق جا پڑتا ہے اسوقت یعنی ہمارے تالیفِ لغات کے زمانے اور علی الخصوص اس لفظ سالِ فصلی کے لکھتے وقت فصلی سنہ ۱۲۹۳ ہجری ۱۳۰۳ عیسوی ۱۸۸۶ ہیں نقلِ سید احمد ۲۵ جون سنہ ۱۸۸۶ء مطابق ۲۳ رمضان المبارک سنہ ۱۳۰۳ موافق ۔۔۔ فصلی سنہ ۱۲۹۵ مطابق اساڑھ بدی ۔۔۔ سمبت ۱۹۴۳ ۔۔۔ تقریباً ۔۔۔ حکام ہند +

سالِ قمری - ف + ع - اسم مذکر - وہ برس جو چاند کی چال پر شمار کیا جائے +

سالِ کبیسہ - ف - اسم مذکر - وہ تیرہ مہینوں کا برس جو تین سال کے بعد آتا ہے جسے ہندی میں لوند کا برس کہتے ہیں (کبیسہ سالِ شمسی کے سوا گیارہ دن جو قمری سال کے مقابلہ میں زائد ہوتے ہیں اور انہیں جمع کرکے قمری تیسرا سال تیرہ مہینے کا کر دیا کرتے ہیں اور اسی کو ہندی میں لوند کہتے ہیں) +

سالگرہ - ف - اسم مؤنث - وہ گانٹھ جس میں بچے کی عمر یاد رہنے کے واسطے سال بسال اس کے پیدا ہونے کی تاریخ پر گرہ لگاتے جاتے ہیں - جنم دن - برس گانٹھ - گذشتہ عمر (دبیر)

ترے سے زخمی یہ ہوگا تری بندگی
اسکی دنیا میں یہی سالگرہ ہوئیگی

سالِ گزشتہ - ف - اسم مذکر - گذرا ہوا برس - پچھلا برس

سالِ ملک یا مالی - ف - اسم مذکر - خراج یا محصول وصول کرنے کا برس +

سال وار - و - تابع فعل - (دیکھو سال بہ سال) +

سالا - ہ - اسم مذکر - (۱) بیوی کا بھائی - خسر پورہ جیسے دیوار کھودنے آلا - گھر کھودنے سالا (۲) ایک مخنت گالی جیسے چل سالے - سالے کی شامت آئی ہے +

سالار - ف - اسم مذکر - سردار - افسر - سرگروہ + پیشوا رہنما + کپتان +

سالارِ جنگ - ف - اسم مذکر - سپہ سالار - جنگی لاٹ فوجی افسروں کا خطاب (۲) (ت) سالا - خسر پورہ +

سالارِ قافلہ - ف + ع - اسم مذکر - قافلہ کا سردار - اگوا

سالارِ قوم - ف + ع - اسم مذکر - قوم کا سردار - چودھری - سرگروہ - سرغنہ +

سالانہ یا سالیانہ - ف - صفت (۱) سال سے نسبت رکھنے والا - برسوڑی - برسی - برس دن کا - برسویں دن کا - سال بسال کا (۲) اسم مذکر) وہ وظیفہ یا مشاہرہ یا جاگیر وغیرہ کی آمدنی جو سال تمام پر آئے +

سالانہ آمدنی - ا - اسم مؤنث - سال بھر کی آمدنی سال بھر کی وصولیت +

سالانہ نقشہ جات - ا - اسم مذکر - سالانہ نقشہ وار راپورٹ - برس روز کی کارگزاری - ہر ایک محکمہ کا خانہ پری کیا ہوا نقشہ +

سالانہ رپورٹ - ا - اسم مؤنث - برس دن کے تمام احوال اور کارگزاری کی رپورٹ جو ہر ایک سررشتہ کا حاکم افسر اعلیٰ کے پاس بھیجتا ہے +

سالک - ع - اسم مذکر (۱) راہرو - راہ چلنے والا (۲) پابند شرع - درویش - زاہد - خدا دوست +

سالگرام - س - ہندو - مرکب از سال + گرام (درخت + جگہ) (۱) وہ جگہ جہاں سال کے بہت سے درخت ہوں (۲) ایک پہاڑ کا نام جس پر ایک قسم کا پتھر پیدا ہوتا ہے کہ اسے ہندو لوگ وشنو کی مورت خیال کر کے لاتے اور پوجتے ہیں - یہ پتھر دریائے گنڈک میں بہت ملتے ہیں

سالم - ع - صفت (۱) کامل - ثابت - پورا + تمام - سب سارا (۲) صحیح - سلامت - تندرست - بھلا چنگا (۳) محفوظ - مصئون + جوں کا توں + مامون - بے کھوج

سالن - ہ - اسم مذکر (۱) ترکاری - رتون - لاون - نان خورش - روٹی کے ساتھ کھانے کی نمکین ترکاری (۲) گنوار) گوشت - قلیہ +

سالنا - ہ - فعل متعدی (۱) چھید کرنا - بیندھنا - سوراخ کرنا - برمانا + چول کھودنا - چول میں پھنسانا جیسے چارپائی سالنا (۲) کاٹنا - تراشنا +

سالو - ہ - اسم مذکر - ایک قسم کا سرخ کپڑا - لال قند - سوہا لتہ + لال باریک نہایت سرخ ململ +

سالوتری - س - اسم مذکر - گھوڑے کا حکیم - بیطار - چوپایوں کا علاج معالجہ کرنے والا +

سالہ - ف - صفت - سال سے نسبت رکھنے والا - جیسے یکسالہ دوسالہ سہ سالہ وغیرہ +

سالہا سال - ف - تابع فعل - برسوں - مدتوں قرنوں

سالی - ہ - اسم مؤنث - بیوی کی بہن - خارنہ - خواہر زنہ جیسے سالی آدھی نہالی سلیج پوری جوئے +

سالیانہ - ف - اسم مذکر - دیکھو (سالانہ) +

سامان - ف - اسم مذکر - (۱) اسباب - اثاثہ - چیز بست - ساز - لوازمہ + (مومن)

کس کام کے رہے جو کسی سے رہا نہ کام
سر ہو مگر غرور کا سامان نہیں رہا +

(۲) تیاری - آمادگی - تہیہ + آراستگی - سجاوٹ - تکلف ٹھاٹ (داغ) کسنے ملنے کا کیا وعدہ کہ داغ
آج ہو تم اور ہی سامان میں +

(۳) ہتیار - اوزار - راچھ - مصالح (۴ - ا) سرانجام بندوبست - درستی + اصلاح + ہوش +

سامان بندھنا - ا - فعل لازم - تیاریاں ہونا - کسی چیز کی درستی کا بندوبست ہونا - کسی چیز کے ظاہر ہونے کے آثار نمایاں ہونا - ڈھنگ پڑنا (جرأت)

بس توانائی و طاقت کی دلیری گئی کھل
عشق اور حسن میں جب جنگ کا سامان بندھا

سامان عیش - ف + ع - اسم مذکر - چین چان - امن و آمان یا نشاط کے لوازمات - لوازمہ عیش گزرانی

جیسے شراب و کباب - ناچ رنگ دھن دولت وغیرہ

ساماں کرنا - ا - فعل متعدی - کسی چیز کی درستی کا انتظام کرنا - تیاری کرنا - لوازمات کا بہم پہنچانا +

سامان میں آنا - ا - فعل لازم - عو (۱) آپے میں آنا - ہوش میں آنا - مزاج ٹھیک ہونا - مزاج کا اصلاح اور درستی پر آنا - غصہ فرو ہونا - مزاج دھیما پڑنا - ٹھنڈا ہونا - دھیما ہونا (۲) قابو میں آنا - قبضہ میں آنا - سمٹنا - ڈھنگ سے لگنا +

سامان - ہ - صفت (ہندو) جیسا - مانند - مثل - مقابل - نظیر - سا

سامُدرِک - س - اسم مونث (ہندو) وہ ہندی علم جسکے وسیلہ سے ہاتھ پاؤں کی لکیریں دیکھکر آدمی کے برے بھلے طالع کو بتا دیتے ہیں - قیافہ - دست دیا

سامرتھ - ہ - اسم مونث - ہندو (۱) شکتی - طاقت - مقدور + قدرت + حیثیت - لیاقت (۲) بل - زور (۳) گنجائش - وسعت - سمائی - ظرف - حوصلہ (۴) رسائی - پہنچ - مداخلت

سامرتھی - ہ - اسم مذکر (ہندو) - بلونت - بلوان - پراکرمی - طاقتور - شہ زور +

سامری - ع - اسم مذکر - ایک شہر سامرہ کے رہنے والے جادوگر کا نام جو بعض آثار سے حضرت جبرئیل علیہ السلام کو پہچان لیا کرتا تھا چنانچہ اسنے ایکمرتبہ ایک چاندی سونے کا گوسالہ بناکر اسکے پیٹ میں حضرت موصوف کے گھوڑے کے سُم کے نیچے کی خاک لیکر بھر دی جس سے وہ گوسالہ زندہ ہوکر فوراً باتیں کرنے لگا اور اس ترکیب سے اسنے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی امت کے ایک بڑے گروہ کو گمراہ کیا)

سامری فن - ع + ف - اسم مذکر - مجازاً جادوگر

فسوں ساز (ذوق) مُرِ بلاکر ساقیانِ سامری فن آتے ہیں
کرتے ہیں جادو سے اپنے آگ روشن آب میں +

سامع - ع - اسم مذکر - سننے والا + شنوا - سنونیا - وہ شخص جو دوسرا پڑھے اور آپ اسکے سننے میں شریک ہو - قاری کا نقیض

سامعہ - ع - اسم مونث - کان کی ایک قوت کا نام جو اصوات اور آواز کا ادراک کرتی ہے - سننے کی قوت +

سامک - ہ - اسم مذکر - ایک غلہ کا نام جو ایک خاص قسم کی گھاس سے نکلتا ہے مزاجاً سرد و خشک قابض و مولد ریاح +

سامگری - ہ - اسم مونث (ہندو) اسباب - سامان +

سامنا - ہ - اسم مذکر (۱) روکشی - مقابلہ (اسیر)

گلشن میں ہے کیا گلوں پہ جوبن بلبل کو ہے سامنا غضب کا

(۲) جنگ - لڑائی - مٹھ بھیڑ + (جرأت)

جیسے اسکی ابروؤں کا ہے تصور کیا کریں
سامنے کس کس طرح سے ہمکو تلواروں کا ہے

(۳) آگا - رو - پیشانی + نظارہ گاہ (۴) روبرو - سنمکھ (۵) بھینٹ - ملاقات + چار آنکھیں + برابری - گستاخی

سامنا کرنا - ہ - فعل متعدی (۱) مقابلہ کرنا - روکشی کرنا - لڑنے کے ارادہ سے آگے بڑھنا (معروف)

سامنا کرنیکو ابرو جا اٹھا تو تھا + رو دیا پر اسنے میری چشم تر کا سامنا

(۲) گستاخی کرنا - روبرو کھڑا ہو جانا + گستاخی کا جواب دینا - برابری کا سوال جواب کرنا (۳) لڑنا - لڑائی کرنا - ہتیار اٹھانا +

سامنا ہونا - ا - فعل لازم (۱) مقابلہ ہونا - روکشی ہونا - مٹھ بھیڑ ہونا (امیر)

تری تیغ ادا نے سبکو مارا
قضا کو سامنا ہے اب قضا کا

نگہ اس شوخ کی مجھپر پڑی جان کا خدا حافظ
ہوا ہے سامنا اے دل بلائے ناگہانی کا (امانت)

(۲) بھینٹ ہونا - چار آنکھیں ہونا - دو چار ہونا - ملاقات ہونا (داغ)

داغ میں یہ جانتا ہوں گا باتوں باتوں میں انہیں
شرط یہ ہے میرا انکا سامنا ہونے لگے +

(۳) روبرو ہونا - سنمکھ ہونا - مقابل ہونا (۴) برہنگی ہونا - پردہ نہ رہنا

سامنے - ہ - تابع فعل (۱) آگے - روبرو - مقابل

منہ کے آگے۔ جیسے مرن چلی سوکھ سامنے +

آپسمیں تری آنکھیں ہیں کیا یار سامنے
(نصیر) لڑنے کو ہیں دو آہوئے تاتار سامنے

کیوں تری موت آئی ہے گی عزیز
(میر) سامنے سے مرے ارے جا بھی

(۲) ہوتے۔ ہوتے ہوئے۔ موجودگی میں جیسے باپ کے سامنے اُسے کوئی نہیں پوچھتا (۳) سیدھ میں۔ سیدھا جیسے سامنے چلا جا (۴) بالمواجہ۔ منہ درمنہ جیسے اُنکے سامنے کہدیا +

سامنے آنا۔ ف۔ فعل لازم (۱) مقابل ہونا۔ روبرو ہونا۔ چار آنکھیں کرنا۔ باہر آنا۔ منہ دکھانا۔ جلوہ گر ہونا +

سمجھا ہے کسے تو غیرت اپنے نہ رُخ زیبا کو چھپا +
(نصیر) پردے کو اُٹھا کر سامنے آ تو اور نہیں میں نہیں

(۲) پیش آنا۔ بدلہ ملنا۔ پھل پانا +

سامنے پڑنا۔ ف۔ فعل لازم۔ آگے آنا۔ مقابل ہونا + مزاحم ہونا۔ روکنے کھڑا ہوجانا +

سامنے دھر لینا۔ ف۔ فعل متعدی (۱) آگے دھر لینا۔ آگے آگے لے چلنا۔ آگے کر لینا + (جرأت)

دل کو وہ لیچلا یوں گاؤ کو جیسے قصاب
ذبح کرنے کے لیے سامنے دھر لیتا ہے

(۲) پکڑ لینا۔ گرفتار کر لینا۔ تھام لینا۔ لے چلنا +

سامنے کا۔ ف۔ تابع فعل (۱) آگے کا۔ روبرو کا۔ موجودگی کا جیسے ہمارے سامنے کا بچہ ہے یا ہمارے سامنے کا بنا ہے (۲) صفت۔ مقابل کا۔ برابر کا (۳) اسم مذکر) حریف۔ دشمن۔ مدعی +

سامنے کرنا۔ ف۔ فعل متعدی (۱) روبرو کرنا۔ ملانا۔ پیش کرنا۔ ہاتھ میں ہاتھ دینا (۲) پردہ اٹھانا۔ آگے کرنا۔ دکھلانا۔ (۳) مقابل کرانا۔ سنگھ کرانا +

سامنے کی آنکھیں پھوٹیں۔ ف۔ دعای بد۔ یعنی بد بین کی آنکھیں جو سامنے اور مقابل ہیں کور و بے نور ہوجائیں (۲) قسم سخت یعنی ماتھے کی آنکھیں پھوٹیں (مؤمن)

سب قہر خدا اسی پہ ٹوٹیں آنکھیں تیرے سامنے کی پھوٹیں

سامنے کی بات۔ ف۔ اسم مؤنث (۱) روبرو کا ذکر۔ آگے کی گفتگو (۲) موجودگی کا حال۔ جیتے جی کا ذکر زندگی کا بیان +

سامنے ہونا۔ ف۔ فعل لازم (۱) مقابل ہونا۔ سنگھ ہونا + روبرو ہونا + آگے آنا۔ پردہ اُٹھانا۔ ظاہر ہونا۔ پردہ نکرنا۔ پردے میں نہ ہونا (۲) مقابلہ کرنا۔ سرکش ہونا۔ لڑنا۔ گستاخی سے پیش آنا۔ لڑنے کھڑا ہوجانا (۳) لڑائی مانگنا۔ دعوتِ جنگ دینا (۴) ٹوکنا۔ دنگل میں اُترنا +

ساہی۔ ف۔ اسم مذکر۔ (دکھنیوں میں) سوامی۔ پتی۔ خاوند۔ میاں۔ شوہر +

سان۔ ف۔ اسم مؤنث۔ وہ کرنڈ کا بنا ہوا گول پتھر جسے پھرانے سے لوہے کے ہتیاروں یا استروں وغیرہ پر دھار لگتی ہے۔ دھار رکھنے کا پتھر۔ سلی۔ پتھری۔ فسان۔ سنگ صیقل (ناسخ)

تیز ہر دم کرتی ہے تیغ نگاہ یار کو
چشم کی گردش ہوئی ہے سان اس تلوار کو

اُس بُت کو آفتاب پرستی بہانہ ہے
(ناسخ) تیغ نگاہ کو چاہیے سان آفتاب کی

سان چڑھانا۔ یا۔ رکھنا۔ یا۔ لگانا۔ ف۔ فعل متعدی سان کے ذریعہ سے تیز کرنا۔ دھار رکھنا۔ باڑھ رکھنا۔ پتھر چٹانا (ذوق)

قتل کو کیسے چڑھائی تیغ تو نے سان پر
اُترے ہے آنکھوں میں زخموں کے ترے خوں دیکھکر

سان پر چڑھنا - ہ - فعلِ لازم - چھری پر تیز ہونا - فساں پر لگنا - باڑھ پر رکھا جانا - دھار رکھی جانا

آنکھوں کی گردشوں سے یہ جوہر عیاں ہوئے
(برق) تیغِ نگاہِ یار بھی چڑھتی ہے سان پر

سان دھرنا - ہ - فعلِ متعدی - سان لگانا - تیز کرنا - دھار نکالنا - باڑھ رکھنا ؛

سانبھر - ہ - اسم مؤنث (۱) ایک جھیل کا نام جو علاقہ جے پور میں واقع ہے اور اسکے پانی سے از خود نمک بنتا ہے جیسے سانبھر جاے الونا کھاے (۲ - اسم مذکر) ایک قسم کا نمک جو سانبھر جھیل میں تیار ہوتا ہے - کالی نمک کا نقیض جیسے کوئی کھاے سانبھر کوئی کھاے لاہوری

سانپ - ہ - اسم مذکر - سرپ - ناگ - مار - ماموں - اجگر - اژدر - کیڑا - افعی - رسّی + (ناسخ)

عشقِ گیسو میں یہ عالم ہے دلِ بیتاب کا
نالۂ پیچاں جو ہے اک سانپ ہے سیماب کا

(کہاوت) سانپ اور چور دبے پر چوٹ کرتا ہے +

سانپ چھاتی پر پھرنا - ہ - فعل لازم (۱) دیکھو (چھاتی پر سانپ لوٹنا) ۲ - بڑا صدمہ گزرنا - دل پر چوٹ لگنا - نہایت رنج گزرنا + (ہوس)

چھاتی پہ اسکے کیوں نہ پھرے سانپ قبر میں
جو ہو ڈسا ہوا تری زلفِ سیاہ کا ؛

(جرأت) ہلا کے زلف نہیں کی تھی کسنے بوسہ پر
کہ پھر گیا مری چھاتی پہ اس نہیں کا سانپ

(۲) نہایت افسوس کرنا - پچھتاوا آنا - ملولا آنا - ہمدوراہٹ ہونا - تلملاہٹ ہونا - اضطراب ہونا (عشرت)

پھرے ہے سانپ چھاتی پر مری کن کن خیالوں کا
تصور آنکھ میں آجاے ہے جو اسکے بالوں کا + +

(۳) رشک گزرنا - رشک میں جلنا - آگ میں لوٹنا - حسرت آناؔ (ضیا) پھر گیا سانپ قیونکی دہنی چھاتی پر
ہاتھ سے مرے وہ جب بار ہین کے گھومے

سانپ سا چھاتی - یا - دل پر پھرنا خواہ لوٹنا - ہ - فعلِ لازم - دیکھو (سانپ چھاتی پر پھرنا نمبر ۱ - ۲ - ۳)

(جرأت) دھیان اس زلف کا جب آتا ہے
دل پہ اک سانپ سا پھر جاتا ہے

(معروف) اسکی زلفِ عنبریں کا آگیا کھلنا جو یاد
رات بھر سینے پہ میرے سانپ سا لوٹا کیا

(مومن) یوں جو وہ متصل کرے چوٹیں +
ترے سینہ پہ سانپ سے لوٹیں

(رہاں) یاد آتی ہے جو وہ زلفِ سیاہ + سانپ سا چھاتی پہ پھر جاتا ہے آہ

سانپ سا لہرانا - ہ - فعلِ لازم (۱) سانپ کی طرح جنبش کرنا + سانپ کا جھومنا + (عارف)

زلف کو رخ سے اٹھاؤ یہ بھی کوئی حسن ہے
جب ہوا لگتی ہے بس اک سانپ سا لہرائے ہے

(۲) صدمہ گزرنا + رشک گزرنا + افسوس آنا - ملولا آنا - تلملاہٹ ہونا - اضطراب ہونا +

سانپ سونگھ جانا - ہ - فعل لازم - سانپ کا ڈس جانا - سانپ کا کاٹ کھانا +

(نصیر) دل اسکے سایۂ نخلِ قد میں آنکھ گیا
نگہ کا سانپ مسافر کو آہ سونگھ گیا

(انشا) شمیم کاکل پیچاں سے میں جو اونگھ گیا +
تو آپ کہنے لگے اسکو سانپ سونگھ گیا

(۲) سانپ کا زہر چڑھنا - زہر کے اثر سے بیہوش ہو جانا

سانپ تو نکل گیا مگر راستہ برا چھوڑا - ہ - (کہاوت) یعنی آفت سے تو بچ گئے مگر شگون برا ہوا +

سانپ سب جگہ ٹیڑھا چلتا ہے اپنے بل میں سیدھا جاتا ہے - ھ - (کہاوت) بُرا آدمی سب جگہ شرارت کرتا ہے مگر گھر میں سیدھا رہتا ہے

سانپ کا بچہ سپولیا - ھ - کہاوت - بُرے آدمی کی اولاد بھی بُری ہی ہوتی ہے - مُفسد یا شریر کا بچہ بھی شریر ہی ہوتا ہے

سانپ کا تماشا - ا - اِسم مُذکر - وُہ تماشا جو سپیرے پونگی بجا کر سانپ کو خوش کر کے دکھاتے ہیں (آتش)

یہ کالے سانپ وُہ گیسو ہیں جنکے * تماشے میں ہوے ہیں گنج زرخرچ

سانپ کا کاٹا - ھ - صفت - سانپ کا ڈسا ہوا مارگزیدہ جیسے سانپ کا کاٹا سوئے بچھو کا کاٹا روئے

(رضا) حق پرست زُلف کے مارے کو کہ دریا میں جنم
سانپ کے کاٹے کو دیتے ہیں بہا تیسرے دِن

سانپ کا کاٹا رسّی سے ڈرتا ہے - ھ - کہاوت جو شخص موذی سے تکلیف اُٹھاتا ہے وُہ ہمیشہ اُسکی ہم شکل رُو سے سے ڈرتا ہے - صدمہ رسیدہ کو ذرا سا شبہ بھی ڈرا دیتا ہے - دُودھ کا جلا چھاچھ کو پھونک پھونک پیتا ہے (جُرأت) چمن میں دیکھ لیا سُنبل کو یوں اُس نے کہا

شِہ سانپ کا کاٹا ہوا رسّی سے ڈرتا ہے *

سمجھے ہیں خیالِ زُلف کو بھی زلف سودائی
ہیں کاٹے جب سانپ کے رسّی سے ڈرتے ہیں

سانپ کا سر ہی کُچلا کرتے ہیں - ھ - کہاوت موذی کو جیتا ہی نہیں چھوڑتے *

سانپ کا مَن - ھ - اِسم مُذکر - سانپ کا دِل جسکی نسبت عوام النّاس کا خیال ہے کہ وُہ چودھویں رات کے چاند کے مانند چمکتا اور جسکے ہاتھ لگتا اُسے بادشاہ بنا دیتا ہے بلکہ تمام آفات ضرر نقصان وغیرہ سے بچا دیتا ہے نہ آگ اُسے جلا سکتی ہے نہ پانی ڈبو سکتا ہے - مشہور ہے کہ جب سانپ نہایت خوش ہوتا ہے تو اُس وقت اُسے مُنہ سے نکالکر جنگل میں رکھتا اور کوسوں اُسکی روشنی میں سیر کرتا پھرتا ہے غرض یہ سب کہانیاں ہیں (انشا)

اِسکو نہ سمجھ قرص قمر ہے شب ہجراں * ہمسے ملی کِ سانپ کا من نندہ پکڑ کر

(رضا) تمہارا خال رُخ زُلفوں میں جب لے کے رسمتن جمکا
تعجب ہے کہ دو بار سیہ میں اک مَن جیدکا

وُہ اندھا پڑا تھا سو روشن ہوا *

(میر حسن) جواں اُنمیں [illegible] سانپ کا من ہوا

سانپ کِھلانا - ھ - فعل مُتعدّی (۱) سانپ کو جادو یا منتر کے زور سے تسخیر کرنا * بہلانا - سانپ کو بُھسلانا کسی کے سر پر منتر کے زور سے سانپ کی رُوح کو بُلوانا

زُلف کو شانہ صِفت ہاتھ لگا مت معرُوف
(معرُوف) سانپ کالا ہے نہ ہاں اِسکو نہ تدبیر کِھلا

(۲) نافہم مغلوب الغضب مردم آزار آقا کی نوکری کرنا

سانپ کے پاؤں پیٹ میں ہوتے ہیں - ھ - کہاوت - بدذات کی بدی ظاہر نہیں ہوتی - فتنہ انگیز کی باتیں پیٹ میں ہوا کرتی ہیں (ظفر)

ہمنشیں ہیں اُس شانے کی یوں زُلف کے خم میں
ہوتے ہیں سدا سانپ کے تو پاؤں شکم میں

رکھتے ہیں پوشیدہ موذی اپنے بازو میں گریز
(معرُوف) پیٹ میں سے پاؤں کب باہر نکالے مارنے

شمشیر تیری ماہیِ دریاے قہر ہے **

(حسن) چلنے کو اُسکے پیٹ میں ہیں مثل پاؤں

سانپ کے سانپ پاوہنا - ھ - کہاوت - بُروں کی بُری صحبت - موذی کا موذی ہی دوست *

سانپ کی سی کینچلی جھاڑنا - ھ - فعل مُتعدّی نکھرنا - رنگ نکالنا - صاف اور سُتھرا بننا - پیرزے نکالنا

سانپ کی سی لہر - ھ - اِسم مؤنث - سانپ کے

کاٹے کا سا پیچ و تاب - مارگزیدہ کیسی جنبش - سانپ
کے کاٹے کا سا اثر - سانپ کاٹے کی سی ہڑک + زور آور

(شوق) سانپ کی سی لہر اک دلبر مرے پھر جاے ہے
یاد آئے ہے جب اسکی زلف بل کھائی ہوئی

سانپ کی لکیر - ۵ - اسم مونث - وہ نشان جو سانپ
کے نکل جانے پر رہتا ہے - سانپ کی کینچلی کا نشان

(ناسخ) ناگ سب کہتے ہیں جسکو سانپ کی ہے وہ لکیر
کینچلی موباف ہے اور اسکی چوٹی مار ہے

سانپ کے منہ میں - ۵ - تابع فعل - معرض ہلاکت
میں - خطرناک جگہ میں - جان جوکھوں میں (داغ)

باندھکر مشکیں خیال زلف دلبر لے چلا
سانپ کے منہ میں مرا مجکو مقدر لے چلا

سانپ کے منہ میں چھچھوندر نگلے تو اندھا اگلے تو کوڑھی - ۵ - کہاوت
کئے ہی بنتی ہے نہ چھوڑے - ادھر کنواں ادھر کھائی
ہرطرح سے ضرر ہی ضرر +

سانپ کے نیچے کا بچھو - ۵ - اسم مذکر (۱) موذی
اور ظالم آدمی - نہایت زہردار کژدم جو سانپ کے نیچے پایا جاتا ہے

سانپ کالا ہے اگر وہ گیسوے عنبر فشاں | سانپ کے نیچے کا بچھو زیر ابرو خال ہے

سانپ مرے نہ لاٹھی ٹوٹے - ۵ - کہاوت
کام نکل آئے مگر ضرر نہ ہو یعنی سانپ تو مر جائے پر
لاٹھی کو صدمہ نہ پہنچے +

سانپ نکل گیا لکیر پیٹا کرو - ۵ - کہاوت - موقع
کھو کر اب پچھتایا کرو - جو چیز قابو سے نکل گئی اب اسکا
ذکر کیا - فوت شدہ چیز پر افسوس بیفائدہ ہے +

سانپ نہیں جو مٹی چاٹ کر رہیں - ۵ -
کہاوت - ہر شخص اپنی ہی خوراک کھا سکتا ہے آدمیں

صرفہ ناممکن ہے +

سانپ والا - ۵ - اسم مذکر - سپیرا - سانپ کا کھلاڑی

(برق) تمہاری زلفوں سے ہمکو ضرر نہیں ہرگز +
کہ پاس رکھتے ہیں ہر وقت سانپ والے سانپ

سانپا - ۵ - اسم مذکر (صحیح سیاپا) ہندی (۱) ماتم - سوگ
نوحہ - مردے کا سوگ جو قوم میں ایک میعاد مقررہ تک
رہتا ہے (۲) سراپ - بددعا - کوسنا (۳) گریہ وزاری
رونا پیٹنا - ماتم و شیون +

سانپا پڑنا - ۵ - فعل لازم (ہندی) ماتم پڑنا - کہرام
مچنا - واویلا ہونا +

سانپا کرنا - ۵ - فعل متعدی - ہندی - نوحہ کرنا - میت کے رونا

سانپا لاہوری - ۵ - صفت - چونکہ لاہور کے کھتریوں
میں مدت دراز تک مردے کا ماتم رہتا ہے اس سبب
سے بہت بڑے ماتم یا سوگ کو لاہوری سانپے سے
نسبت دیتے ہیں +

سانپن - ۵ - اسم مونث (۱) ناگن - مادہ مار - سانپ
کی مادین + دو موہی سانپ - چونکہ اسکی مادہ یا تحقیق
نہیں اس سبب سے سانپن ہی کہتے ہیں (۲) ایک لمبی
بالوں کی لکیر یا بھونری جو بعض آدمیوں کی پشت پر اور
گھوڑے گدھے کی جڑ میں ہوتی اور اسے منحوس خیال
کرتے ہیں - لوگوں کا گمان ہے کہ جس عورت کے یا گھوڑے
کے سانپن ہو اسکا خاوند زندہ نہیں رہتا +

سانپوں - ۵ - اسم مذکر - سانپ کی جمع +

سانپوں کی سبھا میں جیبھوں کی لپالپ
- ۵ - کہاوت - بروں کے بہے ہی کام - موذیوں کی
محفل میں تکلیف ہی کا چرچا +

سانپنے جانا - ۵ - فعل لازم (ہندی) ماتم کے واسطے

جانا۔ شریک ماتم ہونا۔ کنبہ کی عورتوں کا کنبہ کی میّت میں میعادِ مقرّرہ تک رونے پیٹنے جانا +

سانیے کی تیل ۔ ع۔ اسم مؤنّث۔ عور (عقارتاً) وہ پوشاک یا لباس جو غریب عورت ایک دفعہ دام لگاکر بنالیتی ہے اور ہر ایک تقریب علی الخصوص ماتم میں جہاں بہت سی عورتیں جمع ہوتی ہیں اسیکو پہنکر جاتی ہے تاکہ عزّت میں بٹّا نہ لگے۔ تہوار کی پوشاک۔ دکھانے کا لباس +

سانتھل ۔ ع۔ اسم مؤنّث (ہندی) ران۔ زانو۔ جانگھ

سانٹ۔ یا۔ سانٹھ ۔ ع۔ اسم مؤنّث (۱) گلبھٹی + گانٹھ گرہ۔ عقدہ۔ اسطرح تاگے سے تاگا سٹھا ہوا کہ معلوم نہ دے (۲) سازش + اسیٹ۔ گٹھت۔ باہم ملجانا۔ بندش (۳) دشمنی۔ عداوتِ باطنی جیسے انکے دل کی سانٹ نکلنی مشکل ہے (۴) خرمن کوب۔ اناج گاہنے کا چوبی آلہ (۵) سنجوگ۔ ملاپ۔ اتفاق۔ ربط ضبط +

سانٹ۔ یا۔ سانٹھ لگانا ۔ ع۔ فعلِ متعدّی۔ گرہ دینا تاگا جوڑنا۔ تاگے کے دونوں سرونکو بے معلوم جوڑنا۔

سانٹ۔ یا۔ سانٹھ لینا ۔ ع۔ فعلِ متعدّی۔ ملالینا شریک کرلینا۔ یار بنالینا۔ گانٹھ لینا +

سانٹا ۔ ع۔ اسم مذکّر (۱) چابک۔ تازیانہ۔ چمڑے کا تسمہ بندھی ہوئی لکڑی جس سے بیل ہانکتے ہیں (۲) اکھ کیمک پینیا۔ آر +

سانٹنا ۔ ع۔ فعلِ متعدّی (۱) ملانا۔ گانٹھنا۔ شریک کرنا یار بنانا۔ دوست بنانا (۲) چپکانا۔ چسپاں کرنا۔ لیٹی یا گوند سے جوڑنا (۳) نتھی کرنا۔ منسلک کرنا۔ الجھانا (۴) گرہ لگانا۔ گانٹھ دینا + تاگا جوڑنا +

سانجھ ۔ ع۔ اسم مؤنّث (ہندی) شام۔ مغرب۔ سورج ڈوبنے کا وقت۔ سندھیا۔ جھٹ پٹا +

سانجھ سویرے ۔ ع۔ اسم مؤنّث (ہندی) صبح شام

سانجھی ۔ ع۔ اسم مؤنّث (ہندی) لڑکیوں کا ایک تہوار جو اسوج کے مہینے یعنی دسہرہ میں ہوتا ہے اسمیں گوبر کی مورتیں دیواروں پر بناکر شام کو اسکے آگے گیت گاتیں اور اس نام سے گھر گھر مانگتی پھرتی ہیں۔ ایک فرضی دیبی

سانچ ۔ ع۔ اسم مذکّر (ہندی) سچ۔ صدق۔ ست۔ راستی (۲) صحیح۔ درست۔ بجا۔ ٹھیک +

سانچ کو آنچ نہیں۔ یا۔ سانچ کو کیا آنچ ۔ ع۔ کہاوت سچ کو جوکھوں نہیں۔ ایمان کو ضرر نہیں۔ سچ ہمیشہ ترتا ہے (مصحفی) جلنے سے شوقِ دل کے سبب بچگیا خلیل
وہ بات ہے کہ سانچ کو ہرگز نہیں ہے آنچ

(نظیر) یار سے کیوں دردِ دل نہیں کہنا
سنا نہیں ہے وہ تونے کہ سانچ کو کیا آنچ

سانچا ۔ ع۔ اسم مذکّر (گنوار) سچا۔ صادق۔ راستگو۔ (۲) قالب۔ دھات کی چیز یا کھانڈ کے کھلونے ڈھالنے کا اوزار + ڈھانچا (۳) رحم۔ بچّہ دان۔ کوکھ۔ دھرن

سانچے ۔ ع۔ اسم مذکّر (۱) سانچا کی جمع (۲) سانچا۔ وہ صورت جو حروف مغیرہ کو آنے سے الف سے ی بدلکر آجاتی ہے اور اسکے معنی وہی واحد کے لیئے جاتے ہیں +

سانچے کی سچی ۔ ع۔ اسم مؤنّث (بازاری) مرد کے نطفہ کو ضایع نہونے دینے والی عورت۔ وہ عورت جسے ہر دفعہ حمل رہ جائے +

سانچے میں ڈھالنا ۔ ع۔ فعلِ متعدّی۔ قالب میں ڈالکر بنانا + خراد اتارنا۔ سڈول اور خوبصورت بنانا + خوش ترکیب اور خوش قطع بنانا (خواجہ حسن)
نقد نقشہ نہیں خوب اسکا عالم ہی نرالا ہے

خدا نے اسکو سر سے پاؤں تک سانچے میں ڈھالا ہے

تم ہی کہو کہ کہاں تھی یہ وضع یہ ترکیب
(داغ) ہمارے عشق نے سانچے میں تمکو ڈھالا یا

سانچے میں ڈھلنا - ہ - فعل لازم - قالب میں بنایا جانا - سراپا خوش ترکیب اور خوش وضع ہونا - تناسب اعضا اور نک سک سے درست ہونا - خوبصورت بنا - تراشیدہ ہونا - تراش خراش حاصل کرنا - موزوں ہونا خراد چڑھنا + (مایہ ممنون)

تفاوت قامت یار اور قیامت میں ہے کیا ممنوں
وہی فتنہ ہے لیکن یاں ذرا سانچے میں ڈھلتا ہے

(ناسخ) ناتراشیدہ ہے وہ اور یہ ہے سانچے میں ڈھلا
شاخ مرجاں اور ہے دست حسیناں اور ہے

ڈھلا سارا بدن سانچے میں گویا
(داغ) ذرا اترا نہیں ظالم کہیں سے

سانچی - ہ - صفت - (گنوار) راست - سچی - ٹھیک - درست - صحیح - واقعی - جیسے سانچی بات سعداللہ کہے سب کے من سے اترا رہے + (کہاوت)

سانڈ - ہ - اسم مذکر (۱) بجار - وہ بیل یا گھوڑا جسے بچے دلوانے کے واسطے رکھیں - نرگاؤ + اسپ نر (۲) وقف کیا ہوا بیل جسے کسی دیوتا کے نام پر آزاد کر دیتے ہیں اور وہ بے روک ٹوک پھرا کرتا ہے (۳ - صفت) فربہ - توانا + غم و فکر سے آزاد - بے فکرا جیسے رانڈ کا سانڈ (۴) شہوت پرست - بدمست - مدمست + عیاش + لذت + لذیت +

سانحہ - ع - اسم مذکر - واقعہ - وقوعہ - حادثہ + صدمہ کسی بات مجازاً خبر بد کا ظہور +

سانڈا - ہ - اسم مذکر - گوہ کے قسم کا ایک جانور جسکا تیل طلائی قضیب اور گٹھیا کے واسطے نکالا جاتا ہے - ظالم سانڈا

سانڈنی - ہ - اسم مؤنث - اونٹنی - ناقہ - جمازہ - قدمباز اور تیز رفتار سواری کی اونٹنی +

سانڈنی سوار - ہ - اسم مذکر - ناقہ سوار - شتر سوار + وہ قاصد جو اونٹنی پر چڑھ کر خبر لیجائے نامہ بر - پیغامبر

سانڈیا - ہ - اسم مذکر (۱) بوتہ - اونٹ کا بچہ (۲) گوما بننے کا تر - گوٹے کا بیلن +

سانس - ہ - اسم مؤنث و مذکر (۱) نفس - دم - پھونک جیسے جب تک سانس ہے تب تک آس ہے

تن کی تنگ سرائے میں نیک نہ پایو چین
(دولا) سانس نقارہ کوچ کا باجت ہے دن رین

(۲) دمہ - دمہ کا مرض (۳) درز - شگاف جیسے نیچے میں سانس پڑنا وغیرہ (۴) بھاپ جیسے دیگ کا سانس روکدو (۵) جیسے تک گنتی کے وقفہ کو بھی ایک سانس کہتے ہیں (اگرچہ اکثر شعرائے اردو نے اسے مؤنث باندھا - مگر بول چال میں مذکر ہی سنا جاتا ہے بلکہ جرأت نے بھی اس غزل میں جسکا قافیہ وصال بحال نہال اور ردیف ہوا ہے مذکر ہی باندھا ہے چنانچہ ہم مطلع اور وہ شعر اس جگہ درج کرتے ہیں (مطلع جرأت) اسکے جانے سے یہ ملال ہوا ہجر ہی میں مرا وصال ہوا

درد دل سے جو دم لگا رکنے + سانس لینا مجھے محال ہوا

سانس اڑنا - ہ - فعل لازم - دم رکنا - دم اکھڑنا سانس کا مشکل سے نکلنا - قریب بمرگ ہونا - دم واپسیں لینا (ذوق) کیا آئی تم جو آئے گھڑی دو گھڑی کے بعد

سینے میں ہوگی سانس اڑی دو گھڑی کے بعد +

سانس اکھڑنا - ہ - فعل لازم - دم اکھڑنا سو تنفس ہونا + دم کے تسلسل میں فرق آنا - دم نہ سمانا - سانس قابو میں نہ رہنا ؎ دم جاں بلب ہجر کا ٹوٹیگا نہ ای...

بیمار کی یہ سانس نہیں ہے کہ اکھڑ جائے +

سانس اُلٹے لینا - ۸ - فعل متعدی دیکھو اُلٹے سانس لینا صفحہ ۹۲) +

سانس بھرنا - ۸ - فعل متعدی (۱) آہ بھرنا - ہائے کرنا اُوپر کا دم لینا (۲) دم چڑھنا - ہانپنا - سانس پھولنا ہونکنا - اُونچے اونچے سانس لینا - تھک کر جلدی جلدی دم لینا (۳) اخیر سانس پورے کرنا - عمر کے چند نفیتہ سانس لینا

سانس پھولنا - ۸ - فعل لازم - دم چڑھنا - ہانپنا شُو تنفس ہونا جو جلدی جلدی چلنے یا اُوپر چڑھنے خواہ بوجھ اُٹھانے سے وقوع میں آئے + دمہ کا مرض ہونا +

سانس ٹوٹنا - ۸ - فعل لازم - دم ٹوٹنا - دم کے تسلسل میں فرق آنا +

سانس ٹھنڈی بھرنا - یا - لینا - ۸ - فعل متعدی - دیکھو ٹھنڈے سانس بھرنا + (ظفر)

ہمیشہ چُپ ہی رہے ہم کبھی جو ٹھنڈی سانس
بھری بھی ہمنے تو ہو کر تنگ جاں سے بھری

سانس چڑھنا - ۸ - فعل لازم - دم پھولنا - ہونکنی لگنا تھکنا - بیدم ہونا - معمول کے خلاف دم آنا +

سانس رکنا - ۸ - فعل لازم - دم بند ہونا - گلا گُھٹنا - ضیق النفس ہونا +

سانس کا روگ - ۸ - اسم مذکر - دمہ - ضیق النفس

سانس کھینچنا - ۸ - فعل متعدی - دم روکنا - دم سادھنا حبس نفس کرنا - حبس دم کرنا - دم چُرانا +

سانس گہری بھرنا - یا - لینا - ۸ - فعل متعدی - دم سرد کھینچنا - دیر تک سانس لیے جانا - لمبا سانس لینا

(انشا) لی باد بہار نے پھُریری سی تیرا اک بھری صبا نے گہری

(گہرے سانس بھرنا زیادہ بولتے ہیں) +

سانس لینا - ۸ - فعل متعدی (۱) دم بھرنا - سانس کھینچنا - نفس کشیدن کا ترجمہ (جرأت)

درد دل سے جو دم لگا رکنے + سانس لینا مجھے محال ہوا

(۲) کسی طرف کی ہوا کھینچنا یا بھاپ چھوڑنا +

سانس نہ لینا - ۸ - فعل متعدی - جلد مرجانا - دم تک نہ نکالنا +

سانس نہ نکالنا - ۸ - فعل متعدی - دم نہ مارنا اُف نہ کرنا - خاموش رہنا - چُپ سادھنا +

سانسا - ۸ - اسم مذکر (۱) فکر - اندیشہ - خدشہ - سوچ بچار - چنتا - تردد - تشویش - (میر)

مر گئے دم کب تلک رکھتے رہیں
بارے جی کے ساتھ سب سانسے گئے

جب ہاتھ لیا کانسا تو روٹی کا کیا سانسا (۲) ڈر خوف - دہشت - ہول - ہیبت - وغدغہ - خطرہ +

سانسا چڑھنا - ۸ - فعل لازم - فکر و اندیشہ ہونا - تردد پیش آنا جیسے جہاں بیٹی جوان ہوئی اور ماں باپ کو سانسا چڑھا +

سانسا کرنا - ۸ - فعل متعدی (ہندو) فکر کرنا - اندیشہ کرنا - چنتا کرنا + (دوہا ستمن)

ستمن سانسا مت کرو سر پر ہے سائیں
جو کچھ لکھا للاٹ میں ہمیں گے یا نہیں

سانٹ - ۸ - اسم مؤنث - شاخ - ساق - ٹہنی جیسے ملیبی کی سانٹ

سانکل - ۸ - اسم مؤنث (ہندو) زنجیر - توڑا - کنڈی +

سانگ - ۸ - اسم مذکر - (۱) برچھی - سیدبلا - بھالا - نیزہ + انکس - کچک - آر +

سانگ - یا - **سوانگ** - ۸ - اسم مذکر (۱) کھیل تماشا (۲) بہروپ - روپ بھرنا - نقل بنانا - بھیس بدلنا -

(۳) جھانکی - نظارہ (۴) راس لیلا - کرِیڑا - بِلاس - ناچ (۵) بھگل - فریب - شعبدہ - دھوکا (۶) کرتوت - کرتب +

سانگ بنانا - ھ - فعلِ مُتعدّی (۱) رُوپ بھرنا - نقل کرنا (۲) مسخرہ بنانا + رُسوا کرنا - ہنسی اُڑانا +

سانگ بنّا - ھ - فعلِ لازم (۱) رُوپ بھرنا - نقل کرنا (۲) تماشا بنّا - مسخرہ بنّا (۳) سوانگ تیار ہونا - کوئی رُوپ بھرا جانا +

سانگ بھرنا - ھ - فعلِ مُتعدّی (۱) رُوپ بھرنا - نقل بنانا (۲) بھگل گانٹھنا - فریب بنانا - دھوکا دینا +

سانگ کرنا - ھ - فعلِ مُتعدّی (۱) تماشا کرنا - کھیل کرنا (۲) بکھیڑا پھیلانا - جھگڑا مچانا جیسے یہ کیا سانگ کر رکھا ہے (۳) رُوپ بھرنا - (۴) مسخرا پن کرنا (۵) پاکھنڈ پھیلانا - راگ لانا - بھگل گانٹھنا + (معروف)

کیا ستم ہے یہ کہا اُسنے مجھے سُنکے مریض
لاکھ تم سانگ کرو ہم نہیں دم میں ہیں آنے والے

سانگ لانا - ھ - فعلِ مُتعدّی (۱) پاکھنڈ پھیلانا - بھگل گانٹھنا - فیلسوفی یا مکر کرنا - ڈھند مچانا - شعبدہ دکھانا - فیل لانا - جھگڑا نکالنا - راگ لانا + جُرأت

وُہ پردہ نشیں تو نہ دیگا دکھائی
کوئی سانگ جب تک نہ لا مینگے در پر

(۲) رُوپ بھرنا - مختلف صُورتیں دکھانا +

غافل
اشتیاق رُخ و گیسو میں ترے دِل میرا
سوانگ لایا کیسے آئینہ بناشانہ ہوا

جُرأت
در تک آدے وُہ کسی صُورت تماشا دیکھنے
اتنی خاطر جالے لیا کیا سانگ ان لاتا نہیں

سانگ مچانا - ھ - فعلِ مُتعدّی - کھیل کرنا - تماشا کرنا - مسخرا پن پھیلانا +

سانگ آسنے - ھ - اسمِ مذکر - (دلال) ایک آنہ - گنڈا

سانگو - ھ - اسمِ مذکر - جنٹ کی پھلی جسے ہندو لوگ اچار وغیرہ کے اندر استعمال میں لاتے ہیں - بادی کے حق میں نہایت مُفید ہے +

سان گمان - ھ - اسمِ مذکر - وہم و خیال + (عو)

سانگی - یا - **سُوانگی** - ھ - اسمِ مذکر - سوانگ بھرنے والا + بہروپیا - تماشہ گر + کِھلاڑی + بھانڈ - نقال +

سانگی - ھ - اسمِ مؤنث - گاڑی کے آگے کا وُہ حصّہ جسکے دونوں طرف لکڑیاں باندھکر جالی سی بُن دیتے ہیں تاکہ اسباب وغیرہ نہ گرنے پائے - ماچی کا نقیض - گاڑی بان کے بیٹھنے کی جگہ - گاڑی کا جُوا +

ساننا - ھ - فعلِ مُتعدّی (۱) ماندنا - گوندھنا - مسلنا - سوندھنا - ملنا - گارا کرنا جیسے آٹا ساننا (۲) لیسنا - بھرنا - لتھنا - آغشتہ کرنا - آلودہ کرنا جیسے ہاتھ سان لیے (۳) ملوث کرنا + تہمت لگانا + شریک حال کرنا جیسے اُسے بھی اپنے ہاتھ سان لیا (۴) پھانسنا - مُبتلا کرنا - پیٹنا + شریکِ جرم کرنا + رنگنا (۵) داغ لگانا - کلنک لگانا - حرف لانا +

سانِن - ھ - اسمِ مؤنث - سانی قوم کی عورت - سانی کی جورو + ترکاری بونے کا کام کرنے والی عورت

سانوٹا - ھ - صفت - سُرتا - ہوشیار - ہوش حواس سے درست - حاضر طبع - چوکس - چوکنا + لیس مُستعد - تیار - آمادہ - موجود + مقابل - سامنے - سنبھلا

سانوٹا ہو جانا - ھ - فعلِ لازم (۱) ہوشیار اور چوکس ہو جانا + آمادہ و مُستعد ہو جانا - سامنے ہو جانا - مقابلہ کو کھڑا ہو جانا - سنبھل جانا +

سانولا - یا - **سانوڑا** - ھ - صفت (۱) سیام برن